PAGES MISSING WITHIN THE BOOK ONLY

TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224376

UNIVERSAL
LIBRARY

جملہ حقوق بحق ساقی بکڈپو محفوظ

شیکسپیر کی شہرآفاق تمثیل

میکبتھ

مترجمہ

مولانا عنایت اللہ دہلوی۔ بی۔ اے

(سابق ناظم دارالترجمہ حیدرآباد۔ دکن)

ڈراما کے اشخاص

ڈنکن -	بادشاہ اسکاٹستان۔
میلکم -	بادشاہ کے فرزند۔
دونل بین -	بادشاہ کے فرزند۔
میکبتھ -	بادشاہ کے سپہ سالار۔
بینکو -	بادشاہ کے سپہ سالار۔
میکدف -	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
لینکس -	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
راس -	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
منٹیتھ -	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
اینگس	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
کاتھنس -	اسکاٹستان کے بڑے رئیس۔
فلی نس -	بینکو کا بیٹا۔
سیورڈ -	امیر نورتھمبرلینڈ انگریزی فوجوں کا افسر اعلیٰ
جوان سیورڈ -	سیورڈ کا فرزند۔
سیٹن -	ایک فوجی افسر جو میکبتھ کی خدمت میں حاضر رہتا ہے۔
ایک لڑکا -	میکدف کا بیٹا۔
ایک انگریز ڈاکٹر۔	
ایک اسکاچ ڈاکٹر۔	
ایک سارجنٹ۔	
ایک حمّال۔	
ایک بُڈھا آدمی۔	
لیڈی میکبتھ۔	
لیڈی میکدف۔	
خواصیں جو لیڈی میکبتھ کے پاس حاضر رہتی ہیں۔	
اُمرا۔ شرفا۔ نوجی سردار۔ سپاہی۔ قاتل۔ ملازمین اور قاصد۔	
ہیکیٹی۔	
تین چڑیلیں۔	
کچھ ہوائی صورتیں۔	
منظر:- اسکاٹستان اور انگلستان۔	

میکبتھ

جزو اوّل

Checked 1971

پہلا منظر:- ایک ویران مقام۔ آسمان پر بجلی اور گرج ہے۔ تین جادوگرنیاں سفلی عمل میں مشاق، تقدیر کا حال بتانے والیاں آتی ہیں۔

پہلی جادوگرنی:- کہو بہن۔ اب پھر کب ملنا ہوگا۔ کیا گرجتے بادل، چمکتی بجلیوں یا برستے مینہ میں مُلاقات ہوگی؟

دوسری جادوگرنی:- نہیں نہیں۔ جب یہ غُل غپاڑہ شور شغب ہو لیگا۔

تیسری جادوگرنی:- یہ تو سورج چھپنے تک سب ختم ہوجائیگا۔

پہلی جادوگرنی:- اچھا بُوا۔ یہ تو بتاؤ کہاں ملنا ہوگا؟

دوسری جادوگرنی:- اُسی کیچڑ پانی جھاڑیوں والی زمین پر۔

تیسری جادوگرنی:- ہاں، وہیں تو میکبتھ سے ملنا ہے۔

پہلی جادوگرنی:- اری میری ہمزاد کالی کرنجی بلّی تو کیوں چیخے جاتی ہے؟ ذرا دم لے، ابھی آتی ہوں۔

دوسری جادوگرنی:- اور تُو میرے ہمزاد مینڈک تو کیوں اتنا ٹرٹر کرکے مجھے بلائے جاتا ہے؟ ٹھیر، ابھی آئی۔

تینوں جادوگرنیاں:- ہمارے نزدیک بُرائی بھلائی ہے اور بھلائی بُرائی۔ آؤ چلو۔ گہرا دُرگندی ہَوا میں گشت لگائیں۔

دوسرا منظر:- فورریس کے قریب ایک لشکر گاہ۔

بادشاہ ڈنکن، اسکے دونوں فرزند ملکم، دونل بین۔ لی نکس معہ چند خادموں کے آتے ہیں۔ ایک سپاہی کو دیکھتے ہیں کہ زمین پر پڑا ہے۔ زخموں سے خون جاری ہے۔

ڈنکن:- یہ خُون میں آلودہ آدمی کیسا پڑا ہے؟ اس کی حالت سے ظاہر ہے کہ آخری بغاوت کا حال وہ خوب کہہ سکیگا۔

میلکم:- حضور یہی شخص ہے جسنے ایک وفادار دلجان سپاہی کی طرح مجھے دشمن کے ہاتھ میں گرفتار ہونے سے بچایا تھا۔ اے بہادر دوست اُٹھ اور بادشاہ کی حضور میں بیان کر کہ آخری لڑائی کو تُو نے کس حال میں چھوڑا تھا۔

زخمی سپاہی:- حالت ایسی شُبہ تھی جیسے دو ڈوبتے آدمی آپس میں لپٹ جائیں، اور ایک دوسرے کو تیرنے نہ دے۔ باغیوں کے اُس بے رحم سرغنے میکدن ولد نے جسے بغاوت و سرکشی ہی زیب دیتی ہے، دُنیا بھر کے شریر اور مُفسد اپنے پاس جمع کر لئے ہیں۔ چُنانچہ مغربی جزیرہ سے ہلکے اور بھاری دونوں قسم کے ہتیار رکھنے والے سپاہی اس کے پاس چلے آئے ہیں۔ اور تقدیر اِس ناپاک لڑائی پر کچھ ایسی نظرِ مہر سے مُتبسّم ہے جیسے کوئی بیسوا ہو کہ کبھی اس آشنا کو دیکھکر مسکرا دی۔ کبھی اس یار کو دیکھکر ہنس پڑی۔ پر بھی میرے خیال میں باغیوں کی حالت اس وقت کمزور ہو چلی تھی۔ کیونکہ بہادر میکبتھ نے، جس کی شجاعت میں کسکو کلام ہو سکتا ہے، شکست یا پسپائی کی مطلق پروانہ کی اور تلوار پھراتا ہوا دشمن میں گھس پڑا۔ تلوار سے خون کی بھاپ اُٹھ رہی تھی اور اسی حال میں دلیری اور جوانمردی کا مجسمہ بنا دشمن سے رستہ نکالتا ہوا باغیوں کے سرغنے کے سامنے

جا پہونچا۔ بات تک نہ کی اور بلا تامل اُس کی ناف میں تلوار بھونک کر ہونٹوں تک اُسے چیرتا چلا گیا اور اُس کا سر کاٹ کر فصیل پر جا لٹکایا۔

ڈنکن :۔ کیوں نہ ہو۔ بڑا بہادر بھائی ہے اور طبیعت کا بھی نہایت شریف ہے۔

زخمی سپاہی :۔ اب اُس سمت سے جہاں سے سورج اپنی روشنی دنیا پر پھیلاتا ہے اور سمندر میں سفینہ شکن گرداب اور آسمان پر خوفناک کڑک بجلیاں نظر آتی ہیں غرض جہاں سے راحت و آرام پانے کی توقع ہو سکتی تھی وہاں سے رنج و اذیت کا سامان پیدا ہوا۔ بادشاہ سلامت غور فرمائیں کہ جو شی عدل و انصاف نے ہمت و مردانگی کے ہتیار لگائے دشمن کے سپاہی جو میدان میں ہر طرف پھیلے تھے اُنہیں اپنی خیر و سلامتی اسی میں نظر آئی کہ جس قدر جلد ممکن ہو میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوں۔ لیکن جب چمکتے ہوئے ہتیار اور کمک آن پہونچی تو نارویے کے بادشاہ نے اپنا فائدہ اسی میں سوچا کہ لڑائی از سر نو شروع کر دے۔

ڈنکن :۔ تو کیا اس نئے ساز و سامان کو دیکھکر ہماری فوج کے سپہ سالار میکبتھ اور بینکو ڈرے نہیں؟

زخمی سپاہی :۔ حضور ڈرے تو مگر اس طرح جیسے عقاب چڑیوں یا شیر خرگوش کو دیکھکر ڈرے۔ سچ عرض کرتا ہوں کہ حضور کے ان دونوں سرداروں نے دشمن پر وہ وہ دوہری چوٹیں پہونچائی ہیں کہ گویا توپوں میں دُو دُو مرتبہ مصالح بھر کر داغا جا رہا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یا تو وہ خون میں نہانا چاہتے ہیں یا خون و خرابے کی کوئی دوسری یادگار مثل کلگو تھا کے قائم کرنے کی فکر میں ہیں۔ نہیں عرض کر سکتا کہ اُنکا واقعی ارادہ کیا تھا لیکن اب مجھے ضعف سے غش آچلا ہے اور میرے زخم مرہم کے محتاج ہیں۔

ڈنکن :۔ تیرا بیان اور تیرے زخم دونوں تیری عزت و شرافت پر گواہی دے رہے ہیں۔ دونوں سے پاس عزت اور قومی غیرت ٹپک رہی ہے۔ دیکھو۔ اس کے علاج کیلئے فوراً جراح حاضر کئے جائیں (زخمی سپاہی کو چند آدمی اُٹھا کر باہر لیجاتے ہیں۔)

یہ کون آرہا ہے؟

میلکم :۔ حضور۔ یہ راس کا لائق امیر ہے۔

لینکس :۔ ملاحظہ ہو کہ اس کی نگاہوں سے کس غضب کا اضطراب اور عجلت پائی جاتی ہے۔ آنکھوں سے معلوم ہو رہا ہے کہ وہ کوئی عجیب بات کہنے کو ہے۔

(راس آتا ہے)

راس :۔ خدائے ذوالجلال بادشاہ کو زندہ سلامت رکھے۔

ڈنکن :۔ میرے لائق امیر تم کہاں سے آرہے ہو؟

راس :۔ جہاں پناہ بندہ فائف سے آتا ہے۔ وہاں نارویے کے جھنڈے اور پھریرے بلند ہو کر آسمان تک کو منہ چڑاتے ہیں۔ اور ہماری سرد مزاج رعایا کو بھی ایک آگ کا شعلہ بنا دیا ہے۔ شاہِ نارویے بذاتِ خود اس باغی و بدخواہ یعنی امیر کاڈور کی پشت گرمی سے بڑی سختی اور شدت سے حملہ آور ہوا۔ لیکن ہمارا میکبتھ جو اس وقت لڑائی کی دیبی کا دولھا بنا ہوا تھا نارویے کی فوجوں کے مقابلے پر اس طرح آیا جیسے فریقین میں ہر فریق دوسرے فریق کا پورا جوڑ اور جواب بن کر آئے۔ مگر میں یہی کہونگا کہ پھر بھی میکبتھ نے ضبط سے کام لیا۔ اور لڑائی کا انجام یہی ہوا کہ ہمیں فتح ہو گئی۔

ڈنکن :۔ اس سے بڑھکر اور کیا خوشی ہو سکتی ہے۔

راس:- اب بادشاہِ نارویے سادیمو مصالحت کی گفتگو کرنی چاہتا ہے۔ مگر تاوقتیکہ شدت کلمی کے ٹاپو میں ہمارے مصارفِ جنگ کے لئے دس ہزار ڈولر جمع نہ کردے ہم اُس کے مُردے دفن نہ ہونے دینگے۔

دنکن:- بس اب یہ کادور کا امیر ہمارے کسی نفع میں نقصان کا مُوجب نہ ہوسکیگا۔ جاؤ۔ اُسے قتل کا حُکم ہماری طرف سے سُنادو۔ اور اب تک امیر کادور کا جو خطاب وہ رکھتا تھا اُسے ضبط کرکے یہی خطاب ہم میکبتھ کو عطا کرتے ہیں۔

راس:- فدوی ابھی جاکر حضور کے ارشاد کی تعمیل کرتا ہے۔

دنکن:- جو کچھ کادور نے کھویا ہے وہ میکبتھ کو دیا جاتا ہے۔ (سب چلے جاتے ہیں۔)

تیسرا منظر:- کیچڑ۔ دلدل اور جھاڑیوں والی زمین۔ بادل گرجتا ہے۔ تینوں بغلی عمل کرنے والی جادوگرنیاں نمودار ہوتی ہیں۔

پہلی جادوگرنی:- بہن تم کہاں تھیں؟

دوسری جادوگرنی:- کسانوں کے مویشیوں کی جان نکال رہی تھی۔

تیسری جادوگرنی:- اور بہن تم کہاں تھیں؟

پہلی جادوگرنی:- ایک ملّاح کی جورو گود میں اخروٹ کی گری بھرے پھنکے پر پھنکے مار کر چباتے چلی جاتی تھی۔ میں نے کہا کہ تھوڑی سی مجھے بھی دے۔ اسپر وہ موٹی مُسٹنڈی جُرداہتی کیا ہے "دُور ہو چُڑیل"! خیر سُنتے تو میں نے سُن لیا۔ مگر میں پہلے سے جانتی ہوں کہ اُس کا مرد جہاز کا ناخُدا بن کر کہیں دُور گیا ہے تو بُوا سُنو میں بھی چھلنی میں بیٹھکر جادو کے زور سے وہیں پہونچتی ہوں۔ اُس کے جہاز کے پیندے میں دُم کٹے چوہے کی طرح کُتر کُتر کر چھید نہ ڈالے ہوں تو بات نہیں۔

دوسری جادوگرنی:- ہیں گھبراتی کیوں ہو، میں بھی بڑے زور کی ہوا چلاؤنگی۔

پہلی جادوگرنی:- ہاں بُوا۔ تم تو مجھ پر ہمیشہ سے مہربان ہو۔

تیسری جادوگرنی:- اور میں بھی اس زور کی آندھی اُٹھاؤنگی کہ جہاز پتا بنا اُڑتا پھرے۔

پہلی جادوگرنی:- اور میں اپنی طرف سے بھی وہ جھکڑ چلاؤنگی کہ ساری حقیقت کھل جائے گی اور ناخُدا کی کتاب میں جتنے بندرگاہ لکھے ہونگے اُن میں وہ وہ آندھیاں اور طوفان برپا کرونگی کہ سب حیران رہ جائیں گے۔ اور جتنے ملّاح ہونگے اُن کا خون چوس کر اُنہیں پھوک بنا دونگی۔ دن اور رات میں کسی وقت بھی کسی کو نیند نہ آئے گی۔ نو مرتبہ نو اٹھ واڑوں تک ہر آدمی تھکا ہارا بیجان رہے گا اور سبکی زبان پر یہی ہوگا کہ ہائے گرا، ہائے مرا، یہ سچ ہے کہ جہاز غارت نہ ہوگا مگر ہوا کے زور اور موجوں کے تھپیڑوں سے اُس کی وہ گت ہوگی کہ کیا پوچھنا ہے۔ ذرا دیکھو تو میرے پاس یہ کیا چیز ہے۔

دوسری جادوگرنی:- اچھی دکھاؤ، دکھاؤ۔

پہلی جادوگرنی:- ایک مُسافر کا انگوٹھا کُتر لائی ہوں۔ جو کشتی کے سُکّان پر بیٹھا گھر آرہا تھا۔ کشتی ڈانواڈول ہوکر پانی میں ڈوبنے لگی۔

(نقارے اور طبل بجنے کی آواز آتی ہے۔)

تیسری جادوگرنی:- ہا جی۔ ڈھول بجے۔ ڈھول۔ اب تو میکبتھ آتا ہوگا۔

تینوں جادوگرنیاں:- ہم تو سب خُشک و تر کی رکھوالیاں ہیں، اور دُنیا بھر میں گشت کرتی ہیں۔ تین تین میرے، تین تین

تم دونوں کے، یہ سب تو ہوسے۔ چلو منتر پورا ہُوا۔

میکبتھ:- فتح کے لحاظ سے ایسا اچھا دن اور موسم کے لحاظ سے اتنا بُرا دن کبھی پہلے دیکھنے میں نہ آیا تھا۔ ارے یہ وحشت زدہ سُوکھی چمرخ صورتیں کس کی ہیں؟ ان کے تن پر پھٹے پُرانے چیتھڑوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ زمین کی رہنے والیاں نہیں ہیں مگر یہ کہنا بھی مُشکل ہے کیونکہ زمین ہی پر وہ پلی ہیں۔ اری بھیانک صورتو، بتاؤ کیا تم جیتی جاگتی جانیں ہو۔ کیا کوئی آدم زاد تم سے کوئی بات پوچھ سکتا ہے۔ شکلوں سے تمہاری تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ تم ہماری بات سمجھتی ہو۔

(اتنا سُنتے ہی ہر جادوگرنی اپنی مُچھریاں پڑی سردی سے پھٹی ایک ایک انگلی اپنے سُوکھے پپڑیاں جمے ہونٹوں پر رکھتی ہے)

تم ظاہر میں تو عورتیں معلوم ہوتی ہو۔ مگر یہ بھی نہیں کہہ سکتے کیونکہ تم سب کے مُنہ پر ڈاڑھیاں ہیں۔ اگر بات کر سکتی ہو تو بتاؤ تم کون ہو؟

پہلی جادوگرنی:- میکبتھ مُبارکباد۔ امیر گلیمس مُبارکباد۔

دوسری جادوگرنی:- میکبتھ مُبارک مُبارک۔ امیر کادور مُبارکباد۔

تیسری جادوگرنی:- میکبتھ اب تم بادشاہ ہو جاؤ گے۔ بادشاہی مُبارک ہو۔

بینکو:- میکبتھ۔ تم اتنے چونکتے کیوں ہو؟ اگر ان کی کوئی بات بھلی معلوم ہوتی ہے تو اس میں ڈرنے کی کیا بات ہے۔ میرے شریف ساتھی تم اتنے گُم سُم کیوں ہو گئے۔ کیا واقعی وہم وخیال کے پُتلے بن گئے یا بنتے ہو۔ امیر گلیمس ہونے کی عزت تو تمہیں اس وقت بھی حاصل تھی۔ اب اس سے بھی بڑھکر یہ خوشخبری دی گئی ہے کہ امیر کا دور بھی ہو جاؤ گے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ یعنی مالک تاج وتخت ہونے کی تمہیں اُمید دلائی گئی ہے۔ کچھ سُنا بھی آپنے؟ لیجئے وہ تو کسی خیال میں ایسے محو ہوئے کہ کچھ سُنتے ہی نہیں۔ اری چُڑیلو، مجھ سے تم نے کچھ نہیں کہا۔ زمانے کے کشت زار میں جو بیج ڈالے جاتے ہیں اگر تم انہیں دیکھکر بتا سکتی ہو کہ کونسا تخم جمیگا کونسا نہ جمیگا تو پھر میری قسمت کا حال بھی تو کچھ بتاؤ۔ میں تو نہ تمہاری مہربانیوں کا محتاج ہوں اور نہ تمہاری دُشمنی سے ڈرتا ہوں۔ مجھ سے کیوں نہیں کچھ کہتیں؟

پہلی جادوگرنی:- مُبارکباد۔

دوسری جادوگرنی:- مُبارکباد۔

تیسری جادوگرنی:- مُبارکباد۔

پہلی جادوگرنی:- بینکو تم میکبتھ سے کم مگر اُس سے بڑھے رہو گے۔

دوسری جادوگرنی:- میکبتھ کی طرح خوش مگر اس سے زیادہ خوش تر ہو گے۔

تیسری جادوگرنی:- تم سے بادشاہ پیدا ہونگے۔ مگر خود کبھی بادشاہ نہ ہو گے۔

پہلی جادوگرنی:- بس میکبتھ اور بینکو دونوں کو مُبارک ہو۔

میکبتھ:- اری پہیلیوں میں بات کرنے والیوں ذرا ٹھیرو۔ دم لو۔ صبر کرو۔ کچھ اور باتیں بھی بتاتی جاؤ۔ جسے میرا باپ سینل مرا ہے امیر گلیمس تو میں اُسی وقت سے ہو گیا ہوں۔ لیکن امیر کا دور میں کیسے ہو سکتا ہوں۔ یہ امیر تو ابھی زندہ ہے اور روز افزوں ترقی پر ہے۔ بتاؤ کہ یہ عجیب خبریں تمہیں کہاں سے ملیں۔ اور تم کیوں اس اُجاڑ اور ویران زمین پر ہمارا راستہ روک کر ایسی خبریں سُنانے لگیں جن سے آنے والی باتوں پر حُکم لگایا جا سکتا ہے۔ میں

حکم دیتا ہوں کہ میرے ان سوالوں کا جواب دو۔

(جادوگرنیاں سب کی سب ایکدم غائب ہوجاتی ہیں۔)

بینکو:۔ پانی کے بُلبُلے تو بہت دیکھے ہونگے۔ اس وقت جو کچھ آپنے دیکھا ہے یہ مٹی کے بُلبُلے تھے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ غائب ہوکر یہ سب کدھر چلی گئیں۔

میکبتھ:۔ فضا میں غائب ہوگئیں۔ اگرچہ وہ گوشت پوست رکھتی نہیں مگر وہ ایسی تحلیل ہوگئیں جیسے ہوا میں ہمارا سانس ملکر ہوا ہوجائے۔ میں چاہتا تھا کہ وہ کچھ دیر اور ٹھہرتیں۔

بینکو:۔ جو باتیں ان کی زبانی آپکی نسبت سُننے میں آئی ہیں کیا ان کا واقعی پیش آنا آپ ممکن سمجھتے ہیں؟ اگر انکے صحیح ثابت ہونے کا آپکو یقین ہے تو سمجھ لیجئے کہ آپ اس وقت وہ بُوٹی کھاتے ہیں جس کے کھانے سے آدمی دیوانہ ہوجاتا ہے۔

میکبتھ:۔ بینکو۔ تمہاری اولاد بادشاہ ہوگی۔

بینکو:۔ اور آپ بھی تو بادشاہی کرینگے۔

میکبتھ:۔ اور کاڈور کا امیر بھی تو سمجھو۔ کیا اُنہوں نے یہ نہیں کہا تھا؟

بینکو:۔ ہاں، یقینی۔ اُنکے الفاظ یہی تھے۔ یہ کون آرہا ہے؟

(راس اور اینگس آتے ہیں)

راس:۔ میکبتھ، بادشاہ سلامت نے تمہاری فتح کا حال سُنکر اظہار خوشنودی فرمایا ہے اور جب بغاوت کو فرو کرنے میں بادشاہ نے تمہاری شجاعت و مردانگی کے کام سُنے تو اُس وقت حیرت و تعریف میں یہ سجھ چھوڑی کہ حیرت زیادہ ہے یا تمہاری تعریف اس بحث میں خاموش و گنگ رہکر دیگر امور پر غور ہو رہا تھا کہ اسی دوران میں

ہوا کہ بادشاہ ناروے کی زبردست فوجوں میں جتنا کشت و خون ہوا وہ سب تمہارا کام تھا۔ دشمن سے تم مطلق ڈرے نہیں۔ اب بادشاہ کے پاس قاصد پر قاصد اس طرح آنے شروع ہوئے جیسے آسمان سے اولے گریں۔ ہر قاصد جو خبر لاتا تھا تمہاری تعریف میں اس کی زبان خشک ہوتی تھی۔ اور وہ کہتے تھے کہ ملک کو دشمن سے بچانے میں تم نے جو تناک جاں نثاری سے کام لیا ہے۔ یہ کل خبریں بادشاہ سلامت کے گوش گذار ہوتی تھیں۔

اینگس:۔ اب جہاں پناہ کی طرف سے ہم تمہارا شکریہ ادا کرنے بھیجے گئے ہیں۔ اور اس لئے کہ بادشاہ کی نظر میں تمہاری وقعت کے بڑھنے کا مژدہ تمہیں سُنائیں۔ نہ یہ کہ انعام و اکرام جو تمہیں ملنے والا ہے وہ تمہیں پیش کریں۔

راس:۔ جو کثیر انعام آپکو ملنے والا ہے ہمیں حکم ہوا ہے کہ اُسی میں سے بطور رقم پیشگی ہم آپکو امیر کاڈور کے لقب سے خطاب کریں۔ اور اے لائق امیر ہم آپکو امیر کاڈور کے خطاب پر دلی مبارکباد دیتے ہیں اور آج سے یہی خطاب آپ کا رہے گا۔

بینکو:۔ تو کیا جو کچھ ان شیطانوں کی خالاؤں نے کہا تھا وہ سچ نکلا۔

میکبتھ:۔ مگر امیر کاڈور تو ابھی زندہ ہیں۔ انکے لقب سے آپ مجھے کیسے خطاب کر سکتے ہیں۔ کیا مانگے تانگے کا خلعت آپ مجھے پہناتے ہیں؟

اینگس:۔ امیر کاڈور ابھی زندہ ہے مگر سزائے موت کا حکم اُس کے بارے میں صادر ہوچکا ہے۔ اب وہ زیادہ زندہ رہنے کے قابل نہیں رہا۔ اُس کا قصور کیا تھا، یہ مجھے صحیح طور پر معلوم نہیں۔ دو ہی باتیں معلوم ہوتی ہیں یا تو ناروے کے بادشاہ سے مل گیا تھا یا باغیوں سے سازش کرکے انہیں

خفیہ مدد پہونچائی۔ یا دونوں باتیں کیں۔ بہرکیف مُلک کو تباہ کرنے میں اُس نے کوئی کسر نہ رکھی۔ مجھے ٹھیک نہیں معلوم مگر بغاوت کا جُرم اُس پر ثابت ہوچکا ہے، اور اس جُرم کا اقبال بھی اُس نے کرلیا ہے۔ چونکہ جُرم ثابت ہوچکا ہے بس یہی بات اُسکی تباہی کا سبب ہوئی ہے۔

میکبتھ:۔ (علیحدہ کہتا ہے) کلیمس اور کاڈور کا امیر۔ مگر سب سے بڑی بات بعد کو آتی ہے۔ (راس اور اینگس سے کہتا ہے) آپکی اِس تکلیف کا بیحد منّت گزار ہوں (بینکو سے) کیوں کیا اب بھی تمہیں توقع نہیں کہ تمہاری اولاد بادشاہ ہوگی؟

بینکو:۔ اگر وہ پیشین خبری اپنے پورے مفہوم میں دُرست سمجھی جائے تو پھر آپ کے دل میں تاج و تخت ملنے کی تمنّا پیدا ہونی لازمی ہوجائیگی، کیونکہ امیر کاڈور تو آپ ہوہی چکے ہیں۔ یہ بات بھی کچھ عجیب ہوئی ہے۔ لیکن اکثر ایسا دیکھنے میں آیا ہے کہ اِس قسم کی باتیں انجام کار میں موجب نُقصان ہوا کرتی ہیں۔ ظلمت و تاریکی کی یہ ذرّیات بظاہر ہم کو سچّی باتیں بتاتی ہیں اور چھوٹی چھوٹی باتوں کو سچ دکھاکر بڑی باتوں میں دھوکا دیدیتی ہیں۔ ذرا مہربانی کرکے ایک بات سُن لیجئے۔

میکبتھ:۔ (علیحدہ کہتا ہے) دو باتیں جو سچ نکلی ہیں وہ آخری بات کے سچ نکلنے کا بھی یقین دلاتی ہیں۔ (راس اور اینگس میں آپ دونوں صاحبوں کا بیحد ممنون ہوں (علیحدہ) یہ خرقِ عادت صورتیں جو ظاہر ہوئی تھیں منحس نہیں ہوسکتیں اور نہ انہیں سعد کہا جاسکتا ہے۔ اگر منحس ہوتیں تو کامیابی کی مجھے کیوں اُمید دلاتیں۔ اور ایک سچی بات یعنی مجھے امیر کلیمس کہہ کر مجھے امیر کاڈور ہوجانے کی اُمید دلائی۔ لیکن جو خبر اُنہوں نے مجھے دی ہے اگر وہ سعد ہوتی تو پھر اس سے میرا دم کیوں فنا ہوا جاتا ہے اور جو شکل ذہن میں پیدا ہوئی ہے اُس سے بدن کے روئیں کیوں کھڑے ہوئے جاتے ہیں۔ اور میرا دل جو خاموش چین سے اپنی جگہ بیٹھا تھا اب وہ تڑپ تڑپ کر کیوں پسلیوں سے ٹکریں کھانے لگا۔ اِس خیال سے کہ آئین فطرت کے خلاف کوئی کام کرنا پڑیگا، مجھ پر اتنا خوف کیوں طاری ہوا جاتا ہے۔ جس خوف کا انسان کو فوراً مقابلہ کرنا ہو وہ اِتنا آزار دہ نہیں ہوتا جتنا کہ وہ خوف جو آئندہ کسی پیش آنے والے واقعے کے خیال سے پیدا ہوتا ہے۔ بادشاہِ وقت کو قتل کرکے خود بادشاہ بن جاؤں اِس وقت تک محض ایک خیال ہی خیال ہے جس کے آتے ہی مُلکِ دل کے نظم و دستور میں فتور پڑجاتا ہے اور کسی بات کو اُس کی صحیح شکل میں سوچنا بے بُود و ہوائی تصوّرات سے مغلوب ہوجاتا ہے اور بجُز ایک وہم و خیال کے کوئی چیز اصلی و حقیقی نہیں معلوم ہوتی۔

بینکو:۔ واہ واہ۔ دیکھئے تو ہمارے یہ دوست اپنے کسی خیال میں کس قدر محو و مستغرق معلوم ہورہے ہیں۔

میکبتھ:۔ اگر بخت و اتفاق مجھے بادشاہی دینگے تو وہی میرے سر پہ تاج بھی رکھیں گے۔ خود مجھے کچھ نہ کرنا پڑے گا۔

بینکو:۔ نئے نئے خطاب، نئے نئے اعزاز اُسے مل رہے ہیں۔ مگر نئی پوشاک بدن پر اُس وقت تک ٹھیک نہیں آتی جب تک کچھ دنوں پہن نہ لی جائے۔

میکبتھ:۔ (علیحدہ) جو کچھ ہونے والا ہے وہ ہوکر رہیگا دن یا وقت کیسی ہی مشکلوں اور مصیبتوں کا ہو مگر زمانہ اُن میں سے گزرتا ہوا اپنا دورہ ہر حال میں پورا کرہی لیتا ہے سخت سے سخت مصائب اور آفات بھی ایک ایک

دن ختم ہو ہی جاتے ہیں۔

بینکو:۔ لائق میکبتھ، ہم اب تک آپ کے فرمانے سے یہاں ٹھیرے ہوئے ہیں۔

میکبتھ:۔ معاف فرمائیگا۔ میرا یہ کُند و سُست دماغ اس وقت کسی خیال میں محو تھا اور خیال بھی ایسا تھا جس میں کبھی کی بھولی بسری باتیں یاد آ رہی تھیں۔ میرے مہربان شریفو! آپ نے جسقدر تکلیفیں اس وقت میرے لئے گوارا فرمائیں ہیں وہ میرے دل کی کتاب میں نقش ہینگی اور میں اس کے اوراق کھول کر ہمیشہ پڑھتا رہونگا۔ اب مجھے بادشاہ سلامت کی خدمت میں حاضر ہونا ہے۔ (بینکو سے کہتا ہے) جو باتیں بخت و اتفاق سے اس وقت پیش آ رہی ہیں اُن پر آئندہ غور کرنا ہے۔ اس بیچ کے زمانے میں ہم تم کسی وقت تنہا بیٹھکر آزادی سے غور کریں گے۔

بینکو:۔ نہایت خوشی سے۔

میکبتھ:۔ اس وقت جو کچھ گزرا ہے وہی کافی ہے۔ دوستو آؤ چلیں۔ (چلے جاتے ہیں۔)

چوتھا منظر:۔ فیروس۔ شاہی قصر۔ باجے بجتے ہیں۔ بادشاہ ڈنکن اور اُس کے دونوں فرزند میلکم اور ڈونل بین آتے ہیں۔

ڈنکن:۔ کہو امیر کاڈور قتل کر دیا گیا۔ جو لوگ اس کام پر مقرر تھے وہ واپس آ گئے؟

میلکم:۔ حضور! وہ ابھی تک واپس نہیں آئے لیکن ایک شخص سے باتیں ہوئی تھیں جس نے امیر کاڈور کو قتل ہوتے دیکھا تھا۔ موت کے وقت اُس نے اپنے باغی ہونے کا اقبال کیا۔ اور حضور سے عفوِ تقصیر چاہا اور بے انتہا ندامت و پشیمانی ظاہر کی۔ زندگی میں کوئی بات اتنی لیاقت کی نہ تھی جیسے کہ مرتے وقت کی۔ وہ اس طرح مرا گویا جان دینے کا تصور پہلے سے باندھ رکھا تھا۔ اور جانِ عزیز جو مستعار رکھنا تھا وہ اس طرح پھینک دی کہ گویا اس چیز کی کوئی قدر ہی نہ تھی۔

ڈنکن:۔ افسوس دُنیا میں کوئی علم کوئی فن ایسا نہیں جس سے کہ دل کی اندرونی کیفیت چہرے سے معلوم کر لی جائے۔ وہ نہایت نجیب و شریف تھا۔ میں نے اپنے اعتماد و اعتبار کا قصر اُسی پر قائم کر رکھا تھا۔

(میکبتھ، بینکو، راس اور اینگس آتے ہیں)

اے میرے لائق عزیز بھائی۔ احسان فراموشی کا گناہ اب تک میرے سینے پر بار گراں ہو رہا تھا۔ تم سرکارِ خسروانہ کے اس قدر جلد جلد مستحق ہوتے رہے ہو کہ میں اتنی ہی عجلت سے تمہاری خدمتوں کا انعام تمہیں نہ دے سکا۔ صرف اتنا اور کہنا ہے کہ جو کچھ صلہ میں دوں اُس سے کہیں زیادہ کے تم مستحق ہو۔

میکبتھ:۔ جو کچھ وفاداری اور خدمت گزاری اس نمک خوارنے کی وہ خود فدوی کی جاں نثاری اور خدمت کا سب سے بڑا صلہ ہے۔ حضور کو ہم جاں نثاروں پر حق حاصل ہے کہ ہم جہاں پناہ کی خدمت بجا لاتے رہیں اور حضور ہماری اطاعت گزاری کو بنظرِ التفات پرورش دیکھیں۔ حضور میں اور ہم میں وہی تعلق ہے جو ماں باپ کو بچوں سے اور آقا کو اپنے ملازموں سے ہوتا ہے آقا کی جان اور مال، عزت اور نام کے لئے جو خدمتیں ہم پر فرض ہیں اُن پر ہمیشہ عمل رکھنا ہمیں لازم ہے۔

ڈنکن:۔ ہم تمہارا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ہم تمہیں اپنے باغ میں مثل ایک پودے کے لگائیں گے اور خدمت کرتے رہیں گے کہ وہ پروان چڑھے۔ شریف بینکو تم نے بھی اپنے تئیں کچھ کم

لیاقت کا آدمی ثابت نہیں کیا۔ تمہاری نیک نامی بھی دوسروں سے کم نہیں۔ ہم تمہاری پرورش اور ترقی میں بھی مثل ایک باغبان کے آبیاری کرینگے اور تم ہمیشہ ہمارے دل سے نزدیک رہوگے۔

بینکو:۔ حضور اگر میں پھلا پھولا تو پھل پھول سب حضور کے ہونگے۔

ڈنکن:۔ اس وقت مسرت و شادمانی نے کچھ ایسا دل پر اثر کیا ہے کہ بے اختیار آنکھوں میں آنسو بھرے چلے آتے ہیں۔ اے میرے فرزند، عزیزو، امیر و اور میرے مقربو سنو۔ ہمارا قصد اپنے سب سے بڑے فرزند میلکم کو وارث سلطنت بنانے کا ہے اور ایسا ہی انتظام تمہیں کرنا ہوگا۔ اور آج سے ہم اپنے ولی عہد کو "شہزادہ کمبرستان" کے لقب سے خطاب کیا کریں گے۔ اور ہم صرف اُسے ہی عزت نہیں بخشتے بلکہ اپنے دربار کے دیگر اعیان و اکابر کو بھی جو اپنے حسن لیاقت سے اس وقت ہمارے آسمان اقبال کے چمکتے تارے ہیں مورد عنایات و نوازشات کرتے رہینگے۔ اب ہم میکبتھ کے قصر انورنس جانے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ ہم اپنے اس عزیز کے اور بھی مرہون منت ہوں۔

میکبتھ:۔ اب اُس مصروفیت کا وقت آیا جو حضور کے لئے نہیں بلکہ اپنے حصول سعادت کے لئے ہوگا۔ میں خود قاصدین کر یہ مژدہ اپنی بیوی کے پاس پہونچا دونگا کہ حضور تشریف لا رہے ہیں۔ اب فدوی رخصت چاہتا ہے۔

ڈنکن:۔ اچھا۔ میرے نہایت لائق امیر کاڈور۔

میکبتھ:۔ (علیحدہ کہتا ہے) واہ واہ۔ یہ شہزادہ کمبرستان تو راہ میں ایک اور ٹھوکر ہوگئی۔ اب یا تو میرا خاتمہ ہوا یا اب اُسے پھلانگنا۔ میں دوسری پار پہونچا۔ میلکم کا وارث سلطنت قرار پانا میرے حق میں سدِ راہ ہوگا۔ آسمان کے ستارو۔ اپنی روشنیاں گل کر دو، تاکہ تمہارا نور میری سیاہ کاریوں اور گہری خواہشوں کو نہ دیکھ سکے۔ اس ہاتھ کو دیکھنے سے تو میری آنکھیں بند ہوتی جاتی ہیں۔ لیکن جو کچھ سوچا ہے وہی ہونے دو۔ جب وہ ہو چکیگا تو یہی آنکھیں اُسے دیکھکر سہم جائیں گی۔

ڈنکن:۔ بینکو، جو کچھ تم اُس کی نسبت کہتے ہو وہ بالکل درست ہے۔ وہ حقیقت میں ایسا ہی بہادر ہے جیسا کہ تمہارا بیان۔ اس کی تعریفیں تو میرے لئے ایک ضیافت ہوتی ہیں۔ اچھا آؤ۔ اب اس کے پیچھے چلیں جو ہماری خاطر و مدارات کا سامان کرنے آگے گیا ہے میکبتھ مجھے بیحد عزیز ہے۔

پانچواں منظر:۔ میکبتھ کا قصر انورنس

لیڈی میکبتھ ایک خط پڑھتی اسٹیج پر آتی ہے۔

لیڈی میکبتھ:۔ جس دن لڑائی میں فتح ہوئی اُسی دن اُن سے ملاقات ہوئی۔ مجھے یہ بات بخوبی معلوم ہوگئی کہ انسان سے کہیں بڑھکر انہیں ہر بات کا علم رہتا ہے۔ جب ارادہ ہوا کہ کچھ اور پوچھوں تو وہ سب ہوا ہوگئیں۔ میں ابھی اسی عالم حیرت میں تھا کہ بادشاہ کے قاصد آئے اور انھوں نے مجھے امیر کاڈور کے لقب سے خطاب کیا۔ اور یہی وہ لقب تھا جسے اُن تینوں جادوگرنیوں نے پکار کر مجھے سلام کیا تھا۔ اور وہ بات بھی جو آئندہ پیش آنے والی ہے کہی تھی۔ بلکہ انہوں نے تو یہاں تک کہا تھا کہ مبارک ہو اُسے جو بادشاہ ہونے والا ہے۔ اے میری شریک عزت و ناموس یہ کل باتیں میں تیرے علم میں لے آیا ہوں تاکہ تو بھی اس خوشی میں شریک ہے اور جو بزرگی اور عزت مجھے ملنے والی ہے اُس سے بے خبر رہکر

خوشی سے محروم نہ رہے۔ یہ کل باتیں دل میں مخفی رکھنا۔ اچھا خُدا کو سونپا۔"

لیڈی میکبتھ:۔ امیر گلیمس تو تم پہلے ہی تھے۔ اب امیر کا دور بھی ہو گئے۔ اور جس بات کا تم سے آخیر میں وعدہ کیا گیا ہے وہ بھی ہو جاؤ گے۔ مگر میں تمہاری طبیعت سے ڈرتی ہوں۔ تم میں انسانی ہمدردی اور محبت کا شیر مادر اتنا ہے کہ تم کوئی قریب تر راستہ اس مقصد کے لئے نہ نکال سکو گے۔ بزرگی تمہیں نصیب ہونیوالی ہے۔ حُبِ جاہ و دولت تم رکھتے ہی ہو، مگر جو چیز حاصل کرنی چاہو گے اُسے ایمانداری سے حاصل کرنے کی نیت رکھو گے۔ دغا و فریب دینا گوارا نہ کرو گے مگر اے امیر گلیمس تم دغا و فریب ہی سے اپنی مراد کو پہنچ سکتے ہو۔ اور وہ آواز بھی یہی کہتی ہے جو کچھ تم حاصل کرنا چاہتے ہو اس کے حاصل کرنے کے لئے صرف یہی ایک طریقہ ہے۔ تم اس پر عمل کرنے سے ڈرو نہیں اور اس کے ساتھ ہی تم یہ بھی نہ چاہو گے کہ وہ چیز تمہیں نہ ملے یہاں جلد آؤ کہ میں اپنی ہمت و عزم کا جوش و خروش تمہارے کانوں میں بھر دوں اور اپنی دلیر زبان سے تمہاری جسارت و ہمت کو بڑھا کر تمہارے دل سے وہ تذبذب دُور کر دوں جس میں باوجود یکہ حرصِ عادت ذرائع اور تعقید تمہارے سر پر تاجِ شاہی رکھنا چاہتی ہے، تم اس وقت مبتلا ہو۔

(ایک قاصد آتا ہے)

کہو کیا خبر ہے؟

قاصد:۔ بادشاہ سلامت آج شب کو یہاں قیام فرمائینگے۔

لیڈی میکبتھ:۔ کچھ دیوانے تو نہیں ہو گئے ہو۔ کیا تمہارا آقا میکبتھ بادشاہ سلامت کے ہمراہ نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو انتظام کی غرض سے وہ مجھے پہلے اطلاع کر دیتا۔

قاصد:۔ یہ حضور نے بجا فرمایا۔ ہمارے آقا امیر گلیمس بھی آرہے ہیں۔ لیکن ہمراہیوں میں سے ایک شخص نے جلدی کی اور ان سب سے پہلے وہ یہاں پہونچ گیا۔ وہ اتنا دوڑا ہوا آیا ہے کہ دَم پھول کر اُس کی نوبت مرنے کو پہونچی ہے۔ چنانچہ بمشکل اسکے اُس کے مُنہ سے کچھ نہ نکلا کہ "بادشاہ سلامت آرہے ہیں"۔ اس کے سوا اور کوئی پوری بات وہ نہ کہہ سکا۔

لیڈی میکبتھ:۔ اچھا جو آدمی آیا ہے اُسے تکلیف نہ ہو۔ اُس کے آرام کا خیال رکھا جائے۔ جو خبر وہ لایا ہے وہ اچھی ہے۔ (قاصد چلا جاتا ہے)

ظُلمت و نحوست کا شبرنگ پرندہ کریہ آواز میں چیخ رہا ہے کہ دنکن کی اجل اُسے یہاں لا رہی ہے۔ چیختے چیختے اُس کا گلا بیٹھ چلا ہے۔ اے خبیث روحو۔ جو انسان کے دل میں کُشت و خُون کے خیالات حلول کرتی ہو عورت کی شریف و نیک فطرت مجھ سے دُور کر دو۔ ظُلم و سفاکی سر سے پاؤں تک مجھ میں بھر دو۔ اور قلب کے وہ تمام راستے مسدود کر دو جن سے ندامت یا پشیمانی داخل ہو کر سنج و افسوس پیدا کرتی ہیں کہ کہیں وہ خونی مقصد سے مجھے باز نہ رکھیں۔ اور جب تک مقصد پورا نہ ہو میری فطرت کو چین سے نہ بیٹھنے دو۔ اور اے خون ناحق کے کارپردازو! میری چھاتیوں میں دُودھ کی جگہ زہر بھر دو۔ تم وہ ہو جو کسی کو نظر نہیں آتے۔ دُنیا کی تمام شرارتوں میں تم پردوں کے معاون و مددگار ہوتے ہو۔ اے اندھیری رات تو جہنم کے دُخانی پردوں میں چھپی بیٹھی رہ تاکہ نوکِ خنجر بھی اپنے لگائے ہوئے زخم کو نہ دیکھ سکے۔ اور اس شب تیرہ و تار میں فرشتے بھی آسمان سے جھانک کر آواز نہ لگا سکیں:۔ خبردار خبردار۔!

(میکبتھ اندر آتا ہے)

اے امیر گلیمس اور اے امیر والاشان کاڈور اور ان سے

بھی بالاتر جو کچھ آئندہ ہونے والے ہو، تمہیں مبارک ہو۔ تمہارے خطا نے حالتِ لاعلمی سے نکال کر ایک آن میں مستقبل کا سارا نقشہ میری نظر کے سامنے پیش کر دیا۔

میکبتھ :۔ پیاری بیوی۔ آج شب کو بادشاہِ ڈنکن یہاں آنے والے ہیں۔

لیڈی میکبتھ :۔ واپسی کب ہوگی؟

میکبتھ :۔ کل واپس ہونے کا ارادہ ظاہر فرماتے ہیں۔

لیڈی میکبتھ :۔ سورج وہ کل کبھی نہ لائیگا۔ میرے امیر آپ کا چہرہ تو ایک کتاب بنا ہوا ہے کہ جس کا جی چاہے دل بہلانے کو نہایت عجیب و غریب حالات اس میں پڑھ لے۔ اب دوسروں کو آپ ایسے ہی نظر آئیں جیسے کہ زمانہ کے اور لوگ نظر آتے ہیں۔ اور موقع چاہتا ہے کہ آنکھوں سے ہاتھوں سے زبان سے اطمینان و مسرت ظاہر ہوتی رہے۔ ایک معصوم پھول بن کر در پردہ مارِ قاتل بنجایئے۔ وہ جو آرہا ہے اُس کے لئے ضروری سامان بہت کچھ کرنا ہے، اور آج شب کو جو کچھ ہونے والا ہے وہ میرے سپرد کر دیجئے۔ اور یہ جو کچھ ہونے والا ہے وہ آنے والے لیل و نہار میں آپکو بادشاہ بنا کر سب کا مالک کر دیگا۔

میکبتھ :۔ اس معاملہ خاص میں پھر کسی وقت ضروری گفتگو ہوگی۔

لیڈی میکبتھ :۔ چہرہ صاف رکھیئے۔ اس کے متغیر رکھنے سے لوگ سمجھیں گے کہ کوئی خوف طاری ہے۔ باقی جو کچھ ہے وہ سب مجھ پر چھوڑ دیجئے۔

چھٹا منظر :۔ میکبتھ کے قصر کے سامنے۔

شہنائی بجانے والے اور ملازم ہاتھوں میں مشعلیں لئے ساتھ ہیں۔ ڈنکن، میلکم، دونلبین، بینکو، لینکس، میکدف، راس، اینگس، اور بہت سے ملازم ساتھ آتے ہیں۔

ڈنکن :۔ دیکھو وہ ہماری عزیز اور مہربان میزبان آرہی ہیں۔ ہمارے ساتھ اظہارِ خلوص و محبت میں بعض وقت بہت تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ اِسے خلوص و محبت سمجھکر ہم آپ کے شکر گذار ہوتے ہیں اور اس بات کا سبق دیتے ہیں کہ خدا سے آپ اپنی اِن تکلیفوں کا اجرِ نیک حاصل کریں اور اس طرح جو تکلیفیں آپ نے اٹھائی ہیں اُن کے لئے آپ ہمارے بھی شکر گزار رہیں۔

لیڈی میکبتھ :۔ حضور ہم اپنی خدمتوں کو دُو دُو مرتبہ ادا کر کے اگر اُن کو دوچند بھی کر دیں تب بھی وہ اس اعزاز و اکرام کے مقابلے میں بے حقیقت ہونگی جو حضورِ والا نے ہمارے خاندان کو بخشا ہے۔ پرانے اعزاز و وقار پہ جو لطف و کرم اب اضافہ ہوا ہے اس کے لئے ہم ہمیشہ حضور کے دُعاگو رہیں گے۔

ڈنکن :۔ امیر کا دور کہاں ہیں؟ میں تو اُن کے پیچھے جیسے تازی کتا ہرن کے پیچھے دوڑتا ہے دوڑتا ہوا آیا ہوں کہ پہلے پہونچ کر خود اُن کا استقبال کروں۔ اور بجائے اس کے کہ وہ میری خاطر و مدارات کے لئے حاضر ہوں میں اُن کی خاطر و مدارات کے لئے حاضر رہوں۔ شہسواری میں اُن کا مثل نہیں۔ پھر اُن کا خلوص و ارادت ہمارے ساتھ ایسا ہے کہ تیز مہمیز لگا کر انہیں یہاں لا رہا ہے۔ اے عزیز و مہربان میزبان آج شب کو ہم آپ کے مہمان رہیں گے۔

لیڈی میکبتھ :۔ ہم حضور کے خادم اور ہمارے خادم بھی حضور ہی کے نمک خوار ہیں۔ جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ سب حضور کا دیا ہے، اور جو کچھ حضور کا ہے وہ سب حاضر ہے۔

ڈنکن:- اپنا ہاتھ دیجئے اور ہمیں ہمارے میزبان کے پاس لے چلیے۔ ہم کو اُن سے بڑی محبت ہے اور ہم اپنے مکارمِ شاہی سے ہمیشہ ان کو سرفراز کرتے رہیں گے۔ اچھا اب اجازت ہو، اے میری عزیز و مہربان میزبان۔

(چلے جاتے ہیں)

ساتواں منظر:- میکبتھ کا قصر۔

شہنائی بجانیوالے۔ چند مشعلچی۔ ایک کابدار اور بہت سے نوکر قابیں رکابیاں چمچے وغیرہ وغیرہ لئے ہوئے اسٹیج پر سے گزرتے ہیں۔ میکبتھ آتا ہے۔

میکبتھ:- جو کچھ ہونا ہے جب تک نہ ہو جائیگا چین نصیب نہ ہوگا۔ اچھا ہے اگر وہ جلد ہو جائے اور اس کے نتیجے بھی ظہور میں آجائیں، اور اُس کی موت کے بعد بادشاہی کا ملنا بھی قطعی ہو جائے۔ تو پھر قتل کے سوا دوسرا کیا مقصود ہو سکتا ہے۔ اور اگر یہ قصد پورا ہو گیا تو پھر یہ کُل قصہ ختم ہو جاتا ہے۔ لیکن افسوس، جب اس زندگی کے ساحل سے کُود کر ہم آنے والی زندگی میں قدم رکھینگے تو ہمارا کیا حال ہوگا۔ اِس قسم کے معاملات میں جو چیز اصلی اور حقیقی ہوتی ہے وہ نہیں ملا کرتی۔ ہم جو یہاں خُون اور قتل کی تدبیریں کرتے ہیں اور وہ چل بھی جاتی ہیں تو پھر وہی تدبیریں ہم پر پلٹ پڑتی ہیں، یہ بادشاہ بڑا ہی عادل و مُنصف مزاج ہے اور اسکا عدل و انصاف بھی اس درجہ ہے کہ اگر کوئی زہر کا پیالہ بھی اس کے لئے تیار کرے تو وہ تیار کرنے والے ہی کے لبوں کے لائق ہوتا ہے۔ وہ ہم پر دو گونہ اعتبار و اعتماد کر کے ہمارے قصر میں آیا ہے۔ اوّل تو میں اُس کا قرابت مند، دوسرے اُس کی رعیت۔ یہ دونوں باتیں اُس کے خلاف ہیں کہ میں اُس کی جان کا خواہاں ہوں۔ پھر اِس سے بھی بڑھکر یہ کہ میں اُسکا میزبان اور وہ میرا مہمان ہے۔ میرا فرض تو یہ ہے کہ اگر کسی کو کینہ پر آمادہ پاؤں تو اُسپر دروازہ بند کر دوں، نہ یہ کہ خود خنجر ہاتھ میں لیکر اُسے قتل کر کے اُٹھوں۔ علاوہ اس کے یہ بادشاہ نہایت نیک اور حلیم الطبع ہے اور باوجود ایسا عالی مرتبہ ہونیکے ایسا صاف باطن اور مُنصف ہے کہ اس کی نیکیاں فرشتہ بن کر اُس کی حامی اور مددگار ہو جائینگی۔ اور اگر اسے قتل کر دیا تو پھر اس کی یہی نیکیاں نقارۂ خُدا بن کر میرے اِس جُرم کا تمام دُنیا میں ڈھنڈورا پیٹتی رہینگی۔ اور رحم اور افسوس ایک نوزائیدہ برہنہ بچے کی طرح اِس نقارے کی آواز پر سوار ہو کر ہمارا یہ گُناہ اطرافِ عالم میں مُشتہر کر یگا۔ اور آسمان پر ملائکہ اپنے مرکبوں پر سوار ہو کر جو کسی کو نظر نہ آئیں گے فضا میں گشت لگا کر ہمارے اِس ظُلم و بے دردی کے کام کو تمام دُنیا کی نظروں کو پیش کر دینگے۔ اور یہ کُل فضا آنسوؤں کے سیلاب میں غرق ہو جائیگی۔ اپنے تو مِن عزم کو آگے بڑھانے کے لئے میرے پاس کوئی مہمیز نہیں ہے۔ جاہ و مرتبہ کی طمع اُچک کر اس تو سن پر سوار ہونا چاہتی ہے مگر بجائے نشست پر آنے کے دوسری طرف گرتی نظر آتی ہے۔

(لیڈی میکبتھ آتی ہے)

کہو کیا خبر ہے؟

لیڈی میکبتھ:- بادشاہ خاصہ تناول فرما چکے ہیں۔ تم کیوں باہر نکل آئے۔

میکبتھ:- کیا مجھے وہ پُوچھتے تھے؟

لیڈی میکبتھ:- ہاں دریافت تو کرتے تھے۔

میکبتھ:- جو بات سوچی تھی میں اب اُس میں کچھ نہ کرونگا۔ ابھی ابھی تو مجھے بادشاہ نے اعزاز بخشا ہے اور ہر شخص میری نسبت اعلیٰ درجہ کی لئے رکھتا ہے۔ اب اور بھی ترقی اور تعریف کی اُمید ہے۔ اُس خیال کو ذہن سے جسقدر جلد ممکن ہو دُور کر دو۔

لیڈی میکبتھ:- جس وقت تاج و تخت کی آرزو ہوتی تھی اُس وقت کیا کچھ پی رکھی تھی، یا وہ آرزو پیدا ہوتے ہی سُوگئی تھی اور جب جاگی تو دیکھتی کیا ہے کہ صورت زرد ہے اور طبیعت پر نامردی اور بُزدلی چھائی ہے۔ آج سے میں تمہاری محبت و اُلفت کو بھی ایسا ہی سمجھونگی۔ افسوس، جیسے مضبوط ہاتھ پاؤں کے تھے ویسے ہی دل کے نہ نکلے۔ دل کا ارمان نکالنے سے ڈرتے ہو جسے زندگی کا نپور سمجھ رہے تھے یا تو اُسے واقعی حاصل کرنا چاہتے ہو یا خود دل میں ذلیل اور بُزدل رہنا پسند کرتے ہو۔ یہ کہنا کہ میں ایسا کر سکتا ہوں اور اُسے بغیر انجام دیئے دل میں اُس کی حسرت بھی رکھنا تو وہی مثل ہوئی کہ "بلی کا کھانے کو جی تو چاہتا ہے مگر ڈرتی ہے کہ پاؤں گیلے ہو جائیں گے"۔

میکبتھ:- بیوی۔ خُدا کے لئے خاموش رہو۔ جو بات مرد کو زیب دیتی ہے وہ سب کچھ میں کر سکتا ہوں اور اُسکے لئے اتنا تیار ہوں کہ دوسرا نہیں ہو سکتا۔

لیڈی میکبتھ:- وہ کون موذی بدخواہ تھا جس نے تمہیں اپنے اِس مقصد کو مُجسّم ظاہر کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ جس وقت تم نے ایسا قصد ظاہر کیا تھا اُس وقت تمہارے مرد ہونے میں کسکو شبہ ہو سکتا تھا لیکن جسقدر مرد تم اُس وقت تھے اُس سے بھی زیادہ مرد اُس وقت ہوگے جبکہ اپنی مُراد حاصل کر لوگے۔ اُس وقت مقام اور وقت تجویز نہ ہوا تھا۔ اِس وقت دونوں چیزیں موجود ہیں، بلکہ وقت اور مقام نے خود اپنے تئیں پیش کر دیا ہے۔ اور جب یہ سب کچھ ہو لیا تو تم ہمّت ہارنے لگے۔ میں نے اپنے بچّوں کو دُودھ پلایا ہے اور میں یہ بھی جانتی ہوں کہ دُودھ پیتے بچّے کی مامتا ماں کو بہت ہوتی ہے۔ لیکن اگر وہ شیر خوار میری گود میں پڑا ہنستا بھی ہوتا تو دُودھ اُس کے مُنہ سے چھُڑا کر اِس زور سے اُسے زمین پر پٹختی کہ اُس کا بھیجا نکل پڑتا۔ بشرطیکہ میں نے بھی اِس کام پر ایسی ہی قسم کھائی ہوتی جیسے کہ تم نے کھائی تھی۔

میکبتھ:- اگر ناکام رہے؟

لیڈی میکبتھ:- بس یہی ہوگا کہ ناکام رہیں گے لیکن جو ارادہ کیا تھا اُس پر ثابت قدم اور اپنی ہمّت پر قائم رہے۔ کیونکر ممکن ہے کہ ہم ناکام رہیں۔ دمکن دن بھر کے سفر سے تھکا ماندہ ہو رہا ہے۔ پڑتے ہی غافل سو جائیگا۔ دو ملازم جو اُس کے قریب ہونگے اُن کو میں شراب پلا کر اتنا مدہوش کر دونگی کہ اُن کا حافظہ جو دماغ کا سردار ہے محض ایک انجرہ جائے گا۔ اور دماغ کے جس خانے میں عقل رہتی ہے وہاں حافظ کا عمل نہ ہو۔ جب یہ دونوں آدمی نیند میں غافل اور نشے میں بیہوش مُردوں کی طرح پڑے ہونگے تو پھر وہ کیا چیز ہے جو تم باہر آکر دمکن کے حق میں، جس حال میں کوئی اُس کا مُحافظ نہ ہو، نہیں کر سکتے۔ پھر انہی دونوں ملازموں کو قتل سے مُتہم کرنا بھی کچھ مشکل نہ ہوگا۔

میکبتھ:- بیوی تم تو ایسی ہو کہ سوائے بہادر مرد بچّوں کے تم سے دوسرا پیدا نہ ہو۔ تمہاری طبیعت تو بہت ہی دلیر اور نڈر واقع ہوئی ہے۔ اگر تم نے ان دونوں ملازموں کے

چہروں کو جو بادشاہ کے خوابگاہ میں سوتے ہونگے خون سے رنگ بھی دیا اور ارتکاب قتل بھی انہی کے خنجر سے کیا تو کیا کوئی اس بات کا یقین کریگا کہ ہاں ایسا ہی ہوا ہے۔

لیڈی میکبتھ:- پھر سوائے اس کے اور کس بات کا یقین کیا جائے گا۔ ہم خود تو اس موقع پر وہ شور و غل، فریاد و فغاں کریں گے کہ ہم پر کسی کو شبہ نہ گزریگا۔

میکبتھ:- اچھا، میں نے قصد کر لیا۔ اور اب جسم کے کل اعضو کو اس سخت کام کیلئے آمادہ کرتا ہوں۔ اب تم جاؤ اور جتنا وقت باقی ہو اُسمیں مہمانوں کی خاطر و تواضع میں مصروف رہو چہرہ پر جھوٹا دل جو کچھ اندر رکھتا ہو جھوٹا چہرہ اُسے چھپا سکتا ہے۔

جزوِ ثانی

پہلا منظر:- میکبتھ کے قلعہ انورنس کا صحن۔

بینکو اور اُسکا فرزند فلی انس باپ کے آگے مشعل لئے چلتا ہے۔

بینکو:- برخوردار، ذرا بتاؤ تو رات کتنی گئی ہوگی؟

فلی انس:- چاند چھپ چکا ہو۔ گھنٹہ میں نے سُنا نہیں۔

بینکو:- چاند تو آج بارہ بجے غروب ہوتا تھا۔

فلی انس:- میرے خیال میں تو رات زیادہ گئی ہے۔

بینکو:- ٹھیرو۔ میری تلوار تم اپنے پاس رکھو۔ آسمان نے بھی کفایت شعاری پر کمر باندھی ہے۔ اپنی کل روشنیاں گل کر دی ہیں۔ مشعل تو تمہارے پاس موجود ہی، دوسرے ہاتھ میں یہ تلوار بھی رکھو۔ میرے دل پر کچھ ایسی غم کی گھٹا چھائی ہے کہ کسی طرح آنکھ نہیں جھپکتی۔ اے رحمتِ باری کے فرشتو، مجھے بُرے اور موذی خیالات سے جو فطرت عالم خواب میں دکھایا کرتی ہو اپنی پناہ میں رکھو۔ فلی انس ذرا تلوار مجھے دینا۔ کون ہے؟

(میکبتھ آتا ہے۔ ایک نوکر مشعل لئے ساتھ ہو)

میکبتھ:- میں ہوں تمہارا دوست۔

بینکو:- ہائیں۔ کیا ابھی تک سوئے نہیں۔ بادشاہ سلامت تو خوابگاہ میں استراحت فرمانے چلے گئے ہیں۔ آج تو وہ بیحد خوش تھے اور تم سب کے لئے بڑی بڑی رقمیں عطا کی ہیں۔ تمہاری بیوی کو "میری بڑی مہربان مہربان" کہکے تحفے میں یہ الماس دیا ہے۔ غرض ہر چیز سے بیحد مطمئن اور خوش نظر آتے تھے۔

میکبتھ:- کیا عرض کروں۔ آقا کی تشریف آوری پر افسوس ہے، دل کے ارمان نہ نکل سکے۔ اگر پہلے سے اطلاع ہو جاتی تو انتظام میں ہرگز کوئی کمی نہ ہوتی۔

بینکو:- نہیں۔ کل باتیں نہایت خیر و خوبی سے ہوگئیں۔ کل رات کو میں نے خواب میں اُن تینوں "تقدیر بتانے والیوں" کو دیکھا۔ تمہاری نسبت جو باتیں اُنہوں نے کہی تھیں اُن میں کچھ تو سچ نکلیں۔

میکبتھ:- مجھے تو اُن کا اب کچھ خیال تک نہیں ہے۔ لیکن ذرا اس کام سے فراغت پالوں تو پھر اس امر خاص میں دل کی باتیں کہنے کیلئے آپ کچھ وقت ضرور دیجئے۔

بینکو:- جب مرضی ہو میں حاضر ہوں۔

میکبتھ:- اگر آپ نے میری بات سے اتفاق کیا تو پھر جب کبھی وہ بات ہوئی پھر عزت و دولت آپکے سامنے ہاتھ باندھے کھڑی ہوگی۔

بینکو:- آپ سمجھتے ہیں کہ زیادہ عزت کی مجھے ہوس نہیں جو

عزت اس وقت نہ رکھتا ہوں اُسے کھونا نہیں چاہتا۔ اپنا دل پاک صاف اور بادشاہ کی اطاعت و وفاداری میں مضبوط رکھنا میرا بڑا مقصد ہے۔ اگر ان چیزوں میں فرق نہ آئے تو میں آپکا مشورہ سُننے کو تیار ہوں۔

میکبتھ:۔ اچھا شب بخیر۔ خدا حافظ۔

بینکو:۔ شکریہ۔ رات زیادہ آئی۔ اب آپ آرام فرمائیں۔

(بینکو اور فلی انس چلے جاتے ہیں۔)

میکبتھ:۔ (نوکر سے) جاؤ۔ ذرا بیگم صاحبہ سے کہدو کہ جب پینے کی دوا تیار ہو جائے تو گھنٹی بجا دیں (نوکر چلا جاتا ہے) اے میری آنکھوں کے سامنے یہ کیا ہے؟ یہ تو خنجر معلوم ہو رہا ہے۔ اِس کا قبضہ میرے ہاتھ کی طرف ہے۔ آ خنجر تجھے پکڑلوں۔ ہائیں تُو ہاتھ میں نہیں آیا۔ مگر نظر اتنک آرہا ہے۔ کیا تُو واقعی کوئی چیز نہیں ہے، صرف موت کا ایک تصوّر ہے جسے ادراک اور واہمہ دونوں محسوس کر رہے ہیں۔ یا تُو محض وہم اور ایک بے سُود خیال ہے جو میرے مزاج کی حدّت و حرارت کی پیدا کی ہوئی ایک شکل ہے۔ میں ابھی تک تجھے دیکھ رہا ہوں۔ تیری صورت شکل تو بعینہٖ ایسی ہے جیسے اُس خنجر کی جسے میں اب نیام سے نکالتا ہوں۔ تُو تو مجھے وہ راستہ بتاتا ہے جسپر میں اب چلنے والا ہوں۔ اور تُو اُسی وضع کا خنجر ہے جس سے میں اب کام لینے والا ہوں۔ کیا میری بصارت کو باقی حواس نے احمق بنا رکھا ہے۔ اور انہی باقی حواس نے یہ شکل میرے سامنے پیدا کرکے اُسکا مجھے یقین دلا رکھا ہے۔ میں ابھی تک تجھے دیکھ رہا ہوں اور اب تو تیری دھار اور قبضے پر خُون کے قطرے بھی نظر آتے ہیں جو پہلے نہ تھے۔ نہیں، خنجر و نجر کچھ نہیں ہے۔ یہ محض خُون کرنے کا قصد ہے جو خنجر بن کر آنکھوں کُھس بیٹھا ہے۔ کائنات میں اِس وقت نصف دُنیا سے زیادہ مرچکی ہے اور فتنہ و فساد کے خواب پردوں کے پیچھے نیند کے ماتوں کو نظر آرہے ہیں۔ جادو اور سحر جن کی صورتیں زرد ہو رہی ہیں ہیکیٹی کے دربار میں نذریں پیش کرنے کی تیاریاں کرتے ہیں۔ اور قتل و خُون ریزی کا گرگ سیاہ فام جو پاسبانی کرتا تھا جب اپنا پہرا ختم کرکے کُتّے کی طرح بھونکتا ہے تو وہ خُونِ ناحق کے ارادے کو پیدا کرتا ہے اور تار کوان سفّاک کی مثال شہوت پرستی کے جوش میں تیز قدم اُٹھاتا ایک خبیث رُوح کی طرح اپنے شکار کی طرف اُڑا چلا جاتا ہے۔ لیکن میرے قدم جس طرف بھی اُٹھتے ہیں ہر سنگ راہ زبانِ حال سے کہکر میرا نشان بتاتا ہے کہ میں کہاں ہوں۔ مگر میں نے اس خوف و خطر کی فضا سے وہ وقت علیحدہ کر لیا ہے جو قتل کے لئے مُناسب ہے۔ جب تک وہ زندہ ہے مجھ پر خوف طاری رہیگا۔ حدّتِ کارکردگی میں جو الفاظ زبان پر آتے ہیں وہ سفّاک و سرد مہر ہوتے ہیں۔ اب میں جاتا ہوں اور اُمید ہے کہ یہ کام جلد ختم ہو جائیگا (ایک گھنٹی کی آواز سُنتا ہے) گھنٹی بج رہی ہے جو اس کام کے لئے اشارہ کرتی ہے۔ ڈنکن تُو اِس آواز کو نہ سُنیو۔ کیونکہ یہ تیری موت کا گھنٹہ بجا ہے جو تجھے جنّت یا دوزخ میں طلب کرتا ہے۔

دوسرا منظر:۔ مقام وہی ہے۔

لیڈی میکبتھ آتی ہے۔

لیڈی میکبتھ:۔ جس چیز سے میں نے اُنہیں بیہوش کیا ہے اُس نے میری ہمّت بڑھا دی ہے۔ جس چیز نے اُنہیں ٹھنڈا کیا اُسی نے مجھے آگ بنا دیا ہے۔ سُنو خاموش۔ یہ موت کا جرس بجانے والا تو اُلّو ہے جس کی منحوس آواز کانوں میں آرہی ہے۔ رات کا رُخصتی سلام اِس سے بدتر اور کیا ہوگا۔

میکبتھ قتل کے قصد سے اب خوابگاہ کے دروازے تک پہونچا ہے۔ دروازہ کھلا ہے اور دونوں ملازم خراٹوں کی آواز سے گویا آقا کی توہین کرتے ہیں۔ میں نے تو شراب میں ایک دوا ایسی ملاکر انہیں دی ہے کہ موت اور زندگی دونوں اُن میں باہم دست وگریباں رہیں۔ اِس سے مجھے مطلب نہیں کہ وہ زندہ رہیں یا مر جائیں۔

میکبتھ:۔ (میکبتھ کی آواز اندر سے کہتی سُنائی دیتی ہے) وہاں کون ہے۔ بتاؤ؟

لیڈی میکبتھ:۔ خوف ہے کہ جاگ ہوگئی اور وہ بات نہ ہوسکی جس کا اقدام ارتکاب سے کہیں زیادہ روح فرسا ہے۔ سُنو، میں نے ان کے دونوں خنجر دُرست کرکے اُنکے پاس رکھدیئے تھے۔ کہیں میکبتھ انہیں بھول تو نہیں گیا۔ جب میں نے دشمن کو دیکھا ہے تو کیا اُس کی صورت مجھے اپنے باپ کی صورت نہیں معلوم ہورہی تھی۔ اگر ایسا نہوتا تو یہ کام میں اپنے ہاتھوں کر دِکھاتی۔

(میکبتھ اندر آتا ہے)

شوہر!

میکبتھ:۔ میں نے وہ کام ختم کردیا۔ کیا تم نے آواز نہیں سُنی؟

لیڈی میکبتھ:۔ ہاں میں نے اُلّو اور جھینگر کی تیز آواز سُنی تھی۔ تم نے تو کچھ نہیں کہا تھا۔

میکبتھ:۔ کب؟

لیڈی میکبتھ:۔ اب۔

میکبتھ:۔ اچھا اُس وقت جب خوابگاہ کی سیڑھیاں اُترتا تھا؟ سُنو کس کی آواز ہے۔ پاس کے کمرے میں کون سوتا ہے؟

لیڈی میکبتھ:۔ دونل بین سوتا ہے۔

میکبتھ:۔ (اپنے ہاتھوں کو دیکھکر) یہ داغ قتل کے نشان ہیں۔

لیڈی میکبتھ:۔ اِنکو قتل کے نشان کہنا حماقت ہے۔

میکبتھ:۔ دونوں ملازم جو وہاں سوتے تھے اُن میں سے ایک نیند میں ہنسا، اور دوسرا چیخا کہ "خون ہورہا ہے"۔ پھر دونوں جاگ اُٹھے۔ میں کھڑا اُن کی باتیں سُنتا رہا۔ پھر دونوں نے کوئی دُعا پڑھی اور سوگئے۔

لیڈی میکبتھ:۔ دونوں پاس پاس سورہے تھے۔

میکبتھ:۔ ایک نے کہا "خدا ہم پر رحم کرے"۔ دوسرے نے کہا "آمین"۔ مجھے اس وقت ایسا معلوم ہوا کہ مجھ قاتل کے ہاتھ اُنہوں نے دیکھ لئے ہیں۔ اور جب میں نے اُنہیں "خُدا رحم کرے" کہتے سُنا تو میں نے بھی آمین کہنا چاہا۔ مگر میرے مُنہ سے کچھ نہ نکلا۔

لیڈی میکبتھ:۔ اِسکا اِتنا خیال نہ کرو۔

میکبتھ:۔ مگر "آمین" کیوں مُنہ سے نہ نکلی۔ مجھے تو خُدا سے رحم طلب کرنے کی اُس وقت بہت ضرورت تھی مگر "آمین" حلق میں اٹک کر رہگئی۔

لیڈی میکبتھ:۔ ان باتوں کو اِس طرح سوچنے کی ضرورت نہیں ورنہ ہم دونوں دیوانے ہوجائیں گے۔

میکبتھ:۔ مجھے خیال آتا ہے کہ میں نے ایک آواز یہ کہتے سُنی تھی کہ "بس اب تجھ پر نیند حرام ہوئی"۔ میکبتھ نے ایک سوتے بے گناہ کو جس کی نیند معصوم تھی قتل کیا ہے۔ نیند بھی وہ جو دن بھر کے افکار و آلام کے اُلجھے سُوت کو سُلجھا دیتی ہے۔ جو دن بھر کی زندگی کی موت ہے۔ محنت و مشقت کے بعد کا غسل ہے جو نازگی بخشتا ہے۔ زندگی کی ضیافت میں سب سے مقوی غذا ہے۔

لیڈی میکبتھ:۔ کیا مطلب ہے؟

میکبتھ:- وہ آواز برابر یہی کہتی رہی "اب تجھ پر نیند حرام ہوئی"
"اب تو سو نہیں سکتا" سارے گھر میں یہی آواز گونجتی تھی۔
"گلیمس نے سوتے کا خون کیا ہے" "کاڈور کو اب نیند نہیں آئے گی" "میکبتھ کو اب نیند کبھی نہ آئیگی"

لیڈی میکبتھ:- وہ کون تھا جو یہ کہتا تھا۔ آپ ایک مریض دماغ کی طرح اس طرح خیال کرکے اپنی قوت زائل نہ کریں اور جاکر اپنے ہاتھ کے ان داغوں کو جو خون کرنے پر گواہی دیتے ہیں پانی سے دھو ڈالیں۔ یہ دونوں خنجر وہاں سے کون اٹھا لایا۔ جاؤ اور ان کو وہیں جاکر رکھدو۔ اور دونوں ملازموں کے چہروں پر خون لگا دو۔

میکبتھ:- اب میں وہاں ہرگز نہ جاؤنگا۔ جو کچھ میں نے کیا ہے اب اُس سے خوف معلوم ہو رہا ہے۔ اُس چیز کو پھر دیکھنا میری قدرت سے باہر ہے۔

لیڈی میکبتھ:- پست ہمت ہوگئے۔ خنجر مجھے دو سونا اور مرا تو مثل ایک بیجان تصویر کے ہونا ہی۔ شیطان کی تصویر میں رنگ بھر کر اگر بچا بنالی جائے تو بچے البتہ اُس سے ڈرتے ہیں۔ اگر لاش سے اب تک خون جاری ہے تو نوکروں کے منہ پر خون مل دونگی۔ اس سے معلوم ہوگا کہ قاتل وہی ہیں۔ (لیڈی میکبتھ خوابگاہ میں جاتی ہے۔ اندر سے کسی کے کھٹکھٹانے کی آواز آتی ہے۔)

میکبتھ:- یہ آواز کدھر سے آئی۔ یہ میری کیا حالت ہے کہ ہر آواز پر چونک پڑتا ہوں۔ ہر آواز مجھے کیوں اس قدر خوفزدہ کر دیتی ہے۔ اے میرے ان ہاتھوں کو کیا ہوا؟ انہیں دیکھنے سے تو میری آنکھیں نکلی پڑتی ہیں۔ تمام سمندروں کا پانی بھی ان داغوں کو چھڑانے میں کافی نہیں ہوسکتا۔ اور دھویا بھی تو وسیع سمندر دلکا کل پانی لال رنگ ہوکر اُس کی سبزی کو سُرخی بنا دے گا۔

(لیڈی میکبتھ پھر آتی ہے)

لیڈی میکبتھ:- میرے ہاتھ تم جیسے ہوگئے، لیکن دل تم جیسا کمزور نہیں۔ (اندر سے کھٹ کھٹ کی آواز آتی ہے) یہ آواز تو جنوبی دروازے سے آتی سُنتی ہوں آؤ ہم دونوں اپنے کمرے میں چلے جائیں۔ تھوڑا سا پانی ان خون کے داغوں کو دھو دیگا۔ دیکھا، یہ کل معاملہ کیسا آسان نکلا۔ تمہاری طبیعت پائے استقلال پر نہ رہی۔ (پھر وہی کھٹ کھٹ سُنائی دیتی ہے) سُنو۔ (پھر کسی کے کھٹکھٹانے کی آواز آتی ہے) سُنو، پھر وہی آواز آرہی ہے۔ آؤ جلدی سے کچھ اُلٹے سیدھے کپڑے پہن لیں تاکہ ضرورت ہو تو باہر نکل سکیں۔ یہ نہ معلوم ہو کہ ہم جاگ رہے تھے۔ کیوں کس خیال میں محو ہوکر گم سُم سے ہوئے جاتے ہو؟

میکبتھ:- کاش کہ ہر چیز کا علم ذہن سے دُور ہو جائے اور طبیعت پر اتنی غفلت طاری ہو جائے کہ جو کچھ کیا ہے اُس کی یاد دل میں مطلق نہ رہے (کھٹ کھٹ ہوتی ہے) دنکن اس کھٹ کھٹ سے تو کب جاگنے والا ہے۔ کاش ایسا ہی ہوتا کہ زندہ ہوتا اور جاگ اُٹھتا۔

تیسرا منظر:- ایک دربان آتا ہے۔

(اندر پھر وہی کھٹ کھٹ ہوتی ہے۔)

دربان:- یہ کیسی عجیب کھٹ کھٹ ہے۔ اگر کوئی دوزخ کا دربان بھی ہوتا تو قفل میں کنجی ڈال کر اُس سے برابر پھیرے جاتا۔ ارے موذی کھٹکھٹائے جا۔ شیطان کا نام لیکر پوچھتا ہوں کہ بتا تو کون ہے؟ کیا تو کوئی کسان ہے جس نے ارزانی کے انتظار میں بیقرار ہوکر اپنے تئیں پھانسی دے لی ہے۔

میرے پاس بہت سے رُومال ہونے چاہئیں کہ پسینہ پونچھتا ہوں (اندر پھر وہی کھٹ کھٹ ہوتی ہے) کھٹکھٹائے جا۔ تجھے ابلیس کی قسم بتا کہ تو کون ہے؟ واللہ۔ کہیں اُن میں سے تو نہیں ہے جو سرکشی اور بغاوت کرکے کہتے ہیں کہ ہم تو خُدا کے حکم سے دشمن بنے تھے۔ اور جن کا ہر فریق دوسرے فریق کے خلاف شہادت دینے کو تیار رہتا ہے۔ یہ وہ ہیں جو کُفر و بدعت خُدا کی راہ میں کرتے ہیں۔ لیکن جب خُدا کے سامنے حاضر ہوتے ہیں تو اپنی اِس حرکت کا جواز ثابت نہیں کر سکتے۔ آ، اے کافر باغی اندر آ۔ (پھر کھٹکا ہوتا ہے) کھٹ کھٹ کئے جا۔ یہ کون ہے؟ واللہ، یہ تو کوئی انگریز خیاط معلوم ہوتا ہے جو فرنسیسی کپڑا چُرانے کی سزا میں دوزخ میں ڈالا گیا ہے۔ وہاں آگ کی بھی کمی ہے۔ خوب اپنی استری گرم کر تا رہ۔ (پھر کھٹ کھٹ ہوتی ہے) کھٹ کھٹ کئے جا۔ چُپ بیٹھیو۔ آخر تُو ہے کون؟ یہ جگہ تو اتنی ٹھنڈی ہے کہ دوزخ نہیں بن سکتی۔ اب میں شیطان کے گھر کی دربانی ختم کرتا ہوں۔ اوہ اُن لوگوں کو اندر بُلائے لیتا ہوں جو اپنے پیشے کے ذوق و شوق میں گُناہ کی طرف راغب ہو کر دوزخ کا راستہ دیکھتے ہیں۔ (پھر وہی کھٹ کھٹ ہوتی ہے) اچھا لو۔ اچھی لو۔ دربان کو دُعائیں دیتے رہنا (دروازہ کھول دیتا ہے)

(میکڈف اور لینکس اندر آتے ہیں)

میکڈف:۔ کہو دوست، کیا بہت دیر کر کے سوئے تھے۔ بڑی دیر میں اُٹھے۔

دربان:۔ بُخدا، حضور ہم دو بجے رات تک تو شراب ہی پیتے رہے۔

میکڈف:۔ کیا بادشاہ سلامت بیدار ہو گئے ہیں؟

(میکبتھ باہر آتا ہے)

لینکس:۔ شریف میکبتھ کو سلام۔

میکبتھ:۔ دونوں صاحبوں کو سلام۔

میکڈف:۔ اے لائق امیر بتایئے بادشاہ سلامت بیدار ہوئے یا ابھی آرام فرماتے ہیں؟

میکبتھ:۔ نہیں، ابھی تک بیدار نہیں ہوئے۔

میکڈف:۔ کل حُکم دیا تھا کہ ٹھیک وقت پر حاضر ہونا۔ مجھے کسی قدر دیر ہو گئی۔ وقت یاد نہ رہا۔

میکبتھ:۔ میں آپکو خوابگاہ تک لئے چلتا ہوں۔

میکڈف:۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تکلیف آپکے لئے موجبِ مسرت ہو، مگر تکلیف ہونے میں کیا شُبہ ہے۔

میکبتھ:۔ جس تکلیف میں مسرت ہو وہ تکلیف نہیں رہتی۔

لینکس:۔ کیا بادشاہ سلامت کا قصد آج ہی یہاں سے مُراجعت کا ہے؟

میکبتھ:۔ ہاں فرماتے تو یہی تھے۔

لینکس:۔ رات نہایت طوفانی تھی۔ جس کمرے میں ہم تھے طوفان کے زور سے آتشدانوں کے دُھواں کش اُوپر سے نیچے آن پڑے۔ سُنا ہے کہ رونے پیٹنے کا غُل، مرنیوالوں کی چیخیں بھی سُنائی دی تھیں۔ کہیں آگ لگنے کا شور تھا، کہیں اور آفات کے برپا ہونے کا غُل کریہہ اور ہیبتناک آوازوں میں لوگوں نے اس طرح سُنا جیسے کہ اکثر آسیب زمانوں میں سُنا جاتا ہو۔ ظلمت کا پرندہ رات بھر برابر چیختا رہا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ زمین کو لرزہ بخار چڑھا تھا۔ کئی بار زلزلہ بھی آیا۔

میکبتھ:۔ حقیقت میں رات بڑی اندھیاری بھیانک خوفناک تھی۔

لینکس:۔ میری یاد میں، اگر زیادہ عُمر نہیں رکھتا، ایسی خوفناک رات پہلے نہ آئی تھی۔

(میکڈف ۲ تا ہے۔)

میکڈف:۔ اے غضب! اے ستم! اے مصیبت! زبان پر

دل میں ایسا خیال کب گزر سکتا تھا کہ یہ کچھ ہو جائیگا۔ جو کچھ ہوا ہو زبان کو یارا نہیں کہ کہہ سکے۔

لینکس:۔ کیوں خیر تو ہے، کیا ہوا ہو؟

میکبتھ:۔ مصائب و آفات نے اپنا کمال دکھایا ہو ایسا خون ہوا ہے جو دین و ایمان سب کو غارت کر دیتا ہو۔ اس قتل نے اُس بادشاہ کو اُس کے گھر سے نکالا ہے جو خود خُدا نے اس کے لئے اپنے ہاتھوں سے بنایا تھا۔ وہ گھر تو رہ گیا مگر اس کی جان خانہ ویران ہوئی۔

میکبتھ:۔ کیا کہہ رہے ہو، جان کیسی؟

لینکس:۔ کیا تمہارا مطلب بادشاہ سلامت سے ہو؟

میکدف:۔ آؤ کمرے میں چلکر اپنی آنکھیں پھوڑ لو۔ اندھے ہو جاؤ۔ مجھ سے کچھ نہ پوچھو، جو ہوا ہے خود جا کر دیکھ لو۔ اور پھر خود ہی کہو کہ کیا ہوا ہے۔ (بینکو اور لینکس اندر جاتے ہیں۔) جگاؤ جگاؤ۔ قلعہ کا گجر بجاؤ۔ قتل ہوا ہے۔ دغا اور فریب، سرکشی اور بغاوت برپا ہوئی ہو۔ دونوں بیٹے میلکم، بینکو سے ہوشیار ہو۔ بینکو تو موت کی شکل رکھتی ہو۔ اب خود آ کر موت کو دیکھ لو۔ اُٹھو۔ قیامت آ گئی، اور اُسے دیکھ لو۔ میلکم اور بینکو اس طرح اُٹھو جیسے کوئی قبر سے اُٹھے۔ روحوں کو بیدار کرو کہ وہ بھی اس ہولناک منظر کو دیکھیں۔ گھنٹہ بجاؤ۔ (قلعہ کا گجر سنکر خبردار کرنیکو بجتا ہو)

(لیڈی میکبتھ اندر آتی ہے)

لیڈی میکبتھ:۔ یہ گجر کیسا سوتے آدمیوں کو جگا کر بلا رہا ہو۔ کہو۔ کچھ بتاؤ۔

میکدف:۔ اے نیک دل خاتون۔ جو کچھ کہنا ہو وہ آپکے سُننے کی بات نہیں۔ عورت کے کان میں قتل کی خبر سُناتا خود اس عورت کا خون کرنا ہوگا۔

(بینکو آتا ہے۔)

بینکو، بینکو، ہمارا بادشاہ قتل ہو گیا۔

لیڈی میکبتھ:۔ اے غضب! کیا ہمارے گھر میں ایسا ہوا۔

بینکو:۔ یہ سانحہ تو کہیں بھی پیش آتا ظلم و سفاکی میں کم نہ ہوتا۔ میکدف خُدا کے لئے جو کچھ کہتے ہو کہ ہوا اُسے کہو کہ نہیں ہوا۔

(میکبتھ اور لینکس کمرے میں جاتے ہیں)

میکبتھ:۔ کاش اس وقوعے سے ایک گھنٹے پہلے میں مر گیا ہوتا۔ تو پھر جو کچھ مجھ پر گزرتا وہ اچھا ہوتا۔ بس اس وقت سے زندگی میں کچھ نہ رہا۔ دُنیا کی سب چیزیں بازیگری ہیں۔ خیر و برکت، نام و شہرت آج دُنیا سے رُخصت ہوئے۔ ہائے شراب لُنڈھ گئی۔ تلچھٹ رہ گئی۔ اب اُس کی تعزیفیں آسمان کے گنبد میں گونجیں گی۔

(میکلم اور دونل بین آتے ہیں۔)

میکلم:۔ کیا ہوا، کیا ہوا؟

میکبتھ:۔ زندہ ہو اور پوچھتے ہو کہ کیا ہوا۔ زندگی کا منبع خون کا وہ سرچشمہ بہتے بہتے بند ہو گیا۔ اور اس کی تمام شاخیں اور رہگزر مسدود ہوئے۔

میکدف:۔ آپکے والد بزرگوار یعنی بادشاہ ڈنکن کو کسی نے قتل کر دیا۔

میلکم:۔ کس نے ایسا کیا؟

لینکس:۔ وہ ملازم معلوم ہوتے ہیں جو خوابگاہ میں بادشاہ کے قریب سوتے تھے۔ اُن کے ہاتھ اور چہرے سب خون میں آلودہ تھے، اور یہی کیفیت ان کے خنجروں کی تھی۔ خنجروں کا خون اُنہوں نے اپنے سرہانے کے تکیوں سے پونچھا تھا۔ انکیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتے اور بدحواس تھے۔ کسی جان کا بھروسا اُن پر نہیں کیا جا سکتا تھا۔

میکبتھ:۔ پھر بھی مجھے افسوس ہو رہا ہو کہ کیوں حالت غیظ و غضب

میں میں نے اُنہیں قتل کر دیا۔

میکڈف:۔ آپ نے کیوں ایسا کیا؟

میکبتھ:۔ خیال کیجئے۔ انسان کیسے آنِ واحد میں حیرت زدہ، مُعتدل اور غضبناک رہ سکتا تھا۔ خیر خواہ بھی ہوتا اور بے پروا بھی۔ کوئی شخص بھی جسے اپنے بادشاہ سے تعلق تھا ایسے وقت میں عقل سے، جو تامل وغور کی ہدایت کرتی، کام لے سکتا تھا۔ ایک طرف دنکن اپنے بستر پر پڑا تھا۔ اُس کی چاندی کی مثل چمکتی جلد پر زخموں کے گرد خون کے ہالے تھے۔ اس کے زخم صرف ایک شخص کے زخم نہ تھے بلکہ معلوم ہوتا تھا کہ کُل کائنات میں شگاف دیئے گئے ہیں تاکہ غارتگری اُن کی راہ سے اندر گھسے۔ دوسری طرف دونوں قاتل خون میں رنگے، خنجر خون میں آلودہ پڑے تھے۔ اِس حالت میں کون ایسا تھا جس کے دل میں بادشاہ کی محبت ہوتی اور اُس میں اتنی ہمت نہ ہوتی کہ اپنی محبت کا ثبوت دے۔

لیڈی میکبتھ:۔ اے رحم کرو۔ کوئی مجھے یہاں سے اُٹھا کر لے چلو۔ مجھ سے یہ حال نہیں دیکھا جاتا۔

میکڈف:۔ لوگو، لیڈی میکبتھ کی حالت کو دیکھنا چاہیئے۔

میلکم:۔ (دونل بین سے علیحدہ کہتا ہے) ہم یہاں کیوں خاموش کھڑے ہیں۔ اس قتل کا اثر تو ہم پر پڑتا ہے۔

دونل بین:۔ (میلکم سے علیحدہ کہتا ہے) ہم کیا کہہ سکتے ہیں۔ یہ قتل تو اس بات کی خبر دیتا ہے کہ خود ہماری جان معرضِ خطر میں ہے۔ ممکن ہے کوئی ہمیں گرفتار کر کے قتل کر دے۔ بہتر یہی ہے کہ ہم یہاں سے کہیں چلے جائیں۔ باپ کی موت پر ہمارے آنسو ابھی تک نہیں نکلے ہیں۔

میلکم:۔ اور نہ ہمارے رنج والم کو حرکت ہوئی ہے۔

بلینکو:۔ لیڈی میکبتھ کا حال تو دیکھئے۔ (لوگ لیڈی میکبتھ کو اُٹھا کر لیجاتے ہیں۔)

اِس وقت ہم سب سردی میں کھڑے ہیں۔ بہتر ہے کہ کپڑے پہن کر اور ہتھیار لگا کر اِس وقوعے پر غور کرنے کے لئے جمع ہوں اور دیگر حالاتِ متعلقہ تحقیق کریں۔ اِس وقت خوف اور طرح طرح کے شکوک نے ہم پر لرزہ ڈال رکھا ہے۔ انصاف خُدا کے ہاتھ ہے۔ اور میں اِس بغاوت اور جو بدگمانیاں اُس نے پیدا کی ہیں اُن کے مقابلے کے لئے تیار ہوں۔

میکڈف:۔ اور یہی حال میرا ہے۔

سب ملکر:۔ اور یہی کیفیت ہم سب کی ہے۔

میکبتھ:۔ ہمیں چاہیئے کہ دُرستی سے لباس پہن کر بڑے کمرے میں یکجا ہوں (سب چلے جاتے ہیں، سوائے میلکم اور دونل بین کے)

میلکم:۔ تم کیا کرو گے؟ میں تو اس مجمع میں شریک ہونا نہیں چاہتا۔ ایسا رنج والم جس کی اصلیت نہ ہو ایک جھوٹے آدمی کے لئے آسان کام ہوتا ہے میں تو انگلستان جاتا ہوں۔

دونل بین:۔ میں آئرستان جاتا ہوں۔ جب ہم دونوں جُدا جُدا مقام پر ہونگے تو ہمیں زیادہ حفاظت میسّر رہے گی۔ جہاں اِس وقت ہم ہیں وہاں تو ہر شخص کا تبسّم بھی خنجر بُراں معلوم ہو رہا ہے۔ خون کا رشتہ جتنا قریب ہو اتنا ہی خون ہونے کا اندیشہ زیادہ ہوتا ہے۔ یہ قتل و غارت کا تیر جو چھوڑا گیا ہے ابھی تک اپنے ہدف پر نہیں پہونچا ہے۔ بہتر طریقہ یہی ہے اِس نشانے سے ہم ہٹ جائیں۔ آؤ۔ ایسی سے رُخصت ہونے کی ضرورت نہیں۔ چلو اپنے اپنے گھوڑوں پر سوار ہو کر کسی طرح یہاں سے نکل جائیں۔ جہاں کسی کے دل میں خُدا کا

خوف اور رحم باقی نہ ہو تو پھر وہاں سے خفیہ طور پر نکل جانا ہی بہتر ہے۔ ہمیں کسی کی چوری نہیں۔ (چلے جاتے ہیں)

چوتھا منظر:۔ میکبتھ کے قصر سے باہر

راس اور ایک بڈھا آدمی آتا ہے۔

بڈھا:۔ زمانے کے دَور میں تین بیسی دس برس زندہ رہکر بڑے بڑے سخت حادثے اور عجیب عجیب واقعات نظر سے گزرے ہیں۔ لیکن شبِ گزشتہ کے واقعات نے سبکو مات کر دیا۔

راس:۔ اے مردِ نیک و معمّر آسمان و زمین کے درمیان انسان کے ہاتھوں جو جو خون خرابے آپکی زندگی میں پیش آئے وہ تو آپکی نظر سے گزرے ہی ہونگے، مگر آج کچھ کیفیت عجیب ہے۔ خیال کیجئے تو وقت دن کا ہے مگر معلوم ہوتا ہے کہ راہ گیروں کو پریشان کرنے کے لئے ظلمت نے رات کی روشنیاں گل کر دی ہیں۔ یا پھر تاریکی نے دن کی روشنی کو شرمندہ کرنے کیلئے روئے زمین پر اندھیرا ڈال رکھا ہے۔ حالانکہ وقت ایسا تھا کہ سورج کی روشنی پھیل جاتی۔

بڈھا:۔ یہ جو کچھ دیکھ رہے ہو اور جو قتل کیا گیا ہے یہ سب اُمور خلافِ قُدرت و فطرت ہیں۔ گزشتہ دوشنبہ کو ایک شکرہ جسے اپنی بلند پروازی پر نازہ تھا اُس کا تعاقب ایک مُوش خور اُلّو نے کیا اور شکرے کو پکڑ کر مار ڈالا۔

راس:۔ اور سب سے عجیب بات یہ ہوئی ہے کہ بادشاہ ڈنکن کے گھوڑے جن کے براجسین و سُبک رَو جانور دُنیا میں نہ ہونگے وہ سب وحشی اور دیوانے ہو گئے۔ اصطبل توڑ کر باہر نکل آئے۔ اُچھلنا کُودنا ہنہنانا شروع کیا۔ کسی کا حکم نہ مانا۔ معلوم ہوتا تھا کہ نسلِ آدم کے دشمن بنکر سب لڑنے کو نکلے ہیں۔

بڈھا:۔ ابھی مجھ سے کسی نے کہا ہے کہ یہ گھوڑے ایک دوسرے کو مار کر کھا رہے ہیں۔

راس:۔ بالکل صحیح ہے۔ میری حیرت زدہ نگاہوں کے سامنے بھی اُنھوں نے یہی کیا۔

(میکڈف اندر آتا ہے)

کہئے کیا حال ہے؟

میکڈف:۔ کیوں کیا تمہیں نہیں معلوم؟

راس:۔ کچھ پتہ چلا کہ قاتل کون تھا؟

میکڈف:۔ اُنہی کو سمجھئے جنہیں میکبتھ نے قتل کر دیا۔

راس:۔ خُدارا فرمائیے کہ اِس فریب و دغا سے کیا بھلائی نکلی؟

میکڈف:۔ سُنا گیا ہے کہ میلکم اور دونل بین کو اسی کام کیلئے روپیہ دیا گیا تھا۔ یہ دونوں بادشاہ آنجہانی کے فرزند ہیں، اور اب کہا جاتا ہے کہ وہ کہیں چلے گئے ہیں یا پھر اُنکو کسی نے غائب کر دیا ہے، اِس وجہ سے اِن دونوں شہزادوں پر لوگوں کو زیادہ شُبہ گزرنے لگا ہے۔

راس:۔ یہ خیال بھی انسان کی فطرت کے خلاف ہے۔ مگر لالچ اور طمع بُری بلا ہے۔ یہ تو اُنہیں بھی نگلنے کو تیار ہو جاتے ہیں جو دُنیا میں اُنہیں لائے تھے۔ تو اب گمان غالب یہی ہے کہ بادشاہی میکبتھ کو مل جائیگی۔

میکڈف:۔ بادشاہی پر وہ نامزد ہو بھی گیا ہے اور شہر اسکون میں تاجپوشی کیلئے گیا ہے۔

راس:۔ ڈنکن کا جنازہ کہاں لے گئے؟

میکڈف:۔ اُسے تو کولمی کل میں لے گئے ہیں جہاں اُسکے بزرگوں کا گورستان ان کی ہڈیوں کی حفاظت کرتا ہے۔

راس:۔ کیا آپکا قصد بھی جشنِ تاجپوشی میں شرکت کے لئے

اسکون جانے کا ہے؟

میکڈف:۔ نہیں بھائی، میں تو اپنے علاقے فالف کو جا رہا ہوں۔

راس:۔ لیکن مجھے تو اسکون جانا ہے۔

میکڈف:۔ اچھا ہے، تاجپوشی کے جلسے میں شریک ہو سکو گے لو۔ خدا حافظ۔ اور وہاں یہ بھی دیکھنا کہ بدن پر پرانی پوشاک ہی ٹھیک آئی ہے، یا یہ نیا لباس بھی چست ہوتا ہے۔

راس:۔ (بڈھے سے) خدا حافظ۔

بڈھا:۔ خدا تم پر اپنا فضل و کرم رکھے۔ اور اُنپر بھی جو بُرائی میں بھلائی پیدا کرتے ہیں، اور اُن پر بھی جو ہمارے دوستوں کے دشمن ہوں۔

(سب چلے جاتے ہیں۔)

جزوِ ثالث

پہلا منظر:۔ فورلیس۔ شاہی محل

بینکو داخل ہوتا ہے۔

بینکو:۔ میکبتھ گلیمس اور کاڈور کا امیر تو ہو ہی گیا تھا۔ اب اُن جادوگرنیوں کی پیشینگوئی کے مطابق بادشاہ بھی ہو گیا۔ مجھے خوف ہے کہ تُو نے یہ بادشاہی دغا اور فریب سے حاصل کی ہے۔ مگر اِن جادوگرنیوں نے تجھ سے یہ بھی تو کہا تھا کہ تیری اولاد میں بادشاہی نہ جائیگی بلکہ میں بینکو ایک بڑے سلسلے کا مورثِ اعلیٰ ہونگا۔ اگر اِن جادوگرنیوں کی باتیں جیسے تیری حق میں صحیح نکل کر درخشندہ و تاباں ہوئیں تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ میرے حق میں وہ کیوں صحیح نہ ثابت ہوں۔ اور میرے دل میں اپنی اولاد کے بادشاہ ہونے کی آرزو پیدا نہ ہو۔ لیکن خاموش، اب کچھ نہ کہو۔

(گانے بجانے کی آواز آتی ہے۔ میکبتھ بادشاہ اور لیڈی میکبتھ ملکہ بنکر آتے ہیں۔ سردار لینکس، راس، اور دیگر اُمرائے دربار بیگمات، مُلازمین اور خدام داخل ہوتے ہیں)

میکبتھ:۔ لیجئے۔ ہمارے یہ معزز و مقتدر مہمان تشریف لائے ہیں۔

لیڈی میکبتھ:۔ اگر کہیں اِنکو بُلوا دینا بھول جاتے تو ہماری اِس ضیافت میں کچھ رونق ہی نہ ہوتی۔

میکبتھ:۔ بینکو۔ آج شکر ہمارے ہاں ضیافت ہے۔ پس آپ سے درخواست ہے کہ آپ ضرور شریک ہوں۔

بینکو:۔ درخواست نہیں۔ شاہِ عالیجاہ حضور تو شرکت کے لئے حکم فرما سکتے ہیں۔ پھر میرا حاضر ہونا فرضِ منصب ہوگا۔ وابستگانِ دولت کا تعلق تو حضور کے ساتھ وہ ہے جو ہمیشہ قائم رہے گا۔

میکبتھ:۔ کیا تیسرے پہر آپ گھوڑے کی سواری کرتے ہیں۔

بینکو:۔ حضور۔

میکبتھ:۔ ہمیں آپ سے ایک خاص امر میں مشورہ کرنا ہے۔ آج کی مجلس میں وہ اہم مسئلہ بڑی کامیابی سے پیش ہو چکا ہے، مگر کل پھر اس پر گفتگو ہوگی۔ کیا آپ کو بہت دُور جانا ہے؟

بینکو:۔ حضور۔ فاصلہ اتنا ہی ہے کہ اگر اِس وقت روانگی ہو تو ضیافت کے وقت تک طے ہو جائے۔ اگر گھوڑا تیز نہ چلا تو پھر فدوی گھڑی دو گھڑی رات گئے یہاں پہونچیگا۔

میکبتھ:۔ مگر ضیافت میں بہرکیف آپکا شریک ہونا ضروری ہے۔

بینکو:- کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ تعمیلِ ارشاد میں فرق آئے۔

میکبتھ:- سُننے میں آیا ہے کہ ہمارے یہ دونوں برادر زادے باپ کے قاتل انگلستان اور آئرستان میں مستقل طور پر سکونت پذیر ہو گئے ہیں۔ اور باپ کے قتل کا جُرم جو اُنسے سرزد ہوا ہے اُس کا اقبال نہیں کرتے۔ اور جب کبھی تقریر کرتے ہیں تو سُننے والوں کے سامنے عجیب و غریب من گھڑت قصّے بیان کرتے ہیں۔ بس اب اسپر بعد کو گفتگو ہو گی۔ آپ فوراً گھوڑے پر سوار ہو جائیں اور آج ہی شب کو ضیافت کے وقت پھر مُلاقات ہو گی۔ خُدا آپکو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ کیا فلی انس بھی آپ کے ساتھ ہی جا رہا ہے؟

بینکو:- حضور، وقت کم رہگیا ہے۔ شام تک جلد واپس آنا ہے اجازت چاہتا ہوں۔

میکبتھ:- خُدا سے اُمید ہے کہ آپکے گھوڑے تیز رَو اور چال کے سچے ہونگے، اور اب آپکی روانگی پر خُدا سے دُعا کرتا ہوں۔

(بینکو چلا جاتا ہے۔)

ہر شخص کو اپنے وقت کا مالک رہنا چاہیئے۔ میں بھی ضیافت کے وقت تک آزاد ہوں۔ اور اس خیال سے کہ ضیافت بہترین طریقے پر انجام پائے اُس وقت تک میں بشاش اور ہشتار رہونگا۔ (سوائے میکبتھ کے سب چلے جاتے ہیں۔ چند خادم حاضر رہتے ہیں) خادم اِدھر آؤ، اور سُنو، جو دو آدمی آئے ہیں جب تک ہم حکم دیں اُنہیں ٹھیرائے رکھو۔

خادم:- حضور، وہ محل کے باہر حاضر رہینگے۔

میکبتھ:- اچھا، اُنہیں یہاں حاضر کرو۔

(خادم باہر جاتا ہے۔)

حالت اس وقت خیر و سلامتی کی نہیں ہے۔ اس بینکو کے خوف سے دل بیٹھا سا جاتا ہے۔ اس کی اولاد اس وقت سرآمد سلطنت ہے جس سے خوف کرنا لازمی ہے۔ تہوّر و مردانگی کے ساتھ عقل بھی اس کے عزم و ہمت کی ہادی و رہنما ہے۔ بجُز اس بینکو کے کوئی دوسرا نہیں جس کے زندہ رہنے سے مجھے خوف ہو سکتا ہو۔ اس کے کوکبِ اقبال کے سامنے میرا ستارہ اس طرح محجوب ہو جاتا ہے جیسے اگلے وقتوں میں انطونی کا ستارہ قیصر (اغسطس) کے ستارے کے سامنے بے نُور ہو گیا تھا۔ جب وہ تینوں جادوگرنیاں اُس ویران مقام پر نظر آئی تھیں اور جب اُنہوں نے بادشاہ کہہ کر مجھے مُبارکباد دی تھی تو بینکو کیسا بگڑا تھا۔ اور کیسی ڈانٹ بتا کر اُن سے پُوچھا تھا کہ وہ اُسکی نسبت بھی کوئی اچھی خبر دیں۔ چنانچہ اُنہوں نے بینکو کو بھی یہ کہکر مُبارکباد دی کہ وہ ایک سلسلۂ شاہی کا مُورثِ اعلیٰ ہو گا۔ غرض یہ تقدیر کی باچنے والیاں میرے سر پر ایک تاجِ بے ثمر اور میرے ہاتھ میں ایک عصائے بے سُود رکھکر چلی گئیں تاکہ یہی چیزیں وہ لوگ جو میرے صلب سے نہ ہوں مجھ سے چھین لیں۔ اور میری اولاد میں کوئی وارثِ تاج و تخت نہ ہو۔ گویا بینکو کی اولاد کے لئے میں نے اپنی طبیعت کو غارت کیا اور انہی کے لئے میں نے دشمن کا خون کیا۔ انہی کے لئے اپنے قلب میں سُکون و اطمینان کی جگہ بُغض و عناد کو جگہ دی۔ تو کیا میں نے انہی کے لئے اپنے روح کے گوہرِ ازلی کو شیطانِ ملعون کے حوالے کیا ہے۔ تاکہ بینکو کی اولاد بادشاہ ہو کر حکومت کرے۔ ایسا نہیں ہو سکتا۔ اے تقدیر بہاب میدان میں اُتر اور میرے لئے جان پر بازی لگا کر لڑ۔ کوئی ہے؟

(خادم اندر آتا ہے۔ اسکے ساتھ دو قاتل ہیں۔)

اچھا خادم۔ جب تک کہ ہم آواز دیں تم دروازے کے پاس کھڑے رہو (قاتلوں سے کہتا ہے) کیا تم ہی سے کل اس معاملے میں گفتگو ہوئی تھی۔

پہلا قاتل:۔ حضور کل ہی ارشاد ہوا تھا۔

میکبتھ:۔ پھر جو کچھ ہم نے کہا تھا اُس پر تم نے غور کیا۔ تمہیں معلوم رہنا چاہیئے کہ یہی وہ شخص ہے جس نے گزشتہ زمانے سے تمہیں اتنا محتاج و مفلوک الحال کر رکھا ہے۔ اور تم اِس غلط خیال میں ہے کہ تمہاری خستہ حالی کا باعث ہم ہیں۔ نہیں، ہم واقعی اِس معاملہ میں بالکل بے قصور ہیں۔ اور پچھلی مرتبہ جو گفتگو ہوئی تھی اُس میں ہم نے اِس بات کو نہایت واضح اور صاف طریقے پر تمہارے سامنے بیان کر دیا تھا۔ اور تم کو سمجھا بھی دیا تھا کہ کس طرح ہم پر کوئی گرفت پا کر وہ ہماری مخالفت کے درپے رہنا چاہتا ہے، اور وہ کون سے وسائل اور کون سے لوگ ہیں جن کو کام میں لا کر وہ ہمیں غارت و تباہ کرنے پر آمادہ ہے۔ ایک نادان بھی جس میں عقل نہ ہو دیکھ سکتا ہے کہ یہ سب کچھ کیا کرایا بینکو کا ہے۔

پہلا قاتل:۔ یہ کُل حال تو حضور ہی نے ہم پر کھولا تھا۔

میکبتھ:۔ اور اب اِسکا تدارک بھی تم ہی سے چاہتا ہوں۔ اور یہی بات تم سے دوسری مُلاقات کی وجہ ہوئی۔ کیا تمہاری طبیعت میں صبر اتنا غالب ہے کہ تم اپنی اِسی حالت میں رہنا گوارا کر سکتے ہو۔ کیا تمہاری مذہبی تعلیم اتنی ہے کہ تم اُسے ایک نیک بخت اور پارسا شخص سمجھکر اُس کی خیر و سلامتی کی دُعا مانگو۔ جس کے ظلم و ستم سے تم قبر تک پہونچ گئے ہو اور جس نے تمہیں مفلس و فاقہ کش بنا دیا ہے۔

پہلا قاتل:۔ حضور انسان تو ہم بھی ہیں۔

میکبتھ:۔ ہاں فہرستوں میں تو تم آدمی ہی لکھے جاتے ہو مگر شُمار تمہارا کتّوں میں ہوتا ہے۔ اس میں چاہے شکاری ہوں چاہے تازی، چاہے جھبرے چاہے پِلّے۔ چاہے وہ ہوں جو شکار کے لئے پانی میں کُود پڑتے ہیں۔ یا بھیڑیئے اور کتّے کی مخلوط نسل کے ہوں۔ مگر بہرکیف سبکو کُتا ہی کہا جاتا ہے۔ گو یہ سچ ہے کہ خصلت و عادت جو فطرت نے تمہیں عطا ہوئی ہے مثلاً تیز رفتاری یا سُست چالی۔ تیزی گھر کی چوکیداری میں ہوشیاری یا کوئی اور خصوصیت کا لحاظ کر کے تم میں تمیز کی جاتی ہو۔ بہرحال تمہیں کہتے کُتّا ہی ہیں۔ پس اِس قسم کی خصوصیتوں میں اگر تمہیں امتیاز حاصل ہے اور اِس فہرست میں تم کوئی درجہ رکھتے ہو، اور انسان کی بدترین قسم سے نہیں ہو تو کہوتا کہ میں خُفیہ طور پر تمہارے کان میں وہ بات ڈالوں جس سے تمہارا دُشمن دُنیا ہی سے چل بسے۔ اور یہ کام وہ ہوگا کہ اگر تم نے اُسے بخوبی انجام دیا تو ہمارے دل میں تمہاری جگہ ہوگی اور ہم تم سے ہمیشہ مہربانی و محبّت سے پیش آیا کرینگے۔ اِس وقت تو اُس کی زندگی نے تمہیں اپنی جان ہی سے اتنا بیزار کر رکھا ہے کہ اگر وہ مارا گیا تو تمہیں چین اور آرام نصیب ہو جائیگا۔

پہلا قاتل:۔ حضور میں نے دُنیا میں وہ وہ صدمے اُٹھائے اور ایسی ایسی چوٹیں کھائی ہیں کہ ہر وقت دل جلا بھُنا رہتا ہے۔ اور کسی کو نقصان پہونچانے میں مطلق تامل یا دریغ نہیں ہوتا۔

دوسرا قاتل:۔ اور حضور میں دوسرا شخص ہوں جس نے ناکامیاں سہتے سہتے اور تقدیر سے ہر وقت کشمکش میں رہتے رہتے اپنا دل ایسا پتھر کر لیا ہے کہ کسی بات پر جان جانے یا رہنے کی مطلق پروا نہیں رہتی۔

میکبتھ:- تم دونوں کو اِس بات کا علم ہے کہ بینکو تمہارا دشمن ہے۔

دونوں قاتل:- حضور سچا فرماتے ہیں۔

میکبتھ:- اور یہی حال اُس کا ہمارے ساتھ ہوا اور پھر یہ دشمن جاں ہم سے اتنا قریب ہے کہ اُس کے زندہ رہنے سے ہمیں کسی نہ کسی طور پر نقصان پہونچنے کا ہر وقت اندیشہ رہتا ہے۔ اس میں شُبہ نہیں کہ اگر ہم چاہیں تو بلا تکلف علی الاعلان یہ کہکر کہ یہی ہماری مرضی ہو اُسے اپنی نظروں سے دُور کردیں۔ لیکن ہم ایسا نہیں کرسکتے۔ کیونکہ بعض لوگ ایسے ہیں جو اُس کے بھی دوست ہیں اور ہمارے بھی۔ اور اُن کی دوستی و محبّت کو ہم ترک نہیں کرسکتے۔ اگر ہم نے اپنے ہاتھ سے اُسے قتل کردیا تو پھر ہمیں اُس کی موت پر اظہارِ افسوس کرنا پڑیگا۔ اور یہی بڑی وجہ ہے کہ ہم نے اِس کام میں تم سے مدد چاہی ہے تاکہ کُل معاملہ عام نظروں سے چھُپا رہے۔ کیونکہ چند وجوہ ایسے ہی سخت ہیں۔

دونوں قاتل:- جو کچھ حُکم حضور دے رہے ہیں حسبُ الارشاد ہم اُسے بجا لائیں گے۔

پہلا قاتل:- ہمیں چاہے ہماری جانیں ہی .....

میکبتھ:- اِس کام میں تمہاری خوشی اور رضامندی تمہارے چہروں سے ظاہر ہے۔ بس اِس کام کو اِسی وقت انجام دو۔ وہ مقام جہاں تمہیں اُس کی تاک میں بیٹھنا ہوگا ہم بتائیں گے۔ اور جو کچھ بھی اُس کی نقل و حرکت کے متعلق جاسوسوں سے معلوم ہوتا رہے گا اُس سے تمہیں مطلع کریں گے۔ اور ٹھیک وہ وقت بھی تمہیں بتادیا جائیگا جس وقت یہ کام کرنا ہوگا۔ یعنی آج ہی رات کو یہ مرحلہ طے ہوجانا چاہیئے۔ موقع یہاں سے قریب ہے۔ مگر دیکھو ہماری طرف سے کسی بات کا ہونا ہرگز ظاہر نہو۔ اور ہم اِس امر سے بالکل پاک صاف رہیں۔ اور دیکھو کوئی کسر کسی بات میں رہ نہ جائے۔ فلی انس اُس کا بیٹا بھی اُس کے ہمراہ ہوگا۔ اُس کا عدم میں پہونچنا بھی ہمارے لئے ایسا ہی ضروری ہے جیسے کہ اُس کے باپ کا۔ جو حال اُس کے باپ کا ہو وہی اُس کا بھی ہو۔ اور ایک ہی وقت میں دونوں کا کام تمام کیا جائے۔ اچھا اب تم دونوں باہم مشورہ کرلو۔ میں ابھی پھر آتا ہوں۔

دونوں قاتل:- حضور والا ہم ارادہ کرچکے ہیں۔

میکبتھ:- اچھا ذرا باہر ٹھیرو۔ میں پھر تمہیں ابھی بُلاؤنگا۔

(قاتل چلے جاتے ہیں)

بینکو تیرا کام تو تمام ہوا۔ اگر جسم سے نکل کر تیری رُوح جنّت کی تلاش میں روانہ ہو تو یہ روانگی آج ہی پیش آجانی چاہیئے۔

دوسرا منظر:- میکبتھ کا قصر۔

لیڈی میکبتھ اور ایک مُلازم اندر آتا ہے۔

لیڈی میکبتھ:- کیا بینکو دربار سے چلا گیا؟

مُلازم:- حضور۔ مگر شب کو پھر واپس آئیگا۔

لیڈی میکبتھ:- اچھا، بادشاہ کے پاس جاکر کہو کہ میں چند لمحے میں کچھ بات کرنا چاہتی ہوں۔

مُلازم:- بہت بہتر۔ ابھی جاکر عرض کرتا ہوں۔

(مُلازم چلا جاتا ہے)

لیڈی میکبتھ:- حاصل کچھ نہ ہوا۔ کھویا سب کچھ۔ جب ہماری کوئی خواہش ناقابلِ اطمینان طور پر پوری ہوتی ہے تو وہ ہمیں غارت کرنے میں اتنی آزاردہ نہیں ہوتی جسقدر کہ اُس کے بعد کا خوف دلیں طرح طرح کے وہم پیدا کرکے ہماری مسرتوں کو خاک میں ملاتا رہتا ہے۔

(میکبتھ آتا ہے)

فرمایئے آقا، آپ اتنے اکیلے اکیلے کیوں رہنے لگے؟ اس سے آپکے ملنے والوں میں عجیب عجیب شکوک آپکی نسبت پیدا ہوتے ہیں۔ اور وہ شکوک ایسے ہوتے ہیں جنہیں اب تک قطعی معدوم ہوجانا چاہیئے تھا۔ انہی شکوک کی وجہ سے وہ آپکی طرف سے بدگمان ہوتے ہیں۔ جو چیز لاعلاج ہوچکی ہو پھر اُس کا تدارک عبث ہے۔ جو کچھ ہونا تھا وہ ہولیا۔

میکبتھ:- سانپ چوٹ تو کھا گیا مگر مرا نہیں۔ جہاں زخم اچھا ہوا پھر جیسا تھا ویسا ہی ہوجائیگا۔ اور جو زہر اس میں پہلے تھا پھر اُس کے پیدا ہوجانے کا خطرہ قائم رہیگا، یعنی روٹی کھانے جب بیٹھیں تو ڈرتے رہیں اور جب سوئیں تو نیند میں وہ ہیبت ناک خواب نظر آئیں کہ تن بدن پر لرزہ پڑجائے۔ بہتر ہو تاکہ زمین و آسمان کی سب چیزیں درہم برہم ہوجائیں۔ اور کاش ہم بھی اُنہی رفتگانِ عدم میں جا پہونچتے جنہیں ہم نے اپنے اطمینان کے لئے عالمِ بالا میں آسودہ کردیا ہے۔ بجائے اس کے کہ زندہ رہکر حالتِ اضطراب و پریشانی میں رہیں۔ اور سخت سے سخت تکلیفیں اور عذاب اُٹھائیں۔ دُنیا کی مکروہات و آلام سے قطعی آزاد ہوجانے پر دنگن اپنی قبر میں آرام سے سوتا ہے۔ اب نہ بغاوتیں نہ بلوے، نہ تلوار نہ زہرہلاہل خانہ جنگی نہ دشمن کی سرکشی یا ایسی ہی اور خرابیاں اُس کی نیند اُچاٹ کرسکتی ہیں۔

لیڈی میکبتھ:- پیارے شوہر، ان خیالات کو دل میں راہ نہ دیجئے۔ آپ اپنی یہ پریشان نظریں دُور کریں۔ آج تو مہمان آرہے ہیں۔ اُن کے ساتھ خوش اور خنداں پیشانی رہیئے۔

میکبتھ:- ہاں پیاری بیوی، ایسا ہی ہوگا۔ تم بھی خوش و بشاش رہو۔ بینکو کی خاطر و تواضع میں کمی نہ ہو۔ نظر اور زبان دونوں سے اُس کی مدارات بہت کرنا۔ کیونکہ غصبِ دولت میں اپنی اس نئی شان کے داغوں کو خوشامد اور خوش خلاقی سے دھونا اِس وقت ہمارے لئے محفوظ ترین طریقہ ہوگا۔ اور چہرے کے پردے میں دل کے اصلی خیالات کو چھپائے رکھنا بھی ضروری ہے۔

لیڈی میکبتھ:- ان سب باتوں کو تو آپ مجھ پر چھوڑ دیں۔

میکبتھ:- پیاری بیوی، اس کلیجے میں تو سانپ اور بچھو بھرے ہیں۔ کیا تمہیں نہیں معلوم کہ بینکو اور فلی انس ابھی تک جیتے بیٹھے ہیں۔

لیڈی میکبتھ:- تو کیا خُدا کی بنائی ہوئی ان صورتوں کو خدا کی طرح ہمیشگی حاصل ہے؟

میکبتھ:- ہاں، بس اتنا ہی تو اطمینان ہے کہ اُنپر حملہ کرکے اُنہیں غارت کیا جاسکتا ہے۔ بس اب خوش رہو۔ شام ہونے دو۔ جس وقت شپرک پُرانی عمارتوں، چھتوں، چھجّوں اور ریخوں میں اپنے آشیانوں سے نکل کر ہوا میں اُڑیں اور جب تک کہ بڑا جھینگر اپنے سخت خول سے پر نکالکر اندھیرے میں زور سے زفیل دیتا سُنائی دے، پھر اُس وقت ایک کام ایسا کیا جائیگا جو خوفناک ہوگا۔

لیڈی میکبتھ:- اچھا پھر کیا کرنا ہوگا؟

میکبتھ:- جو کچھ اس وقت سوچا ہو جب تک وہ نہ ہوسے کوئی بات کسی پر ظاہر نہ ہو۔ بینکو کی تعریف و توصیف میں مصروف رہکر اور کوئی بات مُنہ سے نہ نکلے۔ آ، اے نادیدہ رات جلد آ۔ اور اس واجب الرحم دن کی آنکھوں پر پٹی باندھ دے۔ اور اپنے خونی ہاتھوں سے جو کسی کو نظر نہ آئیں اُن محبوریوں کو دُور کردے جنہوں نے تیرا رنگ زرد کررکھا ہے۔ روشنی کم ہوتی جاتی ہے اور کوّے جنگل کا رُخ کرکے اپنے

آسمانیوں کی طرف اُڑنے لگے ہیں۔ دن بھر کی چلتی پھرتی صورتیں کسل مند ہو کر نیند کی ماتی ہو چلی ہیں، اور رات کی سیاہ بلائیں درندوں کو شکار کے لئے جگا رہی ہیں۔ تم میری اِن باتوں کو حیرت سے سُنتی ہو گی۔ لیکن خاموش رہو، کسی سے کچھ کہنا نہیں۔ جن باتوں کی ابتدا خراب ہوتی ہے انہیں وخراہیاں پیدا ہو کر اُنہیں خوب پکّا اور مضبوط کر دیتی ہیں۔

تیسرا منظر:۔ محل کے قریب ایک باغ۔

تین قاتل آتے ہیں۔

پہلا قاتل:۔ تم سے کسنے ہمارا شریک بننے کو کہا ہو؟

تیسرا قاتل:۔ میکبتھ نے حکم دیا ہے۔

دوسرا قاتل:۔ ہماری اتنی بے اعتباری اُسے نہ ہونی چاہیئے تھی۔ اس کام کے لئے اُس نے ہر قسم کی ہدایت ہمیں خود کر دی تھی۔ اور بتا دیا تھا کہ کن طریقوں سے یہ کام ٹھیک طور پر انجام دیا جائے۔

پہلا قاتل:۔ اچھا اب آ گئے ہو تو ساتھ رہو۔ پچھم کی طرف ابھی تک روشنی کی ایک تحریر باقی ہے۔ اور وقت ایسا ہے کہ اگر کسی مسافر کو منزل پر پہونچنے میں دیر معلوم ہوتی ہو گی تو وہ جلدی کر کے کسی سرائے میں پہونچنا چاہتا ہو گا۔ اور لو وہ چیز بھی قریب آتی جاتی ہے جس کے لئے ہم یہاں آئے ہیں۔

تیسرا قاتل:۔ سُنو۔ گھوڑوں کے قدموں کی آواز آنے لگی ہے۔

بینکو:۔ (کی آواز اندر سے آتی ہے) ارے کوئی ہو یہیں روشنی دکھاتے۔

دوسرا قاتل:۔ یہ آواز تو یقینی اُسی کی ہو۔ اور جتنے مہمان بُلائے گئے تھے وہ تو محل کے صحن میں پہونچ چکے ہیں۔

پہلا قاتل:۔ گھوڑے تو سڑک سڑک محل تک جاتے ہیں۔

تیسرا قاتل:۔ سڑک سے جانے میں تقریباً ایک میل کا پھیر پڑتا ہے۔ بینکو تو اکثر یہیں گھوڑے سے اُتر کر باقی فاصلہ پیادہ پا طے کرتا ہے۔

دوسرا قاتل:۔ روشنی، روشنی۔

تیسرا قاتل:۔ ہاں، یہی ہے، یہی ہے۔

پہلا قاتل:۔ ٹھیرو۔ کون ہے۔

(بینکو اور فلی انس ایک مشعل لئے آتے دکھائی دیتے ہیں۔)

بینکو:۔ آج رات کو مینہ آتا معلوم ہوتا ہے۔

پہلا قاتل:۔ برسنے دیجئے۔

(بینکو پر حملہ کیا جاتا ہے)

بینکو:۔ اے دغا۔ فریب۔ پیارے فلی انس بھاگ بھاگ بھاگ۔ تجھے میرا انتقام لینا ہو گا۔ ارے غلام بے ایمان (بینکو مر جاتا ہے۔ فلی انس فرار ہوتا ہے)

تیسرا قاتل:۔ روشنی کس نے بجھا دی؟

پہلا قاتل:۔ یہی تھا جسے بتایا گیا تھا۔

تیسرا قاتل:۔ ایک گرا ہے مگر اسکا بیٹا نکل گیا۔

دوسرا قاتل:۔ تو پھر یہ سمجھو کہ شکار کا بہتر نصف ہاتھ سے نکل گیا۔

پہلا قاتل:۔ جو کچھ بھی ہوا۔ اب یہاں سے چلو۔ اور بتاؤ کہ کتنا کام ہوا اور کتنا رہ گیا (چلے جاتے ہیں۔)

چوتھا منظر:۔ محل کا ایک بڑا کمرہ۔ ضیافت کا سامان آراستہ ہے۔ میکبتھ، لیڈی میکبتھ، راس، لینکس، دربار کے اُمراء اور خدام موجود ہیں۔

میکبتھ:۔ آپ سب اپنے اپنے درجے اور مرتبے سے خود واقف ہیں۔ اُسی کے مطابق تشریف رکھیئے۔ آپکا قدم رنجہ فرمانا ہمارا

موجبِ مسرّت ہے۔

اُمرا:۔ بادشاہِ ذیجاہ کے ہم سب منّت گزار ہیں۔

میکبتھ:۔ ہم تو سب ملے جُلے بیٹھکر آپکی میزبانی کریں گے اور ہماری ملکہ باضابطہ طریقے پر فریضۂ میزبانی ادا کریگی۔ وہ ابھی آنے والی ہیں۔ ہم سب ملکر اُنکو مُبارکباد دینگے۔

لیڈی میکبتھ:۔ میری طرف سے آپ حاضرین کو مُبارکباد دیں۔ اُن کے یہاں تک تکلیف فرمانے پر تو میری زبان سے نہیں بلکہ دل سے تشکّر و امتنان ظاہر ہو رہا ہے۔

میکبتھ:۔ دیکھئے وہ بھی تہِ دل سے آپکا شُکریہ ادا کرتے ہیں۔ دونوں پلڑے برابر ہوئے۔ اس لئے میں بیچ میں بیٹھتا ہوں۔

(دروازے سے پہلا قاتل اندر آتا ہے)

سب خوش رہو۔ کاسۂ شراب کو میز کے گرد ہر مہمان کے سامنے لاؤ۔ (دروازے کے قریب آکر قاتل سے کہتا ہے) تیرے چہرے پر خُون لگا ہے۔

قاتل:۔ غالباً بینکو کا خُون ہوگا۔

میکبتھ:۔ اُس کا خُون تیرے چہرے پر باہر اتنا اچھا معلوم ہو رہا ہے کہ اگر وہ جسکا خُون تیرے چہرے پر ہے اندر ہوتا تو اتنا اچھا نہ معلوم ہوتا۔ کہو اُسے ختم کر دیا؟

قاتل:۔ حضور ہاں گلا کاٹ دیا۔ اور اُسے یہاں تک آنے کی تکلیف سے بچا دیا۔

میکبتھ:۔ کیا بات ہے۔ تُو تو گلا کاٹنے والوں میں سب کا اُستاد ہے۔ مگر وہ بھی جس نے فلی انس کا گلا کاٹا ہوگا تجھ سے کم نہ ہوگا۔ اگر اُس کا گلا کاٹنے والا بھی تو ہی ہے تو پھر تیرے مثل دوسرا قاتل دُنیا میں نہ نکلیگا۔

قاتل:۔ حضور پُر لُور۔ فلی انس بھاگ گیا۔

میکبتھ:۔ تو پھر مجھ پر وہی حالت عود کریگی جو پہلے تھی۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو میں سنگِ مرمر کا ایک سالم ٹکڑا ہوتا جس میں کہیں بال تک نہ ہوتا، دھان کی طرح مضبوط ہوتا۔ پھر میں ایسا آزاد ہوتا جیسے ہوا جو ہمارے چاروں طرف بہتی ہے۔ اب میں ہر طرف سے بندھا جکڑا زنجیروں میں کسا ہوں۔ اب پھر طرح طرح کے شکوک اور طرح طرح کے خوف دل میں اپنا گزر کرتے رہیں گے۔ لیکن جو کچھ ہو بینکو کی طرف سے تو اب اطمینان ہو گیا۔

قاتل:۔ حضور۔ اُس کی لاش اب تک خندق میں پڑی ہے۔ اُس کے سر پر بیس زخم ہمارے خنجر کے ہیں اور وہ سب اتنے کاری ہیں کہ اگر اُس میں سے ایک بھی پہونچتا تو جان باقی رہنی ممکن نہ تھی۔

میکبتھ:۔ اِس تکلیف کا شُکریہ۔ پُرانا سانپ تو مارا گیا مگر سنپولیا نکل گیا۔ اور کیا عجب ہو کہ وقت آنے پر اس سے اور سانپ پیدا ہوتے رہیں، گو اِس وقت اس میں اس کی قابلیت نہیں۔ اچھا اب جاؤ۔ کل کسی وقت کُل واقعات تفصیل سے سُنیں گے۔ (قاتل چلا جاتا ہے)

لیڈی میکبتھ:۔ بادشاہ، میرے آقا، آپ نہ خود خوش نظر آتے ہیں اور نہ مہمانوں کو خوش کرتے ہیں۔ ضیافت کے وقت میزبان کی طرف سے لُطف و مدارات، خاطر و تواضع کا نہ ہونا ایسا ہے جیسے ضیافت نہ ہوئی، قیمت دے کر لوگ کھانا کھاتے ہیں۔ ضیافت میں میزبان کی طرف سے خاطرداری اور خوش خلقی کا ظاہر ہونا لوازماتِ میزبانی سے ہے۔ ورنہ کھانا تو سب اپنے گھر بھی کھاتے ہیں۔ مگر تپاک و مدارا کھانے میں چاشنی کا کام دیتا ہے بغیر اسکے ضیافت ایک بیکار شے ہے۔

میکبتھ:۔ اے میری پیاری رفیق۔ بھول چُوک میں بات کی یاد دلانے والی بیوی۔ ہاضمہ درست ہو تو اشتہا بھی ہوتی ہے۔

تندرستی کیلئے دونوں ضروری ہیں۔

لینکس:۔ حضور تشریف رکھیں۔

(بینکو کی رُوح داخل ہوتی ہے اور میکبتھ کی کرسی پر بیٹھ جاتی ہے۔)

میکبتھ:۔ آج مُلک کے تمام اکابر اور شُرفاء ایک چھت کے نیچے جمع ہیں۔ کاش اِس وقت شریف بینکو بھی موجود ہوتا۔ اُس کے نہ آنے کے دو ہی سبب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ وعدہ خلافی کی۔ دوسرے سوءِ اتفاق۔ سوءِ اتفاق پر اتنا افسوس نہیں جس قدر کہ وعدہ خلافی کی شکایت ہے۔

لینکس:۔ حضور، بینکو کی غیر حاضری اُسے وعدہ شکن قرار دیتی ہے۔ اب حضور یہاں رونق افروز ہو کر ہمیں شرفِ حضوری بخشیں۔

میکبتھ:۔ لیکن میز کے گرد تو سب مہمان بیٹھے ہیں۔ میرے لئے جگہ کہاں ہے؟

لینکس:۔ حضور کے لئے یہ جگہ ہے۔

میکبتھ:۔ کہاں؟

لینکس:۔ حضور یہاں۔ وہ کیا چیز ہے جس سے حضور کی حالت متغیر ہوئی جاتی ہے؟

میکبتھ:۔ تم میں سے کس نے یہ کام کیا ہے؟

اُمراء:۔ کیا کام۔ حضور کا کیا مطلب ہے؟

میکبتھ:۔ تم یہ نہیں کہہ سکتے کہ میں نے ایسا کیا ہے۔ تم کیوں اپنے سر کی خُون آلودہ لٹیں میری طرف جھٹکتے ہو؟

راس:۔ حاضرین اُٹھئے۔ بادشاہ سلامت کا مزاج ناُدرست ہے۔

لیڈی میکبتھ:۔ میرے معزز مہمانوں۔ بادشاہ کو اکثر اِس قسم کا دورہ اُٹھا کرتا ہے۔ بلکہ ابتدائے جوانی سے یہی حال ہے۔ آپ سب صاحب اپنی اپنی جگہ تشریف رکھیں۔ یہ دورہ صرف تھوڑی دیر رہتا ہے۔ اگر آپ صاحبوں میں سے کسی نے ان کی طرف زیادہ توجہ کی تو دورہ سخت ہو جائیگا اور انہیں سخت تکلیف پہونچے گی۔ آپ سب کھانے میں مصروف رہیں اُنکا خیال نہ کریں۔

(میکبتھ سے علیحدہ کہتی ہے) آپ بھی کیا آدمی ہیں۔

میکبتھ:۔ ہاں آدمی ہوں اور بڑا بہادر ہوں۔ اور اُس چیز سے آنکھیں مِلا سکتا ہوں جسے شیطان بھی دیکھکر ڈر جائے۔

لیڈی میکبتھ:۔ ارے غضب۔ یہ تو خوف و بیم کی ویسی ہی کوئی صورت ہے جیسے کہ وہ خنجر تھا جسے ہوا میں دیکھا تھا۔ اور میکبتھ اُسے دیکھتا ہوا دنکن کے خواب گاہ تک گیا تھا۔ یہ دفعتاً چونکنا، جھجکنا کسی اصلی خوف کی وجہ سے نہیں ہے۔ بلکہ یہ خوف تو اس قسم کا ہے جیسے جاڑے کی رات میں کوئی بُڑھیا اپنی دادی نانی کی کہی ہوئی کہانی سُنائے اور سُننے والے چونک چونک پڑیں۔ شرم شرم۔ ایسے بُرے بُرے چہرے کیوں بناتے ہو۔ سب کچھ کہنے سُننے کے بعد بھی تم اُسی کُرسی کی طرف دیکھے جاتے ہو۔

میکبتھ:۔ اچھی، ذرا ادھر دیکھو، اور دیکھکر بتاؤ کہ یہ کون ہے۔ میں تیری کب پروا کرتا ہوں۔ چاہے تو سر ہلائے چاہے گردن۔ چاہے بات کرنی چاہئے چاہے چُپ رہے۔ ہم دشمن کو قتل کر کے اُسے زمین میں دبا دیتے ہیں۔ اگر تہ خانوں میں رکھے تابوتوں سے بھی مُردے نکل آئیں تو پھر قبریں بیکار رہیں۔ مُردے آسمان کے نیچے رکھدیئے جایا کریں تاکہ چیل کوّے اُنہیں نوش کریں۔

(رُوح چلی جاتی ہے)

لیڈی میکبتھ:۔ کیا اِس حماقت نے آپکو بالکل ہی نامرد و بُزدل بنا دیا۔

میکبتھ:- جب میں یہاں کھڑا تھا تو میں نے اُسے دیکھا تھا۔

لیڈی میکبتھ:- دل میں شرمندہ تو ہوتے نہیں، زبان چلی جاتی ہے۔

میکبتھ:- اگلے وقتوں میں بھی آدمیوں کے خون ہوئے ہیں۔ یہ زمانہ وہ تھا کہ جب انسان کے وضع کئے ہوئے قوانین نے دُنیا سے ظلم و ستم دُور کر کے امن و سلامتی پیدا کی تھی۔ اسکے بعد بھی ایسے ایسے قتل و خون ہوئے جنکو سُنکر کان بہرے ہوتے ہیں۔ لیکن یہ زمانہ وہ تھا کہ جہاں دماغ معطّل ہوا آدمی مرکر قصّہ ختم کر دیتا تھا۔ لیکن اب تو یہ حال ہے کہ مرکر بھی جی اُٹھتے ہیں۔ سر میں بیس بیس زخم ہوتے ہیں جن میں سے ہر زخم مُہلک ہوتا ہے، پھر بھی وہ ہمیں ہماری کرسیوں سے اُٹھا دیتے ہیں۔ یہ قتل و خون تو کچھ عجیب طرح کے قتل و خون ہیں۔

لیڈی میکبتھ:- میرے آقا۔ ضیافت میں آپکے مہمان آپ کی عدم موجودگی سے سخت پریشان ہیں۔

میکبتھ:- خوب یاد دلایا۔ میں تو انہیں بھول ہی گیا تھا۔ میرے عزیز و لائق دوستو، میری وجہ سے آپ اتنے پریشان نہ ہوں۔ یہ عجیب مرض مجھے مدّت سے لاحق ہو گیا ہے۔ جو لوگ واقف ہیں اُن کے لئے مجھے اس حال میں دیکھنا ایک معمولی بات ہے۔ آیئے، میں اب سب کے ساتھ بیٹھکر سب کے لئے خلوص و محبّت کا جامِ شراب پیتا ہوں۔ اور یہ جام اپنے دوست بینکو کے لئے ہے جسے ہم اِس وقت یاد کرتے ہیں۔ کاش وہ یہاں ہوتا۔ سب کے لئے اور اُس کی یاد میں یہ جام صحت پیتا ہوں، اور کُل مہمانوں کے حق میں دُعائے خیر کرتا ہوں۔

اُمراء:- ہم حضور کے خُدّام جاں نثار ہیں۔

(بینکو کی رُوح پھر نمودار ہوتی ہے۔)

میکبتھ:- دُور ہو بدبخت میری نظر سے دُور رہ۔ کاش زمین تیرا مُردہ ڈھک دیتی۔ تیری ہڈیوں میں اب گودا نہیں۔ تیرا خون سرد ہو چکا ہے۔ تیری آنکھوں میں زندگی کا نُور نہیں، پھر کیوں گھُورے جاتا ہے۔

لیڈی میکبتھ:- معزز حاضرین۔ اِس حال کو معمولی چیز سمجھیئے۔ اس کے سوا کوئی دوسری بات نہیں ہے۔ اتنا ضرور ہے کہ اِس سے بزمِ لُطف و مسرّت مکدّر ہو جاتی ہے۔

میکبتھ:- انسان جس بات کی ہمّت کر سکتا ہے میں بھی ہمّت و ارادہ کر سکتا ہوں۔ اس میں چاہے رُوس کے جنگلوں کا کوئی خونخوار ریچھ یا گرگستان کا کوئی شیر یا کوئی اور چیز مُہیب شکل اختیار کیوں نہ کرے بلکہ وہ شکل بھی جو اِس وقت میری نظر کے سامنے ہے میرے اعصاب میں مطلق ضُعف پیدا نہیں کر سکتی۔ یا اگر تُو پھر زندہ ہو کر تلوار ہاتھ میں لئے صحرا میں کسی تنہا جگہ مجھ سے لڑنے آئے اور پھر میرے ہاتھ میں لرزہ پیدا ہو تو سمجھ لے کہ میں مرد نہیں۔ بلکہ ایک کمزور لڑکی کا دودھ پیتا بچّہ ہوں۔ لے ہیبت ناک رُوح یہاں سے چلی جا۔ اے ڈرانے والی خیالی صورت دُور ہو۔

(رُوح چلی جاتی ہے۔)

اب چلی گئی تو میں پھر آدمی کی جُون میں آ گیا۔ صاحبو آپ خاموش بیٹھے رہیں۔

لیڈی میکبتھ:- آپ نے اِس وقت کا لُطف تو کرکرا کر دیا۔ اور اِس مُبارک مجمع کو اس طرح پراگندہ کیا کہ ایک ایک کر کے سب چلے گئے۔

میکبتھ:- کیا ایسی صورتیں دُنیا میں موجود ہیں جو موسمِ بہار کے ایک بادل کی طرح ہمارے سر سے گزر جائیں اور ہمیں کچھ تعجّب نہ ہو۔ میں سمجھتا تھا کہ میں بڑا جری اور دلیر ہوں لیکن دیکھتا ہوں کہ ہم سب کے چہروں پر سُرخی ہے اور میری صورت پر زردی کھنڈی ہے۔

راس:- آقا کس کی صورتوں سے آپکا مطلب ہے۔

لیڈی میکبتھ:- خُدا کے لئے کچھ نہ بولو۔ دیکھتے نہیں کہ بات کرنے سے اُن کی حالت اور بگڑتی ہے۔ سوال کرنے سے اور زیادہ غصّہ بڑھتا ہے۔ اچھا، اب خدا حافظ۔ رُخصت ہونے میں درجے اور مرتبے کا خیال نہ کیا جائے۔ بلکہ جُملہ مُعززین یکلخت رُخصت ہوں۔

لینکس:- آداب بجالاتا ہوں۔ خُدا حضور کو صحت تندرستی بخشے اور اپنی حفظ و امان میں رکھے۔

لیڈی میکبتھ:- میں بھی سب کے لئے دُعا کرتی ہوں۔

(سب چلے جاتے ہیں۔ میکبتھ اور لیڈی میکبتھ رہ جاتے ہیں۔)

میکبتھ:- وہ تو خُون مانگتی ہے۔ خُون کا بدلہ خُون ہی ہوا کرتا ہے۔ سُنا گیا ہے کہ پتھر بھی جُنبش میں آئے ہیں اور درختوں کو قوّتِ گویائی ملی ہے۔ اور اُن آئندہ کی خبریں کہنے والے لوگوں نے جو دُنیا میں اشیا کے تعلقات سے واقف ہیں بلکہ زاغ و زغن نے بھی ایسے قاتل کا پتہ بتادیا ہے جسنے اپنے جُرم کو غایت درجے پوشیدہ رکھا تھا۔ رات کا وقت ہے۔ کیا بجا ہوگا؟

لیڈی میکبتھ:- صبح ہونے کو ہے۔ مگر یہ بتانا مُشکل ہے کہ ابھی رات باقی ہے یا صبح ہوگئی۔

میکبتھ:- یہ تم نے کیا کہا تھا کہ میکڈف جشن تاجپوشی میں شرکت سے انکار کرتا ہے؟

لیڈی میکبتھ:- کیا آپ نے اُسے مدعو کیا تھا؟

میکبتھ:- اتفاق سے میرے کان میں یہ بات پڑگئی ہے۔ میں نے تو اُس کے گھر میں اپنا ایک جاسوس لگا رکھا ہے۔ کل میں میکڈف کو طلب کرونگا۔ اور اگر وقت ملا تو جنگل کی اُن جادوگرنیوں سے بھی مُلاقات کرونگا تاکہ اُن سے کچھ اور حالات دریافت کروں۔ اب میں نے مُصمّم ارادہ کرلیا ہے کہ بدترین ذرائع سے بدترین خبریں اپنے متعلق دریافت کرنے کی کوشش میں رہوں اور اپنے ذاتی نفع کے سامنے دوسرے کی کچھ حقیقت نہ سمجھوں۔ میں تو اس وقت خُون کے دریا میں سر تک ڈوبا ہوا ہوں۔ کس طرح تیر کر دوسرے کنارے پہونچ سکتا ہوں۔ واپس جانا بھی اب اتنا ہی شوار ہے جسقدر کہ یہاں تک پہونچنا دشوار تھا۔ میرے دماغ میں تو اس وقت عجیب عجیب خیالات سمائے ہیں اور سرِدست وہی کرنا پڑیگا جو بے سوچے سمجھے دل میں آئیگا۔

لیڈی میکبتھ:- اب تمہیں نیند نہیں آتی؟ افسوس اُس چیز سے تم محروم ہوگئے جو ہر ذی حیات کے لئے موجبِ راحت ہوتی ہے۔

میکبتھ:- اچھا آؤ چلکر سو رہیں۔ میری تکلیفیں خود میری طبیعت کی پیدا کی ہوئی ہیں۔ اور میرا خوف وہ ہے جو پہلے جُرم پر پیدا ہوکر آئندہ جرائم کے لئے دل کو سخت پتھر کردیتا ہے۔ ابھی تو ہمیں جرائم میں مُبتدی سمجھو۔

(سب چلے جاتے ہیں)

پانچواں منظر:- کیچڑ پانی اور جھاڑیوں والی زمین۔ گرجتے بادل میں بیتیوں جادوگرنیاں ہیکیٹی کے دربار میں حاضر ہوتی ہیں۔

پہلی جادوگرنی:- اے ساحروں اور بلّیات کی سردار ہیکیٹی آج تو کیوں خفا معلوم ہوتی ہے؟

ہیکیٹی:- خفا ہونے کی وجہ کافی ہے۔ اری چُڑیلوں تم بڑی گستاخ اور بے باک ہوچلی ہو۔ تم نے میکبتھ کے ساتھ خود ہی بات چیت کی اور موت زیست کی باتیں چیستان بناکر اُس سے کہیں۔ اور میں جو تم سبکی سردار ہوں اور جسکا کام دُنیا پر طرح طرح کی بلائیں اور آفتیں نازل کرنا ہو اُسے

خبر تک نہ کی کہ میں بھی اس کام میں شریک ہوتی۔ اور اپنے فن و مہارت کا پورا کمال دکھاتی۔ اور اس سے بھی بدتر یہ ہوا کہ جو کچھ تم نے کیا ایک ایسے شخص کے لئے کیا جو خود غرض اور مغلوب الغضب آدمی تھا اور صرف اپنا مطلب نکالنا چاہتا تھا۔ ہمارے سحر اور طلسم کی اُسے خبر نہ تھی۔ جاؤ دُور ہو۔ اور کل صبح اکیرون کے غار کے قریب مجھ سے ملو۔ وہاں میں میکبتھ کی تقدیر کا حال معلوم کرونگی۔ سحر اور طلسم کے کُل ظروف اپنے ساتھ لانا۔ جادو اور سحر کا کُل سامان جنتر منتر یا جسقدر چیزیں ایسے موقع پر درکار ہوتی ہیں ساتھ ہوں۔ اب میں فضا میں گشت لگانے نکلتی ہوں۔ اور آج کی رات نہایت پُرہیبت اور مُہلک معاملات میں بسر کرنے والی ہوں۔ اور آج ہی دوپہر سے پہلے یہ کام کرنا ہے کہ کُرۂ ماہتاب کے کنارے بخارات کا ایک عظیم الشان قطرہ نیچے کو جُھکا دکھائی دیا ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ زمین پر گرنے سے پہلے اُسے لپک لُوں۔ اور پھر اِن بُخارات کو جادو کے زور سے مُقطّر کرکے اُن سے وہ روحیں پیدا کروں جو اپنی دہشت سے میکبتھ کو خود غارت ہونے کی طرف مائل کریں۔ پھر وہ تقدیر کو بُرا نہ کہے گا۔ موت کی اُسے پروا نہ ہوگی۔ اور اپنی توقعات ایسی چیزوں پر قائم کریگا جو عقل، مرّدت اور خوف سے بالاتر ہونگی۔ ہمیں معلوم ہے کہ انسان کا یہ کمزور خیال کہ وہ ہر طرح پر محفوظ ہے اور احتیاط غیر ضروری ہے جیسا ہلاک کرنے والا ہے دوسری چیز نہیں۔

(باجے اور ساز بجتے ہیں اور ایک گیت کے گانے کی آوازیں اندر سے آتی ہیں)

سُنو، مجھے کوئی بُلا رہا ہے۔ دیکھو وہ میری ہمزاد کہر کے بادل پر بیٹھی میرا انتظار کرتی ہے۔

پہلی جادوگرنی:- آؤ بہنوں جلدی کریں۔ یہ تکلیف تھوڑی دیر میں پھر آتی ہوگی۔

چھٹا منظر:- فورریس۔ لینکس اور ایک امیر آتا ہے۔

لینکس:- میری گزشتہ تقریروں پر تو آپ نے غور کیا ہوگا اور اُنکا اصل مفہوم آپکے خیال میں آگیا ہوگا۔ مجھے اب صرف اتنا کہنا ہے کہ حالات کچھ عجیب و غریب شکل میں ظاہر ہونے لگے ہیں۔ بادشاہ ڈنکن کی موت پر میکبتھ کو کیا کچھ افسوس اور رنج نہ ہوا ہوگا۔ واللہ ڈنکن کیا قتل ہوا دُنیا کا بادشاہ مارا گیا۔ اور یہ بہادر ہینکو پیادہ پا ہونے کی وجہ سے ضیافت میں دیر کر پہونچا۔ اور اگر آپ چاہیں تو فلی انس کی نسبت بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ بھی اپنے باپ کا قاتل ہے۔ کیونکہ وہ بھی موقع قتل سے فرار ہوا ہے۔ انسان کو چلنے میں دیر نہ کرنی چاہیئے کیونکہ لوگوں کے دماغ اِس خیال سے خالی نہیں رہ سکتے کہ میلکم اور دونل بین کی یہ کس درجہ ناشائستگی تھی کہ اُنہوں نے اپنے مُعزز و مُحترم باپ کو قتل کر ڈالا۔ یہ بڑی ہی نالائقی کی حرکت تھی۔ اور آپ خیال فرما سکتے ہیں کہ میکبتھ کو اِس حادثہ سے کس درجہ صدمہ ہوا ہوگا۔ کیونکہ آپ جانتے ہی ہیں کہ اُن دو آدمیوں کو جو دنکن کے خوابگاہ میں سوتے تھے قتل کی خبر سُنتے ہی کس طرح میکبتھ نے رنج اور غصے میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ یہ دونوں آدمی شراب کے نشے اور نیند کے خُمار میں چُور تھے۔ خیال فرمائیں کہ یہ کام میکبتھ نے کیسی شرافت کا کیا۔ اور پھر اِس کام میں عقل و ہوشیاری کو بھی کچھ کم ملحوظ نہ رکھا۔ کیونکہ اگر وہ دونوں آدمی سب کے سامنے اِس قتل سے اِنکار کرتے تو پھر سُننے والے جو دل رکھتے تھے کیسے اِس انکار پر اپنی طبیعتوں پر ضبط رکھ سکتے۔

بس مجھے یہی کہنا ہے کہ جتنے کام میکبتھ نے کئے بڑی صفائی اور خوبی سے کئے۔ اور خیال ہوتا ہے کہ اگر آج کو ڈنکن کے فرزند میکبتھ کی قفل کنجی میں ہوتے تو انہیں معلوم ہوتا کہ باپ کا قتل کرنا کیا چیز ہوتا ہے۔ مگر خدا کو ایسا منظور نہ ہوا۔ اور فلی انس بھی ایسی ہی مصیبت میں گرفتار ہوتا۔ لیکن ہمیں زبان نہ کھولنی چاہیے کیونکہ میکدف اپنی صاف گوئی کے باعث ضیافت میں شرکت کے انکار کی وجہ سے معتوب ہو رہا ہے۔ کچھ آپکو معلوم ہے کہ آجکل وہ ہے کہاں؟

امیر:- ڈنکن کا فرزند جسکے حقوق سلطنت پر اس وقت اس ظالم کا قبضہ ہے، آجکل شاہ انگلستان کے دربار میں رہتا ہے۔ اور وہاں کا بادشاہ ایڈورڈ اس کی بہت خاطر و مدارات کرتا ہے۔ تقدیر کی اس گردش نے ان دونوں شہزادوں کی عزت و بزرگی میں کسی قسم کی کمی نہیں آنے دی۔ میکدف بھی وہیں چلا گیا ہے اور وہاں جانے کی غرض یہ ہے کہ فوراً بادشاہ ایڈورڈ سے اس بات کی تحریک کرے کہ وہ بادشاہ نمبرستان اور جنگجو بادشاہ سیورڈ کی مدد سے اگر خدا کی مدد بھی شامل حال رہے تو ملک کی حالت درست کرا دے۔ اور پھر ہم اس قابل ہو جائیں کہ ہمارے دسترخوان پر کھانے کو روٹی بستر اور رات کو چین سے سونا نصیب ہو اور جب ہمارے ہاں ضیافتیں ہوں تو آنے والے مہمان قاتل کی چھریوں اور خنجروں سے محفوظ رہیں اپنے بادشاہ کے جان و دل سے مطیع رہکر اس سے انعام و اکرام کے بطریق جائز متوقع رہیں، جس کے حاصل ہونے کی اس وقت حسرت سے آرزومند ہیں۔ یہی باتیں ہیں جنہوں نے ظالم میکبتھ کی اس درجے غضبناک کر رکھا ہے کہ وہ لڑائی کے قصد سے تیاریاں کر رہا ہے۔

لینکس:- کیا میکبتھ نے میکدف کو اپنے جشن تاجپوشی کے جلسے میں مدعو کیا تھا؟

امیر:- جی ہاں۔ مگر میکدف نے شرکت سے صاف انکار کر دیا اور کہدیا کہ "مجھے افسوس ہے کہ میں شریک نہیں ہو سکتا" قاصد اتنا سنکر پلٹا اور کہنے لگا کہ "جب ایسا جواب دیکر مجھے واپس کیا جاتا ہے تو اس کا خمیازہ میکدف کو اٹھانا پڑیگا"

لینکس:- یہ بات تو ایسی ہے جس سے میکدف ہوشیار رہیگا۔ اور میکبتھ سے وہ اتنا ہی دور دور رہیگا جسقدر کہ عقل اسکی رہنمائی کریگی۔ اے کاش کوئی مبارک فرشتہ اڑکر انگلستان پہونچتا اور اس ملک کو ہمارے حال کی خبر کر دیتا کہ وہ کسطرح ایک ظالم و جابر کے ظلم و تشدد سے ہلاکت کے قریب پہونچا ہے۔ خدا کی رحمت اس پر جلد سے جلد نازل ہو۔

امیر:- میں بھی میکدف کے حق میں دعا کرتا ہوں۔

(چلے جاتے ہیں)

جزو رابع

پہلا منظر:- ایک تاریک غار۔ غار کے بیچوں بیچ ایک دیگ آگ پر چڑھی جوش کھاتی ہے۔ آسمان پر بادل گرجتا ہے تینوں جادوگرنیاں آتی ہیں۔

پہلی جادوگرنی: - چتکبری بلی تین مرتبہ میاؤں کر چکی ہے۔
دوسری جادوگرنی: - جھاڑی کے چوہے نے تین دفعہ دانت نکوسے ہیں۔
تیسری جادوگرنی: - دوزخ کے پرندے بھی چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ "ہاں وقت یہی ہے۔ وقت یہی ہے"
پہلی جادوگرنی: - آؤ آؤ۔ اُبلتی دیگ کے گرد چکر لگائیں اور زہر بھری آنتیں اُس میں ڈالدیں۔ زہریلا مینڈک جو ایکاؤ پر تیس دنوں اور راتوں پتھر کے نیچے زمین پر بیٹھا اپنا زہر پھیلاتا رہا ہے سب سے پہلے اُسے اس جادو کی دیگ میں ڈالکر جوش دو۔
سب جادوگرنیاں: - دوہری دوہری محنت، دوہری دوہری مشقت۔ آگ جلتی رہے، دیگ اُبلتی رہے۔
دوسری جادوگرنی: - کیچڑ دلدل کے سانپ کا ایک ٹکڑا کاٹکر دیگ میں جوش دو۔ بامنی کی آنکھ، مینڈک کی ران، چمگادڑ کے روئیں بکتے کی چیب، اژدہے کی دو شاخہ زبان، چھپکلی کی ٹانگ، اُلو کے پر دیگ میں ڈال کر اُبالو، تاکہ دوہری دوہری بلائیں نازل ہوں۔ اور دوزخ کا یہ قلیہ خوب پکے۔ اور خوب بلبلے اُٹھیں۔
سب ملکر: - دوہری دوہری محنت دوہری دوہری مشقت، آگ جلتی رہے دیگ اُبلتی رہے۔
تیسری جادوگرنی: - اژدہے کے فلس۔ بھیڑیئے کے دانت، چڑیل کی مُردہ، ہملوک کی مسموم جڑ جو اندھیری رات میں کھودی گئی ہو، بکرے کا پتا، کفر بکنے والے یہودی کا جگر، سدا بہار درخت کی شاخیں جو چاند گرہن میں چاندی کی طرح چمکتی ہوں، ترک کی ناک، حبشی کے ہونٹ، کسی بدکار عورت کے حرامی بچے کی انگلیاں جس کا گلا گھونٹ دیا گیا ہو۔ اور ترک کے کنائے کسی نالی میں پیدا ہوا ہو، یہ سب دیگ میں ڈالدو تاکہ شوربا خوب گاڑھا ہو جائے۔ اور اس میں ایک شیر کی اوجھڑی اور ملا دو تاکہ سب ضروری مصالحے دیگ میں پڑ جائیں۔
سب ملکر: - دوہری دوہری محنت، دوہری دوہری مشقت، آگ جلتی رہے، دیگ اُبلتی رہے۔
دوسری جادوگرنی: - دیگ میں جو کچھ پکا ہے اُسے باندر کے خون سے ٹھنڈا کرو۔ تو پھر ہمارا جادو پکا اور پورا ہو۔
(ہیکٹی جادوگرنیوں کی سردار آتی ہے)
ہیکٹی: - میں تمہاری اس محنت و تندہی پر شاباش کہتی ہوں اور تمہاری اس تکلیف کی دل سے قدر کرتی ہوں۔ اور اس محنت کی مزدوری ہم سب شریک رہیں گے۔ اور اب اس دیگ کے گرد سب چڑیلیں پریوں کی طرح چکر باندھ کر ناچیں اور گائیں۔ تاکہ جو کچھ تم نے دیگ میں ڈالا ہے اُس پر جادو اپنا عمل کرے۔
(ساز بجنے کے ساتھ گانے کی آواز آتی ہے
کالے کالے مُنہ والی روحیں نظر آتی ہیں وغیرہ
وغیرہ)
(ہیکٹی چلی جاتی ہے)
دوسری جادوگرنی: - میرے ہاتھ کے انگوٹھے کھجا رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی خبیث چیز اِدھر آ رہی ہے۔ دروازہ جو کھٹکھٹائے اُس پر قفل کنڈیاں فوراً کھل جائیں۔
(میکبتھ اندر آتا ہے)
میکبتھ: - اری تم کلموہی، آنکھ مچولی کھیلتی آدھی رات کی چڑیلو، کہو تمہارا کیا حال ہے اور کس کام میں مصروف ہو؟
سب ملکر: - ہمارا کام وہ ہے جسکا کوئی نام نہیں۔
میکبتھ: - جس کام میں بھی تم مصروف ہو اُس کی قسم دیکر کہتا ہوں کہ جو کچھ میں پوچھوں اُس کا جواب دو۔ اس میں چاہے تمہیں چار دانگ عالم سے ہوائیں چلا کر، طوفان اُٹھا کر

گرجاؤں ہی کو کیوں نہ ڈھانا پڑے، اور چاہے سمندر پر ان طوفانوں سے بلا خیز موجیں اُٹھا کر جتنے جہاز اُس پر چلتے ہوں اُنہیں غرق ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ چاہے کھیتوں میں آناج بھرے خوشے ٹوٹ جائیں، یا جنگل میں درخت گر جائیں! اور خواہ سر فلک قلعوں کے اُونچے اُونچے دروازے اُن کے دربانوں کے سروں ہی پر کیوں نہ گر پڑیں، اور چاہے مُرتفع میناروں اور بلند اہرام کے سر جُھک کر اُن کے قدموں ہی سے کیوں نہ جا لگیں۔ اور خواہ فطرت کے کُل جاندار شدّتِ بارش سے اِس طرح غارت ہی کیوں نہ ہو جائیں جیسے غارتگری کا دل بھی شرمندہ ہو۔ غرض یہ جو کچھ بھی ہو مگر جو کچھ میں پُوچھوں اُس کا جواب دو۔

پہلی جادوگرنی: ۔ کہو کیا پُوچھتے ہو؟

دوسری جادوگرنی: ۔ مانگو کیا مانگتے ہو۔

تیسری جادوگرنی: ۔ جو کچھ پوچھو گے اُسکا جواب دیا جائیگا۔

سب کہتی ہیں: ۔ جو کچھ پُوچھنا ہے پُوچھو تاکہ ہم سے یا ہماری ہمزاد روحوں کی زبان سے اپنے سوالوں کا جواب سُنو۔

میکبتھ: ۔ اپنی ہمزاد روحوں کو بُلاؤ تاکہ میں اُنہیں دیکھوں۔

پہلی جادوگرنی: ۔ سُورنی کا خُون دیگ میں ڈالو۔ اور سُورنی بھی وہ ہو جسنے اپنے ایک جُھول کے پورے نو بچّوں کو کھایا ہو۔ اور وہ چربی آگ میں ڈالو جو خُونی مُجرم کی پھانسی میں لٹک کر جھونکے کھانے سے تختے پر جم جاتی ہے۔

سب ملکر: ۔ چھوٹی بڑی ہمزاد روحو سب حاضر ہو۔

(گرج ہوتی ہے۔ پہلی صورت جو نظر آتی ہے وہ ایک چہرہ ہے جسکے سر پر خود رکھا ہے)

میکبتھ: ۔ اے نامعلوم طاقت بتا.....

پہلی جادوگرنی: ۔ تمہارے دل میں جو کچھ ہے اُسکا حال اسے معلوم ہے۔ جو کچھ وہ کہے اُسے سُنو۔ خود کچھ نہ بولو۔

پہلی صورت: ۔ میکبتھ، میکبتھ، میکبتھ، میکدف سے ہوشیار رہ۔ فائف کے امیر سے ہوشیار رہ۔ بس میں کہہ چُکا۔ اب مجھے جانے دو۔

(وہ چہرہ غائب ہو جاتا ہے)

میکبتھ: ۔ جو کچھ بھی ہو میں تیری اِس ہدایت کا ممنون ہوا۔ جس بات سے میں خود ڈرتا تھا اُسے تُو نے خوب پہچانا۔ لیکن ایک بات اور بتا دے۔

پہلی جادوگرنی: ۔ ہم اُسے کسی بات کا حُکم نہیں دے سکتے۔ لو یہ دوسری صورت نمودار ہوئی جو پہلی سے زیادہ قوّت رکھتی ہے۔

(گرج ہوتی ہے۔ خُون میں لتھڑا ہوا ایک بچّہ نظر آتا ہے۔)

دوسری صورت: ۔ میکبتھ، میکبتھ، میکبتھ،

میکبتھ: ۔ اگر میرے تین کان ہوتے تو بھی میں تیری بات سُن لیتا۔

دوسری صورت: ۔ اے خُونی قاتل۔ بڑی ہمت والے جوانمرد جانبا زانسان کی طاقت پر تُو حقارت کی ہنسی ہنسا کر۔ کیونکہ کوئی آدمی جو عورت کے بطن سے پیدا ہوا ہے میکبتھ کو ضرر نہیں پہونچا سکتا۔

(صورت غائب ہو جاتی ہے)

میکبتھ: ۔ ذرا ٹھہر۔ میکدف جتنے دن چاہے زندہ رہے مجھے اب اُس کا کیا ڈر۔ پھر بھی میں اِس یقین کو پُختہ کر لونگا! اور تقدیر کو اِس امر میں ضامن بنانے کے لئے کہتا ہوں کہ میکدف کو میں زندہ نہ چھوڑونگا۔ تاکہ اس زرد رُو خوف کی جو ہر وقت دل میں رہتا ہے تسکین کر دوں اور خواہ کتنی ہی کڑک اور گرج ہو میں آرام کی نیند سونا رہوں۔

(گرج ہوتی ہے۔ تیسری صورت ظاہر ہوتی ہے۔

یہ صورت ایک بچے کی ہے جس کے سر پر تاج
رکھا ہے۔ اسکے ہاتھ میں ایک درخت ہے۔)

یہ صورت کس کی ہے جو ایک بادشاہ کے فرزند کی
شکل میں نمودار ہوئی ہے اور سر پر تاج رکھے ہے۔

سب جادوگرنیاں:- جو کچھ وہ کہے اُسے سُنو۔ خود کچھ نہ بولو۔

تیسری صورت:- شیر کی طرح دل مضبوط رکھ۔ بے پروا اور مغرور رہ۔ کسی طرح کی فکر یا حفاظت کی ضرورت نہیں۔ خواہ کوئی کچھ کہے۔ کیسا ہی غصہ اور طیش دلائے۔ تیرے خلاف خواہ کیسی ہی سازشیں ہوں مگر کوئی تجھے اُس وقت تک مغلوب نہ کرسکیگا۔ جب تک کہ برنام کا جنگل حرکت میں آکر ڈنسی نین کی پہاڑی پر تیری مقابلے میں نہ آئیگا۔ (صورت غائب ہوجاتی ہے۔)

میکبتھ:- یہ کیونکر ممکن ہے؟ ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ ایسا کون ہے جو ایک جنگل کو نقل مکان پر مجبور کرے۔ اور جنگل کے درختوں کو حکم دے جن کی جڑیں زمین میں مضبوط گڑی ہیں کہ تم دوسری جگہ جاؤ۔ یہ فالیں سب یک ہیں۔ میرے خلاف بغاوت اُس وقت تک سر نہ اٹھا سکے گی جب تک کہ برنام کا جنگل اپنی جگہ سے نہ ہٹے۔ میکبتھ جس بلند درجے پر اس وقت ہے جب تک طرت اُسے زندہ رکھے گی اسی درجے اور منزلت پر قائم رہے گا۔ اور اسی حالت میں اُس وقت تک جیئے گا جب تک کہ موت کا آنا اس کی قسمت میں لکھا ہوگا لیکن ایک بات ایسی ہے جس پر اب تک دل دھڑکتا ہے۔ بتاؤ، اگر بتانا ممکن ہو کہ کیا بینکو کی اولاد اس مُلک میں کبھی صاحب حکومت ہوگی؟

سب جادوگرنیاں:- بس اب زیادہ کچھ سوال نہ کرو۔

میکبتھ:- جب تک یہ نہ بتاؤ گی مجھے چین نصیب نہ ہوگا۔ اگر تم نے نہ بتایا تو خدا کا غضب تم پر نازل ہوگا۔ بس اتنا ہی مجھے اور پوچھنا ہے۔ ارے یہ دیگ کیسی زمین میں دھنسی جاتی ہے۔ یہ شور وغل کیسا ہے؟

(باجے بجتے ہیں)

پہلی جادوگرنی:- دکھادو۔

دوسری جادوگرنی:- دکھادو۔

تیسری جادوگرنی:- دکھادو۔

سب ملکر:- اس کی آنکھوں کے سامنے سے گزرو اور اس کے دل کو رنج پہونچاؤ۔ پرچھائیوں، آؤ اور اپنی صورت دکھا کر چلی جاؤ۔

(آٹھ بادشاہوں کی صورتیں نظر آتی ہیں
اور آخری صورت کے ہاتھ میں ایک آئینہ
ہے، بینکو کی روح پیچھے پیچھے آرہی ہے۔)

میکبتھ:- تُو تو بینکو کی روح معلوم ہوتی ہے۔ دُور ہو۔ یہ سروں کے تاج میری آنکھوں کو جلائے ڈالتے ہیں جس پیشانی پر تاج ہے اس کے بال پہلی صورت کی مثل ہیں۔ اور تیسری صورت پہلی صورت سے مُشابہ ہے۔ اری ناپاک جادوگرنیوں، چُڑیلوں تم نے مجھے یہ صورتیں کیوں دکھائی ہیں۔ لو چوتھی صورت بھی نظر آنے لگی۔ آنکھوں حلقوں سے نکل پڑو۔ کیا بادشاہوں کا یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ لو اور صورت نظر آئی۔ یہ سات ہیں۔ میں اب اور زیادہ کچھ نہ دیکھونگا۔ اس پر بھی آٹھویں صورت اور دکھائی دینے لگی۔ اس کے ہاتھ میں آئینہ ہے اور آئینہ میں یکے بعد دیگرے بہت سی صورتیں نظر آرہی ہیں۔ ان میں سے بعض کو دیکھتا ہوں کہ اُن کے ہاتھ میں دو دو کرے اور تین تین عصاء سلطنت ہیں۔ یہ منظر

نہایت ہولناک ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ کُل باتیں صحیح نکلنے والی ہیں۔ کیونکہ خون آلودہ ہینگو میری طرف دیکھ دیکھکر مُسکراتا ہے اور اشارے سے بتاتا ہے کہ گویا یہ سب اُس کی اولاد ہیں۔ کیا واقعی یہی ہونے والا ہے؟

پہلی جادوگرنی:- ہاں جناب واقعی یہی ہونے والا ہے۔ لیکن میکبتھ آپ اتنے خوفزدہ کیوں کھڑے ہیں؟ بہنو آؤ، ہم ان کا دل خوش کریں۔ اور ہم اپنی مسرت کا بہترین سازوسامان اُنکے سامنے پیش کریں۔ میں اپنا جادو ہوا پر چلاتی ہوں جس سے بڑی مُہیب آواز فضا میں پیدا ہوگی۔ اور تم سب ناچتی کُودتی چکر لگاتی رہو تاکہ بادشاہِ وقت ہم پر مہربان ہوکر کہے کہ ہم سب نے اپنی خدمتیں بڑی خیر وخوبی سے ادا کیں۔ (ساز بجتے ہیں جادوگرنیاں رقص کرتی مع میکبتھ کے غائب ہوجاتی ہیں)

میکبتھ:- ارے تم کہاں گئیں۔ کیا سب غائب ہوگئیں۔ یہ بُرا دن تو وہ ہے جو جنتریوں میں نحس وملعون لکھا جائے۔ ارے باہر کوئی ہے؟ اگر ہو تو اندر آئے۔

(لینکس اندر آتا ہے)

لینکس:- حضور کیا ارشاد ہے؟

میکبتھ:- کیا تم نے ان جادوگرنیوں کو جاتے دیکھا ہے؟

لینکس:- نہیں حضور۔ میں نے کچھ نہیں دیکھا۔

میکبتھ:- کیا وہ تمہارے پاس سے نہیں گزریں؟

لینکس:- نہیں مطلق نہیں۔

میکبتھ:- کاش جس ہوا میں سے وہ گزریں وہاں وبا اپنا گزر کرے اور وہ ان سب کو غارت کردے جو اُنکی باتوں پر یقین کریں۔ لینکس میں نے ابھی ابھی ایک گھوڑے کے سرپٹ دوڑنے کی آواز سُنی تھی۔

لینکس:- حضور۔ ایک نہیں کئی آدمی خبر لائے ہیں کہ میکدف انگلستان بھاگ گیا ہے۔

میکبتھ:- کیا بھاگ کر انگلستان پہونچا ہے۔

لینکس:- حضور واقعہ صحیح ہے۔

میکبتھ:- اُس کے فرار ہونے کے قصد پر اُس وقت تک گرفت نہیں ہوسکتی جب تک کہ وہ اپنے عمل سے اپنے فرار ہونے کی غایت ثابت نہ کرے۔ اس وقت سے جو خیال پہلے دل میں آئیگا وہی میرا پہلا کام ہوگا۔ اور اپنے قصد کو عمل میں لانے کے لئے خیال کا آنا اور اُسپر عمل کا ہوجانا ایک بات ہوگی۔ میں میکدف کے قلعہ پر اچانک حملہ کرونگا۔ اُس کی ریاست پر اپنا قبضہ جماؤنگا۔ اُس کی بیوی بچّوں کو تلوار کی دھار سے کاٹ ڈالوں گا اور اُن سب بدنصیبوں کو بھی تہ تیغ کرونگا جو اُس کی نسل سے ہونے پر فخر کرتے ہیں۔ اِسے کسی احمق کی ڈینگ نہ سمجھنا۔ جب تک انہیں غارت نہ کرلونگا دل ٹھنڈا نہ ہوگا۔

دوسرا منظر:- مقام فالف۔

لیڈی میکدف اندر آتی ہے۔ اُسکا کمسن لڑکا ساتھ ہے۔ راس بھی موجود ہے۔

لیڈی میکدف:- اُس نے خطا کیا کی تھی کہ مُلک سے بھاگنا پڑا۔

راس:- خاتون آپ صبر کریں۔

لیڈی میکدف:- مگر میکدف نے تو صبر نہیں کیا۔ اُسکا بھاگنا تو ایک قسم کی دیوانگی سمجھنا چاہیئے۔ کوکسی دغا یا فریب سے ہمارے کان آشنا نہ ہوں۔ لیکن خوف وہ بد بلا ہے کہ بے گناہوں کو بھی دغاباز اور فریبی بنا دیتا ہے۔

راس:- آپکو علم نہیں کہ اُسکا فرار ہونا ایک ہوشیاری کی بات ہے۔ خوف اُس کی وجہ نہیں۔

لیڈی میکدف:- واہ یہ بھی کیا عقل کی بات تھی کہ بیوی

بچوں کو تنہا چھوڑ کر خود چلا گیا۔ اپنا سارا گھر بار وہیں چھوڑا جہاں سے خود فرار ہوا اُسے ہم سے محبت نہیں اُس کے دل کو وہ لگاؤ ہمارے ساتھ نہیں جو ایک قدرتی بات ہوتی ہے۔ ایک چھوٹے سے چھوٹا پرندہ بھی جبکہ اُس کے آشیانے میں بچے ہوتے ہیں جب کوئی قریب آتا ہے تو وہ اُس سے لڑتا ہے۔ یہ محض خوف تھا جس کی وجہ سے وہ بھاگا ہے۔ عقل یا محبت کا اس میں شائبہ بھی نہیں۔ اسکا فرار ہونا بالکل عقل و مصلحت کے خلاف تھا۔

راس:- میری نہایت عزیز بہن۔ اپنی طبیعت کو سنبھالے رکھو۔ تمہارا شوہر نہایت عاقل و ہوشیار، موقع و محل کو پہچاننے والا ہے۔ اِس سے زیادہ میں کچھ زبان سے نہیں نکال سکتا۔ زمانہ بُرا ہے ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ہم نے کیا کیا جو ہم باغی و سرکش سمجھے جاتے ہیں۔ اِس افواہ کا ہمیں ضرور یقین ہے کہ ہماری حالت خوف و بیم کی ہے۔ ہمارا حال تو یہ ہو رہا ہے جیسے سمندر کی پُرشور اور طوفانی موجوں پر کوئی چیز اِدھر کی اُدھر ماری ماری پھرے۔ اِس وقت میں تم سے رُخصت چاہتا ہوں۔ چند روز کے بعد میں پھر یہاں آؤنگا۔ اُس وقت تک جو بُری حالت آجکل ہے یا تو یہ نہ رہے گی یا پھر پہلا سا زمانہ امن و سلامتی کا آجائیگا۔ پیاری بہن خُدا تمہیں ہر بلا سے محفوظ رکھے۔

لیڈی میکڈف:- یہ بچہ تو باپ کے ہوتے ساتے بن باپ کا ہو گیا۔

راس:- بہن تمہاری اِن باتوں سے تو مجھے رونا چلا آتا ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ تمہارے سامنے روکر میں اپنے کو کمزور ثابت کروں اور تمہارے دل کو بھی رنج پہونچاؤں۔ لو میں جاتا ہوں۔

(چلا جاتا ہے)

لیڈی میکڈف:- (بیٹے سے) بیٹا تیرا باپ تو مر گیا۔ تو کیونکر جیئے گا۔

بیٹا:- اماں اس طرح جیونگا جس طرح چڑیاں درختوں میں جیتی ہیں۔

لیڈی میکڈف:- کیا کیڑے مکوڑے کھا کر جیئے گا۔

بیٹا:- جو چڑیوں کو کھانے کو ملتا ہو وہی کھا کر جیونگا۔

لیڈی میکڈف:- خُدا کرے کہ تجھے خوف نہ کسی جال کا ہو اور نہ پھندے کا۔

بیٹا:- اماں مجھے اِن چیزوں کا ڈر کیوں ہو؟ غریب چڑیوں کو کون پکڑتا ہے۔ اماں تم کہتی تو ہو کہ میرا باپ مر گیا مگر یہ بات نہیں ہے۔

لیڈی میکڈف:- بیٹا تیرا باپ تو مر چکا۔ اب تو اپنا باپ بن۔

بیٹا:- میں اپنا باپ بنوں تو کیا آپ اپنی شوہر بنینگی؟

لیڈی میکڈف:- بازار میں بیسیوں بکتے ہیں کہیں سے خرید لاؤنگی۔

بیٹا:- تو پھر کیا بچے کو اُسے خریدیں گی؟

لیڈی میکڈف:- بیٹا۔ تُو تو بڑی دل سے اُتار کر باتیں کرنے لگا ہے۔ اتنی سمجھ تیرے لئے بہت ہے۔

بیٹا:- کیوں اماں۔ کیا میرا باپ بادشاہ سے باغی ہو گیا ہے؟

لیڈی میکڈف:- ہاں یہ بالکل سچ ہے۔

بیٹا:- اماں۔ باغی کسکو کہتے ہیں؟

لیڈی میکڈف:- بیٹا۔ جو قسم کھا کر کسی بات کا وعدہ کرے اور پھر وعدہ خلافی کرے۔

بیٹا:- تو کیا جتنے باغی ہوتے ہیں وہ یہی کرتے ہیں؟

لیڈی میکڈف:- کوئی جو ایسا کرے وہ باغی گنا جاتا ہے۔ اور بغاوت کی سزا پھانسی ہوتی ہے۔

بیٹا:- تو کیا جتنے آدمی قسمیں کھا کر وعدہ کرتے ہیں اور پھر وعدہ خلافی کرتے ہیں ان سبکو پھانسی دی جاتی ہے؟

لیڈی میکدف:- ہاں سب کو۔

بیٹا:- اُنہیں پھانسی کون دیتا ہے؟

لیڈی میکدف:- وہ لوگ جو ایماندار ہوتے ہیں - سچے ہوتے ہیں۔

بیٹا:- تو کیا قسمیں کھا کر وعدہ کرنے والے اور پھر وعدہ خلافی کرنے والے سب بیوقوف ہوتے ہیں - کیونکہ جھوٹوں کی تو وہ کثرت ہے کہ وہ سچوں کو مار کر پٹسرا کر دیں یا پھانسی پر چڑھا دیں۔

لیڈی میکدف:- بچے خدا تجھے اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ باپ نہ ہوگا تو خود اپنا باپ بن کر تو کیا کر لیگا۔

بیٹا:- اگر وہ مر گیا ہے تو تم اُس کے لئے روئیگی اور اگر نہ روئیں تو پھر میرے لئے ایک نیا باپ جلد موجود ہو جائیگا۔

لیڈی میکدف:- ارے چھوٹی سی جان، تو کیسی باتیں کرتا ہے۔

(ایک قاصد آتا ہے)

قاصد:- معزز خاتون۔ خدا آپکو اپنی امان میں رکھے۔ آپ مجھے نہیں جانتیں مگر میں حضور کے جاہ و منصب سے واقف ہوں۔ اس میں مطلق شبہ نہیں کہ آپکو عنقریب کوئی سخت خطرہ پیش آنے والا ہے۔ اگر آپ ایک سیدھے سادے آدمی کا مشورہ مانیں تو کوئی صورت ایسی پیدا کیجئے کہ آپ یہاں کسی کو نہ ملیں اور آپ اپنے بچوں سمیت یہاں سے چلی جائیں۔ آپ یہ تصور نہ کریں کہ محض ڈرانے کے لئے میں اپنے تئیں ایک وحشی نالائق ثابت کرنا چاہتا ہوں نہیں جو ظلم و ستم آپ پر ٹوٹنے والا ہے وہ آپکے بہت قریب پہونچ گیا ہے۔ خدا آپکو اپنی پناہ میں رکھے۔ میں زیادہ نہیں ٹھیر سکتا۔ (چلا جاتا ہے)

لیڈی میکدف:- بھاگ کر کہاں جاؤں۔ میں نے کسی کو نقصان نہیں پہونچایا ہے مگر اب خیال آتا ہے کہ میں اُس خاکدانِ ہستی میں ہوں جہاں دوسروں کو نقصان پہونچانا قابلِ تعریف سمجھا جاتا ہے اور بھلائی کرنا بسا اوقات خطرناک ہوتا ہے۔ پھر ایک عورت کی طرح میرا اپنی حمایت میں یہ کہنا کہ میں نے کسی کو نقصان نہیں پہونچایا ہے ایک افسوسناک بات ہے۔

(قاتل اندر آتے ہیں۔)

یہ کون لوگ ہیں؟

پہلا قاتل:- تمہارا شوہر کہاں ہے؟

لیڈی میکدف:- خدا سے اُمید ہے کہ وہ ایسی جگہ نہ ہوگا جہاں تم جیسے خبیث اور ناپاک آدمی اُسے پا جائیں۔

پہلا قاتل:- وہ باغی ہے۔

بیٹا:- ارے کمینے بدمعاش تو جھوٹ بولتا ہے۔

پہلا قاتل:- ارے تخم (اتنا کہہ کر بچے کے چھری مارتا ہے) جو ابھی دغا اور فریب کا پورا پودا بھی نہیں بنا ہے۔

بیٹا:- اماں اس نے مجھے مار ڈالا۔ (مر جاتا ہے۔)

(لیڈی میکدف چیختی ہوئی کہ ارے مار ڈالا، خون ہو گیا، بھاگتی ہے۔ قاتل اُس کے پیچھے دوڑتے ہیں۔)

تیسرا منظر:- انگلستان۔ شاہی قصر کے سامنے میلکم اور میکدف آتے ہیں۔

میلکم:- آؤ کہیں سایہ میں بیٹھکر خوب پھوٹ پھوٹ کر روئیں شاید رونے سے کچھ دل ہلکا ہو جائے۔

میکدف:- نہیں، ہمیں اپنے غارت شدہ مُلک کی لاش پر بہادروں کی طرح دونوں ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہو جانا چاہیئے۔ کوئی صبح ایسی نہیں ہوتی کہ راتوں کی چیخیں، یتیموں کی آہ و زاری

طرح طرح کے آزار و آلام کی صدا ہیں زمین سے اُٹھکر آسمان پر نہ گونجتی ہوں کہ ہمارے مُلک والے کسی طرح جاگیں، اور آسمان پر بھی وہی آہ و فغاں پیدا ہو جو زمین پر ہے۔

میلکم:۔ جن باتوں کا یقین ہوتا ہے اُن پر رونا آتا ہے کیا کیا سُنوں اور کس کس بات کا یقین کروں۔ میں تو کسی مرض کی دوا نہیں۔ اور اگر وقت مساعد ہوا تو کچھ نہ کچھ کرنا ہی پڑیگا۔ جو کچھ آپنے بیان کیا ممکن ہو کہ وہ سب دُرست ہو۔ یہ ظالم و سفاک جس کا نام لیتے زبان پر چھالے پڑتے ہیں، جو پہلے کبھی ایماندار اور سچا آدمی سمجھا جاتا تھا اور جسے آپ بھی پسند کرتے تھے ابھی تک اُس نے آپکو ہاتھ تک نہیں لگایا ہے۔ میں تو جوان ناتجربہ کار ہوں۔ ممکن ہو اِسی وجہ سے آپ فائدے میں رہیں اور یہ بات آپکی ہوشیاری اور ذہانت پر دلیل ہوگی کہ ایک معصوم بھیڑ کو ایک خبیث دیو پر جبکہ وہ حالتِ قہر و غضب میں ہو آپ قربانی کر ڈالیں۔

میکدف:۔ میں مکّار یا فریب دینے والا آدمی نہیں ہوں۔

میلکم:۔ مگر میکبتھ سے فرمان حاصل کرکے تو ایک نیک اور اچھی طبیعت بھی بدل سکتی ہے۔ مجھے معاف فرمائیگا۔ جو کچھ آپ واقعی ہیں میں آپکو ویسا نہیں سمجھ سکتا۔ فرشتوں کی شکلیں بڑی نورانی اور تابندہ ہوتی ہیں۔ مگر ان میں بھی جو بڑی چمکتی اور پاکیزہ صورتیں رکھتے تھے عرش سے نیچے جہنّم میں گرائے گئے تھے۔ سچ ہے، ہر چیز اپنا ظاہر اچھا دکھاکر نیکی اور معصومیت کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔

میکدف:۔ افسوس میری تمام اُمیدیں خاک میں مِل گئیں۔

میلکم:۔ غالباً آپکی اُمیدیں بھی وہیں غارت ہوئی ہیں جہاں میرے شکوک خاک میں ملے پڑے ہیں۔ یہ تو فرمائیے کہ ایسے پُر آشوب زمانے میں آپ اپنے بیوی بچّوں کو تنہا چھوڑکر، اور اُن پیاروں سے جو محبّت و اُلفت کی گرہ میں بندھے تھے، بغیر ملے کیسے چلے آئے۔ آپسے التجا ہے کہ میرے ان شکوک کو آپ ہرگز اپنی توہین خیال نہ فرمائیں اِن سے صرف اپنی ذاتی حفاظت منظور ہے۔ میرا خیال جیسا کچھ بھی ہو مگر جو کچھ آپ فرماتے ہیں اسمیں کلام نہیں۔

میکدف:۔ اے میرے مفلوک و مظلوم مُلک زخمی پڑا رہ۔ اور اپنے زخموں سے خُون بہنے دے اور جو کچھ جور و جفا تجھ پر ہو اُس کی بُنیادیں اور گہری کرے تاکہ کوئی بھلائی تیری خرابیوں کی ترقی میں مُزاحم نہ ہو سکے۔ جسقدر ظلم و ستم تجھ پر ٹوٹیں اُنہیں سہے جا۔ میکبتھ کا استحقاقِ حکمرانی اور پختہ ہو گیا۔ آقا خُدا حافظ۔ بندہ رُخصت چاہتا ہے۔ میں وہ خبیث مکّار نہیں ہوں جیسا کہ آپ سمجھ رہے ہیں۔ تمام مُلک اُس ظالم شیطان کے پنجۂ غضب میں ہے۔ اور اسپر طرّہ یہ ہے کہ بلادِ مشرق بھی اُسکی مدد پر تُلے ہیں۔

میلکم:۔ آپ ناراض نہ ہوں۔ جو کچھ میں نے عرض کیا وہ آپسے خائف یا بدگُمان ہو کر نہیں کہا۔ مجھے خوب معلوم ہے کہ اس ظالم و جفاکار کے جُوئے کے نیچے دب کر مُلک مر رہا ہے۔ اُس کے لبوں پر آہ و فغاں اور اُس کے زخموں سے خُون جاری ہے۔ اور اُس کے اُن زخموں کو کافی نہیں سمجھا جاتا۔ بلکہ اُن پر اور چرکے دیئے جاتے ہیں۔ یہ کُل باتیں مجھے معلوم ہیں۔ اور ممکن ہے کہ میری حق رسانی کے لئے کوئی ہاتھ اُٹھے۔ اِس مُلک کے لائق بادشاہ نے مجھے کئی ہزار فوج دینے کا وعدہ کیا ہے۔ لیکن باوجود اسکے جب میکبتھ کا سر میرے پاؤں کے نیچے ہوگا اور میری تلوار اُسکا سر تن سے جُدا کرتی ہوگی اُس وقت بھی

ہمارے مُفلس اور آفت رسیدہ مُلک کو انہی آفات و مصائب کا سامنا ہوگا جو سابق میں برپا رہے ہیں۔ اُس کا بادشاہ جو کوئی بھی وہ ہوگا۔ اِس کے حق میں طرح طرح کی خرابیاں پیدا کرتا رہے گا۔

میکدف:- وہ بادشاہ کون ہوگا؟

میلکم:- اگر مُجھی کو سمجھئے تو میں جانتا ہوں کہ مجھ میں کیسی کیسی سخت بُرائیاں مُوجود ہیں۔ اور جب وہ کھلیں گی تو آپ میرے مقابلے سیاہ رُو میکبتھ کو بھی برف سے زیادہ اُجلا اور پاکیزہ کہیں گے۔ اور میرے عیوب کے مقابلے میں اُسے ایک برّہ مسکین کی طرح معصوم و بے گناہ سمجھنے لگیں گے۔

میکدف:- یہ آپ کیا فرماتے ہیں شیاطین جہنّم میں بھی کوئی شیطان میکبتھ سے بُرائیوں میں بڑھا ہوا نہ نکلے گا۔

میلکم:- میں جانتا ہوں کہ میکبتھ خُون کا پیاسا عیش پرست، حریص، جھوٹا، مکّار اور دغا باز ہے۔ مغلوب غضب ہے۔ کینہ توز ہے۔ کوئی گناہ ایسا نہیں جو اُس نے نہ کیا ہو۔ لیکن مجھ میں ہوائے نفس اور شہوانیت اِس شدّت سے ہے کہ اُس کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ اگر بادشاہ ہونیکی صورت میں کسی نے میری مرضی کے خلاف کچھ کیا تو پھر میری زیادتی اور ظُلم کی کوئی حد نہ رہے گی۔ بہتر یہی ہوگا کہ ایسے شخص کی جگہ میکبتھ ہی صاحب تخت و تاج رہے۔

میکدف:- جس شخص میں شہوانیت اور لذّت پرستی کی شدّت ہو وہ فطرت میں ایک قسم کا ظلم ہوتا ہے۔ یہ وہ بلا ہے جس کی وجہ سے بہت سے تخت نشینوں کو اپنے تخت خالی کرنے پڑے ہیں اور اکثر تاجداروں پر زوال آیا ہے۔ مگر باوجود اسکے جو چیز آپکی ہے اس کے لینے کے لئے آپ دوڑیں۔ لہٰذا بہ شہوانی سے آپ تخلیہ میں لُطف اندوز ہو سکتے ہیں، یا ظاہر کر سکتے ہیں کہ ان چیزوں سے آپکی طبیعت سرد ہے۔ یا آپ یقین دلا سکتے ہیں کہ ان چیزوں میں آپ اعتدال پسند کرتے ہیں۔

میلکم:- علاوہ اِس کے میری خبیث طبیعت میں حرص مال و طمع زر اِس شدّت سے ہے کہ اگر مجھے بادشاہی ملی تو میں اعیان مُلک کو انکی زمینوں اور املاک پر دستِ تصرّف دراز کرنے کے لئے قتل کرا دونگا۔ کسی کے مال پر نظر رہے گی، کسی کی جائیداد پر، اور جسقدر زیادہ مال لوگوں کا ضبط کرونگا اتنی ہی اشتہا اِس بات کی تیز ہوتی جائے گی۔ اپنے خیر خواہوں اور جاں نثاروں کے ساتھ طرح طرح کے جھگڑے اور نزاع پیدا کرکے انکی دولت و مال پر تصرّف کی غرض سے اُنہیں تباہ و برباد کرتا رہونگا۔

میکدف:- جوانی کے ولولے موسم بہار کی طرح دیرپا نہیں ہوتے۔ طمع زر اور حرص دولت البتہ طبیعت میں ہمیشہ کو جڑ پکڑ لیتے ہیں۔ یہی زر و دولت کی طمع اکثر بادشاہوں کی موت کا سبب ہوئی ہے۔ لیکن ہمارے مُلک میں ہر چیز کی وہ کثرت ہے کہ جتنا اور جیسا آپ حاصل کرنا چاہینگے آپکو ملے گا۔ آپکی طبیعت میں بادشاہی کے وہ قُدرتی جوہر موجود ہیں کہ یہ کُل باتیں جو آپ اپنی نسبت فرما رہے ہیں گوارا کر لی جائیں گی۔

میلکم:- لیکن مجھ میں بادشاہ بننے کی قابلیتیں نہیں ہیں۔ مثلاً انصاف، حق پسندی، اعتدال، استقلال مزاجی، دیانتی، ثابت قدمی، ترحّم، انکسار، التفات، درگزر، صبر، ہمّت، ان خوبیوں کا مجھ میں پتہ نہیں، بلکہ ہر گناہ ہر مذموم فعل

کی مختلف شاخوں کو مختلف طریقوں سے انجام دیتے ہیں میں بڑا مشاق ہوں۔ اگر کہیں میں صاحب حکومت ہو گیا تو یکبارگی دیکھتی کی شراب شیریں کو جہنم میں پھینک کر دُنیا کا حفظ و امن میں ایک شور بے ہنگام پیدا کر دونگا۔ اور دُنیا سے موافقت و اتحاد قطعاً مفقود ہو جائیں گے۔

میکبدف:۔ اے بدنصیب وطن، بدنصیب مُلک۔

میکلم:۔ اگر مجھ جیسا شخص جیسے کہ میں نے اپنا حال بیان کیا ہے بادشاہی کرنے کے قابل آپکی سمجھ میں آتا ہو تو فرمایئے کہ میں تو وہی ہوں جیسا کہ میں نے بیان کیا۔

میکدف:۔ ایسا شخص حکومت کرنے کے قابل تو کجا وہ تو زندہ رہنے کے قابل بھی نہیں ہے۔ افسوس اے مصیبت زدہ قوم جس پر ایک غیر مستحق شخص بادشاہ سابق کو قتل کر کے مسلط ہو گیا ہو کیا تجھے کبھی اچھے دن دیکھنے نصیب ہونگے۔ جس حالت میں کہ تخت و تاج کا صحیح وارث خود اپنی زبان سے اپنے تئیں نالائق اور مجرم قرار دے رہا ہو اور اپنے خاندان اور اپنی نسل کو داغ لگا رہا ہے۔ آپکا باپ بادشاہوں میں ولی تھا۔ اور ملکہ آپکی ماں جس کے بطن سے آپ پیدا ہوئے ہیں کوئی دن زندگی کا ایسا نہ تھا کہ خدا کی جناب میں سربسجود نہ رہی ہوں۔ گویا زندگی میں ہر آن یہی سمجھتی رہیں کہ موت نزدیک ہے۔ اچھا خدا حافظ۔ جو عیب آپنے اپنی طبیعت کے بیان کئے ہیں وہ تجھے وطن سے بے وطن کرتے ہیں۔ اور اس قلب مضطر میں جس قدر توقعات پیدا ہوئی تھیں وہ سب خاک میں مل جاتی ہیں۔

میکلم:۔ تمہارے اس شریفانہ سچائی اور صفائی کے جذبے نے میرے دل کے تمام تاریک شکوک رفع کر دیئے۔ اور میرے خیالات تمہاری غیرت اور صدق طبیعت سے متفق ہو گئے۔ اس زمانے میں میکبتھ نے بہت سی تدبیریں کیں کہ مجھے کسی طرح اپنے دام میں پھنسا لے۔ پس عقل نے ہوشیار کیا کہ کسی کی بات کا جلد یقین نہ کروں، لیکن اب خدا جو ہم سب کے سر پر ہے جو کچھ مجھ میں اور تم میں پیش آئیگا اُس کا نگراں رہیگا۔ اور اب جو کچھ ہدایت کرو گے اُسپر چلنا اپنا فرض سمجھونگا۔ میں نے اپنی جتنی بُرائیاں بیان کی ہیں وہ غلط تھیں اور جو داغ دھبے میں نے اپنے چلن اور طریقے پر لگائے تھے اُنہیں واپس لیتا ہوں۔ یہ جتنی باتیں میں نے اپنی نسبت کہی تھیں وہ مجھ سے کچھ تعلق نہیں رکھتیں۔ نہ مجھے ابھی تک کسی سے عشق ہوا ہے اور نہ میں نے کبھی اپنے عہد کو توڑا ہے۔ جو چیز میری تھی اس کی طمع بھی میرے دل میں پیدا نہیں ہوئی۔ آج تک کبھی اپنے قول سے پھرا نہیں۔ میں تو ایک شیطان کو بھی دوسرے شیطان کے حوالے دھوکا دیکر نہیں کر سکتا۔ اور نہ ایسے کسی کام پر خوش ہو سکتا ہوں۔ پہلا جھوٹ جو آج تک کبھی بولا تھا وہ یہی اپنی نسبت تھا۔ جو کچھ میں حقیقت میں ہوں وہ تمہارے اور اپنے مصیبت زدہ مُلک کی بہتری چاہنے کے لئے ہوں۔ اور اب مُلک میں تمہارے آنے سے کچھ پہلے سیورڈ دس ہزار فوج کے ساتھ روانہ ہونے کو تیار ہو چکا ہے۔ اب ہم دونوں ساتھ چلتے ہیں اور خدا سے اُمید رکھتے ہیں کہ ہمیں فتح بھی اسی طرح حاصل ہو جیسے کہ ہمارا انتزاع حق بجانب ہے۔ تم خاموش کیوں ہو؟

میکدف:۔ ایسی مُبارک اور نامُبارک باتوں نے ایکدم سے پیش ہو کر مجھے حیرت زدہ کر دیا ہے۔ کیسے ان متضاد باتوں میں مصالحت پیدا کروں۔

(ایک طبیب آتا ہے)

میکلم:۔ اچھا اب پھر باتیں ہونگی۔ طبیب کیا بادشاہ سلامت تشریف لا رہے ہیں؟

طبیب:۔ جی ہاں۔ بہت سے سخت مریض اُنکے انتظار میں

بڑی دیر سے کھڑے ہیں۔ علاج کرنا طبیب کا کام ہوتا ہے لیکن ہمارے بادشاہ کے ہاتھ میں خدا نے کچھ ایسی شفا دے رکھی ہے کہ جہاں انھوں نے ہاتھ لگایا مریض فوراً تندرست ہو گیا۔

میلکم:۔ طبیب میں آپکا شکر گذار ہوا۔ (طبیب چلا جاتا ہے)

میکدف:۔ وہ کونسا مرض ہے جسکا بادشاہ علاج کرتا ہے؟

میلکم:۔ کٹھ مالا ایک سخت بیماری ہے۔ بادشاہ کو اسکے علاج میں قدرت بدرجہ کمال حاصل ہے۔ جب سے میں یہاں آیا ہوں میں نے اکثر بادشاہ کو اس بیماری سے مریضوں کو اچھا کرتے دیکھا ہے۔ ہر مریض کے لئے پہلے خدا سے دعا مانگتا ہے۔ وہ خود بڑا خدا رسیدہ ہے۔ دور دور سے لوگ سوجے پھولے گردن کے گرد زخموں میں لدے ایسے آتے ہیں جنہیں دیکھا تک نہیں جاتا۔ اور بڑے بڑے جراح بھی جن کے علاج سے عاجز ہوتے ہیں بادشاہ کے پاس آتے ہی اچھے ہو جاتے ہیں۔ مریض کی گردن میں وہ ایک سونے کی مُہر لٹکا دیتا ہے اور لٹکاتے وقت خدا سے دعا مانگتا ہے۔ مشہور ہے کہ یہی علاج اُس نے آنے والے بادشاہوں کو بھی بتا دیا ہے اور آئندہ کے حالات بتانے کی قدرت بھی خدا کی طرف سے اُسے ملی تھی۔ علاوہ اس کے اور طرح طرح کی برکتیں اور حسنات اس کے تخت کے گرد و پیش موجود رہتے تھے۔ جن سے بادشاہ کی نیکیاں ظاہر ہوتی تھیں۔

میکدف:۔ دیکھئے یہ کون آرہا ہے؟

میلکم:۔ آدمی تو ہمارا ہموطن معلوم ہوتا ہے مگر میں اس سے واقف نہیں ہوں۔

(راس آتا ہے)

میکدف:۔ میرے شریف بھائی آؤ۔ تم نیک قدم ہو۔

میلکم:۔ اچھا۔ اب میں نے انہیں پہچانا۔ خدایا وہ چیز دور کر دے جو ہموطن کو ہموطن سے اجنبی رکھتی ہے۔

راس:۔ آمین۔

میکدف:۔ کہو ہمارا ملک وہیں ہے جہاں تھا؟

راس:۔ افسوس صد افسوس۔ اب تو وہ بدنصیب ملک خود اپنے تئیں پہچاننے سے ڈرتا ہے۔ اب ہم اُسے اپنی ماں نہیں کہہ سکتے۔ اگر اپنی قبر کہیں تو زیبا ہے۔ جہاں ہر شخص کا یہ حال ہو کہ کچھ اپنی خبر تک نہ ہو، جہاں کوئی صورت بھی ایسی نہیں جس کے چہرے پر ہنسی ہو، جہاں فضا میں بجز نالہ و زاری یا درد و اذیت کی چیخوں کے دوسری آواز نہ سُنائی دیتی ہو اور سوائے ان چیزوں کے دوسری چیز نہ ہو، اور اب ان کی بھی کسی کو پروا نہ رہی ہو، اور حال یہ ہو گیا ہو کہ شدید رنج والم میں بھی زخموں میں راحت سی محسوس ہونے لگی ہو۔ مُردہ دفن ہوتے وقت گرجا کا گھنٹہ جب بجتا ہے تو کوئی اتنا پُوچھنے والا نہیں ہوتا کہ کون مرا ہے۔ اور شریفوں کی زندگی کا خاتمہ اُس وقت ہوتا ہے کہ اُن کی ٹوپیوں کے پھول مرنا تو کیسے مُرجھاتے تک نہیں۔ تو پھر ایسے ملک کو اپنی قبر نہ کہیں تو تو کیا کہیں؟

میکدف:۔ اے عزیز، جو کچھ تم کہتے ہو سب سچ ہے۔

میلکم:۔ کوئی غمگین خبر جو حال میں پیش آئی ہو وہ کہو۔

راس:۔ حالت تو یہ ہے کہ واقعہ کے ایک گھنٹہ بعد بھی اگر کوئی بُری خبر سُنائی جاتی ہے تو سُننے والا کہتا ہے کہ کیسی پُرانی خبر سُناتے ہو۔ وہاں تو منٹ منٹ پر سخت دردانگیز حادثے پیش آتے رہتے ہیں۔

میکدف:۔ میری بیوی کیسی ہے؟

راس:۔ اچھی ہے۔

میکدف:۔ اور میرے بچے؟

راس: وہ بھی سب اچھے ہیں۔

میکدف: ظالم میکبتھ نے اب تک اُنکے امن و امان کو غارت نہیں کیا؟

راس: جب میں یہاں سے چلا ہوں تو سب صحیح سلامت تھے۔

میکدف: دیکھو صحیح بات کہتے ہوئے نہ ہچکچاؤ۔

راس: جب میں یہاں وہ خبریں لیکر آرہا تھا جو مجھ پر گراں گزر رہی تھیں تو اُس وقت افواہ سُنی تھی کہ بڑے بڑے لائق آدمیوں نے میکبتھ سے بغاوت کردی ہے۔ اِس خبر کا یقین اِس وجہ سے اور ہوا کہ میں نے اس ظالم بادشاہ کی فوجوں کو بغاوت کو مٹانے کے لئے کوچ کرتے دیکھا۔ میلکم، اب وقت مدد کرنے کا ہے۔ آپکی ایک نگاہ میں ہزاروں سپاہ جمع ہوجائے گی عورتیں تک آجکل کی مصیبتوں سے نجات پانے کے لئے سپاہی بن کر لڑنے کو تیار ہوجائینگی۔

میلکم: ہم آپکے چین و آرام کیلئے وہیں جارہے ہیں۔ مہربان بادشاہ انگلستان نے ہمیں سیورڈ اور دس ہزار فوج مستعار دی ہے۔ سیورڈ سے زیادہ پُرانا اور اعلیٰ درجے کا سپاہی عیسوی دُنیا میں نہیں ہے۔

راس: کاش ایسا ہوتا کہ میں اِس اچھی خبر کے بدلے میں کوئی خوشخبری سُناتا۔ مگر جو وحشتناک خبر میں سُنانے لایا ہوں وہ تو ایسی ہے کہ کسی صحرائے تن و دق میں اُس کا سُنانا بہتر ہوتا کسی انسان کے کان تک وہ نہ پہونچے۔

میکدف: کیا وہ خبر کسی مُلکی معاملے سے متعلق ہے یا کسی شخص خاص کے درد و الم سے؟

راس: ہمارے مُلک میں تو کوئی نیک شخص ایسا نہیں جسے کوئی نہ کوئی تکلیف، کوئی نہ کوئی آزار نہ پہونچا ہو۔

میکدف: اگر وہ خبر مجھ سے متعلق ہے تو مجھ سے چھپاؤ نہیں۔ فوراً کہو کہ وہ کیا ہے۔

راس: میری زبان سے اپنے کانوں کو متنفر نہ کرو جو کچھ میں کہونگا وہ ایسی دردانگیز آواز ہوگی جو تمہارے کانوں نے کبھی نہ سُنی ہوگی۔

میکدف: اچھا میں سمجھ گیا۔

راس: تمہارے محل پر اچانک حملہ کیا گیا اور بڑی بے رحمی سے تمہارے بیوی بچّوں کو قتل کردیا گیا۔ جس طریقے سے انہیں ہلاک کیا گیا اور جس طرح ان معصوم عزیزوں کو ذبح کیا اُس کا بیان کرنا تمہاری موت کا بُلانا ہے۔

میلکم: خُدا ہم پر رحم کرے۔ میکدف کیوں اپنی ٹوپی کھینچکر آنکھوں پر لاتے ہو؟ رنج میں چُپ نہ رہو۔ مُنہ سے بولو، کیونکہ بات نہ کرنے سے رنج اندر ہی اندر دل سے کہتا ہے کہ ٹوٹ جا۔

میکدف: کیا میرے بچّے بھی قتل کردیئے گئے؟

راس: ہاں، بیوی بچّے، نوکر چاکر، جو کوئی بھی ملا اُسے زندہ نہیں چھوڑا۔

میکدف: افسوس میں وہاں نہ تھا۔ میری بیوی بھی قتل کردی گئی؟

راس: ہاں۔

میلکم: میکدف صبر کرو۔ ہمیں انتقام کی تدبیریں سوچنے دو تاکہ تسکین اور اس درد کا کوئی درمان ہو۔

میکدف: میکبتھ بچّے نہیں رکھتا۔ کیا میرے سب بچّے مار ڈالے گئے۔ تم نے یہی تو کہا تھا کہ وہ سب قتل ہوگئے۔ اے جہنّم کے گدھ، تو نے سبکو ایک ہی جھپٹے میں ختم کردیا۔ میرے پیارے بچّوں اور اُنکی ماں کو بھی۔

میلکم: میکدف مرد بن کر بات کرو۔

میکبدف:- بہتر ہے۔ مگر ایک مرد ہی کی طرح میں اِس دردناک خبر سے متاثر بھی رہونگا۔ اِس وقت تو یہی یاد آرہا ہے کہ اُسنے عزیز تر دوسری کوئی چیز نہ رکھنا تھا۔ کیا خُدا یہ سب کچھ دیکھتا رہا پھر بھی اُنکی جان نہ بچائی۔ اے گنہگار میکبدف اُن کی ہلاکت کا باعث تو ہوا۔ اُن کا کچھ قصور نہ تھا۔ جو کچھ قصور تھا وہ میرا تھا۔ خُدا اُن پر اپنی رحمت کرے۔

میلکم:- اِس روح فرسا خبر کو اپنی تلوار کیلئے سان رکھنے کا پتھر بناؤ۔ اور اپنے اِس رنج کو غصّے اور قہر میں تبدیل کرو۔ اِس غم کو سوچ سوچکر دل میں جذب نہ ہونے دو۔

میکبدف:- نہیں۔ عورتوں کی طرح میں بھی اِس صدمے پر آنکھوں سے آنسو بہا سکتا ہوں اور اپنی زبان سے بہت کچھ نوحہ کر سکتا ہوں پر اے خدائے رحیم و کریم اِس انتظار کے وقت کو کم کردے۔ اور اُس ظالم شیطان سے مجھے دوچار کرکے اُسے میری تلوار کی زد میں لے آ۔ اگر میرے ہاتھ سے وہ بچ جائے تو پھر خُدا اُس کے گناہ بھی معاف کرے۔

میلکم:- ہاں، یہ بات تم نے مردانگی کی کہی۔ آؤ بادشاہ کے پاس چلیں۔ فوجیں کُوچ کرنے کو تیار ہیں۔ صرف بادشاہ سے رُخصت ہونا باقی ہے۔ میکبتھ کی حالت اب یہ ہے کہ ہم اُسے ہلاکر زیر و زبر کردیں۔ آسمان پر فرشتے بھی ہمارے لئے ہتھیار باندھ رہے ہیں۔ میکدف ہمّت نہ ہارو۔ لمبی راتیں بھی جب نُور کا تڑکا ہوتا ہے تو انسان کے غمزدہ دل کو نوش کردیتی ہیں۔

* * * * * * * * *

جُزوِ خامس

پہلا منظر:- دنسی نین۔ محل میں عقب کا ایک کمرہ۔ ایک طبیب اور اُسکے ہمراہ ایک شریف زادی خواص آتی ہے۔

طبیب:- میں نے دو رات برابر آپکے ساتھ جاگ کر مریضہ کی کیفیت دیکھی ہے۔ مگر آپ نے جو حالت بیان کی تھی وہ صحیح نہیں معلوم ہوتی۔ فرمایئے کہ آپ نے مریضہ کو آخری مرتبہ کب چلتے پھرتے دیکھا تھا؟

شریف زادی:- اُس زمانے میں جبکہ بادشاہ سلامت میدانِ جنگ کو تشریف لے گئے تھے۔ جو کچھ دیکھا وہ یہ تھا کہ ملکہ سلامت اپنی پلنگڑی پر سے اُٹھی ہیں۔ شب خوابی کی عبا جلد گلے میں ڈال الماری کے پاس پہونچتی ہیں۔ الماری کھول کر انمیں سے کاغذ نکالا۔ کاغذ کو موڑ کر اُس پر کچھ لکھا۔ پھر پڑھا۔ پھر اُسے بند کرکے لفافے پر مُہر لگائی۔ اور جب یہ سب کچھ ہولیا تو پھر فوراً اپنی پلنگڑی پر جا لیٹیں۔ مگر اِس کل زمانے میں وہ غافل سو رہی تھیں۔

طبیب:- مگر یہ حالت تو قلب میں سخت اختلال و اضطراب کی ہوگی کہ حالتِ خواب میں جو راحت میسّر ہوتی ہے وہ بھی نصیب ہے اور عالمِ بیداری کے کام کاج بھی جاری ہیں۔ کیا آپ نے اِس حالتِ خواب میں علاوہ چلنے پھرنے کام کاج کرنے کے کچھ باتیں کرتے بھی سُنا تھا؟

شریف زادی:- جناب والا جو کچھ کہتے انہیں سُنا وہ ملکہ سلامت کی عدم موجودگی میں کسی کے سامنے نہیں کہہ سکتی۔

طبیب:- لیکن آپ مجھے تو بتا سکتی ہیں۔ اور مناسب بھی یہی ہو کہ آپ مجھ سے جو کچھ سُنا ہو وہ کہدیں۔

شریف زادی:- وہ باتیں نہ میں آپکو اور نہ کسی اور سے کہہ سکتی ہوں۔ کیونکہ جو کچھ میں کہونگی اُسپر گواہی یا شہادت دینے والا کوئی نہ ہوگا۔ لیجئے وہ ملکہ سلامت خود تشریف لا رہی ہیں۔

(لیڈی میکبتھ ہاتھ میں شمع لئے آتی ہے)

اِس کی شمع جو اس وقت آپ دیکھ رہے ہیں ہمیشہ رہتی ہے مگر وہ غافل سو رہی ہیں۔ اُدھر چھپ کر کھڑے ہوجایئے اور غور سے دیکھتے رہیئے۔

طبیب:- یہ جلتی ہوئی شمع انہیں کیسے مل گئی۔

شریف زادی:- روشنی ہر وقت پاس رکھی جاتی ہے۔ یہی حکم ہے۔

طبیب:- دیکھئے تو آنکھیں کھلی ہیں۔

شریف زادی:- یہ بالکل دُرست ہے۔ لیکن وہ دیکھتی کچھ نہیں۔

طبیب:- یہ اس وقت کیا کر رہی ہیں۔ دیکھئے تو اپنے ہاتھوں کو کس طرح بار بار ملتی ہیں۔

شریف زادی:- یہ تو کچھ عادت سی ہوگئی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہاتھ دھو رہی ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ پاؤ پاؤ گھنٹے تک برابر یہی کرتی رہتی ہیں۔

لیڈی میکبتھ:- ابھی یہ داغ موجود ہے۔

طبیب:- سُنو کچھ کہہ رہی ہیں۔ بہتر ہے کہ وہ جو کچھ کہیں اُسے لکھ لوں۔ تاکہ آئندہ حافظے کو اس سے پوری مدد ملے۔

لیڈی میکبتھ:- ارے کمبخت داغ تو چھوٹتا کیوں نہیں مٹ جا دُور ہو۔ ایک دو۔ اب تو اُس بات کا وقت آگیا۔ دوزخ، تجھ سے تو دَم گھٹا جاتا ہے۔ آقا، شرم وغیرت کیا ہوئی؟ سپاہی ہوکر ڈرتے ہو۔ ڈرنے کا کیا موقع ہے۔ کسے معلوم ہوتا ہے کہ کس نے کیا جبکہ کوئی ہمارے اختیارات پر معترض نہیں ہوسکتا۔ یہ کون کہہ سکتا تھا کہ اس بڈھے میں اتنا خون ہوگا۔

طبیب:- سُنتی ہو کیا فرما رہی ہیں۔

لیڈی میکبتھ:- امیر فالف کی ایک بیوی بھی تو تھی۔ وہ کہاں گئی۔ ارے کیا ہاتھوں کے یہ داغ دھبے کبھی نہ چھوٹیں گے؟

جانے دیجئے آقا۔ ایسا خیال نہ کیجئے۔ آپکے اس طرح چونک چونک پڑنے ہی نے تو یہ ساری خرابی پیدا کی ہے۔

طبیب:- جاؤ بھی۔ تمہیں تو وہ سب حال معلوم ہے جو معلوم نہ ہونا چاہیئے تھا۔ مجھے تو ان کل باتوں کا یقین ہے۔ لیکن جو علم اُسے ہو وہ خدا ہی کو معلوم ہے۔

لیڈی میکبتھ:- سونگھو تو۔ ان داغوں میں سے تو خون کی بُو ابھی تک آرہی ہے اور ایسی سخت ہے کہ عرب کے تمام عطریات بھی اُسے خوشبو نہیں بنا سکتے۔ ہائے ہائے۔

طبیب:- دیکھو تو اس آہ میں کیسا درد ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ دل پر کوئی بڑا بوجھ ہے۔

شریف زادی:- میں تو کبھی ایسا دل سینے میں رکھنا پسند نہ کرونگی جس سے جان، عزت وحرمت سب ہی کو آزار پہونچے۔

طبیب:- ہاں ہاں، بالکل دُرست کہتی ہو۔

شریف زادی:- خدا ہی ہے کہ یہ مرض دُور ہو۔

طبیب:- اِس مرض کا علاج میرے قابو کی بات نہیں۔ ایسے مریض میں نے دیکھے ہیں جو حالت خواب میں چلتے پھرتے تھے۔ مگر جب موت آئی تو اپنے بستر پر سکون اور خاموشی کی حالت میں مرے۔

لیڈی میکبتھ:- ہاتھ دھولو۔ شب خوابی کی عبا پہنو۔ اتنے زرد نہ معلوم ہو۔ پھر یہی کہتی ہوں کہ بینکو دفن ہو چکا ہے۔ وہ قبر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

طبیب:- ظاہر ہے۔

لیڈی میکبتھ:- چلو سو رہیں۔ دروازہ کون کھوٹ کھٹا رہا ہے؟ آؤ آؤ۔ ہاتھ میں ہاتھ دو۔ جو کچھ ہوا وہ اَن ہوا نہیں ہو سکتا۔ چلو سو رہیں۔ سو رہیں۔ (چلی جاتی ہے)

طبیب:- کیا یہ اب اپنے خوابگاہ میں جا کر سو رہیگی؟

شریف زادی:- ہاں فوراً۔

طبیب:- باہر بڑی بڑی سرگوشیاں ہو رہی ہیں۔ طرح طرح کی افواہیں اُڑ رہی ہیں۔ انسان جب اپنی فطرت کے خلاف کوئی بات کرتا ہے تو اس کے بعد بھی وہ خرابیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں جو فطرت کے خلاف ہوتی ہیں طبیعتیں جو گنہگاروں میں آلودہ ہو چکی ہیں وہ اپنے دل کا پوشیدہ حال اُن بے جان اور بہرے تکیوں سے بھی کہتی ہیں جو سر کے نیچے ہوتے ہیں۔ ملکہ سلامت کو طبیب کی اتنی ضرورت نہیں ہے جس قدر کہ کسی روحانی ہادی و مُصلح کی وہ مُحتاج معلوم ہوتی ہیں۔ اے خُدا۔ تو ہم سب کے گناہوں کو معاف کر۔ ملکہ کی خبر رکھو۔ اسکی تکلیفوں کو دُور کرنے کی کوشش میں رہو۔ اور برابر اُسپر نظر رکھو۔ اچھا شب بخیر۔ میں جاتا ہوں۔ ملکہ کا حال دیکھکر میرا دل ایسا پریشان اور میری نظر ایسی حیرت زدہ ہوئی کہ خیال سب کچھ کر سکتا ہوں مگر زبان سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔

شریف زادی:- لے نیک طبیب میرا سلام بھی قبول ہو۔

(چلی جاتی ہے۔)

دوسرا منظر:- دنسی نین کے قریب ایک موقع۔

منٹیتھ، کایتھنس، اینگس، لینکس، اور سپاہی دکھائی دیتے ہیں۔ طبل و علم نظر آتے ہیں۔

منٹیتھ:- انگریزی فوجیں قریب آگئی ہیں اور وہ سب میلکم اور اُس کے نانا سیورڈ اور میکدف کی سرکردگی میں ہیں۔ اور ان سب کے دلوں میں آتش انتقام مُشتعل ہے اور انتقام کی وجہ بھی ذاتی ہے۔ بس کُشت و خُون اس کثرت سے ہوگا کہ جو مر گئے ہیں وہ بھی لڑنے اور خُون کرنے کو جی اُٹھیں گے۔

کایتھنس:- کیا خبر ہے کہ دونل بین بھی اپنے بھائی کے ساتھ آیا ہو۔

لینکس:- دونل بین یقینی اپنے بھائی میلکم کے ساتھ نہیں ہے۔ اُس کے کُل ہمراہیوں کی فہرست میرے پاس موجود ہے۔ اس میں سیورڈ کا فرزند اور بہت سے لڑکے ہیں جنکے مُنہ پر ڈاڑھیاں تک نہیں نکلی ہیں، بالکل نوجوان ہیں۔ لڑائی کے شوق میں ساتھ ہو گئے ہیں۔

منٹیتھ:- کہو میکبتھ کس حال میں ہے؟

کایتھنس:- دنسی نین کا قلعہ اُس نے خوب مضبوط کر لیا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ دیوانہ ہو گیا ہے۔ اور جنہیں اُس سے کم نفرت ہے اُن کا قول ہے کہ اُسکی کُل حرکتیں محض غیظ و غضب کا ایک جوش و ولولہ ہیں۔ اور اس کا بھی انہیں یقین ہے کہ اُس کی اِس عداوت و مخاصمت کی کوئی وجہ بھی ایسی معقول نہیں ہے کہ اُس کے ساتھی اُس کا ساتھ دینے میں کسی قاعدے یا ضابطے سے مجبور ہوں۔

اینگس:- یہ تو فرمایئے کہ خُفیہ قتل و خُون کے جو داغ اُسکے ہاتھوں پر لگے ہیں اُن سے بھی وہ کچھ مُتاثر ہے یا نہیں۔ اسکے خلاف جو بغاوتیں ہو رہی ہیں اُنہی سے ظاہر ہے کہ

اُس کی عہدہ نکنی پر سب اُسے مطعون کر رہے ہیں۔ جن پر وہ حکم چلاتا ہے وہ دل سے نہیں بلکہ محض اس وجہ سے کہ حکم ہے پابند ہوتے ہیں۔ اب تو بادشاہی کرنا اُسے ایسا ہی ناز یبا و بدنما ہے جیسے ایک قوی ہیکل دیو کی پوشاک ایک پستہ قد سارق کے جسم پر ڈھیلی ڈھالی اور بدنما معلوم ہو۔

منٹیتھ:۔ اُسے الزام دینا مشکل ہے۔ جو کچھ قصور ہے وہ اس کے جنون و وحشت زدہ حواس کا ہے جو اُس سے دیوانگی کی حرکتیں سرزد کراتے ہیں، اور اس کے ذمہ دار اُس کے وہی گناہ ہیں جن کا خیال بار بار دل میں آکر اُسے ستاتا ہے۔

کاتیتھنس:۔ اچھا۔ اب ہم اُس کی اطاعت ترک کرتے ہیں اور اُس شخص کے مطیع ہو کر آگے بڑھتے ہیں، جو فی الحقیقت ہماری اطاعت گزاری کا مستحق ہے اور اپنے بیمار رو رہ نیم جاں ملک اور وطن کی دوا کرتے ہیں۔ اور اُسے فتحمند کرنے کے لئے اس دوا میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ ملانے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔

لینکس:۔ ایک ایک قطرہ ہی نہیں بلکہ جس قدر خون اس درماں کے لئے درکار ہو سب بہانے کو تیار ہیں۔ تاکہ اِس گلشنِ شاہی کے پھول طراوت پہونچے اور اس سے خس و خاشاک دُور ہوں۔ بس اب ہم برنام کی طرف کوچ کرتے ہیں۔

دوسرا منظر:۔ قلعہ دنسی نین میں قصر کا ایک کمرہ۔ میکبتھ، طبیب اور ملازمین آتے ہیں۔

میکبتھ:۔ بس اب کوئی خبر ہمارے پاس نہ لائی جائے۔ ان بدخواہوں کو بھاگ کر دشمن سے ملجانے دو۔ مجھے کوئی وجہ خوف اُس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک کہ برنام کا جنگل دنسی نین تک نہ پہونچ جائے۔ کیا یہ لڑکا میکڈف عورت کے بطن سے پیدا نہیں ہوا؟ چند روحوں نے جن پر ان کے کل حالات روشن ہوتے ہیں مجھ سے کہا ہے کہ "میکبتھ ڈر نہیں، کوئی شخص جو عورت کے بطن سے پیدا ہوا ہے تجھے گزند نہیں پہونچا سکتا۔" پس اے میرے دغا باز سردارو امیرو، تم جب چاہے بھاگ کر میرے دشمنوں یعنی ان بیدار خوار انگریزوں سے جا ملو۔ میری طبیعت جو مجھ پر قابو رکھتی ہے اور جو دل سینے میں رکھتا ہوں اُس میں شک یا خوف کی کبھی گنجائش نہ ہوگی۔

(ایک نوکر آتا ہے)

شیطان تجھے اُلٹے قدم یہاں سے پلٹا دے۔ اے زرد رُو احمق، یہ اُلو کی سی صورت تو نے کیوں بنائی ہے؟

نوکر:۔ دس ہزار سپاہ آرہی ہے۔

میکبتھ:۔ اے بے وقوف سپاہ نہ ہوگی۔ چیختی چلاتی بطخیں ہونگی۔

نوکر:۔ نہیں حضور، سپاہی ہیں۔

میکبتھ:۔ بدبخت جا کر اپنے چہرے کو زخمی کر کے اس سے خون نکال تاکہ زردی کی جگہ سُرخی پیدا ہو۔ اے بزدل احمق بکتا کیا ہے؟ سپاہی کیسے، خوف سے تجھ پر تو وہ زردی کھنڈی ہے کہ تو مر کیوں نہیں جاتا۔ اے خوفزدہ نامُراد بکتا کیا ہے۔ سپاہی کیسے۔ کیسے سپاہی؟

نوکر:۔ حضور انگریزی فوجیں آن پہونچی ہیں۔

میکبتھ:۔ دُور ہو خبیث۔ (نوکر چلا جاتا ہے)

اے علمدار سیمین تُو سُنتا ہے۔ یہ معرکہ جو پیش آنے والا ہے یا تو مجھے کرسیٔ حکومت پر مستقل یا تخت سے معزول کر دیگا۔ بہت دن جی لیا۔ اب تو بہارِ زندگی ختم ہو کر خزاں آچلی ہے۔ ہرے پتے زرد ہو چلے ہیں جو چیزیں عالمِ ضعیفی میں ساتھ ہونی چاہئے تھیں مثلاً عزت، محبت،

دوسروں کی اطاعت، دوستوں اور ہواخواہوں کے گروہ اب ان کا متوقع ہونا عبث ہے۔ ان کی جگہ لعنت و ملامت، وہ بھی بلند آواز سے نہیں بلکہ دل کی گہرائیوں میں پیدا ہے۔ محض ظاہری طور پر لوگوں سے عزت کے جملے اپنی نسبت سنتا ہوں مگر وہ سب اس لئے ہوتے ہیں کہ اگر ہمت ہو تو ان کی نفی کرکے غریبوں کا دل خوش کر دیا جائے۔ ارے سیٹن سنتا ہے ؟

(سیٹن اندر آتا ہے)

سیٹن:۔ حضور کیا حکم ہے ؟

میکبتھ:۔ کہو کچھ اور خبر لائی ؟

سیٹن:۔ جو خبریں اب تک سننے میں آئی ہیں وہ سب درست ہیں۔

میکبتھ:۔ تو پھر میں لڑونگا۔ اور لڑونگا بھی اس وقت تک کہ ہڈیوں پر سے گوشت قیمہ بنا کر کھرچ لیا جائے۔ زرہ بکتر مجھے دو۔

سیٹن:۔ حضور۔ ابھی اسکی ضرورت نہیں۔

میکبتھ:۔ نہیں نہیں۔ ہتیار زرہ بکتر ابھی لگانا چاہتا ہوں۔ کچھ سوار ادھر اُدھر دشمن کا کھوج لگانے دوڑاؤ۔ جن کی زبان پر خوف کی کوئی علامت ہو انہیں فوراً پھانسی چڑھا دو۔ میرے ہتیار زرہ بکتر مجھے دو۔

لے طبیب مریضہ کا کیا حال ہے ؟

طبیب:۔ حضور مرض اتنا سخت نہیں ہے جس قدر کہ خیالات پریشان کر رہے ہیں۔ اور یہی وجہ نیند نہ آنے کی ہے۔

میکبتھ:۔ پھر اس کا علاج کرکے مریضہ کو تندرست کر دو۔ کیا کسی بیمار دماغ و طبیعت کا علاج نہیں کر سکتے ؟ اگر کسی رنج نے طبیعت میں گھر کر لیا ہے تو حافظے سے اسکا تنقیہ کر دو۔ دماغ میں جو کلیفیں اور اذیتیں نقش ہو چکی ہیں اُنہیں مٹا دو۔ مُفرح دواؤں سے خفیہ طور پر اسکے قلب کو صاف کر دو جس میں خطرناک اور فاسد مواد نے جمع ہو کر دل پر ایک بوجھ پیدا کر دیا ہے۔

طبیب:۔ حضور یہ مرض تو ایسا ہے کہ خود مریض اپنا علاج کر سکتا ہے۔

میکبتھ:۔ پھر تو آپ اپنی دوا دارو، علاج معالجے سمیت کتوں کے سامنے ڈال دیں۔ میں کچھ علاج نہیں چاہتا۔ سیٹن ادھر آ۔ مجھے زرہ بکتر پہنا۔ اور میرا نیزہ مجھے دے۔ باہر کی خبر رکھ۔ طبیب تم سنتے ہو ؟ ملک کے تمام امیروں اور سرداروں نے مجھ سے سرکشی اختیار کی ہے۔ ملکہ کے مرض کی تشخیص اچھی طرح کرو۔ اور بیماری دفع کرکے پھر اُسے توانا و تندرست کر دو۔ پھر تمہاری تعریفوں میں میری آواز آسمان تک گونجیگی۔ اور جب آواز وہاں سے پلٹیگی تو بھی تمہاری تعریف اُس سے پیدا ہوگی۔ مرض کو کسی طرح دُور کر دو۔ راوند دوا سنا دو۔ غرض جو دوا مرض کو مٹا دے وہی دو۔ کاش یہ انگریز جلد یہاں سے چلے جاتے۔ تم نے بھی کچھ اُن کا حال سُنا ہے ؟

طبیب:۔ حضور کی تیاریاں دیکھکر کچھ معلوم تو ہوا ہے۔

میکبتھ:۔ ہاں ہیں سب چیزیں لے آؤ۔ میں غارتگری یا موت سے ڈرتا نہیں ہوں۔ جب تک مجھے کچھ خوف نہیں ہے کہ برنام کا جنگل ڈسی نین تک نہ آجائے۔

(سب چلے جاتے ہیں صرف طبیب رہجاتا ہے)

طبیب:۔ کاش اس قلعہ سے میں صحیح سلامت نکل جاتا۔ اب کسی قسم کے فائدے کا خیال مجھے یہاں نہ لائے گا۔

(چلا جاتا ہے۔)

چوتھا منظر:۔ ڈسی نین کے قریب ایک میدان۔ سامنے جنگل کھڑا ہے۔ میلکم، بڈھا، سورڈ

اور اُس کا فرزند، میکدف، منٹیتھ، کاتھنس
اینگس، لینکس، راس، اور بہت سے سپاہی
آتے ہیں فضل و علم کے ساتھ کوچ کرتے نظر آتے ہیں۔

میکلم:- دوستو، عزیزو۔ وہ دن قریب آرہا ہے کہ لوگوں کے گھروں میں امن و عافیت کا دور دورہ ہو۔

منٹیتھ:- اِس میں اب کیا شک و شبہ ہو سکتا ہے۔

سیورڈ:- اِس جنگل کا کیا نام ہے؟

منٹیتھ:- یہ اِس بر نام کا جنگل کہتے ہیں۔

میلکم:- ہر سپاہی درخت کی ایک ایک شاخ توڑ کر ہاتھ میں لے لے۔ اِس سے لشکر کی پوری تعداد دشمن کو نہ معلوم ہو سکیگی۔ اور اگر اس کا کچھ اندازہ بیان بھی کیا جائیگا تو اس میں غلطی ہوگی۔

سپاہی:- حضور، ہم یہی کرتے ہیں۔

سیورڈ:- جہاں تک خبر ملی ہے یہی ہے کہ ظالم میکبتھ جسے اپنے اُوپر بہت کچھ بھروسا ہے ابھی تک قلعہ ڈنسی نین میں ہے اور وہ اس کے لئے تیار ہے کہ ہم قلعہ کا محاصرہ کریں۔ محصور ہو کر وہ ہمارا مقابلہ کریگا۔

میلکم:- اس کی تمام اُمیدوں کا حصر اسی پر ہے۔ کیونکہ جب کبھی کوئی اچھا موقع اس کے فائدے کا آیا اس کے ساتھیوں نے اُس سے بغاوت کی۔ اور کوئی شخص بھی اس کے ساتھ اس وقت ایسا نہیں ہے جسے قطعاً مجبور ہو کر اُسکا ساتھ نہ دینا پڑا ہو۔ اور ان کے دل بھی اس سے پھر رہے ہیں۔

میکدف:- اپنی تلواروں کو بدستور قائم رکھکر لڑائی کا فیصلہ کرنا چاہیئے اور بڑے جفاکش بہادر آزمودہ کار سپاہیوں کی طرح کام کرنا چاہیئے۔

سیورڈ:- لڑائی کے تصفیہ کا وقت قریب آرہا ہے۔ اُس وقت ہم کہیں گے کہ کہاں تک ہمیں فتح ہوئی اور کس حد تک شکست ہوئی۔ قیاسات تو محض ایسی توقعات کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو شبہ ہوتے ہیں۔ تلوار کے ہاتھ البتہ کہیں کہیں بتا دینگے کہ اس لڑائی کی اصلی و حقیقی وجہ کیا ہے۔

(سب مارچ کرتے چلے جاتے ہیں)

پانچواں منظر:- قلعہ ڈنسی نین میں میکبتھ۔
سیٹن اور سپاہی طبل اور جھنڈے لئے آتے ہیں۔

میکبتھ:- باہر والی فصیل پر ہمارے جھنڈے اور پھریرے نصب کرو۔ غل یہی ہے کہ وہ آرہے ہیں۔ لیکن ہمارے اس قلعہ کے برج اور فصیلیں ایسی مستحکم و مضبوط ہیں کہ دشمن کے اس محاصرے پر وہ خندہ زن رہینگی۔ قلعہ کے گرد دشمن کی فوجیں پڑی رہیں حتی کہ فاقے اور وبائیں اُن کا کام تمام کر دیں۔ دشمن کی طاقت تو اُنہی لوگوں نے بڑھائی ہے جو کبھی ہمارا دم بھرتے تھے۔ ورنہ ہم دشمن سے کھلے میدان تیغ آزمائی کرتے۔ اور اُنہیں مار بھگا دیتے۔

(اندر سے ایک عورت کے چیخنے کی آواز آتی ہے۔)

میکبتھ:- یہ آواز کیسی ہے؟

سیٹن:- حضور عورتوں کے رونے کی آواز ہے۔

(باہر جاتا ہے)

میکبتھ:- مجھے تو اب خوف و بیم کا حس تک نہیں رہا۔ ایک زمانہ تھا کہ اگر رات کے وقت کسی کے چیخنے کی آواز سنتا تھا تو از سر تا قدم لرز جاتا تھا۔ اور جب کوئی خوف اور ہیبت کا قصہ سنتا تھا تو بدن کے تمام رونگٹے اس طرح کھڑے ہو جاتے تھے کہ گویا اُن میں جان ہے لیکن اب تو خونی خیالات کے ساتھ خوف و خطر کی اتنی جنریں مجھ میں بھر گئی ہیں کہ کسی بات پر بھی نہیں چونکتا۔

(سیٹن پھر اندر آتا ہے)

کہو وہ کس کی چیخ تھی؟

سیٹن:۔ حضور! ملکہ سلامت گزر گئیں۔

میکبتھ:۔ ایک نہ ایک دن تو موت آنی ہی تھی۔ امروز کے بعد فردا، پھر فردا اور فردا، اور اسی طرح دن پر دن گزرتے چلے جائینگے حتیٰ کہ موت کا مقررہ وقت آ پہونچیگا۔ اور جو دن گزر رہے ہیں وہ ہر احمق کو قبر کی خاک اور تاریکی تک پہونچانے کے لئے روشنی دکھا رہے تھے۔ بجھ، بجھ۔ اے زندگی کی مختصر شمع گل ہو جا۔ یہ زندگی تو ایک چلتی پھرتی پرچھائیں ہے۔ اس تماشا گاہ میں ایک تماشا گر کی طرح غم و غصہ کھا کر ایسی غائب ہوتی ہے کہ پھر نظر نہیں آتی۔ یہ زندگی تو کسی بے وقوف کی کہی ہوئی کہانی ہے جس میں بہت کچھ شور و شغب، رنج و غم ہے مگر حاصل کچھ نہیں۔

(ایک قاصد اندر آتا ہے)

قاصد تو کچھ کہنے آیا ہے۔ بس جو کچھ کہنا ہو جلدی کہدے۔

قاصد:۔ حضور۔ مجھے صرف وہی کہنا ہے جو کچھ کہ میں نے دیکھا ہے۔

میکبتھ:۔ جو کچھ بھی ہو، منہ سے تو پھوٹ۔

قاصد:۔ حضور! میں پہاڑی پر کھڑا پہرا دے رہا تھا۔ برنام کی طرف میری نظر تھی کہ یکایک میں نے اس جنگل کو حرکت کرتے دیکھا۔

میکبتھ:۔ جھوٹے، کاذب، غلام، کیا بکتا ہے؟

قاصد:۔ حضور کا عتاب میرے سر آنکھوں پر، مگر واقعہ یہی ہے جو عرض کیا۔ تین میل سے حضور دیکھ سکتے کہ برنام کا جنگل اس طرف جنبش میں ہے۔ سارا جنگل چلتے درختوں کا ایک جھنڈ سا معلوم ہو رہا ہے۔

میکبتھ:۔ اگر تو جھوٹا نکلا تو پاس سے پاس درخت پر تجھے زندہ لٹکا دونگا تاکہ فاقوں سے سوکھکر تیرا دم نکل جائے۔ اور اگر تو سچا ہے تو پھر اگر تو میرے ساتھ ایسا ہی کرے گا تو مجھے مطلق پروا نہ ہوگی۔ اب تو ہمت ٹوٹ سی چلی ہے۔ اُن جادوگرنیوں نے کہا تھا کہ جب تک برنام کا جنگل دلسی نین تک نہ آئے موت سے نہ ڈر۔ اس وقت ان کے کہنے کا یقین آ گیا تھا مگر اب تو اس میں شبہ معلوم ہوتا ہے۔ برنام کا جنگل تو اب دلسی نین کی طرف آ رہا ہے۔ ہتیار لگاؤ۔ ہتیار لگاؤ۔ یہاں سے چلو۔ اگر یہ قاصد جو کچھ کہتا ہے وہ سچ ہے تو پھر یہاں سے نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔ اب تو میں اپنی زندگی سے تنگ آ گیا ہوں۔ چاہتا ہوں کہ یہ کل کائنات درہم برہم ہو جائے اور میں بھی اسی میں دب کر مروں۔ فوراً کوچ بجاؤ۔ طوفانوں اٹھو۔ غار تگری تو اپنا کمال دکھا۔ کم سے کم ہم ہتیار باندھے تو مریں۔ (سب چلے جاتے ہیں)

چھٹا منظر:۔ دلسی نین۔ طبل و علم لئے آدمی قلعہ کے سامنے آتے ہیں۔ میلکم، سیورڈ۔ میکدف وغیرہ وغیرہ نظر آتے ہیں۔ ان کا لشکر ساتھ ہی ہر سپاہی کے ہاتھ میں درخت کی ایک ایک شاخ ہے۔

میلکم:۔ اب ہم کافی طور پر قلعہ کے پاس آ گئے ہیں۔ سپاہیو۔ اپنے ہاتھوں کا بوجھ پھینک کر دشمن پر اپنی پوری تعداد ظاہر کر دو۔ سیورڈ مع اپنے بہادر اور شریف فرزند کے پہلا حملہ شروع کرتا ہے۔ باقی جو کچھ ہونے والا ہے اُسے ہم اور میکدف اپنے اپنے درجے کے مطابق دیکھ لینگے۔

سیورڈ:۔ اچھا خدا حافظ۔ آج شب کو ہم اس ظالم کی قوت کا اندازہ کرکے اس سے تیغ آزمائی کرتے ہیں اگر کچھ نہ

کر سکے تو پھر شکست میں کلام نہیں۔

میکڈف:- جس قدر شفیر ساتھ ہیں ایکدم پھونکے جائیں۔ اور یہی چیریں خون اور موت کی پیش خیمہ ہوتی ہیں۔

(چلے جاتے ہیں۔)

ساتواں منظر:- میدان جنگ کا ایک موقع۔

(گجر بج رہے ہیں۔ میکبتھ آتا ہے۔)

میکبتھ:- مجھے تو دشمنوں نے گویا ایک ستون سے باندھ دیا ہے۔ کہیں بھاگ نہیں سکتا۔ بہرکیف ایک خونریز وحشی کی طرح مجھے تو لڑنا ہے وہ کون ہے جو عورت کے بطن سے پیدا نہیں ہوا؟ سوائے ایسے شخص کے مجھے کسی دوسرے کا خوف نہیں۔

سیورڈ:- تمہارا کیا نام ہے؟

میکبتھ:- سُنکر ڈر جاؤ گے۔

سیورڈ کا فرزند:- نہیں نام بتاؤ۔ ہمیں پروا نہیں چاہے وہ جلتی ہوئی چیزوں میں دوزخ ہی سے تپتا ہوا کیوں نہ نکلا ہو۔

میکبتھ:- سُنو۔ میرا نام میکبتھ ہے۔

سیورڈ کا فرزند:- اس سے زیادہ قابلِ نفریں نام تو شیطان کی زبان پر بھی نہیں آسکتا۔

میکبتھ:- یہ کیوں نہیں کہتے کہ اس سے زیادہ ہیبت ناک نام تو شیطان بھی نہ لے سکتا تھا۔

سیورڈ کا فرزند:- اے خونی ظالم تو جھوٹا ہے اور آ اس تلوار سے تیرا جھوٹ کھولے دیتا ہوں۔

(دونوں لڑتے ہیں اور سیورڈ کا فرزند مارا جاتا ہے)

میکبتھ:- عورت کا جنا تھا نا۔ میں تو اُن لوگوں کی تلواروں پر ہنستا اور اُن لوگوں کو نظرِ تحقیر سے دیکھتا ہوں جو عورت کے بطن سے پیدا ہوئے ہیں۔ (چلا جاتا ہے۔)

(گجر بجتے ہیں۔ میکڈف آتا ہے۔)

میکڈف:- کُل اُدھر ہو رہا تھا۔ اے جہنمی ظالم، سامنے آ کر اپنی صورت دکھا۔ اگر تو مارا گیا مگر میری تلوار سے قتل نہ ہوا تو میرے بیوی بچوں کا خون بھوت بن کر مجھے لپٹیگا۔ میں غریب اُجرت لیکر لڑنے والوں کو نہیں مارنا چاہتا۔ میکبتھ یا تو تُو میرے مُقابل آ۔ ورنہ میں اپنی تلوار بغیر اُس کی دھار کو کُند کئے نیام میں رکھے لیتا ہوں۔ جہاں اِس وقت شور ہو رہا ہے وہیں وہ ملے گا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بڑا بہادر مارا گیا ہے۔ مجھے تو میکبتھ کی تلاش ہے۔ بس تقدیر۔ اِس سے زیادہ میں کچھ نہیں چاہتا۔

(چلے جاتے ہیں۔ گجر بج رہے ہیں۔)

(میلکم اور بڈھا سیورڈ آتا ہے۔)

سیورڈ:- میلکم، آپ اِدھر آئیں۔ قلعہ آہستہ آہستہ فتح ہو رہا ہے۔ میکبتھ کے آدمی دونوں طرف سے لڑتے ہیں۔ کچھ ہماری طرف ہو گئے ہیں اور کچھ اُس کی طرف ہیں۔ شریف والیانِ مُلک بڑی جوانمردی سے دادِ شجاعت دے رہے ہیں معلوم ہو رہا ہے کہ آج کا دن ہماری فتح کا ہے۔ اور اب کچھ زیادہ کام باقی نہیں ہے۔

میلکم:- لڑائی میں فریقِ مُخالف کے لوگ بھی ہمارا ساتھ دیکر لڑائی میں مصروف ہیں۔

سیورڈ:- آپ قلعہ میں داخل ہوں۔

(چلے جاتے ہیں۔ گجر بجتے ہیں۔)

آٹھواں منظر:- میدانِ جنگ کا دوسرا حصہ۔

میکبتھ آتا ہے۔

میکبتھ:- میں خود کیوں ایک رومانی بے وقوف کی طرح تلوار مار کر خودکشی کروں۔ جب تک کہ آدمی میری تلوار سے

قتل ہونے کیلئے موجود ہوں۔

(میکدف آتا ہے۔)

میکدف:- اے دوزخ کے خونی کتے۔ سامنے آ۔ سامنے۔

میکبتھ:- میں تجھ سے ہمیشہ بچتا رہا ہوں۔ لیکن اب تو بھی آ۔ سامنے آ۔ میرے سر پر تیرے بیوی بچوں کا خون سوار ہے۔

میکدف:- میں منہ سے بولنا نہیں چاہتا۔ اس وقت تلوار میری زبان ہے۔ اے خونی خبیث، زبان کا یارا نہیں کہ تجھے کوئی نام دے سکے۔ (دونوں لڑتے ہیں۔)

میکبتھ:- بے فائدہ محنت کرتا ہے۔ مجھ پر تلوار چلا کر زخمی کرنے کا قصد ایسا ہی بے سود ہے جیسے ہوا کو تلوار سے زخمی کرنا۔ تلوار اُن پر چلا جو مغلوب ہو سکیں۔ میری جان تو ایک طلسم نے محفوظ کر رکھی ہے۔ اور کوئی اسے نہیں لے سکتا بجز اُس کے جو عورت کے بطن سے پیدا نہیں ہوا ہو۔

میکدف:- لعنت ہو تجھ پر۔ اپنی جان اور اس کے طلسم کی طرف سے مایوس ہو جا۔ شیطان جس کا تو ہمیشہ سے تابع رہا ہے وہی تجھے بتائیگا کہ میکدف عورت کے بطن سے پیدا نہیں ہوا بلکہ شگاف دیکر رحم مادر سے قبل از وقت دُنیا میں لایا گیا تھا۔

میکبتھ:- لعنت ہو اُس زبان پر جس نے مجھے یہ بتایا تھا۔ کیونکہ اب میری ساری جوانمردی اور دلیری بزدلی میں منتقل ہوئی جاتی ہے۔ ان شعبدہ باز چڑیلوں کا اب کوئی یقین نہ کرے جو ایک ہی بات کو دو دو مطلبوں سے کہتی ہیں۔ اور جب ان کے پورا ہونے کا وقت آتا ہے تو ان وعدوں کو وہ توڑ دیتی ہیں۔ میکدف اب میں تجھ سے نہیں لڑوں گا۔

میکدف:- تو پھر اے نامراد بزدل ہارمان اور دُنیا کی نظروں میں ایک عجیب تماشا بنکر زندہ رہ۔ اور ہم تجھے ایک پنجرے میں بند کرکے اس طرح رکھیں گے جس طرح ایک وحشی درندے کو رکھا جاتا ہے اور پنجرے پر ایک رنگین تختی لگا کر اُس پر لکھیں گے کہ "جیسے ایک ظالم و سفاک خونی کو دیکھنا ہو وہ اسے دیکھئے"۔

میکبتھ:- میں ہارم گز نہ مانونگا۔ اس لئے زندہ نہ رہونگا کہ میلکم کے قدم چوما کروں، اور اس کے ہوا خواہوں کے منہ سے لعنت ملامت سُنا کروں۔ چاہے برنام کا جنگل وسنی بین ہی تک کیوں نہ آجائے اور تو جو عورت کے بطن سے نہیں ہے میرے مقابل ہو مگر میں تلوار سے آخری آزمائش کرونگا۔ لے میں اپنی سپر سے اپنے تئیں ڈھکے لیتا ہوں۔ میکدف اب تلوار چلا۔ اور لعنت ہو اُس پر جو کہے کہ "بس کر"۔

(لڑتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔ گجر بجتے ہیں۔)

(بھاگڑ، باجوں کی آواز، طبل وعلم کے ساتھ میلکم، بڑھا سیورڈ، راس، لینکس، اینگس، کاتھنس اور بہت سے سپاہی آتے ہیں۔)

میلکم:- خدا سے چاہتا ہوں کہ جو دوست اس وقت نظر نہیں آتے وہ زندہ سلامت یہاں تک آجائیں۔

سیورڈ:- بعض ان میں ضرور کام آئے ہونگے۔ پھر بھی معلوم ہو رہا ہے کہ فتح ہمکو بہت کم نقصان کے ساتھ نصیب ہوگئی ہے۔

میلکم:- میکدف اور آپکا فرزند نظر نہیں آتا۔

راس:- سیورڈ آپکے فرزند نے سپاہی کا قرضہ ادا کر دیا۔ (یعنی وہ کام آگیا۔) اور آخری دم تک بڑی جوانمردی سے لڑتا رہا۔

سیورڈ:- تو کیا وہ لڑائی میں مارا گیا؟

راس:- حضور، ہاں۔ اس کی لاش ہم لڑائی کے میدان سے

یادِ ایّامِ عشرتِ فانی

میری کالج کی زندگی

یہ دلّی ہے۔ یہ دلّی کا ریڈیو سٹیشن ہے۔ اور یہ دہلی کا پُرانا رہنے والا فرحت اللہ بیگ ہے۔ بہت دنوں کے بعد دہلی آیا ہوں۔ خداوندانِ ریڈیو نے اپنی عنایت سے مجھے آپ کو مخاطب کرنے کا موقعہ دیا۔ مگر غضب یہ کیا کہ تقریر کے لئے صرف پندرہ ہی منٹ دیئے۔ اس لئے میرے مضمون کے حق میں رمضان کی عید گو یا بقرعید ہوگئی۔ آخر یہ سوجھی کہ سری پائے الگ کر کے صرف دھڑ کا کچھ حصّہ ملاحظہ میں گذران دوں۔ مضمون ایسا لیتا ہوں کہ جس سے مجھے دلچسپی ہے۔ اور مرتے دم تک رہیگی۔ اور اُس زمانہ کے واقعات بیان کرتا ہوں جب دہلی ہماری تھی اور ہم دہلی کے تھے۔

یہ کچھ انسانی فطرت ہے کہ ہر شخص اپنے زمانۂ طالبعلمی کو اچھا سمجھتا ہے۔ میں بھی اسی فطرتِ انسانی سے مجبور ہوں۔ اور آپ مانیں یا نہ مانیں۔ میں تو یہی کہوں گا کہ کالج کی زندگی کا جو مزا ہمارے زمانہ میں تھا۔ وہ اب نہیں رہا۔ پڑھائی، لکھائی پہلے بھی ہوتی تھی۔ اور اب بھی ہوتی ہے۔ فرق یہ ہے کہ پہلے ایک جماعت میں گنتی کے چند طالبعلم ہوتے تھے۔ اور اب پڑھنے والوں کی زیادتی مدرسہ اور کالج کے بڑے بڑے کمروں کو سکیڑ کر چھوٹا کر دیتی ہے۔ پہلے مدرسہ اور کالج میں اتنے طالبعلم ہوتے تھے کہ اُستاد اور پروفیسر نہ صرف ان کی ترقی تعلیم کو دیکھ سکتے تھے بلکہ انکے ساتھ میل جول رکھ کر ان کے عادات واطوار کو بھی درست کر سکتے تھے۔ اور اب؟ اب طالبعلم اور اُستاد ایسے سیارے ہوگئے ہیں کہ انکا ایک دوسرے کے پاس سے گزرنا ہی مشکل ہے اور خدانخواستہ پاس سے گزر بھی جائیں تو انکے ٹکرا جانے کا ہمیشہ اندیشہ رہتا ہے۔

میں نے مشن کالج دہلی میں تعلیم پائی ہے۔ پہلے اس کالج کے پرنسپل مسٹر رائٹ تھے۔ مگر خدا معلوم یہ کیا بات ہے کہ باوجود بے انتہا شریف اور ہمدرد شخص ہونے کے دہلی والے ان کو پسند نہیں کرتے تھے۔ مگر اُنہوں نے اس کالج اور خاصکر کالج کے فیلڈ کے لئے جو کچھ کیا وہ مشن کالج کی تاریخ میں ہمیشہ یادگار رہے گا۔ ان کا انتقال کچھ ایک دفعہ ہی ہوگیا اور ان کی جگہ مسٹر ہیبرٹ وہ پرنسپل ہوئے۔ اور مسٹر ڈے انگریزی کے پروفیسر ہوکر ولایت سے آئے۔ اگر کسی کو دیکھنا ہو کہ ہم ہندوستانی محبّت کے کتنے بھوکے ہیں تو وہ مسٹر ڈے کے حالات دیکھے۔ راستے کے بچے جنہوں نے شاید انکی شکل بھی پوری طرح نہ دیکھی ہوگی۔ ان کے نام کو اس طرح جوشِ دلی سے لیتے تھے گویا مسٹر ڈے اُن کے بڑے پُرانے دوست ہیں۔ جو انگریز ان دہلی کے بچّوں کے سامنے سے گزرا اور مسٹر ڈے ہوگیا۔ ان کو پڑھانے میں کوئی خاص مہارت نہ تھی۔ مگر اس کو کیا کیا جائے کہ ان کی محبّت اور ان کا ہر تاؤ لڑکوں کو خود شوق سے پڑھنے پر مجبور کرتا تھا۔ اور اس کا وہ نتیجہ ہوتا تھا کہ شاید اچھے سے اچھا پروفیسر بھی وہ نتیجہ پیدا نہ کر سکے۔ حضرات۔ محبّت کی مار بڑی سخت مار ہوتی ہے۔ جو کام محبّت سے نکل سکتا ہو وہ سرمغزنی سے نہیں نکل سکتا۔

مسٹر ڈے میں دوسری خاص قوت تقریر کی تھی۔ وہ اپنے زورِ بیان سے اپنے دلی منشا کو دلوں میں اُتار دیتے تھے۔ ان کو اپنی اس قوت پر ناز بھی تھا۔ اور کہا کرتے تھے کہ میں (Orator) ہوں (Debater) نہیں ہوں۔ اور کیوں نہ ہوں آخر میں آئرلینڈ کا رہنے والا ہوں۔

مسٹر ڈے کی تیسری خصوصیت اُن کا شوقِ تعلیم جسمانی تھا۔ وہ کیمرج کے مستہور کھلاڑی تھے۔ کرکٹ، فٹ بال، کشتی رانی غرض بہت کھیلوں میں انعام پا چکے تھے۔ وہ ہم کو بھی اپنا ہی جیسا بنانا چاہتے تھے۔ کوئی کھیل نہ ہوگا جس میں وہ شریک نہ ہوتے ہوں۔ ان کے جوش کا یہ حال تھا کہ ریل میں کالج کی ٹیم کہیں میچ کھیلنے جا رہی ہے۔ کسی بڑے اسٹیشن پر گاڑی ٹھیری۔ وہ فٹ بال لیکر اُترے اور پلیٹ فارم ہی پر کھیل شروع کر دیا۔ مسافر ہیں کہ کھڑے تماشہ دیکھ رہے ہیں۔ نئے مسافروں کو گاڑی تک جانے کی جگہ نہیں ملتی۔ سودا بیچنے والے پریشان ہیں۔ گارڈ سیٹیوں پر سیٹیاں بجا رہا ہے۔ لیکن یہاں برابر دنادن ہو رہی ہے۔ کالج کے کمروں میں مسٹر ڈے ضرور پروفیسر بنے رہتے تھے۔ اور بڑا رعب داب دکھاتے تھے۔ مگر فیلڈ میں آتے اور اس طرح مل جل گئے گویا وہ بھی ایک طالبعلم ہیں۔ وہ کپتان کی اتنی عزت کرتے تھے کہ کوئی لڑکا بھی کیا کرے گا۔

ہمارے کالج کے پرنسپل مسٹر ہیبرٹ ویر تھے۔ یقین مانیئے کہ ان سے سب کا دم نکلتا تھا۔ وہ زبان سے نہیں پڑھاتے تھے آنکھوں سے پڑھاتے تھے۔ آپ سمجھے کہ آنکھوں سے پڑھانے کا کیا مطلب ہے۔ حضرات۔ وہ حضرت مسمریزم جانتے تھے آنکھوں میں ایسی چمک تھی کہ خدا کی پناہ۔ جہاں کسی دن کوئی تیار ہو کر نہیں آیا اور اُنھوں نے ذرا گھورا۔ بس سمجھ لیجئے اس لڑکے کا تو خاتمہ بالخیر ہو گیا۔ اس کے بعد مجال نہ تھی کہ وہ صاحب آئندہ تیار ہوئے بغیر کمرہ میں قدم رکھیں۔

ہے یہ۔ کہ عام طور پر انسان کا وزن دو۔ پونے دو من ہوتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ لمبان اور چوڑان کے لحاظ سے اس وزن کی تقسیم انسانی جسم میں مختلف طریقہ سے ہو جاتی ہے۔ بعض چوڑے ہوتے ہیں تو لمبان کم ہو جاتی ہے۔ اور بعض لمبے ہوتے ہیں تو چوڑان گھٹ جاتی ہے۔ چونکہ مسٹر ہیبرٹ ویر کی چوڑان کچھ تھی ہی نہیں۔ اس لئے اندازہ کر لیجئے کہ ان کی لمبان کیا ہو گی، تمام دُنیا میں پیدل پھر آئے تھے۔ اور رہے بھی یہ۔ کہ اتنی لمبی ٹانگیں ہونے پر دُنیا کا چکر کاٹ لینا کیا بڑی بات ہے۔ ایک دفعہ اُن کی تیز رفتاری سے ہم بھی مار کھا چکے ہیں۔ ہوا یہ۔ کہ ہماری فال سٹاف سوسائٹی (Shakespeare Society) ہوئی۔ قرار پایا تغلق آباد چلو۔ سوسائٹی کے سارے ممبر ایک دن پہلے ہی چل دیئے۔ رہ گئے کون کہ میں اور مسٹر غلام یزدانی (یہ وہی حضرت ہیں جو حیدر آباد کے ناظم آثارِ قدیمہ ہیں۔ اور اپنے فن کے ماہر مانے جاتے ہیں) وہاں۔ ہم دونوں میں ٹھیری کہ رات کے تین بجے نکل چلو۔ صبح ہوتے ہوتے قطب پہنچ جائیں گے۔ وہاں ناشتہ کریں گے۔ وہاں سے نکل کر گھنٹے ڈیڑھ گھنٹہ میں تغلق آباد پہنچ جانا کیا بڑی بات ہے۔ جاڑوں کے دن تھے۔ سردی اس بلا کی پڑ رہی تھی کہ خدا کی پناہ مگر ہم اُس زمانہ میں دہلی والے تھے۔ اس سردی کو بھلا کب خاطر میں لاتے۔ دلی سے نکلے اور رات کے تین ہی بجے نکلے۔ موٹے موٹے اوور کوٹ پہنے۔ کانوں سے گلوبند لپیٹے۔ کوٹ کی جیبوں میں چبینا بھرا۔ اور چل میرے بھیا قطب کو۔ شہر میں تو کچھ ایسی سردی معلوم نہیں ہوئی۔ مگر اجمیری دروازے سے نکل کر مزا آ گیا۔ کان تو خیر چھپے ہوئے تھے۔ پہاڑ گنج سے نکلتے نکلتے ناک غائب ہو گئی۔ وہاں سے ذرا سرپٹ بھاگے۔ اور خدا خدا کر کے منصور کے مقبرے

ے گئے مقبرے کے سامنے گاڑیاں کھڑی کیں الاؤ جلائے مزے سے بیٹھے حقے اُڑا رہے تھے۔ ہم دونوں بھی انہی میں دھنس ئے۔ ان لوگوں کے اصرار سے حقے کے دو چار دم لگائے۔ جب کہیں جا کر ذرا سردی دبی۔ ابھی آدھا راستہ باقی تھا۔ اور صبح ونے ہونے قطب پہنچنا تھا۔ اس لئے پھر اُٹھے اور چیبنا اُڑاتے آگے بڑھے۔ کچھ کچھ صبح ہو رہی تھی، کہ قطب کی لاٹ کے س پہنچ گئے، یہاں پہنچکر معلوم ہوا کہ ہمارے ساتھی ابھی آرام خاص میں ہیں طبیعت گرمائی ہوئی تھی۔ صلاح ہوئی کہ بڑھے ہو اور سب سے پہلے تغلق آباد پہنچ جاؤ۔ یہ خیال آنا تھا کہ اسپر عمل ہونے لگا۔ کوئی سات ساڑھے سات بجے ہوں گے ہم دونوں نے یہ مہم بھی سر کر لی۔ نو بجے کے قریب ہمارے سب ساتھی بھی آ گئے۔ سہ پہر تک سب تغلق کی قبر پر اُودھم پاتے رہے۔ کوئی چار بجے ہوں گے کہ مسٹر ہیبرٹ دیر نے کہا کہ مجھے آج ۶ بجے ایک ضروری کام ہے۔ میں تو جاتا ہوں۔ وئی میرے ساتھ چل سکتا ہے۔ اس فقرہ میں لفظ "سکتا" بہت طعن کا لفظ تھا۔ ہم دونوں کیا دبنے والے تھے۔ ساتھ چلنے تیار ہو گئے۔ اُس اللہ کے بندہ نے قلعہ سے نکلتے ہی جو لمبے لمبے ڈگ بھرنے شروع کئے تو میرا اور میاں غلام یزدانی فشار ہو گیا۔ ہم دونوں بھاگتے تھے مگر وہ حضرت ہم سے دو چار قدم آگے ہی رہتے تھے۔ پسینہ ناک سے ٹپکنے لگا۔ ہاتھ وں جواب دے گئے۔ آخر بھاگتے دوڑتے، اُچھلتے کودتے کالکا جی تک آ ہی گئے۔ یہاں صاحب نے فرمایا "میں جاتا ہوں تمہاری وجہ سے میری منزل کھوٹی ہوتی ہو اب تک تو میں دہلی کے قریب پہنچ چکا ہوتا"۔ ہم نے کہا "بسم اللہ کیجئے۔ اب ہم میں چلنے کا دم نہیں ہے"۔ وہ تو یہ کہہ روانہ ہوئے اور ہم نے کنوئیں کے پاس آ کر اور کوٹ اُتارے۔ پانی پیا۔ ذرا دم لیا۔ جب کہیں جا کر اوسان دُرست ہوئے۔

ہمارے فارسی کے پروفیسر مولوی شاہجہاں تھے۔ بڑے اچھے آدمی تھے۔ فارسی بہت اچھی تھی۔ پڑھاتے بہت اچھی طرح تھے۔ لیکن تھے "دہلی والے" جانتے تھے کہ ان لوگوں کو ذرا شہ دی اور یہ ہتے سے گئے۔ محبت کرتے تھے اور سب کو اپنے ہی بچوں کی طرح سمجھتے تھے۔ مگر کسی کو حد سے آگے نہیں بڑھنے دیتے تھے۔ اُس زمانے میں شیشے پر پھول پتے بنانے کا شوق مجھے ہوا۔ شیشے پر میں نے ایک تصویر بنائی تھی۔ وہ ان کو بہت پسند آئی۔ کہنے لگے "فرحت ہم کو بھی کوئی چیز بنا کر لا دے۔ تیری یاد گار رہے گی۔ مگر بھئی تصویر نہ بنانا۔ کوئی شعر لکھدینا"۔ دوسرے یا تیسرے دن میں ایک گلاس بنا کر لے گیا۔ اُسپر حافظ کا یہ شعر لکھا تھا ؎

مئے دوسالہ معشوق چاردہ سالہ ٭ ہمیں است مراصحبت صغیر وکبیر

مولوی صاحب نے گلاس دیکھا۔ بہت پسند کیا۔ اس کے بعد جو شعر پڑھا۔ تو بس بگڑ ہی تو گئے۔ کہنے لگے "واہ میاں صاحبزادے اپنے دادا کے برابر اُستاد کی اچھی قدر کی ہے۔ میرے لئے تجھے یہ شعر لکھتے شرم نہیں آئی۔ ذرا مجھ شریر کے بُڈھے کو دیکھ اور اس شعر کو دیکھ۔ صاحب بہادروں کی صحبت میں رہ کر یہ نہ ہو گا تو اور کیا ہو گا ....." اور کیا کیا کہا۔ بس یہ نہ پوچھو۔ میں نے بغیر سوچے سمجھے یہ شعر لکھدیا تھا۔ مولوی صاحب کی باتیں سُنکر جب غور کیا تو اُس وقت معلوم ہوا کہ لاحول ولاقوۃ کیا بیہودگی ہوئی ہے۔

میں بی۔ اے کے ابتدائی سال میں تھا کہ "بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا" یعنی مشن کالج میں ایک ایسا شخص آیا جسپر نہ صرف

مشن کالج بلکہ تمام ہندوستان کو فخر ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ وہ کون کہ ریورنڈ سی۔ ایف۔ اینڈروز۔ انھوں نے آتے ہی کالج کا رنگ ہی بدل دیا۔ اور بتا دیا کہ دُنیا میں خودداری بھی ایک چیز ہے۔

ان کے زمانے کے اتنے واقعات ہیں کہ اگر میں کہنے بیٹھوں تو دنوں میں ختم نہ ہوں۔ وقت کم ہے اِس لئے ایک واقعہ سُن لیجئے۔ ہوا یہ کہ ہم لاہور جا رہے تھے۔ دوسرے روز یونیورسٹی ٹورنامنٹ میں کرکٹ میچ کھیلنا تھا۔ مسٹر اینڈروز بھی ساتھ تھے۔ وہ ہمارے ساتھ انٹر کلاس میں سفر کرنا چاہتے تھے۔ مگر ہم نے زبردستی انکو سیکنڈ کلاس میں بٹھایا تاکہ ہماری آزادی میں کھنڈت نہ پڑے، انٹر کی صرف ایک ہی گاڑی تھی۔ ساری کی ساری پر ہم ۱۳-۱۴ لڑکوں نے قبضہ کرلیا۔ خوب پھیل پھیل کر بیٹھے۔ ایک درجے میں ہم ۳ لڑکے تھے۔ میں۔ بلند اقبال اور حسین مرزا۔ کوئی ایک بجے رات کو گاڑی بھٹنڈہ پہنچی۔ کیا دیکھتے ہیں کہ انگریزی باجہ بج رہا ہے۔ اور ایک زبردست برات سوار ہونے کو پلیٹ فارم پر کھڑی ہے۔ بلند اقبال نے حسین مرزا سے کہا "مرزا ذرا دروازہ روک کر کھڑے ہو جاؤ۔ کسی کو آنے نہ دینا" چونکہ ہمارا ہی درجہ بالکل سامنے تھا۔ اس لئے اسی پر سب سے پہلے اور سب سے زیادہ سخت حملہ ہوا۔ مگر حسین مرزا کیا ماننے والی اسامی تھا۔ اُس نے دروازے کو اینچ بھر نہ کھلنے دیا۔ اسی کشمکش میں کسی نے اسکو گالی دیدی۔ گالی کا دینا تھا۔ کہ حسین مرزا قلانچ مار بھوکے شیر کی طرح اُس گالی دینے والے پر جا پڑا۔ اس کا اس طرح گرنا اور سب لڑکوں کا درجے کھول بھول کر کے باہر نکلنا! خوب چلی۔ مگر لڑکوں کے مقابلے میں بھلا یہ برات والے کیا ٹک سکتے تھے آخر بھاگے اور "ملا کی دوڑ مسجد" پر عمل کر کے اسٹیشن ماسٹر کے پاس پہنچے۔ وہ صاحب بہادر چند سپاہیوں کو لیکر گاڑی کی طرف آئے اور آتے ہی گڑبڑ مچادی۔ پولیس والوں کو حکم دیا کہ سب لڑکوں کو گاڑی سے اُتار دو۔ اِدھر پولیس والوں سے ہماری چل رہی تھی اُدھر مسٹر اینڈروز گاڑی سے اُترے۔ آہستہ آہستہ لنگڑاتے ہوئے آئے۔ اسٹیشن ماسٹر کے گلے پر ہاتھ رکھ کر دھکا دیا اور کہا "چلے جاؤ یہ میری ٹیم ہے"۔ اسٹیشن ماسٹر صاحب چکرائے کہ یہ کون حضرت ہیں۔ جو مجھ دردی پہنے ہوئے افیسر سے بھی اس گستاخی کے ساتھ پیش آ رہے ہیں۔ انھوں نے ذرا پیچھے ہٹ کر بلند اقبال سے پوچھا جب انکو معلوم ہوا کہ یہ مسٹر اینڈروز ہیں تو وہ اپنے سپاہیوں کو لے رخصت ہوئے۔ وہ تو اُدھر گئے اور اِدھر مسٹر اینڈروز نے پلیٹ فارم پر غصہ میں ٹہلنا شروع کیا۔ وہ ٹہل ہی رہے تھے کہ ایک بڑے میاں نے مجھ سے آکر کہا "میاں ہمارے پاس انٹر کے ٹکٹ ہیں۔ ہم تھرڈ میں بیٹھ جاتے ہیں، دولھا کو اپنے پاس انٹر میں بٹھا لو"۔ میں نے کہا "کیا ہرج ہے۔ ہماری تمہاری خدانخواستہ کوئی لڑائی تھوڑی ہے۔ زبردستی اس وقت بات بڑھ گئی"۔ اُن بڑے میاں نے دولھا میاں کو بُلا ہمارے درجہ میں بٹھا دیا۔ ہم نے بھی اس کے لئے اپنا پورا پنچ خالی کر دیا، دولھا میاں کو وہاں بیٹھے کچھ زیادہ دیر نہ گذری تھی کہ مسٹر اینڈروز ٹہلتے ہوئے ہمارے درجہ کی طرف آئے، جھک کر کیا دیکھتے ہیں کہ دولھا میاں نہایت ٹھاٹھ سے ایک پنچ پر بلا شرکت غیرے قابض۔ ہنسکر ذرا اُونچی آواز میں کہا "شریروں میں تمہارا مطلب سمجھ گیا۔ گاڑی چلنے کے بعد تم اس کی کُندی کر دگے"۔ شادی والوں میں بعض لوگ انگریزی جانتے تھے۔ وہ ہمارے سر ہو گئے۔ کہ دولھا کو اُتار دو۔ ہم نے بہت سمجھایا۔ مسٹر اینڈروز نے بھی ہماری تائید کی اور کہا کہ لڑکے کو

بیٹھا رہنے دیا میں نے صرف اس وجہ سے دخل دیا تھا کہ اسٹیشن ماسٹر اپنا زور دکھانے آیا تھا۔ اگر سیدھی طرح کہتا تو میں خود بگ وا دیتا۔ مگر وہ کیا مانتے والے تھے۔ آخر دو ولٹا کو ہمارے درجہ سے اُتار کر تھرڈ کلاس میں ٹھونس دیا۔

مسٹر اینڈرروز کی ہمیشہ سے یہ رائے تھی کہ ہندوستانیوں کی خودداری کو صدمہ پہنچایا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے ان کے دل عہدہ داروں سے صاف نہیں رہتے۔ اگر ان کے ساتھ برابری کا سلوک کیا جائے تو ہندوستان امن کا گہوارہ بن سکتا ہے، وہ اب سیاسیات میں پڑ گئے ہیں۔ مگر جہاں تک مجھے معلوم ہے ان کا نقطۂ نظر اب بھی وہی ہے جو پہلے تھا۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہر ہندوستانی ان سے محبت کرتا ہے اور ہمیشہ کرے گا۔

مسٹر اینڈرروز کا پڑھانا غضب کا پڑھانا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ ایک دریا ہے کہ بہہ رہا ہے۔ ٹینی سن کی "ان میموریم" کا پڑھانا ان کے ذمہ تھا۔ ان کی پڑھائی کا اس سے اندازہ کر لیجئے کہ اس کتاب کے شروع میں ایک صفحہ کی جو افتتاحی نظم ہے اس کو انھوں نے سو دن میں پورا کیا تھا۔ تصوف اور ویدانت کے اصول بیان کر کے۔ اور حضرت امام غزالی ابن عربی۔ مولانا روم اور گیتا کے حوالے دے کر جب وہ ان کا مقابلہ ٹینی سن کے مصرعوں سے کرتے تھے۔ تو آنکھیں کھل جاتی تھیں۔ اور معلوم ہوتا تھا کہ ان کی واقفیت عامہ کس قدر ہے اور ٹینی سن نے کس محنت سے ان چیزوں کو ایک جگہ جمع کیا ہے۔ اور کس خوبی سے اپنی کتاب میں داخل کیا ہے۔ اور ساتھ ساتھ یہ بھی پتہ چلتا تھا کہ ان باتوں میں ابھی یورپ والے ہم ایشیا والوں سے کتنے پیچھے اور ہمارے کس قدر خوشہ چیں ہیں۔ اس طرح پڑھاتے ہوئے میں نے دو ہی شخصوں کو دیکھا ہے، ایک مسٹر اینڈرروز اور دوسرے مولوی نذیر احمد مرحوم۔ مولوی صاحب کا بھی یہی حال تھا، وہ حماسہ۔ معلقات اور متنبی کے ہر شعر کے ساتھ یورپ کے مختلف ادیبوں کے مقولے بیان کرتے تھے اور بتاتے تھے کہ دیکھو اس مضمون کو یورپ والوں نے ہم سے لے کر اس طرح ادا کیا ہے۔ ان دونوں کا پڑھانا صرف امتحان پاس کرانے کے لئے نہیں تھا۔ عالم بنانے کے لئے تھا۔ اور ان سے پڑھنے کے بعد ہم سمجھتے تھے کہ دُنیا میں ان دونوں کی عزت انکی علمیت کی وجہ سے ہے نہ کہ شخصیت کی وجہ سے۔

الغرض ہمارے تین طرح کے پروفیسر تھے۔ مسٹر ہیرٹ ویر کہتے تھے کہ دماغی ترقی کرنے کے لئے "پڑھو۔ پڑھو۔ اور پڑھو"۔ مسٹر رڈے کہتے تھے کہ جسمانی ترقی کے لئے "کھیلو۔ کھیلو۔ اور کھیلو" اور مسٹر اینڈرروز فرماتے تھے اپنی عزت قائم کرنے کے لئے "لڑو۔ لڑو۔ اور لڑو"۔

غرض کہاں تک سناؤں وقت کم اور داستان بڑی ہے اسلئے میں اس مضمون کو ختم کرتا ہوں اور آخر میں عرض کرتا ہوں کہ جب تک پڑھانے والے پڑھنے والوں سے محبت کا برتاؤ نہ کریں گے جب تک انکی خودداری کو قائم نہ کریں گے جب تک ان کے اطوار اور عادات کا خیال نہ رکھیں گے۔ اور انکی جسمانی ترقی کو بھی تعلیم کا ایک جزو نہ سمجھیں گے اسوقت تک کبھی یہ نہ کہا جائیگا کہ انہوں نے اپنے فرض کو پوری طرح انجام دیا۔ اور جب تک پڑھنے والے ان پڑھانے والوں کی محبت کی قدر نہ کرینگے۔ جب تک اپنی دماغی تعلیم کے ساتھ اپنی صحت جسمانی کا خیال نہ رکھیں گے اور جبتک یہ نہ سمجھیں گے کہ خودداری بھی ایک بڑا جوہر انسانی ہے اسوقت تک نہ دُنیا میں کبھی انکی قدر ہوگی اور نہ یہ کہا جا سکے گا کہ انھوں نے اپنی تعلیم کی تکمیل کی۔

(باجازت ڈائریکٹر صاحب ڈی ٹی ریلوے اسٹیشن دہلی)

مرزا فرحت اللہ بیگ دہلوی

بی ہمسائی

بحسن خلق توان کرد صید اہل نظر ؎ بہ بند دو انہ نہ گیرند مرغ دانا را

یہ وہی بی ہمسائی ہیں جنہوں نے مولوی افراسیاب بیگ کے ہاں بدیع الزماں اور ان کی بیوی کی کھچی بدلنے کی خبر پہنچائی تھی جس دن سے سرتاج بانو بدیع الزماں کے ہاں بیاہی آئی تھی۔ اور شادی کے موقع پر بی ہمسائی کی بات تک بھی نہ پوچھی گئی تھی۔ اُسی دن سے بی ہمسائی خفا ہوگئی تھیں اور زیادہ خفگی کا باعث انکے بے تکے چال چلن ہوتے تھے۔ یہاں نیری بی ہمسائی ہی نفرت کرنے والی نہ تھیں بلکہ سارا محلہ خفا سا ہوگیا تھا۔ یہ زیادہ تر ان لوگوں کی بے پردگی کی وجہ تھی۔ محلہ میں جو لوگ آباد تھے وہ غیر تعلیم یافتہ تھے۔ اور پرانے رسم و رواج کے پابند تھے۔ ان کی نظر میں بے پردگی۔ چوری اور دوسرے بے حیائی کے کاموں سے بھی زیادہ ناقابل معافی گناہ تھا خیر ہم کو اس سے کیا غرض۔ ہم کو تو بی ہمسائی کا قصہ کہنا ہے۔ بی ہمسائی کے مکان کی ایک طرف کی دیوار بدیع الزماں کے مکان سے ملحق تھی۔ کوٹھے پر سے دیوار پر کھڑے ہوکر ان کے مکان کا اچھا خاصہ حصہ نظر آتا تھا۔ بی ہمسائی کے گھر میں چار آدمی تھے اور ایک شیر خوار بچہ۔ دو میاں بیوی۔ اور ماں بہن۔ میاں چھتریوں کی مرمت کا کام کرتے تھے۔ دُکان نئی سڑک پر تھی۔ روزانہ روپیہ ڈیڑھ روپیہ کما لیتے تھے۔ اس میں گھر کا خرچ بمشکل چلتا تھا۔ مکان اور دُکان کا کرایہ نکلنا دشوار ہوجاتا تھا۔ بی ہمسائی پہلے تو بدیع الزماں کے گھر میں آیا جایا کرتی تھیں۔ اور دیوار پر کھڑے ہوکر بھی بات چیت کرتی تھیں۔ مگر وحید الزماں کی شادی کے بعد سے اُنہوں نے ملنا جُلنا ترک کر دیا تھا۔ یہ کبھی ان کی پیسے دھیلے کی شرمندہ نہ تھیں۔ ہاں حصہ بقدر حسب حیثیت دونوں طرف سے جاری تھا۔ اب کبھی کبھی وہ دیوار پر کھڑی ہوجاتی تھیں اور ان کے گھر میں جھانکتی تھیں اور بُرے بُرے مُنہ بنایا کرتی تھیں اور بڑبڑاتی جاتی تھیں۔ خصوصاً سرتاج بانو پر جب نظر پڑتی تھی تو بہت چراغ پا ہوتی تھیں۔ مگر ادھر سے ان کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا تھا اور انکی بھی کچھ کہنے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ بی ہمسائی حسب معمول دیوار پر کھڑی گھریاں گھونٹ رہی تھیں ان کی پُشت پر جو دیوار تھی اس پر بندر آن بیٹھا جب انہوں نے ادھر مُنہ اٹھا کر دیکھا تو اس کمبخت نے دانت نکالکر خیں کی اور ان کی طرف بھپکا۔ بی ہمسائی کے تو آئے اوسان جاتے رہے۔ بے تحاشا زینہ کی طرف بھاگی پاؤں میں ایک برکے پائنچہ کا پاجامہ تھا وہ اُلجھا اور یہ دھڑام سے ساری سیڑھیوں پر سے لڑھکتی ہوئی نیچے جا پڑیں، سر دہلیز سے ٹکرا کر پھوٹ گیا اور خون جاری ہوگیا۔ انھوں نے ہائے ویلا کا شور مچایا۔ رونا پیٹنا شروع کر دیا۔ گھر والے دوڑے اور ان کو ہاتھوں ہاتھ اٹھالے گئے۔ لیجاکر چارپائی پر ڈال دیا۔ علاج معالجہ کی فکر کی۔ مگر ان کا رونا پیٹنا نہ تھمنا تھا نہ تھما۔ اتنا پیٹیں کہ باہر گلی والے جمع ہوگئے۔ یہ کہہ کہہ کر روتی تھیں۔ ہائے میں مرگئی۔ میرا دم نکل گیا میرا سر پھوٹ گیا۔ ہائے کوئی خدا کا بندہ جاکر نتھے کے باپ کو خبر کر دے۔ مرتے وقت میری صورت تو دیکھ لیں"۔ ایک لڑکے نے باہر سے جو یہ سُنا تو یہ سمجھا کہ واقعی بی ہمسائی کا انتقال ہوگیا۔ وہ ان کے میاں کی دُکان جانتا تھا۔ سرپٹ اُدھر دوڑ پڑا۔

اب یہاں کا قصہ یہاں چھوڑیئے اور سرتاج بانو کی طرف متوجہ ہوئیے۔ جب سرتاج بانو نے یہ غُل غپاڑہ سُنا تو بے چین

ہوگئی۔ ماما سے کہا کہ جلدی جا اور بی ہمسائی کی خبر لا۔ اس نے آکر کہا۔ ہمسائی کو ٹھٹے پر سے گر پڑی ہیں ان کا سر پھٹ گیا ہے خون بہہ رہا ہے۔ یہ سُنتے ہی سرتاج بانو بیتاب ہوگئیں۔ وحید الزماں سے کہا ڈارلنگ تم ڈاکٹر صاحب کو ٹیلیفون کرو اور کہدو کہ اس کام کے متعلق سامان لے کر فوراً آجائیں۔ موٹر بھیجدو۔ میں ہمسائی کے ہاں جاتی ہوں اور ان کی خبر لیتی ہوں۔ یہ بوڈی کولون کی بوتل ہاتھ میں کپڑا کوٹن دول ساتھ لے ہمسائی کے گھر جا پہونچیں۔ وہاں سب کے سب ششدر رہ گئے۔ کہنے لگی رونے پیٹنے سے کچھ فائدہ نہیں میں نے ڈاکٹر کو موٹر بھیجی ہے وہ ابھی آتے ہونگے۔ اتنے میں ان کی مرہم پٹی کرتی ہوں۔ جلدی سے روئی نکال پانی میں بھگوئی اور زخم کو دھویا۔ پھر بوڈی کولون میں روئی بھگو کر زخم کو خوب صاف کیا اور روئی وہاں رکھدی۔ کسکر کپڑے کی پٹی باندھ دی۔ خون اسی وقت رُک گیا۔ زخم کچھ گہرا نہ تھا۔ بالکل سطحی تھا۔ خود ان لوگوں کے پاس بیٹھی رہی تسلی تشفی کرتی جاتی تھی اور ایک ہاتھ سے مریضہ کو پنکھا جھلتی جاتی تھی۔

اب بی ہمسائی کے میاں کا حال سُنیئے۔ میاں دُکان پر ٹوپی اُتارے بے فکر بیٹھے ہتوڑی ہاتھ میں لے دھڑا دھڑ چھپر ٹونکی مرمّت کر رہے ہیں۔ اتنے میں لڑکے نے آن کر ایک بھیانک آواز میں یہ کہا۔ میاں کیا بیٹھے ہو تمہاری بیوی تو ٹھٹے پر سے گر پڑیں سر پھٹ گیا اور مر گئیں۔ بھلا ان کو یہ سُننے کی کہاں تاب تھی۔ بے چین ہوگئے۔ ہتوڑی ہاتھ کی ہاتھ ہی میں رہی اور ٹوپی اپنی جگہ۔ جوتی بھی پاؤں میں نہیں ڈالی۔ سیدھے دوڑتے ہوئے گھر کی طرف ہولئے۔ سر پر پٹھے ہیں ہاتھ میں ہتوڑی ہے اور ہاتھ اوپر کو اُٹھا ہوا ہے۔ اور یہ بے تحاشا بھاگے چلے جا رہے ہیں۔ سر کے بال ہوا میں اُڑ رہے ہیں۔ عجب تماشا نظر آتا ہے۔ جو دیکھتا ہے اس کے ہنسی کے مارے پیٹ میں بل پڑے جاتے ہیں۔ مگر ان کی توجہ کسی طرف نہیں ہے۔ بیوی کے غم میں بیتاب ہیں۔ مُنہ اُٹھا ہوا ہے۔ سینہ نکلا ہوا ہے اور بھاگ رہے ہیں۔ راستہ میں بیچ سڑک پر دو سانڈ لڑ رہے تھے۔ آدمیوں کی سڑک کے دونوں طرف بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ اِدھر اُدھر سے بچکر گذرنا ناممکن تھا۔ لوگ لاکھ روکتے رہے مگر ان کو اپنے آپے کی بھی خبر نہ تھی۔ بلا تامل بجاروں کے بیچ میں گھس گئے۔ ایک سانڈ کے ریلے میں آکر دُور جا پڑے ہتوڑی جو ہاتھ میں تھی وہ کھٹاک سے ماتھے پر جا لگی اور خون بہنے لگا۔ کیوں نہ ہو جب لیلیٰ کے فصد کھلی تھی تو مجنوں کے اپنے آپ خون جاری ہوگیا تھا۔ یہ کوئی مجنوں سے کم تھوڑی ہیں۔ لوگ ہزار روکتے رہے اور خون پوچھنا چاہا۔ مگر ان پر تو بیوی کی محبّت بھوت سوار تھا۔ پھر دوڑ پڑے خون میں کُرتہ کیا پاجامہ تک تر ہوگیا۔ مگر کسی طرح گھر لے لیا۔ گھر میں جو گھسے تو بیوی اچھی خاصی بھلی چنگی۔ زندہ سلامت پلنگ پر پڑی ہوئی ہنس رہی تھیں۔ میاں نے جو یہ حال دیکھا تو بن میں جان آگئی۔ مگر بیوی نے میاں کو جو خون میں نہایا ہوا پایا تو چیخیں مار مار کر رونے لگیں۔ ڈاکٹر صاحب موجود تھے۔ بی ہمسائی کی مرہم پٹی کر چکے تھے اور ان کی بہت سرتاج بانو کو سب کچھ سمجھا دیا تھا۔ یہ ماجرا دیکھکر ڈاکٹر صاحب اور سرتاج بانو پریشان ہوگئے۔ ڈاکٹر صاحب نے بجھا بجھا کر گھر والوں کا رونا پیٹنا بند کرایا اور بی ہمسائی کے میاں کی مرہم پٹی کر کے ان کو دوسری چارپائی پر ڈالدیا۔ خدا کا شکر ہے کہ اُن کا زخم بھی کچھ شدید نہ تھا۔ اب ڈاکٹر صاحب یہاں سے روانہ ہونے لگے۔ بی ہمسائی کو ان کے پیسے لینے کی فکر ہوئی۔ گھر میں ٹکا نہ تھا۔ سرتاج بانو سمجھ گئیں۔ ان سے کہا۔ یہ تو ہمارے گھر کے ڈاکٹر ہیں۔ ان کو پیسے لینے کا خیال نہ کرنا۔ یہ پہلے ہی سے گھر کی حالت دیکھ جان گئی تھیں کہ وہ سب بہت مفلوک الحال ہیں۔ سُنے

خیال کیا کہ جب گھر کا کماؤ بیمار پڑا ہوا ہے تو یہ کہاں سے خرچ چلائیں گے۔ یہ سوچکر گھر آئی اور پچاس روپے کے نوٹ لیکر پھر جا پہنچی اور چپکے سے بی ہمسائی کے ہاتھ میں دیدئے۔ وہ انکار بھی کرتی رہیں مگر اُس نے ان کو سمجھا دیا اور کہہ دیا کہ روپیہ واپس کرنے کی فکر نہ کرنا۔ اب بی ہمسائی سمجھیں کہ جس لڑکی سے یہ نفرت کرتی تھیں۔ وہ کس اعلیٰ خوصلت کی ہے۔ اور وقت پڑے پر کس طرح غریبوں کے کام آتی ہے۔ اب ان کی ساری نفرت محبت میں مبدل ہوگئی۔ تھوڑے دنوں میں دونوں میاں بیوی بھلے چنگے ہوگئے اور بی ہمسائی سرتاج بانو کے پاس آنے جانے لگیں۔ سرتاج بانو نے ان کی فلاکت کا حال اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا تھا۔ ایک دن ان سے بہت احتیاط سے کہ ان کو ناگوار نہ گزرے ان کے گھر کا حال دریافت کرنے لگیں۔ بی ہمسائی نے کہا۔ بیوی کیا پوچھتی ہو۔ بڑی مصیبت سے گزران ہوتی ہے۔ ہم چار دم ہیں اور ایک کمانے والا۔ کماتے کماتے ہارا جاتا ہے مگر پوری نہیں پڑتی۔ خیر خدا کا شکر ہے دال روٹی کھا لیتے ہیں اور بُرے بھلے حال تن ڈھک جاتا ہے۔ مگر میری نند سیانی ہوگئی ہے۔ اُس کی شادی کا ہم سب کو بڑا فکر ہے۔ نسبتیں جگہ جگہ سے آتی ہیں۔ مگر ہم ٹال دیتے ہیں۔ شادی کریں تو کیونکر کریں۔ آخر چار برتن اور چار جوڑے تو ہونے چاہئیں۔ عمر بھر کُنبے قبیلے والوں کا کھایا ہے۔ چار آدمیوں کے ہاتھ بھی دُھلانے پڑیں گے۔ اتنا روپیہ کہاں سے آئے جو یہ کنواری بیاہی جائے۔ رات دن اِسی فکر میں ہمارا خون خشک ہوتا ہے۔ یہ سب کچھ سرتاج بانو چپکی بیٹھی سُنا کی اور کوئی جواب نہیں دیا۔ ہمسائی سے پوچھا تو یہ پوچھا کہ کیا تمہارے میاں کو کچھ لکھنا پڑھنا آتا ہے۔ اس نے جواب دیا کچھ تھوڑی بہت اُردو لکھ پڑھ لیتے ہیں مگر انگریزی کا حرف بھی نہیں جانتے۔ یہ باتیں کرکے بی ہمسائی رُخصت ہوئیں۔ سرتاج بانو اسی وقت بدیع الزماں کے پاس گئیں۔ اور کہا کہ ابّا جان بڑے شرم کی بات ہے کہ ہمارے پڑوس میں لوگ فقر و فاقہ میں گزر اوقات کریں اور ہم پیٹ بھر کے روٹی کھائیں اور اُن کی کچھ بھی فکر نہ کریں۔ کیا خدائے تعالیٰ کی نعمت کا اسی طرح شکر ادا کرنا چاہیئے۔ بدیع الزماں بولے کہ دُلہن آخر بات کیا ہے۔ اُس نے کہا کہ آپ کے پڑوس میں جو بی ہمسائی رہتی ہیں۔ ان کے پاس کھانے پینے کو بھی نہیں ہے۔ بولے آخر میں کیا کروں۔ جو کہو میں اُن کے واسطے کرنے کو موجود ہوں۔ سرتاج بانو نے کہا۔ آپ کے ہاں بیسیوں منشی ٹھیکہ داری کے کام میں نوکر ہیں۔ آپ ان کو بھی نوکر رکھ لیجئے۔ کہنے لگے وہاں تو لکھنے پڑھنے کا کام ہے یہ بولی وہ تھوڑا بہت لکھنا پڑھنا جانتے ہیں کام چلا دیں گے۔ بدیع الزماں نے کہا۔ دُلہن مجھے ایک آدمی کی ضرورت بھی ہے۔ بُلا لو ابھی نوکر رکھے لیتا ہوں۔ اُس نے ماما کو بھیج اُسی وقت ہمسائی کے میاں کو بُلا لیا اور بدیع الزماں نے تھوڑا بہت پوچھ پچھکر ان کو پچاس روپیہ ماہوار پر نوکر رکھ لیا۔ ہمسائی نے جب یہ سُنا تو خوشی کے مارے پھولی نہ سمائی اور عمر بھر کے واسطے اِس لڑکی کی ممنونِ احسان ہوگئی اور دُعائیں دیتی رہا کی۔ اِس طرح سرتاج بانو کے ہاتھ سے ایک غریب خاندان کے دلدّر پار ہوگئے۔

خواجہ عبدالمجید دہلوی

رفتارِ زمانہ:- خواجہ عبدالمجید صاحب کے ایسے ہی چھ دلکش افسانوں کا مجموعہ اِس نام سے شائع ہوا ہے۔ ہر افسانہ سجائے خود مکمل اور سلسلہ کی دلچسپ کڑی بھی ہے۔ زبان دلّی کی ٹکسالی اور نتھری ستھری ہے۔ آٹھ آنہ قیمت ہے۔ نو۹ آنے کے ٹکٹ بھیج کر ساقی بُکڈپو۔ دہلی سے طلب کیجئے۔

ترقی پسند مصنفین

پنڈت جواہر لال نہرو نے ہندوستانی ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس میں ترقی پسند ادب پر حسب ذیل تقریر کی تھی۔

ادب پر رائے دینے کا مجھے حق تو نہیں لیکن جب دیکھتا ہوں کہ مجھ سے بھی کم حق رکھنے والے لوگ رائے دے رہے ہیں تو مجھے بھی جرأت ہوتی ہے کچھ کہنے کی۔ مجھے دو تین کتابیں لکھنے کا اتفاق ہوا ہے اور لکھنے پڑھنے کا شوق بھی ہے لیکن میرے پاس ان کاموں کیلئے اب وقت نہیں ہے۔ میری طاقت زیادہ تر دوسرے کاموں میں صرف ہوتی ہے جیسا کہ آپ لوگوں کو معلوم ہے۔ ترقی پسند ادب کیا ہے؟ ادیب کن لوگوں کیلئے لکھتا ہے؟ ان سوالوں کے جواب ہر شخص دے سکتا ہے ان کو بار بار دُہرانے سے کچھ حاصل نہیں۔ ان سوالوں کو شن کر میرا جی چاہتا ہے کہ پوچھوں آپ زندہ کیوں ہیں؟ کیا مقصد ہے زندگی کا؟ زندگی کا مقصد ایک ہے اور دوسری باتیں اس کی جزو ہیں۔ یا زندگی کے بہ بات کے خانے الگ الگ ہیں؟ جو لوگ وکیل ہوتے ہیں ڈاکٹر ہوتے ہیں، پروفیسر ہوتے ہیں یہ سب الگ الگ ہیں یا کہ زندگی کی تصویر ایک مکمل تصویر ہے اور یہ سب اس کے حصے ہیں؟ اگر یہ سب تصویر کے جزو ہیں تو ان کو زندگی کی تصویر میں ہونا چاہئے۔ اگر ہم ان میں سے کسی چیز کو زندگی کی تصویر سے الگ ہو کر ڈھونڈنا چاہیں گے تو ہم بھٹکتے رہیں گے۔ اور کوئی سیدھا رستہ نہ مل سکے گا۔

ہم کیوں لکھتے ہو؟ اس کا جواب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ روٹی کھانے کو یہ جواب صحیح ہے۔ اور بہت سے لوگ یہی کہیں گے لیکن یہ جواب کوئی بنیادی جواب نہیں ہے۔ کچھ لوگ جواب یوں دیں گے کہ ہم صرف اس لئے لکھتے ہیں کہ لکھنے کو جی چاہتا ہے۔ وجہ کچھ بھی ہو مگر اسی لئے لکھتے ہیں یہ جواب بھی ٹھیک ہے۔ بہت سے لوگ کہیں گے کہ ہم لکھتے ہیں تاکہ لوگوں کی طبیعت بہلائیں۔ طبیعت بہلانے کے دو طریقے ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ جو مصیبت میں پھنسا ہو کچھ دیر کیلئے اس کو بھلا دے میں ڈال دیں اس کے دل سے درد دُکھ کچھ دیر کیلئے مٹا دیں۔ جب پڑھنے والا ایسے ادیب کی چیز کو پڑھتا ہے تو اس میں کھو جاتا ہے اور کچھ دیر کیلئے اپنی پریشانیوں کو بھول جاتا ہے، گویا ایسے ادب کا دوسرا نام بھلاوا ہے۔ جب ہم موجودہ پریشانیوں سے بہت گھبرا جاتے ہیں تو سینما دیکھنے جاتے ہیں۔ وہاں کچھ دیر کیلئے دُنیا کو بھول جاتے ہیں، اور ہمارا تھکا ماندہ دماغ بہل جاتا ہے۔ ایسا بھی ادب ہوتا ہے لیکن یہ کچھ بڑا کارنامہ نہیں ہے معقول آدمی کا کام ہے کہ وہ دُور تک دیکھے۔ ایسا ادب بہت جلد ختم ہو جاتا ہے جیسے سینما میں ہم تماشہ دیکھنے میں اس وقت بہت پسند کرتے ہیں۔ اگر کوئی اس وقت کہانی پوچھے تو بتا بھی دیں گے۔ لیکن دس روز کے بعد سب کچھ بھول جاتے ہیں۔ اسی طرح لکھنے والے کے لئے جب تک کوئی بڑی بات کوئی نئی بات نہ پڑھنے والے کے دل پر کوئی گہرا اثر نہیں کر سکتی۔ دُنیا میں بہت سے لکھنے والے گذرے ہیں۔ لیکن ان کی وہی کتابیں باقی رہیں جن میں کوئی بڑا مسئلہ تھا جن میں دُنیا کے بڑے بڑے سوالوں کو حل کرنے کی کوشش کی گئی۔

اب میں پھر اسی سوال کو دُہراؤں گا کہ آپ کے سامنے دُنیا کی تصویر کیا ہے؟ اگر وہ ایک مکمل تصویر ہے تو وہ کیسی ہے؟ آپ کہاں ہیں اور کہاں جانا چاہتے ہیں؟ اپنے ساتھیوں کو اپنے ساتھ کہاں لیجانا چاہتے ہیں؟ یہ تصویر اگر صاف ہے اور لکھنے والے کو معلوم ہے کہ ہم کہاں ہیں اور پڑھنے والے کو کہاں لے جانا چاہتے ہیں تو اس کی لکھی ہوئی چیز زیادہ اچھی ہوگی۔ انسان کا دماغ موجودہ دُنیا سے نکل کر پرواز کرتا ہے۔ اس کے عجیب و غریب خیالات۔ اس کی عجیب عجیب خواہشیں اس کو ایک دوسری دُنیا میں لے جاتی ہیں۔ جو آجکل کی دُنیا سے مختلف ہوتی ہے۔ اور جہاں وہ تمام مسئلے حل ہوتے ہیں جو اس دُنیا میں نظر آتے ہیں۔ انسان کا تخیل عجب چیز ہے زیادہ اس دماغی دُنیا کو رنگ دیکر ایک مکمل تصویر بنا دیتا ہے۔ اور آدمی بے چین ہوتا ہے کہ وہاں پہنچ جائے۔

انسان میں سوچنے کی قابلیت تو زیادہ لیکن کرنیکی کم ہے۔ اس لئے بہت سے لکھنے والے دماغی دُنیا کو پسند کرتے ہیں۔ اسی میں کھو رہتے ہیں۔ لیکن ان کو نہ وہاں پہنچنے کا راستہ نظر آتا ہے اور نہ وہاں پہنچنے کی کوشش کرتے ہیں ان کی دماغی دُنیا ایک خانے میں رہتی ہے۔ اور واقعی دُنیا دوسرے خانے میں۔

زیادہ ہمت ور لکھنے والے ان دونوں دُنیاؤں کو جوڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ موجودہ دُنیا وہ نہیں ہے جو اُن کے دماغ میں ہے یعنی وہ نہیں کر سکتے جو اُن کے دماغ میں ہے تو اُن کے دماغ میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم وہاں نہیں پہنچ سکتے؟ اگر پہنچ سکتے ہیں تو اس کا کیا راستہ ہے؟

یہ سوال پہلے زمانہ کے لکھنے والوں کے ذہن میں بھی اٹھا۔ لیکن ان کو دماغی دُنیا تک پہونچنے کی کوئی صورت نظر نہ آئی۔ اس وقت انھوں نے اپنی کتابوں کو خیالی دُنیا "یوٹوپیا" (Utopia) بنایا۔ یعنی اگر کر سکنے کی طاقت ہوتی تو ہم ایسا ایسا کرتے، ایسی ایسی دُنیا بساتے۔ ان دُنیاؤں کو بسانے کے لیے کبھی الہ دین کا چراغ نکالا اور کبھی اُڑن کھٹولا تیار کیا۔ یہ لوگ مجبوراً اصلی دُنیا سے الگ تھلگ رہے۔ اور خیالی دُنیا میں زندگی بسر کرتے رہے۔

لیکن اب دُنیا نے اتنی ترقی کر لی ہے کہ اس دماغی دُنیا تک پہونچنے کی صورتیں نکال سکتے ہیں۔ مثلاً پہلے کے لکھنے والوں کو نظر آتا تھا کہ غریبی اور امیری کی تفریق ہمیشہ رہنے والی ہے۔ کیونکہ دُنیا میں اتنی دولت ہی نہیں تھی جو اس تفریق کے دُور کرنے کی کوشش کر دُنیک ذہن پہونچتا۔ لیکن اب سائنس، صنعت وحرفت اور اسباب نقل وحرکت نے اتنی ترقی کر لی ہے کہ یہ بیتیں دُور ہو سکتی ہیں، اور ایسی دُنیا بنا سکتے ہیں جہاں ہر انسان کو ترقی کے یکساں موقعے میسّر ہوں۔ جب ایسی کوشش ہو سکتی ہے تو کیوں نہ کی جائے، کیوں ایسی صورتیں نہ نکالیں جو دماغی دُنیا کو موجودہ دُنیا کے قریب لے آئیں۔ اب ہم ان دونوں دُنیاؤں کے بیچ میں پُل بنا سکتے ہیں۔ ہم اس اچھی دُنیا تک کیوں نہیں پہونچتے۔ وہاں تک پہونچنے میں زیادہ تر لوگوں کا نقصان ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم اکیلے وہاں تک نہیں جا سکتے۔ اور زیادہ تر لوگ ایسے ہیں جو وہاں جانا نہیں چاہتے۔ کیونکہ انھوں نے ابھی اس دُنیا کو محسوس نہیں کیا ہے۔

ہم دماغی دُنیا تک نہیں پہونچ سکتے۔ اس میں قصور کس کا ہے؟ دُنیا کا نہیں۔ مجموعی طاقت ہمارے پاس ہے کہ ہم وہاں تک پہونچ سکیں۔ سماج کے ہاتھ اتنے پھیل سکتے ہیں کہ وہ دُنیا ہمارے قبضے میں آجاتے۔ لیکن زیادہ تر لوگ رکے ہیں جو اس کو نہیں سمجھ سکتے۔ ترقی پسند مصنف وہ ہے جو اس ہونے والی دُنیا اس "نوزائیدہ" دُنیا تک پہونچ گیا ہے۔ اب اس دُنیا کو واقعی دُنیا بنانا چاہتا ہے۔ اس لئے چاہتا ہے کہ اوروں کو بھی اپنے ساتھ وہاں تک کھینچ لے جائے۔

موجودہ دُنیا کو اس خیالی دُنیا تک پہونچانے کی لوگ بھی کوشش کرتے ہیں مثلاً سیاسی حضرات ہیں انکی بھی یہی کوشش ہوتی ہے لیکن سیاسی حضرات اور اسی قسم کی کوشش کرنے والے دوسرے لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں میں پھنس جاتے ہیں۔ بڑی باتوں پر زیادہ توجہ دے نہیں سکتے۔ ایک آرٹسٹ ایسی چھوٹی باتوں سے الگ رہتا ہے۔ اس کی سیاسی زندگی اور ماحول سیاسی لوگوں کی زندگی و ماحول سے مختلف ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ بڑی بڑی باتوں کو روزمرہ کی چھوٹی باتوں کے جنگل سے الگ کر کے سماج کو دکھا سکتا ہے۔

مثلاً آج کل ایک سوال "ردو بدل" کا ہے۔ یہ جھگڑا ہے اس نے ملک کی تاجروں کو اپنا لیا ہے۔ لوگ بڑی باتوں کو بھول کر اس میں رہ گئے ہیں۔ اگر اس سوال کے حل کرنے کی کوششیں کی جاتی ہیں تو نئے جھگڑے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ جذبات اس قدر برانگیختہ ہو جاتی ہیں کہ لوگ اس پر صفائی سے غور نہیں کر سکتے اگر کوئی اس کو حل کرنا چاہتا ہے تو شک ہوتا ہے کہ اس میں بھی کوئی چال بازی ہے۔

ادیب کی پہونچ جہاں ہوتی ہے وہاں سیاستداں کی نہیں۔ اس کے پاس عام لوگوں کی زبان ہوتی ہے اس سے مدد لیکر وہ خیالی دُنیا اور موجودہ دُنیا کے درمیان ایک پُل بنا تا ہے جس پر ہو کر عام لوگوں کے دماغ خیالی دُنیا تک پہونچ جاتے ہیں۔ جب لوگ دماغی طور پر وہاں پہنچ جاتے ہیں تو پھر واقعی پہونچنے کی بھی کوشش کر سکتے ہیں۔

آرٹسٹ اور ادیب میں انفرادیت ہوتی ہے۔ اگر کسی آرٹسٹ میں انفرادیت نہیں ہے تو میں اس کو آرٹسٹ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن اگر اسکی انفرادیت ایسی ہے کہ وہ سماج سے الگ ہے اور جو چیزیں سماج کو ہلاتی ہیں ان سے متاثر نہیں ہوتا تو وہ ادیب بیکار ہے اس کی کبھی طاقت سماج کو آگے کہیں پہنچا سکتی۔ لیکن اگر اس کے برخلاف اس کی انفرادیت میں سماج کو دخل ہے۔ یعنی وہ انفرادیت سماج کا نمائندہ کہی جا سکتی ہے تو وہ بڑی چیز ہے۔ اس میں قوم کی طاقت آجاتی ہے اور وہ دُنیا کو ہلا دیتی ہے۔ گذشتہ دَور میں جتنے بھی بڑے بڑے لکھنے والے ہوئے ہیں شیکسپیر وغیرہ وہ سب کسی نہ کسی طرح اپنے دور کے سماج کے نمائندہ تھے۔

آجکل کی دُنیا میں انفرادیت دبائی جارہی ہے۔ اس زمانہ میں انفرادیت ترقی نہیں پاسکتی۔ کیونکہ ہر ایک کو ترقی کرنے کے موقعے نہیں میسّر آتے۔ جب کھانا پینا، رہنا سہنا یکساں نہیں، تعلیم نہیں، سوچنے کیلئے وقت نہیں تو انفرادیت کیسے ترقی پائیگی۔

پچھلی دُنیا میں پھر بھی ان لوگوں کو موقع حاصل تھا جو روپیہ رکھتے تھے اور اختیارات رکھتے تھے لیکن اب زمانہ ایسا ہوگیا ہے کہ وہ لوگ بھی نکمّے ہوتے ہیں اس لئے یہ کہنا کہ اس زمانہ میں حالات کی تنگی کا اور انفرادیت کی ترقی کا موقع ہے غلط ہے۔

لکھنے والا کیوں لکھتا ہے، اس لئے کہ اس کے دماغ میں ایک دُنیا ہے وہ سمجھتا ہے کہ اس دُنیا تک پہونچ ہوسکتی ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ اوروں کو بھی یہ دُنیا دکھائی جائے۔ اپنی خیالی دُنیا اور موجودہ دُنیا کے درمیان ایک پُل باندھا جائے۔ زمانہ کے شاہکار اسی طرح کے پُل ہوتے ہیں۔ پہلے تو پڑھنے والے حیرت سے خیالی دُنیا کو دیکھتے رہتے ہیں اور پھر اُدھر چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ایک بات سے میں جھجکتا ہوں وہ یہ کہ ایسا ادب لکھتے وقت اکثر لوگ خاص خاص فقرے خاص خاص نعرے دُہرانے لگتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ انھوں نے ایک زبردست خیال پیدا کردیا۔ لیکن معقول لکھنے والے کیلئے یہ دُنیا نہیں اور نہ اس میں آرٹ ہے اور نہ کوئی خاص بات اور نہ کوئی خاص پیغام، ایسی چیزوں کی جگہ صرف سیاست میں ہے۔

ہندوستان کی انجمن ترقی پسند کی ایسی انجمنیں یورپ میں متعدد ہیں اور انھوں نے بڑے بڑے کام کئے ہیں حالانکہ ان کاموں کو ناپا نہیں جاسکتا۔ کیونکہ وہ لوگوں کے دماغوں میں ہے۔ انقلاب فرانس میں والٹیر کے ایسے ادیبوں کا بڑا دخل ہے۔ اس کا اثر انقلاب کے بعد سو برس تک باقی رہا۔

آنیوالے انقلاب کیلئے ملک کو تیار کرنا، اس کی ذمہ داری ادیب پر ہوتی ہے۔ آپ لوگوں کے مسئلہ کو حل کیجئے ان کو راستہ بتائیے۔ لیکن آپ کی بات آرٹ کے ذریعہ جاننا چاہئے نہ کہ منطق کے ذریعہ آپ کی بات، ان کے دل میں اُتر جانا چاہئے۔ آرٹ کی منطق الگ ہوتی ہے وہ آدمی کو چوکنا کر لیتا ہے۔ پھر منطق اپنا کام کرتی رہتی ہے۔

ہندوستان میں بھی ادیبوں نے بڑا اثر پیدا کیا ہے۔ مثلاً بنگال میں ٹیگور نے لیکن ابھی تک ایسے ادیب کم پیدا ہوئے ہیں جو ملک کو زیادہ آگے لے جاسکیں اسی لئے انجمن ترقی پسند کا قیام ایک بہت بڑی ضرورت کا پورا ہوتا ہے۔ اور اس سے ہماری بڑی بڑی امیدیں وابستہ ہیں۔

جواہر لال نہرو

دامنِ بہار

کارپردازانِ قدرت نے اپنے چولے بدل ڈالے۔ درخت سرسبز ہوئے۔ کونپلیں پھوٹیں۔ شگوفے کھلے اور دامانِ بہار پر قدرت نے اتنے گل بوٹے کھلیئے کہ جیتا جیتا آئینہ دشمن بن گیا۔

زمین کی گود سے پھل پھول اُبل پڑے۔ سبزۂ نوخیز مستانہ وار انگڑائیاں لیتا ہوا اُٹھا۔ اور اپنے چاروں طرف رنگا رنگ کی گلریزی جگمگ خوشی سے جھومنے لگا۔

شفاف ندیاں چپ چپ کرتی پھولوں کے گلدستے اُچھالتی۔ اٹھلاتی بہنے لگیں۔ چھوٹے چھوٹے خوشنما پرند پھولوں کی ٹہنیوں پر اپنی ننھی سی چونچوں میں لئے ایک دوسرے کو پیار سے گل باریاں کرنے لگے۔ جوگی آنکھ کھولتی ہے اپنے آپ کو پھولوں ہی کی دولت سے مالا مال پاکر بے تحاشہ ہنس پڑتی ہے۔ ہنسنے ہنسنے کی باچھیں کھل جاتی ہیں۔ گذرگاہیں تک معطر ہیں اور خوشبو کے قافلے لدے پھندے ہواؤں کے کندھوں پر سوار ہو مہکاتے اُڑے چلے جاتے ہیں۔

آغا شاعر قزلباش دہلوی

سچی کہانی

وہ شوق ناشکیب کی گستاخ دستیاں
اُٹھنا وہ درمیان سے پردہ حجاب کا
وہ حسنِ شرمگیں کی ادائے سپردگی
وہ ارتعاشِ کیف لبِ کامیاب کا
ارماں بھرے دلوں کی وہ خاموش گفتگو
وہ ہمدگر فشارِ علاجِ اضطراب کا
وہ چاندنی سی چاکِ گریباں سی ضوفگن
وہ نوشِ لب میں کیفِ بہشتی شراب کا
چھایا ہوا حواس پہ وہ کیفِ بے خودی
تکمیلِ ہر ہوس وہ تقاضا شباب کا

سب واقعات ہیں مگر اللہ رے انقلاب
اب اِن پہ ہے گماں کسی رنگین خواب کا

جنان

(۱)

جنوری کی ایک سرد رات باہر آسمان پر بادل ایک خاموش استقلال سے مسلط تھے۔ چمن کے سوکھے پتے دریچے کے باہر خنک ہوا سے رہ رہ کر بے قرار رہتے اور شور مچا رہے تھے۔ ایسے وقت میں میں اپنی حسین نشست گاہ میں ایک اونچے برقی لمپ کے نارنجی رنگ .... کے نیچے ایک مخملی آرام دہ کرسی پر بیٹھی تھی اور "بغداد ٹائمز" کے بڑے بڑے صفحے کھولے مختلف عنوانوں پر نظر ڈال رہی اور بیرونی دنیا کے دہشت خیز اثر کو مطالعہ کی دلچسپی میں محو کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ سامنے آتشدان میں لکڑیاں چٹخ رہی تھیں۔

اتنے میں میری بوڑھی قدیم جشن زوتاش اندر آئی اور میری رفاقت کیلئے ایک چھوٹی سی میز پر قہوہ کا سامان رکھ کر آہستہ سے پھر باہر چلی گئی۔ رفتہ رفتہ برامدے سے اس کی نقرئی چوڑیوں کی جھنجھناہٹ اور عمر خیام کے اشعار کی گنگناہٹ بند ہوگئی۔ خاموشی جس میں عناصر کی بے چینی کے سوا اور کوئی آواز نہ تھی دمبدم ایک بوجھ کی طرح روح پر بیٹھی جا رہی اور دل میں طرح طرح کے اوہام و وساوس پیدا کر رہی تھی۔

یک لخت دروازے پر ایک محتاط دستک نے مجھے چونکا دیا۔ آپ جانتے ہیں میں ایک بہت کمزور دل کی عورت ہوں اور عام مشرقی لڑکیوں کی طرح بیحد اوہام پرست۔ یہی وجہ ہے کہ میں اخبار ہاتھ سے دور پھینک کر سہمی ہوئی کھڑی تھی۔ اس ویران اور وحشت ناک رات میں ہوا کے جھونکوں کے سوا اور کیا شے دروازے کو کھٹکھٹا سکتی تھی۔ میں گھبرا کر نشست گاہ سے باہر نکل آئی اور دروازہ کی طرف نظر اٹھائی۔ اس کے شیشوں میں سے ایک دہکتے ہوئے سگار کو جھلکتا میرا تردد رفع ہوگیا۔ کسی انوکھے وقت محتاط دستک کے ساتھ سگار کا نظر آجانا سب کا سب صرف بوڑھے ڈاکٹر گار کی آمد کی علامات تھیں۔ میں ایک روحانی اطمینان سے دروازے کی طرف لپکی اور کنڈی کھول دی۔

"سلام شوق ڈاکٹر!" میں نے اشتیاق آمیز لہجے میں کہا "ماشہر میں امراض کی بہت کثرت ہے جو آپ عید کا چاند بن گئے ہیں"

ڈاکٹر اپنے چشمہ پر سے مقفل اتارتا ہوا بولا "ڈاکٹر کبھی اپنے وقت کا مختار نہیں ہوتا بیٹی روحی!"

"روحی" میرا افسانوی نام ہے۔ میں اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر زور زور سے ہلانے لگی "آپ کی اس بے اختیاری نے اسوقت بڑا فائدہ پہونچایا۔ اس طوفانی رات کی تنہائی سے گھبرائی ہوئی بیٹھی تھی آیئے اندر آیئے۔ آگ دہک رہی ہے۔ قہوہ تیار ہے۔ سگاروں کا ذخیرہ آپ کی جیب میں موجود ہی ہوگا۔ بس اس کے سوا اور کس بات کی کسر رہ گئی ہے کہ آپ اطمینان سے بیٹھ کر مجھے اپنے قصے سنائیں کہ آپ کی ان دنوں کی ساری غیر حاضری کی کسر نکل جائے"

ڈاکٹر نگار ایک لذت اندوزی کی آہ کے ساتھ آتشدان کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا اور ہاتھ آگ کی طرف بڑھا کر بولا "میں کیا قصے سناؤں بیٹی، ڈاکٹر ــــ پھر بوڑھا ــــ تم سناؤ اپنی سیاحت کے افسانے"

میں ہنس پڑی "کئی دنوں سے میرے سر میں درد ہے ڈاکٹر۔ میرے صنوبری (ہوائی جہاز کا نام) کی تباہی کا حال تم نے اخباروں میں پڑھا ہوگا۔ اس حادثہ نے میرے دماغ پر بُرا اثر ڈالا۔ طبیعت متوحش سی رہنے لگی ہے۔ بہنوں سے کوئی چیز نہیں لکھی، کوئی بات سوجھتی ہی نہ تھی" یہ کہہ کر میں نے قہوہ دان اٹھا لیا اور ڈاکٹر کیلئے قہوہ پیالی میں ڈالتے ہوئے بولی "آپ کے پاس قصے کہانیوں کی کمی ہے؟ یوں کہئے کہ ان دنوں انھیں بیان کرنے کیلئے آپ کو وقت نہیں ملتا ہے"

"یہ تو ٹھیک ہے کہ میرے پاس قصے کہانیوں کی کمی نہیں، انسان کی عمر جب بڑھ جاتی ہے تو مختلف تجربات اس کی زندگی کو بجائے خود ایک طویل داستان بنا دیتے ہیں۔ مگر مجھے تامل ہمیشہ اس لئے ہوتا ہے کہ یہ قصے تم نوجوانوں کے دل کو کیا اچھے لگ سکتے ہیں۔ کہ ان واقعات میں محبت اور افسانے کی رنگینیاں ہوتی ہیں نہ حسن اور شوخی کی دلفریبیاں"

میں بولی "بس آپ انھیں کو بیان کیجئے"

بھاپ اڑاتی ہوئی قہوہ کی پیالیاں ہاتھ میں لے کر ہم نے

سرکو میدان کی پشت سے لگا دیتے۔

آتشِ ان میں لکڑیاں پھینک کر شرارے نکال رہی تھیں۔ باہر چھت پر بارش کا دھیمی دھیمی ٹپ ٹپ شروع ہو چکی تھی کبھی کبھی ہوا کے پروں کے گرنے کی خوفناک آواز آتی تھی۔

ڈاکٹر شعلوں کو دیکھتے ہوئے بولا "اگر پسند کرو تو میں تمہیں اپنے ایک تازہ مریض کی کہانی سناؤں جو پرسوں شام میرے پاس لایا گیا اور آج صبح ــــ"

"ضرور ــــ" میں بات سے اس کا منہ بند کرنے لگی۔

(۲) حصہ

ڈاکٹر کار نے فنجان کا ایک گھونٹ لیکر کہا "پرسوں ایک عجیب کیس میرے پاس آیا روحی۔ بوڑھے احمد کو جانتی ہو؟ ــــ گاؤں کی مسجد کا مجاور ہے۔ اس مسجد کے احاطہ میں ایک چھوٹا سا قبرستان ہے وہ اس کا بھی نگران تھا۔"

"میں نے تو کبھی اس شخص کا نام نہیں سنا۔"

ڈاکٹر کہنے لگا "اس کی موت کی وجہ نہایت عجیب ہے پرسوں صبح وہ میرے پاس بیہوش لایا گیا۔ اور آج صبح اس عزیز کا انتقال ہو گیا۔"

"خدا غریق رحمت کرے۔" میں نے کہا "کیا ہوا تھا اسے؟"

"مجھ جانتی ہو کہ آبکل دیہات میں وبا بہت شدت سے پھیلی ہوئی ہے۔ دن کے وقت سڑکوں پر میت بردار دں کے ہجوم گذرتے نظر آتے ہیں۔ بازار میں جدھر نظر ڈالو ادھر دو چار آدمی ایک جنازہ اٹھائے ہوئے نظر آتے ہیں۔ رات آتی ہے تو رات سے زیادہ خوفناک مناظر پیش کرتی ہے۔ لوگوں کی خاموش ٹولیاں لالٹین لئے ہوئے قبرستان کی طرف جاتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ بوڑھا جو رات پرسوں رات کی سرگذشت اس طرح بیان کر رہا تھا:

"دن بھر لوگوں کی تجہیز و تکفین میں لگا رہا تھا۔ پرسوں رات ٹھیک گیارہ بجے مسجد کے صحن کے ایک کونے میں پڑا رہا۔ دفعتہً کچھ آواز آئی اور میری آنکھ کھل گئی۔ کیا دیکھتا ہوں کہ کچھ لوگ لالٹین لئے ہوئے مسجد کے صحن میں داخل ہو رہے ہیں۔ میں سمجھ گیا کہ جنازہ ہوگا۔ رات اندھیری تھی۔ دور دور آسمان پر کالے بادل چھائے ہوئے تھے۔ ان لوگوں نے جنازہ کی نماز ختم بھی نہ کی تھی کہ بوندا باندی ہونی شروع ہوئی۔ تب میں نے ان سے کہا کہ اب دفنانے کا انتظام کرنا بڑا مشکل ہے میت کو یہاں رکھ دیجئے میں سرہانے کلام مجید پڑھوں گا۔ صبح جب مینہ تھم جائے تو واپس آکر لاش کو دفنا دیجئے گا۔ پہلے تو کوئی نہ مانا بات نہ تھی۔ بہر دوسرے تیسرے اپنے واقعات پیش آتا ہی رہتے ہیں کہ رات میں میں تنہا لاش کے سرہانے کتاب مقدس پڑھتے ہیں صرف کر دیتا کہ کہیں کبھی کوئی ایسا واقعہ نہیں گذرا جو مجھے خوفزدہ کرتا۔

غرض ان لوگوں نے جنازہ مسجد کے صحن میں رکھ دیا۔ اور پھر کلام مجید پڑھنے کی تاکید کر کے مسجد کے صحن کے دروازے سے باہر سے لگا کر چلے گئے۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ دروازہ ان لوگوں نے باہر سے لگا دیا ہے۔ یہ بعد میں معلوم ہوا۔

ان لوگوں کے جانے کے بعد میں کتاب کھول کر جنازے کے سرہانے بیٹھ گیا۔ رات بھیانک تھی۔ باہر بارش ہو رہی تھی۔ ہر طرف کالی کی سی تاریکی پھیلی ہوئی تھی۔ کبھی کبھی تو در سے رعد کی آواز یں آتی تھیں خوف کے بارے میں دیوانہ ہو رہا تھا۔ کیونکہ مجھ پر اب تک کوئی ایسا حادثہ نہیں گذرا تھا جیسا اس شب گذرا۔ ہولناک اور جان لیوا۔

تھوڑی دیر تو میں کتاب مقدس پڑھتا رہا۔ پھر یکایک میری نظر سامنے کو اٹھی اور میری روح کانپ گئی ــــ میں نے دیکھا جنازے پر جو سفید چادر پڑی تھی وہ آہستہ آہستہ ہل رہی تھی۔ میں نے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا شروع کیا۔ دل کو سمجھایا ــــ ممکن ہے ہوا کا جھونکا ہو۔ یہ کہتا ہوا میں پھر کتاب مقدس پڑھنے لگا مگر رہ رہ کر میری نگاہ بار بار اٹھتی تھی۔ چادر برابر متحرک تھی۔ میں نے سمجھا ضرور کوئی بلی جنازہ میں گھس گئی ہے۔ باوجود اس یقین کے میں جنازہ کے قریب نہ جا سکا۔ ایک نامعلوم خوف دل و دماغ پر چھایا ہوا تھا۔ میں اپنی عمر میں کبھی نہیں ڈرا۔ یہ پہلا ہی موقع تھا۔ اور پہلا ہی حادثہ! ــــ کچھ دیر بعد یہ حالت ہو گئی کہ چادر کا کونہ زور زور سے ہلنے لگا۔ جیسے کوئی بھوچ رہا ہو۔ اب تو میرے ہوش و حواس غائب ہو گئے۔ میں اٹھ کھڑا ہوا میرا اٹھنا ہی تھا کہ ایک جھٹکے کے ساتھ لاش پر پڑی ہوئی چادر سرک گئی اور پھر ــــ ایک کفن پوش سر آہستہ آہستہ جنازے میں سے اٹھتا ہوا نظر آیا۔ میں ابھی کچھ سمجھنے بھی نہ پایا تھا کہ ایک لخت لاش جنازے میں اٹھ کھڑی ہوئی۔ ہم دونوں ایک دوسرے کے مقابل دو لمحے کھڑے رہے ــــ میں اس کے

کفن آلود چہرے کو تک رہا تھا ۔۔۔ وہ میرے لرزتے ہوئے قدموں کو بھی دیکھ کر نازے سے زمین پر کود پڑا۔

یہ دیکھ کر میری جنگلی کنیز سے میں دروازے کی طرف بھاگا کہ سیدھا کہ سیدھا نکل بھاگوں۔ مگر وہاں جا کر دیکھا تو دروازہ بند پایا۔ اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ اندر صرف ہم دونوں مقید ہیں۔ قدموں کی آہٹ پا کر میں نے مڑ کر دیکھا تو وہ میرے تعاقب میں چلا آ رہا تھا اور چونکہ اس کے دونوں پاؤں بندھے ہوئے تھے اس لئے وہ آہستہ آہستہ کودتا ہوا میرے پیچھے چلا آ رہا تھا۔

صحن میں امرود کا ایک درخت تھا میں اس کی طرف بھاگا مگر اب شاید اس میں بھی تیزی آ گئی تھی۔ وہ میرے تعاقب میں تیزی سے کودتا ہوا آ رہا تھا۔ تھوڑی دیر بعد یہ حالت تھی کہ ہم دونوں مسجد کے صحن کا چکر لگا رہے تھے۔ میں آگے آگے اور وہ پیچھے پیچھے۔ خوف نے میری تمام طاقتیں سلب کر لی تھیں۔ میں نہ چیخ سکتا تھا نہ درخت پر چڑھ سکتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب! میری حالت مرنے سے بدتر تھی۔ میں پاگل ہو رہا تھا۔ مسجد کے صحن کی ہر دیوار کے قریب جا کر اسے پھاندنے کی کوشش کرتا۔ اور جب لاش بہت قریب آ جاتی تو میں چیخ مار کر وہاں سے بھاگ نکلتا!

اسی وقت دفعتاً مجھے خیال آیا کہ پیچھے کنویں کے قریب کی دیوار کچھ گر پڑی ہے۔ اس کو پھاندنا نسبتاً آسان ہوگا۔ میں پیچھے دوڑا میں نے واقعی دیوار کی چند اینٹیں گر پڑی ہیں بھاگ آیا اور اپنی پوری قوت اور کوشش سے دیوار پر سے پھاند گیا۔ میں ہانپ رہا تھا۔ اسی عالم میں پلٹ کر دیکھا تو لاش میرے تعاقب میں نہایت تیزی سے چلی آ رہی تھی۔ آخر اس نے دیوار پھاندنے کی کوشش کی مگر اینٹوں میں کفن اُلجھ گیا۔ اور مُردہ جسم دیوار پر نصف اُدھر نصف اِدھر لٹکنے لگا۔ اب وہ بے جان معلوم ہو رہا تھا۔ میں باہر سڑک پر لوٹ آتا ہوا یہ سوچنے لگا۔"

بس یہی صبح آنے جانے والوں نے مسجد کی ٹوٹی ہوئی دیوار پر ایک لاش کو لٹکتا ہوا دیکھا اور مجاور کو انھوں نے دیوار کے نیچے بے ہوش پایا۔

مجاور کا بھائی اُسے اٹھا کر میرے پاس لایا۔ وہ تیز بخار میں پھنکا جا رہا تھا۔ اور بیہوش تھا۔ کل رات کے تین بجے اس نے مجھے اپنی داستان سنائی اور آج صبح چل بسا۔ صبح دس بجے کے قریب وہ لاش دفن کی گئی۔ اور دو بجے دن صبح دس بجے مجاور کی لاش بھی سپردِ خاک کر دی گئی۔

میں دم بخود ہو کر سن رہی تھی۔ باہر آندھی زوروں پر تھی۔ آتشدان کی لکڑیاں ختم ہو چکی تھیں۔ ٹیبل پیس پر رکھا ہوا کلاک ٹک ٹک کر رہا تھا۔

جب ڈاکٹر قصہ ختم کر چکا تو میں لرزتی ہوئی اٹھی اور اس کے پہلو میں جا بیٹھی۔

حجاب امتیاز علی

افسونِ سحر

مری چشمِ مشتاق سے کیوں نہاں ہے
ہر اک بزم میں جب تری داستاں ہے

کہاں دیکھیے مجھ کو لیجائے وحشت
قفس اِس طرف ہے اُدھر آشیاں ہے

اب آباد کر چاہے برباد کر دے
مرا دل نہیں یہ ترا آستاں ہے

نہ پوچھو مآلِ غمِ سوز فرقت
کہ صورت سے میری حقیقت عیاں ہے

عجب بجلیوں کا ترے حال دیکھا
نہ ہے زخم کوئی نہ کوئی نشاں ہے

پلا ایک ہی جام للہ ساقی
بہت تشنہ لب یہ نواختہ جاں ہے

چلو سیرِ بلبل ہمیں دیدۂ حیراں!!!
نہیں کچھ یہ فردوس کے تو بتاں ہے

مجھے ہوش آیا تو اے تجھ کو دیکھا
نہ بانگِ جرس ہے نہ وہ کارواں ہے

منصور حسن بیگ

بزمِ شوق

ذرّوں میں حُسنِ مہر درخشاں لئے ہوئے
فطرت ہے ایک جلوۂ عریاں لئے ہوئے

نرگس ہے کیفِ دیدۂ خوباں لئے ہوئے
سنبل ہے بوئے گیسوئے جاناں لئے ہوئے

آشفتگیٔ قلب کا امکاں لئے ہوئے
آئی بہارِ حُسن کا طوفاں لئے ہوئے

کلیاں چٹک کے دیتی ہیں پیغامِ رنگ و بو
پھولوں کی آڑ میں رُخِ تاباں لئے ہوئے

شبنم لٹا رہی ہے بہارِ رُخِ گہر
صد ہا ہزار انجمِ رخشاں لئے ہوئے

موسم اُبھار ہا ہے نقابِ رُخِ بہار
ذرّے ابھر رہے ہیں گلستاں لئے ہوئے

نازاں ہے برگِ گل بمذاقِ جنونِ شوق
دامن میں چاک چاک گریباں لئے ہوئے

کرنوں میں گُندھ رہی ہیں گہرہائے آبدار
شبنم جو اُتر رہی ہے گلستاں لئے ہوئے

ہر شاخِ نخلِ طوبیٰ و سدرہ کی ہم نشیں
ہر نخلِ باغ، شوکتِ رضواں لئے ہوئے

موتی پروتے آتے ہیں نسرین و نسترن
آرائشِ بہارِ گلستاں لئے ہوئے

شبنم ہے برگِ گل پہ مئے رنگ و بو لئے
جامِ شرابِ نابِ، بادۂ غلطاں لئے ہوئے

بادِ شمیم آتی ہے مستی سے چور چور
جھونکوں میں فرطِ نکہتِ جاناں لئے ہوئے

شاخیں لچکتی ہیں کہ نثار ہیں شوخیاں
کیفِ شبابِ حُسن کا ساماں لئے ہوئے

کلیوں میں کسمسی کی لطافت بسی ہوئی
دوشیزگی، شباب کا عنواں لئے ہوئے

پھولوں میں بوئے بادۂ صافی کی شورشیں
کیفیتِ شرابِ کہن کا سماں لئے ہوئے

ہر گل ہے محوِ رقص برنگِ نسیمِ صبح
کیفیتِ تصورِ جاناں لئے ہوئے

سامانِ حشرِ شوق، بہ آہنگِ برہمی
لائی بہارِ مژدۂ باراں لئے ہوئے

موجوں میں کم سنی کی لطافت بہ ہر ادا
دریا تمام شوخیٔ ارماں لئے ہوئے

آتا ہے آبشار برنگِ شبابِ حُسن
جوش و خروشِ محفلِ رنداں لئے ہوئے

ہونٹوں پہ اک تبسمِ رخشاں لئے ہوئے
آنکھوں میں سحر چشمِ غزالاں لئے ہوئے

آتا ہے کوئی بزمِ تخیل میں بے حجاب
رُعبِ جمال و شوکتِ شاہاں لئے ہوئے

ہر جنبشِ نظر سے ٹپکتا ہے کیفِ عشرت
ہر لغزشِ خرام گلستاں لئے ہوئے

عمرِ دوام ہر ایک جانِ تمنا بنا ہوا
ہر اک ادا شکوہِ سلیماں لئے ہوئے

تقویٰ کدۂ زہد و جوانی کی شورشیں
آشفتگیٔ شوق کا ارماں لئے ہوئے

جھلکی شبابِ حُسن کی دُنیائے کیفیات
جنبشِ نظر کی فتنۂ دوراں لئے ہوئے

فرحتؔ یہ بزمِ شوق ہے سونی ترے بغیر
افسردگی شمعِ شبستاں لئے ہوئے

"فنِ فسانہ"

ذیل کے چار مضمون "فنِ فسانہ" کے سلسلہ میں دہلی ریڈیو اسٹیشن سے اگست ستمبر میں براڈ کاسٹ ہوئے تھے۔ یہ عنوانات خود ریڈیو اسٹیشن کے تجویز کردہ ہیں۔ لیکن میرا ارادہ تھا کہ ان تقریروں کو از سرِ نو ڈھال کر اور ضروری عنوانات پر چند مضمون اور لکھ کر اسکو کتابچے کی شکل میں شائع کیا جائے۔ اسی دوران میں مکرمی ایڈیٹر صاحب ساقی کی طرف سے مطالبہ ہو گیا، اور ان کی تعمیل ارشاد میں "یہ تقریریں" اپنی اصلی صورت میں پیش کی جا رہی ہیں۔ بشرطِ مہلت انکو کتابی صورت میں بھی پیش کیا جائیگا۔

لطیف الدین احمد

افسانے کا پلاٹ

فنِ فسانہ کے تحت آج میری گفتگو کا موضوع افسانے کا پلاٹ ہے لیکن اس سے پہلے کہ میں اصل موضوع کے متعلق کچھ کہوں میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ جس طرح افراد کے مزاج مختلف ہوتے ہیں اسی طرح قوموں کے مزاج بھی مختلف و مخصوص ہوتے ہیں، اور ہر قوم کا ادب اُس قوم کے مزاج کے سانچے میں ڈھلتا، اور خود اپنا ایک مزاج رکھتا ہے۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے ادیب و انشا پرداز دوسری زبانوں سے استفادہ کرنے میں اُس حد کو پہچاننا نہیں چاہتے جس حد تک کہ ہماری زبان و ادب کا مزاج استفادے کی اجازت دے سکتا ہے، اور آنکھ بند کر کے انگریزی ادب کے اصول اختیار اور انکی تقلید کرنے لگتے ہیں۔ ہماری یہ روش، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ادب کو اپنی ذات میں مکمل ہو جانیکے درجے تک پہنچنے میں کوئی مدد نہ دیگی۔

میرا خیال ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہمارے ادیب اصولِ فن کے مرتب و مدون کرنے میں اندھی تقلید کو چھوڑ کر اپنے ادب کے مزاج کے مطابق ہی اس کے اصول بھی مرتب کریں۔ اس پہلو پر توجہ دلانے کی ضرورت مجھے اس وجہ سے محسوس ہوئی کہ حال ہی میں فنِ فسانہ کے متعلق اُردو کی ایک کتاب میری نظر سے گزری جس کا نام ظاہر کرتا ہے کہ اس فن کے متعلق اس کتاب کے اندر سب کچھ ہے۔

اس کتاب کے دیکھنے سے یہ معلوم ہوا کہ مختصر قصوں میں قصے کا پلاٹ اور اُن کے افراد جب تک نہایت ڈرامائی نہ ہوں قصہ بے لطف رہتا ہے۔ اسی کے ساتھ مصنف کتاب نے طویل ناول اور مختصر افسانے کی تکنیک اور اصول میں کوئی بین فرق بھی قائم نہیں کیا ہے۔ میرے نزدیک اندھی تقلید اسی کا نام ہے۔

مغربی ممالک میں طویل ناولوں کا آغاز اُس وقت ہوا جب کلیسائی ڈراما کا کلا گھونٹ دیا گیا تھا۔ چنانچہ ڈراما کے اصول و عناصر بادنیٰ تغیر ناول میں بھی برقرار رہے۔ لیکن جہاں تک مختصر فسانے کا تعلق ہے خود یورپ میں اُسے ناول سے جُدا

ایک شے مانا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں ڈراما یا ناول کے اصول وعناصر مختصر فسانے میں جُوں کے تُوں کیونکر روا رکھے جاسکتے ہیں؟ مختصر فسانہ آج ایک نہایت ترقی یافتہ اور مستقل بالذات صنف ادب ہے، اس لئے اُس میں ڈراما اور ناول کی تمام خصوصیات کھپ بھی کب سکتی ہیں۔ اس کی ایک زبردست دلیل تو یہ ہے کہ ناول کے برخلاف مختصر افسانے میں ایک ہی کردار پیش کیا جاتا ہے، اور اگر کردار متعدد بھی ہوں تب بھی ان کی تعداد چند افراد سے آگے نہیں بڑھائی جاسکتی۔ ایسی صورت میں اس کے اندر نہ تو پلاٹ کی باقیدگی کا کمال دکھانا ممکن ہوسکتا ہے اور نہ ڈرامائی کشاکش پیش کرسکنے کا موقعہ حاصل ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ ڈرامائی انداز کیلئے مبالغہ ایک لازمی چیز ہے۔ مگر آج جبکہ صناعت کا یہ نظریہ عالمگیر ہوتا جاتا ہے کہ اُسے زندگی کے مطابق ہونا چاہیئے تو ایسی صورت میں صناعت، اور بالخصوص صناعت ادب، مبالغے کو کیونکر برداشت کرسکتی ہے۔ میں اس حقیقت سے خالی الذہن نہیں کہ خود زندگی میں تصادم موجود ہے، اور اس تصادم ہی کو دوسرا نام ڈرامائی انداز بھی ہے، لیکن زندگی کا یہ تصادم جو ہمیں قدم قدم پر پیش آتا ہے، مبالغہ کے بغیر بھی اس طرح پیش کیا جاسکتا ہے کہ اُس میں دلچسپی پیدا ہوسکے۔

آج بیسویں صدی کی ـــ ترقی یافتہ ذہنیت واقعیت نگاری (realism ـــ) کا مطالبہ کرتی اور صناعت ادب کو آورد و تصنع سے بالکل پاک دیکھنا چاہتی ہے۔ اِس ذہانت کا فیصلہ تو یہ ہے کہ وہ ادب پارے جن میں ڈرامائی سرعت واقعات پیش کی جائے ہر امتیاز سے عاری ہیں، رومانیت ناقابل التفات ہے، اور فسانے کے پلاٹ کا دروبست ایک طفلانہ حرکت ہے۔ اور ہم اگر چاہیں تو بادنےٰ تامل اندازہ بھی کرسکتے ہیں کہ اُس ادب میں جس کا مقصود قاری کو اس کے لبطون سے متعارف کردینا یا آسان لفظوں میں انسان کو اسکی اپنی آتما کو پہچنوا دینا ہو، ڈراما کے مفروضات و مسلمات کی پیروی کرنا اس ادب کے حصولِ مقصد کے یقیناً خلاف ہوگا۔

ہر ملک وقوم کے عصری ادب میں نہ صرف مختصر فسانوں بلکہ طویل ناولوں کا بھی موضوع ومقصد انسانی نفسیات کا تجزیہ وتحلیل قرار پاگیا ہے۔ اس لئے اکثر وبیشتر، اور اعلیٰ درجے کے فسانے ڈرامائی اصول کی پابندی سے معرّا پائے جاتے ہیں، مگر ان کی دلچسپی و اثر آفرینی میں کوئی کمی نہیں آتی۔

مغربی ادیبوں نے پلاٹ کی جس قدر تعریفیں قائم کی ہیں اُن کا نچوڑ یہ ہوسکتا ہے کہ افراد وقصہ کو جو واقعات پیش آئیں اور اُن سے جو افعال سرزد ہوں، اُن کو دلچسپ بھی ہونا چاہیئے، مجموعی حیثیت سے پلاٹ کہلائینگے۔ یہ تعریف اپنی جگہ مکمل ہے لیکن مختصر فسانے کی یہ تعریف زیادہ عصری اور جامع معلوم ہوتی ہے کہ کسی ایک واقعہ یا جذبے کی تاریخ بیان کردینا مختصر فسانہ ہے۔

الحاصل افسانے کی اس تعریف کے تحت، جہاں تک پلاٹ کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ مختصر فسانے میں "فطری پلاٹ" کا ہونا تو ناگزیر ہے۔ لیکن "فنی پلاٹ" مستلزم نہ ہونا چاہیئے۔ "فطری پلاٹ" سے میرا مفہوم یہ ہے کہ آپ فسانے نام سے جو کچھ بھی کہیں گے، یا جو واقعہ بھی بیان کیا جائیگا اس کے اندر خواہی نخواہی ایک پلاٹ موجود ہوگا۔ اور "فنی پلاٹ" میں اُس کو کہتا ہوں جس کے لئے "قالینی باقیدگی" ضروری بتائی جاتی ہے۔ پلاٹ کا منشجر کی طرح باقیدہ ہونا اِس بات کو چاہتا ہے کہ اُسمیں

افراد قصہ متعدد ہوں۔ لیکن مختصر افسانے میں افراد افسانہ کی تعداد ایک مناسب حد سے آگے نہیں بڑھائی جاسکتی، ورنہ پلاٹ کا سُبک رہنا دشوار ہوجائیگا، جو پلاٹ کا سب سے بڑا حُسن ہے۔ اسکے ماسوا ایسا افسانہ مختصر افسانے کی تعریف سے بھی نکل جائیگا۔ کیونکہ افراد قصہ کی کثرت زمان و مکان کی وحدت کے منافی ہے۔ اور جس پلاٹ میں سبک ہونے کے عوض بھدا پن آجاتا ہے اس میں آورد و تصنع کا عیب محسوس ہونے لگتا ہے۔

مختصر افسانے کے بنیادی عنصر پانچ ہیں۔ پہلی چیز تو افسانے کا مقصود ہے جسے بنیادی خیال بھی کہا جاسکتا ہے، اسکو ہمیشہ مجرد ہونا چاہیئے۔ دوسرا عنصر مرکزی کردار افسانہ کا ہے، جس سے اُس مقصود کی تکمیل کرائی جائے گی۔ پھر ذرا سی تخیل کی ضرورت ہے جو رنگ آمیزی کریگی۔ اسکے بعد پلاٹ کا درجہ ہے کہ وہ تکمیل مقصود ہوگی کس طرح۔ اور آخر میں وحدت اثر کا نمبر ہے کہ پڑھنے والا ایک وقت میں اُسی ایک اثر سے متاثر ہو جو مصنف کا مقصد ہے۔ ان پانچ عناصر اولیہ کے بعد اختصار بیان، زمان و مکان، فضائے فسانہ، اور طرز بیان وغیرہ ہیں جنکو میں عناصر نہیں بلکہ اس کے ٹکنیک میں داخل سمجھتا ہوں۔

کسی ایک کردار کے بھی محض ذہنی تاثرات اور قلبی کیفیات کا بیان یعنی "یادِ ایام" یا "محویتِ خیال" وغیرہ بیان کرنا بھی مختصر فسانے کی تقسیم میں شامل ہے، اس لئے میرے خیال میں ایک فسانہ نگار کا طریق کار (method) یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ فسانے کا مقصود جسے آپ غایت تصنیف بھی کہہ سکتے ہیں، قائم کرلینے کے بعد ایک مناسب اور خصوصی کردار وضع کرکے فسانہ سُنانا شروع کردے، اور پلاٹ کا بروز (development) فطری طریق پر ہوتا رہے۔ یعنی جہاں ضرورت کا تقاضا ہو دوسرے ضمنی کردار اور نئی صورت واقعہ (situation) پیدا ہوتی رہے۔ جو پلاٹ اس طرح بنے گا، میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ قرین فطرت ہوگا۔ کیونکہ ایسا پلاٹ مصنف کے مشاہدے اور تخیل کا ماحصل ہوگا، اور واقعیت نگاری کی حدود کے اندر رہے گا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ پہلے بنیادی خیال قائم کیا جائے اور اس کی مناسبت و ضرورت کے اعتبار سے جملہ کردار مقرر کردئے جائیں، اور پھر دو چار ایسی صورت واقعہ ترتیب دے لی جائیں جو اصل مقصود کے ساتھ غیر متناسب بھی نہ ہوں اور کردار کے لئے غیر فطری بھی معلوم نہ ہوں۔ جب یہ خاکہ تیار ہوجائے تو فسانہ لکھنا شروع کیا اور اُس میں تخیل کی رنگ آمیزی کی جائے۔ لیکن اس طریق کار میں اکثر اوقات بناوٹ کا رنگ جھلک آتا ہے۔ کیونکہ مصنف کا خیال پابند ہوچکتا ہے اور اس کی تخیل کا فطری رجحان اپنی گلکاریاں دکھانے کے لئے آزاد نہیں رہتا۔

میں اس سے بے خبر نہیں کہ پلاٹ کا مکمل خاکہ پہلے سے طیار نہ کرنے بلکہ پلاٹ کو فسانے کے دوران بیان میں بروز دینے کو ترجیح دینے کو ناپسند کیا جائیگا اور ممکن ہے کہ کسی کی نظر میں مضحکہ خیز بھی ہو۔ لیکن میں معذور ہوں کیونکہ میں طبیعت و فطرت کا جلوہ زندگی کے ہر شعبے میں دیکھنا چاہتا ہوں، اور تقلید و تصنع، مکر و ریا سے طبیعت کو بیزاری ہے۔ میرا ذاتی تجربہ یہی ہے کہ اگر پہلے سے کوئی خاکہ بنالیا ہے تو دقت محسوس ہوئی اور گفتنی ناگفتہ رہگئی ہے۔ آورد و تصنع بقول اناٹول فرانس صداقت کے منافی ہے۔

وہی ڈرامائی اصول کو آنکھ بند کرکے اختیار کرلینے کی تقلیدی ذہنیت ہی جو مختصر فسانے میں بھی "پیچیدگی" پیدا

کرنے کا مشورہ دیتی ہے۔ یہ خیال ہے کہ مختصر فسانے میں زبردستی "پیچیدگی" پیدا کرنے سے مقصود فسانہ دھندلا پڑ جاتا ہے لیکن اگر خود اُس واقعے کے اندر جو بیان کیا جا رہا ہے، کوئی پیچیدگی موجود ہے تو وہ فسانہ یقیناً زیادہ دلچسپ ہوگا بہرحال پیچیدگی پیدا اسی فسانے میں کی جا سکے گی جس میں کردار متعدد ہونگے۔ مگر پیچیدگی پیدا کرنے میں یہ فیصلہ کہ وہ کہاں فطری اور کہاں غیر فطری معلوم ہوگی، تمامتر مصنف کی سلامتی ذوق پر منحصر ہے۔ میں ذاتی طور پر پلاٹ کو پیچیدہ بنائے بغیر نتیجے کو توقف یا تعویق (suspense) میں ڈالدینے کو ترجیح دیتا ہوں۔ اس طرح پڑھنے والے کی دلچسپی آخر تک برقرار رکھی جا سکتی ہے۔

پلاٹ اور عمل (action) دراصل ایک ہی چیز ہے۔ پلاٹ کا بہت بڑا انحصار اس فضا و ماحول پر ہے جسمیں مصنف اپنے کردار کو پیش کرتا ہے۔ بلکہ یوں کہنا زیادہ صحیح ہے کہ پلاٹ فضا، اور کردار، یہ تینوں ایک دوسرے پر حصر رکھتے ہیں۔ ان تینوں کے مابین اگر کسی وقت بھی خفیف سا عدم تناسب رُونما ہو جاتا ہے تو فسانے کی صناعت کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔

مختصر فسانے کے پلاٹ میں سب سے زیادہ مشکل موقعہ جسمیں فسانہ نگار کے ذوق و وجدان کا امتحان ہوتا ہے وہ نئی صورت واقعہ (situation) کا پیدا کرنا ہے۔ اس کی صورت اور صناعت ہمارے ادب میں قصیدے کی گریز سے بہت مماثل ہے۔ واقعات کے بیان میں جب بھی نئی صورت واقعہ پیش کی جائے تو پڑھنے والے کو یہ محسوس ہونا چاہیئے کہ وہ صورت حال، بیان ماقبل کا فطری نتیجہ ہے، اور اس صورت کے سوا کوئی دوسری صورت ہو ہی نہ سکتی تھی۔

ظاہر ہے کہ پلاٹ جس چیز کا نام ہے وہ مختلف واقعات سے ترتیب پاتا ہے، اور یہ مختلف واقعات ایک بنیادی واقعہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان ذیلی واقعات کو پیدا کر کے اُنہیں ایسے سلسلے میں لے آنا کہ وہ ایکدوسرے کا منطقی نتیجہ معلوم ہوں، اسی کا نام پلاٹ کی سادگی اور یہی اس کا سب سے بڑا حُسن ہے۔ ترتیب واقعات میں، میرے نزدیک، مصنف کی توجہ اسپر زیادہ صرف ہونا چاہیئے کہ ہر واقعہ اپنی جگہ اس طرح پیش آئے کہ باوجود متوقع ہونیکے پڑھنے والیکو مُنہمک رکھ سکے۔

ایک فسانہ نگار کو جو صورت اکثر پیش آسکتی ہے وہ یہ ہے کہ جب وہ کسی واقعہ یا جذبے سے متاثر ہو کر اسکو ایک فسانے کی صورت دینے لگتا ہے تو اُس کا تحت الشعور یا حافظہ بعض ایسے واقعات پیش کر دیتا ہے جو اُس کے مشاہدے میں پہلے آچکے اور اس واقعہ یا جذبے سے فطری لگاؤ یا مناسبت رکھتے ہیں۔ ان واقعات کو اس طرح مربوط کر دینا کہ وہ آپس میں جان و جگر معلوم ہونے لگیں، بس یہی فسانہ نویسی کا فن ہے۔ ایک دوسری صورت یہ بھی ہے کہ مصنف کے سامنے ایک کردار کی زندگی یا اس کی زندگی کے کسی خاص واقعے کا پورا علم ہوتا ہے اور وہ اسے بجنسہٖ یا معمولی اور خفیف تبدیلیوں کے ساتھ بیان کر دیتا ہے۔ اس صورت میں فسانہ نگار کی تخلیقی قابلیت کو کم اور انتخابی صلاحیت کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے۔ اسکے برخلاف پہلی صورت میں مصنف کو واقعات و تخیل کی مرصع سازی کرنا پڑتی ہے۔

افسانے کا انداز بیان بھی دو نوعیت کا ہوتا ہے۔ ایک تو یہ ہے کہ مصنف نے جو کچھ دیکھا یا سُنا ہو بس اُسی کو بیان کر دے، یعنی خارجی طور پر جو زندگی جس طرح بسر کی جاتی ہے، وہ اُسے خارجی شکل ہی میں پیش کر دے، اور دوسری صورت یہ ہے کہ

جس زندگی کا بیان ہو اس میں مصنف بالتوا اپنے تاثرات شامل کرتا جاتا ہے یا کردار فسانہ کے لفظ بیان کا تجزیہ و تحلیل کرتا ہے۔ اس عہد میں اسی نوع کی افسانہ نویسی زیادہ مقبول ہے۔

خارجی زندگی کو خارجی طریق ہی پر بیان کر دینے میں بالعموم ابتدا سے انتہا تک کی جاتی ہے جو ایک سپاٹ کہانی ہو کر رہ جاتی ہے۔ اسمیں ادیب کو دخل کم ہوتا یا ہوتا ہی نہیں ہے۔ لیکن جس فسانے میں کردار کی داخلی زندگی بیان کی جاتی ہے وہ بالعموم پلاٹ کے کسی اہم نقطے سے شروع کیا جاتا ہے اور حسب ضرورت افسانہ سمجھانے اور بیان کو واضح کرنیکے لئے اُس نقطے سے قبل کے بعض ضروری واقعات ضمناً بیان کر دئے جاتے ہیں۔ اس پیرایۂ بیان میں ادبی صناعت پیش کرنیکے لئے بہت گنجائش ہوتی ہے، اور اسی انداز کو قبولیت بھی حاصل ہے۔

ہمارے اہل قلم نے افسانے کو شعر کی طرح ایک الہامی چیز سمجھ لیا ہے، اور ایسے ہی دعووں کے ساتھ اپنی تصانیف کو پیش بھی کرتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت یہ نہیں۔ فسانے اور الہام کے درمیان دور کا تعلق بھی نہیں ہے۔ البتہ افسانے کی عبارت میں شعریت پیدا کی جاسکتی ہے۔ لیکن وہ بھی ایک مناسب حد تک۔ بہت زیادہ ادبیت پیدا کر دینے سے فسانے کا مقصود اور اُسکی وحدت اثر بلاشبہ غارت ہو جاتی ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ فسانہ جب لکھا جا چکے اور اُس کی مرصع کاری جملہ پہلوؤں سے مکمل ہو تو شاید ہم اُسے بحیثیت مجموعی ایک شعر کہہ سکیں۔ لیکن وہ شعر بھی مشاہدہ و مکالمہ کے اظہار کی تکمیل کا شعر ہوگا، الہام نہ ہوگا۔

ابھی میں نے آپ سے کہا ہے کہ پلاٹ کا سُبک ہونا اُس کا سب سے بڑا حُسن ہے جو افراد قصہ کی کثرت سے باقی نہیں رہتا۔ لیکن افسانے کے پلاٹ کو سُبک رکھنے کیلئے ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ کردار میں تنوع اور تضاد پیدا کیا جائے۔ اور وہ تنوع آخر فسانہ تک قائم رہ سکے۔

محض پلاٹ کی خاطر سے پلاٹ اختراع کرنا خامکاری سمجھی جاتی ہے۔ اس کے برخلاف پلاٹ سازی کی صناعت اس میں ہے کہ واقعہ متعلقہ ایک اوسط طبیعت کے انسان میں جو مختلف انداز مزاج پیدا کر سکتا ہے، پلاٹ کی بناء اُس انداز پر رکھنا چاہیئے۔ پلاٹ اگر اس طرح بنایا جائیگا تو اُس میں کردار کی نامود کے ساتھ مرکزی و بُنیادی خیال کی نامود کو بھی پورا موقعہ ملے گا۔

افسانے کے کردار

میری آج کی گفتگو کا موضوع افسانے کے کردار ہے۔ پچھلی گفتگو میں میں نے عناصر فسانہ کی تعداد پانچ بتائی تھی جسمیں مقصود فسانہ کو پہلے نمبر پر رکھا تھا۔ آج میں بتانا چاہتا ہوں کہ پورپ کے بعض ناقدوں کی رائے ہے کہ فسانے کے عناصر میں خود مصنف بھی شامل ہے، کیونکہ اُن کی رائے میں مقصود فسانہ، مصنف کی ذات سے الگ کوئی چیز نہیں یا یہ کہ مقصود اور مصنف ہم معنی الفاظ ہیں۔ چنانچہ اس لحاظ سے کہ مقصود، فسانے کا اصل اصول اور وہ نقطۂ آغاز ہے جس کے بغیر نہ کوئی خط کھینچا جاسکتا ہے اور نہ کوئی دائرہ بنایا جاسکتا ہے، تو پھر فسانے میں اس کے کردار کو پہلی جگہ حاصل ہو جاتی اور کردار اہم ترین عنصر فسانہ بن جاتا ہے۔ اسلئے ظاہر ہے کہ کردار نگاری مصنف کی کتنی گہری توجہ اور کسقدر غور و فکر کا مرکز ہونا چاہیئے۔

بعض وقت نظر میں بھی نہیں آتا۔

ڈراما کی روایات کے تحت، پرانی ناول نویسی میں یہ بات بھی ضروری سمجھی گئی تھی کہ جو فرد فسانہ ایکبار داخل قصہ ہو گیا اسے خواہ مخواہ آخر تک نبھانا چاہیئے۔ لیکن مختصر افسانہ اسکو بھی روا نہیں رکھتا۔ ایک فسانے میں کسی فرد فسانہ کا جتنا کام اور جب تک ضرورت ہو، اسی حد تک اسے فسانے میں داخل رہنا چاہیئے۔ اور اس کے کردار کو بروز بھی اسی حد تک ملنا چاہیئے کہ وہ مرکزی کردار کو ابھارتا ہو۔ اور جیسے ہی اسکا کام ختم ہو، اسے فسانے سے خارج ہو جانا چاہیئے۔ کیونکہ ہر کردار کو فسانے کے رنگ، فسانے کے عمل، اور فسانے کی زندگی کا حقیقی جزو بن جانا لازمی چیز ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں سمجھیئے کہ جب تک ایک کردار داخل فسانہ ہے اسکے فعل و عمل کا حصہ، قصے کا ناقابل ترک جزو معلوم ہو، اور یہ نظر آئے کہ اس کی شرکت کے بغیر پلاٹ اور افسانہ ناقص ہوتا، اس کا داخل فسانہ ہونا کسی وقت بھی برائے بیت محسوس نہ ہوگا۔

ایک فسانہ نگار کیلئے، بالخصوص اس صورت میں کہ وہ نفسیاتی انداز کے فسانے لکھتا ہو، یعنی اپنے کردار کا ذہنی تجزیہ پیش کرے، میری رائے میں مناسب موقعے پر اس کی توراثی اور اسکے قبیلے کی بعض خصوصیات کی طرف اشارہ کر دینا بہتر ہوتا ہے۔ اس سے اُس کردار میں ایک قسم کا تشخص آجاتا، اور پڑھنے والے کو اُس کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور غالباً کردار کشی بھی مکمل ہو جاتی ہے۔

کردار کی صحیح نقاشی کے لئے فسانہ نگار کو یہ حقیقت ہر وقت سامنے رکھنا چاہیئے کہ انسان اپنی پوری زندگی میں ہر لحاظ سے تبدیل ہوتے رہنے کے باوجود تبدیل نہیں ہوتا۔ چنانچہ ایک افسانہ نویس کے لئے اُس دُنیا کا جاننا ازبس ضروری ہے جس میں اسکے کردار پلتے بڑھتے ہیں۔ ایک کاشتکار کا کردار اُسی وقت کامل سمجھا جائیگا جب پڑھنے والیکو ناج کی بھس اور گٹی کی بھکار اندآنے لگے۔ اس لئے کہ کردار نگاری معطل مادے کو ذی رُوح کر دینے کا نام بلکہ اس کا کام ذی رُوح کو زندگی گزارتے دکھا دینا ہے۔

ایک خاص اور اہم نکتہ یہ بھی ہے کہ مختصر فسانے میں کسی کردار کی زندگی کے تمام پہلو پیش کرنے کی کوشش نہ کرنا چاہیئے۔ جب کبھی ایسا کیا جائیگا، قاری کے ذہن میں اس کردار کی داخلی کیفیت کی تصویر کبھی قائم نہ ہو سکے گی۔ صاحب کمال فسانہ نگاروں کے یہاں ہمیشہ دیکھا جاتا ہے کہ وہ ایک کردار کی زندگی کے بعض خاص اور وسیع المعنی پہلو منتخب کر لیتے ہیں، اور اُنہیں خصوصیات کو روشن کرتے ہیں جو روشن کئے جانیکے قابل ہوتی ہیں۔ اگر یہ مدعا حاصل ہو جاتا ہے تو اس کردار کی عمومی فطرت کا دھندلا سا خاکہ پڑھنے والے کی نظر خیال کے سامنے ازخود قائم ہو جاتا ہے۔ کردار کی پوری زندگی کی تفصیل کرنے سے مقصود فسانہ چمک نہیں سکتا جو مختصر فسانہ کے عناصر خمسہ میں سے ہے۔ فوکس سے ایک ذرا باہر ہو کر تصویر زیادہ دلکش ہو جاتی ہے۔ اور خاکے کو ذرا سا دھندلا رکھنا بجائے خود ایک نزاکت فن ایک صناعانہ فعل ہے۔ میرے اندازے کے مطابق اس مقصد میں کامیاب ہو جانا فسانہ نگار کے مشکل ترین کاموں میں سے ایک ہے۔

ایک کردار کش فسانہ نویس کو یہ بات کبھی فراموش نہ ہونا چاہیئے کہ ہم بالطبع شکل ہی کو دیکھتے ہیں، یہ دیکھنا نہیں چاہتے کہ اس شکل کی تعمیر کن اجزا سے ہوئی ہے۔ ہمیں تو شکل کی بھی ایک ہی جھلک اس کا شیدا بنا دیتی ہے۔ اُس کا راز یہ ہے کہ

صناعت کو خورد بین سے واسطہ نہیں، چنانچہ کردار نویس کے لئے بہت ضروری ہے کہ وہ کردار کی صرف نمایاں اور جامع خصوصیات ہی پیش کرنے پر توجہ صرف کرے۔

میں نے ابھی کہا ہے کہ کردار کی دُنیا کا علم ہونا فسانہ نویس کے لئے لازمی چیز ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی نہایت ضروری ہے، کہ اُس کے کردار اپنی سماج سے پوری مُناسبت اور اپنے ماحول سے کلّی مطابقت رکھتے ہوں۔

انسانی زندگی کے مطالعہ نے فلسفیوں سے کہلوا دیا کہ زندگی ایک معمّہ ہے۔ انسان زندگی جیتا ہے یا زندگی انسان کو جلاتی ہے، بہرحال یہ جینے کا فعل بجائے خود ایک مجبوری ہے، اور یہ مجبوری فی نفسہٖ زندگی کا استہزا رہی ہے۔ چنانچہ ہمارے چاروں طرف زندگی مُنہ بناتی نظر آتی ہے۔ کردار نگار کی صناعت اِس میں ہے کہ وہ اپنے کردار کے اندر زندگی کے اس مُنہ بنانے کی نقاشی کر سکے۔ فاقہ کش کسان، پھٹے حال مزدور، کھُولو کا بیل کلرک، آبرو باختہ کسبی، خون آشام مہاجن، ظالم و بے رحم زمیندار، مُصرف و عیاش سرمایہ دار، غرض زندگی کے جُملہ مظاہر میں زندگی مُنہ بنا رہی ہے، اور وہ مظاہر فسانہ نویس کی زنبیل شعور و تحت الشعور میں جمع ہوتے رہتے ہیں۔ ان میں سے جو زندگی بیان کی جائے گی وہ واقعیت نگاری ہوگی۔ واقعیت نگاری محض پست طبقوں کی زندگی کے بیان تک محدود نہیں۔ کردار نگاری کا فرض ہے کہ پست طبقوں کی زندگی کا حُسن و قبح بھی بیان کرے اور اعلیٰ طبقوں کی زندگی کی دلفریبی و کراہت بھی۔ ہبوطِ آدم نے اولادِ آدم کو جیسا کچھ بنایا یا بگاڑا ہے، اُس بننے یا بگڑنے کو جینا، سانسیں لیتا ہوا دکھا دینا کمالِ فن ہے۔

ایک مُصنّف اگر حیاتِ انسانی کا صحیح مطالعہ کرتا اور زندگی کے ابتدا و آفات اسے مُتاثر کرتے ہیں، تو یہ تو ناممکن ہے کہ اُس کا دل دُنیا کی بے رحمیوں پر دُکھ نہ جاتا ہو، اور بیچارہ و مجبور انسان کے لئے اس کے دل میں ہمدردی کے بادل نہ اُمنڈتے ہوں۔ بلکہ حقیقت میں اس کے یہی محسوسات و جذبات اُسے زندگی کی نقاشی پر اُکساتے اور زندگی کے یہی پہلو اس کے فسانے کا مقصود قرار پاتے ہیں۔ لیکن کردار نویسی کی کامیاب صناعت کا راز یہ ہے کہ وہ متاثر ہونے کے باوجود اپنے کردار کے افعال و اعمال پر جج بن کر فیصلہ صادر نہ کرے، اور ایسا ہی بے تعلق رہے جیسے کہ فطرت انکو خلق کر کے بے تعلق ہو جاتی ہے۔ یہ کسی وقت معلوم نہ ہونا چاہیئے کہ مُصنّف اپنے کردار سے نفرت کر رہا ہے یا محبّت، اُسے غصّہ ہے یا رحم۔ کیونکہ اس کا کام حقیقی زندگی کو روشنی میں لانا ہے، اسپر جرح و تعدیل کرنا نہیں۔ اس مدعا کو حاصل کرنیکے لئے مُصنّف کی طبیعت میں کسی قدر تفلسف کا ہونا لازمی ہے۔ کیونکہ یہ بات کہ دُنیا بہرحال رہنے کے قابل جگہ ہے، اس لئے کہ اس میں ناقص خلقت اور بد رو بہ انسانوں کی کمی نہیں اور یہی وہ چیز ہے جو افسانے کا مسالہ اور اُس کا عمدہ موضوع ہے۔ فسانہ نویس میں اگر یہ خوبی نہیں، تو آپ اکثر دیکھیں گے کہ فسانہ نگار صاحب ہیروئن کے ساتھ خود عشق فرما رہے اور اپنے رقیب کو جی بھر کے گالیاں دے رہے ہیں۔

ایک فسانہ کے اندر جتنے کردار بھی ہوں، ان کا فرضِ منصبی یہ ہونا چاہیئے کہ فسانے کی فضا کو برقرار رکھیں اور وہ فی المعنی مرکزی کردار کو اُبھارتے ہوں۔ یعنی فسانے کے واقعات کی پیچیدگی کے اندر سے (بشرطیکہ اس پلاٹ میں کوئی پیچیدگی ہو بھی) فسانہ کے پلاٹ کا بروز ہو، اور مرکزی کردار کا بروز باقی کردار کے اختلافی یا تائیدی فعال سے ہوتا ہو

مُصنّف کے خیال میں اگر اُلجھن ہوگی تو نہ صرف اس کا بیان ژولیدہ ہوگا بلکہ کردار کشی بھی صاف و صریح نہ ہوسکے گی۔ بالفاظ دیگر یوں سمجھئے کہ افسانہ نگار کو اپنے مُشاہدے کی مدد سے کردار کا تصوّر نہایت قطعیت کے ساتھ قائم کرنا پڑتا ہے، اور اُسے پیش کرتے وقت اُس کی حسِ تناسب اور قدرتِ تنظیم سے کام لیتا ہے۔ اعلیٰ کردار کشی کے لئے ایک مُصنّف کے ذہن و ذکا، کا صحیح و تندرست ہونا بھی اشد ضروری ہے۔ یعنی اسکا محض تخیلی یا نراشاعر ہونا حقیقی کردار کشی کے منافی ہے۔

اس عہد کی کردار کشی کے لئے مُصنّف کا مابعد الطبیعاتی رُجحان بھی فن و صناعت کے خلاف سمجھا جاتا ہے۔ کیونکہ اس سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ جس چیز کو دیکھے اُسی کو مانے، جسکو چھوئے اُسی کو تسلیم کرے۔

ایک فسانے میں جب متعدد کردار نقش کرنے ہوں تو یہ احتیاط بھی لازم ہے کہ اُن میں تنوّع اور تضاد ہو، کیونکہ تنوّع پلاٹ کو سُبک بنانے میں بہت مُمد ثابت ہوتا ہے۔ تنوع کے بغیر پلاٹ یقیناً بھدّا ہوجاتا ہے۔ لیکن متعدد کردار میں تنوّع پیدا اور قائم رکھنے کے لئے مُصنّف کا مطالعہ وسیع اور مُشاہدہ عمیق ہونا لابدی ہے۔

کردار کشی کا یہ طریقہ زیادہ اثر آفرین سمجھا جاتا ہے کہ ان کے اعمال بلاواسطہ صادر ہوں جو مُصنّف اپنے کردار کو بالواسطہ عمل کا عادی بناتے ہیں ان کو حصولِ مقصد میں دقت پیش آتی ہے، بلکہ بعض اوقات تو وہ ناکام رہتے ہیں یعنی کردار کے افعال بعید الفہم معلوم ہونے لگتے ہیں۔

آخر میں، میں مکرر کہونگا کہ کردار کشی منحصر ہے فسانہ نویس کے مُشاہدے کی گہرائی اور افعال انسانی کے نفسیاتی مطالعے کی عادت پر۔ اور چونکہ مشاہدہ و مطالعے کے مدارج ہیں اس لئے ایک فسانہ نویس کی کردار کشی اُسی مناسبت سے کامل یا ناقص ہوسکتی ہے۔ مُشاہدے اور مطالعے کے ساتھ طریق کار (method) اور طرزِ بیان وہ چیزیں ہیں جن سے کردار میں جان پڑتی ہے۔ کردار کو نمایاں کرنے یا اس کی فطرت کو دانمود دینے کا احسن طریق بحث اور تقابل ہے، اور ناقص پیرایہ خود مُصنّف کا تعارف۔ کردار نگاری کے لئے کردار کا تقابل فطرت کے رازوں میں سے ایک راز ہے۔ دولت و افلاس، مادیت و روحانیت، محبّت و منفرت وغیرہ اور اس تقابل کے اندر تناسب و توازن پیدا کرنا وہ چیز ہے جو مُصنّف کے اندر عقیدۂ حُسن کی دلیل ہے۔ انسان ناقص ہونے پر عقیدہ ہونے کا مفہوم یہ ہے کہ مُصنّف کو فطرت یعنی حُسنِ بسیط پر عقیدہ ہے!

فسانے کی فضا

فنِ فسانہ کے تحت، آج کی گفتگو کا موضوع فسانے کی فضا ہے۔ مکرر فضائے فسانہ کے متعلق یہ بتاسکنا کہ وہ کیا ہے اور کس طرح وجود میں لائی جاسکتی ہے، نہایت دُشوار معلوم ہورہا ہے۔ جہاں تک میرے محدود مطالعے کا تعلق ہے، مجھے اعتراف ہے کہ اس موضوع پر انگریزی زبان میں بھی، جو ہماری علمی ترقیوں کا ذریعہ ہے، میری نظر سے کوئی ایسی جامع تحریر نہیں گزری جس میں کسی کامل فن نے فضا پیدا کرنے کے اصول بہ لحاظ فن بتائے ہوں، بجز اس کے کہ مختلف ادبی تنقیدوں میں جستہ جستہ، فضائے فسانہ کی خوبی یا اس کے نقص کے متعلق ناقدوں کی قلم سے نکلے ہوئے چند فقرے

نظر سے گزرے ہوں۔ اس لئے میں اپنے خیال کے مطابق یہ بتانے کی کوشش کروں گا کہ فسانے کی فضا کا تعلق کن باتوں سے ہے۔ لیکن اس اصولی بات کو پہلے ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ فضا پیدا کرنا فی نفسہٖ یہ معنی رکھتا ہے کہ مصنّف ایک نوع کی صناعانہ چالاکی سے کام لیتا ہے۔

بہرصورت، میرے خیال میں فضائے فسانہ کا تعلق کردار فسانہ کی داخلی کیفیات سے ہوتا ہے، اور یہ فضا حسبِ موقعہ وضرورت ایک منظر نقش کر کے بنائی جاتی ہے۔ یعنی جس موقعے کا بیان ہو، اور کردار کی جس ذہنی حالت اور دماغی کیفیت کو پیش کرنا مقصود ہو، اس کے مناسب حال گردوپیش کی بعض ایسی چیزوں کی طرف چند ایسے اشارے کئے جائیں جس سے ایک ذی حیات اور اثر آفریں تصویر یا مرقعہ، پڑھنے والے کی نگاہ خیال کے سامنے آجائے۔ اور یہ مرقع اپنے اثر کے لحاظ سے اس قسم کا ہونا چاہیئے کہ جو کردار متعلقہ کی داخلی حالت وکیفیت سے کلی طور پر ہم آہنگ وہمنوا ہو اس کے افعال واعمال کا محرک اور ممد ہو، اور اس کی رُوح یا نفس سے آمیز ہوتا ہو۔

جس قسم کی زندگی فسانے کا موضوع ہے اُس کے تفصیلی بیان (description) کے لئے اگر جزئیاتی اور طویل تصریح کی جائے گی تو فضا پیدا ہونے کے عوض غارت ہوجائے گی۔ کیونکہ مقصود تو کردار کی نفسیاتی حالت کو وانمود دینا ہوتا ہے، اور تفصیلات کا طویل بیان ظاہر ہے کہ کردار کو قاری کی نگاہ خیال کے سامنے سے ہٹا دے گا۔ مختصر فسانے میں اختصارِ بیان بھی لازمی ہے۔ چنانچہ ضرورت صرف اتنی ہوتی ہے کہ مختصر فقروں میں، پُرمعنی الفاظ کے استعمال سے، سُبک طریق پر آس پاس کے منظر کے چند ایسے مخصوص اور نمایاں خط وخال پیش کئے جائیں کہ پڑھنے والے کی توجہ کا مرکز خود وہ منظر نہ بن جائے، بلکہ اس منظر کا اثر اس کے ذہن میں قائم ہوجائے، اور وہ کردار کو اس اثر ہی کی روشنی میں یا اس اثر کی عینک سے دیکھ سکے۔ اور چونکہ کردار کی حالت اُس منظر کے اثر سے مطابقت رکھتی ہے، کردار فسانہ اور فسانے کا پڑھنے والا ایک ہی اثر سے متاثر ہونگے۔ ان کے مابین اشتراکِ حال پیدا ہوجائیگا اور قاری کو کردار کے ساتھ ہمدردی ہوجائے گی۔ وہ اس کے جذبات اور حسیات کو کامل طور پر سمجھ سکے گا۔ مگر یہ بات اُسی صورت میں ممکن ہوسکتی ہے کہ فسانہ نویس نے اس منظر کے مخصوص خط وخال کو اس طرح چھوا ہو کہ پورا منظر نقش کئے بغیر اثر تو پورے منظر کا پیدا ہو مگر کردار اور قاری کے سامنے چند ہی چیزیں آئی ہیں۔

اس قسم کی منظر کشی ہر ایک کے لئے دُشوار ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کا تمام تر مدار خود مصنّف کے مزاج اور طبیعت پر ہوتا ہے کہ کسی قدرتی منظر کو دیکھ کر وہ خود کس طرح متاثر ہوتا ہے، اُسے کس شوق وانہماک کے ساتھ دیکھتا ہے اور اُس سے کس حد تک لُطف اندوز یا منغض ہوتا ہے، مظاہر فطرت کو وہ کس احساس انبساط یا کس احساس الم کے تحت سمجھتا ہے۔

ایک کامیاب فسانہ نویس کے لئے ضروری ہے کہ اُسے مظاہر قدرت سے دلی لگاؤ ہو۔ وہ ہزار در ہزار وضع وقطع کے برگستان و بوستان، مرغزار وگلزار کی رُوحوں سے آشنا ہو۔ کُنکناتے ہوئے چشموں کے بول سمجھتا ہو، بادلوں کے نیرنگ کو دیکھ سکتا ہو۔ اُسے ان ہزار در ہزار نغمگیوں سے شناسائی ہونا چاہیئے جو کائنات میں چار وناچار

بکھری ہوئی ہیں، اور اس کی تخیل و فکر اسے یہ سمجھنے کے قابل بنا دے کہ یہ بے شمار اور رنگا رنگ شکلیں اور جسم بالآخر دو ہی صورتوں میں ختم ہوتے ہیں — محبت اور موت کی صورتوں میں!

ایک افسانہ نگار جب فطرت اور اس کے مظاہر سے، اسکے تضاد اور ہم آہنگی سے، اور خود اس تضاد کی ہم آہنگی کے رازوں سے آشنا ہوگا تو بلاشبہ وہ اپنے مقصود کو صحیح طور پر پیش کرنے میں کامیاب ہو سکے گا۔

فسانے کی فضا پیدا کرنے میں سب سے بڑا نقص یہ سمجھا جاتا ہے کہ کردار اپنے آس پاس کی طرف سے بے خیال معلوم ہو، اس سے گہری دلچسپی لیتا محسوس نہ ہو، دوسرے لفظوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ کردار فسانہ اور منظر متعلقہ کو باہمدیگر، داخلی طور پر باہم آہنگ ہونا چاہیئے۔ اور فسانہ نگار کی صناعت کا اہم راز اس بات میں ہے کہ وہ اس ہم آہنگی کے صحیح اظہار پر قدرت رکھتا ہو۔ اس کے اندر اس امر کا صحیح اندازہ کر سکنے کی استعداد ہو کہ ماحول پیدا کرنے کے لئے صرف وہ باتیں انتخاب کرے اور اسی حد تک بیان کرے جتنا کہ خود اس میں اور اس کے کردار فسانہ میں، نیز اسکے کردار میں اور منظر متعلقہ میں اشتراک ہو۔ اس کی مزید توضیح کے لئے یوں سمجھیئے کہ فضا کے اندر سے کردار اور کردار کے اندر سے اس کے افعال اس طرح صادر ہوں جیسے ایک متناسب الاعضاء، ایک سڈول جسم کے جوان چہرے سے زندگی ہویدا ہوتی ہے — یعنی اس میں حسن تناسب بدرجۂ اتم ہونا چاہیئے۔

غالباً میں یہ واضح کر سکا ہوں کہ فسانے کی فضا کے لئے خود مصنف، منظر متعلقہ، کردار فسانہ، اور فسانہ پڑھنے والے کی داخلی کیفیات کا ایک ہونا فضائے فسانہ کی تکمیل ہے۔

حسن تناسب کا کامل ہونا وہ اصول اور حقیقت ہے جو کردار فسانہ کے عنوان میں بھی اتنی ہی صحیح ہے جتنی کہ فضائے فسانہ کے بیان میں۔ میں نے اپنی پچھلی گفتگو میں کہا ہے کہ فسانہ اگر دیہی زندگی کا مرقعہ ہے تو اس کے بیان میں کردار کی اٹھان ایسی ہو کہ ہمیں اناج کی بھس اور کٹی کی بھکراند آنے لگے۔ فضائے فسانہ کے ذیل میں بھی اس کی اتنی ہی ضرورت ہے۔ لیکن اس مقصد کو حاصل کرنیکا صناعتی پہلو یہ ہے کہ بھس اور بھکراند تو محسوس ہو مگر اناج اور کٹی کا نام نہ لیا جائے۔ یعنی یہ اثر بالواسطہ پیدا کیا جائے۔

پلاٹ کے ضمن میں میں نے آپکو بتایا ہے کہ پلاٹ، کردار، اور ماحول فسانہ باہمدیگر حصر رکھتے ہیں۔ اس لئے آپنے محسوس بھی کیا ہوگا کہ مجھے بعض ان باتوں کی طرف مکرر اشارہ کرنا پڑا ہے جو میں پہلے کہہ چکا ہوں۔ یہ ناگزیر بھی تھا۔ بہر صورت ان تینوں عناصر فسانہ سے متعلق، فسانہ نگار کے لئے اُس کا طریق کار (method) ہی ایک وہ چیز ہے جسکی خوبی یا خرابی کے ساتھ فضائے فسانہ کی تخلیق وابستہ ہے۔ فسانہ نگار کے طریق کار کے متعلق میں اپنی آئندہ گفتگو میں مزید اظہار خیال کرونگا جو طرز بیان پر ہوگی۔

زندگی کے نیرنگ کا مطالعہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ زندگی کا مدار بھی مدارج پر ہے، بالکل اسی طرح جس طرح کہ موسیقی کا مدار اسکے زیر و بم پر ہے یا نقاشی کا مدار ہلکے اور گہرے رنگوں کے امتزاج پر۔

چنانچہ جب سازوں کے تار کامل طور پر مل جاتے ہیں تو ایک ایسی فضا وجود میں آجاتی ہے جس کے اثر سے سننے

والا داخلی طور پر عالم کثیف سے باہر پہنچ جاتا ہے۔ اور ایک تصویر میں جب ہلکے اور گہرے رنگ صحیح طور پر ہم آہنگ ہو جاتے ہیں تو دیکھنے والا تصویر کی فضا کے اندر داخل ہو کر اپنے بطون سے ہمنوا ہو جاتا ہے۔ یہی حال شاعر اور ادیب کی صناعت کا ہے کہ جب وہ صحیح فضا پیدا کر لیگا، پڑھنے والا کردار فسانہ کے تاثر سے متاثر ہو جائیگا جو در اصل خود مصنف کا تاثر ہوگا۔ میرے نزدیک صاحب کمال فسانہ نویس کی کامیابی کا راز یہی ہے۔

اس لئے، فسانے کی فضا پیدا کرنے کے معنی یہ ہوئے کہ مصنف جو کچھ دیکھتا ہے وہ قاری کو بھی دکھا دے، جس طرح خود متاثر ہوتا ہے پڑھنے والے کو بھی محسوس کرا دے۔ اور یہ کہ فسانہ نویس جس فضا کی بھی مخلوق وضع کرتا ہے، اُسے ایسے ماحول میں پیدا کرے جہاں اس کا خلق ہونا قرین فطرت ہو، اور جب وہ فسانہ پڑھا جائے تو پڑھنے والے کو بھی وہ سب کچھ نظر آنے لگے، وہ سب کچھ محسوس ہونے لگے۔

فسانے کی فضا، فسانے کے آغاز میں پیدا کر کے اسے آخر تک برقرار رکھنا اور نبھائے جانا مقصود فسانہ کو کبھی ڈھیلا نہ ہونے دیگا، اور ہر نئی صورت واقعہ کے شمول سے کردار چمکتا جائیگا۔ لیکن اگر شروع ہی میں فضا تیار نہیں کی گئی ہے تو فسانے کا ناکام رہنا یقینی ہوتا ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ فضائے فسانہ کے باب میں میرا مافی الضمیر بخوبی واضح ہو جائے۔ اسلئے میں انگریزی کے ایک رومانی فسانے کا مختصر اقتباس پیش کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ اس اقتباس کو پڑھکر آپ میری گفتگو کو زیادہ آسانی سے سمجھ سکیں گے۔ سُنیئے:۔

"ایک دوشیزہ باغ کے وسط میں بیٹھی ہے۔ اُس کے ہاتھ میں گہرے رنگ کے پھول ہیں، پُشت پر ایک پتلی ندی بل کھاتی ہوئی بہہ رہی ہے، کنارے پر کہیں کہیں پانسی کے جھنڈ ہیں، اور ایک عجیب قسم کا پرند کھڑا ہے....."

اس مختصر تصویر میں آپ دیکھتے ہیں کہ ایک لڑکی ہے، کچھ شوخ رنگ پھول ہیں، بل کھاتی ہوئی پتلی سی ندی ہے، ستان کے دو چار جھنڈ ہیں، اور کنارے پر ایک تنہا پرند کھڑا ہے۔ مگر منظر کے ان چند خط و خال میں مجھے وہ سارا ظرف اپنی تفصیلات کے ساتھ نظر آ رہا ہے جو اس تصویر کے آس پاس ہو سکتا ہے۔ اور اس منظر کی ساری فضا جو اس اکائی سے پیدا ہے میری روح میں پیوست ہوتی جا رہی ہے۔ اسی اقتباس کا آگے کا ٹکڑا یہ ہے:۔

"لڑکی کے قریب ایک درخت ہے جس میں بڑے بڑے پھل لٹک رہے ہیں۔ یہ درخت طرفہ طریق پر عام درختوں کے خلاف مناسب ہے۔ لیکن عام درختوں کی طرح اس میں بھی وہ بے نام شے موجود ہے جو ہمیں محسوس کرا دیتی ہے کہ درختوں میں جان ہے اور وہ انسان کے دوست ہیں۔ وہ لڑکی ٹکٹکی باندھے ہم کو دیکھ رہی تھی۔ اس کی مدور اور نیلگوں آنکھیں، اور وہ پھول بھی جو اس کے ہاتھ میں تھے، ہمیں گھورتے معلوم ہوتے تھے۔"

پہلے ٹکڑے میں تنہا پرند اور دوسرے میں تنہا درخت، اس لڑکی کی تنہائی کی طرف اشارہ ہے۔ یقیناً آپ محسوس

کررہے ہونگے کہ اس مختصر بیان سے اُس لڑکی کی حیران نظری اور حیران خیالی، دونوں کا اظہار مقصود ہے۔ لڑکی کی گول آنکھوں اور اُن پھولوں کو بھی گھورتا ہوا دکھانا، لڑکی کے گھورنے کو صناعت ادب کے منتہائے کمال پر پہنچا دیتا ہے۔ اسکے ٹکٹکی باندھکر دیکھنے سے اُس کی معصومیت اور الھڑپن کا علم ہوجاتا ہے۔ درخت کا غیر معمولی تناسب اور اس میں نورس پھلوں کا ذکر اُس دوشیزہ کی جوانی و جمال سے استعارہ ہے۔ درخت کی طرفگی و ندرت دوشیزہ کی نادر شخصیت کی رمز ہے۔ اور پھر درخت کے اندر اس شے خاص کی موجودگی کا اشارہ ہے جو تمام درختوں میں مشترک ہوتی ہے۔ لڑکی کے اندر اجتماعی زندگی کی آرزو پروری، شوق، اور روح کا نکتہ ہے۔

مختصر لفظوں کے اس جامع اقتباس سے شعریت و ادبیت اور اس کی صناعت کے ساتھ منظر کشی کا کمال، کردار کشی کی معراج، اور افسانہ نویسی کا معجزہ پیش کردیا گیا ہے۔ دوشیزہ کی جو تصویر اور اس کی فطرت اساس جوان مختصر جملوں میں دکھادی گئی ہے، اس میں اسقدر امکانات مخفی ہیں کہ اس کا کردار خود بخود بروز پاسکتا ہے۔ وہ کچھ نہیں جانتی، وہ معصوم ہے، لیکن محبت کی پذیرائی کے لئے طیار ہے۔ جس ماحول کے اندر یہ لڑکی پیش کی گئی ہے وہ اس بات کی ضمانت ہے کہ اس کی محبت پاکیزہ ہوگی۔ اس کے ہاتھ میں روشن پھول ہیں، یعنی وہ اپنے گلہائے محبوبی کا تحفہ محبت کے شوالے پر چڑھانے کے لئے تیار ہے۔

ادب کے اس پُر صناعت نمونے میں آپنے دیکھا کہ مختلف قسم کی چیزیں بے ربط ہونے کے باوجود کتنی باربط ہیں؟ ایک کی حالت کا اثر دوسری کے ساتھ کس درجہ ہم آہنگ ہے، ہر شے منفرد ہے لیکن اثر آفرینی نے اُن کو پانی کی موجوں کا ایک سلسلہ بنادیا ہے۔ اس منظر نگاری کا مجموعی اثر فضا پیدا کررہا ہے۔ کیونکہ اس نقاشی میں اثر کی تکمیل دیکھنی ہے اور موضوع کے مفہوم میں تسلسل اور اس کے ساتھ حسّی و کیفیاتی سلسلہ و ربط بھی ہے۔

افسانے کا طرزِ بیان

افسانے کے پلاٹ، کردار، اور فضا، کے بعد میری آج کی گفتگو کا موضوع فسانے کا طرزِ بیان ہے۔ ادبیات میں تخیل کو روح اور طرزِ بیان کو جسم سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ادب کی تحسین اور ادیب کا کمال اس میں سمجھا جاتا ہے کہ اُس کی ہر تحریر، نظم ہو یا نثر، حشو و زوائد سے پاک ہو۔ دوسرے لفظوں میں یوں کہا جاسکتا ہے کہ اس میں کوئی لفظ یا کوئی بات بھرتی کی نہ ہو۔ چونکہ مختصر فسانہ ادب کی وہ صنف ہے جس میں قلیل وقفے کے اندر مختصر الفاظ میں ایک فسانیکے مقصود کو مکمل طور پر پیش کرنا، اور وسیع مفہوم کو سمجھا دینا پڑتا ہے، اور چونکہ اس میں تمام تفصیلات بیان نہیں کی جاسکتیں اور مفہوم و مطلب کی طرف اشارہ سازی سے کام لیا جاتا ہے، اس لئے یہ دعوے نہیں کیا جاسکتا کہ وہ یعنی فسانہ پڑھنے والے کو اپنے مقصود کا یقین دلاسکتا ہے۔ مختصر فسانہ ایک قاری کو متحرک کرسکتا ہے، اس سے شورش کرا سکتا ہے، لیکن اس کے اندر اپنے مقصود کا یقین پیدا کرنیکا مدعی نہیں ہوسکتا۔

الغرض کسی تحریر کو بھرتی سے پاک رکھنے کے لئے فسانے کے طرزِ بیان کا نادر ہونا ضروری ہے۔ طرزِ بیان کا حُسن اسی میں ہے کہ تحریر میں ایک لفظ، ایک فقرہ، یا ایک صورت واقعہ (situation) ایسی نہ ہو جسکو اگر نکال دیا جائے تو عبارت بے ربط یا مطلب خبط ہو جائے۔

کم سے کم الفاظ کا استعمال فصاحت کا اصول ہے، بشرطیکہ مفہوم میں الجھاؤ پیدا نہ ہو لیکن مختصر فسانے میں فصاحت کے خیال سے قطع نظر، زیادہ سے زیادہ مفہوم بیان کرنیکے لئے محذوفات و مقدرات سے خاص طور پر کام لینا پڑتا ہے۔ ایک ایک پیرے اور صفحے کا کام لفظوں اور فقروں سے لیا جانا از بس لازمی ہوتا ہے۔ اس لئے فسانہ نویس کو بہت زیادہ خیال رکھنا پڑتا ہے کہ مقدرات و محذوفات سے عبارت ایسی مبہم نہ ہو جائے کہ مفہوم خبط اور جُملے بے ربط نظر آئیں۔

فسانے کا یہ طرزِ بیان، میرے خیال میں، زیادہ دلکش ہوتا ہے کہ کردار فسانہ کے جن حالات اور واقعات کا تعلق اصل قصہ اور مقصود فسانہ سے نہ ہو، لیکن قصے کو سمجھانے یا کردار کو اُبھارنے کے لئے اُن کا بیان ناگزیر ہو جائے تو اُن میں سے صرف وہ حصے ضمنی طور پر بیان کئے جائیں، اور اس طرح بیان کئے جائیں کہ وہ اصل فسانے میں کچھ نہ کچھ اضافہ کرتے ہوں، پلاٹ کو واضح، اور کردار کو سریع الفہم بناتے ہوں۔

ہر عمدہ انشاء کے لئے زورِ بیان لازمی چیز ہے۔ طرزِ بیان کمزور ہوگی تو فسانہ یقیناً غیر دلکش ہوگا اور غیر حقیقی نظر آئیگا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ بیان کا پھیکا ہونا یا فسانے کا غیر حقیقی نظر آنا اسکا سب سے بڑا نقص ہے۔

زورِ بیان کے علاوہ طرزِ بیان میں زبان کی گھلاوٹ اور روانی جس قدر زیادہ ہوگی، الفاظ کا انتخاب جتنا متناسب، اور فقروں کا دروبست جتنا چُست ہوگا، اس کا حُسن اسی قدر بڑھ جائیگا۔ حسین طرزِ بیان میں انداز کی قطعیت بھی اس کے لازمی اجزاء میں سے ہے۔ لیکن طرزِ بیان میں زور اسی حالت میں پیدا ہو سکتا ہے جبکہ موقعہ کی مناسبت کے اعتبار سے اِس میں جذبات کی کثرت و شدّت ہو، اس میں گہرے اور نازک حسیات بیان کئے گئے ہوں اور جہاں تک ممکن ہو خیال و بیان، دونوں میں انتہا کی صفائی ہو۔

افسانے کے بروز میں اگر کسی وقت مقصود فسانہ مبہم ہوگا تو اُس کا سبب طرزِ بیان کا نقص یا اس کی کمزوری ہوگا۔ اس کے برعکس مقصود فسانہ کو، ہر تائیدی صورت واقعہ کے شمول اور ضروری تفصیلات کے اضافے سے صاف اور واضح تر ہوتے رہنا چاہیئے۔

مختصر فسانے کی غایت ایک مجرد اثر پیدا کرنا ہے، اور یہ اثر مترتب ہو سکتا ہے ضروری تفصیلات کے صناعانہ بیان اور تائیدی صورت واقعہ کے صحیح انتخاب سے۔ اسلئے تفصیلات وہ مخصوص و مختصر تفصیلات ہوں جو فسانے کی فضا بناتی ہوں، کردار کو بروز دیتی ہوں، اور اثر میں اضافہ کرتی ہوں فضا کو غیر ہم آہنگ کرنے کردار کے بروز کو نہ روکیں، اور اثر کو زائل کرنے والی نہ ہوں۔ اور تائیدی صورت واقعہ وہی منتخب کی جائیں جو اصل اثر آفرینی میں ممد ثابت ہوں، اُس کو ابہام میں نہ ڈالیں۔

ہر مصنف کا طریق کار (method) جدا ہوتا ہے کیونکہ یہ اس کی ذاتی اور خصوصی چیز ہے۔ افسانے میں مطلوبہ اثر ایک مصنف اپنے طریق کار سے پیدا کرتا ہے، اور اس اثر کے پیدا ہونے سے فضا بھی بنتی چلی جاتی ہے اور یہی وہ موقعہ بھی ہوتا ہے جب افسانہ نویس کو زمان و مکاں پر قدرت ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یعنی فضا کی تکمیل یا اسکا ناقص ہونا مصنف کے طریق کار کی خوبی یا خرابی پر منحصر ہے۔ افسانہ نگار کا طریق کار جو اس کے طرز بیان کے ساتھ وابستہ ہے، اس کے کردار کو بولتی چالتی تصویریں، گوشت و پوست کے انسان بنا دیتا ہے، اسکے پاس تنہا ذریعہ یہی ہے جس پر کہ زندگی کا سچا نقشہ کھینچنے کا مدار ہے۔

طرز بیان میں بالواسطہ اثر آفرینی زیادہ بہتر طریقہ ہے۔ بے واسطہ اور براہ راست اثر پیدا کرنے میں ایک افسانہ نگار کو حتی الامکان تامل ہونا چاہیئے۔ اور جہاں تک طرز بیان کی تزئین اور آرائش کا تعلق ہے، اسے محض ہلکے لمس تک محدود رکھنا مناسب ہے۔ بالواسطہ اثر آفرینی اور اشاراتی آرائش کلام سے فسانہ پڑھنے والے کو فسانہ حقیقی معلوم ہونے لگے گا۔ اگر اثر آفرینی کا طریقہ بے واسطہ اور تزئیں عبارت بھدّی ہے تو فسانہ پہلی نظر میں غیر حقیقی معلوم ہوگا۔

ایک اور چیز جو طرز بیان کے لئے ضروری ہے وہ عبارت کی صوری و معنوی ہم آہنگی ہے یعنی الفاظ کا انتخاب اور ترتیب مفہوم کی نوعیت کے لحاظ سے ہوئی ہو۔ الفاظ کا باہمی ربط و توازن مفہوم کے مناسب حال ہو۔ فسانے کی خوبی یہ ہے کہ شروع کرنے کے بعد سے آخر تک قاری کی توجہ اس میں جذب رہے اور دلچسپی اگر بڑھتی نہ رہے تو قائم تو ضرور رکھی جا سکے۔

قاری کی توجہ اور دلچسپی قائم رکھنے کے لئے پہلے اس امر کی ضرورت ہوتی ہے کہ صورت واقعہ کا انتخاب نہایت صحیح ہو۔ پھر طرز بیان کی شگفتگی اور طریق کار کی ندرت کام دیتی ہے۔ فطری صورت واقعہ کا صحیح انتخاب اور طرز بیان و طریق کار کی شگفتگی و ندرت، طویل ناول کے مقابلے میں مختصر فسانے میں بآسانی حاصل کی جا سکتی ہے۔ طویل ناول میں ان باتوں کو تا آخر نبھا سکنا کامل فن ہی کا کام ہوتا ہے۔

میں نے اپنی پچھلی گفتگو میں بتایا ہے کہ فسانے کے بروز میں ایک صورت واقعہ بیان کرنے کے بعد نئی صورت واقعہ کی طرف گریز قصیدے کی گریز سے مماثل ہے۔ یعنی جب نئی صورت واقعہ بیان ہونے لگے تو واقعات کا باہمی ربط ایسا ہو کہ پڑھنے والا اس گریز کو محسوس نہ کر سکے۔ طرز بیان جو اختیار کیا جاتا ہے وہ موضوع فسانہ کے رُتبے کے موافق ہونا چاہیئے۔ اسکو انگریزی میں (scale of values) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

افسانے کی کامیابی صرف طرز بیان پر موقوف ہے۔ طرز بیان میں کسی موقعہ پر ابہام پیدا نہ ہو، اسے چشمے کے پانی کی طرح صاف و شفاف ہونا چاہیئے اور اس میں اُسی پانی کی سی روانی بھی ہو۔ یہ بالکل ممکن ہے کہ ایک چشمے کی طرح جس کا پانی کہیں گہرا ہوتا ہے اور کہیں اُتھلا، لیکن اس کی روانی اور بہاؤ ہر جگہ حسین نظر آتا ہے اسی طرح طرز بیان بھی گہرا اور اُتھلا ہو سکتا ہے، مگر اس کی روانی ہر جگہ حسین نظر آنا چاہیئے۔ آپ کے مشاہدے میں آیا ہوگا کہ صاف و شفاف چشمے کی تہ میں بلور کے رنگین ٹکڑے اس پانی کو بھی رنگین دکھلاتے ہیں، اور کسی چشمے میں تو کہیں واقعی نیچے جواہر بھی چمکتے مل جاتے ہیں

بالکل یہی صورت طرزِ بیان کی ہے۔ اس کے مفہوم کہیں گہرے ہونگے کہیں سطحی، مگر جا بجا بلور پاروں کی سی رنگینی جھلکتی دکھائی دیگی، اور کسی وقت جواہر ریزوں کی تاب و تابش بھی دکھائی دیجائے گی۔

زمان و مکان کی وحدت اور اسکا ہم آہنگ رہنا، طرزِ بیان سے اسلیئے قریبی تعلق رکھتا ہے کہ اگر ان دونوں میں کسی وقت تصادم رونما ہو جاتا ہے تو وہ ایک ادبی حادثے اور صدمے کا سبب بن جاتا ہے، جو فنِ فسانہ میں ناروا سمجھا جاتا ہے۔

طرزِ بیان اگر شگفتہ ہے تو اُس میں مُصنّف کا جمالیاتی ذوق بہ طرزِ احسن بروئے کار آسکتا ہے۔ طرز اور عبارت اگر سُبک ہے تو مصنف کے لئے سہل ہوتا ہے کہ وہ دھنک کی نیرنگی، ریشم کی چمک، مخمل کی نرمی، اور پھولوں کی مہک، اس طرح پیش کردے کہ خود اس کی طرزِ بیان زیادہ نازک و نظر فریب بن جائے۔ اس کے لئے آسان ہو جاتا ہے کہ وہ جواہر کی رنگینی، اُن کی جوت اور دمک کی مُرصع کاری اس طرح کرسکے کہ طرز زیادہ لطیف ہونے کے ساتھ زیادہ قدر و قیمت کے قابل بھی ہو جائے۔ یہی اجزا ہیں کہ جن کے صناعانہ استعمال سے فسانے میں پلاٹ کے تار و پود کے بغیر بھی، ایک خوشرنگ قالینی بناوٹ پیدا کی جاسکتی ہے۔

ایک افسانہ نگار کو کسی وقت بھی یہ نکتہ نظر انداز نہ کرنا چاہیئے کہ کردار کی نقاشی اس کے ماحول کی مناسبت سے اگر ثقیل یا شوخ ہو جائیگی تو باوجود زندگی کے مطابق ہونے کے بھی وہ زندہ نہ معلوم ہوگا۔ کیونکہ خود افسانے اور اسی کے ساتھ تائیدی کردار میں عدم تناسب کا نقص پیدا ہو جائیگا اور یہ تصنع اور آورد کی شکل ہے۔ اِس لئے بہت احتیاط لازم ہوتی ہے کہ فسانہ نویس کردار کشی یا منظر نگاری میں اپنی حسِ تناسب کا صحیح استعمال کرے، تاکہ اس کے بنائے ہوئے مُرقعے موقعہ و محل کی مناسب حد سے گھٹ بڑھ نہ جائیں۔ لیکن یہ حسِ تناسب ایک فطری ودیعت ہے جسے تعلیم، تربیت اور ماحول سے مدد ملتی ہے۔

ایک دوسری احتیاط جو فسانہ نگار کے لئے ضروری ہوتی ہے وہ یکسانیت (monotony) سے بچنا ہے۔ اسلیئے ایک مُصنّف کی فرہنگ الفاظ کا وسیع ہونا بہت ضروری چیز ہے۔ چنانچہ آپ نے ادبی تنقیدوں میں پڑھا ہوگا۔ کہ مُصنّفوں کے مستعملہ الفاظ کی تعداد بھی دیکھی اور شمار کی گئی ہے۔ فرہنگ کا وسیع ہونا بجائے خود ایک کمال ہے۔ لیکن بالعموم ہوتا یہ ہے کہ جب ایک ادیب کی طرز قائم ہو جاتی ہے تو پھر اُس کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہوتا بھی تو وہ استعمال کم ہوتا ہے۔ آپ جس مُصنّف کی جونسی کتاب بھی اُٹھائینگے آپ اُس کے خاص خاص الفاظ اور مخصوص اندازِ بیان و ادائے خیال کی تکرار پائینگے۔ کسی ادیب کی فرہنگ کا محدود ہونا ہر چند کہ خوبی نہیں بلکہ ایک نقص ہے، لیکن اگر ایسا ہے تو اس افسانہ نویس کو پلاٹ قائم کرکے کردار وضع کرنے میں دقت و زحمت کم ہوتی ہے۔ کیونکہ دماغ میں خیال پیدا ہوتا ہے، اس کے لئے دماغ ہی الفاظ بھی پیش کردیتا ہے۔ چنانچہ جتنی جس کی فرہنگ ہوگی اسی کے مطابق خیال بھی اُس کے دماغ میں پیدا ہوگا۔ یعنی اسے تلاشِ الفاظ نہ کرنا پڑیگی۔ لیکن اگر کسی کی فرہنگ وسیع ہے اور ایک ہی خیال کے لئے اس کے حافظے میں متعدد الفاظ جمع ہیں تو یہ بات اس کے لئے گو نہ دقت کا موجب ہوتی ہے۔ کیونکہ اسکو صحیح اور مناسب ترین

لفظ اس خیال کو ادا کرنے کے لئے قائم کرنا پڑتا ہے۔ مگر جب اسے اپنی وسیع فرہنگ میں صحیح اور مناسب لفظ مل جاتا ہے تو اس کی ادبی پیداوار یقیناً اس محدود فرہنگ والے مصنف کی پیداوار سے زیادہ قیمتی ہوتی ہے۔ غرض کہ محدود ذخیرہ الفاظ والے افسانہ نویس کے لئے آسان ہوتا ہے کہ ایکبار موضوع و مقصود قائم کرکے، محدود طریق پر، افسانہ بیان کرنا شروع کردے۔ اُسے بہت سوچنا نہیں پڑتا۔ اس کا پلاٹ بن چکنے کے بعد کردار برابر پاتے رہتے ہیں اسکے خیال و الفاظ میں کشاکش نہیں ہوتی یا شاذ ہوتی مگر شدید نہیں ہوتی۔ اسے اظہارِ خیال کے لئے مناسب ترین لفظ کے انتخاب پر غور نہیں کرنا پڑتا یا بہت کم کرنا پڑتا ہے۔ اور چونکہ سوچا لفظوں میں جاتا ہے اس لئے اس کا خیال انہیں الفاظ کی حد کے اندر رہتا ہے جو اس کا حافظہ پیش کرسکتا ہے۔ یہ محدود اور وسیع فرہنگ کی بحث میرے لئے یوں ناگزیر تھی کہ مجھے آپ کے سامنے یہ نکتہ پیش کرنا ہے کہ محدود فرہنگ والا مصنف، کثیر الالفاظ مصنف کے مقابلے میں بے واسطہ اثر آفرینی سے تو قاصر رہتا ہے، لیکن وہ خیال آفرینی اور اشارہ سازی میں بسہولت کامیاب ہوسکتا ہے۔ اور ہر جنر اُسے یہ سہولت حاصل ہوتی ہے، مگر یہ خطرہ بھی ہر وقت ہوتا ہے کہ جب اُس کا خیال اس کے الفاظ کی رسائی سے اونچا ہوجائیگا، اس کا اظہارِ بیان ہمیشہ ناقص و نامکمل رہے گا۔ اور اظہارِ خیال کا ناقص ہونا، طرزِ بیان کو ناقص کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

فسانے کے طرزِ بیان کا ایک پہلو تو یہ ہے کہ شروع میں لہجہ گو نہ سست رکھا جائے اور پھر بتدریج زور پیدا ہوتا جائے۔ بعض نامور مصنفین کے اس انداز کی تعریف کی گئی ہے، لیکن میری ناچیز رائے میں بہ صورت صناعت ادب کی کوئی اعلیٰ مظہر نہیں ہے۔ میں تو اس انداز کو قابلِ ترجیح سمجھتا ہوں کہ فسانے کی اُٹھان کے ساتھ طرزِ بیان میں پوری قوت و توانائی کا اظہار ہو اور وہ آخر تک قائم رکھا جائے۔ طرزِ بیان کی ہمواری میری رائے میں ادبی حُسن ہے اور اس کی ناہمواری بہت بڑا نقص۔

طرزِ بیان کی دلکشی کے لئے اس میں اس طریقے کو مُرجح سمجھتا ہوں کہ کردار کے جذبات کبھی خود اس کے مُنہ سے براہِ راست بیان نہ کرائے جائیں، بلکہ بالواسطہ یعنی اس کے عمل (action) سے بیان ہوں یا تائیدی کردار افسانہ کے ذریعہ سے بیان ہوں۔ آپکو خود بارہا تجربہ ہوا ہوگا کہ ایک شخص کی تکلیف یا خوشی کا بیان خود اسکے مُنہ سے سُننا آپ اتنے متاثر نہیں ہوئے ہیں جتنا کہ خود قیاس یا اندازہ کرنے سے۔ اور چونکہ افسانے کا مقصد پڑھنے والے کو کردار کے تاثر کی حد تک متاثر کرنا ہے، اسلئے ہمیشہ بالواسطہ اثر پیدا کرنا زیادہ کامیاب ثابت ہوتا ہے مگر بالواسطہ اثر آفرینی میں دستگاہ ہونے کو ایک مدت درکار ہوتی ہے۔

آورد اور تصنع جس طرح زندگی کے دوسرے شعبوں میں ناکام اثر رہتی ہے، اُسی طرح افسانے کے طرزِ بیان کو اُس کا ناکام رہنا یقینی ہے۔ شاندار و خوشنما الفاظ اور سطحی مضامین حسین طرزِ بیان کو بھی بے جان بنا دیتے ہیں ایک صاحبِ فن افسانہ نویس محض عبارت آرائی سے اتنا ہی پرہیز کرتا ہے جتنا کوئی کسی معبد کو گندہ کرنے سے ایا کرسکتا ہے۔

روایتی طرزِ بیان اور پلاٹ کی سادگی سے مصنّف کو پورا موقعہ مِل جاتا ہے کہ وہ اپنی صناعت ادب کو بروئے کار لاسکے۔ حسنِ بیان کا مقتضا رہے کہ جذبات کو عریاں نہ کیا جائے۔ محبّت کے بیان کو پاکیزہ رکھنا اور اس میں عمومیت یا سوقیت پیدا نہ ہونے دینا طرزِ بیان کے کمال کی دلیل ہے، ایک مصنّف اگر اپنے فن میں کامل ہے تو وہ اکثر اوقات خیالات کے اظہار، احساسات کے بیان، لفظی مُرقعوں میں الفاظ کے متوازن استعمال سے صورت واقعہ پیدا کرسکتا ہے۔ اور اسکو طرزِ بیان کی معراج کہا جاسکتا ہے۔ طرزِ بیان ایک بے حقیقت بات یا واقعہ کو ایک اعلےٰ بات یا دلچسپ واقعہ بنا سکتی ہے، ارضی چیزیں سمائی بنجا سکتی ہیں اور کثیف نوری ہوسکتا ہے۔

آخر میں یہ اور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بتانے اور سکھانے سے آدمی بہت کچھ جان جاتا ہے، لیکن جو چیز کہ واقعی غیر فانی ادب پیدا کرتی ہے وہ بسیاق و بیانات نہیں، بلکہ صحیح ذوق اور صحیح حِس تناسب ہے، اور ذوق کے بارے میں بیدلؔ کا فیصلہ یہ ہے کہ ؎

طبعِ سلیم فضل است ارت پدر نہ باشد!

ل۔ احمد،

تجلّیات

درد پا کر ہمہ تن دل نہیں ہونے پاتے
ہم ترے عشق کے قابل نہیں ہونے پاتے

اشک بنجاتے ہیں وہ خونِ جگر کے قطرے
قصۂ غم کا جو حاصل نہیں ہونے پاتے

ڈوب چکتے نہیں ہم بحر میں طوفانوں سے
یعنی آسودۂ ساحل نہیں ہونے پاتے

دیر و کعبہ ہیں بالفاظِ دگر وہ سجدے
جو مرے عجز میں شامل نہیں ہونے پاتے

بے محابا نگہِ شوق تجھے دیکھتی ہے
اب حجابات بھی حائل نہیں ہونے پاتے

کردیا شوقِ طلب نے ہمیں گم کردۂ راہ
ہم سرِ جادۂ منزل نہیں ہونے پاتے

صورتِ شمع جلے بزم میں تیری برسوں
پھر بھی ہم رونقِ محفل نہیں ہونے پاتے

ہے کمی شوقِ شہادت میں دمِ قتل کہ ہم
قوتِ بازوئے قاتل نہیں ہونے پاتے

روزِ فردا بھی قیامت نہیں ہوتا تابشؔ
اُن کے وعدے ہیں کہ باطل نہیں ہونے پاتے

تابشؔ دہلوی،

شاعرِ درماندہ

زندگی تیرے لئے بستر سنجاب و سمور،
اور میرے لئے افرنگ کی دریوزہ گری،
عافیت کوشیٔ آبا کے طفیل۔

میں ہوں درماندہ و بے چارہ ادیب
خستۂ فکرِ معاش!
پارۂ نانِ جویں کے لئے محتاج ہیں ہم
ہیں مرے دوست مرے سینکڑوں اربابِ وطن!

تجھے اِک شاعرِ درماندہ کی اُمید نہ تھی
مجھ سے جس روز ستارہ ترا وابستہ ہوا
تو سمجھتی تھی کہ اِک روز مرا ذہن رسا
اور مرے علم و ہنر،
بحر و بر سے تری زینت کو گہر لائیں گے
میرے رستے میں جو حائل ہوں مرے تیرہ نصیب

کیوں دعائیں تری بے کار نہ جائیں
اور راتوں کے سجود اور نیاز
(جسکا باعث مرا الحاد بھی ہے!)

اے مری شمعِ شبستانِ وفا۔
بھول جا میرے لئے
زندگی خواب کی آسودہ فراموشی ہے
تجھے معلوم ہے مشرق کا خُدا کوئی نہیں
اور اگر ہے تو سرا پردۂ نسیان میں ہے
تُو مسرت ہے مری تُو مری بیداری ہے
مجھے آغوش میں لے
دو "انا" مل کے جہاں سوز بنیں
اور جس نور کی ہے تجھکو دُعاؤں میں تلاش
آپ ہی آپ ہویدا ہو جائے!

ن۔م۔راشد

حدیثِ میکدہ

نیرنگِ روزگار میں کیفِ دوام دیکھ
قدرت کی سیر کر۔ ترے ہوش و جنوں کی خیر
کیا دیکھتا ہے غفلت و ہوش اس نگاہ کے
کل تک کھلا نہ تھا مرے دل کا معاملہ
بے جنبشِ نظر کے ہے یہ پرسشِ نہاں
چشمِ سیاہ کار مٹاتی ہے۔ مٹ بھی جا
بیکس نہیں ہے عشق بہت اے نگاہِ ناز
ظلمت سرائے دہر میں کچھ روشنی سی ہے
یہ انقلاب ہے کہ بہ ہر جنبشِ نگاہ
محرومیاں نہ دیکھ دلِ تشنہ کام کی
یونہی نہیں ہیں نرگسِ رعنا کی گردشیں
بس اک نگاہ حاصلِ بزمِ نشاط ہے
دنیا کو دیکھ لے کہ وہ دنیا نہیں رہی
رعنائیِ خیال کو سمجھا جمالِ یار
ہیں زلفِ خم بہ خم میں ہو شامِ ابد کی سیر
ٹھہری ہے چشمِ ساقیِ میخانہ بزم پر
ہیں موجِ نور گنگ و جمن۔ جامِ ساقیا
واب گرانِ رنج و غمِ روزگار سے
ہر سانس موجِ بادۂ سرجوش ہے فراق

ساقی کی مست آنکھ سے گردش میں جام دیکھ
یہ گلستانِ صبح، یہ صحرائے شام دیکھ
غافل حیاتِ غم کے فنا و دوام دیکھ
آج اک جہانِ راز کو بے ننگ و نام دیکھ
یہ خاص ادائے لطف یہ اندازِ عام دیکھ
حشرِ حیات دیکھ، لبوں کا پیام دیکھ
کیا تجھ کو میرے درد سے، تو اپنا کام دیکھ
اک رات کاروانِ عدم کا قیام دیکھ
ماضی و حال سب کے الٹتے نظام دیکھ
بزمِ نشاط، جلوۂ مے، چھلکے جام دیکھ
ہر دور، ہر سکونِ نظر، ہر مقام دیکھ
روئے نگار دیکھ، مے لالہ فام دیکھ
برقِ نگاہ کا اثرِ ناتمام دیکھ
یہ زعمِ عشق دیکھ، یہ سودائے خام دیکھ
صبحِ الست دیکھ، نظر کا پیام دیکھ
یہ وقت وہ نہیں کہ حلال و حرام دیکھ
یہ رات، یہ مقام، یہ ماہِ تمام دیکھ
اٹھ اور جلوہ ہائے نشاطِ دوام دیکھ
ہستی کو ماورائے فنا و دوام دیکھ

فراق گورکھپوری

ثمرِ گناہ

مجھے پہاڑ پر آئے کئی روز ہو چکے تھے۔ یہاں نہ کوئی میرا ملنے جلنے والا نہ میری کسی سے جان پہچان۔ اور اس پر طبیعت کچھ ایسی پائی ہے کہ خواہ مخواہ لوگوں سے میل ملاپ پیدا کرنا مجھے پسند نہیں۔ تنہائی اور سکوت ہو تو اطمینان سا محسوس ہونے لگتا ہے۔ بیچ ہے۔ ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را۔ خیر! میں نے یہاں اپنے لئے ایک دستور العمل بنا رکھا تھا۔ صبح گھومنے چلا جاتا۔ بارہ بجے کھانا کھا کر ذرا آرام کرتا۔ پھر برآمدے میں بیٹھ کر کوئی کتاب یا اخبار دیکھتا۔ اور پانچ بجے چائے پی کر پھر وہی گھومنا گھامی۔

آبادی سے کچھ فاصلے پر ایک آبشار تھا لیکن بارش شروع ہو جانے کے باعث میں یہ جگہ ابھی تک نہ دیکھ سکا تھا۔ "مالسون" کے ختم ہوتے ہی دن کو دھوپ خاصی نکلنے لگی۔ اور اکثر شگفتہ مقامات پر یک بیک پارٹیاں بھی نظر آنے لگیں۔ ایک روز میں بھی یہ آبشار دیکھنے کے ارادے سے گھر سے چلا۔ سڑک بہت ناہموار تھی۔ دائیں جانب پہاڑ تھے اور بائیں طرف وادیاں۔ اور ان ہی وادیوں میں کہیں کہیں آبادیاں بھی تھیں۔ یہی پانچ پانچ دس دس گھر۔ آبادی کے قریب لبِ سڑک اکثر لڑکے اور لڑکیاں ہرے ہرے بھٹے بیچتے نظر آتے۔ پیسے میں ایک بھٹا ملتا۔ پہاڑ کی جانب چٹانوں پر سے جا بجا پانی ٹپکتا تھا۔ کہیں سڑک پر درخت اس قدر جھک آئے تھے کہ ایک محراب سی بن گئی تھی۔ بائیں جانب وادیوں کے دامن میں پانی کے دھارے سیماب کی طرح چمکتے نظر آتے۔

راستہ چونکہ اترائی پر تھا اس لئے سفر جلد ختم ہو گیا۔ یوں تو دور ہی سے آبشار کی شور شوں کی آواز کچھ ایسی معلوم ہوتی جیسے کہیں باجا سا بج رہا ہو۔ لیکن پاس پہنچکر جو منظر دیکھا وہ بھی کچھ کم دلکش نہ تھا۔ پانی بلندی پر سے نیچے گر رہا تھا۔ اتنا صاف کہ بلور کی چادر کا دھوکا ہوتا۔ پاس ہی ایک دبلو قامت پیڑ کے سایہ میں ایک سادھو پتوں کی چھتری کے نیچے دھونی رمائے بیٹھا تھا۔ سادھو کی برف کی طرح سپید سپید جٹیں تھیں، سُرخ سُرخ آنکھیں۔ ناخن کچھ بڑھے ہوئے۔ پیٹ کمر سے لگا ہوا۔ اور بدن پر بھبھوت رمائی تھی۔ پاس ہی کوئی تین ایک سال کی بچی کھیل رہی تھی۔ معصوم پیٹ بھولے پن کی تصویر سمجھئے۔ ہلکے سُنہری گھنگھریالے بال تھے۔ کنول ایسی پیاری پیاری آنکھیں تھیں۔ گورے چٹے چھوٹے چھوٹے نازک ہاتھ اور چاند ایسا خوبصورت چہرہ تھا۔ اس ویرانے میں خاک کی اس پتلی پر حورِ جنت کا دھوکا ہوتا جسے کردگارِ عالم نے اس گسائیں کے اطمینان خاطر کے لئے شاید عرش سے فرش پر بھیج دیا تھا۔

میں آبشار سے ذرا ہٹ کر ایک چٹان پر بیٹھ گیا۔ تھرموس میں چائے کچھ بسکٹ اور سینڈوچز میں ساتھ لیتا آیا تھا۔ وہی نکال کر کھانے لگا۔ ننھی سی بچی نے بھولے پن

سے میری طرف دیکھا۔ میں نے ایک بسکٹ اُس کی طرف بڑھا کر کہا۔ "لو بیٹا!"

بچی نے دوسری طرف مُنہ موڑ لیا۔

"آؤ۔ لو!" میں نے پھر کہا۔

"لے لو اِندرا!" سادھو نے محبّت سے بچی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

بچی اپنی جگہ سے نہ ہلی۔ میں نے پاس جا کر دو چار بسکٹ اس کی گود میں ڈال دیئے۔

"یہ آپ کی بچی ہے؟" میں نے پوچھا۔

"بھگوان کی دیا ہے!" سادھو نے جواب دیا اور مُسکرا مُسکرا کر بچی کی طرف دیکھنے لگا۔

"آپ کس دیس سے آئے ہیں؟"

"لاہور سے!" میں نے جواب دیا۔

"بڑا نگر ہے!" سادھو بولا۔

"آپ نے دیکھا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں!" سادھو بولا۔ "میرا دیکھا ہے!" پھر ہنس کر "یہاں تو آپ کا دل نہ لگتا ہوگا؟"

"کیوں؟" میں نے چائے کی پیالی مُنہ سے لگاتے ہوئے پوچھا۔ "یہاں کس چیز کی کمی ہے؟"

"شہر کی باتیں کہاں بابا!" سادھو نے مُسکرا کر کہا۔ "وہاں زندگی کی بہار یہاں اُداسی کا عالم!"

"جی ہاں!" میں نے کہا۔ "وہ آج کل جہنّم یہ جنّت۔ رہی شہر کی زندگی تو میں اس سُکوت پر ایسی ہزاروں زندگیاں قربان کر دوں۔"

یہ سُن کر سادھو کچھ مُسکرا کر بولا۔

"بھلا کہیئے تو سہی یہاں کی کونسی چیز آپ کے من کو بھائی؟"

"ایک ہو تو کہوں بھی۔" میں نے جواب دیا۔ "ذرا اِس کُہسار کی کو دیکھیے، کتنی شاداب اور زرخیز جلوہ فرما ہے۔ یہ آس پاس کے مناظر دیکھیئے۔ کتنے پاکیزہ اور دلکش ہیں۔ پھر یہ آبشار کس قدر دل آویز ہے اور پھر یہ سبزہ گویا ایک جامِ زمرد ہیں ہے۔ یہاں نہ فکر نہ آلام۔ زندگی تمناؤں اور ارمانوں کے دکھ سے پاک۔ کھانے کو پھل پھلواری، پینے کو چشموں کا ٹھنڈا پانی اور دل بہلانے کو یہ مناظرِ قدرت اور سماعِ طیور!"

سادھو نے ہنس کر سر جُھکا لیا۔

ایک زرد رنگ کی تیتری کہیں سے آ گئی۔ اِندرا اُسے پکڑنے کے لئے پتھروں پر اِدھر اُدھر اچھلنے لگی۔ اسی کشمکش میں غریب کا پاؤں پھسلا اور وہ مُنہ کے بل گری۔ سادھو نے لپک کر اُسے اُٹھایا اور سینے سے لگا لیا۔ بچی رونے لگی۔

"ماں ایسے ہی وقت یاد آتی ہے۔" بیساختہ میرے مُنہ سے نکلا۔

"کیا یاد آتی ہے اس ننھی جان کو!" سادھو بچی کو تھپکتے ہوئے بولا۔ "اچھا ہوا غریب دُکھوں سے چھوٹ گئی۔"

"کیا مر گئی؟" میں نے پوچھا۔

"ہاں مر گئی۔" سادھو بولا۔ "بہت دُکھ بھوگے غریب نے۔ افسوس! آپ کی سماج کے قوانین بہت ظالمانہ ہیں۔"

میں نے سادھو کی طرف تعجب سے دیکھا۔ اِندرا ابھی بسُور رہی تھی اور وہ اسے بہلا رہا تھا لیکن کچھ اس محبّت کے ساتھ کہ معلوم ہوتا کہ اِندرا کے چوٹ نہیں لگی بلکہ سادھو کے دل کا زخم دُکھ گیا ہے۔ وہ بچی کو پیار کرتے ہوئے کہنے لگا۔

"یہ سبھی کہیں کا انصاف ہے کہ ظلم تو کرے مرد اور دُکھ

خمیازہ عورت غریب کو بھگتنا پڑے۔ وہ عورت جسے دیوتاؤں کی سینکڑوں برس کی التجاؤں کے بعد برہما جی نے روپ دے کر اس سنسار میں بھیجا۔ جو مرد کے لئے درد اور پریم لے کر آئی۔ جو مرد کے لئے محبت کا تحفہ لائی۔ جس کی محبت میں مرد کے ہزار دکھ کا درمان مستور ہے جو اس دھرتی پر مرد کے لئے بھگوان کی دیا کا روپ ہے۔"

پھر اندرا کو تھپک کر۔ "میری اندرا کی ماں کا خون آپ لوگوں کی گردن پر ہے۔ آپ تعلیم اور تہذیب کے علم بردار بنے پھرتے ہیں۔ سماج کے لئے قوانین بناتے ہیں۔ قوموں کو رسم و رواج میں جکڑتے ہیں۔ یہ سب گندم نما جو فروشی ہے۔ آکاس کے منڈل پر آپ کے مظالم اس طرح چمک رہے ہیں۔ جیسے اندھیری راتوں میں تارے۔ لیکن دیکھتے وہی ہیں جنہیں بھگوان نے آنکھیں دی ہیں۔"

"سچ ہے!" میں نے کہا۔

"اگر سچ ہے!" سادھو بولا۔ "تو پھر آپ اس کی اصلاح کیوں نہیں کرتے ہو بابا! جی تو آپ بھی رہے ہیں اور ہم بھی۔ لیکن حقیقت میں جینا اُسی کا ہے جو مَلک اور دھرم کی سیوا کرے۔"

میں چُپکا ہو رہا۔ بچی سادھو کی گود میں سو گئی تھی۔ سادھو نے اسے ایک کمبل پر لٹا دیا اور ایک کونہ اوپر ڈال دیا۔ پھر میری طرف دیکھ کر کہنے لگا۔

"جانے! میں کیا واہی تباہی بک رہا تھا۔ بھول ہوئی معاف کر دیجئے!"

"نہیں!" میں نے کہا۔ "آپ نے جو کچھ کہا سچ کہا ہے!"

"سچ کہا ہے یا جھوٹ! سادھو کہنے لگا۔ "اس کا علم تو بھگوان کو ہوگا۔ لیکن اس بچی کے دُکھ کی ذمہ دار یہ آپکی سماج ہے۔"

"یہ بچی آپکی نہیں ہے؟" میں نے پوچھا۔

"میری ہی ہے!" اس نے بچی کی طرف محبت بھری نگاہوں سے دیکھتے ہوئے کہا۔ "خیال تو کیجئے! اس عمر میں ماں کی محبت سے محروم ہو جانا کتنا دُکھ ہے۔ باپ کی فضا میں پیدا ہونا کتنا ظلم ہے۔"

"باپ کی فضا!" میں نے تعجب سے کہا۔ "کیا مطلب؟"

"اے بابا!" سادھو بولا۔ "تم یہ باپ کی کہانی سُنکر کیا لوگے۔"

"کچھ ہرج ہے تو نہ کہیئے!" میں نے کہا۔

"ہرج ورج کچھ بھی نہیں۔" سادھو نے جواب دیا۔ "ایک دُکھیا کی داستان ہی تم بھی سُن لو! بہت دن ہوتے شہر سے کوئی پونے میل پر جمنا جی کے کنارے ایک آم کے پیڑ کے نیچے میرا ڈیرا تھا۔ تم جانو! ہم سادھو لوگوں کو یہی بن۔ پہاڑ اور دریا ایسی جگہیں پسند آتی ہیں۔ جہاں اُداسی ہو تنہائی ہو ہمارے من کا کنول کھلتا ہے۔ من کی جوت جگانے کا مزا ملتا ہے۔ تم شہر کے رہنے والے اِس آکاس کے منڈل کے نیچے رہنے کا لُطف کیا جانو۔ جب شب کو تاروں کی سبھا سجتی ہے تو آنکھ پتیم سے لڑتی ہے اور وحدت کے جلوے نظر آتے ہیں۔ جلوت میں خلوت کا مزا ملتا ہے۔ کوئی بستی پاس ہوئی تو بھوجن بھی بھگوان بھیج دیتے ہیں نہیں تو جنگل کی پھل پھلواری سے ہی پیٹ بھر لیا۔"

میں سر جھکائے خاموش بیٹھا تھا۔

"سُنتے ہو بابا!" سادھو رُت تھی اور کالی رات۔ ہر طرف خاموشی اور سناٹا۔ جمنا جی کا پانی تاروں کی ٹھنڈی ٹھنڈی

روشنی میں چمک رہا تھا۔ میں اسی طرح چھتری لگائے بیٹھا تھا کہ کہیں پاس سے ایک بچے کے رونے کی آواز سنائی دینے لگی۔ ساتھ ہی

"اے بھگوان! اس کلیجے کے ٹکڑے کو کس کے سپرد کروں۔ اسے پانی میں ڈالتے ہوئے بھی میرا کلیجہ پھٹتا ہے۔ یہ پاپ کی گٹھری کہاں لے پھروں!"

یہ سنکر میرے دل میں کچھ اضطراب سا پیدا ہوا میں اٹھ کر آواز کے رُخ پر ہو لیا۔ سرکنڈوں کے پاس ایک جوان عورت ایک بچے کو جمنا جی کے کنارے گھاس پر لٹائے دونوں ہاتھوں سے سر تھامے پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ آہٹ پاکر وہ کچھ خوفزدہ نگاہوں سے میری طرف دیکھنے لگی۔

"بیٹی!" میں نے پاس جاکر پوچھا۔ "تم کون ہو؟ کیوں روتی ہو؟"

اُس نے روتے ہوئے میرے پاؤں پر سر رکھدیا۔

میں نے پھر پوچھا۔

"بیٹی! تم کون ہو۔ یہاں ایسے میں کیا کرتی ہو؟"

"مہاراج!" اُس نے سر اُٹھا کر میری طرف دیکھا اور ہاتھ جوڑ کر کہنے لگی۔ "میں ایک دُکھیا ہوں۔ دیا کیجئے مہاراج! اِس دھرتی میں میرے لئے سُکھ نہیں!"

یہ کہتے ہوئے اُس نے پھر میرے پاؤں پکڑ لئے۔

"چنتا نہ کرو بیٹی!" میں نے کہا۔ "بھگوان دیا کرینگے۔"

بچہ بلک رہا تھا میں نے اُسے گود میں لے لیا اور کہا

"اِس غریب کو یہاں کیوں ڈال رکھا ہے؟"

"مہاراج!" وہ روتے ہوئے بولی۔ "اِس پاپ کی گٹھری کو کہاں لے پھروں؟"

"پاپ کی گٹھری!" میں نے تعجب سے کہا۔ "تو یہ تمہارا بچہ نہیں؟"

"میری ہی بچی ہے۔" اُس نے جواب دیا۔

"تو پھر اسے پاپ کی گٹھری کیوں کہا؟" میں نے پوچھا۔

"مہاراج!" وہ ہاتھ جوڑ کر بولی۔ "میری آپ سے اتنی بنتی ہے کہ آپ اس بچی کو لے لیں۔"

"اِسکا باپ کہاں ہے؟" میں نے پوچھا۔

"باپ!" یہ کہنے کے ساتھ ہی وہ پھر رونے لگی۔

"باپ!" میں نے ہوے سے کہا۔ "آخر تم ہو کون؟"

"آپ میری بپتا سُنیں گے مہاراج!" وہ میری طرف دیکھ کر بولی۔

"ہاں کیوں نہیں!" میں نے کہا۔ "سُنوں گا۔"

وہ دوپٹے سے آنسو پونچھ کر بولی:-

"میری اِس بپتا کے ذمہ دار میرے ماتا پتا ہیں۔ میرے پتا گاؤں میں آٹے دال کی دُکان کرتے تھے اور دھن دولت کو دھرم سمجھتے تھے۔ وہ جب دُکان بڑھا کر گھر آتے تو مجھے گود میں لے کر کہا کرتے۔

"اندرا! اِس جگ میں دھن ہی تو دھرم ہے۔ تو سیانی ہو تو میں تیرا بیاہ کروں اور رہمیانیاں بھر بھر کر دیدیں۔"

آخر میں جوان ہوئی۔ اِدھر اُدھر سے پیغام آنے لگے لیکن میرا سنجوگ ایک پینسٹھ سال کے بُوڑھے کھوسٹ سے ہوا۔ یہ شخص پاس کے قصبے میں رہتا تھا۔ پہلی بیوی مر چکی تھی۔ بے اولاد تھا اور اس کے یہاں دولت کا ٹھن برستا تھا۔ میرے پتا بہت خوش تھے۔ انہیں منہ مانگی مراد ملی تھی۔ برات اِس دھوم دھام سے آئی کہ آس پاس کے گاؤں والے دیکھنے آئے۔ اتنے بھاری جوڑے اور سونے کا گہنا پاتا

میرے لئے آیا کہ دیکھنے والیوں کو میری قسمت پر رشک ہونے لگا۔ دولھا پالکی میں سوار تھا۔ دو آدمیوں نے سہارا دیکر اُتارا۔ چہرے پر جھُرّیاں تھیں۔ ہاتھ پنجۂ مریم کی طرح سوکھے ہوئے۔ بے نُور سی آنکھیں۔ نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت۔

سُسرال آئی تو ایک بُوڑھی چچی نے مجھے پنیس سے اُتارا۔ اور ایک سیاہ فام سے جوان آدمی نے ماتا کہہ کر مجھے پرنام کیا۔ لیکن میرے پتی کا یہ حال تھا کہ کھاٹ پر لیٹے کسی ہل جُتے بیل کی طرح ہانپ رہے تھے۔ سُسرال میں میرے لئے دھن دولت کی تو کمی نہ تھی لیکن زندگی موت سے بدتر تھی۔ خیال تو کیجئے! کہاں ایک سولہ سترہ برس کی کنیا کہاں ایک پینسٹھ سال کا بُوڑھا۔ میرا بیاہ ہوئے بہت دن ہو چکے تھے۔ میرے سوامی کو جب مجھ پر بہت پیار آتا تو میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر کہتے۔ "اندرا! بس ایک چاند سا بیٹا مجھے دیدے چاند سا!"

وہ سیاہ فام آدمی جس نے پہلے روز مجھے ماتا کہہ کر پرنام کیا تھا۔ گھر کا کام کاج سب اسی کے سپرد تھا۔ اس کا نام جسونت تھا۔ چوڑا چکلا سینہ۔ موٹی موٹی آنکھیں تھیں۔ پہلے تو اس کی وہی میلی کچیلی دھوتی اور گاڑھے کا کُرتا ہوتا۔ لیکن چند روز سے یہ اب بن سنور کر رہنے لگا تھا کہتا تو مجھے ماتا ہی تھا لیکن اب کبھی مجھ سے بات کرتے کرتے ذرا مسکرا بھی دیتا۔ ایک روز جو میں اسے کوئی برتن پکڑانے لگی تو اس نے میری انگلیوں کو ذرا سا دبا دیا۔ یہ مجھے بہت ناگوار گذرا۔ لیکن کہتی تو کس سے کہتی۔ بڑے لالہ جی صبح صبح دُکان پر چلے جاتے۔ اور چراغ میں بتی پڑے واپس آتے۔ اِدھر روٹی کھائی اُدھر کھاٹ پر لیٹ کر ہولناک ڈکاریں مارنے لگے۔ میں جو کبھی پاؤں دبانے لگتی تو مجھے آغوش میں لے کر اور میری ٹھڈی ہلا ہلا کر کہتے۔

"اندرا! اگر تُو مجھے ایک چاند سا بیٹا دیدے تو بس چین ہی چین ہے!"

پھر خود ہی ہنسکر کہتے۔

"بھگوان دے ہی دینگے۔!"

مہاراج! ان کی یہ باتیں میرے سینے میں کٹار ہو کر لگتیں۔ نوخیز! گھر میں ایک میں تھی۔ ایک وہ بُوڑھی چچی۔ جسونت جو پہلے دن بھر میں دو ایک پھیرے کیا کرتا تھا۔ اب کسی نہ کسی بہانے پانچ سات بار ضرور آتا۔ اور مجھے جن نظروں سے دیکھتا میں جان گئی تھی کہ اس کی نیت خراب ہے۔

ایک روز چچی کہیں برادری میں گئی تھی۔ جسونت چوکے کے پاس بیٹھا روٹی کھا رہا تھا۔ باتوں باتوں میں کہنے لگا۔

"بھگوان کبھی ہمارے لالہ جی کی آس بھی پوری کریں دینگے!"

'کیا کوئی اور ہیو پار کیا ہے؟' میں نے پوچھا۔

'ہیو پار کیسا؟' جسونت نے میری طرف دیکھتے ہوئے کہا۔ 'انہیں تو اس دھن دولت کا وارث دیکھنے کی آس لگ رہی ہے!'

پھر ہنسکر۔

'لالہ جی تو تم سے چاند ایسا بیٹا مانگتے ہیں!'

'جسونت!' میں غصّہ سے کہا۔ 'خبردار جو پھر میرے سامنے ایسی بات کہی تو!'

'کوئی بُری بات کہی میں نے؟' اُس نے مُسکرا کر پوچھا۔

کم بخت مجھے ہمیشہ ماتا کہا کرتا تھا لیکن آج وہ بات نہ تھی۔ میں نے بگڑ کر کہا۔ "تمہیں اپنی ماں سے ایسی بات کہتے شرم تو نہیں آتی!"

"ماتا!" وہ ہنس کر بولا۔ "اٹھارہ برس کی اور بیٹا چوبیس سال کا! یہ بھی ایک ہی رہی!"

"دُور ہو یہاں سے!" میں نے ڈانٹ کر کہا۔ "ورنہ لالہ جی سے کہہ دونگی۔"

"تم اُن سے کیا کہو گی؟" اُس نے ہنس کر کہا۔ "وہ تو چاند ایسا بیٹا مانگتے ہیں۔ چاند ایسا!"

"دُور ہو مُوا کہیں کا!" میں نے دستِ پناہ اُٹھا کر کہا اور وہ ہنستا ہوا چلا گیا۔

اِس واقعہ کو بہت روز گذر چکے تھے۔ یہی ساون رُت تھی اور کالی رات۔ میں تیسری منزل پر کھاٹ ڈالے پڑی تھی۔ نیچے صحن میں لالہ جی اور چچی سوتے تھے۔ ایک تو ان کے خرّاٹوں سے نیند حرام ہو رہی تھی دوسرے مچھر کاٹ کاٹ کر پریشان کر رہے تھے۔ میری پیٹھ دروازے کی طرف تھی۔ اچانک کسی نے پلنگ پر آکر مجھے دبوچ لیا۔ اور جلدی سے میرے مُنہ پر ہاتھ رکھ دیا۔ یہ وہی کام حسام جسوانت تھا۔ ایک ہاتھ سے تو اُس نے میرا مُنہ بند کر رکھا تھا دوسرے سے گھونسہ تان کر بولا:۔

"خبردار! آواز نکالی تو کلا گھونٹ دوں گا۔"

میرا دم جو گھٹنے لگا تو اُس نے مُنہ پر سے ہاتھ اُٹھا لیا۔

"مجھے چھوڑ دو۔ بھگوان کے لئے چھوڑ دو۔" میں نے منت سے کہا۔

"چُپ رہو!" اُس نے پھر گھونسہ تان کر کہا۔

میرے دونوں ہاتھ پکڑ لئے۔

"تم میرا گہنا پاتا لے لو۔" میں نے عاجزی سے کہا۔

"مجھے چھوڑ دو۔"

"مجھے گہنا پاتا نہیں چاہیئے!"

"ظالم چھوڑ دے مجھے!" میں نے اب اُس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"چپکی پڑی رہو۔" اُس نے کہا۔ "ورنہ جان سے مار ڈالوں گا۔"

"پاپی!" میں نے کہا۔ "تم تو مجھے ماتا کہتے ہو۔ اب اگر لالہ جی آجائیں تو؟"

"وہ کیوں آنے لگے۔" اُس نے جواب دیا۔ "وہ تو چاند سا بیٹا مانگتے ہیں۔"

"ڈوب نہیں مرتے!" میں نے کہا۔ "بھگوان کا خوف کرو۔"

لیکن اُس وقت بھگوان کا خوف کون کرتا تھا۔ میں اس ظالم کے پنجہ میں تھی اور بے بس تھی۔

کچھ روز تو مجھے اس پاپی سے نفرت رہی لیکن آخر مانوس ہونا ہی پڑا۔ اور وہ مجھے سب کے سامنے اب بھی ماتا ہی کہتا۔ اسی طرح چار پانچ مہینے گذر گئے۔ آخر پاپ اپنا رنگ لایا۔ میں اب ڈرنے لگی جس طرح بن سکا یہ راز چھپانے کی کوشش کرتی رہی۔ سارا سارا دن کوٹھڑی میں پڑی رہتی۔ کوئی پوچھتا تو کہہ دیتی کہ طبیعت اچھی نہیں۔ لیکن چچی بھانپ گئی۔ وقت اسی طرح گذرتا گیا اور یہاں ساتواں مہینا لگ چکا تھا۔ پڑوس والیاں مجھے دیکھ دیکھ کر جب سرگوشیاں کرتیں تو مجھ پر گھڑوں پانی پڑ جاتا۔ لیکن لالہ جی خوش نظر آتے کیونکہ انہیں تو اپنی تمنا پوری ہوتی نظر آرہی تھی۔

ایک روز میں کوٹھے پر بیٹھی تھی کہ جسونت کہیں سے پٹا ہوا آیا۔

"کیا ہوا؟" میں نے پوچھا۔

"اندرا!" وہ پاس بیٹھ کر کہنے لگا۔ "بہت ظلم ہوا!"

میں تعجب سے اُس کی طرف دیکھنے لگی۔

"بھانڈا پھوٹ گیا اندرا!" وہ بولا۔ "لالہ جی کے کوئی بھانجے ہیں۔ وہ کسی دوسری جگہ کاروبار کرتے ہیں۔ مدت سے میل جول بند ہے۔ اس تمام جائداد کے وہی ایک وارث ہیں، کہیں اُن کے کان میں بھنک پڑ گئی کہ تمہارے بچہ ہونے والا ہے۔ آج وہ آئے ہیں۔ بہت دیر لالہ جی سے بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ کچھ ایسی تُو تُو مَیں مَیں بھی ہوئی۔ میرے سامنے پڑتے ہی پہلے تو بے نقط سُنائیں پھر پیٹ ڈالا۔ کل لالہ جی کو ڈاکٹر دیکھنے آئے گا۔ انہوں نے ڈاکٹر کو بُلوانے آدمی بھی بھجوا دیا ہے۔"

"ڈاکٹر کیا دیکھے گا؟" میں نے پوچھا۔

جسونت بولا۔ "اندرا! تم انجان تو ہو نہیں۔ پینسٹھ سال کا بُوڑھا بغیر سہارا دیئے نہ چلے نہ اُٹھے۔ پھر تمہیں یہ پیٹ کیسے ہو گیا؟"

"اب کیا بنے گا۔" میں نے کہا۔ "یہ سب بپتا تمہارے کارن آئی۔ پاپی! تُو نے مجھے کہیں کا نہ رکھا۔"

"میری سُنو!" جسونت کہنے لگا۔ "اب اگر عزت کا پاس ہے تو بھاگو یہاں سے۔ تمہیں تو یہ محلے والیاں ہی جینے نہ دینگی۔ اِدھر میکے والوں کو کیا مُنہ دکھاؤ گی؟"

کچھ دیر اسی قسم کی بحث ہوتی رہی۔ آخر صلاح یہ ٹھیری کہ صبح ہونے سے پیشتر ہی کہیں نکل جائیں۔ میں نے اپنا زیور اور کچھ نقدی لی اور کوئی پہر رات گئے جب سب سنسار سوتا تھا ہم گاؤں سے نکل گئے۔ کوئی کوس وہ کوس پر ریل کا اسٹیشن تھا۔ پھٹتے کاڑی آئی۔ جسونت نے کہیں کے دو ٹکٹ خرید لئے تھے سوار ہو گئے۔

کہاں کہاں رہے۔ کیسی کٹی! مہاتما جی یہ ایک طویل قصہ ہے۔ وقت پورا ہونے پر میرے ہاں یہ لڑکی ہوئی۔ اس وقت تک زیور بیچ بیچ کر گذران ہو رہی تھی۔ میں نے ہزار چاہا کہ جسونت کوئی کام کاج کرے لیکن اُس نے میری ایک نہ سُنی۔ اب ہمیں اس دیس میں آئے دس پندرہ روز ہوئے ہیں، جو کچھ پاس تھا وہ اس نے شراب اور جوے کی نذر کر دیا ہے۔ اور اب مجھے رنڈی کا پیشہ اختیار کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔ مہاتما جی! میں مر تی مر جاؤں گی پر یہ ذلیل کام مجھ سے نہ ہو سکے گا۔"

اتنا کہہ کر وہ غریب پھر رونے لگی۔ میں نے کہا۔ "تو پھر اب چاہتی کیا ہو؟ کہو تو میں تمہیں دیس پہنچا دوں؟"

"نہیں مہاراج!" وہ بولی۔ "میں اب دیس والوں کو مُنہ دکھانے کے قابل نہیں رہی۔"

"وہ پاپی کہاں ہے؟" میں نے پوچھا۔

"گھر ہے!" اندرا بولی۔ "آج سرِ شام ہی پی آیا تھا۔ آتے ہی مجھے مارنا شروع کر دیا۔"

پھر ہاتھ جوڑ کر بولی۔ "مہاراج! آپ بھگوان کے پیارے ہیں، ایک پاپن پر دیا کیجئے۔"

"بیٹی!" میں نے کہا۔ "تمہاری بپتا سُن کر مجھے بہت دُکھ ہو رہا ہے۔"

"تو پھر میری اتنی بنتی ہے۔" اُس نے روتے ہوئے کہا۔ "آپ اِس بچی کو لے لیں۔"

"تم کہاں جاؤ گی!" میں نے پوچھا۔

"جہاں بھگوان لے جائیں۔" یہ کہتے ہوئے اُس نے میرے پاؤں پکڑ لئے اور کہنے لگی۔ "تو کیا میں ایک دھرماتما کے دوارے سے بھی مایوس ہی جاؤں گی؟"

پھر آسمان کی طرف دیکھ کر۔ "بھگوان! میں اِس پاپ کی گٹھری کو کہاں اُٹھائے لئے پھروں!"

"بھگوان دیا کریں گے بیٹی!" میں نے کہا۔ "لاؤ بچی مجھے دیدو۔"

میں نے بچی اُسکی گود سے لی۔ اِندرا سوئی ہوئی تھی!

"اِندرا!" میں نے تعجب سے کہا۔ "اِندرا تو اسکی ماں کا نام تھا۔"

"ٹھیک ہے!" سادھو بولا۔ "یہ اِندرا کی اِندرا ہے۔ بچی کا نام پوچھنا مجھے یاد نہ رہا۔ اِس لئے میں اب اسے بھی اِندرا ہی کہتا ہوں تو خیر! اِندرا کی ماں نے ہاتھ جوڑ کر کہا۔

"مہاراج! بچی کسی اور کو مت دیجئے گا۔"

"بیٹی!" میں نے کہا۔ "یہ تو بھگوان کی امانت ہے۔ میں کیوں کسی کو دینے لگا۔"

اُس نے بچی میری گود سے لی۔ اور دیوانوں کی طرح چومنے لگی۔ تم جانو! مامتا کی لگن دیکھ کر میرا تو جی بھر آیا میں نے کہا۔

"بیٹی! انسان اگر اپنے پاپ پر نادم ہو تو بھگوان اُسے شکتی دیتے ہیں۔ اب تم نیک بنکر رہنے کی کوشش کرو۔ شاید بھگوان تمہیں کسی روز بیٹی سے پھر ملا دیں۔"

اُس نے روتے ہوئے اپنے کلیجہ کا ٹکڑا مجھے دیا اور ہاتھ جوڑ کر بولی:۔

"مہاتما جی! اِس سنسار میں اِس معصوم کا اب آپ کے سوا اور کوئی نہیں۔"

"بھگوان جو ہیں۔" میں نے کہا۔ "جیسے کسی کا سہارا نہ ہو اُسے بھگوان کا آسرا ہوتا ہے۔"

اُس نے پھر ایک بار بچی کو پیار کیا اور مجھے پرنام کرکے شہر کی جانب چلی گئی۔

اِس رات بادل بہت گرجے بارش بھی ہوتی رہی لیکن میری ننھی سی اِندرا مزے سے چھتری کے نیچے سوتی رہی۔ جب صبح ہوئی تو مندر کی جانب سے کچھ شور و غُل کی آواز آنے لگی، کوئی بھگوان کا پیارا صبح صبح میرے لئے دودھ لایا کرتا تھا اُس کے آنے پر معلوم ہوا کہ مندر کے پاس کسی جوان عورت کی لاش جھنا جی میں تیر رہی تھی۔ کشتی والوں نے نکال کر کنارے پر رکھدی ہے پھر بچی کی طرف دیکھ کر پوچھنے لگا۔

"یہ بچی کس کی ہے؟"

"بھگوان کی امانت ہے۔" میں نے کہا۔ "ذرا خیال رکھیو میں بھی دیکھ آؤں۔" جب میں مندر کے پاس پہنچا تو یہاں لوگوں کی بھیڑ لگ رہی تھی۔ میں نے اُچک کر جو دیکھا تو سامنے اِندرا کی لاش پڑی تھی۔"

یہ المناک داستان سُنکر میرے دل کو بھی ٹھیس سی لگی۔ سادھو سر جُھکائے خاموش بیٹھا تھا اور چھوٹی سی اِندرا مزے سے سو رہی تھی۔ کوہسار پر سکوت اور خاموشی مسلط ہو رہی تھی۔ وادیوں میں دہقانوں کے جھونپڑوں سے سپید سپید دُھواں اُٹھ رہا تھا۔ اِس سکوت اور خاموشی میں آبشار کی شور شیں، ایک بدنصیب عورت کی المناک موت کا نوحہ بنکر فضا کو اُداس بنا رہی تھیں۔ آخر میں میں بھی واپس لوٹا۔ چلتے چلتے شام ہو گئی۔ گھر اُسوقت پہنچا جب ع فضا میں جگنو چمک رہے تھے چراغ فطرت جلا رہی تھی!!

ایم۔ اسلم۔

جاسوس دوست

آ ادھر اے دوست! آ تو مجھ سے چھپ سکتا نہیں
سعی "خود پوشی" ہے کیوں! جب میں تجھے تکتا نہیں

گرچہ پہلے "صوفیانہ سوانگ" نے دھوکا دیا
لیکن "آنکھوں کی چمک" نے تجھکو پہچنوا دیا

تیری آنکھوں سے عیاں اب تک وہ "برقی لہر" ہے
قہر ہے تیری نگاہِ تیز ہاں، ہاں قہر ہے

الاماں یہ تیری "آشفتہ نگاہی" الاماں
عمر و عیّار کی بھی پیچ ہیں چالاکیاں

کیوں میں حیراں ہوں جو ہر سو آج تیری دھوم ہے
تیری فطرت ابتدا سے ہی مجھے معلوم ہے

تجھ سے مل کر آج مجھکو مدرسہ یاد آگیا
پھر وہ طفلی کا مُرقع دل مرا تڑپا گیا

مُطمئن رہتی نہ تھی تیری "نگاہِ جستجو"
طور تیرے "عارفانہ" نرم تیری گفتگو

مدرسے میں اپنے ہمدموں سے وہ سرگوشیاں
برمحل سرگوشیوں کے بعد وہ خاموشیاں

ہم جماعت دوست کہتے تھے تجھے اپنا عدو
تجھکو ان کے خانگی جھگڑوں کی بھی تھی جستجو

یاد ہے مجھ سے بھی کچھ پوچھا تھا اک دن اے شریر
اور — پھر کہنے لگا تھا تو مجھے روشن ضمیر

ہر کسی اُستاد کا تُو "منہ چڑھا" شاگرد تھا
نام تیرا واقعی سب کی زباں کا ورد تھا

تیری "فطری قابلیت" تیرے کام آ ہی گئی
"غیر مُلکی حاکموں" تک تجھکو پہونچا ہی گئی

ہیں سیاہ اخبار سارے تیرے نام اور کام سے
شائد اب تُو آ رہا ہے خاص "مُلکِ شام" سے

کر رہا ہے سیر دُنیا بنکے اب جاسوس تُو
آہ! ابنائے وطن سے خاک ہو مانوس تُو

علی منظور حیدرآبادی

خوابِ گریزپا

افراد

سیلچن ——— ایک پہاڑی لڑکی؛
لیمنڈ ——— ایک پہاڑ پر چڑھنے والا؛
فلزمین ——— ایک رہنما؛

افرادِ خواب

عظیم
بقر
شراب

(پہاڑوں کے نام)

موگرا
گلاب
نیلوفر
گلِ اشرفی

(پھولوں کے نام)

خواب میں چند کردار

پروانے ———
جھلملیاں ———
موت جو سوئے نغمہ پر
موت جو ڈوبے
——— ہے)

بھولا

پہلا منظر

اگست کی ایک شام کو غروبِ آ
منظر پہاڑ کی ایک جھونپڑی
مشتمل ہے جس میں صرف ایک
سے بنی ہوئی ایک نیچی اور

——— ۔ نوآپ کیلئے بہت

سیلچن:۔ کل، جب تم چڑھ چکے ہوگے ——— کیا واپس نہیں آؤ گے؟

لیمنڈ:۔ نہیں۔

سیلچن:۔ تمہارے پاس تمام دُنیا ہے۔ اور میرے پاس کچھ بھی نہیں۔

لیمنڈ:۔ سوائے فلزمین اور پہاڑوں کے۔

سیلچن:۔ صرف روٹی ہی کھا لینا تو اچھا نہیں ہے۔

لیمنڈ:۔ (اُسکو ہنستے ہوئے۔) مَیں تو تمہیں کھالینا چاہتا ہوں۔

سیلچن:۔ مگر مَیں لذیذ نہیں ہوں۔ مجھ میں بہت سی خامیاں ہیں۔

لیمنڈ:۔ میں واپس آؤں گا۔

سیلچن:۔ پھر کوئی دشوار گذار پہاڑ تو چڑھنے باقی نہیں رہینگے۔ اور اگر یہ سر در آگئیں نہ ہو تو تم پروا بھی کب کرتے ہو۔

لیمنڈ:۔ کتنی سمجھدار ہو تم!

سیلچن:۔ نہیں، میں سمجھدار نہیں ہوں۔ یہاں ہر وقت کا رہنا دیکھ معلوم ہوتا ہے ——— وہاں بڑی دنیا میں کیا تم مجھے یاد رکھوگے؟

لیمنڈ:۔ (اُس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے) اُس بڑی دنیا میں کوئی شے اس جیسی حسین اور شیریں نہیں۔

سیلچن:۔ لیکن وہ بڑی دنیا بذاتِ خود جو ہے۔

لیمنڈ:۔ کیا میں شب بخیر کہنے کیلئے تمہیں بوسہ دوں؟

(وہ اپنا چہرہ آگے کر دیتی ہے اور وہ اُس کے رخسار پر پیار کرتا ہے۔ اور دفعتاً اُس کے لبوں پر بھی۔ اور جونہی وہ پیچھے ہٹتی ہے۔)

لیمنڈ:۔ مجھے افسوس ہے۔

سیلچن:۔ کوئی ہرج نہیں۔

لیمنڈ:۔ (شمع لیتے ہوئے) خواب شیریں! شب بخیر!

سیلچن:۔ (ہولے سے) شب بخیر

فلزمین:۔ (باہر سے آتے ہوئے اور اُنہیں دیکھکر) ٹھنڈ ہوگئی ہے ——— بڑا لطف رہیگا۔

(لیمنڈ، پیچھے مڑکر دیکھتے ہوئے، چلا جاتا ہے۔ فلزمین اس کے جانے کا انتظار کرتا ہے۔)

سیلچن:۔ (دریچے کی جگہ پر بیٹھتے ہوئے) میں نے سوچا یہ جگہ اس کے لئے بہت سخت ہوگی۔

(وہ اُس کے پاس جاتا ہے اور ایک منٹ خاموش کھڑا رہتا ہے، پھر جھک کر اُسے اس طرح پیار کرتا ہے گویا بھوکا ہے۔)

سیلچن:۔ کیا تو بھوکا ہے؟

(وہ کوئی جواب نہیں دیتا اور چراغ بجھا کر ایک اندرونی کمرے میں چلا جاتا ہے۔ سیلچن دریچے میں سے، چاندنی میں نہائی ہوئی چوٹیوں کو بیٹھی دیکھتی رہتی ہے۔ پھر کمبل اوڑھ کر وہیں دریچے والی جگہ پر بمشکل تمام لیٹ جاتی ہے۔)

سیلچن:۔ (سوئی ہوئی آواز میں) اُنہوں نے مجھے پیار کیا ہے ——— دونوں نے۔

(وہ سو جاتی ہے)

منظر پر تاریکی چھا جاتی ہے۔

دوسرا منظر

(منظر صبح کے تڑکے کی طرح دھیرے دھیرے روشن ہو رہا ہے۔ سیلچن دریچے والی جگہ پر اب بھی لیٹی ہوئی ہے۔ وہ اپنا چہرہ اور ہاتھ کمبل میں سے نکال کر اُٹھ بیٹھتی ہے اور گہری نیند کی بجائے رد ا رخواب اُسے ملفوف کر لیتی ہے۔ جھونپڑی کی دیوار غائب ہو چکی ہے۔ سیلچن اور کہر سے ڈھکے ہوئے سیاہ پہاڑوں کے درمیان سوائے تھوڑی سی تاریک فضا کے اور کچھ حائل نہیں ہے۔ سیلچن کے پاس ہی اس اندھیرے کے سرے پر، جو اُسکو پہاڑوں سے جُدا کر رہا ہے، چار "پھول" موگرا، گلاب، نیلوفر اور گلِ اشرفی اُسے تاریکی میں سے جھانک رہے ہیں۔ وہ اپنے سروں پر پتے بے شمار پھولوں کے تاج

پہنے ہوئے ہیں جن پر شبنم کے قطرے جمے ہوئے
ہیں اور جو ننھی ننھی گھنٹیوں کی طرح بج رہے ہیں)
سیلچن:۔ اے ہے! ان کے تو چہرے ہیں!
(چٹیوں کے چاروں طرف صرف سیاہی مائل
نیلا آسمان نظر آتا ہے۔ چٹیاں چمک اٹھی ہیں)
موگر:۔ (دھیمی آواز میں) کیا تم؟ کیا تم؟ کیا تم؟ آہ! آہ! آہ! بگلاب!
نیلوفر، گل اشرفی (ان کی گھنٹیاں حسد سے بج رہی ہیں) ا ہ،
آ ہ۔ آ ہ۔
(دفعتاً جبلِ بقر کی چوٹی ایسی آواز میں بولنے لگتی
ہے جو غیر مانوس ہے۔)
جبلِ بقر:۔ میں پہاڑ ہوں اور اپنی گایوں اور بھیڑوں میں رہتا
ہوں۔ میں خاموش ہوں اور ایک ہی سی آواز ہوں، اور میں
ہی بلند پہاڑیاں ہوں۔ میں خوف اور کوہستانی ہوا ہوں، عمدہ
چراگاہ اور بے پناہ آرام میری آنکھوں میں دیکھو اور صرف مجھ
ہی سے محبت کرو۔
سیلچن:۔ (حیرت زدہ) جبلِ بقر! وہ ترجمانی کر رہا ہے ــــ فلزمین
اور پہاڑوں کی۔ یہ میرا نصف قلب ہے۔
(پھول خوش ہنسنے لگتے ہیں۔)
جبلِ بقر:۔ میں ابدی پہاڑیوں کو اگاتا ہوں ــــ میں کوہستانی
برف پیتا ہوں۔ میری آنکھوں کا رنگ دکھتی ہوئی شراب کا سا ہے۔
اور ان ہی میں اداسی پناہ گزیں ہوتی ہے۔ گایوں کی آوازیں،
ہوا کی سرسراہٹ، چٹانوں کے گرنے کا شور، سیلاب کا ترنم
ــــ (بس) ان کے علاوہ مجھے کوئی اور بات نہیں آتی ــــ
خیالات سادے، خون گرم، طاقت بے حد ــــ گردش
کا چنہ۔
سیلچن:۔ ہاں، ہاں، مجھے اسکی ضرورت ہے۔ وہ بہت
طاقتور ہے!

جبلِ بقر:۔ ننھی روح! میرے پاس آ! مجھ سے محبت کر! اور میرے
ساتھ تاروں کی چھاؤں میں رہ!
سیلچن:۔ (دبی آواز میں) شاید ایسا نہ ہو سکے!
(بیچارگی جبلِ شراب کی چوٹی ایک نوجوان کی
سی آواز میں بولنے لگتی ہے۔)
جبلِ شراب:۔ میں وہ چھلاوہ ہوں ــــ جو بازاروں پر
ناچتا پھرتا ہے! میں قمری ہوں جو شاہ بلوط کے سائے تلے کوکتی
ہے۔ (دنیا میں) کسی شے کو قیام نہیں لیکن میں اپنے ہزاروں دیوتاؤں
کو اپنی خوشبو پیش کئے جاتا ہوں۔ براق سے ایوان اور جذبات
کو برانگیختہ کرنے والے خیالیاں میرے مسکن ہیں۔ سینکڑوں آدمیوں
کی زندگی میری ہے ــــ اور صبح کے تڑکے گلیوں کی روشنیاں
بھی۔ (رسان سے) میری الفتیں ہزاروں ہیں لیکن ان میں سے
دائمی ایک بھی نہیں کیونکہ میں تمہارے ان بچھڑوں سے بھی زیادہ
سبک رو ہوں جو دھوپ میں کھیلتے مالتے ہوں۔
(پھول، جن کی گھنٹیاں خوف میں بج رہی ہیں،
چیخنے لگتے ہیں "ہم انہیں خوب جانتے ہیں!")
جبلِ شراب:۔ میں مسرت کی تخلیق اور موت کی آوازیں سنتا ہوں
اور پتوں کی گھڑ گھڑاہٹ بھی۔ میں لوگوں کی چیخ پکار سنتا ہوں
اور خاموش رات میں محبت سے لبریز بوسوں کی آوازیں بھی۔ میرے
بغیر اے ننھی روح! تم بھوکی رہو گی اور مر جاؤ گی۔
سیلچن:۔ یہ ان صاحب (لیمنڈ) کی اور شہری دنیا کی ترجمانی کر
رہا ہے۔ میرا دل بیٹھا جاتا ہے۔
جبلِ شراب:۔ میرے خیالات کا شمار تمہارے سبزہ زار میں لہلہانے
والے پھولوں سے کہیں زیادہ ہے اور ان کی پرواز ہوا میں اڑنے
والے عقابوں سے زیادہ تیز۔ میں بلند حوصلگی کی شراب اور حقیقت
کی دوا پلاتا ہوں اور اس لئے میں کبھی کاہل نہیں ہوتا۔
سیلچن:۔ مجھے شبہ ہے۔

جبلِ شراب:۔ مجھ سے محبت کر اے ننھی رُوح! میں زندگی کو پچاسوں رنگوں سے مزین کرتا ہوں۔ میں ہزاروں چیزیں بناتا ہوں! ۔۔۔ میں تمہارے قلب کا طواف کرونگا۔

سیلچن:۔ وہ شہد کی طرح میٹھا ہے!

(پھول اپنی گھنٹیاں حسد سے بجانے لگتے ہیں اور چیختے ہیں "تیغ بھی تو ہے! تیغ!")

جبلِ بقر:۔ میرے پاس رہو، سیلچن! میں تمہیں شفاف ہوا سے بیدار کرتا ہوں۔

(پھول کھلکھلا کر ہنستے ہیں۔)

جبلِ شراب:۔ میرے پاس آؤ سیلچن! میرا رنگ برنگا پنکھا تمہیں بیدار کرے گا۔

(پھول ماتم کرتے ہیں۔)

سیلچن:۔ (رنج میں) میرا دل! آہ! یہ ٹوٹے جاتا ہے۔

جبلِ شراب:۔ اے ننھی رُوح، میرے ساتھ رہکر تم بازاروں کی سیر کروگی اور بہت سے رازوں سے واقف ہوجاؤ گی۔ ہم دونوں، ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر پنکھ ٹڑیوں کی طرح اڑتے پھریںگے۔

گلِ اشرفی:۔ میری پنکھڑیاں زیادہ تیز اڑتی ہیں!

جبلِ شراب:۔ میں تمہیں سمندر کی سیر کراؤنگا۔

نیلوفر:۔ میری نیلاہٹ زیادہ گہری ہے!

جبلِ شراب:۔ میں تم پر شرم و حجاب کی بارش کرونگا۔

گلاب:۔ میرا حجاب زیادہ احمریں ہے۔

جبلِ شراب:۔ ننھی رُوح، سنو! میرے جواہرات! بیشمار! مخمل!

موگرا:۔ میں مخمل سے زیادہ نرم و نازک ہوں!

جبلِ شراب:۔ (فخریہ) پُراسرار لباس!

پھول:۔ (افسوس کرتے ہوئے)۔ ہاں یہ ہمارے پاس نہیں۔

سیلچن:۔ اسکے پاس سب کچھ ہے۔

جبلِ بقر:۔ یہ میرے بازو والے سحاب میرے ہیں اور یہ دھوپ میں تپنے والی چٹانیں بھی۔ میرے شبنم کے قطرے موتیوں سے زیادہ سرد ہیں۔ میرے برفانی سائے اور لطیف گھاس سے دور رہکر، اے ننھی رُوح، تم پژمردہ ہوجاؤ گی۔

جبلِ شراب:۔ سیاہ لونگ میری خوشبو ہے!

سیلچن:۔ (گھبراکر) آہ!

جبلِ بقر:۔ میں تمہیں کبھی اپنے سے جُدا نہ کرونگا۔

جبلِ شراب:۔ میں تمہیں سینکڑوں مرتبہ چھوڑ دونگا اور سینکڑوں مرتبہ واپس آکر تمہیں پیار کرونگا۔

سیلچن:۔ (سرگوشی میں)۔ میرے قلب کی تسکین!

جبلِ بقر:۔ میرے ساتھ رہ کر تم کو ہستانی نرم و گرم علف زار میں آرام کروگی۔

(پھول خوش خوش ہنستے ہیں۔)

جبلِ شراب:۔ میرے ساتھ رہ کر تم قمری کے پروں کے ملائم بچھونے پر مجوّا استراحت ہوگی۔

(پھول کراہتے ہیں۔)

جبلِ شراب:۔ میں تمہیں پُرانی شراب دونگا۔

جبلِ بقر:۔ میں تمہیں تازہ دودھ دونگا۔

جبلِ شراب:۔ میرا گیت سنو!

(دُور سے ستار کی سی آواز آتی ہے)

سیلچن (اپنا دل پکڑکر)۔ میرا دل ——— آہ! مجھ سے جُدا ہو رہا ہے!

(بہت دُور سے کسی چرواہے کی بانسری کا نغمہ لہراتا ہوا آتا ہے۔)

سیلچن (کانوں پر ہاتھ رکھتے ہوئے)۔ بانسری کا نغمہ، آہ!

جبلِ بقر:۔ میرے ہی ساتھ رہو سیلچن!

جبلِ شراب:۔ میرے پاس آؤ سیلچن!

جبلِ بقر:۔ میں تجھے ایقان دیتا ہوں۔

جبلِ شراب :۔ میں تجھے امر اتفاقی دیتا ہوں۔
جبلِ بقر :۔ میں تجھے سکون دیتا ہوں۔
جبلِ شراب :۔ میں تجھے تلون دیتا ہوں۔
جبلِ بقر :۔ میں تجھے خاموشی دیتا ہوں۔
جبلِ شراب :۔ میں تجھے آواز دیتا ہوں۔
جبلِ بقر :۔ میں تجھے واحد محبت دیتا ہوں۔
جبلِ شراب :۔ میں تجھے کئی محبتیں دیتا ہوں۔
سیلچن (گویا الفاظ اس کے قلب سے زبردستی چھینے گئے ہیں :۔) دونوں، دونوں سے ——— میں محبت کرونگی۔

(یکبارگی جبلِ عظیم کی چوٹی مخاطب ہوتی ہے)

جبلِ عظیم :۔ تو دونوں ہی سے محبت کرے گی اے ننھی رُوح! تو پہاڑیوں پر "خاموشی" کے ساتھ آرام کرے گی اور شہروں میں "علم" کے ساتھ محوِ رقص ہوگی۔ دونوں تجھ پر قابض رہیں گے! پہاڑوں پر چمکنے والے چاند اور سورج تجھے جلا دیں گے، اور اے ننھی پروانے! شہر کے چراغ تیرے پروں کو جھلس دیں گے۔ ان میں سے ہر ایک تجھ کو ایک دنیا معلوم ہوگا اور اپنی قبر بھی! تیرا دل اُس پرکی مانند ہے جسے ایک منہ پھونک مار کر اڑا دے، اور پھر دوسرا۔ لیکن خائف نہ ہو! کیونکہ انسان کی زندگی ساری ساری بہت سی محبتوں کیلئے ہے۔ یہ ایک چھوٹے سے ڈونگے کی طرح ہے جو ساحل پر) لنگر انداز ہوا اور پھر نیلے سمندر میں تیرنے لگے۔ یہ ایک نغمہ ہے جو سکوت میں اُلجھا ہوا ہو اور پھر سرگوشی کرنے لگے۔ یہ ایک نوزائیدہ بچہ ہے، کچھ جری، کچھ غافل۔ اس میں متواتر "موسیقی" ہے: "تبدیلی" ہے۔ "سکوت" ہے "اتفاق" ہے اور "یقین" ہے: "واحد" ہے اور "بیشمار" ہے۔ بھٹکتا رہ ——— اے حسین شعلے! اس کوشش میں کہ تو تمام دُنیا کو نگل لے! بہرآخر تو آئے گی میرے ہی پاس اے ننھی رُوح!۔

بہوش سی سیلچن اس منظر اور آواز کو آغوش میں لے لینے کیلئے اپنے بازو پھیلا دیتی ہے۔ مگر سب کچھ تاریک نیند میں آہستہ آہستہ کھو جاتا ہے۔)

تیسرا منظر

(تاریک منظرات کے آسمان تلے پھر چمک اُٹھا ہے۔ سیلچن کھڑی ہوئی ہے، اُس کے ہاتھ ایک شہر کے دروازے کی طرف جس میں سے روشنی کی ایک نہر بہہ رہی ہے، پھیلے ہوئے ہیں۔ دروازے کی ایک جانب ایک نوجوان کی مورت کھڑی ہوئی ہے جس کے گرد روشنی کا ہالہ ہے، دوسری جانب سائے میں ملفوف ایک مجسمہ ہے۔ دروازے کے اُوپر بیچ میں پتھر کا بنا ہوا ایک عجیب الخلقت جانور کا سر ہے جو دھندلا نظر آرہا ہے۔)

جبلِ شراب کا نوجوان گاتا ہے :۔

"اے ننھی سی شہابی رُوح
جو کہر آلود اتھاہ رات میں
یکہ و تنہا ماری ماری پھر رہی ہے، غیر مطمئن ———
اس غضب کی سردی سے نکل آ،
میں تجھے آرام دہ اور گرم جگہ بُلا رہا ہوں ———
یہاں جہاں میں اپنا ہر ربط بجا تا ہوں ———
اس ماہتاب زرنگار کے نیچے"

سیلچن (سرگوشی میں) کیا یہ "شہر" ہے؟ ——— وہی وسیع دُنیا۔

جبلِ شراب کا نوجوان گائے جاتا ہے :۔

"جیسے سُندر ہر اپروانہ

تحیر خیز فروزاں شمعوں کے گرد،
جل جانا چاہتا ہے، اسی طرح مایوس فریجین ــــ
آہ! اے بے قرار فری،
میں چاہتا ہوں کہ تجھ میں بھی ــــ
اب جبکہ میں برابر سجدہ ریز ہوں ــــ
عشق کا قرمزی شعلہ بھڑک اُٹھے۔"

سیلچن:۔ (دروازے کی طرف مسرت سے دیکھتے ہوئے) وہاں گرمی اور روشنی ہے!

(جس وقت وہ بولتی ہے، دونوں جانب سے پروانے آتے ہیں اور آپس میں مل جُل کر ناچتے ہوئے دروازے تک جاتے ہیں اور پھر اچھلتے کودتے سامنے آجاتے ہیں۔)

سیلچن: (اپنے تیز ہاتھ پھیلاتے ہوئے) یہ تو سچ مچ کے ہیں ــــ ان کے پروں سے ہوا نکلتی ہے۔

(ہر پروانے اُسکے پاس سے گذر کر شہر میں غائب ہوجاتے ہیں۔)

جبلِ شراب کا نوجوان گاتا ہے:۔

لے میرے گیت کے ہونٹوں! تم
اس مرمریں دوشیزہ کے قلب کے پاس
جاؤ اور دل سوزی سے سرگوشی میں کہو
ان الفاظ پُر اثر کو
"اے سننے والی!
تیرِ محبت جب ایک دفعہ گذر جائے،
تو وہ دوبارہ واپس نہیں آتی!"

(سیلچن اسکی طرف دوڑتی ہے ــــ لیکن ہر نوجوان کے گرد جو روشنی کا ہالہ ہے وہ مدھم ہوجاتا ہے اور وہ ایک سایہ بنکر رہ جاتا ہے)

دروازے میں سیاہ فرغل پہنے ہوئے لیمنڈ کھڑا ہے۔)

سیلچن:۔ اے تم ہو؟

لیمنڈ:۔ اپنی ننھی رُوح کے بغیر میں سرد اور بے جان ہوں۔ آؤ! ــــ

(اس کے لئے اپنی آغوش وا کر دیتا ہے)

سیلچن:۔ کیا میں محفوظ رہونگی؟

لیمنڈ:۔ حفاظت کسے کہتے ہیں؟ کیا تم اپنے پہاڑوں میں محفوظ ہو؟

سیلچن:۔ میں کہاں ہوں؟

لیمنڈ:۔ شہر میں۔

(مسکراتے ہوئے وہ دروازے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ بازار کی جگنو جیسی روشنیاں رقص کرتی نظر آتی ہیں۔)

سیلچن: (سرگوشی میں) یہ کیا ہیں؟

لیمنڈ:۔ روشنیاں، پیاری ــــ بازار کی روشنیاں چراغ ہیں ــــ زرِ حیات!

سیلچن:۔ کیا یہ ہمیشہ ایسی ہی چمکدار رہتی ہیں؟

(جبلِ شراب کے نوجوان کے گرد جو ہالہ ہے وہ دوبارہ چمک اُٹھتا ہے اور وہ اپنا ساز بلند آہنگی کے ساتھ چھیڑتا ہے اور جب سیلچن اس آواز کی طرف مڑتی ہے تو اسکی دمک دھیمی پڑجاتی ہے۔ وہ اب پھر وہی نیلا سا سایہ ہے اور جگنوؤں کی روشنیاں دروازے میں سے غائب ہوگئی ہیں۔)

سیلچن:۔ کیا وہ میرا مذاق اُڑا رہا ہے؟

لیمنڈ:۔ آؤ۔

سیلیچن :۔ مجھے ڈر لگتا ہے!

لیمنڈ :۔ نئی باتوں سے؟ کیا تم صرف نصف ماہتاب ہی سے لطف اندوز ہونا چاہتی ہو؟ آہ! اے ننھی روح کیا تم صرف اپنی بکریوں ہی میں رہو گی ——— ایسی حالت میں جبکہ میں تمکو عجوبے دکھا سکتا ہوں؟

سیلیچن :۔ کیا وہ اچھے ہیں؟

لیمنڈ :۔ وہ سب کچھ ہیں۔

سیلیچن :۔ (دروازے کی طرف قدرے سرکتے ہوئے) شہر کس قدر عجیب و غریب اور روشن ہے! کیا وہاں کبھی اندھیرا نہیں ہوتا ——؟

لیمنڈ :۔ میں اپنی محبت جیسے اندھیرے کو تم سے دور رکھونگا۔

سیلیچن :۔ اوہ! لیکن میں محبت نہیں کرتی۔

لیمنڈ :۔ اری معصوم! محبت کرنا ہی تو زندگی ہے ——— عجوبے کی جستجو کرتے رہنا! جب کوئی پیار کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ جو ایک نامعلوم شے ہے، محبت نہیں کرتا ہوتا؟ اگر تاریکی اور روشنی بدلتی نہیں رہتیں تو کیا ہم سانس نہیں لے سکتے تھے؟ (اور جونہی وہ قریب آتی ہے) محبت کرنا گویا ایک درخت پر چڑھنا ہے اور پھر جھوٹے سے سبز پھول کو دیکھتے ہوئے اسے توڑنے کیلئے نیچے اترآنا! اس کے پر ہیں۔ یہ اڑ گیا ہے ——— تم کو پھر چڑھنا چاہیئے ——— یہ کانپ رہا ہے، لیکن یہ صرف تمہارے ہاتھ کی ہوا ہے ——— تم کو گھٹنا چاہیئے، تم کو چٹنا چاہیئے، تم کو کودنا چاہیئے، پھر یہ بھی وہاں ہے یہاں نہیں ——— کیونکہ سبز پھول پروانے کی طرح اڑتا ہے اور صرف اس کے پروں کی ہوا ہی کو تم پکڑ سکو گی۔ مگر تمہاری آنکھیں چمک رہی ہوں گی، تمہارے رخسار دمک رہے ہوں گے۔ تمہارے سینے کا زیر و بم نمایاں ہو رہا ہوگا ——— آہ! اے ننھے سے دل! (منظر تاریک ہو جاتا ہے۔) اور جب رات ہو گی ——— یہ ساکت ہو جائیگا۔ گل مغیلاں کی طرح اندھیرے میں کہیں مرجھایا ہوا، اور تمہارا گورا ہاتھ اسکو تلاش کریگا لیکن تمہارا شیریں سانس اس کو کہیں دور بہا دے گا اور تم ہرگز ہرگز اسکو نہ پکڑ سکو گی ——— ہاں، زندگی خوبصورت ہو جائے گی، (اسکی آواز ہولے ہولے سرگوشی بن جاتی ہے۔ وہ اپنی آغوش وا کرتا ہے۔) میرے شہر میں آؤ ——— آؤ۔

سیلیچن :۔ (لیمنڈ کے سینے پر ہاتھ رکھکر) میں آتی ہوں۔

لیمنڈ :۔ (اسکو دروازے کی طرف کھینچتے ہوئے۔) مجھ سے محبت کرو!

سیلیچن :۔ میں محبت کرتی ہوں۔

(بربط بجنے لگتا ہے۔ وہ شہر میں چلے جاتے ہیں۔
جبل شراب کا نوجوان اپنی قرمزی روشنی میں
دوبارہ دکھائی دیتا ہے اور ساز کے ساتھ
آہستہ آہستہ گانا شروع کرتا ہے:۔

"ہوائی گھڑیاں تاریکی میں گذری جا رہی ہیں ———
میری پیاری کیا تو انہیں نہیں سن سکتی؟
نئی محبتیں پیدا ہوتی ہیں اور پرانی محبتیں فنا ہو جاتی ہیں،
اور بوسے لیتے ہوئے لبوں کو جدا ہونا پڑتا ہے۔
گذرتے ہوئے سانوں کی خاکی مکھیاں ———
کیا تو انہیں نہیں دیکھ سکتی اے میری روح ———
کہ وہ کبھی اس پھول کے اور کبھی اس پھول کے آنسو
چوستی پھرتی ہیں۔
اور میٹھے شہد کی زرد شراب؟
(اس کی آواز عجیب و غریب اور پرجوش بن جاتی ہے۔)
اے وہ شعلے جو وقت کی بادیہ پیمائی کرتا ہے
دم بہ دم نیچا ہونے والے!
جہاں کالی کالی محور دلدل میں سے نکل

ہم مایوس لوگ تیری رہنمائی میں پیچھے پیچھے جاتے ہیں۔
اے آتش غیر وقت ہم التجا کرتے ہیں کہ تُو ذرا ٹھیر!
اِدھر اندھیری ہوا میں
سُنسان خانہ بدوش مسافر کُملا رہا ہے۔
اور ایسا ہی محبت کے ساتھ ہوتا رہا ہے!"
اُسکے گانے کے دوران میں ہر چیز تاریک ہو جاتی
ہے سوائے اُس روشنی کے ہالے کے جو اُسکے
گرد ہے۔ گیت ختم ہونے پر وہ بھی غائب ہو
جاتا ہے۔ پو پھٹ رہی ہے۔ شہر کے تاریک
دروازے میں سے سرد اور سبز روشنی میں
سیلچن آتی ہے۔ وہ زرد ہے۔ گویا اُس کی
زندگی گھٹ گئی ہے۔ اُسکی پھٹی آنکھیں اور
چہرے کی سفیدی سراسیمگی ظاہر کر رہی ہیں۔)

سیلچن: میرا دل مُرجھا گیا ہے۔
(جیسے ہی وہ بولتی ہے دُور سے گایوں کی
گھنٹیاں بجنے کی مدھم آواز آتی ہے اور جب
وہ کھڑی سُنتی ہوتی ہے، شہر کے دروازے
میں لیمنڈ نظر آتا ہے۔)

لیمنڈ: ننھی رُوح!

سیلچن: تم! بہر وقت تم!

لیمنڈ: میرے پاس۔ نے عجوبے ہیں (سیلچن سر کو جنبش دیتی
ہے) بخدا تم مجھ سے اکتائی نہیں ہو کیونکہ میں کبھی ایک سا نہیں ہوں۔

سیلچن: سُنو!
(گایوں کی گھنٹیوں کی آواز پھر سُنائی دیتی ہے)

لیمنڈ: (حسد سے) کاہل نیند کی موسیقی! تو کیا زندگی میرے ساتھ
غمگین رہی ہے؟

سیلچن: مجھے اس کا افسوس نہیں۔

لیمنڈ: آؤ۔

سیلچن: (اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے) پرند اُڑتے اُڑتے
تھک گیا ہے۔ (اپنے لبوں کو چھو کر) پھولوں میں شبنم نہیں ہے۔

لیمنڈ: کیا تم مجھے چھوڑ دو گی؟

سیلچن: دیکھو!
(صبح کے جھٹپٹے میں دروازے کے قریب لیکن شہر
سے کہیں دُور اشارہ کرتا ہوا مدھم مجسمہ
جبلِ بقر کے چرواہے میں تبدیل ہو گیا ہے۔)

لیمنڈ: یہ کیا ہے؟

سیلچن: میرے پہاڑ!

لیمنڈ: ہاں کچھ نہیں دھرا۔ (اُسے مضبوطی سے گرفت میں
لے لیتا ہے۔) مت جاؤ! مت جاؤ! میں نے تمہیں اپنے شہر کے
عجوبے دیدئے ہیں۔ میں تمہیں اور عجوبہ دونگا! لیکن سیلچن اُس کو
الگ ہٹ جاتی ہے) اگر اب میں تمہارے ساتھ نہیں رہ سکتا
تو آؤ ہم دونوں ساتھ مر جائیں! دیکھو! وہ پیاری موتیں آ رہی
ہیں جو سونے اور ڈوبنے سے واقع ہوتی ہیں۔
(شہر کے تاریک دروازے میں سے دُھندلی
سی شکلیں نمودار ہو رہی ہیں۔ یہ موتیں ہیں جو
سونے اور ڈوبنے سے آتی ہیں۔ وہ سیلچن
کی طرف آہستہ آہستہ ناچتی ہوئی آتی ہیں،
اور کچھ دیر اسکو مسکرا کر دیکھتی ہیں اور پھر آہستہ
آہستہ ناچتی ہوئی چلی جاتی ہیں۔)

سیلچن: ہاں وہ اچھی اور نیک ہیں۔
(جب وہ شہر کی طرف دوبارہ حرکت کرتی ہے
لیمنڈ کا چہرہ مسرت سے چمک اٹھتا ہے لیکن
جونہی وہ دروازے کے پاس پہنچتی ہے دُور
سے گایوں کی گھنٹیوں اور بانسریوں کے

بجنے کی آواز پھر سنائی دیتی ہے جیسے شراب کا
چرواہا گاتا ہے۔
آ! بیابان کی گھاس میں، اور
بہت دُور، گرنے والی چٹانوں کی مدھم آوازوں میں۔
آ! پھولوں سے لدے ہوئے اپنے پہاڑی وطن کے چمن زار میں
جہاں عقاب پرواز کرتے ہیں۔
اور اُن سے لدی ہوئی بھیڑیں دُھوپ میں چرتی ہیں۔
آ! پہاڑ پہ، جہاں میں چاند کی پتلی پتلی زرد
کرنوں کا تاج پہنے ہوئے
اپنے کاہستان میں گھومتا پھرتا ہوں۔
آ! پُرسکون آسمان تلے، اور گلریز صبح کے
پُرآرزو لمحوں میں ——— میری بیٹی!"
(وہ گا رہا ہے۔ سورج طلوع ہو گیا ہے۔ سیلچن
لب کھولے اور ہاتھ پھیلائے، نیند سے غلطیدہ
ہو چکی ہے اور موت کی شکلیں شہر میں واپس
جا کر غائب ہو گئی ہیں۔)

سیلچن:۔ میں آتی ہوں۔

لیمنڈر:۔ (اُس کی ٹانگوں سے چمٹے ہوئے) ننھی رُوح! تو کیا مجھے غروبِ آفتاب کے بعد مچھر کی طرح مر ہی جانا چاہیئے؟ آہ! تمہارے بغیر میں زندہ نہ رہونگا۔

سیلچن (اپنے آپ کو چھڑاتے ہوئے):۔ بے کس دل! میں جا رہی ہوں ——!

لیمنڈر:۔ تاریکی ہو گئی۔ (شہر کے دروازے میں وہ اپنے چہرے کو اپنے فرغل سے چھپا لیتا ہے۔)

(جب سیلچن، جبلِ بقر کے چرواہے کے پاس
پہونچتی ہے بانسری کا ایک طویل نغمہ گونجتا ہے،
منظر تاریک ہو جاتا ہے اور کہیں دُور گایوں،
اور بھیڑوں کی گھنٹیوں، اور بانسریوں کی ملی جلی
مسلسل آوازیں بلند ہوتی ہیں۔)

چوتھا منظر

(منظر فجر کی کہر آلود سرخی سے آہستہ آہستہ روشن
ہو رہا ہے۔ سیلچن ایک سبزہ زار پہاڑ پر کھڑی ہوئی
ہے جس کے چاروں طرف سوائے نیلگوں آسمان
کے اور کچھ نہیں ہے۔ اسکی پشت پر ہلال چمک
رہا ہے۔ ایک نیچی چٹان پر ایک گڈریا بیٹھا ہوا بانسری
بجا رہا ہے اور "چار پھول" اپنے سبزی مائل سپید،
نیلے، قرمزی اور سُنہری رنگوں کی تبدیلیوں کے
ساتھ رقص کر رہے ہیں۔ اور جب وہ اپنے رنگ
کے پھولوں سے ایک دوسرے سے چھیڑ چھاڑ
کرتے ہیں تو اُن کی گھنٹیاں بجنے لگتی ہیں۔ انمیں
سے ہر ایک اپنے رقص کی گردش پوری کرتے ہوئے
باری باری سیلچن کی طرف پھول پھینکتا ہے جسے
وہ اُٹھا کر اپنے لبوں اور آنکھوں سے لگا لیتی ہے)

سیلچن:۔ شبنم۔ (وہ چٹان کی طرف چلتی ہے) گڈریا!
(لیکن "پھول" سیلچن کو گھیرے میں لے لیتے ہیں
اور جب وہ اُسکے گرد طواف کر کے چلے جاتے
ہیں تو گڈریا بھی غائب ہو جاتا ہے۔ وہ "پھولوں"
کی طرف متوجہ ہوتی ہے لیکن وہ بھی غائب ہو
جاتے ہیں۔ دُھند لکے کی نقاب اُٹھ رہی ہے۔)

سیلچن:۔ چلا گیا! (وہ اپنی آنکھیں ملتی ہے۔ پھر چٹان کی طرف ایک
بار اور مڑتی ہے۔ سامنے فلزمین اپنے ہاتھ سینے پر رکھے ہوئے
کھڑا ہے۔) تم ہو!

فلزمین:۔ تو تو آ گئی ——— ایک زخم خوردہ بچھیا کی طرح

کر تحلیف سے نجات پائے؟ کیا شہر بہت ہی دلکش تھا جس نے تجھے اتنے عرصے تک وہیں جکڑے رکھا؟

سیلیچن:۔ مجھے کوئی افسوس نہیں۔

فلزمین:۔ پھر واپس کیوں آئی؟

سیلیچن:۔ میں اکتا گئی تھی۔

فلزمین:۔ اب تُو مجھے چھوڑ کر کہیں نہیں جائے گی۔

سیلیچن:۔ (طعن سے) تُو کس چیز سے مجھے اپنے پاس روکے گا؟

فلزمین:۔ (اپنی آغوش میں لیکر) اس طرح۔

سیلیچن:۔ میں تو جان گئی ہوں ——— اور اب ڈرپوک دوشیزہ نہیں رہی۔

فلزمین:۔ (فکرمندی سے) ہاں، اب تُو بدل گئی ہے۔ تیری آنکھیں خالی ہیں ——— تیرا چہرہ سفید پڑا ہوا ہے۔

سیلیچن:۔ (طنزاً) لیکن تیرے پاس یہاں ہے ہی کیا جو تُو مجھے روکے رہیگا؟

فلزمین:۔ سورج۔

سیلیچن:۔ مجھے جلانے کے لئے۔

فلزمین:۔ ہوا۔

(ہوا کی دھیمی دھیمی نالہ و زاری سنائی دیتی ہے)

سیلیچن:۔ مجھے جمانے کے لئے۔

فلزمین:۔ سکوت۔

(ہوا کا شور و غُل ختم ہو جاتا ہے۔)

سیلیچن:۔ ہاں، اس میں تنہائی ہے۔

فلزمین:۔ پھول تیرے لئے رقص کرینگے۔

(پھول اپنی گھنٹیاں بجاتے ناچتے آتے ہیں اور پھر ایک ایک کر کے ناچنا بند کر دیتے ہیں۔ اُن پر غنودگی طاری ہو جاتی ہے اور وہ سو جاتے ہیں ——)

سیلیچن:۔ دیکھو! یہاں ان تک کو نیند اور سستی آجاتی ہے۔

فلزمین:۔ بجرباں انہیں جگا دیں گی۔

(گڈریا اپنی چٹان پر بیٹھا اور بانسری بجاتا ہوا پھر نظر آتا ہے۔ چار برہنہ، صحرائی آنکھوں والے، خوب رُو، کسن لڑکے، جن کے پاؤں بکروں کے سے ہیں، سوتے ہوئے پھولوں کے کبھی اندر اور کبھی باہر رقص کرنے لگتے ہیں۔ پھول بیدار ہو جاتے ہیں، اُچھلتے ہیں اور اُڑ جاتے ہیں اور اُن کے ساتھ ہی یہ بکرے بھی اپنے اپنے پھولوں سے لپٹے ہوئے غائب ہو جاتے ہیں۔ گڈریے نے بانسری بجانی بند کر دی ہے اور وہ اپنی چٹان پر بے حس و حرکت لیٹا ہوا ہے۔)

فلزمین:۔ مجھ سے محبت کر!

سیلیچن:۔ تُو وحشی ہے!

فلزمین:۔ مجھ سے محبت کر!

سیلیچن:۔ تُو اکھڑ ہے!

فلزمین:۔ ہاں میری زبان سیمیں نہیں۔ سُن! میری آواز یہ ہے!

(خاموش پہاڑ پر ہاتھ پھیر کر) صبح کاذب سے لیکر ستارۂ آدلیر کے جگمگانے تک مکمل خاموشی ہے (اپنے دل پر ہاتھ رکھکر) اور یہ بندے کے پر بھی ساکت ہو جائیں گے۔

سیلیچن:۔ (اس کی آنکھوں کو چھو کر) تیری آنکھیں عجیب ہیں۔ اِن آنکھوں میں مجھے جنگلی درندے چھپے ہوئے نظر آتے ہیں۔ کیا یہ ہمیشہ ایسی ہی ہیبتناک رہتی ہیں؟

فلزمین:۔ ہرگز نہیں ——— جب یہ تجھے دیکھیں اے میرے گُل رعنا۔

سیلیچن:۔ (اس کے ہاتھ چھو کر) تیرے ہاتھ گلابی کیلئے بہت سخت

یں۔ (وہ اُس کے پاس سے ہٹ کر ــــ اُس چٹان کی طرف جہاں
ڈریا بیٹھا ہوا ہے مڑتی ہے) دیکھو! بالکل جنبش نہیں! دن بھی تو
ر سکوت ہے۔ لڑکے! (لیکن گڈریا نہ حرکت کرتا ہے اور نہ جواب
یتا ہے) وہ آسمان کی نیلاہٹ میں کھویا ہوا ہے۔ (جوشیلی آواز
یں) لڑکے! آہ! میری آواز کا وہ جواب نہیں دیگا۔ یہاں میری
واز کا جواب کوئی نہیں دیگا۔

لزمین (پُرجوش تمنا کے ساتھ) "میں" کوئی نہیں ہوں؟
(شام کے دُھندلکے میں منظر تاریک ہو جاتا ہے۔)

سیلچن:۔ دیکھ! نیند نے دن چُرا لیا ہے! رات ہو چکی ہے۔
(نیند کی زنانی دُھندلی شکلیں تاریکیوں میں
ملبوس نمودار ہوتی ہیں اور اپنے ہاتھوں کو
ہولے ہولے حرکت دیتے ہوئے گویا وہ بھی
خوابناک ہیں وہ اس کے گرد اگرد چکر لگاتی
ہیں ــــ)

سیلچن:۔ کیا تم نیند ہو؟ میری محبت نیند! میری محبوب
ــــ آرام!
(مُسکراتے ہوئے وہ اپنے ہاتھ فلزمین کی طرف
پھیلا دیتی ہے۔ وہ اس کے نیند میں جھومتے
ہوئے جسم کو اپنی آغوش میں لے لیتا ہے۔ پھر
نیند کے دُھندلکے میں دونوں غائب ہو جاتے
ہیں۔ ہر طرف اندھیرا چھایا ہوا ہے، سوائے
چاند کی، جو یکایک چمک اُٹھا ہے، ہلکی سی روشنی
کے۔ گڈریا چٹان پر بانسری کے مدھم نغمہ کے
ساتھ ساتھ گاتا ہے:۔)

اے میری چھوٹی سی بکری! جس پر چتیاں پڑی ہوئی ہیں۔
جس کی آنکھیں زرد ہیں اور جس کی خوشبو دل پسند ہے۔
خدا کرے چاند، ہوا، اور سنہری سورج،
اور بے شمار تارے،
ہر روز تیرے لئے چراگاہ میں عمدہ گھاس پیدا کریں،
اور تیرا کوڈنا پھاندنا زیادہ ہو!
اور خُدا کرے پہاڑی لومڑیاں تیرے پاس سے گذر جائیں،
اور تجھے سوتا ہوا کبھی نہ پا سکیں۔
ذرا میری بانسری کو صاف اور دُور تک گونجنے دے!
اور میں ذرا شیریں باتیں تلاش کر لوں!
(خُدا کرے) کوئی باز یا کوئی اور شکاری جانور،
تیرے قریب تک نہ آئے، میری ننھی سی بھیڑ!
کاش یہ آتشیں چٹانیں دوپہر کے وقت محفوظ رکھیں،
تیرے نازک پاؤں کو پھسلنے سے!
سُن میری اس التجا کو، چمکتے چاند کے نیچے ــــ
اے آقائے عظیم! ــــ اُچھلنے والے خُدائے بز!
(ایک طویل نالہ لئے کے ساتھ گڈریا خاموش
ہو جاتا ہے۔ پھر چاند کے غائب ہوتے ہی اندھیرا
چھا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ صبح کاذب کی دُھندلی
روشنی میں سیلچن سوئے ہوئے فلزمین کے پہلو
سے بیدار ہو کر اُٹھتی ہوئی نظر آتی ہے۔ گڈریا
جا چکا ہے لیکن چٹان کے نزدیک جبلِ بقر کا چرواہا
اپنے فرغل میں لپٹا ہوا کھڑا ہے۔)

سیلچن:۔ سالہا سال تک میں سوتی رہی۔ میری رُوح بھوکی ہے۔
(پھر جبلِ بقر کے چرواہے کو وہاں کھڑا ہوا دیکھکر)
میں اب تجھے جان گئی ہوں ــــ اے حیاتِ ارض ــــ
ــــ تیری خوشبو کو، تیرے مناظر کو، تیری لذت کو، اور تیری
تمام موسیقی کو۔ میں تیرے پاس سے گذر کر جا چکی ہوں۔
(وہ چلی جاتی ہے)

فلزمین:۔ (جاگ کر) تو کہاں چلی؟

سیلیچن:۔ دُنیا کے کنارے پر۔

فلزمین: (اُٹھکر اور اُسے روکنے کی کوشش کرتے ہوئے):۔ تُو مجھے نہیں چھوڑ سکتی!

(وہ مُسکرا رہی ہے لیکن فلزمین اُس سے اِس طرح کشمکش کرتا ہے گویا کسی سخت مُہمد سے اُلجھ رہا ہو۔)

سیلیچن:۔ اے دوست! اب وقت آچکا ہے۔

فلزمین:۔ تو کیا میرے بوسے وحشیانہ تھے؟ کیا میں تیرے لئے بار تھا؟

سیلیچن:۔ مجھے اسکا رنج نہیں ہے لیکن مجھے جانا ہی چاہیئے۔

(یکلخت جبلِ شراب کا نوجوان، جبلِ بقر کے جیسی حرکت چرواہے کے سامنے کھڑا نظر آتا ہے اور اسکا ساز بجنا شروع ہوتا ہے۔)

فلزمین:۔ شہر کی منحوس موسیقی! تو کیا تُو اسی (جبلِ شراب کے نوجوان) کے پاس واپس چلی جائے گی؟

سیلیچن:۔ خوف نہ کھا! میں آگے ہی بڑھتی رہونگی۔

فلزمین:۔ مجھے پہاڑوں کی ہوا پر نہ چھوڑ! تیرے بغیر محبت مُردہ ہے اور میں مرجاؤں گا۔

سیلیچن:۔ اے شکستہ دل! میں تو چلی!

فلزمین:۔ (چٹان کا سہارا لیکر):۔ یہ سر د ہو چکی ہے۔

(چرواہے کی بانسری بجتے ہی جبلِ بقر اپنے ہاتھ سیلیچن کی طرف بڑھاتا ہے ساز بھی بجنا بند اور جبلِ بقر بھی اپنی آغوش اُس کے لئے وا کر دیتا ہے۔ وہ ساکت کھڑی ہے۔)

سیلیچن:۔ اے میرے رفیقوں، مجھے چلا ہی جانا چاہیئے۔ کوئی دم میں پو پھٹ جائے گی۔

(جبلِ بقر اور جبلِ شراب خاموشی میں اپنے چہرے چھپا لیتے ہیں۔ صبح کاذب کا جنازہ نکلتا ہے۔ مکمل تاریکی پھیل جاتی ہے)

پانچواں منظر

(بہت دُور مدھم روشنی سے جبلِ عظیم کی برف آلود چوٹی چمک اٹھتی ہے، اور پھر یہ روشنی تیز ہو کر سیلیچن پر بھی پڑتی ہے۔ کوئی اور چوٹی نظر نہیں آتی، البتہ روشنی کے دونوں جانب جبلِ بقر اور جبلِ شراب اپنے سروں کو چھپائے سایوں کی مانند کھڑے ہوئے ہیں۔)

سیلیچن:۔ جبلِ عظیم! میں آئی!

(جبلِ عظیم کی چوٹی ایک ایسی آواز میں جو دُور سے آرہی ہو مصروفِ تکلم ہوتی ہے۔ اس کی آواز روشنی کے ساتھ ساتھ صاف اور گرجدار ہوتی جاتی ہے:۔)

اے شُعلہ آوارہ! اے بے چین تپش!
ہر شے کو خاکستر کرتی ہوئی، پر کسی بات پر متاسف نہ ہونے والی!۔
تقدیر کی ہوائیں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے خاموش ہوگئی ہیں ——
تیری پُر فیض زندگی کی کشتی کنارے آلگی،
اور تیری تمام پُر شوق جستجوئیں ختم ہو چکیں!
تُو اب مُسافر ہے ایسے سمندر کی جہاں مدّ و جزر کبھی نہیں ہوتا،
جہاں روشنی اور تاریکی، تلوّن اور سکون،
ایک ہیں —— آ! اے ننھی رُوح، کہوارۂ راز میں!

(سیلیچن گھٹنے ٹیک کر اپنا سر زمین پر جھکا دیتی ہے۔ روشنی دھیمی ہو رہی ہے، یہاں تک کہ منظر بالکل تاریک ہو جاتا ہے۔)

بسلسلۂ ماسبق نومبر ۳۷ء

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی

جس طرح حضراتِ شعرا روایاتِ کہن کے دلدادہ ہوتے ہیں اُسی طرح اُن کا محبوب بھی ہر حال میں اپنی روایتی وضع کا پابند رہتا ہے۔ جیتے جی عاشق کو ستانا، جلانا، کڑھانا، حتیٰ کہ مار ڈالنا اور کبھی نہ ملنا اُس کے آئینِ محبت کی اہم دفعات ہیں۔ لیکن مرنے کے بعد عاشق کی قبر پر جانا لازمی ہے۔ اور کیوں نہ ہو، محبت کی کشش اگر زندگی میں اپنا اثر نہ دکھائے تو کیا مرنے کے بعد بھی محرومِ تاثیر رہ جائے اس لئے کہ بقولِ شاعر ؎

جذبۂ عشق اگر سچ ہے تو انشاء اللہ ؛ کھنچے دھلے گے میں چلے آئینگے سرکار بندھے

جذبۂ عشق کی تاثیر برحق۔ جیتے جی نہ سہی، بعد از مرگ ہی سہی ایک بار "انہیں" آنا ضرور پڑے گا۔

کچھ ندامت کچھ حجاب، یکایک مزارِ عاشق پر جانے کی ہمت نہیں پڑتی اس لئے وہ "شوخِ جفا جو" پہلے اپنے کوچہ کی صبا اور نسیم کو وہاں بھیجتا ہے کہ ذرا خبر تو لائے کہ قبر کے اندر عاشق صاحب کس حال میں ہیں۔ عاشق صاحب اپنے پرانے تلخ تجربوں کی بنا پر یہ سمجھتے ہیں کہ شاید یہ ہوا بھی میری خاکِ مزار کو برباد کرنے آئی ہے۔ چنانچہ کبھی اپنے دل سے اور کبھی خود ہوا سے پوچھتے ہیں کہ :- ؎ (فانی)

خیر ہے کیا چاہتی ہے اے نسیم کوئے یار ؛ اب تو ظالم میری مٹی ہو چکی برباد بھی
آتی ہے صبا سوئے لحد اُن کی گلی سے ؛ شاید مری مٹی ابھی برباد نہیں ہے

آخر رفتہ رفتہ عاشق صاحب کی یہ بدگمانی دُور ہو جاتی ہے اور نسیم و صبا کو آمدِ محبوب کا پیش خیمہ تصور کر کے اُس کا انتظار کرنے لگتے ہیں۔ اختلافِ طبائع ہر موقع پر اپنا اثر دکھاتا ہے۔ چنانچہ ہر شاعر کا محبوب ایک نئے انداز سے اپنے چاہنے والے کی قبر پر آتا ہے۔ حسرت صاحب کا محبوب اپنے گیسو آراستہ کرنے اُن کے مزار پر گیا تھا[1]۔ جگر صاحب کے معشوق نے اُن کی قبر پر روتے روتے اپنا بُرا حال کر لیا تھا[2]۔ فانی صاحب کے "خانہ برانداز" نے اور بھی اُدھم مچائی۔ وہ برافگندہ نقاب آتا ہے ؎

قبر پر کس شان سے وہ بے نقاب آنے کو ہے ؛ آفتاب صبحِ محشر ہم رکاب آنے کو ہے

خُدا جانے "اُس بے نقاب آنے" پر گورِ غریباں میں کیسا ہنگامہ مچ گیا ہوگا۔ غالباً اسی لئے بعض ملّا کہتے ہیں کہ قبرستان میں عورتوں کا جانا منع ہے۔ بے ادبی ہوتی ہے۔" خیریت ہوئی کہ وقتِ سحر تھا اور ابھی تھوڑے ہی لوگ گھروں سے باہر آئے تھے۔

---

[1] فاتحہ پڑھنے چلے مرقدِ حسرت پہ جو وہ ؛ پہلے کس ناز سے رو رو کے سنوارے گیسو۔
[2] برسائی آنسوؤں کی جھڑی چشمِ یار نے ؛ کیا اُٹھ کے کہہ دیا مری خاکِ مزار نے (جگر)

ورنہ اُسے "بے نقاب دیکھکر مُردوں پر تو خیر جو گزرتی، گزرتی، زندوں کا خُدا جانے کیا حشر ہوتا ؎

سحر ہوئی کہ وہ بادش بخیر آتا ہے ❊ چراغ ہیں مری تُربت کے جھلملائے ہوئے

قبرستان میں آنے کو تو وہ آیا مگر طبیعت میں جھجک باقی تھی اِس لئے آگے بڑھتے ہوئے اچکچا رہا تھا۔ فانی صاحب نے قبر کے اندر سے آواز دی ؎

چلے بھی آؤ یہ ہے قبرِ فانی دیکھتے جاؤ ❊ تم اپنے مرنے والے کی نشانی دیکھتے جاؤ

پُرانا قبرستان تھا، قبریں شکست و ریخت کی حالت میں تھیں، پہچانی نہ جاتی تھیں۔ فانی صاحب کی قبر تو کب کی ٹوٹ پھوٹ کر برابر ہو چکی تھی۔ بی صاحبہ کھونٹ کے پٹ کھولے، سر جھکائے، فانی صاحب کی آواز کے سہارے آگے بڑھیں اور پھر ٹھٹک گئیں۔ کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا کہ فانی صاحب کی قبر کونسی ہے۔ خود فانی صاحب بھی صحیح نشان بتانے سے قاصر تھے۔ ناچار یہ صلاح دی کہ ؎

زمین کو رعربیاں پہ اِک جگہ نہ ٹھہر ❊ یہیں کہیں تری شرمسار ہم بھی ہیں

چُنانچہ وہ کچھ دیر اِدھر اُدھر چل پھر کے اندازہ سے ایک جگہ ٹھہر گئیں۔ دراصل یہی قبرِ فانی تھی۔ ہائے افسوس، جو آرزو زندگی میں پوری نہ ہوئی وہ مرنے کے بعد بر آئی۔ مگر زندوں کی مصلحتیں مُردوں کی مصلحتوں سے مختلف ہوتی ہیں۔ قبر میں کچھ اس طرح چاٹیں تول کر تختے لگاتے ہیں اور پھر اس پر کچھ اس طرح مٹی لا دتے ہیں کہ مُردہ لاکھ چاہے، قبر سے باہر نہ نکل سکے حضرتِ فانی بہت تڑپے، بہت تلملائے، بہت ہاتھ پاؤں مارے کہ تختے سرکا کر گھڑی بھر کے لئے باہر نکل آئیں مگر کمبخت قبر کچھ ایسی استوار بنی تھی کہ ذرہ برابر جُنبش نہ کی۔ ناچار نہایت دردناک آواز سے یہ شعر پڑھا ؎

فنا کے بعد یہ مجبوریاں ارے توبہ ❊ کوئی مزار میں کوئی سرِ مزار رہے

جب اور کچھ بس نہ چلا تو حضرتِ شعرا کے اصولِ مسلمہ کے مطابق آپکی خاکِ تُربت دامنِ محبوب سے لپٹ گئی ؎

بخشا جو شرف اُنکے اُڑتے ہوئے دامن نے ❊ اُٹھ اُٹھ کے بلائیں لیں خاکِ سرِ مدفن نے

محبوب نے جب دیکھا کہ یہ عجب دامنگیر مٹی ہے، چمٹی ہی جاتی ہے، تو اپنے دامن کو جھٹک کر صاف کرنے کا ارادہ کیا۔ اور جیسے ہی اس نبّت سے اپنے دامن پر نظر ڈالی، حضرتِ فانی کی خاک کا ذرہ ذرہ تھرّا اُٹھا کہ ہائے اب یہ سعادت بھی چھن

لہ مطبوعہ متن میں اس جگہ "وہ" ہے۔ میں نے "یہ" بنا دیا۔ اس جزوی تصرف کے لئے حضرتِ فانی سے معذرت خواہ ہوں۔ (شادانی)

۲ مضمون کے دورانِ تحریر میں میرے ایک دوست حکیم صاحب تشریف لائے۔ اُنہوں نے لفظ "بی صاحبہ" پر اعتراض کیا اور کہا کہ آپکو کیونکر معلوم ہوا کہ محبوبِ فانی ایک "بی صاحبہ" ہیں۔ ممکن ہے کوئی "مرد" ہو۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں ممکن تو ضرور ہے مگر اس مصرع میں (قبر پر کس شان سے وہ بے نقاب آئے کو ہے) لفظ "نقاب" سے مجھے یہ خیال پیدا ہوا کہ غالباً "بی صاحبہ" ہونگی۔ بہت ممکن ہے کہ پروفیسر فراق بھی یہی اعتراض کریں۔ تو جواباً گذارش ہے کہ مضمون لکھتے وقت میرا ذہن اس طرف منتقل نہیں ہوا تھا اسلئے کہ ۔۔۔ فکر ہر کس بقدرِ ہمت اوست۔ بہرحال اگر فراق صاحب اپنے ذاتی علم کی بنا پر میرے اس قیاس کو غلط سمجھتے ہیں تو میں بخوشی اسکے لئے تیار ہوں کہ وہ لفظ "بی صاحبہ" کا ٹکر "صاحبزادہ صاحب" بنا دیں۔ (شادانی)

جائے گی ؎

کس لطف سے اُس نے دیکھا اپنے دامن کی طرف ❊ کانپ اُٹھا ہر ذرّہ میری خاک دامنگیر کا

جس وقت بی صاحبہ گورستان سے پلٹنے لگیں تو حضرتِ فانی نے یہ آخری وصیت کی کہ "حضور! آخر ایک مرنے والے کا ماتم کب تک۔ بہت سوگ ہو چکا۔ اب اس خاکسار کو بھول جایئے اور دوسروں پر مشق تغافل فرمایئے۔ اس لئے کہ حضور کا اس طرح سوگوار رہنا تو کچھ اچھا نہیں معلوم ہوتا ؎

وہ مشقِ خوئے تغافل پھر ایک بار رہے ❊ بہت دنوں مرے ماتم میں سوگوار رہے

حضرتِ فانی نے گورستان کی یہ داستان بڑی تفصیل کے ساتھ بیان فرمائی ہے۔ ہم نے بخوفِ طوالت یہاں اس کا خلاصہ درج کر دیا ہے جن حضرات کو اس سے دلچسپی ہو اور جزئیاتِ امور سے آگاہی حاصل کرنا چاہیں وہ حضرتِ فانی کا دیوان ملاحظہ فرمائیں۔

سلسلۂ نزع و مرگ کی آخری کڑی روزِ جزا، حشر، محشر، اور قیامت ہے۔ معاد کا عقیدہ تو اکثر مذاہب میں پایا جاتا ہے لیکن قیامت کب آئے گی اس کی تعیین کسی نے نہیں کی۔ زیادہ سے زیادہ قربِ قیامت کے کچھ آثار بتا دئے گئے ہیں مگر وہ ایسی مبہم باتیں ہیں کہ یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ہمارے شعراء خصوصاً چوٹی کے غزلگو جس درجہ حساس واقع ہوئے ہیں وہ ظاہر ہے بھلا اُن سے اس غیر معین حالت کی برداشت کہاں ممکن تھی اور وہ کب تک انتظار کر سکتے تھے۔ اس لئے انہوں نے اپنی ایک خیالی دُنیا بنائی اور اُس دُنیا میں پہونچنے کے لئے فرضی طور پر یا تو جلاد محبوب کی چھری سے ہلاک ہوئے یا پھر اُس کے جور و ستم کے باعث ایڑیاں رگڑ رگڑ کے جان دی۔ پھر قیامت قائم کی۔ حشر و نشر کے سامان ہوئے۔ خُدائی دربار سجایا اور داورِ محشر کے سامنے فریاد لے کر پہونچے۔ چونکہ یہ حضراتِ شاعر ہونے کی حیثیت سے گویا ایک ہی "اُمت" کے افراد ہیں۔ اسلئے حشر میں سبکو تقریباً ایک ہی قسم کے واقعات پیش آتے ہیں، چونکہ اس سلسلہ میں حسرت و جگر وغیرہ کے جو اشعار ہم پیش کر چکے ہیں وہ اثباتِ دعویٰ کے لئے بالکل کافی ہیں۔ لیکن اگر مزید ثبوت کی ضرورت ہو تو حضرتِ فانی آنکھائی کے اشعار سے مل جائے گا۔

اس سلسلہ میں ایک بات نہایت دلچسپ اور قابلِ غور ہے وہ یہ غالباً ان بزرگوں نے کسی ایسی وجہ سے جو خود انکے سوا کسی دوسرے کو معلوم نہیں، یہ عہد کیا ہے کہ جو کچھ بیان کریں اس میں تناقض و تضاد ضرور ہو۔ چنانچہ حضرتِ فانی حشر میں پہونچکر کبھی تو بربنائے محبت، گلہ جور و جفا کے بجائے سراپا شکر و امتنان بن جاتے ہیں۔ مثلاً ؎

روزِ جزا گلہ تو کیا، شکرِ ستم ہی بن پڑا ❊ ہائے کہ دل کے درد نے، درد کو دل بنا دیا

اور کبھی شکووں کے دفتر کھول دیتے ہیں اور ایسی دُھواں دھار تقریر فرماتے ہیں کہ بیچارہ محبوب بغلیں جھانکنے لگتا ہے اور خاموشی کے سوا اس سے کوئی جواب نہیں بن پڑتا ؎

وہ مری شکایت پر چُپ کھڑے ہیں محشر میں ❊ بُت اُنہیں بنایا یا اب خدا خدا کر کے

اس شعر کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ معنوی اعتبار سے دیکھئے تو سبحان اللہ، اور لفظوں پر غور کیجئے تو ماشاء اللہ۔ بُت اُنہیں بنا پایا اب خُدا خدا کرکے۔ واہ کیا بات کہی ہے۔ رعایتِ لفظی کیا کہنا۔ میاں امانت زندہ ہوتے اس شعر کو سُنکر اپنی ساری "متاعِ حاجت" بھول جاتے۔

دوسرے شعرا کی طرح حضرت فانی بھی جب اپنے محبوب سے ملاقات یا "اس بات" کے طالب ہوتے ہیں تو وہ عیار رفع الوقتی کے لئے اُن سے روزِ حشر کا وعدہ کرلیتا ہے۔ ان کی سادہ دلی دیکھو کہ اس عہد کو سچا جان کر، اس کے ایفا کی اُمید میں خوشی خوشی جان دے کر حشر میں جا پہونچتے ہیں۔ وہ ہزار جھوٹوں کا جھوٹا جب دیکھتا ہے کہ یہ نامراد تو پہنچے جھاڑ کر پیچھے پڑ گیا اور حشر میں بھی آ پہونچا تو صاف مکر جاتا ہے کہ میں نے تم سے کسدن وفا کا وعدہ کیا تھا ؎

محشر میں بھی وہ عہدِ وفا سے مُکر گئے ❊ جس کی خوشی تھی اب وہ قیامت نہیں رہی

یہ جواب سُنکر حضرتِ فانی کو جیسی کچھ مایوسی ہوئی ہوگی ظاہر ہے۔ اس دردناک سانحہ میں ہماری دلی ہمدردیاں اُنکے ساتھ ہیں، ہمارا بس ہوتا تو اس دغاباز کو اس عہد شکنی کی پاداش میں غلام بنا کر حضرتِ فانی کو بخشدیتے۔

حشر کے دن پیش آنے والے گوناگوں واقعات کے بیان میں ہمارے چوٹی کے غزلگو شعرا نے خوب خوب دادِ سخن دی ہے۔ فانی صاحب کے یہ دو شعر یاد رکھنے کے قابل ہیں ؎

وہ تیری بزم تھی نہ ملی جس میں چپ کی داد ❊ یہ حشر ہے یہاں تو کھلے گی زبان داغ

محشر میں عذرِ قتل بھی ہے خونبہا بھی ہے ❊ وہ اِک نگاہ جس میں گلہ بھی حیا بھی ہے

بخوفِ طوالت ہم اس موضوع پر رسمی شاعری کے ان ہی چند نمونوں پر اکتفا کرتے ہیں اور جنابِ فراق سے نہایت مودبانہ گذارش ہے کہ اس قسم کے لایعنی کلام کی حمایت کرکے اپنے ذوق کو رسوا اور نوخیز شعرا کو گمراہ نہ کریں۔

"زاہد، واعظ، محتسب، ناصح"

رسم و تقلید کی بنا پر جس طرح ہمارے شعرا اپنے آپ کو رندِ سیہ مست، مریدِ پیرِ مغاں، پرستارِ ساقی اور بے نیازِ طاعت و زہد بنا کر پیش کرتے ہیں اسی طرح اُن کے آئین شاعری میں یہ بھی فرض ہے کہ زاہد، واعظ، اور شیخ کی ہجو کریں، اُن پر پھبتیاں کسیں۔ اُن کی پگڑیاں اُچھالیں[1]۔ اُنہیں میخواری کی دعوت اور ترغیب دیں بلکہ موقع ملے تو پچھاڑ کر پلا دیں۔ اُنہیں محفلِ ساقی اور بزمِ حسن میں بُلائیں اور شراب و حسن کی بے پناہ قوتوں سے مغلوب نہ ہونے کا چیلنج دیں۔ جن اشعار میں اس قسم کے مضامین بیان کئے گئے ہیں اُن کے مطالعہ کے بعد قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر حضراتِ شعرا کو زاہد و واعظ وغیرہ سے اسقدر کد کیوں ہے اور اُن کے درمیان وجہِ مخالفت کیا ہے؟ بات یہ ہے کہ

---

[1] ؎ کہا ہے وفا پگڑی جو اُڑا کر حضرت ❊ مجھ گنہگار پہ ہے شب سے گمان واعظ۔

ہمارے شعرانے برنبائے تقلید چونکہ رندانِ سینہ مست کا سوانگ بھرا ہے اس لئے ہر ایسے گروہ کی مخالفت انپر واجب ہے جو مذہب و دینداری سے کوئی علاقہ رکھتا ہو۔ رندی کا فرض جبھی ادا ہوگا جب ستوری کی دھجیاں اُڑائی جائیں

زاہد و واعظ کے گناہوں کی ایک طویل فہرست ہر رسم پرست غزلگو کے دیوان میں آپکو مل جائیگی۔ ہم یہاں صرف اُن چند "کبائر" کا ذکر کرینگے جو حضرات شعرا کے بیان کے مطابق زاہد و واعظ کے لئے لازم و ملزوم قرار دئے گئے ہیں۔

زاہد و واعظ کا سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ وہ عبادت و ریاضت میں اپنا وقت گنواتا ہے۔ منہیاتِ شرعیہ سے لوگوں کو روکتا ہے۔ جنّت کا طالب ہے۔ کوثر و تسنیم کے آب گوارا سے اپنی تشنگی بجھانے کا آرزومند ہے۔ حورانِ بہشتی سے اپنے چشم و لب و آغوش کے لئے سرمایۂ کیف و سکون حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اور اس کے مقابلے میں شاعر صاحب ایک رندِ دُردآشام اور دین و مذہب کی تمام قیود سے آزاد ہوتے ہوئے بھی خاصانِ خُدا میں سے ہیں۔ اِن کا سینہ اسرارِ معرفت کا گنجینہ اور اُن کا دل انوارِ حقیقت سے رشکِ طورِ سینا ہے۔ وہ گمراہوں کی ہدایت اور زاہد و واعظ پر شدّت سے نکتہ چینی کرنے کے لئے گویا من اللہ مامور ہیں۔ تعصب کے پردے اگر آنکھوں پر پڑے ہوئے نہ ہوں تو ہر شخص کو صاف نظر آجائے کہ ان خود ساختہ ریفارمروں یعنی ہمارے شاعروں نے جن میں اکثر ہماری آپکی طرح اچھے خاصے بھلے آدمی ہیں، رندی کا سوانگ بھر کر اپنے اشعار میں زاہد و واعظ اور شیخ و مُحتسب پر جو لے دے کی ہے وہ محض نقالی اور رسم پرستی ہے۔

جب کبھی اسلامی حکومت ہندوستان میں قائم تھی مُحتسب بھی تھے، مگر آج اُن کا وجود کہاں۔ چند تعلیم یافتہ حضرات کے سوا عام طور پر تو لوگ "مُحتسب" کے معنی سے بھی ناآشنا ہیں، لیکن فراق صاحب کے "بادشاہِ متغزلین" یعنی مولانا حسرت موہانی آج بھی مُحتسب "ست دست" گریباں نظر آتے ہیں۔ شراب کی حلّت و حرمت کے بارے میں اس سے مباحثے کرتے ہیں اور آخر اُسے لاجواب کرکے چھوڑتے ہیں۔ نہ صرف اسقدر بلکہ دلیلِ قطعی کے طور پر ایک ایسا الزامی جواب دیتے ہیں کہ "مُحتسب" کے پاس دم بخود رہجانے کے سوا چارہ نہیں ؎

ترکِ مے کے معاملے میں فضول ✤ مُحتسب ہم سے گفتگو نہ کرے
میکشوں سے نہ مُحتسب کی چلی ✤ آخر کار لاجواب اُٹھا
اسقدر ناکید کیوں ترکِ مے و ساغر میں ہے ✤ مُحتسب خود بھی تو فکرِ جنّت و کوثر میں ہے

اپنی خیالی دُنیا میں جگر صاحب کو بھی ایک مرتبہ مُحتسب سے سابقہ پڑ گیا تھا۔ اُنھوں نے ہزار منّت کی مگر اس کمبخت نے شراب پھینک ہی دی ؎

اے مُحتسب نہ پھینک مرے مُحتسب پھینک ✤ ظالم شراب ہے، ارے ظالم شراب ہے

ہاں تو جیسا ہم ابھی بیان کر چکے ہیں زاہد و واعظ کا سب سے بڑا گناہ جنّت اور اس کے لوازم کی آرزو ہے۔ اور یہ ایک ایسا جُرم ہے جو کسی طرح معاف نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ حسرت صاحب ببانگِ دہل اعلان کرتے ہیں کہ ؎

حشر میں بھی نہ ہوگا اے واعظ ✤ گنہ آرزوئے حور معاف

اور یہ خواہش جنّت وہ بُری بلا ہے کہ اس کی بنا پر زاہد نورِ معرفت سے محروم ہوجاتا ہے۔ اگر کسی کو نورِ معرفت کی

"تلاش ہو تو وہ شاعر صاحب کے قلبِ سیاہ میں ڈھونڈھے اسلیئے کہ نورِ معرفت رندوں ہی کے حصّے میں آیا ہے اور اسی لئے وہ مخلوق کے ارشاد و ہدایت کے اہم منصب پر مامور کئے گئے ہیں ؎

نورِ عرفاں کی عبث ہو دلِ زاہد میں تلاش ❊ اور یاں خاک نہیں خواہشِ جنّت کے سوا
جلوۂ حق سے ہے بیخبر زاہد ❊ محوِ تسنیم و سلسبیل ہیں سب

واعظو! مُرشدِ کامل کی نہیں ہو جو تلاش ❊ بزمِ رنداں میں بھی اِک روز ذرا جا دیکھو

"بادشاہِ متغزلین" نے جنابِ شیخ کو ہجوِ شراب سے باز رکھنے کیلئے ایک نہایت "معقول" بات کہی ہے ؎

طالبِ کوثر و تسنیم جو ہوں حضرتِ شیخ ❊ خواہشِ بادہ کی تو ہیں گوارا نہ کریں

ہمارے "مشائخ" یعنی شعرائے رندی کا جامہ پہن کر زاہد، واعظ، اور شیخ پر ہزار گونہ برتری حاصل کر لی ہے اور بات بات پر ان بیچاروں کو لتاڑتے اور شرمندہ کرتے ہیں۔ جگر صاحب فرماتے ہیں ؎

فکر ہے زاہد کو حور و کوثر و تسنیم کی ❊ اور ہم جنّت سمجھتے ہیں ترے دیدار کو

ظاہر ہے کہ "طالبِ مولیٰ" کے مقابلہ میں طالبِ جنّت کا مرتبہ بہت پست ہے مگر سوال یہ ہے کہ کیا سچ مچ آپ "عشقِ حقیقی" کے چکّر میں پڑ گئے ہیں۔ یہ دعویٰ اگر حقیقت پر مبنی ہے تو اُس کا پیش کرنا انتہائے کم ظرفی ہے، بلکہ کھُلی ہوئی دلیل ہے اس امر کی کہ یہ محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے۔ اصلیت سے اسے کوئی سروکار نہیں۔ اور اگر آپ کا مقصود "محبوبِ مجازی" ہے جس کے دیدار کو آپ جنّت سمجھتے ہیں تو پھر اس میں زاہد بیچارے پر طعن و تعریض کی کیا ضرورت ہے۔ اپنا اپنا مذاق اور اپنی اپنی پسند ہے۔

حضرتِ فانی نے چونکہ رندی و ہوسناکی اور بادہ و ساغر سے چنداں سروکار نہیں رکھا اسی لئے زاہد و واعظ اور شیخ و مُحتسب سے بھی زیادہ نہیں اُلجھے۔ تاہم کہیں کہیں اپنی ظاہری "معصیت" ۔ جسے وہ اپنے زعم میں معنوی عصمت سے کم نہیں سمجھتے ۔ کا ذکر بڑی شان سے کرتے ہیں ؎

ذکرِ خورشیدِ قیامت سُن کے واعظ کیا کہوں ❊ خیر اس تردامنی کو روزِ محشر دیکھنا

حضرتِ اصغر ارشاد فرماتے ہیں ؎

حیران ہے زاہد مری مستانہ ادا سے ❊ سو راہِ طریقت کھُلی[1] اِک لغزشِ پا سے

رندانِ سبک دست کی لغزشِ پا سے "طریقت" کی سو راہیں کیا ہزار راہیں کھُل سکتی ہیں مگر "طریقت" کے مسلمہ معنی میں کچھ تغیّر کرنا پڑے گا۔ زاہد بیچارہ کیا جانے کہ رندی و کرامت لازم و ملزوم ہیں۔ یہ اسرار و رموز تو ہمارے شعرائے

---

[1] سو راہ طریقت کھُلی "صد راہِ طریقت کشود" کا لفظی ترجمہ ہے مگر اُردو زبان کے قاعدہ کے مطابق فاعل اگر بصیغۂ جمع ہو تو فعل بھی اُسکی مطابقت میں بصورتِ جمع ہی آنا چاہیئے۔ اس لئے "کھُلی" جو صیغۂ واحد ہے اس محل پر قطعاً غلط ہے۔ فارسی میں اگر فاعل، اسمِ بے جان ہو تو جمع ہونیکے باوجود بھی اس کا فعل صیغۂ واحد ہی میں ہوگا۔ لیکن اُردو میں ایسا نہیں۔ (شادانی)

بلانوش ہی کو معلوم ہیں۔

حسرت ؎ ہم چکا ہم یہ حال وقال کا رنگ ؛ شیخ بیکار ہائے وہو نہ کرے

ظاہر ہے کہ جو شخص حال وقال کے تمام مدارج طے کرکے عرفانِ رندانہ کی انتہائی منزلوں تک پہونچ گیا ہو اس پر شیخ بیچارے کی ہائے وہو کا کیا رنگ جم سکتا ہے۔

اصغر ؎ ابھی اک موج مے اٹھی تھی میخانہ میں اے واعظ ؛ ابھی اک برق چمکی تھی مری وادیِ ایمن میں

واعظ بیچارہ تو صرف حضرتِ موسیٰ والی وادیِ ایمن کو جانتا ہے۔ اُسے کیا خبر کہ میخانہ بھی وادیِ ایمن اور موجِ شراب برقِ تجلّی ہو سکتی ہے۔

جگر ؎ کدھر سے برق چمکتی ہے دیکھیں اے واعظ ؛ میں اپنا ساغر اُٹھاتا ہوں تُو کتاب اٹھا

واعظ کی کتاب کیا ہوگی؟ قرآن مجید یا کوئی دوسرا صحیفۂ مذہبی۔ ظاہر ہے کہ جگر صاحب کے جامِ شراب میں جو تجلیاں کوندتی ہوئی نظر آئیں گی وہ اِن "پرانی" کتابوں میں کہاں۔ بیچارہ واعظ کس برتے پر اپنی "کتاب" کا جامِ شراب سے مقابلہ کر سکتا ہے۔ اور اگر کریگا تو مُنہ کی کھائیگا۔

جگر ؎ نہ پوچھی بات بھی اس شوخ کی کافر نگاہوں نے ؛ لئے بیٹھا رہا زاہد متاعِ دین وایماں کو

یہ زاہد کی انتہائی حماقت تھی جو متاعِ دین وایمان کو اس اُمید پر لئے بیٹھا رہا کہ "اُس شوخ کی کافر نگاہیں" ملتفت ہونگی اسلئے کہ متاعِ دین وایمان ہے ہی کیا بلا جو کوئی اس کی طرف اعتنا کرے۔ مگر یہ نہ معلوم ہوا کہ وہ "شوخ کافر نگاہ" تھا۔ کون؟ شاید خُدا؟ مگر نہیں۔ اسلئے کہ خدا کے نزدیک اگر دین وایمان ایسی ہی بیقدر چیز ہوتے تو اتنے پیغمبر بھیجکر اتنے مذاہب کی تبلیغ کا ہے کو کراتا۔ کیوں نہ اُسی شے کو لوگوں میں رواج دیتا جو اُس کی "کافر نگاہوں" کو محبوب ہوتی۔

اصغر ؎ زاہد نے مرا حاصلِ ایماں نہیں دیکھا ؛ رُخ پر تری زلفوں کو پریشاں نہیں دیکھا

حضرتِ اصغر کا موضوعِ سخن چونکہ "حقیقت" ہے اسلئے اُن کے اشعار کو "مجازی" معنی پہنانا ان کے ساتھ حد درجہ ناانصافی کرنا ہے۔ رہ گئے "حقیقی" معنی تو اس کا سمجھنا زاہد کے بس کی بات نہیں۔ اسلئے کہ استعارات کا حجاب اُٹھا لینے کے بعد بھی معنی پر تاریکی کے پردے پڑے ہی رہتے ہیں۔ "اصطلاحاتِ صوفیہ" میں "رخ" کے معنی "تجلیات" اور "زلف" کے معنی "موجودات" و "تعیّنات" کے لکھے ہیں۔ زلف کا رُخ پر بکھرنا گویا ذاتِ احدیت پر تعیّنات کے حجابوں کا حائل ہوجانا ہے اور یہی اصغر صاحب کا "حاصلِ ایمان" ہے۔ اس چیستان کا سمجھنا زاہد تو کیا کسی انسان کے بس کی بات نہیں۔

اِن بزرگوں کا ایک دلچسپ مفروضہ یہ بھی ہے کہ واعظین جو لوگوں کو ارتکابِ مناہی سے روکتے اور پاداشِ گناہ سے ڈراتے ہیں تو گویا وہ رحمتِ ایزدی کے منکر ہیں اسلئے کہ رحمت تو بہرحال گنہگار ہی پر نازل ہوگی۔ انسان اگر مُرتکبِ عصیان نہ ہو تو خُدا کو اپنی رحمت کے صرف کرنے کا موقع ہی نہ ملے گا۔ اس طرح ارتکابِ معصیت گویا خدا پر ایک طرح کا احسان ہے۔ حقیقتاً یہ ایک زبردست مغالطہ ہے اور انتہائے تنگ نظری کی دلیل ہے۔ دراصل ہمارے شعراء کا منشا کسی حقیقت کا بے نقاب کرنا یا کسی واقعۂ نفس الامری کو پیش کرنا ہرگز نہیں ہوتا۔ نہ وہ کبھی ایسی گہری باتوں پر غور وفکر

کرنے میں اپنا وقتِ عزیز ضائع" کرتے ہیں۔ وہ تو صرف وہی کہتے ہیں جو اُن کے پیشرو کہہ گئے ہیں۔ اس سے انہیں بحث نہیں کہ جو کچھ وہ کہہ رہے ہیں وہ کوئی دانش و حکمت کی بات ہے یا محض لایعنی خرافات۔ وہ اس مسئلہ میں "نقل را چہ عقل" کے اصول پر کاربند ہیں اور بس۔ کاش وہ اتنا سوچتے کہ واعظ جو کام کر رہا ہے وہ خود اُس کی اپنی سمجھ میں آتا بھی نہیں۔ یہی کام تمام ادیان و مذاہب کے بانیوں نے بھی کیا ہے اور واعظوں سے ہزار درجہ زیادہ سرگرمی کے ساتھ کیا ہے۔ تو کیا وہ سب کے سب رحمتِ ایزدی کے منکر تھے؟ کیا وہ اتنا بھی نہیں سمجھ سکتے تھے کہ انسان کو اگر معصیت سے روکا جائیگا تو رحمتِ خداوندی معطل ہو کر رہ جائے گی۔ یہ کہاں سے معلوم ہو گیا کہ اگر انسان کو ارتکابِ گناہ پر ٹوکا جائے تو وہ گناہ نہ کرے گا۔ انسان بہرحال انسان ہے فرشتہ نہیں۔ از روئے خلقت معصوم نہیں۔ خطا اس کی فطرت ہے۔ اُسے عذاب سے ڈراؤ یا بہشت کا لالچ دو، معصیت سے باز رکھنے کی جو تدبیر بھی ممکن ہو عمل میں لاؤ مگر وہ گناہ کریگا اور ضرور کریگا۔ پھر رحمتِ الٰہی کے معطل ہو جانے کا اندیشہ کیسا۔ بات صرف اتنی ہے کہ "رندوں" کو اپنی سیاہ کاریوں پر ملامتِ خلق سے بچنے کے لئے کسی پناہ کی ضرورت تھی اِسلیئے جوازِ معصیت کی "یہ معقول" دلیل پیدا کی گئی۔ مگر اس کے موجد ہمارے شعرا نہیں۔ یہ تو بہت پُرانی بات ہے۔ ہمارے شعرانے تو اپنے شاعرانہ اصول کے مطابق محض تقلید بلکہ نقالی پر اکتفا کی ہے۔ دیکھئے حضرتِ اصغر اس میدان میں کس شان سے وارد ہوتے ہیں ؎

کیا کرے زاہد بیچارہ اُسے کیا معلوم ❊ رحم کرتا ہے باندازۂ عصیاں کوئی

حضرتِ اصغر کے مُرید خاص جناب جگر بھی اپنے مرشد کے قدم بقدم چلے ہیں ؎

مجھکو مرے عصیاں سے کیا خاک ڈرائے گا ❊ زاہد وہی زاہد جو رحمت سے گریزاں ہے

زاہد کیلئے "خشک" ہونا بھی ضروری ہے۔ وہ عشق کی رنگینیوں سے محروم ہے اِسلیئے وہ بھی خُدا تک نہیں پہنچ سکتا۔

حسرت ؎ پیرِ عشق رہنما نہ ہوا ❊ زاہدِ خشک باخُدا نہ ہوا

جگر ؎ کعبہ دل کی حقیقت سے تو واقف ہی نہیں ❊ باندھکر شیخ کہاں جامۂ احرام چلے

اصغر ؎ نہ ہوگا ہستیِ بے مدعا کا رازداں برسوں ❊ وہ زاہد جو رہا سرگشتۂ سود و زیاں برسوں

"ہستیِ بے مُدعا"! ماشاءاللہ کتنی گہری بات کہی ہے۔ حکمت، فلسفہ سب سکے آگے چیں بول جائے۔ دانایانِ روزگار جنہیں حضرت اصغر کے کلام کی روشنی میں عقل و دانش سے یکسر بے بہرہ سمجھنا چاہیئے۔ آج تک اس بات پر متفق ہیں کہ انسان کی ہستی کا ایک مقصد و منشا ہے اور وہ مقصد منشا بہت عالی ہے۔ "بے مدعا" صرف وہ ہستی ہو سکتی ہے جس کا وجود محض بیکار ہو۔ سو ایسی ہستی ایک انسان کی ہرگز نہیں ہو سکتی۔ مگر حضرتِ اصغر چونکہ سطحِ انسانی سے الگ ہو کر شعر کہتے ہیں اس لئے اُن کے بیان کئے ہوئے "نکات" کا سمجھنا ایک انسان کے بس کی بات نہیں۔ اور زاہد بیچارہ بھی چونکہ آدمی ہی ہے اسلیئے حضرتِ اصغر نے واقعی بجا فرمایا کہ وہ ہستیِ بے مدعا کا رازداں نہیں ہو سکتا مگر مصرعِ اولیٰ میں ردیف (برسوں) سے اتنا پتہ ضرور چلتا ہے کہ شاید دس پانچ برس حضرتِ اصغر سے درسِ معرفت لینے کے بعد اس سمجھ میں نہ آنے والے معمہ کو سمجھ جائیگا۔

حضراتِ شعرا اپنی عالی ظرفی کی بنا پر بیچارے زاہد و واعظ پر ترس کھا کر اُسے بھی میخواری کی دعوت دیتے ہیں کہ زاہد بیچارہ محفل رندان میں آتا ہے اور "سینۂ مینا" میں "برقِ سینا" کو تڑپتے دیکھکر اُس کے ہوش جاتے رہتے ہیں۔ وہ ہچکچاتا ہے۔ رندانِ می آشام طرح طرح سے اس کی ہمت بندھاتے ہیں مگر وہ کسی طرح پینے پر آمادہ نہیں ہوتا۔ حیلے حوالے کرتا ہے۔ مگر کون سُنتا ہے۔ آخر زبردستی اُسے پلائی جاتی ہے اور جب اُس کے مُنہ کو مزہ لگ جاتا ہے تو ہزار جان سے اس انگور کی بیٹی پر فریفتہ ہوجاتا ہے۔ پھر بھی "ظاہر بینی" مصالح کی بنا پر اس کی ہجو کرتا ہے۔ مگر پیتا ہے اور دھوم سے پیتا ہے یہاں تک کہ میخانے کی کنجی ہر وقت اپنی دستار میں لٹکائے پھرتا ہے کہ جب جی چاہے میخانہ کا تالا کھولے اور دو چار جام چڑھالے۔ یہ داستانِ رنگین ہمارے شعرائے رسم پرست نے بڑی خوبصورتی کے ساتھ بیان کی۔ یہاں اُس کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔

دعوت و ترغیب۔

حسرت ؎ واعظ و مُنہ میں تمہارے بھی بھر آئے پانی ⁂ مے رنگین کا جو ساغر سے چھلکنا دیکھو
جگر ؎ بزمِ ساقی میں ذرا دیکھ تو چل کر زاہد ⁂ کیا بہاریں ہیں چھلکتے ہوئے پیمانوں کی
حسرت ؎ بزمِ ساقی میں چلیں بھی تو کہیں حضرتِ شیخ ⁂ شرط ہم کرتے ہیں رہ جائے جو ایمان کا ہوش

حضرتِ زاہد کے میخانہ میں پہونچنے کے بعد ؎

جگر ؎ دمِ بیخود ہیں حضرتِ زاہد ہیں تنک دیکھکر ⁂ ہوش اُڑ جاتے اگر شیشہ سے باہر دیکھتے
اصغر ؎ میخانے کی یہ صحبت ہے شیخ غنیمت ہے ⁂ لے کچھ لبِ ساغر سے، کچھ سینۂ مینا سے
جگر ؎ پی بھی جا زاہد خدا کا نام لے کر پی بھی جا ⁂ بادۂ کوثر کی بھی اک موج پیمانے میں ہے
حسرت ؎ نہ کر بزمِ ساقی میں انکار واعظ ⁂ بگڑ جا تینگے رندِ میخوار واعظ
جگر ؎ یہ خانقاہ نہیں پی بھی جا ارے زاہد ⁂ یہ میکدہ ہے یہاں احتراز رہنے دے

میخانے کا آخری سین۔

حسرت ؎ رندوں نے پچھاڑ کر پلا دی ⁂ واعظ کے نہ چل سکے بہانے

دوسرا دور۔

حسرت ؎ شوق ہو دل میں لب پہ ہو شراب ⁂ ہم پہ روشن ہیں سب جناب کے رنگ
جگر ؎ کھلگیا آج مجھے دیکھ کے بیخود دمِ کیف ⁂ زاہدِ خشک کو سمجھا تھا میں نامحرمِ کیف
حسرت ؎ ہے کلیدِ درِ میخانہ مقررا ے شیخ ⁂ وہ جو پنہاں ہے ترے گوشۂ دستار کے پاس
جگر ؎ ہوگیا کیا مریدِ مے زاہد ⁂ اب تو چہرہ پہ نور رہتا ہے

غرض جس طرح کبوتر اور بلی میں قدرتی دشمنی ہے[1] اسی طرح ہمارے شاعر اور زاہد میں بیر ہے۔ اور لطف یہ کہ نہ وہ

[1] سخت حیرت ہو کہ بنگال میں، کم سے کم ڈھاکہ میں، بلیاں خالگی پرندوں مثلاً کبوتر، مُرغی، مینا وغیرہ سے کوئی تعرض نہیں کرتیں (شادانی)

خود رند ہے نہ اُسے محتسب اور زاہد و واعظ سے کوئی سروکار مگر رسمی شاعری کے طفیل اُسے یہ سوانگ بھرنا پڑتا ہے۔ اس موضوع پر ہمارے چوٹی کے غزلگو شعرا کے چند شعر اور سُن لیجئے اور ان کی "صنّاعانہ" نقالی کی داد دے لیجئے۔

جگر ؎ غرق کرنے سے تجھکو زاہد، تیری دُنیا کو خراب ∴ کم سے کم اتنی تو ہر میکش کے پیمانے میں ہے
اصغر ؎ زاہد سادہ لوح کو وہم ہے اشتباہ کا ∴ مصحفِ رُخ سے حل ہوا مسئلہ جوازِ عشق
حسرت ؎ لیگیا ہے کوئی پگڑی جوڑا کر حسرت ∴ مجھ گنہگار پہ ہے شب کے گمانِ واعظ

جگر ؎ اِک بزمِ ناز میں چل زاہد تجھے دکھادوں ∴ مینا بدوش آنکھیں، ساغر بکف نگاہیں
اصغر ؎ نیازِ عشق کو سمجھا ہی کیا اے اعظِ ناداں ∴ ہزاروں بنکے کعبے جیب میں نے جہاں رکھدی

افسوس ہے کہ حضرتِ اصغر کی زندگی میں کسی نے اس شعر کی طرف توجہ نہیں کی ورنہ ہندوستان کے حاجیوں کو بڑی سہولت رہتی۔ حضرتِ اصغر کے بنائے ہوئے کعبوں ہی سے کام چل جایا کرتا۔ مکّہ معظمہ جانے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی۔ نہ کچھ خرچ ہوتا نہ صعوباتِ سفر سے دوچار ہونا پڑتا۔ مگر اب کون بتائے کہ حضرتِ اصغر کے وہ خانہ ساز کعبے کہاں کہاں واقع ہیں۔ شاید فراق صاحب رہنمائی کر سکیں۔

حسرت ؎ فصلِ گل میں پڑیں تو خوب کھلیں ∴ خرقۂ زہد پر شراب کے رنگ
جگر ؎ زاہد مسجد نشیں ہیں اور اک ٹوٹا ساظرف ∴ میکدہ میں اہتمامِ جام و ساغر دیکھئے

ہمارے شعرا نے زاہد، واعظ، محتسب اور شیخ کی جو دُرگت بنائی ہے وہ تو آپ نے دیکھ لی۔ اب حضرتِ ناصح باقی ہیں۔ بر بنائے رسمِ زمانہ شاعر صاحب چونکہ عاشق بھی ضرور ہوتے ہیں اس لئے ان کو سمجھانے، بہلانے اور مشورہ دینے کے لئے ایک ناصح کی ضرورت پڑتی ہے۔ لہٰذا جس طرح روشنی میں ہر مادّی جسم کا سایہ لازمی ہے اسی طرح عالمِ عاشقی میں شاعر صاحب کے لئے ناصح کا وجود ناگزیر ہے۔ ناصح جہاں ہمدرد اور دلسوز ہوتا ہے وہاں اس کا نادان ہونا بھی ضروری ہے اور ناصح کے ان صفات کے متعلق تمام شعرائے مجتہدین و مقلدین متفق الرائے ہیں مگر ہمارا موضوعِ بحث چونکہ شعرائے مقلدین ہیں لہٰذا ہم صرف اُنہیں کے کلام سے چند مثالیں اپنے بیان کی تائید میں پیش کریں گے۔

فانی ؎ چارہ گر، ناصح مشفق، دلِ بیصبر و قرار ∴ جو ملا عشق میں غمخوار وہ نادان نکلا
جگر ؎ ہر قدم پر ناصحِ مشفق کی دلسوزی پہ چوٹ ∴ آدمی اچھا ہے لیکن اِک ذرا دیوانہ ہے
اصغر ؎ ناصح مشفق مگر یونہی تڑپنے دے مجھے ∴ مجھکو بھی معلوم ہے سود و زیانِ اضطراب
جگر ؎ جا بھی اے ناصح کہاں کا سود اور کیسا زیاں ∴ عشق نے سمجھا دیا ہے عشق کا حاصل مجھے
اصغر ؎ مری وحشت پہ بحث آرائیاں اچھی نہیں ناصح ∴ بہت سے باندھ رکھے ہیں گریباں میں نے دامن میں

یہ ہیں ہمارے چوٹی کے غزلگویوں کی جدّت طرازیاں۔ یہ ہے اُن کا انفرادی رنگ۔ اسی کی بنا پر فراق صاحب کا دعویٰ ہے

کہ "اُردو غزل گوئی لکھنؤ اور دلّی کی تاریک گلیوں سے نکل کر..... نئی آوازوں سے نغمہ سرا ہوتی ہے"۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر جناب فراق غزل گوئی کی حمایت میں اپنا مقالہ سپردِ قلم کرنے سے پیشتر اصغر، جگر، فانی اور حسرت کے دیوانوں کا مطالعہ کر لیتے تو انہیں اپنی اکثر رایوں کی غلطی اور اپنے بیشتر دعووں کی بے اساسی کا علم ہو جاتا اور جو ناواقف لوگ اُن کا مقالہ پڑھکر غلط فہمی کا شکار ہو گئے ہیں اُن کے گمراہ ہونے کی ذمہ داری بھی موصوف پر عاید نہ ہوتی۔

جفائے محبوب

مضامین فرسودہ کی پانچویں سُرخی "جفائے محبوب" ہے "پیکان و تیر، خنجر و شمشیر اور قتل و خون" کے سلسلہ میں اِس موضوع پر کافی بحث ہو چکی ہے لیکن بہ عنوان خصوصیت کے ساتھ اس لئے علیحدہ قائم کیا گیا ہے کہ "بادشاہِ متغزلین" نے اس موضوع پر بہت کچھ زور طبع صرف کیا ہے اور دل کھول کر نقّالی اور رسم پرستی کی داد دی ہے۔ اُن کے دوسرے معاصرین یعنی اصغر، جگر اور فانی اس میدان میں اُن سے بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔ جنوری ۱۹۳۵ء کے ساقی میں میں نے اپنے مضمون "ایران کی امرد پرستی کا اثر اُردو شاعری پر" میں نے ایرانی شاعر کے معشوق کی بیوفائی اور ستمرانی کے متعلق جن خیالات کا اظہار کیا تھا اس محل پر اُن کا دہرا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس سے ہمارے شعرائے نقالی پر کافی روشنی پڑتی ہے:-

"ہر ایرانی شاعر کے محبوب کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں کہ وہ بے انتہا ظالم اور بے وفا ہے۔ اس کی تمام عنایتیں رقیبوں کے لئے وقف ہیں۔ عاشق اُس کے لُطف و کرم سے ہمیشہ محروم رہتا ہے۔ اسکے اخلاق حد درجہ پست اور اطوار بالکل غیر شریفانہ ہیں۔ میں مدّتوں حیران رہا کہ یہ صفاتِ رذیلہ ایران کے حسینوں کے لئے کیوں مخصوص ہیں۔ میں نے بارہا اسپر غور کیا کہ ایران کے ہزاروں شاعروں میں سے جن کا کلام ہم تک پہونچا ہے کیا کوئی ایک بھی ایسا خوش قسمت نہ تھا کہ اُسے باوفا محبوب ملتا۔ آخر محبّت تو دونوں ہی جانب سے ہوتی ہے۔ یہ بات دوسری ہے کہ ہم اصطلاحاً مرد کو عاشق اور عورت کو محبوب (معشوق) قرار دیتے ہیں۔ پھر کیا سبب ہے کہ ایران میں کبھی کسی محبوب کو اپنے چاہنے والے سے محبّت نہیں ہوئی۔ آخر بہت غور و فکر کے بعد یہ نکتہ سمجھ میں آگیا کہ ایرانی شاعر کے معشوق کی "بیوفائی" اور "ستمرانی" بالکل فطری ہے۔ بات یہ ہے کہ ایک امرد کا حُسن شاعر کی فریفتگی کا باعث تو ہو سکتا ہے لیکن خود شاعر میں وہ صفاتِ سادہ روئی کہاں کہ اس کے محبوب کے جذباتِ محبّت کو برانگیختہ کر سکیں۔ اس لئے چاہت یکطرفہ رہتی ہے اور محبّت کا جواب محبّت سے نہیں ملتا بلکہ نہیں مِل سکتا۔ اسی کا نام شاعروں نے محبوب کی بیوفائی اور ایذا رسانی رکھا ہے"

اِس بیان سے ایرانی شاعر کے محبوب کی جفاشعاری کا سبب تو واضح ہو گیا مگر یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اُردو شاعری میں جفائے محبوب کے اسباب وہی ہیں جو ایرانی شاعری کے سلسلہ میں بھی مذکور ہوئے۔ اسلئے کہ شعرائے اُردو میں کثیر تعداد ایسے لوگوں کی موجود ہے جنہیں امرد پرستی سے کبھی سروکار نہیں رہا۔ پھر بھی جفائے محبوب کا رونا سبھی

نے رویا ہے، درحقیقت اُن چند افراد کو چھوڑ کر جنہوں نے آپ بیتی بیان کی ہے باقی سب نے محض رسم و تقلید کی بنا پر ان مضامین کو موضوعِ سخن بنایا ہے۔ اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ اُردو کا ہر شاعر بلا استثنا محبوب کی بے وفائی اور جفا شعاری کا قائل ہے۔ نہیں بعض ایسے بھی ہیں جو تقلید کی شائع عام کو چھوڑ کر بیانِ واقع کی راہ پر گامزن ہوئے ہیں چنانچہ کوئی دلسوختہ حرماں نصیب کہتا ہے ؎

رات اِک بزم میں تھے جور و جفا کے شکوے ❊ دل بھر آیا جو تری مہر و وفا یاد آئی

کسی اور مجبورِ اُلفت کا ایک شعر ہے ؎

حُسن سے سب کو گلہ ہے کہ وفادار نہیں ❊ یاں یہ رونا ہی کہ مجبور ہے مختار نہیں

مگر اِس قسم کے کہنے والے "الشاذ کالمعدوم" کا حکم رکھتے ہیں۔ شاعرانہ رسم پرستی کے جتنے نمونے اب تک ہم نے پیش کئے یوں تو وہ سبھی "دُفترِ بے معنی" کہلانے اور "غرقِ مے ناب" بلکہ نذرِ آتش کئے جانے کے مستحق ہیں۔ لیکن جفائے محبوب کے سلسلہ میں ہمارے چوٹی کے غزل گو شعرا نے جو کچھ لکھا ہے وہ حد درجہ مضحکہ خیز ہے۔ اب ہم "بادشاہِ متغزلین" کے کلام سے چند ایسے اشعار پیش کرتے ہیں جن میں اُن مخصوص صفات کا ذکر کیا گیا ہے جو شاعر کے محبوب کے لئے لازمی ہیں مثلاً وہ بانیِ جور و جفا ہے۔ بدخو اور ستمگر ہے۔ وفا دشمن اور عیار ہے۔ جفا کار اور خود بیں ہے۔ اور اس کے علاوہ کیا کچھ نہیں ہے ؎

کیا کیا تو نے یہ حسرت کہ دلِ اپنا چھوڑا ❊ ایسے عیار، ستمگار، جفا کار کے پاس

یہ بھی کیا انصاف ہے اے دشمنِ اہلِ وفا ❊ ہم رہیں ناکام یوں اور کام ہو حُسّاد کا

آرزو لازم ہے وجہِ آرزو ہو یا نہ ہو ❊ التفات اس کا فرخو بیں کی خو ہو یا نہ ہو

نہ سمجھا بانیِ جور و جفا اس شوخ کو کوئی ❊ کہ ہم نے جس کو پایا شکوہ سنج آسماں پایا

وصل اُس بُتِ بدخو کا میسر نہیں ہوتا ❊ وابستۂ تقدیر ہے تدبیر ابھی تک

مشقِ جفا کی بہت سی صورتیں ہیں ان میں سے ایک نہایت دلچسپ صورت یہ بھی ہے کہ عاشق صاحب کے زخموں پر نمک پاشی کی جائے عشقِ کامل کا کرشمہ یہاں نظر آتا ہے کہ یہ نمک پاشی باعثِ آزار ہونے کے بجائے عاشق صاحب کے لئے موجبِ تسکین و لذت ہوتی ہے۔ حسرت ؎

قیامت کا تعلق ہے قیامت کی محبت ہی ❊ مرے زخموں کی گویا جان ہی اُس کے نمکداں میں

مگر معلوم ہوتا ہے کہ آزار سے لذت گیری محض ایک عارضی کیفیت تھی اور جلد ہی آزار درحقیقت آزار ثابت ہوا چنانچہ اُس کی برداشت نہ لاکر حضرت مولانا صاحب نے دبی زبان سے شکایت شروع کر دی ؎

ہم بندگانِ درد پہ عشقِ جفا ہو کیا ❊ دلجوئی وفا کا یہی مقتضا ہے کیا

اور جب دیکھا کہ اس سے کام نہیں چلتا تو ایک نہایت لطیف پیرائے میں اُسے جتا دیا کہ اگر تم جفا سے باز نہ آؤ گے تو پھر

ہم بھی عاشقی سے استعفا دیدینگے۔ اور اس کے ذمہ دار خود تم ہوگے ؎

اے ستمگر مجھ سے گو ترکِ وفا ممکن نہیں ❊ میں کروں لیکن کبھی ایسا تو کیا ہیجا کروں

غرض شکوہ و شکایت کا سلسلہ چلتا رہا یہاں تک کہ "دوست دشمن" کو یہ بات ناگوار گذرنے لگی اور اُس نے تنگ آکر مولانا صاحب سے کہدیا کہ مولانا آپ کی روز روز کی گلہ سنجیوں سے دل پک گیا۔ خدا کے لئے اب بس کیجئے۔ یہ سُنکر مولانا نے فوراً یہ عادلانہ تجویز پیش کردی ؎

ستم تم چھوڑ دو میں شکوہ سنجیہائے ناچاری ❊ کہ فرضِ عین ہے کوشش محبت میں رواداری

مگر بھلا وہ کب کسی کی سُنتا ہے۔ ادھر مولانا کی قوتِ برداشت بھی قریب قریب سلب ہوچکی تھی اسلئے جی کڑا کرکے کنایتاً ترکِ محبت کی دھمکی دیدی کہ ؎

نہ کر اتنا ستم ہم دردمندوں پر کہ دُنیا سے ❊ مبادا یکقلم اُٹھ جائے تہذیبِ وفاداری

مگر جب دیکھا کہ وہ "بانیِ جور و جفا" محض کورا دن ہے اور لطیف کنایوں کو نہیں سمجھتا تو ناچار صاف صاف کہنا پڑا کہ ؎

وفا سے دشمنی رکھکر مرے دل کی خریداری ❊ بہت مشکل ہے اس جنسِ گرامی کی خریداری

جی ہاں، یہ عاشق کا دل ہے محض پارۂ گوشت نہیں۔ آپ حسین ہیں تو ہوا کریں مگر مہر و وفا قیمت میں دئے بغیر اس جنسِ گرانبہا کی خریداری ناممکن ہے۔ مگر وہ "عیار" مولانا کی اِن کیدڑ بھبکیوں میں کب آتا ہے۔ نہ جانے اِن جیسے کتنوں کو تنگی کا تاج پہنا چکا ہے کچھ ایسے تیور بدلے اور اس انداز سے مولانا کو ڈانٹا کہ بیچارے سہم کر رہ گئے اور چپکے چپکے خُدا سے دُعا کرنے لگے کہ پروردگارا! یا تو اس کے دل میں رحم ڈالدے یا پھر میرے دل سے اس کی محبت نکال دے ؎

عطا ہو اس وفا دشمن کو تو فیقِ کرم یارب ❊ نہیں تو پھر مجھی کو بے نیازِ مدعا کردے

مولانا کی یہ بیکسانہ حالت دیکھکر اس کا تاؤ ذرا اٹھنڈا پڑا۔ پھر بھی یہ حکم دے دیا کہ خبردار، خبردار، آج سے ہمیں ستمگار نہ کہنا۔ نہ ہمارے جور و جفا کا شکوہ زبان پر لانا۔ یہ مانا کہ ہم ایسے ہی ہیں مگر تمہیں حق نہیں کہ ہمیں ایسا کہو ؎

خود ہی اقرار اُنہیں اپنی ستمگاری کا ❊ پھر بھی اصرار ہے مجھ سے کہ میں ایسا نہ کہوں

ایسی صورت میں صبر کے سوا مولانا کے پاس چارہ ہی کیا تھا۔ وہی مثل ہے کہ زبردست مارے اور رونے نہ دے۔ دل پر جو کچھ گذر رہی تھی اُس سے تو خدا ہی باخبر تھا مگر بربنائے مصلحت اس جفا کار کو خوش کرنے کے لئے نہایت نیازمندانہ انداز سے یہ عرض کیا کہ ؎

ترے ستم سے میں خوش ہوں کہ غالباً تو بھی ❊ مجھے وہ شامل اربابِ امتیاز کرے

مثل مشہور ہے کہ ؎ جو خوشامد کرے خلق اُس سے خُدا راضی ہو ❊ سچ تو یہ ہے کہ خوشامد سے خُدا راضی ہو۔ اُسپر بھی مولانا کی اس "نیازمندی" کا بہت اثر ہوا اور غصۂ مہربانی سے بدل گیا۔ مولانا نے اس موقع کو غنیمت جانا اور فی الفور کہا ؎

کچھ غیر نہیں ہم کہ بگڑ جائیں وفا سے ❊ اظہارِ مراعات کی حاجت نہیں ہم کو

جور و ستم کی یہ بے پایاں داستان کہاں تک بیان کی جائے۔ اب ہم محبوبِ حسرت کی ایک مخصوص عادت بیان کرکے دوسرے

"اساتذہ" کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اشعار بالا سے یہ تو آپ کو معلوم ہو گیا کہ وہ کافر بدخو جور و ستم کا بادشاہ ہے مگر یہ جان کر آپکو بے انتہا افسوس ہو گا کہ وہ بدخو ہونے کے ساتھ ساتھ بد لگام اور بدزبان بھی ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ بڑا بھولا بھالا اور سیدھا سادہ ہے مگر جب تنہائی میں ملاقات ہوتی ہے تو مولانا کو ایسی فحش گالیاں سُناتا ہے کہ خُدا کی پناہ ؎

مجھ سے تنہائی میں گر ملئے تو دیجئے گالیاں ❊ اور بزمِ غیر میں جانِ حیا بن جایئے

یوں تو ہر شاعر کا محبوب جفا کار رہتا ہے لیکن حضرتِ فانی کے معشوق نے انتہا کر دی۔ کمبخت نے مَنّت کے طوق پہنے تھے تاکہ فانی صاحب سچ مچ آنجہانی ہو جائیں۔ مَنّت آخر پوری ہو کر رہی اور حضرتِ فانی اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ محبت اِسے کہتے ہیں، اور وفاداری اس کا نام ہے کہ مرنے کے بعد بھی محبوب کے آرام و راحت کا خیال رہے چنانچہ فانی صاحب نے مرنے کے بعد بزورِ کرامت شاعرانہ جب یہ دیکھا کہ اُس ظالم نے اب تک مَنّت کے طوق نہیں اُتارے اور اُن کے بوجھ سے گردن دبی جاتی ہے۔ اور تکلیف ہوتی ہے تو قبرستان کے مجاور کی معرفت کہلا بھیجا کہ ؎

طوق مَنّت کے بڑھا، ہوگئی مَنّت پوری ❊ بیڑیاں موتنے کاٹیں ترے دیوانوں کی

فانی صاحب رعایتِ لفظی کو کسی حال میں ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ یہاں بھی ماشاءاللہ طوق کے ساتھ بیڑیاں موجود ہیں۔ رقیب نوازی ہر شاعر کے محبوب کی ایک ممتاز صفت ہے اسلیئے اگر فانی صاحب کا معشوق بھی اس سے متصف ہے تو کچھ جائے شکایت نہیں ؎

کون اُٹھائے مری وفا کے ناز ❊ دل ستم دوست، وہ رقیب نواز

ہاں شاعر کی یہ صفت البتہ قابلِ داد ہے کہ مرتے مرجاتا ہے مگر دامنِ وفا کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑتا۔ فانی ؎

ظالم کا نہ شکوہ کر ظلموں کی نہ پروا کر ❊ تو اپنی وفاؤں کی عزت پہ فنا ہو جا

حسبِ دستور جگر صاحب کو بھی ایک "جور و جفا کے مالک" سے سابقہ پڑا ہے۔ چند ٹکڑے اُن کی داستانِ درد کے بھی سُن لیجئے ؎

میں خوگرِ ستم ہوں، پروردۂ الم ہوں ❊ جور و جفا کے مالک مہر و وفا نہ کرنا

نگاہِ قہر پر بھی جان و دل سب کھوئے بیٹھا ہوں ❊ نگاہِ مہر عاشق پر اگر ہوتی تو کیا ہوتا[1]

شوخِ کُستاخ کا چہرہ پہ اثر دیکھ نہ لے ❊ ڈر رہا ہوں کہ وہ سفاک اِدھر دیکھ نہ لے

ایسے سفاک سے ڈرنا ہی چاہیئے۔ ذرا میں چھُری بھونکدے تو کوئی اسکا کیا کرلے۔ ؎

شیشۂ دل وہ بتِ نازک تمکیں لگی اور ٹوٹ گیا ❊ اسپہ کسی کے تیرِ ستم کی مشقِ سیاست کیا کہیئے

اِنہیں آنسو سمجھکر یوں نہ مٹی میں ملا ظالم ❊ پیامِ دردِ دل ہیں اور آنکھوں کی زبانی ہے

---

[1] جب اتنی بیوفائی پر دل اُسکو پیار کرتا ہے ❊ الٰہی وہ ستمگر باوفا ہوتا تو کیا ہوتا۔ آغا حشر کاشمیری مرحوم۔

خدا ایسے بیدرد سے دوست دشمن سب کو بچائے۔ ایک بیچارہ ہو کہ بلک بلک کر رو رہا ہے اور اس سنگدل کے بھاویں ہی نہیں۔

مضامین فرسودہ کی فہرست میں چوتھا نمبر "تصوف و فلسفہ" کا ہے اور ترتیب کے لحاظ سے پہلے اسی موضوع پر بحث ہونی چاہیئے مگر ہم نے بعض مصالح کی بنا پر اس موضوع کو چوتھی قسط کے لئے اٹھا رکھا ہے۔

اشکِ خونین

رسم پرستی کا ایک ادنیٰ کرشمہ یہ ہے کہ انسان لمحہ بھر کیلئے اس پر غور نہیں کرتا کہ جو کچھ میں کر رہا ہوں یا کہہ رہا ہوں آخر اس کا مطلب و منشا کیا ہے۔ اصل و حقیقت کیا ہے۔ حاصل و نتیجہ کیا ہے۔ اس قسم کی بے معنی نقالی کا بہترین نمونہ ہمارے چوٹی کے غزلگویوں کے وہ اشعار ہیں جنہیں اشکہائے خونین کا ذکر ہے۔ چہرۂ محبوب کیلئے غازہ کا استعمال اسی حد تک اچھا معلوم ہوتا ہے کہ حسن کو نکھار کر چمکا دے۔ نہ اتنا کہ اصلی رنگ کو دبا دے۔ اگر اعتدال کا خیال نہ رکھا جائے تو یہ آرائش رغبت کے بجائے کراہت بلکہ بعض اوقات نفرت کا باعث ہوتی ہے۔ ٹھیک یہی حال تشبیہ و استعارہ اور مبالغہ کا ہے بعینہٖ خیال کو زیادہ جاذب توجہ اور دلربا بنانے کے لئے ان زیوروں سے آراستہ کرنے میں کوئی ہرج نہیں مگر اس کی ایک انتہا ہونی چاہیئے۔ اشعار میں جذبات انگیز مضمون کیلئے ضروری ہے کہ اس کی بنیاد کسی نہ کسی حد تک اصلیت پر قائم ہو ورنہ سننے والے پر اس سے کسی قسم کا اثر مترتب ہونا غیر ممکن ہو مگر ہمارے شعرا جو اپنے پیشروؤں کی کورانہ تقلید کے شیدائی اور سنت جاریہ کے شدت سے پابند ہیں کبھی اس حقیقت کی طرف اعتنا نہیں کرتے۔

انسان جب کسی روحانی یا جسمانی رنج و تکلیف کی برداشت نہیں لا سکتا تو بے اختیار اس کے آنسو نکل پڑتے ہیں۔ رونے سے اضطرابِ قلب کو نہ تسکین پاتا ہے اور غم کا بوجھ قدرے ہلکا ہو جاتا ہے۔ یہ ایک واقعہ ہے۔ اس سے شاعروں نے یہ مضمون پیدا کیا۔ یعنی کہ دل کا خون ہو جاتا ہے تب آنسو نکلتا ہے۔ دل کے خون ہو جانے سے دل کا سدِ درجہ تکلیف پانا مراد ہے۔ یہ نہیں کہ دل فی الواقع خون کی شکل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اسی مناسبت و رعایت سے، جب شدتِ غم کا اظہار مقصود ہوا تو آنسوؤں کو اشکِ خونین اور گریۂ خونین سے تعبیر کرنے لگے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہ تھا کہ آنسوؤں میں سچ مچ خون کی سُرخی موجود ہوتی ہے۔ مگر رفتہ رفتہ یہ ہے یہاں تک بڑھی کہ آنسوؤں کی سُرخی ایک مسلمہ حقیقت ہو گئی۔ نہ صرف اسقدر بلکہ آنسوؤں کو عینِ خون تسلیم کر لیا گیا۔ لہٰذا خون کی جو ایک مخصوص صفت ہے یعنی سُرخی و رنگینی وہ آنسوؤں کیلئے بھی ثابت ہو گئی۔ اور جس طرح خون کے چھینٹوں یا قطروں سے کپڑے یا دوسری چیزوں پر سُرخ دھبے پڑ جاتے ہیں اسی طرح آنسوؤں سے بھی چہرہ، رومال، آستین اور دامن رنگین ہونے لگے۔ قطراتِ سرشک کہیں لالہ و گل کو شرماتے ہیں۔ کہیں دامنِ کہسار میں آگ لگاتے ہیں۔ کہیں شفق اور بہار کی رنگینیاں دکھاتے ہیں۔ وہی قطراتِ سرشک جن کی حقیقت صرف اتنی ہے کہ اگر صاف ہوں تو کپڑے پر گر کر خشک ہو جاتے ہیں اور کوئی نشان باقی نہیں رہتا اور اگر

آنکھوں کا کھیل بھی اُن میں شامل ہو تو صاف کپڑے پر میلے میلے دھبے ڈال دیتے ہیں۔ خدارا انصاف! اِن میل کے دھبوں کو لالہ و گل سے تشبیہ دینا کہاں کی خوش مذاقی ہے۔ کب تک یہ کورانہ تقلید کا جُوا اُردو غزل کے کاندھے پر سوار رہے گا۔

جناب اصغر کا ایک شعر ہے ؎

روانی رنگ لائی دیدۂ خونبار افشاں کی ❊ اُتر آئی ہے اِک تصویر دامن پر گلستاں کی

"نشاطِ روح" کے مقدمہ میں مرزا احسان احمد صاحب اس شعر کے متعلق فرماتے ہیں کہ "غور کرو کس قدر رنگین پیرائے بیان ہے"۔ مرزا صاحب کے یہ الفاظ پڑھکر بیساختہ ایک حکایت یاد آگئی ؎

"ایک نواب صاحب نے مرتے وقت اپنے فرزند ارجمند کو وصیت کی کہ بیٹا ہماری وفات کے بعد اگر ہمارے احباب میں سے کوئی تم سے ملنے کیلئے آئے تو اُسکے ساتھ بہت عزت و احترام سے پیش آنا۔ اونچی جگہ پر بٹھانا اور نہایت نرم و شیریں گفتگو کرنا۔ سعادت مند بیٹے نے باپ کی بات گرہ میں باندھی اور مرحوم کی رحلت کے بعد پہلا کام یہ کیا کہ جلد سے جلد ایک بلند مینار تیار کرایا۔ حُسنِ اتفاق کہیئے یا سوءِ اتفاق، مینار کی تعمیر کے چند ہی روز بعد نواب صاحب مرحوم کے ایک بُوڑھے دوست صاحبزادے صاحب سے ملنے آئے۔ صاحبزادے صاحب کی ہدایت کے بموجب نوکروں نے بڑے میاں کو مینار کی آخری منزل پر پہونچا دیا۔ کمزور و سن رسیدہ آدمی چڑھتے چڑھتے بیچارے کا دم پھول گیا۔ آخری سیڑھی پر پہونچکر بیٹھ گئے۔ اتنے میں صاحبزادے صاحب بھی تشریف لے آئے اور دُور سے دیکھکر تعظیم بجا لائے۔ بڑے میاں نے کہا "کہو بیٹا، اچھے تو ہو" صاحبزادے نے جواب میں فرمایا "رُوئی"۔ بڑے میاں نے متعجب ہوکر پھر خیریت دریافت کی۔ صاحبزادے صاحب نے کہا "ریشم، موم، پروں کا تکیہ"۔ بڑے میاں سخت حیران تھے کہ یہ ماجرا کیا ہے۔ آخر کسی قدر برہمی کے ساتھ کہا کہ میں رُوئی، ریشم، پروں کے تکیہ کا حال نہیں پوچھتا میں تم لوگوں کی خیریت معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ صاحبزادے صاحب نہایت مودبانہ انداز میں بولے "گڑ، شکر، قند، مصری"۔ یہ الفاظ سُنکر بڑے میاں کو ضبط کی تاب نہ رہی۔ جھلا کر مینار سے نیچے اُتر آئے اور نہایت درشت لہجہ میں صاحبزادہ صاحب سے مخاطب ہوکر بولے کہ "ابے احمق! کچھ دیوانہ ہوگیا ہے۔ پہلے تو مجھ بُوڑھے کو چار منزل اوپر چڑھا دیا۔ اور حال پوچھتا ہوں تو رُوئی، ریشم اور گڑ شکر خدا جانے کیا کیا خرافات بکتا ہے۔ صاحبزادہ صاحب نے انتہائے عاجزی کے ساتھ عرض کیا کہ چچا جان گستاخی معاف، میں نہ احمق ہوں نہ دیوانہ۔ میں نے جو کچھ کیا وہ ابا جان مرحوم کے ارشاد کی تعمیل تھی اور بس۔ مرحوم نے مرتے وقت فرمایا تھا کہ ہمارے دوستوں کو اونچی جگہ پر بٹھانا اور نرم و شیریں گفتگو کرنا۔ اسی لئے میں نے یہ مینار بنوایا ہے کہ اس سے اونچی جگہ یہاں اور کوئی نہیں ہے اور میرا خیال تھا کہ دُنیا میں سب سے زیادہ نرم چیزیں رُوئی، ریشم اور موم ہیں اور اسی طرح سب سے زیادہ میٹھی چیزیں شکر، قند، اور مصری ہیں اس سے زیادہ نرم اور میٹھی باتیں اور کیا ہوسکتی ہیں۔ آپ تو خواہ مخواہ خفا ہوگئے۔ بڑے میاں یہ جواب سُنکر بھونچکا رہ گئے"۔

اگر رُوئی ریشم اور قند و شکر کے معنی نرم و شیریں گفتار کے ہوسکتے ہیں تو یقیناً اصغر کا شعر بھی رنگینیوں سے معمور ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ ایسا نہیں۔ اشک بیچارے میں پہلے رنگ تو ثابت کر لیجئے اسکے بعد دامن پر گلستاں کی تصویر اُتارتے گا۔ رنگین اشعار کا یہ مطلب ہے کہ انہیں پڑھکر یا سُنکر بہار کی رنگینیاں آنکھوں میں چھا جائیں۔ رنگین صحبتیں یاد آجائیں

رنگین نغمے کانوں میں گونجنے لگیں۔ تصور میں رنگینیوں کی ایک دُنیا آباد ہوجائے۔ حسن کی بجلیاں چمکیں، بادۂ گلرنگ کے ساغر چھلکیں۔ فضا رنگ و بو سے یکسر معمور ہوجائے اور ناظرِ خیال اِس میں کھو جائے۔ یہ نہیں کہ شعر میں رنگ کا لفظ آگیا اور شعر رنگین ہوگیا۔ اگر اسی کا نام رنگینی ہے تو بلا خوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ "خالق باری" کا یہ شعر ؎

نیلا، پیلا، زرد، کبود ؛ تانا، بانا، تنست و پود

دُنیا کے ہر شعر سے زیادہ رنگین ہے۔ "اشک خونین" کے متعلق اب اپنے چوٹی کے غزلگویوں کے چند شعر سن لیجئے ؎

فانی ؎ بدلا ہوا ہو آج مرے آنسوؤں کا رنگ ؛ کیا دل کے زخم کا کوئی ٹانکا اُدھڑ گیا

ماشاء اللہ کتنی گہری بات کہی ہے۔ دل کا زخم اور پھر اس کا رفو۔ یہ وہ چیز ہے جس کے لئے طبّی دُنیا ابد تک ہمارے شعرا کی ممنون رہے گی۔ کس قدر غلط خیال ہے کہ جملہ تحقیقاتِ علمیہ کے لئے ہمیں دورِ جدید اور یورپ و امریکہ کا ممنون ہونا چاہیئے۔ کوئی بتائے کہ بیسویں صدی میں دل کے زخم میں ٹانکے لگانا یورپ یا امریکہ کے کس ڈاکٹر کو نصیب ہوا۔ مگر شعرا کے یہاں یہ ایک پُرانی چیز ہے۔ ہاں تو فانی صاحب کے دل کے زخم کا ایک ٹانکا ٹوٹ گیا۔ اس سے خون بہ نکلا۔ آنسوؤں کا منبع چونکہ دل ہے اسلئے اشکوں میں اس خون کی آمیزش ہوگئی اور آنسوؤں کا رنگ عُنابی ہوگیا۔ اِسے کہتے ہیں پروازِ تخیّل یا بالفاظِ دیگر دُور کی کوڑی لانا۔ اشکوں کی مفروضہ سُرخی کا ماشاء اللہ کہاں سے تار نکالا ہے ؎

فانی ؎ فرقت میں تارِ اشک ہی ہر تار آستیں ؛ ہر دِاغ خون ہے دیدۂ خونبار آستین

اصغر ؎ اشکِ خونین ہے کہیں نالۂ رنگین ہے کہیں ؛ ہر قفس میں اُترآتا ہے گلستاں کوئی

نالۂ رنگین سے تو خیر کیا مگر اشکِ خونین سے ضرور قفس میں گلستاں اُترآتا ہوگا۔ اشکِ خونین کے فرضی رنگ سے گلستاں کی تصویریں بنانے کا اصغر صاحب کو بہت شوق ہے۔ مگر اِن تصویروں کی حقیقت اُس "نوری جامہ" سے زیادہ نہیں جس کے متعلق مشہور ہے کہ بعض عیاروں نے کسی زمانہ میں ایک سادہ دل بادشاہ کو پہنایا تھا۔ اور جس کی یہ صفت بیان کی گئی تھی کہ صرف "ایماندار" لوگوں کو نظر آسکتا ہے۔ سالگرہ کے موقع پر جب بادشاہ اُس "نوری جامہ" کو پہنکر جلوس کے ساتھ شہر میں گشت کیلئے نکلا تو اُسے دیکھکر لوگ ہکّا بکّا رہ گئے۔ وہ مادرزاد ننگا تھا مگر لوگوں نے سمجھا کہ شاید یہ ہمارے ایمان کا قصور ہے جو "نوری جامہ" نظر نہیں آتا اور بادشاہ برہنہ دکھائی دیتا ہے۔ سب دم بخود تھے اور جو کچھ دیکھ رہے تھے اُسکا اظہار و اعتراف دوسروں سے اسلئے نہیں کرتے تھے کہ "بے ایمان" سمجھے جائینگے۔ آخر ایک معصوم بچّے نے چلّا کر کہا "ارے یہ کیا، بادشاہ ننگا جارہا ہے"۔ ایک دفعہ اس آواز کا بلند ہونا تھا کہ اس سرے سے اُس سرے تک ایک ہلچل مچ گئی۔ اب ہزاروں زبانوں پر یہی الفاظ تھے کہ "بادشاہ ننگا جارہا ہے"۔ اب لوگوں کو یقین آگیا کہ اُن آنکھوں نے جو کچھ دیکھا وہ حقیقت تھی۔ اُن کے ایمان میں کوئی خرابی نہ تھی۔ "نوری جامہ" کوئی خارجی یا مادی وجود نہیں رکھتا تھا۔ عیاروں نے بادشاہ اور رعایا سب کو فریب دینے اور احمق بنانے کی کوشش کی تھی۔ آخر فریب کا پردہ چاک اور حقیقت کا چہرہ بے نقاب ہوگیا۔

یہی حال اصغر صاحب کی اُن تصویروں کا ہے جو مقدمہ نگاروں کو بغایت "رنگین" نظر آتی ہیں حالانکہ وہ نقوشِ سادہ کی

حیثیت بھی نہیں رکھتیں بلکہ سرے سے اُن کا وجود ہی نہیں۔ مقدمہ نگاروں کی لفظی جادوگری نے لوگوں کے دلوں اور دماغوں کو کچھ اس طرح مسحور کر دیا ہے کہ اب وہ اُنہیں کی آنکھوں سے دیکھتے، اُنہیں کے دماغ سے سوچتے اور اُنہیں کے دل سے محسوس کرتے ہیں۔ ذاتی رائے پر مطلق اعتماد نہیں رہا۔ مقدمہ نگار نے اگر کسی شعر کو حد درجہ حسین و رنگین بتایا ہے مگر پڑھنے والے کو اس میں کوئی حُسن و رنگینی دکھائی نہیں دیتی تو وہ اِسے اپنے فہم کا قصور اور استعداد کا نقص سمجھتا ہے حالانکہ حقیقت وہی ہے جو اُسے نظر آتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ رسمی، تقلیدی اور بے بنیاد شاعری کے خلاف میں نے جو آواز بلند کی ہے وہ بہتوں کی آنکھیں کھول دے گی اور انہیں نظر آنے لگے گا کہ ہمارے شعرائے رسم پرست کے اشعار کی رنگینی و رعنائی اور "معنویت" کی حقیقت "نوری جامہ" سے زیادہ نہیں۔ اور مقدمہ نگار حضرات اُن صنعت گروں کے ہم فن اور ہم رتبہ ہیں جنہوں نے "نوری جامہ" تیار کیا تھا۔

ہاں تو اصغر صاحب نے اپنے چیتڑے — جنکو بمنزلہ رنگ سمجھنا چاہیئے — آنسوؤں کے پانی میں حل کر کے مژگان کے مُوقلم سے دامنِ قبا کے کینوس پر جو تصویریں کھینچی ہیں ان میں سے بعض آپ کے ملاحظہ کیلئے پیش کی جاتی ہیں ؎

وہ نغمۂ رنگین میں سب پھولگیا اصغر ❊ اب گریۂ خونین میں روداد گلستاں ہے
دل میں اک بوند لہو کی نہیں رونا کیسا ❊ اب ٹپکتا نہیں آنکھوں سے گلستاں کوئی
تھا لطف جنوں دیدۂ خونابہ فشاں سے ❊ پھولوں سے بھرا دامنِ صحرا نظر آیا

حضرت اصغر کے دیدۂ خونابہ فشاں نے دامنِ صحرا کو پھولوں سے بھر دیا تھا۔ جناب جگر کے دیدۂ خونبار نے دامنِ کہسار کو گلستاں بنا دیا۔

جگر ؎ جب کبھی چھیڑا جنوں نے دیدۂ خونبار کو ❊ بھر دیا پھولوں سے ہم نے دامنِ کہسار کو

مُرشد و مُرید کے ان شعروں میں کس بلا کی صوری و معنوی مشابہت ہے۔ "من تو شدم تو من شدی" کی منزل اب دُور نہیں

جگر ؎ پوچھ مت مجھ سے مرے زخمِ جگر کی حالت ❊ میرے دامن میں ہر اِک گُل ترا ہی کہ نہیں

حضرتِ فانی نے زخمِ دل کے لہو سے آنسوؤں کو رنگین کیا تھا[1]۔ جناب جگر کے اشک، زخمِ جگر کے خون سے گُلرنگ ہیں۔ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ جگر کا خون زیادہ شوخ رنگ ہوتا ہے یا دل کا تو اسی کے لحاظ سے یہ فیصلہ کرنا سہل ہوگا کہ جگر کا شعر زیادہ رنگین ہے یا فانی کا۔

جگر ؎ رنگین ہیں فضائیں جاری ہیں اشکِ خونین ❊ افسانۂ حُسن کا ہے اور عشق کی زباں ہے

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اشکِ خونین ہی سے فضائیں رنگین ہو گئی ہونگی۔ لیکن یہ نکتہ پھر بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ شاعر صاحب جہاں بیٹھے اشکِ خونین بہا رہے تھے وہاں کتنی فضائیں تھیں جو جمع کا صیغہ استعمال کیا گیا۔

---

[1] بدلا ہوا ہے آج مرے آنسوؤں کا رنگ ❊ کیا دل کے زخم کا کوئی ٹانکا اُدھڑ گیا۔ فانی

طوالت کا خوف اپنی جگہ بر درست۔ مگر نا منصفی ہوگی اگر "بادشاہِ متغزلین" کے چند اشعار اس موضوع پر یہاں نقل نہ کئے جائیں۔

سُنیئے۔ حسرت ؎ جوشِ گُل کی ہیں یہ کیفیتیں تو کیا عجب ✤ اشکِ بُلبُل سے قفس ہو لالہ زار اب کی برس

"اشکِ بُلبُل" کی جدّت قابلِ داد ہے اور اُن اشکہائے خونین سے قفس کا لالہ زار بنجانا داد سے مُستغنی۔

حسرت ؎ مری گریۂ خون کی سب لالہ کاری ✤ نمودار ہے دامن و آستیں پر

وہ دن اب یاد آتے ہیں بہارِ خونفشانی کے ✤ وہ میرا جیب کو دامن کو بھی گلنار کر لینا

چشمِ رنگینِ یار کو ہے پسند ✤ سُرخیِ اشکِ عاشقاں کی بہار

ظاہر ہے کہ بر بنائے مُشابہت چشمِ رنگینِ یار کو سُرخیِ اشکِ عاشقاں کی بہار پسند ہوگی۔ مثل مشہور ہے کہ ؎

کُند ہمجنس با ہمجنس پرواز ✤ لال کے ساتھ لال اور باز کے ساتھ باز

"جنون"

دُنیا میں ایسا کون ہے جس نے زندگی کے کسی نہ کسی دور میں محبت کی گرمی اپنے قلب میں محسوس نہ کی ہو۔ خصوصاً ایک غزلگو شاعر کیلئے تو عاشق ہونا ناگزیر ہے مگر ہمارا شاعر ہم آپ جیسا یعنی معمولی درجہ کا عاشق بننا پسند نہیں کرتا بلکہ لغوی، اصطلاحی تاریخی ہر اعتبار سے ایشیا کے آئیڈیل عاشق میاں مجنوں کا سچّا جانشین بننا چاہتا ہے۔ میاں مجنوں کا اصلی نام قیس تھا مگر جب فرطِ عشق نے جنون کی صورت اختیار کی تو مجنوں مشہور ہوگئے۔ حُسنِ اتفاق یا سوءِ اتفاق سے یہ واقعہ ہمارے شاعر صاحب کو بھی معلوم ہے اور اس سے اُنہوں نے یہ نتیجہ نکالا کہ کمالِ عشق کے لئے جنون لازمی ہے لہذا دیوانے بن گئے۔ مگر دیوانے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو اس دور کے بعض مفکرین کی طرح "عدمِ تشدّد" کے قائل ہوتے ہیں اور اپنا جنون اپنی ہی ذات تک محدود رکھتے ہیں۔ دوسرے وہ جو جنون کے جوش میں طرح طرح کے ہنگامے برپا کرتے ہیں۔ جو چیز سامنے آئی اُٹھا کر پھینکدی، توڑ دی، برباد کر دی۔ جو ملا اُس سے بھڑ گئے۔ لڑ پڑے۔ پتھر مارنے لگے۔ اِس قسم کے دیوانوں کو حفظِ امنِ عامّہ کی خاطر آزاد نہیں پھرنے دیا جاتا۔ یا اُن کے اعزّہ اُن کے پاؤں میں زنجیر ڈال کر گھر ہی میں نہیں بند رکھتے ہیں یا پھر سرکاری پاگل خانوں میں اُنہیں قید رکھا جاتا ہے۔ اس طرح یہی قسم کے دیوانے آزاد پھرتے ہیں اور دوسری قسم کے پا بزنجیر رکھے جاتے ہیں۔ شاعر صاحب نے کہیں یہ بھی سُن لیا ہے کہ کمالِ فن "اس کا نام ہے کہ انسان جامع جمیع حیثیات ہو لہذا دونوں قسم کے دیوانوں کی تمام خصوصیات و صفات اپنی ذات میں ثابت کرتے ہیں۔ اور ظاہر ہے کہ دیوانے کا سوانگ بھرنے کیلئے ایسا کرنا ضروری ہے۔ فرضی دیوانگی کے جوش میں ہمارا شاعر کپڑے پھاڑ ڈالتا ہے۔ پیٹے گریباں چاک کرتا ہے۔ اس کے بعد دامن کی دھجیاں اُڑاتا ہے۔ پھر سر بصحرا نکل جاتا ہے۔ جب تک شہر کی حدود سے خارج نہیں ہو جاتا لڑکوں کا غول اُس کے پیچھے ہوتا ہے جو تالیاں بجاتا، شور مچاتا اور اُس پر کنکریاں برساتا ہے۔ میاں مجنوں کے لئے تو بحر کا صحرا قریب ہی موجود تھا اسلئے صحرا نوردی سہل تھی مگر ہمارے شاعر کے لئے کسی صحرا تک پہونچنا بھی آسان نہیں اسلئے اور بھی مصیبت کا سامنا ہوتا ہے۔ جنون کے جوش میں اتنا ہوش کہاں کہ جوتا پہنکر صحرا کو جائے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ننگے پاؤں نکل کھڑا ہوتا ہے۔ چلتے چلتے پیروں میں چھالے پڑ جاتے ہیں۔ ان میں کانٹے چُبھتے ہیں۔ پھر آبلے پھوٹتے ہیں اور زخم بنجاتے ہیں۔

یہ دیوانگی کا ایک رُخ ہے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ جب اسپر دیوانگی کا دورہ پڑتا ہو تو اُسے زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔ قید خانے میں پہونچکر وہ کچھ اس درد اور جوش سے آہیں کرتا ہے کہ زنداں کی دیواریں ہلجاتی ہیں۔ محافظوں کے کلیجے اُلٹنے لگتے ہیں۔ پھر جب فصلِ بہار آتی ہے تو اس کا جنون اور بھی تیز ہوجاتا ہے۔ پہلے وہ گریباں چاک کرتا ہے پھر سارے کپڑے بدن پر سے نوچ کر پھینکدیتا ہے اور مادر زاد ننگا ہوجاتا ہے۔ کبھی جوشِ دیوانگی میں اپنا سر پٹخنے لگتا ہے یہاں تک کہ لہولہان ہوجاتا ہے کبھی زنجیر کو پارہ پارہ کرکے اور کبھی زنجیر سمیت زنداں سے نکل بھاگتا ہے۔

یہ ہے مختصر رُوداد دیوانگی کی جو بادنیٰ تغیر ہر شاعر نے تفصیل کے ساتھ بیان کی ہے۔ رسم پرستی اور نقالی کی اس سے بدتر مثال اور کیا ہوگی کہ ایک صحیح المزاج انسان خواہ مخواہ اپنے آپ کو دیوانہ کہے۔ جھوٹ موٹ اپنا گریبان چاک کرے۔ فرضی محبس میں قید رہے اور محض خیالی صحرا میں تنکے چُنتا پھرے۔

ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے "بادشاہِ متغزلین" یعنی مولانا حسرت موہانی اس میدان میں اپنے حریفوں سے بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔ وہ دیوانے تو بنے مگر گھٹیا قسم کے۔ یعنی اُن کا جنون چاک دامانی اور صحرانوردی سے آگے نہیں بڑھا۔ نہ اُنھوں نے زنجیر پہنی۔ نہ اپنا سر پھوڑا۔ نہ قید خانے میں رہے۔ نہ اپنی آہوں سے زنداں کی دیواریں ہلائیں۔ یہ سعادت اصغر، جگر، اور فانی کا حصہ تھی۔ اُنہیں کو ملی اور حسرت صاحب باوجود سعی اس سے محروم رہ گئے۔ سچ ہے ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست ✤ تانہ بخشد خدائے بخشندہ

آیئے اب اپنے شعرائے فرزانہ کی فرضی دیوانگی کا تھوڑا سا تماشا دیکھ لیجئے، پہلے دامن و گریباں کی دھجیاں اُڑتی ہیں ؎

باقی نہیں اک تار بھی دامن میں جو حسرت ✤ اب اہلِ جنوں فکرِ گریباں میں لگے ہیں

مولانا کو سکون و خاموشی کے مقابلہ میں چونکہ شور و ہنگامہ زیادہ پسند ہے اسلئے صحرا میں جی نہیں لگتا اور ناچار شہر میں تشریف لے آتے ہیں تاکہ لڑکوں کا غول تالیاں بجاتا، شور مچاتا، پتھر برساتا آپ کے پیچھے پیچھے ہو اور آپ اس برات کے دولھا بنے آگے آگے کوچہ و بازار میں چکر لگاتے پھریں ؎

شورِ طفلاں چاہیئے اے عشق سودائی مجھے ✤ کیوں پسند آنے لگی صحرا کی تنہائی مجھے

بحیثیت ایک مردِ سیاسی کے مولانا حسرت کی ہمت و جرأت کا ہندوستان بھر میں شہرہ ہے۔ آپنے بیچ بیچ کے جیل خانوں میں رہکر قید بامشقت کی اذیتیں برداشت کی ہیں، چکیاں پیسی ہیں اور طرح طرح کی مصیبتیں جھیلی ہیں مگر یہ دیکھکر حیرت ہوتی ہے کہ جب آپ ایک مجنوں عاشق کا سوانگ بھرتے اور خیالی صحرا گردی کرتے ہیں تو آبلوں میں کانٹے چبھنے کی بھی تاب نہیں لاسکتے اور تکلیف کے تصوّر ہی سے پلک پلک کے رونے لگتے ہیں ؎

جانِ افگار پہ طاری ہوئی رقت کیا کیا ✤ آبلوں سے جو سنی خارِ مغیلاں کی صلاح

موضوعِ زیرِ بحث پر مولانا صاحب کا صرف ایک شعر اور سُن لیجئے ؎

زیبائشِ فرقِ عاشقی ہے ✤ دستارِ جنوں میں غم کا پیوند

ظاہری مطلب تو اس شعر کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرتِ "عشق" کے سر پر جنون کی پگڑی لپٹی ہوئی ہے۔ اِس میں غم کا پیوند

لگا ہوا ہے اور یہ بیوندلگی ہوئی پگڑی آنجناب کے سرِ مبارک پر بہت ہی بھلی معلوم ہوتی ہے۔ درحقیقت اگر صرف اتنا ہی مطلب ہے تو یہ تو کچھ بات ہی نہ ہوئی۔ اسلئے ضرور اس میں کوئی "باطنی" مطلب بھی ہوگا جس پر اہل ظاہر کی نظر نہیں پہونچ سکتی۔ انہیں اس شعر میں صنعتِ جگت اور لفظوں کے ڈھیر کے سوا اور کچھ نظر نہ آئیگا۔

"بادشاہِ متغزلین" کی جنون سامانیوں کا مظاہرہ بہت پھیکا اور پھسپھسا رہا۔ آیئے اب حضرتِ جگر کے جوشِ دیوانگی کی ہنگامہ آرائیاں دیکھیں جنہوں نے اتنے گریباں پھاڑے ہیں کہ اب مراد آباد میں ایک ثابت پیرہن بھی مشکل ہی سے ملیگا۔ موصوف کا جنون نہایت تدریجی رفتار سے بڑھا ہے۔ آغازِ جنون میں اتنا ہوش تھا کہ گریباں چاک نہ ہو ورنہ رازِ محبت افشا ہوجائے گا ؎

عشق کا رازِ جنونِ عشق کی حد ہی میں رہے ❊ دل گیا ہے تو گریباں نہ جانے پائے

بلکہ سچ پوچھئے تو رازِ عشق چھپانے ہی کیلئے جنون کا یہ روپ بھرا تھا ؎

پیراہنِ جنون سے تنِ عشق ڈھک لیا ❊ یہ اِک طریقِ خاص ہوا خفائے راز کا

مگر یہ موصوف کی ناتجربہ کاری تھی جو یہ سمجھ لیا کہ جنون، عشق کی پردہ پوشی کرے گا۔ ابتدا میں غالباً جھوٹ موٹ آپنے اپنے اوپر جنون طاری کرلیا تھا مگر نتیجہ یہ ہوا کہ مصنوعی جنون، حقیقی دیوانگی بنگیا اور اس کا جوش اتنا بڑھا کہ رازِ محبت چھپانے کی تمام کوششیں بے سود ثابت ہوئیں اسلئے کہ گریبان سو سو جگہ سے چاک ہوگیا ؎

جوشِ جنوں سے کچھ نہ چلی ضبطِ عشق کی ❊ سو سو جگہ سے آج گریباں نکل گیا

جگر صاحب کو خود حیرت ہے کہ گریبان چاک ہوا تو کیونکر اسلئے کہ عالمِ دیوانگی میں آپکا ضعف اتنا بڑھ گیا تھا کہ ہاتھ کا اُٹھنا بھی محال تھا۔ پھر اُس نے گریبان کس طرح پھاڑ ڈالا اور اگر اُس نے نہیں پھاڑا تو پھر کیونکر پھٹا ؎

دستِ جنوں کا ضعف سے اُٹھنا محال تھا ❊ کیا جانے کس طرح سے گریباں نکل گیا

بہرحال گریبان چاک ہوا۔ اور جب ایکمرتبہ یہ سلسلہ جاری ہوگیا تو پھر جاری ہی رہا ؎

حال وحشت میں ہوا یہ ترے دیوانوں کا ❊ جیب چھوٹی تو گریباں لئے بیٹھے ہیں

جنوں میں سینے کو بیٹھے ہیں جیب کے ٹکڑے ❊ خبر نہیں کہ گریباں بھی تار تار ہوا

اس عشق میں پورا کبھی ساماں نہیں دیکھا ❊ دامن پہ نظر کی تو گریباں نہیں دیکھا

یہ سب ابتدائی دور کا حال ہے۔ اس کے بعد تو آپ نے اس بُری طرح گریبان و دامن کی دھجیاں اُڑائیں کہ الٰہی توبہ ؎

خاص یہ شان ہے اِک آپکے دیوانوں کی ❊ دھجیاں خود بخود اُڑتی ہیں گریبانوں کی

ہم نے دیکھی تھی اداکل ترے دیوانوں کی ❊ دھجیاں کچھ لئے بیٹھے تھے گریبانوں کی

رحم کر اے جنوں جہاں پہ دیوانوں کی ❊ دھجیاں پاؤں پہ آپہونچیں گریبانوں کی

یا تو جناب جگر جنون سے اس امر کے ملتمس تھے کہ "گریبان نہ جانے پائے" یا بالآخر گریبان و دامن پھاڑنے ہی کو رازِ عشق کا عرفان سمجھنے لگے ؎

عشق کا راز وہی سوختہ ساماں سمجھا ؛ جس نے دامن کبھی جانا نہ گریباں سمجھا

اور رفتہ رفتہ یہ عالم ہوگیا کہ جہاں کسی کو چاک گریباں دیکھا ان پر جنون کا دورہ پڑ گیا۔ مثل مشہور ہے کہ "دیوانہ را ہُوئے بس است" مگر یہاں "ہُو" کی بھی ضرورت نہیں۔ بھٹا ہوا گریبان دیکھا اور دیوانگی نے طوفان برپا کر دیا ؎

اللہ اللہ مرے جوشِ جنوں کی لہریں ؛ نظر آجاتا ہو جب چاک گریباں کوئی

گریباں پھاڑتے پھاڑتے آخر ہاتھ شل ہوگیا ؎

اب اُسی وحشتِ جنوں پرور آستیں ہو خندہ زن ؛ دھجیوں کو بارہا جس نے گریباں کر دیا

مرزا غالب نے بطریقِ طنز کہا تھا کہ ؎

جز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار ؛ صحرا مگر بتنگیٔ چشمِ حسود تھا

جگر سے اپنے عہد میں اس طعنہ کی برداشت نہ ہوسکی اور جنون کا وہ نام اُچھالا وہ صحرا گردیاں کیں کہ سُبحان اللہ سُبحان اللہ۔ آخر دُنیا کو ماننا پڑا کہ میاں مجنوں کے سچے جانشین اس "قحط الرجال" کے دور میں جناب جگر ہی ہیں اُنہیں خود بھی اپنی اس بزرگی کا احساس ہے چنانچہ بڑے فخر کے ساتھ فرماتے ہیں ؎

مجھ سے قائم ہیں جنوں کی عظمتیں ؛ میں نے صحرا کو جگر صحرا کیا

سچ یہ ہے کہ جگر صاحب کو یہ دعویٰ ہر طرح زیبا ہے اسلیئے کہ گریبان تو سبھی دیوانوں نے پھاڑے ہیں مگر نہ اسطرح کہ ؎

دامان وجیب ہوگئے نذرِ جنوں تمام ؛ باقی کفن کے واسطے اک تار بھی نہیں

ہائے بیچارے جس طرح برہنہ دُنیا میں آئے تھے اُسی طرح برہنہ دُنیا سے جا سکے بشرطیکہ میونسپلٹی نے ننگا دفن کرنے کی اجازت دیدی۔

اِس میں شک نہیں کہ جناب جگر کا جنون مولانا حسرت کے جنون سے کہیں زیادہ تیز ہے پھر بھی آپنے کچھ ایسی زیادہ صحرا نوردیاں نہیں کیں اور پاگل خانے میں بھی غالباً آپ کو زندگی کے آخری چند روز ہی گذارنے کا اتفاق ہوا ایک شعر سے معلوم ہوتا ہو کہ ایک مرتبہ آپ مع زنجیر صحرا میں جا پہونچے تھے ؎

حاصلِ دشت نوردی ہیں یہ اوہامِ جنوں ؛ آبلے ٹوٹ نہ جائیں کہیں زنجیر کے ساتھ

مگر اِس شعر سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ آپ گھر سے فرار ہوئے تھے یا پاگل خانے سے۔ یقینی طور پر تو صرف اتنا معلوم ہے کہ جب آپ گرفتار کرکے زنداں لے جائے گئے تو وہاں آپ کی بہت حفاظت کی جاتی تھی کہ کہیں نکل نہ بھاگیں۔ اِس واقعہ کا آپنے بڑی حسرت کے ساتھ ذکر کیا ہے ؎

ان جنوں سامانیوں پر کیا رہائی کی اُمید ؛ حسرتیں بھی دفن زیرِ خاکِ زنداں ہوگئیں

یہ امر بھی متحقق ہوچکا ہو کہ عالمِ جنون ہی میں آپ کا وصال ہوا ؎

سخت دشوار حفاظت تھی گریبانوں کی ؛ آبرو موت نے رکھ لی ترے دیوانوں کی

حضرتِ اصغر نے بھی گریبان دری میں کچھ کمی نہیں کی پھر بھی آپ جناب جگر کو نہیں پہونچتے صحرا نوردی میں البتہ

آپ جگر کے ہم رتبہ قرار دے سکتے ہیں مگر قید خانے کی سختیاں جھیلنے میں یقیناً ان سے افضل ہیں۔ آپکی روداد کا خلاصہ یہ ہے ؎

کیا کیا ہوا ہنگام جنوں یہ نہیں معلوم ❊ کچھ ہوش جو آیا تو گریباں نہیں دیکھا

اس کے بعد آپ حسب دستور صحرا نوردی کے لئے تشریف لے گئے ؎

خوب صحرا ہی پر لے جوشِ جنوں ❊ پھاڑنے کو نہ تھے دامن کہاں

لطف ہر طرح کا ہو دشت جنوں میں لیکن ❊ پھاڑنے کو نہیں ملتا ہے گریباں کوئی

صحرا میں آپکی دلبستگی کے تمام سامان موجود تھے، کمی اگر تھی تو صرف اتنی کہ ہر روز نیا گریبان پھاڑنے کو نہیں ملتا تھا کیونکہ آدھی درجن قمیص اور اتنے ہی کرتے جو آپ اپنے ہمراہ صحرا کو لے گئے تھے وہ چند روز میں پھٹ پھٹا کے برابر ہو گئے۔ سب سے زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ دیوانہ بن کر گریبان و دامن پھاڑ ڈالنے کے بعد آپ کو یہ پتہ چلا کہ آپ کا محبوب دل اور کلیجی کے کباب بڑے شوق سے کھاتا ہے۔ لہٰذا اُسے آپ کے قلب و جگر کے ٹکڑوں کی ضرورت ہے ؎

اس کو مطلوب ہیں کچھ قلب و جگر کے ٹکڑے ❊ جیب و دامن نہ کوئی پھاڑ کے دیوانہ بنے

پاگل خانہ جانے سے پیشتر جس زمانہ میں آپکا قیام صحرا میں تھا آپ آستانِ یار سے جُدا ہو جانیکے غم میں بہت رویا کرتے تھے ؎

جوشِ جنوں میں چھوٹ گیا آستانِ یار ❊ روتے ہیں مُنہ پہ دامن صحرا لئے ہوئے

مگر روتے وقت آپ صحرا کا دامن کس طرح اپنے مُنہ پر ڈھانک لیا کرتے تھے اس کا سمجھنا اور سمجھانا ہمارے بس کی بات نہیں۔ شاید فراق صاحب یا سہیل صاحب یا مرزا احسان احمد صاحب کچھ ان اسرار و رموز کا انکشاف کریں تو پتہ چلے جس زمانہ میں آپ پاگل خانے میں تشریف رکھتے تھے آپ کا جنون بہت جوش پر تھا۔ زنجیروں کو اُٹھا کر جھنجوڑتے اور زمین پر دے دے مارتے تھے جس سے ایک نہایت وحشت انگیز شور پیدا ہوتا تھا ؎

اور آجائے نہ زندانی وحشت کوئی ❊ ہے جنوں خیز بہت شور سلاسل میرا

جس وقت آپ دیوانگی کے جوش میں چیختے تھے تو پاگل خانے کی دیواریں اور محافظوں کے دل ہل جاتے تھے ؎

اسیرانِ بلا نے آہ کچھ اس درد سے کھینچی ❊ نگہباں چیخ اُٹھے ہل گئی دیوار زنداں کی

پاگل خانے میں قریب قریب یہی حالت حضرت فانی کی بھی ہو گئی تھی ؎

ہلکیا نہ داں بُرا ہو نالۂ شبگیر کا ❊ چونک اُٹھا گھبرا کے ہر حلقہ مری زنجیر کا

"حلقۂ زنجیر کا گھبرا کے چونک اُٹھنا" کچھ ایسی بات ہے کہ جو سمجھے اسکو بھی مزہ آئے اور جو نہ سمجھے وہ بھی لُطف اُٹھائے اور یہی شاعر کا کمال ہے۔ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ یوں تو جگر، اصغر اور فانی تینوں حضرات نے صحرا نوردی بھی کی اور زنداں کی ہوا بھی کھائی مگر فانی صاحب اپنے دونوں رفیقوں سے اس باب میں ممتاز ہیں کہ اُن کی زندگی کا زیادہ حصّہ پاگل خانے ہی میں گذرا اور ظنِ غالب یہ ہے کہ پاگل خانے ہی میں وفات بھی پائی۔ زنداں سے وہ کچھ اسدرجہ مانوس ہو گئے تھے یا یوں کہئے کہ پاس وضع کا انہیں کچھ ایسا خیال تھا کہ قید خانہ چھوڑ کر صحرا جانے کو کبھی تیار نہ ہوتے تھے ؎

بے مروت بن کے کیوں اب سوئے صحرا جایئے ❊ لوٹتے ہیں پاؤں پر حلقے مری زنجیر کے

دوسرے ارباب جنوں کی طرح پاگل خانے میں بھی آپ کا شغل گریباں دری جاری تھا ؎

بہار آئی کہ یارب عید آئی اہلِ زنداں کو ❊ گریباں نے گلے لپٹا لیا ہو بڑھ کے داماں کو

فصلِ بہار میں چونکہ جنوں کا جوش زیادہ ہوتا ہے اسلئے ایکدن فانی صاحب نے پاگل خانے کی دیوار سے ٹکرا کر اپنا سر پھوڑ لیا اور خون جو بہا تو اس میں انگلیاں بھگو کر زمین پر گل بوٹے بنانے شروع کر دئے۔ خالی بیٹھے بیٹھے بھی انسان اکتا جاتا ہے آخر کچھ تو شغل چاہیئے ؎

خون کے چھینٹوں سے کچھ پھولوں کے خاکے ہی سہی ❊ موسمِ گل آگیا زنداں میں بیٹھے کیا کریں

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ حضرات شعرا دیوانے ہونے کے بعد پہلے پاگل خانے تشریف لیجاتے ہیں اور اسکے بعد صحرا نوردی کیلئے نکلتے ہیں اور کبھی پہلے صحرا گردی فرماتے ہیں اور اسکے بعد پاگل خانے میں رونق افروز ہوتے ہیں۔ اور کبھی مکرر بھی قید خانے کو نوازتے ہیں۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فانی صاحب ایک مرتبہ سے زیادہ محبوس رہے تھے ؎

پھر گوشہ گیرِ حلقۂ زنجیر ہے جنوں ❊ صحرا کو نذرِ تنگیٔ زنداں کئے ہوئے

خاتمہ پر حضرتِ فانی کی صحرا نوردی کا بھی تھوڑا سا حال سن لیجئے ؎

مرے تلووں سے کانٹوں پر نئی گلکاریاں ہونگی ❊ مری وحشت مبارک ہو جنونِ عیش ساماں کو

یہ صحبتیں بھی دیکھئے لاتی ہیں رنگ کیا ❊ مہمانِ خار پاؤں کے چھالے ہوئے تو ہیں

معلوم ہوتا ہے کہ مولنا حسرت کی طرح فانی صاحب صحرا جاتے وقت جوتا ساتھ لیجانا بھول گئے تھے اور ناچار ننگے پاؤں گھومنا پڑا۔ آبلے پڑے تھے تو پڑے تھے، اُن میں کانٹے بھی چُبھ کر رہ گئے۔ مضمون کا یہ حصہ ختم کرنیسے پہلے فانی صاحب کے تین شعر اور سُن لیجئے۔ شعرائے جنون زدہ کی یاد کچھ دنوں تو آپ کے دل میں تازہ رہے ؎

رکھ پنجۂ جنوں سے سر و کارِ آستیں ❊ کب تک رہینگے ہاتھ گرانبارِ آستیں

ہے وہ اہلِ ذوق کی زنداں نوازیاں ❊ سر پیٹتا ہوں خانۂ زنجیر دیکھ کر

وحشتِ تازہ کا نوروز مبارک اے عشق ❊ پھر بہار آئی مجھے خلعتِ عریانی دے

فانی صاحب کی فرزانگی سے ہمیں توقع ہو کہ انہوں نے باہمہ جوشِ جنوں حضرتِ عشق سے یہ خلعتِ عریانی قیامِ صحرا کے زمانہ ہی میں مانگا ہوگا کیونکہ شہروں میں تو ننگا پھرنا نہ صرف اخلاقاً معیوب سمجھا جاتا ہے بلکہ قانوناً بھی ممنوع ہے۔ جسطرح جناب جگر نے عالمِ دیوانگی میں رحلت فرمائی تھی اسی طرح حضرت فانی بھی جنون کی حالت میں رہگرائے عالم باقی ہوئے جسکی تفصیل ہم "جنازہ" کے ذکر میں بیان کر چکے ہیں۔ یہاں اس شعر کا دُہرا دینا کافی ہے ؎ فانی ؎

ہڈیاں ہیں کئی لپٹی ہوئی زنجیروں میں ❊ لے جاتے ہیں جنازہ ترے دیوانے کا

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔ ایں دُعا از من و از جملہ جہان آمین باد۔

عندلیب شادانی۔

آبِ حیات پی لیا؟ ..... میرے لئے بُوند بھی نہ چھوڑی کہ مجھے مدد ملتی؟ ..... شاید ان ہونٹوں پر کچھ لگا رہ گیا ہو۔ جو میرا کام بنا دے گا۔ ..... اُف! ہونٹوں میں اب تک جان کی گرمائی ہے!!

(لوگوں کے آنے کی آوازیں اور قریب سے آنے لگی ہیں۔)

جولٹ:۔ (اپنے میں آپ) لوگ بہت قریب آگئے! جولٹ!! بس اب قصّہ تمام کرو!!!۔

(یہ کہکر رومیو کے پہلو سے خنجر نکالتی ہے۔)

جُولٹ:۔ (خنجر کو دیکھتے ہوئے) یہ سینہ تیری نیام ہے! (سینہ میں خنجر بھونکتے ہوئے) یہاں بسرام کر!!۔

(رومیو کے جسم پر گر کے مرجاتی ہے)

لوگ آتے ہیں۔ دیکھتے ہیں۔ بوڑھا لارنس ساری بپتا سُناتا ہے۔ جسے سُنکر سب سینہ کوٹ لیتے ہیں۔ اور اُس دن سے ایسے شیر و شکر ہوتے ہیں کہ پھر کبھی نہیں لڑتے جھگڑتے۔ مُبارک ہیں ویس کے بیٹا بیٹی جن کی جاں نثاری سے روٹھے من جائیں! بچھڑے مل جائیں!!

سید وزیر حسن

ارمغانِ عید

(بحضورِ دوست)

موسمِ گُل سے کیا غرض برگِ خزاں رسیدہ کو
دیدۂ خوشی سے کام کیا، دیدۂ خُوں چکیدہ کو

فصلِ بہار آگئی عیش مناؤ خوش دِلو!
کافی ہے سوز و سازِ درد، چاکِ جگر بُریدہ کو

یوں ہے دلِ تباہ کی، حالتِ زارِ ہمنفس
کوئی مسل کے پھینکدے غنچۂ نارسیدہ کو

قابلِ داد ہے مگر، تیرا یہ ظُلم بھی خزاں!!
چلتی بنی اُجاڑ کر، سبزۂ نو دمیدہ کو

داغِ جگر دکھاؤں گی، قصّۂ غم سُناؤں گی!
خواب ہی میں کبھی نواز اپنی الم رسیدہ کو

لذّتِ انتظارِ مرگ، پوچھ نہ مجھ سے ہمنشیں
آتا ہے کچھ قرار سا، اس میں دلِ طپیدہ کو

اے دلِ دردآشنا! شکوۂ بخت تا کجا؟!
جامِ طرب ہی زہر ہے، لذّتِ غم چشیدہ کو

اب ہے غمِ فراق ہی رُوحِ روانِ زندگی!
سوزشِ مُستقل سے ہے تاب و توانِ زندگی!

"دلفگار"

ساقیِ گلفام

گھنگھور گھٹا جھوم کے اٹھی ہے سرِ شام — گل گشت کو نکلے ہیں حسیں، شوخ، گلُ اندام
تھمتی نظر آتی نہیں شیشے میں دلا رام — لا دور میں اے خانہ تنشیط کے اجرام

برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

رنگین فضائیں ہیں دہک جائے گلابی — سرمست نوائیں ہیں چہک جائے گلابی
سرشار ہوائیں ہیں مہک جائے گلابی — بارش کی سرائیں ہیں بہک جائے گلابی

برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

ہر چہرۂ گل رنگ پہ آتے ہیں پسینے — بجلی کی چمک سے دمک اٹھے ہیں نگینے
کوئل کی صدا میں ہیں لگاوٹ کے قرینے — بے تاب ہیں لٹنے کو نواسنج و نگینے

برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

عریاں ہیں مرے سامنے فطرت کے نظارے — مہ پاروں کا دربار ہے ساگر کے کنارے
تقوی شکن آنکھوں میں جوانی کے شرارے — ہر سانس میں لہرائے ہوئے شوق کے دھارے

برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

کھاتی ہے نہ پینے کی، پلانے کی قسم، خوب! — اس میکدہ بردوش زمانے کی قسم، خوب!
متوالے، حیا بیز ترانے کی قسم، خوب! — ہنس ہنس کے مجھے اپنا بنانے کی قسم، خوب!

برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

ساون کے ہیں لمحات جنوں خیز گہربار — آغوشِ سماعت میں لئے نغمۂ سرشار

انگڑائیاں لیتی ہے تجلّیِ طرب زار سوتوں کو جگا دیتی ہے پیمانوں کی جھنکار
برسات کے ایّام ہیں، برسات کے ایّام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

اِس فصل میں لازم ہے پئیں اور پلائیں حوروں کو لئے نغمۂ تخریب جگائیں
پُرکیف رہیں، کیف میں عالم کو بسائیں ہر ذرّۂ ناچیز کو فردوس بنائیں
برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

دُھو دُو نگڑا ہے مینہ کا اِک ہو گیا جل تھل آئی ہے ندی بازوؤں میں پارتی کا جل
ہر فرشِ زمیں ہو گیا گل بوٹوں سے مخمل اِس رُت میں نہ یوں بیٹھ کنڈھا جام میں بوتل
برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایّام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

بُوندوں کی ٹپاٹپ ہے کھڑے ہیں گلشن ضو ریز ہیں الماس، قیامت کا ہے جوبن
ہر گوشۂ ویرانہ ہے اک وادیِ ایمن رنگ رلیاں ہیں، جھولے ہیں فسونکار فسوں فن
برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایّام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

آ، ساغرِ بلّور میں کونین سما دے! آنکھوں میں جو کھنچتی ہے وہی آج پلا دے
اربابِ شریعت کو نگاہوں میں چھکا دے اک دُھوم مچا دے، اے اِک دُھوم مچا دے
برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایّام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

صدقے ترے انداز کے اے ساقیِ گلپوش ہر ایک ادا ہے تری شوخیِ غزل کوش
اِس بادلے موسم میں عطا کر مئے سرجوش کاوش کو نہ احساسِ تکلّم کا ہے ہوش
برسات کے ایام ہیں، برسات کے ایام
اے ساقیِ گلفام
بھر بھر کے پلا جام

حیدرآبادی

بہوجائی

(ایک خط بنام محترمہ چودھرانی حیات رحمٰن صاحبہ)

جناب بھاوج صاحبہ۔ سلام و دُعا۔ آپ کا خط موصول ہوا۔ جی ہاں آپ بھابی جان قطعی نہیں ہیں۔ بلکہ بھاوج ہیں۔ اُودھ کی اصطلاح والی بھابی جان تو کلکتہ والی سسز سراج الدین ہیں۔ اور بہوجائی ایک دوسری ہیں۔ آج آپ کو اُن کا تھوڑا سا حال سُناتا ہوں اور اسی کو جی چاہے آپ رسالہ میں چھاپ دیجئے۔ ورنہ اب اس بُڑھاپے میں افسانے کہاں سے آئے۔

جس روز میرا اسکول کی دوسری جماعت میں داخلہ ہوا تو ہم تین لڑکے مُرغا بنائے گئے۔ وجہ یہ ہوئی کہ تیسرے گھنٹہ میں ماسٹر صاحب کے آنے میں دیر ہوئی اور لڑکوں نے مجھے نیا سمجھ کر آڑے ہاتھوں لیا۔ نوبت چپقلش پر پہونچی۔ نتیجہ یہ کہ ماسٹر صاحب آن پہونچے اور ہم تین لڑکوں کو دُودُو چانٹے مار کر مُرغا بنا دیا۔

مُرغا بنے زیادہ دیر نہ ہوئی تھی کہ میں نے اپنے پڑوسی مُرغ کی طرف جھانک کر دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ کان ہاتھ میں، بند مٹھی منگچھنگلی کے پاس ایک اور صحیح سالم چھنگلی مٹر کی پھلی کی طرح اٹک رہی ہے۔ میں نے بسلسلہ تحقیقات آہستہ سے اپنا ہاتھ ٹانگ میں سے نکال کر اس انگلی کا پکڑ کر جو معائنہ کیا ہے تو یہ مُرغ چیخ کر کھڑا ہو گیا۔ میں نے جلدی سے اپنا ہاتھ ٹانگ میں سے جا کر بدستور اپنا کان پکڑ لیا۔ لیکن ماسٹر صاحب نے دیکھ لیا۔ حالانکہ میں نے انگلی آہستہ سے صرف چھو کر دیکھی تھی۔ لیکن چھنگا کی انگلی کھینچنے کے الزام میں خوب پٹا۔ چھنگا بھائی سے یہ میری پہلی مُلاقات تھی۔ اُن کے دونوں ہاتھوں میں ایک ایک فاضل انگلی اس طرح لٹک رہی تھی اور یہ اس کام آتی تھی کہ لڑائی ہو تو پکڑ لی جائے۔

بھائی چھنگا کا نام رام لال تھا اور یہ ذات کے بنئے تھے۔ اپنے باپ کے اکلوتے بیٹے تھے۔ صرف ایک بہن مُنّی تھی جو، تقدیر میں اُنکے لئے ایک گلاس دودھ بھر کر لاتی تھی جو اکثر یار لوگ پی جاتے تھے۔ بھائی چھنگا کے باپ کی مصالحوں اور کرانے وغیرہ کی دوکان تھی۔ بہت جلد میری اور اُن کی ایسی دوستی ہو گئی کہ ہم دونوں بچے تو تھے ہی لیکن بھائی چارہ ہو گیا۔ ایسی ہی اور بے تکلفی ہو گئی کہ عرض نہیں کر سکتا۔ میرا انکا چار برس ساتھ رہا۔ اس لئے کہ میرے والد صاحب کو وہ شہر چھوڑنا پڑا ذرا غور کیجئے کہ کبھی عمر بھر چھنگا بھائی سے خط و کتابت نہ ہوئی۔ زمانہ گذر گیا۔ ایک دوسرے کو بھول بھال گئے۔ مرے جیئے کی خیر خبر نہ رہی کہ ابھی حال میں اُن سے مع بہوجی کے مُلاقات ہو گئی۔ اس مُلاقات کا مختصر حال سناتا ہوں۔

کچھ عرصہ ہوا ایک کام سے رتلام جانا پڑا۔ رتلام جاورہ سے ریلوے سے ڈواسٹیشن اور بذریعہ موٹر چوبیس میل پختہ سڑک ہے۔ میں ایک دوست کی آمد کے سلسلہ میں موٹر سے گیا۔ یہ بدتمیز دوست نہ آئے۔ مایوس چلا آرہا تھا کہ سر اُٹھا کر دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک مکھدر پوش بزرگ مجسم کانگریس بنے، گاندھی ٹوپی لگائے، ڈیڑھ بالشت کی ڈاڑھی اور موچھوں میں کل کا کل مُنہ پوشیدہ، پیشانی پر لال پیلا قشقہ اس زور کا لگائے کہ برہمن شرماتے۔ گو وہیں دو سال کا بچہ۔ پیچھے ایک سفید چادر اوڑھے کوئی ڈھائی ڈھائی سیر کی بازیب پہنے خوش جمال اور نوعمر عورت۔ میں بھلا ان سُورما کو کیا پہچانتا۔ مگر گود والے ہاتھ کو دیکھا تو چھنگلی لٹک رہی تھی۔ ایک بجلی سی کوند گئی۔ میں نے فوراً پہچان لیا۔ لاکھ ضبط کرتا ہوں پر جی نہیں مانتا۔ قدم بڑھا کر آگے راستہ کاٹا۔ میں نے کہا یہ کیوں جی یہ تم کس کی عورت بھگا لائے؟ !! میں نے نوعمر بہوجی کی طرف انگلی اٹھا کر پوچھا۔ اور قبل اس کے کہ وہ کافی طور پر برہم ہو سکیں یا آنکھیں نکال سکیں میں نے ان پر حملہ کر دیا۔ ارے صاحب میں اس خوفناک ڈاڑھی والے کانگریسی کو پیار کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے ڈاڑھی دار گال پر بوسہ دینا چاہتا ہوں۔ خواہ میری عینک ڈاڑھی میں اُلجھ کر رہ جائے۔ مگر وہ شرمیلی بہو کی طرح لڑنے پڑتے ہیں۔ مگر تو یہ کیجئے۔ لونڈا الگ حمزہ بن کر گود سے سرک پڑا پر میں نے نہ چھوڑا۔ نہ یہ سوچا کہ کوئی دیکھے گا تو کیا کہیگا۔

ہم دونوں دوست ایک دوسرے کو پہچان کر محبت سے مل رہے تھے اور اُن کی بیوی اس عجیب و غریب سین کو دیکھ رہی تھیں۔ دیکھتے ہی سے پتہ چلتا تھا کہ پہلی بیوی کا بھوجن کر چکے اور یہ دوسری بیوی ہیں۔ اب انہوں نے مجھ سے پردہ کیجئے گھونگھٹ فرمایا تھا۔ میں نے

ازراہِ قدر دانی پھر پوچھا "بھئی یہ کہاں سے ہنکوا لائے ؟ ۔ وہ پہلی والی کیا ہوئی ؟ اور وہ جو لاہنی کو کب چھوڑا ؟ ... بھئی ہم بھی تو دیکھیں ... ۔" اور یہ کہکر جو بڑھا میں بھوجی کی طرف تو چھنگا نے خفا ہو کر مجھے مارنے کو کہا۔ لڑنے لگے کہ کسی جولاہن ۔ نجلے بیہودہ بدتمیز سب کچھ کہا۔

آپ جانتے ہیں ۔ سفر کے یوں ہی حواس گم ہوتے ہیں ۔ وہ اجنبیت ہوتے ہوتے کوئی تیسرا تھوہ والی مزید حماقت کر بیٹھے گھر جاتے ۔ تھے گاڑی پھٹنے کے بے حد قائل ۔ ادھر میں نے کہا کہ بھئی جادہ راستے میں پڑتا ہے ایک دو روز ٹھہرو ۔ کیا غرض کروں اس موذی لالہ سے کیسا کیسا کہا پر نہ مانا ۔ میں نے بہتیرے کو گود میں لے لیا تھا پھل دلائے ۔ طے ہو گیا کہ وہ نہ مانیں گے ۔ ان کی گاڑی میں بٹھلانے گیا ۔ اور اب خدا حافظ کر کے اور بھوجائی جی سے بھی رخصت ہوا ۔ میں نے کہا "بھوجی جی یہ بہتیچہ ہمیں دیدو اور واصل تم ان کی ڈاڑھی پر نہ جاؤ ہم اس کے بدلے دو کا انتظام کرا دیں گے" حضرت چھنگا نے اس پر خندہ فرمایا اور کہنے لگے "بڑے بیہودہ ہو ۔ طے ہو گیا بہتیچہ ہم لیں گے ۔ بھوجائی جی نے کہدیا کہ لیلو ۔ میں ان کی رخصت ہو کر بہتیچو گود میں باہر اپنی موٹر پر آیا اور چھنگا مجھے رخصت کرنے آئے ۔ میں نے بچے کو پیار کیا اور چھنگا سے کہا "یار یہ لونڈا مجھے دیدو" وہ ہنسکر بولے "لیلو" میں موٹر میں بیٹھ گیا ۔ موٹر اسٹارٹ ہوئی میں نے بچہ دینے کا شکریہ ادا کیا ۔ موٹر آہستہ آہستہ چلی ۔ دو مذاق ہی سمجھے اور میں بھتیجو لیکر یہ جا وہ جا ۔ سیدھا جاورہ آکر دم لیا ۔ مجھے نہیں معلوم وہاں میاں بیوی پر کیا گذری ۔ مگر اندازہ لگا سکتے ہیں ۔

گھر پر پہونچا تو گھر والی نے پوچھا ۔ اُسکو سارا حال بتایا ۔ بچہ مزے میں کھیل رہا تھا ۔ اور نے مٹھائی کھلونوں پر دھر لیا ۔

زیادہ دیر گھر پہونچے نہ ہوئی تھی کہ ریل کی آواز آئی اور کوئی پندرہ منٹ میں ایک تانگہ آکر رکا ۔ بھائی چھنگا اور بھوجائی جی موجود ۔

"خیر تو ہے" میں نے کہا "کیسے آئے ؟" ادھر نہ پوچھئے بھائی چھنگا کا حال ۔ جز بز ہو رہے تھے ۔ زیادہ جو اکھڑے تو میں نے کہا "لمبے ہو کر میں بھی ہے ۔ غصہ دکھانا گورنمنٹ افسروں کو ۔ یہ آپے سے باہر کیوں ہوا جاتا ہے ؟"

مجھے مطلع کیا گیا کہ حضرت مذاق قطعی ناپسند فرماتے ہیں ۔ اب تقاضہ یہ کہ لڑکا لاؤ تو جاکر دھرم شالہ میں ٹھہریں ۔ میں نے اُدپر سے نیچے تک دیکھکر کہا کہ "بچا یاد رکھو عقل ٹھکانے کر دوں گا ۔ سیدھے سیدھے اتر آؤ ۔"

نوکروں نے جلدی جلدی اسباب لیا ۔ غرض دوست کو گھر میں اُتارا ۔ ذرا دیر میں بہت کی باتیں کرنے لگے ۔ بچوں کو پیار کرنے لگے ۔ آدمی ہو گئے ۔ قصہ مختصر آرام سے ٹھہرائے گئے ۔ پانی وغیرہ کا انتظام کرایا ۔ کھانے کیلئے میں نے گھر والی کو آواز دی کہ بھئی کباب پراٹھے پکاؤ ۔ اس پر بیچہ خفا ہونے کہنے لگے "یہ کیا بیہودہ مذاق ہے" اور میں نے سمجھا جانی کے سامنے کہا "یار کیوں جھوٹ بولتا ہے ۔ کمرے کے ہیکرے ہضم کر گیا" اور بھوجی سے میں نے پوچھا "کہ تم کیا کھاؤ گی ۔ انڈا مرغی کھاؤ گی ؟"

بھوجائی جی نے "ہے رام" کی صدا کھینچی اور میں نے اُن سے معافی مانگی یہ سوچکر کہ کبھی میں نے سمجھا کہ میرے دوست کھاتے پیتے ہیں تو تم بھی کھاتی ہو گی ۔ اس بات پر چھنگا بہت خفا ہوئے ۔ بہت بُرا مانے ۔ اور ٹہلنے ہو بیٹھے ۔ ایسے کہ میری بیوی نے کہا کہ بُرا مان گئے اور ایسا نہ چاہیئے تھا ۔ میں نے بیوی سے بھی کہا کہ تم کیا جانو ایسے بڑا ہتھیارا آدمی ہے ۔ چھنگا نے منہ دھونے گئے اور میں نے گھر والی سے نہایت ہی سنجیدگی سے کہا کہ چھپا کے کبابوں کا انتظام کر دینا ورنہ بہت ہی بُرا مانیگا یہ میں نے اس طرح کہا کہ بھوجائی یہ سمجھیں کہ میں اُن سے چھپا کر چپکے سے کہہ رہا ہوں ۔ مگر اس انتظام سے کہا کہ وہ اچھی طرح سُن لیں ۔ اور یہ بھی تاکید کر دی کہ بھوجائی کو پتہ نہ چلے ۔

اور گھر والی سے یہ کہکر میں نے بھوجائی جی سے کہا "میں تو اپنے دوست سے مذاق کرتا ہوں ۔ یہ گوشت کبھی نہیں کھاتے ہیں ۔ میں نے تو جھوٹ کہا تھا ۔ توبہ توبہ کہیں یقین بھی نہ کر لینا ۔"

اور میں نے بھوجائی جی کے معصوم چہرے کو دیکھا ۔ انہیں کب ایسے معاملات سے سابقہ پڑا ہو گا ۔ اور ادھر میری بیوی اس دھوکے میں کہ واقعی چھنگا دوست چھپ کر کباب کھائیں گے ۔ چنانچہ اُس نے پوشیدہ انتظام کرنا شروع کیا ۔ اب درمیان میں جو میں نے چھپ چھپ کر دو چار ہدایتیں گھر والی کو دیں تو بھوجائی جی کے سچ مچ کان کھڑے ہوئے ۔ اس لئے کہ واقعی آدمی کو جلد سے جلد کبابوں کے انتظام کیسے دوڑایا جا چکا تھا ۔

دوسرا آدمی ایک برہمن کے یہاں پوری کچوری اور مٹھائی کے انتظام کے لئے گیا تھا ۔ اور بار بار میں بھوجائی جی کو سنا رہا تھا کہ بڑی اونچی ذات کے برہمن کے یہاں بھوجن تیار ہو رہا ہے ۔ ادھر چھنگا بھائی ہاتھ منہ دھو کر اپنی بیوی کے پاس گئے اور ادھر میں قینچی چھانٹنے لگا کہ کس قینچی سے ان کی ڈاڑھی پکی جاوے ۔

اب ادھر کا حال سُنیئے ۔ میاں بیوی میں کچھ باتیں ہوئیں ۔ بیوی نے

میاں کو مشکوک نگاہوں سے دیکھا۔ کیا معلوم کیا باتیں ہوئیں کہ میں نے پکار کر یہ تجویز کی کہ ہم تم سا تھ کھائیں گے اور عورتیں علیحدہ۔ وہ بولے "ٹھیک ہے"۔

تھوڑی دیر بعد چھگا میرے پاس آئے۔ بیحد سنجیدہ۔ ملول اور کبیدہ خاطر۔ آپ یقین مانئے گا کہ اُن کی بیوی کا عقیدہ متزلزل ہوگیا۔ چھگا نے مجھے بہت سمجھایا کہ ایسی باتیں نہ کرنا چاہیے ورنہ ہمارے یہاں کے چلے جائیں گے۔

لیکن باوجود بہن کا کھانا کھانے کے چھگا کی آفت آگئی۔ میں نے گھر والی سے پھر اس طرح چپکے سے کہا کہ بھوجائی جی سُن لیں۔ میں نے کہا کہ "بھئی یہاں تو موقع نہیں ملا۔ چھگا بھائی کہتے ہیں کہ بھوجائی جی شوخ ہوگئی ہیں۔ لہٰذا سیر کرنے چلیں گے وہاں کھائیں گے۔ لہٰذا موٹر میں تم چھپا کر رکھوا دینا۔ کہیں بھول نہ جانا اس لئے کہ انہوں نے کھانا قصداً نہیں کھایا ہے اور بھوکے رہ گئے ہیں"۔

اب تقدیر کی خوبی کہئے کہ چھگا بھائی نے واقعی کھانا بہت ہی کم کھایا تھا۔ لہٰذا بھوجائی جی کا ماتھا اور بھی ٹھنکا۔ یہی کیا کم تھا کہ بعد کا ڈرامہ۔ موٹر میں ایک پلیٹے ہوئے رومال میں کٹورہ دان چور رکھنے لگے تو چھگا بولے "یہ کیا ہے"۔ تو میں نے کہا "وہی ہے"۔ وہ مُسکرا کر بیٹھ گئے اور ہم دونوں روانہ ہوگئے۔

شام کے وقت میں نے چھگا کو موٹر ہی پر مٹھائی اور کچالو اور الا بلا کھلائی اور خود بھی کھائی۔ چھگا وہی بڑے بہت کھا گئے۔ کہنے لگے کہ "یار اب کھانا نہیں کھایا جائے گا"۔ میں نے دل میں کہا کہ رہ جاوہ تیری گت بنوائی ہو جو یاد کرے۔

ہم دونوں واپس آئے۔ رات کے کھانے کے لئے جو پوچھا گیا تو بولے کہ نہ کھائیں گے۔ اور بھوجائی جی نے جو مشکوک ہو کر پوچھا "کیوں؟" تو بولے "ہم کھا آئے ہیں"۔ اور قبل اس کے کہ بھوجائی جی کچھ بول سکیں۔ میں نے کہا "بھوجائی جی قسم لے لو جو سوائے دہی بڑے اور مٹھائی کے کچھ بھی کھایا ہو۔ بازار سے منگائے تھے۔۔۔"

اب لاکھ بھوجائی جی سے کہا جاتا ہے کہ کھانا کھالو مگر انہوں نے نہ کھایا۔ میں نے چھگا سے کہا کہ "یار جو، وسے وجہ تو پوچھ"۔

اب جناب یقین کریں کہ وجہ پوچھنے علیحدہ گئے تو جوتیوں میں دال بٹنے لگی۔ بھوجائی جی نے خوب رونا شروع کیا۔ اب لاکھ میر سمجھاتا ہوں کہ خدا کی بندی یہ تیرا شوہر سوائے دال ساگ کے کبھی کچھ نہیں کھاتا۔ خود چھگا خفا ہوتے ہیں، مگر تو پوچھ! کہیں بگڑ گیا۔

چھگا سے مجھ سے خوب لڑائی ہوئی۔ ایسی کہ پرانا زمانہ یاد آگیا۔ بہت بُرا مانے اور بات بیحد طول کھینچی۔ رات گئے جا کر اُن کو منایا سمجھایا۔ مگر بھوجائی جی بگڑی ہی پھولی پڑی رہیں۔

رات کو سونے کا وقت آیا تو میں نے کہا تم اِدھر سو رہو میں اندر سوؤں گا۔ بار بار وجہ پوچھنے لگے مگر میں نے نہ بتائی۔ آرام سے لیٹ گئے۔ میں نے بھی کہا کہ رات گئے تک بیٹھا رہوں گا۔ لہٰذا سا تھ سونا نہ سونا برابر ہوا۔ چھگا تو مزے سے باہر لیٹے۔ میں اندر جو آیا تو بیوی نے وجہ پوچھی۔ میں نے دبی زبان سے کہا "جانتی ہو تینداوا رات کو آتا ہے"۔ بیوی ہنسنے لگی مگر بھوجائی نے سُن لیا۔ اب میری طرف غور سے دیکھتی ہیں۔ میں نے کہا "دیکھتی کیا ہو، بڑے آرام سے سوئیں گے"۔

میں نہیں عرض کر سکتا کہ وہ کس طرح بے کل ہوگئیں۔ کسمساتی رہیں۔ میں نے قصداً موقع دیا اور وہ شک کر گئیں اور چھگا سے کہا چھگا ماسے ہیبت کے پھاند پڑے۔ گھبرا کر چلائے۔ میں بہو بچا تو اکیلے کھڑے تھے۔ میں نے کہا "خیر تو ہے"۔ کہنے لگے "تم گرمی میں کیوں اندر سو گئے"۔ میں نے کہا "یونہی"۔ کہنے لگے "یہاں تیندوا آتا ہے"۔ میں نے کہا۔ "لاحول ولا قوۃ، ہوا آخر کو بنئے۔ اماں اب تو تھوڑی آتا ہے۔ پہلے آتا تھا"۔ یہ سُنکر گویا پھاند پڑے۔ "ارے! ڈشت کہیں کا!" تڑپ کر اُٹھ بیٹھے۔ اب لاکھ میں اُنہیں سمجھاتا ہوں کہ یہ ادراب نہیں آتا پہلے آتا تھا مگر نہیں مانتے۔ گھر سر پر اٹھا لیا۔ اندر گئے۔ غل مچا یا کہ مجھے کھا جاتا تو کیا ہوتا۔ بھوجائی کی جان ضیق میں آگئی تھی۔ وہ بھی بُڑبڑائیں۔ قصہ مختصر نہ مانے۔ اندر سونے پر راضی ہوئے۔ میں نے کہا کہ "یار اِدھر چور آتا ہے"۔ ہنسنے لگے کہ "رہنے دو"۔

اس کے بعد بڑے محبت اور پیار کی باتیں ہوتی رہیں۔ میں نے ان کو بتایا کہ کس طرح بھوجائی کو یقین دلا دیا ہے کہ تم گوشت کھاتے ہو۔ سارا قصہ سُنکر اُٹھ بیٹھے۔ ڈاڑھی پر ہاتھ پھیر کر بیحد رنجیدہ ہو کر بولے "پرے ہوگئی"۔ "محض اس وجہ سے کہ نہ صرف بھوجائی بلکہ بچی سے میری بیوی بھی یقین کرتی ہے کہ گوشت کھاتے ہیں۔

کہنے لگے کہ یار بڑا غضب ہوگیا۔ کیا سوچتی ہوگی"۔ میں نے کہا "یہی سوچتی ہے کہ چھپ چھپ کر بکرے تو ہضم کر جاتے ہو معلوم اُنکی دعیں چھوڑتے ہو کہ نہیں"۔ بڑی فکر میں پڑے رہے۔ ایک یہی کیا غم تھا کہ گھر والی اُن پر شبہ کر رہی تھی۔ میں نے کہا "یار اب سور ہو کل اُٹھکر تردید کر دیں گے"۔ مگر تردید مشکل تھی اس لئے کہ بھوجائی جی کا عقیدہ تھا کہ مسلمان کی دوستی میں لوگ گوشت کھانے لگتے ہیں اور چھگا کی

بدقسمتی سے اُن کے میکے میں اس کی کئی مثالیں تھیں۔

اب دو سکھر دن لاکھ تردید کرتے ہیں مگر بھرجی چُپ۔ بڑی مشکل سے انہوں نے عیج ناشتہ کیا۔ جانے کو تیار۔ کیسے کیسے میں نے روکا ہے اور کیا کیا ان کو سمجھایا کہ سہتیا ایک روز اور ٹھہر جا پر نہیں مانتے۔ کہنے لگے کہ شگون روانگی کا بہترین ہے۔ پھر ایسا شگون مہینوں نہ آئیگا میں نے دل میں کہا "ٹھہر تو جا تیرا شگون دُرست نہ کر دیا تو میرا نام"

غرض شام کی گاڑی سے روانہ ہوگئے۔ میں نے کہدیا تھا کہ شگون ٹھیک نہیں ہے نہ جاؤ مگر نہ مانے۔

دو تین اسٹیشن گئے ہوں گے کہ پولیس نے ان کو راستہ میں جالیا۔ اس الزام میں پکڑے گئے کہ پرائی عورت اندور سے بہکا کر لاتے ہو۔ گاڑی سے اُتار لئے گئے۔ دیوتا کوچ کر گئے۔ ہوش جاتے رہے۔ پولیس والا سے کہ ہتھکڑی ڈالے دیتا ہے قسمیں کھاتے ہیں میرا حوالہ دیتے ہیں۔ پولیس والے نے کہا کہ اگر مجھ سے تصدیق کرادیں تو چھوڑ دیگا۔ تار پر وہ موذی کیا راضی ہوتا کہنے لگا نام بدل لیا ہوگا۔ نتیجہ یہ کہ بھائی صاحب صبح کی گاڑی سے واردادر کھڑا ہوا ہے تانگہ۔ مع پولیس۔ خود سوچئے کہ میں بھلا کیا کرتا۔ میں نے کہا "میں ان سے واقف نہیں ہوں"

یہ سُنکر آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ حیران ہو کر بولے "ارے!" میں نے تخلیہ چاہا۔ سنجیدگی سے میں نے پوچھا "مرے یار ہم تمہیں ایسا نہیں سمجھتے تھے۔ غضب کے شاطر نکلے۔ غضب کیا ہمیں بھی نہ بتایا"

اب مع ڈاڑھی چھنگا بھائی کی قسموں کا حال نہ پوچھئے۔ میں نے بھوجائی کو بھی بُلایا اور اُن سے کہا "بھئی میں تم کو ایسا نہ سمجھتا تھا۔ بھلا اس بدتمیز ڈاڑھی دار میں کیا رکھا تھا جو اس کے ساتھ بھاگیں" یہ سنکر وہ بیچاری رونے لگیں۔ چھنگا نے مجھے مارنے کی دھمکی دی۔ خوشامد کی۔ میں نے کہا "یار بڑی ذمہ داری ہے۔ ایک شرط ہے" بولے "وہ کیا؟" میں نے کہا "ہفتہ بھر ہمارے مہمان رہو" کہنے لگے "یہ ناممکن ہے" میں نے کہا "بہتر ہے، تم جانو تمہارا کام ہم کچھ نہیں جانتے"۔ ادھر پولیس والے نے تقاضہ کیا۔ چار و ناچار راضی ہوگئے کہ ہفتہ بھر ٹھہریں گے۔ چنانچہ پولیس والے کو میں نے دفان کیا کہ کبھی میرے دوست ہیں اور میں ضمانت لیتا ہوں کہ یہ ان کی بیوی ہیں۔

اب اس لالہ کی بے ایمانی دیکھئے کہ دوسرے ہی دن بگڑ کھڑا ہوا کہ تم نے پولیس والے کو کیا کہدیا تھا۔ کسی طرح نہ مانا۔ خلاف وعدہ بھاگ گیا۔ اور مثل سابق جو پولیس نے ریل میں پھر پکڑا تو اُسے مارا اور صاف نکل گیا۔

یہ تو سب کچھ مگر غور کیجئے بھوجائی جی کو کہ خط جو آتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ بھوجائی بیحد ہنستی ہیں۔ اور ایک دفعہ پھر آنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ اور اس چھنگا احمق سے خط برابر لکھواتی رہتی ہیں۔ [1]

عظیم بیگ چغتائی

---

[1] تقریباً سال بھر سے چغتائی صاحب علالتِ مزاج کی وجہ سے ساقی کے لئے کوئی مضمون نہ لکھ سکے۔ پھر اُن کے مرض نے اتنی خطرناک صورت اختیار کرلی تھی کہ وہ خط وط کے جواب بھی دینے سے معذور رہ گئے تھے۔ خدا کا شکر ہے کہ اب اُن کی طبیعت سنبھل رہی ہے اور انشاء اللہ ہم ان کا مزاح صحت بھی جلد سُنیں گے۔ چغتائی صاحب کے مضمون کی ایک کوئی اُمید نہیں تھی مگر ۴ دسمبر کو ایک لفافہ میں مندرجہ بالا خط یا مضمون ملا جس کے ساتھ چغتائی صاحب کا کوئی خط نہیں تھا۔ اسے سالنامۂ ساقی کے لئے اُن کا تحفہ سمجھکر شائع کر دیا گیا ہے۔ اگرچہ الحقیقت یہ ساقی کے لئے مضمون نہیں بلکہ محترمہ حیا کے نام چغتائی صاحب کا مکتوب ہے تو اسے شائع کرنے میں پہلے چغتائی صاحب سے اور پھر مجھ سے غلطی ہوئی۔ لیکن یہ اگر غلطی بھی ہے تو بہت لطیف اور دلچسپ کہ سالنامۂ ساقی میں ایک دلکش مضمون کا اس سے اضافہ ہوا

مسز عبدالحق

ڈیوک آف ونڈسر کی خدمت میں ایک کھلا مکتوب

چغتائی صاحب کے طرزِ خاص کا تازہ ترین شاہکار مکمل ہوگیا ہے اور ساقی بک ڈپو کے اہتمام سے ۲۰ جنوری تک شائع ہو جائے گا۔ اس سے پہلے طلب نہ کیجئے۔ قیمت ایک روپیہ (علاوہ) محصول ڈاک ۵ر

گفتارِ بیخود

مُسخّر کر لیا کرتی ہے وحشت عشقِ جاناں کی ۔۔۔ بنیں تعویذِ بازو دھجیاں میرے گریباں کی
ستم کے بعد یاد آنا انھیں شامت ہے انساں کی ۔۔۔ اجل بن جائیں گی یہ ہچکیاں بیمارِ ہجراں کی
ترے جلوؤں کی عادی ہیں نگاہیں اہلِ عرفاں کی ۔۔۔ سمائیں گی نظر میں کیا بہاریں باغِ رضواں کی
نشانی ہم نے رکھ چھوڑی ہے اک اگلی بہاروں کی ۔۔۔ بہار آئی گلے میں ڈال لی دھجی گریباں کی
بنیں گی نور یہ تاریکیاں یوسف کے زنداں کی ۔۔۔ دعائیں بہرِ آرائش چلی ہیں پیرِ کنعاں کی
کہاں سے میں کہاں پہنچا مری قسمت کا کیا کہنا ۔۔۔ ارم سے کھینچ کر لائی تھی مٹی کوئے جاناں کی
مرے قاتل نے کس پانی میں خنجر کو بجھایا تھا ۔۔۔ لہو کے ساتھ کچھ پٹکی ہیں بوندیں آبِ حیواں کی
خلافِ وعدہ کوئی آگیا گھر ہو گیا روشن ۔۔۔ ہوئی تقسیم زلفوں میں سیاہی شامِ ہجراں کی
نشانی میرے قاتل کی مری بخشش کو کافی ہے ۔۔۔ الٰہی ٹوٹ کر رہ جائے دل میں نوکِ پیکاں کی
علاجِ وحشتِ دل اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا ۔۔۔ گلے میں ڈال کر نکلا ہوں میں زنجیرِ زنداں کی
نہیں مٹتی ہے دم بھر کو بھی یادِ رفتگاں دل سے ۔۔۔ نظر کے سامنے تصویر ہے گورِ غریباں کی
تصور میں مرے آتے ہوئے تو خواب میں آئے ۔۔۔ کشش سی دل کی سوئی گم ہوئی انکی نگہباں کی
وہ بہرِ فاتحہ آتے ہوئے اکثر جھجکتے ہیں ۔۔۔ کہ اب تو خاک بھی باقی نہیں تربت میں ارمانکی
امیدِ مرگ سے وابستہ تھی دیدار کی حسرت ۔۔۔ خوشی دیکھے دمِ آخر کوئی بیمارِ ہجراں کی
ترے عاشق تو ناکامِ تمنا رہ نہیں سکتے ۔۔۔ کہ صبحِ حشر نے کی ہے تلافی شامِ ہجراں کی
ہمارے سامنے اس حسنِ ظاہر کی حقیقت کیا ۔۔۔ ہماری آنکھ تو نظارگی ہے حسنِ پنہاں کی

ابھر آئیگی کشتی بحرِ غم سے ڈوب کر بیخود
غلامی کا شرف حاصل ہے مجھکو شاہِ جیلاں کی

بیخود دہلوی

اُزومہ اُدوری

ٹوکیو میں گیشاؤں کی انجمن کی جانب سے سال میں دو مرتبہ ناچ دکھایا جاتا ہے۔ پہلا ناچ ماہ اپریل میں جب سکُورا کی بہار ہوتی ہے۔ اسی کو "اُزومہ اُدوری" کہتے ہیں۔ دوسرا ماہ نومبر میں جب خزاں کی وجہ سے درختوں پر سُرخ رنگ کھلتا ہے۔ اسے "اُتسوکائی" کہتے ہیں۔ پچاس سال سے یہ ناچ برابر ہو رہے ہیں۔ پہلے جب گیشاؤں کا اپنا تھیٹر نہیں بنا تھا تو مختلف تھیٹروں میں ناچوں کا انتظام ہوتا تھا۔ ۱۹۲۵ء میں ان کی انجمن نے "شمباشی اِمبُوجو" کے نام سے چومنزلہ تھیٹر تعمیر کر لیا تو اس میں ناچ ہونے لگے۔ اپریل و نومبر میں گیشاؤں کے ناچ ہوتے ہیں۔ باقی دس مہینے ڈرامہ دکھانے والی کمپنیوں کو کرائے پر دیدیا جاتا ہے۔

اس تھیٹر میں صرف علاقۂ شمباشی کی گیشائیں کھیل کرتی ہیں جو فن کے اعتبار سے تمام ٹوکیو میں مشہور ہیں اور اپنی قدیم روایات کی حامل ہیں۔ گیشا کا فرض مردوں کی تفریح طبع کا سامان مہیا کرنا ہے۔ کسب کمانا اس کا پیشہ نہیں۔ پہلے زمانے میں مردوں کے ساتھ عورتیں باہر نہیں نکلتی تھیں۔ مرد کسی سیاسی یا سماجی ضرورت سے ایک جگہ جمع ہوتے تھے تو گا بجا کر ان کا دل بہلانے کے لئے گیشائیں طلب کی جاتی تھیں۔ عہدِ توکوگاوا (۱۶۰۳ء تا ۱۸۶۸ء) میں شوگن کا پایۂ تخت "ایدو" یعنی موجودہ ٹوکیو رہا۔ احکام شوگن کے بموجب ہر نواب کو چھ مہینے اپنی جاگیر پر اور چھ مہینے ٹوکیو میں بسر کرنے پڑتے تھے۔ ان نوابوں کے جلسوں میں سیاسی بحثیں چھڑ جاتی تھیں اور سخت کلامی تک نوبت پہنچتی تھی۔ گیشاؤں کا کام تھا کہ ایسے موقع پر لطیفوں اور چٹکلوں سے جانبین کی توجہ اپنی جانب منعطف کر لیں۔ اس کے لئے بہت سمجھ کی ضرورت تھی اور گیشائیں بڑی خوبی سے یہ فرض انجام دیتی تھیں۔ گانے بجانے اور ناچنے کے ساتھ لطیفہ سنجی ان کی تعلیم کا اہم جزو تھا اور اب بھی ہے۔

عہدِ توکوگاوا کے بعد شاہی عہد میں بھی گیشاؤں کا یہی کام رہا۔ مدبرینِ ملک سیاسی مسائل پر بحث کرنے کیلئے اپنے دفاتر کے خشک کمروں پر شمباشی کے رسٹارنٹوں کو ترجیح دیتے تھے کہ یہاں سنجیدہ گفتگو کے ساتھ تفریح بھی ہوتی رہتی تھی۔ پچھلے تیس چالیس سال میں جاپان نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اخبارات بے انتہا اور اعلیٰ پیمانے پر جاری ہو گئے ہیں اور ہر شخص گھر بیٹھے دُنیا بھر کی خبر معلوم کر سکتا ہے۔ پہلے یہ حال نہ تھا۔ اُس زمانے میں گیشائیں تفریح طبع کے علاوہ معلومات بڑھانے کا بھی ذریعہ ہوتی تھیں۔ وہ ایک طرح کا اخبار تھیں اور مدبرین و عمائدین ان کے پاس خبریں حاصل کرنے آتے تھے۔ اخبارات کی روز افزوں اشاعت سے گیشاؤں کا بازار مندا ہو گیا۔ نااہل گیشائیں پیٹ بھرنے کیلئے اپنے اعلیٰ معیار سے گر گئیں۔ یہی عام گیشاؤں کی بدنامی کا باعث ہوئی ہیں۔

گیشاؤں کے مکان پر کوئی مرد نہیں جاتا۔ یہ جاپانی رسٹارنٹوں میں یا جلسوں میں فرمائش پر بُلائی جاتی ہیں اور وہیں ان سے مُلاقات ہوتی ہے۔ دعوتوں میں یہ کھانا پیش کرتی ہیں اور ساقی کی خدمت بجالاتی ہیں۔ حاضر جوابی سے حاضرین کو محظوظ کرتی ہیں اور گا بجا کر ان کا دل بہلاتی ہیں۔

شہنشاہی امبوجو زلزلہ ضامن اور آتش ضامن عمارت ہے۔ تین منزلوں پر تماش بینوں کی نشست کا انتظام ہے۔ ان کی تمام ضروریات عمارت تھیٹر کے اندر پوری ہوسکتی ہیں۔ کھانے پینے اور حوائج ضروری کے لئے باہر جانے کی ضرورت نہیں۔ ایک ایک منزل میں کئی کئی رسٹارنٹ موجود ہیں۔ ان کے علاوہ چوکولیٹ، سگریٹ وغیرہ کی دکانیں بھی ہیں۔ تین جانب وسیع برآمدہ ہے جہاں جگہ جگہ مخملی صوفے لگے ہوئے ہیں کہ لوگ بیٹھ کر سگریٹ پی سکیں۔ آڈیٹوریم میں قیمت کے لحاظ سے الگ الگ درجے ہیں اور ان میں نشستیں محفوظ ہیں۔ آڈیٹوریم کے باہر تھیٹر کے جملہ انتظامات سے ہر کس و ناکس یکساں مستفید ہوسکتا ہے، یہاں درجے کی کوئی تخصیص نہیں۔ تھیٹر میں داخل ہوتے وقت ہر ایک کو مطبوعہ پروگرام جاپانی زبان میں مل جاتا ہے۔ غیر ملکیوں کے لئے انگریزی کا مختصر پروگرام مہیا کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ طویل مصور پروگرام قیمتاً مل سکتا ہے۔ ایک دکان پر مندرج پروگرام ناچوں کی تصاویر کے کارڈ فروخت ہوتے ہیں۔

سامنے اسٹیج ہے جس کے دونوں پہلوؤں میں آنے جانے کا راستہ ہے۔ آرکسٹرا اسٹیج پر نہیں ہے بلکہ آڈیٹوریم کی بغل میں ہے۔ دائیں جانب دو منزلہ آرکسٹرا ہے۔ بارہ گیشائیں نیچے بیٹھتی ہیں اور بارہ اوپر۔ نیچے کی منزل والیاں کچھ طبلہ بجاتی ہیں کچھ کندھے کی ڈھولک کچھ شامیسن اور کچھ بانسری۔ اوپر کی منزل میں چھ شامیسن بجاتی ہیں اور چھ گاتی ہیں۔ بائیں جانب والا آرکسٹرا ایک منزلہ ہے جس میں بارہ گیشائیں شامیسن بجاتی ہیں۔ سب کی نشست دوزانو ہے۔ دونوں آرکسٹرا باری باری سے بجاتے ہیں۔ جب ایک آرکسٹرا کام کرتا ہے تو دوسرے پر پردہ پڑا ہوتا ہے۔ ان کے علاوہ مغربی بینڈ بھی ہے جو دائیں آرکسٹرا اور اسٹیج کے درمیان واقع ہے۔ اس میں بھی کنڈکٹر کے علاوہ تمام باجے والیاں عورتیں ہوتی ہیں۔

آرکسٹرا کی ترتیب کے علاوہ اس تھیٹر میں ایک اور خصوصیت بھی ہے۔ اسٹیج کے پہلوؤں کے سوا دو راستے اور ہیں جن سے اداکاریں آتی جاتی ہیں۔ دونوں آرکسٹروں کے سامنے یعنی آڈیٹوریم کی بغل میں راستے بنے ہوئے ہیں جو اسٹیج سے آڈیٹوریم کی پشت تک جاتے ہیں گویا کہ "نو" تھیٹر میں ایک پل ہوتا ہے یہاں دو ہیں۔ اداکاریں ان پلوں پر سے اداکاری کرتی ہوئی آتی ہیں اور اسی طرح حاضرین کی بغل میں سے اداکاری کرتی ہوئی پیٹھ کے پیچھے غائب ہو جاتی ہیں۔

کابُکی تھیٹروں کی طرح یہاں بھی ایک تماشہ مہینہ بھر تک دکھایا جاتا ہے۔ اسماں پروگرام میں بیس پانچ تھے بعض پانچ ایک دوسرے سے غیر متعلق تھے تو منظر ختم ہونے پر تمام تھیٹر میں اندھیرا کر دیا جاتا تھا اور اداکاریں اندھیرے میں اسٹیج پر سے چلی جاتی تھیں اور پردے بدل جاتے تھے۔ اکثر ناچ ایسے تھے کہ ایک دوسرے میں ضم ہوجاتے تھے تو حاضرین کے سامنے ہی پردے بدلے جاتے تھے۔ درخت کھنچے چلے آرہے ہیں۔ مکان کھسکے چلے جارہے ہیں۔ نیچے سے جنگل کے جنگل اُٹھ رہے ہیں۔ اوپر سے مناظر اُتر رہے ہیں۔ کوئی آدمی ان کو جماتا ہوا نہیں دکھائی دیتا کوئی ہاتھ انہیں سرکاتا ہوا نظر نہیں آتا۔ تمام کام کلوں سے ہو رہا ہے۔ اسٹیج والے حاضرین کو دھوکا دینے کی کوشش نہیں کرتے کہ جنگل لگا لگایا پیش کر دیا بلکہ دکھا دیتے ہیں کہ ہم جنگل کا منظر اس طرح بناتے ہیں۔ اسٹیج والوں نے آپ کو اپنا رازدار بنا لیا۔ بعض

تماش بین اس آشکارا راز کو دیکھ کر ہنس بھی دیتے ہیں۔ مناظر جمانے کی ترکیب کے ساتھ ساتھ ان کی خوبصورتی نہایت دلفریب ہوتی ہے۔ منظر نگاری میں جاپانی کسی قوم سے پیچھے نہیں بلکہ آگے ہی بڑھے ہوئے ہونگے۔ یہ صرف ایک پردے سے منظر نہیں بناتے بلکہ اس کے اجزا الگ الگ جما کر بڑا پیارا نظارہ مکمل کر دیتے ہیں۔

مناظر نگاری کے علاوہ جاپانی روشنی کے کام میں بھی استاد ہیں۔ روشنی کے لئے صرف اسٹیج کے آگے ہی برقی قمقمے نہیں ہوتے بلکہ پہلوؤں میں، آرکسٹروں کے اوپر، سامنے یعنی تماشائیوں کی پشت پر اور چھت میں طرح طرح کی روشنی کا انتظام ہوتا ہے۔ کبھی پہلوؤں سے رنگین روشنیاں نکل کر اسٹیج پر رقص کرتی ہیں۔ کبھی سامنے سے روشنی کا ہالہ پڑتا ہے اور کبھی چھت میں سے نور کی چادر اُترتی نظر آتی ہے۔ غرضیکہ روشنی کا اعجاز دکھاتے ہیں۔ تماشے کے دوران میں آڈیٹوریم میں اندھیرا ہوتا ہے۔ راستہ چلنے کے لئے فرش میں قمقمے لگے ہوتے ہیں۔

تماشے کا نام تھا "جاپان آگے بڑھو"۔ اس کے دو حصے تھے۔ پہلے کا نام "حصۂ قلم" تھا اور دوسرے کا "حصۂ شمشیر"۔ پہلے میں نو ناچ تھے اور دوسرے میں گیارہ۔ تماشہ "ہنومارُو۔ سمباسی" سے شروع ہوا۔ تین گیشائیں مردوں کے لباس میں آئیں اور آفتاب کے سامنے مبارکباد ناچیں۔ آفتاب جاپان کا قومی نشان ہے اور تمام جہان کو منور کرتا ہے۔ یہ ناچ مردانہ تھا، اسی وجہ سے اس میں کچھ کرختگی تھی۔

اس کے بعد دو ناچ "مُراساکی شکیبُو" سے متعلق تھے۔ یہ ایک درباری خاتون تھی جس نے گیارہویں صدی میں "گینجی۔ مونوگتاری" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی۔ یہ جاپان کا پہلا ناول ہے اور کلاسک مانا جاتا ہے۔ کتاب لکھنے کے لئے اس نے ایک خانقاہ میں اقامت اختیار کر لی تھی۔ جب وہ ختم ہوگئی تو اس کی خوشی میں ناچی ہے۔ پہلے ناچ کا نام "مندر میں چاند" ہے۔ نام کی مناسبت سے رات کا منظر تھا۔ چاند برآمد ہو چکا تھا۔ دو خادمائیں کشتی میں کتاب کی جلدیں لے کر حاضر ہوئیں۔ یہ اپنے حجرے سے برآمد ہوئی اور ان کے ساتھ جشن منایا۔ پہلے چاند کی پوجا کی پھر تینوں مل کر ناچیں۔ ناچ میں کتاب کا طریقہ اور لکھنے میں جو مشقت ہوئی اسے ظاہر کیا اور تکمیل پر اظہار مسرت کیا۔ دوسرا ناچ اسی کتاب کے ایک باب کی تفسیر تھا جس کا نام "کاشی" کا افسانہ ہے۔ خلیج اکاشی پر شہزادہ گینجی اور شہزادی اکاشی سمندر کے کنارے نظر آتے ہیں۔ شہزادہ کسی مہم پر جا رہا ہے۔ دونوں الوداعی رقص ناچتے ہیں۔

چوتھا ناچ "کاگُبی ناچ" تھا۔ اوائل سولھویں صدی میں کیوتو کے قدیم اسٹیج کا منظر ہے۔ سکورا کی بہار ہے۔ "اُزُمو۔ اوکُنی" عورت اور "ناگویا۔ سنزا" مرد جو کاگُبی کے بانی ہیں ناچتے ہیں۔ چھ خوبصورت لڑکیاں بھی ناچ میں شریک ہوتی ہیں۔ اس کے بعد کے ناچوں میں پھولوں کے مناظر تھے۔

پانچویں ناچ میں دو گل فروش نوجوان لڑکے پھولوں کی ٹہنگیاں کندھے پر رکھے اسٹیج پر آئے اور رقص کیا۔

چھٹا رقص آلوچے کے پھولوں کا تھا۔ ایک نوجوان لڑکا اور ایک لڑکی قدیم زمانے کی کسبیوں کے لباس میں ناچی۔ منظر میں آلوچے کے درخت پھولوں سے لدے ہوئے تھے۔

ساتواں ناچ سکورا کا تھا۔ چاروں طرف پھول کھل رہے ہیں۔ درخت لدے پڑے ہیں۔ یہ ناچ میں نے کئی مرتبہ دیکھا ہے۔ اسکے دوران میں اوپر سے گل سکورا کی پتیوں کی بارش ہوا کرتی ہے۔ اس مرتبہ ایک جدت تھی۔ گیشاؤں کے ناچ میں سینما کی مکینیکل مخلوط کر دی گئی تھی۔ پتیوں کی بارش کی بجائے پردے پر اسی منظر کا فلم دکھایا تھا۔ پردے پر فلم اور اس کے سامنے اسٹیج پر ناچ کچھ ایسے ہم آہنگ ہو گئے تھے کہ لطف دوبالا ہو گیا تھا۔ ناچ میں ایک مرد سارنگی لئے ہوئے تھا اور ایک عورت شامیسین بجا رہی تھی۔ دونوں پہلے سازوں کے ساتھ ناچے۔ پھر انہیں رکھ کر۔

آٹھویں رقص میں وسٹیریا کے پھولوں کا منظر تھا۔ پھولوں کے لمبے لمبے گچھے جا بجا درختوں میں لٹک رہے تھے۔ دو عورتوں نے ایک چھتری کے نیچے رقص کیا۔

نویں رقص میں گل داؤدی کا منظر تھا۔ باغ میں دور دور تک اس کے گملے لگے ہوئے تھے اور جا بجا کھل رہے تھے۔ اس منظر میں گھروں کی نوکریں ناچیں۔ اس رقص کے ساتھ پہلا حصہ ختم ہوا۔

دوسرے حصہ میں گیارہ ناچ تھے اور سب میں فوجی عنصر موجود تھا۔ پہلا رقص "یاماتو۔ داماشی" تھا۔ بہت سی ماہر گیشائیں شمشیر کے مندر کے سامنے روح جاپان کے نغمے کے ساتھ ناچیں۔

دوسرے رقص میں ایک مشہور شمشیر ساز بھٹی کے سامنے تلوار بنا رہا ہے فیصل کا دیوتا نمودار ہوتا ہے اور لوہار کی مدد کرتا ہے۔ اس کی امداد سے ایک متبرک تلوار بن جاتی ہے اور دونوں ناچتے ہیں۔

تیسرا رقص ایک مشہور تلوار کی تعریف میں تھا۔ ایک سورما جنگل میں چلا جا رہا ہے کہ یکایک گھاس میں آگ لگ گئی۔ ذرا سی دیر میں پھیل گئی اور چاروں طرف شعلے بھڑکنے لگے۔ دیکھتے دیکھتے وہ آگ میں گھر گیا۔ اس وقت اس نے تلوار کا رقص کرنا شروع کیا۔ اس کی برکت سے شعلوں کا زور کم ہوا یہاں تک کہ آگ بالکل ٹھنڈی ہو گئی اور تلوار جیت گئی۔ آگ بجھانے میں جنگل کی پریوں نے سورما کا ساتھ دیا۔ شعلہ رنگ کپڑوں میں نمودار ہوئیں اور کھلے ہوئے دامنوں سے آگ بجھانے میں اس کی مدد کی۔ اس ہیبت ناک سماں میں پریوں کا ناچ ناچ کر دامن ہلانا بڑا پیارا منظر تھا۔

چوتھے رقص میں سپاہیوں کی حوصلہ مندی کا اظہار تھا۔ جب وہ جنگ پر جاتے ہیں تو کس طرح جان سے ہاتھ دھو کر نڈر بن کے گھر سے نکلتے ہیں۔

پانچویں رقص میں "ناگی ناتا" کی تعریف تھی۔ یہ ایک قسم کی تلوار ہوتی ہے جس کا دستہ ایک مٹھ کی بجائے نیزے کے برابر لمبا ہوتا ہے۔ "ہاچیمان" جنگ کے دیوتا کے مندر کے سامنے اس تلوار کا رقص کیا گیا۔

چھٹا رقص "وا کے۔ کیو مارو" کی تعریف میں تھا۔ یہ پرانے زمانے کا ایک سورما تھا مصیبت کے وقت وفادار رہا اور جاپان کو ایک بڑی آفت سے بچا لیا۔ یہ اب جاپان کا محافظ دیوتا مانا جاتا ہے۔

ساتویں رقص میں دہقانی عورتیں ناچیں۔ ان کے شوہر اور بھائی سب لڑائی پر گئے ہوئے ہیں۔ کاشتکاری کا تمام کام عورتوں کے سر پر آ پڑا ہے۔ انہوں نے ناچ ہی ناچ میں کھیتی کا تمام کام کر دکھایا۔ زمین کھودنا اور برابر کرنا، بیج ڈالنا، کھیتی کاٹنا، دھان کے پودوں کے گچھے باندھنا اور سکھانا، دھان کوٹنا اور پھٹکنا، تولنا اور بوریوں میں بھرنا، غرضیکہ

ہر عمل ناچ میں ظاہر کر دیا۔

آٹھویں رقص میں کارخانوں کی مزدورنیاں تھیں۔ اس میں جاپان کی صنعتی ترقی دکھائی تھی۔ پارچہ بافی کا کارخانہ ہے۔ مزدورنیاں سُوت کی چرخیاں لئے ناچ رہی ہیں۔ ناچ ہی ہیں تانے بانے ڈال کر کپڑا بُن رہی ہیں۔

نویں رقص میں دُنیا کے مختلف ممالک کی عورتیں اپنے اپنے قومی لباس میں اسٹیج پر آئیں اور اتحاد کا رقص ناچا۔

گیارہواں رقص تمام تماشے کا لب لباب تھا۔ اس کا نام تھا "جاپان آگے بڑھو"۔ اس میں تمام گیشائیں جن کی تعداد تقریباً تین سو تھی اسٹیج پر مل کر ناچیں۔ اس منظر میں دراصل آپیرا کی تکنیک خلط ملط کر دی تھی کہ تمام اداکاریں بیک وقت اسٹیج پر جمع ہو گئیں۔

گیشا کا ناچ مغربی ناچ سے اور ہندوستانی ناچ سے بھی بالکل مختلف ہوتا ہے۔ اس میں حرکت کم اور سکون زیادہ ہوتا ہے۔ ٹُرت پھُرت نام کو نہیں۔ خطوط اور زاویے بنانے کا نام ناچ ہے جسے ہم بتانا کہہ سکتے ہیں۔ اس بتانے میں ایسی نزاکت اور لطافت ہوتی ہے جو دیکھنے سے ہی سمجھ میں آسکتی ہے۔ ناچ میں کولھوں کے خم، بدن کے جھوک اور ہاتھوں کے اشاروں سے عجیب اثر پیدا کیا جاتا ہے۔ ہر حرکت نہایت سہولت سے انجام پاتی ہے۔ ناچنے والیوں کی بھولی ادائیں دل لُبھانے میں جادو کا کام کرتی ہیں۔

جاپانی پنکھیا ناچ کا اہم جزو ہے۔ کیمونو کی لمبی آستینیں جاذبیت پیدا کرنے میں بہت مُمد ہوتی ہیں۔ تمام ناچ بیانیہ ہوتا ہے جو گانے کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے۔ بعض ناچ ایسے ہوتے ہیں جن کا مطلب اجنبی بھی سمجھ لیتا ہے۔ بہت سے ناچ ایسے ہوتے ہیں جن کا سمجھنا بغیر مخصوص اشاروں کے معنی جانے مشکل ہے۔ تاہم کوئی ناچ ایسا نہیں ہوتا جس میں بے حیائی کا شائبہ ہو یا جس سے جذبات اسفل برانگیختہ ہوں۔ بلکہ اُس کے دیکھنے سے مذاق میں لطافت پیدا ہوتی ہے۔ اس کے سمجھنے میں وقت ضرور ہوتی ہے کیونکہ بالکل اجنبی چیز ہے۔

مجھے اس مرتبہ ایک ہی مہینے میں گیشاؤں کا ناچ اور آپیرا دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ گیشاؤں کے ناچ سے میں اپنا دل لطیف جذبات سے پُر لے کر اُٹھا۔ آپیرا میں مغربی ناچ تھا۔ فوق البھڑک لباس، اکثر نیم برہنہ کپڑے، ناچ میں برق کی سی تیز رفتاری، لڑکیوں کی چونچالی، سب باتیں نظر فریب اور جذبات میں ہیجان برپا کرنے والی تھیں مگر وہ لطافت مفقود تھی۔



جاپانی ناچ کا تجزیہ کیا جائے تو اس میں کئی عناصر نظر آتے ہیں جو لطافت و نزاکت پیدا کرتے ہیں۔ ناچ میں انسانی جسم کے تین جوڑ اکثر حرکت میں آتے ہیں اوّل گردن، دوئم کمر، سوئم گھٹنا۔ ان میں بھی گھٹنا سب سے زیادہ متحرک ہوتا ہے۔ مغربی اور جاپانی لباس میں اس لحاظ سے بڑا اہم فرق ہے مغربی اور ہندوستانی لباس میں عورت کی ٹانگیں وسیع دائرے میں گھوم سکتی ہیں۔ برخلاف اسکے کیمونو بدن پر ایسا چُست ہوتا ہے کہ ٹانگوں کا گھماؤ بہت تنگ دائرے

میں ہوتا ہے۔ مندرجہ نقشوں سے واضح ہوگا کہ اوّل الذکر لباس میں مرکزِ حرکت بہت اوپر یعنی کولھوں کے قریب ہوتا ہے۔ جاپانی لباس میں یہی مرکز گھٹنوں کے قریب واقع ہوتا ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جاپانی عورت لمبا قدم نہیں ڈال سکتی اور وہ اپنے گھٹنوں کو بہت کم حرکت دے سکتی ہے۔ سُبک رفتاری اور نازک خرامی اس کے اجزائے لاینفک ہیں۔

دوسرا عنصر جاپانی عورت کی گردن اور گھٹنوں کا خم ہے۔ وہ کبھی اپنا سر بلند کرکے نہیں کھڑی ہوتی۔ اس کی گردن آگے کو جُھکی رہتی ہے اور سر اور دھڑ میں تقریباً ایک سو ساٹھ درجے کا زاویہ بنتا ہے۔ یہ اس کی نزاکت کا اہم عنصر ہے۔ اسی طرح گھٹنے آگے کو جُھکے رہتے ہیں اور اتنا ہی زاویہ پنڈلیاں رانوں کے ساتھ بناتی ہیں۔ اس حالت میں جسم کا توازن قائم رکھنا مشکل ہے۔ اس کا یہ تدارک کرتی ہے کہ پاؤں کے پنجے اندر کی جانب موڑتی ہے۔ قدم ڈالتے وقت اس کے پنجے ہمیشہ اندر کی جانب پڑتے ہیں۔ پنجوں کا خم اس کو لمبا قدم ڈالنے سے باز رکھتا ہے۔ اور سُبک رفتاری میں مُمد ہوتا ہے۔



تیسرا عنصر کِمونو کی لمبی آستینیں ہیں۔ مغربی عورت اپنے بازو وسیع دائرے میں گھما سکتی ہے۔ جاپانی عورت ڈھیلی ڈھالی آستینوں کی وجہ سے اپنا ہاتھ بہت آہستگی سے اُٹھاتی ہے اور اُسے تنگ دائرے میں حرکت دیتی ہے۔ یہ تمام باتیں جاپانی عورت کو ہر حرکت میں نزاکت دکھانے پر مجبور کرتی ہیں اور اس کی ہر ادا میں لطافت محسوس ہوتی ہے۔

ان کے علاوہ ایک اور عنصر بھی ہے جو غالباً تمام مندرجہ عناصر پر غالب ہے۔ گیشا اپنے پرستاروں پر شوخیٔ ادا کا جادو نہیں چلاتی بلکہ وہ سادگیٔ ادا سے ان کے دلوں کو مسحور کرتی ہے۔ اس کی سادہ ادائیں بھول پن کا اظہار کرتی ہیں جو اپنے اندر عجب اندازِ دلکشی رکھتا ہے۔

گیشا ٹھیٹھ جاپانی لباس میں اسٹیج پر آتی ہے۔ سر کے بال تاج کی صورت میں بنے ہوتے ہیں۔ پاؤں میں سفید جراب۔ تمام بدن کِمونو سے ڈھکا ہوا اور اس پر شاندار ادبی۔ اس کے ناچ تمام جاپانی ہوتے ہیں۔ ہر ادا جاپانی۔ وہ قدامت پرستی کا جیتا جاگتا نمونہ ہے۔ مگر گیشائیں رفتارِ زمانہ کے ساتھ ترقی کر رہی ہیں۔ اپنے لباس اور ناچ میں تو قدیم روش کی پابند ہیں مگر اسٹیج پر تھیٹر کی ٹکنیک سے پورے طور پر بہرہ اندوز ہوتی ہیں۔ تھیٹر کے پردے اور مناظر، برقی رنگین روشنی، سینما اور آپیرا کی ٹکنیک، یہ سب باتیں اپنے ناچ میں آمیزش کرکے اُسے ترقی دے رہی ہیں۔ ناچوں کے نام بھی اسی امر پر دلالت کرتے ہیں۔

نورالحسن برلاس

ساقی کا جاپان نمبر:- پروفیسر برلاس نے مُرتّب کیا تھا۔ اس میں تقریباً پچاس سیاسی، علمی، ادبی اور معاشرتی ہر قسم کے مضامین جاپان سے متعلق ہیں۔ کم و بیش سوا سو تصویریں بھی شامل ہیں۔ قیمت صرف ایک روپیہ۔ علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ:- ساقی بُکڈپو۔ دہلی۔

آوارہ

شہر کی رات اور میں ناشاد و ناکارہ پھروں جگمگاتی جاگتی سڑکوں پہ آوارہ پھروں
غیر کی بستی ہے کب تک دربدر مارا پھروں
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

یہ روپہلی چھاؤں یہ اکاش پر تاروں کا جال جیسے صوفی کا تصور جیسے عاشق کا خیال
آہ لیکن کون جانے کون سمجھے جی کا حال
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

جھلملاتے قمقموں کی راہ میں زنجیر سی رات کے ہاتھوں میں دن کی موہنی تصویر سی
میری چھاتی پر مگر جلتی ہوئی شمشیر سی
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

رات ہنس ہنس کر یہ کہتی ہے کہ میخانے میں چل پھر کسی گل ریزد گوہر بیز کاشانے میں چل
یہ نہیں ممکن تو پھر اے دوست ویرانے میں چل
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

ہر طرف بکھری ہوئی رنگینیاں رعنائیاں ہر قدم پر عشرتیں لیتی ہوئی انگڑائیاں
بڑھ رہی ہیں گود پھیلائے ہوئے رسوائیاں
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

پھر وہ ٹوٹا اک ستارہ، پھر وہ چھوٹی پھلجڑی جانے کس کی گود میں آئی یہ موتی کی لڑی
ہوک سی سینے سے اٹھی، چوٹ سی دل پر پڑی
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

اک محل کی آڑ سے نکلا وہ پیلا ماہتاب جیسے ملّا کا عمامہ جیسے بنئے کی کتاب
جیسے مفلس کی جوانی جیسے بیوہ کا شباب
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

راستے میں رُک کے دم لے لوں مری عادت نہیں لوٹ کر واپس چلا جاؤں مری فطرت نہیں
اور کوئی ہمنوا مل جائے یہ قسمت نہیں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

منتظر ہے ایک طوفانِ بلا میرے لئے اب بھی جانے کتنے دروازے ہیں وا میرے لئے
پُر مصیبت ہے مرا عہد وفا میرے لئے
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

جی میں ٹھانی ہے کہ اب عہدِ وفا بھی توڑ دوں اُن کو پا سکتا ہوں میں یہ آسرا بھی توڑ دوں
ہاں مناسب ہے یہ زنجیرِ ہوا بھی توڑ دوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

دل میں اِک شعلہ بھڑک اُٹھا ہے آخر کیا کروں میرا پیمانہ چھلک اُٹھا ہے آخر کیا کروں
زخمِ سینے کا مہک اُٹھا ہے آخر کیا کروں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

جی میں آتا ہے یہ مُردہ چاند تارے نوچ لوں اِس کنارے نوچ لوں ــــ اور اُس کنارے نوچ لوں
ایک دو کا ذکر کیا سارے کے سارے نوچ لوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

عیش و دولت کے مظاہر ہیں نظر کے سامنے سینکڑوں سلطانِ جابر ہیں نظر کے سامنے
سینکڑوں چنگیز و نادر ہیں نظر کے سامنے
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

لے کے اِک چنگیز کے ہاتھوں سے خنجر توڑ دوں تاج پر اِس کے دمکتا ہے جو پتھر توڑ دوں
کوئی توڑے یا نہ توڑے میں ہی بڑھ کر توڑ دوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

بڑھ کے اِس اندر سبھا کا ساز و ساماں پھونک دوں اِس کا گلشن پھونک دوں، اسکا شبستاں پھونک دوں
تختِ سلطاں کیا میں سارا قصرِ سلطاں پھونک دوں
اے غمِ دل کیا کروں، اے وحشتِ دل کیا کروں

مجاز
بی۔ اے۔ (علیگ)

سعید

"خدا جانے کتنا لمبا سفر ہے" تھرڈ کلاس کے ڈبہ میں ایک مریض مسافر نے تنگی گنجائش سے عاجز آکر کہا۔

"میرے بستر پر یہ صندوقچہ کس نے رکھدیا؟" ایک موٹے تازے مسافر نے پوری سیٹ پر دراز ہوتے ہوئے کہا۔ اتنے میں کوئی اسٹیشن آگیا اور غریب مسافر بھیڑ بکری کی طرح تھرڈ کلاس ڈبوں میں گھسنے لگے۔

"دیکھو ادھر ماں بہنیں بیٹھی ہیں۔ تم کہاں گھسے جارہے ہو" ایک غیور مسافر نے کہا۔ "بابا بیٹری ادھر منہ کرکے پیو تمام دھواں میرے حلق میں جاتا ہے" ایک "تمباکو بیزار" مسافر نے احتجاج کے طور پر کہا۔

اوّل تو اس ڈبہ میں ویسے ہی جگہ نہ تھی اسٹیشن آتا دیکھ ہوگیا۔ مسافروں کو جگہ کا خیال نہ تھا۔ بس کسی طرح ڈبے میں گھس پڑنا مقصود تھا۔ گارڈ صاحب سیدھے اسٹیشن ماسٹر کے کمرے میں چلے گئے انہوں نے تھرڈ کلاس کے مسافروں کی حالتِ زار پر نظر ڈالنے کی زحمت بھی نہیں کی۔ اسی طرح اسٹیشن ماسٹر صاحب نے بغیر یہ دیکھے ہوئے کہ تھرڈ کلاس میں ایک پر ایک آدمی چڑھا ہوا ہے باہر نکل کر ٹیلٹ دیدیا اور گاڑی چلدی۔ ٹکٹ چیکر صاحب چھلانگ مار کر پائیدان پر کھڑے ہوگئے اور ڈبہ میں گھسکر اطمینان سے ٹکٹ چیک کرنے لگے۔ مسافروں کی پریشانی کا غرض کسی کو احساس نہ ہوا۔

"کیوں بھئی اب دہلی کتنی دور ہوگی؟" بیمار مسافر نے اپنے پاس والے مسافر سے دریافت کیا۔

"ہنوز دہلی دور است" ایک بزرگ غلط ظریف صاحب بولے۔

"آپ کہاں سے آرہے ہیں؟" ایک مسافر نے بیمار مسافر سے دریافت کیا۔

"جہنم سے۔ میرے سوال کا کوئی جواب نہیں دیتا" بیمار نے آخر جل کر کہا۔

"میاں گھبراؤ نہیں دو تین گھنٹے کا سفر اور ہے" ایک مسافر نے آخر جواب دیا۔

بیمار مسافر کی عمر مشکل سے بائیس ۲۲ سال کی ہوگی۔ اسکے خدوخال نہایت اچھے تھے۔ خرابی صحت کے باوجود وہ وجیہ نظر آرہا تھا۔ ہاں لیکن اس کی ایک ایک حرکت سے تکدر، اضمحلال اور آثارِ علالت ظاہر تھے مسلسل بیماری نے اس کی رُوح تک کو بیمار بنادیا تھا۔ زندگی کے حیات بخش جلوے اس کے سینے میں بجھ چکے تھے۔ افسردگی کی فراوانی بھی بعض دفعہ انسان میں ایک نحیف سی جولانی پیدا کردیا کرتی ہے۔ بیمار نوجوان پر اس قسم کی جولانی کے اکثر "دورے" پڑتے رہتے تھے اور بعض دفعہ تو وہ اس قدر زندہ دل، پرگو، شیریں گفتار بنجایا کرتا تھا کہ کوئی اسکو بیمار تصور کرہی نہیں سکتا تھا۔

وہ ایک نہایت سیدھے سادے کردار کا مالک تھا۔ تصنع، نمود۔ منافقت وغیرہ سے اُسکو عار تھا۔ صاف باطن اور پاک ضمیر انسان تھا۔ نہ تو کسی کی خود غیبت کرتا تھا اور نہ سُننے کا روادار تھا۔ صاف گوئی کا مادہ تو اس میں اسقدر خطرناک حد تک تھا کہ اگر آپ کوئی راز کی بات بھی اس سے کہدیں تو اس کے اخفا کی آپکو توقع نہ رکھنی چاہیئے۔ اس قسم کے کیریکٹر کے انسان کو عوام احمق یا سادہ لوح سمجھتے ہیں۔ بارہا اس کو

لوگوں نے اس سے منہ پر اچھی کہا لیکن وہ اپنی عادت سے مجبور تھا۔

وہ تقریباً پانچ سال سے مرگی جیسے موذی مرض میں مبتلا تھا۔ علاج کی استطاعت نہ تھی ایک دُور کے رشتہ دار نے ازراہِ خُدا ترسی اس کا علاج و معالجہ کرایا لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا آخر اُسکو کشمیر بھیجا جانا تجویز ہوا۔ اب وہ چار سال کشمیر میں بسر کرکے دہلی آ رہا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اس کی صحت پہلے کے مقابلہ میں اب ذرا بہتر نظر آ رہی تھی۔

اتنے طویل سفر کے بعد اس کی جیب میں اب ایک پائی بھی نہ تھی۔ دہلی میں اُس کی دور رشتہ کی ایک خالہ رہتی تھی۔ اس کا خیال تھا کہ ملازمت نہ ملنے تک وہ اُن کے ہاں قیام کریگا۔ لیکن اپنی موجودہ حالت پر غور کرنے کے بعد اس کی غیرت مقتضی نہیں تھی کہ ان کے پاس جاکر ٹھیرے۔ اس کے خالو دہلی کے نہایت معزز لوگوں میں سے تھے وہ کب اس کی پریشاں حالی کے متحمل ہو سکتے تھے۔

آخر دہلی اسٹیشن آ گیا۔ سعید (مریض نوجوان) اُتر پڑا۔ اس کے پاس سامان کچھ نہ تھا۔ فقط ایک چھوٹا سا بنڈل تھا جسکو ہاتھ میں لیکر وہ سیدھا نواب فخرالدین علی خانصاحب (اُس کے دُور کے خالو) کی کوٹھی پر پہونچا۔ اور ملازم سے اپنے آنے کی اطلاع پہنچائی۔ ملازم نے سر سے پیر تک سعید کو دیکھا اور مُسکرا کر کہا۔

"معاف فرمایئے۔ نواب صاحب اس حالت میں آپ سے شاید ہی ملنا پسند کریں۔"

"آخر بیگم صاحبہ میری خالہ ہیں۔ کوئی وجہ نہیں کہ نواب صاحب مجھے ٹالدیں۔ تم اطلاع تو کرو۔"

بادلِ ناخواستہ ملازم اندر گیا اور چند منٹ بعد طلبی کا پیام لے کر باہر آ گیا۔ سعید دل میں کچھ گھبرایا لیکن چہرے پر مُسکراہٹ لئے کمرے میں داخل ہوا۔ نواب صاحب بہت مصروف و کاروباری قسم کے انسان تھے۔ لوگوں کو ملاقات کا بہت کم وقت دیا کرتے تھے۔ اُنہوں نے سعید کے سراپا پر ایک اُچٹتی نظر ڈالی اور بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ سعید آداب کرکے بیٹھ گیا۔

"کہیئے!" اُنہوں نے بغیر مُلاقاتی کی جانب دیکھے ہوئے کہا۔

"میرا نام سعید الدین علی خاں ہے۔ اور بیگم صاحبہ سے ایک رشتہ کا بھی شرف رکھتا ہوں۔"

"افسوس آپ ایسے موقع پر آئے ہیں کہ میں آپ کی اس وقت کچھ امداد نہیں کر سکتا۔" نواب صاحب نے خُشک لہجہ میں کہا۔ سعید کی پیشانی پر شکن پڑ گئے۔ نواب صاحب نے اس کے تیور دیکھکر اپنی غلطی کا احساس کیا اور فوراً لہجہ بدلکر بولے۔ "معاف کیجئے۔ شاید میں نے آپ کے ساتھ ناانصافی کی۔ کیا میں آپکی تشریف آوری کی غایت معلوم کر سکتا ہوں؟"

"میں آپ سے اور بیگم صاحبہ سے صرف نیاز حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اس کے علاوہ اس ملاقات سے میری اور کوئی غرض وابستہ نہیں ہے۔"

"صرف ملاقات؟"

"جی۔"

"آپ یہاں کیا کام کرتے ہیں؟"

"میں سیدھا کشمیر سے آپکی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔" اس کے بعد سعید نے اپنی علالت و قیام کشمیر وغیرہ کے حالات تمام تر نواب صاحب سے بیان کئے۔ اُس نے کشمیر اور وہاں کی تفریحات کو اس خوبی سے پیش کیا کہ نواب صاحب اس کی تقریر میں بیحد دلچسپی لینے لگے۔

"آپ مصوّر ہیں۔ آپ نے کشمیر کا جیسا لفظی نقشہ کھینچا ہے اس سے آپکے تخیل و زبان کی بے اختیار داد دینے کو جی

چاہتا ہے۔"

"واہ تو اُردو زبان کو دیکھئے جس میں یہ قدرت ہے کہ خیالات و جذبات کا عکس خوبی سے اظہار کر سکتی ہے۔"

"اچھا میں بیگم کو مطلع کرتا ہوں۔ اگر وہ تم سے ملنا پسند کرینگی تو ابھی طلب کرلیں گی۔" نواب صاحب نے کہا۔

دفعتہً کمرے میں ایک وجیہ نوجوان اعلیٰ درجہ کا سوٹ پہنے ہوئے داخل ہوا۔ وہ نواب صاحب کا حقیقی بھانجہ تھا۔ نواب صاحب اسکو دیکھتے ہی بولے۔ "اچھا ہوا حامد تم آگئے۔ یہ اپنے دُور کے ایک عزیز ہیں انکو بیگم کے پاس لیجاؤ لیکن پہلے دیکھ لینا کہ انکا مزاج برہم نہو۔" حامد نے ایک نظرِ حقارت سعید پر ڈالی۔ اس کے لباس کی دقیانوسیت پر مُسکرایا اور تضحیک آمیز لہجہ میں بولا "چلئے صاحبزادہ صاحب۔ آپکا کیا رشتہ ہی ہماری ممانی سے ہے؟"

"باعتبار رابطہ ہم سب ابن آدم ہیں۔ لیکن ؎

نازم بایں شرف کہ غلامِ محمدم
لاف نسب زنسبتِ آدم نمی زنم"

سعید نے سادگی سے مُسکرا کر اس کی حقارت ریز فقرے کے جواب میں کہا۔

"لیجئے ماموں میاں یہ "غلامِ محمد" جدید انکشاف ہے" حامد نے ایک پُر حقارت قہقہہ لگایا اور سعید کو ساتھ لیکر بیگم صاحبہ کے کمرے کا رُخ کیا۔

بیگم نے ایک عجیب مرنجان مرنج طبیعت پائی تھی۔ رشتہ ناطوں کی وہ زیادہ قائل نہیں تھیں لیکن جب حامد نے ظاہر کیا کہ مُلاقاتی علاوہ آپکا بھانجہ ہونے کے ایک اچھا خاصہ آلۂ تفریح بھی ہے تو اُنہوں نے سعید کو اندر آجانے کی اجازت دیدی۔

نواب صاحب کے تین نوجوان [illegible] تھیں۔ بڑی خالدہ بلند بالا قد اور موزوں خدوخال کی مالک تھی۔ ناصرہ میں حُسن و نزاکت کے ساتھ ایک خاص قسم کی جاذبیت بھی تھی اور راشدہ سب سے چھوٹی تھی۔ لیکن ہمہ خوبی، ہمہ رعنائی و زیبائی۔ تینوں بہنیں نہایت زندہ دل ہنس مکھ اور خوش طبع تھیں۔ راشدہ لیکن بیحد شوخ و طرار تھی۔ یہ مغرور حُسن لڑکی اپنے آپ تک کو چٹکیوں میں اُڑا دیا کرتی تھی۔ رکھ رکھاؤ میں اگرچہ تینوں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھکر تھیں لیکن راشدہ میں ایک خاص خودداری و پندار تھا۔ جب یہ تینوں کہیں جمع ہوجاتی تھیں تو بڑے سے بڑے صاحبِ عقل و شعور انسان کو بناکر رکھدیا کرتی تھیں۔

سعید جونہی کمرے میں داخل ہوا اُسکی ہیئت کذائی کو دیکھکر تینوں نے ایک بلند قہقہہ لگایا۔ پہلے تو وہ غریب بھی جز بز ہوا لیکن جلد اپنی حالت سنبھال کر بیگم صاحبہ کو آداب کیا اور تینوں لڑکیوں کی طرف معصومانہ دیکھکر بولا۔

"آپ شاید میرے لباس پر ہنس رہی ہیں۔ میں سیدھا ریل سے اُتر کر یہاں چلا آیا ہوں۔"

"اجازت دیجئے کہ ہم آپکے نہالے اور کپڑے بدلنے کا انتظام کریں۔" منجھلی نے ہنسکر کہا۔

"مگر سُنا ہے کہ یہ تو غسل کرنے کے عادی ہی نہیں ہیں۔" بڑی بولی۔

"آپ نے ایک غُسل تو دُنیا میں تشریف لانے کے بعد فرمایا تھا اور ایک اس جہان سے تشریف لیجانے کے بعد فرمائیں گے۔" اسپر پھر تینوں نے قہقہہ لگایا جسمیں سعید نے بھی معصومانہ ہنسی سے شرکت کی۔

"چُپ رہو۔ شریر کہیں کی۔ اپنے مہمان کا مذاق اُڑاتے ہوئے تمکو شرم نہیں آتی۔" بیگم صاحبہ نے غصّہ سے فرمایا۔

"ناخواندہ مہمان"۔ خدا جانے تینوں میں سے کس نے فقرہ بلند کیا۔ اس کے بعد تینوں ہنسی کا گول گپا ہو کر رہ گئیں۔

"لیکن میں آپکے ہاں قیام کرنے حاضر نہیں ہوا ہوں۔ آپنے اپنے کو میزبان تصور کرنے میں قبل از وقت علو ہمتی سے کام لیا ہے" اس سادہ لباس میں سے ایسی چبھتی ہوئی طنز سننے کی کسیکو توقع نہیں تھی۔ تینوں دفعتہً خاموش ہوگئیں۔ بلکہ خالدہ کو تو اس کے سیدھے پن پر رحم سا آنے لگا۔ چنانچہ وہ تو بالکل چپ ہوگئی۔ لیکن راشدہ کی زبان برابر چلتی رہی۔

"میاں تم ان پگلیوں کی باتوں پر نہ جاؤ۔ بیٹھو۔ تم برا تو نہیں مانو گے اگر میں پوچھوں کہ کیا تم اپنے کو میرا رشتہ دار ظاہر کرتے ہو؟ کیا رشتہ ہے؟"

"معاف فرمائیگا آپ سے کوئی علاقہ میری افلاس زدہ مگر شریف ہستی میں کسی تفاخر کا اضافہ نہیں کردیگا۔ میں نے اپنی رشتہ کا ذکر نواب صاحب سے محض امر واقعہ کے طور پر کیا تھا۔ میں اس کا متمنی بھی نہیں ہوں کہ اس آستانۂ عالیہ سے اپنی فکر کفاف کو وابستہ کروں۔ والدہ مرحومہ اکثر آپ کا ذکر کیا کرتی تھیں۔ مجھے بھی آپ کی زیارت کا اشتیاق ہوگیا تھا۔ دہلی میں میرا چونکہ کوئی ٹھکانا نہیں ہے اس لئے میں سیدھا یہیں چلا آیا تاکہ پہلے آپ سے نیاز حاصل کروں ـــــ"

"اور پھر اگر موقع لگ جائے تو یہیں دھرنا دے کر بیٹھ جاؤں"۔ راشدہ نے کھل کھلا کر ہنستے ہوئے کہا۔ سعید بھی انکو ہنستا دیکھکر معصومانہ ہنسنے لگا۔ بڑی بی اسبار مسکرادیں۔ وہ سعید کے بھولے پن اور سادہ اطواری کو بہت پسند کرنے لگیں تھیں۔ عجیب ٹھنڈی مٹی کا انسان تھا کسی بات پر غصہ ہونا یا ناک بھوں چڑھانا جانتا ہی نہ تھا۔

"آخر گدھوں میں ایسی آپکے لئے کیا کشش تھی" خالدہ نے ہنستے ہوئے

آج تک نہیں دیکھا لیکن نام ضرور سنا ہے۔ تمہاری ماں میرے پھوپا کی بہن کی لڑکی تھی"

"کیا ہوائی رشتہ ہے یہ" ناصرہ نے کہا۔

"پھر یہ ہمارے کون ہوئے امّی" راشدہ نے خندۂ شوخ سے دریافت کیا۔

"ناخواندہ مہمان" سعید نے ہنسکر جلدی سے کہا۔ یہ فقرہ حسین راشدہ پر چپک کر رہگیا۔ اس کے سرخ رخسار پر دفعتہً ہلکی سی خفت کا خون دوڑ گیا۔ اپنی جادو بھری آنکھوں سے سعید کو دیکھتی ہوئی بولی "آخر آپنے یہ تو مان لیا کہ آپ ہمارے مہمان بننے کا تہیہ کرچکے ہیں"

"کچھ رہی نہیں راشدہ یہ تو" ناصرہ نے کہا۔ راشدہ اپنے فقرے کی بے اثری پر اور زیادہ کھسیانی ہوگئی۔ اسکو توقع نہیں تھی کہ وہ ایک سعید جیسے سادہ لوح انسان سے یوں زک کھا سکے گی۔

"آپکو کشمیر میں سب سے زیادہ کس چیز میں زیادہ دلچسپی محسوس ہوئی؟" خالدہ نے دریافت کیا۔

"گدھوں میں۔ میں نے ....."

"گدھوں میں؟" ناصرہ نے ہنسی کو ضبط کرتے ہوئے کہا جس سے اسکا چہرہ گلنار ہوگیا۔

"گد..... گ ..... گدھوں میں" راشدہ نے ہنسی کے مارے لوٹتے ہوئے کہا۔ سعید بھی انکو ہنستا دیکھکر معصومانہ ہنسنے لگا۔ بڑی بی اسبار مسکرادیں۔ وہ سعید کے بھولے پن اور سادہ اطواری کو بہت پسند کرنے لگیں تھیں۔ عجیب ٹھنڈی مٹی کا انسان تھا کسی بات پر غصہ ہونا یا ناک بھوں چڑھانا جانتا ہی نہ تھا۔

"آخر گدھوں میں ایسی آپکے لئے کیا کشش تھی" خالدہ نے ہنستے ہوئے

"کند ہم جنس ـــــ" راشدہ نے شوخی سے کہا۔

"چپ رہو" بیگم نے اُسکو ڈانٹتے ہوئے کہا لیکن سعید کی صورت دیکھکر اُنکو پھر ہنسی آگئی۔ بیگم کے ہنستے ہی طوفان خندہ کا بند ھ ٹوٹ پڑا۔ تینوں پیٹ پکڑ پکڑ کر ہنستے ہنستے لوٹ گئیں۔ چونکہ یہ خواہ مخواہ کی ہنسی تھی۔ سعید محرک خندہ شے کو اب تک سمجھا ہی نہ تھا چنانچہ وہ بھی بلا وجہ پاگلوں کی طرح ہنسنے لگا۔ اُسکو ہنستا دیکھکر راشدہ کا تو مارے ہنسی کے دم اُلٹ گیا۔

جب یہ دیوانگی کا دور سب پر سے کم ہوا تو ناصرہ بولی "آپ بیحد دلچسپ آدمی ہیں"

"گدھوں میں دلچسپی لینے والے انسان میں تم بھی دلچسپی لینے لگی ہو" خالدہ نے ناصرہ سے کہا۔

"حالانکہ دونوں میں بظاہر بیّن فرق ہے" راشدہ نے پھر فقرہ جڑا۔

"اس تجنیس شناسی پر میں آپکا بیحد ممنون ہوں کہ آپنے مجھے "حقیقتِ حال" سے بہت جلد آگاہ کر دیا۔ ورنہ میں تو خُدا جانے کب تک اس ابہام میں مبتلا رہتا کہ اس جلوت میں کوئی نوعِ جنس بھی ہے ـــــ"

"کس قدر مہمل تقریر ہے" ناصرہ نے ہنستے ہوئے کہا۔

"ہاں جناب وہ گدھوں والا قصہ تو رہ ہی گیا" خالدہ نے کہا۔

"کیا تمہارا یہ خیال ہے باجی کہ یہ ماہرِ نفسیاتِ خر ہیں؟" راشدہ نے پوچھا۔

"میں کشمیر کے گدھوں کی اِسلئے تعریف کر رہا تھا کہ بڑے مضبوط و محنتی ہوتے ہیں"

"اور آپ بھی محنت و جفاکشی [illegible] کرتے ہونگے"

ناصرہ نے سعید سے پوچھا۔

"یہ تو ظاہر ہے۔ گدھوں کے باب میں آپکی خوش مذاقی قایم اسی بنا پر ہے کہ اُن میں آپکی پسندیدہ صفت موجود ہے" راشدہ نے ہنسکر کہا۔ پھر سب پر ہنسی کا شدید دورا پڑا۔

"لیکن میری اس وقت کی مایوسی کا بھی تو اندازہ لگائیے جب میں اپنی پسندیدہ صفت کا انسانوں میں فقدان دیکھکر گدھوں کو انسانوں پر ترجیح دینے پر مجبور ہوتا ہوں"

"آپکی فطرت شناسی قابلِ داد ہے" ناصرہ نے کہا۔

"ہاں اِس فن میں مجھے خاص ملکہ ہے"

"اچھا تو میری فطرت پڑھیے" خالدہ نے اشتیاق سے کہا۔

"بہتر ہے۔ ذرا قریب آجایئے" خالدہ قریب کی کُرسی پر آبیٹھی۔ سب کا خیال تھا کہ اس باب میں بھی وہ اپنی کسی "حماقت گوئی" سے ہنسنے کا موقع دیگا۔ لیکن جب سعید نے خالدہ کی بالکل صحیح فطرت پڑھکر سُنا دی تو سب ایکدوسرے کا مُنہ دیکھنے لگیں۔

"اچھا میرے متعلق کیا ارشاد ہے" ناصرہ نے کہا۔

"اچھی روح پائی ہے" سعید نے ناصرہ کی بڑی بڑی آنکھوں کے اعماق میں اپنی نظریں اُتارتے ہوئے کہا۔ "دل صاف ہے لیکن محرومی پسند۔ طبیعت تمرد کو چاہتی ہے لیکن فطری انکسار روک دیتا ہے۔ روح میں بیچارگی کا عنصر زیادہ غالب ہے۔ طبیعت ماحول سے متاثر ہوکر مائل فرعونیت ہوتی ہے لیکن روحانی عجز آپ کی حالت قابلِ رحم بنا دیتا ہے۔

"بیٹے میری طینت بھی پڑھو" بڑی بی نے اشتیاق سے

آگے بڑھتے ہوئے کہا۔ ناصرہ کے متعلق سعید نے جو کچھ کہا تھا لفظ بلفظ صحیح تھا۔ وہ اپنی صحیح فطرت سعید کی زبان سے سُنکر اسکی قابلیت کو دل میں مان گئی۔

سعید نے بیگم صاحبہ کی بھی فطرت پڑھی۔ اب راشدہ کی باری تھی لیکن جب اس کی جانب سے کوئی اشتیاق ظاہر نہ ہوا تو سعید بھی چُپ ہوگیا۔

"اچھا اب اجازت چاہتا ہوں" سعید نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔

"بیٹھئے چائے پیتے جایئے" ناصرہ بولی۔

"لیکن اب تم جاؤگے کہاں" بیگم نے دریافت کیا۔

"میں خود بھی یہی سوچتا ہوں کہ کہاں جاؤں۔ جیب میں ایک پیسہ بھی نہیں ہے"

(ہنس روپے کے نوٹ اُسکو دیکر) ابھی تم اس سے اپنا کام چلاؤ۔ ضرورت ہو تو اور طلب کرلینا" بیگم نے کہا۔

سعید نے بکمال بے تکلفی اس عطیہ کو قبول کرلیا۔

"ان پیسوں کا آپ کیا کرینگے؟" ناصرہ نے پوچھا۔

"سب سے پہلے تو کچھ کپڑے بنواؤنگا تاکہ آیندہ ملاقات پر میرے لباس پر آپکو ہنسنے کا مزید موقع نہ ملے"

"ہاں اچھا خیال ہے۔ لیکن میرا خیال ہے سب سے پہلے آپ کسی ماہر امراض دماغی سے ملیئے۔ آپکا لباس اتنا نہیں ہنساتا ہے جتنا دماغ" راشدہ نے کہا۔

"بہت اچھا۔ لیکن کیا عجب ہے کہ میرا دماغ قہقہوں کی اعجاز آفرینی سے خود بخود درست ہوجائے۔ آپ ہنسئے اور مجھے اچھا کیجئے" سعید نے مسکراکر کہا۔

"لیکن سوال یہ ہے کہ آپکا دماغ اجتماعی قہقہوں سے درست ہوگا یا انفرادی سے؟" ناصرہ نے پوچھا۔

"میرے خیال میں اس کا جواب آپ خود دیں تو اچھا ہے۔ آپ انفرادی طور پر اپنے اپنے قہقہوں کی سحر کاری سے خوب واقف ہونگی" سعید نے راشدہ کی جانب نظریں جماکر کہا۔ لیکن وہ اس انداز سے بیٹھی رہی گویا اس نے سُنا ہی نہیں ہے۔

"چائے کا وقت آگیا ہے۔ اب آپ چائے پی کر ہی کیوں نہ جایئے" خالدہ نے سعید سے کہا۔

"جیسی آپکی مرضی"

"انکو تو کسی چیز سے انکار ہی نہیں ہے۔ تم ناحق پوچھتی ہو" راشدہ نے کہا۔

"ہاں میاں اب تم چائے پی کر ہی جانا۔ اچھا میں اب ذرا غسل کرلیتی ہوں" یہ کہہ کر بیگم صاحبہ اُٹھ کھڑی ہوئیں۔ ان کے ساتھ ہی تینوں لڑکیاں بھی کھڑی ہوگئیں۔ کمرے میں سعید تنہا رہ گیا۔

ابھی اُسکو تنہائی میں چند منٹ ہی گذرے ہونگے کہ دروازہ کھلا اور حامد نہایت احتیاط سے اندر داخل ہوا۔

"سعید مجھے اُمید ہے کہ میری اگلی گستاخی کو معاف کروگے۔ میں تم سے ایک کام لینا چاہتا ہوں بشرطیکہ تم اسکے اخفا کا وعدہ کرو" اُس نے چپکے سے سعید سے کہا۔

"اگر میں اس کام کو انجام دینے کے لئے آمادہ ہوگیا تو اسکو پردۂ راز میں رکھنا تو خود بخود میرا فرض ہوجائیگا" سعید نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ تم اس حقیر سی خدمت سے انکار نہ کروگے" حامد نے لجاجت سے کہا۔

"آپ مقصد بیان کیجئے۔ زیادہ طول کلامی سے کیا فائدہ" سعید نے کہا۔

"یہ لو یہ رقعہ کسی طرح راشدہ کو دیدو۔ لیکن برائے کرم تم اسکو نہ پڑھ

سعید نے سادگی سے حامد کی طرف دیکھا۔ رقعہ لے لیا اور بولا۔ "اچھا آپکا رقعہ دیدیا جائیگا اور میں اسکو پڑھونگا بھی نہیں۔ اور کچھ ارشاد ہے؟"

"بس شکریہ۔ اچھا اب میں جاتا ہوں"۔ یہ کہہ کر وہ چپکے سے چلا گیا۔ اسکو گئے ہوئے ابھی چند ہی منٹ ہوئے ہونگے کہ زینے پر پیر کی چاپ ہوئی سعید نے جلدی سے رقعہ مٹھی میں دبالیا اور بظاہر ایک اخبار پڑھنے لگا۔

پردہ ہٹا اور راشدہ اپنا کچھ کروشیا کا سامان لئے سیدھی الماری کی طرف چلی گئی۔ اس نے سعید کو اس طرح نظر انداز کردیا گویا وہ کمرے میں تھا ہی نہیں۔ جب وہ الماری کے پاس پہنچ گئی تو سعید اٹھا۔ اس کا دل خود بخود نا معلوم کیوں دھڑکنے لگا۔ اپنی مشن کی تکمیل کی اسکو ہمت نہیں ہوتی تھی۔ آخر وہ الماری کے پاس جا کھڑا ہوا اور با انداز استغنیٰ بولا "حامد صاحب مجھے یہ رقعہ دے گئے ہیں تاکہ اسکو آپ تک پہنچا دوں"۔

راشدہ اب بھی اپنے کام میں اسی قدر مصروف تھی گویا اس نے سنا ہی نہیں۔ آخر سعید نے رقعہ الماری کے تختہ پر رکھدیا اور اپنی جگہ پر چلا آیا۔

"مسٹر سعید"۔ چند منٹ راشدہ کی خشمگیں آواز کان میں آئی۔ سعید نے سادگی سے اسکی طرف دیکھا اور اس کے چہرے پر برافروختگی کے آثار دیکھکر حواس باختہ ہو گیا۔

"تم کو شرم نہیں آتی ——" دفور غیظ میں راشدہ سے کپکپاتے لبوں سے صرف اسقدر نکل سکا۔

"لیکن شرم کا یہاں کیا محل ہے خاتون" سعید نے سادگی سے دریافت کیا۔

"کمینہ۔ پاجی" راشدہ کی زبان سے نکلا۔

"کیا ان مبارک الفاظ کا شکار یہ خاکسار ہے؟" سعید نے حیرانی سے پوچھا۔

"نہیں میں تم کو گالیاں نہیں دے سکتی۔ تم نے اس رقعہ کو پڑھا تو ہوگا"۔

"مطلق نہیں۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کا راز ابھی بالکل محفوظ ہے"۔

"مجھے تمہاری سادہ دلی سے توقع تھی کہ تم نے اس کو نہیں پڑھا ہوگا۔ لیکن تم کو اسے پڑھنا چاہیئے۔ تم کو دیکھنا چاہیئے کہ تم لوگ، تم مرد کس قدر ابلیسی ذہنیت رکھتے ہو"۔ سعید اس شوخ و طرار لڑکی کو اس طرح سنجیدگی سے گفتگو کرتے دیکھکر حیران کھڑا تھا۔ اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا کہ ان حسین دشنام کا کیا مطلب ہے۔

"مگر نہیں۔ تم مجھے اتنے خطرناک نظر نہیں آتے جتنے اور بدتمیز مرد ہوتے ہیں۔ اچھا تم بیٹھ جاؤ اور اس رقعہ کو پڑھو"۔ سعید نے معصومانہ رقعہ لے لیا اور بولا "لیکن مجھ سے کہدیا گیا تھا کہ میں رقعہ نہ پڑھوں"۔

"پڑھو جی۔ میں حکم دیتی ہوں"۔ سعید نے اس "حکمرانی" پر غور کئے بغیر تعمیل ارشاد حسین میں رقعہ پڑھنا شروع کیا۔

"میری جان۔

تیرے کلابی ہونٹوں کی قسم میں دیوانہ وار تجھ پر عاشق ہوں۔ تیری پیاری زبان سے آج اقرار محبت ہوجائے تو میں اپنی منسوب لڑکی کو ابھی ٹھکرادوں۔ میں تجھے جیت کر عیش کی زندگی گذارنا چاہتا ہوں۔ جب تجھ جیسی لڑکی ہاتھ آجائے تو دنیا، اس جہنم زار کا گہوارۂ مسرت و عیش بنجانا کچھ مشکل نہیں۔

سراپا تیرا "ح"

سعید نے بغیر کسی اقباض و اظہار غیظ کے رقعہ واپس دے دیا۔ "اگر تم اجازت دو تو میں سگریٹ پی لوں۔ معمولی سے سگریٹ پیتا ہوں میں۔ قیمتی کے لئے پیسے کہاں سے لاؤں؟"

"تم عجیب حماقت کی حد تک سادہ لوح ہو۔ بے محل گفتگو شروع کر دی۔ میں تم سے پوچھتی ہوں کہ اس رقعہ کو پڑھکر کیا تم کو غصہ نہیں آیا؟"

"غصہ؟ نہیں" سعید نے نہیں پر سر ہلا کر کہا "آپکے معاملات پر میں غصہ ہونے کا کیا حق رکھتا ہوں؟"

"مردہ روح۔ بیجان جذبات کا انسان" راشدہ نے غصہ سے کہا۔

"میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ چاہتا کیا ہے میری مراد حامد سے ہے" سعید نے کہا۔ اس کی اس کوتاہ فہمی پر حسین راشدہ کو اور بھی غصہ آگیا۔ شعلہ فشاں آنکھوں سے اسکو دیکھنے لگی اور پھر حقارت سے کچھ کہکر چلدی۔

"سنیئے تو سہی۔ میں حامد سے کیا کہدوں؟" سعید نے اس کے تعاقب میں دروازے کی طرف دوڑتے ہوئے کہا۔

"حامد سے؟" راشدہ نے دفعتہً مڑکر پوچھا "یہ" چٹاخ! ایک چپت کی آواز پیدا ہوئی اور سعید سمٹ کر رہگیا۔ ابھی وہ اپنے خسار کو ٹٹول ہی رہا تھا کہ دروازہ کھلا اور بیگم صاحبہ اندر داخل ہوئیں۔ راشدہ جاچکی تھی۔

"کیوں تم یہاں کیوں کھڑے ہو؟" بیگم نے سعید کو سراسیمگی کی حالت میں دروازے کے پاس کھڑا ہوا دیکھکر کہا۔ سعید خاموش کھڑا رہا۔ اتنے میں چائے آگئی اور اس کے ساتھ ہی خالدہ، ناصرہ اور راشدہ بھی آگئیں۔ راشدہ پھر وہی اگلی سی تیز و طرار راشدہ تھی گویا کوئی بات ہی نہیں گذری تھی۔

"آپ چائے پسند کرتے ہیں یا کافی؟" خالدہ نے پوچھا۔

"محض گرم پانی" راشدہ نے ہنسکر سعید کی جانب سے جواب دیا۔

"اگر کافی، چائے اور گرم پانی سے محض اکتساب حرارت مقصود ہے تو میں چانٹا، چپت، دھول وغیرہ وغیرہ کو بھی پسند کرتا ہوں" سعید نے مسکراکر کہا۔ یہ فقرہ حالانکہ اس نے راشدہ کی جانب دیکھکر نہیں کہا تھا لیکن وہ اسکو سنکر کچھ بیچین سی ہوگئی اور ترحم آمیز نظروں سے بمقصود سعید کو دیکھنے لگی۔ اس کو احساس ہوا کہ غریب سعید کے ساتھ اس نے سخت ناانصافی کی۔

"معلوم ہوتا ہو کہ مکتب میں آپکی کافی مرمت ہوئی ہے" راشدہ نے آخر بالجبر ہنسکر کہا۔

"جی مکتب کی کوئی تخصیص نہیں ہر شکستگی کے بعد مرمت ہوجاتی ہے" سعید نے ہنسکر جواب دیا۔

"پھر آپ کو تو ہر وقت معمار ساتھ رکھنے کی ضرورت ہے" خالدہ نے کہا۔

"صاحب اللہ بڑا مسبب الاسباب ہے وہ ہر جگہ معمار پیدا کر دیتا ہے" یہ کہہ کر اس نے یونہی راشدہ کی طرف دیکھ لیا جس کی حسین آنکھیں سعید سے درخواست کر رہی تھیں کہ بس اس سے آگے نہ بڑھو ورنہ میرا راز فاش ہوجائے گا۔

بعض منفی امور بھی کس طرح غیر متوقع طور پر خود بخود زندگی حاصل کر لیا کرتے ہیں۔ ہم سے بلا ارادہ ایک حرکت سرزد ہوجاتی ہے۔ لیکن مشاعر اس کے اثرات سے خواہ مخواہ جاگ اٹھتے ہیں۔ کوشش کیجاتی ہے کہ اسکی اہمیت کو روک دیا جائے لیکن جب وہ بات اپنی ذات سے منتقل ہو

کسی دوسرے انسان کی شخصیت کو بھی لپیٹ لیتی ہے تو ہم صرف اپنے تحفظِ شخصی کی خاطر اس کے اثرات کی نفی کرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں۔ لیکن یہ بالکل بیکار کوشش ہوتی ہے۔ راشدہ کا سعید کے چپت رسید کر دینا تو ایک عام بات سمجھئے لیکن اس کے "غیر مطلوب" اثرات کو دیکھئے کہ انہوں نے پیدا ہوکر راشدہ کو کیسے نامطبوع جذبات سے دوچار کر دیا۔ چپت مار کر اس "رازِ چپت بازی" کے اخفا میں اس کی سعیٔ غیر مستقل، سعید پر خود بخود اسکو رحم آنے لگنا۔ اپنی چند فطری کمزوریوں سے (مغلوب الغضبی وغیرہ وغیرہ) دفعتہً اسکا خود بخود آگاہ ہوجانا۔ یہ وہ چیزیں ہیں جن کے وقوع کا کوئی امکان ہی نہ تھا۔ سعید پر رحم آتے ہی اس کے دل میں رحم اور رحم کی تمام متعلقہ صفاتِ حسنہ بیدار ہوگئیں۔ اور اسکو اس جذباتی مقام سے ہٹ جانا پڑا جہاں سے ہٹنے کا فی الحال اسکا کوئی قصد و ارادہ نہ تھا! نفسیات کے گورکھ دھندے سے مفر نہیں ہے۔ ایک راشدہ ہی پر موقوف نہیں ہے۔ ہر انسان کو بغیر اپنی مرضی کے جگہ بدلنی پڑتی ہے، ایک مرکز سے ہٹنا پڑتا ہے۔ تبدیلی کا شکار بننا پڑتا ہے!!

چند منٹ اور بیٹھکر سعید، نواب صاحب کے مکان سے چلدیا۔ دہلی کے گلی کوچے تھے اور اسکا بوسیدہ جوتا۔ ایک مختصر سی کوٹھری کرایہ پر لی۔ جب تک بیس روپیہ کا گھٹتا ہوا سایہ سر پر قایم رہا گذر کرتا رہا۔ اس کے بعد پریشانیاں ہی پریشانیاں تھیں۔ خدا خدا کرکے کچھ عرصہ بعد اسکو دس روپیہ ماہوار کی ایک ٹیوشن مل گئی۔ اُسی کو غنیمت سمجھا۔ اس کی کوٹھری کے پاس ہی ایک مزدور رہتا تھا۔ جو اپنی دن بھر کی محنت کے بعد شام کو آتا تھا۔ اس کے بچے بیمار ہوتے تو سعید ہر طرح اُنکی دوا وغیرہ کا انتظام کرتا۔ خود بیمار تھا اسلئے بیماری کی مصیبت سے متاثر ہوتا تھا۔ خود غریب تھا اسلئے افلاس کی صعوبت سے آگاہ تھا۔ رحم و ہمدردی ممکن ہے کسی شخص کی فطرت میں قدرت کی جانب سے ودیعت کی جاتی ہو لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب تک انسان خود مصیبت میں نہیں پھنستا وہ دوسروں کی مصیبت کو نہیں سمجھ سکتا۔ رحم و مروّت حقیقی جذبات نہیں ہیں مروّت تو بلکہ انسان میں ایک قسم کا عیب ہے لیکن رحم خواہ عصابی کمزوری کی وجہ سے پیدا ہوگیا ہو خواہ دوسروں کی تکالیف دیکھکر وہ دل میں رونما ہوگیا ہو، ہے بہت اچھی چیز۔ معلوم نہیں سعید کا کیریکٹر اپنی علالت سے قبل کیسا تھا لیکن جب سے وہ خود شکارِ آلام و علالت ہوا تھا اس میں ایک عجیب قسم کی سپردگی، فتادگی، انکسار و ترحم پیدا ہوگیا تھا۔ اب اتفاق سے ان صفات والے انسان کا ایک ایسی سوسائٹی میں گذر ہوگیا تھا جو بالکل برعکس صفات کی حامل تھی۔ بیگم کے گھر میں افلاس کا کوسوں پتہ نہ تھا۔ یہاں ایک حد تک زر کی فولادی قوت نے امراض کی راہیں بھی روک رکھی تھیں۔ اس ماحول میں خالدہ، ناصرہ اور راشدہ جیسی لڑکیاں بھی تھیں جو ایک افسردہ دل کے افسردہ جذبات کی دائمی زندہ دلی کے جانبخش اثرات کے باعث سمجھنے سے قاصر تھیں۔ مگر ——— مگر ان تمام باتوں کے باوجود کیریکٹر ایک معصوم کردار کا سب دلوں میں نشان کئے بغیر نہ رہا۔ بیگم سعید کو اُسکے بھولے پن کی وجہ سے پسند کرنے لگیں تھی۔ خالدہ اس کی سادگی سے متاثر ہوچکی تھی، ناصرہ اس کی بے سروسامانی کی وجہ سے اُس پر رحم کھانے لگی تھی اور راشدہ ——— راشدہ ..... ؟ راشدہ جس کی فطرت سب سے زیادہ سخت تھی اپنی ایک غیر ارادی حرکت (چپت زنی) سے اپنی بعض عادتوں کی

اصلاح کا تہیہ کر چکی تھی۔ یعنی سعید کے باب میں وہ بھی اپنی نسوانی پندار، غرورِ حسن، اور نخوتِ امارت کو ملائم دیکھ رہی تھی! یہ ہیں کردار کے کرشمے، ایک ٹھوس کردار کے کرشمے۔!

سعید کسی امتثالی کیریکٹر کا انسان نہ تھا بلکہ ایک نیچرل کردار کا مالک تھا۔ کیریکٹر تو ہر انسان کا نیچرل ہی ہوتا ہے لیکن سوسائٹی، ماحول، کتابیں اور دیگر متفرق باتیں اسپر دوسری قسم کا رنگ چڑھا دیتی ہیں۔ میرے اعتقاد میں انسان ایک بالکل بے عیب مخلوق کا نام ہے۔ فطرت کا منشاء نہ تھا کہ شداد، نیرو اور ابوجہل وہ نہیں جو وہ بنگئے۔ انسان انسان کا شیطان ہے۔ شداد ایک صاحبِ جاہ وحشم انسان تھا۔ ظاہر ہے کہ کتنی تملق مآب زبانیں اس کے دربار میں کھلتی ہونگی۔ اب اگر وہ اپنے کو خدا نہ منواتا تھا تو کیا نفسیاتی عوائق سے جنگ کرتا۔ نیرو کا ماحول اور اس کے معاصرین کے دور پر نظر ڈالیے۔ اگر اس میں خشونت، درندگی، تظلم، بربریت وشقاوت کے عوض رحم وکرم، محبت وایثار، عدل وانصاف کا مادہ ہوتا تو ایسے ماحول میں پلے ہوئے انسان کو اتنے اچھے صفات کا انسان دیکھکر ہم وجودِ باری کے قائل رہ سکتے تھے؟

سعید اپنی موجودہ زندگی سے مطمئن نہ تھا۔ کیا دُنیا میں اُس نے صرف اس لئے جنم لیا تھا کہ وہ بیمار ومفلس کی سی زندگی ہمیشہ گذارتا رہے۔ آخر اس کی اس زبوں حالی سے قدرت کو کیا دلچسپی ہوسکتی تھی۔ یا تو یہ انفرادی مصائب منجانب خدا نہیں ہیں اور اگر اسی کی جانب سے ہیں تو اتنی بیشمار مخلوق پیدا کردینے کے بعد وہ اپنے بندوں کی طرف سے بے پرواہ ہوجانے کا عادی ہو۔ شاید ہمارا خیال غلط ہو ہم ہر رمز کو سمجھ لینے کی قدرت نہیں رکھتے ہیں۔ سپردگی ہی میں ہماری بہبودی ہے سرکشی میں نہیں۔

سعید کو بیگم صاحب سے ملاقات کئے چار ماہ گذر چکے تھے۔ اور اس چار ماہ میں وہ اپنی دس روپیہ ماہانہ کی قلیل آمدنی کے ذریعہ اُن کا نصف قرضہ ادا کر چکا تھا۔ انکا خیال تھا کہ بیس روپیہ کی معمولی رقم چند یوم میں صرف کرکے سعید پھر مزید مدد کے لئے ان کے سر پر آ مسلط ہوگا اور عجب نہیں کہ یہ ایک مستقل مصیبت ہی بنجائے۔ لیکن جب انکی خدمت میں سعید کا مرسلہ دس روپے کا منی آرڈر پہنچا تو وہ نواب صاحب اور ان کی تینوں صاحبزادیاں سعید کے متعلق اپنی رائے کو تبدیل کرنے پر مجبور ہوگئیں۔

ایک روز وہ رات کو دس بجے کے قریب پڑھا کر چلا جا رہا تھا کہ ایک کار اس کے بائیں ہاتھ کے بالکل قریب آکر رُک گئی۔ وہ سر جھکائے اپنے خیال میں غرق چلا جا رہا تھا۔ کار کے پاس سے گذر گیا لیکن کسی نے اس کا نام لے کر پکارا تو وہ ہوش میں آگیا۔ کار کے پاس گیا اور نواب صاحب کو دیکھکر سلام کیا۔

"اماں کہاں غائب ہو" نواب صاحب نے پوچھا۔

"تم نے تو اُس روز کے بعد سے صورت ہی نہیں دکھائی" بیگم صاحبہ کار کی پچھلی سیٹ پر سے بولیں۔

"آپ سنجیدہ کیسے کھڑے ہیں گویا اب آپکو دیکھکر ہم ہنسی آ ہی نہیں سکتی" تین قہقہوں کے درمیان کہا گیا۔

"سنجیدہ بن کر تو آپ خاصے دیوانے نظر آنے لگے ہیں" حامد نے طنز کے طور پر کہا۔ اُس کا خیال تھا خالدہ ناصرہ وراشدہ بھی اس کی طنز کی شریک ہونگی لیکن اس باب میں ان لوگوں نے اس کی کوئی مدد نہیں کی۔

"آجکل فرصت ذرا کم ہی ملتی ہے" سعید نے کہا۔

"اچھا۔ ہفتہ کو ضرور آؤ۔ ہم ایک ——"

"معاف فرمایئے" سعید وہاں سے معذرت کرکے فوراً ایک اندھے کی طرف لپکا۔ جو لکڑی ٹیکتا ٹیکتا نالی کی طرف چلا جا رہا تھا۔ اس کا ہاتھ تھاما اور رہبری کرتا ہوا اسکو صحیح راستے پر لے گیا۔

"عجیب آدمی ہے۔ گویا ہم سب گدھے ہیں اور اس اندھے کے مقابلہ میں زیادہ قابلِ اعتنا نہیں ہیں" نواب صاحب نے کار اسٹارٹ کرتے ہوئے کہا۔ حامد نے انکے فقرے میں مزید تلخی پیدا کرنے کی کوشش کی لیکن بیگم نے اور انکی بیٹیوں لڑکیوں نے اُسکی اس حرکت کا مطلق بُرا نہ مانا۔

ہفتہ کی شام کو آخر سعید بیگم کے ارشاد کے مطابق اُن کی کوٹھی پر گیا۔ شام ہو چکی تھی۔ وسیع باغیچہ میں جو طرف اندھیرا تھا۔ صرف صدر دروازہ پر بجلی کا بڑا سا قمقمہ لگا ہوا تھا۔ سعید گھاس کے تختہ پر سے گذر کر جب بیچ کے پاس پہنچا تو پیچھے سے کسی نے آکر آہستہ سے اُس کا شانہ تھپتھپایا۔ "راشدہ تھی" "آداب عرض راشدہ صاحبہ۔ کہیئے کیا ہو رہا ہے"

"سیر" راشدہ نے کہا۔

"خوب" سعید نے مختصر جواب دیا اور جانے لگا۔

"بات سُنو۔ حامد بڑا بُرا آدمی ہے"

"خوب" سعید نے پھر مختصر جواب دیا۔

"سعید میں تم سے پوچھتی ہوں کیا تم میری مشکلات سے متاثر نہیں ہوتے؟ تم یہ نہ سمجھنے لگنا کہ میں تم سے کسی امر میں طالبِ امداد ہوں"

"تو پھر آپکی نامعلوم مشکلات سے میرے متاثر ہونے کا سوال ہی غیر ضروری ہے"

"تم بھی بہت بُرے آدمی ہو" حسین لبوں سے تر شروئی کے ساتھ کہا گیا۔

"شاید"

"شاید نہیں یقیناً۔ میں تم سے بات کرنا اپنی توہین سمجھتی ہوں —— نہیں۔ مجھے تم سے ایسی گفتگو نہیں کرنی چاہیئے۔ تم جیسے بیوقوف انسان سے"

"راشدہ اگر حامد تم سے محبت کرتا ہے تو تم کیوں نہیں اُس کی محبت کا جواب دیتی ہو۔ اگر تم اُس سے نفرت کرتی ہو تو کیوں نہیں جرأت سے اُسکو ایک دفعہ ٹھکرا دیتیں۔ اس کشمکش سے کیا فائدہ کہ کبھی میری سخیف رائے کی پناہ لو اور کبھی غرور سے خودسری کی لینے لگو"

"تم کو مجھ سے اس قدر آزادی سے گفتگو کرنے کا حق نہیں" راشدہ نے آہستہ سے کہا۔

"آئندہ نہیں کرونگا" سعید نے کہا اور قدم آگے بڑھایا۔

"سعید تم بہت اچھے آدمی ہو۔ اُن سب سے اچھے جنکو میں جانتی ہوں"

"لیکن تم بہت خراب لڑکی ہو۔ اُن سب میں خراب جنکو میں نہیں جانتا"

"بیوقوف۔ بھول گئے اپنی تعریف سُنکر۔ میں نے ایک گدائے بینوا سمجھکر یہ تم کو محض الفاظی خیرات دینی چاہی تھی"

"لیکن میں نے تم کو غیر راشدہ سمجھکر یہ بیضرر الفاظ کہے تھے"

"غیر راشدہ سے کیا مطلب؟"

"جب تم کو غصہ آتا ہے تو تم تم نہیں رہتی ہو۔ راشدہ وہ نہیں ہے جو وہ بن گئی ہے۔ وہ اس میں شک نہیں مغرور ضرور ہے لیکن اندھی مغرور نہیں بلکہ سمجھدار مغرور جو اپنے

نازو غرور کے باوجود بھی اپنی پاک و منزہ رُوح کی بنا پر حُسنِ سلوک کی زیادہ عادی ہے۔ اگرچہ وہ دوگونہ فطرت کی مالک ہو، اگرچہ اُس کی قوتِ فیصلہ ضعیف ہے۔ اگرچہ وہ اپنے معتقدات تک سے روگردانی کی خوگر ہے لیکن اس میں متاثر ہونے کی صلاحیت ہے، وہ تاثرات سے مغلوب ہوسکتی ہے ــــ"

"سعید تم نے اُس روز سب کی فطرت پڑھی تھی۔ آج میری فطرت کا مطالعہ کر رہے ہو۔ تم نے جو کچھ کہا ایک حد تک صحیح ہے۔ لیکن مجھے بھی اجازت دو کہ تمہاری فطرت کو پڑھوں۔ تم بالکل جماد ہو۔ انسانی جذبات سے خالی۔ محبت سے ناآشنا۔ سادہ لوح۔ لیکن صاف گو، ہمدرد ــــ"

"بس بس راشدہ۔ ممکن ہے تم میری تعریف میں غلطی کر جاؤ اور میں تمہاری زبان سے اپنے متعلق اچھی صفات سُنکر وہ نہ رہوں جو میں ہوں۔ تم کوٹھی میں چلتی ہو یا ابھی کچھ دیر یہیں رہو گی؟"

"تم چلو میں آتی ہوں" سعید چلا دیا۔ ابھی وہ بڑے دروازے سے گذرا ہی تھا کہ گیلری کے اختتام پر ناصرہ سے بالکل اتفاقیہ ملاقات ہوگئی۔

"کون سعید؟" اس کا ہاتھ تھا مکر "سعید میں تم کو کسقدر یاد کرتی تھی"

"خوب"

"خوب کیا معنی۔ تم نے بھی کبھی مجھے یاد کیا؟"

"کیوں یاد کرتا میں تمہیں"

"کیونکہ میں تمہیں یاد کیا کرتی تھی"

"لیکن میں کیوں اس سے متاثر ہوتا۔ تم غلطی کر رہی ہو ناصرہ۔ چلو۔ یہ جگہ بات چیت کے لئے موزوں نہیں" یہ کہہ کر وہ آگے بڑھ گیا۔ اور بیگم صاحبہ کے کمرے میں پہنچا۔ اُنھوں نے محبت سے اُسکو بٹھایا اور بہت دیر تک باتیں کرتی رہیں۔ چند منٹ کے بعد بقیہ لڑکیاں بھی کمرے میں آگئیں۔ ان کا یکجا جمع ہونا تھا کہ پھر یہ کمرہ قہقہستان بن گیا۔ راشدہ و ناصرہ کی اس وقت کی طنز و تحقیر سے اندازہ نہیں ہوسکتا کہ یہ لڑکیاں چند منٹ قبل سعید کے ساتھ بالکل مختلف طریقے سے پیش آچکی ہیں۔

سعید کے سامنے ایک آئینہ لگا ہوا تھا، مرگی کے مریض کے لئے آئینہ بینی بھی مُضر بتائی جاتی ہے۔ سعید کو دفعتہً کھانسی اُٹھی اس کے بعد اُسپر مرگی کا دورہ پڑگیا۔ خُدا کی پناہ! اس کی اس وقت کی حالت دیکھکر کون کہہ سکتا تھا کہ یہ وہی چند منٹ پیشتر کا سعید ہے جو نہایت عاقلانہ باتیں کر رہا تھا۔ اُس کے کمزور جسم میں رُوح لرز رہی تھی، ایسا معلوم ہوتا تھا گویا وہ سخت عذاب میں مُبتلا ہے۔ کرسی پر سے گر پڑنے سے اُس کا سر بھی پھٹ گیا تھا۔

جب اُسکو ہوش آیا تو وہ ایک آرام دہ کمرے میں پڑا ہوا تھا، اور اُس کے پاس راشدہ اور نرس کے علاوہ کوئی نہ تھا۔ راشدہ مُسکرا کر اُس کے سرہانے آئی اور بولی "کیوں اب تو تمہارا دماغ درست ہوگیا ہوگا؟"

"میں تم لوگوں کی غور و پرداخت کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ بیگم صاحبہ ــــ نہیں خالہ اماں کہاں ہیں؟"

"ہونہہ جب سر پر پڑی تو خالہ اماں ہوگئیں۔ اُس روز تو اُس اندھے کے مقابلہ میں انکی ایسی تحقیر کی گئی۔"

"تحقیر؟ معاذ اللہ۔ راشدہ مجھے تم سے توقع نہ تھی کہ تم بھی اس قدر تنگدل ہو"

"میں تنگدل تو تم سنگدل" راشدہ نے ہنسکر کہا۔

"کس طرح؟"

"جس روز سے میں نے تمہارے چیت رسید کیا اُس روز سے مجھے تم پر بڑا رحم آنے لگا ہے۔" اُس نے بات ٹالنے کے طور پر کہا۔

"خُدا آپکو اس کا اجر دیگا۔"

"ہاں انسان ہی اجر دینے کا عادی نہیں ہے۔"

"آپ زیادہ بات چیت نہ کیجئے۔" نرس نے سعید سے کہا۔

"خاموش مرجانے سے تو گفتگو کرتے ہوئے مرجانا اچھا ہے نرس۔" سعید نے مُسکرا کر کہا۔

سعید ایک ہفتہ کے بعد چلنے پھرنے کے قابل ہوگیا تو اُس نے اپنے مُستقر پر جانا چاہا لیکن بیگم نے کہا۔ "تم بیمار ہو مناسب یہی ہے کہ یہیں رہو۔" مگر سعید اس کا متحمل نہیں ہوسکتا تھا۔ بیگم محض از راہِ خُدا ترسی اسکو قیام کی دعوت دے رہی تھیں اور وہ اس خیراتی نوازش کے لئے تیار نہ تھا۔ ممکن ہے کوئی اس کی اس حرکت کو ناسپاسی سے تعبیر کرے لیکن ہر شخص کا نظریہ جُداگانہ ہوتا ہے۔ جب وہ جانے لگا تو راشدہ نے پھر اُسکو باغ میں جا لیا۔ "تم ہمارے ہاں سے کیوں جارہے ہو؟"

"کوئی خاص وجہ نہیں ہے۔ میں چلا جانا چاہتا ہوں۔"

"سعید میں حامد سے اب محبت کرنے لگی ہوں۔"

"خوب" سعید کا پھر وہی مختصر جواب تھا۔ راشدہ اس کے سامنے حامد کا بار بار تذکرہ کرکے اس میں جذبۂ رقابت پیدا کردینا چاہتی تھی، لیکن سعید کے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہیں آسکتی تھی کہ وہ راشدہ کے باب میں کسی سے رقابت پیدا کرسکتا ہے۔

"تم بہت بزدل انسان ہو۔ حامد سے ڈرتے ہو۔"

"ڈرتا تو نہیں ہوں۔ ہاں سہما ضرور ہوں۔"

"اور وہ رات دن تمہاری تاک میں ہے۔"

"کیوں؟"

"میں کیا جانوں۔ تم نے شاید اس سے کہدیا ہوگا کہ میں راشدہ سے محبت کرتا ہوں۔" عزیب سعید راشدہ سے محبت کرنے کا تخیل بھی نہیں کرسکتا تھا۔ اس غیر ممکن الوقوع بات کو سُنکر اس کے ذہن میں اس خیال نے کروٹ لی کہ وہ بھی راشدہ سے محبت کرسکتا ہے۔ راشدہ کی ترکیب کامیاب ہوسکتی تھی (اُس نے سعید کے سینے میں محض بیداری محبت کے خیال سے ہی مرقوم بالا فقرہ کہا تھا) اگر سعید محبت آشنا دل کا مالک ہوتا۔

"لیکن راشدہ میرا تم سے محبت کرنا ایسا ہی ہے جیسے سکیس فرہاد کا شیریں کو چاہنا۔"

"ہاں ہے تو یہی بات۔ تم مجھے چاہو ہی کیوں؟"

"تو میں تمہیں چاہتا ہی کب ہوں۔" سعید نے کہا۔

"تم بزدل ہو محض بزدل۔ حامد سے ڈرتے ہو۔" اُس نے پھر اُس کے جذباتِ مردانہ کو اُبھارنے کی نیت سے کہا۔

"راشدہ اگر مجھے تم سے کبھی محبت ہوگئی تو میں حامد تو کیا خُدا سے بھی نہیں ڈرونگا۔"

"لیکن کیا تمہارا خیال ہے کہ میں بھی تم سے محبت کرنے لگونگی؟"

"نہیں یہ بات میرے خیال میں بھی نہیں آتی ہے۔"

"حالانکہ حامد جی اسی اُمید پر رہا ہے کہ میں اس سے محبت کرسکتی ہوں۔ تم بھی ایسی اُمید کیوں نہیں باندھ لیتے۔"

"موہوم اُمید سے کیا فائدہ۔ ہوسکتا ہے کہ تم کچھ عرصہ بعد اُسکو چاہنے لگو کیونکہ وہ دولتمند آدمی ہے۔ خوشرو ہے،

اگرچہ فطرت اچھی نہیں ہے۔"

"یہ آپ ہر شخص کی فطرت خوب پڑھ لیا کرتے ہیں۔ مگر وہ کس قدر صحیح ہوتی ہے! میں دولت کو پسند نہیں کرتی ہوں۔"

سعید کو اس قدر توقعات دلانے کے بعد وہ پھر اسکو دور کرنے کے خیال سے بولی۔ "مگر ہاں تم سے میں محبت نہیں کرونگی۔"

"مجھ سے کوئی محبت نہیں کرسکتا ہے۔ میں مرگی کا مریض ہوں۔ افلاس زدہ ہوں۔ اور زیادہ تعلیم یافتہ بھی نہیں۔ میرے اطوار دلوں کو موہ لینے کی قوت سے خالی ہیں۔ مجھے ریا آمیز گفتگو و حرکات نہیں آتیں۔"

"تم جھوٹ بولتے ہو کہ تم سے کوئی محبت نہیں کرسکتا۔ ناصرہ باجی میرا خیال ہے تمکو چاہتی ہیں۔"

"ایں!" سعید نے حیرت سے کہا۔ "ناممکن!" وہ صرف اتنا کہہ سکا۔

"سعید محبت خواہ کوئی چیز ہو اور جسکو ہم محبت کہتے ہیں وہ خواہ "پسندیدگی" ہی ہو۔ شکار کے مختلف طریقہ رکھتی ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ ہماری عین خواہش ہے کہ دولتمند شوہر ملے۔ تم مجھے شاید اس آزاد گفتگو پر بے حیا سمجھو گے۔ تمہیں خیال ہوگا کہ اس قسم کی آزاد بیانی لڑکی کے شایانِ شان نہیں۔ مگر تم جیسے انسان کے سامنے ہر لڑکی اسی طرح اپنے حقیقی خیالات کا اظہار کرسکتی ہے۔ خیر تو ہماری بھی خواہش یہی ہے کہ دولتمند میاں ملے۔ لیکن آبا کے پاس بفضلہ دولت کی کمی نہیں پھر کوئی وجہ نہیں کہ ہم ایک غیر دولتمند مگر پسندیدہ انسان کو ٹھکرادیں اور دولمند مگر غیر پسندیدہ انسان سے شادی کرلیں۔"

"تم نے ہم" استعمال کرکے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے یا تم تینوں بہنوں کا یہی خیال ہے۔"

"کم از کم میرا تو یہی خیال ہے۔"

"خیر میں اس مسئلہ میں چونکہ زیادہ معلومات نہیں رکھتا ہوں اس لئے تم سے کچھ بحث نہیں کرسکتا۔ اچھا اب جاتا ہوں۔"

"پھر کب آؤ گے؟"

"ہفتہ عشرہ میں بشرطِ فرصت چکر لگا جاؤنگا۔" یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ راشدہ وہیں کھڑی ہوئی اسکو دیکھتی رہی۔ اسکے دل میں نامعلوم کیا اندوھناک خیال آیا ایک دھیمی سی آہ بھری اور اندر چلدی۔

قسمت کے آپ قائل ہوں یا نہ ہوں مگر بعض دفعہ اتفاقی واقعات کی کرشمہ سازیاں بھی عجیب و غریب ہوتی ہیں۔ جس بابو کے لڑکے کو سعید پڑھاتا تھا اُس نے زبردستی ایک ڈربی کی لاٹری کا ٹکٹ سعید کے سر بھی منڈھ دیا تھا۔ آپ تعجب کرینگے کہ پہلا انعام سعید کے نام ہی نکلا!

اب وہ بھی سینکڑوں رئیسوں سے کم نہ تھا لیکن فطرت کی سادگی کا کیا کرتا۔ اس کی عادتوں پر زر کی آشوبی قوت بھی کوئی شیطانی اثر نہ ڈال سکی۔ جو لوگ اسکی غربت و افلاس کی وجہ سے پہلے اس سے متنفر تھے اب اُس کی شناسائی کو باعثِ فخر سمجھنے لگے۔ نواب صاحب کی موٹر تو راندن اس کے دروازے پر ہی رہتی تھی۔

اس نے اس دولت سے بہت سے رفاہی کام جاری کردیئے وہ غربا و امراء دونوں طبقوں میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جانے لگا۔ ہزاروں بیوائیں، سینکڑوں طلبا اور بیشمار سفید پوش مفلس شرفا اس سے پل رہے تھے۔

ناصرہ نے اپنی مبہم محبت کو آخر اب اسپر بالکل واضح کردیا۔ اپنی حرارتِ محبت سے مغلوب ہوکر نہیں بلکہ دولت کی آنچ سے متاثر ہوکر۔ خالدہ اب بھی اسکو اسی قدر قابلِ رحم آلہ تفریح سمجھتی تھی۔ اور راشدہ اب بالکل خاموش تھی۔

"خالہ اماں میرے مکان کے پاس ایک لوہار رہتا ہے۔ میرا ارادہ اُس کی لڑکی سے شادی کرنے کا ہے۔ کیسی محنتی لڑکی ہے؟"

"مگر تم بغیر ڈاکٹر کے مشورے کے شادی نہ کرنا" بیگم نے کہا۔

"ڈاکٹر کا خیال ہے کہ میرے مرض میں شادی سے افاقہ ہوجانے کی توقع ہے"

"کسی کمہار کی لڑکی سے شادی کرتے تو اچھا تھا۔ جہیز میں گدھے تو ملتے" راشدہ نے ہنسکر کہا۔

"کہی تو پتہ کی بات"! ابھی وہ باتیں کر ہی رہے تھے کہ چوکیدار گھبرایا ہوا آیا اور بولا کہ اُس کی بیوی کے سخت دردِ زہ ہو رہا ہے کوئی سنبھالنے والا نہیں ہو اُسکو شفاخانہ میں بھیجنے کا انتظام کردیا جائے۔

ناصرہ و خالدہ ہنسکر بولیں "خُدا غریبوں کو بچے دیتا ہی کیوں ہے کہ مفلسوں کی تعداد میں اضافہ ہو"! لیکن راشدہ فوراً اُٹھ کھڑی ہوئی اور چوکیدار کی کوٹھری کی طرف چلدی۔

"راشدہ کہاں جاتی ہے۔ نہ بیٹی کنواری لڑکی زچہ خانہ میں نہیں جایا کرتی ہیں"

"امی کنواریں کی آبرو ایک غریب کی خدمت کرنے سے مجھ پر اور بھی فخر کرنے لگے گی" یہ کہہ کر وہ چلدی۔ اور جب تک بیمار عورت شفاخانہ میں نہ چلی گئی وہ ہر طرح اُسکی خدمت کرتی رہی۔ یہ تھی راشدہ کی اصل فطرت! ہر انسان کی اصل فطرت یہی ہوتی ہے۔ دوسروں کی تکلیف سے وہ ضرور متاثر ہوتا ہے، لیکن کبر، نمود، تصنع اور شخصیت پرستی اسپر اسقدر موٹی غیر انسانی چادر لپیٹ دیتی ہو کہ وہ اپنے سے پست لوگوں کے کام آنے میں شرم و عار محسوس کرنے لگتا ہے۔

سعید راشدہ کی اس حرکت سے بیحد متاثر ہوا۔ اسکے ساکن قلب میں دفعتہً ایک جدید روشنی سی پیدا ہوگئی جسنے اُس کے سادہ دل کے گوشے گوشے کو منور کردیا۔ سینے کے ویران احاطہ میں ایک پری جلوہ گر ہوئی جو پہلے تو بصد شوخی و ناز مصروفِ خرام رہی اس کے بعد راشدہ کی حسین و جمیل صورت میں منتقل ہوکر دورانِ خون کے ساتھ اس کی روح کے عمق میں پہنچ گئی!

صبح سعید اُٹھا تو اُسکو شدید بخار چڑھا ہوا تھا۔ یہ محبت کا بخار تھا۔ خواب میں لوہار کی لڑکی نے آکر اُسکی تکالیف کو کم کرنا چاہا لیکن سعید نے گرانی طبع میں کوئی شگفتگی محسوس نہیں کی۔ ناصرہ نے پیار کی باتیں آکر کہیں۔ لیکن وہ بدستور بخار میں تپتا رہا۔ بیگم نے آکر مادرانہ محبت سے اُس کے سر کو تھپتھپایا لیکن وہ اسی قدر سرگرانی محسوس کرتا رہا۔ آخر شام کو اُسکا بخار تیز ہوگیا اور رات کو ایک شوچھ ڈگری سے بھی اونچا ہوگیا۔ اسپر بچوں کی سی حالت طاری تھی۔ نواب صاحب۔ ڈاکٹر، بیگم۔ ناصرہ، خالدہ، راشدہ سب ہی کمرے میں موجود تھے اور وہ چیخ چیخ کر بخار کی حالت میں بک رہا تھا "راشدہ میں کسی سے نہیں ڈرتا۔ حامد سے بھی نہیں ڈرتا۔ موت سے بھی نہیں ڈرتا۔ نواب صاحب سے بھی نہیں ڈرتا۔ میں تمہارے لئے حامد سے جنگ آزمائی کرونگا۔ کیونکہ میں تمہیں چاہتا ہوں تم سے محبت کرتا ہوں۔ ایں! ہاں ہاں تم سے محبت شدید محبت کرتا ہوں۔ چوکیدار کی ماں (بیوی کے عوض) کے بچہ پیدا ہوگیا وہ راشدہ اُسکو لئے بیٹھی ہو۔ میری راشدہ!....."

نواب صاحب نے بیگم کی طرف دیکھا بیگم نے نواب صاحب کی طرف۔ دونوں نے ایکدوسرے کو کچھ سمجھا دیا چنانچہ وہ باہر آگئے۔

حامد جھلا کر کھڑا ہو گیا۔ ناصرہ جل کر چلدی۔ خالدہ حیرت سے منہ موڑ کر ہنسنے لگی۔ ڈاکٹر نے پلک کر کولن ڈاٹر پیشانی پر چھڑکا اور راشدہ شرماتی ہوئی محبت سے سعید کے سرہانے آ بیٹھی!

قیسی رامپوری:

قطعات

(۱)

اونگھتا ہے جب شہ خاور شفق کی گود میں
سینۂ دریا پہ یوں ہوتا ہے گلشن کا گماں
جیسے آئینے پہ گرتا ہے عروس نو کا عکس
صبحدم گلرنگ جلووں سے حسیں گلکاریاں

(۲)

گا رہی ہے ایک ٹیلے پر کوئی آتش نوا
زمزموں سے پڑ رہی ہیں یوں ہوا میں سلوٹیں
بسترِ ناکامِ اُلفت کو وفورِ درد سے
جس طرح کروٹیں شکن آلود شب کو کروٹیں

(۳)

سایہ افگن ہے فضا پر آج دیوالی کی شب
جگمگاتے ہیں در و دیوار پر زرّیں چراغ
رات کے پچھلے پہر جیسے وطن کی یاد سے
مسکراتے ہیں کسی مہجور کے سینے کے داغ

(۴)

وصل کی شب ایک کمسن کے حسیں چہرے پہ یوں
سرمئی زلفوں کی اک گستاخ نے ڈالی نقاب
چلچلاتی دھوپ میں جیسے دعا میخوار کی
بڑھ کے خوں آشام سورج کو کرے زیرِ سحاب

(۵)

کر رہی تھی غسل دوشیزہ لبِ آبِ رواں
چاپ سُن کر پاؤں کی میرے سمٹ کر رہ گئی
رات کی دیوی کے کانوں میں سپیدی صبح کی
نقرئی ہونٹوں سے جو کہنا تھا، جیسے کہہ گئی

(۶)

دیکھ کر تقدیر سے افلاس کی گستاخیاں
چل دیئے ہیں چھوڑ کر سب اسطرح الطاف کو
جسطرح گم کردہ منزل راہرو کا سایہ بھی
شب کی تاریکی میں چپکے سے کہیں جاتا ہے کھو

الطاف مشہدی:

اُردو ڈراما کی ترقی کے ذرائع

ڈراما کی اہمیت

ادبیات میں ڈراما ہی ایک ایسی صنف ہے جس کے دو پہلو ادبی اور تمثیلی ہیں اور جس کی وجہ سے وہ ضروریاتِ زندگی پر پوری طرح حاوی ہے۔ چونکہ یہ خصوصیت علم و فن دونوں کو اپنے دائرہ میں یکساں طور پر گھیر لیتی ہے اس لئے دُنیا کے بڑے بڑے مفکروں نے اس کو انسانی زندگی کے عملی پہلو کے لئے خاص طور پر موزوں خیال کیا۔ یونانی عقلاء نے جس طرح اس کی اصلاح و ترقی کیلئے کوشش کی وہ اپنی آپ نظیر ہے۔ ملکہ الزبتھ کے زمانہ کے انگلستان نے اپنے ماحول کو ڈراما کیلئے حد درجہ موزوں پایا اور اس کے سُدھارنے اور پھیلانے میں جتنی کچھ لی وہ ادبیاتِ انگریزی کا ایک اہم اور ناقابل فراموش باب ہے۔

دورِ جدید کو انقلابی دور کہا جاتا ہے اور جہاں زندگی کے ہر شعبہ میں جنگِ عظیم کے بعد اہم انقلابات نے دُنیا کی کایا ہی پلٹ دی۔ وہاں ادبیات کی تاریخ کا نیا صفحہ بھی اُلٹا گیا۔ تاریخ ادبیات کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ موجودہ عہد میں ترقی یافتہ اور انقلاب پسند ممالک ڈراما کی ترقی و اصلاح پر کافی توجہ کر رہے ہیں۔ روس نے حکومت کا چولا کیا بدلا زندگی اور ضروریاتِ زندگی کی ہر پرانی چیز نکال پھینکی مگر ڈراما کا یہاں بھی طوطی بولتا ہے۔ بلکہ سوویٹ نظام سے پہلے جو حالت تھیٹر کی تھی اب اس میں کئی گنا زیادہ خوبیوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ پہلے زار حکمران روس، اپنی ہوسناکیوں کی پیاس بجھانے کیلئے تھیٹر کے وجود کو باقی رکھتے تھے مگر اب تھیٹر ایک باضابطہ ادارۂ تعلیم بنایا گیا ہے اور اس لحاظ سے اس کی بقا نہایت ضروری سمجھی گئی۔ انقلاب فرانس کے بعد پیرس کے اوپیرا کی مقبولیت بھی زیادہ ہوگئی۔ اطالیہ کا تھیٹر گو کہ آج "روسن تھیٹر" کے مقابلہ میں نہیں لیکن اپنے ہمسایہ ممالک سے کسی طرح کم نہیں۔ جرمنی نے جنگِ عظیم کے بعد سے جہاں مختلف شعبہ جات میں ترقی کی ہے اور اپنے آپ کو بہت جلد اس قابل بنا دیا ہے کہ وہ بڑی سے بڑی طاقت کی ہمسری کر سکے وہاں اس نے تھیٹر کو نظر انداز نہیں کیا۔

اکثر تھیٹر کو عیش و عشرت کا ہی محض گہوارہ خیال کیا جاتا جیسا آج بھی بعض تنگ نظر افراد سمجھتے ہیں تو جرمنی کبھی اپنے لئے گہوارۂ تفریح تیار نہیں کرتا۔ حقیقت یہ ہے کہ آج دُنیا ساری اس بات پر متفق ہے کہ ایجوکیشن کو ذریعہ تعلیم بنایا جاسکتا ہے اور اگر پچھلے دس سال کی رپورٹوں کا مطالعہ کریں تو وہ ہر ملک جس نے تھیٹر کی بقا محض اسی خیال سے کی تھی آپ کو ایسے اعداد و شمار بتائیگا جس سے کہ اس کی کامیابی ظاہر ہوگی۔ ۱۹۳۶ء کی وہ رپورٹ جو انگلستان کی مجلس تعلیم بالغان کی طرف سے شائع ہوئی ہے اس طریقہ کار کی کامیابی کی گواہ ہے۔

مسٹر برنارڈ شا "ڈرامائی تنقید" اور "مضامین" میں لکھتے ہیں کہ ازمنہ وسطیٰ میں جو اہمیت گرجا کو حاصل تھی وہی اہمیت بیسویں صدی میں تھیٹر کو حاصل ہے۔ بلکہ لندن کے گرجا کی جو اہمیت تھی اس سے کہیں بڑھ چڑھ کر لندن کے تھیٹر کو حاصل ہے۔ "اگر گرجا کو جانے کی بجائے"، برنارڈ شا لکھتے ہیں "لوگ اب لندن میں تھیٹر کو جاتے ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو اگر تھیٹر اس سے فائدہ اٹھا کر محسوس کام کرنے لگے۔ اور اپنے آپ کو اچھے خیالات پیدا کرنیکا کارخانہ، ضمیر کا مکبر الصوت، سماجی قانون کا مصلح اور تحریری تعلیم کی درس گاہ قرار دے لے۔"

ڈراما اور تھیٹر کا تعلق

یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ڈراما اور تھیٹر کا تعلق روح اور جسم کا سا ہے۔ روح بغیر جسم کے اور جسم بغیر روح کے بیکار ہے۔ ڈراما کے ادبی اور تمثیلی دونوں پہلوؤں میں تمثیلی پہلو زیادہ اہمیت رکھتا ہے اور بعض نقادوں کا خیال تو یہ ہے کہ ڈراما بغیر تمثیل کے بے جان ہے اور یہ بڑی حد تک حقیقت ہے ایسی کہ جس سے انکار مشکل ہے۔ اس لحاظ سے جہاں ڈراما کی ترقی کا سوال پیدا ہوتا ہے وہاں تھیٹر کی ترقی کا سوال خود بخود اٹھتا ہے۔ ترقی یافتہ تھیٹر کو دیکھکر اندازہ لگانے والے قیاس کر سکتے ہیں کہ یہاں ڈراما کی صنف نے بھی اسی نسبت سے ترقی کی ہوگی۔ یہ خیال کوئی بیسویں صدی کی پیداوار نہیں ہے بلکہ زمانہ قدیم ہی سے یونانیوں نے اسکی

ترقی کی۔ رومانس کے کھنڈرات میں تھیٹر کی جو عالی شان عمارت کے آثار آج بھی دکھائی دیتے ہیں وہ اس بات کی کھلی ہوئی دلیل ہیں کہ یونانی ڈراما کی ترقی دراصل یونانی تھیٹر کی ترقی تھی یہی حال ملک الروم کے زمانہ کے تھیٹر کا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس زمانے میں فن تھیٹر کی مادی ترقی کے وہ ذرائع مہیا نہ تھے جو آج ہم میں موجود ہیں۔ شکسپیئر کو بلاشبہ بیسویں صدی کا تھیٹر نصیب نہیں ہوا جہاں کہ وہ آرڈن کے جنگل کا سین پیش کر سکتا۔ طوفان، ابر و باد کا منظر دکھا سکتا، پریوں کو فضائے بسیط میں اڑتے ہوئے ظاہر کر سکتا۔ یا کنگ لیر کو پہاڑ کی اونچی چوٹی سے گرتے ہوئے دکھا سکتا لیکن اس زمانہ کے لحاظ سے تھیٹر کی ترقی انگریزی سماج کے دوسرے شعبوں کے مقابل میں زیادہ ترقی یافتہ نظر آتی ہے۔

مختصر یہ کہ تھیٹر میں چونکہ ڈراما کے ادبی پہلو کو علی حالہ پہنایا جاتا ہے اس لئے لازمی ہے کہ اس اہم شعبہ کی تکمیل کیلئے وہ مناسب ترقی کرے۔ ورنہ تمثیلی پہلو کی خرابی سے ادبی پہلو پر بھی حرف آئیگا۔ اس کے علاوہ ڈرامہ نگار جو کہ ہمیشہ تھیٹر کو پیش نظر رکھکر ڈرامہ لکھتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ ڈرامہ نگار کی منشاء کے مطابق تھیٹر ترقی یافتہ ہو ورنہ جو چیز فضا، مقام اور موقع کے ذرائع سے ظاہر کرنا چاہتا ہے واضح نہ کر سکے گا۔ ڈراما نگار کو تھیٹر کی جتنی سہولتیں مہیا ہونگی اتنا ہی زیادہ اچھا ڈرامہ وہ لکھ سکیگا اور اسی قدر سہولت کے ساتھ مختلف کا اصلی مقصد اور منشا جو کہ وہ حقیقت میں پیدا کرنا چاہتا ہے ظاہر ہو سکے گا اور جب تک ڈراما اور تھیٹر کا یہ باہمی تعاون نہ ہوگا اس وقت تک ڈراما صحیح معنوں میں تمثیلی حیثیت سے کامیاب نہیں ہو سکے گا۔

ڈراما نگار کے قطع نظر اداکار جو ڈراما کے تمثیلی پہلو پر گہرا اثر ڈالتے ہیں بہت کچھ تھیٹر کی ترقی پر دارومدار رکھتے ہیں۔ ترقی یافتہ تھیٹر ہر ملک اور ہر زمانہ میں اچھے اداکار پیدا کرنے کا کارخانہ سمجھا گیا ہے۔ تھیٹر ہی کی ضروریات پر اچھے اداکار ہوتے ہیں۔ اور اسی کی مناسبت و موزونیت سے اپنے آپ کو تیار کرتے ہیں۔

اوپر کے سارے بیان سے یہ واضح ہوتا ہے کہ تھیٹر اور ڈراما کا چولی دامن کا تعلق ہے اور ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں جب تک تھیٹر ترقی نہیں کرے گا ڈراما ترقی نہیں کر سکے گا اسلئے ہمیں اس بات پر غور کرنا کی ضرورت ہے کہ تھیٹر کیونکر ترقی کر سکتا ہے؟

تھیٹر کی ترقی کے ذرائع

سب سے پہلے اس بات کی ضرورت ہے کہ تھیٹر کی بدنامی کو دور کیا جائے۔ ہمارے ملک میں تھیٹر اتنا بدنام ہے کہ معزز اور شائستہ طبقہ اس کے نام ہی سے کانوں پر ہاتھ دھرتا ہے۔ بہت سے ایسے بھی ہیں جو اسے بدمعاشی اور عیاشی کا اکھاڑہ جانتے ہیں۔ اگر ہم غور کریں کہ یہ خیالات ملک میں کیوں پیدا ہوئے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان سب کا اصل ہماری تھیٹریکل کمپنیوں کی بدترین سماج ہے۔ وہ جہلاء کے ہاتھوں میں ہیں اور سرمایہ دار عیاشوں کے دل بہلانے کا ذریعہ ہے ہوتے ہیں۔ اس کے ایکٹرز اور ایکٹرس نہ صرف جاہل ہیں بلکہ بداخلاق اور بداطوار ہیں۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ جو ڈراونی اور بھیانک تصویر ہندوستانی تھیٹر کی معاشرے کی عام طور پر پیش کی جاتی ہے اس میں مبالغہ کا جزو ہوتا ہے لیکن اسکی تہ میں حقیقت ضرور پوشیدہ ہوتی ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کے ذمہ دار کون ہیں ——— مالکان کمپنی یا عوام جو انکی سرپرستی کرتے ہیں؟ میں ذاتی طور پر دونوں کو اس کا مشترکہ ذمہ دار سمجھتا ہوں۔ لیکن بجائے اس کے کہ اس کے اسباب و علل پر بحث کی جائے۔ میرے پیش نظر یہاں صرف ان کی اصلاح ہے۔ ملک کے ہر طبقے میں تھیٹریکل کمپنیوں کی طرف سے عام بدگمانی پھیلی ہوئی ہے اس لئے یہ ناممکن ہے کہ اس خیال کو اس سرے سے بدل دیا جائے۔ کیونکہ ایک چیز کے متعلق جب کوئی خیال ذہن میں محفوظ ہو جاتا ہے تو وہ بسا اوقات پتھر کی لکیر ہوتا ہے۔ جو مٹائے نہیں مٹتا۔ اس کے علاوہ اگر موجودہ تھیٹریکل کمپنیوں کے اعداد و شمار فراہم کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان کی تعداد بہت کچھ گھٹ گئی ہے۔ اس کا سبب یقیناً فلم کمپنیوں کی بہتات ہے۔ اس لئے میرے خیال میں جتنی بھی قسم کی تھیٹریکل کمپنیاں باقی رہ گئی ہیں ان سب کو بالکل ہی توڑ دینا چاہئے۔ اور ان کے کھنڈرات پر نئی تھیٹریکل کمپنیاں بنانی چاہئیں اور ایسی ہی صورت میں عوام کے خیالات کی کایا پلٹ ہوگی۔

فلم تھیٹر کا نعم البدل نہیں ہے

بعض لوگوں میں یہ غلط خیال پھیلا ہوا ہے کہ فلم تھیٹر کا نعم البدل ہے اور یہ کہ فلم کمپنیوں کی موجودگی میں تھیٹریکل کمپنیوں کی ضرورت نہیں۔ یہ خیال بالکل بے بنیاد ہے اور فلم اور تھیٹر کے فرق کو محسوس کئے بغیر قائم کر لیا گیا ہے

بولتے فلموں نے آنکھ کے ساتھ کان کی تواضع کا بھی انتظام کر دیا لیکن کیا تصویروں کو حرکت کرتے دیکھنا اور تصویروں کو بولتے سننا اتنا ہی زندگی کے قریب ہے کہ جتنا کہ خود انسانوں کو گوشت اور پوست والے انسانوں کو حرکت کرتے ہوئے اور بولتے ہوئے دیکھنا اور سننا؟ دوسرے اور بے شمار اصول اور فنی اختلافات کو علاوہ یہ فرق اتنا زبردست ہے کہ دنیا والوں نے محض اس کی وجہ سے یہ ضروری خیال کیا کہ تھیٹر فلم کی ترقیوں کے باوجود بھی ایک مستقل آرٹ کے طور پر علیحدہ باقی رہے۔ یہی وجہ ہے کہ ترقی یافتہ شہروں میں فلموں کی نمائش کے ساتھ تھیٹریکل ڈرامے بھی اسٹیج کئے جاتے ہیں۔ اور عوام کی سرپرستیاں برابر دونوں کو گھیرے ہوئے ہیں۔ بلکہ ادبی نقطۂ نظر سے ڈراما کو جو وقعت حاصل ہے وہ فلم کو آج تک حاصل نہیں ہو سکی۔

تھیٹریکل کمپنیوں کا قیام

پرانی تھیٹریکل کمپنیوں کی کمزوری عمارت کو گرانے کے بعد اس کی تعمیر از سر نو نئے طرز پر ہونی چاہئے۔ ہندوستان کے مختلف بڑے بڑے شہروں میں متعدد تھیٹریکل کمپنیوں کا قیام ضروری ہے۔

اس سلسلے میں سب سے پہلے جس چیز کی ضرورت ہے وہ ظاہر ہے کہ سرمایہ ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے آج کل فلم کمپنیاں بنانیکا مرض عام ہو چلا ہے اور ہر طرف یہی کوششیں ہو رہی ہیں اور باوجود اس کے کہ اب ہر فلم کمپنی کو مالی فائدہ نہیں ہو رہا ہے بلکہ بہت سی چھوٹی چھوٹی کمپنیاں خسارہ برداشت کر نیکی صلاحیت نہ رکھنے کی وجہ سے جاں کنی کی حالت میں ہیں مگر پھر بھی نئی کمپنیاں بنانیکا شوق روز افزوں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو کچھ دنوں کسی نہ کسی فلم کمپنی میں حصہ لینا ہے خواہ اداکار کی حیثیت سے ہو خواہ کسی اور حیثیت سے وہ وہاں سے علیحدہ ہو کر فوراً ہی خود غلط یہ رائے قائم کر لیتا ہے کہ اس کو فلمی دنیا کا کافی تجربہ ہے اور اس کو فلم کمپنی قائم کرنی چاہئے۔ عوام کو گمراہ کر کے حصص فروخت کر کے چھوٹے سے غیر مستحکم سرمایہ کے ساتھ کمپنی قائم ہوتی ہے اور فضول ڈرامے پیش کر کے لوٹ جاتی ہے۔

اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ سرمایہ کی فراہمی اس قسم کے اغراض کیلئے ابھی ہمارے ہاں زیادہ دشوار نہیں ہوئی۔ اس لئے اگر منظم کوشش کی جائے تو وہ سرمایہ جو ٹوٹنے والی فلم کمپنیوں کیلئے فراہم کیا جاتا ہے۔ تھیٹریکل کمپنیوں کے قیام کیلئے آسانی کے ساتھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ فلم کمپنی کی بہ نسبت تھیٹریکل کمپنی کو سرمایہ بھی کم درکار ہے۔

سرمایہ کے بعد اداکاروں کی ضرورت زیادہ اہم ہے کوئی تھیٹریکل کمپنی عمدہ اداکاروں کے بغیر نام پیدا نہیں کر سکتی اس لئے ان کا انتخاب بڑی احتیاط سے کیا جانا چاہئے۔ اداکاروں کے انتخاب میں کئی چیزوں کا خیال زیادہ ضروری ہے۔ مثلاً یہ کہ وہ تعلیم یافتہ ہوں، ان کے اخلاق، عادات و اطوار قابل اعتراض نہ ہوں، جسمانی صحت اور دماغی صلاحیت اچھی خاصی ہو۔ شائستہ اور مہذب ہوں، اور ان سب سے بڑھکر ان کی فطرت میں اداکاری کی صلاحیت ان کے تمام خصائل میں زیادہ نمایاں ہوں۔ اگر کسی میں آخر الذکر خصوصیت نہیں ہے اور باقی تمام محاسن جمع ہیں تو میں ایسے شخص کو اداکاری کیلئے کبھی موزوں نہیں کہوں گا۔ اس فطری صلاحیت کے ساتھ ساتھ مشق اور محنت بھی لازمی ہے ورنہ لاپروا اداکار اکثر و بیشتر اپنی پوری چمک نہیں دکھا سکتا۔ اور اس کو وہ درجہ حاصل نہیں ہوتا جو کہ وہ فطرتاً مستحق تھا۔ اس قسم کی ایک دلچسپ مثال میں نے ایک جگہ پڑھی ہے۔ ایک ہندوستانی امیر ہالی وڈ گئے۔ اور ایک مشہور فلم اسٹوڈیو دیکھنے گئے۔ وہاں انھوں نے متعدد اداکاروں سے باتیں کیں اور اسی سلسلہ میں ایک شہرۂ آفاق ایکٹریس سے بھی ملنے کی خواہش کی۔ اس ایکٹریس نے جواب میں کہلوا بھیجا کہ گو کہ ابھی اس کی شوٹنگ کیلئے کافی وقت ہے لیکن شوٹنگ ختم ہونے تک وہ شاید ملنے کے قابل نہ رہے اس لئے معافی چاہتی ہے۔ فلم کے شوٹنگ کے ختم ہونے کے بعد وہ ملی اور مکرر معافی چاہنے کے بعد اس نے پہلے نہ ملنے کی وجہ یہ بتائی کہ اس کو اس دفعہ ایک حزنیہ پارٹ کرنا تھا اسی لئے وہ وقت سے پیشتر آکر حزنیہ تاثرات اپنے اوپر طاری کر رہی تھی۔ اور رو رہی تھی کہ نہ صرف اس کا دل بھر آئے بلکہ اس کے چہرے اور جسم پر حزنیہ تاثرات قبل از وقت ہی پیدا ہو جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک اس قسم کا خلوص اور اتنی محنت نہ کی جائے اداکاری عروج کو نہیں پہنچتی۔

اداکار کیلئے میں نے تعلیم یافتہ ہونیکی شرط محض اس لئے لگائی کہ اداکاری دو خصوصیتیں نمایاں ہوتی ہیں۔ ایک حرکات

اور دوسرے طرز ادا۔ اور ان دونوں کیلئے اداکار کا اپنے پارٹ کے نہ صرف مفہوم کو پوری طرح سمجھنا ضروری ہے بلکہ لفظوں اور جملوں کو اسی مفہوم کے لحاظ سے ادا کرنا لازمی ہے اور یہ غیر تعلیمیافتہ اداکار کے بس کی بات نہیں۔ یہاں ان غیر معمولی ذہین اور فریس اداکاروں سے بحث نہیں کر رہا ہوں جو بنتے نہیں بلکہ پیدا ہوتے ہیں۔ یقیناً یہ قسم سارے اصولوں اور قوانین سے مستثنیٰ ہے۔ لیکن ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ان کی تعداد اتنی کم ہے کہ انگلیوں پر گنی جاسکتی ہے۔ ہر اداکار کیلئے خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا، ضروری ہے کہ وہ ڈرامہ نگار کے مفہوم کو پوری طرح ظاہر کرنیکی صلاحیت اپنے میں رکھے۔ البتہ بڑا اداکار اس ضرورت کے سوا ایک خصوصیت یہ بھی رکھتا ہے کہ وہ ڈرامہ نگار کے کردار کی پوری ترجمانی کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی شخصیت کو انفرادی طور پر باقی رکھے۔ شاعر اپنے شعر میں جب کبھی فلسفیانہ نکات یا جذباتی نفسیات کا ذکر کرتا ہے تو صرف اشارہ ہی پر اکتفا کرتا ہے مگر اس کا شارح اپنی دماغی صلاحیتوں سے بال کی کھال کھینچ کر ان اشاروں کی ایسی وضاحت کرتا ہے کہ وہ خود بجائے ایک مستقل درجہ حاصل کر لیتے ہیں۔ یہی حال ڈرامہ نگار کے کردار کا ہوتا ہے وہ اس کی خصوصیات کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اداکار ان لفظی اشاروں کو حقیقت میں اس طرح بدل دیتا ہے کہ اس کی ساری تفصیلات پیش نظر ہو کر ایک خاص چیز ہو جاتی ہے۔ میں نے اداکار کے انتخاب میں اچھے کردار کے اصحاب کا ذکر محض اس لئے کیا کہ موجودہ دور میں تھیٹریکل کمپنی جس چیز کی وجہ سے زیادہ بدنام ہے وہ اداکاروں کی بد اخلاقی ہے لہٰذا اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ عوام کے دلوں سے یہ خیال نکالنے کے لئے اداکاروں کا انتخاب کرتے وقت خاص طور پر اچھے عادات، اخلاق کے اشخاص کا لحاظ رکھا جائے۔ بعض نقادوں کے ملحوظ نظر "آرٹ" آرٹ کی خاطر ہے وہ ضرور اس طرز انتخاب کو دقیانوسی اور غیر ضروری بھی سمجھیں گے لیکن اگر حالات کا گہری نظروں سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ طریق کار کتنا اہم اور ضروری ہے۔ جب تک اس قسم کی کمپنیوں کی اخلاقی زندگی کا معیار بلند نہ ہوگا سنجیدہ اصحاب اس میں دلچسپی نہ لیں گے۔ اور اچھے کیریکٹر کے اداکار کبھی اپنے آپ کو اس زمرہ میں شامل نہیں کریں گے۔ اداکاری جب تک عوام کے ہاتھوں سے نکل کر صاحب ذوق، سنجیدہ، تعلیمیافتہ اور شریف طبقہ کے ہاتھوں میں نہیں پہنچ جائیگی اس کی پیشانی سے کلنک کا ٹیکہ دور نہ ہوگا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ممالک غیر میں ڈراما اسی وقت ترقی کر سکا جب کہ اس کے اداکاروں کی وقعت لوگوں کے دلوں میں آرٹسٹ کی حیثیت سے قائم ہوگئی۔ زمانہ قدیم ہی سے وہاں یہ پیشہ کبھی بدنام نہیں ہوا۔ اور اسٹیج پر آنے کیلئے کسی ایسے شخص نے جو اس کی صلاحیت رکھتا ہو کبھی پس و پیش نہیں کیا۔ اداکاروں کا وہی اعزاز کیا گیا جو دوسرے اعلیٰ درجہ کے پیشوں اور ان کے آرٹسٹ کو اسی طرح سراہا گیا جس طرح کہ دوسرے فنون کو اور پھر ان کی شخصیت کی بھی ویسی ہی وقعت کی گئی جیسی کہ کی جانی چاہیئے تھی۔ انگلستان کے تھیٹر کے مشہور اداکار آج تاریخ ادب انگریزی میں باقی ہیں۔ اور انکی سماجی حیثیت بھی اتنی ہی بلند تھی جتنی کہ ان کی فن کاری۔ اس کے برخلاف ہمارے ہاں اداکاروں کی سماجی حیثیت بیحد پست ہے اور اس کے وہ خود بڑی حد تک ذمہ دار ہیں۔ ان کی جہالت اور بد اخلاقی نے انھیں سوسائٹی میں کوئی درجہ حاصل نہیں کرنے دیا۔ یہ کوئی متعصبانہ بیان نہیں بلکہ امر واقعہ ہے کہ ہمارے نوجوان جو جہالت کی وجہ بدکاریوں کا شکار ہو جاتے اور جنہیں اپنے کرتوتوں کے سبب خود اپنے گھر میں رہنا دوبھر ہو جاتا ہے آوارہ گردی کے لئے سب سے پہلے اس قسم کے میدان تلاش کرتے ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سب اداکاروں نے اپنی فنی زندگیاں اسی طرح شروع کی ہیں بلکہ مجھے اس کا اقرار ہے کہ بعض صاحب ذوق افراد نے بڑے ایثار سے کام لیکر آرٹ کی خاطر اپنی جان جوکھوں میں ڈالی ہے مگر انکی تعداد بہت ہی کم ہے۔

بہرحال یہی وہ اسباب ہیں کہ جن کے سبب ہمارے اداکار بدنام ہیں۔ اور جب تک ان کا ازالہ نہ کیا جائیگا تھیٹریکل کمپنیوں کا دوبارہ قیام ناممکن ہو جائیگا۔ اور جیسا کہ میں اوپر کہہ چکا ہوں بغیر تھیٹریکل کمپنیوں کے اردو ڈراما کی ترقی ناممکن ہے۔

اسٹیج

ڈراما کی کامیابی کے لئے اسٹیج کی وسعت و ترقی نہایت ضروری ہے۔ اداکار کتنے ہی عمدہ ہوں اور ڈراما کیسا ہی اچھا ہو لیکن اگر اسٹیج ڈراما کی ساری ضرورتوں کیلئے ناکافی ہے اور اداکار اور ڈراما نگار کو ممکن سہولتیں بہم نہیں پہنچاتا تو ڈراما کی ناکامی یقینی ہے۔

سب سے پہلے اسٹیج کا وسیع ہونا ضروری ہے اتنا کہ اگر ضرورت ہو تو اس پر اسٹیج کا منظر پیش کیا جاسکے، لوگوں کی آمد و رفت

کا انتظام کیا جا سکے۔ اور جمع دکھایا جا سکے۔ ایک مشکل ڈراما کے دوران میں یہ پیش آتی ہے کہ ایک سین اور دوسرے سین کے درمیان جو وقفہ ہوتا ہے وہ تماشائیوں کو ناگوار گذرتا ہے لیکن اس وقفہ کے بغیر اسٹیج کا انتظام نہیں کیا جا سکتا اور دوسرے منظر کی ضروریات کی تکمیل ناممکن ہو جاتی ہے۔ اگر اسٹیج اتنا وسیع کیا جائے کہ ایک پردہ کے پیچھے دوسرا سین اور دوسرے پردہ کے پیچھے تیسرا سین قبل از قبل جما دیا جائے تو یہ مشکل ایک حد تک پوری ہو سکتی ہے، لیکن عملی طور پر یہ بجز بزدلی کچھ زیادہ کارآمد ثابت نہیں ہوئی کیونکہ پہلا سین تو یقیناً اسٹیج کے بالکل اگلے حصے پر ہوگا۔ لیکن دوسرا اس کے پیچھے اور تیسرا اس کے پیچھے اس طرح چھپے چھپے ہوئے سین اسٹیج کے اتنے اندرونی حصے میں ہوں گے کہ اوّل تو تماشائیوں کو مکالمہ سنائی نہ دے گا اور اگر بالفرض محترم الصوت کا انتظام ہو اور سنائی بھی دے تو اسٹیج کا اگلا حصّہ خالی رہ کر وہ بدنما منظر پیش کرے گا کہ جس کی کوئی انتہا نہیں اس لئے اس مشکل پر قابو پانے کیلئے دو طریقے رائج کئے گئے۔ ایک تو یہ کہ اسٹیج گھومنے والا بنایا گیا اور اتنا وسیع رکھا گیا کہ اس کے مختلف حصوں پر مختلف مناظر قبل از قبل بنا دیئے جاتے ہیں اور ایک منظر کے ختم ہونے پر اسٹیج گھما کر دوسرا منظر فوراً ہی پیش کر دیا جاتا ہے اور دوسرا طریقہ یہ کہ دو منزلہ اسٹیج بنایا گیا اور لفٹ کے انتظام کی طرح اس کے دونوں حصّے اوپر نیچے کئے جا سکتے ہیں۔ جب تک ایک منزل تماشائیوں کے روبرو رہے دوسری منزل پر سین تیار کر لیا جاتا ہے اور ضرورت کے وقت فوراً پہلے کو ہٹا کر دوسرے کو پیش کر دیا جاتا ہے۔

اسٹیج کی وسعت کے بعد منظر کی تکمیل ضروری ہے، لیکن اس سلسلہ میں اہم ترین ضرورت روشنی ہے۔ اسٹیج کی روشنی دراصل منظر اور فضا تیار کرنے کا سب سے بڑا آلہ ہے۔ نہ صرف رنگ برنگ کی روشنی اسٹیج پر تماشائیوں کی نظروں کی ذہانت کا انتظام کرتی ہیں بلکہ کمی اور زیادتی سے خاص تاثرات پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ روشنی نہ صرف حقائق کو واضح کرتی ہے بلکہ جذبات کی بھی نمائش کرتی ہے۔ اپنی روزمرہ کی زندگی میں کبھی آپ نے اس پر بھی غور کیا ہے کہ اگر صرف آپ کا کمرہ منور ہو اور باہر کی ساری فضا تاریک تو آپکے دل پر کیا گذرتی ہے؟ یا اس کے برخلاف آپکے کمرے میں اندھیرا ہو اور ساری آس پاس کی فضا منور تو جذبات کا رُخ کس طرح بدلتا ہے؟ ساری کی ساری فضا تاریک ہو ایسی کہ ہاتھ کو ہاتھ نہیں سُجھائی دیتا اور ایسے میں کبھی کبھی روشنی کی ایک آدھ جھلک پیدا ہو جاتی ہو تو آپ کے دل میں کس قسم کے خیالات موج زن ہوتے ہیں۔ بجلی کے لٹکے ہوئے قمقمے شدتِ باد کی وجہ سے جب ہلنے لگتے ہیں اور ان کا سایہ دیوار پر متحرک ہوتا ہے تو آپ کا دل کیوں لرزتا ہے؟ اچھی خاصی روشن فضا جب یکلخت تاریک ہو جاتی ہے تو آپ کے منہ سے کیوں ہلکی چیخ نکل جاتی ہے جب تیز روشنی آنکھوں کو چُندھیا دیتی ہے تو آپ کے چہرے پر کیا آثار رونما ہوتے ہیں؟ روشنی ناکافی ہو اور مقام دیکھا بھالا نہ ہو تو کیوں آپ ٹٹول کر چلتے اور پھونک پھونک کر قدم رکھتے ہیں؟ ہلکی روشنی میں جب سایہ پھیلتا ہے تو کیوں ایک ڈراؤنا منظر پیش کرتا ہے؟ یہ سب روشنی کے سحر فریب کارنامے ہیں جن کو آسانی کے ساتھ اسٹیج پر پیش کر کے حسب خواہش اثرات پیدا کئے جا سکتے ہیں۔

پیش کنندہ ڈراما کی ترقی کے لئے پیش کنندہ (producer) کا وجود ضروری ہے۔ اس کی غیر موجودگی میں ڈراما نگار کیلئے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے ڈرامے کو خود اسٹیج کرائے اور یہ ایسا ہی بے معنی ہے جیسا کہ مصنف کا اپنی کتاب خود شائع کروانا۔ ساری دُنیا میں مصنفین اور مؤلفین کے ساتھ ساتھ پبلشرز کا وجود بھی ترقی کرتا گیا ہے اور ان دونوں کا تعلق چولی دامن کا سا ہو گیا ہے ایسا کہ ایک کے بغیر دوسرا بے سہارے ہو جاتا ہے۔ مگر خدا بھلا کرے ہماری زبان کا کہ مصنفین اور مؤلفین کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باوجود پبلشرز کا فقدان ہے۔ ایک آدھ جو ہیں بھی برائے نام تو انہیں سوائے مصنف اور مؤلف کو لوٹنے، ستانے اور پست ہمت کرنے کے اور کچھ نہیں آتا۔ بالکل یہی حال ڈراما کا ہے، اور چونکہ ہماری زبان میں ڈراما کی صنف ہی کمزور ہے اور ڈراما نگار کم ہیں اس لئے اس خصوص میں اس کی حالت اور زیادہ خراب ہے۔ پیش کنندہ کا وجود سرے سے ہی نہیں۔ یا تو ڈراما تھیٹریکل کمپنی کے سپرد کرنا پڑتا ہے یا خود مصنف کو اسٹیج کرانا۔ تھیٹریکل کمپنیاں اب تو اس حالت میں ہیں کہ ان کا رہنا اور نہ رہنا دونوں یکساں ہیں لیکن جب ان کی حالت قابل لحاظ تھی تو وہ بجائے ڈراما خریدنے کے ڈراما نگار کو خرید لیتی تھیں۔ ڈراما پیش کرنے کا یہ عجیب و غریب

طریقہ تھا۔ ڈراما نگار کمپنی کا ملازم ہوکر اس کا آلۂ کار بن جاتا تھا اور اپنی شخصیت کو اس میں فنا کر دیتا تھا۔ اس نقص کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج اگر ہم ڈرامہ نگاروں کی تصانیف کا شمار کرنا چاہیں تو ہمارے لئے یہ ناممکن ہو جاتا ہے کیونکہ کمپنی میں ڈرامہ نگار کو کسی حیثیت سے بھی اہمیت دی ہی نہ جاتی تھی۔ اور اسی وجہ سے نہ عوام کو اور نہ خواص کو اس کا علم ہو سکا کہ کون سا ڈرامہ کس کا لکھا ہوا تھا۔ اگر ڈرامہ نگار خود اپنا ڈرامہ پیش کرتا ہے تو اس کو اتنی مشکلیں پیش آتی ہیں کہ بیان سے باہر اور جس نے بھی کبھی اس کا ایک دفعہ تجربہ کیا ہے دوبارہ ہمت کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا۔

ذریعہ معاش

آج کل دُنیا میں ایسے خدا رسیدہ کم ہیں جو علم کو علم کی خاطر، فن کو فن کی خاطر اور پیشے کو خدمت کی خاطر حاصل کرتے ہیں۔ اب ہر شخص زندہ رہنے کا حق چاہتا ہے اور نہ صرف حق بلکہ اس کی ضروریات بھی اور اس سلسلے میں علم، فن اور پیشہ کی مدد سے وہ زندگی کی ضروریات حاصل کرتا ہے۔ پیشہ کوئی ادنیٰ و اعلیٰ نہیں ہے علم و فن میں کوئی بزرگی اور برتری کا سوال نہیں ہے۔ ہر علم علم ہے، ہر فن فن، اور ہر پیشہ پیشہ۔

کسی زمانہ میں بچوں کو پڑھا کر روپیہ کمانا بد اخلاقی اور معیوب سمجھا جاتا تھا۔ محض اس خیال سے کہ درس و تدریس خدمتِ خلق ہے اور اس سے فائدہ حاصل کرنا نازیبا۔ اسی طرح تصنیف یا تالیف کو فروخت کرنا اخلاقی جُرم سمجھا جاتا تھا مگر رفتہ رفتہ معاشی تقسیم نے پیشوں اور آمدنی کے ذرائع میں وسعت پیدا کر دی اور اب ترقی یافتہ ممالک میں ادبیات کی ہر ہر صنف میں پیشہ ورانہ تخصیص آپ کو نظر آئیگی۔ کوئی ناول نگاری پر گذر کرتا ہے، کوئی شاعری کو ذریعہ آمدنی بناتا ہے اور کوئی ڈرامہ نگاری پر تکیہ کرتا ہے۔ تھیٹر کے فن کو بھی مختلف پیشوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے کوئی پیش کنندہ ہے، کوئی ڈرامہ نگار، کوئی نقیٹہ کا منیجر، کوئی اداکار، کوئی تنقید نگار، کوئی بہروپ بدلنے والا، کوئی اداآموز، کوئی روشنی کا انتظام کرنے والا، کوئی لباس تیار کرنے والا۔ کوئی اسٹیج کی زینت کا خیال کرنیوالا وغیرہ وغیرہ۔ اس تقسیم سے منجملہ اور فائدوں کے ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ متعدد افراد کی اس سلسلہ میں کھپت ہو جاتی ہے اور تقسیم معاش کے ساتھ ساتھ روزگار حاصل کرنیکا میدان زیادہ وسیع ہو جاتا ہے۔ چونکہ روزگار کا سوال دورِ جدید کا سب سے اہم سوال ہے اس لئے جب تک ہمارے ڈراما کو ذریعہ معاش قرار نہیں دیا جائیگا اس کی ترقی ناممکن ہے۔

ادبیات میں یہ ضروری نہیں کہ انسان اپنا پورا وقت اسی کی نذر کر دے بلکہ وہ اپنے دوسرے مستقل پیشے سے بچا ہوا وقت اس پر صرف کر کے اپنی محدود آمدنی میں اضافہ کر سکتا ہے۔ ایسے افراد جن کی آمدنی کم ہے اور جنھیں اس کا شوق و ذوق ہے وہ اپنے آپ کو بیک وقت مشغول بھی رکھ سکتے ہیں اور آمدنی میں اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔ اس طرح سے ایک طرف ادبیات کے ذخیرے میں اضافہ ہوگا اور دوسری طرف آمدنی کے ذرائع بھی وسیع ہونگے ہمارے ملک میں اس طریقہ کار کی زیادہ ضرورت اس وجہ سے بھی ہے کہ عام طور پر ہماری آمدنی کم، محدود اور ناکافی ہے، اور پھر ہمارے ادبیات کی کوئی صنف بطور پیشہ اختیار نہیں کی جاتی اسلئے ضروری ہے کہ اس طرح مصنفین اور مؤلفین کے لئے کاروباری میدان مہیا کیا جائے گو کہ ہم پورے طور پر اس بات پر زور دیتے ہیں کہ ادبیات کی ہر صنف کو ہمارے مصنفین اور مؤلفین مستقل طور پر پیشہ بنائیں اور اپنا پورا وقت اس پر صرف کر لیں تاکہ ہمارا ادب ایسے دماغوں کی پیداوار سے مسلسل مالا مال ہوتا رہے جو اس کی صلاحیت بدرجۂ اتم رکھتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ ہم یہ دوسرا طریقہ کار بھی ان افراد کے لئے فائدمند سمجھتے ہیں جو ادبیات کیلئے اپنا پورا وقت نہیں دے سکتے۔

ہمارے یہاں طلبا کی ایک بڑی تعداد اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے شوق میں اپنی عمر کا بہترین حصہ جامعات میں گذارتی ہے اور اس زمانہ میں یہ جماعت اپنے طور پر کسی قسم کی آمدنی، ذریعہ معاش یا معاوضہ کا کوئی انتظام نہیں کرتی بلکہ ہمیشہ اپنے والدین، عزیز و اقارب اور سرپرستوں کی جیبوں پر بار ڈالتی ہے۔ حالانکہ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ انھیں اکثر و بیشتر آمدنی کے مواقع ہاتھ آسکتے ہیں مگر وہ توجہ نہیں کرتے یعنطیلات میں جبکہ جامعات بند رہتی ہیں اس قسم کے مواقع ہمیشہ ملتے ہیں مگر اس کو لہو و لعب میں گذار دیا جاتا ہے یا پھر کالج کے اوقات کے بعد بھی اگر مستعدی سے کام لیا جائے تو تھوڑا بہت وقت کسبِ معاش کیلئے بھی نکل آتا ہے۔ والدین اپنے لڑکوں کی تعلیم کے معاملہ میں جو زیر بار ہو رہے ہیں اور عام طور پر جو

شکایت سننے میں آتی ہیں کہ اولاد کی تعلیم میں والدین کا روپیہ بیکار گیا محض اسی کوشش اور کاہلی کے نتائج ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں نہ صرف لڑکے بلکہ لڑکیاں بھی سیانی ہونے کے بعد اپنے پاؤں پر آپ کھڑی ہونیکی کامیاب کوشش کرتی ہیں اور اپنا زیادہ بار طلبا خود ہی برداشت کر لیتے ہیں۔ میں یہاں ادبیات کی دوسری اصناف کا ذکر نہیں کرونگا بلکہ صرف ڈراما کا۔ اگر کالج کے طلبا تھیٹر اور ڈرامامیں گہری دلچسپی لینا شروع کریں اور اپنی فرصت کے لمحات معاوضہ لیکر اس کے مختلف شعبو نہیں کام کریں تو یقیناً انھیں کافی مالی امداد کا ایک ذریعہ ہاتھ آئیگا اور ساتھ ہی ساتھ تعلیمیافتہ جماعت کی تائید تھیٹر کو حاصل ہوجائے گی۔ اور ڈراما ترقی کرے گا۔

شوقیہ انجمنیں

ڈراما کی ترقی کیلئے نہ صرف پیشہ ور اور تھیٹریکل کمپنیوں کی ضرورت ہے بلکہ شوقیہ (Amateur) انجمنوں کی بھی ضرورت ہے تعلیمی ادارے درس گاہ، مدرسے اور ادبی ادارے نہایت آسانی کے ساتھ شوقیہ ڈرامائی انجمن قائم کرسکتے ہیں اور جب تک اس قسم کے ادارے ڈراما کی نروریج میں حصہ نہ لیں گے ڈراما کا شوق ملک کے عرض و طول میں نہیں پھیل سکتا۔ چونکہ ڈراما تعلیمی حیثیت سے نہایت مفید ہے اور اس کی افادیت میں اب کسی کو کلام نہیں رہا اسلئے ہر تعلیمی ادارے میں شوقیہ ڈرامائی انجمنوں کا قیام لازمی ہے۔ دراصل یہی ادارے گہوارہ ہوتے ہیں جہاں ڈراما کا ذوق و شوق پرورش پاتا اور بڑھتا ہے۔ زندگی کے ابتدائی مراحل میں جب طلبا اس کے فوائد سے آگاہ ہوجاتے ہیں تو آئندہ چل کر انھیں اس کو پھیلانے میں بڑی سہولتیں ہوتی ہیں۔

شوقیہ ڈرامائی انجمن نہ صرف تعلیمی اداروں میں ہونی چاہئیں بلکہ غیر تعلیمی اداروں کو بھی اس کی سرپرستی کرنی چاہئے۔ جس طرح سے لوگ شام کا وقت مختلف مصروفیات میں گذارتے ہیں اسی طرح اس قسم کی شوقیہ انجمنوں کا کام ہے کہ وہ عوام کی وقت گذاری اور دماغی تفریح کیلئے ڈرامائی دلچسپیاں مہیا کریں۔ فارغ التحصیل اصحاب جو مختلف پیشوں میں مستقل طور پر زندگیاں گذار رہے ہیں شام کے وقت تفریح کیلئے بے چین رہتے ہیں ابھی ہمارے ملک میں اتنے کلب نہیں ہوئے کہ ہر طبقہ اور ہر مذاق کے لوگ اور وہ بھی سب کے سب ان میں سماجائیں اس لئے وہ لوگ جو کلب نہیں جاتے دوسری شغولیت اور مصروفیت ڈھونڈتے ہیں۔ ایسے موقع پر اگر شوقیہ ڈرامائی انجمنوں کا قیام عمل میں آئے تو یقیناً بہت سے افراد اس کی طرف کھنچے آئیں گے۔

شوقیہ انجمنوں سے ایک فائدہ یہ بھی ہوتا ہے کہ ان میں وہ بُرائیاں جو پیشہ ور اور کمپنیوں میں پیدا ہوجاتی ہیں ظاہر نہیں ہوتیں۔ پیشہ ور اداکار شوق سے زیادہ روپیہ کمانے کی خاطر اداکاری کرتے ہیں۔ پیشہ ور ڈرامہ نگار جیب بھرنے کیلئے جلد سے جلد ڈرامے لکھتا ہے۔ پیشہ ور نقاد اس انداز سے تبصرہ کرتا ہے کہ اُسے زیادہ سے زیادہ روپیہ ملے، پیشہ ور پیش کنندہ ایسا ہی ڈرامہ پسند کرتا ہے جس کی نمائش سے اس کو زیادہ سے زیادہ آمدنی ہو۔ غرض یہ کہ ہر شعبہ میں پیشہ ور فن کو فن کی خاطر اور فطری دلچسپی کے لحاظ سے پیش نہیں کرتا بلکہ پیشہ ور انہ طمع و حرص اسمیں داخل ہوجاتی ہے۔ برخلاف اس کے شوقیہ انجمیں چونکہ روپیہ کمانیکا خیال ہی نہیں کرتیں اور محض اپنے ذوق وشوق کی نمائش کرتی ہیں اس لئے اس میں یہ کاروباری عنصر شامل نہیں ہوتا۔ اس لحاظ سے ڈراما کی ترقی کیلئے شوقیہ انجمنوں کا قیام از بس ضروری ہے۔

بچوں کا تھیٹر

چونکہ تھیٹر کو آلۂ تعلیم بنایا جاسکتا ہے اس لئے بچوں کے تھیٹر کی ضرورت ناقابل انکار ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ بچوں میں نقالی کا شوق بہ نسبت عمر رسیدہ اصحاب کے زیادہ ہوتا ہے اور یہ بھی ایک حد تک صحیح ہے کہ نقالی کا مادہ بچوں میں فطرتاً ہوتا ہے اور جس عمدگی اور سہولت کے ساتھ وہ اداکاری سیکھتے ہیں دوسرے نہیں سیکھتے۔ اس کے علاوہ اداکاری اور نقالی سے وہ جتنا اثر لیتے ہیں ہر شخص جانتا ہے۔

موجودہ تعلیمی رجحان یہ ہے کہ بچوں کو اُن کی طبیعت کی اُفتاد پر چھوڑ دیا جائے اور اسی مناسبت سے طریقہ تعلیم مرتب کیا جائے تاکہ وہ اپنے ذوق وشوق کی مطابقت میں اپنی ذہنی نشوونما کی تکمیل کرسکیں۔ فروبل کا کنڈرگارٹن، اور منٹسوری کے کھلونوں کی مقبولیت اسی اصول کی وجہ سے ہوئی۔ ایسے حالات میں چونکہ تھیٹر میں بچہ فطری طور پر دلچسپی لیتا ہے اس لئے اس کے لئے خاص انتظامات نہ صرف نازیبا نہیں ہوں گے بلکہ بڑی حد تک ضروری۔ جس طرح بچوں کی تعلیم میں ریڈیو شامل کرلیا گیا ہے اور اس سے

تعلیمی فوائد مرتب کئے جا رہے ہیں اسی طرح ضرورت ہے کہ بچوں کے تھیٹر کا قیام بھی عمل میں آئے۔ اور اس کا انتظام اتنے وسیع پیمانہ پر کیا جائے کہ ہر مدرسہ کی عمارت میں تھیٹر داخل ہو۔

چونکہ فنونِ لطیفہ کا مذاق آج کل کی جدید تعلیم میں بچوں کے دلوں میں ابتدا ہی سے پیدا کیا جاتا ہے اور اسی سلسلہ میں موسیقی، مصوری وغیرہ کو خاص اہمیت دی جاتی ہے اسی لئے تھیٹر جو کہ فنونِ لطیفہ کا اچھا مرکز ہے مدرسہ کی زندگی کا اہم جزو بن جاتا ہے۔ طلبا یہاں ایک طرف موسیقی وغیرہ کی مشق کر سکتے ہیں اور دوسری طرف تعلیمی غرض و غائت کے مدِ نظر لکھے ہوئے ڈرامے اسٹیج کر کے تعلیمی استفادہ کر سکتے ہیں۔ روس میں اس قسم کے تھیٹر کی نہ صرف بہتات ہے۔ بلکہ اس کو روز افزوں نئے نئے طریقوں سے ترقی دینے کے منصوبے سوچے جا رہے ہیں اور یہ سب کچھ طلبا ہی کے حلقہ سے ہوتا ہے کیونکہ وہی اپنی ضروریات کا اچھا اندازہ کر سکتے ہیں اور کافی تجربہ بھی حاصل کرتے ہیں۔ اونچی جماعتوں کے طلبا نہ صرف اسٹیج کا انتظام کرتے ہیں ضروریات مہیا کرنے میں سہولت بہم پہنچاتے ہیں بلکہ اداکار تک تیار کرتے ہیں اور طریقہ اداکاری سکھاتے ہیں۔ اکثر دفعہ ان چھوٹے چھوٹے تھیٹروں میں دنیا کے بڑے بڑے مصلحانِ تعلیم کے ڈرامے پیش کئے جاتے ہیں اور بعض دفعہ یہیں کے طلبا کے لکھے ہوئے۔ بچوں کے تھیٹر کا خیال نہ صرف روس میں ترقی کر چکا ہے بلکہ یورپ اور بالخصوص انگلستان نے بھی اس کی اہمیت کا اندازہ کر لیا ہے۔

حسنِ اتفاق سے ہمارے ملک میں آجکل تعلیمی اداروں کی از سرِ نو تنظیم قومی نقطۂ نظر سے عمل میں آ رہی ہے اور ہر صوبہ میں تعلیمی سہولتیں بہم پہنچانے کا معقول انتظام کیا جا رہا ہے، ایسے میں اگر بچوں کے تھیٹر کا انتظام بھی درسگاہوں میں ہو جائے تو کتنا موزوں ہے۔ ضرورت ہے کہ ہمارے مصلحانِ تعلیم اور عہدہ دارانِ محکمہ اس خصوص میں غور کریں۔

دیہاتی تھیٹر آج بھی ہم دیہات میں دیکھتے ہیں کہ "رام لیلا" کا کھیل یا مہابھارت کا تماشا کبھی کبھار ہوتا رہتا ہے اور عوام اتنی دلچسپی لیتے ہیں کہ بغیر کسی سہولت کے وہ اپنا کام کاج چھوڑ کر گھنٹوں یہ تماشا دیکھا کرتے ہیں لیکن اب یہ کھیل تماشے روز بروز کم ہوتے جا رہے ہیں۔ ضرورت ہے کہ ان کے تنِ بے جان میں نئی زندگی کے آثار پیدا کئے جائیں۔ دیہات میں تھیٹروں کا قیام اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ شہروں میں۔ ان تھیٹروں سے دیہات سدھار اور تعلیم بالغان کا کام آسانی سے لیا جا سکتا ہے۔ اور لیا جانا چاہئے۔ دیہات میں چونکہ شہری زندگی کے مواقع حاصل نہیں ہوتے اور شہری رجحانات کا انہیں کوئی عملی رخ نظر نہیں آتا اسلئے ضروری ہے کہ تھیٹر کے ذریعہ انہیں اس سے روشناس کرایا جائے۔ اسکے علاوہ دیہات میں چونکہ زراعتی اور صنعتی تعلیم کے سوا فنونِ لطیفہ کی تعلیم کا انتظام کم ہوتا ہے اسلئے تھیٹروں کے قیام کے ذریعہ اس کمی کو پورا کرنا ضروری ہے۔

ڈرامائی تنقید ڈراما صحیح معنوں میں اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک کہ فنی اور بے لاگ تنقید کا مذاق ملک میں عام نہ ہو جائے۔ اس کیلئے جہاں ڈراموں کی بہتات کی ضرورت ہے وہاں ڈرامائی فن کے موضوع پر عمدہ کتابوں کی اشاعت بھی لازمی ہے۔ ہماری زبان میں نہ ڈرامے ہی ہیں اور نہ ڈراموں پر تنقیدی ادب۔

کتابوں کے علاوہ تنقیدی ادب رسالوں اور اخباروں کے ذریعہ سے بھی پیدا کیا جا سکتا ہے۔ اصول اور فن کی صحیح ترویج اس طریقہ سے بھی کی جا سکتی ہے۔ ڈراما اور تھیٹر کی غلط کاریوں پر ٹوکا جا سکتا ہے اور انھیں صحیح راستہ پر لگا کر ضروریات اور لوازمات کی تکمیل کی جا سکتی ہے۔ صحیح اصول اور فن سے واقف کرانے کی اس وقت اس وجہ سے ضرورت ہے کہ عام طور پر ملک میں ڈراما اور تھیٹر کے متعلق بہت سی غلط فہمیاں پھیل گئی ہیں اور وہ ایسی باتوں میں ہے جہاں کہ اس کو ترقی کے ذرائع مہیا نہیں کئے جا سکتے۔

فلمی ڈرامے متحرک فلموں نے اوّل ہی سے تھیٹر کی رونق گھٹا دی تھی لیکن جوں ہی بولتے فلم میدان میں آئے تھیٹر کا کاروبار بالکل ہی سرد پڑ گیا۔ اس لئے اب ڈراما کی سرپرستی کے لئے لے دے کر ایک ہی جگہ رہ گئی ہے اور وہ فلم کمپنیاں ہیں اور ان کا یہ حال ہے کہ خدا کی پناہ۔ جس طرح یہاں ڈراما کا خون ہو رہا ہے شاید ہی کہیں اور ہوا ہو۔ انھوں نے یہ عجیب و غریب ریکارڈ قائم کیا کہ آج تک کوئی ایک بھی ایسا ڈراما پیش نہیں کیا جو اصول اور فنی نقطۂ نظر سے بے عیب سمجھا جا سکے کیا بہ لحاظ افسانہ، کیا بلحاظ سیرت نگاری اور کیا بلحاظ مکالمہ کوئی اچھا ڈراما پیش نہیں کیا۔ اس کا سبب صرف یہ ہے کہ فلم کمپنیوں میں کوئی بھی ایسا ڈراما نگار نہیں ہے جو اصول اور فن کے ساتھ ساتھ زبان اور ادبیات پر بھی قدرت رکھتا ہو۔ ہماری فلم کمپنیاں

اپنا روپیہ صرف حسین طوائفوں پر صرف کرتی ہیں اور انھیں کسی اور ضرورت کا احساس نہیں ہوتا لیکن اگر ڈراما کو اس ملک میں ترقی کرنا ہے تو ڈراما سے دلچسپی رکھنے والوں کا فرض ہے کہ وہ ظم کمپنیوں کے اس طریقۂ کار پر صدائے احتجاج بلند کریں اور اس بات پر انھیں مجبور کریں کہ وہ ڈراما کی ترقی میں ان کا ہاتھ بٹائیں۔

انجمنوں کا قیام

ملک کے طول و عرض میں ڈراما سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب تفصیلی دورہ کریں۔ اور مختلف صوبوں کے شہروں اور گاؤں میں ذیلی اور مرکزی انجمنیں قائم کریں۔ انجمنوں کے قیام اور ان کے الحاق سے بڑا فائدہ یہ حاصل ہو سکے گا کہ ایک دوسرے کی وقتِ ضرورت مدد کر سکیں گے۔ ورنہ انفرادی کوششوں کے بار آور ہونے کے امکانات کچھ زیادہ نظر نہیں آتے۔

سید بادشاہ حسین
(حیدر آبادی)

حُسن

تو پیچ و خم ہے کاکل میں — تو رنگِ شگفتہ ہے گل میں
تو کیف ہے چشمِ ساقی میں — تو سوز ہے نغمۂ بلبل میں
تو ناز و کرشمہ خوباں میں
تو نشہ ہے ذوقِ رندان میں

اللہ ری خود بینی تیری — خود مست ہوئی رنگینی تیری
منکر نہیں جس کے دنیا میں — وہ دین ہے بیدینی تیری
جی بسکہ لبھا لیتا ہے تو
دُنیا کو بھلا دیتا ہے تو

تو نور بنا ستاروں میں — تو رنگ بنا گلزاروں میں
گھنگھور گھٹائیں جب چھائیں — تو کیف بنا میخواروں میں
تو ساقی بھی میخانہ بھی
تو مے بھی اور پیمانہ بھی

ہے پھولوں کی رعنائی میں تو — معشوق کی ہی انگڑائی میں تو
پھولوں میں نہاں ہے بو تیری — ہے صحرا کی تنہائی میں تو
تو سوز میں ہی تو ساز میں ہی
تو درد بھری آواز میں ہی

تو داغِ محبت لالے میں — تو سوز ہے دل کے چھالے میں
نظارۂ کیف افزا ہے تو — ہر چشم کو مہ کے ہالے میں
گھنگھور گھٹا کی جان ہی تو
دل والوں کا ایمان ہی تو

تو کاہکشاں کا جوبن ہے — تو قمری کا طوقِ گردن ہی
تو آرائش ہی رُخساروں کی — تو شعلۂ وادیٔ ایمن ہے
یہ تو تھا مجنوں کے دل میں
یا لیلیٰ دل کے محمل میں

گلشن میں گلریزی تیری — کلیوں میں دلاویزی تیری
ہر پھول کا دامن رنگیں ہے — اے حُسن یہ خوں ریزی تیری
کیوں تجھ سے نہ ہو اُلفت مجھکو
اس شوخ سے ہی رشتہ تجھکو

نیاز قدوائی

قلعۂ معلّٰی کی ایک جھلک

زینت محل ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ کی بڑی چاہیتی ملکہ تھیں۔ گو پاچراغ سلطنت کے شعلۂ محبت کی آخری بھڑک تھی۔ بڑے راؤ چاؤ تھے۔ ایک مرتبہ ان کا پنڈا ذرا پھیکا پھیکا ہوگیا اب کیا تھا قلعہ میں اِدھر سے اُدھر تک یہ کانا پھوسی ہونے لگی۔ قلاقنیاں۔ اُڑدا بیگنیاں جسولنیاں مُنہ بنائے ہوئے دوڑنے لگیں۔ جہاں پناہ کو اطلاع ہوئی۔ ہوادار حاضر ہوا۔ محل میں مزاج پُرسی کی تیاریاں ہوگئیں.... شہزادیاں۔ سلاطین زادیاں جوڑے بدل بدل کر عیادت کو روانہ ہوئیں۔ ہر ایک کی خواہش یہ تھی کہ پہلے میں پہنچوں تاکہ حضور کی خوشنودی کا باعث ہو۔ چوبدار حکیم احسن اللہ خاں کو بلانے دوڑے۔ شہر میں خبر پہنچی تو اُمرا کی بیگمات اور نواب زادیاں پینسوں میں بیٹھ بیٹھ کر روانہ ہوئیں۔ گھنٹہ بھر نہیں گذرا تھا کہ بادشاہ بیگم کا محل مہمانوں سے بھر گیا۔ اتنے میں ڈیوڑھی کے باہر نقیبوں چوبداروں نے آواز لگائی۔ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللہ رسول کی امان۔ دوست شاد دشمن پائمال۔ بلائیں رد۔" کہاروں سے فوراً ہوادار شاہی کہاریوں نے اپنے کندھوں پر لے لیا۔ پھر چوبدار پکارے "خبردار" اندر سے خبولنیوں نے جواب دیا "اللہ رسول خبردار رہے" بادشاہ سلامت محل میں پہنچے۔ مُنہ ہی مُنہ میں دعائیں پڑھتے ہوئے ہوادار سے اُترے "دُور دُور بیگمات کے پرے تھے۔ سلام لیتے ہوئے زینت محل صاحبہ کی سکھ سیج کے پاس پہونچے۔ وہ دوشالہ تانے خاموش آرام کر رہی تھیں بیگس رانی ہو رہی تھی۔ جہاں پناہ کو دیکھتے ہی مُنہ کے لیلے اُٹھنا چاہا حضور نے اُن کے ماتھے پر ہاتھ رکھا اور فرمایا "مزاج معاف" آٹھے میں ہلکان ہوگئی۔ افوہ! واقعی طبیعت بدمزہ ہے۔ اماحکیم احسان اللہ ابھی تک نہیں آئی؟" جولبتی نے عرض کیا "مہابلی حکیم صاحب تو کب کے درِ دولت پر حاضر ہیں۔" "اماتو بلاؤ۔ دیر کاہے کی ہے" پردہ ہوا۔ قناتیں لگ گئیں یکہ سیج کے آگے شفق کھڑی کردی گئی۔ حکیم صاحب آئے۔ جُھک جُھک تسلیمیں کیں۔ مؤدب بیٹھے۔ نبض دیکھی۔ نسخہ تجویز ہوا حضور نے ملاحظہ فرمایا۔ اشارہ ہوا کہ ابھی حکیم صاحب کی نگرانی میں تیار ہو کر پیش ہو۔

حکیم صاحب کے جانے کے بعد بادشاہ سلامت مسند پر جلوہ افروز ہوئے۔ پیچوان لگا دیا گیا۔ بیگم کی خواص خاص نے خاصدان پیش کیا۔ جس میں سونے چاندی کے ورق لگی ہوئی گلوریاں تھیں۔ محو تخیل ہونے لگا۔ شاہزادیاں اپنے اپنے قرینے سے بیٹھ گئیں۔ لیکن حضور خاموش تھے کہ سامنے سے "اللہ شافی اللہ کافی کی صدا آئی۔ دو قلماقنیاں آگے آگے۔ پیچھے مہری کے سر پر ایک خوان کمخواب کے توڑہ پوش سے ڈھکا ہوا۔ عرض بیگی نے دعا دیکر عرض کیا "جام صحت" حاضر ہے۔ حکم ہوا ملاحظہ میں لاؤ۔ توڑہ پوش ہٹا کر کسے کی مہر توڑی۔ خوان پوش ہٹایا تو بلوریں پیالے میں ٹھنڈائی تھی اور زہر مہرہ کی پیالی میں۔ نمیرہ مروارید۔ بادشاہ نے آیاتِ شفا دم کر کے اپنے دستِ مبارک سے پہلے خمیرہ کی پیالی بیگم صاحبہ کو دی پھر ٹھنڈائی کا پیالہ اور فرمایا "بیگم احسن اللہ کا ہاتھ بہت ہلکا ہے۔ خدا چاہے تو ابھی جی، حال ہوا جاتا ہے۔"

دوا کی تاثیر اور سلطانی عنایات چند ہی منٹ میں علیٰ حضرت کے چہرہ کا تکدر جاتا رہا۔ مسکراتی ہوئی اٹھ بیٹھیں۔ محل میں امی جمی ہوگئی سب کے مُنہ پر جو قفل سے لگے ہوئے تھے کھل گئے۔ مبارک سلامت کا شور مچ گیا۔ باہر شادیانے بجنے لگے۔ اندر ڈومنیاں۔ مراثنیں "جم جم راحت بنت صحت۔ بادشاہ سلامت" گانے لگیں۔ ہر طرف چہچہے تھے اور قہقہے۔ حضور طمن ہو کر تشریف لے جانا ہی چاہتے تھے کہ زینت محل صاحبہ نے دست بستہ عرض کیا "حضور نے جہاں اتنا کرم کیا ہے خاصہ بھی آج اس کھنڈ خانہ ہی میں اُلٹ فرمالیں تو زہے نصیب۔ لونڈی بھی جہاں پناہ کے تصدق میں دو چار لقمے کھا لیگی۔" ارشاد ہوا "کیا مضائقہ ہے تمہاری خاطر سے ہمیں عذر نہیں۔"

حکم ہوتے ہی لونڈی باندیاں۔ پیش خدمتیں۔ بجاولنیں اہتمام میں مصروف ہوگئیں۔ دسترخوان بچھایا گیا۔ کھانے چُننے جانے لگے۔ بادشاہ کی دعوت اور زینت محل صاحبہ کے ہاں کا خاصہ۔ شان ہی نرالی تھی۔ رنگ برنگ کی روٹیاں شیرمال۔ باقرخانی۔ کلچہ۔ گاؤدیدہ۔ گاؤزبان۔ خوص روٹی۔ نان پنبہ۔ نان تنکی۔ نان نمکدانہ۔ نان نمکش۔ قسم قسم کے میٹھے اور نمکین چاول۔ مزعفر متنجن۔ زردہ۔ شش رنگا۔ چوگنی کے چاول بیکتی پلاؤ۔ کوفتہ پلاؤ۔ نورمحلی سوتی پلاؤ۔ نرگس پلاؤ۔ ماہی پلاؤ۔ رشتہ پلاؤ۔ یاقوتی۔ دودھ کا دلمہ۔ ماہی بے آب۔ بادام کا

فلیہ۔ قورمہ۔ شامی کباب۔ ماہی کباب۔ مرغ کے کباب۔ شاہی قلیہ۔ حسینی کباب۔ یخنی کباب۔ سیخی۔ بادشاہ پسند دال وغیرہ وغیرہ طرح طرح کے اچار مربے۔ حلوے۔ میٹھائیاں عرضکہ خاصا کیا انگا چین ہندی کی تھی۔

کھانے سے فراغت پاکر حضور تو محل سرائے معلّٰے کو تشریف لیگئے اور یہاں بیگمات اور شہزادیاں گاؤ تکیوں سے لگ کر بیٹھ گئیں۔ اِدھر سے تو بھی ہوئی سُریلی آوازوں سے ہلکنا شروع کیا۔ غزلوں ٹھمریوں۔ ٹپوں۔ خیالوں کی فرمائشیں ہونے لگیں۔ نوجوان نوجوان بیساتنیں بڑے بڑے استادوں سے تعلیم پائے ہوئے۔ ٹپہ گایا تو شوری کی روح کو شرما دیا۔ ٹھمری شروع کی تو حسینی پیا۔ سندیپیا پھل رنگ وسنت رنگ۔ سدا رنگ اور قدر کو وہی مات کر دیا۔ غزل چھیڑی یا قوالی کی دُھن باندھی تو استاد تان رس خاں کی پوری نقل اتار دی۔

اپنے اپنے میل جول کی بیگمات الگ الگ بیٹھی باتیں کر رہی تھیں۔ کہیں شہزادیوں کی بولی ٹھولی کا مزہ آرہا تھا تو کہیں اُمراء کی خواتین کی گفتگو کے لطف تھے۔ عجب بہار تھی۔ زینت محل صاحبہ صدر میں بیٹھی کبھی قلعہ والوں کی باتوں پر مسکرا دیتی تھیں تو کبھی شہر والیوں کے محاورات پر بیگانہ وار ہنسنے لگتی تھیں۔

بدچلنیں ذمانی۔ نوج۔ ایسا بھی کسی کا خون ہلکا ہو۔ سُنا ہے کہ شاموں شام حمام کر کے دھانی جوڑا پہن کر کھلے بالوں مہتاب باغ میں چلی گئی تھیں دُردانہ چغل نے کہیں ٹوک دیا۔ بس اسی وقت سے دشمنوں بُرا چاہنے والوں کا منہ تمتما گیا۔

ارجمند بانو۔ موئی کو تھنڈک کاری کے حوالے نہیں کیا۔ ایسی سبز قدم خواصی کے لائق ہے۔

مہ افروز۔ میسّے ہاں بھی مُرشد زادے خدا جانے کہاں سے ایک پھل پانی کو پکڑ لائے تھے۔ بگوڑی صورت حرام۔ بگل چین نام رکھ کر بھی میں تو پچھتائی۔ مُردار اوپری کا سایہ بن گئی۔ نظر بھی کہ بلا جس کو کھاتے دیکھ لیا بس زمین دیکھنی پڑی۔ آخر میں نے تو اُسے کھڑے کھڑے نکالا۔ کالا منہ ایسی شکل صورت کو کوئی لیکر کیا چاٹے۔

خورشید جمال۔ وہ تو حضور کو میاں نے نظر اتارنے کی کوئی دُعا بخش دی ہے۔ دیکھا تھا نہ کہ ہوا دار سے اترتے ہی کچھ پڑھتے ہوئے آئے تھے اور ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کچھ دم کیا تھا۔ یہ عمل ایک ہر ایک ہے۔ نظر تو نظر کالے جادو کی اس کے آگے کوئی اصل نہیں اُسی وقت سے چہرے کی ہوائیاں موقوف ہوگئیں۔

مریم زمانی۔ آغانی کی اوڑھنی کی لب پر میں بی مغلانی سے بیٹھی دھنک ٹھکوا رہی تھی کہ مرزا ٹیلوے نے خبر دی کہ حضرت زینت محل کو دور پار کچھ خلش ہوگئی ہے۔ سنتے ہی میرے تو اوسان جاتے رہے۔ جگر پکڑ کر بیٹھ گئی۔ دل شاد میرے لئے چپا۔ موتیا۔ مولسری جنبیلی اور جوئی کے چپ چیل ہار گوندھ رہی تھیں اسکو بھی جیسا کا تیسا چھوڑا اور ٹکھیال لگوا فوراً حاضر ہوئی۔ چھائیں چھوئیں آپا بیگم کے بیری کی آنکھ میلی اور مریم گھر میں سُمہ کرے۔ اللہ کی کارسازی کے قربان کہ میں نے اس چاند سی صورت کو ہنستے دیکھ لیا۔

گیتی آرا۔ مجھے بھی صبح ہی ساری باتوں کا پتہ لگ گیا تھا۔ دُردانہ مالزادی کی زہر یلی نگاہ کا حال میں نے شبو سے سُنا۔ چنڈالنی کی آنکھ ہے کہ بس کی گانٹھ۔ سنتے ہی میرا ماتھا ٹھنک گیا۔ یہاں آکر جو دیکھا تو شوہو ہی رنگ پایا۔ آنکھیں چڑھی ہوئی۔ رنگت پھیکی۔ صورت پر ..... اب آگے کیا کہوں۔ اللہ نے بڑی خیر کی۔ پھر جب بڑے حضرت کی تیکھی چتون دیکھی ہے اور جس کروٹے تیوروں سے حضرت نے دُردانہ جُھنجھنی کو دیکھا ہے۔ میں تو سمجھی تھی کہ اب اس کا لکھا پورا ہوا۔ مگر اس کی بھی کیا خطا ہے۔ آنکھوں میں شیطان گھس پڑے تو کیا کرے۔

خورشید لقا۔ زیب النسا کو تو آپ جانتی ہیں کیسی ضدّن ہے اور جب سے میں نے اس کو بیٹی بنایا ہے وہ رہی سہی بھی آپے سے باہر ہوگئی ہے۔ کل چراغ جلے ایکا ایکی اسے بیٹھے بیٹھے اُداماد چھلا کہ چاندنی منانے گی۔ ہر چند میں نے کہا کہ یہ کیا موقع ہے حضور کی اجازت کے بغیر سیر پیاڑے کر ذرا چھٹے نہیں۔ سوسن جیسی پنگ پھڑی سے بھی نہیں ڈرتی۔ یہ ایک ایک کی چار چار ٹکا کر بھی نہیں پھوڑ چکی۔ لیکن اس بڑھ بگی نے ایک نہ مانی۔ کبھی روئے کبھی ہسورے۔ کبھی ہاتھ جوڑے۔ غرض ایسے چونچلے بگھارے کہ میں موم ہوگئی۔ میرا ہاں کرنا تھا کہ گھنٹیوں چلتے پچوں سے لیکر اسّی برس کی بچھو تک کے دل مچلنے لگے۔ دست بقینے نکل آئے۔ لونڈیاں۔ باندیاں۔ مامائیں۔ چیلیں۔ مہریاں۔ باریاں دائیاں۔ انائیں۔ چھوچھوئیں سب کی سب بنت بناؤ میں مصروف ہوگئیں۔ سواریاں آئیں۔ اب اس نازونے میسّے نلوے سہلانے شروع کئے۔ اس کی عادت ہے اور سچ پوچھو تو مرزا اثر نیا نے ناز اٹھا اٹھا کر اُسے شوخ دیدہ بھی بہت کر دیا ہے۔ ہاں تو اس کی عادت ہے کہ جس بات کی دھت لگی بس لگی۔ مجال ہے کہ وہ

اپنی ہٹ سے باز آجائے۔ مجھ کو سوار کرا کے مانی۔

اب جو باغ میں پہنچے تو کیا کہوں کیسا سہانا سماں تھا۔ اوپر دالا اپنا نور بھرا طباق سا چہرہ نیلے پردے سے باہر نکالے پھولوں کو گھور رہا تھا۔ روشوں پر چاندنی بکھری ہوئی تھی۔ خوشبو کی لپٹیں آرہی تھیں۔ گو ہر سلطان جن کا برسوں کی اللہ آمیں کے بعد خدا خدا کر کے اب پاؤں بھاری ہوا ہے اور ہر مزی ملہارنی وغیرہ دس بارہ عورتیں تو خیر فرش پر بیٹھ گئیں۔ ان جوان خون دالیوں کے ساتھ کیا ایلی گیلی پھرتی۔ لیکن زیب النسا اور اس کے ساتھ دلشاد۔ نرگس کینگی۔ سمن بر۔ غنچہ دہن۔ شیریں۔ لیلیٰ نے تو ایسا اودھم مچایا کہ سارے باغ کو سر پر اٹھا لیا۔ کیاری کیاری دوڑے ڈوڑے پھرتے اور کنکر ڑے لگا لگا پھرتی تھیں نہ ان کم بختوں کو مرداری سے ڈر لگتا تھا نہ ماموں کی پروا تھی۔ وہاں تو شیطان اچھل رہا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جلے پاؤں کی بلیاں ہیں ٹک کر بیٹھنا جانتی ہی نہیں۔

کوئی آدھی رات آئی ہوگی کہ زیب النسا کو اماں بوں میں کچھ کھٹکا سا ہوا۔ کسی نے کہا جوئی ڈالا ہے۔ کوئی ڈالی والا بھی نگوڑیوں کے کوڑے پنڈے تھے بے آپے ہو کر بھاگیں۔ دہشت کے مارے بُرا حال تھا۔ میں پہلے ہی دہن اوسان جانے رہے لپ جھپ سوار ہوئے اور جب اپنے محل میں پہونچے تو زرا دل ٹھکانے ہوا۔ لیکن زمین کی ساری چونچالی جاتی رہی۔ مُنہ فق فق ہو رہا تھا۔ رات بھر چونکتی رہی۔ مجھے بھی بیسیوں بُرے بُرے خواب دکھائی دیئے۔ صبح کو دیر سے آنکھ کھلی۔ ابھی چوکی پر بھی نہیں گئی تھی کہ ضیا مہری بدخبری نے یہ شگوفہ چھوڑا۔ کلیجہ دھک سے ہو کر رہ گیا۔ سب کو اپنے حال پر چھوڑ اُٹھ کھڑی ہوئی۔ یہاں آتے ہی پہلے دُردانہ چمکو دکھائی دی۔ میں نے آنکھیں بدل کر کہا۔ بی تمہارے دیدوں میں رائی نون مجھے تو گھورو نہیں۔ تمہاری تو وہ مثل ہے کہ جس کا کھاؤ اسی کے نمک میں زہر ملاؤ۔ میں آپ ہی پھونک پھونک کے قدم رکھتی ہوں۔ اور جھپاکے سے گذر کر اندر آگئی۔

شہر کی خاص خاص بیگمات۔ نواب زادیاں ڈھیلے پائچوں کے شروع۔ زربفت۔ کمخواب کے پاجامے پہنے۔ کارچوبی۔ زردوزی۔ سالے دار بھاری بھاری دوپٹے اوڑھے کسی کا آڑ انچل ہے تو کسی کا سیدھا۔ زیورات سے گوندنی کی طرح لدی علیحدہ کھڑی جمائے بیٹھی ہیں۔ پاندان سنہری رو پہلی گنگا جمنی رکھے ہیں۔ پان پر پان چل رہا ہے۔

عالیہ بیگم۔ بہن! قلعہ کا یہ کیا دیر ہے کہ جو منہ چڑھ گیا نظروں سے اتر تا ہی نہیں۔ ایسی کہاں کی ستیا ستی ہے کہ کچھ بھی ہو جائے نہ تخت کے والی اس کا چونڈا مونڈتے ہیں نہ بیگم کی ناک چڑھتی ہے۔

نوشابہ خانم۔ مجھ والی کے ہاں دُردانہ بندی ہوتی اور ایسا کوئی سانحہ ہو جاتا تو ٹنڈیاں کچھوا دیتی۔ سپہ دار خاں اس کو جیتا چھوڑتے! پھریوں کا غسل دلوا دیتے۔ ڈائن ہے نامراد پوری ڈائن۔

نواب دُلھن۔ ماموں جیسی کو آپ جانتی ہیں ان کی سلیج ماشاء اللہ کیسی جہاں دیدہ عورت ہیں سنتی ہوں اُن کے سر پر کوئی بزرگ میراں جی یا شیخ ستدو بھی آتے ہیں۔ وہ ایک دن جو اماں جان سے ملنے آئیں تو انھوں نے میری اتون کی لڑکی فہیمہ کو دیکھا۔ اس کے گول گول لٹو سے دیدے ہر وقت پھرتے رہتے تھے اور جب کسی کو دیکھتی ہی تو ٹکٹکی باندھ کر۔ انھوں نے صاف مُنہ پر کہدیا کہ بُوا اس لڑکی کا بھرے گھر میں آنا جانا رہنا سہنا اچھا نہیں۔ یہ نظر بانی ہے اور والدہ سے کہا۔ باجی غضب خدا کا ایسی سانپن کو تم نے پال رکھا ہے۔ اس کی نظریں تو زہر میں بجھی ہوئی ہیں اور مجھ سے فرمایا۔ بچی۔ گھر سے جب کہیں باہر جاؤ پیر غیب کا ڈورنا مان کر جاؤ۔ جب نہاؤ دنیا جوڑا بدلو۔ سات لال مرچیں سر سے پاؤں تک اُتار کر چولھے میں ضرور ڈلوا دو۔ اس دن سے میں نے ان کی یہ بات آنچل سے باندھ لی۔

نواب جھاں۔ جی ہاں بڑی بوڑھیوں کی ہر بات آزمودہ ہوتی ہے۔ انھوں نے اپنے چونڈے دھوپ میں تھوڑی سفید کئے تھے صدقے دو۔ ہر جھنکیں۔ تعویذ گنڈے جیسے جیسے کم ہوتے جاتے ہیں ویسے ہی بچے ہینگ لگ رہے ہیں۔ بیٹی نظر بد سے خدا بچائے۔ گوئی کا مارا بچ جاتا ہے مگر نظر کا مارا نہیں بچتا۔ اس سے پہاڑ کھیل کھیل ہو جاتا ہے۔ ہمارے ہاں آٹا پیسنے ایک چماری آیا کرتی تھی۔ ایک دن جو وہ آئی۔ اور ملیح کی کوٹھڑی میں گئی تو بچی کے گرگنڈ میں کہیں سانپ بیٹھا تھا۔ پہلے تو وہ رسّی کہہ کر چھی پھر آگے بڑھکر اُسے گھور کر دیکھا اور یہ کہتی ہوئی باہر نکل آئی۔ بڑی بیگم دیکھنا کیسی ملوک ناگن سو رہی ہے۔ میں نے شہزادی کی دہائی دے کر کہا۔ دیکھنا یہ نگلو کیا بک رہی ہے کیسی سانپن۔ وہ ایک کچے دل کی عورت۔ سانپن کا نام سنتے ہی صندلی پر چڑھ گئیں اور آنکھیں بند کر کے۔ جل تو بلال تو آئی بلا کو ٹال تو، پڑھنے لگیں۔

اتنے میں منگلو ہنستی ہوئی پھر کوٹھڑی میں گئی اور کیا دیکھتی ہوں کہ ایک کالے سانک سے سانپ کی دُم پکڑے اٹھائے لئے چلی آتی ہے۔ صحن چبوترے کے نیچے ڈال کر کہنے لگی "سرکار میری آنکھ سے آنکھ ملاتے ہی مرگئی"۔ مجھ کو بڑا اچنبا ہوا۔ میں نے پوچھا "اری پگلی آنکھ سے آنکھ ملاتے سے یہ کیسے مرگئی"۔ بولی "بیگم جی میری آنکھوں میں کالی دیوی بستی ہیں۔ میں نے تو گھنے سانپ مار گیرے جس کو دیکھا پٹ سے مرگیا۔ اب یہ بھی کہ یا تو یہ کوئی ٹھنتی ہے یا اس کی نظر بُری ہے۔ بس بی بی وہ دن اور آج کا دن میں نے اُسے گھر میں نہیں گھسنے دیا۔

شائستہ النسا۔ نزہت زمانی کا جب سے پہلوٹھی کا بچہ اُترا ہے اور لوگوں نے نظر بتائی ہے میں تو ہر وقت چوکنی رہتی ہوں۔ جہاں کسی نے اپنا ہونیا پرایا میت سے بچے کو ٹوکا۔ یہی سنوری سی لڑکی کو ہونسا اور میں نے جلدی سے کہا ذرا بوا اپنی ایڑی کو دیکھنا کیا لگا ہے اور فوراً اس کے پاؤں تلے کی مٹی اٹھا کر چولھے میں جلادی۔

بلا دھماں۔ پہلے ان باتوں کا بہت خیال رکھا جاتا تھا۔ ایرے غیرے کے سامنے کھانا پینا تو کیا کنگھی چوٹی سے بھی پرہیز کرتے تھے۔ آدمی آدمی پہلے پیرا دیکھ لینے پھر اس کے گھر میں رہنے کے روادار ہوتے۔ عورت ہو یا مرد بعض ایسا بھاگوان ہوتا ہے کہ اس کا قدم آیا اور گھر بھر گیا اسی طرح کوئی ایسا منحوس ہوتا ہے کہ جہاں جائے اُدڑ اپڑ جائے۔ پرسوں کا ذکر ہے کہ نواب دودھا کے ہاں جا پا ہوا۔ دودھن میری شاہجہاں کی دوپٹہ بدل بہن ہے۔ سلتے ہی دوڑی گئی میرے پہنچتے پہنچتے خدا رکھے بچہ تو ہوگیا تھا۔ دیکھتی کیا ہوں کہ برجیس جس کو دور پار کوک کا روگ لگا ہوا ہے۔ اوپر تلے پانچ بچے مرچکے ہیں پہلی پہلوٹھی کی زچہ کے چرکھٹ پر بٹھا رکھا ہے۔ دیکھتے ہی میرا ماتھا ٹھنکا کہ خدا خیر کرے۔ اتنے میں نظر جو بڑی تو نصیبن دائی کل جنی نیلی چوڑیاں پہنے بچے کو نہلا رہی ہے۔ بوا میں وہم کی پوٹ۔ میرے تو اوسان جاتے رہے۔ پرائے گھر میں مجھے کیا دخل بیٹھی مڑمڑ دیکھتی رہی۔ پھر کان میں اذان دینے کو باوا نداد اسجد کے موٹے کھوسٹ ملّا کو بلایا۔ یہ تو خیر تھا ہی۔ سامنے سے مہترانی ہشت صاف کرنے چلی آتی ہے۔ سوڑ میں زچہ کے پاس مہترانی کا کیا کام۔ اس نے آتے ہی طشت اٹھایا اور کہنے لگی بیغم صاحب جھاڑو بھی دیدوں۔ ہے ہے بدشگونی کی حد ہوگئی۔ میرے تلووں سے جو لگی تو دماغ تک آپہنچی۔ مجھ سے رہا نہ گیا میں نے کہا کہ او غبیاں جھاڑو پرے تیرے گھر پر۔ اس گھر کے دشمنوں پر ستھرائی نہیں کہتی۔ اور دیکھ مُردار وہ کس کا بچہ ہے اس کے پاؤں میں ستھرائی لگ گئی۔ ذرا سا تنکا نکال کر توڑ ڈال۔ نہیں صاحب میں نے ایسی باتیں کب دیکھی تھیں۔ میرا تو خون کھول گیا۔ اسی وقت پالکی لگوا اپنے گھر آگئی۔

سُلطانہ خاتون۔ ارے نواب دولھا کے یہاں کا یہ ہڑ اجانا رہا ہے۔ خدا بخشے سکندر جہاں بیگم کے وقت تک تو ان کے گھر کا ساقہ نیر شہر بھر میں نہ تھا۔ ان کے سارے طور طریق پرانے زمانے کے تھے۔ ماشاء اللہ چار چار بہوئیں لائیں۔ چار بیٹیاں بیاہیں مگر کبھی آمنے سامنے کا بیخ نہیں کیا۔ مجال ہے کہ کوئی بچہ ایک پاؤں میں جوتی گھسیٹے پھرے۔ کوئی جا رہا ہے اور کسی کو چھینک آگئی۔ جب تک پاؤں میں جوتی پیر پھر کر نہ پہنوا دیتی تھیں ممکن ہے کہ وہ چلا جائے۔ کسی کی ناک کھجائی اور انھوں نے جوتی چھوائی۔ جہاں کسی بچے نے رات کو دانت چبائے۔ صبح ہی کو لڑکی چول کی مٹی سوتے سوتے اس کے مُنہ میں ڈال دی۔ کسی نے قینچی بجائی اور بڑی بی نے ڈانٹا کیوں لڑائی بُلواؤ گی۔ مامانے بچی ہنڈیا پر کفگیر رکھی اور انھوں نے لتے لئے "ہاں کر دو کھانا بد مزہ"۔ ایک دن کہیں میرا ہاتھ ان کی ناک کو چھو گیا۔ اور تو کچھ کہہ نہ سکیں۔ میرا بڑا لحاظ تھا مگر پھر بھی انا پاڈوکا کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ تھوتھو کر کے کہنے لگیں۔ اچھی بوا میں بھی تمھاری ناک ذرا چھولوں۔ تو دیکھ لو اُن کے جیتے جی بیسیوں خوشیاں ہوئیں کبھی کوئی جوگ پڑا۔ دُلہنیں آئیں بھی اور گئیں بھی۔ خدا نے امی جی ہی رکھی۔ زچہ خانے ہی سال میں تین تین چار چار ہوئے۔ نہ سوڑ بگڑی نہ کوئی بچہ چھیجا۔ ہم نے تو ان کے ہوتے کسی کی آنکھ دُکھتے بھی نہیں دیکھی۔

فیاضی۔ (جماہی لیکر) اتاں بیگم ہمیں تو نیند آرہی ہے۔ آنکھیں کڑوا دی جاتی ہیں۔

طیہ تصغرل۔ بچی ہمنہ پر ہاتھ رکھ۔ ابھی ہو اگ جائے تو دہانہ پھٹا کا پھٹارہ جائے۔ کیوں بی زینب بیگم یہ لڑکی تو وہی ہے ناجس کو کوئی نتّا ہم صاحب کے چھپواڈے ڈال گئی تھی۔ بھئی سکتے گی تو خوب مگر بُرا نہ مانو تو کہوں بدتمیز اٹھ رہی ہے۔

بلب بیگم۔ آپا آپ کو کیا خبر میں چینٹیوں بھرا کباب ہوں۔ اپنے جگر کے ٹکڑے نہیں سنبھلتے یہ غریب کس گنتی میں ہے۔ یہ نیند کی ماتھا سونے کو کہے تو کیا عجب۔ مجھ بوڑھی عورت سے نہیں بیٹھا جاتا۔ نیند آنکھوں میں گھل رہی ہے۔ سر پھٹا جاتا ہے۔ خدا جانے کیونکر بچے کو سنبھالے بیٹھی ہوں۔

فاطمہ صُغریٰ۔ اللہ خیر کرے۔ نہیں کیا ہوا۔ خدانخواستہ کچھ طبیعت بدمزہ ہے یا کہیں خدانخواستہ رات منائی تھی۔

زینب بیگم۔ جی کو تو خالہ جان کچھ نہیں ہوا۔ بات یہ ہے کہ کل قیصر بڑا اچلا۔ نہاتی تھیں۔ بیاہی بیٹی پڑوس برابر اوّل تو میں اسی کی دلدادہ تھی کہ اپنے میکے میں وہ ہاتھ پاؤں سے فارغ ہو۔ درد لگتے ہی ادھر سہرا لگ جاتی ہے تو ادھر قیصر۔ لیکن میاں شریف الحسن نہیں مانے۔ یہ چالیس دن اس طرح میں نے کاٹے ہیں ہی جانتی ہوں۔ چوتھیں گھنٹے جان سولی پر رہتی تھی۔ خیر خدا نے شرم رکھ لی۔ بی قیصر صحیح و سلامت بھری گود اٹھ بیٹھیں۔ ہوتی شدنی کوئی پانچ پیسے ہوں گے قیصر کے سسرال جانے کی تیاری ہو رہی تھی کہ مرزا یاور بیگ کی صاحبزادی آ اُتریں قیصر سے ان کا بڑا میل جول ہے۔ میں تو مہمانداری کے جھگڑے میں لگ گئی وہاں وہ قیصر سے خوب گلے ملیں۔ بچے کو لپٹایا چمٹایا پیار کیا۔ بچہ اللہ رکھے ایسا پیارا اپیارا اگل گوتھنا سا ہے کہ آن ہوئے کو پیار آ جائے۔ شامت کی مار کہ مرشد زادی کے ساتھ اُن کی ایک سہیلی بھی تھی۔ وہ ایسی شوخ چلبلی کہ اللہ کی پناہ۔ کبھی بچے کو گدگدائے کبھی کندھے پر بٹھائے کبھی سے اونچا اُچھالے۔ منع کرنیوالا کون تھا۔ وہ دونوں گویا برسوں کی بچھڑی ہوئی۔ ان کی باتیں ہی ختم نہیں ہوتی تھیں۔ رمضان کی انتیس تاریخ تھی اس رکاتہ کو جو چاند دیکھنے کا خیال آیا بچے کو لئے کوٹھے پر چڑھ گئی۔ سوا مہینے کی جان جاڑوں کے دن۔ جھٹ پٹا وقت۔ بچے نے اوپر جاتے ہی ایک چیخ ماری اور بیہوش ہو گیا۔ کیا کہوں خالہ جان میں سجدے میں تھی کہ سیڑھی کھڑکی ہوئی۔ کیسی نماز اور کہاں کا روزہ سینکڑوں ملانیاں بلائے جس نے کہا ہی کہا کہ بچہ چھپٹ میں آ گیا ہے۔ کسی کی پیری نہیں چلی۔ آخر میاں کو بُلایا۔ انھوں نے جھاڑ پھلتے جلاتے تو بچے نے آنکھیں کھولیں اور سب کی جان میں جان آئی۔ ساری رات ست ہی میں گذری۔ صبح بچے نے ذرا سا دودھ بھی پیا اور اس کا چہرہ بھی بحال تھا۔ سوچ رہی تھی کہ جس طرح بنے دوپہر سے پہلے پہلے قیصر کو سسرال بھیجدوں۔ اتنے میں یہاں آنا ہو گیا۔

فاطمہ صُغریٰ۔ (دوسری بیگموں سے مخاطب ہو کر) اب اجازت لینی چاہیے۔

نوشابہ خانم۔ سچ تو ہے ہم تو یہاں آ کر ایسے بیٹھ گئے جیسے اپنے گھروں میں۔

عالیہ بیگم۔ میں کسی خواص کو بُلا کر اس سے عرض کراتی ہوں۔

چنانچہ پہلے شہزادیاں رُخصت ہوئیں اور جب ان کی پرتھی کم ہوئی تو شہر کی بیگمات کے مُحانے۔ پالکیاں لگنی شروع ہوئیں اور تھوڑی دیر میں حضرت زینت محل کا جلوت کدہ خلوت خانہ بن گیا۔

اشرف صبوحی دہلوی

محبّت اور نفرت

ھدیہ محبّت ——— نفرت کے نام

محبّت ایک کانٹا ہے چبھنے کیلئے!

نفرت ایک پھول ہی سونگھنی کیلئے!!

اُردو کے سب سے جدّت طراز ادیب

اختر حسین رائے پوری

کے سولہ رومانوں اور افسانوں کا مجموعہ۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔ ملنے کا پتہ:۔ ساقی بکڈپو دہلی

کوکن کی خارش

لذّت آزار پیدا کرنے کیلئے شاعروں اور صوفیوں نے عشق و محبت کے مشغلے کو زندگی کا ایک لازمی جزو قرار دیا ہے۔ لیکن کیا یہ ہلاکت کے قبضہ اختیار میں ہے کہ وہ بیمار عشق بن جائے؟ فرحت اللہ بیگ نے عشق کی گولیوں کا استعمال البتہ دیا تھا لیکن اس کا نسخہ بتانے پر وہ بھی رضامند نہ ہوئے کیونکہ اشتہاری ادویات اور رسل مداری کے کرتب کی طرح ہیں کہ ادھر طلسم نظر ٹوٹا اور اُدھر حقیقت مجازمیں تبدیل ہوئی بہرحال لذت آزار پیدا کرنے کے لئے دُنیا میں عشق و محبت کے علاوہ دوسرے روگ بھی ممکن ہیں۔ جن میں سب سے آسان ترکیب کھٹمل زدہ پلنگ پر آرام کرنیکی کوشش کرنا ہے۔ میر تقی میر کے کلام میں جو درد اور جاذبیت پائی جاتی ہے۔ دراصل کھٹملوں ہی کی مرہون منت ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:۔

گرچہ بہتوں کو میں سل مارا — پر مجھے کھٹملوں نے مل مارا
ملتے اتو کو گھر گئیں لریں — ناخنوں کی ہیں لال سب پوریں
توشک ان گڑوں ہی میں پھاٹی — ایڑیاں یوں رگڑتے ہی کاٹی

پوری نظم نقل کرنے کی گنجائش نہیں لیکن اگر آپ ان اشعار میں تھوڑا سا تصرف کر کے کھٹملوں کا لفظ نکال دیجئے اور ان کو ایک خاص لحن سے گنگنانا شروع کیجئے تو سامعین بھی خیال کریں گے کہ کوئی دل کا بیمار اپنی بپتا اس نکال رہا ہے۔ میں نے بھی کھٹملوں کے ساتھ راتیں گذاری ہیں لیکن شب بیداری میں نہیں بلکہ شب خوابی میں۔ واقعہ یوں ہے کہ میرا خون بیٹھا ہے اس لئے ان کی چھیڑ چھاڑ میں مجھے کوئی خاص لذت محسوس نہیں ہوتی۔ ہاں مجھ کو کوکن کی لذتِ آزار اب تک یاد ہے لیکن اس میں کھٹملوں کے بوسوں کے تاثرات شامل نہیں ہیں بلکہ یہ کچھ اور ہی لطف ہے۔ آپ کو کیا بتاؤں کیونکہ اس کیلئے تجربہ شرط ہے۔ جس طرح ایک مستِ مے گلفام ایک نابد شک سے حقارتاً کہتا ہے کہ "ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں" اسی طرح میں آپ سے عرض کر دنگا کہ:۔

"آپ کو کوکن کبھی گئے ہی نہیں"

مغربی ساحل پر کوکن کا خطہ دراصل بہشت کا ایک ٹکڑا ہے لیکن جس طرح یہ حقیقت ہے کہ انسان اس خاکی پیرہن کیساتھ جنت کی سرزمین پر قدم نہیں رکھ سکتا اسی طرح یہ بھی واقعہ ہے کہ حدود کوکن میں داخل ہو جانے کے بعد ایک پردیسی کو ایک نیا ہیولی اختیار کرنا پڑتا ہے۔ اس کی جلد میں ایک انقلاب واقع ہو جاتا ہے یہاں تک کہ پہلی سطح کی جگہ ایک نئی سطح نمودار ہو جاتی ہے اور اس انقلاب کا عمل خارش کے ذریعہ پورا ہوتا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ میرے ناظرین میں سے چند ہستیاں ایسی بھی ہونگی جو اس لذتِ آزار کا کافی تجربہ رکھتی ہونگی۔ لیکن کوکن کی خارش کے تاثرات بالکل انوکھے ہیں۔

ڈاکٹروں نے اس کے ظاہری اسباب پر بہت کچھ روشنی ڈالی ہے لیکن چونکہ ان کی نگاہ حقیقت میں نہیں ہے اس لئے اُن کی تحقیق قابلِ قبول نہیں کیونکہ باوجود اُن تمام ترکیبوں کے جو حفظ ماتقدم کے طور پر عمل میں لائی جا سکتی ہیں۔ وہاں کی سرزمین پر خارش کا وجود پانی اور ہوا کی طرح عام ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہاں کی آب و ہوا مرطوب ہے۔ بارش کثرت سے ہوتی ہے اور سمندر کا ساحل قریب ہی ہے۔ اس لئے یہ مرض کثرت سے ہوتا ہے لیکن کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ انھیں اسباب کی موجودگی میں بنگال، مدراس اور جاپان کے ساحلوں پر اس کی عام شکایت کیوں نہیں ہے؟ اس لئے معلوم ہوا کہ ان کے علاوہ کوئی اور وجہ بھی ہے۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ یہ "یونیل مچھلی" کی جیو ہتیا کا اثر ہے۔ ہندوستان میں "اہنسا" کے اصول سے کسی جاندار کو اپنی غذا کا ایک جزو قرار دینا مہاپاپ خیال کیا جاتا ہے اور گوشت خور انسانوں کے معدوں کو جانوروں کے قبرستان سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اسی بنا پر سارے ملک میں "پنجرا پول" کا ایک نظام پھیلا ہوا ہے تاکہ جانور تندرست اور زندہ رہیں اور یہاں کے انسان اُنسے مرتاض کہ ہمیشہ سرحدی پٹھانوں کو خیال سے لرزاں اور ترساں رہیں۔ بہرحال امراض کا یہ فلسفہ کہ "طاقتور انسانوں کو طاقتور بیماریاں لاحق ہوتی ہیں اور کمزور دیکھو معمولی بیماریاں"

قابل غور ضرور ہے۔ اسی اصول پر کوکن میں بھی اس تحریک کیلئے کافی مواد موجود ہے کہ یہاں بونبل مچھلی کی رکھشا کیلئے شکار کرنا ممنوع قرار دیدیا جائے۔ اور یہاں کے باشندوں کی غذا صرف اُبلے ہوئے چاول اور مچھلی ہوتے پابندی محدود کر دی جائے۔ اس طرح یقین ہے کہ خارش کے حملوں سے نجات ہو جائیگی۔

چونکہ اس مرض کا لباس کے ساتھ بھی گہرا تعلق معلوم ہوتا ہے اس لئے اس کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔ کوکن کے مزدور اور کاشتکار کا لباس اس قسم کا ہوتا ہے کہ جسم اعتدال پایا جاتا ہے۔ یعنی نہ تو سادھوؤں کی طرح جوگ بنا کے ساتھ، سوائے ایک لنگوٹی کے، لباس بھی ترک کر دیتے ہیں۔ اور نہ اُن مسرف نوجوانوں کی طرح جو دھوتی کو شلوار اور لہنگا بنا دیتے ہیں۔ ان کی کیفیت ان دونوں حالتوں کے بین بین ہے۔ اسی لئے ہم ان کے اس مخصوص لباس کو نہ تو لمبی لنگوٹی کہہ سکتے ہیں اور نہ چھوٹی دھوتی۔ خصوصاً عورتوں کے مسئلہ میں تو اور بھی مغالطہ ہوتا ہے۔ بہرحال لباس کا یہ اختصار حکیمانہ اصول پر مبنی ہے۔

ہندوستان کا مزدور اپنے سر پر بوجھ رکھ کر اپنے توازن کو قائم رکھنے کے لئے یا تو دونوں ہاتھوں سے مدد لیتا ہے یا اُن کو آزاد چھوڑ دیتا ہے لیکن یہاں اس کا ایک ہاتھ وزن کو سنبھالنے میں مشغول رہتا ہے اور دوسرا ہاتھ کھجانے میں۔ اگر آپ اس کا ایک ہاتھ زبردستی جیب میں ڈال دیں تو وہ یقیناً چیخ مار کر گر جائیگا۔ خارش کا مرکز خصوصیت سے کمر کے اس حصے پر ہوتا ہے جہاں دھوتی کا بندھن ہوتا ہے اور یہ مقام ایسا نظر آتا ہے جیسے سوکھے تالاب کی تہ میں پپڑائی ہوئی مٹی۔

اب آپ خیال فرمائیے کہ لباس کے اس اختصار کے باوجود خارش کے مریض اتنے زبردست ہوتے ہیں۔ پھر اُن لوگوں کی کیا کیفیت ہوگی جو اس گرم مرطوب آب وہوا میں سرد منطقہ معتدلہ (انگلستان) اور گرم خشک ریگستان (عرب) کے لباس میں مکلف نظر آتے ہیں۔ ان کی حالت یا تو خدا ہی جانتا ہے یا وہ خود۔ بہرحال "دھوتی کلچر" اور "لنگوٹی کلچر" کے مبلغین انھیں جغرافیائی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہندوستان میں پائجامہ اور پتلون کی مخالفت کرتے ہیں۔

یہ کیفیت اس سرزمین پر اتنی عام ہے کہ اب خارش جسم کا ایک عضو بن چکی ہے اور صدیوں کے ارتقائی مدارج طے کرنے کے بعد مستقل حیثیت اختیار کر چکی ہے جسمیں مستثنیات کو کوئی دخل ہی نہیں ہے۔ یہاں پر وہ مرد جو خارش نہیں رکھتا یقیناً کسی خطرناک مرض میں گرفتار ہے۔ چنانچہ مجھ کو بھی ان حالات کے معلوم ہونے کے بعد اپنی تندرستی کے متعلق شک ہو چلا تھا۔ لیکن چند روز کے قیام کے بعد میں بھی عام انسانوں کی سطح پر آ گیا کیونکہ میرے جسم پر آہستہ آہستہ خارش کے آثار نمودار ہو رہے تھے۔ یہانتک کہ چند دنوں کے بعد میں نے دیکھا کہ میرا تمام خون رگوں کے اندر دوڑنے کے بجائے جسم پر دوڑنے لگا اور دوڑتے دوڑتے تھک کر جم گیا۔ اب میرا تمام مجسمہ تازہ گوشت کی مٹی ہوئی لوئی معلوم ہو رہا تھا۔ اس کی توضیح اس طرح بھی ہو سکتی ہے کہ میرے دل نے سینہ کے اندر رہنا پسند نہ کیا بلکہ اس نے وسیع ہونا شروع کیا۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ مجھے اس شعر کے پڑھنے کی نوبت نہ آئی اور میرا دل حیرۂ عرب بننے سے باز رہا۔

دل میں آ کر دیکھئے کیفیتِ سیلابِ غم ۔۔۔ بیٹھکر کشتی میں کچھ دم سیر دریا کیجئے

البتہ اتنا ہوا کہ میں خود دل بن گیا اور میرے دل نے جسم بلکہ مجھے چاروں طرف سے ملفوف کر لیا۔ یہی وجہ تھی کہ میں مجسم درد تھا اور مجسم لذت۔ گویا میں اب فلک کا محتاج نہ تھا۔ اب مجھے غالب کی طرح یہ شکایت نہ تھی کہ:۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا ۔۔۔ جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

ایسے حالات میں دوستوں نے میری غمخواری میں بھی فرمائی بہت کوشش کی لیکن میں نے اس کا علاج خود ہی دریافت کر لیا۔ اس کا نسخہ مجھے غالب کے دیوان ہی سے دستیاب ہوا تھا۔ "زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ آئیں گے کیا" اور واقعی میں اب تمام معائبوں سے بے نیاز تھا۔ رات کا وقت، اکھڑا پلنگ، بڑھے ہوئے ناخن اور میں۔ کیا عاشقوں اور شاعروں کو ان تاثرات کے علاوہ کوئی چیز حاصل ہو سکتی ہے؟ پھر کیوں نہ میں بلا خوفِ تردید کہہ اٹھوں کہ عشق اور خارش دونوں مختلف صورتیں ہیں ایک ہی جذبے کی۔

سید ابو طاہر

سچّی کہانی

"جوانی کی شورانگیزیاں اللہ اللہ، جان دیدینا ایسا، جس معلوم ہوتا ہے، جیسے ریل میں بیٹھ کر ایک اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن تک چلا جانا۔ جہاں کوئی ناکامی ہوئی اور مرنے کی سوجھی۔ خصوصاً ناکامی محبت کا علاج موت کے سوا نہیں۔ گولی مار کر۔ ریل کی پٹری پر لیٹ کر۔ دریا میں ڈوب کر، پھانسی لے کر، زہر کھا کر، غرض کسی نہ کسی طرح "نامراد" زندگی کا خاتمہ کر دیا جاتا ہے، اسلئے کہ بقول مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ ؎

تم نہ آؤ گے تو مرنے کی ہیں سو تدبیریں
موت کچھ تم تو نہیں ہو کہ بُلا بھی نہ سکوں[1]

ہمیں بھی ناکامی ہوئی، ہم نے بھی جان دینے کی ٹھانی، لیکن گھر میں نہ بندوق نہ تمنچہ، گولی ماری جائے تو کیوں کر۔ چھری سے بھی کام لیا جا سکتا تھا، لیکن گوسفندِ قربانی کے خاک و خون میں تڑپنے کا منظر بارہا آنکھوں نے دیکھا تھا، لیکن مُرغِ بسمل کا پھڑکنا بھی اکثر نظر سے گذرا تھا۔ لہٰذا جسمانی اذیت کے خیال نے اپنے اوپر "خنجر آزمائی" سے باز رکھا۔ درصل انسانی خون اور وہ بھی خود اپنا خون پانی کی طرح بہتے دیکھنا میرے لئے موت کی بھیانک صورت سے زیادہ روح فرسا تھا۔ رہا ریل کے نیچے لیٹ جانا تو یہ خود ایک طول عمل ہے۔ گھر سے میل ڈیڑھ میل تو ریل کی پٹری ڈھونڈھنے میں طے ہو جاتا ہے پھر کوئی دیکھ لے تو سارا پروگرام غلط۔ یہی قباحت ڈوب مرنے میں ہے۔ کیونکہ نل کی بدولت بڑے بڑے شہروں سے کنوئیں تو اس طرح ناپید ہو گئے ہیں جس طرح آجکل کی تعلیمیافتہ لڑکیوں کے دل سے ماں بننے کی خواہش۔ رہا دریا تو وہ ہاتھ کے داؤں کہاں۔ پھانسی سے مجھے ہمیشہ سے نفرت ہی بھائی کہ اس ہنگامی جنون کے عالم میں بھی پھانسی کا پھندا میری نظر میں نفرت انگیز ہی رہا۔ لہٰذا اب اسکے سوا چارہ نہ تھا کہ "درد نا کا کی کا" وہی علاج کیا جائے جو سوداگر کی بیٹی یعنی "زہرِ عشق" کی بیرون نے کیا تھا۔ مگر وہی دشواری ہمیں بھی پیش آئی جو مرزا غالبؔ کو پیش آئی تھی اور جس کا انہوں نے اپنے اس مشہور شعر میں ذکر کیا ہے ؎

زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر ورنہ
کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں

اسلئے کہ جس طرح مرزا غالبؔ کے زمانہ میں زہر پر لائسنس تھا (غالباً ہوگا) آج کی طرح آج بھی ہے اور آج سے بارہ برس پہلے بھی تھا، جب ہمیں نہ مرنے کی ضرورت پڑی تھی۔ مرنا بھی بہرحال ضروری تھا۔ سوچا کہ اب کیا کریں۔ خیال آیا کہ آخر دُنیا میں ہر چیز کا بدل ہے۔ کیا ایسی اور کوئی چیز نہ ہوگی جو زہر کا کام دے اور بلا دقت دستیاب ہو جائے۔ آخر ایک بات سمجھ میں آگئی، خدا بخشے "امی جان" کو وہ ایک نہایت کایاب مرہم کسی سے بتایا تھا وہ ہمیشہ بنایا کرتی تھیں اور ضرورتمندوں کو مفت دیا کرتی تھیں[2]۔ ایک فعہ وہ مرہم بہت دنوں تک رکھے رکھے خراب ہو گیا اتی نے اُسے کوڑے پر پھینکدیا۔ ہمارے آنگن میں ایک ہیری کا پیڑ تھا۔ ایک کوّا اس پر بیٹھا تھا۔ اسکی جو شامت آئی تو تیر کی طرح لپکا اور گھی سمجھکر اُس مرہم کی ایک چونچ بھر لی اور کھا گیا اور پھر پیڑ پر جا بیٹھا۔ چند منٹ گذرے ہونگے کہ دھڑسے نیچے گر پڑا اور تڑپ تڑپ کر مر گیا۔ اگرچہ کئی برس گذر چکے تھے لیکن یہ واقعہ مجھے یاد تھا اور اس مرہم کے اجزا بھی معلوم تھے یعنی خالص موم، تل کا تیل اور ہائیڈراجرائی ایمونیٹا۔ میں نے سوچا کہ لاؤ ہائیڈراجرائی ایمونیٹا سے سنکھیا کا کام لو۔ چنانچہ فوراً ایک پڑدس کے ڈاکٹر سے چار آنے کا ہائیڈراجرائی ایمونیٹا خریدا۔ باریک

[1] دیوان غالبؔ کا حمیدیہ ایڈیشن جس وقت شائع ہوا میں لاہور میں تھا۔ میں نے بھی اس کا ایک نسخہ منگایا اور پڑھنا شروع کیا۔ رات کا وقت تھا، پڑھتے پڑھتے سو گیا۔ خواب میں دیکھا کہ دیوانِ غالبؔ (حمیدیہ ایڈیشن) اُٹھا کر دیکھا مگر اس میں ان اشعار کا کہیں پتہ بھی نہیں۔ وہی تین شعر زہر ملتا ہی نہیں الخ۔ درج تھے جو سب مروجہ ایڈیشنوں میں نہیں ملتے۔ حیرت تھی کہ خواب میں یہ دو شعر مجھے کیونکر یاد ہو گئے۔ وقتاً فوقتاً اکثر احباب کو سُنائے۔ مگر کسی نے اقرار نہ کیا کہ یہ اشعار کبھی کہیں نظر سے گذرے ہیں۔ (پریم چند ساری)

[2] داد کا یہ لاجواب مرہم جن صاحب کو درکار ہو ایڈیٹر ساقی کی معرفت مجھ سے بلا قیمت منگا سکتے ہیں۔ (پریم چند ساری)

پیس کر پُڑیا بنائی اور سرہانے رکھ لی اُسکے بعد چار خط لکھے۔ ایک اسّی بانی فنا" یعنی رشیدہ کے نام۔ ایک کوتوال شہر کے نام۔ ایک اپنا کے نام جو اُن دنوں پردیس میں تھے۔ اور ایک امّی جان کے نام۔ سب میں اپنے مرنے کی وجہ مختلف بیان کی تھی۔ وہ چاروں خط نہایت دلچسپ تھے اور ایک جنون زدہ دماغ کی اس کشمکش کی مکمل تصویر جو زندگی کے آخری لمحوں میں حسرتِ زیست اور آرزوئے مرگ سے پیدا ہوتی ہے۔

اب شام ہو چکی تھی خطوں سے فارغ ہو کر ٹائم پیس میں ۲ بجے پر الارم لگایا اور اپنے ایک نہایت رازدار "دوست" سیّد صاحب سے ملنے گیا۔ یہی سیّد صاحب بعد کے واقعات سے ان تمام "ہنگاموں" کے ذمہ دار اور ایک کامیاب "حریف" ثابت ہوئے۔ میں نے انہیں سب حال بے کم و کاست سنا دیا اُنہوں نے مجھے میرے ارادے سے باز رکھنے کی "بظاہر" کوئی کوشش نہیں کی۔ گلے مل کر رو دئے۔ اور کہا خدا انجام بخیر کرے ؛

رات کے دو بجے گھڑی نے الارم بجایا۔ میں کچھ سوتا تھا کچھ جاگتا تھا گھبرا کر اُٹھا۔ دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ سینہ میں گوناگوں جذبات کا ایک طوفان برپا تھا، مرگ و زیست کی تمناؤں میں آخری جنگ ہو رہی تھی۔ مراد زندگی سے جی سیر ہو چکا تھا، پھر بھی جینے کی آرزو دل کی گہرائیوں میں چھپی ہوئی تھی جو بھیانک رات کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں آفتاب کی ایک مضمحل کرن کی طرح کبھی کبھی چمک اٹھتی تھی اور اسکی روشنی میں مستقبل کی بہت سی ناتمام تصویریں بڑی سرعت کیساتھ یکے بعد دیگرے حرکت کرتی ہوئی دکھائی دیتی تھیں۔ یکایک "ایسا معلوم ہوا کہ دن نکل آیا۔ زہر اپنا کام کر چکا ہے۔ میرا سرد مُردہ جسم بستر پر بے حس و حرکت پڑا ہے۔ بہنیں، امّی جان اور دو چار عزیز مجھے گھیرے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر آیا نبض دیکھی اور کہا "انفلوئنس خاتمہ ہو گیا"۔ عورتوں میں کہرام مچ گیا۔ مرد سناٹے میں آگئے۔ امّی جان غش کھا کر گریں۔ میری چھوٹی بہن انجم میرے گلے سے چمٹ گئی۔ منہ پر منہ رکھ دیا اور فریاد کرنے لگی "ہے ہے بھیّا ہم سے خفا ہو گئے۔ بولتے نہیں۔ میں نے آپکے لئے کھانا پکایا ہے۔ دیکھئے کیسا فولبصورت ہے۔ انعام نہیں دو گے کیا؟ میں تو لے لونگی۔ ہائے بولتے نہیں۔ بھیّا، ہائے بھیّا۔ اپنی انجم سے نہیں بولتے کیا کروں۔ ہائے کیا کروں اللہ"

دفعتاً منظر بدلا۔ چاندنی کھلی ہوئی ہے۔ آبادی سے دور "شہر خموشاں" کے ایک گوشے میں ایک نئی سفید قبر چاندنی کی زرد زرد اُداس روشنی میں ایسی معلوم ہوتی ہے۔ جیسے سفید ململ کی ساڑی میں لپٹی ہوئی ایک نوجوان بیوہ تنہائی اور بیکسی کے عالم میں اپنے اُجڑ جانے والے سُہاگ اور جوانی کا ماتم کر رہی ہے۔ اتنے میں ایک گاڑی کی گھڑگھڑاہٹ سُنائی دی۔ راستہ کے کنارے گاڑی ٹھہر گئی ہیں، یہ کون ہے؟ رشیدہ! تنہا۔ رات کیوقت۔ قبرستان میں۔ کیوں کس لئے۔ میرے سارے بدن میں ایک سنسنی سی دوڑ گئی۔ وہ آہستہ آہستہ آئی اور قبر کی پائینتی بیٹھ گئے۔ اسکے پاس کچھ پھول تھے۔ وہ اس نے قبر پر ڈالدیئے کئی منٹ خاموش بیٹھی رہی، پھر اس نے لوحِ مزار کی طرف دیکھا اس پر لکھا تھا "اے لبِ آرزو کہ خاک شدہ"۔ اسکی گردن جھک گئی پھر اُس نے سر اُٹھایا اور آنسوؤں کے دو بڑے بڑے قطرے اسکی آنکھوں سے ڈھلک پڑے

ابھی ان جاگتے خوابوں کا سلسلہ جاری تھا کہ کلاک نے اڈھایا۔ میں چونکا۔ ارے ڈھائی بجگئے۔ دُنیا کی دلچسپیاں بار بار میرا دامن کھینچتی تھیں۔ اور مجھے زندہ رہنے پر مجبور کرتی تھیں لیکن ناکامی کی ٹھیکریاں ہر بار میرے ارادہ کو استوار تر بنا دیتی تھیں۔ فرشتۂ مرگ کی بھیانک صورت اب مجھے بوسۂ رشیدہ سے زیادہ مہربان نظر آتی تھی۔ گھر میں سب لوگ سوئے ہوئے تھے۔ میں آہستہ سے اُٹھا، دبے پاؤں آنگن میں گیا۔ صُراحی سے گلاس میں پانی اُنڈیلا۔ اور خاموشی کیساتھ اپنے بستر پر واپس آگیا۔ پھر ایک بار سب پر حسرت بھری نظر ڈالی۔ مجھے اسوقت ایک چکر سا آرہا تھا، مجھے وہ الفاظ نہیں معلوم جو اس شخص کے جذبات کی ترجمانی کر سکیں۔ جسے چند لمحوں کے بعد موت کی آغوش میں ابدی نیند سو جانا ہو۔ پھر اپنی داخلی کیفیت کیسے بیان کروں۔ میں نے لرزتے ہُوئے ہاتھوں سے تکیہ ہٹایا اور چادر کا کونا اُٹھا اور ہائیڈروجائی ایوڈینا کی پُڑیا کے لئے ہاتھ بڑھایا۔ مگر وہ وہاں سے غائب ہو چکی تھی۔ میں ایک سناٹے میں آگیا۔ بالکل مبہوت۔ میرے حواس بالکل معطّل تھے۔ اب میں کچھ سوچ نہیں سکتا تھا۔ کچھ دیر سر پکڑے بیٹھا رہا پھر لیٹ گیا اور کروٹیں لیتے لیتے صبح ہو گئی۔ اس دوران میں اپنے ارادہ کو عملی جامہ پہنانے کیلئے جو عجیب و غریب ناممکن الوقوع اور مضحکہ خیز تدابیر میرے ذہن میں آئیں ان کا ذکر بیکار ہے اس لئے کہ عموماً ہر شخص کو زندگی میں ایکبار ضرور اس منزل سے گذرنا پڑتا ہے اور وہ ایسے ہی بے سر و پا افکار سے دوچار ہوتا ہے۔

دن بھر کُڑھ گیا۔ اور میں کچھ فیصلہ نہ کر سکا کہ اب کیا کروں۔ ایک رات اور گذر گئی، اور میں کسی نتیجہ پر نہ پہونچ سکا۔ دوسرے دن صبح کو سو کر اٹھا تو مجھے یکایک ایسا محسوس ہوا جیسے میرے خیالات میں کوئی تغیر ہو گیا ہے جس طرح عدالتِ عالیہ بعض اوقات ایک خونی مجرم کی جوانی پر ترس کھا کر اسکی سزائے موت کو حبسِ دوام میں تبدیل کر دیتی ہے اسی طرح میرے دل نے بھی یہ فیصلہ کیا کہ خودکُشی کو ملاوتنی سے بدل دیا جائے۔ در اصل یہ عقل کی بات تھی مگر حیرت ہے کہ اُس وقت میرے دماغ میں کیسے آئی "اخلاق جلالی" میں فلسفۂ اخلاق کی ایک بے نظیر کتاب ہے۔ انہیں دنوں میں نے پڑھا تھا کہ "دوردار کا

سفر اختیار کرنا "اس" مرض کا بہترین علاج ہے" مگر اب سوال یہ تھا کہ آخر جاؤں تو کہاں جاؤں اور کس سلسلہ میں جاؤں۔ سیاحت، تجارت، ملازمت، گداگری، آخر کیا کروں۔ ہر طرف نظر دوڑائی، آخر ایک دیرینہ دوست رشید کی طرف خیال گیا۔ جنکے ساتھ میں نے مسلم ہوسٹل الہ آباد میں دو برس گذارے تھے۔ رشید بی، اے پاس کرنیکے بعد ولایت چلے گئے اور وہاں سے آئی، سی، ایس ہوکر آئے اور اب دو برس سے بنگال میں کسی جگہ سب ڈویژن آفیسر تھے ایک مرتبہ یہ بھی سُنا تھا کہ کلکتہ میں ہیں۔ قبل اسکے کہ وہ ہندوستان میں واپس آئیں میری انکی خط وکتابت بند ہوگئی تھی۔ لیکن اس سے ہماری دوستی میں کوئی فرق نہیں آیا تھا، کم از کم میرا بھی خیال تھا اور یہ خیال کچھ بے جا بھی نہ تھا۔ کالج کی تعلیم کے زمانہ میں رشید اور میں دو برس تک ایک کمرے میں رہے تھے۔ ہم ایک پلنگ پر سوتے تھے، ایک گلاس میں پانی پیا تھا، ایک پلیٹ میں کھانا کھایا تھا۔ ایک دوسرے کے کپڑے پہنے تھے۔ ایکدوسرے کی کتابوں سے کام لیا تھا۔ ایکدوسرے کا روپیہ خرچ کیا تھا حتیٰ کہ ایک دوسرے کی "چوری" "میز" "سینہ زوری" میں حصّہ لیا تھا۔ غرض ہر حال میں ایک دوسرے کے شریک رہے تھے۔

رشید کا خیال آتے ہی میں نے اپنا سوٹ کیس نکالا۔ کچھ گرم کچھ ٹھنڈے کپڑے اس میں رکھے۔ ہولڈال میں بستر باندھا اپنے ٹمرے میں پیچھے چھوڑے انہیں تیاریوں میں مصروف تھا کہ اچانک اماں جان آگئیں اور مجھے اس حال میں دیکھ کر متعجب ہوکر پوچھا "کہاں جا رہے ہو" میں نے کہا "کہیں نہیں۔ ذرا لکھنؤ کا ارادہ ہے۔ پرسوں آجاؤنگا انشاء اللہ" اس وقت یہ الفاظ میری زبان سے ادا ہوئے میرا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ ایک عجیب قسم کا اضطراب مجھے بیقرار تھا، قدم ڈگمگا رہے تھے۔ مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ کاذب سے یہ میرا آخری سفر ہے۔ وطن واپس نہ آئے گا میں تہیہ کر چکا تھا۔ اماں جان چلی گئیں۔ میں نے پھر اپنی چیزیں درست کرنی شروع کیں۔ میز کی دراز میں سے بٹوا نکالا۔ کھول کر دیکھا تو اس میں کُل بائیس روپے سوا دو آنے۔ دل دھک سے ہوگیا۔ کچھ سا آنے لگا میں آرام کرسی پر بیٹھ گیا۔ اب میں نے محسوس کیا کہ دنیا کا سفر جاہے وہ کتنا ہی مختصر کیوں نہ ہو عاقبت کے سفر سے کہیں زیادہ مشکل ہے وہاں چار آنے کی سنکھیا میں انسان آخری منزل پر پہونچ جاتا ہے یہاں کلکتہ تک جانے کے لئے کم سے کم دس روپے چاہئیں۔ اسی سوچ میں سر کپڑے بیٹھا تھا کہ اب کیا کروں نیچے میں دروازے پر کسی نے آواز دی۔ یہ ہمارے منشی جی تھے۔ دکانوں کا کرایہ وصول کرکے لائے تھے، اسّی روپے نقد انہوں نے میرے ہاتھ میں دئے۔ اسّی روپے پورے بھی اسّی روپے ہوتے ہیں اور اسوقت تو مجھے اسّی اشرفیوں سے زیادہ معلوم ہوئے۔ رات کی گاڑی سے میں کلکتہ روانہ ہوگیا۔ راستہ میں کوئی قابل ذکر واقعہ پیش نہیں آیا، بجز اسکے کہ ایک رفیق سفر کا لوٹا گاڑی میں سے فاختہ کی طرح اڑ گیا۔ بصورت یہ ہوئی کہ وہ گاڑی کا پٹ کھولے دروازے کے کنارے پر بیٹھے منہ دھو رہے تھے اٹھے تو لوٹا وہیں چھوڑ دیا۔ میں برابر کی سیٹ پر لیٹا تھا۔ ریل پوری رفتار سے جا رہی تھی دروازہ کھلا دیکھکر میں نے کوزہ جو پھیرا تو لوٹا آتش بازی کے انار کی طرح سرسراتا ہوا اڑا چلا گیا۔

دوسرے دن شام کو میں کلکتہ پہونچ گیا۔ ایک چھوٹے سے ہوٹل میں قیام کیا۔ اگلے دن رشید کی تلاش میں نکلا معلوم ہوا کہ وہ چھ ہفتے کی چھٹی لے کر شیلانگ گئے ہوئے ہیں۔ مجھے سخت مایوسی ہوئی۔ مگر قدرت کو یہی منظور تھا۔ اسلئے کہ اگر رشید اسوقت کلکتہ میں موجود ہوتے تو غالباً میری زندگی میں وہ خوفناک انقلاب کبھی رُونما نہ ہوتا جس نے مجھے "اخلاقی دُنیا" کا بدترین مجرم بنا دیا۔ میں نے کُفر کئے کر رہا ہوں اور کرتا رہونگا، انکی خوفناک سزائیں پا رہا ہوں اور پاتا رہونگا۔ مگر اس سے میری ہستی پست اور میرے حوصلے شکست نہیں ہوئے میں جو کچھ کرتا ہوں جان بوجھکر کرتا ہوں اور اپنے کسی عمل پر کبھی متاسف نہیں ہوتا۔ ٹھکرا گناہ سے مرتے دم تک اسی طرح قدرت سے انتقام لیتا رہونگا۔ رشید سے جُدا کرکے قدرت نے میری رُوح پر جو عذاب مُسلط کر دیا اُسے آسانی سے نہیں بھلایا جا سکتا معمولی زخم ہو تو بھر جائے، ناسور کیا بھرے۔ سینہ کے اندر ہر وقت سلگتی رہنے والی آگ اس وقت ذرا بھڑک اُٹھی ہے۔ جو کچھ میں کہنا چاہتا ہوں اُسے توجہ سے سنیئے۔ میں جانتا ہوں کہ میرے حالات اور خیالات سے واقف ہو لینے کے بعد آپ کو بھی مجھ سے نفرت ہو جائیگی آپ مجھے سوسائٹی کے لئے ایک موذی مرض اور ایک مہلک بالقصد کرنے لگیں گے۔ مگر مجھے اسکی پروا نہیں ہزاروں بُرا کہنے والوں اور بُرا سمجھنے والوں میں اگر ایک آپ کی ذات بھی شامل ہو جائے تو اس سے میرا کیا بگڑتا ہے۔

ہمارے ہوٹل کا "باورچی کار" مینجر بڑا کا عیار تھا۔ میں یقین کیساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر شیطان کو اسکی شاگردی کا موقع مل جاتا تو وہ ثم کھا کر اپنی اس خوش قسمتی پر ناز کرتا، ناجائز طریقوں سے روپیہ حاصل کرنیکے ہزاروں گُر اُسے یاد تھے۔ ریس (گھوڑ دوڑ) کا اُسے جنون تھا۔ مگر اس دیوانگی میں بھی اسکے ہوش کا یہ عالم تھا کہ ہمیشہ دوسروں کے روپیہ سے کھیلتا۔ ہار ہو تو روپیہ لگانے والے کی اور جیت ہو تو یہ بھی برابر کے شریک۔ اس بدبخت نے چند ہی روز میں مجھے اپنے رنگ پر لگا لیا میرے پاس اوّل تو روپیہ تھا ہی کتنا، خیر جس قدر بھی تھا اس میں سے کچھ تو "ریس بازی" کی نظر ہُوا۔ کچھ ہوٹل کے "بل" میں چلا گیا۔ اب میں بالکل فقیر تھا۔ قرض پر زندگی کا مدار تھا جسکی مقدار ہر روز خوفناک طریقہ پر بڑھتی جا رہی تھی "پُرسرار" عنایتوں کے باعث میری معمولی آسائشوں میں ہنوز کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ اب بھی میں اُسی کمرے میں مقیم تھا جس میں پہلے پہل آکر ٹھیرا تھا۔ اب بھی مجھے ویسا ہی اچھا کھانا ملتا تھا۔ جب نقد بخیت ادا کرنے والوں کو اور بھی جو چھوٹی موٹی ضروریات ہوتی تھیں اُن سب کا سرانجام مینجر کے ذمہ تھا۔ اُس نے

کبھی ایک لمحہ کیلئے مجھے محسوس نہیں ہوئے دیا کہ میں اس کا قرضدار ہوں میں اپنی سادہ دلی سے اس غیر معمولی مہربانی کو اسکی شرافت اور نیکدل پر محمول کرتا تھا مگر درحقیقت وہ محض "شیطنیت" پر مبنی تھی۔ رفتہ رفتہ وہ مجھ پر اس قدر حاوی ہوگیا کہ اسکے ہاتھوں میں میری حیثیت ایک کٹھ پتلی سے زیادہ نہ تھی۔ اسکے حکم کی سرتابی کی مجھ میں مجال نہ تھی۔ اب وقت آگیا تھا کہ وہ مجھے اپنے "پاک مقاصد کی تکمیل کیلئے مسمریزم کے ایک معمول کی طرح استعمال کرے۔

اپنے گھر میں بچپن سے اپنے حسن و رعنائی کا مذکرہ سنتا آیا تھا، جب ہوش سنبھالا تو آئینے نے اس روایت کی تصدیق کی اور جوانی آئی تو صنف نازک کے روز افزوں التفات اور غیر معمولی میلان نے اُسپر مُہر توثیق ثبت کردی مجھے اپنی خوبصورتی کا احساس ضرور تھا، اور اس پر تھوڑا سا ناز بھی۔ مگر اپنے حسن و شباب کی تباہ کن قوتوں کا صحیح اندازہ ہرگز نہ تھا۔ میں ایک جوہر تھا۔ تراشیدہ، تابانیوں سے معمور لیکن جلا کا محتاج۔ حسن و صورت کیساتھ ساتھ قدرت نے سحر گفتار بھی عطا کیا تھا اور وہ تمام چیزیں جو شباب کی متوالی عورتوں کو دیوانہ بنادینے کیلئے کافی ہیں۔ مگر ابتک ان قدرتی صلاحیتوں سے کام نہیں لیا گیا تھا۔ انکے نشوونما کے لئے ایک خاص قسم کی تربیت درکار تھی جو خدا نہ کرے کہ کسی کو نصیب ہو۔ "پختہ کار" تجربے جلد میری ان صلاحیتوں کو سمجھ لیا اور اُنے کام لینے کی تدبیریں سوچنے لگا، پہلے مجھے اس کا چسکا لگایا۔ پھر فرض دے دیکر ممنون احسان بنایا۔ یہانتک کہ رفتہ رفتہ میری خواہش، میرا ارادہ، میرا اختیار، اسکی خواہش، اسکے ارادے اور اسکے اختیار کے تابع اور مُطیع ہوگئے۔ اُس نے مجھے سکھایا کہ جھوٹ موٹ عورتوں سے عشق کس طرح کرنا چاہیئے، انہیں فریب دینے اور اپنی محبت میں مبتلا کرنیکے کیا طریقے ہیں۔ انکے بٹوے کس طرح خالی کرائے جاسکتے ہیں۔

مثال بہت رکیک ہے مگر واقعہ کے عین مطابق ہے جس طرح ایک ناکارہ نوخیز نوجیوں کو "تماشبینوں" کے دل چسپین لینے کے طریقے سکھاتی ہے۔ ٹھیک اسی طرح مینجر نے میری تربیت کی اور اسکے بعد میرے حسن و شباب کو فروخت کرنا شروع کردیا۔ کلکتہ میں جس طرح عشرت پسند مرد خوبصورت طوائفوں اور دوسری پیشہ ور یا غیر پیشہ ور عورتوں پر اپنی دولت برباد کرتے ہیں۔ اسی طرح وہاں عیش و عشرت کے کہواروں میں پلنے والی، مغربی آزادی کی فضا میں سانس لینے والی، ایسی بہت سی "خوش مذاق" عورتیں بھی ہیں جو اپنے متنوع پسند ذوق کی تسکین کے لئے مردانہ حسن و شباب کو بھاری بھاری قیمتیں دیکر خریدتی اور اس سے لطف اندوز ہوتی ہیں۔ یہ ضرورت کہ "نسوانی حسن کلکتہ میں ہاتھوں ہاتھ بک جاتا ہے اور بہت اچھی قیمت پاتا ہے" مکروہاں کے "مہذب" و "شریف طبقہ" نسوان نیز دولتمند طوائفوں میں مردانہ حسن و شباب کے بھی کچھ گاہک نکل ہی آتے ہیں۔ ریس کے سلسلہ میں مینجر کی بہت سے اُونچے اُونچے گھرانوں میں رسائی تھی، اس نے ہر جگہ میری غیبت میں کچھ اس طرح میری تعریف کی کہ لوگ مجھ سے ملنے کے مشتاق ہوگئے۔ رفتہ رفتہ میرا حلقۂ احباب جس میں بیشتر عورتیں تھیں کافی وسیع ہوگیا۔ کہیں بازار کے سودے کی طرح مجھے خریدا گیا۔ کہیں "نشست و برخاست" "بے تکلفی" کی صورت اختیار کی۔ بے تکلفی دوستی بنی۔ دوستی عشق و محبت میں تبدیل ہوگئی۔ نتیجہ بہرحال واحد تھا۔

مینجر کے حکم کے مطابق مجھے بیسب روپ بھرنے پڑتے تھے متبسم کیں۔ آہیں بھریں، آنسو بہائے، قدموں پر سر رکھا، کیا کیا نہیں کیا۔ مگر میرے جذبات کو اس میں ذرہ برابر دخل نہ تھا۔ محبت کا بہروپ بھرتے بھرتے اور عشق عاشقی کی نقالی کرتے کرتے غالباً محبت کا احساس ہی میرے دل سے فنا ہوگیا تھا یا میری حیثیت اُس بے جان ساز کی سی تھی جس میں کبھی ایسے غم انگیز نغمے نکلتے ہیں کہ سُننے والوں کا کلیجہ مُنہ کو آنے لگتا ہے کبھی ایسا آہنگ مسرت بلند ہوتا ہے کہ سامعین جوش انبساط سے بیتاب ہوجاتے ہیں۔ مگر یہ کیفیت تاثر فقط سننے والے ہی تک محدود رہتی ہے خود ساز متاثر نہیں ہوتا۔ نہ اُسے غم کا احساس ہوتا ہے۔ نہ خوشی کا۔ دوسرے رُخ سے دیکھئے تو میں گویا ایک مجسمۂ سنگین تھا جسکی پرستش کی جاتی ہے۔ پرستار اپنے جوش عقیدت میں کبھی ہاتھ جوڑ کر اُسکے سامنے کھڑا ہوجاتا ہے، کبھی اُس کے قدموں پر سر رکھدیتا ہے۔ کبھی فرطِ رقت سے آبدیدہ ہوجاتا ہے۔ کبھی گڑگڑا کر اس سے اپنی مُرادیں مانگتا ہے۔ مگر پتھر کی بے جان مُورت میں اُسکے جذبات کو سمجھنے اور محسوس کرنے کی صلاحیت کہاں؟ وہ سمجھتا ہے کہ میرا بت سب کچھ سُنتا ہے۔ سب کچھ دیکھتا ہے۔ سب کچھ محسوس کرتا ہے۔ اور جو کچھ میں اس سے مانگتا ہوں، مجھے دیگا۔ مگر اس آرزو کا برآنا معلوم حسنِ اتفاق سے اگر کوئی مراد پوری ہوجائے تو وہ اسے اپنے "بُت" کی مہربانی پر محمول کرتا ہے۔ وائے نادانی! جس طرح فرطِ عقیدت میں انسان کی آنکھوں پر پردے پڑجاتے ہیں۔ اسی طرح جوشِ محبت بھی اُسے اندھا کردیتا ہے۔ مجھے خوب یاد ہیں وہ چاندنی راتیں جب حسین آنکھوں نے میرے لئے آغوش میں آنسوؤں کے دریا بہائے ہیں۔ آہ، مجھے خوب یاد ہیں۔ وہ رنگین خلوتیں جب حُسن کی ناز پرور دہ جوانیاں محبت کی بھیک مانگنے کے لئے میرے قدموں پر سرنگوں ہُوئی ہیں۔ آہ سب کچھ یاد ہے۔ مگر کیا یہ نیاز حُسن میرے قلب کو متاثر کرسکا؟ نہیں کبھی نہیں۔ ذرہ برابر نہیں۔ میرا دل ایک سنگپارہ سے زیادہ بے احساس ہوچکا تھا۔ ہائے میں نے کیسے کیسے معصوم دلوں کو محبت کے فریب دیئے۔ کس کس طرح اپنا دیوانہ بنایا اور جب یقین ہوگیا کہ حریف شکست کھاگیا۔ یعنی میری جھوٹی محبت کے جال میں پھنس گیا تو پھر کیسا کیسا اُسے ترپایا ہے۔ کس کس بیدردی سے اُسے ذبح کیا ہے، اسلئے ہرگز نہیں کہ کسی کو مُبتلائے اذیت دیکھکر مجھے مسرت ہوتی تھی۔ نہیں میری رُوح ہنوز اس درجہ مسخ نہیں ہُوئی تھی، میرا مقصد فقط اپنے حسن و شباب کی قیمت وصول کرنا تھا۔ اب زیادہ سے زیادہ جس قدر بھی وصول ہوسکے اور جس جس تدبیر سے وصول ہوسکے منت سے یا ستانے سے۔ مجھے بہرحال اپنے

کام سے کام تھا۔

بعض اوقات جب کچھ اور ملنے کا امکان نہ ہُوا تو میں نے قیمتی ساڑیاں تک لے لینے میں دریغ نہیں کیا۔ غرض چھوٹی محبت کی مجھے ایسی ایسی بھاری قیمتیں دینی پڑیں۔ مہبِ فریب کی قرابکاریں ایسی ایسی گراں بہا قربانیاں پیش کی گئیں کہ اُنکی مثال شاید ہی مِل سکے۔ مگر یہ سب کچھ منیجر کا "حق" تھا۔ قیمتی لباس، عمدہ کھانا، سجا ہُوا کمرہ، اور موٹر کی سیر، بس یہ میرا حصّہ تھا۔ ہاں کبھی کبھی رئیس کھیلنے کے لئے دس بیس روپے بھی بھجا دیتے۔ یہ بدبخت منیجر شیطان کی طرح میری رُوح پر مسلط ہوگیا تھا۔ میں اُسکے اشاروں پر چلتا تھا، خدا جانے اُس نے مجھ پر کیا جادو کر دیا تھا کہ میں کبھی بات میں اسکی مخالفت کر ہی نہ سکتا تھا۔ پہلے پہلے مجھے اس کام سے سخت نفرت ہوئی مگر رفتہ رفتہ وہ نفرت محض کراہت بنکر رہ گئی۔ کچھ مدّت کے بعد یہ احساس بھی فنا ہوگیا اور اس قسم کا ہر عمل ایک مشین کی طرح مجھ سے صادر ہوتا تھا۔ آہ، قدرت اگر رشید کے کیے وفائی پر آمادہ نہ کر دیتی تو کیا میری یہی حالت ہوتی؟ جبوقت یہ خیال آتا ہے تو میں غم و غصّہ سے دیوانہ ہو جاتا ہوں اور جوشِ غضب میں اپنے اس عہد کی تجدید کر لیتا ہوں کہ جب تک دم میں دم ہے گناہ کر کے قدرت سے اس بھلائی کا انتقام لونگا جس نے میری روح اور میرے جسم کی تمام راحتوں کو ہمیشہ کے لئے مجھ سے چھین لیا۔ کہاں تک کہے جاوں۔ یہ مجذوب کی بڑ کہیں ختم ہونیوالی ہاں توجوبات میں کہنے والا تھا وہ رہ گئی۔ جذبات کے ہیجان میں سب کچھ بھُول گیا۔ ان دنوں میری خریدار ایک ایرانی "خانم" تھیں اُن کا سن چالیس سال سے کم نہ تھا، رُخساروں پر غازہ کی سُرخی کے سوا جسے وہ کثرت سے استعمال کرتی تھیں اب جوانی کی اور کوئی نشانی اُن میں باقی نہ تھی۔ مگر بوالہوسی کے لئے عمر کی قید نہیں۔ بلکہ بعض لوگوں کا تو خیال ہے کہ ؎

جوانی سے زیادہ وقتِ پیری جوش ہوتا ہے
بھڑکتا ہے چراغ صبح جب خاموش ہوتا ہے

جوش سے مُراد غالباً فرطِ ہوس ہے۔ یہی حال اُن "خانم" کا تھا۔ مگر اُن کی ٹھنڈی گرمیاں جلد ہی میرے لئے ناقابلِ برداشت ہوگئیں، اسلئے میں نے اب وہاں نہ جانیکا تہیّہ کر لیا تھا۔ منیجر میری اس "حماقت" سے سخت ناراض تھا، بہرحال میں نے اس سے وعدہ کیا کہ دو تین ہفتے کے اندر اندر انشاء اللہ اس سے زیادہ موٹا شکار پھانس کر دکھا دونگا۔ اسی فکر میں کئی دن سے سرگرداں پھر رہا تھا، مگر ہنوز کامیابی کی کوئی صورت پیدا نہیں ہوئی تھی۔ انہیں خیالات میں غلطاں پیچاں ایک دن صبح کے وقت میں ہوٹل سے نکلا۔ کوئی آٹھ ساڑھے آٹھ بجے کا وقت تھا، میں اپنے افکار میں اُلجھا ہُوا گرد و پیش سے بالکل بے خبر، سڑک پر خاموش چلا جا رہا تھا کہ سامنے سے ایک موٹر آتی ہُوئی دکھائی دی۔ میں بے خیالی میں اپنے داہنے ہاتھ کو ہٹ گیا، چشم زدن میں موٹر بالکل سر پر آ پہونچی، اب مجھے اپنی غلطی کا احساس ہُوا اور فی الفور میں نے پُوری قوت سے بائیں جانب کو جست کی۔ موٹر نکل گئی۔ میں بچ گیا۔ بس یہیں تک مجھے یاد ہے۔ اسکے بعد جو کچھ ہُوا اس کا حال دوسروں سے سُنا۔ کیونکہ جب میں نے آنکھ کھولی اور ہوش آیا تو اپنے آپ کو ہسپتال میں پایا۔ سارا بدن زخموں سے چُور، کپڑے خاک آلودہ، خون میں شرابور، سر میں سخت چوٹ آئی تھی۔ تکلیف سے بُرا حال تھا۔ میں نے ایک آہ کی اور پھر آنکھیں بند کر لیں۔

کسی نے مجھ سے پُوچھا "کیا حال ہے"۔ یہ آواز نہ تھی۔ موسیقی کی ایک موج تھی جس سے میرے قلب میں ایک کیفیتِ اہتزاز سی پیدا ہو گئی، میں نے فوراً آنکھیں کھولدیں۔ ایک جوان خاتون میرے سرہانے کھڑی تھی، فرنگنوں کا سا گورا بھبوکا رنگ، سنہری بال، مگر نقوش ہندوستانی، کالی ساڑی میں گورا مُکھڑا ایسا پیارا معلوم ہوتا تھا جیسے آدھی رات کو چودھویں رات کا چاند۔ ساڑی پر سفید ستارے ٹکے ہُوئے تھے، تھوڑی سی دیر کے لئے میں اپنی تکلیف کو بھُول گیا اور میں نے اسکے چہرہ پر نظر جما دی، وہ سخت پریشان معلوم ہوتی تھی۔ اُس نے پھر اپنا سوال دُہرایا۔ میں نے پھر اپنے دل میں ایک سنسنی سی محسوس کی مُسکرا کر میں نے کہا "اچھا ہوں"۔ میرے اس جواب سے وہ پھُول کی طرح شگفتہ ہوگئی۔ گلابی ہونٹوں پر ایک خفیف سی مُسکراہٹ نمودار ہُوئی۔ وہ کچھ کہنا چاہتی تھی کہ مجھے ایک کمرہ میں لے جایا گیا۔ جہاں میرے زخموں کی مرہم پٹی کی گئی، اسکے بعد ایک بڑے کمرے میں جہاں اور بھی کئی مریض تھے مجھے ایک پلنگ پر لٹا دیا گیا۔ نرس سے میں نے پُوچھا "یہ کالی ساڑی والی عورت کون تھی؟" اُس نے مُسکرا کر جواب دیا "آپ کی قاتل" میں کچھ نہ سمجھا۔ مجھے حیران دیکھکر نرس نے کہا "جبوقت آپ نے سامنے سے آنیوالی موٹر سے بچنے کے لئے بائیں جانب کو جست کی، پیچھے سے ایک اور موٹر آ رہی تھی۔ یکایک آپ اُسکے سامنے آگئے۔ ٹکر ہوئی آپ تیورا کر گرے اور بیہوش ہوگئے۔ فوراً ہی آپ کو اُسی موٹر میں ڈال کر یہاں لایا گیا۔ یہ اُس عورت کا بیان ہے۔ اب خدا جانے اسمیں کتنا سچ ہے اور کتنا جھوٹ"

"مگر اس عورت کا اس حادثہ سے کیا تعلق ہے؟" میں نے حیران ہو کر پُوچھا۔

"صرف اتنا تعلق ہے کہ وہ موٹر چلا رہی تھی اور آپکو کچل دیا"

نرس نے ایک شوخ مُسکراہٹ کیساتھ جواب دیا۔

"اچھا تو وہ خود ہی مجھے موٹر میں ڈال کر یہاں لائی ہے"

"جی ہاں وہ خود۔ بڑی رحمدل ہے بے چاری"

ہسپتال میں کوئی تین ہفتے مجھ پر سخت تکلیف کے گذرے۔ شدت کا بخار آیا۔ مگر جلد ہی میری حالت درست ہوگئی۔ سر کا زخم بھی جو بظاہر اندیشہ ناک تھا رفتہ رفتہ اچھا ہو رہا تھا۔ میری جسمانی اذیت مجھ کے لئے بظاہر حد درجہ المناک تھی وہ ہر وقت میرے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتا اور ہر طرح تسلی دیتا تھا۔ مگر درحقیقت وہ اپنے دلیس اس حادثہ سے بیحد مسرور تھا اور اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے طرح طرح کی تدبیریں سوچ رہا تھا۔ وہ مجھ سے اکثر کہا کرتا تھا "بھیا! خدا کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں۔ نہ جانے اس میں اسکی کیا مصلحت تھی۔ وہ جو کچھ کرتا ہے اپنے بندوں کی بہتری کے لئے کرتا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ اس حادثہ اور مصیبت میں بھی ہماری کوئی بھلائی اسکے مدنظر ہو اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا۔ تکلیف کے بعد راحت لازمی ہے دیکھو تو پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آتا ہے"۔

نرس کے بقول میری "قاتل" یعنی سیاہ ساڑی والی خاتون اس دوران میں کئی بار مجھے دیکھنے ہسپتال آئی وہ اس حادثہ سے حد درجہ متاثر معلوم ہوتی تھی۔ منیجر نے مجھے بتلایا کہ وہ ایک لکھ پتی کی بیوہ اور ایک بہت بڑی جائداد کی تنہا مالک تھی۔ منیجر کے اور میرے درمیان اب اکثر اُسکے متعلق گفتگو ہوا کرتی تھی۔ ہمارے اپنی مصلحتوں اور اسکی دولت کی مناسبت سے اس کا نام "لکشمی" رکھ لیا تھا۔ منیجر کو یقین تھا اگر میں نے اُسکے مشورہ پر عمل کیا تو ایک نہایت معقول رقم "لکشمی" سے وصول ہو جائیگی۔

کلکتہ کے دوران قیام میں کتنی ہی کافر جوانیوں سے میں کھیل چکا تھا، میرے نزدیک اُنکی حیثیت ایک کھلونے سے زیادہ نہ تھی جن کو شباب کی سحر آفرین قوتیں اب مجھے متاثر نہ کر سکتی تھیں، رشید کی بیوفائی کے بعد محبت کو میں حماقت و دیوانگی کا مجموعہ اور فطرت انسانی کی بدترین کمزوری سمجھنے لگا تھا۔ اگر کوئی یہ کہتا کہ مجھے فلاں سے محبت ہے تو میرے نزدیک اس کے معنی ہوتے کہ یا تو شخص خود کسی فریب دے رہا ہے یا کسی کا فریب کھا رہا ہے۔ محبت کرنے کی صلاحیت مجھ میں اتنی بھی باقی نہ رہی تھی جتنی ایک اندھے میں دن کی روشنی اور رات کی تاریکی میں امتیاز کرنے کی ہوتی ہے۔ میرے لئے صرف وہی عورت دلچسپی کا باعث ہو سکتی تھی جو میری گرمئ آغوش بھا ری قیمت دیکر خرید سکتی تھی۔ مگر دُنیا میں ایسا بھی ہوا ہے کہ صدیوں سرد و خاموش پڑے رہنے کے بعد بعض پہاڑ یکایک پھٹ جاتے ہیں اور شعلہ فشانی شروع کر دیتے ہیں، آگ کا ایک دریا اُنکے دہانے سے ابلتا ہے اور عہد ہر رُخ کرتا ہے۔ شک ترسب کچھ جلا کر خاکستر کر دیتا ہے۔ ٹھیک یہی میری حالت ہوئی میرا مُردہ اور بے احساس دل جو مدتوں سے ہمالیہ کی برف سے ڈھکی ہوئی چوٹیوں کی طرح سرد پڑا تھا اور محبت کی گرمی سے یکسر محروم ہو چکا تھا اب پھر اچانک اس میں حرارت زندگی کی ایک موج پیدا ہوئی پھر اُس نے درد محبت کا احساس کیا۔ پھر اس میں انتشر کی ایک لوک سی چبھتی ہوئی معلوم ہوئی۔ پھر کسی کو چاہنے اور چاہے جانے کی آرزو دل کے گوشہ میں انگڑائیاں لینے لگی اور اس انقلاب کا باعث وہی فتنہ گر تھی جس نے مجھے چند دن کیلئے زندگی سے دُور اور موت سے بہت قریب کر دیا تھا۔

پہلی بار جب میں نے ہسپتال میں اُسکی آواز سُنی مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میری روح کے بربط کا ہر تار اس صدائے نغمہ سے گونج اٹھا۔ پھر جب پہلی مرتبہ میں نے اُسکی صورت دیکھی مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے بہت سے پردے میری آنکھوں کے سامنے سے ہٹ گئے جیسے میں سوتے سوتے جاگ اُٹھا، میرا دل پتھر تھا۔ مگر اس پتھر پر ایک نقش بن گیا گہرا نقش، آسانی سے نہ مٹنے والا۔ پہلے اس نقش کی حیثیت ایک "خاکہ" سے زیادہ نہ تھی۔ مگر رفتہ رفتہ وہ ایک رنگین تصویر بن گیا اور ہر وقت پیش نظر رہنے لگا، منیجر صاحب سے میں نے اس کو چھپایا۔ میں اس سے ڈرتا تھا۔ وہ لکشمی سے ایک "معقول رقم" وصول کرنے کی فکر میں لگا ہوا تھا۔ بظاہر میں اسکی ہاں میں ہاں ملا دیتا تھا مگر میرا دل ہرگز اس "کمینہ پن" میں شریک ہونے کیلئے تیار نہ تھا۔

ایک دن جب کہ میں ہسپتال میں تنہا بیٹھا ہوا تھا لکشمی آئی اس نے کہا "شاہد صاحب! آج مجھے آپ سے کچھ خاص باتیں کرنی ہیں۔ ایک التجا آپ کے پاس لیکر آئی ہوں اور مجھے آپکے اخلاق و شرافت سے توقع ہے کہ آپ مجھے مایوس نہ کرینگے۔ شاید آپ کو یقین نہ ہو مگر میں خدا کو گواہ کر کے کہتی ہوں کہ اس حادثہ سے آپ کو جو کچھ تکلیف پہونچی اسکا مجھے بیحد افسوس اور صدمہ ہے۔ مگر ساتھ ہی آپ کو معلوم ہے کہ میں بالکل بے قصور ہوں میں نے موٹر کو روکنے اور بچانے کی انتہائی کوشش کی مگر بدقسمتی سے آپ اتنے قریب اور اس طرح سامنے آگئے تھے کہ ٹکر ہوئی بغیر نہ رہی آپ کے چوٹ لگی اور بہت لگی اور اب اتنے دنوں سے آپ ہسپتال میں تکلیف اُٹھا رہے ہیں۔ مجھے آپکے نقصان کا اچھی طرح احساس ہے مگر میں پھر وہی عرض کرونگی کہ خطا میری نہیں۔ قدرت کو یہی منظور تھا۔ حادثات کو کوئی روک نہیں سکتا۔ بہر حال میں اسکے لئے کوشش کیا ہوں کہ جس طرح آپ پسند کریں آپ کے نقصان کی تلافی کر دوں۔ آپکے منیجر صاحب کئی بار دیوانی و فوجداری میں مجھ پر دعوے

کرنے کی دھمکی دے چکے ہیں۔ پولیس نے الگ مقدمہ چلایا ہے، اور یہی مینجر صاحب کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اُنہوں نے نہ صرف پولس کو میری آزار رسانی پر آمادہ کیا ہے۔ بلکہ کچھ دے دلا کر دو تین جھوٹے گواہ بھی تیار کر لئے ہیں۔ وہ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ حادثہ کی ذمہ داری ہوں driving. Wrong side, Negligence, Rash کو سنا جرم ہے جس کا ارتکاب میں نے نہیں کیا۔

خیر پولس اور مینجر صاحب جو کچھ بھی کہیں۔ مگر مجھے کم سے کم آپ کی ذات سے اُمید ہے کہ آپ ایک بے قصور کو خطاوار نہ ٹھہرائیں گے۔ اور کل مجسٹریٹ کے سامنے وہی بات کہیں گے جو حق ہے۔ یہ ہرگز خیال نہ کیجئے میں الزام سے بری ثابت ہونیکے بعد اپنا وعدہ پورا نہ کروں گی۔ نہیں جو کچھ کہہ رہی ہوں اُسکے لئے تیار ہو کر آئی ہوں۔ آپ جو کچھ فرمائیں اسی وقت حاضر کر سکتی ہوں۔ ساتھ ہی ایک بات اور بھی عرض کر دوں۔ آپ باور کیجئے کہ میں آپکے مینجر صاحب کی دھمکیوں سے خوفزدہ ہو کر ہرگز یہ درخواست لیکر آپ کے پاس نہیں آئی ہوں۔ بلکہ مجھے آپکی تکلیف اور آپکے نقصان کا کامل احساس ہے اور اس کی تلافی جس طرح بھی ممکن ہو میرے نزدیک لازمی ہے۔ بالفرض میری غلطی ثابت بھی ہو جائے تو زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ عدالت مجھ پر کچھ جرمانہ کر دے مگر اس سے آپ کو کیا ملے گا آپ خود جو جی چاہے مجھ پر جرمانہ کر دیجئے۔ میں بخوشی اُسے ادا کر دونگی۔"

لکشمی جس وقت یہ باتیں کہہ رہی تھی میرے دل کا کچھ عجیب عالم تھا۔ مجھے معلوم تھا کہ لکشمی بے قصور ہے۔ خطا درحقیقت میری تھی مگر میں مینجر سے وعدہ کر چکا تھا کہ مجسٹریٹ کے روبرو لکشمی کو قصوروار ثابت کر دونگا ایک طرف مینجر کی شیطانی قوت مسرح رُوح پر بُری طرح مسلط تھی۔ دوسری طرف شرافت کا احساس جو مدت ہوئی مٹ چکا تھا۔ خدا جانے کس طرح پھر یکبارگی میرے قلب کی گہرائیوں میں موجزن ہو گیا تھا۔ اُسکے ساتھ ساتھ محبت کا وہ جذبہ بھی اپنا عمل کر رہا تھا جسے میں نے سب سے چھپا کر اپنے بے احساس دل کے ایک گوشہ میں جگہ دی تھی۔ بہرحال میں نے خود کو سنبھالا۔ اور تمام مصلحتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ جواب دیا کہ "قصوروار کون ہے اس کا صحیح علم کم از کم مجھے نہیں۔ رہ گیا تلافی کا سوال تو اسکے متعلق مینجر صاحب سے مشورہ کئے بغیر میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔" لکشمی مایوس ہو کر اُٹھ کھڑی ہوئی۔ چلتے وقت اُس نے کچھ ایسی نظروں سے میری طرف دیکھا کہ میں خود اپنے نامہربان جواب سے شرمندہ ہو گیا۔ دوسرے دن میں، لکشمی، مینجر، پولس کا داروغہ، سپاہی، جھوٹے گواہ، سب مجسٹریٹ کے سامنے کھڑے تھے۔ میں نے جو بیان دیا اس کا خلاصہ یہ ہے کہ "غلطی سراسر میری ہے لکشمی ہرگز حادثہ کی ذمہ دار نہیں۔" صرف میرے بیان نے مقدمہ کا خاتمہ کر دیا۔ پولس کی شرمندگی، مینجر کی برہمی لکشمی کی حیرت اور میری خوشی اس وقت دیکھنے کے قابل تھی۔ اس واقعہ نے آنِ واحد میں لکشمی کو مجھ سے اور مجھے لکشمی سے بہت قریب کر دیا۔

دوسرے دن لکشمی نے مجھے اپنے یہاں چائے پر بلایا۔ نہ جانے آج کتنی مدت کے بعد مجھے حقیقی مسرت کے چند لمحے نصیب ہوئے تھے۔ لکشمی میرے سامنے بیٹھی تھی۔ خدا جانے کیوں ہم دونوں خاموش تھے۔ میرا دل کسی قدر زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ یہ سچ ہے کہ میں نے زبان سے ایک لفظ بھی ایسا نہیں کہا تھا جو میرے جذبات کی غمازی کر سکے مگر آنکھیں زبان کی قائم مقام بن کر دل کی ترجمان کا فرض بخوبی ادا کر رہی تھیں۔ میں نے محسوس کیا کہ میری اس کیفیت سے لکشمی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ مگر برابر اس کوشش میں لگی ہوئی ہے کہ دل کی پوری کھلنے نہ پائے۔ آخر میں نے کہا "لکشمی دیوی! آپنے میرا قصور معاف کر دیا؟"

لکشمی نے حیران ہو کر پوچھا "آپ کا قصور؟ آپ نے کونسا قصور کیا ہے؟"

میں نے کہا "میں سخت شرمندہ ہوں کہ پرسوں ہسپتال میں میں نے آپ کو مایوس کُن جواب دیا اور اپنی غلطی کا اعتراف نہیں کیا۔ بلکہ پردے میں آپ کو قصوروار ٹھہرایا۔"

لکشمی نے کہا "شاید صاحب! کئی گذری باتوں کا ذکر نہ کیجئے۔ مجھ پر آپنے جو احسان کیا ہے اگرچہ وہ آپ جیسے ایک شریف انسان کے طرف کے مقابلہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ مگر میری توقعات سے یقیناً کہیں بڑھکر ہے۔ اب آپ سے ایک التجا ہے۔ کیا آپ اسے قبول کرینگے؟" میں نے کہا "بسر و چشم۔"

لکشمی یہ سُن کر اُٹھی۔ برابر والے کمرے میں جا کر میز کی دراز میں سے کوئی چیز نکالی اور واپس آ کر ایک لفافہ بند میرے سامنے رکھ دیا اور کہا "یہ آپکی امانت ہے۔" میں کچھ نہ سمجھا، لفافہ اُٹھا کر کھولا۔ اس میں سو سو روپے کے کئی نوٹ تھے کتنے تھے یہ نہیں معلوم۔ میں نے شمار نہیں کئے۔ لکشمی کا مطلب سمجھ گیا۔ گویا یہ روپیہ میری اس تکلیف کا معاوضہ تھا جو موٹر کے حادثہ سے مجھے پہونچی تھی۔ نہایت بے اعتنائی کے ساتھ وہ لفافہ لکشمی کے سامنے ڈالتے ہوئے میں نے کہا "مجھے آپ سے ایسی اُمید نہ تھی کہ آپ گھر بلا کر مجھے اس طرح ذلیل کرینگی۔"

لکشمی اس جواب کے لئے تیار نہ تھی، وہ سخت مضطرب ہو کر بولی "نہیں نہیں خدا کے لئے آپ میرے مفہوم کو غلط نہ سمجھئے۔ میرے ساتھ بے انصافی نہ کیجئے۔ کیا اس کا امکان بھی ہے کہ میں آپ کو گھر بلا کر شرمندہ کروں۔ کیا میں آپکے نزدیک ایسی ہی ذلیل ہوں۔" لکشمی کے ان الفاظ نے مجھے لاجواب کر دیا۔

کچھ دیر تک پھر ہم دونوں خاموش بیٹھے رہے۔ آخر میں نے ہی ابتدا کی

میں نے کہا "لکشمی دیوی، شاید آپ کو معلوم ہے کہ منیجر صاحب میرے حد درجہ دوست، خیر خواہ اور محسن ہیں۔ مقدمہ خارج کرا کے میں نے انہیں بیحد نادم کر دیا ہے۔ برسوں، مقدمہ سے پہلے میرے نقصان کی تلافی کے طور پر ایک معقول رقم آپ مجھے دینا چاہتی تھیں۔ مگر میں نے نہیں لی۔ غالباً آپ ان تمام باتوں کو میری شرافت اور نیکی پر محمول کرتی ہوں گی۔ مگر درحقیقت ایسا نہیں۔ کاش میری ذات میں اتنی شرافت اور نیکی موجود ہوتی۔ اپنی کمزوریاں اور عیوب کوئی دوسروں پر ظاہر نہیں کیا کرتا مگر بعض اوقات انسان اسکے لئے مجبور ہو جاتا ہے۔ آپ یاد کیجئے کہ میں نے جو کچھ کیا وہ محض خود غرضی کی بنا پر تھا۔"

"مگر اس میں آپ کی کیا غرض تھی؟" لکشمی نے میرا قطع کلام کر کے کہا۔

"غرض یہ تھی کہ میری وجہ سے منیجر صاحب اور پولیس نے آپ کو جو ذہنی اذیت پہونچائی تھی اسکی تلافی ہو جائے۔"

"اوہ، شاید صاحب!" لکشمی نے صرف اتنا کہا۔ اسوقت وہ تشکر و امتنان کی تصویر بنی ہوئی تھی۔ میں نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا:۔

"اسکے علاوہ ایک اور بات بھی تھی"

"وہ کیا؟"

لکشمی کے اس سوال کا جواب میں نے الفاظ میں نہیں دیا۔ بلکہ ہاتھ بڑھا کر لکشمی کا ہاتھ تھام لیا۔ پہلے اُسے اپنی آنکھوں سے لگایا، پھر ہونٹوں سے۔ لکشمی نے ہاتھ چھڑانے کی کوشش نہیں کی۔ مجھے ایک لرزش سی اُسکے ہاتھ میں محسوس ہوئی۔ میرا خود تمام جسم کانپ رہا تھا، دل کی اس وقت جو حالت تھی۔ بیخود رشیدہ سے ملنے کے بعد آج پہلی بار مجھ پر طاری ہوئی تھی۔

وقت گذرتا گیا اور ہم ہر روز ایک دوسرے سے قریب تر ہوتے گئے۔ منیجر کی برہمی ہمارے اس بڑھتے ہوئے ارتباط کو دیکھکر گھٹتی جا رہی تھی۔ اسکا خیال تھا کہ جلد وہ مجھے اپنی راہ پر لگا لیگا۔ اور مقدمہ خارج کرکے میں نے اسکا جو مالی نقصان کیا تھا۔ اسکی تلافی کی صورتیں نکل آئیں گی۔ لیکن میں تہیہ کر چکا تھا کہ اِدھر کی دنیا اُدھر ہو جائے مگر لکشمی سے ایک پیسہ نہ لونگا۔ واقعہ یہ ہے کہ رشیدہ کی بے وفائی نے میرے قلب میں جو خلا سُوڈالدیئے تھے لکشمی کی وفا پرستیوں نے اُنہیں مندمل کر دیا۔ جسمانی رغبتیں اور روحانی مسرتیں اب قدم قدم پر مجھ سے ہم آغوش ہوتی تھیں۔ مگر تک یہ پہونچنے والے لکشمی کے سُنہرے بال جس وقت میرے بازو پر بکھرے ہوئے تھے اور اُسکی گداز مرمریں بانہیں میری گردن کے گرد حلقہ کئے ہوتی تھیں اس وقت میری ایسی حالت ہوتی ـــــ آہ کن الفاظ میں بیان کروں کیسی حالت ہوتی تھی لکشمی کی دولت، لکشمی کا جسم، لکشمی کی روح ہر چیز میری ملکیت تھی۔ چند روز اس طرح گذرے۔ دولت حسن، جوانی، محبت اور آزادی جب یہ سب ایک جگہ جمع ہو جائیں تو پھر کونسی تمنا ہے جو پوری نہ ہو سکے۔ بلکہ سچ پوچھئے تو یہ سب کچھ مل جانیکے بعد اور رہ بھی کیا جاتا ہے جسکی انسان تمنا کرے۔ مگر افسوس، حصول آرزو کے بعد محبت کی زندگی شفق اور دھنک کی رنگینیوں سے زیادہ ناپائدار ثابت ہوتی ہے۔ چاہت کی آگ رفتہ رفتہ سرد پڑنے لگی نفس کی کمسنگی جس پر تھوڑی سی مدت کے لئے شرافت نے غلبہ پا لیا تھا۔ پھر اُبھر آئی۔ پہلے مجھے خود لکشمی سے محبت تھی اب میں فقط اسکے روپیہ کو چاہتا تھا۔ سچ یہ ہے کہ لکشمی نے میری خاطر اپنی دولت پانی کی طرح بہائی۔ تقریباً ہر ہفتہ میں ریس میں کچھ نہ کچھ ہارتا تھا لکشمی مجھے بہت کچھ دیتی تھی اور اس طرح کہ گویا قرض ادا کر رہی ہے۔ احسان جتانا تو کجا احسان کرکے اُلٹی ممنون ہوتی تھی۔ بایں ہمہ میرے نفس کی دنائت روز افزوں ترقی پر تھی۔ آخر لکشمی کو بھی اس کا احساس ہو گیا۔ اس نے مجھے سنبھالنے کے لئے ہاتھ روک لیا۔ میں اور بھی بگڑ گیا۔ اب اُسکو اتنی بھی اجازت نہ تھی کہ اُسکے ہونٹ میرے لبوں کو چھو سکیں۔ میرا کھنچنا اُس کے لئے قیامت ہو گیا۔ خواب راحت کی خوگر آنکھیں جنہیں قدرت نے جاودگری کے لئے بنایا تھا اب جاگنے اور آنسو بہانے کے لئے وقف تھیں۔

ایکدن شام کے وقت میں لکشمی کے ہاں گیا وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھے کوچ پر لیٹی ہوئی تھی۔ اُسکے سُنہرے بال بُری طرح بکھرے ہوئے تھے۔ میں نے چپکے سے اسکے مُنہ پر سے مُنہ رکھدیا وہ بیتاب ہو کر اُٹھ بیٹھی۔ میرے گلے میں بانہیں ڈال دیں۔ اُسوقت اسکی حالت بالکل دیوانوں کی سی ہو رہی تھی۔ میں نے خیال کیا کہ اس وقت لوہا گرم ہے زور سے ضرب لگانی چاہئے۔ وہ کسی طرح مجھسے جُدا ہونا نہ چاہتی تھی۔ مگر میں نے بزور اُسے اپنے سے علیحدہ کیا اور کہا "لکشمی دُنیا میں ہر چیز قیمت سے ملتی ہے، میرے آغوش کی بھی ایک قیمت ہے۔ خدا نے تمہیں اس قابل کیا ہے کہ تم پوری قیمت دیکر اسے خرید سکتی ہو۔ میں ضرورتمند ہوں۔ اسلئے قیمت لینے پر مجبور ہوں ورنہ تم جانتی ہو کہ میں نے کبھی اسکی پرواہ نہیں کی۔"

میرے یہ الفاظ سُن کر لکشمی یکایک سنبھل گئی۔ میں کچھ نہ سمجھ سکا کہ اسوقت کس قسم کے جذبات اسکے قلب میں موجزن ہیں۔ تاہم اتنا ضرور اندازہ ہوا کہ اس کا جوش سرد پڑ گیا۔ اسکی آنکھوں میں اور چہرے پر برہمی، نفرت اور حقارت کے آثار نمایاں تھے۔ اس نے نہایت متانت سے کہا "کیا قیمت ہو تمہارے آغوش کی؟" میں سمجھا وار کارگر ہوا۔ دلمیں سوچا کہ اب کیا مانگوں۔ وہ ایک

ہیرے کی انگشتری پہنے ہوئے تھی۔ بہت بڑا اور تابناک ہیرا۔ میں جوہری نہیں تاہم میرا خیال تھا کہ اس ہیرے کی قیمت ہزار بارہ سو سے کم نہ ہوگی۔ انگشتری کی طرف اشارہ کرکے میں نے کہا "یہ انگوٹھی" لکشمی نے فوراً انگوٹھی اپنی اُنگلی سے اُتار کر میرے سامنے پھینک دی۔ میں نے اُسے اُٹھا کر پہن لیا اور دل ہی دل میں خوش ہوتا ہوا لکشمی کی طرف بڑھا۔ جیسے ہی میں نے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا اور اُسے آغوش میں لینا چاہا اس نے زور سے میرے منہ پر ایک طمانچہ مارا اور نہایت غضبناک آواز اور حقارت آمیز لہجہ میں کہا "نکل جا یہاں سے، پاجی، کمینے!" اتنا کہکر اُس نے اپنے ڈرائیور کو آواز دی۔ وہ فوراً آیا۔ لکشمی نے اس سے کہا "شاہد صاحب کو ہوٹل پہونچا دو" میں سرجھکائے خاموش اسکے کمرہ سے نکل آیا۔ اس ذلت نے میرے جذباتِ غیرت کو ذرا سی دیر کے لئے برانگیختہ کیا۔ گردوِ دہ کے اُبال کی طرح جلد ہی یہ عارضی طوفان فرو ہوگیا۔ منیجر کو میں نے کل واقعات سُنائے۔ اس نے پوری داستان سُن کر بہت کچھ میری تسلی تشفی کی اور کہا کہ "بھیا خدا روزی رساں ہے ایک در بند تو ستر دروازے کھلے۔ خدا تمہیں زندہ سلامت رکھے بکشمی جیسی ہزاروں چھوکریاں تمہاری جُوتی کی نوک پر سے قربان ہیں" انگشتری دیکھکر وہ بے انتہا خوش ہوا اور کہا کہ پندرہ سو سے کم اس کی قیمت نہ ملیگی۔ اس خیال سے میرے بھی کچھ آنسو پُچھ گئے کہ خیر جو ہُوا سو ہُوا ایک معقول رقم تو ہاتھ آئی۔ اگلے دن ہم دونوں وہ انگشتری فروخت کرنے کے ارادہ سے ایک بڑے جوہری کی دُکان پر گئے۔ بُڈھے جوہری نے "انگشتری کو ہاتھ میں لے کر بغور دیکھا پھر مُسکرا کر بولا "بابو جی کسی نے خوب آپ کو بیوقوف بنایا۔ یہ تو امی ٹیشن (نقلی) ہے"۔

چند روز ہُوئے میں ٹھکانہ گیا تھا۔ اُس شخص کو میں نے دیکھا جس کی عبرتناک داستان یہی کہانی کے عنوان سے پیش کی گئی ہے۔ دیکھکر کسی طرح یقین نہیں آتا تھا کہ یہ شخص کسی زمانہ میں مردانہ حُسن کا مجسمہ رہ چکا ہو۔ آنکھوں میں حلقے پڑے ہُوئے ہیں۔ زرد رنگت، پچکے ہوئے گال۔ لاغر جسم، پریشان بال، جھاڑ جھنکاڑ کی طرح اُلجھے ہوئے میلے کُچیلے کپڑے۔ شراب کے نشہ میں چُور۔ ہوٹل کے برآمدہ میں ایک ٹوٹی ہُوئی چارپائی پر نیم بیہوشی کی حالت میں پڑا تھا۔ میرے ایک دوست نے جو واقف حال تھے اور خود اُسی کی زبانی اُسکی رام کہانی سُن چکے تھے، اسکے حالات زندگی مجھ سے بیان کئے اُسے دیکھ کر اور اسکی داستانِ حیات سُن کر میرا دل لرز گیا، جہانتک واقعات و خیالات کا تعلق ہے میں نے مطلق تصرف نہیں کیا ہے۔ البتہ الفاظ میرے ہیں +

پریم پجاری

دلچسپ اور پُراز معلومات کتابیں

اُردو ڈرامہ نگاری:۔ سید بادشاہ حسین صاحب کی تصنیف ہے جس میں اُردو ڈرامہ کی تاریخ، اُردو کے مشہور ڈرامے اور تراجم وغیرہ کا مفصل حال درج ہے۔ قیمت عمدہ

صمدانی:۔ ناکارہ حیدرآبادی نے اس دلکش کتاب میں اپنے خاص طرز میں کئی عمدہ مضامین لکھے ہیں جو مکمل بھی ہیں اور مسلسل بھی۔ " عمدہ

سُودیشی ریل:۔ شوکت تھانوی کا یہ افسانہ انکی شہرت کا سنگ بنیاد ہے۔ اب علیحدہ مع ترجمے کے شائع ہُوا ہے۔ پڑھنے کے لائق کہانی ہے " عمدہ

گناہ کی راتیں:۔ ایم اسلم صاحب کی لکھی ہُوئی سات عبرتناک کہانیاں جن میں دکھایا ہے کہ عورت کس طرح اپنا گوہرِ عصمت ضائع کرنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ " عمدہ

نغماتِ موت:۔ حجاب امتیاز علی صاحبہ کے لکھے ہُوئے ادب پارے جن میں لطیف خیالات مترنم الفاظ میں ادا کئے گئے ہیں۔ مؤثر اور دلکش " ۶ر

ادبِ زریں:۔ حجاب امتیاز علی صاحبہ کی دوسری تصنیف جس میں چھوٹے بے شمار مضامین شامل ہیں۔ ادب لطیف کے شائقین کیلئے اس کا مطالعہ لازمی ہے " ۸ر

جوشِ فکر:۔ سلطان حیدر جوش کے لکھے ہوئے مضامین کا مجموعہ۔ سنجیدہ اور ظرافت آمیز مضامین لکھنے میں انہیں کمال حاصل ہے۔ " عمدہ

شعلے:۔ پروفیسر احمد علی ایم، اے کے افسانوں کا مجموعہ انہیں پڑھکر آپ میں زندگی کی حرارت پیدا ہو جائیگی۔ بالکل نئی طرز کے افسانے۔ " عمدہ

دوشیزہ:۔ علم نوعی کی عام فہم کتاب، عورت کی فطرت انکی ضروریات، اسکے جذبات و احساسات وغیرہ کو مفصل و مشرح بیان کیا گیا ہے۔ " عمدہ

دیوانِ شمس تبریز:۔ عبدالمالک صاحب آروی نے ایک محققانہ مقدمہ لکھکر اس شیخ کو شائع کیا ہے۔ فارسی شاعری سے ذوق رکھنے والے حضرات کیلئے ایک خاص چیز " عمدہ

آئینۂ حُسن:۔ جناب رسا ہوانی ایم، اے کیا کے مشہور شاعر ہیں۔ انکے کلام کا مجموعہ اس نام سے شائع ہوا ہے۔ کلام عمدہ، تخیلات بلند، زبان شستہ۔ " عمدہ

روحِ سیاست:۔ ابراہیم لنکن کا لکھا ہوا شہرۂ آفاق ڈرامہ۔ محمد عمر نورالٰہی صاحبان نے اس کا ترجمہ اُردو میں کیا ہے۔ رنگین سرورق۔ " ۱۲ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بُکڈپو۔ کھاری باؤلی دہلی

شرم اور سینما

شام بھری تھی، آواز آئی "جا جا، کاڑی جلدی لے آ"
ہم نے جانا، کام تُرت ہے فوراً اُٹھ کر پان بنایا
ایسے آئے، ہَولے ہَولے دل نے پکارا، جان ہو صدقا
ہے ہے، ایسی جلدی کیا ہے جیسے کہیں ہو خزانہ ملتا!

ہاتھ کو پکڑا، موٹر بیٹھے آن کی آن میں ہم تھے، اندھیرا
گھنٹے گذرے، گھڑیاں گذریں ہر ساعت اک سال تھی گویا
بارے شکر ہے، گھر کو پہنچے کتنا خوش تھا چہرہ کسی کا
اپنی خوشی تو اس لئے بھی بس پاس تھا اپنا من کا سکھ، پیارا
کس کو خبر، یہ ظلم بھی ہوگا گھر چل کر ہے راستے ہی دینا

آتے ہی پوچھا خوش ہو، ہو کر "فلم بھی کیسی، کیسا قصہ؟"
"کیا کہنے، کیا لطف ہو جیسے کافی کو ٹھڈی، اور کلکتا!"
جل کے کہا "کیا مطلب تیرا؟ پڑھ کے بھی ہو انسان، نہ طوطا"
"اب سے نہ لینگے ساتھ کبھی پھر یوں ہی اگر ہے خرچہ کرنا"
"آپ کا احساں، آپ کی منّت آپ کا ٹکار، آپ کی کرپا!"

خط ہے کسی کا، اپنی منشا ورنہ کھیل کی کس کو تمنّا
وہ تو، جلوہ تھا بھی کسی کا ورنہ گھُٹ کر دم ہی نکلتا
ہم نے وہ دیکھا کھیل ہی نیارا جس کے آگے ہیچ ہے دُنیا
اپنی فلم، اور اس کا تقابل! راجہ بیتال اور تیسلی گڑوا!!
"ہم بھی تو دیکھیں، فلم وہ کیسی! ہے وہ کیا آکاش کا تارا!!"

"جی، نہیں بجتیں، یہ نہیں منشا آپ بھی اس میں لیں کچھ حصّا!
جن کو تُتلیوں سے ہو چسکا اصلی فلم کا لطف انھیں کیا!
اس کا مزہ کچھ وہ ہی جانیں جن پہ پڑی ہو ایسی بپتا!
"ہم بھی تو جانیں، بپتا کیسی! کیسی فلم، اور کیسا قصّا!
عزیز برابر، اس کو مانیں حکم ہمارا جس نے ٹالا!!"

"اچھا، لیجئے، بتائیں سب کچھ! یہ تو ہے، پر، انصاف نرالا!
غیر کی فلم کو پیسے خرچے اپنی فلم کو حکم چلایا!،
"واں تو نہیں ہوں اک تُو پئے یہ لے، سارا خلاصہ تیرا!"

دیکھئے! وہ اک عورت آئی جس پہ ہے سارا زمانہ مرتا
کس نے اس کو کیا نہ سراہا جگ کی کھلیں نہ زبانیں کیا کیا!

آنکھ میں جادو، مُنہ میں امرت لب پہ بجلی، رُخ پر نتھر کا
گال پہ تیرے زلف کہ تیرے نور کے چشمے سانپ کا بچّا
سینہ بھرا، اور اُبھرا جوبن طوُر پہ دو ننھے سے موتا
رنگ و قامت باہم جیسے چاند کی کرنیں ہوں مل کیتا
بات بہ شانِ اسمِ اعظم چال بہ کامِ مُشتِ عیسا
ایک سراپا حُسنِ مجسّم ایک سراپا سحر کا پُتلا!"

ہریا ساڑی پیلی، جیسے سبزہ پہ، شام کی دھوپ کا جلوا
مُنہ پر شوخی، دل میں عفّت باطن موتی، ظاہر مونگا
اتناءِ درِ حُسن و خوبی ہفت اقلیم کی گو یا ملکا
لاکھ متاعِ جس کے صدقے سینکڑوں دل تھے جس کا تحفا
دل، کیا تھا اک ادنیٰ غنچہ مستِ خودی و محوِ عشرت
اونچا گھرانا، عالی گوہر علم و فضل و سیرت حسنا
عزت جس کی مانے راجہ دولت جس کا ہو نہ احصا

اک دن، شام جو نکلی تفریح باغ سا منظر، وقت سہانا
اُس پہ غضب، اک ظالم دیکھا زیرِ نظر تھا جس کی پرچا
آنکھ جو ٹھٹکی، دل کیوں دھڑکا 'ذرا سے مُکا کیوں موٹر پہیا
جانے، اس کے سامنے یہ تھی یا پھر اُس کے سامنے وہ تھا
نظریں دو سے چار ہوئیں، یا دل کو پایا دو صد پارا
شرم نے باگ نظر کی موڑی واپس لوٹی، موٹر پھیرا

وہ آگے اور پیچھے نظر تھی ۵۰ چلتی تھی گویا، رستہ اُٹھا
دمطلب سعدی دیگر، گو تھا پھولوں کے نظارے کا بہانا
گھر پہنچے کچھ ایسا پایا جیسے جواری کھوستا آیا
روز کی تفریح واحسرتا ایماں تفریح تھی یا فرضِ خدا تھا!
وہ آیا، اور یہ بھی پہنچی اسی طرح اک عصر گذرا
جتنا بھلایا، رفتہ رفتہ، ۵۵ یاد کو اتنا بڑھتے پایا
دیدہ میں گذرے دل سے خوش خوش اُوٹ ہوئی، اور ظالم مچلا
کتنا ڈرایا، کتنا منایا پھر بھی وہی ضد اپنی انگوڑا!
کھلے کسی کا لگائے کسی کا بھاٹ میں جائے ایسا کمینا!
ہے بے، اسکو بتائے کیونکر غیر پہ کوئی یوں نہیں مرتا!
جیسے جیسے دن تھے گذرتے ۶۰ دل کا مرض تھا اتنا بڑھتا
دل کی دھڑکن دھیمی، دھیمی شوق کا اٹھتا اٹھتا شعلا
اُٹھے، بیٹھے، جاگے، سوئے چین کسی کل، تھا نہیں پڑتا
حال پریشاں ہر دم، کوئی جیسے بھوت کے خواب سے اٹھا
بات سے نفرت، ملنے سے وحشت وہ تھی، اور اک تنہا کونا
جس رُخ دیکھو ایک ہی جلوہ ۶۵ جلوہ تھا، یا نظر کا دھوکا
وہ جو نہ آیا، نیند نہ آئی آہ کی تیغ سے رات کو کاٹا
جتنا کرب تھا، اتنی لذت جتنا درد تھا، اُتنا چسکا
اِتنا بڑھایا سوزِ دروں نے دل پہ ہوا انگارے کا دہوکا
چور کو جیسے بچھو کا کاٹے کس کو سُنائے دل کی بپتا
اِتنا ستایا، اتنا ستایا ۷۰ تابِ ضبط، نہ سہنے کا یہ تھا
درد ہی کو خود رحم سا آیا سونس غم جب کوئی نہ پایا
آنکھ میں آنسو ڈبڈب آئے دل کا بڑھتا سوز بجھایا
گُن پڑا ماند عشق سے آگے ناز کو سارے نیاز نے لُوٹا
ذہن میں ہمت، دل میں صفرا مُنہ پر بات، نہ کہنے کا یارا
یارب، وہ! اور اتنی بے بس ۷۵ کیں عصیاں کا ہے یہ بدلا!

حال اِدھر غیر اس کا اتنا اور اُدھر وہ اتنا بگانا
انساں تھا، یا کوئی فرشتہ تھا بھی دل؟ یا برف کا گولا؟
دل ہے جو اس کو کیوں نہیں روتا مر کے، یا پھر دل نہیں ہوتا!
دل تھا اگر تو اتنا لڑا تھا روز کا جانا پر نہیں چھوٹا
روز نیا اک وارِ محبت ۸۰ روز نیا دل عقل کا جھگڑا!
عقل کا منتا شرم و عبرت دل کا کہنا "نوا در پیارا"

دل نے آخر عقل کو جیتا کتنا دانا اِکتنا سیانا!
آنکھ پہ عقل کی پردہ ڈالا اپنا اندھیارا ج چلایا
گُل کی راج کوٹ کی میں جھوٹا نام کے نام و ننگ کو میٹا
اپنے پرائے طعنے، تشنے ۸۵ سب کو بلا پر اپنی ڈارا
جی میں آئی، چل کر کہدیں لاج نے پھر بھی دامن تھاما
لکھ آخر اک نامہ بھیجا واں سے جواب اُچٹتا آیا
کتنے نامے، کتنے پرچے کتنی گذارش، کتنی منتا
گاہے حرف، اور گاہے جھڑکی پھر بھی یہ دل، اور اتنا رسیجا
عزت دھوئی، شرم کو مارا ۹۰ خود جا جا کر، بارے، منایا
کتنا ضدی، اکتنا ستمگر کتنا ہٹی، گمان کا بندا
مان کے بھی کیں شطیں لاکھوں اک اک پر اقرار کرایا

"جور کریں گے، ظلم کریں گے!" "آپ کی مرضی، اپنی منا!"
"سب ہے انوکھی اپنی طبیعت!" "اس کا علم ہے ہم کو پورا!"
"غنا غنا کا ساتھ ہو کیونکر!" ۹۵ "ان میں تو ہے بس تُو تُو صفر کا!"
"اِس عزت کے ہم نہیں قابل!" "دھن کا غریب ہے، دل کا شہنشا!"
"مان لو، ہم عیاش بہت ہیں!" "آپ کی خاطر سب کچھ گوارا!"
"پھر بھی فاکا دعوی، کب تک؟" "جان نے جب تک ساتھ نہ چھوڑا!"
"اس کا یقیں پر آئے کیسے؟" "سر ہے جو یہ قدموں پر رکھا!"
اتنے جتن اور وعدے لیکے ۱۰۰ قدموں سے سر کو جلد اُٹھایا
دیکھا پھر اک خاص نظر سے "پیاری" کہا، اور گلے لگایا،
وعدہ کیا آملنے کا دا ئم اور کہا "ہوں تیرا عفیفا!"

"پیاری، میں!" اور قسمت میری! واری خدایا! صدقے مولا!
وعدہ! اور آملنے کا دا ئم اور کہا "ہوں تیرا عفیفا!"
بول ہیں یہ! یا امرت بوندیں! ۱۰۵ ہوش ہے یہ، یا میٹھا سپنا!
کیسی قسمت! کیسا مقدر! کیسا بخت! اور کیسا نصیبا!

لیجے! پوں! پوں! موٹر آئی! موٹر کیا! وہ خود ہی آیا!
ناؤ کھیویا، جیون سنگی دل کی جوت، اور سر کا اُجالا
کتنا حسیں، اور کتنا پیارا کیسا نرالا، کیسا بانکا!
کتنی رسیلی، آنکھیں، پریکی! ۱۱۰ پھولوں میں جیسے میٹھا بھونرا!
گال پہ گورے، شرخی، جیسے ہولی کھیلے ننھا بچہ

کتنا بہادر، با تیر، نہ تیغہ — دل کے جیسے شیر کو مارا!
غم کی فوج نے آن جو گھیرا — تنہا مار کے ہم کو بچایا
دیر سے آ کر کس نے رُلایا — ہاتھ سے کس نے آنسو پونچھا
کس نے نظر سے پھول جھڑائے — ہنس کر ہم کو کس نے ہنسایا
پیار کی باتیں کس نے سنائیں — دل کی لگی کو کس نے بجھایا
وہ نہیں، یعنی نور نظر جب — جگ میں ہو گیوں ساری اندھیرا
ساری خوبی، ایک خدا کی — ظالم اتنا، جتنا اچھا
ظلم بھی اچھا، وہ جو اچھا — اس کے لئے ہی سب کچھ زیبا
کتنے خوف سے اس کو سنبھالا — جیسے تتلی کا ہو پھپولا
کپڑے اتارے، سکھ سے بٹھایا — ہاتھ بھی جوڑے، کی بھی پوجا
اتنا پوجا، اتنا پوجا — خود دیوتا کو بندہ بنایا
پھر تو پریم کے گنجے چڑھے کے — غم کے جہاں کو خلد بنایا
دکھ کی کہانی سکھ سے بدلی — اسی خوشی میں سُنئے گا نا:

کتنے چاؤ سے تو ہے سنواروں — نین کا آئینہ، پلکوں کا کنگھا
زلفوں کی کملی، اشکوں کی مالا — پریم کی خوشبو، دل کا پھلہا
تم بن اجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!
نین کی موٹر بیٹھے دکھاؤں — کتنی پیاری خیال کی دُنیا!
دُکھ میں جہاں ہو عیش کی لذت — اک اک سال بھی پل کے جہاں کا
تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!
پیت کی چوٹی سب سے اونچی — جس پہ ہمارا دل ہو دھڑکتا
پھر تم آؤ، گود میں جھیلو — دل ہو دھڑکتا، پھر سے اچھلتا
تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!
نین کا ساگر بیٹھے کنارے — تم جو نہ آؤ، اشکوں سے کھیلا
ہجر کا مارا نیر کسی نے — ہم نے سمجھ کر تار اٹھایا
تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!
دیکھے پرندی، چوں کرتے — پیار سے جن کا دل تھا اُمنڈتا
دھیان کے جادوگر سے مدلی — ہم نے بھی اپنے پی کو بُلایا

تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!
ہم کو نہیں دُنیا سے غرض کچھ — سب سے الگ، اک راج ہو بسنا
نیک ہے، بد سے پاک ہو دُنیا — پریم کی جنت کا ہو نقشا!
تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا
ہجر نہیں ہم کو مرتے نہ چھوڑیں — مار کے جاں دیں آپ خدارا!
جینا ہو وہ، سو جینے سے بڑھکر — جان کو وقتوں پر جو وارا!
تم بن اُجڑے ساری نگری — آؤ، آؤ، من کے بسیّا!

دیکھا! کتنا اچھا گانا — کیسا گیت، اور کیسا گلا تھا!
ہے ہے آنکھ میں آنسو! کیوں! — اس میں پایا اتنا اثر کیا!
ہنس کے کہا پھر "یوں ہی کچھ تھا — ہم بھی سُنیں، کیا نام ہے اسکا!"
ہم نے کہا ہے "عشق کی دُنیا!" — بولے "فلم ہے یہ، یا قصہ؟"
فلم ہے، خاکہ، قصہ، پردہ — برق ہے، گھر ہی جوت، اندھیرا
سب کچھ ہی یاں دلکش ساماں — چاہئے "ہاں"، اک دیدۂ بینا
عشق کی برق، اور دل کا گھر ہی — وصل ہی جوت اور ہجر اندھیرا
فلم ہے اک تصویر کسی کی — جس کا منظر سینہ کا پردا
جس کا ٹکٹ، اک نظر محبت — جس کا تماشا تنہا، اکا
زر کی نہیں یاں قدر کسی دن — لیجے، آپ کا کھوٹا ٹرپیا

سینہ سے جو دامن کو ہٹایا — نکلی اک موتی کی مالا
جس میں تھی وہ تصویر کسی کی — فلم تھی جو، اور اپنی دُنیا
اب نہ بنائیں اس کے آگے — فلم ہے کس کی، کس کا نقشا!
بات نہیں یہ کہنے کی، سمجھیں — خود ہی اگر ہے عقل کا دعوا،
ایسے ریجھے اتنا سُن کر — مہر کا جیسے دریا اُمڈا
مست سی نظریں لپکیں، اٹھکر — ہاتھوں کا ہار گلے میں آیا
ختم ہوتیں جب باتیں نظر کی — ہنستے ہوئے پھر یہ فرمایا
"عقل کا ہو یاں کس کو دعویٰ — سحر عشق جو کر دے ابلا"
"ہم کیا جانیں ہوگی کسی کی — نیچے تو ہے، ہاں، شاکر لکھا"

سیّد علی شاکر ایم اے

توجّہ طلب

(۱) خط و کتابت کرتے وقت اپنا نمبر خریداری ضرور تحریر کیا کیجئے۔ (۲) جواب طلب امور کیلئے کارڈ یا لفافہ بھیجا کیجئے۔ مضامین کی واپسی کیلئے محصول ڈاک بھیجنا ضروری ہے۔

(منیجر ساقی دہلی)

سادگی

زندگی کی مسرتیں حقیقت میں اُسی کو حاصل ہیں جس نے طرزِ معاشرت میں اعتدال قائم رکھا اور سادگی کو اپنا مسلک قرار دیا ہو، ضروریات اور لوازماتِ زندگی میں ہمیشہ سادگی کو پیشِ نظر رکھنا چاہیئے یا ایسی خصوصیت ہے کہ اس سے رفتہ رفتہ انسان کے خیالات خود بخود پاکیزہ ہونے لگتے ہیں۔ زیب وزینت، آرائش وزیبائش اور تہذیب جدید کے نئے نئے طریقوں میں جو وقت برباد ہوتا ہے۔ معاشرت میں سادگی اختیار کرنے والے ان اوقات کو دوسرے مفید اور ضروری کاموں میں صرف کر سکتے ہیں۔ انسان کی زندگی کا ایک ایک لمحہ کس قدر قیمتی ہوتا ہے۔ بشرطیکہ ہم اُسکی قدر وقیمت کرنا سیکھیں۔ اور اُس کی اہمیت کو محسوس کریں۔

ہم کو نظراً سادہ معاشرت کا پابند ہونا چاہیئے۔ مگر ہم پر اندھی تقلید کا مادہ اس قدر غالب ہے کہ بھول کر بھی ہم اُس مسلک کو اختیار کرنا نہیں چاہتے جس سے زندگی کی حقیقی مسرتیں حاصل ہوتی ہیں۔ جب تک ہم اپنی معاشرت میں سادگی نہ پیدا کریں۔ روپیہ اور وقت برباد کرنیوالے زیب وزینت کے طریقوں اور نت نئے فیشنوں سے احتراز نہ کریں، ہمیں یقینی مسرت کبھی حاصل نہیں ہو سکے گی۔

وہ دولت مند اور متمول حضرات جن کو ساری دنیا کی نعمتیں، عیش وعشرت، زیب وزینت، اور آرائش وزیبائش کے اسباب حاصل ہیں کیا وہ واقعی ایسے قانع ہیں جیسا کہ اُنہیں ہونا چاہیئے؟ غور کرنیسے نہیں تو خود اُنہیں سے دریافت کرکے ہم معلوم کر سکتے ہیں کہ وہ حقیقت میں ایسے نہیں ہیں آخر اسکے اسباب کیا ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ جس قدر نعمتیں اُنکو زیادہ میسر آتی جائینگی۔ اُسی قدر اُنکے تکلفات بڑھتے جائیں گے جتنی اُنکی خواہشیں پوری ہوتی جائینگی اُن سے دُونی پیدا ہوتی رہینگی۔ حقیقت میں زندگی کا لطف اُسی کو حاصل ہے۔ جو معاشرت میں سادہ ہو۔ اِس قدر سادگی کی بھی ضرورت نہیں کہ مقدور ہوتے ہوئے پھٹے کپڑے پہنے، حیثیت ہو اچھا نہ کھائے اور فراغت ہو مگر تکلیف اُٹھائے۔

اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے ارتقائے انسانیت کی تاریخ پر نظر ڈالیں، تو واضح ہوگا کہ کس طرح زمانہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ سادگی سے نظر پوشی کی گئی۔ ایک زمانہ تھا کہ حضرت انسان غاروں اور درختوں کے سایہ میں رہا کرتے تھے، ہر طرف بچر کی حکومت تھی، یہ آزاد میدانی زندگی صحت بخش، طاقتور اور بے لوث ہونیکے علاوہ، اسمیں، فکر، رنج، تکلیف اور خجالت کا کہیں نام ونشان نہ تھا، نہ اس کثرت سے بیماریاں آتی تھیں۔ نہ قحط پڑتے تھے، نہ وبائیں ہوتی تھیں، نہ آزادی کے لئے کوششیں، صرف آزادی اور سادگی کی ہر طرف حکومت تھی، خیالات سادہ تھے، مگر وسیع اور مُتفق، نہ وہ ہزاروں جانب منقسم تھے اور نہ فضولیات میں اُلجھے ہوئے، اسکے بعد آگ وجود میں آئی جس نے ہمارے تعلقات کو نجر سے کامل طور پر جُدا کر دیا۔ اس آگ کے معلوم ہونیکے دن سے تہذیب وتمدن کی تاریخ شروع ہوتی ہے۔ کیونکہ اس وقت سے انسان کی ضروریات کا دائرہ وسیع ہوتا چلا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ضروریات بیحد بڑھ گئیں اور ساری برکاتِ اوّلین غائب ہوگئیں۔

اِس وقت ہم نے جو طرزِ معاشرت اختیار کر رکھی ہے اس کا اصول سادگی نہیں بلکہ از سرتا پا تکلف ہی تکلف ہے۔ سادگی سے قطعی جُدائی ہمارا شعار ہوگیا ہے۔ اب ہمارا مقصد یہ ہے کہ کسی چیز کو جس حالت میں پائیں، اُسے اُسکے برعکس بنادیں۔

اگر ہم معاشرت میں سادگی پسند کریں تو اپنی آدھی سے زیادہ مشکلات پر غالب آسکتے ہیں، سادہ عادات، سادہ خیالات، سادہ مشاغل تفریح سادہ ضروریاتِ زندگی، غرض کہ ہماری معاشرت میں سادگی کا دور دورہ ہو پھر دیکھئے دُنیا مع اپنے سارے تکلفات کے ہم کو مغلوب نہیں کر سکتی۔ کیونکہ سادگی بچر پر حکومت کرتی ہے۔

ہم نے اکثر بچوں کو سڑک کے کنارے خاک میں لوٹتے ہوئے دیکھا ہے۔ وہ اپنی اس حالت میں بہت زیادہ خوش وخُرم دکھائی دیتے ہیں، اتنا زیادہ مبتذل کہ ہم اپنے بیش قیمت لباس میں بھی نہیں ہوتے، ہماری تہذیب اُنہیں گندہ کہتی ہے، مگر یہ مسئلہ غور طلب رہتا ہے کہ آیا ہم زیادہ گندے ہیں یا وہ؟ جُوں جُوں وقت گزرتا جاتا ہے۔ بچہ ہماری تہذیب اور معاشرت میں گرفتار ہوتا جاتا ہے۔ یہانتک کہ وہ اپنے گذشتہ مشاغل تفریح کو عہدِ طفلی کی لغویات پر محمول کرتا ہے، سادہ اور حقیقی مسرت جو اُسکے دلمیں اُسکے اِرد گرد کی چیزوں سے پیدا ہوتی تھی کم ہونا شروع ہوتی ہے، اور تھیٹر، سینما، راگ ورنگ، رقص وسرود، اور ایسے ہی دوسرے تہذیبی تکلفانہ مشاغل تفریح میں مسرت حاصل کرتا ہے۔ غرض کہ اسکی معاشرت میں سادگی کے عوض تبذیح

تکلفات جگہ پاتے ہیں۔ اور سادہ معاشرت کی جگہ خوبیاں اور آزادیاں تہذیب و تمدن کے بندھنوں میں مقید ہو جاتی ہیں۔

سادہ معاشرت کی مختلف قسمیں ہو سکتی ہیں۔ گھر کی سادگی، لباس کی سادگی، عادات کی سادگی، رسم و رواج اور دیگر معاملہ ہائے زندگی میں سادگی، اور غذا میں سادگی وغیرہ۔

گھر کی سادگی سے یہ مطلب ہے کہ ہم اپنے مکانوں کو سادہ گھر صاف ستھرا رکھیں۔ جن مکانوں میں فضول چیزیں بھری رہتی ہیں، اُنکے مکینوں کی جان ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہتی ہے، شب و روز اُن کو اِن چیزوں کی ترتیب اور تہذیب کی فکر لگی رہتی ہے اور ان کا سارا فرصت کا وقت ان غیر ضروری چیزوں کی دیکھ بھال میں صرف ہوتا ہے۔ ماؤں اوّل کچھ عرصہ تک آرائش و صفائی کا شوق رہتا ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ یہ شوق سرد پڑ جاتا ہے۔ جو چیزیں روزمرہ استعمال میں نہیں آتیں۔ اُن پر گرد و غبار کے ڈھیر لگ جاتے ہیں۔ جو اشیاء اسلئے خریدی گئیں تھیں۔ کہ اُن سے گھر کو آراستہ کیا جائے اب اُنہی آرائشی چیزوں نے گھر کو کباڑی کی دوکان بنا دیا ہے اور وُہی آرائش و زیبائش کے عوض مکان کی بدنمائی کا باعث ہو رہی ہیں۔

آج کل اکثر حضرات اس مرض میں مبتلا ہیں کہ خواہ ضرورت ہو نہ ہو۔ نیلاموں سے بغیر سوچے سمجھے بہت سی بیکار اور فضول چیزیں لا کر جمع کر لیتے ہیں۔ اور دوسروں سے مقابلے کے شوق میں بازار کی قیمتہ سے زیادہ قیمت پر سامان خریدتے ہیں۔ چند روز کے بعد جب طبیعت ان چیزوں سے سیر ہو جاتی ہے۔ اور اُنکے بے ضرورت ہونے کا احساس ہوتا ہے تو پھر نیلام میں بھیج دیتے ہیں۔ اسی خرید و فروخت میں جو نقصان ہوتا ہے اُس کا اندازہ وہی لوگ اچھی طرح کر سکتے ہیں جو اس مرض میں مبتلا ہیں۔ اس موقع پر مُنا سب معلوم ہوتا ہے کہ ایک واقعہ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جائے۔

ایک صاحب کو جن کے والد کافی جائداد اور دولت چھوڑ گئے تھے فرنیچر اور دوسری آرائشی چیزیں خریدنے کا شوق ہوا۔ ایکدن آپ کسی نیلام میں رونق افروز ہوئے اور اندھا دُھند سامان خریدنے لگے۔ نیلامی نے جو یہ رنگ دیکھا طرح طرح سے ان کو اُکسانا شروع کیا، اگر انہوں نے ایک ہی وضع کی دو چیزوں میں سے ایک چیز خرید لی تو انہیں مخاطب کر کے کہدیا "جوڑی بگڑتی ہے" ایکبھی کسی چیز کو زیادہ بولی کی وجہ سے چھوڑ دینا چاہا تو ذرا در سے للکارا دیا کہ "یہ چیز تو آپ ہی کے لائق ہے، جہاں اتنا سامان خریدا اسکو بھی خرید لیجئے کہ دولت خانہ کی آرائش ہو"! غرض کہ اسطرح ہمارے ناعاقبت اندیش دوست نے تین چار ہزار کا سامان خرید لیا۔ گھر تھا پرانی وضع کا۔ اس میں یہ طرز جدید کا فرنیچر اور اسباب آرائش کیا بھلا لگتا۔ چونکہ مکان کرایہ کا تھا۔ اس لئے دوست احباب کی رائے ہوئی کہ گھر بدلنا چاہیئے۔ فوراً اس مکان کو خیر باد کہہ دیا گیا۔ اس منتقلی میں بہت سارا چینی کانچ کا سامان ٹوٹ پھوٹ گیا۔ میز کرسیوں اور الماریوں کی پولیں ڈھیلی ہو گئیں۔ الغرض یہ سارے اسباب آرائش کے ساتھ جس مکان میں منتقل ہوئے تھے وہ بھی کچھ قریب کا نہیں نکلا۔ اب یہ آرائشی چیزیں اسیں سجائی گئیں تو بعض احباب کی رائے ہوئی کہ اس نئے طرز فرنیچر اور سامان آرائش کے لئے یہ مکان بھی کچھ زیادہ موزوں نہیں اس مکان کو بھی وداع کیا گیا اور ایک مکان معقول کرایہ پر لیا گیا۔ حالانکہ اب بھی سرمایہ اس قدر موجود تھا کہ ایک نہایت اچھا مکان بنا بنایا خریدا جا سکتا تھا۔ یہ مکان بھی بیش قیمت فرنیچر کے قابل نہیں سمجھا گیا۔ مکانوں کی اس رد و بدل کی وجہ سے جو سامان ناکارہ ہو گیا اُس کو جب نیلام میں بھیجا گیا تو آدھی سے بھی کم قیمت پر فروخت ہوا اور اس قیمت کا بھی کچھ حصہ نیلامی کے کمیشن کی نذر ہو گیا اور اس تقریب میں ہمارے دوست کو گھر بدلنے کا کچھ ایسا چسکا پڑا کہ آج تک یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔

مکان کی طرح ہمارا لباس بھی سادہ مگر صاف ستھرا ہونا چاہیئے۔ مُرغ زرّیں پہنے رہنے سے ہمکو بہت تکلیف اُٹھانی پڑتی ہے، جو لوگ قیمتی لباس استعمال کرتے ہیں اُن کو ہر وقت اپنے لباس کو ہتھیلی کے پھپھولے کی طرح حفاظت سے رکھنا پڑتا ہے۔ جہاں کسی نے ذرا ہاتھ لگایا۔ ان کا دل دھڑک گیا۔ ہم کو چاہیئے کہ فوق البھڑک لباس کی قید میں خود کو نہ پھنسائیں۔ لباس ایسا استعمال کرنا چاہیئے کہ تن پوشی کے علاوہ تراش خراش میں بھی اچھا ہو تاکہ دیکھنے والوں کی نگاہوں کو بھلا معلوم ہو۔

اسکی ضرورت نہیں کہ ہمارے بال، دونوں سوٹ، شیروانیاں، شوز وغیرہ ہوں، ان اشیاء کی افراط انکی دیکھ بھال سے ہمیں بے نیاز کر دیتی ہے اور قیمتی چیزیں برسوں کام دینے کے عوض مہینوں میں ناکارہ اور ناقابل استعمال ہو جاتی ہیں۔ شوز اتنے ہوتے ہیں کہ انکی صفائی اور پالش کے لئے ہمارے نوکر کو وقت نہیں ملتا، کپڑے پہلے جا رہے ہیں۔ نوکر صاحب اگر ذرا جائدست ہیں تو ہر مہینہ ایک آدھ چیز گم ہو رہی ہے، نقد اور کی کثرت میں یاد بھی نہیں رہتا کہ کتنی چیزیں خریدی گئی تھیں، اور اب کتنی ہیں۔ غرضکہ ہر چیز کی افراط ہر طرح کے نقصان کا باعث ہوتی ہے۔

لباس میں فیشن کی لعنتوں نے شریک ہو کر اس کو انسانی صحت کے لئے مختلف طریقوں سے مضرت رساں بنا دیا ہے۔ فیشن کی نظر فریب اختراعات سے ہماری صحت اور خوش حالی کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ فیشنیبل

لباس کی خاطر ہم اپنی دوسری اہم ضروریات زندگی سے اپنے آپ کو اور اپنے متعلقین کو محروم رکھتے ہیں۔

خیالات کی سادگی بھی بڑی چیز ہے جس کو یہ حاصل ہو اسکو بھرخوشی مسرت اور آزادی ہی آزادی ہے۔ بعض حضرات خواہ مخواہ اپنے دماغ کو بے جا خواہشات کا آماجگاہ بنالیتے ہیں انکی خواہشیں اس قدر بلند اور لامتناہی ہوتی ہیں کہ ان کا سلسلہ کبھی ختم ہی نہیں ہونے پاتا ایسی موہوم اُمیدوں کے خیالات اُنکے دل و دماغ پر حاوی ہو جاتے ہیں کہ اُن کا پورا ہونا اس دنیا میں قرین قیاس نہیں ہوتا، وہ اُن آسائشوں اور مسرتوں کے حاصل کرنیکا خیال کرتے ہیں جن کے حصول کی اُمید خیال خام ہوتی ہے۔ "دماغ بیہودہ بخت و خیال باطل بست" کا مقولہ ان لوگوں پر صادق آتا ہے، فضول اور لایعنی خواہشوں کے ہوائی قلعے نہ بنانا چاہیئے۔ سادگی ہی میں ہے کہ ہم ایسی خواہشوں کے حاصل کرنے کی فکر کریں جن کا حصول ممکن ہو اور جو ہمارے اور ہمارے ابنائے جنس کے لئے مفید ہوسکیں۔ ایسے خیال اور حصول کو ہم اپنا رہبر بنائیں جو ہماری زندگی کے لئے مفید اور ضروری ہوں۔ زندگی کو فضولیات اور خرافات سے آزاد رکھنا چاہیئے۔

عادت کی سادگی کا مطالبہ ہے کہ ہم اپنی عادات وخصائل میں سادگی اختیار کریں۔ سادہ عادتیں ہماری زندگی میں بہت ساری آسانیاں پیدا کرتی ہیں اور ہماری معاشرت کو کم خرچ بالانشین بناتی ہیں۔ عہد طفلی میں جو عادتیں گھر کرلیتی ہیں وہ تادم آخر برقرار رہتی ہیں۔ بچوں کی عادتوں کو سنوارنے اور اُن میں صلاحیت پیدا کرنے کی ذمہ داری زیادہ تر ہماری خواتین کے سر ہے۔ کیونکہ ماں کی گود بچہ کا پہلا مکتب ہے۔ اور اگر اس مکتب میں وہ بُری عادتیں سیکھے اور یہ بُری خصلتیں اس میں راسخ ہو جائیں تو پھر کسی اصلاح و شعور ہی نہیں بلکہ تقریباً ناممکن ہو جاتی ہے۔

ہماری بہنوں کو چاہیئے کہ بچوں میں ایسی سادہ عادتیں پیدا کرائیں جو آگے زندگی کے نظام میں آسانیاں مہیا کریں، اور انکی تکلفانہ معاشرت کی خاردار راہوں اور دشوار گزار گاہوں کو صاف اور ہموار بنادیں۔ بچوں میں فطرتاً ہٹ اور ضد کا مادہ بدرجہ اتم ہوتا ہے اگر عہد طفلی میں اسکی روک تھام اور اصلاح نہیں کی گئی تو آئندہ زندگی خود انکے لئے باعث عذاب اور تکلیف دہ ہو جاتی ہے۔ انکے رگ و ریشہ میں خودپسندی اور انانیت سرایت کرجاتی ہے۔ انکی زندگی کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ انکی ہر خواہش اور ہر آرزو کسی طرح پوری ہو خواہ اسمیں اُنکے والدین اور متعلقین کا کتنا ہی نقصان کیوں نہ ہو۔

ہماری خواتین کو چاہیئے کہ بچوں میں ابتدا ہی سے سادہ مگر صاف ستھرا لباس اور سادہ زود ہضم غذا استعمال کرنے کی خو ڈالیں۔ تصنعی لباس اور مُرغن غذائیں اُنکے دماغ اور اُنکے نظام جسمانی کو تباہ و برباد کردیتی ہیں۔ ہماری بہنیں بچوں کی بُری عادتوں کو یہ کہکر ٹال جاتی اور برداشت کرلیتی ہیں کہ ابھی تو بچہ ہے۔

"آتے آتے آئیگا اُسکو خیال"

جب سمجھ آجائیگی تو خود ہی یہ عادتیں چھوڑ دیگا۔ مگر جب بچہ میں یہ عادتیں راسخ ہو جاتی ہیں تو پھر ان کا چھوٹنا ایک طرف، بلکہ جہاں صرف چند عادتیں خراب تھیں وہاں کئی ایک نئی پیدا ہو جاتی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ صرف اپنی ہی بربادی کا باعث نہیں ہوتا بلکہ اپنے گھر اپنے خاندان اپنے دوست و احباب اور اپنے ملک و قوم کے لئے بھی اس کا وجود تباہ کن اور باعث ننگ و عار ثابت ہوتا ہے اور آخر میں وہ زمین کی پیٹھ کا بوجھ بن کر رہ جاتا ہے۔

بے جا لاڈ پیار اور ناز و نعم میں پلنے والے بچے دُنیا میں کسی مرض کی دوا نہیں ہوتے، ہماری بعض بہنیں بچوں کو ضرورت سے زیادہ اہم بنا دیتی ہیں بچوں کی پیدائش کوئی عجیب و غریب بات نہیں۔ پھر کیا وجہ ہو کہ ہم اُنکی پرستش کریں۔ انکی ہر ادا اور ہر حرکت پر آئین کہیں اور اُن کو دُنیا کا آٹھواں عجوبہ تصور کریں۔ ہماری بہنوں کو چاہیئے کہ اپنے بچوں کو اپنے لئے نہیں بلکہ دُنیا کے لئے اور اپنے ملک و قوم کے لئے تیار کریں۔

غذا کی سادگی سے یہ مُراد ہے کہ غذا مُرغن اور محرک نہ کھائیں۔ ہمارے مُلک کی گرم آب و ہوا کے مدنظر ہمارے لئے مُضیہ نہیں ہوسکتیں۔ مُرغن غذائیں جسم میں چربی پیدا کرکے جسم کو فربہ اور بھدا بنادیتی ہیں۔ تازہ دودھ، روٹی، مکھن، انڈے، پھلی وغیرہ استعمال کرنا چاہیئے۔ گوشت پرترکاریوں اور تازہ پھلوں کو ترجیح دینی چاہیئے۔ آج کل چائے کے استعمال کا رواج بہت ترقی پر ہے۔ ہر گلی کوچے میں چائخانوں کی افراط ہے۔ یہ چائخانے جن پر نام نہاد ہوٹل اور رستوران کے خوشنما نام بورڈ آویزاں نظر آتے ہیں اپنے اندر اقسام اقسام کی گندگیاں رکھتے ہیں۔ بڑی حیرت ان حضرات کے ذوق خورد و نوش پر ہوتی ہے جو ایسے گندہ مقامات پر چائکی پیالیاں اُڑاتے گپ شپ میں گھنٹوں مشغول دکھائی دیتے ہیں۔ طبی واقفیت شکم کے ساتھ ساتھ اُن کی ضیافت طبع کے بھی کچھ سامان فراہم کئے جاتے ہیں۔ تاکہ اس حیوان طبیعت میں پھنس کر نہ انہیں کھرلی یاد آئے، اور نہ زندگی کی دوسری مصروفیات کا خیال آئے، نہ صرف صحت بلکہ اخلاقی نقطۂ نظر سے بھی یہاں کی فضا نہایت مکدر رہتی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ چائکی پوری دو بیسن کمپنیوں میں جو ہندوستان چائکی تجارت کرتی ہیں۔ چائکی فرخت کو ترقی دینے کیلئے ایک مشترک بورڈ قائم کرلیا ہے،

جواقسام کے طریقوں سے پبلک کو چار کی خوبیوں پر مائل کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے۔ سرد ممالک میں اگر چا ضروریاتِ زندگی میں شریک کرلیجائے تو مقامِ تعجب نہیں۔ لیکن ہندوستان جیسے گرم ملک میں چا کا استعمال قابلِ ستایش نہیں ہوسکتا، بلکہ ایک حد تک مضرت رساں ہے۔ چا میں خوبیاں بھی ہیں اور برائیاں بھی۔ جہاں وہ تکان دور کرتی ہے وہاں اُن لوگوں کو جن کے گُردے کمزور ہیں سخت نقصان پہونچاتی ہے۔ بعض حضرات چا کو غذا کا اہم جزو سمجھتے ہیں، اور اس کو غذا پر ترجیح دیتے ہیں۔ اگر چا کا استعمال ناگزیر ہی ہے تو اسکو ہلکی بنانا چاہئے اور اسمیں دودھ زیادہ ڈالنا چاہیئے۔ غرض کہ ہماری غذا سادہ مگر کافی اور مختلف قسم کی ہونی چاہیئے، روزمرّہ ایک ہی قسم کی غذا کا استعمال اشتہا کو کم کردیتا ہے۔

توہمات اور فضول رسم ورواج بھی ہماری معاشرت میں سادگی قائم نہیں رہنے دیتے، غیر ضروری اور بے جا رسوم کی پابندیوں میں ہم نہایت بے دردی سے روپیہ صرف کرتے ہیں۔ خوشی اور غمی کی صدہا تقاریب اور موقعوں پر دولت کا اندھا دُھند اسراف روا رکھا جاتا ہے۔ اگر کچھ پاس نہ ہو تو قرض لے کر ان لغویات اور خرافات کو پُورا کیا جاتا ہے۔ ہماری معاشرت میں بیہودہ رسم ورواج کے یہ بھونڈے داغ دھبے نہایت بدنما ہیں۔ یہ ہماری معاشرت کی سادگی کو برباد کرنیکے علاوہ ہماری دولت اور اخلاق کو بھی تباہ کررہے ہیں۔ ان فضول رسم ورواج کی پابندیوں نے خاندان کے خاندان تباہ کردیئے ہیں اور آئے دن ہماری دولت خیز قوام کے قبضہ میں چلی جارہی ہے۔ ہماری روز افزوں مفلسی کے سدباب کے لئے ہماری معاشرت کے یہ رسم ورواج بڑی حد تک اصلاح طلب ہیں۔

ان فضول رسم ورواج اور توہمات کی اصلاح کا ہماری معزز خواتین سے زیادہ تعلق ہے۔ کیونکہ وہی ان لغویات میں جی کھول کر حصہ لیتی ہیں۔ جو شی اور غمی کے موقعوں پر وہ ان مذموم رسوم کی اس حد تک پابند ہوگئی ہیں کہ اُن کو صرف اپنی معاشرت ہی کا نہیں بلکہ اپنے مذہب اور قومیت کا بھی ایک اہم جزو سمجھتی ہیں۔ ان کی توہم پرستی نے ہمارے بھائیوں کو ان مہمل رسوم کا پابند کردیا ہے۔ اپنی ماں، بہن، بیوی اور بیٹیوں کی خوشی کی خاطر مردوں نے بھی خود کو اسی رنگ میں رنگ لیا ہے۔ کبھی مخالفت کرتے بھی ہیں تو دبی زبان سے، مگر نازک "انکار" پر غالب آجاتا ہے۔ اور پھر وُہی ہوتا ہے جو "صنفِ نازک" کے نازک مگر توہم پرست دل ودماغ میں لبسا ہوا ہے اور وہ برملا کہتی ہیں۔

"ہم وُہی آخر کریں گے جو ہمارے دِل میں ہے"

غرض کہ ہماری معاشرت کی اصلاح اور اسمیں سادگی پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر وصنف متفق ومتحد ہوکر اس طرف توجہ کریں اور اپنی اصلاح کی مسلسل کوشش کرتے جائیں۔ تاکہ ہماری معاشرت میں اعتدال قائم ہو اور ہم ان فضول رسم ورواج، وقت اور روپیہ برباد کرنے والے غیر مفید طریقوں اور تکلفات کے بندھنوں سے نجات حاصل کریں +

مرزا سیف علیخاں
(حیدرآبادی)

ساقی بُکڈپو دہلی کی دلکش کتابیں

یدِ قدرت	۱- جب انسان انتقام نہیں لے سکتا تو قُدرت کا مضبُوط ہاتھ ظالم کو سزا دیتا ہے۔ دلچسپ کہانی	قیمت ۵ر
چار چاند	۱- ناصر نذیر فراق مرحوم کے چار نایاب مضامین۔ دِلّی کی ٹھیٹھ بیگماتی زبان کے اعلیٰ نمونے	" ۸ر
اخوان الشیاطین	۱- سات سائنٹفک افسانے۔ آپنے آجتک اُردو میں ایسے حیرت انگیز افسانے نہیں پڑھے ہونگے	" ۴ر
تعلیم زدہ بیوی	۱- اس بیوی کا دماغ تعلیم حاصل کرنے سے خراب ہوگیا اور لکی سمجھنے کہ میں جو کچھ کرتی ہوں وہ ٹھیک ہے۔ بس	" ۸ر
نرگس	۱- طوائف بھی عورت ہوتی ہے اور اُسکے سینے میں بھی محسوس کرنے والا دل ہوتا ہے۔ نرگس بھی ایک ایسی ہی طوائف تھی	" ۶ر
پردہ نشین	۱- ایک مرد پر دو عورتوں کا عاشق ہونا، اور دونوں کا عشق صادق تھا، مرد بھی دونوں سے برابر کی محبت کرتا تھا۔ مگر	" ۱۰ر
فاؤسٹ	۱- شاعرِ کی مصوری اور مصوّر کی شاعری کی شہرۂ آفاق کہانی۔ اُردو میں پہلی مرتبہ عام فہم پیرائے میں پیش کی گئی ہے	" ۴ر
چنگیز خاں کے سوانح حیات	۱- خدا کا قہر چنگیز خاں کی صورت میں نازل ہُوا۔ اس قہر اللہ کے حالاتِ زندگی۔	" ۱۲
ہیرودیاس	۱- سلوّمی کا ناچ تھا اُس نے پیغمبر یوحنا کا سر انعام میں مانگا اور اُسکے مُردہ لبوں کو چُوما۔	" ۱۲ر
تائیس	۱- سرزمین مصر کی عروس بازاری، نظر بھر کے دیکھنے سے جسکا حُسن میلا ہوتا تھا اُس عہد تناک داستان۔	" ۶ر

فیوجل

فیوجل نے اپنی خواہش کے مطابق اپنی زندگی کا آغاز قہوہ خانے کے نگہبان کی حیثیت سے کیا۔ اب اسے اُن بدقسمت چھوکروں کی طرح کام کرنا پڑتا تھا جو پیتل کے بٹنوں والے سبز کوٹ پہنے افسروں کے تہدید آمیز احکام کی بجاآوری نہایت خندہ پیشانی سے کرتے ہیں۔

اسی قہوہ خانے میں وہ اپنی غلامانہ زندگی کے لمحات کو مستقبل کے بڑے بڑے امید افزا خواب دیکھ دیکھ کر بسر کرتا تھا۔ اُس کا خیال تھا کہ کسی روز وہ کسی بڑے ہوٹل کا ——— کسی تیسرے درجے کے ہوٹل کا نہیں جہاں تجارت پیشہ مسافر ذلیل بستروں پر سوتے ہوں بلکہ اس اعلیٰ درجے کے ہوٹل کا جہاں انگریز اور امریکہ کے کروڑپتی سونے کے ایک کمرے کا ہزار فرانک تک کرایہ ادا کرتے ہوں اور شراب کے ایک گلاس کے لئے پانچ لوئیس پیش کرتے ہوں ——— منیجر بن جائیگا! اس مقصد کی تکمیل کے لئے انگریزی کی تھوڑی بہت تحصیل ضروری تھی۔ اس لئے یہ زبان سیکھنے پر وُہ کمربستہ ہوگیا۔ اس نے اتنی رکاوٹوں کے ہوتے ہوئے کس طرح قہوہ خانے میں آکر آنے جانے مسافروں سے لسانی رجحانات سیکھے؟ یہ ان اصحاب کے لئے ایک راز ہے جو فیوجل کی شخصیت سے آشنا نہیں۔ مگر اس کے دوستوں کے لئے یہ کوئی پیچیدہ معمہ نہ تھا۔ فیوجل کو ہر مشکل اور محنت طلب کام بہت آسان معلوم ہوتا تھا اور ہر آسان کام اس کے لئے سخت مشکل ہو جاتا تھا۔ فیوجل اِس خوفناک فطرت کا مالک تھا۔!

چنانچہ کچھ عرصے کے بعد انگریزی پر اُسے اتنی قدرت حاصل ہوگئی تھی کہ چند مختلف حالات میں زندگی گذارنے کے بعد وہ لڑکیوں کے ایک تعلیمی سکول میں فرانسیسی زبان کا اُستاد متعین ہوگیا۔

دس بیس سال جو فیوجل نے اس کے بعد گذارے، اتنے پُراسرار ہیں کہ تفصیل کے ساتھ ان کے متعلق کچھ لکھنا ایک بڑا مشکل کام ہے۔ یہ واقعہ جس کا ذکر صفحاتِ ذیل میں ہونے والا ہے سکول کے عہدہ ملازمت کے فوراً بعد اسے پیش آیا۔

سکول نے فرانسیسی زبان کے اخذ کرنے میں جو ترقی کی گو وہ معجز نما تھی مگر ساتھ ہی صرف ونحو کے قواعد کو افسوسناک طور پر نظرانداز کیا گیا تھا۔ سہ ماہی امتحان میں، جب پرچے کسی دوسرے اُستاد نے بنائے، نتیجہ نہایت حوصلہ شکن نکلا۔ لڑکیوں نے ترجمے میں عجیب عجیب غلطیاں کیں۔ بعض افعال مگر امر کی لاعلمی کے باعث غلط استعمال کئے گئے۔ فرانسیسی تاریخ کے واقعات کو اس طرح خلط ملط کیا گیا کہ ممتحن کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ غرضکہ جب ہیڈ مسٹرس کو شُبہ گذرا کہ فیوجل کے طریقۂ تعلیم میں کوئی نقص ہے تو اس نے بذاتِ خود اس کی جماعت کا معائنہ کیا۔ کمرۂ جماعت میں عجیب سا منظر اس کی آنکھوں نے دیکھا۔ لڑکیوں نے تعلیم کے وقت میں اودھم مچا رکھا تھا۔ فیوجل فرطِ انہماک میں پلیٹ فارم پر عجیب وغریب حرکات کر رہا تھا۔ وہ جماعت کو ایک کہانی بتا رہا تھا۔ اور بیان کرتے وقت اس کا عضو عضو جنبش کر رہا تھا۔ جونہی اس کی نظر ہیڈ مسٹرس کی مرعوب کُن شخصیت پر پڑی وہ دم بخود ہو کر رہ گیا۔ اور کہانی کی بقیہ تفصیل وہیں کی وہیں دھری رہ گئی۔ ہیڈ مسٹرس بولی: "تم عجیب طریقے سے فرانسیسی پڑھاتے ہو!"

وہ کہنے لگا: "مادام میں تسلیم کرتا ہوں کہ میرا طریقہ تعلیم عجیب وغریب ہے مگر اس کے بغیر میں اپنے سبق کو دلچسپ نہیں بنا سکتا تھا۔"

ہیڈ مسٹرس نے کہا: "اس طریقے سے لڑکیوں کو نہیں پڑھانا چاہئے۔ جماعت کو ذرا افعالِ ناقصہ کی مشق تو کرائیے۔"

تو ہیڈ مسٹرس کی شملہ بار آنکھوں کے سامنے فیوجل نے افعالِ ناقصہ کا سبق پڑھایا۔ افسوس کہ اُسے گرامر سے قطعاً کوئی شغف نہ تھا۔ اس کا سبق ناکام رہا اور وہ ملازمت سے علیٰحدہ کر دیا گیا۔

دسمبر کی ایک شام کو ایسٹن سٹیشن کے اس پلیٹ فارم پر فیوجل یاس والم کی تصویر بنا کھڑا تھا جس پر صرف باہر سے آنے والی گاڑیاں آکر ٹھہرتی ہیں۔ اس کے پاؤں کے قریب ایک حقیر سا بچہ پڑا تھا۔ ہاتھ میں اس نے پھولوں کا ایک بڑا سا ہار پکڑ رکھا تھا۔ یہ ہار ان طالبات کی طرف سے ایک اخلاص آمیز پیشکش تھی جو اس کی علیٰحدگی کو بہت محسوس کر رہی تھیں۔ قُلی بوجھ اٹھائے جلدی جلدی اِدھر اُدھر جا رہے تھے۔ سٹیشن کے باہر اِکّا گاڑیاں کھڑی نظر آتی تھیں۔ کوچبان واٹر پروف کوٹوں میں ملبوس تھے۔ انکے کوٹ بارش میں بھیگ جانے سے چمک رہے تھے۔

اتنی بارش میں مجھے کوئی اِکّا گاڑی لے لینی چاہیئے۔ یا بچہ ہاتھ

ہیں تمہارے یا پیادہ چل پڑنا چاہیے؟ یہ وہ ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ ایک بڑا مستعد خادم جو اس کے پاس ہی کھڑا تھا کہنے لگا۔

"معاف فرمائیے، مجھے مسٹر شتھ نے بھیجا ہے"

"خوب، خوب۔ مجھے بہت خوشی ہوئی"

"کیا آپ ہی وہ فرانسیسی ہیں جو مانچسٹر سے تشریف لائے ہیں؟"

"بالکل"

"تو مسٹر شتھ نے آپ کے لئے یہ گاڑی بھیجی ہے"

"اُن کی بڑی نوازش ہے!"

خادم بقچہ اٹھا کر جلدی سے پلیٹ فارم پر سے نیچے اُتر آیا۔ فیوجل اس کے پیچھے ہو لیا۔ خادم نے اسے بٹھانے کے لئے گاڑی کا دروازہ کھول دیا۔ فیوجل سوچنے لگا کہ میں گاڑی میں بیٹھ تو گیا ہوں مگر یہ مسٹر شتھ ہیں کون؟ جنہوں نے اتنی ہمدردی سے مجھے گاڑی بھیجی ہے۔ پھر خود ہی دل میں کہنے لگا "اچھا کوئی ہو، اب خود ہی جا کر دیکھ لونگا"

وہ گاڑی پر سوار ہو کر نرم نرم گدیلوں پر ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ گاڑی چل پڑی اور جلد ہی موسلا دھار بارش کے قطرے تڑاتڑ کھڑکیوں کے ساتھ ٹکرانے لگے۔ فیوجل نے جل تھل گلیوں کو دیکھ کر اپنے آپکو اس آرام کی حالت میں پاتے ہوئے خدا کا شکریہ ادا کیا۔ اس نے دل میں سوچا کہ جس سکول میں میں پڑھاتا تھا وہاں مس شتھ نام کی دو جھوٹی لڑکیاں تھیں۔ شاید یہ ان ہی کا شریف باپ ہو جس نے مجھے بُلا بھیجا ہے۔ مگر مجھے اس بات سے کیا غرض کہ وہ ضرور میری ہی شاگرد لڑکیوں کا باپ ہو۔ اس نے خود مجھے بُلا بھیجا ہے۔ میرے لئے گاڑی بھیجی ہے۔ یقیناً ایسا شخص کوئی کھاتا پیستا اور دیکھ بھ آدمی ہی ہوگا۔ اور لطف یہ ہے کہ مجھے غائبانہ طور پر اب اس سے کچھ مناسبت بھی پیدا ہونے لگی ہے۔

گاڑی ایک ہیمپ سٹیڈ میں ایک مکان کے سامنے کھڑی ہوئی۔ اور جہاں تک اندھیرے میں اس کی نگاہ کام کرتی تھی، مکان کی ملحقہ زمین ہی میں ٹھیرائی گئی۔ خادم نے گاڑی کا دروازہ کھولا۔ اور فیوجل کو اتار کر سیڑھیوں پر لے آیا۔ ایک خادمہ نے ایک بڑے سے ہال میں اس کا استقبال کیا۔ اور اس کا کوٹ اور ہیٹ اتار کر کہنے لگی "مسٹر شتھ ابھی تک شہر سے واپس نہیں آئے۔ ہاں مس کرسٹابیل ڈرائنگ روم میں موجود ہیں"

فیوجل بولا "مجھے وہ ہار ذرا دیدیجئے"

خادم اسے ڈرائنگ روم میں لے گئی۔ جہاں ایک مورلقاد شیزہ

ایک نازک سے سٹول پر جلوہ افروز تھی۔ فیوجل کو دیکھتے ہی اٹھ بیٹھی اور ایک دلربا تبسم کے ساتھ اس کے استقبال کو آگے بڑھی۔ "دوپہر بخیر، مسٹر ہیرن! میں سوچ رہی تھی کہ تمہیں پہچان سکے گا؟ مگر خوش قسمتی سے اس نے تم کو پہچان ہی لیا۔ دیکھئے نا، میں نے اور نہ ابا جان نے اس سے پہلے تم کو دیکھا تھا۔ اس لئے ہم تمہارے حلیے کے متعلق اُسے کچھ نہ بتا سکتے تھے!"

فیوجل کو یہ بات پسند تو بہت آئی مگر اُسے یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اسے ہیرن کے معزز لقب سے کیوں مخاطب کیا گیا ہے۔ شاید اس لئے کہ انگریز لوگ اس لقب کو بہت مقبول سمجھتے ہیں۔ اس لئے کہا "مادموزیل! تمہارا بہت ہوشیار آدمی ہے"

اس کے بعد کچھ لمحے سکوت رہا۔ مس کرسٹابیل کبھی فیوجل کی طرف اور کبھی اس کے ہار کی طرف دیکھتی۔ اور فیوجل کبھی کرسٹابیل کی طرف اور کبھی اپنے ہار کی طرف اور پھر کرسٹابیل کی طرف دیکھنے لگتا۔ اس نے کہا "مادموزیل! کیا تم یہ ہار قبول کرو گی؟"

کرسٹابیل نے ہار لے لیا اور ایک دلکش انداز میں شرما سی گئی۔!

اُس کے بال اور آنکھیں سیاہ تھیں۔ چھوٹی سی دلفریب ستواں ناک اور دُنیا بھر میں سب سے چھوٹا مُنہ تھا۔ کہنے لگی "ایک فرانسیسی کو کبھی ایسا خیال نہیں آسکتا"

فیوجل یہ سُنکر مُسکرانے لگا۔ اور اپنا ہاتھ کانوں تک لیجا کر، جیسے توبہ کہتے وقت لوگ عام طور پر کرتے ہیں، کہنے لگا "ایک فرانسیسی کے متعلق یہی خیال کیا جاتا ہے مگر حقیقت میں وہ بڑا کٹا وہ دل ہوتا ہے"

کرسٹابیل یہ سنکر خوشی سے ہنسنے لگی اور اُسے آگ کے سامنے بٹھا کر چائے اور چپاتیوں سے اسکی خوب خاطر و مدارات کی۔ اس میزبان لڑکی کے آزادانہ دلکش انداز کو دیکھکر فیوجل کے دل سے اس عجیب اتفاق کے تمام تاثرات دُور ہو گئے، جو مسٹر شتھ کے گھر پہونچ جانے کے سلسلہ میں اُسے پیش آیا۔ یہ ایک الف لیلوی سحر تھا جس نے اُسے ایک یاس انگیز حالت سے اُٹھا کر اس معطر محل میں، جہاں کرسٹابیل جیسی شہزادی اس کی ہم جلیس تھی، لا بٹھایا۔ وہ آگ کے شعلوں کو اس کے چمکیلے بالوں میں رقص کرتے اور آتشی کو اس کے چہرے پر کھیلتے دیکھکر یوں محسوس کر رہا تھا گویا وہ ہیمپ سٹیڈ کی بجائے بغداد میں بیٹھا ہے۔ اُس نے کہا "کرسٹابیل، تم تو کوئی شہزادی معلوم ہوتی ہو"۔ کرسٹابیل بولی "ہاں ایک دفعہ بازار میں مجھے ایک شہزادی کو دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا وہ کیا ہی

اچھی شہزادی تھی!"

فیوجل نے کہا: "او ہو تم بازار میں پھرنے والی شہزادیوں کا ذکر کر رہی ہو۔ میں تو تمہیں پرستان کی ایک شہزادی سمجھتا ہوں۔"

کرسٹابیل کہنے لگی "تم نہیں جانتے اگر کوئی آدمی اس قسم کی محبت آمیز باتیں انگریز لڑکیوں سے کرے تو اس کا تمسخر اڑایا جاتا ہے۔"

فیوجل نے جواب دیا: "انگریز! ہاں مگر اُن کی محبت تو ایک ہفتے یا اس سے کچھ زیادہ عرصے تک رہتی ہے اور پھر انڈے کی طرح گندی ہو جاتی ہے۔ ہم بڑے یورپ کے رہنے والے، ہم تو حسن کو اپنی دل کی گہرائیوں سے خراج دیتے ہیں۔ ہماری محبت حقیقی اور گہری ہوتی ہے۔ اور جو چیز دل سے پیدا ہو اس کا مضحکہ نہیں اُڑایا جاتا۔"

کرسٹابیل پھر ہنس کر بولی: "میں تو ہمیشہ یہی سنتی آئی ہوں کہ کسی فرانسیسی کو جس عورت سے کبھی لکھنے کا اتفاق ہو جائے۔ وہ اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہے۔"

فیوجل کہنے لگا: "ہاں، کیوں نہیں! اگر وہ کوئی حسین عورت ہو تو!"

کرسٹابیل جس کو آج تک یہ بات معلوم نہ تھی بولی: "خوب۔"

فیوجل بولا: "تو مجھے تم سے محبت ہے!"

"میں حیران ہوں کہ اگر میرے منگیتر کو اس بات کی خبر ہو جائے تو وہ کیا کہے گا۔"

"تمہارے ــــ؟"

"ہاں ہاں میرے ہی منگیتر کو! وہ دیکھو میرے قریب ہی میز پر اس کا فوٹو پڑا ہے وہ چھ فٹ کا ایک دراز قد نوجوان ہے اور عاشقِ صادق ہے۔"

"تو کیا یہ کوئی ترک ہے؟"

"میں تمہاری بات سے ناک بھوں تو نہیں چڑھاتی مگر میرے منگیتر کو ترک کہنا مناسب نہیں، وہ بڑا خوبصورت نوجوان ہے اور مجھے بہت چاہتا ہے۔"

"اس خوش قسمت کا نام!"

کرسٹابیل نے اس کا نام بتایا ــــ ہیری رالسٹن ــــ یہ محض ہیری رالسٹن ہی نہ تھا بلکہ آنریبل ہیری رالسٹن تھا۔ بڑا امیر آدمی اور بڑی جائیداد کا وارث تھا۔ پارلیمنٹ کا ممبر بھی تھا۔ ہیمپ شائر میں اس کا ایک عظیم الشان مکان بھی تھا۔ جو آرٹ کے خوبصورت ترین نمونوں کا ایک مرقع تھا۔ کرسٹابیل کا باپ اور ہیری اکثر اکٹھے ہی مختلف محفلوں میں شریک ہوتے تھے۔ اور ان دونوں میں گہرا ربط پیدا ہو گیا تھا۔

کرسٹابیل نے اپنے ہاتھ کا اشارہ کرتے ہوئے کہا: "دیکھو ہم نے یہاں کتنی نفیس تصویریں جمع کر رکھی ہیں۔"

فیوجل نے دیواروں پر نظر دوڑائی۔ وہاں سونے کے فریموں میں جڑی ہوئی بہت ہی تصاویر لٹک رہی تھیں۔ ان دونوں فیوجل کا مذاق اتنا پختہ نہ تھا۔ اس کے علاوہ سیاہ چمکیلے بالوں میں سے جھانکتا ہوا کرسٹابیل کا نورانی فرزِ چہرہ اُس کے سامنے تھا۔ اور رُلے سے گوارا نہ تھا کہ ایک جیتی جاگتی حقیقی تصویر سے نظر ہٹا کر دیوار پر کی مصنوعی تصاویر کو دیکھنے میں اپنا وقت ضائع کرے۔ کرسٹابیل نے اس کی چھپتی ہوئی نگاہ سے متاثر ہو کر کہا: "میرا خیال تھا تم کوئی دقیق شناس آدمی ہو گے۔"

فیوجل نے اپنی چمکیلی آنکھیں کرسٹابیل کے چہرے پر مرکوز کرتے ہوئے کہا: "کیوں نہیں؟"

وہ شرما سی گئی اور اُٹھ بیٹھی، کہنے لگی: "مجھے کھانے کا لباس تبدیل کرنے کیلئے اب چلنا چاہیئے، شاید اب تم وہ کمرہ جو تمہارے قیام کیلئے مخصوص کر رکھا ہے، دیکھنا پسند کرو۔"

وہ اپنا سر ایک طرف جھکا کر بولا: "مادموزیل! کیا میں نے کوئی گستاخانہ بات تو نہیں کی؟"

وہ کہنے لگی: "مجھے نہیں معلوم۔"

پھر خادم فیوجل کو دری بچھی ہوئی کشادہ سیڑھیوں پر سے خوابگاہ میں لے گیا۔ اس سے پہلے اس نے اپنی زندگی میں ایسا کمرہ نہیں دیکھا تھا۔ پردے، قالین، صوفے، سائن کے لحاف، اور لکھنے کی خوبصورت میزیں، سب اپنی اپنی جگہ پر مزین تھیں۔ دھیمی دھیمی روشنی نمودار تھی۔ انگیٹھی میں خوشگوار آگ جل رہی تھی۔ فیوجل کا اپنا سامان تزئین سنگار میز پر پڑا تھا۔ اس کے پاس کوئی سوٹ کیس نہ تھا۔ خادم نے اس کا قیمتی فراک کوٹ اور پتلون کا فالتو جوڑا بستر ہی پر رکھ دیا۔ سرہانے پر اس کی رات کو پہننے والی قمیص پڑی تھی!

فیوجل نے ان تکلفات سے متاثر ہو کر دل میں کہا، اب مجھے نہا کر اپنا لباس تبدیل کرنا چاہیئے۔ معلوم ہوتا ہے یہی میرے سونے کا کمرہ ہے۔

فیوجل نے اپنا بہترین لباس زیب تن کیا ــــ سفید ٹائی اور بادامی رنگ کے تقریباً نئے سے ہی بوٹ ــــ اور ڈریسنگ روم میں پہونچا کہ کرسٹابیل وہاں پہنچی تھی۔ آتشدان کے پاس ہی ایک گنجے سر والا، سُرخ چہرے والا،

انگریز بیٹھا تھا۔ جس کی آنکھیں چھوٹی سی تھیں اور اخلاق پسندیدہ تھے، اس نے کھانے کا لباس پہن رکھا تھا۔ اپنے بازو پھیلا کر کہنے لگا "میرے دوست! میں تمہیں یہاں دیکھ کر بہت خوش ہوا ہوں۔ میں تمہارے متعلق کچھ سُن چکا ہوں۔ اور میری یہ لڑکی تمہاری بہت تعریف کرتی ہے!"

فیوجل بولا "مادموزیل بڑی مہربان ہیں"

مسٹر ٹمتھ نے کہا "تم دیکھ رہے ہو ہم معمولی سے لوگ ہیں۔ مگر خیر، یہ لو اعلیٰ درجے کی شراب کی بوتل اور سگرٹ۔ تم جانتے ہی ہو کہ صرف انگلستان ہی میں پینے کے قابل اچھی ٹمباکو اور سگرٹ مل سکتے ہیں۔ انگریزی وضع کا یہ مکان بھی ایک معقول جگہ ہے، میرا خیال ہے کہ فرانس میں ایسی جگہیں کہاں!"

فیوجل نے اس سے پہلے بھی ایک دو مرتبہ اپنے ملک کیخلاف ایسی غیر معقول باتیں سُنی تھیں کہنے لگا "تو گویا فرانس میں سب آدمی قہوہ خانوں ہی میں رہتے ہیں"

مسٹر ٹمتھ نے بڑے شوق کے ساتھ جواب دیا "بھائی، پھر بھی انگلستان ہی اچھی جگہ ہے۔ ہے نا؟ گو یہ ٹھیک ہے کہ پیرس بھی اپنی جگہ ایک دلکش شہر ہے!"

کھانے کا اعلان کر دیا گیا۔ فیوجل نے کرسٹاہیل کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیا۔ وہ نہ صرف اس لئے خوش تھا کہ اُسے کرسٹاہیل جیسا اچھا ساتھی مل گیا ہے بلکہ اس لئے بھی کہ وہ فراک کوٹ، سفید ٹائی اور چمکدار بادامی بوٹ پہنکر کھانے میں شریک ہو رہا ہے۔

وہ کھانے کے کمرے میں داخل ہوا۔ میزبان ایک خوشنما میز کے ایک سرے پر بیٹھا تھا۔ کرسٹاہیل دائیں طرف تھی۔ فیوجل بائیں طرف بیٹھ گیا۔ کھانا ایک خوشگوار انداز میں شروع ہوا۔ ٹمتھ بڑا مسرور نظر آتا تھا۔ کہنے لگا:

"فیوجل، تمہارے پرانے دوست جیول کیسے ہیں؟"

فیوجل نے اپنے دل میں سوچا کہ جیول میرا دوست کہاں سے ہو گیا۔ مگر اس نے جرأت کر کے جواب دے ہی دیا "اور تو سب طرح خیریت ہے مگر کبھی کبھی اسے وجع المفاصل کی شکایت ہو جاتی ہے"

ٹمتھ بولا "مجھے بھی یہ تکلیف اکثر ہوتی ہے۔ اسے چھوڑیئے!"

فیوجل نے کہا "جیول بھی تمہاری طرح بڑا ہمدرد آدمی ہے۔ اُس نے تمہارے متعلق اکثر ذکر کیا ہے"

اسکے بعد فیوجل فرانس کے متعلق عجیب و غریب باتیں سُنانے لگا۔ اس نے انہیں اس زمانے کی بہت سی باتیں بتائیں جب وہ سکول ماسٹر تھا۔ یہ سب باتیں سُنکر ٹمتھ بولا "میں نے پہلی دفعہ ایک فرانسیسی کو اتنی پُر لطف اور پُر مزاح باتیں کرتے سُنا ہے" پھر کہنے لگا "بیرن! میرا خیال تھا کہ تم نے اپنی زندگی اپنے پُرانے شاتو[1] میں رہ کر گذاردی ہوگی۔!"

فیوجل نے جواب دیا "ہاں مسٹر ٹمتھ! میں بیرن ہوں پھر بھی اپنے اسی پُرانے شاتو میں رہتا ہوں"

کرسٹاہیل نے پوچھا "کیا تمہارے شاتو کے پاس کوئی خندق، کوئی متحرک پُل اور کوئی چھوٹا گرجا بھی ہے؟"

فیوجل نے ذرا فخر کے ساتھ کہا "ایک کیا دو گرجے ہیں"

کرسٹاہیل کہنے لگی "میں لیسنگوڈ کے متعلق بات کر رہی ہوں۔"

لیسنگوڈ! یہ تو فیوجل کا اپنا ہی علاقہ تھا۔ اس علاقے میں تہذیب کا کوئی نشان نہیں ملتا۔ ہاں آنکھوں کا استقبال کرنے کو بہت سے مناظر موجود ہیں۔ فیوجل نے اس ہال کی تفصیل شروع کر دی جو اب تقریباً نابود ہو چکا تھا۔ اور جس کے قریب خندق، گرجا، متحرک پُل سب کچھ تھا۔ مگر یہ تو بالکل حقیر سی چیزیں تھیں۔ اس کے آراستہ کئے ہوئے راستے، اس کے بُرج، اس کی پناہ کی جگہیں، اس کے بے شمار کمرے، جن میں دو سو مسلح آدمی ایک ہی وقت میں کھانا کھا سکتے تھے۔ اور اس کا وہ خاص کمرہ جس میں جان آف آرک قتل کی گئی تھی۔ یہ تھیں قابل دید چیزیں! فیوجل نے اس جگہ کو کچھ ایسے انداز میں پیش کیا کہ بھولے بسرے کی ساری یادگاریں سامعین کی آنکھوں کے سامنے آ گئیں۔ اُس نے بتایا کہ کس طرح کُتے، گائیں، بطخیں اور مرغیاں وہاں محفوظ رکھی جاتی تھیں، اور کس طرح ایک بڑے تالاب میں کھانے کے لئے مینڈک پالے جاتے تھے۔

کرسٹاہیل کپکپاتی ہوئی بولی "میں تو مینڈک کھانا کبھی گوارا نہ کروں"

اس کا باپ کہنے لگا "وہ لوگ تو کچھوئے بھی کھاتے تھے"

فیوجل بولا "ہاں میرے پاس بھی ایک خاص جگہ ہے جس میں گھونگوں کی پرورش کی جاتی ہے۔ تم نے کبھی ان جیسے دلچسپ جانور نہیں دیکھے۔ یہ بڑے سمجھدار ہوتے ہیں۔ اور اگر تم محبت سے کھانے کی کوئی

---

[1] فرانسیسی وضع کا دیہاتی مکان!

چیز اپنے ہاتھ پر رکھ کر انہیں دو تو وہ تمہارے ہاتھ پر کھانے لگ جائیں گے۔"

مسٹر تھمتھ بولا۔ "فیوجل! تم ان تصویروں کے متعلق کچھ کہنا بھول ہی گئے۔"

فیوجل نے اپنے ہاتھ پھیلا کر کہا "ہاں ہاں تصویریں، گیلریاں ان سے بھری پڑی ہیں۔ وہاں سب کے شاہکار موجود ہیں۔"

اُس نے ذرا توقف کیا۔ اس لئے نہیں کہ وہ ڈرامائی شان کے ساتھ کچھ بیان کرنے والا تھا بلکہ اس لئے کہ اور بہت سے مصوروں کے نام اس وقت اس کے ذہن میں نہیں تھے۔ وہ بولا "فی الحقیقت یہ ایک تاریخی شاتو ہے۔"

کرسٹابیل بولی "میں اسے ایک بار ضرور دیکھنا چاہتی ہوں۔"

فیوجل نے میز پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا "ماموزیل! یہ شاتو تمہارا اپنا ہی ہے۔ شادی کا زمانہ وہاں خوب وہیں گذارنا۔"

اب کھانا ختم ہو چکا۔ کرسٹابیل، تھمتھ اور فیوجل کو شراب پیتے چھوڑ کر خود چلی گئی۔ یہ شراب پرتگال کی تھی۔ جس کی تعریف میں تھمتھ رطب اللسان تھا۔ فیوجل پرتکلف کھانوں اور شراب سے سیر ہو کر قلقۂ لیسٹنگوڈ کے خوشگوار تصور سے دل کو مسرور رکھے ہوئے اور ایک بڑا سا سگار مُنہ میں دبائے ہوئے دُنیا و مافیہا سے بے خبر معلوم ہوتا تھا۔ اسے مسٹر تھمتھ جو ایک متواضع آدمی تھا، ایک طرح کا انس ہو گیا تھا۔ اور اگر وہ چاہتا تو اُس کے پاس ایک ہفتہ یا ایک مہینہ یا یوں سمجھئے کہ ایک سال تک رہ سکتا تھا!

قہوے اور شراب کے دور کے بعد تھمتھ نے ایک تیز قمقمہ روشن کیا۔ اور کمرے میں لپٹی ہوئی ایک تصویر کی طرف اشارہ کیا جو ایک کیل کے ساتھ اویزاں تھی۔ اس نے فیوجل کو اپنے پیچھے آنے کو کہا اور پردہ اُٹھا کر تصویر کو نمودار کرتے ہوئے کہا "یہ دیکھو۔ کیا یہ تصویر حیرت انگیز نہیں؟"

یہ ایک تصویر تھی جس میں آسمان، پانی، اور درخت، سفیدی مائل سیاہ رنگ میں نمودار تھے۔ اور سامنے ایک چھوٹے آدمی نے ٹوپی پہن رکھی تھی۔

فیوجل جو حسین چیزوں کے دیکھنے کے لئے ہر وقت بیتاب رہتا تھا چلا اُٹھا "کتنی خوبصورت ہے کتنی شاندار ہے!"

"کارٹ کے ہاتھوں کی بنی ہوئی ہے، ہے نا؟"

"بیشک!"

تھمتھ نے فیوجل کی پسلیوں پر ٹھپکی دی اور کہنے لگا "میں نے تمہیں حیران ہی تو کر دیا کیا تم یقین کر سکتے ہو کہ گاٹس چاک ایسی تصویر بنا سکتا ہے؟ حالانکہ یہ اسی نے بنائی ہے۔ جب تم یا کوئی اور شخص اسے کارٹ کا شاہکار کہہ دیتا ہے تو میں فرطِ مسرت سے دیوانہ ہی ہو جاتا ہوں۔"

فیوجل نے اس کے سُرخ چہرے پر ایک تیز نگاہ دوڑائی۔ اسے اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھوں میں فریب کی ایک جھلک نظر آئی۔

تھمتھ بولا "اب تو سارا معاملہ صاف ہو گیا۔"

"ہاں ہاں بالکل۔" فیوجل نے کہہ تو دیا مگر یہ معمہ اس کی سمجھ میں نہ آیا۔

تھمتھ بولا "اب جبکہ تم نے اس تصویر کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ تمہارے خیال کے مطابق اس کی کتنی قیمت ہو سکتی ہے۔ میں نے تو دو اور تین ہزار پونڈ کے درمیان تجویز کی ہے۔ اب تم اس تصویر کے فرضی مالک ہو۔ تم نے سمجھ لیا؟ ذرا اسی طرح گاہک کے سامنے اسے پیش کرنا جس رنگ آمیزی کے ساتھ تم نے اپنی تاریخی شاتو کو پیش کیا تھا۔"

فیوجل نے متانت سے کہا "اس کی قیمت تین ہزار پونڈ ضرور ہو گی۔"

تھمتھ کہنے لگا "وہ نوجوان جو اس کا خریدار ہے کہتا ہے کہ میں بہت کچھ جانتا ہوں۔ مگر اسے کچھ بھی معلوم نہیں۔"

فیوجل نے عجیب سے اختصار کے ساتھ جواب دیا "خوب.....!"

تھمتھ بولا "عجب نہیں وہ تین ہزار پونڈ ہی مان جائے ——— اور یہی اس کی صحیح قیمت ہے ——— ہے نا؟ بات یہ ہے کہ ہیپری، اس کا خریدار، ایک بڑی جائیداد کا وارث ہے۔ اور تین ہزار پونڈ اُس کیلئے کوئی بڑی رقم نہیں۔"

فیوجل بولا "مگر وہ تصویر کو دیکھ چکا ہے یا نہیں؟"

مسٹر تھمتھ نے کہا "وہ تو اسے ایک شاہکار خیال کرتا ہے۔ میں نے اُس سے کہا ہے کہ مجھے تصویر کے سودے میں کوئی دلچسپی نہیں۔ اس کا مالک تو ایک فرانسیسی نوجوان ہے اور وہی اس کی قیمت مقرر کریگا۔"

فیوجل دل میں خیال کرنے لگا کہ یہ وہی آنریبل ہیپری تو نہیں، جو کرسٹابیل سے منسوب ہے۔

تھمتھ بولا "میں نے اُسے بتایا تھا کہ ممکن ہے اس کی قیمت تین یا چار ہزار تک پہونچ جائے۔ یہ سُنکر وہ ذرا گھبرا سا گیا تھا۔ میں نے

جب یہ دیکھا تو اُسے بتایا کہ شاید دو اور تین ہزار پونڈ کے درمیان ہی سودا چک جائے۔ چنانچہ میں نے تم کو یہی قیمت لکھ دی۔ اب تم تین ہزار سے شروع کرنا۔"

فیوجل نے میز پر جھک کر شراب کا ایک گلاس چڑھایا۔ اور بولا۔ "بہت اچھا!"

سمتھ نے اس کی پیٹھ پر تھپکی دی اور اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھوں کو تیزی سے جنبش دیتے ہوئے کہا۔ "اب آؤ آپس میں فیصلہ کر لیں۔ چھا انصاف سے کہو تمہارا کمیشن کتنا ہوگا؟ دیکھو ہیرن، یہ سب حکمت تیرے ہی دماغ نے اختراع کی ہے۔ ذرا خیال تو کرو مجھے کتنی تکلیف کا سامنا ہے۔ کہو چار سو پونڈ مناسب ہونگے؟"

فیوجل نے جواب دیا۔ "نہیں پانچسو"

سمتھ کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں چمک اٹھیں۔ اُس نے خیال کیا کہ اگر کوئی اور آدمی ہوتا تو ضرور لڑتے۔ ہم کام کے لئے ایک ہزار پونڈ طلب کرتا۔ اور میں خود بھی آٹھ سو پونڈ دینے پر تیار تھا۔

اُسنے کہا۔ "بات ہوچکی؟"

فیوجل بولا۔ "ہوچکی۔"

دونوں نے باہمی فیصلے پر مہر تصدیق لگانے کے لئے ایک دوسرے سے گرمجوشی کے ساتھ ہاتھ ملائے۔ اور کُہنہ مشق ایکے دو گلاس چڑھائے۔ اسی اثنا میں ایک خادم اندر داخل ہوا، اور سمتھ کو ایک طرف لے گیا۔

سمتھ نے کہا۔ "معاف رکھنا ہیرن! ایک منٹ کے لئے میں باہر جا رہا ہوں۔"

فیوجل نے اپنے میزبان کا موٹا سا سگار سُلگایا اور آتشدان کے قریب بازوؤں والی چمڑے کی کرسی پر لیٹ کر خوشگوار خیالات میں مستغرق ہوگیا۔ کبھی وہ اپنی عجیب و غریب حالت کو دیکھکر ہنسنے لگتا تھا۔ اسکے خیال میں مسٹر سمتھ بڑا دلچسپ آدمی تھا۔

اس کے خوشگوار خیالات کا تسلسل جلد ہی ٹوٹ گیا۔ اس کا میزبان ایک بھورے رنگ کے عجیب چہرے والے خاصی عمر کے آدمی کے ساتھ اندر داخل ہوا۔ اس کی مونچھیں سفید تھیں اور اُس کے اوورکوٹ کے بٹن کے شُراخ میں فوج کا امتیازی تمغہ لٹک رہا تھا۔

مسٹر سمتھ کا چہرہ فرطِ غضب سے سُرخ ہو رہا تھا۔ فیوجل کے قریب جاکر کہنے لگا۔ "تم بتا سکتے ہو کہ تم کون ہو؟"

فیوجل اپنے ہاتھ فراک کوٹ کے پیچھے رکھکر ہنستے ہوئے آتشدان کے قریب ہی اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور کہنے لگا۔ "دوست میں ہیرن ہوں۔"

شہتیر آواز میں پوچھنے لگا۔ "تم تو کوئی بدمعاش معلوم ہوتے ہو۔"

فیوجل ذرا ملائم لہجہ میں بولا۔ "اور یہ شریف زادہ کون ہے جسکی ملاقات کا شرف ابھی تک مجھے حاصل نہیں ہوا؟"

اجنبی ذرا فخریہ انداز میں کہنے لگا۔ "میں موسیو پائرن ہوں۔ پرن برجرز کا ایجنٹ!"

فیوجل بولا۔ "میرا خیال تھا تم کوئی ہیرن ہوگے۔"

سمتھ چلا کر کہنے لگا۔ "ٹھٹھا مخول نہ کرو۔ کہو تم ہیرن ہو یا یہ؟"

فیوجل بولا۔ "میں دُنیا بھر کی دولت کے لئے بھی پائرن کا نام اختیار کرنے کو تیار نہیں ہوں۔ میرا نام آرسٹائیڈ فیوجل ہے۔"

"تو تم یہاں آ کیسے گئے؟"

"تمہارے خادم نے مجھے ریلوے اسٹیشن پر پوچھا۔ کیا تم ہی ہانچسٹر سے آنے والے فرانسیسی ہو؟ میں نے کہا ہاں۔ وہ کہنے لگا۔ مسٹر سمتھ نے تمہارے لئے گاڑی بھیجی ہے۔ میں نے سوچا یہ مسٹر سمتھ کوئی بڑا مہاں نواز شخص ہوگا جس نے اتنی محبت سے گاڑی بھیجی ہے۔ میں اس پر سوار ہوگیا۔"

مسٹر سمتھ نے اپنا ہاتھ گھنٹی کے بٹن تک لیجاتے ہوئے کہا۔ "تو اسی وقت کمرے سے باہر ہو جاؤ۔"

فیوجل نے اس کی مشتعل طبیعت کو ذرا ٹھنڈا کرنے کے لئے کہا۔ "بھائی میزبان، دیکھو باہر چھاجوں پانی برس رہا ہے۔ مجھے تمہارے پُرتکلف گھر میں بہت آرام ہے۔ میں یہیں رہونگا۔"

مسٹر سمتھ کا چہرہ زیادہ سُرخ اور وحشتناک ہونے لگا۔ اُس نے کہا۔ "اگر تمہارا ایسا ہی خیال ہے تو میں تمہارے لئے زندہ درگور ہوں۔ اب بتاؤ تم خود نکلو گے یا تمہیں پھینک کر باہر نکالا جائے۔"

فیوجل سگرٹ کا کش لگا کر کہنے لگا۔ "تم بھول گئے ہو کیا؟ کہ جب دلکش مس کوسٹاہیل کے منگیتر کو معلوم ہوگیا کہ جس تصویر کے تم تین چار ہزار پونڈ مانگتے ہو، گوشس جاک کو صرف آٹھ پونڈ اُجرت دے کر بنوائی گئی ہے تو۔۔۔۔۔"

"کیا کہنا تمہاری عقل کا"

"تم ابھی دیکھ لوگے۔"

"اے او بدمعاش، باجی۔"

بکتنی بھی اور نیک مجلس میں یہاں بیٹھا ہوں۔"

"تو پھر تم باہر چلے جانے کے لئے کیا لوگے، یہ دیکھ چک بک!" یہ کہکر مسٹر تھمتھ آتش دان سے چند قدم پیچھے ہٹ گیا۔ فیوجل بازوؤں والی کرسی پر بیٹھ گیا۔ اور کہنے لگا "میں اندر رہنے کے لئے پانچ سو پونڈ لوں گا!"

"اندر رہنے کے لئے؟" مسٹر تھمتھ نے غضب آلود ہو کر پوچھا۔

"ہاں ہاں اندر رہنے کیلئے۔ میرے بغیر تمہارا کام نہیں چلے گا۔ تمہاری لڑکی اور تمہارے خادم مجھے ہی ہیرن سمجھتے ہیں۔"

"میں چاہتا ہوں کہ تمہاری گردن توڑ دوں بخدا، اگر تم کو اندر ہی رہنے کی اجازت مل گئی تو تمہیں ایک منشور اتحاد نامے پر دستخط کرنے پڑینگے، میں اتنا بیوقوف نہیں کہ تمہاری باتوں میں آجاؤں۔"

"جو بھی تم چاہو!"

مختصر یہ کہ فیوجل اس سودے میں شریک کرایا گیا۔ پلاٹ یوں تیار کیا گیا کہ فیوجل مالی مشکلات سے تنگ آکر اپنی یہ تصویر بیچنے پر مجبور ہے۔ مسٹر تھمتھ کو اس بات کی اطلاع ملی ہے۔ اور اس نے ایک دوست کے ذریعے سے آنریبل ہیرن — اپنے ہونے والے داماد کو، اطلاع دی ہے۔ قیمت کا فیصلہ کرنے کیلئے مالک خود آیا ہے۔ مسٹر پائرن، جو اتفاق سے اس وقت لندن میں ہے، اس قسم کے سودے چکانے میں بڑا ماہر ہے۔ وہ بھی مسٹر تھمتھ کے ایما سے اس کے مکان پر آگیا ہے تاکہ تصویر کو اچھی طرح دیکھ کر اس کی قیمت کا صحیح اندازہ کرے۔

فیوجل بولا: "صحیح طور پر اس سودے میں مسٹر پائرن کا دخل انداز ہونا بے معنی سا معلوم ہوتا ہے۔ بہتر ہے کہ یہ ابھی واپس چلا جائے!"

مسٹر پائرن بولا: "میں اتنی بارش میں واپس نہیں جاسکتا۔ اسکے علاوہ میں کوئی ناخواندہ مہمان نہیں ہوں۔"

اس اثنا میں دروازہ کھلا۔ اور مس کرسٹابیل نمودار ہوئی۔ اجنبی پائرن کو دیکھتے ہی وہ حیران سی ہو کر رہ گئی۔ مسٹر تھمتھ کے کبیدہ چہرے پر تبسم رقص کرنے لگا وہ بولا: "میری پیاری بچی! یہ ہیرس کے مشہور مسٹر پائرن ہیں جو اس تصویر کے متعلق اپنی رائے دینے آئے ہیں۔"

پائرن نے اپنا سر جھکا لیا۔ فیوجل آگے بڑھا اور کہنے لگا۔ "مادموزیل! تمہارا چہرہ دیکھکر مجھے یوں محسوس ہونے لگتا ہے جیسے کوئی پیاسا ریگستان میں نخلستان دیکھ لے۔"

کرسٹابیل دلفریب تبسم کے ساتھ باپ سے کہنے لگی "نہ جانے تمہیں کیا ہوگیا ہے۔ ہیرن آدھ گھنٹے سے یہاں تمہارا انتظار کر رہا ہے۔ اور تمہیں خبر ہی نہیں۔"

تھمتھ نے بڑے اشتیاق کے ساتھ جواب دیا: "میری پیاری بچی، اسے یہاں لے آؤ۔ میرے یہ دوست اس کی ملاقات کے لئے ہمہ تن انتظار ہیں۔"

لڑکی کمرے سے یوں جھٹ سے غائب ہوگئی جیسے کوئی روشن شمع فوراً بجھ جائے۔ اور یہ تینوں بدمعاش ایک دوسرے سے سر جوڑ کر گفتگو میں مشغول ہوگئے۔ کرسٹابیل جلدی سے واپس آگئی۔ اس کے ساتھ آنریبل ہیرن بھی تھا — لمبا قد، گھنگھی کئے ہوئے خوبصورت بال اور مونچھیں، بڑی بڑی نیلی آنکھیں — اس نے تھمتھ سے مختصر سے آداب و نیاز کے بعد فیوجل سے بڑی گرمجوشی سے ہاتھ ملایا اور کہنے لگا "ہیرن! یہ کتنی خوشنما تصویر ہے، نہ جانے تم اسے جدا کرنا کیسے گوارا کروگے؟"

فیوجل کی پشت کھانے کی میز کے ساتھ تھی۔ اس کی نگاہ شناسا پر مرکوز تھی۔ کہنے لگا "ایسی بہت سی تصویریں میرے شٹو میں موجود ہیں۔ میرے باپ اور دادا اور خود مجھے ایسی چیزوں کے فراہم کا خبط ہے۔"

پائرن بولا: "تم کہہ رہے تھے کہ تمہارے معزز دادا نے براہ راست کارٹ سے یہ تصویر خریدی تھی۔"

فیوجل نے جواب دیا: "ہاں ہاں میرے دادا کارٹ کے بڑے مداح تھے۔"

آنریبل ہیرن نے کہا: "کیا تمہیں یہ پسند ہے پیاری!"

کرسٹابیل نے بڑے اشتیاق سے کہا: "ہاں تو، دیکھو یہ کتنی خوبصورت ہے۔ فیوجل! معلوم نہیں تم اسے جدا کرنا کیسے گوارا کروگے۔ یہ جو تم نے کہا تھا کہ میرے میں اگر سب تصویریں دیکھ لینا۔ کیا واقعی خلوص سے تم نے دعوت دی ہے؟"

فیوجل بولا: "میرے لئے تمہاری ملاقات ایک سحر انگیز ملاقات سے کم نہ ہوگی۔"

کرسٹابیل نے آہستہ سے ہیرن سے کہا: "تو پھر مجھے ہاں ضرور لے جانا۔"

فیوجل نے کہا: "موسیو کیا تم بھی آؤگے؟"

ہیری بولا" میں یہ تصویر تم سے چھین رہا ہوں۔ کہتے ہو تو اسکی معافی طلب کرنے کے لئے وہاں آجاؤں گا..... آہا کتنی دلکش چیز ہے"

فیوجل جو اب کرسٹابیل کی سحر طراز آنکھوں اور گلابی گالوں رخساروں سے لطف اندوز ہو رہا تھا، اُسے ایک طرف لیجا کر کہنے لگا" کرسٹابیل تمہارا منگیتر تو بڑا خوبصورت آدمی ہے۔ اتنی بڑی جائیداد سے مبارک ہو"

مسٹر پاٹرن کی ناگوار آواز نے ان دونوں کی گفتگو کے طلسم کو توڑ دیا۔ کہنے لگا" دیکھو، کارٹ نے اس تصویر کو اپنے آخری سٹائل کے مطابق بنایا ہے۔ اگر اسے نمائش میں رکھ دیا جائے تو یقین ہے کہ اس کی قیمت پانچ ہزار پونڈ سے کم نہ ہو"

ہیری نے متبسم ہو کر جواب دیا" پانچ ہزار کی رقم تو بہت زیادہ ہے۔ اتنی قیمت میں ادا نہیں کر سکتا۔ مسٹر سمتھ تو کہتے تھے کہ تین اور چار ہزار کے درمیان سودا چک جائے گا۔ میں تین ہزار سے زیادہ نہیں دے سکتا"

مسٹر سمتھ نے ہاتھ ملتے ہوئے کہا" ہیری! مجھے اس معاملے سے کیا تعلق، میں باہر چلا جاتا ہوں ہیرن خود تمہیں قیمت بتا دیگا"

ہیری نے مسرت آمیز لہجے میں پوچھا" تو ہیرن کہو تمہارا کیا خیال ہے"

فیوجل میز پر بیٹھ گیا۔ تصویر اُس کے سامنے تیز برقی روشنی میں چمک رہی تھی۔ کہنے لگا" میں اس کے لئے تین ہزار پونڈ کبھی نہیں لونگا۔ نہیں ہرگز نہیں!!"

پاٹرن بولا" مسٹر فیوجل یقین جانو یہ مناسب قیمت ہے!"

فیوجل بولا" یہ تصویر میری ذاتی ملکیت ہے"

سمتھ نے جواب دیا" کیوں نہیں۔ کون کہتا ہے یہ تمہاری نہیں ــــ؟"

"تو پھر اب میں نے اپنا ارادہ بدل لیا ہے۔ اور اسے فروخت کرنا نہیں چاہتا!"

سمتھ نے اپنی ہڈیوں کے مغز تک کانپتے ہوئے اپنے ابرو حیرانی سے اوپر اٹھاتے ہوئے کہا" کیا؟ کیا؟ ارادہ بدل لیا ہے؟ تو اب تم اسے فروخت کرنا نہیں چاہتے؟"

فیوجل بولا" نہیں چاہتا، دوست! ذرا غور سے اس بات کو سُنو، میں یہاں تمہارے سامنے اس بات کا اظہار کئے دیتا ہوں کہ مجھے مادموزیل کرسٹابیل سے اُلفت ہے!"

کمرے میں سکوت طاری ہو گیا۔ مسٹر سمتھ اپنے سُرخ چہرے اور کھلے مُنہ کے ساتھ فیوجل کی طرف دیکھنے لگا۔ مس کرسٹابیل کے چہرے پر فرطِ حیا سے خون دوڑنے لگا۔ اور ہیری کی آنکھیں خون برسانے لگیں۔ اُس نے کہا"

"کیا کہا جناب؟"

فیوجل نے اُس کی طرف مخاطب ہو کر کہا" میں مادموزیل کو تم سے چھیننا نہیں چاہتا۔ میری محبت ایک اُمید موہوم ہے۔ مگر یہ اُلفت مرتے دم تک میری رُوح کو خوراک بہم پہنچائے گی۔ اور اس ناکام محبت کی خوشی میں یہ تصویر تم کو تحفے کے طور پر مُفت دوں گا"

وہ ایک ہیرو کی طرح اپنے بازو آگے بڑھائے ہوئے استقلال سے کھڑا تھا۔ ہیری اور کرسٹابیل حیران و مبہوت ایستادہ تھے۔ اُسنے کہا" یہ تصویر میری ہے اور میں ہی نہیں دے رہا ہوں۔ مجھے اس تحفے سے محض تمہاری مسرت مقصود ہے"

مسٹر سمتھ گرجکر بولا" کہیں پاگل تو نہیں ہو گئے؟"

ہیری بولا" دوست! تمہاری یہ فیاضی بے نظیر معلوم ہوتی ہے۔ ہمیں اس تصویر کو تحفے کے طور پر قبول کرنے میں عُذر ہے"

فیوجل نے ایک عجیب سے انداز میں آگے بڑھ کر کہا" تو پھر میں اُسے بغل میں دبا گاڑی پر سوار ہو کر ابھی اپنے شہر کو واپس چلا جاتا ہوں!"

اور بالآخر انہیں یہ تصویر قبول کرنی ہی پڑی۔

اس تحفے کے بعد فیوجل ان دونوں ــــــ ہیری اور کرسٹابیل کا گہرا دوست بن گیا۔ وہ ان کی شادی پر بھی شامل ہوا۔

تصویر ابھی تک ہیری کے مکان کی زینت ہے مگر فیوجل کا تاریخی شاہ اس واقعے سے چند ہی روز بعد جل کر راکھ ہو گیا۔ نہ معلوم یہ کس کا کام تھا۔؟

(یہ تلخیص از ڈبلیو، جے، لوکی۔)

طاہر قریشی۔ بی۔ اے

مشہور کر رکھا تھا کہ زہرہ سے میرے ناجائز تعلقات ہیں۔ میں نے چوری کے مقدمہ میں اُسکی مدد کی تھی۔ اور اُسے دفتر میں مُلازمت دی تھی، اور اب اُسے سکریٹری کے ممتاز عُہدے پر فائز رکھا تھا، اگرچہ مجھے اِن بے بنیاد افواہوں کی چنداں پرواہ نہ تھی۔ تاہم میں چاہتا تھا کہ کم از کم زبیدہ اور زہرہ کو اِن باتوں کا علم نہ ہونے پائے۔

اس شام کو جب میں گھر پہونچا تو زبیدہ اختر کے ہمراہ سینما دیکھنے چلی گئی تھی میں تھکا ہُوا تھا۔ اِسلئے ان کے واپس آنے سے پیشتر ہی سو گیا، اگلے دن صبح سویرے میں دفتر چلا گیا۔ زبیدہ ابھی تک سو رہی تھی۔ اِس لئے مجھے اُس سے ملنے کا اتفاق نہ ہوا۔

میں دفتر میں بیٹھا ہُوا تھا کہ زہرہ نے صبح کی ڈاک لاکر میری میز پر رکھدی۔ مجھے ایک ضروری چٹھی موصول ہونے کی اُمید تھی۔ اِس لئے میں خطوط کا بنڈل اُٹھا کر جلدی جلدی خط چھانٹنے لگا۔ ایک چٹھی زہرہ کے نام تھی میں نے سرنامہ پر سرسری نگاہ ڈالتے ہوئے لفافہ زہرہ کے ہاتھ میں دیدیا۔ اُس نے لفافہ چاک کیا اور خط نکال کر بہ سرعت پڑھنے لگی۔ یکدم گھبراہٹ سے اسکے چہرے پر زردی چھا گئی اور ایک ہلکی سی چیخ اُسکے مُنہ سے نکلی۔ اُسکے لرزتے ہوئے ہاتھ میں پکڑا ہوا خط درخت کے کسی خشک پتے کی طرح ہل رہا تھا۔ زہرہ نے خط میری جانب بڑھاتے ہوئے کہا "اِسے پڑھیئے یہ آپکی بیوی کی تحریر ہے"

ایک ہی نظر میں میں نے دیکھ لیا کہ خط میں اُسی فرضی اور بیہودہ قصّے کو دُہرایا گیا تھا جو بمبئی اور زہرہ کے منعلق میرے دُشمنوں نے مشہور کر رکھا تھا۔ آخر میں زہرہ کو اِس بات کی تاکید کی گئی تھی کہ وہ فوراً میری مُلازمت سے علیٰحدہ ہو جائے کیونکہ وہ زندگی کو تباہ کر رہی تھی اور اُسی کی بدولت میری عزّت و شہرت کو بٹّہ لگ رہا تھا۔

تحریر فی الحقیقت زبیدہ کی تھی میں اپنی بیوی کی اِس نازیبا حرکت پر سخت متحیّر و آزردہ ہُوا۔

زہرہ اِسی وقت سر کے درد کا بہانہ کر کے دفتر سے چلی گئی۔ میں نے سمجھ لیا کہ اِس واقعہ نے اسکے دِل کو سخت ٹھیس پہونچایا تھا۔ اگلے دن وہ دفتر میں مُطلق نہیں آئی اور دوپہر کے وقت اُس نے ایک مختصر سا نوٹ بدیں مضمون بھیجا "میں نہیں چاہتی کہ میری وجہ سے آپ کی ازدواجی زندگی پُر آلام بنے اور آپکی شہرت کو گزند پہونچے۔ میں کل ہی ناصر سے شادی کرنے والی ہوں کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ اِس صورت میں اُن تمام افواہوں کا خاتمہ ہو جائیگا جو مجھ سے منسوب کی جاتی ہیں۔ اب آپکے ہاں میری مُلازمت کا جاری رہنا ناممکن ہے"

جب میں نے زبیدہ سے اِس بات کا ذکر کیا کہ زہرہ مُلازمت چھوڑ کر چلی گئی ہے اور ناصر جیسے آوارہ باش سے شادی کرنے والی ہے۔ تو اُس نے کسی قدر افسوس کا اظہار کیا۔ میں نے سرد مُہری سے کہا "زبیدہ اسکی تمام ذمہ داری تم پر عاید ہوتی ہے۔ کیونکہ تم نے اُسے مُلازمت چھوڑ دینے کو خط لکھا تھا"

وہ ندامت سے نگاہیں نیچی کرتے ہُوئے بولی "میں نہیں سمجھتی تھی کہ اُس کا یہ انجام ہوگا"

"تم کاہے کو جانتیں"۔ غُصّہ میں میرے مُنہ سے نکلا "کیا تم احمقانہ جذبۂ رقابت کو اپنے دِل سے کبھی نہیں نکال سکو گی"

"آہ! میں کہہ نہیں سکتی" بیچارہ زبیدہ نے دبی زبان سے جواب دیا۔ "یہ جذبہ میری رُوح کو اندر ہی اندر گھُن کی طرح کھا رہا ہے"

(۶)

زندگی کے ہر شعبہ زندگانی میں ایک ہی رفتار پر ہمیشہ جاری رہتے ہیں اور انسان کش مکش حیات میں محو ہو کر گذشتہ واقعات کو بھول جاتا ہے میں پھر بدستور اپنے پیشہ کی مصروفیتوں میں منہمک ہو گیا۔ زبیدہ دن بدن اختر کی صحبت میں خوشی محسوس کرنے لگی اور اب وہ زیادہ تر سیر و تفریح اور تماشا گاہوں میں گذارنے لگے۔ اسی طرح میری کتاب زندگی کا ایک اور ورق اُلٹ گیا۔

زہرہ کی یاد قریب قریب میرے دل سے نکل چکی تھی۔ ایک شب کو میں کسی پبلک جلسہ میں تقریر کرنا تھا کہ کچھ لنڈوروں سے کچھ شور سا سُنا دیا ایک مضبوط دو نوجوان شراب کے نشہ میں بدمست ہو کر کچھ گڑبڑ مچا رہا ہے، اور جب لوگوں نے تنگ آکر اُسے جلسہ گاہ سے باہر نکالا تو میں نے اُسے پہچانا کہ وہ زہرہ کا شرابی خاوند ناصر تھا۔ جلسہ کی کارروائی ختم ہوتے ہی میں نے ناصر کی بابت دریافت کیا۔ اُس وقت وہ بدمستی کی حالت میں ایک بنچ پر بیہوش پڑا تھا۔ مجھے معلوم ہُوا کہ اسکی بیوی اچانک بیمار ہو گئی تھی، اور وہ ڈاکٹر کی تلاش میں گھر سے نکلا تھا۔ گذرا ستے میں شراب کے نشہ سے چُور ہو کر سب کچھ بھُول چکا تھا۔ مجھے زہرہ کی قسمتی پر افسوس ہُوا اگر ساتھ ہی اپنی بیوی پر بھی غُصّہ آیا جسکی بدولت وہ ناصر سے شادی کرنے پر مجبور ہُوئی تھی۔

ایک دوست کی مدد سے میں نے ناصر کو اپنی موٹر میں بٹھایا اور اسکے گھر کا رُخ کیا۔ راستہ میں زہرہ کے علاج کے لئے میں نے ایک ڈاکٹر کو بھی ساتھ لے لیا اور قریباً آدھ گھنٹہ میں ہم ناصر کے مکان پر پہونچ گئے۔ کمرہ میں داخل ہوتے ہی میری آنکھوں نے ایک حسرت آمیز منظر دیکھا۔ سبز لیمپ کی مدھم روشنی کمرہ میں پھیلی ہوئی تھی اور زہرہ شدت بخار سے بستر علالت پر پڑی ہُوئی کراہ رہی تھی، اُسکے چہرے کا رنگ سفید ہو رہا تھا اور پسینہ کے قطرات اُسکی پیشانی پر چمک رہے تھے۔ ایک طرف ایک چھوٹی سی میز پر دُوائی کے چند

ٹکرے اور ایک بڑا سا چاقو پڑا تھا۔ مکان سے باہر موسم بہار کا کوئی خوشنوا پرندہ زندگی کے پُرمسرت نغمے گا رہا تھا اور اُسکی شیریں آواز کھڑکی کے راستے اندر سُنائی دے رہی تھی۔

ہم دوڑ کر زہرہ کی چارپائی کے قریب جا کھڑے ہُوئے اور ڈاکٹر نے اُسکی نبض و دل کی حرکت کا معائنہ کر کے اُسے دوا پلائی۔ ناصر اب قدرے ہوش میں آچکا تھا اور دروازہ میں کھڑا ہمیں غصہ و نفرت سے گھُور رہا تھا۔ یکایک وہ غُصہ میں گرجتا ہُوا ڈاکٹر کی جانب بڑھا اور اُسے دھکا دیکر فرش پر گرا دیا۔ پھر زہرہ کے قریب آکر درشتی سے کہنے لگا "اُٹھو۔ تم یہاں پڑی کیا کر رہی ہو۔ جاؤ میرے لئے کھانا تیار کرو" میں دوڑ کر اُسکے سامنے کھڑا ہُوا اور اُسے پیچھے ہٹاتے ہُوئے زہرہ کے قریب چلے جانیکا حکم دیا۔ ناصر نے غصہ سے مُنہ کھول کر میری طرف دیکھا اور ایک خونخوار درندے کی مانند اُسکی آنکھوں سے آگ کے شعلے نکلنے لگے۔ یک لخت میز پر سے چاقو اُٹھا کر ہاتھ میں لیتے ہوئے وہ بھوکے شیر کی طرح مجھ پر حملہ آور ہوا ــــ زہرہ کے مُنہ سے ایک زور کی چیخ نکلی۔

میں فوراً جست کر کے ایک طرف ہٹ گیا اور پھُرتی سے ناصر کے مُنہ پر اس زور سے مُکّا رسید کیا کہ وہ لڑکھڑا کر زمین پر آرہا۔ گرتے وقت اسکا سر اس زور سے آتشدان سے ٹکرایا کہ اس سے خون بہنے لگا۔ اور وہ بیہوش ہوگیا۔ اس اچانک حادثہ سے میں سخت گھبرایا۔ ڈاکٹر نے ناصر کے سر پر پٹی باندھنی شروع کی۔ اور میں نے ٹیلیفون پر پولیس کو موقع واردات پر پہونچنے کی اطلاع کی۔

جب میں واپس ہونے لگا تو رات نصف کے قریب گزر چکی تھی۔ زہرہ کا بخار اتر چکا ہو گیا تھا۔ مگر ناصر کی حالت بدستور تشویشناک تھی اگرچہ اس کا سانس برابر چل رہا تھا۔ تاہم شدت زخم سے وہ بے حس و حرکت پڑا تھا۔ پولس فوراً موقع پر پہونچ گئی۔ اور انسپکٹر پولس نے مجھے بتایا کہ میں گھر پہونچ کر مزید اطلاع کا انتظار کروں۔

وہ رات میں تمام عمر نہیں بھولونگا۔ میں تیزی سے گھر کی طرف موٹر دوڑا رہا تھا۔ آسمان پر ماہ مئی کا چاند دم بخود تھا۔ سڑک کے دونوں جانب سفید گلابی پھُولوں سے لدے ہوئے سیب کے درخت تیزی سے میرے قریب سے گزر رہے تھے۔ اور فضا میں ایک ہلکی سی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ تھوڑی دیر بعد سوہنا کا کوئی گُستاخ جھونکا کھڑکی کے راستے موٹر میں داخل ہو کر میرے جسم میں تھرتھراہٹ پیدا کر دیتا۔ رات کی خاموشی میں کسی پرندے کی اچانک آواز بہت خوف آمیز معلوم ہوتی۔ اُسوقت مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے موت کا بھیانک فرشتہ ایک سائے کی طرح میرے گرد منڈلا رہا ہو۔ میں سوچ رہا تھا کہ خدانخواستہ اگر ناصر کی موت واقع ہو گئی تو اُسکی تمام ذمہ داری میرے سر تھوپ دی جائیگی۔ زہرہ کے بارے میں لوگ مُجھ سے بدظن ہو چکے تھے اور اب اُن کے لئے یہ سمجھنا نہایت آسان تھا کہ زہرہ کو حاصل کرنیکے لئے میں نے اُسکے خاوند کو ہلاک کر دیا ہے۔ اگرچہ ڈاکٹر کی شہادت میرے حق میں اس بات کی کافی ثبوت تھی کہ میں نے مُحافظت خود اختیاری میں ناصر پر ضرب لگائی تھی۔ تاہم سابقہ حالات کو پیش نظر رکھ کر ایک ایسی خطرناک چوٹی پر کھڑا دیکھ رہا تھا جہاں سے پھسل کر میرا قعرِ مذلت میں گرنا لازمی امر تھا۔ مجھے زہیدہ سے بھی کسی خاص مدد کی توقع نہیں تھی۔ کیونکہ وہ اپنے حاسدانہ جذبات کی آگ میں جلتے ہوئے کئی مرتبہ مجھے بھی چھوڑ جانیکی دھمکی دے چکی تھی۔ اگر بیچ میں اُسنے مجھے اس مصیبت میں چھوڑ دیا تو لوگ مجھے اور بھی خشمناک نظروں سے دیکھنے لگیں گے ــــــ اسی قسم کے خیالات رہ رہ کر میرے دل کو مضطرب بنا رہے تھے۔

(۷)

جب میں گھر پہونچا تو میرا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ مکان میں ہر طرف مکمل سکوت تھا۔ میں فوراً اپنی خوابگاہ میں داخل ہُوا، کمرہ میں ابھی تک لیمپ روشن تھا۔ اور میز پر ایک لفافہ پڑا ہوا تھا۔ میں نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے لفافہ چاک کیا۔ تحریر زہیدہ کی تھی۔ اور خط پر یہ عبارت درج تھی۔

"میں آخر کہاں جا رہی ہوں وہ مجھے ازحد محبت کرتا ہے جس طرح تم نے مجھے آتش حسد میں جلایا ہے اب خود بھی جلنے کا مزہ چکھو"

میری آنکھوں سے آگ کے شعلے نکلنے لگے، اور مجھے پیشانی پر خون کے قطرات چمکتے ہوئے محسوس ہوئے۔ رقابت و حسد کی ایک تیز و تند لہر نے میرے تن بدن میں آگ لگا دی۔ ایک ہی وار میں میں زہیدہ اور اختر دونوں کا خاتمہ کر دینا چاہتا تھا۔ میں نے ٹیلیفون اُٹھایا کہ ریلوے اسٹیشن سے گاڑی چھوٹنے کا وقت دریافت کروں۔ مگر اس خیال سے رُک گیا کہ شاید وہ ٹرین پر سواری نہ ہے ہوں۔ کیونکہ اختر کے پاس موٹر موجود تھی نیز مجھے اس بات کا بھی علم نہ تھا کہ وہ کس طرف گئے ہیں۔ ایک تیز خوردہ جانور کی طرح میں حالت اضطراب میں ادھر اُدھر دوڑ رہا تھا غصہ سے میرا جسم اور روح میری طرح لرز رہے تھے۔ محبت کی بجائے اب رقابت و حسد کا وحشیانہ جذبہ مجھ پر مسلط ہو چکا تھا۔

کئی گھنٹے بعد کسی نے دروازہ پر دستک دی۔ میں نے دوڑ کر دروازہ کھولا تو پولیس سب انسپکٹر دروازہ میں کھڑا تھا۔ میں نے سوچا شاید وہ زہیدہ کی طرف سے کوئی پیغام لایا ہے۔ کیونکہ اُسکی بیوی زہیدہ کی دوست تھی۔ مگر وہ مجھے انسپکٹر پولیس کی طرف سے اطلاع دینے آیا تھا۔ کہ ناصر ابھی نیم زندہ تھا اور ڈاکٹر کی رائے تھی کہ صبح ہونے تک وہ یقیناً ہوش میں آجائیگا۔

اسکے جانیکے بعد مجھے قدرے اطمینان ہُوا مگر اس وقت میرے پیش نظر میری زندگی کا دوسرا پہلو تھا۔ مجھے سوائے زہیدہ کے اور کسی چیز کا خیال نہ تھا

(بقیہ صفحہ ۲۹۳ پر)

تعمیرِ حسنوں

کالج میں اندرا سب سے حسین لڑکی شمار کی جاتی تھی، اسکے چہرہ کا اگر تشریحی جائزہ لیا جاتا تو اس کا حُسن کسی طرح غیر معمولی نہ معلوم ہوتا، لیکن اس کا مجموعی اثر ایک خاص دلکشی و جاذبیت پیدا کرتا تھا جس سے کالج کی دوسری لڑکیاں قطعاً محروم تھیں اور پھر اُسکی دلاویزی کا راز صرف اُسکی ظاہری صورت میں نہ تھا۔ بلکہ اسکی سادہ بے بنادٹی فطرت بھی بڑی حد تک اسکی دلکشی کا موجب تھی۔ اسکی بات چیت لباس وضع طور طریقہ سے کسی طرح ظاہر نہ ہو سکتا تھا کہ وہ ہائی کورٹ کے جج کی اکلوتی بیٹی تھی وہ اپنے سب ساتھیوں سے ایک طرح ملتی۔ ساتھ پڑھنے والے لڑکوں سے ملنے میں وہ کبھی اس سے زیادہ شرم و حجاب کا اظہار نہ کرتی، جتنا کہ اسکی جنس کا فطری تقاضہ ہوتا لیکن ساتھ ہی وہ کسی سے ملنے جلنے میں اپنا نسوانی وقار بھی ہاتھ سے نہ جانے دیتی۔ ان خصوصیات نے اندرا کو کالج کے طلبا کا مرکز توجہ بنا دیا تھا۔ اندرا بھی سبھوں سے ملتی اور پھر کسی سے شیر و شکر بھی نہ ہوتی۔ لیکن شیام سندر کے ساتھ بہ نسبت اور ساتھیوں کے وہ زیادہ آزاد تھی۔ اسکی وجہ صرف اتفاقی تھی یعنی یہ کہ اندرا اور شیام سندر نے ایک ساتھ ایک اسکول میں تعلیم شروع کی، ساتھ ہی میٹرک پاس کیا، اور کالج میں بھی ساتھ تھے۔ صرف یہی نہیں بلکہ وہ ایک ہی محلّے میں رہتے تھے اور ان کے والدین کے درمیان عرصہ سے کافی تعلقات تھے۔ غالباً اسی قدیم لگاؤ کے سبب شیام سندر اندرا سے اس طرح نہ ملتا تھا جس طرح اسکے دوسرے ساتھی ملتے تھے۔ وہ جب اندرا سے باتیں کرتے ہوتے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کا جذبۂ شوق اپنی تکمیل کے لئے بیچین ہو رہا ہے۔ لیکن رائے اظہار نہ ہو سکنے کی وجہ سے مجبور و بے بس کسی مناسب موقع کا منتظر ہے۔ انکی نگاہیں یوں تو دوسری طرف لگی ہوئی معلوم ہوتیں، لیکن اس سے آنکھیں بچا کر وہ کبھی کبھی اسی للچائی نظروں سے دیکھ لیتے۔ انکے انداز میں مبالغہ آمیز متانت و سنجیدگی ہوتی جو بجائے انکی دلی کیفیات پر پردہ ڈالنے کے اسکی مضحکہ خیز پردہ کرنے لگتی وہ اندرا کو چاہتے تھے اور اپنے دلوں میں اس سے محبت کرنیکا دعویٰ رکھتے تھے۔ کامل احساس کے ساتھ اسلئے کہ انکی ملاقات اندرا سے اس وقت شروع ہوئی تھی جب انکا محبت کرنے کا جذبہ اپنا بچپن ختم کر کے علم بلند آہے امتزاج حاصل کر چکا تھا اور محبت کا مفہوم انکے لئے صرف محبوب کی موجودگی انبساط و مسرت کے چند سیدھے سادے تاثرات تک محدود نہ تھا۔ بلکہ اس میں محبوب کے حصول کی خواہش بھی شامل ہو چکی تھی اس خواہش کا علم اور اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے غور و تفکر کی جولانی۔ اس کے برعکس شیام سندر کو کبھی اس کا احساس نہ ہوا کہ اُسے اندرا سے محبت تھی۔ وہ بچپن سے ایکدوسرے سے ملتے جلتے آئے تھے اور آج بھی ان کے باہمی اختلاط میں اُسی معصومیت اور سادگی کی روش باقی تھی۔ گو ان کے دوسرے ساتھی انکی راہ و رسم میں اپنی کیفیات کا عکس دیکھ کر اسمیں مختلف معنی بھرا کرتے تھے، دُنیا کا ہر انسان اپنی آنکھوں پر ایک خاص رنگ کی عینک لگائے پھرتا ہے جسکی وجہ سے اُسے کائنات کی ہر شے اُسی رنگ کی نظر آتی ہے اور اس طرح وہ کسی چیز کو اسکی اصلی صورت میں نہیں دیکھ سکتا۔ یہ مجبوری شاید انسانی فطرت کی تعمیر کا ایک لازمی جزو ہے

اندرا آئی۔ اے پاس کر کے بی۔ اے میں داخل ہوئی، اُسکے نئے ساتھیوں میں کاپور کے مشہور تاجر بابو گوپال سرن کا بیٹا پرکاش بھی تھا جو بنارس ہندو یونیورسٹی سے آئی۔ اے پاس کر کے بی۔ اے میں داخل ہوا تھا۔ پرکاش کا مردانہ حُسن اور تناسب اعضا بہت جلد اُسکے ساتھیوں کا مرکز توجہ بن گیا۔ بنارس یونیورسٹی میں اس نے یونیورسٹی میں اوّل انعام حاصل کیا تھا۔ سارے ساتھیوں کو اسکی تقریر سننے کا شوق تھا۔ وہ جب اپنی اس مقناطیسی شخصیت کیساتھ تقریر کرتا ہو گا تو ساری فضا سحر آگین ہو جاتی ہو گی"۔ وہ آپس میں گفتگو کرتے اور اس دن کے بیچینی سے منتظر تھے جب کالج ڈیبیٹنگ سوسائٹی (مجلس مذاکرہ) کے سالانہ جلسہ میں پرکاش مباحثہ کی افتتاح کرنیوالا تھا۔ آخر وہ دن آ پہونچا۔ پرکاش نے مباحثہ شروع کیا۔ پرکاش کی جاذبیت اس وقت قابل رشک ہو رہی تھی، اسلئے کہ وہ صرف ایک حسین شخصیت کا حامل نہ تھا۔ بلکہ ایک بلند دماغ اور محظوظ کر دینے والے الفاظ و بیان بھی اُسکے حصہ میں آئے تھے۔ ساری نگاہیں صرف اسی کو تک رہی تھیں۔ اندرا بھی ٹکٹکی لگائے اُسے دیکھ رہی تھی نہ کتنا حسین مقرر ہے" اس نے دلمیں سوچا اور تمام مدہوشی کی حالت میں پرکاش کی جادو بھری تقریر سنتی رہی، اور تقریر ختم ہوئی تو اسکی تالیوں کی آواز دوسروں سے زیادہ بلند تھی۔ اور صرف یہی نہیں بلکہ تالیاں بجاتے وقت وہ اپنی جگہ سے

کچھ کھٹکا بھی ہوگئی تھی۔

دوسرے دن اندرا شیام سندر سے بار بار پرکاش کی تعریف کر رہی تھی۔ شیام سندر خود بھی پرکاش کی شخصیت سے کافی متاثر ہو چکا تھا۔ وہ بھی اندرا کی تائید کرتا جا رہا تھا۔

"کیوں نہ اُسے ہم اپنے ساتھ چائے پر مدعو کریں؟ ہم اسکی عالمانہ اور پُر از معلومات گفتگو سے ضرور فائدہ اُٹھا سکیں گے۔"

"کہاں؟"

"اپنے مکان پر"

"کیوں نہیں!" اندرا کی کالج کی زندگی میں یہ پہلا موقع تھا کہ وہ اپنے کسی ساتھی کو اپنے گھر پر بُلانیکا خیال ظاہر کر رہی تھی۔ شیام سندر کو اسکی اس خلاف وضع حرکت پر تعجب ضرور ہُوا "لیکن پرکاش کی شخصیت واقعی اس خصوصیت کی مستحق ہے" اس نے خیال کیا

"تو پھر پرکاش کو تم ہی میری طرف سے مدعو کرو۔"

"کیوں تم اس سے خود کیوں نہیں کہتیں۔"

"تم ہی کہہ دو گے تو کیا ہوگا؟"

"میں تو اُسے مدعو نہیں کر رہا ہوں۔"

"تو میں یہ تھوڑی ہی کہتی ہوں کہ تم اُسے مدعو کرو۔ صرف میری طرف سے اُسے کہہ دو۔ مجھے خود کہتے ہوئے ذرا جھجک سا معلوم ہوتا ہے۔"

"لیکن بے تکا پن تو زیادہ میرے کہنے میں ہے۔"

"تو تم نہیں کہو گے؟"

"میں تو نہیں کہتا۔ تمہارا اصرار ہے تو کہہ دونگا۔"

شیام سُندر کو اندرا کی یہ ضد کچھ ایسی تو کچھ سی معلوم ہوئی۔ وہ اپنے کسی ساتھی سے گفتگو کرنے میں بلا وجہ شرم و حجاب کی عادی نہ تھی۔ اور پھر اُسے پرکاش سے کچھ ایسی زیادہ باتیں بھی نہیں کرنی تھیں۔ صرف چائے پر بُلانے کے لئے کہنے میں اُسے تامل کیوں ہو رہا تھا؟ "وہ پرکاش کی شخصیت سے بہت زیادہ مرعوب ہوگئی ہے" اس نے دل میں سوچا اور پرکاش کو اندرا کی طرف سے مدعو کرنیکے لئے اسکے قریب جانے لگا۔ لیکن اُسے ایسا محسوس ہوا کہ قدم آگے بڑھانے میں اسے کوشش کرنی پڑ رہی تھی۔ جیسے وہ کسی دشوار مہم پر جا رہا ہو۔ "اندرا نے تمہیں اپنے یہاں چائے پر بُلایا ہے" اُس نے پرکاش کے قریب پہونچتے ہی تیزی سے یہ الفاظ کہڈالے۔ جیسے وہ کسی زبانی یاد کئے ہوئے جملہ کو دہرا رہا ہو۔

"یعنی؟ مجھکو؟ کب؟" پرکاش نے شیام سُندر کے انداز گفتگو سے حیرت ہوتے ہُوئے یہ سوال کیا۔

"آج شام کو" شیام سندر نے جواب دیا۔ وہ اپنی گفتگو کا بے تکا پن محسوس کر کے شرما گیا تھا۔ "اندرا نے مجھ سے بے موقع یہ کام لیا، اسے خود پرکاش سے کہنا چاہیئے تھا۔" اس نے خیال کیا۔

"اور کون ہوگا؟"

"میں تم اور اندرا"

"اچھی بات ہے مجھے کوئی عذر نہیں۔"

اندرا پرکاش کی دعوت کے انتظام میں منہمک تھی۔ شیام سندر اس کا ہاتھ بٹا رہا تھا۔ اندرا کا یہ انہماک اُس پر ایک خاص قسم کی تاثر پیدا کر رہا تھا، جس کی وہ خود اپنے دماغ میں بھی کوئی تشریح نہیں کر سکتا تھا۔ جیسے کسی خوف کا اتنا ہلکا احساس کہ اُسے کسی دوسرے جذبہ سے تمیز کرنا مشکل ہو۔ رہ رہ کر اُسکے دماغ میں، وہاں سے چلے جانیکی ایک مُبہم سی خواہش پیدا ہوتی تھی۔ لیکن اپنی نامور دنیت کی وجہ سے اس خواہش کو قرار حاصل نہ ہوتا۔ شیام سندر اپنے اندر ایک مضطرب کُن کیفیت کا عمل محسوس کر رہا تھا۔ وہ اپنے دماغ میں اس طرناک انتظار کا اثر پیدا کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ جسے پرکاش کی فلسفیانہ اور دلاویز گفتگو سے لُطف اندوزی کے تصور کا نتیجہ ہونا چاہیئے تھا لیکن وہ اس کوشش میں ناکام ہو رہا تھا۔ کیوں؟ اس کے سبب کے سمجھنے سے وہ قاصر تھا۔

پرکاش وقتِ مقررہ پر اندرا کے مکان پر پہونچ گیا۔ اور تینوں ایک ٹیبل کے تین طرف بیٹھ گئے۔

آپ نے اتنا تکلف بیجا کیا۔ اس قسم کی چیزیں کھانے پینے کی غرض سے تھوڑی ہی ہوتی ہیں کہ اُنکے لئے اتنا اہتمام کیا جائے۔"

"نہیں کوئی خاص تکلف تو نہیں ہے۔" اندرا نے کیک کی رکابی پرکاش کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔"

مختلف قسم کی باتیں ہونے لگیں جس میں زیادہ گفتگو پرکاش کر رہا تھا، شیام سُندر اور اندرا خموشی سے سُن رہے تھے۔ گفتگو کا موضوع موجودہ ادبی رجحان۔ سائنس کی کرشمہ سازیاں، ہندوستان کا مستقبل دُنیا کا مذہب، ان سبھوں سے بدلتا ہُوا سائیکو انیلسس (نفسیات تحلیلی) پر آپہونچا تھا۔

"سائیکو انیلسس (نفسیات تحلیلی) نے ہمارے سامنے ایک نئی دُنیا پیش کر دی ہے جسکی وسعتیں بھی بے پناہ ہیں اور گہرائیاں بھی اتھاہ۔ یونگ (Jung) نے تو اپنے کلکٹو انکونشس (لاشعور ذہن اجتماعی)

کو حیات کے سارے منازل تجربات و مشاہدات کا مکمل ریکارڈ قرار دے رکھا ہے۔ گویا ہمارے روزمرہ کے کردار پر صرف انہیں جذبات و محرکات کا اثر نہیں پڑتا جنکی بنا ہماری انفرادی زندگی میں ہوئی ہے بلکہ ان سارے ترغیبات دُور مجہولات کا جو ابتدائے آفرینش سے تسلسلاً بعد بعد ہمارے وراثت میں آتی جارہی ہیں اور جن کا مخزن ہمارا ذہن لاشعور ہے۔ واقعی یہ نظریہ نہایت صحیح ہے ورنہ ہم باوجود اتنے متمدن ہو چکنے کے اکثر حالات میں اُن حرکتوں کے کیوں مرتکب ہو جاتے ہیں جنہیں دیکھ کر ایک غیر متمدن قوم بھی شرما جائے؟ آپ اسپین کی سول وار کو دیکھئے کیا اسکے اندر وحشی خون آشامی و غارتگری کا وحشیانہ جذبہ عمل پیرا نہیں ہے جو ہمارے پہاڑوں اور جنگلوں میں رہنے والے آباؤ اجداد کی روزمرہ زندگی کا جزو لاینفک تھا؟ کیا اسپین کا کوئی ذی فہم باشندہ اس حقیقت سے انکار کر سکتا ہے کہ اس طرح ایک دوسرے کی خون کی ندیاں بہانا بیگناہ عورتوں اور معصوم بچوں کو تہ تیغ اور بے خانماں کر دینا خوبصورت شہروں اور دلکش عمارتوں کو جنکے کمال صنعت پر وہ دُنیا کے سامنے فخر کیا کرتا تھا اس طرح اپنے ہی ہاتھوں سے ویران و برباد کر دینا انسانی اُلوالعزمی و سربلندی فرزانگی و وسعت نظری کی ہنسی اُڑانا ہے؟ وہ اگر تنہائی میں بیٹھکر اپنی حرکتوں کا جائزہ لے تو کیا سب سے پہلے اپنے ہی کو گولی مارنے کے قابل نہ تصور کرے؟ لیکن وہ ایسا نہیں کرتا۔ اس لئے کہ ذہن اجتماعی (Group mind) جسکے وجود و نشو و نما کا راز حیات کی مکمل تاریخ میں ملتا ہے اس پر مسلط ہے اور اسے کچھ سوچنے اور سمجھنے کی مہلت نہیں دیتا۔"

پرکاش اپنی گفتگو میں منہمک تھا۔ اندرا نظریں نیچی کئے بیٹھی تھی جیسے وہ گفتگو سے زیادہ کھانے کی چیزوں سے دلچسپی لے رہی ہو۔ لیکن کبھی کبھی وہ ایک اُچٹتی ہوئی نگاہ پرکاش پر ڈال لیا کرتی تھی۔ شیام سُندر اندرا کے انداز میں ایک الوکھا پن محسوس کر رہا تھا۔ اُسکی نگاہوں میں اُسنے اپنے ان ساتھیوں کی نظروں کی جھلک دیکھ لی تھی جنہیں اندرا کی نسبت کا دعوےٰ تھا۔ ویسی ہی پرانی ہوئی سی نگاہیں۔ وہ خیالات کے اتھاہ سمندر میں غوطے مارنے لگا۔ "اندرا پرکاش کو چاہنے لگی ہے" اسے ایسا معلوم ہوا کہ کوئی اُسکے کان میں یہ الفاظ کہہ رہا تھا۔ "تو پھر اس میں حرج بھی کیا ہے؟" جیسے اُس نے ان الفاظ کا جواب دیا۔ "کیا پرکاش اندرا کی محبت کا حقیقی معنی میں اہل نہیں ہے؟ لیکن پھر اسکے دماغ میں خون کا سادھندلاپن کیوں پھیل گیا؟" "اندرا سے اُسکی راہ و رسم ختم ہو جائیگی۔" اُسے ایسا معلوم ہوا کہ اسکے دماغ پر ٹھوکروں سے یہ آواز پیدا ہوئی۔ "کیوں؟ ایسا کیوں ہونے لگا؟ پرکاش سے اُسکی دوستی کچھ کم نہیں ہے وہ اسکے بعد بھی اندرا سے اسی طرح مل جُل سکتا ہے"۔ "کس کے بعد؟" جیسے کسی نے اُس سے اس جُملہ کی توضیح کی فرمائش کی۔ "اندرا کی پرکاش سے شادی کے بعد۔ کیا یہ ایک بہترین جوڑا نہ ہوگا ان دونوں کے ملاپ پر خود فطرت اپنی حسن آفرینی و موزونیت پر ناز کریگی" "لیکن وہ کیا کریگا؟" یہ سوال اُسے بالکل بے معنی سا معلوم ہوا، وہ اندرا اور پرکاش سے اپنی دوستی اور مضبوط کر کے اُنکی صحبتوں سے ویسے ہی لُطف اندوز ہوتا رہیگا۔"

شیام سُندر کا دماغ ایک مستقل مکالمہ کا سین بنا ہُوا تھا۔ پرکاش کی گفتگو کا سلسلہ جاری تھا "آپ اگر اپنے روزمرہ کے کردار کا صحیح جائزہ لیں تو بیشتر حالات میں آپ یہ محسوس کرینگے کہ آپ کا ارادہ کچھ اور ہے، اور آپ کا عمل کچھ اور۔ یہی نہیں۔ بلکہ بسا اوقات آپ کو ایسا معلوم ہوگا کہ آپ کے عمل و کردار کی کوئی غرض و غایت نہیں۔ اگرچہ آپ انہیں بروئے کار لانے پر مجبور ہیں۔ انسانی قوت ارادی کا استحکام آپ کو بالکل متزلزل معلوم ہوگا، اور اسکی آزادی قطعاً بے معنی۔ میں اس احسان کا اظہار کرنے سے قاصر ہوں جو علمائے نفسیات نے انسانیت پر ....." دفعتاً چائے کی پیالی جو شیام سُندر کے لبوں سے قریب ہو رہی تھی اس کے مرتعش ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑی اور میز پر چاندانی سے ٹکرا کر کئی ٹکڑے ہوگئی اور چائے کی چھینٹیں تینوں کے کپڑوں پر گریں۔ اندرا اور پرکاش یکبارگی کُرسی سے اُٹھ کھڑے ہوئے۔ شیام سُندر کے چہرے کا رنگ زرد ہو رہا تھا اُسکی آنکھیں پھیل رہی تھیں۔ جیسے وہ اندھیرے میں دیکھنے کی کوشش کر رہا ہو۔ اُسکی آواز میں تھرتھراہٹ تھی۔

"میرا سر چکرا رہا ہے۔ میں گھر جاؤنگا" یہ کہتے ہوئے وہ کُرسی سے علیحدہ ہونے لگا۔

اندرا گھبرا گئی۔ پرکاش پر بھی حیرت و استعجاب طاری ہوگیا۔

"شیام! نہیں یہ بیک کیا ہوگیا۔ گھبراؤ نہیں۔ بیٹھ جاؤ۔ گھر جاکر کیا کرو گے۔ فوراً طبیعت ٹھیک ہو جائیگی" اندرا نے شیام سُندر کے قریب آکر کہا۔

"میں کچھ نہیں جانتا کہ مجھے کیا ہوگیا ہے۔ لیکن اندرا مجھے اب یہاں ٹھیرنے نہ دو۔ میرا سر بُری طرح گھوم رہا ہے۔ میں ایک منٹ بیٹھ نہیں سکتا۔ پرکاش مجھے سخت ندامت ہو کہ میری وجہ سے یہ دلچسپ صحبت بے لُطف ہوگئی۔ تم مجھے معاف کروگے۔"

"توبہ! کیسی باتیں کرتے ہو؟ میں تو کہتا ہوں تھوڑی دیر بیٹھ

بادِ صبیحت ٹل جائیگی

"نہیں مجھے جانا ہی چاہئے" کیوں؟ اس کا سبب خود شیام سندر کو بھی معلوم نہ تھا۔ وہ لڑکھڑاتا ہُوا اندر کے مکان سے باہر نکل آیا۔ باہر قدم رکھتے ہی اُس نے محسوس کیا کہ اُسکے دماغ کا توازن قائم ہوگیا تھا اور اس کے خیالات کا دُھندلا پن مفقود۔ اب وہ ہر بات صحیح طور سے سوچ سکتا تھا۔ توبہ کتنی لطیف صحبت آج میری وجہ سے کرکری ہوگئی۔ نہ جانے مجھے یک بیک کیا ہوگیا تھا۔ پرکاش جانے کیا سمجھتا ہوگا۔ مگر وہ ان سطحی باتوں سے بہت بلند ہے اُسے اتنی اتنی باتوں کا خیال نہیں ہو سکتا۔ وہ ایک قابل قدر شخص ہے کتنا خوبصورت کتنا ذی علم اور ساتھ ہی کتنا عمدہ انسان۔ خدا کرے وہ بھی اندرا کو پسند کرے اور دونوں کی شادی ہوجائے" دل میں اس طرح باتیں کرتا شیام سندر گھر کر کرسی پر دراز ہوگیا اور دیر تک اسی طرح مختلف خیالات میں اُلجھا سوگیا۔

شیام سندر دن بدن اپنی دوستی پرکاش سے بڑھا رہا تھا۔ وہ پرکاش کی عدیم المثال شخصیت کی پرستش کرنے لگا تھا۔ پرکاش اس کی اس عقیدتمندی کا جواب اس خلوص و محبت سے دیرہا تھا جو اسکی اعلیٰ شخصیت کی متقاضی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اُن کے قلوب میں ایک مستقل رابطہ پیدا ہوگیا تھا جس کے اثر سے ایک کی کیفیات کا صحیح عکس دوسرے پر پڑ جاتا۔ یہی نہیں بلکہ ان کے ذہن و شعور کے عمل میں بھی ایسی ہم آہنگی پیدا ہوگئی تھی کہ وہ ایک دوسرے کے خلاف کچھ سوچنے یا سمجھنے سے معذور ہو رہے تھے۔

کالج ڈیبیٹنگ سوسائٹی (مجلس مذاکرہ) کے نائب صدر کا سالانہ انتخاب نزدیک تھا۔ شیام سندر نے پرکاش کو اُمیدوار بننے کے لئے آمادہ کیا۔ پرکاش اپنی جانب سے اسکے لیے بالکل تیار نہ تھا۔ اسلئے کہ اسکے دماغ میں ایسے اعزازوں کی کوئی اہمیت نہ تھی لیکن شیام سندر کی خاطر اسے منظور تھی۔ مگر اس وعدہ کیساتھ کہ وہ کسی کے سامنے بھی اپنے لئے ووٹ حاصل کرنے کی غرض سے زبان نہ کھولیگا۔ ووٹ حاصل کرنے کی کوشش اُسکے خیال میں اصولِ نمایندگی کی بدترین توہین تھی۔ جس نے ڈیبیا کریسی (جمہوریت) کو ایک بے معنی و کھوکھلا لفظ بنا دیا ہے۔ ساری کنوینسنگ شیام سندر کو کرنی تھی۔ شیام سندر اسکے لئے آمادہ تھا۔ اپنے اعلیٰ کیرکٹر کی وجہ سے اُسکے ساتھیوں میں اس کا خاصہ اثر تھا۔ اسلئے اسے یقین تھا کہ پرکاش کی بلند صلاحیتیں اور اس کی کوشش ان دونوں کی موجودگی کے بعد کسی اُمیدوار کا پرکاش کے مقابلہ میں کامیاب ہونا دشوار تھا۔

پرکاش کے مقابلہ میں چند اور بھی، جو پرکاش کے کالج میں داخلہ کے قبل تک کالج کا سب سے اچھا مقرر سمجھا جاتا تھا، پرکاش کے خلاف پروپگنڈا کر رہا تھا۔ ادھر شیام سندر بھی پرکاش کے لئے زور دار کنوینسنگ کر رہا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا اس نے اپنی ذات پرکاش کی شخصیت میں گم کردی تھی اور اس میں اور پرکاش میں کوئی فرق باقی نہ تھا۔ اس لئے کہ وہ اپنی کامیابی کے لیے بھی اس سے زیادہ کوشش نہ کر سکتا تھا۔

الکشن کے دن شیام سندر بستر سے بہت سویرے اُٹھ گیا۔ وہ عموماً اتنے سویرے اُٹھنے کا عادی نہ تھا۔ لیکن اس دن اسے پرکاش کے کام سے باہر جانا تھا جسکی اہمیت اسکے نزدیک بہت زیادہ تھی۔ اس نے اپنے باہر کے درمیان کنوینسنگ کی تھی۔ آج اسے ہوسٹلوں میں ووٹ حاصل کرنے کی غرض سے جانا تھا۔ الکشن ۳ بجے شام کو ہونے والا تھا۔ وہ اسوقت تک اپنا وقت یہیں گذارنے والا تھا۔ اس صبح کی ضروریتوں سے جلد فراغت حاصل کرلی اور سائیکل لے کر گھر سے باہر جانے لگا۔ اسکی برک ڈھیلی ہوگئی ہے۔ دُرست کرالینگا" اسکے چھوٹے بھائی نے اس سے کہا۔ لیکن اس نے صرف الفاظ سنے۔ انکے مطلب کی طرف اس کا ذہن منتقل نہ ہُوا جیسے وہ کسی غیر زبان کے الفاظ تھے۔ اور سائیکل پر گھر سے روانہ ہوگیا۔ وہ تیزی سے سائیکل چلائے جا رہا تھا۔ ایک ٹم ٹم اسکی طرف آرہی تھی۔ سڑک وہاں پر تنگ تھی، پھر بھی وہ ٹم ٹم کے بغیر آسانی سے نکل سکتا تھا۔ لیکن اس نے یکایک سائیکل کا رُخ اپنے بائیں جانب پھیر دیا جیسے کوئی نوآموز سائیکل باز جھٹے گھبراہٹ میں اپنے دماغ پر قابو نہیں رہتا۔ سڑک کے کنارہ سے میونسپلٹی کا نالہ بہتا تھا، سائیکل کا بریک ڈھیلا تھا۔ سائیکل نالہ کے اندر جا گری۔

شیام سندر کے سر میں شدید چوٹ آئی اور وہ بیہوش ہوگیا۔ اسکی آنکھیں کھلیں تو اس نے اپنے کو اسپتال میں ایک بستر پر پڑا پایا۔ اسکے سر میں بینڈج بندھا ہُوا تھا اور اُسکے جسم پر جابجا مرہم پٹی کردی گئی تھی۔ وہ اپنی اس حالت کا جائزہ لے کر افسردہ ہو رہا تھا۔ گھڑی نے شام کے پانچ بجائے۔ اور اسکا خیال دفعتاً پرکاش کے الکشن کی طرف منتقل ہوگیا "الکشن ختم ہوگیا ہوگا جائے پرکاش کا کیا ہوا ہوگا" اس نے سوچا لیکن اس خیال سے جو اضطراب و بیزاریت کی کیفیت اس پر پیدا ہونی چاہئے تھی نہ ہوئی۔ بلکہ اسکے چہرہ سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کا قلب مطمئن تھا۔ گو اس اطمینان پر استعجاب و حیرت کی کیفیت غالب تھی۔ اس اچانک حادثہ کا کوئی معقول سبب اسکی سمجھ میں نہ آتا تھا۔ وہ کافی مشاق سائیکلسٹ تھا۔ پھر اُسے ہوگیا گیا تھا؟ اس نے بریک کی مرمت کیوں نہ کرالی جب کہ اسکے بھائی نے اسے مطلع کردیا تھا؟ اُسے اپنی اس حماقت پر غصہ آنے لگا۔

پرکاش کو الکشن میں ناکامیابی ہوگئی۔ ہوٹل کے سارے لڑکے اس وجہ سے اسکے مخالف ہوگئے کہ اسے اپنی قابلیت پر گھمنڈ تھا۔ جب ہی تو اُس نے ان سے ووٹ کی درخواست نہ کی تھی۔ ایک جنٹلمین (gentleman) کی زندگی اسکے لئے اجیرن ہوجاتی ہے، اسلئے کہ اسکی مافوق الفطرت صلاحیت کو تہ تک پہونچنے والے بہت کم ہوتے ہیں۔ بلکہ زیادہ تر لوگوں میں اس صلاحیت کے فقدان کا احساس اسکی فوقیت کو انکی کم مائگی و کوتاہی کے تلخ تجربہ کی ذمہ دار ٹھیرادیتا ہے۔ اُن کے دلوں میں اسکی طرف سے جذبۂ انتقام اُبھر آتا ہے جسکی تسکین وہ اُسے نیچا دکھا کر کرسکتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ اکثر ایک جینیس کی زندگی ایسے مشکل اور ناموافق ماحول واثرات سے گھری ہوتی ہے جن کے مقابلہ کے لئے اسے عمومیت سے کہیں زیادہ ذہنی جدوجہد کرنی ہوتی ہے۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ بسا اوقات ایک جینیس کی زندگی قبل از وقت ختم ہوجاتی ہے اسکی بے پناہ سرگرمیاں بہت جلد اسکی صلاحیت کا ذخیرہ مختصر کردیتی ہیں اور اس طرح آپس میں زندگی کے آفات وحوادث کی مُدافعت کی قوت باقی نہیں رہتی۔ اور وہ اس کا شکار ہوجاتا ہے۔

پرکاش کو اپنی ناکامیابی کا صدمہ ضرور ہوا لیکن اس کا احساس اس استعجاب میں کھو گیا جو شیام سندر کے کالج نہ آنے پر اسے ہو رہا تھا۔ الکشن ختم ہوتے ہی وہ سیدھا اندرا کے پاس آیا اور دونوں شیام سندر کے گھر پہونچے۔ شیام سندر کا وہاں کوئی پتہ نہ تھا۔ اِدھر اُدھر تلاش کرتے وہ آخر ہسپتال پہونچ گئے۔ اسوقت شیام سندر کو ہوش میں آئے کافی دیر ہوچکی تھی۔ ان سے مُلاقات ہوئی تو انہوں نے اسکے چہرہ پر غایت ضمحلال اور پرآگندگی کے آثار دیکھے اور ڈاکٹر سے مل کر اسکی صحت یابی کے تیقن کا اطمینان کرکے اُسے آرام کرنیکے لئے چھوڑ کر واپس ہوگئے۔ اس کمرہ کی نرس کو تعجب ہو رہا تھا کہ شیام سندر جو اس سے پہلے کافی ہشاش نظر آرہا تھا۔ اس نوجوان حسینہ کو دیکھکر اسکے چہرہ کی رنگت کیوں پھیکی پڑگئی۔ اُسے تو زیادہ خوش نظر آنا چاہئے تھا۔ وہ ایک نہایت ذہین عورت تھی جو مردوں کی ہوسناکیوں کے آگے اپنا سب سے بیش قیمت جوہر قربان کرکے انکی نفسیات کا تحقیقی مطالعہ کررہی تھی، اور اس طرح ایک مرد کے چہرہ کے رنگوں میں وہ کچھ دیکھ سکتی تھی جو دوسروں کو مشکل سے نظر آسکتا تھا۔ پھر شیام سندر کی یہ غیر معمولی کیفیت اسے متعجب کئے بغیر کیوں کر رہ سکتی تھی۔

شیام سندر اسپتال سے بہت جلد صحت یاب ہوکر واپس آگیا اور اس کی زندگی کالج کی مصروفیتوں میں حسب دستور گذرنے لگی۔ اسکی کتابوں کی طرف پہلے سے بہت زیادہ بڑھ گئی تھی۔ "میں نے اب تک اپنے ساتھیوں میں کوئی امتیازی حیثیت حاصل نہیں کی ہے۔ لیکن بی۔ اے کے امتحان میں ضرور امتیاز کے ساتھ کامیاب ہوں گا"۔ وہ اکثر سوچا کرتا اور آنے والے امتحان کی تیاری میں اور زیادہ مصروف ہوجاتا۔ بی۔ اے کے امتحان میں اُس نے تواریخ میں اوّل درجہ میں کامیابی حاصل کی۔ پرکاش یونیورسٹی میں اول رہا۔ اور اندرا کو بھی شاندار کامیابی ہوئی، پرکاش اور اندرا کے تعلقات اب اس منزل پر آپہونچے تھے۔ جب محبت تخیلی (platonic) حدود سے گذر کر اپنی حقیقی شکل میں ظاہر ہوتی ہے اور ہمارے جذبۂ حصول ومقبوضت کا صرف ایک رومانی نام بن کر رہ جاتی ہے۔ پرکاش اور اندرا کے تعلقات کی خبر اندرا کے باپ کو بھی ہوچکی تھی، اور وہ بہت جلد اس رشتہ کو قوی کردینا چاہتے تھے۔ چنانچہ دونوں طرف سے بات چیت ہوگئی، اور شادی کی تاریخ مقرر ہوگئی۔ اندرا کے باپ نے شادی کا سارا انتظام شیام سندر کو سونپ دیا۔ شیام سندر نے بخوشی اسے قبول کرلیا۔ شادی کے ایک ہفتہ پہلے سے وہ اندرا کے مکان پر منتقل طور پر منتقل ہوجانے والا تھا۔ تاکہ سارے انتظام کی پوری نگہداشت کرسکے۔

اندرا کی شادی میں ایک ہفتہ باقی تھا۔ پرسوں شیام سندر شہر کے لئے اندرا کے باپ سے دوسرے دن سے مستقل آکر رہنے کا وعدہ کرکے گھر واپس آیا اور آتے ہی بستر پر لیٹ گیا۔ دن کے کام سے وہ بہت زیادہ تھک گیا تھا۔ اُسے بہت جلد نیند آگئی۔ رات کے دو بجے وہ یکایک ایک بھیانک خواب سے چونک گیا۔ اسکی گود میں ایک لمبے بالوں والی گلدار بلی لیٹی ہوئی تھی۔ وہ اس سے کھیل رہا تھا۔ یکایک اُسے سامنے ایک عجیب صورت دکھائی دی، جسکے جسم کا آدھا حصہ نہایت خوبصورت اور دلکش تھا۔ لیکن آدھا حصہ سے زیادہ کریہہ اور ڈراؤنا۔ ایسا معلوم ہوتا کہ دو متضاد صورتوں کو الگ الگ بیچ سے سیدھا کاٹ کر دونوں کا نصف جوڑ کر ایک کردیا گیا ہو۔ یہ حیرت انگیز شکل تیزی سے قدم بڑھاتی ہوئی شیام سندر کے قریب آئی اور بلی کو اس کی گود سے جھپٹ کر اسے اپنے سینہ سے لگالیا۔ شیام سندر کے جسم سے مزاحمت کی قوت غائب ہوگئی تھی وہ چیخنا چاہتا تھا۔ لیکن اسکی آواز بند ہو رہی تھی۔ وہ وہاں سے بھاگنا چاہتا تھا۔ لیکن اسکے ہاتھ پاؤں مشل ہوگئے تھے۔ بلی اس عجیب شخصیت کے سینہ سے چمٹی ہوئی اسکے خوبصورت گال کو چوسنے لگی۔ بلی کو اپنے قبضہ میں کرکے وہ تیزی سے وہاں سے رخصت ہوگیا۔ اسکے جانے سے فضا میں ایک ہل چل پیدا ہوگئی چاروں طرف سے چیخ وپکار شروع ہوگئی۔ وہ سارا عالم پر ظلم وستم ڈھاتا جارہا

تھا۔ اسی شور و ہنگامہ سے شیام سندر کی نیند ٹوٹ گئی۔ باہر ہوا تیزی سے چل رہی تھی۔ کھڑکی کے پٹ زور زور سے ٹکرا رہے تھے۔ تیز و تند ہوا مختلف قسم کی سیٹیاں اور آوازیں پیدا کر رہی تھی۔ شیام سندر نے اُٹھ کر کھڑکی کے سارے کواڑ بند کر دیئے اور بستر پر آ کر لیٹ گیا۔ وہ اپنے سر میں بھاری پن محسوس کر رہا تھا اور اعضا میں درد۔ اسکے قلب کی دھڑکن تیز ہو رہی تھی۔ کتنا ہیبت ناک خواب تھا۔ اس نے سوچا اور سونے کی کوشش میں آنکھیں بند کر لیں۔ لیکن اُسے نیند نہ آئی۔ صبح ہوتے ہوتے اُسکے سر کا بوجھ اور اعضا کا درد تیز ہو گیا۔ اسے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ اُسے بخار چڑھ رہا ہے۔ اُس نے چاہا کہ اسی حالت میں اندرا کے گھر چلا جائے۔ لیکن اسے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اُسکے جسم کی طاقت کسی نے یکبارگی سلب کر لی تھی اور وہ بستر سے اُٹھ تک نہ سکتا تھا۔

شیام سندر ایک ہفتہ سے زیادہ بیمار پڑا رہا۔ اسے تھوڑا تھوڑا بخار رہتا، سر میں شدت کا درد اور اعضا میں اضمحلال جسکے سبب سے وہ نقل و حرکت سے قاصر ہو رہا تھا۔ لیکن باوجود اس بیماری و تکلیف کے اسکے چہرہ پر کوئی پریشانی اور گھبراہٹ کے آثار نہ تھے۔ جیسے وہ اس عارضہ کو کوئی اہمیت نہ دے رہا تھا۔ گو اُسکی بیماری اُسکے معالج کے دماغ میں اُلجھنیں پیدا کرنے کو کافی تھی۔ اس لئے کہ اُسکی علامتیں اس کی پڑھی ہوئی کتابوں کے وضع کردہ اقسام مرض سے موافقت نہ کرتی تھیں۔ وہ کبھی اس کی بیماری کو انفلوئنزا کہتا۔ کبھی میعادی بخار کبھی اسکے دماغ میں تپ دق کا شبہ ہوتا۔ کبھی گنٹھیا کا۔ اس طرح وہ روزانہ اپنے فیصلہ میں ترمیم کی گنجائش محسوس کر کے نسخہ میں اسی مناسبت سے تبدیلیاں واقع کر دیتا۔ لیکن شیام سندر کو کوئی افاقہ نہ معلوم ہوتا۔ چنانچہ اسکی بیماری ہی کی حالت میں پرکاش بارات لیکر آیا اور اندرا کو اپنے ساتھ کانپور لے گیا۔ اور شیام سندر اندرا کے بیاہ میں شریک نہ ہو سکا۔ اس روز دن بھر اسے اُسکا صدمہ رہا۔ اندرا اور وہ ساتھ کے کھیلے تھے۔ دوسرے دن سے اُسے یک بیک افاقہ ہونا شروع ہو گیا، اور وہ بہت جلد تندرست ہو گیا۔

شیام سندر نے بی اے کے بعد وکالت کی تعلیم حاصل کی۔ اُسکے دل میں ایک کامیاب وکیل بننے کی خواہش تھی اور اُس نے اس خواہش کی تکمیل میں کوئی کوشش اُٹھا نہ رکھی۔ وہ بہت جلد ایک کامیاب وکیل کی حیثیت سے معروف ہو گیا۔ اندرا اور پرکاش سے اسکی دوستی جاری تھی۔ بلکہ اُسکے ملاقاتیوں میں یہی دونوں تھے جن سے وہ حقیقی معنی میں خلوص اور محبت رکھتا تھا۔ پرکاش اور اندرا دُنیا سے قطعاً بے نیازانہ فردوسی زندگی گذار رہے تھے۔ کاروبار کا انتظام سارا پرکاش کا باپ کرتا۔ پرکاش قطعاً آزاد تھا۔ اُسکے اوقات کتب بینی یا مختلف ممالک کی سیر میں گذرتے۔ اندرا ابھی باپ کے مرنیکے بعد سے اپنے آبائی گھر سے بالکل بے تعلق ہو چکی تھی۔ لیکن انکی پُرسکون پرور زندگی فطرت کے دستور کے خلاف تھی۔ فطرت سکون نہیں پسند کرتی وہ خود ہر ساعت مضطرب اور بیچین رہتی ہے اور حیات کو اضطراب و ہنگامہ کی شرارت سرشاری کشمکش رہتی ہے۔ زندگی کے سازمیں دلربا زیر و بم کے نغمہ کو مکرر پیدا ہو سکتا ہے۔ پرکاش زندگی کے مضراب کو، اسکی نمودکروں کو مکرر و ناکاہ بند رہا تھا، زندگی کے ساتھ اس کا یہ سلوک فطرت کی برداشت سے باہر تھا وہ اس سے اس کا انتقام لینا چاہتی تھی۔ اس کا باپ بیک وقت قلب کی حرکت بند ہو جانیکی وجہ سے مر گیا۔ پرکاش اندرا کیساتھ کشمیر میں تھا۔ اُسے یکایک تار ملا اور دم دم وطن کی جنت سے نکالے جانے کی داستان تاریخ کے صفحے پر دوبارہ مرتسم ہو گئی۔ پرکاش کے سر پر ایک گہرا عذاب نازل ہو گیا۔ سارے کاروبار کا بوجھ اسے تنہا سنبھالنا تھا۔ وہ اس کام سے قطعاً بے بہرہ تھا۔ اسکی ناتجربہ کاری دوسروں کی مکاری کا ذریعہ بن گئی۔ کارخانہ کے ملازموں نے حرام خوری شروع کی۔ الہ آباد کے ایک بڑے دُکاندار نے جو اسکے کارخانہ سے برابر مال خریدا کرتا تھا، اسکے ملازموں کو ملا کر اُس پر کئی لاکھ کی نالش کر دی۔ اس کا دعویٰ یہ تھا کہ یہ رقم کارخانہ کو بطور پیشگی قیمت مال ادا کی گئی تھی لیکن اسکے عوض مال وصول نہ ہوا تھا اُس نے جعلی کاغذات مقدمہ کی حمایت میں تیار کر لئے، اور پرکاش کے ملازموں کو رشوت دیکر اپنے حسب خواہ گواہی کے لئے آمادہ کر لیا۔ پرکاش نے مقدمہ کی پوری کارروائی شیام سندر کے حوالے کر دی اور خود مطمئن ہو کر کارخانہ کے دوسرے معاملات کی درستی میں مصروف ہو گیا۔ شیام سندر نے پرکاش کے مقدمہ میں اَن تھک محنت اور کوشش سے کام کیا۔ شاید اپنے خاص کام کو بھی وہ اتنی توجہ نہ دیتا اسے کامل یقین تھا کہ مقدمہ پرکاش کے حق میں فیصلہ ہو کر رہیگا۔ مقدمہ کی سماعت کے دن وہ پورے طور پر تیار ہو کر کچہری پہونچا اور مخالف وکیل کی جرح کے جواب میں جرح کرنے کو کھڑا ہوا۔ وہ اپنی خداداد قانونی قابلیت کا سکہ جما چکا تھا، اس دن اسکی بحث سُننے کے لئے وکلا کثیر تعداد میں جمع تھے۔ اسلئے کہ انہیں علم تھا کہ پرکاش سے گہرے تعلقات کی بنا پر وہ پرکاش کے مقدمہ میں اپنی ساری قانونی صلاحیت کو بروئے کار لائیگا۔ لیکن وہ بہت جلد حیرت سے ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ شیام سندر اُس وکیل کی طرح بحث

کر رہا تھا جس نے پہلی دفعہ کچہری میں قدم رکھا ہو اور اپنی گھبراہٹ اور سراسیمگی پر قابو پانے کی ناکام کوشش طفل کتب کی طرح اصل مطلب سے دُور بہکا پھر رہا ہو۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مخالف وکیل اسے بہلا پھسلا کر کے اسکے مُنہ سے اپنے مطلب مرضی کی باتیں کہلوا رہا تھا۔ ایسی خام کھیت کا نتیجہ ظاہر تھا۔ پر کاش مقدمہ ہار گیا اور رات انجیاں کی سزا ہو گئی۔

بحث ختم کرتے ہی شیام سندر سیدھا گھر واپس آیا۔ وہ اپنے اندر ایک تھکاوٹ کی کیفیت محسوس کر رہا تھا، اسلئے کہ اسے باوجود اتنی محنت کے ایک گہری لذت اور طمانیت حاصل ہو رہی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اسکے دل و دماغ سے کسی نے ایک بڑا بوجھ ہٹا دیا ہو۔ لیکن وہ اپنے دماغ کی اس کیفیت کا مفہوم جاننا پاہتا تھا۔ اُس نے پرکاش کی زندگی خاک میں ملادی۔ آخر کیوں؟ وہ اس کا عزیز ترین دوست تھا جس کی صحبت کا ایک ایک لمحہ اُسے اپنی ساری کمائی سے زیادہ قیمتی تھا۔ لیکن پھر وہ اُسکی بربادی کا سبب کیوں بنا؟ وہ اپنے دماغ سے ان سوالوں کا جواب مانگ رہا تھا لیکن اُسکی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔ یہ بتاؤ مجھکو بتاؤ۔" وہ بڑبڑایا۔ "کیا "مجھکو کیا ہو گیا ہے؟ کیا میں پاگل ہو گیا ہوں؟ میرا دماغ خراب ہو گیا ہے؟ ہاں ہاں! میں پاگل ہوں۔ دیوانہ ہے اپنی حرکات و سکنات پر کوئی قابو نہیں رہتا۔ پھر میری باتوں پر نکتہ چینی خود پاگل ہی ہے۔ لیکن نہیں! میں ہرگز پاگل نہیں ہوں۔ میں پاگل کیوں ہونے لگا؟ مگر مجھکو کیا ہو گیا ہے؟ پرکاش تم بتاؤ۔ میں اندرا سے پوچھونگا اپنی اندرا سے۔ اندرا صرف میری ہے۔ پرکاش کی نہیں۔ پرکاش! چور! بدمعاش! فریبی! دغاباز! میں تجھے زندہ نہ چھوڑونگا۔" اُس نے اپنے کپڑے نوچ ڈالے اور پاگلوں کی طرح بڑبڑاتا گھر سے نکل گیا۔ وہ رات بھر شہر شہر بڑبڑاتا پھرتا ہے۔ اُسکی باتیں بے ربط ہیں لیکن اُسکے ہر جملہ اور ہر فقرہ میں جملہ کیساتھ یہ ٹکڑا ضرور شامل رہتا ہے "بدمعاش۔ فریبی مکار! میں تجھے کبھی زندہ نہ چھوڑونگا۔"

سید محمد محسن، ایم اے عظیم آبادی

"اسرار و معارف"

تو رازِ ہستی سے بیخبر ہے تری نظر حق نگر نہیں ہے
وگرنہ وہ رات کونسی ہے جو غیرتِ صد سحر نہیں ہے

حقیر ذرات کی جبینیں شعاعِ رفعت سے ضو فگن ہیں
تجلیوں کی کشاکشیں ہیں طلسمِ قصرِ شرر نہیں ہے

یہ برق کا اضطراب پیہم، یہ نبضِ خس کی دھمک کا عالم
حقیقت آمیز ہیں مناظر، فریبِ ہوش و نظر نہیں ہے

یہ آگ، پانی کا میل باہم، یہ اتحادِ نظامِ برہم
تری نظر دیکھتی ہے سب کچھ یقین تجھ کو مگر نہیں ہے

نہیں ہے گلگوں جبینِ شفق کی یہ رنگ ہی خونِ آرزو کا
عیاں ہیں کچھ داغِ حسرتوں کے نظامِ شمس و قمر نہیں ہے

نہ دیکھ ذرّوں کو بے رُخی سے سمجھ کہ کیا انمیں ضو فشاں ہے
تو جسم کا صرف ہے پجاری، تری نظر روح پر نہیں ہے

بہارِ گلشن کی کوششوں کا، اگر کچھ خشک پتیاں ہیں
شباب پر آگئی ہے ظلمت، طلوعِ نورِ سحر نہیں ہے

نہیں نفس پر مدارِ ہستی، یہ وہم ہے اک جنوں پرستی
فضا محبت کی سرمدی ہے، جہاں فنا کا گذر نہیں ہے

خدا کے فضل و کرم سے ماہرؔ یہی اس نتیجہ پہ آ گیا ہوں
بجز محبت کے دردِ دل کا یہاں کوئی چارہ گر نہیں ہے

ماہر القادری

جُرعات

اعجازِ تجلّی ہے کہ نیرنگِ تماشا — آئینۂ کثرت میں ہے اک جوہرِ یکتا
شعلہ ہو کہ لالہ ہو شرارہ ہو کہ تارا — ہر جلوۂ رنگیں میں مجھے وہ نظر آیا

دردِ بے بینشِ دُنیا سے تڑپ اُٹھتا ہوں — کوئی تو میری طرح دیکھنے والا ہوتا
بزمِ ہم جنس میں ہوں سب سے جُدا سب سے الگ — اِس سے بہتر تھا کسی دشت میں تنہا ہوتا

کہاں وہ سحر کہاں نغمۂ سرود و ستار — وہ کوئی نشّہ ہے جس میں ہو التزامِ خُمار
زمانے بیت گئے مدّتیں ہوئیں لیکن — ہنوز رُوح فزا ہے وہ لذّتِ گفتار

کیا جانے کس خیال سے محوِ سکوت ہوں — ورنہ بیانِ شوق سے قاصر زباں نہیں
چشمِ التفات نہ کر مُنفعل مجھے — جو کچھ ہے میرے دل میں وہ تجھ سے نہاں نہیں

کبھی سینے میں پنہاں ہو کبھی نظروں سے پیدا ہو — جمالِ یار کہتے ہیں جسے حُسن تمنّا ہے
نہیں لازم کہ موسیٰ کی طرح سب طُور پر دیکھیں — بحمداللہ اپنا شعلۂ دل برق سینا ہے

پینے دیں یونہی عشق میں خونِ جگر مجھے — اب چھوڑ دیں بھی مرے چارہ گر مجھے
یہ دردِ خوشگوار ہے سرمایۂ حیات — رس آ گئی ہے کاوشِ تیرِ نظر مجھے

اہلِ ہوس کی تنگیٔ دل ما و من میں ہے — دُنیا اسیرِ لذّتِ کام و دہن میں ہے
گلچیں کا خوف اور نہ اندیشۂ خزاں — نام و نمود فطرتِ اہلِ چمن میں ہے

دامن میں تار ہے نہ گریباں میں تار ہے — لے دیکھے ایک تارِ نفس ہو وہ خار ہے
پیراہنِ وجود سے بھی ہوں خفا و تنگ — جس روز سے سُنا ہے کہ وہ مُستعار ہے

کچھ دیر کی بس کشمکشِ یاس و یقین ہے — اب رخصتِ بیمار میں تاخیر نہیں ہے
آنا ہو تو جلد آؤ کہ بے ساعتِ آخر — ہر دم یہ گمانِ نفسِ بازپسیں ہے

نورِ یماں سے دل و جاں کو فروزاں کر دے — شمعِ کشتہ ہے مسلماں کو مسلماں کر دے
پرتوِ حُسنِ جہاں تاب سے او "حُسنِ تمام" — ذرّۂ خاک کو خورشید درخشاں کر دے

لمحۂ شوق کو پھر شمعِ شبستاں کر دے — عالمِ یاس کو معمورۂ ایقاں کر دے
مستی و کیف عطا کر دلِ افسردہ کو — خار کو پھول بیاباں کو گلستاں کر دے

کوکبؔ شاہجہانپوری

نتیجۂ بحث

(پروفیسر محمد مسلم کا مضمون "جواب طلب" (مطبوعہ ساقی نومبر ۱۹۳۲ء) اتنا مقبول ہوا کہ اس کے پانچ جواب شائع ہو چکے ہیں اور یہ سلسلۂ عمرِ جاوداں کی طرح دراز ہی ہوتا چلا جاتا ہے۔ پروفیسر مسلم کی طرف سے "نتیجۂ بحث" شائع کیا جا رہا ہے ــــ اہلِ قلم حضرات آئندہ اس سلسلہ میں زحمتِ خامہ فرسائی نہ فرمائیں اور اسے "مرگِ ناگہاں" سمجھیں۔)

شاہد

عزیز۔ عزیز۔

تم نے میرے نجی خطوط کو بلا اجازت مشتہر کر دیا یا تشہیر کر دی۔ مجھے شکایت ہونا چاہیئے تھی مگر نہیں ہے۔ اپنی رسوائی سے کوئی سماجی یا اخلاقی گتھی سُلجھ جائے اور اُس سے سماج کا بھلا ہو تو مجھے یہ رسوائی گوارا ہے۔

معلوم نہیں ان جوابات میں سے کون واقعی تمہارا ہے اور کون تمہارے فرضی نام سے ؟ یا ایک بھی تمہارا نہیں ؟ یا تمہیں کس سے اتفاقِ رائے ہے ؟ جوابات زیادہ تر مجیب کی عمر اور طبعی اُفتاد کا پتہ دیتے ہیں۔ مثلاً انصار ناصری صاحب ایک منچلے ہنسوڑ نوجوان معلوم ہوتے ہیں جو شاید کند ہے پر جنازہ لئے جاتے ہوں جب بھی کسی ٹھٹکے رفیق کی طرف تابوت کے جھٹک جانے پر ہنسے بغیر نہ رہیں۔ اسی طرح "احمد" صاحب کا ٹھٹھول اور پھبتیاں بھی شاید تقاضائے شباب ہیں یا طبّاعی اس لئے لائقِ اعتنا نہیں۔ "ایک خاتون" نے جوابِ الجواب میں وہ کیا جس سے میں نے تمہیں روکا تھا یعنی ان خطوط کو افسانہ بنا چھوڑا۔ وسیع معنی میں مجھے ان کے افسانہ ہونے سے انکار نہیں مگر کیا ضرور ہے کہ ہر افسانہ شادی یا موت ہی پر کامل سمجھا جائے۔ ایسے دُم چھلّوں کے بغیر بھی افسانہ ہوتا ہے اور زیادہ تر فطری۔ اگر میرا مقصد ایک افسانہ کی ترتیب و تکمیل ہوتا تو اب مجھے خاموش بیٹھ جانا چاہیئے تھا کیونکہ کہانی ختم ہو گئی۔ چلئے چھٹی ہوئی۔ اب سو جایئے یا اپنے اپنے گھر سدھاریئے۔ مگر میرا مدعا اخلاقیات کی ایسی گتھی سُلجھانا ہے جو میری طرح اوروں کو پریشان کر سکتی ہے۔ اس لحاظ سے میں دو اصحاب کے جواب سے بہت متاثر و ممنون ہوا۔ ایک مسعود جاوید صاحب کی نفسیاتی تحلیل سے۔ دوسرے محسن صاحب کے اجتماعی مطمحِ نظر سے۔ یہ دونوں خن مل ملا کر مجموعی حیثیت سے اس عقدہ کی کشائش میں کامیاب نظر آتے ہیں۔

دونوں کی تقریروں سے اس مسئلہ کے دو پہلو سامنے آتے ہیں۔ ایک حیاتیاتی یا نفسیاتی، دوسرا روحانی۔ پہلے نقطۂ نظر سے تلی کی خواہش پوری کرنا ایک ایسا فعل ہوگا جس میں نہ عقل کو دخل ہے نہ ارادے کو نہ ضمیر سے استصواب کی ضرورت۔ ایک قدرتی اضطراری فنومنن (ظہور) ہوگا۔ جس طرح آئے دن حیوانات میں ہم ایسے افعال دیکھتے ہیں اور کوئی اچنبھا نہیں ہوتا بلکہ خبر بھی نہیں ہوتی۔ اس فعل پر حیوانی یا حیاتیاتی نگاہ سے دیکھنے والا کوئی تعجب کریگا نہ مزاحمت۔ دوسرے پہلو پر محسن صاحب نے زیادہ صاف روشنی ڈالی ہے۔ انسان وہ مخلوق ہے جس کی حیثیت اس سنسار میں دوگانہ ہے۔ ایک ذاتی و انفرادی

دوسری ہیئت اجتماعی کے ایک رُکن کی۔ پہلی حیثیت سے صرف ممکن و ناممکن کا سوال پیدا ہو سکتا ہے۔ جائز و ناجائز، خطا و صواب یا اخلاق و مذہب کے سوال ہیئت اجتماعی کے رُکن کی حیثیت سے پیدا ہوتے ہیں۔ موجودہ مسئلہ انہیں دو حیثیتوں اور انکے فرائض کے تصادم کی صورت میں پیدا ہوتا ہے۔ انصار ناصری صاحب پہلی حیثیت کو اہمیت دیتے ہیں محسن صاحب فرماتے ہیں:-

"تمہیں کیا خبر کہ جس مقصد کو تم نے عالی مقصد سمجھ لیا ہے وہ اُس مقصد کے آگے کوئی اہمیت نہیں رکھتا جس کے حصول کا ذریعہ فطرت نے مذہب و اخلاق کو بنایا ہے ..... میرے نزدیک ان کا وجود ایک نظام سے بڑھکر نہیں، جو انفرادی ضروریات و خواہشات سے قطع نظر، اجتماعی ضروریات کی بنا پر قائم کیا گیا ہے۔ لیکن اس نظام کا بانی کوئی انفرادی شخصیت نہیں بلکہ خود فطرتِ انسانی ہے .....

"اگر تم میں سے ہر شخص کو اپنے طور پر اس مقصد کے حصول کے ذرائع کی جانچ پرتال کی قدرت حاصل ہو جائے بلکہ ان کے وضع کرنے کا حق بھی حاصل ہو تو کیا اس مقصد کا حصول کبھی ممکن ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ انی نوع انسان کی بھلائی کے لئے جو کام تمہاری عقل کو مفید معلوم ہوتا ہے، میری عقل کے نزدیک ناکارہ ثابت ہو سکتا ہے ..... اس لئے میرے دوست تمہارا یہ خیال کہ جو ذرائع تمہارے اعلیٰ مقصد کے حصول میں معاون ہوں، تمہیں ان پر عمل کرنا چاہیئے، خواہ وہ مذہب و اخلاق کے قوانین سے متصادم ہی کیوں نہ ہوں، قطعاً غلط ہے۔ اس لئے کہ جس مقصد کو تم اعلیٰ مقصد سمجھتے ہو، ممکن ہو اس عالمگیر مقصد کے نزدیک کوئی وقعت نہ رکھتا ہو جس کی توسیع (تکمیل) فطرت کر رہی ہے۔ رہ گئے ذرائع۔ ان کے صحیح انتخاب پر تمہیں کوئی دسترس نہیں۔ اس لئے کہ تمہارے پاس جو عقل کی کسوٹی ہے وہ سونا اور تانبا میں کوئی تمیز نہیں کر سکتی۔ اب تمہارے لئے سوا اس کے کوئی چارہ کار نہیں کہ اُن قوانین پر عمل کرو جو حیات اجتماعی کے بنا کردہ ہیں، اور یقینی حیات کی ارتقاد بہبود میں معاون رہے ہیں، ورنہ کب کے مفقود ہو گئے ہوتے .....

.....

"مذہب و قانون کے قوانین کی نوعیتیں اتنی مختصر نہیں کہ تمہاری عقل میں سما سکیں۔ ان کی وسعتیں اتھاہ ہیں۔ تب تو ابتدائے آفرینش سے وہ حیات کی نشوونما و ارتقا میں معاون ہوتے رہے ہیں۔ تمہاری عقل زیادہ سے زیادہ تمہاری اپنی انفرادی زندگی کے چند سطحی معاملات کے لئے قوانین بنا سکتی ہے۔ لیکن وہ قوانین جنکا اثر انسانیت ہی نہیں بلکہ حیات کی مکمل تاریخ پر رہا ہے کسی انسان کی عقل کا نتیجہ کس طرح ہو سکتے ہیں؟ وہ خود فطرت کے وضع کردہ ہیں اور اُنکی نوعیت و مقاصد کا علم خود فطرت کو ہو سکتا ہے۔"

اگرچہ میں تمام مروجہ مذاہب سے اتنا خوش عقیدہ تو نہیں کہ ان سب کو قوانین فطرت کا درجہ دوں۔ مذاہب کے نافذ کر یا مصدقہ کتنے قوانین ہیں جو نظام اجتماعی کے لئے مضرت رساں ہوئے ہیں اور آج تک ہیں۔ بہرحال جزئیات و فروعات سے مجھے اکثر مذاہب یا ان کے بعض قوانین سے جو کچھ بھی اختلاف ہو، اصولاً محسن صاحب کی منطق ٹھوس اور تشفی بخش ہے۔ مسعود جاوید صاحب کی تحریر اسی کا مجمل متن ہے۔

رلّی سے پھر ملنے کی میں نے اپنے آپ میں جرأت نہ پائی۔ اسے جو خط لکھا ہو اس میں زیادہ تر دلائل بالا سے ہی استدلال کیا۔ اس کے علاوہ خط کے بعض اجزا کا اقتباس اپنے حافظہ کی مدد سے پیش کرتا ہوں:-

کم سے کم ہندوستان میں فطرت کا منشائے افزائش آبادی میرے جیسے حیوانی انسانوں کے ہاتھوں مبالغہ کے ساتھ پورا ہو رہا ہے۔ یہ افراط بجائے خود ایک دردناک صورت حال ہے .....

بحالت موجودہ میں تمہیں یہ مشورہ دونگا کہ خدا نے تمہیں ایک مسرت نفسانی سے محروم رکھا ہے تو اس کے عوض دوسری مسرت ابدی و روحانی کا موقع دیا ہے۔ طوفانی جوانی تم بسر چکیں۔ اس ہولناک منزل کی طرف لوٹنے کے عوض آگے کی منزل کی طرف بڑھ چلو، جہاں ہر شخص کی رسائی نہیں ہوتی، نصیبوں ہی سے کوئی پہنچ پاتا ہے۔ وہ قربانی اور سیوا ہے۔ تم ڈاکٹر کی حیثیت سے اپنی ہمدردی کی محتاج دکھی بہنوں کے دکھ ہر اسکتی اور ان کی زندگی کے کشٹوں کو آنند سے بدل سکتی ہو۔ شاید قدرت نے تم کو اسی خدمت کے لئے چن لیا ہو تو تمہاری خوش نصیبی قابل رشک ہے۔ اور تم لائق عزت و احترام ہو۔ اُمید ہے کہ اب میں تم سے ملونگا تو عقیدت کے پھول تم پر نثار کرونگا اور پاک روحانی محبت کا وہ ہدیہ پیش کرسکونگا جو لازوال ہوگا۔ تمہاری جلائی ہوئی روشنی میں میرے جیسے دنیا کے قیدی بھی چند قدم تمہارے پیچھے چل سکیں گے .....

رلّی کا جواب تمہارے سنانے کے قابل ہے مگر خط طویل ہو جائیگا۔ اقتباسات پر اکتفا کرتا ہوں۔

"اُس روز آپ کو رخصت کرنے کے بعد میں خود عجب اُلجھنوں میں مبتلا ہوگئی۔ کئی راتیں آنکھوں میں کاٹیں۔ فرض اور غرض، ضمیر اور نفس کی جنگ چھڑی رہی۔ کل جو آپ کا خط ملا ہے تو اس جنگ میں ضمیر کا غلبہ شروع ہو چکا تھا۔ آپ کے خط نے اسے کامل جیت دلادی۔ لطیف صاحب شاید آپ میری مایوسی کی شرم سے مجھ سے نہ ملے۔ سمجھے ہونگے میں آپ پر بے وفائیوں اور بے دردیوں کے الزامات کی بوچھاڑ لگا دونگی مگر ایسا نہ ہوتا.....

.....میرے دل میں آپ کی عزت زیادہ ہوگئی۔ محبت عقیدت سے بدل گئی ..... آپ نفس کے بندے ہو تو یہ سمجھئے فطرت کسی کو کسی کام کے لئے انتخاب کرتی ہے اور کسی کو کسی کام کے لئے۔ سب اپنی جگہ پر یکساں اہم ہیں۔ میں تو سمجھتی ہوں صاحب اولاد سماج کی بہتر اور سب سے مشکل خدمت انجام دیتے اور زیادہ قیمتی قربانیاں کرتے ہیں۔ اپنی ادنی اور ناچیز خدمت سے بقول آپکے کوئی بتی روشن کردونگی تو اس کا تیل آپ ہی ہوں گے۔

.....لطیف صاحب میں عرض نہیں کرسکتی کہ ہر دوے میں کتنا حس اور من کتنا آنند محسوس کر رہی ہوں.....

.....معلوم ہوتا ہے عورت قربانی کیلئے خاص طور پر پیدا کی گئی ہو اسکا نفسانی جذبہ جتنا تیز ہوتا ہے اتنی ہی نفس کشی کی قابلیت زبردست۔ مگر قربانی ہر حال میں اس کی فطرت کا نمایاں حصہ ہوتی ہے۔ اگر اسکی قربانی کا مرکز اعلیٰ تر مقصد ہوتا ہے تو وہ اس میں بھی مردوں سے پیچھے نہیں رہتی بلکہ شاید آگے ہی نکل جائے..... دعا کیجئے کہ خدا اس راہ میں میری رہنمائی کرے اور آپکی توقعات پوری ہوں ....."

تمہارا لطیف؛

محمد مسلم؛

سروشِ غیب کا پیغام
شاعرِ ہندوستان کے نام

(۱)

کب سے ہے تیرا چمن آلودۂ جورِ خزاں
چاہیئے فکرِ بہار اے شاعرِ ہندوستاں

دعویٔ عشقِ وطن ہے تو وطن کے کام آ
تو ہے بلبل جس چمن کا اُس چمن کے کام آ

وصل و ہجراں کے ترے لب پہ فسانے تا بکے
رندی و مستی کے کیف آور ترانے تا بکے

بس چکا ہے جسمیں تو اُس آشیاں کا حال دیکھ
دیدۂ نمناک سے ہندوستاں کا حال دیکھ

دل جو اُمیدوں بھرا تھا اب ہے عالم یاس کا
کہتے ہیں بھارت جسے معمورہ ہے افلاس کا

جسکو لطفِ زیست کہتے ہیں یہاں معدوم ہے
سازِ برگِ عیش سے یہ سرزمیں محروم ہے

لالہ رُخسارِ دنکے بھی چہرے ہیں کملائے ہوئے
ہر قدم پر ہے فلاکت چھاؤنی چھائے ہوئے

روزِ روشن میں بھی ہے عالم شبِ دیجور کا
وقفِ ظلمت غمکدہ ہے کس قدر مزدور کا

زندہ کیا کہیئے انہیں بیجاں رہتے ہیں یہاں
مختصر یہ فاقہ کش انسان رہتے ہیں یہاں

دیکھتی ہے آنکھ جسکو تن وہی میں طاق ہے
منعموں کی کسقدر یہ پستیٔ اخلاق ہے

خندہ زن ہے ایک عالم جس پہ اُس عالم کو دیکھ
مسلم و کافر کی رزم آرائے پیہم کو دیکھ

(۲)

یہ وہی خطہ ہے جو تھا ایکدن جنت نشاں
خلق کہتی تھی جسے عظمت نشاں راحت نشاں

سنگریزوں سے یہاں کے لعل و گوہر ماند تھے
جس قدر ذرّے تھے وہ فرشِ زمیں کے چاند تھے

پرچمِ رنگیں بہار اپنا اُڑاتی تھی یہاں
نکہتِ باغِ جناں کانٹوں سے آتی تھی یہاں

چل نہ سکتی تھی یہاں کچھ شیطنت ابلیس کی
پھونکدیتی تھیں شعاعیں نیّرِ تقدیس کی

تھا یہاں پیری میں بھی رنگِ جوانی آشکار
تھی جبینوں سے ضیائے کامرانی آشکار

جنکے آگے کوہ کی سطوت کی ہستی کاہ تھی
سرزمینِ ہند اُن لوگونکی جولانگاہ تھی

دوش پر اُنکی کمانیں، چٹکیو میں تیر تھے
بھیم اور ارجن سے اس اقلیم میں رن بھیر تھے

جانکنی کی سختیوں کو تھی یہ ہنسکر جھیلتی
زندگانی تھی حقیقت میں اجل سے کھیلتی

خلعتِ ہستی مرادف تھا لباسِ مرگ کا
زور ہی مطلق نہ چلتا تھا ہراسِ مرگ کا

دورِ گردوں نام مردوں کا مٹا سکتا نہیں
"وقت" اُنکے کارناموں کو بھلا سکتا نہیں

(۳)

اے نوا سنج وطن اے شاعرِ شیریں بیاں
پاشکستہ کارواں کا تُو ہے میرِ کارواں

تجھکو شایاں ہے جو کہیئے درسِ آموزِ حیات
اپنے نغموں سے عطا کر قوم کو سوزِ حیات

کوئی روشن جادہ کر پیدا نگاہوں کیلئے
رہبرِ منزل ہے تُو گم کردہ راہوں کیلئے

راہ پیما سوئے منزل کاروانِ شوق کر
از سرِ نو یعنی عزمِ امتنانِ شوق کر

بادۂ ہمت سے ہو سرشار ہر پیر و جواں
اپنی تاریخ کہن دہرائے پھر ہندوستاں

موسمِ گل صورتِ ماضی چمن میں لوٹ آئے
یوسفِ گم گشتہ پھر اپنے وطن میں لوٹ آئے

ارتقا کا راز سمجھا، درسِ خودداری سکھا
فطرتِ مجبور کو آئینِ مختاری سکھا

سربلندی کی جہانِ عجز میں تجدید کر
ذرّۂ بے مایہ کو ہمپایۂ خورشید کر

زندگی ذوقِ عمل کا نام ہے یہ جان لیں
کاش اہلِ ہند اپنی منزلت پہچان لیں

ایکہ باشی ملتِ درماندہ را پیغمبرے
از نوائے خویش پیدا کن جہانِ دیگرے

نہنگ سیوہاروی

باون پتّے

بند کمرے میں ایک دُھلی ہوئی چادر پر سُرخ رنگ کے تاش کے پتّے بکھر رہے تھے ——

یہ ایک پُرانی وضع کا کمرہ تھا۔ کونے میں رکھی ہوئی میز کی چھاتی پر دو ایک ضخیم کتابیں پڑی تھیں جن کے کھُلے اوراق پر آتشِ نفس انسانوں کے افکار سلگ رہے تھے۔ کمرے کی دنیا چھت کو ایک بُوڑھا شہتیر اپنے سینہ کے زور سے سنبھالے ہوئے تھا۔ اپنی اس مظلوم حالت میں، احتجاج کے طور پر وہ کبھی کبھی کڑکڑ کی صدا بلند کر دیتا۔ درمیان سے اس کی کمر بھی جُھک گئی تھی، اور اس خلا میں ایک بوڑھے چڑے چڑیا نے گھونسلا بنا رکھا تھا۔ کہنہ دیوار کے ایک روشندان سے وہ روزانہ دانہ دُنکا جُھگنے کے لئے اڑ جاتے۔ ان ننھے مُنّے بردارِ ذی رُوحوں کو جنگل کے بڑی چونچ والے پرندوں نے خوفزدہ کر رکھا تھا۔ ان کی ہم نوا چڑیوں کو بھی انہوں نے پُر نوچ کر گنجا کر دیا۔ انہیں سر چُھپانے کو جگہ نہ تھی — اپنی چڑچوں میں محو یہ بُوڑھا جوڑا اس ٹیڑھے گھونسلے میں موت کے لئے چھلاوا بن کر زندگی کی شام اس کمرے کی بند فضا میں بسر کر رہا تھا ——

عموماً دوپہر کو جب ایک دُبلا پتلا لڑکا بالائی منزل سے دوستوں کے ساتھ تاش کھیلنے کے لئے کمرے میں آتا تو یہ دونوں اُن کے کھیل کو گہری نظروں سے دیکھتے —— شاید انہیں ان سُرخ و سیاہ اشکال سے کچھ دلچسپی ہو گئی تھی۔

—— چادر پر بکھرے ہوئے پتّوں نے آج خود بخود حرکت کرنا شروع کر دی۔ چڑے چڑیا نے کبھی یہ کھیل نہ دیکھا تھا۔ اپنے گھونسلے سے گردنیں لٹکائے انہوں نے غور سے اس طلسم کو دیکھنا شروع کیا ——

ایک مختصر سی حرکت کے بعد یہ پتّے کچھ اور بکھر گئے۔ یکایک اینٹ کا بادشاہ باہر نکل کر کھڑا ہو گیا اور اُس نے ٹھونٹ پسندی سے اینٹ کے غلام کو آواز دی۔ کوئی جواب نہ پا کر وہ بڑبڑایا اور اپنے ہم جنسوں کے قریب تر ہو کر ایک بار پھر آواز دی، لیکن اس کی پُکار کا کوئی جواب نہ تھا۔ غصّہ سے اس کی آنکھیں سُرخ ہو گئیں اور اُس نے پتّوں میں سے اس غلام کو جبراً کھینچ کر باہر نکال لیا ——

اوندھے مُنہ پڑے ہوئے پتّے یکایک ہوشیار ہو گئے۔ حکم پان اور چڑیا کا بادشاہ بھی اُٹھ کر اپنے ہم مرتبہ کی صف میں کھڑے ہو گئے ——

"تم آواز کا جواب کیوں نہیں دیتے —— بہرے ہو گئے ہو کیا؟"

دفعتہً غلام کی آنکھیں اپنے غضب ناک آقا کی طرف اُٹھیں۔ وہ ارادتاً ذرا پیچھے ہٹ گیا۔ اینٹ کے بادشاہ نے بڑھ کر اُس کے ایک زبردست چپت رسید کیا —— آقا عموماً آپے سے باہر ہو جایا کرتے ہیں۔

غلام نے اپنا ہاتھ سُرخ گال پر رکھ لیا۔ خونناب آنکھوں سے اس نے دوبارہ آقا کے ڈراؤنے چہرے کی طرف دیکھا۔ سر پھر آقا یہ بھی برداشت نہ کر سکا اور اُس نے غلام کو بُری طرح سے نوچنا شروع کیا۔ حُملہ بیگمات اس منظر کو دیکھ کر گھبرا گئیں۔ ہلکے پتّے بھی ایک دوسرے سے اشاروں میں باتیں کرنے لگے۔ پان، حکم اور چڑیا کے غلام بھی آنکھیں کھولے گہرے سانس لے رہے

تھے ——— سرد آہیں ملوکیت سے خائف غلاموں کے جذبۂ احتجاج کی گرمی کو اندر ہی اندر ٹھنڈا کر دیتی ہیں ———

یکایک پان کے غلام نے بڑھکر بادشاہ کے ظالم ہاتھ کو روک لیا۔

"ٹھیریئے اب آپ کو ظلم و تشدد سے ہاتھ کھینچنا ہوگا؟"

پان کا غلام غصّہ سے کانپ رہا تھا۔ بادشاہ نے اُسے زور سے ایک جھٹکا دیا اور وہ بے تحاشا گر پڑا۔ زمین سے ٹکراتے ہی اس کے سر سے خون کی دھار بہنے لگی۔

"ہائیں آپ کیا کر رہے ہیں!" ——— اینٹ کی بیگم بے خود ہو کر آگے کو بڑھنے لگی لیکن بادشاہ کی خونی نگاہوں نے اس کی جرأت کو پسپا کر دیا۔

حکم کے بادشاہ نے جو اپنے ساتھیوں سمیت تماشا دیکھنے میں مصروف تھا، حکم کے یکّہ کو اشارہ سے بُلا کر پان کے غلام کی گرفتاری کے لئے حکم دیا۔

"لے جاؤ اس غلام کو جیل خانہ میں۔ کمینہ کہیں کا، آقا کے سامنے ہاتھ اُٹھاتا ہے" ——— حکم کا بادشاہ ملوکیت کا خُدا نظر آتا تھا۔

تاش کے ہلکے پتّے جذبات کے انتہائی اشتعال سے کانپنے لگے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان میں بغاوت کی روح سما رہی ہے۔

"ہم آپ کے غلام سہی لیکن ہم اپنا جسم و جاں آپ کے حوالے نہیں کر سکتے۔ مجھے قید کیوں کرتے ہو۔ میں کھُلی فضا میں جینا چاہتا ہوں۔

——— مجموعی طاقت کے خوف سے ڈرو۔ تمہارا تشدد ہماری ضمیر کو ہرگز مُردہ نہیں کر سکتا!" پان کا غلام گرفتاری کے وقت چلّا چلّا کر آقاؤں کو قائل کرنا چاہتا تھا۔ اس کی اس دلیری پر حکم کے یکّہ نے اس کے چانٹا رسید کیا ———

مُشتعل پتّے بید دھڑک ہو چکے تھے۔ حکم کا غلام اپنے ساتھی کی یہ بے قدری نہ دیکھ سکا۔ اُس نے بڑھکر یکّہ کو اپنے سیاہ بازوؤں کی گرفت میں لے کر پان کے غلام کو آزاد کرانے کے لئے جھٹکا دیا۔ چڑیا کا غلام بھی سامنے تن گیا ———

——— اب شاہوں کے پاسبان یکّوں نے غصّہ میں آکر ہنٹر برسانا شروع کر دیئے۔ وہ تشدد سے غلاموں کو زیر کرنا چاہتے تھے۔ ہلکے پتّوں کا مُشتعل مجمع تند بھڑیوں کی طرح ان پر ٹوٹ پڑا۔ مجموعی طاقت کے سیلاب کے آگے ایکّے اور بادشاہ جو اس کھلبلی میں اب بیگمات کو سنبھال رہے تھے خس و خاشاک کی طرح بہہ گئے ——— ملوکیت، جس کے رُعب نے ان کی زندگی کو پاؤں تلے دبا رکھا تھا آج ان کے کندھوں پر جنازہ بن کر موت کی کڑوی نیند سو رہی تھی ——— غلاموں کی آزادی اس کے تابوت کا آخری کھیل تھی۔

غلاموں اور آقاؤں کی اس مڈبھیڑ میں پان کی تگی اور حکم کی چڑے پنجے کے بھی معمولی چوٹیں آئیں۔

——— آزاد پتّوں نے اب اپنی ترتیب کو بالکل بدل دیا تاکہ آئندہ کوئی پتّہ کسی دوسرے کھلاڑی کے ہاتھ میں کٹھ پتلی بن کر ایک دوسرے پر وار نہ کر سکے ———

یہ کھیل دیکھکر بہوت چڑے نے چڑیا کے کان میں کچھ چڑچوں کی۔ دونوں جنگل کی کھُلی فضا کی طرف پرواز کر گئے۔

کے۔ حسن عباس۔ بی۔ اے؛

صحرائے مریخ کا ایک حادثہ

یوں تو اہل مریخ کی زندگی کا ہر لمحہ سرور و انبساط کا مستقل پیغام تھا، نشاط و آسودگی طمانیت و سرشاری اُن کے ایوانِ حیات کے مستقل جلوے تھے۔ وہ صبح سے شام تک اپنے لالہ زاروں میں محوِ خرام رہتے۔ آئینہ تاب چشموں کے منور پانی سے کھیلتے۔ آبشاروں کی نغمہ سرائیاں سُنتے، پھولوں اور پھلوں سے لذتیں اخذ کرتے۔ غرض کہ ایسے ہی لطیف مشغلوں میں تمام دن گذارنے کے بعد شام ہونے سے پہلے "قصرِ نیلوفری" کے قریب جمع ہوتے۔ انتہائی ارادت و عقیدت کیساتھ اپنے سروں کو جھکاتے اور تصویرِ محویت بن کر رہ جاتے۔

جب سُورج کی آخری کرنیں مریخ کے سبزہ زاروں کو الوداعی بوسہ دیتی ہوتیں، شفق کی رنگ سامانیاں نگارخانۂ فطرت کے اچھوتے شاہکار نظر نواز کر رہی ہوتیں، اور شام کے طائرِ اپنا آخری نغمہ ختم کر کے بسیرے کی فکر میں ہوتے "قصرِ نیلوفری" سے ایک نغمہ بلند ہوتا۔ سحر آفریب اور ہوشربا ساز کی دلنشین اور دل نواز آواز تمام فضا پر محیط ہو جاتی۔ نغمے کی لطافتوں سے اہلِ مریخ جھومنے لگتے۔ اُن پر وجدان و سرور، کیف و مستی اور سرشاری کی ایسی کیفیت طاری ہوتی کہ وہ جھومتے جھومتے بالکل غافل ہو جاتے اور اسی عالم میں اُنہیں نیند آجاتی، پھر وہ اُس وقت سے پہلے بیدار نہ ہوتے، جب صبح کی نور آفرینیاں اُن کی جبینوں کو اپنی شعاعوں سے نہ چھُو لیتیں، اور انہیں بیداری کی دعوت نہ دیتیں، یہ تھا ان کا نظامِ حیات و طریقِ زندگی جس پر وہ ایک زمانے سے کاربند تھے۔ اُنکی زندگیاں بکسر شراب و نغمہ تھیں اور وہ بڑی معصوم و پاکیزہ زندگی بسر کر رہے تھے۔ لیکن اگر ان میں کوئی کمی تھی تو صرف یہ کہ اُن کے دل محبت کی گرمی سے بالکل خالی تھے۔

مریخ کی شہزادیوں اور کنواریوں کا نصب العین حیات مردوں سے بالکل مختلف تھا۔ وہ نہ لالہ زاروں میں جاتی تھیں نہ صحراؤں میں۔ البتہ اپنی گل پوش وادیوں میں صبح سے شام تک اپنے سیمیں جلووں سے جنتیں بناتی رہتیں۔ اُن کے سایوں کے بربط، اُنکی پھولوں سے مُرصّع شہنائیاں اُن کی زندگی کی ضمانتیں تھیں۔ یہاں کی مخلوق میں ازدواجی زندگی کا دستور مفرور تھا۔ مگر مرد ہونے کی طرح وہ اس رشتے کے بعد بھی ایک دوسرے سے اسی طرح بیگانہ رہتے تھے اور اسکی وجہ صرف یہ تھی کہ وہ "محبت" کی لذتوں روحانی بلندیوں اور بے پناہ سرشاریوں سے بالکل ناآشنا تھے۔

یہاں ابھی تک کسی کنواری کے پیکر میں سانگی نمودار نہیں ہوئی تھی اور نہ کسی مرد پر کیوپڈ نے اپنے تیروں کو آزمایا تھا۔

(۲)

قصرِ نیلوفری کا بیرونی منظر اس قدر دلچسپ اور دلنشین تھا کہ اسے دیکھنے کے بعد بارہا اہلِ مریخ کے دلوں میں یہ آرزو پیدا ہوئی کہ وہ کسی طرح یہ معلوم کرنے میں کامیاب ہو جائیں کہ اسکے اندر کیسے کیسے مناظر ہیں، اور اس میں کون رہتا ہے۔ لیکن باوجود کوشش کے انہیں اس کا کوئی راستہ نہیں معلوم ہو سکا اور کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ وہ شام کے اوقات کی مسلسل نغمہ باریوں سے صرف یہ سمجھ سکے کہ یہ قصر کسی مقدس دیوی یا دیوتا کا مسکن ہے جسکا تعلق براہِ راست عرشِ الٰہی سے ہے۔ نہ انہیں اس سے زیادہ سمجھنے کی ضرورت تھی اور نہ وہ سمجھ سکتے تھے کہ وہ قصرِ نیلوفری کی نغمہ باریوں کو اپنے لئے ایک روحانی پیغام اور نجات کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ اس سے لُطف اندوز ہونا ان کے لئے عبادت سے کسی طرح کم نہ تھا اور عقیدتاً وہ اسے عبادت سے بھی کچھ زیادہ درجہ دیتے تھے۔

لیکن کئی دن سے قصرِ نیلوفری کی نغمہ باریاں بند تھیں۔ وہ روزانہ شام کو اسی خلوص و عقیدت کیساتھ وہاں جمع ہوتے جو ایک زمانے سے اُن رُوحوں اور دلوں پر مُسلّط تھا، بڑی نیازمندی کیساتھ سجدہ ریز ہوتے اور ساری ساری رات اسی حالت میں گذار دیتے مگر نہ انہیں کوئی نغمہ سُنائی دیتا نہ کسی ساز کی آواز آتی۔ وہ اس انقلاب سے سخت پریشان تھے۔ اُن کا سکون زندگی تباہ ہو کر رہ گیا تھا۔ اُن کا اطمینان اضطراب کے گرفتوں سے کچلا جا رہا تھا۔ وہ اس ناگہانی تنبیہ سے اپنی زندگیوں میں بڑا زبردست خلا محسوس کر رہے تھے۔ نہ اُنھیں اب پھولوں سے دلچسپی رہی تھی اور نہ پھلوں سے۔ صحرائے مریخ کے تمام مناظر اُن کی نگاہوں میں ویران ہو کر رہ گئے تھے وہ نہیں سمجھ سکتے تھے کہ اب کیا کریں اور اپنے روٹھے ہُوئے دیوتاؤں کو کس طرح منائیں۔ وہ صدیوں سے ساز و نغمہ کی کیف باریوں سے لُطف اندوز ہونے کے عادی ہو چکے تھے۔ لیکن اس فوری تغیر نے انہیں بے حد آزُردہ کر دیا تھا۔ اُن میں سے اکثر تو اس عذاب کو برداشت نہ کر سکے، اور موت سے ہم آغوش ہو گئے۔ اکثر دن رات قصرِ نیلوفری کے دامنوں میں بیٹھے ہُوئے رویا کرتے اور اسی حالت میں جان دیدیتے۔ بہت

زیادہ غور کرنیکے بعد یہ طے ہوا کہ مریخ کی کنواریوں کو نغمہ باری کیلئے چنا جائے تاکہ وہ کسی طرح زندہ تو رہ سکیں۔ چنانچہ وہ گل پوش وادیوں میں رہنے والی مقدس کنواریوں اور متبنیہ شہزادیوں سے ملے۔ بڑی التجاؤں کے ساتھ اپنی آرزو کا اظہار کیا۔ لیکن چونکہ وہ مردوں سے مطلق مانوس نہ تھیں اور نہ وہ اِن میں اپنے لئے کوئی کشش پاتی تھیں۔ اِسلئے وہ اُنکے کام نہ آسکیں۔ اُنہوں نے روزانہ ایک معینہ وقت پر نغمہ باری سے انکار کر دیا، پھر مردوں کے لالہ زاروں جانا اُنکے اُصول کے بھی خلاف تھا اور وہ انکے احکامات کی تعمیل کو اپنے لئے لعنت اور توہین سمجھتی تھیں۔ اس ناکامی نے اُنکے دلوں کو بالکل توڑ دیا۔ وہ مُرجھائے پھولوں کی طرح اپنے اپنے لالہ زاروں میں واپس ہوئے۔ اب وہ سمجھ گئے کہ قصرِ نیلوفری کے دیوتا ان سے سچ مچ ناراض ہیں۔ اور ہم سب اُنکے عتاب کا شکار ہو کر رہیں گے، وہ بڑی کس مپرسی کی حالت میں تھے انہیں یقین سا ہو گیا تھا کہ اسی حالت میں تڑپتے تڑپتے ایکدن ہم سب فنا ہو جائیں گے اور سطحِ مریخ پر ہم میں سے ایک مُتنفس بھی باقی نہ رہیگا۔

(۳)

عین اُس وقت جب اہلِ مریخ کی مایوسیاں ناقابلِ برداشت ہو کر اپنی حدود سے گذر چکی تھیں۔ اور وہ موت کے خیر مقدم کے لئے بالکل تیار تھے کہ ایک دن قصرِ نیلوفری سے دفعتاً ایک نغمہ بلند ہوا جسے سنتے ہی تمام عقیدتمندوں میں زندگی کی لہر سی دوڑ گئی۔ گویا مٹی کے پُتلوں میں جان پڑ گئی اپنی اپنی جگہ سب ہوشیار ہو کر بیٹھ گئے اور بگوشِ ہوش اُدھر متوجہ ہوئے۔ لیکن آج نغمہ بھی بدلا ہوا تھا اور ساز بھی۔ جو کچھ اُنہوں نے سُنا وہ ایک پیغام تھا، جو نغمے کے روپ میں اُنکی سماعتوں میں گونج گیا۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ایک ہی گہت تین مُرتبہ اِنہیں سُنائی دیا جس کا مفہوم یہ تھا۔

"اے مریخ کے خاکی پتلو! قصرِ نیلوفری محبت کے دیوتاؤں کا مسکن ہے، وہ تمہیں ایک زمانے سے محبت کا پیام دے رہے ہیں، محبت کے نغمے سُنا رہے ہیں، لیکن تم آجتک محبت کے مفہوم، محبت کی لذت اور محبت کی لطافتوں سے بیگانہ ہو! اِس لئے تم پر محبت کی نغمہ باریاں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند کر دی گئی ہیں لیکن اگر تم محبت آشنا ہو سکے، محبت کرنا سیکھ گئے تو ایکدن محبت کے دیوتا تم پر مہربان ہو جائینگے۔ اور تم اِسی آسودگی کے ساتھ زندہ رہ سکو گے، ورنہ اپنی موت یقینی سمجھو"

اِس پیغام کا ایک ایک لفظ اہلِ مریخ کے لئے جادو اثر ثابت ہوا وہ اپنے انجام کی اطلاع سے لرز کر رہ گئے، ذرا سی دیر میں محبت کے دیوتاؤں کا یہ پیغام تمام مریخ میں پھیل گیا اور اب سب کی زبان پر ایک ہی سوال تھا کہ ——— محبت کیا ہے؟ ——— اِس سوال کا پیدا ہونا اہلِ مریخ کے لئے بعد انقلاب آفریں ثابت ہوا، وہ اپنے مقاصدِ حیات کو بالکل بھول گئے اور سوائے محبت کے اُنہیں کچھ یاد ہی نہیں رہا بہت سے دلدادگانِ محبت بے اختیاری اِدھر اُدھر خوفناک جنگلوں میں نکل گئے، اور پھر واپس نہ آئے، بہت سے پھولوں، چشموں، پہاڑوں اور آبشاروں میں محبت کو تلاش کرتے کرتے برباد ہو گئے۔ لیکن اُن کی سمجھ میں نہ آیا کہ محبت کیا ہے؟۔

اہلِ مریخ کے لئے یہ حادثہ کوئی معمولی حادثہ نہ تھا، اُنکی تعداد بڑی حد تک کم ہو چکی تھی۔ مگر وہ اپنے دیوتاؤں کے پیغام کا عملی ثبوت دینے کیلئے اب بھی ہر وقت کوشاں تھے۔ لیکن اِسکے بعد بھی محبت کا حصول اُنکی نہمہ سے بالاتر نظر آ رہا تھا۔ اِن حالات کے بعد اُنکی مکمل بربادی یقینی تھی مگر کیوپڈ اور ساکی کو ان کے حال پر رحم آگیا، وہ سمجھ گئے کہ اب یہاں محبت کی حکومت قائم کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا آزادی کیساتھ محبت کی تبلیغ شروع کر دی گئی کیوپڈ نے اپنا ترکش سنبھالا۔ تیر اندازی شروع کی اور نوجوانانِ مریخ کے دلوں میں محبت کے جذبات کی چنگاریاں بھر کر زندگی کی ایک جدید شاہراہ کھول دی۔

اور ساکی بھی اپنے فرض کی ادائیگی سے غافل نہ تھی۔ وہ مریخ کی صاحبِ جمال کنواریوں کے دلوں کو محبت کے رنگ میں رنگتی ہوئی موسمِ بہار کی شُعلہ رنگ تیتری کی طرح اِدھر سے اُدھر اُڑتی پھرتی تھی۔ اِس گل پوش وادیوں میں رہنے والیوں کو ایک نئے درد، ایک نئی لذت اور ایک نئی خلش میں مُبتلا کر کے نوجوانانِ مریخ کے لئے اُنکے دلوں میں ایک کشش پیدا کر دی تھی۔ اب صرف ایک مرحلہ باقی تھا اور اُسکی تکمیل بھی کیوپڈ اور ساکی ہی کے سپرد تھی۔

(۴)

مریخ کے لالہ زاروں اور وادیوں میں محبت کی گلکاریاں ذرّے ذرّے پر مُرتسم نظر آ رہی تھیں اور وہ خطۂ مگر یزجہاں محبت کے سوا سب کچھ تھا اب کچھ اور ہی ہو گیا تھا۔ نوجوانانِ مریخ دن رات ایک محویت کے عالم میں مصروفِ گل گشت رہے۔ اُنکی نگاہوں میں محبت کی مسکراہٹ اور طلبِ محبت تشنگی پائی جانے لگی تھی اِس وقت وہ گلپوش وادیوں میں رہنے والی کنواریوں کی طرف کھنچتے ہوئے نظر آ رہے تھے اور وہ معلوم کرنا چاہتے تھے کہ محبت کے دیوتاؤں کے پیام نے ان پر کیا اثر کیا ہے۔

قصرِ نیلوفری کے نشیب میں بہنے والے ایک شفاف چشمے کے کنارے بہت سے نوجوان بیٹھے ہوئے تھے کہ دفعتاً اُنہیں ایک روشنی

سی محسوس ہوئی۔ اُنہوں نے دیکھا کہ قصرِ نیلوفری کے ایک بیرونی گوشہ میں ایک حسین مرد رُعنا اور ایک دوشیزہ کنواری رازِ نیازِ محبت میں مصروف ہیں وہ انہیں بہت دیر تک دیکھتے رہے، اُن کے دلوں میں بھی ایسی ہی خواہش پیدا ہُوئی اور ہر آرزو اُنکی رُوحوں میں چودھویں کے چاند کی طرح روشن ہوکر چمکنے لگے کہ کاش مرّیخ کی کنواریاں اُن کی دعوتِ محبت پر لبیک کہہ سکیں اور وہ بھی محبت کے رازِ دلنواز کا صحیح لُطف اُٹھا سکیں وہ چاہتے تھے کہ دوڑ کر گل پوش وادیوں میں پہونچ جائیں اور اپنی التجائیں پیش کریں کہ انہیں ایک نغمہ سُنائی دیا۔

"محبت کرنے والوں کو حیرت سے نہ دیکھو، بلکہ محبت کے احترام اور مرّیخ کی کنواریوں کے استقبال کے لئے تیار ہو جاؤ اور محبت کی فردوسی لذتوں، غیر فانی مسرتوں اور اَبدی لطافتوں میں گم ہو جاؤ۔"

یہ نغمہ اُن کے لئے آبِ حیات سے کم نہ تھا جو شراب کے گھونٹوں کی طرح اُن کے حلق میں سما گیا۔ بدمستی و سرشاری کی مکمل کیفیتوں کے ساتھ اُن پر طاری ہُوا اور وہ بے اختیار سجدہ ریز ہوگئے ابھی سجدے سے اُن کے سر نہ اُٹھے تھے کہ بہت سے برقِ اور شعلہ نہاں ایک ساتھ مجھے نگیں اور اُن سے بہت قریب نغمات کا سمندر اُبل پڑا جیسے ہی وہ اُٹھے ایک دلنشین نظارہ سے اُنکی آنکھوں میں چکا چوند سی پیدا ہوگئی اُنہوں نے دیکھا کہ مرّیخ کی کنواریوں کا ایک گروہ رنگا رنگ پھولوں کے لباس پہنے ہُوئے محبت کے گیت گاتا ہُوا رقص کی ہزاروں شانیں لئے ہُوئے اور دوشیزگی و برنائی کی جاذبیتوں کو بے نقاب کئے ہُوئے اُنکی طرف بڑھا چلا آرہا ہے وہ چشمے کے دوسرے کنارے پر صف بستہ ہو کر کھڑے ہوگئے، اُسوقت اُنکی رُوحیں ایک ناقابلِ بیان کیفیت میں ڈُوبی ہُوئی تھیں، وہ آپے سے جسموں میں پرواز کی قوت محسوس کر رہے تھے اور اُن کے دل جذباتِ محبت کی گرمیوں سے پگھلے جا رہے تھے۔ آج اُن کی زندگی میں پہلا موقعہ تھا کہ گل پوش وادیوں کی رہنے والیاں اُن کے پاس اِس شان و اہتمام سے آرہی تھیں ورنہ یہ واقعہ تھا کہ کنواریاں رشتۂ ازدواج میں مُنسلک ہو چکی تھیں وہ بھی مردوں سے کوئی خصوصی اُنسیت نہ رکھتی تھیں اور نہ وُہ ہمیشہ اُنکے پاس رہ سکتے تھے۔

یہ چلتے پھرتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ چشمے کے قریب آکر رُک گیا سب نے پھولوں کے ہار اپنے ہاتھوں میں لے لئے اور محبت کا ساز چھیڑ دیا۔ اس درجہ التفات آگینیوں اور دعوتِ محبت کے بعد نوجوانانِ مرّیخ سے ضبط نہ ہو سکا وہ بے اختیار پانی میں کود پڑے اور تیرتے ہوئے دوسرے کنارے تک پہونچکر اپنے سروں کو حسن کی دیویوں کے قدموں پر جھکا دیا، مرّیخ کی کنواریوں نے اُنکی پیشانی کی پھولوں کے ہار اُن کے گلوں میں ڈال دیئے اور بہت ہی لطیف انتخاب کے بعد حسن و عشق کی دلبستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے "جشنِ نورِ روزِ محبت" کی ابتدائی رسم انتہائی خلوص و عہدت کیساتھ ادا کی آپس میں معانقہ کیا گیا اور ایک ایسے رقص کے بعد جس سے تمام کرۂ مرّیخ وجد کرنے لگا محبت کی بنیاد ڈالدی گئی۔

محبت کے دیوتاؤں نے اُن پر پھول برسائے اور شام ہوتے ہی قصرِ نیلوفری سے نغموں کی بارش شروع ہوگئی اب اہلِ مرّیخ کو یقین ہوگیا کہ وہ اپنے دیوتاؤں کو خوش کرنے اور اُنکی محبت حاصل کر لینے میں کسی حد تک کامیاب ہو چکے ہیں۔ اِسی تقریبِ سعید کی خوشی میں تمام مرّیخ میں چراغاں کیا گیا اور تمام مرّیخ میں محبت کے مذہب کا اعلانِ عام کر دیا گیا۔

قصرِ نیلوفری جو قدرت کی کارگیری کا ایک نادر نمونہ تھا، کیونکہ پدّے اور سانکی کا مامن و مسکن تھا جن کا مقصدِ حیات ہی یہ ہے کہ وہ ہر ذی حیات سیارے میں محبت کا صور پھونکتے رہیں۔ ابھی تک مرّیخ کی دُنیا محبت سے بیگانہ تھی وہ ایک عرصہ کی کوشش کے بعد انہیں محبت کی طرف مائل کر کے رہا اور اُنکی کوششیں کامیاب ثابت ہو کر رہیں۔ سنا گیا ہے کہ مرّیخ میں کیونپڈ اور سائکی کی کامیابی کے دو یادگار مجسمے اب تک پائے جاتے ہیں جو قصرِ نیلوفری کے شق ہونیکے بعد دستیاب ہُوئے تھے اور آجتک وہیں نصب ہیں۔ ہر سال اہلِ مرّیخ "جشنِ محبت" بڑے اہتمام سے مناتے ہیں محققین کا بیان ہے کہ ہماری دُنیا کا موسمِ بہار اسی جشنِ محبت کا ایک عکس رنگیں ہوتا ہے۔

محبت کا مفہوم سمجھنے اور اس غیر فانی لذت سے آشنا ہونے کے بعد مرّیخ ایک نئے سانچے میں ڈھل کر رہ گیا ہے۔ وہاں کے لالہ زار اور گل پوش وادیاں پہلے سے زیادہ شاداب نظر آتی ہیں اور محبت کرنے والے فردوسی پیکر اپنے اپنے خطے میں فردوسی زندگی بسر کرتے ہیں۔ محبت ہی اُن کا مذہب ہے۔ محبت ہی کو وہ خدا سمجھتے ہیں۔ وہ محبت کے ماحول میں جاگتے ہیں محبت کے ماحول میں سوتے ہیں۔ غرض کہ وہ سراپا محبت ہیں۔ وہ محبت پر ناز کرتے ہیں اور محبت کے دیوتاؤں کو اُن پر ناز ہے۔

مرّیخ میں نہ ہماری دُنیا کی طرح ہوس پرستیاں ہیں نہ خود غرضیاں۔ نہ وہاں انسانی درندگی کے مظاہرے ہوتے ہیں نہ ایک دوسرے کو کچلا جاتا ہے۔ نہ وہاں قتل و غارت کی گرم بازاری ہے، نہ

فریب و ریاکاری کے جراثیم پائے جاتے ہیں۔ اہل مزیج آپس میں کبھی نہیں ٹوٹتے وہ ایک دوسرے کا احترام کرتے ہیں۔ ان میں رشک ضرور ہے لیکن حسد نہیں ان میں محبت کی تشنگی ضرور پائی جاتی ہے۔ لیکن ایک دوسرے پر سبقت لیجانے یا ذلیل کرنیکے جذبات ان کے دلوں میں کبھی پیدا نہیں ہوتے جب وہاں چودھویں رات کا چاند اپنی بجلکا ہی اور شباب کی بے پناہیوں کے ساتھ طلوع ہوتا ہے جب تارے اپنے ساز چھیڑ دیتے ہیں تو مزیج کی گلپوش و گلریز وادیاں نور و سرور میں ڈوب جاتی ہیں۔ محبت کے پجاری ایک خطۂ گلریز.....

میں جمع ہوتے ہیں۔ محبت کے نام پر عجب سے کرتے ہیں۔ محبت کے گیت گاتے ہیں اور تمام رات جشن شب ماہ مناتے رہتے ہیں۔ ہر چند کہ محبت کے حصول کے لئے اہل مزیج کو بڑے زبردست حادثے سے دوچار ہونا پڑا اور قربانیاں پیش کرنا پڑیں۔ لیکن اس حادثے کے بعد محبت کی جو زندگی انہیں نصیب ہوئی وہ کسی سیارے کے کسیوں کو نصیب نہیں ہوئی۔ اے کاش کہ دنیا میں محبت کا مذہب عام ہو جائے +

حاجی نبی احمد، بریلوی

آلِ تیمور سے!

اُٹھ کہ دل میں سجدہ گاہِ عرشیاں پیدا کریں
اپنی مرضی کے زمین و آسماں پیدا کریں

یہ جہانِ کہنہ و دیرینہ باطل ہو چکا
آرزوہائے مسلسل کا جہاں پیدا کریں

اُٹھ کہ اس کونِ و مکاں کو نورِ جاں سے غسل دیں
دیر و دل میں سوادِ لامکاں پیدا کریں

محنتِ آدم کا درثہ قوم پر قسمت کریں
ساکنانِ ہند میں سوزِ نہاں پیدا کریں

ہیبتِ چنگیز و فرِ شوکتِ تیمور سے
اِس جہانِ کہنہ میں اک کارواں پیدا کریں

تیز تر شہباز سے ہر نوجواں کی ہو نظر
پائے آزاد و سرِ دیوانگاں پیدا کریں

صیدِ خود بے تابِ تیرِ بے کماں کھانے کو ہے
اُٹھ کہ اِن تیروں سے زخمِ بے نشاں پیدا کریں

ہیں پرستارِ نشیمن سارے مرغانِ چمن
اِس چمن سے طائرِ بے آشیاں پیدا کریں

ہند کے راگوں میں بھی پستیٔ فطرت ہے شریک
اُٹھ کہ جیتی جاگتی طرزِ فغاں پیدا کریں

اِن چرندوں کو سکھائیں رسم و آئینِ شہی
اِس غلامستان سے شیر ژیاں پیدا کریں

اِس نیستاں سے بجائے نے و برگ و شاخِ نخل
دشنہ خونریز و دستِ جانستاں پیدا کریں

ہر تنِ آسانی کا ہوتا ہے بلاؤں سے علاج
اُٹھ کہ اپنے واسطے خود امتحاں پیدا کریں

اُٹھ کہ عالمگیر و اکبر اور بابر کی طرح
نامورا جداد کا نام و نشاں پیدا کریں

بوریائے فقر کو تختِ شہنشاہی بنائیں
آنے والوں کے لئے اک ارمغاں پیدا کریں

دولتِ بیدار حاصل محنت و قوت کی ہو
اُٹھ کہ اپنے بل پہ گنجِ شائگاں پیدا کریں

عرش ممکن ہے خدائی بھی اگر حق ساتھ ہے
اُٹھ کہ خاکِ مُردہ میں جانِ رواں پیدا کریں

عرش تیموری

بچوں کے متعلق ٹیگور کی منظوم کہانیاں

یہ ایک مسلّمہ امر ہے کہ بچپن کے تاثرات پائدار اور دوامی ہوتے ہیں، اور آئندہ زندگی میں ہمارے کردار، مزاج، رجحانات، پسند یدگیوں اور ناپسندیدگیوں کی انفرادی خصوصیات اِن ہی دُھندلے نقوش کی بُنیادوں پر قائم ہوتی ہیں۔ شاید اسی وجہ سے "ورڈزورتھ" نے بچہ کو "انسان کا باپ" کہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے ماہرینِ نفسیات، جو پہلے بچے اور اُس کی نشوونما سے بے پرواہ رہتے تھے اور اس کو محض عُمرِ رسیدہ انسان کا ایک چھوٹا سا مجسّمہ" تصوّر کرتے تھے، اب بچے کے ذہن کے مُطالعہ میں مصروف نظر آتے ہیں۔

تعجّب کا مقام ہے کہ مرد اور عورت کی لازوال اہمیت کے باوجود بھی ہندوستان کے کلاسیکی شعرا نے جذباتی اور غنائی شاعری میں بچپن کے زمانے پر قرار واقعی توجہ نہیں کی، حتیٰ کہ سنسکرت کے ادب میں بھی سوائے چند مقامات کے ہم کو "بچے کے ذہن" کے تخیّل اور باقاعدہ مُطالعہ کی مثال کہیں نہیں ملتی۔

مگر ٹیگور کے سرزمینِ ادب پر قدم رکھتے ہی "بچپن" پہلی بار رومانی شاعری کے اہم ترین موضوعات میں شمار کیے جانے لگا۔

۱۹۰۰ء میں ٹیگور اپنے ایک بیٹے کے ساتھ، جو تپ دق کا مریض تھا، المورہ گئے، جہاں اُس کا انتقال ہوگیا۔ ۱۹۰۲ء میں اُنکا دوسرا بیٹا داغِ مفارقت دے گیا۔ ان صدمات کا یہ اثر ہوا کہ۔ غم غلط کرنے کے لئے "شاعر" نے اپنا وقت اور زورِ تخیّل "بچہ کے ذہن کے اسرارِ سربستہ" کے مُطالعہ میں صرف کرنا شروع کر دیا۔ بچے کے خیالات اور جذبات کی سادگی اور الوکھاپن اور طرفگی اُن کی توجہ کی مرکز بن گئیں، اور اس وقت سے اُنہوں نے "بچپن" پر نظمیں لکھنی شروع کر دیں۔

رابندر ناتھ کو پورا احساس ہے کہ بچے، محض اپنی سادگی کی بنا پر، ایک پُر اسرار چیز ہے۔ وہ خُوب جانتے ہیں کہ "ذہنِ طفلی کا راز" ایک ایسا گہرا راز ہے جو صرف نفسیات کی کتابوں کے مُطالعہ سے سمجھ میں نہیں آسکتا اور اسی کو سمجھنے کے لئے انسان کو خود بچہ بن جانا مرغوب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ جلیل القدر شاعر بچے کا ہمراز اور ہم آہنگ بن جانے میں کامیاب ہوگیا ہے۔

اِن منظوم کہانیوں میں اُن کے خیالات اور احساسات وُہی ہوتے ہیں جو ایک خُردسال بچے کے ہوسکتے ہیں۔ ان کہانیوں کو لکھتے وقت وہ اتنا زیادہ "از خود رفتہ" ہوجاتے ہیں کہ وہ ایک انسان یا شاعر یا فلسفی کی حیثیت سے اپنی انفرادی شخصیت کو بھول جاتے ہیں اور خود "بچہ" بن جاتے ہیں۔ یہ آرٹ کا منتہائے کمال ہے۔

وہ خود کہتے ہیں:۔

"اے کاش، میں اپنے بچے کی دل کی دُنیا میں ایک خاموش گوشہ حاصل کرلیتا ..... میری آرزو ہے کہ میں اُس راہ پر گامزن ہوں جو بچے کے ذہن کو طے کرتی ہوئی (زمان ومکان کی) تمام حدود سے گزر جاتی ہے۔" ("ماہِ نو" صفحہ ۱۷)

اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اُنہوں نے بچے کو سمجھنے کی کتنی کوشش کی ہوگی۔

ٹیگور کے تخیّل نے جس بچے کو پیدا کیا وہ کوئی "خیالی مخلوق" نہیں بلکہ اِسی دُنیا کا ایک جیتا جاگتا انسانی بچہ ہے، جس کی تصویر اُنہوں نے کمال شفقت اور ہمدردی سے کھینچی ہے۔

"شاعر" اپنے بچپن کے تلخ تجربات بھول نہیں سکتا۔ اُس کی بعد کی زندگی کے تلخ تر تاثرات اور ذمّہ داریاں اُن ابتدائی نقوش کو مٹا نہیں سکیں۔ وہ بار بار اُن تکالیف کا تذکرہ کرتا ہے جو اُسے اپنے اسکول میں پیش آیا کرتی تھیں۔ موجودہ طرزِ تعلیم کے خلاف اس کو جتنی شکایتیں ہیں اُن کو اس نے "مراحلِ وطن" میں تمام وکمال ادا کردیا ہے۔ اس کہانی میں وہ ایک خود سر، مضبوط ماتوی والے، پرور وہ فطرت" بچے کا تذکرہ کرتا ہے:۔

قصّہ کا ہیرو (فانگ) گاؤں کے تمام بچوں کا تسلیم شدہ لیڈر ہے:۔ اپنی زندگی کے آغاز ہی وہ فطرت سے ہم کنار اور ہم آہنگ رہا ہے۔ گھر میں اسکو جو زد وکوب کی جاتی ہے وہ اُس کے اثر کو وسیع میدانوں میں دوڑ کر یا دریا میں تیر کر بُھلا دیتا ہے ——— اُس کے بعد وہ وقت آتا ہے جب اُس کا چچا اُسے اُس کے ماحول سے چھڑا کر شہر میں لے جاتا ہے، جہاں پہونچ کر وہ "وہاں کی خیرہ کُن روشنیوں

اور بے معنی شور و شغب سے بھاگ جانے کی تمنا کرتا ہے اور ایک بار پھر شہر کے باہر کی آزاد فضاؤں ——— پہاڑوں اور دریاؤں ——— کا جویا ہے!"

("فلسفۂ ٹیگور" از ایس۔ رادھا کرشنان صفحہ ۲۲)

ٹاگور جیسے "پروردۂ فطرت" بچوں سے شاعر کو جو دلی تعلق اور دلچسپی ہے وہ دُنیا سے، خصوصاً دشوا بھارتی کے طالبعلموں سے، پوشیدہ نہیں۔ وہ نہایت خلوص اور دینداری سے اپنے اُن جذبات کو جو بچے کے متعلق اپنے دل میں موجزن پاتا ہے من و عن ظاہر کر دیتا ہے۔ اُسے اس کا مطلق احساس نہیں رہتا کہ ایک فلسفی یا ناول پرائز پانیوالے شاعر کی حیثیت سے اُسے سنجیدگی کی قبا پہن لینی چاہیئے۔ وہ نہایت آزادی اور مسرت کے ساتھ بے معنی طفلانہ باتیں کرتا چلا جاتا ہے جو بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں ——— یہ کہنا غیر ضروری ہے کہ ان بھولی بھولی معصوم باتوں پر ہزاروں فرزانگیاں قربان کی جاسکتی ہیں۔ کیا انسان خود ایک "بڑا بچہ" نہیں ہے؟

جو لوگ عقل ستیزہ کار کی ہنگامہ آرائیوں سے تنگ آگئے ہوں اور تھوڑی دیر کے لئے اپنے دماغ کو آرام دینا چاہتے ہوں اُنہیں "ماہ نو" کے صفحات میں پناہ ڈھونڈنی چاہیئے۔ وہاں ٹیگور کا بچہ اُنکو اپنی میٹھی میٹھی باتوں سے ایک ایسی دُنیا میں لے جائے گا جہاں "عقل کی استبدادیت" کا پتہ بھی نہ ملے گا۔ اور وہاں ہر نوواردِ ایک ایسی طاقت حکمران دیکھے گا جو عقل سے کہیں زیادہ فرزانہ تر ہوتی ہے۔

وہاں وہ بچے کو یہ کہتے ہوئے سُنے گا:۔

"اماں، میرے خیال میں پھول بھی زمین کے نیچے اسکول جاتے ہیں۔ وہ بند کواڑوں والے کمروں میں سبق حاصل کرتے ہیں، اور اگر وہ وقت سے پہلے باہر آنا چاہتے ہیں تو اُن کے ماسٹر صاحب انہیں کونے میں کھڑا کر دیتے ہیں" ("ماہ نو" صفحہ ۵۴)

یا:۔

"چونکہ میں بچہ ہوں اس لئے چھوٹا خیال کیا جاتا ہوں۔ جب میں باکے برابر ہو جاؤنگا تو میں بھی بڑا ہو جاؤں گا" ("ماہ نو" صفحہ ۴۵)

ایک دوسری جگہ بچہ اپنی ماں سے اپنی چھوٹی بہن کا تذکرہ کرتے ہوئے اُسے "بیوقوف اور بے عقل بچی" کہتا ہے:۔

"اماں، تمہاری بچی تو بڑی بیوقوف ہے۔ وہ کیسی احمقانہ باتیں کرتی ہے! وہ تو سڑک پر کی روشنیوں اور ستاروں میں بھی تمیز نہیں کر سکتی۔ تمہاری بچی چاند کو پکڑنے کی کوشش کرتی ہے۔ وہ کتنی مضحکہ خیز ہے! وہ تو "گنیش" کو "گانوش" کہتی ہے!"

("ماہ نو"۔ صفحہ ۵۲-۵۳)

بچے کے ذہن کا تجزیۂ نفسی کرنے میں شاعر کو جو قدرت حاصل ہے اُس کا راز اس بدیہی حقیقت میں پوشیدہ ہے کہ اُس نے بچوں کو خوب اچھی طرح سمجھا ہے۔ کسی اور شاعر میں ہم کو یہ خصوصیت نہیں ملتی۔ ٹیگور اپنے تخیل اور مشاہدے کی مدد سے، بچے کے دل کی گہرائیوں میں سما جاتا ہے اور کمال بصیرت اور تفہم کے ساتھ اپنے بچے سے کہلوا تا ہے:۔

"اماں، اب میرے جانے کا وقت آگیا ——— میں جاتا ہوں ..... میں ہوا کا ایک نرم و نازک جھونکا بن جاؤں گا اور تمہیں تھپکی دونگا۔ میں پانی کی چھوٹی چھوٹی لہریں بن جاؤں گا اور جب تم نہاؤ گی تو تم کو بار بار بوسہ دونگا ..... خالہ جان" پوجا" کے موقع پر تھنے لیکر آئیں گی اور پوچھیں گی "بہن، بچہ کہاں ہے؟" اماں، تم اُن سے کہدینا:۔

"میری آنکھوں کی پتلیوں میں ہے۔ وہ میرے جسم اور میری رُوح میں ہے!" ("ماہ نو" صفحہ ۶۶)

ان نظموں کا ایک خوشگوار نفسیاتی پہلو یہ ہے کہ وہ صرف بچے ہی کا تجزیۂ نفسی نہیں کرتیں بلکہ ماں کے احساسات اور جذبات کی نفسیاتی تفسیر بھی پیش کرتی ہیں۔ بچے کی ماں نہ صرف اپنے لطیف اور پراسرار ارمانوں اور تلوّنات کو سمجھتی ہے بلکہ وہ بچے کے ہر لمحہ بدلنے والے مزاج اور خواہشات سے بھی واقف ہے۔ وہ اس سے کہتی ہے:۔

"جب میں نے شباب کی منزل میں قدم رکھا تھا اور میرے دل کی گلی میں کونپلیں پھوٹ رہی تھیں تو تم اُس کے چاروں طرف خوشبو کے مانند رقصاں تھے۔ تمہاری نرمی اور نزاکت میرے جوان اعضا میں پھول رہی تھی، جیسے سورج نکلنے سے پہلے آسمان پر سپیدۂ سحر نمودار ہوتا ہے ..... اس ڈر سے کہ کہیں میں تمہیں کھو نہ دوں میں تم کو ہر وقت مضبوطی سے اپنے سینے سے چمٹائے رکھتی ہوں!"

("ماہ نو" صفحہ ۶۰-۶۱)

جب بچہ اپنی ماں سے پوچھتا ہے کہ وہ کہاں سے آیا ہے اور اُس نے اُسے کہاں پایا تو وہ اشک ریز تبسم کے ساتھ اُسے اپنے سینے سے لپٹا لیتی ہے اور کہتی ہے:۔

"تم میرے دل میں اُسی طرح پوشیدہ تھے، جیسے میرے ارمان!"

اُس نفسیاتی اُصول کے مطابق جس کو شاعر نے اپنی نظموں میں پیش کیا ہے، بچہ اپنی ماں سے حد درجہ مانوس ہے۔ گو وہ اتنا

چھوٹا اور نارسیدہ ہے کہ اپنی ماں کے خیالات کی گہرائیوں کا اندازہ نہیں کر سکتا، پھر بھی وہ اپنی ماں کو رنجیدہ دیکھ کر متفکر ہو جاتا ہے۔ وہ پوچھتا ہے:-

"تمہیں کیا ہو گیا جو ایسی عجیب نظر آ رہی ہو؟ کیا آج ابا کا خط نہیں آیا؟"

پھر خود ہی کہتا ہے:-

"مگر پیاری اماں، تم اس کی فکر نہ کرو۔ کل وہ سکہ گاؤں میں بازار لگے گا۔ تم خادمہ سے کہہ دو کہ کچھ قلم اور کاغذ لائے۔ میں خود ابا کے سامنے خط لکھ دوں گا..... اور کیا تم سمجھتی ہو کہ میں ابا کی طرح بیوقوفی کر کے اپنے خط اُس ڈراؤنے ڈاکیہ کے تھیلے میں ڈال دونگا؟ نہیں ــــــــ میں ذرا سا توقف بھی نہ کروں گا، بلکہ خود انہیں تمہارے پاس لاؤں گا۔ اور باری باری ہر خط خود پڑھ کر تمہیں سناؤں گا۔" ("ماہِ نو" صفحہ ۶۱-۶۲)

بچے کے تمام خیالوں اور خوابوں کا مرکز اُس کی ماں ہے۔ وہ اُسے چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتا۔ وہ اُن لوگوں کے پاس بھی نہیں جاتا جو "بادلوں میں رہتے ہیں اور اُسے بُلایا کرتے ہیں" ــــ کیونکہ اُس کی ماں گھر پر اُس کی منتظر ہے۔ وہ کہتا ہے:-

"اماں، میں ایک اس سے بھی اچھا کھیل جانتا ہوں۔ میں بادل بن جاؤں گا، تم چاند بن جاؤ گی۔ میں نہیں اپنے دونوں ہاتھوں سے تمہیں چھپا لوں گا اور ہمارے گھر کی چھت بن جائیگی..... میں موجوں میں تبدیل ہو جاؤں گا اور تم ایک نامعلوم 'ساحل' ہو گی ــــــــ میں بہہ بہہ کر آؤں گا اور تمہاری گود میں ہنس ہنس کر ٹکراؤں گا۔"

("ماہِ نو" صفحہ ۲۷-۲۸)

ان نظموں میں شاعر کی خود پسندی کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے۔ اُس کے بچپنے کی خود پسندی اس حد تک بڑھی ہوئی ہے کہ وہ صرف اپنی ہی بنائی ہوئی دُنیا میں رہتا ہے۔ اور اپنی اِس "طفلی کی بادشاہت" کو بناتا اور بگاڑتا رہتا ہے۔ وہ ڈرتا ہے کہ اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ اس کا "شاہی محل" کہاں ہے تو وہ محل ہمیشہ کے لئے غائب ہو جائے گا۔ مگر وہ، سرگوشیوں میں، اپنی ماں سے بتائے بغیر نہیں رہ سکتا:-

"اماں، تمہیں معلوم ہے میرا شاہی محل کہاں ہے؟ وہ ہماری چھت کے کونے پر ہے جہاں تلسی کے پودے کا گملہ رکھا ہوا ہے!"

("ماہِ نو" صفحہ ۳۱)

اپنے موہوم تصورات سے چھوٹا سا بچہ مادّی اشیا بناتا ہے اور اُن محسوسات کو انسانی زندگی کے حزنیہ اور طربیہ پہلوؤں سے متصف کر دیتا ہے۔ وہ نہیں سمجھ سکتا کہ اُس کا بڑا بھائی اُس پر کیوں ہنستا ہے اور کیوں اُسے (بچے کو) صرف یہ کہنے پر "احمق ترین لڑکا" بتاتا ہے کہ:- "جب شام کے وقت پورا چاند سامنے والے اکلوتے درخت کی شاخوں میں اُلجھ کر رہ جاتا ہے تو کوئی اُسے پکڑ کیوں نہیں لیتا؟" وہ اپنے "دادا" (بھائی) کے اس قول سے اتفاق نہیں کرتا کہ "چاند کا پکڑ لینا ناممکن ہے" اور بحث کئے جاتا ہے:- "جب اماں کھڑکی میں سے جھانکتی ہیں اور ہم کو کھیلتے ہوئے دیکھ کر مسکراتی ہیں تو کیا اُس وقت تم اُنہیں بہت دُور کہو گے؟" پھر جب اس کا بھائی اُسے بتاتا ہے کہ چاند اتنا بڑا ہے کہ بڑے سے بڑے جال میں بھی نہیں پکڑا جا سکتا تو چھوٹا بچہ اس مہمل گفتگو پر تعجب کا اظہار کرتا ہے اور کہتا ہے:-

"دادا، تمہارے اسکول میں کیسا بدی سبق پڑھاتے ہیں! جب اماں ہمیں پیار کرنے کو اپنا چہرہ جھکاتی ہیں تو کیا وہ بہت بڑا معلوم ہوتا ہے؟" ("ماہِ نو" صفحہ ۲۵-۲۶)

خالص تخیلی نظروں میں ٹیگور کا بچہ بے معنی اور بے تکی باتوں سے محظوظ ہوتا ہے اور ہر اُس مادّی چیز کو جو اُس کی سمجھ میں نہیں آتی پیارے پیارے ہنسانے والے انداز میں تعبیر کیا کرتا ہے۔ وہ "حقیقت" کے متعلق اپنے اِن خام خیالات کی خیالی تفسیرات پیش کیا کرتا ہے جن کی بُنیاد یا تو اُس کے گہوارے کے گیت ہوتے ہیں یا وہ کہانیاں جو اُس نے اپنی دادی سے سُنی ہیں۔ اِن سے اور ہندی علم الاصنام کی دوسری روایتی کہانیوں سے بچے کا تخیل زور پکڑتا ہے۔ وہ عجیب عجیب سمندروں اور نئی نئی سرزمینوں میں یکہ و تنہا خیالی سفر کرتا ہے۔ یا کاغذی کشتیاں بنایا کرتا ہے اور ان کو ایک ایک کر کے دریا میں چھوڑ دیتا ہے، اس اُمید پر کہ "کوئی نہ کوئی..... کبھی نہ کبھی..... کسی نہ کسی عجیب و غریب مُلک میں اِن کو پالے گا اور یہ سمجھ جائیگا کہ وہ بچہ) کون ہے؟" ("ماہِ نو" صفحہ ۳۸)

تخیل کی مدد سے وہ اپنی دُنیا آپ پیدا کرتا ہے۔ اب وہ اپنی قلمرو میں ایک بچہ نہیں رہتا بلکہ ایک ایسا تخلیقی فن کار بن جاتا ہے جو اپنی "شہزادی" کے گرد اپنے خوش آئند خوابوں کا جال سا تن دیتا ہے:-

"شہزادی سات سمندروں کے اُس پار ایک دُور دراز سا

پر سوئی ہوئی ہے۔ دُنیا میں میرے سوائے کوئی نہیں جو اُسے پا سکے"
("ماہ نو" صفحہ ۳۱)

اس کا تخیل غیر محدود ہے۔ ایک جگہ وہ اپنے آپ کو "چمپا کا پھول" تصور کرتا ہے، دوسری مقام پر وہ یہ جاننا چاہتا ہے کہ اگر وہ "کتے کا پلّہ" بن جاتے تو اُس کی ماں کا برتاؤ اس سے کیسا ہوگا۔ وُہ "بادل" بن جانے کے لئے تیار ہے بشرطیکہ اُس کی ماں "چاند" بن جاتے۔ وہ لہروں میں تبدیل ہو جائیگا، اگر اس کی ماں ایک عجیب سے غریب سمندر بن جائے۔ ("بادل اور موجیں")

جُوں جُوں ہم "ماہ نو" کی اصلی نظمیں پڑھتے ہیں وہ ہمارے کانوں میں گھلی ہوئی صداؤں" کی طرح گونجنے لگتی ہیں اور ہمیں ایسا محسوس ہونے لگتا ہے کہ ہمارے سامنے گہوارہ میں ایک ننگلی بچہ لیٹا ہوا اپنی ماں سے باتیں کر رہا ہے۔ یہ احساس اتنا تیز ہوتا ہے کہ ہمیں اس کا خیال بھی نہیں رہتا کہ شاعر ان آسان، سیدھی سادی، شیریں نظموں میں کوئی فلسفہ پیش کر رہا ہے۔

رابندر ناتھ آئے دن کی زندگی کے معمولی سے معمولی اتفاقات کو لیتا ہے اور اپنے بے مثل طرزِ بیان کی مدد سے ان کو غیر معمولی بنا کر پیش کرتا ہے۔ اس اعتبار سے کوئی دوسرا شاعر اس کا مدِ مقابل نہیں ہو سکتا۔

اس کی زبان آسان اور عام فہم ہونے کے علاوہ موسیقی اور پاکیزگی سے بھی لبریز ہے۔ ان ہی خصائص کی بنا پر یہ گمان ہونے لگتا ہے کہ شاعر ان کہانیوں میں صرف اپنے دلی جذبات ادا کر رہا ہے اور ان کے لکھنے کا مقصد صرف "اپنے بچپن کے زمانے کی یاد تازہ کرنا ہے"۔

پہلی نظر میں شاید کوئی اخلاقی اہمیت نظر نہ آئے مگر بالاستیعاب مُطالعہ کے بعد ان کہانیوں میں بھی وُہی پُرانا مگر دلکش مضمون نظر آنے لگتا ہے جو ٹیگور کی تمام تصانیف میں پایا جاتا ہے ——— یعنی "رُوح کی آزادی!"

یہیں شاعر کی بُزرگی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ وُہ کوئی "فردِ واحد" نہیں، بلکہ تین حیثیتیں رکھتا ہے — وہ "شاعر" "فلسفی" اور "آرٹسٹ"۔ تینوں کا مجموعہ ہے ——— "شاعر" بچے کی طرف کشش محسوس کرتا ہے۔ "آرٹسٹ" اپنے رُوحانی تجربات اور محسوسات کے اظہار کے لئے بے چین رہتا ہے، اور "فلسفی" "آزادیِ رُوح" کی اہمیت جتانے پر مجبور ہے۔ یہ ہے وُہ بُنیادی اُصول جس پر ان خیالی نظموں کا ڈھانچا تیار کیا گیا ہے، مگر شاعر ہمیشہ فلسفہ کا پابند نہیں رہتا۔

اُس کا "بچہ" "دُنیائے عمل کے شور و شغب اور زندگی کی مشین سے نجات پانے کا متمنی ہوتا ہے اور "آزادی" کا خواہاں!

"سُستی، میکانکی دُنیا انسان کو پست تر اور بہائم صفت بنا دیتی ہے" ("فلسفۂ ٹیگور" از ایس۔ رادھا کرشنان صفحہ ۱۴)

——— یہ ہے وہ عام مضمون جس سے ہم ٹیگور کی ہر تصنیف میں دوچار ہوتے ہیں۔

جس بچے سے ٹیگور ہمیں روشناس کراتا ہے وہ بچہ "پریوں کے ملک کے سات سمندروں اور تیرہ دریاؤں کو عبور کرنا چاہتا ہے"۔
("ماہ نو" صفحہ ۱۹)

یا پھر وہ ایک پھیری والا بن کر، یہ آواز لگاتے ہوئے، سڑکوں پر دن گذارنا چاہتا ہے ——— "چوڑیاں لے لو، کانچ کی چوڑیاں!"

یا پھر وہ ایک مالی بننا چاہتا ہے، جو باغ میں زمین کھودتا ہے اور اسے کوئی منع کرنے والا نہ ہو۔ یا پھر وہ ایک چوکیدار بننا پسند کرتا ہے جو راتوں کو اپنی لالٹین کی پرچھائیوں کا تعاقب کرتے ہوئے سڑکوں پر گشت لگایا کرے۔ ("پیشہ")

شاعر کے نزدیک ماں کی سماوی محبت، آزادی، اور نیچر کی رعنائیوں اور دلکشیوں سے سنت اور شادمانی اخذ کرنے کا فطری رجحان اور جذبہ (جیسا کہ "برسات کے دن" میں پایا جاتا ہے) ——— زندگی میں یک جہتی اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے اسباب ہیں ———!

مکانیکی زندگی سے متفکر ہوئے بغیر، بچہ "آزادی کی راہ" پر نرم رفتاری اور سُبک پائی سے چلا جاتا ہے:-

"لامتناہی دنیاؤں کے ساحل پر بچے جمع ہوتے ہیں ناپیدا کنار آسمان سروں پر ساکت ہے اور بیقرار سمندر شور انگیز ——— لامتناہی دُنیاؤں کے ساحل پر بچے شور مچاتے ہوئے آپس میں ملتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وہ نہ تیرنا جانتے ہیں نہ جال پھینکنا۔ موتی نکالنے والے غوطہ موتیوں کے واسطے غوطے لگاتے رہتے ہیں۔ سوداگر اپنے جہازوں میں تیرتے پھرتے ہیں، مگر بچے کنکریاں جمع کرتے ہیں اور پھر انہیں پھینک دیتے ہیں۔ وہ پوشیدہ خزانے تلاش نہیں کرتے۔ وہ جال پھینکنا

نہیں جانتے .....

سمندر قہقہوں کے ساتھ ابھر اچھلا آتا ہے اور ساحل کا زرد زرد تبسم چمکتا ہے۔ فضا در آغوش "موجیں، اُس ماں کی طرح جو اپنے بچے کا گہوارہ ہلاتی ہو، بچوں کو بے معنی منظم کہانیاں گا گا کر سناتی ہیں۔ سمندر بچوں کے ساتھ کھیلتا ہے اور ساحل کا زرد زرد تبسم چمکتا ہے .....

لامتناہی دُنیاؤں کے ساحل پر بچے جمع ہوتے ہیں۔ بے راہ "آسمان کی پہنائیوں میں طوفان چکر لگاتے رہتے ہیں۔ بحرِ ذخار میں جہاز تباہ ہوتے رہتے ہیں۔ موت، بلا کسی روک ٹوک کے، کھلی پھرتی ہے۔ اور بچے کھیلتے رہتے ہیں۔

لامتناہی دُنیاؤں کے ساحل پر بچے جمع ہوتا ہے"

("ماہِ نو" صفحہ ۳-۴)

کیا آپ اِن نظموں کو پڑھکر تھوڑی دیر کے لئے اپنی "موجِ آلام" زندگی کو بھول نہیں جاتے، اور کیا آپ کے دل میں یہ خیال پیدا نہیں ہوتا کہ "موت، بھی "زندگی کی موجوں" میں ڈوب کر مر گئی ہے۔ اور تمام نقصانات کی تلافی ہو گئی ہے؟" اور کیا یہ عظیم الشان "کارخانۂ قدرت آپ کو ایک "بازیچۂ اطفال" نظر نہیں آنے لگتا؟۔

* * *

"ماضی" دہلی

دُنیا کا مختصر ترین افسانہ؛

یتیمی!

چاند دیکھکر لوگوں نے ایک دوسرے سے کہا "عید مُبارک"

اور مَیں رو پڑا!

آہ، ابا جان!!

غلام عباس (موتوی)

فاؤسٹ

مُترجّمہ:- شاہد احمد۔ بی۔ اے؛ (آنرز)

فاؤسٹ اُردو میں پہلی مرتبہ عام فہم و سحر کُن طویل کہانی کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

"فاؤسٹ" وہ آسیب نہ ہے جس میں ہر زمانے کے انسان کو اپنی صورت نظر آتی ہے۔

شہرۂ آفاق شاعرِ المانیہ، گوئٹے نے دُنیا کے اِس بلند ترین فلسفیانہ نظم میں اپنی عُمر کے ساٹھ سال صرف کئے تھے۔ اس کہانی میں فلسفۂ حیات کے مسائل کو شاعرانہ آرٹ کا لباس پہنا کر پیش کیا گیا ہے۔ اس میں آپ زندگی کا کوئی خواب دیکھیں گے جو بیک وقت سہانا بھی ہے اور بھیانک بھی۔ "فاؤسٹ" فلسفی کی عقل اور شاعر کے تخیل کی آخری حد ہے۔ نیکی، بدی، حُسن، عشق، گناہ، خون، قتل اور موت کی یہ داستانِ رنگین کتابی صورت میں شائع ہو گئی ہے۔

قیمت اکیرو پیہ (عہ/) ملنے کا پتہ:- نسائی بُک ڈپو کھاری باؤلی دہلی

چندہ سالانہ پانچ روپے
ششماہی تین روپے
فی پرچہ ۱۰ آنے

جرأت

ممالک غیر سے ۱۲ شلنگ
نمونے کا پرچہ مفت بھیجا
جاتا ہے

جلد ۱۷ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ فروری ۱۹۳۸ء | نمبر ۲

نمبر	مضمون	صاحبِ مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہِ اوّلیں		
(۲)	آخر کا خواب	مولانا عنایت اللہ دہلوی۔ سابق ناظم دارالترجمہ حیدرآباد دکن۔	(۳)
(۳)	چار سو بیس	حضرت امینؔ حزیں (سیالکوٹی)۔	(۸)
(۴)	شکوہ اور جوابِ شکوہ	جناب مرزا فرحت اللہ بیگ دہلوی	(۹)
(۵)	نوائے فراقؔ	پروفیسر رگھوپتی سہائے فراقؔ ایم۔ اے	(۱۲)
(۶)	لبِ لعلیں	جناب سید وزیر حسن دہلوی	(۱۳)
(۷)	چند اشعار	"دلفگار"	(۱۵)
(۸)	خمسہ	پروفیسر حسن مارہروی	(۱۶)
(۹)	دورِ حاضر اور اُردو غزلگوئی	ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی	(۱۷)
(۱۰)	پریم کی ہولی	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے۔	(۳۰)
(۱۱)	نکات	حضرت امینؔ حزیں (سیالکوٹی)	(۳۲)
(۱۲)	سرکشی	جناب خواجہ احمد عباس	(۳۳)
(۱۳)	برسات	جناب محسن اعظم گڑھی	(۴۰)
(۱۴)	دارا کا قتل	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی بی۔ اے ایل ایل۔ بی	(۴۱)
(۱۵)	شانِ تغزل	جناب گنگا دھر ناتھ فرحتؔ کانپوری بی۔ اے، ایل ایل۔ بی	(۴۵)
(۱۶)	ممی خانے میں ایک رات	محترمہ حجاب امتیاز علی	(۴۶)
(۱۷)	تجلّیات		
(۱۸)	معجزاتِ جرّاحی		
(۱۹)	ہمارے اعتراض		
(۲۰)	پلنگ		
(۲۱)	رخصت ہونیکے بعد		
(۲۲)	وہاں		
(۲۳)	اشکِ احمریں		
(۲۴)	ساقی		
(۲۵)	رسم و رواج کی تباہکاریاں	جناب مرزا سیف علیخاں صاحب	(۶۸)
(۲۶)	تاثّرات	جناب الطاف مشہدی	(۷۳)
(۲۷)	اُسکی موت کی وجہ؟	جناب غلام عباس (مولوی)	(۷۴)
(۲۸)	تازہ پھول	جناب رساہمدانی۔ ایم۔ اے۔	(۷۸)
(۲۹)	پاک محبت	جناب عطاء اللہ پالوی	(۷۹)
(۳۰)	فطرت کی آواز	جناب اجمل نجیب آبادی	(۸۳)
(۳۱)	شاعر	جناب کاوش حیدرآبادی	(۸۴)
(۳۲)	غربت زدہ	جناب خواجہ حسن عباس۔ بی۔ اے	(۸۶)
(۳۳)	جبری بھرتی	جناب محبوب علی قریشی	(۸۸)
(۳۴)	اُردو کی نئی کتابیں	پروفیسر مرزا محمد سعید۔ ایم۔ اے آئی۔ ای۔ ایس (شش)	(۹۲)
(۳۵)		جناب کوکب شاہجہان پوری	(۴۹)
(۳۶)		پروفیسر محمد مسلم۔ ایم۔ اے	(۵۰)
		صاحبزادہ مرزا صلاح الدین خاں صاحب آف لوہارو	(۵۲)
		جناب صادق الخیری دہلوی ایم۔ اے	(۵۳)
		جناب منظور حسین ماہر القادری	(۵۵)
		جناب علی احمد فرزند فصاحت جنگ حضرت جلیل	(۵۶)
		محترمہ مسز برلاس (از جاپان)	(۵۷)
		سبحان الہند حضرت کیفی چریاکوٹی	(۶۷)
		جناب مرزا سیف علیخاں صاحب	(۶۸)
		جناب الطاف مشہدی	(۷۳)
		جناب غلام عباس (مولوی)	(۷۴)
		جناب رساہمدانی۔ ایم۔ اے۔	(۷۸)
		جناب عطاء اللہ پالوی	(۷۹)
		جناب اجمل نجیب آبادی	(۸۳)
		جناب کاوش حیدرآبادی	(۸۴)
		جناب خواجہ حسن عباس۔ بی۔ اے	(۸۶)
		جناب محبوب علی قریشی	(۸۸)
		پروفیسر مرزا محمد سعید۔ ایم۔ اے آئی۔ ای۔ ایس (شش)	(۹۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

دسمبر ۱۹۳۷ء کے آخیر اور جنوری ۱۹۳۸ء کے شروع میں اُردو رسائل کے اکثر سالنامے بڑی آب و تاب سے شائع ہوئے۔ عالمگیر اور ادبِ لطیف سب سے پہلے بازار میں آئے اور ان کے بعد ادبی دُنیا، ساقی، ہمایوں اور نیرنگِ خیال نے اپنے اپنے سالنامے پیش کئے۔ اپنی اپنی روش کے مطابق ہر رسالے نے بہت اچھا ضخیم پرچہ شائع کیا اور ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔ یہ اُردو صحافت کی ترقی و مقبولیت کی نشانی ہے۔ مضامین کے اعتبار سے یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اُردو کے خاص نمبر جس معیار کا کثیر لٹریچر پیش کرتے ہیں انگریزی کا کوئی رسالہ یا اخبار پیش نہیں کرتا۔ ہاں تصاویر کے لحاظ سے اُردو صحافت ابھی عرصۂ دراز تک انگریزی صحافت کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اگر اُردو رسائل و اخبارات بھی لاکھوں کی تعداد میں چھپنے لگیں تو یہ کمی بھی بہت آسانی سے پوری ہو سکتی ہے مگر یہ توقع عبث ہے کیونکہ ہمارا تو اوڑھنا بچھونا ہی انگریزی ہے اور انگریزی ہی سے ہمارا پیٹ پلتا ہے۔ اُردو تو بدنصیبی سے بدرجۂ مجبوری پڑھی جاتی ہے کہ بغیر اس کے بھی کام چلتا نظر نہیں آتا۔ اور اب تو خُدا کے فضل سے ایسے بزرگ بھی پیدا ہو گئے ہیں جو اُردو کو اُردو کہتے ہوئے شرماتے ہیں اور اس کا نام ہندوستانی یا ہندُستانی تجویز کرتے ہیں۔ مولوی عبدالحق صاحب (جنہیں اُردو کا ڈکٹیٹر کہا جاتا ہے) کو چاہیئے کہ اب اپنی انجمن کا نام "انجمن ترقیٔ ہندُستانی" رکھدیں، کیونکہ بعض سچے اور پکّے مسلمان لفظِ اُردو کی تاب نہیں لا سکتے۔ مگر اس قلبِ ماہیت سے پہلے ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ تجویز پیش کرنے والے مولوی صاحب کے نام سے پہلے مولوی کی بجائے آنریبل سے پنڈت لکھا جائے۔ بلکہ سرے سے اُن کا نام ہی بدل کر عربی کے بجائے ہندُستانی رکھا جائے۔ اس ذہنیت کا بس یہی علاج ہے۔ اُردو تو ایک فطری زبان ہے اور وہ صدا پھُولتی پھلتی رہیگی اور چشمِ حاسد میں خار بنکر کھٹکتی رہے گی۔

مسٹ اختر حسین رائے پوری۔ بی۔ اے۔ (علیگ) جن کے بے مثل افسانے اور مضامین ناظرین ساقی اکثر ملاحظہ فرماتے رہے ہیں ہم سے کچھ عرصے کیلئے جُدا ہو گئے ہیں۔ مگر اُن کی یہ جُدائی ہمیں افسُردہ کرنے کے بجائے مسرور کرتی ہے کیونکہ جو کچھ وہ یورپ سے سیکھ کر آئیں گے ہندوستان میں اُس کا عشرِ عشیر بھی اُنہیں حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔ اختر صاحب سنسکرت کے "ساہتیہ النکار" ہیں اور آج کل پیرس یونیورسٹی میں سنسکرت کے ریسرچ اسکالر ہیں۔ ہم اُنکی کامیابی کیلئے دست بدعا ہیں اور ہمیں اُمید ہے کہ اپنے فرصت کے اوقات میں وہ ساقی کیلئے کچھ نہ کچھ لکھتے رہیں گے۔

چغتائی صاحب کی صحت خُدا کے فضل سے سنبھلتی جا رہی ہے مگر بہت سُست رفتاری سے۔ لکھنے پڑھنے کی اجازت اُنہیں ابھی نہیں ملی ہے، اور ایسی حالت میں کہ سکونِ خاطر میسّر نہ ہو کوئی لکھ بھی کیا جا سکتا ہے۔ چغتائی صاحب کے ارشاد کے مطابق ساقی کے ذریعہ اُن سب بھائی بہنوں کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے جنہوں نے ازراہِ ہمدردی انہیں خطوط لکھے۔ وہ جواب دینے کے قابل ابھی نہیں ہوئے

"شاہد"

اکبر کا خواب

انگلستان کے ایک مشہور شاعر نے شہنشاہ ہند جلال الدین اکبر کے حالات اور خیالات سے متاثر ہو کر بہت عرصہ ہوا کہ ایک نظم لکھی تھی جس کا عنوان "اکبر کا خواب" تھا۔ وہ خواب نظم میں ہی جس کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

مقام۔ فتح پور سیکری کے محل میں اکبر بادشاہ اور ابوالفضل نظر آتے ہیں۔ رات کا وقت ہے۔

ابوالفضل اکبر بادشاہ سے دریافت کرتا ہے کہ:۔

"اے قوموں کے نور آج کس خیال نے آپکو پریشان کر رکھا ہے؟"

اکبر نے آسمان کی طرف نظر کر کے ستاروں کو دیکھا اور ابوالفضل کی طرف سر پھیر کر کہا "میں نے ایک خواب دیکھا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ صحیح نہ ہو لیکن میں نے اپنا دل خدا کی طرف رجوع کیا اور اپنے خواب کے متعلق خدا سے دعا مانگنے لگا۔ دعا مانگنی اور اس کے مطابق عمل کرنا دونوں باتیں اللہ کی عبادت میں شامل ہیں۔ لیکن وہ دعائیں جن کے مانگنے کے بعد اُن کے مطابق انسان کا عمل نہیں ہوتا تو اُن کی مثال اُن خوبصورت ماؤں کی سی ہوتی ہے جو مُردہ بچے جنتے ہی مر جاتی ہیں۔ میں نے خدا کی جناب میں اقرار کیا کہ اپنی اس عظیم الوسعت سلطنت میں جسے شمشیر نے جو انسان کو صرف اس لئے مغلوب کرتی ہے کہ امن و سلامتی پر قبضہ ہو فتح کر کے مجھے اس لئے بخشا ہے کہ میں صدق و انصاف سے ہمیشہ حکومت کروں۔ خواہ اس میں چاہے کیسے سے کیسے بُرے خواب نظر آیا کریں مگر میں اللہ کو ہمیشہ اپنا ہادی اور رہنما سمجھتا رہوں گا۔

اے میرے شریف دوست اور خیر طلب مشیر میرے پہلو میں آ کر بیٹھ۔ جب تک تُو اور میں یکجا ہوتے ہیں تو میں اُس تنہا شخص کی طرح نہیں ہوتا جو بادشاہ کے باغ میں جاتا ہے اور ادھر اُدھر پھر کر ہر خوشنما پودے سے خوبصورت پھول توڑتا ہے تاکہ اُن سے ایک تاج بنائے جو صرف بادشاہی کرنے کیلئے نہ ہو بلکہ وقت مناسب پر اس جنگ و جدل کی سرزمین ہند میں ہر مسلمان۔ برہمن۔ بدھ۔ مسیحی اور آتش پرست کا زیب سر ہو سکے۔

تیرے بھائی فیضی نے اللہ کی تعریف میں کیا خوب کہا ہے۔ "اے اللہ تیری شان و بزرگی نے عقل کو حیرت میں ڈال رکھا ہے"۔ حکمت کی راہوں نے جو تیرے کمال کا راستہ بتاتی ہیں مخلوق کو ریگ بیاباں کے ذرّوں کی طرح اندھا کر رکھا ہے۔ ہم تیری ابجدِ عشق کا الف تک نہیں پڑھ سکتے۔ اللہ اپنے تئیں جانتا ہے۔ انسان نہ اپنی اور نہ اللہ کی معرفت حاصل کر سکتا ہے کیونکہ ہر مذہب و ملت کا چھوٹے سے چھوٹا فرقہ یہی دعویٰ رکھتا ہے کہ صرف میں ہی اُس طریقت پر ہوں جو برحق ہے، باقی جس قدر ہیں سب تباہی کے متوجب ہیں۔ کیا گلاب چمبیلی سے کہے گا کہ تو کوئی پھول نہیں۔ کیا شجرِ خرما سروِ بستاں سے دعویٰ کریگا کہ میں ہی صرف حُسن رکھتا ہوں۔ کیا آم کا پیڑ خربوزے کو ٹھوکر مار کر کہے گا کہ صرف میرا ہی وہ پھل ہے جس کو انسان کیلئے اللہ نے پیدا کیا ہے۔ دیکھو اللہ کی زندہ نبض اس عالم

کے ہر جزو میں کس طرح تڑپ رہی ہے۔ اگر آسمان کا ہر ایک ستارہ دعویٰ کرے کہ بس میں ہی فلک پر ایک انجم ہوں تو افلاک پر وہ موسیقی پیدا ہو جسے یونان کے فلسفی (فیثا غورث) نے کبھی خواب میں بھی نہ سُنا ہو۔ سب میں نور ہے اور نور تھوڑا یا بہت سائے کے ساتھ عبادت کے انسانی طریقوں میں ظاہر ہے مگر ہمارے علمائے دین جو اطلسی مسندوں پر بیٹھ کر ناریوں کے عذاب پر غور و فکر فرماتے ہیں وہ سب وحشی درندوں کی مانند ہیں جو ابھی قفس میں بند کئے گئے ہیں۔ جس قدر قفس تنگ ہے اُسی قدر اُن کا غصّہ اور پیچ و تاب زیادہ ہے۔ یہ لوگ نہایت گستاخ بن کر میرے مقابلے پر آتے ہیں۔ اِس میں تعجب کرنے کی کوئی بات نہیں ہے کیونکہ میں آخر وہی ہوں جس نے کہدیا ہے کہ کتّا تک پاک ہے۔ لحمِ خنزیر بھی ناپاک نہیں۔ اور شراب پی جا سکتی ہے۔ وہ یہ بھی خوب جانتے ہیں کہ جب کبھی ہمارے قصرِ شاہی میں جہاں حکمت کی باتوں اور مذہب کے مسائل پر آزادی کے ساتھ بحث ہوتی ہے اُنھوں نے معمولی شرعی قیل و قال کی ہے تو میں نے اُن کی باتوں میں ایسی ہی موجوں کی آواز سُنی ہے جو تنگ جگہ سے گزرنے میں جوش کھاتی ہیں۔ لیکن یہ آواز وہ عظیم الشان آواز نہ تھی جو حقیقی بحر نما پیدا کنار کی موجوں کی ہوتی ہے۔ کسی قوم کو اُس کے قدیم مذہب کے احاطے سے نکال کر زبردستی اپنی ملت کی حدود میں محصور کرنا عقل اور شانِ بادشاہی کے خلاف ہے۔ یہ سچ ہے کہ میرے دورِ سلطنت کی نورانی صبح میں اِس شرمناک بادل کی سُرخی اُس وقت ظاہر ہوئی تھی جبکہ میں نے نیا مذہب جاری کرنا چاہا تھا۔

میں لوگوں کی جات اور مذہب کے جھگڑوں سے متنفر ہوں اور میں لوگوں کو اُن کی مرضی کے مطابق عبادت کرنے دیتا ہوں۔ اور مذہب کی بنا پر غیر مذہب والوں پر کوئی محصول نہیں لگاتا۔ میں ہر مذہب اور قوم سے بہادر اور شجاع آدمیوں کو دوستی اور مشورت کیلئے انتخاب کرتا ہوں۔ کافر کے لفظ سے مجھے نفرت ہے۔ قرآن و شمشیر کا نام جب سُنتا ہوں تو لرز جاتا ہوں۔ مسیحی اور صلیب کے الفاظ پر سہم جاتا ہوں لیکن نصرانیوں کی مقدس کتاب بتاتی ہے کہ خُدا عشق ہے اور جب گوداما کے ایک پادری نے اپنے نبی ابن مریم کا قول نقل کیا کہ "اے بچّو ایک دوسرے کو پیار کرو اور اچھا چاہو اُن کا بھی جو تم پر ظلم کرتے ہیں" میں نے یہ جملہ سُنکر خیال کیا کہ اِس قول میں ایک بادل کو ہٹا کر وہ نورانی شعاع ظاہر کی گئی ہے جو کسی مذہب کے کُرۂ نور سے بھی نہیں نکلتی۔

ابوالفضل تجھے یاد ہوگا کہ جب اِس پیشگو پادری نے اپنے آقا اور اُستاد مسیح کو پاکی اور انصاف کا سورج کہا تھا تو اُس وقت ایک بوسیدہ مذہب کے در و دیوار غصّہ اور غضب سے کیسے ہلنے لگے تھے۔ اُس پادری نے مسیح کو پاکی اور انصاف کا سورج ہی نہیں کہا بلکہ یہ بھی بتایا کہ خُدا اس زمین پر آیا اور اُس نے اپنے ماننے والوں کو سچائی اور انصاف کی رسّی میں باندھا۔

یہ تُو کیا کہتا ہے۔ کیا قدیم ایران میں اللہ کو عشق کا آفتاب اور عشق کو راستی کی کمند نہیں کہا گیا۔ کیا یہ آواز ایران قدیم سے نہیں بلند ہوئی تھی، نہیں مجھے علم ہے کہ یہ ایک بڈھے عرب شیخ کا قول تھا۔ اِس شیخ پر عورتیں

چیختی اور چلاتی تھیں کہ وہ ملحد و کافر ہے۔ کوٹھوں پر چڑھ کر اُس پر غلاظت پھینکتی تھیں مگر یہ شیخ وہ تھا جو رازِ الٰہی کے نغمے سُناتا تھا اور جس نے خُدا کے عشق میں اپنی خودی کو محو کر دیا تھا۔

اللہ آفتاب ہے جو دُنیا میں اُس وقت تک دھندلا نظر آتا ہے جب تک زمین پر صبحِ فانی کی عبادتیں آفتابِ نصف النہار کی چمک میں محو نہ ہو جائیں۔ یہ وقت وہ ہوگا جبکہ ایک مذہب دوسرے مذہب کے خلاف غلط شہادت نہ دیگا بلکہ نور کی کثرت میں اپنی حدود کو پہچانے گا اور وہاں سے گذر کر سچائی کی محبت اور محبت کی سچائی میں ازل تک ہمیشہ آسانی سے رہ نورد رہے گا۔

آفتاب! آفتاب! لوگ مجھ زرتشتی پر ملامت کرتے ہیں لیکن سُورج ہماری زمین کو گرما کر اناج اور پھل دیتا ہے۔ دُھوپ کھلا کر ہماری کھیتیوں پر تبسّم کرتا ہے۔ اِس میں کھیتی چاہے تیری ہو چاہے میری۔ شیعہ اور سُنّی دونوں کے خون کو حرارت بخشتا ہے۔ اِس لئے آفتاب کو ابدی اور ازلی نشان مانو۔ جو بادشاہ اپنی کُل رعایا سے ایک ہی سی محبت اور ان سب کے لئے ایک ہی سا قانون رکھتے ہیں وہ اِس بنا پر کیسے آفتاب کی عظمت اور بُزرگی نہ کریں۔ ایسے بادشاہ اور سلاطین اپنے افعالِ نیک سے انسان کے حق میں نور ہوتے ہیں۔ لیکن ہماری حضور سے ایک شخص کے چہرے پر یہ نور پورا چمکنے نہ پایا تھا کہ کل صبح وہ ہمارے پاس آیا اُس کی دونوں آنکھوں میں غصّہ اور قہر سے نارِ جہنم مشتعل تھی۔ آتے ہی چلّایا کہ کیا تُو آسمان سے نیا قرآن ہمارے لئے لایا ہے۔ کیا تُو پیغمبر بنتا ہے۔ کیا تُو معجزے دکھا سکتا ہے۔ اُس کا وحشیانہ غصّہ چاہتا تھا کہ مجھکو اُٹھا کر کہیں پھینکدے۔ لیکن وہ کامیاب نہ ہوا۔ معجزہ ـــــ کیسا معجزہ۔ معجزہ نہ میں دکھا سکتا ہوں نہ کوئی اور۔ میں صرف اتنا کر سکتا ہوں کہ حیاتِ انسانی کے تاریک حُجرہ میں عقل کی مشعل دکھا دوں اور خود متحیّر ہو کر اِس کائناتِ عالم کے معجزے کو دیکھوں اور اُس کی عظمت کے خیال میں محو ہو جاؤں جس نے یہ سب کچھ بنایا ہے اور جو سب کچھ بناتا ہے۔ جو ہے ـــ مگر وہ نہیں ہے جس کو میں دیکھ رہا ہوں۔ باقی ظاہری صورتیں ہیں اور حقیر رسمیں جو مختلف قوموں کے ساتھ اپنا رنگ جُدا جُدا دکھاتی ہیں۔ لیکن اے دوست تجھے علم ہے کہ میرے نزدیک یہ ظاہری صورتیں بھی ضروری ہیں۔ وہ انسان جو احتیاط اور مہربانی کے ساتھ خلقِ خُدا پر حکومت کرتا ہے اُس کے لئے اتنا لازم ہوتا ہے کہ اِن ظاہری صورتوں کو ایسے سانچے میں ڈھالے کہ سب کے لئے وہ موزوں و مناسب ہو جائیں۔

یہ ظاہری صورتیں اس سے زیادہ نہیں ہیں کہ اُنہیں خوبصورت پوشاکیں سمجھا جائے۔ کہیں سادی کہیں قیمتی چُست یا ڈھیلی جو ہوا میں اُڑتی نظر آتی ہیں۔ ان میں جو حرارت ہے وہ دل کی حرارت ہے اور اُن میں جو حرکت ہے وہ ہاتھ پاؤں کی حرکت ہے اور یہ پوشاکیں ایسی ہیں کہ جب پُرانی ہو جاتیں تو اُن کی جگہ نئی بدلی جاتی ہیں۔ یہ صورتیں فطرت کے بازار میں روحانی کہلائی جاتی ہیں۔ یہ انسان میں خُدا کے موجود ہونے کی خاموش بحث ہیں جو بول بھی اُٹھتی ہیں۔ یہ علم ہیں جو اُس وقت کا نشان دیتی ہیں جو نظر نہیں آتی لیکن دُور ہی سے سب پر حاکم اور قادر ہے۔

یہ صورتیں وہ ریشم کی ڈوریاں ہیں جو بہشت سے لٹکائی گئی ہیں تاکہ اُس وقت جبکہ فلسفہ اور حکمت کے طریقے کام نہ دیں وہ خدا کی مخلوق کو غلاظت میں لوٹنے سے بچا دیں۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جب رعایا اپنے آقا کو دیکھے جس نے اُن کے لئے ان صورتوں کو پیدا کیا ہے تو اُن کی پابند ہو اور آقا کی مطیع رہے تاکہ اس پابندی ایک حد تک زندگی اسی طرح بسر ہو جو پل اُترنے کے بعد زندگی ہونے والی ہے اور خود اپنے میں اور اپنے سے باہر اُس ذاتِ الاتناہی کی خدمت ہو سکے جو سب کچھ ہے اور سب سے برتر ہے۔ جو نہ بدلنے والی ذاتِ واحد اور نہ ہمیشہ تغیر میں رہنے والی کثرت ہے۔ جس کی حمد میں کلیسا کا گھنٹہ۔ مسجد سے اذان۔ صنم پرستوں سے رازِ الٰہی کی ٹوٹی ٹوٹی آوازیں بلند ہو کر ایک ہی دُھن میں خُدا کی عبادت کا راگ گاتی ہیں۔ مغرب کی طرف اس آہستہ غروب ہونیوالے نورانی کُرہ کے نیچے مسیحی ایک روحانی سردار رکھتے ہیں اور اے ابوالفضل میں بھی تیرے مشورہ اور مدد سے اسلام کا ویسا ہی سردار ہوں کیونکہ شانِ سلطانی کا سراب اُس وقت تک پورا نظر نہیں آسکتا جب تک اتنی قوت نہ ہو کہ اپنی بے شمار رعایا کو متحد کر کے تنِ واحد بنا دے۔ ظلم اور سفاکی کے خونخوار شیر کو شکار کروں اور ملتِ الٰہی کو مذاہب مختلفہ کی طوفانی سطح پر اس طرح سکون پیدا کروں جیسے موجوں پر تیل ڈالنے سے طوفان میں سکون پیدا ہو جاتا ہے۔ طوفان نے جو موجیں اُٹھا کر اُن میں غار ڈال دیئے ہیں اُن کو پُر کروں۔ اپنے بچّوں کو صدق و صفا کے دودھ پر پرورش کروں۔ پُرانی عداوتوں کو کیمیا کے زور سے عشق و اُلفت کا کندن بنا کر سکّہ رائج کروں اور اُن مذہب پیشہ لوگوں کے قاتل زہر کو جو افعی کی طرح پھن اُٹھاتے ہیں کُچل کر نیست و نابود کر دوں۔ ایک اللہ ہو اور اُس کا ایک خلیفہ لیکن بعض اوقات شُبہ کو دخل ہوتا ہے اور خوف دامن گیر ہوتا ہے اور کل دوپہر کو تو خواب ہی دیکھ چُکا ہوں۔ مجھے معلوم ہوگا کہ میرا دل اپنے فرزند سلیم کی محبّت میں کیسا چاہِ عمیق ہے اور وہی میرا وارث ہو۔ لیکن یہ میرا خواب کیسا وحشت ناک ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ سلیم تیری طرف بُری نظروں سے دیکھتا ہے گویا تو وہ ہے جس نے مجھ کو صلاح اور مشورہ دینے میں شرک اور لا مذہبی کی شراب پلا دی ہے۔

میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک ایک پتھر چُن کر میں نے ایک مقدّس معبد تعمیر کیا ہے جو نہ بُت خانہ ہو نہ مسجد ہے نہ کلیسا۔ یہ عمارت بلند اور سادہ تھی۔ اُس کے دروازے اور دریچے نسیمِ بہشت کے لئے ہر وقت کُھلے رہتے تھے۔ راستی۔ امن۔ محبّت۔ انصاف اس گھر میں آکر بس گئے تھے۔ تم اور میں اِس قصرِ عالیشان کو کھڑے دیکھتے اور خوش ہوتے تھے کہ دفعتاً ہنسنے کی آواز آئی جو زہر خند سے کم نہ تھی اور یہ الفاظ سُنائی دئے "نیا قرآن" اِس کے بعد دفعتاً سلیم کا نام سُنا اور فوراً دیکھا کہ تُو میرے سامنے مر کر گرا ہے۔ سیاہ پروں والے عزرائیل نے مجھ کو بھی مغلوب کیا لیکن چونکہ موت کے بعد بھی سماعت و بصارت قائم ہے میں نے اپنے فرزند اور اُن کو جو اُس کے پیرو تھے دیکھا کہ میری تعمیر کے ایک ایک پتھر کو علیحدہ کر کے اُسے کھنڈر کر دیا ہے اور اس کھنڈر سے لاکھوں مظلوموں کی چیخوں اور کوسنوں کی آوازیں اسی طرح بلند ہوئی ہیں جیسا کہ پہلے کبھی حال تھا۔ میں اِس

حالت کو دیکھ کر آہ و فغاں کرتا تھا کہ مغرب کی سمت سے ایک اجنبی قوم آئی اور اُس نے میرے شکستہ قصر کے ایک ایک پتھر کو جمع کیا۔ راستی۔ امن۔ محبت۔ اور انصاف پھر اس گھر میں آکر آباد ہو گئے۔

میدانوں میں ستی کی آگ پھر کسی نے نہ دیکھی اور نہ کسی کم سن بیوی اور بیوہ کی پُر درد آہیں سُنیں۔ سب تعریف اللہ کی ہے جس کے ہاتھ سے اُس نے چاہا میری مُراد پوری کی۔ لو اب نوبت کی آواز آنے لگی ہے۔ محل میں سب بیدار ہو گئے ہیں اور صبح نے رات کی سیاہ پلکوں کو روزِ بیدار کے گلابی رُخساروں سے اٹھا دیا ہے۔ آؤ اُس چشمۂ نور یعنی آفتاب کی تعریف میں نغمہ سرا ہوں اور ہم بھی وہیں چلیں جہاں یہ نغمہ سرائی ہو رہی ہے۔

سُورج کی تعریف

پھر تُو آسمان پر چمکتا ہوا آیا۔ پھر میں نے تجھے درخشاں و تاباں دیکھا۔ ہر صبح تیری پیدائش کا دن ہے۔ انسان کی نظر اور دل کو تُو خوش کر رہا ہے۔ ہر صبح ہم تجھے یہاں آکر سلام کرتے ہیں اور تیری تعظیم و تکریم میں جُھکتے ہیں۔ تُو خُدا کی مثل ہے۔ تُو نہ بدلنے والے افلاک پر ہے۔ تُو سائے کا پیدا کرنے والا اور تُو ہی سائے کا مٹانے والا ہے۔ مُلکوں مُلکوں اپنی روشن شعاعوں کو تیروں کی طرح برساتا ہے۔ یہاں تیرے دربار کے لاکھوں شاعر تجھے بادشاہ کہکر تیرے استقبال کو حاضر ہیں۔ چمن اور صحرا کے راگوں میں تیری تعریفیں گانے بیٹھے ہیں۔ طیور گاتے ہیں۔ کلیاں کھِل کر پھول بنتی ہیں۔ انسان اِس گنبدِ نیلگوں کے سائے میں تیری تعظیم کے لئے جُھکتے ہیں۔ یعنی اُس کی عبادت میں جو ابدی اور ازلی ہے اور جو اِس شعلۂ نور میں موجود ہے جس سے وقت کا اندازہ کرتے ہیں۔

عنایت اللہ دہلوی!

شہرۂ آفاق شیکسپیر کی مشہور عالم تصنیف

ہیملٹ

کا ترجمہ ہندوستان کے سب سے بڑے مترجم

مولانا عنایت اللہ دہلوی بی۔ اے۔

سابق ناظم دارالترجمہ حیدرآباد دکن

نے کیا ہے۔ اور ساقی بُکڈپو۔ دہلی کے اہتمام سے بڑی خوبصورت کتاب کی صورت میں شائع ہو گیا ہے۔

سرورق رنگین اور مضبوط۔ قیمت ایک روپیہ۔

چار سو بیس[1]

فریب و مکر و فن کا ہے زمانہ
کہاں یارب مزاجِ عاشقانہ؟

زباں پر اور کچھ ہے، دل میں کچھ اور
پسند ہر کس و ناکس ہیں یہ طور

مٹا ہے دہر سے اخلاص کا نام
مودّت کے بھی اب پھنسنے لگے دام

تمدن کی نہ مجھ سے پوچھیے بات
فسادات و فسادات و فسادات!!

سیاست تو ازل سے تھی ہی بدنام
کہ یاں بے مکر و فن چلتا نہیں کام

مگر یہ علم یہ صنعت یہ حرفت
جنہیں سمجھا گیا تھا عینِ رحمت

پریشانی کا باعث ہو رہے ہیں
انہیں ہم اور ہمیں یہ رو رہے ہیں

جب استادوں کی مظلم[2] زندگی ہو
تو شاگردوں میں کیا تابندگی ہو!!

فریب اُن کو سکھایا جا رہا ہے
ہمیں گویا بنایا جا رہا ہے

ادب پڑھتے ہیں لیکن بے ادب ہیں
حیا کے شرم کے قائل ہی کب ہیں؟

زر اندوزی سکھائی جا رہی ہے!
یہ چاٹ اچھی لگائی جا رہی ہے!!

جسے دیکھو وہی ہے بندۂ زر
مسلماں ہو کہ ترسا ہو کہ کافر

خدا بھولا ہوا ہے زر کی خاطر
بُرائی تک روا ہے زر کی خاطر

نمائش پر مٹی جاتی ہے دُنیا!
ستائش پر مٹی جاتی ہے دُنیا!

نہ شاعر میں سرورِ زندگی ہے
نہ مُلّا کو شعورِ زندگی ہے

ہوس رانی وہاں یاں لن ترانی
اور اِن پر ہے مدارِ کامرانی!!

کوئی شعبہ نہیں ہے زندگی کا
جہاں چرچا نہ ہو بافندگی[3] کا

بکے جاؤ اسی بکنے میں ہو جیت
یہی گویا ہے اس تہذیب کی ریت

اصولِ زندگی جب بن گیا جھوٹ
نتیجہ اس کا دونو لوٹ اور پھوٹ

غرض دیکھو جسے ہے ابنِ ابلیس
کہ دُنیا ہو گئی ہے چار سو بیس

عینِ جنیں سیالکوٹی

---

[1] تعزیراتِ ہند کی دفعہ۔ دغا۔ [2] سیاہ۔ تاریک۔ [3] دروغ بافی۔

شکوہ اور جوابِ شکوہ

یہ فرحت ہے۔ یقین مانیئے کہ یہ کچھ انسانی دماغ کی خرابی ہے کہ جہاں کسی شخص کی جا و بیجا تعریف کی گئی۔ اور اس کے دماغ کا توازن بگڑا۔ اوروں کو چھوڑیئے۔ خود مجھے ہی دیکھ لیجئے۔ دوستوں نے یہاں تک تعریفیں کیں۔ یہاں تک تعریفیں کہ میں بیٹھے بٹھائے شاعر بن گیا۔ شاعر کے بس دو ہی ٹھکانے ہیں۔ بلند پروازی کی تو آسمان پر پہونچ گیا اور وہاں سے گرا تو تحت الثرے کی خبر لایا۔ میرے خیال نے شروع میں مجھے بھی آسمان پر پہنچا دیا تھا۔ طبیعت زوروں پر تھی۔ ارادہ ہوا کہ علامہ اقبال کی طرح میں بھی اُس عرش نشین ہستی سے شکوہ کروں اور جواب کا طالب ہوں۔ مگر ہمت نے جواب دیدیا۔ اور سمجھایا اگر شکوہ کا جواب نہ ملا۔ یا کوئی سخت جواب مل گیا تو سب میں کرکری ہو جائے گی۔ اس لئے پھر اس پامال دُنیا کی طرف رُخ کیا۔ ایک ویران سا آباد شہر میں گذر ہوا۔ لوگوں سے پوچھا کہ بھئی یہ کونسی بستی ہے۔ جواب ملا یہ دلّی ہے۔ سامنے ہی ایک چھوٹا سا مکان تھا۔ دل نے کہا کہ چلو اندر چلکر یہاں کا بھی رنگ دیکھ لیں۔ غرض میرا خیال مجھکو اندر لے ہی گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ مکان ایسا کچھ بُرا نہیں ہے۔ سامنے دالان در دالان ہے۔ اندر کے دالان میں ایک پلنگ بچھا ہے۔ اور اس پر ایک بی بی دولائی تانے لمبی لمبی لیٹی ہیں۔ اور کروٹوں پر کروٹیں بدل رہی ہیں۔ سارے چار بجے شام کو اس طرح لیٹنا دو باتوں سے خالی نہ تھا۔ یا تو وہ بیمار تھیں۔ یا اپنے میاں سے لڑنے کی تیاری کر رہی تھیں۔ دوسری طرف نظر دوڑائی تو دیکھا کہ ان دالانوں کے پہلو میں ایک اکہرا دالان ہے۔ اُس میں تخت پر ایک بڑی بی بیٹھی کھٹا کھٹ چھالیا کتر رہی ہیں۔ اور تخت کے برابر ایک ٹوٹے ہوئے مونڈھے پر ان کے میاں بیٹھے حقہ گڑگڑا رہے ہیں۔ یا یوں کہو کہ سڑسڑا رہے ہیں۔ میں اس مکان کے دیکھنے میں مشغول تھا کہ اتنے میں بیوی کے میاں آ گئے۔ عجیب پریشان شکل تھی۔ سر جھاڑ۔ مُنہ پھاڑ۔ جُوتوں۔ کپڑوں اور مُنہ پر خاک کی تہ۔ بغل میں مسلوں کا بستہ۔ اُن کے لمبے لمبے سانس لینا بتا رہا تھا کہ پیدل آ رہے ہیں اور یقیناً بھوکے ہیں۔ میں نے کہا "لو بھئی اچھے وقت آئے۔ اب انشاء اللہ تمہارا "شکوہ" اور "جوابِ شکوہ" ضرور پورا ہو جائے گا۔ میاں نے آتے ہی کہا "بیگم۔ اجی بیگم" مگر پلنگ پر سے صدائے برنخاست۔ انہوں نے بستہ تو ایک طرف پھینکا۔ وہیں دہلیز میں بیٹھکر جوتے کے بند کھولے جوتا اُتارا۔ جُرابیں اُتار ایک طرف پھینکیں اور ذرا زور سے وہی صدا لگائی کہ "بیگم بیگم"۔ بیگم صاحبہ نے اسی طرح پڑے پڑے جواب دیا "کیوں کیا ہے" میاں نے کہا "ہے کیا۔ بھوک سے دم نکل رہا ہے۔ صبح کو کبھی کچھ یونہی سا ناشتہ کر کے گیا تھا۔ کھانے کو کچھ ہے"۔ بیوی نے جواب دیا کہ "اللہ کے فضل سے بس برکت ہی برکت ہے" میاں نے کہا "اور کچھ نہیں تو للہ چار ہی بنا دو"۔ بیوی نے مُنہ پر سے ذرا دولائی سرکا کر کہا "کہاں سے بناؤں۔ چار کا ڈبہ تو کل ہی ختم ہو گیا تھا۔ کلّو حلوائی سے دودھ منگوایا تھا۔ اُس نے ٹکا سا جواب دے دیا۔ کہتا ہے کہ پہلے اکلا حساب چکتا کر دو۔ اب رہی شکر۔ تو اس میں آپ کے ابّا جان کی چلم اُلٹ گئی۔ ہاں چولھے پر پانی چڑھا ہوا ہے۔ جا کر پی لو"۔ میاں نے کہا "اور میں جو آج روپیہ دے کر گیا تھا وہ کیا ہوا"۔ بیوی نے کہا "ہوا کیا۔ خرچ ہو گیا۔ دو آنے کی چھالیہ تو اماں جان نے منگا لی۔ تین آنے تمباکو ابّا جان لے گئے

باقی پیسے دوسرے کاموں میں اُٹھ گئے۔" میاں نے کہا۔ "آخر میں بھی تو سُنوں کہ یہ اکھٹے گیارہ آنے کس کام میں اُٹھے۔" بیوی بولیں "آج یوسف آیا تھا۔ اُسکو ڈور گڈی منگوادی۔" میاں نے چکرا کر کہا۔ "یوسف کون۔ آپ کے بھائی صاحب۔" بیوی نے تڑخ کر جواب دیا "جی ہاں۔ میرا بھائی اور آپ کا سالا۔" میاں کو تاؤ آگیا۔ کہنے لگے۔ "بیوی صاحبہ اب حد ہوگئی۔ تم یوں ماننے والی آسامی نہیں ہو۔ خیر۔ ٹھیر جاؤ تمہاری سلیقہ مندی کا قصیدہ لکھکر ساری دلّی میں پھیلائے دیتا ہوں۔ تاکہ لوگوں کو معلوم تو ہو کہ میری بیوی کیسی زوردار بیوی ہے۔ آج دفتر میں فرصت تھی۔ قصیدہ لکھ تو لیا ہے۔ ذرا نظر ثانی باقی ہے۔ کہو۔ سُنو گی۔" بیوی یہ سُن دولائی پھینک پلنگ پر پاؤں لٹکا ہو بیٹھیں۔ اور کہنے لگیں "ہاں سُنوں گی۔ اور ضرور سُنوں گی۔ مگر یہ بھی یاد رکھیئے کہ اگر میں نے کوئی قصیدی آپ کی شان میں لکھدی تو انشاء اللہ آپ کو شہر چھوڑ دینا پڑے گا۔"

میاں نے کہا۔ "یہ تو آج ہی معلوم ہوا کہ آپ بھی شاعر ہیں۔" بیوی نے کہا۔ "عورت شعر نہ کہے گی تو کیا مرد شعر کہیں گے۔ اجی عورت تو شعر مجسم ہے۔ ہمارے مُنہ سے جو بات نکلتی ہے شعر ہوتی ہے۔ اور ہاں وہ اپنا قصیدہ تو سُنایئے۔ مگر جواب سُننے کے لئے تیار رہیئے۔" میاں نے کہا۔ "تو پھر ہوگئی۔" بیوی نے کہا "جی ہاں ہوگئی۔ بسم اللہ کیجئے۔" میاں نے کہا "بہت خوب سُنئے اور جلئے۔ اس نظم کا نام ہے "شکوہ" عرض کیا ہے۔

شکوہ

میری پیاری بیوی میرے جان بیوی — میری زوردار اور پہلوان بیوی
میں کتنا سنبھالوں نہیں دل سنبھلتا — تجھے دیکھ کر دم ہی میرا نکلتا
نہ کھانا پکانا نہ سینا پرونا — ہمیشہ پڑے رہنا دن رات سونا
بٹھے چاؤ سے بیاہ کر تجھکو لایا — مگر خوب ہی تاج تو نے نچایا
بی اماں سو دن رات کی دشمنی ہے — اور ابّا سے ہر دم لڑائی ٹھنی ہے
عجب حال تیرا ہے اے گھر کی مالک — ابھی ہے تو مجذوب ابھی ہے تو سالک
نہ دیکھی خوشی تیری باعث کسی نے — محرّم ہے اس گھر میں بارہ مہینے
تجھے بغض ہے میرے سب دوستوں سے — خدا ہی بچائے انہیں کوسنوں سے
سینما نہ جاؤں تو آخر کروں کیا — یونہی کام ہی کرتے کرتے مروں کیا
ہے پہلے ہی سو مجھپہ قرضہ کی آفت — نہ چادی ہے پھر اُسپہ تو نے قیامت
میں چوری کروں یا کہیں ڈاکہ ڈالوں — سنبھالوں تو اس گھر کو کیونکر سنبھالوں

قسم ہی نہیں کچھ غلو ہمیں حاشا — خدا کی ہے قدرت کا تو اک تماشا
اُڑے تیری باتوں سے اوسان میرے — پھٹے جاتے چیخوں سے ہیں کان میرے
ذرا کچھ کہا اور پھر فیل لانا — قیامت بپا کرنا ٹسوے بہانا
بنی کو بگاڑا جہاں پایا تو نے — غرض کر دیا گھر کا گھر ڈایا تو نے
نہ سُسرے کی عزت نہ کچھ ساس کی ہے — غرض میرا بھی ستیاناس کی ہے
کبھی چپکے رہنا کبھی شور کرنا — کبھی مُسکرانا کبھی آہ بھرنا
ہیں مامائیں لاں تو نوکر پریشاں — بپا رہتا ہے ہر طرف ایک طوفاں
اگر چھو کرا پان لانیکو جائے — تو اندر سے وہ جوتیاں کھاکے آئے
کہاں تک بھلا ہوگا آخر نبھاؤ — کہاں تک چلے گی تیری لاؤ لاؤ
دیوالہ کسی دن ہے میرا نکلتا — مہینہ کا جب خرچ نو دن ہے چلتا
کبھی کا میں ہو جاتا دُنیا سے رخصت — مگر ہر دفعہ روک دیتے ہیں فرحت

دہ کہتے ہیں بھائی یہ ہے رنگِ دُنیا تمہارے ہی گھر کا نہیں کچھ یہ نقشہ ہر گھر کی سُنت ہے یہ کچے گلے ہیں اترتی نہیں یہ بھلے اور بُرے میں
ذرا صبر کو کام میں کچھ تو لاؤ نہ بیوی کو ہر وقت یوں کھائے جاؤ یہ مانا کہ پھوہڑ ہے بیکار ہے وہ مگر کچھ نہ کچھ پھر بھی خدمتگار ہے وہ

غرض ہر طرف سے ہے مجھ پر ہی آفت
کہ تُو ہے اِدھر اور رُدھر بھائی فرحت

شکوہ سُننے کے بعد بیوی کیا چُپ رہنے والی تھیں۔ کہنے لگیں "ماشاءاللہ۔ کیا زبان ہے۔ آپ کی تُو تکار نثر میں تو تھی ہی نظم میں بھی کم نہیں ہوئی۔ کیوں نہ ہو شریفوں کی زبان ہے۔ اور یہ نظم آپ نے کتنے قافیوں میں کہی ہے۔ اجی اس سے اچھی نظم تو میں یہیں بیٹھے بیٹھے کہہ دوں۔ اچھا سُنیئے۔ میری نظم کا نام ہے "جوابِ شکوہ" عرض کرتی ہوں۔

جوابِ شکوہ

میرے اچھے شوہر میرے پیارے شوہر — مرے دھان پان اور بچارے شوہر — بہت صبر کی۔ اب نہیں دل میں طاقت — کہاں تک سُنائے کوئی یہ مصیبت
سب اچھے تمہیں یوں تو چھوٹی بڑی ہیں — مگر مجھ نکوڑی ہی کیڑے پڑی ہیں — گھسے گھر میں اور ایک طوفان آیا — نہیں دیکھتے پھر تم اپنا پرایا
نہ کیوں دل جلے کچھ نہیں تم سے بیٹی — بڑے باپ کی ہیں بھی آخر ہوں بیٹی — اِدھر تم جلاؤ اُدھر ساس گودیں — اجی میں تو کیا اچھے اچھے بھی رو دیں
بُری میں سہی اور بُرا میرا کُنبہ — تو پھر پیر پڑ کر کیا کیوں یہ رشتہ — میاں سو روپلی ہیں تنخواہ پاتے — .....

میاں۔ بہت تیری کی تھی۔ وہ مارا پاپڑ والے کو۔ آخر کھانسنے لگیں نا۔ بیگم صاحبہ شعر کہنا آسان نہیں ہے۔ آدمی خون تھوکنے لگتا ہے۔" بیوی بولیں "خون تھوکیں میرے دشمن۔ خدانخواستہ مجھے کھانسی تھوڑی آئی تھی۔ میں تو قافیہ ڈھونڈنے کے لئے کھانسی تھی فی البدیہہ شعر کہہ رہی ہوں۔ تمہاری طرح دفتر سے لکھکر نہیں لائی۔ اے۔ لو قافیہ مل گیا۔ سُنیئے۔"

میاں سو روپلی ہیں تنخواہ پاتے — اور اس سو روپلی میں ہیں اینٹھی جاتے — اسی میں ہیں پھر دعوتیں اور چندہ — غرض لاؤ لاؤ کا ہے تم کو دھندہ
کبھی ہاؤ سینما کبھی ناچ گانا — مرے پاس گو پاگڑا ہے خزانہ — ہیں ارمان جو دل میں سارے نکالو — مجھے جا کے گڈری پہ تم بیچ ڈالو
ہو جب ایسے تم۔ ساس کیا کہوں میں — یہی جی میں ہے کھا کے کچھ سو رہوں میں — مری بات جب ساس سے نہ بنائیں — تو گھر آپ کا جائے اور آپ جائیں
میں لاوارثی اور بے گھر نہیں ہوں — میں ماں باپ پر ایسی دو بھر نہیں ہوں — یہ کہتے ہو تم سچ کہ میں ہی ہوں کھوٹی — تو پھر تھوبتا کون ہے روز روٹی
یہاں تو ہمیشہ تہڑی ہی تہڑی ہے — کسی دن بھی اس گھر میں ماما جڑی ہے — بی اماں تو ماما کی خود جان کھائیں — اور الزام سارا مرے سر لگائیں
مری انّا یاں آ گئی تھی بچاری — اسی دانتا کلکل سو وہ بھی سدھاری — یہ مانا نہیں میں نے اب تک سیا کچھ — کبھی تم نے کپڑا بھی لا کر دیا کچھ
وہی میں نے پہنا جو میکے سے لائی — رہا اب کفن وہ بھی لا دینگے بھائی — نہیں کوئی۔ اور غل یہ ہے کوئی آؤ — ذرا پان اندر سے بنوا کے لاؤ

ادھر جھوکرا آگے ہے شور کرنا ادھر باندیاں دم ہی ہُوحق کا بھرنا پھر ادیتی گھر بھر کو میں چھائیں بائیں منکر بی حمیدہ سدا آڑے آئیں
وہ کہتی ہیں دیکھو بہن یہ نہ کرنا تمہیں تو اسی گھر میں جینا ہو مرنا نہ حکم پیمبر کبھی بھول جانا خدا کو ہے اک دن تمہیں منہ دکھانا
ہو اصبر کر صبر کا پھل ملے گا زمانہ کبھی تو جگہ سے ہلے گا میں کس کشمکش میں ہوں آفت رسیدہ ادھر آپ ہیں اور اُدھر بی حمیدہ

"جواب شکوہ" میاں کے "شکوہ" سے زیادہ زوردار تھا۔ اس لئے میاں شرمندہ ہنسی ہنسے اور کہا۔ "بیوی قسم اللہ کی جی خوش ہوگیا۔ ۱۹ دسمبر کو مشاعرہ ہو رہا ہے۔ مجھے تو فرصت نہیں۔ تم مجھے ایک چٹا چٹی سی غزل لکھ دو۔" یہ سُننا تھا کہ بیوی کی باچھیں کھل گئیں۔ اور میاں سمجھ گئے کہ بیوی تعریف کی چوٹ کھا گئیں۔ کہنے لگے۔ "بیگم۔ اس وقت چاء پلا دو تو مزا آجائے۔" بیوی نے کہا۔ "ٹھیرو۔ میں ابھی بنا کر لاتی ہوں۔"

میں غور کرتا ہوں کہ یا الٰہی یہ کچھ عجیب معاملہ ہے۔ ابھی تو ان دونوں میں جھک جھک ہو رہی تھی۔ اور ابھی یہ میل ملاپ ہوگیا۔ دل نے کہا "حضرت۔ میاں بیوی میں اگر یہ نوک جھوک نہ ہو تو زندگی اجیرن ہو جائے اور مٹھاس کھاتے کھاتے مُنہ پھر جائے۔ ان شکوہ شکایتوں کا لطف جتنا اٹھانا ہے یہاں اُٹھا لو۔ معلوم نہیں کہ جنّت نصیب ہونے کے بعد یہ بات میسّر آئے یا نہ آئے۔

(بہ اجازت ڈائرکٹر صاحب آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن) مرزا فرحت اللہ بیگ دہلوی

تاثرات

یوں تو نہ چارہ کار تھا جان دیئے بغیر بھی
عہدہ برا نہ ہو سکا عشق جیئے بغیر بھی

رنگ اُڑا ہی عشق کا ہوش اُڑ رہے ہیں عشق کے
درد اُٹھے بغیر بھی ضبط کئے بغیر بھی

دیکھ یہ شامِ ہجر ہا دیکھ یہ ہی سکوتِ یاس
کاٹتے ہیں شبِ فراق صبح کئے بغیر بھی

گو کہ زباں نہیں رُکی پھر بھی نہ کچھ کہا گیا
دیکھ سکوتِ عشق آج ہونٹ سئے بغیر بھی

تیرے نثار ساقیا بادہ کشوں میں رات دن
عالمِ نشہ و خمار دیکھ پیئے بغیر بھی

عشق کی زندگی کو کیوں موت سے بڑھ کے کر دیا
اُف یہ سزا۔ خطا معاف جان دیئے بغیر بھی

دیکھ نگاہ پھیر کے دل میں نہ رکھ کدورتیں
کر گئی کام یہ ادا جان لئے بغیر بھی

غم کی بہارِ گلستاں دیدۂ خونچکاں نہیں
زخمِ نہاں بکس چلے خون دیئے بغیر بھی

یوں تو ہزار کوششیں لازمۂ حیات تھیں
کام نہ چل سکا فراق کچھ نہ کئے بغیر بھی

فراق گورکھپوری

لبِ لعلیں

سہیل مالن کا بیٹا تھا۔ شاہی باغ میں رہتا۔ گُل و بُلبل کے ساتھ ہنستا بولتا۔ جب دیکھو تو گھبتِ گُل کی طرح آزاد۔ پرند کی طرح مسرور۔ کبھی من کی چھاؤں میں بیٹھا ہے۔ کبھی خیال کے نور میں نہاتا ہے۔ اس دھوپ چھاؤں میں باغ کی پتی پتی کہتی: سہیل! رازِ زندگانی حُسن کاری میں ہے!! تو اس کی روح باغ باغ ہو جاتی۔ یہی پیام روز سُنتا۔ اس پر دھیان کرتا۔ آخر طبیعت مصوری پر آ گئی۔ جس میں وہ برکت ہوئی کہ اس کا ہاتھ دل اور دماغ ہمکنار ہو گئے اور نظروں میں حُسن سچائی تو سچائی خدا بنکر سما گیا!

ایک دن فجر کا وقت ہے۔ نسیمِ سحر چل رہی ہے۔ پرندگیت گا رہے ہیں کہ سہیل نے پھول توڑے۔ مالن نے گجرا گوندھا۔ اس سمے روز مالن گجرا لے کر خلسہ را جاتی اور شہزادی گلرو زمانی کو پہنا آتی تھی آج بھی جانے لگی تو سہیل نے گجرا دیکھا۔ مگر کچھ کھُو سا گیا۔ بچپن میں یہ بھی محل سرا جاتا تھا۔ شہزادی کو دیکھتا تھا۔ اس وقت اپنے آپ محل سرا کی اگلی پچھلی باتیں یاد آنے لگیں۔ ایک خیال آیا۔ جیسے جشن کے دن ہیں۔ شہزادیاں، امیرزادیاں رنگ محل آئی ہوئی ہیں۔ آپس میں پھُل چھپے ہو رہے ہیں۔ قہقہے لگائے جا رہے ہیں۔ انہیں میں شہزادی گلرو زمانی بھی تھی وہ بھی ہنسی تھی۔ آج وہی ہنسی سہیل کی یاد میں کچھ اس طرح بیدار ہوئی جیسے ساز کی چھیڑ سے نغمہ جاگ جائے!

دن یادِ ایام کی اس مزیداری سے شروع ہوا تھا۔ رات بھی آئی تو لیلیٰ بن کر آئی۔ یعنی سہیل نے خواب دیکھا کہ رنگ محل کے پائیں جو نور باغ ہے اس میں گیا ہے اور حوض کے کنارے کھڑا ہے۔ جہاں نشاط محل سے گانے کی دھیمی آوازیں آ رہی ہیں۔ چاندنی چھٹکی ہوئی ہے جس میں مرمرین جل محل دریائے نور کا جواب معلوم ہوتا ہے! قضارا ادھر شہزادی بھی آنکلتی ہے۔ اور حوض پر پاؤں لٹکا کر ہو بیٹھتی ہے۔ جیسے کوئی بھولا بچہ دریا کے کنارے بیٹھا ہو! شہزادی سہیل کو دیکھ لیتی ہے۔ اس کے پاس آتی ہے تو سہیل کو محسوس ہوتا ہے کہ کانپ رہا ہے۔ وہ پوچھتی بھی ہے کہ سہیل اچھے ہو اور اس کی مصوری کی بڑی تعریف کرتی ہے۔ مگر یہ خاموش تھا۔

خیر صبح ہوئی۔ ایک کیا کئی صبح ہوئیں۔ ماں بیٹے روز پھول توڑتے، گجرے گوندھتے رہے۔ مگر اس دن سے سہیل کچھ کھُویا کھُویا سا ہو گیا۔ ہر وقت اس پرمن کی بیندسی چھائی رہتی تھی! ماں کی مامتا بھلا بیٹے کی یہ حالت کب گوارا کرتی۔ پوچھا اور زور دے کر پوچھا تو سہیل کو اپنا خواب کہنا پڑا ساتھ ساتھ یہ بھی کہا۔ "ماں! یوں تو شہزادی ساری پرجا کے من کی ملکہ ہے۔ مگر ہمارے رویئں رویئں میں اس کا نام ہے تو روز گجرے پہنا آتی ہے! اس کی پوجا کر آتی ہے۔ میں بھی اُس کا گُن مانوں گا۔ اُس کی تصویر اُتاروں گا۔ تُو دیکھے گی کہ تیرا سہیل اس بہن، اس ماں، اس شہزادی اور اس دیبی کی کیسی پاکیزہ تصویر اُتارتا ہے۔ لیکن تھوڑی سی مدد کر۔ مجھے کچھ کچھ بتا کہ بڑی ہو کر شہزادی کیسی معلوم ہوتی ہے؟" یہ الفاظ سہیل نے کچھ ایسے وجد میں کہے کہ مالن کھڑی ہو گئی۔ کہا۔ یہ بات ہے تو چل میں تجھے شہزادی کا سروپ دکھاؤں۔ یہ کہہ کر سہیل کو سارے باغ میں لئے پھری۔ کہتی جاتی تھی۔ بیٹا! شہزادی کے سروپ کا کیا پوچھنا۔ وہ بڑا شاہانہ ہے۔ بس یوں سمجھ لے۔

یہ جو سامنے شمشاد ہے۔ میں سمجھتی ہوں اتنا تو قد ہوگا۔ مگر لانبے لانبے سنہرے بال اس برابر والے سنبل سے بھی پار ہیں۔ اچھا دیکھ! یہ نرگس ہے۔ اپنے باغ کے جیسی کہیں نہیں ہوتی اُس کی سی آنکھیں ہیں۔ مگر اس میں وہ ڈورے نہیں جو اُن میں ہیں۔ آنکھ ایسی ہے۔ گال جیسے گلاب کی پتی۔ ہائے کیونکر بتاؤں کہ چہرے پر نرگس و گلاب کھلے رہتے ہیں۔ بھرا بھرا جسم، بھرے بھرے بازو۔ پتلے پتلے ہونٹ جن پر ہنسی کھیلتی ہو۔ سہیل ذرا اس سورج مکھی کو دیکھ۔ مجھ بوڑھی کو دیکھ۔ یہ سارے دن سورج کو تکتا رہتا ہے۔ یہی حال میرا ہے۔ میرا کیا بھری محل سرا کا یہی حال ہے کہ شہزادی کو دیکھتے گذارتی ہے۔ خیر! میں یہ وہ تو جانتی نہیں۔ اتنا جانتی ہوں۔ جب سے شہزادی نام خدا سیانی ہوئی ہے۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہو جیسے ہمارے باغ پر بہار آئی ہو!

سہیل نے یہ سراپا بھی سُنا۔ کچھ اپنی یاد پر بھی زور دیا اور ان دونوں کو سمو کر تصویر اُتارنی شروع کی جس سے تصویر میں رنگ ہی اور آیا جوں جوں تصویر اُترتی جاتی اس کا شوق بڑھتا جاتا۔ شوق سے روح کے پَر لگ جاتے ہیں سہیل بھی اپنی ہر جنبش موقلم میں شفق کی افشاں چُنتا تھا۔ شُدہ شُدہ تصویر پوری ہوئی۔ جس میں چاند کی سج دُھج تو زہرہ کی زیبائی تھی۔ کیوں نہ ہو کہ اچھی تصویر مصوّر کے ہاتھ آنکھ کی شاعری ہوتی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس میں لفظ کی بجائے خط ہوتا ہے جو خیال کے گلے کا ہار ہوتا ہے اور جس طرح ایک اچھے شعر میں لفظ و خیال کی دھوم ہوتی ہے۔ اسی طرح اچھی تصویر میں بھی خط و خیال کی قیامت بپا ہوئی ضرور ہے۔ یہ سجل تصویر سہیل نے ماں کو دکھائی۔ وہ دیکھ کر بے چین ہوگئی کہ جس طرح ہو اسے شہزادی کو بھی دکھائے۔ روز چھپا کے ساتھ لے جاتی۔ مگر موقع نہ ہوتا۔ ایک روز شہزادی سہیلیوں میں بیٹھی تھی۔ ہنسی دل لگی ہو رہی تھی۔ مالن گئی۔ مجرا کیا۔ مجرا پہنایا پھر ادب سے کہا۔ جان کی امان ملے تو باندی کچھ عرض کرے۔ مگر شہزادی سے ہی کہنے کی ایک بات ہے۔ شہزادی جانتی تھی، مالن بڑے ادب قاعدے کی عورت ہے۔ کوئی ایسی ہی بات ہے جو یوں کہتی ہے۔ اُٹھی اور خلوت کی طرف چلی، مالن بھی ساتھ ساتھ ہولی۔ وہاں جاکر مالن نے ڈرتے ڈرتے تصویر نکالی اور عرض کی۔ حضور کا غلام کچھ دنوں سے تصویریں بنانے لگا ہے۔ ایک دن میرے سر ہوگیا کہ تُو تو روز مجرے لے جاتی ہے۔ شہزادی کے درشن کر آتی ہے۔ کیا تو ہی نے حضور کا نمک کھایا ہے۔ میں بھی آخر اسی نمک سے پلا بڑھا ہوں حضور میری شہزادی ہیں تو میری دیبی ہیں۔ جب دیبی کی پوجا کی جاتی ہے تو میں بھی اُن کی تصویر اُتاروں گا۔ یہی میری پوجا ہے۔ اسی کی نذر دوں گا۔ میں سمجھی حضور وہ یونہی کہتا ہے ایسا کون سا سورما ہے کہ بن دیکھے تصویر اُتارے گا۔ مگر اس نے تو یہ کام اپنی یاد سے کیا۔ جن دنوں یہ بچپن میں محلّہ آتا جاتا تھا حضور کی عمر بالی تھی۔ اس کے سامنے ہوا کرتی تھیں۔ جبھی سے اُس نے نک سُک کو دھیان میں رکھا ہوگا جو آج یہ تصویر اُتاری ہے۔ یہ سُن کر شہزادی مُسکرائی۔ تصویر لی۔ دیکھی تو اُس کی شیدائی ہوگئی۔ اچھی تصویر کا یہ جادو ہے کہ وہ آنکھ کے رستے دل میں اُترتی اور پھر وہیں رم جاتی ہے! مگر شہزادی نے کہا۔ مالن! مجھے اس میں ایک چیز ذرا سی کم معلوم ہوتی ہے۔ میرے ہونٹوں کی سُرخی دیکھ! اتنے پھیکے تو نہیں جتنے تصویر میں ہیں!! مالن نے کہا۔ حضور کی نظر کے قربان! مجھ اندھی دُندھی کو بھلا یہ بات کیا سوجھتی۔ اِس پر شہزادی بولی۔ اسمیں سہیل کا بھی قصور نہیں

بن دیکھے یہ چیزیں ہُو بہُو نہیں اُترتیں۔ اچھا مالن! ایک تدبیر ہے مگر کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ سہ پہر کو میں تیرے ہاں باغ آتی ہوں سہیل کو پہلے سے ایسی جگہ چھپا دے کہ مجھے دیکھ لے۔ جبھی یہ کمی پوری ہوگی۔ نہیں تو تصویر ادھوری ہے۔ میں کہتی ہوں جب ایک اچھی چیز تیار ہوگئی ہے تو پھر ذرا کے لئے اس کا ادھورا چھوڑ دینا اچھا نہیں۔ بس تو جا سہیل سے بھی کہہ دے۔ مگر دیکھ کسی کو خبر نہ ہو۔ مالن خوشی خوشی باغ آئی۔ سہیل سے سارا ماجرا سُنایا۔ سہیل نے کہا۔ خیر شہزادی کی جیسی مرضی۔

سہ پہر کا وقت ہوا باغِ حیات بخش میں شہزادی کی سواری آئی۔ چوطرف پہرہ بندی ہے۔ اُونچی پوری خوبصورت تُرکنیں ہاتھوں میں تیر کمان لئے۔ پرتلے حمائل کئے کھڑی ہیں۔ شہزادی زرین ہوادار سے اُترتی ہے۔ مالن کے ساتھ وہاں آتی ہے جہاں سے سہیل اُسے دیکھ لے اور بڑے انداز سے لجا کر کھڑی ہو جاتی ہے۔ سہیل پہلے تو اپنی دیبی کے جی بھر کے درشن کرتا ہے۔ پھر رنگ آمیزی کرتا ہے کہ تصویر کی سرخیٔ لب اجاگر کرے۔ ایک ظلمن نے اُسے دیکھ پایا۔ جھٹ کمان کو چلّہ کیا۔ تیر جوڑا اور درست باندھ کر ایسا چھوڑا کہ سہیل کے دل میں ترازو ہوگیا۔ مُنہ سے آہ نکلی دل سے جیتے خون کی بوند اُڑی جو تصویر کے لبوں پر گر کر رچ گئی!!۔

سبدِ وزیر حسن

اپنی تنقید سے حاصل یہ ہوا ہمنفسا
کوئی امکاں نہیں فطرت کے بدل جانیکا

آہ! انوارِ محبت کی ضیا باری سے
گوشہ گوشہ ہے منور میرے غمخانے کا

ہے کشاکش میں گرفتار تمنائے علیل
دل کو پھر خبط ہی پہلو سے نکل جانے کا

حد ہے اللہ! تجسس کی گرانباری کی
کیا نہ حل ہوگا معمہ ترے دیوانے کا

خاک کے ذرّے بہا لیگئی موجِ غمِ دوست
ہائے! کیا اجر ملا خاک میں ملجانے کا

حالتِ نزع میں ہیں حسرت و ارماں ہمراز
ہے بس اتنا ہی خلاصہ مرے افسانے کا

اے دلِ کشتۂ غم ڈھونڈھ کہ تجھ میں ہی کہیں
مرتسم راز ہے شاید کوئی مٹجانے کا

منقطع رشتۂ اُمید بھی ہو جائے اگر
کوئی مقصد ہی نہیں میرے یہاں آنے کا

دلفگار

خمسہ

برغزل مرزا سراج الدین ابوظفر بہادر شاہ خاتم السلاطین قلعہ معلّائے دہلی

مجکو فرزانہ کہ دیوانہ بنایا ہوتا ‖ غم نیرنگ سے بیگانہ بنایا ہوتا
ایک ہی رنگ کا افسانہ بنایا ہوتا ‖ یا مجھے افسر شاہانہ بنایا ہوتا
یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا

تختِ شاہی تو مقدر نے دلایا تھا مجھے ‖ مگر انجام تباہی نہ بتایا تھا مجھے
وہ سنے جس نے تماشا یہ دکھایا تھا مجھے ‖ خاکساری کیلئے گرچہ بنایا تھا مجھے
کاش خاکِ درِ جانانہ بنایا ہوتا

دل سے مرغوب رہا گوشۂ خلوت تو مجھے ‖ مگر ابنائے زماں سے نہ تھی نفرت تو مجھے
نظر آئی کسی انسان کی صورت تو مجھے ‖ صوفیو نکے جو نہ تھا لائق صحبت تو مجھے
قابلِ جلسۂ رندانہ بنایا ہوتا

جب ملا کدہ منظوریِ ساقی سے مجھے ‖ کیف آنے لگا مخموریِ ساقی سے مجھے
نہ جلانا کوئی مہجوریِ ساقی سے مجھے ‖ تھا جلانا ہی اگر دوریِ ساقی سے مجھے
تو چراغِ درِ مے خانہ بنایا ہوتا

رات دن شام و سحر پیشِ نظر ہے یہ سفر ‖ دیکھتے دیکھتے اُٹھ جائیگا ایک ایک نفر
نہ بچے آپ نہ احسن کے لئے راہِ مفر ‖ زور معمورۂ دنیا میں خرابی ہے ظفر
ایسی بستی کو تو ویرانہ بنایا ہوتا

احسن مارہروی

(نمبر ۴ بسلسلۂ ماسبق)

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی

"This poetry is highly conventional. It is replete — with what are called Stock epithets; the moon-face, the cypress-form, the ruby-lips, occur with wearisom reitera-tion. In the same way what we may call stock-associations abound. When the nightingale is mentioned we may be — sure the rose is not far away and if we read of the moth in one line we may feel safe about meeting the taper in the next." The poetry of the Ottomans by GIBB.

vol. 1. Page 29.

گِبّ کا یہ قول دورِ حاضر کی اُردو غزل گوئی پر بھی حرف بحرف صادق آتا ہے۔ وہی پامال تشبیہیں، وہی فرسودہ استعارے، وہی معینہ الفاظ، وہی مقررہ مضامین، وہی ہزاروں دفعہ کے دُہرائے ہوئے پیش پا اُفتادہ خیالات، وہی روایتی عشق بازی کہیں حقیقی کہیں مجازی، وہی اصنامِ خیالی، وہی متعارف نقالی۔ غرض دورِ حاضر کی اُردو غزل میں وہ تمام عناصر بکثرت موجود ہیں جنکی بنا پر اُسے حقیقی شاعری کے دائرہ سے قریب قریب خارج سمجھنا چاہئے۔ پروفیسر فراق لاکھ کہیں کہ "بادشاہِ متغزلین[1]" اور دوسرے "استاذہ[2]" نے غزل کی کایا پلٹ دی لیکن دورِ حاضر کے میلانات، ذوقِ شعری اور معیارِ نقد کا اندازہ وہاں بیساختہ پکار اُٹھے گا کہ "پنجرے" میں تو "وہی اگلے برس کی تیلیاں" ہیں۔

ایک اہم بے مسمّٰی مقام یعنی "مقتل" کے "رقت انگیز واقعات" آپنے سُنے۔ عاشقِ مظلوم کا خُون پانی کی طرح بہتے دیکھا۔ نزع و مرگ کے رُوح فرسا مناظر آپ کی نظر سے گذرے، گنج شہیداں کی عبرتناک تصویریں آپنے ملاحظہ کیں۔ رندانِ قدح خوار کا شور و نوشانوش آپکے کانوں میں گونجا۔ زاہد و واعظ کی پگڑیاں آپکے سامنے اُچھالی گئیں۔ جفائے محبوب کی ہنگامہ طرازیاں، اشک خونیں کی گلکاریاں و جُنونِ فتنہ ساماں کی شور انگیزیاں آپنے مشاہدہ کیں۔ آخر کس کس چیز کو آپ بُھلا سکتے ہیں۔ کس کس بات سے صرفِ نظر کر سکتے ہیں۔ یہ نقالی کی یہ بے مزہ داستان یہیں پر تمام نہیں ہو جاتی۔ ابھی سینکڑوں ایسے فرسودہ خیالات و مضامین باقی ہیں جنہیں ہمارے شعرا رسم پرست یعنی "بادشاہِ متغزلین" اور دوسرے "استاذہ" نے موضوعِ سخن بنایا ہے۔

---

[1] حسرت موہانی۔ [2] اصغر، جگر۔ فانی۔

اس میں ایک بڑی سہولت یہ ہے کہ تھوڑی سی موزونی طبیعت سے غزلوں کا پورا دیوان تیار ہو جاتا ہے۔ نہ تخیل کی ضرورت نہ مشاہدہ و مطالعہ کی احتیاج۔ ہر قسم کے الفاظ و مضامین کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ کسی مخصوص وزن پر الفاظ جوڑ لئے اور غزل بن گئی۔ سننے والوں نے یار فروشی کی خاطر یا اپنی خوش فہمی کا ثبوت دینے کیلئے زبانی یا تحریر میں اس زور شور سے "واہ وا" کی کہ شعر کا صحیح ذوق رکھنے والے مبہوت ہو کر رہ گئے اور انہیں اپنی سلامتِ ذوق پر شبہ ہونے لگا۔

جس "اُستاد" کو دیکھئے کہیں ذرّہ کو آفتاب بنا کر چمکاتا اور ارض و سما کو اس سے جگمگاتا ہے کہیں قطرہ میں سمندر کی گہرائیاں اور ذرّہ میں صحرا کی پہنائیاں دکھاتا ہے۔ کہیں منصور کو دار پر چڑھاتا ہے، کہیں طور پر "خرِ موسیٰ صعقا" کا منظر دکھاتا ہے۔ کبھی دونوں کی کم ظرفی کا خاکہ اُڑاتا اور اپنی عالی حوصلگی کا سکہ جماتا ہے۔ کہیں مجنوں کے ساتھ صحرائے نجد کے چکر لگاتا ہے۔ کہیں فرہاد کی مدد سے کوہکنی کر کے جوئے شیر لاتا ہے۔ کبھی زلیخا سے یوسف کا دامن چاک کراتا ہے۔ کبھی شمع سے پروانوں کو جلاتا ہے۔ کبھی بلبل کو فراقِ گل میں شبنم کے آنسوؤں سے رُلاتا ہے۔ کبھی قمری کے گلے میں سرو کی غلامی کا طوق پہناتا ہے۔ کہیں عشق کو عقل کی نادانی پر ہنسواتا ہے۔ کہیں طفیلیوں کی طرح دل کے ساتھ جگر کو بھی لگا لاتا ہے۔

غرض دُنیا بھر کی آلہا گاتا ہے مگر نہیں کہتا تو صرف وہ باتیں جن کا تعلق خود اپنی ذات اور حقائق و واقعات سے ہے۔ ہوائی محل ہزاروں بنائے گا مگر سچ مچ کی آپ بیتی کبھی نہ سنائیگا۔ گویا غزلگو کے لئے رسم و تقلید کی شاہراہ سے ایک قدم تجاوز ہونا حرام مطلق ہے۔ اور اُس نے خود اپنے واردات قلبی کا ذکر نہ کرنے کی قسم کھائی ہے۔ کوئی پوچھے کہ بھائی اگر فرعون دریائے نیل میں غرق ہو گیا اور نمرود کا مغز پشہ نے کھا لیا تو تجھے کیا۔ اگر قیس و فرہاد نے برائی بیویوں کو تاکا اور ناکام رہے تو تجھے کیا۔ تو اگر شاعر ہے اور غزل گو شاعر ہے تو کچھ آپ بیتی سنا۔ کوئی سچی کہانی بیان کر۔ کچھ اپنے دردِ دل کا ماجرا کہہ۔ وصال کی رُوح پرور تصویریں کھینچ۔ فراق کے جانگداز منظر دکھا۔ پھر کیا مجال جو کوئی صنفِ غزل پر حرفگیری کر سکے۔ مگر جب تک غزل نام ہے جگالی کرنے کا یعنی پامال و فرسودہ مضامین کو بار بار دُہرانے کا، اس وقت تک غزل یقیناً اُردو شاعری کے حسین جسم پر ایک مکروہ داغ سے کم نہیں۔

سطور بالا میں جن فرسودہ مضامین کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ان میں سے بعض کے مختصر نمونے "باوشاہ متغزلین" اور دوسرے "استاذہ" کے کلام سے پیش کئے جاتے ہیں تاکہ قارئین کو دورِ حاضر کے چوٹی کے غزل گویوں کی بے کیف نقالی کا اچھی طرح اندازہ ہو جائے۔

آفتاب و ذرّہ۔ قطرہ و دریا۔ ذرّہ و صحرا۔ دل و جگر۔ کلیم و طور۔ دار و منصور۔ لیلیٰ مجنوں۔
شیریں فرہاد۔ یوسف زلیخا۔ شمع و پروانہ۔ گل و بلبل۔ وغیرہ۔

یہ الفاظ گویا پرندے ہیں کہ شعرائے متقدمین کبوتر بازوں کی طرح ان کے جوڑے ملا کر چھوڑ گئے ہیں اور متاخرین نیز ہمارے معاصرین کے اشعار انہیں کے انڈے بچے ہیں۔

قطرہ و دریا

حسرتؔ:۔ عشق سی تیرے بڑھے کیا کیا دلوں کے حوصلے مہر ذرّوں کو کیا قطروں کو دریا کر دیا

اصغر۔ اسرارِ عشق ہے دلِ مضطر لئے ہوئے قطرہ ہے بیقرار سمندر لئے ہوئے
فانی۔ تہ میں جا سطح سے تو قطع نظر کر کر دیکھ قطرہ قطرہ میں سمندر ہے نظر پیدا کر
جگر۔ جب دیکھ نہ سکتے تھے تو دریا بھی تھا قطرہ جب آنکھ کھلی قطرہ بھی دریا نظر آیا
〃 〃 کہیں ذرّہ کہیں صحرا، کہیں دریا کہیں قطرہ محبت اور اس کا سلسلہ یوں بھی ہے اور یوں بھی

اصغر۔ سرشکِ شوق کا وہ ایک قطرۂ ناچیز اُچھالنا تھا کہ اک بحرِ بیکنار ہوا
جگر۔ کبھی دریائے بیتابی کا سینہ میں سمٹ آنا کبھی ہر اشک کے قطرہ کا بحرِ بیکراں ہونا
فانی۔ بچ رہا تھا ایک آنسو دار و گیرِ ضبط سے جوششِ غم نے پھر اس قطرہ کو دریا کر دیا

ذرّہ و آفتاب

حسرت۔ پہلے اِک ذرّۂ ذلیل تھا میں تیری نسبت سے آفتاب ہوا[1]
اصغر۔ خیرہ کئے ہے چشمِ حقیقت شناس کو ہر ذرّہ ایک مہرِ منوّر لئے ہوئے
جگر۔ پوچھنا کیا چشمِ بینا ہو تو دیکھ دل کے ہر ذرّہ میں لاکھوں آفتاب
〃 〃 اپنی حدود سے نہ بڑھے عشق میں کوئی جو ذرّہ جس جگہ ہے وہیں آفتاب ہے

ذرّہ و بیاباں

اصغر۔ یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے قطرہ میں سمندر ہے ذرّہ میں بیاباں ہے
〃 〃 مری اِک بیخودی میں سینکڑوں ہوش و خرد گم ہیں یہاں کے ذرّہ ذرّہ میں ہے وسعت اِک بیاباں کی
جگر۔ انتہائے جستجو میں دیکھئے ہوتا ہے کیا اِبتدا یہ ہے کہ ہر ذرّہ بیاباں ہو گیا
فانی۔ دل کی لحد پہ خاک اُڑانے چلا ہے عشق ذرّہ سے اکتسابِ بیاباں کئے ہوئے
〃 〃 ذرّہ وہ رازِ بیاباں ہے جو افشا نہ ہوا وحشتِ وحشت ہو وہ ذرّہ جو بیاباں ہو جائے
〃 〃 خاکِ فانی کی قسم ہے تجھے اے وحشتِ جنوں کس سے سیکھا ترے ذرّوں نے بیاباں ہونا

ذرّہ و صحرا، قطرہ و دریا، اور ذرّہ و آفتاب کا یہ گورکھ دھندا آسانی سے سمجھ میں آنے والا نہیں۔ اس کے لئے بڑی ژرف نگاہی

---

[1] گرچہ خُردیم نسبتے است بزرگ ۔ ذرّۂ آفتابِ تابانیم۔

کی ضرورت ہے۔ یہ اشعار نہیں "حقائق و معارف" کے دفتر ہیں گو بظاہر ان میں سے اکثر ادّعائے محض و بے معنی سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ بیان "معرفت" کی اِس ریس (۱۹۳۵ء) میں ہمارے بادشاہِ متغزلین کا گھوڑا اپنے معاصرین سے بہت پیچھے رہ گیا۔ باقی تینوں اُستادوں کے یہاں "عارفانہ" رنگ ماشاء اللہ خاصہ تیز ہے ساتھ ہی لفظی و معنوی مشابہت بھی نظر انداز کئے جانے کے قابل نہیں۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ "سُنو۔ بیانِ ایک مست" حضرتِ اصغر کا "سرشکِ شوق" جگر صاحب کا "اشک کا قطرہ" اور جناب فانی کا "ایک آنسو" سمندر بن گیا۔ فرق صرف اِتنا ہے کہ حضرتِ اصغر نے اپنے آنسو کو بھان متی کی طرح کسی پوشیدہ ترکیب سے اُچھال کر بحرِ بیکراں بنایا۔ جناب فانی کے یہاں جوششِ غم نے یہ طوفان اُٹھایا اور جگر صاحب کا قطرۂ اشک خود بخود ایک اتھاہ ساگر کی طرح موجیں مارنے لگا۔ حضرتِ اصغر کی "چشمِ حقیقت شناس[1]" کو ہر ذرّہ میں "ایک مہرِ منوّر" نظر آتا ہے۔ فیضِ مرشد سے جگر صاحب کی "چشمِ بینا[2]" کا یہ عالم ہے کہ ہر ذرّہ میں فقط ایک مہرِ منوّر نہیں بلکہ "لاکھوں آفتاب" مشاہدہ کرتی ہے۔ اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ جوہر اگر قابل ہو تو شاگرد اُستاد سے اور مُرید مُرشد سے اکثر بڑھ جاتا ہے۔ اور جناب فانی جب دریائے حقیقت کی تہ میں غوط لگاتے ہیں تو انہیں قطرہ قطرہ میں سمندر[3] موجزن دکھائی دیتا ہے۔ ہمارے "اساتذہ" نے قطرہ و دریا اور ذرّہ و صحرا وغیرہ کے متعلق اور بہت سے اشعار لکھے ہیں مگر حاصل ان سب کا قریب قریب ایک ہی ہے اس لئے صرف چند نمونوں پر اکتفا کی گئی۔

دل و جگر

تحقیقاتِ جدیدہ کی رُو سے حکما کے نزدیک رُوح کا مقام قلب ہو یا دماغ لیکن کم از کم اس قدر مُسلّم ہے کہ جذبات و احساسات کا منبع دل ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے یہاں تقریباً تمام افعال و اعمال نیز خواہشات اور ارادوں کو دل سے منسوب کیا جاتا ہے اسی لئے ہماری زبان میں دل کے متعلق بکثرت محاورات موجود ہیں۔ مثلاً دل چاہنا۔ دل دینا۔ دل لینا۔ دل آنا۔ دل لگانا۔ دل بیٹھنا۔ دل لُبھانا۔ دل جلانا۔ دل بڑھانا۔ دل توڑنا۔ دل اٹکنا۔ دل پھنسنا۔ دل اُچٹنا۔ دل لگنا۔ دل بہلانا۔ دل پھرنا۔ دل بھرنا۔ دل جُرانا۔ دل دُکھانا۔ دل رکھنا۔ دل میلا کرنا۔ دل گھبرانا۔ دل مچلانا وغیرہ وغیرہ۔ لیکن دل کے صفات و خواص کا جگر میں پایا جانا کسی کو تسلیم نہیں۔ ان محاورات میں ذرا دل کی جگہ جگر کو رکھ کر دیکھئے کس قدر مضحکہ خیز چیز بن جاتی ہے۔ مثلاً جگر چاہنا۔ جگر آنا۔ جگر لُبھانا۔ جگر گھبرانا وغیرہ۔ پھر بھی ہمارے شعرائے کرام نے اُصولِ تقلید کے ماتحت دل و جگر کو لازم و ملزوم بنا دیا ہے۔ جہاں دیکھئے جگر صاحب بھی حضرتِ دل کے طفیل بنے ساتھ ساتھ موجود ہیں۔ اشعار میں جس کثرت سے دل کے ساتھ جگر کا بے محل استعمال ہوا ہے اُسکی بنا پر اگر جگر کو دل کا "نابعِ مہمل" کہیں تو بیجا نہیں۔

بادشاہِ متغزلین فرماتے ہیں:-

کچھ دردِ دل سے بڑھکے ہے دردِ جگر لذیذ — تجھ سے ہیں جتنے درد ہیں سب ہیں مگر لذیذ

---

[1] خیرہ کئے ہے چشمِ حقیقت شناس کو۔ الخ۔ اصغر۔ [2] پوچھنا کیا چشمِ بینا ہو تو دیکھ۔ الخ۔ جگر۔ [3] تہ میں جا سطح سے تو قطع نظر کر کر دیکھ۔ الخ۔ فانی

سوال یہ ہے کہ دردِ جگر ہی میں کیا خصوصیت ہے جو وہ دردِ دل سے زیادہ لذّت بخش ہے۔ آخر دردِ گردہ اور دردِ مثانہ بھی تو دردِ جگر سے کسی طرح کم نہیں۔ پھر ان بیچاروں کو کیوں چھوڑ دیا گیا۔ ایک اور مقام پر ارسٹا دہوتا ہے:۔

دل وجان وجگر صبر وخرد جو کچھ ہے پاس اپنے یہ سب کر دیں گے ہم اُن پر نثار آہستہ آہستہ

دل اعضائے رئیسہ کا بادشاہ ہے اور جان کا مرتبہ اس سے بھی اعلیٰ ہے اس لئے بہتر ہے ان دونوں کو قربان کر دیجئے فی الواقع یہ ایک بڑی قربانی ہوگی۔ لیکن یہ کمبخت جگر کس شمار میں ہے۔ جگر کے ہم رتبہ اعضا تو جناب کے پیٹ میں اور بھی کئی موجود ہیں۔ مثلاً پھیپھڑے گردے، تلی وغیرہ۔ ان کے بارے میں جناب کی کیا رائے ہے۔ یعنی انہیں بھی نثار کیجئے گا یا بچا رکھیئے گا کہ وقتِ ضرورت کام آئیں، اور سنیئے:۔

سکونِ شوق کی صورت نکل جی کی حسرت کہ دل کے ساتھ جگر بھی فگار ہوتا ہے

غلط اور بالکل غلط۔ دل کے ساتھ جگر ہرگز فگار نہیں ہوتا۔ مگر ہاں اس بنا پر کہہ سکتے ہیں کہ "اساتذہ" ہمیشہ اسی طرح کہتے آئے ہیں۔

فانی صاحب بیچارے خیالی گورِ غریباں میں بھی تربتِ دل کے برابر ایک ننھی سی قبر جگر کی بھی بنا دیتے ہیں:۔

اُٹھا ہاتھ اے تصوّرِ فاتحہ کو یہ دل کی ہے وہ تُربت ہے جگر کی

افسوس ہے کہ باقی اعضائے دردی کو آپ نے اسی طرح بے گور وکفن چھوڑ دیا۔ ہر ایک کی ایک ننھی سی قبر الگ الگ بنائے تو کیسا پیارا ایک ننّا منّا گورستان تیار ہو جاتا۔

فانی:۔ شبِ فرقت میں ہم ہر سانس سے یہ پوچھ لیتے ہیں جگر تو خیریت سے ہے مزاجِ دل تو اچھا ہے

یہ کیسی ناانصافی ہے کہ آپ ہر سانس سے جگر کی خیریت تو پوچھیں اور بیچارے پھیپھڑوں کا حال دریافت نہ کریں حالانکہ سانس کا تعلق براہِ راست پھیپھڑوں ہی سے ہے۔

اصغر:۔ گرمِ تلاش وجستجو[1] اب ہے تری نظر کہاں خُون ہے کچھ جما ہوا قلب کہاں جگر کہاں

جس طرح نظر یا حادثہ نے جگر کا خون کر دیا ہوگا اس سے پتا بھی تو پانی ہو گیا ہوگا! اور ضرور اسکی بھی ایک آدھ بوند وہاں موجود ہوگی۔ لیکن پتے بیچارے کی طرف کوئی ملتفت ہی نہیں ہوتا۔

جگر:۔ واقفِ غمِ اُلفت سے نہ دل ہو نہ جگر ہو یوں مجھ سے ملو تم کہ مجھے بھی نہ خبر ہو
تم خاک میں ملا دو دل کو جگر کو لیکن ارماں یہی رہیں گے حسرت یہی رہیگی
دل کی خبر نہ ہوش کسی کو جگر کا ہے اللہ اب یہ حال تمہاری نظر کا ہے

یہ چند شعر نمونے کے طور پر ہم نے پیش کر دئے ہیں۔ قارئین خود فیصلہ کر لیں کہ ہمارے اساتذہ دل کے ساتھ جگر کا تذکرہ کرنے میں کہاں تک حق بجانب ہیں اور یہ دل کی دُم میں جگر کا پچھلا باندھنا محض رسم وتقلید کی بنا پر ہے یا اس کی کوئی

---

[1] تلاش اور جستجو اُردو میں ایک ہی معنی میں مستعمل ہیں۔ اس لئے تلاش یا جستجو ایک لفظ اس مصرع میں بالکل بیکار ہے۔

معقول وجہ بھی ہے؟

طُورِ موسیٰ

تفاسیر میں لکھا ہے کہ حضرتِ موسیٰ نے بنی اسرائیل سے وعدہ کیا تھا کہ فرعون کے ہلاک ہوجانے کے بعد خُدا سے ایک کتاب تمہارے لئے لاؤں گا۔ جس میں تمہاری ضرورت کی تمام باتیں مندرج ہوں گی۔ لہٰذا جب فرعون غرق ہوگیا تو بنی اسرائیل نے موسیٰ سے وہ کتاب طلب کی۔ موسیٰ نے اس کتاب کیلئے خُدا سے درخواست کی۔ خُدا نے موسیٰ کو طُور پر بُلایا۔ موسیٰ طُور پر گئے اور بقول صاحبِ "کشّاف" چالیس دن تک خُدا سے ہمکلام رہے۔ اس کے بعد دیدار کے خواہشمند ہوئے تو جواب ملا کہ اے موسیٰ تم ہمارے دیدار کی تاب نہیں لاسکتے۔ اچھا پہاڑ کی طرف دیکھو۔ اگر یہ پہاڑ ہماری تجلّی کا متحمل ہوسکے اور اپنی جگہ پر قائم رہجائے تو البتہ تم بھی ہمیں دیکھ سکوگے۔ پس جب خُدا نے پہاڑ پر تجلّی کی تو پہاڑ کے پرخچے اُڑ گئے اور موسیٰ بیہوش ہوکر گر پڑے اور جب ہوش میں آئے تو عرض کیا کہ اے پروردگار بیشک تیری ذات منزّہ ہے اور مَیں تیری جناب میں خواہشِ دیدار کی معذرت پیش کرتا ہوں۔

یہ تو ہوا طور کا قصّہ۔ اب ذرا "وادِ الایمن" کی حکایت سُن لیجئے۔ قرآن مجید میں مذکور ہے کہ "جب موسیٰ اس مُدّت کو پورا کرچکے اور اپنی بی بی کو لیکر روانہ ہوئے تو اُنہیں کوہِ طُور کی طرف سے ایک آگ دکھائی دی۔ اُنہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ تم ٹھہر جاؤ۔ میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔ شاید مَیں تمہارے پاس وہاں سے کچھ خبر لاؤں (یعنی وہاں جو لوگ ہوں اُن سے راستہ دریافت کروں کیونکہ موسیٰ راستہ بھُول گئے تھے۔) یا کوئی انگارا لے آؤں جس سے تم تاپ لو۔ پس جب وہ اُس آگ کے پاس پہونچے تو اُن کو اس میدان کے داہنی جانب سے اس مبارک مقام میں ایک درخت میں سے آواز آئی کہ اے موسیٰ مَیں ربّ العالمین ہوں۔ تم اپنا عصا ڈالدو ..... الخ

اب اِن واقعات کی روشنی میں ہمارے شُعَرا کے طُور و کلیم اور وادیِ ایمن والے اشعار مُلاحظہ کیجئے اور دیکھئے کہ حقیقی عشقیہ شاعری میں کس حد تک اُن کی کھپت ہوسکتی ہے اور حضرتِ موسیٰ بیچارے کب تک کانٹوں میں گھسیٹے جائیں گے؟ ہمارے "اساتذہ" نے اپنی "عارفانہ" بیہوشی میں ایک بڑا غلط مبحث یہ کیا ہے کہ وادیِ ایمن کی آگ اور تجلّی سرِ طُور کو ملا کر ایک کردیا ہے۔ حالانکہ "وادیِ ایمن" کی آگ سے حضرتِ موسیٰ کی آنکھ تک نہیں جھپکی تھی اور تجلّی سرِ طُور سے بیہوش ہوکر گر پڑے تھے۔ یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یہ دونوں واقعے بالکل مختلف اوقات میں ظہور پذیر ہوئے تھے اور آپس میں ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہیں رکھتے۔

زبدۃ العارفین حضرت مولانا اصغر فرماتے ہیں:-

ہاں وادیِ ایمن کے معلوم ہیں سب قصّے — موسیٰ نے فقط اپنا اِک ذوقِ نظر دیکھا

ماشاء اللہ کتنی گہری بات کہی ہے۔ وادیِ تحقیق یوں دی جاتی ہے۔ اس راز کو نہ خود حضرتِ موسیٰ سمجھے نہ کوئی اور کہ جس چیز کو اُنہوں نے آگ خیال کیا وہ خود اُن کا اپنا ذوقِ نظر تھا۔ حضرتِ موسیٰ کی اس سادہ لوحی پر حضرت اصغر کو بے اختیار ہنسی آگئی ہوگی۔ اچھا یہ تو سب کچھ ہوا مگر سوال یہ ہے کہ آپ غزل لکھ رہے ہیں یا اسرائیلی روایات کا درس دے رہے ہیں۔

دراصل نہ آپ غزل لکھ رہے ہیں نہ آپ کو اسرائیلی روایات کی کچھ خبر ہے آپ تو محض اہل لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا یعنی محض چند لفظوں کے اُلٹ پھیر سے عارف باللہ اور تلمیذ الرحمٰن بننا چاہتے ہیں۔

مُرشد کے اسی مضمون کی کتر بیونت کر کے مُریدنے بھی دو شعر کہے ہیں۔ (جگر)۔

مجھ کو سب معلوم ہے افسانۂ برق و کلیم میرے دل کا ذرّہ ذرّہ وادیٔ ایمن میں تھا
ورنہ ممکن ہی تھا نظارۂ برقِ جمال ذوقِ موسیٰ بھی حدودِ وادیٔ ایمن میں تھا

جیسا کہ ہم ابھی بیان کر چکے ہیں کہ وادیٔ ایمن کی آگ، تجلّیِ سرِطُور ہرگز نہ تھی ورنہ حضرتِ موسیٰ یہاں بھی بیہوش ہو کر گر پڑتے۔

حضرتِ فانی نے کچھ اور بھی اُپج کی لی ہے۔

ع قصّۂ موسیٰ پھر اے سوزِ جگر کہنا کس آگ کی چنگاری وادیٔ ایمن نے

وادیٔ ایمن کی آگ سے حضرت موسیٰ بیچارے تو ہاتھ بھی نہ تاپ سکے مگر حضرتِ فانی اس سے جل بھُن کر خاکستر ہو گئے۔ آپ سوزِ جگر سے قصّۂ موسیٰ سُننا چاہتے ہیں مگر لطف یہ ہو کہ وادیٔ ایمن میں ایسا کوئی واقعہ رُونما ہوا ہی نہیں جس کا تعلق جلنے جلانے سے ہو۔ بعقیدۂ حضرتِ فراق یہ حضرات چونکہ چوٹی کے غزل گو ہیں اس لئے جو کچھ متقدمین نے کہا ہے حقِ تقلید ادا کرنے کے لئے، یہ بھی ضرور کہیں گے، اس سے بحث نہیں کہ وہ کوئی معقول بات ہو یا محض خُرافات۔

برق سرِطور کے چند شُعلے اور بھی دیکھ لیجئے اور کوشش کیجئے کہ اس مُردہ آگ سے آپکے دل میں بھی کچھ گرمی پیدا ہو جائے۔

اصغر۔ جس سے کل تک دلِ بیتاب پُھنکا جاتا تھا اسی شعلہ کو جو دیکھا تو سرِطُور ہے آج

بظاہر شعر کے الفاظ سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ حضرت اصغر کے دل میں ایک آگ بھری ہوئی تھی۔ وہ آگ اپنے اس مسکن کو چھوڑ کر طور پر جا چکی اور "تجلّی" کہلائی اس واقعہ کو صحیح ماننے کے لئے حضرتِ اصغر کا زمانہ حضرتِ موسیٰ سے پہلے تسلیم کرنا پڑیگا لیکن حضرتِ اصغر کا یہ تقدّمِ زمانی کسی مذہبی کتاب یا مُستند تاریخ سے ثابت نہیں ہوتا۔ شاید آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ "کل جو شعلہ سرِطُور رفروزاں تھا آج وہی میرے دل میں در آیا ہے اور اُسے جلائے ڈالتا ہے" مگر الفاظ کی موجودہ ترتیب خصوصاً ردیف (آج) نے مفہوم بالکل اُلٹ دیا۔ اِسی مضمون کو تھوڑے سے اُلٹ پھیر کے بعد حضرتِ اصغر نے اس طرح باندھا ہے:۔

مَیں نے خاکسترِ دل میں نہیں دیکھا جس کو وہی ذرّہ تو ہے جو برقِ سرِطُور ہے آج

حضرتِ جگر تھوڑی دیر کے لئے اپنی والہانہ تسبیگی کو بھول کر یا بر بنائے عالی ہمتی اس سے قطع نظر کر کے "چشمِ کلیم" کی اس طرح تعریف کرتے ہیں:۔

آساں نہیں معاملۂ جلوہ و نظر چشمِ کلیم چاہیئے دیدار کے لئے

مگر جب آپ بلند پروازی پر آتے ہیں تو یہی "چشمِ کلیم" جسے آپ نے ایک آئیڈیل آنکھ کی حیثیت سے پیش کیا تھا باعثِ ننگ ٹھہرتی ہے:۔

مگر اِس رمز سے نا آشنا رکھے گئے موسیٰ کہ ہے ننگِ نظر پابندِ برق و طُور ہو جانا

کسی نے سچ کہا ہے کہ ؎

قسمت بخیا ہر ایک کو قسامِ ازل نے جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا

موسیٰ بیچارے میں یہ صلاحیت کہاں تھی کہ اس رمز سے آگاہ کئے جاتے۔ یہ رمز شناسی تو روزِ ازل حضرتِ جگر کے حصّہ میں آچکی تھی۔ چنانچہ بیسویں صدی عیسوی میں آپنے اس نکتہ کو پالیا اور دُنیا کو سمجھا دیا۔ اسکے بعد حضرتِ موسیٰ کے عشقِ خام کی ہجو کے پردے میں اپنے سوزِ تمام کی مدح میں اس طرح فرماتے ہیں :-

خاک ہے سوزِ غمِ عشق کی تاثیر کلیم دل کا ہر ذرّہ اگر برقِ سرِ طُور نہ ہو

اور جب موسیٰ اس لطیف نکتہ کو نہیں سمجھ سکتے تو انکی سادگی پر زور سے ایک منظوم قہقہہ لگاتے ہیں :-

دل کے ہوتے ہوئے جاتے ہو کہاں اے موسیٰ اس میں کچھ جلوے ہیں ایسے کہ سرِ طُور نہیں

موسیٰ اس پر بھی متنبہ نہیں ہوتے تو حضرتِ جگر للکار کر کہتے ہیں :-

کہو یہ حضرتِ موسیٰ سے اب سنبھل جائیں حضور آتے ہیں اور بے نقاب آتے ہیں

موسیٰ بیچارے میں یہ دم خم کہاں کہ "حضور" کو بے نقاب دیکھکر حواس قائم رہجاتے۔ گرے اور بیہوش ہوکر گرے اور بقول جگر اپنے ساتھ اور تمام "عشّاق" کو بھی ذلیل کرایا :-

جب سے غش کھا کے گرے حضرتِ موسیٰ سرِ طُور گھٹ گئی شان ہی کچھ عشق کے افسانوں کی

فانی :- ہائے وہ جلوۂ ایمن وہ نگاہِ سرِ طُور فتنہ ساماں ہے ترا فتنہ ساماں ہونا

یہاں قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وادیِ ایمن اور کوہِ طُور کی یاد میں یہ حضرتِ فانی کیوں ہائے وائے کرنے لگے۔ اُن کا اِن چیزوں سے کیا تعلق ہے۔ اے جناب یہ عشقِ حقیقی کا جوش ہے اور بقول پروفیسر فراق "فلسفیانہ احساس اور اندازِ بیان کا تیکھاپن"۔

جہاں تک کلام کا تعلق ہے ہمارے سبھی "اساتذہ" عرفا کی صفِ اوّل میں جگہ پانے کے مستحق نظر آتے ہیں لیکن یہ دیکھکر حیرت ہوتی ہے کہ بعض اوقات اِن بزرگوں کے بیان میں حد درجہ اختلاف ہوجاتا ہے مثلاً حضرتِ اصغر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ :-

اب طُور پر وہ برقِ تجلّی نہیں رہی تھرّا رہا ہے شعلۂ عُریانِ آرزو

اور حضرتِ فانی بڑے زور شور سے اس دعویٰ کی تردید اس طرح کرتے ہیں :-

طُور تو ہے رب ارنی کہنے والا چاہیئے لن ترانی ہے مگر نا آشنائے گوش ہے

اسی طور و کلیم کے سلسلہ میں حضرت فانی کی زبانی ایک "نکتہ" اور بھی سُن لیجئے :-

جمالِ بیحجاب تھا کہ جلوہ تھا حجاب کا کلیم برقِ طور تھی کہ تار تھا نقاب کا

؎ بعض لوگوں کو یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ "ارنی" میں "ر" متحرک اور مکسور ہے مگر فانی صاحب نے اِسے ساکن باندھا ہے۔ لیکن یہ اعتراض قابلِ لحاظ نہیں اس لئے کہ آخر ایک کسرہ کی بساط ہی کیا ہے۔ ہوا تو کیا اور نہ ہوا تو کیا۔

تجاہلِ عارفانہ کی انتہا ہے۔ آپ کو خود سب کچھ معلوم ہے لیکن موسیٰ بچارے کو جو ان "اسرار و رموز" سے بالکل ناآشنا ہیں شرمندہ کرنے کے لئے آپ اس قسم کے سوالات اُن سے پوچھتے ہیں۔ اس سے زیادہ لطیف ایک عارفانہ نکتہ حضرتِ اصغر نے بیان فرمایا ہے:۔

سمجھ میں برقِ سرِ طُور کس طرح آئے جو موجِ بادہ میں ہیجان و اضطراب نہ ہو

کیا یہی ہیں وہ اشعار "جن کے سامنے" بقول فراق "منظومات صحافت کا نام لینا ان کا منہ چڑانا ہے؟" یہی ہیں وہ مضامین جنہیں "تخلیقی جدت" سے تعبیر کر سکتے ہیں؟ اسی کا نام ہے "داخلی شاعری" جو "بڑی دقت کرنے والی چیز ہے"؟

خُدارا انصاف! اِن خیالات و مضامین کو عشق و محبت کی دُنیا سے کیا سروکار ہے۔ نہ لذتِ وصال نہ کاہشِ فراق۔ نہ رازونیاز نہ سوزوساز۔ نہ شورخندہ نہ جوششِ گریہ۔ طور، برقِ طور، شعلۂ سینائی، وادیٔ ایمن، شجرِ وادیٔ ایمن، آتشِ تجلّی، غش، موسیٰ، کلیم، رب ارنی، لن ترانی، چند مقرّرہ الفاظ ہیں کہ اُن کا گھروندا بنا کر ایک قرسودہ خیال کی بے رُوح گڑیا کو اُس میں بٹھا دیا جاتا ہے "نقادوں" نے اسی کا نام حقائق و معارف، اسرار و رموز، نکات و لطائف اور خُدا جانے کیا کیا رکھا ہے۔ مگر اس حقیقت کو کسی طرح چھپایا نہیں جا سکتا کہ یہ سب ایک بے کیف نقالی ہے اور بس۔ پھر اس تقلید بے معنی کے لئے صرف یہی ایک موضوع (طُور و کلیم) مخصوص نہیں۔ گُل و بُلبل، شمع و پروانہ، لیلیٰ مجنوں، یوسف زلیخا، شیریں فرہاد، دار و منصور، وغیرہ کے متعلق ہزاروں بے رُوح و بے مزہ اشعار کہے گئے اور کہے جا رہے ہیں اور جدّت طرازی کے بلند بانگ دعووں کے ساتھ اس استحسان بندی کی داد طلب کی جاتی ہے۔ خُدا جانے ہماری یہ بے راہ روی متمدن دُنیا کے سامنے ہمیں کہاں تک شرمسار کرے گی۔

اِس بے مزہ داستان کو مختصر کرنے کی غرض سے ہم صرف دار و منصور کے متعلق اپنے چوٹی کے غزل گو شعرا کے چند اشعار بطور نمونہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ حضرتِ اصغر کے دل میں جب دریائے معرفت جوش زن ہوتا ہے تو آپ بارگاہِ ایزدی سے "انا الحق" کہنے کی اجازت طلب کرتے ہیں:۔

ترجُمانی کی مجھے آج اجازت دیدے شجرِ طُور ہے ساکت لبِ منصور خموش

جنابِ جگر اپنے مُرشد کے طور بے طور دیکھکر عرض کرتے ہیں کہ حضور اس میں شک نہیں کہ "انا الحق" کہنا عین ایمان ہے مگر یہ کمبخت دُنیا والے تو بالکل اندھے ہیں۔ اِن کی سمجھ میں یہ نکتہ کبھی نہ آئے گا۔ اور حضور پر کُفر کا فتویٰ دے کر منصور کی طرح حضور کو پھانسی پر لٹکا دیں گے۔ جگر:۔

عینِ ایمان ہے حقیقت کا ترانہ لیکن ہے یہی کُفر اگر دیدۂ منصور نہ ہو

حضرتِ اصغر اپنے مُرید با اخلاص کی گُذارش پر مطلق اعتنا نہیں کرتے اور بے اختیار چلّا اُٹھتے ہیں کہ:۔

نہیں معلوم یہاں دار و رسن ہے کہ نہیں خُون میں گرمیٔ ہنگامۂ منصور ہے آج

جاننے والے جانتے ہیں کہ حضرتِ اصغر کا یہ دعویٰ ایک پُرانے بُزرگ کے اس نعرۂ عشق کی صدائے بازگشت ہے:۔

عمریست کہ آوازۂ منصور کہن شُد من از سرِ نو جلوہ و ہم دار و رسن را

معلوم نہیں حضرتِ اصغر نے جنابِ جگر سے دریافت کیا تھا یا کسی اور سے کہ "یہاں دار و رسن ہے کہ نہیں" لیکن بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب دار و رسن آپ کے سامنے پیش کئے گئے تو انہیں دیکھکر انجام کے خیال سے آپ کے چھکے چھوٹ گئے اور حواس باختہ ہو گئے۔ اور "اسرار و حقائق" جو آپ بیان فرمانا چاہتے تھے انہیں صندوقِ سینہ ہی میں بند رہنے دیا اور منہ پر خاموشی کا تالا لگا دیا۔ لوگوں کا اصرار جب حد سے بڑھا کہ حضرت کچھ تو ارشاد فرمائیے تو آپ نے صاف صاف کہہ دیا کہ بھائیو مجھے اپنی جان بہت پیاری ہے۔ میں ڈرتا ہوں کہ اگر میں نے "بھید" کی ایک بات بھی کہی تو تم لوگ مجھے دار پر کھینچ دو گے:۔

اٹھاؤں پردۂ ہستی جو ہو جہاں نہ خراب ۔۔۔ سناؤں رازِ حقیقت جو خوفِ دار نہ ہو

جان کے خوف سے آپ نے "رازِ حقیقت" تو فاش نہ کیا مگر مدتوں آپ پر ایک جذب کا عالم طاری رہا چنانچہ ایک مرید خاص نے جب احوال پرسی کی تو آپ نے فرمایا:۔

قلب پر اب تک تڑپتی ہے شعاعِ برقِ طور ۔۔۔ خون کے قطروں میں اب تک رقصِ منصوری بھی ہے

"رقصِ منصوری" سے انگریزوں اور میموں کا وہ ناچ مقصود نہیں جو منصوری پہاڑ پر بڑے بڑے ہوٹلوں میں ہر شب کو ہوا کرتا ہے بلکہ یہاں منصور حلاج کا ناچ مراد ہے جو بغدادی ناچ کا ایک بہترین نمونہ اور اودے شنکر کے ناچ سے کہیں بڑھکر تھا۔

حضرتِ اصغر کے مرید با اختصاص جنابِ جگر اپنے مرشد کے نقشِ قدم پر چلنے میں کمال رکھتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے:۔

جگر:۔ اللہ اللہ ری یہ رنگِ حقیقت کی بہار ۔۔۔ کونسا خون کا قطرہ ہے جو منصور نہیں

رسم پرستی کا ایک افسوسناک واقعہ

اس رسم پرستی کا سب سے زیادہ افسوسناک نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے شعرا نے ہندوستان کی ہر چیز کا بائیکاٹ کر دیا ہے۔ انہیں اپنے اشعار کے لئے ہر شے ایران و عرب سے مستعار لینی پڑتی ہے۔ ان کے نزدیک معیاری عشاق ہیں تو لیلیٰ مجنوں[1]، حالانکہ "نلدمن" اور دوسرے ہندوستانی عشاق کا مرتبہ کسی طرح ان سے کم نہیں بلکہ بعض خصوصیات میں ہمارے ہندی پریمی، عشاقِ ایران و عرب سے کہیں بڑھکر ہیں۔ یا پھر گل و بلبل کی داستانِ محبت ہے لیکن بھونرے اور کلی کی طرف کبھی ان کا خیال نہیں جاتا۔ نغمے ہیں تو بلبل کے، نالے ہیں تو بلبل کے۔ کوئل کی کوک اور پپیہے کی پی کہاں سے ان کے دل پر چوٹ نہیں لگتی۔ عشق و محبت کی قربانیوں کے ذکر میں بیگانہ اور یادِ رہوا تشبیہیں ہر شاعر کے یہاں مل سکتی ہیں لیکن "ستی" جیسی حقیقی اور بے مثال قربانی کا

---

[1] "لیلیٰ مجنوں۔ شیریں فرہاد۔ یوسف زلیخا۔ اور نلدمن میں ایک دلچسپ صوری فرق یہ ہے کہ "نلدمن" تحریر میں بھی ایک دوسرے سے ہم آغوش ہیں یعنی دونوں نام ملا کر لکھے جاتے ہیں۔ گویا یہ بھی ان کے اتحادِ معنوی کا ایک کرشمہ ہے۔ اسکے برعکس لیلیٰ مجنوں وغیرہ جس طرح عملی زندگی میں ایک دوسرے سے جدا ہے تحریر میں بھی ان کے نام علیحدہ علیحدہ ہی لکھے جاتے ہیں" (یہ نوٹ میرا نہیں۔ شادانی)

ذکر کبھی کوئی بھولے سے بھی نہیں کرتا۔ خسرو علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا ہے:۔

در محبت چوں زنانِ ہند و کسے مردانہ نیست سوختن بر شمعِ مردہ کارِ ہر پروانہ نیست

مانا کہ رستم ایک زبردست تیغ آزما تھا حالانکہ فردوسی تو اُسے ایک معمولی پہلوان بتاتا ہے:۔

منش کردہ ام رستمِ داستاں وگرنہ بلے بود در سیستاں

لیکن ہندوستان میں بھی تو آخر بڑے بڑے سورما گذرے ہیں۔ کیا شجاعت و جانبازی کا ذکر کرتے وقت ان کا نام لینا گناہ ہے؟ کیا ارجن کا پایہ رستم سے کسی طرح کم ہے؟ اس بیگانہ پرستی کا سبب سلاطین عصبیت ہرگز نہیں اس لئے کہ اُردو کے ہندو شعرا نے بھی عموماً اس مانگے تانگے ہی کے سامان سے اپنا گھر سجایا ہے اور یہ ایک بالکل قدرتی بات ہے۔ اس لئے کہ جب شاعری کا مدار تقلید و نقالی پر ہو تو اپنے گرد و پیش کے مطالعہ اور مشاہدہ کی ضرورت ہی کب باقی رہتی ہے۔

ہمارے یہاں عام طور پر محبوب کی آنکھ کو نرگس سے تشبیہ دی جاتی ہے مگر جس نے نرگس کا پھول دیکھا ہے وہ سمجھ سکتا ہے کہ کسی حسین آنکھ کو نرگس سے تشبیہ دینا آنکھ کی توہین کرنا اور اپنی بد مذاقی کا ثبوت دینا ہے۔ ایرانیوں نے جب تُرک بچوں کو معشوق بنایا اور اُن کی آنکھوں کو نرگس سے تشبیہ دی تو یہ کچھ ایسی بُری بات نہ تھی اس لئے کہ تُرکوں کی آنکھیں چھوٹی چھوٹی گول کٹوری سی ہوتی ہیں۔ لیکن ہندی ذوق اور معیارِ جمال کے مطابق آنکھ کا چھوٹا اور گول ہونا حُسن نہیں بلکہ عیب ہے۔ مگر بیچارے شاعر کو اس حقیقت سے کیا واسطہ۔ اسکے لئے آنکھ کو نرگس سے تشبیہ دینے کی یہ وجہ بالکل کافی ہے کہ بڑے بڑے "استادوں" نے ایسا کیا ہے اور ظاہر ہے کہ "اساتذہ" کی تقلید بہرحال مستحسن ہے۔

اتفاق سے اگر کہیں بہار کا ذکر آجائے تو ہمارے شاعر کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ ایران کے ہر پھول کا ذکر کرے مگر خالص ہندی پھولوں کا نام لینا اس کے نزدیک کفر ہے۔ لالہ و گل، سنبل[1] و ریحاں، سوسن و نرگس، سمن و یاسمن وغیرہ ہر "اُستاد" کے یہاں آپ کو ملیں گے۔ مگر جوہی، موتیا، بیلا، چمپا، کنول اور دوسرے خالص ہندی پھولوں کو وہ ہرگز درخورِ اعتنا نہیں سمجھتا۔ کیا ان میں رنگ نہیں؟ بو نہیں؟ نزاکت؟ لطافت نہیں؟ آخر کس بات کی کمی ہے؟ نہیں۔ کمی کسی بات کی نہیں۔ وہ رنگ و بو اور رعنائی کا ایک دلنواز مجموعہ ہیں مگر مشکل یہ ہے کہ "اساتذہ" نے ان کو اپنے "شاعرانہ لغت" سے خارج کر دیا ہے۔ اس لئے ایک بیچارہ مقلد شاعر خواہ وہ عصرِ حاضر کا بادشاہ متغزلین ہی کیوں نہ ہو اپنے کلام میں ان کا ذکر کرکے ایک "بدعت سیئہ" کا مرتکب ہرگز نہیں ہو سکتا۔

کس قدر مضحکہ انگیز بات ہے کہ ہمارا شاعر سمن بر، سمن بو، سمن ساق، سمن سیما، سمن سینہ، سمن عذار، سمن زار، سمنستان، سمن برگ، وغیرہ مرکبات اپنے اشعار میں بے تکلف استعمال کرے لیکن اگر اس سے پوچھا جائے کہ تم نے "سمن" کا پھول کبھی دیکھا بھی ہے تو سوائے بغلیں جھانکنے کے اور کوئی جواب اس سے نہ بن پڑے۔ ظاہر ہے کہ جب کُل سمن ہندوستان میں پیدا ہی نہیں ہوتا تو وہ کہاں سے دیکھ سکتا ہے اور بغیر دیکھے محض رسم و تقلید کی بنا پر اس لفظ کا استعمال کرنا ایسا ہی ہے جیسے ایک مادر زاد اندھا اپنے سماعی علم کی بنا پر دورانِ گفتگو میں کالی ڈاڑھی۔ سفید پگڑی اور ہری گھاس وغیرہ الفاظ کا بے تکلف استعمال

[1] سنبل ایک قسم کی گھاس ہوتی ہے۔ ساقی۔

کرتا ہے حالانکہ سیاہ، سفید، سبز یا کسی دوسرے رنگ کا مفہوم واضح طور پر ہرگز اُس کے ذہن میں متعین نہیں ہوتا اور ہو بھی کیونکر سکتا ہے جبکہ وہ مرئیات کے آلۂ ادراک یعنی بینائی سے محروم ہے۔ آخر سماعت کس حد تک بصارت کا بدل ہو سکتی ہے۔ پھر غور سے دیکھئے تو ہمارے شاعر کا سماعی علم ایک نابینا کے سماعی علم سے زیادہ ناقص تر ہے اس لئے کہ سفید، سیاہ اور سبز وغیرہ کے بارے میں تو کوئی اختلاف رائے نہیں اور ان الفاظ کا جو کچھ بھی مفہوم اُس کی سمجھ میں آتا ہے وہ ایک ہی ہے مگر "سمن" کے بارے میں کسی اور کا تو ذکر کیا ہندی لغت نویس تک متفق الرائے نہیں۔ صاحبِ "کشف" کا قول ہے کہ "سمن ایک سفید پھول ہے جو ہندوستان میں نہیں ہوتا۔" موید الفضلا میں لکھا ہے کہ "سمن کو ہندوستان میں چنبیلی کہتے ہیں"۔ اور شرح مخزن میں بیان کیا گیا ہے کہ "سمن وہی ہے جو ہندوستان میں چنپا کہلاتا ہے۔" صاحب برہان قاطع کا بیان ہے کہ "سمن تہتیا کے پھول کو کہتے ہیں۔ وہ گول، صد برگ، اور یاسمن کے رنگ کا ہوتا ہے۔" اور بعضوں کا قول ہے کہ "سمن میں پانچ پنکھڑیاں ہوتی ہیں" منشی ٹیکچند بہار کہتے ہیں کہ "سمن ایک سفید اور خوشبودار پھول ہوتا ہے۔ اُس میں کل تین پنکھڑیاں ہوتی ہیں اور کبھی مائل بسرخی ہوتا ہے۔" غیاث اللغات میں سمن کا رنگ زرد بتلایا گیا ہے۔ یہ تحقیق ہے ہمارے اہل لغت کی اور اسی سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ہمارے نقال شعرا کے نزدیک سمن کا مفہوم کہاں تک متعین اور متحقق ہے۔

پھر ایک سمن ہی پر کیا منحصر ہے۔ ایسی بہت سی چیزیں ہیں جن کا ذکر ہمارے شعرائے کامل ناواقفیت کے باوجود اس شان سے کیا ہے گویا وہ اُن کے مشاہدہ اور تجربہ میں آچکی ہیں۔ بلبل کے نالوں اور زمزموں پر ہر شاعر سر دھنتا ہے مگر بلبل نہ کسی نے دیکھا نہ کبھی اس کی آواز سُنی۔ ہر بربط و چنگ و رباب کے نغموں سے ہر شاعر کے دیوان کی فضا گونج رہی ہے مگر ان بزرگوں میں سے شاید ہی کوئی ایسا ہو جسے اِن آلاتِ موسیقی کے دیکھنے اور اُن کے آہنگ سے لطف اندوز ہونے کا موقع نصیب ہوا ہو۔ پھر کیا ہندوستان کا کوئی ساز اس قابل نہیں کہ بربط و چنگ و رباب کا مقابلہ کر سکے؟ ہندی موسیقی کی افضلیت مُسلّم، اور یہ بھی تسلیم کہ انسانی آواز کا ساتھ دینے کے لئے سارنگی سے زیادہ مکمل ساز کوئی نہیں مگر مجبوری یہ ہے کہ متقدمین بربط و چنگ و رباب ہی باندھ گئے ہیں۔ سارنگی کا ذکر کسی نے نہیں کیا۔ بیچارے مقلدین میں اتنی جرأت کہاں کہ تقلید کی "شاہراہ" سے ایک قدم اِدھر اُدھر ہٹ جائیں۔

اچھا سارنگی، ستار، سرسنگھار، بین (سپیرے کی بین نہیں) وغیرہ کو جانے دو۔ یہ تو اُونچے درجے کی چیزیں ہیں۔ مگر ہم پوچھتے ہیں کہ ہندوستان کی ننھی بانسری کے میٹھے اور رسیلے سُروں نے بھی کیا کبھی "شاعر" کے "حساس" دل پر اثر نہیں کیا۔ اثر تو ضرور کیا ہوگا مگر رواج اس کا ذکر کیسے کرے اس لئے کہ تقلید کے مذہب میں اجتہاد کفر ہے۔ ایران میں لالۂ صحرا کی بہاریں ہم نے بھی دیکھی ہیں اور قدرت کے اس حسین منظر کی باصرہ نواز یوں کا اِن شعرا سے کہیں زیادہ اندازہ ہے جنہیں کبھی اس "جنت نگاہ" کا لطف اندوز ہونے کا موقع نہیں ملا اور جن کا علم محض سماعی ہے۔ مگر "انصاف بالائے طاعت" بسنت رُت میں جب سرسوں پھولتی ہے اور حد نگاہ تک کھیت بسنتی مخمل کی روا اوڑھ لیتے ہیں تو یہ منظر کچھ ایسا دلنواز، رُوح پرور اور وجد آفریں ہوتا ہے کہ ایران کے لالۂ صحرا کی ہزار بہاریں اس پر قربان ہیں۔ ہمارے شاعر نے بھی بسنت کی بہار دیکھی ہے۔ کھیتوں میں سرسوں پھولی دیکھکر اُس کا دل فرطِ نشاط سے بیخود و بیہوش ہو گیا ہے مگر اپنے اشعار میں اس کیفیت کا ذکر کرتے ہوئے اسلئے ڈرتا ہے کہ اُس کے مُسلّمہ

اُصولِ شاعری یعنی نقالی سے اس کو روا نہیں رکھا۔

یہ ایک مُسلّمہ حقیقت ہے کہ ہر قوم کی شاعری اُس کے اخلاق و معاشرت کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ تاریخ غلط بیانی کر سکتی ہے مگر شاعری جو کسی پروپیگنڈہ کی غرض سے نہ کی گئی ہو۔ ہرگز جھوٹ نہیں بولتی۔ لیکن ہماری شاعری خصوصاً غزل گوئی کو اگر اس معیار پر جانچا جائے تو صورتِ معاملہ بالعکس نظر آئے گی۔ یہاں سب کچھ ہے مگر اصلیت و حقیقت۔ ایک یوروپین جو کبھی ہندوستان نہیں آیا ہمارے بیسویں صدی کے اُستاد کا دیوانِ غزلیات پڑھنے کے بعد یہ رائے قائم کرنے میں یقیناً حق بجانب ہے کہ:۔

(۱) ہندوستان میں ابھی تک ایرانِ قدیم کی طرح بادہ و ساغر کی محفلیں جمتی ہیں اور ساقی ماہوش شراب پلاتا ہے۔

(۲) ہندوستان کی عورتوں میں ابھی تک "نقاب" پہننے کا رواج ہے۔

(۳) ہندی معشوق تلوار چلانے کے فن میں بڑے ماہر ہوتے ہیں۔

(۴) ہندوستان میں معشوق کو جب غصّہ آتا ہے تو اپنے چاہنے والے کو چھری یا تلوار یا تیر سے ہلاک کر ڈالتا ہے۔

(۵) ہندوستان میں بیسویں صدی میں بھی تیر کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(۶) ہندوستان میں عاشق کا قتل بہرحال جائز ہے۔ قانون اس کی اجازت دیتا ہے۔

(۷) ہندوستان میں بھی یورپ کی طرح معشوق سے سربزم ملاقات ہوتی ہے۔

(۸) ہندوستان میں جس طرح کسنی کی شادی کا رواج ہے اسی طرح کسنوں سے عشق کرنا بھی مروج ہے۔

(۹) شاعر کے لئے شرابی ہونا ضروری ہے۔

(۱۰) شعرا کے نزدیک مسلک رندی کے سوا ہر دین و مذہب سوختنی ہے۔

(۱۱) ہر شاعر کچھ دنوں عشقبازی کرنے کے بعد پاگل ہو جاتا ہے۔

(۱۲) بلبل صرف ایران ہی میں نہیں بلکہ ہندوستان میں بھی پایا جاتا ہے۔

(۱۳) بعض پھول جو عام طور پر ایرانی خیال کئے جاتے ہیں وہ ہندوستان میں بھی پیدا ہوتے ہیں۔

(۱۴) بربط و چنگ و رباب خاص ہندوستانی آلاتِ طرب ہیں۔

وغیرہ وغیرہ۔

مگر ان میں سے کتنی باتیں سچی ہیں؟ کیا یہی ہے ہماری معاشرت؟ یہی ہیں ہمارے اخلاق جن کی تفصیل ہمارے شعرا نے بیان کی ہے؟ کاش ہمارے محترم پروفیسر فراق اُردو غزل کو کبھی اس نقطۂ نظر سے بھی دیکھتے۔

عندلیب شادانی

مسز کرکھلے ڈیلوک آف ونڈسر کی خدمت میں ایک کھلا مکتوب!
چغتائی صاحب کے طرزِ خاص کا تازہ ترین شاہکار۔ جو ساقی بک ڈپو کے اہتمام سے شائع ہو گیا ہے۔
قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) محصول ڈاک ۵ر۔ ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی۔

پریم کی ہولی

کس شان سے پھاگن آیا
سب جگ نے ساون گایا
چڑیوں نے مچایا شور
ہیں بھرتے قلانچیں ڈھور
میداں میں سہاتا سبزا
وادی میں اُمنڈتا دریا
سب مست ہیں اپنی دُھن میں
ہے پاپ بدلتا پُن میں
تھا سینہ پہ جیسے ہات
لی من کی تمہارے بات
کیا چیتا تم نے کہدیں؟ "پھر پریم کی ہولی کھیلیں"

جب کھا چکیں پوری، کھیر
جا پن گھٹ، لائیں نیر
پھر اس میں ملائیں رنگ
اور پیت کی خوشبو سنگ
پھر ایک گلا ہو، گائیں
اک رُوح بنیں، مل جائیں
ہو نظر کی اِک پچکاری
ہم بینا، جگ اندھیاری
رنگ جائیں رنگ میں اتنا
ہو فرق نہ "میں اور تُو" کا
یوں اپنی دُوئی کو میٹیں "پھر پریم کی ہولی کھیلیں"

سنسار کو پیارا کام
اور اپنا اپنا نام
اے مُورکھ من، نا کام!
تو کب تک بولے "شام"؟
ہے سب کو دُھن کا شوق
اور ہوس مٹانے کا ذوق
کوئی خوش خوش، جو ہر رُولے
کوئی دن بھر غلّہ تولے
جو سویا، اُس نے گنوایا
اور کام کیا، سو پایا

ہم بھی من سے من کو تولیں پھر پریم کی ہولی کھیلیں

یہ جگ نہیں اپنی جائے
جو جیئے یہاں، مر جائے
مرنا تو ہے بھاگوں سب کے
ہوں اَمر، تو بات بھی کچھ ہے
یہ گندا دھندا، کثیف
ہم یاں ہوں؟۔ اتنے لطیف!
بَن، پھول سے بڑھکر، خوشبو
اُڑ جائیں ہوا میں ہر سُو
پھر سارے جگ پر چھا جائیں
اور سب کو مست بنا جائیں
لے میدان اُونچا ڈھونڈیں پھر پریم کی ہولی کھیلیں

تم مہر بنو، میں ماہ
دن، رات چلیں ہمراہ
ہو تم میں وفا کی گرمی
اور مجھ میں عشق کی جوتی
پھر باتیں ہوں پیاری پیاری
یا پھول جھڑی ہو سُلگی
ہوں جس سے جھڑتے تارے
بکھریں جو فلک پر سارے
جو پیت نگر کو جائیں
وہ ان کو راہ بتائیں
ہم اپنی منزل کھوجیں پھر پریم کی ہولی کھیلیں

اِس دُھن میں تن، من میٹیں
یوں میٹیں، پریم ہی ہو لیں
پھر پریم کو چاہے اشور
خود اشور پریم اور سُندر
ہم اُس میں ملیں، وہ ہم میں
ہو فرق نہ بیش و کم میں
جب پیت ہے اس کو اپنائیں
ہوں اَمر، جو چاہیں کروائیں
ہو پریم سے اس کا سودا
ہاں، پریم سے کیا نہیں ملتا
چلو ناتھ خدا کو مولیں! پھر پریم کی ہولی کھیلیں!

سید علی شاکر

نکات

زار نالی مرا اُصول نہیں
دعوتِ غم سے بے قبول نہیں
مثلِ نقطہ ہوں بے نیازِ جہات
میری دُنیا میں عرض طول نہیں

دل وہی پائمال رہتا ہے
جس کو غم کا خیال رہتا ہے
ایسے موزی کو دور ہی سے سلام
جس سے دل پائمال رہتا ہے

پھول جب تک کھلا ہے خندہ ہے
رنگ و بو سے چمن بدامال ہے
ایک ذرا ہو گیا جو افسردہ
عقل و دیں عبد تنوں کا غوغا ہے

کیوں پریشاں کسی کی خاطر ہو
کیا پڑی ہے کسی کو ماتم کی
عقل جذبات کی غلام نہ ہو
یہی شان ابنِ آدم کی

امینِ حزیں

کشتی

دسمبر کا مہینہ بمبئی میں عجب چہل پہل کا ہوتا ہے۔ سمندر کی قربت کی وجہ سے شمالی ہند جیسی سردی تو نہیں پڑتی مگر موسم کافی خوشگوار ہو جاتا ہے۔ سیاحوں کی کثرت ہوتی ہے، تجارت فروغ پر ہوتی ہے، تفریح کا ہوں پر ہجوم ہوتا ہے۔ غرض شہر کی نبض تیز ہو جاتی ہے اور ہر شخص اپنے جسم میں ایک نئی زندگی محسوس کرتا ہے۔

گل بانو..... نوجوان، لمبے سیاہ بالوں والی گل بانو..... بھی اپنے جسم میں ایک نئی تازگی اور اپنی روح میں ایک نئی تڑپ محسوس کر رہی تھی۔ اٹھارہ سالہ گل بانو زندگی کے اس دور سے گزر رہی تھی جب دل میں اُمنگیں اور دماغ میں منصوبے ہوتے ہیں۔ خود زندگی ہی ایک بہت دلچسپ، بہت رنگین کھیل ہوتی ہے۔ جب آنکھوں میں چمک ہوتی ہے اور چال میں والہانہ پن۔ جب حوصلوں سے سراونچا ہوتا ہے اور دُنیا کی ہر طاقت اپنے سامنے ہیچ معلوم ہوتی ہے۔ جب دل میں دُنیا بدل دینے کی ہمت ہوتی ہے اور حصول مقصد میں جانفروشی کی آرزو۔ گل بانو دو سال سے میڈیکل کالج میں تعلیم پاتی تھی۔ یہ اس کا تیسرا سال تھا۔ اور دو سال میں وہ باقاعدہ سند یافتہ ڈاکٹر ہو جائیگی۔ یہ خیال اس کے لئے کس قدر خوشگوار تھا۔ پھر وہ گھر کی قید سے آزاد ایک خود مختار شہری کی حیثیت سے زندگی بسر کریگی۔ اس نے اپنی زندگی کے لئے ایک باقاعدہ پروگرام بنا رکھا تھا۔ اس کا ارادہ تھا کہ اپنا مطب مزدوروں کے محلے میں کھولیگی تاکہ ان بدنصیب عورتوں اور بچوں کا علاج کر سکے جو سرمایہ داری کی بدولت تنگ اور اندھیرے مکانوں میں رہتے ہیں اور جن کی آمدنی اتنی محدود ہوتی ہے کہ ڈاکٹر اور دوا کا خرچ تو کجا پیٹ بھر کر کھانا اور تن بھر کپڑا بھی میسّر نہیں آتا۔ اس کو روپیہ پیدا کرنے کا شوق نہ تھا۔ اس کے باپ نے جو پچیس برس تک ایک سیٹھ کے کپڑے کے کارخانے کا مینیجر رہا تھا کافی روپیہ پیدا کیا تھا۔ مگر گل بانو کو بچپن ہی سے اس اقتصادی نظام سے سخت نفرت تھی جس کی خدمت سے اس کے باپ نے دولت کمائی تھی۔ اس نے اپنے باپ کو مزدوروں پر ظلم کرتے ہوئے دیکھا تھا، اس نے کڑکڑاتی ہوئی عورتیں اور سسکتے ہوئے بچے دیکھے تھے۔ اس نے کارخانے کے مالک سیٹھ سلیمانی کا مالا بار ہل پر عالیشان محل دیکھا تھا اور کارخانے میں کام کرنے والے مزدوروں کی اندھیری اور بدبودار "چالیں" بھی جہاں چھوٹے چھوٹے کمروں میں دو دو خاندان زندگی بسر کرتے تھے۔ وہ اس نظام کو بدلنا چاہتی تھی جو ایسا ظلم روا رکھتا ہے۔ اور اس کا ارادہ تھا کہ ڈاکٹری کے ساتھ ساتھ وہ سیاسی کام بھی کرے گی۔ ڈاکٹر کی حیثیت سے وہ ہر گھر میں جا سکے گی اور اس طرح وہ ان مزدوروں اور ان کی عورتوں کے اُلجھے ہوئے دلوں اور دماغوں کو روشن کرے گی، اُن کو اُن کے حقوق سے آگاہ کرے گی، اور اس جنگ کے لئے تیار کرے گی جو ایک دن ایک نیا اور بہتر نظام قایم کرنے والی ہے۔ اس کے یہ خیالات اگر ایک طرف اس کے مشاہدہ کا نتیجہ تھے جو اسکو اپنے باپ کے کارخانے اور میڈیکل کالج کے ہسپتال میں حاصل ہوا تھا تو دوسری

طرف وہ اشتراکی تحریک کی ہنگامہ خیز کارروائیوں اور پُرجوش انقلابی لٹریچر سے بھی متاثر ہوئی تھی۔ اُس نے مزدوروں کو سُرخ جھنڈے لئے ہوئے جلوسوں میں دیکھا تھا، اشتراکی لیڈروں کی تقریریں سُنی تھیں، اشتراکیت پر چند ابتدائی کتابیں پڑھی تھیں۔ اس نے دیکھا تھا کہ اس کی عمر کے لوگوں کا رجحان کدھر تھا۔ نئے خیالات کی اس رو میں تڑپ رکھنے والا ہر ایک دل تھا۔ زمانے کا تقاضہ اور اس کے اپنے دماغ کا یہی فیصلہ تھا کہ وہ اس تحریک کا ساتھ دے۔ مانا کہ اکثر کھاتے پیتے "سفید پوش" اشتراکیوں کی طرح عوام کی بہبودی میں اس کی دلچسپی کسی قدر "ہمدردانہ" اور اور "مشفقانہ" تھی۔ اور اس ہمدردی کا اظہار بھی فی الحال الفاظ ہی تک محدود تھا۔ مگر باوجود ان ناگزیر کمزوریوں کے جو اس کو پچھلی نسلوں سے ورثہ میں ملی تھیں اس میں سماجی حقائق سمجھنے کی صلاحیت تھی اور خدمتِ خلق کا جذبہ۔

کالج میں، گھر پر، راستہ میں وہ یہی منصوبے بنایا کرتی۔ مگر اپنی اس خیالی دنیا میں وہ اکیلی نہیں ہوتی تھی۔ اس کے ساتھ ایک رفیق اور دوست کی حیثیت سے، اس کا شوہر بھی ہوتا تھا۔ وہ ایک خوش مزاج اور خوددار نوجوان تھا۔ جو اس کی خانگی، فنّی اور سیاسی زندگی میں برابر کا شریک تھا۔ لیکن وہ کون تھا، اس کا نام کیا تھا یہ گل بانو کو بھی نہ معلوم تھا۔ باقی تمام منصوبوں کی طرح یہ خیالی شوہر بھی فقط اس کے دل اور دماغ میں مکین تھا۔ ظاہری دُنیا میں اس کی ابھی کوئی اصلیت نہ تھی۔ مگر پھر بھی اکثر گل بانو خیالی شریکِ زندگی کے متعلق اتنا سوچتی کہ یہ محسوس ہونے لگتا کہ گویا وہ واقعی کوئی اصلیت رکھتا ہے۔

ایک دن وہ ایسے ہی خوشگوار خیالات میں مست کالج کے دروازے سے نکل کر ٹرام کی طرف جا رہی تھی کہ موتی لال نے آواز دی۔ موتی لال گل بانو کا ہم جماعت تھا۔ وہ ایک محنتی اور خاموش پسند طالب علم تھا۔ اور لڑکوں کی طرح وہ لڑکیوں کے پیچھے مارا مارا نہ پھرتا تھا۔ کلاس کی لڑکیوں میں اُس کی ملاقات بھی فقط گل بانو ہی سے تھی۔ وہ بھی اس لئے کہ عملِ جرّاحی کے کمرے میں ان کو ایک ہی میز پر کام کرنا پڑتا تھا۔ گو ہفتہ میں کئی بار ان دونوں کا اس طرح ساتھ ہوتا تھا مگر وہ سوائے رسمی علیک سلیک یا کام سے متعلق گفتگو کے کبھی اور بات نہ کرتا۔ دراصل وہ فطرتاً بہت کم گو اور حساس واقع ہوا تھا۔ اس کو ہمیشہ یہ خطرہ رہتا تھا کہ اگر اس نے گل بانو سے بات کرنے میں ابتدا کی اور اس نے جھڑک دیا تو سخت خفت ہوگی۔ مگر آج کے زندگی بخش موسم نے اس کے دل میں بھی جرأت پیدا کر دی تھی۔ اس نے طے کر لیا تھا کہ آج وہ گل بانو کو اپنے ساتھ سینما دیکھنے کی دعوت ضرور دیگا۔ خواہ وہ انکار ہی کیوں نہ کر دے۔

"آپ کہاں جا رہی ہیں؟" اس نے سلسلۂ کلام شروع کیا۔

گل بانو کو موتی لال سے کافی دلچسپی تھی۔ وہ مدّت سے جانتی تھی کہ وہ اس سے مُلاقات بڑھانا چاہتا ہے مگر جھینپتا ہے۔ دراصل وہ اس انتظار ہی میں تھی کہ موتی اس کی طرف اپنی توجہ کا اظہار کرے۔ دوسری لڑکیوں کی طرح گل بانو کے دل میں بھی خواہش تھی کہ کوئی معقول نوجوان اس سے دلچسپی لے، اُسکو اپنا ہمراز بنائے اور اس کا ہمراز بنے۔ کلاس کے کئی لڑکے گل بانو کی نظرِ التفات کے اُمیدوار رہتے تھے۔ لیکن وہ سب چھچھورے اور بدتمیز قسم کے تھے۔ اور گل بانو جیسی

طبیعت کی لڑکی کے لئے ان میں دلچسپی لینا ناممکن تھا۔ موتی لال ان سب سے بالکل مختلف تھا۔ اس کا شرمیلا پن، صنف نازک کی موجودگی میں گھبراہٹ، یہ اس کی وہ خصوصیات تھیں جو گل بانو کے لئے ایک عجیب کشش رکھتی تھیں۔ آج جب موتی نے خود گفتگو میں پیش قدمی کی تو اس کی دلی مراد بر آئی۔

"گھر جا رہی ہوں۔ اور کہاں جا سکتی ہوں؟" اُس نے مسکرا کر جواب دیا۔

"ایسی جلدی کیا ہے؟ قریب ہی سینما میں پال موتی کا فلم "لوئی پاستیور" ہو رہا ہے۔ اگر ہرج نہ ہو تو چلئے دیکھ لیں۔"

گل بانو نے جواب دینے سے پہلے کچھ توقف کیا۔ اسکو میڈیکل کالج میں داخل ہوئے دو سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا تھا مگر اب تک وہ اکیلی کسی لڑکے کے ساتھ سینما نہ گئی تھی۔ وجہ یہ تھی کہ گو اس کا گھرانہ پردہ کی بندشوں سے آزاد تھا مگر اس کے والدین سوائے کالج کے کہیں اور گل بانو کو تنہا جانے کی اجازت نہ دیتے تھے۔ اگر آج وہ موتی لال کے ساتھ سینما چلی گئی تو یقین تھا کہ گھر پر بُری طرح ڈانٹ پڑے گی۔ اس خوف کے ساتھ ساتھ اس کا دل سینما جانے کو بھی بُری طرح چاہ رہا تھا۔ تین مہینے سے اس نے کوئی فلم نہ دیکھا تھا کیونکہ اس کا بڑا بھائی جس کے ساتھ وہ کبھی کبھی سینما جایا کرتی تھی احمد آباد گیا ہوا تھا۔ پال موتی اس کا محبوب فلم سٹار تھا اور اس کے فلم "لوئی پاستیور" کی تعریف اس نے ہر ایک سے سُنی تھی۔ یہ فلم اٹھارویں صدی کے مشہور فرانسیسی ڈاکٹر "لوئی پاستیور" کے حالات زندگی پر مبنی تھی جس نے باوجود قدامت پسند طبیبوں کی سخت مخالفت کے، انجکشن کے ذریعہ ایک نئے طریقۂ علاج کی بنیاد ڈالی تھی۔ گل بانو نے لوئی پاستیور کا نام اپنی درسی کتابوں میں پڑھا تھا اور اس کے لازوال طبّی کارناموں کی وہ زبردست معترف تھی۔ میڈیکل کالج کا تقریباً ہر طالب علم اس فلم کو دیکھ چکا تھا۔ شاید فقط ایک گل بانو ہی رہ گئی تھی۔

"مگر آپ تو یہ فلم دیکھ چکے ہیں نا؟" اُس نے موتی لال سے سوال کیا۔

"جی ہاں، مگر آپ نے تو نہیں دیکھا۔ اس کے علاوہ میں خود اس فلم کو دوبارہ دیکھنا چاہتا ہوں۔"

گل بانو کے دل میں والدین کے خوف اور فلم دیکھنے کے شوق میں کشاکش ہو رہی تھی۔ مگر والدین کی ڈانٹ تو بعد میں پڑے گی۔ فی الحال تو اس خوشگوار موسم کے کئی گھنٹے ایک دلچسپ رفیق کی صحبت میں گذارنے اور ایک بلند پایہ فلم دیکھنے کی خواہش تھی۔ دسمبر کی اس سہ پہر میں باغیانہ خیالات کو بھڑکانے کی ایک عجیب طاقت تھی۔ ماں باپ کے خوف پر موتی لال کا اصرار غالب آ گیا۔

گل بانو نے کہا۔ "بہت اچھا۔ چلئے۔"

(۲)

وہ شام گل بانو کی زندگی کی دلچسپ ترین شام تھی۔ باوجود اپنی فطری کم گوئی کے موتی لال ابتدائی جھجک نکل جانے بعد نہایت بامذاق اور دلچسپ باتیں کرنے والا ثابت ہوا۔ سینما کے شروع ہونے میں تھوڑی دیر تھی۔ دونوں نے ایک ریسٹوراں میں چائے پی۔ گفتگو کا سلسلہ سینما شروع ہونے تک جاری رہا۔ دُنیا کا شاید ہی کوئی مسئلہ ہو جس پر ان دونوں نے تبادلۂ خیالات نہ کیا ہو۔ سیاست، سماجی رسوم، معاشیات، موجودہ طبی رجحانات، ادبی مسائل۔

موتی لال کی عام واقفیت حیرت انگیز تھی۔ اور گل بانو بھی دُنیا کے مسائل کے متعلق اتنا ضرور جانتی تھی کہ اُن پر گفتگو کر سکے۔ اکثر باتوں پر ان کو اتفاق تھا۔ موتی لال بھی ڈاکٹری تعلیم کو فقط روپیہ پیدا کرنے کا ذریعہ نہ سمجھتا تھا۔ مگر اس کے خیالات میں زیادہ پختگی تھی۔ اس نے دُنیا کا نشیب و فراز دیکھا تھا۔ بچپن ہی میں والدین کا سایہ سر سے اُٹھ جانے کی وجہ سے اس کو عمر بھر اپنے پر بھروسہ کرنا پڑا تھا۔ ایک رشتہ کے چچا اور وظائف کی مدد سے تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ وہ افلاس کی تکلیف دہ حقیقت سے ذاتی طور پر واقف تھا۔ گل بانو کی طرح اس کی اشتراکیت غریبوں سے "ہمدردی" پر نہیں بلکہ خود اپنی مفلسی کے تجربات پر مبنی تھی۔ جب اس نے اپنے اور گل بانو کے لئے نو آنے کے ٹکٹ خریدے تو گل بانو (جو ہمیشہ اُونچے درجے میں جانے کی عادی تھی) یہ سمجھی کہ یہ بھی کوئی اشتراکی اصول ہے کہ فضول خرچی نہ کی جائے۔ کہنے لگی "یہ بہت ٹھیک ہے۔ بھلا بیکار پیسے خرچ کرنے سے کیا فائدہ۔ ہزاروں غریب بیچارے تو چار آنے والا ٹکٹ بھی نہیں خرید سکتے۔" موتی مُسکرا کر خاموش ہو گیا۔ گل بانو کو کیا معلوم تھا کہ اس کے ساتھی کی جیب میں یہ ٹکٹ خریدنے کے بعد فقط چار آنے باقی رہ گئے تھے۔ ان میں سے دو آنے ٹرام کے کرائے پر خرچ ہو گئے جب وہ سینما ختم ہونے پر گل بانو کو اس کے مکان تک چھوڑنے گیا۔

نو بج رہے تھے جب گل بانو مکان میں داخل ہوئی۔ شام بھر وہ اس قدر خوش رہی تھی کہ اس کو اب تک یہ خیال نہ آیا تھا کہ اس کی اتنی رات گئے واپسی پر گھر میں ایک طوفان بپا ہو گا۔ ماں باپ دونوں گول کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جاتے ہی ماں نے للکارا۔

"اری او کلو، اِدھر آ" اور پھر طنزیہ لہجہ میں "اب تک کہاں تھیں، میم صاحب؟"

گل بانو نے کبھی اپنے والدین سے جھوٹ نہ بولا تھا۔ "معاف کیجئے گا اماں، اگر آپ کو اور ابا کو کھانے پر میرا انتظار کرنا پڑا۔ میں ایک دوست کی ساتھ سینما دیکھنے چلی گئی تھی۔"

"کس دوست کی ساتھ؟" اس کے باپ نے بگڑ کر سوال کیا۔

"موتی لال کی ساتھ۔ میرا ہم جماعت ہے۔"

اس جواب سے تو گویا گل بانو کے ماں باپ کے مزاج کا پارہ آسمان پر پہنچ گیا۔ باپ کو جتنی گالیاں اور ماں کو جتنے کوسنے یاد تھے وہ موتی لال کی تعریف میں صرف ہو گئے۔

ماں نے آنسو بہا کر کہا۔ "میں تو پہلے ہی کہتی تھی کہ لڑکی کو کالج میں مت داخل کرو۔ آخر کو وہی ہوا نہ جس کا کھٹکا تھا....."

"آخر کیا ہوا؟" گل بانو جواب تک دم سادھے کھڑی تھی تنگ آ کر بولی۔ "مجھے بھی تو اپنا جُرم معلوم ہو۔"

"جُرم پوچھتی ہے!" باپ نے گرج کر کہا۔ "ایک کافر بچے کی ساتھ پھرو تم اور ہم سے پوچھو کہ جُرم کیا ہے؟ آوارہ کہیں کی۔"

گل بانو کو بچپن سے والدین کی اطاعت کا سبق پڑھایا گیا تھا۔ اس کو اپنے ماں باپ سے محبت بھی بہت تھی اور اُنکا

ادب بھی کرتی تھی۔ مگر اس کا جذبۂ خودداری فنا نہ ہوا تھا۔ اپنی عصمت کی یہ تحقیر سُنکر اُس کے تن بدن میں آگ سی لگ گئی۔ ادب اور لحاظ، محبّت اور اطاعت کے تمام جذبات ایک لمحہ کے لئے مفقود ہوگئے۔ اس وقت وہ کسی کی اولاد نہیں تھی۔ وہ ایک عورت تھی جس کے پاک دامن پر ایک ناروا دھبّہ لگا یا گیا تھا۔ غصّہ سے اس کی آواز کانپ رہی تھی، آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے تھے۔ مگر لسوانی وقار نے اس کی گردن نہ جُھکنے دی۔ سر اونچا کرکے بولی۔ "گستاخی معاف کیجئے اتّا۔ میں یہ الفاظ نہیں سُن سکتی۔ میں آپ کی بیٹی ہوں۔ چاہیں تو آپ میری گردن اُڑا سکتے ہیں، مگر میری آبرو پر بٹّہ لگانے کا اختیار آپ کو بھی نہیں ہے۔"

اس کے باپ کو کبھی یہ گمان نہ تھا کہ بیٹی ایسا جواب دیگی۔ ایسی گستاخی، یہ جرأت! اس کی تو فوراً سزا دینی چاہیئے۔ ماں بھی چلّا کر بولی۔ "لوسُن لو صاحبزادی صاحبہ کی باتیں۔ آج ٹرٹر جواب دے رہی ہے۔ کل ہم پر ہاتھ اٹھائے گی۔" اب تو اس کے باپ کی آتش غضب اور بھی بھڑک اُٹھی۔ چلّا کر کہا۔ "بھلی خیر ہے تو نکل جا یہاں سے۔ اسی دم۔ میرے گھر میں آوارہ لڑکی کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔"

یہ سُنکر گل بانو سنّاٹے میں آگئی۔ اب تک اس کو خیال تھا کہ زبانی ڈانٹ ڈپٹ پر بات ٹل جائے گی۔ مگر جب گھر چھوڑنے کا حکم سُنا تو وہ کئی سیکنڈ اسی سوچ میں کھڑی رہی کہ کیا کرے۔ ان حالات میں گھر میں رہنا ناممکن نظر آتا تھا۔ مگر گھر چھوڑے تو جائے کہاں۔ اسی کش مکش میں تھی کہ باپ کے الفاظ پھر کان میں گونجے۔ "میرے گھر میں آوارہ لڑکی کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔" اس نے بغیر ایک لفظ کہے ساڑھی کا پلّو سر پر ڈالا اور خاموشی سے دروازے کے باہر نکل گئی۔

چند منٹ تک کمرے میں سنّاٹا چھایا رہا۔ گل بانو باہر دہلیز کے برابر کئی منٹ تک کھڑی رہی اس اُمید میں کہ دوبارہ سوچنے پر اُسکے والدین پھر اندر بلالیں گے۔ مگر وہ دونوں اس خیال میں تھے کہ گل بانو اُن سے معافی مانگ لیگی اور آئندہ ایسی حرکت نہ کرنے کا وعدہ کریگی۔ مگر وہ بھی ان کی ہی اولاد تھی۔ دونوں طرف ضد برقرار رہی۔

گل بانو کے گھر کا قاعدہ تھا کہ دس بجے رات کو صدر دروازہ بند کر دیا جاتا تھا۔ جب گھنٹہ بجنا شروع ہوا تو گل بانو کی ماں نے اپنے شوہر کی طرف دیکھا۔ "بند کردو" وہاں سے حکم ملا۔ گل بانو نے حسرت بھری نگاہوں سے مُڑکر دیکھا۔ چٹخنی چڑھانے کی آواز آئی اور والدین کے گھر کا دروازہ اُسکے لئے ہمیشہ کے واسطے بند ہوگیا۔

(۳)

پانچ مہینے گذر گئے۔ اس عرصہ میں گل بانو کی زندگی میں ایک انقلاب ہوچکا تھا۔ وہ اب ایک دولتمند گھرانے کی خوش پوش اور بے فکر لڑکی نہیں بلکہ ——— ہسپتال میں ایک نرس تھی گھر سے نکالے جانے پر اس نے کالج سے نام کٹا لیا تھا۔ کیونکہ بغیر والدین کی مدد کے وہ فیس اور کتابوں کے اخراجات برداشت نہ کرسکتی تھی۔ میڈیکل کالج میں تین سال تعلیم پانے کی وجہ سے اس کو نرس کا کام ملنے میں آسانی ہوئی اسکو چالیس روپے ماہوار

ملتے تھے۔ جس میں سے پچیس روپے کھانے اور کمرے کے کرایہ میں چلے جاتے تھے۔ پھر بھی وہ کسی نہ کسی طرح گذارہ کرتی تھی۔ اب اسکو عمر میں پہلی مرتبہ مفلسی کا تجربہ ہوا تھا۔ ہسپتال کا کام سخت تھا اور تنخواہ کم۔ پانچ ہی مہینے میں گل بانو کو معلوم ہوگیا کہ سماج سے بغاوت آسان کام نہیں ہے۔ مگر اس کی فطری ضد اور خودداری اس بات کی اجازت نہ دیتی تھی کہ وہ مالی امداد کے لئے کسی کے سامنے ہاتھ پھیلاتے۔ ہر ہفتے وہ اپنی خیریت کا ایک پوسٹ کارڈ ماں کے نام بھیج دیتی تھی مگر کبھی خرچ کے لئے روپیہ نہ طلب کیا۔ ایک دفعہ محبت سے مجبور ہوکر ماں نے کچھ روپیہ بھیجا بھی تو گل بانو نے واپس کر دیا۔ دراصل اس کے دل میں اب بھی اپنے ماں باپ کے لئے اتنی ہی محبت تھی۔ کوئی غصہ یا نفرت کا جذبہ اُن کے خلاف نہ تھا ——— کہ وہ دونوں اپنے ماحول اور تربیت اور سماجی نظریہ سے مجبور ہیں۔ جو کچھ ظلم انہوں نے اس پر کیا اس میں ان کا نہیں بلکہ اس سماجی نظام کا قصور تھا جو ایسے حالات روا رکھتا ہے۔ اس لئے اس کے دل میں اگر بے پناہ غصہ تھا تو سماج کے خلاف اور اس کے اُن قوانین کے خلاف جو ایک عورت کے ساتھ لونڈی غلاموں کا سلوک کرتے ہیں۔

اس عرصہ میں موتی لال کے ساتھ اُس کے تعلقات عجیب طرح کے تھے۔ جیسے ہی موتی کو معلوم ہوا تھا کہ گل بانو اس کی وجہ سے گھر سے نکال دی گئی ہے وہ دوڑا ہوا اُس کے پاس آیا تھا۔ اسکو واقعی افسوس تھا کہ اس کی خاطر اس غریب لڑکی پر اتنا سنگین الزام لگایا گیا۔ لیکن اب کیا چارہ تھا۔ اُسکو گل بانو سے محبت تھی اور اس مصیبت میں ہمدردی بھی۔ یہ بھی اسکو اندازہ ہوگیا تھا کہ گل بانو بھی اس میں کافی دلچسپی رکھتی ہے۔ اس نے یہ بھی جلد دیکھ لیا کہ میڈیکل کالج کے شوقین مزاج لڑکے اور ہسپتال کے نوجوان ڈاکٹر گل بانو کی بیچارگی سے ناجائز فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں۔ وہ ان میں سے کسی کو مُنہ نہ لگاتی تھی۔ مگر موتی لال اس صورت حال کو گوارا نہ کرسکتا تھا۔ اس کے لئے ایک ہی طرز عمل ممکن تھا۔ اس نے شادی کی تجویز پیش کر دی۔

مگر گل بانو پر اس تجویز کا اثر اُلٹا ہوا۔ وہ موتی لال کو بے حد پسند کرتی تھی۔ شاید چاہتی بھی تھی۔ لیکن اس کو یہ یقین نہ تھا کہ آیا اس نے شادی کی تجویز محبت کی خاطر کی ہے یا فقط ہمدردی کے لئے۔ اسکو یہ شبہ ستاتا تھا کہ شاید اسکی موجودہ مصیبت سے متاثر ہوکر موتی ازدواجی تعلقات پیدا کرکے اُسکی خبر گیری کرنا اپنا اخلاقی فرض سمجھتا ہے۔ یہ اس کو منظور نہ تھا۔

غرض اُس نے شادی سے انکار کر دیا اور کہا کہ اس وقت تک وہ موتی کی تجویز نہ منظور کرسکے گی جب تک اسکو یہ یقین نہ ہوجائیگا کہ اس تجویز کی محرک ہمدردی اور فیاضی نہیں بلکہ محبت ہے۔ موتی نے لاکھ سمجھانے کی کوشش کی لیکن گل بانو اپنے فیصلہ پر قائم رہی۔ دونوں کی دوستی پھر بھی برقرار رہی۔ ہر روز شام کو دونوں ساتھ ٹہلنے جاتے تھے۔ لوگ چہ میگوئیاں ضرور کرتے مگر ان کو کسی کے کہنے سُننے کی پرواہ کب تھی۔

(۴)

ایک روز شام کو جب موتی حسبِ معمول چار بجے کے قریب گل بانو کے کمرے پر پہنچا تو میز پر ایک پرچہ پڑا پایا۔

"موتی۔ میرے بھائی صاحب کا خط آیا ہے جس سے معلوم ہوا ہے کہ والدہ سخت بیمار ہیں اور مجھ سے ملنا چاہتی ہیں۔ اِسلئے میں گھر جا رہی ہوں۔ اگر اُن کی طبیعت سنبھل گئی تو شام کو واپس آجاؤں گی۔ چھ بجے تک انتظار کرنا۔ گل"

چھ بجنے میں چند منٹ تھے جب گل بانو واپس آئی۔ کمرے میں خاصہ اندھیرا تھا۔ چہرہ نظر نہیں آتا تھا مگر موتی لال نے اس کے انداز میں ایک عجیب افسردگی پائی۔ کمرے میں خاموشی سے داخل ہو کر گل بانو نے بجلی کا بٹن دبا کر روشنی کی۔ اب موتی نے دیکھا کہ رونے سے اس کی آنکھیں سُرخ ہو رہی تھیں۔ بلا کچھ کہے سُنے وہ کُرسی پر بیٹھ گئی۔ باوجود ضبط کے ایک آنسو آنکھ سے ٹپک پڑا۔

"کیا ہوا؟ خیریت تو ہے؟ تمہاری والدہ کا مزاج کیسا ہے؟" موتی نے پریشان ہو کر پوچھا۔

"اچھی ہیں"

"تو پھر؟ تم کیوں رو رہی ہو، گل؟ کیا مجھے بھی نہ بتاؤ گی؟"

گل بانو نے کوئی جواب نہ دیا۔ فقط ہاتھ کی ایک جُنبش سے ساڑھی کا آنچل سر سے گرا دیا۔ موتی کے مُنہ سے ایک چیخ نکل گئی۔ وہ ریشمی سیاہ لمبے بال اب اس کے سر کی زینت نہ تھے۔ ان کے بجائے کٹے ہوئے بالوں کے بے ترتیب اور خون آلود گچھے ایک وحشت ناک منظر پیش کر رہے تھے۔ معلوم ہوتا تھا کسی بیدرد نے کُند قینچی سے یہ ظلم کیا ہے۔

"کس نے؟" موتی کی زبان سے یہ سوال بھی مشکل سے نکلا۔

"بھائی نے" آنکھیں جُھکا کر گل بانو نے جواب دیا۔ "تم سے دوستی کرنے کا انعام ہے"

"تو اب اس کا بدلہ بھی میں لونگا" موتی غصّہ سے کانپ رہا تھا۔ "اس جلّاد کو اس ظلم کی سزا بھگتنی پڑیگی۔ مار ہی ڈالوں گا"

"میرے بھائی کو؟"

لاجواب ہو کر موتی لال بیٹھ گیا۔ گل بانو کی طرف دیکھا تو اس کے چہرے پر ایک عجیب اطمینان پایا گو یا بدترین غم اور تکلیف سے گزر کر وہ ابدی سُکون کا راز پا گئی ہو۔ اس کے دیکھتے ہی دیکھتے وہ مُسکرا دی۔

اب گل بانو نے پورا واقعہ سُنایا کہ کس طرح اس کے بھائی کو احمد آباد سے واپسی پر تمام واقعات معلوم ہوتے اور یہ سُن کر کہ اس کی بہن نے ایک ہندو کی خاطر گھر چھوڑ دیا تھا وہ غصّہ سے دیوانہ ہو گیا۔ اسی جنون میں اس نے بہن کو دھوکے سے گھر بلا کر اس کے بال کاٹ ڈالے تھے۔ یہ قصّہ سُناتے وقت اس کی آواز میں غصّہ کا شائبہ بھی نہ تھا۔ محبّت کرنے والی بہن نے بھائی کی اس سفّاکی کو بھی معاف کر دیا تھا۔

کچھ دیر کمرے میں سنّاٹا طاری رہا۔ پھر گل بانو بولی۔ "موتی، تمہیں یاد ہے تم نے اکثر مجھ سے شادی کرنے کو کہا ہے۔ کہو اب بھی تیار ہو؟"

"گل۔ مجھ سے پوچھتی ہو گو یا اس واقعہ سے میرے جذبات بدل سکتے ہیں۔ میرے دل میں اس وقت تمہاری محبّت اور عزّت پہلے بھی ہزار گنی ہے"

"اچھا تو ابھی رجسٹرار کے ہاں چلو۔ ہم سول میرج قانون کے مطابق شادی کریں گے!"

"گل!" اس خوشی کے لمحہ میں موتی کی زبان سے فقط ایک یہی لفظ نکل سکا۔ دونوں باہر جانے کے لئے کھڑے ہو گئے کسی نے یہ نہ سوچا کہ شام کے چھ بجے کے بعد کوئی سرکاری دفتر نہیں کھلا ہوتا۔

کمرے سے باہر نکلنے لگے تو موتی گل بانو کے سر کی طرف دیکھ کر جھجکا۔ سر بدستور کھلا تھا۔

"گل!" اس نے کہا اور سر کی طرف اشارہ کیا کہ آنچل ڈال لے۔

"اوہ۔ یہ؟" گل بانو نے ہنس کر کہا۔ "اس کو کیسے چھپا سکتی ہوں۔ یہ تو میری آزادی کا اعلان ہے!"

اس وقت اس کی آنکھوں میں وہ سرکشی تھی جس نے بڑے بڑے بادشاہوں کے تخت الٹ دئے ہیں۔ اور سنگین ترین رواجوں کو ملیامیٹ کر دیا ہے۔

خواجہ احمد عباس

برسات

اہلِ عالم کو پیامِ زندگی دیتا ہوا
ابر گوہر بار اٹھا کر وٹیں لیتا ہوا

چل رہی ہے ہر طرف جاروب کش بنکر ہوا
چھا گلیں پانی کی رکھکر دوش پر اٹھی گھٹا

کھلگیا مینہ کا خزانہ دولتیں لٹنے لگیں
ابر کے پردے میں آتشبازیاں چھٹنے لگیں

سُنکے پیغامِ مسرت غنچے غنچے کھل گئے
ڈالیوں سے ڈالیاں پتوں سے پتے مل گئے

پھوٹ نکلیں کونپلیں سوکھے ہوئے اشجار میں
روح جا کر پھر پلٹ آئی تنِ بیمار میں

نیلے نیلے آسماں پر اودی اودی دھاریاں
وہ شفق کی چادریں قدرت کی وہ گلکاریاں

بنگیا صحرا چمن غنچہ گل تر بن گیا
مئے بنا پانی کا قطرہ پھول ساغر بنگیا

چل کے دیکھو باغ میں دریا دلی برسات کی
دردیاں تقسیم ہوتی ہیں ہری بانات کی

محسن اعظم گڈھی

دارا کا قتل

یہ واقعہ ہے کہ دارا کا قاتل خود اُس کا بھائی اورنگ زیب تھا۔ لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ دارا کے قتل کا واقعہ جسقدر افسوسناک ہے اُسی قدر اٹل بھی تھا اور خود دارا بھی اپنا خون آپ کرنے سے باز نہ آیا۔ اورنگ زیب کی پوزیشن ایک قاتل کی ہوسکتی ہے کس درجہ مجبور تھا۔ اِس پہلو کو بعض مضمون نگاروں نے روشن نہیں کیا ہے۔ لہذا میں چند سطور پیش کرتا ہوں۔

قتل دارا کے اسباب کی تہ کو پہونچنے کیلئے شاہجہاں کے دور حکومت پر نظر کرنی چاہیئے۔ لڑکپن سے بھائیوں میں چشمک تھی۔ بڑے ہونے پر یہی چشمک تلخیوں کی صورت پکڑ کر دشمنی ہوگئی۔ چند دلچسپ واقعات قابلِ توجہ ہیں۔

قدرتاً ایک مغل شہزادہ ہونیکی حیثیت سے اورنگ زیب دارا سے سوائے اس کے کیا متوقع ہوسکتا تھا کہ بڑا بھائی ولی عہد ہے۔ لہذا باپ کی سنت کی پیروی کرتے ہوئے جس دن چاہے باپ سے بغاوت کرکے چھوٹے بھائیوں کا خاتمہ کرسکتا ہے۔ شاہجہاں اور جہانگیر دونوں نے اپنے اپنے باپ سے بغاوت کی اور شاہجہاں نے تو تخت نشینی پر مغل شہزادوں کے خون کا دریا بہا دیا۔ دارا بھی اُسی کا بیٹا تھا۔ یہ سب کچھ اورنگ زیب کے دماغ میں ہر دم موجود رہنا لازمی تھا۔ چنانچہ حسبِ ذیل واقعہ دلچسپی سے پڑھنے کے قابل ہے۔

دارا کو جلی آئینوں سے بہت شوق تھا چنانچہ حلب سے اُس نے آئینے منگوائے اور لب دریا ایک تہ خانہ تعمیر کروایا۔ بعد تعمیر ایک دن باپ کو معہ جملہ بھائیوں کے مدعو کیا۔ وہ بھی اس طرح کہ بے تکلف خود ایک دوسرے کی خاطر کریں۔ شاہجہاں معہ لڑکوں کے آکر بیٹھ گیا اور خود دارا نے مٹھائی وغیرہ کی رکابیاں باہر سے لا لاکر رکھنا شروع کیں اور مدارات میں مشغول ہوا۔ اورنگ زیب اُٹھکر اِدہر اُدہر ٹہلا اور پھر دروازہ میں جاکر بیٹھ گیا۔ دارا نے کہا یہاں کہاں بیٹھے ہو تو دوسرا عذر کرکے شرکت طعام سے معافی چاہی۔ دارا کو ناگوار گذرا۔ دارا نے باپ سے کہا کہ دیکھئے مُلّا جی کہاں بیٹھے ہیں۔ شاہجہاں نے مُتبسم ہوکر اورنگ زیب کو بُلایا لیکن وہ معذرت کرتا رہا۔ حتیٰ کہ پارٹی میں بدمزگی پیدا ہوگئی اور شاہجہاں کو بُرا معلوم ہوا۔ نتیجہ یہ کہ اس کی سزا میں اورنگ زیب کا چھ ماہ کے لئے دربار بند ہوگیا۔ اورنگ زیب نے اس سزا کو خاموشی سے برداشت کیا۔ کچھ عرصہ گذر گیا اور اُمرا کو وجہ خفگی معلوم ہی نہ تھی۔ ایکدن ایک ندیم خاص نے شاہجہاں سے عرض کی کہ کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ اورنگ زیب ایسے عقلمند شہزادہ سے ایسا فعل کیوں سرزد ہوا۔ وہ بیوقوف نہیں ہے۔ سب سے عقلمند ہے۔ چنانچہ شاہجہاں نے طلب کرکے نرمی سے اورنگ زیب سے وجہ دریافت کی۔ اورنگ زیب نے اوّل تو تامل کیا۔ پھر امان طلب کرکے کہدیا کہ قبلہ اعم آپ نے یہ بھی دیکھا تھا کہ جس کمرے میں تاجدار مُغلیہ معہ جملہ وارثانِ تخت و تاج کے بیٹھا تھا اُس میں صرف ایک دروازہ تھا اور دارا دوڑ دوڑ کر باہر جاتے اور آتے تھے۔ صرف ایک دفعہ باہر جاکر کنڈی چڑھا دینے کی دیر تھی۔ میں دروازہ پر بیٹھ گیا کہ ایسا نہ ہوسکے۔ شاہجہاں مُنہ پھاڑے رہ گیا۔ اورنگ زیب چلنے لگا تو آہستہ سے کہا کہ خدا دارا کو اُس کے شر سے محفوظ رکھے۔

اورنگ زیب گیارہ سال کی عمر سے میدانِ کارزار میں جانے لگا۔ بعد میں ہر مہم سرخروئی سے فتح کی۔ سلطنت کا بہترین جنرل شمار ہونے لگا۔ شکست اور ناکامی سے کبھی دوچار نہ ہوا۔ دکن کی مہمات پر تعینات ہوا تو کئی بادشاہیاں لوٹ دیں اور عین موقعہ پر جبکہ بیجاپور وغیرہ فتح کرکے مزید نام پیدا کرنے والا تھا حکم شاہی ایکدم سے آتا ہے کہ اس مہم کو وہیں چھوڑ دو اور ایکدم سے بدخشاں اور قندہار کی مہم سنبھالو۔ بقول مورخ اورنگ زیب کے ہاتھ سے دارا نے دو پکے ہوئے سیب چھین لئے۔ ذرا سوچئے کہ دو سلطنتوں سے برسوں جنگ کرکے جب ہفتہ عشرہ میں اُن کو فتح کرکے شامل سلطنت کرنیکو ہوتا ہے تو سلطنت کا عظیم الشان نقصان برداشت کرتے ہوئے اورنگ زیب کو فتح کی سرخروئی سے محروم کرکے دارا کی کوشش ہوتی ہے کہ اس کے بھی شکست کی سیاہی منہ پر مل دیجائے۔ اُس مہم پر اسکو بھیجتا ہی جہاں دوسرے بھائی اور جنرل ناکام ہوگئے اور جہاں فتح ناممکن ہے۔ حکم بھی ہوتا ہے تو ایسا کہ قندہار کی برف فتح کو اور بھی مشکل بنادے۔ اورنگ زیب عذر کرتا ہے سُنوائی نہیں ہوتی۔ نتیجہ یہ کہ قندہار پر اورنگ زیب ناکام رہتا ہے اور بار بار کہتا ہے کہ میں ایرانیوں سے لڑسکتا ہوں برف سے نہیں لڑسکتا۔ کیا کوئی مورخ بتاسکتا ہے کہ دارا کا یہ فعل کہاں تک مفادِ سلطنت کے لئے تھا۔ اپنی ولی عہدی اور باپ کی محبت سے اس قدر ناجائز فائدہ اُٹھایا۔ کیا اورنگ زیب ذرا بھی توقع کرسکتا تھا کہ دارا برسرِ حکومت ہونیکے بعد مجھکو زندہ رہنے دیگا۔

قصہ مختصر اسی قسم کے واقعات چشمک بڑھاتے گئے۔ دشمنی ہوگئی۔ دارا کے ہاتھ میں مہر شاہی تھی جملہ کام دارا کے ہاتھ میں تھا۔

اِس موقعہ پر یہ بھی دیکھنا ہے کہ اس چشمک اور خصومت میں وقتی پالیٹکس نے کیا اضافہ کیا۔ مُغلیہ حکومت میں راجپوت پالیسی ایک خاص چیز تھی۔ شاہجہاں کی ماں راجپوت۔ باپ کی ماں راجپوت۔ اس سے زیادہ راجپوتوں کا کوئی مُغلیہ بادشاہ دوست نہ تھا۔ حد یہ کہ مہارانا اودے پور اُس کا پگڑی بدل بھائی تھا وہ اودے پور جسنے اکبر کی سیادت سے انکار کیا۔ خود شاہجہاں کے لئے میواڑ کے سیسودیا راجپوت پسینہ کی جگہ خون بہانے کو تیار رہتے۔ مہاراجہ گج سنگھ مہاراجہ جودھپور اس کے سگے ماموں زاد بھائی تھے۔ اور راجپوتوں کا مغلوں کے معاملات میں وہ زور تھا کہ اکبر کی ولی عہدی کا جب جھگڑا کھڑا ہوا تھا تو راجہ مان سنگھ نے بزورِ قلعہ کے خزانوں پر قبضہ کرکے جہانگیر کی جانشینی پختہ کرالی اور مغل امراء کچھ بھی نہ کرسکے۔ شاہجہاں کا زمانہ راجپوت سرداروں کے عروج کا تھا اور مغل اُمراء ہر جگہ پست تھے۔ دارا بھی مغل اُمراء سے مشکوک رہتا تھا اور راجپوتوں کی طرف جُھکا رہتا تھا۔ نتیجہ یہ کہ مغل پارٹی لامحالہ اورنگ زیب کی حامی ہوگئی۔ دراصل اس زمانہ میں راجپوتی اور مغلئی کشمکش انتہا پر پہونچ چکی تھی۔

اس کے بعد اب ذاتی قابلیت کا جائزہ لیجئے۔ دارا کی فلسفہ دانی اور علمی قابلیت اور علمی مشاغل تسلیم ہیں مگر یہ طے ہے کہ یہ چیزیں میدانِ جنگ پر کام نہیں آتیں۔ فردوسی کے سپہ سالار محمود کا کام نہیں ہوسکتا۔ دارا کے مشاغل دیکھئے اور اورنگ زیب کے مشاغل۔ اورنگ زیب کی جوانی میدانِ کارزار میں جوہر دکھا رہی تھی اور دوسری طرف دارا محل کی پُرعیش زندگی میں دادِ فلسفہ دے رہا تھا۔ دارا جلد باز تھا۔ ضدی تھا۔ مزاج میں تمکنت اور رعونت تھی۔

حاسد تھا۔ کسی کا مشورہ نہیں مانتا تھا۔ بہادر تھا مگر جنگی قابلیت اورنگ زیب کے مقابلہ میں صفر تھی۔ کبھی کوئی اہم جنگی کام یا سیاسی کام انجام نہیں دیا۔ تخت پر بیٹھنے کے لئے جن قابلیتوں کی ضرورت ہوتی ہے اُن میں سے ایک بھی نہ تھی۔ محض شعرا اور ادیبوں کا دل بڑھانے اور خوش کرنے کے لئے اُس کا تخت پر آنا ضروری ہو تو امر دیگر۔ لیکن تخت پر بہ حیثیت ایک بادشاہ کے بیٹھنے کی اہلیت دارا میں قطعی نہ تھی۔ اُس سے قابل اور بہتر بھائی یا اور دوسرے منٹوں میں اُتار کر وہی حشر کر دیتے جو ہوا۔ خود دیکھ لیجئے کہ مورخوں نے دارا کے مشاغل پر کافی روشنی ڈالی ہے وہ ضرور ادیب اور فلسفی تھا۔ جب وقت آیا تو دارا کی ناتجربہ کاری اور نالائقی رنگ لائی۔ ذرا غور کیجئے کہ باپ کے بیمار ہوتے ہی اس نے خبریں روکیں کہ افواہوں نے خبروں کی جگہ لی۔ شاہجہاں کی بیماری چھپانے کی ٹھانی۔ شاہی فرمان یہ فرمان جاری ہے ہیں کہ ہم اچھے نہیں لیکن قلعہ پر پہرہ ہے۔ آگرہ سے باہر خبر یا خط جانے پر سخت بندش ہے۔ نتیجہ یہ کہ دکن میں بھی پتہ نہیں کہ حقیقت کیا ہے۔ بادشاہ زندہ ہے کہ مرگیا۔ خبریں دوسرے ذریعہ سے آتی ہیں کہ بادشاہ قریب المرگ ضرور تھا۔ غالباً مرگیا۔ یا شاید زندہ ہو۔ دراصل دارا کی اس حماقت سے سب کے سب بھائی اُٹھ کھڑے ہوئے اور حد یہ کہ اپنے نام کا خطبہ اور سکہ چلا دیا۔ گویا طے کرلیا کہ باپ مرگیا۔ سب نے باپ کی زندگی سے انکار کیا۔ یہی کہتے تھے کہ یا تو مرگئے ورنہ قید ہیں دارا جھوٹا ہے۔ خود بغاوت دارا کی ناسمجھی نے اُٹھائی۔

بغاوت کے بعد ہی شاہی افواج راجپوتوں پر مشتعل ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مسلمانوں اور راجپوتوں میں جنگ ہے۔ مہاراجہ جودھپور اور مہاراجہ رتلام اور سارا راجپوتانہ بادشاہ کی حمایت پر تھا۔ مغل سردار در پردہ اِس راجپوتی عروج سے بدظن اورنگ زیب کے طرفدار از خود ہوگئے۔ گو کہ اورنگ زیب سے پہلے معرکہ میں مہاراجہ رتلام کام آئے اور مہاراجہ جودھپور شکست کھاگئے۔ لیکن ساموگڈھ کے آخری معرکہ میں جس راجپوتی دل سے اورنگ زیب کا مقابلہ ہوا ہے، اُس کی وہ شان تھی جو راجپوتوں کی قومی جنگ کی ہوتی ہے۔ یعنی جس شان سے وہ محمود غزنی اور محمد غوری سے لڑے تھے۔ کیسر یا بانا پہنکر مرنے مارنے کی قسم کھاکر آئے تھے

اِس شکست سے دارا کی موت بہت دُور رہی۔ دارا کے لئے موقعہ تھا کہ ایران یا کابل نکل جاتا۔ مگر وہ لاہور گیا اور فوجیں اکٹھا کرکے کئی بار لڑا۔ اِن تمام لڑائیوں کے حالات دیکھئے کہ ایک شاعر اور فلسفی جنرلی کے کام کیسے انجام دیتا ہے۔ دارا کی ہر مہم جنگی قابلیت کا بدترین نمونہ تھی۔ ہر بار اُس نے شکست کھائی۔ اورنگ زیب کا اقتدار اس سرے سے اُس سرے تک پھیل گیا۔ مگر دارا پھر بھی لڑ رہا تھا۔ دو دفعہ وہ ایسے مقامات پر پہونچ گیا کہ قطعی محفوظ تھا لیکن ہوس نے بے چین کیا اور زور آزمائی کی ٹھانی۔ ہر شخص نے اُسکو مشورہ دیا کہ ایسا نہ کرو۔ اتنی قوت نہیں۔ ذرائع نہیں ہیں۔ انتظام ناکافی ہے مگر وہ نہ مانا۔ اس وقت کتاب پیش نظر نہیں ہے۔ راجہ کا نام نہیں یاد رہا۔ غالباً سندھ کی طرف محفوظ علاقہ میں پہنچ گیا۔ راجہ نے لڑکی سے شادی بھی کردی اپنا جانشین بھی بنا دیا۔ چاہیئے تھا کہ بقیہ عمر چین سے فلسفہ اور تصوف کی تحقیقات میں صرف کرتے۔ مگر طبیعت نہ مانی۔ دارا کا قول تھا کہ یا تخت یا تختہ۔ لاکھ اُسے سمجھاؤ مگر نہ مانتا تھا۔ بجائے فوج کے اونٹھے سیدھے اینوہ جمع کرکے دوڑے لگا

آخرش اس جھگڑے کا یہ نتیجہ نکلا کہ گرفتار ہوا۔ اور اپنی موت کے قریب تر پہونچا۔

اب سوال یہ ہے کہ اورنگ زیب کو کیا کرنا چاہیئے تھا۔ کیا یہ ممکن تھا کہ جوشِ سعادتمندی میں باپ کو قید سے آزاد کرکے سامنے دست بستہ کھڑا ہوجائے؟ کیا یہ ممکن تھا کہ ساتھ ہی دارا کو بھی چھوڑ دے؟ دارا آزاد اور شاہجہاں برتخت۔ اس سے بدرجہا بہتر ہوتا کہ اورنگ زیب خودکشی کرلیتا۔ دونوں باتیں ناممکن تھیں۔ دارا کو قید کرنا سانپ کو پالنا تھا۔ کوئی توقع نہ تھی کہ دارا کو بالفرض ملک بدر کرکے نکال بھی دیا جائے تو وہ آیندہ ہندوستان کے امن و چین میں مخل نہ ہوگا۔ ایران اور ہند کی اتنی سخت دشمنی تھی کہ اگر دارا اُدھر نکل جاتا تو شاہِ ایران اس کے ساتھ ہوکر ایسی مداخلت کرتا کہ بایدو شاید۔ سوائے دارا کے قتل کے دوسرا چارہ کار ہی نہ تھا۔ اور وہ بھی اس طریقہ پر جس طرح کہ وہ قتل کیا گیا۔ یعنی دارا کے جملہ ہمدرد حمایتی اپنی آنکھوں سے دیکھیں کہ واقعی دارا گرفتار ہوکر قتل ہوگیا۔ پوشیدہ طور پر بغیر تشہیر کے قتل کرانا تو کون باور کرتا۔ ہر چہار طرف سے سلطنت کے دشمن دارا کے حامیوں کو احمق بنانے کے لئے درجنوں دارا پیدا کرکے اعلان کردیتے کہ دارا آتا ہے۔ ہر باغی گورنر اور صوبیدار اپنی بغاوت دارا کے نام سے شروع کرتا۔ ہر بغاوت کے بارے میں یہی کہا جاتا کہ دراصل دارا زندہ ہے اور اب آتا ہے۔ جس طرح اورنگ زیب نے دارا کو قتل کرایا وہی طریقہ حفظ و امن کے لئے مناسب تھا۔

رہ گیا دارا کے قتل کا حادثۂ فاجعہ۔ تو اس سے کون منکر ہوسکتا ہے کہ دارا ایک عالم و فاضل بے تعصب اور نیکدل شہزادہ تھا۔ ایسی صفات کا انسان کہ اورنگ زیب اُس کے آگے ایسا تھا جیسے ایک عالم اجل کے سامنے مسجد کا تنگ نظر مُلّا۔ دراصل بادشاہت اور سرداری کے لئے دارا اورنگ زیب کا ہرگز مدمقابل نہ تھا۔ اُسکو تو محض بڑا لڑکا ہونے کے سبب لایا گیا اور وہ آیا۔ یہ نظریہ ہی غلط ہے کہ اگر وہ تخت پر آجاتا تو آج ہندوستان آزاد ہی ہوتا۔ بالکل یہی کہ ٹیگور کو بادشاہ یا جنرل بنا دیا جائے تب کیا ہوتا۔ وہی ہوتا جو ہوا۔ آخر جس وقت اورنگ زیب اُٹھا ہے اُس وقت دارا تخت پر ہی تھا۔ نام کو نہ تھا وہ امر دیگر۔ آخر کیا کرلیا۔ اسی طرح باپ کے قید ہونے کے بجائے مرنے کے بعد اگر دارا تخت پر آتا تو منٹوں میں اسکو تخت چھوڑنا پڑتا۔ یہ دوسری بات ہے کہ محض شاعرانہ مقاصد کیلئے یہ سوچا جائے کہ اورنگ زیب اور دوسرے بھائیوں کو جبراً فنا کرکے دارا کی حکومت محفوظ کی جاتی۔ ایسا ہوتا تو غالباً کوئی راجپوت سردار اُسکو گدّی سے اُتار پھینکتا۔ بقول کسے اگر دارا اسی قابل یا کسی قابل بھی ہوتا تو کب کا باپ کو خود قید یا قتل کرکے تخت پر بیٹھ چکا ہوتا۔ شاہجہاں کے ہوتے ساتھ اُس سے ملک جس قوت کو نہ توڑ سکا اُس قوت سے وہ بغیر شاہجہاں کے کیا مقابلہ کرسکتا۔ دارا کا انجام حد درجہ افسوسناک ہی مگر اپنے قتل میں خود دارا کا ہاتھ تھا۔ خواہ مخواہ وہ آگ میں کود پڑا۔ اگر اورنگ زیب اُسکو قتل نہ کراتا اور خود قتل ہوجاتا تو جان کھوئی الگ اور احمق بھی کہلاتا۔ اورنگ زیب میں جتنی بُرائیاں اب گنتے ہیں اُن میں حماقت کا اور اضافہ ہوتا۔ بعض مورخوں نے بھی دارا میں کوئی خوبی ایسی نہیں بتائی ہے جو ایک سپاہی یا بادشاہی کے اُمیدوار

ہیں اُس زمانے میں لاٹری تھی۔ یہ اورنگ زیب کی عقلمندی تھی کہ اُس نے دارا کے خون کی ذمہ داری مولویوں کے سر منڈھ دی۔ مولویوں نے بھی سوچا کہ چلو بہتی گنگا ہے ہاتھ دھولو۔ آج کل کا زمانہ ہوتا تو دارا پر قوم اور ملک سے غداری کا الزام لگایا جاتا کہ کس طرح سلطنت کو بیجاپور اور گولکنڈہ کی فتح سے محض بغض نکالنے کے لئے محروم رکھا اور کس طرح ہزاروں سپاہی اور خزانہ شاہی قندہار کی مہم میں جان بوجھکر ضائع کرائے۔ یہ دونوں الزام سنجوبی ثابت ہوجاتے کہ محض اورنگ زیب کو فتح و نصرت کی سرخروئی سے محروم کرنے اور شکست کی سیاہی سے روسیاہ کرنے کے لئے ایسا کیا۔

اس موقعہ پر ایک اور واقعہ یاد آیا۔ اورنگ زیب ہمیشہ سلام میں سبقت کرتا تھا۔ دارا میں بھائیوں کی چغلی کھانے کی بھی عادت تھی۔ دارا نے اورنگ زیب کی شکایت کی کہ انکو اپنی پوزیشن کا خیال نہیں ہے اور اُمراء کو سلام کرتے ہیں۔ دراصل یہ خیال دامنگیر تھا کہ اورنگ زیب ابھی سے جملہ امرائے دولت میں رسوخ پیدا کر رہا ہے تاکہ بوقت بغاوت کام آئے۔ شاہجہاں نے اورنگ زیب سے باز پرس کی اور کہا کہ ایسا کیوں کرتے ہو اس میں ہیعزتی ہے۔ اورنگ زیب نے برجستہ قرآن کی آیت پڑھ دی "وتعز من تشاء ..... بیدک الخیر" جس کو خدا چاہے عزت دیتا ہے اور جسکو چاہے ذلت۔ اور یہ واقعہ ہے۔ انسان لاچار ہے۔ شاہجہاں کی مجال نہ ہوئی کہ کلام اللہ کا جواب دیتا۔ چپ کا چپ رہ گیا۔

دارا کے قتل کے سلسلہ میں اورنگ زیب کو الزام دینا بیکار ہے۔ بلکہ دارا کے قتل میں نصیحت ہے کہ کوئی شاعر صاحب یا ایڈیٹر صاحب فوج لے کر نہ نکل پڑیں۔ دوئم یہ کہ لڑکے کو اگر انجنیر بنانا ہے تو طب کا کورس علیحدہ رکھنا چاہیئے۔ دارا کو کلیجہ سے لگا کر رکھا گیا اور وہ شعر و فلسفہ میں پھنس کر رہ گیا۔ جس وقت ضرورت پیش آئی وہ قابلیت میں پورا نہیں اُترا اور اپنی جان اپنے ہاتھوں گنوائی۔

عظیم بیگ چغتائی

شانِ تغزل

کچھ تو دفورِ شوق میں، باعثِ امتیاز ہو
میری نظر کے سامنے، اُن کی حریم ناز ہو

سوز دروں و آہِ دل، عشق میں دونوں ایک ہیں
ہم کو تو اِک سرور ہے، سوز ہو یا کہ ساز ہو

واہ دلِ نظارہ کوش، تیرا یہ ذوقِ بیخودی
جلوے کی تاب ہو نہ ہو، اُن کی حریم ناز ہو

ناز ہے شوق آفریں، شوق ہے شورشِ دماغ
حُسن ہے آرزو پسند، عشق جنوں نواز ہو

ذوقِ طلب کو عشق نے، طرفہ سبق یہ دیدیا
نالۂ دلخراش بن، آہِ جگر گداز ہو

دل کی تڑپ میں اے خدا، کچھ تو ہو ذوقِ غایت
درد وہ دے جو عشق میں، باعثِ امتیاز ہو

فرحتِ آرزو پسند، درسِ نیازِ عشق لے
کوچۂ معرفت میں آ، شیفتۂ مجاز ہو

فرحت کانپوری

ممی خانے میں ایک رات

اِس شب میں اپنی لیبارٹری میں بہت دیر تک مُردوں کی چیر پھاڑ میں مصروف رہا۔
رات بہت گرم اور بے حد سُنسان تھی۔ دریچوں کے باہر اندھیرا جیسے تکان سے نڈھال ہو کر لمبے لمبے سانس لے رہا تھا۔ نہ آسمان پر چاند تھا نہ زمین پر کسی قسم کی آواز۔ دُور دُور تک تاریکی اور ویرانی پھیلی ہوئی تھی۔
میں اپنے "لاشوں کے کمرے" میں جسے میں اپنا "ممی خانہ" کہا کرتا تھا۔ اپنے اسسٹنٹ کے ساتھ ایک مُردے کے پوسٹ مارٹم میں مصروف تھا۔ میں ہمیشہ رات کے سُنسان گھنٹے مُردوں کی چیر پھاڑ میں بسر کرنیکا عادی ہوں۔
جس سنہ کا میں ذکر کر رہا ہوں۔ اس زمانہ میں گاؤں میں وبا اس شدت کی پھیلی ہوئی تھی کہ ہر ایک کا دل مٹھی میں تھا۔ صبح جو آدمی ہنستا بولتا۔ تندرست اُٹھتا وہ شام تک قبر میں جا لیٹتا۔ صبح سے شام کرنا اور رات سے صبح کرنا جوئے شیر لانا تھا۔
مجھے ہمیشہ سے مُردوں کی چیر پھاڑ میں دلچسپی رہی ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہسپتالے کے مُردے کس بیدردی سے پھینک دئے جاتے ہیں۔ اُس زمانے میں مجھے اپنے تجربات کے لئے لاشیں غیر معمولی کثرت سے دستیاب ہو رہی تھیں۔
میں اپنی لیبارٹری میں تھا۔ ممی خانہ بڑے بڑے برقی لمپوں سے روشن تھا۔ کمرے کے درمیان میں میز پر ایک لاش پڑی تھی۔ میں اس کے چیرنے میں مصروف تھا۔ باغیچے کے رُخ اندھے شیشوں کے دریچے ہوا کے لئے کھول دئے گئے تھے۔ دریچے کے پاس ناشپاتی اور املی کے منحوس اندھیرے درختوں پر شاید گوشت کی بُو سے بیتاب ہو کر گدھ اور اُلّو بیٹھے تھے۔ اور تاریکی میں بار بار اپنے پَر پھڑ پھڑا رہے تھے۔ ان کی بے قراری۔ بے تابی میری مصروفیت میں بار بار مُخل ہو کر مجھے ستا رہی تھی۔
میں نے بیزار ہو کر اپنے اسسٹنٹ سے کہا "میرا دریچہ لگا دو۔ ان منحوس مُردار خور پرندوں نے ناک میں دم کر رکھا ہے"
ابھی میرا جُملہ ختم بھی نہ ہوا تھا کہ ایک بڑا سا اُلّو اپنے بوجھل پَروں سے جیسے تاریکی میں تیرتا ہوا کمرے میں گھس آیا۔ اور میرے سر کے اُوپر دائرے کی صورت میں گھومنے لگا۔ میں نشتر ہاتھ سے رکھکر اسے باہر نکال دینے کے لئے ایک وحشیانہ انداز میں ہاتھ ہلانے لگا۔ لیکن اُلّو میرے غصہ اور پریشانی سے بے نیاز اپنے طواف میں مصروف رہا۔ طبیعت کی ایک لہر سے میری کنپٹیاں گرم ہو گئیں۔ میں نے کہا "نحس چڑیا! یہ اس طرح نہیں مانیگی" یہ کہتے ہوئے میں نے ایک تیز چاقو اُٹھا کر اُس کی طرف پھینکا۔ اتفاق سے وہ سیدھا اُس کی آنکھ میں جا لگا۔ اور اُلّو ایک دلدوز چیخ کے ساتھ پَر پھڑ پھڑا کر دریچے سے باہر بھاگ گیا۔ اور رات کی خوفناک تاریکی میں جذب ہو گیا۔
میں صبح تک اپنے کام میں مصروف رہا۔ کوئی چھ بجے کے قریب ممی خانہ سے تھکا ماندہ نکلا اور اپنے کمرے میں گیا۔ بستر پر پڑتے ہی غافل ہو گیا۔

(۲)

میں دن بھر سوتا رہا۔ اور میری نیند ختم نہ ہوئی۔ میری روح ممی خانوں کا گشت لگا رہی تھی۔ ڈراؤنے اور ہیبت ناک خواب دیکھے۔ لاشوں کو چلتے پھرتے دیکھا۔ کبھی کفن میں لپٹے ہوئے مجسموں کو مصروفِ رقص دیکھا۔ شام کے وقت جب بیداری کی سرحد کی مدہم آوازیں خواب کی دُنیا میں رفتہ رفتہ نفوذ کر رہی تھیں۔ تو اچانک ٹیلیفون کی گھنٹی اس زور سے بجی کہ میں چونک پڑا۔ نیند اور غنود کی یک لخت اُڑ گئی۔ ڈراؤنے خواب میرا مضحکہ اُڑاتے ہوئے غائب ہو گئے اور میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔

دروازہ کھول کر باہر گیا اور ٹیلیفون اُٹھا لیا۔

"ڈاکٹر زہری گھر پر ہیں؟"

"جی میں بول رہا ہوں۔"

"نمبر ۷ اندھی باؤلی پر آج رات گیارہ بجے کے قریب ملیئے۔ ایک مریض آپ کا انتظار کر رہا ہے۔ پتہ اپنی یادداشت کی کتاب میں لکھ لیجئے۔"

میں کچھ سوچ کر بولا "مگر ذرا ٹھہریئے ——— آج تو میرا اک اور ....."

مگر پھر آواز آئی "آپ کو ملنا ہوگا۔ مریض آپ کا منتظر ہوگا۔ نمبر ۷ اندھی باؤلی۔"

ٹیلیفون بند ہو گیا۔ اور لامحالہ مجھے اپنی یادداشت میں رات کا یہ مقررشدہ وقت لکھنا پڑا۔

گرمی کے دن تھے۔ سات تو بج ہی چکے تھے۔ رات ہونے میں کیا دیر تھی۔ جلد جلد میں نے غسل کیا۔ کھانا کھایا۔ فارغ ہوتے ہی بیگ لے کر ایک کرایہ کی چھوٹی سی گاڑی میں سوار ہو گیا۔ اور نمبر ۷ اندھی باؤلی کیطرف روانہ ہو گیا۔

گاڑیبان حیران ہو کر مجھے دیکھنے لگا "اندھی باؤلی؟ میرا تو خیال ہے۔ کہ وہاں کوئی نہیں ہوتا۔ یہ سڑک شہر سے بہت دُور ندّی کے کنارے جو قبرستان ہے۔ اس سے لگی ہوئی ہے۔ پہلے وہاں اینٹوں کا ایک آوا تھا۔ مگر میرا خیال ہے۔ کہ اب وہ بھی اُٹھ چکا ہے۔"

میں ہمیشہ ملازموں اور کمینہ لوگوں سے ڈانٹ کر بات کرنے کا عادی ہوں۔ طبعاً سخت آدمی ہوں۔ چنانچہ میں نے کہا۔ "احمق۔ تمہیں اس سے کیا! چلو ہم جہاں کہتے ہیں۔"

رفتہ رفتہ گاڑی شہر سے باہر نکل گئی۔ اور ایک اُجاڑ سڑک پر چلنے لگی۔ رات گہری اندھیری ہوتی جاتی تھی۔ ہر طرف ایک ویران سناٹا برس رہا تھا۔ دور سے کتوں کے بھونکنے کی نحیف آوازیں آ رہی تھیں۔ سڑک کی خاموشی پر گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز ایسی معلوم ہوتی تھی۔ جیسے کسی جن کی بارات میں ڈھول بج رہا ہو۔

میں نے اپنی گھڑی دیکھی۔ گیارہ بجنے میں چند ہی منٹ باقی تھے۔ میں نے گاڑیبان سے تیزی سے چلنے کو کہا۔

تھوڑی دیر بعد جب ہماری گاڑی پُل سے نیچے اُتر آئی۔ تو مجھے بڑا تعجب ہوا۔ "کیا یہی اندھی باؤلی ہے؟" میں نے پوچھا۔

"جی" گاڑی بان نے سرد مہری سے جواب دیا۔ وہ مجھ سے چڑا ہوا تھا۔

"یہاں تو زندگی کے آثار ہی نہیں" میں نے کہا۔

"میں نے تو پہلے ہی عرض کر دیا تھا" اُس نے بے پروائی سے کہا۔

مجھے غصّہ آیا۔ "گستاخ! یہیں ٹھیرو۔ میں اُتر کر وہ مکان تلاش کرتا ہوں۔ جہاں میرا مریض میرا انتظار کر رہا ہے"

یہ کہہ کر میں گاڑی سے کود پڑا اور ہاتھ میں بیگ لے کر سڑک کے کنارے کنارے نمبر ۷ کا مکان ڈھونڈتا ہوا آگے بڑھا۔ تاریکی میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر گھورتا ہوا بہت دُور چلا گیا۔ کچھ دیر بعد مُڑ کر دیکھا تو اب گاڑی کی روشنیاں بھی نظر نہ آتی تھیں۔ چاروں طرف دہشت ناک تاریکی کا سیلاب لہریں مار رہا تھا۔

یک لخت مجھے خوف سا معلوم ہوا۔ چاہتا تھا کہ مڑ کر بھاگ جاؤں کہ اچانک کسی انسان کے درد و کرب سے کراہنے کی مدھم آواز آئی۔ میں تھم گیا۔ ہمّت بندھی کہ یہاں کوئی انسان موجود ہے۔ دفعتاً دُور سے ایک روشنی نظر آئی۔ میں نے حوصلے سے کام لینا چاہا۔ اس کی طرف بڑھا۔ مگر میرے قدم پیچھے ہٹ رہے تھے آخر ہمت کر کے آگے گیا۔

ایک اُجڑے مکان کے دروازے میں دیا ٹمٹما رہا تھا۔ میں قریب پہنچا تو دیکھا۔ کہ بوسیدہ لکڑی کے دروازے میں ایک سو سال کی سفید رنگ بڑھیا ہاتھ میں مٹی کا دیا لئے چُپ چاپ کھڑی ہے چہرے پر جھُرّیاں اور مُنہ میں دانت نہیں۔ کھوڑی نکلی ہوئی۔ میرے دل میں ہیبت گہری اُترنے لگی۔ ایسا معلوم ہوا جیسے وہ مکان کوئی شکستہ اور پُرانی قبر ہے۔ جس میں یہ بُوڑھی عورت مُردے کی حیثیت رکھتی ہے۔ وہ ٹمٹماتے ہوئے دیئے کے شعلے کو ٹکٹکی باندھکر گھُور رہی تھی۔ غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ انسانی کھوپری میں دیا ٹمٹما رہا ہے۔ میرے لہے سے حواس بھی غائب ہو گئے ——— میں بھاگنے کا ارادہ کرنے لگا۔

مگر اسی پل بُڑھیا نے کہا۔ "ڈاکٹر صاحب آیئے۔ آپ ہی کا انتظار ہے"

بُڑھیا کے حلق سے آواز نکلتی دیکھ کر میں سنبھل گیا۔ ذرا سے توقف کے بعد تردد سے اُس کا چہرہ تکتے ہوئے میں نے قدم اندر رکھا۔ گھر کیا تھا۔ ایک ویرانہ تھا۔ کہیں دیواریں گر رہی تھیں۔ کہیں چھتیں غائب! چوکھٹ پر گھاس اُگ آئی تھی۔

میں نے کہا۔ "معزز خاتون۔ مریض کہاں ہے؟"

بُڑھیا نے مجھے اپنے پیچھے چلنے کا اشارہ کیا۔

زعفرانی رنگ کا لمبا کُرتا پہنے۔ سفید بال گھٹنوں سے نیچے لٹکائے۔ دیا جو انسانی کھوپری میں جل رہا تھا ہاتھ میں اُٹھائے بڑھیا آگے آگے چلی جا رہی تھی اور میں اس کے پیچھے پیچھے تھا۔

آخر وہ حجرہ آیا جہاں مجھے جانا تھا۔ یہاں پہنچکر بڑھیا دروازے پر رک گئی۔ اور مجھے اشارہ کیا کہ "اندر آجاؤ"

کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شکستہ چارپائی پر ایک ضعیف بڈھا پڑا کراہ رہا ہے اور اس کی دائیں آنکھ پر پٹی باندھی ہوئی ہے۔ اس کے کراہنے کی آواز مجھے باہر سڑک پر آ رہی تھی، اس کی دوسری آنکھ لہو کی طرح سُرخ ہو رہی

تھی اور غول بیابانی کی طرح چمک رہی تھی۔ وہ مجھے ٹکٹکی باندھے ایک آنکھ سے گھور رہا تھا۔

"کیا یہی مریض ہے؟" میں لرزاتے ہوئے لہجہ میں پوچھا۔

"ہاں" بڑھیا نے کہا۔

"ان کی تو آنکھ پر کوئی زخم ہے" یہ کہہ کر میں مریض پر جھکا۔

دفعتاً بڑھیا نے دیا نیچے ٹپک دیا۔ اپنا خوفناک لال کرتا سمیٹ کر دونوں ہاتھ اُوپر اُٹھائے۔ اور خونخوار انداز میں مجھ پر جھپٹی۔

"ظالم سفاک ڈاکٹر! کیا تجھے یاد نہیں۔ کہ یہ زخم کس طرح یہاں لگا تھا؟ تُو نے سمجھا کہ تیرا یہ قصور معاف کر دیا جائیگا۔ لے اب اپنے کئے کی سزا پا"

یہ کہہ کر اُس نے تیز چاقو اُٹھالیا۔ اور میری آنکھ کی طرف اِس طرح جھپٹی جیسے وہ اُسے پھوڑ دینا چاہتی ہو۔

میں بے ہوش ہوگیا۔

دوسرے دِن پولیس نے مجھے اندھی باؤلی کے کھنڈروں میں سے اُٹھایا۔

بعض کہتے ہیں مجھے کوئی ذہنی عارضہ ہوگیا۔ بعض کہتے ہیں لاشوں کی دن رات کی صحبت نے میرا دماغ بگاڑ دیا ہے۔

حجاب امتیاز علی

تجلّیات

پست ہوتی ہی کہیں ہمّتِ دشوار پسند
آتشِ شوق تغافل سے ہوئی اور بلند

دلِ کمبخت پہ کیا بیت گئی کیا کہیئے
اُف وہ دُزدیدہ نظر ہائے وہ کوتاہ کمند

عالمِ کشمکشِ شوق بھی کیا عالم ہے
دلگرفتارِ محبّت ہیں نہ آزاد نہ بند

نگہِ لطف نے دُنیا ہی بدلدی دل کی
لذّت و کیف سے خالی نہیں اب کوئی گزند

دلِ ناکام میں کچھ اور بڑھا جوشِ طلب
تلخیوں سے ہوئی شیرینیِ اُمّید دوچند

اللہ اللہ یہ رعایت یہ نوازش یہ کرم
غرق و سرشارِ ستم ہی دلِ آزار پسند

تو نے چکھی ہی نہیں لذّتِ اُلفت ناصح
میں تو جنّت میں ہوں لیکن تری جنّت سے بلند

کوکب شاہجہانپوری

معجزاتِ جرّاحی

وہ زمانہ اب دُور نہیں رہا ہے جب مصنوعی اعضا کا رواج اُٹھ جائیگا اور اس صنعت کا خاتمہ ہو جائیگا۔ کیونکہ ماہرینِ طب اب حسبِ ضرورت نیا گوشت اور تازہ خون مہیا کر کے کان، ناک، انگلیاں، دوسرے جاندار کا دل، ہاتھ پاؤں سبھی کچھ یا تو جسم پر اُگاتے یا باہر سے پیوند لگا کر فراہم کر دیتے ہیں۔

ڈاکٹر والٹر سی الواریز، میو شفاخانہ کی جمعیتہ اطبا کے ایک رُکن علم الحیات کے ایک سہ ماہی ریویو میں رپورٹ کے دوران میں کہتے ہیں "کسی دن جب ہم کو پیوند لگائے ہوئے اعضا کو اُکھڑ جانے سے محفوظ رکھنا آجائیگا تو جراحوں کی تمامتر توجہ اس تدبیر کی تلاش و جستجو میں صرف ہوگی کہ مفاجاتی موت سے مرنے والے تندرست آدمیوں کی نسوں اور ریشوں کو ان کے جسموں سے نکالکر کس طرح محفوظ اور سالم رکھا جائے۔ روسی اطبا نے خون کے ذرات مُردوں کے جسم سے لیکر تجربے شروع کر دئے ہیں۔ وہ ان ذرات خون کو برف میں محفوظ رکھتے ہیں اور جب کسی مریض کے جسم میں منتقل کرنا ہو آسانی سے کر لیتے ہیں۔"

ڈاکٹر ویلیس آر ویٹنی، اسٹنکٹاڈی نیو یارک کے ڈاکٹر نے ایک برقی کیمیادی مجلس کے سامنے خطبہ دیتے ہوئے پیشگوئی کی کہ وجع الصدر، ضیق النفس، پُرانے وجع المفاصل اور دوسرے اعصابی تشنج کے امراض کا علاج بجلی کے تاروں کی مرمت کرنے والے مستری کے جیسا کام رہ جائیگا۔ اُنھوں نے انسانی نظام عصبی کا مقابلہ برقی نظام سے کرتے ہوئے کہا۔ پاؤں کا ٹھنڈا ہو جانا دورانِ خون کے نقص سے ہوتا ہے مگر یہ اور اسباب سے بھی ہو سکتا ہو مثلاً فکر و تردد سے یہ اعصاب کے مرکز اجتماع کے کاٹ ڈالنے سے دفع ہو جا سکتا ہے۔ اب یہ تفتیش جاری ہے کہ اور کیا کیا اعصابی شکایات اسی طرح دفع کی جا سکتی ہیں۔

تیس برس سے زائد کا عرصہ ہوا ڈاکٹر الیکسیس کیرل باشندہ نیو یارک ایک کتے کے خارجی ٹانگ کا پیوند کرنے میں کامیاب ہوئے تھے مگر یہ الحاقی ٹانگ پٹھوں اور اعصاب کے تعلق سے محروم تھی۔ فی الحال ڈاکٹر موصوف اور کرنل چارلس اے لینڈ برگ نے اس نظریہ کی جانچ کے لئے ایک مشین ایجاد کی ہے کہ کس جسم سے خارج کئے ہوئے اعضا میں جان محفوظ رکھی جا سکتی ہے۔ ڈاکٹر کیرل کے خیال کے مطابق مستقبل قریب میں انسان کی زندگی گھڑی کی طرح جسوقت خواہش ہو روک دی جا سکے گی۔ اور پھر جاری کر لی جا سکے گی۔ ان دونوں ڈاکٹروں نے ایک مصنوعی قلب کی مشین بنائی ہے، اس کے عمل سے ایک جانور کے سر سے بھیجا نکال کر اُسے (یعنی بھیجے کو) زندہ رکھنے میں کامیاب ہوتے ہیں اور اس کامیابی سے ان کے نظریہ کی تصدیق ہوتی ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ڈاکٹر کیرل اس مشین کے ذریعہ سے زندہ اعضا مثلاً گلٹیاں، لینگے۔ ان کو خشک کر کے بیجان کر دیں گے اور پھر زندہ کر دیں گے۔ ایک غامض ترکیب سے وہ ان اعضا کو ویسا ہی تر و تازہ بنا دے سکیں گے جیسے

جسم سے جدا کرنے کے وقت ہوتے ہیں۔

یہ تو ہوا نظریہ یا اصول۔ طبّی جرائد اور روزناموں نے چند تازہ تجربوں کا ذکر کیا ہے جن میں بے جان کی بظاہر دوبارہ زندگی اعضائے ناقص کی دوبارہ تکمیل، مُردہ کے مختلف اعضا کا زندہ مریضوں میں پیوند و الحاق، اور جرّاحی جدید کے دوسرے عجائبات کی حد سے زیادہ دلچسپ اور عام لوگوں کے لئے ناقابلِ یقین تفصیلات درج ہیں۔

ماسکو میں پروفیسر سرج برجوشینکو (Sergei Bryukhonenko) نے ایک خودکُش کی لاش پر جسے تین گھنٹے سے مرے کا فیصلہ صادر ہوگیا تھا تجربہ کیا۔ ایک مصنوعی قلب، ایک مصنوعی پھیپھڑے اور دورانِ خون کے ایک مصنوعی نظام کے ذریعہ سے اُس نے مُردہ کو زندہ کر دیا۔ تھوڑی دیر کے لئے سہی۔ خودکش نے سانس لی، ڈاکٹر کو آنکھ کھول کر دیکھا اور پھر آنکھیں بند کرلیں، اُنگلیوں کو حرکت دی۔ گو یہ سب کچھ اُسی لحظہ تک رہا جب تک مصنوعی قلب کا عمل رہا۔ یہ نئی زندگی ڈھائی منٹ تک قائم رہی یہاں تک کہ وہ پھر ٹھنڈا ہوگیا۔

ڈاکٹر موصوف کے مُردوں کو زندہ کرنے کے یہ تجربے گذشتہ پانچ برس سے شروع ہوئے۔ اُنھوں نے دورانِ خون کا ایک مصنوعی نظام اور مصنوعی قلب کی ایک مشین استعمال کی جو بجلی کی طاقت سے کام کرتی ہے جو پمپ کرکے خون کو بعض شریانوں سے اُتارتی ہے اور خون میں آکسیجن پیوست کرنے کا ایک ذریعہ بھی کام میں لاتے ہیں۔

نیویارک کے ایک مشہور سرجن ڈاکٹر البرٹ ایس ہیمن کا دعویٰ ہے کہ اُنھوں نے ساٹھ مُردوں کو زندہ کیا ہے اور وہ سب اب تک تندرست و توانا ہیں۔ اُنہوں نے برقی علاج سے کام لیا ہے جس کے وہی موجد ہیں۔ چھ سال ہوئے اُنھوں نے جانوروں پر اپنے تجربہ کا آغاز کیا تھا اور اتنے مُردہ جانوروں کو زندہ کیا کہ آخر اُنہوں نے انسان پر تجربہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کی رپورٹ ہے کہ اب تک اُنھوں نے ساٹھ فیصدی کامیابی حاصل کی ہے۔

دم گھٹ کر مرنے سے احتیاط کی ایک انجمن نے ایک تدبیر نکالی ہے جسے انسفلیٹر (محرکِ تنفس) کہتے ہیں۔ اس کے ذریعہ سے بظاہر مردہ کو زندہ کرنے کا کام لیا جاتا ہے۔ یہ مصنوعی تنفس کے لئے ایک دباؤ کا آلہ ہے اور مصنوعی پھیپھڑے سے ایک قدم آگے ایک اقدام ہے۔ اس سے پھیپھڑوں میں قدرتی ہوا پہنچائی جاتی ہے۔ یہ آلہ اب تیس ہسپتالوں میں رائج ہے۔ صرف نیویارک سٹی کے ایک ہسپتال کورنل میڈیکل سنٹر میں تین سو مُردہ بچے زندہ کئے گئے ایک اور ہسپتال میں جہاں ایک بچّہ کی موت کا اعلان کیا جاچکا تھا ایک زیرِ تعلیم ڈاکٹر نے مشق کے لئے انسفلیٹر (آلۂ تنفس) استعمال کرنے کی اجازت حاصل کی اور چشمِ زدن میں مُردہ بچہ جیتا جاگتا گود میں کھیل رہا تھا۔

برٹش میڈیکل جرنل (طبّی جریدہ) نے ایک شخص مسمی ارنسٹ ہینلے کا واقعہ درج کیا ہے اس کی عمر ۴۴ سال تھی اور ایک نجی ہسپتال میں ایک عمل جرّاحی کے دوران میں میز پر ہی مرگیا۔ مرنے کے تین منٹ بعد ڈاکٹر جے۔ وی فیڈرین نے جو جرّاحی کر رہے تھے۔ مُردہ مریض کے سینے کی دیوار چاک کی، غلافِ قلب کی دوہری تہیں کاٹ ڈالیں اور اُن میں ہاتھ ڈال کر قلب کی آہستہ آہستہ یوں مالش کی کہ نرمی سے دباتے اور پھر مٹھی ڈھیلی چھوڑتے۔ دو منٹ تک یہ عمل کیا پھر قلب کے اعصاب میں ایڈرینلین (Adrenaline) (ایک مشہور تنفس کی دوا) پچکاری

سے داخل کرنے کا حکم دیا۔ نتیجہ فوراً ظاہر ہوا۔ مُردہ کا دل فوراً تیز دھڑکنے لگا۔ چھ دن میں پہلے اچھا خاصا جیتا جاگتا تندرست ہسپتال سے رُخصت ہوگیا۔

ابھی بروک لین کے کنگس کونٹی ہسپتال میں ایک مُردے کا کان کامیابی کے ساتھ ایک مادر زاد بُوچے کے منتقل کر دیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایسا عمل جرّاحی پہلی بار ہوا ہے۔ اگرچہ انسانی کان پہلے بھی خارج سے لے کر پیوند کئے گئے تھے مگر یہ الحاق قدرتی دکھائی نہ دیتا تھا۔ بروک لین ہسپتال کے عمل جرّاحی میں بُوچے مریض کے سر میں کان کی جگہ پر ایک گھاٹ کھُود آگیا۔ دوسرا کان جو ایک مرکّب عرق میں تین ہفتے تک جاندار رکھا گیا تھا اُس گھاٹ میں بٹھا دیا گیا اور ٹانکے لگا دئے گئے۔ جڑ میں جلد کھال پیدا ہوگئی اور دوسرے شخص کا الحاقی کان زندہ عضو بن کر اس بُوچے کا کان بن گیا۔

محمد مُسلم۔

ہمارے اعتراض

اخبار پنچ نے ہے لکھی نظم بامزہ
اور نام "اعتراض" ہے جسکا وہاں رکھا

لکھتے ہیں اس میں اپنا وہ اب حالِ ابتری
اور یہ کہ کیا ہے وقعتِ برطانیہ رہی

یعنی جو پہلے وزن و اثر دُنیا میں انکا تھا
اس کا کیا ہو دوسروں نے کیا قلع قمع

ہر مُلک بنگیا ہے خونخوار و تند خو
پرواہ نہیں ہے کرتا کسی کی بھی جنگجو

ہم ہیں کہ کر رہے ہیں سوالات و اعتراض
اور دوسرے ہیں جو کہ سمجھتے ہیں اسکو ساز

پہلے تو اعتراض حبش ہم نے بھیجا روم
ٹائیبر بہا کے لیگیا ہنستی رہی وہ قوم

نامہ جو بھیجا دوسرا ہسپانیہ کے نام
عربوں نے اسکوے کے جلایا ہوا یہ کام

اب تیسرا سوال تھا جو چین کا کرخت
وہ ہم نے بھیجا سوچ کے جاپان سخت سخت

لیکن نہ چین پہنچ کے یہ اس کا حشر ہوا
گیشا نے ہنس کے خوشنما پنکھا بنا لیا

گر آپ کی یوں مسٹر ایڈن چلی یہ ٹانگ
پھر دیکھئے کہ رہتا ہو کب تک یہ ہانگ کانگ

صاحبزادہ مرزا صلاح الدین احمد خاں

پلنگ

نیلام میں سے ایک خوبصورت سا مجسمہ خریدا لیکن جب اُسے اُٹھانے لگا تو میں نے محسوس کیا کہ اسکے نیچے کچھ کاغذات ہیں۔ دیکھا تو خطوط تھے۔ تین ہیں تو صرف جائے ملاقات کا ذکر تھا، چوتھا یہ ہے :-

میرے دوست! ——— میں بیمار ہوں، سچ مچ بیمار، اور اتنی کہ پلنگ سے اُٹھ بھی نہیں سکتی۔ بارش کے قطرے دریچوں سے ٹکرا رہے ہیں اور میں شال اوڑھے نرم و گرم بستر پر آرام سے لیٹی ہوئی ہوں۔ میرے پاس ایک کتاب ہے جسے میں بے حد پسند کرتی ہوں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں کچھ کچھ میرا ہی تذکرہ ہے۔ تمہیں بتاؤں یہ کیا کتاب ہے؟ نہیں، تم مجھے خواہ مخواہ بُرا بھلا کہو گے!

میرے پیچھے تکیے لگے ہوئے ہیں جن سے ٹک کر میں بیٹھ جاتی ہوں، اور اس وقت میں یہ خط اُس ننھی سی میز پر رکھکر لکھنے بیٹھی ہوں جو تم نے مجھے تحفتاً دی تھی۔

لگاتار تین روز سے پلنگ پر پڑے پڑے میں بہت کچھ پلنگ کے ہی متعلق سوچنے لگی ہوں بلکہ نیند میں بھی میرا طائرِ خیال اسی کے گرد پرواز کرتا رہتا ہے۔ اور میں اب اس نتیجہ پر پہنچی ہوں کہ پلنگ ہماری تمام زندگی کو محیط کئے ہوئے ہے کیونکہ ہم پیدا اسی پر ہوتے ہیں، پھر زندگی کی بہار اسی پر لوٹتے ہیں اور آخر کار اسی پر دُنیا سے سدھار جاتے ہیں۔ اگر میرے قلم میں ایک کہنہ مشق انشا پرداز کی سی طاقت ہوتی تو میں پلنگ کی تاریخ تحریر کرتی اور بھلا کونسا ایسا پُرجوش اور دہشت ناک، خوش کُن اور ولولہ انگیز پہلو ہوتا جو اس کتاب میں قلمبند ہونے سے رہ جاتا؟ اور ایسا کون شخص ہوتا جو اس سے اخلاقی درس حاصل نہ کرتا؟

تم میرے پلنگ سے واقف ہو میرے دوست، لیکن تم یہ خیال تک نہیں کر سکتے کہ مجھے ان دنوں میں اس سے متعلق کیا کیا نئی باتیں سُوجھی ہیں اور مجھے اس سے کسقدر محبّت پیدا ہو گئی ہے۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بہت سے لوگ جنہیں میں جانتی تک نہیں اس پلنگ پر رہ چکے ہیں اور پھر اپنے پیچھے بطور یادگار اُس پر اپنا مخفی اور پُراسرار اثر چھوڑ گئے ہیں۔

آہ! میں اُن لوگوں کی ذہنیت نہیں سمجھ سکتی جو نئے پلنگ خریدتے ہیں۔ بھلا یہ نئے پلنگ کس کام کے جو نہ کسی کی نشانیاں ہیں اور نہ جن سے کوئی یادوابستہ ہے؟ میرا (بلکہ ہمارا کہنا چاہیئے) یہ پلنگ جو اسقدر جھلنگا مگر کشادہ ہے بہت سی جانوں کا، پیدائش سے لیکر موت تک حامل رہا ہوگا۔ ذرا اس پر غور تو کرو میرے دوست! اُن زندگیوں پر ایک سرسری تبصرہ تو کر جاؤ جن کا بڑا حصّہ ان جہاندیدہ چارپایوں کے حلقے میں گذرا ہے۔ تمہیں معلوم ہے ان چارپایوں نے اس تین سو سال کے عرصے میں، جب سے انکو اس طرح جوڑ کر پلنگ بنایا گیا ہے، کیا کیا دیکھا ہوگا؟

پہلے ایک نوعمر لڑکی کا تصور ذہن میں آتا ہے جو اس پلنگ پر لیٹی ہوئی ہے۔

وہ کراہ رہی ہے اور کبھی کبھی اس کی چیخیں بہت بلند ہو جاتی ہیں۔ اس کی ماں اس کے پاس ہے۔ چند بے ہوشی گذر کر ایک نئی ہستی جھرّیوں اور سکڑی ہوئی کھال میں ملفوف بلّی کی طرح میاؤں میاؤں کرتی عالمِ وجود میں آجاتی ہے۔ یہ لڑکا ہے جو اس کے ہاں پیدا ہوا ہے اور یہ نوجوان ماں باوجود سخت اذیت کے خوشی سے پھولی نہیں سماتی۔ بچے کی پہلی چیخ سُنکر خوشی سے اس کا سانس گھٹنے لگتا ہے اور وہ اپنے ہاتھ اس کی طرف بڑھا دیتی ہے اور وہ جو اس کے اردگرد ہیں مسرت کے آنسو بہانے لگتے ہیں کیونکہ اس گوشت کے لوتھڑے سے خاندان کا نام چلے گا اور اُن بڑے بوڑھوں کی نسل دُنیا میں باقی رہے گی جو اب تک کسی بات سے خائف، اس گھڑی کے منتظر تھے۔

اور پھر اُن دو محبّ و محبوب کا تصور کرو جو زندگی کے اس معبد میں پہلی مرتبہ یکجا ہوتے ہیں۔ اُن میں کپکپی پیدا ہو گئی ہے اور وہ مسرت میں بے خود ہیں۔ ایک دوسرے سے اسقدر نزدیک ہو کر اُنہیں جو لذّت حاصل ہو رہی ہے اُسے کون بیان کر سکتا ہے؟ اور دیکھو آہستہ آہستہ اُن کے لب آپس میں ملتے جا رہے ہیں۔ یہ مقدس بوسہ ان دونوں کو ایک جان کر دیتا ہے اور سچ پوچھو تو یہ بوسہ جو ارضی فردوس میں داخل ہونے کا نقیب ہے اور انسانی جذبات و سرمستیوں کا امین، اور جس میں بے شمار عہد و پیمان پنہاں ہیں، اُن کے لئے یہی سب کچھ ہے۔ آخر کار ان کے پلنگ میں طغیانی سے بپھرے ہوئے سمندر کی طرح ہلچل مچ جاتی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود اس میں بھی زندگی اور مسرّت کی بے پناہ موجیں رہ رہ کر اُٹھ رہی ہیں کیونکہ اس پر محبّت کا جنون انگیز راز شرمندۂ تکمیل ہو رہا ہے آخر دُنیا میں اس ہم آغوشی سے زیادہ اور کونسی شے مکمل اور قابلِ ترجیح ہو سکتی ہے جس کا نتیجہ ایک تیسری ہستی میں ظاہر ہوگا اور جو محبّ و محبوب دونوں کے دلوں میں بہ یک وقت ایک ہی خیال پیدا کرتی ہے، ایک ہی توقع، ایک ہی آپے سے باہر کر دینے والی کیفیت اور ایک ایسی سرخوشی جو اُن پر آسمانی اور نگل جانے والے شعلوں کی طرح نازل ہوتی ہے۔

اور پھر میرے دوست، اُن لوگوں کی دل دہلا دینے والی موت کا لرزہ خیز تصور کرو جنہوں نے اس پلنگ پر دم توڑا ہے کیونکہ یہ پامال اور ٹوٹی ہوئی آسوں کا مقبرہ بھی تو ہے اور ایک ایسا دروازہ بھی جو کبھی دُنیا میں داخل ہونے کا راستہ تھا مگر اب کائنات کی ہر شے پر ہمیشہ کے لئے بند ہو گیا ہے۔ کتنی چیخیں، کتنی کرب و بیچینی، کتنی تکلیفیں اور کتنی آہیں اس پلنگ سے بلند ہو چکی ہیں! ماضی میں کتنی آغوشیں یہاں وا ہوئی ہونگی! کتنی سرخوشی و سرمستی یہاں طاری ہوئی ہوگی جو اب ہمیشہ کے لئے معدوم ہو چکی ہے! عالمِ جانکنی میں پتھرائی ہوئی آنکھوں اور بدشکل ہونٹوں کے علاوہ اور کون کون سی اذیتیں ہونگی جو اس پلنگ پر اس تین سو سال کے عرصہ میں جب سے کہ یہ پلنگ انسانی ہستیوں کے لئے جائے پناہ ہونا شروع ہوا ہے جسدِ خاکی کو نہ پہنچی ہونگی!

یاد رکھنا! پلنگ زندگی کی تشبیہ ہے۔ دُنیا میں کوئی اور شے اس جیسی عمدہ نہیں ہے اور کیا واقعی ہمارے چند بہترین مہینے سوتے میں نہیں گذرتے؟ لیکن پھر ہم دکھ بھی تو پلنگ ہی پر اُٹھاتے ہیں! وہ جو بیمار اور تکلیفوں کا شکار ہیں اسی میں پناہ لیتے ہیں، اور تھکے ماندے جسموں کیلئے اس سے بہتر آرام اور سکون کی جگہ ہو بھی کیا

سکتی ہے!

اس وقت اور بہت سے خیالات میرے دماغ میں آرہے ہیں مگر کیا یہ ضروری ہے کہ میں ان سب کا اظہار کر ہی دوں؟ اور پھر میں تھک اسقدر گئی ہوں کہ میں پاؤں پسار کر تھوڑی دیر سو جانا چاہتی ہوں۔ لیکن کل تین بجے تم مجھ سے ملنے ضرور بالضرور آؤ، شاید میں بہتر ہوں اور تمہیں خوش کر سکوں۔

خدا حافظ، میرے دوست! یہ لو میرے ہاتھ تمہارے پیار کرنے کے لئے حاضر ہیں اور میں تمہیں اپنے لب بھی پیش کرتی ہوں۔

(گے دی موپساں) ——— مترجمہ۔ صادق الخیری۔

رُخصت ہونیکے بعد!

خلوتِ عیش کا انجام لئے جاتا ہوں
دل میں اک حسرتِ ناکام لئے جاتا ہوں

میں نے اُن مست نگاہوں کا سماں دیکھا ہے
مستیٔ بادۂ گلفام لئے جاتا ہوں

حُسن کی گود میں وہ شعر و ادب کی تخلیق
فطرتِ حافظ و خیام لئے جاتا ہوں

کتنا دلچسپ ہے ناکام تمنّا کا فریب
جیسے میں اک ہوسِ خام لئے جاتا ہوں

خونِ دل، خونِ تمنّا کی بھلا قیمت کیا!
مفت میں عشرتِ بدنام لئے جاتا ہوں

دل پہ اُن شوخ اداؤں کا اثر کیا کہیئے
چند تر شئے ہوئے اصنام لئے جاتا ہوں

اب نگاہوں کو گھٹاؤں کی ضرورت کیا ہے
پرتوِ زلفِ سیہ فام لئے جاتا ہوں

دل کی آغوش میں اُس "شعرِ مجسم" کی قسم!
ایک دیباچۂ الہام لئے جاتا ہوں

منزلِ ہوش سے گذری نہیں اب تک دُنیا
میں کہاں حُسن کا پیغام لئے جاتا ہوں

زلف کے سایہ میں وہ عارضِ رنگیں کا فروغ
کفر کی بزم سے اسلام لئے جاتا ہوں

دل پہ جو بیت رہی ہے وہ کہوں کس کس سے
شوق و اُمید کا کُہرام لئے جاتا ہوں

جس کے سایہ میں نکھرتی ہے کرن سورج کی
روزِ اُمید کی وہ شام لئے جاتا ہوں

لوگ مفہومِ محبت سے کہاں واقف ہیں؟
اپنے سر زُہد کا الزام لئے جاتا ہوں

اے مجھے دیکھ کے نظروں کے چرانیوالے
ہر قدم پر میں ترا نام لئے جاتا ہوں

ساحر لدھیانوی

وہاں

اُفق کے پار سُنتے ہیں کہ اک رنگین دُنیا ہے
وہاں بادِ صبا مُنہ چومتی ہے کوہساروں کے
شباب انگڑائیاں لیتا ہے دامن میں بہاروں کے
وہاں شُعلے لئے پھرتی نہیں برقی اپنے دامن میں
سُکوں کی نیند سوتے ہیں وہاں طائر نشیمن میں
وہاں مرآتِ حُسن و عشق میں قدرت سنورتی ہے
سُنہری وادیوں میں شاہدِ فطرت نکھرتی ہے
ترنّم رقص کرتا ہے وہاں کے آبشاروں میں
تبسم کھیلتا پھرتا ہے رنگیں مرغزاروں میں
اُفق کے پار سُنتے ہیں کہ اک رنگین دُنیا ہے
وہاں دامانِ گردوں میں فضائیں مُسکراتی ہیں
بکھر کر کوہساروں پر گھٹائیں مُسکراتی ہیں
وہاں شیرازۂ رازِ سُکوں برہم نہیں ہوتا
وہاں ناکامیِ تقدیر کا ماتم نہیں ہوتا
وہاں ہوش و خرد پر مستیاں چھائی سی رہتی ہیں
سدا بامِ فلک پر بدلیاں چھائی سی رہتی ہیں
سرور و کیف ہوتا ہے وہاں کی داستانوں میں
وہاں موسیقیاں بستی ہیں اُلفت کے فسانوں میں
اُفق کے پار سُنتے ہیں کہ اک رنگین دُنیا ہے
وہاں بربط کے دامن میں نوکھے گیت سوتے ہیں
رباب و نَے کے تاروں میں سُریلے گیت سوتے ہیں
محبّت کو وہاں رسوائیوں کا ڈر نہیں ہوتا
وہاں دامن سرشکِ چشمِ نم سے تر نہیں ہوتا
خزاں کی بدلیاں گلزار پر چھانے نہیں پاتیں
نشیمن کو جلانے بجلیاں آنے نہیں پاتیں
بہت رنگیں وہاں کی داستانِ زندگانی ہے
وہاں منزل نشیں ہر کاروانِ زندگانی ہے
اُفق کے پار سُنتے ہیں کہ اک رنگین دُنیا ہے
وہاں بہتے ہوئے دریا مسلسل گنگناتے ہیں
وہاں راتوں کی خاموشی میں انجم مُسکراتے ہیں
حیا کی گود میں چھپکر وہاں سوتے نہیں جلوے
نظر افروز ہو کر پھر نہاں ہوتے نہیں جلوے
وہاں نغمے بکھرنے کیلئے بیتاب رہتے ہیں
نفس کے تار لرزاں صورتِ مضراب رہتے ہیں
وہاں موسیقیوں میں جذب ہو جاتی ہے خاموشی
وہاں نغموں کے ہنگاموں میں کھو جاتی ہے خاموشی
اُفق کے پار سُنتے ہیں کہ اک رنگین دُنیا ہے

علی احمد

اشکِ احمریں

بھابی جان اچھلے ہی پڑتے تو وہ شیفتوں کی کھکیڑ اٹھا چکے ہیں۔ آج پھر بھابی جان کا نادر شاہی حکم صادر ہوا "مچھلی تمہیں تیار کرنی پڑیگی۔ سلیمہ ہنس کیا رہی ہو جج آتی ہوں کوئی محسوس اتوار ایسا ہوتا ہوگا جو باورچی خانہ کو سلام نہ کرنا پڑتا ہو۔

اچھا صبح صبح وہ تمہاری خوابگاہ میں اسی غرض سے گئے تھے کہ پہلے بہن کو رضامند کرلیں۔ خورشید صاحب کو واقعی دعوتوں کی دھت ہے۔ بغیر احباب کے اتوار انہیں کاٹے کھاتی ہے۔ اچھا تو ہے ذرا چہل پہل رہتی ہے۔

خورشید الزماں منہ میں سگار سلگائے کمرے میں آئے۔ بیوی بہن کو دعوت کے متعلق بات چیت کرتے دیکھکر پوچھا "تم سب نے بچانے کیلئے ایک چیز بانٹ لی۔ نان پاؤ کے ٹکڑوں کو سوائے سلیمہ کے کوئی ہاتھ نہ لگائے"

دیوان خانہ کی اوپر کی منزل میں فرشی میزوں پر کھانا چنا گیا۔ میری ہم عمر چچازاد بہن سلیمہ غریب ہمیشہ دعوتوں میں گھسٹا کرتی تھیں۔ ہم سب لڑکیاں زنانخانے کی کھڑکیوں میں سے کبھی کبھی مہمانوں کے کھانے کا تماشہ دیکھتی رہتی تھیں۔ بھابی جان آنکھوں کے ساتھ کانوں کو بھی کھڑکی سے چپکائے لگی کھڑی تھیں۔

"شمسہ گھی کے چراغ جلاؤ سامنے کی میز پر جو شخص بیٹھے ہیں انہوں نے مچھلی بہت پسند کی"

میں اپنی کامیابی پر بڑی خوش ہوئی۔ اور لگی جھانکنے "اے سلیمہ دیکھنا کیا شاندار خوبصورت بجیلا نوجوان آن بان سے بیٹھا ہوا مچھلی اڑا رہا ہے۔ تمہارے ٹکڑے پڑے ہوئے ابھی رو رہی ہے ہیں"

"گھبراؤ نہیں ان کی باری آئے وہ اگر بسورتی نظر نہ آؤ تو شرط رہی"

"بھابی جان ذرا دیکھئے تو ان کے نارنگی جیسے چمکیلے بال ہیں۔ خوبصورت ہیں۔ کرزن فیشن مونچھیں بھی سنہری بالوں ہی کی ہیں۔ سر پر بالوں کی گہری گہری سپیاں کیسی بھلی معلوم ہو رہی ہیں"

انہوں نے ہنسی سے ٹہوکا مار کر کہا "لڑکی تو تو ان پر عاشق ہوگئی"

میں بگڑ گئی۔ کیا غضب ہے کوئی خوبصورت آدمی ہو تو اس کی تعریف نہیں کرنی چاہئے۔ خوبصورت عورتوں کو دیکھکر مردوں کی روایت ہے کہ درود پڑھنا چاہئے۔ عورتیں خوبصورت مردوں کو دیکھکر کیا لاحول پڑھیں؟ بھلا اس سے پہلے میں نے ایسا مضبوط اور قدآور بانکا جوان کاہے کو دیکھا تھا۔ انکی صورت ہی میں انتہائی کشش تھی۔

وہاں یہ حال کہ ڈاکٹر مچھلی سب سے زیادہ کھائے جائیں۔ بے تکلف دوستوں کا مجمع تھا۔ لگیں چہ میگوئیاں ہونے۔ دوستوں نے انہیں ستانا شروع کیا۔ دارا شکوہ نے کھڑے قورمہ کی قاب اٹھاتے ہوئے پوچھا "خورشید صاحب خدا کے لئے بتائیے مچھلی کس نے دم بخت کی ہے"

ڈاکٹر حامد خو بولے "یہ تو کسی کے نہایت سلیقہ مند اور حسین و نازک ہاتھوں کی کاوش کا نتیجہ ہے" اور جھینپ سے گئے۔

دوستوں نے فلک شگاف قہقہہ لگایا "بجا ہے بجا، باقی تمام چیزیں پیروں کی محتاج منت ہیں"

بھائی جان بڑے آزاد خیال تھے۔ وہ ایسی باتوں کو رنگ نہیں دیتے تھے۔

"میری چھوٹی بہن شمسہ نے پکائی ہے۔ وہ مچھلی واقعی اچھی پکاتی ہیں"

ڈاکٹر تڑپ اٹھے۔ "شمسہ شمسہ نے" حمامی ٹھٹھوں سے کمرہ گونج اٹھا۔

ہم دونوں دوڑی ہوئی کھڑکی پر آئیں "بھابی جان آپ کب تک کن سوئیاں لے جائیں گی کسی اور کو بھی دیکھنے دیجئے؟"

"لیجئے یہ ڈش میں ایک بڑا جگادری قتلہ موجود ہے" ڈاکٹر نے بیتابی سے اپنی رکابی آگے کر دی اور سامنے رکھکر ہو بیٹھے۔

"اے بھئی کھاتے کیوں نہیں۔ کیا پیسٹل کر رہے ہو؟ یا پیٹ بھر گیا اور نیت نہیں بھری والا مضمون ہے"

ڈاکٹر بگڑے "شکوہ صاحب آپ کی فضول باتوں سے مجھے سدا سے نفرت ہے۔ میں آپ کی طرح نہیں کھاتا، تو جیل میں آیا۔ خورشید صاحب آپ کو یاد ہو گا لندن میں کرسمس کے ڈنر پر سرجیمز نے ہم دونوں کو مدعو کیا تھا۔ اور اُن کی لڑکی مس روز مچھلی پکانے میں خاندان بھر میں مشہور تھیں۔ جب سامنے آئی تو تھوک کے مزے کی" پھر جھومے "سبحان اللہ اس مچھلی میں کیا آب و نمک ہے، ہاتھ میں کیا ذائقہ ہے۔ بھائی خورشید باور کیجئے میرا ذہن ایسی بات ماننے کو تیار نہ تھا کہ ایک قابل مضمون نگار خاتون مطبخ سے بھی ایسا تعلق رکھتی ہیں۔ اُنکی سوز و گداز سے بھری ہوئی تحریریں عرصہ سے میرے مطالعہ میں ہیں۔ اس وقت یاد نہیں آتا کہ کس رسالہ میں ان کا ایک مضمون "مادرِ وطن" پڑھا تھا۔ نہایت پاکیزہ اور مؤثر"

بھائی جان نے منہ میں لقمہ رکھتے ہوئے کہا "آپ صاحبان کی قدر دانی اور شمسہ کی حوصلہ افزائی ہے"

بھائی جان زنانخانہ میں آئے تو سب گھیر کر بیٹھ گئے۔

سلیمہ نے پوچھا "کہئے کھانا کیسا تھا؟"

"نہایت لذیذ اور عمدہ خصوصاً ان باؤ کے ٹکڑے بڑے خوش ذائقہ تھے۔ دار اشکوہ تو انگلیاں چاٹتے رہ گئے" سلیمہ نے تمکنت سے میری طرف دیکھکر سر کو جنبش دی۔ میری پیشانی پر خفیف سے شکن ابھرے۔ پھر بولے "مچھلی ڈاکٹر حامد نے انتہا درجہ پسند کی۔ تم سب پاس نکلیں سلیمہ میرا ہاتھ دباتے ہوئے بولیں "کیوں بھابی جان میں نہ کہتی تھی کہ خاندانی باورچنیں ضرور کامیاب ہوں گی۔"

میں نے بیتابی سے پوچھا "بھائی جان مچھلی کیا صرف سنہری بالوں والے ڈاکٹر ہی نے پسند کی"

"اے تم سب جھانک رہے تھے۔ بڑے بے انصاف لوگ ہو۔ خود چھپو اور دوسروں کو دیکھو"

بھائی جان پردے کے مخالف بلکہ دشمن تھے۔ ان کا مقولہ تھا، پردہ ہماری مستورات کی ترقی میں سب سے بڑی سدِ راہ ہے۔ جس دن یہ اٹھ گیا بہت سے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عورت کو زبردستی مقفل رکھکر مستدی بنانا اُن کے نزدیک سب سے بڑا گناہ تھا وہ کہتے تھے عورتوں کو آزادی دو اور اُن کو خود اپنے ہر فرض کے احساس کا ذمہ دار بناؤ۔ ایک چیز کو سات قفلوں میں بند رکھکر اسکی عزت و عصمت پر ناز اں ہونا کونسا فخر ہے۔ فخر اس پر ہونا چاہیئے کہ عورتیں باوجود بے پردہ رہنے کے خود اپنی عزت کی محافظ اور اپنے فرض کی پابند ہوں۔ بہرحال وہ اپنی بیوی کو پردہ نہ کراتے تھے۔ اور اس قید و بند سے آزاد تھیں۔ یہ بے پردہ بیوی ہمارے خاندان بھر میں سب سے زیادہ قابل عزت اور قابل فخر سمجھی جاتی تھیں۔

بھابی جان نے کہا "سب کو اپنے اپنے کھانے کا فکر تھا۔" میں شروع سے بھائی حامد کی باتیں سن رہی تھی۔ انکی کوئی بات چٹکلوں اور دلچسپی سے خالی نہیں۔ عجب زندہ دل شخصیت ہے۔ بڑے ہی خوش طبع ہیں۔ یہی صاحب زینب کی شادی میں سب سے پہلے جا لٹکے تھے۔ دولھا کے بھائی تکتے کے تکتے رہ گئے۔

اماں بی نے آوازیں دینی شروع کیں۔ رات زیادہ ہو رہی ہے، سو گے کبھی یا رات بھگا مارو گے۔ سب لمبی تانی۔ سلیمہ میری خوابگاہ میں آن کر برابر کے پلنگ پر لیٹ گئیں اور دعوت کا ذکر کرتے کرتے غائب۔

کئی دن بعد جب میں کالج سے واپس آئی تو بھائی جان نے ایک پیکٹ دیا۔ "ڈاکٹر حامد تمہارے لئے تحفہ دے گئے ہیں۔" میں ہاتھ میں لئے کھڑی کی کھڑی رہ گئی۔ بھابی جان چیل کی طرح دوڑی ہوئی آئیں۔ "خدا کی قسم جو ہمیں نہ دکھاؤ۔" میں اس ناگہانی تحفے سے پہلے ہی سراسیمہ ہو رہی تھی۔ ان کے جھپٹ کر آنے سے اور سٹپٹائی اور پیکٹ اُن کے حوالے کر دیا۔ انہوں نے وہیں کھڑے کھڑے چیر پھاڑ کر دیکھا۔ انگریزی کی خوبصورت جلد والی کھانا پکانے کی ترکیب کی ایک کتاب تھی۔ کتاب کے سرورق پر خوشنما اور دیدہ زیب حروف میں صرف "شمسہ صاحبہ" لکھا ہوا تھا۔

مجھے دیکھکر کہنے لگیں "مچھلی کے صلے میں اچھا تحفہ ملا۔ آئندہ اسی کے درج شدہ کھانے پکا پکا کر کھلایا کرنا۔"

"آپ جانتی ہیں مجھے بھٹیارخانہ سے دلچسپی نہیں۔ ویسے ہی دو چار چیزیں شوقیہ سیکھ لی ہیں۔"

"جب ہی تو کہتی ہوں مشق کیا کرو۔ خاتون خانہ کیلئے باورچی خانہ سے جی لگانا فرض اوّلیں میں سے ہے۔"

"آپ کی ہی رشتہ داری باورچی خانہ سے ہے۔"

"اچھا معلوم پڑیگا جب دوسرے گھر جاؤ گی۔ ڈاکٹر حامد کھانے کے بڑے شوقین ہیں اور خود بھی پکانا جانتے ہیں۔"

میں جلکر بڑبڑاتی ہوئی کمرے میں آن کر لکھنے کی میز کے سامنے بیٹھ گئی۔ بڑی دیر تک ورق گردانی کرتی رہی۔ اپنا نام لکھا دیکھکر دل بلیوں اچھل رہا تھا۔ خوبخود دل میں ایک کُریدتی تھی جو کسی طرح ختم نہ ہوتی تھی۔ اور ایک نامعلوم ہنگامہ طاری تھا۔ کتاب احتیاط سے شیلف میں رکھدی۔ دن میں معمول تھا کہ ایک دو مرتبہ کتاب کا گہرا مطالعہ کرتی۔ دلی آرزو تھی کہ جس قدر کھانے اس میں لکھے ہیں۔ سب کے پکانے میں ماہر ہو جاؤں۔ میں خود نہیں سمجھ سکی کہ یہ خواہش کیوں پیدا ہوئی۔ اس سے پہلے اسی مضمون پر ایک کتاب میرے عزیز بہنوئی نے عنایت کی تھی مگر میں نے زیادہ توجہ نہ کی۔

ناشتہ کی میز پر سب جمع تھے۔ بھائی جان نے دریافت کیا "شمسہ تم نے کتاب کا شکریہ بھی نہ لکھا۔ یہ کونسی تمیز و تہذیب ہے کہ کوئی شخص تحفہ دے اور اس کا شکریہ بھی ادا نہ کیا جائے۔"

"میں سمجھی آپ نے ادا کر دیا ہوگا۔"

"کیا خوب! ملا تم کو ادا میں کروں۔"

"تو آپ لے لیجئے۔"

"ہاں تو یہ کہو دو حرف لکھنے تمہیں منظور نہیں۔"

"جی نہیں، یہ بات تو نہیں۔"

"تو پھر ناشتہ سے فراغت ہو کر لکھ لاؤ۔ آج میں انہی کے ہاں جا رہا ہوں۔"

کمرے میں آن کر کئی کاغذ لکھے اور پھاڑے۔ سمجھ کام نہ کرتی تھی۔ مناسب اور موزوں عبارت سے ذہن چوپٹ تھا۔ اتنی دیر میں بھائی جان کمرے میں کھڑے تھے۔ "کیا مشکل لکھ رہی ہو؟" "جی نہیں لکھ چکی۔"

مُنفیدِ اور خوشنما کتاب کا شکریہ ——— شمشہ

بھائی جان اس مختصر سی تحریر کو دیکھ کر مسکراتے ہوئے باہر چلے گئے۔

حسب معمول دن گذرتے رہے۔ رفتہ رفتہ میں سُست رہنے لگی۔ دماغ بھاری اور دل خود بخود بیٹھا جاتا تھا۔ ہر چند غور کرتی کوئی وجہ سمجھ میں نہ آتی۔ تنہائی اور خاموشی سے طبیعت کو کچھ سکون حاصل ہوتا۔ تمام کاموں سے دل اُچاٹ تھا۔ ہاں اگر کچھ خواہش تھی تو صرف یہ کہ باورچی خانہ میں گھس رہوں۔ اور نئے نئے کھانوں کی مشق کیا کروں۔ اماں بی میرے اس شوق کو دیکھ کر بڑی خوش تھیں۔

ڈاکٹر حامد بھابی جان کے رشتہ کے بھائی اور بھائی جان کے عزیز ترین دوستوں میں سے ایک تھے۔ اتوار کے دن آج دوپہر ہمارے ہاں چائے پر مدعو تھے۔ اور اس دفعہ خیر سے بھابی جان کے کمرے میں براج رہے تھے۔ بھابی جان تو ویسے ہی پردہ نہ کرتی تھیں۔ ڈاکٹر تو بھلا رتی بھر ناتا، گاڑی بھر آشنائی کے مصداق تھے۔ چنانچہ وہ آسن جمائے ایک کرسی پر ڈٹے ہوئے کالر پر رکھی ہوئی تصویر کو تک رہے تھے۔ آخر نہ رہ سکے اور اُٹھا لائے۔

"تہمینہ، بتاؤ تو اس تصویر میں کون کون ہے؟"

"آپ نہیں پہچانتے۔ یہ چھوٹے میاں ہیں۔ یہ خالہ لاڈلی بیگم ہیں، اُن کے پیچھے کرسی پر رضیہ کو لئے کھڑی ہے۔ بیچ میں میں ہوں۔ میرے دائیں ہاتھ پر بڑی نند رفیعہ ہیں اور بائیں پر چھوٹی نند شمشہ۔" ڈاکٹر نے پھرتی سے تصویر اونچی کر لی۔

"ابھی تو اور باقی ہیں"

"جی ہاں میں سمجھ گیا۔"

گویا اب کسی کے پوچھنے کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ بڑی دیر تک بغور تصویر کو تکتے رہے۔

بھائی جان نے سگار کو ٹھنڈا کرتے ہوئے کہا: "لو بھئی اٹھو دارا شکوہ انتظار میں ہیں۔" ڈاکٹر بہ مجبوری تصویر کو رکھ کر دیوانخانہ میں گئے۔ دارا شکوہ نے متعجبانہ لہجہ میں کہا: "یہ کہئے نا آج زنانخانہ میں نازل ہوئے تھے۔ ہم یہاں انتظار میں بیٹھے سوکھ رہے ہیں۔"

آج کی چائے پر بڑی محنت و شوق سے میں نے تاتاری کھانے میں سے ایک چیز مائی آشے بنائی تھی۔ یہ ہلکے کاڈی رنگ کے خوشنما بل دار خستہ پاپڑ کے مشابہ تھے۔ رکابیوں میں چُنے ہوئے سب کو اپنی طرف متوجہ کر رہے تھے۔

دارا شکوہ نے اُٹھا کر کھایا اور تعریف کے پُل باندھ دیئے۔ ڈاکٹر خاموش تھے۔ ایسی سنگین خاموشی اُن کے حلقۂ احباب کی نظروں سے کبھی نہ گزری تھی۔

دارا شکوہ نے پھر چٹکی لی: "ڈاکٹر کیا سکتہ میں ہو۔ گم سُم کے لڈو کیسے کھالئے۔ بھلے آدمی مُنہ سے بولو۔ اُس روز مچھلی پر لوٹ پوٹ تھے۔ آج کیوں مُنہ سِل گیا۔"

بھائی جان نے چائے کا گھونٹ پیتے ہوئے کہا: "ڈاکٹر صاحب آپ کی عطا کردہ کتاب میں سے یہ تاتاری مائی آشے بنائے

گئے ہیں، اور یہ مشق اولیں ہے" ڈاکٹر جھینپے سے بیٹھے تھے خوشی سے جھومنے لگے۔

بھائی جان کی اور ڈاکٹر کی محبت حقیقی بھائیوں کی حد تک پہونچی ہوئی تھی۔ ایک کو ایک کے بغیر کل نہ تھی۔ ایک دوسرے کا سچا ہمدرد اور ثنا خواں تھا۔ ڈاکٹر نے اب اور بھی زیادتی کی۔ وقتاً فوقتاً گھر کی پیمائش کرنے لگے۔ ذرا ذرا سی باتوں پر انہیں دروازہ پر کھڑا دیکھئے۔

مجھے پیانو سے شوق تھا۔ میرا شوق دیکھکر مسز کیدی جو پیانو کی اتالیق تھیں زیادہ توجہ دیتی تھیں۔ کالج کی لڑکیوں میں اول دل تھی۔ گھر پر بھی اس میں وقت صرف کرتی تھی۔ اچھی خاصی مشق ہو گئی تھی۔

برکھا کا موسم تھا اودی اودی گھٹائیں اٹھ اٹھ کر عجیب سماں پیدا کر رہی تھیں۔ ہر چار طرف سبزے نے ڈیرے ڈال رکھے تھے۔ ہلکے سبز رنگ کے لمبی لمبی ٹانگوں والے ٹڈے پودوں میں روزی تلاش کرنے میں سرگرداں تھے۔ میرے کمرے کے عین سامنے صحن میں ایک پرانا انار کا درخت لدا پھندا کھڑا تھا۔ اس پر کتنے ہی انار پھٹ گئے تھے اور دانت بکوسے اپنی زندگی کا نوحہ کر رہے تھے۔ ہلکی ہلکی پھوار سبز پتوں پر موتی موتیوں کا منظر پیش کر رہی تھی۔

مجھے اپنے محبوب مشغلہ نے اکسایا اور پیانو کے سریلے سروں پر غالب کی مشہور غزل ۔ دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت ۔ کا مرتعش نغمہ ہوا میں لہرانے لگا۔

کیا خبر تھی کہ ڈاکٹر بھابی کے کمرے میں بیٹھے ہیں۔ اور مرطوب موسم میں بھی گھر میں نہ ٹک سکے۔ پیانو کے ساتھ گانے کی آواز سنکر ٹہلنے لگے۔ خود بھی اس فن میں استاد کامل تھے۔

بھائی جان تھوڑے روز کے لئے شملہ گئے ہوئے تھے اور ان کو خاصے دن لگ گئے۔ ڈاکٹر نے دھیز کی مٹی لے ڈالی۔ جب واپس آئے تو ڈاک میں ڈاکٹر کا ایک خط ملا۔

بھابی جان خط پڑھکر بولیں: "ساری تحریر اسی داستان سے پُر ہے جو پرسوں شب کو اماں جان آپ سے کہہ چکی ہیں۔ آج یہ خط میں شمسہ کو ضرور دکھاؤں گی۔ آپ کی کیا رائے ہے؟"

"میری رائے اس بارے میں تم سے پہلے ہے"

چار بہن بھائیوں میں میں ہی کھرچن تھی۔ اماں بی اچھے رشتہ کی متلاشی تھیں۔ پیغام آنے کو بیسیوں آئے جن میں کنوارے رنڈوے سب ہی شامل تھے۔ بڑے بڑے دولتمند خواہش مند تھے۔ مگر تقدیر کچھ اور ہی سامان کر رہی تھی۔ آخر ایک تیر ٹھکانے پر بیٹھ ہی گیا۔

بھابی جان موتیوں کا ہینڈ بیگ لئے کمرے میں آئیں اور بید کی آرام کرسی پر دراز ہو گئیں۔

"شمسہ تم تو کتابوں پر ہر وقت اوندھی پڑی رہتی ہو"

"تو کیا کالج کا کام بھی نہ کروں"

"میرا یہ مطلب تو نہیں۔ مگر کسی وقت بھی تم فرصت سے نہیں بیٹھتیں"

"توبہ کیجئے کل شام ہی کو دو گھنٹے آپکے پاس بیٹھکر آئی ہوں"

"دیکھو تو یہ بیگ ختم ہوگیا۔ اس کے مُنہ نے تو مجھے بلا جلا دیا۔ کسی طرح ٹھیک نہ بیٹھتا تھا۔ پھر سامنے کی الماری سے چوکولیٹ نکال کر کھانے لگیں۔ "جس چوکولیٹ کو تم شیرہ بھرکر غلق غلق کھاتی ہو وہ دراصل وسکی شراب ہوتی ہے"

"سچ کہیئے"

"نہیں تو کیا جھوٹ ہے"

"خیر ہم تو بے قصور رہیں۔ عذاب ثواب بنانے والوں کی جان پر ـــــ لیجئے ذرا یہ خط تو پڑھکر سُنانا"

"پیارے خورشید صاحب! آج مجھے تم سے زیادہ اپنا ہمدرد کوئی نظر نہیں آتا جس سے مشورہ لوں اور درخواست کروں کچھ روز ہوئے چچی اماں میرا پیام لیکر خورشید منزل گئی تھیں۔ وہ فرماتی تھیں کہ بیرسٹر خورشید الزماں کی واپسی پر تسلی بخش جواب کی اُمید ہے۔ چنانچہ وہ چشم براہ ہیں اور ان سے زیادہ میں۔ تم خود زمانہ شناس ہو۔ میرے اطوار سے کیا ابھی تک نہیں سمجھ سکے کہ میں کس چیز کا خواہشمند ہوں۔ یقین کرنا میں شمسہ محترمہ کا پرستار ہوں۔ اور بہ منت اپنی دوستی کا واسطہ دیکر درخواست کرتا ہوں کہ میرے سوال کو رد نہ کیا جائے۔ اور مجھے اپنی غلامی میں قبول کرکے عُمر بھر کے لئے مرہون منّت کیجئے۔

مشتاقِ جواب ـــــ حامد"

آخری فقرے نے میرے جسم میں لرزہ پیدا کر دیا۔ اور ایک برقی رو میرے تمام جسم میں دوڑ گئی۔ ہاتھ پیر کنکر ہوگئے۔ اور خط ہاتھ سے چھوٹ گیا۔ پیشانی عرق ریز ہوگئی اور میں دوسری کرسی پر جا بیٹھی۔

"کوئی جلدی نہیں، سوچ سمجھکر جواب دینا" سند نماز پہ ایک ورتازیانہ، چلتے چلتے ایک تصویر بھی میز پر رکھتی گئیں۔

تھوڑی دیر میں خاموش بیٹھی رہی۔ دل و دماغ کی عجب کیفیت تھی۔ میرے امکان میں نہیں کہ اس لمحہ کا نقشہ کھینچ سکوں۔ خیالات کا ایک بے پایاں ہجوم تھا جس میں گھومی ہوئی تھی۔

رات کی فرصت اور تنہائی میں پلنگ پر پڑنے کے بعد دن کے گزرے ہوئے واقعات ایک ایک کرکے آنکھوں کے سامنے ناچنے لگے۔ خط اور تصویر اب میرے قبضہ میں تھی۔ ڈاکٹر عجیب شان سے صوفے پر ایک طرف بیٹھے تھے، دوسری طرف خوشنما پھولوں کا گلدستہ رکھا تھا۔ ان کے چہرے پر بُردباری کے باوجود شوخی تھی۔ اور لبوں پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ میرا دل اُس کے دیکھنے سے سیر نہ ہوتا تھا۔ متعدد بار دیکھا اور پھر خواہش رہی۔ دل ہی دل سے باتیں کرتی رہی۔ ڈاکٹر کو صرف دو مرتبہ ہی تو اچٹتا ہوا دیکھا ہے۔ اوّل مرتبہ بھائی جان کے میکے میں جب وہ زینب آپا کے دولھا کی نبض دیکھ رہے تھے۔ دوسری مرتبہ اپنے ہاں دعوت میں، کئی دن مجھے غور و فکر میں کٹ گئے اور کسی نتیجے پر پہونچ نہ سکی۔

ڈاکٹر اب بھائی جان کے ساتھ زیادہ وقت گزارتے اور اُن کی خوب خاطر بھی کرتے۔ کسی نہ کسی بہانہ سے کچھ نہ کچھ گلگلے گاہے بھیجتے رہتے۔ آج انہوں نے خواہ مخواہ کوئی نیا بہانہ تراش کر۔ پھر کے ناشتہ پر ایک کشتی قسم قسم کی مٹھائیوں اور دال بیچی وغیرہ کی لبالب بھیجی۔ دو دو کی پوریاں قابل ذکر ہیں۔ نہایت نفیس اور لذیذ تھیں جس نے کھائیں کلمہ پڑھنے لگا۔ یہ ڈاکٹر نے خود پکائی تھیں۔

آج بڑی آپا مع بھائی صاحب کے آئی ہوئی تھیں۔ اور سب اس رشتے پر بحث و مباحثہ کر رہے تھے۔ اگر بھائی جان سب سے زیادہ حامی تھے تو چھوٹے بھائی قمرالزماں خلاف۔ دونوں بھائیوں کے مزاج میں اتنا فرق تھا جتنا ارض و سما میں۔

بھابی جان نے پہلو بدلتے ہوئے کہا کہ "واقعات یہ بتاتے ہیں کہ بھائی حامد نے شمسہ سے شادی کرنے کا اُن سے فیصلہ کر لیا ہے۔ کیونکہ جو بات اُن کے سامنے پیش کی جاتی ہے سر تسلیم خم ہے۔"

چھوٹے بھائی کے علاوہ گھر کے تمام لوگ تقریباً نیم رضامند تھے۔ تاہم ہر سہ روز تک سمجھوتہ کی کوششیں ہوتی رہیں۔ کسی کروٹ چین نہ پڑتا تھا۔ ڈاکٹر اوّل روز سے جہاں کھڑے تھے وہیں جمے رہے۔ اٹل بھی آ گئے نہ کھسکے۔ وہ نتیجہ حاصل کرنے کا بیڑا اُٹھا چکے تھے۔ اور اُن کے ہر طور سے اچھی طرح ثابت ہو رہا تھا کہ وہ سچے معنوں میں میرے عاشقِ زار ہیں۔ اور کوئی کوشش دمِ آخر نہیں چھوڑ بیٹھے۔ جس سے میں حاصل نہ ہو سکوں۔ میرے اعزّا نے سخت سے سخت شرائط پیش کیں اور انہوں نے نہایت فراخ دلی سے بخوشی لبیک کہا۔

سب اپنے اپنے دلوں پر ہاتھ رکھیں اور ایمان سے نکلیں کہ سچی محبت کا اثر فریقِ ثانی پر کس درجہ ہوتا ہے۔ شب و روز میرے کان اُن کا شوق اور آرزو سُنتے رہتے تھے۔ پتھر کا دل بھی ہوتا تو پگھل جاتا۔ بعض اوقات ایسے قدرداں اور چاہنے والے کا زعم مجھے اپنی قسمت پر نازاں کر دیتا اور میں خوابِ شیریں کے مزے لینے لگتی۔ بات تقریباً طے شدہ تھی۔

اب دن بدن ڈاکٹر کا خیال دل میں جمنے لگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے موسمِ بہار کے مارچ کی وہ خوش کُن شام جس میں معزز ڈاکٹر نے دعوت کو عزت بخشی تھی میرے نازک اور نرم دل میں سچّی محبت کا بیج چھوڑ گئی۔ اس وقت اور اس کے بعد میرا منّہ تمنّا بھولا بھالا دل کچھ نہ سمجھ سکا کہ یہ کھٹک کیسی ہے۔ مگر جُوں جُوں گھڑیاں گزرتی گئیں حقیقت آشکارا ہوتی گئی۔ محبت کی بنا پڑ چکی تھی۔ پیغام نے دبی ہوئی چنگاری بھڑکا دی۔ اور میں محبت کے عمیق گڑھے میں گرتی چلی گئی حتیٰ کہ میرے رگ و پے میں حامد کا خیال سرایت کر گیا۔ ڈاکٹر کی غائبانہ محبت عجب پُر لطف اور کیف آور تھی۔ آہ عورت کا نازک دل۔

بھابی جان ہیڈ منٹن کا ریکٹ ہلاتی ہوئی میرے کمرے میں برآمد ہوئیں "شمسہ، آج کھیلنے کا ارادہ نہیں ہے؟"

"آپ چلیے میں آ رہی ہوں۔"

گیم ختم کر کے میں جانا چاہتی تھی کہ وہ میرا ہاتھ پکڑ کر سامنے کی بنچ پر بیٹھیں۔ اِدر اُدھر کی باتیں کر کے اپنے اصلی مقصد پر اتر آئیں۔ "اتنے روز ہو گئے آخر کچھ جواب بھی دو گی؟"

"بھابی جان میں کیا کہوں، مجھے ان کے متعلق کچھ علم نہیں۔"

"آخر تم نے دیکھا تو ہے؟"

"تو کیا ایک آدھ دفعہ دیکھنے سے انسان کی خُو خصلت کا بھی اندازہ ہو سکتا ہے۔ ہاں اگر آپ کے نزدیک صورت شکل اور وجاہت سب چیزوں پر حاوی ہے تو دوسری بات ہے۔ بہرحال مجھے اس معاملہ میں قطعی اندھا سمجھیے۔ اور بزرگوں کی رائے کے ساتھ شریک جانیے۔" وہ کھل کھلا اُٹھیں۔

اب میری منگنی ہو چکی تھی۔ ڈاکٹر خوش اور مطمئن تھے۔ انہوں نے رسماً آنے جانے میں کمی کر دی تھی۔ بھائی جان کہا کرتے تھے اس رشتہ نے اچھی بھلی دوستی میں تکلف کی دیوار اڑا دی۔ بڑی آپا ہونے والے بہنوئی کے ذکرِ خیر سے شاد و شاد ہوتی تھیں۔ اور جب ہی وہ یہاں ہوتیں اور دیوان خانہ میں اُن کی آمد کی خبر سُن پاتیں تو چھپ چھپ کے دیکھتیں اور پھولی نہ سماتیں۔

دونوں طرف بڑے پیمانہ پر شادی کے سامان ہو رہے تھے۔ جُوں جُوں وقت قریب آ رہا تھا میرا فکر بڑھ رہا تھا۔ رات کے

سنسان وقت میں آنے والے امتحان میں کامیابی کی دُعائیں مانگا کرتی۔

ڈاکٹر کی دل سے نکلی ہوئی سچّی دُعائیں مستجاب ہوئیں۔ اور بنا جہیز لایا ہوا مسہرال کی گلی۔ میں خانۂ نوشہ کی زینت بنی۔ شادی کے تقریباً تمام پارچہ جات اور زیور ڈاکٹر کی اپنی پسند اور شوق کے تھے۔ جن کا انتخاب مجھے حیرت میں ڈال رہا تھا۔

یاد ہے اور اچھی طرح یاد ہے۔ میری بدنصیب صورت دیکھنے سے قبل ڈاکٹر نے دو گانہ ادا کیا تھا۔ اُن کے وہ شیریں پُرشوق اور محبت بھرے فقرے ہنوز کانوں میں گونج رہے ہیں۔ تم نے دیکھا میں نے کہہ دیں گھستے ہی خالق کا شکریہ ادا کیا۔ تمہیں حاصل کرنے میں جو جو تکالیف اور دقتیں مجھے پیش آئیں اور جو کوفت میں نے اٹھائی آج اُس کا کیسا نایاب نعم البدل ملا ہے۔ خُداوندا تُو مجھے توفیق دے کہ میں شمسہ کو خوش رکھ سکوں۔ کاش دل دکھانے کی چیز ہوتی تو یہ فقرے جو جلی قلم سے دل پر کندہ ہیں پیش کرتی۔

وقت گزرتا چلا گیا اور ہم دونوں ایک دوسرے کی محبت میں سرشار رہنے لگے۔ دراصل ہندوستانی جوڑے کی محبّت کا دَور شادی کے بعد شروع ہوتا ہے۔ ان کو ایک لمحہ میرے بغیر چین نہ تھا۔ ہسپتال سے سیدھے گھر آتے اور تمام وقت میرے پاس گزارتے۔ میں اُن کے لئے جنّت کی حُور اور پرستان کی پری تھی۔ جب میں میکے جاتی تو حامد بڑے مایوس نظر آتے اور کہتے بڑی پاپی کہکر مجھے بھی بلا لینا۔ میں بہن بھاوج سے ذکر کرتی اور وقتِ خوشی بُلوا بھیجتیں۔ پھر تو معمول ہو گیا کہ میرے بُلاوے کے ساتھ اُن کا بھی بُلاوا جاتا۔ سسرال والوں کو اور خصوصاً نند کو یہ باتیں ناگوار گذریں۔ مگر ڈاکٹر نے پروا نہ کی اور برابر دُم چھلا بنے رہے۔

جان دینی ہے اور خالق کو مُنہ دکھانا ہے۔ ڈاکٹر نے میری ناز برداری میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی۔ سونے میں پیلا اور موتیوں میں سفید کر دیا۔ میری ذرا سی خواہش پر وہ دُنیا کی بڑی سی بڑی قربانی کرنے کو تیار تھے۔ برس دن تک دن عید اور رات شب برات تھی۔ اگر جُھولوں میرے سر میں درد ہوتا تو وہ رات آنکھوں میں کاٹ دیتے۔ اُن کے خوبصورت اور مضبوط ہاتھ جب میری کنپٹیوں کو چھوتے تو مجھے وجد آنے لگتا اور رُوحانی سکون حاصل ہوتا۔ میرا پُرارمان حسرت بھرا دل ہزار ہزار جان سے اُن پر فدا تھا۔ عارضی مفارقت کے بھیانک خیال سے دل کانپ کانپ اُٹھتا تھا۔

ایک دن ڈاکٹر نے میرے سامنے میز پر ایک خوبصورت چوکھٹا رکھتے ہوئے کہا:۔

"شمسہ سال بھر تک متواتر یہ کاغذی پیکر میری توجہ کا مرکز اور میرے راحتِ قلب کا ماحصل رہا ہے اور یہ آدھا سطرہ نامہ جمیل تسلّیٔ قلب کا باعث۔ بلاناغہ تصویر کی زیارت اور خط کا مطالعہ میرا شغل تھا۔ میری ایک تصویر تمہینہ کے پاس ہے۔ اس میں تمہارا تصوّر کر کے اپنے پہلو میں پھولوں کا گلدستہ رکھا ہوا ہے۔"

میری تصویر بھابی جان نے فریم سے ڈاکٹر بغیر کہے اُڑا لائے اور اُس کی کاپی کرا کر پھر وہیں رکھ آئے۔ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔ کتا کے شکریہ والے خط کو دیکھکر مجھے شرم سی آئی۔ معمولی کاغذ، بے ڈھنگی لکھائی۔

"آپنے حد کر دی کہ اِس معمولی سے پُرزے کو یوں سینت کر رکھا!"

"تم کیا جانو، اس کی سادگی اور اختصار نے میرے دل کو موہ لیا تھا!"

خوشی اور غرور نے مجھے مخمور کر دیا۔ دل میں جب یہ خیال آتا، ایسے دلکش خدوخال اور حُسن مردانہ کا مالک ذی اقتدار شخص مجھ پر کس قدر فریفتہ ہے تو دل خوشی میں ڈوب ڈوب جاتا۔ کاش تقدیر عمر بھر میرا ساتھ دیتی اور میں آخری سانس تک

محبت کے میٹھے سُر الاپا کرتی۔

مرد کی محبت دودھ کا سا اُبال ہے۔ یہ جس قدر جلد محبت سے متاثر ہو کر بے حال ہوتا ہے اسی قدر جلد بے نیاز۔ اسکی محبت کا آغاز جنون کی حد تک سگرا انجام سرد۔ ازل سے نئی نئی چیزوں کا دلدادہ اور پرستار رہا ہے۔ اس کا مچلا ہوا دل ہمیشہ نئی نئی پھبیاں اور رنگینیاں ڈھونڈتا رہتا ہے۔ ضبط و صبر کی صلاحیت بہ نسبت عورت کے مرد میں کم ہے۔ اس میں اپنے جذبات کا استقبال کرنے کا بڑا حوصلہ اور قابلیت ہے۔

عورت دیر میں محبت کے اثرات قبول کرتی ہے اور آخر تک جمی رہتی ہے۔ عورت کا آغاز محبت پھیکا سیٹھا سگرا انجام پختہ۔

رفتہ رفتہ ڈاکٹر کی عادتیں مجھ پر واضح ہو رہی تھیں۔ اُن کے حسنِ سلوک میں دن بدن فرق آ رہا تھا۔ نہ پہلی جیسی محبت تھی نہ برتاؤ۔ مجھ سے بچے بچے رہتے تھے۔ اُن کا طرزِ عمل خار کی طرح کھٹکتا تھا۔ اُن کا وقت اب زیادہ تر باہر گزرتا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں اُن پر بارِ گراں تھی۔ میری غیر حاضری اُن کے لئے خوشی کے سامان مہیا کرتی تھی۔ گھر دیر سے آنے جانے لگے۔ اکثر آدھی آدھی رات تک میں بیٹھی گھڑیاں گنا کرتی۔ کہاں وہ چاؤ چونچلے، کہاں یہ بے پروائی۔ میرا دل اندر ہی اندر برساتی ایندھن کی طرح دُھونی رمانے لگا۔ ڈاکٹر اب پہلے جیسے ڈاکٹر نہ تھے۔ اُن کے اس قدر جلد پلٹ جانے سے میری نایاب دُنیا ویران ہوتی جا رہی تھی۔

دیر سے گھر آنے کی پوچھ گچھ کشیدگی کو بڑھا رہی تھی۔ میں بچہ نہ تھی، نادان نہ تھی، فرشتہ نہ تھی۔ ان کے اس سلوک سے مجھے رُوحی تکلیف پہونچ رہی تھی۔ ان کا جوش ٹھنڈا ہو چکا تھا۔ آہ مرد کا دل کسقدر جلد بھر جاتا ہے۔ مگر میری محبت دن بدن جڑ پکڑ رہی تھی۔ لیکن وہ کبھی کے سیر ہو چکے تھے۔ اُن کے لئے اب مجھ میں کوئی دلچسپی باقی نہ تھی۔

صد ہزار افسوس کہ فلک کج رفتار کو ہمارا یہ دَور بھی گوارا نہ ہوا۔

اچھا ہوتا اگر یہ پردہ یونہی پڑا رہتا۔ اور میں بھول میں ان پر اور ان کی محبت پر مثل سابق کے بھروسہ رکھتی لیکن اس کا کیا علاج کہ عیش کی گھڑیاں ختم ہو چکی تھیں۔ اور گردشِ زمانہ انکی سُہاگ کی رات کو میرے علم میں لانا چاہتا تھا۔

اتفاق سے ایک روز اُن کی میز پر وہ دل ہلا دینے والی تحریر دیکھی جس نے جگر کے ٹکڑے کر دئے اور میں غم و غصّہ سے جلکر خاکستہ ہو گئی۔ دُنیا آنکھوں میں اندھیر تھی۔ خط ہاتھ میں لئے سکتے میں کھڑی تھی۔ ڈاکٹر آن دھمکے۔ میں سہم گئی۔ میز کے قریب کھڑا دیکھکر برس پڑے۔ اور جب خط کا پتہ چلا تو غصّہ کی حد نہ رہی۔ میری آنکھیں ساون بھادوں برسا رہی تھیں۔ مگر انہوں نے مطلق پرواہ نہ کی۔

پھولے پھالے شام کو گھر واپس آئے اور یہ کہکر کہ ایک ہفتہ کیلئے باہر جا رہا ہوں سوٹ کیس ہاتھ میں اُٹھا کر روانہ ہو گئے۔

مجھ میں اب ہزاروں کیڑے تھے۔ نہ میری صورت میں کشش تھی نہ سیرت میں اثر تھا۔ ہر ہُنر عیب میں بدل گیا تھا۔ خود خواہش اور خود پرست کے خوبصورت خطاب کبھی کے عطا ہو چکے تھے۔ آہ میرا حسرت بھرا دل پاش پاش ہو چکا تھا۔

ڈاکٹر ایک ہفتہ بعد واپس آئے تو چہرہ ٹھیرا ہوا تھا۔ پہلی جیسی گھبراہٹ اور اضطراب نہ تھا۔

کوئی راز دُنیا میں ہمیشہ پردے میں نہیں رہا۔ جب میرے کانوں میں یہ منحوس خبر پہونچی کہ ڈاکٹر نے نکاح ثانی کر لیا تو کلیجہ منہ کو

آگیا اور دُنیا ویران نظر آنے لگی۔ آہ عورت کیسی بیکس اور بے بس ہے۔ اس کا وجود محض مرد کے رحم و کرم پر کیوں چھوڑا گیا۔ ستیاناس ہو اس سوسائٹی کا اور لعنت ہو اس رسم و رواج پر جس نے عورت کیلئے دُنیا کو تنگ کر دیا۔

وہ کسی کے تیرِ نگاہ سے کچھ مُدّت سے گھائل ہو چکے تھے۔ یہ کسی بگڑے ہوئے نواب کی صاحبزادی تھیں۔ ڈاکٹر کے ذہن طمع میں پانی بھر آیا۔ اور دولت کے لالچ میں یہ رنگین کھیل کھیل کر مجھ بے گُناہ کی زندگی کو اُجاڑا۔ وہ شروع سے عاشق مزاج اور رنگین طبع تھے۔ اب نوعِ روس کی نئی محبت کا نشہ بُری طرح سوار تھا۔ میرے پاس اب جوگی کا سا پھیرا تھا۔ آہ میری آرزو بھری ناؤ بیچ منجدھار میں پڑی غوطے کھا رہی تھی۔

آگ کی طرح یہ خبر میرے تمام کُنبے میں پھیل گئی۔ بھابی جان غریب خواہ مخواہ اپنے کو مُجرم سمجھکر نہایت رنجیدہ اور شرمندہ تھیں۔ بھائی جان اس قدر افسُردہ تھے کہ اُن کے معصوم چہرے کو دیکھکر ہمیشہ میں نے اپنا نہ مٹنے والا اور جان لیوا غم چھپانے کی کوشش کی۔ اس کو وِالم نے ان کو مبہوت کر دیا تھا۔

مَیں اُن کی دُور رُخی چالیں اچھی طرح سمجھ گئی تھی۔ اُن کے پیمانہ وفا کی کچھ قدر و قیمت باقی نہ تھی۔ میری زندگی کی خوبصورت وادی کو وہ تقریباً ملیامیٹ کر چکے تھے۔ مجھ میں اِس صدمے کی برداشت کی قوت نہ رہی تھی۔ میرا غیرت مند دل اب اُنکی خوشامد اور خدمت سے متنفر تھا۔

حامد منزل ویران اور سُنسان پڑی تھی۔ نہ پہلی جیسی چہل پہل تھی نہ رونق۔ اُس کے ہیوفا مکین نے دوسرا نشیمن آباد کر لیا تھا اور وہ اب نئے شکار کا شیدائی تھا۔ اس ڈھنڈار حویلی میں مَیں کوّے ہکنی کی طرح کسی کی یاد میں تڑپ تڑپ کر زندگی کے دن تیر کر رہی تھی۔ قولوں کا باندھا ہوا دم اپنے بس میں نہ تھا۔ میری سمجھ کام نہ کرتی تھی کہ کس سزا کی پاداش میں اس ظالم نے میری زندگی کو اجیرن کیا ہے۔

غم والم اور گِلے شِکووں کا بخار اُجڑے ہوئے کمرہ میں حامد کی شاندار تصویر کے آگے نکال نکال کر ہلکا کیا کرتی تھی۔

یہ کہاں تھی میری قسمت جو تو نیک کا رہتا نہ کسی کا دِل دُکھاتا نہ ستم شعار ہوتا
نہ کراتی زر پرستی کہ ہے بے ثبات ہستی کہ دو روزہ زندگی پر نہیں اعتبار ہوتا

دنوں سے ہفتوں سے مہینے اور مہینوں سے سال ہونے آئے۔ دیکھتے دیکھتے کتنے ہی موسم بہار آئے اور چلے گئے۔ اور خدا معلوم کتنے اور آئیں گے۔ ماہِ مارچ کا ہلکے سحاب اوڑھنے کا پیارا پیارا گلابی جاڑا اب بھی آتا ہے۔ صحنِ باغ میں جُوئی اور موتیا کی کلیاں اَب بھی کھلتی ہیں اور اپنی بھینی بھینی خوشبو سے مشامِ جان کو معطّر کرتی ہیں۔ کمرکنڈے اور مولسری کے گھن دار درختوں پر چڑیاں اَب بھی چُوں چُوں کرتی پھُدکتی پھرتی ہیں۔ ایشیا کے چمکیلے اور گرم آفتاب کی تیز و روشن شعاعیں بدستور میرے ویران کمرے میں دریچہ سے سرچ لائٹ کی طرح ناچتی ہیں۔ آفتابی شعاعوں میں کوئلے کے ننھے منّے ذرات جو کبھی ہماری گفتگو کا موضوع اہم تھے، آج بھی نظر آتے ہیں۔

مگر آہ میرا کیفِ زندگی فنا ہو چکا۔ مدتیں گزرنے کے باوجود جگر میں سوزش ہے۔ زخمِ دل پر کھُرنڈ آ آ کر اکھڑتے ہیں۔

بہار کے شروع اور مارچ کے مہینے کی ایک خوشگوار گھڑی آج تک میرے ذہن میں محفوظ رہکر زندگی کو وبالِ جان کر رہی ہے۔

مسز برلاس

ساقی

جہاں پڑ جائے مستی میں، ترا نقشِ قدم ساقی
سمجھ لیں مست اس کو حاصلِ دیر و حرم ساقی

سلامت تیرا میخانہ کہ محفل ہے یہ محشر کی
ترے مستوں کی بیگانوں میں رہ جائے بھرم ساقی

کشیدِ ہر دو عالم دیکھتا ہوں تیرے ساغر میں
مجھے مل جائے سب کچھ، ہو اگر تیرا کرم ساقی

غذائے رُوح میں آبِ ہوائے ملکِ امکاں ہے
پیوں گا جام کھا کر تیرے قدموں کی قسم ساقی

سوا تیرے کوئی اپنا بھی ہو تو وہ نہیں اپنا
ابھی تک خشک لب ہیں گو مری آنکھیں ہیں نم ساقی

ابھی تک دیکھتے ہیں اہلِ دُنیا اس میں عالم کو
ترا چھلکا ہوا ساغر، بنا ہے جامِ جم ساقی

کشیدے ہے آنکھوں میں، چھلکتا جام ہے دل میں
لبوں پر آ کے جو اٹکا ہوا ہے میرا دم ساقی

اب اسکو کوئی سمجھے کفر یا ایمان کا حاصل
ہے بُتخانہ مرا میخانہ اور میرا صنم ساقی

یہ میخانہ نہیں ہے جلوہ گلزارِ جنّت ہے
نہیں ہے اس میں مستوں کو ترے، دُنیا کا غم ساقی

لگا دے مُنہ سے، ساغر ہو کہ میخانے کا میخانہ
نہیں ہے تشنگی میں کچھ حواسِ بیش و کم ساقی

کسی صورت سے اس طرزِ عمل کی شرم رکھنی ہے
ہم آئے میکدے میں، چھوڑ کر بابِ حرم ساقی

گذر جائے گی میخانے میں کیفی! عمر ہستی کی
عنایت مے کا پیمانہ ہے اور دستِ کرم ساقی

کیفی حیدرآبادی

رسم و رواج کی تباہ کاریاں

موجودہ معاشی و اقتصادی پستی کے مدنظر اس وقت ہمیں اپنی معاشرت کی اصلاح اور فضول رسم و رواج و توہمات کے انسداد کی شدید ضرورت ہے۔ دورِ جدید کی نظر فریب اور سحر انگیز طرزِ زندگی اور اُس کی دلچسپیوں میں ہم کچھ اس طرح گم ہو گئے ہیں کہ کبھی بھول کر بھی ہم کو اپنی اصلاح کی طرف توجہ نہیں ہوتی۔

یہ ایک مسلّمہ امر ہے کہ جو قوم مفلس ہوتی ہے اُس میں اظہارِ قابلیت کی صلاحیت عموماً معدوم ہو جاتی ہے اور جس قوم میں کوئی صلاحیت نہ ہو وہ دوسری اقوام کے ساتھ شاہراہ ترقی پر کس طرح گامزن ہو سکتی ہے؟ ہماری قوم کا افلاس حد سے سوا ہو گیا ہے اور ہم پر ہر طرف سے ادبار و نکبت کی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں، مگر ہماری آنکھوں پر غفلت کے پردے پڑے ہوئے ہیں اور ہم کچھ ایسے مُوخواب ہیں کہ:۔

"حشر تک جاگنا تم ہے!"

دُنیا میں شاید ہی کوئی قوم اس قدر مفلس ہونے کے باوجود اتنی مسرف ہو گی! افلاس اچھی طرح ہم پر مسلط ہو چکا ہے۔ مگر ہم اپنے فضول رسم و رواج میں بچے کھچے روپے کا خُون کرنا عین وضعداری خیال کرتے ہیں، تجارت، زراعت یا صنعت و حرفت کے کسی پیشے کو اختیار کرنا عار اور اپنی شان کے خلاف ہے مگر بیہودہ رسم و رواج کی خاطر قرض خواہوں کی دام دوپٹ ڈگریوں میں اپنے آباؤ اجداد کی جائیداد میں نیلام چڑھوانا شان وضعداری ہے۔

ہم اپنی معاشرت کو اپنے ہاتھوں آئے دن گراں بنا رہے ہیں اور اپنے معیارِ زندگی کو دوسری متمول اقوام کی اندھی تقلید میں بتدریج اُونچا کر رہے ہیں جس کے نتیجے میں ہماری معاشی اور اقتصادی حالت روز بروز بدتر ہوتی جا رہی ہے، ہمارا خرچ ہماری آمدنی سے سوا ہو گیا ہے اور ہم قرض کے شکنجوں یا ساہوکاروں کے پنجوں میں بُری طرح پھنستے جا رہے ہیں۔

جن اقوام کی اندھی تقلید میں ہم اپنی معاشرت کو گراں اور اپنے معیارِ زندگی کو بلند کر رہے ہیں وہ قومیں اپنے معیارِ زندگی کو اسلئے اُونچا کر رہی ہیں کہ جس رفتار سے اُن کی زندگی کی ضرورتوں میں اضافہ ہوتا جائے گا اُسی رفتار سے اُن میں کسبِ معاش کا خیال خود بخود ترقی کرتا جائیگا اور اس سلسلے میں وہ اپنے ہی نوع کی امداد و اعانت کرنے کے قابل ہو سکیں گی اور بے روزگاری کا بتدریج قلع قمع ہوتا جائیگا مغربی اقوام کا یہ نقطۂ نظر ضرور قابلِ ستایش ہے کیونکہ وہ اپنے اس خیال کو بحُسن و خوبی عمل میں لا رہی ہیں مگر باوجود انکی ان تھک کوششوں کے ہنوز بے روزگاری کا انسداد نہ ہو سکا۔

ہم مشرقی جو مغرب کی اندھی تقلید کرنا اپنا دین و ایمان سمجھتے ہیں آئے دن زندگی کے معیار کو تو بڑھاتے جا رہے ہیں لیکن مغربی اقوام کی طرح کسبِ معاش اور صنعت و حرفت کی طرف بالکل متوجہ نہیں جس کی وجہ ہمارے افلاس میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے، آمدنی کی کمی اور خرچ کی زیادتی ہماری آمد و خرچ کے توازن کو بُری طرح گرا رہی ہے، اس توازن کو برقرار رکھنے کی ایک ہی تدبیر ہو سکتی ہے کہ ہم اپنے ضروری مدات خرچ کا تعین کر لیں اور اس امر کا لحاظ رکھیں کہ آمدنی کا کتنا فی صد کس مد پر صرف کیا جانا چاہیئے اور کتنا غیر مرئی آئندہ کی ضرورتوں کیلئے محفوظ میں رہنا چاہیئے، اس طرح اگر ہم اپنا بجٹ بنا لیں اور اپنی زندگی کے معیار کو اپنی

آمدنی کے لحاظ سے گھٹا دیں تو ہمارا افلاس بڑی حد تک دُور ہو سکتا ہے اور زندگی کی حقیقی مسرتیں ہمیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

ہمارا کوئی گھر ایسا نہیں کہ جہاں سال میں دو چار بلکہ دس پانچ فضول تقریبیں نہ ہوتی ہوں اور قرض کے روپے سے پُر تکلف دعوتیں اور رقص و سرود کی رنگین محفلیں برپا نہ کی جاتی ہوں۔ ہماری قوم کا اب یہ مسلک ہو گیا ہے کہ انسان صرف کھانے اور اُڑانے کیلئے پیدا کیا گیا ہے۔ یا لباس فاخرہ پہن کر اپنی جھوٹی شان و شوکت کا مظاہرہ کرنیکے لئے عالم وجود میں آیا ہے۔ خواہ اس قسم کی نمائش میں جگ ہنسائی کی نوبت ہی کیوں نہ آئے اور ذلّت و خواری کی حد و انتہا ہی کیوں نہ ہو جائے۔

بچے کی تاریخ پیدائش سے لیکر عطیقہ کو پہونچکر دوسری دُنیا میں سدھارنے تک بلکہ اس کے بعد بھی کوئی نہ کوئی تقریب ایسی ہوتی رہتی ہے جس کی وجہ سے گھر میں خاصی چہل پہل ہو اور صاحب خانہ کی میزبانی، دریا دلی اور خوش سلیقگی کے خُوب چرچے ہوا کریں چاہے اس میزبانی میں میزبان صاحب کی عزّت و آبرو پر ایک دن پانی ہی کیوں نہ پھر جائے اور گھر کا اچھی طرح صفایا ہی کیوں نہ ہو جائے۔

بچے کے عالم وجود میں آتے ہی فضول اور غیر اسلامی رسموں کا طوفان برپا ہو جاتا ہے، چھٹی، چھلہ، بوٹ چٹائی، ناک چھدائی، کان چھدائی غرضکہ ہر رسم کا کرنا واجب اور قرض لیکر پُر تکلف ضیافتیں کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ ایسے موقعوں پر بچے کے لئے بیش قیمت زریر لباس تیار کیا جاتا ہے، بچے کے ساتھ اُس کے محترم والدین بھی مُرغ زرّیں بن جاتے ہیں۔ اور اعلیٰ پیمانے پر عزیز و اقارب اور دوست احباب کی دعوتیں کی جاتی ہیں۔ بعض گھروں میں چھٹی چھلّہ کی تقریبیں کچھ اس طرح منائی جاتی ہیں کہ گویا بچے کی پیدائش کوئی عجیب و غریب بات ہی یا بچہ دُنیا کا آٹھواں عجوبہ ہے۔ گھر کی یہ فضا بچے کو بسم اللہ کے گنبد میں بٹھا دیتی ہے اور کچھ ایسے ناز و نعم اور بیجا لاڈ پیار میں اسکی پرورش ہوتی اور اسکی ذہنیت پروان چڑھتی ہے کہ وہ بڑا ہو کر اپنے ناعاقبت اندیش والدین کے نقش قدم پر چلتا ہوا آگے چلکر اسی قسم کی لغویات و خرافات کا عادی ہو جاتا ہے۔

چھٹی چھلہ کا بوجھ ابھی ہلکا نہیں ہونے پاتا کہ نام خدا سالگرہ کی تقریب قریب آتی ہے۔ سالگرہ بھی کیسی؟ پہلی سالگرہ!! اگر ماں تو خُوب جی کھول کے روپیہ خرچ کرنا چاہیئے۔ برس کا یہ ایک دن بھلا بار بار کہاں آتا ہے! نوبت نقارہ کے ذریعے یا ڈنکے کی چوٹ سالگرہ کا اعلان ہوتا ہے اور ایک نہایت شاندار دعوت کے ساتھ کسی جھمی جان کا مجرا بھی کرایا جاتا ہے، غرضکہ ؎

ایک ہنگامے پہ موقوف ہے گھر کی رونق!!

مگر اس رونق کے سلسلے میں ایک دن وہ بھی آتا ہے کہ نوبت نقارے کے عوض نیلامی ٹکی کا "نوحۂ غم" سُننا پڑتا ہے، کیونکہ ہماری اکثر و بیشتر تقریبیں کسی نہ کسی ساہوکار کی شرمندۂ منّت ہوا کرتی ہیں۔ اس جھوٹی شان و شوکت کے مظاہرے نے ہماری قوم کی حالت بد سے بدتر کر دی ہے مگر ہم کو اپنی تقریبوں کی خوش سلیقگی اور تکلف پر بڑا فخر و ناز ہوتا ہے کہ ایسے اعلیٰ پیمانے پر ہماری تقریبیں ہوا کرتی ہیں کہ ہر مہمان ہمارے سلیقے اور فراخدلی کی جی کھولکر داد دیتا ہی اور ہر طرف ہماری خُوب واہ واہ ہوتی ہو اگرچہ کسی دن اس "واہ وا" کے سلسلے میں قرض کی ڈگریاں "ہائے وائے" بھی کرا دیتی ہیں۔

پہلی سالگرہ کے قرض سے ابھی نجات نہیں ملتی کہ لڑکے کی ختنہ یا لڑکی کی ناک اور کان چھدائی کی تقریب آ پہونچتی ہے۔ یہ تقریب بھی اسی روایتی آن بان سے منائی جاتی ہے ورنہ والدین کے ساتھ ساتھ خاندان کی ناک کٹ جانیکا خطرہ لگا رہتا ہے۔ یہ سب خرافات

اور لغویات واجبات سے سمجھے جاتے ہیں، خواہ ان "واجبات" کی سر براہی اور انجام دہی میں ایک دن سارا اثاث البیت ہی کیوں نہ نیلام کرانا پڑے۔ ان تقاریب کے ساتھ ساتھ ہر سال دھوم دھام سے سالگرہ کرنا فرض ہو جاتا ہے، اگر یہ رسم کسی سال ناغہ ہو جائے تو بڑی بدنصیبی سمجھی جاتی ہے اور بچے کی جان اقسام کے نام نہاد خطروں میں گھر جاتی ہے۔

چوتھا سال آغاز ہوتے ہی والدین کو تسمیہ خوانی یا "بسم اللہ" کی فکر لگ جاتی ہے، اس رسم کو بڑی اہمیت دی جاتی ہے اور ابتک جتنی تقریبیں ہوئی تھیں ان سب سے اعلیٰ پیمانے پر یہ تقریب سعید منائی جاتی ہے۔ بیش قیمت زرّیں لباس، وہی کھانے کھلانے کی پُر تکلف دعوتیں، رقص و سرود کی نگین محفلیں، شاندار آتشبازی کا دھواں دھار مظاہرہ، ان سب پر مستزاد یہ کہ "بسم اللہ" کے نوشہ کی برات گھوڑے یا موٹر پر چکا چوند کرنے والی روشنی، فضا کو گندہ کرنے والی آتشبازی اور کان پھاڑ باجوں کے ساتھ عزیز و اقارب، اور دوست احباب کی ہمراہی میں دو چار گھنٹوں کی گشت کے بعد بخیر و خوبی گھر لوٹتی ہے۔

چھٹی، چھلہ، عقیقہ، ختنہ، ناک چھدائی، کان چھدائی، سالگرہ، بسم اللہ وغیرہ میں روپے کا جو دریا بہایا گیا تھا اُس کا اثر والدین کی اقتصادی حالت کو برسوں سنبھلنے نہیں دیتا۔ قرض کی رقم تو رہی ایک طرف اُس کا سُود تک ادا کرنا دشوار ہو جاتا ہے۔ والدین اپنے اس چشم و چراغ کی مسرت افروز روشنی میں کچھ ایسے کھو جاتے ہیں کہ اُن کو اپنے بُرے بھلے کی کوئی سُدھ نہیں رہتی، اُن کی ناعاقبت اندیشی اور شیخت مآبی کی وجہ کبھی دن یہ "چراغ خانہ" سارے گھر کو پھونک دیتا ہے اور ایک دن وہ بھی آتا ہے کہ:-

"اِس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے"

کہنا پڑتا ہے۔ بعض حضرات تو قرض کے شعلوں میں بالکل ہی بھسم ہو جاتے ہیں اور بعض جو نیم سوختہ ہوتے ہیں اُنہیں چند سال کے بعد اپنے اس آتش افروز چراغ کی روزہ کشائی کی فکر دامنگیر ہوتی ہے۔ اِس تقریب کو بھی "فرض" سے ہٹکر لغویات کا مظہر بنا دیا جاتا ہے، اس میں بھی وہی جھوٹی شان و شوکت کا مظاہرہ اور اسراف کی نمائش کی جاتی ہے۔ نام و نمود کا شوق ہماری طبیعتوں میں کچھ ایسا راسخ ہو گیا ہے کہ جبتک ہر تقریب میں جی بھر کر فضول خرچی نہ کریں چین ہی نہیں پڑتا۔

جس گھر میں بچے کی پیدائش کے ساتھ اس قسم کی تقاریب کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور اُس کی عُمر کے ساتھ اس سلسلہ کی درازی بھی بڑھتی جاتی ہے، ایسے گھر کے بچے کی ذہنیت اور خیالات کیا ہو سکتے ہیں؟ قیمتی سے قیمتی لباس کی اُس کو ضرورت ہوگی، اقسام کی فضول خرچیاں اُس کی فطرت میں داخل ہو جائیں گی، خود پسندی اور انانیت کے زہریلے جراثیم اُس کے دماغ میں گھر کر لیں گے، کاہلی اور تعیش اُس کی طبیعت ثانیہ بن جائیں گے۔ ایسے ناز و نعم کے گہوارے میں جو بچے پرورش پاتے ہیں وہ دُنیا میں کسی مرض کی دوا نہیں ہوتے، نہ اُن کے ناعاقبت اندیش والدین ہی کو اندھی محبت کی وجہ اُن کی تعلیم و تربیت کا خیال ہوتا ہے اور نہ ایسے بچوں میں حصول علم و فن کا شوق پیدا ہو سکتا ہے۔ اس قسم کی فضا میں نشو و نما پائے ہوئے بچے اگر کچھ پڑھ لکھ بھی لیں تو اپنی بُری عادتوں کی وجہ بدنام کُنندۂ نیک نامے چند ہو کر زمین کی پیٹھ کا بوجھ بنتے ہیں۔

بچے کے پدر بزرگوار مسلسل تقریبوں کی وجہ قرض کی پریشانیوں میں کچھ ایسے مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اپنے لاڈلے کی تعلیم و تربیت کی طرف اُن کی پوری توجہ نہیں ہو سکتی۔ شب و روز وہ اپنے قرض خواہوں کو سمجھانے منانے اور اپنی عزت بچانے کی فکر میں لگے رہتے ہیں۔ اب رہی ماں! یہ بیچاری تھوڑی بہت تعلیم یافتہ ہوتی ہے، کیونکہ لڑکیوں کو برائے نام تھوڑی سی تعلیم دلانا کافی سمجھا جاتا ہے،

تربیت کی تو قطعاً ضرورت نہیں سمجھی جاتی، جہاں لڑکی اسکول میں داخل ہوئی والدین اپنی ذمہ داریوں سے بالکل سُبکدوش ہوجاتے ہیں، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اسکول میں لڑکی کی تعلیم و تربیت اس قسم کی ہوتی ہے کہ ایک روز وہ صحیح معنوں میں "عورت" بنکر نکلے گی۔ مگر آج کل لڑکیوں کو جس قسم کی تعلیم دی جارہی ہے اُس سے وہ نہ صرف اپنے فرائض سے غافل ہورہی ہیں بلکہ اپنی "نسائیت" کو بھی خیرباد کہہ رہی ہیں۔ اس قسم کی تعلیم اسکو مغربی عورت کی طرح ایک نئی جنس بنارہی ہے، ایسی تعلیم کا پہلا اثر اس میں احساسِ فرائض کا ضعف پیدا کررہا ہے۔ اسکول اور کالج کی فضا میں اُس کو اپنی صنف کے ایسے افراد سے سابقہ پڑتا ہے جن کی تہذیب و شایستگی کا بڑا معیار اُن کے لباس اور سنگار کی اختراعات ہیں۔ ہماری ناسمجھ لڑکیاں اپنی معاشرت میں اُن کی تقلید کرنا چاہتی ہیں۔ اگر وہ متوسط طبقے کی ہیں تو اُن کے والدین اُن کی نت نئی خواہشوں اور فرمائشوں کی تکمیل سے قاصر رہتے ہیں۔ والدین کی اس مجبوری کو یہ کم فہم لڑکیاں "ظلم" سمجھتی ہیں۔ اس طرح ایک قسم کی بغاوت والدین سے شروع ہوجاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب کوئی لڑکی اسکول کی تعلیم ختم کرکے نکلتی ہے تو اُس کے دل میں نہ والدین کی محبت ہوتی ہے اور نہ اُن کا احترام باقی رہتا ہے، اُس کو اپنی قابلیت کا اس حد تک خبط اور گھمنڈ ہوجاتا ہے کہ وہ اپنے والدین کو جاہل اور پاگل خیال کرتی ہے۔ اسی قسم کی تعلیم کے متعلق اکبر الہ آبادی فرماتے ہیں ؎

ہم ایسی کل کتابیں قابلِ ضبطی سمجھتے ہیں کہ جن کو پڑھ کے لڑکے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں [۱۵]

غرضکہ اس قسم کی تعلیم یافتہ جاہل ماں کی گود بچے کا پہلا مکتب بنتی ہے۔ جہاں بچے کا معلمِ اوّل اس قابلیت کا ہو تو ظاہر ہے کہ اسکی تعلیم و تربیت کس خوش اسلوبی سے انجام پائیگی اور اُس کے عادات و اطوار کی تعمیر کس پیمانے پر ہوگی۔

بعض ایسی نظیریں بھی موجود ہیں کہ لڑکا اُنیس بیس سال کا بھی نہیں ہونے پاتا کہ ماں کو اپنے لختِ جگر کے بیاہ کا خیال ستانے لگتا ہے، اگر بیاہ ممکن نہ ہو تو کم از کم منگنی کی رسم تو کرنا واجب ہوجاتا ہے، یہ رسم ہوتے ہی نورِ چشم کے سُسرال سے سمدھیانے کا رشتہ قائم ہوجاتا ہے۔ اور دونوں طرف سے عید بقرعید کے موقعوں پر حصے بخرے آنے جانے شروع ہوجاتے ہیں، کہنے کو تو یہ عید کے حصے ہوتے ہیں مگر ان کی تیاری میں کافی اسراف کیا جاتا ہے۔ اور موازنہ میں جو پہلے ہی سے غیر متوازن تھا ایک مستقل مخرچ کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس طرح چند سال بھی گزرنے نہیں پاتے کہ والدین کو فکر ہوتی ہے کہ اگر بیاہ جلد نہ کیا جائے تو کہیں برخوردار آوارہ نہ ہوجائیں اور کسی بازاری جنس سے چپکے سے سودا نہ کرلیں۔

ہمارے گھروں میں شادی بیاہ کے موقعوں پر جو فضول خرچی کی جاتی ہے اور بیہودہ رسوم میں جو اسراف ہوتا ہے اس کا صرف تصوّر ہی ایک ذی فہم انسان کیلئے کافی خوفناک اور شرمناک ہے۔ اپنی حیثیت سے بڑھکر اپنی شخصیت کو ظاہر کرنے کی خواہش ایک ایسا مرض ہے جس میں تقریباً ہر شخص مُبتلا نظر آتا ہے۔ تقاریب کے موقعوں پر تو اس مرض میں کافی شدت ہوجاتی ہے، عروس کے والدین خواہ صاحبِ ثروت ہوں یا نہ ہوں مگر اُن پر واجب ہے کہ اپنے برخوردار داماد کے بیش قیمت لباس وغیرہ کیلئے ایک کثیر رقم کسی صورت فراہم کریں۔ اس کے علاوہ دُلہن کے لئے بیش قیمت زرّیں لباس کے کئی جوڑے۔ مرصّع زیور کا سراپا، نئی وضع کا قیمتی فرنیچر، نئے ماڈل کی شاندار موٹر کار، غرضکہ اقسام کی سینکڑوں چیزیں جہیز میں دیں اور یوم عقد ایک ایسی شاندار پُرتکلف دعوت کریں کہ جس میں دلھا میاں کے سارے عزیز و احباب، اُنکے ہمسائے، دُور دُور کے رشتہ دار، اگر کہیں ملازم ہیں تو دفتر کا پورا عملہ اور عہدیداران

متعلقہ وغیر متعلقہ سب کے سب بغیر کسی شکایت کے اقسام کے مزیدار کھانے نوش جان کریں اور محفلِ رقص و سرود کا لطف اٹھاتے، گپیں اڑاتے، تاش کھیلتے شام تک رونق افروز رہیں تاکہ اس تقریب میں ایک "ایٹ ہوم" بھی ہو جائے۔ اس قسم کی شادیاں اکثر خانہ بربادی کا باعث ہوا کرتی ہیں۔

شادی بیاہ اور دوسری تقریبوں کے علاوہ محرم، شب برات اور عیدین کے موقعوں پر بھی ہم اپنی فضول خرچی اور اسراف کا اپنی حیثیت سے بڑھکر خوب مظاہرہ کرتے ہیں، جہاں کہیں کوئی عید آئی دو چار ہفتے پہلے ہی سے دوکانوں پر میلہ لگ جاتا ہے اعلیٰ سے لیکر ادنیٰ تک اپنے اور اپنے اہل و عیال کے لئے سر سے پیر تک نیا لباس ہنواتا اور نیا سامان خریدتا ہے، یہانتک کہ محرم کے متبرک دنوں میں بھی شہیدانِ کربلا کی یاد کو تازہ کرنے کے عوض نئے نئے لباس بنائے جاتے ہیں۔ اور شب برات کے مقدس گھنٹوں میں عبادت کو بالائے طاق رکھکر آتشبازی سے جی بہلایا جاتا اور بڑی بیدردی سے روپے کی ہولی جلائی جاتی ہے۔

ہماری فضول خرچیوں اور رسم و رواج کی بربادیوں کی کوئی حد و انتہا نہیں ہے، مرنیکے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہتا ہے زیارت، دسواں، بیسواں، مہینے کی فاتحہ، چہلم، سہ ماہی، چھ ماہی، نو ماہی، برسی وغیرہ کے ناموں سے جو تقریبیں کی جاتی ہیں اُن میں بھی جی کھول کر روپیہ صرف کیا جاتا ہے اور نہایت پُرتکلف اقسام کے کھانوں سے مہمانوں کو شاد کام کیا جاتا ہے، بعض لوگوں کا تو یہ عقیدہ ہے کہ چہلم میں کم از کم چالیس قسم کے کھانے ہونے چاہئیں ورنہ مرحوم یا مرحومہ کی رُوح کی بُھوک پیاس تشنہ رہ جاتی ہے اور اپنے پسماندوں کو پریشان کرتی، سرگرداں رہتی ہے۔

خوشی کی تقاریب کی طرح زیارت، دسواں، چہلم وغیرہ کو بھی تقریب کا رنگ دیا جاتا ہے، فرق صرف اتنا ہوتا ہے کہ اِن تقاریب میں "اربابِ نشاط" کو مدعو نہیں کیا جاتا مگر بعض گھروں میں "قوالی" ہوا کرتی ہے۔ دوست احباب، عزیز و اقارب شناسائی، پڑوسی، حوالی، موالی سب کے سب جمع ہوتے ہیں، کھاتے پیتے ہیں اور ہنس بول کر غم غلط کرتے ہیں۔ اس موقع پر اکبر الہ آبادی نے خوب کہا ہے!

بتائیں ہم تمہیں مرنے کے بعد کیا ہوگا پلاؤ کھائیں گے احباب نام فاتحہ ہوگا

فاتحہ اور نیاز بُری چیزیں نہیں ہیں بشرطیکہ اُن کو صحیح معنوں میں انجام دیا جائے، محتاج، یتیم اور مستحقین کے عوض ایسے لوگ مدعو کئے جاتے ہیں جن کی شرکت قطعاً باعثِ ثواب نہیں ہو سکتی، اس طرح ایصالِ ثواب کا مقصد ہی فوت ہو جاتا ہے اور فاتحہ تقریب بن جاتی ہے۔

سخت ضرورت ہے کہ اپنی معاشرتی خرابیوں، رسم و رواج کی تباہ کاریوں اور فضول خرچیوں کی طرف ہم اپنی پہلی فرصت میں توجہ کریں کہ ہماری مسرت و غم کی یہ تقاریب اپنے اندر کس حد تک تخریب کے سامان رکھتی ہیں اور کہاں تک ہمارے افلاس اور نکبت کا ذریعہ بنی ہوئی ہیں، ہماری آنکھوں پر غفلت کے پردے پڑے ہوئے ہیں اور ہم فیشن پرستی، مغرب کی اندھی تقلید، رسم و رواج اور توہمات کے بھول بھلیوں میں کچھ ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ ہمیں کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ خدا ہمیں سمجھ دے کہ ہم فضول رسم و رواج کی پابندی اور مغرب کی اندھی تقلید کرنا چھوڑیں جس کی وجہ آئے دن ہماری دولت دوسری اقوام کی جیبوں میں چلی جارہی

ہوا اور ہم بجٹ اور افلاس کے بھنور میں غوطے کھا رہے ہیں، خدا ہم دن لائے کہ ہم بُرائی اور بھلائی میں امتیاز کرنا سیکھیں، کفایت شعاری کو اپنا شعار بنائیں اور اپنی آمد و خرچ کے توازن کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں۔ اپنی جھوٹی شان و شوکت کی نمائش کے عوض ہم میں وہی سادگی، راستبازی اور عجز و انکسار کے جذبات پیدا ہوں جو ہمارے اسلاف میں تھے جنکی بدولت انہوں نے ساری دُنیا کو اپنا گرویدہ بنالیا تھا اور اپنا امتیاز دوسری اقوام سے منوا کر چھوڑا تھا۔

میرزا سیف علیخاں

تاثّرات

مغموم صداؤں میں، معصوم ہواؤں میں
خاموش فضاؤں میں
اِک کیف سا پاتا ہوں
بہکی ہوئی باتوں میں بھیگی ہوئی راتوں میں
احباب کی گھاتوں میں
اپنے کو مٹاتا ہوں
پُرکیف ترانوں میں مخمور فسانوں میں
مستی بھری تانوں میں
جی بَن کے سماتا ہوں
ساون کی بہاروں میں رنگین نظاروں میں
بکھرے ہوئے تاروں میں
دل تھام کے گاتا ہوں

جب یاد وہ آتے ہیں اور دل میں سماتے ہیں
اِک آگ لگاتے ہیں
اشکوں سے بُجھاتا ہوں
ہاں اور بھی گاؤ کچھ آنکھوں سے بہاؤ کچھ
ماتھے سے بناؤ کچھ
اے حُسن! میں آتا ہوں
جاموں کے کھنکنے سے غنچوں کے چٹکنے سے
پھولوں کے مہکنے سے
کچھ بھولتا جاتا ہوں
پھر دیکھا ہے بلانے آنکھیں ہیں کہ میخانے
چھلکے ہوئے پیمانے
پی! اور پلاتا ہوں؛

الطاف مشہدی؛

اُسکی موت کی وجہ

"تمہارا یہ خیال ایک حد تک دُرست ہے کہ مجھے مالیخولیا ہوگیا ہے" افسانہ نگار عبقری نے ڈبل روٹی کے ٹکڑے پر مکھن کے بعد جیلی لگاتے ہوئے کہا۔

معمولی اسٹیمر کی رفتار سے ساحلِ اپالو بندر سے ڈیڑھ دو گھنٹے کی مسافت پر ایلیفنٹا کے قدیم اور مشہور غار واقع ہیں۔ یہ غار ایک چھوٹے سے خوشنما جزیرے پر پہاڑیوں کو تراش کر بنائے گئے ہیں۔ اور غارہائے اجنٹا کی طرح فنِ سنگ تراشی کا معجزہ تصور کئے جاتے ہیں۔ یہ ہمیشہ سے فنونِ لطیفہ کے شائقین اور آرٹ سے دلچسپی رکھنے والوں کی زیارت گاہ رہے ہیں۔ بڑے دن کی چھٹیوں میں یارانِ طریقت ایک بار ضرور یہاں کی سیر کر آتے ہیں۔ کیونکہ بمبئی کے قُرب وجوار میں تفریح کے لئے اس سے بہتر اور کوئی مقام نہیں ہے۔

چنانچہ اس مرتبہ بھی ہم ایک ایسی ہی پکنک پر آئے ہوئے تھے۔ ایلیفنٹا کے سب سے بڑے غار میں چادر بچھا دی گئی تھی۔ چائے کا دَور ہو رہا تھا۔ بائیں جانب غار کے کھوہ میں مہاکیشور کی تین سر والی پندرہ بیس فٹ بلند مُورتی اپنے حیرت انگیز تناسب کے ساتھ کندہ تھی۔ پُشت پر ارد ھنا ریشور کا نصف زنانہ اور نصف مردانہ دیو قامت بُت دیوار سے ٹیک لگائے کھڑا تھا۔ لوگ دیوار پر کندہ شدہ موتیوں کو دیکھتے ہوئے دونوں جانب کھُلے والانوں میں اُتر جاتے تھے جن سے گذر کر روشنی غار میں داخل ہوتی تھی۔ تورّتی کے سامنے کالج کے چند لڑکے اور لڑکیاں کھڑی اُس کے حُسن و فنّی پر خیال آرائیاں کر رہی تھیں۔ دُور، ایک چٹان پر آرٹ کا ایک طالب علم بیٹھا غاروں کی تصویر بنا رہا تھا۔ ہمارے نچلے دوست مسٹر شیخ نے اپنے سیر و سیاحت کے رفیق پورٹیبل گراموفون پر نیو تھیٹرس کا ایک ریکارڈ لگا رکھا تھا۔ اور سہگل کا دردناک گیت غار کی خاموش فضا میں گونج رہا تھا۔ احباب میں خوش گپیاں ہو رہی تھیں۔ خلافِ معمول عبقری کچھ متفکر سے تھے۔ وجہ صاف ظاہر تھی کہ انہیں کوئی نیا افسانہ سُوجھا ہے۔ لیکن شوخ طبیعت مزّا سے نہ رہا گیا اور آخر اُنہوں نے ٹوک ہی دیا۔

"تمہیں مالیخولیا تو نہیں ہوگیا ہے، عبقری؟ آخر یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ سارے جہاں کا درد تمہارے جگر میں ہے؟ بھائی! ان ہندوستانیوں کی کسی قسم کی اصلاح ہم جیسوں کے بس کی بات نہیں ہے۔ کون جانتا ہے کہ تمہارے قیمتی اصلاحی افسانے اسی توجہ سے جس کے وہ مستحق ہیں پڑھے بھی جاتے ہیں یا نہیں۔ دیکھو یار! جان بوجھکر کوئی پرائی آگ میں نہیں پڑتا! زندگی عدم کے ہیبتناک خواب کے درمیان خفیف سی بیداری کا نام ہے۔ عدم کی تاریکیوں سے انسان شہود کی روشنی میں آنکھیں کھولتا ہے، بہت جلد پھر معدوم ہو جانے کیلئے! تمہیں اس قلیل وقفہ میں سکون کی تلاش کرنی چاہئے۔ تم سے پہلے بھی چند قیمتی زندگیاں اسی طرح تباہ ہو چکی ہیں لیکن نتیجہ معلوم! میری سنو تو میں تمہیں صلاح دوں کہ خُدا کیلئے اپنی ذات پر رحم کرتے ہوئے ادبی مشاغل کو بالکل ترک کر دو۔ ملک و قوم کی فلاح و بہبودی کے اور بھی طریقے ہیں۔ اگر تم اسے ایسا ہی ضروری تصور کرتے ہو تو کبھی کبھی مالی امداد کے طور پر یا کسی اور شکل میں اس فرض کو بھی ادا کر لیا کرو۔ ایسی اچھی جمع، جب قدرت انتہائی فراخدلی سے شعریت ٹار ہی ہو، احباب کی صحبت میں

بیٹھکر کسی افسانے کے لئے مواد کی فکر کرنا عین حماقت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔" موقع بے موقع اپنے زورِ تقریر کے اظہار میں مشتاق مرزا نے یہ سب کچھ بلا دم لئے کہہ ڈالا۔

اس کے جواب میں ہم عبقری کی زبان سے ایک ایسے جُھٹتے ہوئے جُملے کے منتظر تھے جو اُنکی ساری تقریر پر پانی پھیر دے۔ لیکن اُنہوں نے نہایت اطمینان سے مُسکراتے ہوئے اس پُرجوش و مدلل لکچر کو سُنا اور اس انداز میں کچھ کہنے پر آمادہ ہوئے کہ نعمانی کو کہنا ہی پڑا۔ ع

اب جگر تھام کے بیٹھو مری باری آئی

"مذاق نباشد" عبقری نے کہا" مرزا کا یہ خیال ایک حد تک دُرست ہے کہ مجھے مالیخولیا ہو گیا ہے"

"اب تو مجھے بھی یقین آگیا" شیخ فوراً بول اُٹھے۔

"ہاتھ لا اُستاد! کیوں کیسی کہی؟" مرزا نے قہقہہ لگا کر داد طلب کی۔

"قدرے سنجیدگی سے سُننے کی بات ہے" اپنے مخصوص انداز میں اتنا کہہ کر عبقری نے ہماری توجہ اپنی طرف مبذول کرالی اور غور طلب گفتگو کے لئے ماحول پیدا کر لیا۔

"تم تو جانتے ہو مرزا" اُنہوں نے کہنا شروع کیا کہ" مَیں ابتدا میں صرف ذوق کی تسکین کے لئے شعر کہا کرتا تھا۔ لیکن بہت جلد اُسے بیکار محض سمجھکر ترک کر دیا۔ اس کے بعد میں نے چند مختصر افسانے لکھے جن سے سوسائٹی کے ادنیٰ طبقے کی اخلاقی و معاشرتی اصلاح مقصود تھی۔ ان افسانوں نے لٹریچر میں ایک جدید طرز کی بنا ڈالی اور بہت مقبول ہوئے۔ اس صورت سے مَیں نہایت قلیل عرصہ میں کافی شہرت کا مالک بن بیٹھا۔ جسے نباہنے کیلئے سال میں دو چار افسانے لکھنا مجھ پر گویا فرض ہو گیا۔ یہ سلسلہ یوں ہی قائم رہتا۔ لیکن کچھ عرصے بعد ایک ایسا واقعہ پیش آیا جس نے مجھ پر یہ حقیقت واضح کر دی کہ سوسائٹی میں سب سے زیادہ اصلاح طلب وُہ لوگ ہیں جو اعلیٰ طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں، اور شُرفا میں شمار کئے جاتے ہیں۔ ان کا بیشتر حصہ سرمایہ داروں پر مشتمل ہے۔ چُنانچہ مَیں نے اُن کے خلاف جہاد کی ٹھان لی اور اپنے افسانوں کا یہ رویّہ اختیار کیا جو اَب میرا جدید طرز بن گیا ہے۔ میں نے مُلک و قوم کی اصلاح کا ذریعہ لٹریچر کو بنایا کیونکہ یہ زود اثر ہوتا ہے۔ اور اپنے آپ میں بقا کی زیادہ سے زیادہ صلاحیت رکھتا ہے۔ اسلئے اس وقت تک اپنا کام انجام دیتا رہتا ہے جب تک اپنے مقاصد میں پوری پوری کامیابی حاصل نہ کر لے۔

گراموفوں اب تک گائے جا رہا تھا ؎

اوحُسن کے شیدائی، او عشق کے دیوانے ہم بھی تو سُنیں آخر کیا ہیں تیرے افسانے

نعمانی نے ریکارڈ روک دیا۔ غار میں خاموشی چھا گئی۔ البتہ عقب والے غار میں کالج کے طلباء نے اُدھم مچا رکھا تھا اور کبھی کبھی انکے کسی طویل قہقہے کی آواز ہم تک پہونچ جاتی تھی۔ عبقری نے جلدی سے چائے کی پیالی ختم کر کے سگرٹ سُلگایا اور پھر کہنا شروع کیا۔

"یہ واقعہ میری ادبی زندگی کے ابتدائی دور کا ہے۔ ہاں پہلے مجھے یہ کہہ دینا چاہیئے کہ مَیں آپ لوگوں کی دُعا سے مُلک میں افسانہ نویس کی حیثیت سے کافی شہرت رکھتا ہوں اس لئے اکثر میرے احباب بلکہ بعض اوقات تو احباب کے احباب بھی اپنے دلچسپ واقعات زندگی مجھے لکھ بھیجتے ہیں اور میں اُنہیں ذرا افسانوی رنگ دے کر مُلک کے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ اس سے میرا مقصد وہی ہوتا ہے

جو ہمیشہ سے میرے افسانوں کا نصب العین رہا ہے۔ بھیجنے والے اس سے کیا فائدہ اُٹھاتے ہیں، مَیں خود نہیں جانتا۔

گرمیوں کی ایک صبح مجھے ایک اجنبی مزدور کا خط ملا۔ اس میں اُس نے اپنا نام اور حلیہ لکھنے کے بعد مجھ سے استدعا کی تھی کہ مَیں اُس سے بحرِ بیکراں کے ساحل پر ملاقات کروں اور وجہ یہ بتلائی تھی کہ وہ چند اہم خانگی اُمور میں مجھ سے مشورہ کرنا چاہتا ہے۔ نیز اُس نے ایک عجیب و غریب بات یہ بھی لکھی تھی کہ اُسکی یہ ملاقات میرے بیشمار افسانوں کی تخلیق کا باعث بنے گی۔

اپنے متعلق تو نہیں کہتا لیکن اکثر اوقات ایسے خوش اخلاق و شرافت بلکہ انسانیت کا نمونہ ہوتا ہے۔ اور لٹریچر کی صورت میں سارے عالم کو اپنا سا بننے کی دعوت دیتا ہے۔ اجنبی مزدور کا یہی خط آخر میرے سوا کسی اور ادیب کو بھیجا گیا ہوتا تو وہ بھی محض خدمتِ خلق کے خیال سے اُس کی دعوت کو قبول کر لیتا۔ پھر مجھے تو سبز باغ دکھلائے گئے تھے۔ رہ رہ کر میرے دماغ میں یہ جملہ کھٹکتا تھا "میری یہ ملاقات آپکے بیشمار افسانوں کی تخلیق کا باعث بنے گی"۔

کشاں کشاں میں وقت مقررہ پر ساحلِ سمندر تک پہونچ گیا۔ ساحل کے ایک سرے پر عمر پارک کی عالی شان کوٹھیاں اور دوسری جانب راجہ صاحب ونگنیر کا محل دنیا داری کے منتہا کو پیش کر رہا تھا۔ مَیں اُن کے درمیان کم و بیش آدھ گھنٹے تک ٹہلتا رہا۔ لیکن منوہر — اُس نے اپنا نام منوہر ظاہر کیا تھا — کہیں نظر نہیں آیا۔ بالآخر مَیں سمندر کے قریب آکر ایک چٹان پر بیٹھ گیا۔

"بجھا ہوا قرمزی آفتاب آہستہ آہستہ سمندر میں ڈوب رہا تھا۔ اُسکی سُرخ کرنیں اُفقِ مغرب پر اس طرح پھیلی ہوئی تھیں جیسے سمندر سے خون کا فوارہ چھوٹ رہا ہو۔ اور رُوئی کے گالوں کے سے سفید بادل اُسکے قطروں کو اپنے میں جذب کر رہے ہوں۔ وسیع سمندر اپنی پوری پھیلاؤ پر لیٹا ہوا کسی دَم توڑنے والے مریض کی طرح اُکھڑے اُکھڑے سانس لے رہا تھا۔

میں ساحل پر بیٹھا اُفق پر ٹکٹکی لگائے خیالات میں محو تھا کہ کسی نے پشت کی جانب سے آکر مجھے مخاطب کیا:۔

"معاف فرمائیے، آپ عبقری صاحب؟"

"اوہ، منوہر بھائی!" میں نے مُڑ کر دیکھا اور منوہر کو پہچان کر مصافحہ کیلئے ہاتھ بڑھا دیا۔

"معاف فرمائیے عبقری صاحب، میں نے آپ کو تکلیف دی اور تھوڑی سی اور تکلیف دینا چاہتا ہوں" منوہر نے نہایت لجاجت سے یہ کہکر مصافحہ کے لئے اپنا بایاں ہاتھ پیش کیا۔ اس کا دایاں ہاتھ شانے سے کٹا ہوا تھا۔ فطرت کی نیرنگیاں میری نگاہوں میں پھر گئیں۔ مزدور کی بے سروسامانی یوں ہی کب کم ہوتی ہے جو اسے ایک ہاتھ اور وہ بھی دائیں بازو سے محروم رکھا گیا۔ بہرحال میں نے دائیں ہاتھ ہی سے مصافحہ کیا اور کہا:۔

"بلا تکلف کہو، منوہر، مَیں خوشی ہونگا اگر میں تمہاری کوئی خدمت کر سکا"

"میں چاہتا ہوں کہ پہلے آپ میری مختصر سی سرگزشت سُن لیں اسکے بعد مَیں آپ کے سپرد دو کام کرونگا۔ مجھے احساس ہے کہ مَیں ذرا ویسے الفاظ میں آپ سے گفتگو کر رہا ہوں۔ لیکن دیکھئے میری استدعا کو نہ ٹھکرائیے گا۔ میری رُوح آپ کو دعائیں دیتی رہے گی"

"ہاں بھائی، آخر کہو تو تم کیا کہنا چاہتے ہو۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ حتی الامکان تمہارے کام آنے کی کوشش کرونگا"

"جی! شکریہ!!..... ان دونوں میں سے ایک کام آپ چند گھنٹوں میں سرانجام دے لیں گے۔ اور دوسرے کیلئے آپ کو اختیار ہوگا۔ جو آپ مناسب سمجھیں۔ ہاں تو میں کہنا یہ چاہتا ہوں کہ آپ نے سیٹھ ہزاری مل کے فرنیچر کے کارخانے کی خوفناک آتشزدگی کا حال ضرور اخباروں میں پڑھا ہوگا اور اس میں ایک مزدور کے پورے خاندان کے جل کر ہلاک ہو جانے کی خبر بھی دیکھی ہوگی۔"

میں حیرت و استعجاب سے اُس کا منہ تکنے لگا۔ اس آتشیشناک طریقے پر سیٹھ جی کے کارخانے کی آتشزدگی کو بیان کرنیکا مطلب صاف ظاہر تھا کہ اسکے بعد کوئی نہایت حیرت انگیز خبر سنائی جائے گی۔ چنانچہ میرے اندیشے درست نکلے۔ منوہر نے لہجہ بدل کر کہا:۔

"مُیں بدنصیب خاندان میرا ہی تھا۔ گھر کے پانچ افراد کو رونے کیلئے میں زندہ بچ گیا ہوں۔ جہاں میں سب کچھ کھو بیٹھا وہاں میرا دایاں ہاتھ بھی آگ کی نذر ہوگیا۔ قصہ طویل ہے۔ واقعات رُوح فرسا ہیں۔ لیکن میں صرف اشارتاً وہ حصّے بیان کرونگا جن سے آپ حقائق کو قیاس میں لاسکیں۔

کارخانہ کی عمارت دو منزلہ تھی۔ جس کی دونوں منزلیں گودام کے طور پر بنائی گئی تھیں۔ سیٹھ جی کی تجارت اس قدر چلتی ہوئی تھی کہ کبھی اُنہوں نے اتنا مال نہیں بنوایا جسے گودام میں رکھنے کی ضرورت پیش آتی۔ البتہ پہلی منزل پر لکڑیاں اور کُندے بھروئے گئے تھے۔ اور دوسری منزل کا کچھ حصّہ اُنہوں نے مجھے نہایت معمولی کرایہ پر دے رکھا تھا۔ صرف کرایہ کم ہونے کی وجہ سے میں کارخانے کے شور وغوغا میں مع اہل وعیال پڑا تھا۔ منوہر ایک لمحہ کیلئے رُکا، اِدھر اُدھر دیکھکر مجھ سے قریب تر ہوگیا اور نیم سرگوشیوں کے لہجہ میں کہا: "آپ کو یہ سُنکر حیرت ہوگی کہ بابو جی نے اپنے کارخانے میں خود آگ لگائی تھی۔ ہاں، جو کچھ میں کہہ رہا ہوں سب حرف بحرف صحیح ہے۔ وجہ یہ تھی کہ ان کا کارخانہ بیمہ شدہ تھا اور ایسا کرکے اُنہوں نے بیمہ کمپنی سے اتنی بڑی رقم اینٹھ لی جو ایسے کئی کارخانوں کیلئے کافی ہوسکتی ہے۔

راز کے افشا ہونے کے خوف سے اُنہوں نے اپنے ناپاک ارادوں سے مجھے مطلع نہیں کیا۔ بلکہ اس بات کو ترجیح دی کہ غریب مزدور خاندان کے چار بے گناہ افراد کو لکڑی کے گودام نے موٹے موٹے کندوں کی طبیب آگ میں جلا کر راکھ کردیا۔

آہ! کیا آپ کارخانے کی سی بلند و دوزخ نما چتا میں سستی ہونیوالے کُنبے کی حالت کو تصوّر میں لاسکتے ہیں۔ اسوقت بھی میرے کانوں میں میرے معصوم بچے کی چیخ اور گھر والی کی پکار گونج رہی ہے۔

مجھے اس راز کا شاید کبھی علم نہ ہوتا۔ لیکن قدرت کو یہی منظور تھا، عین اُس وقت جب میں اُس جلتے ہوئے گودام کی ایک کھڑکی سے کُود کر فرار ہو رہا تھا میں نے سیٹھ جی کو خود اپنے ہاتھوں سے آگ مشتعل کرتے ہوئے دیکھ لیا۔ بیک وقت ہوا کے تیز جھونکے سے اُلٹنے والے کتابی اوراق کی طرح تمام حقیقتیں مجھ پر واضح ہوگئیں۔ اس کے بعد کافی بلندی سے چھت لگنے کی وجہ سے میں از حد زخمی اور بیہوش ہوگیا۔ جب میری آنکھ کھُلی تو میں ہسپتال میں تھا۔ اس حادثے میں چونکہ میرا دایاں ہاتھ بُری طرح جل گیا تھا کاٹ کر علیحدہ کردیا گیا تھا۔

چار روز بیشتر جب میں ہسپتال سے لوٹا تو میں نے سیٹھ جی سے اُن کے اس سفّاکانہ ظلم کی بازپُرس کی۔ وُہ سر جو غرور

مکبّر سے کبھی نہ جھکا تھا۔ اور وہ آنکھیں جنہوں نے کبھی نیچے نہیں دیکھا تھا، اُس وقت ندامت سے میری طرف نہ اُٹھ سکیں۔ سیٹھ جی یعنی میرے آقا نے جھک کر میرے پیر تھام لئے اور التجا کی کہ میں اِس راز کو کسی پر ظاہر نہ ہونے دوں۔ میں پہلو میں ایک رحم و کرم سے لبریز دل رکھتا ہوں، یہ مجھ میں ایک خُدائی صفت ہے۔ بلکہ میرا تو عقیدہ ہے کہ پرماتما رحمت کے سوا کچھ نہیں۔ اس لئے آج میں نے ایسے گُناہ کی جُرأت کی ہے جسے صرف اُس کی رحمت ہی میں پناہ مل سکتی ہے۔ اور جو ابھی ابھی آپ پر ظاہر ہو جائیگا۔ بہرحال میں نے سیٹھ جی کو معاف کر دیا۔ اُنہوں نے رازداری کے صلے میں مجھے دس ہزار روپے دیئے تاکہ میں زندگی بھر بیٹھ کر چین سے کھا سکوں۔۔۔ زندگی بھر!! ہاں، زندگی بھر!!!"

اِتنا کہکر وہ رُکا، دل پر ہاتھ رکھا اور پاگلوں کی طرح ایک وحشت آگیں قہقہہ لگا کر پھر کہنا شروع کیا:۔

"میں نے سیٹھ جی کو معاف کر دیا ہو، پرماتما بھی انہیں معاف کرے۔ اور اُن کے روپے، وہ میں نے آپکے نام پر لکھ دیئے ہیں۔ میرے لئے اب دُنیا میں کیا رکھا ہے۔ مجھے اسی وقت سے مُردہ سمجھئے اور یہ رقم ایسی جگہ صرف کیجئے جس سے مزدور طبقہ کے زیادہ سے زیادہ افراد ایسی موت مرنے سے بچ جائیں جو۔۔۔۔۔"

اسے ایک ہچکی آئی اور اُس نے دونوں ہاتھوں سے دل تھام کر سلسلۂ کلام کو جاری رکھنے کی کوشش کی۔ "عبقری صاحب"۔۔۔۔ عبقری صاحب"۔ اس کے آگے وہ کچھ کہنے نہ پایا تھا کہ چکرا کر پیروں پر گھوما اور گر کر ڈھیر ہو گیا۔

اُس نے زہر کھا رکھا تھا۔

(طبعزاد) غلام عباس (مولوی)

تازہ پھول

سرسبز محبت میں ہے گُل داغ نہاں کا
اس پھول پہ ہوگا نہ اثر باد خزاں کا

پوچھا تھا کہ اب تک تمہیں دشمن سی ہے اُلفت
وہ چُپ ہیں کہ موقع یہ نہیں کاہ نہاں کا

رونے میں جو کی آہ تو رونے لگا لازم
آندھی نے بدل ڈالا ہے رُخ آبِ رواں کا

غیرت کا تقاضا ہے کہ اُف تک نہیں نکلے
درد اُٹھ کے یہ کہتا ہے کہ موقع ہو فغاں کا

پیری میں نظر آیا کہ تھی خواب جوانی
جب آنکھ کھلی اپنی تو موسم تھا خزاں کا

تکلیفِ رفو پھر اُسے دوں، یہ ہو نہیں سکتا
اے دردِ خبردار، کہیں ٹوٹے نہ ٹانکا

ہم چشموں میں ہم بچ گئے ذلت سے سرِ حشر
رحمت کی ردا لے مرے عیبوں کو چھپانکا

مرجھایا ہوا دل ہے جو بلبل ہے قفس میں
ہر موسمِ گل میں بھی اثر باد خزاں کا

احباب بھی رنجیدہ وہ ظالم بھی خفا ہے
اِس عشق نے رکھا نہ یہاں کا نہ وہاں کا

اللہ کے محبوب کا دربار یہیں ہے
ہے کُوئے مدینے میں سماں باغِ جناں کا

کملا گیا کیوں پھول سا رخ کہیئے تو مجھ سے
کر آئے نہ تھا اثر باد خزاں کا

پاک محبّت

جس طرح اُردو شاعری خصوصاً غزل گوئی میں ایک ہی طرح کے مضامین، تشبیہات، استعارات حتیٰ کہ الفاظ اور محاورات تک شروع سے اب تک بندھتے چلے آتے ہیں اور اُن میں کسی طرح کا کوئی فرق نہیں آنے پاتا، بالکل یہی حال میں دیکھ رہا ہوں کہ آج کل کے عشقیہ افسانوں کا ہے۔ ہر عشقیہ افسانے کی ابتدا ہیرو اور ہیروئن کے ساتھ کھیلنے کھانے، پڑھنے لکھنے، جھولا جھولنے اور باہم کھیل میں ہیرو ہیروئن کے پارٹ ادا کرنے سے ہوتی ہے، اسی طرح جب ہیروئن بچپن کا زمانہ گزار کر شباب کی محشر بداماں منزل میں داخل ہوتی ہے تو اُسکی ثناخوانی میں کوئی افسانہ نویس الفاظ کے چند اُلٹ پھیر کے سوا اس سے آگے نہیں بڑھتا کہ اُسکی ہیروئن ایک ایسی حسین وجمیل دوشیزہ بن گئی جس کی مخمور وسیاہ ملکوتی آنکھوں میں بلا کی کشش تھی، اُسکے گلابی رخساروں میں دلربائی اور موتی جیسے دانتوں میں بجلی کی سی چمک دمک تھی، اُس کے خوبصورت اور سڈول اعضا میں جنگلی ہرنی کا سا تناسب اور مورنی کی سی نزاکت تھی۔ وہ جس طرف سے گزرتی تھی ساری نظریں اُسی کے ساتھ ہولیتی تھیں اور وہ جدھر نظر اُٹھا کر دیکھتی تھیں اُدھر لاشیں پٹ جاتی تھیں حسن کی ساحرانہ جادو بیانی سے مجھے انکار نہیں۔ مثل مشہور ہے کہ "حسن" کی ضد اور "سکے" کی جھنکار ہزاروں انہماک میں بھی انسان کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ بلکہ اعتراض اس پر ہے کہ یہ وہ چیزیں ہیں جو اُردو کے کم وبیش تمام عشقیہ افسانوں میں پائی جاتی ہیں اور انہیں دیکھکر غیر زبانوں کے افسانہ نویس ہمارے اُردو افسانہ نگاروں کے افلاسِ خیال کا بجا طور پر مضحکہ کر سکتے ہیں۔ مگر ان سب سے زیادہ جو چیز مسخر انگیز ہے وہ عشقیہ افسانوں کے "افسانۂ محبت" کا ایک "باب" ہے۔

بلاشبہ "افسانہ" اور "محبت" کا رشتہ بقول حضرت وقار عظیم آج کا نہیں "بلکہ یہ دونوں ہی دن سے ایک دوسرے کے فریب میں مبتلا ہیں جب نوعِ انسان کے دل میں محبت کا سحر آگیں جذبہ انسان کے دل میں بسایا۔ یہی وجہ ہے کہ اُس نے جب فسانہ گوئی شروع کی تو پہلا جادو جس کے اثر میں ڈوب کر اس کے قصے نکلے۔ یہی محبت کا جذبہ تھا۔ تہذیب نے ترقی کی، زبان کی جگہ قلم نے لی اور محبت کی فسانہ پرور داستانیں کاغذی پیراہن میں ہم تک پہونچنے لگیں۔ اُن کی رنگینیوں نے ہر ہر قدم پر ہمیں اپنا دیوانہ بنا لیا اور اب تک ہم اور ہمارے افسانے اس سحر سے آزاد نہیں ہو سکے۔" اور یہ بھی حقیقت ہے کہ فی زمانہ افسانہ نویس نے اس قدر ترقی کر لی ہے کہ ہمیں عشقیہ افسانوں کے علاوہ اخلاقی، معاشری، اصلاحی، تعلیمی، تاریخی، علمی، مذہبی اور جاسوسی ہر قسم کے افسانوں کی ایک کثیر تعداد اُردو زبان میں ملتی ہے مگر ایسے عشقیہ افسانوں کی جن میں محبت، عشق اور رومان کی بھرمار ہو، بڑی بہتات ہے اور اس کی کئی قسمیں ہو گئی ہیں۔

لہ تمام اقسام محبت کے تحت اُردو زبان کے افسانے پیش کئے جا سکتے ہیں۔ مگر میرا مقصد اپنی ہمہ دانی اور ہمہ گیری کا سکہ بٹھانا نہیں، اس لئے امثال کو نظر انداز کر کے صرف غور طلب امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ عطاء اللہ

(۱) "محبت" کی ایک قسم وہ ہے جو کسی انسان کو کسی پالتو جانور، پرندہ یا کسی غیر حساس شے سے پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً کتا، گھوڑا، طوطا، مقام اور کوئی خاص مکان وغیرہ۔

(۲) "محبت" کی ایک قسم وہ ہے جو کسی فن کار کو اپنے فنی شاہکار یا سرمایۂ حیات سے ہو جاتی ہے۔ مثلاً شاعر کو اپنے شعر و دیوان سے، سنگتراش یا مجسمہ ساز کو اپنے بنائے ہوئے مجسمے سے، مصور کو تصویر سے وغیرہ وغیرہ۔

(۳) ایک محبت وہ ہے جو ماں بیٹے میں، بہن بھائی میں، دوست دوست میں، باپ بیٹی میں، آقا نوکر میں ہوا کرتی ہے۔

(۴) محبت کی ایک قسم وہ بھی ہے جو کسی غیر متعلق شخص کو کسی اجنبی غریب، اپاہج، بیمار اور فاقہ کش انسان سے ہو جاتی ہے۔

(۵) ایک خاص محبت وہ ہے جو میاں اور بیوی یا ایک عورت اور مرد میں جنسی کشش یا ازدواجی تعلقات کی وجہ سے ہوتی ہے۔

یہ تمام محبتیں وہ ہیں جو ہمارے افسانوں میں صرف "محبت" یا زیادہ سے زیادہ "عشق" کے لفظ سے تعبیر کی جاتی یا کہی جاتی ہیں اور اکثر افسانہ نگار اس کی نمائش میں زورِ قلم صرف فرماتے رہتے ہیں۔ لیکن افسانہ نگاروں کے ایک ستم ظریف طبقے نے فی زمانہ محبت کی ایک اور خاص قسم ایجاد کی ہے جو ایک نوجوان مرد و عورت میں نفسانی خواہشات سے بے نیاز اور جنسی کشش سے ماورا تصور کی جاتی ہے۔ اس محبت کا نام "پاک محبت" رکھا گیا ہے اور ایسے تمام متعینہ حدودِ محبت سے متجاوز ہی نہیں بلکہ روحانی مرتبہ کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ اب ایسی محبت کے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ غیر متعلق ہی حسینہ سے ہو بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس قسم کی محبت کا مرکز چچا زاد، ماموں زاد اور خالہ زاد بہن بھی ہوا کرتی ہے اور پھر یہی نہیں کہ اس پر اکتفا کیا جاتا ہے بلکہ اس "پاک محبت" کی اہمیت بڑھانے کے لئے اس قدر مبالغے سے کام لیا جاتا ہے کہ اسکو باور کرنے والا محدود نظر، پراگندہ دماغ اور بعض اوقات تمام حدود انسانیت سے خارج سمجھا جانے لگتا ہے۔

"محبت" یقینی ایک ایسا جذبہ ہے جو فطرت سے ہر ذی روح کو عموماً اور ہر انسان کو خصوصاً عطا ہوا ہے اور وہ اسکا بہترین مصرف بھی لیتے ہیں۔ نیز محبت کے اُن کہربائی اثرات کا بھی مجھے اعتراف ہے جنہوں نے عاشقوں اور پرستاروں سے حیرت انگیز اور تعجب خیز مثالی کارنامے سرانجام دلائے ہیں۔ پھر اس سے بھی انکار نہیں کہ جس طرح "عورت" قدرت کا شاہکار اور بہترین عطیہ ہے۔ بالکل اُسی طرح "محبت" بھی فطرت کی عطا کی ہوئی ایک ایسی لازوال نعمت ہے جس کی لذتیں حاصل ہونے پر دُنیا آنکھوں میں جنت بن جاتی ہے لیکن اپنے ہاں کی تہذیب و معاشرت کو دیکھتے ہوئے۔ ایک غیر رشتہ دار تندرست نوجوان مرد و عورت کی محبت کو جس کا تعلق محض جنسی کشش اور حیوانی جذبے سے ہوتا ہے اور جس میں کسی نہ کسی طرح نفسیاتی خواہشات کا دخل ضرور پایا جاتا ہے "پاک محبت" کہنا یا اس عنوان سے پیش کرنا عجیب و غریب نظریۂ محبت پیش کرنا ہے۔

ایک نوجوان مرد و عورت کی محبت کے علاوہ اور محبتیں "پاک محبت" سے تعبیر کی جا سکتی ہیں یا یہ کہیئے کہ ہر وہ محبت

جو نفسانی خواہشات سے منزّہ اور پاک، یا جسمانی لذّات سے بے نیاز ہو" پاک" کہی جا سکتی ہے مثلاً ایک فنکار اپنے سٹاہکار سے جو محبت کرتا ہے وہ اس لئے کہ اس کا محبوب اُس کی دماغی کاوشوں کا ماحصل ہے۔ ایک ماں اپنے بیٹے سے جو محبت کرتی ہے وہ محض اس وجہ سے کہ وہ اس کا لختِ جگر ہے۔ ایک آقا اپنے نوکر سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ وہ اسکی تمام جسمانی آسائشوں کا ضامن ہے۔ اگرچہ اس جگہ یہ بھی بحث کی جا سکتی ہے کہ یہ محبتیں بھی پاک نہیں ہیں کیونکہ کسی نہ کسی طرح ان میں خود غرضی کا شائبہ ضرور پایا جاتا ہے۔ مثلاً ایک صناع اپنے شاہکار سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ اُس کے ذریعے کمالات کی داد ملتی اور تحسین و آفریں کی دل خوش کُن اور مسرّت آگیں صدائیں اُس کے کانوں تک پہونچکر اُس کی رُوح کو لذّت بخشتی ہیں۔ ایک ماں اپنے بیٹے سے اسلئے محبت کرتی ہے کہ وہ اُسکی عُمر کے بدترین حصّے میں ممد و معاون ہوگا۔ ایک آقا اپنے ملازم کی محبت کا اس لئے دم بھرتا ہے کہ وہ اسکی محبّت کو محسوس کر کے اُس کی راحتوں اور آسائشوں میں بکمال انہماک وجفاکشی مصروف رہیگا۔ پھر بھی چونکہ اِن محبتوں کو نفسانی خواہشات سے سروکار نہیں ہوتا اس لئے "پاک" کہہ سکتے ہیں لیکن ایسے عشقیہ افسانوں کے ہیرو ہیروئن کی "محبت" جو باہم سماجی مذہبی اور اخلاقی نقطۂ نظر سے ازدواجی رشتہ میں منسلک ہو سکتے ہوں نفسانی خواہشات و لذّات سے منزّہ نہیں ہو سکتی اور اس لئے اُسے "پاک محبت" نہیں کہہ سکتے اور اگر کہا جائے تو یہ حقیقت کے بالکل خلاف اور محض طفل تسلی، سادہ لوحی اور ستم ظریفی ہے۔

بیشتر افسانے اور اکثر واقعے ایسے دیکھنے میں آتے ہیں کہ ایک نوجوان ایک حسینہ کے عشق و محبت میں مبتلا ہوتا ہے اور کچھ دن مُصیبتیں جھیلنے کے بعد جب دونوں یکجا ہوتے ہیں تو اپنی اپنی پاک محبت کے بلند بانگ دعویدار صرف نباہ کا ہی عہد مستحکم و پیمانِ محکم نہیں کرتے بلکہ باہمدگر یا بعض اوقات علیٰحدہ ہونے پر فرداً فرداً سماجی اور مذہبی پابندیوں کے ساتھ ازدواجی رشتے میں منسلک ہو کر ابدی عیش و نشاط کی فکر اور کوشش بھی کرتے ہیں۔ ایسا کیوں ہو؟ اگر واقعی یہ "پاک محبت" جسمانی تلذّذ سے ماورا ہے تو اُن میں خواہشِ اتصال کیوں پیدا ہوتی ہے۔ ایک دوسرے "من و تو" کا فرق مٹانے کی کیوں تمنا کرتے ہیں؟۔ نیز ایسے بھی واقعات سُننے اور افسانے دیکھنے میں آئے ہیں کہ "پاک محبت" رکھنے والے عاشق و معشوق رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو گئے ہیں لیکن والہانگی کے کچھ دن بعد ایک دوسرے سے سیر ہو کر منقبض ہو گئے ہیں۔ پھر یہ کس جذبے کے تحت ایسا ہوتا ہے؟ جب "پاک محبت" ایک رفیع و اعلیٰ غیر فانی جذبہ ہے تو اس میں یہ فنائیت کہاں سے آگئی؟ بعض ایسے افسانے بھی میری نظر سے گزرے جنکے "پاک محبت" کے حامی ہیرو ہیروئن جب بھی لک چھپ کر ملے ہیں اُنہوں نے بغلگیر ہو کر اپنی "پاک محبت" کے عہد نامے پر "بوسوں" کی مُہر ثبت کی ہے۔ یہ دو غیر جنس نوجوانوں کا "بوسہ" کیا چیز ہے؟ اگر ایسے جسمانی تلذّذ اور نفسانی تفرّح سے غیر متعلق کہیئے تو یہ بتایئے کہ بیٹا ماں کا اور بھائی بہن کا بوسہ کیوں نہیں لیتا۔ اُن کی محبت سے بڑھکر اور کونسی کس کی محبّت "پاک" ہو سکتی ہے؟ اور اگر ایسے نفسیاتی و جسمانی خواہشات کا پیش خیمہ باور کرتے ہیں تو پھر یہ ماننے کہ ایک نوجوان مرد اور ایک نوجوان عورت میں جو محبّت ہوتی ہے وہ پاک نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ وہ سخن ہے جو ہمارے افسانہ نگاروں کی صرف جُنبشِ قلم ہی تک محدود ہے ورنہ اگر وہ خود اس ماحول میں ہوں تو اُن کی تحریر اور عمل میں آسمان و زمین کا فرق نظر آئے گا۔ اس جگہ نہایت مُناسب ہوگا اگر میں "چند خطوط" مطبوعہ نگار اگست نمبر ۱۹۳۶ء سے ایک حقیقت نگار ادیب کا وہ قول نقل کروں جس میں اُس نے بتایا ہے کہ

(۱) "محبت" کی ایک قسم وہ ہے جو کسی انسان کو کسی پالتو جانور، پرندہ یا کسی غیر حساس شے سے پیدا ہو جاتی ہے۔ مثلاً کتا، گھوڑا، طوطا، مقام اور کوئی خاص مکان وغیرہ۔

(۲) "محبت" کی ایک قسم وہ ہے جو کسی فن کار کو اپنے فنی شاہکار یا سرمایۂ حیات سے ہو جاتی ہے۔ مثلاً شاعر کو اپنے مشعر و دیوان سے، سنگتراش یا مجسمہ ساز کو اپنے بنائے ہوئے مجسمے سے، مصور کو تصویر سے وغیرہ وغیرہ۔

(۳) ایک محبت وہ ہے جو ماں بیٹے میں، بہن بھائی میں، دوست دوست میں، باپ بیٹی میں، آقا نوکر میں ہوا کرتی ہے۔

(۴) محبت کی ایک قسم وہ بھی ہے جو کسی غیر متعلق شخص کو کسی اجنبی غریب، اپاہج، بیمار اور فاقہ کش انسان سے ہو جاتی ہے۔

(۵) ایک خاص محبت وہ ہے جو میاں اور بیوی یا ایک عورت اور مرد میں جنسی کشش یا ازدواجی تعلقات کی وجہ سے ہوتی ہے۔

یہ تمام محبتیں وہ ہیں جو ہمارے افسانوں میں صرف "محبت" یا زیادہ سے زیادہ "عشق" کے لفظ سے تعبیر کی جاتی یا کہی جاتی ہیں اور اکثر افسانہ نگار اس کی نمائش میں زورِ قلم صرف فرماتے رہتے ہیں۔ لیکن افسانہ نگاروں کے ایک ستم ظریف طبقے نے فی زمانہ محبت کی ایک اور خاص قسم ایجاد کی ہے جو ایک نوجوان مرد و عورت میں نفسانی خواہشات سے بے نیاز اور جنسی کشش سے ماورا تصور کی جاتی ہے۔ اس محبت کا نام "پاک محبت" رکھا گیا ہے اور ایسے تمام متعینہ حدودِ محبت سے متجاوز ہی نہیں بلکہ روحانی مرتبہ کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ اب ایسی محبت کے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ غیر متعلق ہی حسینہ سے ہو بلکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس قسم کی محبت کا مرکز چچا زاد، ماموں زاد اور خالہ زاد بہن بھی ہوا کرتی ہے اور پھر یہی نہیں کہ اس پر اکتفا کیا جاتا ہے بلکہ اس "پاک محبت" کی اہمیت بڑھانے کے لئے اس قدر مبالغے سے کام لیا جاتا ہے کہ اسکو باور کرنے والا محدود نظر، پراگندہ دماغ اور بعض اوقات تمام حدود انسانیت سے خارج سمجھا جانے لگتا ہے۔

"محبت" یقینی ایک ایسا جذبہ ہے جو فطرت سے ہر ذی روح کو عموماً اور ہر انسان کو خصوصاً عطا ہوا ہے اور وہ اسکا بہترین مصرف بھی لیتے ہیں۔ نیز محبت کے اُن کہربائی اثرات کا بھی مجھے اعتراف ہے جنہوں نے عاشقوں اور پرستاروں سے حیرت انگیز اور تعجب خیز مثالی کارنامے سرانجام دلائے ہیں۔ پھر اس سے بھی انکار نہیں کہ جس طرح "عورت" "قدرت کا شاہکار اور بہترین عطیہ ہے۔ بالکل اُسی طرح "محبت" بھی فطرت کی عطا کی ہوئی ایک ایسی لازوال نعمت ہے جس کی لذتیں حاصل ہیں پر دُنیا آنکھوں میں جنت بن جاتی ہے لیکن اپنے ہاں کی تہذیب و معاشرت کو دیکھتے ہوئے۔ ایک غیر رشتہ دار تندرست نوجوان مرد و عورت کی محبت کو جس کا تعلق محض جنسی کشش اور حیوانی جذبے سے ہوتا ہے اور جس میں کسی نہ کسی طرح نفسیا خواہشات کا دخل ضرور پایا جاتا ہے "پاک محبت" کہنا یا اس عنوان سے پیش کرنا عجیب و غریب نظریۂ محبت پیش کرنا ہے۔

ایک نوجوان مرد و عورت کی محبت کے علاوہ اور محبتیں "پاک محبت" سے تعبیر کی جاسکتی ہیں یا یہ کہیئے کہ ہر وہ محبت

جو نفسانی خواہشات سے منزّہ اور پاک، یا جسمانی لذّات سے بے نیاز ہو" پاک" کہی جا سکتی ہے مثلاً ایک فنکار اپنے شاہکار سے جو محبت کرتا ہے وہ اس لئے کہ اس کا محبوب اُس کی دماغی کاوشوں کا ماحصل ہے۔ ایک ماں اپنے بیٹے سے جو محبت کرتی ہے وہ محض اس وجہ سے کہ وہ اس کا لختِ جگر ہے۔ ایک آقا اپنے نوکر سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ وہ اُسکی تمام جسمانی آسائشوں کا ضامن ہے۔ اگرچہ اس جگہ یہ بھی بحث کی جا سکتی ہے کہ یہ محبتیں بھی پاک نہیں ہیں کیونکہ کسی نہ کسی طرح ان میں خود غرضی کا شائبہ ضرور پایا جاتا ہے۔ مثلاً ایک صنّاع اپنے شاہکار سے اس لئے محبت کرتا ہے کہ اُس کے ذریعے کمالات کی داد ملتی اور تحسین و آفریں کی دل خوش کُن اور مسرّت آگیں صدائیں اُس کے کانوں تک پہونچکر اس کی رُوح کو لذت بخشتی ہیں۔ ایک ماں اپنے بیٹے سے اسلئے محبت کرتی ہے کہ وہ اُسکی عُمر کے بدترین حصّے میں ممد و معاون ہوگا۔ ایک آقا اپنے ملازم کی محبت کا اس لئے دم بھرتا ہے کہ وہ اُسکی محبّت کو محسوس کر کے اُس کی راحتوں اور آسائشوں میں بکمال انہماک وجفاکشی مصروف رہیگا۔ پھر بھی چونکہ اِن محبتوں کو نفسانی خواہشات سے سروکار نہیں ہوتا اس لئے "پاک" کہہ سکتے ہیں لیکن ایسے عشقیہ افسانوں کے ہیرو ہیروئن کی "محبت" جو باہم سماجی مذہبی اور اخلاقی نقطۂ نظر سے ازدواجی رشتہ میں منسلک ہوسکتے ہوں نفسانی خواہشات و لذّات سے منزّہ نہیں ہوسکتی اور اس لئے اُسے "پاک محبت" نہیں کہہ سکتے اور اگر کہا جائے تو یہ حقیقت کے بالکل خلاف اور محض طفل تسلی، سادہ لوحی اور ستم ظریفی ہے۔

بیشتر افسانے اور اکثر واقعے ایسے دیکھنے میں آتے ہیں کہ ایک نوجوان ایک حسینہ کے عشق و محبت میں مبتلا ہوتا ہے اور کچھ دن مُصیبتیں جھیلنے کے بعد جب دونوں یکجا ہوتے ہیں تو اپنی اپنی پاک محبت کے بلند بانگ دعویدار صرف نباہ کا ہی عہد مستحکم و پیمانِ محکم نہیں کرتے بلکہ باہمدگر یا بعض اوقات علیٰحدہ ہونے پر فرداً فرداً سماجی اور مذہبی پابندیوں کے ساتھ ازدواجی رشتے میں منسلک ہوکر ابدی عیش و نشاط کی فکر اور کوشش بھی کرتے ہیں۔ ایسا کیوں ہو؟ اگر واقعی یہ "پاک محبت" "جسمانی ملذّات" سے ماورا ہے تو اُن میں خواہشِ اتصال کیوں پیدا ہوتی ہے۔ ایک دوسرے "من و تو" کا فرق مٹانے کی کیوں تمنا کرتے ہیں؟۔ نیز ایسے بھی واقعات سُننے اور افسانے دیکھنے میں آئے ہیں کہ "پاک محبت" رکھنے والے عاشق و معشوق رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوگئے ہیں لیکن وابستگی کے کچھ دن بعد ایک دوسرے سے سیر ہوکر منقطع ہوگئے ہیں۔ پھر یہ کس جذبے کے تحت ایسا ہوتا ہے؟ جب "پاک محبت" ایک رفیع و اعلیٰ غیر فانی جذبہ ہے تو اس میں یہ فنائیت کہاں سے آگئی؟ بعض ایسے افسانے بھی میری نظر سے گزرے جنکے "پاک محبت" کے حامی ہیرو ہیروئن جب بھی لک چھپ کر ملے ہیں اُنہوں نے بغلگیر ہوکر اپنی "پاک محبت" کے عہد نامے پر "بوسوں" کی مُہر ثبت کی ہے۔ یہ دو غیر جنس نوجوانوں کا "بوسہ" کیا چیز ہے؟ اگر ایسے جسمانی تلذّذ اور نفسانی تفرّح سے غیر متعلق کہئے تو یہ بتایئے کہ بیٹا ماں کا اور بھائی بہن کا بوسہ کیوں نہیں لیتا۔ اُن کی محبت سے بڑھکر اور کونسی کس کی محبت "پاک" ہوسکتی ہے؟ اور اگر ایسے نفسیاتی و جسمانی خواہشات کا پیش خیمہ باور کرتے ہیں تو پھر یہ مانیئے کہ ایک نوجوان مرد اور ایک نوجوان عورت میں جو محبت ہوتی ہے وہ پاک نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ وہ سخن ہے جو ہمارے افسانہ نگاروں کی صرف جنبشِ قلم ہی تک محدود ہے ورنہ اگر وہ خود اس ماحول میں ہوں تو اُن کی تحریر اور عمل میں آسمان و زمین کا فرق نظر آئے گا۔ اس جگہ نہایت مُناسب ہوگا اگر میں "چند خطوط" مطبوعہ نگار اگست نمبر ۱۹۳۶ء سے ایک حقیقت نگار ادیب کا وہ قول نقل کروں جس میں اُس نے بتایا ہے کہ

"پاک محبت" کا دراصل کہیں وجود ہی نہیں ہے اور عوام یا خواص جس محبت کو پاک کہتے ہیں وہ دراصل پاک نہیں بلکہ خود فریبی کا ایک عکس ہے جو اُن کی نظروں اور دلوں پر چھایا ہوا ہے۔ اور اُس جھوٹے عکس میں وہ اُس محبت کو "پاک" سمجھتے ہیں۔ جس میں "بے حجابانہ" عاشق و معشوق نہ ملتے ہوں۔ وہو ہذا:-

"محبت کی دو قسمیں کرنا، پاک محبت اور ناپاک محبت بظاہر دُرست معلوم ہوتا ہے مگر درحقیقت یہ ایک مُغالطہ ہے۔ "پاک محبت" یعنی ایسی محبت جس میں خواہشاتِ نفسانی کا بالکل تعلق نہ ہو دُنیا میں وجود نہیں رکھتی۔ ایک شخص صرف محبوب کو دیکھ لینے پر اکتفا کرتا ہے اُس سے اور کچھ سروکار نہیں رکھتا۔ اسے وہ پاک محبت کہتا ہے۔ مگر دراصل اُس نے سخت دھوکا کھایا کیونکہ فی الحقیقت آنکھوں کے ذریعے اُس کا نفس لذت اندوز ہو رہا ہے۔ اور جب نفس کو غذا مل گئی تو محبت خالص کہاں رہی۔ اسی طرح بعض لوگ محبوب کو چُوم لینے اور بعض گلے لگا لینے سے آگے نہیں بڑھتے اور اسے وہ پاک محبت سمجھتے ہیں۔ مگر یہاں بھی مس اور لمس کے ذریعے نفس محظوظ ہو رہا ہے۔ مختصر یہ کہ خواہشِ ظاہری میں سے خواہ کسی حس کے ذریعے نفس کی خوراک بہم پہونچائی جائے اصلاً وہ ایک ہے۔ البتہ مراتب کا کچھ فرق ضرور ہے۔ ہاں اگر خواہش باطنی یعنی خیال، وہم، فکر وغیرہ کے واسطے سے کوئی لطف اندوز ہو تو بیشک محبت کو خالص کہنا کسی حد تک ٹھیک ہوگا ورنہ صحیح معنوں میں بالکل خالص محبت اور عورت کے درمیان ہو ہی نہیں سکتی۔"

یہ ایک ایسے شخص کی تحریر ہے جو اُردو زبان کا ایک جادو بیان شاعر، ایک بلند پایہ نقاد، ایک سحر نگار ادیب اور ایک باکمال افسانہ نویس ہے اور جسے حقیقت نگاری میں وہ کمال ہے کہ ہر جملہ اس ظالم کا آبِ زر سے لکھنے کے لائق ہے۔

یہ تو ہوئی "پاک محبت" کی بحث۔ اب اس طرف آیئے کہ ایسی "پاک محبت" کو جس میں عاشق و معشوق دونوں کے دل میں پاک محبت کا سیلاب موجزن ہو مگر اسکے باوجود انہیں ازدواجی تعلقات کی ضرورت محسوس اور خواہش پیدا نہ ہوتی ہو، کیا ہماری معاشرت اور خود داری روا رکھ سکتی ہے؟ کیا ہم دو درجہ سماج کے دشمن ہوتے ہوئے بھی یہ دیکھ سکتے ہیں کہ ایک شریف اور باعزت گھرانے کی لڑکی کسی نوجوان غیر مرد سے اس طرح کی "پاک محبت کا سلسلہ برقرار رکھے؟ کیا ہم اس بات پر ایمان رکھ سکتے ہیں کہ ایک نوجوان نشۂ محبت کا متوالا ایک نوجوان حسینہ سے "پاک محبت" کا رشتہ اس طرح کھسکتا ہو کہ وہ تنہائی میں ملتے ہیں لیکن ان کا "دامن تر" نہیں ہونے پاتا؟ کم از کم میرا ناپاک دل تو اس کو ہرگز قبول نہیں کرتا اور میرے ساتھ ایک باکمال افسانہ نویس بھی اسے ناقابل اعتبار سمجھتا ہے۔ ملاحظہ ہو حضرت عظیم بیگ چغتائی نے کتنی سچی بات کہی ہے:-

"اگر کسی غیر رنوجوان کو معلوم ہو جائے کہ اسکی بہن فلاں شخص پر عاشق ہو گئی تو عجب نہیں کہ وہ ان عاشق زار کی ہڈی پسلی توڑ دے اور بہن کا گلا گھونٹ دے ..... ہماری معاشرت میں اجازت نہیں کہ لڑکی کسی نوجوان پر عاشق ہو اور اُس کا بھانڈا پھوٹے۔ ایسی لڑکی ننگِ خاندان ہے۔ اگر لڑکی نے ایسا کیا تو وہ بُری ہے۔ لڑکی خود بھی اپنے کو اس قسم کے عشق سے بچاتی ہے کیونکہ اُس کے اس فعلِ قبیح کا اثر تین پُشت تک نہیں جاتا۔ اب یہاں اِس سے

بحث نہیں کہ معاشرت کی یہ سختیاں صحیح ہیں یا غلط مگر حقیقت ضرور ہیں اور افسانہ نگار کو حقیقت ہی سے بحث ہے۔ عشق ناجائز کرنے والی لڑکی حرافہ اور بدمعاش ہے۔ شریفوں میں ایسی لڑکیاں نہیں ہوتیں۔"

بہرحال! میرے کہنے کا مطلب صرف یہ ہے کہ آج کل کے عشقیہ افسانوں میں اس طرح کی "پاک محبت" کی جو ترویج ہو رہی ہے وہ حد درجہ فرسودہ، مضحکہ خیز اور سراسر بے حقیقت ہے۔ افسانہ نگاری کی ریل پیل ہوتے ہوئے بھی یہ حقیقت اٹل ہے کہ افسانہ نویسی گنتی کے ہاتھ کا نام نہیں افسانہ نگار کو ادب میں بڑا مرتبہ حاصل ہے اب آپ ہی خیال فرمائیے کہ جس زبان کے ادب کے اہم شعبے میں اس قسم کے خرافات رواج پائیں گے اس کا آئندہ چلکر کیا حال ہوگا؟ میری یہ مجال نہیں کہ افسانہ نگاروں کو عشقیہ افسانوں کی تحریر سے باز رکھوں۔ بلکہ یہ کہتا ہوں کہ عشقیہ افسانوں میں "محبت" کی تشریح و ترویج خوب کیجئے۔ عشقیہ افسانوں میں محبت صادق کے تمام پہلو پیش کیجئے۔ لیکن خدا کے لئے ایسی بات نہ کہئے جو عقل اور واقعہ کے خلاف ہو۔ اور ایسی محبت نہ دکھایئے جس کا سرے سے وجود ہی نہ ہو۔ کیونکہ یہ چیزیں نہ صرف مضحکہ خیز ہیں بلکہ افسانے کی دلگیر تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتی ہیں۔

عطاء اللہ۔ پایومی

فطرت کی آواز

صبح کی آغوش میں میرا تنفس سامری
میری حیرت کاریوں سے آسماں نیلم پری
شام کے پردوں میں میرے حسن کی جلوہ گری
آگ بنکر میں اُفق پر ناچنے والی پری،
رات کے سایہ میں بھی رُکتے نہیں میرے قدم

چشمِ شاعر صرف حیرت ہے مرے انداز پر
رقص بھقاؤں میں بھر دیتی ہوں ہلکے ساز پر
چاندنی راتوں میں برساتی ہوں ذرّوں پر گہر
اوس سبزہ کی پلک پر کیا ہے؟ میرا اشکِ تر
مسکرا کر میں چلاتی ہوں کبھی تیرِ شہاب،

پھول کی پتّی پہ جب پڑتی ہے سورج کی کرن
اور ہوتی ہے جبینِ گل پہ ہلکی سی جلن،
آسماں پر بن کے چھا جاتی ہوں برسیل تن
توڑ دیتی ہوں طلسمِ چشمِ مہرِ ضوفگن
باغ میں بنکر ہوا دیتی ہوں کلیوں کا سراغ

جب رُخِ مہ سے ہٹا کر ابر کی سیمیں نقاب
آبشاروں میں اُلٹ دیتی ہوں نورانی شراب
لہر بنکر دوڑتی ہیں بجلیاں بالائے آب
شوق بنکر دیکھتی ہے حیرتِ چشمِ عقاب
رات کی تنہائیاں۔ میرا فسونِ دلبری

میں دلِ انسان میں رہتی ہوں بنکر آرزو
دیتی رہتی ہوں زمانہ کو پیامِ رنگ و بو
میرے افسانوں سے ہے معمورِ عالم چار سُو
صرف گردش ہے رگِ ایام میں میرا لہو
عالمِ امکاں میں سوزاں ہے مری شمعِ جمال

اجمل نجیب آبادی

شاعر

جنبشِ پیہم سے تھک جاتی ہے نبضِ کائنات
ماند پڑ جاتی ہے روئے جہد کی رخشاں حیات

جاگنے والوں پہ چھا جاتا ہے اک خوابِ گراں
دوڑنے والوں کے تھک جاتے ہیں پائے کامراں

شعلۂ روحِ عمل ہوتا ہے آسودہ مزاج
ٹھوکروں میں سطوتِ تقدیسِ انسانی کا تاج

فطرتِ جولاں بھی ہو جاتی ہے نذرِ خفتہ کار
بجلیوں کے ساز میں ہوتا ہے پیدا انتشار

آسماں زادے بھی ہوتے ہیں اسیرِ آب و گل
برف ہو جاتے ہیں بزمِ عشق کے سرگرم دل

جلوۂ شمعِ نفس را بیں بہ شعرِ دلگداز
لذتِ جاں بہ پرس از شاعرِ نغمہ طراز

کون اس آشوب میں کرتا ہے پیدا انقلاب
کون سوتوں کو جگا سکتا ہے با صد آب و تاب

کون دوڑاتا ہے مرئ نبض میں خونِ بہار
کون کرتا ہے جلے پودوں کا پانی سے نکھار

کون باطل زار میں کرتا ہے ایماں کی نمود
کون کرتا ہے خزاں رنگ باغ کی پھر ہست و بود

کون چھٹکاتا ہے علم و معرفت کے صد گلاب
کون شبنم کو بنا دیتا ہے رشکِ آفتاب

کون بزدل آدمی کے ہاتھ میں دیتا ہے تیغ
کون عجزِ مرگ آئینی پہ کھاتا ہے دریغ؟

کون دیتا ہے قیامِ امن کا درسِ جمیل
کون واماندوں کا ہوتا ہے مددگار و کفیل

کون سہتا ہے مصائب کے گراں گرزوں کی ضرب
الاماں والحذر! شیطان کے آلاتِ حرب؟

غور کر ان پر حقیقت کی نظر سے اے ندیم
کچھ سمجھ سکتی ہے ان اسرار کو طبعِ سلیم

ہر سبک رفتار طے کرتا ہے کیا پست و بلند
برف کے ٹیلوں کو بھی کچھ پھاند سکتا ہے سمند؟

کیا سمجھ سکتا ہے ہر کس نبضِ عالم کا دماغ ارتقائے ذہنِ انسانی کا رُوحانی علاج!
کیا ہر اک معلوم کر سکتا ہے برقِ انفعال ماضیٔ رنگیں کا جوہر، نبضِ اشعاعِ جمال!
دیکھ بھی سکتی ہے کیا ایتھر کی موجیں ہر نگاہ دائروں کے پیچ و خم میں جلوۂ حسنِ تباہ

کچھ تدبر چاہیے، کچھ فہم، کچھ صبر و شکیب
وہم ظلمت آفریں کا کھا رہا ہے کیوں فریب

درسِ آزادی بھلا بیٹھے ہوں جب طبعِ غیور جادۂ منزل سے جب واقف نہ ہوں گامِ شعور
ٹھوکریں جب کھا رہا ہو آدمیت کا وقار ناتواں جذبوں سے جب اُٹھے صدائے خونفشار
عظمتِ نوعِ بشر کے جھلملا جائیں کنول، قعرِ وحشت میں ہوں قومیں چست ہو تیرِ اجل
جب ضمیرِ حق میں ہو اوہامِ باطل کا نزول جب سیہ پڑ جائے دُنیا کی جبیں کا عرض و طول
نغمۂ انسانیت کے ساز میں ہو انتشار آسمانی راز ہو بازیچۂ حکمت شعار
وادیٔ تاریک میں کھو جائے جب عقلِ سعید جہل کی دانش وری دے زعمِ باطل پر وعید
عشق کے مفہوم سے واقف نہ ہو جب کائنات اِک مُعمّہ بن کے رہ جائے دلِ حسنِ حیات

خلق جب کرتی ہے فطرت ایک ہستیٔ شباب
جسکو دُنیا بولتی ہے شاعرِ صد انقلاب

اس کی ہر آواز ہے عبرت گہِ پست و بلند ہوشیار، اے خوابِ نوشیں! اے حیاتِ ارجمند
اسکی آنکھیں دیکھتی ہیں پُر فشاں زُلفِ جمال تولتی ہیں پھول کے کانٹے پہ نورانی خیال

قصرِ استبداد ڈھائے جائیں گے باصد خروش
زندگی کے قہقہے لہرائیں گے باصد خروش

کاوشؔ حیدرآبادی

غربت زدہ

رامو کل کا بچہ آج بوڑھا ہو چلا تھا ——

اس کی جوانی کے بہترین ایام کارخانہ نے کھا کر اب اُسے ایک باسی نوالہ کی طرح اُگل دیا تھا۔ بیکاری میں بھوک پیاس، ایک جونک کی طرح اسکا مٹڑا ہوا خون چوسنے لگی۔ کارخانہ کے خداؤں کے دلمیں اس لاغر انسان کے لئے کوئی جگہ نہ تھی۔ بار بار دھتکار دیئے جانے کے بعد اُس نے محض چند ٹکوں پر اپنی زندگی کے ایام کو کارخانہ داروں کے ہاتھ فروخت کرنا شروع کر دیا —— تقدیر وقت کے ہاتھوں میں ایک چکی ہے جو انسان کو آخری سانس تک برابر پیستی جاتی ہے۔

رامو ناطاقتی کا مریض ہو چکا تھا۔ مگر روٹی! —— یہ خیال اُسے کشاں کشاں کارخانہ تک روز لے ہی جاتا۔

آج کارخانہ میں کام کی کمی کی وجہ سے اُسے دوپہر کو واپس آنا پڑا۔ چھ پیسے —— رامو اپنی زندگی کے آدھے دن کی قیمت مٹھی میں دبائے کارخانہ سے باہر نکل آیا۔

گرمی کی شدت سے بوکھلائے ہوئے مزدور نے اپنے جلتے ہوئے سر کو ٹھنڈک پہنچانے کے لئے ایک نل کے نیچے رکھا۔ نل کے کھلتے ہی پانی کی گرم دھار اُبلتے ہوئے تیل کی طرح اس کے سر پر پھیل گئی۔ ایک مظلوم کی طرح وہ چیخ مار کر پیچھے ہٹا اور سر پر ہاتھ پھیرنے لگا۔ "میں غریب ہوں"۔ یہ اُس کی ضمیر کی آواز تھی۔

حسبِ عادت بیڑی میں راحت تلاش کرنے کے لئے وہ ایک بیڑی والے کی دکان کی طرف بڑھا۔ یکایک اُس کی نگاہیں پاس والے بزاز کی طرف اُٹھیں۔ مختلف رنگ دار پٹہ کی دھوتیوں نے اس کی طبیعت کو مائل کر لیا۔

"اِس کی قیمت ——"

"ایک روپیہ ——" بزاز نے بے پرواہی سے جواب دیا۔

ہولی قریب آ رہی ہے۔ پوتر تہوار پر نیا کپڑا ضرور پاس ہونا چاہیئے —— رامو نے دل میں خیال کیا۔

فاقہ کش مزدور نے اپنی خواہش کو پورا کرنے کی ٹھان لی۔ وہ پیٹ کاٹ کر پیسے بچانے لگا۔

—— آج اُس کی مٹھی میں ایک سفید سکہ تھا۔ کارخانہ سے واپسی پر وہ بزاز کی دکان پر رُک گیا۔

"میری دھوتی دے دو ——"

"کونسی؟ ——"

"یہی —— یہی ——" رامو زور سے ایک لٹکی ہوئی دھوتی کا رنگین پٹہ ہلا رہا تھا۔

یکایک اُس کی توجہ سامنے دکان کے باہر لٹکی ہوئی کُدال میں جذب ہو گئی۔

"کُدال —— یہ میرا ذریعہ معاش بن سکتی ہے"۔ کارخانے کی تنگ اور درشت زندگی سے بچ نکلنے کا خیال اس کے ذہن میں فوراً ترقی کر گیا ——

—— رامو بزاز کی دکان سے ہٹ کر کُدال فروش سے اس کی قیمت دریافت کر رہا تھا ——

"دو روپیہ پانچ آنہ —— ے یہ بڑی مضبوط ہے۔"

رامو نے کُدال ہاتھ میں لیکر اس کی ساخت اور مضبوطی

غور کیا اور بغیر کچھ کہے واپس کر دی۔

وہ اب بجائے دھوتی کے ایک کُدال خریدنا چاہتا تھا۔

فاقہ زدہ انسان بدستور بھوک کو ٹالنے میں مصروف ہوگیا۔ یہی اُس کی کفایت شعاری تھی۔ روزانہ بچت کے ساتھ ساتھ اس کے ذہن میں کُدال کا تصور بھی گہرا ہوتا گیا۔ کارخانہ آتے جاتے وقت وہ کُدال فروش کی دُکان پر ایک نظر ضرور ڈال لیتا۔

آج وہ دو روپے چار آنہ کا مالک تھا۔ اُسے اب معلوم ہوا کہ وہ کارخانے کی درشت زندگی سے آزاد ہوگیا ہے۔ نہایت اشتیاق سے وہ کُدال فروش کی دکان پر گیا۔

وہ مطلوبہ کُدال کی ساخت پر ایک بار پھر غور کرنے لگا۔ یکایک اُس کے کانوں میں ایک مُسکراتی ہوئی آواز آئی۔ "جوتے مفت ملتے ہیں ——"

"بالکل مفت!——" اسکا فاقہ زدہ تخیل پریشان ہوگیا۔

کُدال وہیں چھوڑ وہ ایک لمحہ کے لئے وہاں سے مفت جوتا حاصل کرنے کے لئے ایک دُبلے پتلے آدمی کی طرف بڑھا جو گھنٹی بجا بجا کر لوگوں کو ہیوقوف بنا رہا تھا۔

"مجھے بھی ایک جوتا دے دو میاں جی ——"

"دکان کے اندر چلے جاؤ ——"

رامو اشتیاق اور حیرانگی سے دکان میں داخل ہوا۔ فرش پر جوتوں کے ڈھیر لگ رہے تھے۔ لوگ جوتے ہاتھ میں لئے دام پوچھ رہے تھے۔

رامو اور حیران ہوگیا ——

"کیا آپ مفت جوتے تقسیم کرتے ہیں ——" رامو نے ایک بڑی پگڑی والے بوڑھے سے پوچھا جو بظاہر دکاندار معلوم ہوتا تھا۔

"نہایت سستے داموں پر —— مفت کے برابر ——" گاہکوں میں گھرے ہوئے اُس بوڑھے نے جواب دیا۔

رامو نے ایک آہ بھری۔ اس نے بکھرے ہوئے ڈھیروں پر اپنی گُرسنہ نگاہیں پھیلائیں۔ اسے ایک جوتا بہت پسند آیا۔ اس نے پہن کر دیکھا۔ بالکل فٹ تھا۔

"اس کے دام ——"

تین روپے بارہ آنے —— دوسری دکان میں چھ روپے سے کم نہیں ملے گا ——"

"اور اس کے دام" —— رامو نے دوسرے جوتے کے متعلق پوچھا۔

"وہی تین روپے بارہ آنہ —— بہت سستا ہے لو"

رامو شکستہ دل ہوکر باہر نکل آیا ——

"یہ امیروں کی دُنیا ہے۔ صرف روپے کی افراط ہی سے تکمیل ارزو ممکن ہے۔ دھوتی! اور اب کُدال —— اور جوتے —— کیا میں بھی امیر نہیں ہوسکتا؟" ——

رامو اپنی خیالات میں غرق اسی نل کے پاس بیٹھا بھیگی ہوئی زمین پر ان چیزوں کی شکلیں بنا رہا تھا۔

* * * * * * * * *

حسن عباس

چغتائی نمبر:- جسمیں مرزا عظیم بیگ چغتائی کے کم و بیش بیس نہایت پاکیزہ مضامین شامل ہیں۔ مزاحیہ افسانوں اور ڈراموں کے علاوہ اسمیں بیس بہاکتا ہیں "شہزوری" اور سوانح کی روحیں" بھی شامل ہیں۔ تقریباً دو سو صفحے کا نہایت قیمتی مجموعہ مضامین ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ مع محصول ڈاک۔ ملنے کا پتہ:- ساقی بُکڈپو۔ دہلی۔

ایک فرانسیسی افسانہ

جبری بھرتی

کیا آپ اس لڑکی سے واقف ہیں، جو ابھی سڑک پر سے گذری؟ حضرت! ہم لوگ اسے دیوانی میری پکارتے ہیں۔ افسوس غریب لڑکی! زندگی نے اس کا کوئی بھلا نہیں کیا۔ وہ اتنی عمر رسیدہ بھی نہیں، جتنی کہ اُس کے بُشرے سے معلوم ہوتی ہے۔ وہ مجھ سے بھی دو سال چھوٹی ہے ـــــ لیکن آپ باور نہیں کرینگے، کیونکہ آنسوؤں کی لگاتار جھڑیوں نے اس کے چہرے پر جھُریاں ڈال دی ہیں۔

ہم اس سے کسی قسم کا تعرض نہیں کرتے۔ وہ ایک خاموش لڑکی ہے، کبھی چشموں کے پاس گھنٹوں چُپ چاپ کھڑی ہوتی ہے، اور کبھی جنگلوں میں ماری ماری پھرتی ہے اور رنگ برنگ کے جنگلی پھول چُن لاتی ہے۔ لیکن جب وہ کسی سپاہی کو دیکھ پاتی ہے تو آپ کو تعجب ہوگا کہ وہ بھاگ کھڑی ہوتی ہے۔ ذرا توقف کیجئے تو میں اسکی داستان سُناؤں۔

غریب میری! دیوانی ہونے کے قبل، گاؤں میں شاید ہی کوئی لڑکی اس کے حُسن کا مقابلہ کرسکتی۔ جب میں اور وہ نوعمر اور الھڑ تھیں تو ہم دونوں نے گاؤں کے دو نوجوان لڑکوں، مارٹن اور لارنس سے یہ طے کرلیا تھا کہ مارٹن میرا حق دار ہوا اور لارنس میری کو شریک زندگی بنالے۔

لیکن اس زمانے کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔ کسی شخص کی اپنی زندگی اپنی نہ رہی۔ حکومت نے جبری بھرتی شروع کی اور گاؤں کے تنومند اور زندہ دل نوجوانوں کو چُن چُن کر فوج میں کھپا دیا، اور عورتوں اور بچّوں کو رونے پیٹنے اور قوت لایموت کی خاطر ہاتھ پاؤں مارنے کے لئے زندہ چھوڑ دیا۔ خدا غارت کرے ان جنگوں اور رہبموں کو!

ایک دن لارنس اور مارٹن پر بھی ڈورے ڈالے گئے، اور میں اور میری نے وہ شام عجیب کشمکش کے عالم میں گذاری اور متفکر و مغموم بیٹھی تھی، لیکن میں نے دل کڑا کرکے ـــــ گویا میرے سینے میں دل کے عوض فولاد کا ایک ٹکڑا تھا ـــــ میری سے اس انداز سے گفتگو کا سلسلہ چھیڑا کہ جو کچھ ہوا، اس کی اہمیت تھوڑی ہے۔ "میری!" میں نے کہا "ہر شخص جو جنگ کو جاتا ہے قتل نہیں ہوجاتا، اور اگر یوں ہو جائے بھی تو یہ اس شخص کی خوش نصیبی سمجھی جاتی ہے۔ کیا تو چند دنوں تک ایک ایسے سپاہی کا انتظار نہیں کرسکتی، جو میدانِ جنگ سے فتح مند و کامران ہمارے گاؤں میں واپس آئیگا؟" میری نے چہرہ اوپر کو اُٹھایا اور میری طرف دیکھکر کہا۔ "اوہ! جینٹ، میں موت کے دن تک انتظار کرونگی!"

"بہت خوب!" میں نے ایک مصنوعی قہقہے سے اپنے رقت انگیز جذبات کو دباتے ہوئے کہا۔ "لوگ یونہی کہا کرتے ہیں" لیکن جب لارنس کی رُخصت کا وقت آیا تو میری کے ساتھ میں بھی اپنے دل پر قابو نہ پاسکی۔ میں اور میری خوب روئے میں خوش نصیب تھی کہ کسی وجہ سے مارٹن کو جنگ میں حصّہ لینے سے معاف کردیا گیا۔ دُنیا کے ڈھنگ ہی نرالے ہیں، اس کی کون سی کل سیدھی چلتی ہے اور کونسی چیز اُلٹ پلٹ نہیں ہوتی؟"

رخصت کے وقت لارنس نے کہا۔ "ہمت بلند رکھو میری! اگر دشمن نے زندہ چھوڑ دیا تو بہت جلد تم سے آملونگا۔ اور کیا تم اپنے وعدے پر قائم رہوگی ——— کم از کم اس وقت تک کہ میری خوش قسمتی یا بدقسمتی کا قطعی فیصلہ نہیں معلوم نہ ہوجائے؟" اور میری نے اپنی بڑی بڑی نیلی آنکھیں اس کے چہرے پر گاڑ دیں اور بولی۔ "ہاں لارنس! میں ضرور انتظار کرونگی!"

غرض لارنس روانہ ہوا اور میری اکیلی رہ گئی۔ اس کے بعد میرا اور مارٹن کا بیاہ ہوگیا۔ کئی دنوں تک ہم نے لارنس کے متعلق کچھ نہ سنا، یہ بھی پتہ نہ چلا کہ وہ زندہ ہے یا مر چکا ——— کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے گاؤں میں باہر کی بات ایک عرصہ کے بعد پہنچتی ہے اور وہ بھی جھوٹ کا پوٹ۔ لہٰذا میں کسی بات کا یقین نہیں کرتی، جب تک کہ وہ اپنی آنکھوں دیکھی نہ ہو۔

کیا آپ کو وہ چھوٹی سی جھونپڑی نظر آرہی ہے، جس کی چھت گھاس پھوس سے بنائی گئی ہے؟ ہاں وہی! اس کے پیچھے اوٹ (oats) کے کھیت ہیں، اور دیکھئے! وہ اوٹ کا خرمن بھی صاف نظر آرہا ہے، اور اخروٹ کے درختوں کی قطار کس قدر دیدہ زیب معلوم ہوتی ہے! خیر، اسی جھونپڑی میں وہ اپنی چچی کے ہمراہ رہتی تھی، اور ہر موسم میں بلاناغہ صبح و شام کھیتوں میں محنت و مشقت کرتی تھی۔

جب میں دیکھتی کہ وہ کھیتوں میں غلاموں کی طرح کام کر رہی ہے تو میرا دل بیٹھ جاتا۔ مجھے علم تھا کہ وہ مفلس و قلاش نہیں تھی، اور اس کے علاوہ چونکہ اسے ایک اپنے ہی لئے معاش حاصل کرنا کافی تھا، اس قدر محنت و کاوش ضرورت سے زیادہ تھی۔ ایک دن میں نے اس سے دریافت کیا۔ "میری! ایک تنہا عورت کے لئے کیا ضروری ہے کہ وہ صرف اپنی شکم پری کے لئے اتنی محنت کرے کہ آخر ایک مشت استخواں ہوکر رہ جائے؟"

"نہیں جینٹ" اس نے کہا۔ "کیا تم سمجھتی ہو کہ مجھے صرف اپنے لئے اتنا سویرے اٹھنا اور اس قدر دیر گئے بستر پر جانا پڑتا ہے؟ نہیں۔ میرے آگے ایک مقصد ہے۔ میں روپیہ جمع کر رہی ہوں، جس کی بدولت لارنس فوج سے رہائی حاصل کرے گا۔" "اور مجھے اس قدر روپے کی ضرورت ہے؟" اس نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "کہ مجھے صبح شام اتنی محنت کرنی ہی پڑتی ہے۔" وہ اپنی دھن کی پکی تھی، اور روپیہ لارنس کو برابر روانہ کرتی تھی۔ لیکن اس نے کبھی یہ ظاہر نہیں کیا کہ روپے اس نے بھیجے، کیونکہ وہ کہا کرتی تھی۔ "اس کی ضرورت ہی کیا ہے، وہ خود بخود سمجھ جائے گا کہ یہ میری رفیقہ نے روانہ کئے ہیں۔"

غرض دن پر دن کٹتے جا رہے تھے، اور اس دوران میں لارنس کے متعلق کوئی خبر نہیں ملی۔ اور میری جس نے ضروری روپیہ بھیجکر گویا اپنا فرض ادا کر دیا تھا، یقین کرتی تھی کہ وہ اب تک فوج سے رہا ہوچکا ہوگا۔ وہ خاموش اور کچھ کھوئی سی نظر آتی تھی اور دن بدن اس کا رنگ زرد ہوتا جا رہا تھا۔ ہم لوگ ایسے سنگ دل بھی نہیں تھے کہ میری کے دل سے لارنس کی یاد محو کرانے کی کوشش کرتے۔

آخر ایک دن وہ واپس آیا۔ (اے کاش وہ مرجاتا!) آج بھی وہ منظر میری آنکھوں میں پھر رہا ہے۔ مئی کا مہینہ تھا، کھیتوں کے کنارے بنفشی رنگ غنچوں کے فرش بچھے ہوئے تھے اور باڑیں سفید پھولوں سے پٹی پڑی تھیں۔

آسمان پر بادلوں کا نام و نشان نہیں تھا اور سورج اپنی پوری آب و تاب سے چمک رہا تھا۔ جنوب کی طرف، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کھیتوں پر سونے کے ورق چڑھا دئے گئے ہیں۔

گاؤں میں بچے بچے کی زبان پر تھا کہ آج لارنس فوج سے واپس آ رہا ہے۔ گاؤں والے خوش تھے کیونکہ لارنس ایک خوش خلق لڑکا تھا اور اب وہ ایک ہیرو کی طرح میدانِ جنگ سے واپس آ رہا ہے۔ اور میری؟ ——— گاؤں میں وہ ہر دل عزیز تھی، بوڑھے، بچے سب اسکو پیار کرنا چاہتے تھے۔

گھاس کاٹنے والے مزدوروں نے درانتی گھاس ہی میں چھوڑ دی، پنسہاری (miners) پن چکیوں (mills) سے باہر نکل آئے، چرواہوں نے بھیڑ بکریوں کو میدان ہی میں چھوڑ دیا، اور اسی طرح سارا گاؤں لارنس کے استقبال کے لئے کھیتوں کے اس پار ایک میدان میں جمع ہوا، اور میری ایک ملکہ کی طرح ہم لوگوں کے درمیان کھڑی تھی۔

ہم لوگوں نے اُس کی خبر سنتے ہی گاؤں کے اخیر پُل کے پاس ایک جھنڈا گاڑ دیا اور آپس میں یہ طے کر لیا تھا کہ خوش آمدید کے گیتوں اور بینڈ باجے کے ساتھ اُسے گاؤں میں لے جائیں۔ میں نے میری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا "میری! خدا کرے، جون کے پہلے ہی ہفتہ میں تمہارا بیاہ ہو جائے"

جب دُور سے ہمیں وہ نظر آیا تو ہم سب نے مل کر خوشی کا ایک فلک بوس نعرہ لگایا۔ لیکن اس کے بعد فوراً ہی مجمع پر موت کا سا سکوت طاری ہو گیا، کیونکہ لارنس کے ہمراہ ایک عورت بھی نظر آئی، جس کے ساتھ وہ آزادانہ ہنستا بولتا ہماری طرف بڑھا آ رہا تھا۔ اب عورت ہمیں صاف نظر آ رہی تھی، اس کی شوخ اور سیاہ بڑی آنکھیں اس کے جنوبی ہونے پر دلالت کرتی تھیں، اور اس کے سر کے بال چاندی کے کانٹوں (pins) سے مزین کئے گئے تھے۔ مجمع میں کانا پھوسی ہونے لگی۔

لیکن جب وہ مجمع کے قریب پہنچا تو شک و شبہ فوراً رفع ہو گیا، کیونکہ اس نے اپنی ہیٹ کو تشکر آمیز تفاخرانہ انداز سے ہوا میں جنبش دیتے ہوئے مجمع کو ان الفاظ میں مخاطب کیا "اس شاندار استقبال کے لئے میں آپ حضرات کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں، اُمید ہے کہ آپ میری بیوی کو بھی خوش آمدید کہیں گے"۔ میری نے یہ الفاظ سُنے۔ اے کاش! وہ ان الفاظ کے بدلے اس کے کلیجے میں برچھی گھونپ دیتا!

اب تو حضرت! میں خدا سے یہی دعا کرتی ہوں کہ وہ شکستہ دلی اور یخ دبیکسی کا ایسا دردناک منظر آئندہ کبھی میری نگاہوں کے روبرو پیش نہ کرے۔ لوگ کہتے ہیں کہ میں سخت دل ہوں اور میں جانتی ہوں کہ یہ سچ ہے۔ لیکن یہ منظر اس قدر رقت انگیز تھا کہ اس کی دید سے پتھر کا دل بھی موم ہو جاتا۔

میرا خیال تھا کہ وہ بے ہوش ہو جائیگی، لیکن اس کی آنکھوں سے ایک آنسو تک نہیں نکلا۔ پہلے تو وہ بھونچکی سی ہو گئی اور پھر خالی نظروں سے ہمارا مُنہ تکنے لگی، گویا اس نے کچھ سمجھا ہی نہیں۔ اس نے دائیں بائیں دیکھا (کاش وہ اسی وقت مر جاتی!) اور اُسکے مُنہ سے ایک ہلکی سی چیخ نکلی، پھر وہ ہجوم میں سے بھاگ نکلی۔

اس کے بعد وہ مہینوں بستر مرض پر پڑی رہی۔ ان دنوں وہ اکثر زیر لب گنگناتی رہتی۔ "لارنس! میں کس قدر محنت و مشقت سے سرمایہ جمع کر رہی ہوں کہ تمہیں فوج سے آزاد کرایا جائے!" زندگی میں کئی دردناک واقعوں سے مجھے سابقہ پڑا ہے۔ لیکن اس سے زیادہ دردناک واقعہ میں نے کبھی دیکھا نہ سنا۔ اور بس، یہ ہے غریب میری کی داستان۔ اب آپ جانتے ہیں کہ وہ کیوں ماری ماری پھرتی ہے۔

(ترجمہ) محبوب علی قریشی۔ ویلور

ساقی بک ڈپو۔ دہلی کی دل کش کتابیں

خانم:- دیورانی جٹھانی کی پُر لطف نوک جھونک۔ چغتائی صاحب کے بچپن دلکش مضامین۔ مجلد سنہری ٹھپہ .. .. قیمت للہ ۴ر

کولتار:- تھی تو بچاری سانولی مگر شریر لڑکوں نے نام "کولتار صاحب" رکھدیا۔ پھر کیسے کیسے مزے کے واقعات رونما ہوئے ایک قیمت ۲ر

ویمپائر:- زانی مرد خونخوار درندے کی طرح ایک بیکس عصمت مآب خاتون پر جھپٹتا ہے۔ اسکی زندگی برباد کرتا ہے۔ مگر .. .. قیمت ۲ر

شریر بیوی:- اس قدر شریر عورت تھی کہ بڑے بڑوں کے کان کاٹتی تھی۔ کیسا کیسا ناک میں دم کیا ہے اس شریر بیوی نے۔ قیمت عہ

روح ظرافت:- "انگوٹھی کی مصیبت" اس کتاب کے آٹھ افسانوں میں سے ایک ہے جس نے یہ افسانہ نہیں پڑھا اسنے اپنے اوپر ظلم کیا۔ قیمت عہ

فل بوٹ:- لڑکی کے پاؤں میں کمبخت ایسا پھنسا کہ غریب کی دنیا ہی بدل گئی۔ شادی ٹھہری کس سے تھی اور ہوئی کس سے۔ قیمت عہ

کمزوری:- عورت کی کمزور فطرت سے شہزور مرد نے ناجائز فائدہ اٹھایا اور اسکی زندگی برباد کردی۔ .. .. .. قیمت ۲ر

روح لطافت:- "مہارانی کا خواب" اس کا پہلا افسانہ ہے۔ ایسا حیرتناک افسانہ آپنے آج تک نہیں پڑھا ہوگا۔ .. .. .. قیمت عہ

جنت کا بھوت:- بی جنت بھی شرارت کی پتلی تھیں۔ بھوت صاحب کا ناک میں دم کردیا۔ پھر کچھ ایسی صورت پیدا ہوئی کہ .. قیمت ۱۲ر

دیکھا جائیگا:- ایک لڑکی پر تین مرد عاشق ہوگئے تو دیکھا جائیگا صاحب کچھ فیصلہ ہی نہیں کرسکے۔ بالآخر یہ طے پایا کہ .. قیمت عہ

ملفوظات طامی:- کتے۔ مرغے۔ مرغیاں اور گھریلو جانور انسانی زبان بولنے لگے۔ کیسی عجیب عجیب باتیں کی ہیں انہوں نے!.. قیمت ۱۲ر

تفویض:- بی۔ اے پاس لڑکی کی شادی مسجد کے ملا سے ہوگئی۔ بس یہ سمجھئے کہ زمین آسمان ایک جگہ ہوگئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ۔ قیمت ۵ر

قرض:- محبت کو کاٹنے والی قینچی کا نام قرض ہے۔ آپنے بہت کہانیاں پڑھی ہونگی مگر ذرا اسکو بھی پڑھکر دیکھئے .. .. قیمت ۵ر

فرزند سرحد:- سرحد کے باشندے عزت کی خاطر موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں ان ہی غیرتمند لوگوں میں سے چند کا ذکر ہے .. .. قیمت ۵ر

قدرداں:- سرزمین ریف کے ایک بہنوئی اور اسکے خطرناک سالوں نے وہ وہ حرکتیں کی ہیں کہ بس حیرت ہے .. .. قیمت ۵ر

مرزا جنگی:- لکھنؤ کے بانکے مرزا جی بھی واللہ عجیب چیز تھے بیٹریں پہنکر انگریزوں سے لڑنے چلے واللہ .. .. قیمت ۲ر

چمکی:- عورت کی فطرت اجاگر ہوجائے پر آن نہ جائے۔ غیرت اور شرافت کی منہ بولتی تصویر چمکی میں دیکھئے .. .. قیمت عہ

چار چاند:- ناصر نذیر فراق مرحوم کے چار نایاب مضامین۔ دلی کی ٹھیٹھ سنہری بیگماتی زبان کے اعلیٰ نمونے .. .. قیمت ۸ر

بدقدرت:- جب انسان انتقام نہیں لے سکتا تو قدرت کا مضبوط ہاتھ ظالم کو سزا دیتا ہے۔ دلچسپ کہانی .. .. قیمت ۵ر

ملنے کا پتہ:- ساقی بک ڈپو۔ دہلی۔

اُردو کی نئی کتابیں جنوری ۱۹۳۸ء

آج کل یہ بات عموماً مان لی گئی ہے، کہ شاعری کے لئے نظم و نثر کی قید نہیں۔ اور شعر کو کلام منظوم کا مترادف خیال کرنا اُس کے میدان کو بہت تنگ بنا دینا ہے۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ نظم و نثر کے فرق کو پہچاننا بہت آسان ہے۔ کیونکہ وہ آنکھ اور کان سے محسوس کیا جا سکتا ہے۔ مگر شاعری کی کوئی ایسی جامع تعریف جس کو ہر شخص تسلیم کرلے میری نظر سے نہیں گذری۔ کوئی شاعری کو جذبات خیال پر منحصر کرتا ہے۔ کوئی تصورات کی کثرت کو شاعری کا مدار قرار دیتا ہے۔ بعض کے خیال میں شاعری سے مُراد الفاظ کی رنگینی اور خوش آہنگی ہے۔ بعض جذباتی اثر و تاثر کو شاعری کی رُوح سمجھتے ہیں۔ کچھ عرصے سے اُردو زبان میں بھی نثر کی شاعری کا بہت رواج ہو گیا ہے۔ اور اکثر ادبی رسالوں اور مخزنوں کے اوراق میں مختصر افسانوں کے بعد اس قسم کی نثر سب سے زیادہ نمایاں معلوم ہوتی ہے۔ عام طور پر لوگ اس رنگِ تحریر کی مقبولیت کو ٹیگور کی ادبیات کا اثر خیال کرتے ہیں۔ لیکن ٹیگور کی منثور شاعری خیالات کی ندرت کے باوجود زبان و بیان میں سادگی سے متصف ہوتی ہے۔ اُردو کے نثر نگار شعرا اس کے برعکس خیالات کی بلندی سے زیادہ شکوہ الفاظ کے گرویدہ نظر آتے ہیں۔ بلکہ بسا اوقات لفظوں کی شان و شوکت خیال کی فروتمائی کے لئے پردہ موجاتی ہے۔ کسی اثر کو قبول کرنے کیلئے اہلیت و استعداد درکار ہے۔ ٹیگور کی تصانیف کے مطالعہ کو فوری طور پر مان لینے کے بعد بھی اس قیاس کی گنجائش ہے کہ اس سے ماقبل اُردو زبان کا ادبی ارتقا ایک ایسی منزل پر پہونچ گیا تھا۔ جو اس نئی اور دلفریب روش سے بہت قریب تھی۔ جدید اُردو ادب پر انگریزی ادبیات کا بہت گہرا اثر ہوا ہے۔ اور دیگر مغربی زبانوں کی ادبیات کا اثر بھی انکے انگریزی ترجموں کے ذریعے سے کم و بیش ہو جاتا ہے۔

ان میں سے اکثر زبانیں شاعری کے معاملے میں نظم و نثر کی حدِ فاصل کو محو کرنے پر آمادہ معلوم ہوتی ہیں۔ اور ہمارے بعض طبعی میلانات ہم کو مغرب کے ان ادیبوں کی جانب زیادہ توجہ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ جو اسلوب بیان میں تصنع اور تکلف کے عادی ہیں۔ علاوہ بریں مغرب سے نئے خیالات کی درآمد کا پہلا اثر تو یہ ہوا کہ ہمارے ادیب اور شاعر نظم و نثر کی قدیم تصنع آمیز روش کو ترک کرکے ان نئے خیالات کو سیدھے سادے انداز میں بیان کرنے کی کوشش میں مصروف ہو گئے۔ اُن کی کوشش کی بدولت اُردو میں اس نئی قسم کی شاعری کا آغاز ہوا جس کو بعض لوگ بیچرل شاعری کہتے ہیں۔ مغربی طرز کی مضمون نگاری کا رواج ہوا جس کا مقصد محض زورِ قلم کا اظہار نہیں بلکہ مفید معلومات اور بار آور خیالات کا فراہم کرنا تھا۔ سوانح نگاری اور تاریخ نویسی نے متعصبانہ لفاظی کو ترک کرکے واقعیت اور صداقت کا راستہ اختیار کیا۔ اور افسانہ نویسی نے قوتِ تخیلہ کے کرشموں سے درگذر کرکے روزمرہ کی زندگی اور انسانی فطرت کا مشاہدہ اور مطالعہ شروع کیا۔

لیکن رفتہ رفتہ ان خارجی تحریکات کا زور ختم ہو گیا۔ اور زبان و ادب میں بھی نئے خیالات کو جذب کرنے کی قوت کم ہو گئی۔ جس طرح جب کسی آدمی کی طبعی اشتہا بے اعتدالی یا مرض کے سبب سے خراب ہو جاتی ہے، تو وہ سادی غذاؤں سے متنفر اور لذیذ کھانوں کی جانب مائل ہو جاتا ہے۔ اس طرح ہمارے ادیب بھی مغرب کے صاف اور سیدھے اسالیب بیان کو ترک کرکے مغرب کے جن جدید اسالیب بیان کی طرف مائل ہو گئے جن کا مقصد نظم و نثر کے فرق کو مٹانا اور وہ نوں کی فہم عامہ سے بالاتر بنانا ہے۔ خیر مغرب تو ان لوگوں کے اسالیب کو موجد ہونے پر فخر کر سکتا ہے کیونکہ ہر ایک یجاد بجائے خود ایک قسم کی ہے لیکن ہم تو جدت کے شرف سے بھی محروم ہیں پھر معلوم نہیں کہ ہمارے ادیبوں کو ان نئی نئی اُلجھنوں میں گرفتار ہونے کا کیوں اس قدر شوق پیدا ہوتا جاتا ہے۔ ہماری ادبیات کی تاریخ میں اس سے پہلے بھی ایک اس قسم کا دور آچکا ہے۔ اُردو شاعری کی ابتدا سب جانتے ہیں کہ فارسی شاعری کے سایہ میں ہوئی۔ اور اُردو کے متقدمین شعرا فارسی شعرا کے مماثل تخیلات کو اُردو زبان میں ظاہر کرنا اپنا مآل کار تصور کرتے تھے۔ لیکن ہر ایک عمل کی ایک انتہا ہوتی ہے۔ اور جب یہ عمل اپنی حد کو پہونچ گیا۔ تو سوائے اس کے کوئی اور چارہ کار متاخرین کے لئے باقی نہیں رہا کہ وہ خیال آفرینی اور خیال بندی کو چھوڑ کر لفظی صنائع اور بدائع کی جانب متوجہ ہوں۔ جس کا ایک نتیجہ اس قماش کی غزلگوئی تھی۔ جو دہلی کی نسبت لکھنؤ میں زیادہ مقبول ہوئی اور دوسرا وہ نثر نگاری جو نظم کی مانند قافیہ اور ردیف کی پابندی کو حسنِ تحریر کا لازمہ خیال کرتی تھی۔

ان تمہیدی تبصرات سے یہ راز ضرور منکشف ہو گیا ہوگا کہ مجھ میں آج کل کی منثور شاعری کو سمجھنے اور اس کی داد دینے کی بہت کم اہلیت ہے اس لئے محکمہ ریڈیو سے ریویو کے لئے ڈاکٹر تاثیر آئیں تو میں یہ دیکھ کر ڈر گیا کہ وہ دونوں ادب لطیف کی اسی صنف سے تعلق رکھتی تھیں۔ ان میں سے ایک مسٹر ایل۔ احمد یعنی لطیف الدین احمد صاحب اکبرآبادی کی نغمات ہے۔ اور دوسری اختر حسین صاحب رائے پوری کی "محبت اور نفرت" موخرالذکر کا ناشر ساقی بک ڈپو دہلی ہے۔ نغمات کے ناشر کا نام کتاب کے ٹائیٹل پیج (روح) پر درج نہیں ہے۔ لیکن آخری صفحے پر جو اشتہار ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کنول بک ڈپو۔ ہیرنگ کی منڈی کا گھر اسے دستیاب ہو سکتی ہے۔ اس ابتدائی خون کے باوجود جس کا کہ میں ابھی ذکر کر چکا ہوں۔ کتابوں کی ظاہری خوشنمائی نے ان کے مطالعہ کے لئے میری بہت ہمت بندھائی اور چونکہ نغمات حجم میں دوسری کتاب سے کم نظر آئی، میں پہلے اسی کی طرف متوجہ ہوا۔ دیباچے میں چند فقرے ایسے دکھائی دئے جن سے میری جسارت میں اور بھی اضافہ ہوا۔ کیونکہ ان فقروں سے مجھے یہ مفہوم ہوا کہ نثر کی شاعری کی عمومی قدر و قیمت کے بارے میں مسٹر ایل۔ احمد بھی میرے ہم خیال ہیں۔ وہ فرماتے ہیں۔ کہ اہل نظر حضرات ضرور محسوس فرمارہے ہوں گے۔ کہ اس وقت اردو میں اس قسم کا جو ادب پیدا ہو رہا ہے۔ وہ ٹیگور کی غلط تقلید ہے جس میں الفاظ کو جمع کر دینا کچھ دشوار نہیں اور انشاء میں معانی کا نہ ہونا اور خیال میں بے ربطی نہ آنے پائے۔ اپنے اور مصنف کے درمیان ہم آہنگی سے متاثر ہو کر میں نے کتاب کا مطالعہ شروع کیا۔ اور ختم کرنے سے پہلے میں اس بات کا قائل ہو گیا کہ اردو نثر کی شاعری ایسی اہل شے نہیں جیسی کہ میں اسکو اپنی قدامت پسندی اور جہالت کی بنا پر تصور کرتا رہا تھا۔ مسٹر ایل۔ احمد کے شاعرانہ پائے جن کو شاید شہ پارے کہنا بیجا نہ ہوگا۔ فی الواقع اس کیف اور جذبہ سے خالی نہیں جس کو شعر کی تکمیل کے لئے ضروری خیال کیا جاتا ہے۔ اور ان کو الفاظ پر وہی قدرت حاصل ہے جو اچھے شعرا کی خصوصیت سمجھی جاتی ہے۔ نغمات مختلف قسم کے ادبی پھولوں کا ایک گلدستہ ہے۔ چند کو مختصر افسانہ خیال کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ ان کی تخیلی نزاکت افسانوی ترکیب اور پیچیدگی کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ چند نثر میں تغزل کا نمونہ خیال کئے جا سکتے ہیں۔ اور بعض زندگی کے منتخب اور خوشنما لمحات ہیں جن کو مصنف نے خوشنما الفاظ میں منسلک کرنے کی کوشش کی ہے۔ طبعزاد مضامین کے ساتھ تراجم بھی ہیں۔ جو بیان اور تخیل میں ان کے ہم رنگ معلوم ہوتے ہیں۔ غرضکہ اس ۱۳۵ صفحہ کے مختصر مجموعے میں تنوع پسند طبائع کی سیری کا خاصہ سامان موجود ہے۔

اختر حسین رائے پوری کی کتاب "محبت اور نفرت" سولہ مختصر افسانوں کا مجموعہ ہے۔ جس کے عنوان کی تشریح دیباچے کے ان فقرات سے ہو سکتی ہے۔ (وہ فرماتے ہیں) زندگی کوئی سیدھی لکیر نہیں ہے۔ اس میں بہت سے پیچ و خم ہوتے ہیں۔ لاتعداد نشیب و فراز۔ اس کے دو رخ ہیں۔ نفرت اور محبت۔ ان فقرات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اختر حسین صاحب کی ادبی کاوش کا مقصد صرف تفریح طبع نہیں بلکہ وہ فلسفہ حیات کی تفسیر کا بھی عزم رکھتے ہیں۔ چنانچہ چند سطریں آگے وہ یہ کہتے ہیں کہ۔ نفرت کے باب میں جو افسانے آئے ہیں ان کی تشریح کے محتاج نہیں۔ اس زمانے کی حقیقت صرف ظالم اور مظلوم کی کشمکش میں پنہاں ہے۔ جان بوجھ کر یا انجان پنے سے دانستہ یا نادانستہ ہر ادیب یا تو ظالم کا طرفدار ہوتا ہے، یا مظلوم کا ہمدم۔ ان اقوال سے صاف ظاہر ہے کہ اختر صاحب دور حاضر کے بعض مغربی مصنفین کی مانند ادب کو سیاسی و اقتصادی جدوجہد کا آئینہ دار بنانا چاہتے ہیں۔ وہ نغمات کے مصنف کی طرح اپنے افسانوں کی فنی حیثیت کیلئے معذرت کا کوئی شائبہ بھی پسند نہیں کرتے بلکہ محکمانہ لہجہ میں فرماتے ہیں کہ۔ اگر لوگ اس صنف یعنی منثور شاعری کی گہرائیوں تک نہیں پہونچ سکتے تو اس سے ان کی کم مائگی کا ثبوت ملتا ہے۔ نہ کہ صنف بذات خود بری ہو جاتی ہے۔ ان کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ۔ شعر منثور شاعری کی سب سے مشکل صنف ہے صرف تخیل کی رنگینی میں موسیقی کا جادو بھرنا بہت دشوار ہے۔ ان کے اس دعوے کو کوئی مانے یا نہ مانے لیکن اس میں شک نہیں کہ محبت اور نفرت کے یہ افسانے اختر صاحب کی شاعرانہ طبیعت اور ادبی استعداد کا بین ثبوت ہیں۔ ان افسانوں اور نغمات کے مضامین کو مطالعہ کرنے کے بعد میرے خیال میں یہ بات ماننی پڑتی ہے کہ اردو نثر میں لطیف جذبات اور دقیق خیالات کے اظہار کی کافی گنجائش ہے۔ لیکن یہ گنجائش بہت کچھ فارسی ترکیبوں اور عربی الفاظ کے استعمال پر منحصر ہے۔ اور اگر ہماری زبان میں سے ان عناصر کو خارج کر دیا جائے تو اس میں اظہار خیال کی قوت کسی قدر محدود ہو جاتی ہے۔

جدید افسانہ نویس کی ایک امتیازی خصوصیت نفسیاتی تجزیہ ہے۔ یعنی اشخاص افسانہ کے کردار کو واضح کرنے کیلئے ان کے

اقوال و افعال کے علاوہ اُن کی قلبی کیفیات اور اُن کے جذبات و محسوسات کو بہت تفصیل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔ اس قسم کے دقیق مضامین کیلئے ہماری شاعری کا سرمایہ بہت کم آمد ثابت ہوتا ہے۔ لیکن ایسا اوقات یہ بھی نہیں ہوتا۔ اور نئی نئی لفظی ترکیبیں، تشبیہات اور استعارے گھڑنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ دونوں زیر تبصرہ کتابوں میں اس قسم کی بہت سی جدتیں موجود ہیں۔ اور بعض وقت مصنفہ نے نئے لفظ کے مفہوم کو ذہن نشین کرنے کے لئے ایک فٹ نوٹ کا اضافہ ضروری خیال کیا ہے۔

اس زبان کی بحث پر مجھے ایک اور کتاب یاد آگئی۔ جس کو شائع ہوئے کچھ بہت زیادہ زمانہ نہیں گذرا۔ اس کا نام محاورات لنسواں ہے۔ اور اُس کی مصنفہ لاہور کی ایک خاتون وزیر بیگم رضیا نامی ہیں۔ اُردو میں بعض ایسے الفاظ اور محاورات ہیں جو زیادہ تر عورتوں کی زبان سے سُننے میں آتے ہیں۔ وزیر بیگم صاحبہ نے ان الفاظ و محاورات کو جمع کر کے اُن کے معنی و محل استعمال کی تشریح کر دی ہے۔ کتاب دیکھنے میں تو مختصر سی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اپنے موضوع کے لحاظ سے خاصی جامع تصور کی جا سکتی ہے۔ اور وزیر بیگم صاحبہ کو اس کی تالیف میں خاص کاوش کرنی پڑی ہوگی۔ کیونکہ اُردو میں ایسی لغت کی کتابیں بہت کمیاب ہیں۔ جن سے انکو اپنی تحقیق و تلاش میں مدد مل سکتی تھی۔ اُمید کہ اُن کی کوشش نہ صرف طبقۂ نسواں میں مقبول ہوگی بلکہ وہ لوگ بھی اس کی داد دیں گے جو اُردو زبان کے علمی مطالعہ کا ذوق رکھتے ہیں۔ کتاب غالباً آوان منزل لاہور سے مل سکتی ہے۔

محمد سعید

پریم سوگ:- محمد صمام الدین خاں صاحب غوری نے یہ ۸۸ صفحے کی چھوٹی سی کتاب لکھی ہے۔ اس میں منشی پریم چند مرحوم کی نجی اور ادبی زندگی کے حالات درج ہیں۔ مصنف نے مرحوم کے حالاتِ زندگی، عادات و خصائل، ادبی ذوق و مطالعہ، ادبی زندگی، افسانہ نویسی، ناول نویسی، اور اُن کے اجزائے ترکیبی، منشی جی کی تصنیف، اُن کا تعلق سینما سے، ادب کے متعلق منشی جی کے خیالات وغیرہ بڑی کاوش سے مرتب کئے ہیں اور سلیقے سے ان پر قلم اُٹھایا ہے۔ اُردو میں اور کوئی کتاب "پریم سوگ" سے بہتر اس موضوع پر نہیں لکھی گئی۔ شروع میں منشی پریم چند مرحوم کی تصویر اور ڈاکٹر زور کا دیباچہ شامل ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ اچھا۔ قیمت ۸ر مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد۔ دکن سے طلب کیجئے۔ "ش"

یادگارِ محشر:- عبید اللہ محشر ایک نوجوان خوشگو شاعر تھے۔ افسوس کہ عمر نے وفا نہ کی اور ۲۳ سال کی عمر میں ۵۲ سال کے باپ اور ۹۸ سال کے ضعیف دادا کو تڑپتا چھوڑ کر راہیِ ملکِ عدم ہوئے۔ مرحوم بی۔ اے۔ کے امتحان کی تیاری کر رہے تھے۔ صرف پانچ دن کی مختصر علالت کے بعد انتقال کیا۔ شعر بہت اچھا کہتے اور زندہ رہتے تو یقیناً اور بھی اچھا کہتے۔ شاید اسی کمال کی وجہ سے زمانے کی نظر انہیں کھا گئی۔ مرحوم ہی کا شعر ہے ؎

تقاضائے ہستی کی بھی لاج رکھ لوں میں ہونے پہ اپنے مٹا چاہتا ہوں

مرحوم کے دوست صادق اشفاق حسین خاں صاحب گورکھپوری نے محشر کا مجموعہ کلام "یادگارِ محشر" کے نام سے شائع کیا ہے جس کو مرنے والے کا نام زندہ دنیا تک زندہ رکھے گا۔ اس مجموعے میں غزلیں، نظمیں، رباعیات، وغیرہ شامل ہیں۔ کتابت و لمباعت اچھی، کاغذ عمدہ۔ جلد مضبوط۔ محشر کی زندگی کی اور ایک مرنے کے بعد کی تصویر دی گئی ہے۔ قیمت درج نہیں ہے۔ غالباً "آسی پریس گورکھپور" سے یادگارِ محشر منگائی جا سکتی ہے۔ "ش"

نورِ مشرق:- جناب مہر لال ضیا۔ ایم۔ اے۔ کا مجموعہ منظومات اس نام سے چھپا ہے۔ ضیا صاحب خوش فکر اور جدت طراز شاعر ہیں۔ ان کے کلام کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی مشہور شاعر کی پیروی، تقلید یا نقالی نہیں کرتے۔ وہ کسی اور کے "رنگ" میں اپنے آپ کو رنگنا نہیں چاہتے۔ بلکہ خود اپنا ایک ڈھنگ، ایک اسلوب رکھتے ہیں۔ مغربی شاعری کے مطالعہ نے اُن کے خیال کے لئے نئی نئی راہیں کھول دی ہیں اور یہ انہی راہوں پر اُردو شاعری کو بھی لیجانا چاہتے ہیں۔ ترقی اسی وقت ممکن ہو جب ہم پرانے ڈھرّوں کو چھوڑ کر نئے نئے راستے نکالیں۔ فرسودہ مفروضوں سے اجتناب ہی نہیں بغاوت کی ضرورت ہے۔ جہاں جمود و سکون ہوتا ہے وہاں ترقی مسدود ہو جاتی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اُردو نظم و نثر دونوں میں انقلاب رونما ہو رہا ہے۔ ضیا کے پیشِ نظر مجموعہ "نورِ مشرق" میں بھی ہمیں اسی انقلاب کی روشنی نظر آتی ہے۔ اور اُمید ہے کہ یہی روشنی ایک دن ہمارے بہت سے شاعروں کے لئے مشعلِ ہدایت کا کام دے گی۔ ضیا کے اشعار میں زندگی کے آثار

اور پیام بیداری ہے۔ انہیں پڑھکر رونے یا سونے کو جی نہیں چاہتا۔ بس یہی اُن کے کلام کی خصوصیت اور کمال کی دلیل ہے۔ شعر و سخن میں جو کشش بیع آبادی، آزاد انصاری، اور منظر صدیقی کے مختصر تعارف نامے ہیں جن سے شاعر اور اُس کے اشعار کو سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ کتاب مجلد ہے۔ قیمت عہ۔ ملنے کا پتہ:۔ بجند لال سونی۔ کٹڑہ کرانہ۔ بھاٹک حبش خاں۔ دہلی

"شش"

مسز گرڈھلے سابق شاہ انگلستان ایڈورڈ ہشتم کی تاج و تخت سے دست برداری ایک ایسا عظیم الشان واقعہ تھا جس نے ساری دُنیا میں ہلچل ڈال دی تھی۔ بچے بچے کی زبان پر اسی کا ذکر اور جگہ جگہ اسی کا چرچا تھا کہ بادشاہ نے ایک عورت کی خاطر اتنی بڑی سلطنت کو چھوڑ دیا۔ یہ خاتون مسز سمپسن تھیں جنہیں شاہ ایڈورڈ اپنی ملکہ بنانا چاہتے تھے۔ لیکن برطانیہ کے شاہی خاندان کے زوداجی قانون نے اس کی اجازت نہیں دی۔ کنٹربری کے لاٹ پادری اس کو مقبول گنتے کہ شاہی قوانین سے بھی بڑا ایک اور قانون ہے۔ اور وہ ہے محبت، جس کا قانون یہ ہے کہ اُس کا کوئی قانون نہیں ہے۔ بادشاہ کے لئے اب صرف دو صورتیں تھیں۔ یا تو اپنی محبوب خاتون کو چھوڑ دے یا تاج و تخت کو۔ یہ محبت اور حکومت کی ایک زبردست ٹکر تھی جس میں محبت فتحمند رہی۔ چنانچہ شاہ ایڈورڈ ہشتم نے ڈیوک آف ونڈسر بننا پسند کیا۔ اور ایک نامعلوم مدت کے لئے اپنے وطن کو خیرباد کہکر آسٹریا میں سکونت اختیار کی۔ یہیں اُنہوں نے سابق مسز سمپسن کو اپنی محبوب شریک حیات یعنی ڈچز آف ونڈسر بنایا اور یہ سنجوگ دُنیا کی نظروں میں مفتخر ہو کر سمایا۔

مختصر الفاظ میں واقعہ صرف اتنا ہی تھا۔ افسانہ نگار کے لئے اسے طرح طرح سے پیش کرنے کی بہت گنجائش تھی۔ مرزا عظیم بیگ صاحب جیسے افسانہ طراز نے شاہ ایڈورڈ کا عالمگیر واقعہ سُنکر اپنے دیس کی سوکھی پر نظر ڈالی تو رسم و رواج کی تباہ کاری کی ایک دردناک مثال انہیں نظر آئی جسے انہوں نے اپنے مخصوص طرز انشا میں کہانی کا من بھاتا جوڑا پہنایا۔ کتاب کے آخری ابواب میں اُنہوں نے اپنے اصل مقصد کو بڑی عمدگی سے واضح کیا ہے۔ شاہ ایڈورڈ کی خدمت میں یہ مکتوب اس لئے پیش کیا ہے کہ اُنہوں نے شاہی روایات قدیم کی پابندی کر کے انصاف کا خون اور اپنے دل کا خون نہیں کیا۔ چغتائی صاحب کا ہیرو بھی حق و صداقت کے لئے سماج کے رسمی قوانین سے بغاوت کرتا ہے اور گھر بار، عزیز رشتہ دار، ماں باپ، بھائی بہن، دوست احباب، روپیہ پیسہ غرض سب کچھ تج دیتا ہے اور اُس عورت کا ہو رہتا ہے جسے اُس کا دل چاہتا ہے۔ مذہب اُس سے شادی کرنے کی اجازت دیتا ہے مگر ہم راہ جاہل مولوی اس کو حد درجہ مذموم سمجھکر ناجائز قرار دیتا ہے۔ چغتائی صاحب کے اس افسانے کا ہیرو اگر اپنا آئیڈیل کسی کو بناسکتا ہو تو وہ ڈیوک آف ونڈسر (سابق شاہ انگلستان ایڈورڈ ہشتم) ہی ہو سکتے ہیں۔ یہ طویل مکتوب غالباً اسی وجہ سے اُن کی خدمت میں پیش کیا گیا ہو۔

یہ کتاب کم و بیش ایک سال پہلے شائع ہونے والی تھی لیکن چغتائی صاحب اس کا مسودہ مکمل کرنے نہیں پائے تھے کہ اُنکی خطرناک علالت کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اور اُنہیں مجبوراً قلم رکھدینا پڑا۔ عرصہ کے آخیر میں اُن کی زیست کی اُمید بندھی اور اپنے معالجوں سے مخفیہ خفیہ اُنہوں نے کتاب کے آخری ابواب لکھکر مکمل کئے۔ مجھے اُمید ہے کہ جس طرح اُن کی اور تصانیف مقبول عام ہیں "مسز گرڈھلے" بھی ہاتھوں ہاتھ لی جائے گی۔ بلکہ شاید ان سے بھی زیادہ اس کی قدر کی جائے کیونکہ اس کتاب میں اُن کے فن کی پختگی زیادہ نمایاں ہے۔

قیمت عہ۔ ملنے کا پتہ:۔ سانی بک ڈپو۔ دہلی۔

"شش"

حیدر علی محمود خاں صاحب محمود (بارسٹن) جنہوں نے کچھ زیادہ عرصہ نہیں ہوا "تاریخ سلطنت خداداد" لکھکر اُردو کے سرمایۂ تاریخ میں ایک عمدہ کتاب کا اضافہ کیا تھا نے "حیدر علی" کے نام سے ایک دلکش مختصر ناول لکھا ہے جس میں حیدر علی بانی سلطنت خداداد کے عہد حکومت کی ایک رومانی کہانی سُنائی ہے۔ یہ کہانی تاریخی شواہد و واقعات سے مُرتّب کی گئی ہے۔ واقعات یوں ہیں کہ "بلور کا راجہ مراتو جن بسویا نامی کم عمر لڑکا جسے راجدانے متبنیٰ بنالیا تھا تخت کا وارث ہوا۔ بیوہ رانی فوجداں اور عیاش تھی۔ اُس نے اپنے برہمن آشنا کی مدد سے جن بسویا کو مروا دیا۔ مگر دراصل وہ مرا نہیں اور آگے چلکر حیدر علی کی مدد سے بدنور کا مالک بنا۔" ناول نویس نے منظر کشی اور کردار نگاری میں کوشش کی ہے۔ اور اس لحاظ سے کہ جنوبی ہند سے پہلا اُردو ناول شائع ہوا بہت قابل قدر ہے۔ ضخامت ۱۸۴ صفحات اور قیمت صرف ۸ر جو بہت کم ہے۔ ملنے کا پتہ:۔ محمد سراج الدین۔ بک سیلر۔ ڈکنسن روڈ۔ بنگلور۔

"شش"

دو دوائیں جنکا دنیا میں جواب نہیں

نوجوان

عام طبائی کمزوری اور طاقت مردانگی کے لئے اس قدر مفید ہے کہ کسیر بھی اسکا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ بے حد مقوی مُسکن، دشمنِ پیشابی ہے۔ بچپنے، بڑھاپے، جوانی میں دو گھنٹہ کھانے سے قبل عادت ہوجانے پر نوراً دو قرص استعمال کرنے سے ۲۴ قرص مفید۔

جل جلان

خارش خشک و تر داد، گنج، پھوڑے، پھنسی، پرگری، دانے جمائیں، کیل، مہاسے، سوزاک، آتشک، گلٹیاں، قوتِ انسار، برص، اور جذام۔ غرض فساد خون سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ قیمت شیشی ۱۲ قرص پندرہ آنے

جمیلان

عالیجناب مسیح الملک حکیم جمیل خان صاحب سرپرست ہندوستانی دواخانہ دہلی

کا وہ نسخہ جس سے دولاکھ مریضان جریان کو اب تک آرام و فائدہ ہوچکا ہے

جریان کا نتیجہ کیا ہے؟ دل و دماغ و جگر کا کمزور ہوجانا۔ باضمہ کا بیگاڑ۔ حافظہ کی خرابی۔ ہمت کی پستی۔ طبیعت کی سستی۔ اولاد سے محرومی۔ جوڑوں کا درد اور عام ناتوانی بھر رقتہ رقتہ یا تو دیا یا جنون یا کوئی سخت بیماری مثلاً دق و سل وغیرہ۔ اگر آپ کو جریان کی شکایت ہو تو فوراً توجہ کیجئے۔ آج ہی اس دوا کا استعمال شروع کردیجئے۔ جمیلان مرض جریان کی بہترین اور کامیاب ترین دوا ثابت ہوچکی ہے۔ جس سے اب تک دو لاکھ بیماروں نے فائدہ اٹھایا ہے۔ جریان چاہے پرانا ہوچکا ہو یا نیا ہر حالت میں اس سے فائدہ ہوجاتا ہے۔ رقتہ رقتہ دل و دماغ کی کمزوری اور اعضاء کا اضمحلال دور ہوکر تندرستی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔ قبض پیدا نہیں ہوتا۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ غذا اچھی طرح ہضم ہوتی ہے۔ زرد چہرہ پر سرخی جھلکنے لگتی ہے جریان کی دواؤں میں جمیلان سب سے بہتر ثابت ہوئی ہے۔

ترکیب استعمال:- دو قرص صبح دو دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
ترشی، تیل، گرم اور ثقیل چیزوں سے پرہیز۔

طلا عجیب

اُن لوگوں کیلئے جو اپنے باتھ اپنی مٹی خراب کر چکے ہیں اور غلط کاریوں نے انھیں کسی قابل نہیں رکھا ہے۔

طلا عجیب نئی زندگی کا حکم رکھتا ہے۔ مضمحل کی کمی۔ لاغری کمزوری اور کھانسی دور ہوجاتی ہے۔ اور لوگوں سے ملنے قابل خارج ہوکر از سر نو طاقت حاصل ہوجاتی ہے۔ قیمت شیشی ۴ ماشہ چار روپے

طلا زود اثر

یہ طلا اُن لوگوں کیلئے ہے۔ جن میں سُستی اور جوش کی کمی پائی جاتی ہے اس کے استعمال سے پہلی رات میں اثر ظاہر ہوتا ہے۔ مسلسل استعمال سے کمزوری سُستی۔ رگ اور پٹھوں کی خرابیاں دُور ہوجاتی ہیں۔ نہایت مفید چیز ہے قیمت شیشی ایک ماشہ بارہ آنے۔

حب مُسک مُشکی

یہ گولیاں وقت پریشانی سے بچالیتی ہیں۔ سرعت کی شکایت بالکل دُور ہوجاتی ہے۔ تمام مضر صحت مادہ کی چیزوں سے پاک ہیں۔ انکی بدولت اُن لوگوں نے جوانی کمزوری کی وجہ سے آباد خود کشی تھی وقت پر خاطر خواہ کامیابی حاصل کی ہے قیمت شیشی دوگولی ایک روپیہ

قرص عجیب

آج تک دُنیا میں کثرت احتلام کی اس سے بہتر دوا دریافت نہیں ہوئی۔ عرصہ دراز کی شکایت چند خوراکوں میں جاتی رہتی ہے۔ رقت و سرعت بھی کم نہیں کرتی ہے۔ ایسی گہری دوا ہے کہ سونی صدی کامیاب ہوتی ہے۔ قیمت شیشی ۱۲ قرص بارہ آنے۔

قیمت شیشی بتیس ۳۲ قرص
چار روپے اٹھ آنے

کا پتہ
مینجر ہندوستانی دواخانہ پوسٹ بکس نمبر ۲۵ دہلی

چندہ سالانہ پانچ روپیہ شمالی ہند بمعہ محصول ڈاک
قیمت فی پرچہ چھ آنہ

جرعات

ممالک غیر سے ۱۲ شلنگ
نمونہ کا پرچہ مفت بھیجا جاتا ہے

جلد ۱۷ | ساقی دہلی ۔ بابت ماہ مارچ سنہ ۱۹۳۲ء | نمبر ۳

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اولیں	شاہد	(۲)
(۲)	تعلیم کے باب میں باپوں کا بیٹوں سے معاملہ ..	شمس العلماء مولانا عبد الرحمن مدظلہ صدر شعبہ السنہ دلی یونیورسٹی	(۳)
(۳)	دلِ غیور کا داغ	جناب امین حزیں	(۷)
(۴)	شانِ تغزل	جناب گنگا دھر ناتھ فرحت کانپوری ۔ بی ٹے ۔ ایل ایل ۔ بی ..	(۸)
(۵)	سیرگاہ	جناب ایم ۔ سلم	(۹)
(۶)	چار فارسی مقولے اُردو میں	جناب ولی احمد خانصاحب ایم ۔ اے ، ایل ایل ۔ بی ..	(۱۱)
(۷)	شعلۂ سوزاں	جناب صادق الخیری دہلوی ایم ۔ اے ..	(۱۳)
(۸)	مسز کڑھلے کے چار باب	مصور ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی بی ٹے ۔ ایل ایل ۔ بی	(۱۷)
(۹)	اُن کی آمد	جناب الطاف مشہدی	(۲۴)
(۱۰)	اُردو کے عناصر خمسہ اور بہترین انشا پرداز ..	جناب حفیظ نعیمی بی ۔ اے	(۲۵)
(۱۱)	دلی کی سیر	جناب اختر انصاری بی ۔ اے (آنرز)	(۳۴)
(۱۲)	جاپانی سیاہ خطرہ	پروفیسر محمد مسلم ایم ۔ اے	(۳۷)
(۱۳)	شادی	جناب منظر حسن بی ۔ اے ۔ ایم ، ای ، ڈی ..	(۳۹)
(۱۴)	کی کا احساس	جناب سید علی منظور (حیدر آبادی)	(۴۵)
(۱۵)	اُردو رسم الخط کے اختلافات	جناب منظور حسین ماہر القادری	(۴۶)
(۱۶)	خوابوں کا مندر	جناب شانتی سروپ کیف	(۵۰)
(۱۷)	ڈھیٹ	محترمہ عصمت چغتائی ۔ بی ۔ اے	(۵۱)
(۱۸)	تخیلات	جناب محسن اعظم گڑھی	(۵۵)
(۱۹)	زنخ اور فطری زیان	جناب چراغ علی صاحب	(۵۶)
(۲۰)	سجنی	جناب بہزاد لکھنوی	(۶۲)
(۲۱)	زندگی اور اس کی سرگذشت	جناب آغا محمد رضا جعفری	(۶۷)
(۲۲)	حسن	جناب عرش تھوری	(۷۲)
(۲۳)	نوائے فراق	پروفیسر رگھوپتی سہائے فراق ایم ۔ اے	(۷۵)
(۲۴)	بمبئی کرمکان	جناب سید ابو طاہر بی ، ایس سی	(۷۶)
(۲۵)	عظمت	جناب محمد صفات علی خاں	(۷۸)
(۲۶)	نیکی	محترمہ میس قیصر احمد	(۸۰)
(۲۷)	بلوہ	جناب محمد جعفر بجنوری	(۸۸)
(۲۸)	نقد و تبصرہ	"ش"	(۹۰)
(۲۹)	اشتہارات	مشتہرین	(۹۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

منشی پریم چند آنجہانی کی یادگار میں رسالہ زمانہ کانپور کا "پریم چند نمبر" شائع ہوا ہے۔ اِس خاص نمبر کا انتظار کچھ اوپر ایک سال سے کیا جا رہا تھا۔ بمصداق دیر آید دُرست آید "پریم چند نمبر" مضامین کے اعتبار سے مرحوم کے شایانِ شان شائع ہوا۔ اِس خاص نمبر کے تین حصّے ہیں۔ پہلے حصّے میں منشی جی کے واقعاتِ زندگی درج ہیں۔ خود نوشت حالات کے بعد اِس حصّے میں ایڈیٹر زمانہ کا بسیط مضمون بہت قابلِ قدر ہے۔ ایڈیٹر زمانہ کو منشی پریم چند سے تیس سال تک نہایت پُرخلوص سابقہ رہا۔ اِسلئے منشی دیا نرائن نگم سے بہتر منشی پریم چند کو اور کون جان سکتا ہے۔ انہوں نے اپنے مضمون میں مرحوم کی زندگی کے ہر پہلو پر اظہارِ خیال فرمایا ہے۔ اِس خاص نمبر میں اگر صرف یہی ایک مضمون ہوتا تب بھی یہ اشاعت کامیاب کہلاتی۔ مسز پریم چند نے مرحوم کے آخری وقت کی نہایت رقّت انگیز تصویر پیش کی ہے۔ پندرہ بیس اور مضمون نگاروں نے بھی اِس حصّہ میں خامہ فرسائی کی ہے، مگر بیشتر حضرات نے مرحوم سے خواہ مخواہ رشتہ جوڑنے کی کوشش کی ہے۔ ایک صاحب فرماتے ہیں کہ وہ عرصے تک میرے پاس آتے رہے اور میری بات بہت مانتے تھے، ایک اور صاحب فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے میری فلاں تصنیف کا کچھ حصّہ سُنا اور بہت تعریف کی۔ اور بعض بُزرگوں کے مضامین سے تو خودستائی کی بساند آتی ہے۔ ان کے مضامین پڑھیئے تو یہ سمجھ میں آتا ہے کہ منشی جی مرحوم اِس لئے ایک بڑے آدمی تھے کہ وہ اُنکے دوست تھے۔ مگر یہ غنیمت ہے کہ یہ لغویت صرف دو ایک ہی مضمونوں میں نظر آتی ہے۔ دوسرے حصّے میں منشی جی کے ادبی کارناموں پر نقد و تبصرہ کیا گیا ہے۔ بعض مضامین محنت سے لکھے گئے ہیں۔ حصّہ سوم میں ماتمی نظمیں اور قطعاتِ تاریخِ وفات وغیرہ شامل ہیں۔ منشی جی کی کئی تصویریں بھی چھاپی گئی ہیں۔ مرنے سے کچھ دن پہلے کی تصویر بہت دردناک ہے۔ پرچے کی مجموعی ضخامت ۲۵۲ صفحات ہے۔ اور قیمت غیر۔ بہتر ہوتا کہ میلے اور سستے کاغذ پر شائع کرنے کی بجائے یہ یادگار نمبر معمولی سفید کاغذ پر شائع کیا جاتا۔ قیمت میں اس کی گنجائش نظر آتی ہے۔

بعض ہندو مضمون نگاروں نے اپنی بے تعصّبی کا ثبوت نہیں دیا۔ کسی نے اُردو کی بے لچکی پر اصرار کیا ہے اور کسی نے اُردو پبلشرز کی بدمعاملگی کو اُجاگر کیا ہے۔ کسی نے اُردو و ہندی کا مقابلہ کر کے ہندی کو ساتویں آسمان سے اوپر اور اُردو کو تحت الثریٰ سے نیچے دکھایا ہے۔ بھلا اِس ہرزہ سرائی کی کیا ضرورت تھی۔ منشی جی مرحوم کے ایک سے زیادہ خطوط گواہ ہیں کہ ہندی سے بھی اُنہیں وہی تکلیفیں پہونچیں جو اُردو سے پہونچیں۔ خود مرحوم نے ہندی رسائل جاری کئے اور ہندی پریس لگایا مگر ہمیشہ ہزاروں سے نقصان اُٹھایا۔ یہاں تک کہ اِسی ہندی کی خاطر اُنہیں گھر بار چھوڑ کر سال بھر بمبئی میں فلم کمپنی کی مُلازمت کرنی پڑی۔ جب جا کر قرض سے جان چھوٹی۔ اور جان کیا چھوٹی وہیں سے صحت بگڑنی شروع ہوئی اور پھر آخر تک سنبھلی ہی نہیں۔ خود زبانی جب جامعہ ملیہ میں اُن سے ذکر آیا تو مرحوم نے فرمایا تھا کہ ہندی کی حالت اُردو سے اچھی نہیں ہے اور راقم الحروف نے جب اُن سے اُردو سے رُوگردانی کا شکوہ کیا تو مرحوم نے فرمایا تھا کہ میں اب بھی جتنا اُردو میں لکھتا ہوں ہندی میں نہیں لکھتا۔ اور یقیناً (بقیہ بر صفحہ ۹۴)

تعلیم کے باب میں باپوں کا بیٹوں سے معاملہ اور آجکل اُسکا ماحصل

بزرگوں سے سُنا تھا۔ اور تجربہ سے صحیح ثابت ہوا۔ کہ آدمی کبھی دل سے نہیں چاہتا کہ کوئی اُس سے بڑھ جائے۔ لیکن اولاد خاص کر بیٹے کیلئے بڑے سے بڑے اور اچھے سے اچھے آدمی کی دلی تمنّا اور آرزو یہی ہوتی ہے۔ کہ بیٹا اُس سے بھی اچھا ہو۔ بڑھے اور اتنا بڑھے کہ دُنیا جہان سے اونچا ہو جائے۔ اور پھر یہ آرزو یہی نہیں کرتا بلکہ اپنے بوتے بساط کے موافق ہر باپ کم و بیش اس کی کوشش بھی کرتا ہے۔ اور اُسکو بڑھتا دیکھکر باغ باغ ہوتا ہے۔ اور اس کے بڑھنے کو خود اپنا بڑھنا سمجھتا ہے۔ اسی لئے اُس پر فخر و ناز کرتا ہے۔ کہتے ہیں سبب اس کا یہ ہے کہ وہ اولاد خاص کر بیٹے کو اپنا وجود ثانی تصوّر کرتا ہے۔ بات بالکل سچی ہے۔ لیکن شاید کوئی کہنے لگے کہ حقیقت یہ ہے تو باپوں کا معاملہ بیٹوں سے تجارت کا سا معاملہ نہ ہونا چاہیئے تھا۔ اور دیکھنے میں اکثر یہی آتا ہے۔ کہ باپ بیٹوں سے اچھا خاصہ تجارت کا سا معاملہ کرتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ وہ ان کی تربیت میں تعلیم میں بڑے بڑے دُکھ اُٹھاتے اور اکثر بڑی بڑی قربانیاں کرتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی کیا وہ بیٹوں سے مادّی و اخلاقی یا کم از کم اخلاقی بدلے کی توقع نہیں رکھتے یہ توقع تاجرانہ معاملہ نہیں تو کیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ یہ بھی صحیح ہے لیکن اس میں بُرائی کیا ہے۔ آخر آدمی جو سعی و قربانی خود اپنے فائدہ کے لئے کرتا ہے اُس سے بھی تو نفع کی توقع رکھتا ہے۔ اور اگر نفع اُٹھاتا ہے اور خاطر خواہ نفع پاتا ہے تو خوش ہوتا ہے۔ ورنہ پژمردہ غمزدہ ہو کر رہ جاتا ہے۔ جب خود اپنے ساتھ اس کا یہ معاملہ ہے تو اگر وہ اپنی اُس کوشش و قربانی کو بھی جو وہ بیٹوں کی فلاح و بہبود کے لئے کرتا ہے۔ اسی پیمانے سے ناپنے لگے یا ناپتا ہے جس سے کہ اپنی ذاتی بھلائی کی سعی کو ناپتا ہے تو کیا بیجا کرتا ہے۔ اور اس سے کہاں لازم آتا ہے۔ کہ وہ اولاد کو اپنا وجود ثانی تصوّر نہیں کرتا۔ یا اولاد سے مہر و محبت نہیں رکھتا۔ تاہم یہ بات بالکل صحیح ہے کہ باپ کے جذبات اولاد کے ساتھ ایک حد تک تاجرانہ بھی ہوتے ہیں۔ خواہ وہ کبھی کبھی مہر و محبت کے پردے میں چُھپے ہوئے ہی کیوں نہ ہوں اور جب اولاد کی تعلیم و تربیت کم و بیش ایک قسم کی تجارت ہے تو اس میں نفع نقصان کا ہونا بھی لازمی ہے۔ دُنیا میں وہ کونسی تجارت ہے جس میں ہمیشہ فائدہ ہی فائدہ ہو اور نقصان کبھی اُٹھانا ہی نہ پڑے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا تعلیم بھی وہ جنس ہے جس کی تجارت میں نقصان ہو سکے۔

کہتے ہیں کہ علم یا تعلیم کا اصل ماحصل وہ چیز ہے۔ جسکا ایک ذرّہ بھی سونے کے پہاڑوں سے زیادہ قیمتی ہے۔ یہ بھی صحیح ہے۔ لیکن یہ عالم عقل و روحانیات کی باتیں ہیں۔ اس مادّی عملی دُنیا میں روپیہ پیسہ بھی بڑی چیز ہے۔ سُنا نہیں "کوڑی نہیں

نوکوڑی کے پھر تین تین ہیں"۔ اور آجکل تعلیم کا مدار ہے روپیہ پیسہ پر اور روپیہ پیسہ وہ چیز ہے جہاں کسی معاملہ میں اسکا قدم آیا اور معاملہ سنگین ہوگیا۔ یہی وجہ ہے کہ اندنوں تعلیم کے خرچ اور اس کے ماحصل کا سوال پہلے سے زیادہ اہم ہوگیا ہے اور اصل باقی کا گوشوارہ پیش نظر رکھنا ہی پڑتا ہے۔

سُنا ہے ہندوستان میں ایک زمانہ ست جگ کا ایسا بھی گزرا ہے۔ کہ باپ اپنے بیٹوں کو تارک الدُنیا ودھوان گروؤں کے پاس جاکر چھوڑ آتے اور بے فکر ہوکر اپنے گھر آبیٹھتے۔ گرو اور چیلے کوئی کائے پال لیتے۔ اُس کے دودھ، جنگل کے پھل پھلار ساگ پات پر زندگی بسر کرتے پڑھتے پڑھاتے، گیان دھیان سے کام ہوتا اور بس پھر وہ زمانہ آیا کہ راجے مہاراجے، دہن دولت والے گروؤں اور چیلوں دونوں کی ناگزیر ضروریات زندگی کا سرانجام کرتے۔ ودیارتھی ودھوانوں کے پاس جاتے۔ ان کے مٹھوں اور پاٹشالوں میں رہتے اور اپنی اپنی استعداد کے موافق اُستادوں کی خاک قدم سے علم کے جوہر روتے کوئی پوٹ باندھتا کوئی دامن بھرتا پھر کر گھر آتے تو اپنے پرائے سب خوشیاں مناتے۔ اور جو دولت علم کے حریص بندے اُستادوں کی خدمت کو چھوڑنا نہیں چاہتے وہ اُستادوں کی گدیاں پاتے اور ان کے جانشین کہلاتے اور یہی سب سے زیادہ عزت و احترام کے سزاوار ٹھیرتے اور وہ زمانہ تو ابھی دور نہیں گیا ہے جبکہ امیروں کی صحبت اور ان کی خیرات وصدقات کے طفیل میں غریب بھی وقت کی اعلیٰ تعلیم مفت پالیا کرتے تھے۔ اس لئے ان دنوں تعلیم کا ماحصل بھی لین دین کی ترازو میں نہیں تولا جاتا تھا۔

خود میرے ایک اُستاد خُدا غریق رحمت کرے فرماتے تھے: "پڑھنے کا شوق تھا اور آئے دن مولانا عبدالحی مرحوم کے درس کی داستانیں سُنتا تھا۔ جی چاہتا تھا کہ کسی طرح لکھنؤ پہنچوں۔ گھر والے نہ مدد کا ذمہ لیتے تھے نہ جانے کی اجازت دیتے تھے۔

شوق نے بہت ستایا تو گھر سے کچھ روپیہ چُرایا۔ اور لکھنؤ پہنچ کر حلقہ درس میں جا بیٹھا۔ لیکن جیب روز بروز ہلکی ہونے لگی۔ لوگوں سے ملے جلے اور چند ہی دنوں میں ایک بزرگ کی سفارش پر ایک نواب صاحب کے ہاں کی تحصیل ہمیں مل گئی ہم نے خدا کا شکر کیا اور بے فکر ہوکر پڑھنے لگے۔"

بہت ممکن ہے آپ تحصیل کے معنی نہ سمجھے ہوں میں خود بھی غلط سمجھ چکا ہوں۔ یہ تقریر تقریباً انہیں الفاظ میں میں نے اب سے کوئی اکتالیس برس پہلے حضرت مولانا سے سُنی اور یہ وہ زمانہ تھا۔ کہ جو کچھ پڑھنا پڑھانا تھا میں تقریباً پڑھ چکا تھا۔ باایں ہمہ میں لفظ تحصیل سے یہی سمجھا کہ مولوی صاحب کسی نواب صاحب کے ہاں تحصیلدار ہوگئے۔ اس سے دل میں خیال آیا اور بار بار آیا کہ ہمارے مولوی صاحب خدا کے فضل سے اول دن سے خوش قسمت ہیں۔ گھر سے بھاگے تو پڑھنے کو۔ پردیس پہونچے دیر نہیں ہوئی تھی کہ تحصیلدار ہوگئے۔ خیر سے پڑھتے بھی تھے اور تحصیل [redacted] چپڑی اور دو۔ دو، ہم خرما وہم ثواب، کچھ دن گذرنے کے بعد اتفاق سے پھر لکھنؤ اور تحصیل کا [redacted] لیا۔ اور اس طرح آیا کہ تحصیل کے معنی بھی مولوی صاحب نے بیان کئے مجھے ہنسی آگئی اور باوجود اپنی غربت کے کچھ ایسی ہنسی آئی کہ زبان تک کاٹ لی مگر ہنسی کو نہ رُکنا تھا نہ رُکی۔ اٹھنا چاہا کہ مولانا کے

سامنے سے دُور تو ہو جاؤں تو وہ خود بھی ہنس پڑے۔ اس وقت کی حماقت اور اس دن کی ندامت آج تک یاد ہے۔ اور جب خیال آجاتا ہے۔ باوجود اس ندامت کے جو اُٹھا چکا ہوں ہنسی آجاتی ہے۔ کبھی اپنی جہالت پر اور کبھی ایک تحصیلداری پر جو بیش ازیں نہ تھی۔ کہ کسی بھلے آدمی کی سفارش پر ایک نواب صاحب کے ہاں سے ہمارے مولوی صاحب کا ایک دقتی کھانا مقرر ہو گیا تھا۔ آپ ہی انصاف کیجئے۔ کہاں ایک تحصیل کا پرشکوہ لفظ اور کہاں یہ معنی ایک پڑھا لکھا آدمی اور پھر بایں خرّہ کہ..... ہم بھی ہیں پانچویں سواروں میں۔ تحصیل کے معنی سمجھے کچھ اور وہ نکلیں کچھ اور وہ بھی ایسے رکیک وحقیر، میں اس شاندار تحصیل کا حال معلوم ہونے پر ہنس نہ پڑتا تو کیا کرتا۔

یہ تھا ہماری اعلیٰ تعلیم کی زندگی کا معیار۔ مانا کہ عام نہ تھا۔ اس واقعہ کو تو کوئی ستّر برس ہوئے ہونگے۔ لیکن ہمارے ہاں کے طرز قدیم کے مدارس کا اب بھی یہی حال ہے۔ مدارس اہل خیر کی اعانت پر قائم ہیں۔ امیر غریب سب مفت پڑھتے ہیں۔ کچھ اپنا کھاتے ہیں۔ کچھ وظائف پاتے ہیں۔ بہت سے اسی قسم کی ایک دو تحصیل سے گزارا کرتے ہیں۔ مگر دلّی میں یہ لفظ اب اس معنی میں نہیں بولا جاتا۔ ستّر برس پہلے کی خبر نہیں۔ کبھی یورپ میں بھی مدارس و متعلمین کا یہی حال تھا۔ موجودہ یونیورسٹیوں کے اوقاف جن کے سہارے پر کبھی وہ بنی تھیں۔ اہل خیر ہی کے صدقات کا نتیجہ ہیں۔ فضیلت کی گون کے ساتھ پس پشت گلے میں لٹکا ہوا۔ جو ہڈاب تک نظر آتا ہے۔ باخبر لوگ کہتے ہیں۔ ——————

——— زمانہ قدیم کی اسی قسم کی تحصیل کی جھولی کی یادگار چلا آتا ہے۔ جب تک تعلیمی مصارف کا یہ حال رہا تعلیم کا ماحصل بھی زیادہ تر علم ہی کے معیار سے ناپا گیا۔ زمانے کے ساتھ ساتھ مصارف بدلے تو وہ معیار بھی بدل گیا۔

ان دنوں مروجہ مغربی تعلیم اسکول کی بھی اتنے مہنگے مول ملتی ہے کہ ہمارے ہاں کے غریب کیا اوسط طبقہ کے لوگ بھی چیخ اُٹھتے ہیں۔ یونیورسٹی کی اعلیٰ تعلیم کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ یونیورسٹی میں ایک نوجوان کو بھیجنا دروازے پر ایک ہاتھی باندھ لینے کے برابر ہے۔ تکمیل پھر بھی نہیں ہوتی۔ اُس کے لئے ولایت جانا چاہیئے اور ولایت کا نام لیا اور ہزاروں کا خرچ سامنے آکھڑا ہوا پھر بتایئے ہماری موجودہ تعلیم تجارت نہیں تو اور کیا ہے۔ اور کیوں اس کے ماحصل کو چاندی سونے کے سکّوں سے نہ تولا جائے۔

جن باپوں نے محض علم کے لئے اپنی اولاد کو تعلیم دی یا دیتے رہے اگرچہ مجھے شُبہ ہے کہ ایسا ہوتا ہے۔ وہ بہرحال گھاٹے میں ہیں اس لئے کہ علم کے مقابلے میں روپیہ کوئی چیز نہیں یا نہیں ہونا چاہیئے۔ طالب علم کو علم مل گیا سب کچھ ملگیا۔ اگرچہ اہل علم بھی مدّتوں سے کہتے آئے ہیں ؎

مرا تجربہ معلوم گشت آخر حال ؛ کہ قدر مرد بعلم است و قدر علم بہ مال

ہمیں تجربہ سے جو کچھ معلوم ہوا وہ یہ ہے۔ کہ آدمی کی قدر و منزلت علم سے ہے اور علم کی مال سے لیکن [redacted] علم کے نام سے آج کل ہندوستان میں ہو رہی ہے۔ میں نہیں کہتا کہ وہ واقعی علم [redacted] ہے لیکن یہ بھی بالکل صحیح ہے کہ مقصود بالذات اس کا علم نہیں۔ اس کا مقصود بالذات جو کچھ رہا [redacted] حاصل حد تک پڑھنا اور پھر اسکو مصنوعات کی طرح بازار میں بیچنا رہا ہے۔ نہ کہ علم کی طرح علم میں لانا اور اُس کے نشے میں اپنی کھال میں

مست رہنا۔ شان و مال نہ ہو نہ سہی۔ اسی لئے یہ تعلیم یا پڑھنا لکھنا ایک صنعت و حرفت کا قائم مقام بن گیا ہے۔ اور صنعت و حرفت کا حال معلوم۔ بازار کی ضرورت اور ضرورت کی مقدار اس کی قیمت مقرر کرتی ہے جس قدر فراواں ہوگی۔ اسی قدر ارزاں یا ارزانگاں ہوتی چلی جائے گی۔ یہی حال ہمارے ہاں اس تعلیم کا ہوا۔ اور ہوگا۔

یہی جدید تعلیم تھی اور اس وقت سے بھی ناقص تھی جب تک ملک میں اُس کی ضرورت اور مانگ رہی۔ اور زیادہ رہی اس صنعت اور تجارت سے بھی لوگ مالا مال بلکہ نہال ہوتے رہتے۔ کوڑیاں اُٹھائیں اور اشرفیاں رولیں۔ کچھ پیسے کے روپے بننے لگے۔ بازار کا یہ حال بھی سالہا سال رہا۔ اب تعلیم کی کثرت ہوگئی ہے۔ اور پیداوار بازار میں ضرورت سے زیادہ آنے لگی ہے۔ اس لئے عام جنس کی قیمت اتنی گر گئی ہے کہ اکثر لاگت بھی نہیں پٹتی ..... کبھی سودا نے کہا تھا ؎

بے زری کا نہ کر گلہ غافل ؛ رکھ تسلی کہ یوں مقدر تھا

اکثر سنا ہے کہ پہلے لوگ اب سے زیادہ قانع تھے۔ مقدر پر بھی زیادہ ایمان و اعتقاد رکھتے تھے اس زمانے میں بھی اس نصیحت پر عمل کرنے والے کم ہی نکلے ہونگے۔ اب تو نہ قناعت باقی ہے نہ مقدر کا ایمان۔ فیشن اور ترغیبات کی بہتات نے بلند خیالی یا حرص و ہوا کو پہلے سے بہت زیادہ بڑھایا ہے۔ تعلیم پانے والے اور تعلیم دلوانے والے کیسے تسلی رکھیں اور کیسے کہیں ؎

نوکری کا نہ کر گلہ غافل ؛ رکھ تسلی کہ یوں مقدر تھا

اسی لئے ہم دیکھتے ہیں۔ کہ بہت سے باپ اپنی تجارت سے پشیمان ہیں۔ اور بہت سے بیٹے اپنے ہنر کی کساد بازاری سے نالاں اور تعلیم یافتہ طبقہ کو کام نہ ملنے کا سوال مزدوروں کی بیکاری کے مسئلہ سے بھی زیادہ اہم ہو چلا ہے حالانکہ ابھی ان کی اس قدر کساد بازاری نہیں ہے۔ جتنی ان کے شور پکار سے معلوم ہوتی ہے قاعدہ ہے کہ جب کوئی چیز نئی نئی بازار میں آتی ہے۔ اور اُس کی ضرورت بھی زیادہ ہوتی ہے تو اچھی بُری سب بازار میں کھپ جاتی ہے۔ مگر جب ضرورت سے زیادہ بازار میں پہونچ جاتی ہے تو باوجود ضرورت کے بھی طرفہ اور تحفہ جنس ہی کی نکاسی ہو سکتی ہے۔ تعلیم یافتہ طبقہ بھی آجکل اسی دور سے گزر رہا ہے۔ اب بھی جو جنس بازار میں واقعی اچھی آتی ہے بک جاتی ہے۔ اس سے گھٹیا بھی اونے پونے لاگ لپیٹ سے کہیں نہ کہیں لگ جاتی ہے۔ اور ممکن ہے کہ ابھی کچھ دنوں ایسی جنس کم و بیش کھپ جایا کرے۔ لیکن یہ خیال کہ آئندہ ساری پیداوار کھپ جائے گی اور قیمت بھی حاصی پاتی رہے گی غلط اور سراسر غلط۔ اس لئے اب بایوں کو بہت سوچ کر اعلیٰ تعلیم کی تجارت کے میدان میں قدم رکھنا چاہیئے اور صرف بہتر سے بہتر جنس بازار میں لانی چاہیئے اور وہ بھی صرف اتنی کہ اِدھر آئے اُدھر نکل جائے کہ مقابلہ روز بروز سخت ہوتا جاتا ہے۔

یہ ہے ہمارے مشا[illegible] اور ہماری رائے۔ اسی پر ہم نے عمل کیا اگرچہ بادلِ ناشاد۔

عبدالرحمٰن

"دلِ غیور کا داغ"

شکستِ دل کی صدا آہ سرد و نالۂ نیں
دلِ غیور سے باغِ حیات کا لالہ
دلِ غیور ہے باغِ حیات کا لالہ
نہیں وہ داغ ذرا داغِ جمالِ لالہ نہیں

جو آنسوؤں کی ہو دل دادہ آنکھ آنکھ نہیں
رہی جو بجھنے پہ آمادہ آنکھ آنکھ نہیں
وہی ہے آنکھ ہے ماحول جس کے زیرِ نظر
جو نم نہ ہو کبھی ہو دل سادہ آنکھ آنکھ نہیں

چراغِ بزمِ جہاں ہے دلِ غیور کا داغ
مثالِ عمل ہادی جس میں ہے وہ ایماں
پروانۂ جرأتِ بے باک کا ہے نہ منیر
اسی کے نور سے پُر نور ہے سواد و باغ

دلِ غیور کا داغ اک چراغِ روشن ہے
کلیمِ کا یہ بیضا ہے طورِ ایمن ہے
یہی وہ داغ ہے جو وادیٔ عمل میں ہے
عقاب بہت مرد آزما کا نشیمن ہے

امین حزیں

شانِ تغزل

ترا جلوہ شام و سحر دیکھتے ہیں
سلیقے سے شمس و قمر دیکھتے ہیں

پہنچنا ہے دل تک نظر دیکھتے ہیں
کدھر دیکھنا تھا کدھر دیکھتے ہیں

محبّت کا اُن پر اثر دیکھتے ہیں
ملا کر نظر سے نظر دیکھتے ہیں

تجھے دیکھنے والے یوں تو بہت ہیں
مگر ہم بہ رنگِ دگر دیکھتے ہیں

یہ ہم اور تمہاری یہ بے التفاتی
نہیں دیکھ سکتے مگر دیکھتے ہیں

جو ہیں نکتہ چیں، وہ کریں نکتہ چینی
جو اہلِ ہنر ہیں ہنر دیکھتے ہیں

زمانہ نہیں نازِ معشوقیت کا
کہ اب خوردبیں سے کمر دیکھتے ہیں

ابھی تک تو جی ہم نے کھویا نہیں ہے
ابھی ضبطِ غم کا اثر دیکھتے ہیں

نہیں میری فرحت خبر ہو تو کیونکر
جو اخبار پڑھ کر خبر دیکھتے ہیں

یہ جنوں اور یہ شبابِ خلوص
انتہائی ہے اضطرابِ خلوص

رازِ اُلفت ہے خود حجابِ خلوص
ہائے کیونکر اُٹھے نقابِ خلوص

اُنکی آنکھوں میں ہو شبابِ خلوص
ہر نظر ہو اِک آفتابِ خلوص

جان ہو وقفِ اضطرابِ خلوص
میری ہستی ہو ایک بابِ خلوص

کتنے احباب دے چکے دھوکا
پھر بھی میں دیکھتا ہوں خوابِ خلوص

اب جو جی چاہے وہ سزا دیں آپ
ہے مرا جرم، ارتکابِ خلوص

دلِ مجبور کے لئے آخر
ذرّہ ذرّہ ہو آفتابِ خلوص

میرے احباب سے بچا مجھ کو
آہ! اے دورِ انقلابِ خلوص

اور سب زندگی میں ممکن ہے
غیر ممکن ہے اجتنابِ خلوص

یہ زمانہ نہیں ہے تیرے لئے
فرحتِ خانماں خرابِ خلوص

فرحت کانپوری

سیر گاہ

دُنیا ایک سیر گاہ ہے

یہ تو ہم نے بھی کسی حکیم سے سُن رکھا ہے۔ لیکن آپ دیکھینگے کہ یہ سیر گاہیں جہاں عوام الناس بھی اُمرا کی طرح جا سکتے ہیں تشریف شریف لے جا سکتے ہیں اکثر ایسے متلون مزاج لوگوں سے آباد نظر آتی ہیں جو یا تو اپنے نفس کی بداعمالیوں سے پس خوردہ نہ تو بہ! فریب خوردہ محبت ہونگے۔ یا وہ بھلے آدمی ہونگے جنہیں دُنیا جہان میں گھوما گھامی کے سوا اور کوئی کام ہی نہ ہو۔ یا کچھ اپنی عظمت گذشتہ کے پنشن یافتہ عہدہ دار ہونگے۔ یا وہ شریف لوگ ہونگے جنکے متعلق آج سے کوئی نصف صدی پیشتر ایک حکیم فرما گئے تھے کہ ع

عشق بھی ناک میں بیٹھا ہو نظر بازوں کی!

اور حقیقت میں ہے بھی کچھ ایسا ہی۔ وہ لوگ جو عیش و عشرت کی داد دے چکے ہوں اور دُنیا کے مزے لُوٹ لُوٹ کر بالکل ہی ناکارہ (حضرت ناکارہ نہیں) ہو چکے ہوں۔ یا وہ تجربہ کار بزرگ جو حضرت عشق کے رموز کم و کیف خوب سمجھتے ہوں، یا اللہ میاں کے وہ فرشتہ سیرت بندے جن کی کسی زمانے میں شرافت اور انکسار دیکھ دیکھکر ع

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی

بار بار زبان پر آیا کرتا تھا۔ یا وہ اللہ کے پیارے جو بیوی کی کرامت سے گھر میں قدم رکھتے ہی "یا وحشت" پکار اُٹھیں، یا وہ برخوردار اور نورِ چشم جو ماسٹر جی کی مار کے خوف سے مدرسے سے غائب رہیں، انہی سیر گاہوں میں آپ کو سگرٹ پیتے۔ تاش کھیلتے۔ جمائیاں لیتے یا مُنہ کھول کھول کر ہوا پھانکتے نظر آئیں گے۔

رہے ہمارے ادیب اور شاعر لوگ! ان قسمت کے ماروں کو تو جناب بُوم کی طرح صرف ویرانہ ہی پسند ہوتا ہے جس طرح آج کل ہمارے پیروں کی خالقاہوں سے دن دہاڑے ہُو حق کا شور اُٹھنے لگتا ہے اسی طرح ان لوگوں کے من کا کنول بھی اُجڑے دیاروں میں ہی کھلتا ہے۔ جہاں اہل قلم حضرات فکرِ سُخن کے لئے تشریف لے جاتے ہیں۔ اور اگر آپ عقل کے تال صاف کر کے دیکھیں تو یہ نکتہ فوراً ریزش کی طرح آپ کے دماغ میں اُتر آئے گا کہ وہ ادبا و شعرا و بیاں جنہیں شومئی قسمت سے دوسروں کے لئے ایک رومان خیز دُنیا آباد کرنی ہوتی ہے اور شعار شیریں بیاں جنہیں ہماری اور آپ کی خوش قسمتی سے ایک دُنیا کے لئے رنگ برنگ کے موچھوں والے اور "بن موچھے" معشوق پیدا کرنے ہوں اگر ویرانے آباد نہ کریں تو ان اختراعات اور ایجادات کی داغ بیل کیسے پڑے۔

اکثر لوگوں کو یہ دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ یہ ادیب اور شاعر لوگ عموماً ایسی صحبتوں سے گریز کرتے ہیں جہاں سہ پہر دار بھونرے بھنبھناتے نظر آتے ہوں۔ تو عرض یہ ہے کہ اس میں حیران ہونے کی تو کوئی بات ہی نہیں۔ کیونکہ ان بزرگوں کی نگاہ میں یہ آپ کے اہل ثروت تو کسی قطار شمار میں ہی نہیں آتے۔ آپ جانئے! جب اسی کنبے میں سے ایک بزرگ کسی ہندو کے خال پر سمرقند اور بخارا تک بخشد یئے پر آمادہ ہو گئے تھے تو کب کسی اور کو خاطر میں لائیں گے۔

یہی حال ہمارے ادیبوں کا ہے۔ دُور کیوں جایئے! یہ تو کل

ہی کی بات ہے کہ دہلی سے جناب شوکت کچھ بڑی ہی شان و شوکت سے ایک "تقریر براڈ کاسٹ" کر رہے تھے۔ اور ہم بھی کہیں پاس ہی لاہور بیٹھے سُن رہے تھے۔ آپ جوشِ جنوں نہ تو بہ! جوشِ عبودیت سے انسان سے گھوڑا بنے بیٹھے تھے۔ یعنی "اگر ہم گھوڑا ہوتے!" تو سوال یہ ہے کہ جب ایک پڑھا لکھا آدمی اسپِ تازی بننے کے خواب دیکھ رہا ہو خواہ اسپِ بے دُم ہی سہی تو اسے آپ ایسے آدمیوں کی صحبت کب گوارا ہوگی۔ لیکن شوکت صاحب نے گھوڑا بن جانے کے بعد جہاں اپنے "اسپیانہ" کمالات کا ذکرِ خیر کیا تھا کیا اچھا ہوتا جو یہ بھی فرما دیتے کہ اگر ہم گھوڑا ہوتے تو جہاں کہیں ہندی ہندوستانی مادیان کا اجتماع ہوتا مارے دولتیوں کے کُنبے کے کُنبے کا دماغ درست کر دیتے۔ بہرکیف ایک دیرینہ نیازمند ہونے کے باعث ہم خدا سے بشرطیکہ خدا نے توفیق دی تو کسی روز نماز پڑھے بغیر ہی یہ دُعا کرینگے کہ اللہ میاں عرب کے مشہور مشہور گھوڑوں کے صدقے میں ہمارے ایک بھائی کی تمنا جلدی پوری کر دے۔ اور جو ہو سکے تو "ولیز بناد ے چشم دوستاں روشن دل دوستاں شاد!

ہاں! معاف فرمایئے! بات تو کچھ ہو رہی تھی سیر گاہوں کی اور ذکر لے بیٹھے ہم پڑھے لکھے گھوڑوں کا۔ لیکن سیر گاہوں میں بھی تو اکثر گھوڑے دوڑے گھس ہی آیا کرتے ہیں اسلئے معذرت کی تو چنداں ضرورت نہ تھی۔ خیر! رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت!! تو جناب متذکرہ صدر مخلوقات کے علاوہ آپ کو ان سیر گاہوں میں مختلف قوم کی ترقی پسند چھوٹی بڑی عورات (یہ مذکرات کے وزن پر ہے) بھی نظر آئینگی۔ ان میں بیاہی ہوئی بھی ہونگی اور بیاہی جانے والی بھی ہونگی۔ کچھ "کھسیانی بلی کھمبا نوچنے" کے ٹائپ کی بھی ہونگی۔ اور کچھ شوخ بالی عمر والیاں بھی ہونگی۔ شکر کیجئے کہ کہیں بال کٹی نظر نہ آئینگی۔ کیونکہ اگر ان ترقی پسند بیبیوں نے بال کاٹنے بھی شروع کر دئے تو آپ جانتے ملک کی ناک بھی کٹ جائے تو کچھ تعجب نہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ملک کی ناک ہے بھی کہیں۔ ملک کی ناک پر پہلے تو اسی روز سیفٹی ریزر چل گیا تھا جس روز ہندو مسلمان کا بکھیڑا پیدا ہوا تھا اور پھر آج ہندی اُردو کے جھگڑے نے تو رہی سہی بھی کاٹ کر رکھدی ہے۔ لیکن بے حیا کی بلا دُور۔ غم کرے ہماری بیزار! کیونکہ بقول آتش ع۔

بے حیائی سے مگر ناک نہیں کٹتی ہے!

تو آج ۱۹۳۸ء میں ملک کی ترقی کا راز صرف سیر سپاٹے ہی میں نظر آ رہا ہے۔ حالانکہ ملک میں آزادی کی جنگ کا طبل بج رہا ہے، گوہے پھٹا ہوا ہی۔ لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کس قسم کی آزادی چاہتے ہیں۔ جس ملک کی عورتیں آزاد ہوں اور ہو رہی ہوں وہ کبھی "نیم آزاد" نہیں کہلا سکتا۔ اور جناب! یہ اسی سیر سپاٹے اور سیر گاہوں کی کرامت ہے کہ دیویاں دیوں سے بھی دو قدم آگے آزادی کی راہ پر گامزن نظر آتی ہیں۔ ہاں! یہ اور بات ہے کہ ؎

وہ چیز نام ہی جسکا جہاں میں آزادی
سُنی ضرور ہر دیکھی نہیں کہیں میں نے

اور چونکہ شنیدہ کے بود مانند دیدہ! عموماً بوڑھے بوڑھے ان پڑھے بزرگ فرمایا کرتے ہیں اسلئے آپ بھی چھوڑیئے اس بحث کو اور چلئے ذرا تماشہ[1] ہی دیکھ آئیں۔ کیونکہ آزادی کے روح پرور

---

[1] شاہد صاحب اور تماشہ۔ ارے معاذ اللہ!!

چار فارسی مقولے اُردو میں

فارسی اور ہندی کے اختلاط سے جس طرح اُردو مستقلاً ایک زبان بن گئی ہے۔ اکثر فارسی ہندی ترکیبیں۔ محاورے، مقولے جوں کے توں اس میں بولے جاتے ہیں۔ ہر چیز کی شانِ نزول ہوتی ہے۔ محاورے اور مقولے بھی کسی نہ کسی واقعہ پر مبنی و موضوع ہوتے ہیں۔ ہندی کہاوتوں کی کہانیاں تو اکثر سُنائی جا چکی ہیں۔ اب میں دو چار فارسی مقولے سُناتا ہوں اور وہ داستان بھی جس موقع پر کہ یہ وضع ہوئے ہیں۔ اور اب تک اُردو میں بیساختہ بولے جاتے ہیں۔ جو لوگ فارسی پڑھے ہوئے نہیں ہیں اُن کی زبان پر بھی اکثر یہ مقولے چڑھے ہوئے ہیں۔ جن مقولوں کے متعلق میں کہہ رہا ہوں، یہ اصل میں مصرع ہیں اور اس قدر مقبول ہیں کہ بطور ضرب المثل کے بیساختہ بولے جاتے ہیں۔ حضرت مولانا روم نے اپنی مثنوی کے پہلے دفتر کی پہلی حکایت جو منظوم کی ہے، اُس میں سے میں نے یہ چار مصرعے منتخب کئے ہیں جو ہر خاص و عام کے زبان زد ہیں۔ حکایت میں جس موقع پر وہ مصرع رکھا گیا ہے میں اُسی جگہ مختصر سی تفسیر کے ساتھ اُس کا شانِ نزول بیان کرونگا۔ حضرت مولانا فرماتے ہیں کہ ایک بادشاہ اپنے شہر سے باہر شام کے وقت تفریح کے لئے گیا۔ بیرون شہر ایک بڑا قافلہ ڈیرہ ڈالے ہوئے پڑا تھا۔ بہت سے لونڈی غلام بھی فروخت کے لئے تھے۔ اُن میں ایک نہایت حسین و طرحدار لونڈی پر بادشاہ کی نظر پڑی۔ چشم افتادن ہماں دل دادن ہماں، پہلی نگاہ میں ہی اُس کی محبت میں مُبتلا ہو گیا۔ اور مُنہ مانگے مول اُس کو لے لیا۔ محل میں لاکر سر آنکھوں پر بٹھایا۔ ہر قسم کے عیش و راحت کے سامان مہیا کر دئے۔ سارا ملک و مال ہی نہیں بلکہ اپنی جسم و جان بھی اُس کی تحویل میں دیدیا۔ اور اُس حُسن کی دیوی کی پرستش کرنے لگا۔ مگر لونڈی کے لئے عیش بھی اندوہ فزا ہو گیا۔ روز بروز گھلتی ہی چلی جاتی تھی، ہڈی سے چمڑا لگ گیا۔ صاحب فراش ہو گئی۔ ملک بھر کے اچھے اچھے حاذق طبیب و حکیم معالجہ کے لئے جمع کئے گئے۔ مشورہ سے علاج ہوا کیا۔ لیکن ہر تدبیر اُلٹی پڑتی تھی۔ اور اطباء عاجز آ چکے تھے۔ کوئی تدبیر تجویز صحیح نہیں اُترتی تھی۔ اِس موقعہ پر کہا ہے کہ مصرع چوں قضا آید طبیب ابلہ شود۔ جب موت آتی ہے تو حکیموں کی عقل پر پتھر پڑ جاتے ہیں۔ اور ہر چیز کی تاثیر برعکس ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ اسی کے ساتھ مولانا نے فرمایا کہ مصرع روغن بادام خشکی می نمود۔ حالانکہ روغن بادام کا کام ہے خشکی دفع کرنا۔ مگر مرض الموت میں سرکہ سے صفرا اور بادام روغن سے خشکی بڑھ جاتی ہے۔ معالجوں کی بیچارگی و بے بسی سے بادشاہ کو بے حد فکر و تشویش ہوئی اور بے اختیار دوڑتا ہوا مسجد میں گیا اور نہایت الحاح و زاری سے دست بدعا ہوا۔ فرطِ الم سے روتے روتے وہیں آنکھ لگ گئی۔ خواب میں ایک بزرگ کو دیکھا۔ وہ کہنے لگے کہ کل صبح سب سے پہلا آدمی جو شہر میں داخل ہوگا وہ ہی اس لونڈی کا علاج کریگا۔ بادشاہ سحر کے وقت شہر پناہ کے دروازہ پر جا کھڑا ہوا اور سب سے پہلے جو شخص شہر میں داخل ہوا اُسکو نہایت عزت و احترام سے محل میں لے آیا۔ اُس شخص نے لونڈی کی نبض پر ہاتھ رکھکر دیر تک شہروں کے نام لئے۔ اور کیفیت نبض سے محسوس کرتا رہا، بالآخر سمرقند کے نام سے چہرہ اور نبض میں تغیر ہوا۔ اُس شخص نے ایسی دلجوئی اور دانائی کی کہ تفصیل سے سب حال

معلوم کر لیا۔ اور یہ انکشاف ہوا کہ سمرقند کے ایک جوان وجمیل تاجر سے لونڈی کو عشق ہے۔ مولانا عشق کی تعریف میں لکھتے ہیں کہ عقل اس کی شرح سے عاجز ہے۔ محبّت آپ ہی اپنی تفسیر ہے۔ مصرع آفتاب آمد دلیلِ آفتاب۔ بدیہات کے لئے استدلال کی ضرورت نہیں۔ بداہت کا احساس وادراک خود بخود ہو جاتا ہے۔ شدت غم ہجراں نے لونڈی کو قرینِ قبر کر دیا تھا، اور صحت یابی کے لئے کوئی چارہ باقی نہیں تھا سوائے اس کے کہ مطلوب کو پاس لایا جائے۔ اُس مرد زیرک نے بادشاہ کو مشورہ دیا کہ اُس تاجر کو جس طرح ہو سکے بُلوایا جائے۔ بادشاہ نے بصرف زر کثیر قاصد بھیجکر اُسے بُلوا لیا۔ اور لونڈی کے پاس پہونچا دیا۔ لونڈی اُس کو دیکھتے ہی اچھی خاصی ہو گئی۔ تاجر لونڈی کے پاس رہنے لگا۔ حُسن کی تجلیاں اور شباب کی مستیاں تھیں ؎

قدم ڈگمگائے نظر بہکی بہکی ❊ جوانی کا عالم ہے سرشاریاں ہیں

مرد مصلحت بیں نے اُس جوان وجمیل تاجر کو غذا میں ایسی ادویات کھلائیں کہ رفتہ رفتہ اس کی توانائی وخوبروئی سب رُخصت ہوئی۔ اور وہ کریہہ منظر ہو کر رہ گیا۔ اب جو وہ لونڈی کے پاس جاتا ہے تو لونڈی اُسے مُنہ نہیں لگاتی ؎

خُدا کی شان ہے اللہ اکبر اے تری قدرت ❊ ہمارے نام سے اب ہاتھ وہ کانوں پہ دھرتے ہیں

نتیجہ یہ نکلا کہ لونڈی کو تاجر سے نفرت ہو گئی اور اُس نے قطعاً اُس سے ترک تعلق کر لیا۔ جمال جسمانی اور حُسن ظاہری کے لئے مولانا فرماتے ہیں کہ دُنیا کی ہر شے زوال پذیر ہے۔ ہر لمحہ تغیر والقلاب ہوتا رہتا ہے، کوئی چیز اپنی حالت پر قائم نہیں رہتی۔ جمال وجوانی عارضی بہار ہوتی ہے۔ جس محبّت کی بنیاد بہار مستعار پر ہو وہ دیر تک کیونکر باقی رہ سکتی ہے؟ عشق تو حسن مطلق اور جمال کامل کے ساتھ ہی شایاں ہے۔ وہ ہی اصل حسن ہے اُسی کا وجود باقی رہنے والا ہے، اُسی کے ساتھ محبّت بھی قائم رہتی ہے۔ ؎ اندیشہ غلط ہے کہ حُسن مطلق تک رسائی کہاں؟ مصرع برکریماں کارہا دشوار نیست۔ اہل کرم کے لئے کوئی کام مشکل نہیں ہے۔

ولی احمد خاں۔

کیا آپ اُداس رہتے ہیں

ناکارہ حیدرآبادی کی قہقہہ خیز کتاب "صمدانی" پڑھیئے جس میں مندرجۂ ذیل مضامین شامل ہیں:- چچا آبا۔ مس شہاب ثاقب۔ تماشے پر تماشہ۔ مشرقی اور مغربی تہذیب کی ٹکر۔ ناشادی۔ حمدانی، بی۔اے۔ بی پی۔ ہر مضمون کشت زعفران ہے۔ سنجیدہ ظرافت کے ایسے پاکیزہ اور دلکش مضامین آپ نے کبھی اور مزاح نگار کے نہیں پڑھے ہونگے۔ لطف یہ ہے کہ ہر مضمون بجائے خود ایک مکمل افسانہ ہے اور ساتوں مضمون ملکر ایک طویل ولطیف افسانہ بن جاتے ہیں۔ گویا ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔ ناممکن ہے کہ "صمدانی" کے مطالعہ کے بعد آپ کی افسردگی باقی رہ جائے۔ اُردو کی بہترین مزاحیہ کتابوں میں سے "صمدانی" بھی ایک ہے۔ قیمت عہ محصول ڈاک ۵ر

ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی۔

شعلۂ سوزاں

پروین کے ناسمجھ دل میں عمر کے ساتھ ساتھ یہ آرزو بھی جوان ہو رہی تھی کہ وہ اور مسعود جلد از جلد رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو جائیں۔

وہ اس کا ماموں زاد بھائی تھا، نوجوان اور ہنس مکھ۔ وہ غریب گھرانے کی لڑکی تھی، شوخ اور حسین۔ وہ دونوں بچپن کے ساتھی تھے اور انہوں نے نہر کے کنارے ریت کے چھوٹے چھوٹے گھروندے بنا کر اکثر میاں بیوی کا سوانگ بھرا تھا۔ پروین محبت کے معصوم گہوارے میں پل رہی تھی، ایک ایسے گہوارے میں جس کی طرف عورت فطرتاً مائل ہوتی ہے، اور مسعود کی محبت ایک ایسے خمیر سے تیار ہو رہی تھی جو جوانی کے نشے میں مخمور اکثر مردوں کا خاصہ ہوتا ہے۔ آغازِ شباب سے پہلے چاندنی راتوں میں اُن دونوں کی ملاقاتیں اس طرح پُراسرار ہوتی تھیں گویا دو پاکباز روحیں کسی فردوسی درخت کے سایہ تلے سرگوشی میں مصروف ہیں اور یہ معصوم سرگوشیاں آہستہ آہستہ ہمیشہ کے لئے لامتناہی محبت میں تبدیل ہو جائیں گی ——— مگر جوں جوں وقت گذر رہا تھا اُن دونوں کے راستے علیحدہ اور دُور ہوتے جا رہے تھے۔

تعلیم و تربیت نے پروین کو بے باک اور خودسر نہیں کیا، پڑھ لکھ کر بھی وہ دبی دبائی الھڑ اور وفا شعار رہی، لیکن کالج کی ہوا نے مسعود کے خیالات میں پُرمعصیت تبدیلی پیدا کر دی۔ اور یوں بھی وہ دولتمند والدین کا بیٹا تھا، بھلا امارت اس کا دماغ بھی خراب نہ کرتی تو اور کیا کرتی؟ جب تک اُن کے والدین کی ایک سی حالت رہی وہ دونوں ایک دوسرے سے منسوب رہے مگر جب مسعود کے باپ نے مفلسی کے کھنڈر سمار کر کے امارت کے کاخِ بلند کھڑے کئے، ان کی نسبت چھٹ گئی۔ پھر دوستوں کی صحبت نے بچپن کی فریب دریا سے پاک باتیں بھلا دیں اور پروین کی بھولی بھالی صورت مسعود کے دل سے ایک مدھم نقش کی طرح مٹ گئی۔

کچھ اس لئے کہ اُن لوگوں میں جوان بیٹی کا ناکتخدا رکھنا معیوب سمجھا جاتا تھا اور کچھ اس خیال سے کہ مسعود کی نسبت چھٹ جانیکا قلق جسقدر جلد ممکن ہو زائل ہو جائے، پروین کی شادی قاسم سے کر دی گئی جو تعلیم یافتہ اور خوبصورت تھا۔ پروین کو اس سے مسرت ہوئی اور نہ رنج۔ مسرت اسلئے نہیں کہ وہ ایک دوسرے شخص کے ساتھ تمام عمر رہنا چاہتی تھی اور رنج اسلئے نہیں کہ خود مسعود وعدہ وفا ٹھکرا کر ایک اونچے گھرانے کی بیٹی بیاہ لایا تھا۔ قاسم سے شادی ہو جانے کے بعد بھی وہ قسمت کی بیٹی رہی، کیونکہ اُسکے شوہر نے اُسے کبھی اپنی رفیقِ حیات ہی نہ سمجھا، بس وہ آپس میں اس طرح رہتے تھے جیسے کوئی دو مسافر راہ چلتے ایک دوسرے کو پہچان گئے ہوں۔ کبھی کبھی تو قاسم اسکے ساتھ غیروں کا سا سلوک کرتا، لیکن اسپر بھی وہ بیچاری کبھی شاکی نہ ہوئی۔ اور ہوتی بھی کیسے، آخر کو تو وہ مسلمان کوک سے پیدا ہوئی تھی۔

اُس شام قاسم خلافِ معمول سویرے سے گھر واپس آگیا۔ اس نے دہلیز میں قدم رکھا ہی تھا کہ اس کی آنکھوں نے دیکھا ــــ دیکھا کہ پڑوس کے پاس ایک نوعمر شخص بیٹھا ہے اور اُس کی آنکھوں میں شباب کی چمک اور بشرے سے کسی مکروہ عزم کی جھلک ہویدا ہے۔ وہ متحیر ہوا اور اس کے دلمیں طیش کروٹیں لینے لگا۔ یکبارگی اس کی نظر پڑوس پر پڑی۔ وہ مجسم معصومیت اس طرح سرنگوں تھی کہ بیکسی اور خلوص کا امتزاج اس کے چہرے پر ایک خاموش تلاطم پیدا کر رہا تھا۔ اُس نے سر اُونچا کیا اور بولی ــــ قاسم پردے کی آڑ میں چھُپ گیا۔

"تم مجھے کہاں لے چلوگے؟"

"ہم کسی نامعلوم شہر میں چلے جائیں گے۔" نوجوان نے کہا "ایک ایسی جگہ جہاں عزیز و اقارب ہمارا کھوج نہ پاسکیں گے اور وہاں ....."

"اُف! ــــ" وہ بات کاٹ کر اس طرح بولی گویا اُسے کوئی روحانی تکلیف پہونچی ہے۔ "تمہارا مطلب یہ ہے ــ؟ کہ میں تمہارے ساتھ بھاگ چلوں؟ ..... مسعود! یہ بات تمہاری زبان سے ادا کیسے ہوگئی؟"

"ادا کیسے نہ ہوتی؟" مسعود نے اپنا ہاتھ پڑوس کے ہاتھ کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا "سماج نے ہم دونوں کو علیحدہ کردیا حالانکہ ہم بچپن سے آپسمیں منسوب تھے۔"

"سماج کو کیوں بُرا کہتے ہو؟" پڑوس اپنا ہاتھ کھینچتے ہوئے بولی "جب تم نے دوسری جگہ شادی کرلی تو کیا تمہاری یہ اُمید کہ میرے ماں باپ مجھے بے بیاہی رکھتے؟ ــــ خیر چھوڑو ان باتوں کو! مجھے افسوس ہے میں تمہاری بات پہلے نہ سمجھ سکی، آہ! تم مجھے میرے شوہر سے چھڑانا چاہتے ہو؟"

"لیکن تمہیں اپنے شوہر سے محبت تو نہیں ہے۔" وہ بے باک ہوکر کہنے لگا۔ "اور وہ ــــ وہ وحشی تم سے شوہروں کا سا سلوک بھی تو نہیں کرتا۔ تم اُسے ــــ؟"

"مسعود! ــ" پڑوس چیخ کر کہنے لگی گویا کسی نے اس کی سخت توہین کی ہو۔ "تم یہ کیا کہہ رہے ہو؟ اپنے جذبات کو آپے سے باہر نہ ہونے دو۔ میرا شوہر کیسا ہی سہی، یہ ہم دونوں کا معاملہ ہے، کسی اور کو اسپر رائے زنی کی ضرورت نہیں۔"

"کیا وہ رات رات بھر آوارگی کرتا نہیں پھرتا؟ اُس نے کبھی تمہارے پاس بیٹھکر تمہارے دل کی آواز بھی سُنی؟" مسعود نے تنفر آمیز لہجہ میں کہا۔

"تمہارے سوالات بے معنی ہیں۔" وہ نیچی نگاہ کئے کہتی رہی "وہ اکثر گھر سے باہر بھی تو نہیں نکلتے۔ اکثر انکی راتیں یہیں بسر ہوتی ہیں۔ رہی میری باتیں، تو دل کی دھڑکن کے لئے گویائی ضروری نہیں۔ یہ کیسے ممکن ہو کہ ساز نغمہ پیدا کرے اور فضا مرتعش نہ ہو۔ اب نہ سہی، پھر سہی، اُنکا قلب کبھی نہ کبھی متاثر ہوکر رہیگا ــــ اور پھر میں تو ہر طرح خوش ہوں۔ مجھے ان سے کوئی شکایت نہیں۔" کہنے کو کیا ہے، چاہے جو کہہ لو۔" اُس نے اُس سے بھڑکر کہا اور کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد آہ سرد کھینچی ..... "پڑوس!..... تم مجھے بچپن سے چاہتی ہو، آخر میرا کہا کیوں نہیں مان لیتیں؟" اُس کے لبوں پر حسرت کھنڈ گئی اور وہ ہولے ہولے کہنے لگی "مسعود! یہ سچ ہے میں تمہیں چاہتی تھی لیکن تم نے اسکی قدر نہیں کی۔ اپنے عہد و پیمان کا تمہیں پاس نہ رہا۔

جوانی اور دولت نے تمہیں محبت کے صحیح معنے جاننے نہ دیئے۔ تمہیں کیا معلوم، تمہاری شادی سے میرے دل پر کیا کچھ گذری۔ جب میں نے تمہیں خوش و خرم دیکھا تو مجھے اپنی ہستی ایک خزاں زدہ پودے کی مانند معلوم ہوئی جسے کسی مالی نے بیکار سمجھ کر اُکھاڑ پھینکا ہو۔ میں انسان تھی، میرا بھی دل تھا، بھلا بتاؤ تو، کیا اس ضرب سے وہ پاش پاش نہ ہو جاتا؟ میرے حواس ٹھکانے نہ رہ سکے۔ مجھے ہر طرف ویرانی اور اُداسی نظر آتی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میرے جسم میں کوئی دوسری بے قرار روح مقید کر دی گئی ہے۔ تم آج وہ باتیں سُننے آئے ہو جو مجھے چار سال پہلے سُنانی تھیں، مگر تم اپنی دُلہن کی دلچسپیوں میں مصروف تھے، تمہیں میرے دل کی آواز سُننے کی فرصت ہی کہاں تھی۔ سچ جانو میرے سان گمان میں بھی نہ تھا کہ تم مجھ سے شادی نہ کرو گے، تم ہی بتاؤ اگر یہ بات تمہارے ساتھ ہوتی تو کیا تم یہ صدمہ برداشت کر لیتے؟ لیکن میں نے کیا! ——— خُدا نے، جو رحیم ہے، میرے لئے قاسم کو بھیج دیا۔ وہ میری زندگی کے رفیق ہیں اور میں ان کے ساتھ اب اپنے آپکو ہر طرح مامون سمجھتی ہوں۔ تمہارا خیال ہے ان کا سلوک میرے ساتھ اچھا نہیں۔ ممکن ہے تمہاری نظروں میں ایسا ہی ہو، لیکن میرے لئے ان کا یہی سلوک مناسب ہے۔ اُن کی بے رُخی مجھے اور بھی اُن کی طرف کھینچنے پر مجبور کرتی ہے۔ اب تو میں اس نتیجہ پر پہنچی ہوں کہ شادی ہونے کے کچھ دن بعد تک مجھے جو تمہارا خیال رہا وہ ان کی بیوی ہو جانے پر نہیں رہنا چاہیئے تھا۔ لیکن چونکہ میں دل سے مجبور تھی اس لئے اس کا کفارہ اس طرح ادا کر رہی ہوں ..... رہے تم، تو مسعود میں اب تمہاری صرف عزت کرتی ہوں ——— مجھے تعجب ہے تمہارے ضمیر نے تمہیں کیونکر اس قدر کمزور اور اخلاق سے گری ہوئی بات کہنے کی اجازت دیدی۔"

"پروین تمہاری باتیں میری سمجھ میں نہیں آتیں ———" مسعود تیز ہو کر بولا "تم بہت مغرور ہو گئی ہو! لیکن یاد رکھنا کہ تم میرے بس میں ہو۔"

"کیا مطلب؟" پروین نے حیرت سے کہا۔

مسعود طنزیہ ہنسا "یہی کہ رات کی تنہائی میں تم مجھ سے اس قدر قریب ہو! تم اگر میرے ساتھ نہیں چلتیں تو میں یہیں بیٹھا ہوں، جب قاسم آئے گا تو میں اُس سے کہدوں گا کہ تم مجھ پر مرتی ہو۔ معلوم ہے پھر کیا ہوگا؟ ظلم و ستم میں اضافہ! شاید اُس وقت تم کو میری مدد کی ضرورت ہو۔"

"میں تم سے مدد کبھی نہیں مانگونگی مسعود!" پروین اطمینان سے کہنے لگی "تم چاہو تو یہ بھی کر دیکھو۔ میں اسے ترجیح دیتی ہوں۔ وہ میرے شوہر ہیں۔ آخر کب تک بدظن رہیں گے۔ اور یوں بھی دُکھ کی تو میں عادی سی ہو گئی ہوں۔"

پروین، مسعود کو اپنی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ کر پیچھے ہٹی "تم اب چلے جاؤ مسعود! رات سرد ہے اور تمہارا راستہ دُور۔"

"نہیں۔ اب دُور نہیں رہا۔" مسعود نے معنی خیز لہجہ میں کہا اور چاہا کہ اُسے اپنی آغوش میں لے لے کہ سامنے کے پردے کو جُنبش ہوئی اور قاسم دفعتاً آگے بڑھ آیا۔

"نہ رو پروین۔" قاسم نے اُسے پہلی بار محبت کے اُمنڈتے ہوئے طوفان میں سینے سے چمٹا کر کہا "دیکھو ــــــ وہ سامنے شیطان مسعود جا رہا ہے۔ اب وہ کبھی آکر تمہیں تنگ نہ کر سکے گا۔"

"قاسم!" وہ بمشکل کہہ سکی "میری زندگی اُس شمع کی مانند ہر وقت اپنی لاچاری پر آنسو بہاتی ہے جس کی لَو آندھی کے جھونکوں میں لہرا رہی ہو۔ ہوش سنبھالتے کے ساتھ ہی مجھے محسوس ہوا کہ میرے دل میں ایک چنگاری روشن ہے لیکن شادی کے بعد میں نے اس چنگاری کو بجھا ہی دینا چاہا۔ لیکن اس کے بعد اس چیز نے میری زندگی اجیرن بنا دی وہ تمہاری محبت سے محرومی تھی۔ میرا خیال تھا کہ تم مجھے حیاتِ نو بخشو دو گے مگر مجھے تو جنم بھر دہکتے ہوئے انگاروں پر لوٹنا تھا ....."

"پروین! میری بات تو سنو!" قاسم نے اس کے آنسو پونچھتے ہوئے کہا "تم مجھے معاف کر دو۔ تمہاری پاکیزگی نے میری آنکھوں کے پردے ہٹا دیئے ہیں۔ میرے ظلم نا روا نے تمہارے دل میں جو شعلۂ سوزاں پیدا کر دیا تھا آج اُسی نے میرے غیر شریفانہ جذبات کو جلا کر خاکستر کر دیا ہے۔"

قاسم نے اُس کے قدموں پر اپنا سر رکھ دیا۔ لیکن پروین نے اُس کے رُخساروں کو ہاتھوں میں لیکر اس کا سر اُوپر اُٹھایا ــــــ دونوں کی نظریں ملیں اور اُس لمحہ کتابِ زندگی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوا۔

صادق الخیری

ساقی بک ڈپو کی دو نئی کتابیں

ہیملٹ

مشہور عالم ڈرامہ نگار شیکسپیر کی شہرۂ آفاق تمثیل کا ترجمہ ملک کے سب سے بڑے مترجم مولانا عنایت اللہ دہلوی (سابق ناظم دارالترجمہ حیدر آباد۔ دکن) نے کیا ہے عبارت دل آویز۔ معانی و مطالب کو اُردو کے سانچے میں اس طرح ڈھالا ہے کہ پڑھنے والے کو کہیں بھی شبہ نہیں ہوتا کہ وہ ترجمہ پڑھ رہا ہے۔ مولانا کے ترجمے بیساختہ پن میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ اُردو پڑھنے والوں کے لئے ہیملٹ ایک نادر تحفہ ہے۔

قیمت ایک روپیہ (محصول ڈاک ۵ر)

مسز کڑھلے

مصورِ ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی نے اس کہانی میں حسن و عشق کے دلچسپ واقعات دلرُبا انداز میں بیان کئے ہیں۔ کڑھلے ایک اُجڈ مولوی تھا اور اس کی بیوی حسن و محبت کی جان تھی۔ مگر کیسی غیرت مند بیوی تھی! اور کیسی اطاعت شعار! کہانی اسقدر دلکش اور واقعات اسقدر پُرلطف ہیں کہ کتاب شروع کرنے کے بعد بغیر ختم کئے دل نہیں مانتا۔ نہایت دلچسپ کتاب ہے۔

قیمت ایک روپیہ۔ محصول ڈاک ۵ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی

مسز کڑھلے کے چار باب

سنگھاڑے کا تال

یورر ائل ہائنس یہ اُس زمانے کا ذکر ہے جبکہ میں طالب علم تھا..... ایک گاؤں کا ذکر ہے.....

سامنے ایک مختصر تالاب تھا۔ قریب ہی ایک چھوٹی سی جھونپڑی تھی جس کے پاس ہی ایک ٹوٹی سی چٹائی پر ایک شخص کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔

ایک طرف ایک لڑکی بیٹھی تھی۔ کوئی پندرہ یا سولہ برس کی عمر ہوگی۔ یہ لڑکی رنگین مگر حد درجہ میلے اور موٹے کپڑے پہنے تھی۔ ہاتھوں اور پیروں میں موٹے موٹے کلٹ کے کڑے تھے۔ زمین سے ایک تنکا اُٹھا کر اُسکو لاپرواہی سے توڑنے کا شغل کر رہی تھی۔ اور اس نوخیز لڑکی نے ہماری طرف دیکھا۔

میں نے لڑکی سے کہا: "سنگھاڑے"

اور یہ کہکر میں اُس کے خوبصورت اور تندرست چہرے کو دیکھنے لگا۔ پھر سامنے سنگھاڑے کی بیل کی طرف دیکھا جو سارے تالاب پر اس طرح چھائی ہوئی تھی کہ پانی سے باہر زمین پر چاروں طرف پھیلی ہوئی خشک پڑی تھی۔ جس سے معلوم ہوتا تھا کہ تالاب غیر معمولی طور پر خشک ہوگیا ہے۔ اور کم بخت تالاب تھا ہی کتنا بڑا۔ بمشکل سو گز لانبا اور پچاس کے لگ بھگ چوڑا تھا۔

میرے سوال کے جواب میں لڑکی نے انتہائی بھولے پن اور سادگی سے تنکا ہاتھ میں لئے نمازی کی طرف اُنگلی اٹھا کر اپنی دیہاتی زبان میں کہا: "نوج پڑھ لیں.....!!" اور اس تنکے کو اپنے شاداب لبوں کے درمیان لیجا کر دانتوں سے دبا لیا۔

میں نے معاً نمازی کی طرف دیکھا اور پھر اس لڑکی کی طرف۔ غروب ہونے والے سورج کی شعاعیں اُس کے چہرے پر کس طرح کھیل رہی تھیں! یورر ائل ہائنس میں نوعمر تھا اور میرے رگ ریشہ میں شوخی تھی۔ اور یہ لڑکی بھی نوعمر تھی۔ جس وقت کوئی نماز پڑھتا ہو تو اُس کے سامنے سے گذرنا ممنوع ہے اور میں جانتا تھا کہ اگر میں نے ایسا کیا تو چند لمحات اس لڑکی کے ساتھ دلچسپی سے گذریں گے۔ لہٰذا سب سے پہلا کام میں نے یہی کیا کہ نمازی کے سامنے سے گذرا۔ میرے ساتھی غریب رُک گئے اسلئے کہ وہ نہ صرف اس بات کو جانتے تھے بلکہ ہندو تھے۔

میرا مقصد حل ہوگیا۔ لڑکی نے ایک دم سے غُل مچانا شروع کیا تاکہ میں رُک جاؤں۔ لیکن میں تو گذر ہی چکا تھا۔ لہٰذا اُس کے غُل مچانے کا حیلہ جو طلا تو قصداً مصنوعی طور پر گھبرا کر دوبارہ نمازی کے سامنے سے گذر کر واپس آگیا۔

میرا مقصد حل ہوگیا۔ نمازی صاحب کا غصّہ چہرے سے عیاں تھا اور لڑکی کا زبان سے۔ اور اب میں اس لڑکی سے لاعلمی کا عذر پیش کرکے اُلجھ رہا تھا کہ نمازی نے اپنی نماز ختم کی اور یہ حضرت بھی مجھ سے لڑنے لگے۔

میں نے تسلیم کیا کہ مسلمان تو ہوں لیکن اس قانون سے ناواقف ہوں کہ نمازی کے سامنے سے نہ گذرنا چاہیئے۔ بلکہ سرے سے اس قانون کو تسلیم ہی کرنے سے مُنکر ہوگیا۔ اور قائل کرنے کو میں نے کہا کہ اگر تم کو یقین نہ ہو تو لاؤ ہم پڑھتے ہیں نماز اور تم ہمارے سامنے سے گذر جاؤ۔ اور اس اوندہی بحث کو چھوڑ کر میں نے اب سنگھاڑ دیکھی بحث شروع کردی۔

معلوم ہوا کہ سنگھاڑے دو آنہ سیر ملیں گے۔ جی چاہے لو جی چاہے نہ لو۔ کوڑی کم نہ ملیں گے۔

ذرا غور فرمایئے کہ شہر میں سنگھاڑوں کا بھاؤ حد چھ پیسے اور یہ بے ایمان یہاں تالاب پر کہتا ہے دو آنے۔ پھر کسی طرح کم نہیں کرتا۔ ویسے نمازی بھی ہے اور حوروں کا شوہر بنا پھرتا ہے۔ بہت کچھ بحث کی جان سُلگائی پر نہ مانا۔ جلکر میں نے کہا "بندۂ خدا۔ ابھی دیر کتنی ہوئی جو تو نمازیں پڑھ رہا تھا کہ لگا اب ساری عبادت کو ملیامیٹ کرنے مجھ سے نہ سہی خدا سے تو ڈر۔"

اس کے جواب میں مجھے یہ معلوم ہوا کہ سنگھاڑے کی فروختگی اور نرخ کا کسی طرح بھی نماز سے تعلق نہیں ہے اور وہاں اللہ میاں کے یہاں قطعی پُرسش نہ ہوگی کہ شہر کے نرخ سے تالاب کا نرخ کیوں بڑھ گیا۔ خواہ سنگھاڑے یہاں ماشہ اور تولہ کے نرخ سے فروخت ہوں۔ میری کچھ نہ چل سکی اور میں نے اُس مُشٹنڈے۔ قوی بازو والے نمازی کو بغور دیکھا۔ کتنا قوی اور تنومند تھا کہ اس سے چھین جھپٹ بھی کرتے ڈر لگے۔ میں نے کہا۔ "بھلے مانس پارسال بھی تو آخر ایک نیک آدمی تھا۔"

دراصل پارسال والا نیک آدمی ایک کہار تھا۔ ہم لوگ آتے تو سنگھاڑے جبریہ توڑ توڑ کر کھا جاتے۔ جب وہ مارنے دوڑتا تو تالاب کے دو چکر دیتے اور وہ ہار کر بیٹھ جاتا۔ اور جلکر اور بے بس ہوکر طعن میں کہتا "کہا لو خوب" اور ہم خوب ہی تو کھاتے۔ دوسرے کنارے پر بیٹھ کر ساری بیل گھسیٹ کر باہر ڈال دیتے اور وہ بیتاب ہوکر چیختا پیٹتا اور پھر گالیاں دیتا دوڑتا۔ اس آفت سے بچنے کے لئے بیچارہ ہمیشہ مناسب نرخ پر دیتا۔

لیکن یہ نمازی دوسری قسم کا تھا۔ بہت کچھ اس سے بحث کی۔ ساری طالب علمی خرچ کر ڈالی مگر گدی صاحب نہ مانے۔ جی ہاں یہ قوم کا گدی تھا۔ کھڑا اپنی گھنی ڈاڑھی پر تاؤ دیتا رہا۔

اب میں نے سوچا کہ اس طرح شکست کون کھائے۔ لہٰذا میں نے اپنے ساتھی کو اشارہ کیا اور انگریزی میں اُن سے کہا۔ یہ کشمیری برہمن تھے اور مجھ سے بہت محتاط اور سمجھدار لہٰذا انہوں نے کہا کہ "یا تو جس بھاؤ دے لو ورنہ سیدھے واپس چلے چلو یہ آدمی کام کا نہیں ہے۔"

لیکن میں نے اپنے دوست کی صلاح نہ مانی۔ ہم دونوں سیدھے اپنی راہ چلکر تالاب کے پار دوسری طرف پہونچے۔ اور میرے دوست نے بیتحاشہ منع کیا پر میں نہ مانا۔ جھٹ سے کنارے پر سنگھاڑے کی بیل گھسیٹ کر نکالی اور سنگھاڑے توڑنے بھی نہ پائے تھے کہ لپکا یہ موذی۔ مگر تو یہ کیجئے کہیں ہم ہاتھ آسکتے تھے۔

جنگ شروع ہوئی اور سوچے کہ لاؤ اسے بھی تھکا ماریں اور تال کے گرد چکر دے کر اسے چرخ کردیں۔ چنانچہ اچھی رفتار سے اِسے تال کے تین چکر دئے مگر بے سود! وہ ہمارے پیچھے بدستور دوڑ رہا تھا! کس رفتار سے؟ ایسے کہ جو تین چکر کے بعد ہی

یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں یہ خود ہمیں نہ تھکا مارے۔ مجھے اپنے دم خم پر تو پورا بھروسہ تھا لیکن اپنے ساتھی کا خیال تھا کہ کہیں ہار نہ جائیں۔

بہت جلد معلوم ہو گیا کہ میدان میں بھاگ کر نکل جانا ناممکن ہے اور اب شکست کے امکان پر غور کیا۔ میں نے اپنے دوست سے کہا۔ "اگر تم پکڑے گئے تو....."

اور یہ قرار پایا کہ اگر وہ پکڑے گئے تو گدی کے کاٹ کھائیں گے اور میں؟ میں نہ معلوم کیا کروں گا اور کس طرح امداد دونگا۔ بہرصورت اس کا تو یقین تھا کہ ہم دو سے ہرگز وہ ایک نہیں جیت سکے گا۔ اوّل تو ہاتھ ہی نہ آئیں گے۔ اور اس دوڑ دھوپ کا تماشا وہ نوجوان لڑکی چُپ چاپ کھڑی دیکھ رہی تھی۔ اور واقعی خوب تماشا ہو گا۔ میں بار بار گدی کو چھیڑتا تھا۔ آواز دیتا تھا کہ بھیّا زور سے دوڑو ورنہ ہم جاتے ہیں۔ دراصل اس میں برق رفتاری تو نہ تھی لیکن دوڑنے کی قوت ضرور بے اندازہ معلوم ہوتی تھی۔ ایک ہاتھ میں اپنی دھوتی کا لنگر اُٹھاتے تھا۔ اتنی عقل کہاں کہ ذرا رُک کر دھوتی کس لے اور پھر آزاد ہو کر دوڑے۔

ایک عجیب کُشتی

یوررائل ہائنس خود بہترین "اسپورٹس مین" ہیں دُنیا جانتی ہے۔ لیکن مجھے تحقیق نہیں کہ علاوہ "باکسنگ" کے حضور والا کو کُشتی۔ بالخصوص ہندوستانی کُشتی دیکھنے کا بھی اتفاق ہوا ہے۔ ہمارے اسکول میں ہیڈ ماسٹر صاحب ایک چوبے جی مہاراج تھے جنکو لڈو اور بھانگ کھانے کے ساتھ کُشتی کا بھی شوق تھا۔ بہت سے لڑکوں نے کُشتی لڑنا سیکھی تھی۔ چھوٹے چھوٹے لڑکے کُشتی لڑتے تھے۔ میں نے بھی کُشتی سیکھی تھی اور اس کے بعد ایک پولیس کانسٹیبل سے کئی داؤں "جوجٹسو" کے بھی سیکھے تھے۔ نتیجہ یہ کہ اپنے ہم وزن سے نہیں بلکہ ڈیوڑھے سے مقابلہ کر سکتا تھا۔ لیکن صحیح عرض کرتا ہوں کہ اس دوڑ جھپٹ میں جس عجیب و غریب کُشتی سے سابقہ پڑا وہ چوبوں اور نیچا بیوں کی کُشتی سے بہت مختلف ثابت ہوئی۔

ہم دو چکروں سے لڑکی کے بالکل ہی قریب سے گذر رہے تھے کہ پانچواں چکر شروع ہوا۔ اور جیسے ہی موقعہ پر آئے ہیں گدی نے چیخ کر لڑکی سے کہا کہ ہمیں پکڑے۔ یہاں خیال و گمان تک نہ تھا اور وہ غالباً اس کی منتظر ہی تھی۔ قبل اس کے کہ ہم سُنیں یا سمجھیں آپ یقین فرمائیں کہ وہ بھوکی شیرنی کی طرح جھپٹ پڑی! وہم و گمان بھی نہ تھا کہ ایک دوشیزہ اس طرح پل پڑے گی۔ اور نہ یہ اندازہ تھا کہ اس میں اتنی طاقت ہو گی۔

قصّہ مختصر وہ بجلی کی طرح جھپٹ کر راستہ کاٹ کر سامنے سے ٹکرائی اور میں بچکر نکلنے کو ہوا کہ وہ بلا کی طرح چمٹ گئی۔ دونوں ہاتھوں سے مجھے اُس نے جکڑ لیا۔ اور ایک عجیب و غریب کُشتی کا آغاز ہوا۔

میں اِس کُشتی کے لئے قطعی تیار نہ تھا۔ مسلسل دوڑنے سے دم پھُولا ہوا اور اس حالت میں یہ کشمکش شروع ہوئی۔

میں نے پوری قوت کے ساتھ اُس کو ریلا دیکر ایک جھٹکا دیا لیکن وہ تو جان پر کھیلے ہوئے تھی۔ میں گرتے گرتے بچا۔ اور اس کشمکش میں اُس نے نوچ کھسوٹ اور مار پیٹ کو بھی شامل کر لیا۔ اُس کے گلٹ کے کڑوں کی میری پیشانی اور مُنہ

چوٹیں لگیں۔ میں چھوٹ کر دوبارہ گرفت میں آگیا۔ گرفت کیا یوں سمجھئے کہ ایک بلا ہے جو چمٹ گئی اور وہ موذی گھرپا ہے کہ چڑھا چلا آتا ہے سنجار کی طرح!

اب زور جو لگاتا ہوں تو ایک بیل کا بوجھ! بھلا کیونکر کھینچوں! ہاتھوں میں اُس کے بلا کی قوت۔ چھڑا کر نکل جانیکی مزید کوشش کے یہ معنی ہوئے کہ منہ کے بل گروں۔ "جوجٹسو" اور کشتی کا ہنر سب بیکار ثابت ہوا۔ کئی پینترے کئے۔ دشمن کو زیر کرنے کے پینچ اور ہیں اور جان چھڑانے کے پینچ اور ہیں۔ قریب تھا کہ ہار جاؤں کہ تین سو پینسٹھویں داؤں کا خیال آیا۔ لمحہ بھر کی جو دیر ہو تو پکڑا گیا تھا۔ یہ داؤں اُستادوں نے تو پوشیدہ رکھا ہے مگر یہاں بتائے دیتا ہوں کہ بیلک کے کام آئے۔

کوئی نوجوان اور خوبصورت لڑکی اِس طرح پکڑ کر سینے سے چمٹی ہو اور چھڑائے نہ چھوٹے۔ مُنہ نوچ رہی ہو اور کرلے مُنہ پر مارے۔ آفت میں جان پھنسی ہو تب کیا کرنا چاہیئے؟

دماغ اور طبیعت دونوں حاضر۔ کوئی مفر کی دوسری صورت ہی نہ تھی کیا کرتا۔ ایک ہاتھ تو اُس کی پُشت کی طرف تھا ہی۔ اُس سے اُس کی گردن پکڑی اور دوسرے ہاتھ سے پکڑی اُس کی ٹھوڑی۔ اور فتح و شکست کے خیال سے بے نیاز ہو کر جو اُس کا مُنہ چومنا شروع کیا ہے تو.....

گھبرا کر اُس نے مجھے چھوڑ نہیں دیا بلکہ بڑی مُشکل سے اپنے کو چھڑایا۔ گدّی سر پر پہونچا تھا۔ یہ سین دیکھ کر غیظ و غضب میں دیو کی طرح گرجتا ہوا اور میں لڑکی کو چھوڑ کر بھاگا۔ لیکن حماقت تو دیکھئے میرے ساتھی پنڈت کی۔ وہ سمجھے کہ یہ موقعہ ہذا تالاب چھوڑ کر دوسری طرف کا رُخ کیا کہ نکل جاؤں سیدھا۔ یہ نہ سوچا کہ گدّی میدان میں قطعی لیلیگا۔ گدّی نے جو یہ دیکھا تو وہ مجھے چھوڑ کر اب چلا گرجتا ہوا پنڈت کی طرف۔ میں رُکا اور چشم زدن میں نتیجہ کا خیال کر کے پریشان ہو گیا۔ جس طرح ترچناپلی کو حملہ سے بچانے کے لئے لارڈ کلائیو نے ارکٹ پر حملہ کیا تھا اُسی طرح میں پھر لڑکی پر جھپٹا۔ لڑکی نے ایک لکڑی اُٹھائی۔ مگر تو یہ کیجئے کہیں لکڑی سے بھی لوگ رُکا کرتے ہونگے۔ ایک لکڑی تو اُس نے میری پیشانی پر ایسی دی کہ میں لہولہان ہو گیا، مگر دوسری مارنے کی نوبت نہ آئی۔ لڑکی کو اپنی عجیب و غریب کمزوری کا احساس تھا۔ یہ تین سو پینسٹھواں داؤں ہی ایسا تھا۔ میں نے لکڑی پکڑ لی اور لپٹ پڑا۔ اُس نے مجھے مارا۔ چیخی چلّائی، نوچا مگر میں نے اُسکو بدحواس کر دیا۔ اور یہ کشمکش فوراً ہی ختم ہو گئی اسلئے کہ گدّی صاحب اس پیقلش کو دیکھتے ہی لوٹ پڑے اور اب چلے آرہے ہیں بھنائے ہوئے۔ غیظ و غضب کا یہ عالم کہ گویا بھڑکتا ہوا ایک بے پناہ شعلہ!

میں لڑکی کو چھوڑ کر بھاگا اور پھر گدّی کو اُسی چرخی پر دھر لیا۔ لیکن لڑکی سے ذرا ہٹ کر۔ لیکن لڑکی نے اب اور شرارت کی۔ لکڑی سے کہ اُس نے ایسے راستہ کاٹا کہ مجھے اندیشہ ہوا کہ سر پھاڑ دیگی۔ اب مجھے مجبوراً تالاب کے کنارے سے اس طرح دُور رہنا پڑا کہ اب دوبارہ جو کنارہ پکڑتا ہوں تو پکڑا جاؤں۔ میں نے اِس خطرے کا احساس کر لیا تھا۔ مگر کیا کرتا۔ گدّی آگیا اور مجھے بھی کھیت اور میدان لینا پڑا۔ میں ہاکی میں ہاف بیک کھیلنے والا تین چار گھنٹے دوڑ

سکتا تھا اور مجھے یہ اندیشہ نہیں تھا کہ یہ گدی مجھے پکڑ سکے گا۔ لیکن اس بات کا ضرور احساس ہوا کہ دو تین گھنٹے دوڑ سکنے اور ہانپنے نہ آنے میں فرق ہے۔ میرا مقابل بلا کا آدمی تھا۔ تھکنے کا نام نہ جانتا تھا۔ مگر میں نے اپنی قوت پر بھروسہ کر کے میدان لیا۔ گدی میرے پیچھے بڑے زور و شور کے ساتھ اپنے ایک دوڑنے کے کارنامے کا حوالہ دیکر مجھے گالیاں دے کر مطلع کیا کہ مجھے قطعی پکڑ لیں گے وہ کارنامہ بھی آپکا سُن لیجئے۔ کوئی مرگھنی بھینس تھی جو اپنے گاؤں بھاگ جاتی تھی۔ اُسے یہ خرید کر لاتے۔ وہ بھاگی تو اُسکی دُم پکڑ لی۔ بھینس جو بھاگی تو نہ دیکھی اُس نے کھائی نہ خندق اور نہ نال نہ تالاب۔ پر اُنہوں نے اُس کی دُم نہ چھوڑنا تھی نہ چھوڑی۔ نتیجہ یہ کہ چار کوس پر جا کر اُسکو قابو میں لے آئے۔

یہ کہانی سُنکر میں نے قہقہہ لگایا اور کہا۔ "اے تو نے بھینسیں پکڑی ہونگی۔ مجھے پکڑ لے تب جانوں"

ہم دونوں کی رفتار ہلکی تھی۔ بھاگتے ہی میں گدی نے اپنی دُھوتی کا لنگر جس طرح بن پڑا کس لیا۔ اور ہم دونوں اسی رفتار سے چلے جا رہے تھے۔

لانگ جمپ

جس طرح مجھکو کُشتی اور "جوجٹسو" میں واقفیت حاصل ہے اُسی طرح "لانگ جمپ" کا بھی مجھکو شوق تھا۔ خاص مہارت تو نہیں تھی لیکن سترہ فِٹ تک کود لیتا تھا۔ لیکن مجھکو یہ نہیں معلوم تھا کہ آج اس دوڑ کا خاتمہ ایک عجیب و غریب لانگ جمپ پر ہونے والا ہے۔

یہ تو مجھے قطعی یقین تھا کہ یہ گدی قیامت تک دوڑے پر مجھے نہیں پکڑ سکے گا اور میں رفتار میں سرعت پیدا کر کے نکل جانے کے امکان پر غور ہی کر رہا تھا کہ مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ دراصل آگے بڑھکر جھیل کا ایک بازو دور تک پھیلتا چلا گیا تھا۔ ایسے کہ سامنے پانی ہی پانی تھا۔ گویا مجھے واپس لوٹنا پڑے گا۔

بہت جلد اس شُبہ کی تصدیق ہوگئی۔ دو رو نزدیک کسی طرف سامنے راہ نہ تھی۔ اپنی رفتار کو بدستور قائم رکھتے ہوئے مجھے رُکنا پڑا۔ اس لئے کہ میرے سامنے ایک چوڑا سا نالہ تھا جو ایک طرف تو چوڑا ہوتا دور تک چلا گیا تھا اور دلدل اور کیچڑ کے وسیع میدان میں ختم ہوگیا تھا۔ اور دوسری طرف کوئی تیس قدم جا کر تِلا ہوتا ہوا ایک نوک پر ختم ہوگیا تھا۔ اس نالے کے پار تھوڑی سی خُشک زمین اور پھر کیچڑ اور پانی کا ایک وسیع میدان۔

میں جلدی سے اس نالے کو پھاندنے کے بجائے تیس قدم کا چکر دے کر اُس طرف پہونچا اور میرے پیچھے پیچھے گدی۔ یہ سمجھکر کہ اب کہاں جا سکتا ہوں۔ گھیر لیا ہے۔ آیا جو ہے وہ لپک کر قریب تو میں ایک جست میں نالہ پھاند کر پھر اُس طرف آ گیا۔ یہاں کم و بیش دس گیارہ فِٹ چوڑائی ہوگی۔ گدی جھینپتا ہوا آیا لیکن پانی کے پاس پہنچکر رُک گیا۔

میرے لئے یہ ناممکن تھا کہ بھاگ جاؤں۔ اِسلئے کہ گدی گھوم کر سر پر پہونچتا۔ دم لینا بھی چاہتا تھا۔ لہذا میں رُک گیا۔ مگر گدی فوراً ہی واپس دوڑا اور جب قریب آیا میں پھر جست کر کے نالے کے اُس پار پہونچا اور گدی پھر کسمسا کر رہ گیا۔

گدی نے غور سے نالے کو دیکھا۔ میں سمجھ گیا اور میں نے کہا کہ بچہ جو اس میں گھس کر اس پار آئے تو کنارہ اونچا ہے تمہیں اندر دھکیل دوں گا۔ وہ جواب میں بولا کہ میں نہیں گرونگا۔ میں نے کہا بہتر ہے کوشش فرمائیں۔ اور ساتھ ہی ایک بڑا بھاری مٹی کا ڈھیلا سنبھالا کہ یہ علاوہ سر پر مارونگا۔ اس کے بعد میں نے ان کو نالہ پھاندنے کی دعوت دی۔ کیونکہ میں خوب جانتا تھا کہ یہ ان کے لئے ناممکن ہے۔ گدی نے بعد غور و خوض یہی طے کیا کہ مجھے تہکا مائے اور دانت پیس کر گالیاں دیتا دوڑا۔

قصہ کو اس طرح مختصر کرتا ہوں کہ مجھے اس نے تیرہ دفعہ پھاندنے پر مجبور کیا اور آخیر میں تو وہ اتنا تیزی سے جھپٹ کر آتا تھا کہ میں دم نہ لینے پاؤں۔ جلد جلد پھاندنے سے میرے پیروں میں بھی لغزش سی محسوس ہوئی اور میرا خیال ہے کہ زائد سے زائد میں دس بارہ مرتبہ اور کود سکتا اور یہ واقعہ ہے کہ اس موقعہ پر اگر گدی کے علاوہ کوئی دوسرا ہوتا تو میں ہار گیا تھا۔ گدی نے دھوتی کا لنگر بھاگتے میں درست کیا تہا جو پھر ڈھیلا ہو گیا تھا اور دھوتی کی تہمد ہو گئی تھی اور اس کے واسطے پھر ایک ہاتھ رزرو تھا۔

میں نے اس کی دوڑ جھپٹ کا خوب تو مذاق اڑایا تھا اور بار بار پھاندنے کی دعوت دیتا تھا۔ اب میں نے اپنے کو ہرن کہا اور اسکو کہا کہ تم بھینس ہو۔ وہ بھی ایسے تمسخر آمیز لہجہ میں کہ اس کی رہی سہی عقل بھی رخصت ہوئی۔ پھر ایک گدی کے لئے مجھے گرفتار کرنے کی دوسری صورت ہی نہ تھی۔ اگر پھاند گئے تو مجھے پکڑ لینے میں کیا کلام ہے۔ لہذا دوسری طرف پہنچا جو میں پھاندا ہوں تو یہ میرے پیچھے ہی پیچھے تھے۔ مجھے شبہ ہی نہ تھا کہ یہ حضرت پھاندیں گے۔ ایک زبردست ہونکا بھر کے بس پھاند ہی تو گئے۔ عقل تو ملاحظہ ہو کہ ایک ہاتھ سے دھوتی کا لنگر سنبھالے۔ یہ تک نہیں معلوم کہ پھاندنے میں دونوں ہاتھ آزاد ہونا لازمی ہیں۔

ہونکارے کی زبردست آواز کے ساتھ میں نے پلٹ کر دیکھا۔ پھاندے جو ہی تو کس زور و شور سے کہ میں تو سمجھا کہ آیا۔ مگر توبہ کیجئے۔ دھوتی کا لنگر جو ہاتھ سے چھوٹا تو وہ تہمد ہو گئی۔ ٹانگوں کی کشادگی میں مانع کیا بلکہ مزاحم۔ نتیجہ ظاہر بیچوں بیچ نالے میں ایک عظیم الشان "پھچاکے" کے ساتھ دراز نظر آئے۔ ادھر میں جو بھاگا ہوں وہاں سے دھمکے تو ہو کی طرح نہ معلوم کتنی دور پہنچکر جو مڑ کر دیکھا ہے تو اب آپ رینگ کر شاید اوپر پہونچے تھے۔ پکڑے جانے کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔

تین چار میل کا فاصلہ طے کر کے گھر پہونچا۔ سیدھا پنڈت کے یہاں پہونچا۔ میری طرف سے سخت حیران و متفکر تھا۔ پولیس میں رپورٹ کرنے جاتا تھا کہ میں پہونچ گیا۔ سارا حال سنایا۔

جب میں نے دن کی کارروائی کا جائزہ لیا تو نتیجہ دلچسپ ہی رہا۔ آج کی جھپٹ خوب رہی لیکن اس لڑکی کی دست درازیاں تو دیکھئے۔ میری بائیں آنکھ کے نیچے اس کے ناخن کا ایسا گھرونچا لگا تہا کہ معلوم ہو چکا تو سے کسی نے زخم پہونچایا ہے۔ پیشانی لہولہان ہو چکی تھی۔

یور رائل ہائنس یقین فرمائیں کہ اس دلچسپ کشمکش کی کامیابی اور اسکی خوشی ایسی چیز نہ تھی جو جلد محو ہو جائے۔

یہ اندازہ لگاتا رہا کہ یہ طاقتور گدی لڑکی کا کون تھا۔ لڑکی کا باپ تو قطعی نہ تھا۔ شوہر بھی نہیں تھا۔ لہذا یہ

اندازہ لگایا کہ چچا یا ماموں ہوگا ورنہ وہ سب سے چھوٹی بہن اور وہ سب سے بڑا بھائی۔

ہاٹ

ہندوستانی قصبوں کے ہاٹ قدیمی معاشرت کا نمونہ ہیں۔ ہفتہ وار بازار کا لگنا اُن دیہات کے لئے غنیمت ہے جہاں ہر شے مہیا نہیں ہوتی لیکن پرانے دستور کے مطابق کم و بیش بڑے قصبوں اور شہروں میں بھی ہاٹ کا دستورِ عام ابتک جاری ہے۔ جہاں ہفتے کے دن شہر اور دیہات کے تاجر اور خریدار جمع ہوکر لین دین کرتے ہیں۔

اس واقعہ کے دو ڈیڑھ ماہ بعد کا ذکر ہے کہ ہم چھ سات لڑکے ایک فٹ بال میچ میں کامیاب ہوکر گھر آ رہے تھے۔ خیال آیا کہ سامنے ہاٹ ہے اس میں ہوتے چلیں۔

ہاٹ کیا تھا بس یوں سمجھ لیجئے کہ ارزاں قسم کے دکاندار زمین پر دیہاتیوں کے مطلب کی چیزیں لگائے بیٹھے تھے۔ اور سارے ہاٹ میں گنوار ہی گنوار تھے۔

اِس ہاٹ میں تھوڑی ہی دُور چلکر کَدّیوں (کَدّیوں کی عورتوں) کا ایک گروہ کا گروہ ملا جو اپنے حسابوں فیشن ایبل چیزوں کی خریداری کر رہی تھیں۔

یور رائل ہائنس یقین فرمائیں کہ اِنہی عورتوں میں وہ لڑکی بھی تھی! دیکھتے ہی میں وہیں کا وہیں رُک گیا۔ جلدی جلدی میں نے ساتھیوں کو بتایا کہ یہی وہ لڑکی ہے۔ بہت جلد معلوم ہوگیا کہ اُس کا نام بھوری ہے۔ شاید اُسکے گورے رنگ اور سُنہرے بالوں کے سبب اُسکا نام بھوری رکھا گیا ہو۔

ساتھیوں نے غور سے لڑکی کو دیکھکر آگے بڑھنے کو کہا۔ لیکن میں نے کہا کہ ٹھہرو۔ اور اتنا کہہ کر میں بھی خریدار بن کر اُسی دکان پر جُھک پڑا۔ لڑکی کے قریب آکر اور بظاہر دکاندار کی طرف متوجہ ہوکر میں نے قصداً اس کے پیر پر اپنا پیر رکھدیا۔ وہ ننگے پیر تھی اور میرا جوتا ربڑ کا تھا۔ اُس نے اپنا پیر بچایا اور مجھے دیکھا۔ مگر میں نے اُس کی طرف قطعاً توجہ نہ کی بلکہ ذرا بڑھکر دکاندار سے ایک چیز کا مول تول کرنے لگا۔

بھوری نے دوسری عورتوں سے کچھ کہا اور اُنہوں نے مجھے غور سے دیکھا۔ لیکن میں نے کچھ توجہ نہ کی بلکہ ذرا جگہ سے ہٹ کر پھر دوبارہ بھوری کا پیر دبا دیا۔ اور دباتے ہی اُس نے بڑے زور سے میرے سینے پر ایک دھموکا دیا معہ ایک عدد گالی کے۔ اور میں نے گھوم کے ایک برجستہ اُس کے گال پر چانٹا رسید کیا چٹاخ سے۔ ایسا کہ اُس کا گال سُرخ ہوگیا۔ اور مزید براں بطور گوشمالی بڑے زور سے اُسکا کلائی پکڑکر ہلا دیا۔

بس نہ پُوچھئے کہ کیا قیامت آئی۔ ہم ہیٹ پہنے تھے غنیمت ہوا۔ ہمارے سروں پر کڑے دار ہاتھوں کی کھٹاکھٹ ہونے لگی۔ سب کی سب چمٹ پڑیں اور ایک ہنگامہ ہوگیا۔

شام کا وقت تھا۔ بھیڑ بھی خوب تھی۔ بھاگنے میں تماشائی حائل اور پھر دو ایک ہیٹ سروں سے گر پڑے وہ رہے جاتے ہیں۔ بھاگنا دوبھر ہوگیا کہ اس چپقلش میں دہی موذی کَدّی بھی آ پہونچا معہ دو چار اور

چھ فٹوں کے۔ مگر دکانوں اور خوانچوں کو پھاند پھوند کر ہم سب صفا نکل گئے۔ سارے ہاٹ میں ہلڑ ہو گیا۔ گدیوں کی چیخ پکار، ہر شخص کو معلوم ہو گیا کہ اسکول کے لڑکوں نے کسی لڑکی کو چھیڑا۔ مگر ہم لوگ نکل چکے تھے اور مڑ کر نہ دیکھا۔

اِس واقعہ میں یورپین ہائنس کو سوائے ایک ناشائستہ حرکت کے کچھ نہ نظر آیا ہوگا۔ لیکن واضح رہے کہ غیر اہم واقعات بھی مِل جُل کر کسی اہم واقعہ کو ترتیب دیتے ہیں۔

عظیم بیگ چغتائی

اُنکی آمد

وہ آج آئیں گے میرے غریب خانے پر

بجائے شمع جلاؤنگا آنسوؤں کے چراغ
شرابِ ناب کے بدلے جگر کے خونکے ایاغ
روش روش پہ بچھیرونگا خونِ زخمِ دروں
بجائے فرش بچھاؤنگا سجدہ ہائے جنوں
دلوں کا رقص اور آہونکی درد زا تانیں
برائے شغل شکارِ اہلِ عشق کی جانیں
سُلگتے نالوں سے دیوار و در سجاؤنگا
مچلتی ٹیسوں کے بربط پہ گنگناؤں گا
بجائے پھولونکے زخمونکے ہار گوندھونگا
بطورِ نذرِ ستم کش جوانیاں دونگا
جگر کے لوتھڑے حاضر کرونگا کھانے کو
برستی آنکھ کی طغیانیاں پلانے کو
گلوں کے بدلے بچھاورکرونگا آہونکو
شبِ فراق کی بپھری ہوئی کراہوں کو

الطاف مشہدی

کہ اس سے بڑھ کے نہیں کچھ بھی میرے پاس ندیم!

اُردو کے عناصر خمسہ

"سرسید سے معقولات الگ کر لیجیے تو کچھ نہیں رہتے، نذیر احمد بغیر مذہب کے لقمہ نہیں توڑ سکتے، شبلی سے تاریخ لے لیجیے تو قریب قریب کورے رہ جائیں گے۔ حالی بھی جہاں تک نثر کا تعلق ہے سوانح نگاری کے ساتھ چل سکتے ہیں۔ لیکن آقائے اُردو یعنی پروفیسر آزاد صرف انشاپرداز ہیں جن کو کسی اور سہارے کی ضرورت نہیں"۔ (مہدی الافادی)

کہا جاتا ہے کہ عالم فطرت پر کمال صنعت کو ترجیح دینے کا اب رواج نہیں ہے۔ لیکن مجھے یہ محض خیال بلکہ یقین ہے کہ جب تک انسان اپنے ذوقِ حُسن اور مادۂ تخلیق کے ساتھ زندہ ہے زندگی کے ہر شعبہ میں آرٹ کو یونہی ترقی ہوتی رہیگی۔ ہم لاکھ چیخیں، ہزار شور مچائیں کہ ہمیں فطرت کے مقابلہ میں آرٹ یا صنعت کی ضرورت نہیں لیکن اطمینان کیجیے جبتک وہ فطری مادہ جو انسان کو بندر سے آدم بنا دینے کا باعث ہوا ہے فنا نہیں ہوگا ہمارا یہ شور و شغب مجھی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ لغویت سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔

اگر آپ زندگی کی تاریخ اور فلسفۂ حیات کا بغور مطالعہ کریں، انسانی نفسیات کو بنظرِ تعمق دیکھیں تو میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ اس نتیجے پر پہونچنے کیلئے مجبور ہوں گے کہ آرٹ خود عین فطرت ہے۔ شاید آپ کو تعجب ہوگا کہ یہ دو متضاد چیزیں کس طرح ایک ہو سکتی ہیں؟ تعجب سے کام نہیں چلے گا، ذرا غور فرمائیے۔ تاریخ حیات کے مُطالعہ سے معلوم ہو جائے گا کہ ذوقِ حُسن اور مادۂ تخلیق انسانی فطرت ہے۔ انسانی دماغ مجبور ہے کہ وہ بغیر آرٹ کے چین نہیں پا سکتا۔ ذوقِ حُسن اُس مادۂ تخلیق کو اُبھارتا اور تحریک دیتا ہے اور اس کا فطری نتیجہ ہے تخلیقِ صنعت۔ لہٰذا آپ یہ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ وہ آرٹ جو انسان کی فطرت اور ذوقِ حُسن کی تحریک کا فطری نتیجہ ہے خلافِ فطرت ہے؟

انسان جب تک انسان ہے اور انسان رہے گا اُسے آرٹ سے علیٰحدہ نہیں کیا جا سکتا۔ آرٹ اور زندگی کے درمیان جو ناقابلِ تنسیخ تعلق قدرت نے قائم کر کے انسان اور حیوان میں فرق پیدا کیا ہے وہ کسی طرح منقطع نہیں کیا جا سکتا۔ عالم فطرت قدرت کا تخلیق کردہ ہے اور آرٹ انسان کی قوتِ تخلیق کا نتیجہ۔ خُدا بننے کی کوشش کرنے والے انسان کو اُس تخلیق سے جو وہ کر سکتا ہے کون روک سکتا ہے؟ ایک صدی پہلے تخلیقِ صنعت کا خاص لُطف اگر صرف ذوقِ حُسن تھا تو اب اس میں بہت کچھ خُدا بننے کی آرزو بھی شامل ہو گئی ہے۔ اور اسی نسبت سے صنعت و حکمت کی ترقی بھی روز افزوں ہے اور رہے گی۔ یہی مادۂ تخلیق ہی جس کی بنا پر آجکل کا انسان خُدا سے بھی فخریہ کہہ سکتا ہے کہ:-

تو شب آفریدی چراغ آفریدم ؛ سفال آفریدی ایاغ آفریدم
بیابان و کہسار و راغ آفریدی ؛ خیابان و گلزار و باغ آفریدم
من آنم کہ از سنگ آئینہ سازم
من آنم کہ از زہر نوشینہ سازم

اب اگر آپ درحقیقت صنعت سے بے نیاز ہو کر صرف فطرت پر قانع رہ سکتے ہیں تو محض کہہ دینے سے تو کوئی آپ کے دعوے کو تسلیم نہیں کر سکتا۔ ہاں عملی طریقہ سے ثابت کیجیے۔ "چراغ" کو گل کر کے اندھیری راتوں میں ٹھوکریں کھائیے۔ "خیابان و گلزار و باغ" کو چھوڑ کر "بیابان و کہسار و راغ" کو زینت بخشیے۔ مجنوں بنجائیے اور صحرا کی خاک چھانتے پھریے۔ اور اگر آپ یہ نہیں کر سکتے تو عالم فطرت پر کمال صنعت کو ترجیح نہ دینے کا دعویٰ کیا؟ نیچر کے مقابلے میں آرٹ کی یہ لفظی تحقیر کیا معنی؟ اگر آپ اپنے دماغ کی تخلیقی قوتوں کو فنا کر کے پھر وہی ابتدائے آفرینش والا صحرائی اور نباتاتی جانور بننا چاہتے ہیں تو بسم اللہ، آپ کو اس "نیک کام" سے کون روک سکتا ہے؟ اور نہ روکنے کی ضرورت ہے، اگر بالا نہ لاکھوں جانور انسان بن رہے ہیں تو دو چار انسانوں کے پھر جانور بنجانے سے، یقین کیجئے دُنیا کو کوئی نقصان نہیں پہونچے گا۔ شوق سے ہمالیہ کے تیرہ و تار غاروں میں روپوش ہو جائیے، وہاں عالم فطرت ہی فطرت ہے! اگر کچھ اور نہیں ہوگا تو کم از کم آپ کے زہریلے خیالات سے آرٹ غریب تو محفوظ ہو ہی جائیگا۔

اور اگر آپ اپنے دعوے پر خود عمل نہیں فرما سکتے تو پھر کہہ دیجئے کہ یہ دعویٰ محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے، اسے حقیقت سے کوئی سروکار نہیں۔ کیوں اب آپ خاموش سے کیسے ہیں؟ کیا واقعی آپ کو اب

اپنا دعویٰ نہایت لغو معلوم ہو رہا ہے؟ اور کیا آرٹ کی اہمیت کا آپ کو اچھی طرح اندازہ ہو گیا؟

اسی آرٹ کی مختلف قسمیں ہیں اور ان تمام قسموں میں سے اس وقت ہمیں اس کی صرف ایک قسم یا ایک شاخ "ادب" سے بحث ہے۔ ادب آرٹ کی اُس شاخ کا نام ہے جس میں خیالات و احساسات کے ذریعے اظہار کا کام الفاظ سے لیا جاتا ہے اور صرف ترتیب الفاظ اور طرزِ ادا سے اُس ذوقِ حسن کی تسکین کی جاتی ہے جو آرٹ کی تخلیق کا اصل محرک ہے۔

اب آیئے اس روشنی میں ہم مہدی آفادی کے مذکورۂ بالا اقتباس کی صداقت یا عدم صداقت کا مطالعہ کریں۔

سب سے اوّل سرسید کو لیجئے۔ اس وقت جب اُنہوں نے تہذیب الاخلاق جاری کیا ہے اُن کی ادبی اہمیت اتنی نہ تھی جتنی اب، اُن کا ایک ہی مقصد تھا، مسلمانوں کی اصلاح و ترقی۔ اُن کی تمام کوششیں اسی ایک مقصد کے حصول کیلئے تھیں۔ اب وہ خواہ "تہذیب الاخلاق" کی صورت میں ظاہر ہوئی ہو یا "سائنٹفک سوسائٹی" کی صورت میں، "خطباتِ احمدیہ" اور "تفسیر قرآن" کی شکل میں یا مدرسۃ العلوم اور ایجوکیشنل کانفرنس کی شکل میں۔ مقصد سب کا ایک تھا۔ مولانا حالی نے بالکل صحیح فرمایا ہے کہ "سرسید اُردو ادب سے مخصوص دلچسپی نہیں رکھتے تھے۔ اُن کے کارناموں کی تہ میں مذہبی اصلاح کا جذبہ کام کر رہا تھا"۔ اب اس مقصد کے حصول کے لئے ضروری تھا کہ اُن کا پیغام اور اُن کی آواز وسیع تر ین حلقہ تک پہونچ سکے۔ اور یہ بات اس عام فہم اور سلیس طرز ادا سے ممکن تھی جو انہوں نے اختیار کیا۔ اس سے اُن کا مقصد ضرور حاصل ہو گیا لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اُن کا یہ طرزِ تحریر ادبیت کا بھی حامل ہے۔ اُن کی نثر کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس میں غضب کی روانی اور بے ساختگی ہے۔ مجھے اس میں شُبہ ہے۔ اُن کے بہت سے جُملے کے جُملے ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے عربی عبارت کا بے محاورہ لفظی ترجمہ ہوں۔ اور الفاظ کی یہ غیر فطری ترکیب و ترتیب روانی و بے ساختگی کے منافی ہے۔ ان کی نثر فنی نقطۂ نظر سے بھی بہت زیادہ استقام و اغلاط سے پُر نظر آتی ہے لیکن اُنکے مداح اس عیب پر یہ کہکر پردہ ڈالنا چاہتے ہیں کہ وہ الفاظ و قواعد کے محکوم نہ تھے ممکن ہے بعض کے نزدیک یہ مرتبہ ستایش ہو لیکن میرے خیال میں ایک نئے آموز کیلئے بھی الفاظ و قواعد سے آزاد ہو جانا ہی گویا اس بچے کی زبان کے اپنے خیالات کا عمدگی سے اظہار کر سکنے سے خاص لطف آتا ہوا لیکن آسودہ حالی کے دیوان کے دیباچہ میں

توشامل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپنے اُصول و قواعد سے بے پروا ہو کر اپنے خیالات کا اظہار کر دیا بالکل اس طرح جس طرح ہندوستان میں بہت زیادہ سہنے والا ایک انگریز کر سکتا ہے تو دنیا آپ کی تعریف کرے لیکن جہاں تک ادبیت کا تعلق ہے ہیں آپ کو ہدیۂ تحسین پیش کرنے سے معذور ہوں۔ سرسید کو اور ہر لحاظ سے ایک بڑا انسان کہا جا سکتا ہے لیکن ایک بڑا انشا پرداز نہیں کہا جا سکتا۔ جہاں تک مذہبی اور قومی اصلاح و ترقی کا تعلق ہے اُن کا ہر کارنامہ اس میں کسی کافر کو بھی شُبہ نہ ہوگا کہ تعمیرانہ ہے لیکن زبان و انشا کے لحاظ سے اُن کے وہی کارنامے تخریبانہ ہو جاتے ہیں۔ غلط محاوروں اور ناموزوں ترکیبوں کا استعمال اُن کے یہاں اس قدر پایا جاتا ہے کہ طبیعت کو ناگوار لگتا ہے۔ سینکڑوں اس قسم کی لغزشوں میں سے ایک جو اُن کے ہر جملے میں آسانی سے مل جائے گی یہ ہے کہ وہ "کر کے" کی جگہ "کر کر" استعمال کرتے ہیں اور یہ "کر کر" اتنی ناگوار ہوتی ہے کہ کتاب بند کر کے علیٰحدہ رکھ دینے کو طبیعت چاہتی ہے۔

ان کے چند مضامین کے سوا میرے نزدیک باقی تمام ادبیت و انشائیت سے خالی ہیں اور اس لحاظ سے انہیں بہترین قومی مصلح تو کہا جا سکتا ہے لیکن بہترین انشا پرداز نہیں۔ اور میں حالی کا ہم آہنگ ہو کر یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ اُن کی تحریر میں "وہ متعارفہ خوبیاں نہیں ملتیں جو مشرقی لٹریچر میں کلام کی عمدگی کا معیار سمجھی جاتی ہیں"۔

اور اگر اُن کی تحریروں کی تہ میں مذہبی اصلاح کا جذبہ کام نہ کرتا ہوتا، اگر مسلمانوں و مذہب کو ملائے کی آرزو انہیں نہ ہوتی تو وہ تحریریں جو آج ہمیں ملتی ہیں شاید منصۂ شہود پر ہی نہ آئی ہوتیں۔ صرف یہی ایک ذریعہ یا سہارا تھا جس نے انہیں مُصنّف بنا دیا۔ اگر یہ سہارا نہ ہوتا تو آج ہم سرسید کو مصنف کی حیثیت سے بالکل نہ دیکھتے اور مہدی آفادی اپنے اس قول میں بالکل حق بجانب ہیں کہ "سرسید سے اگر معقولات الگ کر لیجئے تو کچھ نہیں رہتے"۔

سرسید کے بعد حالی کا نمبر آتا ہے۔ کیونکہ بقول مہدی "انکے قلم کو جو ہاتھ میں لے سکتا ہے وہ بوڑھے حالی ہیں"۔ انہوں نے بیشک نثر لکھی اور ایک عمدہ نثار بن کر لکھی۔ اُن کی نثر کی خاص خصوصیت بھی یہی ہے کہ وہ سلیس اور سادہ ہے، متین اور سنجیدہ ہے، لیکن اُن کی یہی سلاست و سادگی اگر ہمیشہ نہیں تو بعض اوقات بقول سعید انصاری اُن کی نثر کو "روکھا پھیکا" بنا دیتی ہے۔ ادبیت کی چاشنی اور انشا کی رنگینی اس میں بہت کم پائی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے

کہ اُن کی نثر ہر قسم کے مضامین کے اظہار پر قادر ہے۔ اور خصوصاً علمی و تنقیدی مضامین کے ادا ہونے کی اس میں بہت زیادہ گنجائش اور آسانی ہے۔ تسلیم۔ لیکن اگر ایک مصنف آسان طرزِ تحریر اختیار کرتا ہے تو یہ اس کا کمال نہیں کہلایا جا سکتا۔ جس طرز میں فطرتاً زیادہ گنجائش اور آسانی ہے اس طرز کو اختیار کر کے اپنے خیالات کا اظہار کر دینا کوئی بڑی بات نہیں۔ ہاں مشکل اور کم گنجائش والے طرز میں زیادہ گنجائش پیدا کرنا ضرور کمال ہو سکتا ہے تو اس سے خالی خالی ہیں۔ حالی کے متعلق یہ بھی کہا گیا ہے کہ "انہوں نے نہ صرف زبان کو سنوارا بلکہ اسکو وسعت بھی دی۔ اس کی نہ صرف اصلاح کی بلکہ نئی زبان ایجاد کی"۔ سنوارنے کا مفہوم جب تک سادگی و سلاست سے ہے تو یہ قول درست ہے لیکن اگر اس کے معنی یہ ہیں کہ تشبیہ و استعارہ کے حسن اور رنگینی کی چاشنی سے زبان کو محروم کر دیا تو میں اسے سنوارنا نہیں کہوں گا بلکہ بگاڑنا۔ یہ ضرور ہے کہ غیر موزوں تشبیہ و استعارات اور بیجا رنگینی بھی زبان کو بگاڑنے ہی کے مترادف ہے لیکن اس کے یہ معنی تو نہیں کہ اسے ان چیزوں سے اتنا صاف کیا جائے کہ عبارت پر روکھی پھیکی کا نوحہ لگ جائے۔ میرا اس روکھی پھیکی سے یہ مطلب نہیں کہ وہ شروع سے آخر تک یکساں ہی ہے، جا بجا رنگینی اور چاشنی بھی پائی جاتی ہو لیکن زیادہ حصہ بے کیف ہے۔

دوسری چیز اُن کے متعلق زبان کو وسعت دینا اور ایک نئی زبان ایجاد کرنا ہے۔ مجھے اس میں کلام ہے۔ میرے خیال میں یہ اُن پر بیجا اتہام ہے۔ اگر نئی زبان ایجاد کرنا اور زبان کو وسعت دینا اس کا نام ہے کہ اس میں جا و بیجا انگریزی الفاظ بھر دئے جائیں تو میں کہوں گا کہ آج کل کا ایک پائی اسکول پاس حالی سے زیادہ انگریزی الفاظ بھر کر نئی زبان کا موجد کہلانے کا مستحق ہو سکتا ہے۔ انکی تصنیف حیاتِ جاوید جو اُن کے طرز کا بہترین نمونہ کہی جاتی ہے اس میں یہ بدرجۂ بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔ ہاں جہاں تک ہندی کے نرم و نیریں الفاظ کے استعمال کا تعلق ہے حالی نے انہیں استعمال کر کے دوسروں کے لئے ایک عمدہ نمونہ پیش کر دیا ہے۔ اور صرف اسی کو ہم زبان کو وسعت دینا کہیں تو وہ ضرور تعریف و تحسین کے مستحق ہیں۔ لیکن اُن کے انگریزی الفاظ کے بیجا استعمال کو یہ کہنا کہ انکی دوسری زبانوں کے مقابلے میں یہ معمولی سی فروگذاشت گراں نہیں گذرتی، کل غلط ہے۔ ضرور گراں گذرتی ہے اور کافی حد تک گراں گذرتی ہے۔ اور بعض اوقات تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے ان الفاظ کا استعمال محض اپنی انگریزی دانی کے اظہار کیلئے کیا ہو حالانکہ یہ دعوے کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اسکے اُن کا منشا یہ ہرگز نہیں تھا اور نہ ہو سکتا ہے۔

اُن کی خشک اور بے کیف شعر کے متعلق یہ کچھ کہا نہیں اس الزام سے بچایا جاتا ہے کہ علمی و ادبی مضامین کی فہم قدیم الفاظ کی چاشنی سے سرنہیں ہو سکتی۔ اس پر ہم آگے چلکر بحث کریں گے کہ اس قول میں صداقت کہاں تک ہے۔

الغرض جہاں تک نثر کا تعلق ہے سرسید کی طرح حالی بھی بغیر سہارے کے نہیں چل سکتے۔ حیاتِ سعدی۔ یادگارِ غالب اور حیاتِ جاوید۔ اُن کی بہترین تصانیف ہیں۔ مگر سب کی سب سوانح حیات۔ اور اسی کا سہارا ہے جس سے آج حالی کا نام بحیثیت نثار کے زندہ ہے۔ ایک چیز مقدمہ شعر و شاعری ضرور ایسی ہے جو باوجود مختصر ہونے کے ایک مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔ اور اپنی جگہ پر انتہائی قدر و عزت کی مستحق ہے۔ اور اگر انہوں نے سوا اس مقدمے کے اور کوئی کتاب بھی لکھی ہوتی تو محض یہی اُن کا نام زندہ رکھنے کیلئے کافی تھی۔ اس لئے مہدی کا یہ قول کہ "حالی صرف سوانح نگاری کے ساتھ چل سکتے ہیں" لفظ بلفظ صحیح نہیں ہو سکتا۔ ہاں بہت کچھ صحیح کہا جا سکتا ہے۔

حالی کے بعد نذیر احمد آتے ہیں۔ مصنف ہونے کی حیثیت سے وہ دو ممتاز خصوصیات کے مالک ہیں۔ ناول نگار۔ دوسرے مذہبی مصنف۔ بحیثیت ناول نگار اُن کی حیثیت بہت بلند ہے۔ اگرچہ اُردو میں قصے اور ناول ان سے پہلے بھی پائے جاتے تھے لیکن ناول نگاری کے موجودہ اُصول پر کوئی قصہ نہیں تھا۔ اس لحاظ سے انہیں اُردو کا پہلا ناول نگار کہا جا سکتا ہے۔ اگرچہ اُن کے تمام ناول "مقصدی" ہوتے ہیں لیکن انکا طرزِ بیان، اُن کی شوخی و ظرافت قصہ کو اس قدر حقیقی رنگ دے دیتی ہے کہ تمام نقشہ نظروں کے سامنے پھر جاتا ہے۔ دوسرے اُن کے ناولوں میں اگرچہ ضرورت سے زیادہ سبق آموزی سے کام لیا گیا ہے لیکن اُن کا قصہ پن مفقود نہیں ہوا ہے۔ قصہ پن، سبق آموزی، دلچسپی اور حقیقت نگاری ایک عمدہ ناول کی اہم ترین خصوصیات ہیں۔ اور یہ سب کی سب اُن کی تصانیف میں بدرجۂ اتم پائی جاتی ہیں۔ ان کا طرز باوجود حالی و سرسید کی طرح صاف و سادہ ہونے کے ایک عجیب رنگینی و چاشنی کا بھی حامل ہے۔ ان کے وہ لکچر جو خشک موضوعات پر بھی ہیں اُن کے پڑھنے سے طبیعت بجائے منقبض ہونے کے مسرور ہوتی ہے۔ اور ایک

عجیب قسم کا لطف محسوس ہوتا ہے۔ اور میرے نزدیک وہی طرزِ تحریر تحسین و تعریف کا مستحق ہے جس میں خشک موضوعات کو بھی اس طرح بیان کیا جائے کہ اس سے طبیعت محظوظ ہو نہ یہ کہ اچھے خاصے دلچسپ موضوعات کو بھی خشک بے کیف بنا دیا جائے۔

نذیر احمد کے اندازِ تحریر پر چند اعتراضات بھی کئے جاتے ہیں پہلا اعتراض تو بقول مرزا فرحت اللہ بیگ کے یہ ہے کہ "وہ چلتے چلتے عربی الفاظ کے روڑے بھی نہیں بچھاتے تھے بلکہ پہاڑ رکھ دیتے تھے"۔ لیکن یہ اعتراض اُن کی عام روانی و بے ساختگی کے مقابلے میں کچھ زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ یہ صرف عربی کے بے اندازہ قابلیت اور زورِ بیان کا نتیجہ تھا کہ خود بخود اُن کی زبان پر عربی الفاظ آجاتے تھے۔

دوسرا اعتراض اُن کے طرزِ تحریر پر یہ کیا جاتا ہے کہ وہ بہت زیادہ عامیانہ و سوقیانہ ہے۔ لیکن یہ اعتراض ناول نگاری کی حقیقی خصوصیات سے ناواقفیت کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اُنکے محاورات سے گذشتہ صدی میں دہلی کے بعض محلے اور کوچہ ہی کے لوگ لطف اُٹھا سکتے تھے۔ یہ اعتراض بھی غلط فہمی پر مبنی ہے۔ ناول کے کیریکٹرس کو اپنے ماحول کی زبان استعمال کرنا ہی چاہیئے۔ یہ ناول کی خوبی ہے نہ کہ خرابی۔ اور اُن کے محاورات میں سوائے چند کے جو مخصوص مقامی ہیں باقی تمام عام فہم ہیں۔ اور اُن کی زبان کو عامیانہ و سوقیانہ کہنے کے یہ معنی ہیں کہ وہ زبان خود ہی عامیانہ و سوقیانہ تھی جو اُس زمانے میں دہلی کے زنان خانوں میں بولی جاتی تھی۔ نذیر احمد کا آخر کیا قصور ہے؟ اُن کا فرض صرف حقیقت نگاری تھا وہ اُنہوں نے عمدگی کے ساتھ ادا کر دیا۔ اب زبان کا اعتراض اُن پر نہیں بلکہ اس زمانے کے بولنے والوں پر عائد کیا جا سکتا ہے۔ اگر بفرض محال اس میں کوئی عامیانہ پن ہے۔

نذیر احمد نے اپنے اس طرز کے ذریعے سے حقیقتاً مصوری کی ہے۔ مناظرِ قدرت کی نہیں بلکہ انسانی خصائل کی۔ اور اس عمدگی سے کی ہے کہ اُس کی نقل نہیں کی جا سکتی۔

ناول کے بعد اُن کی بے پناہ قابلیت کا استعمال اُن کی مذہبی تصانیف میں ہوا ہے۔ اور قرآن شریف کا ترجمہ کر کے اُنہوں نے مذہبی خدمت ہی نہیں بلکہ اُردو ادب کی خدمت بھی کی ہے۔ نہ محض یہ کہ اُنکے مفہوم کو ہر شخص آسانی سے سمجھ سکے بلکہ عربی کے زور کو قائم رکھنے کی بھی انتہائی کوشش کی گئی ہے۔

باوجود اس کے کہ وہ تشبیہات و استعارات سے کام نہیں لیتے لیکن اس قدر موزوں الفاظ استعمال کرتے ہیں کہ وہ اپنی جگہ سے ذرہ بھر بھی نہیں ہٹائے جا سکتے۔ اُن کی عبارت میں ایسی بے تکلفی اور بیساختہ پن ہوتا ہے کہ پڑھئے اور لطف لیجئے۔ اُن کے طرز کی ایک خاص خوبی یہ ہے کہ وہ کسی دوسرے طرز کی نقل و تقلید نہیں ہے۔ بلکہ اُن کا طرز اُن کی اپنی ذاتی ایجاد ہے جو اُنہوں نے اپنے لئے ایجاد کیا اور خود ہی ختم کر گئے موجودہ مصنفین میں مرزا فرحت اللہ بیگ اُن کے مقلد معلوم ہوتے ہیں لیکن اس بیساختگی کو نہیں پہونچ سکتے۔ اُن کے طرز کی یہ خصوصیت اُن کی ہر تصنیف میں پائی جاتی ہے۔ خواہ وہ ناول ہو یا کوئی مذہبی کتاب اس سے اُن کے طرزِ کمال کا ثبوت ملتا ہے۔ لیکن اس کمال میں ایک ابال بھی ہے اور وہ یہ کہ عموماً اُن کا طرز مزاحیہ رنگ لئے ہوئے ہوتا ہے جو ناولوں وغیرہ کے لئے تو نہایت موزوں ہے لیکن مذہبی کتابوں میں ذرا گستاخانہ معلوم ہوتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کی "امہات الامۃ" پر مولویوں نے اس قدر شور و غل مچایا کہ آخر کتاب نذرِ آتش کرنی ہی پڑی۔

اگر اُن کی مذہبی کتابیں علیحدہ کر لی جائیں تب بھی اُن کی ادبیت فنا نہیں ہو سکتی۔ اُن کے ناول اُن کے نام کو زندہ رکھنے کیلئے بہت کافی ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اُن کے ناولوں سے اگر مذہب اصلاح کا عنصر نکال لیا جائے تو وہ کچھ نہیں رہتے۔ اور رشید یہی وجہ ہے کہ "عربی کے اس فاضل پروفیسر کے متعلق جو بہت سخت عجمی تھا" مہدی فرماتے ہیں کہ "نذیر احمد بغیر مذہب کے لقمہ نہیں توڑ سکتے"۔

سرسید کے بعد شبلی آتے ہیں۔ اور چونکہ ان سے اوّل سرسید۔ حالی۔ آزاد اور نذیر احمد بہت کچھ لکھ چکے تھے لہٰذا انہوں نے انکی تحریروں کو سامنے رکھکر اُن سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے۔ "استدلال" انہوں نے سرسید سے سیکھا۔ تحقیق آزاد سے لی۔ زورِ بیان نذیر احمد کا لیا اور سادگی و صفائی حالی سے سیکھی۔ اسی وجہ سے اُن کا طرزِ تحریر اُن کے معاصرین کی تمام خوبیوں کا حامل ہے؛ گویا کہہ سکتے ہیں کہ ان کا انداز تحریر مختلف طرزوں کا ایک معجون مرکب ہے۔ آزاد کی رنگینی، حالی کی سادگی اور نذیر احمد کے زورِ بیان تینوں کو وہ موقع موقع سے استعمال کرتے ہیں۔ مگر بمقابلہ حالی اور نذیر احمد کے اُن پر آزاد کا زیادہ اثر ہے۔ اور چونکہ آزاد کا رنگین طرزِ بیان کچھ آزاد ہی کا حصہ تھا اور دوسرا اسکی نقل سے قاصر تھے اس لئے شبلی صرف آزاد کی رنگینیٔ خیال ہی پر اکتفا کرنے پر مجبور تھے۔ طرز کی رنگینی نہیں لے سکے۔

بہرحال انہوں نے اپنے معاصرین کے مختلف طرزوں سے ملا کر

ایک نیا طرز ضرور بنا لیا۔ لیکن ایک بالکل نیا طرز ایجاد کرنے اور مختلف طرزوں سے ملا کر ایک طرز گڑھ لینے میں جو فرق ہے وہ ظاہر ہے۔ حقیقۃً نذیر احمد اور آزاد صاحبِ طرز کہے جا سکتے ہیں۔ اور سرسید، حالی اور شبلی نہیں۔ صاحبِ طرز سے میرا مطلب یہ ہے کہ ایک ایسے طرز کا مالک جس میں انفرادیت بہت بڑی حد تک نمایاں ہو۔ صرف ایک ہی جملہ سے یہ اندازہ ہو جائے کہ یہ جملہ فلاں شخص کا ہے۔

خواہ اس کی وجہ یہی کیوں نہ ہو کہ شبلی نے دوسروں کے طرزوں میں سے صرف خوبیاں لیکر اپنے لئے ایک نیا طرز بنا لیا لیکن یہ ضرور ہے کہ ان کا طرز سرسید اور حالی کے طرز سے زیادہ بلند اور پختہ ہے۔ اور ان کی زبان ایسی ہے جو تصنیفات میں استعمال ہونی چاہیئے۔ کہیں کہیں اُن کے طرز میں شوخی و رنگینی بھی پائی جاتی ہے اور جہاں کہیں چھوٹے چھوٹے جملوں سے انہوں نے بہت زیادہ اثر پیدا کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے وہ ان کی بلاغت اور زورِ بیان کا بہت عمدہ نمونہ ہیں۔ اُن کے طرز کی یہ خصوصیت اُن کے خطوط میں بہت زیادہ نمایاں ہے۔ اور اُن کے اُن خطوط میں جو عطیہ فیضی اور زہرا فیضی کو لکھے گئے ہیں ایک دبی ہوئی شوخی اور ایک خاص قسم کی رنگینی بھی پائی جاتی ہے۔

بایں ہمہ ان کی تمام تحریرات کا موضوع قریب قریب تاریخ ہی ہے۔ جس کا وہ "علم الکلام" کے دیباچے میں خود ان الفاظ میں اعتراف کرتے ہیں:۔

"میں نے ابتدائے زمانۂ تصنیف سے اپنی تصلیفات کا موضوع تاریخ قرار دیا ہے۔ چنانچہ اب تک جو چیزیں میرے قلم سے نکلیں اور شائع ہوئیں وہ تاریخی ہی تھیں۔ اِس بنا پر علم کلام میرے دائرے سے خارج تھا۔ علم کلام کی تاریخ لکھنے سے ایک طرف تو اسلامی لٹریچر کی ایک بڑی کمی پوری ہوتی ہے دوسری طرف یہ تصنیف جو درحقیقت علم کلام کی تاریخ ہے، تاریخ کے دائرے میں آجاتی ہے اور میں اپنی حد سے تجاوز کرنے کا گنہگار نہیں رہتا۔"

اس کا صاف مطلب ہے کہ اُن کی قریب قریب تمام تصانیف ایک ہی دائرے تک محدود تھیں۔ اُن کی تمام تر توجہ تاریخ کی طرف مبذول رہی۔ اور تقریباً چالیس سال تک مسلسل ایک ہی موضوع کو "پامال" کرتے رہنے کے بعد کمال و شہرت حاصل نہ کر لینا انتہائی حیرت خیز ہوتا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ شبلی کی تمام تر شہرت بحیثیت مؤرخ کے ہے نہ کہ بحیثیت انشا پرداز کے۔ اب اس سلسلہ میں اگر انہوں نے اپنے پیش رووں کے مختلف طرزوں سے ملا کر ایک نیا طرز بھی بنا لیا تو وہ ناگزیر تھا۔ اگر آج اُن کی مورخانہ حیثیت اُن سے منفک کر لی جائے تو شبلی دوم درجے کے ایک مصنف رہ جائیں گے۔ اور بس۔ اور یہی وجہ ہے کہ مہدی افادی باوجود اس کے کہ وہ شبلی کے اتنے مداح ہیں کہ اُن کی مداحی کو ایک مفتور قصیدہ کہا جا سکتا ہے، ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ "شبلی سے تاریخ لے لیجئے تو قریب قریب کورے رہ جائیں گے۔"

اب آیئے ان سب کے مقابلے میں آزاد کو دیکھیں کہ بحیثیت انشا پرداز ان کا کیا درجہ ہے۔ انہیں ہم بحیثیت مصنف نہ تو ناول نویس کہہ سکتے ہیں، نہ سوانح نگار۔ نہ مؤرخ اور نہ مذہبی مصنف۔ وہ صرف انشا پرداز ہیں، کسی قسم کی حد بندی اور سہارے سے بے نیاز۔ انہوں نے ایک خاص طرز تحریر ایجاد کیا اور اپنی تمام تصانیف میں اُسے اِس خوبی سے نباہا کہ مرصع کاری اس پر نثار اور شاعری اس پر قربان۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے نثر میں شاعری کی ہے۔ اور اس خوبصورتی سے کہ اُن کی عبارت پر کسی طرح آورد کا شبہ تک نہیں ہوتا۔ ایک نہر ہے تیز و شفاف، شفق کی سُرخی اور آفتاب کی زرنگار شعاعوں سے رنگین، جو اٹھلاتی، شوخیاں کرتی، بل کھاتی اور تیزی سے بہتی چلی جاتی ہے۔ وہ ایک آرٹسٹ ہیں مینا کار، صناع ہیں جادو طراز۔ اور اُن کا یہ آرٹ خشک سے خشک موضوعات کو رنگین بنا دیتا ہے، دلچسپ داستان کا سا رنگ دیدیتا ہے! اور میں اسی کو ایک انشا پرداز کا، ایک صناع کا کمال سمجھتا ہوں کہ وہ ناگوار کو خوشگوار اور غیر دلچسپ کو دلچسپ بنا دے۔ یہی آرٹ ہے اور یہی آرٹ کا منشائے حقیقی۔

ایک شعر بمقابلہ نثر کے کیوں اچھا معلوم ہوتا ہے؟ صرف اس لئے کہ اس میں اظہارِ خیال کا طرز حسین و جمیل اور پُرکیف ہوتا ہے۔ اقبال کے فلسفہ کو نثر میں تبدیل کر دیجئے، میرے خیال میں شاید کوئی اُسے سرسری طریقے سے دیکھنا بھی گوارا نہ کرے۔ لیکن اسوقت جب وہ ہماری نظروں کے سامنے بانگِ درا، بالِ جبریل، ضربِ کلیم، پیامِ مشرق، زبورِ عجم اور جاوید نامہ وغیرہ کی صورت میں آتا ہے تو نہ محض ہم اسے شوق و دلچسپی سے پڑھتے ہی ہیں بلکہ لطف اندوز بھی ہوتے ہیں۔ ایک مصنف کا صرف یہی فرض نہیں کہ وہ قارئین کو وعظ دے، نصیحتیں کرے بلکہ اس کا فرض یہ ہے کہ اس وعظ و نصیحت کو، اس خشک نصیحت کو ایک ایسے دلکش پیرائے میں سامعین کے سامنے

پیش کرے کہ وہ اگر پہلی مرتبہ اُس کا کوئی اثر نہ بھی لیں۔ تو کم از کم شوق اور دلچسپی سے پڑھ تو لیں۔ اور پھر دلچسپی پیدا ہونے کے بعد کچھ نہ کچھ اثر ہونا لازمی ہے۔ تیغ والوں کو شیریں بنا کر حلق سے اُتارنا یہ ایک مصنف کا کمال ہی نہیں بلکہ فرض ہے۔

میں نے یہ اندیشہ طوالت ان چاروں کی طرز تحریر کے نمونے نہیں دئے ہیں اور دوسری وجہ نمونے نہ دینے کی یہ بھی ہے کہ چونکہ نمونے کے لئے صرف چند سطریں پیش کی جا سکتی ہیں مگر نذیر احمد کے علاوہ اوروں کے یہاں آزاد کی نقل کی کوشش پائی جاتی ہے جتنی کہ سرسید کے مضامین میں سے بھی جنہیں انشا پردازی سے دُور کا بھی واسطہ نہیں "اُمید کی خوشی" بطور انشا کے عمدہ نمونے کے پیش کی جا سکتی ہے۔ لہذا یہ عدم یکسانیت مثالیں پیش کرنے میں حائل تھی۔ کیونکہ میں وہی مثالیں پیش کرتا جو ان لوگوں کا عام طرز ہے لیکن انکے ہاتھ کسی دوسری جگہ سے جہاں بہت کوشش کے بعد وہ دو ایک صفحے رنگین عبارت میں لکھ گئے ہیں چند جملے پیش کر کے کہہ سکتے ہیں کہ وہ بھی آزاد جیسے انشا پرداز ہیں۔ اور "بہترین انشا پرداز" ہیں سعید انصاری صاحب نے اپنی ہٹ دھرمی سے ایسا کیا بھی ہے۔ انہوں نے آزاد، حالی اور شبلی کی ایک ہی موضوع کے متعلق عبارتیں نقل کی ہیں اور دعویٰ کیا ہے کہ شبلی کی روانی اور بے ساختگی کو حالی و آزاد دونوں نہیں پہونچتے۔ اوّل تو مجھے یہی تسلیم نہیں۔ اور خود سعید انصاری صاحب اپنے پچھلے جملے بھول گئے ہیں جہاں انہوں نے یہ کہا ہے کہ آزاد کا طرز تحریر ایسا ہے کہ اُس کی نقل نہیں کی جا سکتی۔ ایسی صورت میں شبلی کی عبارت کو نہ محض ان کی نقل بلکہ اس سے بہتر بتانا ناانصافی یا ہٹ دھرمی کے نتیجے کے سوا اور کچھ نہیں۔ دوسرے بفرض محال اگر مان بھی لیا جائے کہ وہ چند جملے آزاد کے جملوں سے بہتر بھی ہیں تب بھی یہ نہ آزاد کی تحقیر ہے اور نہ شبلی کی تعریف۔ مسلّم ہے کہ شبلی نے بمقابلہ اپنے اور بزرگوں کے آزاد کا رنگ زیادہ قبول کیا ہے۔ اور آزاد کی رنگینیٔ خیال کے ساتھ ساتھ ان کی رنگینیٔ عبارت کو بھی لینے کی کوشش کی ہے۔ اور اسی وجہ سے چند جملے انشا پردازی کی مثال میں اُن کی تصانیف میں نظر آتے ہیں۔ مگر انشا پردازی کا کمال بس تو نہیں کہا جا سکتا کہ بہت کوشش کر کے سو صفحوں میں دو ایک صفحے رنگین لکھ دیئے اور انہیں میں اپنا سارا زور ختم کر کے باقی صفحات پھر ویسے کے ویسے ہی خشک۔ پوری کی پوری تصانیف ایک ہی رنگین و رواں انداز میں لکھ دینا یہ آزاد کے سوا نہ کوئی کر سکا نہ اُمید ہے کہ اب کر سکے۔ لہذا شبلی کو بحیثیت مورخ اور کثیر التصانیف ہونے کے یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ وہ غیر فانی ہیں لیکن انہیں بحیثیت انشا پرداز کے آزاد سے ٹکراتا خواہ مخواہ کی سینہ زوری کا ثبوت ہے۔

پھر آگے چلکر سعید انصاری صاحب شبلی کو باقی سب سے بڑھانے کیلئے فرماتے ہیں کہ "حالی نے یادگار غالب اور حیات سعدی لکھی لیکن اُن کے ہیرو پہلے کے مقابلہ میں اپنی جگہ سے ایک انچ بھی سرکے۔ مگر شبلی نے موازنہ لکھا تو انیس کی دُھوم مچ گئی"

یہ امر اگرچہ بحث طلب تو کافی ہے لیکن میں اس بحث میں پڑنا یا اُلجھنا نہیں چاہتا۔ صرف یہ پوچھتا ہوں کہ کیا شبلی نے دبیر کے ساتھ انصاف کیا ہے؟ اور کیا انہیں کو بعض جگہ بے طریقہ پر ترجیح نہیں دی ہے؟ غالباً اس کا جواب شبلی کے پرستار بھی اثبات ہی میں دیں گے۔ اور اگر ایسا ہے تو کیا شبلی کی ادیبانہ حیثیت تو جو کچھ بھی وہ بھی ہو، مورخانہ حیثیت بھی معرض خطر میں نہیں پڑ جاتی؟ پھر لکھتے ہیں "آزاد نے سخندان پارس لکھی لیکن شبلی کی شعر العجم سے وہ دب کر رہ گئی" ممکن ہے بحیثیت فن تاریخ اور تفصیل کے دب کر رہ گئی ہو لیکن جہاں تک فارسی دانی اور فارسی فہمی کا سوال ہے شبلی بقول آپ کے پرستار ہندی کے آزاد سے دو سے زیادہ ہیں۔ اسکے علاوہ جہاں تک انشا پردازی کا تعلق ہے شبلی کی شعر العجم صرف تاریخ کی غرض سے پڑھی جائیگی! اور آزاد کی سخندان پارس تاریخ اور انشا پردازی دونوں کیلئے۔ شعر العجم سے اچھی تاریخ شعر العجم کو بھلا دیگی لیکن سخندان پارس سا اچھا تبصرہ سخندان پارس کی انشا پردازی کو فنا نہیں کر سکتا۔

آزاد کے طرز تحریر پر مختلف اعتراضوں میں سے ایک خاص اور اہم اعتراض یہ ہے کہ وہ سنجیدہ موضوعات کیلئے موزوں نہیں لیکن یہ اعتراض خود ہماری نااہلیت کا نتیجہ ہے۔ چونکہ ہم خود اُس کی نقل نہیں کر سکتے اس لئے یہی کہکر اپنے دل کو تسلی دے لیتے ہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ ہم اس طرز کو بہت زیادہ دلکش اور دلچسپ کہتے ہیں، اسے نہایت عمدہ سمجھتے ہیں لیکن پھر بھی اس پر اعتراض کرتے جاتے ہیں۔ اور یہ کوئی تعجب خیز نہیں۔ بعض اوقات انسان کی مایوسی اس اسٹیج پر پہونچ جاتی ہے کہ وہ اس مایوسی کی روحانی اذیت سے بچنے کیلئے اس چیز ہی کو، دل میں تو نہیں ہاں زبان سے بُرا کہکر اپنے دل کو تسلی دینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ایک مرتبہ ایک لومڑی نے بھی انگوروں کے حصول سے مایوس ہو کر ایسا ہی کیا تھا۔ ممکن ہے بعض لوگوں کو اس میں اب بھی اعتراض

ہو کہ نہیں یہ "کھٹے انگوروں" والا معاملہ نہیں بلکہ واقعی آزاد کا طرز سنجیدہ موضوعات کیلئے موزوں نہیں۔ تو میں یہ پوچھونگا کیا تاریخ، سوانح، ادبی تنقیدات، ادبیات، مکاتیب، سفرنامہ اور فیلالوجی وغیرہ سنجیدہ موضوعات نہیں ہیں؟

شبلی نے بھی تاریخ کو اپنا موضوع بنایا ہے لیکن وہ خود چونکہ آزاد کی طرز کو ہر جگہ نہ نباہ سکے لہذا اُن کے پرستاروں نے یہ کہکر اپنے دل کو تسلی دینے کی کوشش کی کہ وہ طرز تاریخ کے لئے موزوں نہیں۔ آزاد نے بھی تاریخ لکھی اور شروع سے لیکر آخیر تک اپنے رنگین طرز میں قرطاس نہ کالے دیا۔ ثبوت کیلئے دربار اکبری اٹھا کر دیکھو اور زبان کی تاریخ کے لئے آب حیات کا دیباچہ پڑھو۔ ذرا اس اقتباس کو غور سے ملاحظہ فرمایئے اور دیکھئے سلاست و روانی کے ساتھ ساتھ کس قدر زور و اثر ہے کہ بالکل نقشہ آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے:

"آج تخمیناً چوبیس سو برس ہوئے اس نورانی موجد نے شعلۂ آتش کے پردے میں توحید کے مسئلہ کو رواج دیا۔ مذہب مذکور نے سلطنت کے بازوؤں سے زور پکڑا اور ایران سے نکل کر دو سو برس کے قریب اطراف و جوانب کو دباتا رہا۔ یہاں تک کہ سکندر یونان سے طوفان کی طرح اُٹھا اور ایشیا کے امن و امان کو تہ و بالا کر دیا۔ جو مصیبت بدھ کے ہاتھ سے بیدشت ستر پر پڑی تھی وہاں وہی مصیبت ژندا ستا پر آئی۔ چنانچہ جس آگ نے زرتشت اور جاماسب کے متبرک ہاتھوں سے آتش خانوں کو روشن کیا تھا۔ جس کے آگے گشتاسپ نے تاج اتار کر رکھا، جسکی درگاہ میں اسفندیار نے گرز اور تلوار چڑھائی یونان کے آب شمشیر سے بجھائی گئی اور آتش خانے راکھ ہو کر اڑ گئے۔"

آب حیات میں ایک جگہ زبان کی بناوٹ اور عہد بعہد کی تبدیلیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"بیان ہائے مذکورہ سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جو کچھ اس میں ہوا کسی تحریک یا ارادے سے نہیں ہوا بلکہ زبان مذکور کی طبیعت ایسی ملنسار واقع ہوئی ہے کہ ہر زبان سے مل جل جاتی ہے۔ سنسکرت آئی اس سے مل گئی، عربی فارسی آئی اسے بسم اللہ، خیر مقدم کہا۔ اب انگریزی الفاظ کو اس طرح جگہ دے رہی ہے گویا اس کے انتظار میں بیٹھی تھی۔"

چند سیدھے سادے مختصر جملوں میں پوری زبان کی تاریخ بیان کر دی۔ کیا یہ "بلاغت کی آخری حد" نہیں ہے؟ اور کیا اس کا موضوع سنجیدہ نہیں؟

شبلی نے شعر العجم لکھی۔ انیس و دبیر کی شاعری پر تبصرہ کیا۔ آزاد نے آب حیات اور مخزن پارس لکھی اور مختلف شعراء کے سوانح حیات کے ساتھ ساتھ اُن کی شاعری پر تبصرہ کیا۔ ویسے تو پوری آب حیات مثال میں پیش کی جا سکتی ہے لیکن یہاں صرف دو ایک مثالیں ہماری بحث کے لئے کافی ہونگی۔ دلی دکھنی کے متعلق لکھتے ہیں:

"یہ نظم اُردو کی نسل کا آدم جب ملک عدم سے چلا تو اس کے سر پر ادلیت کا تاج رکھا گیا۔ جس میں وقت کے محاورے نے بیش بہا جواہرات خرچ کئے اور مضامین کی رائج الوقت دستکاری سے مینا کاری کی جب کشور وجود میں پہونچا تو ایوان مشاعرہ کے صدر میں اس کا تخت سجایا گیا۔ شہرت عام نے جو اس کے بقائے نام کا ایوان بنایا ہے اس کی مضبوطی اور بلندی کو ذرا دیکھو اور جو کتابیں لکھی ہیں انہیں پڑھو دُنیا تین سو برس آگے نکل آئی ہے مگر وہ آج تک سامنے نظر آتے ہیں اور صاف پڑھے جاتے ہیں۔"

کیا اس قسم کی بلند و اعلیٰ انشا پردازی کا نمونہ شبلی کی تمام تصانیف میں کہیں بھی مل سکتا ہے؟ ادبی تنقید ایک خشک و روکھا پھیکا موضوع ہے لیکن ہمارے انشا پرداز کی انشا پردازی اس میں بھی ملاحظہ ہو۔ سودا، میر، درد اور مرزا جانجاناں کے کلام پر مجمل طور سے تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"اس مشاعرہ میں اُن صاحب کمالوں کی آمد آمد ہے جن کے پاانداز میں فصاحت آنکھیں بچھاتی ہے اور بلاغت قدموں میں لوٹتی ہے۔ زبان اُردو ابتدا میں کچا سونا تھی ان بزرگوں نے اُسے اکثر کدورتوں سے پاک صاف کیا اور ایسا بنا دیا جس سے ہزاروں ضروری کام اور آرائشوں کے سامان، حسینوں کے زیور بلکہ بادشاہوں کے تاج و افسر تیار ہوتے ہیں ..... یہ گرد و پیش کے میدانوں میں بہت دوڑے، سب پھول کام میں آئے ہوئے تھے۔ جب سامنے کچھ نہ پایا تو ناچار اپنی عمارتوں کو اُونچا اُٹھایا۔ تم دیکھنا وہ بلندی کے مضمون نہ لیکنگے آسمان سے تارے اتار لینگے ..... یہ اپنی صنعت میں کچھ تکلف بھی کریں گے مگر ایسا جیسے گلابکے پھول پر شبنم یا تصویر پر آئینہ۔ تم میر صاحب اور خواجہ میر درد کو دیکھ گے کہ اثر میں ڈوبے ہونگے۔ سودا کا کلام باوجود بلندیٔ مضمون اور چستیٔ بندش کے تاثیر کا طلسم ہوگا۔ اتنی بات کا افسوس ہے کہ اس ترقی میں طبیعت کو بلند پروازی سے اوپر کی طرف رخ نہ کیا کاش آگے قدم بڑھاتے تاکہ حسن و عشق کے محدود صحن کو

نکل جاتے اور ان میدانوں میں گھوڑے دوڑاتے کہ نہ اُن کی وسعت کی انتہا ہو، نہ لطائف و عجائب کا شمار ہے۔"

کسقدر بے لاگ اور تنقید ہے کہ تحسین طلب باتوں کی تعریف بھی کر دی اور جو عیب یا کمی تھی اسکو بھی صاف صاف بیان کر دیا۔

آزاد نے کسی خاص موضوع کو اپنے قلم کا نشانہ نہیں بنایا ہے اور نہ ہم انہیں کسی مخصوص صنفِ ادب کا خادم کہہ سکتے ہیں۔ انہوں نے صرف اُردو زبان کی خدمت کی۔ اُردو کی تاریخ لکھی۔ شعراء کی سوانح لکھیں۔ اُن کے کلام پر تنقید و تبصرہ کیا۔ غرض اُردو داں طبقہ کیلئے آبِ حیات۔ نیرنگ خیال وغیرہ لکھکر اُردو انشا پردازی کا بے مثال نمونہ پیش کیا اور پنجاب کیلئے چھوٹی چھوٹی درسی کتابیں لکھکر پنجابیوں کو اُردو سیکھنے میں مدد دی۔

آج جس شاعری کا جھنڈا لئے ہوئے ہندوستان کے مشہور ترین شعراء آگے بڑھ رہے ہیں سب سے پہلے وہ حالی نے نہیں آزاد نے بلند کیا تھا۔ آج جو وسیع میدان ہمارے شاعروں کے سامنے ہے اُس کا راستہ اُس خادمِ زبان نے دکھلایا تھا جسے دُنیا آزاد کے نام سے یاد کرتی ہے۔ آزاد ہی وہ شخص تھا جس نے اپنی زبان اور اپنے ادب کی خدمت پر اپنے ہوش و حواس، اپنی صحت اور اپنی زندگی کو قربان کر دیا یہ یہی وہ ہستی تھی جس کا انشا پردازی کے میدان میں اس کا ہمعصر لوہا مانتا تھا۔ یہ دوسری بات ہے کہ اب، اس موجودہ دَور میں ہمارے نظریات تبدیل ہو جائیں۔ ہم آرٹ اور حُسن کسی دوسری ہی چیز کو سمجھنے لگیں۔ انشا پردازی کو تصنع کا نام دیدیں اور کیا معلوم یہ نظریات جو آج ہم نے انشا پردازی کے متعلق بنائے ہیں کل اگلی نسل آکر انہیں بھی بدل دے۔ آج جس انشا پردازی کو ہم تصنع اور خلافِ فطرت کہتے ہیں کل ہماری انشا پردازی پر بھی خفگی اور بے کیفی کا فتویٰ لگ جائے۔ یہ نظریات بدلیں گے اور بدلنا ہی چاہئے۔ لیکن ہم کسی گذشتہ دَور کی بات کو اگر اپنے دَور کی روشنی میں دیکھیں گے۔ اگر کسی گذشتہ عہد کی تصنیف پر اپنے موجودہ نظریات کی روشنی میں تنقید کریں گے تو واضح رہے کہ ہم کبھی بھی صحیح نتیجے پر نہ پہونچ سکیں گے۔ ہمارا یہ طرزِ عمل اتنا ہی احمقانہ ہوگا جتنا دن کے وقت چاند کو روشن دیکھنے کی خواہش کرنا یا رات کے وقت تمام آسمان پر تاروں کے صحرا میں آفتاب کی تلاش کرنا۔

بہرحال آزاد نے سوا سر سید کے معقولات اور نذیر احمد کے مذہبیات اور کونسے موضوع پر قلم فرسائی نہیں کی۔ تاریخ انہوں نے لکھی۔ سوانح شعرا اور ادبی تنقیدات انہوں نے لکھیں۔ خالص ادب انہوں نے پیش کیا۔ مکاتیب و سفرنامہ اُن کے قلم سے نکلے۔ کیا یہ تمام موضوعات سنجیدہ اور ادبی نہیں؟ کیا ان خشک موضوعات پر آزاد کا قلم کہیں بھی اپنی گلکاریاں دکھلانے سے رُکا ہے؟ کہیں بھی انہیں لغزش ہوئی ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے طرز میں کامل تھے۔ ع اگر انکے علاوہ بھی کوئی اور موضوع اختیار کرتے تو یہ گلفشانیاں جو اُن کے قلم کے لئے بالکل فطرتی تھیں وہاں بھی نظر آتیں۔ لہٰذا یہ بالکل غلط ہے کہ آزاد کا طرزِ تحریر سنجیدہ اور تنقیدی موضوعات کے لئے مناسب نہیں۔ ذرا "بقائے دوام کا دربار" پڑھئے۔ وہاں تاریخ بھی ہے، ادب بھی ہے، رنگینی بھی ہے اور رعنائی بھی۔ اب اگر مولانا شبلی اپنی تاریخ دانی کے زعم میں کسی غلط فہمی کی بنا پر اُس کے کسی فقرے پر اعتراض کر بیٹھیں تو اُس کی قدر و قیمت میں کوئی کمی نہیں آتی۔ آزاد غریب کو تاریخ دانی کا دعوےٰ نہیں، ہاں جس چیز کا اُسے دعویٰ ہے اس میں اور تو کوئی کہاں کا خود شبلی باوجود انتہائی کوشش کے اُس کے ہم مثل نہ بن سکے اور نہ اُمید ہے کہ اُردو دُنیا اب اس جیسے انشا پرداز کو پیدا کر سکے گی۔

مہدی الافادی نے (جو بحیثیت انشا پرداز خود شبلی سے بہتر ہیں اور جس کا اعتراف شبلی نے ان الفاظ میں کیا ہے کہ "کاش شعر العجم کے مصنف کو ایسے دو فقرے بھی لکھنے نصیب ہوتے۔") اور جو شبلی کے شاگرد رشید مولانا سلیمان ندوی صاحب مدظلہٗ سے بھی زیادہ شبلی کے مداح معلوم ہوتے ہیں آزاد کی بے مثل انشا پردازی کی داد اس طرح دی ہے:۔

"ہم انشاء کا وہ واقعہ کس قدر دلچسپ ہے جب اُس نے باغ کی ایک روش پر جہانگیر کے ہاتھ سے کبوتر لیکر چھوڑ دئے تھے۔ پروفیسر آزاد نے جس خوبصورتی سے اس کو دکھایا ہے انشا پردازی کو آجتک اس سے بہتر الفاظ نہ مل سکے۔"

لیکن خیر بیچارے مہدی تو نہ آزاد کی برابری کا دعویٰ کرتے ہیں نہ انہیں کھینچ تان کر ان کے برابر لایا جاتا ہے لہٰذا ان کی اس داد و تحسین سے شاید مدعی اثر پذیر نہ ہونگے ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ خود اُن کے وہ معاصرین جنہیں آجکل زبردستی اُن کے برابر لانے بلکہ بحیثیت انشا پرداز ان سے بڑھانے کا فیشن ہو گیا ہے۔ آزاد کی

انشا پردازی کو کس نظر سے دیکھتے تھے۔ مہدی افادی نے ایک واقعہ کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ لاہور میں پہلی دفعہ جب ایجوکیشنل کانفرنس کا جلسہ ہوا تو پروفیسر آزاد زندہ تھے۔ نذیر احمد ملنے گئے، شبلی و حالی بھی ساتھ تھے۔ نذیر احمد کا لکچر ہونے والا تھا جو چھپا ہوا اُن کے ہاتھ میں تھا۔ اُنہوں نے یہ کہکر آگے بڑھا دیا کہ ایک نظر دیکھ لیجئے۔ آزاد فوراً قلم سنبھال کر بیٹھ گئے اور کانٹ چھانٹ شروع کر دی۔ نذیر احمد آزاد کی اس بے تکلفی سے اس قدر متاثر ہوئے کہ جوشِ محبت سے آنکھیں نم ہوگئیں۔ اُن کو فوراً طور پر خیال آیا کہ ابھی ان کے دائرے میں ایک شخص ایسا موجود ہے جو "بوڑھے بچے" کی مشقِ سخن پر نظر ثانی کر سکتا ہے۔

مولانا حالی آزاد کے متعلق لکھتے ہیں:۔

"نظم و نثر میں بہت کچھ لکھا گیا اور لکھا جا رہا ہے یعنی لٹریچر کے رقبے کا طول و عرض بڑھ گیا لیکن اس کا ارتفاع جہاں تھا وہیں رہا یعنی اخلاقی سطح بہت اونچی نہیں ہوئی۔ لیکن آزاد کی پاکیزہ خیالی اور خوش بیانی نے یہ کمی پوری کر دی۔"

نیرنگ خیال کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"آزاد کے قلم نے پہلے پہل جذبات انسانی کی تجسیم و تشخیص کی اور معقولات کی تصویریں محسوسات کی شکلوں میں کھینچی ہیں۔ اور خصائل انسانی کے فطری خواص ایسے مؤثر اور دلکش پیرائے میں بیان کئے ہیں جن سے اُردو لٹریچر ابتک خالی تھا۔"

شبلی جو آزاد کی نقل کرکے اپنے تئیں انصاف پرستاروں کے ہاتھوں بحیثیت انشا پرداز آزاد سے بڑھا رہے گئے ہیں، خود آزاد کا ادب کرتے اور فرمایا کرتے تھے کہ "آزاد اُردو کے معلیٰ کا ہیرو ہے۔ اسکو کسی سہارے کی ضرورت نہیں۔ وہ اصلی معنوں میں ایک زبردست انشا پرداز ہے۔" ایک دوسری جگہ اُنہوں نے آزاد کے مؤثر انداز بیان اور ساحرانہ انشا پردازی کا ایک اور انداز سے اعتراف کیا ہے جو شبلی کے مداحوں کی تمام بیجا ہٹ دھرمیوں کا ایک مسکت جواب ہے۔ مہدی الافادی کو خط میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"آزاد کی کتاب آئی۔ جانتا تھا کہ وہ تحقیق کے میدان کا مرد نہیں۔ تاہم اِدھر اُدھر کی گپیں بھی ہانک دیتا تو وحی معلوم ہوتی۔"

اور اس سے زیادہ کیا ہوگا آزاد کی انشا پردازی کا ثبوت۔ پھر بھی اگر ہم انہیں لکڑی شاگردوں سے گھٹانے کی بجائے کوشش کریں تو یہ ہماری ناانصافی اور ناہنجاری کا ثبوت نہیں تو اور کیا ہے؟ لیکن اگر ہمیں "مدعی سست گواہ چست" والی ضرب المثل کو صادق ہی ٹھہرانا ہے تو اس کی اور بھی صورتیں ہو سکتی ہیں۔ اس میں "فرمانروائے سخن" کو گھسیٹنے کی کیا ضرورت ہے۔ اور یہ کہنا کہ اُن کا طرز سنجیدہ موضوعات کے لئے موزوں نہیں ہمارے نقادوں کی مستم ظریفی ہے۔ ہاں یہ اور بات ہو کہ ہم انکے طرز کی نقل نہیں کر سکتے مگر یہ اس طرز کی خرابی نہیں ہماری ناقابلیت کا ثبوت ہے اور اپنی بیچارگی کا اعتراف۔

اب رہا عالم فطرت پر عالم صنعت کو ترجیح نہ دینے کا سوال تو یہ اُس وقت ممکن ہے جب انسان کے دل سے آپ اُس کے ذوقِ حسن کو فنا کر دیں اور جس دن آپ اس میں کامیاب ہو گئے (حالانکہ اس کی کوئی اُمید نہیں) اُس دن آرٹ بھی صفحۂ دنیا سے مٹ جائیگا۔ آرٹ کے تمام نمونے، تمام شاہکار مٹ جائیں گے اور ایک انسان کی دماغی بے چارگی ایک جانور کی دماغی حالت سے مقابلہ کرنے میں کچھ پست تر ہی ہوگی۔ لیکن جب تک یہ ذوق فنا نہیں ہوتا مجھے اور میرے ساتھ آپ کو بھی مہدی کے الفاظ میں محض یہ کہنا ہی چاہئے بلکہ کہنا پڑیگا کہ "خوش آب موتیوں کا نشاط انگیز انتشار کے ساتھ فرش نشیں پر بکھر جانا روانی آبجو سے زیادہ دلکش ہے مگر اس سے زیادہ تر دلکش ہے کسی نازک خیال مصنف کی مرصع پیداوار دماغی جو حسن صوری و معنوی کے ساتھ آمد اور میاخذہ بن کی تصویر ہو۔"

مولانا شبلی جن کے متعلق خود اُن کا مداح یہ لکھے کہ "وہ معاصرانہ کمالات کے اعتراف میں فیاض نہیں تھے" وہی شبلی جس کے کمالات کا دریا دلی کے ساتھ اعتراف کریں تو اس کے کمال میں کس کافر کو شبہ ہو سکتا ہے۔ کچھ نکتہ مخالف اور موافق بہت کچھ کہا جا سکتا ہے لیکن جو انصاف پسند طبیعتیں ہیں وہ مہدی افادی کے اس منصفانہ فیصلہ کی ضرور تائید کریں گی کہ "آزاد کی ادبی فتوحات تاریخ لٹریچر کا ایک واقعہ ہے جس کا فیصلہ خود فلسفۂ ادب کے ہاتھوں ہوگا۔ اور پروفیسر آزاد کا درجہ بحیثیت ادیب جو کچھ ہے اُس کا سمجھنا دوم درجے کی خلقت کے لئے جو فلسفۂ لٹریچر سے قطعاً بیگانہ ہو آسان نہیں ہے۔"

دِلّی کی سیر

وہ میرے لئے دہلی جانے کا پہلا موقع تھا۔ اُس سے قبل میں نے اِس بڑے شہر کی مہذب زندگی کبھی نہ دیکھی تھی۔ دو تین دن برابر شاہراہوں پر گھومتا رہا۔ وہ عمارتیں جو آسمان سے باتیں کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں، وہ سڑکیں جہاں کھوے سے کھوا چھلتا ہے، وہ بگھیاں، موٹر کاریں اور ٹرامیں جو ایک دوسرے کو مَس کرتی ہوئی نکل جاتی ہیں، وہ دُکانیں جن میں ہزاروں قسم کا قیمتی سے قیمتی سامان بھرا ہوا ہے، اور وہ عمدہ عمدہ لباس پہننے والے مرد، حسین عورتیں اور خوبصورت بچے جو اِن دُکانوں پر خرید و فروخت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں ——— میں نے یہ سب کچھ دیکھا۔ اور میرا ذہن اُن لاکھوں کروڑوں انسانوں کی طرف منتقل ہوگیا جو اِن تجارتی شاہراہوں سے دُور، بھوک، افلاس، بیماری اور بے تعلیمی میں اپنی زندگیاں بسر کر رہے ہیں۔ میں حیرت سے سوچنے لگا کہ کیا یہ لوگ ——— یہ دکاندار جو ہزاروں روپے کماتے ہیں اور یہ گاہک جو ہزاروں روپے خرچ کرتے ہیں ——— کبھی اُن لوگوں کا بھی خیال اپنے دل میں لاتے ہیں جن کی محنت پر اُن کی عیاشیوں کا دارومدار ہے۔ کبھی نہیں لاتے۔ یہ تو اُن سے بھی بے خبر ہیں جو اِن سے بہت قریب، بالکل ان کے درمیان بھوکے اور ننگے پھرتے ہیں۔ کیونکہ میں نے دیکھا کہ انہی بازاروں میں جہاں عشرت اور فراوانی کا دریا بہتا ہے بہت سے مزدور اپنے سروں پر خالی ٹوکریاں رکھے اِدھر سے اُدھر گھومتے ہیں۔ اُن کی ویران آنکھوں اور سوکھے ہوئے چہروں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھوکے ہیں، بے روزگار ہیں اور ستائے ہوئے ہیں۔ لیکن کوئی اُن کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھتا۔ زندگی کی شراب پینے والے "دورِ نہ جام" سے کتنے بے خبر ہیں! ظاہری شان و شوکت اور اوپری ٹیپ ٹاپ تمدّن کی کھوکھلی بنیادوں کو چھپانے میں کس طرح مصروف ہے!!!

غرض کہ میں دو تین روز اِن تہذیبی اور تمدّنی مظاہر کا مطالعہ کرتا رہا۔ پھر ایک دن مجھے اُس زندگی کو بھی دیکھنے کا موقع ملا جو اس شہر کے گلی کوچوں میں بسر کی جاتی ہے۔ جس ہوٹل میں میں ٹھیرا ہوا تھا اُسی میں بہت دنوں سے ایک صاحب علاج کے لئے مقیم تھے۔ اُن سے دو چار روز میں میری اچھی خاصی دوستی ہوگئی۔ ایک دن صبح کے وقت ہم دونوں چاندنی چوک میں سے گذر رہے تھے کہ اُنہوں نے کہا "آیئے، مجھے اس طرف ذرا سا کام ہے"۔ یہ کہہ کر وہ ایک کوچے میں گھس گئے۔ اب آگے آگے وہ اور پیچھے پیچھے میں۔ ایک گلی سے دوسری میں نکلے، دوسری سے تیسری میں، تیسری سے چوتھی میں، اور اس طرح معلوم نہیں کتنی گلیاں عبور کر گئے۔ میں نے اُن سے کہا "مرد خدا، کہاں جا رہے ہو؟ اس بھول بھلیاں میں سے کسی طرح نکلو گے بھی یا نہیں؟" مگر وہ چلتے ہی رہے اور تھوڑی سی دیر میں کہیں سے کہیں پہنچ گئے۔ بالآخر وہ جگہ آئی جہاں اُنہیں جانا تھا۔ بولے "آپ یہاں ٹھیریئے۔ میں پانچ منٹ میں واپس آتا ہوں"۔ یہ کہہ کر ایک پتلی سی گلی میں غائب ہوگئے۔

اُس وقت کوئی دس بجے ہونگے۔ گلی میں ایک طرف دھوپ تھی اور ایک طرف سایہ۔ میں نے سائے میں ٹہلنا شروع کر دیا کہ چلتے چلتے جو پسینہ آگیا ہے وہ ذرا خشک ہو جائے۔ ابھی ٹہلتے ہوئے زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ کہیں اُوپر سے آواز آئی۔

"اے بھائی! ذرا ہٹ جانا" میں نے نظر اٹھائی تو دیکھا کہ ایک دو منزلہ مکان کے برآمدے میں ایک میلی کچیلی بڑھیا آدھا جسم باہر نکالے کھڑی ہے اور ہاتھ میں ایک پیالہ لئے ہوئے میرے سر کا نشانہ بنا رہی ہے۔ میں اس کی زد سے بچا ہی تھا کہ اس نے اوپر سے پیالہ انڈیل دیا اور بہت سی دال نیچے کوڑے کے ڈھیر پر آ پڑی۔ وہ کوڑے کا ڈھیر یونہی کیا کم گھناؤنا تھا کہ اس میں یہ اور اضافہ کیا گیا۔ اب جو میں نے اپنے اردگرد دیکھا تو معلوم ہوا کہ تقریباً ہر دروازے کے سامنے ایک کوڑے کا ڈھیر ہے جس میں آم کی گٹھلیاں، گھر کا بچا کھچا کھانا، نالیوں کی کیچڑ اور خدا جانے کیا کیا کچھ شامل ہے۔ مکانوں کے دروازے اور دیواریں باہر سے اتنی گندی اور کالی کالی تھیں کہ مجھے یہ خیال ہوا کہ ان گھروں میں انسان نہیں بستے بلکہ ان کے اندر زمانے بھر کی غلاظت گھولی، چھانی اور پکائی جاتی ہے۔ ہر ڈیوڑھی تاریکی اور نمی کی وجہ سے کسی بدبودار نالی کا دھانہ معلوم ہوتی تھی۔ میں ان خیالات پر دل ہی دل میں افسوس کر رہا تھا کہ سامنے سے ایک صاحب نمودار ہوئے جو ترکی ٹوپی اور شیروانی پہنے تھے اور ایک اندھے اور بالکل ننگے آدمی کو انگلی پکڑے ہوئے لا رہے تھے۔ ایک مہذب شہر کے کوچوں میں ایسے شخص کا بے محابانہ پھرنا جس کے جسم کا کوئی حصہ بھی ڈھکا ہوا نہ ہو کافی تعجب خیز امر ہے۔ اور پھر جب ایک سفید پوش اور ہوشمند انسان اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیکر گلیوں میں ٹہلتا ہوا نظر آئے تو کم سے کم میں تو یہ یقین کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ دنیا کے نظام میں کوئی زبردست تبدیلی واقع ہو گئی ہے۔ میں پھٹی ہوئی آنکھوں سے ان دونوں کو دیکھ رہا تھا کہ وہ صاحب جو ترکی ٹوپی پہنے تھے "حافظ جی، ذرا ٹھیریئے" کہہ کر الگ ہوئے اور چپاتی کا ایک ٹکڑا جو بیچ گلی میں پڑا تھا اٹھانے لگے۔ میں سمجھا کہ حافظ جی کو کھلا رہے ہیں گے لیکن انہوں نے اس کو اٹھا کر چوما اور کوڑے کے اسی ڈھیر پر ڈال دیا جس پر ذرا دیر پہلے اوپر سے دال پھینکی گئی تھی۔ اس کے بعد پھر "حافظ جی" کا ہاتھ پکڑا اور آگے بڑھ گئے۔ میں بہت دیر تک یہی سوچتا رہا کہ ان دو شخصوں کا ایک دوسرے کے ساتھ کیا تعلق ہو سکتا ہے۔

میرے دوست نے کہا تھا "پانچ منٹ میں واپس آتا ہوں" اور اب دس منٹ سے بھی زیادہ گذر چکے تھے۔ میں بے قرار ہو کر اس تنگ و تاریک گلی میں جھانکا جس میں وہ غائب ہوئے تھے۔ وہ تو نظر نہیں آئے البتہ ایک صاحب آتے ہوئے دکھائی دیئے جو بہت دبلے پتلے اور لمبے تھے۔ ڈاڑھی گھنی تھی اور سر کے بال شانوں تک لٹک رہے تھے۔ گھٹنوں تک نیچا کرتا اور ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ پہن رکھا تھا۔ پاؤں میں چپل تھی۔ کسی پیر کے بڑے عقیدت مند مرید معلوم ہوتے تھے۔ یہ حضرت اس ترکی ٹوپی والے سے بھی زیادہ ستم ظریف ثابت ہوئے۔ پتلی گلی سے نکل کر، آؤ دیکھا نہ تاؤ، پاجامہ کھول نالی کے کنارے بیٹھ گئے۔ یہاں تک بھی خیر معاملہ قابل برداشت تھا۔ ارے صاحب انہوں نے تو غضب کر دیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک ہاتھ میں پاجامہ ہے دوسرا ہاتھ پاجامے کے اندر ہے، اور بڑے اطمینان کے ساتھ چلے آ رہے ہیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا، واہ! کیا مشرقی تہذیب ہے۔ سبحان اللہ!

اس کے بعد میں پھر اپنے دوست کے انتظار میں مصروف ہو گیا۔ ٹہلتے ٹہلتے میری طبیعت اکتا چکی تھی اور میں نے سوچا کہ اب یہاں سے چلنا چاہیئے۔ لیکن پھر خیال آیا کہ ان پیچیدہ گلیوں سے تو میں واقف ہوں نہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ انہیں میں گم ہو کر رہ جاؤں۔ اور اپنے مستقر تک پہنچنا دشوار ہو جائے۔ اس کے علاوہ اپنے دوست کا بھی خیال تھا۔

وہ کہیں گے آپ چند منٹ انتظار نہ کر سکے۔ اور مجھے چھوڑ کر چلے آئے۔ غرض کہ پھر وہی گلی تھی اور وہی میری چہل قدمی!

دو چار منٹ گزرے ہوں گے کہ ایک نئی دلچسپی پیدا ہوئی۔ جن مکانوں کے آگے میں ٹہل رہا تھا اُن میں سے ایک کا دروازہ آہستہ سے کھلا اور بند ہو گیا۔ میں نے نگاہ اُٹھائی تو دو جنائی انگلیوں کے سوا کچھ نظر نہ آیا۔ ایک لمحہ کے بعد پھر کواڑوں کو جنبش ہوئی۔ میری نگاہیں دیوانہ وار اُس طرف لپکیں۔ مگر دروازہ اب کے بھی بند پایا۔ میں نے دل میں کہا کہ حضور! اگر آپ کی خواہش یہ ہے کہ آپ مجھے دیکھا کریں اور میں آپ کو نہ دیکھوں تو یہ کبھی نہ ہوگا۔ اور میں نے اپنی نظریں بے حیائی کے ساتھ دروازے پر گاڑ دیں۔ بلوری چوڑیوں کی کھنکناہٹ، نرم نرم قہقہے، اور باریک نقرئی آوازیں تو میرے کانوں میں آتی رہیں، لیکن آنکھوں نے دو لنسائی چہروں کی ایک خفیف سی جھلک کے سوا کچھ نہ دیکھا۔ ایک مرتبہ میں غور سے دروازے کی طرف دیکھ رہا تھا کہ قریب کی ڈیوڑھی سے ایک نوجوان شخص نکلا۔ اُس کے جسم پر بنیان اور تہمد کے سوا کچھ نہ تھا۔ انگریزی وضع کے بال تھے۔ داڑھی مونچھ مُنڈی ہوئی تھی۔ عینک لگائے ہوئے تھا ممکن ہے دہلی یونیورسٹی کا گریجویٹ ہو۔ اُس نے گھور کر پہلے مجھے دیکھا اور پھر دروازے کی طرف دیکھا۔ پھر مجھے دیکھا اور پھر دروازے کی طرف دیکھا۔ اور آخر کار میرے جسم پر سر سے پاؤں تک ایک نظر ڈالتا ہوا چلا گیا۔ اگر وہ مجھ سے ذرا بھی کچھ کہتا تو میں پنجے جھاڑ کر اُس کے پیچھے پڑ جاتا۔ اور گلیوں کی اِس سڑی ہوئی متعفن تہذیب پر گالیوں کی بوچھاڑ کر دیتا۔ مگر خیریت ہی ہوئی۔ وہ چُپ چاپ مجھ سے بولے بغیر چلا گیا۔

اُس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد اُسی دروازے میں سے ایک آواز آئی۔ "ارے بھئی، ذرا مُنہ پھیر لینا"۔ میں اِسکا مطلب نہیں سمجھا اور سر جُھکا کر سوچنے لگا کہ یہ عورتیں مجھ سے کیا چاہتی ہیں۔ پھر ایک عورت نے اپنا چہرہ باہر نکالا اور میری نظروں سے نظریں ملا کر کہا۔ "ارے بھئی، ذرا مُنہ پھیر لو، ہم اُدھر جائیں گے"۔ میں اِس صورتِ حال سے گھبرا گیا اور لپک کر گلی کے نکڑ کی طرف چلا۔ پیچھے جو نظر ڈالی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نوجوان عورت دوپٹہ اوڑھے شلوار پہنے، لٹکتی ہوئی چلی آ رہی ہے۔ "منہ پھیرے رہو بھئی!" اُس نے کہا اور پھر معلوم نہیں کس گھر میں گھس گئی۔

مجھے اِس دلچسپ واقعے پر غور کرنے کا موقع نہیں ملا۔ کیونکہ اُسی وقت میں نے دیکھا کہ میرے دوست دوڑے ہوئے چلے آ رہے ہیں۔ آتے ہی اُنہوں نے کہا۔ "معاف کیجئے گا۔ آپکو بہت تکلیف ہوئی"۔ میں نے کہا "تکلیف تو جو ہوئی سو ہوئی، اب آپ یہاں سے باہر نکلیئے"۔

ذرا آگے بڑھ کر میں نے اُن سے پوچھا۔ "معلوم ہوتا ہے اس محلے میں زیادہ تر غریب لوگ رہتے ہیں؟"

"نہیں تو"۔ اُنہوں نے جواب دیا۔ "یہ آپ نے کیسے سمجھا۔ اسے صاحب! یہاں تو دہلی کے نہایت مالدار تاجر رہتے ہیں"۔

"بالکل ٹھیک ہے"۔ میں اپنے دل میں سوچنے لگا۔ "یہ گویا تصویر کا دوسرا رُخ ہے۔ اگر میں پُر رونق تجارتی بازاروں کے بعد اِن گلیوں کو نہ دیکھتا تو ایک زوال آمادہ طبقے کی زندگی کا مطالعہ نامکمل رہ جاتا"۔

اختر انصاری

جاپانی سیاہ خطرہ

ٹوکیو کی حالیہ خبروں میں سے ایک خبر یوں شائع ہوئی :-

"صدر جمعیۃ سیاہ اژدہا اور ایک شاہزادہ اور امیر البحر کے دستخطوں سے تمام جاپانی قوم کے نام ایک پیغام سیاسی حلقوں میں بم گولے کی طرح آگرا جس میں موجودہ مجلس (وزارت) کو توڑ کر ایک ملی مجلس کے فوری قیام اور تنظیم کا مطالبہ کیا گیا ہے"

ایسی خبروں کو پڑھکر اہل ہند کو حیرت ہوگی کہ یہ سیاہ اژدہا کیا بلا ہے اور اس سبھا کے صدر کا اعلان سیاسی حلقوں میں بم گولا کیوں ہوتا ہے؟ اس راز کو سمجھنے کیلئے یہ جان لینا ضروری ہے کہ جاپان میں بظاہر جو طرز حکومت اور قوانین جاری ہوں، باطن میں یہ ملک ایک اور طاقت کا محکوم ہے۔ حقیقی اختیار حکومت اسی کے ہاتھ میں ہے جس کے زور سے جاپان کو ملوکانہ اور جابرانہ کارروائی کرنا پڑتی ہے اور جس کی ایک حسرتناک مثال چین پر ناجائز اور جابرانہ اقدام جنگ ہے۔

کسی ملک کی سیاست کو متاثر یا مغلوب کرنے والی طاقتوں میں سے کوئی طاقت دنیا میں اتنی زبردست اور قاہر نہ ہوگی جتنی یہ جمعیت سیاہ اژدہا ہے۔ شیخ الہ اموت کے ماتحت باطنی اسماعیلیوں یا حشیشیوں کی ہلاکت باریاں تاریخ کے مشہور سیاہ ابواب میں سے ہیں، شیخ نے جس ہستی کو اپنے مقصد کے لئے مضر سمجھ لیا یا جس نے اس کی جماعت کے خلاف آواز اٹھائی، دوسری صبح کو وہ اپنے بستر پر فدائی کے خنجر کے زخم سے مردہ پایا گیا۔ فدائی بابیوں کا طریق عمل بھی ایک زمانہ میں اسی طور کا تھا۔ مگر ان فدائیوں کی یہ خونخواری اپنی جماعت کے صوابدید سے عمل میں آتی تھی۔ شکاران کے اعداد اغیار ہوتے تھے۔ خود ان کی قوم ان کی تخویف و تعذیب کا نشانہ نہ بنتی تھی۔ اسی طرح بنگال کے سیاسی مخوفین کی دہشت خیزی بھی کلیتہً اجنبی ارباب حکومت کے افراد اور استثنائاً اپنی جماعت کے بعض خائن اور غدار کارکن کی سزا کے لئے مخصوص تھی۔ ایسے نظائر کی جستجو میں زار روس کے عہد میں راس پوٹین کا نام لیا جا سکتا ہے۔ مگر سیاہ اژدہا کے مقابلہ میں وہ بھی بالکل بے حقیقت اور خفیف ہے۔

جاپانی ارباب حکومت و سیاست کے سر پر ہر وقت ایک ایسی جماعت کا سایہ مسلط رہتا ہے جو صحیح معنوں میں قاتلوں کا ایک عدیم المثال جتھا ہو۔ یہی ہے جاپانی جمعیت سیاہ اژدہا۔ اس کا لائحہ عمل دنیا بھر میں سب سے زیادہ دلیرانہ، جابرانہ اور جارحانہ ہے۔ یہ جمعیت جس سیاسی طریق کار کا فیصلہ کر دے اس سے سرتابی کی مجال کسی افسر یا مدبر کو نہیں ہو سکتی۔ اگر کسی رکن حکومت نے اس فیصلہ کی تعمیل میں ذرا غفلت اور سستی برتی تو وہ ایسے ذرائع سے راستے سے ہٹا دیا جاتا ہے جن میں قتل بھی داخل ہے۔ جاپان کی خارجی پالیسی کی وضع و نشوونما میں اس کلب کا بہت بڑا دخل رہا ہے۔ یہ جماعت اپنے آپ کو دنیا میں جاپانی حقوق کا نگراں و محافظ سمجھتی ہے۔ اس کے زیر اثر جاپان کی خارجی پالیسی حملہ آوری جانبازی کے قدموں سے اچکتی ہوئی پے در پے فتوحات کی شکل میں جلوہ گر ہے۔ کوئی مدبر یا رکن حکومت اس سے

کمزور یا مگسیا یا ایسی اختیار کرے تو اُس کو فوراً سزا دی جاتی ہے۔

جاپان میں آئے دن ہیبت ناک سیاسی قتل کا ارتکاب ہمیشہ اسی جمعیت سیاہ اژدہا کے اشارہ سے ہوا کیا ہے۔ جاپانی رسم ہراکری (خودکشی) جو اس جمعیت کے فدائی بخوشی کر گذرتے ہیں، عوام میں ان کے اثر اور طاقت کی توسیع میں معاون رہی ہے۔ جاپانی قوم اس جتھا کو کسی نفرت یا ہیبت کے عوض ایک حد تک پسندیدگی اور ستایش کی نظر سے دیکھتی اور اسے وطن کے اندر اور باہر جاپان کی عظمت و حرمت کا محافظ سمجھتی ہے۔

۱۹۳۴ء میں روسی جاپانی آویزش کا باعث یہی قاتلوں کی جمعیت تھی۔ واشنگٹن کا بحری معاہدہ اسی کلب نے مسترد کر دیا اور وزیر اعظم ریلوے جس نے یہ معاہدہ کیا تھا اسی جتھے کا شکار ہو گیا۔ اسی طرح ۱۹۳۱ء کے بحری معاہدۂ لندن کی بدولت وزیر اعظم ہمگنی کو جان سے گذرنا پڑا۔ اس جمعیت کے ارکان میں بیشتر تعداد بحریہ کے نوجوان افسروں کی ہے۔ جو کسی قوم کے مقابلہ میں اپنی بحری کمی یا پستی تسلیم کرنا خلاف شان سمجھتے ہیں۔ لندن میں جاپانی نمایندے برطانیہ اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ مساوات کے مطالبہ پر کسی درمیانی سمجھوتے کو قبول کرنے کے عوض مجلس سے نکل جانا (واک آوٹ) بہتر سمجھے۔

سب سے آخری اور زیادہ حسرتناک قتل کی وارداتیں ۱۹۳۶ء میں وقوع پذیر ہوئیں جب کہ امیر البحر سیٹو، جنرل جوتارو دتینے اور وزیر مال سٹر کورکیو تکاہشی اس جماعت کے غضب کا نشانہ بن گئے۔ گو امیر البحر اوکاڈا خوش قسمتی سے بچ نکلا۔

چند سال ہوئے ایک جاپانی ذمہ دار افسر نے اعلان کیا تھا کہ جاپان کے پیش نظر روئے زمین کی سلطنت ہے اور چین کو اپنی فوجی سواری بنا کر وہ دنیا کی فتح کی مہم پر روانہ ہوگا۔ ہندوستان صریحاً اس کی دوسری منزل ہوگا۔

یہ وہ اقراری مقاصد ہیں جو صاف طور پر سیاہ اژدہا کلب کے قرارداد ہیں۔ اس کی لگام ایک پیر ہشتاد سالہ نوبامہ کے ہاتھ میں ہے۔ خود مختار حکمرانوں، دستوری جباروں مثلاً مسولینی، ہٹلر، مصطفیٰ کمال کے احکام کی خلاف ورزی ممکن ہو تو ہو لیکن جاپان کے اس قابض و متصرف حاکم کے کسی حکم کی خلاف ورزی ناممکن اور غایت درجہ خطرناک ہے۔ اس کی جابرانہ و قاہرانہ طاقت کے زیر اثر جاپان کے حوصلے دنیا کی کمزور قوموں کے لئے مسولینی اور ہٹلر کے حوصلوں سے شاید عظیم تر خطرے ثابت ہونے والے ہیں۔ جاپانی حکام اور مدبرین محض کٹھ پتلے ہیں۔ کابینہ کے پیچھے اصل کارفرما طاقت جمعیت سیاہ اژدہا ہے۔

محمد مسلم

مسز کرشن ملے

ڈیوک آف ونڈسر کی خدمت میں ایک کھلا مکتوب

چغتائی صاحب کے طرز خاص کا تازہ ترین شاہکار مکمل ہو گیا ہے اور ساقی بکڈپو کے اہتمام سے شایع ہوا ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔ ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی

میں ڈوبے ہوئے نظر آتے ہیں۔ میں تفریح و رُومانیت کی افادیت کا مُنکر نہیں ہوں، مگر تفریح کسی چیز کی بُنیاد نہیں بن سکتی۔ ادب کی بُنیادیں اگر تفریح کی نازک چٹانوں پر رکھی جائینگی تو بہت دن تک عمارت قائم نہ رہ سکے گی، ادب کو تو ایک ٹھوس اور مضبوط بُنیاد کی ضرورت ہے، تفریحی عنصر تو اس عمارت پر بس رنگ و روغن کرتا ہے۔ اور کوئی عمارت رنگ و روغن کی بوقلمونی کے سہارے کھڑی نہیں رہ سکتی۔ اب وقت آگیا ہے کہ اُردو کے بہی خواہ اُردو ادب کے اہم مسائل پر غور کریں، اور یہ غور صرف جلسوں، تقریروں، اور اشتہار بازی کی حد تک پاؤں پھیلا کر ختم نہ ہو جائے، بلکہ اس کو عملی صورت میں جلوہ گر ہونا چاہیئے۔ میں یہاں ایک ضروری چیز ہی خواہان اُردو کے غور و فکر کیلئے پیش کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ شخصیت پرستی کے جذبہ سے ہٹ کر اس پر غور کیا جائے گا۔

اس حقیقت کو سب جانتے ہیں کہ کوئی ادب اس وقت تک مکمل اور اُستوار نہیں ہو سکتا، جب تک اُس کا رسم الخط مکمل اور یکساں نہ ہو۔ لہٰذا دوسرے مسائل کی طرف قدم بڑھانے سے قبل ہم کو سب سے پہلے اُردو رسم الخط پر توجہ کرنی چاہیئے۔ میں جو کچھ آگے چل کر کہوں گا اُس کو پڑھکر شاید آپ کہیں گے کہ یہ تو بہت ہی معمولی بات ہے مگر بندہ پرور! آپ فیصلہ کرنے میں عجلت نہ فرمائیں، آپ ادب کے اجزائے ترکیبی اور اُس کے اہم پہلوؤں پر غور کریں گے تو آپ کو محسوس ہوگا کہ یہ بات معمولی نہیں، بلکہ بہت زیادہ اہم بات ہے۔ اتنی اہم کہ آپ کو اولین فرصت میں اس پر غور کرنا چاہیئے۔ میں اُوپر کہہ چکا ہوں کہ رسم الخط کی یکسانی رسم الخط کی جان ہے۔ ہمارے یہاں اُردو رسم الخط میں بعض اختلافات پائے جاتے ہیں، یعنی ایک ہی لفظ دو طرح سے لکھا جاتا ہے، اس اختلاف کو مٹانے اور یکسانی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس قسم کے الفاظ کچھ زیادہ نہیں، گنتی کے چند الفاظ ہیں، جن کی ایک ناتمام فہرست نیچے درج کیجاتی ہے۔ جو حضرات رسم الخط کی خصوصیتوں پر نظر رکھتے ہیں، اُن کو باہم مشورہ کے ساتھ اس مسئلہ کو حل کرنا چاہیئے۔ سب کے مشورے سے جو بات طے ہوگی، وہ ضرور کارآمد اور عمومی افادیت کی حامل ہوگی۔

طوطا - توتا۔
اُس - اوس۔
اُن - اون۔
اُٹھانا - اوٹھانا۔
پہنچنا - پھونچنا۔
طیار - تیار۔
پروا - پرواہ۔
ہاتھ - ہات۔
مٹ بھیڑ - ٹھ بھیڑ۔

رسم الخط کے اختلافات کی یہ ایک ناتمام فہرست ہے، غور و فکر کے بعد چند اور الفاظ بھی اسی قبیل کے نکل آئیں گے۔ میں نے ان الفاظ پر بہت غور و خوض کیا ہے، لہٰذا ان الفاظ کے متعلق میں اپنے غور و تفکر کا نتیجہ اہلِ تفکر کے سامنے پیش کرنے کی اگر جرات کروں تو نامناسب نہ ہوگا۔ مجھے اپنی کہی ہوئی باتوں پر اصرار نہیں ہے، کہ میرے خیال کو قبول ہی کر لیا جائے، میں تو صرف مشورے کی حیثیت سے اپنے خیالات پیش کر رہا ہوں، اور مشورے کو رد بھی کر دیا جاتا ہے، اور قبول بھی

کرلیا جاتا ہے۔ میں صرف اتنا چاہتا ہوں کہ میرے مشورے کا آپ غور و فکر کی نگاہ سے مطالعہ فرمائیں۔

طوطے یا توتے (Parrot) کے متعلق یہ اعتراض اپنے اندر بڑا وزن رکھتا ہے کہ طوطے کی "ط" خالص عربی ہے، اگرچہ "ط" اُردو کا حرف بھی ہے، مگر اپنی خصوصیتوں کے اعتبار سے "ط" کے مقابلے میں "ت" خالص اُردو ہے۔ اس لئے توتا لکھنا زیادہ صحیح ہے۔ اس اعتراض کی اہمیت کے اعتراف کے بعد ہم کو یہ دیکھنا ہے کہ اس لفظ کو عام طور پر کس طرح لکھا جاتا ہے، میرے خیال میں پچانوے فیصدی اُردو لکھنے والے اس کو "طوطا" لکھتے ہیں، اور نگاہیں اسی رسم الخط سے مانوس ہو چکی ہیں۔ طوطے کو "ت" کے ساتھ لکھنے میں اُردو سیکھنے والے بچوں اور مبتدیوں کے لئے ایک مشکل آکر پڑے گی، "توتا" کے اگر ٹکڑے کئے جائیں تو اُردو کے دو لفظ "تو" اور "تا" خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس طرح "توتا" لکھے جانے میں بچوں کو خواہ مخواہ التباس ہوگا۔ اور "طوطے" کو وہ جس آسانی اور بغیر ذہن و فکر کی تشویش و انتشار کے پڑھ سکیں گے۔ "توتے" کے پڑھنے میں وہ بات نہ ہوگی۔ بچوں کا ذہن ایک قسم کی اُلجھن محسوس کرتا ہے، جب ایک ہی لفظ بہت سے معنوں میں استعمال ہوتا ہو، یا ایک ہی رسم الخط کے ہم معنی ٹکڑے کوئی دوسرا لفظ بنا دیتے ہیں۔ لکھنے میں عموماً نقطے چھوٹ جاتے ہیں، اس چیز کو ذہن میں رکھ کر "توتے" کی مختلف صورتیں اتنی بہت سی ہو سکتی ہیں:-

نوتے۔ نونے۔ تونے۔ لونے۔

مگر "طوطے" لکھے جانے میں یہ بات پیدا ہی نہیں ہوتی۔ ان وجوہ کی بنا پر میرا مشورہ "طوطے" لکھے جانے کے حق میں ہے۔

عام اصول ہے اور عام اصول کیا بلکہ رسم الخط کی خوبی اس میں ہے کہ کم سے کم حروف سے الفاظ بنیں، پھر اُردو رسم الخط میں "اعراب" حروف کا کام دیتے ہیں، اس صورت میں ہم کو اعراب سے ضرور کام لینا چاہیئے۔ "اُسکے" مقابلے میں "اوس" لکھے جانے میں ایک تو حرف "واؤ" کا اضافہ ہو جاتا ہے، دوسرے شبنم کے معنی میں "اوس" کا املا بھی یہی ہے۔ اس طرح بغیر کسی ناگزیر ضرورت کے دو مختلف المعنی الفاظ بالکل ایک طرح پر لکھے جاتے ہیں۔ اور اس میں بلا وجہ التباس کی ایک شکل نکل آتی ہے۔ حقیقت میں "اوس" لکھنا رسم الخط کی بہت بڑی غلطی ہے یہاں پیش (ہ) کی حرکت صرف کافی ہے، اگر آپ نے پیش (ہ) کا "واؤ" سے کام لینا شروع کیا، تو اس قاعدہ کے تحت "بھس" کو "بھوس" لکھنا ہوگا۔ میرے خیال میں "اُس" لکھنا درست اور رسم الخط کے اصول کے عین مطابق ہے۔

بالکل یہی حال "اُن" اور "اون" کا ہے "اون" لکھے جانے میں تو "اُون" (ـــ ـــ ـــ) کا بھی دھوکا ہو سکتا ہے اور "اُن" میں اس التباس کے لئے کوئی گنجائش ہی موجود نہیں ہے۔ اسی طرح "اُٹھانا" کے مقابل "اوٹھانا" لکھنا نامناسب معلوم ہوتا ہے، اور یہاں بھی "واؤ" کا کام (ہ) سے بآسانی نکل سکتا ہے۔

میں نے اُوپر کہا تھا کہ کم سے کم حروف میں الفاظ بنانا رسم الخط کی خوبی ہے، مگر مشکلات کے مقابلے میں بعض خوبیوں کو نظر انداز بھی کر دیا جاتا ہے، "پھونچنا" کے مقابل "پھنچنا" لکھے جانے میں ایک حرف کی بچت تو ضرور

ہوتی ہے۔ مگر عام طور پر جب رو میں لکھتے ہیں تو "پھیچنا" اور "بھیجنا" یکساں پڑھے جاتے ہیں، اس لئے کہ تیزی کے ساتھ لکھنے میں شوشوں اور نقطوں کا کوئی خیال نہیں کرتا۔ شوشوں اور نقطوں کی باریکیوں کو ذہن میں رکھکر دیکھو تو بھیجنا، پھیچنا، بھیچنا، کا املا کس قدر ملتا جلتا ہے، ان مشکلات کے مدنظر "پھینچنا" کو "پھونچنا" لکھنا بہت مناسب ہے۔ اس طرح ایک حرف کا ضرور اضافہ ہوگیا، مگر اس اضافہ نے آپ کی کتنی بڑی مشکل کو گھٹا دیا۔

طوطا اور توتے کے بیان میں "ط" اور "ت" سے بحث کی گئی ہے، طیار اور تیار میں بھی اس اصول سے کام لیا جا سکتا تھا، مگر یہاں یہ مشکل آ پڑتی ہے، کہ عربی میں "طیار" بہت زیادہ اُڑنے والے کو کہتے ہیں۔ اس طرح "طیار" لکھے جانے میں عربی لفظ کے معنی کا التباس ہوتا ہے۔ اور ہم اس قسم کے التباسات کو جس حد تک رسم الخط اجازت دیگا، گھٹانا چاہتے ہیں۔ اس لئے "تیار" لکھنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ زیادہ لوگ اسی طرح لکھتے ہیں۔

"پُرواہ" میں تو "ہ" بالکل زاید ہے، بعض قدیم شعرا نے "ہ" کو البتہ ظاہر کیا ہے، مگر عام طور پر بولنے میں "ہ" کا اعلان نہیں کیا جاتا۔ "ہ" کے اعلان سے کوئی معنوی یا صوری فائدہ بھی نہیں ہے، اس لئے بلا کسی فائدے کے حرف کا اضافہ کرنا نادرست ہو، لہذا "پروا" لکھنا زیادہ صحیح ہے۔

ہاتھ اور رہات کا مسئلہ قدرے بحث طلب ہو۔ "ہات" لکھنے والے کہتے ہیں کہ بولنے میں "ہ" کا اعلان نہیں کیا جاتا، اس لئے "ہاتھ" لکھنا درست نہیں۔ رسم الخط اور زبان کے مسئلہ میں عام خیال و رجحان، کثرت استعمال کا بھی بڑا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ میرے خیال میں قدیم و جدید کتابوں میں زیادہ تر "ہاتھ" لکھا گیا ہے، "ہات" بہت ہی کم جگہ ملے گا۔ ہاتھ کو اگر ہات لکھیں گے، تو یہ ضرور ہوگا کہ شعرا کو "رات اور بات" کے وزن میں ایک قافیہ مل جائیگا، مگر شعرا کے لئے ایک بڑی دقت یہ ہو جائے گی کہ "ساتھ" کے ہم وزن کوئی شگفتہ قافیہ اُردو میں اُن کو غالباً نہ مل سکے گا۔ اس کے ماسوا اُردو میں ایسے الفاظ آپ کو ملیں گے، جن میں "ہ" کا اعلان بولنے میں نہیں ہوتا، مگر رسم الخط میں "ہ" لکھی جاتی ہے، جس طرح بولتے ہیں "ہاتی" اور لکھتے ہیں "ہاتھی" میرے خیال میں "ہاتھ" ہی لکھنا مناسب ہے۔

مٹ بھیڑ اور مڈبھیڑ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں صوبیداری جھگڑا پیدا نہ ہو جائے، مگر اب ان باتوں پر جھگڑنے کا وقت نہیں رہا۔ ہم کو وسعتِ قلب کے ساتھ رسم الخط اور قواعد کو ایک مرکز پر لانا ہے۔ اس لفظ "مٹ" یا "مڈ" "دو چیزوں کے باہم ملنے" کے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے، مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اعراب کے اختلاف کے ساتھ یہی لفظ "گڈ مڈ" میں "ڈ" کے ساتھ ملتا ہے صوتی لحاظ سے بھی اس لفظ میں "ٹ" کا تلفظ زیادہ بھلا معلوم نہیں ہوتا۔ اسلئے وجدان "مڈبھیڑ" کے جواز کا فتویٰ دیتا ہے۔

ایک لفظ ایسا بھی اُردو میں پایا جاتا ہے جس کے متعلق میں رائے دوں گا، کہ اُس میں رسم الخط کے اختلاف کو باقی رکھا جائے؛ یہ لفظ "ہوشیار" ہے، جسے ہم "شیار" بھی لکھتے ہیں۔ یہاں دیکھئے اُن اور اون" میں جو (واؤ) اور (و) کی نزاع پائی جاتی ہے، اُس کا انطباق یہاں نہیں ہو سکتا۔ اس اختلاف سے سب سے بڑا فائدہ تو شاعری کو پہونچتا ہے۔ کہ وزن کے لحاظ سے دونوں صورتوں سے

فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے، اور یہ فائدہ کوئی معمولی فائدہ نہیں ہے۔ پھر بولنے میں "ہوشیار" کے "واؤ" اور "ہشیار" کے "پیش" (ہ) سے مختلف خیالات کا اظہار ہوتا ہے۔ اسلئے میری رائے ہے کہ ہوشیار اور ہشیار دونوں طرح لکھے جانے چاہئیں۔

میں آخر میں پھر عرض کرتا ہوں، کہ ارباب فکر رسم الخط کے ان اختلافات پر غور فرمائیں اور مشورے کے بعد فیصلہ صادر کریں، جب اخبارات و رسائل کے ایڈیٹر اور مضمون نگار اس فیصلہ کی پابندی کریں گے تو چند دن میں اختلافات خود بخود مٹ جائیں گے، یہ اختلافات نہ کوئی مذہبی اختلافات ہیں اور نہ صوبہ داری ہیں، ان کا مٹ جانا کچھ مشکل نہیں ہے۔ بس اربابِ فکر کے ہاتھ پیر ہلانے کی ضرورت ہے۔

مختلف صوبوں میں جو لسانی اختلافات پائے جاتے ہیں، اُن کے متعلق بھی بعض چیزیں میرے ذہن میں ہیں، جنہیں فرصت و اطمینان کیساتھ اظہارِ خیال کروں گا۔"

ماہر القادری

سانیٹ

خوابوں کا مندر

نظر آتا نہیں ہے کوئی ساحل ہستی کا۔
لکیریں ڈالتا جاتا ہوں، کشتی کھیتا جاتا ہوں
تخیل کے حسیں پردوں پہ نقشے سے بناتا ہوں
انہیں نقشوں میں بھر دیتا ہوں پھر رنگ مستی کا

سمندر کے بہت اُس پار اک خوابوں کا مندر ہے
فرشتے جس کے درشن کی تمنا لیکے آتے ہیں
جہاں حسن و محبت مست ہو کر گیت گاتے ہیں
جہاں خوابوں کا مندر ہے وہ دُنیا کتنی سُندر ہے

اسی فردوس کی دیوی مرے سپنوں کی رانی ہے
مری حدِ نظر پر یہ طلسم آب ہے کوئی
یہ مندر ہے کہ دُنیائے حسیں کا خواب ہے کوئی
مری ساری مسافت ایک سپنا اک کہانی ہے

مگر یہ آرزو ہے میں بھی نقشِ آب ہو جاؤں ؛ اسی خوابِ حسیں میں جذب ہو کر خواب ہو جاؤں

ڈھیٹ

وہ :- عورت خواہ کتنا ہی بلند مرتبہ پائے۔ بڑے سے بڑا کام انجام دے لیکن پھر وہ عورت ہی۔ ایک کمزور ہستی۔

میں :- تھوڑی دیر کے لئے مان لو کہ میں یقین نہیں کرتی۔ تب۔

وہ :- تمہارے ماننے اور نہ ماننے سے کیا ہوتا ہے۔ دُنیا کہتی ہے۔ بڑے بڑے علمائے دین اور فلسفیوں کے قول دیکھ لو۔

میں :- میں تب بھی نہ مانوں تو؟

وہ :- تو یہ تمہاری زبردستی ہے۔

میں :- تمہیں کامل یقین ہے کہ یہ میری زبردستی ہی؟

وہ :- اور نہیں تو کیا؟

میں :- تو تم مان گئے کہ میں زبردست ہوں۔ اب تو یقین ہوا کہ ہماری کمزوری کی ساری افواہیں غلط ہیں۔

وہ :- واہ۔

میں :- کہہ دو کہ "کٹ حجتی" کرتی ہو۔ کہہ دو نا۔

وہ :- خواہ مخواہ لڑتی ہو۔ یہ تو تمہاری ہمیشہ سے عادت رہی ہے۔ ہٹاؤ ان جھگڑوں کو۔ مگر تمہیں تو ہمیشہ سے لڑائی ڈنکا اچھا لگتا ہے۔ یاد ہے (آنکھوں میں ایک چمک پیدا ہوگئی) بچپن کا بھولا بھالا زمانہ؟ کتنا دلفریب وقت تھا۔ کاش پھر وہی ہنسی خوشی اور بے فکری کے دن لوٹ کر آجائیں۔ یاد ہے تمہیں جب ہم تم املی کے درخت کے نیچے گھروندے بنا بنا کر کھیلا کرتے تھے؟

میں :- اور تم سے لڑ کر میں گھر نوچ کھسوٹ کر چل دیتی تھی ہیں؟

وہ :- (ہنسکر) ہاں۔ مگر ایکدن تو تم بُری طرح پٹ گئیں اور میرا مُنہ کھسوٹ ڈالا (اور ہنسکر) اور اُلٹی میری ہی شکایت کردی۔

میں :- تمہارا کرتا بھی تو نوچ ڈالا تھا۔ پھر اُلٹی تم نے ہی خوشامد کی۔

وہ :- (اور بھی زیادہ ہنستے ہوئے) ہاں۔ ہاں۔ اور پھر وہ یاد ہے۔ وہ جو ہم نے تم نے آپا کا صابن چُرا کر کتے کے پلّوں کو نہلایا تھا۔ جسپر آپا جان نے خوب کان اینٹھے تھے۔

میں :- اور وہ بھی جب ہم تم بیروں پر لڑے تھے۔

وہ :- (ہنسی سے بیتاب ہوکر) اوہ..... ہاں۔ اور جب مکھن روٹی بچھونے میں چھپا کر کھایا تھا۔

میں :- تب آپا جان نے صبح کا ناشتہ کاٹ دیا تھا۔

وہ :- ہاں۔ ہاں۔

میں :- تو تمہیں یہ سب باتیں یاد کرکے..... کچھ شرمندگی ہوتی ہے۔

وہ :- ایں..... کیا۔ نہیں تو یہ تو بچپن کی سُہاونی شرارتیں تھیں۔ جن کی یاد.....

میں :- بھلا ان شرارتوں میں سُہانے پن کی کیا بات تھی۔

وہ :- واہ۔ کیا تمہیں بچپن نہیں یاد آتا۔

میں :- آتا کیوں نہیں۔

وہ :- پھر؟

میں :- پھر یہی کہ افسوس ہوتا ہے۔ بُرا لگتا ہے کہ ایسے بیوقوف کیوں تھے۔ بھلا اس میں سُہاونا پن کیا ہوسکتا ہے۔ املی کے پیڑ کے نیچے گھروندے بنانا..... نوچ کھسوٹ..... بیروں پر

مار کٹائی۔ چپکے چپکے بستر میں چھپ کر مکھن کھانا۔ اور پھر پٹنا۔ جو کہ بچپن کی سب سے غیر سُہاونی شے ہے..... سب بیہودگیاں تھیں، اور شکر ہے کہ وہ نالائق زمانہ گذر گیا اور کبھی نہ آئے گا۔

وہ:- واہ بچپن کی ہر بات بھولی ہوتی ہے۔

میں:- بھولپن کو نسا کمال ہے۔ ہر پاگل اور بیوقوف آدمی ساری عمر بھولا رہتا ہے۔ تمہاری نظروں میں وہ بہت ہی خوش نصیب ہے۔ پھر بن جاؤ نا بھولے۔

وہ:- تم تو کج بحثی کرنے لگتی ہو۔ بچپن میں اور پاگل پن میں بہت فرق ہے۔ ہم تم بڑی سمجھ کے کھیل کھیلا کرتے تھے۔ میں ڈپٹی صاحب بنتا تھا اور تم بیگم صاحبہ بنتی تھیں۔

میں:- تم نے تو مجھے اور بھی بچپن سے نفرت دلادی۔

وہ:- کیوں؟

میں:- میں نے تم سے کتنی دفعہ کہا ہے کہ بھئی اِس پاجی لفظ "کیوں" کو اس طرح میرے سر پر نہ ٹپخ دیا کرو۔

وہ:- یعنی؟

میں:- لو۔ یہ تم نے اُس سے بھی بیہودہ اور مُہمل لفظ نکالا۔ اُلٹھ۔

وہ:- تم تو عجیب باتیں کرتی ہو۔ کیا یہ ہماری ذہانت کا ثبوت نہ تھا کہ ہم تم بُزرگوں کے طے کئے ہوئے رشتہ کو کس بھولپن اور عقلمندی سے ذہن نشین کر چکے تھے۔

میں:- قطعی بھولپن۔ لیکن عقلمندی سے نہیں۔

وہ:- ہیں؟ یعنی؟ میرا مطلب ہے کہ کیوں نہیں۔

میں:- مطلب یہ کہ ہم تم جب بھولے تھے۔ تب تک تو ٹھیک تھا۔ لیکن تم تو ویسے ہی "بھولے اور سُہاونے" ہو۔ مگر میں بڑی ہو گئی۔ کچھ بیٹھی نہیں بات!

وہ:- کیا۔ اس سے تمہارا مطلب ہے کہ جو رشتہ ہمارے تمہارے درمیان بچپن سے قائم ہے تکمیل کو نہیں پہونچنا چاہیئے۔

میں:- یعنی؟

وہ:- یعنی کیا؟

میں:- یہ لیجئے۔ آپ تو جب چاہیں "یعنی" "کیوں" کہہ کر مجھ سے لمبے چوڑے جواب وصول کریں۔ اور میں کہوں تو چکرائیں۔

وہ:- تم تو.....

میں:- کٹ حجتی کرتی ہو۔ یہی کہنے والے تھے نا تم؟

وہ:- مجھے آج تک شُبہ بھی نہ ہوا تھا کہ تم اس رشتے کو ناپسند کرتی ہو۔

میں:- اور شُبہ ہونے کی وجہ بھی کیا؟

وہ:- تمہیں تو کہہ رہی تھیں کہ.....

میں:- کیا؟ کیا؟

وہ:- نہ معلوم کیا کہتی تھیں۔

میں:- اللہ رے بھولپن! تمہارے ہی دل میں کوئی ایسا ویسا خیال آیا ہوگا میرے سر تھوپ رہے ہو۔ واضح رہے کہ ہم بھی تھوڑی سی عقل رکھتے ہیں۔

وہ:- بیوقوف تو میں ہی ہوں جو اب تک اس دھوکے میں تھا۔

میں:- یعنی یہ جو ہماری منگنی تھی یہ "دھوکا" تھا۔ تم بُزرگوں تک پہنچ رہے ہو۔ پتہ ہے یہ "دھوکا" دادا ابّا کا قائم کیا ہوا ہے۔ میں تو تمہیں ایسا نہ سمجھتی تھی۔ ٹھیکرے کی مانگ بڑی پکّی ہوتی ہے جناب!

وہ:- (کھسیا کر) تم مجھے ہر وقت بیوقوف سمجھتی ہو۔

میں:- توبہ توبہ۔ لیکن اگر سمجھوں بھی تو کیا ہوا؟ منگنی شادی میں عقلمند اور بیوقوف کا کوئی سوال نہیں ہوتا۔

یہ تو ایک روحانی رشتہ ہے۔ جس کا فیصلہ خدا نے پہلے ہی آسمان پر کر دیا ہے۔

وہ :۔ یعنی یہ کہ بیوی میاں کو اُلّو سمجھتی رہے ؟

میں :۔ اس میں مضائقہ ہی کیا ہے ؟

وہ :۔ بھلا ایسے گھر میں نباہ کیسے ہوگا۔

میں :۔ نباہ ؟ نباہ ایسے ہوگا۔ تم کما کر لانا اور میں نہایت سلیقے سے خرچ کروں گی۔ تم ڈپٹی صاحب ہو گے اور میں بیگم صاحبہ۔ مزے سے رہیں گے۔

وہ :۔ معاف کرنا تم ذرا بے شرمی پر اُتر آئی ہو آج۔

میں :۔ اس میں بے شرمی کیا ہے ؟ تمہیں تو اُس روز کہہ رہے تھے کہ "ہماری زندگی بڑے سکون سے گذرے گی۔ تم مندر کی دیوی ہوگی اور میں پجاری۔ یہ ہوگا۔ وہ ہوگا" جو آج میں نے کہا تو بُرا مان گئے۔ آج کچھ دل میں ٹھان کر ہی آئے ہو۔

وہ :۔ اگر میں کچھ کہوں تو وہ اور بات ہے۔ میں مرد ہوں۔

میں :۔ مجھے اس بات کا یقین ہے۔

وہ :۔ تم بدتمیز بھی ہو۔ آج تک میں کتنے دھوکہ میں تھا۔ شکر ہے کہ جلدی آنکھیں کھل گئیں۔

میں :۔ یعنی ؟

وہ :۔ یعنی ؟ اب تم کتنی دفعہ "یعنی" کہہ چکی ہو۔

میں :۔ کبھی ناؤ ندی پر کبھی ندی ناؤ پر۔ آگے کہو کیا آنکھیں کھل گئیں۔

وہ :۔ یہی کہ ہماری تمہاری نہیں بن سکتی۔

میں :۔ نہیں کیوں بن سکتی ؟ کہیں تمہارا یہ تو مطلب نہیں ہے کہ منگنی ہی ختم۔

وہ :۔ یقیناً۔

میں :۔ تم ٹھیکرے کی منگنی توڑ دو گے ؟

وہ :۔ بے شک !

میں :۔ مگر میں تو یہ نہیں چاہتی۔ میں تو تم سے ہی شادی کرنا چاہتی ہوں۔

وہ :۔ مگر میں تو قطعی نہیں چاہتا۔

میں :۔ تم تو دیوانے ہو۔ آخر وجہ کیا ؟

وہ :۔ فرض کرو مجھے تم پسند نہیں۔

میں :۔ پھر اور کون بدنصیب پسند آئی۔

وہ :۔ کوئی ہو یا نہ ہو مجھے تم پسند نہیں آسکتیں (حد سے زیادہ چڑ کر)

میں :۔ مگر مجھے تو تم پسند ہو۔

وہ :۔ لاحول ولا قوۃ، کیا بے حیائی ہے۔ کوئی مرد ایک لڑکی کو یوں ٹھکرائے اور وہ ذرا بھی خودداری نہ رکھتے ہوئے مُصر ہو۔

میں :۔ اور تم جو اُس دن کہتے تھے کہ اگر تم مجھ سے خدانخواستہ شادی نہ کرو تو میں دیوانہ ہو جاؤں۔

وہ :۔ میں مرد ہوں۔

میں :۔ دیکھو ایک دفعہ کہہ چکی کہ مجھے پختہ یقین ہے کہ تم مرد ہو۔ اب جو کچھ کہوں گی تو جل جاؤ گے۔

وہ :۔ مرد چاہیں جو کچھ کریں۔ مگر عورت اگر اظہارِ محبت یوں دیدہ دلیری سے کرے تو اُسے معیوب سمجھتے ہیں۔ کجا۔

میں :۔ قطع کلام ہوتا ہے۔ پھر کیسے اظہار کریں ؟ اب اظہار کا بھی نیا طریقہ ایجاد کریں ؟ اگر تمہیں میرے عشق میں دیوانہ ہونے کا پورا پورا حق حاصل ہے تو کسی کی مجال نہیں کہ مجھے تمہارے لئے اپنا گلا گھوٹنے سے روکے۔ میں جس طرح چاہوں اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ کوئی ہوتا کون ہے ؟ واہ !

وہ کہیں گے آپ چند منٹ انتظار نہ کر سکے۔ اور مجھے چھوڑ کر چلے آئے۔ غرض کہ پھر وہی گلی تھی اور وہی میری چہل قدمی!

دو چار منٹ گزرے ہوں گے کہ ایک نئی دلچسپی پیدا ہوئی۔ جن مکانوں کے آگے میں ٹہل رہا تھا اُن میں سے ایک کا دروازہ آہستہ سے کھلا اور بند ہو گیا۔ میں نے نگاہ اُٹھائی تو دو حنائی انگلیوں کے سوا کچھ نظر نہ آیا۔ ایک لمحے کے بعد پھر کواڑوں کو جنبش ہوئی۔ میری نگاہیں دیوانہ وار اُس طرف لپکیں۔ مگر دروازہ اب کے بھی بند پایا۔ میں نے دل میں کہا کہ حضور! اگر آپ کی خواہش یہ ہے کہ آپ مجھے دیکھا کریں اور میں آپ کو نہ دیکھوں تو یہ کبھی نہ ہوگا۔ اور میں نے اپنی نظریں بے حیائی کے ساتھ دروازے پر گاڑ دیں۔ بلوری چوڑیوں کی کھنکناہٹ، نرم نرم قہقہے، اور باریک نقرئی آوازیں تو میرے کانوں میں آتی رہیں، لیکن آنکھوں نے دو نسائی چہروں کی ایک خفیف سی جھلک کے سوا کچھ نہ دیکھا۔ ایک مرتبہ میں غور سے دروازے کی طرف دیکھ رہا تھا کہ قریب کی ڈیوڑھی سے ایک نوجوان شخص نکلا۔ اُس کے جسم پر بنیان اور تہمد کے سوا کچھ نہ تھا۔ انگریزی وضع کے بال تھے۔ داڑھی مونچھ مُنڈی ہوئی تھی۔ عینک لگائے ہوئے تھا ممکن ہے دہلی یونیورسٹی کا گریجویٹ ہو۔ اُس نے گھور کر پہلے مجھے دیکھا اور پھر دروازے کی طرف دیکھا۔ پھر مجھے دیکھا اور پھر دروازے کی طرف دیکھا۔ اور آخر کار میرے جسم پر سر سے پاؤں تک ایک نظر ڈالتا ہوا چلا گیا۔ اگر وہ مجھ سے ذرا بھی کچھ کہتا تو میں پنجے جھاڑ کر اُس کے پیچھے پڑ جاتا۔ اور گلیوں کی اِس سڑی ہوئی متعفن تہذیب پر گالیوں کی بوچھاڑ کر دیتا۔ مگر خیریت ہی ہوئی۔ وہ چُپ چاپ مجھ سے بولے بغیر چلا گیا۔

اُس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد اُسی دروازے میں سے ایک آواز آئی۔ "ارے بھئی، ذرا مُنہ پھیر لینا"۔ میں اِسکا مطلب نہیں سمجھا اور سر جُھکا کر سوچنے لگا کہ یہ عورتیں مجھ سے کیا چاہتی ہیں۔ پھر ایک عورت نے اپنا چہرہ باہر نکالا اور میری نظروں سے نظریں ملا کر کہا۔ "ارے بھئی، ذرا مُنہ پھیر لو، ہم اُدھر جاتیں گے"۔ میں اِس صورتِ حال سے گھبرا گیا اور لپک کر گلی کے نکڑ کی طرف چلا۔ پیچھے جو نظر ڈالی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نوجوان عورت دوپٹہ اوڑھے شلوار پہنے، لپکتی ہوئی چلی آ رہی ہے۔ "منہ پھیرے رہو بھئی!" اُس نے کہا اور پھر معلوم نہیں کس گھر میں گھُس گئی۔

مجھے اِس دلچسپ واقعے پر غور کرنے کا موقع نہیں ملا۔ کیونکہ اُسی وقت میں نے دیکھا کہ میرے دوست دوڑے ہوتے چلے آ رہے ہیں۔ آتے ہی اُنہوں نے کہا۔ "معاف کیجئے گا۔ آپکو بہت تکلیف ہوئی"۔ میں نے کہا۔ "تکلیف تو جو ہوئی سو ہوئی، اب آپ یہاں سے باہر نکلیئے"۔

ذرا آگے بڑھ کر میں نے اُن سے پوچھا۔ "معلوم ہوتا ہے اس محلے میں زیادہ تر غریب لوگ رہتے ہیں؟"

"نہیں تو"۔ اُنہوں نے جواب دیا۔ "یہ آپنے کیسے سمجھا۔ ارے صاحب یہاں تو دہلی کے نہایت مالدار تاجر رہتے ہیں"۔

"بالکل ٹھیک ہے"۔ میں اپنے دل میں سوچنے لگا۔ "یہ گویا تصویر کا دوسرا رُخ ہے۔ اگر میں پُر رونق تجارتی بازاروں کے بعد اِن گلیوں کو نہ دیکھتا تو ایک زوال آمادہ طبقے کی زندگی کا مطالعہ نامکمل رہ جاتا"۔

اختر انصاری

جاپانی سیاہ خطرہ

ٹوکیو کی حالیہ خبروں میں سے ایک خبر یوں شائع ہوئی :-

"صدر جمعیۃ سیاہ اژدہا اور ایک شاہزادہ اور امیر البحر کے دستخطوں سے تمام جاپانی قوم کے نام ایک پیغام سیاسی حلقوں میں بم گولے کی طرح آ گرا جس میں موجودہ مجلس (وزارت) کو توڑ کر ایک نئی مجلس کے فوری قیام اور تنظیم کا مطالبہ کیا گیا ہے۔"

ایسی خبروں کو پڑھکر اہل ہند کو حیرت ہوگی کہ یہ سیاہ اژدہا کیا بلا ہے اور اس سبھا کے صدر کا اعلان سیاسی حلقوں میں بم گولا کیوں ہوتا ہے؟ اس راز کو سمجھنے کیلئے یہ جان لینا ضروری ہے کہ جاپان میں بظاہر جو طرز حکومت اور قوانین جاری ہوں، باطن میں یہ ملک ایک اور طاقت کا محکوم ہے۔ حقیقی اختیار حکومت اسی کے ہاتھ میں ہے جس کے زور سے جاپان کو ملوکانہ اور جابرانہ کارروائی کرنا پڑتی ہے اور جس کی ایک حسرتناک مثال چین پر ناجائز اور جابرانہ اقدام جنگ ہے۔

کسی ملک کی سیاست کو متاثر یا مغلوب کرنے والی طاقتوں میں سے کوئی طاقت دنیا میں اتنی زبردست اور قاہر نہ ہوگی جتنی یہ جمعیت سیاہ اژدہا ہے۔ شیخ الاموت کے ماتحت باطنی اسماعیلیوں یا حشیشیوں کی ہلاکت باریاں تاریخ کے مشہور سیاہ ابواب میں سے ہیں، شیخ نے جس ہستی کو اپنے مقصد کے لئے مضر سمجھ لیا جس نے اس کی جماعت کے خلاف آواز اٹھائی، دوسری صبح کو وہ اپنے بستر پر فدائی کے خنجر کے زخم سے مردہ پایا گیا۔ فدائی بابیوں کا طریق عمل بھی ایک زمانہ میں اسی طور کا تھا۔ مگر ان فدائیوں کی یہ خونخواری اپنی جماعت کے صوابدید سے عمل میں آتی تھی۔ شکار ان کے اعداء اغیار ہوتے تھے۔ خود ان کی قوم ان کی تخویف و تعذیب کا نشانہ نہ بنتی تھی۔ اسی طرح بنگال کے سیاسی مخوفین کی دہشت خیزی بھی کلیتہً اجنبی ارباب حکومت کے افراد اور استثناءً اپنی جماعت کے بعض خائن اور غدار کارکن کی سزا کے لئے مخصوص تھی۔ ایسے نظائر کی جستجو میں زار روس کے عہد میں راس پوٹین کا نام لیا جا سکتا ہے۔ مگر سیاہ اژدہا کے مقابلہ میں وہ بھی بالکل بے حقیقت اور خفیف ہے۔

جاپانی ارباب حکومت و سیاست کے سر پر ہر وقت ایک ایسی جماعت کا سایہ مسلط رہتا ہے جو صحیح معنوں میں قاتلوں کا ایک عدیم المثال جتھا ہے۔ یہی ہے جاپانی جمعیت سیاہ اژدہا۔ اس کا لائحہ عمل دنیا بھر میں سب سے زیادہ دلیرانہ، جابرانہ اور خونخوارانہ ہے۔ یہ جمعیت جس سیاسی طریق کار کا فیصلہ کر دے اس سے سرتابی کی مجال کسی افسر یا مدبر کو نہیں ہو سکتی۔ اگر کسی رکن حکومت نے اس فیصلہ کی تعمیل میں ذرا غفلت اور سستی برتی تو وہ ایسے ذرائع سے راستے سے ہٹا دیا جاتا ہے جن میں قتل بھی داخل ہے۔ جاپان کی خارجی پالیسی کی وضع و نشوونما میں اس کلب کا بہت بڑا دخل رہا ہے۔ یہ جماعت اپنے آپ کو دنیا میں جاپانی حقوق کا نگراں و محافظ سمجھتی ہے۔ اس کے زیر اثر جاپان کی خارجی پالیسی حملہ آوری و جانبازی کے قدموں سے اٹکتی ہوئی پے در پے فتوحات کی شکل میں جلوہ گر ہے۔ کوئی مدبر یا رکن حکومت اس سے

کمزور یا گھٹیا پالیسی اختیار کرے تو اُس کو فوراً سزا دی جاتی ہے۔

جاپان میں آئے دن ہیبت ناک سیاسی قتل کا ارتکاب ہمیشہ اسی جمعیت سیاہ اژدہا کے اشارہ سے ہوا کیا ہے۔ جاپانی رسم ہراکری (خودکشی) جو اس جمعیت کے فدائی بخوشی کر گذرتے ہیں، عوام میں ان کے اثر اور طاقت کی توسیع میں معاون رہی ہے۔ جاپانی قوم اس جتھا کو کسی نفرت یا ہیبت کے عوض ایک حد تک پسندیدگی اور ستایش کی نظر سے دیکھتی اور اسے وطن کے اندر اور باہر جاپان کی عظمت و حرمت کا محافظ سمجھتی ہے۔

۱۹۰۴ء میں روسی جاپانی آویزش کا باعث یہی قاتلوں کی جمعیت تھی۔ واشنگٹن کا بحری معاہدہ اسی کلب نے مسترد کر دیا اور وزیر اعظم ریلوہیرا جس نے یہ معاہدہ کیا تھا اسی جتھے کا شکار ہو گیا۔ اسی طرح ۱۹۳۱ء کے بحری معاہدۂ لندن کی بدولت وزیر اعظم ہمگچی کو جان سے گذرنا پڑا۔ اس جمعیت کے ارکان میں بیشتر تعداد بحریہ کے نوجوان افسروں کی ہے۔ جو کسی قوم کے مقابلہ میں اپنی بحری کمی یا پستی تسلیم کرنا خلاف شان سمجھتے ہیں۔ لندن میں جاپانی نمایندے برطانیہ اور ریاستہائے متحدہ امریکہ کے ساتھ مساوات کے مطالبہ پر کسی درمیانی سمجھوتے کو قبول کرنے کے عوض مجلس سے نکل جانا (واک آوٹ) بہتر سمجھے۔

سب سے آخری اور زیادہ حسرتناک قتل کی وارداتیں ۱۹۳۶ء میں وقوع پذیر ہوئیں جب کہ امیرالبحر سیٹو، جنرل جوتارو دتنے اور وزیر مال ٹاکر کو کیوتکا ہشی اس جماعت کے غضب کا نشانہ بن گئے۔ گو امیرالبحر اوکادا خوش قسمتی سے بچ نکلا۔

چند سال ہوئے ایک جاپانی ذمہ دار افسر نے اعلان کیا تھا کہ جاپان کے پیش نظر روئے زمین کی سلطنت ہے اور چین کو اپنی فوجی سواری بنا کر وہ دنیا کی فتح کی مہم پر روانہ ہوگا، ہندوستان صریحاً اس کی دوسری منزل ہوگا۔

یہ وہ اقراری مقاصد ہیں جو صاف طور پر سیاہ اژدہا کلب کے قرارداد ہیں۔ اس کی لگام ایک پیر ہشتاد سالہ نو یامہ کے ہاتھ میں ہے۔ خود مختار حکمرانوں، دستوری جباروں مثلاً مسولینی، ہٹلر، مصطفیٰ کمال کے احکام کی خلاف ورزی ممکن ہو تو ہو لیکن جاپان کے اس قابض و متصرف حاکم کے کسی حکم کی خلاف ورزی ناممکن اور غایت درجہ خطرناک ہے۔ اس کی جابرانہ و قاہرانہ طاقت کے زیر اثر جاپان کے حوصلے دنیا کی کمزور قوموں کے لئے مسولینی اور ہٹلر کے حوصلوں سے شاید عظیم تر خطرے ثابت ہونے والے ہیں۔ جاپانی حکام اور مدبرین محض کٹھ پتلے ہیں۔ کابینہ کے پیچھے اصل کارفرما طاقت جمعیت سیاہ اژدہا ہے۔

محمد مسلم

مسز کرشنا ملے

ڈیوک آف ونڈسر کی خدمت میں ایک کھلا مکتوب

چغتائی صاحب کے طرز خاص کا تازہ ترین شاہکار مکمل ہو گیا ہے اور ساقی بکڈپو کے اہتمام سے شایع ہوا ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک۔ ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی

میں ڈوبے ہوئے نظر آتے ہیں۔ میں تفریح و رُومانیت کی افادیت کا مُنکر نہیں ہوں، مگر تفریح کسی چیز کی بُنیاد نہیں بن سکتی۔ ادب کی بُنیادیں اگر تفریح کی نازک چٹانوں پر رکھی جائینگی تو بہت دن تک عمارت قائم نہ رہ سکے گی، ادب کو تو ایک ٹھوس اور مضبوط بُنیاد کی ضرورت ہے، تفریحی عنصر تو اس عمارت پر بس رنگ و روغن کرتا ہے۔ اور کوئی عمارت رنگ و روغن کی بوقلمونی کے سہارے کھڑی نہیں رہ سکتی۔ اب وقت آگیا ہے کہ اُردو کے بہی خواہ اُردو ادب کے اہم مسائل پر غور کریں، اور یہ غور صرف جلسوں، تقریروں، اور اشتہار بازی کی حد تک پاؤں پھیلا کر ختم نہ ہو جائے، بلکہ اس کو عملی صورت میں جلوہ گر ہونا چاہیئے۔ میں یہاں ایک ضروری چیز ہی خواہان اُردو کے غور و فکر کیلئے پیش کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ شخصیت پرستی کے جذبہ سے ہٹ کر اس پر غور کیا جائے گا۔

اس حقیقت کو سب جانتے ہیں کہ کوئی ادب اس وقت تک مکمل اور اُستوار نہیں ہو سکتا، جب تک اُس کا رسم الخط مکمل اور یکساں نہ ہو۔ لہذا دوسرے مسائل کی طرف قدم بڑھانے سے قبل ہم کو سب سے پہلے اُردو رسم الخط پر توجہ کرنی چاہیئے۔ میں جو کچھ آگے چل کر کہوں گا اُس کو پڑھکر شاید آپ کہیں گے کہ یہ تو بہت ہی معمولی بات ہے، مگر بندہ پرور! آپ فیصلہ کرنے میں عجلت نہ فرمائیں، آپ ادب کے اجزائے ترکیبی اور اُس کے اہم پہلوؤں پر غور کریں گے تو آپ کو محسوس ہوگا کہ یہ بات معمولی نہیں، بلکہ بہت زیادہ اہم بات ہے۔ اتنی اہم کہ آپ کو اولین فرصت میں اسپر غور کرنا چاہیئے۔

میں اُوپر کہہ چکا ہوں کہ رسم الخط کی یکسانی رسم الخط کی جان ہے۔ ہمارے یہاں اُردو رسم الخط میں بعض اختلافات پائے جاتے ہیں، یعنی ایک ہی لفظ دو طرح سے لکھا جاتا ہے، اس اختلاف کو مٹانے اور یکسانی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس قسم کے الفاظ کچھ زیادہ نہیں، گنتی کے چند الفاظ ہیں، جن کی ایک ناتمام فہرست نیچے درج کیجاتی ہے۔ جو حضرات رسم الخط کی خصوصیتوں پر نظر رکھتے ہیں، اُن کو باہم مشورہ کے ساتھ اس مسئلہ کو حل کرنا چاہیئے۔ سب کے مشورے سے جو بات طے ہوگی، وہ ضرور کارآمد اور عمومی افادیت کی حامل ہوگی۔

طوطا ۔ توتا۔
اُس ۔ اوس۔
اُن ۔ اون۔
اُٹھانا۔ اوٹھانا۔
پھینکنا ۔ پھونچنا۔
طیار ۔ تیار۔
پروا ۔ پرواہ۔
ہاتھ ۔ ہات۔
مٹ بھیڑ۔ مڈبھیڑ۔

رسم الخط کے اختلافات کی یہ ایک ناتمام فہرست ہے، غور و فکر کے بعد چند اور الفاظ بھی اسی قبیل کے نکل آئیں گے۔ میں نے ان الفاظ پر بہت غور و خوض کیا ہے، لہذا ان الفاظ کے متعلق میں اپنے غور و تفکر کا نتیجہ اہل تفکر کے سامنے پیش کرنے کی اگر جرات کروں تو نامناسب نہ ہوگا۔ مجھے اپنی کہی ہوئی باتوں پر اصرار نہیں ہے، کہ میرے خیال کو قبول ہی کر لیا جائے، میں تو صرف مشورے کی حیثیت سے اپنے خیالات پیش کر رہا ہوں، اور مشورے کو رد بھی کر دیا جاتا ہے، اور قبول بھی

کرلیا جاتا ہے۔ میں صرف اتنا چاہتا ہوں کہ میرے مشورے کا آپ غور و فکر کی نگاہ سے مطالعہ فرمائیں۔

طوطے یا توتے (ط و ت ے) کے متعلق یہ اعتراض اپنے اندر بڑا وزن رکھتا ہے کہ طوطے کی "ط" خالص عربی ہے، اگرچہ "ط" اُردو کا حرف بھی ہے، مگر اپنی خصوصیتوں کے اعتبار سے "ط" کے مقابلے میں "ت" خالص اُردو ہے۔ اس لئے توتا لکھنا زیادہ صحیح ہے۔ اس اعتراض کی اہمیت کے اعتراف کے بعد، ہم کو یہ دیکھنا ہے کہ اس لفظ کو عام طور پر کس طرح لکھا جاتا ہے، میرے خیال میں پچانوے فیصدی اُردو لکھنے والے اس کو "طوطا" لکھتے ہیں، اور نگاہیں اسی رسم الخط سے مانوس ہو چکی ہیں۔ طوطے کو "ت" کے ساتھ لکھنے میں اُردو سیکھنے والے بچوں اور مبتدیوں کے لئے ایک مشکل آکر پڑے گی، "توتا" کے اگر ٹکڑے کئے جائیں تو اُردو کے دو لفظ "تو" اور "تا" خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس طرح "توتا" لکھے جانے میں بچوں کو خواہ مخواہ التباس ہوگا۔ اور "طوطے" کو وہ جس آسانی اور بغیر ذہن و فکر کی تشویش و انتشار کے پڑھ سکیں گے۔ "توتے" کے پڑھنے میں وہ بات نہ ہوگی۔ بچوں کا ذہن ایک قسم کی اُلجھن محسوس کرتا ہے، جب ایک ہی لفظ بہت سے معنوں میں استعمال ہوتا ہو، یا ایک ہی رسم الخط کے ہم معنی ٹکڑے کوئی دوسرا لفظ بنا دیتے ہیں۔ لکھنے میں عموماً نقطے چھوٹ جاتے ہیں، اس چیز کو ذہن میں رکھ کر "توتے" کی مختلف صورتیں اتنی بہت سی ہو سکتی ہیں:-

نوتے۔ نونے۔ تونے۔ لونے۔

مگر "طوطے" لکھے جانے میں یہ بات پیدا ہی نہیں ہوتی۔ ان وجوہ کی بنا پر میرا مشورہ "طوطے" لکھے جانے کے حق میں ہے۔

عام اصول ہے اور عام اصول کیا بلکہ رسم الخط کی خوبی اس میں ہے کہ کم سے کم حروف سے الفاظ بنیں، پھر اُردو رسم الخط میں "اعراب" حروف کا کام دیتے ہیں، اس صورت میں ہم کو اعراب سے ضرور کام لینا چاہیئے۔ "اُسکے" مقابلے میں "اوس" لکھے جانے میں ایک تو حرف "واؤ" کا اضافہ ہو جاتا ہے، دوسرے شبنم کے معنی میں "اوس" کا املا بھی یہی ہے۔ اس طرح بغیر کسی ناگزیر ضرورت کے دو مختلف المعنی الفاظ بالکل ایک طرح پر لکھے جاتے ہیں۔ اور اس میں بلا وجہ التباس کی ایک شکل نکل آتی ہے۔ حقیقت میں "اوس" لکھنا رسم الخط کی بہت بڑی غلطی ہے یہاں پیش (ـُ) کی حرکت صرف کافی ہے، اگر آپ نے پیش (ـُ) کا "واؤ" سے کام لینا شروع کیا، تو اس قاعدہ کے تحت "بُھس" کو "بھوس" لکھنا ہوگا۔ میرے خیال میں "اُس" لکھنا درست اور رسم الخط کے اصول کے عین مطابق ہے۔

بالکل یہی حال "اُن" اور "اون" کا ہے "اون" لکھے جانے میں تو "اُون" (ا ـُ و ن) کا بھی دھوکا ہو سکتا ہے اور "اُن" میں اس التباس کے لئے کوئی گنجائش ہی موجود نہیں ہے۔ اسی طرح "اُٹھانا" کے مقابل "اوٹھانا" لکھنا نامناسب معلوم ہوتا ہے، اور یہاں بھی "واؤ" کا کام (ـُ) سے بآسانی نکل سکتا ہے۔

میں نے اُوپر کہا تھا کہ کم سے کم حروف میں الفاظ بنانا رسم الخط کی خوبی ہے، مگر مشکلات کے مقابلے میں بعض خوبیوں کو نظر انداز بھی کر دیا جاتا ہے، "پھونچنا" کے مقابل "پہنچنا" لکھے جانے میں ایک حرف کی بچت تو ضرور

ہوتی ہے۔ مگر عام طور پر جب رو میں لکھتے ہیں تو "پھیچنا" اور "بھیجنا" یکساں پڑھے جاتے ہیں، اس لئے کہ تیزی کے ساتھ لکھنے میں شوشوں اور نقطوں کا کوئی خیال نہیں کرتا۔ شوشوں اور نقطوں کی باریکیوں کو ذہن میں رکھکر دیکھو تو بھیجنا، پھینچنا، بھیچنا، کا املا کس قدر ملتا جلتا ہے، ان شکلات کے بدنظر "پھینچنا" کو "پھونچنا" لکھنا بہت مناسب ہے۔ اس طرح ایک حرف کا ضرور اضافہ ہوگیا، مگر اس اضافہ نے آپ کی کتنی بڑی مشکل کو گھٹا دیا۔

طوطا اور توتے کے بیان میں "ط" اور "ت" سے بحث کی گئی ہے، طیار اور تیار میں بھی اس اصول سے کام لیا جا سکتا تھا، مگر یہاں یہ مشکل آ پڑتی ہے، کہ عربی میں "طیار" بہت زیادہ اُڑنے والے کو کہتے ہیں۔ اس طرح "طیار" لکھے جانے میں عربی لفظ کے معنی کا التباس ہوتا ہے۔ اور ہم اس قسم کے التباسات کو جس حد تک رسم الخط اجازت دیگا، گھٹانا چاہتے ہیں۔ اس لئے "تیار" لکھنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ زیادہ لوگ اسی طرح لکھتے ہیں۔

"پرواہ" میں تو "ہ" بالکل زائد ہے، بعض قدیم شعرا نے "ہ" کو البتہ ظاہر کیا ہے، مگر عام طور پر بولنے میں "ہ" کا اعلان نہیں کیا جاتا۔ "ہ" کے اعلان سے کوئی معنوی یا صوری فائدہ بھی نہیں ہے، اس لئے بلا کسی فائدے کے حرف کا اضافہ کرنا نادرست ہو، لہذا "پروا" لکھنا زیادہ صحیح ہے۔

ہاتھ اور ہات کا مسئلہ قدرے بحث طلب ہو۔ "ہات" لکھنے والے کہتے ہیں کہ بولنے میں "ہ" کا اعلان نہیں کیا جاتا، اس لئے "ہاتھ" لکھنا درست نہیں۔ رسم الخط اور زبان کے مسئلہ میں عام خیال و رجحان، کثرتِ استعمال کا بھی بڑا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ میرے خیال میں قدیم و جدید کتابوں میں زیادہ تر "ہاتھ" لکھا گیا ہے، "ہات" بہت ہی کم جگہ ملے گا۔ ہاتھ کو اگر ہات لکھیں گے، تو یہ ضرور ہوگا کہ شعرا کو "رات اور بات" کے وزن میں ایک قافیہ مل جائیگا، مگر شعرا کے لئے ایک بڑی دقت یہ ہو جائے گی کہ "ساتھ" کے ہم وزن کوئی شگفتہ قافیہ اُردو میں اُن کو غالباً نہ مل سکے گا۔ اس کے ماسوا اُردو میں ایسے الفاظ آپ کو ملیں گے، جن میں "ہ" کا اعلان بولنے میں نہیں ہوتا، مگر رسم الخط میں "ہ" لکھی جاتی ہے، جس طرح بولتے ہیں "ہاتی" اور لکھتے ہیں "ہاتھی" میرے خیال میں "ہاتھ" ہی لکھنا مناسب ہے۔

مٹ بھیڑ اور مڈبھیڑ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں صوبیداری جھگڑا پیدا نہ ہو جائے، مگر اب ان باتوں پر جھگڑنے کا وقت نہیں رہا۔ ہم کو وسعتِ قلب کے ساتھ رسم الخط اور قواعد کو ایک مرکز پر لانا ہے۔ اس لفظ "مٹ" یا "مڈ" "دو چیزوں کے باہم ملنے" کے مفہوم کو ظاہر کرتا ہے، مگر ہم دیکھتے ہیں کہ اعراب کے اختلاف کے ساتھ ہی لفظ "گڈ مڈ" میں "ڈ" کے ساتھ ملتا ہے صوتی لحاظ سے بھی اس لفظ میں "ٹ" کا تلفظ زیادہ بھلا معلوم نہیں ہوتا۔ ایسے وجدان "مڈبھیڑ" کے جواز کا فتویٰ دیتا ہے۔

ایک لفظ ایسا بھی اُردو میں پایا جاتا ہے جس کے متعلق میں رائے دوں گا، کہ اُس میں رسم الخط کے اختلاف کو باقی رکھا جائے، یہ لفظ "ہوشیار" ہے، جسے ہم "شیار" بھی لکھتے ہیں۔ یہاں دیکھیے اُن اور اون" میں جو (واؤ) اور (و) کی نزاع پائی جاتی ہے، اُس کا انطباق یہاں نہیں ہو سکتا۔ اس اختلاف سے سب سے بڑا فائدہ تو شاعری کو پہونچتا ہے۔ کہ وزن کے لحاظ سے دونوں صورتوں سے

فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ اور یہ فائدہ کوئی معمولی فائدہ نہیں ہے۔ پھر بولنے میں "ہوشیار" کے "واؤ" اور "ہشیار" کے "یے" (ے) سے مختلف خیالات کا اظہار ہوتا ہے۔ اسلئے میری رائے ہے کہ ہوشیار اور ہشیار دونوں طرح لکھے جانے چاہئیں۔

میں آخر میں پھر عرض کرتا ہوں، کہ ارباب فکر رسم الخط کے ان اختلافات پر غور فرمائیں اور مشورے کے بعد فیصلہ صادر کریں، جب اخبارات و رسائل کے ایڈیٹر اور مضمون نگار اس فیصلہ کی پابندی کریں گے تو چند دن میں اختلافات خود بخود مٹ جائیں گے، یہ اختلافات نہ کوئی مذہبی اختلافات ہیں اور نہ صوبہ واری ہیں، ان کا مٹ جانا کچھ مشکل نہیں ہے۔ بس ارباب فکر کے ہاتھ پیر ہلانے کی ضرورت ہے۔

مختلف صوبوں میں جو لسانی اختلافات پائے جاتے ہیں، اُن کے متعلق بھی بعض چیزیں میرے ذہن میں ہیں، جنپر فرصت و اطمینان کیساتھ اظہارِ خیال کروں گا۔

ماہر القادری

سانیٹ

خوابوں کا مندر

نظر آتا نہیں ہے کوئی ساحل بحرِ ہستی کا
لکیریں ڈالتا جاتا ہوں، کشتی کھیتا جاتا ہوں
تخیل کے حسیں پردوں پہ نقشے سے بناتا ہوں
انہیں نقشوں میں بھر دیتا ہوں پھر میں رنگ مستی کا

سمندر کے بہت اُس پار اک خوابوں کا مندر ہے
فرشتے جس کے درشن کی تمنا لیکے آتے ہیں
جہاں حسن و محبت مست ہو کر گیت گاتے ہیں
جہاں خوابوں کا مندر ہے وہ دُنیا کتنی سُندر ہے

اسی فردوس کی دیوی مرے سپنوں کی رانی ہے
مری حدِ نظر پر یہ طلسم آب ہے کوئی
یہ مندر ہے کہ دُنیائے حسیں کا خواب ہے کوئی
مری ساری مسافت ایک سپنا اک کہانی ہے

مگر یہ آرزو ہے میں بھی نقشِ آب ہو جاؤں ؛ اسی خوابِ حسیں میں جذب ہو کر خواب ہو جاؤں

نیاز فتحپوری

ڈھیٹ

وہ :- عورت خواہ کتنا ہی بلند مرتبہ پائے۔ بڑے سے بڑا کام انجام دے لیکن پھر وہ عورت ہی۔ ایک کمزور ہستی۔

میں :- تھوڑی دیر کے لئے مانو کہ میں یقین نہیں کرتی۔ تب۔

وہ :- تمہارے ماننے اور نہ ماننے سے کیا ہوتا ہے۔ دُنیا کہتی ہے۔ بڑے بڑے علمائے دین اور فلسفیوں کے قول دیکھ لو۔

میں :- میں تب بھی نہ مانوں تو؟

وہ :- تو یہ تمہاری زبردستی ہے۔

میں :- تمہیں کامل یقین ہے کہ یہ میری زبردستی ہے؟

وہ :- اور نہیں تو کیا؟

میں :- تو تم مان گئے کہ میں زبردست ہوں۔ اب تو یقین ہوا کہ ہماری کمزوری کی ساری افواہیں غلط ہیں۔

وہ :- واہ۔

میں :- کہدو کہ "کٹ حجتی" کرتی ہو۔ کہدو نا۔

وہ :- خواہ مخواہ لڑتی ہو۔ یہ تو تمہاری ہمیشہ سے عادت رہی ہے۔ ہٹاؤ ان جھگڑوں کو۔ مگر تمہیں تو ہمیشہ سے لڑائی دنگا اچھا لگتا ہے۔ یاد ہے (آنکھوں میں ایک چمک پیدا ہوگئی) بچپن کا بھولا بھلا زمانہ؟ کتنا دلفریب وقت تھا۔ کاش پھر وہی ہنسی خوشی اور بے فکری کے دن لوٹ کر آجائیں۔ یاد ہے تمہیں جب ہم تم املی کے درخت کے نیچے گھروندے بنا بنا کر کھیلا کرتے تھے؟

میں :- اور تم سے لڑ کر میں گھر نوچ کھسوٹ کر چل دیتی تھی ہائیں؟

وہ :- (ہنسکر) ہاں۔ مگر ایکدن تو تم بُری طرح پٹ گئیں اور میرا مُنہ کھسوٹ ڈالا (اور ہنسکر) اور اُلٹی میری ہی شکایت کردی۔

میں :- تمہارا کُرتا بھی تو نوچ ڈالا تھا۔ پھر اُلٹی تم نے ہی خوشامد کی۔

وہ :- (اور بھی زیادہ ہنستے ہوئے) ہاں۔ ہاں۔ اور پھر وہ یاد ہے۔ وہ جو ہم نے تم نے آپا کا صابُن چُرا کر کتے کے پلّوں کو نہلایا تھا۔ جسپر آپا جان نے خوب کان اینٹھے تھے۔

میں :- اور وہ بھی جب ہم تم بیروں پر لڑے تھے۔

وہ :- (ہنسی سے بیتاب ہوکر) اوہ..... ہاں۔ اور جب مکھن روٹی بچھونے میں چھپا کر کھایا تھا۔

میں :- تب آپا جان نے صبح کا ناشتہ کاٹ دیا تھا۔

وہ :- ہاں۔ ہاں۔

میں :- تو تمہیں یہ سب باتیں یاد کرکے..... کچھ شرمندگی ہوتی ہے۔

وہ :- ایں..... کیا۔ نہیں تو یہ تو بچپن کی سُہاونی شرارتیں تھیں۔ جن کی یاد.....

میں :- بھلا ان شرارتوں میں سُہانے پن کی کیا بات تھی۔

وہ :- واہ۔ کیا تمہیں بچپن نہیں یاد آتا۔

میں :- آتا کیوں نہیں۔

وہ :- پھر؟

میں :- پھر یہی کہ افسوس ہوتا ہے۔ بُرا لگتا ہے کہ ایسے بیوقوف کیوں تھے۔ بھلا اس میں سُہاونا پن کیا ہوسکتا ہے۔ املی کے پیڑ کے نیچے گھروندے بنانا..... نوچ کھسوٹ..... بیروں پر

مار کٹائی۔ چپکے چپکے بستر میں چھپ کر مکھن کھانا۔ اور پھر پٹنا۔ جو کہ بچپن کی سب سے غیر سُہاونی شے ہے..... سب بیہودگیاں تھیں۔ اور شکر ہے کہ وہ نالائق زمانہ گذر گیا اور کبھی نہ آئے گا۔

وہ:۔ واہ بچپن کی ہر بات بھولی ہوتی ہے۔

میں:۔ بھولپن کونسا کمال ہے۔ ہر پاگل اور بیوقوف آدمی ساری عمر بھولا رہتا ہے۔ تمہاری نظروں میں وہ بہت ہی خوش نصیب ہے۔ پھر بن جاؤ نا بھولے۔

وہ:۔ تم تو کج بحثی کرنے لگتی ہو۔ بچپن میں اور پاگل پن میں بہت فرق ہے۔ ہم تم بڑی سمجھ کے کھیل کھیلا کرتے تھے۔ میں ڈپٹی صاحب بنتا تھا اور تم بیگم صاحبہ بنتی تھیں۔

میں:۔ تم نے تو مجھے اور بھی بچپن سے نفرت دلادی۔

وہ:۔ کیوں؟

میں:۔ میں نے تم سے کتنی دفعہ کہا ہے کہ بھئی اس باجی لفظ "کیوں" کو اس طرح میرے سر پر نہ ٹپخ دیا کرو۔

وہ:۔ یعنی؟

میں:۔ لو۔ یہ تم نے اُس سے بھی بیہودہ اور مُہمل لفظ نکالا۔ اُٹھ۔

وہ:۔ تم تو عجیب باتیں کرتی ہو۔ کیا یہ ہماری ذہانت کا ثبوت نہ تھا کہ ہم تم بُزرگوں کے طے کئے ہوئے رشتہ کو کس بھولپن اور عقلمندی سے ذہن نشین کر چکے تھے۔

میں:۔ قطعی بھولپن۔ لیکن عقلمندی سے نہیں۔

وہ:۔ ہیں؟ یعنی؟ میرا مطلب ہے کہ کیوں نہیں۔

میں:۔ مطلب یہ کہ ہم تم جب بھولے تھے۔ تب تک تو ٹھیک تھا۔ لیکن تم تو ویسے ہی "بھولے اور سُہاونے" ہو۔ مگر میں بڑی ہو گئی۔ کچھ بیٹھی نہیں بات!

وہ:۔ کیا۔ اس سے تمہارا مطلب ہے کہ جو رشتہ ہمارے تمہارے درمیان بچپن سے قائم ہے تکمیل کو نہیں پہونچنا چاہیئے۔

میں:۔ یعنی؟

وہ:۔ یعنی کیا؟

میں:۔ یہ لیجئے۔ آپ تو جب چاہیں "یعنی" "کیوں" کہہ کر مجھ سے لمبے چوڑے جواب وصول کریں۔ اور میں کہوں تو چکرائیں۔

وہ:۔ تم تو.....

میں:۔ کٹ حُجتی کرتی ہو۔ یہی کہنے والے تھے نا تم؟

وہ:۔ مجھے آج تک شُبہ بھی نہ ہوا تھا کہ تم اس رشتے کو ناپسند کرتی ہو۔

میں:۔ اور شُبہ ہونے کی وجہ بھی کیا؟

وہ:۔ تمہیں تو کہہ رہی تھیں کہ.....

میں:۔ کیا؟ کیا؟

وہ:۔ نہ معلوم کیا کہتی تھیں۔

میں:۔ اللہ رے بھولپن! تمہارے ہی دل میں کوئی ایسا ویسا خیال آیا ہوگا میرے سر تھوپ رہے ہو۔ واضح رہے کہ ہم بھی تھوڑی سی عقل رکھتے ہیں۔

وہ:۔ بیوقوف تو میں ہی ہوں جو اب تک اس دھوکے میں تھا۔

میں:۔ یعنی یہ جو ہماری منگنی تھی یہ "دھوکا" تھا۔ تم بُزرگوں تک پہنچ رہے ہو۔ پتہ ہے یہ "دھوکا" دادا ابّا کا قائم کیا ہوا ہے۔ میں تو تمہیں ایسا نہ سمجھتی تھی۔ ٹھیکرے کی مانگ بڑی پکّی ہوتی ہے جناب!

وہ:۔ (کھسیا کر) تم مجھے ہر وقت بیوقوف سمجھتی ہو۔

میں:۔ توبہ توبہ۔ لیکن اگر سمجھوں بھی تو کیا ہوا؟ منگنی شادی میں عقلمند اور بیوقوف کا کوئی سوال نہیں ہوتا۔

یہ تو ایک روحانی رشتہ ہے۔ جس کا فیصلہ خدا نے پہلے ہی آسمان پر کر دیا ہے۔

وہ :۔ یعنی یہ کہ بیوی میاں کو اُلّو سمجھتی رہے ؟

میں :۔ اس میں مضائقہ ہی کیا ہے ؟

وہ :۔ بھلا ایسے گھر میں نباہ کیسے ہوگا۔

میں :۔ نباہ ؟ نباہ ایسے ہوگا۔ تم کما کر لانا اور میں نہایت سلیقے سے خرچ کروں گی۔ تم ڈپٹی صاحب ہو گے اور میں بیگم صاحبہ۔ مزے سے رہیں گے۔

وہ :۔ معاف کرنا تم ذرا بے شرمی پر اُتر آئی ہو آج۔

میں :۔ اس میں بے شرمی کیا ہے ؟ تمہیں تو اُس روز کہہ رہے تھے کہ "ہماری زندگی بڑے سکون سے گذرے گی۔ تم مندر کی دیوی ہوگی اور میں پجاری۔ یہ ہوگا۔ وہ ہوگا" جو آج میں نے کہا تو بُرا مان گئے۔ آج کچھ دل میں ٹھان کر ہی آئے ہو۔

وہ :۔ اگر میں کچھ کہوں تو وہ اور بات ہے۔ میں مرد ہوں۔

میں :۔ مجھے اس بات کا یقین ہے۔

وہ :۔ تم بدتمیز بھی ہو۔ آج تک میں کتنے دھوکہ میں تھا۔ شکر ہے کہ جلدی آنکھیں کھل گئیں۔

میں :۔ یعنی ؟

وہ :۔ یعنی ؟ اب تم کتنی دفعہ "یعنی" کہہ چکی ہو۔

میں :۔ کبھی ناؤ ندی پر کبھی ندی ناؤ پر۔ آگے کہو کیا آنکھیں کھل گئیں۔

وہ :۔ یہی کہ ہماری تمہاری نہیں بن سکتی۔

میں :۔ نہیں کیوں بن سکتی ؟ کہیں تمہارا یہ تو مطلب نہیں ہے کہ منگنی ہی ختم۔

وہ :۔ یقیناً۔

میں :۔ تم ٹھیکرے کی منگنی توڑ دو گے ؟

وہ :۔ بے شک !

میں :۔ مگر میں تو یہ نہیں چاہتی۔ میں تو تم سے ہی شادی کرنا چاہتی ہوں۔

وہ :۔ مگر میں تو قطعی نہیں چاہتا۔

میں :۔ تم تو دیوانے ہو۔ آخر وجہ کیا ؟

وہ :۔ فرض کرو مجھے تم پسند نہیں۔

میں :۔ پھر اور کون بدنصیب پسند آئی۔

وہ :۔ کوئی ہو یا نہ ہو مجھے تم پسند نہیں آسکتیں (حد سے زیادہ چڑ کر)

میں :۔ مگر مجھے تو تم پسند ہو۔

وہ :۔ لاحول ولا قوۃ، کیا بے حیائی ہے۔ کوئی مرد ایک لڑکی کو یوں ٹھکرائے اور وہ ذرا بھی خودداری نہ رکھتے ہوئے مُصر ہو۔

میں :۔ اور تم جو اُس دن کہتے تھے کہ اگر تم مجھ سے خدانخواستہ شادی نہ کرو تو میں دیوانہ ہو جاؤں۔

وہ :۔ میں مرد ہوں۔

میں :۔ دیکھو ایک دفعہ کہہ چکی کہ مجھے پختہ یقین ہے کہ تم مرد ہو۔ اب جو کچھ کہوں گی تو جل جاؤ گے۔

وہ :۔ مرد چاہیں جو کچھ کریں۔ مگر عورت اگر اظہارِ محبت یوں دیدہ دلیری سے کرے تو اُسے معیوب سمجھتے ہیں۔ کیا۔

میں :۔ قطع کلام ہوتا ہے۔ پھر کیسے اظہار کریں ؟ اب اظہار کا بھی نیا طریقہ ایجاد کریں ؟ اگر تمہیں میرے عشق میں دیوانہ ہونے کا پورا پورا حق حاصل ہے تو کسی کی مجال نہیں کہ مجھے تمہارے لئے اپنا گلا گھوٹنے سے روکے۔ میں جس طرح چاہوں اپنے خیالات کا اظہار کروں۔ کوئی ہوتا کون ہے ؟ واہ !

وہ :- مرد کے عیب بھی چھپ جاتے ہیں۔ وہ جو کچھ چاہے کرے۔ لیکن عورت .....

میں :- چپ بھی میری پٹ بھی میری" میں پوچھتی ہوں کون کہتا ہے کہ عورت بُری بات کرے تو زیادہ گناہگار ہوگی۔

وہ :- گناہگار کا ذکر نہیں ہے۔ عورتوں کے لئے عام طور پر یہ بات بہت معیوب سمجھی جاتی ہے کہ وہ مرد کے انکار پر بھی اپنے مُنہ سے درخواست کریں۔ لوگ سُنتے ہیں تو ٹھٹھری ٹھٹھری کرتے ہیں۔

میں :- تمہیں تو اُسدن کہتے تھے کہ "لوگوں کو بکنے دو" دوسرے اب تم لوگوں میں جاکر تھوڑا ہی پھدنک دوگے۔ کسی کو کیا معلوم کہ میں نے تم سے کیا کہا۔

وہ :- اوہ۔ تمہاری بحث کبھی نہ ختم ہوگی۔ مجھے خوشی ہے کہ ہم اور تم دوزخ جیسی زندگی سے بچ گئے۔

میں :- کیسی دوزخ اور کیسی جنت ؟ تم مرہی جاؤ تو بھی ابّا جان یہ منگنی نہ توڑنے دیں گے۔ دوسرے جائداد پھر تمہیں کوڑی کی بھی نہ ملے گی۔

وہ :- مجھے جائداد کی ہوس نہیں۔

میں :- اور یہ ڈپٹی کلکٹری ابّا جان تمہیں خاک دلوائیں گے۔

وہ :- چولھے میں ڈالو ڈپٹی کلکٹری کو۔

میں :- لیکن تمہیں میرا بھی خیال نہیں۔ پرسوں ہی تم نے کہا تھا۔ کہ مجھ خاکسار کے بُت کی بجائے تم پرستش کر رہے ہو۔ اور دل و دماغ پر خاکساری چھائی ہوئی ہے۔ اور وہ کیا شعر تھا۔ معاف کرنا ..... وہ ... کیا "دل کی کلی" جنے کیا ہوا اور "صنم" اور "گریباں چاک" اور "دور کے بھکاری" کا بھی کچھ تھا۔ بتانا ذرا پھر سے۔

وہ :- لاحول ولا قوۃ۔ توبہ ہے۔ یہ آج تم کیسی باتیں کر رہی ہو۔ حد ہے بے شرمی کی !

میں :- کیا کر رہی ہوں۔ وہی جو تم ہمیشہ کرتے ہو۔ آج میں جو کہتی ہوں تو جلے مرتے ہو۔

وہ :- تم اِس رشتے کو ناموزوں خیال کرتی ہو۔

میں :- میں ؟ ہوش کی لو۔ کہاؤ قسم کہ میں نے کبھی یہ کہا ہو کہ میں تمہیں شادی کیلئے ناموزوں سمجھتی ہوں۔

وہ :- تم مجھے ناپسند نہیں کرتیں ؟ (پُرانی روشنی آنکھوں میں کچھ عود کر آئی)

میں :- قطعی نہیں۔ میں ..... اب جو میں بھی پرستش وغیرہ کا کچھ کہوں گی تو تم کہو گے بے شرمی۔ یہ۔ وہ۔

وہ :- تم مجھے بیوقوف کہتی ہو۔ (آنکھوں کی روشنی پھر معدوم ہوجاتی ہے)

میں :- کبھی نہیں۔ دراصل میرا مطلب "بھولے" سے ہونا ہے۔ یونہیں لاڈ میں کہتی ہوں۔

وہ :- تم کیا کہہ رہی ہو۔ آج میں چکرایا جاتا ہوں۔ ابھی کچھ دن ہوئے تم مجھ سے کھُل کر بات بھی نہ کرسکتی تھیں۔ میرا نام لیتے ہوئے جھجکتی تھیں۔ شرما کر سر جُھکا لیتی تھیں۔

میں :- اُوہ۔ وہ تو میں بنا کرتی تھی۔ تمہیں وہ باتیں پسند تھیں ؟ اچھا اب میں شرمایا کرونگی۔ بس ؟

وہ :- اُوہ۔ یہ میں کیا سُن رہا ہوں۔ یا خدا کیا یہ سچ ہے۔ میں کبھی بھی ایسی لڑکی کے ساتھ زندگی نہ گذار سکتا جو مجھے پسند نہ کرتی ہو۔ اور میرا مذاق اُڑائے۔

میں :- کیا کہا ؟ کیا ؟ میں تمہیں پسند نہیں کرتی۔ تم اظہار کو معیوب سمجھتے ہو۔ اور بگڑ جاؤ گے۔ لیکن سچ مچ میں نے تو تمہیں کبھی ناپسند کیا نہیں۔

وہ :- کیا تم ایسے شوہر کے ساتھ زندگی گذار سکتی ہو جو

تمہیں ناپسند ہو۔

میں:۔ اوّل تو تم مجھے ناپسند ہی نہیں۔ دوسرے شادی بیاہ کے معاملہ میں اِن غیر شاعرانہ باتوں کا کیا دخل۔ تم ہی لوگ تو کہتے ہو کہ ہندوستانی دوشیزہ بُرے سے بُرے شوہر کے ساتھ ہنسی خوشی نباہ کر سکتی ہے۔ وہ شوہر کو دیوتا سمجھتی ہے۔ ایک دیوتا کے لئے کوئی ضروری نہیں کہ وہ عقلمند ہی ہو، ہندوستانی دوشیزہ تو ایک مرگھٹے بیل کے ساتھ بھی سُکھ سے رہ سکتی ہے۔ کجا تم؟

وہ:۔ (غصّہ سے مختلف رنگ بدلکر پھنپھناتے ہوئے) تمہاری باتیں تکلیف دہ اور ہتک آمیز ہیں۔۔ مجھے سخت حیرت ہے۔

میں:۔ تمہیں تو آج حیرت ہی ہوئے چلی جا رہی ہے۔

وہ:۔ میں پاگل جو ٹھیرا۔

میں:۔ میں نے سب کچھ مانا۔ لیکن ایک دیوتا کے لئے پاگل و اگل کا سوال ہی نہیں۔ کہا نا میں نے کہ وہ جیسا بھی ہو پھر مجازی خدا ہے۔ اگر سجدہ سوائے خدا کے جائز ہوتا تو وہ اسی دیوتا کے حضور میں پیش کیا جاتا۔ عورتیں وہی پارسا اور نیک ہیں جو بُرے شوہروں کو نباہ رہی ہیں۔ ہماری بخشش شوہر کی فرمانبرداری میں ہے۔

وہ:۔ بس۔ بس۔ میں تمہاری باتیں نہیں سُن سکتا۔ (دہن پٹختے تنتناتے ہوئے غائب) کہتے ہیں جو اگر بیاہ شادی کی باتیں لڑکیاں کرتی ہیں تو مُنہ پکا پکا ہو جاتا ہے۔ میں دوڑی ہوئی آئینہ کے سامنے گئی۔ واقعی مُنہ پر کھٹیکرے[1] سے ٹوٹ رہے تھے۔

[1] کھٹیکرے ٹوٹنا ایک عام محاورہ ہے معنی۔ پھٹکار برسنا۔

عصمت چغتائی

تخیلات

اِدھر صبر و سکوں ضبط و تحمل ہیں تماشائی
اُدھر کافر جوانی لے رہی ہے اُٹھکے انگڑائی

دلیلِ کامرانی ہے رہِ اُلفت میں مر جانا
کمالِ عشق ہے دُنیا جسے سمجھی ہے رسوائی

بنا دے میرے سجدے کو بنا دے حاصلِ کعبہ
عطا کر دے عطا کر دے مجھے ذوقِ جبیں سائی

فلک کانپا زمیں لرزی اٹھے فتنے زمانے میں
ہٹو جاؤ کوئی اسطرح بھی لیتا ہے انگڑائی

فریبِ حُسن میں آکر متاعِ ہوش کھو بیٹھے
ارے یہ آئینے کے سامنے دعوائے یکتائی

ہم اپنے گھر کو ویراں کر کے قسمت آزماتے ہیں
مبارک ہو مبارک تجھکو مجنوں دشت پیمائی

ادا ہوتی ہے محسن آج رسمِ فاتحہ خوانی
معاذاللہ یہ گورِ غریباں اور یہ تنہائی

محسن غلام بھیک

دل کی بات

سُن لے سجنی دل کی بات
اب نہیں کاٹے کٹتی رات

کالے بادل آئے ہیں
سارے جہاں پر چھائے ہیں
تجھ بن سونی ہے برسات
سُن لے سجنی دل کی بات

تو نے ہنس کر جیت لیا
دل کو یکسر جیت لیا
ہم نے ہنس کر کھائی مات
سُن لے سجنی دل کی بات

تو جو نہیں ہے دل کے چاند
ہو گئی ساری دُنیا ماند
تجھ بن ہے کو دن بھی ہے رات
سُن لے سجنی دل کی بات

ہاں ہاں تو تڑپائے جا
ہم کو مست بنائے جا
پریم بھری ہے پریم کی گھات
سن لے سجنی دل کی بات

تیری آنکھوں پر قربان
میرا دیں میرا ایمان
تیری ہے اب میری ذات
سُن لے سجنی دل کی بات

جان کو اپنی کھوتا ہوں
تجھ بن میں یوں روتا ہوں
جیسے ہو بھیگی برسات
سُن لے سجنی دل کی بات

ختم یہ بیچینی کر دے
رات میں رنگینی بھر دے
رات کو آ کر کر دے رات
سُن لے سجنی دل کی بات

روتا ہے مر جاتا ہے
نام وفا کر جاتا ہے
یاد رہے گی تیری گھات
سُن لے سجنی دل کی بات

ہم کو مٹا کر خوش کیوں ہے
دل کو جلا کر خوش کیوں ہے
جیت حقیقت میں ہے مات
سُن لے سجنی دل کی بات

اب تو ہے بہزاد ترا
یہ مردِ ناشاد ترا
لاج ہے اسکی تیرے ہات
سُن لے سجنی دل کی بات

بہزاد

زندہ اور فطری زبان

پہلی کسوٹی ـــــ اُصولِ ارتقا

زبان کی تعریف و توضیح میں تحقیقات کرنے والوں نے مختلف خیالات پیش کئے ہیں مگر اس کی تعریف بھی شعر کی تعریف کی طرح رنگا رنگ ہوتی گئی ہے۔ کسی نے اُسے نمونہ صنعت الٰہی کہا تو کسی نے بلبل ہزار داستاں کسی نے طوطی شکر شکن سے تشبیہ دی اور کسی نے اُسے قدرت کے رازِ سربستہ کی کلید کہا۔ مگر اس کی جو تصریح مولوی عبدالحق صاحب مدظلہٗ نے اپنے قواعد اُردو کے مقدمے میں کی ہے وہ نہایت جامع اور بہتر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ سچی زندہ اور فطری زبان کی تعریف اس سے زیادہ صاف شاید ہی ہوسکے۔ آپ کے تصریحی الفاظ یہ ہیں۔

"زبان نہ کسی کی ایجاد ہے اور نہ کوئی اُسے ایجاد کرسکتا ہے۔ جس اُصول پر بیج سے کونپل پھوٹتی ہے، پتے نکلتے ہیں، شاخیں پھیلتی ہیں، پھل پھول لگتے ہیں اور ایک دن وہی ننھا سا پودا درخت تناور بن جاتا ہے۔ اسی اُصول کے مطابق زبان پیدا ہوتی، بڑھتی اور پھلتی پھولتی ہے۔ ۔ ۔"

زندہ زبانوں کی یہ عام تعریف ہے۔ اور اُس کے زندہ ہونیکی کسوٹی بھی۔ اس سے مستنبط ہوتا ہے کہ زندہ اور فطری زبان میں حسب ذیل خوبیوں یا خصوصیات کا ہونا لازمی ہے۔

(۱) زبان کی ابتدا صرف و نحو (گرامر) سے نہ ہوتی ہو۔

(۲) اس میں قانونِ ارتقا پایا جائے۔ یعنی اپنے جنم سے لیکر آغازِ شباب تک تیز رفتار ترقی۔ اور شباب میں کامل جلوہ نمائی ہو، پھر رفتار ترقی مستقل ہوجائے۔ اور درخت تناور کی طرح پھل پھول پیدا کرکے اُسکے فائدے سے دُنیا کو فیض پہونچائے۔

(۳) ماحول کا اثر اس کے نشو و نما میں نمایاں ہو اور اُس کے اثر ماحول پر بھی آگے چلکر ظاہر ہوجائے۔

(۴) جس طرح انسان کی کوشش درخت کے مزاج (پھول کی خوشبو اور پھل کے ذائقے) کو تبدیل نہیں کرسکتی اسی طرح ایک زندہ زبان بھی مسخ نہیں ہوسکتی۔ غیر فطری رجحانات سے وہ بگڑے گی مگر پھر وہ قدرتی رجحانات کی بدولت سنور جائیگی۔

یہی سبب ہے کہ ہر ملک و قوم کی ایک زندہ زبان ہوجو اُس کی تہذیب اور تمدن کی ترجمان ہے۔

ہندوستان کی زبان بھی ان تمام درجوں سے گذرتی ہوئی موجودہ صورت کو پہونچی ہے۔ فطری اور غیر فطری رجحانوں نے اُسے اکثر بنایا اور بگاڑا۔ مگر آخر میں بازی فطرت اور قدرت ہی کے ہاتھ رہی۔ اور یہ ہمیشہ ہوتا رہا ہے کہ مصنوعی تحریکیں وقتی ہوتی ہیں۔ اور تھوڑے ہی دن چلکر ٹھنڈی ہوجاتی ہیں۔ یا دب جاتی ہیں۔ زبانِ ہند کی تاریخ میں یہ حقیقت بار بار ملتی ہے۔ ایک زمانہ تھا جب کہ ہندوستان جنت نشان کی زبان ویوبانی (زبان الٰہی) ویدک تھی۔ اسے ہم زبانِ ہند کا بیج یا چشمۂ زبان کا منبع کہہ سکتے ہیں۔ دانے کا پھوٹنا اور چشمے کا آگے بڑھنا لازمی تھا۔ قانونِ ارتقا کے خلاف پوری طاقت صرف کی گئی کہ زبان الٰہی کی شکل نہ بدلے۔ کونپل نہ پھوٹنے پائے ورنہ بڑا غضب ہوگا۔ زبان مسخ ہوکر ناپاک ہوجائے گی۔ برفستان میں جس طرح تخم اپنے بخت خفتہ پر خشک آنسو روتا ہے وہی حال ویدک زبان کا رہا اور وہ برہمنوں کے سینوں میں مدفون یا محفوظ رہی۔ مگر یہ کب تک۔ آخر شمس ارتقا کی کرنیں پہونچ گئیں۔ دانے پھوٹ نکلے۔ آن کی آن میں اُس کی دوسری شکل تھی۔ گویا زبان ویدک نے چولی بدلی۔ اس جنم میں اُس نے نیا نام پایا۔ ویدک پراکرت، اسکے نام سے وہ پکاری گئی۔ اس پراکرت کو اگر مجسم شکل تصور کیا جائے تو پالی کو (جو گوتم بُدھ۔ بُودھ مذہب۔ اور اس عہد کے حالات کی آئینہ دار ہے) اسکا دست راست سمجھنا چاہیئے۔

اس زبان کو پراکرت کی اور شاخوں کے مقابلے میں زیادہ فروغ ہوا۔ بُدھ مذہب کے وسیلے سے اُس کے پڑھنے اور جاننے والے کم و بیش شمالی ہندوستان کے اکثر حصوں میں پائے جانے لگے۔ دوسری پراکرتیں مگدھی، شورسینی، مراٹھی، پنجابی، اودھی، بندیلی کھنڈی، بھوجپوری، مقامی حیثیت رکھتی تھیں۔ نہ تو ان کا تعلق ہندوستان کے ہمہ گیر مذہب بُدھ سے تھا اور نہ اس جیسی سرپرستی نصیب ہوئی۔ مگر باوجود مذہبی توسط اور بُدھ حکمرانوں کے دستگیری و حمایت کے یہ زبان ہندوستان کے لئے زبان عام نہ بن سکی، کیونکہ وہ ایک محدود خطہ کی زبان تھی۔

بُدھ مذہب کے زوال کے بعد وگپتا خاندان کے عہدِ حکومت میں برہمنوں کو اپنا قدیم مذہب زندہ کرنے کا اچھا موقع ملا۔ انہوں نے قدامت پسندی کی نظر سے جو زبان کی طرف دیکھا تو چونک پڑے۔ ایں! زبان کہاں سے کہاں جا پہنچی! چنانچہ قواعد کی زنجیروں سے باندھ کر خوب کاٹ چھانٹ تراش خراش کر کے ایک نئی زبان وضع کی۔ یہ ظاہر ہے کہ یہ زبان کہاں تک فطری ہو سکتی ہے۔ اس کا نام سنسکرت یا راستہ کیا گیا رکھا گیا کیونکہ ویدک پراکرت کی چھانٹی چھنٹائی اور قدیم ویدک کے قالب پر ڈھالی ہوئی زبان تھی۔ اس زبان میں اعلیٰ پائے کی نہایت تصنیفیں فرمِ کرم کے دربار کی مشاعروں کے زورِ قلم سے وجود میں آئیں۔ فصاحت اور بلاغت، صنائع و بدائع غرض جہاں تک انسانی کوشش کو دخل ہے اس سے زبان کو موقر اور قابلِ قدر بنایا گیا۔ شستہ، نکھری، ستھری، میگھ دوت دُشیانت کے خواتین کے چٹکلے ہنسی رقص ہیں۔ اور نظر انصاف ان کی ادبی شان کو ہمیشہ ہمیشہ سراہتی رہیگی۔ مگر جہاں تک زبان کا مسئلہ ہے وہ اس عیب سے پاک نہیں کہ وہ عوام کی ٹکسالی کو دُور نہ کر سکی تھی۔ عام فہمی سنسکرت میں نہ تھی۔ اس لئے کہ یہ بول چال کی زبان تھی ہی نہیں۔ یہ محض تصنیفی زبان تھی اور عالموں اور درباریوں کیلئے مخصوص تھی۔ عورتوں اور بچوں کے لئے اور ان پڑھ طبقے میں بھی زبان مروج نہیں ہوئی۔ اسی لئے کالیداس اپنے ڈراموں میں عورتوں اور بچوں کا کردار جہاں پیش کرتا ہے پراکرت زبان استعمال کرتا ہے۔

ملک کی فطری زبان ایک قدرتی چشمہ کی طرح آگے بڑھ رہی تھی۔ جس میں اِدھر اُدھر سے نالے، ندیاں آکر مل رہی تھیں۔ غرض کنارو ساحل سبزہ و گیاہ کو سیراب کرتا ہوا یہ چشمہ ہر ایک کے اجزا اپنے اندر شامل کرتا ہوا آگے بڑھا۔ اب چشمے نے دریا کا نام پایا۔ یعنی زبانِ ہند نے تیسری جون بدلی۔ اس جنم میں زبانِ ہند کا نام "اپ بھرنش" تھا۔ بار بار کی تبدیلیوں سے قدامت پسندی کے رجحانات خود بخود مٹتے اور مدھم پڑنے لگے۔ یہ "اپ بھرنش" زبان امکان کی تبدیلیوں سے مختلف لباسوں میں نظر آئی۔ ملک کا کام مرکزی حصہ جس طرح تمدن و آئین و تہذیب و شائستگی میں بڑھا ہوا تھا اُسی طرح وہاں کی اپ بھرنش بھی دوسری اپ بھرنشوں کے مقابلے میں زیادہ صاف تھی۔ (۱) مرکزِ ملک (میرٹھ اور نواح دہلی)۔ (۲) اس کا ملک۔ (برج کلے علاقہ میں) زبان کا رنگ وغیرہ دیدہ زیب تھا۔ دیکھنے والوں نے جو انتخابی نظر ڈالی تو یہ بولیاں کچھ دل کو ایسی بھا گئیں کہ اس کی قسمت کا ستارہ گویا طلوع ہو گیا۔ یہ دیکھنے والے مسلمان تھے جنہوں نے فاتحانہ حیثیت سے ملک پر عمل دخل کیا۔ اور اپنا مرکز بھی اسی حلقہ میں رکھا۔

مسلمانوں کا ورود زبانِ ہند پر ماحول کا سب سے زیادہ اور نمایاں اثر تھا۔ حکومت مرکزی کے اہتمام نے دور نزدیک کو سمیٹ کر ایک کر دیا۔ دہلی اور آگرہ کی بولیاں گنگا جمنی شان سے مل گئیں۔ جس کے نمونے خسرو کی پہیلیوں اور مکرنیوں میں ملتے ہیں۔ جوہر شناس اور قدر داں مسلم حکمرانوں نے اس جنسِ لطیف کی قدر کی۔ دُور رہن خسرو کی دُور بیں کو انہوں نے اپنی تائید سے دوسروں کے لئے راستہ کھول دیا۔ حکمرانوں کی زبان فارسی تھی۔ اس لئے انہوں نے تمیز کے لئے اس نئی صورت کو پہونچی ہوئی زبان کا نام ہندی رکھا۔ اور وہ موقر بنا کر ہندوستان کی ہر چیز کو ہندی کی صفت نسبتی سے مخصوص کرتے گئے مثلاً تیغ ہندی، مال ہندی، بیم ہندی ... وغیرہ۔ انشاء نے بھی اس زبان کو ہندی ہی لکھا ہے۔

مسلمانوں کا عہدِ حکومت بھی بہت وسیع تھا لہٰذا تغیر و تبدل تو ہوتا ہی رہتا ہے۔ چنانچہ مسلمانوں ہی کے عہدِ حکومت میں منجملہ دیگر معاشرتی تبدیلیوں کے زبان کی شان بھی بہت کچھ بدلتی اور بنتی گئی۔ عہدِ اکبر میں ہند کی حدیں وسیع ہوئیں۔ دکن، دہلی، آگرہ سے وابستہ ہو گیا۔ زبان شاہانِ دکن کے درباروں میں بھی جا پہونچی۔ وہاں ہندی کا نام مقامی لہجہ سے دکنی ہو گیا۔ ملک الشعرا نصرتی سے لیکر ولی کے زمانے تک دکن میں رہی۔ اور شمالی ہند تو اس کا جنم بھوم ہی تھا۔ دوسری طرف وہ تمدنی سلسلے سے ہاتھ پیر نکالنے لگی اور گجرات جا پہونچی۔ یہاں کے لوگوں نے لہجہ گجراتی کہہ کر اپنایا۔ نرسی مہتا گجراتی زبان کا شاعر ہے۔ اس کے کلام کا نمونہ یہاں دینا ضرور ہی معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ شمالی ہند میں دکنی اور میرٹھ کے نواح کی زبان کی مثالیں تو ہر خاص عام کو ملتی اور خسرو کے ناموں سے پیش نظر ہو جاتی ہیں۔ مگر اُردو کی گجراتی شکل سے ابھی کم لوگ روشناس ہیں۔

ہر وِم کرشن کہے تو کرشن کہے تو نر ہاں میری
رہی مطلب خاطر کرتا ہوں خوشامد میں نیر تیری
وَہی اَور دُوہ سٹ کہہ راز کھلتا ہوں تجھے
تو بھی ہر روز نہ ہر نام سنائے مجھے
کھوٹی رند کالی ساری ہوئی گناہ معاف تیرا
وَہا مت بھولے پر بھو آخر وقت میرا

(ماخوذ از کنہیا کوی ... بھوسکا۔ مصنفہ پنڈت رام نریش ترپاٹھی)

لفظوں کی ترکیبیں اور خود الفاظ اُردو روزمرہ کے نمونے پر لائے گئے ہیں۔ اسی طرح پنجابی میں اُسی مرکزی زبان کی شان جھلکتی ہے جو مختلف تغیرات کے بعد آج اُردو کہلا رہی ہے۔ غرض اُردو کی اصل صورت، نواح دہلی سے اُٹھکر ہندوستان کے جنوبی حصے (دکن) کی زبان پر اور پھر ہمراہ ولی گجرات پہونچنے سے گجراتی پر اپنا نقش ڈال چکی ہے۔ و نیز خود اس کے اندر دکنی و گجراتی و پنجابی عنصر بھی شامل ہو چکا ہے۔ یہی سبب ہے کہ جب عہد محمد شاہ میں شمالی ہند کے نوآموزوں نے پھر دہلی کا رُخ کیا اور اُن میں ولی بھی تھے تو اُن کی زبان اور دہلی کی زبان میں بڑا فرق نظر آیا۔ مرکزی زبان جن ایام میں جنوبی ہند اور اور مضافاتِ دہلی کا طواف کر رہی تھی، شمالی ہند کے پائے تخت دہلی میں مرکز کی نہ بیٹھی تھی۔ قلعہ شاہجہاں آباد نے اُس کا پرانا نام ہندی بھلا دیا تھا۔ اور وہ زبان اُردوئے معلّٰی شاہجہاں آباد کہلاتی تھی۔ یہ نام لشکر کے تعلق اور لشکری غلط سلط سے پیدا ہوا تھا۔ اور اب اس میں عام فہمی کی صفت اور بھی ترقی کر چکی تھی۔ چنانچہ ولی نے اپنے دیوان پر نظر ثانی کی جن اشعار میں دکنی کے الفاظ تھے اُن کو دیوان سے خارج کر کے ایک دوسرا دیوان ترتیب دیا۔ اس میں دکنی کے اُسی قدر الفاظ تھے جو، دہلی کی ترقی یافتہ زبان میں بے جوڑ نہ تھے۔ اس طرح ولی کی خدمت زبان کے سُدھارنے اور سنوارنے میں کس قدر قابل قدر ہے۔ اس طرح پر اب ایک ایسی زبان وجود میں آگئی جس کے سمجھنے والے ہندوستان میں زیادہ سے زیادہ لوگ تھے اور اس کے مقابل دوسری زبانیں مقامی حیثیت سے بڑھتی اور ترقی کرتی رہیں۔ مسلمان فرمانرواؤں نے اُس وقت کی مقامی زبانوں کے لئے پوری شاہ دلی کی۔ کیونکہ اُردو نہ تو حکمران قوم کی زبان تھی اور نہ محض مسلمانوں کی۔ اس کے بولنے، لکھنے اور پڑھنے والے ہندو بھی تھے اور مسلمان بھی۔ چنانچہ قدما کے تلامذہ کی فہرست میں دیکھئے کہ کسقدر ہندو ہیں۔

اس وقت غریب اُردو کا دامن علمی جواہر سے خالی تھا۔ بس لے دیکر اُس کی جھولی میں یا تو غزلوں کے دیوان تھے یا قصّہ کہانیاں۔ انیسویں صدی کے آغاز میں جب انگریزوں کی تجارت سارے ہندوستان کا احاطہ کرنے لگی تو اُنہوں نے فورٹ ولیم کالج میں داد انگریز گماشتوں کو تعلیم کی غرض سے اُردو کو نصاب میں داخل کر دیا۔ ایسا کرنے میں اُنہیں یہ سہولت تھی کہ ملک کے ہر ایک حصّہ کی مقامی بولی سیکھنے کے بجائے ایک عام ہندوستانی زبان مل گئی۔ اس لئے انہوں نے اسی کو سیکھا۔ اب اُردو کی خوبیوں کو آشکارا ہونے کا یہ اچھا موقع آیا۔ غرض کالج نے باشندگانِ ہند سے ہندوستانی شکل میں اُردو کا تعارف کرایا۔ اور یہ ایسے ہی تسلیم ہوا جیسے ایک مسلّم صداقت کی دوبارہ تائید ہو۔ خلاصہ یہ کہ ہندوستان کے باشندوں کی تو یہ زبان ہی ٹھہری غیر ملکیوں نے بھی اسے ہندوستانی سمجھکر سیکھا۔ کالج کے لئے درسی کتابوں کی جو ہندوستانی زبان (اُردو) میں ہو ضرورت تھی۔ اور تلاش کرنے سے دو ایک سے زیادہ نہ مل سکیں تو کالج کے پرنسپل مسٹر جان گلکرسٹ نے اُردو دانوں کو تلاش کیا۔ ملک کے ہر حصّہ سے اچھے منشی و انشا پرداز کلکتہ میں جمع ہونے لگے۔ میر امّن دہلوی، بہادر علی سیفی۔ کاظم علی جوان۔ شیر علی افسوس۔ منشی سدا سکھ وسیل مصر، پنڈت للو لال جی نے تصنیف و تالیف کا کام شروع کر دیا۔ ان تمام مصنفین اور مؤلفوں کے لئے ایک عام ہدایت تھی یعنی یہ کہ عبارت صاف ہو۔ اور وقت آفرینی اور لفظی شکوہ سے احتراز و پرہیز کیا جائے۔ تکلف پسند مصنفین کو سخت دقتیں پیش آئیں مگر مزہ کیا نہ کرتا۔ چار و ناچار طبیعتوں کو سادگی پر مجبور کیا اور سادہ نگاری کی مثالیں بہت سی نظر آنے لگیں۔ اس عہد کی بعض کتابیں سادہ نگاری سے کوسوں دُور ہیں۔ مثلاً پنڈت للوجی لال کی تصنیف پریم ساگر اور خزینہ دانش اور اس کے مقابل میں منشی سدا سکھ اور میر امّن کی تحریروں پر موجودہ عہد کی سادہ نویسی بھی قربان ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یا تو مسٹر جان گلکرسٹ کو صیغۂ تصنیف و تالیف کے جانچ پڑتال کا زیادہ موقع نہ تھا یا یہ حضرات بالطبع پیچیدہ لکھنے اور سجع لوئیسی کے عادی ہو چکے تھے اور باوجود کوشش راہ راست پر حد مقرر تک نہ پہونچ سکے۔

یہاں تک زبان کے تعمیری پہلو کو آپ حضرات نے ملاحظہ فرمایا۔ مگر تعمیر کے پیچھے پیچھے تخریب کا ڈنڈا بھی چلتا ہے۔ ہندوستان کی سرزمین اس معاملے میں اور بھی زرخیز ہے۔ یہاں تعمیر کے ساتھ ساتھ تخریب قوراً جلوہ گر ہوتی ہے۔ کانگرس کے جواب میں اینٹی کانگریس۔ اسکاؤنڈرل کے جواب میں اینٹی اسکاؤنڈرل نمودار ہوئی تھی۔ چنانچہ ملک کی فطری زبان کے مقابلے میں اسی وقت ایک غیر فطری اور مصنوعی زبان بھی ظہور میں آئی۔ جب فورٹ ولیم کالج میں اُردو دانوں کی قدر ہوئی تو ننگ نظری نے حسد کی آگ کو بھڑکایا۔ اور جس ذہنیت نے ہندوستان کو صدیوں غلام رکھا تھا وہ ایک نیا روپ بھر کر نمایاں ہوئی۔ اُردو کے مقابل ایک زبان وضع کی گئی۔ اور جن جن کہ مروّج فارسی و عربی الفاظ کے بدلے سنسکرت کے غیر مروّج الفاظ رکھے گئے۔ اور ذرا بھی نہ سوچا گیا کہ ایک مشترکہ زبان جو ہندو مسلم کی متفقہ کوششوں کا ثمر، اتحاد و یکجہتی کی جان اور

قومیت و وطنیت کی شان ہے اُس کے گلے پر چھری پھر رہی ہے۔ آزادیٔ ہند کا دشمن درحقیقت اُس سے بڑا کوئی نہیں جس نے زبان میں تفریق و تمیز کی۔ ہندی کی پیدائش اس طرح اُردو کے مقابل میں ہوئی۔ یہ زبان پہنے بھاشا کہلائی پھر ناگری، اور آخر میں ہندی سے موسوم و معروف کی گئی۔ اس لئے اس جذبۂ رشک اور تنگ نظری کے ساتھ ہندی کی تاریخ پیدائش اُنیسویں صدی کا آغاز ہے۔ فورٹ ولیم کے مصنفین ہیں کہ اکثر اس جذبہ کے نکلے تھے۔ ورنہ زبان میں اس قدر چوڑی خلیج حائل نہ ہوتی۔

اس وقت سے اُردو، ہندی (قدیم ہندی سے میری مُراد نہیں ہے وہ تو اُردو ہی کا ابتدائی نام تھا۔) دونوں پر نظر رکھنا ضروری ہے کیونکہ اب تک غیر فطری رجحانوں کی کوئی سوسائٹی یا انجمن نہ تھی۔ مروجہ زبان کے خلاف جج بچے ہوئی اور پھر اکثریت جب صداقت پر مائل ہوئی تو پرانی لکیر جھوٹ گئی۔ مگر اب حالات کچھ بدل چکے تھے۔ ملک میں ہندی اور اُردو کی بحث اُس وقت اور زور پکڑ گئی جب انگریز رپورٹروں اور تحقیقاتی کمیشنوں نے فارسی کے بجائے اُردو کو دفتری زبان بنانے اور ذریعۂ تعلیم تسلیم کرانے کی سفارشیں کیں۔ اُردو جب عدالتوں میں اور مدرسوں میں رائج ہوگئی تھی۔ تنگ نظروں کو یہ کھٹکنے لگا۔ عاشقِ تماشا کی طرح اپنے ہی گریبانوں پر رشک کرنے لگے۔

اُردو یا ہندوستانی کی بنیاد زبان عوام پر تھی اس لئے اسکے سمجھنے والے اور بولنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا۔ ملکی کی فطری رجحان طبع نے تین تحریکیں پیدا کیں جن سے اُردو فرش سے عرش پر جا پہنچی۔ ان تحریکوں میں فرقہ وارانہ بساند کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ ہر مذہب و ملت کے لوگ شریک تھے۔ پہلی تحریک جو فورٹ ولیم کالج کے بعد پیدا ہوئی وہ دہلی کالج سے وابستہ تھی۔ یہ کالج دہلی میں وسیع پیمانے پر کھولا گیا تھا۔ اس کا ذریعۂ تعلیم اُردو تھا۔ علمی کتابوں کے ترجمے انگریزی سے اُردو میں ہوتے جاتے تھے۔ اور اس کی تعلیم بھی ترجمے کے ساتھ ساتھ جاری تھی۔ کالج نے بڑا کام کیا۔ اس کے پرنسپل ڈاکٹر ہٹروس اور ہیڈ پنڈت امداد کے لائق پیرو فیلیکس رام چندر اور پیارے لال، مولوی ذکاء اللہ، مولانا محمد حسین آزاد کی بدولت اُردو علمی زبان بن گئی۔ ہندی کو اس کالج میں روادارانہ جگہ ملی۔ اور ہر فارسی عربی پڑھنے والے طالب علم کا ہندی سیکھنا و نیز سنسکرت لینے والے طالب علم کا اُردو سیکھنا ضروری تھا جس سے ہندی سے کالج کا ایک طالب علم بھی بیگانہ نہ تھا۔ یہ کالج موجودہ تعلیمی مسائل کیلئے ایک عمدہ نمونہ ہوتا افسوس کہ زمانے نے اس کو حرفِ غلط کی طرح مٹانا چاہا مگر عثمانیہ یونیورسٹی نے اس کی یاد تازہ کر دی ہے اور انہیں مقبول عام اصولوں پر سینکڑے نیکساں مفید ثابت ہو رہی ہے۔ اس کالج کی برکتیں ہندوستان کو کیا کیا نصیب ہوئیں، پوری پوری جب معلوم ہوں گی جب مولوی عبدالحق صاحب مدظلہٗ کی پوری تصنیف "مرحوم دہلی کالج" کا مطالعہ کیا جائے۔

اس سلسلے میں ہندی کے حمایتوں نے کیا کیا، اس کی پوری تفصیل اُس مضمون سے ہوتی ہے جو ہندی شب بدر ساگر کے خاص رکن پنڈت رام چندر شکل نے دیباچے میں ہندی ادب کی تاریخ کے عنوان سے لکھا ہے اور جو اب علیحدہ کتاب کی صورت میں بھی شائع ہو چکا ہے۔ ہندی گد (نثر) کا بکاس (نشو و نما) کے سلسلے میں آپنے ان تمام کوششوں کو سمویا ہے جن کی بدولت ہندی کو اُردو کے پہلو میں جگہ دی گئی۔ حکومت کے سامنے کتنے وفد گئے، ڈیپوٹیشن ناکام رہے اس سے قطع نظر ہوتا ہے۔ حکومت ہند، ہندی کو زبان کا مرتبہ اس لئے نہ دیتی تھی کہ نہ تو وہ عہد حاضر کی زبان تھی اور نہ قرونِ وسطیٰ ہی میں کبھی بولی جاتی تھی۔ سر جارج ڈو اور سر جارلس ٹرولین، جنہوں نے سارے ہندوستان کے دیہات اور قصبوں اور شہروں کا دورہ کیا تھا، اپنی سرکاری رپورٹوں میں ہندی کو دہقانی بولی اور اُردو، دکنی یا ریختہ کو ہندوستانی زبان تسلیم کیا تھا۔ ہندی کے ہنگاموں میں شورش اور جذبات دیکھکر گورنمنٹ نے اُسے اکثر صوبوں میں جگہ دیدی۔ محکمۂ تعلیم کے افسروں اور ڈائرکٹروں نے گورنمنٹ کی اس غلطی کو آشکارا کرنے میں کوئی سنکوچ نہ کیا۔ انہوں نے اپنی سالانہ رپورٹوں اور ریپوٹ چٹھیوں میں اس پر تاسف کیا۔ مسٹر ہارورل ڈائرکٹر صوبہ مغربی اور شمالی۔ کرنل ہالرائڈ ڈائرکٹر صوبہ پنجاب، مسٹر کمن نے اُردو کے مقابل ہندی کی ترویج و اشاعت سے نہ صرف یہ کہ اختلاف رائے کا اظہار کیا بلکہ زبان کی اس تفریق سے انہیں کافی صدمہ پہونچا۔ ان مستند شہادتوں کو میں نے ایک دوسری جگہ پر "مستند شہادتیں" کے عنوان سے جمع کیا ہے۔ یہاں صرف مسٹر ہارورل کا خط نقل کرتا ہوں جو انہوں نے موسیو گارساں ڈی ٹاسی محقق مشرقی زبان کی خدمت میں لکھا تھا:

"آپنے اپنے خطبات میں جو خیال پیش کیا ہے میں اُس سے بالکل متفق ہوں۔ اُردو کو ہندی پر فوقیت حاصل ہے۔ بحیثیت اپنے فرائض کے بجا آوری کے

سلسلے میں مَیں نے ہر ممکن موقع پر اُردو کی توسیع و ترقی کے لئے حمایت کی ہے اس لئے کہ مَیں سمجھتا ہوں کہ وہ ہندوستان کی دوسری زبانوں کے مقابلے میں قومی زبان کہلانے کی مستحق ہے۔ اس کی میری مُراد وہ زبان ہے جو خاص و عام کی سمجھ میں آتی ہے۔ اس بارے میں مسٹر کمن جو صوبہ مغربی و شمالی میں سررشتہ تعلیم میں سب سے اعلیٰ عہدیدار رہیں، بڑی صدتک میرے ہم خیال ہیں لیکن بدقسمتی سے ابتدائی مدارس میں یہ طریقہ رائج ہوگیا ہے کہ اُردو یا ہندی میں سے کسی ایک کے ذریعے تعلیم دی جاتی ہے۔ چونکہ اکثریت ہندو طلبہ کی ہے اس لئے ہندی کا استعمال بڑھ رہا ہے۔ مسلمان اور بعض ہندو جن کی مادری زبان اُردو ہے، اُردو کو ترجیح دیتے ہیں۔ میرے خیال میں اُردو ہندی کی تفریق قومی نقطۂ نظر سے سخت نقصان رساں ہے۔ یہ زیادہ بہتر ہوتا اگر ہندو بچوں کو اُردو سکھائی جاتی۔ بجائے اس کے کہ انہیں اُس بولی میں اظہارِ خیال کی مشق کرائیں جو بالآخر ایک دن اُردو کے آگے اپنا سرِ تسلیم خم کرے گی۔"

(از خطبات گارساں۔ دی تاسی۔ مطبوعہ انجمن ترقی اُردو۔ اورنگ آباد۔ دکن۔)

ہندی کے حامیوں میں اس وقت ایسی ہستیاں کیا تھیں جن کی نگاہ ہندو مسلم آمیز ہندوستانی کلچر پر ہو۔ تنگ نظری نے انکا مقصد زمانۂ قدیم کی تہذیب کا احیاء رکھا۔ اس لئے مروّجہ زبان ان کی نظروں میں قابلِ قدر نہ تھی۔ انہوں نے اس کا روپ تو عہد فورٹ ولیم ہی میں بدلا تھا اب اس کا ادب بھی ہندوستانی کہکر ہندوانی بنا دیا گیا۔ اور ہندی کا ناتا دھرم سے جوڑکر علانیہ اس خیال کی اشاعت کرنے لگے۔ اس وقت اس جماعت کا یہ عام مسلک تھا کہ ہندی نہیں جانے گا وہ ہندو نہیں مانے "معقول پسندوں اور معتدل راہ اختیار کرنے والوں کو جن میں ہندو اور مسلمان دونوں شامل تھے اس تحریک سے دلچسپی نہ تھی۔ وہ خاموش اپنا کام کر رہے تھے۔ رواداری اُن کا مسلک تھا۔ یہ قضیۂ ہندی و اُردو لکھتے لکھتے مَیں اپنے ضمیر کو پراگندہ اور غیر مطمئن پاتا ہوں مگر حیرت اُن لوگوں پر ہے جو اُردو کو ہندی کا (جس کی بنا ہی ہندو نوازی پر پڑی) جواب اور مسلمانی زبان کہکر پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔" ہندی لٹریچر" مصنفہ ایف۔ اے۔ کے۔ سے میرے بیان کی تصدیق ہوتی ہے:-

"جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں شمالی ہند میں ہندی کی بہت سی بولیاں بولی جاتی تھیں مگر اُن لوگوں میں جو فارسی نہیں جانتے تھے شایستہ گفتگو کا ذریعہ اُردو تھا۔ اُردو میں بہت سے الفاظ فارسی عربی سے مستعار لئے گئے تھے جن کا تعلق اسلام سے تھا اس لئے ہندی بولنے والوں کے لئے ایک ادبی زبان کی ضرورت محسوس ہوئی جو زیادہ تر ہندوؤں کو مرغوب ہو۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اُردو کو لیکر ایک زبان بنائی گئی اور اُس میں سے عربی فارسی کے الفاظ خارج کرکے اُن کی بجائے سنسکرت یا ہندی الاصل الفاظ داخل کئے گئے۔"

راجہ شیو پرشاد صاحب چونکہ محکمۂ تعلیم میں ایک عرصے تک رہے ہیں انہیں ہندی کی تصنیع اور بناوٹ کا کچھ تو بذاتِ خود اندازہ ہوا۔ دوسرے چونکہ وہ ڈپٹی انسپکٹر ہونے کی حیثیت سے تعلیمی رپورٹوں اور تجویزوں سے زیادہ باخبر تھے، انہوں نے ہندی میں فارسی عربی لفظوں کو اس قدر جگہ دی کہ سوائے رسم الخط کے اُن کی تحریروں اور اُس عہد کی اُردو اسلوبِ بیان و ترکیبِ الفاظ میں مطلق فرق نہیں معلوم ہوتا۔ اس طرح ہندی اپنی راہ بھول کر اُردو سے جا ملی۔ مگر راجہ لکشمن سنگھ اور ہرشچندر نے سخت ٹکر چینی کی اور "بشدھ ہندی" یعنی سنسکرت آمیز ہندی کے نمونے بکثرت دے کر ہندی کو اُردو سے بہت دُور کر دیا۔

اس عرصے میں اُردو ایک رفتار سے برابر آگے بڑھتی رہی۔ یہاں تک کہ سنٹفک سوسائٹی ملکی، تمدنی اور خاص کر اقتصادی اُلجھنوں کو لیکر وجود میں آئی اور بعد کو علم و اخلاق بھی اُس کا اعلیٰ مقصد ہوگیا۔ اس سوسائٹی کے بانی مبانی سرسید مرحوم تھے جنکی اعتدال پسندی، رواداری اور بے لاگ کوششوں سے ہندو، مسلمان، عیسائی اُن کے رفیق کار رہے۔ اس دوسری تحریک نے علم و ادب و سیاست و اخلاق ہر موضوع پر اپنی توجہ صرف کی جسکی بدولت اُردو علمی حیثیت سے آگے نکل کر سیاست کے لئے ایک عمدہ زبان بن گئی۔ ہندوستان کے ادب کا رنگ بدلا۔

وسعت پیدا ہوتی اور ایک خاص انداز پر چلنے کی عادت بھی کم ہوتی۔ سوسائٹی کے رسالے تہذیب الاخلاق کا اثر نہ صرف اس سوسائٹی کے ممبروں پر پڑا بلکہ دوسرے اخبارات اور رسالوں نے بھی وہی راستہ اختیار کیا۔ سادگی عام مذاق کی حیثیت سے اس وقت کے ادب میں مسلم ہوئی۔ اور مغربی علوم سے جو وحشت ہمارے سماج کو تھی قریب کم ہوئی۔ اس طرح سائنٹفک سوسائٹی نے نہ صرف اردو زبان میں بلکہ اس زبان کے بولنے والے ہندو مسلمانوں میں روشن خیالی آزاد رائے اور دوسروں کی خوبیوں پر نگاہ رکھنے اور اسے قبول کرنے کے رجحانات پیدا کئے۔

تیسری تحریک اورینٹل کالج لاہور سے متعلق ہے اس کالج کا مقصد محض تعلیم و تعلم نہ تھا۔ اس نے ایک صیغۂ تصنیف و تالیف بھی قائم کیا تھا۔ اس کی ابتدا سائنٹفک سوسائٹی کی طرح ایک ایسی انجمن سے ہوئی تھی جو علمی و تاریخی معلومات کو عام کرنا چاہتی تھی۔ اسی کی کوششوں سے یہ کالج قائم ہوا تھا۔ آگے چلکر انجمن کے مقاصد کالج نے اپنے سر لے لئے۔ سائنٹفک سوسائٹی کی طرح اس کے دائرۂ عمل میں وسعت و ترقی تو نہ ہوئی مگر تصنیف و تالیف کے سلسلے سے عربی و فارسی و انگریزی کے ترجموں سے اردو کو بڑھایا۔ ان کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اردو دنیا کی ترقی یافتہ زبانوں سے ہمدوش ہوگئی۔ اب اس موجودہ صورت میں برابر بڑھتی ہوئی بہت آگے نکل چکی ہے۔

اردو کی ترقی اہل ملک کے لئے اسی طرح یکساں مفید تھی جیسے سورج کی روشنی، ہوا اور پانی۔ مگر جو زیچ انیسویں صدی کے شروع میں بو گیا تھا، اس کی بھی ایک محدود پھلنے میں پرورش ہو رہی تھی۔ اردو کی ترقیاں اس جماعت کو کھٹکتی رہیں۔ ناگری پرچار کی مالک منڈلیاں، ناگری پرچار کی سبھائیں قائم ہوئیں۔ زور شور سے ہندی پرچار کے لئے اردو کی تخریب شروع ہوئی کسی نے کہا کچھ یوں میں ہندی کو جگہ دلانے سے اس کی ترقی ہوگی۔ کسی نے کہا اردو جب تک ہے گی یہ چین نہیں سکتی۔ کسی نے کہا بڑا غضب ہے کہ اردو تو ایسا ریڑھ مار رہی ہے کہ جس کا کچھ ٹھکانا نہیں۔ ایک صاحب نے تو تقریباً ۳۰ صفحوں کی ایک کتاب لکھی اور رسم الخط پر آلوٹے۔ مثلاً:

ریل: ریل اردو میں ایک
ایک بات ہے ٹھیک اور ٹھیک

کچھ لوگ ایسے بھی تھے جنہوں نے اس عیب جوئی کو برا سمجھا۔ اور ہندی کی بنی بنائی خدمت انہیں اردو والوں کی تنقید میں نظر آئی۔ پنڈت مہابیر پرشاد دویدی نے خواجہ الطاف حسین حالی و مولانا نذیر احمد صاحب کی کوشش کو ہندی کی طرف اور ہندی کے طرفداروں کو توجہ دلائی۔ اور متعدد شعرو شاعری و آب حیات سے استفادہ کرنے کے لئے ہندی کے اخباروں سے اپیل کی۔ اور اپنی تصنیف "رسگیہ رنجن" میں مقدمہ شعر و شاعری کے اکثر حصے ترجمہ کرکے پیش کئے۔ زبان بھی عام فہم بنانے کے خیال سے فارسی و عربی سے فیض حاصل کرنے لگے۔ مگر ہندیوادی مقصد جو کچھ ان نظر آیا تو پھر "بشدھ ہندی" تو یسی پر مائل ہوگئے۔ اور کہیں اوسط راہ اختیار کی۔ اس طرح اس عہد کی ہندی تحریریں تین قسموں میں رکھنی پڑیں۔ ہندی شدھار کا مجاہد اعظم یعنی مہابیر پرشاد دویدی بھی اپنی ہندی تحریر کو اس تقسیم سے نہ بچا سکا۔ یعنی پڑے لگی کے بجائے اگلی ہندی بھی ترنگی نظر آئی ہے۔

پہلا رنگ، جس میں ہندی الاصل الفاظ ہوں۔ (مطابق پراکرام) اس کا نام بشدھ ہندی رکھا گیا۔

دوسرا رنگ:۔ وہ ہندی جس پر اردو کا سایہ ہے، اس کا نام ہوا ایشرت ہندی۔

تیسرا رنگ:۔ وہ ہندی جو باوجود کوشش اور طبیعت پر زور ڈالنے کے بھی صاف نہ ہوئی۔ اور اردو سے مشابہ ہو۔

ہندی کو خالص ہندی الاصل بنانے کی کوشش شروع ہی سے ہندی دانوں کے طبقہ ہی میں معرض بحث میں پڑ گئی تھی۔ فارسی عربی لفظوں کا استعمال بول چال میں ہوتا ہی تھا۔ قلم اٹھاتے وقت بھی وہ فوراً حاضر آتے تھے۔ اس لئے پنڈت بھیم سین نے اس کو بہت پیشتر یہ تجویز پیش کی کہ ایسے لفظوں کو اب ہم لوگ سنسکرت کے ڈھانچے پر ڈھال سکتے ہیں۔ مروج فارسی و عربی لفظوں کی ایک لمبی فہرست مع اس کے بدل الفاظ کے پیش کی۔ یہ جدت ہندی دانوں کی ذہنیت کا پتہ دیتی ہے کہ وہ اپنی زبان کو اردو سے کیوں نہیں ملنے دیتے۔

آپ فرماتے ہیں کہ:۔

۱۔ چشمہ کو جو آنکھوں پر لگایا جاتا ہے اس آنکھ کی نسبت سے چکچھا (چکھ۔ آنکھ) کہا جائے۔

۲۔ فرمائش کا ترجمہ نہیں قلب ماہیت چھپر آشش سے کیا جائے۔

۳۔ انتقال کا بدل انت کال یعنی دم آخر ٹھہرایا جائے۔

مگر ہندی کے اس پُرجوش حمایتی کی غیر معمولی اور نرالی سوجھ نہ تو قابل عمل ہو سکی اور نہ قابل قدر متصور ہوئی۔ کیوں؟ اس بارے میں اُس وقت کے زبردست یورپین مستشرق کی رائے نقل کرنا چاہیں جو نہایت ضبط و تحمل سے ان تماشوں کو دیکھ رہا تھا۔ وہ اپنے خطبہ ۱۹۶۶ء میں لکھتا ہے:-

"میرے خیال میں اُردو کے مقابلے میں ہندی کی جانب توجہ کرنا ایسا ہی ہے جیسے آج کل کی جدید یونانی کے بجائے قدیم یونانی کی طرف توجہ کی جائے۔ تعجب اس پر ہے کہ اُردو کی مخالفت بھی ہے اور۔ چراغ علی) اُردو کی تصانیف بھی دیوناگری رسم خط میں چھاپی جا رہی ہیں۔ چنانچہ ابھی حال میں ولیان لٹریچر اور میتھرسن کی مثنوی سحر البیان اور دوسری تصانیف جن کی زبان خالص دہلی کی ٹکسالی زبان ہے دیوناگری کے رسم خط میں طبع کی جا رہی ہیں . . . . . .

. . . . . مسٹر جے۔ بیمز نے کلکتہ کی ایشیاٹک میں جو مضمون لکھا ہے اس میں اس امر کی جانب توجہ مبذول کرائی ہے . . . . .

. . . موصوف اپنے سات سال کے تجربے کی بنا پر کہتے ہیں کہ اُردو ہندوستانی کی مہذب ترین شکل ہے اس میں اختراع و فصاحت بدرجہ اتم موجود ہے۔ موصوف نے اس امر کی طرف بھی اشارہ کیا ہے کہ دوآب گنگا کے رہنے والوں کی گھٹی میں یہ زبان شامل ہے۔ انہیں اس سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ اُردو سے عربی فارسی الفاظ کو خارج کرنا ایسا ہی ہے جیسے آپ انگریزی زبان سے لاطینی زبان نکالنے کی کوشش کریں اور چاہیں کہ اس میں صرف سکسن اصل کے الفاظ باقی رہیں ـــ زبانیں اس طرح ارادہ کرنے سے نہیں بنائی جاتیں۔ زندگی کی ضروریات سے ان کی ساخت میں تغیر و تبدل ہو سکتا ہے سیاسی فتوحات۔ تجارتی تعلقات، ادبی اور علمی ضرورت سے زبان میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے اور اس میں الفاظ داخل ہوتے ہیں۔

قابل مضمون نگار نے بڑی خوبی سے یہ بات بتائی ہے کہ جس طرح انگریزی میں المانی اور لاطینی عنصر موجود ہیں اسی طرح اُردو میں آریا اور سامی یا اسلامی عنصر موجود ہیں . . . . . .

ایم۔ بیمز کا خیال ہے کہ اُردو میں عربی فارسی کے جو الفاظ مستعار لئے گئے ہیں وہ مطالب کو بہ نسبت دیسی الفاظ کے زیادہ اچھی طرح واضح کرتے ہیں

. . . . . اگر دوسری زبانوں کے الفاظ مستعار لیکر کام نکل سکتا ہے تو بے لطف غیر مانوس الفاظ تراشنے سے کیا فائدہ۔ بنگالی میں الفاظ تراشنے کا کام ہو رہا ہے۔ لیکن اس سے اس زبان کو کوئی خاص ترقی حاصل نہ ہوئی۔ ہندوستانی (اُردو) ہر جگہ بنگالی کے مقابلے میں کامیاب نظر آتی ہے۔"

حقیقت سات پردوں سے آشکار ہو کر رہتی ہے حقیقی اور زندہ زبان کی خوبیوں پر جتنا بھی پردہ ڈالا گیا وہ اور نمایاں ہو اٹھتی ہے اس پر جو اعتراض کئے جاتے ہیں وہ الٹ کر معترض پر پڑ جاتے ہیں۔ یہ زندہ زبان کا معجزہ ہے۔ یہ ہے چُپ کی داد۔

بہاری کا یہ دوہا اس موقع کے حسب حال ہے:-

سانجے موہن موہ کو موں ہی کرت بچین
کہا کروں الٹو پرے ٹوٹے کو نے نین

بھول بھول

اپنی منقاروں سے خود کٹتے ہیں پھندا جال کا
طائروں پر ہنستے ہے صیاد کے اقبال کا

زندہ زبان میں ایک کشش ہوتی ہے جو ذوق و نظر کو خود بخود دعوت دیتی ہے۔ اُردو میں وہ کشش موجود ہے جن کی آنکھیں حقیقت کو دیکھ کر بند نہیں ہو جاتیں وہ اس کو اپنی پیاری زبان سمجھ کر اس کی تخریب نہیں کرتے۔ اور اپنی وسعت کے اندر خدمت بھی کرتے ہیں۔ مگر ایسے لوگ بھی ہیں جن کی نگاہ بعض عیبوں پر پڑتی ہے یا وہ خوبیوں کو پی جاتے ہیں عصبیت نفرت پیدا کر دیتی ہے تب دوسروں کی تو سنتا نہیں اپنی ہے ہنگ سُناتے جاتا ہے۔ ہمارے ملک کی ہوا کچھ ایسی بگڑ رہی ہے کہ بلا استثناء ہندو مسلمان اس قسم کے مرض میں گرفتار ہیں۔ پھر وہ سچائی کے گھاٹ نہیں لگتے۔ انہیں تصویر کا ایک ہی رُخ دکھائی

دیتا ہے۔ اُردو سے نفرت رکھکر کترانے پھرنے والے بھی اس مرض کے بُری طرح شکار ہیں۔ وہ ایسی عبارت کو جو اُردو رسم خط میں ہو ہاتھ نہیں لگاتے، بھلا حقیقت سے کیونکر آشنا ہو سکتے ہیں۔

جن لوگوں نے اُردو ادب و لٹریچر کو پڑھا۔ دیکھا اور اُس پر غور کیا وہ اُس کی سہولت اور سادگی کے مداح ہیں۔ اور زندہ زبان کی ان خوبیوں سے جس سے وہ زندہ ہے ہندی میں بھی رُوح پھونکنا چاہتے ہیں۔ پنڈت رام نریش ترپاٹھی اپنی "کبتا کومدی کی بھومکا" (دیباچہ) میں لکھتے ہیں:-

ہندی بحروں میں اُردو کی پیروی کرنیکی صلاح

ہندی کب کو ایسا سوبھاگ نہیں پراپت (حاصل) ہے۔ اُس کے سامنے بڑا بندھن ہے جو روڑا جیسا ہے اُسے بلا کانٹ چھانٹ کئے ویسا ہی جمانا پڑتا ہے اُسے ذرا بھی کانٹ چھانٹ کرنے کا ادھکار نہیں ہے وہ آنند (اوّل نون مفتوح اور دوسرا ساکن ملفوظ) کو آنند (دوسرا نون غنہ) بھی نہیں کر سکتا اس کے پاس کی زمین بڑی اوبڑ کھابڑ ہے اُسی پر ہو کر اس کا سنگھرش (رستہ) ہے اُردو والوں نے اس تکلیف کو سمجھا ہے۔ اُنہوں نے کچھ اُونڈتا (بیجا تصرف) سے کام لیا ہے۔ . . . . . (تقطیع میں حروف کے گر جانے پر بلا وجہ ناک بھوں سکیڑنے کے بعد) اب ایسا کرنے کیلئے ہندی کے کچھ کب اُردو والوں ہی کا راستہ پکڑنا چاہتے ہیں۔

(ہندی ساہتیہ کا سنہچت اتہاس)

ہندی نثر میں اُردو کے اسلوب بیان اختیار کرنیکی سفارش

جب ہندو مسلمانوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے تو ایک کو دوسرے کی بیش پھوشا (بھیس بھاؤ وضع قطع) سے نفرت کیوں ہونی چاہیئے۔ پرتیک (ہر ایک) ہندو کو اُردو سیکھنی چاہیئے اور پرتیک (ہر ایک) مسلمان کو ہندی۔ میری تو درڈھ دھارڑا (اٹل رائے) ہے کہ کوئی بھی بیکتی (شخص) اُردو جانے بنا ہندی کا سہیوگ (اچھا الشاپرداز) نہیں ہو سکتا۔ اب تک اُردو کی بھاشا شیلی (اسلوب بیان) کئی انشوں میں ہندی سے بڑھکر ہے۔ اُردو میں فارسی کا جیسا شُدھ پریوگ (عمدہ استعمال) ویسا ہی نیکھک کر سکتے ہیں جو اُردو جانتے ہوں۔ اس لئے ثابت ہوا کہ ہندی اُردو کو گلے لگنے کو للچا رہی ہے اور ایک ہی دوار میں مختلف نم کی نکاشش کے نوتے ملے ہیں۔ بیسویں صدی میں کچھ ادیب اس قسم کے ہوتے جن کا تعلق اُردو ہندی دونوں سے رہا و نیز انگریزی ادب کا پرتو دونوں پر یکساں پڑتا۔ گیا اور ایک زبان عام بنانے کی فکر ہوئی۔ چندر شیکھر گولیری اور مرحوم پریم چند، تندر شن نے ہندی کی قدامت پسندی کی علانیہ عملی مخالفت کی۔ لیشن ناتھ جھا اور بالمکند گپت نے بہت کچھ ہندی کو اُردو سے ہم آہنگ کر دیا مگر کاشی کی ناگری پرچارنی سبھا کے نقطۂ نگاہ میں کچھ ایسی تبدیلی ہوئی کہ "شُدھ ہندی نویسی" کا جذبہ طغیانی بن گیا۔ وہ تحریریں نظروں سے گر گئیں جن میں دوست کے بدلے متر، یاد کے بدلے اتھوا، اگر کی جگہ یدی۔ لیکن کے بدلے کنتو، گاؤں کے بدلے گرام، شہر کے بدلے نگر۔ کام کے بدلے کاریہ اور بیٹے کے بدلے پتر کا استعمال نہ ہو۔ ناگری پرچار کے سلسلے میں قدامت پرستی کی خوب خوب اشاعت ہوئی۔ الو امریکہ سے آکر ہندوستان میں پھیل گیا۔ ہندی نے اقصائے ہند میں اپنی شاخیں کھول دیں۔ اپنے سٹور اُس نے ہندی۔ ساہتیہ سمیلن۔ اور ناگری پرچارنی سبھا کے نام سے اسی طرح اُن در اور ڈری حلقوں میں بھی کھولے ہیں جہاں آریائی عنصر سے زیادہ اسلامی تہذیب کے عناصر نے نقش قائم کر دیا ہے۔ کاش کہ ان مجسموں کا مقصد زندہ زبان کی اشاعت و رواج ہوتا۔ اور یہ سمجھنے کی کوشش کرتے کہ اُردو ہی اصل ہندی ہے، ہندی آگے نکل چکی ہے۔ قدامت پسندی عہد طفولیت کو قائم رکھنے کی مضحکہ انگیز کوشش کر رہی ہے۔ قدامت پسندی ہی ہے جو کبھی ہندی سے دھرم کا ناتا جوڑتی ہے۔ قدامت پسندی ہی ہے جو کبھی ہندوستانی کے بدلے بھارت ساہتیہ پرشد میں ہندی۔ ہندوستانی کا بے معنی مرکب لفظ وضع کراتی ہے۔ جو بچہ پنج سالہ سے بڑھکر تیس سالہ جوانوں میں داخل ہو چکا ہو ناگر ہو کہ اس کا بچپن واپس لایا جائے۔

نورنامے کی بحر متقارب کی مثنوی کا نام ہندی ہی تھا۔ اُردو رسم الخط اور اُردو بحر میں لکھا گیا تھا۔ اب بھی اُن کی پرانی اُردو ہم دیکھ سکتے ہیں۔ خسرو کے تمام کارنامے جو فارسی زبان میں نہ تھے ہندی ہی سے موسوم ہیں جو اُردو کی ابتدائی شکل ہے۔

مصنفی اور انشا نے بھی ہندوستانی زبان کو اکثر ہندی کہا۔ جب ہندی کی مختلف بولیوں میں اس ہندی کو فروغ ہوا اور وہ ممتاز ہوگئی اُس وقت اس کا نام بدلا۔ پہلا نام بھی ہماری زبان کا صفاتی تھا ذاتی نہ تھا۔ اردو دوسرا نام زبان ریختہ۔ زبان اُردوئے معلیٰ شاہجہان آباد تھے۔ جو مختصر ہوتے ہوتے اُردو ہوکر رہ گیا۔ اور آخیر میں ہندوستانی کا نام بھی صفاتی ہی ہے۔ ہماری زبان نے ترقی کی منزلیں قدرت کے اٹل قانون کے مطابق طے کی ہیں۔ ہندی نام اگر ایک مخصوص معنی میں مشہور نہ ہوگیا ہوتا تو یہ لفظ ہندی ہندوستانی سے بہتر زبانِ ہند، پر اشارہ کرتا۔ مگر سب سے عمدہ فیصلہ انڈین نیشنل کانگریس کا تھا کہ ہندوستان کی زبان ہندوستانی کے نام سے موسوم ہوگی خواہ ناگری رسم خط میں ہو یا فارسی رسم خط میں؛ "بھارتیہ ساہتیہ پرشد" کا کانگریس کے فیصلہ کو نہ ماننا صاف ظاہر کرتا ہے کہ ہندی، ہندوستانی کی کسوٹی پر صحیح نہیں اُتر سکتی۔ تبھی تو باوجود اس کے جناب مولوی عبدالحق صاحب نے جب شد کے اس ریزولیشن کی ترمیم کی معقول وجہیں پیش کرکے مہاتما گاندھی جی کو ریزولیشن میں زبانِ ہند کے اسم نویسی اور نقص بتا کر لاجواب کر دیا تو انصاف کے بجائے انہیں طاقت کو کام میں لانا پڑا۔ اور انہوں نے کہا:-

(۱) کانگریس کے ریزولیشن میں نے بنائے تھے۔

(۲) میں نے اس کے (ہندی اتھوا ہندوستانی) کے معنی سمجھائے ہیں جو آپ نے نہیں کی تحریروں میں دیکھے۔

(۳) میں ہندی کو نہیں چھوڑ سکتا۔ مجھے ہندی سیمن کے ساتھ ساتھ چلنا ہے۔

اور جب اس پر موصوف نے کہا تو جی سے کہا کہ آپ نیشنل کانگریس کے فیصلہ کے ساتھ کیوں نہیں چلتے تو جواب میں فضا کی خاموشی تھی۔ حالانکہ وہاں کانگریس کے سینکڑوں افراد اور تین تین صدر موجود تھے۔ گاندھی جی کی خاموشی سے تو مجھے تعجب نہیں مگر دیش کے مایۂ ناز سپوت جواہر لال کی خاموشی حیران اور ششدر کر دیتی ہے۔ گاندھی جی کی زبان سے نکلا ہوا ایک جملہ یہ بھی ہے کہ اگر ریزولیشن میں تنہا، ہندوستانی کا لفظ رکھا گیا تو اس کا مطلب اُردو سمجھا جائے گا۔ اس سے ہندی کی کمزوری صاف ظاہر ہو رہی ہے۔ اور یہ بھی روشن ہو جاتا ہے کہ اُردو، ہندوستانی کی کسوٹی پر صحیح اُترتی ہے۔ اسی خطرے نے ہندی ہندوستانی کا جدید مرکب لفظ وضع کرایا ہے۔

اس طرح ہم دیکھ رہے ہیں ہر دور میں تعمیری اور تخریبی کوششیں ہندی کو ٹیڑھی میڑھی رفتار سے آگے بڑھا رہی ہیں اور اس کشمکش میں بازی قدرت کے ہاتھ رہی ہے اور انسانی کوششیں قدرتی زبان کے آگے جھک رہی ہیں۔ آخر اس ہندی کو ہندی ہندوستانی بنانے میں بھی قدامت پسندی کا زور کچھ نہ کچھ ٹوٹا ہی ہے۔ اخباروں میں "پرارمبھک شکشا" کے بدلے کا کالیکر کی وار دھا شیشری کے ڈھلے ہوئے لفظوں میں سے پارتھمک تعلیم کا بدل سامنے آچکا ہے۔ نئی سوجھ بوجھ کی نزالی ترکیبیں کم سے کم اتنا تو ضرور کریں گی کہ چار چار انگل کے ساسک مرکبات ہندی سے اُڑ جائیں گے۔ اور اگر ہاتھی کے دانتوں کی طرح محض دکھلانے کے لئے ہیں تو پھر ڈھول کی پول کھولنے والے ہندی حلقہ سے نمایاں ہوں گے۔ اور درحقیقت زبان کا سب سے بڑا نقص یہی ہے کہ وہ آلۂ راز داری بنائی جائے۔ یہ راز داری، زبان کو محدود اور خیالات کے میدان کو تنگ کر دیتی ہے۔ اسی وجہ سے ہندی زبان کی سچی خدمت کرنے والوں نے ایسے مصنفین اور انشا پردازوں کی کھری تنقیدیں کیں۔ اور ان کی شان ادبی گنگا کا ریا مجرم کی ہوگئی ہے۔

(۱) پنڈت رما کانت۔ ایم۔ اے۔ مصنف گدیہ میمانسا نے للوجی لال کے بارے میں صاف صاف لکھدیا کہ پنڈت جی نے فارسی عربی لفظوں سے تو پرہیز کیا ہی تھا شُبھ ہیں ایسے لفظوں کو بھی چھوڑ گئے جو ٹھیٹ ہندی تھے اور اُن کے بدلے یا تو ایک جملہ وضع کیا یا سنسکرت کے آگے ہاتھ جوڑے۔

(۲) بھیم سنگھ کے دماغ کی جدت اُنکے لئے کلنک کا ٹیکا بن گئی۔ آج چشمہ کے بدلے چکھما اور سفارش کا دِپ چھپر اشش سنکر ہندی ادب کا مبتدی بھی ہنس دیتا ہے۔

(۳) پنڈت چندر شیکھر گولیری نے ہندی نثر و نظم کی بدلی ہوئی صورت کے خلاف اپنی سچی رائے پیش کر دی اور صاف لکھدیا۔ اُردو نثر و نظم موجودہ ہندی کے گد (نثر) پد (نظم) سے پہلے معرض وجود میں آچکا تھا۔

(۴) پنڈت پریم چند نے پنڈت ناتھو رام شاستری کے خلاف بنارس (جو ہندی کا مرکز بنایا گیا ہے اور رہے بھی) میں مجمع عام میں کھلے خزانے کہدیا کہ ہندی کو اُردو پن سے جس قدر دُور لے جایئے گا بھاشا

مردہ ہوجائیگی: یہ لکچر غالباً اپنائے وطن کو بھولا نہ ہوگا۔

اُردو سے کوئی ہزار کترائے مگر اس سے پرہیز مشکل ہے۔ ملک کی فطری زبان آب وہوا و پیداوار سے بالکل مشابہ ہے جس طرح ایک جگہ کے رہنے والوں کے لئے مختلف ہوائیں، مختلف فضائیں نہیں ہوسکتیں اسی طرح دو مختلف زبانیں بھی نہیں ہوسکتیں۔ اُردو کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہتا ہے۔ اس لئے اس کی تازگی سب کو بھاتی ہے۔ ماحول کی خوشبو اس میں بس گئی ہے۔ اس لئے اُس کی طرف سب بڑھیں گے۔ تہذیب حاضرہ سے وہ برابر مقابل رہی ہے اس لئے اُس میں طاقت اور زور ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس کا دم خم ہر دل کو پُرزور بناتا ہے۔ اس کے تیر و نشتر کی لذت کے لئے ہر دل مشتاق نظر آتا ہے۔

اُردو کی شان میں وہ لوگ بھی تر زبان نظر آئیں گے جو آج اس سے کترائے پھرتے ہیں۔ مگر وہ یہ کہتے ہوئے نظر آئیں گے:۔

بدو رگر دی من ازغ و ری خند د
حریف سخت کمانے کہ در کمیں دارم

چراغ علی

سجنی
دل ہے تیرے بس میں

دل کی تمناؤں کو مٹا دے
بستیٔ دل ویران بنا دے
کیوں ہے پیش و پس میں
سجنی
دل ہے تیرے بس میں

تیری نظر کیوں کر پہچانیں
دل کیا جانے۔ ہم کیا جانیں
پریم نگر کی رسمیں
سجنی
دل ہے تیرے بس میں

یوں تو ہر اک جانور ہی تیرا
ہر ذرہ اک طور ہے تیرا
تو ہے دل بیکس میں
سجنی
دل ہے تیرے بس میں

دل کو ذرا تسکین ہی دیدے
ٹھنڈی ٹھنڈی سانسیں بھر کے
کھا کے جھوٹی قسمیں
سجنی
دل ہے تیرے بس میں

دیکھ۔ ترا بھڑوا دپناں ہے
رنگ وفا ملتا ہی کہاں ہے
ہر کس و ناکس میں
سجنی
دل ہے تیرے بس میں

بہزاد لکھنوی

زندگی اور اُسکی سرگذشت

نظامِ عالم کو معرضِ وجود میں آئے تھوڑا ہی زمانہ گذرا تھا کہ اس تخلیق دہندۂ انس وجان وکون ومکان نے حضرت جبرئیل کو حکم دیا کہ وہ زمین پر جاکر اسکی مخلوق کا ملاحظہ کریں۔ حضرت جبرئیل نے سرِ تسلیم خم کیا اور پروں کو تولتے ہوئے زمین کی طرف روانہ ہوئے۔

جب کرۂ ارض کے قریب پہونچے تو دیکھا کہ انسان نشۂ ہستی میں چور، بادۂ غرور سے مخمور، تمکنت کے ساتھ بیٹھا تمام دنیا پر حکمرانی کر رہا ہے۔ اس کی عقل کا سکہ سب کے دلوں پر جما ہوا ہے۔ نہ کسی کو تاب گفتار نہ مجالِ سرکشی۔ چرندے، پرندے، کیڑے، مکوڑے غرض جتنی بھی مخلوق ہے اس کے نام سے ڈرتی اور حکم سے لرزہ براندام ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد حضرت جبرئیل کی نظر ایک بیل پر پڑی جو سر نیچا کئے جگالی کر رہا تھا اور اپنی دُم سے مکھیوں کو اُڑانے کی ناکام کوشش میں مصروف تھا۔ لیکن مکھیاں اُسکو چین نہ لینے دیتی تھیں۔ بادل کی طرح جھوم جھوم کر آتی تھیں اور مینہ کی طرح برسنے لگتیں۔ اسی نظارے کو تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ آقا ہاتھ میں پیمانے آموجود ہوا اور اُس کی کیل سے پیٹھ کو دنی شروع کر دی۔ بیل اپنے مالک کا منشا سمجھ کر اٹھ کھڑا ہوا اور کھیت کی طرف روانہ ہوگیا۔ وہاں پہنچکر اُس کی کیا درگت ہوئی ناقابل بیان ہے۔ بعض دفعہ تو وہ تنگ آکر خدا سے موت کی دعا مانگتا مگر جب اپنے آقا کو کہتے سُنتا "یہ بیل بُڈھا ہوگیا اب اسکو قصائی کے ہاتھ بیچ دونگا" تو غریب کے رہے سہے ہوش بھی اُڑجاتے، اور پھر محنت سے کام کرنا شروع کر دیتا۔ صبح سے شام تک خون پسینہ ایک کرکے اُس وقت واپس آجاتا جبکہ دنیا والے فطرت کی گوناگوں نیرنگیوں سے محظوظ ہونے گھر سے باہر نکلتے۔ یہ بے بس وبے زبان ان دلفریب خستگی کو دُور کر دینے والے مناظر سے بھی دوچار نہ ہوسکتا تھا اور اپنی غلامی پر آنسو بہاتا لوٹ آتا۔

رُوح الامیں جب آگے بڑھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ کتا، انسان کے جان ومال کا ضامن، اپنے آقا کے دروازے پر بیٹھا ہوا آتے جاتے کو دیکھکر حفظِ ماتقدم کے اُصول کے لحاظ سے بھونک اُٹھتا ہے۔

رات کی تاریکی سے موقع جو انسان فائدہ اُٹھانا چاہتا ہے اور یہ سمجھکر کہ دنیا والے سو رہے ہیں نقب زنی کے اوزار ساتھ لیکر روانہ ہوتا ہے۔ چونکہ باجس ہے اس لئے ایسے مکان میں نقب لگانی شروع کرتا ہے جہاں سے موقع نازک ہونے پر بھاگ بھی سکے۔ جو اپنا کام شروع کرتا ہے۔ گھر والے پاؤں پھیلائے دنیا ومافیہا سے بے خبر، چادر تانے سو رہے ہیں۔ لیکن وفادار شب بیدار کتا بھی گھسکا پاتے ہی چور کو آوبانا ہے۔ چونکہ وہ پہلے ہی سے اس بات کا انتظام کر چکا تھا، چور بھاگ گیا اور کتا بھونکتا رہ گیا۔ اہل خانہ کی آنکھ اس شور وغل سے کھل گئی۔ اُٹھا اور گھر کا کونا کونا چھان مارا، مگر چور کا نہ پتہ چلنا تھا نہ چلا اور اس محسن کش نے ایک لکڑی اُٹھائی اور کتے کے اُوپر پل پڑا۔ اتنا مارا کہ نڈھال ہوگیا۔ کتے کو اسبات کا مطلق رنج نہ تھا کہ مالک نے کیوں مارا، مگر رہ رہ کر اس کے ان نشتروں کا خیال آتا جو اُس نے مارتے وقت استعمال کئے تھے اور کہا تھا "نمکحرام کہیں کا، کمبخت دن بھر پڑا سوتا ہے، رات کو جاگتا ہے۔ جب تنہائی سے طبیعت گھبراتی ہے تو دوسروں کو اُٹھا کر ان کی نیند حرام کرتا ہے۔ روز کے روز یہی شغل، یہی مکاری، آج ایسی ہڈیاں نرم کروں گا کہ عمر بھر کسک رہے" کتے کو جب ان باتوں کا خیال آتا تو آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا آتے۔

اس کے بعد افسر قدسیاں کی نظر ایک تالاب پر پڑی، کیا دیکھتے ہیں کہ موجیں تاب مفارقت نہ لاکر ساحل سے التجائے وصال کر رہی ہیں۔ لیکن اُس کی رقیب بادِ صرصر، غصے میں بھر کر، آندھی بنکر آتی اور ناتواں عاشق مجور کے رخساروں پر زور سے طمانچہ مارتی گذر جاتی ہے۔ کنول بھی بعض دفعہ اپنے رفیق کا ہمنوا ہوکر مدد کو اُٹھتا ہے مگر فوراً ہی صرصر اس کی کمر آدبانی ہے۔ لہروں کے آبلہ دل پھوٹ پر حباب کی شکل میں اُٹھتے ہیں اور پھوٹ جاتے ہیں۔ موجوں کا غصہ کی وجہ سے یہ حال ہے کہ ایک تھم تھراہٹ بدن پر رقصاں نظر آتی ہے۔ موجوں کی رفتار ایسا منظر پیش کر رہی ہیں جیسے سپیرے کے پٹارہ سے سانپ نکل بھاگے ہوں۔ کنارے کی طرف جو دیکھا تو ایک سفید پرندہ چھوٹی چھوٹی نقرئی مچھلیوں کا شکار کھیلتا نظر آیا۔

یہ بگلا تھا۔ جب کسی مچھلی کو پکڑتا تھا تو اُس کے ساتھ کھیلنے کی کوشش کرتا، کئی مرتبہ اچھالتا، ننھی مچھلی کا کلیجہ دھک سے ہو جاتا۔ لیکن اپنے آپ کو زندہ پاکر عارضی ہنسی ہنستی تاکہ بگلے کا دل خوش ہو۔ مگن ہے کہ بگلہ خوش ہو کر چھوڑ دے۔ لیکن افسوس یہ نہ سمجھی کہ گھوڑا والے سے دوستی کر کے کیا کھائے گا۔ غرض تھوڑی دیر بعد بگلہ اُسکو نگل گیا۔ اور اس نوزائیدہ کی معصوم دُنیا اُجڑ کر بگلے کے پیٹ میں منتقل ہو گئی۔ جب بگلے کا پیٹ ان سیمیں پاروں سے بھر گیا تو وہ اُڑ کر کنارے پر جا بیٹھا۔ دل میں خیال آیا۔ ممکن ہے کہ مظلوم بچوں کے ماں باپ آئیں اور شکوہ شکایت کریں۔ بگلہ شرمندہ ہوا اور اپنا سر پروں کے اندر چھپا کر کھڑا ہو گیا۔ تھوڑی دیر میں ایک پاؤں بھی پروں کے اندر کر لیا تاکہ مچھلیاں سوتا سمجھ کر واپس ہو جائیں۔ اس حالت کو تھوڑی دیر نہ ہوئی تھی کہ دُور سے ایک آواز ہوئی اور کچھ چھڑے بگلے کے پاس سے سنسناتے ہوئے نکل گئے۔ بگلہ اُڑ کر دوسرے کنارہ پر جا بیٹھا۔

اِن رُوح فرسا واقعات کا مشاہدہ کر کے جبرئیل امیں واپس ہو گئے اور جو کچھ دیکھا تھا من وعن درگاہِ علیم و لصیر میں جا کر عرض کر دیا۔ اس عالم الغیب نے فرمایا: "اے جبرئیل جو کچھ تم نے دیکھا ایسا روزانہ روئے زمین پر ہوتا ہے اور عنقریب اُن کا مقدمہ ہمارے حضور میں پیش ہونیوالا ہے"

جیسی کہ عالم الغیب نے پیشینگوئی کی تھی، بگلے، کتے، اور بیل نے ایک مجلس منعقد کی جس میں انسان کی چیرہ دستیوں اور اپنی مظلومیت کی خونچکاں داستانوں پر تبصرہ کیا گیا اور یہ طے پایا کہ خالقِ ازل کے روبرو اپنی اپنی معروضات پیش کریں۔ وہ سب کچھ جانتا ہو اور صرف وہی ہمارے مصائب کم کر سکتا ہے۔

مقدمہ اس کے دربار والا شان میں گذرانا گیا۔ تاریخ مقررہ پر انسان بھی خلعتِ اشرف المخلوقات پہنے حاضر ہوا۔ فریقین کے وکیلوں نے بڑی مدلل اور پُرلطف بحث کی۔ لیکن کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ پھر اجلاس کا یادگار جج کرسیِ عدل پر سے یوں گویا ہوا:۔

"اے چرند و پرند و اور درندو تم نے بحث سُنی، ہر ایک کے دلائل معقول ہیں۔ کس کے حق میں فیصلہ دیا جائے؟ یہ سوال درپیش ہے۔ جانوروں کا یہ کہنا کہ انسان ہمارے اُوپر بڑے بڑے مظالم توڑتا ہے، ہر سختی روا رکھتا ہے اور جائز و ناجائز دباؤ ڈالتا ہے، فرض بے بنیاد ہے۔ اس سوال کا کرنا تمہاری نادانی کا باعث ہے۔ اِن باتوں کو ہم ہی خوب جانتے اور سمجھتے ہیں۔ آج تم کو بھی آگاہ کیا جاتا ہے کہ انسان کی تخلیق ظلم ہی سے کی گئی ہے۔ اس کا خمیر لبریز جبر کے تیار نہ ہو سکا۔ اسی کے عناصر کے خواص اسکو اِن باتوں کے کرنے کے لئے اُبھارتے رہتے ہیں۔ سُنو، جس وقت ہم تمام کاموں سے فارغ ہوئے تو ہم نے چاہا کہ آدم کو پیدا کریں۔ ہم نے کئی فرشتوں کو زمین پر بھیجا کہ وہ تھوڑی سی مٹی سینۂ زمین پر سے لائیں لیکن وہ سب ناکامیاب رہے۔ پھر عزرائیل ہمارے حضور میں آکر سرِ نیچا ہوا اور زمین پر جانے کی اجازت چاہی۔ ہم نے اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور وہ روانہ جانبِ زمین ہوا۔ جب وہ واپس آیا تو مٹی اس کے ہاتھ میں تھی۔ ہم نے اُس سے دریافت کیا کہ کیا سبب تھا کہ دیگر فرشتے خالی ہاتھ آئے اور تم اپنے ساتھ مٹی لائے؟ اُس نے سجدہ کر کے عرض کیا کہ اے خالقِ ہفت طبقات میں نے یہ کام ظلم کی مدد سے انجام دیا۔ زمین بہت چیخی، چلائی، اے مالک تیری دُہائی دی لیکن میں نے دل پر جبر کیا۔ طبیعت کو سخت کیا وہ روتی ہی رہی مگر میں نے دھیان نہ دیا۔ اور ایک گودہ اُپاڑ ہی لیا۔ اے جانورو تم نے سُنا کہ انسان کی تخلیق ظلم، ستم، جبر اور سختی پر ہوئی۔ ہم نے فرمایا ہے کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ الْاَصْلَ اس لئے ظلم، ظلم ہی کی طرف رُجوع ہوتا ہے اور چونکہ اس کی سرشت میں مٹی اور آگ کا جزو زیادہ ہے اس لئے مٹی اپنے انتقام کی آگ میں جل رہی ہے۔ حالانکہ ہم نے اس کے عناصر میں پانی اور ہوا کو بھی دخل دیا ہے لیکن وہ چونکہ باعتبار حصّہ کم ہیں اسلئے مٹی اور آگ ان کو مغلوب کر لیتی ہے۔ ایسا ضرور ہے کہ ہم نے انسان کو عقل دی ہے تاکہ وہ نیک و بد میں تمیز کر سکے لیکن کبھی کبھی بعض دفعہ وہ جذبات پر قابو نہ پا کر از خود رفتہ ہو جاتا ہے اور بعض کام بالکل ناعقلوں کے سے کر بیٹھتا ہے۔ اے جانورو!

تم کو اس بات کا بھی لحاظ رکھنا چاہیئے کہ ہم نے تم کو محض انسان کی خوشنودی و دلبستگی کے لئے ہی پیدا کیا ہے۔ کیونکہ اُس نے وہ بوجھ اُٹھایا جو جس کی وجہ سے سب کی کمریں جھک گئی تھیں۔ صرف وہ انسان ہی تھا جو اس کا متحمل ہوا۔ تمہارا فرض ہے کہ تم اسکو خوش کرنے کے لئے ہر ممکن و ناممکن ایثار و قربانی کرو۔ ہم اس کا اجر تم کو روز جزا میں دینگے۔ اپنا کلام ختم کرنے سے پہلے ہم تمکو اختیار دیتے ہیں کہ تم انسان سے تصفیہ کرلو اور جو کچھ فیصلہ ہوگا ہم اسکو منظور کرلیں گے۔"

وہ لسانِ حقیقی اتنا کہہ کر رُک گیا۔ چاروں طرف سے سبحان اللہ سبحان اللہ کے نعرے بلند ہونے لگے۔ دربار برخاست ہوا اور مجمع منتشر ہوگیا۔ اس کے بعد بیل، کتّا اور بگلہ انسان کے پاس گئے اور رحم کی التجا کی، انسان، خود غرض انسان!! مغرور انسان!!! عدالت کو پشت پر دیکھکر اور اُٹھا۔ اُن کی صدائے رحم کا جواب ایک تبسم حقارت آمیز سے دیکر ایک غلط انداز نگاہ ڈالتا ہوا چلا گیا۔ جانور بہت چلّائے کہ حضور ذرا ٹھہریں۔ لیکن اُس نے ایک نہ سنی۔ جانوروں نے آپس میں طے کیا کہ سب اپنے اپنے مقام پر بیٹھکر سوچیں اور پرسوں آکر اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ تیسرے روز بیل نے کتّے سے کہا کہ چلو بھائی بگلے کے پاس چلیں، ہماری سمجھ میں تو خاک نہ آیا مگن ہے اُس نے کچھ سوچا ہو۔ غرض یہ دونوں روانہ ہوئے۔ دیکھا کہ بگلہ، بگلہ بھگت بنا سادھو بنا تماشوں کی طرح آنکھیں بند کئے ایک پاؤں پر کھڑا ہوا مدبرانہ شان سے محوِ تخیل ہے۔ کتّے نے بھونکنا شروع کیا تاکہ بگلے کو اُن کی آمد کا علم ہو جائے۔ بگلہ آواز سُنتے ہی اُن کی طرف متوجہ ہوا۔ بیل اور کتّے نے اپنی ناقص العقلی کا رونا رویا۔ بگلے نے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ "میں نے ایک تدبیر سوچی ہے۔" اتنا کہہ کر وہ خاموش ہوگیا، کتّے اور بیل کے چہروں کے تغیر کو فاتحانہ انداز سے دیکھتا ہوا پھر اس طرح گویا ہوا: سُنو۔ میں نے اس معاملے میں بہت غور و فکر کیا، دُنیا کی روایات کو بڑوں سے سُنا اور آخر اس نتیجے پر پہونچا ہوں کہ انسان بوالہوس ہے، حریص ہے اور لالچی ہے۔ لہٰذا ہم کو چاہیئے کہ اسکو کوئی ایسا لالچ دیں کہ وہ ہمارے [illegible] کھینچا جائے۔ میں نے یہ تدبیر نکالی ہے۔

ہم اپنی آدھی آدھی عُمر انسان کے نذر کردیں۔ طبعی عمر ہماری تیس سال اور انسان کی چالیس سال ہے۔ لہٰذا پندرہ سال ہر ایک انسان کی نذر کرے، وہ عمر بڑھتی دیکھکر ریجھے گا اور ہماری صعوبتوں کی مدت بجائے تیس سال کے پندرہ سال رہ جائیگی۔ انسان دُنیا میں رہنے کا متمنی بھی بہت ہے۔ وہ دُنیا کی مٹنے والی رنگینیوں سے تا قیامت لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔ رہا یہ سوال کہ اس کی عُمر چالیس سال سے بڑھکر پچاسی سال ہو جائے گی اور وہ بجائے چالیس سال ظلم کرنے کے پچاسی سال ظلم کرے گا تو یہ خیال وہم سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا۔ کیونکہ اپنی طبعی عمر پوری کرنے کے بعد اُس کے اعضا میں اتنی قوت نہ رہے گی کہ وہ ہمارے اُوپر زیادہ تشدد کرسکے۔ دوسری بات۔ میرے دوستو، انتقام! ہم انسان سے پورا پورا انتقام لیں گے اور وہ اس طرح کہ انسان دراز ہی عُمر کے خواب آور خیالات میں سرشار ہوکر دُنیا میں پھنسکر اپنے اس خالق کو جس کو انسان پر ناز ہے، بھول جائے گا اور اسکی سزا میں دُنیا و عقبیٰ میں شدید عذاب میں گرفتار رہے گا۔ ہم جیسے اور مظلوم کتنا پیارا انتقام لیں گے۔ یہ بھی صفحۂ تاریخ پر بہترین انتقاموں میں سے ایک ہوگا۔"

کتّا اور بیل بگلے کی فلسفیانہ تقریر سُنکر بہت خوش ہوئے اور ذہنیت کی داد دی۔ تینوں انسان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنی عرضداشت گذرانی۔ انسان بہت خوش ہوا اور کہنے لگا مجھے منظور ہے۔ کل دربار ایزدی میں چلکر اپنے راضی نامہ سے عدالت عالیہ کو مطلع کردیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور وہاں سے احکامات جاری ہوگئے۔ ملک الموت یعنی حضرت عزرائیل کے دفتر میں بھی عمروں کی تصحیح کیلئے فرمان جاری ہوگئے۔

جانوروں کو تو اُن کے حال پر چھوڑیئے، اب ذرا حضرت انسان کی طرف رُخ کیجئے اور دیکھئے کہ اس آدم کے پوتے نے دوسروں کی عمر لینے میں کونسی عقلمندی کا اظہار کیا۔

انسان آغوشِ مادر میں کس قدر معصوم معلوم ہوتا ہے لیکن یہ گندم نما جو فروش جُوں جُوں ہاتھ پاؤں پھیلاتا ہے ویسے ویسے ہی مکر، حیلہ، بہانہ، حجت اور ضد کی عادتیں پرورش پانی شروع ہوتی ہیں۔ بچپن کا معصوم زمانہ بھی بغیر ظلم کے نہ گذرا۔ کبھی فاختہ کے انڈے توڑے، کبھی مُرغی کی گردن دبائی، کبھی بلّی پر سوار ہوگئے کبھی چڑیا کے بچے کو اس قدر پے رحمی سے بھینچا کہ غریب ہاتھوں

میں مرگیا کچھ سمجھ آنی شروع ہوئی تو غلیل بنانی اور کبوتروں، قمریوں اور مینائوں کو نشانہ مشق بنایا۔ اگر ادھر سے کبھی فرصت ملی تو آم کے خودرو پودوں کو اکھاڑ کر پھینکے بنا کر ادھر ادھر بھاگتے پھرے۔ پڑھنے کا زمانہ کیا آیا مولوی صاحب کی شامت آئی۔ مولوی صاحب ذرا اونگھے اور یہ شریر ان کے کپڑوں پر سیاہی ڈال فوراً رفوچکر ہوئے۔ مار باندھکر کتب بھی توکتا ہیں ادھر اُدھر چھپا کر کسی باغ کو اُجاڑنے پہونچے یا سنگھاڑے کی بیل پر جا پڑے۔ القصہ جب فارغ التحصیل ہوئے تو روزی پیدا کرنے کا سوال پیش ہوا۔ کچھ روز ادھر اُدھر مائے پھرے پھر کچھ نہ کچھ کرکے پیٹ پالنے لگے۔ نوکری ملی تو خوب رشوت لی۔ زمانہ شباب کا تھا۔ ہر بُرا اور بھلا کام بغیر سوچے سمجھے کیا۔ چرندوں، پرندوں جانوروں کو تفریح کا آلہ کار بنایا۔ ان کی ستم رانیاں یہیں پر ختم نہ ہوئیں بلکہ بڑھکر ہمجنسوں پر بھی ہاتھ صاف کیا گیا۔ دولت نے باپ کو زہر دلوایا، تابع بہن اور بھائیوں کو محروم الارث قرار دیا۔ ماں کو بیوی کی خادمہ بنایا۔ غرض اس پیشینگوئی کو پورا کیا جو فرشتوں نے خدا سے اس وقت کی تھی جس وقت اس نے فرمایا تھا۔ اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَہ۔ یعنی میں زمین پر ایک خلیفہ مقرر کرنے والا ہوں۔ فرشتوں نے عرض کیا تھا کہ اے مالک قدسیاں تو ایسی جنس کو خلیفہ بنا رہا ہے الا جو زمین پر ظلم پھیلائے گا اور فساد برپا کریگا۔

اپنی طبعی عمر تو ان جھمیلوں میں بسر کی۔ اس کے بعد بیل کی زندگی کا دور شروع ہوا۔ تو ہی میں اضمحلال پیدا ہوا۔ ہاتھ پاؤں ساتھ دینے سے ایسے جواب دینے لگے جیسے خود غرض دوست دولت ختم ہونے پر ایک ایک کرکے کھسکتے ہیں۔ مزاج کا حال بھی بیل کا سا ہے۔ کسی نے اگر عنف و سُست کہا، ڈانٹا، پھٹکارا بھی تو پی گئے۔ مجبوری کو صبر صبر کہکر جھلا اٹھتے ہیں جس طرح بیل کو جس طرف مالک چاہو لیجائے، جتنا چاہے کام لے، ویسے ہی اب حضرت انسان ہیں۔ سیر و تفریح سے بھی دلچسپی نہیں رہی۔ کولھو کے بیل کی طرح دن بھر روزی کما کر شام سے ہی گھر میں آ گھستے ہیں۔ اب ان کا پیچین و اں سال شروع ہوتا ہے اور جیسے کہ بڈھے بیل کو قصائی کے ہاتھ مذبح خانے کے شہیدوں کا نمبر بڑھانے کے لئے۔ بیچ دیتے ہیں اسی طرح ان کی بھی دُنیا اور دُنیا کے کاموں سے پنشن ہو گئی اور گوشہ نشینی قطعیاً کرلی۔

اب کتے کی زندگی شروع ہوتی ہے، چونکہ کتے میں دس صفتیں مومن کی سی پائی جاتی ہیں۔ لہٰذا وہ صفتیں بھی اب ان میں منتقل ہونے لگیں۔ اوّل شب بیداری۔ انسان کی نیند بھی اب راتوں کو غائب رہنے لگی۔ اکثر رات بیٹھے بیٹھے ہی کٹتی ہے۔ ذرا کھٹکا ہوا اور بولے۔ "دیکھنا کیا گرا۔ بیٹی سلمیٰ کیا سو رہی ہو؟" بیٹی آواز سنتے ہی فوراً اٹھ بیٹھی اِدھر اُدھر دیکھا اور کہنے لگی۔ "کچھ نہیں ابا جان، بلّی نے طباق گرا دیا۔ اس کی آواز ہوئی۔ کیا آپ جاگ رہے ہیں؟"

"ہاں بیٹی۔ نیند نہیں آئی۔ کیا وقت ہوا ہوگا؟"

"یہی کوئی دو کو عمل ہوگا"

باپ بولے "ٹھیک ہے سو جاؤ"

اس طرح تورات گذری۔ دوسری صفت کتے کی مالک سے وفا ہے۔ وہ بھی انسان میں پائی جانے لگی۔ یہ بھی مالک حقیقی کے آستانے پر جبیں سائی کرتا نظر آتا ہے۔ کچھ خیر خیرات بھی ہو جاتی ہے۔ نیک کاموں میں بھی حصہ لیا جاتا ہے۔ نصیحتیں بھی کی جاتی ہیں۔ جس طرح کتّا اپنے مالک کے مال کا محافظ ہوتا ہے۔ اسی طرح بڈھے میاں بھی بچوں کو پودے اکھاڑنے، جانوروں کو ستانے اور بے زبانوں کو مارنے سے روکتے رہتے ہیں۔

چونکہ معدہ ضعیف ہوگیا ہے اس لئے خوراک کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ اور جس قدر بھوک ہے اُس سے ایک آدھ چپاتی کم ہی کھاتے ہیں اور اس طرح کتے کی تیسری صفت نیم گرسنگی بھی پوری ہو جاتی ہے۔

صبر اور قناعت جو چوتھی اور پانچویں صفتیں گنی جاتی ہیں وہ بھی بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ کوئی ظلم، جبر یا ستم کرتا ہے تو "ٹک دم مار نہ کشیدم" کی ترجمانی کرتے نظر آتے ہیں۔ ہر حال میں قانع۔ بوالہوسی جوانی کے ساتھ رخصت ہوگئی۔

انتقام کا جذبہ ناتوانی اور بے بسی نے دبا دیا۔ کینہ پرور انسان عمر کے تقاضے سے آمادہ صلح نظر آرہا ہے۔

کتے کی ساتویں صفت یہ ہے کہ وہ بے خانماں ہے۔ نہ گھر رہنے کا مقام، بڈھا اب جس سے بھی ملتا ہے، کہتا ہے "دُنیا سرائے ہے۔ یہاں کی سب چیزیں آنی جانی ہیں۔ کل من علیہا فان۔ خدا کے سوا سب کچھ فانی ہے۔ یہ دُنیا وہ تماشا گاہ ہے جہاں انسان جی بھر کے تماشہ کرنے بھی نہیں پاتا کہ اس کے ترکیبی اجزا منتشر ہو جاتے ہیں"

بُکا کتے کی آٹھویں صفت ہے جس کو انسان رحیم کے در عفو پر سجدوں میں پڑکر گڑگڑا کر، رو رو کر پورا کرتا نظر آتا ہے۔ کبھی

دردمندانہ آواز میں لجاجت کے ساتھ اقرارِ گناہ کر رہا ہے "اے میرے اور ہفت اقلیم کے پیدا کرنے والے! میں بڑا گنہگار ہوں۔ میں نے تیرے بندوں کو بہت ستایا۔ تیری بے زبان مخلوق پر بڑی بڑی ستم ظریفیاں کیں۔ میرے شکم نے ہزاروں بے زبان جانوروں کو ہضم کیا۔ اے میرے مالک میرے گناہوں کو معاف کر دے۔ میں یہ اچھی طرح جانتا تھا کہ گوشت صرف اُسی وقت کھایا جاتا ہے جب دوسری چیزیں مُیسّر نہ ہو سکیں۔ لیکن اے میرے معبود میں نے یہی نہیں بلکہ سب گناہ جان بوجھ کر کئے۔ میں گنہگار ہوں۔ تو غفور الرحیم ہے"

جب نویں صفت پر غور کیا جائے تو انسان اُس کا بھی حامل نظر آتا ہے۔ یعنی ذلیل و خوار ہوتا ہے۔ بچے اُسے ستاتے ہیں، جوان اُس کو چڑاتے ہیں۔ نوجوان آوازے کستے ہیں۔ کوئی کہتا ہے "میاں کی کمر کیسی جُھک گئی ہے جیسے کمان" بیٹوں کو اگر تادیب کی جائے تو وہ کہتے ہیں "آپ تو بڈھے ہو گئے۔ آپ کی عقل بھی بُڈھی ہو گئی۔ اگر دماغ کا فعل ہی ٹھیک ہوتا تو سہ کارپشن ہی کیوں دیتی۔ دماغ کام کرتا نہیں۔ بولتے سب میں ہیں۔ آئندہ بیجا دخل نہ دیا کیجئے" بُڈھا غریب کھسیانہ ہو کر اپنا سا مُنہ لیکر رہ جاتا ہے۔

پچھتّر سال سے سُستر سال تک کا زمانہ اسی طرح گذرا، اور دروازے پر بخت بچھائے بیٹھے رہے۔ آتے جاتے کو دیکھ کر کھانس دیے۔ اگر کسی نے رحم کھا کر التفات کیا تو دو ایک باتیں کر لیں ورنہ خیر۔

بگلہ کی مستعار زندگی اکھتّر ویں سال سے شروع ہوتی ہے اور اب دروازے پر سے اُٹھکر اندر ایک پلنگ پر آ پڑتے ہیں۔ نہ اچھی طرح تُھکائی دیتا ہے، نہ سُنائی دیتا ہے۔ نہ چل پھر سکتے ہیں۔ نہ بات چیت کر سکتے ہیں۔ جیسے بگلہ ایک ہی تالاب پر زندگی گذار دیتا ہے اسی طرح یہ بھی آخری دَور کو ایک پلنگ کی نذر کر دیتے ہیں۔ نہ اُٹھتے ہیں نہ بیٹھتے ہیں۔ نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت۔

جیسے بگلہ کیچڑ بگلتا ہے اسی طرح اس مغرور انسان کے اس مُنہ میں جس سے ہڈیاں مونگ پھلیوں کی طرح توڑی تھیں کوئی چیز ڈال دیتا ہے تو یہ کراہ کراہ کر مُنہ سے نکل جاتا ہے۔ بگلہ کی طرح آنکھیں اکثر بند ہی رہتی ہیں۔ جن آنکھوں سے دُنیا کی پُر کیف و وجد آور نورانی تجلّیاں دیکھے تھے، وہی آنکھیں آج ندیدی ہو کر دیدار فرزند کے لئے ترس رہی ہیں۔ وہ آنکھیں جن کے ذرا سے اشارے پر قیامت صغریٰ برپا ہو جاتی تھیں وہی آنکھیں آج رو رو کر سوجھ گئی ہیں۔ جن پاؤں سے سینکڑوں غریبوں کو ٹھکرایا تھا، جن پاؤں سے دوسروں کی آرزوؤں کو حقارت سے ٹھکرا دیا تھا وہی پاؤں آج اس مرتے ہوئے انسان کو اتنی دیر تک بھی نہیں سنبھال سکتے کہ وہ مؤدبانہ کھڑا ہو کر خالق سے گُنہوں کی معافی چاہ لے۔ وہ زبان جس سے سینکڑوں کو گالیاں دی تھیں آج خُدا کا نام لیتے ہوئے لڑکھڑاتی ہے۔ جن ہاتھوں سے سینکڑوں ظلم کئے تھے، جن ہاتھوں سے لاتعداد بے زبانوں کو بغیر پانی پلائے اور دانہ کھلائے ذبح کیا تھا۔ جن ہاتھوں سے ترلقمے اُٹھائے تھے وہی ہاتھ آج ایک کٹورا پانی اور ایک خُشک نوالہ بھی مُنہ تک نہیں پہونچا سکتے۔

یہ ہے ہوسِ زندگی اور اُس کی سرگذشت جو آپنے سُنی۔

مغرور انسان! دیکھے ظلم کے نتائج!! جانوروں نے کیسا خوبصورت انتقام لیا۔ اگر انسان ہے اور اپنے آپ کو ذی فہم اور زیرک کہلوانا چاہتا ہے تو اب بھی سمجھنے کی کوشش کر کر رشوت سے کمایا ہوا روپیہ نہیں پھلتا پھولتا تو بھلا رشوت میں دی ہوئی عُمریں تیرے ساتھ کیا وفا کریں گی۔ لہٰذا حضرت جو کچھ کرنا ہے جوانی میں کیجئے۔ ورنہ بُڈھے ہو گئے تو سوائے اس شعر پڑھنے کے کچھ نہیں کر سکو گے ؎

حیاتِ رفتہ پر کرنا ہے تبصرہ مجھکو
شباب کاش پلٹ آئے رات بھر کے لئے

آغا محسن رضا جعفری

سلامبو:- شہرۂ آفاق فرانسیسی انشا پرداز گستیو فلابیر کا شہ پارہ جس میں قرطاجنہ قدیم کی مٹی ہوئی تہذیب اس طرح از سرِ نو الفاظ میں تعمیر کی گئی ہے کہ اب دو ہزار سال پہلے کی تصویر آنکھوں کے آگے آجاتی ہے۔ سلامبو اور مٹاتو کی محبت کی کہانی اس قدر حسرتناک ہے کہ پڑھنے والوں کی آنکھوں سے آنسو ٹپک کر رہتے ہیں۔ ضخامت (۵۰۰) صفحے قیمت تین روپے علاوہ محصول ڈاک؛

ملنے کا پتہ:- ساقی بُک ڈپو۔ دہلی ۶

حُسن

دورِ شباب کا وہ پُر بہار زمانہ ہے جبکہ خُونِ صالح کی چنگاریاں رگوں میں دوڑتے دوڑتے گرم ہو کر بہنے لگتی ہیں، دل فطرت کے سامعہ شکار سُریلے نغموں پر سر دُھننے خود راگ بن جاتا ہے اور نظر کی نورانی پچکاری جہاں پڑتی ہے وہاں صورت کے چوکھٹے میں کوئی نہ کوئی جلوہ فروش، حُسن کا نمونہ دکھاتا اور عشق کا سودا بیچتا ہوا ملتا ہے۔

شباب اور حُسن لازم و ملزوم ہیں بلکہ ایک دوسرے پر ایسے فریفتہ کہ یک جان و دو قالب۔ اگر شباب حُسن کے خدوخال کو اُجاگر نہ کرے تو حُسن ایسا تصور رہ جاتا ہے جس میں صورت داخل تو ہے مگر آنکھ، ناک، کان سے معرّا۔ لہٰذا حُسن ہے شباب ایسی چیز کی مُورت ہے جسکو چُومنے والی کوئی آنکھ نہیں اور جس پر مرنے والا کوئی دل نہیں۔

ہر عطر ایک خُوشبودار تیل یا عرق پر کشید کیا جاتا ہے جسے زمین کہتے ہیں، لہٰذا حُسن کی زمین شباب ہے، اور جس طرح کہ اچھا عطر اپنی زمین پر غالب رہتا ہے اسی طرح حُسن کامل بھی اپنے آگے شباب کو نمایاں نہیں ہونے دیتا ؎

چھنتا ہے نُور چہرہ نقابِ خیال سے
خود پردہ اشتہار ہوا پردہ دار کا (لبیب)

میکدۂ دہر میں حُسن ہی وہ شراب ہے جس نے ساقی و مے پرست سب کے دل و دماغ پر چھاپہ مار رکھا ہے۔

حُسنِ صورت

ظلم کی دُنیا حُسن کی چیرہ دستیوں سے آباد ہے جہاں چاہنے والوں کو گوسپند قربانی کی طرح ذبح کیا جاتا ہے، حُسن اپنے والہ و فریفتہ کی تلاش میں ہمیشہ سرگرداں رہتا ہے مگر جب وہ قبضے میں آتا ہے تو اسکو بے نیازی کی ٹھوکروں ہی ٹھوکروں میں تہِ خاک کر دیتا ہے۔ بعض حُسن دیدہ زیب ہوتے ہیں اور بعض سامعہ نواز ——— حُسن دیدہ زیب، ہر بِش وجوہ اس کے پرچنے اڑا دیتا ہو اسلئے اس کا منکر ناپید ہے، لیکن حُسن سامعہ نواز ایک طویل داستان ہے جس کا آغاز ازل سے ہوا اور انجام ابد پر ہوگا۔ یہی داستاں سوتوں کو گدگدا کر جگاتی اور جاگتوں کو تھپک تھپک کر سُلاتی ہے؛ یعنی کسی کے حق میں لوری اور کسی کے لئے ہولی کا کام دیتی ہے۔

عالم امکاں میں حُسن سامعہ نواز کے مُنکر بہت ہیں لیکن انکار خود اُس کے ہونے کی دلیل ہے ؎

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد
بسا کیں دولت از گفتار خیزد (جامی)

حُسن دیدہ انمول ہیرا ہے جس کی قدر سے کوئی دیدۂ و دل خالی نہیں۔ لیکن قیمت ہر اندازے سے باہر ہے کیونکہ دریا میں رہنے والی مچھلیاں دریا کی قدر جانتی ہیں مگر قیمت سے واقف نہیں۔ ہستی کی تعریف فلسفی کے پاس کچھ نہیں۔ وہ اسکو حیات، علم اور ارادے کی دلیل سے پہچانتا ہے، درانحالیکہ حیات، علم اور ارادے سے دنیا ہی ناواقف ہے۔

اسی طرح فلسفی اور اس کی ذرّیات ایک مجہول سے دوسرے مجہول کا قیاس کر لیتے ہیں۔ لیکن عاشق یا شاعر ہستی کو حُسن سے پہچانتا ہے، وہ صریحًا دیکھتا ہے کہ حُسن فریبندہ نے عقل کے قدم ڈگمگا دئے اور جنُوں کا بول بالا کر دیا۔

حُسن ہستی کا سراب اور ہستی حُسن کا گلشن سدا بہار ہے۔ آدم سے اب تک ہزاروں قافلے اسی سراب میں غارت ہو گئے مگر حُسن کے ماتھے پر بل تک نہیں۔

تمام کائنات مسلم و مومن ہے ایک آدم ہی بُت پرست ہے کہ اُس نے انواع و اقسام حُسن کی پرستش کی دُھن میں کروروں بُت بنا ڈالے، لاکھوں صنم خانے تعمیر کر دئے، پھر بھی جی نہ بھرا تو مسجدوں میں غیر مرئی حُسن کے مظاہر کی پرستش پر کمربستہ ہو گیا۔ یہاں سے بھی جی اُکتا گیا تو خانقاہوں کے تاریک گوشوں میں دل کی گرمی کو پھونک پھونک کر روشن کیا اور اسی کو حُسن کا منظر بنا کر پوجا پاٹ کرنے لگا۔

سب سے پہلے آدم نے حُسن ہی کو خُدا جانتے تھے، اس کے بعد مُنکروں یعنی اہل عقل نے حُسن کی خُدائی میں رخنے ڈالے۔

لیکن جس نے اپنے دل کی گہرائی میں جھانکا تو وہ رخنے بھی تن نورانی کے داغ نکلے کیونکہ انسان کا دل حُسن کا آئینہ اور حُسن ہی تمام دلوں کا آئینہ خانہ ہے۔ ؎

دریائے فراواں خود اک آئینہ خانہ ہے
ہر قطرے کو اپنے میں دریا نظر آتا ہے (بیتاب)

حُسن صورت کے یہ چند اطوار ہیں مگر پیاز کے چھلکے کی طرح حُسن کی ہر ادا اور ہر طور بجائے خود ایک عالم ہے۔ باوجود اس کے حُسن کا زوال و انقلاب کسی اندرونی حُسن سادہ کا پتہ دیتا ہو اور وہ حُسن سیرت ہے جس کو زوال و انقلاب نہیں۔

حُسنِ سیرت

سیرت کی تخلیق صورت کے بہت بعد ہوتی ہے، وہ گوشت کا لوتھڑا جو آدمی کی صورت لیکر دُنیا میں آتا ہے مدّت دراز تک اعلیٰ انسانی صفات سے محروم اور حجر و شجر و حیوان کے آثار کی تکمیل کرتا رہتا ہے۔ رفتہ رفتہ سیرت کی تخلیق ہوتی ہے اور کوئی چابکدست نقاش اس مرقع کی قلمکاری میں ہمہ تن منہمک رہتا ہے۔

آفات ارضی و سماوی کے علاوہ ذاتی خواہشوں اور ترغیبوں کے نوالے اس مرقع کو تر و دامن کرتے رہتے ہیں اور گرد و پیش کے شیاطین الانس و جن اس کے خدوخال کو بگاڑنے کی تاک میں لگے رہتے ہیں، لیکن وہی نقاش، صنّاد کی طرح اپنی کمیں گاہ سے مرقع پر ٹکٹکی لگائے سیرت کی بہتر سے بہتر تجویز اور دلکش سی دلکش تشکیل میں مصروف رہتا ہے۔ دُنیا میں بہترین حُسن سیرت کے نمونے وہی لوگ گذرے ہیں جن کو تعلیم و تربیت دینے والا، بری باتوں سے بچانے والا، اچھی عادتوں کی ترغیب دینے والا کوئی نہ تھا، ان کی سیرت کے مُرقعے اپنے نقاش کے سوا کسی کے زیر بار احسان ہوئے۔

سیرت وہ خوش رنگ ٹھنڈی روشنی ہے جو صورت کے نوس سے چھوٹ پھوٹ کر باہر آتی ہے اور دُور دُور تک فضا کو نکھار کر دیتی ہے۔

کسی زمانے میں سمجھا جاتا تھا کہ حُسن سیرت انہی لوگوں کو میسّر آتا ہے جنہیں حُسن صورت مل چکا ہو۔ ممکن ہے کہ یہ خیال صحیح ہو، لیکن حافظ شیرازیؒ نے اپنی پسند کا نظریہ پیش کرکے حُسن صورت و حُسن سیرت میں ایک صدتک بے تعلقی کا اشارہ کر دیا ہے۔ ؎

شاہد آں نیست کہ موئے و میانے دارد
بندۂ طلعت آں باش کہ آنے دارد

حُسن سیرت، بدصورتی کے تمام عیوب کو خوش منظر بنا دیتا ہے، وہی بھدّے ناک نقشے، حُسن سیرت کی چمک دمک سے نظارگیوں کی آنکھوں کو خیرہ کر دیتے ہیں اور آخر کار ظاہر کو دیکھنے والے صورت کے صحیح خدوخال کے اندازے سے قاصر ہو جاتے ہیں۔ حُسن صورت کی چاہت بالغرض اور حُسن سیرت کی چاہت بلاغرض ہوتی ہے، چاہت بالغرض لذت کا پیغام دیتی ہے اور چاہت بلاغرض عزّت کا تاج پہناتی ہے۔

دُنیا میں نہ حُسن کا کوئی معیار ہے نہ عشق کا۔ بلبل گلاب سوسن پر فدا ہے، بھونرا کنول کے صدقے ہوتا ہے۔ کوئل امرتیوں کے بلاگردان ہوتی ہے، لیکن سب میں ایک مابہ الاشتراک ضرور سمجھ میں آتا ہے، وہ یہ کہ — اعلیٰ معیار حُسن میں دوام اور اعلیٰ معیار عشق میں زندگی حرام ہو جاتی ہے۔ ؎

اے عندلیب عشق زپروانہ ہیچ موز
کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد (سعدی)

حُسن و عشق کا موازنہ ہی کیا، حاکم و محکوم کا مقابلہ کیا معنی، مگر ہاں ایک فریق دوسرے کے وجود سے پہچانا جاتا ہے اور اسی لئے حُسن کا بیان ہمیشہ عشق کے گرم گرم خون سے رنگین رہا کرتا ہے۔

چونکہ حُسن سیرت حُسن صورت سے اعلیٰ اور لطیف ہے اس لئے حُسن سیرت کو دوام ہے۔

اسی کے مقابل عشق صورت (مجازی) اور عشق سیرت (حقیقی) میں اگرچہ زندگی حرام ہو جاتی ہے لیکن عشق صورت ایک دفعہ ڈوبکر پھر نہیں اُبھرتا، لیکن عشق سیرت ڈوب کر پھر اُبھرتا اور پہلے سے زیادہ لطیف زندگی کا بادشاہ ہو جاتا ہے۔ ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را
ہر زماں از غیب جانے دیگر است (مختار کاکی)

آدم زاد دوام زندگی کے لئے ہمیشہ کوشاں ہے، مکان بناتا ہے، شہر بساتا ہے، بڑے بڑے بینک کھولتا ہے، سلطنت قائم کرتا ہے، علوم و فنون مدون کرتا ہے، نئی نئی ایجاد کرتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ان سب میں زندگی و دوام کی خواہش ماہی بے آب کی طرح بے تاب رہتی ہے، لیکن کیا ہر انسان کی کوشش اور خواہش پوری ہوتی ہے؟

نہیں، ہرگز نہیں۔

جن خواہشوں میں لذت کی طلب غالب ہوتی ہے وہ بالکل غارت کر دی جاتی ہیں، غارتگر آدمی ہی ہوتے ہیں۔ لیکن انکے ہاتھ خدا کے ہاتھ اور اُن کے دل و دماغ انصاف و عدل کے تقاضوں سے بھرپور ہوتے ہیں۔

جن خواہشوں میں عزت و ادب غالب ہوتا ہے ان کے جسم ڈوبتے ہیں مگر لطیف رُوحیں مُرغابی کی طرح پانے گرد و پیش کے سمندر سے پر جھاڑ کر خشک نکلتی ہیں، اور زندگی دوبارہ کی مالک بنتی ہیں۔

اس درجے پر حُسن و عشق کا مصداق ایک ہو جاتا ہے، یعنی حُسن عینِ عشق اور عشق عینِ حُسن ہوتا ہے اور بات یہ ہے کہ اہلِ ذوق وجدان سارے عالم کی حقیقت عشق کو اور ماہیت حُسن کو قرار دیتے ہیں۔ حضرت قبلہ گاہ شہزادہ مرزا لبیب تیموری نے اسی نظریے کو بطور جواب مضمون اپنی نظم میں ادا کیا ہے اور بہت ہی فلسفیانہ رنگ میں:-

حُسن

ہے محیطِ آب و گِل اس طرح سے حُسن و جمال
قال میں اور قال پر جس طرح سے معنی و حال

یا تو یہ ہے اک جمالیات کی اصل الاصول
جو ثبوت الذات ہے لیکن ہے خارج میں مُحال
یا یہ ہے اک خوشگوار احساس استعداد کا
یا ہمارے دیدۂ و دل پر ہے خوبیت کا جال
یا نہ یہ اک لہر ہے کرنوں میں اپنی خود اسیر
یاد دکھاتا ہے تو ہم دُور سے شکلِ ہلال
یا تو یہ اک مخزنِ پنہاں ہے نحوِ خوبیشتن،
یا ہماری رغبتوں کا ایک تخلیقی خیال
یا یہ ہے نقاشِ فطرت کا وہ نقشِ دلفریب
موجزن جس میں ہے خود نقاش کا فن و کمال
یا یہ شخصِ بے ہمہ کا ہے وہ عکسِ باہمہ
اتحاد و وصل جس کا اپنی نایابی پہ دال

حُسن آب و تاب ہے اِس تحفۂ نایاب کی
جس کے جوہر کی حقیقت ہے جمالِ ذوالجلال
حُسن وہ فانوس رنگیں ہے کہ جس کے جوف میں
ہے فروزاں خیر برتر کی شعاعِ پُر جمال

حُسن ہے وہ ربطِ مطلق ہستیِ بے کیف کا
عالمِ صورت میں ہے جس کی کشش سے اتصال
صورتیں باہم اگر خونیاز و نازہیں
طالب و مطلوب دونوں مظہرِ شانِ کمال

ہستیِ مطلق کی ماہیت ہے حُسنِ آشکار
اور حقیقت اُس کی عشقِ لازوال و بے مثال
خود پرستار اور خود پروردگارِ حُسن بھی
عشقِ جانِ حُسن بھی ہے جاں نثارِ حُسن بھی

معاف کیجئے گا! میں آپ کو جوہی اور چنبیلی کے تختوں سے ہمالیہ کے صنوبروں میں لے آیا، ایک کی خوشبو مشامِ جان کو تازہ کرتی ہے مگر دوسری تازہ ہوا مُردے کو زندہ کرتی ہے!! آمدم برسرِ مطلب، شمع کے آنسو پروانے کے خاکستر میں جذب اور گلاب کی پتکھڑیاں بلبل کے حیالدار پروں کے آگے سرنگوں ہیں۔

دریا کے کنارے سیپیوں کے ڈھیر میں سے گذریئے اور روندتے ہوئے چلے جایئے۔ آپ کی اس ناقدری کا گلہ کون کرنے والا ہے لیکن جب یہی میں موتی ہوتا ہے تو وہ یوں روندی نہیں جاتی، مشکل سے ملتی ہے اور قیمت بھی گراں لگائی جاتی ہے۔ یہی حالت عالمِ صورت اور عالمِ سیرت کی ہے کہ موت کا سوداگر صورت کی سیپیاں روندتا ہوا چلا جاتا ہے مگر جو سیپیاں حُسنِ سیرت سے مالا مال ہوتی ہیں، اُن کی حفاظت کی جاتی ہے اور پرکھنے والوں کے لئے جواہر خانوں میں سجائی جاتی ہیں۔ لہٰذا حُسنِ سیرت ہی زندگیِ دوام کا پروانہ اور حُسنِ سیرت ہی انسانی جاہ و جلال کا تاج ہے۔

سُنتے آئے ہیں کہ زوال پذیر قوموں میں سیرتیں مسخ ہو جاتی ہیں۔ اور ان میں حُسنِ سیرت کا مفہوم لفظی گورکھ دھندے سے زیادہ

نہیں رہتا۔ اسی وجہ سے ایسی قوموں میں اگر کوئی حُسنِ سیرت کا مُدعی مرتا بھی ہے تو حیوانوں کی طرح ٹانگ پسار کر مرجاتا ہے۔

اب سوچنا یہ ہے کہ ہمیں اپنی سیرتوں میں حُسن پیدا کرنے کے لئے کیسی تربیت درکار ہے کیونکہ ہمارا تقاضائے فطری زندگی دوام کا طالب ہے۔

مضمون پورا ہوگیا مگر تشنگی ہنوز باقی ہے۔ مجبوراً انجمنِ حُسن کی بنا ڈالتے اعترافِ نارسائی کے ساتھ اِن دو شعر پر اُٹھتا ہوں۔

آشنا سراپا سے وصفِ آشنامت پوچھ
حُسنِ آشکارا سے حُسن کا پتا مت پوچھ
آپ ہی مسیحا نے زخمِ دل کو چھیڑا ہے
دردکی خدائی میں درد کی دوا مت پوچھ

(لبیب)

عرش تیموری

نوائے فراق

دھیان آنکھ پھیرنے کے جو آئے ہوئے سے ہیں
یہ نقش بھی تو دل میں بٹھائے ہوئے سے ہیں

بادل سے اہلِ دل پہ جو چھائے ہوئے سے ہیں
اگلے زمانے یاد کچھ آئے ہوئے سے ہیں

مرہونِ احتمالِ نظر ہے حیاتِ عشق
روکے ہوئے ستم بھی تو ڈھائے ہوئے سے ہیں

بس جذبِ حسنِ یار کہیں پھر اُبھر نہ آئیں
وہ نقشِ آرزو جو مٹائے ہوئے سے ہیں

تلوار کی جو تابشیں پنہاں ہے حُسن کی
عشّاق بھی لہو میں نہائے ہوئے سے ہیں

وہ درد کی طرح سے اُٹھے فتنہ ہائے حشر
یہ بھی کسی کے ناز اُٹھائے ہوئے سے ہیں

جا ہم نے تجھ کو دیکھ لیا اے نگاہِ یار
سرور و مست دل بھی دکھائے ہوئے سے ہیں

غم ہے کہ انتظار؟ جنوں ہے کہ ہوش ہے؟
آئے ہوئے بھی وقت نہ آئے ہوئے سے ہیں

آگے ترے فقط ہے یہ نذرونیازِ عشق
خو دکو تری نظر سے چھپائے ہوئے سے ہیں

تقریبِ دید ہیں غمِ ہجراں کی شدّتیں
معلوم ہو رہا ہے وہ آئے ہوئے سے ہیں

دیتی ہے وہ نگاہ اگر درسِ نیستی
ہم بھی متاعِ زیست لٹائے ہوئے سے ہیں

کیونکر ہو احتیاطِ نظر اُن کے سامنے
ہم کھو میں یا نہ کھوئیں وہ پائے ہوئے سے ہیں

جلوہ نمائیوں میں جھجک کیا، حجاب کیا
انداز تیرے حُسن کے بھائے ہوئے سے ہیں

جانِ نشاط بھی ہیں خزاں دیدگانِ عشق
کچھ شوخیٔ بہار اُڑائے ہوئے سے ہیں

گویا ازل کے دن سے جہاں دیدگانِ عشق
دُنیا کے سرد و گرم اُٹھائے ہوئے سے ہیں

جو حُسن بھی نہ سمجھے۔ حیا والے ناز کو
وہ عشوۂ نہاں بھی سکھائے ہوئے سے ہیں

اکثر سکوتِ ہجر میں گر غور سے سُنیں
آتی ہیں یہ صدائیں "ہم آئے ہوئے سے ہیں"

چونکے ہوئے سے ہیں جو سکوں آشنائے عشق
دھوکے سے اس نگاہ کے کھائے ہوئے سے ہیں

بہلائے ہیں عشق کے احساس کو فراق
دل سے کسی کی یاد بھلائے ہوئے سے ہیں

فراق۔ ایم۔ اے۔

بمبئی کے مکان

ہم ٹرین سے اُترتے ہی سیدھے وہاں پہنچے جہاں ہمارے ایک دوست رہتے تھے۔ بعد تلاش بسیار جب ان کی جائے قیام کا پتہ مل گیا تو ہم اس بلڈنگ میں داخل ہوئے اور زینے پر چڑھنے لگے۔ قطب مینار ہم ایک بار دیکھ آئے تھے۔ اور جوشِ عمل میں سیڑھیوں کو طے کرتے ہوئے اس کے عرش تک بھی پہنچ گئے تھے لیکن اُترتے وقت زمین ہم کو اس سُرعت کے ساتھ کھینچ رہی تھی کہ ہم تیزی رفتار کے لحاظ سے بچھی ہوئی ہوائی معلوم ہوتے تھے ــــ جی ہاں ــــ اس وقت زینہ کی چڑھائی نے ہم کو قطب مینار کی یاد دلائی۔ اور اس گھماؤ اور پھراؤ نے آصف الدولہ کے امام باڑے کی بھول بھلیوں کی۔

رات کا وقت تھا۔ گرد و پیش کے تمام کمروں میں بجلی کی بتیاں روشن تھیں۔ معزز اور شریف عورتیں اپنے اپنے کاموں میں اور بچے اپنے کمروں کے سامنے اپنی معصوم تفریحوں میں مشغول تھے۔ آپ خیال فرما سکتے ہیں اس شخص کی حیرت کی انتہا جو ایسے مقام سے آرہا تھا جہاں کے مکانوں کی دُنیا بالکل علیحدہ ہے۔ جہاں ایک اجنبی کے لئے مکان کے اندر کا سین دیکھ لینا ناممکن ہے بشرطیکہ وہ چور۔ پولیس اور مہمان نہ ہو۔ سڑک پر چلنے والوں کے لئے گرد و پیش کی دیواریں حدِ نظر ہو جاتی ہیں اور مکان کے اندر رہنے والوں کی دنیا صحن اور کمروں میں محدود ہو جاتی ہے۔ البتہ کشادہ صحن، تازہ ہوا، اور سُورج کی روشنی پر مکان کی ساخت کے مطابق بلا شرکت غیرے قبضہ رہتا ہے اور فضا میں ہمسایہ کے آنکھ اور کان کو دخل اندازی کرنیکا کوئی حق نہیں دیا جاتا۔

ہمکو کیا معلوم تھا کہ چند منزل کی عمارت جس میں سینکڑوں کمرے ہیں ان میں سینکڑوں خاندان بھی فردکش ہیں اور ان کے اُترنے اور چڑھنے کا زینہ بھی ایک ہی ہے۔ ہم نے اپنے روائتی اصول کے مطابق کہ ہر پردہ دار کو دیکھتے ہی یا تو فوراً گھوم جایئے اور یا اپنی آنکھوں پر رومال۔ ہاتھ ٹوپی وغیرہ کی اوٹ کر لیجئے۔ ہم نے اپنی آنکھوں پر رومال رکھ لیا۔ تاکہ ہم سوائے زینہ کی سیڑھیوں کے اور کچھ دیکھ ہی نہ سکیں، مگر اس کے باوجود ہمارے دل میں جھجھک پیدا ہو رہی تھی۔ اور دماغ میں شکوک۔ خیال یہ تھا یہ مخصوص طریقہ سے زنانے مکانات ہیں اور زینہ بھی عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔ شاید ہمارے دوست تک پہونچنے کا راستہ دوسرا ہو جس کا ہم کو علم نہ ہو۔ یا ممکن ہے کہ کسی ذاتِ شریف نے اجنبی خیال کر کے مذاق کیا ہو اور یہ غلط راستہ بتا دیا ہو ایسا نہ ہو کہ پردیس میں ذلت ہو اور "اس موٹے کو نکالو کہاں گھسا آتا ہے" کی صداؤں سے پسپا ہونا پڑے۔

بہرحال چونکہ دو منزلیں طے کر آئے تھے اور اس دوران میں کوئی ناگوار واقعہ بھی ظہور پذیر نہیں ہوا تھا۔ اس لئے ہمت کر کے آگے بڑھے ہی گئے لیکن اس احتیاط کے ساتھ کہ (Eyes front) آئیز فرنٹ ہی رہیں۔ مگر تیسری منزل پر پہونچنے کے بعد ہم نے خود کو یکایک ایسی جگہ پایا جہاں قرائن سے معلوم ہوتا تھا کہ عورتوں کی ایک بڑی

مجلس منعقد ہونے والی تھی کیونکہ کمروں کے باہر فرش بچھا ہوا تھا اور اس پر عورتوں کی ایک بہت بڑی تعداد بیٹھنے اور کھڑے ہونے کی مختلف کیفیتوں کا مظاہرہ کر رہی تھی۔ شاید آپ کو معلوم ہو کہ دُنیا کی تمام چیزیں تماشہ کی جاسکتی ہیں لیکن برات، جنازہ، ماریپیٹ، پاگل اور بندر مخصوص طریقہ سے تماشہ ہیں۔ مگر جس قدر ایک اجنبی میں تماشہ بننے کی صلاحیت ہے اتنی کسی اور ہستی میں نہیں۔ دوسرے ملک اور شہر میں جاکر وہ ایک عجیب الخلقت انسان بن جاتا ہے۔ میں خود کو ایسی حالت میں پاکر ارادتاً ایک پنواڑی کی دُکان کے آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ لیا کرتا تھا کہ معلوم کروں کہ میری ناک سونڈ تو نہیں بن رہی ہے۔ چنانچہ میں اس وقت اسی عمارت کی تیسری منزل پر ایک "متحرک تماشہ" تھا جو حاضرین کو بلاٹکٹ دکھایا جارہا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ میں فلم کی سی سُرعت کے ساتھ زینہ کی سیڑھیوں کو طے کر رہا تھا تاکہ یہ سین طویل نہ ہوجائے۔ اب بدقسمتی کو کیا کیا جائے کہ جس طرح پردہ سینما پر فلم کو یکبارگی حادثہ پیش آجاتا ہے۔ اسی طرح مجھکو بھی ایک حادثہ سے دوچار ہونا پڑا۔ اور نتیجہ یہ ہوا کہ میری قوتِ رفتار سلب ہوگئی وجہ یہ تھی کہ چند عورتیں زری کے لباس میں ملبوس چوتھی منزل کے زینے سے تیسری منزل پر آرہی تھیں اور میں تیسری منزل سے چوتھی منزل پر جارہا تھا۔ ان کا اور میرا اس وقت مقابلہ ہوا ہے تو میں نہیں کہہ سکتا کہ میری کیا حالت تھی۔ ایک نوجوان حسن کی پرورش و پرداخت حرم کی طرح سب سے علیحدہ ہوئی ہو اُس وقت اپنی آنکھوں کا رُخ اپنے ہی چہرے کے نقطہ پر جما ہوا دیکھ کر کس طرح نہ گھبرا جاتا خود ہی میرا مُنہ مڑ گیا۔ پیر تیز ہوگئے اور بجائے چوتھی منزل پر جانے کے میں تیسری منزل سے دوسری منزل کی طرف چلا جارہا تھا۔ میرے کانوں میں سات آٹھ سُروں سے ملے ہوئے ایک لطیف قہقہہ کی آواز آرہی تھی مگر میں اُترتا ہی جارہا تھا۔

اتفاق ایسا ہوا کہ اسی گھبراہٹ میں میں تیزی سے اُتر رہا تھا اور ایک دوسرے صاحب تیزی سے زینے پر چڑھ رہے تھے۔ ریل گاڑیوں کے انجن کی طرح میں اور وہ ٹکرائے اور نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں دھڑام سے گرے اور فٹ بال کی طرح گڈے کھاتے ہوئے پہلی منزل کے زینہ پر بمشکل آکر رُکے۔ جب میرے ہوش و حواس بجا ہوئے تو میرے تعجب کی کوئی انتہا نہ رہی؛ جب میں نے انہیں دوست کو اپنے سامنے کھڑا ہوا پایا جن کی تلاش مجھے مقصود تھی۔ وہ میرا ہاتھ پکڑے ہوئے پھر واپس لئے جارہے تھے جہاں سے میں ایسی سراسیمگی اور بدحواسی میں بھاگا تھا۔

سیّد ابوطاہر

اے عورت تیرا نام خودداری ہے۔

اس مقولے کی صداقت مُلک کے سب سے بڑے مزاح نگار:-

مصورِ ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی بی۔ اے؛ ایل ایل۔ بی

کی تازہ ترین تصنیف اور ظرافت کی بہترین تصویر "چمکی" میں دیکھئے! بڑی بی کا کردار اُردو لٹریچر میں اپنی طرز کی پہلی چیز ہے۔ چمکی کی وفاداری اور چھوٹی بی کی خودداری کی کہانی پڑھکر آپ تڑپ تڑپ جائیں گے۔ قیمت عہ۔ ملنے کا پتہ:- ساقی بُکڈپو۔ دہلی؛

عظمت

تمہارے سامنے ایک شخص ہے عام رائیں اس کے بارے میں بالکل مختلف ہیں ایک جماعت اُسی کے علم و فضل کا کلمہ پڑھتی ہے اور اُسے ملائک کے مرتبہ سے کم نہیں سمجھتی۔

دوسرا گروہ ہے کہ اُس نے اس کی مذمت و بُرائی اپنا شعار بنا لیا ہے معمولی انسانوں کی صف میں بھی اُسے کھڑا کرنے کے لئے تیار نہیں۔ یقین جانو کہ وہ بڑا آدمی ہے۔

عظمت۔ علم و شعور۔ ثروت و جاہ سے برتر ایک چیز ہے۔ شعراء بہت ہیں۔ عالموں کی تعداد کوئی کم نہیں۔ عظمت ایک وہی قوت ہے جو کہ صاحب عظمت کو عام شخصیتوں سے بلند اور ممتاز کر دیتی ہے۔ ہر مسئلہ میں اُس کی رائے بے لاگ ہوتی ہے۔ کسی انسانی عقل سے مرعوب ہونا شان عظمت کے سراسر خلاف ہے۔ عظیم ترین ہستی کے تمام کارنامے مافوق العادۃ اور ممتاز نظر آئیں گے۔

شاعر کا اسلوب نرالا ہوگا۔ اس کی زمزمہ سرائیاں بُلبل نوا سنج کو شرماتی ہونگی۔

ایک انشا پرداز اپنے بلیغ اندازِ بیان سے دل و دماغ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ پبلک اس کے رشحات فکر کو آنکھوں سے لگاتی ہے۔

اگر وزیر ہو تو حکومت کی ایسی جدید تشکیل کرتا ہے کہ ماہرینِ سیاست انگشت بدنداں نظر آتے ہیں، بادشاہ ہو تو پھر نہ پوچھئے قیصر و کسریٰ کی حکومتیں اُس کے قدموں پر نثار ہو گئی۔ تاریخ کے صفحات میں اسکے درخشاں کارنامے قیامت تک دُہرائے جائیں گے۔

اگر خوش قسمتی سے رہنمائے ملّت ہو تو زمین آسمان اُسکی تعریف میں رطب اللسان نظر آئیں گے، اس کی معجزنمائیاں قوم کے لئے مسیحا کا کام کریں گی۔

یہ عظمت ہو اور صاحبِ عظمت میں ان خوبیوں کا ہونا ضروری ہے۔

یہ مقصود نہیں کہ ممتاز ہستیوں کی تمام رائیں صائب ہوتی ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ قائد جو راہ عمل تجویز کرے وہ ہر حال میں صحیح ہو۔ یہ بہت ممکن ہے کہ ایک معمولی انسان کی رائے کسی مسئلہ میں اُس سے زیادہ صائب اور تیر بہدف ہو۔

لیکن ہاں، یہ صرف عظیم ترین ہستیاں ہیں جن کی تعریف و مذمت میں زبان و قلم مصروف عمل ہوں۔ اور معتقدین و مقلدین کی جماعتیں برسرِ پیکار رہوں۔

حضرت علیؓ کی محبت میں ایک فرقہ کفر کی حد تک پہونچ گیا۔ دوسرے بغض عداوت میں اسقدر جادہ اعتدال سے ہٹ گئے ہیں کہ بمشکل اُنکے کلمہ گو ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ کسی نے حضرت ابوبکر و عمر کو شیخین کے معزز لقب سے سرفراز کیا تو کوئی اُنکے صدق و اخلاص کا قائل نہیں۔

محی الدین عربی ایک طرف سرتاج الاولیا اور قطب الاولیا کے القاب سے مخاطب کئے جاتے ہیں۔ دوسری جماعت اُنہیں شیخ الملحدین کہکر پکارتی ہے۔

دُنیا نے ابن رشد کے کمالات کا اعتراف کیا۔ اُس نے کرکٹ قضا کو زینت بخشی فلسفیانہ نکتہ سنجیوں نے اُسے مجدد فلسفہ کے نام سے مشہور کیا۔ لیکن تاریخ شاہد ہے کہ جامع مسجد میں اُنکے

ساتھ بدترین گستاخیاں کی گئیں۔

زہر کا پیالہ پی کر حسرت و یاس کے ساتھ سقراط نے دُنیا فانی کو الوداع کہا۔ کتنا دردناک سانحہ تھا ہزاروں آنکھیں حزن و الم سے اشک بار تھیں۔ لیکن اُس وقت ایسے نفوس بھی دیکھے گئے جن کے لبوں پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی۔ اور فرطِ مسرت سے اپنے آپے میں نہ تھے۔

ایک طرف انگلستان میں شکسپیر کے پرستاروں کا زور ہے جو اس کی ادبیت کے نشے میں سرشار ہو کر یہاں تک کہہ جاتے ہیں کہ ہم سے سوائے شکسپیر کے سب کچھ لے لو۔ دوسری طرف ادبی کافروں کا انبوہ عظیم ہے۔ جو اُسے ایک دروغگو سے زیادہ اہمیت نہیں دیتا۔ نپولین کے ثناخواں اُسے بنوت کے بام رفیع پر پہونچاتے ہیں اور دوسرا گروہ اُسے اوباش اور بازاریوں کے گروہ میں لاکر کھڑا کرتا ہے۔

ٹولسٹائی مغرب کی اور جمال الدین افغانی سعد زاغلول مصطفےٰ کمال مشرق کے مشہور عظماء ہیں جنہیں زندگی بھر اور موت کے بعد محبت اور عداوت کے جام پینے پڑے۔

غرضیکہ یہ عظماء کی ایک جماعت ہو چکی ہے میں رائے عام استقدر مختلف ہے کہ مناظرہ و مباحثہ تو کیا کشت و خون تک نوبت پہونچ جاتی ہے۔ یہ اختلاف رائے خود اُن کی عظمت و بُرائی کی واضح دلیل ہے۔

عظماء کی زندگی جاودانی ہوتی ہے۔ اُن کی مسرتیں ابدی ہوتی ہیں۔ ان کی زندگی سب سے زیادہ کامیاب ہوتی ہے اگرچہ دُنیا میں اس کے برعکس معلوم ہو۔

عظمت کی خدمت دوست دشمن یکساں کرتے ہیں اور اُسکا مینار تعمیر و تخریب کسی انتہائی کشمکش کے بعد آسمان سے باتیں کرتا ہوا نظر آتا ہے۔

عظمت کی دیوار بغض و محبت کے سہارے پر قائم ہے۔ جب تک یہ دونوں ستون قائم ہیں عمارت بھی انتہائی کروفر کے ساتھ اپنی سطوت و جبروت کا مظاہرہ کرتی رہے گی۔

یہ ناممکن ہے کہ دیوار عظمت کا سارا بار محبت ہی کا ستون اپنے کمزور کاندھوں پر اُٹھائے۔ تمہیں خوش ہونا چاہیئے کہ اگر خلق اللہ تمہارے بارے میں اختلاف رائے رکھتی ہے کہ یہ عظمت کی نشانی ہے۔ اور تم ایسے رہنما بننے کی کوشش کرو جسکے اردگرد معتقدین و معاندین کا اژدہام ہو۔

(منفلوطی) محمد صفات علیخاں

محبّت اور نفرت

تہدیہ محبّت ——— نفرت کے نام

اُردو کے سب سے جدّت طراز ادیب

اختر حسین رائے پوری

کے سولہ رومانوں اور افسانوں کا مجموعہ

محبت ایک کانٹا ہے چبھنے کیلئے نفرت ایک پھول ہے سونگھنے کیلئے

قیمت ایک روپیہ چار آنہ۔ ملنے کا پتہ:۔ ساقی بُکڈپو۔ دہلی۔

نیلی

ہیرلڈ میلش ایک ایکسیڈنٹ اشورنس سوسائٹی (Accident Insurance Society) کا کلرک جسے اتفاقیہ ایک موٹر کی ٹکر کے حادثے میں شہادت دینے کے سلسلے میں تھانہ میں حاضر ہونا پڑا تھا، بہبوت کھڑا یہاں کے نرالے قوانین کا مظاہرہ کر رہا تھا۔

اس کی بچوں جیسی معصوم نیلی نیلی آنکھیں حیرت سے کھلی ہوئی تھیں، صاف اور کشادہ پیشانی پر بل پڑے ہوئے تھے۔ سنہرے گھونگریالے بال سر پر لہرا رہے تھے۔ اپنی ٹوپی کو اس نے دونوں مٹھیوں سے مضبوط پکڑ رکھا تھا، اور خود بہتن توجہ بنا ان چاروں شہری عورتوں کو دیکھ رہا تھا جن کا تصفیہ اس وقت درپیش تھا ——— تین کو حکم قید اور چوتھی کو سزائے جرمانہ۔ قبل اس کے کہ وہ کچھ سوچ سمجھ سکے ان کا فیصلہ سنا دیا گیا۔ یہ چوتھی شاید سب میں خوبصورت اور کم عمر تھی اور بے اختیار رو رہی تھی۔

"تم چونکہ پہلی بار یہاں آئی ہو اس لئے صرف دو پونڈ دس شلنگ ادا کرنے ہونگے" حاکم نے کہا۔

"لیکن میرے پاس تو روپے نہیں ہیں جناب!"

"خیر ——— چودہ دن ....."

اس کا دل اُمنڈ آیا۔ اور غازہ آلود رخساروں میں آنسو اور بھی زیادہ شدت سے بہنے لگے، ساتھ ہی سسکیوں کی عجیب سی دردانگیز آواز ——— ادھر نوجوان میلش کا جذبۂ حساس و ہمدردی بالکل اسی طرح انتہا کو پہونچ گیا جس طرح ایک کیتلی میں پانی کے خوب جوش ہو جانے پر ابال آجاتا ہے سامنے نیلی وردی میں جو سپاہی کھڑا تھا اُسے چھوتے ہوئے اس نے کہا۔

"سنو ——— میں اس کا جرمانہ ادا کر دونگا"

سپاہی کی تیز نظر کو بچھو کے ڈنک کی طرح اپنے سراپا میں دوڑتے ہوئے اس نے محسوس کیا۔

"غالباً آپ کی کوئی آشنا؟" اس نے سوال کیا۔

"نہیں" جواب تھا۔

"تب تو پھر میں نہیں کہہ سکتا۔ یہ اسی مہینے کے اندر اندر دوبارہ پھر آن موجود ہوگی"

عین اسی وقت لڑکی اس کے قریب سے گذری اور اس کے آنسوؤں کو پینے کی کوشش میں شفاف گلے کی حرکت پر اس کی بے اختیار نظر پڑ گئی۔

"مجھے پرواہ نہیں ——— میں ادا کروں گا" وہ اندوہگیر لہجے میں گویا ہوا۔

سپاہی نے ایک بار پھر اُسے معنی خیز نظروں سے اجے اُسی نے بُری طرح محسوس کیا، دیکھا۔

"خیر، آئیے میرے ساتھ چلیئے"

اور نوجوان میلش خاموش اُس کے پیچھے ہو لیا۔

"لیجئے یہ صاحب جرمانہ ادا کر رہے ہیں" سپاہی نے حاکم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

ادھر میلش کے رخسار اپنے کو کئی مختلف نظروں کا بے طرح نشانہ بنا ہوا پا کر شرم اور جھنجھلاہٹ سے سرخ ہو گئے بہرحال اس نے رقم نکالی۔ کل دو پونڈ پندرہ شلنگ تھے۔ اور اس میں سے دو پونڈ دس شلنگ دیتے ہوئے اس نے سوچا۔

"میرے اللہ! اگر میں سنے گی تو کیا کہے گی؟"

اچانک لڑکی ایک آہ سرد کے ساتھ اُسنے کہتے سُنا۔
"ارے! آپ کا شکریہ!"
اور ادھر وہی سپاہی بڑبڑایا "آخر بربادکر دئے روپے، پھر بھی یہ ایک رحمدلانہ اور نیک سلوک تھا"
وہ باہر سڑک پر نکل آیا ——— اب جبکہ اُس کے جذباتِ نیکی دھمدردی جوش میں آکر دو پونڈ دس شلنگ کا خون کرا چکے تھے، وہ سرد اور خاموش پڑ گئے۔ جیسے اُس پر نیکی کا شائبہ تک نہ ہو۔ یکایک اُس کے پیچھے سے آواز آئی۔
"بہت بہت شکریہ ——— یہ آپ کی بڑی نوازش تھی۔ مَیں ہمیشہ ممنون رہونگی"
اپنی ٹوپی کو بلند کرتے ہوئے وہ بیچینی سے اُس کے گذر جانے کا منتظر تھا۔
ایک کارڈ اُس کو گویا زبردستی پکڑاتے ہوئے وہ بولی "کبھی اگر آپ کو ادھر سے گذرنے کا اتفاق ہو تو غریب خانہ پر قدم رنجہ فرما کر ممنون فرمائیں۔ مَیں آپ کی مرہونِ احسان ہوں اور ہمیشہ شکر گذار رہونگی"
"اس کا خیال مت کیجئے" جبراً مسکراتے ہوئے اُس نے جواب دیا اور سیدھا دفتر کا راستہ لیا۔
تمام دن دفتر کے 'حادثات' کے درمیان وہ کھویا کھویا سا رہا۔ کیا وہ ایک احمقانہ فعل تھا یا شریفانہ؟ کبھی سوچتا وہ بدمعاش اِن بیچاری لڑکیوں کے ساتھ کیسے جنگلی پن کا سلوک کرتے ہیں۔ پھر خیال آتا اللہ جانے؟ کسے پتہ ہے شاید وہ اس کی مستحق ہوں۔ اور جب اٹھیس دو پونڈ دس شلنگ کا مطالبہ کرے گی تو کیسی بنے گی۔ یہ سوچنے کی اُس نے کوشش نہیں کی۔ اُس کا پاک دل بھی اُس کے بھولے بھالے چہرے کی طرح معصوم تھا۔
وقت مقررہ پر وہ ٹھیک ساڑھے چھ بجے گھر پہونچا۔
اُس کا گھر چھوٹا سا معمولی وضع کا مکان تھا۔
اُس کی بیوی نے ابھی ابھی اپنی بچی کو پالنے میں لٹایا تھا اور کمرے میں بیٹھی میاں کی جرابوں میں رفو کر رہی تھی۔ آہٹ پاکر اُس نے نگاہ اُٹھائی۔
"ہیریلڈ! تم اپنے موزے ڈھنگ سے پہنا کرو۔ اس جوڑی کی بس مَیں اسی قدر مرمت کر سکتی ہوں"
اِس کی آنکھیں نیلاہٹ لئے ہوئے گول گول سی تھیں، اور آواز میں کچھ عجیب یکسانیت پائی جاتی تھی۔ وہ ایک دیندار کی لڑکی تھی اور نوجوان میلش کا اور اس کا رشتہ ایک دفعہ چھٹیوں کے موقع پر جب وہ سمرسٹ (Somerset) گیا ہوا تھا قرار پایا تھا ——— دفتر کے کام اور گرمی کی وجہ سے وہ خود مضمحل اور زرد ہو رہا تھا لیکن اُس نے دیکھا کہ اُس کی بیوی کے چہرے پر اس سے بھی کہیں زیادہ زردی کھنڈ رہی ہے۔
"گرمی ناقابل برداشت ہے، کیوں ہے نا؟" بیوی نے کہا۔ "بعض وقت مَیں سوچتی ہوں اگر ہمارے ہاں یہ بچی نہ ہوئی ہوتی تو کتنا اچھا ہوتا۔ اس کی وجہ سے تمہیں شام میں اتنی دیر تک بندھے رہنا پڑتا ہے۔ کاش چھٹیاں جلدی سے ہو جائیں مَیں کب سے میکے جانے کی راہ دیکھ رہی ہوں ———"
بلند قامت میلش نے جھک کر اُس کی پیشانی چُوم لی۔ اُس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اُسے کیونکر بتائے کہ اُس نے اُسکی چھٹیاں باہر گذارنے کے سرمایہ کو کس طرح خاک میں ملایا ہے۔ اسے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس سے ایک ناقابل معافی گناہ سرزد ہوا ہے ——— لیکن شاید جب اٹھیس سُنے تو اُسے یقین آجائے کہ وہ کس طرح خاموشی سے اس غریب لڑکی کو روپیہ نہ ہونے کے کارن قید ہوتے نہیں دیکھ سکتا تھا۔ لیکن جو کچھ بھی ہو وہ کم از کم کھانے تک تو اُسے کچھ صاف صاف کھلم کھلا

نہیں بتائے گا۔ بعد میں دیکھا جائے گا۔

آخر اُس نے کہا۔ "ایلیس! آج صبح ہی صبح نجانے کس کا مُنہ دیکھا تھا، بڑی پریشانی اُٹھانی پڑی۔ اُس موٹر کی ٹکر کے قصّہ میں جس کی بابت میں نے تم سے تذکرہ کیا تھا، تھانہ جانا پڑا اور وہاں اُس وقت چند ایسی ویسی لڑکیوں کا قضیہ درپیش تھا۔ تھانہ والے اُن کے ساتھ جیسا وحشیانہ سُلوک کرتے ہیں، توبہ! دیکھکر میرا بڑا جی بُرا ہوا۔"

اُس کی بیوی نے اوپر نگاہ اُٹھائی۔ اُس کا چہرہ بالکل بچوں کا سا تھا۔ "کیوں وہ اُن کے ساتھ آخر ایسا کیا کرتے ہیں؟"

"راہ چلتوں سے بولنے کے جُرم میں انہیں زبردستی جیل میں ٹھونستے ہیں۔"

"تو یہ تو ظاہر ہے کہ وہ کچھ اچھی حرکت نہیں کرتیں۔"

اس کی راست گفتاری سے کچھ دق سا ہو کر وہ پھر گویا ہوا۔ "وہ اُن سے اس طرح پیش آتے ہیں گویا وہ گندی، کمینی اور ذلیل ہوں۔"

"اچھا تو پھر کیا وہ ایسی ہوتی نہیں۔"

"یہ میں کب کہہ رہا ہوں۔ میں مانتا ہوں کہ وہ گرے ہوئے اخلاق کی اور قصوروار ہیں۔ لیکن مردوں پر بھی تو یہی الزام عائد ہوتا ہے۔"

"مردوں کے اخلاق کی تخریب تو وہی کرتی ہیں۔ اگر وہ نہ ہوں تو وہ کبھی ایسی کمینہ حرکتیں نہ کریں۔"

"خیر معلوم ہو گیا کہ تم صرف اُنہیں ہی بُرائیوں کا آماجگاہ سمجھتی ہو۔ (ذرا وقفہ کے بعد) وہ ایک اُن میں سے خوبصورت تھیں۔"

اُس کی بیوی مُسکرائی۔ اُس کی مُسکراہٹ فطری طور پر طنز آمیز تھی۔

"تو میرا خیال ہے اُن کے ساتھ بہتر سلوک کیا گیا ہوگا۔"

یہ سخت طعن اس سے نہ سہا گیا اور وہ بغیر سوچے سمجھے بول اُٹھا۔

"ایک تو بالکل لڑکی سی تھی جو وہاں اس سے پہلے کبھی نہیں آئی تھی۔ اور چونکہ اس کے پاس جُرمانہ ادا کرنے کے لئے روپے تھے نہیں اس لئے اُسے چودہ دن کی سزا ہو گئی تھی۔ لیکن مجھ سے یہ دیکھا نہ جا سکا اور ــــ اور میں نے اُس کا جُرمانہ ادا کر دیا۔"

اُسکی پیشانی پسینہ میں شرابور تھی اور اُسکی بیوی کا چہرہ سُرخ ہو گیا تھا۔

"ہوں تو تم نے ادا کر دیا ــــ کتنا؟"

وہ کہنا چاہتا تھا کہ صرف 'دس شلنگ' لیکن اُسکے پاک ضمیر نے اس جھوٹ کے خلاف بغاوت کی اور سچ سچ کہلوا دیا "دو پونڈ دس شلنگ"، لیکن وہ یہ سوچے بغیر نہ رہ سکا کہ اس سے کیسی حماقت سرزد ہوئی۔ ایلیس کا مُنہ کھُلا کا کھلا رہ گیا تھا اور میلیش کو بُرا معلوم ہو رہا تھا کہ وہ اس طرح بے ہنگم ہنسنے سے مُنہ کیوں کھولے ہوئے ہے۔ اُسکی پیشانی پر سینکڑوں بل پڑ گئے تھے۔ لیکن پھر ایک دم چہرہ بالکل سُست گیا۔ ادھر میلیش کا بُرا حال تھا اسے ایسا معلوم ہو رہا تھا گویا اس نے اُسے مارا یا سخت اذیت پہونچائی ہے۔

"میں سخت شرمندہ ہوں، ایلیس! مجھ سے میرا ایسا ہرگز ارادہ نہیں تھا لیکن وہ ــــ وہ رو رہی تھی۔"

"بے شک رو رہی تھی! تم جُتے احمق ہو ہیرلڈ!"

وہ انتہائی اضطراب اور بے چینی کی وجہ سے اُٹھکر کھڑا ہو گیا اور بولا۔ "اچھا اور اگر میری جگہ تم ہوتیں تو کیا کرتیں؟"

"کیا کرتی؟ میں اُس کو اُس کے کئے کی سزا بھگتنے دیتی۔ اور نہیں تو کیا۔ بھلا تمہیں دوسروں کے معاملوں سے

کیا واسطہ" یہ کہتے ہوئے وہ بھی کھڑی ہوگئی ـــــ یہ اپنے گھونگریالے بالوں میں اُنگلیاں پھیرنے لگا۔ لڑکی کا اشک آلود چہرہ، پریشان، اُداس، لیکن خوبصورت، اُس کی آنکھوں کے سامنے پھر گیا۔ اس کا اپنی ملائم باریک اور دلنشیں آواز میں اظہارِ ہمدردیت کرنا کانوں میں گونجنے لگا۔ اِدھر تو یہ یوں گم سم کھڑا تھا اُدھر دوسری طرف پیٹھ موڑے اس کی بیوی سوچ رہی تھی، اب حضرت اپنی حماقت پر پچھتا رہے ہیں۔ اچھا ہے، ہیں ہی اِسی قابل؛

"مَیں مانتا ہوں میں نے حد سے زیادہ پاگل پن کیا" وہ آخر کار گویا ہوا "لیکن مَیں خیال کرتا تھا کہ تم سمجھ جاؤ گی کہ اس کو اس بیچارگی کی حالت میں روتے ہوئے مَیں نہیں دیکھ سکتا تھا۔ بالفرض محال اس کی جگہ تم ہوتیں۔ اُس کے سر کی جُنبش سے ہی وہ سمجھ گیا کہ اُس نے یہ کوئی سخت خطرناک بات کہدی ہے۔

"خوب! میری آپ کی نظروں میں بس گویا یہی وقعت ہے!"

اس نے اپنی بیوی کا بازو پکڑتے ہوئے کہا "ہرگز نہیں اٹلیس! خدا کے واسطے ایسے فضول خیال دل میں نہ لاؤ۔"

اٹلیس نے اُس کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے جواب دیا "یہ تو بتاؤ وہ روپیہ آخر تھا کس کا؟ اب تمھی کو اور مجھے باہر جانا نصیب نہ ہوگا۔ کیوں؟ محض اس واسطے کہ آپ ایک آوارہ چھوکری کو آنسو بہاتے نہیں دیکھ سکتے تھے!"

اور قبل اس کے کہ وہ کچھ جواب دے سکے وہ چاچی تھی۔ غصّہ اور رنج سے متلیش کا بُرا حال تھا۔ اس کی چھٹیوں کو برباد کر دیا۔ ہاں اپنی بیوی کی چھٹیوں کو ایک آوارہ لڑکی کے بھینٹ چڑھا دیا۔ پھر بھی کیا یہ اُس کی اپنی چھٹیاں نہ ہوتیں اور علاوہ ازیں روپیہ بھی تو آخر اسی نے کمایا تھا۔ وہ روپیہ کسی لڑکی کو خود سے دینا ہرگز نہیں چاہتا تھا آخر اسے اس نیکی اور رحمدلی کا صلہ ہی کیا مل گیا۔ بالفرض اگر وہ یہی روپیہ کسی خیراتی بکس میں ڈال دیتا تب بھی کیا اٹلیس یوں ہی پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑتی۔ چاہے ان کی چھٹیوں کا معاملہ کیوں نہ ہوتا! اسے تو ان دونوں باتوں میں کچھ ایسا زیادہ فرق نہیں معلوم ہوتا تھا۔ وہ اپنے گھٹنوں پر دونوں کہنیاں ٹیکے بیٹھا تھا۔ اور نظریں نیچے قالین پر جمی ہوئی تھیں۔ وہ تمام خیالات جو دو مختلف مذاق کے ایک ساتھ زندگی گذارنے پر خواہ مخواہ پیدا ہوتے ہیں۔ اُس کے گھونگریالے بالوں کے نیچے دماغ میں چکر لگا رہے تھے اور اسکی معصوم بچوں جیسی آنکھوں سے پریشانی ٹپکی پڑتی تھی۔

آخر وہ بدمعاش ان بدنصیب لڑکیوں کے ساتھ کیوں ایسا جارحانہ سلوک کرتے ہیں۔ اگر صرف وہ روئی نہ ہوتی! وہ جان بوجھ کر نہیں رو رہی تھی! یہ وہ اُسکی سسکیوں کی آواز سے ہی جان گیا تھا۔ اور مجبوریٹ کون تھا۔ وہ ایسا کوئی پہونچا ہوا ولی تو نظر نہیں آتا تھا۔ انہی میں سے ایک تھا جن کے کارن ان غریبوں کی یہ دُرگت بنتی ہے۔ پھر اسے کیا حق تھا کہ اس کے ساتھ ایسا سلوک کرے؟ اٹلیس کو ایسا ہرگز نہیں کہنا چاہیئے تھا! یکایک عالمِ خیال میں اُس نے اٹلیس کو اپنے موزوں پر جھکے ہوئے دیکھا۔ نرد اور گرمی سے نڈھال بچی کے لئے یا اس کے لئے جیسے کام میں مصروف۔ اور اُس نے اُس کے آرام اور تفریح کی اُمید کو یوں ملیامیٹ کیا۔ اس سے وہ کسی صورت انکار نہیں کر سکتا تھا! اسکا ضمیر اسے ملامت کر رہا تھا۔ اس کو فوراً اُوپر جا کر اٹلیس کو ڈھونڈنے اور تالیف قلب کی کوشش کرنی چاہیئے وہ اپنی بائیسکل رہن رکھ دیگا ـــــ اور وہ ضرور چھٹیاں منائیگی۔

ہاں کیوں نہیں ایسا ہو سکتا ہے۔ اُس نے دروازہ کھولا اور سُننے لگا۔ چھوٹے سے گھر میں مکمل سکوت چھایا ہوا تھا۔ صرف شام کا معمولی شور و غل، بسوں کی آواز جو سڑک پر دوڑتی پھر رہی تھیں اور بچوں کی آوازیں جو گلی میں مختلف گھروں کے دروازوں پر کھیل رہے تھے۔ ایک کیلے والا کیلوں کی گیل لئے آواز لگا رہا تھا۔ سلیش نے خیال کیا کہ وہ اُوپر خوابگاہ میں بچی کے پاس ہوگی اور زینے کا راستہ لیا۔ معاً اُسے خیال آیا زینہ کس قدر بدقطعی ہو رہا ہے علاوہ ازیں سیڑھیوں پر پاانداز کی بھی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ خُدا جانے اور کتنی چیزوں کی آلیس کو ضرورت ہوگی۔ انسان چار پونڈ دس شلنگ فی ہفتہ میں جبکہ لوازماتِ زندگی لیے گراں ہوں کس طرح ضرورت کی سب چیزیں ایک دفعہ ہی مہیا کر سکتا ہے۔ لیکن آلیس کو یہ بھی تو سوچنا چاہئے کہ ایسی بھی بہت سی چیزیں ہیں، اچھی یا بُری، جن کی اُسے خو بھی ضرورت رہتی ہے لیکن پھر بھی وہ اُنہیں حاصل کرنے کا خیال نہیں کرتا۔

خوابگاہ کا دروازہ مقفل تھا۔ اُس نے زینہ کے سر پر کھڑے ہو کر دستہ پکڑ کر کھٹکھٹایا۔ اچانک دروازہ کھُلا اور آلیس اُس کے مقابل کھڑی تھی۔ "میں تمہیں اُوپر نہیں آنے دوں گی۔"

"بات تو سُنو آلیس! یہ کیا حماقت ہے۔"

اُس نے پیچھے ہاتھ لیجا کر کمرے کا دروازہ بند کر دیا اور بولی "خیر حماقت ہی سہی۔ لیکن آپ نیچے تشریف لے جائیں۔ مجھے آپ کی ضرورت نہیں۔ سوچا ہوگا کہ میں اس رونے کی سُن کھرٹ کہانی پر ایمان لے آؤں گی۔ میں تمہاری جگہ ہوتی تو شرم سے ڈوب مرتی۔"

"شرم سے ڈوب مرتی۔ کیوں؟" بیشک وہ آزردہ ضرور تھا لیکن شرم سے ڈوب مرنے کی اس میں خرابی کونسی بات تھی؟

"تمہارا خیال ہے کہ میں مَردوں کی چالوں کو نہیں سمجھتی؟ نہیں میں تم لوگوں کے رگ و ریشہ سے خُوب واقف ہوں۔ جاؤ تم بڑی خوشی سے اُس . . . . لڑکی کے پاس جا سکتے ہو کیونکہ وہ ٹھیری خُوبصورت اور پریمی جمال!" وہ مضبوطی سے دروازے سے لگی کھڑی تھی اور اُس کے دونوں رُخسار شدّت غیظ سے آتشیں ہو رہے تھے۔ اور اس کا برتاؤ ایسا سخت تھا گویا ایک دُرشت مزاج جج مجرم پر فردِ جُرم ثبت کر رہا ہو۔

"آلیس! خُدارا یہ کیا ہو گیا ہے۔ کہیں تم پاگل تو نہیں ہو گئیں؟ میں نے تو کوئی ایسی حرکت نہیں کی ہے۔"

"لیکن کرنے کو دل تو چاہتا ہے۔ جاؤ نہ پھر کتنی بار کہوں، مجھے تمہاری ضرورت نہیں ہے۔"

اس کی نیلی آنکھوں کا قاتلانہ انداز، غضب آلود آواز اور لب و لہجہ چہرے کی سختی اور دُرشتی اس جیسے سادہ لوح آدمی کو یہ سمجھانے کو کافی تھا کہ وہ نرا کاٹھ کا اُلّو ہے، کسی چیز کی بابت کچھ جانتا ہی نہیں۔ اور پھر غضب یہ کہ یہ سب کچھ اُسکی اپنی بیوی کی زبان سے ادا ہو رہا تھا۔ وہ سہارا لینے کے لئے دیوار سے لگ گیا اور اس کے سوا کچھ نہ کہہ سکا "خیر میں ہی گدھا تھا۔"

"تو کیا تمہارا یہ مطلب ہو کہ اُس نے تم سے مُطالبہ نہیں کیا تھا؟" آلیس نے پوچھا۔

لڑکی کے کارڈ کا جو اُسکی جیب میں پڑا ہوا تھا، معاً خیال آکر اسکی دونوں ہتھیلیاں پسیج گئیں۔

"اب اس خواہ مخواہ کی بدظنی اور بدگمانی کا تو کوئی علاج نہیں۔ آخر تم نے مجھے سمجھ کیا رکھا ہے؟"

"اپنی ننھی بچی کا روپیہ ایک آوارہ چھوکری کی نذر کرنے والا۔ تمہیں اس کے روپے دینے ہی آتے ہونگے ——— ہاں ٹھیک ہے جبھی تو ——— یا نہیں تو اب وصول کیا چاہتے

ہوگے۔ جاؤ اپنا راستہ لو نا یہاں کھڑے رہنے سے فائدہ؟"

میتش کے دل میں خواہ مخواہ خیال پیدا ہوا کہ اتیس کے مُنہ پر ایک تھپّڑ رسید کرے ۔۔ جو اتنا مکروہ نظر آرہا تھا۔

"اچھا" وہ آہستہ سے بولا "اب مَیں سمجھ گیا"

خبر نہیں وہ کیا سمجھ گیا تھا؟ شاید یہ کہ اُس کی بیوی کی سرشت بھی انہی لوگوں سے ملتی جلتی ہے۔ اُنہیں تھامنے والوں جیسی۔ اس کا لہجہ بھی انہیں کا سا ہے بلکہ ان سے بھی کہیں زیادہ سخت ——— اُس کی نگاہ میں یہ چیز نظر انداز ہی کے قابل ہی نہیں۔ بلکہ شاید مجوزہ سزاؤں سے بھی کہیں زیادہ لائقِ تعزیر ہے۔

"میں نے خیال کیا تھا ——— مَیں نے سوچا ہے کہ تم ———" وہ بُڑبُڑایا۔

"بس چُپ رہو" اتیس نے ڈپٹتے ہوئے اُس کی بات ادھوری کاٹ دی۔

یہ لہجہ قطعی ناقابلِ برداشت تھا اور وہ فوراً نیچے جانے کے لئے مُڑ گیا۔

"واہ واکیا شان ہے جیسے مُردہ کفن سمیت قبر سے نکل بھاگا ہو"

قبل اس کے کہ وہ اس طنز آمیز ہتک کا جواب دیکے دروازہ کھٹ سے بند ہوگیا اور قفل میں کنجی پھرنے کی آواز سُنائی دی۔ ہیوقوف محض! اُس کے جذبات میں مارے طیش اور غصّے کے اتنا زبردست تلاطم پیدا ہوا کہ وہ چھجّے پر کھڑا نہ رہ سکا۔ اگر درحقیقت اُس نے کوئی ناشایستہ حرکت کی ہوتی تو کیا وہ کبھی اتیس سے اس کا تذکرہ کرتا؟ آخر کیوں؟ اسکی خطا کیا ہے؟ یا محض اس خطا پر مجھے مارا کہ خطاوار نہ تھا کیونکہ فی الحقیقت اُس کے دل میں تو کبھی کسی بیہودگی کا خیال تک بھی نہ آیا تھا۔ اس حد سے بڑھے ہوئے اہانت آمیز سُلوک اور مایوسی سے اُس کا سر چکرا اُٹھا۔ وہ سیدھا دوڑتا ہوا نیچے آیا اور کھونٹی پر سے اپنی ٹوپی کھینچتے ہوئے باہر نکل گیا۔

بازار میں کچھ عجب بدبو پھیلی ہوئی تھی۔ اوّل تو لندن کی گھُٹن، اُوپر سے تلی جانے والی مچھلیوں کی بساند، پیٹرول، غرض فضا بیحد مکدّر تھی۔ اُس کی آنکھوں سے یخ دمایوسی ٹپکی پڑتی تھی اور وہ انتہائی سراسیمگی کے عالم میں سوچتا ہوا چلا جارہا تھا ——— تو یہ ہے اصل فطرت اُس لڑکی کی جس سے اس نے شادی کی۔ یہ ——— یہ۔ اس سے شادی کرنا تو ایسا ہی ہے جیسے ان بدمعاش تھانہ والوں سے۔ بھلا یہ بھی کوئی انسانیت ہے ——— نہیں، ہرگز نہیں۔ معاذ اللہ! اس قدر بدگمانی اور پھر یہ پارسائی کا دعویٰ! اگر سچّائی، نیکی اور صاف دلی کا یہی بدلہ ہے تو کس کام کا؟ یہ تو وہی ہوا کہ نیکی برباد گُنہ لازم ——— کسی نے اُسکے شانے کو چھُوا۔

"مسٹر! آپ کی پیٹھ پر تمام سفیدی لگی ہوئی ہے۔ لائیے مَیں جھاڑ دوں"

وہ حیران اور ساکت کھڑا ہوگیا۔ اور ایک شریف صورت شخص نے اُس کی کمر پر دو تین ہاتھ مار کر اُسے صاف کر دیا ——— "جیسے مُردہ کفن سمیت قبر سے نکل بھاگا ہو" خیال آتے ہی اُس کے تن بدن میں آگ سی لگ گئی۔ بہتر۔ وہ اس کا مزہ چکھا کر رہے گا۔ اُس نے فوراً لڑکی کا کارڈ ٹٹولا ——— اور اچانک کسی خیال سے وہ اچنبھے میں رہ گیا۔ کارڈ دیکھنے کی ایسی کوئی خاص ضرورت نہیں کیونکہ بنا دیکھے بھالے اُسے بخوبی یاد تھا کچھ ایسا دُور نہیں ——— یوسٹن روڈ کے پرلی طرف ——— یہ تو عجیب بات ہے! کیا وہ بلا جانے بوجھے اسے دیکھتا رہا تھا؟ کہتے ہیں کہ انسان کے دماغ کا ایک حصّہ آپ ہی آپ غیر ارادی طور پر کام کرتا رہتا ہے۔ غالباً یہ اسی کا کارنامہ ہے؟ نہیں، اب اس کے دماغ کا یہ فعل بلا ارادہ نہیں

کہا جاسکتا۔ وہ اَنیس کو اُس کی خواہ مخواہ کی بدگمانی کی قرار واقعی سزا دینا چاہتا ہے! وہ یونسٹن روڈ پر پہونچ گیا۔ لیکن اسے ملے کرتے ہوئے اس کے پیر خود بخود لڑکھڑانے لگے گویا اُسے جچتا رہے ہوں کہ وہ غلطی کر رہا ہے۔ وہ لڑکی کے ہاں محض اس لئے نہیں جا رہا کہ بیوی کو سزا دے بلکہ ——— یہ یقیناً میرا بہت بُرا فعل ہے۔ ادھر وہاں جانا تو گویا اَنیس کی بات کو سچ کر دکھانا ہے۔ وہ ایک چھوٹے سے چوک کے قریب ٹھہر گیا۔ جہاں میں باغیچہ لگا کر کٹہرے سے حد بندی کر دی گئی تھی ——— آج تک اُس نے اپنی بیوی کے ساتھ ہمیشہ انتہائی وفادارانہ سلوک برتا تھا۔ لیکن اب بھی اس بیہودہ خیال کی محرک وہی تو تھی ورنہ اس کی نیک فطرت یہ کبھی روا نہ رکھتی ——— لیکن اس کے باوجود اُسکے پیروں کی لغزش کچھ عجیب طرح اَنیس کو درگذر کرنے کی سفارش کر رہی تھی۔ ایسی حماقت کرنا تو گویا آگ سے بچکر کنوئیں میں پھاندنے کے مترادف ہوگا۔ اگر خدانہ کرے اس سے کوئی زیبوں حرکت سرزد ہو جائے تو پھر اس میں اور ان بدمعاشوں میں جن کی بابت وہ تھانہ میں سوچ رہا تھا، فرق کیا رہ جائے گا؟ خیر اَنیس کو جانے دو ——— تھانہ والوں کو بھی گولی مارو۔ لیکن کیا یہ اُسکی شایانِ شان ہے؟ کیا کوئی شریف آدمی ایسی حرکت کر سکتا ہے؟ ہرگز نہیں یہ سراسر نیچی اور شرافت کے خلاف ہے ——— باغیچہ میں سے ایک کبوتر کی غٹرغوں نے اس کے سلسلۂ خیالات کی بانگ دوسری طرف موڑ دی۔

"اگر کبھی ادھر سے گذرنے کا خیال ہو تو مجھے آپ سے مل کر بیحد مسرت ہوگی" الفاظ کی ادائیگی کا طریق سراسر دوستی پر مبنی معلوم ہوتا تھا۔ اور اظہارِ ممنونیت بالکل سچا تھا۔ اسکے علاوہ لڑکی کی نظریں بھی اسی حقیقت کی صحیح ترجمانی کر رہی تھیں۔ اگر صرف اَنیس نے اُس کی ہمدردی اور نیک دلی کو سراہا ہوتا، تو یقیناً وہ آئندہ کبھی اس لڑکی کا بھولے سے بھی ہرگز خیال دل میں نہ لاتا۔ یہ سب کچھ ——— خیر، محض تصور ہی نے دوبارہ پھڑپھڑاہٹ پیدا کر دی۔ وہ ایک شادی شدہ آدمی ہے اور ایسی جرأت اُسے مناسب نہیں۔ لیکن ——— اُس نے مکانوں کے نمبروں پر نظر دوڑائی۔ ستائیس! وہ رہا۔

اچانک گل نافرمان کی خوشبو سے اس کا دماغ مہک اُٹھا۔ اور اس کے خیالات اک دم کہاں سے کہاں پہونچے۔ زمانہ ماضی۔ وہ خوشگوار ایام جبکہ وہ چھٹیاں بسر کرنے سمرسٹ گیا ہوا تھا۔ اَنیس سے اولین ملاقات، وہ سارے سارے دن کھیتوں اور باغوں میں گھومتے پھرنا ——— لیکن اَنیس ——— کونسی اَنیس؟ ——— وہ خوش مزاج اور ہنسمکھ اَنیس جس پر وہ فریفتہ ہوگیا تھا۔ نہ کہ یہ اَنیس جو ابھی ذرا دیر پہلے زینے پر کھڑی اُسے ہدفِ ملامت بنائے ہوئے تھی ——— !

اُس نے اس سامنے والے ذلیل سے مکان پر ایک گہری اور پُرمعنی نظر ڈالی اور سر سے پیر تک شرم سے کانپ اُٹھا ——— بالفرض محال اگر وہ اندر داخل ہوگیا ہوتا ——— تو وہ لڑکی اپنے دل میں کیا سوچتی؟ یہی کہ اُس نے میرا جسٹمانہ اسی لئے ادا کیا تھا کہ ——— لیکن معاملہ اس کے قطعی برعکس تھا۔

توبہ الٰہی! پھر آخر یہ اُسے یہاں آنے کی سوجھی ہی کیا تھی؟ اُس نے فوراً ادھر سے رُخ پھیر لیا اور تیز تیز قدم اُٹھاتا وہاں سے روانہ ہوگیا۔

تھیٹروں کے اُوپر نام روشنی سے جگمگا رہے تھے۔ بازاروں میں بھیڑ بھاڑ بالکل نہ تھی۔ کوئی اِکا دُکا آدمی یا گاڑیاں چلتی پھرتی نظر آجاتی تھیں۔ وہ لیسٹر اسکوائر (Leicester Square) کے قریب پہونچکر

ذرا سستانے کے لئے ایک بنچ پر بیٹھ گیا۔ اندھیرا ہوتے ہی رفتہ رفتہ تمام روشنیاں جل گئیں اور بازار جگمگا اُٹھا۔

واقعات کی تلخی سے وہ عجب شکست خوردہ سا ہو رہا تھا۔ دُنیا اس قدر وسیع اور اس کی لذتیں ایسی عام ہوتے ہوئے بھی ایک شخص کی قسمت میں اس قدر محدود حصہ آئے ——— سارے دن حساب میں مغز پچی کرنا اور شام کو اتیس کے پاس گھر لوٹ جانا ——— بس یہی اس کی زندگی ہے۔

لیکن جب اتیس اس پر مہربان تھی تو یہ بھی کچھ ناگوار نہیں معلوم ہوتا تھا۔ لیکن اگر دُنیا کی تمام دوسری لذتوں اور نعمتوں کی طرف سے آنکھیں بند کر لی جائیں ——— تو چار پونڈ وِیکلی شلنگ فی ہفتہ ایک بیوی اور ایک بچی۔ انسان خاصے آرام سے گذر کر سکتا ہے، بشرطیکہ اُسے سکون اور طمانیت حاصل ہو۔ لیکن اتیس کے ذرا دیر پہلے کے برتاؤ کا خیال کرتے ہوئے تو اس کی وہی مثل ہو گئی کہ دھوبی کا کتا نہ گھر کا نہ گھاٹ کا' ساری دلچسپیوں سے مُنہ موڑ کر گھر اور صرف گھر کا ہو جانے پر بھی یہ جارحانہ اور ہتک آمیز برتاؤ کسی طرح برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

آہ! بیچاری اتیس! اُس کی تفریح اور آرام کی یوں بربادی جبکہ وہ ایک مدت سے میکہ جانے کی آس لگائے بیٹھی ہو، وہ یقیناً اتنی آسانی سے گوارا نہیں کر سکتی! لیکن پھر بھی اسے اس کو کم از کم اتنا کہنے کا موقع اور مُہلت دینی چاہیئے تھی کہ وہ اپنی بات سمجھ سکے رہن رکھ دیگا۔

یا اللہ! کہیں یہ سب کچھ ایک پریشان خواب تو نہیں؟ کیا وہ سچ مچ کبھی اس تھانہ میں گیا تھا ——— جہاں وہ سفاک ان لڑکیوں کو جیل کی طرف ہانک رہے تھے، جیسے قصاب بھیڑوں کو ذبح کرنے کے لئے کمیلہ کی جانب ہانکتے ہیں ——— لڑکیاں جو اتنی ہی قصوروار تھیں جتنے کہ وہ خود ——— کیونکہ ..... خیر ——— کسے پتہ ہے اُس کی اپنی طرح اُن کا یہ اقدام جن حالات کے تحت ہو۔ آج رات کو وہ مزید شکار پھانس لیں گے۔ کیا وہ روز روز اُن کے جُرمانے چکاتا پھرے گا؟ پھر وہ رقم ادا کرنی نرمی حماقت نہیں تو کیا تھی؟۔

"نہیں خُدا کا شکر ہے کہ مَیں اُس کے گھر نہیں گیا" وہ اپنے آپ سے گویا ہوا۔ "ورنہ میری کیا عزت رہ جاتی"

بس اس تمام معاملے سے متعلق یاد رکھنے کے قابل صرف اس کا وہ دیکھنے کا انداز تھا جب حیرت اور مسرت کے ملے جُلے جذبہ کے تحت اُس نے کہا تھا "اے ——— آپ کا شکریہ!" اس کا خیال آتے ہی اب بھی اُس کی رگوں میں زہر نوخون دوڑ گیا ——— لیکن پھر فوراً ہی کسی دوسرے خیال کے تحت سرد پڑ گیا۔ اس سے فائدہ؟ آخر وہ یہاں کیوں بیٹھا ہے؟ اُسے فوراً گھر واپس چلا جانا چاہیئے۔ اگر پہلے اتیس کو صرف اُسی نسبت شُبہ ہی ہوا تھا تو اب اتنی دیر کر کے لوٹنے پر وہ کیا کہیگی۔ خیر، جو ہو سو ہو اب تو پانی سر سے گذر چکا۔ پھر بھی وہ یہ خواہش کئے بغیر نہ رہ سکا کہ کاش اُسکی بیوی کا نظریہ نیکی و پارسائی ایسا نہ ہوتا۔ آسمان پر گہرا اندھیرا چھا گیا تھا۔ اور روشنیاں دودھ کے مانند سفید نظر آ رہی تھیں باغ میں پھولوں کے تختے بعینہٖ ایسے ہی غیر حقیقی معلوم ہو رہے تھے جیسے اسٹیج کے مناظر۔ بہرحال اب اُسکو چلد دینا چاہیئے۔ بیکار پریشان ہونے سے کوئی فائدہ نہیں۔ وہ ایک جھرجھری لیکر بنچ سے اُٹھ کھڑا ہوا اُسکی آنکھیں جو سامنے روشنی پر لگی ہوئی تھیں۔ گول، صاف شفاف، روشن اور خوبصورت بالکل ایسی ہی تھیں جیسے بچوں کی۔

(گالزوردی)

مس قیصر احمد

بلوہ

سویرا ہو رہا تھا۔ آفتابِ عالمتاب مختلف رنگوں کی جلو میں فلک پر نمودار ہو رہا تھا۔ آخر سورج کی شعاعوں نے مادر گیتی کے پیر چومے۔ دن نکل آیا۔ للو بھی اپنی گدڑی کو سمیٹ کر آنکھیں ملتا ہوا سڑک کے کنارے سے اٹھ کھڑا ہوا۔ اس نے جلدی سے انہیں میلے کچیلے کپڑوں سے اپنے منہ کو پونچھا اور بازار کی طرف روانہ ہو گیا۔ مطلب یہ تھا کہ دکان کھوتے وقت دکانداروں سے کچھ مل جائیگا۔ وہاں جاکر وہ ایک دکان کے قریب بیٹھ گیا اور دکان والوں کا انتظار کرنے لگا۔ چھ بجے، سات بجے، آٹھ بجے۔ کوئی دکاندار نمودار نہ ہوا۔ للو سخت حیرت زدہ اور نا امید ہو کر اٹھ کھڑا ہوا اور ایک سمت میں گردن جھکائے ہوئے چل دیا۔ ابھی دو ہی چار قدم چلا ہوگا کہ پیچھے سے گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز سنائی دی۔ پیچھے مڑ کر دیکھا تو شہر کوتوال صاحب مع نصف درجن سپاہیوں کے چلے آ رہے ہیں۔ کوتوال صاحب نزدیک آکر ڈپٹ کر بولے "کیوں بے یہاں کہاں گھوم رہا ہے۔ کچھ چوری وری کرے گا کیا؟" للو کی ڈر کے مارے جان نکل گئی، بیچارے نے گردن جھکا لی۔ "اچھا بھاگ اب یہاں سے" کوتوال صاحب نے کہا۔ "جانتا نہیں ہندو مسلمان میں بلوہ ہو گیا ہے۔ للو غریب ایک سمت کو تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا چل دیا۔ جس وقت وہ ایک تنگ گلی کو پار کر رہا تھا۔ ایک ہندو لاٹھی لے کر اس کی جانب دوڑا "مار مار مسلمان ہے" ایک نے پیچھے سے للکارا۔ اس نے لاٹھی اٹھائی ہی تھی کہ ایک تیسرے آدمی نے پکارا "ارے یہ تو ہندو ہے جانے دو" لاٹھی رک گئی لالہ جی مہربان ہو گئے۔ قریب آکر کہنے لگے۔ "آج ہم لوگ ناکے پر جمع ہو رہے ہیں، وہیں سے سب ملکر مسلمانوں پر دھاوا بولیں گے چلو تم بھی چلو"۔ للو نے غیر تعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ "لالہ جی بھوک بہت لگی ہے کچھ کھانے کو ملتا تو چلتے"۔ اب تو لالہ جی سٹپٹا کر بولے۔ "ابے یہاں کھانا کہاں دھرا ہے تو بھی عجب بھک منگا ہے"۔ ایک غلیظ گالی دیکر لالہ جی چلتے ہوئے۔

للو آگے بڑھا۔ راستے میں ایک لاش ملی جسے کتے نوچ رہے تھے۔ سارا شہر سائیں سائیں کر رہا تھا۔ قصابیوں کے محلہ میں کچھ چہل پہل معلوم ہوئی۔ وہاں لاکھوں مجاہدین اسلام لاٹھیوں ڈنڈوں اور چھریوں سے مسلح ہو کر ہندوؤں پر حملہ آور ہونے کی تیاری کر رہے تھے۔ جیسے ہی للو ان کے نزدیک پہونچا ایک بڑی لانبی سی ڈاڑھی والے مجاہد نے پوچھا۔ کیوں بے مسلمان ہے نا"۔ "ہاں مولبی صاحب" للو نے دانت نکال کر کہا۔ "تو چلتا کیوں نہیں ہندوؤں سے لڑنے بہشت ملے گی لے بہشت"۔ "مولبی صاحب بھوک بہت لگی ہے کچھ کھانے کو ملتا تو چلتے"۔ للو نے لڑکھڑاتے ہوئے کہا۔ "دھت تیرے بدنصیب کی" مولوی صاحب نے ایک لات ماری "یہاں جیسے کھانا لئے پھر رہے ہیں بدنصیب۔ کم بخت۔ نالائق"۔ للو ہاتے وائے کرتا رہا لیکن سُننا کون ہے، مجاہدین اللہ اکبر کے فلک شگاف نعرے لگاتے ہوئے دشمنانِ دین سے جہاد کرنے روانہ ہو گئے۔

للو کے دل میں نہ مذہبی حرارت تھی نہ دینی جذبہ تھا۔ اسے تو یہی تک نہ پتہ تھا کہ اسکا دین و مذہب کیا ہے، رات دن بھیک مانگنا اُسکا کام تھا جس بھلے آدمی سے اسے ایک پیسہ ملجاتا بس وہی اُسکا دیوتا تھا خواہ اُسکا کوئی مذہب ہو۔

دل ہی دل میں موٹے موٹے درندہ خصلت دینداروں کو کوستا اور بھوک سے نڈھال وہ ایک طرف کو روانہ ہوگیا۔ وہ نواب فخر الدین صاحب کی کوٹھی کے پھاٹک پر پہونچا۔ رات ہو رہی تھی۔ بیچارہ دن بھر کا بھوکا پیاسا اور تھکا ماندہ تو تھا اُس پر لاتیں اسقدر کھائیں کہ چلنا دُوبھر ہوگیا تھا۔ گھر گھاٹ تو کہیں تھا نہیں، نواب صاحب کی کوٹھی کے پھاٹک پر سُستا کر اس اُمید میں بیٹھ گیا کہ کچھ مل جائے گا۔ نواب صاحب مسلمانوں کے قائد اعظم تھے۔ ابھی حال ہی میں تعزیہ والے مقدمے میں آپ نے جج سے ملکر سات ہندوؤں کو سزا دلوائی تھی۔

لو بج گئے تھے شہر سے شور و غل کی آوازیں آرہی تھیں۔ ہندو مُسلم آپس میں خوب کٹ مر رہے تھے۔ للّو نے بیٹھے بیٹھے سوچا آخر یہ لوگ کیوں کٹ مر رہے ہیں۔ اِس سے فائدہ کیا ہے۔ میرے دل میں کیوں مذہبی جوش نہیں پیدا ہوتا۔ پھر خود ہی بڑبڑانے لگا۔ بھیّا یہ سب روٹی کے کھیل ہیں جب پیٹ بھرا رہتا ہے تب مذہب و مذہب سب سُوجھتا ہے۔ ابھی اس کا سلسلۂ خیال یہیں تک پہونچا تھا کہ کچھ لوگ آتے ہوئے دکھائی دئے۔ یہ مسلمانوں کا گروہ تھا جو اللہ اکبر کے نعرے بلند کرتا ہوا نواب صاحب کو کلکٹر صاحب کی کوٹھی سے ان کے گھر تک باحفاظت پہونچانے آرہا تھا۔ وہ لوگ پھاٹک کے نزدیک تک آکر چلے آگئے، نواب صاحب ایک شاندار شیروانی زیب تن کئے ہوئے للّو کے نزدیک سے گذرے "حضور بہت بھوک لگی ہے" نواب صاحب نے ایک انتہائی غلیظ گالی دی اور غریب کو ایسی ٹھوکر ماری کہ اُسکا آدھا دم ہی نکل گیا۔

رات کے گیارہ بج چکے تھے۔ ہر طرف سناٹا چھایا ہوا تھا۔ للّو مار کھا کر بھوک پیاس کی شدت سے تنگ آکر نیم بیہوشی کے عالم میں پڑا ہوا بڑبڑا رہا تھا "سُنتے ہیں کہ ایک اللہ بھی ہوتا ہے جو سب پر بہت مہربان ہوتا ہے۔ لیکن مجھ سے کیا خطا ہوئی کہ میں پیدائش سے لے کر آج تک پیٹ بھر کھانا نہ کھا سکا" وہ ذرا طیش میں آکر بولا "یہ سب بڑے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں۔ اللہ بھی روپے والوں کا ساتھی ہے۔ خیر"..... ایک لالٹین کی روشنی نے اس کے سلسلۂ کلام کو توڑ دیا۔ وہ دُور سے چمک رہی تھی اور اس کی طرف آتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔ اب روشنی قریب آگئی تھی، چار آدمی کوٹھی کی طرف آرہے تھے۔ ان میں ایک حسین و جمیل عورت تھی اور باقی تین آدمی ہار مونیم طبلہ اور سارنگی وغیرہ لئے تھے۔ جب عورت قریب سے گذری للّو نے کہا "بی بی صاحب سویرے کو بھوک لگی ہے کچھ مل جاتا" ان میں سے ایک آدمی کچھ بڑبڑایا۔ عورت چونک پڑی "ارے یہ کون بیچارہ ہے۔ اچھا لے پیسہ لے پیسہ قریب کے پتھر پر چمپن سے گرا "بی بی صاحبہ پیسہ کیا ہوگا دُکانیں سب بند ہیں" "اچھا بیٹھو ابھی بھیجتی ہوں کھانے کو" عورت نے پھاٹک میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔

تھوڑی دیر بعد ایک نوکر دو روٹیاں اور ایک مٹی کے پیالے میں کچھ دال لے کر آیا۔ یہ للّو کے لئے نعمت تھی اسکا پژمُردہ چہرہ خوشی کی روشنی سے دمک اُٹھا۔ اس گنہگار طوائف کے لئے اس کے روئیں روئیں سے دعا نکل رہی تھی۔ اور مجاہدین اور سورماؤں کے لئے.....

محمد جعفر بیجوڑہ

چغتائی نمبر جس میں مرزا عظیم بیگ چغتائی کے کم و بیش بیس نہایت پاکیزہ مضامین شامل ہیں۔ مزاحیہ فسانوں اور ڈراموں کے علاوہ اس میں بیس بہار کتابیں "شہزوری" اور "سوانح کی روحیں" بھی شامل ہیں۔ قیمت ایکروپیہ معہ محصول۔ ملنے کا پتہ:۔ سمائی بکڈپو۔ دہلی

نقد و تبصرہ

مکاتیبِ غالب — اسٹیٹ لائبریری رامپور نے میرزا نوشہ غالب کے (۱۱۵) خطوط کا مجموعہ بڑی آب و تاب سے شائع کیا ہے۔ یہ خطوط وہ ہیں جو غالب نے فرمانروائانِ رامپور نواب فردوس مکان اور نواب خلد آشیاں اور جنہ اور حضرت کو لکھے تھے۔ جناب امتیاز علی عرشی نے جو اسٹیٹ لائبریری کے لائبریرین ہیں ایک بسیط مقدمہ اور حواشی کے ساتھ ان خطوط کو چھاپا ہے۔ یہ کتاب سلسلۂ مطبوعاتِ کتب خانۂ ریاست رامپور کی پہلی کڑی ہے اور موجودہ فرمانروائے رامپور کے حکم سے شائع کی گئی ہے۔ کتاب مجلد ہے اور مطبع قیمۂ بمبئی کے نہایت خوشنما آہنی ٹائپ میں چھاپی گئی ہے۔ مرزا غالب کی قلمی تصویر کا عکس، عکس تحریر، شبیہ نواب فردوس مکاں اور شبیہ نواب خلد آشیاں۔ یہ چار تصویریں اس میں شامل ہیں۔ جلد عمدہ اور مضبوط کپڑے کی ہے۔ چار روپے میں یہ کتاب لائبریرین اسٹیٹ لائبریری رامپور سے منگائی جا سکتی ہے۔

مکاتیبِ غالب کی تقریب ریاست کے چیف منسٹر بشیر حسین صاحب زیدی نے تحریر فرمائی ہے۔ اس کے چند اقتباسات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:۔

"۱۸۵۷ء میں نواب جنت آرامگاہ نے وفات پائی۔ آپ کے بعد نواب سید محمد یوسف علی خاں بہادر فردوس مکاں نے تاج ریاست زیب سر فرمایا۔ آپ نواب جنت آرامگاہ کی تخت نشینی سے قبل دہلی میں قیام پذیر ہوئے تھے اور مولانا فضل حق خیر آبادی، مفتی صدر الدین خاں آزردہ اور میرزا اسد اللہ خاں غالب سے علوم عربی و فارسی کی تحصیل فرما چکے تھے۔ آپ کی تخت نشینی کے دو سال بعد ہندوستان نے حکومتِ انگلشیہ کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا۔ نواب فردوس مکاں نے اس موقع پر حکومت کی حمایت و ہمدردی میں بیش بہا خدمات انجام دیں اور غدر فرو ہو جانے پر افاقت رسیدہ علماء، شعراء، ادباء اور دیگر اہلِ ہنر کے لئے اپنے سایۂ عاطفت و پرورش کو وسیع فرمایا۔"

آگے چلکر فرماتے ہیں:۔

"نواب فردوس مکاں نے انہیں (غالب کو) فنِ سخن میں اپنا مشیرِ خاص مقرر فرمایا تھا ..... ۱۸۵۸ء سے سو روپیہ ماہوار تنخواہ جاری فرمادی تھی جو اُن کے (نواب فردوس مکاں کے) انتقال کے بعد نواب خلد آشیاں کے خزانے سے ملتی رہی۔"

اس طرح ۱۸۵۸ء سے ۱۸۶۹ء تک رامپور سے مرزا غالب کا سلسلۂ مراسلت جاری رہا جس کا بیشتر حصہ محفوظ رہا اور اب ریاست کی طرف سے اسے "مکاتیبِ غالب" کے نام سے اربابِ ذوق کے لئے شائع کر دیا ہے۔ جناب عرشی نے دو سال کی مسلسل کاوش و تحقیق کے بعد اس کا جو مقدمہ لکھا ہے وہ ایک خاصہ کی چیز ہے اور ہمارے خیال میں اُن سے بہتر اس خدمت کو کوئی اور انجام بھی نہیں دے سکتا تھا۔ آپ صرف اس مقدمے کے عنوانات ملاحظہ فرمالیں۔ انہی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ان کی تفصیل کیا ہوگی:۔

(۱) سرگزشت غالب۔ (۲) تصانیف۔ (۳) تلامذہ۔ (۴) لوازماتِ امارت۔ (۵) انگریزی تعلقات۔ (۶) بہادر شاہ ظفر سے تعلقات۔ (۷) تعلقاتِ رامپور۔ (۸) انشائے غالب۔ (۹) متعلقاتِ انشاء (۱۰) طباعتِ خطوط۔

دیباچے کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا عرشی نے کم و بیش بیس نہایت مستند اور نایاب کتب کی امداد سے مندرجہ بالا عنوانات پر خامہ فرسائی کی ہے اور ان سب سے زیادہ انہوں نے ان مکاتیب سے استفادہ کیا ہے جو اب تک چشمۂ حیواں کی طرح تاریکی میں رہے۔

میرزا غالب اپنے زمانے کے پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنے ادبی ماحول سے بغاوت کی، نظم میں بھی اور نثر میں بھی۔ ثبوت میں اُن کا دیوان اور اُن کے خطوط موجود ہیں۔ ڈاکٹر عبد الرحمٰن بجنوری مرحوم کے اس فقرے میں کہ "ہندوستان کی دو الہامی کتابیں ہیں — وید مقدس اور دیوانِ غالب" گو کتنا ہی مبالغہ کیا گیا ہو لیکن اس میں شبہ کی کم گنجائش ہے کہ فرمودۂ غالب کسی سے دوم درجے پر نہیں ہے۔ مرزا غالب کے زمانے تک خطوط نویسی کا ایک خاص اسلوب تھا جس کی ابتدا رسمی القاب و آداب سے

ہوتی تھی، ان کے بعد چند مقفیٰ فقرے اور آخیر میں دُعا سلام وغیرہ۔ مرزا غالب نے اِس روش سے یکسر انحراف کیا اور سیدھے سادے انداز میں مزے مزے کی باتیں لکھیں، گویا مکتوب الیہ سے باتیں کیں۔ اُن کا کمال یہ ہے کہ تحریر کو تقریر بنا دیا۔ مرزا اتفتہ کو لکھتے ہیں:۔

"بھائی مجھ میں تم میں نامہ نگاری کا ہے کو ہے، مکالمہ ہے" ایک اور صاحب کو لکھا "یہ خط لکھنا نہیں ہے، باتیں کرتی ہیں" جب تحریر کا یہ پرواز ہو تو تقریر بن جانے میں کیا کسر رہ جاتی ہے اِعْجُوبۂ ہندی اور اُردوئے معلّٰی میں مرزا غالب کی بات چیت سنتے رہیئے۔ کبھی جو اِس سے جی بھر جائے۔ کیسے کیسے خطاب، کیسے کیسے القاب لکھے ہیں کہ دل پھڑک جاتا ہے۔ عودِ ہندی جو میرزا غالب کے ۱۶۲ خطوط کا مجموعہ ہے اُن کی زندگی ہی میں اُن کی اجازت سے شائع ہو گیا تھا۔ اُردوئے معلّٰی (حصّہ اوّل) ۷۲ خطوط کا مجموعہ غالب کی وفات کے ۱۹ دن بعد شائع ہو سکا۔ حصّہ دوم اور ضمیمہ وغیرہ بہت بعد میں اضافہ ہوئے ہیں۔

میرزا غالب کی خطوط نویسی کے متعلق اگر بہترین معلومات حاصل کرنی ہو تو ہمارے خیال میں مولانا عرشی مُرتّب "مکاتیبِ غالب" کے دیباچے سے بہتر اور کہیں یکجا نہیں مل سکتی۔

"مکاتیبِ غالب" کے سلسلے میں مُرتّب کا بیان ہے کہ۔

"مرزا صاحب کی دربارِ رامپور سے مراسلت بارہ سال تک جاری رہی۔ اگر اِس طویل مُدّت کے تمام خطوط محفوظ ہوتے تو اُن کی تعداد چار پانسو تک پہونچ جاتی۔ لیکن سوءِ اتفاق سے ان کا بڑا حصّہ محفوظ نہ رہ سکا..... مجموعہ ہٰذا کے مکاتیب کی تعداد ۱۵۱ ہے..... نواب فردوس مکاں کے نام کے عرایض میں چار بزبانِ فارسی اور بقیہ (۳۷) اُردو میں ہیں۔ ۶۳ نواب خُلد آشیاں کی خدمت میں ہیں" بقیہ اور حضرات کے نام ہیں۔ اِن خطوط میں کیا ہے؟ "مکاتیبِ غالب" ہی کے ایک خط میں اس سوال کا جواب ملتا ہے:۔ "در دِل چُناں گزشت کہ دریں بار بداناں سخن سرائے تواں گشت کہ سرگزشت من از دلی نعمت نہاں و مجابے در میاں نماند"

مرزا غالب کے انتقال کے بعد اُن کی بیوی اُمراؤ بیگم (جو نواب الٰہی بخش خاں معروف کی بیٹی تھیں) اور آٹھ سال مرزا غالب کی شریکِ حیات رہیں) کوڑی کوڑی کو محتاج ہو گئیں۔ مولانا عرشی کی عنایت سے ہمیں بیگم غالب کے دو خط دیکھنے کا موقع مل گیا پہلے خط میں ایک جگہ فرماتی ہیں:۔

"..... کمترینہ اوّل بطمہ ہفتاد سالہ حرکت و نقلِ مکان سے معذور اور سوائے اس کے صدمۂ انتقالِ شوہر اور ہجومِ قرضخواہاں سے اور معیشتِ آئندہ سے مجبور..... اب ثانیِ شبینہ گو محتاج ہوں"

دو مہینے بعد پھر لکھتی ہیں:۔

"جناب عالی جس روز سے مرزا اسد اللہ خاں غالب نے وفات پائی ہے تو یہ عاجزہ بیوہ اس قدر مصائب میں گرفتار ہے کہ تحریر سے باہر ہے۔ اوّل تو یہ مُصیبت ہے کہ مرزا صاحب مرحوم آٹھ سو روپے کے قرضدار مرے۔ دوسری مُصیبت یہ کہ پنشن انگریزی مسدود ہوئی۔ تیسری یہ کہ تنخواہ سو روپے ماہوار، جو آپ ازراہ قدر دانی کے مرزا مرحوم کو ارسال فرماتے تھے، وہ بھی یکلخت موقوف ہوئی۔ اب تک قرض لیکر بسر اوقات کی۔ اب قرض بھی نہیں ملتا۔ نوبت فاقہ کشی کی پہونچی..... اب دُعا گو کی یہ تمنّا ہے کہ ایسی پیدرشس مجھ ضعیفہ کی ہو جائے کہ مرزا مرحوم حق العباد سے بری ہو جائیں کہ یہ سخت عذاب ہے..... یہ تنخواہ شش ماہ کی بحساب فی ماہ صد روپیہ بالفعل مجھ ضعیفہ کو عنایت ہو جائے۔ باقی چھ ماہ اور بحساب مذکورۂ بالا مرحمت فرمائیے، تاکہ میں بیوہ قرض مرزا صاحب کا ادا کر دوں۔ اور ظاہرہ یقین ہی ہے کہ زندگی میری بھی اِسی میعاد میں پوری ہو جائے گی..... اور پنشن میری دستِ رد پہ انگریز کرتا ہے، بشرطیکہ کچہری میں حاضر ہوں، اور جانا میرا کچہری میں ہرگز نہ ہوگا۔ گو فاقوں سے مر جاؤں۔ کیا میں اپنے باپ اور چچا اور شوہر کا نام روشن کروں۔ اور جو عزّت اور ریاست میرے چچا اور حُرمت میرے والد کی اور شوہر کی آگے خاص و عام کے تھی حضور پر سب روشن ہے"

مُرتّب کا بیان ہے کہ اس عریضہ پر بھی سرکار نے کوئی حکم نہ دیا۔ ایک مہینے بعد تیسری درخواست پیش کی اور پھر کچھ عرصے بعد چوتھی۔ پھر زندگی نے وفا نہ کی اور اپنی پیشینگوئی کے مطابق وفاتِ غالب کے چھ مہینے کے اندر ہی اندر رفوت ہو گئیں۔

اسٹیٹ لائبریری رام پور نے "مکاتیبِ غالب" شائع کر کے اردو کی لائقِ قدر کتابوں میں ایک اور کتاب کا اضافہ کیا ہے۔ امید ہے کہ مولانا عرشی کی سعی و کاوش اور فرمانروائے رامپور کی علم پروری سے اردو کے علمی سرمایہ میں اور بھی نوادر کا اضافہ جلد ہوگا۔

"مش"

مزاجی (حصۂ اوّل) اور **کارزارِ حیات** - (دسمبر کے ساقی میں جناب ایم۔ اسلم کی کتاب "تفسیرِ حیات" پر ہم اظہارِ خیال کر چکے ہیں کہ ایسی عمدہ تعلیم اور سستی کتابیں اگر شائع ہونے لگیں تو نہیں اُردو کی خوش قسمتی سمجھنا چاہیئے۔ ہمیں یہ دیکھکر بیحد مسرت ہوتی کہ ایم۔ اسلم صاحب کی دو اور نہایت عمدہ کتابیں گزشتہ مہینے شائع ہوئی ہیں۔ ان میں سے ایک "مزاجی" (حصۂ اوّل) ہے جس کی دھوم اسے چار سال پہلے مچ چکی ہے۔ اب اس کا دوسرا ایڈیشن آراستہ و پیراستہ ہو کر شائع ہوا ہے۔ مزاجی سے اُردو مزاح نگاری میں ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے۔ ہنسی ہنسی کی باتوں میں مزاجی بتہ بتہ کی سُناتے چلے جاتے ہیں، گویا گدگدیوں کے ساتھ ساتھ چٹکیاں بھی لیتے جاتے ہیں۔ مرزا بندو قچی، مرزا سلگی، وعوی رقعہ، مس ماڈ ایلن، غرض ہر مضمون میں مزاجی کے مزاح و طنز کی تہ میں ہمیں مصنف کی دلسوزی جھلکتی ہوئی نظر آتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب اور ہنسانے والی کتابوں پر فوقیت رکھتی ہے۔ سنجیدہ ظرافت کے شائقین کے لئے مرزا جی کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ حصۂ اوّل کی اب مضبوط جلد بھی بندھوا دی گئی ہے۔ لیکن قیمت وہی ہے۔ یعنی دو روپے چار آنے۔

ایم۔ اسلم صاحب کی دوسری نئی کتاب کا نام "کارزارِ حیات" ہے۔ "تفسیرِ حیات" کی طرح یہ بھی اُن کے چالیس منتخب افسانوں کا ضخیم مجموعہ ہے۔ زندگی کی تصویر کشی ہر افسانہ نگار کی خصوصیت ہوتی ہے۔ لیکن اسلم صاحب اس خصوص میں مہارتِ تامہ رکھتے ہیں۔ انکے افسانے درد و اثر میں ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں۔ وہ محسوس کر کے لکھتے ہیں اس لئے پڑھنے والا بھی اُنکے ساتھ محسوس کرنے لگتا ہے اور مصنف کا ہم خیال بن جاتا ہے۔ کہانی سُنانے کا ایک طریقہ اور سلیقہ ہوتا ہے۔ اسلم صاحب کی مشق اتنی بڑھی ہوئی ہے کہ پیچیدہ سے پیچیدہ پلاٹ کو دلکش سے دلکش طریقے سے پیش کرتے ہیں۔ کہیں طبیعت میں اُلجھن پیدا نہیں ہوتی۔ زبان سلیس اور سادہ، جیسی زندگی میں بالعموم ہوتی ہے۔ طرزِ تحریر دل آویز، شگفتہ، جو ہر ادیب کا شعار ہونا چاہیئے۔ "کارزارِ حیات" کے سب افسانوں میں یہ خوبیاں موجود ہیں۔ قیمت بھی واجبی ہی نہیں کم رکھی گئی ہے۔ یعنی دو روپے۔ یہ دونوں کتابیں بھی ملک دین محمد صاحب، تاجرِ کتب لاہور سے منگائی جا سکتی ہیں۔

"ش"

نیساں (جوبلی) - الہ آباد یونیورسٹی کی گولڈن جوبلی کے موقع پر شعبۂ اُردو کے رسالہ نیساں کا جوبلی نمبر شائع ہوا ہے۔ نیساں چار سال سے جاری ہے اور ہر تیسرے مہینے شائع ہوتا ہے جوبلی نمبر کی ضخامت ۳۸۰ صفحات ہے۔ گٹھائی چھپائی دیدہ زیب۔ کاغذ عمدہ۔ سید محمد ضامن علی صاحب (صدر شعبۂ اُردو) اس کے مدیر اور چھ اور حضرات اس کے نائب مدیر ہیں۔ مجلسِ انتظامیہ میں پانچ اور حضرات شامل ہیں۔ جوبلی نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلباء (قدیم و جدید) کے مضامین کے سوا اور کسی کا مضمون شامل نہیں کیا گیا ہے۔ مضامین میں تنوع کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ ابتدا پیغامات سے ہوتی ہے یہ بڑے بڑے آدمیوں کے چھوٹے چھوٹے پیغامات ہیں مگر ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان بزرگوں نے بہت کم کام کی بات کہی ہے۔ پنڈت جواہر لال نہرو کا پیام ملاحظہ ہو۔ "مجھے بڑی مسرت ہے کہ میں جناب صدر کی دلی دعائیں جو انہوں نے آپکے رسالے کے جوبلی نمبر کے لئے بھیجی ہیں ارسال کر رہا ہوں۔ جناب صدر کو افسوس ہے کہ وقت نہ ہونے کی وجہ سے وہ طویل پیام نہ بھیج سکے" اس کے ختم پر ڈی نرسنگھ، آفس سکریٹری کے دستخط ہیں اور لکھا ہے کہ یہ انگریزی سے ترجمہ ہے۔ طویل پیام کا تو ذکر ہی کیا مختصر پیام کی بھی حسرت ہی رہ گئی۔ معلوم نہیں کہ گیارہ اراکینِ نیساں نے اسے شائع ہی کیوں کیا۔ پنڈت جی نے تو سرے سے کوئی پیام ہی نہیں دیا۔ اسی طرح مولوی سلیمان ندوی بھی اپنے پیام میں "ابرِ نیساں" سے خدا جانے کیا کہہ گئے۔ خواجہ غلام السیدین صاحب کا پیام بہت معقول رہا اور مولوی عبدالحق صاحب نے بھی کام کی بات کہی۔ الہ آباد یونیورسٹی کی مختصر تاریخ اور شعبۂ اُردو کی تاریخ ضروری اور عمدہ مضامین ہیں۔ جوبلی نمبر میں نظم و نثر کے تقریباً پچاس مضامین ہیں اور ان میں سے ایک بھی ایسا نہیں ہے جسے ہم غیر ضروری کہہ سکیں۔ شاعری در زندگی، اُردو ادب میں تنقیدی نظمیں۔ اردو شاعری میں ظرافت، قصیدہ پر ایک نظر، بچوں کی تعلیم میں مادری زبان کی اہمیت۔ اور نفسیات اور تعلیم۔ ایسے مضامین ہیں جو کسی ایک رسالے میں مشکل سے یکجا ہو سکتے ہیں۔ افسانے نظمیں اور غزلیں دلکش ہیں۔ ڈرامہ اور ڈرامہ کے متعلق ہم الہ آباد یونیورسٹی کے شعبۂ اُردو سے بجا طور پر متوقع ہو سکتے ہیں کہ کچھ مفید اور لائقِ قدر مضامین پیش کریگا۔ جوبلی نمبر میں ایک مضمون ہے "ڈرامہ کی تعریف" اور اس کے پڑھنے سے

معلوم ہوا کہ ڈرامہ کی کوئی تعریف متعین نہیں کی جاسکتی۔ ایک طویل تین ایکٹ کا ڈرامہ ہے "اندھیری راتیں" اس کا مکالمہ اچھا ہے مگر فنی اغلاط نمایاں ہیں۔ مثلاً ڈرامہ شروع ہی ہوتا ہے تو ایک فنی غلطی سے۔ ڈرامہ نگار نے اس ضروری اصول کو فراموش کر دیا کہ ڈرامہ ایک دیکھنے کی چیز ہے۔ ناول یا افسانے کی طرح پڑھنے یا بیان کرنے کی نہیں۔ پردہ اٹھتا ہے تو ہمارے سامنے اسٹیج پر کوئی منظر ہوتا ہے۔ "اندھیری راتیں" اس طرح شروع ہوتا ہے:-

"اندھیری رات۔ شہر کا ٹاؤن ہال بجلی کے قمقموں سے جگمگا رہا ہے۔ سڑک کے بعد چمن۔ دور پر ٹاؤن ہال کی عمارت۔ لکچر کی تیاریاں۔ اندر لوگ انتظام میں مشغول ہیں۔ کچھ اگلی کرسیوں پر بیٹھ چکے ہیں۔ بہت سے لوگ دو دو چار چار کر کے چمن میں ٹہل رہے ہیں۔ ہنسی، افسردگی، قہقہے، آہیں، خاموشی اور انتظار سب کچھ ہے۔ بعض اپنی گھڑی دیکھ رہے ہیں۔ ساڑھے سات بجنے کے قریب ہیں۔ موٹریں سڑک کے کنارے کھڑی ہو رہی ہیں۔ سائکلیں عمارت کی دیوار سے لگائی جا رہی ہیں۔ ہال آہستہ آہستہ بھرتا جا رہا ہے۔ وغیرہ وغیرہ"

یہ منظر اسٹیج پر کیسے دکھایا جا سکتا ہے؟ اتنا وسیع اسٹیج تو یورپ بھی شاید ہی پیش کر سکے۔ اسکرین البتہ اس منظر کو پیش کر سکتا ہے۔ اس ڈرامے میں زیادہ تر منظر اسٹیج کے لئے ناممکن ہیں۔ کہانی بھی معمولی ہے۔ فنی اعتبار سے عمل سست، انتظار ندارد، منتہائے عروج معدوم اور انجام ناموزوں ہے۔ ڈرامہ لکھنے میں ان امور کا بطور خاص خیال رکھا جاتا ہے۔

نیساں کی ابتدا جس طرح غیر ضروری بیانات سے ہوئی ہے اسی طرح اس کی انتہا بھی ایک غیر ضروری مضمون پر ہوئی ہے۔ اس مضمون کا عنوان ہے "اردو غزل" یہ پروفیسر امرناتھ جھا کا لکھا ہوا ایک صفحے کا ناتمام مضمون ہے جس کی اشاعت کا کوئی مقصد ہی نظر نہیں آتا۔ بہرحال نیساں کا جوبلی نمبر ان فروگزاشتوں کے باوجود نہایت کامیاب ہے۔ اور اس کے اراکین ادارہ مستحق مبارکباد۔ جوبلی نمبر کی قیمت عار ہے۔ "ش"

سب رس "ادارۂ ادبیات اردو" حیدرآباد۔ دکن کا ماہنامہ ہے جو ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور کی نگرانی اور صاحبزادہ میر محمد علی خاں میکش کی ادارت میں جنوری سنہ رواں سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ "سب رس" بیع "عروس جمیل و لباس حریر" کی تفسیر بن کر جلوہ گر ہوا ہے۔ مضامین میں ہر عمر اور ہر مذاق کے لوگوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ زبان بھی جہاں تک ممکن ہو سکا آسان رکھی گئی ہے۔ "سب رس" کے مقاصد میں سے ایک یہ بھی کہ زبان زیادہ سے زیادہ عام فہم اور سب رس بنائی جائے۔ یہ خیال بہت اچھا ہے اور جتنا اچھا ہے اتنا ہی مشکل بھی ہے کیونکہ ہوتا یہ ہے کہ سب کو خوش کرنے کی کوشش میں انسان کسی کو بھی خوش نہیں کر سکتا۔ بلکہ اور الٹا اپنا نقصان کر لیتا ہے۔ اس لئے ادارۂ سب رس کو بہت ہوشیاری اور احتیاط سے کام کرنا پڑیگا۔ سب رس میں ملکی اور غیر ملکی زبانوں کے تراجم بھی شائع ہوا کرینگے۔ جنوبی ہند کی زبانوں میں یقیناً بہت کچھ ہوگا جسے اگر اردو میں منتقل کر دیا جائے تو ہماری زبان مالا مال ہو جائے۔ اور ہمارے لکھنے والوں کے لئے ان کے خیالات کی روشنی میں نئے نئے راستے کھل جائیں۔ سب رس میں علمی، ادبی، تحقیقی اور تنقیدی مضامین جمع کئے گئے ہیں۔ حصۂ نظم بھی نثر کے مقابلے میں بے جوڑ نہیں ہے۔ یہ فضیلت ہے کہ سیاسی اور مذہبی مضامین سب رس کی پالیسی سے خارج ہیں۔ تصاویر کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ رنگین اور سادہ تصاویر شائع ہوتی ہیں۔ سالانہ چندہ چار روپے آٹھ آنے اور ششماہی تین روپے ہے۔ یہ سمجھ میں نہیں آیا کہ حیدرآباد کے لئے آٹھ آنے کی رعایت کیوں رکھی گئی ہے۔ پرچے کی ماہوار ضخامت کم از کم ۶۴ صفحات اور زیادہ سے زیادہ ۹۶ صفحات ہوگی۔ سائز رسائی جتنا۔ قیمت فی پرچہ ۲ رہے۔ دفتر سب رس۔ خیریت آباد۔ حیدرآباد۔ دکن سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

کاروان یہ ماہوار رسالہ پٹنہ سے جناب جمیل احمد کندھائے پوری۔ بی۔ اے، کے زیر ادارت شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس وقت اس کے دو پرچے پیش نظر ہیں۔ مجموعی حیثیت سے دونوں پرچے اچھے شائع ہوئے ہیں۔ مضامین میں ترقی پسند عنصر نمایاں ہے۔ افسانوں میں جدت خیال نظر آتی ہے۔ خود جمیل احمد صاحب اچھے اہل قلم ہیں اور لکھنے والوں میں گمنام نہیں ہیں۔ کاروان سے پہلے اردو کے مشہور رسائل میں ایک مضامین شائع ہوتے رہے ہیں۔ ہر نئے رسالے کی طرح کاروان میں بھی کچھ خامیاں ہیں۔ لیکن ہمیں امید ہے کہ جیسے جیسے کاروان اپنی زندگی کی منازل طے کرتا رہیگا یہ خامیاں دور ہوتی جائینگی۔ اہل قلم حضرات سے درخواست ہے کہ کاروان کو منزل مقصود پر پہونچانے میں مدد دیں۔ لکھائی چھپائی معقول۔ چندہ سالانہ دو روپے۔ فی پرچہ ۲ر "ش"

محسن کے دو رُخ

اُردو کے مشہور شاعر جناب حکیم آزاد انصاری نے "حسنِ غارتگر" کے عنوان سے ایک نظم لکھی تھی جس میں حسن کے تاریک پہلو کو اُجاگر کیا تھا۔ اس کے ۲۲ بند تھے۔ اور ہر بند کا چوتھا مصرعہ "بھاگ بلائے حسن سے بھاگ" تھا۔ اس کو کچھ عرصہ بعد آپ نے دوسری نظم "حسن دلنواز" لکھی۔ اس میں حسن کا روشن پہلو پیش کیا تھا۔ اس کے ۱۱ بند تھے اور ہر بند کا چوتھا مصرعہ "چاہ ہر اہلِ حسن کو چاہ" تھا۔ دوسری نظم پہلی نظم کے پانچ سال بعد شائع ہوئی۔ یہ دونوں نظمیں مقبولیت خاص و عام حاصل کر چکی ہیں۔ اب علیحدہ چھوٹی سی کتاب کی صورت میں مع شانِ نزول کے شائع ہوئی ہیں۔ مقدمہ حضرت جوش ملیح آبادی نے لکھا ہے۔ مقدمہ میں بعض باتیں ایسی مذکور ہیں جنھیں قبول کرنا مشکل نظر آتا ہے۔ لیکن جب ہم اس کے اختتام پر یکم اپریل ۳۸ء لکھا دیکھتے ہیں تو پھر نہیں سب کچھ صحیح تسلیم کرنے میں کچھ عذر نہیں رہتا۔ کاشانہ بازار۔ بازار گھاٹ نسی حیدرآباد دکن سے طلب کیجیے بقیمت درج نہیں ہے۔ غالباً چار آنے ہوگی۔

"ش"

بناتِ دہلی

علامہ راشد الخیری مرحوم نے ہندوستانی عورتوں کی ترقی کیلئے عموماً اور مسلمان خواتین کیلئے خصوصاً جو سعی و کاوش کی آج کسی پڑھے لکھے ہندوستانی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ ان کی بے مثل تصانیف ہیں جو عورتوں کیلئے ہمیشہ شمع ہدایت کا کام دیتی رہیں گی۔ علامہ مرحوم نے تیس سال پہلے عصمت جاری کیا تھا۔ جو اب تک نہایت کامیابی سے ان کی یادگار میں جاری ہے۔ اس کے بعد کئی اور نسوانی رسالے اور اخبار نکالے مگر مالی مشکلات نے جاری نہ رہنے دیا۔ گیارہ سال ہوئے مسلمان بچیوں کیلئے علامہ مرحوم نے "بنات" جاری کیا تھا۔ جو اب تک مقبول و مطبوع ہے۔

یہ رسالہ اپنی طرز کا واحد ماہنامہ ہے بچیوں کیلئے آسان پیرایہ میں عقل کی باتیں، علم و ادب کی تعلیم، خانہ داری اور سلیقہ شعاری کے مضامین اور سب سے زیادہ مذہب اسلام کی خوبیاں پیش کی جاتی ہیں کی خصوصیت ہے۔ مزیدار اخلاقی کہانیاں، سبق آموز نظمیں، دلچسپ تصویریں اور کارآمد خاکے ہر مہینے اس میں شائع ہوتے ہیں۔ لکھائی چھپائی میں بھی خاص اہتمام کیا جاتا ہے

رسالہ عصمت کے اڈیٹر مولانا رازق الخیری ہی کی نگرانی میں یہ پرچہ شائع ہوتا ہے جنوری ۳۸ء سے بنات کی خوبیوں میں اور بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ سرورق رنگین اور دلکش ہے۔ ضخامت ۴۰ صفحے چندہ صرف ایک روپیہ آٹھ آنے۔

بسلسلہ صفحہ (۲)

منشی جی مرحوم ہندوستانی سبھا میں جھوٹ نہیں بول رہے تھے۔ ان کے انتقال کے بعد من گھڑت روایتیں اور بے پر کی اڑانا مرحوم کی روح کو صدمہ پہونچانا ہے۔ منشی جی اُردو کے پہلے اور ہندی کے بعد کو اہل قلم تھے۔ اگر اردو میں انھیں کوئی خاص مالی فائدہ حاصل نہیں ہوا تو ہندی نے بھی انھیں کچھ فوز نہیں دیا۔ یہ سب جانتے ہیں اور اس حقیقت کو چھپانے کی کوشش بے سود ہے۔ دوسروں کے عیب دیکھنے سے پہلے اپنے عیب دیکھنے کی ضرورت ہے۔

شاہد

ساقی بک ڈپو دہلی

سے ہر قسم کی کتابیں مل سکتی ہیں۔ آپ کو جس کتاب کی ضرورت ہو پہلے ساقی بک ڈپو سے رجوع فرمائیں۔

(منیجر)

ہزاروں اندھے سہانے ہوگئے

کس سے؟ عین الشفاء آئی انجن (رجسٹرڈ) سے

جرمن جنرل قونصل ماروہ ایچین نے پندرہ سولہ برس تک آنکھوں کے لاعلاج مریض بیکار جرمنی ہسپتالوں نے قطعی لاعلاج قرار دیا تھا صرف عین الشفاء آئی ہسپتال کراچی آنکھوں والے کردیے آنکھوں میں کچھ بھی ہو یہاں جاتی ہے اور کیسا ہی سخت جالا پھولا پرہال۔ موتیابند۔ ناخونہ ضعف بصارت۔ تر یا یرسوں سے عادت چشمہ ہی کیوں نہ ہو ان سب مرضوں کیلئے سیمائے چشم ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ چار آنہ محصول ڈاک پیکنگ علاوہ۔ عین یا اس سے زیادہ طلب کرنے پر محصول ڈاک پیکنگ معاف مفلوک خیر سے قیمت مال اور پوسٹیج بیشی ہوسول ٹیکٹ ٹکٹ بھیجنے پر مفت دوا ضرور سے ایجنٹوں کی جملہ معمولی شرائط، نقد اور اوھار مال، یابا بگا۔

ہیڈ آفس } عین الشفاء (رجسٹرڈ) × جامع مسجد بمبئی (۳)
کارخانہ

نئی

اسٹنڈرڈ انگلش۔ اُردو ڈکشنری

The Standard Urdu English Dictionary

مرتبہ:۔ انجمن ترقی اُردو (ہند)

جس قدر انگلش اردو ڈکشنریاں اب تک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل یہ ڈکشنری ہے۔ اس میں تخمیناً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ چند خصوصیات ملاحظہ ہوں:۔

(۱) یہ بالکل جدید ترین لغت ہے۔ انگریزی زبان میں اب تک جو تازہ ترین اضافے ہوئے ہیں وہ تقریباً تمام کے تمام اس میں آگئے ہیں۔

(۲) اس کی سب سے بڑی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ادبی، مقامی اور بول چال کے الفاظ کے علاوہ ان الفاظ کے معنی بھی شامل ہیں جن کا تعلق علوم و فنون کی اصطلاحات سے ہے۔ اسی طرح ان قدیم اور متروک الفاظ کے معنی بھی درج کئے گئے ہیں جو ادبی تصانیف میں استعمال ہوئے ہیں۔

(۳) ہر ایک لفظ کے مختلف معانی اور فروق علیحدہ علیحدہ لکھے گئے ہیں۔ اور امتیاز کیلئے ہر ایک کے ساتھ نمبر شمار دیدیا گیا ہے

(۴) ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہیں اور ان کے نازک فروق کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا ان کی وضاحت مثالیں دے دے کر کی گئی ہے۔

(۵) اس امر کی بہت احتیاط کی گئی ہے کہ ہر انگریزی لفظ اور محاورے کے لئے ایسا مترادف لفظ اور محاورہ لکھا جائے جو انگریزی کا مفہوم صحیح طور سے ادا کر سکے اور اس غرض کیلئے تمام اردو ادب، بول چال کی زبان اور پیشہ وروں کی اصطلاحات وغیرہ کی پوری چھان بین کی گئی ہے۔ یہ بات کسی دوسری ڈکشنری میں نہیں ملے گی۔

(۶) ان صورتوں میں جہاں موجودہ اُردو الفاظ کا ذخیرہ انگریزی کا مفہوم ادا کرنے سے قاصر ہے ایسے نئے مفرد یا مرکب الفاظ وضع کئے گئے ہیں جو اُردو زبان کی فطری ساخت کے بالکل مطابق ہیں۔

(۷) اس لغت کیلئے کاغذ خاص طور سے باریک اور مضبوط تیار کرایا گیا تھا جو بائیبل پیپر کے نام سے موسوم ہے۔ طباعت کیلئے اُردو اور انگریزی ہر دو خوبصورت ٹائپ استعمال کئے گئے ہیں۔ جلد بہت پائدار اور خوشنما بنوائی گئی ہے۔

ڈمائی سائز صفحات ۱۵۱۳ قیمت سولہ روپیہ کلدار علاوہ محصول ڈاک (۰)

(۸۱) ۔۔

(۸۸) ۔۔

(۹۳) ۔۔

ملنے کا پتہ:۔ دفتر انجمن ترقی اُردو (ہند) اورنگ آباد

حکیم نابینا صاحب کے جانشین حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری

ایشیا کے طبیب اعظم حضرت لقمان الملک حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری عرف حکیم نابینا صاحب نے طب یونانی کی جو گرانمایہ خدمات انجام دی ہیں اُسے ہندوستان کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ آپکو یونانی طب میں ایک ایسے جدید طریقہ علاج کا موجد تسلیم کیا جاتا ہے جس نے دیسی طب میں ایک نئے باب کا اضافہ کردیا ہے۔ حکیم نابینا صاحب کی ان گراں مایہ کارناموں کی قدر کرتے ہوئے اعلیٰ حضرت حضور نظام نے آپکو دہلی سے حیدرآباد (دکن) بلالیا ہے جہاں آپ افسر الاطبا کے عہدہ پر سرفراز ہونیکے بعد دیسی طب کو مزید ترقی دینے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ برطانوی ہند کے باشندوں کیلئے حکیم نابینا صاحب جیسی نادر ہستی سے محروم ہوجانا اگرچہ بیحد محسوس کیا جارہا تھا لیکن حکیم نابینا صاحب کے بڑے صاحبزادے حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری نے اپنے کمالات سے اہل ہند کو یہ بتادیا کہ وہ کسی صورت میں اپنے والد بزرگوار حکیم نابینا صاحب سے ..... کم نہیں ہیں۔ حکیم نابینا صاحب کے چلے جانیکے بعد آپ بدستور حکیم صاحب موصوف کے مطب کو سنبھالے ہوئے ہیں اور آپکے مطب سے ہزارہا بندگانِ خدا اسی طرح فیض حاصل کررہے ہیں جس طرح حکیم نابینا صاحب کے زمانہ میں حاصل کرسکتے تھے۔ حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری کیونکہ مشرقی فنِ طب کے ساتھ ساتھ مغربی علوم سے بھی اچھی طرح سے واقف ہیں اس لئے توقع کی جارہی ہے کہ آپ اپنے والد محترم کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے دیسی طب کیلئے مزید ترقیوں کا باعث ہوں گے۔ ہم کو یہ دیکھکر مسرت ہوتی ہے کہ آج حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری کے مطب سے والیانِ ریاست سے لیکر غربا تک اسی طرح فیض حاصل کررہے ہیں جس طرح کہ حکیم نابینا صاحب کے مطب سے فیض اٹھاتے تھے۔ آپ کا مطب کی ضرورت

• منزل متصل نشاط سینما دہلی واقع ہے •

چندہ سالانہ پانچ روپے شمامی تین روپے
قیمت فی پرچہ چھ (۶) آنے

جرعات

ممالک غیر سے بارہ شلنگ
نمونے کا پرچہ مفت بھیجا جاتا ہے

جلد ۱۷ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ اپریل ۱۹۳۹ء | نمبر ۴

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اولیں	"شاہد"	(۲)
(۲)	قدرت کی ستم ظریفیاں	جناب ریاض الدین احمد۔ ایم۔ اے؛ پی۔ ٹی	(۳)
(۳)	شانِ انسان	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۵)
(۴)	مانگنے والا	جناب ایم۔ اسلم	(۶)
(۵)	شانِ تغزل	جناب گنگا دھر ناتھ فرحت کانپوری	(۱۱)
(۶)	جدید مطبوعات	پروفیسر مرزا محمد سعید۔ ایم۔ اے؛ آئی۔ ای۔ ایس	(۱۲)
(۷)	دورِ حاضر اور اردو غزل گوئی	ڈاکٹر عزیز شادانی۔ ایم۔ اے؛ پی۔ ایچ۔ ڈی؛ (لندن)	(۱۷)
(۸)	نوجوان سے	جناب فجاز۔ بی۔ اے۔ (علیگ)	(۳۶)
(۹)	نوجوان خاتون سے	جناب فجاز۔ بی۔ اے۔ (علیگ)	(۳۷)
(۱۰)	مان	جناب خواجہ غلام السیدین۔ ایم۔ اے؛ ایم۔ ای۔ ڈی۔	(۳۹)
(۱۱)	لے دل	"دلفگار"	(۴۳)
(۱۲)	ایک ملاقات	جناب اختر انصاری۔ بی۔ اے۔ (آنرز) بی۔ ٹی	(۴۴)
(۱۳)	کہتے ہیں جسے اُلفت کیا ہے؟	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے	(۴۷)
(۱۴)	سچی کہانی	"پریم پجاری"	(۴۸)
(۱۵)	فکر	محترمہ عصمت چغتائی بی۔ اے۔	(۵۵)
(۱۶)	یوم بائی	جناب سید الوطاہر بی۔ ایس۔ سی؛ بی۔ ٹی	(۶۱)
(۱۷)	کس کے واسطے	جناب جاں نثار حسین اختر بی۔ اے۔ (علیگ)	(۶۴)
(۱۸)	وہ	جناب خواجہ حسن عباس۔ بی۔ اے	(۶۵)
(۱۹)	صدائے غم	محترمہ زکیہ خاتون	(۶۷)
(۲۰)	مژدہ	جناب کاوش حیدرآبادی	(۶۸)
(۲۱)	مقابلہ	جناب قیس رامپوری	(۶۹)
(۲۲)	نغمات	پروفیسر رگھوپتی سہائے فراق۔ ایم۔ اے	(۷۱)
(۲۳)	صبح بنارس	جناب علی احمد (فرزند نواب فصاحت جنگ جلیل مرحوم)	(۷۲)
(۲۴)	چند مشاہدات	جناب مرزا سیف علی خاں صاحب	(۷۳)
(۲۵)	وعدہ	جناب الطاف مشہدی	(۷۶)
(۲۶)	سمندر کی پریاں	از جبران خلیل جبران۔ مترجمہ جناب محمد رضا انصاری	(۷۷)
(۲۷)	شکست خوردہ بھائی کے نام	جناب عرش گورگانی	(۸۰)
(۲۸)	زندہ اور فطری زبان	جناب چراغ علی صاحب	(۸۱)
(۲۹)	ریل کا سفر	محترمہ بیگم اشرف صبوحی	(۸۸)
(۳۰)	نقد و تبصرہ	ادارۂ ساقی	(۹۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی کے موضوع پر ڈاکٹر عندلیب شادانی نے اپنا مضمون کی قسط مارچ کے ساقی کیلئے بھیجی تھی مگر بہیر افسوس ہو کہ تاخیر ہو جانے کی وجہ سے مارچ کے بجائے اپریل کے ساقی میں اُسے شامل کیا جا رہا ہے۔ یہ سلسلہ ابھی جاری رہیگا۔

ساقی کی توسیع اشاعت کے سلسلے میں میاں محمد اسلم صاحب کا نام سرفہرست نظر آتا ہے۔ آپنے گزشتہ مہینے میں ساقی کے پندرہ نئے خریداروں کا چندہ جمع کر کے یکمشت روانہ فرمایا اور اس مہینے بھی چند اور خریدار بنائے۔ جو حضرات ساقی کو عزیز رکھتے ہیں وہ اپنی ہمدردی کا ثبوت اسی طرح دے سکتے ہیں کہ ساقی کی مالی مشکلات دُور کرنے کی کوشش فرمائیں۔ اور یہ صرف اسی طرح ممکن ہے کہ اپنے احباب کو ساقی کی خریداری پر مائل کریں۔ اسلم صاحب ساقی کے سرگرم قلمی معاون بھی ہیں اور خریدار فراہم کرنے میں بھی ساعی رہتے ہیں، گویا دامے، درمے، قدمے مدد فرماتے ہیں۔ اگر ساقی کے قدرداں چاہیں تو اسلم صاحب کی طرح بہت آسانی سے دو دو چار چار خریدار مہیا کر سکتے ہیں تو سیع اشاعت سے ساقی کو نہ صرف اپنی مالی حالت سنبھالنے کا موقع مل جائیگا بلکہ بہتر صورت میں شائع ہو سکے گا۔ ساقی اس وقت ہر مہینے ۹۶ صفحے کے مضامین پیش کرتا ہے لیکن یہ ضخامت بھی ساقی کیلئے ناکافی ہے۔ حق تو یہ ہے کچھ اور چاہیئے وسعت مرے بیاں کیلئے

عمدہ مضامین کی کثرت اور جگہ کی قلت کی وجہ سے بعض مضامین باریک لکھوانے پڑتے ہیں اور بعض اچھے مضمون بدرجۂ مجبوری واپس کرنے پڑتے ہیں۔ اگر خریداروں کی تعداد میں اضافہ ہو جائے تو آپ دیکھیں گے کہ ساقی کی ضخامت میں بھی اضافہ ہو جائیگا۔ خریدار حضرات کا توجہ فرمانا شرط ہے۔

اُردو میں مختصر افسانہ نویسی نے حیرت انگیز ترقی کی ہے۔ اس ترقی کا سہرا اُردو رسائل کے سر ہے۔ آجکل ضرورت ہے کہ ڈرامے کی طرف توجہ کی جائے۔ مختصر ڈرامے اُردو ادب میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ انگریزی میں ایک ایکٹ کے ڈرامے خاص وقعت رکھتے ہیں۔ اُردو میں اگر اُن کی طرز پر مختصر ڈرامے لکھے جائیں تو مختصر افسانوں کے نعم البدل ثابت ہوں گے۔ خیال اور بیان کے لئے ایک نئی راہ نکل آئے گی اور جو حضرات افسانوں کے مطالعہ سے تھک گئے ہیں اُن کے لئے ڈرامے دلچسپی کا باعث ہوں گے۔ مضمون نگار حضرات سے استدعا ہے کہ اس صنفِ ادب کی طرف توجہ فرمائیں۔

جولائی میں ہر سال ساقی کا افسانہ نمبر شائع ہوتا ہے۔ اس سال ہم چاہتے ہیں کہ جولائی میں ایک ایسا خاص نمبر شائع کریں جو افسانوں اور ڈراموں پر مشتمل ہو۔ اس خاص نمبر کی نصف ضخامت افسانوں اور نصف ڈراموں کیلئے وقف ہوگی۔ اُمید ہے کہ یہ تجویز خوش ذوق ناظرینِ ساقی میں پسند کی جائیگی۔

"شاہد"

خریدارانِ ساقی سے گزارش ہے کہ خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ "منیجر"

"شانِ انساں"

تُو بھی یگانہ میں بھی یگانہ — میں آشکارا تُو غائبانہ
تُو مدعا ہے میں مدعی ہوں — بربط کا مقصود کیا ہی؟ ترانہ
عشقا حقیقت کا تُو ازل سے — تیرا ابد تک میں آشیانہ
مانندِ آئینہ اے حُسنِ مطلق — تیری نمائش کا ہوں بہانہ
تُو قلزمِ زیست میں قطرۂ زیست — تُو بیکرانہ میں بیکرانہ
با ایں ہمہ آپ آقا میں بندہ — میری جبیں آپکا آستانہ

شانِ خدا ہے یا شانِ انساں
دعویٰ نہیں یہ ہیں شاعرانہ

امین حزیں

تانگے والا

شام کا سہانا وقت تھا بدرو تانگے والا آج سرِ شام ہی گھر آ گیا۔ اُس کی بیوی محمدی نے ہنڈیا چڑھا رکھی تھی۔ خاوند کو دیکھ کر بولی "آج تو تم سویرے ہی آ گئے؟"

"ہاں!" بدرو نے گھوڑے کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔ "آج اللہ میاں نے اِس بے زبان کی جلدی ہی سُن لی۔"

"کے پیسے ملے؟" محمدی نے ذرا مُسکرا کر پوچھا۔

"یہ لو!" بدرو نے سب پونجی جیب سے نکال کر بیوی کے آگے ڈالدی۔ "گن لو۔"

پھر ساز اُتارتے ہوئے "دانہ کہاں ہے؟"

"اندر بالٹی میں بھگو رکھا ہے۔" محمدی بولی۔ "روٹی پکاؤں؟"

"کیا پکایا ہے؟" بدرو نے گھوڑا اِستھان پر باندھتے ہوئے پوچھا۔

"ساگ گوشت چڑھا رکھا ہے۔" محمدی نے ہنڈیا میں کفگیر پھیرتے ہوئے کہا۔ "بس ذرا سی کسر ہے۔"

بدرو نے گھوڑے کے آگے دانہ ڈالا۔ وہ ایک ہاتھ پٹھے پر مارے دو ایک بار دمچی کو جھٹکے دیئے۔ پھر بیوی کے پاس آ بیٹھا اور بولا "پیسے گن لئے؟"

"ہاں!" محمدی بولی۔ "سوا تین روپے ہیں۔"

"تو لاؤ بیٹا اوپر کی چونی مجھے دیدو۔" بدرو نے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔

"وہ کیوں؟" محمدی نے ریزگاری اُٹھاتے ہوئے کہا۔ "تم کیا کرو گے؟"

"میرے پاس بھی تو کوئی دو چار آنے ہونے چاہئیں۔" بدرو نے بیوی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"اکنی لے لو۔" محمدی نے ایک اکنی اس کی طرف بڑھا کر کہا۔

"رہنے دو تم یہ اکنی بھی!"

یہ کہتے ہوئے بدرو نے جیب سے ایک سیب نکالا اور دانتوں سے کاٹ کاٹ کر کھانے لگا۔

"آدھا مجھے دو۔" محمدی نے ہاتھ بڑھا کر کہا۔

"سیب کھانا ہی تو چونی دیدو۔"

یہ کہہ کر جو وہ سیب مُنہ کے پاس لایا تو محمدی نے اُچک کر سیب اُس کے ہاتھ سے چھین لیا اور ہنس کر بولی "اب بولو؟ کون کہاتے گا یہ سیب؟"

"میری گھر والی!" بدرو نے ہنس کر کہا۔ "ٹھیک ہے نا۔ تمہارے لئے ہی تو لایا تھا۔ لو اب روٹی پکاؤ۔"

محمدی نے ہنڈیا اُتار کر چولھے پر توا چڑھا دیا اور بیلنے پر روٹی بیلتے ہوئے بولی۔ "آج بلشٹر (بیرسٹر) کے ہاں لڑکی ہوئی ہے۔"

"لڑکی؟" بدرو نے تعجب سے کہا "وہ تو بیٹے کی آس لگائے بیٹھے تھے۔"

کسی کے بس کی بات تھوڑی ہی ہے محمدی نے توے پر روٹی ڈالتے ہوئے کہا۔ "دن بھر موٹریں آتی جاتی رہیں۔"

"ڈاکٹرنیاں آئی ہونگی" بدرو نے پوچھا۔

"ڈاکٹرنیاں بھی اور ڈاکٹر بھی۔" محمدی نے شوہر کی طرف دیکھتے ہوئے جواب دیا۔

"ڈاکٹر (ڈاکٹر) کیوں؟" بدرو نے پوچھا۔

"کچھ پوچھو نہیں۔" محمدی نے روٹی اُلٹتے ہوئے کہا۔ "مجھے تو کہتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔"

بدرو تعجب سے بیوی کی طرف دیکھنے لگا۔ وہ بولی "کبھی ڈاکٹر (ڈاکٹر) سے ہی تو جنائی!"

"پگلی تو نہیں ہوگئیں کہیں!" بدرو نے کہا۔

"میں کیوں پگلی ہونے لگی" محمدی بولی "محلے والوں سے پوچھ لو!"

"تعجب ہے!" بدرو نے ایک شانِ خودداری سے سر ہلا کر کہا۔ "کسی نرس ورس کو بلا لیا ہوتا۔"

"کہہ تو رہی ہوں" محمدی بولی۔ "ڈاکٹرنیاں بھی آئی تھیں۔ لیکن کام ڈاکٹر نے کیا۔"

"توبہ ہے!" بدرو نے کان کو ہاتھ لگا کر کہا۔ "یہ سب دولت کے چوچلے ہیں۔"

"آگ لگے ایسی دولت کو" محمدی روٹی سینکتے ہوئے بولی۔ "اتنی بے شرمی سے تو موت ہی بہتر ہے۔"

بدرو بولا۔ "یہ شاہی مسجد کے پچھواڑے جو ہسپتال ہے وہاں بھی تو یہی ہوتا ہے۔"

"کیا؟" محمدی نے پوچھا۔

"یہاں بھی جنائی کا کام مرد ہی کرتے ہیں۔" بدرو نے جواب دیا۔ "غریب غربا کو ضرورت لے جاتی ہے۔ امیر شوقیہ چلے جاتے ہیں۔"

"بھاڑ میں جائیں ایسے شوق!" محمدی بولی۔ "جانے ان دولت والوں کی عقل پر پردہ کیوں پڑ گیا ہے۔ اب وہ پہلی بات تو کہیں نظر آتی نہیں۔"

"کیا بات؟" بدرو نے پوچھا۔

محمدی بولی۔ "یہ بڑے بڑے گھرانوں والیاں اب گھروں میں تو ٹکتی ہی نہیں۔ کہیں چائے پارٹی (پارٹی) ہے کہیں کھانا ہے کہیں کچھ کہیں کچھ۔"

"خیر!" بدرو بولا۔ "ہم تو راجو دائی کو بلا لیں گے۔"

"جب وقت آئے گا تب یا ابھی سے؟" محمدی نے مسکرا کر کہا۔

"ہاں! ہاں!" بدرو کہنے لگا۔ "جب وقت آئے گا لیکن ایک بات تم بھی سن لو۔"

"کیا؟" محمدی نے پیالے میں سالن ڈالتے ہوئے پوچھا۔

"میں تو بیٹا لوں گا بیٹا!" بدرو بولا۔

"یہ کسی کے بس کی بات تھوڑی ہے!" محمدی نے ہنس کر کہا۔ "بیٹی ہوگی تو گھر کے کام کاج میں میرا ہاتھ بٹائے گی۔"

اور بدرو سر ہلا کر بولا۔ "بیٹا ہوگا تو گھوڑے کی خبر گیری کیا کرے گا۔"

"میں تو اُسے پڑھواؤں گی۔" محمدی نے ہنس کر کہا۔ "بابو بنے گا بابو!"

دونوں میں دیر تک اسی قسم کی باتیں ہوتی رہیں۔

جاڑے کے دن تھے اور رات کا وقت۔ بارش ہو رہی تھی۔ بدرو چولھے کے پاس بیٹھا آگ تاپ رہا تھا اور محمدی لحاف اوڑھے کھاٹ پر لیٹی کراہ رہی تھی۔

"دولت دولت ہی ہے!" بدرو نے ایک آہ بھر کر کہا۔

"پھر کیا ہوتا؟" محمدی بولی۔ "دُکھ تو پھر بھی بھوگنا ہی پڑتا۔"

"اس وقت کوئی ڈاکٹرنی تو تمہارے پاس ہوتی۔" بدرو نے جواب دیا۔ "اور نہیں تو یہ کم بخت راجو تو تمہیں

اِس حالت میں چھوڑ کر دوسری جگہ نہ چلی گئی ہوتی۔"

"آ ہی جائے گی۔" محمدی نے جواب دیا۔

"پھر جاؤں؟" بدرو نے پوچھا۔ "شاید آ ہی گئی ہو"

"اللہ جانے!" محمدی نے کراہتے ہوئے کہا۔

"بہت تکلیف ہے؟" بدرو نے پوچھا۔

"اللہ آسان کردیگا۔" محمدی نے جواب دیا۔

"جاڑا تو نہیں لگتا؟" بدرو نے پوچھا۔

"لگ تو رہا ہے!" محمدی بولی۔ "دو چار کوئلے انگیٹھی میں ڈال کر یہاں میرے پاس رکھدو۔"

بدرو نے چولھے میں سے کوئلے بُجھائے اور مٹی کی ایک انگیٹھی میں ڈال کر بیوی کی چارپائی کے پاس رکھدیئے۔

"بارش ہو رہی ہے؟" محمدی نے پوچھا۔

"ہاں!" بدرو بولا۔ "پانی تو پڑ ہی رہا ہے!"

"راجو آنے کو تو جلدی کہہ گئی تھی۔" محمدی بولی۔ "جانے دیر کیوں لگائی؟"

"جہاں میٹھا ہو وہاں مکھی زیادہ بیٹھتی ہے۔" بدرو نے جواب دیا۔

اِتنے میں کسی نے دروازے پر دستک دی۔

"کون ہے؟" بدرو نے پوچھا۔

"راجو ہوگی۔" محمدی بولی۔

"میں حسن دین ہوں۔" باہر سے آواز آئی۔

بدرو نے دروازہ کھولا۔ حسن دین جس نے بارش سے بچنے کو سر پر ایک بوریا ڈال رکھا تھا اندر آیا۔

"کیسے آئے؟" بدرو نے پوچھا۔

"برکت نے کہا تھا کہ ذرا کھڑے کھڑے محمدی کی خبر لے آؤ۔" حسن دین نے جواب دیا۔

"اللہ رحم کریگا۔" بدرو بولا۔ "تم نے بہت تکلیف کی!"

"تکلیف کیسی ہے؟" حسن دین بولا۔ "برکت بھی پوسے دنوں بیٹھی ہے۔ بُلا لاؤں! راجو نہیں آئی؟"

"ابھی تک تو نہیں آئی۔" بدرو نے کہا۔

"میں برکت کو بھیجتا ہوں۔" حسن دین نے بوریا پھر سر پر ڈال کر کہا۔ وہ راجو کو بھی لے آئیگی۔"

"تانگہ لے جاؤ۔" بدرو نے کہا۔

"تانگہ تیار ہونے تک تو میں پہنچ بھی جاؤں گا۔" حسن دین نے دروازے کی طرف جاتے ہوئے کہا۔

"بڑا احسان ہے تمہارا!" بدرو نے کہا۔

"احسان کو رکھو چھپر پر۔" حسن دین نے کواڑ کھولتے ہوئے کہا۔ "تم مٹھائی تیار رکھو!"

"میرے یار!" بدرو بولا۔ "خدا مشکل تو آسان کرے تم مٹھائی بھی کھا لینا۔"

"برکت آ ہی جائے تو اچھا ہے۔" محمدی بولی۔

"تم نے شام ہی سے کیوں نہ بُلا لیا؟" بدرو نے کہا۔

"آخر اس کو بھی تو حسن دین کی روٹی پکانی تھی۔" محمدی بولی۔ "خیر اب آ ہی جائے گی۔"

"یہ لو!"

محمدی نے ایک چابی خاوند کی طرف پھینکتے ہوئے کہا۔

"میرے صندوق میں پانچ دس روپے رکھے ہیں۔ نکال لو۔"

"روپے تو دو تین میرے پاس بھی ہیں۔" کہتے ہوئے چابی اُٹھا لی۔ اور صندوق میں جو پانچ سات روپے رکھے تھے نکال لئے۔

تھوڑی دیر بعد حسن دین کی بیوی برکت راجو دائی کو

بھی لے آئی۔ بدرو بولا۔ "مائی! ہمیں غریب جان کر بھلا دیا۔"

"چھاجوں پانی پڑ رہا ہے۔ کیسے آتی؟" دائی نے جواب دیا۔ "تم ہی تانگہ لے کر آ گئے ہوتے!"

"اس غریب کے پاس کون تھا۔" بدرو نے کہا۔ "جو میں بھی چلا آتا۔ تم ہی تانگہ لے کر آ گئیں ہوتی۔ کرایہ ہی تھا۔ ہم دیدیتے۔"

"چلو چھوڑو اس قصے کو۔" برکت بولی۔ "اب حال کیا ہے؟"

یہ کہہ کر وہ محمدی کے پاس چارپائی پر جا بیٹھی۔

"مر رہی ہوں۔" محمدی بولی۔

"گھبرا نہیں!" برکت نے اس کے ٹھوکی دے کر کہا۔ "ابھی جلانے والا بھی آ جاتا ہے۔"

اب دائی دیکھنے بھالنے لگی۔

"بیہوش کئے بغیر کام نہ بنے گا۔" راجو نے کہا۔ "کسی ڈاکٹر کو بلوانا چاہیئے۔"

"مجھے مرنا قبول۔" محمدی نے کہا۔ "پر ڈاکٹر کو ہاتھ نہیں لگانے دوں گی۔"

"ڈاکٹر کیا کرے گا۔" دائی نے کہا۔ "ذرا ٹیکا ویکا لگا دے گا۔ تکلیف کم ہو جائے گی۔"

"پھر میں جاؤں۔" بدرو بولا۔ "کیا کہوں؟"

"کہدینا!" دائی نے کہا۔ "کہ مریضہ کے بچہ ہونیوالا ہے۔ بیہوش کرنے کی دوا لے چلیں۔"

برکت بولی۔ "بھیا! تانگہ لے جاؤ۔"

"ہاں!" دائی نے کہا۔ "آنا جلدی۔"

ایک تو جاڑے کی رات۔ پھر بارش۔ بازار سنسان پڑے تھے۔ بدرو نے تو ایک کمبل اوڑھ رکھا تھا لیکن وہ بے زبان جس پر سامنے سے پانی کی بوچھاڑ پڑتی تھی کچھ بدن سکیڑ سکیڑ کر چل رہا تھا۔

"چل میرے شیر! چل میرے بیٹا!" بدرو گھوڑے سے کہتا جاتا۔ "اللہ میاں تیرے صدقے ہمیں ہماری مصیبت آسان کر دینگے۔ تو بھی تو غازی مرد ہے۔"

لیکن جب چوک میں پہنچا تو پہرے والے سپاہی نے جو بارش سے بچنے کے لئے کسی دکان کے چھجے کے نیچے کھڑا تھا آواز دی۔ "تانگہ روک لے!"

"خالی نہیں ہے!" بدرو نے جواب دیا۔

"خالی کا بچہ!" سپاہی نے ڈانٹ کر کہا۔ "کھڑا ہو جا۔"

"کیا حکم ہے سنتری جی!" بدرو نے سپاہی کو پہچان کر کہا۔

"مجھے ذرا چوکی تک پہنچا دے۔" یہ کہتے ہوئے سپاہی تانگے پر سوار ہو گیا۔

"سنتری جی!" بدرو بولا۔ "میری گھر والی بہت بیمار ہے۔ ڈاکٹر کو لینے جاتا ہوں۔ اس وقت تو معاف ہی کر دیجئے!"

"مجھے کچھ دور تو جانا نہیں۔" سنتری نے جواب دیا۔ "پہلے مجھے پہنچا دے پھر ایک چھوڑ دس ڈاکٹر لے جایئو۔"

"میں اس وقت نہیں جا سکتا۔" بدرو نے جواب دیا۔

"لے جائیگا تو تیرا باپ بھی!" سنتری نے غصہ سے کہا۔ "چل سیدھا ہو۔"

"میں نہیں جاؤں گا۔" اب بدرو نے بھی ذرا اکڑ کر کہا۔

"چلتا ہے یا میں کوئی اور تدبیر کروں؟" سنتری بولا۔

"بابا!" بدرو نے منت سے کہا۔ "رحم کرو۔ میری گھر والی بہت بیمار ہے۔"

"مرنے دے سالی کو۔" سنتری بولا۔ "اور بیل جائیگی۔"

یوں ہی بات بڑھ گئی۔ پہلے تو تو میں میں۔ پھر ہاتھا پائی

تک نوبت پہنچی۔ اب بدرو کی ڈاڑھی سپاہی کے ہاتھ میں اور سپاہی کے سر کے بال بدرو کی مٹھی میں۔ اتفاق سے دو تین آدمی ادھر سے گذرے۔ انہوں نے دونوں کو ایک دوسرے سے جدا کیا۔ لیکن وہ سپاہی ہی کیا جو غلطی کا اعتراف کرے یا اپنی ہٹ سے باز آئے۔ وہ اچک کر پھر تانگے میں بیٹھ گیا۔ اب بدرو بھی اور یہ آدمی بھی سوار ہوگئے۔ کوتوالی پہنچ کر ان لوگوں کے کہنے سننے سے بدرو غریب کی دو چار گالیاں کھا کر خلاصی ہوئی۔ لیکن اسی رد و کد میں دو بج گئے۔

ڈاکٹر کا مکان ایک گلی میں تھا۔ بدرو نے تانگہ تو بازار میں کھڑا کیا اور خود مکان پر جا کر آوازیں دینے لگا۔

"ڈاکٹر صاحب! ڈاکٹر صاحب جی!"

کوئی پہر بھر آوازیں دینے کے بعد اوپر کی منزل کی ایک کھڑکی کھلی۔

"کون ہے؟" اوپر سے آواز آئی۔

"ڈاکٹر صاحب ہیں؟" بدرو نے پوچھا۔ "ایک مریض کو دکھانا ہے۔"

"کون بیمار ہے؟" اوپر والے نے پوچھا۔

"میری بیوی بیمار ہے۔" بدرو نے جواب دیا۔ "اسے بیہوش کرنے کی دوا دینی ہے۔"

"ڈاکٹر صاحب تو سو رہے ہیں۔" اوپر سے آواز آئی۔

"تو ذرا جگا دیجئے! میں فیس دوں گا۔" بدرو نے کہا۔

"ٹھہرو ذرا۔" یہ کہہ کر اوپر والے نے پھر کھڑکی بند کر دی۔ لیکن جب پانچ دس منٹ گذر گئے اور نہ تو کھڑکی ہی کھلی نہ ڈاکٹر ہی آیا تو بدرو پھر آوازیں دینے لگا۔ کوئی دس پانچ بار پکارنے کے بعد اوپر والی کھڑکی پھر کھلی۔

"کہاں جانا ہے؟"

"بارودخانہ بازار۔" بدرو نے جواب دیا۔

"موٹر لائے ہو؟"

"تانگہ موجود ہے۔" بدرو نے جواب دیا۔

"ڈاکٹر صاحب تانگے میں نہیں جا سکتے۔"

"ڈاکٹر جی اپنی موٹر میں چلیں۔ میں تیل کی قیمت دیدوں گا۔" بدرو نے کہا۔

"ٹھہرو!" اوپر والا بولا۔ "میں پوچھ کر بتلاتا ہوں۔"

کھڑکی کے پھر ایک بار بند ہونے کی آواز آئی۔ اور بدرو بارش سے بچنے کے لئے مکان کی دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو گیا۔ کچھ دیر بعد پھر کھڑکی کھلی۔ بدرو نے جلدی سے پوچھا۔ "ڈاکٹر صاحب تیار ہو گئے؟"

"بتیس روپے فیس اور دوا کی قیمت علیحدہ دینی ہوگی۔" اوپر سے آواز آئی۔

"بتیس روپے!" بدرو نے تعجب سے کہا۔

"اور چار روپے میری فیس کے۔"

"بھائی!" بدرو بولا۔ "میں غریب آدمی ہوں۔ دس روپے دیدوں گا۔"

کھڑکی بند ہو گئی۔

"مولا! ہم غریب بھی تو تیرے ہی بندے ہیں۔" کہتا ہوا بدرو تانگے پر آ بیٹھا اور گھر کی طرف چلدیا۔ گھوڑا بھی ہانکے جاتا اور اپنے آپ سے کہتا بھی جاتا۔ "توبہ ہے! یہ ڈاکٹر ہے یا ڈاکو! بتیس روپے!! چل میرے بیٹا! سنبھل کر! آج کل کے ڈاکٹر تو مریضوں کی کھال اتارتے ہیں۔

پیسہ پاس ہو تو سب اپنے، اور جو پیسہ نہ ہو تو پھر اپنے بھی بیگانے ہو جاتے ہیں۔"

اسی طرح بڑبڑاتے ہوئے گھر پہنچ گیا۔ پہلے گھوڑے کو تھان پر باندھا۔ اُس کے آگے گھاس ڈالی۔ عورتوں نے آواز سُنکر دروازہ کھولدیا۔ جب اندر آیا تو دائی نے پوچھا۔ "ڈاکٹر کو لے آئے؟"

"نہیں!" کہہ کر بدرو آپ بیتی کہنے لگا۔ لیکن برکت کپڑے میں کوئی چیز لپٹی ہوئی لے کر آئی اور اُسکی طرف بڑھا کر بولی۔ "بھیا! تمہاری کتھا پھر سُن لینگے۔ یہ لو! پہلے اپنا بیٹا تو دیکھ لو!"

"بیٹا!" کہتے ہوئے بدرو نے برکت سے ننھا لیلیا اور سینے سے لگا لیا۔ اُس وقت اُسے نہ سپاہی سے شکایت تھی اور نہ ڈاکٹر سے شکوہ۔

ایم اسلم

شانِ تغزل

میں نہ نغمہ ہوں نہ نغمہ ساز ہوں
درد میں ڈوبی ہوئی آواز ہوں

لفظِ بے معنی ہوں معنی ساز ہوں
میں کسی کا لہجۂ آواز ہوں

دوستی میں دوستوں کا ناز ہوں
حلقۂ احباب کا اعزاز ہوں

ہو زباں پر بھی وہی جو دل میں ہو
میں معمّہ ہوں نہ کوئی راز ہوں

صاف طینت کیلئے ہوں صاف دل
راز والوں کیلئے میں راز ہوں

میری ہستی اک مسلسل موت ہے
کوئی مجھکو بھی تو سمجھے راز ہوں

میرے دل کی خاک بھی اکسیر ہے
میں کسی کا فرشِ پا انداز ہوں

تاڑنے والے مجھے بھی تاڑلیں
میں تو وقفِ معنیٔ ضبطِ راز ہوں

تم سے ملکر دل ترنم ریز ہے
تم مری آواز ہو میں ساز ہوں

میں خود اپنی فطرتِ معصوم سے
آج فرحت مائل پرواز ہوں

فرحت کانپوری

جدید مطبوعات

(۱) مقالاتِ حالی (حصّہ دوم) (۲) چند ہمعصر (۳) سودا (۴) سراجِ سخن (۵) تصویرِ کشمیر (۶) مطالبات

دہلی اور لکھنؤ اپنی اُردو پر نازاں ہیں۔ لیکن دکن کو بھی اِس زبان کے ساتھ ابتدا سے نیاز مندانہ تعلق رہا ہے۔ بلکہ بعض لوگ تو اس سرزمین کو اُردو کی جنم بھومی کہتے ہیں، اور ولی دکنی کا اُردو شاعری میں وہی مرتبہ سمجھتے ہیں جو چاسر (Chaucer) کا انگریزی شاعری میں ہے۔ اگر اس زمانے میں اُردو زبان اور ادب کی ترقی کی کیفیت و رفتار کو ملاحظہ کیا جائے تو دکن دہلی اور لکھنؤ سے بہت زیادہ آگے نظر آتا ہے۔ کیونکہ اُردو کے پرچار کے دو سب سے بڑے ادارے یعنی جامعہ عثمانیہ اور انجمن ترقی اُردو، دونوں دکن میں ہیں اور ان اداروں کی بدولت اُردو ادبیات میں ہر روز کچھ نہ کچھ اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ آج میں جن کتابوں کا ذکر کروں گا ان میں سے چار دکن کی پیداوار خیال کی جا سکتی ہیں۔ اگرچہ اُن میں سے دو دلی چھپائی دکن کے باہر ہوئی ہے: "مقالاتِ حالی" اور "چند ہمعصر" انجمن ترقی اُردو کے سلسلۂ مطبوعات میں منسلک ہیں۔ اور اس سلسلہ میں اُنکا نمبر علی الترتیب ۱۰۱ اور ۱۰۳ ہے۔ اور اس شمار سے اس خدمت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ جو انجمن نے اب تک اُردو زبان و ادب کیلئے انجام دی ہے: "مقالاتِ حالی" جس کا صرف حصّہ دوم میرے پیشِ نظر ہے۔ ایک مجموعہ ہے۔ جس میں مولانا حالی مرحوم کی تقریریں اور کتابوں کے تبصرے جمع کئے گئے ہیں۔ جدید اُردو ادب کی تعمیر میں حالی کا جو حصّہ ہے، اس کی تشریح کا اس وقت کوئی موقع نہیں لیکن مختصر طور پر میں اتنا ضرور کہوں گا کہ اس زمانے کی اُردو نظم و نثر یکساں اِن مرحوم کی ادبی جد و جہد کی مرہونِ منت ہیں۔ اور خصوصاً تین سمتوں میں تو ان کو رہنما خیال کرنا چاہیے۔ اور انکے بعد کے سب مصنفین کو مقلّد۔ (۱) قومی اور وطنی جذبات کو سادی مگر موثر زبان میں نظم کرنے کا طریقہ انہوں نے سکھایا۔ (۲) حیاتِ سعدی۔ حیاتِ جاوید۔ وغیرہ میں جہاں تک اُردو ادب کا تعلق ہے، سوانح نگاری کا ایک نیا اور پسندیدہ معیار قائم کیا اور (۳) دیوانِ حالی کے دیباچے اور بعض دیگر تصانیف میں ایسی ادبی تنقید کا آغاز کیا جو نہ صرف بیجا تعریف اور ناحق مذمت سے پاک ہے۔ بلکہ جس میں ذوقِ سلیم اور تحقیق کے ساتھ ارتقائی نظر بھی موجود ہے۔ اور جو کمی وجہ سے اپنی ہمعصر مغربی تنقید کی ہم پایہ خیال کی جا سکتی ہے۔ اکثر بڑے مصنفوں کی مانند حالی نے بھی علاوہ اپنی مستقل تصانیف کے جو اُن کی زندگی میں شائع ہو چکی تھیں متفرق مضامین۔ تقریروں، خطوں اور نظموں کا ایک بڑا ذخیرہ چھوڑا ہے۔ اگرچہ اِس قسم کی ادبیات اکثر عارضی اور ہنگامی موزونیت سے بالاتر کوئی وقعت نہیں رکھتیں۔ اور شاید مصنف خود اُنکی جمع و ترتیب کو پسند بھی نہ کرتا لیکن اُس کے معتقدین کے حسنِ اعتقاد کا یہ لازمی تقاضہ ہوتا ہے کہ اُس کی ہر ایک تحریر کو خواہ وہ کتنی ہی غیر وقیع کیوں نہ ہو متبرک سمجھکر محفوظ رکھا جائے۔ میرا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ "مقالاتِ حالی" حصہ دوم بھی ایسی ہی غیر وقیع تحریرات کا مجموعہ ہے۔ لیکن میرے دل میں یہ خدشہ ضرور پیدا ہوتا ہے کہ اگر حالی اس وقت زندہ ہوتے تو شاید ان سب تقریروں اور تقریظوں کو جمع کرنے کی ضرورت نہ سمجھتے جو اِس کتاب میں درج کی گئی ہیں۔ تاہم یہ تقریریں اور تقریظیں کئی وجوہ سے بہت دلچسپ ہیں۔ مثلاً ایک تقریر ہر موقع عطائے خطاب حکیم اجمل خاں سے۔ آج کل اخباروں میں یہ بحث دیکھنے میں آتی ہے کہ آئندہ ہندوستان میں کوئی خطاب نہ دئے جائیں۔ اس مسئلہ میں اختلافِ خیال کی گنجائش ہے۔ لیکن شاید یہ بات سب کو ماننی پڑے گی کہ ہندوستان اب اس دور سے گذر گیا ہے جب مولوی حالی کے پائے کے ادیب اپنے دوست کو خطاب ملنے پر اپنی قوتِ تقریر کے اظہار کو برموقع خیال کرتے تھے۔ بعض تقریروں میں اُس زمانے کے مسلمانوں کی قومی اور ملّی جد و جہد کی ایک جھلک نظر آتی ہے اور یہ پتہ چلتا ہے کہ اِس زمانے اور اُس زمانے کے مسلمانوں کے اجتماعی خیالات میں کتنا تفاوت تھا۔ تقریظات سے مولانا مرحوم کی طبیعت کا اعتدال اور رائے کا توازن ظاہر ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ

ماننا پڑیگا کہ ان تقریظوں میں جو ادبی تنقید موجود ہے وہ اس پایہ کی نہیں جس کی توقع دیباچۂ دیوان اور حیاتِ سعدی وغیرہ کے مصنّف سے کی جاسکتی تھی۔ اس کی ایک وجہ غالباً یہ ہو کہ جن کتابوں پر تبصرہ کیا گیا ہے اُن میں سے اکثر ایسے اشخاص کی تصنیف ہیں جو مولانا کے زمرۂ احباب میں شامل تھے اور ادبی دیانت دوستوں کی دل شکنی کیلئے کوئی عُذر نہیں ہوسکتی ؎

خیالِ خاطرِ احباب چاہیئے ہر دم
انیس ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

تقریظات میں شاید سب سے زیادہ دلکش آخری تقریظ ہے۔ جس میں حالی نے میرٹھ کی گنواری زبان کے ایک شاعر منوّر خاں تمیر کے دیوان پر نہایت دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔

انجمن ترقی اُردو کی دوسری کتاب "چند ہمعصر" اس انجمن کے آنریری سکریٹری مولوی عبدالحق صاحب کے اُن مضامین کا مجموعہ ہے جن میں مولوی صاحب موصوف نے اپنے بعض معاصرین کے خصائل و کردار کا عکس یا اُن کی زندگی کا کارنامہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ہمعصر دو ایک کے سوا سب مشہور و معروف اشخاص ہیں۔ اور مولوی عبدالحق صاحب نے ان کے متعلق جو معلومات فراہم کی ہیں وہ عام طور پر دلچسپی کے ساتھ مطالعہ کی جائیں گی۔ مشہور و معروف ہونے کے باوجود ان میں اکثر کے سوانح زندگی اب تک قلمبند نہیں ہوئے۔ مثلاً مولوی چراغ علی جو اپنے زمانے میں اسلامیات اور عربی و عبرانی زبانوں کے ایک جیّد عالم خیال کئے جاتے تھے۔ لیکن جن کی شخصیت اور علمی اکتسابات سے اس زمانے کے بہت کم لوگ آگاہ ہیں۔ ہم کو مولوی عبدالحق صاحب کا ممنون ہونا چاہیئے کہ ان کی کتاب کی بدولت مولوی چراغ علی مرحوم اور اُن جیسے اور مشاہیر کے بصیرت افروز سوانح حیات سے باخبر ہونے کا موقع ملا۔

تیسری کتاب جو اس وقت میرے پیشِ نظر ہے بعض اعتبار سے سب سے زیادہ وقیع خیال کی جاسکتی ہے۔ یہ اُردو کے مشہور و معروف شاعر مرزا محمد رفیع سوداؔ کی زندگی اور تصانیف پر ایک جامع اور بسیط تبصرہ ہے۔ جو شیخ چاند ایم۔ اے، ایل ایل بی، کی ادبی اور علمی تحقیق کا نہایت قابلِ قدر ماحصل ہے۔ سوداؔ کا اُردو شعرا کی صفِ اوّل میں جو پایہ ہے وہ سب جانتے ہیں۔ مرزا غالبؔ کا ایک لطیفہ بیان کیا جاتا ہے کہ اُن کے آگے کسی نے سوداؔ کی تعریف کی تو وہ کہنے لگے کہ میں تو تم کو میر ہی سمجھتا ہوں۔ مگر معلوم ہوا کہ تم سوداؔئی ہو۔ اور اُن کا یہ شعر ؎

غالبؔ اپنا تو عقیدہ ہے بقولِ ناسخؔ
خود وہ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

بہت مشہور ہے۔ اگرچہ ناسخؔ اور غالبؔ کی تقلید میں اکثر لوگ میرؔ کو سراہتے ہیں اور ان کے مقابلے میں سوداؔ کے مرتبہ کو گھٹاتے ہیں۔ لیکن میں نے مولانا نذیر احمد مرحوم جیسے مُستند ادیب کو یہ کہتے سُنا ہے کہ "میر صاحب صرف ایک میدان کے مرد تھے، یعنی غزل گوئی۔ لیکن سوداؔ کو ہر شاعری کی تمام اصناف پر یکساں قدرت حاصل تھی"۔ بہرحال اس میں تو کسی کو کلام نہیں ہوسکتا کہ متقدمین میں میرؔ و سوداؔ جیسی شہرت کسی اور شاعر کو نصیب نہیں ہوئی۔ شیخ چاند نے پہلے مختصر طور پر سوداؔ کے زمانے کے سیاسی اور معاشرتی حالات کو بیان کیا ہے تاکہ اُس کی شاعری کی فضا اور ماحول سے آگاہی پیدا ہوجائے۔ اسکے بعد شمالی ہند میں اُردو شاعری کے آغاز و ارتقا کی مجمل کیفیت لکھی ہے۔ یہ کتاب کا پہلا حصّہ ہے۔ دوسرے حصّہ میں سوداؔ کی زندگی اور اُن کی تصانیف و کلام کا مفصّل تذکرہ ہے۔ تیسرے حصّہ میں اُن کے اُردو کلام کی ہر ایک صنف مثلاً غزل، قصیدہ، مثنوی، ہجو وغیرہ پر تنقید کرنے کے بعد اُن کے اُردو کلام پر عمومی حیثیت سے نظر ڈالی ہے۔ سوداؔ کے کلام کی قدر و قیمت کے بارے میں شیخ چاند نے مولوی محمد حسین آزاد مرحوم کی رائے کو بہت کافی اور درست قرار دیا ہے جن کے چند فقرے میں آپکو سُناتا ہوں۔ آزاد فرماتے ہیں کہ "اہلِ سخن کا اتفاق ہے کہ مرزا اس فن میں (یعنی شاعری میں) مسلم الثبوت تھے۔ وہ ایسی طبیعت لیکر آئے تھے۔ جو شعر اور فنِ انشا ہی کے لئے پیدا ہوئی تھی۔ انکا کلام کہتا ہے کہ دل کا کنول ہر وقت کھلا رہتا تھا۔ اُس پر سب رنگوں میں ہم رنگ اور ہر رنگ میں اپنی ترنگ۔ جب دیکھو طبیعت شورش سے بھری اور جوش و خروش سے لبریز۔ نظم کی ہر فرع میں طبع آزمائی کی ہے۔ اور کہیں بند نہیں۔ انکے ہمعصر اُستاد خود اقرار کرتے تھے کہ جو باتیں ہم کاوش اور تلاش سے پیدا کرتے ہیں وہ اس شخص کو پیش پا اُفتادہ ہیں"۔ آزاد

کے علاوہ شیخ چاند نے انشا۔ رنگین۔ اور قدرت اللہ کی آرا کو نقل کیا ہے اور ان اعتراضات پر نظر ڈالی ہے جو ان لوگوں نے سودا کے کلام پر لسانی اور عروضی اعتبار سے وارد کئے ہیں۔ جہاں تک زبان کا تعلق ہے محل اعتراض یہ ہے کہ سودا اپنے شعروں میں بعض ایسے لفظ استعمال کر جاتے ہیں جو یا تو متروک ہو چکے تھے یا انشا وغیرہ کے خیال میں ترک کر دینے کے قابل تھے۔ شیخ چاند نے اس اعتراض کا بہت معقول جواب دیا ہے کہ سودا کی شاعری کا آغاز عہد محمد شاہی میں ہوا تھا اور اگر اس دور کے چند الفاظ اس کے اسی زمانے کے کلام میں مستعمل ہو گئے تو یہ کون سا اعتراض کی بات ہے۔ میں ان کے اس جواب پر یہ اضافہ کر دونگا کہ بعض جگہ ان پرانے الفاظ کا استعمال سودا کے کلام میں اس قدر موزوں اور بے ساختہ ہے کہ اسکو بجائے عیب کے خوبی تصور کرنا چاہیئے۔ شیخ چاند نے اپنی تنقید کو سودا کے اردو کلام ہی تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسکے ہندی اور فارسی کلام پر بھی تبصرہ کیا ہے اور اس کی فارسی اور اردو نثر کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ لیکن ان کے ذوق سلیم اور صحیح وجدان نے ان کو اس امر کی اجازت نہیں دی کہ وہ سودا اور میر کا موازنہ کریں یا اس کو اور شاعروں کے مقابلے میں بڑھائیں اور گھٹائیں۔ ادبیات میں اس قسم کے مقابلے اور موازنے اکثر غیر مفید اور بعض وقت تلخ بحث مباحثہ کا سبب ثابت ہوتے ہیں۔ کتاب کے چوتھے حصے کو اس سب تحقیق و تنقید کا ماحصل سمجھنا چاہیئے۔ اس میں مصنف نے نہایت عمدہ استدلال اور لطیف ادبی احساس کے ساتھ یہ دکھایا ہے کہ سودا نے اردو زبان کی تکمیل و اصلاح، ترویج و اشاعت میں کیسا اگر انقدر حصہ لیا ہے اور اس کی شاعری کی اردو ادب میں کیا اہمیت ہے۔ شیخ چاند کی کتاب "سودا" کے آخری فقرات، اس شاعر کے حق میں نہایت شاندار خراج تحسین ہیں۔ اور ان سے اس کے ادبی شکوہ کا صحیح اندازہ ہو سکتا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ (یعنی سودا) ہماری زبان کا زبردست بانی ہے جس کو ہم فراموش نہیں کر سکتے۔ اس کا کلام ہماری اولین ادبی رسائی کوشش کا آئینہ ہے جس میں ہمیں اپنی زبان کی نشو و نما کا حال معلوم ہوتا ہے اور اس جدوجہد کا پتہ چلتا ہے جو ہم نے اپنی زبان کے بنانے اور سنوارنے میں کی ہے۔ اس کا کلام اس زمانے کی شاعری کا ایک خاص اور مستقل نمونہ ہے۔ جس کا اثر عرصہ تک بلکہ اب تک موجود ہے۔ ان حالات میں اس کا کلام ایک عزیز ارث ہے جس کو ہم چھوڑ نہیں سکتے اس کو نظر انداز کرنا زبان کی ارتقائی کڑی کو کھو دینا ہے۔ اس لئے جب تک اردو زبان زندہ ہے سودا کا نام زندہ رہے گا۔ اور اس کا کلام ہمیشہ زندہ رہکر ہماری رہنمائی کرتا رہے گا۔ کتاب ٹائپ میں چھپی ہے اور اپنی معنوی خوبیوں کے ساتھ اس کی ظاہری شکل بھی خوشنما اور دلکش ہے۔ خاتمہ پر ماخذات کی فہرست ہے جس سے مصنف کی وسعت مطالعہ کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ دو تصویریں بھی ہیں۔ ایک سودا کی جو انڈیا آفس کے قلمی نسخہ "کلیات سودا" سے اخذ کی گئی ہے۔ لیکن جس کی اصلیت کے متعلق خود مصنف نے شک و شبہ کا اظہار کیا ہے۔ دوسری تصویر شیخ چاند مصنف کتاب کی اپنی شبیہہ ہے۔ اس تصویر کے نیچے جو عبارت ہے اس کو اور تیز مولوی عبدالحق صاحب کے مقدمہ کو دیکھنے سے یہ حسرتناک انکشاف ہوتا ہے کہ کتاب کی اشاعت سے قبل اسکے مصنف کا انتقال ہو گیا۔ ایسے ہونہار ادیب کی بے وقت موت اردو ادب کیلئے نقصان عظیم ہے۔ لیکن ان کی یہ کتاب ایک ایسی پائدار یادگار رہے جو ان کے نام اور شہرت کو ادبی حلقوں میں زندہ رکھے گی۔ ان کے ممدوح سودا کا ایک شعر ہے ؎

فکر معاش، عشق بتاں، یاد رفتگاں
اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے

شیخ چاند مرحوم کی کتاب شاہد ہے کہ اگر آدمی چاہے تو تھوڑی سی زندگی میں بھی بہت کچھ کر سکتا ہے۔

چوتھی کتاب جس کا میں آج ذکر کرنا چاہتا ہوں، جناب عبدالقادر سروری کی "سراج سخن" ہے۔ جس میں انہوں نے دکن کے ایک شاعر سید شاہ سراج الدین اورنگ آبادی کے منتخب کلام کو ایک پر معنی مقدمے کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔ سراج کا شمار دکن کے ان شعرا میں ہے جن کو اردو شاعری کی ترتیب میں تقدم کا شرف حاصل ہے۔ سروری صاحب ان کو "قدیم اور جدید اردو شاعری کا درمیانی واسطہ" کہتے ہیں اگرچہ اردو شاعری کے ہر ایک دور کے شعرا کا کلام عموماً اس قدر ہمرنگ ہوتا ہے کہ ان میں سے کہیں ایک کے کلام کے مخصوص انداز اور اسلوب سخن کے امتیاز کو واضح کرنا بہت دشوار ہو جاتا ہے۔ لیکن سروری صاحب نے اپنے حسن انتخاب اور وسعت نظر سے سراج

کے کلام کی داد دینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا اور ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور کے عالمانہ دیباچے نے جس میں انہوں نے دکن کی اُردو شاعری پر ایک مجمل مگر نہایت موقعانہ تبصرہ کیا ہے کتاب کی خوبی کو دوبالا کر دیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ادبی ذوق کی تشفی کے علاوہ اُردو زبان کی تاریخی اور لسانی تحقیق کیلئے بھی مفید ہو سکتا ہے۔

جناب ابوالاثر حفیظ جالندھری پنجاب کے اُردو شعرا میں بہت ممتاز ہیں۔ ان کی ایک نظم "تصویر کشمیر" ابھی کتابی صورت میں شائع ہوئی ہے۔ حفیظ صاحب کا بیان ہے کہ یہ نظم سری نگر کے ایک مشاعرے کے لئے لکھی گئی تھی۔ مصرع طرح تھا۔ ع:-

ذرہ ذرہ جانفزا ہے گلشن کشمیر کا

وہ فرماتے ہیں کہ "غزل کہہ کر غالب کا منہ چڑانے کی جرأت نہ تھی۔ مدتوں سے کشمیر کے مختلف اور متضاد مناظر میری روح میں بسے ہوئے تھے، لہٰذا قافیئے کی رعایت سے کشمیر ہی پر کچھ کہنے کا تہیہ کر لیا۔" کتاب کے شروع میں ایک تقریب ہے جو سر سید راس مسعود مرحوم (نواب مسعود جنگ بہادر) نے اپنے انتقال سے چند ہفتے قبل تحریر فرمائی تھی۔ یہ تحریر اگرچہ مختصر ہے مگر اس میں مرحوم نے حفیظ کی شاعرانہ خصوصیات کا بنایت لطیف اور معنی خیز پیرایہ میں ذکر کیا ہے اور اُن تاثرات کو بھی بہت خوبی سے بیان کیا ہے جو حفیظ کی شاعری کے مطالعہ سے ایک حساس دل اور ایک تربیت یافتہ دماغ میں پیدا ہونے ممکن ہیں۔

کشمیر کی نظر فریب وادی شہنشاہ جہانگیر کے زمانے سے لیکر اس وقت تک شاعرانہ الہام کا سرچشمہ رہی اور نثر و نظم میں اس کی خوبصورتی اور دلکشی کا بہت کچھ ذکر ہو چکا ہے۔ فارسی اور اردو کے علاوہ بعض مغربی زبانوں کے شعرا نے بھی اُسکے حسین مناظر کی لفظی تصویر کھینچنے میں اپنے زورِ طبع اور زورِ قلم کی آزمائش کی اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے فرسودہ مضمون پر کسی جدید کاوش یا تازہ فکر کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ لیکن شاعر اور ایک معمولی قسم کے انسان میں جن باتوں کا فرق ہے ان میں یہ بات بھی شامل ہے کہ شاعر کی نگاہ اُس کی اپنی نگاہ ہوتی ہے اور اس کا مشاہدہ اس کا ذاتی مشاہدہ ہوتا ہے۔ اس لئے وہ ان مضامین کے بیان میں بھی جو بار بار بیان ہو چکے ہیں کوئی ایسی بات کہہ جاتا ہے جو اس سے پیشتر کم از کم اس پیرائے میں کسی اور نے نہیں کہی۔ بلکہ بسا اوقات مضمون کی فرسودگی اس کی جدت خیال کو اور بھی اُکسا دیتی ہے اور اُس کے اسلوب میں ایک نئی شان پیدا کر دیتی ہے۔ حفیظ کی تصویر کشمیر کی ظاہری ترکیب نظم کی وہ صنف ہے جس کو مسدس کہتے ہیں۔ یعنی یہ کہ نظم کا ہر ایک بند چھ مصرعوں کا ہے۔ اگرچہ مناظر کا بیان اُردو نظم میں زیادہ تر مثنوی کی شکل میں ہوا ہے۔ لیکن اقبال اور ان کے متبع شاعروں کی تصانیف نے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ اس قسم کے طویل بیانات کے لئے مسدس مخمس یا ترکیب بند کی کوئی اور شکل مثنوی سے زیادہ موزوں ہے کیونکہ اُس میں ایک طویل مضمون کی تقسیم بھی ہو جاتی ہے اور وہ بے ربطی بھی پیدا نہیں ہوتی جو مثنوی میں (جس میں ہر ایک شعر کے ساتھ قافیہ اور ردیف بدل جاتے ہیں) عموماً پائی جاتی ہے۔ حفیظ کی اس نظم کی معنوی ترکیب یہ ہے کہ ہر ایک بند میں کشمیر کے منظر کا ایک سین دکھایا گیا ہے لیکن جس طرح سینما کی فلم میں مختلف تصویریں ایک دوسرے کے بعد اس طریقے پر آتی ہیں کہ آنکھوں کو ایک مستقل نظارہ ہی دکھائی دیتا ہے۔ اسی طرح حفیظ کی نظم کے مختلف بندوں میں ایسا تسلسل خیال موجود ہے کہ پوری نظم کشمیر کے منظر کا ایک پورا نقشہ یا تصویر ہمارے تخیل کے روبرو پیش کر دیتی ہے اور ہم کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم بھی حفیظ کے ساتھ اور ان کی راہ نمائی سے اس منظر کی سیر کر رہے ہیں اور اُن مسرتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں جو شاعر کے دل میں اس کی مختلف کیفیات کے مشاہدے سے ابھر رہے ہیں۔ ہر ایک بند میں اس ایک مصرع کی تکرار کر کے ع:-

ایک پہلو یہ بھی ہے کشمیر کی تصویر کا

اس تسلسل خیال کو قائم رکھنے میں مدد دیتی ہے جس طرح کہ ایک گیت میں کسی خاص سر یا بعض سروں کے بار بار آنے سے ایک دلکش ربط اور ہم آہنگی پیدا ہو جاتی ہے۔ تمہیدی بند میں اگر پڑھ کر سُناتا ہوں لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ میرے پڑھنے سے آپ کو حفیظ کی شاعری کا پورا حظ نہیں حاصل ہو سکتا کیونکہ اس کی صحیح کیفیت جبھی معلوم ہو سکتی ہے جب اس کے ساتھ ترنم بھی شامل ہو۔

بہرحال "تصویر کشمیر" کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:-

معرکہ درپیش ہے جذبات کی تفسیر کا

ہو رہا ہے تذکرہ کشمیر میں کشمیر کا
کھینچنا تصویر کا لانا ہے جوئے شیر کا
رنگ بھر دے اے قلم الفاظ میں تاثیر کا

لطف جب ہے کہہ اُٹھے ہر نقش اس تحریر کا

ایک پہلو یہ بھی ہے کشمیر کی تصویر کا

اس بند کا تیسرا مصرعہ غالب کے ایک مصرع (صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا) کی یاد دلاتا ہے لیکن کوئی منصف مزاج شخص یہ کہنے کی جرأت نہیں کرے گا کہ حفیظ صاحب نے مرزا غالب کا منہ چڑایا ہے۔ اس سے اگلے چند بندوں میں کشمیر کے قدرتی نظاروں کا ذکر ہے۔ اور ان تاثرات کا ذکر ہے جو کشمیر کے ماضی و حال کے متعلق ان نظاروں کے دیکھنے سے شاعر کے دل میں پیدا ہوتے ہیں۔ نظم کے آخری حصے میں شاعر ان تاثرات سے مغلوب ہو جاتا ہے اور جب وہ اس سرزمین کی خوشحالی اور اس کے باشندوں کے فطری حسن کا مقابلہ کشمیر کی موجودہ آبادی کی افلاس اور پراگندگی سے کرتا ہے تو بے اختیار کہہ اٹھتا ہے:

داؤں دکھسار پر ایسی بہار آئی ہوئی
نخل آدم زاد پر لیکن خزاں چھائی ہوئی
اسقدر خوش رنگ کلیاں اور مرجھائی ہوئی
راکھ میں چنگاریاں جیسی ہوں کجلائی ہوئی

حسرت آلودہ ہے چہرہ ہر جوان و پیر کا

ایک پہلو یہ بھی ہے کشمیر کی تصویر کا

فطرت اور انسانی زندگی کے اس المناک تقابل کو حفیظ نے کئی مؤثر اشعار میں واضح کیا ہے۔ لیکن آگے چل کر وہ اس فسردہ مضمون سے ایک لطیف پیرائے میں گریز کرتے ہیں اور کشمیر کی دلچسپیوں کی جانب یہ کہہ کر دوبارہ متوجہ ہو جاتے ہیں کہ:

خیر ہم کو کیا غرض اس قوم کے حالات سے
جگمگاں ہوتی ہے دنیا اک ذرا سی بات سے
ہم تو لطف نغمہ و مے لوٹنے آئے ہیں باغات سے
ہمکو وہ مطلب نہیں تو مایسوں کی ذات سے

لطف کیوں کھوئیں ہم اپنی چشم لذت گیر کا

ایک پہلو یہ بھی ہے کشمیر کی تصویر کا

اس کے بعد کشمیر کے دلکش مقامات اور دلفریب سیر گاہوں کا تذکرہ ہے اور شالامار باغ کی سیر کرتے ہوئے حفیظ کو ان منتل شہنشاہوں اور بیگموں کا خیال آجاتا ہے جو اس باغ کے پانی اور قدرتی دامن تلے اور شاعر کی آنکھوں میں ان کی دولت و حشمت ان کے جاہ و جلال کی صورتیں پھر جاتی ہیں۔ لیکن یہ خیال اسکو افسردہ کر دیتا ہے کہ شالامار اور اس قسم کی اور عمارتیں اکثر مفلس و نادار مزدوروں کے خون اور پسینے سے تعمیر ہوئی ہیں۔ خیالات کا یہ اتار چڑھاؤ فطرت کے عین مطابق ہے اور شاعر کے تاثرات حقیقت میں وہی ہیں جو اکثر لوگوں کے دلوں میں زمانہ سلف کی یادگاروں اور حسین مقامات کو دیکھکر پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن مؤثر پیرایہ میں بیان کرنے کیلئے ایک شاعر شیریں بیان کی ضرورت ہوتی ہے۔ حفیظ صاحب ان متضاد تاثرات سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ ؎

عشرت ماضی کی ہے خمیازہ کشمکش دنیائے حال
عیش چند افراد کا لایا جماعت پر زوال

پوری نظم کو مطالعہ کرنے کے بعد سر سید اس مسعود مرحوم کی اس رائے کی تائید کرنا دشوار معلوم ہوتا ہے کہ حفیظ صاحب محض شاعر ہیں اور "سیاسیات اور چند و نصائح کے دامان گریباں" ان کی دسترس سے دور ہیں" بلکہ اس کے برعکس ہمارا یہ خیال ہے کہ حفیظ صاحب کی "سیر کشمیر" ایک نہایت سبق آموز نظم ہے اور اس میں انسانی زندگی کا وہی جذبہ پایا جاتا ہے جو موجودہ دور میں ادبیات کا بہترین اور سب سے قوی محرک خیال کیا جاتا ہے۔ اس نظم کے بعد چند تصریحات ہیں جن میں کشمیر کے مشہور مقامات وغیرہ کی ضروری کیفیت ہے تاکہ وہ لوگ جو اس ملک کے جغرافیہ سے آگاہ نہیں نظم کا پورا لطف اٹھا سکیں۔ یہ تصریحات ان لوگوں کیلئے بھی مفید ہو سکتی ہیں جو کشمیر کی سیاحت کا ارادہ رکھتے ہوں۔ ستر صفحات کی یہ مختصر کتاب دلچسپی کا بہت سا سامان رکھتی ہے اور اس مثل کی صحیح مصداق ہے کہ ہر کہ بقامت کہتر بقیمت بہتر۔

اب میں نظم سے نثر کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اور پنجاب کے ایک اور ادیب مولانا چراغ حسن حسرت عرف سندباد جہازی کی کی ایک کتاب کا کچھ ذکر کرنا چاہتا ہوں جس کا نام "مطائبات" ہے۔ اس غیر مانوس عربی نام سے آپ یہ خیال نہ فرمائیں کہ کتاب کا مضمون بھی ایسا ہی غیر مانوس ہوگا یا یہ کہ اس کی عبارت میں عربی اور فارسی الفاظ کی وہ کثرت ہوگی جس کے بوجھ سے مضمون بالکل دب جاتا ہے۔ "مطائبات" میں حسرت صاحب نے اپنے ان مضامین کو جمع کر دیا ہے جو اخبار احسان میں چھپتے رہے ہیں۔ یہ

(نمبر ۵) بسلسلۂ ماسبق

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی

فلسفہ و تصوف

لُغات میں، اور فنِ شعر سے بحث کرنے والی کتابوں میں غزل کی جو تعریف بیان کی گئی ہے اُس کا خلاصہ یہ ہے کہ غزل نام ہے روداد محبت کے بیان کا، مگر اُس محبت کی روداد جو ایک مرد کو ایک عورت سے ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے نقّال شعرا نے جن میں دورِ حاضر کے "اساتذہ" بھی شامل ہیں، شعر کی اس جمیل صنف میں بیگانہ عناصر اس کثرت سے داخل کئے کہ وہ بالکل مسخ ہو کر رہگئی۔ یہاں تک کہ اب اُس کی شکل پہچانی نہیں جاتی۔ غزل اب عشق و محبت کی داستان نہیں بلکہ کباڑی کی دُکان ہے جسمیں عشق و محبت کے سوا سب کچھ مل سکتا ہے۔ انہیں بیگانہ عناصر میں سے ایک عنصر تصوف اور فلسفہ ہے جسنے ناظورۂ غزل کی تمام رعنائیاں چھین کر اُسے ایک خشک و عبوس فلسفی اور ایک جٹا دھاری جوگی کی وحشت انگیز شکل میں تبدیل کر دیا۔ اوّل تو یوں ہی فلسفہ کے خشک مباحث کو حُسن و محبت کی داستانِ رنگین سے کیا علاقہ اور جذبات کی دنیا میں فلسفہ کا گذر کہاں۔ اسپر طرہ یہ کہ ہمارے شعرائے بدقسمتی سے فلسفہ کے مبادیات سے بھی واقف نہیں اپنے آپ کو فارابی و ابن سینا کا جانشین تصوّر کرتے ہیں۔ اس "جہل" و "نادانی" کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی گہری بات کہنے کے بجائے یا تو نہایت عامیانہ اور پیش پا افتادہ خیالات کو موضوعِ سخن بناتے ہیں یا پھر ایسی باتیں کہتے ہیں جو ہزاروں بار دہرائی جا چکی ہیں اور جن میں اب کوئی ندرت و تازگی باقی نہیں رہی۔

یہی حال مسائلِ تصوف کا ہے۔ تصوف جسے یونانی اوہام، ایرانی تخیلات، ہندی مراسم اور بعض اسلامی عناصر کی ایک معجون مرکب کہنا چاہیئے ایک نہایت اُلجھی ہوئی چیز ہے۔ اس میں سب سے زیادہ مہتم بالشان دو چیزیں ہیں۔ ایک وحدتِ وجود یا ہمہ اوست کا مسئلہ اور دوسرے ترکِ ماسوا اور رجوع الی اللہ اور فنا فی اللہ کی تعلیم۔ ظاہر ہے کہ ان مسائل کو جب اشعار میں بیان کیا جائیگا تو وہ اشعار کس قسم کے ہونگے اور دنیائے محبت سے اُنہیں کیا سروکار ہوگا۔ یہ نہ بھولنا چاہیئے کہ محبت سے ہماری مراد وہ محبت ہے جو صحیح معنی میں غزل کا موضوع ہے اور جو اسی عالمِ آب و گل میں گوشت پوست سے بنے ہوئے انسانوں کے درمیان پائی جاتی ہے۔ اس کے سوا کسی اور قسم کی محبت سے چند صوفیوں اور نقال شاعروں کے سوا دُنیا کو کوئی دلچسپی نہیں ہو سکتی۔ ایران کے بعض مشہور شعرا چونکہ صوفی تھے اسلئے ہمارے "اساتذہ" نے یہ سمجھا کہ حصولِ عظمت و شہرت کے لئے تصوف کا سوانگ بھرنا بھی ضروری ہے۔ لہٰذا ہر شخص بزعمِ خود ستائی، عطار، اور رومی بن بیٹھا، اور "حقائق و معارف" اور "اسرار و رموز" کے دریا بہا دئے۔ آیئے اب دیکھیں کہ "دورِ حاضر کے چوٹی کے غزلگویوں" نے فلسفہ اور تصوف کے میدان میں کیا کیا موشگافیاں کی ہیں اور ان کے اس قسم کے کلام پر حقیقی عشقیہ شاعری یعنی غزل کا اطلاق کہاں تک صحیح ہے۔

جیسا کہ ہم پیشتر بیان کر چکے ہیں ہمارے "اساتذہ" کے نزدیک کمال شاعری اس کا نام ہے کہ کہنہ و فرسودہ خیالات کو کسی مخصوص بحر اور کسی خاص ردیف قافیہ میں پھر ایک بار دہرا دیا جائے۔ اور غالباً نقالی کا فرض ادا کرنے کے لئے اس سے زیادہ کی ضرورت بھی نہیں۔ خواجہ حافظ کا ایک مشہور شعر ہے ؎

حدیث از مطرب و مے گو و راز دہر کمتر جو ❊ کہ کس نکشود و نکشاید بحکمت ایں معمّا را

ہمارے "بادشاہِ متغزلین" مولانا حسرت نے اسی شعر کا چربہ اتارا ہے، مگر جس بُری طرح کہ شعر کی ساری رنگینی و رعنائی خاک میں مل گئی۔

حسرت ؎ راز ابتک نہ کھلا ہے نہ کھلے لوگ عبث ❊ دعویٔ دانشِ ماہیتِ اشیا نہ کریں

"حدیث از مطرب و مے گو" کا ٹکڑا جو حافظ کے شعر کی جان تھا اور جس نے فلسفہ کے ایک خشک مسئلہ پر شعریت کا رنگین نقاب ڈال دیا تھا، مولانا صاحب کے شعر میں نہ آسکا اور ایک پیکرِ جمیل بوسیدہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا۔ کوئی پوچھے کہ جناب نے اس شعر کے کہنے کی زحمت کس لئے گوارا فرمائی۔ دراصل یہ ایک راز ہے جو حضراتِ شعر کے سوا دوسرے لوگوں کو بہت کم معلوم ہے۔ دورِ حاضر کے ایک "غزلگو شاعر" نے ہمیں بتایا کہ اس قسم کے اشعار افلاس تخیل کی پردہ پوشی کیلئے کہے جاتے ہیں۔ روز روز نئے مضامین کوئی کہاں سے لائے "ناچار غزل کی تکمیل اسی طرح کی جاتی ہے۔

مولانا جامی نے ترکِ ماسوا کی ترغیب اس طرح دی تھی ؎

اے آنکہ بقبلۂ بتاں رُو دست ترا ❊ بر مغز چرا حجاب شد پوست ترا
دل در پے ایں و آں نہ نیکوست ترا ❊ یکدل داری بس است یک دست ترا

"بادشاہِ متغزلین" بھی ترکِ ماسوا کی تلقین فرماتے ہیں۔ مگر کس طرح ؎

حسرت ؎ لائقِ حزبِ اولیا نہ ہوا ❊ وہ جو بے خوفِ ماسوا نہ ہوا

سبحان اللہ، کیا اندازِ غزل خوانی ہے۔ اس محل پر یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ غزل کا موضوع چونکہ محبت ہے لہٰذا اُس کی زبان بھی ایسی ہونی چاہیئے جو امورِ محبت کی نزاکتوں اور لطافتوں کو ایک دلنواز پیرائے میں ادا کر سکے۔ نرم و شیریں الفاظ، بیساختہ ترکیبیں، اور کیف و اثر میں ڈوبے ہوئے فقرے اور جملے اس کے لئے ضروری ہیں۔ ثقیل و درشت لفظوں، پیچیدہ ترکیبوں اور متوالی اضافتوں سے غزل کی اکثر لطافتیں فنا ہو جاتی ہیں۔ "حزبِ اولیا" اور "دعویٔ دانشِ ماہیتِ اشیا" وغیرہ غزل کی زبان میں یکسر خارج از آہنگ ہیں۔

ایک مقام پر ہمارے مولانا صاحب نے ایک نہایت بلند بانگ دعویٰ فرمایا ہے جو بیک وقت دعویٰ بھی ہے اور ایک حیرت انگیز انکشاف بھی۔ ارشاد ہوتا ہے ؎

حسرت نے بھی مثلِ شمسِ تبریز ❊ اشعار میں کہدئے سب اسرار

اس بیان کے دو حصے ہیں۔ ایک یہ کہ جس طرح شمس تبریز نے "اسرار" بیان کئے تھے اسی طرح حسرت صاحب نے بھی اُن کا انکشاف کر دیا۔ دوسرے یہ کہ جس طرح شمس تبریز نے اشعار کو اظہارِ خیال کا ذریعہ بنایا تھا اُسی طرح ہمارے "بادشاہِ متغزلین"

نے بھی شعروں ہی میں سب کچھ کہدیا۔ بیان کا دوسرا حصّہ خصوصیت کے ساتھ قابلِ غور ہے۔ قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کونسے اشعار ہیں جن میں شمس تبریز نے "اسرار" بیان کئے ہیں؟ اگر شمس تبریز کے اشعار سے وہ دیوانِ غزلیات مراد ہے جو دیوان شمس تبریز کے نام سے مشہور ہے تو یہ ایک عامیانہ "جہالت" ہے۔ اسلئے کہ ادبیاتِ فارسی کی تاریخ کا مطالعہ کرنے والا ایک مبتدی بھی جانتا ہے کہ وہ دیوان مولانائے روم کی تصنیف ہے اور حسنِ عقیدت کی بنا پر انہوں نے غزلیات کے مقطعوں میں اپنے مرشد شمس تبریز کا نام درج کردیا ہے۔ اگر حسرت صاحب کو اتنا بھی نہیں معلوم تو یہ "رازدانی" اور "راز کشائی" کا دعویٰ، جو درحقیقت محض دعویٰ ہی دعویٰ ہے، انہیں کچھ زیب نہیں دیتا۔

آیئے اب بیان کے پہلے حصّہ پر بھی ایک نظر ڈال لیں اور دیکھیں کہ وہ کونسے "اسرار" ہیں جو شمس تبریز کی طرح آپ نے بھی بیان فرمائے ہیں:-

حسرت ؎ نہ پاسکے کبھی پابند رہکر قید ہستی میں ❊ سو ہمنے بے نشاں ہوکر تجھے اے بے نشاں پایا
" اہلِ نظر کو بھی نظر آئے نہ روئے یار ❊ یاں تک حجابِ نور نے مستور کردیا
" کون ہے، کیا ہے، وہ بتِ بے وفا ❊ کوئی بتاؤ یہ خُدا را ہمیں
" خرّمی دو روزہ کو عشرتِ جاودانِ جان ❊ فکرِ معاش سے گذر حوصلہ معاد کر
" کچھ ربطِ جمال و شوق کا حال ❊ معلوم نہ ہوسکا کما ہی
" لاؤں کہاں سے حوصلہ آرزو سپاس کا ❊ جبکہ صفاتِ یار میں دخل نہ ہو قیاس کا

یہ اور اسی قسم کے چند اور اشعار دیوانِ حسرت میں آپکو ملیں گے جنہیں کھینچ تان کر "اسرار و رموز" کے تحت میں لایا جاسکتا ہے۔ مگر یہ سوال پھر بھی باقی رہتا ہے کہ آپ نے کونسا نیا انکشاف کیا ہے؟ کس مسئلہ پر نئی روشنی ڈالی ہے؟ کونسی نئی بات دُنیا کو بتلائی؟ کچھ بے بنیاد دعوے ہیں جن کا کوئی ثبوت موجود نہیں مثلاً "بے نشان ہوکر اس بے نشان کو پالیا" کچھ اعترافات ہیں جن میں عارف و عامی بھی شریک ہیں، آپکی ذات کے لئے مخصوص نہیں مثلاً "یہ معلوم نہ ہوسکا کہ وہ بت بیوفا" کون ہے اور کیا ہے؟ کچھ تلقینات ہیں جنہیں ہر واعظ کی زبان دہراتی رہتی ہے مثلاً "دُنیا کی مسرتیں ناپائیدار ہیں انہیں میں پھنسکر رہجانا مناسب نہیں۔ آخرت کی بھی کچھ فکر کرنی چاہیئے" اور کچھ ایسی باتیں ہیں جو ہزاروں بار دہرائی جاچکی ہیں اور کہیں بہتر پیرائے میں مثلاً یہ کہ "صفاتِ باری میں قیاس کو دخل نہیں"، "بادشاہِ متغزلین کی پروازِ خیال "قیاس" کی حدود سے آگے نہ بڑھ سکی حالانکہ کہنے والے "اے برتر از گمان و خیال و قیاس و وہم" تک کہہ چکے ہیں۔

حضرت اصغر کی "صوفیانہ" شاعری پر اگر تفصیلی بحث کی جائے تو یہ مضمون بہت طویل ہوجائیگا اس کے علاوہ ان کے متصوفانہ اشعار کی طرح یہ تبصرہ بھی قارئین کے لئے بے کیف و بے مزہ ثابت ہوگا۔ اس لئے جہاں تک ہوسکیگا ہم اختصار سے کام لیں گے۔ منظوماتِ اصغر کے پہلے مجموعے (نشاطِ روح) کے مقدمہ میں مولانا سہیل صاحب تحریر فرماتے ہیں:-

"حُسن و عشق کے ربط باہمی کی نسبت مختلف نظریے ہیں۔

پہلا نظریہ:- بعض کے نزدیک حُسن فی نفسہ کوئی چیز نہیں، خود ہمارا ذوقِ نظر اور بیتابیِ شوق ایک چیز کو ہماری نگاہ میں

محبوب بنا دیتی ہو یعنی بالفاظِ دیگر عشق خالقِ حُسن ہے۔

دوسرا نظریہ:۔ یہ ہے کہ اصل حقیقت حُسن ہو اور حُسن کا تقاضا ہو ظہور و خود نمائی اور یہ تقاضا عشق کا محرک و خالق ہو۔

تیسرا نظریہ:۔ یہ ہو کہ حُسن و عشق دونوں اپنی اپنی جگہ پر مستقل ہستیاں ہیں مگر ہر شخص کا معیارِ حُسن فطری طور پر مختلف ہوتا ہے اور فطرت اپنے معیارِ پسند کی جستجو میں رہتی ہو اور جب اتفاق سے وہی چیز سامنے آجاتی ہے تو دبی ہوئی چنگاریاں بھڑک اُٹھتی ہیں اور اسی تطابقِ حُسن و عشق سے دونوں کا فطری رنگ نکھر آتا ہے۔

چوتھا نظریہ:۔ یہ ہے کہ تمام کائناتِ عالم چونکہ محض ایک حسنِ ازل کا پرتو ہے لہٰذا حُسن و عشق کی حقیقت ایک ہو۔

حضرتِ اصغر کے کلام سے ہر نظریہ کے متعلق مثالاً یہاں چند اشعار پیش کر دئے جاتے ہیں جس سے اُن کے کمالِ فن کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔"

اس کے بعد ہر نظریہ کے ماتحت حضرتِ اصغر کے چند شعر نقل کئے ہیں۔ سطورِ بالا سے اور کچھ نہیں تو کم از کم اتنا تو ثابت ہو گیا کہ حُسن و عشق کے ربطِ باہمی کے متعلق خود حضرتِ اصغر کا اپنا کوئی نظریہ نہیں جس کسی سے جو کچھ سُن لیا آپ نے بھی اُسپر چند شعر فرما دئے اور بس۔ چلئے نقالی کا فرض ادا ہو گیا۔ مثال کے طور پر یوں سمجھنا چاہیئے کہ آپکی حیثیت ایک ایسے مسلمان کی سی ہے جو ہے تو سُنّی مگر ایک ہی وقت میں چاروں اماموں کا مُقلد ہے۔ مذہب کی دُنیا میں یہ "وسعتِ مشرب" شاید مستحسن سمجھی جائے لیکن جہاں بحث "حقایق و معارف" کی ہو وہاں اس قسم کے اجتماعِ ضدین کا نتیجہ گمراہی کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ ایسے شخص کا ہمیشہ تذبذب کے عالم میں رہنا اور یقینی طور پر کچھ نہ جان سکنا لازمی ہو۔ یہ تو خود اس کی اپنی حالت ہوگی اور اگر بدقسمتی سے وہ کسی گروہ کا رہنما بھی ہو تو ظاہر ہے کہ وہ اپنے مقلدین کو گمراہی کی آخری بلندیوں یا انتہائی پستیوں تک پہونچا کر چھوڑیگا۔

سہیل صاحب نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ جنابِ اصغر "صاحبِ وجد و حال" اور "بادۂ عرفان کے ذوق شناس بھی ہیں"۔ ممکن ہے سہیل صاحب کا یہ دعویٰ حقیقت پر مبنی ہو۔ مثل مشہور ہے کہ "ولی را ولی می شناسد"۔ چونکہ ہمیں سہیل صاحب کی "ولایت" کے متعلق کوئی علم نہیں اس لئے اصغر صاحب کی "ولایت" سے بھی انکار نہیں کر سکتے۔ البتہ اشعار سے صاف ظاہر ہے کہ حضرتِ اصغر کا نہ کوئی پیغام ہے نہ کوئی نظریہ ہے۔ نہ وہ کسی خاص مسلک کے پیرو ہیں نہ ان کا کوئی نصب العین ہے۔ نہ یقینی طور پر انہیں کچھ معلوم ہے۔ نہ وہ آپ بیتی بیان کرتے ہیں۔ تصوف کے چند اُلجھے ہوئے مسائل کی دلدل میں اس طرح پھنسے ہوئے ہیں کہ نجات کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ اس کے سوا جو کچھ ہو وہ نقالی اور محض نقالی۔ اب، اسی کو چاہے موسیقی، بُت گری، اور مُصوری سے تعبیر کیجئے یا "اسرار و معارف" کا لقب دیجئے۔ وحدتِ وجود کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

اصغر ؎ کارفرما ہو فقط حُسن کا نیرنگِ کمال ❊ چاہو وہ شمع بنے چاہے وہ پروانہ بنے
ذرّہ ذرّہ تو نمایاں ہو تجلّائے قدم ❊ ہوش گم ہیں وسعتِ صحرائے امکاں دیکھکر
جو شجر باغ میں ہو وہ شجرِ طور ہے آج ❊ پتے پتے میں جو دیکھا تو وہی نور ہے آج

" صاف کہتا ہوں کہ میں کیا ہوں فقط دریا ہو ❊ کسقدر شوخ ہو ہر قطرۂ منصور مزاج
" کس طرح حسن دوست ہو بے پردہ آشکار ❊ صدہا حجاب صورت و معنی لئے ہوئے
" ہر شے میں تو ہی تو ہو یہ لُعد یہ حرماں ہو ❊ صورت جو نہیں دیکھی یہ قرب رگ جاں ہو
" حقیقت ایک ہو صدہا لباس رنگین میں ❊ نظر بھی چاہیئے کچھ حسن رہ گذر کیلئے
" خیرہ کئے ہو چشم حقیقت شناس کو ❊ ہر ذرّہ ایک مہر منوّر لئے ہوئے
" ہستی بھی مری پردہ یہ لفظ و بیاں پردہ ❊ وہ پردہ نشیں پھر بھی ہر پردہ میں عُریاں ہو

چلئے تھوڑی دیر کے لئے فرض کر لیا کہ شمع و پروانہ کی حقیقت ایک ہی۔ جو ذرّہ ہو وہی صحرا ہو۔ جو قطرہ ہو وہی دریا ہو، ہماری آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے وہ تعینات کے حجاب ہیں، حقیقت صرف ایک ذاتِ مطلق ہے جس کے شیون و مظاہر نے اتنی مختلف شکلیں اختیار کر لی ہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ ان مباحث کا عشقیہ شاعری سے کیا تعلق ہے۔ خدارا انصاف کیا اس قسم کے اشعار کو غزل میں شامل کرنا، غزل کی جانِ نازنین پر انتہائی ظلم نہیں؟

اس قسم کے بے رُوح و بے مزہ اشعار اصغر صاحب کے یہاں بکثرت موجود ہیں۔ وہی ایک فرسودہ خیال ہے جسے بار بار مختلف بحروں اور مختلف ردیف قافیہ میں بیان کیا ہو۔ آپکی تمام عرفان باقی کا خلاصہ یہ ایک شعر ہے :-

اصغر ؎ نہ کھلے عقدہائے نازو نیاز ❊ حسن بھی راز اور عشق بھی راز

اس شعر سے صاف ظاہر ہے کہ حسن و عشق کے ربطِ باہمی کے متعلق آپ بالکل تاریکی میں ہیں اور سہیل صاحب کے بیان کئے ہوئے چار نظریوں کے متعلق آپنے جو اشعار فرمائے ہیں اُن کی حقیقت عامیانہ تقلید کے سوا اور کچھ نہیں۔

حضرت فانی بھی چونکہ بقول جناب فراق دورِ حاضر کے چوٹی کے غزلگو ہیں، اسلئے عرفان باقی میں اپنے کسی ہمعصر "استاد" سے پیچھے نہیں رہے۔ جو کچھ اوروں نے کہا ہے آپ نے بھی کہا ہے۔ فرق صرف بحر اور ردیف و قافیہ کا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں :-

فانی ؎ اُس کی ہستی سے جدا میرا وجود اللہ رے ہم ❊ بلبلا ہو عینِ دریا پھر بھی دامن چیدہ ہو
تو شمع آئینہ خانہ ہو آئینہ کیا ہو ❊ تری خدائی کے قربان ماسوا کیا ہے

ہر چند کچھ اور ہے حقیقت ❊ کہنے کو جو میں وہ تو نہیں ہو
رازِ نیرنگی حقیقت ہوں ❊ میں ہوں فانی حقیقتِ نیرنگ

آپ ہی اپنی آڑ میں تو ہے ❊ تو حقیقت ہے اور تو ہی مجاز
نشانِ مہر ہو ہر ذرّہ، ظرفِ مہر نہیں ❊ خدا کہاں نہ ملا اور خدا کہیں نہ ملا

اٹھا بھی دے نگہ ما سوا نگر کا حجاب ❊ یہ دیکھنے ہی کا پردہ ہو دیکھنا کیا ہو

اور کبھی چند حکیمانہ نکتے اپنے فلسفی شاعر کی زبان سے سُن لیجئے :-

فانی ؎ قلب، ادراک، دماغ اور حواس ❊ مجھ سے منسوب ہیں تجھ سے مغلوب
دُنیا جسے کہتا ہے زمانہ فانی ❊ ہے ایک طلسم اجتماعِ اضداد
تعبیر اجل نے دی اس خوابِ پریشاں کی ❊ ہم مر کے تجھے سمجھے اے ہستیِ انسانی

اس میں کوئی شک و شُبہ کی گنجائش نہیں کہ مرنے کے بعد حقیقتِ ہستی آپ پر منکشف ہوگئی ہوگی۔ "تمام عرفا" کا اس پر اتفاق ہے۔

نقّالی کا جہاں تک تعلق ہے یوں تو حسرت، اصغر، فانی، اور جگر سبھی نے تصوف کے ریگزار میں متقدمین کے نقوشِ قدم پر چلنے کی کوشش کی ہے لیکن جگر اس حیثیت سے یقیناً اپنے معاصرین میں ممتاز ہیں کہ اُنہوں نے اس بے مزہ راگ کو بہت زیادہ الاپا ہے اور درجنوں اشعار "فلسفہ و تصوف" کے اُن مسائل پر لکھ ڈالے ہیں جن سے ہر نقّال شاعر اور ہر جاہل صوفی اچھی طرح واقف ہے۔ سُنیئے :-

جگر ؎ مجھی میں رہے مجھ سے مستور ہو کر ❊ بہت پاس نکلے بہت دُور ہو کر
وہی نور میں ہو وہی نار میں ہو ❊ کبھی نار ہو کر کبھی نور ہو کر

عالم سے چھپنے والے معلوم تیرا چھپنا ❊ سو بار تجھکو دیکھا سو بار گفتگو کی
پردہ جب اُٹھ گیا ہو دیکھا ہی ہو اکثر ❊ اپنی ہی آرزو میں اپنی ہی جستجو کی

تو نے سو سو رنگ سے پردہ کیا ❊ دیکھنے والا تجھے دیکھا کیا
زہے صورت زہے معنی، زہے جلوہ، زہے پردہ ❊ بیک لحظہ بیک ساعت عیاں ہونا نہاں ہونا

تیری خبر نہیں مگر اتنی خبر تو ہے ❊ تو ابتدا سے پہلے ہو تو انتہا کے بعد
میں وہاں ہوں جہاں نہیں میں بھی ❊ عالم و ما ورائے عالم کیا

فلسفیانہ اور متصوفانہ شاعری کے جو نمونے ہم نے پیش کئے وہ آپ ہی اپنی تفسیر ہیں اور اُنپر کسی اظہارِ خیال کی ضرورت نہیں۔ معمولی سمجھ کا انسان بھی سمجھ سکتا ہے کہ جن حضرات کا یہ کلام ہے وہ بفضلہ نہ فلسفی ہیں نہ صوفی بلکہ محض نقّال ہیں۔ اور غالباً اس حقیقت سے بھی کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ یہ اشعار عشقیہ شاعری کی حدود سے یکسر خارج ہیں۔ یہ ہیں ہمارے "بادشاہِ متغزلین" اور دوسرے "چوٹی کے غزلگویوں" کے زندہ جاوید کارنامے۔ اگر سو ۱۰۰ اتفاق سے کہیں فراق صاحب نے

اس دور کی روحانی سوانحعمری (Spiritual Biography) اور ذہنی تاریخ مُرتّب کی تو یقین ہے کہ وہ اسی قسم کے اشعار سے مدد لیں گے جس کے سینکڑوں نمونے ہم اب تک پیش کر چکے ہیں۔

ہوائی محل

ہوائی محلوں سے اِس قسم کے اشعار مراد ہیں جو پیاز کی مانند ہیں۔ پیاز کے پرت اُتارتے چلے جایئے یہانتک کہ وہ ختم ہو جائے لیکن مغز یا تخم کچھ بھی اُس میں سے نہ نکلے گا۔ یہی حال اِن اشعار کا ہے کہ جس طرح جی چاہے انکی تحلیل و تجزیہ کیجئے لیکن عنقائے معانی کا ہاتھ آنا محال ہے۔ لفظوں کے انبار میں مطلب گم ہے اور اگر کھینچ تان کر معنی کی تعیین کی بھی جائے تو اس کی حیثیت "کوہ کندن وکاہ برآوردن" بلکہ جدید فارسی محاورہ کے مطابق "کوہ کندن وموش درآوردن" سے زیادہ نہ ہوگی۔ "بادشاہِ متغزلین" اور دوسرے اساتذہ کے یہاں اس قسم کے اشعار بکثرت موجود ہیں۔ یہاں صرف چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:۔

حسرت ؎ اثرِ عشق سے نکلیں جو تمہارے آنسو ❊ دامنِ جاں میں وہ لے لیجئے سارے آنسو

اوّل تو یہی سمجھنا دشوار ہے کہ مولانا صاحب کا مخاطب کون ہے؟ اور یہ زرّیں مشورہ کسے دے رہے ہیں؟ اپنے محبوب کو یا "ہمدم" کو؟ ممکن ہے یہ مطلب ہو کہ اثرِ عشق سے جب محبوب کے آنسو نکلیں تو عاشق صاحب خود اُنہیں اپنی جان کے دامن میں لے لیں۔ لیکن اِس صورت میں خطاب۔ (لے لیجئے)۔ خلافِ محل ہوگا۔ اِن اُلجھنوں سے قطع نظر ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ "دامنِ جان" ہے کیا بلا اور آنسو اُس میں کس طرح لئے جا سکتے ہیں۔ کیا وہ کوئی بوتل یا شیشی ہے جسمیں اثرِ عشق سے نکلے ہوئے آنسو جمع کر لئے جائیں؟

حسرت ؎ اللہ رے اُنکے حُسنِ دخشاں کی گرمیاں ❊ چھالے سے پڑ گئے ہیں زبانِ سپاس میں

سبحان اللہ کتنا حسین مبالغہ ہے اور کتنا پیارا اندازِ بیان ہے۔ عاشق نے جو محبوب کے حسن کی منّت گذاری کی تو حُسن کی گرمی سے بیچارے کی زبان جل گئی۔ سپاسِ حُسن گویا ایک دہکتا ہوا انگارا تھا جسے بھولے شاعر نے ایک معصوم بچہ کی طرح مُنہ میں رکھ لیا اور اُس سے بیچارے کی زبان میں چھالے پڑ گئے۔ وہ تو بڑی خیریت ہوئی کہ اُس وقت وہاں کوئی اور موجود نہ تھا ورنہ یہ آتشیں الفاظ جو سُنتا اس کے کانوں میں چھالے پڑ جاتے۔ ضمناً تعشق لکھنوی کا بھی ایک شعر سُن لیجئے۔

تعشق ؎ لکھا تھا خط میں اُنہیں حالِ آہِ سوزاں کا ❊ سُنا ہے راہ میں بجلی گری کبوتر پر

اِس آتشیں طوفان کو فرو کرنے کیلئے میر صاحب کا ایک "سیلابی" شعر نقل کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔

میر تقی میر ؎ میرے رونے کی حقیقت جسمیں تھی ❊ ایک مدّت تک وہ کاغذ نم رہا

اِس سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ اس قسم کا لغو اغراق و غلو متقدمین و متوسطین سب کے یہاں پایا جاتا ہے۔ پھر بیچارے "بادشاہِ متغزلین" نے بیسویں صدی میں اگر اپنے پیشروؤں کی نقّالی کی تو کیا بُرا کیا۔

حسرت ؎ نگہِ شوق نہ ہو چاہِ زنخداں کے قریب ❊ کیا یہ اُبھرا ہو ترے خالِ نمایاں کے قریب

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ حسرت صاحب کے محبوب کی ٹھوڑی میں مچھر نے کاٹ کھایا تھا اور اُس سے وہ وڑا پڑ گیا تھا۔ اُس کے قریب ہی ایک تل بھی تھا۔ تل کے پاس یہ دو وڑا جو اُبھرا ہوا نظر آیا تو بھولے مولانا صاحب سمجھ نہ سکے کہ یہ کیا چیز ہے۔ آخر بہت سوچ بچار کے بعد اس نتیجہ پر پہونچے کہ ہو نہ ہو یہ ہماری نگاہِ شوق ہے جو تل میں اٹک کر یا چاہِ زنخداں میں پھنسکر رہ گئی ہو۔ نگاہ کو ایک اُبھری ہوئی مادّی چیز سے تشبیہ دینا جس قدر لغو ہے محتاجِ تشریح نہیں اور یہ نکتہ پھر بھی حل نہ ہوا کہ "خالِ نمایاں" کے قریب جو چیز اُبھری ہوئی نظر آ رہی تھی وہ دراصل تھی کیا۔ ممکن ہو دو وڑا نہ ہو کوئی پھُڑیا نکل رہی ہو۔

حسرت ؎ کیا کہوں رشک سے کچھ دل کا عجب حال ہوا ❊ نظر اس رخِ جو وہ طُرۂ گیسو آیا

رُخِ محبوب پر گیسو پڑے دیکھکر عاشق صاحب کو جیسا کچھ رشک ہوا ہوگا ظاہر ہے۔ مُسلّمہ عقیدہ تو یہی ہے کہ زلف اگر رُخ پر بکھری ہوئی ہو تو حسن اور بھی قیامت ہو جاتا ہے[1]۔ اور بعض شاعرانہ طبیعت رکھنے والے حسن پرستوں سے سُنا بھی ہے کہ زلف کو رُخ پر بکھیر کر نظارۂ جمال کے مزے لُوٹے جاتے ہیں۔ لیکن حسرت صاحب نے جو اپنے محبوب کے چہرہ پر زلف پڑی دیکھی تو رشک کے مارے اختلاجِ قلب شروع ہو گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ حسرت صاحب کی معشوقہ اُن کی مزاحداں نہ تھی ورنہ کورے اُسترے سے سر مُنڈا کر ملنے آتی۔ چوٹی منڈ جاتی بلا سے، حسرت صاحب کو رشک کی اذیت تو نہ ہوتی۔

حسرت ؎ ہیں خونِ آرزو دو جو سیرابِ داغِ یاس ❊ ہمرنگِ نو بہار ہے حسرت خزانِ دل

بہ ریں رنگ برنگ کے پھول کھلتے ہیں اور بکثرت کھلتے ہیں اسلئے بہار کو رنگینیوں سے منسوب کرتے ہیں۔ اب جو شے ہمرنگِ بہار قرار دی جائے اُسے بھی مجموعۂ رنگینی ہونا چاہیئے۔ "خزانِ دل" کے معنی ہیں دل کا عالمِ افسردگی۔ "داغِ یاس" کوئی مادّی وجود نہیں رکھتے۔ ہاں شدّتِ یاس سے جو کیفیت دل پر طاری ہوتی ہو اُسے بطریقِ استعارہ "داغِ یاس" سے تعبیر کر سکتے ہیں مگر اس میں شادابی و رنگینی کا ثابت کرنا سراسر لغو ہے اور پھر وہ شادابی و رنگینی بھی ایسی جو "خونِ آرزو" سے حاصل کی گئی ہے۔ خونِ آرزو بھی کیا کسی انسان یا حیوان کے خون کی طرح ایک سیّال مادّہ ہے جس میں سُرخی اور رنگینی پائی جاتی ہے اور وہ دوسری چیزوں کو شاداب و رنگین بنا دینے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ جب یاس کے داغ، آرزو کے خون سے شاداب ہو کر پھول بن گئے تو دل کی خزاں کا ہمرنگ بہار ہو جانا سہل بات ہے۔ اس کا نام ہو موشگافی اور اسے کہتے ہیں نکتہ سنجی کہ استعارہ کی بنیاد پر استعارہ کی دیواریں چنتے چلے گئے اور کئی منزل کی عمارت بنا کر کھڑی کر دی۔ انصاف سے دیکھئے تو اس قسم کا شاعر اور شیخ چلّی ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے معلوم ہوتے ہیں۔

اصغر ؎ حقیقت کھول دیتا میں جنوں کو رازِ پنہاں کی ❊ قسم دیدی ہے لیکن قیس نے چاکِ گریباں کی

اس شعر سے یہ تو معلوم ہو گیا کہ اصغر صاحب کی قیس سے بڑی گاڑھی چھنتی تھی اور قیس کی طرح چونکہ آپ بھی "مجنوں" تھے اسلئے رازِ جنوں سے واقف تھے۔ لیکن یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ قیس کس بنا پر رازِ جنوں کو چھپانا چاہتا تھا اور حضرتِ اصغر

---

[1] صبح کے نور سے گویا ہو بہم ظلمتِ شام ❊ گیسوؤں کا رُخِ جاناں پہ بکھرنا دیکھو۔ حسرت۔

نے جب اس راز کو افشا کرنا چاہا تو کیوں اپنے چاک گریباں کی قسم دے کر انہیں ایسا کرنے سے باز رکھا۔ دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ قیس تھا کون؟ قیسِ عامری جسے مجنوں کہتے ہیں اور جو لیلیٰ کا عاشق تھا وہی یا کوئی اور؟ مگر اُس قیس کی وفات کو تو ہزاروں برس سے زیادہ گذرے، پھر حضرتِ اصغر سے بیسویں صدی میں ملاقات اور دوستی ہوئی تو کیونکر؟ ممکن ہے عالمِ خیال یا عالمِ خواب میں آپ نے مجنوں کو دیکھا ہو۔ یا شاید عالمِ ارواح میں ملاقات ہوئی ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ قیس سے آپکی مراد کوئی اور مجہول الحال شخصیت ہو جسے آپکی معاصرت و معاشرت کا فخر حاصل تھا۔ بہرحال یہ "اسرار و رموز" ہیں اور ایک "بادۂ عرفان کا ذوق شناس" ہی انہیں سمجھ سکتا ہے۔

اصغر ؎ نام اُن کا آ گیا کہیں ہنگامِ بازپُرس ❊ ہم تھے کہ اُڑ گئے صفِ محشر لئے ہوئے

عام عقیدہ تو یہ ہے کہ پرسشِ اعمال قیامت کے دن ہوگی اور قیامت صرف ایک ہی بار آئیگی لیکن اصغر صاحب کے اس شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت ایک مرتبہ پہلے بھی آ چکی ہے جبکہ آپ نے سُرنگ کی طرح صفِ محشر کو اُڑا دیا تھا۔ اور اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ضرورتِ شعری کی بنا پر آپ نے مستقبل کو ماضی میں تبدیل کر دیا ہے تو بقولِ حالی۔ ع

ڈر واُس سے جو وقت ہے آنے والا

کیونکہ روزِ محشر کی اُس جانگدازی کے علاوہ جس کا حال مذہبی صحیفوں میں مذکور ہے، یہ ایک مزید مصیبت بھی لوگوں پر آئیگی کہ حضرتِ اصغر صفِ محشر کو اُڑا لیجائیں گے اور پھر خدا جانے کہاں جا گریں گے۔

مولانا سہیل نشاطِ روح کے مقدمہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:-

"جنابِ اصغر فطرۃً شدید الاحساس، بلند نظر اور صاحبِ وجد و حال ہیں اسلئے ان کا ایک ایک شعر بلندیِ خیال، شکوہِ الفاظ، رقصِ ترکیب، جوشِ بیان اور ندرتِ ادا کا ایک دلفریب طلسم ہے۔ اسرار و معارف اُن کی شاعری کا ہیولی و جد و حال اس کی رُوح، ندرتِ ادا اُس کی صورت اور جوشِ بیان اس کا رنگ ہے۔"

اس کے بعد مثال کے طور پر جو اشعار پیش کئے ہیں اُن میں سے ایک شعر یہ بھی ہے ؎

نام اُن کا آ گیا کہیں ہنگامِ بازپُرس ❊ ہم تھے کہ اُڑ گئے صفِ محشر لئے ہوئے

قارئین خود فیصلہ کر لیں کہ مقدمہ نگار نے اس شعر کو جن خوبیوں کا حامل بتایا ہے ان میں سے کون کون سی اس میں واقعی طور پر موجود ہیں۔ صفِ محشر کو لیکر اُڑ جانا "اسرار و معارف" میں داخل ہے یا "وجد و حال" میں اسے "ندرتِ ادا" لکھنا چاہیئے یا "جوشِ بیان"؟ "ندرتِ ادا" کے اگر یہی معنی ہیں کہ کوئی مہمل و لایعنی بات کہدی جائے تو یقیناً اصغر صاحب کے اکثر اشعار "ندرتِ ادا" کا ایک لاجواب نمونہ ہیں۔

اصغر ؎ انوار کی بارش ہو اسرار کی بارش ہو ❊ ساغر کو جو ٹکرا دوں اس گنبدِ مینا سے

انوار کی بارش اور اسرار کی بارش ہوگی یا نہ ہوگی اس کا فیصلہ تو بعد میں کیا جائے گا۔ پہلے تو یہ دیکھنا چاہیئے کہ آپ ساغر کو "اس" "گنبدِ مینا" سے ٹکرائیں گے کس طرح؟ ساغر کو اگر آسمان کی طرف اُچھالا جائے تو وہ دس بیس گز سے زیادہ اونچا نہ جا سکے گا اور اگر فلاخن میں رکھکر پھینکا جائے تو شاید چند سو گز چلا جائے اور اگر اصغر صاحب کو کسی طرح ایک بادِ ٹرنر

توپ دل جائے اور اپنا ساغر اس میں رکھکر اُسے آسمان کی طرف داغ دیں تو ممکن ہے کہ ساغر چند میل کی بلندی تک پرواز کر جائے لیکن آسمان سے ٹکرانا پھر بھی ناممکن ہے۔ الّا یہ کہ بروئے کرامت اسے ہوا میں اُڑا دیا جائے اور غالباً یہی صورت حضرتِ اصغر کے پیشِ نظر ہوگی۔ رنگین انوار و اسرار کی بارش تو یہ بیچارہ خود ایک راز ہے کہ بالفرض ساغر آسمان سے ٹکرا بھی جاتے تو انوار و اسرار کی بارش کیوں ہوگی؟ شاید اسلئے کہ اللہ میاں حضرتِ اصغر کی اس خوش فعلی سے مسرور ہو کر انوار و اسرار اُنپر برسانا شروع کر دینگے۔ درحقیقت اس قسم کے اشعار کا مطلب سمجھنا اس دُنیا کے لوگوں کے بس کی بات نہیں۔

فانی ؎ جبینِ درد ہو بیتاب سجدہ اے فانی ؛ کدھر ہے خاک ترے دل کے آستانہ کی

پہلے جنابِ فانی کے دل کا آستانہ تلاش کیجئے پھر اُس آستانہ کی تھوڑی سی خاک پُڑیا میں باندھکر حضرتِ "درد" کی خدمت میں لیجایئے تاکہ وہ اس خاک پر اپنی پیشانی ٹیک دیں اور اس کی بیتابی سجدہ کچھ سکون پذیر ہو جائے۔ درد ایک احساس کا نام ہے اس کے پیشانی کہاں اور اگر مان لیا جائے کہ جبینِ درد سے مقصود خود درد ہے تو درد کا سجدوں کے لئے بیتاب ہونا کیا معنی؟ اور پھر وہ سجدے بھی ہوں تو حضرتِ فانی کے دل کے آستانے کی خاک پر ہوں جس کا وجود خود جبینِ درد کی طرح معدوم ہے۔ ماشاءاللہ کیا "اندازِ بیان کا بانکپن" ہے اور کیا "فلسفیانہ احساس" ہے۔

فانی ؎ لبریز تموّج تھا اک خطِ پیمانہ ؛ محفل سے جو وہ اُٹھے لیتے ہوئے انگڑائی

آجکل جن گلاسوں میں شراب پی جاتی ہے ان میں وہ لکیریں نہیں ہوتیں جنہیں خطِ پیمانہ کہتے ہیں لیکن ممکن ہے کہ جس محفل کا حضرتِ فانی نے ذکر کیا ہے وہاں پُرانے زمانے کا کوئی پیالہ موجود ہو اور اُس پیالے میں روایتی خطوط بھی جنکا ذکر شعرائے متقدمین نے بار بار کیا ہے مگر اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اُن کے انگڑائی لے کر محفل سے اُٹھنے کا اثر فقط پیالے کی لکیروں ہی پر پڑا۔ حاضرینِ محفل میں سے کوئی اور متاثر نہ ہوا۔ پھر کیفیتِ تاثر کے اظہار کیلئے پیالے کی لکیروں کو لبریز تموّج کہنا نہایت لغو تعبیر ہے جسے حقیقت سے کوئی علاقہ ہی نہیں۔ اسی قسم کی بادر ہوا باتیں ہمارے مقدمہ نگاروں کے نزدیک شاعری کا سرمایۂ کمال اور شاعر کی بلندیٔ تخیل پر دال ہیں۔

فانی ؎ مُنہ ڈھانپ لیا جوشِ ندامت کی اثر سے ؛ خورشیدِ قیامت نے مرے دامنِ تر سے

دعویٰ جتنا بلند بانگ ہو اتنا ہی لغو بھی ہو۔ کہاں خورشیدِ قیامت اور کہاں حضرتِ فانی کا دامنِ تر۔

فانی ؎ منزلِ عشق پہ تنہا پہونچے کوئی تمنّا ساتھ نہ تھی ؛ تھک تھک کر اس راہ میں آخر اک اک ساتھی چھوٹ گیا

منزلِ عشق ہو یا کوئی دوسری منزل، جب تک تمنّا ساتھ نہ ہو انسان منزل پر پہونچ ہی نہیں سکتا۔ منزل پر پہونچنا کیسا ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتا اسلئے کہ یہ تمنّا ہی تو ہے جو ہمیں منزل کی جانب کھینچکر لے جاتی ہے۔ دراصل تکمیلِ تمنّا ہی کا دوسرا نام منزل پر پہونچنا ہے۔ اگر شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ جب منزل پر پہونچے تو تمنّا کی ختم ہوگئی یعنی پوری ہوگئی تو اس صورت میں دوسرا مصرع بالکل بیکار ہو جاتا ہے۔ راستے ہی میں تمنّاؤں کا چھوٹ جانا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ اس شعر کو پڑھکر میاں نظیر اکبرآبادی کے ہنس نامہ کا یہ مصرع بے اختیار یاد آجاتا ہے کہ مصرع

؎ تھے سے تئیں ہنس اکیلا ہی سدھارا

فانی ؎ اے عشق خاکِ دل پہ ذرا مشق فتنہ کر ؛ پیدا کر اس زمیں سے کوئی آسمانِ داغ

یوں کہنے کو تو شعر میں زمین و آسمان بھی کچھ موجود ہے مگر مفہوم کا صحیح تعین دشوار ہے۔ "خاکِ دل" زمین ہے۔ اُسکے لئے ایک آسمان کی ضرورت ہو۔ وہ آسمان "داغ" ہے اور جس طرح ماما حوّا یا وا آدم کی بائیں پسلی سے پیدا ہوئی تھیں اُسی طرح یہ آسمان اسی زمین یعنی خاکِ دل سے پیدا ہوگا۔ عشق اسے وجود میں لائیگا اور وجود میں لانے کی ترکیب "مشقِ فتنہ" ہے۔ کوئی پوچھے کہ اس سب کا حاصل کیا ہوا تو ہم کہیں گے کہ جناب رشید احمد صدیقی سے پوچھئے یا حضرتِ فراق سے رجوع کیجئے۔

فانی ؎ جو دل کی حسرتیں ہیں سب دلمیں ہوں تو بہتر ؛ اس گھر سے کوئی باہر مہمان رہ نہ جائے

دل کی حسرتیں بلاشبہ دل ہی رہیں گی۔ شاعر کی اس تمنّا کے کوئی معنی نہیں کہ دل کی حسرتیں دل ہی میں رہیں۔ آخر اُن کے باہر رہجانے کا کونسا امکان ہو۔ حسرتیں کوئی بھیڑوں کا گلّہ نہیں کہ چراگاہ سے لوٹتے وقت کچھ تو باڑہ میں داخل ہوجائیں اور کچھ باہر رہجائیں۔

جگر ؎ میں ہوا جب سے غریقِ موجِ طوفانِ خیرِ عشق ؛ ڈوب مرنے کی تمنّا سینۂ ساحل میں ہے

ساحل کیلئے پہلے سینہ قائم کیا پھر اُس سینہ میں ڈوب مرنے کی تمنّا پیدا کی اور اس تمنّا کے پیدا ہونے کا سبب شاعر صاحب کی سحرِ عشق میں غرقابی ہے۔ ممکن ہے جگر صاحب کا یہ بیان صحیح ہو مگر کاش وہ اتنا بتلا دیتے کہ سینۂ ساحل میں جو تمنّا موجزن ہو اُسکا علم اُنہیں کیونکر ہوا اور یہ کیسے پتہ چلا کہ اُن کی غرقابی کی وجہ سے ساحل بھی ڈوب مرنا چاہتا ہے!

جگر ؎ یک بیک سامنے آیا نہ کر و بے پردہ ؛ لے کے اُڑ جائے نہ یہ عالمِ امکان کوئی

واقعہ یہ ہے کہ جناب جگر اپنے مُرشد کا دامنِ تقلید بڑی مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں۔ وہ صفِ محشر لیکر اُڑ گئے تھے[1] یہ عالمِ امکان کو لیکر اُڑ جانے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔

جگر ؎ یہ جو دُھندلی سی ضیا خانۂ زنجیر میں ہے ؛ داغ شاید کوئی روشن دلِ دلگیر میں ہے

داغِ دل اور پھر اُس کی روشنی اور اتنی کہ زنجیر کے "گھر" میں اُس سے اُجالا ہوگیا۔ ان بلند پروازیوں کی کوئی کہاں تک داد دے سکتا ہے۔

جگر ؎ وہی سب نگہیں نقش و نگارِ صفحۂ ہستی ؛ اُڑی تھیں جستہ جستہ چھینٹیں مرے خونابۂ دل سے

صفحۂ ہستی کے تمام نقش و نگار اُسوقت بھی موجود تھے جب شاعر صاحب عالمِ نیستی میں تشریف رکھتے تھے۔ ظاہر ہے کہ آپ کے خونابۂ دل سے اگر واقعی کچھ چھینٹیں اُڑی ہونگی تو آپکے اِس دنیا میں قدم رنجہ فرمانے کے بعد اُڑی ہونگی۔ اس قسم کے بے بنیاد دعوے خدا جانے بے راہیہ ردتخیل کی بلند پروازی دکھانے کیلئے پیش کئے جاتے ہیں یا اشعارِ غزل کی تعداد اور دیوان کی ضخامت بڑھانے کیلئے!

---

[1] نام اُن کا آ گیا کہیں ہنگامِ بازپرس ؛ ہم تھے کہ اُڑ گئے صفِ محشر لئے ہوئے۔ اصغر۔

دس عنوانوں کے ماتحت اب تک جن فرسودہ مضامین سے بحث کی گئی ہے وہ تقریباً ہر بڑے اور چھوٹے غزلگو کے یہاں پائے جاتے ہیں لیکن ان کے علاوہ بعض فرسودہ مضامین ایسے بھی ہیں جنہیں خصوصیت کے ساتھ ہمارے شعرائے چہارگانہ یعنی حسرت، اصغر، فانی اور جگر نے موضوعِ سخن بنایا ہے اور اُن کے کلام میں بعض خصوصیتیں ایسی بھی ہیں جو صراحتہً اُن کی رسم پرستی اور نقالی پر دلالت کرتی ہیں۔

تعلّی اور خودستائی

تعلّی اور خودستائی قانونِ اخلاق کی رُو سے کسی زمانہ میں بھی مستحسن نہیں سمجھی گئی لیکن شعرائے متقدمین نے کسی نہ کسی طرح اُسے اپنے لئے جائز کر لیا تھا۔ متاخرین نے اپنے پیشروؤں کی اس مذموم سنّت کو برقرار رکھا اور دورِ حاضر میں "بادشاہِ متغزلین" (حسرت) نے طبلِ تہی کی طرح خودستائی کا ایسا بے ہنگام شور و غوغا برپا کیا کہ متقدمین کے بلند بانگ دعوے اس کی گونج میں گم ہو گئے۔ جو کچھ آپ نے اپنے متعلق فرمایا ہے اُسے مدِنظر رکھتے ہوئے یہ ماننا پڑتا ہے کہ "آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری" کی مصداق آپ ہی کی ذات مستجمع الصفات ہے۔ آپکا خیال ہے کہ فارسی غزل میں سعدی و جامی اور نظیری و فغانی کا جو مرتبہ ہے وہی اُردو میں آپ کا ہے ؎

حسرت اُردو میں ہے غزل تیری ❊ پر تو نقشِ سعدی و جامی
اُردو میں کہاں ہے اور حسرت ❊ یہ طرزِ نظیری و فغانی

شعرائے اُردو میں آپ خود کو میر و مصحفی کا ثانی، قائم کا ہمسر اور مومن و نسیم کا ہم پلّہ سمجھتے ہیں ؎

شعر ترے ہوئی مصحفی و میر کے بعد ❊ تازہ حسرت اثر و حسن بیان کی رونق

شیرینیِ نسیم ہے سوز و گدازِ میر ❊ حسرت ترے سخن پہ ہے لطفِ سخن تمام

قائم ہے تری دم سے طرزِ سخن قائم ❊ پھر ورنہ کہاں حسرت یہ رنگِ غزلخوانی

کہاں سے آئیگی یہ رنگیاں ترکیبِ مومن کی ❊ یہ لطفِ خوش بیانی حسرتِ رنگیں بیاں تک ہے

مرحبا حسرت بنایا خوب اندازِ نسیم ❊ لطف ہر ہر شعر میں ہیں بندشِ استاد کے

مرزا غالب نے جب بادشاہِ متغزلین کا کلام سُنا تو فرطِ حیرت سے مُنہ کھُلا کا کھُلا رہگیا غزل پڑھنا تو کجا ایک لفظ زبان سے نہ نکل سکا ؎

ہو کے بیخود کلامِ حسرت سے ❊ آج غالب غزل سرا نہ ہوا

ایسا معلوم ہوتا ہو کہ اپنے متعلق رفتہ رفتہ آپکی رائے تبدیل ہوتی گئی۔ اپنی پہلے میر، مصحفی، قائم، مومن، اور نسیم کا ثانی ہونا کافی سمجھتے تھے لیکن بعد میں بلا استثنا ہر شاعر کو اپنے سے فروتر سمجھنے لگے ؎

حسرت تری اس گنجینۂ کلامی کی ہی کیا بات ❊ پایا ہے کسی اور سخنور نے یہ کب رنگ
اثر جو نغمۂ حسرت میں ہو وہ اور کہاں ❊ کلام دیکھو لیا سن لیا ہزاروں کا

اپنی عام مدح سرائی اس طرح فرماتے ہیں ؎

ہے زبانِ لکھنؤ میں رنگ دہلی کی نمود ❊ تجھ سے حسرت نام روشن شاعری کا ہو گیا
پسند آیا طریقِ شاعری تیرا ہمیں حسرت ❊ کہ جب کہنا کبھی کچھ لغز کہنا بے بدل کہنا

بخوفِ طوالت ہم نے صرف چند مثالوں پر اکتفا کی ورنہ دیوانِ حسرت میں اس قسم کے اشعار اور بھی کتنے ہی موجود ہیں۔ خدارا انصاف! یہ عشقیہ شاعری ہے یا بے معنی لفاظی۔ کیا قیامت ہے کہ ان اشعار کے مصنف کو غزلگویوں کا بادشاہ کہا جاۓ۔ حیف بریں ذوقِ سلیم۔ واے بریں سخن سنجی۔

رعایتِ لفظی

کلامِ حسرت کی دوسری خصوصیت رعایتِ لفظی ہو اور ضلع جگت کے اس مخصوص رنگ میں ہمارے بادشاہِ متغزلین میاں امانت کے چیلے معلوم ہوتے ہیں۔

حسرت ؎

مل رہیگی وصال کی بھی سند ❊ ہو تو لے پہلے امتحانِ وفا

شعر کیا ہے اچھا خاصہ یونیورسٹی کیلنڈر ہے جس میں نصابِ تعلیم کی تفصیل، امتحان دینے اور سند پانے کے شرائط بھی کچھ مذکور ہے۔

حسرت ؎ شوق کی تاثیر سے گریاں جو ہو وہ سنگدل ❊ جوے شیر اک طرفہ پیدا ہو میاں بیستون

فرہاد و شیریں کی داستان تو پرانی ہو گئی مگر اس کی بدولت ہمارے شعرا کے پاس اتنا مواد جمع ہو گیا ہے کہ برابر نئے نئے "اشعار اس سے مرتب کرتے رہتے ہیں۔ راقم سطور سیاحت ایران کے دوران میں "بیستون" کی "زیارت" کے لئے بھی گیا تھا اور "جوے شیر" کے آثار دیکھنے کا حد درجہ آرزومند تھا مگر افسوس کہ جوے شیر تو کجا اب وہاں جوے آب کا بھی کوئی نشان باقی نہیں۔ لیکن بحمداللہ جوے شیر جو کوہِ بیستون میں نہ ملی تھی دیوانِ حسرت میں مل گئی۔ البتہ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس شعر میں بیستون آپ نے کس چیز کو قرار دیا ہے؟ غالباً اپنے محبوب کے شرارِ سینہ میں آپکو بیستون کی چوٹیاں ابھری ہوئی دکھائی دیتی ہیں جنپر یہ جوے شیر یعنی آبشارِ سرشک گر رہا ہے۔ شعر بجاے خود مکمل ہے۔ صرف اتنی کسر ہے کہ لفظ "شیریں" اس میں نہ آسکا۔

حسرت ؎ ہے نازِ حسن سے جو فروزاں جبینِ یار ❊ لبریزِ آبِ نور ہے چاہ ذقن تمام

محبوب کی ٹھوڑی کو شعرا ہمیشہ کنویں سے تشبیہ دیتے آئے ہیں لہٰذا آپ نے بھی اصول تقلید کی بنا پر ایسا ہی کیا۔ مگر کنواں خشک ہو یا اُس میں پانی کی مقدار بہت کم ہو تو وہ ایک گہرے بے مصرف غار سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ لہٰذا آپ نے اُس کے لئے "آبِ نور" جمع پہنچایا اور وہ بھی دس بیس ڈول یا ہانڈ دو ہانڈ نہیں بلکہ اُسے لبالب بھر دیا۔ مگر یہ نکتہ سمجھ میں نہیں آتا کہ "آبِ نور" پیشانی سے بہ کر صرف ٹھوڑی کے کنویں ہی میں کیوں اکٹھا ہو گیا۔ چہرہ کے کسی اور حصہ پر کیوں نہ پہونچا۔ دوسری بات یہ کہ جبیں کی تابندگی کے لئے "حسن" بالکل کافی ہے بلکہ "تابندگی" کا باعث تمام و کمال وہی ہے پھر "ناز" کو خواہ مخواہ اس میں کیوں ٹھونس دیا گیا۔ شاید اس لئے کہ ایک خوبصورت لفظ کے اضافہ سے شعر کا حسن زیادہ ہو جائیگا مگر یہ آرائش اس قسم کی ہے جیسے کوئی چھپو را، نو دولت۔ محض نمائش کی خاطر اپنی دونوں کلائیوں میں گھڑیاں باندھ لے اور بلا ضرورت سونے کے فریم کی عینک لگا لے۔

کسی بزرگ کا ایک شعر ہے ؎

زلف و رُخ دیکھنے سے مطلب ہے ✤ شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو

زلف و رُخ کو شام و سحر سے تشبیہ دینا حد درجہ پامال مضمون ہے اور جزئی تغیر کے ساتھ بہت سے شاعروں نے باندھا ہے۔ ہمارے بادشاہ متغزلین کی کوشش بھی قابل داد ہے۔ ملاحظہ ہو۔

حسرت ؎ گھر سے ہر وقت نکل آتے ہو کھولے ہوئے بال ✤ شام دیکھو نہ مری جان سویرا دیکھو

صبح کے نور سے گویا ہے ہم ظلمتِ شام ✤ گیسوؤں کا رُخِ جاناں پہ بکھرنا دیکھو

عمر کیے صرف یادِ گیسو و رُخسارِ یار ✤ یوں بسر کیجائے لیل و نہار انتظار

رسمی غزلگو شعرا چونکہ ہر وقت غزل لکھنے اور دیوان مرتب کرنے کی فکر میں لگے رہتے ہیں لہٰذا تشبیہ و استعارہ کے لئے یہی الفاظ انکی زبان سے نکلتے ہیں۔ حسرت صاحب فرماتے ہیں ؎

بہت الغرا حسن کچھ ایسے ہیں وہ ابرو ✤ ہے جنگی ہوس حاصلِ دیوانِ تمنا

شعر کیا حسرت صاحب کی کلیات کا جامع خلاصہ ہے۔ جہاں ایک طرف اس میں "بہت" اور "غزل" بلکہ پورا "دیوان" موجود ہے۔ وہاں دوسری طرف ابروؤں کی کمانیں کڑک رہی ہیں۔ حسن کا طوفان برپا ہے۔ ہوس گھات لگائے بیٹھی ہے اور تمنا مچل رہی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ مجموعہ سے حسرت نام روشن شاعری کا ہو گیا۔

حسرت ؎ خونِ حسرت جو کیا ہو تو وہ نادم ہیں بہت ✤ کچھ نہ مہندی کی خبر ہے نہ انہیں پان کا ہوش

بظاہر صرف اتنا مطلب ہے کہ حسرت صاحب کو قتل کر کے اُن کا معشوق ایسا شرمندہ ہوا کہ اُسے اپنی آرائش کا بھی ہوش نہ رہا لیکن پروفیسر فراق کی سی دقت نظر اگر کسی کو حاصل ہو تو اس لطیف نکتہ کو بھی سمجھ لے کہ "خون" "مہندی" اور "پان" کو شاعر نے یوں ہی ایک جگہ جمع نہیں کر دیا ہے بلکہ ان چیزوں میں "سُرخی" مشترک ہے اور اسی مناسبت سے انہیں اکٹھا کیا گیا ہے۔

حسرت ؎ ہے فروغِ بزمِ کیتائی جو وہ شمعِ جمال ✤ آ گئی ہے دل میں بھی بیتابیِ پروانہ آج

لفظوں کے ڈھیر میں سے معنی کو علیحدہ کیجئے تو حاصل یہ ہوگا کہ "وہ بہت حسین ہیں۔" انہیں دیکھکر دل بُری طرح بیتاب ہو رہا ہے۔" ظاہر ہے کہ مضمون حد درجہ پامال ہے۔ اس میں کسی قسم کی جدت یا نُدرت موجود نہیں۔ مگر رعایت و مناسبت لفظی داد دے رہی ہے۔ پہلے بزم قائم کی پھر اس میں شمع جلائی۔ شمع پر پروانے آئے۔ پروانوں کے دل میں بیتابی جو شمع ہوئی۔ ممکن ہے کوئی یہ اعتراض کرے کہ اس "شمعِ جمال" نے کیا صرف "آج" ہی "بزمِ بیتابی" کو روشن کیا ہے اور آج سے پہلے بزمِ بیتابی تاریک پڑی تھی؟ جو فقط "آج" ہی شاعر صاحب کے دل میں "بیتابیِ پروانہ" پیدا ہوگئی۔ تو اسکا جواب ہم یہ دینگے کہ لفظ "آج" تو اس شعر میں ردیف واقع ہوا ہے اسلیئے شعر کے مطلب سے اسے کوئی تعلق نہیں۔ اسے شعر سے علیحدہ کرکے دیکھئے تو مطلب کی چُولیں ٹھیک بیٹھ جائینگی۔

حسرت ؎ مائلِ عشقِ مجازی ہوں ہوں اہلِ نظر ❊ جلوۂ حق آشکارا صورتِ باطل میں ہے

مولانا نے بالکل سچ فرمایا۔ "المجاز قنطرۃ الحقیقۃ" کے بھی یہی معنی ہیں۔ مانا کہ مضمون حد درجہ پامال و فرسودہ ہے مگر کیا "حق" اور "باطل" کا مقابلہ بھی تعریف کے قابل نہیں؟

حسرت ؎ بڑھا تو خوب مگر نارِ عاشقی کا جلال ❊ حریفِ جلوۂ نورِ جمال ہو نہ سکا

شعر کا کچھ اور مطلب ہو یا نہ ہو مگر نار و نور کا مقابلہ اور جلال و جمال کا موازنہ لطف سے خالی نہیں۔ فنِ بدیع کی اصطلاح میں اسے صنعتِ "طباق" کہتے ہیں۔ اس قسم کے اشعار جنکا تعلق زیادہ تر لفظی و معنوی صنائع سے ہے بادشاہ شعرائے لکھنؤ کے دیوان میں بکثرت موجود ہیں۔ درحقیقت نقّالی میں آپکو وہ یدِطولیٰ حاصل ہے کہ اگر آپ کو بادشاہ مقلدین بلکہ خدائے مقلدین کا لقب بھی دیا جائے تو کچھ بیجا نہیں۔

خصوصیتِ نقّالی

کلامِ حسرت کی تیسری خصوصیت مخصوص نقّالی ہے۔ کبھی آپ شاہ نصیر کی تقلید میں لفظوں کے گورکھ دھندے تیار کرتے ہیں مثلاً ؎

فلکِ عیش پہ دم بھر میں کیا شوخیِ دماغ ❊ کس غضب کا تھا کبک رَو فرسِ جامِ شراب
ہم کہ اک قطرۂ مے کو کبھی ترستے ہیں مدام ❊ ہم سے قسمت میں ہی ٹھوکر بگسِ جامِ شراب
قیدِ مینا سے نہ چھُٹ کر کبھی آئی مجھ تک ❊ حائل ایک اور تھی حدِّ قفسِ جامِ شراب
مے سے محروم کہاں تک رہے پیما نہ مے ❊ تجھ سے فریاد ہے او دادرسِ جامِ شراب

اور کبھی میاں جرأت کی تقلید میں وقوعِ گوئی کی سرحدیں ابتذال و سوقیت سے جا ملاتے ہیں مثلاً ؎

کھینچ لینا وہ مرا پردہ کا کونا دفعتہً ❊ اور دوپٹہ سے ترا وہ مُنہ چھپانا یاد ہے
جان کر سوتا تجھے وہ قصدِ پابوسی ترا ❊ اور ترا ٹھکرا کے سر وہ مُسکرانا یاد ہے
غیر کی نظروں سے بچکر سب کی نظروں کے خلاف ❊ وہ ترا چوری چھپے راتوں کو آنا یاد ہے

دوپہر کی دھوپ میں میرے بلانے کے لیئے ؛ وہ ترا کوٹھے پہ ننگے پاؤں آنا یاد ہے

اور کبھی شیخ مصحفی کا چربہ اُتارتے ہیں ؎

کیا دل میں آگئی جو ذرا رہ گمانِ رحم ؛ وعدہ وہ میرے قتل کا فرما کے رہ گئے

پہلے تو میرا خون بہایا خوشی خوشی ؛ پھر کیا وہ خود ہی سوچ کے شرما کے رہ گئے

مولانا صاحب پوری پوری غزلیں ہر استاد کے رنگ میں لکھی ہیں۔ ہم نے بخوفِ طوالت یہاں صرف چند اشعار نقل کر دیئے ہیں۔ ان تمام ناقابلِ تردید شہادتوں کے باوجود بھی ممکن ہے کہ فراق صاحب اپنے "بادشاہِ متغزلین" کی نقالی اور رسم پرستی کے قائل نہ ہوں لہٰذا ہم خود حسرت صاحب کا ایک ایسا قول نقل کرتے ہیں جو ہمارے دعوے کے لئے برہانِ قاطع کا حکم رکھتا ہے۔ حسرت صاحب کو خود بھی احساس ہے کہ اس قسم کی نقالی محض بے کیف و بے مزہ چیز ہے مگر مجبوری یہ ہے کہ رسم و دستور کے خلاف قدم اُٹھانے کی جرأت نہیں۔ فرماتے ہیں ؎

ہے پاسِ ادب رسمِ قدیم شعرا کا ؛ حسرت نہیں اس قسم کے اشعار میں کیا حظ

اے ماہِ رمضاں الوداع

کلامِ حسرت کی جو بھی خصوصیت ایسے مضامین ہیں جن کا عشقیہ شاعری یا غزل سے کوئی دُور کا تعلق بھی نہیں مگر مولانا صاحب کی دو جنوں غزلیں ان مباحث کیلئے وقف ہیں۔ ہم نے ہم ایسے پیش نہیں کرتے کہ ان کا مطالعہ قارئین کے ملالتِ خاطر کا باعث ہوگا۔ البتہ اُن مضامین کی ایک مختصر فہرست ذیل میں درج کی جاتی ہے جس سے قارئین کو اندازہ ہو جائیگا کہ "بادشاہِ متغزلین" نے غزل کے لباسِ حریر میں کس خوبصورتی سے ٹاٹ کے پیوند لگائے ہیں۔ وہ مضامین یہ ہیں۔

"حضرتِ انوار کا باغ۔ شیئاً للہ۔ شانِ اولیا۔ غلامانِ رسول۔ درود شریف۔ سلام علیک۔ یا غوث الاعظم۔ زہرا کے دُلارے۔ یا علی مشکل کشائی کیجئے۔ اہلِ سماع۔ اے ماہِ رمضاں الوداع۔ تمنائے مدینہ۔ زمانِ شب برات وغیرہ وغیرہ"

کاش مولانا صاحب نے "اے ماہِ رمضاں الوداع" اور "زمانِ شب برات" کے عوض ہولی اور رسمِ سنت کے متعلق کچھ لکھا ہوتا۔

ایک چڑیا کی کہانی

ہمارے شعرائے رسم پرست کا ایک محبوب موضوع "ایک چڑیا کی کہانی" ہے۔ اُردو کے ہزاروں غزلگو شعرا میں سے شاید دو چار بھی ایسے نہ نکلیں گے جنہوں نے اس خیالی داستان کے کسی نہ کسی حصہ پر طبع آزمائی نہ کی ہو۔ ہمارے چوٹی کے غزل گویوں نے تو نہایت تفصیل کے ساتھ "تمام" واقعات کو بیان کیا ہے۔ پہلے اس کہانی کا خلاصہ سُن لیجئے اس کے بعد اپنے "سانندہ" کی ذہانت اور افسانہ نگاری کی داد دیجئے۔

"ایک چڑیا تھی۔ اُسکا نام بُلبُل تھا۔ چمن میں اس کا گھونسلا تھا۔ بجلی اُس کے گھونسلے کی دشمن تھی اور ہمیشہ اُسے پھونک دینے کے درپے رہتی تھی۔ بلبل کا دوسرا دشمن ایک چڑی مار تھا۔ وہ ہمیشہ اُس کی گھات میں لگا رہتا تھا۔ اُس نے چمن میں جال بچھا رکھا تھا۔ آخر ایک دن اُس بیرحم نے بیچارے بلبل کو پکڑ لیا اور اس کے پَر باندھکر پنجرے میں بند کر دیا جس زمانے میں یہ غریب پنجرے میں بند تھا ظالم بجلی اس کے گھونسلے پر گری اور اُسے جلا کر خاک کر دیا۔ یہ مجبور و بیکس پنجرے میں بیٹھا اپنے گھونسلے کو یاد کیا کرتا تھا۔ تڑپتا تھا۔ پھڑکتا تھا۔ مگر آخر رفتہ رفتہ پنجرے سے مانوس ہو گیا اور پنجرے ہی میں گھونسلا بنانے کیلئے تنکے اکٹھے کرنے لگا۔ چڑی مار بمقتضائے فطرتِ انسانی کبھی تو اُس پر بہت مہربان ہو جاتا تھا اور کبھی اُسے ذبح کر ڈالنے کی آمادگی ظاہر کرتا تھا۔ ایک مدت تک پنجرے میں بند رہنے کے باعث بیچارے بلبل کے بازو دل سے قوتِ پرواز بالکل سلب ہو گئی۔ اُدھر گھونسلا اُجڑ چکا تھا۔ اب اُسے یہ خوف مارے ڈالتا تھا کہ اگر کہیں چڑی مار نے اُسے چھوڑ دیا تو وہ کہاں جائیگا کیونکر جائیگا۔ اور کس جگہ پناہ لے گا۔ بہرحال ایک وقت ایسا آیا کہ چڑی مار نے اُسے آزاد کر دیا۔ وہ پھر ایک بار اپنے گھونسلے میں جا بسا۔ مگر اب طبیعت کا کچھ ایسا حال ہو گیا تھا کہ پھر پنجرے میں قید رہنے کو جی چاہتا تھا اور گھونسلے میں وحشت ہوتی تھی۔ چنانچہ ایکبار پھر گرفتار ہوا۔ وغیرہ وغیرہ۔"

اب چڑیا کی یہ کہانی اپنے "اساتذہ" کی زبانی نظم میں سُنیئے۔

"ایک بلبل تھا۔ چمن میں اُسکا گھونسلا تھا۔"

جگر ؎ اب اس میں جان مری جائے یا رہے صیّاد ❊ بہار میں تو نہ چھوڑونگا آشیانے کو

"وہ بیچارہ جال میں پھنس گیا۔ اور بجلی کڑک کے اس کے گھونسلے کی طرف آئی۔"

فانی ؎ اس کے سوا نہیں خبرِ آشیاں مجھے ❊ میں تھا اسیرِ دام تو بجلی چمن میں تھی

"چڑیا رنے بُلبُل کو پکڑ لینے کے بعد بڑی بیدردی سے کس کے اُس کے پَر باندھ دیئے۔"

فانی ؎ صیّادیوں پروں میں گرہ باندھتے ہیں کیا ❊ بیدرد بند بند کسی کا جکڑ گیا

"چڑی مار جب بلبل کو پکڑ کر اپنے گھر لیچلا تو بیچارہ بلبل مُڑمُڑ کر اپنے گھونسلے کی طرف دیکھتا تھا۔ اور راستہ میں ذرا سی جُنبش پر سہم سہم جاتا تھا۔ چیخ چیخ اُٹھتا تھا۔"

جگر ؎ جب چمن سے لیچلا صیّاد ہم کو کر کے قید ❊ دُور تک مُڑمُڑ کے سوئے آشیاں دیکھا کئے

" ہر اک لرزش پہ چیخ اٹھنا، ہر اک جُنبش پہ ڈر جانا ❊ قفس تک ہائے میرا اسطرح بے بال و پر جانا

"اِس کشمکش سے نڈھال ہو کر بیچارہ بلبل بیہوش ہو گیا۔ جب آنکھ کھُلی تو اپنے تئیں پنجرے میں قید پایا۔"

جگر ؎ اب قفس میں ہوش آیا تو یہ حیرت ہی ہمیں ❊ کسطرح آنکھوں سے لُٹتے آشیاں دیکھا کئے

"جس وقت غریب بلبل پنجرے میں قید تھا ظالم بجلی اُس کے گھونسلے پر جا گری۔ گھونسلے میں آگ لگ گئی اور وہ جلکر خاک ہو گیا۔"

جگر ؎ قفس کے سامنے بجلی کچھ اس طرح چمکی ❊ نظر میں پھر گئی تصویر آشیانے کی

فانی ؎ تراشارہ ترا ساز برق سے نہ سہی ❊ تجھے خبر ہے کہ جلتا ہے آشیاں صیاد

جگر ؎ مری اس بیخودی کا یاد دل میں کیا ٹھکانا ہے ❊ اٹھی جب آشیاں سے آگ تب سمجھا یہاں آئی

"مجبور و بیکس بلبل پنجرے میں بیٹھا اپنے گھونسلے کو یاد کیا کرتا تھا"

جگر ؎ فلک ذرا مری اس بیکسی کی داد تو دے ❊ قفس میں بیٹھ کے روتا ہوں آشیانے کو

اصغر ؎ نہ پوچھو مجھ پہ کیا گذری ہے میری شش جہت سے ❊ قفس کے سامنے رکھا رہا ہے آشیاں برسوں

"آزاد ہو جانے کے لئے بیچارہ بلبل قفس میں تڑپتا تھا پھڑکتا تھا"

فانی ؎ بند ہو باب قفس، ہو سر تو ٹپکے جائیے ❊ ہم نے دیکھا ہے قفس کی تیلیوں میں در کھلا

"آخر رفتہ رفتہ پنجرے سے مانوس ہو گیا"

اصغر ؎ ہائے وہ دن گذر گئے جو شش اضطراب کے ❊ بند قفس میں آگئی اب غم بال و پر کہاں

"اور پنجرے ہی میں گھونسلا بنانے کے لئے تنکے اکٹھے کرنے لگا"

جگر ؎ اب آگے دیکھیں کرے کیا ہوا زمانے کی ❊ قفس میں طرح تو ڈالی ہے آشیانے کی

"چڑیار بمقتضائے فطرت انسانی کبھی تو اس پر بہت مہربان ہو جاتا تھا"

جگر ؎ باغباں مجھ سے ہے خوش صیاد مجھ پہ مہرباں ❊ اب چمن میرا چمن ہے اب قفس میرا قفس

"اور کبھی ذبح کر ڈالنے کی آمادگی ظاہر کرتا تھا"

فانی ؎ فرصت بیخ اسیری دی زبان داتر کو ہاتھ ❊ اب چھری صیاد نے لی اب قفس کا در کھلا

فانی ؎ کم تو کیا، صیاد، بینائی سوا ہو جائیگی ❊ تو نے ناحق تیلیوں میں رکھدیا خنجر کھلا

"ایک مدت تک پنجرے میں بند رہنے کے باعث بیچارے بلبل کے بازوؤں سے قوت پرواز بالکل سلب ہو گئی"

اصغر ؎ قید قفس میں طاقت پرواز اب کہاں ❊ رعشہ سا کچھ ضرور ابھی بال و پر میں ہے

"اب اُسے یہ خوف مارے ڈالتا تھا کہ اگر کہیں چڑیار نے اُسے چھوڑ دیا تو کہاں جائیگا اور کیونکر جائیگا"

جگر ؎ چمن دور آشیاں برباد یہ ٹوٹے ہوئے بازو ❊ مرا کیا حال ہو صیاد اگر مجھکو رہا کر دے

"ایک وقت ایسا آیا کہ چڑیار مارنے اُسے آزاد کر دیا۔ مگر بیچارہ اُڑنے سے معذور تھا"

فانی ؎ اُف اس آزادیٔ بے ہنگام کی مجبوریاں ❊ میں قفس کے پاس یوں بیٹھا ہی رہتا پر کھلا

فانی ؎ ہم ہیں اور عزم آشیاں یعنی ❊ رہگئی دور طاقت پرواز

"بہر حال جس طرح ممکن ہوا پھر ایکبار اپنے گھونسلے میں جا بسا مگر اب طبیعت کا کچھ ایسا حال ہو گیا تھا کہ پھر پنجرے میں قید رہنے کو جی چاہتا تھا" اور گھونسلے میں وحشت ہوتی تھی"

اصغر ؎ آشیاں میں اب کسی صورت نہیں پڑتا ہے چین ❊ تنگی نظر تاثیر میں ڈوبی ہوئی صیاد کی

جگر ؎ قفس کی یاد میں پھر جی یہ چاہتا ہے جگر ❊ لگا کے آگ نکل جاؤں آشیانے کو

اصغر ؎ قفس کی یاد میں یہ اضطراب دل معاذاللہ ؛ کہ میں نے توڑ کر ایک ایک شاخ آشیاں رکھدی
اصغر ؎ الٰہی کون سمجھے میری آشفتہ مزاجی کو ؛ قفس میں چین آتا ہی نہ راحت ہو نشیمن میں

"چنانچہ ایکبار پھر گرفتار ہوا"

فانی ؎ یہ جذب ذوق اسیری ہو ورنہ اے فانی ؛ کہاں میں سوختہ دل، مشت پر، کہاں صیاد
اصغر ؎ میں وہ ہر گز نہیں جسکو قفس سے موت آتی ہو ؛ میں وہ ہوں جس نے خود دیکھا نہ سوچا آشیاں برسوں

یہ ہے ایک چڑیا کی کہانی۔ ہم نے بخوف طوالت صرف خاص خاص واقعات نقل کر دئے ہیں تفصیل کے طالب ہمارے "اساتذہ" کے دیوان ملاحظہ فرمائیں۔ اس باب کے خاتمہ پر ہم اپنے محترم پروفیسر فراق سے صرف اتنا پوچھنا چاہتے ہیں کہ ہماری عشقیہ شاعری صرف بلبل، چڑیا، جال، پنجرا، گھونسلا، اور بجلی ہی تک محدود رہنی چاہیئے یا دوسرے پرندوں چرندوں اور شکاریوں کا ذکر بھی اس میں شامل کیا جا سکتا ہے؟

ایک "صوفی" مولانا نے اس حکایت کو سُنکر فرمایا کہ "میاں یہ اللہ والوں کی باتیں ہیں۔ تم لوگ لڑکوں کو پڑھانے والے لفظی معنی سے آگے تمہاری نظر نہیں جاتی۔ تم اِن اسرار و رموز کو کیا جانو۔ یہ پوری کہانی ایک استعارہ ہے۔ بلبل سے مُراد ہے انسان کی رُوح۔ اور صیاد کے معنی ہیں شیطان۔ آشیانہ سے مراد بہشت یا وہ مقام جہاں رُوحیں رہتی ہیں اور قفس استعارہ ہے اس دُنیا سے۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ "الدنیا سجن المومن"۔ دام کے معنی ہیں ہوا و ہوس۔ خلاصہ یہ کہ شیطان جسکا کام لوگوں کو گمراہ کرنا ہے ہر وقت اس فکر میں لگا رہتا ہے کہ نیک روحیں جب دُنیا میں آئیں تو انہیں ہوا و ہوس میں مُبتلا کر کے اس دارِ محن میں قید رکھے۔ یہاں تک کہ نیکی کرنے کی ذرہ بھر صلاحیت اُن میں باقی نہ رہے اور اپنے آشیانے یعنی بہشتِ بریں کو بالکل بھول جائیں"۔

صوفی صاحب کی یہ تقریر سُنکر میں حیران رہگیا کہ یا اللہ یہ چڑیا کی کہانی دراصل ایک "روحانی" چیز ہے مگر عشقیہ شاعری سے اسکا تعلق صوفی صاحب کی تاویل کے بعد بھی موہوم ہی رہا۔

(باقی آئندہ) ——— عندلیب شادانی؛

مسز کڑھلے

مصورِ ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی نے اس کہانی میں حُسن و عشق کے دلچسپ واقعات دلرُبا انداز میں بیان کئے ہیں۔ کڑھلے ایک اُجڈ مولوی تھا اور اُس کی بیوی حُسن و محبت کی جان تھی۔ مگر کیسی غیرت مند بیوی تھی! اور کیسی اطاعت شعار! کہانی اس قدر دلکش اور واقعات اس قدر پُر لطف ہیں کہ کتاب شروع کرنے کے بعد بغیر ختم کئے دل نہیں مانتا۔ نہایت دلچسپ کتاب ہے۔

قیمت:- ایکروپیہ۔ محصول ڈاک ۵ر

ملنے کا پتہ:- ساقی بُکڈپو۔ دہلی؛

نوجوان سے

جلالِ آتش و برق و سحاب پیدا کر
اجل بھی کانپ اُٹھے وہ شباب پیدا کر

ترے خرام میں ہو زلزلوں کا راز نہاں
ہر ایک گام پہ اِک انقلاب پیدا کر

صدائے تیشہ مزدور ہے ترا نغمہ
تو سنگ و خشت سے چنگ و رباب پیدا کر

بہت لطیف ہے اے دوست تیغ کا بوسہ
یہی ہے جانِ جہاں اس میں آب پیدا کر

ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی
تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا
تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم
وہ بانکپن وہ اچھوتا شباب پیدا کر

فلک پہ بارہا چمکا ہے آفتابِ جمیل
زمیں کے بطن سے اب آفتاب پیدا کر

شراب کھینچی ہے سب نے غریب کے خوں سے
تو اب امیر کے خوں سے شراب پیدا کر

ترے جلو میں نئی جنتیں نئے دوزخ
نئی جزائیں انوکھے عذاب پیدا کر

گرا دے قصرِ تمدن کہ اک فریب ہے یہ
اُٹھا دے رسمِ محبت عذاب پیدا کر

جو ہو سکے ہمیں پامال کر کے آگے بڑھ
نہ ہو سکے تو ہمارا جواب پیدا کر

یہ زمیں پہ جو میرا لہو تو غم مت کر
اسی زمیں سے مہکتے گلاب پیدا کر

تو انقلاب کی آمد کا انتظار نہ کر
جو ہو سکے تو ابھی انقلاب پیدا کر

مجاز
بی۔اے (علیگ)

نوجوان خاتون سے

حجابِ فتنہ پرور اب اُٹھا لیتی تو اچھا تھا
خود اپنے حُسن کو پردا بنا لیتی تو اچھا تھا

تری نیچی نظر خود تیری عصمت کی محافظ ہے
تو اس نشتر کی تیزی آزما لیتی تو اچھا تھا

تری چینِ جبیں خود اِک سزا قانونِ فطرت میں
اسی شمشیر سے کارِ سزا لیتی تو اچھا تھا

یہ تیرے خشک لب، یہ زرد رُخ، یہ وہم، یہ وحشت
تو اپنے سر سے یہ بادل ہٹا لیتی تو اچھا تھا

دلِ مجروح کو مجروح تر کرنے سے کیا حاصل
تو آنسو خشک کر کے مسکرا لیتی تو اچھا تھا

ترے زیرِ نگیں گھر ہو محل ہو، قصر ہو کچھ ہو
میں یہ کہتا ہوں تو ارض و سما لیتی تو اچھا تھا

اگر خلوت میں تو نے سر اُٹھایا بھی تو کیا حاصل
بھری محفل میں آ کر سر جھکا لیتی تو اچھا تھا

ترے ماتھے کا ٹیکا مرد کی قسمت کا تارا ہے
اگر تو سازِ بیداری اُٹھا لیتی تو اچھا تھا

عیاں ہیں دشمنوں کے خنجروں پر خون کے دھبّے
انہیں تو رنگِ عارض سے مِلا لیتی تو اچھا تھا

شہیدوں کے لہو کی خاک پر گلکاریاں کب تک
تو ان پھولوں کو دامن میں اُٹھا لیتی تو اچھا تھا

سنائیں کھینچ لی ہیں سرپھری باغی جوانوں نے
تو سامانِ جراحت اب اُٹھا لیتی تو اچھا تھا

اثر باقی نہیں مفلوج پیروں کی دُعاؤں میں
جوانانِ بلاکش کی دُعا لیتی تو اچھا تھا

ترے ماتھے پہ یہ آنچل بہت ہی خوب ہے لیکن
تو اس آنچل سے اِک پرچم بنا لیتی تو اچھا تھا

مجاز
بی۔ اے (علیگ)

"ماں"

نوٹ:- مندرجہ ذیل مضمون روس کے مشہور آفاق مصنف میکسم گورکی کی ایک معرکتہ الآرا تصنیف (Mat Otyeg) (ماں) کے ایک باب کا ترجمہ ہے جس میں اس نے کتاب کی ہیروئن کی سیرت کشی کی ہے جو ایک بوڑھی عورت ہے لیکن اس کا دل اور دماغ دونوں جوان ہیں یعنی اپنے گردوپیش کی زندگی اور تحریکوں سے متاثر ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اسے اپنے بیٹے کی وساطت سے بعض ایسے لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے جو ایک نئی دُنیا بنانے کی فکر میں لگے ہوئے ہیں اور اس کے لئے ہر قسم کا ایثار کرنے کو تیار ہیں۔ ان کی صحبت اور خود "ماں" کی طبیعت کے اندرونی رجحان کا یہ فیض ہے کہ اس کی خودی وسیع ہو کر ان سب لوگوں کو اپنے اندر جذب کر لیتی ہے جو ایک بلند نصب العین کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ماں کی محبت جو اب تک صرف بیٹے کی ذات تک محدود تھی اپنے بندول کو توڑ کر ہر طرف پھیل جاتی ہے اور بیٹے کے سب ساتھیوں کو اپنے دامن میں لے لیتی ہے۔ اس عمر میں پہنچ کر دل و دماغ کا یہ ارتقا ان لوگوں کے لئے ایک نہایت سبق آموز پیغام ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ جوش اور ہمت اور جدید خیالات سے اثر لینا صرف جوانوں کے لئے ممکن ہے، بوڑھوں کے لئے اس کا امکان نہیں۔ جوانی کا تعلق عمر سے نہیں بلکہ جذبات اور صلاحیت سے ہے!

نلوفنا کی زندگی کا دھارا بہت سکون کے ساتھ بہہ رہا تھا۔ بعض دفعہ اسے خود اس سکون پر حیرت ہوتی تھی۔ اس کا بیٹا جیل خانے میں قید تھا اور وہ جانتی تھی کہ اس کو سخت سزا ملنے والی ہے لیکن جب کبھی اسے یہ خیال آتا تھا تو اسکا ذہن آندرے، فیدیا اور بہت سے ایسے لوگوں کی طرف بھی متوجہ ہوتا تھا جن سے وہ کبھی نہ ملی تھی، محض ان کا ذکر ہی سُنا تھا، اسے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کے بیٹے کی ذات نے وسیع ہو کر ان سب کو بھی اپنے میں ضم کر لیا ہے۔ اس غور و فکر کے جذبے نے جو خود بخود اور بے اختیار اس میں پیدا ہو گیا تھا اس کی دل کی آنکھوں کو بیٹے کی طرف سے ہٹا کر چاروں طرف دیکھنے کے قابل بنا دیا تھا، سورج کی باریک اور ناہموار کرنوں کی طرح وہ سب چیزوں پر پڑتیں اور انہیں روشن کرتی تھیں اور گردوپیش کے تمام منظر کو ایک تصویر بنا کر پیش کرتی تھیں۔ اب اس کا ذہن کسی ایک ہی چیز پر جم کر نہیں رہ جاتا تھا۔

نکوئے ہمیشہ مصروف رہتا تھا اور ایک بندھی ٹکی باقاعدہ زندگی بسر کرتا تھا۔ وہ صبح کو آٹھ بجے جاتے پیتا، اخبار پڑھتا، اور "ماں" کو خبریں سُنایا کرتا۔ وہ ڈوما (روسی پارلیمنٹ) کے ممبروں کی تقریریں بغیر کسی تلخی یا ناراضگی کے دہراتا اور شہر کی زندگی کا کچا چٹھا اس کو سُنایا کرتا تھا۔

اس کی گفتگو کو سُن کر ماں کو صاف دکھائی دینے لگا کہ زندگی کی مشین کس طرح لوگوں کو بیدردی کے ساتھ

دولت کی چکّی کے پاٹوں کے بیچ پستی رہتی ہے۔ نوبجے وہ دفتر چلا جایا کرتا تھا۔ تب وہ گھر کی کو صاف کرتی، کھانا پکاتی، نہاتی دھوتی، کپڑے بدلتی اور اپنے کمرے میں بیٹھ کر تصویریں اور کتابیں دیکھتی۔ اس نے پڑھنا سیکھ لیا تھا لیکن پڑھنے کی محنت سے وہ بہت جلد تھک جاتی تھی اور لفظوں کا مطلب اس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا لیکن اس کے لئے تصویریں مستقل طور پر سامانِ حیرت تھیں۔ ان کی بدولت اس کے سامنے نئی اور حیرت انگیز چیزوں کی ایک واضح اور واقعی دنیا کھل گئی تھی۔ اس کی نگاہ تخیل کے سامنے عظیم الشان شہروں، خوبصورت عمارتوں، مشینوں، جہازوں، پرانی یادگاروں اور انسان کی بے اندازہ دولت کا نقشہ کھچ جاتا۔ جن کو لوگوں نے بنایا تھا اور جن کی کثرت سے دماغ متحیر ہو جاتا تھا۔ زندگی برابر زیادہ وسیع ہوتی چلی جاتی تھی، ہر روز نئے نئے اور عظیم الشان عجائبات اسکے سامنے آتے تھے۔ اس عورت کی بھوکی روح جو عرصہ دراز تک سونے کے بعد بیدار ہوگئی تھی دُنیا کی مختلف نعمتوں اور اس کی بے اندازہ خوبصورتیوں سے نہایت شدت کے ساتھ متاثر ہو رہی تھی۔ اسے خاص طور پر جانوروں کی تصویروں کی کتابوں کو دیکھنے میں دلچسپی تھی اور اگرچہ ان کی تشریح کسی غیر زبان میں لکھی ہوئی تھی لیکن اس کو ان تصویروں کو دیکھ کر زمین کی وسعت اور فراوانی اور خوبصورتی کا نہایت واضح تصور ہو گیا تھا۔ ایک دن اس نے کھانے کے وقت نکولے سے کہا:۔

"یہ دُنیا کس قدر وسیع ہے!"

"بے شک ہے۔ مگر باوجود اس کے لوگ جگہ نہ ملنے کی وجہ سے کیسی تنگی کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں"

ہر قسم کے کپڑے مکوڑوں بالخصوص تتلیوں کو دیکھ کر اسے سب سے زیادہ تعجب ہوتا تھا ایک دفعہ کہنے لگی:۔

"نکولے، یہ کس قدر حسین ہیں اور ہمارے چاروں طرف یہ دلکش حسن ہر چیز میں موجود ہے لیکن ہماری نظروں سے پوشیدہ ہے، یہ گویا ہمارے اردگرد چھایا ہوا ہے لیکن ہم اسے دیکھ نہیں سکتے۔ لوگ ہر وقت تگ و دو کرتے رہتے ہیں مگر وہ کچھ بھی نہیں جانتے کسی چیز سے لطف نہیں حاصل کر سکتے ان میں لطف اندوزی کی صلاحیت ہی نہیں۔ بہتیرے لوگ اپنی زندگی کو خوشی کی چاشنی دے سکتے ہیں اگر انہیں یہ معلوم ہو کہ ہماری یہ زمین کتنی نعمتوں سے مالا مال ہے اور اس میں کیسی کیسی حیرت انگیز چیزیں موجود ہیں"

نکولے اس کی پُرجوش مسرت کے ذکر کو سُنتا، مسکراتا اور اس کو تصویروں کی نئی نئی کتابیں لا کر دیتا۔ شام کو بہت سے ملاقاتی گھر میں جمع ہوتے اور آپس میں نہایت جوش اور سرگرمی کے ساتھ مباحثے کرتے۔ وہ ان کے لئے پیالیوں میں چائے بناتی اور دل ہی دل میں تعجب کیا کرتی کہ یہ لوگ کس قدر جوش کے ساتھ زندگی کے مصائب اور مزدوروں کے حالات پر بحث کرتے ہیں اور ان وسائل کو سوچتے ہیں جن کے ذریعہ ان تک جلد سے جلد سچ کی روشنی پہنچ جائے اور ان کی روح میں بلندی پیدا ہو۔ یہ مسائل ہمیشہ ان لوگوں کے دماغ میں گھومتے رہتے تھے اور یہی ان کی زندگی کا مرکز تھے۔ اکثر وہ غصہ کے لہجہ میں ایک دوسرے سے اختلاف کرتے، ایک دوسرے کو الزام دیتے ایک دوسرے سے ناراض ہو جاتے لیکن پھر اسی سرگرمی سے مباحثہ کرنے لگتے۔ مگر وہ یہ محسوس کرتی تھی کہ وہ مزدوروں کی

زندگی کو ان لوگوں سے بہتر سمجھتی ہے اور ان لوگوں کی نسبت زیادہ بہتر اندازہ کر سکتی ہے کہ انھوں نے کتنا بڑا کام اپنے ذمہ لیا ہے۔ وہ ان کی تمام سرگذشت کو ایک خاص رعایت کی نظر سے دیکھتی تھی جس میں ہلکی سی افسردگی بھی ملی ہوتی ہے جس طرح بڑی عمر کے لوگ بچوں کو دیکھا کرتے ہیں جب وہ میاں بیوی کا کھیل کھیلتے ہیں لیکن اس رشتے کی جذباتی کشمکش کو نہیں سمجھتے۔

ایک دفعہ نتاشا آئی اور ماں کو وہاں دیکھ کر بہت خوش ہوئی اور اس کو پیار کیا۔ اس نے منجھلے اور باتوں کے بسبیل تذکرہ یہ بھی کہا، جیسے اسے اتفاقاً یہ بات یاد آ گئی ہو۔

"میری ماں کا انتقال ہو گیا ہے۔ بے چاری چل بسی۔" اس نے تیزی سے اپنا ہاتھ آنکھوں پر پھیرا اور کہنے لگی۔ "مجھے اس کا خیال کر کے افسوس ہوتا ہے۔ اس کی عمر ابھی پچاس سال کی بھی نہیں ہوئی تھی اور ابھی اس کی زندگی کا کافی حصہ باقی تھا۔ لیکن اگر تم اس بات پر دوسرے نقطۂ نظر سے غور کرو تو یہ خیال ہوتا ہے کہ موت ایسی زندگی سے بہتر ہے۔ ہمیشہ تنہا، ہر شخص سے اجنبی، کسی کو اس کی ضرورت نہیں، اور ہمیشہ میرے باپ کی چیخ پکار سے خائف۔ کیا تم اس کو زندگی کہہ سکتی ہو؟ لوگ کسی بھلائی کی اُمید میں زندہ رہتے ہیں، لیکن اس بے چاری کو سوائے ذلتوں کے اور کاہے کی توقع ہو سکتی تھی۔"

ماں نے جواب دیا ایسے لہجہ میں جیسے کسی چیز کو یاد کر رہی ہو۔ "تم سچ کہتی ہو۔ لوگ کسی بھلائی کی اُمید میں زندہ رہتے ہیں اور اگر توقع ہی اُٹھ جائے تو وہ زندگی کیا ہوئی۔" پھر اس نے پیار سے نتاشا کے ہاتھ کو تھپک کر پوچھا۔ "تو اب تم بالکل اکیلی ہو؟"

نتاشا نے بے پروائی کے لہجہ میں جواب دیا۔ "ہاں اکیلی ہوں۔"

ماں چُپ رہی اور پھر دفعتاً مسکرا کر بولی:۔

"کوئی مضائقہ نہیں اچھے آدمی کبھی تنہا نہیں رہتے۔ ان کے ساتھ ہمیشہ لوگ وابستہ ہو جاتے ہیں۔"

نتاشا اب ایک قصبے کے اسکول میں معلمہ ہو گئی تھی جہاں ایک کپڑے کا کارخانہ تھا۔ لوفنا بھی کبھی اس کے لئے ممنوعہ کتابیں، اخبار اور اشتہارات مہیا کرتی تھی۔ بلکہ ان کتابوں وغیرہ کی تقسیم ہی اب ماں کا مستقل مشغلہ بن گیا تھا۔ وہ مہینے میں کئی بار مختلف طرح کے بھیس بدل کر، کبھی راہبہ کے لباس میں، کبھی کپڑوں اور لیس بیل وغیرہ کی سوداگر بن کر، کبھی جاتری بن کر، کبھی کسی رئیس کی بیوی کا لباس پہن کر، کبھی پیادل، کبھی گھوڑے پر سوار ہو کر جایا کرتی۔ کبھی کندھے پر تھیلا پڑا ہوتا، کبھی ہاتھ میں بیگ۔ ریل میں، جہاز پر، ہوٹلوں اور سراؤں میں لوگوں کے ساتھ اس کا برتاؤ ہمیشہ سادہ اور معقول ہوتا تھا وہ اجنبی لوگوں سے خود گفتگو کا سلسلہ چھیڑتی اور اپنی دھیمی اور دل لگتی باتوں سے بے دھڑک لوگوں کی توجہ اپنی طرف مائل کر لیتی۔ اور اس کے رکھ رکھاؤ سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک تجربہ کار عورت ہے جس نے بہت کچھ دیکھا اور سُنا ہے۔ اسے لوگوں سے بات چیت کرنے میں، ان کی رام کہانی سُننے میں، ان کی شکایتوں، پریشانیوں اور گریہ و زاری سُننے میں دلچسپی تھی۔ جب کبھی وہ کسی کو زندگی سے نہایت شدت کے ساتھ

بیزار دیکھتی اس کا دل خوشی سے لبریز ہو جاتا۔ یہی وہ بیزاری ہے جو تقدیر کی ستم آرائیوں کے خلاف اپنی آواز بلند کرتی ہے اور دل لگا کر اس کے مسائل کا حل سوچتی ہے۔ اس کے سامنے انسانی زندگی کا نقشہ زیادہ وسیع زیادہ رنگ برنگی ہوتا جاتا تھا، اس زندگی کا جو شکم پُری کی پریشانی اور جد و جہد میں گزرتی تھی۔ اسے ہر طرف یہی نظر آتا تھا کہ ناشائستہ، عریاں جد و جہد نہایت دیدہ دلیری کے ساتھ انسان کو دھوکا دیتی ہے، اس کو لوٹتی ہے، اس کا سارا رس نکال لیتی ہے، اس کا خون تک جس پر زندگی کا مدار ہے چوس لیتی ہے۔ وہ محسوس کرتی تھی کہ دُنیا میں ہر چیز کی افراط ہے لیکن باوجود اس کے لوگ محروم اور محتاج ہیں۔ اور نیم فاقے کی حالت میں رہتے ہیں حالانکہ ان کے چاروں طرف بے اندازہ دولت ہے۔ شہروں میں گرجا سونے چاندی سے بھرے ہوتے تھے جن کی خدا کو مطلق ضرورت نہ تھی اور گرجوں کے دروازے پر فقیر اس اُمید میں کھڑے ٹھٹھرتے تھے کہ شاید کوئی خدا کا بندہ ان کے ہاتھ پر ایک پیسہ رکھ دے۔ اس نے یہ بات پہلے بھی دیکھی تھی۔ ایک طرف دولت سے لبریز گرجا اور پادریوں کی عبائیں جو سونے کے تاروں سے بنی ہوئی تھیں اور دوسری طرف غریبوں کے جھونپڑے اور ناگفتہ بہ چیتھڑے۔ لیکن اس وقت یہ بات بالکل نظامِ قدرت کے موافق معلوم ہوتی تھی لیکن اب یہ فرق جو غریبوں کے لئے اہانت آمیز تھا کسی طرح اس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ گرجا امیروں کی نسبت غریبوں کے زیادہ قریب اور ان کے لئے زیادہ ضروری ہیں۔

مسیح کی تصویروں اور قصّوں سے بھی اسے یہی اندازہ تھا کہ وہ غریبوں کے دوست تھے اور سادہ غریبانہ لباس پہنتے تھے۔ لیکن گرجوں میں جہاں غربت ان کی بارگاہ میں تسکین کی تلاش میں حاضر ہوتی تھی اسے یہ نظر آتا کہ ان کی تصویر کو نمائش کی خاطر سونے کی میخ سے سولی پر نصب کیا گیا ہے اور ریشم اور ساٹھن کے کپڑے محتاجی کا مضحکہ اُڑاتے ہیں۔ رائی بن کے الفاظ اسے یاد آتے تھے۔ "اُنھوں نے تو ہمارے خدا کو بھی مسیح کر دیا ہے۔ جو کچھ ان کے ہاتھ پڑا ہے اس کو ہمارے خلاف استعمال کیا ہے۔ گرجاؤں میں اُنھوں نے ہمارے ڈرانے کے لئے ایک ڈراؤنی مورت رکھ چھوڑی ہے۔ اُنھوں نے خدا تک کو جھوٹ اور بدزبانی میں ملبوس کر دیا ہے اور ہماری روحوں کو خراب کرنے کے لئے اس کے لیخ زیبا کو بگاڑ دیا ہے۔"

اس نے بغیر کسی خاص ارادے کے عبادت میں کمی کر دی تھی لیکن اس کے ساتھ ہی وہ حضرت مسیح کے بارے میں اور ان لوگوں کے بارے میں زیادہ سوچ بچار کرتی رہتی تھی جو بغیر ان کا نام لئے اور گویا بغیر ان کو پہچانے اس کے خیال میں انہیں کے بتائے ہوئے طریقے پر زندگی بسر کرتے تھے اور ان کی طرح زمین کو غریبوں کی ملکیت سمجھتے تھے اور اس کی تمام دولت کو انہیں میں تقسیم کرنا چاہتے تھے۔ اس کے یہ خیالات اس کی روح کی گہرائیوں میں پرورش پاتے رہے۔ اور انہوں نے بڑھکر اور پھیل کر ان تمام چیزوں کو گھیر لیا جو وہ سُنتی یا دیکھتی تھی۔ اُنھوں نے اور بڑھکر عبادت کی روشن شکل اختیار کر لی اور ان کی روشنی کی چھوٹ ساری تاریک دُنیا اور زندگی اور انسانوں پر محیط ہو گئی۔ اور اسے یہ معلوم ہونے لگا کہ خود حضرت مسیح اب اس سے زیادہ قریب ہو گئے ہیں اور ان کی شکل اس کے گذشتہ تصوّر سے بالکل مختلف ہے، پہلے وہ ان سے ایک عجیب مخلوط قسم کی محبت کرتی تھی جس میں اُمید و بیم اور مسرت و افسردگی ملی

ہوئی تھی۔ اب اسے ان کا درجہ اور بلند معلوم ہوتا تھا اور اسے ان کی سیرت کے نقوش زیادہ واضح طور پر نظر آتے تھے۔ ان کی شکل زیادہ روشن اور خوش و خرم معلوم ہوتی تھی۔ اب ان کی آنکھیں اس کو دیکھ کر زیادہ اعتماد کے ساتھ مسکراتی تھیں اور ان میں ایک زندہ باطنی قوت تھی گویا وہ درحقیقت از سرِ نو انسانوں کے لئے دوبارہ پیدا ہوئے ہیں اور ان کے نام پر جو گرم خون بہایا گیا ہے اُس میں نہا کر قوتِ حیات عود کر آئی ہے۔ مگر عجیب بات یہ ہے کہ جن لوگوں کا خون بہا تھا وہ از راہِ انکسار عوام الناس کے اس بدنصیب دوست کا نام لینے سے بھی احتراز کرتے ہیں!

ماں اپنے سفر کے تجربات سے اور راستے میں جو کچھ سُنتی اور دیکھتی تھی اس کے اثر سے ہمیشہ زیادہ تازہ دم ہو کر نکولے کے پاس واپس آتی تھی اور جو کام انجام دیتی تھی اس سے اس کی جرأت اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا جاتا تھا۔ ایک روز شام کو اس نے نکولے سے کہا:-

"جگہ جگہ جانا اور ہر قسم کی چیزوں کو دیکھنا بڑی اچھی بات ہے۔ اس سے یہ سمجھ میں آنے لگتا ہے کہ زندگی کا نظم کس طرح قائم ہے۔ سماج نے عوام کو ایک طرف ہٹا دیا ہے بلکہ انہیں کنارے پر پھینک دیا ہے اور یہ بیچارے مجروح اور مصیبت زدہ ہونے کے باوجود بلا ارادہ اِدھر اُدھر چلتے پھرتے رہتے ہیں اور یہ سوچتے رہتے ہیں۔ "آخر کیوں؟ ہمیں یہ لوگ کیوں دھتکارتے ہیں۔ ہم بھوکے کیوں رہیں جب ہر چیز اس قدر افراط کے ساتھ موجود ہے۔ دُنیا میں چاروں طرف کس قدر عقل اور علم موجود ہے۔ پھر بھی ہم اس پر مجبور ہیں کہ تاریکی اور جہالت میں زندگی بسر کریں۔ اور وہ خدائے رحمٰن کہاں ہے جس کی نگاہ میں نہ کوئی غریب ہے نہ امیر بلکہ سب اس کے بچے ہیں اور اس کو پیارے ہیں"۔ لوگ آہستہ آہستہ اس زندگی کے خلاف بغاوت پر آمادہ ہو رہے ہیں۔ ان کو یہ احساس ہو چلا ہو کہ اگر وہ خود اپنی فکر نہیں کریں گے تو اس جھوٹ کی دُنیا میں ان کا دم گھُٹ جائے گا"۔

اپنی فرصت کے اوقات میں وہ کتابوں کو لے بیٹھتی تھی اور بار بار تصویروں کو دیکھتی تھی اور ہر مرتبہ اسے ان میں کوئی نہ کوئی چیز نئی ملتی تھی۔ زندگی کا نقشہ اس کی نظر کے سامنے وسیع ہوتا جاتا تھا اور فطرت کا حُسن اور انسان تخلیقی قوتیں بے نقاب ہوتی جاتی تھیں۔ نکولے اکثر اسے کتابوں کا مطالعہ کرتے دیکھتا اور مسکراتا اور اسکو نئی نئی اور حیرت انگیز باتیں بتاتا تھا۔ انسان کی جرأت اور حوصلے پر حیران ہو کر وہ پوچھتی تھی۔

"کیا یہ واقعی ممکن ہے؟" نکولے اپنی عینک میں سے ماں کے چہرے پر مہربانی کی نظر ڈالتا یہ اپنی پیشین گوئیوں کی صداقت پر پورے اعتماد کے ساتھ اپنی دھیمی آواز میں مستقبل کی کہانیاں سُناتا تھا۔ وہ کہتا تھا۔

"انسان کی خواہشوں کی کوئی حد نہیں اور اس کی قوت بے اندازہ ہے۔ لیکن دُنیا اب تک روحانی دولت کے حاصل کرنے میں بہت سُست رہی ہے۔ کیونکہ آج کل ہر شخص جو محتاجی سے آزاد ہونا چاہتا ہے اور علم جمع کرنے پر نہیں بلکہ دولت جمع کرنے پر مجبور ہے۔ تاہم جب لوگ حرص کا خاتمہ کر دیں گے اور غلامی جیسی مزدوری کے جال سے رہا ہو جائیں گے ....."

وہ اس کی باتوں کو دماغ پر زور ڈال کر توجہ سے سُنتی تھی۔ اگرچہ وہ اکثر اس کے الفاظ کا مطلب نہ سمجھتی تھی لیکن

ان میں جو ایمانِ کامل کی روح جلوہ فرما تھی اس کا دن بدن زیادہ گہرا اثر اس پر ہوتا جاتا تھا۔ ایکدفعہ اس نے کہا:۔
"دُنیا کی بڑی بدنصیبی یہ ہے کہ اس میں واقعی آزاد لوگ بہت ہی کم ہیں"
یہ بات ماں کی سمجھ میں آگئی۔ وہ بعض ایسے لوگوں کو جانتی تھی جنھوں نے خود کو حرص اور بُرائی سے آزاد کر لیا تھا۔ اس لئے وہ سمجھتی تھی کہ اگر ایسے لوگ اور ہوں تو زندگی کا تاریک مجہول اور خوفناک چہرہ زیادہ مہربان، زیادہ سادہ، زیادہ اچھا اور زیادہ روشن ہوجائے!

خواجہ غلام السیدین

اے دل

جُھلس نہ جائے کہیں گرد و پیش کا منظر
نہ کھینچ بہرِ خدا، آہِ شعلہ زا، اے دل

رضائے دوست ہے گر مٹ کے خاک ہوجانا
نہ کر خدا کے لئے اسمیں چوں چرا، اے دل

ترے مکیں کی پرستش ہو فرض میرے لئے
کہ تجھکو کہتے ہیں سب خانۂ خدا، اے دل

یقین تھا کہ وہ رحم آشنا نہیں، لیکن
وفورِ ضبط نے پاگل بنا دیا، اے دل

وہ اضطراب وہ لرزش، وہ وحشتِ جانکاہ
ہنوز زیادہ ہے آغازِ ابتلا، اے دل

ہوں ایک مہ مقابل میں کل جہاں کیلئے
تپش نے پھونکدیا خرمنِ رضا، اے دل

سفینہ جبکہ تلاطم کی زد پہ چھوڑ دیا
تو کیا تلاشِ خدا اور ناخدا، اے دل

غمِ فراق کا سہنا بھی کچھ نہ تھا مشکل
مگر خفا ہے وہ ہی جانِ مدعا، اے دل

ہے گرچہ منزلِ مقصود اک شے موہوم
نہ رہنما ہے کوئی اور نہ ہمنوا، اے دل

نگاہِ شوق میں سب ہیچ ہیں نشیب و فراز
رواں دواں ہو مسلسل یہ قافلہ، اے دل

دلفگار

ایک ملاقات

میں کوئی دلچسپ افسانہ نہیں لکھ رہا ہوں۔ گذشتہ سال لکھنؤ سے کانپور جاتے ہوئے ایک صاحب سے ملاقات ہوگئی تھی۔ اُس ملاقات کی کیفیت بیان کرنی مقصود ہے۔

ہم لوگوں نے کالج اور ارباب کالج کے خلاف بغاوت کی۔ جوش میں آکر کیا کچھ نہ کیا۔ مگر انجام کار والدین کے دباؤ اور بے روزگاری اور بربادی کے خوف سے ہتھیار ڈالنے ہی پڑے۔ جب ہنگامہ فرو ہوگیا تو فاتحین کے لئے انتقام کا وقت آیا۔ تحقیقات شروع ہوئی۔ تمام آزاد خیال اور انتہا پسند طلباء کو نکال دینے کے مشورے ہوئے۔ میرا نام بھی اسی فہرست میں تھا۔ لکھنؤ سے کانپور بھاگا تاکہ اطمینان سے بیٹھ کر معاملات پر غور کروں اور اپنی تعلیمی زندگی کو تباہی سے بچانے کی کوئی تدبیر سوچوں۔

اسٹیشن پہنچا تو گاڑی تیار تھی۔ ٹکٹ لیکر ایک ڈبہ میں جا بیٹھا۔ میرے سامنے دو آدمی انگریزی میں گفتگو کر رہے تھے۔ اُنکی باتیں سُننے لگا۔ اُن میں سے ایک ایسی ہی انگریزی بول رہا تھا جیسی عام طور پر ہندوستانی یونیورسٹیوں کے بی۔ اے اور ایم۔ اے بولتے ہیں۔ کتابوں سے سیکھی ہوئی زبان، لمبے لمبے بے ڈھنگے جملے، بناوٹی انداز، خالص ہندوستانی تلفظ۔ صاف یہ ظاہر ہو رہا تھا کہ پہلے دل ہی دل میں اُردو سے انگریزی میں ترجمہ کرتا ہے اور پھر زبان سے ادا کرتا ہے (آپ کسی یونیورسٹی میں اقتصادیات کے پروفیسر تھے۔ جیسا کہ مجھے بعد میں معلوم ہوا) دوسرا جو بظاہر ایک ہندوستانی عیسائی معلوم ہوتا تھا بالکل اہلِ زبان کی طرح بات کر رہا تھا وہی اہلِ زبان کا لہجہ، وہی مُنہ بھینچ کر بات کرنے کا انداز، وہی مُجھے ہوئے بامحاورہ فقرے، وہی سلاست، وہی بے ساختہ پن، گویا انگریزی اِس کی مادری زبان ہے۔ میں بہت آسانی سے اِس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ یہ دوسرا شخص ایک طویل عرصے تک انگلستان یا امریکہ میں رہا ہے۔ ممکن ہے وہیں پیدا ہوا ہو۔ ممکن ہے تجارت وغیرہ کے سلسلے میں وہاں سکونت اختیار کرلی ہو۔ بہرحال یہ یقینی ہے کہ اُس نے زبان کو اہلِ زبان سے سیکھا ہے، کتابوں سے نہیں۔ اِس کے بعد میں اُن دونوں کی باتیں سُنتا رہا اور اپنے دل میں سوچتا رہا کہ اِس وقت میرے سامنے ایک ہندوستانی یونیورسٹی کا منتہی عالم بیٹھا ہے۔ وہ شخص جس نے ساری عمر ایک زبان کے غلط سیکھنے میں صرف کردی، اور جو اپنی زبان سے بھی محروم رہا۔ ہائے ہائے کیا تعلیمی نظام ہے۔ زندگیاں برباد ہوگئیں۔ کہیں کے نہ رہے!! میں اِن خیالات میں کھویا ہوا تھا کہ یہ دونوں ہندوستان کی سیاست پر اظہارِ خیال کرنے لگے۔ اب میرے کان کھڑے ہوئے اور میں نے بہت غور سے سُننا شروع کیا۔ وہ صاحب جو بشرے سے عیسائی معلوم ہوتے تھے اور انگریزوں کی سی انگریزی بول رہے تھے گاندھی جی کے متعلق فرمانے لگے کہ میں اُن کی قربانیوں کی دل سے قدر کرتا ہوں لیکن ان کی تحریک عدم تعاون اور قانون شکن اقدامات کے خلاف ہوں۔ کیونکہ اِن باتوں سے اُنہی لاکھوں کروروں انسانوں کو نقصان پہنچتا ہے جن کی وہ حمایت کرتے ہیں اور جن کی حالت کو سدھارنے کے لئے اُنہوں نے اپنی ساری زندگی وقف کردی ہے۔ ہمارے ہندوستانی پروفیسر نے

اس سے اختلاف کیا اور گاندھی جی کے طرزِ عمل کو صحیح و مناسب ثابت کرنے کے لئے اپنی الجھی ہوئی بھدّی انگریزی میں کچھ فرمایا۔ میں نے اُن کی نفرت انگیز گفتگو کو نہیں سُنا۔ اور یہ سوچنے لگا کہ یہ شخص جو انگریزی اتنی لاجواب بولتا ہے سیاسیات کے باب میں بالکل کورا معلوم ہوتا ہے۔ یقیناً یہ ۱۹۲۱ء کی تحریک کے دوران میں ہندوستان سے گیا ہوگا اور اب پندرہ سولہ سال کے بعد جو واپس آیا ہے تو سمجھتا ہے کہ وہی زمانہ ہے۔ وہی سیاسی تحریکیں چل رہی ہیں اور وہی سیاسی رہنما اُن کو چلا رہے ہیں۔ اتنے میں اُسنے امریکہ اور امریکہ والوں کا ذکر چھیڑا۔ لیکن چونکہ گاڑی اب بہت تیزی کے ساتھ جنگل میں سے گزر رہی تھی میں اُس کی باتوں کو سُن نہ سکا۔ البتہ اتنا مجھے یقین ہو گیا کہ اس شخص نے اپنی زندگی امریکہ میں گزاری ہے۔ چنانچہ میرے دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ اپنے آپ کو اس سے متعارف کراؤں، کچھ تو اس لئے کہ اِس کی انگریزی کا لطف اُٹھا سکوں اور کچھ اس لئے کہ ہندوستان کے موجودہ سیاسی اور اقتصادی مسائل کے متعلق صحیح نقطۂ نظر پیش کر سکوں۔ میں نے سوچا کہ اب تو میں کالج کے حدود سے باہر ہوں اور ریل میں سفر کر رہا ہوں۔ کیا حرج ہے کہ اگر ایک اجنبی سے دل کھول کر باتیں کروں اور اُس کو بتادوں کہ حضرت! آپ کے گاندھی جی کبھی حقیقی معنوں میں ہندوستان کے لاکھوں کروروں باشندوں کے نمائندے نہ تھے۔ وہ صرف اُس قوم پرست اور رجعت پسند جماعت سے تعلق رکھتے تھے جو زیادہ تر سرمایہ داروں اور زمینداروں پر مشتمل تھی اور اپنے جماعتی استبداد میں زیادہ استحکام حاصل کرنے کے لئے انگریزی حکومت سے چند اختیارات کی بھیک مانگ رہی تھی۔ وہ جماعت شکست کھا چکی اور میدان چھوڑ کر بھاگ رہی ہے۔ گاندھی جی کا ڈھونگ بھی ختم ہو گیا۔ اب وہ اپنے آشرم میں بیٹھے اُردو ہندی اور اسی قسم کے فرقہ دارانہ جھمیلوں سے اپنا دل بہلا رہے ہیں۔ آپکو شاید ۱۹۲۱ء کا دھوکا ہو رہا ہے، قبلہ یہ ۱۹۳۶ء ہے۔ عدم تعاون کی تحریک کبھی کی ناکامیاب ہو چکی۔ اُس کے بعد ۱۹۳۰ء کی تحریک کا بھی یہی حشر ہوا۔ یہ تحریکیں تھیں ہی ایسی کہ ناکامیاب رہتیں۔ اِن کی ناکامی کے اسباب خود اِنکے اندر موجود تھے۔ آپ اِن کو گاندھی جی کے قانون شکن اقدامات خیال کرتے ہیں۔ جناب والا! آپ نہایت زبردست غلطی میں مبتلا ہیں۔ گاندھی جی نے کبھی قانون شکنی کی جرأت نہیں کی۔ اُن کی سیاسی کارروائیوں کی حقیقت صرف اس قدر ہے کہ وہ چند معاشی مراعات حاصل کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً حکومت کے خلاف ایک نرم اور بزدلانہ احتجاج کرتے رہے ہیں۔ گویا ایک مکّار سادھو کسی دولتمند کے دروازے پر اپنا کاسۂ گدائی لے کر بیٹھ جائے اور کسی طرح اُٹھنے کا نام نہ لے۔ مگر ہاں جب اُس پر مار پڑنی شروع ہو تو فوراً اُٹھکر بھاگے سمجھے آپ؟ اور سمجھئے! گاندھی جی نے اپنی تمام تر فراست کے باوجود کبھی اس بات کو محسوس نہیں کیا کہ ہندوستان کو ایک زبردست اقتصادی اور معاشری انقلاب کی ضرورت ہے۔ اور اگر یہ نہیں تو تمام سیاسی انقلابات ہیچ اور پوچ ہیں۔ وہ ہمیشہ ویدوں کے زمانے کا راگ الاپتے رہتے اور جاہلیت، وحشت اور افلاس کو سراہتے رہے۔ ایسے لوگ بیسویں صدی میں کسی ملک کو آزاد کرا سکتے ہیں۔ ناممکن!!

غرض میرے دل میں اُس وقت ایک شدید جذبہ پیدا ہوا کہ یہ تمام باتیں اس شخص سے کہوں اور اُس کو

حقیقت سے آگاہ کرنے کی کوشش کروں۔ تقریباً اسی وقت پروفیسر صاحب باتیں کرتے کرتے اونگھ گئے۔ دور میں اپنی جگہ سے اٹھکر اُس کے پاس گیا۔

"میں آپ سے چند منٹ گفتگو کرسکتا ہوں؟" میں نے پوچھا۔

"بڑے شوق سے!" اُس نے میرے لئے جگہ کرتے ہوئے جواب دیا۔

میں بیٹھ گیا۔ "میرا خیال ہے آپ امریکہ میں رہے ہیں۔"

"جی ہاں۔"

"اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک طویل مدت تک رہے ہیں۔"

"جی ہاں! میں تیرہ سال کی عمر سے برابر وہیں رہا ہوں۔"

"خوب۔"

میں سوچ ہی رہا تھا کہ کس طرح اپنی بحث کو چھیڑوں کہ اُس نے کہا۔ "اگر آپ امریکہ کے متعلق کچھ معلومات حاصل کرنا چاہیں تو میں بہت خوشی سے بتا دونگا۔"

"ہاں" میں نے کہا۔ "میں یورپ کی سیاحت تو کرچکا ہوں، لیکن امریکہ سے بالکل ناواقف ہوں۔"

"اچھا! آپ یورپ ہوآئے ہیں۔ غالباً تعلیم کے سلسلے میں؟"

"جی ہاں! لیکن میں اپنی تعلیم کو جاری نہ رکھ سکا اور جلد واپس آگیا۔" میں اِس قصّے کو آگے بڑھانا نہیں چاہتا تھا۔ چنانچہ گفتگو کا رُخ بدلتے ہوئے میں نے کہا۔ "آپنے غالباً انگلستان بھی دیکھا ہوگا؟"

"جی، میں نے دُنیا کے تمام ملک دیکھے ہیں۔"

"خوب! بہت خوب!" میں نے متعجب ہوکر کہا۔ "تو آپ کس سلسلے میں مختلف ممالک کا دورہ کرتے رہے ہیں۔ میں پوچھ سکتا ہوں؟"

"میں گورنمنٹ سیکرٹ سروس سے تعلق رکھتا ہوں۔" اُس نے کہا۔ میرے اوپر جیسے بجلی گر پڑی۔ خیریت ہی ہوئی کہ میں نے ابھی تک وہ ذکر نہیں چھیڑا تھا جسکی خاطر میں اُسکے پاس گیا تھا۔ میرا سارا جوش سرد ہوگیا۔ دو چار باتیں اِدھر اُدھر کی کیں اور اپنی ہمگ پر آگیا۔

جب کانپور کا اسٹیشن آیا اور میں گاڑی سے اُترنے لگا تو اُس نے اُٹھکر مجھ سے ہاتھ ملایا اور السلام علیکم کہا۔

"خوب! تو آپ مسلمان ہیں۔ کیوں نہیں!!" میں نے گاڑی سے اُترتے وقت اپنے دل میں کہا۔

اور اب جبکہ میں کالج سے نکالا جاچکا ہوں اور مجھ پر کسی کا دباؤ نہیں ہے تو میرا جی چاہتا ہے کہ ایک دفعہ پھر اُس سے ملاقات ہوجائے تاکہ میں وہ سب کچھ کہہ ڈالوں جو اُس روز کہنا چاہتا تھا۔

اختر انصاری

ہیملٹ:- مشہور عالم ڈرامہ نگار شیکسپیئر کی شہرۂ آفاق تمثیل کا ترجمہ ملک کے سب سے بڑے مترجم مولانا عنایت اللہ دہلوی (سابق ناظم دارالترجمہ حیدرآباد۔ دکن) نے کیا ہے۔ عبارت دل آویز۔ معانی و مطالب کو اُردو کے سانچے میں اس طرح ڈھالا ہے کہ پڑھنے والے کو کہیں بھی شُبہ نہیں ہوتا کہ وہ ترجمہ پڑھ رہا ہے، مولانا کے ترجمے بیساختہ پن میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ اُردو پڑھنے والوں کے لئے ہیملٹ ایک نادر تحفہ ہے۔ قیمت صرف ایکروپیہ علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ:- ساقی بُکڈپو۔ دہلی۔

"کافر!"

"ہٹ۔ تیرے مہادیو جی جیسے ہوتے کی شکل کے۔ رات کو دیکھ لو تو بخار چڑھ آئے۔" میں نے پشکر کی طرف حقارت سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"اور تیرے۔ تیرے وہ مستان شاہ جی اور سُنڈے پیر جو ہر جمعرات کو تجھے آشیر باد دینے آتے ہیں جیسے ڈاکو چلا آتا ہے۔ میری تو انہیں دیکھ کر ہی گھگی بندھ جاتی ہے۔" پشکر نے انگلیاں نچا کر کہا۔

"تُو تو کافر ہے پشکر!" میں نے مولویانہ انداز سے کہا۔ "تو جہنم میں جائے گا۔ فرشتے تیرا بدن لوہے کی سلاخوں سے داغیں گے۔ اور آگ کے کوڑے ماریں گے۔ خون اور پیپ کھانے کو ملے گا۔"

"ہے گندی کیسی جی متلانے کی باتیں کرتی ہے۔ میں وہ تیرے فرشتے کے مُنہ پر اُلٹا ماروں گا۔ میں کافر ہوں تو تُو کافرنی ہے۔ تُو نے اُسدن بابو جی سے کہا تھا کہ مجھ سے شادی کرے گی۔ تیرے بھی جہنم میں کچھ کم جوتیاں نہیں پڑیں گی۔"

"ہٹ۔ میں تو مسلمان ہوں۔ اور تُو ہندو ہے جنابعالی سارے مسلمان تو جنت میں چلے جائیں گے۔ ہم بھی مزے سے جنت میں جائیں گے۔ تُو ہی رہ جائیگا۔ دیکھ لیجو۔"

"بہت رہ گیا! میں تجھ سے بھی اچھی جگہ جاؤں گا۔ تُو مُسلمنٹی ہے تو نرک میں پڑی جلا کرے گی۔"

"سور کہیں کا تو مجھے مُسلمنٹی کہتا ہے؟ تو ہی ہے بھنگی کافر۔ اُلو۔"

"تو تُو بھنگن اور کافرنی ہے۔"

میں نے اُس کے ایک زور کا طمانچہ مارا۔ وہ کیوں چوکتی۔ دو دھموکے رکھ دیئے اور ہاتھ انگ مروڑ دیا۔ میں نے بھی اس کی کلائی میں ناخون ایسے گڑوئے کہ چربی نکل آئی۔ چاچی جوتی پہنار کی آواز سُنکر دوڑی آئی اور بیچ بچاؤ کروایا۔

"پشکر کے بچے آنے دے بابو جی کو کیسی گت بنواتی ہوں۔" چاچی نے پشکر کو گھونسا دکھا کر کہا جو دیوار کا گھوڑا بنائے بیٹھا میرا مُنہ چڑا رہا تھا۔

"چاچی۔ اب اس سور سے میں شادی نہیں کرونگی۔" میں نے رو کر کہا۔

"اور میں تجھ کلوٹی سے کب کروں گا۔ ماں یہ مجھے پیپ خون کھلاتی ہے۔ اُوق۔" پشکر نے بکائی کی نقل کرتے ہوئے کہا۔

"ہے رام مجھ کہیں کا۔ چپ۔"

"سچی ماں یہ کہتی ہے۔ سب ہندو نرک میں جائیں گے اور یہ بڑی آئی داں سے جنت میں جائے گی۔"

"نہیں چاچی نہیں جائے گی اور بھیا اور بابو جی بھی نہیں جائیں گے۔ پر یہ اُلو تو ضرور جائے گا۔" میں نے ثوق سے کہا۔

"میں گیا تو تیری بھی ٹانگ پکڑ کر گھسیٹ لے جاؤنگا۔"

"بہت لے گیا۔ وہ زور سے کاٹوں گی کہ مر ہی تو جائیگا۔"

چاچی ہنستے ہنستے لال ہوگئی۔ "ارے یہ نرک میں بھی جوتا چلے گا۔ منّی جب تو پشکر کو مار ڈالے گی تو پھر یہ نرک سے کہاں جائے گا۔"

"یہ تب ہی ٹرک میں جاتے گا۔ دیکھ لینا چاچی یہ بڑا کمینہ ہے۔"

"دیکھو ماں کچھر میں اسکے ڈھیلا کھینچ کر ماروں گا۔"

"کیا ہو رہا ہے؟" بابو جی نے اپنی چھتری کو بند کرتے ہوئے کہا۔

"ہندو مسلم فساد۔" چاچی نے ہنسکر کہا۔ "یہ پشکر منّی کو مار رہا تھا۔"

ڈرپوک پشکر بھاگ بھی گیا۔ چاچی مجھے پیار کرتی لے گئی اور مزے دار دال موٹھ کھلائی۔ چاچی تو جان ہے۔ یہ پشکر ہی کافر ہے۔

دیوالی آئی۔ پشکر کا گھر دیوؤں سے جگ مگ۔ جگ مگ کرنے لگا۔ میں نے اس سے فوراً ملاپ کر لیا اور دن بھر چراغوں کے لئے بتیاں بٹیں اور کھیلیں اور شکر کے کھلونے کھاتی رہی۔ چاچی بہت چلائی "منّی کی بچی سارا روئی مسل مسل کر گٹھلیاں ڈال رہی ہے۔" مگر میں بھلا کب مانتی تھی۔ شاکمو پشکر سجکر نکلا۔ سفید جھاگ سی دھوتی۔ سُرخ ململ کا کرتا۔ خوب مانگ پٹی کئے۔ لال لال ٹیکہ لگائے۔ چاچی بھی بنارسی ساڑی پہنے جھانجن جھنکاتی دیوے سنبھالتی پھر رہی تھی۔ پشکر گھر کی ہر چیز کا محافظ بنا ہوا تھا۔ آج وہ کٹر ہندو تھا اور مجھ سے چھوت کر رہا تھا۔ وہی ندیدہ پشکر جو کتنی دفعہ میرے چھوئے بیر کھا چکا تھا۔ آج مجھے کچوری دُور سے پکڑا رہا تھا۔ میرا دل کڑھ رہا تھا۔

"پشکر ہمارے بھی چندن لگا دو۔" میں نے اُسے پُرانے احسانات یاد دلا کر کہا۔

"نہیں۔" اُس نے غرور سے سر گھما کر کہا۔ "تم ہندو تھوڑی ہو۔"

"نہیں پشکر اب تو میں ہندو ہوں۔ اماں سے نہ کہنا۔ اچھا۔"

اُسے شاید رحم آگیا اور اُس نے بڑے اہتمام سے چندن لگا دیا۔

عید پر میں نے بھی ساری کسر نکال لی۔ پشکر کو کافر کہہ کر اُس سے فوراً لڑائی کر لی۔ مگر جب مہندی سے میرے ہاتھ پیر لال ہو گئے۔ تو میں بے چینی سے اُس کے آنے کا انتظار کرنے لگی۔ وہ آیا تو میں بے توجہی سے اپنے ہاتھ گود میں رکھ کر بیٹھ گئی۔

"آہا منّی کے ہاتھ بڑے لالکتّر ہو گئے۔ دیکھیں منّی۔"

میں نے اُس کے ہاتھ جھٹک کر کہا۔ "ہٹو بہی۔ ہماری تو عید ہے۔ کوئی تمہاری تھوڑی ہے۔ جناب آپ کوئی روزے تھوڑی رکھتے ہیں۔ مسلمان تو روزے رکھتے ہیں تب ہی اُنکی عید آتی ہے۔"

"تو کب روزے رکھتی ہے۔"

"واہ میں ایک ڈاڑھ کا رکھتی ہوں۔"

"اوکھ۔ بڑی رکھنے والی آئی۔ دن بھر تو بکر بکر کھاتی ہے۔ ایسے ایک ڈاڑھ کا میں بھی رکھ لوں۔"

"واہ تم تو ہندو ہو۔" میں نے آخری تُرپ لگاتے ہوئے کہا۔

وہ کھسیانہ ہو گیا۔ "تو اس سے کیا ہوتا ہے۔"

"ہم کل نئے نئے کپڑے پہنیں گے۔" میں نے اِترا کر کہا۔

"میں بھی اپنا نیا کوٹ پہنوں گا۔"

"واہ تم تو ہندو ہو۔ تم کیوں پہنو گے۔ ہم تمہیں اپنی سیوئیاں بھی نہیں کھلائیں گے۔"

"اور ہماری دیوالی پر یہ ڈھیر سی کھیلیں بتاشے آئی۔ ہم سے چندن بھی لگوالیا۔ بابو جی سے کھلونے بھی ٹھگے۔ اور

اب ایسی باتیں کرتی ہے۔ بے ایمان کہیں کی۔"

میں نے فوراً پشکر سے لڑکر اُسے بھاگ جانے پر مجبور کیا۔ لیکن کپڑے بدلتے ہی مجھے اس پر رعب گانٹھنے جانا پڑا۔

میں گوٹے پٹھے کے کپڑے پہن کر غبارہ بنی ہوئی جب پشکر کے پاس پہونچی تو اُس کا سارا غصہ رفو چکر ہوگیا۔ اور اُلٹی میری خوشامدیں کرنے لگا۔ مگر میں نے اُسے بار بار سمجھایا کہ وہ ہندو ہے اور رسّے ہماری عید پر خوش ہونے کا کوئی حق نہیں۔

وہ مایوس ہوکر کہنے لگا "اچھا ہم بھی مسلمان ہوئے جاتے ہیں۔ کہنا مت کسی سے۔"

مگر بے ایمان کہیں کا۔ ہولی پر پھر کافر ہوگیا۔ اُسکی بن آئی۔ اور میرے پیچھے لگے رہنے اور خوشامدیں کرنے کے باوجود اُس نے مجھسے رنگ کھیلنے سے صاف انکار کر دیا۔

"تو مُسلمنٹی ہے۔" اُس نے کہا۔

"اچھا پشکر۔ عید پر آنا۔ پھر دیکھنا کیسا پیٹونگی کہ یاد کرے گا۔" میں نے سر ہلا کر کہا۔

"تو پھر تو ہندو ہو جانا۔" پنڈت جی نے سر کو بے رُخی سے موڑتے ہوئے کہا۔

"اچھا تو مجھے ابرق ملا ہوا گلال تو دو۔"

"تُو تو اُس دن کہتی تھی کہ بدن کے جَون جَون حصّہ پر رنگ پڑتا ہے وہ دوزخ میں جاتا ہے۔ اب رنگ کیوں مانگتی ہے۔"

"اب میں ہندو جو ہوگئی۔" میں نے قائل ہوکر کہا۔

"ہے۔ بے ایمان ہر دفعہ ہندو ہوتی ہے۔ اور پھر مسلمان ہو جاتی ہے۔ پہلے وعدہ کرکہ ایکے سے مسلمان نہیں ہوگی۔

"اچھا۔"

"اور مجھ سے شادی کرے گی۔ کیوں ہے نا؟"

میں نے یہ آخری شرط بھی مان لی۔ مگر عید تو عید میں محرم ہی پر مشرف بہ اسلام ہوگئی اور پشکر کو یزید کا بچہ کہا۔ کیونکہ وہ کافر اور دوزخی تھا۔

یہ پنڈت بھی کیا بھولی ذات ہے اور کشمیری پنڈت خصوصیت سے بس فرشتہ ہوتا ہے۔ اِدھر میں پشکر کو مارتی اُدھر وہ ملاپ کرلیتا۔ بزدل اتنا کہ ذرا سے جو بکرے کٹے تو اُنہیں تڑپتا دیکھ کر رو دیا۔

"ایسے تیرے ابّا اتنے بکرے کیوں مار ڈالتے ہیں؟" اُس نے اپنی بڑی بڑی آنکھیں حیرت سے پھاڑ کر کہا۔

"ایسے بے وقوف یہ تو ثواب ہے۔" میں نے عالمانہ لہجہ میں کہا۔ اور اُس کے رونے کا مذاق اُڑایا۔

"ثواب ہے بکرے کاٹنا ثواب ہے؟"

"ہاں اور کیا۔ جب ہم جنّت میں جائیں گے تو ان بکروں پر سوار ہوکر پل صراط پر سے گذریں گے۔ پشکر ہم تو فٹافٹ چلے جائیں گے اور تم رہ جاؤ گے۔"

"میں اپنی سائیکل پر چلا جاؤں گا۔"

میں جل گئی۔ "واہ جناب پل صراط بال سے بھی پتلا اور تلوار سے بھی تیز ہے۔ تُو دھڑام سے دوزخ میں گر پڑے گا اور ہم بکروں پر ٹک ٹک کرتے چلے جائینگے۔"

"میں تیرے بکرے پر بیٹھ جاؤنگا۔"

"واہ۔ ہٹ۔ میں تجھے ڈھکیل دوں گی۔"

"میں خود تجھے گرا دوں گا۔"

"کیسے گرائے گا تُو؟" میں نے اُسے تھپڑ مارتے ہوئے کہا۔

ایک چشم زدن میں وہ مجھے چت گرا کر دو چپتیں لگا

چلتا بنا۔

چوڑیاں ٹوٹ جانے سے میرا کلیجہ پھٹ گیا اور اسی دہاڑی کہ بابو جی اُسی وقت بازار سے چوڑیاں پہنوا کر لائے۔

نہ معلوم کتنی عیدیں اور ہولیاں گذر گئیں۔ زمانہ کے ساتھ ساتھ خیالات بھی بدل گئے۔ ہم دونوں تو گویا مذہب کی فلاسفی ہی کو سمجھ بیٹھے تھے۔ ہولی پر پشکر آتا اور مجھے رنگ میں شرابور کر دیتا۔ اور ڈھیروں گلال مل دیتا۔ جنم اشٹمی پر اُس نے مجھے کرشن کا ایک مرمریں اسٹیچو دیا جس کے پیروں کے قریب ایک چھوٹے سے فریم میں پشکر کی تصویر تھی۔ تصویر اور مجسمہ دونوں میری میز پر رکھے رہتے اور اکثر میری توجہ کا مرکز بنکر رہ جاتے۔

پشکر بنارس چلا گیا اور میں علیگڈھ۔ ہمارے اسکولوں کی چھٹیاں بھی مختلف زمانوں میں ہوتیں اور عید اور ہولی پر بھی ہم دونوں نہ ملتے۔ خاوسمبر کا بھلا کرے سب کے لئے برابر کے سامان لطف لے آتا ہے۔ میں برآمدے میں لیٹی کچھ پڑھ رہی تھی کہ "مسلنٹی" کی صدا نے مجھے پشکر کے آنے کی خبر دی۔ میں نے "کافر" کہہ کر اس کا استقبال کیا۔ اُس نے میرے مُنہ پر گلال ملدیا۔

"ارے یہ دسمبر پر ہولی؟" میں نے اسے ڈھکیلتے ہوئے کہا۔

"ہاں۔ یہ گلال میں نے تیرے لئے ہولی پر بچا کر رکھ لیا تھا۔ کیا تو مجھے سیوئیاں نہیں کھلائے گی؟"

"نہیں۔ تو تو کافر ہے۔"

"اور تُو کافرنی۔ تجھے اپنا ہولی والا بچن یاد ہوگا؟"

"کونسا؟" میں نے چند دھیا کر کہا۔

"اب اترائی۔ تو نے وعدہ نہیں کیا تھا کہ مجھ سے شادی کرے گی؟"

"ہمٹ۔ بدتمیز!"

"کیوں بنتی ہے؟"

ہم دونوں ہنسنے لگے۔

"سُنا ہے مسوریہ تم لوگوں پر بڑے ظلم توڑ رہا ہے؟" پشکر میری سانولی (کالی سہی) رنگت پر ہمیشہ یہی چھینٹا کسا کرتا ہے۔

"دلایتی چوہے۔ تُو اپنی تو خبر لے۔ سُنا ہے؟ فی چوہا ایک آنہ چنگی سے انعام ملتا ہے۔"

میں نے اُسکی گوری رنگت پر حملہ کیا۔

ہندو مسلم فساد کے کچھ ذکر پر میں نے اُس سے کہا۔ "بھاگ یہاں سے بہی تو ہندو ہے۔ کہیں چاقو واقو نہ مار دے۔"

"تو ہی تو بیٹی ہے۔ میں تو بچارا بُدّھو۔ تو ہی سینکڑوں کو بکرے ہضم کر گئی۔"

"مگر پشکر تم بکرے نہیں تم تو بیل ہو۔"

اُس نے میرے بازو میں وہ زور سے کاٹا کہ میں تڑپ ہی تو گئی۔

"اگر تو اتنی کلوٹی اُلٹا توا نہ ہوتی تو میں ضرور تجھ سے شادی کر لیتا۔"

"خیر پشکر میں اُلٹا توا تو نہیں ہوں۔"

"تو آپکا مطلب یہ ہے کہ آپ سے شادی کر لوں جی؟" اُس نے آنکھیں چمکا کر کہا۔

"چُپ کافرا!"

"جانتی ہو شعرانے کافر کسے کہا ہے؟"

"وہ کافر اور ہوتا ہے۔ تو تو گدھا ہندو ہے۔"

"کیا ہندو اور مسلمان گدھے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں۔

اور یہودی گدھے کیسے ہوتے ہیں۔"

ہم مختلف مذاہب کی مناسبت سے گدھوں کی اقسام پر بحث کرکے ہنسنے لگے۔

زمانہ گزرتا گیا۔ پشکر ڈپٹی کلکٹر ہوکر ہمارے قریب کے ضلع میں تعینات ہوگیا۔ اُس کی موٹر اتوار کے دن کھس ڈالی جاتی تھی۔ اُس نے کئی بار مجھے اپنا "ہولی کا بچن" یاد دلایا لیکن میں نے اُسے بے تکی بات کہہ کر زبان سے نکالنے کو بھی منع کیا۔

"آخر کیا تو مجھے یونہی ڈراتی رہے گی۔ میں آج ماں سے ذکر کروں گا۔ چاہے پھر غدر ہی کیوں نہ ہوجائے۔ ڈرپوک کہیں کی۔"

"پشکر بڑے جوتے پڑیں گے۔ یاد رکھو ابّا پیٹ پھاڑ دیں گے۔"

"اجی ان باتوں سے نہیں ڈرتا۔ لیکن یہ تو سوچو کہ آخر کب تک یہی سوچتے رہیں کہ آسمان سے ہماری مدد کو کوئی آئے۔"

"پشکر یہ تو سوچو ہم اور تم کس قدر معیوب بات کر رہے ہیں۔ ہمارے درمیان ایک تخلیج حائل ہے۔ مذہب۔"

"اجی گولی مارو اس مذہب کو۔ مذہب ہمارے فائدہ کے لئے ہے نہ کہ ہم اُس کی قربانی کے لئے۔"

"تم ابّا جان اور چاچا کی دیرینہ محبت کو دیکھو۔ کی جو بات شہر میں ہے اُس پر غور کرو۔ ہماری شادی سے اُن کی کیسی ذلت ہوگی۔ اخبار جنہیں کوئی ڈھنگ کا موضوع نہیں میسر ہماری تصویریں۔ ہماری عشق بازی اور موجودہ تعلیم کی وہ درگت بنائیں گے کہ جینا دشوار ہوجائے گا۔ غیر مذہب میں شادی کرنا جُرم ہی نہیں بلکہ یک آفت ہے۔ ہماری قوم کے لڑکوں کو تو اجازت ہے کہ وہ ہندو۔ عیسائی جس سے چاہیں شادی کرلیں لیکن لڑکیوں کو نہیں۔ اور آج تک فخر سے کہا جاتا ہے کہ مسلمان لڑکی کبھی عیسائی سے شادی نہیں کرتی۔ نہ معلوم کہاں تک یہ فخر بجا ہے۔"

"لیکن میں مسلمان ہونے کو تیار ہوں۔"

"اِس سے کیا ہوتا ہے۔ دوسرے مجھے یہ تمہاری شرط منظور نہیں۔

"چونکہ میرے لئے تمہارے مسلمان ہوجانے سے کوئی فرق نہ ہوگا۔ تم جب بھی اتنے ہی پاجی رہو گے۔ پسند سے اور مذہب سے دور کا بھی لگاؤ نہیں۔"

"تو پھر تُو ہندو ہوجا۔"

"ذرا سوچ سمجھ کر بات کر۔ ابھی جو میں کہدوں کہ مجھے مرتد بنا رہا ہے تو محلے کے سارے قصائی تیری بوٹیاں کر ڈالیں۔ دوسرے اگر ہو جاؤں تو پھر ربڑ کی ناک بھی نہ سلامت رہے۔"

"ہم غلام ہیں۔ پشکر ہماری کوئی چیز ہماری کہلائی جانے کی مستحق نہیں۔ ہم سوسائٹی کی ملکیت ہیں۔ وہ جو کچھ چاہے ہمارے ساتھ کرسکتی ہے۔ ہم اگر چاہیں تو بھی کچھ نہیں کرسکتے۔"

"یہ سب واہیات ہے۔ میں کچھ نہیں جانتا۔ تمہارے بھائی جو ایک ہیوی کی موجودگی میں میم لے آئے۔ وہ عیسائی ہے برابر میں نے اُسے گرجا جاتے دیکھا۔ اور تمہارے بھائی صاحب کو بھی۔"

"پشکر وہ میم ہے اور تو پنڈت۔ اور میں بقول تیرے مُسلمنی۔ بس لگالے حساب۔"

پشکر بے چینی سے ٹہلنے لگا۔ "میں اِس سوسائٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کردوں گا۔ سُنتی ہو۔ ہم آج ہی سول میرج کرلیں گے۔"

"خواہ مخواہ بگڑنے سے کیا حاصل۔ تم جانتے ہو ابّا کو کسقدر صدمہ ہوگا اور تمہاری برادری تمہارا حقہ پانی بند کر دے گی۔"

"پھر کیا کریں۔ سچ بتا کہیں تُو اُس پاجی خمید سے تو شادی نہیں کر رہی ہے۔ اور مجھے چکمے دے رہی ہے۔ یاد رکھ اسقدر پٹواؤں گا خاں صاحب کو کہ بھول جائیں گے اور علاقہ الگ کورٹ کرالوں گا۔ دیکھ۔ اگر ہم یوں ڈرتے رہے تو بس ہو چکی زندگی۔"

"تُو تو سچ مچ پاگل ہی ہے۔ سوچنے تو دے۔ شاید خدا کوئی راہ بتا دے۔"

"اب بتا چکا خدا راستہ۔ میں جو بتا رہا ہوں۔ کوتوالی کے قریب سے ہوتے ہوئے داہنے ہاتھ کو نکل چلو۔ وہاں سے بس بڑی سیدھی سڑک ملجاتی ہے۔"

"اور پھر وہاں سے واپس آکر ابّا کا جوتا۔"

"واپس کیوں وہاں سے سیدھے دورے چلیں گے۔"

"تو یہ مشہور ہو جائے گا کہ میں بھاگ گئی۔"

"نہیں بلکہ میں تیرے ساتھ بھاگ گیا۔ اُٹھ۔ جلدی ہاں۔ تجھے کچھ مہر وہر کیا ہوتا ہے۔ وہ چاہیئے میں رجسٹری کرا دوں گا۔"

"مہر میں خود تجھے دوں گی۔ میری تنخواہ تجھ سے ذرا سی ہی تو کم ہے۔"

"اچھا اُٹھ تُو ہی مہر دے۔"

"مگر جب جی چاہے گا طلاق دیدیں گے۔"

"یہ جھول ہے۔ تُو تو ہر وقت لڑتی رہتی ہے۔ گھڑی میں سات طلاقیں دے گی۔ چل جلدی سے ساڑی بدل لے۔"

"اور رہڑکی ناک؟"

"ٹھیک ہے۔ بڑی ستواں سی دلا دیں گے۔ یہ تو ویسے بھی بالکل چپٹی ہے۔"

"تو میں نہیں چلتی۔" میں نے دروازہ کو پکڑ کر کہا۔

"اپنے بس نہیں چلے گی۔" اُس نے گھسیٹتے ہوئے کہا۔

تھوڑی دیر بعد ہم کوتوالی کی سڑک پر رسید ہے ہاتھ کو بڑی سیدھی سڑک پر جا رہے تھے۔

"اب بھی لَوٹ چلو۔" میں نے پشکر کے کان میں کہا۔

"سچ مچ۔" اُس نے سنجیدہ ہو کر کہا۔

"میں نے سر ہلا دیا۔ خدا جانے نفی میں یا اثبات میں۔ اور پشکر نے گردن پکڑ کے مجھے جھکول ڈالا۔

"کافر۔" میں نے اُس کی کلائی میں ناخون گڑو کر کہا۔

"شاعروں والا۔"

میں نے سر ہلایا۔ لیکن اسدفعہ اثبات میں۔

* * * * * * *

* * * * * * *

عصمت چغتائی۔

چغتائی نمبر

جس میں مرزا عظیم بیگ چغتائی کے کم و بیش بیس نہایت پاکیزہ مضامین شامل ہیں۔ مزاحیہ افسانوں اور ڈراموں کے علاوہ اس میں بیس بہا کتابیں "شہزوری" اور "سوانہ کی روحیں" بھی شامل ہیں۔ قیمت صرف ایکروپیہ مع محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بکڈپو۔ دہلی۔

وہ

وہ عرصہ دراز کے بعد اپنے وطن کو لوٹا۔ آوارہ مزاج انسان دُنیا کی رسد گاہوں میں اپنے ستاروں کی گردش دیکھتا پھرا۔ تعلیم یافتہ دل جلا جوان ہنگامی زندگی کے ولولوں میں اُلجھا ہوا، لمبا لوٹا وسیلا جُیلا پاجامہ پہنے آزادانہ طور پر زندگی کی تنگ راتیں گزار رہا تھا۔ اس کی منتشر زندگی کا بیشتر وقت شہر کے بڑے قہوہ خانہ میں گزرتا جہاں وہ آنے جانے والوں سے زندگی کی گہرائیوں کے متعلق تبادلۂ خیالات کرتا۔ وہ آزاد خیال تھا اور لوگوں کو بھی ذہنی غلامی سے دُور رہنے کی تلقین کرتا۔ یہی اس کا ایک شغل تھا جسے وہ فرض کے برابر سمجھتا۔ ـــــ اکثر لوگ اسے دیوانہ کہہ کر پکارتے تھے۔

شہر میں اس دیوانے کا چرچا ہو گیا۔ بات اُڑتی اُڑتی قانون کے خداؤں کے کانوں تک پہنچی۔ قانون کی تنگ نظر نے اس کی دیوانگی کو مشتبہ قرار دیتے ہوئے بغیر کسی پرسش کے ایک سال کیلئے قید خانہ میں دھکیل دیا۔

ـــــ آج اس کی تنگ زندگی کا پہلا دن۔ قیدیوں کی آہنی زنجیروں کی جھنکار، کوٹھوں میں جُھکتے ہوئے بے گناہ انسانوں کی دردناک صدائیں، کانپتے ہوئے ہاتھوں سے پستی ہوئی چکّی کی دلخراش آواز، تیمارداری سے محروم نظربندوں کی بے زبانی ـــــ یہ تھا اس کا ماحول!

اُسے محسوس ہوا کہ راندۂ حیات انسانوں کی آلودہ زندگی کا مطالعہ کرنے کے لئے یہ جھنکار خانہ بہترین درسگاہ ہے۔ اس نے اپنے بھائیوں سے گفتگو کرنا چاہی مگر داروغہ جیل نے اسے زبان بندی کا حکم سُنا کر اس کی زندگی کو قطعاً خاموش بنا دیا۔ اسے بھی مشقت کے طور پر رسّی بٹنے کو مل گئی ـــــ

شام ہونے پر اس نے تقدیر کے بیٹوں کا ایک نیا گروہ دیکھا۔ یکایک داروغہ جیل کے ہمراہ ایک چپراسی نے بند کوٹھریوں کے دروازے کھولنا شروع کئے۔ زرد رُو انسان، گردنیں لٹکائے گھبراتے ہوئے باہر نکلے۔ پندرہ منٹ کے بعد ان کی دُھندلی بتّی ہیں ستاروں بھرے آسمان سے محروم کر دی گئیں اور انہیں گھوڑوں کی طرح علیحدہ علیحدہ تنگ و تاریک اصطبل میں بند کر دیا گیا۔

"شاید یہ بھی بری طرح بے گناہ ہیں!" ـــــ اس کے خشک لبوں پر ایک دبی ہوئی مسکراہٹ نمودار ہوئی ـــــ وہ برابر اپنے فرض میں مصروف تھا۔ استبداد کی رسّی دن بدن دراز ہوتی گئی ـــــ

کئی بار کام غیر تسلی بخش ہونے کی وجہ سے ننگی پیٹھ پر کوڑے پڑے۔ حکم زبان بندی کی خلاف ورزی کرنے پر متعدد بار اس کے ہاتھ پاؤں آہنی زنجیروں کی امانت کر دیئے گئے۔ ان آہنی زنجیروں کی جھنکار ایک بے گناہ محبوس انسان کی جذبۂ انصاف کے آگے فریاد تھی ـــــ

کامل ایک سال بعد اُسے انسانوں کے پنجرے سے باہر نکالا گیا ـــــ وہ سراپا بگولا بن چکا تھا۔

وہ سیدھا قہوہ خانہ گیا۔ اُس کی لمبی ڈاڑھی، بیمار آنکھوں اور سکڑے جسم کے باعث لوگ اُسے جلد شناخت

بھی نہ کر سکے۔ بڑیوں کا یہ رُوح دار نیچر سماج کے روندے ہوئے انسانوں کی روداد غم بن کر آیا تھا۔ وہ ایک فلسفی تھا جس نے اپنے پُرسوز دلائل سے بہت سے ہم خیال پیدا کر لئے ——— بے زبان، محبوس انسانوں کو ایک آزاد طاقتِ گویائی دلانے کے لئے بھلے انسانوں کا ایک گروہ پیدا ہو گیا۔

جلسے ہوئے تقریریں ہوئیں۔ صحیح حالات معلوم کر کے عوام کا جسم آتش انتقام سے جھلسنے لگا۔

قانون نے اپنی بازی کھیلی۔ اس گروہ کے تمام افراد اس کی آہنی گرفت میں تھے۔ مظلوموں کے جذبات کی کھلے بندوں وکالت کرنے والے اب اسی چار دیواری میں منتقل کر دیئے گئے ——— پُرخار قانون نے انسانیت کے پاک جسم پر سوزاں آبلے بکھیر دیئے۔

——— "اُس" پر بغاوت کا جرم عائد کیا گیا۔ عوام کی ظاہرا دلجوئی کرنے والے قانون نے اس کی زندگی کو ریاست کے امن و امان کے لئے خطرناک جراثیم قرار دیا۔

دوسرے ہی دن صبح نور کے تڑکے وہ موت کے سرد ہاتھوں میں پہنچ چکا تھا ——— یہ قانون کی آخری مسکراہٹ تھی۔

عوام انتقام کی آگ لے کر اُٹھے اور اُنہوں نے قانونِ استبداد کے دیوانوں کو بھڑکتے ہوئے شعلوں میں بدل دیا ———

مظلوم انسانوں کی فاتح نگاہوں نے دیکھا کہ دُور افق پر ایک چمکتا ہوا سُرخ نشان اُنہیں فتح و نصرا اور ابدی راحت کا پیغام دے رہا ہے۔

——— کے حسن عباس،

محبّت اور نفرت

ھدیہ محبّت ——— نفرت کے نام

محبّت ایک کانٹا ہے چبھنے کیلئے!
نفرت ایک پھول ہے سونگھنے کیلئے!!

اُردو کے سب سے جدّت طراز ادیب

اختر حسین رائے پوری

کے سولہ رومانوں اور افسانوں کا مجموعہ۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔ ملنے کا پتہ:۔ ساقی بکڈپو۔ دھلی۔

صدائے غم

ہم سندھ بس سروس سے کشمیر جا رہے تھے ——

ابا جی ہمیں رخصت کرنے آئے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ وہ عنقریب ہمیں اس پُرفضا وادی میں آن ملیں گے۔ صرف کشمیر کی دلکشا رنگینیوں کے تخیل ہی سے راستہ میں ہمارا دل لہرا رہا تھا۔ پتھریلی زمین سے لپٹتا ہوا خوشنما سبزہ خود رو پودے اور پھول کھلاتے ہوئے چشمے ہماری نگاہوں میں مسرت کی جنتیں آباد کر رہے تھے۔ ان پُرلطف اور دلفریب نظاروں نے ہمیں دُور و دراز سفر کی تکان اور تلخی ذرا بھی محسوس نہ ہونے دی اور ہم ہنستے کھیلتے فطرت کے اس بڑے مندر میں پجاریوں کی طرح داخل ہو گئے ——

اس پُرفضا وادی کی عطر بیز رنگینیوں نے ہماری زندگی کے دامن کو مسکراہٹ سے بھر دیا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ہم دُکھ درد کی دُنیا سے بہت دُور نکل آئے ہیں —— ہمیں اپنا ماحول متبسم نظر آتا تھا۔

اب ہوٹل کی باری آئی۔ بیٹھے بٹھائے ہمیں ابا جی کی تشویش ناک علالت کا تار ملا۔ لمحہ بھر ایسا محسوس ہوا کہ زمین نے اپنے محور سے ہٹ کر گھومنا شروع کر دیا ہے۔ ہماری رُوح کانپ گئی اور ہاتھ پاؤں موت سے کہیں زیادہ بھاری ہو گئے۔ کوئی نہ تھا جو ہمیں سنبھلنے کی تلقین کر سکے۔ اسی لرزاں حالت میں ہم نے پل بھر میں واپسی کی تیاری کر لی۔

سفر میں وہی نظارے اب کاٹنے دکھائی دینے لگے۔ چشمے ایک بیوہ سہاگن کے آنسوؤں کی طرح اُبل رہے تھے۔ پودے اور بڑے بڑے خبگلاتی درخت ہمیں سنگ دل زمین کی چھاتی پر گڑے ہوئے کیل کانٹے معلوم ہونے لگے —— زمین جس کی گود میں ہزاروں لعل اور کئی دُکھی جوانیاں دُنیا والوں سے روٹھ کر سکھ کی نیند سو رہی ہیں۔ جب یہ زمین ان کچی نیند کے ماتوں کو لوری دیتی ہے تو دھرتی کانپ جاتی ہو ——

میرا دل رو رہا تھا اور بار بار آسمان کی طرف آبدیدہ نگاہوں سے دیکھکر آسمان والے سے ابا جی کی پاسبانی کی التجا کرتی۔ دعائیں میرے دل سے درد کی طرح اُٹھتیں اور آنسوؤں میں بہتی ہوئی جا رہی تھیں۔ وقت کی اُڑان کے ساتھ ساتھ ہمارے چہروں پر غم کی زردی چھاتی گئی۔ اسی طرح لٹکتے، خشک لبوں پر دعائیں لئے ہم ابا جی کے پاس پہنچ گئے ——

ابا جی —— زندگی کی مُنہ بولتی تصویر بیماری کے چھینٹے سے زرد ہو رہے تھے۔ ان کے جسم میں زہریلا مادہ پیدا ہو گیا تھا۔ ہمیں دیکھتے ہی ان کی بھوری بھوری آنکھیں آنسوؤں سے چمکنے لگیں۔ اس کیفیت نے ہمارے ٹوٹے ہوئے دلوں کو سراپا درد سے معمور کر دیا۔

وقت کی اُڑان کسی کے قابو میں نہیں ہوتی۔ ہر نئی گھڑی اپنی زندگی کے دروازے سے دُور دے جا رہی تھی۔

پندرہ دن تک وہ برابر اپنی بیماری سے لڑتے رہے۔ ہمارے ہاتھ بار بار آسمان کی طرف اُٹھتے لیکن کانپ جاتے، آنکھیں اوپر اُٹھیں لیکن ڈبڈبا کر رہ گئیں۔ ہمیں وقت کی چکی نے ایک انتہائی جذبہ سے پیسنا شروع کر دیا۔

ابا جی کی جوانی کو بیماری کا گھن لگتے دیکھکر میرا دل غم خانہ بن چکا تھا۔ ان کی نگاہوں کا رنگ بدلتا دیکھ کر دُنیا بدلتی جا رہی تھی۔ ان کی آنکھیں زندگی اور موت کی کشمکش سے تھک گئیں تھیں اور زندگی بھی اب ہار کر موت سے پناہ مانگ رہی تھی۔ یکایک ان کی پُتلیوں نے حرکت کی ——— آخری حرکت شاید وہ موت کے بھیانک سائے سے ڈر گئی تھیں ——— ابا جی کی زندگی کا آخری سانس قضا نے چھین لیا۔

——— ابا جی چل دیئے۔ ہماری نظر اب ہمیشہ کے لئے ان نگاہوں سے محروم کر دی گئی جن میں کبھی ہم محبت کی جنت تلاش کیا کرتے تھے۔ قدرت کی مُسکراہٹ کتنی ستم آمیز ہوتی ہے۔ کھیلتے ہوئے بچوں سے گودی چھین کر قدرت خوش ہوتی ہے۔ وہ شاید نہیں جانتی کہ اس کے اس ننھے سے کھیل پر زندگی کی کتنی بہترین آشائیں بھینٹ ہو جاتی ہیں۔

——— ہماری زندگی یادِ غم کے لُو آمیز جھونکوں سے زرد پتیوں کی طرح اِدھر اُدھر اُڑتی پھرتی ہے۔ قدرت کی ایک ہی مُسکراہٹ نے ہمیں اپنے دامنِ خزاں میں سمیٹ لیا ——— نجانے اب کب بہار آئے!

زکیہ خاتون،

مژدہ

مژدہ اے دل! کہ وہ خوش رنگ جواں آتا ہے
زلف بر دوش گل عطر فشاں آتا ہے

خوش ہو اے عشق! کہ وہ پیکرِ حسنِ رخشاں
کچھ لجائے متبسم، نگراں آتا ہے

جھوم اے باغ! چہک، بلبلِ نالانِ چمن
اے کلی! پھول ہو، وہ سروِ رواں آتا ہے

اے جنوں! وجد میں آ، ابر، خراماں ہو جا
موجۂ برقِ نظر، جوہرِ جاں آتا ہے

رقص کر نغمۂ ساکن پہ ادائے رنگین
اے نفس! تیز ہو، طنازِ جہاں آتا ہے

ناچ اے روح! اُبل اے مئے دیرینۂ جمال
دور، اے زُہد! وہ ساقیِ جناں آتا ہے

شکر ہے شکر کہ پھر رنگ کدے میں کاوش
طرۂ کج کلہاں، فخرِ جہاں آتا ہے

مقابلہ

نوعمر خوبرو اسپر اس کا وہ پلیٹ فارم پر ٹہلنا اور چہل قدمی کرتے پھرنا ایک ہوشربا منظر تھا۔ میں نے شرافت کی اوٹ میں اُس کو دیکھنا شروع کیا اور اُس نے بیباک نگاہوں سے اُس کا جواب دیا۔ بہت سے نوجوان اُسکو گھور رہے تھے۔ کسیکو دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے کا میں قائل نہیں۔ دیکھنا اس طرح چاہیئے کہ کوئی یہ سمجھے گویا آپ دیکھ ہی نہیں رہے ہیں۔ اور اس نہ دیکھنے میں آپ سب کچھ دیکھ لیں۔

ویٹنگ روم میں سے لوگ نکل پڑے اور بہت سے مسافر اپنا سامان قلی صاحبان کی نیم ایماندارانہ نگرانی میں چھوڑ چھوڑ کر ادھر آکر ٹہلنے لگے۔ جب مجمع بڑھنے لگا تو اس نے اپنی شوخیوں میں سنجیدگی پیدا کر لی اور جن فریب خوردہ خوش نصیبوں کی اب تک نگاہ پذیرائی کی جا رہی تھی ان کو مایوس کیا جانے لگا۔ ایک طرف سے احتجاج اور ایک جانب سے تغافل۔ بہت سے بیکار سگریٹ پیئے گئے۔ بہت سی بیسوڈلین کی بوتلیں خالی کی گئیں۔ بیشمار بار بکسٹال کے عبث طواف کئے گئے۔ اور لاتعداد دفعہ بے نتیجہ پلیٹ فارم پر ٹہلا گیا۔ اتنے میں گاڑی آگئی اور ایک ویران خطہ کیطرف مسافروں کو لے کر چلدی۔

خاتون انٹر کلاس میں تنہا بیٹھی تھی۔ مغرب کا وقت ہو چکا تھا اور گاڑی درمیانی رفتار سے چل رہی تھی۔ دفعتہً دروازہ کھلا اور چلتی گاڑی میں ایک شخص اس تیزی میں داخل ہوا۔ اُسکی آنکھوں سے عزائم ذمیمہ کے شرارے نکل رہے تھے۔ اس کے تیور بتا رہے تھے کہ حسینہ کی شوخیوں کے پیدا کردہ اشتیاق کو اس کے حضور میں پہنچکر فرو کرنے کا وہ تہیہ کئے ہوئے ہے۔ وہ بغیر کچھ کہے اس کے بہت قریب بیٹھ گیا۔ اور بہیمانہ ملائمت کے ساتھ اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ عورت نے اپنی جگہ سے جست کی اور زنجیر کو کھینچنا چاہا۔ لیکن صیاد نے اسکو پھر جا دبوچا۔

چند سیکنڈ تک آندھی اور پرکاہ کا مقابلہ ہوتا رہا ——— لیکن یہ آندھی جلد ہی ختم ہوگئی۔ ایک بار اور دروازہ کھلا اور ایک بلند و بالا قد انسان اس میں داخل ہوا۔ اُس نے آتے ہی اس شیطان کی گردن ناپی۔ چند منٹ تک دونوں کی کشتی ہوتی رہی آخر مجرم مغلوب ہوگیا۔ لیکن موقع پاکر چلتی گاڑی میں سے کود کر فرار ہوگیا۔

فاتح نوجوان نے چند منٹ تک اپنا سانس درست کیا۔ اس کے بعد مسکرا کر عورت کی جانب دیکھا جس کی نظریں پہلے ہی تشکر و امتنان کے ہدایے اس کو پہنچا چکی تھیں۔

"آپکے کہیں چوٹ تو نہیں آئی؟"

"آپکی حسین ہستی کے لئے جان بھی کام آتی تو کم تھا"

یہ کیا؟ عورت نے دل میں سوچا۔ آپ ہماری خاطر جان دینے والے کون۔ خیر وہ چپ چاپ بیٹھی رہی۔ رستم زماں اُس کے اور قریب ہو گئے اور بولے۔ "میں سچ کہتا ہوں تمکو پلیٹ فارم پر دیکھتے ہی میرا دل اپنے قابو میں نہ رہا۔ تم کتنی حسین ہو"

عورت نے اپنے حُسن کی تعریف کے الفاظ تو صبر سے سُن لئے لیکن اگلے فقرہ سے اس کا دل دھکڑ دھکڑ کرنے لگا۔ یہ نئی بلا معلوم ہوتی ہے۔ اگلے بدمعاش میں اور اس شریف بدمعاش میں فرق ہی کیا تھا۔ اُس نے آتے ہی مقصد کوشی شروع کردی تھی اور یہ صاحب ذرا تمہید سے کام فرما رہے تھے۔

"تم بولتی کیوں نہیں۔ کیا مجھ سے ڈرتی ہو؟"

"میں آپکی بات کا مطلب نہیں سمجھی۔"

"مطلب تو بالکل صاف ہے۔ میں تم پر مرتا ہوں اور تم کو اپنے پہلو میں دیکھنا چاہتا ہوں۔"

"یہی مقصد تو اُس غریب کا تھا جسکو ابھی آپ نے مار کر بھگا یا ہے۔ آخر اس کے لئے آپ نے اس چیز کو کیوں نہ روا رکھا اور اپنے لئے کیوں واجب گردان لیا؟"

"یہ فضول باتیں ہیں۔ ہم کو دُنیا میں اپنے ہر مقصد کے لئے لڑنا پڑتا ہے چنانچہ یہ جنگ بھی اسی قسم کی تھی۔"

"لیکن میں تو مجبور نہیں کہ آپکو چاہوں۔"

"کچھ میرے اس احسانِ عظیم کا تمہارے پاس کیا صلہ ہے؟"

"آپ کا احسان ہی کب رہا جبکہ آپ بھی میرے لئے پہلی جیسی مصیبت بنکر آئے ہیں۔"

"میں مصیبت ہوں کہ رحمت؟"

انسان سے یوں لغزشیں سرزد ہوتی ہیں۔ اس طرح وہ اپنے اغلاط کا محاسبہ کرنے کی عادت ترک کردیتا ہے۔ گناہ کرتا ہے لیکن اس کے وزن کا خیال نہیں کرتا۔

"لیکن یہ آپکا مطالبۂ محبت تو سراسر ناجائز ہے۔"

"ناجائز؟ یہ تو میرا حق مردانہ ہے۔ ایک مرد ایک عورت سے اور طلب ہی کیا کرسکتا ہے۔"

"یہ عجیب زبردستی ہے۔"

"زبردستی تو ہے ہی۔ بہت سی باتیں ایسی ہیں جن میں ہم کو طاقت سے کام لینا پڑتا ہے۔"

"خاص طور پر عورت کے معاملہ میں تو آپ لوگ ہمیشہ اسی اصول پر کارفرما رہتے ہیں۔"

"اچھا اب اس کج بحثی کو چھوڑ دو۔" یہ کہہ کر اس قوی آدمی نے نازک عورت کو پھول کی طرح اٹھالیا——

گاڑی کا دروازہ ایک بار پھر کھُلا اور ایک نوجوان قوی ہیکل۔ ٹی۔ ٹی۔ ای۔ ڈبہ میں داخل ہوا۔ یہاں کے منظر نے بہت جلد اسکو اپنے فرض سے سُبکدوش کرکے دوسری جانب مائل کردیا۔

غدّار نے بھی ٹی۔ ٹی۔ کو دیکھا اور عورت کو چھوڑ کر وہ اُسپر پل پڑا۔ برابر کی جوڑ تھی خاصی کشتی رہی۔ کئی منٹ کی ریل پیل کے بعد نوجوان ٹی ٹی مجرم کو کھڑکی کے باہر دھکیل دینے میں کامیاب ہوسکا۔

اس ایک ہی قسم کے دوسرے سین کے بعد حسینہ منتظر تھی کہ یہ رستم ثانی اب کتنی دیر بعد اپنا "حق مردانہ" جتاتے ہیں۔ نوجوان کے سر میں خفیف سی چوٹ آئی تھی جس سے خون بہہ رہا تھا۔ اُس نے رومال سے خون صاف کیا اور عورت سے ایک بالکل ہی مختلف لہجہ میں مخاطب ہوا۔ ایسے غیر متعلق لہجہ میں جو اُس نے پچھلے دونوں مردوں کی زبان سے نہیں سُنا تھا۔

"آپ تنہا سفر اس ڈبہ میں کیوں کر رہی ہیں چلئے میں آپکو زنانہ گاڑی میں بٹھا دوں۔"

"بہتر ہے اگلے اسٹیشن پر میں چلی جاؤنگی۔" نوجوان عورت کے پاس سے ہٹ آیا اور آخری سیٹ پر بیٹھ گیا۔

سر کھڑکی سے باہر نکال لیا اور اس مایۂ حسن کو جس کے لئے ابھی دو مرد لڑ چکے تھے اس طرح نظر انداز کر دیا گویا وہ ڈبہ میں تھی ہی نہیں۔

یہ نئے قسم کا انسان معلوم ہوتا ہے۔ حسینہ نے دل میں کہا۔ ایک مستغنی انسان۔ اس نے اس عورت سے اس چیز کا مطالبہ کیوں نہیں کیا جسکو چند منٹ پیشتر دو مرد طلب کر چکے تھے! کیا تین مردوں میں ایک مرد بھی اس قسم کا باقی ہے جو عورت کے ساتھ تخلیہ میں خلوت گیر اثرات کی نفی کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ کیا ۳۳ فیصدی مرد ابھی دُنیا میں ایسے موجود ہیں جو اپنے "حق مردانہ" کو کو نہیں سمجھتے! اُمید افزا اعداد ہیں، لیکن یہ عورت سے اجتناب تقدس کے سلسلہ میں مرد ونکے اندر ہے یا جنسی کمزوری کے باعث۔ کیا بہیمیت کے علاوہ دنیا میں تزہد کی نورانیت بھی موجود ہے۔ اگر ہے تو ابھی دُنیا کے تباہ ہونے کے امکانات کم ہیں۔

* * * * * * *

قیسی رامپوری

نغمات

تھی یہ دُنیا کہانیاں تیری
یاد ہیں مہربانیاں تیری

نہ گئیں سرگرانیاں تیری
آج یہ مہربانیاں تیری

اُف یہ ہمدردیٔ خطابِ کلام
کیا ہو میں بدزبانیاں تیری

اب فضاؤں میں اک کسک سی نہیں
مٹ چلی ہیں نشانیاں تیری

رنگ گرویدگیٔ عشق کھلا
آہ یہ شادمانیاں تیری

موسمِ گل میں یہ اُبھار کہاں
اُف یہ اٹھتی جوانیاں تیری

وقفِ غم ہا تو روزگار رہو دل
کیا ہوئیں پاسبانیاں تیری

شامِ ہجراں سکوتِ ہستی کو
یاد ہیں خوش بیانیاں تیری

حیرتیں ہیں خلوصِ عشق کو بھی
نہ گئیں بدگمانیاں تیری

عشقِ بیگانہ وفا پر بھی
کیوں نہیں مہربانیاں تیری

شامِ ہجراں سُنا گئی اکثر
اہلِ غم کو کہانیاں تیری

عشقِ ناکام کو بھی وجد آیا
مرحبا شادکامیاں تیری

جب زمان و مکاں کو نیند آئی
یاد آئیں کہانیاں تیری

حُسن بیگانۂ تغافل ہے
یہ بھی ہیں خوش گمانیاں تیری

اب وہ بے تابیٔ فراق نہیں
یہ بھی ہیں مہربانیاں تیری

فراق گورکھپوری

صُبحِ بنارس

شب تاریک چلی زلفونکو سُلجھاتی ہوئی
صبح کے خوف سے ڈرتی ہوئی گھبراتی ہوئی

چور کیطرح دبے پاؤں چلی بادِ صبا
ہر قبائے گُلِ نوخیز کو مسکاتی ہوئی

آئی گردوں سے دہندلکے میں عروسِ شبنم
موتیوں کو سمن و سبزہ پہ بکھراتی ہوئی

جل بجھی شمع ہوئی رات کی محفل خاموش
بزم تاروں کی چلی آنکھونکو جھپکاتی ہوئی

اُڑ چلی نکہتِ گل چھوڑ کے دامن گل کا
بادِ سرشار چلی جھومتی اتراتی ہوئی

جلوہ گر صبحِ بنارس ہوئی رفتہ رفتہ
شب کا آنچل رُخِ پُرنور سے سرکاتی ہوئی

دُور اندھیرا ہوا۔ تقدیر کھلی گنگا کی
ٹکڑیاں آئیں حسینوں کی ستم ڈھاتی ہوئی

نقرئی شانوں پہ بکھرائی ہوئی بال کوئی
قلزمِ حُسن کی ہر لہر میں لہراتی ہوئی

ذرّے ذرّے کو تبسّم سے بناتی رنگین
بجلیاں چشمِ فسوں ساز سے برساتی ہوئی

کوئی انگڑائیاں لیتی ہوئی بدمستی میں
ساغرِ عشق سے حُسن کی چھلکاتی ہوئی

اپنی گستاخ اداؤں سے اُلجھتی ہر دم
خود بہکتی ہوئی دُنیا کو بھی بہکاتی ہوئی

کرنے اشنان کوئی کہولے جو اڑا آئی
کوئی ساحل پہ کھڑی رنگئی شرماتی ہوئی

بھیگے کپڑوں میں جو عریاں ہوئی جسمِ سیمیں
بجلیاں پھرنے لگیں ابر میں گھبراتی ہوئی

کوئی کھوئے ہوئے بالوں کو چلی گنگا میں
نکلی پانی سے کوئی زلفونکو سُلجھاتی ہوئی

چلی ہر ایک نہاد ہوکے خراماں آخر
موتی اُن بھیگے ہوئے بالوں سے برساتی ہوئی

ہوگیا جلد ہی روپوش یہ رنگیں منظر
آنکھوں آنکھوں میں نظر رہگئی للچاتی ہوئی

علی احمد

چند مشاہدات

ایک "رومانیت" بھرے بزرگوار جنہوں نے نام خدا زندگی کی صرف ساٹھ بہاریں ہی دیکھی ہیں، اپنی خزاں کو بہار کا سندیسہ دے کر "ساتویں" مرتبہ گھر بسانا چاہتے ہیں، ماشاء اللہ سے آپ بالکل "صحیح سالم" ہیں، البتہ کسے قدر لرزہ براندام رہتے ہیں، لقوہ سے مُنہ کچھ ٹیڑھا ہو گیا ہے مگر مُنہ میں دانت نہ ہونے سے بدنمائی پیدا نہیں ہوئی ہے، بصارت کی کمزوری آپ کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے، مگر عمر کے بڑھنے سے "بصیرت" بڑھ گئی ہے، کانوں سے برابر سُنائی دیتا ہے صرف چلّانا پڑتا ہے۔

آپ کے کئی عدد چھوٹے چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں ہیں، سب سے بڑے لڑکے نے پچھلے مہینہ چالیسویں برس میں قدم رکھا ہے، اور سب سے چھوٹی لڑکی چوبیسویں سال میں کھیل رہی ہے، ان سب کو آپ نے اعلیٰ تعلیم دلائی ہے، بڑا لڑکا انگریزی میں تار کا مضمون اچھی طرح سمجھ لیتا ہے۔ اُردو تو "پدری" زبان ٹھیری! اسمیں سبکو مہارت تامہ حاصل ہے، البتہ بعض "پیچیدہ" الفاظ کے املا میں ایک آدھ حرف کی غلطی ہو جاتی ہے، جیسے آم کو "ع" سے، سلام کو "ص" سے، صبح کو "س" سے، اور عقل کو "الف" سے بھی لکھا جاتا ہے، انگریزی لکھنے کا کام نہیں پڑتا، اس لئے اس کی املا میں کسی غلطی کا امکان ہی نہیں! بولنے میں عادت نہ ہونیکی وجہ سے ذرا تکلف ہوتا ہے۔ اسلئے "کیس" اور "نو" پر ہی گفتگو ختم ہو جاتی ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ ان لڑکوں کی "تربیت" کی طرف بھی پوری پوری توجہ کی گئی ہے اور بڑی کوشش سے ان میں "اعلیٰ کردار" اور "بلند اخلاق" پیدا کئے گئے ہیں، یہی وجہ ہے کہ یہ آجکل کی "شریف" صحبتوں میں دن رات گھنٹوں بیٹھے اعلیٰ درجہ کے "مہذّب" کھیل مثلاً پریل، پوکر، فلش وغیرہ میں جی کھول کر حصّہ لیا کرتے ہیں، موسمی تفریحات مثلاً گھڑ دوڑ اور بارش کے سٹہ پر بھی تھوڑی بہت ہار جیت ہوا کرتی ہے، ایسے موقعوں پر "ایک گونہ بیخودی" پیدا کرنیکے لئے "نبت عنب" کو بھی دعوت دیجاتی ہے، "ولایتی" سے زیادہ رغبت ہے، کیونکہ "ولیسی" صحت کو بگاڑ دیتی ہے، اب یہ "مس صاحبہ" جلوہ گر ہوتی ہیں تو سارا گھران کے عشوہ و ادا کی کافرماجرائی پر مرمٹتا ہے یہاں تک کہ پدر عالی مقام بھی انکے "حسنِ جہاں سوز" سے اپنی بے نور آنکھیں سینک لیا کرتے ہیں۔

بچّوں کی "سعادت مندی" کا یہ عالم ہے کہ ابّا جان کتنا ہی خفا ہوں خاموش رہتے ہیں، کبھی غصہ آتا ہے تو صرف "ڈیام فُل" وغیرہ کہدیا کرتے ہیں، اس قسم کے انگریزی لفظ جب بچّوں کے مُنہ سے پھول بن کر جھڑتے ہیں تو والد ماجد پھولے نہیں سماتے اور فرماتے ہیں "بچّہ اب اچھی انگریزی بولنے لگا ہے!"

لڑکیوں کی لیاقت لڑکوں سے کچھ ہی کم ہے، مگر سب کی سب "پڑھی لکھی" ضرور ہیں، اُن کی تعلیم میں بھی آپ نے کافی روپیہ صرف کیا ہے۔ اسلئے جب کبھی کسی لڑکے کی جانب سے جہیز وغیرہ کا سوال ہوتا ہے تو آپ بہت برہم ہو کر فرماتے ہیں "تعلیم یافتہ لڑکی کی بھی خواہش کیجاتی ہے اور پھر جہیز کا بھی سوال کیا جاتا ہے، اگر جہیز جمع کیا جاتا تو ایسی "اعلیٰ تعلیم" کیسے

دلائی جاتی:

مگر اب تک آپ کو ایک بھی ایسا اعلیٰ خیال، علم دوست برخوردار داماد نہیں ملا جو آپکی کسی لڑکی سے محض اُس کی اس "مخصوص" اعلیٰ تعلیم کیوجہ بیاہ کرنا پسند کرتا، حال ہی میں بڑی لڑکی کے لئے پیغام آیا تھا مگر شرط یہ تھی کہ ایک "اشد ضروری" قرض کی ادائی کیلئے فی الحال صرف پندرہ ہزار روپے دئے جائیں، ایک اور "صاحب بہادر" نے یورپ جانیکے لئے بارہ ہزار طلب کئے تھے، آج کل کے "یہ تعلیم یافتہ" صاحبزادے بیویوں کے روپے سے اپنی دُنیا سنوارنا چاہتے ہیں، معلوم نہیں اس شرمناک رسم کا کب مُنہ کالا ہوتا ہے اور کب آپ کی صاحبزادیوں کے سہرے کے پھول کھلتے ہیں۔

لڑکوں کا بیاہ کچھ تو اُنکی "سنی" اور کچھ پدر بزرگوار کے بیاہ پر بیاہ کی مصروفیت کی وجہ آج تک نہ ہوسکا، آپکے عزیز و احباب کبھی لڑکیوں کے بیاہ کی طرف آپکو متوجہ کرتے ہیں تو مُسکرا کر فرماتے ہیں:-

"ابھی بچے ہیں جلدی کیا ہے؟"

مگر ان "معصوم" بچوں نے چپکے سے اپنے بیاہ کرلئے ہیں، اور بڑی چھان بین کے بعد "بازار" سے اپنے اپنے جوڑے خرید لائے ہیں، بقول والد محترم "جوانی" دیوانی ہوتی ہے اور ایسے کھیل تو سبھی کھیلتے ہیں!

مگر بعض احمق لوگ اپنی لڑکیاں آپکے اعلیٰ "تعلیم یافتہ" سعادت مند اور ہونہار لڑکوں کو اسلئے دینا پسند نہیں کرتے کہ وہ "بے روزگار" ہیں، حالانکہ اللہ کا دیا سب کچھ موجود ہے، دوسری "نامعقول" وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ بچوں کے بچے ہوگئے ہیں، مثل مشہور ہے کہ "آج کا بچہ کل کا باپ ہوتا ہے" اس میں تعجب کی کیا بات ہے!

ایں سعادت بزور بازو نیست!!

خیر کوئی اپنی لڑکی دے یا نہ دے، جو پسلی کا جوڑا ہے ایکدن جونیاں چٹخاتے آئیگا اور ضرور آئے گا! اس لئے آپ نے لڑکوں کے بیاہ کا خیال ہی ترک کردیا۔ لڑکے بھی والد کے ہم خیال ہیں اور فی الحال افزائش نسل "دوپایہ" میں مصروف ہیں، ان کی کوششیں خوب پروان چڑھ رہی ہیں اور گھر میں کچھ عجب "میلہ" لگ رہا ہے۔

چند روز سے باپ بیٹوں میں ذرا چٹخی ہوئی ہے، بچے چاہتے ہیں کہ ابا جان کسی "امی جان" کو نہ لائیں مگر یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ جوانی کی یہ راتیں اور مُرادوں کے یہ دن آخر کس طرح کٹیں! اسلئے کسی ایسی چھوٹی سی "امی جان" کی تلاش ہو رہی ہے جو برس پندرہ یا سولہ کی ہو۔

جب سے لڑکوں نے ابا جان کے بیاہ کی خبر سُنی ہے وہ بھی سوچ رہے ہیں کہ "تقاویم پارینہ" بدل دی جائیں، سب کے سب نئی جنتریاں خریدنے کی فکر میں ہیں، خدا وہ دن لائے کہ ان سب کی فکریں دُور ہوں، باپ بیٹے اپنی اپنی مرادیں پائیں۔

ایں دعا از من و از جملہ ناظرین "ساقی" آمین باد!!

حال ہی میں ہمکو ایک چھوٹا سا خوبصورت کارڈ ہمارے ایک عنایت فرما کی جانب سے وصول ہوا تھا کہ انکی صاحبزادی کے بیاہ کی تقریب سعید میں "عصرانہ" ہونیوالا ہے۔

دعوت کے دن کوئی چھ بجے ہم موصوف کے دولت خانہ پر پہنچے، مکان سے کچھ فاصلے تک راستہ کی دونوں جانب رنگ برنگی جھنڈیاں اور لال سبز پیلے پیلے بجلی کے قمقمے لگے ہوئے تھے، خانۂ باغ کو بڑے سلیقے اور قرینے سے سنوارا گیا تھا، عمارت کی پیشانی پر "خوش آمدید" اور اُس کے اُوپر

"چاند تارا" جگمگا رہا تھا، صحن میں بہت سی تپائیاں رکھی ہوئی تھیں جن پر "ٹی ہوم" کا پُرتکلف سامان سلیقے سے چُنا ہوا تھا، کوئی دو ڈھائی سو مہمانوں کی چارنوشی کا انتظام معلوم ہوتا تھا۔

بیچ میں ایک تخت پر کوئی "جھمی جان" محوِ ترنم تھیں، ایک طرف زمین میں گڑے ہوئے آتشبازی کے جھاڑ اور قسام کے چکر آتشبازی کے شاندار ہونیکا ثبوت دے رہے تھے، کوئی چالیس پچاس روشنی کے گولوں کی قطار لگی تھی اور کچھ اصلی و نقلی عرب نوشہ کی موٹر کے سامنے اُچھلنے کودنے کو تیار ہو رہے تھے، برات کا یہ سارا سامان موجود تھا مگر نوشہ میاں سلمہٗ نظر نہیں آ رہے تھے، دریافت کیا گیا تو معلوم ہوا "جلوہ" کی رسم کیلئے اندر سدھارے ہیں۔

مہمان چارنوشی میں مصروف تھے، ہم بھی ایک طرف بیٹھے آئسکریم کھا رہے تھے اور اپنے میزبان کی دریا دلی اور سلیقے کی دل ہی دل میں داد دے رہے تھے، مہمان ابھی خورونوش میں مصروف ہی تھے کہ برات جمنی شروع ہوگئی۔ اتنے میں میزبان صاحب تشریف لائے اور ہم سے برات کے ساتھ چلنے کی خواہش کی۔

دولہا دُلہن اپنی اپنی سواریوں میں بیٹھ گئے، باجے بجنے شروع ہوئے، آتشبازی اپنی بہار دکھانے لگی، بجلی کے گولے روشن ہوگئے، کوئی روشنی کی تعریف کر رہا تھا، کسی کی آنکھیں آتشبازی کے دُھواں دھار مظاہرے میں گم تھیں، باجوں کی وہ دھما چوکڑی تھی کہ کان پڑے آواز سُنائی نہ دیتی تھی، اتنے میں بہت سے مہمان براتی بنکر نوشہ کی موٹر کے پاس آ گئے،

ہم بھی براتیوں میں شامل ہوگئے، برات دو چار میل کے گشت کے بعد بخیر و خوبی پھر دُلہن کے گھر لوٹ آئی۔

ہم نے اب تک نوشہ میاں کی صورت نہیں دیکھی تھی، جب پھولوں سے لدی ہوئی موٹر کار مکان میں داخل ہوئی تو ہم نے لڑیاں ہٹا کر اندر جھانکا، ہماری آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں! کیا دیکھتے ہیں کہ ہمارے میزبان کے بڑے صاحبزادے کی گود میں ایک کافوری پُتلا نوشہ بنا ہوا کچھ عجیب شان سے رونق افروز ہے!! سر پر چھوٹی سی تاش کی دستار ہے اور اُسپر مرصع سرپیچ جگمگ جگمگ کر رہا ہے، زربفت کی قبا زیب بدن ہے اور گلے میں پھولوں کے موٹے موٹے ہار پڑے ہیں۔ ہم نے میزبان صاحب سے اس ستم ظریفی کی وجہ پوچھی تو فرمایا:-

"لڑکیوں کے بیاہ میں دیر ہو رہی ہے پیغام نہیں جم رہے ہیں، اسلئے بیگم نے گڑیوں کی شادی رچا کر ٹوٹکا کیا ہے! انشاءاللہ اب بہت جلد ان کے سہروں کے پھول کھلیں گے!!"

ایک نہایت بلند پایہ فخرِ ہندوستان شاعر بے بدل نے حضرت غالبؔ کی ایک مشہور غزل — جسکا ایک مصرع ہے۔

"دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں"

کے جواب میں ایک نہایت لاجواب اور مرصع غزل ارشاد فرمائی ہے، جملہ صرف "پچاس" شعر ہیں مگر ہم چند چوٹی کے اشعار ناظرینِ "ساقی" کے ملاحظہ میں پیش کرتے ہیں۔

ان کے ملاحظہ سے واضح ہوگا کہ ہمارے شاعر بے نظیر کے کلام میں شستگیٔ زبان، سلاست بیان، روانی، نازک خیالی، بلند پروازی، شگفتگیٔ غرضیکہ سب ہی کچھ موجود ہے۔

مطلع عرض ہے ؎

"دل کس کو دیں کہ کوئی خریدار بھی نہیں
اب ہمکو مفت دینے میں کچھ عار بھی نہیں"

غالباً ملک کی موجودہ کساد بازاری اور افلاس کے مدِنظر یہ رعایتی اعلان کیا گیا ہے، خریداروں کیلئے زرین موقع ہے! مال بہت ہے اور نرخ سستا ہے!!

پھر ارشاد ہوتا ہے ؎

"فصلِ بہار ہی میں جنوں کی بہار ہے
عریاں ہے جسم جسم پہ اک تار بھی نہیں"

ہمارے شاعر بے بدل کی ہیئت کذائی ظاہر کرتی ہے کہ فصلِ بہار سے پہلے "جنون کی بہار" شروع ہوگئی ہے!

وہ دن گئے کہ ہم بھی حسینوں میں تھے مگر
اب تو ہمارا کوئی خریدار بھی نہیں

یادِ ایامِ عشرتِ فانی!! ؎

"فرقت میں تیری مرنا بھی جینا بھی ایک ہے
دشوار تو یہی ہے کہ دشوار بھی نہیں"

"گرہ" لاجواب ہے! یقین ہے کہ غالب کی رُوح پھڑک اُٹھی ہوگی!! ؎

"زیلپن" میں ہے مقیم وہ سفاک دیکھنا
پھوڑوں کہاں میں سر کہ درِ یار بھی نہیں"

اگر وہ "سفاک" "مستقل طور پر "زیلپن" میں رہا کرتا ہے تو کیا کوئی صورت سر پھوڑنے کی ممکن نہیں؟ جب "زیلپن" زمین پر اُترے تو کیوں "زیلپن" سے نہ ٹکرا جائے دربار پر سر پھوڑنے کی آرزوئیں بھی پوری ہوسکتی ہے!!

مرزا سیف علی خاں؛

وعدہ

شہر کی شورش سے ہٹکر مدھ بھری وادی کے پار
پھر جنوں انگیز کلیونمیں بصد حرمان و یاس
پھر بچھا کر تیرے رستے پر نگاہیں وقتِ شام
پھر تجھے پرکیف راگوں میں بسا ڈالونگا میں
پھر میرے شعروں میں بن کر جان در آئیگی تُو
پھر تری آنکھوں نمیں گھل جائیگا میخانے کا باب
پھر ترے ہونٹوں نمیں ہوگی دھیمے نغموں کی مٹھاس
پھر ترے مدہوش کُن ہلکے تبسم کی ضیا
پھر تجھے مغرور کردونگا شبوں کو جاگ کر

پھر کرونگا چاندنی راتوں میں تیرا انتظار
تھام کر دل کو پھرونگا ہو کے غمگیں اور اُداس
آنسوؤں کی سیمگوں مالا پہ لونگا تیرا نام
پھر تجھے قابلِ پرستش کے بناڈالونگا میں
پھر جوانوں کے حسیں خوابوں پہ چھا جائیگی تُو
پھر چھڑیگا تیری رگ رگ میں جوانی کا رباب
پھر تری زلفوں سے آئیگی حسیں پھولوں کی باس
بہر پا بوسی شعاعِ مہر کو دے گی صدا
نوجوانی کے حسیں لمحوں کی خواہش تیاگ کر

اب نہیں جاؤنگا تجھ کو چھوڑ کر کچھ غم نہ کر
رحم کر ان مست آنکھوں پر انہیں پُرنم نہ کر

الطاف مشہدی؛

سمندر کی پریاں

مشرقی جزائر کے گرد، جہاں موتیوں کی کثرت ہے، ایک سمندر کی تھاہ میں، ایک نوجوان کا ڈھانچہ، مٹی ہوئی شکل و صورت میں پڑا ہوا تھا اور اس کے قریب سمندری پریاں اپنے سنہرے بال کھولے ہوئے، موتیوں کے سبزہ زار پر بیٹھی ہوئیں ڈھانچے کو، اپنی خوبصورت نیلگوں آنکھوں سے دیکھ رہی تھیں اور نغمہ باز آواز میں گفتگو کر رہی تھیں۔ گفتگو کو سمندر نے اپنی موجوں کے ذریعہ ساحل پر بکھیر دیا، جہاں سے کھربائی ہوائیں مجھ تک اڑا لائیں۔ اُن میں سے ایک نے کہا:۔ یہ آدمی، کل اُس وقت پانی میں اُترا تھا جب سمندر غیظ و غصّہ میں تھا۔

دوسری نے کہا:۔ نہ سمندر غصّہ میں تھا نہ کچھ، بلکہ انسان ـــــ جو اپنے متعلق دعویٰ کرتا ہے کہ وہ خُدا کا بیٹا ہے ـــــ آج کل ایک شدید جنگ میں مشغول ہے جس میں اتنا خون بہایا گیا ہے کہ سمندر کا پانی تک سُرخ ہے، یہ آدمی اسی جنگ کا مقتول سپاہی معلوم ہوتا ہے۔

تیسری بولی:۔ مجھے جنگ کی کوئی خبر نہیں، لیکن میں اتنا جانتی ہوں کہ انسان نے تمام خشکی پر غلبہ پا لینے کے بعد سمندر پر بھی تسلط کی ہوس کی، عجیب و غریب آلات تیار کئے اور سمندر کو کاٹنے کی کوشش جب نبتون ـــــ الہ البحار کو یہ معلوم ہوا، تو وہ اس سرکشی پر بہت بگڑا، انسان نے ہمارے بادشاہ کو خوش کرنے کا سوائے ہدیہ اور فدیہ کے کوئی چارہ نہیں دیکھا، وہ اعضا جنکو ہم لوگوں نے کل سمندر میں دیکھا تھا، آخری پیشکش ہیں نبتون اعظم کی خدمت میں۔

چوتھی نے کہا:۔ نبتون اعظم بہت بلند مرتبہ ہے مگر بہت زیادہ سخت دل ہے، اگر میں سمندر کی ملکہ ہوتی تو ان خونی فدیوں پر کبھی خوش نہ ہوتی۔

اس کے بعد پریوں نے انسانی ڈھانچے کو دیکھنا شروع کیا، اس کی جامہ تلاشی بھی لی، اس کپڑے کے نیچے جو سینے سے چمٹا ہوا تھا، ایک خط ملا، اُن میں سے ایک نے خط اُٹھا کر پڑھنا شروع کیا:۔

میرے پیارے! آدھی رات ہو گئی ہے اور میں جاگ رہی ہوں، میرے آنسوؤں کے سوا مجھے کوئی تسلی دینے والا نہیں ہے، تمہارے جنگ کے خیمگل سے زندہ و سلامت واپس آنیکی اُمید ہی ہے جو مجھے تسکین دیتی ہے، میں سوچا کرتی ہوں جو تم نے رخصت ہوتے وقت، کہا تھا کہ:۔

"ہر شخص کے پاس آنسوؤں کی ایک امانت ہوتی ہے جسکو واپس کرنا کسی نہ کسی دن ضروری ہے"

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ تمہیں کیا لکھوں؟ جی تو یہی چاہتا ہے کہ اپنی جان کو کاغذ پر پھیلا کر روانہ کر دوں!

آہ! محبت نے ہمارے دلوں کو ملایا تھا، جب ہم توقع کر رہے تھے کہ ہمارے جسم بھی اس طرح مل جائیں گے جن میں ایک ہی روح دوڑ رہی ہے، اس وقت جنگ نے تمکو پکارا اور تم اُس کی آواز کے پیچھے "فرض" اور "وطن" کے خیالات لے کر دوڑ پڑے۔

آہ! کیا "فرض"، اسی کو کہتے ہیں کہ دو محبت کرنیوالوں میں جُدائی ہو، عورتیں بیوہ اور بچے یتیم ہو جائیں؟ کیا وطنیت یہی ہے کہ شہروں کو تباہ و برباد کرنے کیلئے معمولی

معمولی باتوں کی بدولت جنگ چھیڑ دی جائے؟ کیا یہی "اہم فرض" ہے جو غریب دیہاتی کے لئے تو اہم ہو مگر بڑے گھرانوں اور سرمایہ داروں کے لئے اسکی ادائیگی ضروری نہیں ہے؟

اگر یہ "فرض" قوموں کے درمیان صلح کو روکتا ہو اور اگر "وطنیت" حیات انسانی کے پرسکون شیرازے کو پراگندہ کر دیتی ہے تو سلام ہے ایسے "فرض" پر اور ایسی "وطنیت" پر۔

نہیں! نہیں!! میرے حبیب! ان باتوں کی پروا نہ کر اپنے وطن کے لئے اور بہادر ہو جا، اور اس لڑکی کی باتوں کو نہ سن جسے محبت نے اندھا اور تیری سمجھ کو جدائی نے ختم کر دیا ہے۔

اگر محبت اس زندگی میں تجھ کو مجھ سے نہیں ملنے دے گی تو عنقریب ہم دونوں ہمیشہ کیلئے دوسری زندگی میں ملجائیں گے۔

سمندر کی پریوں نے اس خط کو نوجوان کے کپڑوں میں اسی طرح رکھدیا اور غمگین خاموشی کے ساتھ واپس چلی گئیں۔ تھوڑی ہی دور چلنے کے بعد انہیں سے ایک نے کہا: "انسان تو بتوں اعظم سے بھی زیادہ

مجرم

سڑک کے کنارے ایک نوجوان بیٹھا ہوا بھیک مانگ رہا تھا، اُس کے مضبوط جسم کو بھوک کی شدت نے کمزور کر دیا تھا۔ وہ گلی کے نکڑ پر ہاتھ پھیلائے، اپنی مفلسی اور بھوک کی داستان کہہ کہہ کر راہگیروں سے سوال کر رہا تھا،

رات ہوگئی ہے، اور اس کے ہونٹ سوال کرتے کرتے خشک ہوگئے اور زبان تھک چکی ہے، مگر اُس کا ہاتھ اسکے پیٹ کی طرح بالکل خالی ہے۔

وہ اپنی جگہ سے اُٹھکر آبادی سے باہر چلا گیا۔ درختوں کے ایک جھنڈ میں بیٹھکر بُری طرح رونے لگا، اُس نے آنسوؤں سے ڈبڈبائی ہوئی آنکھیں آسمان کی طرف اُٹھائیں اور کہنے لگا، بھوک کی تکلیف اُسے بولنے نہیں دیتی تھی:-

"اے پروردگار! نہ معلوم کتنی مرتبہ میں نوکری کی تلاش میں مالداروں کے پاس گیا مگر اپنے میلے کچیلے کپڑوں کی وجہ سے دھتکار دیا گیا۔

میں نے مدرسے کا دروازہ کھٹ کھٹایا، لیکن مفلسی کے سبب انکار کر دیا گیا۔

میں نے مزدوری کی کوشش کی، صرف پیٹ بھر روٹی کے لئے، مگر اپنی بدقسمتی سے محروم رہا، مجبوراً بھیک مانگنا شروع کی، تو اب تیرے بندے کہتے ہیں کہ یہ ہٹا کٹا جوان ہے، سست اور کاہل آدمی کو بھیک نہ دینا چاہیئے"

میری ماں نے مجھے تیرے ہی حکم سے جنا ہے اے رب!

اور اب میں تیرے ہی اشارے پر زندہ ہوں، تو پھر کس لئے لوگ مجھے ایک روٹی دینے سے انکار کرتے ہیں حالانکہ میں تیرا ہی نام لے کر اُن سے مانگتا ہوں"

اُس کے چہرے کا رنگ بدلنے لگا، وہ اُٹھ کھڑا ہوا، اس کی آنکھوں سے شعلے نکل رہے تھے، ایک درخت سے لمبی سی شاخ توڑ کر آبادی کی طرف اشارہ کر کے چلانے لگا:-

میں نے اپنی محنت سے زندگی چاہی مگر نہیں ملی، اب میں اپنے بازو کی قوت سے حاصل کرونگا۔

میں نے عاجزی اور خوشامد سے روزی طلب کی مگر انسان نے اسکو نہیں سُنا۔ اب میں شرارت سے طلب کرونگا اور اس سے زیادہ لونگا۔

برسوں اس طرح پر گذر گئے کہ وہ معمولی معمولی چیزوں

کے لئے قتل و غارت پر آمادہ ہو جاتا، بڑے بڑے مالداروں کی رفع اس کے نام سے کانپتی تھی، نوبت یہاں تک پہونچی کہ حکام کو بغاوت فرو کرنے کیلئے اس سے مدد مانگنا پڑتی تھی، "اسی طرح مظلوم انسان سفاک بنائے جاتے ہیں"

موت کی بستی میں

میں کل، شہر کے ہنگاموں سے اُکتا کر، آبادی سے بہت دُور، ساکن و خاموش کھیتوں میں ہوتا ہوا ایک بلند ٹیلے تک پہونچا، وہاں میں ٹھہر گیا،

شہر اپنے بڑے بڑے محلوں اور عالیشان عمارتوں کے ساتھ، کارخانوں کے ایک سیاہ بادل میں چھپ گیا تھا۔

دُور سے، بیٹھا ہوا حیاتِ انسانی کا جائزہ لے رہا تھا، میں نے محسوس کیا کہ زندگی کا اکثر حصّہ مشقت ہے۔

میں نے طے کر لیا کہ اب ان مسائل پر غور نہیں کرونگا جو انسانوں کے اپنے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ میں نے اپنی نظر کھیتوں ——— خلاقِ کائنات کی عظیم ترین نعمت ——— کی طرف ڈالی، کھیتوں کے درمیان ایک قبرستان ——— پتھر کی مضبوط قبروں کو سرو کے لمبے لمبے درخت گھیرے ہوئے تھے ———

وہاں ——— زندگی اور موت کی بستیوں کے درمیان ——— بیٹھا ہوا سوچ رہا تھا۔

مسلسل کشمکش اور دائمی حرکت ——— یہاں ہے۔

کامل سکون اور مستقل خاموشی ——— وہاں۔

اُمید اور نا اُمیدی، محبت اور عداوت، دولت اور مفلسی، اعتقاد اور الحاد ——— ایک طرف ہے۔

دوسری طرف ——— مٹی، مٹی میں پوشیدہ ہے۔

انہیں خیالات میں کھویا ہوا تھا، کہ میری توجّہ کو دفعتاً ایک بڑے مجمع نے ——— جو آہستہ آہستہ جا رہا تھا، آگے آگے باجے، فضا میں غمگین نغمے پھیلا رہے تھے ——— اپنی طرف منعطف کر لیا۔

معزز سرمایہ دار کا جنازہ تھا! بیجان و بوسیدہ ہڈیاں!! جن کے پیچھے پیچھے ہوش اور سمجھ رکھنے والے لوگ چیختے چلاّتے جا رہے تھے۔

یہ مجمع ایک مقبرہ تک پہونچکر رُک گیا،

پادریوں کا گروہ آگے بڑھا، پہلے دُعائیں پڑھیں، پھر اگر سلگایا، ماتم کرنے والے آئے، اپنے بازوؤں کو سجا کر ماتم کا فرض ادا کیا۔ تھوڑی دیر کے بعد خطیب آئے، اپنے بلند پایہ کلام سے مرنیوالے کی تعریفیں کیں۔ پھر شعراء کے گروہ نے اپنے لاجواب اشعار سے مرثیہ پڑھا۔

یہ سب مراسم بڑے بڑے وقفوں میں ختم ہوئے۔ اسکے بعد مجمع اُس خوبصورت مقبرہ سے لوٹ گیا جس کی زینت میں کاریگروں اور انجنیروں نے بہت مہارت صرف کی تھی۔

مجمع شہر کی طرف لوٹ گیا، میں دیکھ رہا تھا اور تعجب کر رہا تھا۔

آفتاب مغرب کی طرف جھک چکا تھا، درختوں اور پتھروں کے سائے دراز ہو چکے تھے، ساری کائنات نورانی لباس اُتارنے میں مصروف تھی۔

اُسی وقت میں نے دو آدمیوں کو دیکھا، ایک لکڑی کا تابوت اُٹھائے ہوئے اُن کے پیچھے پیچھے، پھٹے پُرانے کپڑے پہنے، ایک عورت اپنے کندھوں پر شیر خوار بچے کو بٹھائے

چلی آرہی تھی اُس کی ایک جانب کُتّا بھی تھا، جو کبھی عورت کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی تابوت کو۔

یہ ایک مسکین فقیر کا جنازہ تھا، پیچھے اُس کی بیوی غم کے آنسو بہا رہی ہے اور بچّہ اپنی ماں کو روتا دیکھکر رو رہا ہے، اُس کا وفادار کُتّا، رنج و تکلیف کی چال سے، ساتھ چل رہا ہے،

یہ لوگ ایک لحد تک پہونچے، اور تابوت کو، مضبوط پکّی قبروں سے بہت دور، ایک گڑھے میں ڈال کر، اثر انداز خاموشی کے ساتھ واپس چلے گئے، کُتّا اپنے آقا کی "نئی آرامگاہ" کو دیکھتا رہا۔

درختوں کی آڑ میں، میری نظروں سے اوجھل ہو گئے۔

اُس وقت ——— میں نے "زندوں کی بستی" کی طرف دیکھا اور اپنے دل میں کہا: "یہ دولت اور اقتدار والوں کے لئے ہے"

پھر "مُردوں کی بستی" کی جانب مُڑا اور کہا: "یہ بھی دولت اور اقتدار والوں کے لئے ہے، پھر غریبوں کا ٹھکانا کہاں ہے؟ اے رب!"

میں نے یہ سوچکر، آسمان کی طرف دیکھا، میں نے اپنے اندر سے ایک آواز سُنی:-

"وہاں ———"

* * * * * * * * *

(جبران خلیل جبران)

ترجمہ محمد رضا انصاری

شکست خوردہ بھائی کے نام

سطور ہیں مٹی مٹی صحیفۂ حیات کی
کہ رونداتی ہوئی گئی ہے فوج کائنات کی

اگرچہ زندگی بہت کشادہ و فراز ہے
مگر یہاں کا اک گدا بھی محوِ خوابِ ناز ہے

زمانہ فروغ رنگ و بوئے مُشکبار ہے
پسینہ بھی شباب کا لہو کا آبشار ہے

تو زندگی کی ٹھوکروں پہ قہقہے لگائے جا
پھنسے کسی بھنور میں بھی تو یونہی مُسکرائے جا

نہ ظلمتوں کی سمت جا جہاں ہے آبِ زندگی
تری نگاہ جستجو ہے آفتابِ زندگی

عمل ہے مستقیم اگر نہ خوفِ کرمآل کا
کہ موت آدمی کی خود فریبِ خیال کا

سکون و امن کی طلب ہے موت نوجوان کی
اسی میں غرق کشتیاں ہوئی ہیں اک جہان کی

فقیر ہو کے جینے میں تری شکستِ فاش ہے
کہ ہمتِ جواں تری ابھی سپاش پاش ہے

عرش

زندہ اور فطری زبان

(۲)
دوسری کسوٹی ـــــ بول چال کی زبان

ہماری زبان اپنے منازل ارتقا سے صاف پہچانی جاسکتی ہے۔ اور یہ رفتار ہمیں اردو، ہندی کے قضیہ سے آزاد کر دیتی ہے، اس لئے اُس کو صحیح طور سے پرکھنے کے لئے اس مضمون کا پہلا حصہ کافی ہی۔ ثابت ہوچکا کہ زبان ہندستانی اور حمایت، دوست شماری اور پروپیگنڈوں کی محتاج نہیں ہے۔ وہ اپنے اوپر کئے گئے اعتراضوں کو خود رفع دفع کرنے کی طاقت رکھتی ہے۔ اور سب سے زیادہ یہ کہ مقتدر کا واحد خود الجھ پڑتا ہے۔ اردو کدہ بحث و تکرار کی جو دلیلیں آج گھڑی جاتی ہیں کل انہیں کی زبان سے صاف ہوجاتی ہیں۔ وہ تعجب کرتے ہیں کہ راشٹر بھاشا کی ہمرنے جتنی کوششیں ایجاد کیں اُس پر اردو صحیح اُترتی جاتی ہے۔ (مثلاً گاندھی جی کا فرمانا کہ اگر ریڈیو لیشن میں تنہا ہندوستانی کا لفظ رکھا گیا تو اس کا مطلب اردو سمجھا جائیگا۔) اب وہ بھاگ رہے ہیں حقیقت کو جان کر اور سمجھ کر۔ اب تو اپنے بات کی پچ ہے۔ یہ انسانی فطرت کی کمزوری ہے کہ اکثر اُن باتوں کو چھوڑتے ہوئے ہچکچاتا ہے جس کو وہ غلط سمجھ چکا ہے۔ اپنی غلطی سچائی کے ساتھ تسلیم کرنا آسان بات نہیں۔ یہ ایک جہاد ہے جس میں کبھی نفس کامیاب ہوتا اور کبھی صداقت لیکن ہرا دینی ہے۔ نفس دھوکے دیتا ہے کہ اگر تم نے اسے تسلیم کر لیا تو بڑی ندامت اور شرمندگی ہوگی خبردار حرف راست زبان تک نہ لانا، یہ دل میں رہنا کافی ہے۔ اردو کو ہندوستانی تسلیم کرنے میں یہی دشواری ہمارے بھائیوں کے سامنے موجود ہے۔ وہ اردو بولتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔ مگر جب لکھنے بیٹھتے ہیں تو "لیکن" کا لفظ قلم سے نکل جانے کے بعد "لیکن" پر نقطے دے کر "بلکہ" یا "مگر" کے بجائے قصداً دماغ پر زور دے کر انھوں لاتے ہیں۔ اگر وہ یہ عجیب ایسا نہ کریں تو ان کا دعوی غلط ہوجاتا ہے۔ ہندی میں لکھی جانی تحریر اردو ہوجاتی ہے۔ اب اردو سے دامن چھڑا کر بھاگ رہے ہیں۔ پہلے نام سے گھبراہٹ تھی۔ ہندوستانی نام قرار پایا اردو کا اطلاق اس پر بھی ہوا۔ پھر ہندی کی طرف لوٹے۔ ہندستانی سنسکرت ملحق رکھنے سے ہندی، اردو کی صفت بن گئی اور اردو اُس پر بھی صادق آئی ـــ (مسلمانوں نے صفاتی طور پر اُس کا یہ نام رکھا بھی تھا) پھر نئے نام کی ضرورت ہوئی۔ پھر ہندی انھوا ہندوستانی کا شاخسانہ کھڑا ہوا۔ دُور بینوں کی نظر بڑی دُور رس ہوتی ہے۔ وہ حال کی روش سے استقبال کو دیکھ لیتے ہیں زبان ہند کے ماہر اور لسانیات کے محقق پر زبان کی صورت آئندہ اُسی طرح روشن ہے جس طرح موجودہ دور میں وہ گفتگو کرتے اور بولتے چلے جاتے ہیں۔ ایسے لوگ شور و شغب کو بیکار بتاتے ہیں۔ اس نئے حقیقت کی ترسش خاموشی سے ہوا کرتی ہے۔

سائے ہنگامے ختم ہوجائیں گے جب کہ حقیقت کی بجلی کوندیگی۔ جو کچھ درپردہ ہے آشکارا ہوجائے گا، اور آشکارا ہونا شروع ہوگیا ہی موج مضطر کی طرح فضا میں برق حقیقت کی لہریں بیگانی کے پردوں میں بیتاب ہیں وہ اس ابر کو چیر کر حقیقت کا چہرہ دکھائیں گی۔ اپنی مختلف تاویلیں دیکھکر زبان ہندستانی کو کپکپانے لگی ہے۔ اُس کا بیان آخری فیصلہ ہوگا۔

لسانیات کے علمی مطالعہ سے ہمیں زبان کا بیان جو ہوتے ہوئے ہونٹوں کو دیکھنے، نظر جمانے اور کان دھرکے سننے سے سمجھ میں آتا ہی اور بتاتا ہے کہ زبان ہند (ہندوستانی زبردستی رائج کرنے سے، پروپیگنڈے سے نئی شکل نہیں اختیار کرے گی) ہندوستانی کی ایک شکل ہے وہ تشکیل کیلئے محتاج نہیں ہے۔ زبان خلق اور زبردستی!! یہ راہ دیر تک چلنے والی نہیں۔ ہر عالم اور عاقل، گنوار و شہری کی زبان پر یہ مثل چڑھی ہوئی ہے ہندھوے بنیوں سے مینا بازار نہیں لگتا۔ ملوں کی کوٹھی میں ہندکرنے سے گورا، کالا نہیں ہوتا۔ یہ کہنا کہ ہندوستانی کا ابھی ادب نہیں بنا ایک حد تک صحیح نہیں ہے۔ جن ہندو مسلمانوں نے ہندوستانی کو خوشگوار بنانے کی کوشش کی اُن کی تحریروں اور دکنی کاوشیں ہندوستانی ادب کی بہترین تخلیقیں ہیں۔ میر امّن، سرسید حالی

رتن ناتھ، اکبر، پنڈت برج نرائن چکبست۔ ان میں بہت سی ہستیاں تھیں جو ادب برائے ادب پر یقین نہ رکھکر ادب برائے زندگی پر عمل پیرا تھیں۔ ان کی زبان اُن پڑھ اور جاہل بھی سمجھ سکتا ہے۔ آنکے پیش رو ہمیشہ بول چال کی زبان تھی۔ اس کی شکل وہ بنا چکے ہیں مرتضیٰ نگار کی کاوِش اور انہوں نے توڑا ہے اور انہیں کی پاک کوششوں کا نتیجہ ہے کہ ہم یہ سمجھنے لگے ہیں کہ ہماری زبان وہ ہے جس میں ہم ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہیں، اس کی شکل وہ ہے جس میں اُستاد شاگرد کی دقتیں دُور کرتا ہے، اس کی شکل وہ ہے جس میں گاؤں مُدھارک، صفائی کا انسپکٹر، اسکاؤٹ آرگنائزر، وکیل، مؤکل اپنے اپنے خیال کی اشاعت کرتے ہیں جن کو کام سے کام ہے جو کہتے اس لئے ہیں کہ جو کچھ کہا جائے بلا دقت سمجھ لیا جائے نہ اس لئے کہ لوگ اس کو کھڑی ہندی کا دوردان سمجھیں۔ دوکانداروں، بزازوں کی زبان، سیکرٹریٹ ہو کا دواں سے لیکر خوانچہ والوں کی زبان، پیشہ ور قوموں کی زبان، موچی، دھوبی، وزیری، نائی، کی زبان جنہیں عوام سے برابر سابقہ رہتا ہے ہمیں بتلاتی ہے کہ موجودہ ہندوستان کی زبان کیا ہے؟ اُن کی زبان گو ادبی نزاکتوں سے بھرپور نہیں مگر یہ تو نقص زبان کا نہیں۔ خیال کی سادگی کاروباری زندگی کی ہیں کوم آتی ہے۔ اور بناوٹ کا موقع ہی نہیں ہوتا۔ ورنہ یہی لوگ جس وقت کاروبار سے چھٹی پاکر مل بیٹھتے ہیں تو تخیل کی کارفرمائیاں یہ نقص شاید ہی سے۔ اس لئے ادبی زبان اور زبان عام کے ڈھانچے (قواعد صرف نحو) اور مزاج (لفظوں کی کرختگی، لوچ) دوسری زبان سے الفاظ لیکر اس کی کمیت کی: جیت ہیں فرق صرف اس قدر ہوتا ہے کہ ادبی زبان میں سادہ لفظوں کے بدلے مجازی زیادہ ہوتے ہیں، استعاروں تخیل تشبیہوں اور اشاروں اور کنایوں سے بھی وہ آمیز پاتی ہے لہٰذا ادبی زبان کو بول چال کی زبان سے دُور سمجھنا محض غلطی ہے اسلئے ہمیں ہندوستان کی مشکل اور زندہ زبان کی تلاش میں باشندگان ہند کے مختلف طبقوں کی زبانوں کو عملی اور اصلی مطالعہ کرنا لازمی ہے۔

اوّل اوّل فطرت کی گود میں کھیلنے والے اُن بچوں کی گفتگو پر غور کریں جن کے لئے ایک طرف تو ہندوستانی بننے والی ہندی کی بیجا ہو رہی ہے اور دوسری طرف فطرت نے صرف زبان کی تیاری میں مشغول ہے بلکہ زندگی کے ہر ایک کل پُرزے کو ڈھال رہی ہے۔ یہ معصوم ہیں، طرفداری اور تعصب کا لفظ انہوں نے نہیں سُنا۔ اخبارات کی زہریلی ہوا جن کو نہیں لگی ہے، تاریخی انتقام اُن کے سینے پاک ہیں۔ اس معاملے میں میں اپنا ذاتی تجربہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔

میں عرصہ دس سال سے ورنیکولر اسکول کا ٹیچر ہوں۔ دیہات کے طلبہ اور دیہاتی زبان سے مجھے چھ سات سال واسطہ رہا اور اب چار سال سے شہر کے طلبہ اور شہری زبان کو دیکھ رہا ہوں۔ مگر حسن اتفاق سے یہ اسکول دیہات اور شہر کا ایک سنگم ہے۔ گورنمنٹ نورمل اسکول میں طریقہ تعلیم سیکھنے والے طلبہ کی مشق، طریقہ تعلیم کے لئے اُس کے ساتھ مڈل درجات تک تعلیم دی جاتی ہے۔ جو لوگ نارمل اسکول میں منتخب ہو کر فنِ تعلیم سیکھتے ہیں وہ تو ۵۰ فیصدی دیہاتی زندگی اور دیہاتی زبان سے متعلق اور ملحق ہیں۔ اس کے پریکٹنگ موڈل اسکول کے چھوٹے طلبا بھی ۵۰ فیصدی دیہاتی رتبے کے ہیں۔ پرائمری کلاسوں (ابتدائی جماعتوں) سے لیکر مڈل کے ساتویں درجے کے لڑکوں سے مجھے کام پڑتا رہتا ہے۔ زبان (اُردو ہندی) حساب، جغرافیہ، تاریخ، مشاہدہ قدرت وغیرہ مختلف مضامین کی تعلیم دیتے وقت ہمیشہ ہمیں ہندوستانی زبان اختیار کرنی پڑی تاکہ دونوں طرح کے طلبا ایک ساتھ سمجھ سکیں طلبا سنسکرت کے ثقیل اور تت سم (ہندی الاصل) لفظوں کے استعمال سے قاصر رہتے ہیں۔ وہ اپنی گفتگو میں گاؤں کو گرام، شہر کو نگر، پانی کو جلم یا جل نہیں کہتے۔ "نائش" کے بدلے ابھیر تھنا، کا لفظ سننے میں نہیں آیا۔ مولوی صاحب، طبیعت خراب ہے، سر میں درد ہے۔ یہی سننے میں آیا۔ ہندی کے ایڈیٹر اور انشا اور وشارد وں سے لیکر نچلی جماعتوں کے طلبا تک یہی کہتے ہیں جن ملین ہے "شر میں پیڑ ا ہے" آج تک کسی بچے نے نہیں کہا۔ دیہاتی حلقے کے لڑکے بات، دکھات باہ، کہکر اس مطلب کو ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر چھوٹی جماعتوں کے بچوں کی گفتگو ٹھیک ٹھیک انہیں کے انداز میں نقل کرتا ہوں۔ اس درجے تک اُردو ہندی کی عام زبان کی ریڑھ یکساں ایک مضمون اور ایک ہی پیرایۂ بیان کی تقریباً ایک ہی زبان میں ہیں۔

لہ جب بھارتیہ ساہتیہ پریشد منعقدہ ۲۴ اپریل ۱۹۴۵ء بمقام ناگپور میں مولوی عبدالحق صاحب نے مہاتما گاندھی جی سے پوچھا کہ آپ نے جو ریڈیو لیوشن میں ہندی، ہندوستانی کا لفظ رکھا ہے اس کے معنی کیا ہیں؟ گاندھی جی نے اِدھر اُدھر کی گفتگو کے بعد یہ کہا اس سے مُراد ایسی ہندی ہے جو آسان ہو چلکر ہندوستانی بننے والی ہے۔

چند لڑکوں کی گفتگو جو تیسرے درجے میں پڑھتے ہیں:-

رام پیارے:- نبی محمد راستے میں گالی دیتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر نالش کردے تو راستے میں خوب پیٹوں گا۔

"نبی محمد یہاں چلو!" میں نے پکارا اور وہ آتے ہی اپنی صفائی دینے لگا۔

"مولوی صاحب سُن لیجئے۔ یہ حضرت ایک روز گھر سے چھٹے چلے مگر اسکول سے غائب تھے۔ میں نے آپ کو اس کی خبر کردی جس سے مجھے کمینہ چغلخور کہتے ہیں اور بیر رکھ کر آپ سے جھوٹ موٹ میں نالش کرتے ہیں۔"

جگناتھ:- مولوی صاحب! قصور نبی محمد کا ہے۔ رام پیارے صحیح کہتے ہیں۔ ان کو (نبی محمد کی طرف اشارہ کرکے) جھوٹ بولنے کی عادت ہے۔ (اسی درجے کا ایک لڑکا آپ ہی آپ بول پڑتا ہے۔)

(بنسراج اور دُکھی، کلاس کے بچے اور سنجیدہ لڑکوں میں ہر دلعزیز ہیں میں نے تصفیہ کیلئے ان کو بلایا۔)

بنسراج:- مولوی صاحب، نبی محمد سے ہم لوگ بہت پریشان ہیں۔ اسکے مچل کے آگے ہم لوگ پیش نہیں پاتے۔

دُکھی:- یہ دیکھئے کل واقعہ ہم نے کاغذ پر لکھا ہے۔ آپ اسے پڑھ لیجئے۔ لنچ کے وقت ایک نہ ایک بکھیڑا روز مچاتے ہیں۔

بنسراج و دُکھی، جگناتھ ہندی پڑھنے والے طلباء ہیں۔ انکی زبان سے عادت، صحیح، نالش، کے الفاظ بے تکلف ادا ہوئے ہیں۔ ایسے صدہا الفاظ ہیں جن کو فارسی و عربی سمجھ کر اُنہیں ہندی پڑھنے والوں کے لئے مشکل اور اجنبی بتلا کر ہندی کی کامن لینگویج ریڈروں سے الگ کیا جارہا ہے۔ حالانکہ یہ الفاظ نہ تو ہندی پڑھنے والے بچوں کیلئے مشکل ہیں اور نہ اجنبی، وہ انہیں برابر بولتے ہیں۔

اُردو، ہندی کامن ریڈروں یعنی بول چال کی زبان کا معیار ڈاکٹر رام پرشاد ترپاٹھی ایم۔ اے کی تصنیف "اونکار ریڈر" سے بخوبی واضح ہوتا ہے:-

اُردو ایڈیشن

اونکار تعلیمی سلسلہ

اونکار ریڈر۔ تیسری کتاب

مصنفہ ڈاکٹر رام پرشاد ترپاٹھی۔ ایم۔ اے، ڈی۔ ایس۔ لندن سوسائٹی

(اُردو عبارت)

زبان نے سوچا اس طرح دب کر رہنے سے مرنا ہی اچھا ہے۔ بھیڑیا نے سوچا اس طرح دب کر رہنے سے مرنا ہی اچھا ہے۔ مجھکو نرمل دیکھکر دانت ہمیشہ ستایا کریں گے۔ وہ بھی بدلہ لینے کی گھات میں رہی۔ ایک دن ایک پہلوان کہیں سے آگیا، اسکو دیکھکر زبان بہت خوش ہوئی اور سوچنے لگی کہ بدلہ لینا چاہئے اس نے پہلوان کو گالیاں دینا شروع کیں، پہلوان کو غصہ آگیا اس نے منہ پر ایک ایسا گھونسہ مارا کہ چار دانت ٹوٹ گئے اور کئی ہل گئے۔ زبان نے دانتوں سے کہا اپنی کرتوت کا نتیجہ دیکھا! شیخی مارنے اور دوسروں کے ستانے کی یہی سزا ہے۔ ہم تم ساتھ کے رہنے والے ہیں، اسلئے ملکر رہنا ہی اچھا ہے۔ جھگڑا کرنے میں میرا اور تمہارا دونوں کا نقصان ہے۔

ہندی ایڈیشن

اونکار تعلیمی سلسلہ

اونکار ریڈر

تیسری کتاب

(ہندی عبارت)

بھیڑیا نے سوچا اس طرح دب کر رہنے سے مرنا ہی اچھا ہے۔ مجھکو نرمل دیکھکر دانت ہمیشہ ستایا کریں گے۔ وہ بھی بدلہ لینے کی گھات میں رہی۔ ایک دن ایک پہلوان کہیں سے آگیا، اسکو دیکھکر جیبھ بہت پرسن ہوئی اور سوچنے لگی کہ بدلہ لینا چاہئے۔ اس نے پہلوان کو گالیاں دینا شروع کیں، پہلوان کو کرودھ آگیا۔ اسنے ایسا گھونسا مارا کہ چار دانت ٹوٹ گئے اور کئی ہل گئے۔ جیبھ نے دانتوں سے کہا اپنی کرتوت دیکھا! شیخی مارنے اور دوسروں کو ستانے کا یہی پھل ہے۔ ہم تم ساتھ کے رہنے والے ہیں اس لئے ملکر رہنا ہی اچھا ہے۔ جھگڑا کرنے سے میری اور تمہاری دونوں کی ہانی ہے۔

آپ ملاحظہ فرمائیے۔ ایک ہی مطلب کو دونوں عبارتوں سے ایک سوال اٹھارہ لفظوں سے ظاہر کیا گیا ہے جس میں ایک سو تیرہ لفظ دونوں جانب مشترک ہیں صرف پانچ لفظوں کا فرق ہے جس سے زبان کی شکل تو کیا بدلے گی سُننے والا جب تک نہ سُنے دیکھا نہ جائے تمیز ہی نہیں کرسکتا کہ دونوں میں کچھ فرق بھی ہے۔ ہندی عبارت میں زبان کے بدلے جیبھ ہے اس کی چنداں ضرورت نہ تھی، کیونکہ زبان (ناک، کان، مناسب رطب کے سمجھتے ہیں چاہے وہ اُردو پڑھنے والے ہوں یا ہندی کے پڑھنے والے یا بالکل ان پڑھ۔ اسی طرح نرمل بجائے کمزور کے لکھنا بیکار ہے، کمزور ہندی والے طالب علم کے لئے اسی طرح مشکل ہے جس طرح اُردو کے طالب علم کو۔ کروودھ، پرسن کو ہندی پڑھنے

والا اُس کا غصہ، اور خوشی سے مثل سمجھتا ہے۔ اگر کسی بچے سے آپ پوچھئے کہ وہ کیا کہے گا؟ وہ فوراً کہے گا غصہ۔ اور پرسن کا بھی یہی حال ہے، اسکے متبادلے کا لفظ جو اُردو ریڈر میں آیا ہے یعنی خوش اسے بچے شاید اُسی وقت سمجھنے لگتے ہیں جب وہ بولنے اور باتیں کرنے لگتے ہیں۔ بس صاف ظاہر ہے کہ خوشی، مگر ور، ہندوستانی کیلئے عام حیثیت رکھتے ہیں یعنی بول چال کی زبان سے باہر نہیں ہیں اور کامن ریڈروں سے جو بول چال کا معیار ہیں خارج کرنے کے قابل قطعی نہیں ہیں۔ اب صرف دو لفظ رہجاتے ہیں یعنی پھل، اور پھان، اس کو ہندی سے مخصوص کرنا تحسالی اُردو سے بے خبری کی دلیل ہے اُردو میں ہزاروں متحول پرہان، الایچہ، پھل پھلاری بولا جاتا ہے پھل نتیجے کے معنی میں بھی آتا ہے ۔:- آج جو بوئے گا تو کاٹے گا کل

تیرے کاموں کے ملیں گے تجھکو پھل

پچ جو بوئے گا تو کاٹے گا کل تیرے کاموں کے ملیں گے تجھکو پھل

اسی طرح نتیجہ اور نقصان سے گنوار و شہری بھی واقف ہیں۔

پس ماننا پڑتا ہے کہ ہماری بول چال کی زبان میں اُردو ہندی کی کوئی تمیز نہیں ہے اور اگر کوئی فرق ہے تو وہ رسم خط کا فرق ہے اور رسم خط کے فرق سے نہ تو زبانیں بدلتی ہیں اور نہ وہ دو مختلف زبانیں کہلا سکتی ہیں۔ زبان اپنے ذخیرہ الفاظ (لغت) صرف و نحو کی بنا پر مختلف قرار پاتی ہے۔ اُردو، ہندی کی بول چال کی صورت میں جب الفاظ ایک، حروف عامل ایک، حروف مخائنہ ایک، حروف علامت و نشان ایک تو کیونکر ممکن ہے زبان دو ہو۔ اسی لئے ہندوستان کے حق پسند ہندو مسلمان اسے دو الگ زبانیں تسلیم نہیں کرتے۔ پنڈت رام نرائن ترپاٹھی نے صاف صاف اقرار کیا ہے کہ:-

بہت سے عربی فارسی کے شبدوں کا پریوگ اتنا بڑھتا جارہا ہے کہ اب اُن کے استھان سنسکرت یا پراکرت کے پریایاچی شبد (مرادف الفاظ) ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر رکھے جائیں تو بایں کچھ ارتھ (مطلب) ہی نہ نکلے گا یہ بھاشا اتنی کٹھن ہوجائے گی کہ سرب ساد مارن (عام لوگ) تو کیا شکچھت ہندو (تعلیم یافتہ ہندو) بھی کٹھنائی سے (مشکل سے) سمجھ سکیں گے۔ جیسے مزدور، وکیل، قسم، دوات، سیاہی، مسخرہ، نصیحت، چادر، صورت، طوطا پروجلاب، گلاب، تنگ، زین، رکاب، نعل، تبا، مستول، پردہ، دالان، تنخواہ، صحیح، غلط، ہوا، تازہ، کاریگر۔

اُوپر کے شبدوں (لفظوں) کے پریایاسے باچی (مرادف الفاظ) سنسکرت میں اوشیہ (ضرور) ہیں پر ہندی میں ان کا پریوگ (استعمال) بند ہوگیا ہے۔ اب پاٹھک کے استھان پر گلاب نے ادھکار جمالیا ہے۔

(کبتا کومدی، بھومکا۔ ہندی کا سنچیپت اتہاس صفحہ ۵۰)

پنڈت جی کی رائیں شخصی خیال کرکے ٹالی نہیں جاسکتیں اُردو اور ہندی ہر ایک کے حامی اس حقیقت کے خلاف ایک لفظ بھی بول نہیں سکتے اس بنا پر مسئلہ بالکل صاف ہوجاتا ہے کہ اُردو سے الگ رہ کر ہندی کے لئے کوئی راستہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟ پنڈت جی موصوف نے متذکرہ ذیل سطروں میں دونوں کی حدیں باندھنے کی کوشش کی ہے مگر یہ حد بول چال کی زبان کے لئے نہیں ہے البتہ کتابی اور تصنیفی ہندی کی مخصوص لفظوں میں تعریف ہے آپ کتاب مذکورہ بالا میں فرماتے ہیں:-

اُردو ہندی میں صرف اتنا ہی انتر ہے کہ ہندی ناگری لپی (رسم خط) میں لکھی جاتی ہے اور اس میں سنسکرت شبدوں کی بہتات (زیادتی) رہتی ہے اُردو فارسی رسم خط میں لکھی جاتی ہے اور اس میں فارسی و عربی شبدوں کی ادھکتا رہتی ہے

(صفحہ ۴۴۔ (بحث) ہندی۔ اُردو)

اُردو میں فارسی و عربی لفظوں کی کثرت تو پنڈت جی نے لکھدی ہے مگر انہیں یہ بھی تسلیم ہے کہ ہندی بھی اس مرض سے بچ نہ سکی اور پھر اُس کی اردو سے تمیز مشکل ہوگئی۔ وہ مسلمانوں کے اثر سے فارسی و عربی لفظوں کے میل جول کو غیر فطری تسلیم نہیں کرتے۔ اور نہ وہ یہ مانتے ہیں کہ مسلمان حکمرانوں نے لاتعداد الفاظ فارسی عربی کے ہندی میں ملا دیئے بلکہ وہ یہ بھی اپنی طرف سے اضافہ کرتے ہیں کہ مسلمانوں کے آنے سے پہلے فارسی و عربی لفظوں اور ہندی الاصل الفاظ کا میل ملاپ شروع ہوچکا تھا۔

مسلمانوں کے آنے کے پہلے یہاں کی بھاشا عربی، فارسی، ترکی شبد پر چلت تھے۔ یہ بات چندر برائی

کی کہتا ہے اسپشٹ (صاف) معلوم ہوتی ہے۔
جب مسلمانوں کا سنٹرگ (تعلق) اس دیش میں بڑھا تو اُن کی بھاشا کے بہت سے شبد ہماری بول چال میں بڑھ گئے۔ بول چال کے بچنے کیلئے ہندو مسلمان دونوں نے ہندی میں عربی و فارسی کے شبدوں کو ملنے دیا۔ شاہجہاں کے وقت میں اس مشرت (مرکب و مخلوط) بھاشا کا نام اُردو پڑگیا۔ اس کا پُرانا نام ریختہ بھی ہے۔
(کبتا کومدی۔ ہندی کا سنجھپت اتہاس صفحہ ۶۵)
مُصنفہ پنڈت رام نریش ترپاٹھی

یہ حوالے میں نے مدرسوں کی بول چال کی ریڈروں کو اُردو، ہندی کے تفریق اور تمیز سے آزاد کرنے کے سلسلے میں دیئے ہیں۔ اس ضمن میں ایک دلچسپ بات اور عرض کردوں۔ میرے دیکھے کے ہندی طلبا نے ہندی الاصل (دست کم) لفظوں کے سمجھنے کا ایک عجیب طریقہ نکالا ہے۔ وہ مطلعہ کے وقت میری توضیح کا انتظار نہیں کرتے۔ موقع استعمال سے سمجھنے کے بجائے اُردو عبارت میں آئے ہوئے ہندی نئے الفاظ کے بدل کو اُردو طالب علموں سے پوچھ لینے میں آسانی سمجھتے ہیں۔ مثلاً اِس مضمون میں اونکار ریڈر کی دی ہوئی ہندی عبارت کے پڑھنے والے لڑکے کو اگر کروہ دھ کا مقلب سمجھنا ہے تو وہ جھٹ ایک اُردو پڑھنے والے ساتھی کو پکارتا ہے۔ "بھائی موتی لال اپنی کتاب اُس جگہ سے پڑھو جہاں سے میں پڑھ رہا ہوں" وہ اپنی ہندی ریڈر کی عبارت کے ایک ایک لفظ کو منطبق کرتا چلا جاتا ہے جب اُردو طالب علم لفظ "غصہ" پر پہونچتا ہے تو وہ کہتا ہے بس رہنے دو معلوم ہوگیا۔ اور وہ سمجھ لیتا ہے کہ کروہ دھ، غصہ، ایک معنی رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہندی طلبا اپنی ہندی ریڈر میں آئے ہوئے ایک، دو، اِتنے، گئے لفظوں کو سمجھ لیا کرتے ہیں۔
اُردو کے طالب علم اس زحمت سے ایک حد تک آزاد رہتے ہیں، کیونکہ اُن کی ریڈر میں آئے ہوئے الفاظ فارسی و عربی ہوتے ہوئے معروف و مشہور ہوتے ہیں اور روزمرّہ زندگی میں سامنے آتے رہتے ہیں۔ مگر ہندی ریڈروں میں یوگی بجائے جوگی اور منتر بجائے میت کے آتا ہے اس لئے قرامت کے پردے سے پہچانے نہیں جاتے۔ نیچے ایسے لفظوں کو چھانٹ کر لکھتا ہوں۔ اس کے مقابل اُردو ریڈر کے ہم معنی الفاظ ہیں۔ مقابلے سے صاف ظاہر ہوجائیگا کہ بول چال کی کسوٹی پر ان دونوں میں سے کون صحیح اترتے ہیں:-

ہندی	اُردو	دیہاتی
رُچی	ذوق، شوق	جوگ سنوگ
پریشٹھا	تعریف	تاریفی
شتّرُ	دُشمن	دُسمن
کر	محصول	ماصول
ساد ھارن	معمولی	ماموٹی
اہو بھاگیہ	خوش قسمت	بڑی بھاگ
آگیہ	حکم	حُکم
سواستھیہ	تندرستی	تندُرہتی

اس طرح اُردو کا من ریڈر پڑھنے والا طالب علم اپنے ہندی خواں دوست کی مشکل نہایت آسانی سے حل کرتا ہے۔ شاید یہ غلط فہمی ہو کہ میں اُردو سے ہندی کے لفظوں کو خارج کرنے کی رائے دے رہا ہوں۔ مگر میرا منشا یہ ہرگز نہیں ہے۔ میری گذارش کا مقصد صرف یہ ہے کہ ہماری بول چال کی زبان صرف ایک ہو اور فارسی و عربی کے الفاظ اس میں اس قدر گھل مل چکے ہیں کہ اُن کی جگہ ڈھونڈھ کر سنسکرت لفظ رکھنے سے زبان فطری نہ رہ کر گھنت بھاشا ہو جاتی ہے جو سیکھنے کے لئے آسان نہیں ہوتی۔ چلن کے الفاظ کے استعمال سے زبان سہل بھی ہوتی ہے اور مزیدار بھی۔ اس کے خلاف بھاشا روکھی پھیکی اور مردہ معلوم ہوتی ہے۔ اگر اس لفظی تبادلے میں ہم لفظوں کے چلن کو ضروری نہ قرار دیں تو نہ صرف یہ کہ ایک ہندوستانی زبان کا خیال خواب ہو کر رہ جائے ملک ایک ایسی زبان پیدا ہوگی جو اپنے ماحول کے مطابق نہ ہو کر عجیب و سطحی کی زبان کا نمونہ ہوگی، اور ہماری اس قسم کی کوششیں پیچھے پڑنے کی دنیا میں نئی مثال بن جائیں گی۔

اس تصویر کو جو حال میں مستقبل کیسے بنایا جائے آگے بڑھکر دیکھنا لازمی ہے اور کم از کم کچھ نہیں تو حال سے آنکھیں ہرگز نہ بند کرنا چاہیے۔ کٹھن کو کاٹھنیہ اور بھلے ماس کے بدلے سجن، سجن کہنا عقل اور ترقی کے خیال کے بالکل خلاف ہے۔ اس لئے بول چال کی صورت کو بدلنا جس کی ابتدا اسکولی کامن ریڈروں سے ہو رہی ہے بہت مضر ثابت ہوگا۔ اس کا ایک نتیجہ تو ہمارے سامنے آچکا کہ دونوں زبانوں کے ادب میں ایک وسیع خلیج حائل ہوگئی ہے۔ یہی چند الفاظ جو اُردو، ہندی کامن ریڈروں میں ذریعۂ تمیز بنے ہوئے

میں آگے چلکر وہی نتیجہ پیدا کریں گے جو ایک لفظ پر ملنے والے فیل کے دو خط طے کرتے ہیں۔ یہ خطوط جو لیجیوں آگے بڑھتے جاتے ہیں ایک دوسرے سے دُور ہوتے جاتے ہیں۔ اسی طرح کی تفریق اُردو ہندی میں ہوتی جارہی ہے۔



بول چال کی زبان جو مدرسوں میں ہے اور جو کچھ اُس کی رفتار میں دُور اندیشی کے خلاف تبدیلی پیدا کی گئی ہے وہ اچھی طرح دکھاتی جاچکی ثابت ہوچکے کہ اگر ہم ہندی کو اُردو سے ملگ رکھنے کا خاص ارادہ نہ کریں تو جس طرح بولتے وقت اس کی صورت ایک ہے، اُسی طرح تحریری صورت میں بھی کوئی تمیز نہیں ہوسکتی۔ کوئی وجہ نہیں کہ زبان سے نکلنے والے الفاظ کو قلم کی زبان کچھ کا کچھ کردے۔ اگر ارادہ ہی کچھ اور ہو تو ساری بحث اور ساری دلیلیں بیکار رہوں گی۔ سوتے کو جگانا اور جگتے کو راہ لگانا آسان ہے مگر جو جاگتے ہوتے سوتا ہوا اور جان بوجھ کر انجان بنا ہوا ہے اُسکو ہزار جھنجھوڑیئے ہزار سر کھپایئے وہ آنکھیں بند رکھیگا۔

اب بول چال کے اُن حلقوں پر بھی نظر ڈالئے، اُن لوگوں کی گفتگو اور زبان پر غور کیجئے جن کو اپنے کسی خاص مقصد کی غرض سے بولنا پڑتا ہے۔ بحثی، لچھے کی طرح جنہیں تفنن طبع یا رُوز کلام ہی سے غرض نہیں جن کو شانِ ادبیت یا زور قلم دکھانے سے سروکار نہیں مثلاً اصول صحت سمجھانے والا ڈاکٹر، سپیشلسٹ انسپکٹر گاؤں سدھارک، اسکاؤٹ آرگنائزر، بیرسٹر، وکیل، مختار، تجارتی پروپیگنڈسٹ، عام پبلک سے ملنے جلنے والے مثلاً پان سگریٹ خوانچہ فروش، اسٹیشن کے قلی و مزدور۔ ظاہر ہے کہ ان کی زبان پر وہی الفاظ آئیں گے جو شستہ اور ادبیت نہ لگے کے لئے عام ہوگئے زبان کو محققی ان کی بول چال کو کبھی نظر انداز نہیں کرسکتا۔ اور ہندستانی زبان کی شکل ان کی گفتگو کو پیش نظر رکھنے پر ہی نمایاں ہوتی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ ان کی زبان میں فارسی وعربی کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ نہ تو فارسیت وعربیت کا غلبہ ہے اور نہ سنسکرت شبدوں کی بھرمار، نہ ٹھیٹ ہندی یا ٹھیٹ اُردو کا ٹھاٹ۔

حفظانِ صحت کے متعلق ڈاکٹر جو کچھ کہتا ہے اس میں بیمار کے بدلے اسوستھ، دوا یا علاج کے بدلے اوشدھ، استعمال کے بجائے سیون۔ ترکیب کی جگہ بدھی کہیں سُننے میں نہیں آتا۔ پورے لکچر میں آپ شکل سے دو ایک لفظ اصل سنسکرت کے نکال سکیں گے۔

اسکاؤٹ آرگنائزر کو بھی اپنے کام سے کام ہے۔ وہ کام کی باتیں کرتا ہے۔ ہوا میں لفظوں کی پھلجھڑی اُڑانا اُس کا مقصد ہرگز نہیں ہے۔ اُس کے مخاطب ہر قسم کے لوگ اور مختلف قسم کے لڑکے ہیں۔ آرگنائزر کی زبان میں جہاں تک ہندوستانی ہوتی ہے وہ اپنی بات کو ذہن نشیں کرانے یا خیال کی اشاعت میں اتنا ہی کامیاب ہوتا ہے اور اس کے خلاف عمل میں جو دشواریاں ہوتی ہیں اُس سے ہندوستانی اسکاؤٹ ارگنائزر صاحبان بخوبی واقف ہونگے۔ ہندوستان کے چیف اسکاؤٹ ارگنائزر پنڈت ہردے ناتھ کنزرو کی زبان اور اس کا جو غیر معمولی اثر اسکاؤٹنگ کی اشاعت میں جاوہ گر ہے اُسکے میں مثال میں پیش کرتا ہوں

تاجروں اور دوکانداروں کی گفتگو سرتاسر کتابی ہندی سے مختلف ہے میں اس کو فیصلہ آپ پر چھوڑتا ہوں کہ وہ کس زبان میں گفتگو کرتے ہیں مگر یہ تو صاف ظاہر ہے کہ اُن کی گفتگو جو کہ زبان عوام کا درجہ رکھتی ہے ہندی اور وہ ہندی ہرگز نہیں ہے جس کا بھارتیہ ساہیتہ پرشد نے ہنس کے ذریعے اعلان کیا اور جسے اب ودیارتھی مشین میں ڈھال کر ٹکسالی بتایا جارہا ہے۔ نیچے ایک مارواڑی بزاز کی گفتگو ایک گاہک سے ہو ہو بہو نقل کی جاتی ہے۔ اس گفتگو کو میں نے نوٹ کیا۔ اب اتفاق کیونکہ مجھے اُسوقت ہندوستانی زبان کے زندہ نمونے کی ضرورت تھی۔

مارواڑی:۔ بابو کہیے۔ کون سا کپڑا دیویا۔

بابو صاحب:۔ دام ٹھیک بتایئے تو کچھ بیٹھیں ورنہ فضول وقت میرے پاس نہیں ہے۔

مارواڑی بزاز:۔ (نوکر سے) بابو کے لئے کرسی لانا۔ بابو جی کھڑے ہوں انہیں ہوتا۔ فرامیٹھ جایئے۔ نفع کا کیا سوال ہے۔ پہلے آپ یہ تو فرمایئے کہ کونسا کپڑا آپ کو دکھاؤں۔

بابو:۔ تن زیب کا ایک تھان۔ زری کور کی ساڑیاں دو۔ کوئی اچھی وضع کی چھینٹ ریشم کے لائق۔

بزاز:۔ چھینٹ کے تھان یہ سب لگے ہیں۔ زمین قسم قسم کی وضع بھی ایک بڑھکر ایک جو پسند آئے دیدوں۔ (نوکر کو آواز دیتے ہوئے۔)

للو۔ زری کور کی ساڑیاں کئی میل کی اور تن زیب کو تھان اندر سے لاؤ۔

بابو جی۔ اس کی قیمت کیا؟ اور یہ کیا حساب ہے؟ اور یہ پورا تھان کتنے کا ہے؟ اس میں (ساری میں) محض کور ہی کور ہے۔

بزاز۔ خیر اسکو چھوڑ دیجئے۔ چھینٹ اور تن زیب کو بند ھوا دیں؟

بابو جی تقریباً دوکان پر پہنچ گئے تھے۔ دوکاندار کا خاصہ ہوتا ہے کہ ادھر کسی نے دوکان کی طرف دیکھا کہ "اُدھر سے آئیے بابو جی" سے خیر مقدم کیا۔ اپنی صاحبی کی لاج رکھنے کے لئے بابو صاحب نے ادھر اُدھر الٹ پلٹ کے جب پنڈ چھڑانا چاہا تو بزاز بولا۔

"کچھ لینا دینا ہے یا نہیں۔ پھول پریشان کرنے سے کیا فائدہ۔ ابھی تو عید بہت دن ہے۔ اتنی جلدی کیا ہے؟"

خدارا انصاف کیجئے۔ کیا زبردستی رائج کی جانے والی ہندی یہی ہے۔ موجودہ ہندی میں مہاجن کے آخری جملوں کا ترجمہ یہ ہوگا۔

آپ کے اچھا تو ساڑیٹر دو رگا۔ لابھ کا کیا پرشن ہے۔ اپنی رُچی تو بتلائیے۔ لینا دینا ہے یا نہیں۔ بیرتھ بیگر کرنے سے کیا لابھ؟ ابھی تو عید نکٹ نہیں ہے۔ اتنی شنکا کیوں؟

پھیری لگانے والے جو اپنے کو خوانچہ فروش کہتے ہیں اُنکا بھی یہی حال ہے۔ پوربی ضلعے جو اس مصنوعی ہندی کے لئے مرکز بنائے جاتے ہیں وہاں بھی مونگ پھلی جاڑے کی بہار، چنے مزیدار مسالے دار کی آواز کانوں کو بھاتی ہے۔ حلوائی بھی شواد کے بدلے سُواد کہتا ہے اور لذّت کے لفظ سے اپنی مٹھائی کو زیادہ لذیذ بناتا ہے۔ تب کو فروش، اوٹو دل بہار، خیرہ خوشبو دار کے اشتہار سے حقے بازوں کو ہیجین کرتا ہے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ خود دیکھ لیجئے کہ زبان کا رُخ کدھر ہے۔ آخر بات کیا ہے جو الفاظ ہم ایک لمبے چوڑے میٹھی خوشی بولتے تھے آج کیوں ہماری باتوں پر نہیں چہکتے۔ کیا ہم دُکھ اور دُکھتی کو دودھ اور گھی کے مقابل کیوں نظر انداز کرتے ہیں۔ سبب یہ ہے کہ ہماری اطبیعت کو میلان حُسن کی جانب سے راہ میں چلتے چلتے ٹھوکریں کھاتے ہوئے انکھوں میں سے خوش وضع اور چکنے چمکیلے چیزیں ہم اٹھا لیا کرتے تھے اور کور دار، بدوضع پتھروں کو چھوٹی آنکھ سے بھی نہیں دیکھتے تھے۔ یہی میلان بڑے ہونے پر بھی قائم رہتا ہے۔ ہم میں سے جو جاہل اور غیر مہذب ہیں وہ کند ناتراش کہلاتے ہیں۔ وحشیانہ حرکتیں دیکھکر ہر مہذب ہنس دیا کرتا ہے۔ جس طرح پتھر کی چکنی ڈلی کے مقابل اَن گڈھ اور کڈھب کنکر پتھر ہمیں کھٹکتے تھے غیر مہذب انسان کی غیر مہذب حرکتیں بھی ہمیں کھٹکتی ہیں۔ ادب اور زبان میں بھی یہی انسانی فطرت کارفرما ہے جو لفظوں کی قدر ہم شکلوں کو دیکھنا اور سننا پسند نہیں کرتی۔ 'دُکھ' آج 'دودھ' کے مقابل اَن گڑھ ہے، ناتراش ہے اور اُس میں وہ لوچ اور روانی نہیں ہے۔ اسی فطرت اور میلان نے 'کاریہ' کو 'کارج' کا اور 'سُوریہ' کو 'سُورج' کا شگفتہ رُوپ دیا۔ اس لئے فطرت کی پیروی کو ہی زبان کی سچی خدمت کہہ سکتے ہیں۔ لفظوں کی یہ شکلیں مرور ایام کی بدولت ایسی ہوئیں۔ جو لوگ زبان کی چلتی ہوئی روش کو روکنا چاہتے ہیں وہ قدرت سے پہلے جنگ کرکے دیکھ لیں۔ جب گلیشیر برف کی چادروں پتھر کی سلوں کو محفوظ نہ رکھ سکا تو بھلا زبان کا بہتا ہوا دریا ساحل پر کیا رحم کرے گا۔ اُس لئے میں اُن کو حق بجانب سمجھتا ہوں جن کی کوششیں قدرتی رو کے موافق ہیں۔ اور اُن انجینیروں کی کوشش میں ہمیشہ مضحکہ انگیز سمجھوں گا جو ایک طرف دریا کی گھٹ بندی کر رہے ہیں اور دوسری طرف اُس کا رُخ اُلٹا پھیرنا چاہتے ہیں۔ گرچہ وہ اپنے زعم باطل میں کامیابی کا خواب دیکھ رہے ہیں۔

چراغ علی

صمدانی۔ ناکارہ حیدرآبادی کی تہمتہ خیز کتاب "صمدانی" پڑھیے۔ جس میں مندرجہ ذیل مضمون شامل ہیں۔ چچا آباء۔ مس شہاب ثاقب۔ تماشے پر تماشہ۔ مشرقی اور مغربی تہذیب کی ٹکر۔ ناشادی۔ حمدانی۔ بی۔ اے بی بی۔ ہر مضمون کشتۂ زعفران ہے بسنجیدہ ظرافت کے ایسے پاکیزہ اور دلکش مضامین آپ نے کسی اور مزاح نگار کے نہیں پڑھے ہوں گے۔ لطف یہ ہے کہ ہر مضمون بجائے خود ایک مکمل افسانہ ہے اور سارے مضمون ملکر ایک طویل و لطیف افسانہ بن جاتے ہیں۔ گویا ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔ ناممکن ہے "صمدانی" کے مطالعہ کے بعد آپکی افسردگی باقی رہ جائے۔ اُردو کی بہترین مزاحیہ کتابوں میں سے "صمدانی" بھی ایک ہے۔ قیمت عہ محصول ڈاک ۵ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بکڈپو۔ دہلی ۶

ریل کا سفر

میر تو عورت ذات پر وے کی بیٹھنے والی ٹھیری میرا تو ذکر کیا، تقدیر سے جس کے پلّے بندھی وہ بھی ایسے گھر گھسنے ہیں کہ باہر جانے کے نام سے دشمنوں کا بُرا حال ہو جاتا ہے۔ دس برس سے خاصے تین روپے کے نوکر تھے۔ صاحب نے کہیں باہر کی بدلی کر دی۔ بس پھر کیا تھا دفتر سے جو آئے تو بخار چڑھ آیا۔ دست چھٹ گئے۔ اماں جان نے جو سنا تو سارا گھر سر پر اٹھا لیا: "مجھ سا لگے ایسی نوکری کو، صدقے کئے تھے یہ تمیں روپلی۔ بڑا جوانا مرگ پردیس بھیجنے والا آیا۔ اس بندی کا ایک تو پھوٹا ہے۔ نا بابا مجھے اپنے بچے کی جان پیاری ہے۔ روزگار پیارا نہیں۔" آخر صاحب کو بھی ضد ہو گئی۔ یا وہ باہر جائیں یا نوکری سے ہاتھ دھوئیں۔ میں کیا سمجھاتی۔ میری رُوح سفر سے خود کانپتی تھی۔ وہ جاتے تو مجھ کو بھی جانا پڑتا۔ مدعا یہ کہ نوکری چھوٹ گئی۔ وہ تو خدا بخشے ابّا جان پانچ سات مکان چھوڑ مرے تھے جو گزارہ چل رہا ہے۔ اور اب تم دو میاں بیوی اور ایک چھ برس کا بچہ تین دم ہیں۔ خدا والی روٹی دے دیتا ہے۔ آرام سے کھا لیتے ہیں۔

تمیں سال کی ان کی عمر ہے اور میں بھی بچے والی ہو گئی ہوں مگر بہن چار پیسے دے دلی پر بھی جانے کا بہانہ نہیں پڑتا۔ ایک دو دفعہ بہت کر کے ان سے کہا بھی کہ دیکھنا بڑے خواجے کے عرس میں جانے کیلئے دل بھر آتا ہے۔ حج تو ہمارے نصیب میں کہاں جیتے جی ان پیروں کی زیارت تو کر لیں۔ لیکن بوا وہاں جانے کیلئے ریل میں بیٹھنا پڑتا ہے۔ اتنا ہی گردہ خدا نے ان کا ہے نہ میرا کہ وہ مجھ کو ساتھ بھیجیں اور میں مردوں کی بھیڑ میں اُنکے ساتھ جاؤں۔ جب لوگوں سے ریل کے تماشے اور دوستوں شہروں کی بہار سنتے ہیں اُن کے منہ میں بھی پانی بھر آتا ہے اور میں بھی چاہتی ہوں کہ ایک دفعہ تو ضرور ریل میں بیٹھیں۔ اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا۔ ساری دنیا ریل میں بیٹھتی ہے۔ بوڑھے بالے، بڑھیاں، جوانیں سبھی روز چلی جاتی ہیں۔ بلی آفتی میں کیا ایک ہمیں کو ریل کھا جائیگی۔

بہن اتفاق دیکھو، گئے جمعہ کو وہ جو باہر سے آئے تو انکے ہاتھ میں ایک گلابی رنگ کا کاغذ تھا۔ مجھے دکھا کر کہنے لگے: "لو بی تمہاری دُعا اللہ میاں نے سُن لی۔ خالو ابّا کا دلّی سے تار آیا ہے۔ حمید کو گھوڑی چڑھائیں گے۔ ہم دونوں کو بُلایا ہے۔" میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ بھونچکا ہو کر بولی "یہ دُعا قبول ہوئی ہے یا بد دعا۔ مجھ بندی کو تو معاف رکھو۔ تم برسوں سے ریل کیلئے تڑپ رہے تھے۔ خدا نے یہ دن دکھایا۔ جم جم جاؤ۔

و:۔ اور تم نہیں چلوگی؟

میں:۔ دم خشک کرنے سے کیا فائدہ۔ جی بھر گیا ہے تو ایک دفعہ ہی گلا گھونٹ دو۔

و:۔ ہمیشہ کہا کرتی تھیں کہ یا اللہ ریل کیسی ہوتی ہے جو اتنی مخلوق کو دن رات لئے پھرتی ہے۔ اب جو خدا نے یہ موقع دیا ہے تو انکار کرتی ہو۔ عجب قسم کی عورت ہے۔ ڈر کا ہے کا۔ ایک ذرا ہچکچاہٹ ہے میں کہتا ہوں کہ تمہارے سب سے میں بھی ریل میں بیٹھ لونگا۔

میں:۔ تم شاباش ان مردکی ذات ہو۔ پھر جب سے نوکری چھوڑی ہے اور مردوں میں زیادہ ٹھکٹھ بھٹک رہتی ہے تمہارا دیدہ موٹا ہو گیا ہے۔ جاؤ شوق سے جاؤ۔ میں منع کرتی ہوں۔ چاہے یوسف کو بھی ساتھ لے لو مگر مجھے نہ ستاؤ اور مجھ سے جی بھر گیا ہے تو ویسی کہو۔ مجھ میں تو یہ ہوتا نہیں ہے کہ اس بگوڑی کالی دیوتی کے چنگل میں پھنسوں سُنا ہے موئی آندھی کے بگولے کی طرح چلتی ہے۔ درخت نہیں سوجھتے۔ زمین چکراتی ہوئی نظر آتی ہے۔ میری تو جان فنا ہو جائیگی۔ آگ لگاؤں ایسی سیر کو جھیلا دوں ایسے سفر کو۔

و:۔ اور میری جان کو تم نے جان ہی نہیں سمجھا ہے۔ اری نیک بخت مریں گے تو دونوں ساتھ مریں گے۔

میں:۔ لیکن کس برتے پر ہاں کروں۔ آخر تم کو ایسی کیا پچ آ پڑی ہے تم نہ جاؤ گے تو کیا خالہ جان کی ہیٹی ہو جائیگی۔

و:۔ ہمارے جانے نہ جانے سے ہوتا بھی کیا ہے۔ لیکن سمجھو تو سہی ہمیں بھی اس دنیا میں رہنا سہنا ہے۔ ہمارے آگے بھی خدا رکھے لڑکا ہے۔ اس کی شادی تم کو کرنی ہے یا نہیں۔ اگر ہم کسی کے مرنے جینے، شادی غمی میں شریک نہ ہوں گے تو ہمارے ہاں آکر کون تھوکے گا۔ بھائی بندوں کے دم سے ایسے موقعوں کی رونقیں ہوتی ہیں۔

ساقی کا سالانہ چندہ پانچ روپیہ ہے
جس میں اسکے تمام خاص نمبروں کی
قیمت بھی شامل ہے

جُرعات

ساقی میں اردو کے بہترین انشاپردازوں
کے مضامین شائع ہوتے ہیں۔ سکنڈ حولی
پر چھپتی ہے اور ہر نئے صفحے کا ہوتا ہے

جلد ۱۷ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ مئی ۱۹۳۸ء | نمبر ۵

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	ڈاکٹر سر محمد اقبال	شاہ	(۲)
(۲)	دورِ حاضر اور اردو غزل گوئی	ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی: (لندن)	(۳)
(۳)	پیامِ دلفگار بنامِ دلفگار	ایک دلفگار	(۱۷)
(۴)	صیدِ ہوس	جناب صادق الخیری دہلوی۔ ایم۔ اے	(۱۸)
(۵)	قطعات	جناب اختر انصاری۔ بی۔ اے (آنرز) بی۔ ٹی	(۲۳)
(۶)	بوسہ	جناب گنگا دھر ناتھ فرحت کانپوری۔ بی۔ اے، ایل ایل۔ بی	(۲۴)
(۷)	سچی کہانی	"پریم پجاری"	(۲۵)
(۸)	سوزِ نا تمام	جناب ماہر القادری	(۳۲)
(۹)	ہماری مغرب پرستیاں	جناب مرزا سیف علی خاں	(۳۳)
(۱۰)	گاؤں اور شہر	جناب بہزاد لکھنوی	(۳۸)
(۱۱)	نکات	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۴۰)
(۱۲)	بچپن	محترمہ عصمت چغتائی۔ بی۔ اے	(۴۱)
(۱۳)	کیفِ جمال	جناب کاوش حیدرآبادی	(۴۴)
(۱۴)	زندہ اور فطری زبان	جناب چراغ علی صاحب	(۴۵)
(۱۵)	نغمات	پروفیسر رگھوپتی سہائے فراق۔ ایم۔ اے	(۴۹)
(۱۶)	عورت	جناب اثر۔ بی۔ اے (علیگ)	(۵۰)
(۱۷)	افسانہ نویسی	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ بی۔ اے، ایل ایل۔ بی	(۵۷)
(۱۸)	ڈاکٹر کا استعمال	جناب ممتاز مفتی۔ بی۔ اے	(۶۱)
(۱۹)	ایک وادی سے گزرتے ہوئے	جناب جاں نثار اختر۔ بی۔ اے (علیگ)	(۶۶)
(۲۰)	بربادِ تمنا	جناب نسیم جہانگیر نگری	(۶۷)
(۲۱)	پروین	محترمہ اختر اشفاق علی	(۷۱)
(۲۲)	آرٹ اور اخلاق	جناب حفیظ نعیمی۔ بی۔ اے	(۷۷)
(۲۳)	پنہاری	جناب الطاف مشہدی	(۸۷)
(۲۴)	آستیں کریم	جناب ریاض الدین احمد۔ ایم۔ اے، بی ٹی	(۸۸)
(۲۵)	کتاب پر مقدمہ	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے	(۹۰)
(۲۶)	علامہ سر محمد اقبال	جناب یوسف رضا بدایونی	(۹۲)

ڈاکٹر سر محمد اقبال رح

Dr. Sir Mohammad Iqbal

۲۱ اپریل کی منحوس صبح نے یہ غمناک خبر سنائی کہ علامہ اقبال ہم سے چھین لئے گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال کی بے وقت موت پر جتنے بھی آنسو بہائے جائیں کم ہیں۔ اُنکی جُدائی کا صدمہ ہمیں اس لئے اور بھی زیادہ ہے کہ ہمیں اِس وقت اُن کی سب سے زیادہ ضرورت تھی ع۔

اے بسا آرزو کہ خاک شُدہ

اقبال جیسا فلسفی، اقبال جیسا شاعر، اقبال جیسا قوم پرست، اقبال جیسا مسلمان صدیوں میں پیدا ہوتا ہے۔ ایسے عالمِ باعمل کی موت پر ع۔

شکوہ اللہ سے خاکم بدہن ہے مجھکو

لیکن جو موت کے چنگل میں پھنس کر بھی یہ کہے کہ "مجھے موت کا ڈر نہیں ہے کیونکہ میں مسلمان ہوں" اُس کی موت بھی حیاتِ تازہ ہے۔ کیسی لائقِ رشک موت جس پر ہزاروں زندگیاں قربان۔ اللہ تعالیٰ مرحوم پر اپنی رحمت کے پھول برسائے۔

"شاھد"

اقبال کی سُنانی سنکر

کیا پوچھتے ہو حال مسلمانوں کا — دل ہو گیا پامال مسلمانوں کا

اسلام غریب ہائے اسلام غریب — رخصت ہوا اقبال مسلمانوں کا

میرزا یگانہ لکھنوی

(بسلسلۂ ماسبق۔ نمبر ۲)

دورِ حاضر اور اُردو غزلگوئی

غزل کی "تنگ دامانی"

بقدرِ شوق نہیں ظرفِ تنگنائے غزل — کچھ اور چاہیے وسعت مرے بیاں کیلئے — غالب
آج جوہر ہیں دل کے قاش فروش — کاش کچھ اور قافیے ہوتے — مولانا محمد علی جوہر مرحوم

رگھوپتی سہائے صاحب، فراق، ایم۔ اے۔ گورکھپوری کے اس دعوے کے باوجود کہ "تنگنائے غزل میں لامحدود وسعتیں ہیں" غزل کی "تنگ دامانی" سے انکار ممکن نہیں۔ فراق صاحب کو چونکہ غزل بہت محبوب ہے لہذا اُسکے مُسلّمہ عیوب بھی اُنہیں محاسن ہی نظر آتے ہیں، اور یہ کوئی نئی بات نہیں، نہ اس پر کسی کو اعتراض کی ضرورت ہے۔ رہ گیا نقاد، تو ظاہر ہے کہ وہ لیلیٰ کو مجنوں کی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ لیلیٰ اگر واقعی کالی ہے تو نقاد یہ کہنے پر مجبور ہے کہ لیلیٰ کالی ہے۔

غزل کی اس "تنگدامانی" کی ذمہ دار خصوصیت کے ساتھ دو چیزیں ہیں:۔

(۱) ہر مضمون کے لئے صرف دو مصرعوں کا قالب۔

(۲) قافیہ و ردیف۔

اِن قیود کے ہوتے ہوئے غزل میں وسعتوں کا وجود اس وقت تک قابلِ تسلیم نہیں جب تک اُسے عرضِ عیار کی کرامانی زنبیل نہ مان لیا جائے۔ فراق صاحب نے یہ ثابت کرنے کی بہت کوشش کی ہے کہ غزل کا ایک شعر، بشرطیکہ وہ ایک کامیاب شعر ہو، سُننے والوں پر وجد کی کیفیت طاری کر دیتا ہے ہمیں بھی فراق صاحب کی اس رائے سے کامل اتفاق ہے۔ لیکن اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ ظرفِ غزل میں اتنی وسعتیں موجود ہیں جتنی ایک بلند پرواز شاعر کے تخیل کے لئے درکار ہیں۔ غالب اور جوہر نے مندرجہ صدر اشعار میں غزل کی اسی کوتاہی کا شکوہ کیا ہے۔

غزل گو شاعر اس بات پر مجبور ہے کہ اُسے جو کچھ کہنا ہے وہ دو مصرعوں میں کہدے۔ ظاہر ہے کہ بعض مضامین مختصر ہونے کے باوجود بھی کسی طرح دو مصرعوں میں نہیں سما سکتے لیکن شاعر بیچارے کے پاس جو سانچا ہے اس میں دو ہی مصرعوں کی گنجائش ہے۔ ناچار وہ ہر مضمون کو کھینچ تان کر، توڑ مروڑ کر، کاٹ چھانٹ کر، جس طرح بھی ممکن ہوتا ہے انہیں دو مصرعوں میں ٹھونس دیتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مضمون کے بعض حصے بیان ہو جاتے ہیں، بعض رہ جاتے ہیں۔ اگر چھوٹ جانے والے حصے مقتضائے حال اور قرینے سے سمجھ میں آ گئے تو خیر، ورنہ شعر مہمل ہو گیا اور بالفرض مہمل نہ بھی ہو تو پورے طور پر بیان نہ ہو سکنے کی وجہ سے مضمون کا سارا لطف خاک میں مل جاتا ہے۔ مرزا غالب کا ایک مشہور شعر ہے:۔

تجھ سے تو کچھ کلام نہیں لیکن اے ندیم — میرا سلام کہیو، اگر نامہ بر ملے

علامہ نظم طباطبائی مرحوم نے اس شعر کی شرح اس طرح کی ہے:-

"تجھ سے تو مجھے کچھ شکایت نہیں، لیکن نامہ بر کو میرا اسلام شکایت آمیز پہونچا دینا"

اور مولانا حسرت موہانی اپنی شرح میں لکھتے ہیں کہ:-

"نامہ بر سے میرا اسلام کہیو، اپنی بطور ضمن کے، کہ واہ کیا خوب ہمارا کام کیا"

ان دونوں بزرگوں نے شعر کا وہی مطلب بیان کیا ہے جو الفاظ سے سمجھ میں آتا ہے۔ لیکن مرزا غالب اگر شارحین کی زبان سے اپنے اس "حرکتِ آثار" شعر کا یہ مختصر مطلب سنتے تو یقیناً اپنا سر پیٹ لیتے اور اپنے کلام کی ایسی ناقص شرحوں کو سوختنی قرار دیتے۔ اب سنیئے کہ مرزا خود کیا کہتے ہیں:-

"یہ مضمون کچھ آغاز چاہتا ہے۔ یعنی شاعر کو ایک قاصد کی ضرورت ہوئی لیکن کھٹکا یہ کہ قاصد کہیں معشوق پر عاشق نہ ہو جائے ایک دوست اس عاشق کا ایک شخص کو لایا اور اس سے کہا کہ یہ آدمی وضعدار اور معتمد علیہ ہے۔ میں ضامن ہوں کہ یہ ایسی حرکت نہ کریگا۔ خیر اس کے ہاتھ خط بھیجا گیا۔ قضا را عاشق کا گمان سچ ہوا۔ قاصد مکتوب الیہ کو دیکھکر والہ و شیفتہ ہو گیا۔ کیسا خط، کیسا جواب، دیوانہ بن، کپڑے پھاڑ، جنگل کو چل دیا۔ اب عاشق اس واقعہ کے وقوع کے بعد ندیم سے کہتا ہے کہ غیب داں تو خدا ہے، کسی کے باطن کی کسی کو کیا خبر۔ اے ندیم تجھ سے کچھ کلام نہیں، لیکن اگر نامہ بر کہیں ملے تو اس کو میرا سلام کہیو کہ کیوں صاحب تم کیا کیا دعوے عاشق نہوانے کے کر گئے تھے اور انجام کار کیا ہوا"[1]

فراق صاحب ہوں یا کوئی دوسرے صاحب، اگر الفاظ کی مدد سے غالب کے اس شعر کا مطلب بیان کرنا چاہیں گے تو قریب قریب وہی کہیں گے جو نظم اور حسرت نے کہا۔ لیکن غالب کی اپنی تشریح سے ظاہر ہے کہ ان لوگوں کا بیان کیا ہوا مطلب بالکل ناقص ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس نقص کا ذمہ دار کون ہے؟ شارحین کا قصورِ فہم یا مرزا غالب کا اندازِ بیان؟ ہمارے نزدیک شارحین کا قصور ہے نہ مرزا غالب کا بلکہ اس ساری خرابی کا سبب خود غزل کی وضع اور اس کے ظرف کی تنگی ہے۔ آخر اتنا بڑا مضمون دو مصرعوں میں کیسے سماتا۔

دوستوں کی ایک مخصوص صحبت میں دورِ حاضر کے ایک نامور غزل گو شاعر نے اپنی ایک معرکہ کی غزل سنائی۔ جب وہ اس شعر پر پہونچے:-

غم سے دل خون ہو اور آنکھ میں صہبائے نشاط　　یہ کہیں میرے ہی تخئیل کی پرواز نہ ہو

تو بعض سامعین پر ایک وجد کی کیفیت طاری ہو گئی اور تحسین و آفریں کے شور سے فضا گونج اٹھی۔ میں حیرت سے سب کا منہ تک رہا تھا۔ اور اپنی کوتاہ فہمی پر بیحد متاسف تھا کیونکہ اس شعر کا مطلب میری سمجھ میں نہیں آیا تھا۔ شاعر صاحب جو کسی وجہ سے مجھے سخن فہم سمجھتے تھے، میرے سکوت سے آزردہ ہو کر فرمانے لگے کہ شاید آپ کو یہ شعر پسند نہیں آیا۔ میں نے عرض کیا کہ کوئی شعر کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو جب تک اس کا مطلب میری سمجھ میں نہ آئے مجھے پسند نہیں آتا۔ میں تو ابھی یہی سوچ رہا ہوں کہ اس کا مطلب کیا ہے خصوصاً دوسرے

---

[1] ۱۹۱۸ء میں نظامی پریس بدایوں سے جو دیوانِ غالب شائع ہوا تھا اس میں مرزا غالب کے ایک خط کا نوٹ بھی شامل ہے۔ یہ عبارت اسی خط سے نقل کی گئی ہے۔ شاوانی

مصرع میں "یہ" سے کیا مراد ہے؟ شکر ہے کہ انہوں نے میرے قول کو باور کیا اور فرمایا کہ ہاں اس شعر میں ذرا سی گنجلک ضرور ہے۔ چونکہ اس کا تعلق ایک واقعہ سے ہے اسلئے اس کا جاننا لازمی ہے ورنہ پورا لطف نہیں آسکتا۔

واقعہ یوں ہے کہ کسی وجہ سے شاعر کو یقین ہوگیا ہے کہ اُس کی محبوبہ زلیخا وار اس کی پرستار ہے لیکن درمیان میں مشکلات کے سر بفلک پہاڑ حائل ہیں۔ ملاقات ممکن نہیں۔ اندوہِ جدائی نے اُس کے نازک دل کا خون کر دیا ہے۔ ایک دفعہ شاعر نے اُسے دیکھا اور قریب سے دیکھا۔ محبوبہ کی آنکھیں جوش نشاط سے چمک رہی تھیں۔ تبسم پیہم مسرتِ قلبی کا آئینہ دار تھا، چہرہ پر شادمانی کے ہر گونہ آثار موجود تھے۔ یہ عالم دیکھکر شاعر کا دل دھک سے ہوگیا۔ اس کا خیال تھا کہ کاہشِ فراق نے اس کی محبوبہ کو غم کا پُتلا بنا دیا ہوگا۔ آنکھوں سے اندوہ و ملال ٹپکتا ہوگا۔ چہرے سے یاس برستی ہوگی۔ مگر معاملہ بالکل برعکس تھا۔ اب اُسے خیال آیا کہ شاید میں خود فریبی میں مُبتلا ہوں۔ شاید یہ محض میرے تخیل کی کارفرمائی ہے کہ میں اپنی محبوبہ کو اپنا وارفتہ تصور کرتا ہوں اور یہ فرض کر لیا ہے کہ جس طرح اندوہِ فراق نے میری جان پر بنا دی ہے، اسی طرح اُسے بھی خون در جگر کر رکھا ہے۔ اگر یہ واقعہ ہوتا یعنی غمِ الفت نے اُسے اس درجہ ستایا ہوتا جتنا میں سمجھ رہا ہوں تو چہرہ پر اس قدر خوشی کے آثار کا پایا جانا ناممکن تھا۔ دوسرے مصرع میں "یہ" سے شاعر کا یہ مفروضہ مُراد ہے کہ "میری محبوبہ بھی مجھے بے طرح چاہتی ہو اور غمِ الفت سے اُس کا بھی دل خون ہوگیا ہو"۔

ظاہر ہے کہ اگر کوئی اِن تمام واقعات سے آگاہ نہ ہو تو اُس کے لئے محض شعر کے الفاظ سے اس مفہوم کا سمجھنا قطعاً ناممکن ہے۔ اس میں شک نہیں کہ شاعر نے بڑی محنت سے شعر کو مرتب کیا ہے لیکن دو مصرعوں میں آخر اتنا ہی مضمون تو سما سکتا ہے جتنی اُن میں گنجائش ہے۔ مضمون کے بعض حصے چھوٹ جانے کی بنا پر شعر ایک چیستاں بنکر رہ گیا۔ لیکن یہ شاعر کا قصور نہیں۔ ایک اُسی پر کیا منحصر ہے "بادشاہ متغزلین" یا خود جناب فراق بھی چاہیں تو دو مصرعوں کے ظرف و پیمانے میں اس سے زیادہ مضمون کسی طرح ادا نہیں کر سکتے۔ بخوفِ طوالت صرف اِن دونوں مثالوں پر اکتفا کی گئی ورنہ ہر "استاد" اور "چوٹی کے غزلگو" کے یہاں ایسے اشعار کافی تعداد میں موجود ہیں جو یا تو سرے سے مہمل ہیں یا مضمون پورے طور پر ادا نہیں ہو سکا جس کی وجہ سے اُس کا سارا حُسن اور لطف خاک میں مل گیا۔

تعجب ہے کہ اتنی موٹی بات حامیانِ غزل کی سمجھ میں نہیں آتی کہ جب سب کچھ انہیں دو ہی مصرعوں میں کہنا ہے تو غزل میں ہر چھوٹے بڑے خیال کو کس طرح پیش کر سکتے ہیں۔ بارہا ایسا ہوتا ہے کہ ایک نہایت لطیف مضمون غزلگو شاعر کے ذہن میں آتا ہے لیکن جب وہ غزل کے ایک شعر میں اُسے نظم کرنا چاہتا ہے تو ممکن نہیں ہوتا۔ دو مصرعوں کا لباسِ کوتاہ مضمون کے قامتِ بلند پر ٹھیک نہیں آتا۔ ناچار وہ اُس سے صرفِ نظر کرتا ہے۔ اس طرح غزل اپنی وضع اور ساخت کی بنا پر بہت سے خوبصورت مضامین سے محروم رہ جاتی ہے۔ ہمارا یہ مقصد ہرگز نہیں کہ غزل کا یہ عیب اتنا بڑا ہے کہ اُس کے تمام محاسن سے چشم پوشی کر کے اُسے مردود قرار دیا جائے۔ غزل بلاشبہ ایک جمیل صنفِ سخن ہے مگر اُس کے ظرف کی تنگی سے انکار ممکن نہیں۔ اس کی مثال ٹھیک ایک خوبصورت عورت کی سی ہے جس کے بال بہت چھوٹے ہوں۔ یہ تو کوئی نہیں کہہ سکتا کہ وہ خوبصورت نہیں لیکن ساتھ ہی یہ بھی ماننا پڑیگا کہ اُس کے بال بہت چھوٹے ہیں۔

الغرض غزل کی وضع نے جو تنگیاں اس میں پیدا کر دی ہیں اس کا اثر تین شکلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔

(۱) بعض مضامین کا لطف اور حسن فنا ہو جاتا ہے۔

(۲) بعض اشعار مہمل ہو کر رہ جاتے ہیں۔

(۳) بعض خوبصورت مضامین ترک کر دئے جاتے ہیں۔

غزل کی تنگ دامانی کا دوسرا سبب قافیہ اور ردیف ہے۔ اس سلسلہ میں بھی فراق صاحب نے بہت سی غیر متعلق اور مغالطہ انگیز باتیں کہی ہیں۔ مثلاً وہ نقاد پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

"غزل کیلئے قافیہ و ردیف کو غلط اور غیر فطری بتانا اور خاقانی کے قصائد اور فردوسی کی مثنوی، عمر خیام کی رباعیوں اور نظم گو شعرا کے مسدس، قطعات اور منظومات میں ردیف و قافیہ کو صحیح سمجھنا عجیب بات ہے"

قافیہ و ردیف سے بحث کرتے ہوئے غزل اور مثنوی کا مقابلہ کرنا اور دونوں میں قافیہ و ردیف کی قیود کی اہمیت اور دشواریوں کو مساوی قرار دینا بہت ہی عامیانہ بات ہے۔ اوّل تو مثنوی کے ہر شعر میں ردیف کا ہونا لازمی نہیں۔ صرف قافیہ ہی سے کام چل جاتا ہے اس کے علاوہ مثنوی کے قافیہ میں بھی غزل کی سی پابندی نہیں۔ ہر شعر کا قافیہ علیحدہ ہوتا ہے۔ شاعر کو اختیار ہے کہ مضمون کی مناسبت سے جو قافیہ چاہے اختیار کرے۔ اس بنا پر اس کے قافیوں کا ذخیرہ غیر محدود ہوتا ہے۔ اس کے برعکس غزل گو شاعر جس زمین میں غزل لکھ رہا ہے اُسی زمین کے مقررہ، اور مخصوص و محدود قافیوں میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے پر مجبور ہے۔ مثلاً اگر غزل کے لئے یہ مصرع طرح تجویز کیا جائے کہ:۔

کیا خوب ہے کلام جناب فراق کا

اور لفظ فراق کو قافیہ قرار دیں تو غزل گو مجبور ہے کہ فراق، ایاق، بلاق، طلاق، چاق، مراق وغیرہ قوافی اختیار کرے، اب جو مضامین ان الفاظ میں بیان کئے جا سکتے ہیں وہی بیان ہو جائیں گے۔ باقی رہ جائیں گے۔ اس طرح گویا غزل گو شاعر قافیہ کا غلام ہے۔

رباعی میں بھی شاعر کو اختیار ہے کہ اپنا مفہوم ادا کرنے کیلئے تین یا چار قافیے اپنی پسند، ضرورت اور سہولت کے مطابق انتخاب کر لے۔ مسدس میں بھی ہر بند کے لئے صرف چار ہم قافیہ لفظوں کی ضرورت ہوتی ہے یہاں بھی شاعر کو انتخاب کا اختیار حاصل ہے۔ مضمون جس قافیہ کو چاہتا ہے وہی قافیہ شاعر اختیار کرتا ہے۔ لیکن غزل میں اس کا امکان نہیں ضرورت ہے "وصال" کی مگر درپیش ہے "فراق"، شاعر بیچارہ کرے تو کیا کرے۔ یا تو "وصال" سے درگذرے یا پھر وصال کو فراق میں تبدیل کر دے۔

غزل کے اشعار قافیہ و ردیف کی قیود سے دو طرح متاثر ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ مثلاً آپ نے کسی خاص زمین میں غزل لکھنا شروع کی اور چند شعر لکھنے کے بعد کوئی نہایت خوبصورت مضمون آپ کو سوجھا مگر موجودہ قافیوں میں اُس کا ادا ہونا ممکن نہیں تو آپ چار و ناچار اس خیال کو چھوڑ دیتے ہیں اور نظم نہیں کرتے۔ دوسرے یہ کہ اگر آپ اس خیال کو بالکل ترک نہیں کر دیتے تو قطع و برید کر کے اپنے موجودہ سانچے میں اُسے ڈھال دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس کا اصلی حسن ایک بڑی حد تک تباہ ہو جاتا ہے۔ ہر "استاد" اور "چوٹی کے غزل گو" کے یہاں اس قسم کی مثالیں مل جائیں گی جہاں قافیہ اور ردیف کی مجبوری نے

شعر کو خراب کر دیا۔ ہم صرف "بادشاہِ تغزلین" کے کلام سے بعض نمونے پیش کرتے ہیں۔ کیونکہ ہم نے موجودہ بحث کے لئے فراق صاحب کی خاطر انہیں کو معیار قرار دیا ہے:۔

حسرت ہم نے کس دن تیرے کوچے میں گذارا نہ کیا تو نے اے شوخ مگر کام ہمارا نہ کیا

"گذارا کرنا" اردو کا ایک خاص محاورہ ہے جس کے معنی ہیں تنگی ترشی سے زندگی بسر کرنا وغیرہ۔ مگر مولانا صاحب نے اس شعر میں "گذارا نہ کیا" یعنی "نہیں گذرے" استعمال کیا ہے جو یقیناً غلط ہے اس کے بجائے "گذر نہ کیا" چاہئے تھا لیکن مولانا صاحب بیچارے کا کیا قصور جب قافیہ "ہمارا" دوبارہ، اور نظارہ وغیرہ ٹھہرا تو ناچار "گذر" کو "گذارا" بنانا پڑا۔

حسرت جان کیا چیز ہے کچھ میں تم پہ عزیز ہو نہ باور تو کسی دن ہمیں فرما دیکھو

"فرما دیکھو" کی ترکیب جس قدر لغو ہے محتاجِ بیان نہیں۔ ایک طرف معشوق کا یہ احترام کہ اس کے لئے "فرمانا" استعمال کیا گیا اور دوسری طرف "تم" سے خطاب۔ پھر "فرما" کے ساتھ "دیکھو" کا جوڑ اور بھی پُر لطف ہے۔ اسے "شتر گربہ" کے بجائے "موش و گربہ" کہنا زیادہ مناسب ہے۔ اس غزل کے قافیے ہیں تماشا، جلوہ، دوپٹا وغیرہ۔ لہٰذا بیچارے شاعر کو قافیہ کی خاطر "فرمانا" کا بیجوڑ پیوند لگانا پڑا۔

حسرت واں سے ناکام پھرے ہم تو درِ یاس تلک خونِ حرماں دلِ مجروح سے جاری آیا

"جاری آنا" اردو روزمرہ کے بالکل خلاف ہے۔ یہاں "جاری" یعنی مسلسل، متواتر، پیہم، برابر، استعمال ہوا ہے جو یقیناً غلط ہے۔ مگر یہ اس قسم کی غلطی ہے جو ناواقفیت کی بنا پر نہیں بلکہ مجبوری کی گئی ہے۔ اس لئے کہ "ہماری" اور "یاری" کا قافیہ "جاری" ہی ہو سکتا ہے مسلسل، یا متواتر سے یہ کام نہیں چل سکتا۔

حسرت اثرِ عشق سے نکلیں جو تمہارے آنسو دامنِ جان میں وہ لے لیجئے سارے آنسو

مصرع ثانی میں لفظ "سارے" بجائے "سب" استعمال ہوا ہے اور محض قافیہ کی مجبوری سے ایسا کیا گیا ہے ورنہ "سب" اور "سارے" کے معنی میں جو فرق ہے وہ اہلِ نظر سے پوشیدہ نہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ عوام الناس میں بعض اوقات "سب" کی جگہ "سارے" استعمال کرتے ہیں مگر اس کا سبب انکی ناواقفیت ہے۔ "سب" کا اطلاق مجموعۂ افراد پر ہوتا ہے۔ مثلاً:۔

سب لوگ، جدھر ہیں، اُدھر دیکھ رہے ہیں ہم دیکھنے والوں کی نظر دیکھ رہے ہیں

اور سارے کا اطلاق فردِ واحد کے کُل پر ہوتا ہے۔ جیسے:۔

مسلم ہیں ہم وطن ہیں سارا جہاں ہمارا۔ یا۔ سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

ممکن ہے کوئی صاحب بادشاہِ متغزلین کی تائید میں کسی دوسرے "اُستاد" کا شعر تلاش کرنے کی زحمت گوارا فرمائیں مگر یہ زحمت بالکل غیر ضروری ہے اس لئے کہ جس اُستاد نے بھی "سارا" یعنی "سب" استعمال کیا ہے بضرورت قافیہ ہی کیا ہے ورنہ کسی مستند اویب کے یہاں نثر میں "سارا" یعنی "سب" آپ کو نہ ملیگا۔ اور اگر اتفاق سے مل بھی جائے تو اسے لکھنے والے کی غفلت یا سہوالقلم پر محمول کرنا

لہ گذری نہ بہرحال یہ مدت خوش و ناخوش ؎ کرنا تمہا جواں مرد گذارا کوئی دن اور۔ غالب

مصحفی نے البتہ گذارہ ہونا یعنی گذرنا باندھا ہے لیکن وہ مصحفی کے زمانہ کی زبان ہے بیسویں صدی کی زبان نہیں۔ گذارہ کرنا یعنی گذر نا مصحفی کے ہاں بھی نہ ملیگا۔

چاہیئے اُسے صحیح سمجھنا ایسا ہی ہے جیسے "مشکور" کو بمعنی "ممنون" صحیح سمجھنا محض اس بنا پر کہ مولانا شبلی نے اس معنی میں استعمال کیا ہے۔

حسرت:- نوجوانی تھی کوئی شیدانہ تھا میرؔ سوا ایک حسنِ یار کا دن بھی زمانہ ہو گیا

"وہ بھی زمانہ ہو گیا" ماشاء اللہ کیا زبان ہے۔ کیوں نہ ہو آخر "بادشاہ متغزلین" ہیں۔ شاید اپنی اسی زبان کی شان میں آپ نے فرمایا ہے کہ:-

ہے زبانِ لکھنؤ میں رنگِ دہلی کی نمود تجھ سے حسرت نام روشن شاعری کا ہو گیا

حسرت صاحب کی بدولت شاعری کا نام روشن ہوا یا نہ ہوا ہو مگر زبان کے گلے پر کند چھری ضرور چل گئی۔ "ہو گیا" کا یہاں کوئی محل نہیں۔ اس کے بجائے "ایک حسن یار کا دن بھی زمانہ" تھا" یا "رہ چکا ہے" چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ اس غلطی کا ارتکاب بھی ردیف کی مجبوری نے کرایا ہے۔

حسرت:- وہ ایک بار جو سونگھی تھی زلفِ یار کی بو سو روح آج تلک تر دماغ باقی ہے

مصرع ثانی میں "باقی" بالکل غیر ضروری ہے مگر اسے کہاں پھینکا جائے اسلئے کہ یہ تو ردیف کا ایک حصہ ہے۔

حسرت:- اب رونے سے کیا ہو گا پروانہ ہے بے پروا برباد ہے سب محنت اے شمع لگن تیری

"لگن" کی مطلق کوئی ضرورت نہ تھی مگر مجبوری یہ ہے کہ دہن و سخن کا ہم قافیہ بنانے کے لئے فقط "شمع" سے کام نہیں چلتا لہذا "لگن" کا دُم چھلا اس میں لگا دیا۔

حسرت:- زندگی اپنی ہو کے اُن سے جُدا سخت گذرے گی اب اگر گذرے

اس قسم کے شرطیہ جملوں میں پہلا فعل یا تو ماضی ہونا چاہیئے یا مستقبل مضارع صحیح نہیں۔ یعنی نثر میں یوں کہنا چاہیئے کہ "اب اگر گذری تو سخت گذرے گی" یا "اب اگر گذرے گی تو سخت گذرے گی" مگر کیا کیا جائے کہ اس غزل کی ردیف "گذرے" ہے لہذا "گذرے" ہی باندھنا پڑا۔ قواعد زبان کی خلاف ورزی ہو گئی بلا سے۔

حسرت:- پوچھو جو کرو گے تم ہمیں قتل کہتے ہیں ہم کس ادا سے ہاں ہم

اس شعر میں ردیف "ہم" نے جو مزہ دیا ہے اس کا حال فراق صاحب سے کوئی پوچھے۔

دیوان حسرت میں آپ کو اس قسم کے اشعار بکثرت ملیں گے جن میں قافیہ، یا ردیف، یا دونوں کی مجبوری سے شعر میں کسی کسی قسم کی خامی پیدا ہو گئی ہے۔ لگے ہاتھوں ہم دوسرے اساتذہ کے کلام سے بھی چند مثالیں اس قسم کی پیش کئے دیتے ہیں تاکہ کسی کو نکتہ چینی کا موقع نہ رہے۔

فانی:- ترا اسیر ہوں چاہے تو ذبح کر صیاد نہ توڑ دل کہ امانت ہے آشیانے کی

"بلبل" کا دل اگر امانت ہو سکتا ہے تو "گل" کا دل امانت ہونا کیا معنی۔ شاعر بھی اس حقیقت سے ناآشنا نہیں مگر بیچارہ کیا کرے کہ قافیہ فسانہ اور زمانہ ہے۔ ناچار "امانت ہے گل کی" کہنے کے بجائے "امانت ہو آشیانہ کی" کہنا پڑا۔

اصغر شایستہ صحبت کوئی اُن میں نہیں اصغر کافر نہیں دیکھے کہ مسلمان نہیں دیکھا

سیاقِ کلام اس کا مقتضی ہے کہ جب "کافر نہیں دیکھے" بصیغہ جمع استعمال کیا گیا ہے تو اس کے مقابل کا ٹکڑا "مسلمان نہیں

دیکھیے: ہونا چاہیئے۔ مگر یہاں بھی وہی مشکل درپیش ہے کہ ردیف بصیغہ واحد (دیکھا) واقع ہوئی ہے لہٰذا "آدھا تیتر آدھا بٹیر" والا معاملہ کرنا پڑا۔

جگرؔ:- طلبِ خُلد نہیں آرزوِ حُور نہیں تم جو ملجاؤ تو پھر کچھ مجھے منظور نہیں

سُننے والا حیران رہ جاتا ہے کہ "منظور نہیں" کہنے کا یہاں کیا محل ہے۔ اس کی جگہ "درکار نہیں" ہونا چاہیئے۔ ہاں اس میں شک نہیں کہ اس محل پر "منظور" غلط اور "درکار" صحیح ہے مگر "درکار" "تو" "حور" کا ہمقافیہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا اس لئے مجبوراً شاعر نے منظور لکھدیا۔ آخر تک ملانا بھی تو شاعر کا ایک اہم فرض ہے۔ فقط مطلب پر نظر رکھنے سے غزل نہیں کہی جاسکتی۔

قافیہ و ردیف کی بحث کے سلسلہ میں ہم قارئین کو یہ بھی بتا دینا چاہتے ہیں کہ فراقؔ صاحب کے "بادشاہِ متغزلین" نے جہاں نقالی کی اور تمام شرائط پوری کی ہیں وہاں الف سے لیکر "ی" تک ہر ردیف میں غزل کہکر اپنی "اُستادی" یا نقالی کا پورا پورا ثبوت بھی پیش کیا ہے۔ بعض ردیفوں کے نمونے ملاحظہ ہوں:-

"(اقرار) صالح۔ (آشنائے) تمنّا۔ (اسباب) کا نرخ۔ (اطاعت) کے لذائذ۔ (نمونہ) کاغذ۔ (خطر) فروش۔ (الہام) کی حرص۔ (اطاعت) نہیں ہے فرض۔ (اوتاد) سے فیض۔ (آسان) کی احتیاط۔ (اختصار) کی شرط۔ (بخدا) حظ۔ (اہلِ عصیاں) الوداع۔ (آثار) پہ موقوف۔ (اشتیاق) میں فرق۔ وغیرہ۔

اس قسم کی بے تُکی ردیفوں میں جس پایہ کے شعر کہے جاسکتے ہیں ظاہر ہے۔ "بادشاہِ متغزلین" نے قافیہ پیمائی کی جو داد دی ہے اور اس قسم کی ردیفوں میں اشعار لکھکر کمالِ فن کا جو اظہار کیا ہے اُس کا مختصر سا نمونہ بھی پیش نہ کرنا بڑی بے انصافی ہے اس لئے ہم قارئین کے لُطف خاطر کیلئے چند شعر پیش کرتے ہیں:-

حسرتؔ:- فرقت میں تیری ہیچ ہے شانِ شبِ برات اک آگ سی لگی ہے بجانِ شبِ برات

" قبولِ ستم سے ہے انکار صالح کروں کیوں نہ میں آج اقرار صالح

کچھ نہ ابدال سے پہونچا ہے نہ اوتاد سے فیض جس کو پہونچا ہے سو پہونچا ہے تری یاد سے فیض

کیوں نہ ہو اپنے اشتیاق میں فرق آگیا آپ کے مذاق میں فرق

حسنِ بیتاب محدود انہیں دو چار کے بیچ مری گفتار کے اندر تری رفتار کے بیچ

اب کہے کوئی کہ ہم اہلِ نظر جائیں کہاں ہر طرف مسئلۂ غضِّ بصر ہے درپیش

فتنہ جو رنہ کرنا مجھے ان کا یارب جنکو گمراہ کیا تُو نے کہ مغضوب کیا

(غیر المغضوب علیہم ولا الضالین۔)

اِس قسم کے سینکڑوں اشعار دیوانِ حسرت میں آپ کو ملیں گے جو صرف غزل پوری کرنے کے لئے کہے گئے ہیں اور ہر ردیف میں طبع آزمائی، ظاہر ہے کہ دیوان کی رواجی تکمیل کی خواہش کے سوا اور کوئی معنی نہیں رکھتی۔

"قافیہ پیمائی" کا جیسا مکمل نمونہ "بادشاہِ متغزلین" کے یہاں ملتا ہے دوسری جگہ ناممکن ہے۔ دوسرے درجے پر "تاجِ فراق" صاحب کو رکھ سکتے ہیں۔ حسرت صاحب نے اگر بہت سی زمینوں میں اکیس سے لیکر پینتالیس شعر تک

کہے ہیں[1]۔ تو فراق صاحب کی غزل میں بھی عموماً ڈیڑھ درجن سے کم اشعار نہیں ہوتے۔ اس محل پر یہ نکتہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ غزل کی کسی زمین میں بھی دو تین یا انتہا چار پانچ سے زیادہ، بہت اچھے شعر نہیں نکل سکتے۔ اس سے زیادہ اشعار عام طور پر بھرتی کے ہوتے ہیں۔ مستثنیات سے بحث نہیں، یہی وجہ ہے کہ متقدمین میں سے بعض نے پانچ شعر سے زیادہ کسی غزل میں لکھے ہی نہیں اور عام طور پر سات سے لیکر گیارہ اشعار تک غزل کے لئے بالکل کافی سمجھے گئے ہیں۔ بعض "قافیہ پیمائی" کے دلدادہ دو غزلہ اور سہ غزلہ لکھتے ہیں۔ مگر دراصل وہ ایک ہی غزل ہوتی ہے۔ اُصولی اعتراض سے بچنے کے لئے اُس کے دو یا تین ٹکڑے کر دئے جاتے ہیں اور ہر ٹکڑے کے ساتھ ایک مطلع اور ایک مقطع لگا دیا جاتا ہے تاکہ ہر ٹکڑا ایک معینہ مقدار (مثلاً گیارہ شعر) سے نہ بڑھنے پائے۔

"بادشاہِ متغزلین" نے اپنی والہا نہ یگی کے اظہار کے لئے خود کو ایران کے بہترین غزل گویوں کا ہم مرتبہ قرار دیا ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں:۔

حسرتؔ اُردو میں ہو غزل تیری ۔ پرتو نقش سعدی و جامی

ایک اور غزل میں ارشاد ہوتا ہے:۔

اُردو میں ہو کہاں ہو اور حسرتؔ ۔ یہ طرز نظیری و فغانی

قارئین کو حیرت ہوگی کہ ہمارے مولانا صاحب نے سعدی و جامی اور نظیری و فغانی کا تو ذکر کیا مگر بلبل شیراز (حافظ) اور طوطی ہند (خسرو) جیسی عظیم المرتبہ ہستیوں کا نام تک نہ لیا۔ سعدی کو اولیت کا فخر ضرور حاصل ہے مگر غزل میں خواجہ حافظ کا جو پایہ ہے وہ کسی کو نصیب نہیں۔ نظیری تو خود خواجہ حافظ کا مقلد ہونے پر فخر کرتا ہے:۔

نظیری ۔ تا اقتدا بحافظ شیراز کردہ ایم ۔ گشتہ است مقتدائے دو عالم کلام ما

اور غزل میں امیر خسرو علیہ الرحمہ کا جو مرتبہ ہے وہ بھی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ حافظ و خسرو کو چھوڑ کر ہمارے مولانا صاحب نے جامی و فغانی کا ہمرنگ ہونا اپنے لئے سرمایۂ کمال سمجھا۔ دراصل یہ ایک راز ہے اور بصیغۂ راز ہی ہم قارئین کو بتلا دینا چاہتے ہیں کہ پہلے شعر میں جامی اور دوسرے میں فغانی ہی کو قافیہ بنانا ممکن تھا کیونکہ پہلی غزل کے قافیے ہیں ناکامی و بدنامی وغیرہ اور دوسری کے جاودانی، مہربانی، ناتوانی، وغیرہ۔ اس میں حافظ اور خسرو کی گنجائش کہاں۔ ناچار جامی و فغانی کو حافظ اور خسرو پر ترجیح دینا پڑی۔ لے مولانا کی بدذوقی سے تعبیر کرنا صریح ظلم ہے۔ یہ تو قافیہ کی مجبوری ہے۔

متقدمین کی تقلید میں "بادشاہِ متغزلین" نے بعض غزلوں میں بہت لمبی لمبی ردیفیں اختیار کی ہیں۔ جب تقریباً ایک مصرع ردیف کے صرف میں آگیا تو شعر میں باقی کیا رہا اور کونسا خوبصورت مضمون اس میں ادا ہو سکتا ہے۔ ہاں اس قسم کی لمبی ردیفوں

---

[1] یہاں حسرت کی بعض غزلوں کے پہلے مصرعے لکھے جاتے ہیں اور اُنکے ساتھ غزل کے اشعار کی تعداد بھی جس سے قارئین کو اندازہ ہو سکے کہ "قافیہ پیمائی" حقیقتاً بادشاہِ متغزلین کا حصہ ہے۔ بعض زمینوں میں کئی کئی غزلیں بھی ہیں۔ ہم نے اُن سب کے اشعار کو ایک جگہ شمار کیا ہے کیونکہ مقصود "قافیہ پیمائی" کا دکھانا ہے۔

خلوص اب ہم وہ لائیں گے کہاں سے۔ ۲۱ شعر۔ ہم نے اس بات کا شکوہ نہ کیا تھا نہ کریں۔ ۲۲ شعر۔ شرف حاصل ہے اس جانِ جہاں سے مجھکو نسبت کا۔ ۲۴ شعر۔ نہ وہ راتوں کا آنا ہے نہ وہ دن کا بلانا ہے۔ ۲۵ شعر۔ جفا کو وفا سمجھیں کبتک بھلا ہم۔ ۲۷ شعر۔ سرگرم ناز آپ کی شانِ جفا ہے کیا۔ ۳۰ شعر۔ اس محوِ تغافل کی جفا میرے لئے ہے۔ ۳۱ شعر۔ پھر بھی ہے تم کو مسیحائی کا دعویٰ دیکھو۔ ۳۶ شعر۔ تجھ کو پاس وفا ذرا نہ ہوا۔ ۴۵ شعر۔

میں غزلیں کہنا سہل ضرور ہے۔ مثلاً حسرت کی ایک غزل ہے:-

کامرانی تجھے مُبارک ہو — جاودانی تجھے مبارک ہو
اے ترا غم دلوں کو دجہ سرور — شادمانی تجھے مبارک ہو
مرقدِ عاشقاں پہ آخر کار — گلفشانی تجھے مبارک ہو وغیرہ وغیرہ

"تجھے مبارک ہو" کے پہلے ایک ایک لفظ رکھدیجئے۔ لیجئے مطلع تیار ہوگیا۔ باقی اشعار بھی زحمت طلب نہیں۔ قلم اُٹھایا اور غزل تیار۔ مثلاً:-

کامرانی تجھے مُبارک ہو — جامدانی تجھے مبارک ہو
کھیر کھانی تجھے مبارک ہو — سرد پانی تجھے مبارک ہو
تجھ پہ قربان کوٹ اور پتلون — شیروانی تجھے مبارک ہو
ہوگیا تو تو اور بھی نازک — نا توانی تجھے مبارک ہو
تجھکو بھیجا ہے یار نے تحفہ — نا گہانی تجھے مبارک ہو
ہیں یہ راز و نیاز کی باتیں — لن ترانی تجھے مُبارک ہو
مجھکو آرزوئے عشق ہے پیارے — دیوبانی تجھے مبارک ہو

فراق صاحب کی اس رائے سے ہمیں بھی اتفاق ہے کہ "قافیہ اور ردیف شاعر کی سوئی ہوئی شخصیت کو جگا دیتے ہیں"۔ بھولے ہوئے واقعات یاد آجاتے ہیں اور چند ساعتوں کیلئے شاعر اُسی دور میں پہونچ جاتا ہے جو گذر چکا ہے۔ اس طرح ماضی حال بن جاتا ہے اور غائب نظر کے سامنے آجاتا ہے مگر ظاہر ہے کہ قافیہ کی مدد سے واقعات یاد بھی تو جبھی آئیں گے جبکہ وہ فی الحقیقت شاعر کی زندگی میں کبھی پیش آئے ہوں جس بدبخت کو کبھی عشق و عاشقی سے سروکار نہیں رہا اُسے کیا یاد آئیگا اور بالفرض اگر اس نے کوئی اچٹتی ہوئی چوٹ کبھی کھائی بھی ہو تو آج ایک زمانہ کے بعد اس میں وہ شدتِ احساس کہاں جو ایک طوفان انگیز شعر کہلوا سکے۔ ان تمام باتوں سے قطع نظر اسکا کیا علاج کہ اس نے آپ بیتی بیان کرنے کی قسم کھائی ہے! اور صرف نقالی اور جگالی کو اپنے لئے کافی سمجھتا ہے۔ واقعات یاد دلانے کی ضرورت تو اُس کے لئے ہے جو واقعات نظم کرنا چاہتا ہو۔ مگر جو صرف "ایک چڑیا کی کہانی" لکھنا چاہے اُسے یاد ماضی سے کیا فائدہ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ "محمل" کا قافیہ سامنے آتے ہی شاعر جھٹ لیلیٰ المجنوں اور نجد و صحرا کا راگ الاپنا شروع کر دیتا ہے اور "بسمل" فوراً اُسے "مقتل" کی طرف کھینچ لے جاتا ہے۔ اِن واقعات کی روشنی میں ہم یہ کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ "قافیہ" رسمی شاعری کا بے کیف ذخیرہ بڑھانے میں بہت کچھ مدد دیتا ہے۔ اور قافیہ جب تک اجازت نہ دے شاعر اپنے دل کا حال عمل میں نہیں کہہ سکتا۔

ردیف و قافیہ کے متعلق میں ایک خاص بات قارئین کی خدمت میں عام طور پر اور جناب فراق کی خدمت میں خاص طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں اور ملتمس ہوں کہ ٹھنڈے دل سے اور پوری توجہ کے ساتھ اس پر غور فرمائیں۔ غالباً اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا کہ ہر خیال اور ہر مضمون کیلئے بہترین پیرایۂ ادا صرف ایک ہی ہو سکتا ہے۔ ہر مضمون کمالِ حُسن کے ساتھ ادا ہونے

کیلئے مخصوص الفاظ کو چاہتا ہے۔ مثال کے طور پر کوئی صاحب اپنا ایک بہترین شعر لے لیں اور چاہیں کہ اس مضمون کو کسی دوسری بحر میں، دوسرے ردیف قافیہ میں اسی خوبصورتی کے ساتھ بیان کر دیں تو کیا یہ ممکن ہوگا؟ جس کا جی چاہے عملی تجربہ کر دیکھے۔ اس کا امکان ہی نہیں کہ ایک مضمون جو کسی خاص شعر میں نہایت خوبصورتی کے ساتھ بندھ گیا ہے اتنی ہی خوبصورتی کے ساتھ کسی دوسری زمین میں ادا ہو سکے۔ اور اگر ایسا ہو جائے تو سمجھنا چاہیئے کہ پہلا شعر ناقص تھا۔ کامل اب ہوا۔ حاصل اس گفتگو کا یہ ہے کہ غزل کہتے وقت جو خیالات آپکے دماغ میں آرہے ہیں اور جو یقیناً بجائے خود نہایت خوبصورت ہیں اگر ان کے اظہار کیلئے وہی مخصوص الفاظ اختیار نہ کئے گئے جنہیں وہ چاہتے ہیں تو کیا اُن کا حُسن تمام و کمال باقی رہیگا؟

اب دو ہی صورتیں ہیں یا تو مضمون کے حُسن کا خون کر کے اُسے اپنی معینہ زمین کے سانچے میں بھر دیجئے یا پھر اس زمین اور اس ردیف و قافیہ سے صرف نظر کر کے، اس بحر اور اس ردیف و قافیہ میں اُسے ادا کیجئے جس کا وہ متقاضی ہے۔ اس آخری صورت میں غزل کا مکمل ہونا بہت دشوار ہے مگر ساتھ ہی اعلیٰ درجے کے اشعار کا مرتب ہونا نسبتاً سہل ہے۔ مجھے ذاتی طور پر اسکا تجربہ ہوا ہے کہ غزل لکھنے بیٹھا ہوں اور غزل کے بجائے مختلف زمینوں میں کئی اشعار کہہ کے اُٹھا ہوں۔ کیونکہ میرے نزدیک غزل کی تکمیل کے مقابلہ میں مضمون کے حُسن کو باقی رکھنا زیادہ اہم ہے چاہے کسی خاص زمین میں صرف ایک ہی شعر کیوں نہ کہہ سکوں۔ اسلئے میری صلاح تو یہ ہے کہ شعر کہتے وقت صرف اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ مضمون کن الفاظ کو چاہتا ہے، وہی الفاظ، وہی ردیف، وہی قافیہ، جو اس کے اظہار کیلئے آپکے نزدیک بہترین ہے استعمال کیجئے اور اس کی ہرگز پرواہ نہ کیجئے کہ کسی خاص زمین میں صرف ایک ہی شعر ہوا اور غزل مکمل نہ ہو سکی۔

مطلع اور مقطع کی اہمیت پر بھی فراق صاحب نے بہت زور دیا ہے۔ مطلع کہتے وقت شاعر کو غزل کے دوسرے اشعار کی بہ نسبت دوگونہ تیوہ کا لحاظ رکھنا پڑتا ہے کیونکہ مطلع کے دونوں مصرعوں میں قافیہ و ردیف کا استعمال ضروری ہے۔ اس قید کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ غزل کا مطلع اکثر غزل کا بہترین شعر نہیں ہوتا۔ اس لئے اگر کسی زمین میں بے ساختہ مطلع ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ ایک "اصولی" پابندی یعنی محض مطلع کی خاطر ایک پھسپھسے شعر کا غزل میں اضافہ کرنا بالکل غیر ضروری ہے۔ رہ گیا مقطع، تو فراق صاحب نہیں یا نہ مانیں مقطع عموماً غزل کا سب سے کمزور شعر ہوتا ہے۔ کبھی خصوصیت سے کوئی مقطع اچھا ہو جائے تو وہ قابلِ لحاظ نہیں کیونکہ وہ الشاذ کالمعدوم کا حکم رکھتا ہے۔ مقطع کے بارے میں ہماری اس رائے سے اگر فراق صاحب کو اتفاق نہ ہو تو وہ مولانا نیاز فتحپوری سے مشورہ کر لیں۔ اس کے بعد تو پھر کسی قیل و قال کی گنجائش ہی نہیں رہتی۔ فراق صاحب کا دعویٰ ہے کہ "مقطع سو فی صدی داخلی چیز ہے"۔ آیئے "بادشاہِ متغزلین" کے چند مقطعے آپ کو سنائیں تاکہ فراق صاحب کے اس قول کی حقیقت آپ پر روشن ہو جائے۔

ہم عرصۂ حشر میں بھی حسرت — پہچان گئے انہیں نہ ہے ہوش
گذرے بہت اُستاد مگر رنگِ اثر میں — بے مثل ہے حسرت سخنِ میر ابھی تک
یہ ظاہر میں سب زہد و تقویٰ ہے حسرت — حقیقت میں یاروں کا ہے بادہ واعظ
جس سے حسرت ہو گئی زیر و زبر بزمِ سماع — کس قیامت کی غزل مطرب گائی آپ کی

لے گیا ہے کوئی پگڑی جو اُڑا کر حسرت مجھ گنہگار پہ ہے شبہ گمانِ واعظ

یاد ایام کہ ہم جوشِ جنوں میں حسرت خوار پھرتے تھے پریشان بیابانوں میں

جھوٹ، بالکل جھوٹ، سو فی صدی جھوٹ، کبھی بھی آپ بیابانوں میں خوار و پریشان نہیں پھرا کرتے تھے۔ کیا فراق صاحب "بادشاہِ متغزلین" کے اس بے سر و پا بیان کی تصدیق کیلئے تیار ہیں؟

یہی ہیں وہ مقطعے جن میں بقولِ فراق "نفسیاتی اور وجدانی ارتعاشات آخری جلوہ نما" ہوتے ہیں۔

اشعارِ غزل کی باہمی بے ربطی

غزل کے اشعار کی باہمی بے ربطی ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے مگر فراق صاحب اس کے ماننے کے لئے تیار نہیں۔ اگر وہ یہ کہتے کہ غزل کے اشعار میں ہم آہنگی کو لازمۂ غزل گوئی قرار دینا چاہیئے تو غالباً کوئی صاحبِ ذوق اُن کی اس تجویز سے اختلاف نہ کرتا۔ بلکہ سچ پوچھیئے تو فراق صاحب سے بہت پہلے ایک مستشرق غزل کی "پریشان خیالی" سے متاثر ہو کر یہ خیال ظاہر کر بھی چکا ہے:۔

"Though there may be no definable connection between the individual couplets these ought never to be out of harmony with one another and a single tone of mind should run through the whole poem. Such indeed is what ought to be but in practice we find that in a vast number of Ghazals. . . . there is no more unity of thought or feeling between several couplets than there is between the paragraphs of a news paper." (The poetry of the Ottomans. by Gibb. Vol. 1, Page 83.)

اشعارِ غزل کا، از روئے خیال و احساس، باہم مربوط ہونا کبھی بھی لازمۂ غزل گوئی نہیں سمجھا گیا۔ نہ ارباب فن نے اُسے اُصول قرار دیا نہ شعرا نے اپنے عمل سے اس کا ثبوت پیش کیا۔ اب ہم "بادشاہِ متغزلین" کے کلام سے چند نمونے پیش کرتے ہیں جن کے مطالعہ کے بعد فراق صاحب بھی چاہے زبان سے اقرار نہ کریں مگر کم از کم دل میں اس بات کے ضرور قائل ہو جائیں گے کہ غزل، خواہ وہ کسی دور کی ہو، خیال و احساس کی ہم آہنگی سے عموماً محروم ہوتی ہے۔

حسرت:۔ پندِ ناصح کو سُنے خوفِ ملامت ہو جسے پاسِ ناموس کہاں عاشقِ بدنام کہاں

اس شعر میں آپ ایک عاشقِ بدنام کے لباس میں ظاہر ہوئے ہیں۔ ملامتِ خلق سے بے پروا، پندِ ناصح کو یکسر بے نیازِ مگر دوسرے ہی شعر میں آپ چولا بدل لیتے ہیں اور منبر پہ کھڑے ہو کر اس طرح وعظ فرماتے ہیں:۔

کشورِ ہند کہ مغلوبِ ریا ہے اس میں نام ہی نام ہے اسلام کا اسلام کہاں

ماشاء اللہ دونوں شعروں میں کس قدر لطیف ربط ہے۔

حسرت:۔ انکار ادراک جرعۂ صہبا سے بھی انکار ساقی یہ تری کم نگہی یاد رہیگی

ساقی سے ناز و نیاز ہو رہے ہیں۔ ادھر اصرار ہے، اُدھر انکار ہے۔ یہاں تشنگی سے بُرا حال ہے۔ مع ظالم شراب کا ایک گھونٹ بھی دینا نہیں چاہتا۔ حقیقت اور واقعیت سے بحث نہیں، صحبت بہرحال مزہ دار ہے۔ لیکن یکایک مولنا صاحب ایک ندیدہ نوش سے ایک اُونچے درجہ کے فلسفی بنجاتے ہیں اور فرماتے ہیں:۔

نسبت جزو کل کی ہے یہ دنیائے عمل میز اقوام کو محتاجی افراد رہیگی

اسے کہتے ہیں خیال کی ہم آہنگی!

حسرت:۔ تسکینِ مدعا کیلئے اک دوا ہے تلخ ظاہر میں گرچہ سخن آشنا ہے تلخ

شعر بہت بے کیف ہے پھر بھی دنیائے محبت سے بالکل بے تعلق نہیں لیکن جب ہم مقطع پر پہونچتے ہیں:۔

حسرت گراں ہے خلق پہ گو سہل ہے نماز بدلا ہے ان کے منہ کا مزہ یوں دوا ہے تلخ

تو سمجھ میں نہیں آتا کہ اسے "راہِ نجات" یا "مالا بدمنہ" کی ایک سطر قرار دیں یا "طب اکبر" کا متن سمجھیں شاید اسی کا نام ہے توفیقِ احساس؟۔

حسرت:۔ ہاں اسی کا تو سحر حسن ہے نام مع جو چشمِ سیاہِ یار میں تھا

محبوب کی جادو نگاہی کا ذکر کرتے کرتے یکایک مولنا صاحب اشہب خامہ کی باگ "دشتِ یثرب" کی طرف موڑ دیتے ہیں:۔

سرمۂ طور میں کہاں یہ اثر دشتِ یثرب کے جو غبار میں تھا

غالباً یہ مع رابطہ ہے جو مجاز کو حقیقت سے ملا دیتا ہے؟

حسرت:۔ اللہ رے جسمِ یار کی خوبی کہ خود بخود رنگینیوں میں ڈوب گیا پیرہن تمام

ہمیں اس سے بحث نہیں کہ اس شعر کا مضمون خود مولنا کا زادۂ طبیعت ہے یا غالب کے اس مشہور شعر کا چربہ ہے:۔

از زلفِ پرخم شکنیں نقاب بے وز تابشِ تن زریں ردائے

شعر بہرحال عاشقانہ ہے اور خوب ہے لیکن اس کی بدبختی دیکھئے کہ مولنا نے اسے کیسے ناجنس کا رفیق بنایا ہے:۔

سمجھے ہیں اہلِ شرق کو شاید قریبِ مرگ مغرب کے یوں ہیں جمع یہ زاغ و زغن تمام

کہاں جسمِ یار کی خوبی سے پیرہن رنگین ہو رہا تھا کہاں مغرب کے چیل کوّے مشرق کی لاش کو نوچ نوچ کر کھانے کیلئے جمع ہو گئے۔

خُدارا انصاف! کیا اسی کا نام ہے "اتحادِ داخلی"؟

حسرت:- بھولی نہیں دل کو تری دُزدیدہ نگاہی پہلو میں ہے کچھ کچھ خلشِ تیر ابھی تک

اس حسین شعر کے لُطف و اثر کو برباد کرنے کی بہترین صورت یہی ہو سکتی ہے کہ اس کے بعد والا شعر پڑھا جائے۔ یعنی:-

تجھے حق پہ وہ بیشک کہ نہ تھے تو نہ ہوتا دُنیا میں بپا ماتمِ شبیر ابھی تک

ماتمِ شبیر سے زیادہ اس کور ذوقی کا ماتم کرنے کی ضرورت ہے کہ اس قسم کے دو شعروں کو ایک غزل میں جمع کیا جائے۔ اور اس سے بھی زیادہ اندوہ ناک یہ حادثہ ہے کہ اس قسم کے اشعار میں لوگوں کو ایک ربطِ معنوی، ایک اتحادِ داخلی اور ایک وحدتِ احساس نظر آئے۔

حسرت:- وصل کی رات، خرمی کا رواج شوق کا آج عوش پہ ہے دماغ

دو مصرعوں کے پڑھنے میں جتنا وقت صرف ہوتا ہے اس شبِ وصل کی مدت بھی بس اتنی ہی مختصر تھی کیونکہ دوسرے ہی شعر میں دستورِ فراق کا ماتم کیا جا رہا ہے:-

دستورِ غمِ فراق سے آہ ہو گئی کشت آرزو تاراج

وصال کے بعد تو فراق لازمی چیز ہے۔ خیر۔ اس کا بھی مضائقہ نہیں لیکن مولانا صاحب جلد ہی اس وصل و ہجر کے جھنجھٹ سے آزاد ہو کر حق و باطل کی معرکہ آرائیوں میں مصروف ہو جاتے ہیں:-

غلبۂ کذب تھا معلوم حق ہے بخوفِ کثرتِ افواج

اور اس کے بعد فوراً ہی میلاد خوانی شروع کر دیتے ہیں:-

چھپ گئے سب ستارگانِ کمال کہ عرب سے ہوا طلوعِ سراج

مومنین! اُٹھئے، کھڑے ہو جائیے، پیغمبرِ آخر الزماں کی آمد آمد ہے۔ سلام پڑھئے:-

یا نبی سلام علیک۔ یا رسول سلام علیک۔ یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

سُبحان اللہ غزل کیا ہے کباڑی کی دوکان ہے۔ بھان متی کا پٹارا ہے۔ عمرو عیار کی زنبیل ہے۔ کونسی چیز ہے جو اس میں موجود نہیں۔

اس قسم کی غزلیں جن کے اشعار میں باہمی ربط ایسا ہی ہوتا ہے جیسا مندرجہ بالا مثالوں میں پیش کیا گیا ہے ہر "اُستاد" کے یہاں عام ہیں۔ حامیانِ غزل کو غزل کی اس مضحکہ خیز بلکہ اسف انگیز حالت کی اصلاح کی طرف متوجہ ہونا از بس ضروری ہے۔

فراق صاحب نے اپنے مضمون میں بعض ایسے دعوے بھی کئے ہیں جنہیں پڑھکر موصوف کی بے بسی پر بے اختیار ہنسی آتی ہے، آپ فرماتے ہیں:-

"مسلسل غزل ایک تناقضی اصطلاح (Contradiction in terms) ہے۔ غزل کی مسلسل اور واحد العنوان بنانے کی کوشش بالکل ایسی ہے جیسے کسی زندہ جمیل پیکرِ انسانی سے ایک سڈول لکڑی ہو جانے کا احمقانہ مطالبہ کیا جائے"

غالباً "مسلسل غزل" کا کوئی ایسا مفہوم فراق صاحب کے ذہن میں ہو جسے واقعیت سے کوئی علاقہ نہیں۔ یہ بات نہ ہوتی تو وہ ایک

حُسن کو عیب کی شکل میں پیش نہ کرتے۔ مسلسل غزل کا مفہوم سمجھانے کے لئے سب سے بہتر صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ایک مسلسل غزل پیش کر دی جائے اس کے مطالعہ کے بعد فراق صاحب خود ہی فیصلہ کر لیں گے کہ مسلسل غزل ایک زندہ اور جمیل پیکر انسانی کہلانے کی مستحق ہے یا ایک سڈول لکڑی کہے جانے کی۔ نمونے کے طور پر دورِ حاضر کے کسی خوشگوار اُردو شاعر کی مسلسل غزل بھی پیش کی جا سکتی تھی مگر معاصرانہ چشمک شاید فراق صاحب کو اس کے حُسن کی طرف متوجہ ہونے کی اجازت نہ دے اس لئے ہم نظیرؔی نیشاپوری کی ایک پُر لطف مسلسل غزل نقل کرتے ہیں۔ اس غزل میں شاعر نے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ اس کا معشوق خود کسی خوبرو کے دامِ محبت میں گرفتار ہو گیا ہے اب ایسی حالت میں جو جو واقعات پیش آ سکتے ہیں اُن کی ایک دلکش تصویر کھینچی ہے۔ غزل کیا ہے محبت کی ایک دل فریب داستان ہے۔ سُنیئے:۔ (نظیرؔی نیشاپوری)

چشمش برابے، میرود، مژگانِ نمناکش نگر　　در سینہ دارد آتشے، پیراہنِ چاکش نگر

ذرا دیکھنا! (صیاد خود گرفتار ہونے کے بعد کس حال میں ہے) نظر راستہ پر ہے۔ پلکیں آنسوؤں سے تر ہیں۔ سینہ میں محبت کی آگ بھڑک رہی ہے۔ پیرہن چاک ہے۔ اس طرح چلا جا رہا ہے۔

دامے کہ زُلف انداختہ، در گردنِ سیمیش ہیر　　خونے کہ مژگاں ریختہ، بر دامنِ پاکش نگر

اُس کی زُلف نے جو جال پھینکا تھا اب خود اُس کی سیمیں گردن میں ہے۔ اور اس کی پلکوں نے جو اشکِ خونیں گرائے ہیں اُن سے اس کا دامن رنگین ہو گیا ہے۔

شرم از میاں برخاستہ، مہر از دہاں برداشتہ　　گفتار بے خرسش ہیں، رفتار بے باکش نگر

اب نہ وہ شرم ہے نہ وہ حجاب۔ لب خاموش اب گرمِ گفتگو ہیں۔ گفتار میں اب وہ ہچکچاہٹ نہیں رہی۔ رفتار میں بیباکی آ گئی ہے۔

قصدِ فریبے میکند، سوئے غزالے میجہد　　آں چشمِ آہو گیر را، بازلفِ پیچاکش نگر

فریب دینے کا ارادہ کر رہا ہے اور ایک غزال کی جانب مصروفِ خرام ہے۔ ذرا اسکی چشمِ آہو گیر اور زُلف شکن در شکن کو تو دیکھو۔

از کوئے معشوق آمدہ، شوریدگاں را صیقلے　　از صید آہوی رسد، شیراں بغمزہ کش نگر

ذرا دیکھنا وہ اپنے معشوق کے کوچہ سے آیا ہے عشاقِ شوریدہ سر اُسے گھیرے ہوئے ہیں۔ آہو کا شکار کر کے پلٹا ہے اور شیر اُسکے فراق میں ہیں۔

دل بُردہ در دل باختن، معشوقِ عاشق پیشہ بیں　　بگرفتہ در انداختن بازوئے چالاکش نگر

معشوق ہے مگر عاشق پیشہ، اور ایسا اُستاد کہ اپنا دل دیتے دیتے دوسروں کا دل چھین لیا۔ کُشتی کے دوران میں حریف کو کس طرح پھانس لیا، ذرا اس کے بازوؤں کی جُنبش تو دیکھو۔

ہمیں اُمید ہے کہ اس غزل کے مُطالعہ کے بعد "مسلسل غزل" کا مفہوم فراق صاحب کی سمجھ میں آ گیا ہو گا اور یہ بھی کہ "مسلسل غزل" واقعی ایک حسین چیز ہے۔

عندلیب شادانی

پیامِ دلفگار
بنامِ دلفگار

میری تمنّا، تیری جوانی، آ! اک بنالیں رنگیں کہانی
محشر بدامن میری تمنّا آشوبِ عالم تیری جوانی

آ! اک بسالیں خوابوں کی دُنیا جس کی بہاریں ہوں جاودانی
پھولوں کی دُنیا، نغموں کی دُنیا، تاروں کی دُنیا، ٹھنڈی، سُہانی

ہے نیشتر زن میرے جگر پر اشکوں کی تیرے یہ خونچکانی
بے طرح پھونکے دیتی ہے مجھکو آہوں کی تیری شعلہ فشانی

آ! آرزو کا اِک کھیل کھیلیں تسکین پائے دردِ نہانی
ویراں دِلوں کو آباد کرلیں باہم ملاکر عشق و جوانی

آ! بھول جائیں غمہائے ماضی سینوں میں بھرلیں پھر شادمانی
شبجائے یکسر، جوشِ طرب میں ناکامیوں کی یہ جاں ستانی

مَیں مانگتا ہوں تجھکو خُدا سے اور تجھ سے تیری کافر جوانی
بن جائے تیری رعنائیوں سے ہر شعر میرا ارژنگِ مانی

تیری تڑپ ہمرنگِ زلیخا میں حسرتوں کی سچی کہانی
جلووں کا تیرے دریوزہ گر ہوں زیبا ہے مجھ سے کب "لن ترانی"

— دلفگار

صیدِ ہوس

یہ غوبیوں کی بستی ہے۔ یہاں یہ ایک چھوٹا سا گھر ہے۔ سامنے اُس خاک سے لُٹے ہوئے طاق میں جس کی کمر بڑھاپے سے دُہری ہوگئی ہے، ایک شمع چپکے چپکے رو رہی ہے۔ اس کے آنسو اس کا جسم لاغر کئے دے رہے ہیں۔ شاید اس لئے کہ چند پروانوں کو اس کے شعلۂ حُسن نے جلا کر خاکستر کر دیا ہے اور اُن کی لاشیں اِس بے بسی پر محض شمع کے قدموں میں بے حس و حرکت پڑی ہوئی ہیں۔ لیکن میں نہیں جانتا کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کاش میں نے کبھی محبت کی ہوتی۔ کبھی کسی نے مجھے بھی اپنی آتشِ عشق میں جلایا ہوتا۔ پھر اس وقت میں اُس لذت کو سمجھ سکتا جو پروانے کو جل مرنے میں محسوس ہوتی ہے! دیکھو شمع پروانے سے سرگوشی میں کچھ کہہ رہی ہے۔

"پیارے! مَیں تجھ سے ہمکنار نہیں ہو سکتی تھی۔ تُو نے ناحق جان گنوائی۔ لیکن دیکھ میرے محبوب! تیری یاد مجھے بھی تو جینا نہ چھوڑے گی"

میرا تخیل مجھے ایک شہر میں لے جاتا ہے۔ یہاں امیر لوگ رہتے ہیں۔ عالیشان مکانات ہیں، بجلی کے قمقمے ہیں۔ پروانے یہاں بھی آتے ہیں۔ اُن کے گرد طواف کرتے ہیں مگر اُن کے پر نہیں جلتے۔ ان میں سورش نام کو نہیں ہوتی اور ہو بھی کیسے؟ یہ شمع تھوڑی ہے! یہ تو بڑے آدمیوں کے ہاں خوبصورتی سے آراستہ کئے ہوئے بجلی کے قمقمے ہیں جن کے سروں میں غرور اور تکبر کا سودا سمایا ہوا ہے۔ ایک پروانہ دیوانہ وار آیا اور اس سے پیہم اپنا سر ٹکرانے لگا۔ قمقمے کا مزاج برہم ہوگیا۔ اُس نے خشمناک ہو کر کہا

"اے دیوانے! کیوں میرا اُجلا بدن میلا کرتا ہے؟ ایسا ہی مرنا ہے تو میرے سامنے دیکھ۔ آتشدان میں اپنا جسم جھلس لے"

اللہ رے تفاوت! عاشق کی جان جانے پر شمع روئے اور قمقمہ برہم ہو۔

میں اس قصبہ میں ایک ہفتے سے مہمان ہوں۔ سرِ شام لوگ اِدھر اُدھر سے آکر میرے پاس جمع ہو جاتے ہیں۔ باتوں باتوں میں اُنہوں نے مجھے ایک دیہاتی لڑکی کے واقعات بتائے جن سے میں نے ایک کہانی مرتب کی۔ آج کی صحبت میں مَیں آپ کو اُسی آلۂ معصوم کی داستان سُناتا ہوں۔

اس کا نام کلثوم تھا۔ وہ اور اُس کی ماں، دونوں اس بوسیدہ مکان میں رہتے تھے۔ ایک چکی اُن کی ملکیت تھی۔ آس پاس کے لوگ اُس کی ماں سے گیہوں پسواتے تھے جس کی مزدوری اُس کو سیر سوا سیر میں ایک مٹھی مل جاتی تھی۔ اسی پر ان کا گذارہ تھا۔ تھوڑے فاصلے پر شہر والوں کا سا ایک پختہ مکان بنا ہوا تھا۔ اس میں یہاں کا زمیندار اور اس کے گھر والے رہتے تھے۔ بچپن میں سب کو ساتھیوں کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے زمیندار کا بیٹا غریب کسانوں ہی کے بچوں میں کھیلتا تھا۔ کلثوم سے اُس کا انس آہستہ آہستہ اس قدر بڑھ گیا کہ اُس نے اُسی کو اپنا ہمجولی منتخب کیا۔ کھیل کا وقت نہ بھی ہو تب بھی وہ دونوں دھان کے کھیتوں یا پست منڈیروں کے پیچھے کھیلتے ہی نظر آتے تھے۔

پھر اُنہوں نے بچپن کی حدود سے نکل کر لڑکپن میں قدم رکھا لیکن اب بھی وہ دونوں غیریتِ جنسی سے ناواقف کسی گوشۂ تنہائی میں گھنٹوں گذار دیتے تھے۔ ایک دفعہ شام ہونے کو تھی۔ سورج تھکے ہارے مزدور کی طرح ستانے کیلئے پہاڑیوں کے پیچھے

چھپ رہا تھا۔ چرواہے گلوں کو ہنکاتے اور پرانی بانسریوں پر ٹوٹی ہوئی لے میں گیت گاتے چلے جا رہے تھے۔ ذرا دور ایک ندی اس طرح بے چینی سے بہہ رہی تھی گویا اس کا سانس کوئی دم میں رکا ہی چاہتا ہے۔ عابد، کلثوم کے بالکل قریب سرک آیا اور وہ بھی اپنی حیثیت سے بے خبر اس کے پہلو سے چپٹی ہوئی سرور سا محسوس کرنے لگی۔

عابد بولا "ایک بات کہیں ——— ؟"

"ہاں" کلثوم نے اس کی گردن پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔

"ہمم ——— ہم جا رہے ہیں"

"کہاں ؟"

"ابا کہتے ہیں پڑھنے لکھنے سے آدمی ہیرا ہو جاتا ہے۔ اس لئے وہ مجھے پالم پور بھیج رہے ہیں"

"پالم پور!" وہ ہولے سے بولی "وہ تو بہت دور ہے"

"ہاں ——— ابا نے کہا ہے وہاں اسکول اور کالج ہیں۔ جب ہم پڑھ لکھ جائیں گے تو سرکار ہماری بات مانا کریگی اور ...."

"کتنے دن میں آ جاؤ گے ؟"

"دن ؟" اس نے ذرا شوق سے کہا "ارے کئی سال لگ جائیں گے ... تم ہمیں بہت یاد آؤ گی"

"جانا کب ہے ؟"

"کل منہ اندھیرے"

۲

کئی سال بیت گئے پر دیہات کی زندگی میں کوئی فرق نہیں آیا۔ سوائے اس کے کہ کلثوم اپنی ماں کے انتقال کے بعد سے کچھ بدلی بدلی نظر آتی تھی۔ اس کی ہستی کا آبگینہ دکھ کی چٹان سے پہلی بار ٹکرایا تھا۔ اس لئے وہ سمجھنے لگی تھی کہ زندگی گریۂ مسلسل ہی کا نام ہے۔ اس کا دنیا میں اب کوئی نہیں تھا جس کے سہارے وہ اطمینان سے بیٹھی رہتی۔ وقت موت کا سب سے بڑا مرہم ہے۔ چنانچہ جب اس کے آنسو خشک ہونے لگے تو اس نے ایک روز بیکسی سے اپنی چچی کی طرف دیکھا۔ وہ بیچاری خود اسے حسرت سے تک رہی تھی۔ کلثوم اس سے لپٹ گئی۔ کچھ دنوں پہلے کا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے پھر گیا کہ ماں نور کے تڑکے گیہوں کے دانے پاٹ میں ڈالتی اور دھیمے سروں میں گاتی جا رہی ہے۔ اس نے جھک کر کھردرے پتھر کو بوسہ دیا اور قدرے اطمینان سے غمناک آواز میں کہنے لگی "میری جان۔ جب تک تو موجود ہے مجھے دو روٹیوں کی کمی نہیں" پھر یکبارگی کسی خوف اور مایوسی نے اسے بوجھل دھند کی طرح ملفوف کر لیا۔ اس کا چہرہ اتر گیا۔ اور وہ بھٹکتے ہوئے مسافر کی طرح خالی الذہن ہو گئی ——— کہ یکایک اس نے دیکھا کہ دھندلکے کے اس پار کوئی چراغ ٹمٹما رہا ہے۔ اس کی آس بندھ گئی۔

چند ماہ بعد عابد بھی اپنے باپ کی جگہ زمیندار بنکر آگیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کا مکان آج خالی نظر آ رہا ہے گویا یہاں کبھی کوئی بسا ہی نہیں۔ باپ کی جدائی کا اسے بڑا رنج تھا مگر اتنا نہیں جتنا کلثوم کو۔ کیونکہ شہر کی دلچسپیوں نے اسکے خیالات ایک مرکز پر مجتمع نہیں رہنے دئے تھے۔ دو چار روز میں ہجوم کار سے فرصت ملی تو اسے کلثوم یاد آئی۔ سوچا اب تو وہ شباب سے بھرپور، دوشیزہ بہار کی مانند ہو گی۔ شام

ہوتے وہ اس سے ملنے اسکے گھر پہونچا۔

کلثوم کی جوانی انگڑائی لیکر بیدار ہوئی۔ جب سے اُس نے عابد کے آنے کا حال سُنا اُس کے دل میں ایک ہلچل سی مچی ہوئی تھی۔ اُسنے کئی بار سوچا "چلی چلوں، مجھے دیکھکر بچپن کی تمام باتیں اُنہیں یاد آجائیں گی اور وہ میری ٹھوڑی اُٹھاکر کہیں گے کلثوم! تیری شب بیداریاں اور یہ لمبے لمبے کٹھن دن اب ختم ہوگئے" لیکن خود ہی کہتی "مجھ میں اور ان میں بڑا فرق ہے۔ وہ تو بچپن کا زمانہ تھا جب انسان خواب کی طرح اصلیت سے کوسوں دُور ہوتا ہے۔ کہاں وہ زمیندار اور بستی بھر کے مالک اور کہاں میں بچاری؟" آج تمام دن اسی اُلجھن میں گذرا کبھی دل کہتا "اتنے سال اس کی یاد میں گذارے ہیں، اب اس کے پاس جانے میں شرم کیسی؟ اور پھر اُس نے خود بھی تو کہا تھا کہ تم ہمیں بہت یاد آؤ گی" لیکن جب قدم اُٹھتے تو خودداری زنجیر بنکر پاؤں میں پڑجاتی۔ "آخر انہیں اب تک کیوں نہ خیال آیا ——— وہ خود ہی چلے آئیں گے"

چوکھٹ کے اُوپر بتے میں ایک دیا جل رہا تھا۔ کبھی کبھی ہوا کے تُند جھونکوں سے اُس کی لَو لہراجاتی تو اس کا ہاتھ خود بخود اسکے دل پر چلا جاتا۔ اللہ جانے آج یہ کیوں بے چین ہوا جاتا تھا۔ شاید وہ سمجھتی تھی کہ رات گئے تک اگر وہ نہ آئے تو میں خود ہی چلی جاؤنگی، اور انہیں سوتے سے جگا دوں گی۔ بس اسی خیال سے وہ ذرا نہائی دھوئی تھی۔ اُجلا رنگ تو یوں ہی تھا، صاف ستھرے کپڑے پہن کر تو اور بھی اچھی نکل آئی۔ بال بھی سنورے تھے مگر جس پلنگ پر وہ بیٹھی تھی وہ کچھ اچھا نہیں تھا اور پُرانا لحاف تو اور بھی بُری حالت میں تھا۔ اِس غضب کی سردی میں وہ خدا جانے کیسے گذارا کرتی تھی۔ لیکن یہ سوال تو امیروں کیلئے ہے، غریبوں کے ذہن کی یہاں تک رسائی ہی نہیں ہوتی۔

اُسے سردی لگنے لگی تو اُس نے لحاف گھسیٹ کر اپنی ٹانگوں پر ڈال لیا۔ اتنے میں آواز آئی "کلثوم!" وہ آواز پہچان گئی۔ عابد کی آواز کہیں تطویل زمانہ بُھلا سکتا تھا؟ خوشی کے مارے وہ دیوانی ہوگئی مگر پلنگ سے اُٹھ نہ سکی اور نہ اُس کے مُنہ سے یہ نکل سکا "ہاں، میں اندر ہوں، آؤ نا!" عابد نے جھانکا اور خود ہی اندر آگیا۔ وہ بُت بنی بیٹھی رہی۔ عابد نے دیکھا کہ اُسکی مُسکراہٹ چہرے پر سے سمٹ سمٹ کر معدوم ہوتی جارہی ہے جیسے کوئی حسین مکھڑا تہ خاک دفن ہو رہا ہو۔ وہ اس کے پاس جلدی سے بیٹھ گیا "کلثوم!"

کلثوم رو پڑی۔ نہ جانے اس کا دل کیوں بھر آیا۔ اُس نے آہستہ سے کہا "میں آپ کا کئی دن سے انتظار کر رہی تھی۔ میں سمجھی شاید آپ نہ آئیں ——— مگر میرے دل نے ..... میرے دل نے کہا آپ ضرور آئیں گے"

"کیوں نہ آتا کلثوم۔ میں نے تو تمہیں کئی بار یاد کیا۔ بھلا تم نے تو کیوں کیا ہوگا؟"

"آپ کو کیا معلوم ———" وہ اپنی بڑی بڑی پُرنم آنکھوں سے اُس کی طرف دیکھتے ہوئے بولی "اماں کے مرنے کے بعد بس آپ کو یاد کر کر کے جیتی رہی ورنہ میں تو اب تک ———"

"تو ہم اکیلے رہ جاتے۔ کیا تم ہمیں اکیلا چھوڑ جاتیں؟" عابد کی طرح کلثوم نے بھی اس کے گلے میں باہیں ڈالدیں مگر دفعتاً وہ جھجک کر پیچھے ہٹی۔ آج اُسے شرم آرہی تھی۔ جوانی کا بوجھ اُسے بے تکلف نہیں ہونے دیتا تھا۔ اور جب عابد نے اُسے اپنی گرفت میں لے لیا تو اس کا تنفس تیز ہوگیا اور اُس کے ہاتھ پاؤں باوجود کوشش کے حرکت نہ کر سکے۔ اُسنے اُسکے رخسار پر اپنے لب رکھ دئے اور شکستہ آواز میں کہنے لگا "تم کتنی خوبصورت ہو کلثوم!"

کلثوم کی پیشانی پر پسینہ چمکنے لگا اور وہ اُس کی آغوش سے بچ نکلنے کی سعی کرتے ہوئے بولی "آپ ——— آپ یہ کیا کر رہے ہیں . . . . . ."

عابد انجان بنکر کہنے لگا "اور تم مجھ سے شادی کب کروگی ؟"

"شادی ؟" کلثوم کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آیا "آپ مجھ سے شادی کرلیں گے ؟ مَیں تو غریب ہوں" اُسکی آنکھوں میں خوشی اور بے بسی کے آنسو جھلک آئے "آپ . . . . سچ کہہ رہے ہیں ؟"

"ہاں ——— بہت جلد !" وہ آگے ہی بڑھتا ہوا بولا "پھر ہم دونوں اس سامنے والے مکان میں آرام سے رہا کریں گے۔ مجھے تم سے بیحد محبت ہے کلثو"

اس دفعہ اُس نے مدافعت نہیں کی۔

. . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

۳

دو تین ماہ تک وہ اپنی جوانی کے پیاسے جذبات کو تسکین دیتا رہا لیکن جب کلثوم کی طبیعت گری گری سی رہنے لگی تو اسکو ہوش آیا۔ کلثوم میں چستی اور پھرتی اضمحلال دیکھکر بعض عورتیں کچھ تاڑ گئیں۔ عورتوں کے ذریعے یہ بات مردوں کے کانوں تک پہونچی اور آہستہ آہستہ اُس کی طرف لوگوں کی انگلیاں اُٹھنے لگیں۔ قدرت بھی تو سماج کی طرح عورت کی لغزشیں طشت از بام کردیتی ہے! جوں جوں دن گذرتے رہے اُسکے ماں بننے کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ ایک رات اُسے اذیت محسوس ہوئی مگر وہ کسی سے کچھ کہہ نہیں سکتی تھی۔ آپ ہی آپ اُسے سہا کی۔ اسی حالت میں گذشتہ واقعات سطح ذہن پر اُبھر آئے اور اُسے وہ وقت یاد آیا جب عابد نے پہلی بار اس کے دل و دماغ پر ایک کیفیت نامعلوم طاری کردی تھی . . . . . اس خیالی تلذذ سے تھوڑی دیر کیلئے وہ جسمانی تکلیف کو بھول گئی اور سوچنے لگی اسے کاش میں اُس دن کے بعد زندہ ہی نہیں رہتی اور یا وہ کیفیت ایک سلسلۂ لامتناہی ہوجاتا۔

"بس اب ایک یہی صورت ہے" عابد نے التجا کرتے ہوئے کہا "باہر گاڑی کھڑی ہے۔ تم اس میں سوار ہوجاؤ۔ مَیں اُس وقت میں گھر دیکھ آیا ہوں۔ وہاں کوئی پوچھے تو کہدینا میرے خاوند شہر میں کام کرتے ہیں۔ کوئی ڈرنے کی بات نہیں۔ یہ بوڑھا گاڑیبان تمکو وہی لے اور مکان بھی جانتا ہے۔ آرام سے لے جائیگا۔"

کلثوم منہ بند، اُسے چپ چاپ دیکھتی رہی مگر اُس کی خاموش آنکھیں کہہ رہی تھیں "آپ تو کہتے تھے ہماری بہت جلد شادی

ہو جائیگی۔ اب وعدۂ پورا کیوں نہیں کرتے؟" عابد اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے بولا: "بڑا خراب زمانہ ہے کلثوم! لوگ خواہ مخواہ ہمیں بُرا بھلا کہتے ہیں۔ ذرا میں گھر والوں کو راضی کر لوں، پھر میں تم کو جلد یہیں لے آؤں گا۔ اور وہ گاؤں یہاں سے ہے کتنی دُور؟ میں کبھی وہاں تم سے ملنے آؤں گا ..... ہاں تم کسی قسم کا فکر نہ کرنا، ہر مہینے تمہیں خرچ چلانے کیلئے روپے بھیجتا رہا کروں گا۔ آؤ اُٹھو، اُٹھو ....."

اس کا دل صاف تھا۔ عابد کی باتوں پر یقین نہ کرنے کی اُس کے خیال میں کوئی وجہ نہیں تھی۔ شام کی تاریکی اور تنہائی میں گاڑی میں بیٹھ گئی اور بیل ڈگمگ ڈگمگ چلنے لگے۔ عابد کچھ دیر درختوں کی آڑ میں کھڑا اُسے دیکھتا رہا اور جب وہ نظروں سے اوجھل ہو گئی تو کلثوم کی آنکھوں سے آنسو ڈھلک آئے۔ ہر طرف خاموشی پھیلی ہوئی تھی۔ آس پاس کے گھنے درخت اُس کے دل کی کہانی سُن سُن کر آہ سرد بھر رہے تھے۔ کبھی کبھی گاڑیبان کے چمکارنے یا کسی فاقہ زدہ کتے کے بھونکنے کی آواز سُنائی دے جاتی تھی جو آسمان کی طرف مُنہ اُٹھا کر اپنے پیدا کرنے والے سے جو سمیع بھی ہے اور بصیر بھی، اپنی بیچارگی کی شکایت کر رہا تھا۔

(۴)

چار پانچ مہینے تک دس دس روپے آتے رہے جس سے اُسکی تن پروری ہو جاتی تھی مگر من کا روگ اُسے ایسا لگا تھا کہ اُس کی جان گھلی ہی چلی گئی۔ اِدھر پچھلے مہینے روپے نہیں آئے اور عابد نے تو کبھی شکل ہی نہیں دکھائی۔ اس لئے اس کا ماتھا ٹھنکنا تعجب خیز نہیں تھا۔ پڑوس میں ایک رحمدل بوڑھی عورت رہتی تھی۔ اُس سے اُسے بہت کچھ سہارا تھا۔ ایک دن کلثوم سے اُسنے کہا: "بیٹی! میری تو کوئی اولاد ہوئی نہیں تیرے ہاں بچہ ہوگا تو مجھے بڑی خوشی ہوگی۔"

بچے کا خیال آتے ہی کلثوم کانپ اُٹھی "اماں! میں کہیں مر نہ جاؤں! ــــ مجھے اس وقت بڑی تکلیف ہو رہی ہے" پھر اُسنے ہاتھ جوڑ کر کہا "اچھی! مجھے اپنی گاڑی میں جلدی آسوں پہونچوا دو ــــ وہ میرا گاؤں ہے!"

بڈھا گاڑی ہانک رہا تھا اور کلثوم بے حال پڑی ہوئی تھی۔ خیالات اُسکے دماغ میں گردش کرنے لگے "کہیں وہ مجھے بھول تو نہ گئے؟ ..... نہیں، نہیں ..... اور اگر بھول بھی گئے ہیں تو مجھے دیکھکر انہیں رحم آجائے گا، پھر وہ اکیلا کبھی نہیں چھوڑینگے۔"

گاڑی جب زمیندار کے مکان سے ذرا ہی فاصلے پر رہ گئی تو شور و غل کی آوازوں نے اُسے چونکا دیا۔ لوگ ایلے گیلے پھر رہے تھے۔ گاڑی کو راستہ بھی تو نہیں ملتا تھا۔ گاڑی بان کے پوچھنے پر کسی نے کہا "کیوں رے بڈھے! تیری عقل تو نہیں سٹیا گئی؟ اندھا ہو لیا ہے رے تو! تجھے نہیں معلوم کہ زمیندار جی شادی کر کے آئے ہیں۔"

کلثوم تڑپ کر اُٹھ بیٹھی۔ اُسنے دیکھا کہ عابد کا مکان دُلہن کی طرح سج رہا ہے۔ اُس کا دل ٹوٹ گیا اور وہ بوڑھے کے سنبھالتے سنبھالتے چکرا کر گر پڑی۔

اُمید کے آسمان پر ایک ستارہ جھلملا رہا تھا۔ آہ! آج وہ بھی غروب ہو گیا۔

صادق الخیری

قطعات

چاندنی راتیں

غمزۂ حسن ہے کیا، عشق کی گھاتیں کیا ہیں
چاند تاروں میں جو ہوتی ہیں وہ باتیں کیا ہیں
چاندنی ہے مری ہمدرد، میں اس کا ہم راز
میرے دل سے کوئی پوچھے کہ یہ راتیں کیا ہیں

حقیقت سے گریز

غمِ حیات کو غرقِ شراب کرنے دے
سکوں سے جینے دے دو دن، سکوں سے مرنے دے
عذابِ جاں ہے حقیقت سے آگہی اے دل!
برنگِ خواب مری زندگی گزرنے دے

نغمہ و شاعر

کوئی گاتا ہے ہم روتے ہیں اختر!
ہوا کرتا ہے ایسا شب کو اکثر
اندھیرا، خامشی، نغمہ، یہ تینوں
قیامت بن کے پھٹ پڑتے ہیں دل پر

رات

بزمِ ہستی کی یہ غفلت کوشیاں
یہ فضائے دہر کی مدہوشیاں
کیا کہوں اس وقت کس عالم میں ہوں
ہو رہی ہیں رات سے سرگوشیاں

چاندنی رات

خلوتِ کامل ہے اختر، چرخ نے
ڈال دی ہیں ماہتابی چلمنیں،
رات سے اس طرح ہم آغوش ہوں
سن رہا ہوں اس کے دل کی دھڑکنیں

بیخواب راتیں

روٹھیں ہیں، کروٹوں میں دکھ بھی ہے
غم نے لوٹی نیند، لوٹا چین بھی
راختر اک زمانہ وہ بھی تھا،
جب خوشی کے مارے نیند آتی نہ تھی

اختر انصاری

بوسہ

اے عشق شیریں کار کی روحِ صد امید آفریں
اے میرے جذبِ شوق کی تصویرِ زرّیں و حسیں

اے رازدارِ شانِ عشق، اے غمگسارِ جانِ من
اے نقشبندِ خوبیِ حُسن و جمالِ صد چمن

اے انبساطِ حُزنِ دل، اے نوبہارِ نازِ حُسن
اے نغمۂ روحِ طرب، اے زمزمہ پروازِ حُسن

اے راحتِ جانِ حزیں، اے خوابِ شیریں مزے
پنہاں تجھی میں راز ہیں، دلبستگیِ شوق کے

اے جانِ تصویرِ طرب، اے روحِ تخئیلِ وصال
اے شانِ حُسنِ عارضی، اے نازشِ نورِ جمال

اے نوبہارِ گلشنِ حُسن و کمالِ عاشقی
اے خندۂ گلہائے اُمید نہالِ عاشقی

تُو نوبہارِ ناز ہے، اے نغمہ سازِ عاشقی
تُو جانِ خوابِ شوق ہے، اے جاں نوازِ عاشقی

اے نغمۂ جذباتِ دل، اے امتحانِ آرزو
اے غنچۂ باغِ طرب، اے جانِ جانِ آرزو

اے حُسنِ دل آویز کی زیبائش رنگیں ہے تُو
اے سازِ عشق آہنگ کا، اک نغمۂ شیریں ہے تُو

اے مرکزِ جذباتِ دل، اے مخزنِ اسرارِ عشق
اے دولتِ جذبِ نہاں، اے جلوۂ اظہارِ عشق

اے جانِ جانِ زندگی، تصویرِ فرطِ عاشقی
تُو جانِ صد اُمید ہے، اے جذبِ شوقِ باہمی

آئینۂ جذباتِ دل، اے خاتمِ رُخ کے نگیں
فرمانروائے عشق ہے، تُو اے شہِ بالانشیں

اے خالِ رُخسارِ حسیں، ہاں اے شہابِ مہ نشیں
سو داغِ دل پر کھائیگا، اب گلشنِ چرخِ بریں

ہر ہر ادا خود بن گئی، تصویرِ جانِ عاشقی
ہر ہر نفس میں پھونکدی، تُو نے دمِ روحِ تازگی

دل سے اُمنگیں جب اُٹھیں، ہونٹوں پہ آکر رُک گئیں
کچھ رُک گئیں، کچھ تھم گئیں، کچھ ہو گئیں اندر ہی گئیں

پھر ہونٹ سمٹے یا سمٹ کر اک گلی سی رہ گئی
پھر گُل کھلے کچھ اور ہی اور کھل گئی دل کی کلی

فرحت کانپوری

ہماری مغرب پرستیاں

دورِ جدید کی تہذیب و تمدن کی ترقیاں اور ہماری فیشن پرستیاں زندگی کے ہر شعبہ میں گرانی اور افلاس کے اسباب آئے دن پیدا کر رہی ہیں۔ ایک طرف ہماری مغرب پرستی اور مغربی طرزِ معاشرت کی اندھی تقلید ہماری زندگی کے معیار کو سرعت سے بڑھا رہی ہے۔ اور دوسری طرف ہماری معاشی و اقتصادی پستی بدستور قائم بلکہ روز بروز بڑھتی جا رہی ہے، آمدنی کی کمی اور خرچ کی زیادتی ہماری آمد و خرچ کے توازن کو بگاڑ رہی ہے اور ہماری زندگی میں نت نئی شکلیں اور مصائب پیدا کر رہی ہے۔

گراں قیمت طرزِ زندگی کے ہم اس قدر عادی ہو گئے ہیں کہ سادہ اور سُود مند معاشرت ہمیں ایک آنکھ نہیں بھاتی، ہم اپنی اقتصادی حالت پر کبھی غور کرتے ہی نہیں کہ موجودہ معاشرت ہمارے لئے کس حد تک مضرت رساں ہے۔ مغرب کی نظر فریب طرزِ معاشرت اور اُسکی رنگینیوں کے پیچھے دیوانہ وار دوڑتے ہیں، مغربی معاشرت کی دلفریب ادائیں ہمیں کچھ ایسی بھا گئی ہیں کہ ہر قیمت پر ہم انہیں خریدنے کو بیتاب نظر آتے ہیں۔

مغربی معاشرت کے نقصانات پر غور کرنے کا خیال نہ کبھی ہمارے دماغ میں آتا ہے اور نہ ہماری سماج اس اہم مسئلہ پر غور کرنے کی ضرورت سمجھتی ہے، مغرب زدہ سوسائٹی میں شریک ہونا آجکل زندگی کا لازمہ اور تہذیب کا خاصہ بن گیا ہے، سوسائٹی کی ہر ادا پر آمین کہنا اور اُس کی ہر حرکت کو نقل کرنا ہماری تہذیب و تمدن کی معراج ہے، اگر کوئی اُس کی کسی حرکت پر اعتراض کرے تو بدتمیز اور وحشی کا لقب دیا جاتا ہے اور اس کا سوسائٹی میں بار پانا دشوار ہو جاتا ہے۔ سوسائٹی کو علیحدگی اختیار کرنا ممکن نہیں، کیونکہ اس کی دلچسپیاں اور رنگینیاں اس قدر جاذبِ نظر و جادو اثر ہیں اور اپنے اندر اتنے سحر آگیں کرشمے رکھتی ہیں کہ دامنِ دل از خود اُنکی طرف کھنچا چلا جاتا ہے۔

کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم اپنے معیارِ زندگی کو جو خواہ مخواہ مغرب کی اندھی تقلید کی وجہ بڑھتا جا رہا ہے، جادۂ اعتدال پر لے آئیں؟ تاکہ سوسائٹی کے تعاون و اشتراک باہمی کا بوجھ ہماری اقتصادی پستی اور موجودہ معاشی حالت کے مدِ نظر اسقدر گراں نہ ہو کہ ہم اُسکو برداشت نہ کر سکیں اور سوسائٹی کی شرکت کی خاطر قرض کے شکنجوں میں پھنستے نہ جائیں! یہ مسئلہ نہایت اہم اور ہم سب کے غور و فکر کا محتاج ہے۔

مغربی تہذیب اور معاشرت کی ایک حد تک تقلید کی جا سکتی ہے، ہمارے موجودہ تمدن میں اس کا بڑا عنصر داخل ہو گیا ہے۔ ہماری عادات و اخلاق اور ہماری اقتصادی حالت کو مغرب کی تقلید سے متاثر نہ ہونے دینا چاہیئے، مغربی تہذیب کی حسین اور دلکش صورتوں کو تنقیدی نظروں سے دیکھیں کہ کون ہماری صحبت کے قابل ہے اور کس سے کنارہ واجب!

مغربی تمدن کی صحیح تقلید کا سب سے پہلا اثر ہم میں یہ ہونا چاہیئے کہ صنعت و حرفت، زراعت و تجارت، تحقیقات و ایجاد، محنت و مشقت اور کسبِ معاش کے وہ طریقے سیکھیں اور ذرائع اختیار کریں جن کی وجہ آج مغرب کو مشرق پر فوقیت حاصل ہے،

اپنی آمدنیوں کو جائز حدیقوں سے بڑھا کر اگر ہم اپنی زندگی کے معیار کو بھی بلند کریں اور اپنی معاشرت کو گراں بنائیں تو ہمارا شمار مغرب کی صحیح تقلید کرنے والوں میں ہو سکتا ہے، وقت کی قدر و قیمت کرنا سیکھیں، وعدہ کے ایفا کا خیال رکھیں، قول و قرار کے پابند رہیں، جھوٹ نہ بولیں، اپنی آمد و خرچ کے توازن کو بگڑنے نہ دیں، معاشرت میں صفائی اور سادگی پیدا کریں، گھر کی ہر چیز کو سلیقے اور قرینے سے ترتیب دیں، غیر ضروری چیزیں خرید کر روپیہ برباد کرنے کے علاوہ گھر کو کباڑی کی دوکان نہ بنا دیں، فرنیچر میں نہ اس قدر قلت ہو کہ کرسیاں بھی صحیح سالم نہ نکلیں اور نہ اس قدر بہتات کہ سارا مکان نیلام گھر نظر آئے۔

مغربیوں کا ہر گھر فردوس نظر معلوم ہوتا ہے، اس کا سبب یہ نہیں کہ اُن کی آمدنی ہم سے بہت زیادہ ہے اس لئے وہ ایسی صاف ستھری معاشرت کے پابند ہو سکتے ہیں، اگر ہم غریب اور متوسط درجے کے یوروپینوں کا مقابلہ ہمارے متمول حضرات کی معاشرت سے کریں تو بھی یہی فرق نظر آئے گا، سلیقہ اور صفائی، نفاست اور پاکیزگی کیلئے زیادہ روپے کی نہیں بلکہ تمیز اور احساس کی ضرورت ہے، اور یہی ہم میں نہیں ہے۔

ہم کیا سے کیا ہو گئے ہیں! اگر اپنی اِس حالت پر ہم غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ہماری معاشی اور اقتصادی حالت سرعت کے ساتھ گرتی جا رہی ہے، اگر ہم میں کچھ انقلاب ہوا ہے تو وہ ہماری معاشرت میں مغربیت ہے، علم و عمل سے تو کوسوں دُور ہیں مگر مغرب زدگی ہمارے رگ و ریشہ میں سرایت کر گئی ہے نئے نئے فضول مصارف نے ہماری سادہ زندگی کے مطلع کو بیحد غبار آلود کر رکھا ہے۔ ہمارے خیالات میں مغرب پرستی نے ایک طوفانِ عظیم برپا کر رکھا ہے، ہم اپنے سادہ طرزِ زندگی کو خیرباد کہکر نئے دورِ حیات میں داخل ہو رہے ہیں، اسوقت نہایت ضروری ہے کہ ہم ذرا عاقبت اندیشی سے کام لیں، اچھائی اور بُرائی میں امتیاز پیدا کریں، اپنی بربادیوں اور تباہکاریوں کو اپنے ہاتھوں دعوت نہ دیں کہ کسی دن بالکل ہی ملیامیٹ نہ ہو جائیں اور حرفِ محرّر کی طرح لوحِ جہاں سے مٹ نہ جائیں۔

آجکل مغرب پرستی کی وبا ہمارے ہاں اِس حد تک پھوٹ پڑی ہے کہ ہمارے بعض ہندوستانی "صاحب بہادر" جب اپنے ملازمین سے گفتگو کرتے ہیں تو اپنی مادری زبان اس لئے غلط بولتے ہیں کہ یوروپین ہندوستانی زبان صحیح نہیں بول سکتے، یہ مغرب زدہ حضرات اپنے بزرگوں، عزیزوں اور دوستوں سے ملاقات کے موقعوں پر بھی مغربی طریقے اختیار کرتے ہیں تحریر و تقریر میں اپنی مادری زبان کو اس قدر مغرب زدہ بنا دیا جاتا ہے کہ وہ ایک نئی زبان بن جاتی ہے۔ غرض کہ ہر وقت اور ہر موقع پر مغرب کی اندھی تقلید کرنا روشن خیالی اور اعلیٰ تہذیب کا معیار سمجھا جاتا ہے۔

مغرب پرستی کی ایک مثال آج ہم ناظرین ساقی کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اس مثال سے واضح ہوگا کہ جو لوگ اپنے کمسن اور ناسمجھ لڑکوں کو تعلیم کی غرض سے یورپ بھیجتے ہیں اُن پر مغرب کی فضا کا کیا اثر ہوتا ہے اور وہ کس حد تک مغرب پرستش کرنے لگتے ہیں۔

ایک بزرگوار نے اپنے صاحبزادے کو انٹرنس پاس کرتے ہی بیرسٹری کی ڈگری لانے یورپ بھیجا، دس بارہ سال کے بعد صاحبزادے بیرسٹر ہو کر وطن لوٹے، بمبئی سے پدر بزرگوار کو تار دیا کہ فلاں ٹرین سے گھر پہونچیں گے، وقت پر والد ماجد اسٹیشن پہونچے۔ ٹرین آئی مگر بیرسٹر صاحب کا پتہ نہیں، ہر روز بیچارے بیٹے کو لینے اسٹیشن جاتے مگر بے نیل و مرام لوٹتے۔

اس طرح کوئی دو ہفتے گزر گئے۔ ایک روز آپ کے ایک دوست نے بیرسٹر صاحب کو منہ میں چرٹ دبائے، کتا بغل میں لئے، ایک میم صاحبہ کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے کسی تفریح گاہ میں چہل قدمی کرتے دیکھا اور آپ سے اس واقعہ کا ذکر کیا۔ بڑے میاں ابھی یہ گتھی سلجھا ہی رہے تھے کہ ایک اور صاحب تشریف لائے، انہوں نے یہ انکشاف کیا کہ آپ کے صاحبزادے کو وطن پہونچکر کوئی دو ہفتے ہوتے ہیں اور وہ فلاں ہوٹل میں مقیم ہیں، ان کو یہ شکایت ہے کہ تار بھیجنے کے باوجود نہ آپ اسٹیشن آئے نہ انہیں لینے کسی کو بھیجا۔

واقعہ یہ ہوا کہ بیرسٹر صاحب نے اپنے ورود کی جو تاریخ تار میں بتائی تھی اسی دن وہ تشریف لائے۔ ٹرین سے نکل کر ادھر ادھر دیکھا کوئی آپ کی پیشوائی کو آتا نظر نہ آیا۔ ٹیکسی لی اور ایک ہوٹل میں اتر پڑے اب جو بڑے میاں نے یہ خبر سنی تو یہ بیچارے لگے وقتوں کے بھولے بھالے آدمی پریشان ہوئے کہ آخر یہ کون سی خفگی کی بات تھی کہ پندرہ روز ہو گئے ماں باپ کی صورت تک دیکھنا پسند نہیں کیا۔ اولاد کی محبت بُری ہوتی ہے، فوراً ہوٹل پہونچے، دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اس نام کے ایک صاحب فلاں کمرے میں مقیم ہیں۔ کمرے کے اندر جانا چاہا تو خانساماں نے کارڈ مانگا۔ یہ پرانی وضع کے آدمی کارڈ کیا جانیں، پریشان ہو کر پوچھا "بھائی تم کیا مانگتے ہو؟" خانساماں سمجھ گیا کہ بڑے میاں آجکل کی تہذیب سے بالکل کورے ہیں، وہ خود ہی ایک سادہ کارڈ اٹھا لایا اور اس پر نام لکھنے کو کہا اور عرض کی کہ یہ کارڈ ہم صاحب کو دیں گے اگر وہ آپ کو طلب کریں تو آپ کمرے میں جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا "بھائی میں کسی صاحب بہادر سے ملنے نہیں آیا، میں تو اپنے لڑکے ..... سے ملنے آیا ہوں جو ولایت سے بیرسٹر ہو کر آیا ہے" خانساماں نے کہا "جی ہاں! اس نام کے ایک صاحب اس کمرے میں ٹھہرے ہوئے ہیں، خواہ وہ آپ کے بیٹے ہوں یا کوئی اور یہاں کا یہی قاعدہ ہے"

بڑے میاں نے لرزتے ہاتھوں سے کارڈ پر اپنا نام لکھ کر خانساماں کو دیا، وہ لیکر کمرے کے اندر گیا اور تھوڑی دیر کے بعد آکر کہا "اس وقت صاحب تاش کھیل رہے ہیں آپ تھوڑی دیر انتظار کریں" کوئی آدھے گھنٹے کے بعد گھنٹی بجی اور آپ کی طلبی ہوئی، پدر بزرگوار کو دیکھکر صاحبزادے اٹھ کھڑے ہوئے اور "گڈ مارننگ" کہکر مصافحہ کیلئے ہاتھ بڑھایا۔ بڑے میاں مصافحہ کر کے بیٹھ تو گئے مگر لگے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر صاحبزادے کو دیکھنے کہ یہ اُن کا پیارا ..... ہی ہے یا کوئی صاحب بہادر ہیں۔

اس پریشانی میں سامنے تپائی پر جو نظر پڑی تو ایک شیشہ ارغوانی رنگ کے شربت سے آدھا بھرا رکھا دیکھا، شیشہ کے آس پاس کانچ کے دو چار خوبصورت جام دھرے تھے۔ ایک میز پر تاش کے پتے بکھرے پڑے تھے اور وہیں کچھ ریزگاری بھی موجود تھی۔ بڑے میاں ان چیزوں کو غور سے دیکھ رہے تھے اور بیرسٹر صاحب تین پتوں کے کھیل میں مشغول تھے۔ بڑے میاں نے آخر تنگ آکر کہا "بیٹا ..... گھر کیوں نہیں آئے! یہاں ٹھہرنے کی کیا ضرورت تھی؟"

بیرسٹر صاحب کے ایک دوست نے آپ کی طرف بغور دیکھکر پوچھا "آپ کی تعریف؟" برخوردار صاحبزادے نے انگریزی میں جواب دیا "یہ ہمارے پڑوسی اور والد کے دوست ہیں!" اتنے میں بڑے میاں نے ان ہی صاحب سے کہا کہ "دیکھئے جناب! یہ میرا لڑکا ..... ہے، تعلیم کیلئے یورپ گیا تھا خدا جانے کیا ہو گیا کہ ہم سب کو بھول بھال کر یہاں ہوٹل میں آبیٹھا ہے،

ماں اُدھر انتظار انتظار میں مری جارہی ہے، خُدارا آپ ہی کچھ سمجھائیے" یہ سُنکر اُنہوں نے بیرسٹر صاحب کو خُوب لتاڑا آخر خُدا خُدا کرکے ماں سے ملنے آپ گھر آئے۔

ماں بیچاری مامتا کی ماری بیٹے کے دیدار کو ترس رہی تھی، جب آپ اندر آئے ماں کی آنکھیں خوشی کے آنسوؤں سے اندھی ہورہی تھیں اُس نے دونوں ہاتھ اُٹھا کر بلائیں لینی چاہیں، ماں کے دونوں ہاتھ اپنے مُنہ کی طرف آتے دیکھکر آپ گھبرائے کہ بڑی بی مُنہ نوچنا چاہتی ہیں، جھٹ اپنے دونوں ہاتھ بڑھاکر روکنا چاہا۔ جب ماں بیٹے کے ہاتھ چار ہوئے تو بڑی بی کا توازن قائم نہ رہ سکا اور وہ غریب چاروں خانے چت ہوگئی۔ بڑی مشکل سے اُس کو اُٹھاکر پلنگ پر لٹایا گیا تو آپ قریب آئے اور پوچھا "ممّا! تم کیسا ہے؟" ماں مزاج پُرسی کے یہ مہذّب بول سُنکر بہت پریشان ہوئی، آنکھیں پھاڑ کر دیکھا تو ایک صاحب بہادر کھڑے ہیں، سر پر ٹیکوں کی الٹی ٹوکری رکھی ہوئی ہے، ایک بے ڈھنگا سلوکہ زیب بدن ہے جس میں نیچے اُوپر کئی تھیلیاں لگی ہیں، مُنہ میں موٹی سی اگربتّی سُلگ رہی ہے، پچھے دار دُھواں نکل رہا ہے مگر اگر کی سی خوشبو نہیں، ایک سُرخ دھجّی نیچی اُونچی گرہ دی ہوئی بل کھائی ہوئی گلے میں لپٹی ہے اور ایک سفید سفید پٹہ سا گلے کے اطراف میں پڑا ہے۔ جلدی سے بڑی بی نے مُنہ پر ہاتھ رکھ لیا اور کہا" ائے یہ موا کہاں سے گھُس آیا، لے صاحب کیا میں ایسی بیمار ہوگئی تھی کہ بڑے ڈاکٹر کو بُلوایا اور مجھکو بے پردہ کردیا؟ میرا بچّہ کہاں ہے؟" بڑے میاں نے کہا "یہی تو تمہارا لڑکا ہے۔ ولایت جاکر بڑا صاحب بنگیا!" ماں کی محبت کو جوش ہوا، بیٹے کو گلے سے لگالیا، ماں پوچھتی کچھ ہے اور یہ جواب کچھ دیتے ہیں۔ چند ہی سال میں اپنی زبان بھُول گئے، آپکے رگ وریشہ میں مغربیت کچھ ایسی سرایت کرگئی کہ اپنے وطن کی ہر چیز سے نفرت ہوگئی۔ خوراک، لباس، مکان، غرضکہ ہر چیز میں مغربیت رچ گئی۔ مغربی ماحول نے کچھ ایسا جادو کردیا کہ سوتے جاگتے، اُٹھتے بیٹھتے مغرب ہی مغرب نظر آنے لگا۔ دماغ میں کچھ ایسی فرعونیت سماگئی کہ ہندوستان سے سیدھے مُنہ بات کرنا کسرِ شان سمجھنے لگے۔ بیرسٹری دھری کی دھری رہ گئی۔ باپ کی جائیداد پر گزر بسر ہورہی ہے۔ مُشتے نمونہ از خروارے۔ یہ ایک مثال مغرب پرستی کی پیش کی گئی ہے۔

آجکل ہماری خواتین میں بھی مغرب پرستی کی وبا خُوب پھُوٹ پڑی ہے، مغربی عورتوں کی طرح اُن کے لباس اور سنگار کی اختراعات میں روز افزوں اضافہ ہورہا ہے۔ ضرورت سے زیادہ فیشن اور سنگار کی مصروفیتیں عورت کو اُسکے فرائض سے بے نیاز کردیتی ہیں۔ مغرب کی تہذیب اور اُس کی طرز معاشرت پر اگر ہم غور کریں تو معلوم ہوگا کہ مغربی عورت اپنے اصلی اور جبلّی فرائض سے کس قدر دُور جاپڑی ہے، گھر کی مسرّتیں تو رہیں ایک طرف مغرب کا کوئی گھر ہی نہیں رہا اس لئے ایسی تقلید کا خیال جو گھر کی مسرت کو فنا کردے اور عورت کو اُس کے فرائض سے غافل کردے قطعاً قابل ستایش نہیں ہوسکتا۔

ہماری مغرز بہنیں غالباً مغربی خواتین کی گھریلو زندگی سے واقف نہیں ہیں، آج یورپ کے اکثر مرد اپنی عورتوں کی آزادی اور فیشن پرستی کی وجہ سے بیزار ہیں عورت کی اسی نام نہاد آزادی نے مغرب کی زندگی کے توازن کو اس قدر خراب کردیا ہے کہ ایک لمحہ کا بھی حقیقی آرام اور چین نہ مرد کو نصیب ہے نہ عورت کو۔ مغرب کی یہ عورت جو آزادی کا انتہائی نمونہ ہے، عورت

تو نہیں رہی اور نہ اُس کو مرد ہی کہہ سکتے ہیں اس لئے وہ ایک تیسری جنس بن گئی ہے جس کو مغرب کی فضا نے پیدا کیا ہے۔ ہندوستان میں بھی اب وہی اسباب پیدا ہو رہے ہیں جنہوں نے مغرب کی عورت کو ایک نئی جنس بنا دیا ہے اور اُسکی نسائیت اور اُسکی گھریلو زندگی کو تباہ و برباد کر دیا ہے۔

ہماری بہنوں کو مغرب کی تقلید اس طرح کرنی چاہیئے کہ سب سے پہلے اپنے گھروں کو پاک صاف رکھیں، سامان کو سلیقے اور قرینے سے سنواریں، گھر کے گوشہ گوشہ کی صفائی کا خیال رکھیں، صحن کو گملوں اور خوشنما پودوں سے آراستہ کریں کہ درخت ہر آنے والے کو دعوت نظارہ دیتے ہیں اور خراب گیاس کو اپنے اندر جذب کر لیتے ہیں، اپنی معاشرت کو حتی الامکان سادہ بنائیں، فضول خرچی سے احتراز کریں، خرچ کو آمدنی سے بڑھنے نہ دیں، قرض لیکر غیر ضروری سامان خریدنے اور قیمتی لباس بنانے کے عوض ہزار درجہ بہتر ہے کہ کم قیمت سادہ مگر صاف ستھرا لباس اختیار کریں۔

ہماری معاشی اور اقتصادی حالت روز بروز بدتر ہوتی جا رہی ہے، اس کی ذمہ داری مردوں کے علاوہ خواتین پر بھی عائد ہوتی ہے۔ کیونکہ اکثر ملازمت اور تجارت پیشہ اشخاص اقسام کی مصروفیات کی وجہ سے گھر کے کاروبار میں دلچسپی لینے سے قاصر رہتے ہیں۔ ملازمت پیشہ حضرات تو اپنی کامل آمدنی اپنی گھر والی کے سپرد کر کے ہر قسم کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جاتے ہیں، گھر کے خرچ کو آمدنی سے بڑھنے نہ دینا بیوی کا اہم فرض ہے اور جہاں اسراف کی عادت پڑ جاتی ہے وہاں باوجود اقسام کی جائز اور ناجائز معقول آمدنیوں کے قرض کی مقدار میں آئے دن اضافہ ہوتا جاتا ہے۔

ہماری خواتین کو چاہیئے کہ اپنی مغربی بہنوں سے وقت کی قدر و قیمت کرنا سیکھیں۔ بیکاری، دوسروں کی عیب جوئی، بیہودہ، فضول گپ شپ اور ضرورت سے زیادہ فیشن اور سنگار کی مصروفیات میں اپنا عزیز وقت برباد نہ کریں۔ اپنی زندگی کا ایک نظام العمل بنائیں۔ کام کرنے کے اوقات کا تعین کریں، گھریلو صنعتیں حاصل کریں، بچوں کی صحت اور تربیت کا خیال رکھیں، گھریلو خانہ داری میں تہذیب و ترتیب پیدا کریں اور اوقات فرصت میں کبھی مطالعہ کتب و اخبار بینی سے جی بہلائیں، کبھی سینما کلب چلی جائیں اور کبھی سیر و تفریح کیلئے کھلی فضا میں نکل کر قدرتی مناظر کا لطف اٹھائیں۔ اس قسم کی سیر و تفریح کیلئے ایسے مقامات کا انتخاب کریں جہاں تازہ ہوا ملے اور اچھے منظر دیکھنے میں آئیں مگر غیر ضروری طور سے مڈبھیڑ ہونے کا زیادہ اندیشہ نہ ہو اگر اپنے وقات کی اس طرح تنظیم کریں تو اُن کا ایک لمحہ بھی رائیگاں نہیں جا سکتا۔

آخر میں ہم اپنی معزز بہنوں سے یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ خواہ وہ گھر کے اندر رہیں یا ہوٹلوں اور پارٹیوں میں ڈانس ہاں، موٹر چلائیں یا ہوا میں اڑیں، کشتی رانی کریں یا گھوڑے دوڑائیں، چراغ خانہ ہونا پسند کریں یا شمع انجمن بنیں، اسٹیج پر رونق افروز ہوں یا پردۂ فلم پر جلوہ گر!

مگر ذرا سا خیال رکھنا کہ پیاری بہنو وطن تمہارا
نہیں ہے بدقسمتی سے یورپ غریب و بدبخت ایشیا ہے

مرزا سیف علیخاں

گاؤں اور شہر

شہانہ نگر سے دو میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا جس کو موہن پور کہتے تھے۔ موہن پور دو زمینداروں کا تھا۔ ایک تو ذات کے ٹھاکر تھے دوسرے برہمن۔ ان دونوں خاندانوں میں بڑا میل ملاپ تھا۔ ٹھاکر جی کا نام پرتاب سنگھ اور پنڈت جی کا نام وشنودت۔ ٹھاکر جی اور پنڈت جی دونوں نوجوان تھے۔ بیس کے کچھ ہی اوپر عمریں ہوں گی۔ دونوں کے پاس ایشور کی کرپا سے دھن کی کمی نہ تھی۔ یہ دونوں زمیندار بڑے نیک اور سیدھے تھے۔ ان کے پتاؤں نے انہیں اب تک شہر کی صورت بھی دیکھنے نہ دی تھی حالانکہ شہانہ نگر کا فاصلہ ہی کیا تھا۔ یہ لوگ اپنی کھیتی کسانی میں مست خاموش زندگی بسر کر رہے تھے۔

ان دونوں کے پتا سرگباش ہو چکے تھے۔ ایک دن کا ذکر ہے کہ پنڈت جی کے ایک رشتہ دار شہر سے آئے اور بولے:۔

رشتہ دار:۔ وشنودت، آجکل کیا ہو رہا ہے۔

وشنودت:۔ کیا ہو رہا ہے؟ کل سے کٹائی شروع ہو گئی ہے۔

رشتہ دار:۔ کیا حال ہے؟

وشنودت:۔ حال کیا ہے۔ فصل اب کی اچھی نہیں ہو سکی۔ پندرہ دن ہوتے جو اولے پڑے تھے انہوں نے ٹٹیا ڈبو دی۔

رشتہ دار:۔ یار تم تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کھیتی کسانی کے ہاتھوں بک گئے ہو۔ کچھ بسنت کی بھی خبر ہے؟

وشنودت:۔ کیا کہا بھائی میں تو سمجھا نہیں۔

رشتہ دار:۔ ارے بھائی۔ ذرا شہر میں رہو تو یہ سب کتھا بھول جاؤ۔

وشنودت:۔ کیسی کتھا۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

رشتہ دار:۔ ارے یہی فصل کی رام کہانی۔ کبھی شہر بھی دیکھو۔

پنڈت:۔ شہر میں کیا دھرا ہے۔

رشتہ دار:۔ کیا دھرا ہے۔ ذرا چلو تو پتہ چلے آج کل ایک تھیٹر کمپنی آئی ہوئی ہے۔ اس میں ایسی ایسی خوبصورت عورتیں ہیں کہ سارا شہر بس لٹو ہو رہا ہے۔

پنڈت:۔ یہ تھیٹر کسے کہتے ہیں آپ، اور یہ عورتیں اس میں کیا کرتی ہیں۔

رشتہ دار:۔ (قہقہہ) وائے سورکھ۔ ارے تھیٹر میں سوانگ ہوتا ہے اور اس میں یہ عورتیں کام کرتی ہیں۔

پنڈت:۔ اور دیکھنے میں کیا لگتا ہے؟

رشتہ دار:۔ کیا لگتا ہے؟ کوئی دس بیس ہزار۔ ارے پانچر روپیہ تین روپیہ، ڈیڑھ روپیہ ایک روپیہ آٹھ آنے ٹکٹ ہے۔ چلو نا۔

پنڈت:۔ اچھا لیکن ٹھاکر کو بھی بلا لیں۔

رشتہ دار:۔ شوق سے، ایک سے دو بھلے۔

چنانچہ اسی دن سورج بیٹھے یہ تینوں آدمی موہن پور سے چلے۔ گھنٹہ بھر سے کم میں شہر پہونچ گئے۔ اور آٹھ بجتے بجتے یہ لوگ تھیٹر کے سامنے آدھمکے۔

یہاں شور و غل برپا تھا۔

آوازیں:۔ بابو جی۔ مجھے ٹکٹ۔ ڈیڑھ روپے والا۔

دوسری آواز:۔ مجھے تین روپے والے تین ٹکٹ دیجے، بابو جی۔!

تیسری آواز:۔ ارے مرا ہاتھ پسا۔ ہٹ، ادھر۔ بابو جی آٹھ آنے والے چار۔

پنڈت:۔ یہ کیا ہے بھائی؟

رشتہ دار:۔ ہے کیا۔ اسی کھڑکی میں ٹکٹ ملتا ہے۔

ٹھاکر:۔ تو جا کے مہراج تین ٹکٹ لے آئیے۔ پنڈت جی، یہاں تو مارے روشنی کے دن معلوم ہو رہا ہے۔

پنڈت جی:۔ ہاں بھئی، مَیں تو حیران ہوا جاتا ہوں۔

رشتہ دار:۔ پانچ روپیہ والے تین ٹکٹ دیجیے بابو!

بابو:۔ لیجئے صاحب۔ یہ پانچ روپیہ واپس۔ دس کے دو نوٹ آپ نے دئے تھے۔ روپیہ پرکھ لیجئے۔

تینوں آدمی ٹکٹ خریدنے کے بعد اگر تماشہ گاہ میں بیٹھے۔

وشنودت:۔ تماشہ شروع ہونے میں کیا دیر ہے؟

رشتہ دار:۔ بس کوئی منٹوں کی کسر ہے۔

گھنٹی کا بجنا۔ پردے کا اٹھنا۔

سہیلیوں کا گانا۔

سکھی آؤ مل ناچیں گائیں۔

پہلا آدمی:۔ خبردار۔ گانا موقوف کرو۔ میرے کچھ دوست آرہے ہیں۔

پیروں کی آواز۔

پہلا آدمی:۔ آئیے آئیے، صاحبان، بوائے شراب۔ جلدی لاؤ ــــ!۔

گلاس اور بوتل آتی ہے۔ قہقہے، باتیں۔ ایک شخص داخل ہوتا ہے۔

پہلا آدمی:۔ آئیں۔ تم کیسے آئے۔ نکل جاؤ یہاں سے فوراً۔

نووارد:۔ مَیں نکل جاؤں۔ اچھا نکلا جاتا ہوں۔ لیکن جانے سے پہلے ان بھولی چڑیوں کو جن کو آج تو اپنے دام میں اسیر کرنا چاہتا ہے۔ تیرا حال ضرور سُنا کر جاؤں گا۔

اُو فریبی انسان، تُو میرے ہی دئے ہوئے مکان سے مجھے نکال رہا ہے۔ حضرات یہ شخص جس کے آپ حضرات مہمان ہیں۔ انتہائی بے ایمان اور فریبی ہے۔ یہ بھولے بھالے دیہاتی زمینداروں کو شہر لاتا ہے اور انہیں بائیسکوپ، تھیٹر، شراب اور گانے کے جال میں پھنسا کر خوب لُوٹتا ہے۔ میں بھی ایک زمیندار تھا۔ آہ میری کُل دولت اِس نے دو سال میں تباہ کر دی اور آج میں پیسہ پیسہ کو محتاج ہوں۔ خُدا کیلئے اس انسان کے پھندے سے بچئے۔

وشنودت:۔ بھیا ٹھاکر۔ اٹھو گھر چلیں۔

ٹھاکر:۔ ہاں بھیا۔ میرا بھی جی یہی چاہتا ہے۔

رشتہ دار:۔ ارے کہاں، کہاں۔ واہ بھائی۔ ابھی تو تماشہ ذرا ہی سا ہوا ہے پورا دیکھ تو لو۔

وشنودت:۔ نہیں بھائی بس دیکھ لیا اور اتنا دیکھ لیا کہ تمام جیون بھولنا مشکل ہے۔

رشتہ دار:۔ ہا ہا ہا۔ ارے تم پر تماشہ نے اثر کر لیا۔ واہ وا۔

ٹھاکر:۔ ہاں بھائی صاحب۔ بھلے گھوڑے کو ایک چابک اور بھلے آدمی کو ایک بات بہت ہوا کرتی ہے۔

پنڈت اور ٹھاکر دونوں اُسی وقت تھیٹر سے باہر نکل آئے اور موہن پور کو روانہ ہو گئے۔ راستے بھر اُن کے سامنے اس مغموم ایکٹر کی صورت رہی جو رو رو کر اپنی فرضی تباہی کی داستان سُنا رہا تھا۔

وہ گھڑی ہے اور آج کی گھڑی۔ پنڈت اور ٹھاکر دونوں نے شہر کا مُنہ نہیں دیکھا۔ دونوں اپنا جیون آرام سے گذار رہے ہیں۔

بہزاد لکھنوی

ہر قسم کی کتابیں ساقی بُکڈپو۔ دہلی سے طلب کیجئے۔ کیونکہ بُکڈپو کا منافع ساقی ہی پر صرف کیا جاتا ہے۔ فہرست مفت طلب کیجئے۔ مینیجر

نکات

خفتہ ہے خودی جس کی ناقص ہے شعور اسکا
بے لطف ہے میرا اس کا بے شعلہ ہے طور اسکا
آتی ہی نہیں جسکے لب تک یہ سخن باقی
بے کیف حیات اسکی بے لطف سمر اسکا

دریا کے سکوں میں ہے دریائی خودی پنہاں
گوہر کے تجمل پر قطرے کی خودی نازاں
ہر ذرہ خودی سے ہے ارضی کہ سمائی ہو
ہر ذرہ و انجم میں ہے ان کی خودی تاباں

احساسِ خودی ہی سے بلبل کا ترانہ ہے
پھولوں کی رگوں میں جو نیرنگیٔ خوں ہے یہ
احساسِ خودی سے ہے احساسِ حقیقت بھی
پر ضبط نہیں جس میں بے ربط فسانہ ہے

بادل کی گرج میں ہے بادل کی خودی مضمر
بجلی کی تڑپ میں ہے بجلی کی خودی مضطر
کہتے ہیں خودی جس کو آئینہ ہے جوہر کا
بن اس کے نہیں جوہر رہتا ہی نہیں جوہر

امینِ حزیں (سیالکوٹی)

زندہ اور فطری زبان

تیسری کسوٹی۔ دیہات کی زبان میں اُردو کا رنگ جھلکتا ہے

دیہات اور شہر کی زبان میں ہمیشہ قدرے اختلاف رہا ہے۔ مگر یہ اختلاف بُنیادی نہیں ہوتا۔ شہری دیہاتی زبان کا ڈھانچہ اور اس کا مزاج تقریباً ایک ہوتا ہے۔ ظاہری ہیئت میں وہاں وہ آراستگی اور نکھار نہیں جو شہر کی زبان میں ہے اس لئے تمیز ہو جاتی ہے، مگر اس بنا پر دیہاتی زبان اور شہری زبان دو زبانیں نہیں ہیں اور نہ دُنیا کے کسی حصّہ میں اِن دو کو الگ الگ بُنیاد قرار دیکر دو آزاد زبانیں وجود میں آئی ہیں۔ دُنیا کے سب مُلکوں میں دیہات کی زبان شہر کے لوگ اور شہر کی زبان دیہات کے باشندے سمجھتے ہیں۔ مگر باوجود اس کے کہ دیہات میں رہنے والے شہریوں سے کہیں زیادہ ہیں اُن کی زبان کو معیاری زبان نہیں کہہ سکتے بلکہ وہ شہر کی زبان کی پیروی حتی الوسع کرتی ہے اور جہاں تک ممکن ہوتا ہے وہ شہری زبان کے سانچے میں بڑھتی رہتی ہے باوجود اس کے کہ شہر کی زبان دیہاتی زبان ہی کی باقاعدہ شکل ہے، دُنیا کا کوئی مُلک یہ نہیں کرتا، شہری زبان کے افعال و اشتقاق دیہاتی زبان کے متبع کر دے۔ اس لئے جو لوگ اُردو کو شہری اور ہندی کو دیہاتی زبان کہتے ہیں وہ صریح غلطی پر ہیں۔ حقیقت تو بس اسی قدر ہے کہ دیہات کی زبان اَن پڑھ گنواروں کی زبان ہے۔ اُس کے بولنے والے اُس درجہ متمدّن، شائستہ اور تعلیم یافتہ نہیں جتنا کہ شہری لوگ ہیں۔ تمدّن کا فرق نتیجے کی صورت میں بات سے بھی ظاہر ہے ورنہ اور کوئی فرق نہیں ہے۔

شہر اور دیہات دونوں جگہ ذخیرۂ الفاظ ایک قسم کا ہے۔ فارسی عربی کا استعمال جس کو غلطی سے اُردو پن سمجھا جاتا ہے، دیہات میں شہر سے کم نہیں۔ سنسکرت کی اصل صورتوں کے بجائے اسکی بدلی ہوئی اور مرورِ ایام سے دھلی دھلائی شکلیں دونوں جگہ رائج ہیں۔ تت سم (ہندی الاصل سنسکرت) کا تو کہیں نام تک نہیں ہے۔ محاورے اور ضرب الامثال بھی ایک حد تک دونوں کے مشترک سرمائے قرار دئے جا سکتے ہیں۔ ان تینوں باتوں پر میں نیچے مثالیں پیش کر کے اپنے دعوے کا ثبوت دینا چاہتا ہوں۔

۱۔ **فارسی و عربی کا برمحل استعمال**۔ فارسی و عربی لفظوں کی کثرت اور ہندی لفظوں سے اُن کی ترکیب کو دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ آخر کس بُنیاد پر ہندی کو دیہات کا سہارا دیا جاتا ہے۔ خوشی، ناخوشی، آب، تاب، زور، ظلم (جلم)، شان (سان)، گمان، قہر، غضب، گرانی، جیرانی و پریشانی، اَحمق (اَمحق)، نادان (نذان)، سلام، بندگی، حجت، حکایت، شکوہ شکایت، عذر معذور، آرام تکلیف، حیلہ حوالہ، سوال جواب، ناز نخرہ، قلت (کلت) کثرت غرض فارسی عربی کے بے شمار اسمائے ذات و کیفیت دیہاتی زبان کا دامن بھرے ہوئے ہیں۔

تعریف و توصیف کیلئے، اعلیٰ نمبر (علیٰ نمبر)، اعلیٰ درجے، (اعلیٰ درجہ)، خاصہ صورت (خوبصورت) بصُورت (بدصورت) کلاں راس، اوّل نمبر، تو فہ مال (تحفہ کے لائق مال)، مزیدار، بہاروا صلی، نقلی، جعلی، داغی، نیک ماش (نیک معاش)، بدماش (بدمعاش) سفید، شرخ۔ غرض وہ تمام صفات جن کو شہری استعمال کرتے اور بولتے دیہاتیوں کیلئے نہ صرف یہ کہ عام فہم ہیں بلکہ وہ انہیں بے تکلف استعمال کرتے اور بولتے ہیں۔

مخاطب کرنے کیلئے جہاں "ہے مہراج! ہے بابو!" آتا ہے وہاں اس کے ساتھ ہی حضور، سرکار، مالک، کاسکہ اور زیادہ چلتا ہے۔

معاشرت کے ہر ہر پہلو پر فارسی عربی الفاظ چھائے ہوئے ہیں۔

زیوروں کے نام: بازو بند، حمائل، بندی، بوں جیب (پارسیا) تو کھ (طوق) تعویذ وغیرہ۔

لباس: کرتہ، قمیص، شلوکہ، مرزئی، چوبندی، جامہ، کلہی (کلاہ)، بھلم بکتر (زرہ بکتر) صدری، نیم آستین، صافہ،

غذا:- دانا (دانہ) نرم چاول، کالیہ (چھوٹی) مچھلی (قلیہ مچھلی) شرقی مٹیدہ (شیرینی مائیدہ) وغیرہ۔

پالتو اور دیگر جانور:- طوطا، مینا (بکرا) خر (کھر) گدھا، خرگوش، شاہیں۔ باز، شیر۔ لطف یہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگ توچوہا بولتے ہیں مگر دیہات میں موس (موش۔ فارسی) زیادہ عام ہے۔

اوزار:- چرخہ، تار، کمانی، پیچ، پیچ کش، انگشانہ (انگشتانہ) سوزن سے سوزنی۔

تقریبوں کے نام:- ساوی (شادی) بدا (وداع) بدائی (وداعی)، غنی۔

پیشوں کے نام:- بیلدار، معمار، درزی، بازی گر، جادوگر، قلعی گر، سکلی گر (صیقل گر) موسمبر (موش پکڑنیوالا)۔

اب ذرا ان دیہات کے رہنے والوں کی رسمی زبان (آفیشل لینگویج) پر نگاہ ڈالئے۔ برے کے برے الفاظ ہیں جو اس قدر عام ہیں کہ زبانوں پر چڑھ گئے ہیں اور بالکل ہندوستانی ہو چکے ہیں۔

رسید، رسید فارخطی (فارغ خطی)، رقم، پیشگی رقم، ادائگی، بقایا، حال، سابق، مالگذاری، قرقی، ہرجہ، خرچہ، دعوی، حاکم، اجراء، نالش، فریاد، ثبوت، گواہ، بحث، تنجیر (نظر پیشی، ملتوی) معاف، رہا، قید، قید سخت، سزا، جرمانہ، اطلاع، بیان، بیان تحریری، حلف، دروغ حلفی، قتل، خون، مقدمہ، جرم، الجام (الزام)۔ اب وہ حضرات جو بلا دلیل یہ کہہ بیٹھتے ہیں کہ کچھ بولیاں ہیں جو زبان استعمال کی جاتی ہے وہ دیہات کے لوگ نہیں سمجھتے سوائے اس کے کیا کہا جائے، وہ آفتاب پر خاک ڈال کر اسے تیرہ و تاریک ثابت کرنے کی فکر میں ہیں جو ہستی دنیا تک ناممکن ہے۔

آخر وہ دیہاتیوں کے عام فہمی کے لئے مروج فارسی لفظوں کے بدلے کون سا لفظ رکھنا چاہتے ہیں۔ جائداد کے بدلے "سمپت" ہو جائے تو ان کو زیادہ سمجھ میں آئیگا؟ موروثی کے بدلے کیا وہ "پیترک" کو سمجھ سکیں گے؟ کیا وہ "ثبوت" کو نہیں سمجھے گر اس کے لئے سنسکرت لغت کی طرف ہاتھ بڑھایا جائے اور کیا اس کا بدل جو سنسکرت سے آئیگا وہ ان مروج فارسی لفظوں کے مقابل اور دشوار نہ ہوگا۔

آپنے دیکھا کہ دیہاتی زبان میں فارسی و عربی لفظوں کی کس قدر کافی مقدار ہے اور وہ گھل مل کر جزو زبان اور جزو تمدن ہو چکے ہیں تو پھر کوئی شخص مروج لفظوں کے ترک کرنے کی اور دوسری دلیل کیا پیش کر سکتا ہے جب وہ بول چال کی حیثیت سے دیہات میں بھی عام ہیں۔

اب فارسی اور ہندی کے لفظوں کے میل جول کا نقشہ ملاحظہ فرمائیے۔ موہ کے پہلو میں محبت بھی جلوہ افگن ہو۔ شبھ ساعت، راہ باٹ، بحر سمندر، لاؤ لشکر، غریب دکھیا، راجا، ایک فقیر۔ "لڑکا، ٹھاکر، بوڑھا، جوان" اور ایسی ہزاروں ترکیبیں لفظوں کی خاندانی تمیز مٹا چکی ہیں۔ اور گوشت سے ناخن کی طرح یہ الفاظ ایک دوسرے سے جڑے ہیں اب جو شخص گوشت سے ناخن کو جدا کرنے کی رائے دے اسے تفرقہ انداز کیوں نہ کہا جائے۔

محاورات اور ضرب الامثال۔ دیہاتی اور شہری زبان کی مثلیں اور کہاوتیں بھی مشترک ہیں۔ جس طرح بہت سی فارسی و عربی ضرب المثلیں شہری زبان میں موجود ہیں دیہاتی زبان میں بھی وہ بجنسہٖ مستعمل ہیں۔

جامے سے باہر ہونا۔ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا، مزاج کا گرم ہونا، ٹھنڈی سانس لینا، مرد میدان ہونا، باغ باغ ہونا، بڑا شیر مارنا، اپنے عہد کا رستم ہونا، رستم بننا، نمک حرامی کرنا، نمک حلالی کرنا۔ اور اسی قسم کے صدہا محاورات جو فارسی محاورات کے ترجمے ہیں شہری اور دیہاتی زبان میں یکساں طور پر یکساں موقعوں پر استعمال ہوتے ہیں۔ نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔ خالہ جی کا گھر۔ (کاھار موسیاں ہے کہ سمدھیان) سچی بات کڑوی ہوتی ہے، مطلب کا سارا زمانہ۔ بڑے گویا، آستین کا سانپ۔ ابھی دلی دور ہے۔ کھانے کے لئے منہ چاہئے۔ نقار خانہ میں طوطی کی آواز، غریب کی بکار کون سنے۔ اونٹ کے گلے میں بلی۔ اور اسی قسم کے کتنے ضرب الامثال ہیں جو فارسی کے توسط سے ہندوستانی زبان میں ترجمہ ہو کر مستقل ہو گئے اور بیدھڑک اور شہر اور دیہات کے لوگ حسب موقع انہیں کہا کرتے ہیں۔

تاربد و تہنید۔ اردو زبان فارسی و عربی کی طرفدار کبھی نہیں رہی وہ عربی و فارسی کے ثقیل لفظوں کو ہندوستانی زبان کے پیمانہ پر ڈھالتی رہی۔ اسی بنا پر تاربد، آہنید اور تخفیف کے قاعدے اردو میں جاری کئے گئے تھے۔ اسی قاعدے پر (ج:- شاباش جسکو کہتے ہیں وہ شاباش تھا) شاوباش کا شاباش بنا۔ اسی قاعدے پر پاوش کو بادشاہ کی صورت میں ہم دیکھتے ہیں۔ اس طرح اردو

میں فارسی عربی لفظ مدغم ہوتے رہے۔ ہمارے دیہاتی بھائیوں نے بھی تہذیب و تاریخ کے وہ نمونے پیش کئے ہیں کہ رشید حاتم، مبارک مصطفیٰ، تعمیر کے خیال میں بھی یہ بات نہ رہی ہو۔ مثلاً:-

۱۔ نرہاتا۔ (نغرہ کرنے کی مختصر صورت ہے۔)
۲۔ غراتا۔ (غرور میں گلا پھلا کر بولنا)
۳۔ وقد قانا۔ (وق کرنا۔)

تلاش کیجئے تو ایسی مثالوں کا ایک دفتر مہیا ہو سکتا ہے۔

ہندوستانی زبان کی تعمیر میں انگریزی عہد میں بھی انگریزی لفظوں کا بدل دیسی اور جوڑ کا توڑ لفظ پیش کرنا سائنیات کے ماہروں سے زیادہ اَن پڑھ مزدوروں اور قلیوں کا کام ہے جو دیہات کے بھی رہنے والے ہیں اُن کے ذریعے سے مشین اور اُسکے پُرزوں کے بیسیوں نام انگریزی کے بدل بن کر مروج ہو گئے۔ ہینڈل۔ ہتھا، سلینڈر۔ سلین۔ پریشر۔ داب وغیرہ اسی قسم کی کوششوں کے نتیجے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ اُردو زبان کی فطری ساخت کے عین مطابق دیہات کی زبان ہے۔ یہی سبب ہے کہ شمالی ہند کے دیہاتی رقبے کا باشندہ اپنے اظہار خیال میں موجودہ ہندی آہنی لائن پر چلنے سے معذور رہے۔ شہری رقبہ کا وہ شخص جسے برابر ہندی سے واسطہ رہا وہ کچھ دیر کے لئے اپنی ہندی دانی کا ثبوت دے سکتا ہے مگر اس عرصے میں اُسے بہت جو کتا رہنا پڑتا ہے۔ باوجود روک تھام، اُس کی پانچ منٹ کی گفتگو میں بان کے دو رنگ صاف جھلکنے لگتے ہیں ایک تو وہ حصہ ابتدائی جس میں فارسی عربی لفظوں کا استعمال ہے اور دوسرا حصہ آخری گفتگو کا جس میں ارادے کی لگام کچھ ڈھیلی پڑ گئی جس میں لفظوں کا استعمال برمحل ہوتا ہے۔ اب دیہات میں بھی یہ وہی عمل جاری ہے پھر بھی یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے اُردو یا ہندوستانی کے پڑے ہوئے ڈھرّے کے بجائے لوگ دوسری لائن اختیار کریں۔

ہندی کی اشاعت دیہات اور شہر میں آج تقریباً ۷۰۔ ۸۰ سال سے ہو رہی ہے مگر فارسی و عربی لفظوں سے پرہیز کرتے ہوئے زبان کا جو نمونہ پنڈت للوجی لال، بھارتیندو بابو ہریشچندر اور راجہ لکشمن سنگھ نے پیش کیا تھا، دیہات میں بھی مقبول نہ ہوا۔ ہریشچندر کی چند اودلی ناٹک اور ستیہ ہریشچندر ناٹک کی زبان اُردو کے قالب میں ڈالی جا چکی ہے اور اسی وجہ سے یہ ناٹک دیہات و شہر میں پہلے کے مقابلے میں زیادہ کامیاب ہوئے۔ تلسی داس جی کے رام چرت[1] مانس کو پنڈت رادھے شیام نے اُردو طرز پر رام لیلا ناٹک کمپنیوں کے لئے تیار کیا۔ رامائن کا چربہ اُردو طرز پر جب سے ناٹک منڈلوں نے اُتروایا اُس وقت سے انہیں زیادہ کامیابی ہے۔ ناظرین پر اب یہ بات اچھی طرح روشن ہو چکی کہ دیہاتی زبان کا رُخ کس طرف ہے؟

سنسکرت کے تدبھو (مرور ایام سے بدلے ہوئے) الفاظ بھی دیہاتی زبان میں مستعمل ہیں۔

اب دیہات کی زبان کے اُن لفظوں کی صورتوں کو دیکھنا ہے جن کے بنا پر اپنی زبان کو آریائی تسلیم کرتے ہوئے ہم سنسکرت سے مختلف سمجھتے ہیں۔ مثلاً صرف پڑھ (پڑھنا) کی چند اشتقاقی صورتیں مُلاحظہ ہوں۔

پڑھت (وہ پڑھتا ہے) پڑھتہ (وہ دونوں پڑھتے ہیں)
پڑھنت (وہ سب پڑھتے ہیں)

ہندی اُردو میں اوّلاً تو ضمیر فاعلی سنسکرت کی طرح فعل سے متصل نہیں آتی ہے دوسرے سنسکرت کے رُوپوں اور اُردو ہندی فعلوں میں کتنا فرق ہے۔ اس لئے اُردو ہندی میں قول کا سنسکرت کی بدلی ہوئی صورتوں میں آنا مسلم ہے اور اسے ہندی کے حامی تسلیم بھی کرتے ہیں۔ اب رہ گیا اسماء صفات اور تمیز کی بحث۔ اس بارے میں بھی ہماری گزارش ہے کہ وہ مجبوری ہیں سنسکرت اسماء صفات اور تمیزوں کو بھی ہندی الاصل استعمال کرنے سے منع کرنا ہے اور دیہاتی زبان اپنے نمونوں سے ہماری تائید کرتی ہے۔ آپ دیہات اور شہر ہر جگہ سنسکرت تت سم (اصل) لفظوں کا فقدان پائیں گے۔ کہیں بھی پانی کو پانیہ، جل کو جلیم، جلو، جلد، کہتا ہوا کوئی نہ ملیگا۔ سورج کی گھنتی گھوڑس اور گھنٹا وش کی صورت میں کہیں نہ سُنے گا۔ گدھا، گھرت کے بجائے دودھ بھی ہی سنائی دے گا۔ مہینوں کے نام سنسکرت پترے ہی میں پھلگن ہے ورنہ ہر دیہاتی پھاگن ہی کہتا ہے۔ کوئی یہ نہیں کہتا کہ آج کونسی تتھی ہے بلکہ یہاں بھی تاریخ کہی جاتی ہے نہ یہاں "یکشنہ" عام ہے اور ربی وار مگر جمعہ، سنیچر، اتوار۔ سیدھا سیدھا سب لوگ سمجھتے ہیں۔ آدمیوں گاؤں کے نام بھی مُلاحظہ ہوں:-

پورن مل (بجائے پورنمل۔) گنیش پرشاد، رام جتن بجائے رام یتن۔ رامپور بجائے رام پُرے "اسلام پور، غرض

[1] رامائن۔

یہ کہ سنسکرت کی قدیم (بت کم) شکل کے بجائے اس کا تدھوا بدلا ہوا (جیتا جاگتا روپ بولا جاتا ہے۔ اور سچی بات تو یہ ہے کہ تتھی بنانے والے پنڈت کبھی اسی طرح بولتے ہیں اور اپنے ججمانوں سے لفظوں کی جدید شکلوں کے اچجارن سے لُن کا بھی جی خوش ہوتا ہی ایک لطیفہ اس موقع پر مجھے یاد آتا ہے جو میرے اُستاد مکرم موقع بہ موقع فرمایا کرتے تھے۔

کہتے ہیں کسی ہندو رئیس کے یہاں بڑی منتوں سے لڑکا پیدا ہوا۔ از راہ شکر گزاری اُنہوں نے اس تقریب میں دوست احباب کو مدعو کرنا چاہا۔ شُبھ ساعت پنڈت جی سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ چھٹی سُدی چیت اس کے لئے بہت مبارک ہے اور اس دن چندرما بالک کے سن مکھ ہونگے، یوگ بنی ہے۔ پنڈت جی کے جانے کے بعد بابو صاحب کے دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہوئے۔ وہم نے ایک شوشہ پیدا کیا کہ گھڑی، پہور، جوگ بل، سب کچھ تو پوچھا مگر دن نہیں پوچھا کہیں مان کا دن نہ پڑھا۔ دربار کا حجام بڑا ہوشیار تھا اُس نے کہا سرکار اگر حکم ہو تو مہاراج جی سے ابھی جا کے پوچھ آویں کہ دن کون سا پڑتا ہے۔ اجازت مل گئی۔ نائی نے پہونچتے ہی پنڈت جی کے چرن چھونے کے بعد ہاتھ جوڑ کر کہا مہاراج "کھشی" کے تتھی کو کونسا دن ہے۔ ذرا لمبا دن ہے ٹھیک ٹھیک پتا دیکھکر بتا دیجئے۔ پنڈت جی کو "کھشی" کا صحیح تلفظ سُن کر بڑا تعجب ہوا انہوں نے سوچا کہ کمبخت نائی، حجام، کہا بجب ایسا شدہ اچجارن کرنے لگے تو اب تو بُرے دن آنے کو ہیں (دیر) نہیں۔ پھر ذرا سوچکر سنبھل گئے اور کہا ابھی یہ فتنہ عام نہیں اس کو نہیں سے دبا دینا چاہیئے۔ یہ سوچکر گھرک کر بولے۔ تُو کون بڑا ڈھیٹ معلوم ہوتا ہے، چلو بابو صاحب ہی سے اب ہم بتا دیں گے کہ چھٹی کو کون سا دن ہے اور تم کو تمہاری کُرتوت کا پھل بھی بھوگنا پڑے گا۔ حجام ہنڈت کے پیروں پر گر پڑا۔ اور بولا "مہاراج سیوک ہوں۔ خطا معاف کیجئے نہیں ہماری روزی آج ہی بھی جائیگی، بیوی ہی بابو صاحب کو معلوم ہوگا کہ ہم سے کچھ گڑبڑ کام ہوا ہے ایک نہ مانیں گے، ورنکال دینگے۔

پنڈت جی نے اپنی آن کی حفاظت کرتے ہوئے فرمایا۔

"مورکھ! سُن۔ پہلے یہ بات بتا کہ تو بابو صاحب کا پوتی ہے کہ پوتہت[1]؟"

حجام:۔ سرکار۔ راوے پیر کا جوتا اور اُن کے بھی پیر کا جوتا۔

پنڈت جی:۔ تب کا ہے پروہت بننے لگا، پوچھتا ہے کھشی کی تتھی دن سا دن ہے۔

حجام:۔ مہاراج جیسے آپ کا آگیان ہو ویسے ہی پوچھونگا۔

پنڈت جی:۔ تمہیں پوچھنا چاہیئے تھا کہ چھٹی کون دن پڑیگی۔

حجام:۔ ہاں مہاراج (ہاتھ جوڑتے ہوئے) بتا دیا جائے، چھٹی کون دن ہے۔

پنڈت جی نے پترا کھولا اور دن بتلایا۔

اِس لطیفے کے بیان کرنے سے میری غرض یہ ہے کہ سنسکرت کے ہندی الاصل الفاظ عام استعمال کی حیثیت نہیں رکھتے۔ اور جب یہ اختلاف جاتا رہے تو اُردو ہندی میں کوئی فرق ہی نہ رہا۔ پھر بعض بزرگوں کا یہ فرمانا کہ ہندی دیہات کی زبان اور اُردو صرف شہروں کی زبان ہے کہاں تک صحیح ہے؟ اور یہ بھی روشن ہو جاتا ہے کہ اب "سرہم" کا استعمال ہماری موجودہ زبان میں جائز ہی یا "سب، سبھی، کا؟ ناظرین خود فیصلہ کر لیں۔

دیہات کی زبان کو اُس ہندی کے قریب تر ضرور کہہ سکتے ہیں جس کی مختلف شاخوں میں انیسویں صدی کے پیشتر بہت سی کام کی باتیں نظم کی گئیں۔ مثلاً کبیر کے دوہرے اور سنتوں کے بچن اور اپدیش۔ مگر بقول سر جارج ارس دو وہ ہندی تو دہقانی بولی ہے موصوف نے اپنی رپورٹ میں صاف صاف لکھا ہے۔

"ہندی سے مُراد دراصل وہ دہقانی بولیاں ہیں جو شمالی ہند میں بولی جاتی ہے"

پس اس ہندی کے حق میں جو اُردو کے قالب پر ڈھالی گئی اور جسے وہ اُن دہقانی بولیوں (بھوج پوری، اودھی، قنوجی، بندیلی وغیرہ) سے تمیز دینے کے لئے کسی خاص مصلحت سے اُردو طرز نہ کہکر کھڑی بولی کہتے ہیں۔ دیہاتی زبان کی تائید کچھ بھی مُفید نہیں بلکہ اس سے تو وہ کلاسک حیثیت سے بھی گری ہوئی مانی جائے گی۔ اور اُسے ..... اپنے دعوے سے بہت نیچے اُترنا پڑیگا۔

پس اسی صورت میں جبکہ دیہات کی زبان میں افعال کی شکلیں اُردو، ہندی سے یکساں طور پر مختلف ہیں جبکہ فارسی عربی کے اسما و صفات، غیر ہیں اس میں اُردو (جس کو غلطی سے شہری

---

[1] نوکر، خدمتگار۔ [2] گرو۔ برہمن۔ ہندو خاندان کا پیر۔

ڈاکٹر کا استعمال

"ہاں یقین کیجئے" حامد نے سگار کا ایک کش لیکر بحث کو ختم کرتے ہوئے کہا "ہماری نظروں میں حقیقت، خدا، مذہب کوئی قوت نہیں رکھتے۔ ہم ان سب کو تصرف میں لاتے ہیں۔ حقیقت کے ذریعے ہم قتل کر سکتے ہیں، انتقام لے سکتے ہیں۔ خدا کو لیجئے۔ "خدا" کو بھی حسب ضرورت موڑ توڑ لیا جاتا ہے۔ یا مختلف سانچوں میں ڈھال لیا جاتا ہے۔ مذہب کی مختلف تعبیریں تراش لی جاتی ہیں محض کسی وہم کیلئے یا اپنے یقینوں اور ایمانوں کی دنیا کو برقرار رکھنے کیلئے، یا کسی ایسی ہی ذہنی الجھن کیلئے۔"

مگر ڈاکٹر صاحب" طارق نے طنزاً مسکراتے ہوئے کہا "کیا آپ کا یہ مطلب ہے کہ یہ تمام دکھ بیماریاں بھی سب محض "ذریعے" ہیں اور حقیقت میں کوئی وقعت نہیں رکھتے"

حامد نے سگار کی راکھ طشتری میں جھاڑتے ہوئے کہا۔ "ہاں، زیادہ تر بیماریاں خود ساختہ ہوتی ہیں اور تقریباً ہر بیماری میں مبالغہ سے کام لیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ مریض کو مرض کی وجہ سے بہت فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً عورتوں کو لیجئے انکی بیماریاں عموماً کسی نہ کسی مقصد کیلئے ہوتی ہیں۔ خاوند کو خوش رکھنے، نچانے، مٹھی میں لینے یا ٹالنے کیلئے، یا ساس کی خفگی سے نجات پانے کیلئے یا پڑوسیوں کی ہمدردی حاصل کرنے کے لئے۔ اور تقریباً یہی حال بچوں اور بوڑھوں کا ہے۔ ہاں بالکل یہی" اس نے شانے ہلاتے ہوئے کہا" اور پھر ایسے مریض ڈاکٹر سے علاج نہیں کراتے بلکہ اپنی مرضی کے مطابق ڈاکٹر کا استعمال کرتے ہیں۔ جیسے دانتوں کا برش۔ بیچ یا پرانی روایات استعمال کی جاتی ہیں۔"

اس بات پر تینوں اصحاب کھلکھلا کر ہنس پڑے۔

"اچھا تو ڈاکٹر" طارق نے طنز کے طور پر کہا" کیا کبھی کسی مریض نے آپ کو بھی استعمال کیا ہے"

"ہاں" ڈاکٹر نے مسکرا کر میز پوش کی طرف دیکھتے ہوئے کہا" کیوں نہیں۔ اس کے متعلق مجھے ایک واقعہ یاد آیا" ڈاکٹر حامد نے سگار کا ایک کش لیا اور اسکے ہونٹوں پر ایک خفیف سی مسکراہٹ آگئی مگر پھر وہ کسی نامعلوم گہرے خیال سے کانپ اٹھا۔

حاضرین کے اصرار پر حامد نے وہ قصہ یوں بیان کیا۔

"ایک روز میں اپنے محل میں بیٹھا تھا۔ کوئی تو بجے کا وقت ہوگا۔ کہ ایک دبلا پتلا آدمی آیا۔ مجھے اچھی طرح یاد نہیں شاید وہ جوہری تھا۔ یا شاید ویسے ہی کوئی سوداگر تھا۔ بہرحال وہ کوئی امیر دوکاندار تھا۔ اس کی دوکان مال روڈ پر تھی۔ تینتیس پرس کا سن ہوگا۔ سیدھی سادی شکل وصورت سمجھ لیجئے۔ مگر اس کی آنکھیں مخیل آنکھیں تھیں اور ان میں کچھ ایسی جھلک تھی جسے دیکھکر یوں محسوس ہوتا جیسے اس نے زندگی میں بہت دکھ سہا ہو۔ اور اس کے انداز میں ایک ایسی جھینپ اور "کھویا پن" تھا جس سے ایسا ظاہر ہوتا تھا جیسے وہ کسی تخیلی دنیا میں رہنے کا عادی ہو۔ اور دنیا کے حقائق کی کھردریوں سے گھبراتا ہو۔ بیٹھتے ہی اس نے ایک اضطراری انداز سے کہا۔

"ڈاکٹر صاحب مجھے آپکے مشورے کی سخت ضرورت ہے۔ میں سخت دکھی ہوں اور میں یوں محسوس کرتا ہوں جیسے میں وحشت سے دیوانہ ہو جاؤنگا۔ یا خدا جانے کیا کر بیٹھوں۔ میں اتفاقاً آپ کا بورڈ دیکھکر اندر چلا آیا ہوں۔ آپ فرمائیے کہ میں کس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوں"

"میں آپ کو صبح نو بجے سے بارہ بجے تک ہر وقت مل سکتا ہوں۔ ہاں اگر کوئی مریض آیا ہوا ہو تو آپ کو انتظار کرنا پڑیگا۔۔۔ ابھی فرمائیے میں اس وقت فارغ ہوں۔۔۔ یا جب بھی آپ کو فرصت ہو" میں نے اس کے چہرے پر تشویش کے آثار دیکھکر کہا۔

اس نے دو ایک بار گھڑی کو گھور کر دیکھا اور یوں کہنے لگا۔ جیسے وہ اپنے آپ سے کہہ رہا ہو۔ "خیر کوئی بات نہیں! کوئی بات نہیں! ابھی سہی" اس کے الفاظ سے سسکیوں کی بو آرہی تھی۔ مگر اس کی آنکھ سے یوں ظاہر ہو رہا تھا جیسے وہ کسی نامعلوم دبی ہوئی مسرت سے چمکنا چاہتی ہو۔

"ایک منٹ ٹھہریئے" میں نے نوٹ بک تلاش کرنے

کیلئے معذرت کی۔

"کیا میں یہ تصاویر دیکھ سکتا ہوں؟" اُس نے یکلخت اُٹھتے ہوئے کہا۔ جیسے کرسی میں اُس کا دم گھٹ رہا ہو۔

"شوق سے" میں نے دراز سے نوٹ بک تلاش کرتے ہوئے جواب دیا۔ . . . .

"اخاہ!!" انگیٹھی سے پتھر کا کتا اُٹھاتے ہوئے کہا "بہت اچھا ہے!! نہایت خوب! ڈاکٹر صاحب" اُس نے مجھے مخاطب کرکے کہا "میں آپ کے چناؤ کی داد دیتا ہوں"

اُن دنوں میں نے اپنے کمرے کو مختلف تصاویر اور نادرات سے سجایا ہوا تھا۔ تاکہ مریض کی بھٹکتی ہوئی نگاہوں میں اُس کے دل کی اَن کہی یا ناگفتنی بات کا اظہار ہو سکے۔ وہ کتا میں نے دُبئی بازار سے خریدا تھا وہاں ایک میل کچیلی دُکان میں متفرقات کے ڈھیر تلے پڑا تھا۔ ایک کباڑی کی دوکان میں۔ اور چونکہ بہت سستا مل گیا اس لئے میں نے خرید لیا۔ گو میں یہ نہ سمجھ سکا کہ وہ تحلیل نفسی کے عمل میں کیا کام دے سکتا ہے"

وہ کتا پتھر کا تھا۔ کوئی پانچ چھ انچ اُونچا ہوگا مگر اُس کی صورت بے بسی کی ایک جیتی جاگتی تصویر تھی۔ یعنی یوں سمجھ لیجئے۔ یعنی . . . . . ہاں اُس نے کچھ سوچ کر کہا۔ اُس کی صورت اُس کتے کی تھی جو عام طور پر سڑک کے درمیان میں پڑا ہوا پایا جاتا ہے۔ اور ہر راہگیر کو مظلوم اور ملتجی نگاہوں سے اس اُمید سے دیکھتا ہے کہ وہ اُسکی دُم کو پاؤں تلے روند جائے اور پھر وہ چیختا ہوا اپنا آپ گھسیٹتا ہوا ایک طرف سرک جائے۔

ہاں تو مریض نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"میرے دُکھ کا باعث میری بیوی ہے" اُس کی آواز یکدم کسی اندرونی کھنچاؤ سے بدل گئی۔ اُس نے ایک گرم آہ بھری۔ "ہاں ہماری شادی کو چھ برس ہو چکے ہیں اور مجھے اپنی بیوی سے محبت ہے۔ بلکہ عشق۔ مگر اس نے کبھی حقیقی معنوں میں میری پرواہ نہیں کی۔ مجھے دیکھ کر اُس کی آنکھ میں وہ چمک نہیں رہتی۔ بلکہ ایک غبار سا آجاتا ہے۔ اور اُس کے ہونٹوں میں ایک ایسی شکن پڑ جاتی ہے کہ میں یوں محسوس کرتا ہوں جیسے وہ مجھے سخت بیزار ہی ہو۔ . . . . . چھ سال پہلے" اُس نے ایک آہ بھر کر کہا "اُسے واقعی مجھ سے محبت تھی۔ یا خدا جانے وہ میری نظر کا دھوکا تھا۔ خیر شاید ایسا ہی ہو۔ مگر میرا خیال تھا کہ اُسے مجھ سے محبت ہے۔ مگر شادی کے بعد اُسکی نگاہوں میں وہ بات نہ رہی۔

مثلاً میرے دوستوں کی موجودگی میں جب بھی وہ کسی سے بات کرے تو اسکی نگاہوں میں ایک لہر سی ہوتی ہے۔ اور کچھ ایسا غبار سا ٹرپ سی یا روشنی سی یا خدا جانے کیا ہوتا ہے" اُس نے ایک جھرجھری لیکر کہا "اُس کی ہر حرکت اور چال ڈھال میں کچھ ایسی بات ہوتی ہے جس سے مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے وہ میرے دوستوں کو مسحور کر رہی ہو۔ یا اُبھار رہی ہو۔ . . مائل کر رہی ہو یعنی جیسے وہ آنکھ سے کوئی وعدہ کر رہی ہو۔ . . مگر . . . جب وہ میری طرف دیکھے تو اُس کی نگاہوں میں وہ چمک بجھ جاتی ہے۔ اور وہ یوں پھیکی نظروں سے دیکھتی ہے جیسے وہ دُنیا بھر کی چیزوں سے اُکتا چکی ہو . . . .

مثلاً میرے دوست" خدا جانے اُس نے کیا نام بتایا تھا ڈاکٹر حامد نے اپنی انگلی سے میز بجاتے اور سوچتے ہوئے کہا۔ شاید جمیل تھا یا جمشید . . . کچھ ایسا ہی نام تھا۔ خیر تو جمشید ہی سہی ہاں تو وہ کہنے لگا۔

"جمشید کے ساتھ تو اُس کا برتاؤ بالکل رازدارانہ تھا۔ میرا مطلب ہے، جیسے اُن کے درمیان کوئی راز ہو۔ جمشید میرا پرانا دوست ہے۔ وہ ریلوے میں ہے۔ ٹی۔ او تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ نہایت خوبصورت جوان تھا اور بہت سی خوبیوں کا مالک تھا۔ اب تو خیر عرصہ سے ہمارے تعلقات ٹوٹ چکے ہیں" اُس نے ایک موہوم سی آہ بھر کر کہا "اور اس کا باعث میری بیوی تھی . . . خیر . . . خیر . . ." اُس نے کرسی کے بازوؤں پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا "ہاں جس روز جمشید کو آنا ہوتا میری بیوی خاص طور پر چُن چُن کر لباس پہنتی اور ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ بڑی بے صبری سے اُس کا انتظار کر رہی ہو۔ اُسکی عموماً اکتائی ہوئی آواز میں لوچ پیدا ہو جاتی اور باتوں ہی باتوں میں وہ ایسے لفظوں پر زور دے جاتی یا ہاتھ، ہونٹ اور سر کی ہلکی سی جنبش سے اُس سے ایسی باتیں کہہ جاتی جن سے جمشید کی آنکھ میں سُرخ ڈورے دوڑ جاتے اور ایسا معلوم ہوتا جیسے وہ پی کے آیا ہو۔ مگر میرے لئے اُس کی وہ ایک ایک حرکت برچھی بنکر کلیجے سے کھل جاتی حتیٰ کہ میں رقابت کی جلن سے بے حال ہو کر اِدھر اُدھر ہو جاتا۔"

"اور پھر دُکان میں بیٹھے بٹھائے اُن کی وہی ایک ایک حرکت میری آنکھوں تلے پھرتی حتیٰ کہ اُن حرکات کا مطلب مل جل کر میرے سامنے پیش کر دیتا۔ ایک نازیبا اور ذبح کرنے والی تصویر۔ اور

مَیں سوچتا۔ ہاں اُس نے دو مرتبہ ہاتھ دکھایا تھا۔ یعنی دس بجے۔ مُلاقات کا وقت... یعنی وہ اس وقت مل رہے ہیں... اکھٹے بیٹھے ہیں... خُدا جانے کیا کر رہے ہیں... پھر میرے سامنے اُن کی ملاقات کی تصوّر آ کھڑی ہوتی اور میں درد سے بیقرار ہو جاتا... ڈاکٹر صاحب یقین کیجئے اِس سے بڑھکر اور کوئی جلن نہیں ہو سکتی... مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے میں دہکتے ہوئے کوئلوں پر پڑا تڑپ رہا ہوں... اور پھر وہ تصویر میرا پیچھا کرتی... میرے دل کے کونے سے آوازیں آتیں "چلو چل کر دیکھ لو۔ چلو چل کر دیکھ لو"... حتیٰ کہ مَیں دیوانہ وار دوکان سے اُٹھ بھاگتا۔ مگر ڈاکٹر صاحب وہ بہت چالاک ہے۔ اس لئے مجھے کبھی موقع نہ ملا کہ مَیں اُس کو جھٹلا نہ سکا۔ بہرحال مجھے یقین ہے کہ وہ حقیقت تھی... میرا وہم نہ تھا... ہاں... وہ کیسے وہم ہو سکتا ہے" اُسنے شاید اپنے آپکو یقین دلانے کیلئے دُہرایا۔

"اُسکی چالاکی کی یہ اِنتہا ہے کہ جب کبھی میں اپنے شکوک کا سبب ظاہر کروں تو وہ اُٹھا بگڑتی ہے اور ایسے مظلوم انداز سے اور بھرائی ہوئی آواز میں اپنی محبت اور ناقدری کا قصّہ کہتی ہے کہ اکثر میں اُسی مظلوم اور اپنے آپ کو مجرم سمجھنا شروع کر دیتا ہوں... کئی دفعہ میں نے اُسکی بات پر اعتبار کر کے اُسے موقع دیا ہے۔ مگر اُس کے انداز میں فرق نہیں آیا... ڈاکٹر صاحب یقین کیجئے میری طبیعت میں کبھی کینے شکوک پیدا ہی نہیں ہوئے۔ اور میں نے کبھی اپنی بیوی کو بڑے یا بچوں کی قید میں نہیں ڈالا۔ اس کے برعکس میں نے اُسے ہر قسم کی آزادی دے رکھی ہے۔ مگر وہ میری طبیعت کا ناجائز فائدہ حاصل کرنے سے ذرا نہیں شرماتی۔ بس میں یہ چاہتا ہوں کہ مجھے حقیقت معلوم ہو جائے، اور مجھے دھوکے میں نہ رکھا جائے... ہاں... آپ اندازہ نہیں کر سکتے کہ مَیں اُسے کسقدر چاہتا ہوں۔ ورنہ میں ایک دن کیلئے بھی اُسے پاس نہ رکھتا۔ وہ بہت پیاری ہے ڈاکٹر صاحب بہت پیاری، مگر آہ کاش کہ وہ پیار کرنے کے لئے یوں غیروں کو نہ چنتی۔ جمشید کے بعد نوشیرواں اور اب" اُس نے ایک تمسخر بھری ہنسی ہنستے ہوئے کہا" اب اُس کی آنکھیں میرے دوست مسٹر منیر سے کھیلتی ہیں۔ مگر مَیں ضرور کھوج لگانے میں کامیاب ہونگا۔ مَیں اُسے عین موقع پر ثابت کرونگا کہ مَیں کمینہ نہیں ہوں اور خواہ مخواہ الزام نہیں تھوپتا۔ وہ لاکھ چالاک سہی۔ مگر ڈاکٹر صاحب وہ بہت چالاک ہے، وہ بہت چالاک ہے" اُس نے بے بسی سے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے کہا۔

پھر وہ ایک تڑپ سے کرسی سے اُٹھ بیٹھا" ہاں ڈاکٹر صاحب مجھے جانا ہے۔ آج ہم نے مسٹر منیر کو چائے پر بُلایا تھا۔ مجھے تو بجے وہاں پہونچ جانا چاہیئے تھا۔ اب پونے دس ہو چکے ہیں" اُس نے گھڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا" دیکھئے نا۔ میں بھی کسقدر بھروسا کرتا ہوں" اُسنے اپنے آپ سے کہا۔

حامد نے ایک نیا سگار لگایا اور دیا سلائی بُجھا کر چاروں طرف دیکھا، تینوں دوست خاموش بیٹھے تھے۔ ہاں طارق کے ہونٹوں پر ایک موہوم سی مُسکراہٹ تھی اور وہ کچھ سوچ رہا تھا۔

"اچھا تو ڈاکٹر کیا نے اُس کی بیوی سے مُلاقات کی" حمید نے خاموشی کو توڑتے ہوئے پوچھا۔ اور اپنے ہونٹوں کو یوں بھینچ لیا۔ جیسے بچے انگریزی مٹھائی چُوستے ہیں۔

"ہاں" ڈاکٹر نے کہا" میرا یہ انوکھا مریض اس بات پر مصر تھا کہ مَیں اُس کی بیوی سے ملوں اور تحلیل نفسی کے ذریعے یہ معلوم کروں کہ آیا واقعی وہ ایسی ہی پُر اسرار اور بیوفا بیوی تھی جیسا کہ اُس کا خیال تھا یا نہیں۔ پہلے تو میں نے اُسے سمجھانے کی کوشش کی مگر آخر مجھے اُس کی بات ماننی ہی پڑی اور حقیقت یہ ہے کہ چونکہ اُن دنوں میرے پاس مریضوں کی بہت قلت تھی۔ چونکہ میں نے ابھی پریکٹس شروع ہی کی تھی اور لوگ ہاگ تحلیل نفسی کے طریقہ علاج سے واقف نہ تھے بلکہ اس کے متعلق بہت سی غلط فہمیاں اور بُغض اُن کے دلوں میں بھرے ہوئے تھے۔ خیر" ڈاکٹر نے سگار کا ایک کش لگایا۔

القصّہ اُس نے کسی بہانے اپنی بیوی کو میرے محل میں بھیجنے کا فیصلہ کر لیا۔ اور پھر جانے سے پہلے نہایت منت اور عاجزی سے کہنے لگا۔

"ڈاکٹر صاحب! اپنی بیوی کو یہاں بھیجنے سے میرا مطلب یہ ہے کہ اُس کا بیان میں اپنے کانوں سے سُنوں۔ آپ کا اس میں کچھ نہیں بگڑیگا مگر مجھے حقیقت سے آگاہی ہو جائیگی۔ میرے لئے یہ زندگی اور موت کا سوال ہے۔ میں صرف جاننا چاہتا ہوں۔ صرف جاننا۔ یقین جانیئے میں کوئی جھگڑا پیدا نہیں کرونگا۔ مَیں خاموشی سے اُس پردے کے پیچھے بیٹھا رہونگا" اُس نے پردے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ اور پھر غالباً میری ہچکچاہٹ دیکھکر وہ چلایا" میری بات سُن لیجئے، خُدارا میری بات سُن لیجئے۔ مَیں جانتا ہوں۔ ہاں... ہاں میں جانتا ہوں کہ یوں چھپنے کی اجازت دینا آپکے اُصول کے

خلاف ہو، مگر خدا کیلئے مجھ پر رحم کیجئے"۔ اُس کا چہرہ خوف سے یا خدا جانے کسی نامعلوم لذّت باڈے سے بھیانک ہو رہا تھا۔ جیسے کوئی بچّہ جسے باپ نے استرے کو ہاتھ لگانے سے منع کیا ہو، موقع پاکر چوری چوری باپ کی صندوقچی سے استرا نکال خوف حیرانی اور ایک اضطراب بھری لذّت سے اُسکی دھار محسوس کرتا ہے۔

اگلے روز شام کے چار بجے میرا مریض آیا۔ اس کے چہرے پر ایک پُرکیف خُمار سا چھایا ہوا تھا۔ اور اس کی آنکھیں یوں سُرخ ہو رہی تھیں اور چست نظر آتی تھیں جیسے وہ اپنی تخیّلی دُنیا سے اُبھر کر پہلی مرتبہ اس حقیقی دُنیا سے آشنا ہونے کیلئے مشتاق ہوں۔

"ڈاکٹر صاحب وہ ابھی آرہی ہے"۔ اُس نے آتے ہی اضطراب سے کہا۔ "اس کا کوئی بچّہ نہیں۔ اور اُسے ایک بچے کی بہت آرزو ہے۔ میں نے اُسے آپ کا کارڈ دے کر کہا تھا کہ آپ تحلیل نفسی کے ذریعے عورتوں کا علاج کرنے کے ماہر ہیں۔ وہ ضرور آئے گی۔ وہ آ ہی رہی ہوگی۔ خدا کیلئے آپ اُسے اس موضوع پر ضرور پوچھئے۔ وہ ضرور سچ سچ کہدیگی۔ اُس کی آنکھ میں عجیب سی چمک تھی۔

میں نے پردے کے پیچھے اُس کیلئے ایک آرام کرسی رکھوا دی اور خود اُس کی بیوی کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ اور سچ پوچھئے تو میں خود اس پُراسرار عورت کو دیکھنے کیلئے بیقرار سا ہو رہا تھا۔ گو بظاہر میں اپنے آپ سے یہ شوقِ ملاقات چھپا رہا تھا۔ ڈاکٹر نے سگار کا ایک کش لیکر کہا۔

ساڑھے چار بجے وہ آئی۔ اور میں اُسے دیکھکر بھونچکا سا رہ گیا۔ کیونکہ وہ ایک نہایت حسین اور وجیہہ عورت تھی۔ ڈاکٹر چند ساعت کیلئے خاموش ہوگیا۔ ایسے معلوم ہوتا تھا جیسے وہ سگار کے دھوئیں میں کچھ دیکھ رہا تھا۔ حمید نے اپنی بگھٹی ہوئی گرہ درست کی ہونٹوں کو چبایا اور پھر بُت سا بنکر بیٹھ گیا۔ طارق کے چہرے سے وہ مسکراہٹ گم ہوچکی تھی اور وہ غور سے سُننے کیلئے آگے کی طرف جُھکا ہوا تھا۔ میرا دوست نسیم جو کسی کالج میں پروفیسر تھا، اپنے بدن کو یوں بھینچ رہا تھا جیسے وہ کسی ضدّی انگڑائی سے لڑ رہا ہو۔

اُس کی آنکھیں بہت جاذب نظر تھیں۔ ڈاکٹر نے اُسی کھوئے ہوئے انداز سے بیان کرنا شروع کیا اور یوں محسوس ہوتا تھا جیسے وہ پانی میں تیر رہی ہوں۔ اور اُس کی نگاہیں یوں بھیگی بھیگی سی تھیں جیسے وہ ابھی رو کر آئی ہو۔ ہلکی ہلکی سی سُرخی تھی جس میں غم کی جھلک تھی۔ جیسے وہ آنکھیں پی جانے کی عادی ہوں۔

اور اُس کے ہلکے سُرخ سے پتلے پتلے ہونٹ جن کے درمیان ایک ایسا خلا سا تھا جیسے کوئی کلی ہو ابھی کھلنے لگی ہو۔ انہیں دیکھکر یوں محسوس ہوتا تھا جیسے وہ کچھ کہہ رہی ہو یا کہنا چاہتی ہو۔ اس کے علاوہ اُس کے نتھنے اور گالوں پر ایک ایسی سُرخی سے تھی جیسے وہ مسلسل جھینپ رہی یا شرما رہی ہو۔ اور اُسکی ہر حرکت رسیلی تھی۔

وہ بیٹھ گئی۔

"فرمائیے"۔ میں نے اپنے ضمیر پر بوجھ سا محسوس کرتے ہوئے اور پردے کی طرف نہ دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"میرے خاوند نے مجھے آپ کا پتہ دیا تھا"۔ اُس نے شرم سے لال گلال ہوکر کہا اور آنکھیں جُھکا لیں۔ "چھ سال شادی کو ہوئے ہیں مگر ہمارا کوئی بچّہ نہیں"۔

ڈاکٹر نے سگار کی راکھ جھاڑ کر ایک گہرا سانس لیا۔

"ہاں تو کوئی بیس منٹ میں اس سے اِدھر اُدھر کی بے مَعنی باتیں کرتا رہا۔ ایسے سوال کرتا رہا جو عام ڈاکٹر کیا کرتے ہیں۔ آخر میں جرأت کرکے اُسے مطلوبہ موضوع پر لے آیا۔

"ہاں بیگم اگر آپ بُرا نہ مانیں تو کیا میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ آپ کے اور آپ کے خاوند کے تعلقات کیسے ہیں"۔ میں نے بہت کرکے پوچھا۔

جواب میں کچھ دیر کیلئے اُس کی آنکھوں کو کچھ ایسی جنبش ہوئی جیسے وہ ڈوب رہی ہوں۔ اور میں نے محسوس کیا جیسے ان آنکھوں میں بلا کی گہرائیاں تھیں۔ اور اُس نے ایک موہوم سی آہ بھری۔

"ہمارے تعلقات نہایت خوشگوار ہیں"۔ اُسنے میز کو حسرت بھری نگاہ سے گھورتے ہوئے کہا۔

"آپ گھبرائیے نہیں بیگم"۔ میں نے اُسے یقین دلانے کی غرض سے کہا۔ "آپ جب تک پوری کی پوری آزادی سے دل کی بات نہیں کہیں گی جب تک ہم ملکر اس بات کا کھوج نہیں لگا سکیں گے یعنی میرا مطلب ہے کہ آپ کی آرزو پوری نہ ہوسکے گی۔ آپ بالکل بے فکر رہئے"۔ میں نے پردے کی طرف نہ دیکھنے کی شدید کوشش کرتے ہوئے کہا۔ "آپ کا راز ہمیشہ راز رہے گا۔ آپ بالکل نہ گھبرائیے"۔

"کوئی خاص بات تو نہیں۔ البتہ اُن کا مزاج شکی ہے۔ اور وہ کسی نہ کسی طرح شک کی صورت پیدا کر لیتے ہیں"۔ اُسنے

اپنی انگلیوں سے پیپر ویٹ گھماتے ہوئے جواب دیا: "وہ اپنے خیالی شک کی وجہ سے ہی دیوانوں کی طرح پریشان رہتے ہیں۔ اسی وجہ سے میں بہت دکھی سی رہتی ہوں۔

اور میری حیرانی کی بات یہ ہے کہ اول تو وہ مجھے اپنے دوستوں اور عزیزوں سے ملنے پر مجبور کرتے ہیں۔ اگر میں اُن سے خندہ پیشانی نہ ملوں تو اُلٹا مجھ سے بگڑتے ہیں اور اگر ملوں تو بعد میں میری چھوٹی چھوٹی حرکتوں اور باتوں کو موڑ توڑ کر کیا سے کیا سمجھ لیتے ہیں اور مجھ پر الزام دیتے ہیں۔

مثلاً کل کی ہی بات ہے کہ انہوں نے میرے پُرزور انکار کے باوجود اپنے ایک دوست مسٹر منیر کو چائے پر بُلایا اور خود نو بجے کے بجائے دس بجے آئے۔ اسی طرح وہ مجھے اکثر پریشان کرتے ہیں۔ یا جب کبھی اُن کا کوئی دوست آجائے تو عین اسی وقت انہیں کوئی بھولا بسرا کام یاد آجاتا ہے اور وہ ہمیں چھوڑ کر اِدھر اُدھر چلے جاتے ہیں۔" اور پھر اُس نے شرم سے یا خدا جانے غصّہ سے لال ہو کر کہا۔۔۔ "پھر وہ پردوں کے پیچھے چھپ چھپ کر ہمیں دیکھتے ہیں۔"

"جب میں نے یہ سُنا" حامد نے ایک جھرجھری لیکر کہا "تو میری نگاہ بے اختیار پردے کی طرف اُٹھ گئی۔ اور میں نے یوں محسوس کیا جیسے پہلی مرتبہ میں نے زندگی کے بھید کو عریاں دیکھا ہو۔ جیسے خوشی اور غم کا راز میں نے پالیا ہو۔ جیسے زندگی تو میں نے پہلی مرتبہ دیکھا ہو۔۔۔ اور خدا جانے کتنی دیر میں یوں بھونچکا سا بیٹھا رہا۔ کیونکہ میں نے دیکھا کہ وہ بیگم میری طرف حیرانی سے دیکھ رہی تھی۔

مجھے مخاطب دیکھ کر اُس نے مُسکرانے کی کوشش کی۔ "اور تو کوئی بات نہیں؟" اُس نے گھبراتے ہوئے کہا۔ پھر مجھے یاد آیا کہ میں کیا تھا اور کہاں کا اور وہ بیگم کون تھی۔

"ہاں صاف کرنا" میں نے اپنے آپ کو سنبھال کر کہا "میں سب بات سمجھ گیا ہوں میں آپ کو اپنی تشخیص کل لکھ کر بھیج دوں گا۔"

"ایک منٹ کی اجازت دیجئے" کہکر میں اُٹھ بیٹھا اور کسی بہانے پردے کے پیچھے چلا گیا۔ اور صاحبان میں نے کیا دیکھا۔۔۔۔ ڈاکٹر خاموش ہو گیا۔

آرام کرسی میں پڑا میرا مریض گہری نیند سو رہا تھا۔ اُسکے کوٹ کے بٹن کھلے تھے اور قمیص کا گلا ڈھیلا تھا۔ اور انتہائی خوشی یا کرب کے بعد جو تھکن سی ہو جاتی ہے وہ اُس کے چہرے پر عیاں تھی۔ یعنی یوں سمجھ لیجئے جیسے کوئی بچہ جو کسی کھلونے کیلئے رو رو کر اپنا آپ بے حال کرلے۔ اور پھر جب اُسے کھلونہ مل جائے تو وہ سسکیاں بھرتا ہوا اطمینان سے سو جاتا ہے۔ مگر نیند میں بھی اُس کے ہونٹوں پر ایک سسکی قائم رہتی ہے۔ کرب بھری یا انتہائے خوشی بھری سسکی۔ اور اُس کے ہاتھ میں جو کرسی سے نیچے لٹک رہا تھا وہی پتھر کا کتا تھا۔ جو شاید اُس نے وہاں انگیٹھی سے اٹھالیا ہوگا۔

"مگر ڈاکٹر صاحب" حمید نے خاموشی کو توڑتے ہوئے اور کالر ڈھیلا کرتے ہوئے بے اختیارانہ پوچھا: "تو کیا وہ بیگم پھر کبھی آپکے معمل میں نہ آئی۔

مگر ڈاکٹر خاموش تھا جیسے وہ لیمپ کے شعلے میں کسی اور دُنیا کو دیکھ رہا ہو اور اُس کے ہونٹ یوں ہل رہے تھے جیسے وہ کہہ رہا ہو۔ زندگی کا بھید۔

"ممتاز مُفتی"

مسز کڑھلے

مصنّفہ ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی نے اس کہانی میں حُسن و عشق کے دلچسپ واقعات دلربا انداز میں بیان کئے ہیں۔ کڑھلے ایک اُجڈ مولوی تھا اور اُس کی بیوی حُسن و محبت کی جان تھی۔ مگر کیسی غیرت مند بیوی تھی! اور کیسی اطاعت شعار! کہانی اِس قدر دل کش اور واقعات اس قدر پُر لُطف ہیں کہ کتاب شروع کرنے کے بعد بغیر ختم کئے دل نہیں مانتا۔ نہایت دلچسپ کتاب ہے۔ قیمت عہ۔ محصول ڈاک ۵ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بُک ڈپو۔ دہلی ۶

ایک وادی سے گذرتے ہوئے

یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں
یہاں کی خاک تھی اے دوست رنگیں سبزہ زاروں میں
یہاں چاندی جھنکتی تھی پگھلتے آبشاروں میں
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

وہ خودرو پھول، وہ رنگیں زمیں کے خوشنما تارے
وہ سبزے کی لچکتی موج پر خوشبو کے گہوارے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

وہ بھلی تتلیاں مصروف تھیں رنگین کھیلوں میں
نظر سے کوئی اوجھل جھولتا رہتا تھا بیلوں میں
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

اُفق کے نیل میں وہ سُرخ اُونی ابر کے ٹکڑے
رنگے تھے دیویوں نے ہر کنول کی ناند میں گھڑے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

ہوا گنجان جھاڑی میں انوکھے گیت گاتی تھی
یہاں شاداب کنجوں میں محبت مُسکراتی تھی
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

ترائے پھوٹتی کرنوں پہ جھرنے گنگناتے تھے
کہ کچی نے پہ چرواہے پہاڑی گیت گاتے تھے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

وہ جھرنے کے کنارے اک طرف اتری ہوئی قازیں
بطخوں کا شور، سارس کی صدا، مورونکی آوازیں
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

جھلکتے تال میں تیرے ہوئے چاندی کے پتھر سے
وہ کاہی پر مچلتی اوس کے رنگین گوہر سے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

وہ پانی کے کنارے دوب کے ریشوں کا ہلکا نم
کسی نے دور تک قینچی سے کترا تھا ہرا ریشم
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

ہواؤں میں ٹھٹھرے تال پر منسی بجاتے تھے
ہرے پودے اشارے سے کنارے پر بلاتے تھے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

یہاں بڑھ بڑھ کے گھٹتی تھی دھڑکتے دل کی بیتابی
یہاں پیاسی نظر کو سیر کر دیتی تھی شادابی
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

بہت سے جانے والے اس گھنے جنگل میں کھو جاتے
تھکے ماندے مسافر آ کے اس وادی میں سو جاتے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

یہیں ہم نے محبت کے حسیں جادو جگائے تھے
انہیں شاداب یوں میں دل کے غنچے مسکرائے تھے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

ہم اکثر گھاس پر سائے میں لیٹے گیت گاتے تھے
کبھی کچھ گنگناتے تھے، کبھی کچھ گنگناتے تھے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

شرارت سے کبھی "وہ" جھاڑیوں میں جا کے چھپ جاتی
کہیں کوئل کی لے گاتی، کہیں شاما کی دھن گاتی
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

کبھی ہم گھومتے پھرتے تھے اونچے سبز ٹیلوں پر
زمرد سا بہا کرتا تھا میدانوں میں جھیلوں پر
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

کبھی ہم تال کے پانی میں کنکر پھینکتے رہتے
چمکتے آئینہ میں دائرے پر دائرے بنتے
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

وہ قصہ اُس کے منسے بیٹس کی سچی محبت کا
وہ لہروں میں مسرت سی وہ موجوں میں تبسم سا
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

محبت ہلکی ہلکی آنچ دونوں کو پلاتی تھی
کوئی دیوی شفق میں منہ چھپائے مسکراتی تھی
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

شاخ نئے ہیں ڈالوں پر نہ اب خوشبو ہے خاروں میں
بس اک دکھتے ہوئے دل کی صدا ہے آبشاروں میں
یہ وادی کس قدر سرسبز تھی اگلی بہاروں میں

جان نثار اختر (علیگ)

بربادِ تمنّا

شکار کے موسم کا آغاز تھا۔ اس کی خوشی میں مارکوئس دوبرتراں کے ہاں پُرتکلف دعوت تھی۔ گیارہ شکاری آٹھ لیڈیاں اور مقامی ڈاکٹر شرکت کر رہے تھے۔ کھانے کا کمرہ دُلہن بنا ہوا تھا۔ میز پر انواع واقسام کے کھانے اور پھل چُنے ہوئے تھے اور اس کے گرد خوش فعل لوگ بیٹھے خوش گپیاں کرتے ہوئے مصروفِ طعام تھے۔ کھانا قریب الاختتام تھا کہ گفتگو کا موضوع محبت سے بدل گیا اور اس ابدی مسئلہ پر زور شور سے بحث ہونے لگی کہ آیا کوئی شخص زندگی میں سچی محبت صرف ایک ہی دفعہ کرسکتا ہے یا بار بار۔ ایسے لوگوں کی مثالیں پیش کی گئیں جنہوں نے زندگی میں صرف ایک ہی مرتبہ محبت کی ہے اور ایسے لوگوں کی مثالیں بھی پیش کی گئیں جو بار بار عاشق ہوئے اور ہر بار سچے جوش اور حقیقی خروش کا ثبوت دیا۔ بہرحال مرد ثابت کرنا چاہتے تھے کہ عشق ایک مرض کی طرح ایک ہی شخص کو بار بار اپنا شکار بنا سکتا ہے اور اس کے راستہ میں روڑہ اٹکانے پر خطرناک صورت بھی اختیار کرسکتا ہے۔

اس کا جواب عورتوں کے پاس کچھ نہ تھا۔ ان کے نظریۂ کی بنا تخیل پر تھی تجربہ پر نہیں۔ ان کو اصرار تھا کہ محبت، حقیقی اور بہشتی محبت صرف ایک ہی دفعہ ابن آدم کے قلبوں کو مسخر کرتی ہے۔ یہ ایک بجلی کی طرح انسان کے خرمنِ دل پر گرتی ہے اور اس کی ہستی کو مٹا دیتی ہے۔ یہ ایک ایسی طاقت ہے جس کی گرفت میں آکر انسان دوبارہ محبت تو درکنار اس کا خیال تک کرنے سے معذور رہتا ہے۔ مارکوئس دوبرتراں میدانِ محبت کا جانباز شہسوار تھا۔ اس نے اس کی پُرزور تردید کی۔

"یقین کیجئے ایک شخص دل وجان سے متعدد بار محبت کرسکتا ہے۔ آپ اپنے اس نظریہ کو ثابت کرنے کے لئے کہ انسان زندگی میں ایک ہی مرتبہ محبت، حقیقی محبت سے آشنا ہوتا ہے ایسے لوگوں کی مثالیں پیش کر رہی ہیں جنہوں نے کوچۂ عشق میں اپنے کو فنا کر دیا۔ قربانگاہِ عشق پر اپنے کو بھینٹ چڑھایا۔ مگر میں کہتا ہوں یہ اُن کی حماقت تھی۔ وہ بُزدل تھے اور موت ہی کے قابل تھے۔ مرکز انہوں نے اپنے کو عشق کے مکرر حملے سے بچالیا۔ اگر وہ اس سفلہ پن سے اپنی زندگی کا خاتمہ نہ کرتے تو زمانہ کی رفتار کے ساتھ وہ پھر محبت کرنے کے قابل ہوجاتے، محبت کرتے اور محبت ہی میں مرمٹتے۔ عاشق شرابی کی طرح ہے، ایک دفعہ جس نے پی ہے وہ دوبارہ ضرور پیئے گا۔ ایک دفعہ جس نے محبت کی ہے وہ دوبارہ ضرور کرے گا۔ محبت ایک طبعی مسئلہ ہے"۔

آخر کار سب نے اس کا فیصلہ ڈاکٹر پر چھوڑا۔ ڈاکٹر پیرس میں پریکٹس کرتا تھا مگر اب وہاں کی پریکٹس چھوڑ کر دیہات میں مقیم ہوگیا تھا۔ سب نے التماس کی کہ وہ اپنی رائے کا اظہار کرے مگر وہ کوئی رائے قائم کرنے سے قاصر تھا۔

"جیسا کہ مارکوئس نے فرمایا ہے یہ ایک طبعی مسئلہ ہے۔ میں ایک محبت کرنے والی ہستی کو جانتا ہوں جو پچپن سال تک بغیر کسی تغیر کے محبت کرتی رہی اور جس کا انجام موت پر ہوا"۔

لیڈی برتراں خوشی سے اُچھل پڑیں۔

"آہا کس قدر دلکش، کس درجہ کیف انگیز خواب ہے ایسی محبت کی زندگی پچپن سال کسی کی سچی، پُرخلوص، جنوں انگیز محبت کا مرکز بنے رہنا۔ کیسی بہشتی اس کی زندگی تھی اور کتنا خوش نصیب تھا وہ شخص"۔

ڈاکٹر نے مسکرا کر کہا۔

"محترمہ آپ کا خیال ایک حد تک درست ہے۔ اس لاثانی محبت کا مالک ایک مرد ہی تھا اور آپ اس کو اچھی طرح جانتی ہیں وہ "شاکی" ہمارے یہاں کا دواساز ہے۔ اور اس محبت کی ماری عورت سے بھی آپ واقف ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا ہر سال ایک بُڑھیا آپ کے یہاں آیا کرتی تھی۔ وہ ٹوٹی ہوئی کرسیوں کی مرمت کیا کرتی تھی۔ خیر مفصل قصہ سُن لیجئے"۔

یکایک عورتوں کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔ اُن کے خوبصورت بیضاوی چہروں پر نفرت اور حقارت کے آثار نمایاں ہوئے۔ بھلا محبت کو سوسائٹی کی ایسی ذلیل ہستیوں سے کیا سروکار۔

"تین مہینے پہلے کا ذکر ہے" ڈاکٹر کہنے لگا۔ "وہ بُڑھیا دم

تو ڈر رہی تھی اور میں پاس بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے پہلے ہی روز وہ اس گاؤں میں آئی تھی۔ وہ اپنی گاڑی میں آئی تھی۔ آپ لوگوں کو معلوم ہے یہی گاڑی اس کے گھر تھی۔ اور ایک بڈھا گھوڑا اسکو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا تھا۔ اس کے ساتھ دو بڑے بڑے سیاہ کتے تھے جو اس کے دوست اور محافظ تھے۔ میں جب پہونچا تو پادری آچکا تھا اور مرنے والی کو روحانی تسلی دے رہا تھا میں اس لئے بلایا گیا تھا کہ مرحومہ کا وصی بنایا جاؤں۔ اپنی وصیت کو اچھی طرح میرے ذہن نشیں کرانے کی خاطر غریب نے اپنی داستانِ زندگی سنائی۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اتنی دردناک اور حیرت انگیز کہانی مجھے اپنی زندگی میں پہلی مرتبہ سننے کا اتفاق ہوا۔

"اس کے ماں باپ ٹوٹی ہوئی کرسیوں کی مرمت کیا کرتے تھے۔ اچھا کھانا، اچھا پہننا، اچھی جگہ پر سونا اسے کبھی نصیب نہیں ہوا۔ چھٹپنے میں ہی چاروں طرف مار ماری پھرتی تھی، نہایت ہی غلیظ اور بوسیدہ حالت میں رہتی تھی۔ اس کا خاندان گاؤں کے باہر آکر ڈیرا ڈالتا تھا۔ گاڑی سے گھوڑا کھول لیا جاتا تھا اور چرنے کو چھوڑ دیا جاتا تھا۔ کتا سکڑ کر بیٹھ جاتا تھا اور پنجوں پر سر کو رکھکر سونے کی کوشش کرتا تھا۔ وہ بچی گھاس پر کھیلتی تھی اور درختوں کے سایہ میں بیٹھکر اس کے والدین گاؤں کی پرانی ٹوٹی ہوئی کرسیاں درست کرنے میں لگ جاتے تھے۔ اس پہیوں والے مکان میں فضول باتوں کی گنجائش نہ تھی۔ مختصر طور پر بحث کر کے وہ فیصلہ کر لیتے تھے کہ اس روز ان میں سے کون گاؤں میں گھر گھر کرسیاں بنوالو کا نعرہ لگاتا پھرے گا۔ اس کے بعد وہ اپنے کام میں مشغول ہو جاتے تھے۔ اگر وہ بچی کھیلتے کھیلتے دور نکل جاتی یا گاؤں کے دوسرے لڑکوں کے ساتھ دوستی کرنا چاہتی تو اس کے باپ کی غصیلی آواز اس سے باز پرس کرتی:۔

"جلد یہاں آ جڑیل"

اور یہی وہ پیار کے الفاظ تھے جسے اس نے اپنی زندگی میں سنے۔ جب وہ کچھ بڑی ہوئی تو اسے بھی گاؤں میں مرمت طلب کرسیاں لانے کیلئے بھیجا جانے لگا۔ اب وہ آزادی سے کہ دوسرے لڑکوں کے ساتھ دوستی پیدا کر سکے۔ لیکن شومئی قسمت سے دوسرے لڑکوں کے والدین اس کے روادار نہ تھے۔ وہ نہایت ہی بیدردی سے اپنے لڑکوں کو دھمکا کر بلا لیتے:

"آتا نہیں بدمعاش، خبردار جو کبھی پھر آوارہ گردوں کے ساتھ کھیلتے دیکھا"

چھوٹے لڑکے کبھی کبھی اسکو پتھر مارتے تھے۔ عورتیں کبھی کبھی اسے ایک آدھ پیسہ دے دیا کرتی تھیں جسے وہ نہایت احتیاط سے جمع کرتی تھی۔

جب وہ گیارہ سال کی تھی اس کے خاندان نے اس گاؤں کے کنارے پر ڈیرا ڈالا۔ ایک روز قبرستان کے پیچھے اس نے "شاکی" کو روتے پایا۔ وہ اس لئے رو رہا تھا کہ اس کے کسی ساتھی نے اس کے دو پیسے چھین لئے تھے۔ اس چھوٹے شہری کے آنسوؤں نے اس نیک خانہ بدوش کو بیقرار کر دیا۔ اس کا معصوم، ننھا دل یہی جانتا تھا کہ شہر کے بچے ہر وقت خوشی اور شادمانی کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ وہ اس کے پاس گئی اور اس کی مصیبت کا راز معلوم کر کے اپنا اندوختہ سب اس کے حوالہ کر دیا۔ یہ کل سات "سو" تھے۔ "شاکی" نے اسے بغیر چون و چرا کے لے لیا اور آنسو پونچھ ڈالے۔ وہ خوشی سے بیتاب ہو گئی۔ یہانتک کہ اس نے "شاکی" کا منہ چوم لیا۔ یہ دیکھکر کہ اس نے کوئی مزاحمت نہیں کی اور نہ ناراض ہوا اس نے اسکے گلے میں بانہیں ڈالدیں اور اسی دیوانہ وار پیار کرنے لگی۔ پھر یکایک چھوڑ کر بھاگ گئی۔

کیا خیال اس غریب کے دماغ میں آگیا تھا؟ وہ کونسی کشش تھی جس نے اسے لڑکے کی طرف کھینچا؟ کیا یہ اس لئے تھا کہ اس نے اپنی ننھی سی عمر کی کمائی اس کے حوالہ کر دی تھی یا اس لئے کہ یہ اسکی محبت کا پہلا بوسہ تھا؟ یہ ایک معمہ ہے سب کیلئے، بچوں کیلئے بھی اور جوانوں کیلئے بھی۔

دوبارہ جب وہ آئی تو اس کے پاس دو فرانک تھے۔ مگر وہ "شاکی" کی صرف ایک جھلک دیکھنے پائی۔ وہ اپنے باپ کی دوا کی دوکان پر بیٹھا ہوا تھا اور بہت بھلا معلوم ہو رہا تھا۔ دوکان پر طرح طرح کی چھوٹی بڑی رنگین شیشیاں اور بوتلیں قرینے سے سجی تھیں۔ اس کی آنکھیں چندھیا گئیں اور اس لئے وہ اسے اور زیادہ چاہنے لگی۔ اس کی یاد اس کے دل سے کبھی محو نہیں ہوتی تھی۔ دوسرے سال وہ اس کے سکول میں "شاکی" سے ملی۔ وہ اینٹے کھیل رہا تھا۔ وہ اس پر جھپٹی، اسے سینہ سے چمٹا لیا اور بھینچ بھینچ کر پیار کرنے لگی۔ شاکی بہیت سے چیخنے لگا۔ اس کو تسلی دینے کیلئے اس نے اسے اپنی پوری دولت دیدی جو تین فرانک

چار سُو تھے۔ شاکی کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ اُس نے اِس ہدیۂ اُلفت کو قبول کیا اور اس کے عوض میں اجازت دیدی کہ وہ جی بھر کے اُسے پیار کرلے۔

اس واقعہ کے بعد چار برس تک وہ برابر اپنا سرمایہ شاکی کی نذر کرجاتی تھی اور وہ بھی نہایت دریا دلی کے ساتھ اُسکو پیار کرنے دیتا تھا۔ مزہ کا لین دین تھا۔ کبھی بازار مندہ ہونے کی وجہ سے دس بارہ سُو ہوتے تھے تو وہ شرم سے رونے لگتی تھی اور کبھی چار پانچ فرانک ہوتے تھے تو وہ خوشی سے قہقہہ لگانے لگتا تھا۔

وہ اس کا تخیل بنا ہوا تھا۔ وہ خود بھی اب اس کی آمد کا بیچینی سے انتظار کیا کرتا تھا اور اسکو دیکھتے ہی دوڑا دوڑا آتا تھا جس سے وہ عجیب مسرّت سی محسوس کرتی تھی، اس کا دل بلّیوں اُچھلنے لگتا تھا۔

اس کے بعد اچانک وہ ایک روز غائب ہوگیا۔ غریب لڑکی کی دُنیا گویا تاریک ہوگئی۔ بڑی جانفشانی سے اُس نے پتہ لگایا کہ وہ اسکول بھیجدیا گیا ہے۔ بڑی کد و کاوش کے بعد اُسنے اپنے والدین کو راضی کیا کہ وہ ہر تعطیل میں یہاں پر آیا کریں۔

اسی طرح ایک زمانہ گزر گیا اور وہ اُس کے دیدار سے محروم رہی۔ دو برس بعد اُس نے پھر اُسے دیکھا۔ وہ بمشکل اُسے پہچان سکی۔ نام خُدا اب وہ جوان تھا اور سونے کے بٹنوں والی جاکٹ میں نہایت شاندار معلوم ہو رہا تھا۔ وہ اس غریب کے سامنے سے تنکر گذر گیا گویا کبھی کی جان پہچان ہی نہ تھی۔ دو روز تک وہ روتی رہی۔ اور یہ آغاز تھا اسکی نہ ختم ہونے والی مصیبت کا۔

ہر سال وہ لوٹ آتی تھی۔ وہ راستہ میں اُس کے سامنے سے گذر جاتی تھی مگر اسے ہمّت نہ پڑتی تھی کہ اُس سے ہمکلام ہو۔ اسکی محبت دیوانگی کی حد تک پہونچ چکی تھی۔

"ڈاکٹر" نے اُس نے مجھ سے کہا تھا "دُنیا میں وہی ایک آدمی ہے جس کی طرف میں نے نظر اُٹھا کر دیکھا ہے۔ مجھے اتنی خبر بھی مشکل سے ہوگی کہ اسکے علاوہ بھی دُنیا میں مرد ہیں"۔

اس کے والدین کے مرنے کے بعد بھی اُس نے اُنکے پیشہ کو جاری رکھا۔ اب اُس نے بجائے ایک کے دو کتے پال رکھے تھے۔ یہ بڑے خونخوار تھے اور کسی کو پاس پھٹکنے نہ دیتے تھے۔ ایک روز جبکہ وہ اس چھوٹے سے قصبہ میں جہاں اس کا دل پھنسا ہوا تھا آئی اُس نے دیکھا کہ ایک نوجوان عورت "شاکی" کا ہاتھ پکڑے ہوئے اسباز کی دوکان سے نکلی۔ وہ اُس کی بیوی تھی "شاکی" کی شادی ہوچکی تھی۔

اسی شام کو ٹاؤن ہال کے تالاب میں وہ کُود پڑی۔ ایک مسافر اتفاقاً آنکلا۔ اُسنے تالاب سے نکالا اور دوا ساز کی دُکان پر لے گیا۔ شاکی شب خوابی کے لباس میں نیچے اترآیا۔ اُس نے تبجاہل عارفانہ کے ساتھ اس کا علاج کرتے ہوئے نہایت ہی کرخت لہجے میں کہا:۔

"کیا سٹرن ہوگئی ہے۔ یہ کیا واہیات ہے"

اس کے لئے اتنا ہی کافی تھا۔ خیر اُس نے بات تو کی۔ اس تصوّر ہی نے اُسے بہت دنوں تک خوش رکھا۔ اُس نے بہت کچھ کہا سُنا مگر "شاکی" نے معاوضہ لینے سے قطعی انکار کردیا۔

غرض اسی طرح اُس کی زندگی گذرتی گئی۔ اُس کے ہاتھ کرسیاں دُرست کرتے تھے اور اس کا دل تصوّر جانا نہ میں کھو جاتا تھا۔ اس کی دوکان کی کھڑکیوں سے وہ ہر سال اسکو دیکھتی تھی۔ اس نے اس سے معمولی دوائیں خریدنی شروع کیں۔ اسی طرح وہ اس کے نزدیک ہوتی تھی، اس سے بات چیت کرتی تھی اور پہلے کی طرح اُسے پیسے دیتی تھی۔

جیسا کہ مَیں بیان کرچکا ہوں وہ اسی بہار میں مری ہے۔ اس المناک قصہ بیان کرنے کے بعد اُس نے مجھ سے التجا کی کہ اس کے مرنے کے بعد اس کی عمر بھر کی کمائی مَیں اُس شخص کے حوالے کردوں جس سے وہ کمال وفاشعاری کے ساتھ محبت کرتی رہی ہے۔ صرف اسی کیلئے وہ محنت کرتی تھی، اُس نے کہا تھا خود فاقہ تک کے مگر اپنے جیب کے لئے روپیہ جمع کرتی رہی۔ صرف اس اُمید پر کہ مرنے کے بعد تو کم از کم ایک دفعہ وہ اس حرماں نصیب کو یاد کرے گا۔ اس کے بعد اُس نے مجھے دو ہزار تین سو ستائیس فرانک دئے۔ ستائیس فرانک تو میں نے اُس کے کفن دفن کیلئے رکھ چھوڑا اور باقی رقم اس کے مرتے ہی لیکر چلا آیا۔

دوسرے روز مَیں "شاکی" سے ملنے گیا۔ میاں بیوی ناشتہ پر تھے۔ گول مول موٹا تازہ جوڑا تھا اور اپنی رفتار زندگی سے خوش۔ اُنہوں نے مجھ سے بھی ناشتہ میں شریک ہونے کی خواہش کی میز بھی شامل ہوگیا۔ ناشتہ کے بعد میں نے نہایت ہی دردناک لہجہ میں اپنی کہانی شروع کی۔ مَیں اُمید کر رہا تھا کہ وہ رو پڑینگے۔

مگر جیسے ہی اُسے معلوم ہوا کہ ایک ذلیل توتی کی خوشامد کرنے والی عورت اس سے محبت کرتی تھی، انتہائی غیظ و غضب سے وہ اُٹھ کھڑا ہوا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ اس غریب کی محبت نے "شاکی" کی عزت پر بٹّا لگا دیا ہے، عزت جو اُسے اپنی زندگی سے بھی زیادہ پیاری تھی۔ اُس کی بیوی بھی غصّہ سے سُرخ ہو گئی۔ وہ صرف اتنا ہی کہہ سکی:

"وہی فقیرنی، وہی بڑھیا قطامہ"

شاکی غصّہ سے بیتاب ہو رہا تھا۔ اس کی ٹوپی سر سے گر چکی تھی۔

"ڈاکٹر، ایسی بات بھی تم نے کبھی سُنی، غضب خُدا کا۔ مجھے اس سے کیا سروکار۔ اگر میں اس کے جیتے جی اس حال سے آگاہ ہوتا تو ضرور اُسے جیل خانہ بھجواتا جہاں اُس کی زندگی کے دن پورے ہوتے۔ قسم خُدا کی"

میں احمق بنا کھڑا تھا۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ کیا کروں۔ مگر مجھ کو اپنا فرض ادا کرنا تھا۔ میں نے دوبارہ کہنا شروع کیا۔

"مرحومہ وصیت کر گئی ہے کہ میں اس کا جمع کردہ دو ہزار تین سو فرانک آپ کے حوالے کروں۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ اس کی کہانی نے آپ لوگوں کو بیحد رنج و صدمہ پہونچایا ہے، اس لئے میرے خیال میں اس رقم کو خیرات کر دینا ہی بہتر ہوگا"

حیرت سے اُن کی زبان گنگ ہو گئی۔ اور وہ بیوقوفوں کی طرح مجھے تکنے لگے۔ میں نے جیب سے روپیہ نکال کر پوچھا۔

"اب آپ کی کیا رائے ہے؟"

شاکی کی بیوی نے سکوت کو توڑا۔

"خیر، ایک مرنے والی کی وصیت ہے۔ کیا کیا جائے"

اس کے شوہر نے خفگت کے ساتھ کہا۔

"ہم یہ روپیہ بچوں کی بھلائی کیلئے خرچ کرینگے"

(موپاساں)

تشنیم جہانگیر نگری

"چمکی"

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی ناول نویسی اور مزاحیہ نگاری کا عروج آپ اس انتہا سے زیادہ دلچسپ اور رنگین ناول میں دیکھیں گے۔ جسمیں "چمکی" کے حُسن و عشق کی دلفریب اور عجیب و غریب کہانی آپ کے سامنے عشق و محبت، سوز و گداز کے ایسے رنگ بر رنگے فلم پیش کریگی کہ آپکو کہنا پڑیگا کہ "چمکی" ایک ایسی دلنشین اور ہوش رُبا داستان محبت ہے جسکے آگے چغتائی صاحب کے تمام شاہکار ماند ہیں۔ قیمت عہ علاوہ محصول ڈاک ؛

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی ۶

پروین

موسم سرما کی ایک رات جبکہ کائنات پر سناٹا طاری تھا، ہوا تیزی سے چل رہی تھی۔ پروین ڈرائنگ روم میں آتشدان کے قریب پاؤں رکھے ایک صوفہ پر نیم دراز تھی۔ کمرے کے دروازے بند تھے۔ باہر سے ہوا کی سائیں سائیں کی آواز آرہی تھی۔ دیوار پر لگے ہوئے گھنٹے کی ٹک ٹک اور آتشدان کی جلتی ہوئی لکڑیوں کی چرچراہٹ کی آواز ایک عجیب سماں پیدا کر رہی تھی۔

یکایک پروین نے ہاتھ بڑھا کر سامنے کارنس پر سے ایک نیلے رنگ کا لفافہ اٹھالیا اور خود بخود کہنے لگی: "جب سے یہ خط آیا ہے نہ معلوم میرا دل کیوں اس قدر بے چین ہے۔ افسوس غریب کامنی کو شادی کا بڑا تلخ تجربہ ہوا۔ کیسی تعجب کی بات ہے کہ شادی سے پہلے تو شیام اس سے اتنی محبت کرتا تھا لیکن یہ محبت چھ مہینے تک بھی قائم نہ رہی! افسوس اب وہ کامنی کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتا بلکہ کئی کئی دن تک گھر بھی نہیں آتا۔ مجھے کامنی سے دلی ہمدردی ہے!!! کامنی لکھتی ہے کہ شادی ایک عذاب ہے... ممکن ہے اس کے لئے ایسی ہو۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ میں تو اس معاملہ میں بڑی ہی خوش قسمت ہوں۔ میری شادی شدہ زندگی کس قدر خوشگوار ہے۔ رضا میرا پرستار ہے... مجھ پر جان قربان کرنے کو تیار ہے۔ وہ مجھ سے محبت کرتا ہے... بہت ہی سخت محبت — یہ میں اس کی آنکھوں میں پڑھ سکتی ہوں — اس کے چہرے پر مرتسم دیکھتی ہوں۔ اور میں!!! میری تمام خواب، میری تمام امیدیں اسی میں مجسم ہیں۔ وہی میری تمام دنیا ہے۔ میری زندگی کا ہر نفس رضا ہی کے نام سے شروع اور رضا ہی کے نام پر ختم ہوتا ہے۔ میرا روا روا اسے محبت کرتا ہے۔ کامنی کے لئے شادی عذاب ثابت ہوئی مگر میرے لئے تو خوشیوں کی جنت ہے۔ اگر میری شادی نہ ہوتی تو مجھے میرا رضا اور رضا کی پیاری محبت کہاں نصیب ہوتی۔ ہم ایک دوسرے کی محبت میں جکڑے ہوئے ہیں۔ ہر آنے والا دن ہمارے لئے محبت کی ایک کڑی بن کر آتا ہے اور ہمیں ایک دوسرے کے قریب تر کر دیتا ہے۔ ہمارا گھر خوشیوں کا گہوارہ ہے۔ ایک چھوٹی سی پریم نگری ہے۔ لیکن اگر کبھی شیام کی طرح رضا نے بھی میرے ساتھ بیوفائی کی؟ ——— اس خیال ہی سے پروین کو جھرجھری آگئی — "نہیں!! مجھے ایسے وہم کو دل میں بھی جگہ نہ دینی چاہیئے.... یہ ناممکن ہے۔ رضا کی محبت سچی ہے۔ اس کی ہر بات صداقت اور خلوص سے بھری ہوتی ہے۔ لیکن اگر کبھی ایسا ہوا؟ اُف رضا کی بے اعتنائی — بس میرے لئے موت کا پیغام ہوگی۔ رضا کی محبت کے بغیر زندگی بے معنی اور بیکار ہوگی — توبہ توبہ میں بھی کیسی باتیں سوچنے لگتی ہوں مجھے شرم آنی چاہیئے کہ میں اپنے رضا کے متعلق ایسے وہم دل میں لا رہی ہوں۔ سنگدل شیام کی بیوفائی نے میری پیاری سہیلی کامنی کا دل توڑ دیا۔ اس کی زندگی برباد کر دی۔ محبت کا رشتہ قائم کر کے بے اعتنائی کرنا کتنا سخت جرم ہے، کتنا بڑا گناہ ہے۔ افسوس بیچاری کامنی کو کیا خبر تھی کہ شیام کی محبت محض جھوٹی محبت ہے جو شادی کے ساتھ ختم ہو جائیگی۔"

گھنٹے نے ٹن ٹن گیارہ بجائے۔ پروین کے خیالات کا طلسم ٹوٹا۔ وہ ایک دم چونک پڑی: "افوہ گیارہ بج گئے اب تک رضا واپس نہیں آئے۔ کرنیل قریشی کے یہاں کا ڈنر بھی ایک مصیبت ہوتا ہے۔ بارہ بجے سے پہلے کبھی ختم نہیں ہوتا۔ کرنیل عجیب باتونی انسان واقع ہوا ہے۔ کوئی اس کے گھر چلا جائے بس پھر واپس ہی نہیں آنے دیتا۔ ڈنر کے بعد برج شروع ہو گیا ہوگا۔ دین دنیا کی خبر کسے ہوگی، کھیل میں وقت کا اندازہ تو ہوتا ہی نہیں۔"

پروین یہ سوچ ہی رہی تھی کہ ڈرائنگ روم کا دروازہ کھلا اور رضا اندر داخل ہوا۔

"اے پروین اب تک جاگ رہی ہو؟" رضا نے حیرت سے دریافت کیا۔

پروین: جی ہاں، آپ کا بھی ڈنر ختم ہوا یا نہیں، گیارہ بجے ہیں اس وقت کچھ معلوم ہے؟"

رضا: پروین یہ کرنیل عجیب ضدی اور بکواسی شخص ہے۔ ڈنر کے بعد زبردستی ٹھیرایا کہ ایک بازی برج کی کھیل لو۔ میں نے کہا بھی کہ نہیں مجھے نیند آرہی ہے تو کہنے لگا کہ نہیں کل اتوار ہے صبح اٹھنے کی ضرورت

نہیں ہے صبح دس بجے تک سو کر اس وقت کی کمی کو پورا کر لینا آج تو گولڈن نائٹ ہے برج ضرور کھیلنا پڑے گا۔ اس لئے مجبوراً ٹھہرنا پڑا۔ تم نے فضول انتظار کی تکلیف اٹھائی تم سو گئی ہوتیں"

"میں کیوں سو گئی ہوتی، ایسا ہی خیال تھا تو آپ ہی ذرا پہلے کیوں نہ آ گئے" پروین نے ایک انداز سے گردن اٹھا کر کہا۔

"دیکھو نا پروین" رضا نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھکر محبت سے سمجھاتے ہوئے کہا "کبھی کبھی دیر ہو جاتی ہے تم تو اتنی اتنی سی باتوں پر خفا ہو جاتی ہو"

پروین:۔ خفا کون ہو رہا ہے"

رضا:۔ تم اور کون۔

پروین:۔ میں تو خفا نہیں ہوں۔

رضا:۔ اچھا اگر خفا نہیں تو مسکرا دو"

پروین شرما کر ہنسنے لگی من ہی من میں اپنی فتح محسوس کر رہی تھی اور اس پر ناز ہی تھی۔ پروین صوفہ سے اٹھ کھڑی ہوئی وہ دونوں چلتے چلتے ڈرائنگ روم کی کھڑکی تک چلے گئے۔ "رضا! دیکھو چاند کتنا خوبصورت معلوم ہو رہا ہے" پروین نے ایک انداز دلربائی سے کہا۔

"لیکن میرا چاند تو اس سے بھی زیادہ خوبصورت ہے" رضا نے محبت بھری نظروں سے پروین کی طرف دیکھکر جواب دیا۔ پروین شرما گئی۔

پروین:۔ رضا کیا تم واقعی مجھ سے محبت کرتے ہو؟

رضا:۔ خوب، کیا میری محبت کا ابتک یقین نہیں؟ کیا ڈنر سے دیر میں آنے سے میری محبت کے متعلق شبہات پیدا ہو گئے؟

پروین:۔ (ہنسکر) نہیں رضا یہ بات بالکل نہیں میں تو ویسے ہی معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ میرا رضا مجھے کتنا چاہتا ہے۔

رضا:۔ اچھا اگر یہ بات ہے تو سنو کہ تمہارا رضا صرف تم سے محبت ہی نہیں کرتا بلکہ تم سے عشق ہے!! وہ تمہارا پجاری ہے۔ سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے تم اس کے دل میں ہر وقت بسی رہتی ہو، اسکی روح میں سمائی ہوئی ہو اور تمہیں اس کی تمناؤں اور امیدوں کا مرکز ہو۔

پروین:۔ اچھا رضا! ایک بات اور بتا دو۔ کیا تم مجھے ہمیشہ ہی اتنا چاہتے رہو گے؟

رضا:۔ کبھی نہیں پروین میں ہمیشہ تم کو اتنا ہی نہیں چاہتا رہونگا کیونکہ مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر روز تمہاری محبت دوگنی بڑھتی جا رہی ہے۔

یہ سنکر پروین کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں "اگر ایسا ہے تو میں بڑی خوش قسمت ہوں" اس نے خوش ہوتے ہوئے جواب دیا۔

رضا:۔ پروین، تمہارے دو سوالوں کا جواب میں نے دیا اب میں بھی تم سے ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔

پروین:۔ وہ کیا؟

رضا:۔ وہ یہ کہ آج تم نے اس قسم کے سوال کیوں پوچھے؟

پروین:۔ (مسکرا کر) وجہ یہ ہے رضا کہ میری سہیلی کامنی کا شوہر شیام شادی سے پہلے اس کو بہت چاہتا تھا لیکن چھ مہینے ہی میں اس کی تمام محبت ختم ہو گئی۔ آج کامنی کا ایک درد بھرا خط میرے پاس آیا ہے۔ مجھے بھی اپنے متعلق وہم آنے لگا اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ یہ سوالات پوچھ کر اپنی دل جمعی کر لوں"

"اب آپ کی دل جمعی ہو گئی؟" رضا نے ہنستے ہوئے پوچھا۔

پروین:۔ ہاں ہو گئی! تم جانتے ہو رضا میں تمہاری ہر بات کا یقین کر لیتی ہوں۔ کیونکہ تم مجھ سے ہمیشہ سچ بولتے ہو لیکن اگر خدانخواستہ کبھی تم نے بے اعتنائی کی تو وہ میری موت کا پیغام ہو گی۔

رضا نے پروین کا منہ اپنے ہاتھ سے بند کر دیا "ایسی اول فول باتیں مت کرو پروین"

پروین:۔ رضا یہ آج اتوار کو صبح ہی صبح کہاں جانے کی تیاری ہو رہی ہے؟

رضا:۔ پروین، میں رات کرنیل قریشی اور مسٹر مکرجی سے شکار کو جانے کا وعدہ کر آیا ہوں۔ مسز مکرجی اور مسز قریشی بھی ساتھ جائینگی تم بھی چلو"

پروین:۔ نہیں رضا میری طبیعت اچھی نہیں ہے ورنہ ضرور چلتی"

رضا:۔ (پریشان ہوتے ہوئے) ہائیں، کیا تمہاری طبیعت خراب ہے؟ کیا حرارت ہے؟ دیکھوں نبض!!! بخار تو معلوم ہوتا ہے!!! پھر؟ ڈاکٹر کو ٹیلیفون کر دوں؟ میں بھی اب شکار کو نہیں جاتا۔

پروین:۔ اتنے پریشان مت ہو میرے رضا۔ میرے سر میں خفیف سا درد ہے۔ ڈاکٹر کو فون کرنے کی بھلا کیا ضرورت ہے تم شکار کو چلے جاؤ۔

رضا۔ پروین تمہاری تو طبیعت ٹھیک نہیں اور میں ٹیکسی کو چلا جاؤں؟ چلو چل کر لیٹ جاؤ۔

پروین۔ رضا میں بالکل ٹھیک ہوں گھبراؤ نہیں۔ صرف سر میں ذرا درد ہے تم ٹیکسی سے کیوں رُکتے ہو جب وعدہ کر آئے ہو تو چلے جاؤ۔ میں تمہیں اجازت دیتی ہوں۔

رضا۔ اچھا تم کہتی ہو تو خیر۔

رات کے آٹھ بج گئے۔ رضا اب تک نہ آیا تھا۔ پروین محوِ انتظار تھی۔ وقت کاٹنے کو ایک کتاب لیکر بیٹھی لیکن دل نہ لگا۔ "میرا دل نہ جانے آج کیوں گھبرا رہا ہے خدا رضا کو خیریت سے واپس لائے" پروین نے اپنے دل میں کہا۔

باہر کسی کے چلنے کی آواز آئی "خدا کا شکر رضا آگئے" کہتی ہوئی وہ خوشی سے دوڑتی برآمدہ میں گئی لیکن آنے والا نوجوان رضا نہ تھا بلکہ پروین کا ماموں زاد بھائی ارشد تھا جو کئی سال سے افریقہ گیا ہوا تھا اور اب یہ سُنکر کہ پروین کی شادی ہوگئی ہے، اس سے ملنے آیا تھا۔

"ارے بھائی ارشد تم یہاں کہاں؟" پروین نے حیرت انگیز خوشی سے کہا۔

ارشد۔ بیشک تمہیں مجھے یہاں دیکھکر حیرانی ہوئی ہوگی، میں کوئی پندرہ بیس دن گزرے افریقہ سے واپس آگیا ہوں۔ یہاں آکر میں نے سُنا کہ تمہاری شادی ہوگئی ہے۔ میں نے کہا لاؤ تم سے بھی ملتا چلوں لیکن اگر تم خفا ہوتی ہو تو میں چلا جاتا ہوں۔

پروین۔ توبہ ارشد کیسی باتیں کرتے ہو۔ تمہاری شرارتیں کبھی نہیں جائیں گی۔ بھلا خفا ہونے کا کیا ذکر؟ میں تو انتظار ہی کر رہی تھی۔

اسی وقت رضا کوٹھی میں داخل ہوا۔ پروین کے کمرے میں روشنی دیکھکر اُس کے دل کو ایک گونہ مسرت حاصل ہوئی "میری پروین اب تک جاگ رہی ہے" رضا نے اپنے دل میں کہا۔ "میں پیچھے سے چپکے سے اُس کی آنکھیں بند کرلونگا" یہ سوچکر وہ دبے پاؤں برآمدہ میں گیا۔ کمرے میں سے بولنے چالنے کی آواز آئی۔ رضا سخت حیران ہوا کہ خدایا اس وقت کون ہے جو پروین سے باتیں کر رہا ہے۔ دبے پاؤں دروازے تک گیا۔ صوفہ پر پروین بیٹھی تھی اور اس کے برابر ایک خوشرو نوجوان!!! رضا خاموشی کو دروازہ سے کان لگا کر سُننے لگا۔ آواز آتی ہے!!!

ارشد۔ اچھا آپ انتظار کر رہی تھیں؟ کس کا؟ میرا یا رضا کا؟

پروین۔ (جھنکر) رضا کا نہیں آپ کا۔

ارشد۔ بہت بہت شکریہ۔

پروین۔ رضا ٹیکسی کو گئے ہیں میں اس وقت کہتی تھی بڑا اچھا ہوا آپ آگئے۔

رضا یہ جملے سنتا ہے معلوم ہوتا ہے کہ دماغ میں کسی نے سیسہ پگھلا کر ڈال دیا۔ دونوں ہاتھوں سے سر کو تھام کر دروازے سے ہٹ جاتا ہے اور دیوانہ وار برآمدہ میں چلتا ہے دل ہی دل میں بڑبڑاتا ہے۔

"اُف خدا میں نے یہ کیا سُنا۔ پروین! بے وفا پروین! اگر یہ نوجوان تیری اُمیدوں کا مرکز تھا تو پھر مجھ سے اظہارِ محبت کی کیا ضرورت تھی۔ غیرت کا تقاضہ ہے کہ ابھی بندوق سے تیرا اور اس نوجوان کا خاتمہ کر دوں لیکن محبت کا تقاضہ ہے کہ میں خود تمہاری خوشی میں حائل ہوں کل جاؤں۔ اُف خدا میری زندگی برباد ہوگئی اور اب اس جگہ ایک لمحہ ٹھہرنا بے وقوفی ہے۔ انسان کسی کو مجبور کرکے محبت نہیں پاسکتا۔ خدا حافظ پروین، خدا تمہیں اور اس نوجوان کو خوش رکھے۔"

اپنی جیب میں سے قلم نکالتا ہے اور جلدی سے ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھتا ہے:۔

"پروین ــــ گو کہ تم نے میرے ساتھ بیوفائی کی لیکن میں اب بھی تمہارا ہوں۔ میرا اب انتظار فضول ہے۔ میں کہاں جا رہا ہوں؟ مجھے خود نہیں معلوم۔ شاید میں اس زندگی سے عاجز آکر اپنی زندگی ختم کر دوں لیکن کہہ نہیں سکتا۔ میری تلاش مت کرنا کیونکہ بے سُود ثابت ہوگی۔ تم سے دُور رہکر بھی تمہارا رضا۔"

جلدی سے کاغذ کو تہ کرکے نوکر کو دیدیتا ہے کہ یہ خط اپنی بیگم صاحبہ کو دیدینا۔ اور میں جا رہا ہوں۔ یہ کہکر جلدی سے سوٹکیس اُٹھا کر ایک طرف کو چلدیا۔ نوکر نے خط لے لیا لیکن یہ معمہ اُس کی سمجھ میں آیا کہ ابھی تو آئے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں پھر بھی ... حکم کی تعمیل میں پروین کے کمرے کی طرف جاتا ہے۔

جمن۔ بیگم صاحب۔

پروین۔ (ارشد سے مخاطب ہوکر) ارشد آپ تشریف رکھئے، جمن کیا صاحب آگئے؟

جمّن:۔ جی ہاں صاحب آئے تھے اور چلے بھی گئے۔ یہ پرچہ آپ کو دے گئے ہیں۔"

پرویں:۔ کیسا پرچہ؟ کچھ دماغ خراب ہی یا زیادہ پی گئے ہو۔

جمّن:۔ حضور گستاخی معاف بالکل صحیح عرض کر رہا ہوں۔

پرویں حیران اور کچھ پریشان ہو کر دروازے پر جاتی ہے۔

"کہاں ہے وہ پرچہ ادھر لاؤ۔"

جمّن:۔ لیجئے حضور۔

پرویں نے پرچہ لے لیا اور دھڑکتے ہوئے دل کے ساتھ پڑھنا شروع کیا۔ خط بالکل مختصر تھا۔ صرف تین سطریں تھیں۔ لیکن اُف! یہ تین سطریں اُس کے لئے تین ہزار برچھیوں سے کم نہ تھیں بجلی کی طرح اس کی آنکھوں سے گزر گئیں مگر پہلی مرتبہ کچھ نہ سمجھی کہ کیا لکھا ہے دوبارہ پڑھا تو اس کی خوفناک حقیقت سے خبردار ہوئی پڑھکر آنکھوں کے نیچے اندھیرا چھا گیا۔ دل کی حرکت بند ہونے لگی۔ چہرہ زرد پڑ گیا ایک دردناک چیخ کے ساتھ وہ چکر کھا کر صوفہ پر گری۔

"ارے! ارے!! یہ تمہیں کیا ہو گیا پرویں" ارشد نے اُس کو سنبھالتے ہوئے کہا۔ "اس خط میں کیا لکھا ہے؟" جلدی سے خط پڑھتا ہے۔ "اُف یہ کیا ہو گیا! غضب!! رضا کو کیسی سخت غلط فہمی ہوئی!!! پرویں، پرویں ہوش میں آؤ میں ابھی رضا کو تلاش کر کے لاتا ہوں، گھبراؤ مت، پرویں، پرویں۔" خوشبو سنگھاتا ہے۔

جب پرویں کو ہوش آیا تو اُس نے دیوانوں کی طرح چاروں طرف آنکھیں پھیلا کر دیکھا اور نہایت کرب کی حالت میں کہنے لگی "رضا، رضا، میرے رضا، واپس آجاؤ، میں تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتی۔"

"پرویں بے وقوفی کی باتیں نہ کرو رضا ابھی آجائیں گے۔" ارشد نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

پرویں:۔ ہائے اللہ یہ کیا ہو گیا؟ میں تباہ ہو گئی! میرا بنا بنایا گھر ایک لمحہ میں اُجڑ گیا۔ رضا بے وفا نکلا! آہ رضا تم سے یہ اُمید نہ تھی اپنے دیکھا ارشد بھائی میں کتنی بدنصیب ہوں؟۔

پرویں اس سے زیادہ نہ بول سکی بلکہ اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے منہ چھپا کر اُس نے پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد نحیف آواز سے کہا "رضا میرے اوپر ایک بے سر و پا اتہام لگا کر چلا گیا... بغیر تحقیق کئے ہوئے!!! مگر وہ بے قصور ہے اُسکو غلط فہمی ہوئی! اُف رضا! نادان رضا!"

ارشد:۔ پرویں میں ابھی ابھی رضا کی تلاش میں جاتا ہوں مگر میں نے تو اُس کو کبھی دیکھا بھی نہیں۔ خیر میں کسی نوکر کو ساتھ لئے جاتا ہوں۔

رات کے گیارہ بجے ارشد، رضا کی تلاش سے ناکام واپس آتا ہے۔ پرویں کو روتا دیکھکر کہتا ہے:۔

"پرویں اس قدر رو رو کر حال تباہ نہ کرو، تم تو بالکل بچوں کی سی باتیں کرتی ہو۔ رضا اس وقت نہیں ملے تو کیا ہوا صبح کو ضرور مل جائیں گے۔ اطمینان رکھو۔ میں تلاش کرنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔"

پرویں:۔ خدا آپ کو اس نیکی کا بدلہ دیگا بھائی۔

جمّن:۔ بیگم صاحب آج تین دن ہو گئے کہ آپنے بالکل کچھ نہیں کھایا آج تو تھوڑا سا کھا لیجئے۔

پرویں:۔ نہیں جمّن میں کچھ نہیں کھاؤں گی کیا تم کو معلوم نہیں کہ مجھ پر کیا گزر رہی ہے۔

جمّن:۔ بیگم صاحب سب کچھ معلوم ہے۔ آپ کی حالت دیکھکر اسقدر رنج ہوتا ہے کہ کیا بتاؤں لیکن حضور جو قسمت میں لکھا ہوتا ہے پورا ہو کر رہتا ہے۔ خدا کی مرضی میں کون دخل دے سکتا ہے آپ اسقدر پریشان کیوں ہوتی ہیں سرکار آجائیں گے۔"

پرویں:۔ میرا دل بیٹھا جاتا ہے، جمّن میرے دل پر جو گزر رہی ہے وہ کوئی نہیں جانتا!!"

جمّن:۔ اچھا حضور چل کر کچھ تو کھا لیجئے۔ اتنا رنج نہ کیجئے۔

پرویں:۔ نہیں جمّن، میں نے کہہ دیا کہ میں کچھ نہ کھاؤں گی۔ ارشد صاحب کہاں ہیں؟"

جمّن:۔ حضور وہ خانساماں کو ساتھ لیکر سرکار کو ڈھونڈنے گئے ہیں ــــ!

پرویں منہ ہی منہ میں بڑبڑاتی ہے "میرے رضا کو ڈھونڈنے گئے ہیں" یہ کہکر پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیتی ہے۔ جمّن کچھ کہنا مناسب نہیں سمجھتا خاموشی سے کمرے سے نکل جاتا ہے۔

رضا جس وقت گھر سے نکلا اس کا دماغ پریشان، دل مضطر اور نظر تاریک تھی، تاہم وہ اس خوف سے کہ کہیں کوئی اس کا پیچھا کر کے

اُسے گھر واپس نہ لے جائے، وہ جلدی جلدی قدم اُٹھاتا ہوا آبادی سے دُور دریا کے کنارے پہونچ گیا۔ اور ایک پتھر پر سر کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر بیٹھ گیا۔ رات تاریک تھی ہوا تیزی سے چل رہی تھی۔ دریا نہایت تاریک نظر آرہا تھا۔ وہ خیالات میں کھویا ہوا تھا۔ ایک آہ شریر آہ اور گہری سانس کے بعد اُس کے ہونٹوں سے ایک نام نکلا پروین! ہوا دریا کی موجوں کو اٹھا رہی تھی جن میں ایک شور برپا تھا۔ رضا کو معلوم ہوتا تھا کہ ہر لہر، موج کہہ رہی ہے پروین، پروین!

رضا نے تمام رات اسی پتھر پر بیٹھے بیٹھے گزار دی۔ ایک لمحہ کے لئے بھی اُس کی آنکھ نہ جھپکی۔ صبح ہوتے ہی وہ گھنی جھاڑیوں میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ دوسرا دن بھی اسی بے قراری میں گزر جاتا ہے۔ تیسرے دن آفتاب غروب ہونے کے بعد رضا لوگوں کی نظروں سے بچتا ہوا پھر دریا کے کنارے پر جاتا ہے اور خود بخود کہتا ہے "میرے لئے اب دُنیا میں کوئی دلچسپی کا سامان باقی نہیں۔ پروین، بیوفا پروین! آہ تو نے میری محبت کو ٹھکرا دیا۔ مجھے تباہ کر دیا۔ غارت کر دیا۔ پھر بھی میں تیری صورت دیکھنے کے لئے بیچین ہوں، بیقرار ہوں۔ یہ بہتا ہوا دریا مجھے میری مصیبتوں سے نجات دے گا۔ یہ زندگی موت سے بدتر ہے۔ اس ذلت کی زندگی سے موت ہزار درجہ بہتر ہوگی۔ کاش میں مرنے سے پہلے تیری صورت دیکھ سکتا۔ لیکن آہ۔ یہ میری آخری آرزو پوری نہیں ہوسکتی۔ میری حسرت دل کی دل ہی میں رہ گئی۔ اے خوبصورت جھاڑیوں اور اے اس جنگل کے خوبصورت پھولوں اور درختوں تم اس بات کے گواہ رہنا کہ میں اپنی پروین کے نام پر جان دیتا ہوں"

پروین، پروین کہتا ہوا رضا پانی میں کود پڑا اور موجیں اپنی آغوش پھیلا کر اُس کی طرف بڑھیں۔

ارشد:۔ خانساماں دیکھو سورج بھی چھپ گیا۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے ٹانگیں تھک گئیں میں تو اب گھر واپس جاتا ہوں۔ مگر آؤ ذرا دریا کے کنارے اور دیکھتے چلیں۔

خانساماں:۔ بہت اچھا حضور۔

دونوں دریا کے کنارے چلتے ہیں۔ ایک دھماکہ ہوا۔ پانی میں کوئی چیز گری۔ ارشد نے فوراً اس طرف دیکھا۔ ایک انسان کو جو تیرنے سے تقریباً ناواقف معلوم ہوتا تھا، لہریں ہمیشہ کیلئے اپنے آغوش میں لینے والی تھیں۔ ارشد جیسا مشہور تیراک بھلا ایسے موقع پر کب چوک سکتا تھا۔ فوراً پانی میں گھس گیا اور چشم زدن میں اُس شخص کو کھینچتا ہوا کنارے پر لے آیا۔

"ارے یہ تو ہمارے سرکار ہیں" خانساماں نے خوشی سے چیختے ہوئے کہا۔

"ہائیں کیا رضا؟" ارشد نے حیرت سے دریافت کیا۔

خانساماں:۔ جی ہاں حضور۔

ذرا سی دیر میں رضا کو ہوش آگیا، اُس نے آہستہ آہستہ کہنا شروع کیا "میں مرنا چاہتا تھا! افسوس میری قسمت میں موت بھی نہ تھی۔ مصیبت کے وقت موت نے بھی میرا ساتھ نہ دیا۔ اے نیک بخت انسان تجھے میرے بچانے سے کیا فائدہ ملا۔ میری زندگی ایک مصیبت اور جہنم ہے میں ان مصیبتوں کا خاتمہ کرنا چاہتا تھا لیکن اے انسان تو نے مجھے دوبارہ اس دُکھ بھری دُنیا میں واپس بُلالیا۔

ارشد:۔ رضا! تم نے ایک ذرا سی غلط فہمی سے اپنی خوشگوار زندگی کو خود جہنم بنالیا۔

رضا:۔ تم کون ہو؟ اور میرا نام کیونکر جانتے ہو؟ میں نے تو تمہیں کبھی پہلے نہیں دیکھا۔

ارشد:۔ میں پروین کا ماموں زاد بھائی ارشد ہوں۔ پندرہ سال سے افریقہ گیا ہوا تھا اس لئے تم نے مجھے نہیں دیکھا ہوگا۔ میں اس سے ملنے آیا تھا اور تم نہ معلوم کیا سمجھ کر گھر سے چلدیئے۔ بندۂ خدا کسی سے کچھ پوچھا تو ہوتا! پروین روتے روتے اپنا حال تباہ کر رہی ہے اُسکی حالت دیوانوں کی سی ہے۔

رضا:۔ تم پروین کے ماموں زاد بھائی ہو؟ تو کیا تم وہی ہو جو اُس رات پروین کے پاس بیٹھے تھے؟

ارشد:۔ جی ہاں میں ہی وہ قصوروار ہوں۔

رضا:۔ اُف! میں کس قدر ظالم ہوں، پروین کے ساتھ میں نے کتنا بڑا ظلم کیا۔ بیچاری معصوم پروین میرا انتظار سا فرشتہ۔ چلو جلد گھر چلو تاکہ میں اپنی پروین کے پاؤں پر گر کر اپنا قصور معاف کرالوں۔ میں نے اُس کے ننھے نازک دل کو صدمہ پہونچایا ہے اُف خدا میں کتنا گنہگار ہوں۔

تینوں گھر کی سمت چلتے ہیں۔

پروین ڈرائنگ روم میں ایک صوفہ پر بیٹھی ہے تین دن

اضطراب نے اُس کی صورت بدل دی ہے۔ اُس کے رُخسار جو ہمیشہ گلاب کی مانند تر و تازہ رہتے تھے زرد اور مُرجھائے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ لبوں پر ایک مضطربانہ تبسم ہے۔ آنکھیں، رونے کی شدت سے سُرخ ہیں ان سے حسرت ٹپک رہی ہے، وہ خود بخود دیکھتی ہے: "آہ آج رضا کی صورت دیکھے ہوئے پورے تین دن گزر گئے۔ اب زندگی بے سُود ہے۔ رضا کی محبت سے محروم رہ کر زندہ رہنا مرنے سے بدتر ہے۔ موت میری مصیبتوں کا خاتمہ کر سکتی ہے۔ جس پھول کو کوئی دیکھنے والا نہ ہو وہ کھِل کر کیا کرے۔ اب مجھ میں صبر کی طاقت نہیں۔" دوسرے کمرے میں جا کر الماری میں سے ایک ننھی شیشی نکالتی ہے جس پر لال سیاہی سے جلی حروف میں 'زہر' لکھا ہے۔ "اُف یہ لال لال حرف زہر مجھے پہلے کس قدر خوفناک معلوم ہوتا تھا لیکن آج کتنا پیارا معلوم ہو رہا ہے۔ ہے ہی تو مجھے دُنیا کے جھگڑوں سے نجات دینگا..... یہ زہر نہیں۔ یہ میری نجات دہندہ ہے..... یہ امرت ہے۔" ایک پیالی میں پانی ڈال کر زہر کے چار پانچ قطرے ڈالتی ہے۔ "بس یہ ایک گھونٹ پانی مجھے دُنیا کے اندھی اندھیریوں سے آزاد کر دے گا۔" پیالی کو میز پر رکھ کر خود کرسی پر بیٹھ جاتی ہے۔ میز پر کہنیاں ٹکا کر کچھ دیر تک سوچتی ہے۔ "مگر ہائے یہ رضا کو دیکھے بغیر میرا دم نہ نکل سکیگا۔ آہ، میں مرنے وقت بھی اس بیوفا کی صورت دیکھنا چاہتی ہوں۔" کارنس کے قریب جا کر رضا کی تصویر کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے اور تصویر کو مخاطب کرتی ہے۔ "رضا تم میری طرف دیکھ کر مُسکرا رہے ہو لیکن اب تم مجھ سے نفرت کرتے ہو..... تب ہی بے اعتنائی سے بیان روح ہے۔ اس لئے میں اس دُنیا ہی کو چھوڑ کر جا رہی ہوں! مرنے کے بعد کیا تم کبھی مجھے یاد کرو گے؟... کرو گے..... نہ..... میرا دل کہتا ہے..... تمہیں مجھ سے محبت ہے..... جب تمہاری غلط فہمی دُور ہو گی تب تم پشیمان ضرور ہو گے..... لیکن میں اس وقت تک نہ ہوں گی۔" تصویر کو ہاتھ میں لیکر پھر میز کے پاس کرسی پر بیٹھتی ہے اور کہتی ہے۔ "اچھا خدا حافظ رضا، خدا تمہیں خوش رکھے۔" تصویر کو بار بار چومتی ہے اور زہر کی پیالی اٹھا کر پی جاتی ہے۔ "اُف کس قدر بدمزہ..... میرے گلے میں آگ سی لگنے لگی..... آہ میرا کلیجہ کٹتا ہوا معلوم ہوتا ہے میرا دل دھڑک رہا ہے اب میں مر رہی ہوں۔" چیخ کر کہتی ہے:

"رضا! رضا! تمہاری پروین ہمیشہ کے لئے تم سے رخصت ہو رہی ہے۔ رضا تمہیں دیکھے بغیر میرا دم نہیں نکل سکے گا۔ اُف میرے تن بدن میں آگ لگ رہی ہے۔"

کمرے کا دروازہ کھول کر رضا داخل ہوتا ہے اور دیوانہ وار پروین کی طرف دوڑتا ہے۔

"پروین، پروین، مجھے معاف کر دو، مجھے غلط فہمی ہوئی۔ ..... ارے تمہیں یہ کیا ہو رہا ہے پروین..... " زہر کی شیشی کی طرف نظر پڑتی ہے۔ "اُف، تم نے زہر پی لیا! ... یہ کیا کیا؟ ..... یہ کیا کیا؟ ....."

پروین: (نحیف آواز سے) "آہ، میرے رضا تم آ گئے یا میں خواب دیکھ رہی ہوں؟ ..... نہیں یہ اصلیت ہے۔" رضا کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں پکڑ لیتی ہے۔ "میں نے تمہیں دیکھ لیا رضا، اور اب میرا دم آسانی سے نکل جائیگا۔"

رضا فرش پر گھٹنے ٹیک کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ "مری پروین مجھے معاف کر دو، کہدو کہ میں نے معاف کیا۔"

پروین: (ٹھہر ٹھہر کر) "میں نے..... معاف..... کیا... ... خدا حافظ، رخصت۔"

زہر اُس پر سرایت کرتا ہے وہ گرنے لگتی ہے۔

رضا دیوانوں کی طرح: "آہ پروین تم جا رہی ہو مگر تمہارا رضا تمہارے ساتھ آ رہا ہے ہماری رُوحیں ایک ساتھ عالم بالا کی طرف اُڑتی ہوئی جائیں گی۔"

زہر کی شیشی اٹھا کر باقی زہر جلدی سے مُنہ میں اُنڈیل لیتا ہے۔ پروین اپنا نحیف ہاتھ اُسکو روکنے کے لئے بڑھاتی ہے لیکن ناکام رہتی ہے اور ہاتھ بے تابو ہو کر لٹک جاتا ہے۔

تیز زہر ایک دم رضا پر سرایت کر جاتا ہے اور وہ دھڑام سے فرش پر گر جاتا ہے۔

محبت کے دو دیوانے ایک عارضی جُدائی کے بعد ہمیشہ کیلئے ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں۔

اختر اشفاق علی

ان کا اسا سہ ختم ہوگیا اور انہوں نے اپنے گھر کی راہ لی اس کے بعد جو کچھ ان کے گاہکوں پر گذری اس کا ذکر کوئی شہید آئس کریم ہی کرے تو خوب ہوتا۔ خوش قسمتی یا بدقسمتی سے میری حیثیت تماشہ بینوں سے زیادہ نہیں۔ اس لئے جاگ بینی کو ہنس ہنس کر بہلا رہا ہوں۔

شام ہوئی تو ایک دوسرا ہی منظارہ تھا۔ جوق در جوق طلباء ہسپتال کی طرف روانہ ہو رہے تھے۔ کوئی ٹانگے پر لٹکا ہوا کراہتا جا رہا ہے کوئی پکے پر پیر پھیلائے لیٹا ہے۔ کسی کی حالت اتنی نازک ہے کہ لوگ اسٹریچر پر لاد کر لے جا رہے ہیں۔ چھ بجے شام سے لیکر بارہ بجے رات تک مریضانِ آئس کریم کا تانتا بندھا رہا۔ ہوسٹل خالی ہوتے رہے اور ہسپتال کی آبادی بڑھتی رہی۔ غرض کی یہ حالت کہ قے اور دست کا سلسلہ بند ہونے میں نہ آتا تھا۔ جس نے بیس پچیس کے بعد نجات حاصل کر لی اسے گویا کچھ ہوا ہی نہ تھا مریض تو صرف وہی تھے جن کا اوسط ساٹھ اور ستر کا تھا۔

اب آیئے ایک چکر وارڈ کا بھی رہے۔ ہسپتال کا قاعدہ ہے کہ مرض کے لحاظ سے وارڈ کی تقسیم کی جاتی ہے۔ بخار کا وارڈ۔ پیچش کا وارڈ چیچک کا وارڈ وغیرہ۔ غرض تمام امراض کے لئے جُدا جُدا وارڈ موجود ہیں۔ مگر آئس کریم کا وارڈ کہیں نہیں۔ برآمدوں میں قطار سے چارپائیاں بچھادی گئی ہیں۔ پچاس کے قریب مریض پڑے ہیں۔ گرم و سرد آہیں جاری ہیں۔ ابھی زندہ ہیں مگر کل کی خبر نہیں۔ کمپاؤنڈروں اور نرسوں کے بھی حواس باختہ ہیں۔ یہ لیجئے ڈاکٹر صاحب دوڑے چلے آرہے ہیں۔ آئس کریم نمبر ۴ کے ہاتھ پاؤں سرد ہو گئے ہیں۔ بچنے کی اُمید نہیں معلوم ہوتی۔ گرم بوتلیں لگائی جا رہی ہیں۔ دوائیں دی جا رہی ہیں۔ نبضیں گنی جا رہی ہیں۔ ادھر کچھ جان میں جان آئی تو دوسری طرف سے شور اٹھا۔ آئس کریم نمبر ۵ کی حالت خراب ہوگئی ہے۔ خدا خدا کر کے صبح ہوئی۔ اب مریض رُو بہ صحت ہیں، ایک دوسرے کو دیکھ دیکھ کر ہنستے ہیں اور قہقہے لگاتے ہیں۔ شہیدانِ آئس کریم اب غازیوں کے زمرے میں شامل ہو گئے ہیں۔

مگر آئس کریم اب یہاں مشین سے تیار کی ہوئی دودھ بالائی یا کھیلے کے برف کا نام نہیں رہا بلکہ ایک مرض کا نام ہے، جو "ٹن پائزن" ( ) سے پیدا ہوتا ہے۔ ماہرینِ طب کو اپنی لغت میں اضافہ کر لینا چاہیئے۔

ریاض الدین احمد

دوشیزۂ چمن

کل گیا تفریح کو میں باغ میں وقتِ سحر ۔۔۔ پھول تاروں کی طرح چھٹکے ہوئے آئے نظر
ایک رشکِ گل کو دیکھا گل سے ہم آغوش ہی ۔۔۔ گاہ بر دوشِ چمن ہے گہ چمن بر دوش ہے
کھیلتی ہے ہر قدم پر اُس کی ٹھوکر سے بہار ۔۔۔ ہو رہے ہیں پھول اُس کی مسکراہٹ پر نثار
شوخیٔ رفتار سے اک حشر برپا ہو گیا ۔۔۔ ڈھونڈتا تھا میں سکونِ قلب، دل بھی کھو گیا
ہائے وہ رنگین ادا شوخی سے بل کھاتی ہوئی ۔۔۔ چاند سے رخ پر سیہ زلفوں کو لہراتی ہوئی
گل کو پیروں سے مسل کر دلربا انداز سے ۔۔۔ لیکے انگڑائی چلی ہنستی خرامِ ناز سے
عشق سے ناآشنا اٹکھیلیاں کرتی ہوئی ۔۔۔ پیکرِ گل میں نظر سے رنگ و بو بھرتی ہوئی

پھول چُن کر باغ سے رخصت ہوئی جانِ بہار
خود گئی ہنستی ہوئی محسنؔ کو چھوڑا اشکبار

محسن غمگین دہلوی

کتاب پر مقدمہ

اِس کتاب کے فاضل مصنف نے مجھ ہیچمداں و ہیچمیرز سے خواہش کی ہے کہ آپ کی اس قابل قدر تصنیف پر مقدمہ لکھدوں۔ اگرچہ میں اپنی بے بضاعتی کے سبب اس قابل نہیں تھا کہ اتنے بڑے کام کو اپنے سر لوں۔ پھر بھی بہ تقاضائے دوستی قبول کر لیا؛ سچ ہے کہ در وازے کے بغیر مکان، باتوں کے بغیر عورت اور مقدمہ کے بغیر کوئی کتاب نہیں ہو سکتی۔ لیکن یہ فن جتنا عام ہے، اتنا ہی مشکل بھی ہے۔ پھر، من خراب کجا و صلاح کار کجا۔ یہ فاضل مصنف کی ذرہ نوازی ہے کہ مجھی کو اس قابل سمجھا۔ اس سے پہلے بھی کئی حضرات نے خاکسار کو اس قسم کی فرمائشوں سے متفخر فرمایا ہے چونکہ اتنی فرمائشوں یا خطوط کا انفرادی طور پر جواب دینا میرے لئے دشوار ہی، میں نے ان کی قدر افزائی یا مزاج پرسی کا شکر کرتے ہوئے ایک ایسے مقدمہ کا اعلان کر دیا ہے جو ذرا سی ترمیم کے بعد ہر شخص کے کام آسکے۔

زیر نظر کتاب ملک کے ایک مایۂ ناز اور قابل فخر شاعر و نثر نگار و ڈراما نویس و ایکٹر و پروفیسر و حکیم کی وہ معرکہ آرا تصنیف ہے جس کا مقابلہ کرنے کی دنیا کے بہت کم لوگوں میں ہمت ہے، اور جس کی گلی گلی دھوم ہے اور کوچہ کوچہ ترانے گائے جاتے ہیں۔ قابل مصنف کی ہستی محتاج تعارف نہیں۔ آپ ایک نہایت ہوشیار و چالاک، جوشیلے نوجوان ہیں۔ والدین کا سایہ بچپن سے اٹھ گیا تھا۔ اس لئے آپ نے محلے کی ایک میراثن کی گود میں پرورش پائی ہے۔ والد محترم مشائخ پیشہ تھے لیکن چونکہ آپ کو بچپن سے ادبیات عالیہ کا ذوق تھا۔ اب بڑے پروفیسر ہو گئے ہیں۔

جامعہ علمیہ ہی کے ایک ہونہار سپوت ہیں، اور اپنی فطری قابلیت کے سبب کافی ڈگریاں بھی حاصل کر چکے ہیں۔ خوبصورت بھی ہیں۔ جنہیں شوق ہو ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ غرض قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے تو سارے دکن بلکہ ساری دنیا کے لئے غنیمت ہستی ہیں، ورنہ (افسوس ہے کہ) کچھ بھی نہیں۔

آپ نہایت خوش اخلاق، وسیع مشرب اور سادہ آدمی ہیں، اور ہر چیز میں تناسب و اعتدال کو پسند کرتے ہیں، چنانچہ جب کبھی جلد جانا ہوتا ہے تو تیز چلتے ہیں، نہیں تو معمولی رفتار سے ہی۔ ابتداءً داڑھی، مونچھ دونوں کتروا تے تھے، اور اب دونوں منڈواتے ہیں۔ پہلے شیروانی کی رعایت سے پاجامہ پہنتے تھے اور اب کوٹ کے تناسب سے پتلون زیب تن فرماتے ہیں۔

حال ہی میں آپ لندن بھی ہو آئے ہیں۔ علمی قابلیت کے متعلق تو ابھی کئی مستشرقین تحقیقات کر رہے ہیں، لیکن مشرق و مغرب کے اتصال سے آپ نے جو خاص خیالات، اور خاص تمدن پیدا کر لیا ہے وہ اظہر من الشمس ہے۔ آپ کی آزادی اور صلح کلی میں بہت اضافہ ہو گیا ہے۔ اور آپ اس کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ سارے ابنائے وطن کو اسی مشرب پر لے آئیں۔ چنانچہ اسی خیال کے تحت باوجود غیزوں کی مخالفت کے آپنے ایسی لڑکی سے شادی کی ہے جس کے باپ مسلمان ہیں اور ماں انگریز نی۔ امید ہے کہ اس امتزاج سے بھی آپ کو کافی مدد ملے گی۔

ملک و قوم کی خدمت کے لئے اس ہونہار نوجوان نے اپنی ساری عمر وقف کر دی تھی، مگر اب نزلہ و زکام کے سبب مجبور ہو گئے ہیں۔ خصوصاً ادبیات کی جو گراں قدر خدمات آپنے انجام دی ہیں، وہ، اگر کوئی پڑھنا چاہے تو دکن کی سیاسی تاریخ میں زریں حروف سے لکھی جائیں گی۔

آپ کا "حب الوطن" خاص خاکِ پاکِ دکن ہے مگر چونکہ ابھی "ملکی صداقت نامہ" نہیں ملا، اس کی تصدیق نہیں کی جا سکتی، فی الحال کوئی کام بھی نہیں ملا، اسلئے سروست "ملازمت کی فکر" شروع کر دی ہے۔

مختصر یہ کہ آپ بہت مشہور ہیں اور ہر جگہ مل سکتے ہیں۔

زیر نظر کتاب آپ ہی کا نتیجہ فکر ہے۔ ایک شہرۂ آفاق اور اعلیٰ درجے کی علمی و فنی و اصلاحی و مذہبی و معاشرتی و سیاسی و

فلسفی و ادبی و ڈاکٹری و طبی کوشش ہے۔ جو مصنف کی غیر معمولی یا خلافِ وضعِ فطری قابلیت پر دلالت کرتی ہے۔ اگرچہ مصنف نے نہایت قلم برداشتہ لکھی ہے مگر جگہ جگہ سے دماغی کاوشوں کا پتہ چلتا ہے۔ کتاب کی ایک اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ خاص مادری زبان میں لکھی گئی ہے، اور طویل سے طویل جملوں میں مختصر سے معنے اس خوبی سے پہنائے گئے ہیں کہ گویا دریا میں کوزہ بند کر دیا ہے۔

ٹائیٹل پیج کی صفائی، کتاب کی روانی، جملوں کی سلاست، الفاظ کا میل ملاپ اور حروف کا توڑ جوڑ، ایک نمایاں و ناقابلِ حیثیت رکھتا ہے، اس پر مستزاد آپ کا وہ خاص اندازِ بیان ہے جو عوام کی ہلک ہوتا ہوا بھی خاص آپ ہی کا طرز ہے۔ مضامین کی بلندی، مطالب کی عام فہمی، اور مسائل کا انکشاف اس میں چار چاند لگا رہے ہیں اور کئی جملے اور الفاظ ضرب المثل کا کام دے سکتے ہیں۔

اتنی وسیع النظری سے کام لیا گیا ہے کہ بے ساختہ فاضل مصنف کی داد دینی پڑتی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ کتاب کائنات کے سارے موضوع اور مسائلِ حاضرہ و غائبہ و مستقبلہ پر یکساں حاوی نظر آتی ہے۔ ایک طرف سیاسی مسائل پر اس خوبی سے روشنی ڈالی گئی ہے کہ ہر شخص اس کو پڑھکر مسکینی و ہنسکر بن سکتا ہے، تو دوسری طرف عاشقانہ مضامین میں وہ سوز و گداز بھرا ہے کہ پڑھنے والے کی آنکھوں سے خون کی ندیاں بہہ جائیں۔ فلسفیانہ مسائل کو تو اس خوبی سے حل کیا گیا ہے کہ جس جملے یا بات پر سے گذر جیئے، اس کا نقشہ نظروں کے سامنے آتا جاتا ہے۔ اور جہاں طبی مسئلوں پر تحقیق کی گئی ہے، وہاں اتنی مفید معلومات فراہم کر دی ہیں کہ کتاب ختم ہونے سے پہلے بوڑھی سے بوڑھی عورت و مرد کا شباب عود کر آئے۔

غرض کہاں تک لکھیں۔ اس سے زیادہ تعریف کرنا ہم خلافِ تہذیب سمجھتے ہیں۔ جب آپ خود ایک نسخہ منگا کر آزمالیں گے تو معلوم ہو جائے گا کہ کتاب کتنی مجرب و آزمودہ ہے۔ صرف ایک بار آزمائش شرط ہے۔ فائدہ نہ ہو تو دام واپس۔ نمونہ مفت طلب کیا جا سکتا ہے۔

ہندوستان بلکہ سارے جہان کے اخبارات و رسائل نے بہترین ریویو کیا ہے۔ اپنے موضوع پر اپنی زبان میں پہلی کتاب ہے، کتاب کی اہمیت اسی سے واضح ہو جائے گی کہ لکھنے سے پہلے ہی کئی آرڈر مختلف قیمتوں پر رجسٹر ہو چکے تھے۔ پھر یہانتک تقاضے بڑھے کہ مجبوراً قانونی چارہ کار اختیار کرنا پڑا۔ تب کہیں جاکر یہ سیلاب تھما۔ کئی ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل چکے ہیں، اور اب تو چال ہے کہ اس کی شہرت سنکر دور دور سے لوگ اس کتاب کو دیکھنے آرہے ہیں۔

چونکہ آپ نے کتاب خالص ملی خدمت کی غرض سے لکھی ہے، نہ کہ پیسے بٹورنے کیلئے، کوئی قیمت مقرر نہیں کی گئی۔ جو صاحب جو قیمت ہدیۃً پیش کرینگے قبول کر لی جائے گی۔

دیکھا جا رہا ہے کہ آج کل بہت سی نقلی کتابیں بھی اصلی نام سے چھپنے لگی ہیں۔ اس لئے ناظرین کو اطلاع دیدی جاتی ہے کہ اصلی ٹریڈ مارک دیکھے بغیر کوئی صاحب اس کتاب کو نہ خریدیں۔ ورنہ نقصان کی ذمہ داری کسی پر نہ ہوگی۔ ع:-

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

کاغذ چکنا ہے، حروف چمکدار ہیں، اور کتابت نہایت دیدہ زیب ہے۔ تقطیع چھوٹی ہے اور لکھائی بڑی۔ حروف بغیر عینک کے بھی صاف دکھائی دیتے ہیں۔ اور عینک سے تو گویا پڑھے بھی جا سکتے ہیں۔

مصنف اور کتاب کا نام زیرِ طبع ہے۔ عنقریب منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو کر "جلوہ پاشِ عالمتاب" ہوگا۔ "فقط باقی خیریت بالشافہ۔

سید علی شاکر۔ ایم۔ اے۔

چغتائی نمبر جس میں مرزا عظیم بیگ چغتائی کے کم و بیش بیس نہایت پاکیزہ مضامین شامل ہیں، مزاحیہ افسانوں اور ڈراموں کے علاوہ اس میں بیش بہا کتابیں "شہزوری" اور "سوانح کی روحیں" شامل ہیں۔ قیمت صرف ایکروپیہ مع محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی۔

علامہ سر محمد اقبالؒ

جمعِ ہند کی آشفتہ حالی — غدر کے بعد سے ناگفتہ بہ تھی
مسلمانوں کی حالت نحس تر تھی — ابھی برہم ہوئی تھی بزم اُن کی
دماغوں میں گذشتہ شانِ عظمت — نظر میں نقشِ دورِ حکومت
وہی اطوار تھے، عادت وہی تھی — عنانِ سلطنت، پر چھن گئی تھی!
مخالف تھا ہر اک اپنا پرایا — سروں پر نکبت و ذلت کا سایہ
مکدر نیتِ ابنائے زمن کی — عنادانہ روش اہلِ وطن کی

اگر یہ کیفیت پیشِ نظر ہو
نہ کیونکر چشمِ شاعر نوحہ گر ہو!

یہ باعث تھا جو حالی نوحہ خواں تھا — انہیں جذبات کا وہ ترجماں تھا
مسلمانوں کے غم کا مرثیہ تھا — زوالِ قوم پر صرف بکا تھا!

پھر اس کے بعد آیا دورِ زمانہ — تھی جس میں کیفیت اُمید افزا
ہوئی تب فکر یہ اربابِ دل کو — بھلا دیں ہنس کے رنجِ جانگسل کو
کریں کچھ طنز کی باتیں دلوں سے — نکالیں کام شیریں نشتروں سے
جو دل پژمردہ ہوں برمائیں انکو — مزاحاً چھیڑ کر چونکائیں ان کو

روشِ یہ اکبرِ مرحوم کی تھی
مزاح و طنز میں تھی نکتہ چینی

مگر قدرت نے جب یہ حال دیکھا — کہ مسلم خوابِ غفلت سے نہ چونکا
دُعا خالی گئی ہر اہلِ دل کی — نہ کارآمد ہوئی تدبیر کوئی
صدا یہ عالمِ بالا میں گونجی — کہ "مرضی ہے یہ ربّ العالمیں کی
کہ ہو تخلیق ایسا انقلابی — عدیم المثل در آتش نوائی
مسلمانوں کو جو ہوشیار کر دے — دلوں کو جذبۂ قومی سے بھر دے
اثر ہو یہ زبانِ سحر فن میں — حرارت پھونک دے یہ مُردہ تن میں
بھرا ہو زور یہ اُس کے قلم میں — کہ برپا کر دے محشر ایک دم میں
نکالے کام نشتر کا زباں سے — رگِ خوابیدہ کو بیدار کر دے"

"ہیولیٰ اس کا یوں تیار ہو دے — مرکب زبدۂ اربابِ فن سے
لچکدار روش ہو نیشکر کی — ہو گیٹے کے تخیل کی بلندی
قلم میں حق نگاری شیکسپیر کی — بیاں میں کیٹس کی رنگیں طرازی

مجسم شعریت ہو مثل شیلے — چمک آہ و فغاں میں باسرن کی
اثر سعدی کا، فردوسی کا انداز — فغانِ دل نشیں میں میر کا ساز
محاکاتِ انیسؔ و سوزِ جانی — اسد اللہ خاں کا فکرِ عالی!

مُرتّب جب ہوئے یہ سب عناصر — ہوئی ترکیب جسم و رُوحِ شاعر
ملائک بہرِ نظّارہ جو آئے — مُعانق ہو گئے حیرت سے چہرے
کیا یہ عرض ربّ العالمیں سے — کہ یہ تشویش ہے دلکو ہمارے
بلا کا سحر ہے اس کی زباں میں — دُفورِ انقلابیت بیاں میں
کہیں یہ منقلب عالم نہ کر دے
جہاں کو درہم و برہم نہ کر دے"
جواب آیا کہ "تم واقف نہیں ہو — یہ بھیجا جائیگا ہندوستاں کو
وہاں مسلم ہے محوِ خوابِ غفلت — تن آسانی میں ننگِ آدمیت
غریبِ بحبتِ و افلاس ہی ون — خُدا کے فضل سے بے آس و دو
یہ بھیجا جا رہا ہے اس غرض کو — کہ اُسکو خواب سے بیدار کر دے!"
یہ ہے اقبال کی خلقت کی غایت
کلام اُس کا ہے پیغامِ حقیقت!!

یوسف رضا بدایونی

ساقی کے چند خاص نمبر نصف قیمت پر

خاص نمبر	اصلی قیمت	رعایتی قیمت
سالنامہ ۱۳۵۰ھ	عہر	۱۰ر
ظریف نمبر ۱۳۵۰ھ	۱۰ر	۵ر
افسانہ نمبر ۱۳۵۰ھ	۱۲ر	۶ر
سالنامہ (جاپان نمبر) ۱۳۵۶ھ	عہر	۱۰ر
چغتائی نمبر	عہر	۸ر
دانتے کا جہنم	۱۲ر	۶ر
سالنامہ ۱۳۵۶ھ	عہر	۱۰ر

* محصول ڈاک بذمہ خریدار *

بہت کم پرچے باقی ہیں۔ ان کے خریدنے میں توقف نہ کیجئے

محبوب العاشقین

آخر اسمیں کچھ تو خوبی ہے کہ عشق عشرت کے متوالے اس ناقصہ کو کتاب کو اپنی جان کی مسابقہ سمجھا کرتے ہیں اور زندگی کا خوب لطف اٹھاتے ہیں یہاں اس کی پوری تعریف لکھنا خلاف قانون ہے مگر عام بات لکھتے ہیں تو اشتہار نہیں چھپتا۔ کھوکر لکھتے ہیں تو کتاب ضبط ہوتی ہے۔ مختصر خود ہی سمجھ لیں اسمیں عورتوں مردوں کی ۴۹ سو رنگین تصویریں ایسے ڈھنگ سے دکھائی گئی ہیں کہ ہر جوڑا الگ الگ سب کچھ صاف بتا رہا ہے اگر آپ علمیت کی حیثیت اپنی عزت بھی کرنا چاہتے ہیں تو ضرور طلب کریں نہ لطف نہ ملے تو ہمارا ذمہ لاجواب ہے کتاب ۶ حصوں میں ہے تین روپے آٹھ آنے سے ایک پائی کم نہ لیں گے۔ قیمت تین روپے آٹھ آنے

مشکل کشا

جو مانگو گے ملیگا ہو چاہو گے سو ہو جائیگا۔ نفیس اور عمدہ یہ نفع بخش کتاب ضرور خریدیں۔ آپکی قسمت کا ستارہ ضرور چمکے گا سینکڑوں میں سے چند مختصر فضائل درج ذیل ہیں۔ خداوند کریم کے ۹۹ نام موصوف فضائل رسول کریم کے ۱۴۰ نام عمدہ فضائل ایسا وظیفہ کہ جسکے پڑھنے سے چند یوم میں بیکمتر مال اور اولاد نرینہ ملے ایسا وظیفہ کہ دست غیب سے چودہ روپے روزانہ ملیں۔ ایسا اسم تسخیر مطلوب کہ جسکو چاہا اپنی محبت میں لے لیا ایسا اسم کہ رزق کی تنگدستی ہو عزت و وقار حاصل ہو۔ ایسا وظیفہ کہ کبھی ہاری نہ بکھرت ہو۔ مال دولت واپس ملے ایسا اسم کہ دشمن پر غالب آئے مقدمہ میں فتح ہو قید سے تین دن میں رہائی ہو۔ ایسا اسم کہ لاٹری میں کھلے دوڑیں جیت ہو بیدولت جنگ میں جان محفوظ رہے۔ حوض قسمت ہر دو خریدیں تا بل قدر کام کتابچہ۔ جسکے دو روپے آٹھ آنے

حکیم نابینا صاحب کے جانشین حکیم محمد عبدالحئی صاحب انصاری

ایشیا کے طبیب اعظم حضرت لقمان الملک حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری عرف حکیم نابینا صاحب نے طب یونانی کی جو گرانمایہ خدمات انجام دی ہیں اُسے ہندوستان کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ آپکو یونانی طب میں ایک ایسے جدید طریقہ علاج کا موجد تسلیم کیا جاتا ہے جس نے دیسی طب میں ایک نئے باب کا اضافہ کردیا ہے۔

حکیم نابینا صاحب کی ان گرانمایہ کارناموں کی قدر کرتے ہوئے اعلیحضرت حضور نظام نے آپکو دہلی سے حیدرآباد (دکن) بُلالیا ہے جہاں آپ افسر الاطبّا کے عہدہ پر سرفراز ہونیکے بعد دیسی طب کو مزید ترقی دینے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ برطانوی ہند کے باشندوں کیلئے حکیم نابینا صاحب جیسی نادر ہستی سے محروم ہوجانا اگرچہ بیحد محسوس کیا جارہا تھا لیکن حکیم نابینا صاحب کے بڑے صاحبزادے حکیم محمد عبدالحئی صاحب انصاری نے اپنے کمالات سے اہل ہند کو یہ بتادیا کہ وہ کسی صورت میں اپنے والد بزرگوار حکیم نابینا صاحب سے کم نہیں ہیں۔ حکیم صاحب کے چلے جانیکے بعد آپ بدستور حکیم صاحب موصوف کے مطب کو سنبھالے ہوئے ہیں اور آپکے مطب سے ہزارہا بندگان خدا اسی طرح فیض حاصل کررہے ہیں جس طرح حکیم نابینا صاحب کے زمانہ میں حاصل کرسکتے تھے۔ حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری کیونکہ مشرقی فن طب کے ساتھ ساتھ مغربی علوم سے بھی اچھی طرح سے واقف ہیں اس لئے توقع کی جارہی ہے کہ آپ اپنے والد محترم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دیسی طب کیلئے مزید ترقیوں کا باعث ہوں گے۔ ہم کو یہ دیکھکر مسرّت ہوتی ہے کہ آج حکیم محمد عبدالحی صاحب انصاری کے مطب سے والیان ریاست سے لیکر غربا تک اسی طرح فیض حاصل کررہے ہیں جس طرح کہ حکیم نابینا صاحب کے مطب سے فیض اُٹھاتے تھے۔ آپ کا مطب

اُردو منزل متصل نشاط سنیما دہلی واقع ہے۔

میرا فرض!

یہ کوئی نئی بات نہیں ہے جو میں مسلمانوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ مسجدوں، مدرسوں اور یتیم خانوں کیلئے آئے دن چندہ اور امداد طلب کی جاتی ہے جس میں صاحبِ استطاعت حضرات دل کھولکر اپنی فیاضی کا ثبوت بھی دیتے ہیں لیکن زیادہ تر اِس معاملہ میں شکایت اور شک کا اظہار بھی ہوتا ہے۔ اگرچہ اہلِ کرم اس معاملہ میں زیادہ حُسنِ ظن رکھتے ہیں پھر بھی شکایات کہیں کہیں بجا طور پر ثابت ہوتی ہیں۔

میری آبائی بستی موضع "صالح پور نمیچہ" میں ہے۔ جہاں کے لوگ جاہل اور مذہبِ اسلام سے محض ناآشنا ہیں۔ ایک مدت سے مُفلسی اور تنگدستی کے شکار ہیں۔ بے علمی اور مسائل اسلامی سے ناواقفیت کا یہ عالم ہے کہ وہاں کے باشندے پڑھنے لکھنے کو بڑی بدشگونی تصوّر کرتے ہیں یہاں "جو پڑھتا ہے وہ سرسبز نہیں ہوتا" یہ جاہلانہ خیال ابھی تک وہاں کے اکثر لوگوں میں باقی ہے۔ اس بنا پر میں جبکہ کسبِ معاش کی غرض سے اپنے وطن سے دُور، رنگون (برہما) میں پڑا ہوں۔ اپنے ہمسایوں اور اہلِ وطن کیلئے علمی خدمت کیسے کرسکتا ہوں۔ پھر میری اتنی حیثیت نہیں کہ میں وطن والوں کی تعلیم کا ذاتی طور سے بندوبست کرسکوں۔ اِس لئے "میرا فرض" تھا کہ میں برادرانِ اسلام سے درخواست کروں کہ اُنہیں اس موقع پر جہالت اور خام خیالی کے گڑھے سے نکالیں۔

چونکہ میرے موضع میں ایک شریف اور تعلیم یافتہ بیوہ رہتی ہیں۔ اُن کے علمی ذوق اور مسلمان بچّوں کو تعلیم دینے کا جذبہ ایسا ہے کہ وہ موضع کے بچّوں اور بچّیوں کو ایک جگہ جمع کرکے جن کی موجودہ تعداد چوبیس ہے، پڑھاتی ہیں۔ اس بات کو میں نے پہلے پہل جناب سید کشفی شاہ صاحب نظامی سے اُن کے متعلق کہا اور اُنہوں نے ازراہِ غریب نوازی اُن بیوہ معلّمہ کو پانچ روپے ماہوار دینے کا وعدہ فرمایا اور پانچ روپے اُنہوں نے مسماۃ عائشہ خانم بیوہ ولی محمد خاں مرحوم کے نام محض علمی کفالت کیلئے روانہ بھی کردیئے۔ اگر اسی طرح اہلِ خیر حضرات بھی توجّہ فرمائیں تو معلّمہ صاحبہ جو لاوارث اور بیکس مگر شریف اور پردہ نشیں ہیں اُن کے گزارے کی صورت بھی ہوجائے گی اور ایک اسلامی اسکول جس کا نام "مدرسہ کشفیہ نظامیہ" میں نے تجویز کیا ہے وہ چلتا رہے گا۔ جس میں مسلمانوں کے لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیم ہوتی رہے گی۔ جو صاحب زرِ نقد سے امداد کرنا چاہیں وہ اُنہیں معلّمہ کے نام حسب ذیل پتہ پر روانہ کرکے عنداللہ ماجور ہوں۔

پتہ:۔ عائشہ خانم بیوہ ولی محمد خاں مرحوم۔ موضع صالح پور نمیچہ۔ ڈاکخانہ روناہی ضلع فیض آباد

المُلتمس

عبدالرزاق خاں نظامی فیض آبادی ایجنٹ اخبارات۔ رنگون (برہما)

منجن تسکین آور:- آجکل دانتوں کا مرض عام ہوگیا ہے جوان سے بوڑھے تک سب پریشان ہیں۔ دن رات اشتہاری منجن بڑے دعووں کے ساتھ بک رہے ہیں۔ یہ ایک نوکھا مجرب المجرب ہے جو کسی مذہب کے خلاف نہیں ہے۔ جملہ امراض دنداں کا واحد کفیل ہے۔ جو اصحاب پائریا میں مبتلا ہوں۔ منہ سے بدبو آتی ہو، یا پیپ پڑ گئی ہو، ڈاکٹر وں کی طرف رجوع کرکے قدرتی عطیہ سے محروم نہ ہوں۔ بلکہ ایک دفعہ اس منجن کو شوق آزمائش عطا فرماویں۔ انشاء اللہ جملہ امراض دنداں سے نجات پاوینگے اور ہمیشہ کو اسی کے طلبگار ہونگے۔ برسوں کا مرض پائریا صرف چند روزہ استعمال سے جاتا رہا ہے۔ قیمت فی شیشی عہ علاوہ محصول ڈاک ۔ نوٹ۔ منجن کیمیاوی طریق پر تیار ہوتا ہے اسلئے ہوا کے اثر سے محفوظ رکھنا چاہئے۔

قادرین:- یہ گولیاں جملہ اعضائے انسانی کی اصلاح کرتی ہیں کیسی نسا دخون کی شکایت ہو، لاغری ہو۔ فاسد خون کی اصلاح کرکے چہرے کو بارونق بناتی ہیں اور جسم میں تازہ خون کا دور شروع کرتی ہیں۔ چالیس روز کے استعمال سے انسان کی کھوئی ہوئی طاقت پھر سے عود کر آتی ہے۔ چہرہ خوش رنگ ہوجاتا ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ امرا کے واسطے جن کو بڑے بڑے قدحے پینے سے عار ہو اور جلاب بھی برداشت نہ ہو اس کا ضرور استعمال کریں۔ دو گولی صبح و شام ہمراہ دودھ جس میں شہد خالص بطور مٹھاس ڈالا جاوے، استعمال کی جاتی ہیں۔ قیمت پوری خوراک (۸۰) گولی کی ڈبیہ صرف پانچ روپے (صہ) علاوہ محصول ڈاک۔

مشیران:- یہ نہایت ہی قیمتی اجزا کا مجموعہ ہے۔ جو خاص طور پر امرا روسا اور دوسری شادی شدہ صاحبان کے واسطے فارمیسی نے نہایت محنت سے تیار کیا ہے جو منشی اشیا اور حیوانیت سے بالکل پاک ہے۔ ہر مذہب و ملت کے واسطے جائز، صحت کو مفید، بدن کو سرخ اور فربہ بنایا اس کا عام شیوہ ہے۔ یہ وہ بازاری گولیاں نہیں ہیں کہ چند منٹ کی نفسانی خواہش کو پورا کرکے صحت کو بالکل ملیامیٹ کردیں۔ اور آئندہ قدرتی قوت بھی برباد ہوجائے۔ بلکہ ان کا عامل کبھی اپنے میں ضعف کی شکایت نہ پاویگا اور نہ کبھی وظیفہ زوجیت سے خوف زدہ ہوکر شرمندہ ہوگا بلکہ ہر وقت مستعد اور توانا رہیگا۔ عورتیں کے زیر ہونیکا راز اسی میں پوشیدہ ہے۔ دودھ، گھی، مکھن، فواکہات جتنا بھی استعمال ہو گا سب ہضم کرکے خون صالح پیدا ہوگا۔ قیمت فی ڈبیہ چالیس گولی پانچ روپے علاوہ محصول ڈاک ؛

فیمیل لائف:- یہ فارمیسی کی مشہور اور مجرب چیز مسماۃ زادیونکی جان ہے۔ جو دوبارہ جوانی کی بہار عطا کرتی ہے۔ جو اپنی جان میں کمزوری پاتی ہوں، چاہے بوجہ مرض یا بہ تقاضائے عمر ہو، یا عالم زچگی میں یا بوجہ بچہ کشی کمزور ہوگئی ہوں صحت میں فرق ہو، لاغر ہوں، چہرہ پژمردہ ہو، بھوک غتا ہوا اور اسی غم میں پریشان اور صاحب فراش ہوں۔ مایوس نہ ہوں۔ اس کا استعمال از سر نو نظام نسوانی کی اصلاح کرکے چست و توانا بنا دیگا اور گرمی ہوئی صحت کی اصلاح کرکے جوان اور خوشرو کردیگا۔ یہ مجرب ہر گھر گھرستنوں کے واسطے ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ ہر قسم کی نشیلی اور زہریلی اجزا سے پاک ہر موسم میں استعمال کے قابل قیمتی ادویات کا مرکب۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔ قیمت فی ڈبیہ وزن ۵ تولہ۔ چار روپیہ۔ علاوہ محصول ڈاک۔

طلا فیض عام:- یہ سب طلاؤں کا سرتاج۔ زیادہ تعریف مانع تہذیب۔ ہر قسم کی زہریلی، گندی، ناپاک اشیا سے پاک، بالکل بے ضرر کسی قسم کی بندش سو میرا محض نازک مزاج امرا کے واسطے خالص کیمیاوی طریق پر تیار کیا ہے کسی قسم کی کسی وجہ سے شکایت ہو چند یوم میں دور رسیدہ بھی اپنی کمزوری دور فرما کر نوجوان ہوسکتے ہیں۔ سوزش آبلہ کچھ نہیں ڈالتا۔ چند بوند کا مالش کردینا کافی ہے۔ قیمت فی شیشی لیکچہ۔

(نوٹ) جلق زدہ یا خلاف فطرت کے عامل صاحبان طلا فیض عام خاص طلب کریں جو پانچ روپے میں ملیگا اور ساتھ میں اپنی گل ہسٹری مع تائب ہونیکا عہد نامہ آنا لازمی ہوگا۔ انشاء اللہ فارمیسی انکو بامراد ہونے میں حتی المقدور کوشش کریگی۔ کیونکہ اس ذریعہ سے پیشہ کرنا مقصود نہیں ہے بلکہ خدمت خلق ضروری ہے۔

المشتہر۔ منیجر فیض عام فارمیسی شکوہ آباد۔ یو۔ پی۔

چندہ سالانہ پانچ روپے
ششماہی تین روپے،
قیمت فی پرچہ چھ آنے

جُرعات

ممالک غیر سے ۱۲ شلنگ
نمونہ کا پرچہ مفت
بھیجا جاتا ہے۔

جلد ۱۸ | ساقی دہلی۔ بابت ماہِ اگست سنہ ۱۹۳۸ء | نمبر ۲

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہِ اوّلیں	انصار ناصری	(۲)
(۲)	ہندوستان کے تعلیمی مسائل	پروفیسر مرزا محمد سعید ایم۔ اے، آئی۔ ای۔ ایس	(۳)
(۳)	خسران المبین	جناب امینِ حزیں (سیالکوٹی)	(۷)
(۴)	غزل	جناب بہزاد لکھنوی	(۸)
(۵)	منکہ ایک ہیچ ایجنٹ	جناب انصار ناصری۔ بی۔ اے ایل ایل۔ بی	(۹)
(۶)	سچی کہانی	پریم پجاری	(۱۷)
(۷)	کلامِ فرحت	جناب گنگا ناتھ دھر فرحت بی۔ اے، ایل ایل۔ بی	(۲۴)
(۸)	سانپ کا شکار	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ بی۔ اے، ایل ایل۔ بی	(۲۵)
(۹)	شعبدہ بازی	"آوارہ"	(۳۸)
(۱۰)	پیامِ گل	جناب اجمل نجیب آبادی۔ بی۔ اے (علیگ)	(۳۲)
(۱۱)	پہلا پتھر	جناب خواجہ احمد عباس	(۳۳)
(۱۲)	جذبِ عشق	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے	(۳۸)
(۱۳)	نوائے فراق	پروفیسر رگھوپتی سہائے فراق ایم۔ اے	(۴۰)
(۱۴)	سوچنے کی علت	پروفیسر محمد مسلم۔ ایم۔ اے۔	(۴۱)
(۱۵)	باپ	جناب ممتاز مفتی	(۴۳)
(۱۶)	دو روسی دیہاتی بچے	جناب مسعود حسن علوی	(۴۹)
(۱۷)	ساقی	جناب اسرار الحق مجاز۔ بی۔ اے۔ (علیگ)	(۵۶)
(۱۸)	سزا	جناب بلونت سنگھ	(۵۷)
(۱۹)	دو غزلیں	جناب کوکب شاہجہان پوری	(۶۵)
(۲۰)	فنِ تجہیل	جناب اشرف صبوحی دہلوی	(۶۶)
(۲۱)	الارم	جناب عرش تیموری	(۶۸)
(۲۲)	بدگمان	محترمہ آمنہ مسز ناظر	(۶۹)
(۲۳)	اُمید	جناب سید رفیق حسین	(۷۲)
(۲۴)	بے زبان	جناب صادق الخیری۔ ایم۔ اے دہلوی	(۷۴)
(۲۵)	آج پھر	جناب جعفر شیرازی	(۷۶)
(۲۶)	مکالمہ ساقی و ساغر	جناب ساغر نظامی	(۷۷)
(۲۷)	مُعمّہ	جناب ایم۔ ملک	(۷۹)
(۲۸)	ابن طُفیل الاندلسی	جناب محمد مختار زمن	(۸۱)
(۲۹)	تجدید محبت	جناب ساغر جعفری۔ بی۔ اے ایل ایل۔ بی	(۸۸)
(۳۰)	اشتہارات	مشتہرین	(۹۵)

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کیجئے۔ منیجر

قیمت فی پرچہ چھ آنے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

الحمدللہ ساقی کا خاص نمبر توقع سے زیادہ مقبول ہوا جس کا ثبوت یہ کہ دفتر میں ایک بھی کاپی باقی نہیں اور سینکڑوں فرمائشی خطوط موصول ہو چکے ہیں۔ اُن بیشمار "نوازشناموں" کا ذکر نہیں جن میں ساقی کے 'خاص نمبر' کی مبالغہ آمیز تعریفیں کی گئی ہیں۔ خودستائی ساقی کا شعار نہیں لیکن تسلیم شدہ امر ہے کہ ساقی کے خاص نمبر تو جدا رہے معمولی نمبر بھی اکثر مقتدر رسائل کے خاص الخاص نمبروں کے مقابلہ میں بھی نمایاں فوقیت رکھتے ہیں۔ حق یہ ہے کہ ساقی میں شستہ و پاکیزہ مذاق کی دلبستگی کا التزام جس ادائے خاص سے کیا جاتا ہے وہ اوروں کیلئے مثالی ہے۔ قدردانی شرط ہے آپ دیکھیں گے کہ ساقی دن دونی اور رات چوگنی ترقی کریگا۔

پیش نظر پرچہ میں پروفیسر مرزا محمد سعید صاحب کا مضمون "ہندوستان کے تعلیمی مسائل" غور و فکر کا مقتضی ہے۔ خواجہ احمد عباس صاحب اور ممتاز مفتی صاحب نے افسانہ نگاری میں دلنشیں پیرایۂ بیان کے ساتھ چھوتا اسلوب تفکر پیدا کیا ہے "پہلا پتھر" اور "باپ" دونوں افسانے اپنے اپنے رنگ میں بے مثل اور خاصے کی چیزیں ہیں۔ پروفیسر محمد مسلم صاحب سلیس و شگفتہ انداز میں فلسفے کے دقیق مسائل پیش کرتے ہیں۔ "سوچنے کی عادت" قیمتی مضمون ہے۔ "سوچ" کر لکھا گیا ہے اور موضوع کی اہمیت سفارشی ہے کہ "سوچ" سمجھکر پڑھا جائے۔

حضرت آوارہ کہنہ مشق ادیب ہیں گو بزم ساقی میں تازہ وارد سہی۔ "شعربازی" موجودہ مشاعرہ نوازی پر نہایت لطیف طنز ہے۔ اُمید ہے کہ موصوف کے بیش بہا افکار سے ساقی کے صفحات ہمیشہ مزین ہوتے رہیں گے۔ حضراتِ شعرا میں بہزاد صاحب اور ساغر صاحب ہمارے شکریہ کے بطور خاص مستحق ہیں۔ مؤخر الذکر کی پاکیزہ نظم "مکالمۂ ساقی و ساغر" (در باب رحلتِ علامہ اقبال) توصیف سے مستغنی ہے۔

بھائی شاھد احمد صاحب مدیر ساقی اُس غم کو بھلانے کی جستجو میں، جو کبھی نہیں بھلایا جاسکتا، اپنے عزیزوں کے اصرار پر براستہ چندے حیدرآباد۔ دکن تشریف لے گئے ہیں۔ (حق تعالیٰ انہیں اس جانگداز غم کو برداشت کرنے کی قوت اور صبر کی توفیق عطا کرے!) اُن کے ارشاد کی تعمیل میں مجھے دوبارہ ادارتی فرائض انجام دینے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ممکن ہے بعض منچلی طبیعتوں کے نزدیک میری بخت آوری لائقِ رشک ہو لیکن تجربہ کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں کہ ادارت ایک بیش قیمت عذاب ہے ——————

مَن نہ کردم شما حذر بکنید!!

انصار ناصری

خسرانُ المبین

خودی کو بیچ کے صدق و صفا کو بیچ دیا
متاعِ خانۂ شرم و حیا کو بیچ دیا
حرام اس پہ ہے جینے کی آرزو جس نے
بس اک جینے ہی کی خاطر دعا کو بیچ دیا

خودی کو بیچ کے شانِ خدا کو بیچ دیا
خودی کو بیچ کے ذاتِ انبیا کو بیچ دیا
نظر کی وسعتِ لامنتہا کو بیچ دیا
بہ جائے تیرِ کیوں مشکل ہو جائے
کہ تو نے اس کے دریدہ قبا کو بیچ دیا

خودی کو بیچ کے اپنی بقا کو بیچ دیا
چمک تھی جس سے تری اس ضیا کو بیچ دیا
اُمیدِ لالہ و گل اب فضول ہے ناداں!
کہ تو نے باغ کی بادِ صبا کو بیچ دیا

خودی کو بیچ کے فخرِ جہاں کو بیچ دیا
خودی کو بیچ کے ہر دو سرا کو بیچ دیا
حریفِ ارض و سما کی بلا کو بیچ دیا
تری نگاہ کو وسعت سے واسطہ کیا؟
جب اپنے آپ ہی اپنی انا کو بیچ دیا!

امینِ حزیں

غزل

صنمخانوں میں جا کر نُورِ یزداں دیکھ لیتا ہوں
مَیں اپنی کفر سامانی میں ایماں دیکھ لیتا ہوں

مری دانائی وحشت پہ حیراں ہیں جہاں والے
مَیں فصلِ گُل میں ہر تارِ گریباں دیکھ لیتا ہوں

گئے وُہ دن کہ جب خوابِ سُبک تھے میری دُنیا میں
ترے صدقے میں اب خوابِ پریشاں دیکھ لیتا ہوں

خُدا شاہد ہے میری رُوح تک بیچین ہوتی ہے
مَیں جب اِن نرگسی آنکھوں کو گریاں دیکھ لیتا ہوں

مجھے آواز دے لے ناخُدا کیوں ہے پریشانی
کہ مَیں ٹھہری ہوئی موجوں میں طوفاں دیکھ لیتا ہوں

جُنوں کا جوش جب بڑھتا ہے بہزادِ جُنوں پرور
تو میں دامن کو تا حدِّ گریباں دیکھ لیتا ہوں

(ریڈیائی ڈرامہ)

منکہ ایک بیمہ ایجنٹ

افراد

میاں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بھاری آواز والے تنومند ڈرپوک
بیوی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مہین آواز والی چڑچڑی حسینہ؛
چھوٹے (ملازم) ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پھٹے ہوئے بانس کی آواز والا خونخوار نمک حلال
مجرم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ گڑگڑاتی ہوئی آواز والا نازک اندام

(خاموشی، سنسان رات، دن بھر کے تھکے ہارے میاں، پاؤں پسارے، خواب میں جنت الفردوس کے مزے لے رہے ہیں ـــــ ان کے نرم و گرم خراٹے خاص التزام کے ساتھ چھوٹے (ملازم) کے خراٹوں کی آواز سے جو لبستا دور سے آرہی ہے، دست و گریباں ہیں ـــــ بیوی کی نیند ان ہوشربا خراٹوں نے کھو رکھی ہے۔ بیچاری کروٹوں پر کروٹیں، و جمائیوں پر جمائیاں لے رہی ہے۔ اور سخت کرب میں مبتلا ہے۔

وہ قسم کے ہلکے بھاری خراٹے سوالاً جواباً کارفرما ہیں، بیچ بیچ میں نازک سی جمائیوں کی آواز۔

ان منظم اور مبسوط خراٹوں اور بے ربط جمائیوں کی نشیلی موسیقی سے کمرہ گونج رہا ہے۔ کبھی کبھی ہوا کا شریر جھونکا "شووں ں ں" پکارتا ہوا گذر جاتا ہے ـــ

ذرا دیر بعد دور سے چٹخنی کھولنے کی سی آواز آتی ہے۔ اور پھر کاغذ کی کھڑکھڑاہٹ سے مشابہ ہلکی آوازیں سنائی دیتی ہیں ـــــ بیوی کی جمائیاں بند ہو جاتی ہیں۔ خاموشی ـــــ

پھر یہی آوازیں کافی بلند ہو جاتی ہیں۔ ساتھ ہی قدموں کی ہلکی چاپ سنائی دیتی ہے۔ بیوی کسمساتی ہے ـــ

مکمل خاموشی، سوائے خراٹوں کے اور کوئی آواز نہیں آتی۔

یکایک برتنوں کے کھڑکنے کی آواز دور سے لیکن کافی بلند سنائی دیتی ہے۔ جس کے ساتھ ہی ہوا کا تیز جھونکا "شووں ں" کرتا ہوا گذرتا ہے۔)

بیوی:۔ (نہایت آہستگی سے) دیکھنا ـــ ذرا اٹھو تو ـــ (کسمساتی ہے)

(میاں کے خراٹوں کا باجا خمار آگیں انداز میں بدستور بجتا رہتا ہے۔ کافی فاصلے سے ایک پیتل کی تھالی جھن ن ن ن "سے گرتی ہے۔)

بیوی:۔ (ہلکی سی خوفزدہ چیخ کے ساتھ، دھیمی آواز میں) اے، اٹھو، اٹھو ـــ دیکھو تو سہی گھر میں کوئی ہے۔ اٹھو، اٹھو تو . . . . .

(میاں کے خراٹوں کا تار ایک جھٹکے کے ساتھ ٹوٹتا ہے، ایک لمبی "اوں ں ں ہ" آہ سرد کی شکل میں نکالتے ہیں۔ اور منہ سے "چپ چپ چپ" کرتے ہوئے دوسری کروٹ لے لیتے ہیں۔)

(پھر آہستہ آہستہ خراٹوں کی موسیقی، بھرنی شروع ہوتی ہے فوراً ہی بہت سے چینی کے برتنوں کے گرنے کی آواز آتی ہے۔)

بیوی:۔ (غصہ میں لیکن دھیمی آواز سے) شاباش ہے کیسے گھوڑے بیچ کر سوتے ہو ـــــ میں کہتی ہوں گھر میں کوئی گھس آیا ہے، ذرا دیکھو تو سہی .....

میاں:۔ (خراٹے بند کر کے) او ـــ ہا ـــ ہو ـــ گھو ـــ ڑے، ہاں، ـــ گھوڑے ہی گھو ـــ ڑے۔

بیوی:۔ توبہ!! ذرا اٹھ کے سنو تو سہی۔ گھر میں کوئی چور ہے۔

میاں:۔ (تڑخ کر) کیا ہے خواہ مخواہ غل مچا رکھا ہے ـــ کون ہے، ـــ فو ـــ ضو ـــ ل نیند خراب کرتی ہو، کوئی بات بھی ہو ـــ

بیوی:۔ اُوپر کے کمرے میں کوئی چور ہے۔ برابر کھٹکا ہو رہا ہے۔ کبھی برتنوں کے گرنے کی آواز آتی ہے اور کبھی .....

میاں (مقابلتاً بلند لہجے میں) تمہارے تو کان بجا کرتے ہیں۔ اس وہم کا کیا علاج ـــ رکھا کیا ہے گھر میں۔ جوڈا کے پڑینگے ـــ سو جاؤ سو جاؤ ـــ چور وور نہیں ـــ بھوت ہوگا ـــ

بیوی:۔ (خوفزدہ) بھوت!! کیا اس مکان میں بھوت رہتے ہیں۔

میاں:۔ (وثوق کے لہجے میں) سبھی مکانوں میں رہتے ہیں ـــ اور ـــ اس مکان میں تو ضرور ہی رہتے ہیں۔ جبھی تو اس کا آدھا کرایہ ہے۔

(ہوا کا تیز جھونکا زور سے "شوو وں" کرتا ہے جس سے کھڑکیوں کی چٹخنیاں آہستہ سے کھٹ کھٹ بولتی ہیں۔)

بیوی:۔ (خوف کی چیخ کے ساتھ بے اختیار) بھو وو ـــ ت!! ہو ہو ہو ـــ بھو وو!!!

میاں:۔ (تسلی آمیز لہجے میں) ڈرو نہیں ـــ ڈرو نہیں ـــ یہ تو ہوا کی آواز ہے ـــ اور بھوت ـــ بھوت تو کبھی کسی کو نہیں ستاتے ـــ مجھے عمل یاد ہے، تم گھبراؤ نہیں۔

(قدرے خاموشی کے بعد "دھب" سے کسی بھاری چیز کے گرنے کی آواز۔)

بیوی:۔ دیکھا، سنا تم نے۔ یہ ہرگز بھوت کی آواز نہیں ہو سکتی ضرور کوئی نہ کوئی چور ہے۔ تم اٹھکر دیکھو تو۔

میاں:۔ کیا فضول باتیں کرتی ہو۔ چور کا بھلا ہمارے ہاں کیا کام۔ بلی کودی ہوگی۔

بیوی:۔ (جھلکر) تم یونہیں بھیگی بلیاں بناتے رہنا۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ ذرا اٹھکر دیکھ لیں۔

(دوبارہ دور سے "دھب" کی آواز اور کسی کے بھاگ کر چلنے کی آواز۔)

بیوی:۔ لو سن لو ـــ میں کہتی ہوں تم چوڑیاں کیوں نہیں پہن لیتے ـــ عجیب حالت ہے، گھر میں چور گھسا ہوا ہے، اور گھر کے مالک کا دم فنا ہو رہا ہے۔ تمہیں بھی قسم ہے یونہی پڑے اینڈتے رہنا، چاہے گھر میں جھاڑو پھیر کر چلتا بنے ـــ اور ـــ اور ہم نے بیمہ بھی نہیں کروایا ہے۔

میاں:۔ بیمہ! کیسا بیمہ؟

بیوی:۔ چوری کا بیمہ اور کیسا ـــ

(ہوا کا جھونکا)

میاں:۔ (دلچسپی سے) چوری کا بیمہ ـــ ہاں واقعی ہے کی بہت عمدہ چیز ـــ پھر تو کسی قسم کا ڈر ہی نہیں رہے گا ـــ چلیے ہم اپنی سوئے کی اٹھیں یونہی طاقوں میں پڑی رہنے دیں۔ سچ مچ بہت آرام ہو جائے گا ـــ ناحق راتوں کو مجھے چوکسی کرنی پڑتی ہے۔ ضرور بیمہ کروالو ـــ آدھا پریمیم۔ تم دینا اور آدھا خیر ہم ہی دیدیں گے۔

بیوی:۔ (تنک کر) میں کہاں سے دونگی۔

میاں:۔ تم نہیں دوگی تو اور کون دیگا ـــ زیور تمہارا ہے یا میرا۔

بیوی:۔ خوب!۔۔۔۔ کیا اچھا وقت نکالا ہے آپ نے ان باتوں پر لڑنے کا۔۔۔۔!!

("چھن ن ن" سے شیشہ ٹوٹنے کی آواز کے ساتھ پاؤں کی چاپ نسبتاً قریب سے۔)

بیوی:۔ لے یہ لیجئے۔ اب وہ آتا ہے اس کمرے میں۔ (تیزی سے) بولئے، آپ جاتے ہیں یا میں ہمسائی کے میاں کو آواز دوں!!

میاں:۔ (آہستگی سے) شش ش ش! آواز مت نکالنا۔ ممکن ہے۔۔۔۔

بیوی:۔ (بلند آواز سے) جائیے۔ جلدی کیجئے۔۔۔ اٹھیے اٹھیے۔۔۔۔ نہیں تو میں دیتی ہوں ہمسائی کے میاں کو آواز!

میاں:۔ (بادلِ ناخواستہ اٹھتے ہوئے) اچھا بھئی! تم نہیں مانو گی۔۔۔۔ آج میرے ہاتھ سے ضرور کسی نہ کسی کا خون کروا کر رہو گی۔۔۔۔ دیکھو چپکے سے جا کر ذرا چھوٹے کو تو جگا دو۔

بیوی:۔ یہ بھی میں ہی کروں۔

میاں:۔ کیا ہرج ہے برابر کے کمرے میں بھی جاتے ہوئے ڈر لگتا ہے۔ کوئی کھا تھوڑی جائیگا۔۔۔۔ اتنے میں چلتا ہوں۔

(کپڑوں کے سٹر پٹر کی آواز)

بیوی:۔ (دور سے) چھوٹے، او چھوٹے۔۔۔۔ اے چھوٹے!!۔۔۔۔ اٹھ۔ اٹھ تو۔ جلدی کر۔

چھوٹے:۔ (ہڑبڑا کر دور سے) کیا ہے، کون ہے؟؟

بیوی:۔ (آہستگی سے) اے چور ہے!!

چھوٹے:۔ کہاں؟؟

بیوی:۔ اوپر۔۔۔۔!

چھوٹے:۔ اے ہے۔۔۔۔ اچھا کہاں گیا اس کا۔ اس کا کیا نام میرا ڈنڈا۔

بیوی:۔ یہ رہا۔۔۔۔ لے، دیکھ ہوشیاری سے۔ میاں کے ساتھ جائیو۔ لے یہ ٹارچ بھی لے لے خبردار ہوشیاری سے۔

(ڈنڈا زمین پر "کھٹ" سے مارنے کی آواز دور سے۔)

چھوٹے:۔ آپ کچھ خیال نہ کریں بیوی جی۔ میں سالے کا دم نکالدونگا۔ اس کا نام میاں کہاں گئے۔ کیا اکیلے ہی اوپر۔۔۔۔

بیوی:۔ وہ رہے۔

میاں:۔ (دبی زبان سے) ارے چھوٹے، دیکھ ہوشیاری سے، لا، وہ دوسری لکڑی مجھے دیدے آج حرامزادے کا سر توڑیں گے۔۔۔۔ دیکھو خبردار جانے نہ پائے۔۔۔۔ اہم م م!!! (کھنکارتے ہیں)

(دھب دھب دھب بھاگنے کی آوازیں تیزی سے آتی ہیں۔ کرسیوں وغیرہ کے ٹکرانے کی آوازیں کھڑکھڑ۔۔۔)

میاں:۔ جلدی جلدی ڈراؤنی آوازیں، لیجو چھوٹے جانے نہ پائے۔ کدھر گیا بدمعاش، دیکھ وہ کون ہے پردے کے پاس، ٹرنک کے پیچھے، وہی ہے، ہاہاں ں ں، ہا، ہو و و۔ وہ نکلا۔ قراں ج۔ چو چور چور۔ وہ۔ وہ۔ وہ بھاگا۔ لیجو۔ نکلنے نہ پائے۔ چ چ چا چا چور۔۔۔۔ بغ۔ غراف۔ پکڑ۔ پکڑ۔ مار۔ شرانق۔ قفنگ۔ یہ می می می یہ۔ ادھر۔ اس طرف ہاں ہاں مار۔۔۔۔ م م م۔۔۔۔

(میاں کے وحشت زدہ دہن مبارک سے طرح طرح کی بے ہنگم آوازیں نکل رہی ہیں۔ وہ ادھر سے ادھر کود پھاند رہے ہیں۔ کثرتِ جوش سے کبھی کبھی مقفل طور پر دھاڑنے لگتے ہیں۔ چھوٹے صاحب بھی بہرکیف کچھ نہ کچھ فرماتے ہیں۔۔۔۔)

(ایک تڑخے کے ساتھ چھوٹے صاحب پوری طاقت سے اپنا ڈنڈا مجرم کے سر پر رسید کرتے ہیں، جو اتفاق سے میز پر لگتا ہے۔۔۔۔ پھر مجرم کی ملتجیانہ ہی ہی ہی کے درمیان "پکڑ لیا۔ پکڑ لیا" پکارتے ہوئے تھپڑ لات، گھونسے سے تواضع کرتے ہیں۔)

مجرم:۔ ہی ہی ہی۔۔۔۔ میں۔ م م م۔۔۔۔ میں چور۔۔۔۔ نہیں۔۔۔۔

میاں:۔ (ہانپتے ہوئے) شاباش! چھوٹے خوب پکڑا۔۔۔۔ لا ادھر لا اس بدمعاش کو۔ میں اسے ابھی مزا چکھاتا ہوں۔ کیوں رے حرامزادے! اب آیا چوری کرنیکا مزا۔

چھوٹے:۔ اجی میرے حوالے کیجئے میاں اس کو۔ ابھی، اس کا، اسکا کیا نام اچار نکالدوں سسُر کا۔

مجرم:۔ خُدا کے واسطے شور نہ کیجئے مَیں چور نہیں ہوں۔

چھوٹے:۔ چور نہیں ہوں! سسُر بڑے ساہوکار۔

("دھڑاک" چھوٹے صاحب کا غضبناک چانٹا)

مجرم:۔ اُف، ہا۔ اے۔ ذرا سُنیئے تو مَیں عرض کرتا ہوں۔

میاں:۔ عرض کرتا ہے، خوب، شاعری کرتا ہے کمبخت ——— کیا عرض کریگا۔ جلدی عرض کر، مطلع عرض کر، مقطع عرض کر ——— میرا سارا اسباب تتر بتر کر دیا۔ نقب زن، ڈاکو ——— مَیں تجھے ابھی پولیس کے حوالے کرتا ہوں ——— چھوٹے! کہاں جاتا ہے۔ (دبی آواز میں) یہیں رہ بھائی، معلوم نہیں کیا آفت!

چھوٹے:۔ اجی میاں، اسکا کیا نام مجال ہے۔

مجرم:۔ میں نے آپ کی چھوٹی کوڑی بھی نہیں لی۔ آپ اپنا اسباب سنبھال لیں ———

چھوٹے:۔ لیتا کیسے، اس کا کیا نام ہم جو آگئے اس ڈنڈے سے تیرا سر توڑنے۔

("کھٹ" سے ڈنڈا زمین پر بجاتا ہے۔)

مجرم:۔ میں کبھی اتنی جرأت نہیں کرسکتا۔

میاں:۔ دوسروں کے گھروں میں گھسنے کی جرأت کرسکتا ہے اور اسباب چرانے کی جرأت نہیں کرسکتا۔ اچکے تو زبان دراز بھی ہو ——— ہوی، ہوی، کدھر گئیں۔ ذرا سُنو تو اس موذی چور کی باتیں۔

مجرم:۔ آپ صبر سے تشریف تو رکھیں۔ میں سارا حال عرض کئے دیتا ہوں۔ اس مرتبہ میری کچھ شامت ہی آگئی ورنہ اس سے پہلے آپ کے پڑوسی ایس۔ ڈی۔ او صاحب کے ہاں اس طرح داخل ہوا تھا تو .....

میاں:۔ داخل ہوا تھا ——— ! یوں کیوں نہیں کہتا کہ ڈاکہ ڈالا تھا۔ بدمعاش، اب معلوم ہوا کہ تُو دھاڑی چور ہے ——— جبھی یہ لوگ بیچارے اتنے پریشان تھے۔

مجرم:۔ میں نے چوری کبھی نہیں کی جناب! آپ یقین کیجئے ——— زیادہ سے زیادہ اسے مداخلت بیجا بغیر نیت مجرمانہ کہہ سکتے ہیں۔

میاں:۔ خوب، خوب، قانون بھی چھانٹنے لگے، کیوں نہ ہو ——— تجربہ کار ہو ——— اور ——— اور کچھ پڑھے لکھے بھی معلوم ہوتے ہو ———!

مجرم:۔ جناب! مَیں گریجویٹ ہوں ———!

میاں:۔ (رعب گانٹھتے ہوئے) صاحبزادے، تم کچھ احمق تو نہیں ہو ——— بہت شان نہ جتاؤ۔ کیوں گریجویٹ کا نام بدنام کرتے ہو ——— میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں جانتا کہ تم میرے گھر میں چوری کی نیت سے داخل ہوئے اور میں نے تمہیں پکڑ لیا۔ بس باقی اپنی دلچسپ کہانی مجسٹریٹ کو سُنانا ——— سمجھے؟

مجرم:۔ مَیں جناب کو نہایت ادب سے یقین دلاتا ہوں کہ مَیں چور نہیں ہوں ——— میں ایک بیمہ ایجنٹ ہوں۔

چھوٹے:۔ اس کا کیا نام آجنٹ ٹ ٹ ہو!!!۔ (ڈراؤنی ہنسی)

میاں:۔ بیمہ ایجنٹ! خوب، ہو چالاک، کبھی گریجویٹ بنتے ہو اور کبھی بیمہ ایجنٹ!!!

مجرم:۔ تو جناب بے ادبی معاف، کیا گریجویٹ، بیمہ ایجنٹ نہیں بن سکتے ———!

میاں:۔ ہرگز نہیں۔ گریجویٹ کیلئے بیمہ ایجنٹ بننا زندہ درگور ہو جانے کے برابر ہے۔

مجرم:۔ اسکی صادق اور مکمل مثال مَیں آپکے سامنے موجود ہوں۔

میاں:۔ بکو مت! تم چور ہو ——— ڈاکو ہو۔

مجرم:۔ حضرت مَیں بڑی سے بڑی قسم کھاتا ہوں کہ مَیں چور نہیں ہوں۔

میاں:۔ (برافروختہ) پھر وہی بکواس! چور نہیں ہو تو کیا کہیں کے

ساہوکار ہوشے تھے!! عجیب قماش کا جانور ہے۔ چوری اور سینہ زوری ـــــ اور آپکی جیبیں میرے روپے اور نوٹوں سے نہیں بھری ہوئیں تو کیا آپکے باوا جان کی حویلیوں کے قبالے ہیں۔

مجرم:۔ آپ اس بن مانس سے ذرا مجھے نجات دلوائیں تو میں ابھی سارے کاغذات پیش کردوں۔

چھوٹے:۔ دیکھ لو میاں، ہم کو اس کا کیا نام بن مانس کہتا ہے۔

(گلا دباتا ہے)

مجرم:۔ کاخ کاخ۔ کتی۔ قیں۔ ذ ذ ذ ذرا۔ اُف، چھڑوایئے، غش، حضرت م م م میں مرا ـــ میرا دم ـــ مقیں ـــ!!!

میاں:۔ (دبی زبان سے) ارے چھوٹے ـــ چھوٹے۔

چھوٹے:۔ سسر ـــ!!! یاد رکھیو دم نکالدونگا۔ سیدھا بیٹھ۔ ہم اسکا کیا نام خود تیری تلاشی لیں گے۔

(کاغذوں کی کھڑبڑ)

چھوٹے:۔ سسر نے مار ردی ہی ردی بھر رکھی ہے پاکٹوں میں۔

مجرم:۔ ملاحظہ کیجئے یہ میری کمپنی کے پراسپکٹس وغیرہ ہیں۔

میاں:۔ (پڑھتے ہوئے) دی گریٹ انڈین ہرگدری انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔

مجرم:۔ اور ـــ اور ـــ یہ دیکھئے میرا نام!

میاں:۔ (پڑھتے ہوئے) مسٹر ایس کے پوری، بی۔ اے، چیف ایجنٹ دی گریٹ انڈین ہرگدری انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔

میاں:۔ (قدرے تامل کے بعد) ہوؤں ـــ!! مگر مجھے کیسے یقین آئے کہ آپ ہی مسٹر پوری ہیں۔

مجرم:۔ آپ ڈاکٹر صاحب سے دریافت کرسکتے ہیں۔ انہوں نے مجھ سے ہی بیمہ کروایا ہے

میاں:۔ خوب، چوٹی کٹیا اور چلیپیوں کی رکھوالی ـــ کیا آپ کی کمپنی کا کام چوریاں کروانا ہے۔

مجرم:۔ نہیں ہم تو اور اُلٹا.....

میاں:۔ تو پھر آپ میرے گھر میں کیوں داخل ہوئے اور میرا اسباب کیوں الٹ پلٹ کیا ـــ اس کا کیا جواب ہے آپکے پاس ـــ کیا بیمہ ایجنٹ کا یہی کام ہے ـــ نانا نانا ـــ میں کسی طرح یقین نہیں کرسکتا۔ تم قطعی خاندانی چور ہو ـــ اچھوٹے ـــ لارسی ـــ!!

مجرم:۔ ذرا ٹھہریئے تو ـــ آپ مہربانی کرکے ذرا سُن تو لیجئے۔ صرف ایک منٹ۔ نہایت سیدھی سی بات ہے۔ آپ یقین کیجئے کہ میں اس کمپنی کا بیمہ ایجنٹ ہوں۔ (درد بھرے لہجے میں) صرف اتنا کہدینا ہی مجھے ہر شریف آدمی کی ہمدردی کا مستحق بنا دیگا۔ لیکن میری کہانی ـــ میری کہانی اس سے زیادہ دُکھ بھری ہے.....

میاں:۔ دُکھ بھری ـــ!! ہاں کیوں نہ ہو۔ ضرور ـــ آج کے دُکھ تو آپ کو کئی مرتبہ نصیب ہوئے ہوں گے۔ ہاہا ـــ یہ کیا کاغذ ہے جسے آپ اتنی بے چینی سے چھپا رہے ہیں۔

مجرم:۔ یہ کچھ نہیں۔

میاں:۔ کیا ہے، ادھر لاؤ ـــ دکھاؤ فوراً۔

مجرم:۔ جی، یہ کچھ نہیں، معمولی کاغذ ہے ـــ ارار لفافہ ہے۔ خط ہے۔

میاں:۔ دکھاؤ۔ لکن ہو اس میں نوٹ ہوں ـــ بکالو جیب سے۔

مجرم:۔ (قدرے ترشی سے) میں یہ خط آپ کو نہیں دکھا سکتا۔

میاں:۔ کیسے نہیں دکھا سکتا ـــ دکھانا پڑیگا ـــ نکالو، نکالو، جلدی ـــ!!

مجرم:۔ (بجبوری) یہ میری بوڑھی ماں کا خط ہے ـــ یہ لیجئے۔

(ہلکی سی سسکی کی آواز)

(لفافہ میں سے خط کھولنے کی آواز)

میاں:۔ ہم سے تو پڑھا بھی نہیں جاتا۔ عجیب جناتی خط لکھا ہے۔

مجرم:۔ جی ہاں میری ماں خود لکھنا نہیں جانتی، کسی سے لکھوا کر بھیجتی ہے۔

میاں:۔ تو تم پڑھکر سناؤ ـــ چھوٹے، تم جاؤ، اب ضرورت

نہیں۔ !

چھوٹے۔ اجی میاں، اس کا کیا نام۔ آپ ان سنسکرت کی باتوں پر نہ جائیے۔ یہ پنڈت جی تو اس کا کیا نام پوری کتھا سنا ڈالیں گے۔ آپ میرے حوالے کیجئے میں سنسکو، اس کا کیا نام گو دام میں بند کر کے رکھوں گا

میاں۔ (تمکنانہ) جاؤ۔

(چھوٹا بڑبڑاتا ہوا جاتا ہے۔ پاؤں کی چاپ اور ڈنڈے کی کھٹ کھٹ۔)

میاں۔ ہاں اب پڑھئے۔

مجرم۔ اے آپ نہ سنتے تو بہتر تھا۔

میاں۔ (قدرے نرمی سے) نہیں نہیں، سناؤ کیا ہرج ہے۔

مجرم۔ (رک رک کر موثر لہجے میں پڑھتا ہے۔)

میرے پیارے بیٹے کو ہزاروں دعائیں۔ (سسکی کی آواز)

بیٹا تمہارے بھیجے ہوئے بیس روپے بہت ہی اڑے وقت پہونچے۔ ظالم مکاندار دھکے دے کر نکلوانے کو کھڑا تھا۔ اگر تمہارے روپے نہ پہونچتے تو آج اس سفید چونڈے کو در در کی ٹھوکریں کھانی پڑتیں۔ جیسے ہی ڈاکئے نے تمہارے روپے دیئے میں نے اس کی ناک پر مارے۔ وہ پوچھنے بھی لگا کہ یہ کہاں سے آ گئے۔ میں نے بڑے چاؤ سے کہا "میرے بیٹے نے بھیجے ہیں۔ کیا تو سمجھتا تھا کہ میرا کوئی رہا ہی نہیں۔ بھگوان کی دیا سے میرا ایک جوان کما پوت ہے"

(رونکھی بھیگی کی آواز)

۔۔۔ پر بیٹا یہ تو نے سارے روپے مجھے کیوں بھیج دیئے۔ اپنے خرچ کو کچھ بھی نہیں رکھا۔ میری طرف سے تو زیادہ چنتا نہ کیا کر میرے دن اب تھوڑے ہی رہتے ہیں۔ اور اچھے کٹ رہے ہیں۔ (سسکی کی آواز) مجھے یہ معلوم کر کے بڑی خوشی ہوئی کہ اب تیرا کام چل نکلا ہے بھگوان تجھے بہت سا دے۔ اور سدا سکھی رکھے۔ مجھ بڑھیا کی آشیرباد تیرے ساتھ ہے۔ وہو بھابھی سلام کہتی ہے۔ سب تیرے آنے کی راہ تک رہے ہیں۔ اب کے تو تو نے بہت دیر لگائی۔ مانو عمر بھر گئی سہل چھ مہینے پیچھے تو ہو جایا کر کون جانے کب میرا وقت آن پہونچے۔

(مجرم کی ہلکی سسکیاں۔)

میاں۔ (ترجمانہ) صاحبزادے مجھے تمہاری حالت پر رحم آتا ہے۔ کیا تمہاری ماں یہ شکر زندہ رہ سکے گی، کہ اس کا بیٹا چوری میں پکڑا گیا۔

مجرم (نیچی آواز میں رک رک کر) میں نے آپ سے عرض کیا کہ میں چوری نہیں کرتا۔ مجھے اس کام میں بہت تھوڑی کمیشن ملتی ہے۔ آج کل کا زمانہ آپ جانتے ہیں۔ ہر قسم کا کاروبار سرد ہے۔ اور پھر ہمیہ تو کوئی کرواتا بھی نہیں۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ مجھے کئی کئی وقت کے فاقے جھیلنے پڑتے ہیں۔ (قدرے خاموشی)

مجرم۔ چوری کا بیمہ نئی چیز ہے جس کے پاس جاتا ہوں، انکار کر دیتا ہے۔ لاچار میں نے یہ طریقہ اختیار کیا۔ آسامی کے گھر چار پانچ پھیرے کرنے کے بعد میں اسکے گھر میں رات کو داخل ہوتا ہوں اور سامان ادھر اُدھر بکھیر کر اور ایک آدھ شیشہ وغیرہ توڑ کر چلا جاتا ہوں۔ لیکن کسی چیز کو ہاتھ نہیں لگاتا۔ دوبارہ جب جاتا ہوں تو وہ فوراً بیمہ کروا لیتا ہے۔

میاں۔ (متبسم) ہے خطرناک، لیکن نسخہ تیر بہدف ہے۔

مجرم۔ محض پالیسی حاصل کرنے کی غرض سے مجھے چور بننا پڑتا ہے۔ مجبوری اور فاقہ کشی سب کچھ کرواتی ہے جناب !!! ۔۔۔ مجھے خود شرم آتی ہے لیکن کیا کروں۔ غل وشور

(نیچے کے کمرے میں سے کی دھم آوازیں۔

کہاں گیا۔ چور کدھر گیا۔ کہاں ہے۔ ٹارچ لاؤ۔ یہ کون ہے، کدھر، ہاں۔ وہ، اس طرف، ارے کوئی اُوپر تو جاؤ۔ وغیرہ وغیرہ۔)

میاں۔ مجھے تم سے ہمدردی ہے مسٹر ٹوپری ۔۔۔ سخت افسوس ہے کہ ہم نے تمہارے ساتھ ایسا سلوک کیا لیکن، لیکن ۔ یار ۔۔۔

تمہارے کہیں زیادہ چوٹ تو نہیں آئی ـــ معاف کرنا۔

مجرم:۔ آپ کی مہربانی (خفیف ہنسی کے ساتھ) آپ کے اس بن مانس نے سر میں ایک بڑا سا گومڑا ڈال دیا ہے ـــ (گھبرا کر) کیا پولیس آگئی ج جناب ج ج ج ناب۔ پرماتما کے لئے مجھے بچائیے۔ میری عزت آپ کے۔۔۔۔۔۔۔

بیوی کی آواز:۔ اوپر چلو۔ اوپر۔ اوپر۔

میاں:۔ (محبت سے) تم بالکل فکر نہ کرو ـــ اطمینان سے اس کرسی پر بیٹھ جاؤ۔

قدموں کی آوازیں۔ شور و غل

(چور کو پاتال میں سے بھی ڈھونڈھ نکالنے والے سرفروشوں کا غول کا غول جنگی بینڈ کی سی آوازیں نکالتا، ہوا میں اڑتا ہے ہلاتا۔ بیوی اور چھوٹے کی قیادت میں تیزی سے اوپر آتا ہے ـــ)

میاں:۔ (جلدی سے) بیوی ـــ شش ش ـــ!!!

بیوی:۔ آخر یہ معاملہ ـــ

میاں:۔ فکر نہ کرو۔ تم جلدی سے میرے دوست کے لئے پینے کو لاؤ ـــ کافی وغیرہ ـــ اور، دیکھنا۔ چھوٹے کو اپنے ساتھ لیتی جانا ـــ جلدی!

(مہم سر کرنے والے جانباز داخل ہوتے ہیں مختلف آوازیں)

میاں:۔ اُفوہ! آپ لوگ تو بڑی دیر میں آئے ـــ وہ تو بھاگ بھی گیا۔ نکل بھاگا۔ بڑا ہی پھرتیلا تھا۔ لیکن میں نے ایسا ڈنڈا کھوپڑی پر رسید کیا ہے کہ کچھ دن تک تو یاد کرے گا۔

لوگ:۔ کدھر گیا۔ کچھ لے تو نہیں گیا۔ کہاں گیا ـــ مارا کیوں نہیں ـــ زیور ـــ سامان ـــ پکڑا کیوں نہیں ـــ کب، کیسے۔

سامان ـــ برتن۔ پکڑتے کیسے، روپے۔ زیادہ نقصان تو نہیں ہوا۔ کدھر ـــ بہت تیز ہوتے ہیں۔

میاں:۔ میں نے اور میرے دوست نے ایسا مارا۔ ایسا مارا، حرامزادے کو کہ چھٹی کا دودھ یاد آگیا ہوگا۔ بس ایک ذرا چوک ہوئی تھی کہ بھاگ نکلا۔

ایک واز:۔ اور چھوٹا تو کہہ رہا ہے کہ یہی باورچی چور ہیں۔

میاں:۔ (تادیبًا دھیمی آواز میں) منٹی جی، آپ کو کیا ہو گیا ہے۔ یہ میرے دوست ہیں مسٹر نوری۔ بیمہ ایجنٹ، کہیں ایسا ہو سکتا ہے اور آپ انہیں کے سامنے ـــ (بلند آواز سے) اخاہ! ڈاکٹر صاحب آپ بھی آگئے۔ بڑی تکلیف ہوئی۔ مہربانی، عنایت، اے رے، پنڈت جی۔ آپ بھی ہیں۔ بڑی کرپا کی ـــ اور ذرا پنڈت جی کا ڈنڈا تو دیکھو ـــ اخوہ!!!

(مختلف سازوں کے قہقہے۔)

ڈاکٹر صاحب:۔ معلوم نہیں آجکل کے یہ چور کیسے ہیں۔ میرے ہاں بھی آیا تھا اور ایس ڈی او صاحب کے ہاں بھی مگر کچھ لے کر نہیں گیا۔ چاہتا تو لے جا سکتا تھا۔ کیونکہ دونوں جگہ کے آدمی مردوں سے شرط باندھ کر سو رہے تھے ـــ میں نے تو دوسرے ہی دن آپکے دوست مسٹر نوری سے بیمہ کروالیا اب کچھ گیا تو ان سے دُگنا وصول کرونگا۔

(ہلکے قہقہے)

میاں:۔ کیوں نہیں، کیوں نہیں، آپ سب لوگوں کی بڑی مہربانی۔ بہت تکلیف ہوئی، عنایت۔۔۔۔

لوگ:۔ چلو چلو بھئی، کوئی بات نہیں۔ یہ تو ہمارا فرض تھا۔ آداب عرض۔ کوئی مضائقہ نہیں۔ بڑی عنایت۔ چلو بھئی۔ آگے دیکھکر چلئے۔ آیئے پنڈت جی۔ دیکھیے کے شکریہ، آداب عرض، آداب عرض، آداب عرض۔ بھاگ کیسے گیا۔ چلو اچھا ہوا۔ بہت چوریاں۔ کوئی بندوبست۔۔۔۔۔۔۔

(بیوی کے قدموں کی چاپ)

بیوی:۔ یہ لیجئے۔ اُو ولٹین ہے۔

میاں:۔ لیجئے مسٹر نوری۔ تھینکیو۔ تھینکیو۔ لیجئے۔ یہ لیجئے۔

مجرم:۔ آپنے ناحق تکلیف کی ـــ مہربانی ـــ آداب عرض بیگم صاحبہ۔

میاں:۔ ارے تم انہیں کیسے جانتی ہو۔

بیوی:۔ کہیں دیکھا تو ہے۔

مجرم:۔ میں چوری کا بیمہ کرنیوالی کمپنی کا ایجنٹ ہوں!

بیوی:۔ (سوچکر) اوہ۔ ہو۔ ہاں۔ آپ میرے پاس دوایک دفعہ آئے تھے۔ مگر یہ قصہ کیا ہے۔

میاں:۔ قصہ وصہ کچھ نہیں۔ ہمارے دوست نے تمکو ذرا ڈرایا تھا۔ کہ تم جلدی سے بیمہ کرالو۔

بیوی:۔ میں نے تو تم سے ہزار دفعہ کہا کہ بیمہ کروالو۔ مگر تم سُنتے کب ہو ـــ!

میاں:۔ میں نے انکار کب کیا۔ مگر شرط یہی ہے کہ آدھا پریمیم تم کو دینا ہوگا۔

بیوی:۔ (ٹھنک کر) میں کہاں سے دوں، دیں نہ دیں آپ دیں۔

میاں:۔ کیوں زیور تو تمہارا ہے۔ دو نہ دو تم کیوں نہ دو۔

چھوٹے:۔ (بلائے بے درماں کی طرح نازل ہوتے ہیں) اجی میاں، اس کا کیا نام۔ آپ اِس چور کو دودھ پلا پلا کر اور اُلٹا پلا رہے ہیں۔ سسُر کو مارتے کیوں نہیں۔

میاں:۔ (ڈانٹ کر) چھوٹے ـــ!!! (ملائمت سے) مسٹر نوری، آپ کی اِس ڈرامٹیک تشریف آوری کا شکریہ۔ کل صبح یعنی میرا مطلب ہے آج صبح ہم آپسے بیمہ کروالینگے۔ لیکن خُدا کیلئے آئندہ ایسی حرکت نہ کیجیو گا، ورنہ آپکی جان کی خیر نہیں۔ سمجھے آپ۔!!! اب آپ تشریف لیجائیں۔ چھوٹے! آپ کو راستہ بتاؤ۔ آؤ بیوی ـــ آداب عرض۔

(پاؤں کی چاپ)

مجرم:۔ ہیں ہیں ہیں۔ آداب عرض۔ آدا . . . . .

ـــ

ساقی کے ۱۹۳۸ء کے خاص نمبر میں ڈرامہ نمبر ۲ کی اشاعت کا اعلان ہے۔ اس ڈرامہ کا نام ہے "بیمہ"۔ اس کے مصنف ہیں انصار ناصری صاحب۔ ڈرامہ کا خلاصہ یہ ہے:

(یہ ڈرامہ ۴ اپریل ۳۸ء کو دہلی ریڈیو اسٹیشن سے نشر ہوا۔ اسٹیشن ڈائرکٹر صاحب کی خاص اجازت سے شائع کیا جاتا ہے۔)

مسٹر انصار ناصری دہلوی کی تصانیف

چندر اموہنی

حُسن و عشق کی داستانِ خونچکاں۔ محبت کا مذہب ہمیں کیا سکھاتا ہے؟ سچے عشق کی المناک کہانی۔ مؤثر اور مُفید۔ قیمت ایک روپیہ۔

نجمہ نوری

ماں کی ممتا سے متعلق ایک دلدوز تمثیل۔ نجمہ کی المناک سرگذشت، ممتا کی ماری ماں کس طرح تڑپتی پھرتی ہے۔ گناہ کی لرزہ خیز تصویر۔ قیمت ۱؎

سلمےٰ

آسکر وائلڈ کی تمثیل سالومی کا ترجمہ، خوں آشام کی ہوسناکی اور موت۔ تخیل اور طرز بیان خاص ہے۔ قیمت صرف ۸ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ کھاری باؤلی۔ دہلی

سانپ کا شکار

(۱)

سامنے میدان میں اینٹوں کا ایک چھوٹا سا ڈھیر تھا۔ لوگوں نے کہا کہ "سانپ اسی میں گھس گیا ہے" ہم نے کہا کہ "ہم اس موذی سانپ کو ہرگز نہ جانے دیں گے اور سب کی سب اینٹیں ہٹا کر اُسے مار لیں گے" میں تھا اور میرے ایک کلاس فیلو۔ ہم دونوں ہاکی کھیلنے جا رہے تھے اور اس شکار کیلئے آج کا کھیل ملتوی کیا۔

تماشائیوں سے ہم نے کہا کہ "یا تو یہاں سے بھاگ جاؤ اور یا ہمارا ہاتھ بٹاؤ ورنہ کیا عجب کہ ہم تمہیں اسی سانپ سے کٹوا دیں" کام صرف اتنا تھا کہ اینٹیں ایک ایک کر کے اُٹھا کر پرے پھینکتے جاؤ۔

بہت جلد اینٹوں کو اُٹھا کر پھینک دیا مگر سانپ نہ نکلا۔ ایک سوراخ نظر پڑا۔ سانپ اسی میں گھس گیا۔ ہم نے کہا کہ "ہم اس موذی کو کھود کر نکالیں گے" ایک پُرجوش آدمی دوڑ کر پھاوڑا لے آیا اور سوراخ کھودنا شروع کیا۔ تھوڑی دُور جا کر سوراخ میں دُو راستے ملے۔ لاٹھی ڈال کر اُن میں سے ایک کو کھودا اور پورا کھود مارا۔ لاٹھی غلط رہی لہٰذا دوسرے کو کھودا۔ کھودتے چلے گئے حتیٰ کہ.....

اس موذی سانپ کو اتنی محنت سے کھود کر نکالا مگر بجلی تھی کہ ایک دم سے آنکھوں کے سامنے سے کوند گئی اور میں نعرہ مار کر اس موذی کے پیچھے! اب اسٹک پر اسٹک مارتا ہوں پر سب وار خالی! کمبخت حملہ کرنے لوٹ لوٹ پڑتا ہے۔ ہاتھ ہاتھ بھر اُڑ کر جست سی لگاتا ہے!

بالآخر ایک املی کے درخت کی جڑ کی طرف چلا اور میرے دیکھتے دیکھتے جڑ میں گھس گیا۔ یہاں ہاکی اسٹک کا وار جڑ پر پڑتا تھا اور سانپ تھا کہ گھسا جا رہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ جاتا ہے لہٰذا جھٹ سے اسٹک پھینک کے اُس کی دُم پکڑ لی۔ اب آدھا سانپ باہر اور آدھا اندر اور ہو رہا ہے زور۔ اب سانپ ہے کہ پھسلا جا رہا ہے۔ آدمی بھی جمع ہو گئے۔ ایک نے کہا "ہاتھوں کو مٹی میں رگڑ کر پکڑو" ایسا ہی کیا۔ اب سانپ ہے کہ زور مار رہا ہے اور چٹخا جاتا ہے پر نہ وہ نکلتا ہے اور نہ میں اُسے چھوڑتا ہوں۔

میرے دوست نے کہا کہ "تم اس کو کھینچو اور میں ہاکی اسٹک سے اسے کچلتا ہوں" چنانچہ یہ عمل جو کیا تو سانپ انچ دو انچ سرکا۔ میں نے دیکھا کہ یہ نکل پڑا تو کیا کروں گا۔ اور لوگ کہہ رہے کہ "اس کو کچل دو تاکہ مر جائے" میں نے کہا کہ "اب تو یہ ہرگز نہ ہوگا۔"

ہاکی اسٹک پر مضبوط ڈوری کسی ہوئی تھی۔ اس ڈوری کو کھولا اور جلدی جلدی اس کو دُہرا کر کے بٹا گیا۔ اب سانپ کو بیچوں بیچ میں اِس ڈوری سے اِس زور سے کس کر باندھا کہ اُس مقام کا جسم اُس کا کس کر چوتھائی رہ گیا۔ ایسا کہ یہ اندیشہ ہی نہ رہا کہ ڈوری سرک جائے گی۔ اس ڈوری کو ہاکی اسٹک میں باندھ کر میرے دوست نے کھینچا اور میں نے پرے ہٹ کر اپنی اسٹک سے سانپ کا جسم آہستہ آہستہ ٹھونکنا شروع کیا۔ سانپ کو نکلنا پڑا۔ ایک عظیم الشان پھنکار کے ساتھ بلبلاتا ہوا نکلا اور لگا اِدھ

اُدھر اس خطرناک طریقے پہ دوڑنے کہ اُس کو میدان میں لاکر ہاکی اسٹک کو اِیٹ سے دبا کر پرے ہٹ گئے۔ تھوڑی دیر تک تماشہ رہا پھر ہم نے ایک گھڑا منگایا، اُس کا منہ قریب کر دیا تو اس میں گھس گیا۔ گھڑے کے منہ پر رومال کس کر باندھ دیا اور اس شکار کو گھر لے آئے۔

گھر لاکر زمین میں ایک کھونٹا گاڑ دیا اُس میں یہ سانپ بندھا رہتا۔ اُوپر سے ٹوکری ڈھک دیتے۔ اسقدر زبردست سانپ تھا کہ ٹوکری کھولتے ہی جوش و خروش سے حملہ کیلئے دوڑتا تھا۔ عرصہ تک اسی طرح رہا۔

ایک روز لکڑی سے اُسے دبا کر قابو میں کر کے اُس کا پھن پکڑ لیا اور اُس کا منہ کھول کر پرکار کی نوک سے اُس کے خوفناک دانت توڑ دیئے۔ وہ دانت جن کے ذریعے سے سانپ اپنے زہر کا انجکشن دیتا ہے۔ اب یہی سانپ ایک بے ضرر کھلونا ہو گیا۔

لیکن یہ سانپ جوان تھا اور اس قدر پُرجوش کہ ہاتھ بھر اُونچا کھڑا ہو کر حملے پہ حملہ کرتا اور ایسی خوفناک پھنکاریں مارتا کہ آدمی کے ہوش اُڑا دے۔

اس سانپ کو پکڑے ہوئے زیادہ دن نہیں ہوئے تھے کہ قسمت پر نے چکی کا ڈنڈا اُلٹا پھیرا۔ گھر سے تار آیا کہ ہماری شادی طے ہو چکی اور فوراً فلاں تاریخ کو پہونچو۔ اوہو! ہم نے کہا کہ بھئی یہ زوردار بات رہی۔ سانپ تو موجود ہی ہے اب عورت بھی ملے گی تو پتہ چل جائے گا کہ زیادہ خوبصورت کون ہے؟ سانپ یا عورت! تاریخ قریب آئی تو اسکول سے چھٹی لیکر چلے ہم گھر کو۔ یعنی شادی کی فکر میں۔

(۲)

جب ہم گھر پہونچے تو بھابی جان نے لپک کر خبر سنائی کہ جس سے ہماری شادی طے ہوئی ہے وہ بڑی شرمیلی لڑکی ہے۔ مَیں نے منہ بھاڑ کر کہا "تو پھر، یہ تو کوئی تعریف کی بات نہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔" وہ بولیں "شرمیلی بہت ہے صورت اُس نے دیکھنے نہ دی"

اب آپ خود سوچئے کہ یہ بھی کوئی تعریف کی بات ہے کہ شرمیلی ہے! لاحول ولاقوۃ! ارے ہمیں تو ایسی عورت چاہیئے جیسے یہ سانپ! اور یہ کہکر میں نے سانپ کو بھابی جان کے منہ کے سامنے کر دیا اور وہ پھنکار مار کر ہاتھ بھر اُچھل کر کھڑا ہو گیا۔

بھابی جان نے ایک قلابازی کھائی اور "اوئی" کر کے لگیں چار پائیاں پھاندنے۔

جب ہماری برات چڑھکر دُلہن کے گھر پہونچی اور نکاح بھی ہو گیا تو ہم اندر بُلائے گئے۔ رسم یہ ہے کہ دولھا دُلہن کا منہ دیکھے اور دُلہن آرسی میں دولھا کا منہ دیکھے۔ ایک تخت پر ہماری بیوی بیٹھی ہوئی تھی کہ گوٹے کا ڈھیر! بڑی محنت کی گئی تب بھی اُس نے منہ نہیں دکھایا۔ کچھ دیکھنے میں نہ آیا۔ رسم پوری کر کے باہر جو لوٹے تو لوگوں نے ناطقہ بند کر دیا۔ سب یار دوست، ارے غیر رے پل پڑے پوچھنے "دُلہن کیسی ہے؟" کوئی پوچھتا ہے "گوری ہے؟" کوئی پوچھتا ہے "ناک نقشہ کیسا ہے؟ رنگ کیسا ہے؟" ایک بڑے میاں نے مسکرا کر پوچھا کہ "دُلہن کیسی ہے؟" بھلا غور کیجئے کیا بتاتا۔ کہدیا میں نے جھلکر کہ "آپ جیسی ہے" یہ بڑے میاں بہت بگڑے۔ اوروں سے بھی یہی کہا کہ معلوم ہوتا ہے دُلہن بدصورت ہے۔ غرض میں حیران ہو گیا۔ جب میں نے دیکھی ہی نہیں تو بتاتا کیا خاک۔

قصہ مختصر دُلہن کو بدا کر کے گھر لائے تو بھابی جان نے کہا کہ "چلو ہم تمہیں تمہاری دُلہن اچھی طرح دکھائیں"
کمرے میں پہونچکر اُنہوں نے مُنہ کھولنے کی ہر طرح کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی یہاں تک کہ ساتھ والی عورت نے بُرا مان کر کہا کہ "تم دُلہن کو رُلا دوگی" دُلہن نے اپنا مُنہ دونوں ہاتھوں سے کپڑے میں چھپا کر سر تخت پر رکھ دیا تھا۔ بھابی جان ہنسکر بولیں کہ "شرمیلی بہت ہے۔ تم اسے فرصت سے دیکھ لینا" ہم نے بھی سوچا کہ ٹھیک ہے فرصت ہی سے دیکھیں گے اسے۔

۳

میں نے چپکے سے کمرے میں جھانک کر دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ بجلی کی تیز روشنی میں کمرہ جگمگ جگمگ کر رہا ہے۔ سفید فرش ہے کہ چاندنی کھلی ہوئی ہے! چاندی کی سجی سجائی چھپر کھٹ پر سونے اور روپے کی گٹھڑی سی رکھی ہے۔ سارا کمرہ خود دُلہن کی طرح سجا ہوا مہک رہا تھا۔ آہا ہا ہا۔ سانپ! عورت! سانپ عورت! عورت! سانپ!
میں نے اب ذرا گردن بڑھا کر جھانک کر دیکھا۔ کھٹکا پاتے ہی بیوی بیر بہوٹی کی طرح اور سکڑ گئیں۔ میں دیکھ رہا تھا! ایک نگینہ کی طرح دُلہن صاحبہ کمرے میں چمک رہی تھیں۔
میں آہستہ سے کمرے میں داخل ہوا "جے شری رتی[1] جی کی" میں نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔ جواب ندارد۔ میں ایک کرسی کھینچکر بیٹھ گیا۔ باتیں کیں جواب ندارد۔ ہمت کر کے اُٹھا۔ پاس جاکر کان میں ایک ضروری اور کام کی بات کہی جو آپ کو نہیں بتائی جاسکتی مگر جواب ندارد۔ پھر مُنہ کھولنے کی کوشش کی۔ آپ خود سوچئے کہ کیسے نہ کھولوں آخر دیکھوں تو کیا معاملہ ہے۔ کہیں گونگی موذی یا مہاراج تو براجمان نہیں!
دونوں ہاتھوں سے پوری کوشش کی لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ بلکہ دُلہن بہادر نے دونوں ہاتھوں سے اپنا مُنہ چھپا لیا۔ اور مُنہ کو پلنگ پر بچھے میں رکھدیا۔
جب میں سب طرح سے تنگ آگیا تو میں نے جیب میں سے نکال چپکے سے دُلہن پر سانپ چھوڑ دیا۔ ترکیب سے روپٹہ میں ایسا لپیٹا کہ روپٹہ چھوڑتے ہی بن پڑے اور زور سے چیخا "ارے سانپ!!"
اب دُلہن صاحبہ نے جو گھبرا کر سانپ دیکھا اور وہ بھناکر جو اُن کو پیار کرنے لپکا تو دُلہن صاحبہ اپنا گھونگٹ اور روپٹہ چھوڑ کر ایک نعرہ مار کر وہیں سے "ہائی جمپ" کر گئیں۔ اور ادھر میں نے اچھل کر ہاتھ بڑھا کر کہا "ارے لکڑی لکڑی..... ارے جلدی....."
آپ یقین مانیں کہ ننگے سر عطر میں مہکتی ہوئی سونے اور روپے کی تصویر۔ بھٹا سی آنکھیں اور چاند سا مُکھڑا کھولے لکڑی لینے دوڑتی ہیں! اور جھپٹ کر پردہ کی لکڑی گھسیٹ کر مجھے دیدی۔
میں نے لکڑی لینے کو تو لے لی مگر خود سوچئے کہ سانپ مارتا کہ دیکھتا اُن کا چاند سا مُکھڑا! میں نے بجائے سانپ مارنے کے سر سے پیر تک اُن کو ایک نظر بھر دیکھا پھر سانپ کو پھر انہیں! ایک طرف کھڑا سانپ جھوم رہا تھا اور دوسری طرف.....؟

عظیم بیگ چغتائی

[1] رتی کام دیو کی دُلہن کا نام تھا۔

شعر بازی

کیا خیال ہے؟ یہ جو حکیم لوگ موتی مونگے کے نام سے کنکر پتھر کھلا کر ایک ہنگامہ برپا کرتے رہتے ہیں کہ دل کو یوں تفریح ہوتی ہے، دماغ میں دوں جولانی آتی ہے۔ سچ پوچھئے تو ہم پر ملا کہہ دیں کہ قبلہ یہ ہیں سب رئیسوں کے چونچلے اور ان حکیم جیوں کے ڈھکوسلے۔ اپنے مزے سے کھایئے ترتراتا قورمہ اور گیہوں کی رُقی چپاتیاں۔ پھر کلّی غرارہ کر، کلّے میں گلوری دبا، بچھونے پر دراز ہو، آنکھیں موند، عظیم اللہ خانی گڑگڑایئے، دو ڈکار سے خمیرے کے چاچھ کش لیجئے پھر دیکھئے عقل شریف کیا کیا قلانچیں مارتی ہے اور ذہنِ مبارک کیسی کیسی چوکڑیاں بھرتا ہے۔

چنانچہ اسی عالم میں یہ شگوفہ کھلا۔ دل نے کہا کہ اماں بہت دن سے شعر بازی نہیں ہوئی۔ کیا ابکی چاندنیاں یوں ہی کوری کٹ جائیں گی؟ فوراً دعوت نامے کا مضمون گانٹھا اور یارانِ طریقت کے نام چلتا کیا۔ اب آپ کی دُعا سے شعر بازی ہے جس کی رُوداد تو بعد کو سنئے گا پہلے دعوت کا یہ بے تکلف رقعہ قبول فرمایئے۔

طرح ندارد، ردیف القط، قافیہ سوخت، دو تین شعر سنائے اور مسند خالی کی، سرقے کی اجازت عام، بشرطیکہ توارد کے نام سے ہو اور سرقہ نیو الاتنا پابند وضع، کہ روایت، درایت، سماعت، بصارت سب بالائے طاق۔ آنکھوں میں آنکھیں لڑائے توارد کے جائیے خاکسار اپنی مالی کمزوری کے اعتبار سے اس بار دورِ دینِ کرام کے خورد و نوش، زادِ راہ، یا دیگر حوائج ضروری کا انتظام نہ کرے گا۔ البتہ جوتیوں کا تا بہ حد امکان ذمہ دار ہوگا۔

گھر کے مختصر صحن میں چھڑکاؤ، دری چاندنی کا فرش، صدر میں مسند اُس پر ایک تکیے صاحب قبلہ، خاصدانوں میں بسی ہوئی گلوریاں ہمراہ اگالدان، کوری صراحیاں، ٹھنڈا پانی، یہ تھا ہماری "شعر بازی" کا اہتمام، ادھر آٹھ کا گجر بجا اُدھر خوش فکرے ٹپکنے لگے۔

بساط بچھ چکی تھی، مُہرے اپنے اپنے خانوں میں ڈٹے ہوئے تھے، فکر یہ تھی کہ شعر بازی شروع کہاں سے ہو۔ دفعتاً کھٹ پٹ کی صدا اور کسی کی آمد نے بزم کو اپنی طرف متوجہ کر لیا۔

جل تو جلال تو! یا جوج ماجوج تو دو ہی حد دُنے تھے، یہ ثالث بالخیر کون نازل ہوئے؟

ماشاء اللہ سے چاروں ضلع برابر پورے چھ فٹ کے دیو ہیکل بزرگ، سر پر شملہ بمقدارِ علم، نین سکھ کا سفید نیچا کرتہ، خدا جھوٹ نہ بلائے تو کوئی دس بارہ گز گاڑھے کا پٹکا کمر سے لپٹا ہوا۔ ہاتھ میں ایک الفربہ تنبیہہ الغافلین، جسے دیکھ کر کٹر سے کٹر مولوی کو بھی تپ چڑھے، یہ بڑی اور نہایت بے تحاشا داڑھی، آنکھوں پہ کمانی ٹوٹی بینی ٹیڑھی عینک، ایک شیشہ بھوں پر چڑھا ہوا، دوسرا کمسک کر رخسار کی ہڈی پر ٹکا ہوا، موٹے دھاگے کی پچھاڑی سے کانوں میں اٹکی ہوئی۔ پان کی مسلسل جگالی کرتے جس سے کوئی ایک چوتھائی محاسن شریف حنا آلود۔

گرج کر کہا "سلام علیکم۔ یہ شعروں کی بازی کہ دھرے ہے، کب شروع ہوگی، شعر بان کون ہے؟ ایں!"

یہ "ایں" کچھ اس جھٹکے سے صادر ہوا کہ چلتے چلتے ہماری نبض نے ایک سکندری کھائی، اور زندگی کے آثار جب دوبارہ نمودار ہوئے ہیں تو دکھائی دیا کہ مسند پر حضرت ہی حضرت رکھے ہوئے ہیں، ڈرتے ڈرتے عرض کیا "شعر بازی یہیں ہے۔ قبلہ ہی اُس کے ہادی

ہونگے اور شعر بان یہی سمجھ ان ہے۔ حضرت کا اسم گرامی؟"

"حاجی عبدالقدوس، تخلص حاجی، گاہے حاجی جی، بہرحال حسب ضرورت اور وزن شعر کا لحاظ کرتے ہوتے۔ جی۔ اور بان ساکن عظیم آباد۔"

یہ "جی" اور "ایں" گویا تکیہ کلام کا دو نالا پستول تھا جو بار بار غریب مخاطب پر فیر ہوتا رہتا، ساری بزم ابھی چہ کنم میں تھی کہ حاجی جی نے نہایت بولشویک انداز سے فرمایا "شمع لاؤ ہم شعر پڑھیں گے اور دیکھو ہم شمس العلما بھی ہیں۔ خاص گورنمنٹی شمس العلما۔ جی۔"

"قبلہ یہ سو سو بتی کے چار برقی قمقمے آپ کے ملاحظہ سے شاید نہیں گزرے؟"

بگڑ گئے اور فرمایا "بغیر شمع کے شاعری حرام ابن حرام ہے۔ ایں!۔۔۔"

ان کے تیور اور تفقہہ سے مرعوب ہو کر پڑوسی بنیے کی دوکان سے کاٹ کا ڈیوٹ منگوایا۔ اور میٹھے تیل کا دیا جلا کر حاجی جی کے آگے رکھ دیا گیا۔

حاجی جی سنبھلے، کھنکارے، اور ریش بیضا کے ٹھوس اور دودھیے گردے میں پنجے سے زیرو بالا خلال کر کے عینک کے اوپر سے چاروں طرف بزم کو دیکھا اور غزل شروع ہو گئی۔

"پڑھوں؟ دیکھو پہلے پہلا شعر پڑھتا ہوں۔ سنو۔

"تم۔ تم یعنی معشوق۔ جی۔ خفا ہو مجھ سے تو میں بھی علیٰ ہذا القیاس" گردن ہلا کر "آپ کی خو ہے وہی، میری علیٰ ہذا القیاس" سلام الیکم، سلام الیکم۔"

قافیہ پر بزم میں ایک ہڑبونگ مچ گئی۔ حاجی صاحب نے دوسرا شعر سر کیا۔

"تم جو کہتے ہو۔ کیا کہتے ہو؟ کہ تجھ سے کچھ غرض ہمکو نہیں"

تو حاجی جی کہتے ہیں۔

"ہم کو کب پروا ہے اب تیری علیٰ ہذا القیاس"۔۔۔ جی۔"

"کون تو ے۔ فاعلاتن، رائیں تیرا۔ فاعلاتن، کون جو تم فاعلاتن کہتے ہو۔ فاعلن۔" دیکھو میں شمس العلما بھی ہوں۔ اور کیا جواب دیتا ہوں۔"

"کچھ مرے بھی دل میں اب سوجھی علیٰ ہذا القیاس، دیکھا؟ سلام الیکم! کیوں بھائیوں میعاد باقی ہو تو ایک شعر معاملے کا اور ہو۔"

سب نے یکزبان ہو کر کہا کہ "قبلہ آپ کو تو معافی دوام بہ عبور دریائے شعر، ہے۔ ارشاد۔"

"بیٹھتے ہیں جس طرح نزدیک تیرے آ کے غیر؛ اب یہاں سے معاملہ شروع ہوتا ہے؛

"ہوگا" آنکھ مار کے "میرے پاس بھی کوئی علیٰ ہذا القیاس" ہے کہ نہیں؟ ایں!"

"مقطع لکھا ہے۔ پوچھتے کیا ہو۔ اے۔ پوچھتے کیا ہو میاں حاجی نے دلکش طرح؛ اس میں حاجی جی نہیں کہا تو وجہ کیا کہ وزن سے گرتا ہے، پھر سے سنو۔ پوچھتے کیا ہو میاں حاجی نے دل کو جس طرح؛

"کھو دیا تھا جان بھی کھو دی علیٰ ہذا القیاس۔"

غزل ختم ہوئی، محفل تہ و بالا تھی، حاجی جی نے ناس کی ایک موٹی چٹکی سے بینی پاک کو ہلکا مسہل دیا۔ اور مسند چھوڑ کر نہایت شمس العلمایانہ بردباری سے گویا کہ شعر، مشاعرہ اور خود میر مشاعرہ سب پر ان کی یکساں حکومت تھی، بزم کا فرداً فرداً نظری جائزہ لینا شروع کر دیا۔

اب ایک اور صاحب رونق مسند ہوئے۔ ورزش کا کمایا ہوا بدن، اس پر نیچی چولی کا پھنسا پھنسا جامدانی کا انگرکھا، تنگ موہری کا شرعی پیجامہ، سر پر عرق میں کی قدحیا ٹوپی، دولت خانہ بمقبول میر ع۔ ہم رہنے والے ہیں اسی اجڑے دیار کے۔ دلی۔ گاؤ تکیہ کھینچ کر پہلو میں لے لیا۔ اس پر کہنی ٹیک کر بہ صد تمکنت اہل بزم

کی طرف دیکھا۔

"تبصرہ حضرت اُستاد کا ایک شعر سناؤں گا۔ فرماتے ہیں اور ایمان کی تو یہ ہے کہ انہیں کا حصّہ ہے۔

میں جھوٹا اور بات مری، تم سچے اور قاصد سچا

بزم نے مصرع اُٹھایا:۔

میں جھوٹا اور بات مری، تم سچے اور قاصد سچا

"طنز ملاحظہ ہو اور ثبوت کتنا لاجواب کہ سُبحان اللہ۔

میں جھوٹا اور بات مری، تم سچے اور قاصد سچا

پر یہ لفافے حاضر ہیں خط جن جن کو معنون ہے"

محفل میں کہرام مچ گیا، سُبحان اللہ واہ وا کے دو گھڑے برس گئے ــــ،

"اس جواہر پارے کے بعد میرے شعر خذف ریزے معلوم ہونگے۔ فقط تعمیل ارشاد ہے"

پھر نہایت رس بھرے گلے سے مزے لیکر ؎

نہ رکھ پیر بن میں پنجۂ وحشت ابھی کچھ باقی

بس اک دامن کہ ہے آزردۂ مشقِ جنوں وہ بھی

دوسری زمین کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔ سادگی اور بلندی کی داد لئے بغیر نہ رہو گے ؎

ہر ایک جلوہ نظر فریبی ہے، وہ اگر دلنشیں نہیں ہیں۔ اور حضور

کہیں نہیں جو یہاں نہیں وہ، یہاں نہیں تو کہیں نہیں ہیں

اس پر لوگوں نے کہا کہ "حضت خدا کے لئے اور۔ آپ نے تو دلوں میں آگ لگا دی"۔ حاجی صاحب نے داد دی: "شاعر ہیں کہ ارگن باجا۔ طبلے سارنگی کی سنگت ہو جائے تو بی اللہ باندی کے مجرے کا لطف آجائے۔ جی! اور پڑھو میاں دلّی والے اور پڑھو"

"ذرہ نوازی ہے آپ کی۔ عرض کرتا ہوں" دھن بدلکر ؎

"کچھ اس قدر ہے مزاجِ دلِ حزیں نازک

کہ عشرتِ غمِ الفت سبھی ناگوار ہوئی

ملاحظہ ہو۔ عرض کیا ہے ؎

متاعِ زیست ہے شاید دلِ حزیں کے لئے

وہ ایک خلش جو ہوئی اور بار بار ہوئی"

اب تخفیف تصدیعہ کرتا ہوں، نواب محسن صاحب کو بھی سُننا ہے، دُور سے تشریف لائے ہیں"

ایک مہین سُریلی آواز آئی: "آپ شوق سے فرمایئے، نحیف کا وقت آپ پر سے صدقے"

اس پر تھوڑی دیر قبلہ قبلہ ہونے کے بعد نواب محسن صاحب مسند پر تشریف لائے۔ دُبلے پتلے تولوں ماشوں کی جان، شربتی ململ کا سنجاف دار انگرکھا، نیچے کپلی جالی کا ہلکا پستی کرتا، بنارسی مشروع کا ٹھسا ہوا پیجامہ، تپچی کی نکے دار ٹوپی گھونگرو والے پٹوں پر جمی ہوئی، ہاتوں میں ہندی اور فیروزے کی انگوٹھیاں، شرمیلی نگاہوں سے اگالدان پر بائیں ہاتھ سے پردہ کر کے پان تھوکا۔ باریک رومال سے ہونٹ اور باچھیں پاک کیں اور مسند پر ذری کسسا کر غزل کا کاغذ رکھا۔

"کیا عرض کروں، ژولیدہ زبانی سے محجوب ہوں ــــ

ملاحظہ ہو ؎

جھلملاتے ہوئے تارے کیا ہیں

ملگجے پھول ترے بستر کے"

واہ وا کا شور بلند ہوا، نواب محسن صاحب تسلیمیں کرتے کرتے دُہرے ہو ہو گئے۔

"دوسرا شعر ملاحظہ ہو،

خار کو گل کے قریں دیکھ کے میں یہ سمجھا

چہچہے چہچہے بلبل کی زباں سوکھ گئی

بزم: "سُبحان اللہ نواب صاحب پھر ارشاد ہو" محسن صاحب نے مکرر شعر سُنایا۔

"یہ آخری ہے۔ عرض کرتا ہوں:۔

ناز کی ختم ہے ان پر جو یہ فرماتے ہیں: "فرشِ مخمل پہ مرے پاؤں چھلے جاتے ہیں"

پھر تسلیمیں بجاتے ہوئے پسینہ پونچھتے خس کی پنکھیا جھلتے مسند سے اچھل نشست پر آ گئے۔

کیا حاجی صاحب خاموش تھے؟ استغفراللہ! کہنے لگے "آپ شعر کیا پڑھتے تھے معلوم ہوتا تھا اوداں پہ طوطا اُتر کر تا جا رہا ہے، جی ــــ"

مجن صاحب کا کلام ابھی کانوں میں گونج ہی رہا تھا کہ ایک گوشے سے صدا آئی۔

"صاحب جواب ہم کیا نہ سُنائے پائیں گے؟ دو ہی تین تو کلمہ اشعار ہیں وہ بھی باسی ہوتے جا رہے ہیں"

سب نے کہا "آئیے آئیے بسم اللہ ضرور ضرور!" دیکھا تو بجن کے کرتے اور باریک دھوتی میں ایک لالہ صاحب۔ بندگی عرض کورنش کرتے ہوئے مسند پر آئے۔

دریافت کیا گیا "اسم گرامی؟"

"صاحب۔ اسم گرامی تو دیکھئے ..... ہے لالہ ہزاری لال، قوم کایستھ سری بایست دوسرے۔ فرزند نرینہ منشی بہاری لال صاحب آنجہانی مدظلہ العالی، ساکن وزیمنداز قصبہ پالی پرگنہ وتحصیل شاہ آباد ضلع ہردوئی، شاگرد خاص اُستاد خود مدفیوضہ"

"آپ کا نام ہے یا چورن والے کی بانی؟ اور یہ آنجہانی اُسپ مدظلہ العالی! جی! ایں!"

حاجی صاحب کا ڈبل بیرل جو چلا تو لالہ صاحب ذری دکھلائے، مگر ہم نے یہ کہکر معاملہ مختصر کر دیا کہ "ہاں منشی جی ارشاد"

"بس صاحب ہم گھر سے جلدی کے مارے ایک ہی مطلع لائے پائے۔ مگر یہ ہے کہ ہے مطلع آفتاب، برسبیل استعجال قلم سے نکل پڑا۔ کہا ہے ؎

مقراض موج دامنِ دریا کتر گئی
کشتی کا بادبان مشریا کتر گئی"

اور صاحب۔

دوست قافیہ پر قہقہہ پڑا۔

"منشی جی مطلع تو درحقیقت نایاب ہے مگر یہ مشریا کیا بلا ہے ــــ؟"

"لے اب کیا بتاؤں، ارے صاحب چوہے کو فارسی میں موش کہتے ہیں کہ نہیں، پھر اُس کی مادہ مُشریا ہوتی کہ اور کوئی۔ اب تازہ فکر اور سماعت ہوتے جاتے۔ شعر قابل تشنید ہے۔

ستلا کے داغ ہیں رُخ "ناباں پہ اس طرح
مانو کہ کہکشاں ہے کھلی آسمان پر"

بزم تھی کہ ہنستے ہنستے لوٹی جا رہی تھی، لالہ صاحب نے فرمایا کہ "آپ تو ہم کو خارزن میں کشید رہے ہیں۔ ملاحظہ ہوتے۔ ؎

سُن کے لیلیٰ آ رہا ہے دشت میں
ناقۂ مجنوں دِوانہ ہوئے گیا"

"منشی جی واہ، مضمون تو خیر سبحان اللہ مگر لیلیٰ کا ناقہ تو سُنا تھا، یہ مجنوں کا ناقہ آج تاریخ میں اضافہ ہوا"

"لے اب ہم تو شعر کہت ہیں تاریخ تو لکھت ناہیں ہیں"

"اور منشی صاحب یہ لیلیٰ کو آپنے مذکر باندھ دیا، قبلہ یہ تو سماعی اور قیاسی دونوں طرح پر مؤنث ہے"

"پھر اس میں ہم کیا غلطی کہا، آج تک اُردو میں کوئی معشوق عورت بندھا ہو تو سند لائیے، اب رہ گئی یہ عورت مرد کی لڑائی تو بھیا یہ تو دلی لکھنؤ والوں ہی کو مبارک ہوئے۔ عورت ہوئے کہ مرد ہم کا اچھا معلوم دیا اُٹھائے کے شعر میں باندھ دیا"

اس مرتبہ تو حاجی صاحب بالیقیں تنبیہ الغافلین ہی سنبھالتے اور لالہ صاحب کا کچھ مرنکال دیتے۔ جو ہم نے کہا کہ "حضرات تفریح ہو چکی، دو تین شعر یہیں بیٹھے بیٹھے ہو گئے ہیں قافیہ حسب حال ہے ملاحظہ ہوں۔

دستِ جاناں سے اُڑا جاتا ہے۔ غالباً رنگِ حنا پاگل ہے
دردمند تپ غم ہے خبطی۔ جو کرے اُس کی دوا پاگل ہے

قطعہ بند ہے۔

میں نے کل مادرِ لیلیٰ سے کہا۔ تیرا داماد سُنا پاگل ہے
رو کے بولی کہ جینوں کے نصیب، اُنکی قسمت میں لکھا پاگل ہے"

حاجی صاحب بولے "اماں تم تو کوئی اسم بامسمّیٰ معلوم ہوتے ہو، مگر یاد رکھو کہ ہم بھی شمس العلماء ہیں"

فائدے کی بات:۔ اِس مضمون میں کسی شعر کے متعلق اگر شُبہ ہو کہ آپ کا ہے تو براہ کرم اپنا بیان ضلفی اور صرف پانچ روپے چہرے شاہی "ساقی" کو بھیجکر راقم الحروف کا باز دعویٰ منگوا لیجئے۔ ورنہ خطا معاف، آپ جانتے ہیں۔ ع:۔

ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند

"آوارہ"

پیامِ گُل

صبحِ رنگیں کو رہینِ شامِ رعنا دیکھکر
ہنس رہا ہوں باغِ ہستی کا تماشہ دیکھکر

عینِ ہستی میں ہر اک غنچہ گریباں چاک ہے
بوئے گُل کیا ہے؟ چمن کا نالۂ بیباک ہے

جانتا ہوں مَیں بھی ارمانِ تبسّم کا مآل
مجھپہ روشن ہیں رموزِ صبح و شام و حال و قال

ایک تبسّم ہو جہاں میں کائناتِ زندگی؟
ہر کلی کی آنکھ میں ہوں کیفیاتِ زندگی؟

عرصۂ لمحات میں مضمر نہیں عمرِ حیات
زندگی کی گود میں پلتے ہیں ایامِ ممات

چشمِ بینا کیلئے ہر دم جواں ہے زندگی
موت کی آغوش میں خندہ کُناں ہے زندگی

زندگی رُوحِ خزاں و رقصِ ایامِ بہار
زندگی تمہیدِ غنچہ۔ زندگی گُل کا مزار

زندگی جوئندگی، تابندگی، رخشندگی
زندگی دریا و موجِ مردگی و فرزانگی

دانۂ گُل مر کے بھی رکھتا ہے شانِ زندگی
خاک کے تودوں میں مضمر ہے دکانِ زندگی

ہمتِ پیکار ہے درسِ کمالِ زندگی،
قوتِ تکرار ہے رسمِ مآلِ زندگی

موت کی آواز سے یہ ساز دب سکتا نہیں
زندہ رہ کر کوئی اِس دُنیا میں مر سکتا نہیں

حبیب نجیب آبادی

پہلا پتھر

"اس گنہگار عورت پر پہلا پتھر وہ چلائے جس نے خود کبھی گناہ نہ کیا ہو" (حضرت عیسیٰؑ)

(۱)

رام گڈھ کلب میں ٹینس ہو چکی تھی اور ممبرجن میں شہر کے معزز خواتین اور حضرات شامل تھے برقی روشنی سے منور ڈرائنگ روم میں ایک ایک دو دو کی ٹولیوں میں آرہے تھے۔ چند نے تاش سے شوق کرنا شروع کیا، ایک گنجے پروفیسر نے اپنی توجہ ریڈیو کی طرف مبذول کی اور باقی سب آرام سے صوفوں پر لیٹ کر باتیں کرنے لگے۔ اتنے میں دروازہ زور سے کھلا اور مسز ستھ، شہر کی لیڈی ڈاکٹر، داخل ہوئیں۔

"ہلو ڈاکٹر صاحبہ" مسز سنگھ نے پوچھا "کہاں رہیں؟ ٹینس پر تو آپ کا انتظار ہی رہا"

مسز ستھ اب تک ہانپ رہی تھیں۔ کچھ تو اپنے قدرتی موٹاپے کی وجہ سے، وہ تھوڑا سا چل کر بھی تھک جاتی تھیں، اور کچھ ان کے بشرے سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ ایک نہایت اہم خبر کی حامل ہیں۔ جس کے گراں بوجھ نے انکی تکان میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ مسز ستھ اس فیاض طبقہ سے تعلق رکھتی تھیں جو ہمیشہ اپنے رازمیں دوسروں کو شریک کرتے ہیں۔ اپنے پیشہ کی اہمیت جتانے میں بھی ان کو خاص خوشی حاصل ہوتی تھی۔

"کیا بتاؤں۔ یہ پیشہ ہی ایسا ہے۔ گھڑی بھر کی فرصت نہیں ملتی۔ بڑی مشکل سے فراغت پاکر آئی ہوں" اور پھر اپنے قریب بیٹھی ہوئی خاتون کی طرف مخاطب ہو کر "تم نے کچھ اور بھی سنا؟"

یہ سوال انہوں نے ایسی آواز میں کیا کہ سب نے سن لیا۔ مسز ستھ اپنی وشنام طرازی کے لئے مشہور تھیں اور اپنے کام کے سلسلہ میں اکثر لوگوں کے متعلق "دلچسپ واقعات" ان کے علم میں آتے تھے جن کو کلب میں بیان کرنا وہ اپنا فرض اولیں تصور کرتی تھیں۔

گنجے پروفیسر نے ریڈیو بند کر دیا۔ تاش کھیلنے والوں نے بازی فی الحال ملتوی کر دی۔ مردوں نے اپنی اپنی ٹائیوں کو درست کیا اور عورتوں نے اپنی ساڑھیوں پر سے شکنوں کو دور کیا اور سب ہمہ تن گوش ہو کر مسز ستھ کی جانب متوجہ ہو گئے۔

"اپنے پیشے کے اصول کے مطابق مجھے یہ بیان تو کرنا نہیں چاہیئے مگر کلب کے ممبر کی حیثیت سے مجھے لازم ہے کہ آپ کو اس واقعہ سے مطلع کروں۔ کیونکہ ایسے واقعات سے کلب کی بدنامی ہوتی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ مسز ٹامس کو کلب سے نکال دیا جائے"

مسز ستھ پچیسی میں اضافہ کرنے اور اپنا گلا صاف کرنے کیلئے ٹھہر گئیں۔ ایولن ٹامس میونسپل سکول میں ایک نوجوان معلمہ تھی اور ایک مہینہ ہوا کلب میں بعض ممبران کی سفارش پر داخل کی گئی تھی۔ اسکے داخلہ ہی پر کافی چہ میگوئیاں ہوتی تھیں۔ کیونکہ وہ ایک کم تنخواہ معلمہ تھی۔ اسکے خاوند کو جو کسی دوسرے شہر میں رہتا تھا کوئی جانتا بھی نہ تھا۔ اکثر خواتین کا خیال تھا کہ اس کا کلب میں ممبر کی حیثیت سے داخلہ ان کی ہتک تھی۔ بھلا کہاں فوق البھڑک ساڑھیاں پہننے اور موٹر میں پھرنے والیاں، کہاں وہ ساٹھ روپے کی استانی۔ مگر ان کی خفگی کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ باوجود ان کے شاندار کپڑوں اور غازہ اور سرخی کے استعمال کے ایولن ٹامس سب سے زیادہ خوبصورت تھی۔

"ہاں تو کیا ہوا مسز ستھ؟ میں تو پہلے ہی کہتی تھی کہ اس کمبخت کو داخل نہ کیا جائے" ایک خاتون نے کہا۔ یہ بوڑھے اور گنجے پروفیسر اندرسین کی نوجوان بیوی موہنا تھیں۔ تعلیم تو معمولی ہوتی تھی، مگر رام گڈھ کی سوسائٹی کی تتلیوں سے بڑھیا ساڑھیاں پہننا اور فرانسیسی

سامانِ زیبائش کا استعمال سیکھ لیا تھا۔ انگریزی ٹوٹی پھوٹی بولتی تھیں مگر بالکل فرانسیسی انداز میں جیسے کہ کوئی خاص پیرس کی حسینہ انگریزی بولنے کی ناکام کوشش کر رہی ہو۔

مسز سمتھ نے آرام لیکر پھر سلسلۂ بیان شروع کیا "کیا بتاؤں مجھے تو سناتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔ مگر کلب کی بہبودی کے خیال سے آپ کو اطلاع بھی دینی ضروری ہے۔ جیسا کہ آپ کو شاید یاد ہوگا ایولن کی شادی چھ مہینے ہوئے ہوئی تھی۔ اور آج اُس کے بچہ پیدا ہوا ہے"

"کیا؟"

"ہاں؟"

"واقعی؟"

"لاحول ولاقوۃ"

"توبہ۔ توبہ"

یکدم چاروں طرف سے یہ آوازیں بلند ہوئیں اور مسز سمتھ آرام سے صوفے پر لیٹ کر لوگوں کے چہروں کا مطالعہ کرنے لگیں۔

"میں تجویز کرتی ہوں کہ ایولن ٹامس کو فوراً نکال دیا جائے۔ ایسی عورت کا ممبر رہنا کلب کی ذلت ہے"

تجویز پیش کی مسز اندرسین نے، موافقت ایک نوجوان انجنیر رام لال نے کی اور بالاتفاق فوراً پاس ہوگئی۔

الگ الگ صوفوں پر اسی واقعہ کے متعلق آہستہ آہستہ گفتگو شروع ہوگئی۔ مگر یہ ظاہر تھا کہ مسز سمتھ کی خبر نے کلب کی فضا میں ایک بے لطفی پیدا کر دی تھی۔ پروفیسر فلسفیانہ انداز میں ریڈیو کے ساتھ کھیل رہا تھا، کچھ لوگ اخباروں کی تصویروں پر نظریں جمائے ہوئے تھے

رام لال انجنیر نے مسز اندرسین کی طرف معنی خیز نگاہوں سے دیکھا جس کا جواب ایک خفیف سی مسکراہٹ سے پاکر وہ اٹھ کھڑا ہوا ——!

"اچھا اب میں تو اجازت چاہتا ہوں" اُس نے اوورکوٹ پہنتے ہوئے کہا" اور پھر پروفیسر کی طرف مخاطب ہوکر" پروفیسر صاحب چلئے آپ کو کار میں پہونچاتا جاؤں"

"ہیں! نہیں۔ شکریہ۔ میں تو دس بجے ریڈیو پر خبریں سُنکر جاؤنگا" پروفیسر نے بیدار ہوکر کہا" مگر ہاں مہربانی فرماکر موہنا کو پہونچاتے جایئے۔ وہ جانا چاہتی ہوگی"

جانے سے قبل موہنا نے پھر ایولن ٹامس کے متعلق کلب کے سکریٹری مسٹر اختر حسین سے کہا" اچھا تو اختر صاحب آپ آج ہی ایولن ٹامس کو اطلاع دیدیجئے کہ اسکو کلب کی ممبری سے خارج کر دیا گیا ہے۔ ہم ایسی آوارہ عورتوں کو نہیں رکھ سکتے"

"کیوں موہنا" رام لال نے ایک ہاتھ سے موٹر چلاتے ہوئے اور دوسرے کو موہنا کے گردن میں حمائل کرتے ہوئے کہا" اگر پروفیسر کو معلوم ہوجائے تو کیا ہو"

موہنا نے اس کا جواب ایک پیار بھرے چپت سے دینا مناسب سمجھا۔

(۲)

"آج منٹی برق اب تک نہیں آئے" رات کا ایک بجا تو لچھمی طوائف نے اپنے اُستاد جی سے پوچھا۔

پوپلے استاد جی نے جواب دیا" تعجب ہے۔ ایسی دیر تو اُن کو ہوتی نہیں ہے کبھی۔ وہ تو بارہ کے بعد ہی آجاتے ہیں۔ اچھا تو اب میں تو چلا۔ آئیں گے بھی تو اب گانا کیا سُنیں گے" یہ کہکر وہ تو چلتے بنے۔

"میں بھی اب جاکر سوتی ہوں" لچھمی نے انگڑائی لیتے ہوئے کہا" اب کبتک اُنکا انتظار کروں"

"جہاں اتنا انتظار کیا ہے وہاں چند منٹ اور ٹھہر جاؤ" بوڑھی جہاندیدہ نائکہ بولی۔

وقت کاٹنے کیلئے لچھمی نے ہارمونیم بجانا شروع کر دیا۔ لچھمی

خوبصورت نہ تھی۔ عمر بھی ۳۵ سے کم نہ تھی۔ گناہ کی زندگی سے چہرے پر ایک پھٹکار سی برستے لگی تھی۔ مگر پاؤڈر و غازہ کی مدد سے بجلی کی سُرخ روشنی میں جب بیٹھتی تو کوئی نہ کوئی گاہک پھنس ہی جاتا تھا۔ گانا اچھا جانتی تھی اس لئے ناچ مجرے سے بھی معقول آمدنی ہو جاتی تھی۔ منشی برق اُس کے پُرانے چاہنے والوں میں تھے اور اپنی عاشقی کو پندرہ برس سے نباہے جا رہے تھے۔ وہ شہر کے ایک ہفتہ وار اخبار "ختاس" کے اڈیٹر تھے، جسکی پالیسی "سرکار کی وفاداری، اسلام کی اخلاقی و مذہبی روایات کو قائم رکھنا اور نئی روشنی کی تباہی سے قوم کو بچانا" تھی۔ شہر کے پُرانے خیال کے طبقے میں اُن کی کافی عزت کی جاتی تھی، ضلع کے دربار میں اُن کو کُرسی ملتی تھی۔ اکثر اوقاف کے متولیوں میں تھے۔ اس لئے کم از کم ظاہر داری کا تقاضہ تھا کہ دن دہاڑے طوائف کے مکان پر چڑھتے نظر نہ آئیں۔ اُنکے آنے کا مقررہ وقت بارہ بجے تھا۔

اب ڈیڑھ بج گیا تھا۔ نائکہ نے بھی اب لچھمی سے کہا "بس اب جا کر سو رہو، منشی جی کو کوئی کام ہو گیا ہو گا۔" لچھمی ہارمونیم بند کر کے اُٹھنے ہی والی تھی کہ زینے پر کسی کے چڑھنے کی آواز آئی اور منشی برق ہانپتے کانپتے داخل ہوئے۔

پچاس سے اُوپر عمر، پنشاخہ ڈاڑھی، اس میں گھٹیا خضاب سے قوس و قزح کے رنگ۔ سر پر پٹھے۔ ان میں سیروں تیل پڑا ہوا۔ سر پر چوگوشہ مخمل کی ٹوپی۔ ریشمی شیروانی۔ سلیم شاہی جوتا۔ منشی برق اچھے خاصے چڑی کے غلام معلوم ہوتے تھے۔

سانس قابو میں آیا تو بولے "ارے لچھمی بیٹھو۔ کھڑی کیوں ہو۔" نائکہ سے پان کی فرمائش کی اور پھر سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "ارے بھئی معاف کرنا۔ مجھے آج ذرا ضروری کام ہو گیا تھا۔ اس لئے دیر ہو گئی۔"

لچھمی تجربہ کار طوائف تھی۔ اِس موقع سے فائدہ اُٹھا کر بولی۔ "جی ہاں۔ آپ کو ہمیشہ کام ہی ہوتا ہے۔ یہاں تو انتظار کرتے کرتے تھک گئے۔ اتنی رات گئے بھلا کیا کام تھا۔ کسی اور کو ٹھے پر گئے ہو نگے۔"

منشی برق نے ایک خوفناک قہقہہ لگایا۔ "ارے ہاں! اس عمر میں ضرور کہیں اور جاؤنگا! بھلا پندرہ برس سے جب سے ہماری تمہاری مُلاقات ہوئی کبھی سُنا ہو کہ مَیں کہیں اور گیا۔"

"اچھا تو پھر بتاؤ کہاں گئے تھے؟" لچھمی نے اصرار کیا۔

منشی جی نے پہلو بدلا۔ ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرا، ٹوپی اُتار کر رکھی اور جواب دیا۔ "ارے لو تمہیں نہیں تو کسے بتاؤں گا۔ بڑا دلچسپ قصّہ ہے۔ پہلے ایک پان اپنے ہاتھ سے کھلاؤ تو شروع کروں۔"

لچھمی نے پان دیا اور منشی صاحب نے اپنے زرد پائیریا زدہ دانتوں میں دبایا۔

"بات یہ ہوئی۔" اُنہوں نے کہنا شروع کیا۔ "کہ آج اپنے اخبار کے لئے بہت بڑھیا مواد ہاتھ آیا ہے۔ کلب کے خانساماں سے معلوم ہوا۔ وہاں بھی اسی کی چہ میگوئیاں ہو رہی تھیں۔ وہ عیسائی چھوکری مسٹر ٹامس ہے نا، سکول میں پڑھاتی ہے۔ اسکے متعلق۔ ایک ہفتہ ہوا اُس کے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ اور" منشی جی نے آنکھ مار کے کہا "شہر کے گرجا کے پادری کا رجسٹر کہتا ہے کہ شادی صرف پانچ مہینے ہوئے ہوئی تھی۔ کیوں کیسی رہی؟ تو مَیں اُسی کے متعلق تحقیقات کر رہا تھا۔ پادری سے ملا، اُس کا رجسٹر دیکھا۔ سکول کے مُلازمین سے پوچھا، لیڈی ڈاکٹر سے ملا۔ تب جا کر یہ مواد دستیاب ہوا ہے۔ پرسوں پرچہ نکلنے کا دن ہے۔ سوچا کہ مضمون بھی لکھ لوں۔ سُنو گی؟ جیب ہی میں ہے۔۔۔۔۔"

لچھمی اور اُس کی نائکہ دونوں نے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور اور قریب آ کر بیٹھ گئیں۔ منشی جی نے جیب سے کچھ کاغذ نکالے، ایک قینچلی عینک ناک پر رکھی اور پڑھنا شروع کیا۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اخبار "ختاس" کی پالیسی کے مطابق ہم ہمیشہ بے پردگی، فیشن، اور عورتوں کی تعلیم کے مضر اثرات کو عوام

پر ظاہر کرتے آئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہم نے اکثر بے پردہ طبقہ کی بدمعاشیوں اور بداعمالیوں کی مثالیں بھی ناظرین کے سامنے پیش کی ہیں تاکہ مسلمانوں پر بے پردگی اور تعلیم نسواں کے خطرات عیاں ہوجائیں۔ چند ماہ کا عرصہ ہوا ہم نے مخلوط کلب کی رنگ رلیوں کا ذکر کیا تھا۔ مگر آج ہمارے علم میں اس سے بھی زیادہ سنگین واقعہ آیا ہے جو صاف ظاہر کرتا ہے کہ عورتوں کو بے پردہ رکھنے اور اُن کو آزادی دینے سے کیا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ شہر کے گرلز اسکول میں ایک نوخیز عیسائی اُستانی ہیں۔ مسز ٹامس، جن کی خانہ آبادی شہر کے گرجا میں پانچ ماہ ہوئے ہوئی تھی۔ اور آج تہذیب جدید کی برکت سے اُنکے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے!.....؟

لچھمی اور اُس کی نائکہ نے ایک قہقہہ مارا اور منشی جی نے فاتحانہ انداز سے اُن کی طرف دیکھتے ہوئے اپنا مضمون جاری رکھا۔

"کیا اِس واقعہ کے بعد بھی شہر کے شریف مسلمان اپنی لڑکیوں کو گرلز سکول میں پڑھنے کے لئے بھیجیں گے۔ جہاں اُستانیاں ایسی ہونگی وہاں کی لڑکیوں کا کیا حال ہوگا؟ ہم گرلز سکول کی مینجنگ کمیٹی اور خصوصاً اُس کے صدر رائے بہادر موہن لال سے سوال کرتے ہیں کہ کیا اُن کو اس واقعہ کا علم ہے.....؟"

(۳)

رائے بہادر موہن لال نے تیسری بار "مختاس" کے مضمون کو پڑھا اور میز پر رکھدیا۔

رائے بہادر موہن لال دس لاکھ روپیہ نقد، تین کوٹھیوں، چار باغات اور ایک توند کے مالک تھے۔ عزت اور شہرت دولت کی لونڈیاں ہیں۔ رائے بہادر موہن لال نے اپنی دولت اپنے دو بھتیجوں کی جائداد غصب کرکے اور سٹہ کے ذریعے حاصل کی تھی۔ لیکن اب تو اُن کا شمار شہر کی معزز ہستیوں میں ہوتا تھا۔ آنریری مجسٹریٹ میونسپلٹی کے صدر۔ "ہندو دھرم سبھا" کے سکریٹری اور پچھلے سال سے جب اُنہوں نے دس ہزار نقد چندہ دیا تھا، رام گڈھ گرلز سکول کی مینجنگ کمیٹی کے بھی صدر۔

رائے بہادر صاحب نے اپنی بچی توند پر ہاتھ پھیرا۔ جو چکن کے کُرتے میں سے چمک رہی تھی۔ ایک ڈکار لی۔ اور چوتھی بار پڑھنے کیلئے "مختاس" اُٹھایا ہی تھا کہ اُن کے لنگوٹیا یار خان بہادر چھجّن میاں صاحب داخل ہوئے۔ اُن کے ہاتھ میں بھی ایک "مختاس" کا پرچہ تھا۔

خان بہادر چھجّن خاں ایک خاندانی رئیس تھے۔ انکے دادا کے ہاں چھ ہاتھی اور چھ طوائفیں تھیں۔ ان کے والد کے پاس ایک گھوڑا اور فقط ایک ہی خانہ زاد تھی۔ چھجّن خاں کو ہمیشہ افسوس رہا کہ اجناس کی گرانی کے سبب وہ کبھی ایک طوائف گھر پر نہ رکھ سکے۔

"ارے یار یہ کیا لکھا ہے؟" خان بہادر صاحب بیٹھتے ہی فرمایا۔

"میں نے خود ہی ابھی پڑھا ہے۔ سخت بدنامی کی بات ہے۔ سکول کی ناک کٹ گئی" رائے بہادر نے جواب دیا۔

"ارے جناب تمام شہر میں یہی چرچا ہے۔ لوگ کہتے ہیں ہم اپنی لڑکیوں کو ایسے سکول میں نہیں بھیجیں گے" خان بہادر صاحب بولے "اب آپکا کیا ارادہ ہے؟"

"ارادہ کیا بھئی۔ اب مینجنگ کمیٹی کے ساتھ معاملہ رکھنا پڑیگا" رائے بہادر صاحب نے فرمایا۔

"مگر ایسی عورت کو تو آپ کو ایک منٹ سکول میں نہ رکھنا چاہیئے" خان بہادر نے کہا۔ "ورنہ اپنا اسکول خالی ہوا سمجھئے۔ آخر آپ کو بھی تو بحیثیت صدر مینجنگ کمیٹی کچھ اختیارات ہیں"

"تو کیا فوراً نکالدوں"

"اور کیا۔ اگر اپنے سکول کی خیریت چاہتے ہو۔"

"مگر اس سے پوچھ تو لیا جائے"

"ارے میاں، اس میں پوچھنے کی کیا بات ہے؟ نکال باہر کرو سالی کو"

رائے بہادر صاحب کو بھی اپنے اسکول کی نیک نامی کی بہت فکر رہتی تھی کیونکہ اس کی بدنامی سے اُن کی بھی بدنامی ہوتی تھی اسلئے اُنہوں نے وہیں کاغذ قلم منگا کر مسٹر ٹامس کی برخواستگی کا حکم لکھ اُس کے گھر بھجوا دیا۔

جب نوکر خط لیکر روانہ ہوگیا تو رائے صاحب نے افسوس بھرے انداز میں کہا "کمبخت اگر اس قماش کی تھی تو آخر ہم لوگوں نے کیا قصور کیا تھا کہ محروم رہے"

(۴)

"ائے بس ہنسی بند کرو"

ایولن کو غصہ آرہا تھا اور اُس کے خاوند کا ہنسی کے مارے بُرا حال تھا۔

"میری نوکری چلی گئی اور تم ہو کہ ہنسے جارہے ہو" اُس نے ٹامس کے بال کھینچتے ہوئے کہا۔

"یہ شہر کمبخت اس قابل نہیں ہے کہ تم یہاں رہو" ٹامس نے ہنسی روکتے ہوئے کہا "اب میں اپنی ایولن کو یہاں چھوڑونگا ہی نہیں"

"تو تمہارے پچاس روپے پر کیسے دونوں گزارہ کریں گے۔ اور ان لوگوں کو دیکھو کہ مجھے بلا کر پوچھا بھی نہیں۔ اس ذلیل چھوکرے "ختاس" کے کہنے پر مجھے نکال دیا۔ میں کل ہی اپنی پہلی شادی کا سرٹیفکیٹ لے جاکر رائے بہادر کو دکھاؤنگی"

"وہ اس قابل نہیں ہے کہ تم اُس سے ملنے جاؤ۔ تمہاری پاکبازی کا انحصار رائے بہادر موہن لال کی رائے پر نہیں ہے۔ نہ رام گڈھ کلب کی ممبری پر۔ میں کہتا ہوں کہ تم اس جگہ کی فکر ہی نہ کرو۔ اور کل صبح ہی میرے ساتھ دہلی چلو۔ بھلا رام گڈھ بھی کوئی رہنے کی جگہ ہے۔ رہی ہماری شادی تو وہ ہمارا فعل ہے۔ ہم خواہ دس دفعہ شادی کریں۔ کہو تو دہلی میں تیسری دفعہ گرجا میں جاکر نکاح پڑھالیں۔ ... مگر ایولن، یاد ہے، جو مزہ اس خفیہ شادی میں آیا تھا۔ کس طرح تم گھر سے چھپ کر آئی تھیں۔ اور گرجا میں جب پادری بائبل پڑھ رہا تھا تو تم کانپ رہی تھیں ..... "

"یہ سب تو ہے۔ لیکن میں کہتی ہوں دہلی جیسے شہر میں ہم کیسے تمہاری تنخواہ پر گزارہ کرینگے"

ٹامس نے ایک اور قہقہہ لگایا "اے میری منی، میں نے تجھے ابھی یہ تو بتایا ہی نہیں۔ مجھے اپنے دفتر کی ہیڈ کلرکی مل گئی ہے۔ اب سَو روپے تنخواہ ملے گی، سَو روپے ....."

"اوہ۔ سچ بتاؤ" ایولن نے خوشی سے ٹامس کے گلے میں بانہیں ڈالتے ہوئے کہا۔

"اور نہیں تو۔ اور ابھی پوری بات تو سنو۔ کہ میں الزبتھ ہائی سکول کی ہیڈ مسٹرس سے میں ملا تھا۔ اُسنے کہا ہے کہ اسکے ہاں ایک اُستانی کی جگہ خالی ہے۔ یقین ہے تمہیں وہ لے لیگی"

"اے سچ!" ایولن خوشی کے مارے سُرخ ہوگئی "اب تو کل ہی اس منحوس شہر سے بھاگ چلو"

"ہاں" ٹامس نے جواب دیا "مگر کچھ اور بھی یاد ہے۔ آج ہماری پہلی شادی کی سالگرہ ہے۔ اس کا تو جشن منانا چاہیئے"

اسی رات محلہ والوں کا سونا حرام ہوگیا۔ گراموفون پر گانے کے رکارڈ، ٹامس اور ایولن کے قہقہے اور اُن کے بچے کے رونے نے آسمان سر پر اُٹھالیا۔

چمکی

خواجہ احمد عباس

مرزا عظیم بیگ چغتائی کا تازہ ترین شاہکار "چمکی" پڑھکر آپ کو کہنا پڑیگا کہ "اے عورت تیرا نام خود داری ہے"

قیمت قسم اوّل ایکروپیہ بارہ آنے (عہ) قسم دوم ایکروپیہ آٹھ آنے (عہ)

ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی

جذبِ عشق

خوشا وہ دور! کہ مغرورِ حُسن ہم بھی تھے
ہزار دل تھے جنہیں روندتے تھے قدموں سے

خیالِ دوش، نہ فردا، نہ فکرِ نیک و بد سے
چمن تھے نار بھی معصومیت سے بھر دیتے

اچانک اِک نگہِ سحر نے، وفا دم نے
اس عرشِ دل کے بھی ہاں، کنگرے ہلا ڈالے

نیا شباب، دلِ پاک، بولِ الفت کے
نسیمِ خُلد کے آتے تھے جیسے جھونکے سے

قسم وفا کی، محبت کی، جور کے شکوے
دلِ گزیدہ پہ چرکے یہ، اور نشتر کے

وفا نے کھولیں جو باہیں، تو عشق جا لپٹے
تھے لب پہ لب کہ محبت کے چار حرف ملے

یہ زندگی تھی نئی، آن اور شان نئی؛
دلِ فسردہ میں ڈالی کسی نے جان نئی

تجلات کا جلوہ دکھا دیا کس نے؟
تعشقات کا جادو چلا دیا کس نے؟

تقیدات کا پردہ اٹھا دیا کس نے؟
دوئی کو میٹ کے یکتا بنا دیا کس نے؟

سکونیات کا خاکہ اُڑا دیا کس نے؟
تحیرات کا نقشہ جما دیا کس نے؟

شکست و فتح کو یکسر مٹا دیا کس نے؟
جبینِ ناز سے سجدہ کرا دیا کس نے؟

تصورات میں خود کو بسا دیا کس نے؟
بگاڑ کر مرا سب کچھ بنا دیا کس نے؟

بنا کے، خاک میں پھر سے ملا دیا کس نے؟
مٹا کے، خاک کو مسند بنا دیا کس نے؟

اسی کرم نے، عنایت نے، دوستداری نے!
اسی نگہ نے، محبت نے، جاں نثاری نے!

کبھی وہ چپکے سے آنا، وہ گدگدا دینا۔
نظر نظر سے ملا کر وہ مسکرا دینا

تڑپ کے، جھوٹی تڑپ سے، کبھی رُلا دینا
مژہ پہ دیکھ کے اشکوں کو، کھلکھلا دینا

جو وقت کام کا بتلایا، بڑبڑا دینا
چھیڑ سے کانٹا گھڑی کا کبھی گھٹا دینا

کبھی جو غم بھی ہوا بات میں اُڑا دینا
ہُنر بڑھانا سداعیب کو چھپا دینا
مٹانا ہجر سے، اور وصل سے جِلا دینا
فنا بتا کے، حیاتِ ابد بقا دینا
وہ اپنا دل سے فدا ہونا، جاں نثار ہونا
ستم ہو، مہر ہو، دل تھا یہ، اور دُعا دینا

وہ طفلی تھی، کہ جوانی تھی، رازداں، نہ چھیڑ!
نہ چھیڑ، بہرِ خدا، غم کی داستاں نہ چھیڑ!

وہ دن کہ جس میں وفاؤں کی تھی گھٹا چھائی
وہ رات، جس میں محبّت کے نُور کی تھی جھڑی
وہ عہد، نام ستم کا بھی جب کہ تھا شوخی
وہ دَور، جس میں مسرّت تھی، عیش تھا، مستی
زمانہ وہ، کہ پرستش تھی زندگی اپنی
وہ دن کہ ہم بھی کسی کے تھے قبلہ گاہِ دِلی
وہ حُسن و عشق کہ نازاں تھا جس پہ ربِّ جلی
بلائیں حُور جو لیتی تھی، جُھومتی تھی پَری
جفا وہ، جس میں کرم کی ہزار رنگینی،
وفا وہ، جس سے محبّت بھی تھرتھراتی تھی
وہ حال، جس میں مسرّت تھی یا دِ ماضی کی
وہ آنے والا، خوشی جس کی حال سے تھی بڑھی

گیا تو جائے، وفا کی جو شان باقی ہے
جو غم ہے، یہ، کہ مرے پر بھی جان باقی ہے

جو تابِ درد ہے، اے دل، نگار ہوتا جا!
جو داغ نقش بنیں، تُو نگار ہوتا جا!
جو ضبطِ سوز نہیں، بے قرار ہوتا جا!
بجھے نہ سوز، تو ہو اشکبار، ہوتا جا!
کسی کے جلوے کا آئینہ دار ہوتا جا!
خزاں میں بھی چمنِ نو بہار ہوتا جا!
جو شوقِ دید ہے، اُمیدوار ہوتا جا!
کسی کے راہگذر کا غبار ہوتا جا!
قدم قدم پہ رہِ انتظار ہوتا جا!
پلک پلک سے صفا کارِ خار ہوتا جا!
فنائے درسِ فنا بار بار ہوتا جا!
ستانے والے پہ اپنے نثار ہوتا جا!

جو جذبِ عشق ہے، معشوق پھر سے پالیں گے!
کبھی تو پُوج کے بُت کو خُدا بنالیں گے!

سید علی شاکر رحیم

نوائے فراق

ہر نظر رنگینیوں میں یاد گار
ہر ادا میں مستیِ صبحِ بہار

یار کے بس میں نہیں اب نازِ یار
کیا کیا یہ اے دلِ ناکردہ کار

بزمِ ہستی ہے سراپا انتشار
حُسن کے دل میں بھی تھا کتنا غبار

اضطرابِ عاشقی تجھ پر نثار
کس کا غم ہے اے نگاہِ نازِ یار

اب کہاں وہ دردِ وصل و ہجرِ یار
بھول بیٹھا تجھ کو عشقِ بیقرار

ہوش و توقی سے گذر جا عشق میں
سُن پیامِ نرگسِ رعنائے یار

بھول جاتے ہیں جہاں کے سانحے
یاد آتے ہیں ترے قول و قرار

لرزشِ پنہاں سی ہے افلاک میں
چال پر تیری ستارے بھی نثار

اور ہی انداز سے دے درسِ ضبط
اور ہی عنوان سے کر بیقرار

حُسن کی انگڑائیاں یاد آگئیں
جیسے ٹوٹے بادۂ غم کا خمار

سب کر رہے ہیں سکوتِ حُسن کے
نظمِ ہستی حشر کا ہنگامہ زار

کس قدر یکسں ہے عشقِ بدگماں
آنکھ پُرنم، ہاتھ میں دامانِ یار

ایک عالم ہے سکونِ شامِ ہجر
آگیا چلتی ہواؤں کو قرار

طول کھینچا انتظارِ یار نے
اب نہیں اتنی فضائیں بیقرار

شرطِ الفت کیا بس اک شرطِ سکوت
جان جاتی ہے تو جائے دم نہ مار

بے نیازِ نیستی بھی کر دیا
اِن حیا پرور نگاہوں کے نثار

ایک ہنگامہ میاں خوش کامیاں
اک فسانہ ہیں یہ جبر و اختیار

کھلتے جاتے ہیں رموزِ صبح و شام
تجھ کو دیکھا اے نگاہِ لطفِ یار

یہ اُداسی اے سبکسارانِ عشق
بارِ خاطر ہو گیا احسانِ یار

ماورائے مشکل و آسانِ عشق
کچھ نہیں ہونیکا ناداں سر نہ مار

سُست کتنی ہے بنائے عشق بھی
اک تغافل پر ہے کُل دار و مدار

اُف خلوصِ حُسن کی نیرنگیاں
سچ بتاؤ کس کو تم کرتے ہو پیار

اپنے مرکز پر ہیں اب ذرّاتِ دل
دُور پہونچا عاشقی کا انتشار

اضطرابِ شوق رُسوا ہو چلا
اُٹھتی چل اب اے نگاہِ شرمسار

بن سراپا نشترِ پنہاں فراق
کر علاجِ دردِ وصل و ہجرِ یار

فراق گورکھپوری

سوچنے کی علت

ہمارے دوست "بھڑ بھڑتے شاہ" کے افکار و ارشادات معقول ہوتے ہیں یا مہمل اس کا فیصلہ آسان نہیں مگر ایک سب سامعین اس رائے پر متفق ہیں کہ وہ انوکھے اور دلچسپ ہوتے ہیں۔ اور خاکسار راوی ان کی زیادہ قدر اسی لئے کرتا ہے۔ اسے بھی معقولیت اور پند و نصیحت کی خشکی سخت ناپسند ہے۔ بات حق ہو یا ناحق طرزِ ادا میں کوئی ندرت ہونا چاہیئے۔ ایسی ہی باتیں دل نشیں ہوتی ہیں۔ اسی نقطۂ نظر سے میں حضرت بھڑ بھڑتے شاہ کے کچھ دماغی کپوڑے ناظرینِ ساقی کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ یہ ہوتے ہیں ذرا دیر ہضم، اس لئے بیک وقت تھوڑی تھوڑی مقدار سے ضیافت ہوگی۔ اگر ناظرینِ ساقی کو موافق آئے تو دَور جاری رہیگا ورنہ موقوف۔

مسلم،

بھڑ بھڑتے شاہ معمولاً کم سخن بلکہ بے سخن ہیں۔ مگر کبھی ذرا سی چھیڑ سے ان پر کبھی اس کا دَورہ پڑ جاتا ہے اور ایک صحبت میں دنوں کی تلافی ہو جاتی ہے۔ ایک سوال پر میں نے کہہ دیا "ذرا سوچ لوں تو عرض کروں گا" پھر کیا تھا جیسے تالاب کا بند ٹوٹ گیا۔ میری مانگی مراد بر آئی اُن کی تقریر حرف بحرف پی لی۔ اور اُٹھتے اُٹھتے ہی فیصلہ کر لی:۔

تم نے آج تک اپنے ہر اُستاد اور ناصح سے یہی تعلیم پائی ہے کہ کوئی کام بے سوچے سمجھے نہ کیا کرو۔ ہر بات کو پہلے اچھی طرح سوچ لیا کرو پھر عمل کرو۔ میں آج تم کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ سوچنا اخلاقی مرض ہے، دماغی روگ ہے، عملی گھن ہے۔ دُنیا میں ایسے معاملات بہت تھوڑے ہیں جو کھرے سچے حق بھی ہیں اور سوچنے کے محتاج بھی۔

حق و باطل، خطا و صواب، جائز و ناجائز، نیک و بد میں اتنا نمایاں امتیاز ہوا کرتا ہے کہ اُن میں سوچنے کی ضرورت ہی نہیں ہوا کرتی۔ ایک مسئلہ حق ہے تو پھر سوچنا کیسا؟ سوچنا دلیل ہے بدنیتی کی، بد باطنی کی، مکاری کی، سازش کی، سوچنا کام ہے شاطر کا شطرنج کی چال میں، چور شاہد باز کا و مجرم کا گرفت سے بچنے کیلئے، مدبّرانِ سیاسی کا غنیم کو دھوکا دینے یا پروپگنڈا کرنے کیلئے سرمایہ داروں کا دولت کے غیر معتدل استحصال کیلئے۔ بھلا ایک شریف صلح جُو پاکباز آدمی کو سوچنے کا کیا کام؟۔

ہاں اور سوچنا پیشہ ہے ضعیف الارادہ زن مُرید کا جو ہر بات پر کہتا ہے کہ "سوچ کے جواب دونگا" جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ذرا گھر والی سے پوچھ لوں۔ اور گھر والی بھی اکثر سوچ لینے کی مہلت لیتی ہے یعنی اپنی ماں سے سرگوشی کر لیتی ہے اور کبھی یہ بڑی بی پڑوسنوں سے مشورہ کر چکتی ہیں جب جا کر کہیں فیصلہ ہوتا ہے اور فیصلہ کیا ہوتا ہے زیادہ معاملہ بگڑ ہی جاتا ہے۔ لاحول ولا قوۃ سوچنے والے کی مٹی پلید ہے۔

اکثر نسبت ناطہ کی بات بہت سوچنے کے لائق سمجھی جاتی ہے۔ اس کی حقیقت بھی سُن لو۔ جہاں تک دُلہن منتخب کرنے کا تعلق ہے یہ سوچنا بھی زیادہ تر مُجرمانہ ہوتا ہے، موٹی سی بات ہوتی ہے۔ عورت ہو جوان ہو مضبوط ہو مگر میاں سے کم۔ اتنی ضرور ہو کہ چالیس پچاس بالٹی بے تکان کنویں سے کھینچ لے، ہانڈی برتن صفائی سے مانجھ لے، چکی پیس لے، ڈھیکی چلا لے۔ کبھی میاں کے ہاتھ پاؤں میں تیل مالش کرے اور بدن دبانے تو معلوم ہو کہ ہے کوئی مرد نہ کہ چوہیا۔ گھر میں کم سخن اور صلح پسند ہو مگر پڑوس سے معاملہ پڑے تو ایک

کی سوغات اور گالی کوسنے کا جواب چونڈا کھینچکر گھٹنوں کے نیچے دبا لینے سے دے سکے۔ ایسی کارآمد بیوی نادر الوجود نہیں۔ اب سوچنا کیا ہے؟ سوچنے کی بات یہ ہوتی ہے کہ مجھے اس سے مالی منفعت کیا ہوگی۔ آپ سونے کی چڑیوں کے انتخاب اور منافع کے شمار و حساب کے لئے سوچتے ہیں۔ آپ کو بیوی کے ذاتی اوصاف سے غرض نہیں۔ صحت جسمانی، تعلیم تربیت بلکہ حسب نسب کی پوچھ گچھ کرنا بھی مقصود بالذات نہیں، صرف آمدنی جوڑنا ہے۔ تو کہیئے یہ سوچنا بھی مجرمانہ ہے یا کچھ اور؟۔

رہا معاش اور روزگار کا سوچ۔ سو اب اس کی ضرورت نہیں۔ بے روزگاری نے یہ سوچ بچار بھی ختم کر دیا۔ جو کام مل جائے اختیار کر لو، سوچنے کی گنجائش نہیں۔

شاہ صاحب ابھی خدا جانے اور کتنی طرح کے سوچ کا تجزیہ کرتے کہ خدا سمجھے بے ٹکے خاں سے "زن مرید" والی بات میں ان پر شہ پڑ چکی تھی، جھلائے ہوئے تھے یا کیا، دفعتاً انہوں نے شاہ صاحب کے سامنے مٹھائیوں کی طشتری پر ہاتھ مارا۔ چائے کی پیالی الٹ گئی، بسکٹ دور لڑھک گئے، جھپٹ کر دو بسکٹ ہاتھ میں اور دو لڈو منہ میں رکھ لئے اور چباتے ہوئے بولے:۔

"شاہ صاحب میرا یہ کام بھی بے سوچے سمجھے تھا، کہیئے کیسا رہا؟ آپ کو خفا ہونے کی کوئی وجہ تو نہیں معلوم ہوتی۔ میں ٹھہرا مضبوط اور قوتِ ہاضمہ زبردست، آپ سخیف الجثہ ضعیف المعدہ۔ یہ انصاف نہ تھا کہ ہم دونوں کے حصے برابر ہوتے۔ مجھے بھوک باقی تھی آپ کے سامنے یہ بسکٹ مٹھائیاں ختم ہونے پر نہ آتی تھیں، میں نے کھا دیا۔ اب آپ کیا فرماتے ہیں؟"

شاہ صاحب مسکرائے "آپ نے خوب کیا۔ ناحق معذرت کر کے اس حرکت کو اہمیت دیتے ہیں، اور اس کے جواز کو مشتبہ کر کے سوچ کے جرم کا اظہار کر رہے ہیں۔ آپ کا یہ اچکنا بھی غیر ضروری تھا۔ مٹھائیوں سے میری بے رغبتی دیکھ کر آپ ان کو انسان کی طرح بھی حاصل کر سکتے تھے۔ رہا اس حرکت کا ردِ عمل یا جواب۔ بے سوچے سمجھے ایمانداری سے اس کے دو ہی جواب ہیں۔ انتقام یا درگذر۔ اور سوچ والا جواب ایک درمیانی چیز ہے، کمینہ۔ میں بھوکا نہ تھا اس لئے آپ کی دست درازی پر غصہ نہ آیا لہٰذا انتقام کا سوال ہی پیدا نہ ہوا، دوسرے آپ مجھ سے مضبوط بھی ہیں نتیجۃً انتقام معلوم تھا۔ میں نے معافی درگذر کا فیصلہ کر لیا اور سوچا تو کمینہ کے انڈوں سے فساد کے بچے نکلتے۔"

دراصل بے ٹکے خاں نے اپنی حرکت سے شاہ صاحب کے فلسفہ کو باطل ثابت کرنا چاہا تھا مگر نتیجہ الٹا ہوا۔

محمد مسلم۔ ایم۔ اے؛

ناکامی جرم ہے

(از ملفوظات حضرت بھڑ بھڑتے شاہ)

صرف کھل جانے پہ بنتا ہے ہر عیب گناہ — جرم چوری نہیں چوری کا پکڑا جانا ہے
پاس زر ہے تو زنا زندہ دلی ہے۔ ورنہ — بوسہ بیوی کا بھی اک فعل بہیمانہ ہے
قتل و غارت میں جو ہو جائے تجھی فتح نصیب — پھر تو ہیرو، تو حق آگاہ، تو ہی دانا ہے
تیری قسمت سے ہو ناکام اگر سعیِ دفاع — تو کمینہ ہے، جفا پیشہ ہے، دیوانہ ہے

باپ

کسی شخص پر عظمت تھوپ دیجئے اور اُسے ممنوع قرار دیکر علیحدہ کسی بلند جگہ پر بٹھا دیجئے تو اُس میں باپ کی سی جھلک پیدا ہو جائے گی۔ یعنی باپ ایک نفسی کیفیت ہے۔ جسے بچے پیدا کرنے سے کوئی تعلق نہیں۔ اگر کسی مرد کے گھر بچے پیدا ہو جائے تو وہ یقینی طور پر باپ نہیں بن جاتا۔ ہاں اگر یہ مصنوعی عظمت علیحدگی اور "تبرا" کا سا انداز مٹ جائے تو کسی باپ کیلئے وقت کاٹنا از حد مشکل ہو جائے اور دنیا بھر کے باپ زندگی سے بیزار ہو جائیں جس طرح لوہے کی الماری اور ساہوکار کے درمیان ایک ابھری ہوئی تو ند نہ ہو جس پر ہاتھ پھیرا جا سکے تو "ساہوکارہ نفسیت" قائم نہ رہ سکے۔

کسی بچے کے دل میں جھانک کر دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ باپ ایک قوی ہیکل مرد ہے جو اُدھر بیٹھا رہتا ہے۔ اور اس کے باوجود سب کچھ جانتا ہے جس سے اماں ہر وقت ڈراتی رہے۔ جس کے پاس بہت سے پیسے ہوں۔ جس کے متعلق یقین سے نہ کہا جا سکے کہ وہ کب مسکرائیگا یا کب گھوریگا۔ جسے زندگی کی چھوٹی چھوٹی باتوں سے قطعی دلچسپی نہ ہو۔ جسکی طبیعت ناساز ہو تو بچوں پر یہ لازم ہو جائے کہ کھیلنا کودنا چھوڑ کر ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھے رہیں۔ اور یہ سوچتے رہیں کہ آپا کے بازو پر چٹکی بھری جائے یا بلی کی دُم کھینچی جائے یا ننھے کا کھلونا چرایا جائے تو بڑا مزہ رہے۔ اور جس کی طبیعت اکثر ناساز رہے۔

ہم نے اپنے دل میں خدا کے متعلق جو تخیل قائم کر رکھا ہے وہ کسی بڑی فیکٹری کے منیجر کا سا نہیں جو اِدھر اُدھر گھومتا ہے۔ ملازمین سے ملتا ہے۔ اور حالات کا مطالعہ کرتا ہے۔ بلکہ ایک بڑے نزاکت کا سا ہے جو لوہے کی سلاخوں کے پیچھے ایک لوہے کے بہت بڑے صندوق کے سامنے مسند پر بیٹھا رہتا ہے۔ بچوں کے دل میں بھی باپ کا تخیل ایسا ہی ہے یعنی جسے گھر کا انتظام چلانے کے لئے اِدھر اُدھر چلنا پھرنا نہیں پڑتا۔ بلکہ جو دُور بیٹھکر "کُن" کہدے اور گھر کا انتظام خود بخود چلتا رہے۔ البتہ کبھی کبھی جبکہ گھر میں جھگڑے یا فساد کا احتمال ہو تو امن قائم کرنے کے لئے اُسے ایک خاص آواز اور لہجے میں کھنکھارنا یا بچوں میں سے کسی ایک کا نام لینا پڑتا ہے ـــــ "حمید" ـــــ اور حالات فوراً سنور جاتے ہیں۔

باپ بننے کے لئے یہ لازم ہے کہ ایک اپنی بیوی ہو۔ ایک ایسی بیوی جس کے بچے بھی ہوں اور جسے سب کے سامنے اپنایا جا سکے۔ اس امر کا تولید سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں۔ غالباً دنیا میں ایسے مرد بھی ہونگے جن کو کبھی شبہ بھی نہیں ہوا کہ وہ باپ ہیں۔ اور اس غلط فہمی میں وہ اعلانیہ ہنسنے کھیلنے اور اپنے آپ کو عوام میں سے بچنے سے گریز نہیں کرتے۔ اور شاید ایسے بھی ہوں۔ جو ایسی لطیف اور انسانیت بھری حرکات کو اپنے آپ پر اس خیال پر حرام کر چکے ہیں کہ وہ باپ ہیں۔ چونکہ اُن کی بیویاں اُن کو "حمید کا ابا" یا "سعید کا میاں" کہتی ہیں اور لوگ انہیں حمید یا سعید کا ابا سمجھتے ہیں۔

بہرصورت کسی مرد کو باپ بننے کیلئے یہ لازمی ہے کہ اُس کی بیوی اُسے "حمید کا ابا" کہکر بلائے۔ لوگ اُسے "حمید کا ابا" سمجھیں اور آخر کار

---

ol Psychology of a capitalist.

بذاتِ خود وہ اپنے آپ کو "باپ" تسلیم کرلے یعنی اپنی بیوی کا کہنا لوگوں کا سمجھنا اور اپنا ایمان ان تینوں باتوں کے قائم ہوجانے کے بعد "نفسیتِ پدری"[1] کی تکمیل ہونی شروع ہوجاتی ہے۔

تو ظاہر ہے کہ "باپ" بحیثیت "رشتہ"[2] یا "تعلق" یا بحیثیت "برتاؤ" فطری امر نہیں بلکہ اعتباری ہے۔ یعنی باپ بننے کیلئے بچے پیدا کرنے لازم نہیں اور باپ بن کر ہم بچوں سے یا اُن کے رُوبرو کسی مخصوص برتاؤ پر پابند نہیں ہوجاتے۔ جیسے بلی چوہے کو دیکھکر اُسے مارنے پر مجبور ہوجاتی ہے تو باپ بحیثیت رشتہ کسی سوشل نظام کا ایک جزو ہے جیسے "ذات پات"[3] کی تمیز "میں برہمن یا" جمہوری طرزِ حکومت "میں پریزیڈنٹ۔ جو ہمارے بزرگوں نے ایجاد کیا تھا۔ اور جسے "خاندانِ پدرسری"[4] کہتے ہیں۔

سُنا ہے "باپ" کی ایجاد سے پہلے۔ باپ گھر میں کبھی کبھار ہی آیا کرتا تھا۔ اور اکثر مرتبہ جب وہ متواتر دو تین سال کی غیر حاضری کے بعد گھر میں آتا اور لوگ اُسے نئے بیٹے کی پیدائش پر مبارک باد پیش کرتے تو وہ پھولے نہ سماتا۔ اور اس کرم پر دیوتاؤں کو مناتا۔ چونکہ اُس زمانے میں باپ کو یہ احساس نہیں ہوتا تھا کہ اُس کا بیٹا اُس کی اپنی تخلیق ہونی چاہیئے۔ اُس زمانے میں بیٹا یا بیٹی دیوتاؤں کی عنایت سمجھے جاتے تھے۔ پھر شاید کسی عورت نے کسی غلط یا خوش فہمی کے نتیجہ "دیوتاؤں کی عنایت" کا راز کھولدیا۔ اور مردوں نے وقت کی نزاکت کو سمجھکر خاندانِ پدرسری کی بُنیاد ڈال دی۔ اور یہ اعلان کردیا کہ آئندہ سے کوئی مرد گھر کی ذمہ داری برداشت نہیں کریگا جب تک اُس کے بیٹے اُس کے بیٹے نہ ہوں، یعنی مردنے بیویوں پر وفا عائد کردی۔ شاید اُسی دن بیویوں کو یہ سوجھی کہ خاوند کا نام لینا یا اُس کا نام لیکر بلانا اُس کے شان شایاں نہیں۔ اِس بنا پر انہوں نے ان کو "حمید کا ابا" یا "سعید کا میاں" کہنا شروع کردیا۔ اور اُسے بار بار دھراکر، خاوندوں کو اپنی وفا کا ثبوت دینے لگیں۔

برتاؤ کے لحاظ سے باپ کیلئے یہ لازم ہوجاتا ہے کہ اُس کے دل میں یہ ایمان پختہ ہو کہ وہ "حمید کا ابا" یا "سعید کا میاں" ہے۔ یعنی حمید یا سعید کا خالق ہے۔ اور یہی ایمان پدری نفسیت کا جزو اعظم ہے۔ مگر یہ جزو اعظم ہونے کے باوجود یہ برتاؤ کی وہ چھوٹی چھوٹی تفصیلات جن سے ہم خوب واقف ہیں، قائم کرسکتا۔ تو پھر باپ کو کیسے معلوم ہوجاتا ہے کہ گھر میں داخل ہوتے وقت کیسے یوں کھنکارنا چاہیئے۔ یا امن قائم کرنے کیلئے اِس آواز اور کے میں "حمید" کہنا چاہیئے۔ یوں دور بیٹھے لفظ آنا چاہیئے۔ اور بچوں کے دل میں باپ کے متعلق جو تصویر بچپنی اُس میں رنگ کون بھر دیتا ہے کہ آہا جیسا سا وہ لفظ ان کے لئے مفہوم سے لدجاتا ہے۔

بچوں اور باپ کے درمیان جو تعلق یا رشتہ قائم ہوجاتا ہے وہ ماں کی وجہ سے ہی ہے۔ وہ براہِ راست خاوند کی بیوی اور بچوں کی ماں ہوتی ہے۔ اس لئے باپ کا بچوں سے برتاؤ اور بچوں کا باپ کے متعلق تخیل وہی پیدا کرتی ہے۔ وہی باپ کو یہ یقین دلاتی ہے کہ وہ اُسکے بچوں کا خالق ہے یعنی نفسیتِ پدری کا جزو اعظم بھی ماں ہی پیدا کرتی ہے اور برتاؤ کی تفصیلات بھی ماں ہی قائم کرتی ہے۔

نفسیتِ پدری کی جو شکل ماں نے قائم کر رکھی ہے وہ ایسی کیوں ہے جیسے کہ صدیوں سے رائج ہے۔ ماں نے اس مروجہ برتاؤ سے مختلف برتاؤ کیوں قائم نہیں کیا۔ اور ایسا برتاؤ قائم کرنے سے اُس کا کیا مقصد ہے؟ اس کے متعلق ماں کے صرف دو مقصد ہوسکتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ باپ اُس کے بچوں میں اس قدر دلچسپی لے کہ اُن کو ہر حیات زندگی کی جم پہنچائے۔ اور اُن کی ذات کیلئے قربانیاں کرنے کے لئے تیار ہو۔ اور

1. Psychology of a father. 2. Father as a relation or as an attitude. 3. Caste System. 4. Patriarchal Family.

دوسرے چونکہ اُسے اپنے بچوں سے انتہائی محبت ہوتی ہے وہ یہ نہیں چاہتی کہ بچے اُس کی اپنی نسبت باپ سے زیادہ محبت کریں۔ اس لئے وہ چاہتی ہے کہ بچے باپ سے ڈر کر دُور ہی رہیں۔ یعنی بچے جس قدر باپ سے ڈریں گے یا دُور رہیں گے اُسی قدر وہ ماں کے قریب تر رہیں گے۔ تو اس مخصوص برتاؤ سے ماں کے یہ دونوں مقصد حاصل ہوتے ہیں۔

مرد میں خُدا جانے یہ عادت کہاں سے پیدا ہوئی تھی کہ وہ خود اپنے متعلق قطعی طور پر کوئی رائے قائم نہیں کر سکتا۔ اپنے متعلق رائے قائم کرنے کے لئے وہ اپنے متعلق لوگوں کی رائے سننے کا محتاج ہے۔ یعنی اگر "حمید کا ابا" لوگوں سے یہ سُن پاتے کہ وہ نہایت معقول خود دار اور بات کا پکا آدمی ہے تو وہ بیچارہ اپنے آپ پر یہ لازم کر لیتا۔ ہے کہ وہ بظاہر ایسا ہی ہے جیسا کہ لوگ اُسے سمجھتے ہیں۔ چاہے اِن اوصاف کو پیدا کرنے یا قائم رکھنے یا اُن کی جھلک ہی پیدا کرنے میں اُسے زندگی کی لطافتوں کو اپنے آپ پر حرام ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ اکثر خاوند اپنی ازدواجی زندگی میں اسلئے خوش ہیں کہ لوگ انہیں خوش سمجھتے ہیں۔ بیوی خاوند کی اس عادت سے خُوب واقف ہے۔

شاید مسٹر ہیریاکسو اور صاحب نے کیا خُوب لکھا ہے کہ ہر بیوی اس بھید سے واقف ہے کہ خاوند اپنی "زبردستی" "تیوریوں اور عظمت کے باوجود حقیقت میں ایک بچہ ہے۔ اور ہر بیوی کو اِس راز سے واقف ہونے کی ضرورت ہے کہ وہ خاوند پر یہ ظاہر کرے کہ وہ اُسے ایک معزز بڑا اور سمجھدار شریف آدمی سمجھتی ہے۔ عورت کی فطری مگر خارجی اور ظاہری خصوصیت "زیردستی" ہی اُسے خاوند پر یہ ظاہر کرنے میں مدد دیتی ہے اس لئے باپ جو اپنے متعلق رائے قائم کرتا ہے۔ یا باپ کو کیسے رہنا سہنا چاہیئے کے متعلق جو تخیل اُس کے دل میں پیدا ہوتا ہے وہ بیوی کی رائے سُن سُن کر قائم ہوتا ہے۔

یہ بات تو آپ جانتے ہی ہیں کہ شادی ہو لینے کے بعد ہی ہمیں مرد سمجھا جاتا ہے۔ شادی سے پہلے ہمیں سوسائٹی میں وہ وقعت حاصل نہیں ہوتی جو ایک فرد کا حق ہے۔ اور ہمیں "مشکوک مرد" سمجھا جاتا ہے۔ غیر شادی شدہ لوگوں کے متعلق کئی ایک شُبہات ہوتے ہیں۔ (یعنی اُن کے متعلق یقین سے کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا) جو شادی کے بعد فوراً ہی معدوم ہو جاتے ہیں۔ اور مشکوک مرد فوراً ہی ایک یقینی اور معقول مرد بن جاتا ہے۔ پھر بچے ہو جائیں تو وہ معزز فرد ہو جاتا ہے۔

ظاہر ہے کہ اس رائے عامّہ کی موجد بیوی ہے۔ مگر آپ جانتے ہی ہوں گے کہ لوگ عام طور پر اپنے اپنے گھروں میں رہتے ہیں۔ اور اُن کی بھی بیویاں ہیں۔ ظاہر ہے کہ اِن رائے کو رائج کرنے میں مفاد صرف بیوی کا ہی ہو سکتا ہے۔ اگر مرد کا معقول اور معزز ہونا گھر میں ایک بیوی لانے پر ہی موقوف ہو تو عظمت اور عزّت کس کی ہوئی۔ بیوی کی۔ براہ راست خاوند کو انہیں۔ اس کے بعد جب مرد اپنے متعلق لوگوں سے ایسی رائے سُن پاتا ہے تو وہ اِس رائے کے مطابق منظر آنے کی کوشش کرتا ہے۔ حتیٰ کہ اوّل تو وہ معقول مرد اور بعد میں خالص باپ بن جاتا ہے۔

کسی مرد کو جتنا ہی لوگ معقول سمجھیں۔ گے وہ لوگوں کے سامنے اُتنا ہی معقول ظاہر ہونے کی کوشش کریگا۔ تو اُس کی خواہشات کا وہ حصّہ جو لوگوں کے خیال کے مطابق "معقول" سے خارج ہے۔ اُس کا اظہار لوگوں میں نہ ہو سکے گا۔ اس لئے ایسے اظہار کے لئے باپ کو تخلیہ کی ضرورت ہوگی جو بیوی کے سوا ممکن نہیں۔ یعنی جوں جوں لوگوں اور بچوں کے نزدیک وہ خالص اور مکمل باپ بنتا جائیگا۔ جوں جوں بیوی کیلئے وہ زیادہ غیر معقول (یعنی بچہ) بنتا جائیگا۔

1. Passivity.

بچپن کی عمر میں ہم میں جو بچپن ہوتا ہے وہ شاید محض سطحی ہوتا ہے پھر اُس عمر میں جب ہم کو معتبر اور معقول سمجھا جاتا ہے ہم وہ تمام بچپن سمیٹ کر باطن میں سلب کر لیتے ہیں۔ اور اُس کا اظہار تخلیے میں کرتے ہیں۔ اس اظہار بچپن پر بندشیں ڈالنے کا یہ نتیجہ ہے کہ ہمارے باطن میں وہ بچپن اکٹھا ہو ہو کر اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ بڑھاپے میں ہم اندر باہر سے بچے بن جاتے ہیں۔ مسٹر مانٹھر لینڈ کا خیال ہے کہ انسان میں بچپن نہ ہو تو وہ محض ایک خوفناک درندہ رہ جائے۔

نفسیت پدری قائم کرتے وقت ماں چھوٹی چھوٹی حرکات اور معمولی معمولی باتوں کا زیادہ خیال رکھتی ہے۔

ماں۔ (باآواز بلند) "حمید۔ تم ایسی گندی گندی باتیں کرتے ہو نہ۔ تمہارے ابا اندر بیٹھے ہیں۔ اگر انہوں نے سن لیا تو۔۔۔ حالانکہ اُسے اچھی طرح معلوم ہے کہ ابا حمید کی بات سُن چکے ہیں اور اُس کی اپنی بات سُن رہے ہیں۔ مگر وہ اس انداز میں حمید سے یہ بات کہتی ہے جیسے وہ حمید کو ایک پرائیویٹ مشورہ دے رہی ہو۔ حمید یہ سمجھتا ہے کہ گندی باتیں کرنا بُرا نہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ ابا نہ سنیں۔ اُدھر ابا یہ سمجھتے ہیں کہ چلو گھوڑے اور جھڑکنے کی تکلیف کے بغیر ہی بچے سُدھر رہے ہیں۔ اور گھر میں باپ کی فوقیت قائم ہو رہی ہے۔ اور اُن کے دل میں ایک خاموش سا اُصول قائم ہونا شروع ہو جاتا ہے کہ اگر باپ گھر میں ہو تو بچوں کو ایسی ویسی باتیں نہیں کرنی چاہییں۔

ماں۔ حمید یہ کیا شور مچا رکھا ہے۔ دیکھتے نہیں کہ وہ اندر بیٹھے کام کر رہے ہیں۔

ہاں ہاں یہ ٹھیک ہے۔ باپ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے۔ جب باپ کام کر رہا ہو تو بچوں کو یہ چاہیئے کہ چُپ چاپ بیٹھے رہیں پھر کُسے خیال آتا ہے کہ وہ تو اُس وقت تفریحاً ایک ناول پڑھ رہا تھا۔۔۔ حتیٰ کہ کُسے یہ معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ وہ کیسا ہی معمولی کام کیوں نہ کر رہا ہو اُس کا ہر معمولی کام بھی نہایت اہم اور ضروری ہے۔

بچے سوچتے ہیں ابا عجب انسان ہے جس کی موجودگی میں ہنسنا کھیلنا شور بن جاتا ہے اور سیدھی سادی باتیں گندی سمجھی جاتی ہیں۔ اور اماں کیسی اچھی ہیں جو نہ ہنسی کھیل سے گھبراتی ہیں اور نہ کسی بات سے۔ اور دل میں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ گندی باتیں یا شور و غل بذاتِ خود کُسے نہیں صرف ابا کی موجودگی ہی انہیں بُرا بنا دیتی ہے یعنی ابا کا وجود ہی اُنکے نزدیک ایک رکاوٹ ہو جاتی ہے۔

ماں۔ (باآواز بلند) "حمید۔ تم پھر ضد کر رہے ہو نہ۔ کہوں میں تمہارے ابا سے۔ اُن سے پٹے بغیر تمہیں بھی چین نہیں آتا۔"

باپ سُنتا ہے۔ اچھا۔ بچہ ضد کرے تو مجھے پیٹنا چاہیئے۔ یعنی میری موجودگی میں ضد کرے تو میری توہین ہے۔ اُدھر بچہ سُنتا ہے کیسی پاری اماں ہیں کہ باپ کے پیٹنے کو بُرا مانتی ہیں۔

ماں۔ لڑکا کہیں کا۔ آپا کو مارتا رہتا ہے۔ اچھا تمہارے ابا آئیں تو انہیں بتاؤں گی کہ ہر وقت فریدہ سے دنگا کرتا رہتا ہے۔ شیطان کہیں کا۔ (اندر باپ سُنتا ہے اور اپنی موجودگی کا اظہار کرنے کیلئے کھانستا ہے۔) فریدہ ماں سے کہتی ہے "اماں ابا تو اندر بیٹھے کام کر رہے ہیں" حمید کا دم خشک ہو جاتا ہے۔ فریدہ ماں کو خاموش دیکھ کر کہتی ہے "پھر مجھے مارو گے۔ کہوں ابا سے۔ (اور دبی آواز میں کہتی ہے) ابا۔۔۔ جی۔۔۔ اور نہ تمانہ طور پر آنکھوں ہی آنکھوں میں مُسکراتی ہے۔ اتنے میں ماں بول اٹھتی ہے "فریدہ شور نہ مچاؤ۔ آخر بچہ ہے۔ تم بھی تو ہاتھ دھو کر اُس کے پیچھے پڑ جاتی ہو"

حمید کی آنکھیں چمک اٹھتی ہیں "جب تک اماں ہیں۔ ابا ہوں بھی تو کیا ہے۔ پڑے ہوا کریں" اور وہ اماں کے قریب جا بیٹھتا ہے۔ (باپ کے کھانسنے کی آواز پھر آتی ہے) اس مرتبہ وہ اپنی کھنکار میں رعونت پیدا کر لیتے ہیں۔ چونکہ انہیں معلوم ہے کہ باورچی خانہ میں حالات

بگڑ رہے ہیں۔ مگر حمید اُس رعونت بھری کھنکار کی پرواہ نہیں کرتا۔ "اماں جو ہیں۔ آبا ہیں ہوا کریں"

جب تک ماں اُس آواز کو مفہوم نہ بخشے، باپ کی کھنکار ایک بے معنی آواز ہے یہ ماں کی اپنی مرضی ہے کہ اُسے جیسا جی چاہے مفہوم بخشدے۔ نہ تو بچوں کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ماں ہی "باپ" کے لفظ میں رنگ بھر رہی ہے اور نہ باپ کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ماں اُس کو باپ بننا سکھا رہی ہے۔ اور بچوں پر زندگی حرام کر رہی ہے مگر باپ روز بروز بچوں کیلئے ایک ناقابل برداشت رکاوٹ بنتا جاتا ہے۔ اور اپنے متعلق رائے سُن سُن کر اپنے آپ کو اُس کے مطابق وضع کرتا رہتا ہے۔ البتہ اُسے یہ احساس ضرور ہوجاتا ہے کہ بچوں کے سامنے اُسے معزز اور بارعب ہستی نظر آنا چاہیئے۔ مگر وہ نہیں جانتا کہ یہ رعب جو ماں اُسے دے رہی ہے اُسی کے ذریعے وہ اُس پر عظمت علیحدگی اور بلندی تھوپ رہی ہے۔ اور بچے دل ہی دل میں اُس سے نفرت کر رہے ہیں۔

تو ماں کی دبی دبی آوازیں جو باورچی خانے سے اُٹھتی ہیں، وہ باپ کے دل میں اتر کر اُس کے ماتھے پر گھوریاں، خط وخال میں جمود۔ کھنکار میں رعونیت اور طبیعت میں عظمت اور برتری پیدا ہوجاتی ہے۔ حتیٰ کہ اُسے دیکھکر ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے وہ کسی اور دُنیا کا فرد ہو۔ جہاں لوگ لوہے کے بنے ہوتے ہیں۔ گھر میں وہ قدم نہیں رکھتا جب تک وہ ان خصوصیات کو چہرے اور انداز میں پھیلا نہ لے۔ حتیٰ کہ یہ گھر کا بہروپ اس پر اس قدر حاوی ہوجاتا ہے کہ وہ باہر دوکان پر یا دفتر میں بھی باپ ہی بنا رہتا ہے۔

ایسی چھوٹی چھوٹی دو دھاری باتوں سے اُدھر تو میاں بیوی میں معقول برتاؤ واضح کرکے اور بچوں کے دل میں یہ تخیل پیدا کرکے کہ باپ کس بلا کا نام ہے۔ اور باپ اور ماں میں کیا فرق ہے۔ ماں اپنے دونوں مقصد حاصل کر رہی ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ جب کبھی باپ بچوں کو سرزنش کرے جس پر باپ کو اُس نے ذات خود مامل کیا تھا۔ تو ماں جھپٹ کر کہتی ہے: "آپ جانے بھی دیں۔ ابھی بچہ ہے بڑا ہوکر خود ہی سمجھ جائیگا۔ بچہ یہ سمجھتا ہے کہ دیکھا ماں کتنی سمجھدار ہے اور باپ ——— بیچارے کو یہ بھی پتہ نہیں کہ ہم بچے ہیں۔ اور پھر دل ہی دل میں اُسے معلوم ہوجاتا ہے کہ بچہ رہنے میں بہت فائدہ ہے۔ اس لئے وہ بچہ ہی رہنے کی کوشش کرتا ہے۔

اگر کبھی خاوند بچوں کے سامنے ہی اُن کی ماں سے کوئی پیار محبت کی بات کہدے تو یہ بیوی مُسکرا کر کہہ اُٹھتی ہے "یہ آپ کیا کرتے ہیں۔ لڑکی اب جوان ہے۔ بچے اب کوئی بچے نہیں جوان ہوچکے ہیں۔ وہ کیا کہیں گے؟" یعنی چاہے اُسے پیار سے محروم ہی کیوں نہ رہنا پڑے، وہ یہ گوارا نہیں کرتی کہ باپ کے متعلق جو تخیل اُس نے بچوں کے دل میں اتنی محنت سے پیدا کر رکھا ہے برباد ہوجائے۔ بچے یہ نہ سمجھ لیں کہ باپ میں بھی انسانیت کا عنصر ہوتا ہے۔

ماں کی ان چھوٹی چھوٹی مگر سہ گیر باتوں کا یہ اثر ہوتا ہے کہ باپ تو خالص باپ بن جاتا ہے اور بچے، بچے ہی رہتے ہیں اور اُسکے دونوں مقصد حل ہوجاتے ہیں۔

بچہ جب تک بچہ رہیگا اور اُسے اپنے انفرادی وجود کا احساس نہ ہوگا وہ اپنے آپ کو ماں کا ایک جزو سمجھے گا۔ اور اپنی حفاظت کے لئے بیل کی طرح ماں کا سہارا لے گا۔ یعنی ماں سے محبت کریگا۔ تو ماں بچے کی محبت حاصل کرنے کی غرض سے اُس میں بے بسی پیدا کرنے اور اُسے برقرار رکھنے سے بھی گریز نہیں کرتی۔

ادھر باپ بیٹے کو بچہ سمجھکر خوش ہوگا۔ چونکہ اُس کے خیال کے مطابق بیٹا اُسکی اپنی تخلیق ہے۔ اُس کے جسم کا ایک حصہ ہے۔ اور حصہ تمام سے کمتر چیز ہوتی ہے۔ کیسا خوش کن خیال ہے۔ اس لئے باپ اپنے آپ کو ہمیشہ افضل اور برتر سمجھتا ہے۔

ہر باپ کے دل میں یہ پرائیویٹ ایمان قائم ہے کہ سب سے نااہل شخص اُس کا اپنا بیٹا ہے۔ چاہے وہ عُمر میں کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو۔ حصّہ آخر حصّہ ہی اور خالق خالق۔ ویسے دُنیا والوں کے سامنے اپنی مخلوق پر ناز کرنا تو قدرتی بات ہوتی

اس لئے کہ باپ اُسکے بیٹے کو اپنا نے ماں کہتی ہے "آخر باپ کا بیٹا جو ہوا۔ باپ ہی کا نام ہوگا" اور باپ اِس خیال پر کہ اُس کا نام ہوگا بیٹے کیلئے محنت کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

بیٹا جب بڑا ہو جاتے تو اُسے معلوم ہوجاتا ہے کہ "باپ" ایسا نہیں جیسا کہ وہ اُسے سمجھتا رہا ہے۔ مگر وہ یہ نہیں سوچتا کہ باپ نے تو کبھی یہ نہیں کہا تھا کہ میں ایسا ہوں۔ اور باپ کا تخیل جو اُس کے دل میں تھا وہ تو ماں کی شوخیٔ تحریر تھی۔ مگر اس احساس پر کہ وہ دھوکے میں رکھا گیا۔ وہ باپ سے بگڑ جاتا ہے اور باپ بیٹے کے اختلافات شروع ہوجاتے ہیں۔ اور بیچارے باپ کی عمر کا آخری حصّہ بیٹوں کی بغاوت سے زہر آلود ہوجاتا ہے۔

پھر بہت دیر کے بعد باپ کو یہ پتہ چلتا ہے، کہ اس کے باپ کا پارٹ ادا کرنے سے اس کا اپنا نقصان تھا۔ فائدہ تو ماں کا تھا۔ اس دلسوز انکشاف کے بعد وہ باپ کا بہروپ، اُتار پھینکنے کی کوشش کرتا ہے اور اگر کامیاب ہوجائے تو "واہ وا" بچا تا ہے۔

باپ کو نہ تو بیٹا سمجھ سکتا ہے اور نہ ہی کوئی ایسا شخص جو خود باپ ہو۔ بلکہ ایک ایسا آزاد فرد جو بیٹا نہ ہو اور اس عالم سے نکلکر مکمل انفرادیت قائم کرچکا ہو۔ یا "باپ" سے نکلکر "ا ا ا" بن چکا ہو۔

آج کل کے باپ مروجہ "باپ" سے مختلف ہو رہے ہیں۔ غالباً اس کی یہ وجہ ہے کہ ماں اور عورت کی نفسیت میں تبدیلیاں ہو رہی ہیں۔ خُدا جانے کس مقصد سے ماں یہ نیا تجربہ کر رہی ہے۔ اور خدا جانے اسکے نتائج کب تک واضح ہونگے۔

بظاہر یہ تبدیلی مغربی تہذیب کا نتیجہ نظر آتی ہے۔ اور نئی تہذیب کے زیر اثر ماں دن بدن معدوم ہو رہی ہے۔ اور مغربی عورتیں ماں بننے سے "عورت" رہنے کو ترجیح دے چکی ہیں۔ اُن کے خیال کے مطابق ماں کی زندگی سے عورت کی زندگی میں زیادہ دلچسپیاں پنہاں ہیں۔ مگر یہ بات کبتک قائم رہے گی اس کے متعلق اندازہ لگانا مشکل ہے۔

"ممتاز مفتی"

رُومی

مثنوی مولانائے رُوم کا مُطالعہ ایک جدید زاویۂ نگاہ سے

جس میں بتایا گیا ہے کہ یہ مثنوی متفرقاتِ فلسفہ و تصوّف کا غیر منظم مجموعہ نہیں بلکہ سعی و عمل، جدوجہد و جہاد اور اُن کے متعلقات و ملحقات کی ایک مسلسل تعلیم ہے۔

از

میر ولی اللہ ایڈووکیٹ، ایبٹ آباد

کتاب دو جلدوں میں ہے اور مجلّد ہے۔ قیمت تین روپے

ملنے کا پتہ: منیجر دارالاشاعت بادہ ناب، ایبٹ آباد

دو روسی دیہاتی بچے

آدھی رات کا وقت ہے، ایک وسیع بے رونق کمرے میں صرف ایک موم شمع جھلملا رہی ہے۔ گیارہ اور آٹھ سال کی عمر کے دو چھوٹے لڑکے ایک مستطیل میز کا سہارا لئے فرش پر بیٹھے ہیں۔ کمرہ میں موت کی سی خاموشی چھائی ہوئی ہے۔ انسان وحیوان سب پڑے سو رہے ہیں، لیکن ان دو بچوں کو پلک جھپکانے کی ہمت نہیں پڑتی جب تک کہ اُن کی مالکہ نہ آجائے جو اپنے دوستوں سے ملنے گئی ہوئی ہے اور دیر میں واپس آئیگی۔

نصف شب! بھوتوں کے نکلنے کا وقت، اور اتنا لمبا چوڑا کمرہ! اتنے تاریک گوشے! بچے ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں، بڑا خود کو بہادر ظاہر کرنے کی انتہائی کوشش کر رہا ہے اور آٹھ سال کا معصوم اپنی نیلگوں اور نمناک آنکھوں کو اپنی پھٹی ہوئی آستین سے خشک کرتا ہے، دھندلی شمع تیزی کے ساتھ پگھل رہی ہے، گاہے گاہے بے رنگ سائے کھڑکی کے دھندلے شیشوں سے گذرتے دکھائی دیتے ہیں، دروازوں کی چولوں سے ایک دردآمیز آواز نکل کر اداسی پیدا کر رہی ہے برف کے گالے ہوا کے تند جھونکوں کی وجہ سے تیزی سے گذر رہے ہیں۔

خوفزدہ بچے ایک دوسرے سے لپٹ جاتے ہیں، اُن کو اس سفید موہوم جھلک میں کسی غمزدہ رُوح کا عکس دکھائی دیتا ہے اور برفانی ہوا کی "سائیں سائیں" میں نادیدہ سرزمین سے آئی ہوئی ندائیں سُنائی دیتی ہیں۔

بڑے لڑکے کا نام وانیا اور چھوٹے کا مشا ہے۔ مشا دبلا پتلا زرد رُو بچہ ہے۔ اس کے بال سنہرے اور بڑی بڑی نیلگوں آنکھیں جو سہم سہم کر کمرے کا جائزہ لے رہی ہیں اور جب وہ تاریک گوشوں پر جا کر ٹھہرتی ہیں تو بچے کا رنگ اور زیادہ پیلا پڑ جاتا ہے۔

وانیا ایک تندرست لڑکا ہے جس کی آنکھیں کالی ہیں اور مسکرا کر مشا کو یقین دلانے کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ خائف نہیں ہے۔۔۔ مطلقاً نہیں۔ وہ کہتا ہے "میں نے ایک دن بھوت کو دیکھا۔۔۔ ایک اصلی بھوت کو، اور نہ تو میں ڈرا نہ چلایا، مشا سچ مچ میں ڈرتا نہیں ہوں" تاہم اُس نے بہت دھیمی آواز میں کہا "میں صرف کم ہمت ہوں، لیکن جب تم میرے پاس ہوتے ہو تو مجھے ڈر کا بالکل احساس بھی نہیں ہوتا"

بیچارے چھوٹے مشا نے چپکے سے کہا "اور اگر ہم جلا دئے گئے؟"

"جلا دئے گئے! اونہہ، یہ ناممکن ہے!" اتنے اطمینان بخش لہجے میں جس سے مشا پورے طور پر نہیں جانتا ہے۔

مشا نے تھوڑی دیر کے بعد پوچھا "وانیا یہ تو بتاؤ کہ ایک تیز اور سرد چاقو کی دھار کیا بہت تکلیف دیتی ہے؟"

وانیا نے مشا کے سنہرے بالوں پر ہاتھ پھیرتے اور مزید یقین دلاتے ہوئے متانت سے جواب دیا "پہلے بالکل خفیف سی تکلیف ہوتی ہے اُسکے بعد تو تمہیں کچھ محسوس بھی نہ ہوگا"

"مگر آہ! کیا تمہیں یاد نہیں کہ جب باورچی فبی نے اپنا گلا کاٹا تھا؟ فبی پہلے چلایا "میں اپنا گلا کاٹنے جا رہا ہوں" اور جب گلے پر چاقو پھیرا۔۔۔ افوہ کتنا خون بہا!"

"ارے فبی۔۔۔ فبی کا تو خیال بھی نہ کرو۔۔۔ وہ ایک کمزور حوصلہ والا انسان تھا اس لئے کہ وہ مرا نہیں، وہ ڈاکٹروں کے علاج سے اچھا ہو گیا اور یہ بھی خوب ہوا اس لئے کہ حسب دستور وہ پھر مارا جانے لگا، مگر ہم اس کام کو زیادہ ہشیاری سے کرینگے۔۔۔ اس طرح کہ ڈاکٹر ہم کو اچھا نہ کر سکیں کہ ہم پھر مار کھانے کے لئے

زندہ رہ جائیں۔"

"اور چاقو وغیرہ ــــ کیا وہ سب ٹھیک ہیں نا وانیا؟"

"ٹھیک؟ میں نے اُن کو تین روز تک خوب تیز کیا اور چمکایا ہے، لیکن چھوٹے بزدل کیا اب عین وقت پر قدم پیچھے ہٹانے کا ارادہ ہے؟"

مشا نے کوئی جواب نہ دیا لیکن سسکی بھرتے ہوئے ایک لمبی سانس لی اور اپنی سہمی ہوئی میلی آنکھیں گھٹتی ہوئی شمع پر جما دیں گستے بھرائی ہوئی آواز سے پوچھا "وانیا کیا میں اسے گل کر دوں ــــ آخری بار؟"

"فائدہ کیا! اسے چھوڑو اور جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں اُسے گوش دل سے سنو، اگر ہم ویسا ہی کریں جس کو انجام دینے کی ہم نے ابھی قسم کھائی ہے تو ہم سیدھے جنت میں جائیں گے اس لئے کہ ہم معصوم بچے ہیں اور ہاں زیادہ عرصہ تک گناہ کرنے کیلئے زندہ نہیں رہے، مگر کثیر تالیفونیا کو ہمیں اس حال تک پہونچانے کی ضرور سزا ملے گی اور وہ دوزخ میں جائیگی۔"

"اور آئی ون ویسیچ ــــ کیا وہ بھی دوزخ میں جائیگا؟"

"شاید خدائے رحیم اُسے معاف کر دے اس لئے کہ وہ اتنا ظالم نہ ہوتا اگر وہ اپنی حالت پر چھوڑ دیا جاتا۔"

"تب کثیر تالیفونیا کے گناہوں کا بدلہ ضرور پائیگی۔"

وانیا نے مسرور ہو کر کہا "میرے ننھے دوست وہ ضرور سزا پائیگی، فرشتے اس کو لوہے کے بڑے قلابے میں لٹکا کر اتنے کوڑے ماریں گے کہ خون بہنے لگے گا وہ اُس کو ننگے پیر سُرخ دہکتی ہوئی اینٹوں پر چلائیں گے اور بہت ممکن ہے کہ وہ اس سے ان اینٹوں کو چٹوائیں بھی جیسا کہ اُس نے چند روز پہلے سنکا کے ساتھ کیا تھا، وہ اس قدر ماری جائیگی اور اُسکو اتنی تکلیفیں پہونچائی جائیں گی کہ انسان کا خون اُسکے خیال سے سرد پڑ جائے۔"

نرم دل چھوٹے مشا نے مرعوب ہو کر رحم کے لہجے میں آہستہ سے کہا "لیکن وہ یہ سب کیسے برداشت کر سکے گی؟"

"وہ اُس کو برداشت کرنے کے لئے مجبور کریں گے، وہاں منت و سماجت اور فریاد کا مطلق خیال نہیں کیا جاتا، کوئی برداشت کر سکے یا نہ کر سکے، اُسے بہرصورت تمام مصیبتوں کو جھیلنا ہی پڑتا ہے۔"

کُتے نے باہر کے صحن میں ایک درد بھری بلند چیخ نکالی۔

مشا پیلا پڑ گیا اور اُس نے کہا "اوہو! ٹریسر نے شاید کسی بھوت کی آہٹ پالی ہے۔"

"کیا مہمل بکتے ہو! اور فرض کرو کہ ایسا ہے بھی تو کیا تم کو اپنی بزدلی پر شرم نہیں آتی؟"

"نہیں وانیا میں بزدل نہیں، لیکن ہمارے کُتے کو بھوت کا ہمیشہ کیسے احساس ہو جاتا ہے۔"

"اے یہ اس لئے کہ کتا انسان کا دوست ہے گھوڑے کو ایسی باتوں کے متعلق کوئی واقفیت نہیں ہوتی لیکن کتا سب کچھ سمجھ جاتا ہے ــــ یہی سبب ہے کہ جب کوئی بھوت قریب ہوتا ہے تو وہ بھونکتا ہے۔"

مشا نے وانیا کی بات کاٹتے ہوئے کہا "اور اگر فرض کرو کہ ہم اپنے کو ڈبو دیں؟"

"تم بھی کتنے نادان ہو، یہ بھی کوئی گرمی کا زمانہ ہے؟"

"یہ صحیح ہے کہ پانی ٹھنڈا ہے ــــ اتنا ٹھنڈا کہ شاید اگر ہم ہمیں غوطہ لگائیں تو برداشت نہیں کر سکتے۔"

"اگر ہم حقیقتاً اپنے کو ڈبونا چاہیں تو پہلے ہم کو برف توڑنا پڑے گی اور اُس کے بعد بلاشبہ ہم باہر آنے کی کوشش کرینگے اور وہ بھی کتنی مصیبتوں کے ساتھ! اور چاقو کی بات اور ہے ذرا تیزی سے گلے پر چلایا اور قصہ ختم، صرف ہاتھ نہ کانپنا چاہیئے۔"

معصوم ننھے مشا نے سوال کیا "تو کیا پھر ہم کبھی نہ مارے جائیں گے؟"

"نہیں، ہرگز نہیں! پھر تم کو کوئی بھی نہ مارےگا، فرشتے ہماری روحوں کو سیدھے آسمانی باپ کے پاس لیجائیں گے۔"

مشا نے پوچھا "تب ہمارا آسمانی باپ کیا کہیگا؟"

"ہمارا باپ کہے گا، میرے معصوم مظلوموں تم نے مستقل مزاجی سے اپنے خاتمہ کا انتظار کیوں نہ کیا؟ تم نے اپنی زندگیاں کیوں ختم کر ڈالیں؟ ہم جواب دینگے پیارے معبود ہمارے لئے اب زندہ رہنا بالکل ناممکن تھا اور ہم اس سے سب کچھ کہہ دینگے ــــ کثیر تاہم کو اس طرح مارتی تھی کہ خون نکل آتا تھا ــــ ہم کو بیحد مارتی اور تکلیفیں پہونچاتی تھی۔"

مشا نے سب غور سے سنا اور مصیبت کے احساس نے اسکے معصوم دل کو اتنا دکھایا کہ اس کی آنکھوں سے گرم گرم آنسوؤں کی دھار بہنکلی۔ وانیا نے اس کی دلجوئی اس طرح شروع کی "سنئے ہو مشا، ہم کل اس کے ساتھ ایک آخری چال چلیں گے۔ کثیر تا کو امید ہے کہ دعوت میں مغز مہمانوں کی ایک معقول تعداد شریک ہوگی۔ میں نے سب چاقو چھپا دئے ہیں اس لئے اسے اپنے مہمانوں کیلئے ایک چاقو بھی نہ ملے گا۔"

مگر مشا برابر روتا رہا۔ وانیا نے شمع گل کر دی اور کھڑکی سے منہ نکال کر باہر دیکھنا شروع کیا۔ "یہ کس قسم کی ہوا ہے۔ یہ کیسی ہوا چل رہی ہے!" اس نے کہا اور اس کے بعد یہ گیت گنگنانا شروع کیا۔

"کیسی ہے اندھیاری رین"

مشا نے جب گوش آشنا نغمہ سنا تو اور زور سے سسکیاں بھرنے لگا۔ وانیا نے گھبرا کر کہا "تم بھی کیسے رونے لڑکے ہو"

گھڑی کی ٹن ٹن نے خاموشی کو توڑا۔ مشا نے اپنی آنکھیں پوچھتے ہوئے سہم کر کہا "پل بھر میں مالکہ یہاں آن پہونچے گی۔"

"ہاں اس میں کیا شک ہے، مگر کیا اچھا ہو اگر اب بھی ہمیں سونا مل جائے!"

"نہیں نہیں! مسیح کی محبت کا واسطہ وانیا، میں تم سے منت کرتا ہوں کہ سونے کا ارادہ نہ کرو۔"

"کیا تم ڈر رہے ہو؟"

بچارے ننھے مشا نے ہکلاتے ہوئے کہا "ہاں ــ وہ ــ ایسا ــ میں بہت ڈر رہا ہوں۔"

"احمق کہیں کے! میں تم سے کتنے بار کہوں کہ اس کمرہ میں ڈرنے کی کوئی بات نہیں ہے؟ اگر تم کہو تو میں ادھر ادھر دیکھ بھال لوں۔"

مگر وانیا نے اپنے دل میں یہ پہلے ہی ٹھان لی تھی کہ وہ جنبش تک نہ کریگا۔ کمرے میں گہری خاموشی تھی ــــ ایک ایسا خاموش وقفہ جس میں روح غم کی لہروں میں غرق معلوم ہوتی ہے۔ بچوں نے گھلتی ہوئی شمع کے بجھتے ہوئے شعلہ کی طرف خاموشی سے نگاہیں جما دیں۔ کتا پھر بھونکا۔

"کیا منحوس کتا ہے!" مشا نے کہا

"اور آلیا کہاں ہے؟" وانیا نے یکایک پوچھا۔

آلیا، مشا کی بہن تھی۔ ایک اٹھارہ سال کی لڑکی جو چھ مہینے سے غائب تھی اور کسی کو یہ معلوم نہ ہو سکا کہ وہ کہاں چلی گئی۔ خاندان میں مختلف قسم کی افواہیں اور قیاس آرائیاں ہو رہی تھیں، کچھ لوگ کہتے تھے کہ آلیا زندگی کے عذاب سے نجات پانے کے لئے بھاگ گئی ہے اور کچھ لوگ یہ خیال کرتے تھے کہ وہ اپنی ذلت و رسوائی پر پردہ ڈالنے کیلئے روپوش ہو گئی ہے۔ اسکے متعلق بس اس قدر معلوم ہو سکا کہ ایک دن دریا پر وہ کچھ کپڑے دھونے گئی تھی مگر اس کے بعد وہ نہیں دیکھی گئی، کپڑے دریا کے کنارے پائے گئے، غائب ہونے سے دو دن پہلے جیسے کہ یہاں کا دستور ہے کہ جب کوئی لڑکی آوارہ ہو جائے تو اس کے سر کے بال کاٹ دئے جاتے ہیں۔ لوگوں نے آلیا کے بھی سر کے بال بالکل جڑ سے کاٹ ڈالے، بال کاٹتے وقت اسنے ان لوگوں سے دیوانہ وار مقابلہ بھی کیا تھا لیکن بے سود، مالکہ نے بھی نہایت وثوق سے کہا کہ بدکردار آلیا میرے

خراب طرزِ عمل سے چھٹکارا پانے کے لئے نہیں بلکہ اپنے بُرے رویہ کو چھپانے کے لئے خود ہی ڈوب گئی ہے، لیکن پھر بھی اُس کا حشر اک راز ہی رہا۔ اس ناگہانی موت کی جب تحقیقات شروع ہوئی تو خاندان کے ایک بہت منہ پھٹ گواہ نے صاف صاف کہدیا کہ آلیا کی روزانہ کی زندگی بہت دُکھ بھری تھی لیکن حاکم عدالت نے گواہوں کے ایک لفظ پر بھی اعتبار نہ کیا بلکہ اُن کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ تم یہاں دروغگوئی کیلئے نہیں بلکہ سچ بولنے کیلئے بُلائے گئے ہو۔ اس کے بعد اُس نے مالکہ کا بیان قلمبند کیا۔

کٹرینا نے کہا کہ غلاموں کے ساتھ نہ صرف اُس کا طرزِ عمل ہی اچھا تھا بلکہ وہ اُن کو کھانے کے لئے گوشت بھی دیتی تھی۔ کٹرینا نے اپنی موافقت میں کئی گواہ پیش کئے جنہوں نے اُس کے بیان کی حرف بہ حرف تصدیق کی۔ جج نے قدرے تامل کیا، اور غور کرنے کے بعد حسب ذیل فیصلہ سنا دیا۔

"ضلع ج ـــــ کے رؤسا اپنے غلاموں کے ساتھ نہ صرف اچھا طرزِ عمل ہی کرتے ہیں بلکہ اُن کو کھانے کے لئے گوشت بھی دیتے ہیں۔"

اس کے بعد جج نے گواہوں کی طرف رُخ کرتے ہوئے کہا "کیوں جی تم ایسے کھلے ہوئے جھوٹ کیوں بولے؟" گواہ پیلے پڑ گئے۔ اور دم بخود اپنے ہونٹوں کو چباتے رہے، یہاں تک کہ خون نکل آیا۔ کٹرینا نے یہ سب دیکھا اور گواہوں کی اتنی بیباکی اور دیدہ دلیری سے متاثر ہو کر موقع پر بیہوش ہو جانا مناسب خیال کیا۔

عدالت نے یہ حکم سنایا۔

"پالیانک ریاست کی رہنے والی ایک لڑکی مسمّی آلگا نوروا، جو فوجی رسالے کے ایک پنشن یافتہ کپتان کی لونڈی تھی چوبیس جون کی صبح کو غائب ہو گئی۔ مذکورہ لڑکی کا حلیہ یہ ہے۔

دراز قد، گورا رنگ، بھورے بال چھوٹے چھوٹے ترشے ہوئے، کھلی ہوئی رنگت، نیلی آنکھیں۔ سڈول ناک نقشہ، ہاتھ پیر خاصے پر ایک ننھا سا کالتل ..... اس ضلع کے محکمہ پولیس کو جس سے کہ یہ لڑکی تعلق رکھتی ہے حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اس لڑکی کو ضلع ج ـــــ کی عدالت کے حوالے کر دیں، عدالت مالکہ کی درخواست پر منعقد کی جائے گی۔"

پس یہ معاملہ اس قانونی کارروائی پر ختم ہو گیا، کٹرینا نے کچھ عرصے تک تو بہت ہشیاری سے کام لیا مگر مہینہ دو مہینہ ہی میں وہ اپنی پُرانی عادتوں پر لوٹ آئی، کیا کوئی شخص اُسے ظالم اور سنگدل خیال کر سکتا تھا؟ ہرگز نہیں، ہر شخص اُس سے ملنے آنے لگا اور اُس کے کمرے میں حسب دستور ملنے والوں کا مجمع رہنے لگا، ہر شخص اپنی اپنی جگہ پر یہ جانتا تھا کہ وہ اپنے غلاموں کو طرح طرح کے انوکھے اور نرالے طریقوں سے اذیت دیکر اپنا دل بہلاتی ہے لیکن کبھی کسی نے سنجیدگی سے اُس کے افعال پر کبیرہ چینی کا خیال تک نہ کیا، وہ صحیح معنوں میں اپنی خوش خرامی، جاذب توجہ اور فیاضانہ طرزِ عمل کیلئے اپنے دائرہ احباب میں بہت ہر دلعزیز تھی جن کی وہ دلکش انداز میں خاطر و تواضع بھی کیا کرتی تھی۔

ایک دن کٹرینا کے شوہر بے میں ایک چھوٹی سی مکھی نکل آئی، اُس نے اپنے باورچی کو بُلایا اور نہایت بے جگری سے مکھی نگلنے کا حکم دیا اور طرفہ یہ کہ حاضرین میں سے کسی پر یہ بات ذرا سی بھی شاق نہ تھی۔

ایک دوسرے موقع پر اُس نے سنکا سے کہا کہ جاؤ اور آہنی گرم چولھے کو زبان سے چاٹو۔ غریب سنکا کہ عدول حکمی کی جرأت بھی نہ ہوئی، جب وہ واپس آئی تو اُس کی زبان پر چھالے پڑ گئے تھے۔ اُس کا چہرہ درد کی شدت سے تمتما رہا تھا۔ بال چھلس گئے تھے اور اُسکے گالوں پر موٹے موٹے آنسو ڈھلک رہے تھے۔

ایک شخص بولا "احمق! کتنا فیل مچاتی ہے" دوسرے نے کہا "کیسی گھاگ لڑکی ہے!" اور پھر سب ایک ساتھ کھلکھلا کر ہنس پڑے۔

یہ اس زمانے میں مہمانوں کی تواضع کا ایک نہایت پسندیدہ طریقہ

خیال کیا جاتا تھا۔

مشا کے ننھے سے دل پر اپنی بہن آلیا کی یاد کا بڑا گہرا نقش تھا، اُس کا جسم قدرے خم ہو گیا اور گالوں میں گڑھے پڑ گئے تھے اور جب دائیا بولا "آلیا واپس آگئی ہے۔ وہ کل اپنی مالکہ کے ساتھ بھی آئی تھی" تو مشا کی آنکھوں میں بڑے بڑے آنسو جھلکنے لگے۔

مشا نے چلا کر کہا "یہ جھوٹ ہے"

"یہ سچ ہے ـــــ وہ یقینی واپس آگئی ہے۔ میٹرنا نے خود ہم سے کہا کہ مالکہ نے جب آلیا کو دیکھا تو اُس کے چہرے کا رنگ اُڑھلے ہوئے کپڑے سے زیادہ سفید پڑ گیا تھا اور وہ اپنے کمرے سے بھاگ گئی تھی"

مشا نے سسکیاں لیتے ہوئے کہا "یہ سب جھوٹ ہے کہ آلیا نے اپنے کو ڈبویا نہیں اور ابتک زندہ ہے"

"مشا، جہانتک اس کا تعلق ہے اُس نے اپنے کو ضرور ڈبویا، اُس کا ڈوبنا اتنا صحیح ہے جیسے دو اور دو ملکر چار ہوتے ہیں"

مشا نے آہ بھرتے ہوئے کہا "سب جھوٹ! سب غلط!"

دائیا نے کہا "معصوم بچے! اس کے متعلق تم اتنا شور کیوں کرتے ہو، کیا ہم دونوں چند ہی گھنٹوں میں مرنے نہیں جا رہے ہیں"

مشا خاموش ہو گیا۔ اُس کی آنکھوں کے سامنے نہ جانے کتنے واقعات کی تصویریں پھرنے لگیں، اُس نے اپنے تخیل میں آلیا کو بالکل اسی طرح دیکھا جیسے کہ وہ اُس کے پاس آتی، اُسکے گال تھپ تھپاتی، شیریں اور محبت آمیز لہجے میں کہا کرتی تھی "میرے پیارے ننھے بھیا" ـــــ یا جبکہ وہ کوئی نئی بات تیار کر کے لاتی اور مسکرا کر کہتی تھی "میرے چھوٹے بھائی خدا کرے تم اسے پہنکر سدا ہنستے کھیلتے رہو" ـــــ مشا کو وہ دن بھی یاد آئے جبکہ اسکا چہرہ روتے روتے بگڑ گیا تھا، اُس کے خوبصورت بال کاٹ کر بالکل خراب کر دئے گئے تھے اور جب وہ ایک ایسی دکھ بھری آواز کے ساتھ جو رحم کی خواستگار تھی مالکہ کے کمرے سے باہر بھاگی تھی، آلیا کی وہ التجائیں جن میں سسکیوں کی وجہ سے رکاوٹ پیدا ہو جاتی تھی "آہ مجھے معاف کر دو، مجھے معاف کر دو، میں آئندہ کبھی ایسا نہ کرونگی۔ مسیح کے لئے میرے بال نہ کاٹو ـــــ درد اور حیا سے لبریز اس کی دل پاش کن فریاد جبکہ اُس کی لانبی گھنی، خوبصورت اور سنہری لٹیں قینچی کی نذر کی جا رہی تھیں ـــــ مشا کے کانوں میں ایک ایک کر کے سب آ رہی تھیں اور اس دکھ بھرے لمحے میں مشا کے تصور کے سامنے یہ تمام نظارہ ایسی دردناک اصلیت کے روپ میں اُبھر آیا تھا کہ جیسے وہ سچ مچ آلیا کو دیکھ رہا ہے اور گویا کہ واقعی آلیا کی روح اپنی مالکہ سے انتقام لینے کیلئے آن موجود ہوئی ہے ـــــ اور جیسے وہ ٹھیک اُسی جگہ اُس کے پہلو بہ پہلو موجود ہے۔ یہانتک کہ مشا کو اُس کی آواز سرگوشی کرتی ہوئی سنائی دی "میرے پیارے چھوٹے بھیا"

وہ دہشت زدہ ہو کر چیخ اُٹھا "اف! آلیا آگئی! دائیا کیا تم اُسے نہیں دیکھتے ـــــ تم کو اُس کی آواز نہیں سنائی دیتی؟"

دائیا نے ڈری ہوئی نگاہوں سے اِدھر اُدھر دیکھکر کہا "اب تم جھوٹ بول رہے ہو" مشا نے اصرار کیا تو کہا "میں تم سے قسم کھا کر کہتا ہوں کہ آلیا یہاں موجود نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ وہ یہاں نہیں ہے، بھلا آلیا ہمکو تکلیف دینے کیوں آنے لگی، صرف گندی روحیں لوگوں کو ستانے کیلئے آتی ہیں، وہ کیوں نقصان پہونچائیگی؟ آلیا تو بیحد نیک اور بہت اچھی لڑکی تھی" مشا نے غیر ارادی طور پر دہرایا "ہاں ہاں میری آلیا بہت اچھی تھی" مشا کو مزید یقین دلانیکے خیال سے اور خود یقین نہ کرنے پر کسی قسم کا افسوس کئے بغیر دائیا نے کہا "اچھا ٹھہرو ہم تمام کونوں میں ڈھونڈے لیتے ہیں" اُسنے میز کے نیچے دیکھا، کونوں میں جھانکا، گلی والے دروازے کو نصف کھولا مگر اُسے کچھ بھی نظر نہ آیا اُسنے مشا سے کہا "دیکھو مشا یہاں کوئی بھی نہیں ہے"

دائیا نے جواب دیا "یقینی، اور اسی وجہ سے تو ہم اُس سے بیحد محبت کرتے تھے، تم تو یہ بھی جانتے ہو کہ اسٹیپکا آلیا کو دل سے پیار کرتا تھا اور اُس سے شادی بھی کرنا چاہتا تھا، اسی وجہ سے

لوگوں نے اُسے نیند میں بھی ڈالدیا۔ جب آنیا نے خود کو ڈبو دیا تو اسٹیفکا نے مالکہ سے کہا مجھے فوج میں بھرتی کرا دیں تمہاری خدمت کرنے سے سپاہی بن کر اپنی زندگی گذار دینا بہتر خیال کرتا ہوں۔

اس پر مالکہ نے کہا کہ نہیں اسٹیفکا تمہیں فوج میں جانا نہیں ملیگا ہاں اگر چاہو تو تمہیں بھیڑوں کا چرواہا بننے کی اجازت دی جا سکتی ہے اور اُس بچارے کو ویسا ہی کرنا پڑا۔

"وآنیا ذرا یہ تو بتاؤ کہ کیا سپاہی بنکر انسان کو اور زیادہ مصائب برداشت کرنا پڑتے ہیں؟"

"کیا معلوم۔ بہرحال اِس زندگی سے تو زیادہ مصیبت نہ اُٹھانا پڑتی ہوگی۔ افسوس مشا ہماری بھی کیا زندگی ہے!"

اپنی مصیبت کے خیال سے اُس کے جسم کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

"اچھا مشا آؤ ایکبار تمام کمروں میں پھر چکر لگائیں۔"

مشا نے چپکے سے کہا "اچھا چلو آخری بار اور سہی"

وآنیا آگے آگے چلا۔ اُس نے کہا "یہ بڑا کمرہ ہے"

مشا نے دہرایا "یہ بڑا کمرہ ہے"

"میرے ننھے بھائی آؤ کمرے کے گوشے گوشے کو رخصتی سلام کرلیں۔"

مشا نے چار مرتبہ سلام کیا۔ وآنیا نے بھی ویسا ہی کیا۔ اسکے بعد ہر ایک کمرہ سے گزرتے ہوئے اور چاروں کونوں کی طرف تعظیماً جھکتے ہوئے وہ بالآخر اپنی خوابگاہ میں پہونچے یہاں وآنیا نے فرش پر تھوکا، مشا نے بھی ویسا ہی کیا۔

"مشا فرض کرو کہ ہم یہاں روشنی کردیں، ہاں آؤ یہاں روشنی کردیں۔" مشا کی نیلی آنکھیں ایک لمحہ کیلئے روشن ہوگئیں اور کسنی کی مسکراہٹ نے ننھے غلام کے چہرے کو چمکا دیا، انہوں نے تمام شمعیں روشن کیں۔ اس کے بعد مشا میزبان بنا اور وآنیا مہمان مگر اُن کو خلی دیوان پر بیٹھنے کا موقع بھی نہ ملا تھا کہ بہت زور سے گھنٹی بجی، میزبان اور مہمان کے چہرے خوف کی وجہ سے سفید پڑ گئے، وہ بسرعت دیوان پر سے کود پڑے اور شمعیں گل کی جا چکی تھیں۔ بچے ڈیوڑھی کے دروازہ سے بھاگے لیکن دروازے کے باہر مالکہ کی قہر آمیز آواز سنائی دی۔

"کمبختو! تم کر کیا رہے ہو؟ شیطان کے بچو مجھے کمرے کے باہر کھڑا رکھنے کی تمہیں جرأت کیسے ہوئی؟"

اسی وقت اُس کے شوہر کی آواز آئی "میری پیاری اپنے تئیں پریشان نہ کرو کہیں ہمارا بھائی نکانر نہ آیا ہو"

اسی لمحہ وآنیا نے دروازہ کھولا۔ مالکہ نے غضبناک لہجہ میں پوچھا "کیا ہمارا بھائی نکانر یہاں آیا ہے؟"

وآنیا نے جواب دیا "نہیں بیگم صاحبہ کوئی نہیں آیا"

"پھر تمام شمعیں جلانے کی کس کو جرأت ہوئی؟"

"کسی کو نہیں بیگم صاحبہ"

اس جواب پر ایک ایسا زوردار گھونسہ وآنیا پر پڑا کہ وہ لڑھک کر فرش پر جا گرا، مالکہ نے ننھے مشا کو گھسیٹتے ہوئے دوبارہ پوچھا "کس نے شمعیں جلائی ہیں؟"

وآنیا نے مالکہ پر جھپٹ کر اُس کے چہرے کو اپنے ناخنوں سے نوچتے ہوئے ایک مجنونانہ چیخ ماری کہ ایک لمحہ کیلئے وہ خود اپنا تمام خوف بھول گیا، اُس نے دیوانگی میں کہا "اب تم ہم کو زیادہ عرصہ تک تکلیفیں نہیں پہونچا سکتیں"

مالکہ بیہوش ہوگئی، وآنیا اتنے غضبناک جوش و خروش سے لڑا کہ اُس کو قابو میں لانا دشوار ہوگیا، غم و غصہ سے وہ پاگل ہو رہا تھا لیکن کسی نہ کسی طرح لوگ اُسے گھسیٹتے ہوئے باورچی خانہ میں لے گئے جہاں وہ ایک زخمی جانور کی طرح جو چاروں طرف سے گھر گیا ہو دردناک چیخیں بلند کرتا رہا۔ اُس کی آنکھ میں اس وقت ایک آنسو بھی نہ تھا۔ سب سے زیادہ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ مالکہ نے اِن چھوٹے بچوں کو اس رات کو سزا دینے کا کوئی حکم نہیں دیا۔

جب یہ معاملہ ختم ہوگیا تو وانیا تکان سے چور ہو کر سو گیا۔

بیچارہ مشا بھی وانیا کے پاس دبک گیا مگر اس کی پلک تک نہ جھپکی۔ وہ یہ خیال کر کے کانپ اٹھا کہ دو سو دن ان کے لئے خدا معلوم کیا سزا تجویز ہوتی ہے، اس نے اپنے تصور میں پھر آنیا کا چہرہ دیکھا اور اس کی آواز سنی لیکن وہ اس وقت اونی پوشاک میں ملبوس نہ تھی بلکہ ایک جھرجھری سفید عبا میں اس کا جسم لپٹا ہوا تھا اور اس کے بھورے بالوں پر ایک چمکدار تاج رکھا ہوا تھا۔ تین بجے کے قریب اس کی آنکھ لگی مگر چار بجے وانیا نے اسے جگا کر چپکے سے کان میں کہا "اب وقت آگیا ہے"۔ مشا اٹھ بیٹھا اور غیر ارادی طور پر اس نے کپڑے پہن لئے، اسے اس کا کچھ احساس نہ تھا کہ وہ کیا کر رہا ہے اور کہاں جا رہا ہے، وہ دونوں کمرہ سے گذرے اور باہر نکل کر صحن کی سرد ہوا میں کھڑے ہو گئے، وانیا اپنے ساتھ ایک قینچی بھی لیتا آیا تھا۔ اس نے اس سے اپنے بلاؤز کے ٹکڑے کر ڈالے اس کے بعد اس نے جوتے کے پرزے پرزے کئے اور ننگے پیر کھڑا ہو کر بڑبڑایا "یہ سب مالک کے کسی کام نہ آئیں گے"۔ مشا نے اسے بغور دیکھا، اس کی ننھی روح پر یہ روشن ہو گیا کہ اب وہ حقیقتاً زندگی کو خیرباد کہہ رہا ہے۔ وہ بے تحاشا سسکیاں بھرنے لگا۔ وانیا نے دانت پیس کر کہا "رونے بچے اپنے بستر پر واپس چلا جا"۔

"نہیں نہیں وانیا میں تم کو کبھی نہ چھوڑوں گا"

"آہ تب تم کیوں روتے ہو؟ کیا تم رات کا واقعہ بھول گئے"۔ اس کے بعد وہ صحن سے ہو کر گذرنے لگے، کتے نے مسرت آمیز استقبال کرتے ہوئے ان کی طرف جست کی وانیا نے اسکو ہنٹر دکھایا جس سے وہ "کوں کوں" کرتا ہوا تاریخانہ میں چلا گیا۔

صبح نمناک اور خنک تھی۔ وانیا اپنی قمیص میں کانپ رہا تھا۔ دونوں مکان کی چہار دیواری سے پھاندے، سامنے لق ودق اجڑے ہوئے میدان تھے، ایک گہری خاموشی ان کو گھیرے ہوئے تھی، تھوڑے فاصلہ پر ایک گہری خندق منہ پھیلائے ہوئے تھی، اسی جگہ انہیں اپنا کام انجام دینا تھا۔ پہلے وانیا نے جست لگائی، مشا نے بھی اس کا ساتھ دیا۔ وہ بالکل ساکت تھا، مگر زندگی کی خاموش اور فطری محبت ہر قدم کے ساتھ اس کے دل میں بڑھتی جا رہی تھی لیکن اسے کچھ کہنے سننے کی ہمت نہ تھی اسے وانیا سے ڈر لگتا تھا مگر شاید اس لمحے وانیا کو بھی اپنی عزیز جان دینے پر افسوس معلوم ہو رہا ہو، شاید اس کی روح میں وہی قاتل مدافعت جذبہ کام کر رہا ہو، وہ سردی سے کانپ رہا تھا مگر پھر بھی اس کے دماغ میں آگ لگی ہوئی تھی۔ وانیا ایک چابک سے دوسرا چابک تیز کرتا ہوا آگے بڑھا، چابکوں کی اس مرعوب کن آواز نے مشا کے دل کو بے حرکت بنا دیا مگر وہ چپ چاپ دم بخود اندھوں کی اطاعت کے انداز میں وانیا کے پیچھے پیچھے چلتا گیا۔

. . . . . .

. . . . . .

صبح ہوتے دو روسی دیہاتی بچوں نے ایک چرواہے کو جو گہری نیند میں پڑا سو رہا تھا جگا کر کہا کہ انہوں نے خندق سے امداد کیلئے کسی کی دردناک چیخیں بلند ہوتی ہوئی سنی ہیں۔ اجڑے ہوئے میدان میں یہ آوازیں گونج رہی تھیں "کوئی مدد کرو! کوئی مدد کرو!" وہ سب لوگ خندق کی طرف دوڑے، وہاں انہوں نے دو بچوں کو پایا، ایک نیم برہنہ اور دونوں خون میں لتھڑے ہوئے تھے، وانیا بے حرکت پڑا تھا، اس کا جسم سرد اور مردہ ہو چکا تھا۔ اس کے ہاتھ نے ذرا سی لغزش تک نہ کی تھی۔ بلکہ نہایت مستحکم اور بھرپور وار کیا تھا مشا ابھی دم توڑ رہا تھا، اس کا ننھا اور کپکپاتا ہاتھ کاری ضرب نہ لگا سکا تھا۔

مسعود حسن

ساقی

مری مستی میں بھی اب ہوش ہی کا طور ہے ساقی
ترے ساغر میں یہ صہبا نہیں کچھ اور ہے ساقی

بھڑکتی جا رہی ہے دم بہ دم اک آگ سی دل میں
یہ کیسے جام ہیں ساقی یہ کیسا دور ہے ساقی

کہیں اک رند اور وا ماندۂ افکارِ پنہانی
کہیں محفل کی محفل طور سے بے طور ہے ساقی

وہ شے دے جس سے نیند آجائے عقلِ فتنہ پرور کو
کہ دل آزردۂ تمییزِ لطف و جور ہے ساقی

مجھے پینے دے۔ پینے دے! کہ تیرے جامِ رنگیں میں
ابھی کچھ اور ہے — کچھ اور ہے — کچھ اور ہے ساقی

چھلکتی ہے جو تیرے جام سے اُس مے کا کیا کہنا
ترے شاداب ہونٹوں کی مگر کچھ اور ہے ساقی

مرے ایمان سے مت ڈر مرے اسلام پر مت جا
وہ انساں ہوں کہ مذہب ہی مرا کچھ اور ہے ساقی

علی گڈھ میکدہ افغاں اور دلّی طور ہے میرا
مدینہ لکھنؤ کعبہ مرا لاہور ہے ساقی

مجاز
بی۔ اے۔ (علیگ)

سزا

یہ کہانی پنجاب کے ایک گاؤں سے وابستہ ہے۔

چھوٹا سا گاؤں تھا۔ دو ایک حویلیوں کو چھوڑ کر باقی تمام مکانات گارے کے بنے ہوئے تھے۔ وہی جوہڑ، وہی بیول، شرینہہ اور بیریوں کے درخت، وہی گھنے پیپل کے تلے رُوں رُوں کرتے ہوئے رہٹ، وہی صبح کے وقت کنوؤں پر کنواریوں کے جھگٹ، دوپہر کو بڑے بوڑھوں کی شطرنج اور چوپٹ، شام کو نوجوانوں کی کبڈی اور پُرسکوت راتوں میں وارث علی شاہ کی ہیر اور قاضی کے سوال و جواب، وہی مضبوط، نٹ کھٹ اور چنچل چھوکریاں اور وہی سیدھے سادے بلند قامت اور وجیہہ نوجوان ــــ

شام ہو چکی تھی۔

گھر میں پکانے کے کیلئے کوئی چیز نہ تھی۔ اس لئے جیت کور پیسہ آنچل میں باندھ کر دال لینے کیلئے گھر سے باہر نکلی۔ لیکن چار قدم چل کر رُک گئی۔ سامنے پیپل کے نیچے مگدر کے قریب بھجن سنگھ چارپائی پر بیٹھا مونچھوں کو بل دے رہا تھا۔

جیت کور جانتی تھی کہ جب وہ اُس کے پاس سے گذریگی تو وہ اُسے بغیر چھیڑے ہرگز نہ رہیگا۔ لہٰذا اُس نے سوچا کہ بجائے دال کے کسی کھیت سے ساگ لے آتی ہوں۔ اس طرح سے وہ پیسہ چھوٹا بھائی بھجن خرچ کرے گا۔ آج دوپہر بھر وہ کھانڈ کی رنگدار گولیوں کے لئے روتا رہا تھا۔ یہ سوچکر وہ کھیتوں کی طرف چلدی۔

سورج غروب ہو رہا تھا۔ ببول اور گنّوں کے سائے طویل ہوتے جا رہے تھے۔ جیت کور چھوٹی چھوٹی کانٹے دار جھاڑیوں سے شلوار بچاتی ہوئی چلی جا رہی تھی۔ جامن کے قریب بیروں کی جھاڑیاں تھیں۔ اُس نے تھوڑے سے بیر چُن کیلئے توڑ لئے، پھر آگے بڑھی۔ اُس کے چہرے سے افسردگی اور غصّہ کے آثار ہویدا تھے۔

اِس وقت وہ بھجن سنگھ کی بابت سوچ رہی تھی۔ آخر بھجن سنگھ اُسے کیوں دق کرتا ہے۔ اگر اور نہیں تو سمتری اُس سے کم حسین تو نہ تھی۔ وہ اُسے کیوں نہیں چھیڑتا؟ لیکن سمتری کے تین جوان بھائی تھے۔ اگر کوئی اُس کی طرف اُنگلی بھی اُٹھائے تو وہ اُس کا خون پی جائیں۔ یہ خیال آتے ہی اُسے اپنا بھائی یاد آگیا۔ تین سال پہلے جبکہ اُسکی عمر پندرہ برس کی تھی اُس کا بھائی گھر سے کھانا کھا کر کنوئیں پر گیا جہاں اُس نے تربوز کھالیا۔ اور شام تک ہیضہ سے مرگیا۔ اُس کا بھائی گاؤں بھر میں سب سے زیادہ دراز قد تھا۔ اس کا سینہ ایسا تھا جیسے کسی بڑی چکّی کا پاٹ۔ ایک بالشت اُونچی اور موٹی گردن چوڑے چکلے مضبوط ہاتھ۔ کلائی پکڑنے اور کبڈی کھیلنے میں دُور دُور تک کوئی اُس کی برابری کا دعویدار نہ تھا۔ ایکدفعہ کبڈی میں اُس نے تھپیڑ مار کر اپنے حریف نوجوان کی ہنسلی کی ہڈی توڑ دی تھی۔ یہ باتیں یاد کر کر کے جیت کور کی آنکھوں میں آنسو آگئے، بھلا آج اُس کا بھائی زندہ ہوتا تو کیا بھجن سنگھ کی ہمت پڑ سکتی تھی کہ اس سے چھیڑ خانی کرے۔ کل ہی کی بات تو ہے کہ اس بدمعاش نے اُس کا آنچل کھینچکر اُس کا سر ننگا کر دیا تھا۔ یہ سب اسی لئے تو تھا کہ وہ نمبردار کا لڑکا تھا اور وہ سب یہ اُن کے قرضدار تھے۔ ماں کی موت کے بعد ان پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ ماں کے بعد باپ مرا۔ باپ کے بعد اس کا بھائی مرا اور اب بوڑھا دادا رہ گیا تھا جسے وہ بابو کہا کرتی تھی۔ یا چُن تھا۔ چھ سال کا بچہ۔ ماں باپ کی آخری نشانی۔ کئی دفعہ فصلیں خراب ہوئیں۔ نمبردار کا ڈیڑھ سو روپے کا قرضہ سر پر ہو گیا۔ زمین علیحدہ رہن تھی۔ بابو بوڑھا تھا۔ ان تمام مصیبتوں پر طرّہ یہ کہ بے شرم بھجن سنگھ اُسے دم نہ لینے دیتا تھا۔

اب جیتو کو رکا پھر سے خون کھولنے لگا۔ اُس کے دل میں تمام مردوں کیلئے نفرت پیدا ہو رہی تھی۔ دل ہی دل میں کہنے لگی اب تارا سنگھ کو ہی دیکھو۔ اُس کا نہ آگا نہ پیچھا۔ بس لے دیکے اُس کی ماں ہے تھوڑے دن کی مہمان۔ اُسے بھلا کا ہے کی فکر؟ زمین ہے۔ ایک کچا مکان۔ تین بیل۔ ایک بھینس اور ایک گائے بھی ہے۔ اُسے اپنی اکیلی جان کیلئے یہ کافی سے زیادہ ہے۔ مارے بے فکری کے رانڈ کا سانڈ ہو رہا ہے۔ جب دیکھو مونچھ پہ ہاتھ۔ اتنا لمبا چوڑا جوان ہو کر بیچاری کمزور لڑکیوں پر آوانے کتے شرم نہیں آتی۔ میں تو کہونگی کہ سبھی مرد پرلے درجے کے مغرور، گھمنڈی اور پاجی ہوتے ہیں جب کبھی پانی کا گھڑا کنوئیں سے اُٹھا کر لاتی ہوں تو کیسی بھدی آواز سے گاتا ہے:۔

بکا گھڑا چک لچھیئے! تیرے لک نوں جرب نا دے[1]۔
بکا گھڑا چک لچھیئے!۔

باپو کا خیال ہے کہ میں اُس سے شادی کر لوں، مگر میں ایسے لفنگے کے ساتھ شادی کروں کیوں؟ مانا کہ بھجن سنگھ کی طرح اُس نے دست درازی کبھی نہیں کی مگر اِس قسم کے گانے نوجوان لڑکیوں کو سُنا سُنا کر گانا بھی تو بھلے آدمیوں کا کام نہیں۔

اِس وقت جیتو کور کو رہ رہ کر خیال آتا تھا کہ کاش وہ اکال پرکھ اُسے طاقت دیتا تو وہ اِن دل پھینک عاشقوں کو اینٹ کا جواب پتھر سے دیتی۔

چلتے چلتے وہ رُک گئی۔ سامنے گنّے کے کھیتوں کے پاس ہی ہرا بھرا ساگ کا کھیت تھا۔ لیکن وہ کھیت تھا تارا سنگھ کا۔ اُسنے اِدھر اُدھر دیکھا۔ مولشی باندھنے کا مکان خالی معلوم پڑتا تھا۔ رہٹ چل رہا تھا۔ اور پاس ہی بیل بندھا ہوا تھا۔

اُس نے جب اچھی طرح سے دیکھ لیا کہ نزدیک کوئی نہیں ہے تو وہ چپکے سے کھیت میں سمٹ سمٹا کر بیٹھ گئی۔ اور جلدی جلدی ساگ توڑنے لگی۔ مُغا ایک آواز سُنکر اُس نے سہم کر سر اُوپر اُٹھایا۔ دیکھا کہ دُور گنّے کے کھیتوں سے تارو ہاتھ میں پھاوڑا لئے بلند آواز سے گالیاں دیتا چلا آتا ہے۔ اس کے جسم میں سنسنی سی پیدا ہوئی اور وہ ساگ وہیں پھینک کر جلدی جلدی دوسری طرف کو چلدی۔ اتنے میں تارو وہاں پہونچا۔ اُس نے توڑا ہوا ساگ ہاتھ میں اُٹھا کر دیکھا اور پھر اُس کی طرف لپکا۔ اِدھر اس کے چھوٹے چھوٹے پھٹے ہوئے سلیپر ہری گھاس پر بار بار پھسلتے تھے۔ یہ دیکھکر کہ تارو اُس کو پکڑا ہی چاہتا ہے وہ بھاگ کھڑی ہوئی۔ تارو بھی دوڑا۔ مختصر سی دوڑ کے بعد تارو نے اُسے جا دبوچا۔ اور اُس کی کلائی کو مضبوطی سے پکڑ کر بولا "کیوں ری جیتو! ہم سے یہ چالاکیاں؟ ہر روز تو ہی ساگ چرا کر لے جاتی تھی نا؟ آج میں بھی اِسی تاک میں بیٹھا تھا"

جیتو روتے ہوئے اور اُس کی آہنی گرفت سے بازو چھڑانے کی کوشش کرتے ہوئے بولی "میں تو تیرے کھیت میں پہلے کبھی نہیں آئی.... چھوڑ مجھے"

"کبھی نہیں آئی تھی...." تارو دانت پیستے ہوئے بولا۔ "چل آج میں تجھے چکھاتا ہوں مزا"

تب تارو اُسے گھسیٹتا ہوا کچے مکان کی طرف لے گیا اور دروازہ کھولکر اُسے زور سے اندر دھکیل دیا۔ وہ بھینس کے اُوپر گرنے سے بال بال بچی۔ اُس کی ایک چوڑی بھی ٹوٹ گئی۔ چوڑی کو ٹوٹتے دیکھکر دامنِ صبر اُس کے ہاتھ سے جاتا رہا۔ چیخکر بولی۔ "تو نے میری چوڑی توڑ دی۔ میں نے اتنے شوق سے پہلے سے لی تھیں...." اُس کی آواز بھرا گئی اور وہ شکستہ چوڑی کے ٹکڑوں کو دیکھ دیکھ کر آنسو بہانے لگی۔

اب تارو نرم پڑ گیا۔ دل میں افسوس بھی پیدا ہوا۔ یکایک اُس نے دیکھا کہ چوڑی کا ٹکڑا چبھ جانے سے جیتو کی کلائی سے خون

---

[1] لے لے دوشیزہ تو چھٹا گھڑا اُٹھایا کر۔ مجھے خوف ہے کہ کہیں تیری نازک کمر میں بل نہ آجائے۔

بہہ رہا ہے۔ وہ ایک دم آگے بڑھا "اوہو! جیتو تمہاری کلائی سے خون بہہ رہا ہے۔ لاؤ۔۔۔۔۔"

"ہٹ" جیتو نے دو قدم پیچھے ہٹ کر کہا "بدمعاش۔۔۔ کلموہنا۔۔۔ مسٹنڈا۔۔۔"

تارو گالیاں کھا کر خاموش ہو گیا۔ اُسے یہ معلوم نہ تھا کہ بات کا بتنگڑ بن جائے گا۔ دن تو دو گھڑی کھیلے جیتو کو پریشان کرنا چاہتا تھا کیونکہ اُسے دق کرنے میں اُسے مزہ آتا تھا۔ لیکن اس کا یہ منشا ہرگز نہ تھا کہ جیتو کا کوئی نقصان ہو یا وہ اُسے کوئی جسمانی ایذا پہونچائے۔

جیتو دیوار کے پاس کھڑی چپکے چپکے رو رہی تھی۔ اور تارو اپنی گردن کھجا رہا تھا۔ اُس کے دل میں زخم کے جذبات پیدا ہو چکے تھے مگر وہ ہمدردی کا اظہار نہ کر سکتا تھا۔ دو گھڑی بعد وہ باہر نکل آیا اور دروازہ بند کر کے کھیتوں کی طرف چلا گیا۔

تھوڑی دیر بعد تارو سرسوں کا عمدہ ساگ لئے صحن میں داخل ہوا۔ جیتو نے نظر اُٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔ اسکی بھیگی بھیگی لانبی پلکوں کو دیکھکر تارو کے دل میں ہوک سی اٹھی۔ اس کو اپنی حرکت پر بہت افسوس ہو رہا تھا۔ وہ جھجکتا ہوا آگے بڑھا اور ساگ کا گٹھا آگے بڑھاتے ہوئے بولا: "جیتو! اب تم گھر جاؤ۔ لو یہ ساگ"

جیتو پہلے ہی بھری بیٹھی تھی۔ اُس نے جھپٹ کر ساگ لیا اور اُلٹا اُس کے منہ پر دے مارا۔ تمام ساگ بکھر کر زمین پر گر پڑا۔ اور دو چار پتے تارو کی چھوٹی چھوٹی ڈاڑھی میں پھنس کر رہ گئے۔ تارو منہ سے کچھ نہ بولا اور جھک کر پھر ساگ کو چننا شروع کر دیا۔

جیتو جلدی سے باہر نکل آئی۔ تارو بھی ساگ لئے پیچھے پیچھے لپکا۔ جیتو پانی کی نالی پھاندنے لگی اس کا ایک پاؤں زمین میں دھنس گیا۔ کیونکہ زمین نمی کی وجہ سے نرم ہو رہی تھی۔ اس نے پاؤں باہر کھینچ لیا لیکن سلیپر پھنسا رہ گیا۔ تارو نے بڑھکر جلدی سے سلیپر باہر کھینچ لیا اور کہنے لگا "تم ٹھہرو میں ابھی دھوئے دیتا ہوں۔۔۔"

نالی کے کنارے کپڑے دھونے کی سل پڑی تھی۔ جیتو اسپر منہ پھلا کر بیٹھ گئی اور تارو پانی کی دھار میں پہلے ساگ دھو نیگا۔ وہ اب کوئی صلح کی گفتگو کرنا چاہتا تھا۔ وہی آواز اور اپنی دانست میں بہت نرم لہجہ میں کہنا شروع کیا۔

"جیتو! یہ بھینس تو اب دو کوڑی کی نہیں رہی۔ تین سیر صرف تین سیر دودھ دیتی ہے۔ بھلا ایسی بھینس رکھنے سے فائدہ؟ ایک بھوری بھینس میری نظر میں ہے۔ کم سے کم سولہ سیر دودھ دینے والی۔ دام زیادہ ہیں مگر کچھ ہرج نہیں مجھے بھینس رکھنے کا بہت شوق ہے۔ میں نے ایک سو پچپن روپے جمع کئے ہیں۔ بڑی مشکل سے بہت ہی مشکل سے۔ اُس بھینس کو ضرور خریدونگا۔ ایسی مریل بھینس رکھنے سے کیا فائدہ؟ ایسی بھینس۔۔۔۔۔"

تارو کو اپنی باتیں بالکل مہمل سی معلوم دے رہی تھیں۔ اُسے اتنا بھی حوصلہ نہ پڑتا تھا کہ نظر اٹھا کر جیتو کی طرف دیکھ لے۔ اُسنے ساگ دھو کر ایک طرف رکھ دیا اور اب ٹوٹا ہوا سلیپر دھونے لگا۔ ایک بات اور سوجھی۔ بولا: "اور ہاں تم دریاؤ کو تو جانتی ہی ہو۔ بہت ہی کھوٹا آدمی ہے۔ ایک دن کیا دیکھتا ہوں کہ چنن کے کان اینٹھ رہا ہے۔ میں نے سبب پوچھا تو کچھ ڈر گیا۔ کہنے لگا کہ اس نے کھیت سے ایک خربوزہ چرایا تھا۔ میں نے چنن کو اس کے ہاتھ سے چھڑایا بیچارا چڑیا کی طرح سہما ہوا تھا۔ اور پھر میں نے دو دھپ دریاؤ کی گردن پر دئے اور کہا کہ "تو اتنی سی بات پر لونڈے کو مارے ڈالتا ہے۔ خبردار! جو اسے کبھی ہاتھ بھی لگایا تو۔۔۔۔ جانتا نہیں چنن کرن کا بھائی ہے؟"

یہ کہکر تارو خاموش ہو گیا۔ اور اُس نے چپکے سے کنکھیوں سے جیتو کی طرف دیکھا۔ مگر وہ ابھی تک منہ پھلائے خاموشی سے اپنے کبوتروں کے سے سفید سفید پاؤں کو ٹھیکری سے رگڑ رگڑ کر دھو رہی تھی۔ تارو اٹھا اور سلیپر اُس کے پاؤں کے پاس رکھدیئے۔

اور ساگ کی جھولی میں ڈال دیا۔ وہ بے نیازی سے اٹھی اور اٹھلاتی ہوئی چلدی۔ وہ نزدیکی رستہ سے جلد از جلد پہونچنا چاہتی تھی۔ کیونکہ اب اندھیرا ہو چلا تھا مگر رستہ خراب تھا۔ کھیتوں میں پانی بھرا تھا۔ اور مینڈھ بہت کم چوڑی تھی۔ جیتو نے سلیپر ہاتھ میں لیکر بجائے مینڈھ کے پانی میں سے ہو کر جانے کی ٹھانی۔ تارو جلدی سے آگے بڑھا اور اُس کا بازو تھام کر بولا "تم سلیپر پہن کر مینڈھ پر سے چلی چلو۔ کیونکہ پانی کے اندر کانٹے دار جھاڑیاں ہیں۔ . . . . میں تمہیں سہارا دیئے رہونگا۔ . . ."

جیتو نے جھٹکے سے ہاتھ چھڑا لیا۔ اور کہنے لگی "تم لوگوں کو شرم نہیں آتی۔ تم لوگ ہر کام بُری نیت سے کرتے ہو۔ مگر میں نے تہیہ کر لیا ہے کہ اب تم لوگوں کی اس قسم کی حرکات چپکے سے برداشت نہ کرونگی۔"

"خراب نیت" کے الفاظ سُنکر تارو نے اپنی صفائی کرنا چاہی مگر جیتو چمک کر بولی "اور آج میں تمہیں خبردار کئے دیتی ہوں کہ آئندہ مجھے ہاتھ لگانے کی جرأت ہرگز نہ کرنا ورنہ ہاتھ توڑ دونگی۔"

تارو نے پہلے اُسکے نرم و نازک ننھے مُنے ہاتھوں کو دیکھا پھر اپنے بھاری بھرکم، میلے کچیلے اور کھردرے ہاتھوں پر نظر ڈالی اور تب اُسکے لبوں پر تبسم پیدا ہوا۔

جیتو کو اُس کی یہ حرکت دیکھ کر زہر سا چڑھ گیا اور اُس نے آؤ دیکھا نہ تاؤ تڑاق سے سلیپر اُسکے منہ پر دے مارا۔

"جیتو!" تارو مغاشیر کی طرح غصہ میں گرجا لیکن پھر نہ معلوم کیا سوچکر خاموش ہو گیا۔

کچھ دیر کیلئے دونوں طرف سکوت سا رہا۔ پھر جیتو بے پروائی سے شلوار اٹھا کر پانی میں چلدی۔ سلیپر کی ایک کیل تھوڑی باہر نکل ہوئی تھی جس کی وجہ سے تارو کی پیشانی پر خراش آگئی اور خون بہنے لگا۔ مگر وہ خون سے بے پروا جیتو کے آگے آگے چل رہا تھا۔ راستے میں جو کانٹے دار جھاڑی ہوتی اُسے اپنے پھاوڑے کے ایک وار سے اُکھاڑ کر جیتو کا راستہ صاف کر دیتا۔ جب یہ پانی کا راستہ ختم ہو گیا تو تارو نے بڑھکر کانٹے دار جھاڑی میں سے راستہ بنا دیا اور خود ٹھہر گیا۔ جیتو نے ایک لمحہ کے لئے اس کے خون سے تر کُرتے کی طرف دیکھا اور پھر خاموشی سے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔

تاریکی میں اُس نے گھر کا دروازہ کھولا۔

ایک طرف چراغ جل رہا تھا۔ باپو گنڈاسے سے جوار کاٹنے میں مشغول تھا۔ چنن قینچی سے کاغذ کے پھول بنانے میں مصروف تھا۔۔۔!

جیتو اندر داخل ہوئی تو باپو نے ایک دفعہ سر اٹھایا اور پھر جھک گیا۔ چنن نے ایک مرتبہ کہا "بہن آگئی" اور پھر اپنے کام میں مشغول ہو گیا۔

اُس نے کونے میں سے کپاس کی سوکھی چھڑیاں اٹھائیں اور انہیں توڑ کر چولھے میں رکھا اور اُوپر اُپلے رکھکر آگ جلائی۔ تب مٹی کی ہنڈیا میں ساگ پکنے کیلئے رکھدیا۔

باپو آہستہ سے بولا "آج نمبردار اور سپاہی پھر آئے تھے۔"

وہ سب کچھ سمجھ گئی۔ اُس کے ہاتھ رُک گئے۔ وہ عالم خیال میں تاریکی کی طرف دیکھنے لگی۔ اُن کی بربادی اور تباہی ناچتی ہوئی دکھائی دے رہی تھی۔ جگ ہنسائی اس کے علاوہ تھی۔ اس نے سرد آہ بھر کر سر جھکا لیا اور کچھ بیچینی سے اُٹھی اور آٹا لیکر تنور پر روٹی پکانے چلی گئی۔

روٹی کھاتے وقت باپو نے بتایا کہ سپاہی کہتا تھا کہ اگر پرسوں تک روپے کا انتظام نہ ہو سکا تو گھر کی قُرقی کرا دی جائے گی۔

انسان پر مصیبت آتی ہے تو ایک نہیں بلکہ سینکڑوں مصائب پے در پے حملہ آور ہو کر انسان کو بے بس و لاچار بنا دیتے ہیں۔

آج گویا آخری دن تھا۔ باپو صبح سے باہر گیا ہوا دوپہر کو گھر واپس آیا، اُس کے اُداس جُھرّیوں دار چہرے سے صاف عیاں تھا کہ روپے کا بندوبست نہ ہوسکا۔ جیتو کی ماں کا ایک سونے کا زیور بیچا تھا۔ کُل باسٹھ روپے جمع ہوتے تھے۔ باقی ایک سو تیس کہاں سے آئیں گے۔ گھر کے مویشی بیچنے سے کچھ روپیہ مل سکتا تھا۔ مگر انہیں سے تو روزی تھی اگر وہ بک گئے تو گویا دال روٹی سے بھی گئے۔ جیتو دوپہر کا کام ختم کر کے گھر سے باہر تھوڑی دیر تک وہ کھلی ہوا میں کھڑی رہی۔ نمبردار ابھی تک نہ آیا تھا لیکن اُسے آنا ضرور تھا۔ اور کل؟ کل تمام دُنیا اُن کا تماشہ دیکھے گی۔

سامنے سے کالی گھٹا جھوم کر اٹھی اور آسمان پر چھا گئی۔

جیتو گوردوارے کی طرف چلدی۔ یہ چھوٹا سا گوردوارہ گاؤں سے کم و بیش تین فرلانگ کے فاصلے پر تھا۔ عمارت پرانی تھی۔ دو تین کوٹھریاں مسافروں کے واسطے بنی ہوئی تھیں۔ اور ساتھ ہی ایک چھوٹا سا باغ تھا۔

گوردوارے کا کام ایک پرہیزگار اور پاکباز بزرگ کے سپرد تھا۔ جیتو کے باپو کی اُن سے گاڑھی چھنتی تھی۔ یہ بزرگ جیتو کو سکھ گوروؤں کی پاک زندگی کے واقعات اُن کی قربانی اور ایثار کی کہانیاں سُنایا کرتے تھے۔ جس سے جیتو کے دل کو گونہ تسلی ہوتی تھی۔ جب وہ وہاں پہونچی تو معلوم ہوا کہ وہ بزرگ دوسرے گاؤں میں کسی کام کی وجہ سے گئے ہیں۔ اُس نے کنوئیں پر اشنان کیا۔ کتاب پاک کے آگے سر جھکایا اور بابا نانک کی درگاہ سے رو رو کر اِس مصیبت کے ٹل جانے کی دُعا کرتی رہی۔ پھر اُس نے چنبیلی کے پھول چُنے اور چن کیلئے ہار گوندھنے لگی۔ کیونکہ آج صبح اُس نے اُس سے ہار کا پکا وعدہ کیا تھا۔ اتنے میں بارش شروع ہوگئی۔ خوب موسلا دھار ہوئی۔ آخر جب بارش بند ہوگئی اور وہ بزرگ نہ آئے تو جیتو نے ہار اپنے بالوں کے جوڑے سے لپیٹا اور گاؤں کی طرف چلدی۔

بادل ابھی تک چھائے ہوئے تھے۔ روشنی آہستہ آہستہ کم ہو رہی تھی۔ وہ ہنوز گھر سے کافی دُور تھی کہ اُس نے دیکھا کہ ایک سپاہی اور گاؤں کا نمبردار اُن کے گھر سے باہر آرہے ہیں۔ وہ جہاں تھی وہیں کھڑی رہ گئی۔ اُس کے پاؤں شل ہوگئے۔ آخر کیا ہوا ہوگا؟ کل..... ہاں کل ڈھول پٹ جائیگا..... وہ آگے کچھ نہ سوچ سکی۔ وہ لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے گھر کی طرف جانے کے بجائے اور ہی کسی طرف چل دی۔ وہ جانتی تھی کہ اِس وقت اُس کے بوڑھے دادا کی کیا حالت ہو رہی ہوگی۔ مگر اُس کا حوصلہ نہ پڑتا تھا کہ گھر جائے۔ وہ عجب پریشانی میں چلتی گئی نہ معلوم کتنی دُور تک ـــــ آخر اُس کی ٹانگوں نے جواب دیدیا اور وہ وہیں کھیت کے کنارے بیٹھ گئی۔

ہم دُکھ سے اتنا نہیں گھبراتے جتنا کہ دُکھ کے تصوّر سے وہ جانتی تھی کہ اِس تکلیف کا سامنا اُسے کرنا ہی پڑیگا۔ مگر وہ چاہتی تھی کہ تاریکی چھا جائے اور وہ اندھیرے میں سب کی نظروں سے بچکر چپکے سے اپنے گھر میں چلی جائے۔ اُسکی آنکھوں کے سامنے اپنے گھر کی تصویر آگئی۔ جہاں اُسنے بچپن سے اب تک اپنی زندگی کے دن گزارے تھے۔ اور اب وہ گھر غیروں کا ہونے والا تھا۔

تاریکیاں چھانے لگیں۔ آسمان پر اِکا دُکا تارا جھلملانے لگا۔ مویشی واپس گاؤں کو جا رہے تھے۔ جوہڑ کے کنارے پیلے پیلے مینڈک ٹرّا رہے تھے۔ جھاڑیوں میں ٹڈے اپنی تیز آواز سے بول رہے تھے۔ اور گدھ بیریوں پر بیٹھے اُونگھ رہے تھے۔

جیتو نے سر اُٹھایا۔ سامنے دھندلکے میں تارو کا کچا مکان اور رہٹ نظر آرہا تھا۔ آج تارو کا کنواں دیکھکر جیتو پر ایک کیفیت سی طاری ہوگئی۔ پچھلا واقعہ اُس کی آنکھوں کے سامنے آگیا۔ جبکہ وہ ساگ لینے کے لئے گئی تھی۔ تارو کی بدمزاجی، اِس کی چوڑی کا ٹوٹنا، تارو کا پچھتانا اور اُسے ساگ لاکر دینا، اس کا سلیپر دھونا پھر ہاتھ لگا دینا، تب سلیپر کھا کر بھی ضبط کرنا، اس کے راستے سے

کانٹے صاف کرنا اور اُس کی پیشانی سے لہو کا بہنا سب اس کی نظروں کے سامنے پھر گیا۔ وہ سوچنے لگی کہ تارو میں ہزار عیب سہی مگر دل کا بُرا نہیں اور آج جبکہ اُس کا دل اُمڈا آتا تھا وہ چاہتی تھی کہ کوئی اُس کی داستانِ غم سُنے۔ اگر سُننے والا ہمدردی کے کلمات بھی کہدے تو اُس کے دل کو تسلی ہو جائے۔ مگر ایسا ہمدرد تھا کون ــــ؟۔

تارو کے کنوئیں پر اس وقت کیسا امن و سکون تھا۔ اس وقت ریہٹ کی روں روں اور مویشیوں کی گھنٹیوں کی ٹن ٹن نے کیا عجب سماں باندھ رکھا تھا۔ شرینہہ کے بلند درخت ہوا میں جھوم رہے تھے۔ ہرے بھرے کھیت میں سفید گھوڑی گھاس چر رہی تھی۔ گنّوں کے کھیت کے پاس کتے کھیل رہے تھے۔ کبھی دُم ہوا میں اُٹھا کر عجب انداز سے چلتے، کبھی غرّا کر ایک دوسرے پر لپکتے، اور پھر اکٹھے ہو کر نئے کھیل کھیلنے کی تجویزیں سوچنے لگتے۔

جیتو کو خواہ مخواہ یقین ہونے لگا کہ تارو اُس کا دُکھڑا ضرور ہمدردی سے سُنے گا۔ یہ سوچکر کہ اس طرح سے وقت بھی کٹ جائیگا اور اُس کے دل کا بار بھی ہلکا ہو جائے گا وہ کنوئیں کی طرف جلدی۔ مدار کے پیڑوں اور کانٹے دار جھاڑیوں میں سے ہوتی ہوئی وہ کنوئیں پر پہونچ گئی۔ ہری ہری گھاس کی سوندھی سوندھی خوشبو آرہی تھی۔ جیتو نے اِدھر اُدھر تارو کو دیکھا مگر وہ نظر نہ آیا۔ وہ دروازے کی طرف بڑھی۔ اور کچھ ٹھٹکی۔ ٹھٹک کر بڑھی۔ اور آہستہ سے دستک دی۔

"کون ہے؟" اندر سے تارو نے کرخت اور تحکمانہ آواز میں پوچھا۔

جیتو خاموش رہی۔

"اے بھئی کون ہے؟ چلے آؤ دروازہ کھلا ہوا ہے"

جیتو نے آہستہ سے دروازہ کھولدیا۔

تارو اُسے دیکھتے ہی اُچھل پڑا۔ "آؤ جیتو! تم کیسے رستہ بھول پڑیں؟"

اس سے کچھ جواب نہ بن پڑا۔ اُس نے تارو کی طرف جو کہ پیڑھی پر بیٹھا گنّا چُوس رہا تھا دبی نظروں سے دیکھا اور آہستہ سے بولی "یونہی اِدھر آئی تھی۔ سوچا کہ ماں سے ملتی جاؤں"

"ماں؟ ماں تو کنوئیں پر بہت کم آتی ہے۔ آتی بھی ہے تو دن کو۔ اس وقت گھر پر ہی رہتی ہے"

وہ جانتی تھی کہ تارو کی ماں کنوئیں پر نہیں رہتی، گاؤں میں رہتی ہے۔ بظاہر وہ واپس جانے کے لئے لوٹی تو تارو نے ڈرتے ڈرتے پیڑھی اپنے تلے سے نکال کر اُس کی طرف دھکیل دی اور جھجکتے ہوئے بولا "جیتو! اب آئی ہو تو بیٹھو..... اگر تمہیں جلدی نہ ہو تو بیٹھو۔ ساگ لے جاؤ۔ چنّن کے لئے گنّے لیتی جانا۔ گنّے بہت میٹھے ہیں"

جیتو پیڑھی لیکر تاریک کونے میں بیٹھ گئی۔ تارو شاید دل میں سمجھا ہوگا کہ ساگ اور گنّوں کا داؤ چل گیا۔

تارو نے ٹاٹ پر بیٹھتے ہوئے پوچھا "آج تو بارش اچھی ہوگئی۔ ہوا مزے کی چل رہی ہے..... کیا تم شربت پیوگی؟ بہت عمدہ گُڑ رکھا ہے"

"نہیں، پیاس نہیں اس وقت"

"اچھا کچھ ہرج نہیں تم گڑ گھر لے جانا اور کل کو شربت بنا کر دیکھنا"

"اچھا"

"میں نے چنّن سے کہا تھا کہ گنّے لے جائے، مگر وہ آج تو آیا نہیں۔ لے یہاں بھیجدیا کرو۔ رستہ جانتا ہی ہے۔ رس (گنّوں کا) پی جایا کرے گا۔ اور یہ ہمارے پھوٹے بیر لگے ہوئے ہیں، لال لال بہت میٹھے۔ میں تو اِدھر اُدھر کے چھوکروں کو توڑنے نہیں دیتا۔ میں کہتا ہوں کہ چنّن آئے تو کھائے۔ آخر بچہ ہے نا! اُسے بیر بہت بھاتے ہیں۔ جب ہم تم چھوٹے تھے، یاد ہے نا ہم بھی

تو بیر کھانے جایا کرتے تھے۔"

"کیوں تارو! تمہارے گنے تو خوب ہوئے ہیں ابکے" جیتو نے بات کا رُخ بدل کر کہا۔

"ہاں سب واہگورو اکال پرکھ کی کرپا ہے۔"

وہ خاموش رہی۔

"کہو تو باہر سے گنا لا دوں۔"

"نہیں تارو میرا جی نہیں چاہتا۔"

اب پھر کچھ دیر کیلئے خاموشی رہی۔ تارو اُس کی خاموشی کا سبب جاننا چاہتا تھا۔ پھر بہت احتیاط سے کہنے لگا: "جیتو! ..... مجھے دراصل ڈر لگتا ہے کچھ کہتے ہوئے، کہیں تم خفا نہ ہو جاؤ ..... آخر بتاؤ نا تم آج اس قدر خاموش کیوں ہو؟ کیا کوئی خاص بات ہے ——؟"

یہ ہمدردی کا کلمہ سُن کر جیتو کی آنکھوں میں آنسو آ گئے مگر تاریکی کی وجہ سے تارو انہیں دیکھ نہ سکا لیکن وہ اپنی بھرائی آواز کو چھپا نہ سکی۔ "نہیں تارو... تمہیں کیا بتاؤں ....."

تارو کے چہرے پر سختی کے آثار پیدا ہو گئے۔ آنکھیں غصہ میں چمکنے لگیں۔ وہ کرخت آواز میں کڑک کر بولا: "بھجن سنگھ نے کوئی حرکت تو نہیں کی؟ بتا دو جیتو! میں دیکھ سامنے کرپان لٹکی ہوئی ہے۔ میں نے آج ہی تیز کی ہے۔ میں بھجن کی بابت تھوڑا بہت جانتا ہوں۔ مگر اب اُسکی موت دُور نہیں۔ یہ کرپان اُسی کا خون پینے کیلئے رکھی ہے ....."

"نہیں تارو" جیتو ہاتھ اُٹھا کر بولی "یہ بات نہیں۔ یہ بات بالکل نہیں... میں بتاتی ہوں۔ تم سے کچھ چھپا نہیں..... اصل بات یہ ہے کہ ....."

دروازہ آہستہ سے کھلا۔ تارو چیتے کی طرح چوکنا ہو گیا اور اُس کا ہاتھ فوراً پاس پڑی ہوئی کلہاڑی پر جا پڑا۔ جیتو نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا۔

"کیا میری بہن یہاں ہے؟" چھنّن نے آہستہ سے دروازے میں سے سر نکال کر تارو سے پوچھا۔

تارو نے اطمینان کا سانس لیا اور کلہاڑی پیچھے کی طرف سرکا دی۔

"چاند! آجاؤ۔ میں یہاں ہوں۔"

چھنّن دوڑ کر آیا اور اپنی بہن کی گود میں چڑھ بیٹھا۔

"ڈھونڈ لیا نا تمہیں؟ میں تمہیں بہت دیر سے ڈھونڈ رہا ہوں۔ پھر میں نے سوچا کہ بہن ضرور ہمارے لئے بیر لینے کیلئے تارو کے کنوئیں پر گئی ہوگی۔"

جیتو اُس کی پیشانی سے بال ہٹاتے ہوئے بولی "کیوں رے! تجھے ڈر نہیں لگا اندھیرے میں؟"

"نہیں۔"

تارو بولا: "واہ! بھلا شیروں کے بچوں کو بھی کبھی ڈر لگا ہے؟"

چھنّن نے تارو کی طرف مخاطب ہو کر کہا: "اچھا تم نے کہا تھا کہ گنے دیں گے لاؤ اب؟ ..... میں تو بہت سے لونگا۔"

"آؤ جتنے چاہو لو۔"

"اچھا، لاؤ دو۔" یہ کہکر وہ گود سے اُترنے لگا۔ مگر پھر رُک گیا۔ "ذرا ٹھہرو، ایک بات ہے تمہیں نہیں بتائیں گے۔" پھر بہن کے کان میں کہنے لگا: "بہن ہمیں ایک پیسہ دو۔ تم نے کہا تھا ....."

"گھر پر لینا۔"

چھنّن شانوں کو ہلا کر ضد سے کہنے لگا: "نہیں ابھی دو۔"

"تم بہت اچھے ہو چھنّن۔" جیتو نے چمکارتے ہوئے کہا "اس وقت ہے نہیں۔"

"تو تارو سے لے دو۔"

"اس کے پاس بھی نہیں ہے۔"

"ہے کیوں نہیں ..... آج جب تم باہر چلی گئی تھیں

تارو ہمارے گھر آیا اور باپو کو اُس نے چھن چھن کر کے بہت سے روپے گن دئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

"چھن! چھن!" جیتو حیرت سے بولی

لیکن چھن اپنی ہی دھن میں تھا۔ "مگر میں تو کہتا ہوں کہ باپو نے بہت بُرا کیا۔ اُس نے شام کو سب روپیہ نمبردار کو دیدیا۔ ۔ ۔"

جیتو کی حیرانی کی حد نہ رہی۔ "مگر یہ تم سے کس نے کہا؟"

"کس نے کہا؟" چھن چڑ کر بولا۔ "میں نے خود دیکھا۔ اچھا بتاؤ اب میں تارو سے پیسے لے لوں؟"

"تم نے خود دیکھا" یہ کہکر وہ خاموشی سے ہوا میں تاکنے لگی۔ ایک بڑے طوفان اور آندھی کے بعد گویا یکایک بادل پھٹ گئے، ہوا خاموش ہوگئی۔ اور ہر طرف بالکل امن و سکون ہوگیا۔ اُس کے دماغ کی پریشانیاں دُور ہوگئیں اسکے دل پر سے ایک بوجھ سا ہٹ گیا۔ اس محویت کے عالم میں اُسے معلوم ہی نہیں ہوا کہ کب چھن نے تارو سے پیسہ لیا۔ اور کب وہ کنوئیں پر سے گنّے لینے کے لئے باہر دوڑ گیا۔ اور کب تارو اپنی جگہ سے اُٹھ کر بھینس کے پاس جا کھڑا ہوا۔ اس راحت آمیز محویت میں جیتو کو تارو کا خیال آیا وہی دنیا میں اُس کا سچا ہمدرد تھا۔ کس قدر نیک۔ اتنی دیر باتیں کرنے کے باوجود اُس نے اُن روپوں کا اشارتاً بھی ذکر نہیں کیا۔ وہ روپے اُس نے کسقدر مصیبتوں سے جمع کئے تھے۔ مگر اُس نے اپنی ذاتی خواہش پر اسکی ضرورت کو ترجیح دی۔

تارو کا خیال آتے ہی اُس کی صورت اُس کی آنکھوں کے سامنے آ کھڑی ہوئی۔ جب اس نے اُس سے کہا تھا کہ وہ ہر کام خراب نیت سے کرتا ہے۔ یہ کیسے بے معنی اور خود غرضانہ الفاظ تھے۔ وہ اُس کی زخمی پیشانی، وہ بہتا ہوا خون۔ وہ اُس کا ضبط و تحمل۔ جیتو چونکی اور اُسکی آنکھیں تارو کو ڈھونڈنے لگیں جو کہ اُس کی طرف پُشت کئے بھینس کے پاس کھڑا تھا۔ جیتو اُس کے پاس جاکر آہستہ سے بولی۔ "تارو!"

وہ خاموش رہا۔

"میری طرف دیکھو تارو"

تارو نے دیکھا کہ جیتو کی بڑی بڑی سرگیں آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے ہیں۔

وہ اپنی بھاری آواز میں بولا "روتی کیوں ہو جیتو۔ میں تو ہر وقت اسی کوشش میں رہتا ہوں کہ تمہارے کسی کام آسکوں مجھے اُس دن کا اپنی حرکت پر بہت افسوس ہے"

جیتو نے آہستہ سے اپنا ہاتھ اُس کی پیشانی پر رکھدیا جس جگہ کہ اُس کے کمبخت ہاتھوں نے سلیپر مارا تھا۔ پھر دھیرے سے کہنے لگی۔

"تارو اب میں جاتی ہوں۔ میں پھر آؤں گی، اب تم آرام کرو، وہاں۔ میں پھر آؤں گی"

یہ کہکر وہ واپس پیڑھی کے پاس آئی اور سلیپر پہن کر لوٹی تو دیکھا کہ تارو راستہ روکے دروازے کے آگے کھڑا ہے۔ وہ مسکرا کر اپنے کرخت لہجہ میں بولا "جیتو! آج پھر میری نیت خراب ہو رہی ہے۔ آج پھر سزا دیدو"

جیتو نے جھینپ کر ایک اچٹتی ہوئی نگاہ تارو پر ڈالی پھر جسم چُراتی ہوئی اُس کی طرف بڑھی، اپنے جُوڑے سے چنبیلی کا ہار کھولا اور کچھ مسکرا کر اور کچھ لجا کر وہ ہار اُس کے گلے میں ڈال دیا۔

تارو نے راستے سے ہٹ کر دروازہ کھول دیا۔

آگے چھن گنّے لئے بھاگا آرہا تھا۔ جیتو نے گنّے تھام لئے اور اُسے گود میں اُٹھا لیا۔ گو برا اور کیچڑ سے پاؤں بچاتی ہوئی چلدی۔ چھن اُس کے گلے کے گرد باہیں حمائل کر کے کہنے لگا "بہن تارو مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔ تمہیں کیسا لگتا ہے"

جیتو دل ہی دل میں شرما گئی۔ اُس نے اِدھر اُدھر دیکھکر کہ کوئی سُن تو نہیں رہا، جواب دیا "ہاں چھن! تارو مجھے بھی ۔ ۔ ۔

تارو بہت اچھا آدمی ہے:

جیتو کو اب بھی تارو کے گانے کی بھاری اور بے سُری آواز سنائی دے رہی تھی:۔

ٹکا گھڑا چک لچھیے! تیرے لک نوں جرب نہ آوے
ٹکا گھڑا چک لچھیے!

بلونت سنگھ

دو غزلیں

مجسّم رنگ و نکہت کو، زسر تا پا گلستان کو
نگاہیں ڈھونڈتی ہیں ایک فردوسِ خراماں کو

ترستا ہے دل اک مدّت سے لطفِ تیغ و پیکاں کو
شباب انگیز نظروں کو تمنا خیز مژگاں کو

گزشتہ صحبتوں سے لطف اُٹھاتا ہوں تصوّر میں
بڑی کاوش سے روشن کر رہا ہوں شامِ حرماں کو

نظر آتی ہے پھر کچھ ہلکی ہلکی روشنی دل میں
منوّر کر رہے ہیں اُن کے جلوے پھر شبستاں کو

کلی دل کی کھلی جاتی ہے، اُن کی آمد آمد ہے
بہارِ شام نے شرما دیا ہے صبحِ خنداں کو

نگاہیں تو ملاتا ہوں کسی کی شوخ نظروں سے
کہیں رُسوا نہ کر دوں بے خودی میں ذوقِ ارماں کو

قیامت سی قیامت تھی وہ شرمائی ہوئی چتون
بہت نادم ہوئے ہم چھیڑ کر اُس مست پیماں کو

چھپانا سیکھئے پہلے، کہیں یوں بھی چھپاتے ہیں
تجاہل اور افشا کر رہا ہے ربطِ پنہاں کو

کوئی عالم ہو، جی بھرتا نہیں جینے سے اے کوکب
سمویا ہے کسی نے اس طرح آزار و درماں کو

بصد منّت کیا ہے ملتفت اُس راحتِ جاں کو
خدارا کوئی ٹھہرانا ذرا عمرِ گریزاں کو

ہوا دینی تھی کم کم آتشِ شوقِ فراواں کو
ابھی اور آزمانا تھا دلِ شعلہ بداماں کو

گرائی جا رہی ہیں بجلیوں پر بجلیاں پیہم
دُعائیں دے رہا ہے دل نگاہِ برق ساماں کو

کسی دم بھی خیال اُن کا جُدا ہوتا نہیں دل سے
وہ رکھتے ہیں فروزاں رات دن اِس شمعِ سوزاں کو

چمن میں مُسکراتے، کھلکھلاتے میں گنگناتے ہیں،
پریشاں کر رہے ہیں اور وہ اک "خود پریشاں" کو

ہجومِ آرزو سے دم گھٹا جاتا ہے او کافر،
کوئی قابو میں رکھے تا کجا شوقِ فراواں کو

پشیماں ہو گئے خود ہم، گلہ شکوہ تو کیا کرتے
بڑی مشکل سے راضی کر سکے حُسنِ پشیماں کو

دلِ بیتاب کو سمجھا ہے خوب او بے خبر تو نے
جزاک اللہ مسلماں کر دیا اِک نامسلماں کو

یہی لے دیکے ہے اِک یادگار دوست اے کوکب
سمجھتے ہیں نشانِ زندگی ہم سوزِ پنہاں کو

کوکب جہاں آبادی

فنِ تجمیل

آج سے جتنے پیچھے ہٹتے جاؤ حُسن مختلف پردوں کی اوٹ میں ہوتا چلا جائیگا۔ جتنا یہ پوشیدہ ہوتا تھا تعریف کی جاتی تھی۔ اسکو نظرِ بد سے بچانے کے لئے سینکڑوں بگاڑ پیدا کئے جاتے تھے۔ لیکن اب حُسن کی تعریف عریانیوں میں ہے۔ جس قدر بے نقابی ہو پسندیدہ ہے اور جتنا آگے بڑھتے جائیں گے اُمید ہے کہ اسی قدر برہنگی حسن میں داخل ہوتی جائیگی۔ حسین بننے کا شوق ایسا بڑھتا جارہا ہے کہ یورپ میں تو تجمیل ایک مستقل فن ہوتا جاتا ہے۔ بیسیوں ماہرانِ تجمیل اپنی دستکاریوں سے لاکھوں روپیہ پیدا کررہے ہیں۔

پہلے حُسن وجمال کی جستجو صرف بازاروں، تماشہ گاہوں اور تھیٹروں میں ہوا کرتی تھی۔ عصمت فروشی یا پیاسی نگاہوں کیلئے حسین بننا۔ جمال دکھانا اور صنعت سے حُسن کو دوبالا کرنا ضروری تھا تاکہ دلوں کو لُبھایا اور آنکھوں کو تسخیر کیا جائے۔ مگر اب زمانہ بدل گیا ہے۔ حالات کچھ سے کچھ ہو گئے ہیں۔ حُسن وجمال کی طلب اس قدر بڑھ گئی ہے اور خوش نظری یا بدنظری کا ایسا پلکا پڑ گیا ہے کہ عملِ زندگی کا ہر شعبہ حُسن کا گاہک ہے۔ معاشرت ہو یا تجارت، گھر ہو یا بازار ہر جگہ حسن ہی حُسن تلاش کیا جاتا ہے۔ جب تک ظاہری حُسن وجمال نہ ہو کامیابی نہیں۔ خانگی خدمت کیلئے چاہیئے تو حسین لڑکا یا لڑکی تاکہ حُسن آنکھوں کے سامنے رہے اور آنکھیں سیکتی رہیں۔ دفاتر میں کلرکی کیلئے جمیل عورتوں کی جستجو کی جاتی ہے تاکہ قلموں کے ساتھ دل بھی قلانچیں بھریں اور دماغی کام کرنے والوں کی قوتِ عمل میں ہیجان پیدا ہوتا رہے۔ دوکانوں میں خوبصورت عورتوں کی مانگ ہے کہ وہاں بھی جنسِ جمیل کی ضرورت ہے۔ خریداروں کی جیبیں نازک ہاتھوں سے خوب ٹٹولی جاتی ہیں۔ ہوٹلوں کی خدمت کے واسطے بھی صاحب جمال لڑکیاں یا طرحدار لڑکے ڈھونڈے جاتے ہیں تاکہ مہمانوں کی دعوت کا پورا حق ادا ہو۔ ہر جذبہ کی تسکین ہوسکے۔ ریلوے والوں نے بھی مسافروں کی دلچسپی کا سامان مہیا کرنا شروع کر دیا ہے۔ بڑے بڑے اسٹیشنوں پر سُرخ وسفید تیتریاں چھوڑ دی ہیں تاکہ سفر جو بصورتِ سقر تھا آسان ہوجائے۔ اور بے کیف مناظر دیکھتے دیکھتے جو نظریں اُکتا گئی ہوں وہ مسرور ہوتی رہیں۔ ہسپتالوں میں بیماروں کی دیکھ بھال بھی بغیر نوجوان اور حسین نرسوں کے نہیں ہوسکتی کیونکہ حُسن میں جس طرح بیمار ڈالنے کی خاصیت ہے اُسی طرح اچھا کرنے کی بھی طاقت ہے۔

گزشتہ جنگ عظیم نے عالم میں جہاں غیر معمولی تباہیاں پھیلائی ہیں اور ہزاروں چیزوں میں انقلاب پیدا کیا ہے وہاں کچھ برکتیں بھی ہیں جن سے ہم رفتہ رفتہ روشناس ہورہے ہیں۔ فنِ تجمیل کی بُنیاد اسی جنگ کا صدقہ ہے۔ جو لوگ اس لڑائی میں اپنا حُسن کھو بیٹھے تھے۔ کسی کا ہاتھ بیکار ہوگیا تھا۔ کسی کی ٹانگ اُڑ گئی تھی، کوئی ناک کو رو رہا تھا۔ کوئی کان کو۔ کسی کی آنکھ پھوٹ گئی تھی تو کسی کا کوئی نمائشی عضو بنا ہوگیا تھا۔ حُسن وجمال پر جنگ کے ان ہولناک نتائج نے یورپ کے ڈاکٹروں کو مجبور کیا کہ وہ اپنے فن کا کمال دکھائیں اور مجروحین کے ناقص اعضا کو درست کریں تاکہ اپاہجوں کے لئے حکومت کو کسی جدید انتظام کی ضرورت نہ پڑے لیکن کچھ ہی عرصہ بعد حُسن کی دیوی سے ان ڈاکٹروں نے سازش شروع کردی اور رفتہ رفتہ دُنیا کی بدصورتی اور بدقوارگی کو دل کو لبھانے والی صورت اور سڈول جسم میں بدل دینے کا ٹھیکہ لے لیا۔

فنِ تجمیل کی اس ترقی نے یورپ کے جمالیاتی ذوق پر اپنا زبردست اثر ڈالا۔ اور نمائشی شوق نے اس قدر مستعدی دکھائی کہ نفسیات سے

کوئی سروکار ہی نہیں رہا۔ بُری عادتیں، بُرے اطوار، بُری تقدیر اور بُرے اخلاق کو تو وہ نظر انداز بھی کر سکتے ہیں لیکن بری صورت اور بھدے اعضا کی اُن کے ہاں کوئی جگہ نہیں۔ سوسائٹی محض نمائش حُسن کا نام ہے۔ مرد ہو یا عورت، امیر ہو یا غریب، شریف ہو یا رذیل اگر حسین نہیں ہے تو سوسائٹی میں اُس کی کہیں پرسش نہیں۔ حال کا واقعہ ہے کہ امریکہ میں ایک شخص اپنی بدصورتی کے سبب بیکار تھا، نہ کوئی امیر اس سے کام لینے پر راضی تھا نہ کسی کارخانہ میں اُس کی کھپت ہوتی تھی۔ بے روزگاری سے تنگ آکر آخر اُس نے خودکشی کا ارادہ کیا۔ لوگوں کو پتہ چل گیا۔ صلاح دی کہ فنِ تجمیل کے کسی ہسپتال میں داخل ہو جائے۔ چنانچہ اُس کی بدصورتی دُور کر دی گئی اور وہ باسانی مُلازم بھی ہو گیا۔

ابتداءً تو صرف ناک، کان، آنکھ وغیرہ کی بدنمائی کو جراحی سے دُور کر دیا کرتے تھے۔ ہندوستان کے کئی شوقینوں سے مجھے بذات خود ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ جن میں سے ایک بھینگا تھا جو امریکہ گیا اور جب وہاں سے واپس آیا تو اُس کی دونوں آنکھیں درست تھیں۔ دوسرے کی ناک بالکل پیتا پھری ہوئی تھی۔ اُس نے جرمنی والوں سے اپنی ناک ٹھیک کرالی۔ تیسرے صاحب کا ایک کان بچا اور دوسرا خرگوش تھا وہ انگلستان تشریف لے گئے۔ سول سروس میں تو ناکام رہے لیکن کانوں کا حلیہ بدلوا آئے۔ اور اب اُن کے سارے چہرے پر اگر کوئی حسین کہنے کے قابل چیز ہے تو وہ کان ہی ہیں۔ یہ باتیں بھی پُرانی ہیں۔ اب تو چمڑہ اور جسم کے ہر حصّہ کی بدنمائی خوشنمائی سے بدل دی جاتی ہے اور اس لئے اُس ذوق میں دن دونی اور رات چوگنی ترقی ہو رہی ہے جو اوزار کا شکار اور امراض سے بگڑی ہوئی نوجوان عورتیں ہی صرف اس شوق میں مُبتلا نہیں ہیں بلکہ ساٹھ ساٹھ برس کی نیم مُردہ خواتین بھی عملِ جراحی کی اذیتوں کو گوارا کرتی ہیں اور یہ اس لئے کہ جب وہ آئینہ دیکھیں تو خود اپنی صورت بُری نہ معلوم ہو۔ غرضکہ حُسن و جمال جو کبھی صرف فطرت کا عطیہ تھا بازار کا سودا ہو گیا ہے جو قیمتاً بھی ملتا ہے اور گورنمنٹ کی طرف سے خیرات بھی ہوتا ہے۔

لیکن عورتیں تو خیر حسین بننے پر ایک حد تک مجبور ہیں، صنفِ نازک کہلاتی ہیں۔ اُن کو زندگی بسر کرنے کے لئے اکثر صورتوں میں اس کی ضرورت بھی ہے۔ گھر ستنوں کو شوہر کی محبت حاصل کرنے کی آرزو ہوتی ہے، عصمت فروش اپنی دکان کی رونق چاہتی ہیں تھیٹر کی ایکٹریسیں اپنے مالکوں کی منظورِ نظر بننا یا عاشق مزاج نوجوانوں کے دل و دماغ پر قبضہ کرنے کی خواہشمند ہوتی ہیں اور ان ہمتوں میں فتح پانا حُسن کے بغیر ممکن نہیں۔ عورت غریب کے پاس ایک یہی ہتیار ایسا ہوتا ہے جس سے مردوں پر فتح پاتی ہے۔ تعجب تو یہ ہے کہ مرد بھی فنِ تجمیل سے مستفید ہونے میں عورتوں سے کچھ کم نہیں ہیں۔ اگرچہ ابھی تک مَردوں کا ذوق دیوانگی تک نہیں پہونچا ہے۔ عورتیں تو بلا ضرورت بھی محض اپنے حُسن کو زیادہ بے پناہ اور آلاتِ حرب کو زیادہ آبدار بنانے کی غرض سے کان چھوٹے، ناک سُبک، آنکھیں بڑی اور دہانہ تنگ کرا لیتی ہیں، مگر مرد کوئی نہ کوئی معقول وجہ لیکر کرتے ہیں یہ شاید اس لئے بھی ہے کہ جب عملِ تجمیل کی طرف بیلک کا زیادہ رُجحان دیکھا تو قانون ساز جماعت نے اسکے متعلق بھی قانون بنا ڈالا یعنی کوئی شخص اپنے چہرے کی شباہت بدلوانا چاہتا ہے تو ڈاکٹر کا فرض ہے کہ اپنی دستکاری سے پہلے پولیس کو اطلاع دے اور جب اُس تصدیق ہو جائے کہ عملِ تجمیل کا یہ شوقین کسی جُرم میں مطلوب نہیں ہے اور اپنی شکل میں تبدیلی پیدا کر کے قانون کی گرفت سے بچانا نہیں چاہتا ہے تو پھر عملِ جراحی کیا جاتا ہے۔ کچھ ایسے مرد بھی ہیں جو اپنی بیوی کی خاطر ایسا کرتے ہیں تاکہ وہ شوہر پرست بنجائے اور اُسکی حُسن پرست آنکھیں اور ڈانواڈول

عورت مرد کے لئے اپنی صورت کو خراب اتروائے۔ مرد عورت کی خاطر اپنا چہیشتا بدلوائے اور گو اس ذوق و شوق میں مرد اور عورت کی دوڑ شروع ہو جائے۔ اور ایک دوسرے پر حُسن و جمال میں بازی لے جانے کی کوشش میں عصمت و عفت کا چراغ بالکل

ہی عمل کرکے دُنیا کو ایک نئے اور زیادہ خطرناک انقلاب کی دعوت دے۔ لیکن ہم تو جانتے ہیں اور جان کر خوش بھی ہیں کہ اگر حسین بننے کی طرف لوگوں کا یہی شغف رہا۔ ڈاکٹر اپنے فن کا کمال دکھانے اور گورنمنٹ اس صنعت کی حمایت میں اسی طرح مصروف رہی تو موجودہ نسل چہرہ اور جسم کے تمام نقائص سے پاک ہوجائے گی اور آئندہ دو چار پلیٹوں کے بعد جو بچے پیدا ہونگے وہ خود اتنے حسین اس قدر جمیل اور ایسے خوش اندام پیدا ہونے لگیں گے کہ پھر اس فن کی ضرورت نہ رہے گی۔

اشرف صبوحی دہلوی (منشی فاضل)

الارم

اُٹھ کہ اپنے عزم سے دُنیا تہ و بالا کریں
محشرِ فردا سے پہلے حشر اِک برپا کریں

اُٹھ کہ اپنے خون سے چشمے بہادیں نیست کے
کوہ حائل ہوں تو اُن کو پیس کر سرما کریں

اُٹھ کہ خس خانوں کو بھڑکائیں گرا کر بجلیاں
ایک اک تنکے کو ہم رنگِ یدِ بیضا کریں

دیں سنان و تیغ کا پانی لب اغیار کو
ہند میں پھر بابر و تیمور کو پیدا کریں

نرگسِ شہلا سی آنکھیں غلام ہند کی
اُٹھ کہ ہم ان نرگسوں کو دیدۂ بینا کریں

اُٹھ کہ اس دیر کہن کے رسم و آئیں توڑ کر
ماہ کو ساغر بنائیں مہر کو مینا کریں

اُٹھ کہ قوت کو بہالے جائیں رُوحِ عرش تک
قطرہائے ثابت و سیارے دریا کریں

ناخنِ ہمت سے سلجھائیں ہر اک ابرو کے بل
اُٹھ کہ اب رازِ جنوں اغیار پر افشا کریں

اس غلامی کو کریں ہم ٹھوکروں میں پاش پاش
اپنی آزادی کریں تخلیق اور سجدہ کریں

وقفِ سجدہ آستانوں پر ہیں جو پیشانیاں
اُٹھ کہ ان پیشانیوں کو آسماں سیما کریں

اُٹھ کہ پھونکیں رُوحِ اپنی تاب و تب کی خاک میں
ہند میں بھی اک صلاح الدین کو زندا کریں

اُٹھ کہ توڑیں یہ تعطل اور جمود و بے حسی
ہند کے ان سنگریزوں کو ابھی گویا کریں

کرتے ہیں ایجاد آئینِ شہنشاہی ہمیں
اُٹھ کہ اہلِ ہند کو پھر آسماں پیما کریں

ابر کی مانند چھا جاتے ہیں ہمت کے دھنی
عرشؔ اُٹھ پھر زندہ ہندوستان اِک پیدا کریں

عرشؔ تیموری

بدگمان

۱

ساجد نے نوعروس شگفتہ کا زریں گھونگھٹ کھولا تو آنکھیں چوندھیا گئیں چاند سا گول مٹول چہرہ، سرمگیں شرمیلی آنکھیں، جگمگاتے ہوئے زیورات، گویا محبت کی سنہری زنجیروں میں جکڑی ہوئی دلہن..... ساجد کا دماغ نخوت عروسی سے معطر ہوگیا اور دل نشۂ سرور سے مسکرا۔ اس نے دلہن سے میٹھی میٹھی باتیں کرنے اور محبت کے عہد و پیمان میں صبح کر دی، وہ سمجھ رہا تھا کہ ساجد سے زیادہ کوئی خوش نصیب نہیں..... ساجد جیسا خوبرو خوش نصیب۔ خوش مزاج۔ محبت نواز دولھا پاکر شگفتہ مگن اور مسرور تھی وہ اپنی زندگی کے زریں خواب دیکھ رہی تھی اس کی ہر صبح دلچسپ اور ہر شام لطیف تھی۔

۲

شگفتہ سسرال والوں کی آنکھوں کا تارا اور شوہر کے دل کا چاند تھی۔ دو سال بعد اس کے آغوش میں ایک پھول سا بچہ پرورش پا رہا تھا جس کی ایک آغوش، پرماں باپ کے دل کی دنیا نثار تھی اس گھر کی مسرتوں میں غم کی ایک لہر دوڑ گئی۔ ساجد کے والد نے رحلت کی۔ کل جائداد کے انتظام کا بار ناتجربہ کار ساجد کی گردن پر آپڑا۔ اوّل اوّل غم بھی رہا مشکلات بھی پیش آئیں مگر رفتہ رفتہ یار باشوں کی صحبت نے سب غم غلط کر دیا۔ حتیٰ کہ بیوی اور بچے کی تڑپ پر دوستوں کی رنگین محفلیں حاوی ہوگئیں لیکن اب بھی ساجد کے معصوم دل پر شگفتہ کے سوائے اور کوئی حکمران نہ تھا۔

۳

روزانہ ناچ رنگ کے جلسے، تھیٹر، سینما، بھانت بھانت کی حسن فروش تیتریوں کے دلفریب نظارے اپنا رنگ لا رہے تھے مگر ساجد کا ڈانواں ڈول دل ابھی کسی زلف گرہ گیر میں نہ الجھا تھا۔ ساجد کے گندم نما جو فروش دوست اُسے کسی طرف کشاں کشاں لے جا رہے تھے لیکن ابھی تک دامن حرص پاک و صاف تھا..... پائیں باغ میں ساجد آرام کرسی پر دراز تھا۔ ہاتھ میں آج کا پرچہ تھا۔ یکایک کسی نے شانہ پر ہاتھ رکھا ساجد کی آنکھیں خیرہ ہوگئیں۔ پشت پر شگفتہ ایک کھلے ہوئے پھول کے مانند ہلکی دھانی ساری میں ملبوس کھڑی مسکرا رہی تھی۔ بارش کی ہلکی ہلکی پھوار، گلابی شام، ننھا اصف ہاتھ گاڑی میں جنت نگاہ..... ساجد سرشار ہوگیا۔ مرزا نے آواز دی، ساجد بغیر کچھ کہے سنے چلا گیا..... شگفتہ نے کرب اور بیچینی میں کئی گھنٹے گزار دیے لیکن ساجد نصف شب سے پیشتر واپس نہ آیا۔

۴

مرزا نے ساجد کا ہاتھ پکڑ کر نہ چھوڑا۔ سیدھا نواب باقر کی بارہ دری میں جا ڈٹا، یہاں محفل رقص و سرود گرم تھی۔ ایک پرکالہ آفت اپنے دلربا رقص سے بگڑے دلوں کو برما رہی تھی۔ ساجد نے گاؤ تکیہ سے لگ کر رقاصہ کے بے پناہ حسن پر ایک غائر نظر ڈالی۔ اس کی آنکھوں کی چمک میں ہزاروں عشوے جلوہ گر تھے۔ ایک ایک نگاہ غلط انداز میں سینکڑوں رمز پنہاں تھے۔ کاکل خمدار میں لاکھوں پھندے تھے۔ کمر کی ہر لچک کے ساتھ ساجد کا دل مچل رہا تھا..... اُف!..... حسن اس کو کہتے ہیں، میں غلطی پر تھا، دھوکے میں تھا آنکھوں

پر پردے پڑے ہوئے تھے ..... ساجد کے حواس جواب دے رہے تھے، رقاصہ کے پاؤں کی ہر ٹھوکر اور پازیب کی ہر جھنکار اس کا کلیجہ مسلے دیتی تھی ..... پہر رات گئے محفل برہم ہوئی۔ ساجد افتاں وخیزاں گھر پہونچا۔ شگفتہ کا حسن پھیکا نظر آرہا تھا۔ انداز وادا میں ایک جہالت اور بے تکا گنوارپن نہ کوئی لگاوٹ نہ کوئی نزاکت، صرف ایک اطاعت بے محل ایک محبت بے نمک ....

(۵)

گھنٹے، گھنٹوں سے دن۔ دنوں سے ہفتے۔ غرض ساجد ہفتوں گھر میں نہ آتا۔ غریب شگفتہ کے جسم کو اب ایک کملائے ہوئے پودے سے نسبت تھی۔ اگر ساجد کی شکل نظر آجاتی تو گویا سوکھے دھانوں میں پانی پڑجاتا۔ یا ننھے آصف کے گلابی ہونٹوں سے لفظ "ممی" نکلتا تو دل کی مرجھائی ہوئی کلی ایک دفعہ مسکرا دیتی۔ محبت کی جلی شگفتہ اپنی روٹھی ہوئی قسمت کو منانے کیلئے ہر ایک جتن کر رہی تھی۔ لیکن ہر صبح سورج کی گرم کرنیں پیام غم سنا جاتیں۔ ہر شام یاس کا دھندلکا لیکر آتی .....

(۶)

اب تو ساجد کے لئے دوست احباب نت نئی رنگینیاں پیش کرنے کی کوشش کرتے۔ اور اس کا مرغ دل ہر روز نئے دام میں پھنستا۔ روپیہ پانی کی طرح چلا جارہا تھا اور ناعاقبت اندیش ساجد مدہوش .....

ساجد نے کسی مجوبہ فرنگ کی تعریف سن کر بمبئی کا رخ کیا۔ وہ بمبئی کے عالیشان حسین بالاخانوں پر اپنا ایمان، اپنا سکون قلب، اپنی دولت دنیا، اپنی صحت وتوانائی نچھاور کر رہا تھا اور بدقسمت شگفتہ اپنے ویران عزلت کدہ میں اپنے معصوم بچے کے ساتھ سوگوار دن کاٹ رہی تھی۔

(۷)

مرزا کے کیف آور جملے ساجد کے کانوں میں گونج رہے تھے۔ وہ بڑبڑا رہا تھا۔ سگار کا دھواں اپنی ناگوار بدبو سے مخملیں تکیوں کو معطر کر رہا تھا ..... چند جلے ہوئے ٹکڑے خالیے پر ستم نظر تھے۔ "پارسی مہ پارہ اور خوددار۔ لاپرواہ۔ اونہہ۔ عجیب بات ہے۔ کیا کبھی ہم بھی اس قتالۂ عالم کے دیدار سے بہرہ اندوز ہوسکیں گے۔ آئیے دو مرزا کو ....."

"حکم یہ مرزا کی خوشامدانہ آواز نے ساجد کو چونکا دیا ..... مرزا کھلے ہوئے بٹن کی اچکن لٹکاتے چلے آرہے تھے۔

ساجد نے مرزا کی جیب گرم کی اور بن سنور کر کوئے جاناں کا راستہ لیا۔ مرزا نے رہبری کی اور ایک شاندار کندنی عمارت کے در پر لا کھڑا کیا۔ اس کے زینے پر سے جو خادمۂ اتری گویا وہ ایک شہزادی سے کم وضعدار نہ تھی۔ اس نے ساجد اور مرزا کو ڈرائنگ روم میں بٹھایا اور اپنی مالکہ کو اطلاع کرنے چلی گئی۔

سامنے کے ریشمین پردے پر ساجد کی حریص نگاہیں جمی ہوئی تھیں کہ حنائی انگلیوں نے پردہ سرکایا اور ایک شعلۂ جوالہ نمودار ہوئی ..... کٹے ہوئے بالوں کے دلفریب لچھے ہالی پیشانی پر لہرا رہے تھے بڑی بڑی آنکھوں پر سنہرا چشمہ رعب حسن میں اضافہ کر رہا تھا۔ پوڈر اور سرخی کی فراوانی اصلی رنگ وروپ کو چندے نمایاں کر رہی تھی۔ انداز نشست جاذب نظر، انداز تکلم دل فریب۔ ساجد کی پرشوق نظروں اور لچھے دار تقریروں نے حسین نازنین کو عرق آلود کر دیا۔ اس نے نیچی نگاہوں سے جواب دیا "جی ہاں میں بھی آپ کی زیارت کی عرصے سے مشتاق تھی، کیا آپ ہر شام کو اس کمینہ کو شرف ملاقات بخشا کریں گے؟" ساجد اس قدردانی

سے جھوم گیا۔ وعدے وعید ہوئے، خاطر و مدارات ہوئیں۔ تحفے تحائف پیش ہوئے ..... غرض یہ کہ رفتہ رفتہ کافی بے تکلفی ہوتی چلی گئی .....

۸

ساجد حیران تھا کہ یہ بُتِ طناز معصوم شگفتہ سے کیوں مشابہ ہے۔ اس وقت ساجد کے دل میں شگفتہ کے خیال نے ایک چٹکی لی۔ آصف کا پیارا چہرہ آنکھوں میں پھرنے لگا۔ آج ساجد نے اس پُراسرار محبوبہ سے دو دو باتیں کرنے کا پختہ فیصلہ کیا ــــ یہ شام آخری تھی ــــ ساجد نے ایک آہِ دلخراش کے ساتھ نازنین کا ہاتھ پکڑ لیا اور اپنا دردِ دل بیان کیا ــــ

"اے حسین ملکہ۔ اے پُراسرار خزینۂ حلم۔ اے درخشاں چاند۔ اے مہربان۔ ناہمہربان سچ بتا تو کون ہے۔ کیا تجھکو میری کھوئی ہوئی آرزو سے کچھ نسبت ہے۔ کیا تو ہی منبعِ ایمان ہے۔ بس اب پردۂ فراق کو ہٹا دے ــــ للہ مجھے حقیقت سے آشنا ہونے دے ــــ"

محبوبہ مُسکرائی۔ اُس کے ہونٹ ہلے۔ وہ کچھ کہنا چاہتی تھی مگر زبان بند ہوگئی۔ اُس نے چشمہ اتارا، رومال سے چہرہ صاف کیا اور آنکھوں سے دو آبدار موتی ٹپکا دیے۔ ساجد کی حیرت کی انتہا نہ تھی۔ استعجاب میں زبان سے نکلا "اور شگفتہ کی عصمت محفوظ رہی" اُس بے رحم انسان پر شگفتہ نے ایک خشمگیں نگاہ ڈالی اور مجنونانہ زینے سے اُتر گئی۔ ہر چند ساجد نے پکڑنے کی کوشش کی لیکن اس پر جن سوار تھا۔ وہ بھاگ رہی تھی، وہ چیخ رہی تھی "بدگمان! بدگمان! آصف۔ آصف بیٹے مجھکو بچانا۔ اس بدگمان صیاد سے پناہ دینا ....."

ساجد پیچھے دوڑ رہا تھا لیکن شگفتہ اس کے ظالم چنگل سے آزاد ہونا چاہتی تھی۔ ساحل کی پُرشور لہریں اس کو آوازیں دے رہی تھیں۔ شگفتہ نے بدگمان۔ بدگمان کی دلخراش چیخوں میں خود کو خوفناک سمندر کے سپرد کر دیا۔ اور ساجد کے پشیمان آنسوؤں کی حقدار بنی ــــ

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا!

آمنہ

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تازہ ترین تصنیف

مسز گل ڈھلے

یعنی اعلیٰ حضرت ہز ہائی نس ڈیوک آف ونڈسر کے نام کھلا مکتوب۔ مرزا صاحب کی عجیب و غریب تصنیف۔ ایک انتہا سے زیادہ سنجیدہ اور وقار مگر طول طویل خط جو ہز رائل ہائی نس کی ارفع و اعلیٰ پوزیشن اور جملہ آدابِ شاہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک ذمہ دار مصنف لکھ سکتا ہے۔ وہ بھی نہایت ادب اور لطافت کے ساتھ۔ قیمت ایک روپیہ (طر) علاوہ محصولڈاک۔

ملنے کا پتہ "ساقی بک ڈپو۔ دہلی"

اُمید

اُمید اُمید! خدا کی مار اس اُمید پر۔ میرے ہاتھ آجائے تو مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگا دوں۔ مصیبت! وبالِ جان! چین ہی نہیں لینے دیتی۔ کچھ نا اُمیدی ہوتی ہے۔ چین سے بیٹھتا ہوں کہ پھر آکر چپکے سے سُوتی جھونک جاتی ہے۔ قرار ہی نہیں لینے دیتی۔ بس بس اب مجھ پر اس کے داؤں نہیں چل سکتے۔ میں خوب جان گیا۔ ستھرا تیلی کے بیل کو بھی جھانسہ دے۔ لڑکپن اور بچپنے کو جانے دیجئے صاحب، جب سے دُنیا میں قدم رکھا ہے، پینتالیس برس ہو گئے ہیں یہ مجھکو جھانسے دے رہی ہے۔ اور میں کمبخت احمق، بیچاری بھولی بھالی منّی کی اماں کو ہوائی لقمے دیتا چلا آرہا ہوں۔

اُمید مجھ سے کہتی ہے: "آپ دولت ملتی ہے"۔ اور میں اُن سے (منّی کی اماں سے) کہتا ہوں "گھبراؤ نہیں جڑاؤ کنگن اور جڑاؤ کڑے بنوا دونگا ذرا صبر سے کام لو" صبر کرتے کرتے دونوں بڈھے ہو گئے۔ وہ صبر سے بیٹھی پان کٹی سے کھیل رہی ہیں اور میں صبر سے بیٹھا یہ مضمون لکھ رہا ہوں۔

بس آج آپ لوگوں کے سامنے عہد کرتا ہوں (گواہ رہیں) کہ اب اس حرامزادی کو پاس نہ پھٹکنے دونگا۔ (منّی کی اماں کو نہیں، اُمید کو) ناصاحب ہم کو تو اب نا اُمیدی ہی اچھی۔ صبر سے بیٹھیں۔ اطمینان سے باقی زندگی بسر کریں۔ بس ہو چکا، بہت بے بھاؤ کے ناچے اب آپ ہی لوگوں کو یہ ناچ مُبارک۔ اللہ رکھے آپ لوگ جوان ہیں آپ کو سب کچھ زیب دیتا ہے۔ ہم دونوں بڈھے ہو گئے تھک گئے۔ چار دن کی اور باقی ہے، سکون سے بسر کرینگے کچھ نہ ہوگا اطمینان سے ٹھنڈے پانی کے گھونٹ پئیں گے۔

لیکن کیسے کچھ نہ ہوگا۔ آپ لوگ قدر دان ہیں مجھ ایسے گھٹنا پرداز کو (یہ انشا پرداز کی ایک قسم خاص ہے۔ خیر آپ کو کیا یہ تکنیکل معاملات ہیں) بھول تھوڑی جائیں گے۔ دو چار دس پانچ نذرانے کے منی آرڈر جو آجایا کریں گے اس ہی پر ہم دونوں بڈھا بڈھے گذر کریں گے۔ چھوڑی انجینری ساری اس پرلات اب تو مضمون نگاری ہی ہوا کرے گی۔ اور صاحب اگر آپ میری مانیں تو واللہ آپ بھی یہی کریں (گھٹنا پردازی سے مطلب نہیں ہے، نانا) اُمید کو پاس نہ پھٹکنے دیں۔

سراسر مصیبت ہے وبالِ جان ہے۔ اُمید لگی ہے کہ ابکی وکیلی کا معتہ ٹھیک نکل آتا ہے۔ اچھا ابکی؛ اچھا ابکی۔ ابکی! ابکی! اُمید جب پیچھا پکڑتی ہے جونک ہو کر چمٹ جاتی ہے۔ گھوڑ دوڑ کے شوقینوں کو تو بھیک منگوا دیتی ہے۔ اُمید ہی کی بنا پر آپ اپنے افسر کی خوشامد پر خوشامد کرتے ہیں اور اُن کا مُنہ ٹیڑھا ہوتا چلا جاتا ہے۔ اُمید ہی کی بنا پر آپ صاحب بہادر کے بنگلے پر جاتے ہیں۔ اور وہ موجود نہیں ہوتے۔ اُمید ہی کی بنا پر آپ بچھو ناکندے پر سوٹ کیس بغل میں دبا کر دوڑتے ہیں۔ اور ہانپتے ہوئے خالی پلیٹ فارم پر پہونچتے ہیں۔ ورنہ آپ کی گھڑی نے صاف بتا دیا تھا کہ گاڑی چھوٹنے میں صرف ایک منٹ ہے۔ بس کچھ نہیں۔۔۔ معلوم ہوا کہ ہر کام نا اُمید ہو کر کرنا چاہیئے۔ آپ میرے کہنے پر چل کر دیکھئے تو سہی۔ سب اچھے رہیئے گا۔ انشاء اللہ آپ کو کامیابی ہی کامیابی ہوگی۔ ناکامیابی تو ہو ہی نہیں سکتی۔

بھائی جان! بات یہ ہے کہ اُمید تو دراصل ہم لوگوں کے واسطے بنائی ہی نہیں گئی۔ اُمید بنی ہے شاعروں کے واسطے

اور مچھلی کے شکاریوں کے واسطے۔ اپنے بنسی ہاتھ میں ہے، ڈور پانی میں پڑی ہے، اُمید کی جھکی لگائے گومتی ندی کے کنارے بیٹھے ہیں۔ شام کو اُٹھے بہت کی ایک مچھلی لٹکائے گھر آ گئے۔ رات بھر مچھلیاں ہی مچھلیاں خواب میں دیکھیں، صبح دم اور زیادہ جوش و خروش سے پھر بنسیاں کندھے پر لاد چلدئے؛ آج ضرور ڈھائی سیر کا مہاشیر پھنسے گا، یہ حال تو ان کا ہے۔ لیکن شاعروں کی تو بس بیان سے باہر ہے۔ اب میں کیا بیان کروں آپ خود مُلاحظہ کرلیں۔ ایک صاحب مٹھی کی دُوربین بنائے اکڑوں بیٹھے ہیں اور یہ شعر پڑھ رہے ہیں۔

خاطرِ مایوس میں نقشِ اُمیدِ وصلِ یار
نورِ صحرا میں ہے گویا اک چراغ دُور کا

سیّد رفیق حسین

ساقی کے چند خاص نمبر رعایتی قیمت پر

سالنامہ ۱۹۳۴ء .. .. قیمت	۸ر	افسانہ نمبر ۳۵ء .. .. قیمت	۶ر
〃 ۳۵ء .. .. 〃	۱۰ر	〃 ۳۶ء .. .. 〃	۶ر
〃 ۳۶ء (جاپان نمبر) .. .. 〃	۱۰ر	〃 ۳۷ء .. .. 〃	۸ر
ظریف نمبر ۳۳ء .. .. 〃	۵ر	سالنامہ ۳۷ء .. .. 〃	۱۰ر
〃 ۳۴ء .. .. 〃	۵ر	〃 ۳۸ء .. .. 〃	۱۲ر
〃 ۳۵ء .. .. 〃	۵ر	چغتائی نمبر .. .. 〃	۸ر
〃 ۳۶ء .. .. 〃	۵ر	دانتے کا جہنم .. .. 〃	۶ر
افسانہ نمبر ۳۱ء 〃	۶ر	مکمل فائل ۳۵ء .. .. .. 〃	۳ہے
〃 ۳۳ء 〃	۶ر	〃 〃 ۳۷ء .. .. .. 〃	للعہ

محصول ڈاک بذمہ خریدار

ساقی بک ڈپو ہر قسم کی کتابیں طلب کی جاسکتی ہیں آپ کو جس کتاب کی ضرورت ہو ساقی بک ڈپو سے طلب فرمائیں۔ سب کتابیں نہایت احتیاط سے بھیجی جاتی ہیں۔ مختلف اداروں سے کتابیں طلب کرنے کی بجائے ہم سے منگائیے تاکہ محصول ڈاک کی آپ کو کفایت رہے۔

فہرستِ کُتب مُفت طلب فرمائیے۔

مہتمم رسالہ ساقی دہلی

بے زبان

جیسے کم ظرفوں میں گھر داماد کا بڑا بُرا ہو ویسے ہی اُس بے چارے کی مٹّی پلید تھی۔ جب تک ہاتھ پیر چلتے رہے اُس وقت بھی کی کچھ قدر نہ ہوئی، معذور ہوئے پیچھے تو کون پوچھتا کہ تم کس باغ کے بتھوے ہو؟ دن بھر وہ غریب محنت مشقت کرتا پھر بھی مار پیٹ اور گالیاں کھاتا اُس کی قسمت میں لکھا تھا۔ بساط سے زیادہ بوجھ ڈھوکر وہ خون پسینہ ایک کر لیتا تب جاکر کہیں دھڑ میں ڈالنے کیلئے کچھ ملتا، وہ بھی اس لئے نہیں کہ یہ اُس کا حق تھا بلکہ محض اِس لئے کہ اُس کی زندگی منظور تھی تاکہ کمائی کا ذریعہ قائم رہے۔ اپنی حق تلفی اور یہ مظلومی اُسے عرصہ سے محسوس ہو رہی تھی مگر وہ بے زبان، اشرف المخلوقات کے آگے بالکل بے بس تھا۔ بھلا اس میں اتنی ہمّت کہاں سے آتی کہ وہ خُدا کے خلیفہ سے اپنے حقوق زبردستی طلب کرتا اور کہتا "میں اپنی جان تمہارے لئے ہلاک کئے دیتا ہوں، خدارا میرے ساتھ وہ سلوک تو نہ کرو جو انسانیت سوز ہے" نہیں، نہیں، یہ گستاخی، یہ بے ادبی، یہ سرکشی بارگاہِ انسانیت میں ہرگز برداشت نہیں کی جاسکتی۔ پروردگار کے نائب کا تو کام ہی یہ ہے کہ اپنے سے کمزور کو پیس ڈالے اور اُس کے خون سے کاخِ بلند کھڑے کرے۔

اُس کا ایک ساتھی تھا، رَوبی۔ دونوں بچپن سے اکٹھے بڑھے پلے تھے۔ جب اُنہوں نے ہوش سنبھالا اور ایک نے دوسرے کو اپنا ہمدم پایا۔ ماں باپ اور دوسرے عزیز و اقارب یاتھے نہیں یا لاپتہ تھے۔ نتیجہ معلوم! ہر تنفس سے بے نیاز ہو کر اُن دونوں کے پاک جذبات (یہ کیا کہا؟ اتنی جُرأت؟ یہ بیباکی؟ خبردار! "پاک" کا لفظ تو صرف اولادِ آدم کیلئے مخصوص ہو چکا ہے، حیوانی جذبات کہو!) ایک دوسرے کیلئے وقف تھے۔ ایک کو دُکھ ہوتا تو دوسرا اِشاروں سے، کنایوں سے کہتا "بھائی غم نہ کرو، تمہارے دُکھ درد میں میں شریک ہوں" اور پھر دونوں ٹکٹکی باندھ کر ایک دوسرے کو دیکھتے رہتے، یہاں تک کہ حکم نازل ہو جاتا کہ "کام کا وقت آگیا، چلو اپنا فرض ادا کرو!" پھر وہی زندگی کی چکی شروع ہو جاتی جس کے ہر چکر سے صرف ایک صدا "کام! کام!" کی نکلتی رہتی۔

جوانی بھر اُس کو اپنی محنت اور سخت کوشی کا خیال نہ آیا۔ ہاں جب زیادہ سے زیادہ بوجھ ڈھونے پر بھی مالک کے یہ الفاظ سُنتا "اے یار! یہ کمبخت گدھا بڑا ہی بدجانور ہے، ہمیشہ مگرائیں کرتا ہے" تو اُس کے دل پر چوٹ سی لگتی اور وہ چُپ چاپ گردن لٹکائے منزلِ مقصود کی طرف چلنے لگتا لیکن کہیں رَوبی مل جاتا اور وہ اُس کے قدموں میں لوٹنے لگتا تو اُس کے دل پر سے رنج کی سِل اُتر جاتی اور وہ دونوں چند لمحات کیلئے سنگدل انسان کی سہما دینے والی ہیبت سے غافل ہو کر اخلاص و محبت سے محظوظ ہونے لگتے۔ کبھی کبھی راستے میں لمبی لمبی سُتھری گھاس اور رئیسی گھوڑوں کا مزیدار چارہ دیکھکر اُس کے مُنہ میں پانی بھر آتا لیکن یہ چیزیں اُسے بھلا کہاں نصیب ہو سکتی تھیں۔ ایک رات اُس نے خواب دیکھا کہ وہ کسی بڑے رئیس کے اصطبل میں رہتا ہے اور صرف کبھی کبھار گھنٹے آدھ گھنٹے کیلئے اس کی ہلکی پھلکی رنگ برنگی فٹن میں جُت جاتا ہے۔ دیکھو نا وہ ایک آدمی آیا، کیسی محبت سے اُسکی گردن پر پیار کرتا ہے، کمر پر ہاتھ پھیرتا ہے اور پٹھے پر تھپکی دیتا ہے۔ پھر اُس نے اُسے خوبصورت ساز پہنایا اور بڑی ملائمت سے گاڑی

میں جوت دیا گیا۔ تھوڑی دیر میں میلے کچیلے اور تعفن آمیز کپڑوں میں نہیں بلکہ نہایت شاندار لباس میں رئیس صاحب آ گئے اور انہوں نے چمکار کر چلنے کا اشارہ کیا۔ ہاں بیٹا! اب نہ روز روز کی کل کل ہے اور نہ پٹ پٹ، نہ وہ بوجھوں مرنا ہے اور نہ وہ حقارت آمیز سلوک۔ تھوڑی دیر کی ہوا خوری کے بعد نیلو واپس آ گیا۔ بڑی شاباشی دی گئی، خود رئیس بہادر نے بھی پیار کر کے ہمت بڑھائی۔ پھر طرح طرح کا چارہ آگے رکھا گیا، گڑ اور چنے کی سانی دی گئی اور سونے کے لئے نرم نرم گھاس کا بچھونا بچھوا دیا گیا مگر..... صبح ہونے لگی تھی۔ روبی اپنے دوست کے چہرے پر مسکراہٹ (جو انسان کے لئے غیر مرئی ہے) دیکھ کر حیرت سے بھونکنے لگا اور نیلو ایکا ایکی کمر پر ایک موٹا سا ڈنڈا پڑ جانے سے گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ ابھی اس کی نیند نہیں بھری تھی اور مار کی تکلیف کو بھول کر وہ خواب کی باتیں یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ دفعتاً کپڑوں کے بڑے بڑے گٹھڑ اس پر لاد دئے گئے اور ساتھ ہی گالیاں اور جھینکنا شائی دیا۔ لے یہ ڈنڈا لے، ذرا زور سے مار یو، یہ بدذات بغیر اڑے چلتا ہی نہیں۔

ایک بات روبی کی سمجھ میں کبھی نہ آ سکی۔ اس نے برسات اور خزاں کی دسیوں صبح و شام دیکھی تھیں لیکن چاہے چاروں طرف ہریاول ہی ہریاول ہو، چاہے تاحدِ نظر تمازتِ آفتاب سے جھلسا ہوا چٹیل میدان، نیلو بدنصیب ہمیشہ بھوکا رہتا۔ وجہ یہ تھی کہ اسے کبھی اتنی مہلت ہی نہیں ملی کہ وہ ہری ہری برسات میں کچھ بھی متمتع ہوتا۔ گویا برشگال کے موسم میں بھی جبکہ کائنات کا ذرہ ذرہ حیاتِ تازہ حاصل کرتا ہے اس بیچارے کی قسمت قدرت کی تقسیم سے محروم ہی رہتی۔ ایک روز ریشم کے سائے تلے روبی سنگوں بیٹھا ہوا اپنے رفیقِ دیرینہ کی ازلی بدنصیبی پر غور کر رہا تھا کہ اس نے کسی کی آہٹ سنی۔ روبی کی بینائی جاتی رہی تھی۔ اس لئے اسے دور کی چیز اچھی طرح نہ سجھائی دی۔ جب وہ آواز اور بھی قریب آ گئی تب اس کی دھندلی نظر نے دیکھا کہ بوڑھا نیلو ہولے ہولے ڈگمگ ڈگمگ چلا آتا ہے۔ روبی اٹھ کھڑا ہوا لیکن اسے دیکھ کر وہ انگڑائی نہ لے سکا۔ دونوں بوڑھے ہو چکے تھے! اور ان میں اب جان باقی نہ رہی تھی۔ نیلو نے جب بصد مشکل اس کی کمر پر آہستہ آہستہ اپنا کھر پھیرا تو روبی یہ دیکھ کر گم سم سا ہو گیا کہ نیلو کی ایک آنکھ پھوٹ گئی ہے اور اس کی کمر سے جیتا جیتا خون بہہ رہا ہے۔ مگر وہ فوراً ہی سمجھ گیا کہ اس کی طرح اسے بھی اس کے مالک نے چلتے چلتے تمام عمر کی خدمت اور وفاداری کا یہ صلہ دے کر رخصت کیا ہے۔ اس خیال کے آتے ہی اسے خود اپنی زندہ حالت بھی یاد آ گئی۔ وہ اب گھر کا تھا اور نہ گھاٹ کا۔ کئی دنوں سے وہ ادھر ادھر مارا مارا پھر رہا تھا۔ نہ اسے روٹی کا ٹکڑا میسر تھا نہ پانی کا قطرہ۔ پھر بھی اپنی رفتار کو بھول کر (اور وہ کوئی انسان تو تھا نہیں جو اپنا دکھڑا لے بیٹھتا۔) وہ نیلو کو دکھ بھری نظروں سے تکنے لگا اور جب اس کی آنکھیں پرنم ہو گئیں تو نیلو روبی کے دیکھتے ہی دیکھتے زمین پر گر پڑا۔ اس کی کمزور ٹانگیں اس کا جسم سہار نہ سکیں، بس اس میں اتنی سی سکت باقی رہ گئی تھی کہ اسکے منہ سے ایک فلک شگاف آہ نکلی اور پھر بدن کی کھال پارۂ سیماب کی طرح لگاتار تھر تھر کانپنے لگی۔

روبی یہ کیفیت دیکھ کر اس کے بالکل پاس سرک آیا اور اس کی زخمی آنکھ کو اپنی زبان سے چاٹنے لگا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کی جسمانی اور روحانی تکلیف کا اسے اچھی طرح احساس ہے۔ اسی لئے اس کا دکھ ذرا ہلکا کرنے کو اس نے اپنی رام کہانی کہہ سنائی۔

"نیلو بھیا! تمہاری طرح میں نے بھی اپنے مالک کی بڑی خدمت کی تھی۔ دن دن بھر پاسبانی کی، راتوں کو جاگ

جاگ کر اُس کے گھر میں چوروں کو پکڑوایا۔۔۔ ایک دفعہ تو اس کے لڑکے کی جان بھی بچائی مگر اس سب کا عوض مجھے یہ ملا کہ اب جبکہ مجھ میں چلنے کی بھی طاقت نہیں رہی، اُس نے مجھے لکڑیاں مار مار کر گھر سے باہر نکال دیا۔ میں رویا، قدموں میں لوٹا، تلووں کو چاٹا مگر اُس نے ایک نہ مانی ــــــــــ خیر، چلو اچھا ہوا، ہم دونوں کو اسکی بیدردی اور بے رحمی سے نجات مل گئی۔ اب ہم انسانوں کی بستی میں زیادہ ظلم اور بے انصافی نہیں سہیں گے۔"

روبی کی کتھا کا آخری باب سُنکر نیلو نے ذرا گردن کو جنبش دی اور اُسکے منہ سے اپنا منہ ملا دیا۔ روبی بھی اُس سے بھڑ گیا اور اپنے پرانے اور سچے دوست کی آغوش میں بیٹھکر فرطِ محبت سے دُم ہلانے لگا۔

ــــــــــ صادق الخیری۔ ایم۔ اے دہلوی

آج پھر

گر رہا ہے آسماں سے مستیوں کا آبشار ،، فرصتوں سے کھیلتے تھے زیست کے لیل و نہار
بزمِ فطرت کے لبِ گلگوں تبسم کار ہیں ،، شادمانی کے حسیں بازو گلے کا ہار ہیں
سایہ افگن ہے در و دیوار پر رنگِ نشاط ،، کروٹیں لیتا ہے رگ رگ میں سرورِ انبساط
ذرّے ذرّے سے نمایاں ہے جوانی کا نکھار ،، آگئی ہے گلستان دھر میں رنگیں بہار
کھل رہے ہیں عنبریں نافے فضا کی گود میں ،، کھیلتے ہیں کیف زا نغمے ہوا کی گود میں
مسکراتا ہے نگاہوں میں سُرورِ جانفزا ،، چھا گئی ہے بزمِ ہستی پر مسرّت کی گھٹا

اس لئے کہ آج پھر چشمِ فسوں گر باز ہے
جس پہ میری شاعرانہ زندگی کو ناز ہے

دم زدن میں جو بڑھاپے کو جوانی کر گئے ،، زندگانی میں نظر سے مستیاں سی بھر گئے
جو بیاباں کو چمن کی گلفشانی دے گئے ،، دل کی مٹھی میں سُرورِ جاودانی دے گئے
جو خزاں کو دے گئے رنگِ بہارِ جاوداں ،، جو نگاہوں سے دلوں میں بو گئے موسیقیاں
جو ہواؤں میں گلوں کی نکہتیں بکھرا گئے ،، جو خمارِ سرمدی کی بارشیں برسا گئے

آرہے ہیں بے خودی کی ڈال کر رُخ پر نقاب
آج پھر پینا پڑیگا مے میں حل کر کے شباب

جفا شیرزی

مکالمۂ ساقی و ساغر

(در بابِ رحلتِ علامہ اقبال)

ساغر۔

کیا ہوا رندِ بلانوش تمام اے ساقی
کیوں کھنکتے نہیں اب ساغر و جام اے ساقی

عرق آگیں ہے یہ کیوں وقتِ سحر کا مکھڑا
خاک آلود ہیں کیوں گیسوئے شام اے ساقی

نہ ہے پیمانے میں پر تو نہ مرے ساغر میں
کیا ہوا آج ترا ماہِ تمام اے ساقی

جیسے رہرو کسی کھوئی ہوئی شے کو ڈھونڈے
ہے کچھ ایسا ترا اندازِ خرام اے ساقی

خُمِ مشرق میں سہی بادۂ رنگیں باقی
مے اقبال تھی پھر حاصلِ جام اے ساقی

رُوحِ اقبال تھی سرشارِ مے کیفِ ازل
مجھ سے کافر کو نہیں اس میں کلام اے ساقی

مدفنِ شب ہے سحر، مقبرۂ روز ہے شام
کیا یہی ہے تری دُنیا کا نظام اے ساقی

یہی انجام ہے گر میکشی و مستی کا
تیرے میخانے کو میرا بھی سلام اے ساقی

صُبحِ محشر سے اِدھر کُھل نہ سکے گا گویا
اس طرح بند ہے دروازۂ عام اے ساقی

رہ گیا تھا یہی اِک رندِ سبو کش باقی
نامۂ مرگ نہ آیا ترے نام اے ساقی؟

کیا ہے عالم کی تباہی میں کلام اے ساقی
کر دے خم زار کو غرقِ مے و جام اے ساقی

خام ہے خام ہی قُدرت کا نظام اے ساقی

جوابِ ساقی۔

جوشِ غم میں یہ ترا طرزِ کلام اے ساغر
مرحبا! لے یہ چھلکتا ہوا جام اے ساغر

مہرِ تخلیق ہو یا مرحلۂ مرگ و حیات — مجھ سے پوشیدہ نہیں کوئی مقام اے ساغرؔ
چشمِ مُرغ میں حیاتِ ابدی نیستی ہے — مرگِ میخانہ تو ہے عُمرِ دوام اے ساغرؔ
نغمۂ قلقلِ مینا ہے فضا میں محفوظ — کہیں مرتے ہیں کلیم اور کلام اے ساغرؔ
جس کی پروازِ تخیّل تھی فضا بوسِ فلک — اب وہی عرش پہ ہے محوِ خرام اے ساغرؔ
خاکِ اقبال کا ہر ذرّہ ہے میخانہ بدوش — خم بہ خم، بادہ چکاں، جام بہ جام اے ساغرؔ

شعر اس کا ہے زمانے کو پیامِ اَبدی
اُس نے قائم کیا شاعر کا مقامِ اَبدی

جاوداں ہے، مرے مستوں کا امام اے ساغرؔ

جواب الجواب

جسے کہتے ہیں "ابد" تیرے عوام اے ساقی — ہے وُہ اقبال کی دُردِ تہِ جام اے ساقی
لا صراحی و سبو و مے و جام اے ساقی — آج ڈھانا ہے مشیّت کا نظام اے ساقی
تلخ تر موت سے بھی ہاں کوئی جام اے ساقی — موت بھی اصل میں ہے بادۂ خام اے ساقی
گر پڑی آج کلیدِ درِ میخانہ کہیں — تیز تر ہے ترا اندازِ خرام اے ساقی
ڈھالتا جا مگر اتنا تو بتا دے مجھکو — کن عناصر سے ہے ہستی کا قوام اے ساقی
سقفِ میخانہ سے عالم میں منادی کر دے — غمِ اقبال میں پینا ہے حرام اے ساقی

تجھے معلوم نہیں اس کا مقام اے ساقی
دو جہاں کیف میں تھے اسکے غلام اے ساقی

طائرِ قدس تھا مُرغِ تہِ دام اے ساقی

ساغرؔ نظامی

مُعمّہ

اِسے وحشت کہیئے یا عادت، میں رات گئے تک ٹہلنے کا عادی ہوں۔ کبھی کبھی اس مشغلۂ بے شغلی میں عجیب و غریب واقعات پیش آئے، لیکن فطرت کا تقاضا ہے کہ مَیں اِس خُو سے باز نہ آؤں۔ ابھی چند دنوں کا ذکر ہے کہ مَیں حسبِ ہی کمرے سے باہر آیا تو رات کے سراپا حُسن پر نظر پڑی اور جم کر رہ گئی۔ بدر کامل نہایت خاموشی سے ذرّے ذرّے کو نقرئی سانچے میں ڈھال کر مجسّمۂ نُور بنا رہا تھا۔ ارض مرمریں پر جدھر بھی نگاہ اُٹھتی تھی، اُسی خاموش آواز کا نوں کو محوِ حیرت بنا ڈالتی۔ ایسے خوشگوار ساعت میں کس کا جی نہیں چاہتا کہ ایسی رات پہ سو راتیں بھینٹ چڑھا دوں یا نہیں تو یہ لیلۃ القمر خود مجھ پہ قُربان ہو جائے۔

غرض کہ بادِ مشک آگیں کا ایک ایک جھونکا رگ رگ میں سرایت کر گیا۔ پیکرِ جمال کی ایک ایک ادا جسم و جان پر غالب آگئی۔ میں مغلوب عادت (طبیعت ہی کہنے دیجئے) سے مجبور سامنے والے باغ میں جا اترا۔

شبنمی موتیوں سے آراستہ کلیوں کو چُومتا، مست مخموں سے سرگوشیاں کرتا، پھولتے پھولوں سے چند اوراق چھینتا، لہرائی شاخوں سے نغمہ سرائی کرتا ع۔

گلشن میں علاجِ تنگیٔ داماں بھی ہے

اور پھر اپنی صدائے بازگشت سے محظوظ ہوتا ہوا میں ممی خانہ کی طرف نکل آیا۔ لاشوں کے جھرمٹ میں ایسے سناٹے کے وقت میں دِیئے کا ٹمٹمانا معاً اچھے اچھوں کے ہوش و حواس گم کر دیتا ہے۔

سُنا کرتا تھا اور اب بھی سُنتا ہوں کہ بہت سی ناپاک رُوحیں مرنے کے بعد راکھشس (جن کو ہندو میں راکھس کہتے ہیں۔) ہو جاتی ہیں اور اُنکے مُنہ میں آگ سُلگتی رہتی ہے۔ یہ رُوحیں پاک انسانوں سے دُور دُور رہا کرتی ہیں لیکن مُردوں کے گوشت پر اِن کی زندگی بسر ہوتی ہے۔ میں نے اب تک راکس نہیں دیکھا تھا کیونکہ میں اس کے وجود کا مُنکر تھا (اور اب بھی ہوں) اس لئے بیک وقت دیکھنے کا شوق بھی سمایا اور مرنے کا خوف بھی۔ میں نے کہا چلا ہے۔ اور ممی خانے کے دروازے تک پہونچ گیا۔

ممی خانے کا دروازہ آج خلافِ معمول کھلا تھا۔ اندر پندرہ بیس لاشیں رکھی تھیں اُن میں سے ایک لاش کے قریب جس کو میں تین چار روز سے چیر رہا تھا، ایک سفید پوش نظر آیا۔ اُس کے ہاتھ میں ایک چراغ اور دوسرے میں چمکتی ہوئی کوئی چیز تھی۔ مجھکو دیکھتے ہی اُس نے آواز دی "اندر چلے آؤ" آواز بہت خفیف تھی اس لئے میں نے قیاس کیا بلکہ ایک گونہ یقین ہو گیا کہ یہ عورت ہے۔ خوف سے کانپ گیا۔ چاہتا تھا کہ بھاگ جاؤں لیکن پاؤں جیسے جم گئے تھے کہ اُٹھتے ہی نہیں۔

پھر آواز آئی "آتے کیوں نہیں؟" اس دفعہ آواز میں ذرا کرختگی اور کچھ کچھ مانت ٹی جلی مگر تحکمانہ تھی۔ میں اپنی جگہ سے نہیں ہٹا خیال آیا کہ زور زور سے چلاؤں، شاید کوئی مدد کو آجائے لیکن اُس بیاباں میں اور وہ بھی ایسے ڈراؤنے وقت میں کون سُنتا ہے۔ جانے کیا شامت آئی کہ ادھر کھٹک آیا۔

"تم نہیں آتے؟ اچھا میں ہی آکر تمہیں پکڑ لاتی ہوں" یہ کہتی ہوئی وہ بڑھی۔ اس کی آواز میں غصّہ اور غضب بھرا تھا۔ میری نیم وا آنکھوں نے اُس کو قدم قدم پہ رعشہ براندام بھی دیکھا۔

اس دفعہ میں نے مدافعت نہیں کی۔

یہ ایک عورت تھی سفید ساری میں ملفوف پینتیس چالیس کا سن ہوگا۔ بُوٹا سا قد، بکھرا بدن، پریشان بال، سفید بیضاوی چہرے پر سیاہ بے حجاب آنکھیں اور اُن نرگسِ غزّال سے حسد و رنج، ملال و تمنّا، حجاب و غرور، شوخی و سنجیدگی کے لیے بہا چشموں کا اُبل اُبل کر فنا ہو جانا مجھ پر عجیب کیفیت طاری کر رہا تھا۔ اس کا بے محابا انداز، اُس کی بیباک نگاہیں، بے تکلفانہ گفتگو اور پھر اُس کے ہاتھ میں نشتر۔ یہ سب چیزیں مجھکو مُرتعش کئے دیتی تھیں۔ دماغ میں ہیجان سا پیدا ہو گیا۔ تمام جسم لرز گیا۔ بولنے کی کوشش کی لیکن زبان بے قابو تھی۔ اس عالمِ بے خبری میں نہ جانے کتنی دیر تک کھڑا رہا کہ اُس نے یک بیک مُہر سکوت توڑی "تمہارا نام؟"

میں نے اپنا نام غلط بتا دیا اور وہ مطمئن ہو گئی۔

"اس لاش کے درندے تم ہو؟ اور شاید اس کا دل بھی تم نے ہی نکالا ہوگا؟"

"ہاں" اِس دفعہ جھوٹ بولنے کی جرأت نہ ہوئی۔

"خوب! مجھکو تمہاری ہی تلاش تھی تاکہ اس کی بوٹیاں الگ کرنے سے قبل تم اس کی سوانح عمری معلوم کرلو۔ یہ میرا باپ، بھائی، شوہر اور بیٹا ہے۔ تم محو حیرت تو ضرور ہو گے لیکن اب جان لو کہ تمدن اور جدت پسند سماج نے سب کو جائز قرار دیا ہے۔" اس نے اپنی کہانی یوں شروع کی "اس (لاش) کا باپ جو میرا باپ بھی ہوا ایک دولتمند تاجر تھا۔ بیوی کا اکلوتا شوہر اور اکلوتے بچے کا باپ، اور سیم وزر اتنا کہ پینتیس کروڑ کی آبادی ایک ماہ تک پرورش پا سکتی تھی۔ روپیہ بلا شرکت غیرے خرچ ہو نہیں سکتا اس لئے اس نے شہر کے عیش بام کو زیادہ سمجھا اور اسکی نہ تک پہونچ گیا۔ لیکن ابھی خون تعشق کے دو چار قطرے اور باقی تھے۔ اس کی بیوی نے جو میری ماں ہوئی۔ ساس اور سوت بھی۔ اپنے لئے اپنے اس اکلوتے بچے کو جو کہ شباب کی رنگینیوں سے مغلوب ہو کر ماں اور بیوی کا امتیاز اٹھا چکا تھا۔ منتخب کیا۔ اس کے لغزش افعال سے میں وجود میں آئی۔ اب میرا حقیقی بھائی میرا باپ تھا۔

عورت کی باڑھ! میں بھی چودہ پندرہ برس کے بعد نوجوانوں کی بربادی (عشرت کہو) کا باعث بن گئی۔ میرے دادا (رواج سماج کی بھینٹ) میں میرا باپ تھا۔ کی عیاش آنکھیں مجھ پر پڑیں اور عشق مجازی نے اس کے داغدار سینے میں گھر کر لیا۔ دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا ہونے لگے۔ دام فریب میں نزدیک لاکھوں وسیلے ڈھونڈ نکالے۔ آخر ایک روز اپنے افسوں جذبات کے ماتحت اس نے ناممکن کو ممکن ثابت کر دکھایا۔ یہ میری عصمت پر پہلا داغ تھا۔ شرم و حیا کو ذرا سی ٹھیس لگی لیکن لذت و عشرت کے خیال میں رنج و غم کو سمندر میں کر بیٹھی۔

اب میں اپنے بھائی اور حقیقی باپ کی ماں بن چکی تھی۔ لیکن دنیا ابھی تک حقیقت سے ناآشنا و بے خبر تھی۔ میری رنگین مزاجی اور جوش عشق و جنوں نے پہلو بدلا اور میرا شیوہ حسن و جمال میرے باپ میں شوہر کی اہلیت پانے لگا۔ قدرت نے اس کی حرکیں و وحشی نگاہوں سے متاثر ہو کر اس کو اپنے پیاسے جذبات کو تشفی دینے کیلئے میرا شکار بنا دیا۔ وہ کامیاب ہو گیا اور میں بھی..... اگر کامیاب نہیں تو ناکامیاب بھی نہ رہی۔ اس روز سے میں میرا شوہر تھا۔ یہ رشتہ ازدواج (صرف گھنٹہ محدود) مدتوں قائم رہا یہاں تک کہ اسوقت میری عمر پینتیس سے بالا ہے۔

ذرا غور تو کرو۔ یہ عشوؤں کی عریانی۔ فطرت کی شیطانی۔ جذبات و جوانی کی بربادی۔ عشق و محبت کا نرالا ڈھنگ کب تک ایک روپ میں رہتا! سوسائٹی سے کسی رمز کا پوشیدہ رکھنا غیر ممکن ہے۔ سماج کا دھارا اپنا رخ بدلتا ہے۔ زمانے کروٹ بدلی۔ تہذیب و تمدن کے رضاکاروں نے سارا راز طشت از بام کر ڈالا۔ اب رسوائی اور ذلت کے سوا تھا ہی کیا۔ میرا دادا (یعنی باپ اور شوہر بھی) شہر بدر کیا گیا۔ میرا شوہر ایک رات ایسا غائب ہوا کہ دو سرے روز اس کے خط سے اسکے جانے سکونت کی خبر ملی۔ خط یہ تھا۔

اس نے ساری کے پلو کی گرہ کھول کر ایک خط نکالا اور پڑھنا شروع کیا۔

۲۰ رماہ رواں شنبہ

..... ہر آغاز کا دامن انتہا سے وابستہ ہے۔ مظلوم کی آہ شعلہ بنکر ظالم کو ستاتی ہے۔ جوانی و شباب کا وقت نہایت سرعت سے گذر کر ضعیفی کی شکل میں کباب کی طرح بھننے لگتا ہے۔ عیش و طرب ختم، اب رسوائی اور ذلت کا سامنا ہے۔ ہاں میں نے اب سمجھا کہ دنیا کا وجود خیالی اور محبت کا مقصد عارضی ہے۔ دولت و ثروت، جاہ و حشمت، اقبال کامرانی عشرت و مرتبہ بس حسن فریب کار ہیں۔ عقل کو معدوم کر دیتے اور چشم بینا پر پٹیاں ڈال دیتے ہیں۔ گنہگار کے لئے لذت اگر ہے تو عالم فانی سے کوچ کرنے اور اپنے کو دریائے مغفرت کے متلاطم امواج پر چھوڑ دینے میں۔ باور کرو میں آج خود کشی کر لوں گا۔ تم بھی اگر اس زندگی سے بیزار ہو تو وشت نوردی کے لئے۔ نہ صحرا و وادی کی کمی ہے اور نہ سر کو پٹخنے کے لئے پتھروں کا فقدان..... مرتو رہا ہوں لیکن ایک ارمان کے ساتھ کہ اپنے گناہوں کا کفارہ ادا نہیں کر سکا۔ یہ بشکل عذاب مجھکو ہمیشہ ستائیگا۔ اگر رحم کرے تو معاف کر دینا کیونکہ میں ظالم ہوں اور تم مظلوم..... اچھا خدا حافظ"

"میں بھی اپنا گناہ اس سے بخشوانے آئی تھی لیکن.... اے ظالم تو نے تو اس کا دل ہی نکال ڈالا ہے" آخری لفظ بشکل ادا ہوا ہوگا کہ منہ چاقو سے مجھ چھپٹی.....

میری آنکھ جو کھلی تو صبح ہو چکی تھی۔ میں ایک لاش کے قریب فرش پر پڑا تھا لیکن میرے جسم پر کہیں بھی چاقو کا نشان نہیں ملا۔ کچھ ہٹ کر میز پر ایک عورت کی لاش تھی۔ غور سے دیکھکر میں نے پہچان لیا کہ یہ تو وہی عورت ہے۔ اس کا سینہ چاک اور دل غائب تھا۔ عجیب کرشمہ ہے! کل تو یہ لاش تھی بھی نہیں۔ میخانے کے بھنگی سے یہ خبر ملی کہ یہ عورت کل جیلخانے کے قریب پائی گئی ہے۔ لیکن یہ بھی تک معمہ ہے کہ دل کیسے اور کہاں نکل پڑا۔

ایم۔ ملک

غروب ہونے کو تھا۔ پرکاش کے آنے کا وقت قریب تھا لہٰذا میں خود کو سنبھالتے ہوئے کرسی سے اٹھی اور کھانا تیار کرنے میں مصروف ہوگئی۔

(۳)

رومیش کے چلے جانے کے بعد میری زندگی پھر خدا و ماؤں کی طرح بسر ہونے لگی۔ وہی محنت شقت اور وہی کام کاج۔ یہاں تک کہ ایک سال گذر گیا۔ اگرچہ اس عرصے میں مجھے رومیش کی نسبت کوئی اطلاع نہ مل سکی اور نہ ہی اسکی طرف سے کوئی خبر آنے کی اُمید تھی تاہم اُس کی یاد برابر میرے دل میں مستور تھی۔ اس کا متبسم چہرہ، خمار آلود آنکھیں اور محبت بھری باتیں ایک ایسا سحر تھا جو ہر وقت میرے دل و دماغ پر مستولی رہتا۔ ستمبر کا مبارک مہینہ شروع ہوتے ہی پرماتما نے میری گود ہری کر دی اور ہمارے ہاں لڑکی پیدا ہوئی۔ میں نے اس کا نام موہنی رکھا۔ ایک لڑکی کا باپ بنجانے پر پرکاش کے طرز سلوک میں کافی تغیر آ گیا ہو گیا۔ گھر میں کام کاج کے لئے اس نے ایک خادمہ کو ملازم رکھ لیا۔ شاید اب اُسے میری تکالیف کا احساس ہونے لگا تھا یا وہ یہ سمجھتا ہو کہ مجھے کام کاج کی نسبت اپنی معصوم بچی کا زیادہ خیال کرنا چاہیئے۔ اگرچہ ہم میاں بیوی میں اب رابطہ اتحاد زیادہ مستحکم ہو رہا تھا تاہم میں پرکاش سے محبت نہ کر سکتی تھی۔ جس شخص کو میں دل سے اچھی نہ تھی وہ مجھ سے کوسوں دُور تھا۔ معلوم نہیں کہاں!

موہنی کوئی ڈیڑھ برس کی ہوئی ہوگی کہ ایک نئی مُصیبت کا آغاز ہوا۔ سردیوں کے دن تھے اور غالباً نو بجے کا وقت۔ میں اپنی خوردسال بچی کو گود میں لئے دُھوپ میں بیٹھی تھی کہ کارخانہ کا ایک ملازم ہانپتا ہوا آیا اور پرکاش کی موت کی دہشتناک خبر سنائی۔ آج صبح سے ہی اُس کی طبیعت خراب تھی اور اب اچانک دل کی حرکت بند ہو جانے سے وہ سرگباش ہو چکا تھا۔ میں زندگی سے آگے ہی بیزار تھی اب شوہر کی موت نے بیوگی کا کاری زخم دل پر لگا دیا۔ سب سے بڑھکر مصیبت یہ تھی کہ اب دُنیا میں میرا کوئی ایسا عزیز یا رشتہ دار نہ تھا جو میری زندگی کا سہارا بن سکتا۔ جب سے میں نے ہوش سنبھالا تھا میرے رشتہ داروں میں صرف والدہ ہی باقی تھیں جو میری شادی کے چند ماہ بعد فوت ہو چکی تھیں۔ اور پرکاش کا بھی کوئی قریبی رشتہ دار اس وقت موجود نہ تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ چند روز بعد کارخانہ بھی بند ہو گیا اور میں تنہا زمانہ کی صعوبتیں اُٹھانے کیلئے باقی رہ گئی۔

پرکاش کو سرگباش ہوئے کوئی دو مہینے ہوئے ہونگے کہ اچانک رومیش واپس آ گیا۔ اُسے دیکھتے ہی میرے مقموم دل میں شعاعِ مسرت چمک اٹھی۔ آتے ہی اُس نے مجھے آغوشِ محبت میں لے لیا اور تسلی آمیز لہجہ میں کہنے لگا "جان سے عزیز تر ملا! مجھے افسوس ہے کہ میں تمہارا دل توڑ کر چلا گیا تھا مگر اُس وقت میں مجبور تھا۔ اب میں نے پرکاش کے مرنے کی خبر ایک دوست کی زبانی سنی تھی اس لئے فوراً تمہارے پاس چلا آیا"

ایک ماہ بعد میں نے رومیش سے شادی کر لی۔ گلشنِ زندگی جو باغبان کی عدم موجودگی میں تاراج ہونے لگا تھا اب نئے باغبان کی نگرانی میں از سرِ نو پُر بہار ہونے لگا۔ چونکہ قانوناً رومیش ہی اپنے سوتیلے بھائی کی جائداد کا وارث تھا اس لئے کارخانہ کا انتظام اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے اُس نے نہایت تندہی سے کاروبار کو فروغ دینا شروع کیا۔ پرماتما کی کرپا سے اب میرے دن پھرے تھے۔ میری خوابیدہ قسمت انگڑائی لیکر بیدار ہوئی تھی۔ اور زندگی کی مسرتوں سے مجھے پھر بارِ لطف اندوز ہونے کا موقع ملا تھا۔ گھر کا کام کرنا تو کجا خود میری خدمت کے لئے دو خادمائیں موجود تھیں۔ رومیش ننھی موہنی کو اپنی حقیقی لڑکی کی طرح پیار کرتا تھا اور وہ بھی توتلی زبان میں اُسے پتاجی کہکر پکارتی تھی۔ رومیش اپنی سیاحت کی عجیب و غریب داستانیں اکثر مجھے سناتا۔ جنہیں سُن کر میرے دل میں بھی مختلف شہروں کی سیاحت کا جنون پیدا ہونے لگا۔

(۴)

دو سال نہایت خوشی و خرمی میں بسر ہوئے۔ اس عرصے میں رومیش نے اپنی خداداد ذہانت و قابلیت کے باعث کاروبار میں حیرت انگیز ترقی کر لی اور منافع کی ایک کثیر رقم اس کے پاس جمع ہو گئی۔ میرے نام بھی کافی روپیہ بنک میں جمع تھا۔ لہٰذا گرمیوں کا موسم شروع ہوتے ہی میں نے رومیش سے کسی صحت افزا پہاڑی مقام پر چلنے کو کہا۔ رومیش کو چونکہ میری خوشنودی مقدم تھی اس لئے اُسے کب انکار ہو سکتا تھا۔ چنانچہ اگلے روز کارخانہ کے منیجر کو کاروبار کے متعلق ضروری ہدایات دے کر ہم دونوں اپنی خوردسال بچی اور ایک خادمہ کو ساتھ لیکر شملہ روانہ ہو گئے۔ دس پندرہ روز شملہ ٹھہرنے کے بعد ہم نے طے کیا کہ شور و غل سے بھرے ہوئے شملہ میں ٹھہرنے کی بجائے کسی پہاڑی گاؤں میں جا کر قیام کیا جائے، جہاں کی پُرسکون معصوم سادگیاں۔ سرد و شفاف پانی کے چشمے اور خوشگوار ہوائیں ہمارے لئے حیات بخش ثابت ہوں۔ اگرچہ رومیش کو تین چار گاؤں کے نام یاد تھے مگر اس کے خیال میں کسی کے محلِ وقوع میں اس قدر جاذبیت اور کشش نہ تھی جو ہمیں کچھ عرصے کے لئے اپنا پابند بنا سکے۔ آخر کار تین چار روز کی لگاتار دریافت کے بعد ہمیں ایک ایسے گاؤں کا پتہ لگا جو شملہ سے دس میل کے فاصلہ پر تھا اور جس کی فضا ہماری مرضی کے عین مطابق بتلائی گئی تھی۔ دوسرے دن صبح کا ناشتہ کر کے ہم نے اپنا اسباب دو ٹٹوؤں پر لدوایا، اور خود بھی ٹٹوؤں پر سوار ہو کر اس گاؤں کی طرف روانہ ہوئے اکثر مقامات پر راستہ

سخت دشوار گذار تھا لیکن ہمارے رہوار پتھریلی چٹانوں پر چلتے اور ندی نالوں کو بآسانی عبور کرتے ہم کو شام کے وقت منزلِ مقصود پر لے آتے۔ گاؤں کی آبادی نہایت مختصر تھی اور صرف چار پانچ مکان کرایہ کے لئے خالی تھے۔ میں نے ارد گرد کی فضا پر نظر ڈالی تو بیحد مسرور ہوئی۔ کیونکہ مشرق کی طرف شفاف پانی کے دو چشمے تھے۔ جنوبی اور مغرب کی پہاڑیاں کوہستانی سپھلدار درختوں سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ شمال کی جانب گاؤں بالکل خالی تھا جہاں سے کھلا ٹاپ پربت کی مخملیں چوٹیوں پر سے پھاندتی ہوئی سرد ہوائیں آتی تھیں۔ نزدیک ہی ایک چھوٹی سی ندی بہتی تھی جہاں مچھلی کا شکار کیا جا سکتا تھا۔ اس مقام کو اپنی مرضی کے مطابق پاکر ہم بہت خوش ہوئے اور معمولی تجسس کے بعد شمال کی جانب ہمیں دور ویہ پہاڑ پر ناتواں سے پتھروں کی بے ڈھب سی دیواروں والا ایک چھوٹا سا مکان کرایہ پر مل گیا۔ مالک مکان رتن نامی ایک معمر مہاتی تھا، نہایت سادہ مزاج اور خوش طبیعت۔ بظاہر وہ بوڑھا معلوم ہوتا تھا مگر اُس کے بدن میں خاصی قوت اور توانائی تھی۔ گاؤں کے لوگ اُسے صوفی منش خیال کرتے تھے۔ وہ آبادی سے دور کوئی تین میل کے فاصلہ پر اپنی اٹھارہ سالہ لڑکی کے ساتھ ایک جھونپڑی میں رہتا تھا اور باغبانی گیری اُس کا محبوب ترین مشغلہ تھا۔ گاؤں میں تیسرے چوتھے روز وہ یا اُس کی لڑکی آیا کرتی تھی۔ پہلی ملاقات میں ہی ہم رتن کے حسنِ سلوک اور خوش خلقی سے نہایت متاثر ہوئے۔ اور گرمیوں کے چھ ماہ کے لئے مکان کا کرایہ طے کر ہم اس پہاڑی خطہ میں بسنے لگے۔

زندگی کے وہ چند ایام ایک نغمۂ مسرت کی طرح جو سحبت آلود فضا میں رقص کر رہا ہو۔ اس کوہستانی علاقہ میں شادابی و مسرت کی حسین دیوی اپنے پُر بہار جلووں کی ضیا پاشیوں سے فضا کو منور کرتی اور اپنے حیات آفریں سانسوں سے مُردہ اجسام میں زندگی کی روح پھونکتی تھی۔ اپریل کا نصف مہینہ گذر چکا تھا۔ یہ وہ دن تھے جب پنجاب میں اس قدر گرمی ہوتی ہے کہ تمام دن برف پیتے اور پنکھے کی ہوا کھاتے گذر جاتا ہے مگر یہاں پہاڑی خودرو پھولوں کی خوشبو میں بسے ہوئے سرد ہوا کے جھونکے اس طرح آتے تھے جیسے کسی شاعر کی خیالی جنت کی کھڑکیاں کھول دی گئی ہوں۔ ہمارا وقت عیش و مسرت کے رنگین خواب میں بسر ہونے لگا۔ سیر کو جانا اور پھل کا شکار ہمارا مرغوب ترین مشغلہ تھا۔ اکثر شام کے وقت ہم دروازہ کے باہر کرسیاں بچھوا کر بیٹھ جاتے اور کتب بینی سے دل بہلاتے۔ ہمارے اردگرد سماں نہایت نشاط انگیز ہوتا۔ بلند پوش پہاڑیوں پر سے سرد اور خوشگوار ہوا کے جھونکے مستانہ وار آتے۔ سیاہ بادلوں سے ڈھکے ہوئے آسمان پر سفید سفید بگلوں کی قطاریں، قریب کے جنگل سے مست طاؤس کی بگلیں، ایک سحر ہوتا جس پر مُردے زندہ ہو سکتے تھے۔

ایک دن صبح کے وقت موہنی کو خادمہ کے سپرد کر کے میں اور رومیش سیر کو ہستان کے لئے نکل پڑے۔ نظلت پوش مشرقی آسمان کی جبین پر صبح کی روشنی یوں لرز رہی تھی گویا ماضی کی تاریخی کے کثیف پردوں میں کوئی گذشتہ سہانی یاد لورچ حافظہ پر مرتسم ہے۔ شمال کی جانب کوئی رودھاتی سوفٹ بلند ایک عظیم الشان پہاڑی تھی جس کی چوٹی پر پہنچنے کی میری کئی دنوں سے خواہش تھی۔ ہم نے دوپہر کا کھانا ساتھ لے لیا اور پہاڑ کی بلندی پر چڑھنے لگے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ہم کئی میلوں کی مسافت طے کر رہے ہوں۔ سفر کی تکان سے میرا سانس پھولنے لگا اور میرے قویٰ مضمحل ہونے لگے۔ مگر اُوپر پہونچ کر منظر کی نشاط انگیزی سے میرے جسم میں از سرِ نو توانائی حلول کر آئی۔ پہاڑ کی چوٹی پر سماں نہایت کیف آور تھا۔ سورج کی سنہری شعاعیں چٹانوں اور بلند درختوں کی پیشانی پر بوسہ زن تھیں۔ اُفق پر چند ابر پارے چیلوں کی طرح ہوا میں اُڑ رہے تھے۔ نیچے وادی میں بکھرے ہوئے مکانات ان مُسافروں کی مانند معلوم ہوتے تھے جو سفر کی تکان کے باعث ستانے کے لئے بیٹھ گئے ہوں۔ پہاڑی ندی نالے یوں دکھائی دیتے تھے گویا سلم زمین پر یہ قدرت نے سیمیں لکیریں کھینچ دی تھیں۔ اس قسم کے پہاڑی خطہ کی عظمت و شوکت اور یہیں جوانوں کی خوبصورتی کا اندازہ وہی شخص لگا سکتا ہے جسے ایسی بلند پیمائی کا اتفاق ہوا ہو۔ مگر ہر شخص کو میری طرح کوہستانی سیر کا جنون نہیں ہے۔

شام کے قریب میں اور رومیش پہاڑی سے واپس اتر رہے تھے کہ ایک مقام پر کسی انسان کی دردناک مگر کمزور آواز فضا میں گونجتی سنائی دی۔ ہم ٹھٹک کر وہیں رک گئے۔ ایک لمحہ بعد پھر وہی درد انگیز سسکتی ہوئی آواز ہمارے کانوں میں پہنچی۔ دائیں طرف چند قدم چلنے پر میری آنکھوں نے ایک حسرتناک منظر دیکھا۔ ہمارا نیک دل مالک مکان رتن بے ہوشی کی حالت میں پڑا کراہ رہا تھا۔ اُس کی دائیں ٹانگ ایک وزنی پتھر سے دبی ہوئی تھی۔ رومیش نے جلدی سے پتھر اُٹھا کر ایک طرف کیا تو ہمیں یہ معلوم کر کے از حد رنج ہوا کہ گھٹنے کے نیچے سے اُس کی ٹانگ کی ہڈی ٹوٹ چکی تھی۔ غالباً وہ بدنصیب انسان، چٹان سے پھسل کر گرا تھا۔ بہت وقت سے رومیش نے اُسے دوش پر اٹھایا اور ہم مکان کی جانب روانہ ہوئے۔ جب ہم مکان پر پہونچے تو سورج غروب ہو چکا تھا اور رات کی تاریکی اپنا سیاہ دامن پھیلا رہی تھی۔ بوڑھے رتن کو ایک نرم و گداز بستر پر لٹا کر رومیش ڈاکٹر کو بلانے کے لئے فوراً قریب کے گاؤں کی طرف دوڑا۔ میں نے

برانڈی کے چند قطرے رتن کے حلق میں ٹپکائے اور سر دبانی سے اُسکی پیشانی کو دھویا مگر کسی طرح بھی اُسکی تکلیف کم نہ کر سکی۔

قریباً دو گھنٹے بعد رومیش ڈاکٹر کو ساتھ لیکر واپس لوٹا۔ راستے میں وہ رتن کی نوجوان لڑکی نایا کو بھی ہمراہ لے آیا۔ ڈاکٹر نے آتے ہی کوئی خواب آور دوا رتن کو پلائی اور شکستہ ہڈی کو اصلی مقام پر لانے کی کوشش کرنے لگا۔ چونکہ ٹانگ ٹوٹے چار پانچ گھنٹے گذر چکے تھے اس لئے یہ کوئی آسان کام نہ تھا۔ تاہم ڈاکٹر نے نہایت محنت و احتیاط سے کام کرتے ہوئے ٹانگ پر پٹی وغیرہ باندھ دی۔ ڈاکٹر کے جانے کے پندرہ منٹ بعد رتن نے آنکھیں کھولیں تو اُس کی اکلوتی بیٹی چارپائی کے قریب بیٹھی زار و قطار رو رہی تھی۔ میں اور رومیش دونوں باپ بیٹی کو تسلی دیکر ان کا غم غلط کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ نایا کو آج میں نے پہلی مرتبہ دیکھا تھا۔ ایسی حسین و جمیل لڑکی قبل ازیں میری نظروں سے نہیں گزری تھی۔ بلاشبہ اُسکی ہستی ایک مجسمۂ شعر و شباب، ایک پیکرِ حسن و جمال اور ایک مجموعۂ نزاکت و نور تھی۔ جس نے اس کو ہستانی خطہ کی طرح انگیز فضاؤں کو اپنے یاسمین جلووں کی ضیا پاشیوں سے منور کر رکھا تھا۔ گلاب کے سفید پھول کی مانند شگفتہ چہرہ، پُرکیف و خمار آگیں آنکھیں، آفتاب کی طرح درخشاں پیشانی۔ اس پر طرّہ یہ کہ رعنا شباب کی مخمور منزلوں میں گامزن تھی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس خطۂ جنت نظیر میں فردوسِ بریں سے کوئی حور اتر آئی ہو۔

ڈاکٹر نے ہدایت کی تھی کہ مریض کو کم از کم تین ماہ تک چارپائی سے نہیں اُٹھنا چاہیئے۔ ہلنے جُلنے کی اُسے قطعی ممانعت تھی۔ کیونکہ ذرا سی غفلت اور بے احتیاطی سے جوڑ کے ہل جانے کا احتمال تھا۔ ان حالات کے پیشِ نظر رتن اور نایا دونوں ہمارے ہاں رہنے لگے۔ نایا جلد ہی ہم سے گھُل مل گئی اور ہم دونوں نہایت ہوشیاری اور محنت سے بوڑھے رتن کی تیمارداری کرنے لگے۔ نایا اور رتن سے ہمارا رابطہ اتحاد و تبرز ترقی پذیر ہوتا گیا اور ہم سب ایک ہی گھر کے افراد معلوم ہونے لگے۔ نایا سے مجھے بہت ہمدردی پیدا ہو چکی تھی۔ گھر کا معمولی کام کاج خادمہ کے سپرد تھا اس لئے میں سارا دن موسمی کی نگہداشت اور رتن کی تیمارداری میں صرف کر دیتی۔ نایا کو میں زیادہ دیر تک اپنے بوڑھے باپ کے پاس بیٹھنے نہیں دیتی تھی تاکہ اس کے مجروح دل کو رنج و غم سے زیادہ آشنا نہ ہونا پڑے۔ رومیش کی طرح نایا بھی مچھلی کے شکار کی دلدادہ تھی۔ اور یوں بھی وہ ایک دو سفر سے بہت مانوس ہو چکے تھے اس لئے وہ دونوں سیر و شکار کے لئے متواتر کئی کئی گھنٹوں تک مکان سے باہر رہتے۔ میں اُن کے اس طرزِ عمل سے مطلق خائف نہ تھی بلکہ خود نایا کو سیر و تفریح میں وقت گزارنے کی ہدایت کیا کرتی تھی تاکہ گھر میں زیادہ وقت رہنے سے باپ کی تکلیف کا خیال اُس کی صحت کی خرابی کا باعث نہ بن جائے۔ لیکن اس وقت میرا پرلے درجہ کا بے فکر ہونا نادانی پر مبنی تھا۔ ایک جوان عورت کا میرے خاوند سے ہر وقت کا میل جول ہوسناکیوں کا مرکز بننا لازمی تھا۔ کاش! مجھے اس وقت اس حقیقت کا احساس ہوتا۔ مگر میں شباب کی جنوں خیزی سے بخوبی آشنا تھی اور نایا کی دلفریب شکل کا بھی مجھے اچھی طرح خیال تھا تاہم رومیش کی لغزش کا خیال ایک لمحہ کے لئے بھی میرے دل میں جاگزیں نہیں ہو سکتا تھا کیونکہ مجھے یقین تھا کہ دُنیا کی کوئی طاقت ہماری محبت میں حائل نہیں ہو سکتی۔

بوڑھے رتن کی حالت دن بدن اچھی ہو رہی تھی اور اُسکی صحتیابی کا ہمیں یقین ہو گیا تھا مگر تقدیر کا لکھا کسی طور نہیں مٹ سکتا۔ متواتر دو ماہ تک چارپائی پر پڑا رہنے سے رتن کا جی اُکتا گیا تھا اس لئے ڈاکٹر کی ہدایت سے قطع نظر کرتے ہوئے اُس نے ٹانگ کو جنبش دینی شروع کر دی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جوڑ کچا ہونے کے باعث اپنی جگہ سے کھسک گیا، اور ٹانگ میں سوج پیدا ہو گئی۔ دو دن شدت تکلیف سے وہ نیکدل بوڑھا تڑپتا رہا۔ بالآخر تیسرے روز اسی تکلیف کے باعث اُس نے جان دیدی۔ پتا کی موت نے نایا کے نازک دل کو سخت صدمہ پہونچایا۔ اُس کی یتیمی کا دُکھ دیکھکر میرا دل ہمدردانہ غم کی لہروں میں تیرنے لگا۔ میں نے بہت چاہا کہ جب تک عرصہ ہم اس پہاڑی مقام پر مقیم ہیں وہ ہمارے پاس رہے مگر اُس کی شمعِ دل بجھ بجھی سی تھی اور وہ دُنیا سے اُکتائی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ لہٰذا وہ اپنی جھونپڑی میں واپس چلی گئی۔ اب وہ ہفت میں صرف ایک آدھ مرتبہ مجھ سے ملنے کے لئے آتی اور وہ بھی کوئی گھنٹہ آدھ گھنٹہ کے لئے۔

---

(۶)

اکتوبر کا مہینہ شروع ہوتے ہی میں نے رومیش سے وطن چلنے کو کہا تو مجھے یہ سُنکر قدرے تعجب ہوا کہ وہ ابھی اس کوہستانی علاقے کو چھوڑنے پر راضی نہ تھا۔ اُس نے مجھے بتایا کہ سردیوں میں برف باری کا منظر نہایت دلفریب ہوتا ہے لہٰذا سردی کا موسم بھی اسی جگہ گذارنا چاہیئے۔

نومبر میں برف باری شروع ہوئی۔ آسمان سے برف کے ٹکڑے روئی کے گالوں کی طرح گر کر ایک عجیب کیف آور سماں پیش کرتے۔ درخت، مکانوں کی چھتیں، پہاڑوں کی چوٹیاں، سب کے سب سفید پوش نظر آتے۔ سارا سارا دن آسمان پر سیاہ بادل محیط رہتے۔ اکثر اوقات برفباری بھی نہایت زور شور سے ہوا کرتی۔ میں سارا دن مکان میں آتشدان کے قریب بیٹھی

رہتی اور ناول یا افسانے پڑھا کرتی، مگر سیر و سیاحت کا زیادہ [redacted] رومیش عموماً مکان سے غیر حاضر رہتا۔ چونکہ دن گذرتے گئے موسم کی سختی زیادہ ہوتی رہی۔ پہاڑوں کی منجمد چوٹیوں پر سے سرد ہوا کے جسم خراش جھونکے سردی کی تندی میں اضافہ کرنے لگے۔ دسمبر کے آخر میں تو اس بلا کی سردی پڑنے لگی کہ ندی نالوں کا پانی بھی منجمد ہو گیا۔

جنوری کے غالباً پہلے ہفتے کی کوئی تاریخ تھی۔ کئی دنوں کے بعد آج آسمان پر بادل نہیں تھے۔ صبح کا وقت تھا اور مشرقی آسمان پر اُفق کی تاریخی تنویریں بکھر رہی تھیں۔ متواتر کئی روز تک مکان کی چار دیواری میں مقیّد رہنے سے میرا دل اُکتا گیا تھا۔ موسمی ابھی تک محوِ خواب تھی۔ رومیش حسب معمول علی الصبح ہی سیر کیلئے نکل گیا تھا۔ میں خادمہ کو موسمی کی نگہداشت کی ہدایت کر کے سیر کے لئے مکان سے باہر نکل پڑی۔ کوئی سو گز چلنے کے بعد میں ندی کے کنارے پہونچی اور خاموش و ساکن پانی کا نظارہ کرنے لگی۔ بہت دنوں کے بعد آج آسمان پر سورج جلوہ گر ہوا تھا جس کی پُر نور شعاعوں میں نہایا ہوا پہاڑی منظر نہایت دلفریب معلوم ہوتا تھا۔ میں دھوپ میں (دھرا دھر ٹہل رہی تھی کہ دفعتاً دو انسانی آوازیں مصروفِ گفتگو سُنائی دیں۔ ساتھ ہی کسی کے قدموں کی چاپ آنے لگی۔ میں دوڑ کر ایک چٹان کی آڑ میں ہو گئی اور آنے والوں کا بے چینی سے انتظار کرنے لگی۔ ایک لمحہ بعد میں نے پتھروں کے درمیان سے جھانک کر دیکھا تو رومیش اور مایا ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے ہنسی خوشی چلے آ رہے تھے۔ جس چٹان کے عقب میں میں پوشیدہ تھی اس کے قریب پہونچکر دفعتاً رُک گئے اور میرے دیکھتے ہی رومیش نے مایا کو اپنی آغوش میں لیکر اُس کے لبوں پر محبت کا بوسہ دیا۔ مایا نے بھی اپنے نرم و نازک بازو رومیش کی گردن میں حمائل کر دئے اور اُس کے سینے سے چمٹ گئی۔ اس منظر سے میرے دل پر بجلی سی گری اور میں بے اختیار اُن کی جانب دوڑی۔ "رومیش! رومیش!!" میں نے چلا کر کہا "تم نے کس طرح ..... " میں غش کھا کر گر پڑی۔

جب مجھے ہوش آیا تو میں مکان میں چارپائی پر پڑی تھی اور رومیش میرے اُوپر جھکا ہوا میری پیٹانی کو پانی سے دھو رہا تھا۔

"نرملا! مجھے سخت افسوس ہے کہ میں نے تمہارا دل دُکھایا" اُس نے کہا "میں اپنے فعل پر سخت نادم ہوں ـــــ شاید کسی دن میں تمہاری نظروں میں پھر اس قابل ہو جاؤں کہ تم میری خطا معاف کر سکو۔"

"رومیش! کیا تم اس کو ہستانی چھوکری کو مجھ سے زیادہ عزیز رکھتے ہو؟"

میں نے بھرائی ہوئی آواز میں پوچھا۔

"جانِ من! مجھ پر بھروسہ رکھو" رومیش نے جواب دیا "میں ہر وقت تمہارے لئے جان دینے کو تیار رہوں۔ ابھی برف باری سے تمام راستے مسدود ہیں۔ موسم کھلنے پر ہم فوراً وطن روانہ ہو جائینگے۔"

اس واقعہ کے بعد میں اور رومیش آپس میں بہت کم گفتگو کرتے۔ ہمارا وقت مکان کی چار دیواری میں نہایت خاموشی سے بسر ہونے لگا۔ مایا کو پھر میں نے نہیں دیکھا تھا۔ رومیش کی طبیعت میں بہت تغیر رُونما ہو چکا تھا وہ ہر وقت کسی گہری سوچ میں کھویا سا رہتا تھا۔ مایا سے مجھے سخت نفرت ہو چکی تھی۔ اس کوہستانی چھوکری نے جسے میں نیکدل خیال کرتی تھی میرا بنا بنایا گھر برباد کر دیا تھا اور اپنے محشر بدامن حُسن اور قیامت خیز جوانی کے سحر سے میرے عزیز شوہر کے دل پر جادو کر رکھا تھا۔

سردی بدستور اپنے عروج پر تھی۔ آسمان پر ہر وقت گہرے سیاہ بادل چھائے رہتے۔ برف باری تھمنے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔ پہاڑوں کی منجمد چوٹیوں سے سرد ہوا کے مہیب تھپیڑے شور مچاتے ہوئے خوفناک آندھی کی طرح آتے۔ اکثر اوقات بارش کی بلاخیزی منظر کو اور زیادہ ہیبت ناک بنا دیتی۔ میرا دل موسم کی اس قیامت خیزی سے سخت بیزار ہو چکا تھا مگر جب تک راستہ صاف نہ ہوتا ہمارا سفر کرنا ناممکن تھا۔

وسط فروری میں موسم قدرے اعتدال پر آگیا۔ میں نے رومیش کو وطن لوٹنے کے لئے مجبور کیا۔ اس عرصے میں کارخانہ کے منیجر کی طرف سے متعدد خطوط کاروبار کے نقصان کی بابت آ چکے تھے اور بنک کے منیجر سے بھی سرمایہ کے دن بدن کم ہونے کی اطلاع مل چکی تھی۔ لیکن باینہمہ رومیش چلنے پر رضامند نہ تھا۔ اس کا خیال تھا کہ جب تک راستہ پورے طور پر صاف نہ ہو جائے سفر کرنا خطرے سے خالی نہ تھا۔ مجھ پر اس حقیقت کا انکشاف بعد میں ہوا کہ وہ کیوں ٹال مٹول کرتا رہا۔

ماہ فروری کی آخری تاریخ تھی۔ رات کا وقت تھا اور بارش پورے زور سے ہو رہی تھی۔ آہ! وہ رات مجھے تمام عمر نہیں بھولے گی۔ ہوا کے تیز و تند جھونکے خوفناک آندھی کی صورت اختیار کئے ہوئے درختوں اور چٹانوں سے دیوانہ وار ٹکرا رہے تھے۔ ہم کمرہ میں آتشدان کے قریب بیٹھے ہوئے تھے کہ دفعتاً دروازہ پر زور سے دستک ہوئی۔ میں نے دوڑ کر کواڑ کھولے تو مایا پانی میں شرابور ایک سیاہ لبادہ اوڑھے ہانپتی ہوئی اندر داخل ہوئی۔ ہوا کے ایک دلخراش جھونکے نے اس کے پیچھے کمرے میں داخل ہو کر میرے جسم کو لرزا دیا۔ میں نے فوراً دروازہ

بند کیا اور مایا کی طرف متوجہ ہوئی۔ وہ عجیب پریشانی کی حالت میں تھی۔ اس کے چہرے کا رنگ شفق ہو رہا تھا اور وہ بمشکل کھڑی ہو سکتی تھی۔ میں نے اُسے سہارا دیتے ہوئے پانی میں بھیگا ہوا لبادہ اُس کے جسم پر سے ہٹایا۔ اور آتشدان کے قریب ایک چارپائی پر اُسے لٹا دیا۔ یہ دیکھ کر مجھے سخت تعجب ہوا کہ وہ ایک بچے کی ماں بننے والی تھی اور اس کے وضع حمل کا وقت قریب تھا۔ اس راز سے واقف ہو کر میری رُوح لرز اُٹھی۔

رومیش اس معاملے سے سخت متفکر ہوا اور چپ چاپ اُٹھ کر دوسرے کمرے میں چلا گیا۔

اگرچہ مجھے مایا سے نفرت ہو چکی تھی تاہم میری غیرت نے مجھے مجبور کیا کہ میں اس مصیبت کے وقت میں اس کی امداد کروں۔ مجھے متذبذب دیکھ کر اُس نے ملتجیانہ انداز میں کہا: "نرملا بہن! پرماتما کے لئے میری خطاؤں کو بہ نظر غور دیکھنے کی کوشش کرو۔ دُنیا میں اسوقت میرا کوئی ایسا عزیز نہ تھا جس کے ہاں اس مصیبت کے وقت میں پناہ لے سکتی۔ میں اپنی سیاہ کاری سے سخت نادم ہوں۔"

چونکہ مجھے رومیش سے بیحد محبت ہو چکی تھی اس لئے ہمارے معاشقہ کی ابتدا میری طرف سے ہوئی اور ہم خفیہ طور پر اپنی جوانی کے پیاسے جذبات کو تسکین دیتے رہے۔"

جس طور پر وہ بہکی بہکی باتیں کرتی تھی اس سے واضح تھا کہ وہ وضع حمل کی اذیت سے جانبر نہ ہو سکے گی۔ اس وقت کسی لیڈی ڈاکٹر کا اُس کے پاس ہونا نہایت ضروری تھا مگر رات کی تاریکی اور بارش کے طوفان میں پانچ چھ میل سے لیڈی ڈاکٹر کو بُلا کر لانا سخت دُشوار تھا۔ راستے میں تین چار ندی نالے پڑتے تھے جن میں طُغیانی زوروں پر تھی۔ میں نے خادمہ کو پانی گرم کرنے کے لئے کہا اور ایشور کا نام لیکر خود ہی مایا کو اُس کی شکل سے نجات دلانیکی کوشش کرنے لگی۔

آخر کار نصف شب گزرتے بچہ پیدا ہوا۔ نہایت مضبوط و توانا اور بے حد خوبصورت۔ میں نے اُسے ماں کے پہلو میں لٹا دیا۔ مایا کی حالت اس وقت سخت تشویشناک تھی۔ اس کے چہرے کا رنگ زرد ہو چکا تھا اور وہ سخت لاغر معلوم ہوتی تھی۔ مجھے آثار اچھے نظر نہ آتے تھے لہٰذا میں نے رومیش کو بھی پاس بلا لیا۔ اس وقت ایک عجیب عبرتناک سماں میرے پیش نظر تھا۔ باہر بادل کی گرج اور بارش کا بے پناہ طوفان ایک خوفناک منظر پیش کر رہا تھا۔ اور اندر ہمارے سامنے ایک سہمی ہوئی عین عنفوانِ شباب میں دم توڑ رہی تھی۔ میں اور رومیش مایا کی چارپائی کے دائیں بائیں بیٹھے تھے اور ہماری نگاہیں اس کے مغموم و افسُردہ چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔

چند ساعتوں کی خاموشی کے بعد مایا نے اپنی گہری خوبصورت آنکھیں جن میں آنسوؤں کے شفاف قطرے لرز رہے تھے، میری طرف اُٹھائیں اور ایک دُکھی ہوئی مضمحل آواز میں کہنے لگی "نرملا بہن! میں تمہاری عنایت کا کس منہ سے شکریہ ادا کروں۔ میں جانتی ہوں کہ میں صرف چند ساعتوں کی مہمان ہوں۔ ایشور کو یہی منظور تھا کہ مجھ جیسی گنہگار ہستی زندگی کی مسرتوں سے لطف اندوز ہونے کی آرزو دل میں لئے ہوئے ناشاد کام دُنیا سے سدھارے۔ میری آخری التجا ہے کہ رومیش اور تم دونوں ملکر میرے بچے کو اپنی حقیقی اولاد کی طرح پرورش کرنا۔ میں اپنے بچے کی یہ نشانی بطور یادگار تمہارے درمیان چھوڑے جاتی ہوں۔ اچھا الوداع!....."

اتنا کہکر اُس نے محبت بھری نظروں سے اپنے معصوم بچے کو آخری مرتبہ دیکھا اور ایک لمبی سانس کے ساتھ اُس کی رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی۔

میری آنکھوں میں بے اختیار آنسو بھر آئے اور رومیش بھی زار و قطار رونے لگا۔

---

(۸)

مایا کی حسرتناک موت کے بعد قریباً دو ہفتے مزید ہمیں اس کوہستانی علاقہ میں قیام کرنا پڑا۔ اس عرصے میں مجھے سوائے بچوں کی نگہداشت کے اور کسی کام سے سروکار نہ تھا۔ رومیش کا دل بھی اب مناظر فطرت کی دل فریبیوں سے بے وفا ہو چکا تھا۔ اُس کی حیاتِ معاشقہ کو المناک پہلو نے ایک ایسا خوفناک احساس اُس کے دل و دماغ پر طاری کر دیا تھا کہ اُس کے بدن سے اب پہلی سی طاقت و توانائی مفقود ہو چکی تھی۔

مارچ کی پندرہ تاریخ تھی جب ہم وملن لوٹنے کی تیاری کرنے لگے۔ سامان ٹٹوؤں پر لدوا کر میں نے الوداعی نظروں سے اس مقام کو دیکھا جہاں میرے خاوند کی حیاتِ معاشقہ کا حسرتناک ڈرامہ ایک حزنیہ سین کے ساتھ اختتام پذیر ہوا تھا۔

صبح کا سہانا وقت تھا۔ سورج کی ابتدائی کرنیں بلند چٹانوں کی پیشانی پر بوسہ زن تھیں۔ رومیش میرے قریب کھڑا حسرت سے ارد گرد نظر دوڑا رہا تھا۔ دفعتاً اُس نے اپنے لرزتے ہوئے ہاتھوں میں میرا ہاتھ لیتے ہوئے کہا: "پیاری نرملا! جس حسرتناک واقعہ سے ہمیں اس جگہ دوچار ہونا پڑا میں سمجھتا ہوں کہ اُس کی یاد تمام عمر ہمارے

دلوں سے محو نہیں ہو سکتی۔ میں سخت نادم ہوں کہ میرے یہاں آنے کے باعث ایک نیک دل ہستی کی زندگی برباد ہوتی۔ لیکن اب اس تلخ احساس کو فنا کر دینا لاحاصل ہے۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم پھر سے اپنے دو بر محبت کو زندہ کریں اور مرحومہ کے بچے کو اپنی حقیقی اولاد تصور کرتے ہوئے اپنی ازدواجی زندگی کو از سر نو پُر مسرت بنانے کی کوشش کریں"

اِن الفاظ کے ساتھ اُس نے مجھے پیار سے اپنی آغوش میں لے لیا اور میں نے بھی بے اختیار اُسکی خوبصورت گردن میں اپنے بازو حمائل کر دئے۔ اُس کے نرم و نازک ہونٹ خود بخود میرے لبوں سے پیوست ہو گئے۔ گویا یہ عہد تھا ہماری تجدید محبت کا.....

(پلاٹ جزواً ماخوذ)

ساغر جعفری۔ بی۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی

رومیش اب اپنا کاروبار نہایت محنت سے چلا رہا ہے۔ ہم دونوں اپنی ازدواجی زندگی کو دن بدن پُر مسرت بنانے کی کوشش کر رہے ہیں اور ہمارا رشتۂ محبت روز بروز مستحکم ہو رہا ہے۔ لیکن مایا کی یاد زندگی کے آخری سانس تک ہمارے درمیان قائم رہیگی۔ اس کا لڑکا جسے ہم کمار کے نام سے پکارتے ہیں اب دو برس کا ہو چکا ہے۔ اور جس طرح رومیش موہنی کو اپنی حقیقی اولاد تصور کرتا ہے اسی طرح میں بھی کمار کو اپنے لختِ جگر کی طرح عزیز رکھتی ہوں۔ میرا خیال ہے کہ وہ کبھی بھی اِس حقیقت سے آگاہ نہ ہو سکے گا کہ میں اُسکی حقیقی ماں نہیں ہوں۔

ساقی بک ڈپو۔ دہلی کی دلکش کتابیں

خانم۔ دیورانی جٹھانی کی پُر لطف نوک جھونک۔ چغتائی صاحب کے چھیس دلکش مضامین۔ مجلد۔ سنہری ٹھپّہ ۔ ۔ ۔ ۔ قیمت للّٰہ ۱۰

کولتار۔ تھی تو بچاری سانولی مگر شریر لڑکوں نے نام "کولتار صاحب" رکھ دیا۔ پھر کیسے کیسے واقعات رونما ہوتے ہیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔

ہندوستان کے سب سے بڑے مترجم مولانا عنایت اللہ دہلوی کے دلکش تراجم

سلامبو۔ شہرۂ آفاق فرانسیسی انشاپرداز گستیو فلابیئر کا شہرۂ آفاق ناول جس میں قرطاجنہ قدیم کی مٹی ہوئی تہذیب اس طرح از سرِ نو الفاظ میں تعمیر کی گئی ہے کہ اسے دو ہزار سال پہلے کی تصویر آنکھوں کے آگے آجاتی ہے۔ سلامبو اور ماتو کی محبت کی کہانی اس قدر حسرتناک ہے کہ پڑھنے والوں کی آنکھوں سے آنسو ٹپک کر رہتے ہیں۔ وحشیوں کی لڑائی کا بیان جب آپ پڑھیں گے تو سانس بھی روک لیں گے۔ غرض شروع سے آخر تک یہ کتاب عجیب و غریب چیز ہے۔ ضخامت ۵۰۰ صفحات۔ قیمت تین روپے (۳ر)

نجم السحر۔ پانچ ہزار سال پہلے جب مصر کی تہذیب اپنے معراج کمال پر تھی تو رب عمون کی بیٹی ملکہ نجم السحر نے سر بفلک محلوں میں آنکھیں کھولیں پروان چڑھی۔ جوان ہوئی اور پھر اس کی داستان عشق شروع ہوئی جو حد درجہ المناک ہے۔ ساحرہ آشتی کا جادو۔ ثوران کے مظالم۔ کیفر کی پُراسرار ہستی۔ اشمعون نجومی کی سحر آفرینی۔ غرض اس زمانہ کے تمدن و معاشرت کا کوئی پہلو مصنف کی نظر سے نہیں بچا ہے۔ اسکے دورانِ مطالعہ میں آپ کو معلوم ہوگا کہ ماضی کا دلکش نظم آپ حال کی نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ ضخامت ۴۰۰ صفحات قیمت ۴ر

ہرودیاس۔ سلومی کا حسن بدی کا بے پناہ حسن تھا، اس کا ناچ رقصِ گناہ تھا۔ اس کا جذبہ کوہِ آتش فشاں کی طرح تند اور اس کی محبت لاوے کی طرح جھلس دینے والی تھی۔ اس کے سانس میں زہر تھا اور بوسے میں موت۔ وہ یوحنان کے لبوں کو چومنا چاہتی تھی۔ مگر یہ خدا رسیدہ بزرگ اسے اور اسکی ماں کو بُرا بھلا کہا کرتا تھا۔ حاکم ربع الفلیفس کے حکم سے سلومی ایک عظیم الشان دعوت میں ناچی۔ انعام میں اس نے یوحنان کا سر مانگا۔ اس خون آلود سر کو طشت میں سے اٹھا کر سلومی نے اس کے لبوں کو دیوانہ وار چوما۔ اور گناہ، خون اور موت کی اس رونگٹے کھڑی کر دینے والی کہانی کو پڑھیے۔ قیمت ۱۲ر

ہیملٹ۔ شہرۂ آفاق شیکسپیر کا سب سے مشہور ڈرامہ ہیملٹ شہزادۂ ڈنمارک کا ترجمہ مولانا عنایت اللہ دہلوی نے ایسی قادر الکلامی سے کیا ہے کہ اردو میں ایک غیر فانی کتاب کا اضافہ ہوگیا۔ اردو میں لفظی پابندی کے ساتھ آج تک شیکسپیر کے کئی ڈراموں کا ترجمہ کسی سے نہیں ہو سکا۔ مولانا عنایت اللہ صاحب کا یہ احسان ہے کہ انہوں نے اس عظیم الشان ڈرامہ کو اردو میں نہایت عمدگی سے منتقل کر دیا۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ملٹیل رنگین۔ قیمت عہ/

جملہ کتابیں ملنے کا پتہ:۔

ساتی بکڈپو۔ دھلی

لندن سے مس مارگیری کلارک

فیسرین رجسٹرڈ

کے متعلق تحریر فرماتی ہیں:۔ جناب من۔ میں نے فیسرین کے استعمال سے ایسی کیلوں کو دور کیا ہے جو دیکسین کے علاج سے بھی دور نہ ہو سکی تھیں۔" دترجمہ انگریزی چھٹی) دیکھئے ہندوستان بھر میں فقط فیسرین ہی ایک ایسی کریم ہے جسکی اہل مغرب بھی تعریف کرتے ہیں کیونکہ یہ واقعی کیلوں، جھائیوں، دھبوں، بدصورتی، پھنسیوں غرضیکہ چہرہ اور جلد کی تمام بیماریوں کیلئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی عہ علاوہ صولڈاک و فوٹ۔ کیا فیسرین کے سوائے کسی دوسری کریم کو لندن تک شہرت حاصل کرنیکا فخر حاصل ہے۔ اہل دہلی شیخ ممتاز احمد اینڈ سنز قمچہ دی سے خریدیں۔ دی۔ پی پارسل منگوانے کا پتہ:۔

فیسرین فارمیسی۔ مکتسر فیروزپور پنجاب

کی

اسٹنڈرڈ انگلش۔ اُردو ڈکشنری

مُرتّبہ

انجمن ترقی اُردو (ہند)

جس قدر انگلش اُردو ڈکشنریاں اب تک شائع ہوئی ہیں ان میں سب سے زیادہ جامع اور مکمل ڈکشنری ہے۔ اس میں تخمیناً دو لاکھ انگریزی الفاظ اور محاورات کی تشریح کی گئی ہے۔ چند خصوصیات ملاحظہ ہوں:۔

(۱) یہ بالکل جدید ترین لغت ہے۔ انگریزی زبان میں اب تک جو تازہ ترین اضافے ہوتے رہے تقریباً تمام کے تمام اس میں آگئے ہیں۔

(۲) اس کی سب سے بڑی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ادبی، مقامی اور بول چال کے الفاظ کے علاوہ ان الفاظ کے معنی بھی شامل ہیں جن کا تعلق علوم و فنون کی اصطلاحات سے ہے۔ اسی طرح ان قدیم اور متروک الفاظ کے معنی بھی درج کئے گئے ہیں جو ادبی تصانیف میں شامل ہوئے ہیں۔

(۳) ہر ایک لفظ کے مختلف معانی اور فروق علیٰحدہ علیٰحدہ لکھے گئے ہیں۔ اور امتیاز کیلئے ہر ایک کے ساتھ نمبر شمار دیدیا گیا ہے۔

(۴) ایسے الفاظ جن کے مختلف معنی ہیں اور اُن کے نازک فروق کا مفہوم آسانی سے سمجھ میں نہیں آتا اُن کی وضاحت مثالیں دے دیکر کی گئی ہے۔

(۵) اس امر کی احتیاط کی گئی ہے کہ ہر انگریزی لفظ اور محاورے کیلئے ایسا مترادف لفظ اور محاورہ لکھا جائے جو انگریزی کا مفہوم صحیح طور سے ادا کر سکے اور اس غرض کیلئے تمام اُردو ادب، بول چال کی زبان اور پیشہ وروں کی اصطلاحات وغیرہ کی پوری چھان بین کی گئی ہے۔ یہ بات کسی دوسری ڈکشنری میں نہیں ملے گی۔

(۶) ان صورتوں میں جہاں موجودہ اُردو الفاظ کا ذخیرہ انگریزی کا مفہوم ادا کرنے سے قاصر ہے ایسے نئے مفرد یا مرکب الفاظ وضع کئے گئے ہیں جو اُردو زبان کی فطری ساخت کے بالکل مطابق ہیں۔

(۷) اس لغت کیلئے کاغذ خاص طور سے باریک اور مضبوط تیار کرایا گیا تھا جو بائیبل پیپر کے نام سے موسوم ہے۔ طباعت کیلئے اُردو اور انگریزی ہر دو خوبصورت ٹائپ استعمال کئے گئے ہیں۔ جلد بہت پائدار اور خوشنما بنوائی گئی ہے۔

ڈمائی سائز۔ صفحات ۱۳+۱۵+۳۲ قیمت سولہ روپے کلدار علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:۔ دفتر انجمن ترقی اُردو (ہند) اورنگ آباد۔ دکن

چندہ سالانہ پانچ روپے
ششماہی تین روپے
قیمت فی پرچہ چھ آنے

جرأت

ممالک غیر سے ۱۲ شلنگ
نمونے کا پرچہ مفت
بھیجا جاتا ہے

جلد ۱۸ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ ستمبر ۱۹۳۸ء | نمبر ۳

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اوّلیں	"شاہد"	(۲)
(۲)	ہندوستان کے تعلیمی مسائل	جناب مرزا محمد سعید۔ ایم۔ اے؛ آئی۔ ای۔ ایس۔ (ریٹائرڈ)	(۳)
(۳)	تخیلات	جناب مظہر عزیز ایم۔ اے؛ ایل ایل۔ بی۔	(۶)
(۴)	حقائق	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۷)
(۵)	آجا بجنی میرے پاس	جناب بہزاد لکھنوی	(۸)
(۶)	اوشیمہ	پروفیسر نورالحسن ہرلاس۔ (از جاپان)	(۹)
(۷)	کلام احسن	جناب احسن نگرامی۔ بی۔ اے؛ ایل ایل۔ بی۔	(۱۳)
(۸)	باغی	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ بی۔ اے؛ ایل ایل۔ بی (علیگ)	(۱۴)
(۹)	ناشاد	جناب سید وزیر حسن دہلوی	(۲۳)
(۱۰)	ہم لوگ	جناب نہال سیوہاروی	(۲۷)
(۱۱)	مصنف کا وارث	پروفیسر محمد مسلم۔ ایم۔ اے؛	(۲۸)
(۱۲)	اے ساقی	جناب سکندر علی وجد۔ بی۔ اے (عثمانیہ)	(۳۲)
(۱۳)	اُس کوچے میں	جناب "ممتاز مفتی"	(۳۳)
(۱۴)	ہدایت	جناب گنگا دھر ناتھ فرحت۔ بی۔ اے؛ ایل ایل۔ بی۔	(۴۱)
(۱۵)	بے پرکی	"آوارہ"	(۴۲)
(۱۶)	ایک مندر جانے والی	جناب شاد عارفی	(۵۲)
(۱۷)	تجرد کی ناکام خود رائیاں	"ماض"	(۵۳)
(۱۸)	غلغلۂ ہندوستانی	جناب سید علی اختر	(۵۷)
(۱۹)	ایک تابناک ستارہ	ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ ایم۔ اے؛ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ (لندن)	(۶۵)
(۲۰)	یادِ رفتگاں	جناب سید علی منظور	(۷۴)
(۲۱)	اک ندی آکاش سے آئی	جناب صلاح الدین خاں	(۷۵)
(۲۲)	آتشِ غم	جناب اسد انوری۔ بی۔ ایس۔ سی۔ (علیگ)	(۷۸)
(۲۳)	گریۂ طفل	از آنسی۔ مترجمہ صلاح الدین احمد قریشی۔ دہلوی	(۸۰)
(۲۴)	شاعر کی موت اُس کی زندگی ہے	از خلیل جبران۔ مترجمہ محمد رضا انصاری	(۸۲)
(۲۵)	منظومات	کاوش۔ جاں نثار اختر۔ اجمل۔ میکش۔ علی احمد۔ شاد عارفی	(۸۳)
(۲۶)	غزلیات	شاکر میرٹھی۔ کوکب۔ فراقی۔ ماہر القادری۔ تابش دہلوی	(۸۹)
(۲۷)	مفتد و تبصرہ	"شش"	(۹۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

دو مہینے کی پُر آشوب علیحدگی کے بعد آج پھر ساقی سے وابستگی کی تجدید کرتا ہوں۔ ع۔ دگر از سر گرفتم قصۂ زلف پریشاں را۔
ایک پریشانی کا انجام دوسری پریشانی کا آغاز ہوتا ہے۔ اسی انجام و آغاز سے حیاتِ انسانی عبارت ہے۔ ع۔
زندگی کا ہے کو اک خواب ہے دیوانے کا

سب سے پہلے مجھے اُن سب حضرات و خواتین کا شکریہ ادا کرنا ہے جنہوں نے میری خانہ ویرانی پر میرے ساتھ اظہارِ ہمدردی کیا۔ ان کے بعد عزیزم انصار ناصری کا شکریہ واجب ہے کہ باوصف گوناگوں مصروفیات کے اُنہوں نے ساقی کے اداراتی فرائض بحسن و خوبی انجام دیئے۔ مضمون نگار حضرات کی عنایت و مہربانی سے ساقی وقت کی پابندی سے شائع ہو سکا۔ اس لئے میں اِن حضرات کا بھی شکر گزار ہوں۔

اُردو کی مقبولیت کا ثبوت اُس کے مضمون نگاروں کی تعداد سے بھی ہوتا ہے۔ اُردو رسائل کو اب قلّتِ مضامین کا شکوہ نہیں ہوتا۔ ساقی کے لئے جو مضامین موصول ہوتے ہیں اُن میں کثرت اچھے مضامین کی ہوتی ہے۔ ساقی بالعموم (۹۶) صفحات کے مضامین پیش کرتا ہے۔ یہ ضخامت جملہ پسندیدہ مضامین کی اشاعت کیلئے ناکافی ہے۔ تقریباً نصف رسالہ باریک لکھوانا پڑتا ہے۔ اس پر بھی بعض اچھے مضمون چھپنے سے رہ جاتے ہیں اور مضمون نگار حضرات کی برہمیِ مزاج کا سبب بنتے ہیں۔ مُدیر کی مجبوریوں کا اُنہیں احساس نہیں ہوتا اور ہو بھی نہیں سکتا۔ ع۔

کُجا دانند حالِ ما سبکسارانِ ساحلہا

گزشتہ دو مہینے میں اُردو کی چند بہت اچھی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ ساقی کی اِسی اشاعت میں ان پر تبصرہ کیا گیا ہے۔ جگہ کی کمی کی وجہ سے چند کتابوں کے ریویو ابکے شائع نہیں ہو سکے۔ آئندہ پرچے میں یہ کمی پوری کر دی جائے گی۔ اُمید کہ ناشرینِ اس تاخیر کو معاف فرمائیں گے۔

سالنامۂ ساقی کے شائع ہونے میں ابھی چار مہینے کا وقفہ ہے لیکن اس کے لئے مضامین کی فراہمی کا کام شروع ہو گیا ہے۔ اکتوبر سے لکھائی شروع ہو جائے گی۔ مضمون نگار حضرات سے درخواست ہے کہ مضامین بھیجنے میں تاخیر نہ فرمائیں تاکہ انتخابِ مضامین اور ترتیبِ مضامین میں مجھے آسانی رہے۔

شاہد

ہندوستان کے تعلیمی مسائل

وارد ھا کی تعلیمی اسکیم

میں نے اپنے گذشتہ مضمون میں وارد ھا کی مجوزہ تعلیمی اسکیم کا کچھ ذکر کیا تھا۔ لیکن ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت یعنی کانگریس تعلیم کی بنیاد قرار دینا چاہتی ہے۔ روس کے بعد غالباً ہندوستان ہی ایک ملک ہے جہاں ایک ایسا تعلیمی نظام تمام ملک کے لئے تجویز کرنے کا خیال پیدا ہوا ہے جو اس ملک کی اقتصادی ضرورتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کو بنانے کی تحریک مسٹر گاندھی کی جانب سے ہوئی تھی اور اس کو بنانے میں کئی صوبوں کے مدبروں کے علاوہ بہت سے تعلیم ماہروں نے حصہ لیا ہے۔ کہ اس کو تمام صوبوں میں رائج کردے جہاں اس کی حکومت ہے اس کو پورے ملک کے آئندہ تعلیمی نظام کی بنیاد خیال کرنا کچھ بیجا نہ ہوگا۔ مسٹر گاندھی کا اس تحریک سے جو مقصد تھا وہ جہاں تک اُن کے مضامین وغیرہ سے پتہ چلتا ہے یہ ہے کہ صحیح تعلیم کے لئے کسی دستکاری کا سکھانا ضروری ہے جس سے کچھ کمایا جاسکے۔ اور سب مضمون اس دستکاری کے ذریعے سکھائے جاسکتے ہیں۔ گویا دستکاری تعلیم کی جڑ ہوگی اور دوسرے مضامین اُسکی شاخیں اور پتے۔ ان کا یہ بھی خیال ہے کہ اگر دستکاری کو ٹھیک طور پر سکھایا جائے تو اس سے تعلیم کا بہت سا خرچ نکل آئے گا۔ اور صوبہ جاتی حکومتوں کے لئے مفت اور جبری تعلیم کو رائج کرنے میں بہت آسانی ہوجائیگی۔ مسٹر گاندھی کے مقصد کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جو نصاب تعلیم تیار ہوا ہے اُس کی تفصیل یہ ہے کہ سات سال کا کورس ہوگا جو ہر ایک بچے کے لئے سات سال کی عمر سے شروع ہوگا اور چودھا برس کی عمر تک ختم ہوجائے گا۔ جو مضمون پڑھائے جائیں گے اُن میں سب سے اوّل کوئی بنیادی دستکاری ہے۔ وارد ھا تعلیمی کمیٹی نے جن دستکاریوں کا خاص طور پر ذکر کیا ہے اُن میں کتائی اور بُنائی، بڑھئی کا کام، کھیتی، پھل اور ترکاریاں پیدا کرنا اور چمڑے کا کام شامل ہے۔ ان کے علاوہ اور کوئی دستکاری بھی جو مقامی حالات کے مناسب ہو، تعلیم کی بنیاد ہوسکتی ہے۔ اگرچہ کمیٹی کا یہ خیال ہے کہ جن مدرسوں میں کتائی، بُنائی یا کھیتی باڑی کے سوا کوئی اور دستکاری سکھائی جائے اُن میں بھی طلبا کو روئی دُھننا، تکلی کاتنا اور کھیتی باڑی کا معمولی کام جاننا چاہیئے۔ کمیٹی ان چیزوں کو جاننا غالباً اس لئے ضروری سمجھتی ہے کہ ان کا تعلق انسان کی دو سب سے بڑی ضروریات، خوراک اور لباس سے ہے۔ یا شاید اُن کو یہ خیال ہو کہ ہندوستان کی موجودہ اقتصادی فلاح بہت کچھ زراعت اور کپڑے بُننے کی ترویج اور اصلاح پر منحصر ہے۔ دستکاری کی تعلیم کا یہ مقصد نہیں ہوگا کہ ایسے ایسے کاریگر پیدا کئے جائیں جو صرف ہاتھ سے کام کرسکیں بلکہ اس کو بچے کی دماغی تربیت کا ذریعہ بنایا جائے گا اور دوسرے سب مضمونوں کی تعلیم کو دستکاری کی تعلیم کے ساتھ اس طرح جوڑ دیا جائے گا کہ بچہ جو کام کریگا اس کے بارے میں یہ بھی جان سکے گا کہ یہ کام کیوں اور کس لئے کیا جاتا ہے۔ ان دوسرے مضمونوں میں سب سے زیادہ ضروری مادری زبان ہے۔ جن علاقوں میں ہندوستانی بولی جاتی ہے اُن میں یہ مادری زبان ہوگی۔ معلوم نہیں کہ ہندوستانی سے وارد ھا کمیٹی کا کیا مطلب ہے۔ کیونکہ فی الحال اس قسم کی کوئی زبان موجود نہیں جو اُردو اور ہندی

دونوں سے الگ سمجھی جا سکے، گمان یہ ہوتا ہے کہ ہندوستانی سے مطلب ہندی ہے۔ لیکن کمیٹی نے یہ بات صاف کر دی ہے کہ اُن کی اسکیم کی رو سے بچّوں اور اُستادوں دونوں کے لئے ناگری اور فارسی دونوں خطوں کا جاننا ضروری ہوگا۔ جن علاقوں میں کوئی اور زبان بولی جاتی ہے وہاں وہ مادری زبان ہوگی۔ لیکن ان علاقوں میں بھی پانچویں اور چھٹے درجے کے طلبا کے لئے ہندوستانی تعلیم لازمی ہوگی۔ البتہ ناگری اور فارسی دونوں میں سے صرف ایک خط پڑھنے کا ان کو اختیار ہوگا۔ مادری زبان کی تعلیم کا جو معیار کمیٹی نے اپنے ذہن میں رکھا ہے وہ خاصہ بلند معلوم ہوتا ہے۔ اس میں معمولی بچ کی خط و کتابت سے لیکر گاؤں کے عام جلسوں کی رپورٹ تک لکھنے کی قابلیت شامل ہے۔ اور سات سال کی تعلیم کے بعد بچے میں نہ صرف یہ اہلیت پیدا ہو جانی چاہیئے کہ وہ ہر چیز کے بارے میں جو اس کو روزمرّہ کام پڑتا ہے صاف صاف اور ٹھیک ٹھیک بات چیت کر سکے بلکہ اس میں اسکی بھی استعداد ہونی چاہیئے کہ وہ اچھے اچھے لکھنے والوں کی کتابوں کو سمجھ سکے اور اُن کو دلچسپی کے ساتھ پڑھ سکے۔ شاید یہ جتانے کی ضرورت نہیں کہ مادری زبان کی تعلیم کے اس معیار تک دُنیا کے کئی مُلک کے اعلیٰ تعلیم یافتہ آدمیوں سے بھی کم پہونچ سکتے ہیں۔

تیسرا مضمون ریاضی ہے اور یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ جہاں تک اس مضمون کی تعلیم کا تعلق ہے طلبا کا بوجھ بہت ہلکا ہو جائے گا۔ معمولی ضرب تقسیم کے علاوہ معمولی کسر اور کسر اعشاریہ، سُود، اربعہ، پیمائش اور عملی ہندسہ کافی سمجھا جائیگا۔ لیکن ساتھ ہی بہی کھاتے کا ابتدائی کام جاننا بھی ضروری ہوگا۔ چوتھا مضمون سماج کا علم ہے۔ جس کا دائرہ بہت وسیع معلوم ہوتا ہے، اس میں تاریخ اور جغرافیہ کی عام معلومات کے علاوہ مُلک کے سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی حالات سے آگاہی بھی شامل ہے۔ اور اس کا سب سے ضروری مقصد یہ ہوگا کہ بچے میں قومیت کا جذبہ، وطن کی محبت اور اپنے ہموطنوں کی خدمت کا شوق پیدا ہو۔ پانچواں مضمون عام سائنس ہے جس میں آس پاس کی قدرتی چیزوں یعنی پودوں جانوروں وغیرہ کے علم کے علاوہ انسانی جسم کی ساخت اور اُس کے رکھ رکھاؤ کی تعلیم شامل ہے۔ نیز کہانیوں کے پیرائے میں بڑے بڑے سائنسدانوں اور موجدوں وغیرہ کے حالات بھی بچّوں کو بتائے جائیں گے۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ سائنس اور سماج کا علم، دونوں کی تعلیم اس طریقے سے ہوگی کہ بُنیادی دستکاری اور معلومات کا تعلق بچّے کے ذہن نشیں ہو جائے اور علمی اور عملی تعلیم کا رابطہ ٹوٹنے نہ پائے۔ اِن پانچ مضمونوں کے ساتھ ڈرائنگ اور ڈرائنگ بھی سکھائے جائیں گے اور جن بچّوں کی مادری زبان ہندوستانی نہ ہو اُنکے لئے ہندوستانی آٹھواں مضمون ہو جائے گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اُن مضامین میں جو آج کل کے مروّجہ نصاب اور وارد ھا کمیٹی کے مجوزہ نصاب میں مشترک ہیں معیارِ تعلیم وہی ہوگا جو اس وقت میٹریکیولیشن کا ہے۔ لیکن اس وقت جو تعلیم اسکولوں میں رائج ہے وہ محض کتابی اور نظری ہے۔ اور وارد ھا کمیٹی نے جو نصاب تجویز کیا ہے وہ سراسر عملی ہوگا۔ ممکن ہے کہ کسی شخص کو یہ شُبہ گذرے کہ سات سال کی مدّت میں ان سب مضامین کی کافی تعلیم حاصل ہو جانا ایک دُشوار امر ہے۔ اور چونکہ دستکاری کو تعلیم کی بُنیاد بنایا گیا ہے اس لئے بہت ممکن ہے کہ بعض اُستاد اپنی سب توجّہ دستکاری پر صرف کر دیں اور دوسرے مضمون ادھورے رہ جائیں۔ اِس خطرے کا کمیٹی کو بھی احساس معلوم ہوتا ہے۔ اور انہوں نے اس کے خلاف اپنی رپورٹ میں تنبیہہ کی ہے کہ طالب علموں کے لئے وارد ھا اسکیم کا سب سے دلکش پہلو وہ ہے جن کا تعلق امتحانوں سے ہے۔ امتحانوں کے متعلق اکثر ماہرین تعلیم کا جو خیال ہے کہ وہ بُری چیز ہیں، مگر ان کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ لیکن وارد ھا اسکیم کے بنانیوالے

ان کو اٹل ضرورت سے انکار کرتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ امتحانوں کے مقصد کو اور طریقوں سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے مثلاً ہر حلقہ میں تعلیمی انسپکٹر کچھ چنے ہوئے بچوں کے کام کا نمونہ دیکھ کر اسکول کے کام کا اندازہ کر لیا کریں۔ (معلوم نہیں کہ ان بچوں کو کون چنے گا۔ اسکول یا خود انسپکٹر) بنیادی وستکاری میں بچوں کی قابلیت سے بھی اسکول کے کام کا اندازہ ہو سکتا ہے اور اگر ہر سال ہر ضلع کے اسکولوں کے کام کی نمائش کی جائے تو اس سے کام کا ایک اچھا معیار قائم رکھنے میں بہت مدد ملے گی وارد ھا کمیٹی نے اس نئے نظام تعلیم کی نگرانی اور انتظام کے مسائل پر غور کیا ہے اور اس سلسلے میں ایک مرکزی تعلیمی بورڈ اور حسب ضرورت صوبجاتی تعلیمی بورڈوں کے قیام کی سفارش کی ہے۔ ان بورڈوں کا یہ کام ہوگا کہ ملک کے تعلیمی معاملات پر غور و فکر کرنے کے بعد مفید مشورہ دیں تعلیم کے متعلق دوسرے ملکوں سے معلومات فراہم کریں اور درسی کتابوں کی تیاری میں مدد دیں۔

یہ ہیں وارد ھا اسکیم کی زیادہ اہم خصوصیات جن کو میں نے آپ کے سامنے کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ضروری سمجھا ہے، رہا یہ سوال کہ اس اسکیم کے ملک میں رائج اور کامیاب ہونے کی کہاں تک توقع ہے؟ تو ایک بات صاف ظاہر ہے کہ چونکہ کانگریس نے اس کو رواج دینے کا تہیہ کیا ہے۔ اور اس وقت ہندوستان کے کئی بڑے صوبوں میں کانگریسی حکومتیں ہیں اس لئے جہاں تک کوئی تعلیمی اسکیم حکومت کی امداد سے کامیاب ہو سکتی ہے اس کو کامیاب بنانے کیلئے ہر ایک ممکن کوشش کی جائیں گی۔ لیکن اصلی اور آخری کامیابی کا انحصار اس کی اپنی خوبیوں پر ہے اور ان خوبیوں کا صحیح اندازہ تجربہ کے بعد ہی ہو سکتا ہے۔ میرے خیال میں اکثر لوگوں کا اس رائے پر اتفاق ہے کہ موجودہ نظام تعلیم بہت ناقص ہے اگرچہ ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ اس نظام تعلیم کے نکتہ چیں بھی خود اسی کے پروردہ ہیں اور جس تعلیم کی بدولت ہم اس قابل ہوئے کہ اپنے بھلے برے کو خود سوچ سمجھ سکیں وہ بالکل ناقص نہیں ہو سکتی۔ اس میں وارد ھا اسکیم کے بانی ایک بہت بڑا نقص یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ بچوں کی قوت عمل کو کمزور کرتی ہے اور بیکاری کو بڑھاتی ہے۔ جہاں تک بیکاری کا سوال ہے کسی خاص طریقہ تعلیم کو اس کا تنہا ذمہ دار ٹھہرانا صحیح نہیں معلوم ہوتا اس کے بہت سے سیاسی اور اقتصادی اسباب ہیں جو طریقہ تعلیم کے بدل جانے سے محو نہیں ہو سکتے اور اگر پڑھے لکھے نوجوان وستکاریوں کو عار سمجھتے ہیں تو اس میں ہماری ملکی روایات کو بھی کچھ دخل ہے جہاں ہاتھ سے کام کرنے والوں کو بعض اور جماعتوں کے مقابلہ میں ہمیشہ ادنیٰ خیال کیا گیا ہے۔ بہرحال وارد ھا اسکیم کوئی نئی چیز نہیں کیونکہ دنیا کے اور بہت سے ملکوں میں تعلیم کو عملی بنانے کا خیال پہلے سے موجود ہے۔ اگر اس میں کوئی جدت ہے تو یہ ہے کہ مسٹر گاندھی کے خیال میں اس قسم کی تعلیم اپنا خرچ خود نکال سکتی ہے۔ لیکن ان کے ماہرین تعلیم اس خیال سے متفق نہیں معلوم ہوتے وہ زیادہ سے زیادہ یہ امید دلاتے ہیں کہ خرچ کا کچھ حصہ آمدنی سے پورا ہو جائے گا لیکن وہ بھی اس صورت میں کہ اسکولوں کی وستکاری کی پیداوار کو گورنمنٹ خود خریدنے پر تیار ہو۔ تعلیمی پہلو سے مجوزہ نصاب کے خلاف اور بھی بعض اعتراضات کئے جاتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ پڑھائی کے اوقات میں ۲½ گھنٹے میں سے ۲ گھنٹے ۴۰ منٹ وستکاری کے لئے ہونگے۔ اور صرف ۲ گھنٹے ۲۰ منٹ، باقی چھ ساعت مضامین کے لئے اس وقت ابتدائی تعلیم کی مدت عموماً چار پانچ سال ہوتی ہے اور روزانہ پانچ گھنٹے معمولی لکھنا پڑھنا اور حساب وغیرہ کو دئے جاتے ہیں تو بھی بچے اپنا کورس ختم کرنے کے بعد ان مضمونوں کو اچھی طرح نہیں جانتے اس لئے کیونکر یقین ہو سکتا ہے کہ سات سال کی تعلیم کے بعد اور وقت کا زیادہ حصہ وستکاری میں صرف کرنے کے باوجود بچوں کو ان سب مضمونوں سے بقدر ضرورت واقفیت حاصل ہو جائیگی۔

ایک اور اعتراض یہ ہے کہ اسکیم میں سات سال سے کم عمر کے بچوں کی تعلیم کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا۔ ان سب اعتراضوں کا ایک ہی جواب ہے اور وہ یہ ہے کہ صحیح رائے قائم کرنے کا موقع تجربہ کے بعد ہو سکتا ہے اور کانگرسی حکومتوں کا یہ ارادہ ہے کہ فی الحال اس نظامِ تعلیم کی آزمائش چند منتخب دیہاتی حلقوں میں کی جائے اور دیکھا جائے کہ اس کے کیا نتائج ہوتے ہیں۔ کسی تعلیمی نظام کی کامیابی کا مدار بہت کچھ معلموں کی قابلیت پر بھی ہے اور اس لئے نئے قسم کے اُستادوں کی ضرورت ہے۔ کمیٹی نے اِن اُستادوں کے لئے بھی ایک کورس تجویز کیا ہے، جس کی مُدت تین سال رکھی ہے لیکن چونکہ جدید طریقۂ تعلیم کو جلدی رواج دینا منظور ہے اس لئے بعض صوبجاتی حکومتوں کا شاید یہ خیال ہے کہ ابتدا میں صرف چند مہینے کی ٹریننگ معلموں کے لئے کافی ہوگی۔ اگرچہ محض تعلیم کی اصلاح کے خیال سے ایسے کاموں کو جلدی کی وجہ سے ادھورا چھوڑ دینا شاید بُرا سمجھا جائے لیکن سیاسی مصلحت غالباً یہی ہے کہ جو کام شروع کرنا ہے اُسے جلدی شروع کر دیا جائے۔

مرزا محمد سعید

تخیّلات

اب تلک جو کچھ بھی سمجھا تھا۔ اگر سمجھا تھا میں!
دل کی دُنیا کو بہ آئینِ دگر سمجھا تھا میں

لذتِ فرقت ہی سرمایہ ہے سوز و ساز کا
وصل کو غلطی سے اُلفت کا ثمر سمجھا تھا میں

یہ تو ہر قطرے سے خونِ دل کے تھا میری عیاں
حُسن کے جلوے کو جادوئے نظر سمجھا تھا میں

دل اسیرِ رنگ و بُو تھا۔ وائے نادانی مری!
عشق کی دولت سے خود کو بہرہ ور سمجھا تھا میں

کھُل گئی ساری حقیقت ادّعائے دید کی
کم نگاہی کو ہی نیروئے نظر سمجھا تھا میں

طُول کھینچا اُس نے فردائے قیامت سے نہ کم
زندگی کو تو بس اک رقصِ شرر سمجھا تھا میں

مختلف عشوے ہیں دونوں حُسنِ مطلق کے مگر
اب تلک کچھ بھی نہ ربطِ خیر و شر سمجھا تھا میں

یہ تو ہے پھیلا ہوا روزِ ازل سے تا ابد،
اپنے افسانے کو کتنا مختصر سمجھا تھا میں

زندگی کی راہ تو ہے اس کے آگے تک کہیں
موت ہی کو آخری حدِّ سفر سمجھا تھا میں

عشق کو ہمراہ لیکر جادہ پیمائی عشق
راہزن کو ہائے کیونکر راہبر سمجھا تھا میں؟

اُس کا دل تھا سر بسر اک لالہ زارِ آرزو،
مظہرِ بدنام کو خونیں جگر سمجھا تھا میں!

مظہر غزنوی

حقائق

غمِ ہستی سے آزاد کبھی تو رہ نہ سکا!
وقف فکرِ بیاد کبھی تو رہ نہ سکا!
دھوپ چھاؤں تھی اک سجز اسے
اور کچھ یاد کبھی تو رہ نہ سکا!

راحتیں ساز گار رہ نہ سکیں!
فکر میں غمگسار رہ نہ سکیں!
کلفتیں
کیا خزاں کیا بہار دونوں ہی
باغ میں سے سوار رہ نہ سکیں!

رنج و راحت کا سلسلہ ہے حیات
رات میں دن ہے اور دن میں ہے رات
ہست ہے کڑوا کبھی بھی میٹھا
کھاتے جاتے ہیں خلل اور نبات

رنج اٹھاتے ہیں راحتوں کے لئے
راحتیں ہیں فجاعتوں کے لئے
حالتِ رنج ہو کہ راحت ہو
جان آئیں ہے جراحتوں کے لئے

امین حزیں

آجا سجنی میرے پاس
تجھ بن ہے کل دہر اُداس

دل کی تمنّا تو تُو ہے
میرا سہارا تو تُو ہے
توڑ نہ میرے دل کی آس
آجا سجنی میرے پاس

تجھ بن ہے آرام کہاں
میری دُنیا ہے گریاں
رہتا ہوں دن رات اُداس
آجا سجنی میرے پاس

یوں ہیں جہاں میں لاکھ حسیں
لیکن تجھ سا ایک نہیں
تیری سی کب ہے بُو باس ؟
آجا سجنی میرے پاس

رات میں وہ انداز نہیں
دن میں وہ سوز و ساز نہیں

تجھ بن ہے کل دہر اُداس
آجا سجنی میرے پاس

دل کو تو مٹ جانا ہے
تجھ کو کہاں اب پانا ہے
دل کی کیا نکلے گی بھڑاس
آجا سجنی میرے پاس

پریم نے تن من لُوٹ لیا
پریم نے جیون لُوٹ لیا
پریم نہ اب تک آیا راس
آجا سجنی میرے پاس

کیا کہوں اے بہزادِ حزیں
غم نے کیا مجھکو غمگیں
غم نے کیا ہے جیون ناس
آجا سجنی میرے پاس

بہزاد لکھنوی

اوشیمہ

پانچ چھ سال پہلے اوشیمہ ایک چھوٹے سے جزیرے کی حیثیت رکھتا تھا جس میں کوہِ ہمارا کا جیتا جاگتا آتش فشاں جلتا رہتا تھا کچھ زیادہ مشہور نہ تھا۔ لوگ دوسری سیر گاہوں کی طرح وہاں کا رُخ کم کرتے تھے۔ ۱۹۳۳ء میں توکیو کے ایک ثانوی مدرسے کی طالبہ نے جوالامکھی میں کُود کر اُس کی شہرت کو چار چاند لگائے۔ اخبارات نے خُوب رنگ آمیزی سے اُس کی داستانِ خودکشی بیان کی۔ پھر کیا تھا خلقت ٹوٹ پڑی۔ جہاز یا ہمہ خودکشی کرنے والوں کی آماجگاہ بن گیا۔ اور اوشیمہ نے ایک مشہور سیر گاہ کی حیثیت اختیار کر لی۔ پہلے سال بھر میں کوئی تیس چالیس آدمی جوالامکھی میں کُود کر جان دیتے تھے۔ مگر پچھلے سال میں ایک ہزار آدمی اِس راستے سے سفرِ آخرت پر روانہ ہو چکے ہیں۔ اس سے اوشیمہ کی شہرت بہت بڑھ گئی ہے۔ لوگ بارہ مہینے سیر کو جاتے ہیں۔ موسمِ بہار و خزاں میں سیاحوں کا اژدہام ہوتا ہے۔

کوہِ ہمارا دیکھنے کا ہمیں عرصے سے اشتیاق تھا۔ آخر عزمِ سفر مصمم کر کے گرمی میں روانہ ہو گئے۔ اوشیمہ کافی دُور ہے۔ توکیو سے آٹھ گھنٹے کا راستہ ہے۔ ایک چھوٹا سا دو ہزار ٹن کا جہاز روزانہ توکیو سے روانہ ہوتا ہے۔ ہم نے دن کو جاپان ٹورسٹ بیورو سے ٹکٹ لے لئے تھے۔ رات کو پونے دس بجے جہاز پر پہونچ گئے۔ بندرگاہ پر ہجومِ غفیر تھا۔ لوگ صرف چوبیس گھنٹے کے سفر پر جا رہے تھے، بچے پہونچانے والوں کی بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ روانگی کا منظر بڑا پُرلطف تھا۔ بندرگاہ برقی قمقموں سے بقعۂ نُور بنی ہوئی تھی۔ جہاز پر مُسافر اور بندرگاہ پر اُن کے احباب کاغذ کی پٹیاں تھامے کھڑے تھے۔ رنگین کاغذ کی پٹیوں کی چکتیاں وہیں دکانوں پر بہت ملتی ہیں۔ پٹی کا ایک سرا ایک آدمی پکڑ لیتا ہے اور چکتی دوسرے کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ جہاز چلتا ہے تو چکتی کھلتی جاتی ہے۔ جہاز اور بندرگاہ کے درمیان رنگین جھالر کی چادر تن جاتی ہے جو جہاز کے چلتے وقت بڑھتی چلی جاتی ہے۔ ہمارے ایک جاپانی دوست بھی چکتی خرید لائے تھے اور اس کا سرا ہمیں دیدیا۔ ٹھیک دس بجے جہاز نے لنگر اُٹھایا اور چکتیاں پھرنی شروع ہوئیں۔ جب تک جہاز مُڑا ہماری پٹی سلامت رہی۔ بعض کی پٹیاں پہلے ہی ٹوٹ گئیں یا ہاتھ سے چھوٹ گئی تھیں، جو بُرا شگون مانا جاتا ہے۔

جہاز کے دو ڈک مُسافروں کے لئے مخصوص ہیں۔ ان کے نیچے رسٹارنٹ ہے جہاں سب لڑکیاں کام کرتی ہیں۔ مسافروں کے آرام کی نگہداشت پر بھی لڑکیاں مامور ہیں۔ اُوپر کے ڈک پر چند کیبنیں بھی ہیں مگر زیادہ تر ڈک کے مُسافر ہوتے ہیں۔ ڈک پر تناسیوں کا فرش ہے۔ وہیں لیٹ جاتے ہیں۔ جو پچاس سین زیادہ دیں انہیں کوچ پر سونے کو جگہ مل جاتی ہے۔ کمبل اور تکیے بھی کرایہ پر مل جاتے ہیں۔ ڈک کا کرایہ دو ین ہے اور کیبن کا پانچ ین۔ کیبن میں تخلیہ تو مل جاتا ہے مگر سونا مشکل ہے جس کا ہمیں ذاتی تجربہ حاصل ہوا۔ مسافر عموماً رات جگا کرتے ہیں۔ گانا بجانا تو ہوتا نہیں لوگ آہستہ آہستہ باتیں کرتے رہتے ہیں یا کچھ کھیل خاموشی سے کھیلتے ہیں۔ مگر چلنے پھرنے کی آواز نیند اُڑانے کیلئے کافی ہوتی ہے۔

رات کو مطلع صاف تھا مگر اندھیری رات تھی۔ کوئی گھنٹہ بھر تک توکیو اور یوکوہامہ کی روشنی کا نظارہ دیکھتے رہے۔ جب چاروں

طرف بھیانک تاریکی چھاگئی تو کیبن کا رُخ کیا۔ صبح کے چار بجے جہاز نے موتومُرا کی بندرگاہ میں لنگر ڈالا۔ چھوٹی سی بندرگاہ ہے۔ جہاز کنارے تک نہیں پہونچ سکتا۔ بیچ سمندر میں کھڑا تھا۔ یہاں سے موٹر لانچ میں بیٹھکر کنارے پہونچے۔ جہاز سے ہمیں اُتار کر آگے روانہ ہوا۔ یہی جہاز تین بجے سہ پہر کو واپس آتا ہے اور توکیو کے مسافروں کو سوار کر کے لے جاتا ہے۔ رات کو نو بجے وہاں پہونچا دیتا ہے۔

بندرگاہ کے باہر نکلے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ تمام قصبے والے جاگ اُٹھے ہیں۔ سراؤں کے ایجنٹ قطار باندھے کھڑے تھے۔ ہم نے ایک سرائے کا انتخاب کیا جو سمندر کے رُخ پر واقع تھی۔ یہاں پہونچتے ہی ہم نے دو گھوڑوں کی فرمائش کی۔ ہمیں علم تھا کہ اس میں دیر کی تو سب گھوڑے رُک جائیں گے اور سواری کے لئے صرف گدھے ملیں گے۔ کچھ دیر آرام کر کے ناشتہ کیا۔ اتنے میں گھوڑے آگئے اور ہم ہیارایامہ کی جانب روانہ ہوئے۔ مسز برلاس کو اس سواری میں کافی دقت ہوئی۔ راستہ ہموار ہوتا تو کچھ مضائقہ نہ تھا۔ وہاں تو چڑھائی ہی چڑھائی تھی۔

اوشیمہ میں ہر یاول بہت ہے، ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے۔ دُور سے سمندر میں نگینہ جڑا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اینوشیمہ کا جزیرہ بھی اس لحاظ سے بہت خوبصورت ہے۔ وہ گول نگینہ ہے تو اوشیمہ لمبوترا۔ پرندے ہر طرف چہچہاتے ہیں۔ توکیو میں آمد و رفت کا شور و غُل بہت ہوتا ہے اور پرندے نام کو نہیں نظر آتے۔ یہاں جنگل کا سناٹا ہے۔ طرح طرح کے پرندوں کی بولیاں بہت بھلی لگتی ہیں۔

اوشیمہ تین باتوں کیلئے مشہور ہے۔ اوّل ہیارا کا آتش فشاں پہاڑ۔ اس میں سے ہمیشہ گندھک کا دُھواں نکلتا رہتا ہے۔ اس قدر کثیف ہوتا ہے کہ اندر کی آگ نظر نہیں آتی۔ البتہ رات کو دہکتے ہوئے پتھروں کی سُرخی جھلک دکھا دیتی ہے۔ یہیں لوگ زندگی کی نا اُمیدیوں سے تنگ آکر آخرت کے سکون کی طرف رُجوع کرتے ہیں؛ دوئم حسینانِ اوشیمہ کا بانکپن اور اُن کے لمبے لمبے بال۔ جاپانی عورت کے بال قدرتاً سیاہ اور لمبے ہوتے ہیں۔ کولھے تک کے بال بالکل عام ہیں۔ بہت سی عورتوں کے بال رانوں تک پہونچتے ہیں مگر اوشیمہ کی عورت تمام جاپان کو مات کرتی ہے۔ اُسکے بال ٹخنوں تک پہونچتے ہیں۔ بعض اوقات اُس کے قدم گزر جاتے ہیں پھر یہ بالوں کا سنگھار اس انداز سے کرتی ہے کہ بائیں کان پر ایک گچھا لٹکتا آتا ہے اور عجیب بانکی ادا پیدا ہو جاتی ہے۔ اِن بالوں پر رومال کی تراہی بندش بانکپن میں بے انتہا اضافہ کر دیتی ہے حسینانِ توکیو اسکی بانکی ادا پر رشک کرتی ہیں مگر بانکا رومال باندھنا اُنکے بس کی بات نہیں۔

سویم شبا کی کا تیل ہے۔ شبا کی کا درخت نارنگی سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اُس میں گلاب جیسا پھول آتا ہے۔ پھول کے بعد اُس میں بیر کے برابر پھل لگتا ہے جو تمامتر گری پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس گری کا تیل نکالتے ہیں۔ اوشیمہ میں شبا کی کی کاشت بہت ہوتی ہے۔ تیل نکالنے کے کارخانے بھی بہت ہیں۔ اس تیل سے بال بڑھتے ہیں۔ عورتیں ہمیشہ اوشیمہ کے تیل کی فرمائش کرتی ہیں۔ یہاں سب سے زیادہ بکری اسی کی ہے۔ جگہ جگہ دُکانیں ہیں۔ سر بند شیشیوں میں تیل بکتا ہے۔ اینوشیمہ اور اوشیمہ کے دُکانداروں میں ایک بات کا بڑا فرق ہے۔ اینوشیمہ کی دُکاندار لڑکیاں سیاحوں کے سر ہو جاتی ہیں کہ کچھ سوغات خریدئے۔ اس اصرار سے سیر بھی کر کرہی بچاتی ہے۔ یہاں اوشیمہ میں یہ بات نہیں۔ چاہے خریدئے چاہے نہ خریدئے لڑکیاں بالکل نہیں ستاتیں۔

کوہ ہیارا پر چڑھنے کے دو راستے ہیں۔ ایک موتومُرا سے جو ہم نے اختیار کیا۔ دوسرا پہاڑ کے دوسری جانب ہے۔ سیاح

موٹو مراسے بسوں میں بیٹھکر اُدھر جاتے ہیں۔ وہ راستہ سنسان ہے، پہاڑ پر چڑھنے والوں کے لئے راستے میں کوئی تفریح گاہ نہیں۔ البتہ اُترتے وقت ایک سنسنی خیز پھسلنے کا طریقہ ہے۔ ڈھال پر لوہے کی پٹڑیاں ڈال کر اُن پر ٹھیلے چلائے جاتے ہیں۔ پھسلنے ٹھیلے اپنے آپ ڈھال پر پھسلتے چلے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ پھسلنی دُنیا بھر میں سب سے طویل ہے۔

ہم نے پہلا راستہ اختیار کیا تھا۔ اس راستے میں جگہ جگہ چائے خانے ہیں جہاں تھوڑی دیر آرام کر سکتے ہیں۔ ہر چائے خانے میں مُہریں موجود ہیں۔ سیاح اپنی کتابوں میں مُہریں لگواتے ہیں۔ جاپانی مُہریں جمع کرنے کے بڑے شوقین ہیں۔ اس شوق کو پورا کرنے کے لئے ہر مندر، ہر درگاہ، ہر سیر گاہ کا ریسٹارنٹ، ہر ہوٹل، حتیٰ کہ ہر ریلوے اسٹیشن مُہریں رکھتا ہے۔ جاتری کچھ پیسے دے کر جگہ جگہ کی مُہریں جمع کرتے پھرتے ہیں۔ جہاں اور کوئی مقام موجود نہ ہو وہاں ڈاکخانہ مُہر لگا دیتا ہے۔ جاتریوں کے پاس کئی کئی کتابیں بھر جاتی ہیں۔ یہ سیر و سیاحت کی یادگار ہے۔ لوگ اس شغل سے مالی فائدہ بھی اُٹھاتے ہیں۔ مُہروں کا مجموعہ معقول رقم لے کر فروخت کر دیتے ہیں۔ مُہروں کے علاوہ ہر سیر گاہ میں وہاں کے مناظر و عمارات کے مصوّر کارڈ بھی فروخت ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان چائے خانوں میں دونوں اشیا موجود ہیں۔ ہم نے پانچویں چائے خانے میں قیام کیا۔ یہ وسط میں واقع ہے اور سب سے بڑا ہے۔ بائکی حسینانِ اوشیما چائے اور فواکہات پیش کرتی ہیں۔ یہ سیاحوں کی تفریح کیلئے اوشیما کے گیت بھی سُناتی ہیں مگر کوئی معاوضہ نہیں لیتیں۔ ایک گیت بہت مشہور ہے جو زبان زدِ عام ہے۔ اس کا ترجمہ یہ ہے:

مَیں اوشیما ہوں،
مَیں وہی دیوتائی آگ کا جزیرہ ہوں،
میرے دل میں آگ سُلگ رہی ہے۔
یہ کیا بُجھنے والی ہے؟

یہاں سے چل کر پہاڑ کی چوٹی پر پہونچے۔ ہمیں خیال تھا کہ منزلِ مقصود آپہونچی۔ مگر ہمارا یمامہ کے تین پیالے ہیں اور یہ سب سے بیرونی پیالے کا کنارہ ہے۔ اس کا قطر کوئی چار میل ہوگا۔ کسی زمانے میں یہ بڑا وسیع آتش فشاں تھا۔ اب سُکڑتے سُکڑتے بہت چھوٹا رہ گیا ہے۔ تیسرے اور دوسرے پیالے کے درمیان لاوے کا ریگستان ہے جو دو ڈیڑھ میل چوڑا ہوگا۔ پیدل چلنے والوں کے لئے یہی سب سے کٹھن منزل ہے۔ اس منزل کو طے کرنے کے لئے منچوکو کے دو کوہان والے اُونٹ مُہیا ہیں۔ کجاوے میں چار آدمی بیٹھ سکتے ہیں۔ اُونٹوں کو جلد باز انسان کی نفسیات کا کچھ تجربہ ہوگیا ہے جبھی اس قدر سُست چلتے ہیں کہ آدمی اکتا کر پیدل چلنا گوارا کرتا ہے۔ ہم نے یہ منزل گھوڑوں پر طے کی۔ آخر اُنہوں نے دوسرے پیالے کے کنارے اُتار دیا۔ تیسرے پیالے کا اندرونی علاقہ بالکل بنجر ہے۔ کہیں سبزے کا نام نہیں۔ اُونٹوں کا چارہ بھی نیچے سے آتا ہے۔ دوسرے پیالے کا کنارہ سنگلاخ ہے۔ لاوے کے نکیلے اور تیز دھار پتھر ہیں جن پر چلنا بڑا دشوار ہے۔ کنارے کے اُوپر چڑھنے پر دسویں چائے خانے میں پہونچے جو آخری ہے۔ یہاں سے آتش فشاں کا اندرونی پیالہ صاف دکھائی دیتا ہے جو کچھ نشیب میں واقع ہے۔ بڑا بھیانک منظر ہے۔ چاروں طرف سیاہ اور بھُورے پتھر، بیچ میں دھوئیں کا غبار۔

یہاں سے اُتر کر مرکزی پیالے پر پہونچے۔ اسی کے کنارے سے بیزار گانِ دُنیا ایک چھلانگ مار کر دُنیا سے رخصت

ہوتے ہیں۔ یہاں پولیس نے خاردار تاروں کا کٹہرا لگا رکھا ہے۔ گندھک کے دھوئیں میں ایسی تیزی ہے کہ لوہا تھوڑے ہی عرصہ میں گل کر بھربھرا ہو جاتا ہے اور ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ جاتا ہے۔ عاشقانِ موت اِس کٹہرے کی پروا نہیں کرتے۔ بعض تو اتنے دلیر ہوتے ہیں کہ لوگوں کے سامنے کود پڑتے ہیں۔ اور وہ چلاتے رہ جاتے ہیں۔ پیالہ دھوئیں سے اس قدر لبریز رہتا ہے کہ اندر سے کچھ دکھائی نہیں دیتا اور اُس کی گہرائی کا صحیح اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ مَیں نے کوہِ آسامہ کا پیالہ بھی دیکھا ہے۔ وہ اس سے کچھ چھوٹا ہی ہے۔ مگر دُھواں اتنا کثیف نہیں۔ وہاں ہوا کے جھکڑ سے دُھواں اُڑ جاتا ہے تو اندر کا فوٹو لیا جا سکتا ہے۔ یہاں یہ ممکن نہیں۔ پھر بھی کوہِ آسامہ اس سے زیادہ خطرناک ہے۔ وہاں آئے دن آتش باری ہوتی رہتی ہے۔ کوہِ آسامہ پر چڑھنے والوں کو کبھی کبھی زلزلے کے جھٹکے بھی محسوس ہوتے ہیں اور گرج کی آواز بھی سُنائی دیتی ہے۔ اِسی وجہ سے اُسکی چوٹی پر زیادہ دیر نہیں ٹھہرتے کہ کیا معلوم کب آتش فشانی ہونے لگے۔ فِہارایامہ پر یہ خطرات نہیں۔ یہ زیادہ بلند نہیں۔ اسکی چڑھائی پر اتنی تکان بھی نہیں ہوتی اور یہاں گھوڑے، گدھے، اُونٹ سب دستیاب ہو جاتے ہیں۔ وہاں خطرات کی وجہ سے جانور اُوپر نہیں لے جاتے۔ یہاں ہم نے اپنی کتاب پر آخری مُہر لگوائی۔ دُکان سے فِہارا کی سوغات یعنی لاوے کے چند پتھر لئے اور واپس ہوئے۔

پرستارانِ اجل کے ساتھ کبھی کبھی عجیب واقعات پیش آتے ہیں اور وہ موت کے مُنہ میں کود کر باہر نکل آتے ہیں۔ کوئی شخص پیالے میں کُودا اور اُس کی تہ میں پہونچنے سے پہلے کسی چٹان پر اٹک کر رہ گیا۔ یہاں اُس کی عجیب کیفیت ہوتی ہے۔ بدن کی چوٹ اور گندھک کے دُھوئیں میں تنفس کی تکلیف اس کے ارادے میں تزلزل پیدا کر دیتی ہے اور وہ موت کے خیال سے ڈر کر چلّا اُٹھتا ہے۔ وہیں سے دُہائی دیتا ہے۔ باہر کے لوگ فریاد سُنکر مدد کو آپہونچتے ہیں۔ رسّیاں ڈال کر اُسے باہر نکال لیتے ہیں۔ پھر یہ آدمی مرنے سے توبہ کر لیتا ہے۔ بعض لوگوں کی ہمّت پیالے کے کنارے پہونچکر جواب دے دیتی ہے اور وہ بادلِ ناخواستہ واپس آجاتے ہیں۔ پچھلے سال ایک لڑکی خودکشی کرنے نکلی۔ اس کی ایک ہمجولی ساتھ تھی جو اُس کی ہمراہی میں دُنیا سے رُخصت ہونا چاہتی تھی۔ پیالے پر پہونچکر ہمجولی تو کُود پڑی۔ مگر اس کی ہمّت نہ ہوئی۔ گھر واپس گئی، اپنی کمزوری پر بہت پچھتائی۔ پھر ہمّت کی۔ دوسری ہمجولی کو ساتھ مرنے پر آمادہ کیا۔ دونوں خوشی خوشی روانہ ہوئیں۔ پیالے کے کنارے پر پھر خوفِ غالب آگیا۔ مگر ہمجولی صادق نکلی اور جاں بحق ہوئی۔ اس مرتبہ اخباروں میں اس کا بہت چرچا ہوا۔ تیسری بار پھر ایک موت کی خواہاں ہمجولی مل گئی۔ اس مرتبہ زندگی کی مایوسیوں سے کچھ ایسی تنگ آگئی تھی کہ کوئی خوف اُسے نہ روک سکا۔

جاپان میں چشموں کی کثرت ہے اور ندیاں لہراتی بل کھاتی ہر جگہ بہتی نظر آتی ہیں۔ مگر اوشیما اِن نعمتوں سے محروم ہے۔ آگ کا دیوتا پانی کے دیوتا کو قدم نہیں جمانے دیتا۔ بارش صرف سبزے کی پیاس بُجھانے کے لئے کافی ہوتی ہے۔ لوگ کھپریلوں کا پانی جمع کر لیتے ہیں۔ تمام موضع موتومُرا میں صرف ایک چشمہ ہے جہاں سے لوگ پانی بھرتے ہیں یہاں کی عورتیں عام جاپانی عورتوں کے دستور کے خلاف سر پر بوجھ اُٹھاتی ہیں۔ کنوئیں پر ہر وقت مجمع رہتا ہے۔ چوبی بالٹیوں میں پانی بھر بھر کر سر پر رکھ کر لے جاتی ہیں۔

عام دستور کے خلاف اوشیمہ کی عورتیں اپنی اوبی آگے باندھتی ہیں۔ سامنے کی اوبی خوبصورتی اور بندش میں پیٹھ کی اوبی کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ مگر اُن کے سنگھار میں سب سے زیادہ دل لُبھانے والی بات اُن کے آڑے بال اور رومال کی بانکی بندش ہے جو سیاحوں کا دل مسخر کئے بغیر نہیں رہتی۔

کوئی گیارہ بجے ہم واپس سرائے میں پہونچ گئے۔ کھانا کھایا اور جہاز کی تیاری کی۔ ہم نے جزیرہ نُما ایزو میں شہر ایتو میں چند روز قیام کرنے کا پروگرام پہلے سے تیار کرلیا تھا جہاں کے گرم چشموں سے ہم مستفید ہونا چاہتے تھے۔ اس لئے ہمیں بارہ بجے جہاز سے روانہ ہونا پڑا۔ اوشیمہ آنے کے بعد ہمیں احساس ہوا کہ یہ بڑا خوشگوار مقام ہے۔ کم از کم ایک دن رات یہاں بسر کرکے مزید لُطف اُٹھانا چاہیئے تھا۔

نورالحسن برلاس (جاپان)

کلامِ احسن

کہاں یہ ہوش جو کچھ دیکھتے بیاباں میں
رواں دواں رہے ہم منزلِ گریباں میں

جُنوں زدوں کو ملا کے کیا بیاباں میں
پھنسے ہیں مرحلۂ دامن و گریباں میں

ترے خیال نے پہونچا دیا گلستاں میں
بہار خود چمن آرا ہے میرے داماں میں،

یہ کیا ارادہ کیا ناوکِ نگہ نے ترے
قیامتیں جو بپا ہوگئیں رگِ جاں میں

کرم کو چارہ گرو زحمتیں نہ دو اپنے
پھنساتے ہو مجھے کیوں فتنہ ہائے درماں میں

کریں وہ منع محبت سے ہم نہ مانیں گے
یہ کُفر وہ ہے ترقی ہو جس سے ایماں میں

دوانہ نغمۂ زنجیر پر ہے رقص کُناں
بہار آئی ہے اب کے بہارِ زنداں میں

ہمارے زخموں کو دو اذنِ لُطف اندوزی
وہ کیا مزے جو مقیّد رہیں نمکداں میں

وہ جن سے رُوح پر اک وجد ہوگیا طاری
نہ جانے دل میں یہ اسرار تھے کہ پیکاں میں

احسن نگرامی

باغی

پلونہ کی خونیں جنگ

یہ جنگِ روس و روم ۱۸۱۱ء کا ذکر ہے۔

روسیوں نے یکایک محض ذرا سے بہانے پر ٹرکی پر فوج کشی کر دی۔ نہ صرف یورپ بلکہ ایشیا میں کوہ قاف کی طرف سے بھی حملہ کر دیا۔ اِس فوج کشی کا اندازہ اس سے لگ سکتا ہے کہ زارِ روس نے کم و بیش گیارہ[1] لاکھ فوج میدانِ جنگ میں پہونچا دی تھی۔

یورپ میں رُوسی دریائے ڈینیوب کو عبور کر آئے اور جو کچھ بھی افواج دبروجا اور رومانیہ کے اطراف سے مُہیّا ہو سکیں ترکی جنرل ان افواج کو لیکر جھپٹتا ہوا آگے بڑھا۔ اتنے میں کچھ افواج رومیلیا وغیرہ کی طرف سے اور آگئیں اور ترکی جنرل نے اپنی فوج رُوسیوں سے ملا دی۔

کئی شبانہ روز مسلسل جنگ رہی۔ جنگ بھی ایسی خونخوار کہ الامان۔ مگر ترکی جنرل نے پورے محاذ پر روسیوں کو زبردست شکست دی۔ ایسی کہ اُن کا لشکر کا لشکر دھر کے دریا میں لوٹ دیا۔ رُوسیوں کیلئے یہ شکست اِس وجہ سے اور بھی ذلت آمیز تھی کہ ترکی فوجیں تعداد میں آدھی بھی نہ تھیں۔ اور رُوسی افواج کی آمد کا سلسلہ چونکہ برابر جاری تھا لہذا ترکی جنرل افواج کی قلت کے سبب ہزیمت خوردہ رُوسیوں کا مقابلہ نہ کر سکا اور اُس نے صدر مقام کو امدادی افواج کیلئے لکھا اور اس کا منتظر ہی تھا کہ امدادی فوج آجائے تو رُوسیوں کا تعاقب کر کے اُن کے علاقے میں گھسکر اُن کو مارے۔

(۲)

بخارسٹ دارالخلافہ رومانیہ سلطانی فتح پر خوشیاں منا رہا تھا۔ ہز ہائنس شاہِ[2] رومانیہ سلطان ٹرکی کی ادنیٰ اور وفادار رعایا ہونے کے سبب ضرورت سے زیادہ خوش تھے۔

شاہ کے محل پر شام کو عجیب سین تھا۔ سبزہ پر ایک طرف شاہی بینڈ "بادشاہ ہم چق یشا"[3] (God save the King) کی گت بجا رہا تھا تو دوسری طرف البانی اپنے قومی باجوں سے غوغا آرائی کر رہے تھے۔ سامنے کردستان کے پہاڑی جنگجو اپنے پہاڑی لباس میں بھی ناچ رہے تھے اور عین مہمانوں کے وسط میں نوعمر خواتین کا رقص قابل دید تھا۔ ہر قسم کے فواکہات شرابیں اور مٹھائیاں تقسیم ہو رہی تھیں۔ غرض عجیب دلفریب سماں تھا۔

ہز ہائنس شاہ رومانیہ نے جلسہ کے اختتام پر سلطان المعظم کا جام صحت تجویز کیا اور ایک مختصر تقریر کی جس میں اپنی وفاداری اور جاں نثاری کا یقین دلاتے ہوئے سلطان المعظم کی خدمت میں ہدیۂ تہنیت پیش کیا اور موجودہ فتح پر خداوند تعالیٰ کا شکریہ ادا

---

[1] مورخ اسلام علامہ شبلی۔ سفرنامہ۔ [2] رومانیہ، بلغاریہ، سرویا وغیرہ سب ترکی کے زیر محکوم تھے۔

[3] حق خدا ہمارے بادشاہ کو سلامت رکھے۔ ترکوں کا قومی گیت۔

کرتے ہوئے سلطانی سفیر سے درخواست کی کہ میرا یہ پیغام حضرت تلسہری[1] کی خدمت میں پہونچا دیا جائے اور ہز امپیریل میجسٹی کو میری وفاداری کا یقین دلاتے ہوئے عرض کر دیا جائے کہ میں اور میری رعایا اور میری فوج بلکہ پوری رومانوی قوم ایک ادنیٰ خادم کی طرح ہر وقت خدمت کیلئے تیار رہیں۔ یہ جلسہ بادشاہم چوقِ یشاء کے فلک شگاف نعروں پر ختم ہوا۔

رات کا منظر بھی عجیب تھا۔ شہر میں چراغاں ہو رہا تھا۔ مسجدوں اور گرجاؤں میں نماز شکرانہ ادا کی جا رہی تھی اور ہز امپیریل میجسٹی کی فتح کے لئے دعا کی جا رہی تھی۔

۳

زار روس نے جب سنا کہ روسی افواج نہایت ہی ذلت آمیز شکست کھا گئیں تو مارے غصہ کے آگ ہو گیا اور دوگنی افواج بطور کمک ارسال کیں۔ روسی جنرل بھی افواج قاہرہ لیکر بدلا لینے اور کلنگ کاٹیکہ مٹانے ہمت کر کے آگے بڑھا۔ اور شاہِ رومانیہ بھی سلطان سے بغاوت کر کے روسیوں سے جا ملا۔ ترکی جنرل امداد کیلئے پیغام پہ پیغام بھیج رہا تھا مگر فوجیں آج آتی ہیں نہ کل۔ دراصل ٹرکش گورنمنٹ جنگ کیلئے قطعی تیار نہ تھی۔ دیر لگی اور بہت دیر۔ بمشکل تھوڑی سی فوج آئی لیکن روسیوں نے بڑے وسیع پیمانے پر اور طویل محاذ پر جنگ کا آغاز کیا کہ ترکی جنرل کو اپنی فوج کو توڑ ٹکڑے کرنا پڑا۔ روسیوں اور رومانیوں کا ٹڈی دل سا امنڈ آیا۔ ایسا کہ جنگ ناممکن اور محاذ جنگ اس قدر طویل کہ ساری ترکی فوج ایک صف میں کھڑی کی جائے تب بھی کافی نہ ہو۔ اس عظیم الشان سیلاب سے بچنا ہی کمال تھا۔ لہذا ترکی جنرل نے بادلِ ناخواستہ اپنی پوزیشن چھوڑی اور جنگ کرنے کے بجائے جنگ سے گریز کرتا سنبھلتا پیچھے ہٹا۔ مگر تو یہ کیجئے۔ دم تو ایک سیلاب تھا۔ ترکی فوج کو ایک طرف چھوڑ کر اس روسی سیلاب نے سلطنت عثمانیہ میں بے تحاشہ بڑھنا شروع کیا۔

ترکی جنرل اب بھی سر پیٹ رہا تھا کہ امدادی فوج نہیں آتی۔ اور نہیں آتی۔

اب سامنے اہم ترین مقام پلونہ کا قلعہ تھا جو خاص اہمیت رکھتا تھا۔ اگر ذرا بھی توقف ہو تو روسی آگے بڑھکر اس اہم مقام کو لیتے تھے۔ ترکی جنرل کیا کرتا۔ مقابلہ ناممکن۔ آخری صورت یہی تھی کہ پلونہ کے قلعہ میں گھس کر قلعہ بند ہو جائے۔ چنانچہ یہی کیا۔ قبل اس کے کہ روسی پہونچ سکیں ترکی جنرل غازی عثمان بادشاہ اپنی مٹھی بھر فوج (صرف بتیس ہزار) لیکر پلونہ کی گڈھی میں قلعہ بند ہو گئے اور روسیوں نے چشم زدن میں پلونہ کی گڈھی کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔

۴

روسی فوج کم و بیش سوا لاکھ ہوگی اور یہاں عثمان پاشا کے پاس صرف بتیس ہزار! پلونہ کی معمولی سی گڑھی! دفاعی تو پخانہ کی قلت کیا بلکہ ندارد! اُدھر روسیوں کا زبردست توپخانہ۔ روسی جنرل نے سوچا کہ اگر پلونہ چھوڑ کر آگے بڑھتا ہوں تو ممکن ہے ترکی جنرل پلونہ سے نکل کر پیچھے سے حملہ کر دے یا افواج کی آمد و رفت میں مخل ہو لہذا بہتر ہے کہ پلونہ فتح کر لیا جائے۔ اور اس نے توپخانہ آگے بڑھا کر پلونہ کے قلعہ پر وہ خوفناک گولہ باری کی کہ واقعی کوئی عمارت اور مقام تک ثابت نہ چھوڑا۔ اور پھر ایک زبردست حملہ کیا۔

---

[1] سلطان کا وہ لقب جس کو ہر موقع پر استعمال کرتے تھے۔ [2] لین پول۔

(۵)

حملہ آور فوج کا حملہ منظم اور زبردست تھا جس کی تُندی سرعت کے ساتھ بڑھتی گئی۔ ہر چہار طرف سے لاتعداد افواج نے ہلہ بول دیا۔

عثمان پاشا اپنے مٹھی بھر سُورما لئے ایک تواریخی جنگ کر رہا تھا۔ جنگ ہولناک سے ہولناک تر ہوگئی اور مسلسل! تازہ دم افواج کا سیلاب تھا جو اُمنڈا چلا آرہا تھا۔ مگر عثمان پاشا نے جم کر مقابلہ کیا۔ ایسا کہ آج تک دُنیا کا کوئی محاصرہ اس کی نظیر نہیں پیش کر سکتا۔ روسی افواج سر پٹک پٹک کر شل ہوگئیں اور پلونہ کی گرہی نہ لے سکیں۔ غازی کو جوش آیا۔ اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں کے ساتھ عثمان پاشا اپنے جانبازوں کو لیکر روسیوں اور رومانیوں پر ٹوٹ پڑا۔ ہتھ مرداں مدد خدا۔ شیروں کے حملے بھی کسی سے رُکے ہیں۔ عثمان پاشا نے اس ٹڈی دل رُوسی اور رومانوی دونوں فوجوں کو نہ صرف شکست بلکہ شکست فاش دی۔ اور خوفناک قتل عام کے ساتھ رُوسیوں اور رومانیوں کی متحدہ افواج کو ایسا مارا کہ آج تک اس شکست کا دھبہ روسیوں سے نہ مٹا اور نہ مٹ سکے۔

سارا یورپ انگشت بدنداں رہ گیا۔ زارِ روس نے مارے غصہ کے رانیں پیٹ لیں۔ روسی جنرل کو برطرف کر کے اپنے بھائی آرچ ڈیوک میکائیل رومانوف کو جنرل مقرر کر کے تازہ دم افواج روانہ کیں اور تاکید کر کے کہا کہ روس کا وقار جارہا ہے۔ پلونا پہلے حملے میں لیلو۔ ساری دُنیا تعجب کر رہی تھی کہ یہ کیا غضب ہے۔ مہینوں ہوگئے اور پلونہ فتح نہیں ہوتا۔

(۶)

آرک ڈیوک میکائیل رومانوف اٹھاسی ہزار کا مزید لشکر لیکر جوش و خروش کے ساتھ پلونہ پر بڑھا۔ شاہِ رومانیہ نے کھلم کھلا بغاوت کر ہی دی تھی۔ رومانوی اور رُوسی شکست خوردہ افواج پھر مرتب ہوگئیں اور اس خوفناک جمعیت کے ساتھ میکائیل رومانوف نے پلونہ کو پھر محاصرہ کے شکنجہ میں کسا۔

عثمان پاشا کی فوج کی حالت ابتر تھی۔ وردیاں پھٹ کر ٹکڑے ہوگئی تھیں اور پیوند کے عوض سپاہی کاغذ رکھکر رسّی اُوپر سے باندھتے تھے۔ قلعہ میں رسد قریب الختم تھی اور پیٹ بھر سوکھی روٹی تک میسّر نہ تھی۔ رُوسی توپوں اور گولیوں سے کوئی گھوڑا مرتا فوراً ذبح کر لیا جاتا۔

توپخانہ کی گرج کا یہ حال کہ ایک عمارت اور ایک مورچہ ثابت نہ رہا حتیٰ کہ ترکوں نے اپنے شہیدوں کی لاشوں کی دیوار پر بنا کر مورچہ کا کام لیا مگر پلونہ نہ دیا!

اور افسوس کہ کمک اب بھی نہیں آئی تھی۔ ایک اُمید موہوم تھی کہ سلیمان پاشا[1] فوج لیکر امداد کو آتا ہے مگر بھلا کیسے ممکن تھا کہ روسی افواج پلونہ سے آگے بڑھکر جنرل گورکو کے ماتحت رومیلیا کی طرف جارہی تھیں۔ اور پلونہ روسی سمندر میں جزیرے کی طرح تھا۔

میکائیل رومانوف نے روسی اور رومانوی لشکر ٹڈی دل کی طرح آگے بڑھایا۔ اور ادھر عثمان پاشا نے جھنجلا کر قسم کھائی کہ

---

[1] سلیمان پاشا کو یا تو گورکو نے اور یا رشوت نے روکدیا۔ دراصل رشوت نے پلونہ کو امداد نہ پہنچنے دی۔

پلوٹو ہرگز نہ دونگا۔ غازیو کمٹ مرو۔ معرکہ پھر شروع ہوگیا۔

یہ پہلا اس سے بھی زبردست تھا۔ مسلسل اور خوفناک جنگ !! ترکی فوج سردی میں اکڑ رہی تھی، فاقہ کشی کر رہی تھی اور لڑ رہی تھی۔ غازیوں کی زبان پر تھا کہ پلوٹو نہیں دینگے !!

اور جوں جوں گھمسان کی لڑائی ہوتی گئی غازیوں کا جوش بڑھتا گیا۔ رومانوف کا زبردست سے زبردست حملہ بڑے جوش و خروش کیساتھ اٹھا اور ابال کی طرح بیٹھ گیا۔ حملہ پر حملہ اور حملہ پہ حملہ۔ غازی عثمان پاشا کو پھر جوش آیا۔ اللہ اکبر! اللہ اکبر! تکبیر کے نعروں کے ساتھ یہ بیچ مٹھی ہی بھر فوج جوش و خروش میں قلعہ چھوڑ کر باہر نکل پڑی اور اس عظیم الشان روسی اور رومانوی لشکر کو پھر اسی طرح دھکے لوٹ[1] دیا۔ میکایل رومانوف کی ساری فوج انتہائی ذلت کے ساتھ اپنا بوریا بستر اچھوڑ کر سراسیمگی کی حالت میں بھاگی۔ کہاں کے شاہ رومانیہ اور کہاں کے رومانوف۔ عثمان پاشا نے سچ مچ روسی کی طرح دھنک کر پھینک دیا۔ حیف صد حیف کہ تیس ہزار سپاہیوں میں سے اب کتنے رہ گئے تھے جو میکائل رومانوف کا تعاقب کرتے۔ غازی عثمان پاشا کیا کرتے۔ لاچار و مجبور ہوکر پھر پلوٹو کے پلوٹو ہی میں رہے۔

جنوری ۱۸۷۷ء

اس شکست نے زار روس کا کیا حال کیا ہوگا۔ یہ نفس نفیس زار روس تازہ دم افواج لیکر خود بڑھا اور اب از سر نو پھر پلوٹو کے محاصرے کو سخت کیا۔

"دنیا حیرت میں تھی کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ ادھر سارا ٹرکی فتح ہوا جاتا ہے پر پلوٹو نہیں ملتا۔

اور غازی عثمان پاشا نے پھر کہا کہ میں پلوٹو نہیں دونگا۔ ہرگز ہتیار نہ ڈالوں گا۔ کٹ مرونگا۔

اور بہت جلد ترکی فوج اور پلوٹو کے قلعہ کی حالت قابل رحم ہوگئی۔ روسیوں نے پانی پر بھی قبضہ کرلیا اور ترکی فوج پیاسے کے مارے بیحال ہوگئی۔ مگر توبہ کیجیے حسینؓ کے نانا کے امتی انہیں پیاسا مارنے سے ڈرتے۔ تلاش آب میں باہر نکلے کہ ظالم روسیوں نے آلیا۔ زور کی جنگ ہوئی۔ اور اسی دوران میں بارش آگئی۔ روسیوں کو تو مارے بھگا یا اور پیاسے سپاہی اس خونیں میدان جنگ پر زمین میں جگہ بہ جگہ بھرا ہوا پانی پینے لگے۔ اس پانی میں زخمیوں کے خون کی آمیزش ہوگئی جس سے متلی اور قے شروع ہوگئی۔ خدا کی پناہ! کس قدر سخت محاصرہ تھا۔ مگر واہ رے عثمان پاشا پھر گرج کر یہی کہا کہ میں پلوٹو نہیں دونگا۔

بہت جلد نوبت یہ پہونچی کہ فاقہ ایسا شروع ہوا کہ ایک نوالہ تک نہ رہا۔ اور اب سوال تھا کہ کیا کریں۔

عثمان پاشا نے کہا بخدا میں پلوٹو نہیں دونگا۔ پلوٹو تھا کہ کھنڈر!

اوہم پاشا نے کہا "پھر کیا حکم ہے"؟

عثمان پاشا نے کہا کہ حکم کیا ہے۔ میگزین اڑا دو اور روسی فوج کو کاٹ کر نکل چلو"

سوال تھا کہ کہاں؟ ہر چہار طرف سینکڑوں میل تک روسی قبضہ تھا۔ ہوا کرے!

عثمان پاشا نے کہا کہ "کچھ پروا نہیں ہم روسیوں کو کاٹ کر نکل چلیں گے"

---

[1] Twice the Russians and Rumanians were totally defeated in the field. (Lane Pool.)

(۸)

صبح اندھیرے ایک دھماکے کے ساتھ قلعہ کا میگزین اُڑا۔ عثمان پاشا نے اپنی فوج کو ایک لانبی صف میں مرتب کیا تھا۔ ریزگارڈ ایکشن[1] (پلٹ کر لڑنے) کے فرائض اہتمام پاشا کے سپرد کئے۔

رُوسی فوج کے قریب پہونچ گئے تھے جب میگزین اُڑا اور میگزین کے اُڑتے ہی اُدھر روسی فوج بیدار ہوئی کہ یہ کیا آفت، کہ عثمان پاشا نے اپنے چار جرنیلوں کو ہمیز کر کے للکارا اور اپنی تلوار نیام سے کھینچکر نعرہ مارا "بتر جم" (چارج کرو)

اور جنگی بینڈ گویا چیخ پڑا۔ "بتر جم ـــــ بتر جم!!" پاشا کے باڈی گارڈ نے نعرہ مارا "بتر جم، بتر جم" چاؤش[2] للکارے "بتر جم بتر جم" حتیٰ کہ ہر سپاہی نے نعرہ مارا "بتر جم"۔ گھوڑے تک چارج کا نعرہ سُنکر ہنہنانے لگے۔ ایک دم سے عثمانی صف کے بیچوں بیچ میں ایک نوک پیدا ہوئی اور سرعت کے ساتھ عثمانی فوج جو صف کی صورت میں تھی تیر کی سی نوک بن گئی کہ ایک بازو ادھر اور ایک اُدھر! اس طرح:-



اور یہ نوک ایک سناٹے کے ساتھ رُوسی فوج میں ترازو ہو گئی!!

(۹)

"بتر جم" غازی پاشا کے باڈی گارڈ للکارے۔ "بتر جم" اور ہم پاشا نے عقب سے نعرہ مارا۔

اور یہ ترکی فوج کا چارج تھا کہ الامان۔ شیر پلونہ غازی عثمان پاشا صورت جلال خود حملہ آور!!

رُوسیوں نے پلونہ کے گرد ہفت مورچہ محاصرہ کر رکھا تھا۔ پہلا اور دوسرا مورچہ تو غازی اس طرح پھاند گئے جیسے گندی نالی۔ تیسرے مورچہ پر رُوسی ہوش میں آئے کہ دشمن بھی پار ہوا اور چوتھے مورچہ پر روسیوں نے دیوار کی دیوار سامنے کر دی۔ کیا کوئی آگے بڑھتا۔ زار رُوس خود فوجوں کو مارشل کر رہا تھا اور اُس نے یمین و یسار کو نرغہ کے لئے اور بڑھا دیا۔

پاشا کا باڈی گارڈ اس ناقابل عبور فوج کے سمندر کو دیکھکر کچھ ہچکچایا کہ کیا حکم ملتا ہے۔ رفتار ہلکی کی تھی کہ پاشا نے جھنجھلا کر نعرہ مارا "بتر جم" اور تیر کی طرح اپنا رہوار توپ کی گرج اور گولیوں کی بارش میں بڑھا دیا!!

باڈی گارڈ اور ساری ترکی فوج نے پھر اسی جوش کے ساتھ نعرہ مارا "بتر جم" اور سنگینیں چڑھا کر جو ترکی فوج نے رُوسی صفوں کو چیرنا شروع کیا ہے تو ایک ہولناک کشمکش کے ساتھ غازی پاشا مع اپنے باڈی گارڈ کے للکارتے ہوئے مورچہ توڑ کر نکل گئے!! "بتر جم" سنگینوں سے رُوسیوں کو چیر کر نعرہ مارتی ترکی فوج نکل چلی آئی! فوجوں کا نرغہ اور بھی بڑھ گیا۔ زار نے دیکھا کہ ترکی جنرل زبردستی نکلا جاتا ہے غضب ہے۔ جوشاں اور خروشاں رُوسی ہر چہار طرف سے اُمنڈ آئے۔ توپوں کی گرج سے میدان دہل گیا۔ گولیوں کی بوچھار نے بارش کو مات کر دیا۔ مگر واہ رے غازی۔ یہ شدّ و مد کی مخالفت اور یہ نرغہ۔ مگر ہمتِ مرداں مددِ خدا۔ غازی کی زبان پر وہی حکم تھا کہ چارج کرو! "بتر جم، بتر جم" اور پھر گویا پتھر کو کاٹتا ہوا تھکا ہارا ترکی سپاہی آگے بڑھا۔ بتر جم غازی پاشا کے باڈی گارڈ نے پھر للکارا اور اوہم پاشا نے ہولناک تریں "ریزگارڈ ایکشن" لڑتے ہوئے عقب سے للکارا "بتر جم"۔ اور پھر اُس جوش و خروش سے بڑھکر عثمانی اِس مورچہ کو بھی توڑ کر نکل گئے! (زندہ باد اے عثمان)

---

[1] Rearguard Action ..... [2] چالیس آدمیوں پر ایک سردار چاؤش ہوتا ہے۔

(۱۰)

جنگ ہولناک سے ہولناک تر ہوگئی۔ یمین و یسار کے دباؤ نے ترکی فوج کو پیسنا شروع کیا۔ جیسے سمندر میں تنکا بہا جاتا ہو۔ ہر قدم یہی خیال کہ پاشا ہتیار ڈالنے کا حکم دیتے ہیں کہ پاشا اور اُن کے باڈی گارڈ زور سے للکارتے "بترجم"۔

آخری کشمکش ہولناک تر ہی لڑائی تھی۔ دست بدست کا گھمسان۔ مٹھی بھر آدمی رہ گئے۔ اب فاتحی جوش تھا کہ لڑ رہا تھا۔

غازیوں نے ہتیار نہیں ڈالے۔ گاجر مولی کی طرح کٹ مرے اور آخری مورچہ پر تو گویا فولادی دیوار کو توڑ کر عثمان پاشا مع فوج "بترجم" کا نعرہ مارتے نکل گئے۔ اللہ اکبر کا فلک شگاف نعرہ بلند ہوا۔

دُنیا میں جنگ کمال ہوگیا کہ شیر پلونہ سے کے سب مورچے توڑ کر پار نکل گیا! مگر افسوس صد افسوس کہ آہ ہم پاشا نرغہ میں رہ گئے۔ آخری مورچہ پر اُن کے مٹھی بھر سپاہی سر توڑ کوشش کر رہے تھے اور عثمان پاشا نے دیکھا کہ آہ ہم پاشا رہے جاتے ہیں۔ ترکی قوت دو حصہ ہوگئی۔ روسیوں کا سمندر بیچ میں۔ عثمان پاشا کو توقف کرنا پڑا۔ کیا کرتے۔ واپس لوٹ پڑے۔ کہ روسیوں نے اب دوسری چال چلی۔ دیکھا کہ واپس حملہ ہوتا ہے تو سپاہیوں کو ذرا روک کر توپخانہ کا رُخ اُدھر کر دیا۔ اور پھر جو توپیں گرجنا شروع ہوئی ہیں تو خود عثمان پاشا کے سر پر گولوں کی بارش ہو رہی تھی۔ مگر کہیں غازی رُکتے ہیں! انہوں نے واپس چارج کیا ہی تھا کہ روسیوں نے نشانہ باندھ کر غازی کو توپ سے اُڑا دیا۔

(۱۱)

عثمان پاشا توپ کے گولے سے اُڑ کر دور گرے۔ باڈی گارڈ کے پرخچے اُڑ گئے۔ پاشا کا گرنا تھا کہ ٹڈی دل روسی ٹوٹ پڑے۔ ایسی کہ پاشا کی جان بچانا دوبھر ہوگئی اور اس چیقلش میں توپ کے گولے کے علاوہ پاشا کے سر میں ایک سنگین کا زخم بھی لگا۔ وہ تو باڈی گارڈ کے سپاہی کٹ مرے ورنہ غازی پاشا شہید ہو جاتے۔ باڈی گارڈ کے سپاہیوں نے غازی کو اسی حالت میں اُٹھا کر ایک ٹیلہ پر پہونچایا۔ غازی پاشا بے حال تھے۔ چاروں طرف دیکھا تو روسی سیلاب ترکی فوج کو ڈبو چکا تھا۔ ایک ایک سپاہی کے گرد دس دس روسی۔ سپاہی کٹ رہے تھے۔ ایک روسی افسر سفید رومال ہلاتا قریب آیا۔ اجازت دی گئی۔ اُس نے پاشا سے کہا۔ "اب کیا دیکھتے ہیں۔ سپاہیوں کو موت سے بچایئے"۔ بچ بھی تھا۔ عثمان پاشا نے زخموں سے چُور ایک آہ کھینچی۔ حکم دیا کہ ہتیار ڈال دو، اور اپنی تلوار بمطور اعترافِ شکست روسی افسر کو دیدی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

"میرے بھوکے سپاہی"۔ ایک دلدوز آہ کے ساتھ عثمان پاشا کی زبان سے نکلا۔

معاً امن کا سفید جھنڈا ٹیلہ سے بلند ہوگیا اور وہی باڈی گارڈ جو بترجم للکار رہے تھے اب اعلان کر رہے تھے کہ ہتیار ڈال دو۔ اور غازیوں نے ایک آہ بھری، آسمان کی طرف دیکھا۔ اور خون آشام سنگین یا خونی تلوار جو بھی ہاتھ میں تھی وہیں کی وہیں صیرو شکر کر کے ڈال دی۔ ساری فوج مع افسر اور سپاہی جنگ کے قیدی تھے۔

پورے چھ ماہ کے طویل محاصرے کے بعد دو تین لاکھ فوجوں کی امداد سے زار روس نے پلونہ کا قلعہ لے لیا۔ ساری دنیا میں تعریف کا غلغلہ بلند ہوگیا۔ زار کی فتح کا نہیں بلکہ عثمان پاشا کی شاندار مدافعت کا۔

اور لوگوں نے کہنا شروع کیا: "اگر عثمان پاشا زخمی نہ ہوتے تو گورکو کو پیچھے سے جا دباتے!" بھلا غور تو کیجئے سپاہی اُنکے

پاس کتنے تھے جو گورکو کو بھاگتے۔

۱۲

زار روس نے عثمان پاشا کو طلب کیا۔

دو گھوڑوں کی گاڑی میں سوار۔ ایک طرف پاشا کا ایڈی کانگ اور دوسری طرف اُن کا ڈاکٹر تھا۔ روسی فوج دور یہ کھڑی مع عوام کے غازی کو دیکھتی تھی۔ یہ کون تھا؟ وہی جس نے پلونہ نہیں دیا! جو روسیوں کے تمام مورچوں کو توڑ کر نکل گیا! جس نے نیکوپل و دمانافت اور رومانیوں کو ذلت آمیز شکست دی! جس نے پلونہ کے محاصرہ میں ساٹھ ہزار روسی قتل کر ڈالے اور نہیں ہارا۔ اور اگر چھوٹ جاتا یا امداد آجاتی تو یکا غضب ڈھاتا! ذرا دُہرے بدن کا مضبوط الاعضا۔ پستہ قد انسان، فراک کوٹ پہنے، ترکی ٹوپی مختصر خوبصورت ڈاڑھی۔ صرف کچھ بال سفید۔ سُرخ و سفید رنگ۔ چہرہ انتہا سے زیادہ متین اور خاموش۔ صورت سے عثمانی جلال کی تصویر، آنکھوں میں بلا کی قوت۔ جنگ میں شیر غرّاں اور باہر بھولا بھالا اور سچا سیدھا مسلمان۔ مذہب کا سختی سے پابند۔ یہ تھا عثمان پاشا جو زار روس سے ملنے پہنچا۔ اپنے فاتح دشمن سے!

زخموں سے چُور تھا جگہ جگہ پٹیاں بندھی تھیں۔ توپ کے گولے نے ران کو سخت زخمی کیا تھا اور سر کا سنگین کا زخم بہت تکلیف دہ تھا۔

ایڈی سی اور ڈاکٹر نے سہارا دے کر کمرے میں پہونچایا۔ وہاں ایک کُرسی پر بٹھا دیا اور زار روس کا انتظار ہونے لگا۔

۱۳

زار روس مع اپنے سرداروں، نوابوں اور خزیلوں اور فوجی اسٹاف کے اپنے پورے شاہی دبدبہ کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا۔ اُسکے چہرے پر مُسکراہٹ تھی۔ پلونہ کا فاتح اپنے مدمقابل سے ملنے آیا۔ ملاقات کسقدر دلچسپ ہوگی۔

غازی پاشا فوراً تعظیم دینے کھڑے ہوئے اور فوجی سلام کیا۔ زار روس انکو اُٹھتا دیکھکر آگے بڑھا "ہیں! ہیں! تم مت اُٹھو، زخمی ہو" زار نے اخلاق سے سلام کرتے ہوئے کہا۔

عثمان پاشا نے سپاہیانہ سادگی سے کہا "سپاہیوں پر بادشاہوں کی تعظیم لازمی ہے۔ آپ شہنشاہ ہیں"

مُسکرا کر زار نے کہا "تمہارا دشمن"

عثمان پاشا کو ایک طرف سے اُن کا ایڈی سی اور دوسری طرف سے ڈاکٹر سہارا دئے پکڑے کھڑے تھے۔ زار نے بٹھانے کا حکم دیا اور پھر کہا۔

"عثمان پاشا میں تم کو تمہاری حیرت انگیز مدافعانہ جنگ پر مُبارکباد دیتا ہوں"

عثمان پاشا نے سپاہیانہ انداز سے شکریہ ادا کیا اور زار روس نے پھر اُن کو مبارکباد دی اور آگے بڑھکر عثمان پاشا کی گرفتہ تلوار خود اپنے ہاتھ سے اُن کی کمر میں باندھ دی۔ اس سے بڑھکر اور کون صلہ مل سکتا تھا۔ زار نے کہا "تمہاری تلوار واپس اور تم قیدی نہیں بلکہ آج سے میرے مہمان ہو"

لہ جنرل گورکو جس نے کوہ بلقان پار کر کے ترکوں کو آخری شکست دی۔

زار روس نے بہادری اور بہادر کی قدر کی اور دنیا کو دکھا دیا کہ میں بھی بہادر ہوں۔ سکندر اور پورس کا معاملہ تاریخ نے دہرا دیا عثمان پاشا کے لئے اپنے دشمن اور وہ بھی شہنشاہ دشمن سے اس طرح خراج تحسین لینا معمولی بات نہیں اور شکریہ کے سبب ان کی آنکھیں نم ہوگئیں۔ مگر واہ رے غازی، اپنے سپاہیوں کو نہ بھولا۔

"اور میرے سپاہی؟"

زار نے کہا "وہ بھی آزاد اور میرے مہمان"

اور زار روس کے جنرلوں اور اسٹاف نے عثمان پاشا کو مبارکباد دی۔ عثمان پاشا اب زار کے معزز مہمان تھے اور زار کا فرض تھا کہ اپنے اسٹاف سے مہمان کا رسمی تعارف کرائے۔

"یہ میرے پیارے بھائی آرک ڈیوک میکائل روماناف تمہارے خاص دشمن اور میری افواج قاہرہ کے جنرل اعظم ہیں" زار روس نے بھائی کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا۔

یہ وہ تھے جن کی فوج کو عثمان پاشا نے قلابازیاں کھلا دی تھیں!! اور میکائل روماناف نے بڑے اخلاق سے مسکراتے ہوئے آگے بڑھکر عثمان پاشا سے ہاتھ ملایا۔

مصافحہ طویل اور دلچسپ تھا اس لئے کہ عثمان پاشا بھی مسکرا رہے تھے اور زار روس اور سب لوگ بھی مسکرا رہے تھے۔

"میرے عزیز ترین اور قابل قدر شاندار دشمن" عثمان پاشا نے مسکراتے ہوئے کہا اور مصافحہ ختم ہوا۔

"یہ میرے دوست ہز ہائی نس شاہ رومانیہ ہیں" زار نے کہا اور شاہ رومانیہ نے آگے بڑھکر مصافحہ کے لئے اپنا ہاتھ بڑھایا۔

خدا کی پناہ! غازی عثمان پاشا ایک دم سے صورت جلال ہوگئے "ہرگز نہیں" یہ کہکر اپنا مصافحہ والا ہاتھ کھینچکر اپنی پشت کی طرف لے گئے۔ جیسے ہاتھ کو کسی گندگی سے بچانا ہو "ہرگز نہیں۔ میں اس سے ہاتھ نہیں ملاؤں گا۔ یہ اس قابل نہیں کہ میں اس سے ہاتھ ملاؤں۔ یہ تو "باغی" ہے۔ دشمن سے ہاتھ ملا سکتا ہوں مگر "باغی" سے ہاتھ نہیں ملا سکتا"

سامعین پر بجلی سی گری۔ سب کے سب اس عجیب وغریب اظہار خودداری پر ششدر رہ گئے۔ شاہ رومانیہ خفیف ہوکر رہ گیا۔ بھرے دربار میں کیسی توہین ہوئی ہے! مگر واقعہ ہے کہ وہ سلطان کی ادنیٰ رعایا تھا اور بغاوت کرکے روسیوں سے مل گیا۔ بقیہ تعارف ہی پھر نہ ہوا۔ مگر باغی کو سزا مل گئی!!

نوٹ

غازی عثمان پاشا ترکی کا وہ آخری سپاہی تھا کہ جس کا جنگی کارنامہ اب بھی یورپ کے قرون وسطیٰ کے کارناموں میں سب میں زیادہ شاندار مانا جاتا ہے۔ پلوٹہ پر جنگ کیا بلکہ جنگی معجزہ کر گیا۔ چھ ماہ بعد جب قریب دس ہزار سپاہی روس کی قید یا مہمانی سے قسطنطنیہ واپس آئے تو سارا شہر غازی کو دیکھکر رو رہا تھا۔ غازی موصوف نہایت ہی سخت شاہ پرست تھے اور جس زمانے میں ینگ ٹرکش پارٹی کا زور ہوا اور انہوں نے شاہ پرستوں کو چن چن کر قتل کرنا شروع کیا تو معلوم ہوا کہ جو شیلا نوجوان ترک بھی اس سب سے بڑے شاہ پرست کو قتل کرنے پر تیار نہیں ہے۔ یہ طے ہوا کہ ان کو زندہ گرفتار کرکے کہیں قید کروا دو اور یہ ممکن نہ ہوا۔ سلطان عبدالحمید جانتے تھے کہ ان کے دشمن عثمان پاشا سے کس قدر محبت کرتے ہیں۔ لہٰذا سلطان نے یہ ترکیب کی کہ جب باہر نکلتے

تو اپنے پاس عثمان پاشا کو اس طرح بٹھاتے کہ کوئی ان کو قتل کرے تو عثمان پاشا بھی قتل۔ نتیجہ یہ کہ عثمان پاشا سلطان کی ڈھال بنے رہے، پلونہ کے معرکہ میں عثمان پاشا کی تیس ہزار فوج میں سے بیس ہزار کٹ مرے، مگر عثمان پاشا نے پچاس ساٹھ ہزار روسی قتل کئے۔ پلونہ کے غازیوں کی یورپ میں اتنی قدر و منزلت ہوئی تھی کہ جنگ عظیم کے دوران میں ایک بڈھا ترک سپاہی گلی پولی کے معرکہ میں گرفتار ہوا۔ یہ عثمان پاشا کے ساتھ پلونہ کے معرکہ میں شریک تھا۔ اس کی درجنوں تصویریں لی گئیں اور بڑے بڑے اتحادی جرنیل اس سے ملے اور پلونہ کی باتیں پوچھیں۔

عثمان پاشا کے ماتحتوں میں اوسم پاشا تھے جنہوں نے ۹۷ء میں یونان کو شکست دیکر بائیس دن میں پہلی فتح کی۔ اسی جنگ میں جنگ کی پہلی گولی چلنے سے پہلے ترکی فوج کا صرف معائنہ کرنے غازی کمال پاشا بھی گئے۔ یونانی لشکر میں ہلڑ ہوگیا کہ عثمان پاشا حملہ کر رہے ہیں۔ لہٰذا یونانی پہلا مورچہ محض شیر پلونہ کے نام پر چھوڑ بھاگے اور جنگ کی پہلی لڑائی صرف تعاقب ہی پر رہی۔ پلونہ کی جنگ کے دوسرے بہادر افسروں میں حافظ حفیظ پاشا بھی تھے جو ۹۷ء کی جنگ یونان میں شہید ہوگئے۔ ہیورڈ پاشا ایک انگریز افسر بھی ماتحتوں میں خوب لڑے تھے۔ یہ ترکی فوج میں شروع سے نوکر تھے اور عثمان پاشا کے بڑے مداحوں میں تھے۔ انہوں نے ایک کتاب بھی لکھی۔

لکھتے وقت کوئی کتاب پیش نظر نہیں تھی ممکن ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہو۔

ایک صاحب نے مجھے لطیفہ سنایا تھا، وہ یہ کہ مسٹر گلیڈسٹن وزیر اعظم برطانیہ جو ترکوں سے بیحد نفرت رکھتے تھے، بیمار پڑے اور اخبار روز سنتے۔ پلونہ کے فتح ہونے کی خبر کے روز منتظر رہتے مگر رنجدہ خبر ملتی۔ نتیجہ یہ کہ وبخ کے سبب بیماری بڑھ گئی اور ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ اخبار نہ پڑھیں مگر باز نہ آئے نتیجہ یہ کہ عثمان پاشا نے رومانیا کو جو شکست دی ہے تو اس کے صدمہ سے مرض بالکل بگڑ گیا اور بالآخر مر گئے۔ عثمان پاشا نے موذی کو بڑی دور سے مارا۔

مرزا عظیم بیگ چغتائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تازہ ترین تصنیف

مسز کرکٹ ھلے

یعنی اعلیحضرت ہز ہائی نس ڈیوک آف ونڈسر کے نام کھلا مکتوب۔ مرزا صاحب کی عجیب و غریب تصنیف۔ ایک انتہا سے زیادہ سنجیدہ اور باوقار مگر طول طویل مکتوب جو ہز رائل ہائی نس کی ارفع و اعلیٰ پوزیشن اور جملہ آداب شاہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک ذمہ دار مصنف لکھ سکتا ہے۔ وہ بھی انتہائی ادب اور لطافت کے ساتھ۔ قیمت ایک روپیہ، علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی۔

ناشاد

صبح کا وقت تھا۔ ایک بیمار ڈاکٹر کے ہاں گیا۔ گھنٹی بجائی۔ ڈاکٹر ملاقاتی کمرے میں آیا۔ دیکھا کہ مریض ٹہل رہا ہے۔ جوان۔ اونچا پورا۔ گلے میں ریشمی دستی۔ اس میں سیدھے ہاتھ کو سہارا دیا ہے۔ جیسے دکھتا ہو۔ چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے، سخت تکلیف ہے۔ جسے ضبط کر رہا ہے۔ مگر ضبط نہیں ہو سکتی۔

ڈاکٹر:۔ تشریف رکھیے۔۔۔۔

مریض:۔ تین روز سے نہیں سویا۔ ہاتھ میں بڑی کھولن ہے۔ آپ آپریشن کر دیں۔۔۔۔۔

ڈاکٹر نے سر سے پیر تک مریض کو دیکھا۔ پھر ہاتھ کو دیکھا۔ پوچھا: "کہاں تکلیف ہے؟"

مریض نے ہاتھ کے بالائی حصے کو اشارے سے بتا دیا۔ شدتِ تکلیف سے بول نہ سکا۔

ڈاکٹر نے پورے ہاتھ کا معائنہ کیا۔ مریض کا بخار دیکھا۔ حیران تھا کہ نہ کہیں ورم، نہ نشان، نہ بخار، پھر کیسی تکلیف ہے؟!

مریض کی عجب حالت تھی۔ تکلیف سے بے حواس تھا۔ ہاتھ کو بچائے لیتا تھا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آئے تھے۔

ڈاکٹر کو خیال ہوا۔ ہاتھ میں تو کوئی روگ نہیں۔ مریض کے دماغ میں روگ معلوم ہوتا ہے۔ کہا: "آپ میرے شفاخانہ میں کچھ روز ٹھہریں تو علاج ہو سکتا ہے۔"

اس پر مریض بے چین ہو گیا۔ کہنے لگا: "مجھے ایک ایک منٹ دو بھر ہے۔" پھر ڈاکٹر کی مشتبہ نظروں کو دیکھ کے کہا: "مانا کہ میرا زخم دکھائی نہیں دیتا۔ مگر میں دیوانہ بھی نہیں ہوں۔ کچھ ایسی ہی تکلیف ہے۔ جو آپریشن چاہتا ہوں۔"

ڈاکٹر:۔ مگر مشفق! میں کیسے آپریشن کر دوں۔

مریض:۔ کیوں؟!

ڈاکٹر:۔ آپ کا ہاتھ بالکل اچھا ہے۔

مریض نے جیب سے سو کا نوٹ نکالا۔ اور ڈاکٹر کو دیتے ہوئے کہا: "آپریشن کی فیس۔"

ڈاکٹر:۔ معاف کیجئے۔ تو کیا آپ ہزار بھی دیں تو میں آپریشن نہیں کر سکتا۔

مریض گھبرا کے ڈاکٹر کو دیکھنے لگا۔

ڈاکٹر:۔ ہاں!۔۔۔۔ آپ کے ہاتھ میں کوئی خرابی نہیں۔۔۔۔ دیکھئے نا، میں آپ کے اچھے بھلے ہاتھ کو کیسے کاٹ چھانٹ کے رکھ دوں؟

مریض:۔ اچھا، آپ آپریشن نہ کریں۔ میں خود بدگوشت نکالے دیتا ہوں۔ آپ زخم کی دیکھ بھال کر لیں۔

مریض نے یہ جملے کچھ ایسی مایوسی سے کہے کہ ڈاکٹر کا بھی دل ہل گیا۔ اور خیال ہوا کہ اس شخص کو کچھ ایسی ہی تکلیف ہے جو اتنا بے چین ہے۔ اتنے میں مریض نے یہ غضب کیا کہ ڈاکٹر کی آنکھ بچ کر الماری سے نشتر نکالا۔ اور دیکھتے دیکھتے ہاتھ میں بھونک لیا۔

ڈاکٹر:۔ ہائیں!! کیا کرتے ہو؟!

ڈاکٹر نے جلدی سے مریض کے ہاتھ سے نشتر چھینا۔ مجبوراً زخم کی دیکھ بھال شروع کی۔ مریض ڈاکٹر سے کہتا جاتا تھا "یہ، یہ بدگوشت ہے۔ اسی میں کھولن ہے۔ اسے نکال دیجئے۔"

ڈاکٹر نے ہاتھ کے جس حصے کا آپریشن کیا۔ وہ روپے سے کچھ بڑا تھا۔ جب اتنا گوشت نکل گیا۔ خاصا لہو بہہ گیا تو مریض نے آرام کا سانس

لیا معلوم ہوا کہ اسکی روح پر ایک بوجھ تھا جو اتر گیا۔

ڈاکٹر۔ اب تو تکلیف نہیں۔

مریض۔ بالکل نہیں۔ ٹھہر یہ! اب تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ملتان دھوپ میں تپتا ہوا انسان ٹھنڈی چھاؤں آجائے۔

ڈاکٹر نے زخم پر پٹی باندھی۔ اب مریض پہلا سا آدمی ہی نہ تھا۔ بڑا بھلا مانس بن گیا۔ ہنس مکھ، خلیق، ملنسار، باتوں باتوں میں مریض نے پھر فیس دینی چاہی۔ مگر ڈاکٹر نے نہ لی۔

کئی روز تک ڈاکٹر اس شخص کے پاس ہوٹل میں جاتا رہا، کیونکہ وہ شخص کہیں اور سے علاج کے لئے آیا تھا۔ مریض پڑھا لکھا اور اچھے گھرانے کا فرد تھا۔

کچھ دن میں زخم بھر گیا۔ وہ شخص اپنے گھر واپس ہو گیا۔ شکل سے تین چار ہفتے گزرے ہوں گے کہ ایک روز وہی شخص پھر ڈاکٹر کے ہاں چلا آتا ہے۔ گلے میں دستی، اس میں ہاتھ کو سہارا دے رکھا ہے۔ کیونکہ اسی ہاتھ میں اسی جگہ دکھ کی وہی شدت ہے۔ چہرے پر زردی۔ آنکھوں میں آنسو، ابرو پر پسینہ۔ آیا اور آتے ہی آرام کرسی میں بے حال ہو کر گر گیا۔ تکلیف کا یہ عالم تھا کہ منہ سے بات نہ نکلتی تھی۔ اس لئے بلا کچھ کہے سنے اس نے ڈاکٹر کے سامنے اپنا دکھتا ہوا ہاتھ پھیلا دیا۔ اور بڑی تکلیف سے کہا۔ "ڈاکٹر! میں نے آپ سے کہا تھا کہ زخم اور گہرا کیجئے۔ دیکھئے، مگر پھر عود کر آیا۔"

ڈاکٹر نے ہاتھ کا معائنہ کیا۔ زخم اچھا ہو گیا تھا۔ نئی کھال بھی آگئی تھی۔ اس دفعہ بھی نہ سوجن تھی، نہ بخار تھا۔ مگر مریض کو پہلے سے بھی زیادہ بے چینی معلوم ہوتی تھی۔

اب بھی سوائے آپریشن کے گزر نہ تھا۔ آپریشن ہوا۔ ادھر آپریشن ہوا ادھر درد کا فور ہو گیا۔ مگر قرینہ کہتا تھا، مریض کو ویسا سکون نہیں ہوا جیسے پہلے ہوا تھا۔

مریض۔ آپ کو زحمت ہوئی۔

ڈاکٹر۔ کیا ہرج ہے۔ میرا تو کام ہی یہ ہے۔ . . . . اب تکلیف نہ ہوگی میں نے گہرا نشتر دیا ہے۔

کچھ روز بعد مریض پھر چلا گیا۔ ڈاکٹر کو بڑی الجھن تھی کہ آخر یہ مرض کیا ہو سکتا ہے۔ کئی اور ڈاکٹروں سے بھی مشورہ کیا۔ مگر کسی نے کچھ کہا کسی نے کچھ۔ خیر ایک ہفتہ گزرا۔ دوسرا گزرا۔ مگر مریض نہیں آیا۔ تیسرا ہفتہ بھی گزر گیا۔ اب بھی مریض تو نہ آیا، ایک خط آیا۔ ڈاکٹر نے خیال کیا، ہو نہ ہو یہ مریض کا ہی خط ہے۔ چلو اچھا ہوا۔ اسے صحت ہو گئی۔ جو وہ نہیں آیا۔ خط خیریت کا بھیجا ہے۔ یہ سوچتے ہوئے خط کھولا اور پڑھنے لگا۔

"——— جب سے آپ کے پاس سے آیا ہوں، مرض کے دو سخت دورے پڑ چکے ہیں۔ ہر دفعہ گوشت نکال دیا۔ لہو بہہ گیا تو سکون ہو گیا۔ دورے بتاتے ہیں کہ یہ اب جان کے ساتھ ہی جائیں گے۔ آپ کو میری طرف سے تشویش ہوگی۔ اس لئے یہ چند سطریں لکھ رہا ہوں۔ ان میں میری ماندگی کی سرگزشت ہے۔ جو میری زندگی کا ایک راز ہے۔ جی نہیں چاہتا کہ اسے ساتھ لیجاؤں، آج آپ پر افشا کرتا ہوں۔

——— چار پانچ مہینے ہوئے، میں بھی دنیا کے خوش نصیبوں میں تھا۔ یعنی تیس بتیس برس کے انسانوں کو مسرت کی جو چاٹیں بھا سکتی ہیں وہ مجھے بھی بھاتی تھیں۔ اور ایک کھاتا پیتا، پڑھا لکھا شخص انہیں جس سلیقے سے برت سکتا ہے، میں بھی برتتا تھا۔ برس بھر میرے بیاہ کو ہو چکا تھا۔ جو میں نے اپنی پسند سے کیا تھا۔ ماں باپ کی پسند کا نہ تھا۔ جیسے ہمارے گھرانے کا دستور ہے ———

——— ڈاکٹر! آپ کو کیونکر بتاؤں کہ میری شریک زندگی کیسی تھی۔ خوبصورت، خوب سیرت، ہنستی پیشانی۔ پڑھی لکھی، تندرست۔ ہائے! ایک افسوں ہو تو نام لوں۔ میری زندگی کا کون سا سانس ہے جس پر اس کا جادو نہ تھا۔ بس اس نے مجھے اپنا

کر لیا تھا اور وہ خود میری ہو کر رہ گئی تھی۔

—— تو ہاں سنگار میز کے ایک خانے کو میں مقفل رکھتی۔ اُس کی کنجی بھی اپنے پاس سے جدا نہ ہونے دیتی۔ ایک دن اسی بات پر مجھے شبہات پیدا ہوئے۔ اور مجھے محسوس ہوا کہ میری بیوی کی محبت صرف دکھاوے کی ہے۔ اس میں اصلاً کوئی جان نہیں۔ اُف! انسان کیسا نادان ہے کہ محبت کو نفرت اور راحت کو کلفت سے بھی بدل لیتا ہے۔

اِس احساس کے ساتھ ہی میرا دل خالی خالی ہو گیا۔ اور بیوی کی ہر بات کھٹکنے لگی۔ اب روئی کی آگ کی طرح اندر ہی اندر کوئی شے میری رُوح کو پھونکے دیتی تھی۔ بار بار دل میں آتا کہ میز کے خانے میں نہ جانے کس کے کیا تحفے ہیں۔ جنہیں مجھ سے یوں چھپایا جا رہا ہے۔

—— شبہات بڑھتے رہے چاہت کم ہوتی رہی۔ دم بدم مجھے یقین ہوتا گیا کہ اس کی آنکھوں میں عصمت نہیں۔ مکر ہے۔ اس کے پیار میں خلوص نہیں۔ لوث ہے۔ اس کی باتوں میں مٹھاس نہیں، زہر ہے۔

ایک دن کا ذکر ہے۔ اُس کی سہیلی آئی۔ کم و بیش یہ روز اُس کے پاس آیا جایا کرتی تھی۔ کہا "پرسوں باغ میں جلسہ ہے، تم بھی چلو"۔ بھلا میری بیوی کو میرے دل کی کیا خبر تھی۔ جس کی جُوالا مکھی باتوں پر میں نے ریا کی اندھیری ڈال رکھی تھی۔ وہ میرے پاس آئی۔ ہنستے ہوئے مجھ سے جانے کیلئے پوچھا۔ میں نے بخوشی اجازت دیدی۔ کیونکہ میں ایسے موقع کا منتظر ہی تھا۔ جونہی وہ دونوں گئیں میں نے دوسری کنجیاں لگا لگا کر میز کا خانہ کھول لیا۔ اِدھر دیکھا، اُدھر دیکھا۔ تو عطر دان میں نیچے کی طرف کاغذات کا ایک چھوٹا سا پلندہ نظر پڑا۔ جو سُرخ ریشمی ربن سے بندھا ہوا تھا۔ صاف معلوم ہوتا تھا کہ یہ کسی مکتوب محبت ہیں۔ جن کی اس شد و مد سے حفاظت ہو رہی تھی۔ دھڑکتے دل اور کانپتے ہاتھوں میں نے پلندا کھولا۔ اور بمشکل ان خطوں کو پڑھ سکا۔ نہیں کہہ سکتا ان کے الفاظ میری نظروں قلب و قلم کے تکلے ہوئے بول تھے، یا ذہکتے انگارے تھے۔ اب زندگی میرے لئے جہنم بن گئی تھی۔ کیونکہ مجھے یقین تھا کہ جس وجود کو میں نے اپنا کہا۔ اُس نے میرے لئے یہ ہلاہل تیار کیا ہے۔ جس کو بوند بوند کر کے آج مجھے پینا پڑ رہا ہے۔ ان خطوط میں وہ سب کچھ تھا جو مرد حالتِ اضطرار میں عورت کو لکھتا۔ اور اُس کو محبت کے نام سے یاد کرتا ہے! خیر خط میں نے پڑھ لئے اور پھر اسی طرح رکھ دئے اور میز کے خانے کو مقفل کر دیا۔ اور ایک عجیب قلبی موت میں گرفتار ہو گیا۔

شام ہوئی۔ میری بیوی پردہ باغ سے واپس آئی۔ سہیلی ساتھ نہ تھی۔ موٹر سے اُترتے ہی وہ ہنستی پیشانی میٹھی میٹھی باتیں کرنے لگی۔ لیکن میرے دل میں کچھ تھا، منہ پر کچھ تھا۔ اُسے ذرا نہ معلوم ہونے دیا کہ کوئی ایسی ویسی بات ہوئی ہے۔ جس کا مجھے ملال ہے۔ ہم دیر تک باتیں کرتے رہے۔ روز کی طرح رات کا کھانا بھی ساتھ کھایا۔ کھانا کھا کر میں نے کہا "مجھے ذرا کی ذرا ایک دوست کے پاس جانا ہے۔ ضروری کام ہے"۔ اور یہ کہتے ہوئے میں نے باہر جانے کی تیاری شروع کی۔ بیوی نے مجھے جاتے دیکھا تو بہت روکا۔ کہا "اب رات ہو گئی۔ نہ جاؤ۔ تنہائی میں میرا جی گھبرائے گا۔ صبح چلے جانا"۔ مگر میں نے اس کی ایک نہ سنی۔ باہر چلا آیا۔ کیونکہ مجھے آج رات اپنا سوچا ہوا کام کرنا تھا۔ وہ نہ کرتا تو پاگل ہو جاتا۔

کوئی گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹے کے بعد کپڑا جھاڑ کر میں واپس ہوا۔ دبے پاؤں کمرے میں گیا۔ دیکھا خوابی بلب روشن ہے۔ جس کی دھیمی مگر رنگین روشنی میں میری بیوی کا نندا سا حسن جھمک رہا ہے۔ یہ منظر دیکھ کر اپنے آپ میرا دل مُڑ گیا۔ اس وقت گھنٹے نے گیارہ بجائے۔ گجر میں بڑا لے دار نغمہ بجتا تھا۔ اُسے سُنکر نہ جانے کیوں میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ میں کتنی دیر تک روتا رہا—— میری بیوی سو رہی تھی۔ ہاں کبھی کبھی اس طرح

کروٹ لیتی، جیسے کوئی بےچین ہو"۔

— آہ! جس زہر نے میرا اول و دماغ بِسا دیا تھا، اُسنے پھر مجھ میں ایک داخلی تشنج پیدا کیا۔ اور مجھے یہ محسوس ہونے لگا کہ اگر کچھ دیر اور مَیں یونہی کھڑا رہا تو میرے روئیں روئیں سے خُون پھُوٹ بہے گا۔ اسی عالم میں آگے بڑھا۔ آہستہ سے اپنا سیدھا ہاتھ اُس کے گلے پر رکھا۔ اور پوری قوت سے دبایا۔ جس سے اُس کے جسم میں دفعتاً تڑپ پیدا ہوئی۔ اُس نے گھبرا کے آنکھیں کھولیں۔ مجھے دیکھا تو نگاہوں میں وحشت کی جگہ حسرت آگئی۔ گویا مرنے والی مجھ سے اپنی خطا پوچھتی۔ مگر پھر آنکھیں بند کرلیں۔ جو سدا کے لئے مُند گئیں۔

—— اس کا مزا اب تک میری نظروں میں ہے۔ جیسے کسی بچے کو نیند کا غلبہ ہو اور وہ میٹھی نیند سو جائے۔ ہائے! اُسنے میرے ہاتھوں اپنی جان دیدی۔ مگر اُف تک نہ کی۔ ہاں اسی وقت اُس کے مُنہ سے نہ معلوم کس طرح خُون کی کچھ بوندیں اُڑی تھیں۔ جو میری قمیص پر گریں۔ اُن کی ایک بُوند میرے ہاتھ پر بھی گری تھی۔ جسے میں نے صبح دیکھا۔ اس وقت بالکل خشک ہوگئی تھی۔ اور یہ وہی جگہ ہے جہاں یہ کھولن ہے۔

صُبح ہوئی۔ میں نے اپنے چند دوستوں کو بُلایا اور چُپ چُپاتے اُسے دفن کر دیا۔ اب جو پوچھتا، کہدیتا: کیا بتاؤں، رات کو ہیضہ خاصی سوتی تھیں۔ صبح کو مُردہ پائی گئیں۔ دل کی حرکت بند ہوگئی"۔ یہ باتیں کچھ ایسی شکل اور بسور تی آواز میں کہتا کہ لوگوں کو کسی طرح کا کوئی شُبہ تک نہ ہوتا۔ اُلٹے سب مجھ سے ہی ہمدردی فرماتے تھے۔

میں نے یہ سب کچھ کہا۔ مگر میرا ضمیر مجھ سے راضی تھا۔ اس میں کوئی ٹیس نہ تھی۔ مَیں سمجھتا تھا کہ میں نے مرنے والی پر ظلم بہت کیا۔ میں یہ بھی جانتا تھا کہ وہ اسی کی سزاوار تھی۔ جو میں نے اُسے مار ڈالا۔ اور اس طرح مار ڈالا کہ شاید ہی کوئی قاتل، ظالم، ڈاکو اس اطمینان سے کسی کو مار سکتا ہے۔

دوسرے ہی دن میری بیوی کی سہیلی آئی۔ اور مرنے والی کو یاد کر کے بہت روئی۔ اس کے رونے سے میرے دل پر اس لئے تو اثر ہوا کہ ایک عورت رو رہی تھی۔ مگر کیوں رو رہی تھی اس کی کوئی پروا نہ تھی۔ جب وہ خُوب رو چکی، دل کی بھڑاس نکال چکی تو میرے پاس آئی۔ اور مجھے ایسا معلوم ہوا جیسے وہ مجھ سے کچھ کہنا چاہتی ہے۔ آخر کہنے لگی: "آپ جانتے ہیں۔ مجھ میں اور مرنے والی میں کیسی یک دلی تھی"۔ اتنا کہا اور یکایک خاموش ہوگئی۔ اس کی اس خاموشی میں کچھ حیرانی بھی تھی۔

میری سمجھ میں نہ آیا کہ اس کہنے سے اس کا کیا مطلب ہے۔ پھر وہ مجھے میز کے پاس لے گئی۔ اور مجھ سے کہکر عطردان سے کاغذوں کا وہی پلندا نکلوایا۔ جس کے خطوط میں نے پڑھے تھے۔ اور بڑے اضطراب میں کہا: "یہ میرے ہیں"۔

یہ ایک بیوہ لڑکی تھی۔ جس نے تھوڑا پڑھا تھا۔ مگر خود کو علاّمہ سمجھتی تھی۔ مشرق میں جیتی، مغرب کی ریس کرتی۔ بس یوں سمجھئے کہ آدھا تیتر آدھا بٹیر تھی۔ بیوہ ہو کر دیس کی خدمت کرنے کا پرچار سُوجھا۔ اور اس چیز کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا۔ کہتی تھی: "دُنیا میں سارے رشتے جُھوٹے ہیں۔ اگر کوئی رشتہ سچا ہے تو وہ یہ کہ انسان دیس کی خدمت کیا کرے"۔ اسی دُھن میں اُس نے دوسرا بیاہ نہ کرنے کا بھی عہد کرلیا تھا۔ مگر پیارو محبت کے خطوط اس کے ہاں ہُن کی طرح برسا کرتے تھے۔ جنہیں دُنیا کی نگاہوں سے بچانے کے لئے وہ اس طرح چُھپاتے چُھپاتے پھرتی تھی جس طرح بلّی اپنی ذیلی پیداوار کو چُھپاتی ہے۔

یہ معلوم کر کے کہ وہ خطوط کس کے تھے، اور کیا ہوگیا۔ مجھ پر بجلی گری۔ اور آنکھیں زمین میں ایسی گڑیں کہ پھر نہ اُٹھیں۔ کیونکہ آنکھیں چار کرتے مجھے خوف ہوتا تھا کہ کہیں آنکھوں آنکھوں میں کوئی میرے دلِ خانہ خراب کی سرگزشت نہ پڑھ لے۔ وہ دن اور

آج کا دن کہ میرے ہاتھ میں وہاں بجائے ٹیس ہونے لگی۔ جہاں میری بیوی کا لہو گرا تھا۔ اور مجھے محسوس ہوا۔ جیسے ہاتھ کے اتنے سے حصّے میں میری ساری رُوح بند ہے۔ جس پر ہزاروں زہریلے بچھو ڈنک مار رہے ہیں۔

ڈاکٹر! جب تک میں اس نیک بخت کے پاس نہ چلا جاؤں۔ اُس سے معافی نہ مانگ لوں۔ اس سوزش سے چھٹکارا نہیں ہوگا۔ اُس نے کبھی میری خوشی کو نہ ٹالا۔ اب بھی نہ ٹالے گی۔ ضرور معاف کر دے گی!!"

سیّد وزیر حسن

ہم لوگ

اولائے خاص سے گرمِ کلام ہیں ہم لوگ
جہانِ شعر و ادب کے امام ہیں ہم لوگ

جہاں نصیب نہیں منطقِ جبر سیل کو بار
براہِ راست وہاں ہمکلام ہیں ہم لوگ

نگاہ پستیِ عالم کی سمت کیا جائے
یہ جانتے ہیں کہ عالی مقام ہیں ہم لوگ

ہماری گرد کو بھی موجِ برق پا نہ سکی
رہِ حیات میں وہ تیز گام ہیں ہم لوگ

شریکِ حال ہے ہر چند فیضِ ساقی کا
خدا گواہ وہی تشنہ کام ہیں ہم لوگ

نہ دیکھ چشمِ زمانہ ہمیں حقارت سے
ادب کہ درخورِ صد احترام ہیں ہم لوگ

ہجومِ یاس میں ہر لمحہ اپنے دم سے نورِ اُمید
جہانِ شب کو سحر کا پیام ہیں ہم لوگ

ہزار مورِ دِ بیدادِ چرخ ہیں پھر بھی
ترانۂ نسخ بقائے دوام ہیں ہم لوگ

بہار سے جو بدل دیں خزاں کی بے کیفی
صفِ جہان پہ وہ رنگیں کلام ہیں ہم لوگ

ہماری قید بھی کتنی حسیں ہے نامِ خدا
اسیرِ سلسلۂ مشکفام ہیں ہم لوگ

ہے دیدنی یہ فروغ اپنے داغِ الفت کا
سپہرِ عشق پہ ماہِ تمام ہیں ہم لوگ

گناہِ عشق میں ہیں از گروہِ خاص الخاص
نظر میں خلق کی ہر چند عام ہیں ہم لوگ

کبھی جھجکتے نہیں فترِ شہریاری سے
وہ بندگانِ خدا کے غلام ہیں ہم لوگ

ڈرانہ واعظِ ناداں ہمیں جہنم سے
شرابِ تیز سے آتش بجام ہیں ہم لوگ

طرب فروز بنی تیرگی ہمارے لئے
شبِ شباب خانے کی رنگین شام ہیں ہم لوگ

نصیبِ عزِّ حضوری بھی ہو ہی جائے گا
ازل سے گرمِ پیام و سلام ہیں ہم لوگ

قدح پرست ہیں واعظ بُرا کہے تو کہے
کہ بے نیازِ خم و ننگ و نام ہیں ہم لوگ

ہماری طرزِ سخن گستری الگ ہی نہالؔ
خلافِ پیروِ رنگِ عام ہیں ہم لوگ،

نہالؔ سیوہاروی

مُصنّف کا وارث

"میرے ماموں لکھ پتی تھے اور اپنی ساری دولت مجھے لکھ گئے" ہمارے خاموش رفیق سفر نے زبان کھولی۔ جیرت سے ہم نے اُسے سر سے پاؤں تک دیکھا۔ میل سے چکٹے کنارے کی ترکی ٹوپی، شیروانی کی گھسی ہوئی آستینیں، میلا پاجامہ، پرانے شوز اور انٹر کلاس کا سفر وہ ہماری حیرت کو سمجھ گیا: "جی ہاں اپنی جائداد کا پیسہ پیسہ مگر ٹھنڈے سانس کے ساتھ) ورثہ بھی ہمیشہ رحمت ہی نہیں ہوتا"

"بجا ہے"

"وہ اہل قلم تھے اور درجنوں کتابوں کے مُصنّف"

"خوب! اُن کا اسم گرامی کیا تھا؟ شاید ہم ناآشنا نہ ہوں؟"

"استغفراللہ! کوئی آشنا نہیں ہو سکتا۔ کیا آپ سمجھتے ہیں اُنکی کوئی کتاب پبلک کے ہاتھوں تک پہونچی؟ آپ ذرا سنتے جائیں۔ یہ تصنیف ہی تو ہماری مصیبتوں کی جڑ ہے۔ یہ انکی کمزوری کیا جنون کہا جائے تو زیادہ صحیح ہوگا۔

"دولت ان کو بھی ایک ماموں ہی سے غیر متوقع طور پر مل گئی تھی۔ اس سے پہلے وہ برسوں کتب خانہ عام کے کتاب دار تھے اور کتابیں اُن کے دل و دماغ میں رچ گئی تھیں۔ میری اور شاید آپ حضرات کی سمجھ سے بھی باہر ہے کہ ایک ۳۷ برس کا جوان یک بیک اتنی بڑی دولت چھپر پھاڑ کر اُس کے سر پر جا پڑے اور کبھی اس سے لطف اندوز نہ ہو۔ کبھی قرینہ کا ایک جوڑا نہ پہنے۔ آپ کو شاید یقین نہ ہو وہ مرے ہیں تو اثاثہ میں ایک چاندی کی گھڑی تک نہ پائی گئی۔ اس دولت سے جو کچھ مصرف انہوں نے لیا صرف یہ تھا کہ شہر سے شہر اور محلہ سے محلہ کرایہ کا گھر بدلتے رہے۔ پندرہ بیس من کتابیں ایک ٹکا روشنائی ایک مربع میل بھر کاغذ، دو صندوق قلم اور جاذب اکٹھے کر لئے اور کتابیں لکھنا شروع کر دیں۔ دن رات خواہ کوئی موسم ہو اس کے سوا کوئی مشغلہ نہ تھا۔ قریب ترین قرابتمندوں میں صرف ایک بہن تھی، میری ماں، اور میں اپنی ماں کا اکلوتا۔ سلسلۂ ذکور میں چچیرے بھائیوں کی اولاد سے صرف ایک لڑکا تھا۔ مگر وہ ماموں جان کے پاس لایا گیا تو خبر نہیں کیوں 'دُور دُور' دفع کرو' لے جاؤ میرے سامنے سے!' کا غُل مچا دیا۔ پھر بیچارے کو کبھی سامنا کرنے کی ہمت پڑی نہ ماموں نے کبھی اُسے یاد کیا۔ اب میدان میں صرف میں رہ گیا تھا۔ میری والدہ نہایت ہوشیار اور موقع شناس عورت تھیں۔ بھائی کے دل میں میرے لئے جگہ بناتی رہیں اور مجھے بھی اسی قسم کی تعلیم و تربیت ملتی رہی۔

ماموں جان کچھ عجب ہیئت و فطرت کے بزرگ تھے۔ اب میں سوچتا ہوں تو اُس لونڈے کے متوحش اور خوفزدہ ہو جانے پر حیرت نہیں ہوتی۔ اُن کے سر کے بال جُدا جُدا کھڑے صرف کن پٹیوں پر گدی اور چندیا خالی، ہو بہو کچکڑے کی جاپانی گڑیا، گال چچک، ناک ننھی سی، اُوپر کا لب بڑا اور موٹا، چہرہ زردی مائل، کرنجی آنکھیں عینک کے پیچھے، ہر وقت شب خوابی کے انگریزی طرز کے کپڑے، ڈھیلا پاجامہ، ڈھیلا کوٹ، منکی کیپ۔ باہر اگر نکلتے تو بند گلے کا گھٹنوں سے چھ انچ نیچا لمبا کوٹ، ایڑیوں تک لٹکتی ہوئی ڈھیلی ڈھالی پتلون، سر پر ایک بڑی سی اور سیر ہیٹ۔

وہ ہمیشہ کسی مشہور مصنّف یا شاعر کے مولد یا مدفن پر یا اس کے آس پاس بود و باش اختیار کرتے۔ آخر میں وہ آگرہ کے

اُس مکان میں سکونت پذیر تھے جس کی زمین پر لوگوں نے بتا دیا تھا مرزا غالب مرحوم پیدا ہوتے تھے۔ ان کی تمام تصانیف مطبوعہ اور قلمی جن میں سے اکثر اُن کے عقیدے میں مرزا کے دستِ خاص کی تحریریں تھیں، اُن کے کتب خانہ کی زینت تھیں۔ قرآن مجید سے لیکر کریما اور قواعد بغدادی تک معروف و غیر معروف عربی و فارسی نظم و نثر کے قلمی تبرکات پر انہیں ناز تھا۔ اور ان پر منہ مانگی قیمت دیدیا کرتے۔ ایسے سوداگروں اور عیاروں کے پیٹ خوب بھرے۔

اس طرح قدیم مصنفوں کی ایک رُوحانی فضا تیار کر کے وہ خود لکھنے بیٹھے۔ وہ عرصہ تک سرسید اور حالی کے عاشق رہے۔ ان کا مقصود بھی قوم کی اصلاح تھا مگر اتنے بڑے پیمانے پر جو سرسید اور حالی کو خواب میں بھی خیال نہ گذرا ہوگا۔ دینِ حق، راہ راست، درس تاریخ، رُوح حیات، منزلِ آخر، اور درجنوں کتابیں نثر میں، آزمایئہ، دیو تعصب، صورِ اسرافیل، ندائے غیب، اور بیسیوں مجموعے منظم میں اپنے صرفِ خاص سے چھپوائے۔

میں نے ابھی اس کو گھور ہی رہا تھا اور کچھ پوچھنا چاہتا تھا کہ وہ میرا مطلب سمجھ گیا۔

"ان میں سے کوئی کتاب آپ کی نظر سے نہیں گذری نہ اشتہار دیکھا؟ کسی نے نہیں دیکھا نہ کوئی کتاب پڑھی۔ یہاں تک کہ اخبارات اور جرائد نے رسید کے سوا کسی پر تنقید کی بھی پروا نہ کی۔ بھاڑے پر تقریظ لکھنے والوں نے بھی جواب دیدیا۔ اپنے حسابوں وہ نصف صدی قبل از وقت پیدا ہوئے تھے۔ وہ عبیر سے وقت کے منتظر تھے۔ اکثر مجھ سے کہا کرتے "عزیزم وقت آئے گا جب ان خیالات کی قدر ہوگی۔ آج اقوام بے گڈریئے کی منتشر بھیڑیں ہیں۔ مذہب، خون، رنگ، ویش کے راکشوں نے دُنیا کو جہنم بنا رکھا ہے۔ اشتراکیت جمہوریت قیصریت، وطنیت، اور سرمایہ داری کی شکلوں میں فرعونیت، جبری بھرتی، جبری مزدوری، جبری قانون، جبری محصولات کی شکلوں میں چنگیزیت، بغاوت، جنگ، قحط، وبا، طلاق کے عذابوں سے دُنیا کبھی تو تنگ آئے گی، اُس وقت میرے معروضات سمجھ میں آئیں گے ... میں صاف دیکھ رہا ہوں (آنکھیں بند کر کے، سیاہ بادل اُفق پر جمع ہو رہے ہیں، ٹھنڈی سانس کھینچکر چپ ہو جاتے ہیں گویا۔ ؎

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آسکتا نہیں

کبھی وہ مزدور سے خطاب، یا مذبوحِ انسانیت، اپنی نظمیں خوش الحانی سے سنانے کا مجھے حکم دیتے اور عطف و اضافت میں شترگربگی کے سبب سے میں اٹکتا یا ناموزوں پڑھتا تو وہ مطبوعہ بیاض بجھ سو لیکر خود گھر گھراتی آواز سے یوں پڑھتے جیسے کوئی تخت گھسیٹ رہا ہو۔

اکثر وہ آنکھیں بند کئے یوں تقریر فرمانے لگتے۔

"بیٹا سدن (سعد الدین) میں دیکھ رہا ہوں حملہ آوروں کو، اُن کی کمینگاہوں کو، خوں آشامیوں کو، مظلوم مدافعوں کو، انکی بے دست و پائی، پھر انقلاب کو۔ یہ قتنہ برسات کے پتنگوں اور ٹڈیوں کی طرح دُنیا کے لیے گوشے سے اُٹھ رہا ہے جس کا کسی کو وہم نہیں اور دیکھتے دیکھتے رُوئے زمین پر چھاتے جاتا ہے۔ تاریخ عالم بدلی جاتی ہے، نہیں، مٹی جاتی ہے۔ نیست و نابود ہوئی جاتی ہے اور نئی تاریخ اور جغرافیہ کی بسم اللہ ہو رہی ہے۔

مجھے دیکھو، میں کیا چاہتا ہوں۔ قوم کو نہیں، قوموں کو راہِ راست پر لانا۔ سدن میں انہیں راستہ بتا سکتا ہوں۔ نہیں۔ بتاؤنگا اور امن و صلاح کی اُس بہشت میں پہنچا کر چھوڑونگا جہاں دودھ اور شہد کی ندیاں بہہ رہی ہیں۔"

"غرض وہ مجھے پاس بٹھا کر گھنٹوں اقوام، امن، صلاح و فلاح کی بجائے اس کیا کرتے۔ اماں کے حکم سے ہر اتوار کے اتوار تفریح و دلچسپی سے منہ موڑ کر بہترین لباس میں صاف ستھرا آراستہ ہو کر اپنے سنکی ماموں کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا اور تمام دن اُن کا بُرا خفش بنا رہتا۔

رفتہ رفتہ میں اُن کی بکواس کا خوگر ہو گیا۔ اکثر خوش مد سے ہفتہ کے اور دن بھی اُن کے پاس جا نکلتا۔ یا بھیجا جاتا تو زیادہ خوش ہوتے۔ وہ سمجھنے لگے تھے یا یقین دلایا گیا تھا کہ دُنیا میں اُن کو کوئی سمجھا ہے تو میں۔ میرے سوا دُنیا میں اور کوئی ایسا بدنصیب تھا ہی کون جو اُن کے پاس پھٹکتا۔

دُنیا میں کہیں کسی شخص میں کوئی حرکت دیکھ پاتی، اخبار میں کسی موجد، مصلح، مصنف، شاعر، مدبر، مفکر، جانباز کا ذکر پڑھا اور اپنی تصانیف کی چند جلدیں اُس کے پاس بھیجدیں اور اصلاح اقوام و ملل پر تبادلہ خیالات کے لئے گھر پہ دعوت دی۔ ان میں سے نصف سے تو کوئی جواب ہی موصول نہ ہوتا اور کسی نے رسید دی تو آیا نہیں۔ آپ کو شاستِ اعمال سے کبھی اُن کے کمرے میں داخل ہونے کا اتفاق ہوتا تو دیکھتے کوچوں اور کرسیوں پر، صوفے، راجہ، نواب، دیش بندھو، رئیس الاحرار، ڈکٹیٹر، صدر جمہوریہ، وزیر الممالک، کے نام لکھی ہوئی چٹھیوں کا پشتارہ، فرش پر پرزوں، اخبارات، رسائل کا ڈھیر، آتشدان پر چائے کی طشتری پیالی، میز پر آدھے کھائے توس کے ریزے، داہنے بائیں کرسیوں کے اوپر نیچے کتابیں، اور اُن کے درمیان بیٹھے یہ قلم گھسے جا رہے ہیں اور کاغذ رنگے جاتے ہیں۔

اس درمیان میں کبھی مجھے دیکھکر کاغذ پر نظر جماتے بڑبڑاتے: خیال جیسا تھوس ہو ویسا ہی طرز بیان چاہیے۔ کیوں؟ اور خیریت یوں پوچھتے: کہو عصر جدید کا کیا حال ہے؟ یعنی میں کیسا ہوں۔ مجھے وہ عصر جدید کا نمونہ بنا رہے تھے۔

ماموں جان اپنے خیالات کا اظہار مجھی سے کیا کرتے۔ دوسرا کوئی اُن کے پاس پھٹکتا ہی نہ تھا اور کوئی مل بھی جاتا تو اُس سے کھٹکر باتیں نہ کرتے یا کر نہ سکتے۔ مجھے اپنی کل تصانیف عنایت فرمائیں۔ چار چار سو صفحوں کی ایک ایک جلد، نہایت خوبصورت بندھی ہوئی اور بہترین چھپی ہوئی۔

آخری سے پہلی بار جو میں اُن سے ملا ہوں تو وہ کمزور اور کچھ بیمار تھے۔ ایسی علالتوں میں زیادہ غور سے دیکھا کرتا۔ کم سے کم اُن کی کتابوں سے زیادہ توجہ اُن پر صرف کرتا تھا۔ فرمانے لگے:۔

"سڈن خوب آئے۔ بیٹے یہ ہے میری آخری تصنیف۔ اندھی اور بہری اقوام عالم سے میرا آخری خطاب" ساتھ ہی انکی آنکھوں پر آنسو بھر آئے۔ وہ قوم کی بے حسی اور اپنی آواز کی ناشنوائی پر اکثر رو دیا کرتے: "سڈن میں اب سوچنے لگا ہوں کہ موجودہ نسل کی بے حسی پر میں اعتدال سے زیادہ سخت رہا ہوں۔ ضرورت ذرا ہمدردانہ لہجے، پیار، چمکار اور کچھ مدھم روشنی کی معلوم ہوتی ہے۔ میری زبردست برقی شعاعیں ان کی آنکھوں کو چکا چوند کرتی ہیں"

اس کے بعد عمر میں پہلی بار اپنی ناکامی کا اقرار کیا۔ میں سمجھ گیا اب کوئی چیز اُن کو زندہ رکھنے والی باقی نہیں۔ چند منٹ کی خاموشی کے بعد رُک رُک کر بولے:۔

"سڈن میں احمق تھا۔ تمام عمر بیکار بکواس میں گذار دی۔ خدا جانتا ہے اب تک خود فریبی میں مبتلا رہا۔ کبھی کبر نفس اور غرور باطن سے

بری نہیں رہا۔ یہی جملے دُہراتے دُہراتے رُکے اور کانپتے ہاتھ سے آخری خطاب، میری طرف بڑھائی۔ میں نے دونوں ہاتھوں سے تعظیم کیساتھ لیلی۔ یہ ساری جزئیات ذرا ذرا مجھے اس لئے یاد ہیں کہ میں نے گھر پہونچکر اماں کے سامنے ان سب کو دُہرایا بلکہ ایکٹ کیا تھا۔ خیر ماموں نے کہا "اب یہ کتاب (یہ پر زور دیکر) لے جاؤ اور پڑھو۔ یہ میرے آخری الفاظ ہیں۔ میں اپنی تمام جائداد تمہارے لئے چھوڑے جاتا ہوں۔ خدا کرے میری کامیابی تم، دیکھو" وہ کھانسنے لگے۔

آخری بار جو آخری زیارت کو میں بلایا گیا ہوں، مجھے خوب یاد ہے، باہر اُن کی ماما کی چھوکری سے حسب معمول مذاق کرتا، ہنستا بولتا اندر گیا۔ اُن کی نبض تیزی سے ڈوبی جاتی تھی مگر فریب نفس نے آخر دم تک پیچھا نہ چھوڑا۔

انتہائی نقاہت سے "اُسے ــــ پڑھا؟"

"جی، میں تمام رات بیٹھا پڑھتا رہا اور ختم کرکے اُٹھا" میں نے بلند آواز سے کان میں کہا۔

ماموں جان بولے "گو یہ آخری ہے مگر بہترین اور قوی تریں، شیریں تریں" اُن کے لبوں پر تبسم نمودار ہوا جو اُن کے لئے انوکھی چیز تھی۔ میرا ہاتھ دبانے کی کوشش کی اور چپکے ہوگئے۔ جن الفاظ سے وہ خوش ہوگئے تھے میں نے پھر دُہرائے "سب سے عمدہ، دلیرانہ، زبردست تصنیف" مگر انہوں نے جواب نہ دیا۔ دروازے کے پاس سے چھوکری کی صرف کھی کھی کھلکھل کھی کھلکھل ہنسی میں سُن رہا تھا۔ اکثر وہ اُن کی عجیب حرکات کا میرے سامنے مذاق اُڑایا کرتی تھی۔ کمبخت نے اس وقت بھی یہ جرأت کی۔ سچ ہے دولت سب کچھ خرید سکتی ہے مگر سچی محبت اور عزت نہیں خرید سکتی۔

ماموں کے چہرے پر جو پھر نظر کی تو آنکھیں پتھرا چکی تھیں، منکا ڈھل چکا تھا مگر لب پر وہ آخری تبسم موجود تھا۔ مرے تو ناکام، نامراد، محروم تمنا، مگر یہی آخری تبسم اُن کی عمر بھر کی کشمکش، محنت و مشقت اور خیالی قربانیوں کی قیمت تھی۔

آپ دل میں سوچتے ہونگے کلہ، تلقین، لیکن؟ مگر آپ اُن کی کتابیں پڑھتے تو سمجھ لیتے کہ وہ اصلاح عالم کی تعلیم کے ساتھ ایک خاص مجموعہ مذاہب کے مبلغ بھی تھے۔ ایک معجون مرکب سی چیز تھی اور اپنے طور پر اُس کا استعمال کر لیا کرتے تھے سو کر چکے ہونگے۔

میرے اور زیادہ تر اماں کے جوش و خروش سے بڑی دھوم سے جنازہ اُٹھا۔ پختہ قبر بنی۔ فاتحہ، چہارم سے فرصت ملی تو وصیت نامہ کی تلاش ہوئی۔ میزوں کی درازیں، الماریاں، کتابیں، صندوق سب اُلٹ ڈالے، گٹھے پھاڑ ڈالے، دلّے توڑ ڈالے، دیواروں کا پلاسٹر اور فرش ٹھونک ٹھونک کر خلا کا اندازہ لگایا اور اکھاڑ ڈالا۔ باغ کا چپہ چپہ کھود ڈالا، وصیت نامہ نہ ملنا تھا نہ ملا۔ نوکر، ماما، چھوکری سب نے شہادت دی کہ سرکار نے وستاویز کی قسم کی کوئی چیز لکھی تھی ضرور مگر کہاں رکھی، کسی کو علم نہیں۔

پانچویں روز ایک وکیل صاحب تشریف لائے اور ایک پرانا وصیت نامہ نکالا، جو مرحوم نے اماں سے ذرا سی ناراضگی کے موقع پر تحریر کیا تھا اور اسی چیرے در چیرے بھائی کے بیٹے کے حق میں تھا، جسے وہ کبھی دور دفان کر چکے تھے، جو ایک منٹ ماموں جان کی گفتگو سننے کی مجال رکھتا تھا نہ تحمل۔ میں اُن کی صبر آزما بکواس کی کوفت اُٹھانے پر مفلوک الحال پڑا پھرتا ہوں اور وہ سانڈ بنا بلا در و سر گلچھرّے اُڑاتا رہا۔ شراب، جوئے، عورت میں سن بلوغ سے لیکر ۳۱ سال کی عمر کے اندر دس سال میں ساری دولت پھونک دی۔ اب تین سال سے پاگل خانے میں ہے۔

میں فلاکت میں مبتلا ہوگیا۔ ورثہ کے خواب کے سوا میں نے کوئی صلاحیت حاصل نہیں کی۔ میری زندگی کے سارے نقشے موقوف مجھے

ماموں کی موت پر، جب میں واقعی زندگی شروع کرنے کو تھا۔ جب سے میں کسی طرح دن کاٹتا رہا۔ اب جو عام مالی تنگی اور بیکاری کے دن آگئے اور پریشانیوں میں اضافہ ہوگیا، میں نے ضروری حاجتوں کے لئے غیر ضروری اثاثہ فروخت کرنے کا ارادہ کیا۔ ان میں سب سے نمایاں ماموں کی تصانیف کی خوبصورت جلدوں کی قطاریں تھیں جنکو کوئی ٹکے کو نہیں پوچھتا، پڑیاں باندھنے کو بھی نہیں۔ ماموں سے میں نے وعدہ کیا تھا کہ عمر بھر ان کو جدا نہ کروں گا۔ مگر ہوا کیا؟ وہ آخری کتاب فرش پر ہی پڑی رہی۔ جلکر لگا تی جو میں نے ٹھوکر تو ہوا میں اچھلتی ہوئی دور جا گری اور ساتھ ہی ایک کاغذ نکلکر اڑا۔ پوچھئے وہ کاغذ کیا تھا؟ وہی گمشدہ وصیت نامہ!"

ہمارا رفیق سفر تھوڑی دیر گاڑی سے باہر میدان میں گھورتا رہا اور پھر آہستہ بولا" واقعہ یہ ہے کہ وہ کتاب میں نے کھولی ہی نہ تھی، ورق تک نہ کاٹے تھے" جیب ٹٹول کر ایک کاغذ نکالا" یہ بے کٹے ورق کی تہ میں پڑا تھا۔ سچ پوچھئے تو ماموں جان کا بھی قصور نہ تھا۔ اُن کو یقین تھا کہ میں گھر پہونچتے ہی کتاب کو پڑھنے بیٹھ جاؤں گا اور یہی اُن سے کہہ بھی دیا تھا"

پھر وہ میدان میں نظر گاڑے ہوئے بولا" اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان ایک دوسرے کو سمجھنے میں کتنی غلطی کرسکتا ہے۔ خود فریبی میں ہم بھی مبتلا تھے اور میں بھی۔

(ماخوذ، مقلوب، مہضوم، حق اخذ وقلب بہضم محفوظ)

محمد مسلم

اے ساقی!

ماہِ تاباں ہے ابھی مستِ خرام اے ساقی! اور کچھ دیر رہے گردشِ جام اے ساقی
عہدِ بیتاب میں یہ سُست مقالی کبتک؟ اپنے رندوں کو بنا شعلہ کلام اے ساقی
بس گئی ہر رگ و پے میں تری صہبائے نظر حاصلِ عمر ہے یہ شربِ مدام اے ساقی
میں اسی واسطے اس سمت چلا آتا ہوں تری محفل میں نہیں قیدِ ستام اے ساقی
ہوشمندوں کو پلانا ہے فقط کام ترا پی کے گرنے جو لگیں اُنکو نہ تھام اے ساقی
کیف و مستی کیلئے مے کی ضرورت کیا ہے ترے مستوں کو ہے کافی ترا نام اے ساقی
میکدہ دیر و حرم بن کے نہ رہ جائے کبیر لطف مے خاص ہے کر اسکو نہ عام اے ساقی

فخر کی بات نہیں، تیری عنایت کی قسم
لوحِ ہستی پہ ہوں اک نقشِ دوام اے ساقی

سکندر علی وجد

اُس کوچے میں

بازار میں مظفر کی دُکان اُس کوچے کے عین مقابل میں تھی جہاں شام کو مزدور لوگ کھانے کمانے اور کمانے کھانے کے چکر سے اُکتا کر تھوڑی سی دل لگی خریدنے جاتے ہیں۔ دُکان پر ایک بورڈ پر بڑا بڑا لکھا ہوا تھا۔ "ڈاکٹر ایم مظفر دندان ساز" دروازوں اور دیواروں پر مختلف ساز کی تصاویر لٹک رہی تھیں۔ جن میں دانت ہونٹ اور مسوڑوں کے ڈراؤنے منظر تھے۔ اندر دو چار الماریوں میں دانتوں کے متعلق سامان چُنا ہوا تھا۔ بائیں طرف چند ایک خوفناک مشینیں کھڑی تھیں۔ جن کو دیکھکر سلسلاتے ہوئے دانت فوراً دُکھنا بند کر دیتے۔

مظفر شیشے کی الماری کے پاس کھڑا زنبور صاف کر رہا تھا۔ حمید کرسی پر بیٹھا بازار کی طرف دیکھ رہا تھا۔ بازار میں دُھندلی سی غبار آلودہ چاندنی میں بجلی کی بتیاں ٹمٹما رہی تھیں۔

سامنے گھر سے ایک مدھم سی چیخ سُنائی دی۔

مظفر کے ہاتھ سے زنبور گر گیا۔ ایک دھماکے سے الماری کا شیشہ چُور چُور ہو کر بکھر گیا۔

حمید چونک پڑا۔ "کیوں کیا ہوا؟"

"کچھ نہیں"۔ مظفر نے گھبرا کر کہا۔ "ویسے ہی ہاتھ سے زنبور پھسل گیا"۔ اُس کا چہرہ زرد ہو رہا تھا اور دل دھڑک رہا تھا۔

کمرے میں پھر خاموشی چھا گئی۔

"تم یہ آواز سُن رہے ہو؟" مظفر نے رُکتے ہوئے کہا۔

"شاید کوئی چیخ رہا ہے"

"ہوں۔ یہ سامنے والے مکان میں"

"وہی دُبلی پتلی سی لڑکی جو اِس نکڑ پر بیٹھتی ہو؟"

"ہاں۔ وہی"

"بیمار ہے؟"

"نہیں ——— کوئی پیٹ رہا ہے"

"پیٹ رہا ہے؟"

"ہاں"

"کیوں؟"

"خُدا جانے کیوں؟"

کمرے میں پھر خاموشی چھا گئی۔

دُور ہوا درختوں کی ٹہنیوں سے لپٹ لپٹ کر رو رہی تھی۔ فضا غبار سے بھری ہوئی تھی۔ اس گدلی سی چاندنی میں بجلی کی بتیاں ٹمٹمانے کی کوشش کر رہی تھیں۔ سامنے پنواڑی کی دُکان پر دو ایک لوگ آہستہ آہستہ باتیں کر رہے تھے۔ کبھی کبھی کسی کتے کے بھونکنے کی آواز سُنائی دیتی اور ان مدھم چیخوں کو اور بھی مدھم کر دیتی۔ حمید بیٹھا غور سے سُن رہا تھا۔

مظفر۔ (جیسے وہ اپنے آپ سے کہہ رہا ہو) "یہ انسان کی انتہائی ذلت ہے۔ پیٹ بھرنے کی خاطر لوگوں سے پٹنا۔ کس قدر ذلت ہے"۔ اُسکا مُنہ نفرت اور غصّے سے دھمک رہا تھا ——— "جو کوئی آتا ہے وہ اس کو پیٹتا ہے۔ مجھے تو اس عورت پر ترس آتا ہے"

"ترس! اگر تم یوں لوگوں پر ترس کھانے لگے تو تمہارا کوئی علاج نہیں! ترس کھانا خودکشی سے کم نہیں"

"تم نے اُسے دیکھا بھی ہے؟"

"کسے اس لڑکی کو؟"

"ہاں"

"بے بس نیم جان سی ہے"

"ہوں"

مقابل کے مکان کا دروازہ کھلا۔ ایک دُبلا پتلا سا مرد باہر نکلا۔ اور لاپرواہی سے دُکان کے سامنے سے گذر گیا۔ اُس کی بھویں تنی ہوئی تھیں چھاتی بھنچی ہوئی تھی۔

"دیکھا تم نے؟"

"یہی اُسے پیٹ رہا تھا؟"

"ہاں۔ کس قدر بدصورت شکل ہے" مظفر نے غصے سے کھولتے ہوئے کہا۔

"شاید اسی نے اُسے یہاں بٹھا رکھا ہے۔ کیا نام ہے اُس کا؟"

"چاند!"

مظفر کو اُس کوچے سے سخت نفرت تھی۔ جب اُس نے وہاں دُکان بنوائی تھی تو اُس کوچے کا وہاں وجود نہ تھا۔ پھر خُدا جانے وہ کہاں کہاں سے آ گئیں۔ حتیٰ کہ وہ جگہ اُن کے لئے مخصوص ہو گئی۔

شُروع شُروع میں تو جب کبھی اُس کی نظر اُدھر پڑ جاتی تو وہ "لاحول" پڑھکر الماری میں اپنے اوزاروں کا جائزہ لینا شُروع کر دیتا۔ اور حمید اُسے اس قرب پر چھیڑتا تو وہ غصے سے لال ہو جاتا۔ پھر اُسے یہ سُوجھی کہ اُسے تو اُس صراطِ مستقیم سے گری ہوئی مخلوق کو دیکھکر عبرت حاصل کرنی چاہیئے۔ مگر اس کے باوجود اُس نے کبھی آنکھ بھر کر اُس کوچے کی طرف نہ دیکھا۔ شاید وہ ڈرتا تھا کہ کہیں عبرت حاصل کرتے کرتے وہ یہ نہ بھول جائے کہ وہ محض عبرت حاصل کرنے کے لئے دیکھ رہا ہے۔ یا جو نفرت اُس کوچے کے متعلق اُس نے دل میں پال رکھی تھی وہ فوت نہ ہو جائے۔

بہرصورت اُسے اُس کوچے والیوں سے سخت نفرت تھی جو شام کو بھولے بھالے مزدوروں کو دام میں پھنساتی ہیں۔ یا صبح کی روٹی کیلئے مزدوروں کا کھلونہ بننا گوارہ کرتی ہیں۔ یا دُکھے ہوئے دلوں کیلئے ہمدردی بیچتی ہیں۔ یا مظلوم مزدوروں کی تشنہ کرنے کی آرزو کو پورا کرتی ہیں۔

شام کو اُس صراطِ مستقیم سے گری ہوئی مخلوق کے کوچہ میں زندگی کے آثار نمودار ہو جاتے اور جاذبیت پیدا کرنے کی اُمید پر ٹوٹی ہوئی شمعیں اپنے ڈھانچوں میں رنگ بھرنا شُروع کر دیتیں اور پھر جب سُورج چھپ جاتا۔ جسے بلا امتیاز ہر چہرے پر تنقید کرنے کی بے درد عادت ہے۔ تو وہ اپنی ٹوٹی پھوٹی چوکھوں پر لالٹین کی دُھندلی مگر ہمدرد روشنی میں جو بوسیدہ کپڑوں میں بھی ایک دُھندلی سی دمک پیدا کر دیتی ہے مزدوروں کے انتظار میں آ بیٹھتی۔

مزدور دن بھر کی مشقت کے بعد وہاں آ جاتے۔ اور یوں ہنستے بولتے اور آنکھیں چمکاتے ہوئے وہاں سے گذرتے جیسے وہ کسی برات کے ساتھ جا رہے ہوں۔ جیسے وہ غم و فکر سے واقف ہی نہ ہوں۔ انہیں یہ قطعی فراموش ہو جاتا کہ زندگی اُن کے لئے مسلسل مشقت ہے۔ یا شاید اسی مشقت اور بے بسی کے احساس کو بھولنے کیلئے وہ وہاں آتے۔ یہ دیکھنے کے لئے کہ اللہ میاں کی دُنیا میں وہ بھی کچھ حیثیت رکھتے ہیں۔ اُن سے گری ہوئی مخلوق بھی ہے۔ جسے وہ حقارت کی نظر سے دیکھ سکتے ہیں، خرید سکتے ہیں۔ اپنی خواہشات کے پاؤں تلے روند سکتے ہیں۔ جن کے وہ رزّاق بن سکتے ہیں۔

اکثر مظفر کو یہ احساس ہوتا کہ وہ اُدھر دیکھ رہا ہے۔ اُس وقت اُس کا چہرہ نفرت سے سُرخ ہو جاتا۔ اور اُس کا ماتھا سمٹ کر گتھیاں بنا لیتا۔ اور وہ "لاحول" پڑھکر کسی زنبور کو صاف کرنے یا کسی تصویر کو سیدھا کرنے میں شدّت سے مصروف ہو جاتا۔ یا وہ آپ ہی آپ بولنے لگتا "اب مجھے کیا کرنا ہے۔ ہاں۔ ٹھیک ہے۔ توبہ کس قدر گرمی ہے" اُس وقت اُس کا جی چاہتا کہ وہ دُکان بند کر کے دُور بھاگ جائے۔ اور اس گدلی چاندنی میں کسی باغ میں کسی گلاب کی جھاڑی تلے بیٹھکر رو پڑے۔ پھر وہ دکان میں چاروں طرف گھومتا۔ الماریاں کھولتا اور بند کر دیتا۔ قلم کو یہاں سے

اُٹھا کر وہاں رکھ دیتا۔ اور آخر پھر کرسی پر آ بیٹھتا اور بیسیوں دفعہ سامنے دیوار پر سنیما کا اشتہار غور سے پڑھتا ——— حتیٰ کہ اُسے پھر احساس ہوتا کہ وہ اُدھر دیکھ رہا ہے۔

چاند پھر اپنی چوکی پر آ بیٹھی تھی۔ اُس کے ہاتھ میں ایک گیند سی تھی جسے وہ اُچھال رہی تھی۔ وہ دبی آواز میں کچھ گنگنا رہی تھی، جیسے وہ اُس گیند اور گیت کی مدد سے کچھ بھولنے کی کوشش کر رہی ہو۔ اُس کے چہرے پر انتہائی بے بسی چھائی ہوئی تھی جب کبھی کوئی اُسے دیکھتا تو وہ اور بھی سہم جاتی۔ وہ ان عورتوں میں سے تھی جو سہم کر اور بھی حسین ہو جاتی ہیں۔

اُسے دیکھ کر ایک معمولی سے تھکے ہارے مرد کے دل میں بھی یہ احساس بیدار ہو جاتا کہ میں ایک زبردست مرد ہوں۔ اُسکا سینہ تن جاتا اور اُس کے ماتھے پر "مردمی وقار" اُبھر آتا۔

مظفر ٹوٹے ہوئے شیشے کے ٹکڑے اکٹھے کرنے میں شدت سے مصروف تھا۔ وہ ایسا محسوس کر رہا تھا جیسے حمید کی موجودگی تمام کمرے میں چھائی ہوئی ہو۔ وہ اُس کا بوجھ اپنی گردن پر محسوس کر رہا تھا۔ اُس کی گردن اکڑی ہوئی تھی۔ اور وہ اِدھر اُدھر مُڑ نہ سکتی تھی۔

حمید بیٹھا غور سے چاند کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اُس کے ہونٹ خود بخود تبسم سے کھل رہے تھے۔ جیسے وہ کوئی لطیفہ سُن رہا ہو، اور اُس کی آنکھیں دیکھ کر یوں محسوس ہوتا ہے جیسے چاندنی میں کوئی گا رہا ہو۔

"ابھی جوان ہی ہے" حمید نے خاموشی توڑتے ہوئے کہا۔

"کون؟"

"یہی نکڑ والی لڑکی۔ کیا نام ہے اسکا ——— چاند"

"جوان" یہ بات اسے کبھی نہ سوجھی تھی۔ "بیچاری" اُسنے حقارت سے کہا اور چُپ ہو گیا۔

وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ اسکے متعلق کیا کہے۔

"تم نے کبھی اُس سے بات بھی کی ہے؟"

"میں نے؟" اُس نے حیرانی سے کہا۔

"کیوں اس میں کوئی بُری بات ہے"

"بُری بات!" وہ سخت پریشان ہو رہا تھا۔

"تمہاری بھی اچھی ہمدردی ہے" حمید نے چھیڑ کر کہا۔

"جوا ماریوں کے شیشے پھوڑنے کے سوا کچھ نہیں کر سکتی"

مظفر نے پریشانی سے ٹوٹے ہوئے شیشے کی طرف دیکھا۔

"چلو چلکر اُس سے پوچھیں تو سہی۔ چلو گے؟"

مظفر نے بیساختہ سامنے پنواڑی کی دوکان کی طرف دیکھا۔ جہاں دو ایک آدمی بیٹھے باتیں کر رہے تھے "یہ کیا دیوانگی ہے؟" اُسنے حمید کی طرف ملامت بھری نگاہ ڈالی۔

"تم اُس سے ڈرتے تو نہیں؟"

"میں۔ میں کیوں ڈرنے لگا؟" اُس نے ایک جھرجھری لی ———

"چلو تو" حمید نے اُٹھکر اُس کا بازو پکڑ لیا اور اُسے گھسیٹ کر باہر لے گیا۔

"تم بیمار تو نہیں ہو" حمید نے چاند سے پوچھا۔

چاند کی دعوتی مُسکراہٹ گھورنے میں بدل گئی۔ مگر وہ گھور نہیں سکتی تھی۔

مظفر نے حمید کو ملامت اور غصے سے دیکھا۔

"نہیں، نہیں" حمید نے مُسکراتے ہوئے کہا "تم ابھی ابھی چیخ رہی تھیں نا۔ میرا مطلب ہے تمہیں کوئی تکلیف تو نہیں۔ اگر ہم تمہاری مدد کر سکتے ہوں تو"

"آپ کی مہربانی ہے۔ مجھے کوئی تکلیف نہیں"

اُس نے مُسکرانے کی کوشش کی مگر اُس کی آنکھیں ڈبڈبا رہی تھیں "آیئے بیٹھیے"

مظفر کی نگاہیں اُس کمرے میں آوارہ تھیں، جیسے اُسے معلوم نہ ہو کہ اُسے کس طرف دیکھنا ہے۔

"یہ کون آدمی تھا جو ابھی ابھی یہاں سے گیا ہے؟" حمید نے آنکھوں میں مُسکراتے ہوئے کہا۔ "وہ تمہیں اس بیدردی سے کیوں پیٹتا ہے؟"

"آپ اس بات کو پوچھ کر کیا لیں گے۔ جانے دیجئے۔"

"پھر بھی بتا دو تو سہی۔"

"میں اُسکی باندی ہوں۔ اپنی اپنی قسمت ہے۔"

"مگر وہ تمہیں پیٹتا کیوں ہے؟"

"اُس کا خیال ہے کہ میں پیسے چُراتی ہوں۔"

مظفر نے بیچینی سے کروٹ لی۔

"تم اپنی کمائی اُسے دیتی ہو؟"

چاند نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"مگر تم ایسی زندگی کس طرح گوارہ کرتی ہو؟" حمید نے بھری ہوئی آواز میں کہا۔

چاند نے ایک بے بس سی مُسکراہٹ کی کوشش کی۔ "ہاں۔ لوگ یہی سمجھتے ہیں۔ اُن کا خیال ہے کہ ہمیں اِس زندگی سے دلچسپی ہے ——— مگر ——— اُس کی آنکھوں سے دو موٹے موٹے آنسو ڈھلک آئے۔

"ہمیں آپ سے بہت ہمدردی ہے۔"

اور وہ خاموش ہو گئے۔ مظفر کا دل دھڑک دھڑک کر اُس مختصر سے کمرے میں گونج رہا تھا۔ اس کی نگاہیں چاند کے چہرے کی بے بسی پر جمی ہوئی تھیں۔

چاند نے مُسکرانے کی کوشش کی۔ "آپ کی بڑی مہربانی ہے ———"

حمید نے مظفر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "تم انہیں جانتی ہی ہوگی۔ یہ میرے دوست ڈاکٹر صاحب ہیں۔"

چاند نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ "ان کو تم سے بہت ہی ہمدردی ہے۔"

مظفر ٹھٹک سا گیا۔ اُس نے حمید کو ملامت بھری نگاہوں سے دیکھا۔

"تمہیں چلاتے ہوئے سُنکر یہ ہمدردی کے مارے دُکان کے شیشے پھوڑتے رہتے ہیں۔"

چاند مُسکرا دی۔ وہ چُپ چاپ مظفر کو دیکھ رہی تھی۔ اور اُس کی آنکھوں میں بے بسی چپکے چپکے اُسے کسی بات کی دعوت دے رہی تھی۔ مظفر سخت پریشان تھا اُس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ وہ کیا کرے۔ "آپ چُپ کیوں ہیں ڈاکٹر صاحب؟" چاند نے مظفر سے مخاطب ہو کر کہا۔

"میں۔ میں۔ نہیں۔ میرا مطلب ہے۔"

"آپکی بڑی مہربانی ہے۔" وہ زیر لب مُسکرا رہی تھی۔

حمید نے مظفر کی گھبراہٹ محسوس کر کے گفتگو کا موضوع بدل دیا۔ "تو میرا مطلب ہے۔ تم واقعی اس زندگی کو چھوڑنے کیلئے تیار ہو۔ اگر ———"

"اگر ———" چاند نے ایک زہر خند کرتے ہوئے کہا۔

"ہاں اگر ———" اور اُس نے مظفر کی طرف ایک مظلوم نگاہ ڈالی۔ اُس نگاہ کو دیکھکر مظفر نے یوں محسوس کیا جیسے وہ دُنیا کی بڑی سے بڑی مشکل کو بھی برداشت کر سکتا ہو۔ وہ اُٹھ بیٹھا۔ "چلو چلیں، دیر ہو چکی ہے۔" وہ دونوں اُٹھ کھڑے ہوئے۔

"اگر تم کو ہماری مدد کی ضرورت ہو۔" حمید نے اپنی لکڑی سنبھالتے ہوئے کہا۔

"آپ کی مہربانی ہے۔"

چاند نے انہیں راستہ دکھانے کیلئے روشنی اُٹھانے کو ہاتھ بڑھایا۔ اُس کے بازو پر بیت کا ایک بڑا سا نشان تھا جس سے خون رِس رہا تھا۔

"یہ کیا ہے؟" حمید نے گھبرا کر پوچھا۔

"ویسے ہی چوٹ لگ گئی تھی۔"

مظفر کی نگاہیں میں وہ کمرہ گھوم رہا تھا۔ "میں۔ جاتا ہوں۔ آپ ٹھہریئے۔ میں ابھی ٹنچر لے آتا ہوں ــــ میرا مطلب ہے، دوائی ــ یہاں ــــ دکان سے۔"

"اچھا تو میں چلتا ہوں۔" حمید نے مظفر سے مصافحہ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

مگر مظفر کو اُس وقت یہ احساس نہیں تھا کہ حمید جا رہا ہے یا پنواڑی کی دکان پر بیٹھے ہوئے لوگ اُسے یوں بھاگتے ہوئے دیکھکر ہنس رہے ہیں۔ یا وہ اُس صراط مستقیم سے گری ہوئی مخلوق سے عبرت حاصل کر رہا ہے۔ اس کا دماغ شل ہو چکا تھا۔ اور اسکا دل دھڑک دھڑک کر اُس سے کچھ کہہ رہا تھا۔

مظفر روئی سے اُس کے بازو پر دوائی لگا رہا تھا، اُسکی اُنگلیاں اُس دُبلے سے بازو کی گرمی محسوس کر رہی تھیں۔ اُس کی نگاہیں بازو سے پھسل اس کے جسم پر چاپڑتیں جہاں قمیص کی سٹوئیر اُبھر اُبھر کر کسی چھپے ہوئے مدوجزر کا اظہار کر رہی تھیں۔ اور وہ چوری چوری اُسے دیکھ رہا تھا۔

چاند اُس کے چہرے کی طرف غور سے دیکھ رہی تھی جیسے اس چہرے کے آر پار ٹھاؤں میں وہ اپنا مستقبل دیکھ رہی ہو۔

"آپ کو کس قدر تکلیف ہے۔"

"نہیں تکلیف تو نہیں ویسے ہی خراشیں سی ہیں۔"

"مگر تم اس زندگی کو چھوڑ کیوں نہیں دیتیں؟"

"چھوڑ کیسے سکتی ہوں؟"

"کیوں تم اُس کی زر خرید ہو۔"

"ہاں میں دو سو روپے پر بک چکی ہوں۔"

"دو سو روپے!" وہ کسی سوچ میں پڑ گیا ــــ "اچھا اگر تمہیں دو سو روپے مل جائیں تو؟ پھر تم آزاد ہو جاؤ گی؟"

"ہاں۔ مگر میں کوئی کام نہیں جانتی۔"

"تم اپنے کسی رشتہ دار کے ہاں چلی جانا۔"

"رشتہ دار! میرا تو کوئی بھی نہیں۔ بس یہی ایک جان ہے جسے میں اپنا کہہ سکتی ہوں۔" اُس نے اپنے پاؤں کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

مظفر نے اُس کے پاؤں کی طرف دیکھا۔ وہاں ایک سیاہ بلی بیٹھی اُسے گھور رہی تھی۔

وہ خاموش ہو گیا ــــ "تم آزاد ہو جاؤ گی تو تم کسی سے شادی کر لینا۔"

"شادی!" وہ ہنس پڑی۔ "مجھ سے کون شادی کرے گا؟"

مظفر کا دل خواہ مخواہ پیچ و تاب کھا رہا تھا۔ جیسے کسی نے اُسے چڑا دیا ہو۔ "تم ایسی ذلیل زندگی کیسے بسر کر سکتی ہو ــــ تمہارے دل میں احساس نہیں۔ تم خود اپنے دل سے واقف نہیں یہ ذلت کی انتہا ہے۔"

چاند اُسے غور سے دیکھ رہی تھی۔ اُس کا دل دھڑک رہا تھا۔ خوف سے یا خدا جانے خوشی سے۔ مظفر کو غصہ چڑھ رہا تھا۔ خدا جانے کیوں۔ اُس کا جی چاہتا تھا کہ وہ اُسکے منہ پر ایک تھپڑ مار دے یا خود کھڑکی سے کود پڑے۔

"میں جاتا ہوں۔ بتی کی ضرورت نہیں میں چلا جاؤنگا۔"

"آپ کی بڑی مہربانی ہے۔" چاند نے چونک کر کہا۔ جیسے وہ کوئی رنگین خواب دیکھکر جاگ اُٹھی ہو۔ مگر مظفر جا چکا تھا۔

شام کو مظفر سخت پریشان تھا۔ بن دیکھے وہ یہ محسوس کر رہا تھا کہ نکڑ پر چاند بیٹھی اُس کی طرف دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔ وہ اُٹھ بیٹھا۔ اُس نے تیسری دفعہ تصویروں کو ٹھیک کیا۔ زنبور کو صاف کیا اور الماریوں کو خدا جانے کس لئے کھولا اور بند کیا۔ وہ یوں محسوس کر رہا تھا جیسے وہ کوئی اہم بات بھول چکا ہو۔ جسے یاد کرنا

اشد ضروری ہو۔ اُس نے اپنی کُرسی کو موڑ لیا اور ایک کتاب پڑھنے بیٹھ گیا ـــــ اُس نے دیکھا کہ وہ سامنے دیوار پر سینما کے اشتہار کو گھور رہا ہے۔

سامنے وہی دُبلا پتلا مرد چاند کی طرف جا رہا تھا۔

مظفر اُٹھ بیٹھا۔ "ہاں ہاں مجھے تو حمید کے ساتھ سینما جانا ہے۔ دوسرا شو، بہت تھوڑا وقت باقی ہے۔" اُس نے دُکان بند کر دی۔ اُس کی آنکھوں کے سامنے ایک سہمی ہوئی سی شکل اُبھری ہوئی۔ اُس کی آنکھیں اُسے بُلا رہی تھیں۔ "لاحول ولاقوت۔ ذلیل ہے تو ہوا کرے۔ مجھے کیا۔" وہ اپنے آپ سے باتیں کرتا جا رہا تھا۔

جیسے وہ خاموشی سے ڈرتا ہو ـــــ "توبہ کسقدر گرمی ہے ـــــ یہ کُتے خُدا جانے کیوں بھونکتے ہیں؟ ـــــ اِس شہر میں کتنے کتے ہیں!!"

سعاد تو کہتا ہے کہ میں نے اپنی آنکھ سے اُسے وہاں سے نکلتے دیکھا ہے۔" مظفر کے باپ نے کہا۔

"مگر ابا جی مَیں کب کہتا ہوں کہ مَیں وہاں نہیں گیا۔ اُس بیچاری کو تکلیف تھی۔ مَیں اُسے دوائی دینے گیا تھا۔ اس میں کیا بُری بات ہے۔"

"مگر بیٹا لوگوں کو تو یہ معلوم نہیں کہ تم وہاں دوائی دینے گئے تھے۔ وہ تو یہ سمجھتے ہیں کہ تم وہاں گئے تھے۔" مظفر کے والد نے الماری میں سامان کو گھورتے ہوئے کہا۔ اُن کی نگاہیں فرش پر اِدھر اُدھر آوارہ تھیں جیسے اپنی تسکین کیلئے یا سہارا لینے کیلئے کسی چیز کو تلاش کر رہی ہوں۔

"لوگ!" مظفر نے دانت پیستے ہوئے کہا "لوگ تو اندھے ہیں۔ کیسے۔ آپ حمید سے پوچھ لیجئے۔"

"نہیں بیٹا۔" اُس کے باپ نے کھانستے ہوئے کہا۔ جیسے وہ مظفر کے الفاظ اپنی کھانسی سے ناپید کر دینا چاہتے ہوں۔ جیسے وہ لوگوں کے متعلق ایسے کلمات سُننا نہ چاہتے ہوں۔ شاید اس لئے کہ اُنہیں لوگوں سے اتفاق تھا۔ "حمید کی اور بات ہے۔ تم ہمشیرہ کے سُسرال والوں کو تو جانتے ہی ہو۔ وہ تو صرف بہانا ہی چاہتے ہیں۔ میں نے تو سُنا ہے کہ تم اُس عورت سے ـــــ میرا مطلب ہے۔ یعنی ایسی عورتوں سے ہمدردی کرنا بھی گُناہ ہے۔"

"آپ لوگوں کی باتوں پر یقین کرتے ہیں۔ اس دُنیا میں لوگ کیا کہیں گے، کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ مَیں کوئی بچہ نہیں ـــــ اگر مجھے اُس لڑکی سے کچھ ہے تو مَیں اُس سے نکاح کر سکتا ہوں۔ میری مرضی بھی کوئی چیز ہے۔ مجھے لوگوں کی پروا نہیں۔ میں دیکھونگا لوگ کیا کہیں گے۔"

اُس شام کو وہ سکون سا محسوس کر رہا تھا۔ سامنے چاند یوں بیٹھی تھی جیسے وہ مظفر کو قطعی طور پر نہ دیکھ رہی ہو۔ اتنی دُور ہونے کے باوجود اُس کا انداز ایسی بے بسی سے بھرا تھا کہ مظفر اپنے دل ہی دل میں اُس پر ترس کھا رہا تھا۔

ایک چھوٹا سا لڑکا اُس کے پاس آیا۔ "چاند دوائی مانگتی ہے۔ کہتی ہے تمہاری بڑی مہربانی ہوگی۔"

"دوائی۔ کیوں اُسے تکلیف ہے۔ اچھا۔ تم جاؤ۔ مَیں دوائی لیکر آتا ہوں۔"

وہ اُٹھ بیٹھا۔ اُسکی طبیعت پریشان سی ہو رہی تھی۔

پنواڑی کی دُکان پر لوگ اُس کی طرف گھور رہے تھے۔

"پھر کیا ہے۔" اُس نے دل میں کہا۔ "دیکھتے ہیں تو دیکھا کریں۔" مگر اُس نے ٹنچر کی شیشی یوں پکڑ رکھی تھی کہ دُکان سے لوگ اُس دوائی والی شیشی کو واضح طور پر دیکھ سکیں۔

"دوائی لگانے کا کیا فائدہ ہے۔" اُس نے دوائی لگاتے ہوئے کہا۔ "یہ زخم تو پھر کھل جائیں گے۔"

"یہ میرا نصیب۔" چاند نے مزید بے بسی پیدا کر کے کہا۔

"نصیب ـــــ جھوٹی ـــــ تم خود آزاد ہونا نہیں چاہتیں۔"

"مگر ڈاکٹر صاحب مَیں اپنے لئے آپ کی بدنامی کیوں کروں؟

لوگ کیا کہیں گے؟"

"لوگ! مجھے لوگوں کی پرواہ نہیں۔ میں تمہیں اپنا بنانے کیلئے تیار ہوں۔ تم میرے ساتھ چلو گی؟"

"مگر مجھ جیسی بدبخت کو ساتھ لے جا کر آپ کیا کریں گے" چاند نے آہ بھر کر کہا۔ جیسے وہ مظفر سے کچھ کہلوانا چاہتی تھی۔

"یہ میری مرضی ہے۔ تم تیار ہو۔ مجھے جواب دو"

"ہاں۔ میں جاؤں گی" اس کا بدن ڈھیلا پڑ گیا۔ اسکی آنکھیں اثبات سے جھک گئیں۔ اس کا جسم خدا جانے کس بات کا منتظر تھا۔ شاید وہ چاہتا تھا کہ اس اثبات پر کوئی اُسے بھینچ لے۔

"تم تیار رہنا میں کل اسی وقت آؤں گا" مظفر نے مسکراتے ہوئے کہا۔

مظفر کو جاتے دیکھکر چاند جاگ پڑی۔ اُس کا وہ سنہری خواب بکھر گیا۔ اُس کا بدن اپنے آپ کو ڈھیلا چھوڑنے پر خود ہی چڑھ گیا۔ وہ شرم سی محسوس کر رہی تھی یا شاید غصہ۔

"ہم جا رہے ہیں مانو" چاند اپنی بلی سے کہہ رہی تھی "یہ دیکھو۔ یہ دو سو روپے ہیں۔ یہ انہوں نے بھیجے ہیں۔ اُن کی بڑی مہربانی ہے"

"تم جا رہی ہو چاند" اُسکی پڑوسن نے آکر کہا۔

"ہاں بانو۔ میں جا رہی ہوں ـــــ تم مجھے یاد کیا کرو گی؟"

"کبھی ـــــ تمہارے سوا میرا یہاں تھا ہی کون" بانو کی آنکھیں بھری ہوئی تھیں۔ "مگر تم خوش ہو نہ؟"

"ہاں۔ بہت۔ اس روز روز کے جھگڑے سے تو چھوٹ جاؤں گی"

"چاند ایک بات کہوں"

"ہاں کہو"

"تمہیں اُس پر بھروسہ بھی ہے؟ تم ان کی عادتیں جانتی ہی ہو۔ اِن کا کوئی اعتبار نہیں۔ وہ اس بات کو کبھی نہیں بھول سکتے کہ وہ ہم کو یہاں سے لے کر گئے ہیں۔ ان کے دل میں ہماری قدر نہیں رہتی۔ یہاں ہمارے پاس آتے ہیں تو انہیں یاد نہیں ہوتا کہ کس کے پاس گئے ہیں۔ اور ہم کیا ہیں۔ مگر ایک دفعہ گھر لے جائیں تو اُن کے لئے یہ بات بھولنی مشکل ہو جاتی ہے۔ شمو بھی گئی تھی۔ چھ مہینے پٹ پٹ کر واپس لوٹ آئی"

"ہاں۔ خدا جانے قسمت میں کیا کیا لکھا ہے۔ کہتی ہوں چلو یہ بھی کر دیکھوں"

"نہیں نہیں۔ میں یہ نہیں کہتی کہ وہ ڈاکہ بُرا ہے۔ وہ تو شریف دکھائی دے ہے، ویسے تم خود سوچ لو۔ بس میں یہ کہتی ہوں ـــــ"

سارا دن وہ چیزیں اکٹھی کرتی رہی۔ اور اس کا دل کتنی معلوم توقع سے دھڑکتا رہا۔ جیسے اُسے کوئی نیا کھلونا ملنے والا تھا اور وہ ایک بچہ تھی۔ اُس کا دل اب "خدا جانے کیا ہوگا" کی دلچسپی سے دھڑک رہا تھا۔

"تم جا رہی ہو چاند؟ بتاؤ تو کہتی ہے "تم جا رہی ہو" اُسنے ایک کرخت آواز سُنی۔ اور اُس کے بدن میں ایک بجلی سی دوڑ گئی۔

"ہاں میں جا رہی ہوں" اُس نے ایک مصنوعی لاپروائی کے کہا ـــــ

وہ دُبلا پتلا مرد کھل کھلا کر ہنس پڑا "کون جا رہا ہے تم۔ تم کہیں نہیں جا سکتیں"

"کیوں نہیں جا سکتی۔ میں تمہاری "باندی" نہیں ہوں"

اُس نے لپک کر چاند کے بال پکڑ کر گھسیٹ لیا "باندی نہیں تو اور کیا ہے"

"یہ لو اپنا دو سو روپیہ" چاند نے ٹرنک سے نوٹ نکالکر اُس کے پاؤں میں پھینک دئے "میں اب آزاد ہوں"

"روپیہ۔ یہ تم نے کہاں سے لیا ہے ـــــ ہاں میں جانتا تھا کہ تم پیسے چُرا رہی ہو۔ یہ روپیہ میرا ہے۔ تمہارا نہیں۔ خدا کی قسم

میں تمہیں اس جھوٹ کی سزا دونگا" اُسنے کونے سے رسّہ اُٹھالیا۔ اور بید ردی سے اُسے پیٹنے لگا۔

چاند دُور سے چیخ رہی تھی "اور مارلو۔ اور مارلو۔ مگر تم۔ مجھے جانے سے روک نہیں سکتے"

وہ بستر پر گٹھری بنی پڑی تھی۔ سامنے چوکی پر وہ بیٹھا اُسے گھور رہا تھا۔

"میں ابھی جاتی ہوں۔ میں دیکھوں گی تم مجھے کیسے روک لوگے" وہ اُٹھ بیٹھی۔

"میں کہتا ہوں چاند تم نہ جاؤ"

"کیوں نہ جاؤں۔ مجھے روکنے والے تم کون" چاند نے روتے ہوئے کہا۔

"تم پچھتاؤ گی"

"تمہیں کیا" وہ اُٹھکر ٹرنگ کو تالا لگانے بیٹھ گئی۔ کمرے میں چاند کی ہچکیوں کے علاوہ بالکل خاموشی تھی۔ چاند کے چہرے پر غم کی ایک تصویر کھنچی تھی۔ جو اُسے اور بھی جاذب بنا رہی تھی سامنے وہ بیٹھا تھا۔ اُس کے ماتھے پر بل تھے۔ کونے میں بتی بیٹھی غرّا رہی تھی۔

وہ اُٹھ کر چاند کے قریب جا بیٹھا "چاند" اُس نے اپنا سر چاند کے گھٹنوں پر ٹیک دیا "تم جا رہی ہو۔ خدا کے لئے نہ جاؤ" وہ رو پڑا "تم چلی جاؤ گی تو میں کس سے لڑا کرونگا۔ مجھے تم سے محبت ہے" اُس نے ہچکیوں میں کہا۔

چاند کا ہاتھ اُٹھا اور اُس کے سر کو تھپکنے لگا۔

"مگر کیوں" مظفر نے تڑپ کر پوچھا۔

"نہیں ڈاکٹر صاحب میں نہیں چاہتی کہ میری خاطر آپ کی بدنامی ہو"

"بدنامی" مظفر پریشان تھا "مگر کیوں؟"

"میں اپنے لئے آپکی زندگی برباد کرنا نہیں چاہتی"

"نہیں نہیں۔ تم کو یہ ذلیل زندگی چھوڑ دینی چاہیئے۔ میں اِسے برداشت نہیں کر سکتا"

"مگر کیوں۔ میری خاطر اتنا کیوں"

"کیوں؟" اُس نے ایک وحشت سی محسوس کرتے ہوئے کہا "کمینی عورت۔ فاحشہ" اُس کا ہاتھ اُٹھا اور اُس نے زور سے چاند کے منہ پر تھپڑ مار دیا "رنڈیل کسبی"

ایک ساعت کے لئے چاند کے چہرے پر خدا جانے کیسی چمک سی پیدا ہوئی۔ پھر وہ بے بسی میں بدل گئی۔ دو آنسو اُس کی آنکھوں سے ٹپک پڑے۔

"مگر آپ ٹھہریئے تو سہی۔ ذرا ٹھہریئے ڈاکٹر صاحب" اُسنے منت اور اضطرار سے کہا۔

مگر مظفر سیڑھیاں اُتر چکا تھا۔

☆ ☆ ☆

"ممتاز مفتی"

ہیملٹ

شہرۂ آفاق شیکسپیر کا سب سے مشہور ڈرامہ ہیملٹ شہزادہ ڈنمارک کا ترجمہ مولانا عنایت اللہ دہلوی نے ایسی قادر الکلامی سے کیا ہے کہ اُردو میں ایک غیر فانی کتاب کا اضافہ ہوگیا۔ اُردو میں لفظی پابندی کے ساتھ آج تک شیکسپیر کے کسی ڈرامے کا ترجمہ کبھی سے نہ ہو سکا۔ مولانا عنایت اللہ صاحب کا یہ احسان ہے کہ اُنہوں نے اِس عظیم الشان ڈرامے کو اُردو میں نہایت عمدگی سے منتقل کر دیا۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ٹائیٹل رنگین۔

قیمت صرف ایکروپیہ (علٰحدہ) علاوہ محصولڈاک

پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی

ہدایت

(۱)

اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا
جس جا ہے مرا دوستِ نظر ٹھیک سے رکھنا
اِس خوابگہِ ناز سے غفلت نہیں اچھی
سوتی ہے جہاں پر مری محبوبۂ ہستی
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اُس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا

(۲)

وہ خواب میں رنگین محبت کے ہے مشغول
خود میرا تصوّرِ غمِ ہستی کا ہے معمول
گو سوتی ہے ظاہر میں، مگر جاگ رہی ہے
نیند اُس سے تو وہ نیند سے خود بھاگ رہی ہے
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اُس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا

(۳)

ہر سانس میں میرا ہی تصوّر ہے مچلتا
ہر لمحہ مری یاد میں ہے اشک نکلتا
جھپکی ہوئی آنکھوں میں ہے اک عالمِ تصویر
اُلجھی ہوئی ہر لمحہ ہے تقدیر سے تدبیر
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اُس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا

(۴)

اُن ہونٹوں سے جن پر ہے رواں چشمۂ حیواں
اُن آنکھوں سے جن میں ہے نہاں سحرِ غزالاں
امرت نہ اُڑا لے کوئی دزدیدہ نظر سے
مستی نہ چرا لے کوئی خود ساغرِ زر سے
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اُس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا

(۵)

بل زُلفِ معنبر کے صبا کھول نہ پائے
گل رُخ کی لطافت کو کبھی تول نہ پائے
ہاں! اس کو سُلا دیدۂ عالم سے چھپا کر
عالم ہی نہیں اپنی بھی آنکھوں سے چُرا کر
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!
اُس بسترِ راحت کی خبر ٹھیک سے رکھنا
ہاں! اُس پہ نظر دُور سے پر ٹھیک سے رکھنا
اے عالمِ خفتہ کے محافظ!

نوحت کاشمیری

بے پر کی

۱۹۱۸ء میں پہلے پہل علی گڈھ کالج میں اڑی تھی، اور ابھی جی بھر کے نہ اڑنے پائی تھی کہ ضبطِ تعلیم کے سلسلہ میں "قوم" نے یکم اپریل ۱۹۳۰ء کو "دی آل انڈیا جھانسی ایکٹ" نافذ کر دیا، ناچار ہمیں بھی مردن موقوف متعبرہ مسمار کرنا پڑا، اور یہ سمجھ کر کہ "آل انڈیا" نوعیت کے جتنے معرکے ظہور میں آتے یا لائے جاتے ہیں اکثر سر نہیں ہوا کرتے کریز بیٹھ گئے۔ ہونے والی بات کہ حال ہی میں کسی آثارِ قدیمہ کی تلاش کرتے ہوئے اپنے اسباب جہالت میں ایک کرم خوردہ مسودہ ہاتھ آیا۔ دیکھا تو بے پر کی "چوتھی اڑان تھی، جو آج اٹھارہ برس بعد "ساقی" میں اڑ رہی ہے، اور اس بل پر اڑ رہی ہے کہ اگر نصیب اعدا "جھانسی ایکٹ" اب بھی برسرکار ہے تو یہ فدوی اس کی زد سے دور یعنی "بارہ پتھر" باہر ہے۔

"آوارہ"

(کھٹیا پر پڑے پڑے) "پناہ بہ خدا۔۔۔۔۔ وہ کہیے کہ خیر گزری اور جاگ ہو گئی۔ ورنہ کام ہی کر چکا تھا مردک!۔۔۔۔۔ خیر اس وقت تو ذری حواس بر جا نہ تھے مگر تو بہ تو بہ کر کے کہتا ہوں کہ بچا جو کہیں سچے بھر پہلے آنکھ کھل جائے نا تو غضب ہی توڑ ھا دوں قسم پروردگار کی دع تلا دا جنیو کا ہاتھ دیا ہوشقی کے کہ معاذ اللہ! ۔۔۔۔۔ آنتیں ڈھیر ہو جائیں آنتیں، بھاگتے راہ نہ ملے کافر کے تئیں، جی اور کیا۔ تا وہم زیست یاد کرے ملاعون! ہونھ! دل لگی بازی ہے۔ سپاہی کے پوت ہیں، عمر بھر کہ یدانیاں، رسلداریاں کی ہیں کہ باتیں،۔۔۔۔۔ مگر واللہ مانتا ہوں قسم قرآن کی، شوے پشت جھلیا! کیا چکمہ دیا ہے کہ افوہ! یعنی دیکھتے دیکھتے پنجرہ سمیت غائب، خانی حقہ گڑ گڑا کے" اور اس گپوا احمق اخور کو تو ذری سویرا ہونے دیجیے کھود کے دفن نہ کر دیا ہو تو مغل سے نہیں چمار سے کہیے گا قسم قرآن کی مکشتنی گردن زدنی!

ایں گھر میں کیا کچھ حشر برپا رہا اور اس مادر بخطا کے کان پر جوں نہ رینگی، خبر تک نہ ہوئی اصلا، کام چور ٹھلا خدائی کا" منہ پر سے دولائی ہٹا کر "گپوا، گپوا، ابے او گپوا کے بچے" اٹھتا ہے نابکار، یا ہے شرط کہ بگڑ چلوں اور دوں آن کے گدی پہ ایک چکت، جی کھیر کی قلفیاں اور شیرمال چٹ کر کے جو مردک لمبی تانی ہے تو ٹکنے کا نام نہیں"۔

گپوا۔ نیند کے عالم میں جھنجھلا کر "لے کچھ کہیے گا بھی یا تخ بن تخ کوٹھیں ہی مچائے جائے گا، کھٹملوں نے الگ نام میں دم کر رکھا ہے، آپ الگ خفکان کر رہے ہیں"۔

پہلا۔ "گپتا جانکر ام تو اپنی گستاخیوں کو گنتا جا، ذری سویرا ہونے دے تب مزا چکھاؤں گا اس کا، کلے چیر کے نہ دھر دوں تو سہی، بولنے کو ترس جائے جب کی ستد، اور سنیے پاجی کی، ہم ٹھیں مچاتے ہیں، خفقانی ہیں؟"

گپوا۔ "لیجیے یہاں جاڑے کے مارے امچور ہوئے جا رہے ہیں، میاں ہیں کہ ہوا سے لڑ رہے ہیں، اور اول فول بک رہے ہیں، آدھی رات ادھر آدھی رات ادھر، وقت دیکھیں نہ بے وقت، کوئی سنے تو الو کی پھبتی کہے، جی اور کیا، نالت ہے واللہ اس نوکری پر اور کرنے والے پر گالی دیکر" کو تو کیا کہوں"۔

پہلا۔ برافروختہ ہو کر "ابے کیا کہوں کسے بچا، اٹھ کمبخت چراغ

جلاتا ہے کہ نہیں؟ وہ گھسیٹن قطامہ کا بلّا طوطے کو پنجرے سمیت اُڑا لے گیا ہے تے قسم قرآن کی وہ تو ہاتھ پاؤں نہیں ہلاتے میں نے نہیں تو مجھ پہ چوٹ کی تھی۔"

گپوا۔ لیٹے سے بیٹھ کر "توبہ کہتے چچ چچ! ہائیں غضب ہوگیا میاں یہ کب؟ چچ چچ! خیر طوطے کا تو غم نہیں، ایک نہیں" گالی دے کر "آپ کی جان کو دس، مُل یہ بُرا دانوں مارا کہ وہیلی دس گنڈے کا پنجرہ گانٹھ دیا۔"

پہلوا۔ متاسف ہوکر "ہائے واللہ تھا تو مشتِ پر، مگر قسم قرآن کی بلبل ہزار داستان، جہاندیدہ مزاج داں، اور جب سے چُپکی پر لگ گیا تھا تب سے تو جانہار کے اور بھی جوہر کھُلے تھے، قسم ہے جناب امیر کی جھوٹ بولنے والے" گالی دے کر "کو بھی، کچھ کہتا ہوں، کہ رات رات بھر میں تو اکثر میٹھی نیند سویا ہوں اور وہ شخص داستانیں کی داستانیں مُنہ زبانی سُنایا کیا ہے مُنہ زبانی، اللہ بخشے فردوس مکانی کو، اُنہیں نے ایک روز اپنے چڑیاخانے کی سیر کرائی، چڑیاخانہ کاہے کو تھا ایک طلسمات تھا، اور اس طوطے کو دکھا کر کہنے لگے کہ مرزا اُستاد بھی یہ جنور بھی دیکھا تم نے؟ میں نے مُنہ بنا کر عرض کی "جی ہاں پیر و مرشد، مگر غلام کے نزدیک کوئی انوکھی بات تو پیدا ہے نہیں اس میں" ہنسے اور فرمایا کہ "مرزا تم بانک پٹے کے اُستاد ضرور ہو، اُستاد کیا معنی اس وقت اکّے ہو شہر میں، مگر یہ علم بھی ہمارے گھر کا ہے، اسے ہم خُوب جانتے ہیں" یہ کہہ اور گنگنا جنی پنجرے سمیت طوطے کو نکال کر آنکھ جو مارتے ہیں تو مٹھو میاں کیا فرماتے ہیں کہ چ۔ قدر جوہر شاہ داند یا بداند جوہری۔ پھڑک گیا، ششدر رہ گیا، قسم قرآن کی، ایں طوطا و ایں بریجتہ جواب! ہائے واللہ کیا تیکھا شہزادہ تھا، بات کا دھنی، اور کلیجہ تو رستم کا لیکر آیا تھا اللہ کا بندہ، بس چٹونوں سے تاڑ لیا کہ مرزا کا دل اس پر آگیا، حکم دیا کہ مرزا اُستاد یہ طوطا تو آپ پالئے، مگر دیکھنا مرزا بھتی تمہیں کبریا کا واسطہ میرے طوطے کو ایذا نہ پہونچے، نہیں تو حشر میں دامن پکڑوں گا ڈھا کے بنگالے کا ایک سوداگر نذر کر گیا ہے، کہتا تھا کہ جاٹوں نے مالوے پر جب یزن بولا ہے تو وہاں کی رانی راج پاٹ، دھن دولت چھوڑ پھاڑ صرف اس طوطے کو لیکر مردانے بھیس میں جنگل بیابان کو نکل گئی تھی، مگر رستے میں کسی شقی لعین نے شیر پنجرا جو اٹھا کے جھونک دیا تو جل بھُن کر خاک ہوگئی، اور یہ ماشاء بھر کی نمنی جان دُشمن کے پلّے پڑی، مرزا، دیکھتے نہیں ہو بائیں آنکھ ندارد ہے، چھرّے چھپلتے پڑے جو ایک آنکھ ہی کام آئی ورنہ سر قلم ہوجاتا۔"

ہائے واللہ وہ دن ہے اور آج کا دن کہ صاحب عالم کی رُوح کو میں نے جو ایذا پہونچائی ہو تو لعین ہی کا کام ہو واللہ، خیر، مگر اتنا کہے دیتے ہیں کہ یہ خُونِ ناحق بالا بالا نہ جائے گا۔ اے لو یہ بیان خود فجر ہوئی اور ہم نے تھانے کی گنڈی کھٹ کھٹائی اور رپٹ داغی، ٹھہرو تو سہی بی صاحب کا مع تلّے چالان نہ کرایا اور یہاں سے لیکر بڑے صاحب تک اور وہاں سے تابہ لاٹ صاحب نہ کچھوایا تو "مرزا الٰہی خیر" نام پلٹ دینا، بلّا پالا ہے مالزادی نے یا خونی باندھا ہے، بس کہہ تو دیا کہ گھر بھر کی ٹنڈیاں نہ کسوا دوں تو وہی ہاتھ کا کھانا حرام ہے قسم قرآن کی۔"

گپوا۔ بات کاٹ کر "منہ کا ہے کو بُرے کا پیٹ ہے کہ اب چلا تو چلا۔ اے میاں تھانہ عدالت پیچھو کیجئے گا، پہلے تکیہ تلے سے ماچس کی ڈبیہ نکالئے، دیکھوں تو سہی کہ آخر کے تئیں گیا کدھر؟"

اندھیرے میں ٹٹول ٹال مرزا صاحب نے ڈبیہ دی، گپوا نے دیا سلائی کھینچی اور کپّی جل گئی۔

گپوا۔ دیکھ بھال کے "جی میں آتا ہے کہ سر پیٹ لوں اپنا واللہ، سنکھیا کھا کے سو رہوں ان باتوں پر، توبہ توبہ! اسی سے تو کتابوں میں لکھا ہے کہ نشہ حرام ہوتا ہے، اور اس مُردار افیم کا تو سب سے کمین، اُو دھم جوت دیا مار کے، لگے واہی تباہی بکنے لام کاف کرنے" پنجرہ دکھا کر "یہ کیا ٹنگا ہے پنجرہ کھونٹی میں۔"

مرزا۔ دولائی پھینک نیم خیز ہوکر "ایں کیا کہا؟ ماں تمہیں واللہ قسم

قرآن کی، مگر یار گپّو ذری دیکھنا تو جھانک کے وہ بھی ہیں؟"

گپوا۔ طنزاً۔" جی نہیں تو۔ . . . . . لے یہ کیا تیاں سے بیٹھے پٹ پٹ آنکھیں مار رہے ہیں، مار بوکھلا دیا لے کے آپنے، سچ ہی آدمی میں حواس ہی حواس ہیں"۔

مرزا۔ لیٹ کر" لاحول ولا قوۃ، بھئی مار ڈالا، بڑا دھوکا ہوا اس وقت قسم قرآن کی"۔

گپوا۔" جی اور کب نہیں ہوتا، پینک میں، کوئی آج آپ ہمیش مچھر کا ہاتی بناتے ہیں۔ مُل کہے کون، لاکھ بار سمجھایا کہ ننگے ننگے تو ذری چُسکی میں کمی کر دیجئے مُل نہیں، غضبِ خُدا سونے کے بھاؤ تو افیم مل رہی ہے، یہ تو کال پڑ رہا ہے کہ روپے کے پان سیر گیہوں ہیں آپ ہیں کہ آٹھ نو گنڈے سے کم کی پیتے نہیں اور یار دوستوں کے جلسے میں دو ایک دو ایک دور چل گئے وہ گھاتے ہیں"۔

مرزا۔ خفیف ہو کر" خیر بھئی کھائی تو کھائی اب کھائیں تو رام دُہائی معاف کرو، اور" جا ہی لیکر" حقہ تازہ کر کے ذری ایک تو الو بھر دو"۔

گپوا۔" جی معاف واف کے بھروسے نہ رہئے گا، کہیں آج مار دوں بھوئی رات میں بے خطا بے قصور لاکھوں صلواتیں سُنائی ہیں آپنے، دیکھے گا، اور ہاں یہ جب دیکھتے تب گپوا گپوا کیا کہا کرتے ہیں آپ، نوکری کی ہے یا ذات بیچی ہے کوئی ہم نے، اور سُنئے گپوا گپوا، واہ کیا خُوب کوئی دُھنّا جلاہا مقرر کیا ہے آپنے، ہم بھی کوئی ایسے ویسے نہیں ہیں اصل پٹھان ہیں، کلکزئی، سُنا آپنے، ہوتھ! جیسنے پھپھو دھیلی کے پیسے دیئے اور سمجھیں گے مول لیکے چھوڑ دیا، حاتم کی گور پہ لات مار دی، خبردار آج سے ٹھیک نام نہ لیا آپنے، عبدالغفور خاں اور نہیں تو کیا"۔

مرزا۔ بہت اچھا غفور خاں صاحب بہت اچھا، اب تو خوش ہوئے۔

گپوا۔" کیوں نہیں، سلامت رہئے، یہ ہیں دیکھئے اشرافوں کی سی باتیں، یہ نہیں کہ اُس کا سامنہ اٹھا لیا اور گپوا گپوا! بڑی مہر کی نظر ہوئی تو گپّو! ابے وہ تو کہیئے ان پڑھ جاہل رہ گئے ہم، نہیں تو آج چلیں بھرتے ہوتے آپ کی، راس نہیں آیا یہ علم" گالی دیکر" ہم کو اور آتا تو کیونکر سے، مولوی صاحب تھے کل جتے، ہم نے ویسے جمال گوٹے، بس بد دُعا لگ گئی ہم کو، مل میاں ایک بات ہے کہ آپ کی سلامتی میں جگہ نوابوں رئیسوں ہی کے برابر ملتی ہے"۔

مرزا۔" اماں ہاں غفور خاں بھئی خُوب یاد آیا" ہنس کر" طے کیلئے ٹیس ٹیں کی بھی تم نے خُوب کہی، قسم قرآن کی برجستہ کہتے ہو تھی تو ہم پر مگر جاؤ گپا یاد کرو گے ہم نے معاف کیا ہمارے خدا نے معاف کیا"۔

گپوا۔ سلام کر کے" حضور کی بدولت ہم بھی دو گال ہنس لیتے ہیں، ملاحظہ کیجئے گا حقہ بھی وہ پلاتا ہوں اِسوخت کہ آنکھیں نکل پڑیں حضور کی کلیجہ تک سُلگ جائے"۔

مرزا الٰہی خیر صاحب پلنگ پر دراز ہو گئے اور گپوا حقہ بھرنے چلدیا۔

گپوا۔ چلم بھرتے ہیں" نرے بودم بے دال ہیں میاں ہمارے، پورے چونگا، کن گھامڑوں سے پالا پڑا ہے آن کے کہ توبہ توبہ! پڑے پڑے اچھی اُسیٹھ لگائی جاڑے میں کہ بلا طوطا لے گیا۔ ان کا سہرا اور مزہ یہ کہ اُوپر سے سُور مانتے ہیں آپ، اپنے حساب بڑے بہادر ہیں، اسی دن بھٹیاری والا جو ذری کے ذری سیدھا ہو گیا تو بنکارتے ہی رہے، نکلا ہی کیا تمنچہ اور کٹاری، اور وہ آنکھوں تلے سے کنکوا اور ڈور کا گولا لے گیا، اور مٹھی بھر بھر کے دھول جھونکی وہ نفے میں، جی اور کیا" نیچے بہگا کے" کیا موسم ہے واللہ" گالی دیکر" مار بات گل گئے۔ تالت میں تھوک ایسی طلب پر، جی، کلیجے میں دم نہیں، اور فرمائش کریں گے توے کی، اب کہئے دو گھنٹے ان کے لئے سلگائے کون بیٹھ کے، وہی ایک گپّو نا! سوچا ہے اوڑھو

چاہے بچھاؤ" سٹ سٹ دوچار کش لے کر" ابے سُلگ بھی چُک کہیں، نیند کے مارے حواس نہیں ٹھکانے، سر پٹا پڑتا ہے، حُقہ ہے کہ نخرے کر رہا ہے"

مرزا۔ اندر سے" ماں غفور خاں کیا بجا ہے؟"

گپوا۔ جل کے" بجا کیا حقہ بجا ہے"

مرزا۔" بڑا بے حیا ہوبے، لگا میں تُو نے پھر وہی باتیں"

گپوا۔ چٹخ کر" میاں سُنا حقہ پینا ہے تو سیدھی طرح پی لیجئے، اور جو بے تے، کیجئے گا نا؟ تو اس درخت بن نخ کی ٹھائیں ٹھائیں ہو جائیگی ہمارے آپکے، اور نہیں تو، ایک تو نیند خراب کی بھلے مانس کی، ویسے ہی سوخت ہو رہے ہیں، اُوپر سے بے تے، کا پہاڑا پڑھتے ہیں آپ، اور جو ہم بھی کہدیں

اَلب بے ہوّا، ماں چیل باپ کوّا

تو دیکھئے کتنے چرھیندے ہوتے ہیں اپنی دنے کو" اندر جاکر لیجئے اُٹھیئے۔"

مرزا۔ دھیمے پڑکر" لاؤ لاؤ بھی جیتے رہو، کیا کام کیا ہو واللہ، اماں خانصاحب تم تو اک ذری سی بات میں بگڑ گئے"

گپوا۔" لے حضور مجال ہے میری، آپ مالک میں غلام آپ آقا ہم نوکر، مُل میاں کوئیں کی آواز ہے جیسے کہیگا ویسی سُنے گا" لیٹ کر لے اب ہم تو سوتے ہیں میاں، آپ چاہیں رات بھر مکان رکھائیر یا ہماری جان کچھ کریں، مُل اَبکی بلا ولا نہ کہیں لگا ئیے گا۔ اَبتو جنگل کا شیر بھی ایک دنے کو آئے گا تو بندہ درگاہ اپنی جگہ سے نہیں ٹلنے کے، ہاں"

مرزا۔ گھنٹے کی آواز سنکر" ایک دو تین" ایسی لیجئے اس گلچپ میں دھیان ہی نہ رہا اور تڑکا ہو گیا۔ میاں غفور خاں بھئی یہ سونے کا وقت نہیں، میں نہ مانوں گا قسم قرآن کی، اماں اُٹھ کے مولا کی یاد کرو۔ چار ٹیٹیں اُڑاؤ سویرا ہو جائے، اور اب ہماری چسکی کا وقت بھی آیا ہی سمجھو"

گپوا۔ رزائی ورائی پھینک کر" جی ہم تو مولا کی یاد کریں اور آپ افیم کی؟ کیوں! ہاتھ تھوا پھٹے سے منہ! بات یہ ہے کہ آپ کے دماغ میں تو آگئی ہے خُشکی اور یہاں تڑکے تڑکے اُٹھکر الغاروں کام کرنا ہے، چاہ بنانا، برتن مانجنا، سودے سلف کو جانا، پھر چولھا جھونکنا، ہنڈیا ڈوئی کرنا، کہئے ہاں، آپ ہل کے پانی پینا نہیں جانتے، اتنا کام کون کریگا، میں یا شیطان؟"

مرزا۔" بھئی کام کی جو کہتے ہو تو لو قسم قرآن کی نہ تدبیر بتاتے ہیں کہ پھڑک اُٹھو گے، اور ترکیب بھی سُبحان اللہ وہ مختصر کہ ہرا لگے نہ پھٹکری اور رنگ چوکھا آئے، میاں ہم سے سیانا وہ دوانا"

گپوا۔" اب مُنہ سے کچھ پھوٹیئے گا بھی؟"

مرزا۔ فقرہ ہضم کر کے" سُنیئے آپ کی ایسی تیسی، اب تو بیٹھ کے کوئی قصہ کہانی چھیڑیئے جس میں رات کٹے، پھر چسکی وسکی سے فارغ ہو کر سو رہیں ہم آپ دونوں، کہئے بہت خوب، آنکھ کھلے دن چڑھے، جھٹ ہاتھ منہ دھو، آپ جائیں بازار اور چار آنے کی آبیاں، اور چھ پیسے حد دو آنے کی لائیں نہاری، اور اک دو شیرمال، اور ہاں چار ڈبل کی برفی، یا نہ ہو تو فالودہ مگر ہوتا زی، بس کھانے کی فرصت ہوئی تو ہم چلیں جانی مرزا کے ہاں، دو دو بازی گنجفہ ہو، ورق بدے ہیں اُن سے دو دو روپے ورق، اور آپ شام کے لئے مسالا پیسیر، نہ کہیئے گا کیسی کہی؟"

گپوا۔ سوکھے منہ سے" سُبحان اللہ، یہ حضور کا حصّہ ہے، علم کا زور ہے، ہم سے جاہل کو دن کی عقل اتنے لمبے پہ تھوڑی جاسکتی ہے کیا ممکن ہو، مُل میاں" سر کھجا کر" غلام کو یہ اور معلوم ہو جاتا کہ یہ دن بارہ آنے کے پیسے آئیں گے کہاں سے؟"

مرزا۔ کنوّں پر سے جاتے رہے" کیا کہا بے تُو نے؟ پھر تو کہنا۔ یہ ہماری بات میں چوں چرا کیسی؟ ایں، اس کے کیا معنی؟ اُدھیڑ کے ڈالدونگا قسم قرآن کی، کہاں سے آئینگے، کہاں سے آئیں گے؟" زور دیکر" لے وہاں سے آئیں گے جہاں سے اور سب آتا ہو؟

گپوا: "سب تو حضور پروردگار کے حکم سے بنیہ دیتا ہے۔"

مرزا: "تو یہ بھی بنیہ دیگا۔"

گپوا: "سنجیدہ بن کر۔ جی بجا ہے، دیگا اور بے شک کر کے دیگا، مل سویرے سویرے بن داموں کھوپڑی کی کھچڑی بھی بنا دیگا، چندیا کی استری بھی خوب ہو جائیگی۔"

مرزا: "آئیں تو جائیں کہاں۔ چپ مردود، بدزبان، نفرے، ٹکے کے پیادے، بڑے آئے وہاں سے بنیہ کی وکالت کرنے والے، زبان میں پاجی کی موج ہی نہیں گویا طرح دیتا ہوں مگر جی میں آتا ہو اٹھ کے جوتی سے کھوپڑی کی اصلاح کر دوں، بچا اٹھتے ہی گڑگڑی اور لوٹا رکھ کے نہاری نہ لایا تو مار ہی ڈالونگا قسم قرآن کی، اور تو اور بنیہ سے بھی ہم دبیں گے، لے گولی سے تو ہم بات کرتے ہیں، اور خیر چلئے اس کے دن نہیں تو اب گالی سے بھی گئے گزرے کیا۔"

گپوا: "یہ مانا حضور، یہاں پر ہم بھی قائل ہیں، پہلے ہی حضور کا منشا معلوم ہو جاتا تو یہ تو تو میں میں کاہے کو ہوتی۔ اینگ گڑگڑی لوٹا کیا مال ہے، حکم پائیں تو ہم تو حضور کے کوڑے کر لیں، لوکر ہیں کہ دل لگی، ہم نے تو خدا واسطے کو ایک چلتی بات کہہ اٹھائی تھی کہ حضور بنیئے کے ہاں سے آٹا دال تو خیر ادھار بھی جاتا ہے مل نقد پیسے تھوڑی ملیں گے، آپ تو چار جامے تو یہ پاجامے سے باہر ہو گئے، اب حکم شد ہو گیا ہے تو ہم بھی منہ اندھیرے آفتابہ اور گڑگڑی میکے سے سسرال پہونچا دیں گے، جی اور کیا، چلچی اور دو پلچیاں جہاں سدھاریں وہاں بھائی بہن کی یہ جوڑی اور سہی۔ مل ایک بات ہے جو آپ کڑوے نہ ہوں، حضور ہیں بڑے سخی کے بچے، لنگوٹی تک کو چاہیں محتاج ہو جائیں۔ مل بے شیرمال کے حلق تلے نوالہ نہ اترے گا، کچھ خلاف ہے اس میں؟ سچ کہئے گا۔"

مرزا: باچھیں کھل گئیں۔ "سچ کہتے ہو واقعہ قابل انعام، خوش کر دیا اس وقت تم نے ماں غفور خاں! بھئی آج سے افیم پیا کرو تم بھی۔"

گپوا: "مجھے تو بخشیں حضور، ان کالی مائی کو دور ہی سے ڈنڈوت ہے ہماری، اچھی داد دی۔ کچھ سوچ کر۔ "ہمیں تو آپ ہی کے لالے پڑے ہیں، دیکھنا ہے کہ آپ ہی کی کے دن چلنے پاتی ہے۔"

مرزا: "کیا افیم؟ افیم تو بھئی مرتے دم تک ساتھ ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔"

گپوا: "جی اور کیا۔ سچ بھی ہے، کلمہ درود تو ساتھ جانے سے رہا آپ کے اے آپ سمجھے ہی نہیں ہم نے کیا کہا، اور سمجھ میں تو تب آئے کہ گرہ میں تولہ ماشہ ہو بھی۔"

مرزا: "چلئے دفع ہم بیوقوف گوکھے سہی، آپ کی بلا سے، اپنا مطلب کہئے۔"

گپوا: آواز بلند کر کے۔ "مطلب یہ کہ جھگڑا ہی پاک ہوا جاتا ہے دس پانچ دن میں اس کا، نہ شہر میں افیم ملے گی نہ آپ پیئینگے۔"

مرزا: "واہ بے" ہنسکر۔ "بڑا زیٹیا ہے، کیوں حضت کیوں نہ ملے گی؟ اور نہ ملے گی تو پاپوش سے، لپنے بھر کی ہم گھر پولینگے، اور رکھوالی کو تمہاری نوکری بولدیں گے، اپنے بیٹھے ہوئے کتے ہنکارے ہیں مزے سے، چلئے چھٹی ہوئی، اب کہئے۔"

گپوا: "منہ دھو رکھئے، حکم آگیا، بلکن کل ڈگی بھی پٹ گئی کہ افیم سب لام پہ لدے گی، حکم بڑے صاحب کا، کرم دھم! کرم دھم!"

مرزا: رنگ پریدہ ہو کر۔ "اماں نہیں، لگے بے تکی اڑانے۔"

گپوا: "جوانی قسم میاں، میں کوئی جھوٹ بول سکتا ہوں آپ کے آگو، یقین نہ آئے تو اس کی اور بات ہے، اچھا مع جوتا لے سے گورے سے ہیں نا؟ بھلا سا نام ہے ان کا" ٹھہر کر۔ "وہی وہی جن سے حضور نے اس اتوار کو کنکوے کا میدان بدا تھا اور انہیں نے ایک کل پتے سے خدا جھوٹ نہ بلوائے تو حضور کے دس بارہ جمدھر اور کوئی کوڑی بھر بھیڑیے کا ٹے تھے اور خود چراغ جلے اچھوتے اتر گئے تھے، ان سے پوچھ لیجئے گا۔"

مرزا: "کون؟ بلاقی کو کہتے ہو گے، وہ سفلہ مسخرہ، پیچ لڑانا کیا جانے

کل کا لونڈا ہمارے سامنے کا، چرخی تھا منے کی تمیز نہیں جس کو، وہ کیا کھا کے میدان لے گا ہم سے، ہم کنکوّا لڑاتے ہیں؟ لے ہوا پر دیو لڑاتے ہیں قسم قرآن کی، اور مانجھا تو اتنا بڑا شہر ماشاءاللہ سے پڑا ہے آج، ہمارا ساکوئی نکال کر دکھا دے، اور تو نہیں ناک ناک تو ہم بدتے ہیں واللہ کیا مجال، ماں غفور خاں سو گئے بولتے نہیں، یاد ہو گا کہ برسوں ذری کے ذری جیل کے چھوٹ گیا تھا۔ دوپہر کا لے ہو کر گرمی واللہ!"

گپوا: "یاد تو نہیں مل میاں ہو گا بیشک کر کے سچ، تو وجہ کیا کہ ہمیں تو مہینے پیچھے اپنی اٹھنی سے کام، اینچ پینچ سے کیا واسطہ، اپنے حساب جیل گرے کہ گدھا، دونوں ایک اور حضور۔ ۔ ۔

مرزا: لال پیلے ہو کر "ہاں اور حضور، کیا کہا اور حضور، سوجھ کے کہنا۔"

گپوا: "مطلب یہ کہ حضور تو کہاں کی بات کہاں لاڈالتے ہیں۔"

مرزا: "خیر چلیے بات بنالی اس وقت آپ نے، ورنہ بے بھاؤ کے پڑتے۔"

گپوا: "ہاں میاں تو بلاقی صاحب ہی پہ قرآن دھر کے پوچھ لیجئے کہ اگلے جُتے سے انیم لام پہ لدے گی کہ نہیں، وہ اپنی آنکھ سے دیکھ سکتے ہیں ریل پر پٹارے کے پٹارے لدے چلے جاتے ہیں، کھانچیاں کی کھانچیاں جارہی ہیں، مارے بدبو کے ناک نہیں دی جاتی، اور قلیوں کی تو کچھ پوچھئے نہیں، ماذاللہ کی پناہ! لادتے لادتے حضور نٹے جم جاتے ہیں، دس ادھر غیں پڑے ہیں، پانچ اُدھر انٹا غفیل ہو رہے ہیں، مکھیاں الگ بھنک رہی ہیں، کُتا موت جائے تو اُن کو خبر نہیں، بابو لوگوں کے ہاں البتہ راوی چین لکھتا ہے، شہر کے دس پانچ انجی پہونچ گئے ہیں، جلسے ہو رہے ہیں، شہر میں ایک پونڈا جو دیکھنے میں آتا ہو، پھاندیاں کی پھاندیاں ریل پر جارہی ہیں، بڑے ٹھاٹ ہیں، اور تو اور، وہ دیکھئے شام کی ٹیم سے وہ فیضو فیضو ہیں نا؟ سیتلا منہ داغ، کالے سے، سُرمہ متی بیچتے ہیں، اُناؤ سے آئے تھے، آنکھوں میں لال لال ڈورے دیکھے میں نے پوچھا "ماں تم تو بڑے مولوی مولانا بنتے تھے آج یہ کیا" قسمیں کھا کھا کے بیچارے کہتے تھے کہ بھئی غفور خاں صاحب کراچی بھری افیم کھڑی تھی، پاس سے ہو کر نکلنے بھر کا گُنہ گار ہوں، نشہ دیا بیٹھا۔"

مرزا: مسرور ہو کر "سچ ہے واللہ سچ ہے، اور میاں، لوگوں نے بدنام کر رکھا ہے مفت میں ان نیک بخت کو، ورنہ چُنیا بیگم اور آپ حیات کا خاص ایکسان ہے، اور جو کہیں ذری نشہ نہ کرتی ہوتی تو قسم ہے قرآن کی حرام بھی نہ ہوتی، بس کہنے کو ایک ذری سا عیب رکھ دیا ہے پروردگار نے اس میں، مگر یار گپوا اگر جو یہ خبر نصیب اعدا صحیح نکلی تو تم ہی تو ہو گیا قسم قرآن کی، بھئی چل کے ریل پہ دیکھنا چاہیئے اس کو ضرور، مگر اس کی ہلم نہ معلوم ہوئی آخرش، کہ یہ لام پہ کیا ہو گا لاکھوں کروڑوں من انیم کا؟ اور ہاں بھئی یہ تو بتاؤ کہ یہ لام بندھا کس ملک پر ہے، سراندیپ کے جزیرے پر تو کہیں نہیں بندھا، یعنی جس کو لنکا کہتے ہیں اور جہاں راون کا محل تھا۔ یہ بھی اپنے وقت کے بڑے طبیعت دار رئیس گزرے ہیں، ایک ٹال سونے اور مرصع کا محل تھا، اور بانک پٹا تو اس بلا کی کرتے تھے کہ ایک ایک گھائی میں لاکھ لاکھ جوڑ بند باندھتے کھولتے تھے، ہمارے ہاں اسی گھرانے سے یہ فن آیا ہے، خدا بخشے اُستاد بڑی تعریفیں کیا کرتے تھے۔"

گپوا: "حضور تو ایک سانس میں خدا جانے کیا کیا بک گئے، مل ایک بات ہے میاں، ریل پر میں آپ کے ساتھ نہ جاؤنگا۔"

مرزا: "کیوں آخر وجہ، سبب؟"

گپوا: "اجی وجہ میں نہیں جانتا، روٹی ہانڈی کر کے یار لوگ بستر پر دو نہ ائیں گے، آپ اپنے شہر بھر کے قربان صدقے ہوتے پھریئے گا۔"

مرزا: "نہیں تم کو چلنا ہو گا، اور نہ چلو گے تو قسم قرآن کی زیر بند

بھی اتنے مارے ہونگے کہ چھٹی کا دودھ یاد آجائے گا، آئے وہاں سے آقا تو چلیں افیم کی زیارت کو اور لوکر پڑے پڑے نحوست پھیلائیں، کھٹیا کے بان توڑیں، میاں چل کے دیکھنا ہے کہ پٹاروں کے کیا ٹھاٹھ ہیں؟ نشوں کے کیا عالم ہیں؟ لام کدھر بندھا ہے؟ لڑائی کس ملک پر ہے؟ اور یہ پٹاسے بھر بھر افیم کہاں جارہی ہے؟ کیوں جارہی ہے؟ بے جاہل گاؤدی اس کے معنی تحقیقات ہیں، یہ نہیں کہ پلنگ پر پڑے پڑے . . . . اڑایا کیے، یہاں جب تک ہر شے کی لم نہ دریافت ہو لے اُسوقت تک آرام کیسا۔"

گپوا: مُسکرا کے: "تو یہ کہیئے کہ سرکار تھانے دار کو توال ہو گئے جو لگے تحقیقات کرنے، لے حضور عقل کے ناخن لیجئے، اچھا اور جو سب باتیں یہیں بیٹھے بتا دیں تو کیسی ہے؟"

مرزا: جوش میں آکر: "غلام ہو جاؤں تمہارا عمر بھر کے لئے اور تو کیا کہوں۔"

گپوا: "ہے؟ دیکھیئے مکر نہ جایئے گا، اچھا قسم کھایئے۔"

مرزا: بگڑ کر: "لگے دون کی لینے، کیوں بے اٹھ کے گدی سے زبان کھینچ لوں۔"

گپوا: "جی لیٹے رہیئے، کاہے کو تکلیف کیجئے، یہاں تو مالک کے آرام کا ہر وقت خیال لگا رہتا ہے۔"

مرزا: "یہ بھی بڑے نمک حلال ہو واللہ، باغ باغ ہو گئی طبیعت تم سے غفور خاں، ہاں تو یہ لام کدھر بندھا ہے بھئی، اسی سے شروع کر چلو۔"

گپوا: "لے حضور آپ کی طرح کتے کا بھیجہ تو ہو نہیں ہمارا، سننا ہو تو ایک ساتھ سب سُن لیجئے اور نہیں تو کیا۔"

مرزا: بہ نرمی: "بہت اچھا حضور فرمایئے۔"

گپوا: "اب آئے راہ پہ، سُنئے ایک تھا بادشاہ، ہمارا تمہارا خُدا بادشاہ، سُنی کہتے ہیں، بھگی کہتے نہیں، سچ ہو تو ہمارے آگو آئے، جھوٹ ہو تو آپ کی گردن پہ سوار ہو۔"

مرزا: "دیکھو بھئی جو ذری بھی چھپایا تو جو چور کی سزا وہ تمہاری سزا۔"

گپوا: "آپ تو بیچ میں بول اٹھتے ہیں، ہم رتیوں بناتے ہیں آپ تولوں اُڑاتے ہیں، آخر آپ آدمی ہیں یا گھن چکر۔"

مرزا: "اچھا صاحب چلئے۔"

گپوا: "دیکھیئے اونگھ نہ جایئے گا پھر نہ کہوں گا چاہے رٹ رٹ کے آپ . . . . . ."

مرزا: جھلا کر: "بس آگے نہ نکلے کچھ منہ سے، کمبخت منہ پہ کوستا ہے۔"

گپوا: "بہت خوب ایک ملک کے کوئی جہاں کے آدمی گھٹ مونہے ہوتے ہیں کیا مرد کیا عورت . . . ."

مرزا: بات کاٹ کر: "کیا کہا؟ گھٹ مونہے! تمہیں قسم قرآن کی، اماں فردوس مکانی کے چڑیا خانے میں بھی ایسا ہی ایک آدمی آیا تھا، یہ یاد نہیں اس وقت کہ مرد تھا یا عورت، معاذ اللہ! دانت بھیچ مردک کے کہ الٰہی توبہ! دیکھنے سے ڈر لگے، خُدا بھلا کرے چھپکی پہ تو لوٹا تھا، پیالی دُور سے دیکھی اور لگا دم بال چھلا کر ہنہنانے، صاحب عالم فرمایا کرتے تھے کہ کہیں ولندیز کے اُس پار کوئی جزیرہ ہو وہاں کے آدمی سب ایسے ہی ہوتے ہیں، میاں غفور خاں، ہزار ہزار کے اسّی توڑے کلکتے والے سوداگر نے لئے اور سرکار سے خلعت اور شمشیر عطا ہوئی وہ الگ، تب کہیں بات آیا تھا۔ چلتے چلتے سوداگر جتا گیا تھا کہ جنور اے تو یہ گھٹ مونہے کو افیم سے نہ توڑیئے گا پھر سال بھر بعد دیکھیئے گا سات زبانوں میں تو بات کریگا، اور سپہ گری کا فن تو گویا اُن کے ملک سے نکلا ہے، غلہ وہ بے مثل لگتے ہیں گھٹ مونہے لوگ کہ واہ وا! ہاں بھئی غفور خاں پھر کیا ہوا؟"

گپوا: "ہوا کیا آپ کا سر، لے حضور میں آپکو اتنا نہ جانتا تھا، یہ بتا دیجئے کہ آپ کو کبھی بخار آیا ہے تو آگے چلوں۔"

مرزا: "ایکدفعہ پوچھتے ہو، میاں کوئی سو کروڑ دفعہ آیا ہوگا۔"

گپوا: "بس میاں آپ کے برابر ہم نے تو دوسرا دیکھا نہ سُنا، لیجئے آج خبر ہوئی کہ آپ گھٹ مونہے آدمی برت چکے ہیں، پھر بھی پوچھے جاتے

ہیں کہ لام کہاں بندھا لڑائی کس سے ہو رہی ہے؟"

مرزا: "تو یہ کہیئے بندہ پرور آجکل گھڑ مونہوں سے چھڑی ہے۔ سمندر پار۔ اہا جبھی تو میں کہتا ہوں یہ افیم پہ افیم کس طرف لدی چلی جا رہی ہے، ٹھیک اب سمجھ گئے ہم، ایں افوہ! گپو دیکھا جہالت کا مزہ آج چکھا کہ نہیں؟ دیکھئے ہم کو وہ لم مغیر پوچھے معلوم ہو گئی اور تم سُنی سُنائی اُڑا رہے تھے، کیوں بچا، تو وجہ کیا کہ بادشاہوں شہزادوں کی صحبت اُٹھائی ہے، رئیسوں نوابوں کی آنکھیں دیکھی ہیں ہم نے، یا آپکی طرح گھس کھدونکی"

گپو: "اتنی دیر میں حضور کی مجھ پر ایک ہوئی، خیر کہہ لیجئے مالک ہیں جان مال کے آپ"

مرزا: "جی وہ اب ایک ہو یا دو، سُننا پڑیگی قبلہ" راوی ایں قبلہ! "میاں علم اور تجربہ بڑی شے ہے، پچھتی اس کے زور پہ کہہ لو، ضلع جگت پھکڑ اس کے بل پہ اُڑا لو، جی اور کیا، ہل تک چلا لو، اور تو اور علم کے زور سے افیم وہ گھلتی ہے کہ باید و شاید، ہاں بھئی گھڑ مونہوں کا حال تم ہم سے سُنو، ان کا کھانا پینا سب افیم ہے، بس معلوم ہوتا ہے اور معلوم کیا ہوتا ہے یہ بھی علم کی بدولت ہے جو ہم بتا رہے ہیں، ورنہ کوئی بڑے مولوی مولانا تو بتا نہیں سکتے ان باتوں کو بتانا تو درکنار بڑی شے ہے، تو بہ تو بہ کر کے کہتا ہوں مُنہ نہیں کھول سکتے ہمارے سامنے، ہاں تو معلوم ہوتا ہے کہ اب کے اُدھر برسات نہیں ہوئی اور قحط پڑ گیا بس بولا کے گھڑ مونہوں نے چڑھائی کر دی، ہندوستان ہوا، مالوہ ہوا، چین ماچین ہوا، یہ تو آپ جانیں کانیں ہیں افیم کی کانیں، یہاں سے بڑھ کے ہوتی ہی نہیں کسی ولایت میں، ہفت اقلیم میں یہیں سے مال جاتا ہے، تو اب دیکھیئے کہ جب یہاں جواہرات کے مول ہو گئی تو وہاں کا کیا ٹھکانا، معاذ اللہ، بس جھلا کے اُنہیں نے چڑھائی کر دی، یہ مُلک ٹھہرا ہمیشہ کا دبو، گلے کھانچی پہ کھانچی پٹارے پہ پٹارا بھیجئے، لاحول ولا قوۃ الا بعنت ہے قسم قرآن کی اس بُزدلے پن پہ، زوف ہے واللہ! اسلے آنے تو دیا ہوتا ذری سر حد تک، پھر دیکھتے کہ کیا تگنی کا ناچ ناچتے ہیں یہ گھڑ مونہے، اور سُنیئے یہ پردیسی چوٹے اکر ملک سے افیم لے جائیں، اور ہم کنگال ہو کر دربدر مارے پھریں، ایک ایک کا مُنہ تکیں"

گپو: "لیجئے آپ کی کہو اس میں یہ کہنا تو بھول ہی گیا کہ گھڑ مونہوں سے لڑنے کے لئے آدمی بھرتی ہو رہے ہیں، مال کُرتی میں ایک صاحب آیا ہے وہ بھرتی کرتا ہے، بڑا بھلا مانس ہے، حکم دیا کہ جو چاہے لام پر چلا جائے، آدھی چھٹانک افیم، اور پاؤ بھر جواہر کے ہاں کی بالوشاہیاں اور سیر بھر دودھ اور شکر چاہے جتنی لیجئے چاہے شجاعپور کی، اور بالائی پیڑے، گرما گرم چاہ کی پیالی سبو شام ملیگی، ایندھن مفت، برتن کپڑے اپنے اپنے، مُل میاں....."

مرزا: "بات کاٹ کر" بھئی غفور خاں، جو یہ سب سچ نکلے نا تو قسم قرآن کی کل ہی سے تم برطرف اور ہم رسالے میں، مالک ہزار ہزار شکر ہے تیرا پروردگار، وہ جو کہتے ہیں گھورے کے بھی بارہ برس بعد دن پھرتے ہیں، وہ مثل سچ ہو گئی، بس غفور خاں کل سب کا حساب کرا دو، اور بھائی" آبدیدہ ہو کر" خدا کے لئے تم کو پنجتن کا واسطہ ہمارا کہا سُنا معاف کرنا، ہم تو چلے، بس قسم قرآن کی ایک ایک دم اب شاق ہے واللہ ہم پر، اور میاں سپاہی کی موت مرنا تو خدا ہر مسلمان کو نصیب کرے، لڑینگے اور یا تو مر ہی جائینگے یا" گالی دیکر" ان گھڑ مونہوں کا قصہ ہمیشہ کیلئے پاک کر دیں گے"

گپو: "مُل میاں آپ میں ایک بڑا عیب ہے کہ کسی کی اپنے آگو سُنتے نہیں، اے حضور یہ سب کچھ ہوا۔ ایک بڑی ٹیڑھی کھیر ہے، وہ بھی تو سُن لیجئے، وہاں تیس برس تک آدمی لئے جائیں گے، باقی ندارد"

مرزا: "ہا کمبخت پھانس مارہ تو ہر جگہ کانٹا مارتا ہے مردود، جا دُور ہو سامنے سے، ورنہ اس وقت طیش ہے قسم قرآن کی، ہات مُنہ چل گیا تو....."

گپو: "قطع کلام کر کے" ہاں ہاں میاں ہات کا جواب تو خیر لات ہے،

منہ نہ چلے نہیں تو میرے کون آدھی رات کو کپڑے پڑے دھوتا پھرے گا، جاڑے کے مارے آپ ہی کچھ مر نکلا جا رہا ہے۔"

مرزا۔ ہنسکر: "بڑا مسخرا ہے۔ ہر وقت دل لگی، ہر وقت دل لگی، مگر یار گپو تم بھی ہمارے ساتھ چلے چلو، دیکھو تو قسم قرآن کی کیا جشن رہتے ہیں۔"

گپوا۔ "پہلے اُس بات کا تو ٹھیک کر لیجئے۔"

مرزا۔ "واہ بے، ہم نے تیرے کہتے ہی وہ ترکیب دماغ سے اُتاری ہے کہ بقراط کو بھی سُنکر چکر آئے۔" کان میں: "لے خضاب لگا لیں گے کسی سے کہنا نہیں، بھیڑ میں دیکھتا کون ہے، نکل چلینگے، کسی کو خبر نہ ہونے پائے۔"

گپوا۔ "نہیں حضور، میں کہیں آپ کی آبرو کے پیچھے تھوڑی پڑا ہوں، ہنسی دل لگی میں اور بات ہے، آپ مالک ہی جو ٹھہرے۔"

مرزا۔ "تو بھئی غفور خاں چلنا پڑیگا، اس کان سُنو یا اُس کان۔ میدانِ جنگ میں تمہارے آقا کے کیا کیا جوہر کھلتے ہیں، قسم قرآن کی ایک ایک گھڑ مونہے کو چورنگ نہ بنایا تو نام نہیں، ہانک، ہتوڑ، پٹا، تلوار، نیزہ۔ آخر ہم ہندکس کام میں ہیں، ہاں ایک ذری گھوڑے کی سواری کا برسوں سے اتفاق نہیں ہوا ہے، اور کبھی اصل تو یوں ہے کہ گھوڑا اور پانی، دو وہی چیزوں سے مرزا ذری جھجکتا بھی ہے۔"

گپوا۔ "حضور اس کی ترکیب غلام بتائے گا۔ یہ جو مٹھوا دھوبی نہیں رہتا ہے، اس کا گدھا حضور کے لئے مانگ دیں گے، واناچارہ ہمارا اور لڑائی کے بعد گدھا صحیح سلامت واپس۔"

مرزا۔ "کیوں صاحب اب ہم گدھے پر چڑھیں گے، ٹھونک چلوں اسی پر ہوا بدلگام تو؟"

گپوا۔ "واہ میاں واہ، سچ ہے نیکی کر دریا میں ڈال، بھرپایا ہم نے، جائیے اب ہم بولیں گے ہی نہیں، اور نہیں تو۔"

مرزا۔ تلملا کر: "لاحول ولاقوۃ، کتنے پاجی نوکر سے سابقہ پڑا ہے قسم قرآن کی، اچھا صاحب مانا کہ گدھا منظور بھی کر لیں تو مٹھوا کیوں منظور کرنے لگا، وہ ایک ٹیڑا اوچھا آدمی ہے، روزگار کی بات ہے کہ دل لگی، اب کہو۔"

گپوا۔ "یہ کہی ٹھکانے کی اتنی دیر بعد، یہ بے شک کرکے ماملے کی بات ہے، اجی ہم کچھ دے دلا کر راضی کر لیں گے اُس کو، آپ گدھے کو لیکر لام پہ چلے جائیے گا پھر کیا کر لیگا ہے کہ نہیں؟ لائیے پلاؤ والا ہاتھ کیسی کہی!"

مرزا۔ ہاتھ ملا کر: "بھئی واللہ خوب سوچی، آخر کس کے صحبت یافتہ ہو۔"

گپوا۔ "وہی گھس کھدے کے، کہئے ہوئی اب تو؟"

مرزا۔ "ہوئی اور بیچ کیسے ہوئی، مرتے وقت بھی خدا کو جان دینا ہے، ذری سی بات کیلئے ایمان نہ بیچیں گے۔"

گپوا۔ "تو سویرے اُٹھکر پکی کر لیجئے گا۔ ورنہ دس بجے مٹھوا گھاٹ پہ چلا جائیگا۔"

مرزا۔ "یہ بھی کوئی بات ہے، اور ہاں عرضی پرزہ تو نہیں لکھنا ہوگا، اجی خود ہی لکھ لیں گے کوئی دستے ہیں اس میں ہم کسی سے۔"

گپوا۔ "دیکھئے ہم بتائیں، جیسے اُٹھے، کہئے ہاں، کھا پی کے گدھا ٹہرایا، پھر چلے ریل پہ، مل میاں اکہ کرنا پڑے گا۔ پیدل نہیں چلا جائیگا، کالے کوسوں ریل گھر ہے، وہاں سے لوٹے تو چلے صاحب کے ہاں، چھٹی ہوتی، آئے گھر، اور دوسرے تیسرے روز ہم اپنے گھر اور آپ جہنم واصل، لیجئے فرصت ہوئی۔"

مرزا۔ برافروختہ ہوکر: "ہاں فرصت ہوئی، مگر یہ جہنم کیا معنی، ایں یہ جہنم کس چڑیا کا نام ہے۔" گالی دیکر: "نالائق بارہ برس دلی میں رہے بھاڑ جھونکنا نہ آیا۔ لے جہنم نہیں، جہنم جہنم! کہہ جہنم، ایک دفعہ نہیں دس دفعہ، تب یاد ہوگا کمبخت کند ذہن۔"

گپوا۔ "جہنم جہنم... دس بار کہکر: "کہہ تو دیا کہ الب لے تک پڑھا ہوا ہے نا ہم نے، بس اُس میں تو جہنم لے تو یہ جہنم جہنم کہیں آیا نہیں، یہ تو آپ پڑھے لکھے لوگوں کیلئے ہے میاں۔"

مرزا: "پھول کر" اور کیا تم سے کندۂ ناتراش کے لئے، ابے ہم شعر کہتے ہیں ــــ"

گپوا: "کہتے ہوگے، مُل میاں ابھی بلا دیکھا تھا تو کچھ نہ بنا سکے"

مرزا: "تم گدھے ہو"

گپوا: "مُل آپکے لئے میاں مٹھو والا ہی آئیگا"

مرزا: "اماں ہاں، سُنا بھی۔ ذری تڑکے اُٹھنا۔ خضاب بھی لگانا ہے"

گپوا: "تو اس میں جلدی کی کیا ضرورت، توے کی سیاہی میں ذری سا کڑوا تیل ملا دینگے، بہت بڑھے، اور حضور کے مزاج میں ذری تکلف بھی ہے تو دھوئی تلی کا سہی، چلتے خضاب بن گیا، مُنہ کالا ہوگیا۔ دیکھئے گا گیا کاک ریزی ڈاڑھی نکھر کے آتی ہے، اب دو گنڈے کیوں بے فضول کو خراب کیجئے"

مرزا: مسکرا کر" مذاق کرتا ہے بے۔ اچھا ایک حقہ اور بھر لو اور سونے کی ٹھیرے۔

گپوا: "ایں ایں یہ بدپرہیزی۔ ابھی رات پڑی ہے۔ اور یہاں نیند اپنے حساب کسی مردود کو آتی ہوگی، جب سے یرمن لیا ہے کہ حضور کا وقت آگیا واللہ نیند بھوک کوسوں بھاگ گئی۔

مرزا: "ہاں بھئی یہ دنیا سرائے فانی ہے، اوّل مرزا آخر مرزا"

گپوا: "آغا تقی کے باغ میں کوا حلال ہے"

مرزا: "یہ کیا بے؟"

گپوا: "آپنے ابھی کہا نہ تھا کہ ہم شعر کہتے ہیں، آپ تو کہتے ہی رہے، ہمنے پڑھے پڑھے ایک جوڑ بھی دی۔ کیوں خداوند کیسی ہے؟"

مرزا: "پاگل! کیسی، نہیں کیسا، کہہ۔

گپوا: "ہم نہیں مانتے آپ اپنے ویسے کہئے، ہم اپنے یوں کہتے ہیں پھر اس میں آپ کا اجارہ، چلئے جھنجھٹ گیا"

مرزا: "اب تجھ سے کون جھک جھک کرے، حقہ تو اٹھ کے لا"

گپوا: "میاں کیسے، اس وخت تو آپ ہی بھر لیجئے، ذری دیر کو آپ ہی نوکر بن جائیے، ہم کہیں "مرزا" آپ کہیں "جی" کبھی ناؤ گاڑی پر کبھی گاڑی ناؤ پر۔ ہے کہ نہیں"

مرزا: "اب آہی گئی شامت تمہاری بچا۔ بالکل نہیں رہے حواس میں تم ــــ"

گپوا: "بسور کر" حضور حواس کیونکر سے ٹھکانے رہیں آپ تو لڑنے مرنے جائیں اور میں لنجلیں بجاؤں، مجھ سے تو یہ نمکحرامی نہ ہوگی"

مرزا: "شاباش جیتے رہو، اسی بات پر وہاں سے لوٹ کر ہم تم کو کچھ دینگے، اچھا دیکھو بھئی یاد کر کے وہ ہمارا سبز گوٹ کا انگرکھا ہے نا؟ وہ، اور شہزادے صاحب والی مندیل، اور ہاں کمر کا پٹکا، صندوق میں سے نکال رکھنا، اور ہاں خوب یاد آیا قلم دوات کا کاغذ بھی کہیں سے مانگ لانا، کنکوّے کا کاغذ ذری باریک ہوتا ہے نہیں تو مزے سے اُسی پہ عرضی تان دیتے"

گپوا: "جی بہت خوب، مُل میاں ....."

مرزا: "مُل کیا؟ صاف صاف کہو جی"

گپوا: "سر کھجا کر" حضور یہ ہے کہ بنیہ تو کل سے گنگا نہانے کان پر گیا ہے، دس بجے کی ٹیم سے آئیگا، تو کہیں نہا دھو، روٹی وٹی کھا کر بارہ بجتے بجتے دکان کھولیگا، یوں جو حکم ہو"

مرزا: "پھر باشد! بنیہ سے اگر کھے پیجامے کا کیا تعلق؟"

گپوا: "حضور کی جامدانی تو وہیں ہے نا!"

مرزا: "خدا کی مار تجھ پر۔ ملاعون کے بچے، ابے کیا میرے کپڑے بھی گروی رکھ دئے؟"

گپوا: "توخداوندیہ چار پانچ سے چکو تھیاں کہاں سے ہو رہی ہیں"

مرزا: "سچ اب؟"

گپوا: "اب یہ کہ اس وخت تو ٹھنڈے ٹھنڈے سو رہیے، سویرے کوئی فکر کرونگا"

مرزا اپنی اُمیدوں کا یوں خون ہوتے دیکھکر دم بخود رہ

گئے۔ کیا حقہ اور کس کا حقہ؟ افیمی آدمی، دو چار ہی کروٹیں بدلنے پاتے تھے کہ نیند آگئی۔ گپّو اپنا مطلب حاصل کر، رزاتی سمیٹ گٹھڑی بن، سُنٹ مار کر جو لیٹا تو مُردوں کے کان کاٹنے لگا۔

ہے ہے اُکتا گئے ہو گے۔ چلو ایک انگڑائی لو، اور "مرزا" اور "گپّو" دونوں کو بھول جاؤ، پچھلا پہر ہے، ہم بھی تھک گئے اور اب سوتے ہیں۔ زندگی شرط ہے، یاد آیا اور جی لہرایا تو اب کے "مرزا" کے ساتھ "اسٹیشن" اور "بھرتی والے" کے ہاں چلیں گے۔"

"آوارہ"

ایک مندر جانے والی

چلی ہے گھر سے دُھلی ہمجولیوں کو ساتھ لئے
نمودِ صبح میں تاروں کو جھلملائے ہوئے

ضیائے شرق سے کٹتے ہوئے دُھندلکے میں
سپیدۂ سحری کے دیئے جلائے ہوئے

شفق کے تختۂ رنگیں میں تتلیوں کے پرے
فضا میں تیر رہے ہیں پرے جمائے ہوئے

ہجومِ حُسن میں چھپتی نہیں مری تتلی
وہی جو دیکھ رہی ہے نظر جمائے ہوئے

مرا "تعاقب محمود" طے شُدہ ہی سہی
مری نگاہ کی جُرات سی بچکچائے ہوئے

رُخِ صبیح پہ گلگونۂ حیا کی قسم
تجلّیوں کو جُرائے ہوئے۔ لجائے ہوئے

شرارتوں کو سکھائے ہوئے شکیبائی
متانتوں کی تامّل سے لو لگائے ہوئے

ٹھہر ٹھہر کے دوپٹّہ کو ہاتھ سے تھامے
چھٹک چھٹک کے "دوپٹے" پہ خار کھائے ہوئے

"سنہری بال" "طلائی بروج" سے روکے
جبینِ ناز پہ ریشم سی لٹ گرائے ہوئے

لبوں کو ضبطِ تبسّم کا واسطہ دے کر
کلی کلی پہ حقارت سے مُسکرائے ہوئے

سوادِ خال کو سمجھے ہوئے "محلِ نظر"
سیاہ سر سے ٹھوڑی پہ تل بنائے ہوئے

حریمِ دل میں بٹھائے خیالِ تجّانہ
قدم اُٹھائے سر بندگی جھکائے ہوئے

پس از اداءِ رسوم و سجودِ اہلِ کنشت
پلٹ رہی ہے وہ مندر سے جل چڑھائے ہوئے

اُٹھائے ہاتھ پہ ہلکی سی پیتلی تھالی
کمر دباؤ سے تھوڑا سا لوچ کھائے ہوئے

تلک سے "برہمنِ ہر دوار" پیشانی
غلط ہے شادؔ مرا دعائے ایمانی

شادؔ عارفی

تجرّد کی ناکام خودرائیاں

(ایک نامتمام ڈرامہ جسے جو شخص چاہے تکمیل کو پہونچا سکتا ہے بشرطیکہ مروجہ صلاحیتِ عام ہو یا دانِ نکتہ داں کیلئے)

کلکتہ ـــ لوئر سرکلر روڈ پر ایک "فلیٹ" ـــ ـــ ـــ شام کا وقت ـــ ـــ ـــ بیسویں صدی عیسوی

لب سڑک ایک کمرے میں دو آدمی آپس میں بے تکلفانہ گفتگو کر رہے ہیں۔ ان میں سے ایک کا فی موٹا تازہ ہے، توند کی وجہ سے کسی بینک کا منیجر معلوم ہوتا ہے۔ عمر پینتیس چھتیس سال کے قریب ہے مگر چہرے سے پچپن نمایاں ہے۔ شرارت آمیز تبسم کی ایک جھلک کبھی کبھی سفید سفید دانتوں کی قطار کو ظاہر کر دیتی ہے جو روزانہ نیم کی مسواک سے صاف کئے جاتے ہیں۔ اُس کا ساتھی اُسے "مُرشد" کہہ کر مخاطب کرتا ہے۔ دوسرا پتلا دُبلا سا نوجوان ہے جس کی عُمر چھبیس سال سے متجاوز نہ ہوگی۔ اُس کے بُشرے سے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا دُنیا کی ہر چیز سے تنگ آگیا ہے مگر کسی خاص چیز سے نہیں۔ ہر حرکت سے بیقراری اور اضطرار ٹپکتا ہے۔ "شکیل" کے نام پر بولتا ہے۔

اس وقت شکیل کھڑکی کے قریب کھڑا ہوا سگرٹ پی رہا ہے۔ اُس کا موٹا دوست ایک آرام کرسی کی گہرائیوں میں چھپا ہوا ہے ٹانگیں ہوا میں اُٹھی ہوئی ہیں اور کرسی کے ڈنڈوں کے ساتھ عجیب عجیب زاویے بنا رہی ہیں۔

مُرشد۔ یار، تم پر ترس آتا ہے (خاموشی ..... وہ پھر کہتا ہے) سُنتے ہو، شکیل، مجھے تم پر ترس آتا ہے!

شکیل۔ کیا کہنا! بہت بہت شکریہ!

مُرشد۔ مجھے معلوم ہے تمہیں کیا مرض ہے ..... تمہیں اور تمہارے ہی جیسے بہتوں کو! کیا تم جانتے ہو کہ تمہیں کس چیز کی ضرورت ہے؟

شکیل۔ بھی واہ، شاید تم بتا سکو۔ مگر خدا کے لئے اپنا ہومیوپیتی والا علاج شروع نہ کر دینا۔ میں اس سے باز آیا۔ اِن دواؤں کے تجربہ کیلئے تمہیں دُنیا میں بہت تندرست مریض مل سکتے ہیں۔

مُرشد۔ (ہنس کر) تم تو خواہ مخواہ ہومیوپیتی پر خار کھائے بیٹھے ہو مگر واقعہ یہی ہے کہ ہومیوپیتی ایلوپیتی سے کہیں زیادہ سود مند ہے۔ خیر، اس بحث کو طول دینے سے کچھ فائدہ نہیں۔ میں کچھ اور کہہ رہا تھا۔ سُنو۔ تمہیں ایک بیوی چاہیئے، بیوی! تم اب شادی کر ڈالو، سمجھے۔ کر ڈالو لڑ ڈالو۔ کیا ہرج ہے! کیا ہرج ہے!

شکیل۔ بھئی واللہ، مُرشد، خوب سمجھے ـــ ماشاء اللہ کیا انکشاف ہے! مانتا ہوں ..... مگر ذرا دیر میں چونکے۔ کیوں؟

مُرشد۔ بیوی کے لئے دیر سویر کا کیا سوال! (کچھ رُک کر) مجھے دیکھو۔ سب سے میں نے طبی اُصول پر عمل کرتے ہوئے گوشت کھانا چھوڑا ـــ اور یہ تم جانتے ہو کیونکہ اُن دنوں تم میرے ہی ساتھ رہتے تھے ـــ اُس وقت سے مجھے اپنی دو ضرورتوں کا احساس رہا ہے ـــ روپیہ اور بیوی! اور دیکھو میں نے دونوں کو حاصل کر کے چھوڑا۔

شکیل۔ واہ رے میرے شیر! مگر یار مُرشد، تم نے تو اُن دنوں ترکاری کھا کھا کر ناک میں دم کر دیا تھا!

مرشد۔ (اُٹھ کر بیٹھنے کی کوشش کرتا ہے مگر موٹاپے کی وجہ سے کرسی ہی میں مقید رہتا ہے) تو تم گوشت کھانے لگے؟ بہت تمہاری کی! تم اور تمہارے جیسے لفنگے کبھی ایک اُصول پر قائم نہیں رہتے۔ اپنی موچھ ہی پر غور کرو۔ پہلے تو تم اسے چنے کے برابر تراش لیتے ہو اور پھر اس پر تاؤ دینے کی کوشش کیا کرتے ہو۔ یہ کبھی نہیں بڑھتی بلکہ اکثر ہو ہوم ہی رہا کرتی ہے۔ مجھے دیکھو، میں نے ایک سرے سے یہ جھگڑا ہی نہیں پالا ـــ بالکل صفائی بولدی ـــ اور اب اسی ایک وضع پر قائم ہوں!

شکیل۔ شاید تم، اس کشتی ٹانٹوپی کو فطرتاً ذکر رہے ہو جو آٹھ پہر تمہارے سر سے نہ اُترتی تھی!

مرشد۔ ہا ہا ہا، خوب یاد دلایا، مگر اُن دنوں میں انگریزی وضع کے بال بھی تو نہ کٹاتا تھا۔ اب تم سے کیا پردہ! سُنو، شیلو فر کا اصرار تھا۔

شکیل۔ اور تم دب گئے!

مرشد۔ شکیل، تم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جب ایک عورت اصرار کرتی ہے تو اُس میں بھی ایک رمز پنہاں ہوتا ہے۔ ایک مقصد ہوتا ہے۔

شکیل۔ (قریب آجاتا ہے اور "مرشد" کی پیٹھ ٹھونکتا ہے) عورت! مقصد! مُرشد، کیا کہہ رہے ہو؟ معلوم ہوتا ہے ابھی تمہیں بہت کچھ

سیکھتا ہے۔

مرشد:۔ ہر انسان کے کان میں شیطان نے پھونک دیا ہے کہ اس سے زیادہ قابل اور ذی فہم کوئی نہیں۔ جب تم ایک بھوے بھوے گالوں والے بچے تھے تو اُس وقت بھی تو تمہارا یہی خیال تھا کہ تم چاند کو سمجھ سکتے ہو۔ عورت! اے وائے تمہارے ادراک سے بالاتر ہے۔ تم اس کا تعین نہیں کر سکتے!

شکیل:۔ عورت کی صرف ایک تعریف ہو سکتی ہے، صرف ایک۔ وہ "حزن ملال کا دوسرا نام ہے۔

مرشد:۔ تم گدھے ہو، کابل کے ——— جو کلکتہ میں بھٹک آتے ہیں۔ ارے عورت تو جمالیات کا اصل اصول ہے۔ میں کسی زبردست شخصیت رکھنے والے مرد کا تصور بغیر کیریکٹر کے اور کسی زبردست شخصیت والی عورت کا تصور بغیر خوبصورتی کے نہیں کر سکتا۔ کیا تم نے میرا "فلسفۂ جمال" نہیں پڑھا؟

شکیل:۔ تم اپنے فلسفہ کو اپنے سفید بالوں والے سر ہی میں رہنے دو۔ میں اس سے باز آیا۔ میرے نزدیک حُسن و جمال بہت سی ایسی چیزوں کا مدلل ہوتا ہے جن کی بُنیاد نیکی اور بھلائی پر ہوتی ہے! (مضطرب ہو کر کمرے میں ادھر اُدھر چکر لگاتا ہے۔ اس کا دوست اُسے دیکھتا رہتا ہے۔ اچانک وہ رُک جاتا ہے) مرشد، کسی شے کو حاصل کر لینے، اپنا بنا لینے کا جذبہ ہر فرد کی زندگی میں مختلف صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ میرے لئے خوبصورت عورتوں کا وجود باعثِ تسکین و مسرت ہے۔ ایک حد تک وہ مجھے مسحور بھی کرتی ہیں مگر ان پر قبضہ کر لینے کا خیال مجھے ایسا ہی عجیب معلوم ہوتا ہے جیسا "تاج محل" یا کسی اور خوبصورت شے کو اپنا تصور کر لینے کا!

مرشد:۔ ہیئر ہیئر! شاباش!

شکیل:۔ لوگ کہتے ہیں کہ حُسن میں کچھ غیر مادّی عنصر بھی ہوتا ہے، جو دُوری اور نارسائی کا احساس پیدا کرتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہی مبہم لوگوں کی نجات کا باعث ہے (اچانک سوال کرتا ہے) تمہاری شادی کو کتنا عرصہ ہوا؟

مرشد:۔ پانچ سال!

شکیل:۔ (آنکھیں پھاڑ کر دیکھتا ہے) اور ابھی تک تم "فلسفۂ جمال، فلسفۂ جمال" جپ رہے ہو!

مرشد:۔ میاں تم کیا جانو۔ یہی تو وہ تجربہ ہے جس سے تم ناآشنا ہو۔ میں کہتا ہوں۔ پہلے بھی کہتا تھا اور اب بھی کہتا ہوں کہ "وہ" خدا کی بہترین اور جمیل ترین مخلوق ہے!

شکیل:۔ ہوگی ——— (کچھ دیر سوچ میں رہ کر) تم تو سامی النسل ہو نہ؟ چھپا دو مت تمہاری آنکھیں، تمہاری قومیت کی غمازی کر رہی ہیں۔ تم لوگوں کے پرانے عقیدے کے مطابق خدا نے کائنات کو پیدا کرنے کے بعد "روزِ سبت" منایا تھا ——— مرشد، کیا خدا کا تصور اس کھنڈر سے جیسا نہیں جو کام سے بھاگ جانے کا متمنی ہو؟ (خیالات کی دُنیا میں کھویا سا جاتا ہے) اُس کے دفتر بہت سی چیزوں کو مکمل کرنا تھا۔ . . . . اور شام ہو چلی تھی . . . . ہو سکتا ہے کہ اُس کی دوست "کارخانۂ قدرت" کے دروازے پر اس کا انتظار کر رہی ہو، یا اُس کے دماغ میں ہفتہ کے اختتام پر "پکنک" کا خیال سمایا ہو . . . . صبح صبح اس نے تیندوے کی کھال پر خوبصورت خوبصورت نقش بنائے تھے اور عندلیب کے نغمہ کا تال سُر ٹھیک کیا تھا ——— مگر اب تو اُسے جلدی تھی اور اُس نے اس بات کا التزام نہ کیا کہ عورت کے جسم میں "دل" بھی رکھ دے!

مرشد:۔ کاش نیلوفر یہ خیال آرائیاں سُن سکتی!

شکیل:۔ وہ تم سے پہلے یہ جانتی ہے۔ مرشد، مرد کے لئے کچھ مباحث لازوال اہمیت رکھتے ہیں ——— محبت۔ فطرت (جو زندگی ہی کا دوسرا نام ہے) اور مذہب . . . . . .

عورت کی دُنیا ہی دوسری ہے۔ محبت کا اظہار کرو گے تو اُسے کنگھی چوٹی کا خیال آئے گا۔ فطرت کا نام آتے ہی وہ پھولوں کے زیور کا تذکرہ کرنے لگے گی اور مذہب ——— ارے مذہب تو ایک بڑا بھاری تہوار ہے۔ ایک اسٹیج ہے جس پر وہ اپنے بہترین ملبوسات اور عنایتوں کی نمائش کر سکتی ہے! ایک مذہب ہی پر کیا موقوف ہے۔ اُسے لئے تو ہر جگہ اور ہر موقع اپنی نمائش کے لئے مناسب اور موزوں ہوتا ہے۔ کبھی تم کسی کالج کے توسیعی لکچروں میں شریک ہوئے ہو؟ یہ پوچھنا ہی فضول ہے، ضرور ہوئے ہوں گے۔ وہاں کبھی اپنی ان سماوی پیکروں کے اوچھے پن پر غور کیا ہے؟ کیا ان میں سے ہر ایک کی یہ خواہش نہیں ہوتی کہ سامعین کی توجہ اور نظروں کا مرکز بجائے لکچر دینے والے کے وہ خود بن جائے ——— اور کیا اس خواہش کے پورا کرنے کے لئے ہر قسم کی آرائش اور ملبوس پر بیسیوں روپیہ خرچ نہیں کیا جاتا، وہ روپیہ جس کے حاصل کرنے میں اس کا ذرا سا بھی ہاتھ نہیں ہوتا!

مرشد:۔ (مسکراتے ہوئے اور بالکل کسی قسم کا اثر لیتے ہوئے) پناہ بخدا! تم تو پکے بُت شکن نکلے۔ تمام نصب العین مسمار کر ڈالے۔ اِحسن بھی تم کو

پناہ مانگتا ہے۔

شکیل: ۔ ہر سچا مذہب یہی تعلیم دیتا ہے۔

مرشد: ۔ مجھے تم سے اختلاف ہے۔ میں ان چیزوں کو لوازماتِ زندگی سمجھتا ہوں۔

شکیل: ۔ انسان کو مذہب کی ضرورت زندگی کے لئے نہیں بلکہ موت اور اس کی بعد کی حالت کے واسطے ہوتی ہے!

مرشد: ۔ تو پھر زندگی کے بارے میں حضور کا کیا حکم ہے؟

شکیل: ۔ سُنو، خیالات کے گڈمڈ ہو جانے کا سب سے بڑا باعث یہی ہوتا ہے کہ حیات کے متعلق غلط فہمیاں ہوتی ہیں۔ ہمارے نزدیک زندگی عبارت ہے ایک سلسلۂ دوام سے۔ اور موت صرف ایک منزل ہے، ایک پتھر ہے جو وقت کی شاہراہ کی پیمائش کے لئے نصب کیا گیا ہے۔ بس اور کچھ نہیں! یہ بڑی بھاری غلطی ہے! مرشد! انسان کو عرصۂ دراز تک اُسی طرح "مرتے رہنا" پڑتا ہے جس طرح وہ جیا کرتا ہے۔ موت کی بھی ایک مدت ہے۔ موت بھی زندگی کی طرح ایک "سلسلہ" ہے۔ مجھے دیکھو میرے لئے زندگی اور موت دونوں ہنگامہ ہیں ——— اسے چاہیے "زندگی میں موت کا بعد یا" "موت کی حالت میں زندگی!"

مرشد: ۔ تمہارا دماغ پھر گیا ہے۔ تم دقی اور ادبی بدہضمی ہو گئی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ تم نے عرصہ تک کتابوں سے سر مارا ہے مگر تم نے اور اُس کتب فروش میں کوئی فرق نہیں جو ہی کتابوں کے متعلق اخبارات میں تبصرے پڑھ پڑھ کر اپنے خریداروں کے سامنے اپنی ہمہ دانی کی ڈینگ مارا کرتا ہے اور اس طرح اپنی جہالت کے اس تکلیف دہ احساس کو دُور کرنے کی ناکام کوشش کرتا ہے جو ہر لمحہ اس کی روح کے اندر پیش زنی کرتا رہتا ہے۔ تم نے مطالعہ سے کوئی فائدہ اخذ نہیں کیا۔ زندگی سے ناواقف محض رہ گئے۔ تمہیں زندگی کا تجربہ ہی نہیں ہوا! اپنے علم اور زندگی میں تم کوئی ہم آہنگی پیدا کرنے سے معذور ہو۔ تخیل کی فضا میں قلابازیاں کھایا کرو۔

شکیل: ۔ زندگی! تجربہ! مرشد، ان خام خیالیوں کو چھوڑو۔ تمہاری عمر مجھ سے دس بارہ سال ہی تو زیادہ ہوگی۔ ذرا بتاؤ تو تم زندگی کے بارے میں کیا جانتے ہو جو میں نہیں جانتا؟ تم خود زندگی سے واقف نہیں ہو۔ تمہارے والدین نے ہمیشہ یہی کوشش کی کہ تم کو زندگی سے بیگانہ رکھیں جسے وہ "ناپاکدامنی" کہتے تھے وہ دراصل "جہالت" کا سبق پڑھانا تھا۔ اور تم سمجھتے ہو کہ تم کو آدابِ معاشرت سکھائے گئے ہیں، حالانکہ جو سوسائٹی اور تمہارے ماحول اور طبقہ کے تعصبات اور اپنے ہم جنسوں سے نفرت کے درس کے علاوہ اور کچھ نہیں!

اور تمہاری بیوی ——— کیا حد سے زیادہ اس بات کی کوشش نہیں کرتی کہ تمہیں اپنی صنف سے بیگانہ رکھے؟ (سامنے آجاتا ہے) کبھی تمہیں ایسا اتفاق ہوا ہے کہ چراغ جلے گھر لوٹو، اس حالت میں کہ پیٹ اور جیب دونوں خالی ہوں اور کوئی بات تک کرنے کو نہ ہو؟ اگر اسٹریٹ کے کونے پر کبھی تم اُن لڑکیوں کے پاس سے گذرے ہو جو چند چاندی کے سکوں کے عوض تم کو جیتے جی جہنم میں جانے کی دعوت دیتی ہیں ——— اور کیا اُس وقت بھی اپنے نصب العین کے لئے تم کو خود اپنے آپ سے جنگ کرنے کی خواہش" پیدا ہوتی ہے؟ تجربہ! تجربہ! کیا کہنا ——— !

مرشد: ۔ شکیل، شکیل، تمہیں صرف زندگی کے خراب حصہ سے واسطہ پڑا ہے "نصف بہتر" کو کیوں چھوڑے دیتے ہو؟

شکیل: ۔ بہتر! نصف بہتر! (سگرٹ کا سرا پھینکتے ہوئے) مرشد، عمر بھر میں مجھے صرف ایک ہستی ایسی ملی تھی جس نے مجھ کو خوش آئند خواب دیکھنے پر مجبور کیا۔ میں اُس کی پرستش کرتا تھا ——— پرستش! اور میں نے اُس کے قدموں میں رکھ دی تھی ہر وہ چیز جو مجھ میں نیک اور خوبصورت کہی جا سکتی ہے۔ اُف کتنا شیریں تجربہ تھا! مگر اچانک میرے تمام خواب تلخ حقیقت میں تبدیل ہو گئے ..... میں یہ نہیں کہتا کہ میں بالکل بے قصور ہوں۔ ذرا سی بات تھی ..... مگر اس کے تعصبات اور تنگ نظری کے خیالات ظاہر ہو گئے! یہ ممکن ہے کہ وہ حالات اور واقعات کا مقابلہ نہ کر سکتی تھی۔ ممکن ہے اس کا یہ خیال ہو کہ میں اُس کی اس حرکت کی پرواہ نہ کرونگا۔ شاید وہ یہ سمجھتی ہو کہ میں اُسے بھلانے میں کبھی نہ کبھی کامیاب ہو سکونگا ..... شاید ..... شاید .... خیر اُس کے خیالات کچھ ہی ہوں مجھے اس سے بحث نہیں۔ مجھے صرف اپنی پُرخلوص محبت اور جانکنی کی اذیت کا احساس ہے! اُسے معلوم تھا کہ مجھے سخت تکلیف ہو گی مگر وہ اپنی ایذا رسانی سے باز نہ آئی ..... ہونہہ، اُسے میرے وجود سے شرم آنے لگی تھی۔ کس لئے؟ میرے چال چلن کی وجہ سے نہیں بلکہ میری ظاہری مالی ——— حالت کی وجہ سے۔

کم نظر بیتابیِ جانم نہ دید
آشکارم دید و پنہانم نہ دید!

مرشد، میں نے آج تک کسی عورت میں بھی ذہنی رواداری نہیں

دیکھی۔ ایک بھی عورت ایسی نہیں ملی جو اپنی بلند نظری سے مجھے متاثر کر سکے اور مجھے اپنی عزت کرنے پر مجبور کر دے۔ بھلا تمہیں بتاؤں، میں محبت کیا ہوتی ہے کر دیکھا!

مرشد۔ تب تو، یار، مجھے تم سے ہمدردی ہے۔

شکیل۔ (سکون کے لہجہ میں) شکریہ۔ مگر تمہیں ہمدردی کرنے کی ضرورت نہیں۔ تم کیا ہمدردی کر سکتے ہو؟ کس طریقے سے کر سکتے ہو؟ میں برسرروزگار ہوں، اپنی تمام ضروریات پوری کر سکتا ہوں۔ شاید میں جذباتی کشاکش کے ردِ عمل سے زندہ سلامت نکل آیا ہوں ــــ (وہ دوسرا سگرٹ سُلگاتا ہے اور خود فراموشی کی حالت میں ماضی کی یاد تازہ کرتا ہے) اپنے جسم میں شباب کا پہلا احساس مجھے یاد ہے۔ اُس وقت زندگی نام تھا ارمانوں اور آرزوؤں کا۔ دل میں بہت سی ایسی خلشیں محسوس ہوا کرتی تھیں جو درحقیقت نشاط انگیز تھیں، اور ایک ہستی، صرف ایک ہستی اُن سب سے متعلق ہوا کرتی تھی۔ میرے تمام خوش آیند خوابوں کی آخری حد رہی تھی۔ جیسے تمام آوازیں سکوت پر ختم ہو جاتی ہیں اُسی طرح میرا تخیل بے پایاں بھی اُسی پر جا کر ختم ہو جاتا تھا۔ میں نہیں بتا سکتا کہ وہ میرے لئے کیا تھی۔ زمانے کے ساتھ ساتھ وہ بھی بڑھتی رہی ــــ بدلتی رہی ــــ آہ، اُس کے سینے کا وہ اُبھار، جو بہ یک وقت اذیت اور مسرت دونوں کا سرچشمہ تھا ــــ روحانیت اور مادیت کا وہ بیخود بنا دینے والا امتزاج!..... دبی ہوئی ظالم آرزوئیں! رغبتِ جنسی ایک بلائے بے درماں بن گئی تھی۔ تم تو جانتے ہی ہو کہ "زندگی کی اصلی مشکلات" کیا ہوتی ہیں ــــ اُمیدیں ہوتی ہیں اور حضرات ہوتے ہیں ــــ اور تب وہ گھڑی بھی آپہونچتی ہے جب آخر کار حقیقت کھل جاتی ہے، اور یہ تمہارے سارے خواب خاک میں مل جاتے ہیں، اور اُن کے ساتھ ہی تمہارے اندر کی ہر وہ چیز جسے تم جوان کہہ سکتے ہو! ــــ (وہ ٹھہر جاتا ہے، سگرٹ کا ایک لمبا کش کھینچتا ہے اور سلسلۂ کلام جاری رکھتا ہے:-)

اور ایک وہ وقت آتا ہے جب تمہیں عجیب عجیب خیالات آتے ہیں۔ تم گویا اپنے بستر پر خاموش لیٹے ہوتے ہو۔ تمہیں ایسا احساس ہوتا ہے کہ تم ہر چیز سے علیحدہ کر دئے گئے ہو۔ تمہارا تھکا ہوا جسم بستر کی گرمی میں آرام محسوس کرتا ہے۔ اور اُس وقت تمہیں شاید ایک ویران سے باغ کی یاد آتی ہے اور تم تصور کرنے لگتے ہو کہ گویا دوپہر کا وقت ہے، آہستہ آہستہ ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی ہے، بادلوں کی وجہ سے ہلکا ہلکا اندھیرا سا چھایا ہوا ہوتا ہے.....اور پھر تمہارا خیال ایک ایسے نیلگنٹ کی طرف جاتا ہے جو تنہا ساکت و صامت ایک شاخ پر بیٹھا ہوتا ہے۔ اُس کی آنکھوں سے ایک عجیب کیفیت ٹپکتی ہے جو تمہیں عجیب عجیب باتیں یاد دلاتی ہے۔ بارش کے قطرے اور فضا کا سکوت تک تم سے سرگوشیاں کرنے لگتے ہیں۔ اور شاید تم میں ایک نیا جذبہ، ایک نیا ایمان پیدا ہونے لگتا ہے!

(نیچے سڑک پر سے موٹر کے ہارن کی کرخت آواز آتی ہے۔ مرشد اُچھل پڑتا ہے اور کسی نہ کسی طرح کرسی کی گرفت سے اپنے آپ کو آزاد کرتا ہے۔)

مرشد۔ معاف کرنا، یار، مجھے سات بجے ایک جگہ جانا ہے۔

(گھڑی دیکھتا ہے اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھا دیتا ہے۔ دونوں ایک دوسرے سے رخصت ہوتے ہیں۔ موٹروں سے ایک سیمیں آواز سُنائی دیتی ہے "کیوں جی، کس مشغلہ میں اتنے محو تھے کہ دنیا و مافیہا کو بھول بیٹھے؟" معلوم نہیں مرشد کیا جواب دیتا ہے۔ جھٹ سے پٹ کھول کر موٹر میں غائب ہو جاتا ہے، جو فوراً ہی سڑک کے کونے پر پہونچکر نظروں سے اوجھل ہو جاتی ہے۔)

سڑک پر آمد و رفت کی کثرت ہے۔ موٹروں کے ہارن کی مسلسل آواز اور بڑی بڑی "بسوں" کی گھڑگھڑاہٹ کانوں کے پردے پھاڑے ڈالتی ہے، ٹریوے کی گھنٹیاں اُن پر مستزاد ہیں۔

شکیل کونے میں رکھی ہوئی میز کی طرف بڑھتا ہے۔ ایک فوٹو اُٹھا لیتا ہے اور اُسکی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہتا ہے.....

(پردہ)

نوٹ

اس ڈرامے کے تمام افراد فرضی ہیں۔ کوئی صاحب ان میں اپنی شخصیت ڈھونڈنے کی زحمت گوارا نہ فرمائیں۔

"ماضی"

غلغلۂ ہندوستانی

بجواب مقالۂ پنڈت امرناتھ جھا وائس چانسلر الٰہ آباد یونیورسٹی

پروفیسر امرناتھ جھا صاحب نے روزنامہ لیڈر میں ایک بصیرت افروز مقالہ بہ عنوان "بیل آف ہندوستانی" شائع کرکے علمبرداران ہندوستانی کو عبرت آموز سبق دیا ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف انگریزی علم وادب کے مسلم الثبوت اُستاد تسلیم کئے جاتے ہیں۔ مزید برآں ہندی و سنسکرت زبانوں پر قدرت تامہ ہونے کے ساتھ ساتھ اُردو زبان پر بھی آپ کو عبور حاصل ہے۔

مجھ ایسے یہاں کا ایک ادیب فاضل کے مقابلہ میں اپنے ناقص خیالات سپردِ قلم کرنا گستاخی میں داخل ہوگا، مگر نفس مضمون کا تعلق چونکہ "ہندوستانی" زبان سے ہے اس لئے اپنے خیالات اپنی ٹوٹی پھوٹی زبان میں پیش کرنیکی جرأت کرونگا۔

سب سے پہلے پروفیسر صاحب کے مضمون کا اقتباس قارئین کرام کے ہدیۂ نظر کرتا ہوں:۔

اوّل پروفیسر صاحب اُردو ہندی ناموں کو برطرف کرکے زبان کو ہندوستانی سمجھنا سعی لاحاصل سمجھتے ہیں اور اس ضمن میں ہندوستانی اکاڈمی الٰہ آباد کی تمام مساعی جمیلہ کو غیر ضروری سمجھتے ہیں۔ ان تمام جماعتوں کی خدمات عالیہ کو بہ نظرِ اشتباہ دیکھتے ہیں جو اُردو ہندی کو ایک پلیٹ فارم پر لاکر ہندوستانی کے عام پسندیدہ لباس میں ملبوس دیکھنا چاہتی ہیں۔

آپ کے خیال میں اُردو ہندی کو مشترک کرنیکی اسکیم اپنے اندر خود غرضانہ مقاصد مضمر رکھتی ہے۔ دوم، آپ کی رائے میں دونوں زبانیں اپنی اپنی روایات اور اُصول علیحدہ رکھتی ہیں۔ دونوں کے پاس ادبی خزانے موجود ہیں۔ دونوں کے وجود سے ایسے تاریخی اور مذہبی واقعات وابستہ ہیں جو ملی و قومی تہذیب کا حصہ بن چکے ہیں۔

آپ کا ارشاد ہے کہ اُردو کا ماخذ زیادہ تر فارسی و عربی ہے اور ہندی ماخوذ ہے سنسکرت سے یعنی اُردو، خیالات، جذبات، الفاظ اور رسم الخط میں فارسی کا اتباع کرتی ہے اور سلطنت مغلیہ کے زیر سایہ شہروں ہی تک محدود رہی اور اُردو نے ہندوستانی اثر کو کبھی قبول کیا نہ اُردو کا تعلق دیہات سے رہا۔ برخلاف اسکے تلسی داس وسورداس کی ہندی جنگلیں دیہات میں پڑھی اور سمجھی جاتی ہیں۔ ہندی میں کہاوتیں اور قومی گیتوں کے خزانے موجود ہیں جو ہر دیہاتی کی زبان پر ہیں۔

اس لئے آپ کی رائے میں دونوں زبانوں کی ادبی خصوصیات و تاریخی روایات کو نظر انداز کرکے نیا نام "ہندوستانی" رکھنے میں بے شمار دقتوں کا سامنا کرنا ہوگا۔

سوم۔ آپ کے نزدیک اُردو مسلمانوں کی زبان ہے اور ہندی ہندوؤں کی۔ تو کیا وجہ ہے کہ اُردو ہندی کو مشترک کرکے "ہندوستانی" ٹریڈ مارک لگایا جائے۔ اگر اُردو ہندی الفاظ کو مٹایا جارہا ہے تو گجراتی، بنگالی، پنجابی الفاظ کو بھی مسترد کردیا جائے۔

اسی سلسلے میں کسی بنگالی مسلم مدبر کے مضحکہ خیز قول کی طرف اشارہ کیا ہے۔ جس نے اُردو کو رسول عربی کی زبان سے منسوب کیا ہے۔

آپ دریافت فرماتے ہیں کہ کیا حیدرآباد کے بیشتر فی صدی باشندوں کی زبان اُردو ہے اور کیا حیدرآباد اور بنگال میں اُردو ان لوگوں پر جبراً مسلط نہیں کی جارہی ہے جن کے آباؤ اجداد اُردو سے ناواقف محض تھے؟

چہارم۔ آپ مسلم طلبا کی ہندی کے ساتھ ناروا داری پر نکتہ چینی کرتے ہوئے دریافت فرماتے ہیں کہ یونیورسٹی میں کتنے مسلمان ہندی و سنسکرت پڑھتے ہیں اُن کے مقابلہ میں کتنے ہندو لڑکے اُردو، فارسی پڑھتے ہیں۔ چنانچہ مسلم ہوسٹلوں میں کوئی ہندی رسالہ نہ ملے گا۔ برخلاف اس کے ہندو ہوسٹلوں میں متعدد اُردو رسائل پائے جائیں گے۔

آپ کا فیصلہ ہے کہ اگر کوئی قدم اُردو ہندی کو متحد کرنے کے لئے اٹھایا جاتا ہے تو مسلموں کی رواداری کا ثبوت اس طرح ہونا چاہیئے کہ جس تعداد میں مسلمان ہندی و سنسکرت پڑھیں اُسی تعداد میں ہندو اُردو فارسی پڑھیں۔

بنجم، آخر میں پروفیسر صاحب نے چند اقتباسات رشید احمد صاحب صدیقی پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے خطبۂ صدارت سے اخذ کر کے یہ ظاہر کیا ہے کہ خطبہ کے ہر پیراگراف میں چوتھائی الفاظ فارسی عربی ہیں۔ اسی طرح مولانا سید سلیمان ندوی کی مشہور تقریر "ہماری زبان" سے اقتباس کر کے بہتّر الفاظ میں چونتیس الفاظ فارسی بتلاتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ ایسی زبان کو جس کو صرف فارسی داں اصحاب سمجھ سکیں ہندوستانی کہنا کہاں تک حق بجانب ہوگا۔

آپ کی رائے میں ہر شخص کو اُردو ہندی جاننا چاہیئے۔ اسکولوں میں سختی کے ساتھ اُردو ہندی کو لازمی قرار دیا جائے۔ اور اُردو ہندی دونوں زبانوں کا حق ہے کہ وہ اپنا وجود علیحدہ علیحدہ قائم رکھیں۔

مندرجہ بالا خیالات ایک ایسے عالم متبحر کے زور قلم کا نتیجہ ہیں جس کی ہستی فرقہ پرستانہ جذبات سے بلند و بالا سمجھی جاتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی رائے فدا کارانِ ہندی کے لئے وقیع اور ہمت افزا ہو مگر وابستگانِ "ہندوستان" کے لئے نہایت ہمت شکن ثابت ہوگی۔ میری ناچیز رائے میں اُردو ہندی اس قدر مختلف و اجنبی زبانیں نہیں ہیں جن کا اشتراک کسی طرح ممکن نہ ہو سکے۔ میں وثوق کے ساتھ کہونگا کہ انصاف پسند ماہرین السنۂ اُردو و ہندی کو ایک ماں کی دو بیٹیاں سمجھتے ہیں۔ دونوں حسنِ صورت و حسنِ سیرت میں یکتائے روزگار ہیں اگر اُردو پر بانکپن اور کرشمہ و ناز قربان ہیں تو ہندی پر سادگی لوٹ ہے، دونوں زبانوں کے پرستاروں نے وفورِ شوق میں دونوں نازنینوں کو ایسے بیش بہا زیورات سے آراستہ کرنا شروع کر دیا کہ بیچاریاں گرانبار تصنع سے دوبھر رہ گئیں۔ اور تمام ذاتی حسن و جمال ملمع کاری کی نذر ہو گیا۔ اس افراط و تفریط نے زبانوں کی شکل کو ایسا بگاڑا کہ اصلی صورت پہچانی ہی نہیں جاتی، شاید اسی سے اعتدال پسند حلقہ نجوشوں نے ایک درمیانی روش پسند کی اور چاہا کہ اُردو سے عربی فارسی کے ثقیل الفاظ، اور ہندی سے سنسکرت کی لغات نکال کر دونوں زبانوں کو اس قدر عام فہم بنا دیا جائے کہ دونوں بہنیں ایک دوسرے کو پہچان کر گلے مل جائیں۔ اور دونوں زبانوں کے جانباز ایک دوسرے سے شیر و شکر ہو کر ہندو مسلم اتحاد کے قلعۂ معلی کا سنگِ بنیاد رکھ دیں۔ جس کا نام ہندوستان کی نسبت سے ہندوستانی کہلایا جائے۔

ہندی، اُردو کو متحد کرنے کی مساعی بار آور نہ ہونے کے یقین ہونگے کہ مسلمان عربی و فارسی آمیز اُردو بولیں گے اور ہندو سنسکرت سے مخلوط ہندی۔ بالفاظ دیگر باہم تبادلۂ خیالات اور میل ملاپ کا حقیقی ذریعہ بھی باہمی نفاق کی بھینٹ چڑھ جائے گا۔ اس طرح ہندوستان کی کوئی زبان لنگوا فرنکا (Lingua Franca) ہونیکا حق ادا نہیں کر سکتی۔

میری رائے میں ہندوستانی اکاڈمی اور دیگر جماعتوں کا اقدام بنیتی اور تعصب سے پاک ہونے کے ساتھ نہایت مستحسن اور مخلصانہ ہے۔

علاوہ ازیں اگر دامانِ انصاف کو نہ چھوڑا جائے تو یہ حقیقت بے نقاب ہو جائے گی کہ اُردو نے برج بھاشا سے خوش چینی کی ہندوستان میں جنم لیا اور ہندو مسلمانوں کے گود میں پلی، دیسی زبانوں کی خو بو لیکر بڑھی، پروان چڑھی اور بالآخر اپنی فرسودہ ضعیف ماں کی جانشین ہوگئی۔ اس نوبلی ہونہار بچی کو ہندو مسلمانوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ گلے لگایا اور آخر کار مادری زبان بنا کر شہر بہ شہر قریہ بہ قریہ پھرایا۔

تاریخ اُردو شہادت دیتی ہے کہ اُردو لشکری زبان ہے جو بازار میں مختلف زبانوں کے تبادلہ اور آمیزش سے عالم وجود میں آئی۔ اُردو میں سب سے زیادہ اس پراکرت زبان کے الفاظ شامل ہیں جو دہلی اور نواح دہلی میں بولی جاتی تھی۔ اُردو زبان کے تمام افعال مثلاً لانا، کھانا، پینا، بھاشا سے لئے گئے ہیں۔

اس موقع پر مسٹر رام بابو سکسینہ۔ ایم۔ اے کی ہسٹری آف اُردو لٹریچر کا اقتباس درج کرنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔

"زبان اُردو اس ہندی بھاشا کی ایک شاخ ہے جو صدیوں تک دہلی اور میرٹھ کے اطراف میں بولی جاتی تھی جس کا تعلق شور سینی پراکرت سے بلا واسطہ تھا۔ یہ بھاشا جس کو مغربی ہندی کہنا بجا ہے۔ زبان اُردو کی اصلی ماں سمجھی جا سکتی ہے"

"اُردو کا اصلی ماخذ وہ زبان ہے جو دہلی اور میرٹھ کے اطراف میں بولی جاتی تھی جس کو مغربی ہندی کی ایک شاخ ہونا چاہیئے۔ اور مغربی ہندی اپنی جگہ پر شور سینی پراکرت سے پیدا ہوئی۔ مگر زبانِ حال کی اعلیٰ اُردو ہندی سے پیدا ہوئی اس طرح کہ فارسی الفاظ کا لکڑا کی جگہ سنسکرت الفاظ رکھتے گئے۔ مگر سچ پوچھئے تو اُردو ہندی اپنی ماخذ اور تیز اپنی نوعیت کے اعتبار سے ایک ہی زبان ہیں اور ان دونوں میں کچھ فرق نہیں ہے اگر کچھ ہے بھی تو نشو و نما اور ترقی کے طریقے میں"

فوجی بازار کا نام اُردو تھا جہاں مختلف اقوام کے لوگوں کے میل ملاپ سے ایک نئی زبان "اُردو" نے جنم لیا۔ شاہی دربار کی زبان فارسی تھی لیکن امرائے سلطنت و راجگانِ ہندی کی زبانیں باہم مختلف

تھیں اس لئے اُن کی باہمی گفتگو نے بھی ایک نئی زبان کا قالب تیار کیا۔ شہنشاہ اکبر نے قلعہ میں ایک زنانہ بازار قائم کیا جس میں عجمی، عربی، ترکی، ہندی عورتیں اپنی دُکانیں لاکر سجاتی تھیں۔ اور اُمرا کی بیویاں اور محل کی عورتیں آکر خریدتی تھیں۔ اس تقریب سے باہم گفتگو کرنے کا موقع ملتا تھا۔ حتیٰ کہ مختلف قوموں کے اختلاط سے ایک مختلف زبان شہروں میں پھیل چکی تھی۔

پراکرت سنسکرت کی بگڑی ہوئی زبان کا نام ہے۔ متھرا اور مغربی علاقوں کی پراکرت کا نام برج بھاشا ہے۔ مشرقی علاقوں (اودھ) کی زبانوں کا نام پوربی بھاکا پڑا۔ ہندی اُردو میں دراصل وہی لوگ فرق سمجھتے ہیں جو اِن دونوں زبانوں کی باہمی مناسبت اور اُن کی خوبیوں سے ناواقف ہیں۔

جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں، دونوں زبانوں میں بہت کچھ مماثلت ہے۔ بول چال میں بھی دونوں میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔ چنانچہ اگر اُردو میں عربی فارسی کے غیر مانوس الفاظ کی بھرمار نہ کی جائے تو وہ شخص جس کی زبان بھاشا ہے اس سے وہی لطف حاصل کرے گا جو ہم خالص بھاشا میں پاتے ہیں اسی طرح بھاشا میں بھی ناگ بھاشا اور سنسکرت الفاظ شامل ہو کر زبان کو سخت ناقابل فہم بنا دیتے ہیں۔

اُردو زبان چونکہ برج بھاشا و سنسکرت سے نکلی ہے اسلئے اُردو زبان کی حفاظت دراصل ایک لحاظ سے ہندی برج بھاشا کی ترقی و حفاظت ہے۔

اس میں شک نہیں کہ مسلم سلاطین نے محض رعایا کی سہولت کے لئے اپنی مادری زبان فارسی کو چھوڑ کر ایسی زبان کو رواج دیا جو دیسی زبانوں سے ملکر بنی اور خاص و عام میں بولی اور سمجھی جانے لگی۔ اور اس طرح مسلمان بادشاہوں نے ہندو نوازی و رعایا پروری کا جو زبردست ثبوت دیا ہے اسکی نظیر دُنیا کی حکومتوں میں نہ پائی ہے۔

صدیوں سے فارسی اور عربی الفاظ روزمرہ کی بولی میں مستعمل ہونے کے بعد زبان زد خاص و عام ہو گئے اور اجنبی اور غیر مانوس نہ رہے۔ حتیٰ کہ اُردو عوام کی زبان کی حیثیت سے سینکڑوں برس سے ملک عدالت کی زبان قائم ہے۔ اس موقع پر بعض مستند اہلِ قلم کے کلام کے چند اقتباسات پیش کرونگا۔

مسلم بادشاہوں کی اس بے نظیر رواداری ہندوستان کے رسم و رواج اختیار کرنے اور مُلک کی ہر چیز کو سراہنے اور اپنا کرنیکا یہ نتیجہ ہوا کہ بھاشا نہ صرف تباہی اور پامالی سے بچی بلکہ اُس نے فارسی اور دیگر زبانوں سے اتنا کچھ حاصل کر لیا اور پلٹے دائرے کو اس قدر وسیع کر لیا کہ ایک مستقل نئی زبان اُردو بن گئی۔ جس کو پہلے زمانہ میں ہندی کہتے تھے، یہ امر واقعہ ہے کہ فارسی عربی الفاظ کے میل نے زبان کو مالا مال کر دیا۔

ہندی میں فارسی عربی کے غلط ملط کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی باہر والا کسی کے ہاں ٹھہرا ہو، گھر والوں کی آؤ بھگت اور آنکھیں بچھانے سے وہ اس میں رہ پڑے اور آپس کے میل ملاپ بڑھنے سے وہ اور گھر والے مل ملا کر ایک ہو جائیں تو وہ پھر باہر والا نہیں رہتا، گھر ہی کا کہلاتا ہے۔ عربی فارسی کو بھی ایسا ہی سمجھئے۔ اب تو یہ کہنا ہی ٹھیک نہیں ہے کہ یہ عربی ہے یہ فارسی ہے۔ عربی فارسی الفاظ اب کہاں رہے۔ ہندی، فارسی، عربی، ترکی الفاظ سب ایک ہو گئے اور اپنا ہو گئے، پھر اپنوں کو پرایا کیوں کہا جا رہا ہے؟

البتہ مسلمانوں کے زیر اثر اُردو زبان فارسی رسم الخط کے اتباع کرنے کی گنہگار ضرور ہے۔ کیا مسلمانوں کے ایک ہزار برس کے عہدِ حکومت کی کوئی یادگار بھی باقی نہ رہنا چاہیئے؟ ان عام فہم فارسی الفاظ کو نکال کر اُس کے بجائے سنسکرت الفاظ چن چن کر نا گوار گوشت سے ناخن کو جدا کرنا ہے۔

ہر زبان اپنے اندر دوسری زبانوں کے الفاظ شامل کر کے اپنی ہمہ گیری اور جامعیت کو قوی اور وسیع تر کرتی ہے جس طرح انگریزی میں لاطینی و یونانی الفاظ کی کثرت نے انگریزی زبان کو سچ مچ ذوالسان کر دیا۔ اسی طرح اُردو میں بھی فطرتاً اس درجہ ہمہ گیری ہے کہ زبان کے الفاظ کو اپنا کر لیتی ہے۔ چنانچہ اس وقت ہندی الفاظ کے علاوہ بہتیرے انگریزی الفاظ اُردو کی مکیت میں آگئے ہیں۔ کوئی زبان دوسری زبانوں سے خوشہ چینی کے بغیر وسیع اور جامع نہیں ہو سکتی۔

میرا دعویٰ ہے کہ جو زبان یو۔ پی۔ کے ہندو گھروں میں بولی جاتی ہے اور جو ہندو حضرات آپس میں بولتے ہیں وہ اُردو ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اُردو نے شہروں میں ترقی کی، مگر اس زبان کی عالمگیری کا اثر دیہات پر بھی پڑا۔ اس لئے کہ دیہات میں ہندی نہیں بولی جاتی، بلکہ بگڑی ہوئی اُردو بولی جاتی ہے۔ جس میں فارسی عربی کا عنصر شامل ہے۔ اب رہا یہ کہ شہری اور دیہاتی زبانوں کی متانت اور درنیت میں فرق نظر آتا ہے تو ایسا کس زبان اور کس مُلک میں نہیں؟

اُردو کی عالمگیری کا اس سے بڑھکر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے

کہ اُردو ہندوستان کے ہر گوشے اور ہر خطے میں بھی جاتی ہے خواہ پٹھان اور ہو یا بنگال و بمبئی۔ باوجود مخالفت کے اُردو صدہا برس سے عدالت کی زبان ہے اور کامیابی کے ساتھ کچہری میں دیہاتی عدالت کی اور وکلا کی گفتگو خوب سمجھتے ہیں اور عدالتی الفاظ انکی زبان پر ہیں۔

ہندی بھاشا نہایت سادی اور محدود تھی جہاں نازک خیالی اور بلند پروازی کا دخل نہ تھا۔ برخلاف اس کے فارسی ادب میں بلند پروازی اور نازک خیالی کے چشمے بہہ رہے تھے۔ چنانچہ اُردو کو ترقی یافتہ فارسی کے خزانۂ ادب سے خیالات مستعار لینا پڑے۔

اگر ہندی میں سنسکرت الفاظ شامل کرلئے جائیں تو وہ زبان ہندی نہ رہیگی بلکہ ایک ایسی اجنبی زبان بن جائے گی جو دیہات کیا شہروں میں بھی سمجھی نہیں جاسکتی۔

جو زبان کہ تحریر و تقریر میں ہندو حضرات ارادتاً و قصداً استعمال کرتے ہیں وہ نہ اُردو ہے نہ ہندی تلسی داس و سورداس کی ہندی نظمیں دیہات کے بھلا کیا سمجھیں گے بلکہ یوں کہئے کہ ہندو پنڈت ان نظموں کو پڑھکر سمجھانے کے لئے مطلب بیان کرنے پر مجبور ہوتے ہیں اور وہ مطلب قریب اُردو ہی میں سمجھایا جاتا ہے۔

ہر زبان کا ادب روزمرہ کی زبان سے بلند ہوا کرتا ہے مگر اس کے معنی یہ نہیں کہ اُردو کی تحریر میں فارسی عربی کے متعلق الفاظ شامل کردئے جائیں یا ہندی میں سنسکرت الفاظ کی ریل پیل ہو بہیر تو نہ اُردو اُردو رہیگی نہ ہندی۔ ہندی۔

اگر اُردو ہندی دونوں زبانوں میں عام فہم الفاظ مستعمل ہوں تو دونوں زبانیں اپنی اپنی خصوصیات و روایات قائم رکھتے ہوئے باہم متحد ہوکر ایک پلیٹ فارم پر آسکتی ہیں اور ہندوستانی کہلائی جاسکتی مستحق ہوسکتی ہیں۔

اُردو متحدہ قومیت کے تخیل اور ہندو مسلمانوں کے باہمی اختلاط سے عالم ظہور میں آئی اور اس طرح صدیوں سے ہندوستان کی مشترکہ زبان چلی آتی ہے۔ ابتک ہندو مسلمان فارسی اُردو یکساں پڑھتے رہے۔ شادی میں نوید بھی فارسی میں لکھتے تھے بلکہ کایستوں کے گھروں میں فارسی عربی الفاظ کا استعمال اور فارسی اُردو کا چرچا مسلمانوں سے کم نہ تھا۔ اور اب تک مہذب ہندو اور خصوصاً کشمیری پنڈت اُردو فارسی زبان دانی اور مسلم کلچر و تہذیب شایستگی کا بہترین نمونہ پیش کرتے ہیں۔

یہ سراسر غلط خیال ہے کہ اُردو مسلمانوں کی زبان ہے اور ہندی ہندوؤں کی۔ بلکہ میرا دعویٰ ہے کہ اُردو ہندو مسلمانوں کی ہی کی پیداوار ہے۔ اس موقع پر اپنے دعوے کے ثبوت میں پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی دہلوی کے مشہور مضمون "دنیائے ادب اور ہماری زبان" کے مندرجہ ذیل اقتباسات کی طرف قارئین کرام کی توجہ مبذول کراؤنگا۔

"مسلمان اور ہندو مصنف بھی اب سے ایک صدی پہلے اور اسکے بعد تک بھی اُردو کو ہندی کہا کرتے تھے ..... اور کیونکر نہ ہی؟ اور کون لوگ اس کے بنانے کے زیادہ تر ذمہ دار ہیں؟ ہندوستان میں اسلامی حملوں اور فتوحات سے پیشتر اُردو کی داغ بیل پڑجانا قرین قیاس ہے ..... البیرونی نے جو ہندوستان میں پنڈتوں سے سنسکرت پڑھی تو درس و تدریس کی زبان کیا تھی؟ کوئی مشترک زبان ضرور ہوگی۔ ورنہ استاد شاگرد کو درس کے معنی اور کس طرح سمجھاسکتا ..... ہندوستان کے راویوں اور راجوں کے دربار سے جو فارسی مراسلے اور خریطے اسلامی ممالک کو جاتے تھے وہ ضرور ہندو پڑھیں سکریٹریوں کے لکھے ہونگے ..... یہ اہم ذمہ داری ہندو دربار غیر ممالک کے سپرد نہیں کرسکتے تھے۔ لابد ہے کہ وہ پڑھیں سکریٹری ہندو ہی ہونگے ..... بلکہ جو محمود غزنوی کے زمانے میں ہوا ہے فارسی بہت اچھی جانتا تھا۔ ....

ثابت یہ ہوا کہ ہندوستان میں اسلامی تسلط سے پیشتر فارسی کا علم کم و بیش موجود تھا جب ہی تو چند کوی کی نظموں میں فارسی الفاظ اور کہیں کہیں فارسی مرکبات ملتے ہیں۔ جو بعض محققوں کو چونکا دیتے ہیں ..... ہماری اُردو ہندوؤں اور مسلمانوں کے مشترک مساعی اور اتحاد کا نتیجہ ہے ـــــ اس کی تنظیم و تدوین میں ان دونوں فرقوں کی شرکت ہے۔ یہ تنظیم سلطان اور رعایا، حاکم اور محکوم، افسری و ماتحتی کے لم سے مبرا ہے۔ یہ ایک مبارک ثمر تھا اس ادبی کل برکش اور طلبی کے جو قدرت نے ہندوستان کی سرزمین پر بھیجے۔ یہاں معاشرت نے انہیں پیوند کیا۔ رواداری نے اُسے تہذیب و تمدن کے امرت سے سینچا اور شایستگی نے اس کی ضروری شاخ تراشی کی، حسن سلیقے اور شعور نفسیاتی نے موافق ہوا مہیا کی۔ تب یہ قلمی پودا پھولا پھلا اور پروان چڑھا۔ اب انہیں باغبانوں کی نسلیں اگر اس سرسبز نونہال کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا چاہیں تو سمجھ لیجئے کہ یہ کیا بات ہے۔ اس سے آگے میں کچھ نہ کہوں گا ..... یہ امر واقعہ پایہ ثبوت کو پہونچایا گیا ہے کہ اسلامی تسلط کے قریب بلکہ اس سے پہلے ہندو فارسی سے واقفیت

رکھتے تھے۔ میں کہتا ہوں وہ ہندو ہی تھے جنہوں نے مسلمانوں سے ملکر اُردو کی تدوین کی۔ . . . . . گوشائق تلسی داس جی کی رامائن میں نشان، فوج، نفیری، اور شہنائی، وغیرہ الفاظ موجود ہیں۔ ان سے پہلے کبیر داس اور گرونانک کے کلام میں اختراعی و اجتہادی ترکیبیں اور الفاظ کثرت سے ملتے ہیں۔ ابتدائی اُردو والوں نے پراکرت اور اب بھرنش بھاشاؤں سے سُود ھے یا بنائے۔ . . . . . ۱۸۱۲ء میں شریدھا گوت کا دسواں اسکند یعنی باب اُردو کی ایک ضخیم مثنوی سِسی بہ آئینۂ مستور کی صورت میں ظہور پذیر ہوتا ہے۔ . . . . .

"یہ مذہبی و اعتقادی کتاب ایک ہندو اپنے ہندو بھائیوں کے لئے اچھی اُردو نظم میں تصنیف کرتا ہے۔ اس سے بدیہی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ ہندوؤں میں اُردو کہاں تک جاری و ساری تھی۔ مختصر یہ کہ سنسکرت اور ہندی بھاشاؤں کے ہوتے ساتے ہندوؤں نے اُردو کو اَوَدھ و دوظائف سے یا زیادہ احتیاط سے یہ کہئے کہ مذہبی اور ملی تقریبوں سے خارج نہیں کیا۔ سنسکرت چالیسی ایک اُردو کی کتاب استوتر یعنی وظیفے کی ہے۔ جس کو میں نے پوجن کے سلسلہ میں وظیفہ یا مناجات کی طرح پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ اور یہ دھیان میں رکھنے کی بات ہے کہ منشی داس رامائن لکھ چکے تھے۔ اس کی کتھا برابر ہو رہی تھی۔ مہابھارت اور بہت پران اور دوسری مذہبی کتابیں اُردو میں منتقل ہو چکی تھیں۔ لیکن اپنے اہالی ملت میں دھرم پرچار کی کمی محسوس ہوئی جبتک کہ اُردو سے کام نہ لیا گیا۔ . . . .

"اِس ضمن میں شنکر دیال فرحت، منشی رام سہائے تمنا اور خوشتر وغیرہ حضرات نہ صرف ہندوؤں بلکہ تمام اُردو دنیا کے شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے مہابھارت، رامائن، گیتا، مہاتم شو پران، گینشی پران، اور جاتکی بچے وغیرہ دھرم پستکیں اُردو میں تصنیف و ترجمہ کیں۔

"یہ سوال بہت برمحل ہوگا کہ اگر اُردو کا ہندو دینیات یا ملیات پر کچھ اثر ہے تو اُردو کے متعصبین بتائیں اور ثابت کریں کہ اِن کتابوں سے ہندو دھرم اور جاتی کی کیا ہانی ہوئی؟ . . . . . شرور جہاں آبادی کی نعت اِس وقت مولود شریف کے جلسوں میں نہایت خلوص سے پڑھی جاتی ہے۔ . . . . . یہ سب جانتے ہیں کہ شرور جہاں آبادی ہندو ہی رہے اور ہندو ہی مرے۔ جب نعت اور اتنی مقبول عام نعت اُردو میں لکھکر ایک ہندو ہندو دھرم پر قائم رہ سکتا ہے تو پھر یہ خوف کہ اگر ہندو اُردو سے دل لگائیں گے تو اُن کے دھرم اور مذہبی روایت کو صدمہ پہونچے گا، ایک مریضانہ واہمے سے زیادہ

وقعت نہیں رکھتا جس کا علاج نہ چرک کے پاس ہے نہ لُقمان کے۔ . . . . . آپ نے دیکھا کہ اُردو کی تعمیر و تدوین اور ترویج میں کتنا مقتدر حصہ ہے۔ آپنے دیکھا کہ ہندوؤں کی مذہبی اور ملّی کتابیں کس کثرت سے اُردو میں لکھی گئیں؛ اور آپ دیکھتے ہیں کہ بھگوت گیتا کے ایک سے زیادہ سَو ترجمے اور تفسیریں اُردو نظم و نثر میں ہر سال بلاناغہ شائع ہوتے رہتے ہیں؟ آپنے یہ دیکھا کہ نصیحہ کلام بھی ہندوؤں کو ہندومت سے برگشتہ نہ کرسکا۔ یہ واقعہ بھی ذہن میں رکھنا ہے کہ ہندوؤں کے اُردو اخباروں کے خصوصی نمبر یا بچے دشہرا نمبر وغیرہ میں مسلمانوں کی لکھی ہوئی چیزیں کتنی ہوتی ہیں؟ اگر کوئی ہندی والا (میرا مطلب ہے اُردو ہندی جھگڑے کا علم بردار) اس وقت یہاں موجود ہے تو سامنے آکر بتائے جو واقعات ابھی پیش کئے گئے ہیں اُن میں سے کونسا صداقت سے محروم ہے۔

مسلمانوں نے ہندی کی جو خدمت و اعانت کی وہ ہندی ساہتیہ کی تاریخ میں عظیم الشان جگہ رکھتی ہے۔ یہی نہیں کہ جان جاناں رحیم اور ملک محمد جائسی اور رس خاں جیسے مستند شاعر اور صاحب تصنیف اُنہوں نے پیدا کئے بلکہ مسلمان بادشاہوں نے ہندی کی سرپرستی میں تنگ دلی کا اظہار کبھی نہیں کیا۔ ہمایوں اکبر کے عہد کو جانے دیجئے پچھے مسلمان اورنگ زیب کے عہد و دربار کا حال سُنیئے۔

مشہور رزمیہ شاعر یعنی بیر اس کا بادشاہ بھوشن کوی کا بھائی چنتامنی کوی اورنگ زیب کے داہن دولت سے وابستہ تھا۔ اسی کے توسل سے بھوشن کوی دربار دھلی پہونچے اور وہیں رہے۔ . . .

مسٹر ایف جے جے ایم۔ اے۔ اپنے "سبسٹری آف ہندی لٹریچر" میں لکھتے ہیں:۔

"سخت گیر اورنگ زیب ہندوؤں کے آرٹ اور علوم کا دلدادہ نہ تھا لیکن ہندی کے (ہندو) شعرا دربار کی اعانت اور سرپرستی سے قطعاً محروم نہیں رہے اور بہت سے شاعر اورنگ زیب اور اُسکے بیٹے بہادر شاہ ۱۶۷۸ء سے ۱۷۱۲ء تک دربار سے وابستہ تھے۔"

"اُردو کیا ہے؟ دو مختلف معاشرتوں، دو مختلف مذہبوں، دو مختلف کلچروں کے شیر و شکر ہونے اور ارتباط کی یادگار ہے۔ وہ ہے عرب کے مذہب اور ایران کے کلچر کا دُنیا کے سب سے قدیم کلچر یعنی آرین تہذیب سے تصادم نہیں اختلاط۔ یہ سب کچھ اپنے آپ ہوا۔ جس وقت ہندوؤں نے فارسی پڑھنا اور اُردو کی نیو رکھنا شروع کیا تھا لیکن جو کچھ ہوا بالطبع ہوا۔ نتیجہ یہ کہ فریقین اپنے اپنے اعتقاد پر قائم

رہ کر فروعی اختلافوں اور رسمی نقیضوں کو بھلا بیٹھے۔ تعصب اور عصبیت کی جگہ رواداری اور موالات نے لے لی۔ رہنا سہنا، خوشی اور غمی کی تقریبوں میں شرکت، یہ باتیں معاشرت کا روزمرہ ہوگئیں۔ یہ اُردو اور اُس کے کلاسیکل اسکول کی برکت ہے۔ لٹریچر میں دیر و حرم پر جو سخت دھاوے ہوئے کہ الامان۔ سجدہ و زنّار ہوا میں اُڑ گئے۔ اور زُہد و تقویٰ کا قتل ہوگیا۔ غرضکہ کیا کچھ نہ ہوا۔ اس میں ہندو اور مسلمان شُعرا کا پلہ برابر تھا۔ اور ہم یعنی اُردو والے خواہ کسی قوم اور مذہب کے ہوں اب تک اِسی رَستے پر چلے جا رہے ہیں۔ شعر سے اخلاق، اخلاق سے کردار متاثر ہوا اور معاشرت نے وہ رنگ پکڑا اور ایسی کلچر پیدا ہوگئی جس کی مثال روما و یونان کا میل بھی پیش نہیں کر سکتا۔ وہ ہندو ہوں یا مسلمان، ہندی والے ہوں یا اُردو والے، جو اِس ہندستانی رواداری اور ہندستانی کلچر کو فنا کرنے کی فکر میں ہیں یقین جانیئے وطن کے بدخواہ اور خود اپنے دُشمن ہیں۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

فرق کیا واعظ و عاشق میں بتائیں تم کو
اُس کی حجت نہ گئی اُس کی محبت نہ گئی

جو لوگ یہ سمجھ بیٹھے ہیں اور اس یقین کے ساتھ کھڑے ہیئے ہیں کہ ہندو دھرم قائم نہیں رہ سکتا اگر ہندی لنگوا فرینکا نہ بنے۔ یا جن کا عقیدہ یہ ہے کہ دینِ اسلام کو صدمہ پہونچے گا اگر اُردو کو ہندی پست کر دے، تو مَیں کھلے خزانے کہتا ہوں کہ دونوں غلطی پر ہیں۔ مَیں ہندی اور ہندی والوں کو دیکھتا اور سُنتا ہوں مگر اُردو والوں کو سمجھتا ہوں اور بلاخوفِ اختلاف کہتا ہوں کہ اگر یہ ساٹھ برس میں اُردو کے پیچھے اور اُردو والوں میں بے فائدہ ضائع نہیں کیئے تو میں جانتا ہوں اُردو والے جو واقعی اُردو کے کمیٹی و کونسل میں اُن کو یہ سمجھانا نہیں کہ اُردو کے ساتھ دینِ اسلام و ملّتِ بیضا پست ہو جائیگے اُن کو اور مجھ کو رونا ہے تو یہ کہ اُردو کی مخالفت جس جوش و خروش کے ساتھ اب شروع ہوئی ہے اور جو منافقانہ پروپگنڈا کیا جا رہا ہے، اُس کا زہریلا اثر وطنیت اور صدیوں کی بنائی ہوئی کلچر کو مسلیمیٹ کر دیگا۔ اور ہمارے ہندوستانی تمدّن اور معاشرت کی وجاہت کا خُون اپنی گردن پر لے گا۔

حضرات! اُردو کچھ حلوائے بے دودھ نہیں جسے کوئی چکھے سے نگل جائے۔ اُردو کہیئے یا ہندوستانی اس کی جڑیں دُور تک پہونچی ہوئی ہیں۔ اس میں اصلاح اور ترمیم کی ضرورت ہے جو ہر زندہ زبان میں ہوا کرتی ہے۔ یہ کام ہے ہمارا۔ ہندی کی ترقی سے اُردو والوں کو حسد نہیں۔ لیکن وہ ہندی ہندی تو ہو۔ کانگریس کی مجلس عاملہ نے بہت دانائی کی جو ہندی سبھاؤں کے مطالبہ کو رد کر دیا۔ اس سلسلے میں مجھے سخت افسوس ہے کہ مہاتما گاندھی کا نام زبان پر آئے بغیر نہیں رہتا۔ بھارتیہ ساہتیہ پریشد کے اجلاس میں جو کچھ موصوف کی ذات سے ظہور پذیر ہوا سخت مایوس کُن ہوا ہے۔

جو حالت ہندی نثر و نظم کی اس وقت ہے یہ زبان کیونکر ملکی زبان ہونے کا دعویٰ کر سکتی ہے اور مذاقِ سلیم اور ادب میں شعور رکھنے والا اُردو کو چھوڑ کر اسے کس طرح اختیار کر سکتا ہے۔

اب یہ کہنا ہے کہ یہ دیکھکر کہ ہندی والے جو ہندی میں سنسکرت کی اندھا دُھند بھرمار کر رہے ہیں تو ہم بھی کیوں نہ اُردو میں فارسی اور عربی کی بھرتی کرتے جائیں، مَیں آپ سے اور اُن سے دونوں سے کہتا ہوں کہ ایسا کرنا کسی طرح بھی مستحسن نہیں ہے یہی نہیں بلکہ لسانیاتی خودکُشی کی حد تک پہونچتا ہے ..... ؎

بند ہے میری خموشی میں ہجومِ فریاد
ہر نفس چاہتا ہے ایک صدا ہو جانا"

(پنڈت برجموہن دتاتریہ کیفی دہلوی)

پنڈت جی کے مضمون کے مندرجہ بالا اقتباس سے یہ حقیقت بے نقاب ہو جاتی ہے کہ اُردو عوام کی زبان کی حیثیت سے صدیوں سے قائم ہے جہاں ہندو مُسلم کی تخصیص نہیں۔ نہایت افسوس ہے کہ جب فرقہ پرستی کا طوفان برپا ہوا تو ہندو حضرات نے من حیث القوم اُردو کے خلاف جہاد شروع کر دیا اور اُردو کو یک قلم چھوڑ کر ہندی کی طرف اپنی تمام تر توجہ مبذول کر دی اور ہندی اُردو کو مذہبی رنگ دیکر اُردو کو مسلمانوں کی زبان قرار دیکر چھوڑ دیا اور ہندی کو اپنی زبان سمجھکر اختیار کیا۔

حالانکہ اُردو مسلمانوں کی زبان اسی طرح سے ہے جس طرح دلّی، لاہور، شملہ، گنگا، جمنا، اندس مسلمانوں کی ہے۔ کیونکہ مسلمان اُردو کو اپنے ساتھ نہیں لائے، اُردو نے ہندوستان میں جنم لیا۔ ہر طریقے سے ہندوستانی ہوئی۔ مَیں حیران ہوں کہ ایک زندۂ جاوید اور شگفتہ و رائج زبان کو محض فرقہ پرستانہ جذبات کے زیر اثر مٹایا جا رہا ہے۔ اور ایک مُردہ سنسکرت زبان کو زندہ کیا جا رہا ہے۔ سنسکرت صدیوں

اِک نندی آکاش سے آئی!

ہزاروں سال گذرے، اجودھیا میں ساگر نامی ایک مہاراجہ حکومت کرتا تھا۔ وہ ایک بڑی وسیع راجدھانی کا فرمانروا تھا۔ لیکن اپنی تمام دولت و قوت کے باوجود اُسے خوشی نصیب نہ تھی۔ کیونکہ وہ اولاد سے محروم تھا۔ کئی سال کے انتظار کے بعد جب اُس کے ہاں کوئی اولاد پیدا نہ ہوئی تو اُس نے ایک دوسری رانی سے شادی کرلی۔ لیکن قسمت کا کرنا دیکھیے کہ وہ بھی بانجھ ثابت ہوئی۔ مہاراج نے ارادہ کیا کہ وہ ہمالیہ پربت کے غاروں میں بھیرگو سادھو کی گدّی پر جائیں گے۔ چنانچہ وہ اپنی دونوں رانیوں کو ہمراہ لیکر سادھو کے آستانے پر حاضر ہوئے، دُنیوی جاہ وجلال نے فقر کے حضور میں سر جھکا دیا۔ کفّارے ادا کئے گئے۔ پراشچت کی رسمیں پوری ہوئیں اور سالہا سال کی ریاضت کے بعد سادھو مہاراج کا دل پسیجا۔ راجہ کے عجز و نیاز سے متاثر ہوکر فقیر نے اُس کی دعا قبول فرمائی اور اُسے ایک بیٹا عطا کرنے کا وعدہ فرمایا۔

بڑی رانی کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا اور چھوٹی کو تربوز نما سا ایک پھل عطا کیا گیا۔ شہزادے کا نام اَنشومانیہ رکھا گیا۔ اور پھل پُختہ ہوتے ہوتے سُورج بن گیا۔ سُورج بن کر یہ خود بخود پھٹ گیا اور اس میں سے پورے ساٹھ ہزار بچے نکل آئے جو سب کے سب بیٹے تھے۔ مہاراج فرطِ مسرت سے جامے میں پھولے نہ سماتے تھے۔ سارے اجودھیا میں جشن منائے گئے۔

راجہ ساگر کو یہ آرزو ہمیشہ بیتاب رکھتی تھی کہ اُس کے خاندان سے حکومت کبھی ختم نہ ہو۔ بقائے نسل کے خیال سے اُس نے شہزادہ اَنشومانیہ کی شادی میں برس کی عمر سے بھی پہلے ہی کردی۔ شہزادے کے ہاں بیٹا پیدا ہوا تو مہاراج نے اُس کا نام اَنشومت رکھا۔ یہ وقت ایسا تھا کہ مہاراج کا مل طور پر مطمئن ہوجاتے۔ لیکن اَنشومانیہ میں گستاخی اور نافرمانی کے آثار پیدا ہونے شروع ہوگئے۔ وہ اپنے سوتیلے بھائیوں سے نفرت کرتا تھا اور اُن کے ساتھ اُس کی آئے دن کی بدسلوکی مہاراج کو شاق گذرتی تھی۔ ایک روز اُس نے ان میں سے کچھ بھائیوں کو دریا میں دھکیل دیا اور وہ ڈوبتے ڈوبتے بچے۔ اِن باتوں سے تنگ آکر مہاراج نے اَنشومانیہ کو اپنی راجدھانی سے دیس نکالا دیدیا۔ مقرر رشاہزادے نے معافی مانگنا گوارا نہ کیا۔ باپ کا حکم سُنتے ہی گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہوا اور اجودھیا سے رخصت ہوگیا۔

جوں جوں وقت گذرتا گیا مہاراج کے ساٹھ ہزار بیٹے اور ایک پوتا، اتنے اتنے قوی ہیکل اور وجیہہ جوان بنے کہ ہندوستان بھر میں کوئی بھی اور شخص قوت وصورت میں اُن سے ٹکر نہ کھاتا تھا۔ مہاراج نے اَشومیدھ یگیہ (گھوڑے کی قربانی) ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس رسم کی ادائگی اتنی مشکل ہے کہ مُلک کا سب سے طاقتور راجہ ہی اُسے پورا کرسکتا ہے۔ کسی اور کو ایسی جُرأت نہیں ہوسکتی۔ اسے پورا کرنے کیلئے ضروری ہے کہ قربانی کے گھوڑے کو سال بھر کے لئے کھلا چھوڑ دیا جائے۔ گھوڑا جس طرف بھی اُس کے جی میں آئے چلتا جائے۔ فوج اُسکے ساتھ ہو۔ جس جس علاقے سے بھی گذر ہو فوج کا یہ کام ہے کہ اُسکے فرمانروا سے خراج وصول کرے۔ جہاں خراج سے انکار ہو وہاں جنگ کی جائے۔ یگیہ کی یہ رسم اُسی وقت مکمل سمجھی جائے گی جبکہ گھوڑا زرِ خراج لیکر محفوظ و مصئون گھر واپس پہونچ جائے۔ اس رسم کے کامیاب اختتام پر راجہ اُن تمام فرمانرواؤں کا شہنشاہ ہوگا جن سے خراج وصول کیا جاچکا ہے۔

مہاراج نے شاہی اصطبل کا بہترین گھوڑا اس مقصد کیلئے انتخاب کیا۔ سادھوؤں نے چندن اور سیندور اُس کے ماتھے پر ملا۔ اَنشومت کو اس کا محافظ مقرر کیا گیا اور اُس کے گلے میں یاسمین کے ہار ڈالے گئے۔ گھوڑا اپنے خطرناک سفر پر روانہ ہوا۔ اَنشومت فوج سمیت اُس کے ساتھ ساتھ تھا۔ چند روز مسافت طے کرنے کے بعد وہ ایک جنگل میں پہونچے۔ تھکے ہارے مسافر شب بسری کے ارادے سے یہاں ٹھہر گئے۔ شفقِ شام کے رخصت ہوتے ہی ایک ضعیف بڑھیا اَنشومت کے پاس آئی۔ اُس نے رات بھر کے قیام اور طعام کی بھیک مانگی۔ اَنشومت نے اُسے کھانا کھلایا اور گھوڑے کے قریب خشک گھاس کے ایک گٹھے پر آرام کرنے کی اجازت بخشی۔

رات کے سناٹے میں یہ کون ہے جو بے پاؤں مقدّس گھوڑے کے تھان کی طرف بڑھا چلا آرہا ہے؟ رسّہ کھول دیا گیا۔ کوئی شخص اچھل کر اُس کی پیٹھ پر سوار ہو گیا۔ اب گھوڑا سرپٹ بھاگا چلا جا رہا ہے۔

گھوڑے کے سُموں کی آواز سے سونے والے جاگ اُٹھے۔ سارے لشکر میں خبر کر دی گئی۔ تاریکیاں آگ کے شعلوں سے روشن ہو گئیں۔ لیکن گھوڑا جا چکا تھا اور اُس کے ساتھ ہی بوڑھی بھکارن بھی!۔

اُنشومت احسان فراموشی کے اس مظاہرے پر بائیسے غصّے کے دیوتا ہو رہا ہے۔ وہ فوراً اپنے ہمراہیوں کو ساتھ لیکر ایک لاحاصل تعاقب پر چل کھڑا ہوتا ہے۔ لیکن مایوس و نامراد واپس لوٹتا ہے۔ ہمارا جی کو یہ واقعہ سُنکر تکلیف ہوتی ہے۔ لیکن وہ فرماتے ہیں کہ "جو انوں کیلئے بوڑھوں پر رحم کھانا ہمیشہ اچھا ہوتا ہے"۔ یہ کہکر وہ اپنے ساٹھ ہزار بیٹوں کو بُلاتے ہیں اور حکم دیتے ہیں کہ اگر ضرورت پڑے تو زمین کے بعید ترین گوشوں تک پہونچ جاؤ اور گھوڑے کے چور کو گرفتار کر کے واپس لاؤ۔

اشارہ پاتے ہی ساٹھ ہزار جوان اپنے گھوڑوں کے زین کستے ہیں اور گمشدہ جانور اور اس کے چور کی تلاش میں چل کھڑے ہوتے ہیں۔ اِدھر اُدھر، یہاں وہاں، وہ تلاش کرتے ہیں مگر کہیں بھی گھوڑے یا بوڑھی عورت کا پتہ نہیں چلتا۔ اسی آوارگی میں انہیں بہت سے گذر جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ سمندر کے کنارے پہونچتے ہیں۔ یہاں پر وہ رک جاتے ہیں کیونکہ ان کے پاس کوئی بادبانی کشتی نہیں۔ وہ حیران ہو کر سوچتے ہیں کہ کیا یہ ممکن ہے کہ گھوڑا سات سمندر پار لے جایا گیا ہو؟

اب انہیں کیا کرنا چاہئے؟ اچانک ایک تجویز اُن کے ذہن میں آتی ہے۔ سمندر کے نیچے سے ایک سرنگ لگائی جانی چاہئے جس کے ذریعے سے زمین کے دوسرے کناروں تک پہونچا جا سکے۔ زمین کھودنا شروع کر دی گئی۔ یہاں تک کہ وہ اُس کے مرکز تک پہونچ گئے جہاں سانپ رہتے تھے۔ "کیا تم نے یہاں ایک گھوڑا اور ایک بوڑھی عورت بھی دیکھی ہے؟" شہزادوں نے پوچھا۔

سانپوں کی قوم اِس سوال کے جواب میں صرف لہرا کے رہ گئی۔ اب شہزادوں نے دھرتی کو اُس کے پورب کی طرف سے کھودنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ ایک کشادہ اور پُرفضا میدان میں جا پہونچے، جہاں انہوں نے ایک غیر معمولی قد و قامت کے ہاتھی کو اپنے کان اور دُم ہلاتے ہوئے دیکھا۔ یہ ہاتھی زمین کے شرقی حصّے کا محافظ و نگہبان تھا ۔ ۔ ۔

نہ رہا۔ صرف اُفق کے کنارے باقی رہ گئے۔ وہ سُرنگ کے شمال مشرقی کنارے کی جانب نکل کھڑا ہوا۔ انجام کار کیا دیکھتا ہے کہ مقدّس گھوڑا ایک سبزہ زار میں گھاس چر رہا ہے اور راکھ اور ہڈیوں کے ساتھ ہزار چھوٹے چھوٹے ڈھیروں پر ہری ہری گھاس اُگ رہی ہے۔ یہی اُسکے ساتھ ہزار چاچاؤں کا مرگھٹ تھا۔ رنج و الم کا پہاڑ اُس پر ٹوٹ پڑا۔ اَب اُسے کیا کرنا چاہیئے! گھوڑا اُنشومت کو دیکھکر اُس کے پاس آگیا اور فرطِ مسرّت سے ہنہنانے لگا۔ ایک جانور کی یہ محبت دیکھکر اُس نے اُسے تھپکی دی اور دفعتاً اُسے اپنے بوڑھے دادا کا خیال آیا، جو اپنے بیٹوں کی خبر کے انتظار میں بیٹھا ہوگا۔ بے اختیار ہو کر اُس کی آنکھوں سے آنسو اُبل پڑے۔ لے وشنو تو نے یہ کیا غضب کیا؟

اُنشومت شمال مشرقی راستے سے گھوڑے کو زمین کے مرکز کی طرف واپس لایا۔ اور مرکز سے اُوپر سمندر کے کنارے نکل آیا، جہاں اُس نے اُفقِ زرد کو فانی حقیقت کے سایوں میں غروب ہوتے دیکھا۔

اُنشومت ایک ہی دُھن میں چلتا رہا۔ اس وقت ایک ہی خیال اُس کے دل و دماغ پر چھا رہا تھا۔ اُس کے ساٹھ ہزار چاچاؤں کا کریا کرم کرنا ابھی باقی تھا۔ کیا اجودھیا میں اس قدر پانی موجود ہے جس سے مرنے والی رُوحوں کی پیاس بُجھائی جا سکے؟ نہیں اتنی بڑی ضرورت کیلئے اجودھیا کا پانی ناکافی تھا۔ کیا وشنو دیوتا کے قہر و غضب کو ہی کسی صورت ملائمت سے بدلا جا سکتا ہے؟ کیا یہ جلیل القدر دیوتا اس کی پرارتھنا قبول کرے گا؟ اُنشومت کے ذہن میں ایک تجویز آئی۔ اُسے وشنو سے صرف ایک دُعا مانگنی چاہیئے اور وہ یہ کہ وہ دریائے گنگا کو جو اُس کے پاؤں کے ساتھ بہتا ہے زمین پر بھیجے۔ کیونکہ صرف یہی ایک دریا راجہ ساگر کے ساٹھ ہزار بیٹوں کی رُوحوں کو پاکیزگی بخش سکتا ہے۔

راجہ ساگر نے اس بلائے عظیم کی خبر سُنکر پران تیاگ دیئے کئی سال گذر گئے۔ اُنشومت ایک ہی دُعا کرتا رہا مگر وشنو کو رحم نہ آیا۔ اُنشومت نے مرتے وقت اپنے بیٹے کو وصیّت کی کہ وہ اُس وقت تک چین نہ لے جبتک کہ وشنو کا غصّہ فرو ہو جائے اور وہ گنگا کو دھرتی پر بھیجکر اُس کے بزرگوں کی رُوحوں کو اس سنسار سے نجات نہ دلائے۔ آخرکار وشنو دیوتا نے بھگیرتھ کی التجاؤں کو سُن لیا۔ یہ بھگیرتھ کی تپسیا کا اثر تھا۔ لیکن گنگا فرطِ غضب سے بل کھا رہی تھی۔ کیا آسمان کی بلندیوں پر بہنے والی ندی زمین کی پستیوں پر ضرور بہہ جائیگی؟ اچھا! وہ دھرتی کے باسیوں کو اس گستاخی کا مزا چکھا کے رہیگی۔ وہ پھیلنا شروع ہوئی اور خوفناک طغیانی کے ساتھ موجیں مارنے لگی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ فانی ہستیوں کی ساری بستی کو ایک ہی ریلے میں تباہ کر کے رکھدے گی۔

عالمِ بالا کی غیر فانی قوم لرزہ براندام ہو گئی۔ بیم و رجا کے عالم میں بھگیرتھ زمین پر کھڑا تھا اور اس پر رعشہ طاری تھا۔ برہما فوراً شِو کے پاس گیا۔ گنگا طوفان کی رفتار کے ساتھ بہ نکلی۔ آسمان کے لافانی جانتے تھے اور بھگیرتھ بھی جانتا تھا کہ ساری آسمانی مملکت میں صرف شِو ہی ایک ایسا دیوتا ہے جو تباہی کے اس سیلاب کو روک سکتا ہے۔ چنانچہ شب و روز وہ اُس کے حضور میں دُعائیں کرتے رہے۔ حتیٰ کہ دیوتا کی صفتِ رحم کو حرکت ہوئی۔ اُس کے گندھے ہوئے بال کھُل گئے اور اس طرح بکھرے کہ تمام کائنات کو انہوں نے اپنے گھیرے میں لے لیا۔ شِو دیوتا، آسمان و زمین کے درمیان خلا میں کھڑا تھا جس قدر تیزی کے ساتھ دریا بہتا تھا، اُسی قدر سختی سے دیوتا کی لٹوں میں گرفتار ہوتا چلا جاتا تھا۔ وہ چکر کاٹتا تھا اور جھاگ اُڑاتا تھا۔ جھاگ اُڑاتا تھا اور گھومتا تھا مگر اس جال سے باہر نکلنے کا کوئی رستہ نہ پا سکا۔ اُسنے اپنے آپ کو پابزنجیر پایا۔

شکست خوردہ ہو کر آسمانی دریا نے خُدائے خُدایاں کے حضور میں آزادی کی بھیک مانگی۔ آزاد ہونے پر وہ ایک پاکیزہ اور سُبک رفتار ندی بن گئی۔ لیکن بھگیرتھ کی مُصیبتیں ابھی ختم نہ ہوئی تھیں۔ جنہو نامی ایک بہت بڑا رشی دریا کی گذرگاہ میں بیٹھا گیان دھیان میں مصروف تھا۔ جونہی کہ گنگا کا پانی رشی کے قدموں سے مس ہوا، اُس نے غضبناک ہو کر دیکھا۔ گنگا خشک ہو گئی۔ غریب بھگیرتھ کی اُمیدوں پر پانی پھر گیا۔ وہ پھر ایک مرتبہ دُعا کرنے کو بیٹھ گیا۔ اُس پر رحم کھا کر دیوتاؤں نے جنہو کے پاس اس کی سفارش کی۔

کیا وہ اس دریا کو اپنی بیٹی بنانے پر رضامند ہو جائیں گے اور اُسے جنہوی نام سے موسوم ہونے دیں گے؟

ہاں ہر وہ خواہش قبول کی جائیگی جو ایک رشی کی شانِ جلال کو مطمئن کر سکے۔ ایک لافانی نام کے شانِ جلال کو! ہر وہ آرزو مان لی جائیگی جو بھگیرتھ کے بزرگوں کی رُوحوں کو فانی زمین کی قید سے آزاد کرا سکے۔

جنہوی کو ایکدفعہ پھر آزادی نصیب ہوئی۔ اسکے بعد کبھی کوئی رکاوٹ اُسکی راہ میں حائل نہ ہوئی اور بالآخر وہ سمندر کے ساتھ جا کر آغوش ہو گئی۔

ریختہ ویب سائٹ کی جانب سے محمد صلاح الدین خان

آتشِ غم

سو برس پہلے کی دلّی آج کل کی دلّی نہ تھی۔ اب تو انگریز بہادر نے اس کو "فردوس بر روئے زمین" بنا رکھا ہے۔ فصیلیں صاف کر کے کشادگی پیدا کر دی۔ سڑکیں، روشنی، بدرو، صفائی، ستھرائی، ایک چھوڑ دس دس ہسپتال، غرضیکہ پرانی دلّی کو نئی دلّی بنا دیا۔ نہر سعادت خاں، شاہ جی کا تالاب، اور قاضی کا حوض بھر دئے گئے۔ اور اب تو پہلوانوں کی جان موتیا کھان بھی پاٹ ڈالی گئی، تاکہ غرور و مچھر کی نسل ہی ختم ہو جائے۔

۱۸۳۰ء میں لوگ بیچارے فصیلوں کی قید ہی میں رہتے تھے۔ گھس اور حبس، روشنی کی کمی، گندگی، پانی کیچڑ، پھر مچھر اور ملیریا کیوں نہ ہوتے ہوں گے۔ پرجیسی اب دلوں میں پژمردگی اور چہروں پر زردی ہے ایسی کبھی پہلے تو نہ تھی۔ "حکومت عمل" ہی تھی لیکن ابھی بل باقی تھا۔ لوگوں میں زندہ دلی یعنی زندگی باقی تھی۔ فلک کجرفتار نے اگرچہ اس بستی کو بیس کر برباد کر دیا تھا لیکن پھر بھی اس اجڑے دیار میں بڑے بڑے منتخب روزگار رہتے تھے۔ شاہ عبدالقادر اور شاہ عبدالعزیز، مفتی صدرالدین آزردہ، اور مولا فضلِ حق خیرآبادی، مولوی سید احمد بریلوی اور مولانا اسماعیل شہید جیسی ہستیاں ابھی باقی تھیں پرچوڑنگ شاہ منصر اور ذوق، غالب، اور مومن، شیفتہ اور صہبائی کا جماؤ ایسا پکا تھا کہ اس کے آگے حدیث و فقہ منطق و فلسفہ، جہاد و ہجرت سب ماند پڑ گئے۔ گھر گھر مشاعرے ہوتے تھے۔ کوچے کوچے میں محفلیں سجتی تھیں۔ شاہ اور گدا امیر اور فقیر، بڑے اور چھوٹے سب میں شاعری سمائی ہوئی تھی۔ دلوں میں جوش تھا امنگ تھی۔ چاٹ اور لاگ تھی۔ جذب اور اثر تھا۔ بڑے بڑے بانکے، جوبن والے سجیلے جوان دل کے آبلوں کو شعر و شاعری کے نشتروں سے پھوڑ دیتے تھے۔

انہی میں ایک جوان گلاب سنگھ بھی تھا۔ کھتری کا جایا، سُرخ و سفید، ہونٹ جیسے واقعی گلاب کی پتی۔ چوڑا سینہ، سڈول بدن، ندھ بھری آنکھیں، تیکھی نظریں۔ کپڑے ایسے صاف کہ ہاتھ لگائے میلے ہوں۔ سہ شام جب نکلتا ہے تو راہگیروں کی نظریں قدم قدم پر پھرتی تھیں۔ جوانی کی عمر، معاش سے بے فکری، مُرادوں کے دن اور پھر لوں بھی گلاب سنگھ بڑا محبت بھرا دل رکھتا تھا۔ آشفتہ تخلص کرتا تھا۔ اشعار میں سوز تھا اور دل بے اختیار سی پر نثار ہو جانے کو چاہتا۔ بقول حسرت ؎

کسی پر مٹ کے رہ جانا ہے حسرت
ہمیں کیا کام عمرِ جاوداں سے

اسی زمانے میں بنّو جان کا بڑا شہرہ تھا۔ ڈیرے دار طوائف تھی، بڑی آن بان والی۔ حُسن میں بے مثل، طبیعت میں لاثانی۔ بنّو تلخ کرتی تھی پر سینکڑوں ہزاروں کو بگاڑ چکی تھی۔ لیکن گلاب سنگھ آشفتہ سینکڑوں ہزاروں سے جُدا تھا۔ پہلی ہی ملاقات میں دونوں ایک دوسرے کے گرویدہ ہو گئے۔ صید اور صیاد میں تمیز نہ رہی ؎

زلفوں سے بھی زیادہ کیا دل پُرخم تو جو
کافر جو تھے سو تھے پر مسلماں کو کیا کروں (آشفتہ)

آشنائی سے محبت، محبت سے دوستی، دوستی سے عشق، ساری منزلیں طے ہو گئیں۔ ایک دوسرے کا پروانہ تھا اور ایک لمحہ کی جدائی بھی گوارا نہ تھی۔ لیکن اس صورت کو قیام کہاں! حسب معمول غلط فہمیاں پیدا ہونی شروع ہوئیں ؎

ہاتے یہ غیروں سے کہنا اُس کا رُک رُک کر کباب
جھکو مت چھیڑو کہیں آشفتہ یاں آ جائے گا (آشفتہ)

اس غلط فہمی نے طول پکڑا۔ عشق ہر گیری پر مُصر تھا۔ اور ہر ہر حرکت پر شکوک۔ حُسن اس بدگمانی سے دل گرفتہ تھا اور مجروح خودداری اس کا اظہار بشکل بے پروائی کرنا چاہتی تھی۔ نہ عشق نے اس کمسنی بے پروائی کو سمجھا نہ حُسن نے عشق کی کوتاہی کو جانا۔ کھنچاؤ اور کشاکش زیادہ ہوتی گئی۔ ملاقات میں فرق آنے لگا۔ دنوں سے ہفتے اور ہفتوں سے مہینے بیتنے لگے۔ لیکن عشق کی آگ پہلے سے بھی زیادہ بھڑکتی رہی ؎

اک نہ آنے سے ترے اے ظالم
شکوے سو سو زباں پہ آتے ہیں (آشفتہ)

اُدھر بنّو بھی ماہیِ بے آب کی طرح تڑپتی تھیں۔ لیکن وہی بدنصیب خودداری حائل تھی۔ یہ اس طنطنے میں تھیں ؎

وہ اپنی خو نہ چھوڑیں گے ہم اپنی وضع کیوں بدلیں
سُبک سر بن کے کیا پوچھیں کہ ہم سے سرگراں کیوں ہو غالب

اور وہ اس مشکل میں تھا کہ ؎

واں وہ غرورِ عز و ناز یاں یہ حجابِ پاسِ وضع
راہ میں ہم ملیں کہاں بزم میں وہ بلائیں کیوں غالب

غرض اس وضعداری نے دونوں کی زندگی اجیرن کر دی۔ فرقت میں آتشِ عشق اور تیز ہوئی۔ اس جانسوز اور جانگداز زمانے کے آشفتہ کے اشعار سنئے ؎

پوچھتے کیا ہو کہ شب آشفتہ کیوں کر مر گیا
اس میں کیا باقی رہا تھا، بندہ پرور، مر گیا

جان دی عاشق نے تیرے تُنبکو اک نالے کیساتھ
آدمی تھا آخرش، صدمہ اُٹھا کر مر گیا

ہو جُدائی میں زبس آشفتہ جینے سے یہ تنگ
سُن ہی لوگے اک نہ اک دن پھوڑ کر سر مر گیا

اور ہوا بھی آخر یہی۔ سوز ہجر ضبط اور قابو سے بڑھ نکلا تخیف آور میں ایک آخری آہ اور بھری ؎

دم کا مہمان ہے اور آشفتہ
بے خبر تجھ کو کچھ خبر بھی ہے

اور خنجر آبدار سے گلا کاٹ کر جان بحق ہوا۔

بی بنّو کو اب تک عشق کے امکانات کا یقین نہ تھا ورنہ خودداری اور وضعداری پر یوں نہ اڑی رہتی۔ عاشق صادق کی قربانی نے زندگی حرام کر دی۔ دُنیا سے مُنہ موڑ کر رات دن آشفتہ کی یاد میں آنسو بہانے کا مشغلہ ہوا۔ آخر کار تپ دق میں مُبتلا ہو کر چھ ماہ بعد خود بھی اپنے شیدا سے جا ملی۔

بنّو جان کے شعر مُروج کے اشعار نہیں ملتے۔ انہی چھ مہینوں میں جو آہیں اسکی شعر بن کر نکلیں ان میں سے چند ہدیۂ ناظرین ہیں ؎

چھوڑ کر مجھ کو کہاں لے بُت گمراہ چلا
تو چلا کیا کہ یہ دل بھی ترے ہمراہ چلا

چھٹ گیا غم سے مرا شتہ ابر و مرکر
اک چھری میرے گلے پر بھی مری آہ چلا

نہ تو موت آتی ہے نہ زیست کا یارا مجھکو
ہائے آشفتہ ترے مرنے نے مارا مجھکو

موت پر بس نہیں چلتا ہو کروں کیا۔ ورنہ
تو نہیں ہے تو نہیں زیست دوبارا مجھ کو

اب کسے چین، کہاں عیش، کدھر بستر خواب
نہیں مخمل بھی کم از بستر خارا مجھکو

ہے غضب وہ تو مرے اور جیوں میں بنّو
موت آجائے تو ہو عمر دوبارا مجھکو

نعشِ آشفتہ کو بے رحموں نے پھونکا آگ سے
آتشِ غم بھی جو اتا مرگ کی کچھ کم نہ تھی

اسد انوری۔ بی۔ ایس سی (علیگ)

مسٹر انصار ناصری دہلوی کی تصانیف

چندر اموہنی

حُسن و عشق کی داستان خونچکاں۔ محبت کا مذہب ہمیں کیا سکھاتا ہے سچے عشق کی المناک کہانی۔ مؤثر اور مُفید۔ قیمت ایک روپیہ

بنجر نوری

ماں کی مامتا سے متعلق ایک دلدوز تمثیل "بنجر" کی المناک سرگزشت، مامتا کی ماری ماں کس طرح تڑپتی ہے گناہ کی لرزہ خیز تصویر ۱۲

سلمیٰ

آسکر وائلڈ کی تمثیل سالومی کا ترجمہ۔ خوں آشام کی ہوسناکی اور موت۔ تخیل اور طرز بیان خاص ہے۔ قیمت آٹھ آنے۔

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بکڈپو۔ دہلی

گریۂ طفل

مندرجہ ذیل مضمون مشرق کی مشہور سحر طراز ادیبہ "آنہ می" کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے۔ اس ادیبہ کے بے مثل ادبی مضامین جو ادبیاتِ عالم میں خاص وقعت رکھتے ہیں عنقریب "نور و ظلمات" کے نام سے مجموعی صورت میں شائع کیے جائیں گے۔

میں نے جب بچے کی ہنسی کی آواز سُنی تو میری نُورانی رُوح جسم خاکی میں فرطِ مسرت سے کروٹیں لینے لگی۔

طفلِ شیر خوار کی آواز فرشتوں کی آوازوں کی صدا سے بازگشت ہے اور اس کا خوشگوار اور معصوم تبسم ایک منکر کو ازلی اور گم گشتہ اسرار و رموز کی حقیقت شناسی کیلئے اکساتا ہے۔

پھر میں نے اس بچے کے رونے کی آواز سُنی تو میرا دل بیچین ہوگیا اور مجھے ایسا محسوس ہوا کہ اس میں کوئی عظیم الشان چیز گھل رہی ہے۔ آہ! گریۂ اطفال لوگوں کے رونے سے زیادہ تکلیف دہ اور مضطرب کُن ہے!

میں نے بچے کے گریے کی آواز سُنی اور آنسوؤں کو اسکے گلابی رخساروں پر معصومانہ انداز میں بہتے ہوئے دیکھا، میرے لئے وہ آہستہ آہستہ پگھلنے والے موتی، آگ کی چنگاریاں تھیں جو میری رُوح پر چرکے لگا رہی تھیں۔

بچہ رونے لگا اور بے کسی و نا اُمیدی کی علامتیں اس کے حسین چہرے پر ظاہر ہونے لگیں۔ وہ اس انسان کی طرح رو رہا تھا جسے اکیلا چھوڑ دیا گیا ہو اور دُنیا میں اس سے کوئی محبت کرنے والا نہ ہو۔ پیارا بچہ رو رہا ہے اب اس کی آنکھوں میں پہلی جیسی چمک پھر کیسے پیدا ہوگی؟ اب اس کے معصومانہ قہقہوں میں فرشتوں کی آوازوں کی صدائے بازگشت میں پھر کس طرح سُن سکوں گی۔

میں والہانہ اُس کے قریب ہو پہنچی گی۔

اس کو اپنے سینے سے لگا لیا اور اُس آغوش میں لے لیا جسے آج تک کسی نے قفقے سے بھائی یا بہن نے پُر نہیں کیا تھا، اور میں نے اس کو اپنے گھٹنے پر بٹھا لیا جہاں غریبوں کے بچے ہی بیٹھتے ہیں اور لرزتے ہوئے ہاتھوں سے، آنسو بہتی کی مقدس چیز کو پھونچھ رہی ہوں، اُس کے بکھرے ہوئے بالوں کو پاکیزہ پیشانی سے ہٹانے لگی۔

.... پھر میں نے اس پیشانی پر اپنے لب رکھدیئے اور ایک طویل بوسے میں اپنے دل کی تمام محبت اور وارفتگی کی بارش کردی۔ آپ کے خیال میں کوئی چیز بھی جذباتِ اُلفت و محبت کو ابھارنے والے بچے سے زیادہ بیدار کرسکتی ہے؟

بچہ حیرت زدہ ہو کر خاموش ہوگیا چونکہ اس نے محسوس کیا کہ کوئی رُوح اُس کی رُوح سے سرگوشیاں کر رہی ہے۔ وہ دفعتاً خاموش ہوگیا اور اپنی ان آنکھوں سے جو حزن و ملال سے پُر تھیں مجھے گھور گھور کر دیکھنے لگا۔ کیا آپ جانتے ہیں بچوں کی آنکھیں کس طرح غمگین ہوتی ہیں! کیا آپ کو معلوم ہے اس ننھی مخلوق کی حزن آمیز نظریں کیسی نظر آتی ہیں؟ اس نے مجھے دیکھتے ہوئے نہایت معصومی کے ساتھ دُنیا کی عزیز ترین ہستی کو دریافت کیا اور فلسفیوں کی سی سنجیدہ آواز میں کہنے لگا: امّی! امّی!!

تیرا بچہ تجھے پکار رہا ہے، تو کیوں اُسے جواب نہیں دیتی اے بچے کی ماں؟

تو بیمار نہیں ہے چونکہ میں نے تجھے ابھی شام کی تفریح کرتے ہوئے دیکھا ہے جبکہ تیری گردن میں جواہرات کا ہار پڑا ہوا تھا۔ تیری جسمانی حالت بہت اچھی ہے تو اُس کے پاس دوڑتی ہوئی کیوں نہیں آتی؟ کیا تجھے اس بچے کے آنسو اپنی حرارت سے بیچین نہیں کرتے جو آنکھوں سے اوجھل ہے؟ کیا تیرے دل میں اس ہستی کا گریۂ و نالہ کوئی درد پیدا نہیں کرتا جس کی آواز تو نہیں سُن رہی؟

آہ! اور اپنی طول طویل تفریحوں، متعدد مُلاقاتوں اور غیر سنجیدہ گفتگوؤں کو خیرباد کہدے۔ آہ! اور اس ننھی مخلوق کے

سامنے جھک کر معافی طلب کر۔

تو خوبصورت ہونے سے پہلے "عورت" پیدا کی گئی ہے اور فطرت نے اس سے پہلے کہ معاشرہ تجھے سیر و تفریح کا عادی بنائے تجھے "ماں" بنا کر اس دنیا میں بھیجا ہے۔

آ! اور مسند کے سامنے سجدہ ریز ہو جا، اس ننھی مخلوق کی مسند کے سامنے!

اس گہوارہ کے سامنے سجدہ کر جس کے پردوں میں تو عالم طفلی میں کھیلتی رہی ہے! اور جوانی میں تجھے جلکے خواب نظر آتے ہیں۔ ازدواجی زندگی میں تو جس کیلئے چشم براہ تھی۔ اور اب ماں ہو کر تجھے اس قدر بے اعتنائی کرتے ہوئے شرم نہیں آتی۔ اس گہوارے کے سامنے سجدہ کر کیونکہ یہ تیری آرزو کی انتہا ہے۔

اس مسند کے سامنے سجدہ کر اور صاحب مسند کو رونے نہ دے، کہیں تنہائی کی تلخیاں اس کے دل میں جگہ نہ کر جائیں یہاں تک کہ جب وہ بڑھاپے سے دوچار ہو تو یہ تلخیاں نفرت و سخت دلی میں تبدیل ہو جائیں۔

اس مسند کے سامنے سجدہ کر اور اس ننھی مخلوق کو لوریاں دے! کہ بچوں کے آنسو بڑوں سے زیادہ رنج والم کا باعث ہیں۔

"آنسری"

صلاح الدین احمد قریشی

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تازہ ترین تصنیف

مسز گڑھلے

یعنی اعلیٰ حضرت ہز ہائی نس ڈیوک آف ونڈسر کے نام کھلا مکتوب۔ مرزا صاحب کی عجیب و غریب تصنیف۔ قیمت عہ

ساقی بکڈپو، دہلی

محبت (اور) نفرت

جدت طراز ادیب انتر حسین رائے پوری کے سولہ افسانوں کا مجموعہ۔ 'محبت اور نفرت' کے نام سے شائع ہوا ہے۔ قیمت عہ علاوہ محصول ڈاک

ملنے کا پتہ۔ ساقی بکڈپو۔ دہلی

رومی

مثنوی مولانائے روم کا مطالعہ ایک جدید

زاویۂ نگاہ سے

جس میں بتایا گیا ہے کہ یہ مثنوی متفرقاتِ فلسفہ و تصوف کا غیر منظم مجموعہ نہیں بلکہ سعی و عمل، جد و جہد و جہاد اور ان کے متعلقات و ملحقات کی ایک مسلسل تعلیم ہے۔

از

میر ولی اللہ ایڈووکیٹ، ایبٹ آباد

کتاب دو جلدوں میں ہے اور مجلد ہے۔ قیمت تین روپے

ملنے کا پتہ۔ منیجر دارالاشاعت بادہ ناب۔ ایبٹ آباد

انڈیا سے مس مارگیری کلارک

فیسرین رجسٹرڈ

کے متعلق تحریر فرماتی ہیں: "جناب من۔ میں نے فیسرین کے استعمال سے ایسی کلیوں کو دور کیا ہے جو ویکسین کے علاج سے بھی دور نہ ہو سکی تھیں۔" (ترجمہ انگریزی چٹھی) دیکھئے ہندوستان بھر میں فقط 'فیسرین' ہی ایک ایسی کریم ہے جس کی اہل مغرب بھی تعریف کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ واقعی کیلوں، جھائیوں، دھبوں، بدصورتی، پھنسیوں غرض کہ چہرے اور جلد کی تمام بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ قیمت فی شیشی عہ علاوہ محصول ڈاک۔ (نوٹ:۔) کیا فیسرین کے سوائے کسی دوسری کریم کو لندن تک شہرت حاصل کرنیکا فخر حاصل ہے۔ اہل دہلی شیخ ممتاز احمد اینڈ سنز فتحپوری سے خریدیں۔ وی پارسل منگوانے کا پتہ:۔

فیسرین فارمیسی۔ مکتبہ فیروزپور پنجاب

شاعر کی موت اُسکی زندگی ہے

رات شامیانہ کی طرح سارے شہر پر چھائی ہوئی تھی، برف باری نے ساری کائنات کو سفید لباس میں ملبوس کر دیا تھا، انسان جاڑے سے ہارا ہوا بازاروں سے بھاگ کر اپنے نشیمن میں چھپ چکا تھا، نصف شب کی ہوا مکانوں کے گرد اس طرح آہ وزاری کر رہی تھی جیسے پتھر کی قبروں کے درمیان کوئی بیوہ اپنے شوہر کا ماتم کرتی ہے۔

شہر کے کنارے، محلوں اور منزلوں سے علیحدہ، ایک شکستہ چھوٹا سا مکان تھا جس کے کھنبے جھکے ہوئے تھے، برف کے بوجھ سے چھت بیٹھی جا رہی تھی۔ اس مکان کے کونے میں پھٹے پرانے بستر پر ایک شخص نزاعی کیفیت میں پڑا ہوا ایک مدھم چراغ کو دیکھ رہا تھا جو تاریکی پر غالب آنا چاہتا ہے مگر ہمیشہ مغلوب ہو جاتا ہے۔ یہ ایک نوجوان ہے جس کو عنفوانِ شباب میں ہی یہ معلوم ہو گیا ہے کہ اب زندگی کے بکھیڑوں سے آزاد ہونیکا وقت آگیا ہے، وہ موت کا انتظار کر رہا ہے اور اس کے زرد چہرے پر اُمید کی جھلک اور ہونٹوں پر تبسم مجسم ہے۔

یہ بیکس شاعر، جو اپنے لطیف اقوال سے انسانی دلوں کو خوش کرنے آیا تھا، سرمایہ داروں کے شہر میں بھوکا مر رہا ہے۔ ایک شریف، جو قدرتی نعمتوں کے ساتھ زندگی کو شیریں بنانے آیا تھا، ہماری دنیا سے رخصت ہو رہا ہے، قبل اس کے کہ انسانیت اس کیلئے مسکرائے، وہ توڑنے والا اپنی آخری سانسیں کھینچ رہا ہے اور اسکے پاس کوئی نہیں ہے سوائے ایک چراغ کے جو اس کا رفیقِ تنہائی ہے اور چند اوراق جس پر اُس کی پاک رُوح کے خیالات ہیں۔

اس جاں بلب نوجوان نے اپنی باقی قوت کو، جو تتر بتر ہونیوالی تھی جمع کیا، اور آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر اپنی خشک آنکھوں کو اس طرح حرکت دی گویا وہ اپنی آخری نگاہوں سے بوسیدہ جھونپڑی کی چھت کو چیر کر بادلوں کے پیچھے چھپے ہوئے تاروں کو دیکھنا چاہتا ہے۔

وہ کہنے لگا: "آ، دلنواز موت! آ، میں تیرا بہت مشتاق ہوں! میرے پاس آ، اور مادیت کے بند کھول دے۔ جس کے بوجھ سے میں تھک گیا ہوں۔ آ، آ، مجھ سے قریب ہو جا، اے شیریں موت! اور مجھ ان انسانوں کے جنگل سے نکال لے جو مجھے اپنے درمیان اجنبی سمجھتے ہیں محض اس لئے کہ میں ملائکہ سے سُنے ہوئے آسمانی الہامات کو اُن کی زبان میں بیان کر دیتا ہوں۔

جلدی آ، پیاری موت! لوگ مجھ سے بے پروا ہیں، انہوں نے مجھے "گوشہ نشیاں" میں ڈال دیا ہے صرف اس لئے کہ میں انکی طرح سرمایہ کا حریص نہیں ہوں اور اپنے سے کمزور پر حکومت کرنا نہیں چاہتا ہوں۔

آ میرے پاس آ، اے راحت بخش موت! مجھے اپنے محبت بھرے سینے سے چمٹا لے، اور میرے ہونٹوں کو پیار کر جنہوں نے کبھی ماں کے پیار کا مزہ نہیں چکھا۔ جو اپنی بہن کے رخساروں سے نہیں ملے، اور جنہوں نے کبھی اپنی محبوبہ کا بوسہ نہیں لیا۔"

اس وقت دم توڑنے والے کے پاس ایک خوبصورت غیر انسانی عورت کا خیال کھڑا تھا جو برف کی طرح سفید و شفاف کپڑے پہنے تھی اور اپنے ہاتھ میں کلیوں کا ایک خوبصورت تاج لئے ہوئے تھی جو فردوسی باغوں سے چُنی گئی تھیں۔

وہ نوجوان سے قریب ہوئی اور گلے سے لگایا، اس کی آنکھیں بند کر دیں تاکہ دل کی آنکھوں سے دیکھے، اُس کے ہونٹوں کا محبت بھرا بوسہ لیا، وہ بوسہ جس نے اس ہونٹوں پر تسکین بخش مسکراہٹ چھوڑ دی۔

اب اس گھر میں کچھ نہیں تھا سوائے مٹی کے ڈھیر اور چند منتشر اوراق کے جو تاریکی میں پڑے ہوئے تھے۔ صدیاں گزر گئیں اور اہلِ وطن انکار و غفلت کی نیند میں غافل رہے۔ بارے وہ جاگے اور اُن کی آنکھوں نے انکار کی تاریک رات کے بعد اعتراف کی روشن صبح دیکھی، ایک پبلک پارک میں مرحوم شاعر کا عظیم الشان اسٹیچو نصب کیا اور سال میں ایک روز اس کی برسی اور دن (ڈے) منانے کیلئے مقرر کر دیا۔

آہ! "انسان کتنا بھولا ہے"

از خلیل جبران ـــــــــ مترجمہ: محمد رضا انصاری

منظومات

عارف

ترکِ دُنیا میں ہے مضمر زندگیٔ تابناک
ترکِ دُنیا ہی میں جولاں ہیں مقاماتِ بلند
ترکِ دُنیا سے خودی کے نقش ہوتے ہیں جمیل
ترکِ دُنیا سے مجاہد کی نظر ہوتی ہے تیز
خواب ہے دُنیا۔ متاعِ خواب ہے آسودگی

ترکِ دُنیا سے جھلک اُٹھتی ہے رُوحِ قصرِ خاک
صید کرتی ہے خُدا کو ترکِ دُنیا کی کمند
ترکِ دُنیا سے ہے نُورانی حیاتِ جبرئیل
ترکِ دُنیا میں ہیں آزادی کے جوہر حُسنِ پیر
لاالٰہ کی ضرب سے ہوتی ہے روشن زندگی

دہری

تُو بھی تو واقف نہیں کیا ہے ترا حُسنِ وجود
جادۂ راہِ یقیں سے تو بھی ہے بھٹکا ہوا
غیب کا تُو ہے پجاری اور وہ بھی بے دلیل
آسمانی جہل کے سایہ میں ہے تیرا دماغ!
جاگ اے سوتے ہوئے دل اے حقیقت ناشناس

چند تا ویلاتِ بے انوار تیری ہست و بُود
جلوۂ اوہام کی زُلفوں میں ہے اُلجھا ہوا
عقل کے آگے ٹھہرتا ہے جُنونِ سلسبیل؟!
رُوح میں تیری فروزاں کب ہے عرفاں کا چراغ
ٹوٹ جائے گا تری تخئیل کا ہر الت و باس

فلسفی

آج تک کاوشؔ نہ میری فہم میں آئی یہ بات
معرفت کے مدعی بھی ہیں یہاں بے آب و رنگ
ہاں! مگر مَیں دیکھتا ہوں رقصِ انوارِ وجود
خیر و شر میرے جہاں میں دخل پا سکتے نہیں

کیوں بنی کیونکر بنی کیسے بنی یہ کائنات
ان کے دل میں بھی وہی جو میرے دل میں ہے ترنگ
ایک روشن زندگانی ایک رخشاں ہست و بود
سرحدِ ادراک تک بے دین آ سکتے نہیں

نیاز

دوستوں کو دوستی کا واسطہ دیتا ہوں میں
رزم گہ میں آؤ گر کچھ ہے تمنائے حیات
ذوقِ جد و جہد سے ہوتی ہے رخشاں کائنات
آسماں سے چاند تارے توڑ لاؤ بے درنگ
رقص لاہوتی ہے ایمانی تکلم کا فریب

دُشمنوں کو دُشمنی کا واسطہ دیتا ہوں میں
کشمکش ہی میں ہے سازِ جلوہ آرائے حیات
چھین لو اک جست میں خورشید کی تاباں حیات
اپنی ہمت سے بدل ڈالو رخِ سیلابِ جنگ
اعتبارِ حُسن کے رنگیں تبسم کا فریب

کاوشؔ حیدرآبادی

بیزاری

رات اور یہ چاند تاروں کے نشاں — برص میں لتھڑا ہوا ہے آسماں
ہے بھیانک زندگی کی داستاں!
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

موت کا مضبوط لیکن سرد ہاتھ — چھو رہا ہے دیکھ نبضِ کائنات
آہ مت دہرا گذشتہ واقعات
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

ہوس کی دنیا نہ مجھ سے مستفید — آج ہر احساس ہے کوسوں بعید
مجھ سے وابستہ تھی کس کس کی امید
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

غیر کا انصاف، اپنوں کا فساد — دوست کا مُنکر، دشمنوں کا اعتماد
تلخ ہے گذری ہوئی گھڑیوں کی یاد
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

دل تو دل ہستی مٹا بیٹھا ہوں میں — گھر تو گھر، دنیا لٹا بیٹھا ہوں میں
اب تو "ان" کو بھی بھلا بیٹھا ہوں میں
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

صبر، صحت، عقل سب کچھ کھو چکا — چھوڑ، اب جو ہو چکا سو ہو چکا
جس قدر رونا تھا مجھکو رو چکا
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

مدتوں جھوٹی مسرت کے لئے — میں نے دل کو سینکڑوں دھوکے دئے
جی ٹھہر سکتا نہیں اب بے پئے
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

قابلِ نفرت ہے دنیا کی زمین — اس سے بڑھکر ہر ستارہ ہے حسین
میرے ہاتھوں سے بھرا ساغر نہ چھین
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

دیکھ تاروں کی نظر پتھرا گئی — رات کی چوٹی کمر تک آ گئی
روح پچھلی یاد سے گھبرا گئی
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

یہ ستارے یہ کفن کے سرد پھول — آسماں جیسے جلی لاشوں کی دھول
چاند گویا ایک بے امت رسول!
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

رات کی چادر میں مجرم ہر طرف — تیرگی میں خودکشی خمیازہ بکف

زندگی ہے یاں گناہوں میں تلف
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

آہ یہ دنیا ہے دولت کی غلام — زندگی ہے یاں غریبوں پر حرام
لے نہ میرے سامنے دنیا کا نام
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

رسم میں جکڑی ہوئی ہے زندگی — قید ہے یاں فلسفہ میں عشق بھی
اس جگر جینا ہے گویا خودکشی!
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

عشق کیا ہے؟ ایک ذہنی اضطراب — حسن کیا ہے جاگتی آنکھوں کا خواب
علم کیا ہے؟ اک سوال بے جواب
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

سلطنت اک ظلم، مذہب اک بلا — مفلسی اک جرم، محنت اک سزا
ہے یہاں چنگیز کا حامی، خدا
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

ہر طرف بغض و عداوت، قتل و جنگ — کھا چکی انصاف کی میزان زنگ
لٹ چکا انسانیت کا نام و ننگ
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

یہ زمین و آسماں یہ صبح و شام — ہے گراں یہ حلقۂ وقت و مقام
چھوڑ بھرنے دے مجھے اک اور جام
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

اب کہاں وہ ہم نوایانِ سخن — وہ علی گڑھ وہ علی گڑھ کا چمن
مت دلا اب یاد بھولی انجمن
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

شاعری کا خبط، شہرت کا خیال — عافیت کی فکر، عزت کا سوال
ان کا غم، بے روزگاری کا ملال
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

چاند کا چہرہ ہے بے حد مضمحل — صبح ہوتی ہے بجھا جاتا ہے دل
لا پلا اک اور جام مشتعل
دوست سب کچھ بھول جانے دے مجھے

جان نثار اختر (علیگ)

طفولیت کی جولانگاہ کو دیکھکر

اے فضا کی سرخیو! اے شام کی رعنائیو! — اے سماں کی شوخیو! اے وقت کی برنائیو!

اے ہجومِ سبزۂ و گُل دامنِ کہسار میں!
اے خرامِ ورودِ دریا تختۂ گلزار میں!

اے ہوائے صاف باطن! اے زمینِ لقریب
جانے کیوں دل کو تری قربت سے ملتا ہے شکیب؟

کھیلتا تھا ذرّہ ذرّہ مجھ سے اِس ماحول کا
میری گردن پر نہ تھا جب عمر کا بھاری جُوا

جانے کیوں اک پیاس سی رہتی تھی تیری دید کی
تیری ہجولی میں دل پاتا تھا لذّت عید کی

دوڑتا پھر تا رہا ہوں مَیں گیاہِ سبز پر
چہچہاتے تھے پرندے میری ہر آواز پر

ٹہنیوں میں جھول کر جھولا اگرا ہوں مَیں کبھی
مُسکراتا شرمگیں ہو کر اٹھا ہوں مَیں کبھی

گیت جب برسات میں کوئل سُناتی تھی مجھے
ڈھونڈتا پھرتا تھا میں ہر پیڑ کے نیچے کے؟

کھیتیوں میں قہقہے کرتا اُچھلتا کُودتا
جُھومتا پھرتا رہا ہوں بالیوں کو توڑتا

بے خبر تھا میں محبت کی نوازش سے ابھی
نیند میں بھی تیری آنگن میں پڑا رہتا تھا جی

گر کہیں جانا ہوا کرتا تھا دو دن کے لئے
تیری فرقت ایک مصیبت تھی مرے دل کیلئے

اِس فضا کا عشق تھا دل کو مگر روپوش تھا
وہ تو یہ ہے کس کو اتنا سوچنے کا ہوش تھا

جھاڑیوں کو چھیڑ کر بھاگا ہوں پھولونگی طرف
نو چکر اک پھول کو دوڑا ہوں کھیتوں کی طرف

لیٹ کر سبزہ پہ گہ تکتا رہا روئے شفق
ہر کلی مانوس تھی مجھ سے چمن کا ہر طبق

دیکھتا ہوں آج یوں مَیں اِس فضا میں چار سو
جیسے کوئی چیز کھو کر ڈھونڈتا ہو راہ رو

اے زمینِ دل نشیں یہ پوچھنے آیا ہوں میں
کیا فضائے علم میں ہیئت بدل آیا ہوں مَیں

آج مَیں دل میں نہیں پاتا اُمنگوں کا وجود
سُن رہے ہیں کان اک مدّت سے سازِ ہست و بود

بیس ڈالا ہے مرا دل گردشِ ایّام نے
کاٹ ڈالا ہے جگر کو خنجرِ آلام نے

اب لبوں پر آہ آتی ہے ہنسی کے نام پر
خونِ دل کا شک مجھے ہوتا ہے رنگِ شام پر

زندگی شاداں نظر آتی ہے سینے میں تری
زندگی ترساں و لرزاں ہے سفینے میں مرے

وقت کے ہاتھوں سے کٹنا تھا جو حلقِ آرزو
تو نے کیوں بخشا تھا میرے دل کو عشقِ رنگ و بو

تجھ کو کیا معلوم ہے ظالم لہو رویا ہوں میں
دل کے بدلے اب لہو کا لوتھڑا رکھتا ہوں میں

وقت کی بھٹی میں جب قسمت جلاتی تھی مجھے
تیری صورت یاد آ آ کر رلاتی تھی مجھے

اب مجھے بخشا گیا ہے اور ہی سوزِ نظر
کر رہا ہوں دشت و در پر آج میں نظرِ دگر

ہیں اگرچہ اب تلک تیرے مناظر دل فریب
پا رہا ہوں آج مَیں تجھ میں بھی کچھ آثارِ شیب

تیرے ظاہر میں نہیں وہ لذّتِ دیدار کیوں؟
تیرے باطن پر نظر جمتی ہے اے دلدار کیوں؟

جھاڑیوں کے چھیڑنے سے ہاتھ رُکتا ہے مرا
شاخِ گُل کے توڑنے سے قلب دُکھتا ہے مرا

گردشِ ایّام میں بجتا ہے سازِ زندگی
جل رہا ہے ذرّہ ذرّہ میں چراغِ زندگی

موجۂ دریا میں رقصاں ہے روانِ زندگی
ساحلوں کی خامشی کیا ہے؟ فغانِ زندگی

بھیس میں جھینگر کے ہیں سازندگانِ زندگی
دے رہی ہیں کوملیں پیڑوں سے تانِ زندگی

برگِ گُل پر قطرۂ شبنم صبوحیِ حیات
زندگی کی دھار میں لوٹی ہوئی ہے کائنات

لہ یونیورسٹی

نیم جاں میرا نفس ہے مضمحل میرے قدم
دیکھتا ہوں جب نگاہِ غور سے تیرا ضمیر

رُوح غمگیں چھیڑنا چاہتی ہے پھر سازِ عدم
تُو بھی آتی ہے نظر میری طرح برنا و پیر

سوختہ ساماں ہیں بزمِ آرزو میں ہم ابھی
اور پہناتے عدم میں نوجواں ہیں ہم ابھی

دیکھتا ہوں اِک لہر سی مَیں درون کائنات
ہر تنفّس اس سے ملحق ہے نفس کی ڈور سے
پاسباں اِسکے تموّج کی ہے فطرت کی نگاہ
سینۂ ذرّات میں مخفی ہے سوزِ آرزو

پار ہا ہوں جس کا زیر و بم ورائے شش جہات
اس کا رشتہ آسمانوں تک ہے ماہ و حور سے
ایک ہی جنبش ہے اصلِ گردشِ شام و پگاہ
دل کی آنکھیں دیکھتی ہیں آج اصلِ رنگ و بو

عالمِ طفلی سے اب تک میں ترا مفتوں ہوں
جب ترا شیدا رہا ہوں اب ترا مجنوں ہوں

اجمل نجیب آبادی

احساسِ محبّت

آج تم کو دیکھکر کیوں بے خودی سی چھا گئی
کیوں لبوں پر خوفِ رسوائی سی آہیں رک گئیں
کیوں ہے سجدوں میں تڑپ قدموں پہ گرنے کیلئے
"سامنے ہو تم مرے" بس ہوش اتنا کہہ سکا
مجھ کو ہے تم سے محبّت، یہ بھی کہہ سکتا نہیں
اس سے پہلے تم کو تڑپانے کی عادت تو نہ تھی
دُور، احساسِ محبّت سے رہا کرتے تھے ہم
یہ تو کہہ سکتا نہیں، دل میں خلش اتنی نہ تھی

خُون کے بدلے رگوں میں برق سی لہرا گئی
بڑھتے گردن تک تمہاری آج باہیں رک گئیں
آج کیوں ڈر ہو رہا ہے بات کرنے کے لئے
آج تم کو دیکھکر کیوں دیکھتا ہی رہ گیا
آج کیوں آنسو مری آنکھوں میں رُک سکتا نہیں
دیکھنے والوں سے شرمانے کی عادت تو نہ تھی
درد کو اکثر فریبِ دل کہا کرتے تھے ہم
ہاں مگر اتنا تو ہے، تم میں کشش اتنی نہ تھی

آج کچھ بدلے ہوئے مجھ کو نظر آتے ہو تم
جانے کیوں میری نگاہوں میں سما جاتے ہو تم

(صاحبزادہ) میکش حیدرآبادی

سُہانی رات

تمہیں بھی یاد ہے وہ شامِ رنگیں
شفق کے رنگ میں ڈوبے نظارے
سرِ گردوں کہیں دو چار بادل
شبِ تاریک کے بیباک گیسو!
لبِ فطرت ربابِ زندگی پر
کنارِ آبجو بیٹھے تھے ہم تم
شہابِ تند کے ساغر تمہارے

ہم اپنے دل کو جب بہلا رہے تھے
حسیں رنگینیاں پھیلا رہے تھے
اُفق کی گود میں منڈلا رہے تھے
رُخِ ہستی پہ پھیلے جا رہے تھے
مسرّت کے ترانے گا رہے تھے
گذشتہ عہد کو دُہرا رہے تھے
مئے دوشیزگی چھلکا رہے تھے

صبا بالوں کو برہم کر رہی تھی — اُلجھ کر تم اُنہیں سُلجھا رہے تھے
مری رگ رگ میں تم پیوست ہو کر — خوشی کی لہر اِک دوڑا رہے تھے
گلِ عارض جو میں نے چھو لئے تھے — تبسم لب پہ تھا شرما رہے تھے
فضا میں مستیاں حل ہو گئی تھیں — بہک کر تم مجھے بہکا رہے تھے
بکھر کر بال دوشِ مرمریں پر — گھٹا میں بجلیاں چمکا رہے تھے
ہمارے بے وفائی کے گلہ پر — "محبت" کی قسم تم کھا رہے تھے
تمہاری دید کو گردوں سے تارے — شعاعیں نُور کی پھیلا رہے تھے

فلک پر بیخودی سی چھا رہی تھی
مگر اب ہوش میں ہم آ رہے تھے

علی احمد

ایک رومان

مشاطۂ مسرت آئی پیام لیکر — جامِ نوید لیکر ہمجد دوام لیکر
کشمیر جا رہی ہیں۔ چلئے بُلا رہی ہیں

یہ کاسنی لفافہ خوشبو میں بس رہا تھا — الفاظ کی روش پر گلشن برس رہا تھا
سطریں دہک رہی تھیں کلیاں چٹک رہی تھیں

فوراً جواب لکھکر، بالوں میں کر کے شانہ — اُس پیکرِ وفا کی جانب ہوا روانہ
مخمور تھیں گھٹائیں، رنجور تھیں فضائیں

چلمن کے پاس جا کر دیکھا عجیب منظر — سادہ نفیس ساری باندھے ہوئے ہے....
کچھ گنگنا رہی ہے، زُلفیں بنا رہی ہے

مُنہ اُس طرف کو پھیرے مصروف آئنہ ہے — "بالعکس" میری صورت زیرِ معائنہ ہے
میں اُس کی شوخیوں کا مطلب سمجھ گیا تھا

کُرسی کے پاس جا کر خاموش ہو گیا میں — آنکھوں پہ ہاتھ رکھکر مدہوش ہو گیا میں
مدہوش ہو گیا میں، جلووں میں کھو گیا میں

انسان شاد اکثر وہ خواب دیکھتا ہے — تعبیر جس کی شاید اک وہم نارواہے
اب اُس سے میں جُدا ہوں، مجھ سے وہ جُدا ہے

شاد عارفی

چمکی

"اے عورت تیرا نام خودداری ہے" چغتائی صاحب کا تازہ ترین شاہکار "چمکی" پڑھکر آپ کو کہنا پڑے گا کہ "اے عورت تیرا نام خودداری ہے"۔ "کمزوری" اور "شہزوری" کے مصنف کے قلم سے عورت کی عجیب وغریب خودداری کی تصویر "چمکی" میں دیکھئے۔ ناول دو حصّوں میں ہے۔ پہلا حصّہ "بڑی بی" اور دوسرا "چمکی" مصنف کی ناول نویسی اور مزاحیہ نگاری کی عروج آپ اس انتہا سے زیادہ دلچسپ اور رنگین ناول میں دیکھیں گے۔ قیمت قسم اعلیٰ صرف معمولی صرف علاوہ محصول ڈاک ۔

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی

غزلیات

کلیسا کیا، حرم کیا، بُت کدا کیا
تجھے ڈھونڈا کئے ہر سمت کیا کیا

یہ غم کیا، یہ غمِ حسرت فزا کیا
ہمیں بیٹھے بٹھاتے ہو گیا کیا

نہ جانے جو، وفا کیا ہے، جفا کیا
کریں اُس بے خبر سے ہم گلہ کیا

بتائیں تجھ کو ہم اے دلرُبا کیا
بھری ہیں آرزوئیں دل میں کیا کیا

کیا میری شکایت کا گلہ کیا
ذرا پھر تو کہو تم نے گِلا کیا

نگاہِ شوق سے کیا بچ سکو گے
کیا بھی تم نے تو پروا کیے کیا

تجھی کو دیکھ کر مانگا ازل میں
خُدا سے اس سے بڑھکر مانگتا کیا

کسی پر پہلے ہی سے مر چکا ہوں
یہاں آکر کرے گی اب قضا کیا

بُتوں کو دیکھتے ہی ہو گیا بُت
مرے اللہ مجھ کو ہو گیا کیا

محبت میں وفورِ بے خودی ہے
میں خود واقف نہیں مجھ کو ہوا کیا

اُڑایا چٹکیوں میں دل کو جس نے
خدا معلوم گزرا ماجرا کیا

مجھے تو اپنی قسمت کا ہے رونا
تمہاری بے وفائی کا گلہ کیا

دل و جاں، دین و ایماں دے چکے ہم
ہمارے پاس اب باقی رہا کیا

غم و اندوہ و یاس و درد و حسرت
ملے ہیں ہم کو بھی احباب کیا کیا

جو مرضی ہو تری راضی ہیں اُس میں
ہماری آرزو کیا، مدّعا کیا

سُنائے جائیں گے ہم حالِ اپنا
کہے جائیں گے کب تک آپ کیا کیا

تبختر نے بھرے ہیں کان اُن کے
سُنیں گے وہ کسی کا مدّعا کیا

گرہ تقدیر کی کھلنے نہ پائی
رہی فکرِ کشود و کار کیا کیا

مجھی کو گھور کر محفل میں دیکھا
بجز میرے وہاں کوئی نہ تھا کیا

اُلجھتا ہے عبث رندوں سے زاہد
وہ کیا جانے کہ ہے مے کا مزا کیا

یہ کیوں رہ رہ کے ہچکی آرہی ہے
کوئی یاد آئی پھر اُن کو جفا کیا

بنے ہیں خاک سے، پھر خاک ہونگے
ہماری ابتدا کیا، انتہا کیا

گزرتی ہے جو میرے دل پہ شاکر
کہیں کہنے سے اُس کے فائدہ کیا

پیارے لال شاکر میرٹھی

ایک شعر مجسم سے

یہ صفحۂ شباب اور پھر شباب ترا
کہاں حسن میں دیکھا نہیں جواب ترا

نہ پھر ٹلتی ہوئی کوئی، نہ مسکرائی گی
کچھ اور چیز ہے یہ حسن نیم خواب ترا

یہ تیری اٹھتی جوانی یہ چھاؤں تار و بکی
یہ بھینی بھینی مہک یہ نیا شباب ترا

ترے حضور میں میری ہر آرزو ناکام
مری نظر میں ہر انداز کامیاب ترا

تری نظر میں، مری ہر نگاہ گستاخی
مرے خیال میں ہر کیف ہر عتاب ترا

یہ نرم نرم تبسم، یہ گرم گرم نگاہ
مٹا نہ دے کہیں سائل کو یہ جواب ترا

کچھ خبر بھی ہے او شوخ، کیا قیامت ہے
شراب و شعر میں ڈوبا ہوا شباب ترا

کوکب شاہجہانپوری

آج تک

کچھ مضطرب سی عشق کی دنیا ہے آج تک
جیسے کہ حسن کو نہیں دیکھا ہے آج تک

مدت ہوئی کسی کو ستائے ہوئے یہ میں
اک ناتواں غبار سا اٹھتا ہے آج تک

ساری رگوں میں ہیں غم پنہاں کے نیشتر
جاری کشاکشِ غمِ دنیا ہے آج تک

تو نے کبھی کیا تھا جو ذکرِ غمِ فراق
دل کو لگا ہوا وہی کھٹکا ہے آج تک

پورا کبھی کر کے ہم جسے پورا نہ کر سکے
دل سے وہی نظر کا تقاضا ہے آج تک

تو نے جھلک دکھا کے جسے منہ چھپا لیا
وہ چشمِ شوق محوِ تماشا ہے آج تک

اس ایک دورِ جام کو مدت گذر گئی
دل پر تری نگاہ کا دھوکا ہے آج تک

تصدیق تو نہیں مگر افواہ سی ہے کچھ
تیری کسی سے رنجش بیجا ہے آج تک

پرچھائیاں نشاط و الم کی ہیں درمیاں
باہم وصال و ہجر کا پردا ہے آج تک

یوں تو اداس خستۂ عشق ہے مگر
اس گھر میں اک چراغ سا جلتا ہے آج تک

ہم بجز دانِ عشق تو کچھ شادماں سے ہیں
سنتے ہیں دل میں درد سا اٹھتا ہے آج تک

ویرانیاں جہان کی آباد ہو چکیں
جز اک دیارِ عشق کہ سونا ہے آج تک

چھیڑا ہے غم نے پھر وہی دل کا معاملہ
اس آنکھ نے اٹھا سے رکھا ہے آج تک

افلاک سے دبی ہے کب افتادگی عشق
پستی حریفِ اوجِ ثریا ہے آج تک

مدت ہوئی کہ حسن سے مانوس ہو چکے
دل بیقرارِ عرضِ تمنا ہے آج تک

یہ عمر بھر فراق بجا دل گرفتگی
سینے میں کیا وہ درد بھی رکھا ہے آج تک

رگھوپتی سہائے فراق

دو آتشہ

۱

یہ کس کے دل کی کہانی سنائی جاتی ہے
وہ کہہ رہے ہیں مجھے نیند آئی جاتی ہے

نگاہِ شوق پہ حسرت سی چھائی جاتی ہے
اس احتیاط سے چلمن اٹھائی جاتی ہے

شرابِ ناب میں دیکھی نہ ہوگی وہ بات
وہ چیز جو تری آنکھوں میں پائی جاتی ہے

یہ شوخیاں، یہ جوانی، اے خدا کی پناہ!
قدم قدم پہ قیامت اُٹھائی جاتی ہے
جو ناگوار ہے اہلِ جفا کی فطرت کو
مری زباں پہ وہی بات آئی جاتی ہے
مجھے بھی بار ہے اُس بزمِ ناز میں ماہرؔ
جہاں نظر سے جرأتیں ٹالی جاتی ہے

۲

مانا مقامِ عشرتِ ہستی بلند ہے
میں دل کو کیا کروں کہ اسے ناپسند ہے
تم کو حجاب، مجھ کو تماشہ پسند ہے
میری نظر، تمہاری نظر سے بلند ہے
اللہ رے! دل کی عشق میں دیوانہ واریاں
اندیشۂ زیاں ہے نہ خوفِ گزند ہے
آنکھوں میں آچکی ہے محبت کی واردات
طوفانِ بے پناہ پیالوں میں بند ہے
اب اُن کا انتخاب کرے گا یہ فیصلہ
اُلفت بلند ہے کہ تمنا بلند ہے
ماہرؔ ازل میں دل نے کیا غم کا انتخاب
اُن کی خطا نہیں ہے یہ دل کی پسند ہے

ماہرؔ القادری

تجلیات

نہ خردمند نہ دیوانہ بنایا ہوتا
مجھکو دُنیا سے جُداگانہ بنایا ہوتا
دیر و کعبہ میں تجھے تفرقہ گر ڈالنا تھا
کفر و دیں سے مجھے بیگانہ بنایا ہوتا
وحشتِ دل کے لئے وسعتِ صحرا کم ہے
کوئی ویرانہ سا ویرانہ بنایا ہوتا
حُسن بھی جانتا کچھ سوزشِ اُلفت کے مزے
شعلۂ شمع سے پروانہ بنایا ہوتا
حرم و دیر کی کھل جاتی حقیقت ساقی
میرے ہر جام کو میخانہ بنایا ہوتا
لذتِ دردِ بہ اندازۂ دل دے ورنہ
درد کو دل جو بنایا نہ بنایا ہوتا
عجز کے ساتھ مزے ناز کے ہم بھی لیتے
سر کو سنگِ درِ جانانہ بنایا ہوتا
مکشفِ دہر پہ ہوتے نہ مجنوں کے اسرار
کاش دیوانہ کو دیوانہ بنایا ہوتا
کرمِ خاص سے دینا تھا غمِ عشق اگر
دل غمِ دہر سے بیگانہ بنایا ہوتا
کاش بدستِ ازل کے لئے تو نے یارب
سارے کونین کو پیمانہ بنایا ہوتا
تھا غمِ دہر گوارا مجھے تابشؔ لیکن
دل کو محرومِ تمنا نہ بنایا ہوتا

تابشؔ دہلوی

سلامبو

شہرۂ آفاق فرانسیسی انشا پرداز گستیو فلابیر کا شہرہ، جس میں قرطاجنہ قدیم کی مٹی ہوئی تہذیب اس طرح از سرِ نو الفاظ میں تعمیر کی گئی ہے کہ اب سے دو ہزار سال پہلے کی تصویر آنکھوں کے آگے آجاتی ہے۔ سلامبو اور ماتو کی محبت کی کہانی اس قدر حسرتناک ہے کہ پڑھنے والوں کی آنکھوں سے آنسو ٹپک کر رہتے ہیں۔ وحشیوں کی لڑائیوں کا بیان جب آپ پڑھیں گے تو سانس بھی روک کر لیں گے۔ غرض شروع سے آخر تک یہ کتاب عجیب و غریب چیز ہے۔ ضخامت (۵۰۰) صفحات۔ قیمت تیرہ روپے

ملنے کا پتہ۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی۔

نقد و تبصرہ

ریاضِ رضواں۔ حضرت ریاض خیرآبادی کا مجموعہ کلام خدا خدا کر کے شائع ہوگیا اور بڑی آب و تاب سے شائع ہوا ہے۔ کم و بیش چالیس سال سے ریاض مرحوم کے قدر دانوں کو اس کا انتظار تھا۔ افسوس ہے کہ آج ہم میں نہ خان بہادر میر ناصر علی دہلوی ہیں اور نہ دلگیر اکبرآبادی جو ریاض کے قدر دان اور کلام ریاض کے عاشق تھے۔ اگر یہ حضرات زندہ ہوتے تو "ریاضِ رضواں" کی سچی داد دیتے۔ افسوس کہ خود ریاض بھی نہ رہے۔ ریاض سا شاعر، ناصر علی سا سخن فہم اور دلگیر سا نقاد زمانہ صدیوں میں پیدا کرتا ہے۔ حاجی سید سبحان اللہ صاحب رئیس گورکھپور ان بزرگوں کی یادگار اور اپنے رفیقوں کے تنہا ماتم گسار ہیں۔ سید صاحب کو ریاض سے تقریباً نصف صدی تک دماغی سابقے رہے۔ اور شعر و سخن کے ان پرکھنے والوں میں سے ہیں جن کی اصابت رائے مسلّم ہے۔ ریاض کی امداد والے درجے قدمے ساری عمر کرتے رہے۔ بقولِ ریاض ؎

جوہری جوہرِ سخن کے ریاض
منہ مرا موتیوں سے بھرتے ہیں

ریاض کے بعض بعض اشعار پر دلوں نہیں ہفتوں سید صاحب خود رفتہ رہے ہیں اور جبتک ریاض کو انکی مکمل تشریح نہیں سنا دی انہیں سکونِ قلب میسر نہیں آیا۔

ریاض کے ایک اور بہت بڑے قدر دان قاضی تلمذ حسین صاحب ایم۔ اے۔ ہیں جن کا علمی کارنامہ "مراۃ المثنوی" مشہور زمانہ ہو چکا ہے۔ قاضی صاحب دیوانِ ریاض کی اشاعت کے لئے چالیس سال سائی رہے اور اب انہی کی نگرانی میں "ریاضِ رضواں" شائع ہوا ہے۔ سید سبحان اللہ صاحب کے صاحبزادے سید رضوان اللہ صاحب۔ ایم۔ ایل۔ اے کی کوششوں سے حضرتِ ریاض نے اپنا دیوان مرتب کیا اور انہیں اشاعت کے لئے دیا۔ اپنے ایک خط میں رضوان اللہ صاحب کو لکھتے ہیں:۔

"میں نے اپنے دیوان کا نام "ریاضِ رضواں" رکھ دیا۔ . . . کسی نے میکدہ، کسی نے میخانہ، کسی نے کچھ کسی نے کچھ، کسی نے صرف ریاض تجویز کیا تھا۔ ریاضِ رضواں میں سب آگئے۔ نہ صرف آپکے خاندان بلکہ تمام خاندان کیلئے رضواں کا نام انتہائی مسرت کا سبب ہوگا۔ . . . . . رضواں نے ریاض میں جان ڈال دی"

ان حضرات کا اردو لٹریچر پر ہمیشہ احسان رہیگا کہ برسوں کی جدوجہد اور انتھک کوششوں کے بعد ایک ایسی نادر کتاب کا ہماری زبان میں اضافہ کیا۔

ریاض کی شاعری کے متعلق ہمیں کچھ زیادہ نہیں کہنا ہے۔ انہوں نے امیر اور داغ سے کم شہرت نہیں پائی۔ ان کے دیوان کے مطالعہ سے معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ جملہ اصنافِ سخن پر حاوی تھے لیکن انکا خاص رنگ رندانہ ہے۔ شراب کا مضمون ریاض سے بہتر اور ریاض سے زیادہ کسی اردو شاعر نے پیش نہیں کیا۔ مولوی سبحان اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ "ریاض نے غزلوں کے دیوان میں (۱۳۶۶) شعر شراب کے لکھے ہیں جن میں (۱۳۶۶) پہلو شراب کے دکھاتے ہیں"۔ قاضی تلمذ حسین صاحب عربی شاعر ابو نواس اور فارسی شاعر حافظ کے مقابلے میں ریاض کو پیش کرتے ہیں اور ان تینوں شاعروں کے خمریات پر ایک کتاب علیحدہ مرتب کر رہے ہیں۔ ریاض کے مرتبے کا اندازہ اسی سے لگا لیجئے۔ رند کا حال ملاحظہ ہو ؎

یہ اپنی وضع اور یہ دشنام سے فروش
سن کر جو پی گئے یہ مزا مفلسی کا تھا

اب رند کا جلال بھی دیکھئے ؎

بنائے کعبہ پڑتی ہے جہاں ہم خشتِ خم رکھ کر
جہاں ساغر پٹک دیں چشمۂ زمزم نکلتا ہے

شراب و شباب ایک ہو گئے ؎

خم قد ہے خم میسا سوتے جام
موج مے ہاتھ ہے انگڑائی کا

شوخی تو ریاض کے اشعار سے ٹپکی پڑتی ہے۔ ان کا بہت مشہور شعر ہے۔

چھلکائیں لاؤ سمر کے گلابی شراب کی
تصویر کھینچیں آج تمہارے شباب کی

جب ذرا اور کھل جاتے ہیں تو کہتے ہیں ؎
کوئی منہ چوم لے گا اِس نہیں پر
شکن رہ جائے گی یونہی جبیں پر

ثقہ طبیعتیں غالباً اِس کے تیور پسند نہیں کریں گی۔ وہ یہ شعر سُن لیں ؎

گلا بیٹھا ہوا خدمت اذاں کی اور کہتے ہیں
بھلے سے ہم وبالائے تھے ناقوسِ برہمن کو

دُعا مانگنے کا کیسا اچھوتا طریقہ نکالا ہے ؎

کیا تجھ سے ترے مست نے مانگا مرے اللہ
ہر موجِ شراب اُٹھ کے بنی ہاتھ دُعا کا

جی چاہتا ہے کہ ریاض کے شعرِ آب کو سُناتا ہی چلا جاؤں کیونکہ مجھے یقین ہے کہ میری طرح آپ بھی کلامِ ریاض سے کبھی نہ اکتائیں گے مگر ڈرتا ہوں کہ مجھے اُن کا آٹھ سو صفحے کا پورا دیوان یہاں نقل کرنا پڑ جائے گا۔ کوئی غزل ایسی نہیں جس میں ایک شعر بھی ناقص یا بھرتی کا ہو۔ دو باتیں اور سُن لیجئے۔ ایک شاعر کے کردار کے متعلق ہے اور دوسری شاعر کے کلام کے متعلق۔ ریاض کی ساری عمر پارسائی اور نیکوکاری میں گذری۔ حیرانی کی بات یہ ہے کہ انہوں نے کبھی شراب نہیں پی۔ مولوی سُبحان اللہ صاحب کا بیان بھی یہی ہے اور میں نے میر ناصر علی مرحوم اور دلگیر اکبرآبادی مرحوم کی زبانی بھی یہی سُنا تھا کہ ریاض نے دُخترِ رز کو کبھی مُنہ نہیں لگایا۔

ہے ریاض اک جواں مست خرام
نہ پیے اور جھومتا جائے

دوسری بات کلامِ ریاض کے متعلق یہ ہے کہ اُنکا سارا کلام بے عیب ہے۔ زبان و بیان میں تو وہ اکثر اپنے اُستاد امیر مینائی سے بھی اکثر آگے دکھائی دیتے ہیں۔ فن کے لحاظ سے بھی اُن کا پورا دیوان اغلاط سے پاک ہے۔

یہ دیوان راجہ صاحب محمود آباد کے نام معنون کیا گیا ہے۔ غالباً اس وجہ سے کہ ریاض اِسی ریاست کے متوسلین میں سے تھے۔ شروع میں ہمارا جہ سر کشن پرشاد بہادر نے ازراہِ قدر افزائی ریاض اور دیوانِ ریاض کیلئے گوہر افشانی فرمائی ہے۔ اس کے بعد حضرت جلیل کی تعریف اور حضرت اختر مینائی کا پیش لفظ ہے۔ تقریب قاضی تلمذ حسین صاحب نے لکھی ہے اور مقدمہ سید سُبحان اللہ صاحب نے۔ مولانا نیاز فتحپوری نے اعترافات کے عنوان سے ریاض کی شاعری پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ دیوان کے آخر میں ایک ضمیمہ ہے جس میں ریاض مرحوم کے صاحبزادے ابکم نے کیفیتِ ترتیب حصہ دوم اور قاضی تلمذ حسین صاحب نے داستانِ دیوانِ ریاض لکھی ہے۔ مولوی رضوان اللہ صاحب نے آخری مرحلۂ طبع دیوان لکھکر اس ضمیمہ کو ختم کیا ہے۔ دیوان میں ریاض کی تصویر کی کمی بہت کھٹکتی ہے۔

"ریاضِ رضوان" مجلد ہے۔ بہت خوشنما چھپا ہے۔ ضخامت (۸۷۲) قیمت (لکھے رہ) ملنے کا پتہ:۔ دائرۃ الادب۔ حیدر گوڑہ۔ حیدرآباد۔ دکن۔

(د) دفتر شاہکار۔ گورکھپور۔ یو۔ پی۔ "ش"

مضامینِ اسلم:۔ شہسوار ہیں مضمون نگاری ان کا دلچسپ شغلہ ہے۔ افسانہ نگاری میں خاص شہرت کے مالک ہیں اور سب سے جُدا اپنا ایک دلکش اسلوب بیان رکھتے ہیں۔ افسانوں کے کئی ضخیم مجموعے اب تک شائع ہو چکے ہیں اور ہاتھوں ہاتھ لئے گئے ہیں۔ اب ایک اور مجموعہ "مضامینِ اسلم" کے نام سے چھپا ہے۔ جس کے خوشنما سرورق پر ناشر نے سہواً (۲۱) افسانوں کا مجموعہ لکھدیا ہے۔ یہ کتاب محض افسانوں کا مجموعہ نہیں بلکہ اس میں چند نہایت قابلِ قدر ادبی و علمی مضامین بھی شامل ہیں مثلاً اُردو ہندی جھگڑے کے متعلق اسلم صاحب نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے اُن کا مطالعہ اُردو کے ہر بہی خواہ کے لئے ضروری ہے۔ بعض مضامین میں سوشل اور نیشنل مسائل پر اسلم سلیقے سے قلم اُٹھایا ہے کہ اُن کی نبض شناسی کا قائل ہونا پڑتا ہے۔ مزاح نگاری میں ایم۔ اسلم صاحب قبولیتِ عام حاصل کر چکے ہیں پیشِ نظر مجموعے میں اکثر و بیشتر مضامین ظرافت کے پھولوں میں بسائے گئے ہیں۔ ہنسی ہنسی میں ہی پتہ پتہ کی کہہ گئے ہیں بلکہ مذاق ہی مذاق میں کھری کھری سُنا گئے ہیں۔ ہر مضمون کا مقصد کوئی اہم اصلاح ہے۔ اِس لحاظ سے یہ مجموعہ نہایت قیمتی ہے اور اُمید ہے کہ اُردو داں حضرات اِسے وقت کی نظر سے دیکھیں گے۔ کتاب مجلد ہے اور سرورق مُطلا ہے۔ قیمت کتاب پر درج نہیں ہے۔ غالباً عہدہ ملک دین محمد لاہور سے منگائی جا سکتی ہے۔ "ش"

بیوہ:۔ منشی پریم چند آنجہانی کی تصنیف ہے جو مکتبۂ جامعہ کے اہتمام سے شائع ہوئی ہے۔ جیسا کہ اس کتاب کے نام سے ظاہر ہے اس میں ایک بیوہ کی دردناک حالت کا نقشہ کھینچا گیا ہے۔ یہ موضوع نیا نہیں بلکہ کئی مرتبہ پامال ہو چکا ہے لیکن فطرت نگار پریم چند نے اِسے ایسے ڈھب سے پیش کیا ہے کہ پڑھنے والا یہ کہیں محسوس نہیں کرتا کہ

وہ نئی سُنائی کہانی پھر سُن رہا ہے۔ ہندو سوسائٹی میں بیوہ کی حالت بہت زبوں ہے، خصوصاً نوجوان بیوہ کی۔ اس کہانی کی ہیروئن بھی ایک ایسی ہی بیوہ ہے۔ عزیز رشتہ دار مالدار ہیں مگر شوہر کے انتقال کے بعد اُسے پیسے سے رکھنے کا کوئی روادار نہیں۔ مُصیبت پہ مصیبت جھیلنے کے بعد اُس کا آخری ٹھکانہ ایک آشرم بنتا ہے جہاں وہ اپنی دُکھ بھری زندگی کے آخری دن اَور وں کی سیوا میں گزارتی ہے۔ کہانی نہایت عبرتناک اور درد انگیز ہے۔ منشی جی نے سوسائٹی کی ردّی حالت کا جائزہ سختی سے لیا ہے اور اُن تمام عیوب کو بے نقاب کر دیا ہے جو ظاہرداری کے پردے میں پوشیدہ رہتے ہیں۔ کتاب مجلد ہے اور عثمانیہ میں مکتبہ جامعہ دہلی سے طلب کی جا سکتی ہے۔ "ش"

ضرب الامثال۔ خواجہ محمد عبدالمجید صاحب دہلوی اُن چند وضع دار ہستیوں میں سے ہیں جن سے دلّی کی تہذیب و شائستگی عبارت ہے۔ دلّی کی ٹکسالی زبان بولتے ہیں اور لکھتے ہیں۔ اردو میں جتنی ضرب الامثال شامل ہیں شاید ہی کسی اور زبان میں ہوں۔ قیاس کہتا ہے کہ یہ مثلیں کسی نہ کسی واقعہ کے زیر اثر بنی ہونگی۔ اور رفتہ رفتہ سکۂ رائج الوقت کی طرح فصحا کی تقریر و تحریر میں انہوں نے جگہ پائی ہوگی۔ بعض امثال فصحا سے سند قبول حاصل نہ کر سکیں چنانچہ ٹکسال باہر کہلائیں۔ جو مثلیں آج کل اردو میں بولی اور لکھی جاتی ہیں اُن کی تعداد کا شمار مشکل ہے۔ بعض امثال کم مستعمل ہیں اور بعض زیادہ۔ خواجہ صاحب نے چند مشہور مثلیں ایسی جمع کی ہیں جن کا مفہوم صحیح طور پر سمجھنے کے لئے اُن کی شانِ نزول سے واقف ہونا ضروری ہے۔ گویا یہ کتاب مجموعہ ہے قصص ضرب الامثال کا۔ اس میں (۷۸) قصے اور کہانیاں بیان کی گئی ہیں جن سے ہماری زبان کی مشہور مثلیں بنی ہیں۔ کتاب نہایت دلچسپ اور پُر از معلومات ہے۔ خواجہ صاحب اگر آئندہ سلسلۂ تحقیق کو جاری رکھیں تو ایک بڑی علمی خدمت اُن کے ہاتھوں انجام پائیگی۔ قیمت ۴ روپے کا پتہ:۔ مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔ "ش"

دلّی کی دو سو برس کی تاریخ۔ تیموری کے حملے سے پہلے کے گمشدہ اوراق سمجھنا چاہیے۔ مولانا سید حسن برنی صاحب۔ ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی نے تحقیق و تفتیش کی مشعل سے اس زمانے کی تاریکی کو دُور کیا ہے۔ بیس سال کی جانفشانی کے بعد برنی صاحب نے اپنے نتائج تحقیق مختصراً ایک مقالہ میں پیش کئے ہیں۔ یہ مقالہ اُردو اکادمی جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ دہلی میں پڑھا گیا تھا اور اب کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ قابلِ قدر کتاب ہے۔ قیمت درج نہیں۔ غالباً ۲ روپے میں مکتبہ جامعہ دہلی سے منگائی جا سکتی ہے۔ "ش"

ذکرِ غالب۔ مالک رام صاحب ایم۔ اے کی تصنیف ہے جس میں مرزا غالب کے متعلق اب تک جو کچھ معلوم ہوا ہے سب کا نچوڑ پیش کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب اس کتاب کے متعلق دیباچہ میں فرماتے ہیں:۔ "اس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں واقعات بحساب سنین ترتیب دیے گئے ہیں۔ . . . اسکے علاوہ مالک رام صاحب نے بڑی محنت اور کاوش سے بہت سی نئی معلومات بھی حاصل کی ہیں، مثلاً غالب کے بزرگوں کے متعلق بعض تفصیلات، اُن کی ہمشیرہ کا حال، عارف اور ان کے دونوں بیٹوں کے حالات، غدر کے سلسلے میں کے کا اصل واقعہ، میرزا صاحب کو ملک الشعراء بنانے کی تجویز، وغیرہ وغیرہ"

میرزا صاحب کی ایک نئی تصویر اور اُن کے آگرہ والے مکان کا فوٹو بھی اس کتاب میں شامل ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ غالب کے متعلق اتنی وافر معلومات کسی ایک کتاب میں دستیاب نہیں ہو سکتی۔ قیمت صرف ۴ روپے۔ مکتبہ جامعہ دہلی سے ملتی ہے۔ "ش"

چنبیلی۔ محمد حسین صاحب حسّان ایڈیٹر "پیامِ تعلیم" نے چھوٹے بچوں کے لئے یہ چھوٹی سی کتاب لکھی ہے جس میں ایک بلی اور ایک لڑکی کی دلچسپ کہانی سُنائی ہے۔ زبان آسان اور ڈکشن ہے۔ چند تصویریں بھی دی گئی ہیں۔ قیمت ۱۲ مکتبہ پنجاب لاہور سے منگائیے۔ "ش"

عقاب۔ رقیہ ریحانہ صاحبہ کی چند کہانیوں کا مجموعہ ہے۔ یہ کہانیاں بھی بچوں کے لئے لکھی گئی ہیں لیکن ذرا بڑی عمر کے بچوں کے لئے۔ اس میں چار کہانیاں ہیں:۔ (۱) عقاب۔ (۲) ابوخاں کی بکری۔ (۳) سعیدہ کی اماں۔ (۴) جولاہا اور بنیا۔ کہانیاں سب دلچسپ ہیں اور بچوں کے لئے بہت مفید ہیں۔ قیمت ۱۲ مکتبہ جامعہ۔ دہلی سے منگائیے۔ "ش"

سبدِ چیں۔ میرزا غالب اپنے اُردو کلام کو اپنے رنگ کی چیز نہیں سمجھتے تھے۔ اُنہیں اپنے فارسی کلام پر ناز تھا۔ چنانچہ فرمایا ہے ؎

فارسی ہیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگزر از مجموعۂ اُردو کہ بے رنگِ من است

کلیاتِ فارسی کی اشاعت کے بعد میرزا غالب کا جو کلام شریکِ اشاعت

نہ ہو سکا یا بعد میں چھپ ہوا اُسے "سپید چیں" کے نام سے علیحدہ شائع کر دیا تھا۔ یہ چھوٹا سا مجموعہ ایک دفعہ چھپ کر نایاب ہو گیا تھا۔ اب مکتبہ جامعہ کے اہتمام سے شائع ہوا ہے اور اس میں وہ کلام بھی شریک کر لیا گیا ہے جو اُن کے کلیات میں شامل نہیں ہے: "سپید چیں" میں قصائد، ترکیب بند، ترجیع بند، مثنوی، قطعات، نظم، غزلیات، متفرق اشعار اور رُباعیات سبھی کچھ ہے۔ شروع میں میرزا غالب کی ایک نایاب قلمی تصویر کا عکس بھی دیا گیا ہے۔ کتابت، طباعت وغیرہ نہایت عمدہ۔ قیمت مع محصول ۱۲ آنہ۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ جامعہ۔ دہلی۔ "ش"

قطرات شبنم:- مسٹر گوردھن داس۔ بی۔ اے کی تصنیف ہے۔ جس میں چھوٹے چھوٹے شاعرانہ شہ پارے ہیں۔ عنوانات کی تعداد ۱۰۰ ہے۔ تخیلات میں فراوانی اور طرزِ تحریر میں روانی ہے۔ عبارت آرائی پر زیادہ زور نہیں دیا گیا ہے۔ سیدھے سادے الفاظ میں اپنے لطیف احساسات کو قلمبند کر دیا ہے۔ اس مجموعے کی خوبی یہ ہے کہ اسکے پڑھنے میں جی لگتا ہے۔

اس مجموعے میں دو مقدمے، تین دیباچے، ایک قطرات شبنم (دیباچہ منجانب مصنف) اور ایک اظہارِ تشکر بھی ابتدا میں شامل ہے کتاب مجلد ہے اور ایک روپے میں رتچ رام اینڈ سنز لاہور سے منگائی جا سکتی ہے۔ "ش"

اقبال کی شاعری:- جناب عبدالمالک صاحب آروی نے یومِ اقبال کی تقریب میں وچنوری ۱۹۳۸ء کو شاہ آباد اُردو لائبریری کے جلسے میں ایک طویل علمی مقالہ پڑھا تھا جسے اب کتابی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ یہ مقالہ ایک سخن فہم کا لکھا ہوا ہے اور اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نہایت کاوش و محنت سے مرتب کیا ہے۔ مصنف نے اُردو شاعری کی مختصر تاریخ سے ابتدا کی ہے اور اس کے بعد مختلف عنوانات قائم کئے ہیں جن کے تحت اقبال کی شاعری کے مختلف رُخ پیش کئے ہیں عنوانات حسب ذیل ہیں:-

(۱) اقبال اور اُس کی شاعری۔ (۲) اقبال کی شاعری فارسی شعرا کا اثر۔ (۳) اقبال کی صوفیانہ شاعری۔ (۴) اقبال اور اسلامیات۔ (۵) اقبال کے بین الاقوامی تاثرات۔ (۶) اقبال کی فلسفیانہ شاعری۔ (۷) اقبال و سیاسیات، تصادِ فکر و عمل۔ (۸) اقبال کا ادبی انداز۔ ان سب عنوانات پر بہت قابلیت سے اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔ افسوس تو کہ جس شان کا یہ مقالہ ہے اُس شان کی کتابت و طباعت اُسے میسر نہ آئی۔ کاغذ میلا اور بہت گھٹیا لگایا گیا ہے۔ ان کوتاہیوں نے اِس قابل کو کافی حد تک ناقابلِ مطالعہ بنا دیا۔ عوام جن کیلئے لباسِ حریر اگر میسر نہ آئے تو گاڑھا ہی کا ہندی ہندستانی کا کرتا بھی نہ ہو کہ اُسکا اکا روپ بھی کھو دے۔ یہ کتاب ہم میں طاقِ بُستاں آرہ سے منگائی جا سکتی ہے۔ "ش"

جوئبار:- مسٹر بھیم سین ظفر اُردو کے نوجوان شاعر ہیں۔ انکی نظمیں اکثر رسائل میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ حال ہی میں انکا مجموعہ کلام "جوئبار" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ اس میں (۴۳) نظمیں، (۷) ہندی پارے اور (۲۷) غزلیں شامل ہیں۔ جدید شاعری کے رُجحانات سے ہر صاحبِ ذوق واقف ہے۔ مختصر یہ کہ آجکل کی شاعری زندگی کی عکاسی کی طرف مائل ہے۔ فطرت سے زیادہ سماج اور انسان کی سچی تصویریں جدید منظومات میں دکھائی دیتی ہیں۔ "جوئبار" میں بھی انہی خصوصیات کا ہلکا ہلکا عکس نظر آتا ہے۔ ظفر صاحب کی شاعری آجکل کے فیشن کے مطابق کیسر مزدوروں اور کسانوں اور سماج کے شکاروں کے لئے وقف نہیں ہے۔ وہ خیالات اور جذبات کے شاعر ہیں، عموماً کے شاعر ہیں۔ وہ اپنی نظموں میں لکچر نہیں دیتے۔ اور نہ اپنے پڑھنے والوں کو ڈانٹتے ہیں۔ وہ دھیمے سروں میں اپنا نغمہ الاپتے ہیں اُن کے میٹھے بول سُننے والے کے دل میں اُتر جاتے ہیں۔ ہندی پاسے یا گیتوں میں بڑے سچے اور رسیلے جذبات پیش کئے ہیں، اور اس انداز میں پیش کئے ہیں کہ جذبہ یا کیفیت کی تصویر کھنچ گئی ہے۔ جناب ن۔ م راشد نے اپنے قابلانہ مقدمہ میں شاعر اور اسکی شاعری پر نہایت جامع تبصرہ کیا ہے۔ جناب احسان بن دانش کا تعارف نامہ اس مجموعے میں غیر ضروری سا نظر آتا ہے۔ اُمید ہے کہ اس "جوئبار نغمہ" کو مقبولیت خاص و عام حاصل ہوگی۔ ضخامت ۹۶ صفحات۔ بانگ درا سائز۔ قیمت عہ ملنے کا پتہ:- قصر اُردو۔ ملتان چھاؤنی۔ "شمس"

بنی اسرائیل کا چاند:- رائڈر ہیگرڈ پرانی سے پرانی تہذیب کو اپنے ناولوں میں اس طرح سے زندہ کرتا ہے کہ ہم حال کی آنکھوں سے ماضی کی تصویر دیکھنے لگتے ہیں مصر قدیم کے متعلق اُس نے کئی ناول لکھے ہیں۔ انہی میں سے ایک کا ترجمہ عبدالمجید صاحب حیرت شملوی نے "بنی اسرائیل کا چاند" کے نام سے کیا ہے۔ ترجمہ صاف شستہ اور اچھی زبان میں کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے دیباچہ نگار سر محمد یعقوب ترجمہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ "ترجمے میں صحتِ الفاظ کے ساتھ محاورے کی خوبی پورے طور سے پائی جاتی ہے۔ کہانی کی دلچسپی سے ترجمہ کی دلکشی ہم آہنگ ہے، اور یہی اس کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ کتاب مجلد ہے۔ خاکپوش بھی خوشنما ہے ضخامت (۴۵۰)

صفحات، قیمت عہ۔ مکتبۂ پنجاب لاہور سے مل سکتی ہے۔ "ش"

ہمدرد صحت
دق وسل

دہلی کے مشہور طبی رسالے "ہمدرد صحت" نے اب تک ہر سال ایک نہایت قیمتی خاص نمبر شائع کیا ہے۔ ہمدرد صحت نے "اعادۂ شباب" "الاطفال" اور "عورت" جیسے خاص نمبر شائع کرکے طب کی جو خدمات انجام دی ہیں اُن کی مثال آج تک صحافتِ ہند میں نہیں ملتی۔ اس سال ایک نہایت اہم موضوع کیلئے ہمدرد صحت نے اپنی اشاعت خاص وقف کی ہے۔ یہ موضوع ہے "دق وسل"۔ ان موذی امراض کی تباہ کاری سے کون واقف نہیں۔ ہندوستان پر تو بلائے بے درماں کی طرح یہ مرض چھائے ہوتے ہیں اور لاکھوں سے بھینٹ لے رہے ہیں۔ آج کل فلاکت وہلاکت دونوں کی گرم بازاری ہے۔ ہمدرد صحت کا ایسے نازک موقع پر ایک نادر نمبر شائع کرنا لائقِ صد ستائش ہے۔ دق وسل کے متعلق مکمل معلومات اور جدید ترین معالجات اگر کہیں یکجا مل سکتے ہیں تو صرف اس اشاعتِ خاص میں۔ ہندوستان کے مشہور حکیموں اور ڈاکٹروں نے اپنے اپنے تجربات کی بنا پر بیش قیمت مضامین لکھے ہیں۔ ان موذی امراض سے بچنے کی تدابیر اور جو ان میں مبتلا ہیں اُن کی جان بچانے کے لئے معالجات، سینکڑوں طبیبوں کے مجربات، ڈاکٹری، یونانی اور ایورویدک طریقہائے علاج اور نایاب نسخے اس دق وسل کی انسائیکلوپیڈیا میں وضاحت سے درج کئے گئے ہیں۔ ایسے بیماروں کی تیمارداری کس طرح کرنی چاہیئے اور اس میں کیا کیا احتیاطیں برتنی چاہئیں، ان کے متعلق قیمتی ہدایات درج ہیں۔ ہندوستان کے علاوہ یورپ، امریکہ اور آسٹریلیا کے مشہور ڈاکٹروں کے مضامین بھی حاصل کرکے شریک اشاعت کئے گئے ہیں۔ عکسی تصاویر اور نقشے کثرت سے دیئے گئے ہیں۔ دق وسل کی اشاعتِ خاص صرف طبیبوں ہی کیلئے مفید نہیں ہے بلکہ معمولی قابلیت کے عوام بھی اس سے پوری طرح مستفیض ہوسکتے ہیں کیونکہ جتنے مضامین لکھے گئے ہیں عام فہم اور سلیس زبان میں لکھے گئے ہیں۔ ایسے قابل قدر اور کامیاب خاص نمبر کی اشاعت پر ہم ادارۂ ہمدرد صحت کو مبارکباد دیتے ہیں۔ ہمیں اُمید ہے وہ عنداللہ ماجور اور عندالناس مشکور ہونگے۔ لکھائی چھپائی اعلیٰ درجے کی صفحات (۲۶۰) صفحے۔ معمولی ایڈیشن کی قیمت صرف ۸ر اور اعلیٰ ایڈیشن کی قیمت ۱۲ر ہے جو بالکل بے حقیقت ہے۔ جو حضرات اس اشاعتِ خاص کو مفت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ایک روپیہ بھیجکر ہمدرد صحت کے مستقل خریدار بن جائیں تاکہ سال بھر تک انہیں ماہوار پرچے ملتے رہیں اور یہ خاص نمبر بھی مفت مل جائے۔ "ش"

سیدِ گل اُردو کی ہمہ گیری دیکھئے کہ افریقہ جیسی بنجر سرزمین میں بھی پھل پھول رہی ہے۔ نیروبی۔ مشرقی افریقہ میں چند ہندوستانی حضرات نے ایک بزمِ ادبِ اُردو قائم کی ہے جس میں ہندو مسلمان سکھ وغیرہ سب ہی شریک ہیں اور اُس تپتے ہوئے ریگستان میں اپنی محبوب زبان کی آبیاری کررہے ہیں۔ اس انجمن کے جلسے ہوتے ہیں جن میں علمی مقالے پڑھے جاتے ہیں۔ مشاعرے ہوتے ہیں اور علم وادب کے چرچے رہتے ہیں۔ اُردو ہندو مسلمانوں کے میل ملاپ کی نٹ فنی ہے اور ان دونوں کے اتحاد کا سب سے بڑا ذریعہ اُردو ہی ہے، جسے ہندوستانی مشکل اور نامحکم بنانے کی کوشش کررہے ہیں اُسے افریقہ والوں نے سہل اور محکم بنادیا۔ اس بزم اور کے جلسوں میں جو کچھ پڑھا گیا ہے اُس کا ایک مجموعہ پہلے شائع ہوچکا ہے اور دوسرا مجموعہ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ جسے محمد شریف اور سجاد حسین صاحبان نے مرتب و شائع کیا ہے۔ ناظمِ عمومی نے اس مجموعے کا دیباچہ اور حاجی اسلم چشتی نے جو اس انجمن کے صدر ہیں، مقدمہ لکھا ہے۔ اس کے بعد مسٹر جانن سنگھ شفق بی اے نے علامہ اقبال مرحوم پر ایک قابل ستائش مضمون لکھا ہے۔ دوسرا مضمون مرزا غالب کے متعلق ہے جس میں اکثر حضرات نے غالب کے لطائف وظرائف پر گفتگو کی ہے۔ اور چند حضرات نے اس جلسے میں غالب پر نظمیں بھی پڑھی ہیں۔ یہ مضمون بحیثیت مجموعی اچھا ہے۔ "تہذیب نو پر تبصرہ" دلچسپ اور عالمانہ مضمون ہے۔ اسکے بعد بزم ادب کے تین مشاعروں کا سرمایہ پیش کیا گیا ہے جسے ہم بہت عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس مجموعہ مضامین نظم ونثر کی قیمت ڈیڑھ شلنگ ہے۔ بہی خواہانِ اُردو کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس لالہ صحرا سے اپنے کتب خانہ کی زینت بڑھائیں۔ اور اس کی ایک کاپی خرید کر بزم ادب کے اراکین کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔

ملنے کا پتہ:۔

محمد شریف قریشی۔ ناظم عمومی۔ بزم ادب۔ معرفت پوسٹ بکس ۱۰۱۲ نیروبی۔ (مشرقی افریقہ)

"ش"

ہر قسم کی کتابیں ساقی بک ڈپو۔ دہلی سے طلب کیجئے۔ بکڈپو کا تمام منافع ساقی پر صرف کیا جاتا ہے۔ "صفدر"

جُرعات

پندرہ سالانہ پانچ روپے بشمول ہی
تین روپے مع محصول ڈاک
قیمت فی پرچہ ۶؎

ممالک غیر سے ۱۲ شلنگ
نمونے کا پرچہ مفت
طلب کیجئے

جلد ۱۸ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۳۸ء | نمبر ۴

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اوّلیں	"شاہد"	(۲)
(۲)	ہندوستانی ناٹک اور آغا حشر	پروفیسر مرزا محمد سعید۔ ایم۔ اے، آئی۔ ای۔ ایس۔ (ریٹائرڈ)	(۳)
(۳)	تجلّیات	جناب تابش دہلوی	(۶)
(۴)	نکات	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۷)
(۵)	قسم	جناب بیزار لکھنوی	(۸)
(۶)	دورِ حاضر اور اردو غزلگوئی	ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی، (لندن)	(۹)
(۷)	اُردو شاعری کے استعارے اور تشبیہات	جناب آغا محمد اشرف ایم۔ اے	(۲۱)
(۸)	انبیری مل	مصوّرِ ظرافت مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ بی۔ اے، ایل ایل۔ بی،	(۲۵)
(۹)	بے پرکی	"آوارہ"	(۳۳)
(۱۰)	کیا ہوا	جناب گنگا دھر ناتھ فرحت کانپوری۔ بی۔ اے، ایل ایل۔ بی،	(۴۸)
(۱۱)	خواب کا معمار	جناب عبدالقیوم باقی۔ ایم۔ اے، (عثمانیہ)	(۴۹)
(۱۲)	خدمتگار	محترمہ عصمت چغتائی۔ بی۔ اے،	(۶۰)
(۱۳)	مقصدِ حیات	جناب علی منظور حیدرآبادی	(۷۲)
(۱۴)	ایک انوکھی انجمن	"جہاں نورد"	(۷۳)
(۱۵)	انتقام	جناب ایس احمدؔ۔ بی۔ اے، بی۔ ٹی۔	(۷۷)
(۱۶)	اے حسنِ سراپا	جناب شاؔد عارفی	(۸۴)
(۱۷)	شکریۂ کشمیر	جناب الطاف مشہدی	(۸۴)
(۱۸)	ناظمِ نشرگاہِ صوت دہلی کی تقریر الخ	شاہد احمدؔ	(۸۵)
(۱۹)	افسانۂ محبت و عورت	جناب عطاء اللہ پالوی	(۸۹)
(۲۰)	حیاتِ دوام	از سُدرشن۔ مترجم جناب رفیع الزماں خاں؛	(۹۳)
(۲۱)	اشتہارات	مشتہرین	(۹۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

اکثر حضرات دریافت فرماتے ہیں کہ ساقی میں کس قسم کے مضامین شائع ہوتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ آپ ساقی کا کوئی پرچہ ملاحظہ فرمالیں۔ اس سے کچھ نہ کچھ اندازہ ضرور ہوجائیگا۔ مضمون نگاروں کی تعداد ماشاء اللہ بڑھتی جاتی ہے اور ہمیں اپنی بے بسی کا احساس اس وقت ہوتا ہے جب کوئی اچھا مضمون جگہ نہ ہونے کی وجہ سے واپس کرنا پڑتا ہے۔ ساقی کا معمولی پرچہ (۹۶) صفحات کا ہوتا ہے۔ اور اس میں بھی تقریباً نصف صفحات باریک لکھوانے پڑتے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ اچھے مضامین شامل ہوجائیں۔ اس پر بھی اکثر حضرات کو شکوہ ہے کہ اُن کے مضامین ساقی میں شائع تو کئے گئے مگر باریک لکھوائے گئے۔ افسوس ہے کہ محدود صفحات میں غیر محدود مضامین سمانے کا کوئی طریقہ ابھی تک دریافت نہیں کیا گیا۔ اُمید کہ آپ ہمیں مجبور سمجھکر معاف فرمائیں گے اور اس کا فیصلہ ہم پر چھوڑ دیں گے کہ آپ کا مضمون کس طرح شائع کیا جائے۔ بعض حضرات اپنے احباب کے اصرار پر ساقی کیلئے کوئی غزل یا ادبِ لطیف کا کوئی شذرہ بھیجتے ہیں۔ انہی خدمت میں عرض ہے کہ وہ کسی کے اصرار پر ساقی کو مرہونِ منّت نہ فرمائیں۔ ساقی ویسے ہی بہت زیرِ بار احسان ہے۔ آپ اپنی طبیعت سے اگر کچھ بھیجنا چاہیں تو بھیجدیں۔ اگر ہم مناسب سمجھیں گے اور گنجائش دیکھیں گے تو شکریہ کے ساتھ شائع کردینگے۔

سالنامہ ساقی کے لئے ادبیاتِ عالم کے دو زبردست شاہکار موصول ہوئے ہیں۔ ایک شہرۂ آفاق ڈرامہ نگار شیکسپیر کا ڈرامہ "کنگ لیئر" ہے جسے مولانا عنایت اللہ دہلوی نے اُردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور دوسرا کرسٹوفر مارلو کا فاؤسٹ ہے جسے محترمہ فرخندہ اختر بیگم صاحبہ نے اُردو کا جامہ پہنایا ہے۔ پنجاب کے مشہور انشا پرداز حضرت ایم۔ اسلم کا ایک طویل و لکش افسانہ، چغتائی صاحب کا مزاحیہ افسانہ، اور محترمہ عصمت چغتائی کا طنزیہ ڈرامہ سالنامہ کے لئے موصول ہوچکا ہے۔ مضامین اور مضمون نگاروں کی مفصل فہرست آئندہ اشاعت میں پیش ہوگی۔

نغمۂ نور:۔ اُردو کے ہر دلعزیز شاعر حضرت ہزار لکھنوی کا دیوان ساقی بک ڈپو کے اہتمام سے تیار ہورہا ہے۔ اس دیوان کا نام "نغمۂ نور" تجویز کیا گیا ہے اور اُمید ہے کہ نومبر کے پہلے ہفتے تک "نغمۂ نور" آپ تک پہونچ سکے گا۔ کوشش کی جارہی ہے کہ دیوان نہایت خوشنما شائع ہو اور اُس کی قیمت بھی کم سے کم رکھی جائے تاکہ شائقین آسانی سے حاصل کرسکیں۔

دلّی ریڈیو اسٹیشن کے بارے میں ایک مضمون اس اشاعت میں شامل ہے۔ ریڈیو کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا۔ گھر گھر اس کا چرچا ہوتا جاتا ہے۔ ضرورت ہے کہ ریڈیو اسٹاف کی بدعنوانیوں پر نکتہ چینی کی جائے تاکہ ان کا انسداد ہوجائے۔ آئندہ مضمون میں ہم نئی بدعنوانیوں کے اسباب پیش کریں گے اور بتائیں گے کہ پبلک کا لاکھوں روپیہ کس طرح برباد کیا جارہا ہے۔

شاہد

ہندوستانی ناٹک

اور

آغا حشر مرحوم

ہمارے ملک میں ناٹک بہت پرانا فن ہے اور آج سے تقریباً دو ہزار سال پہلے اس فن نے اس قدر فروغ حاصل کیا تھا کہ سوائے یونان کے اُس قدیم زمانہ میں اس کی نظیر کسی اور ملک میں نہیں ملتی تھی آج کل کے ہندوستانی ناٹک کو اُس قدیم سنسکرت ناٹک سے بہت کم واسطہ ہے۔ اس کو شروع ہوئے سو سال سے زیادہ نہیں ہوئے اور سنیما کی روز افزوں مقبولیت کی وجہ سے اُس کی آئندہ ترقی کی اُمید بہت موہوم معلوم ہوتی ہے۔ عام خیال ہے کہ ہندوستانی ناٹک کے اس نئے دور کا آغاز امانت لکھنوی کی اندر سبھا سے ہوا۔ شاہانِ اودھ کے دربار میں یوروپین اثر بہت غالب تھا۔ انکی عمارت وغیرہ میں بھی یوروپین صناعی کا رنگ بہت نمایاں ہے قیاس کیا جاتا ہے کہ کسی یوروپین نے اُن کو مغربی ڈراما کا شوق دلایا اور اُس شوق کو پورا کرنے کے لئے اندر سبھا قائم ہوئی جس میں رنگیلے پیا جانِ عالم خود راجہ اندر بنتے تھے اور دربار کے ارباب نشاط دیو اور پریوں کا سوانگ بھرتے تھے۔ یہ قیاس کہ جدید ہندوستانی ناٹک دیسی ادبیات کے طبعی ارتقا کا نتیجہ نہ تھا بلکہ ایک فرمانروا کے حکم سے اور اُس کے سامانِ عیش وطرب میں اضافہ کرنے کیلئے وجود میں آیا تھا اس واقعہ کی وجہ سے بہت قوی ہوجاتا ہے کہ اندر سبھا کے بعد کچھ عرصہ تک کسی اور ناٹک کا پتہ نہیں چلتا۔ بعد ازاں بمبئی کے پارسیوں کو کسی خیراتی کام کے لئے روپے کی ضرورت پیش آئی اور چونکہ انہوں نے مغربی اثرات کو اور ہندوستانیوں کے مقابلہ میں زیادہ جلدی قبول کیا تھا اس روپے کی فراہمی کی یہ تدبیر اختیار کی گئی کہ تعلیم یافتہ اور اچھے گھرانوں کے پارسی نوجوانوں نے ایک ناٹک قائم کیا جس نے رفتہ رفتہ ایک باقاعدہ تھیٹریکل کمپنی کی صورت اختیار کرلی۔ اس تھیٹریکل کمپنی نے ہندوستان کے بڑے بڑے شہروں کے علاوہ انگلستان کا بھی دورہ کیا جو مالی پہلو سے اُس کے لئے تباہ کُن ثابت ہوا۔ لیکن اب ناٹک کا مذاق عام طور پر ہندوستان میں پیدا ہوگیا تھا اور ایک تھیٹریکل کمپنی کی جگہ کئی اور کمپنیاں پیدا ہوگئیں جو ملک کے مختلف حصّوں میں دورہ کرتی پھرتی تھیں۔ اگرچہ پارسیوں کی عام زبان گجراتی تھی لیکن ناٹک کے معاملے میں انہوں نے اُردو کو ترجیح دی۔ انہوں نے اپنی مسلّمہ تجارتی ذہانت سے اس حقیقت کو محسوس کرلیا کہ اُردو ہی ایک زبان ہے جس کو ہندوستان کے ہر گوشے کے لوگ کم وبیش سمجھ سکتے ہیں لیکن چونکہ اُردو ادبیات سے چنداں واقفیت نہ تھی اس لئے شروع میں جو ناٹک لکھے گئے اُن کی زبان عموماً غیر فصیح اور ناقص تھی۔ یہ ناٹک زیادہ تر اندر سبھا کے نمونے پر تھے۔ یعنی ان میں نثر سے زیادہ نظم کا حصہ تھا، اور گفتگو سے زیادہ گانے کی کثرت تھی اُن کا مضمون بھی اندر سبھا کی مانند واقعیت سے دُور اور عجیب وغریب باتوں سے بھرپور تھا۔ اُن کے پلاٹ عموماً الف لیلہ یا اور مشرقی داستانوں سے اخذ کئے گئے تھے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ناٹک کے بانیوں کے پیشِ نظر نو نے کے طور پر ڈراما کی وہ صنف تھی جو یورپ میں زیادہ تر بچّوں کی تفریح کے لئے مخصوص رہی ہے اور جسکو (Pantomime) کہتے ہیں۔ شاید اُس زمانے کے ناٹک کے تماشائی ذہنیت اور تخیل کے اعتبار سے یورپ کے بچّوں سے بہت بالاتر نہ تھے۔ اس ناٹک کا ایک

اور وصف جو عین مشرقی طبائع کے موافق تھا اس کا مذہبی اور اخلاقی میلان تھا مشرقی انسانوں کا مقصد عموماً تفریح کے ساتھ مذہب اور اخلاق کی تعلیم بھی ہوتا ہے اور یہ مقصد ابتدا سے ہمارے ناٹکوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ جبکہ جب اس جدید ناٹک نے ذرا اور ترقی کی تو یہ اخلاقی رنگ زیادہ گہرا ہوگیا۔ ہریش چندر، گوپی چند، وغیرہ ناٹک جو وسطی دور میں لکھے گئے دھرم کے پرچار کے لئے بالکل وقف معلوم ہوتے ہیں یہ مذاق معلوم ہوتا ہے کہ اب تک قائم ہے، صرف فرق اتنا ہے کہ پرانی قسم کی اخلاقی اور مذہبی تعلیم کی جگہ اب سماج سدھار اور حب وطن کے جذبات نے لے لی۔

آغا حشر نے جب ناٹک کے میدان میں قدم رکھا اس وقت اندر سبھا، ہوائی مجلس، علاء الدین کا عجیب وغریب چراغ، علی بابا اور چالیس چور وغیرہ کی قسم کے تماشوں سے لوگ اکتا گئے تھے اور مغربی تعلیم کے اثر سے مشرقی غلط گوئی کا ذوق کسی قدر کم ہوگیا تھا۔ جس طرح شاعری اور افسانہ نگاری میں مغربی اثرات نے ایک انقلاب پیدا کر دیا تھا اسی طرح ناٹک کے دلدادہ اس فن میں بھی کسی نئے نمونہ کے منتظر تھے اور جس طرح نئی افسانہ نویسی کا آغاز انگریزی ناولوں کے ترجمے یا تقلید سے ہوا اسی طرح نئے ناٹک کی ابتدا بھی انگریزی ڈراما کی نقل سے ہوئی۔ انگلستان کے ڈرامہ نویسوں میں شیکسپیئر کا جو مرتبہ ہے اس کو سب جانتے ہیں۔ اس لئے ہمارے ناٹک بنانے والوں کی توجہ سب سے پہلے اسی کی جانب ہوئی اور اس کے بعض مشہور ڈرامے مثلاً ہیملٹ اور رومیو اینڈ جولیٹ وغیرہ ایشیائی لباس سے مزین ہوکر ہمارے اسٹیج پر جلوہ گر ہوئے۔ شیکسپیئر کے علاوہ بعض اور مغربی ڈرامہ نگاروں کا بھی ہمارے ناٹک پر احسان ہے مثلاً جس ناٹک سے آغا حشر کی شہرت کا آغاز ہوا وہ شیریڈن کے ڈرامے (The Rivals) کا ترجمہ "اسیر حرص" تھا جس کی پہلی نمائش غالباً ۱۸۹۵ء میں ہوئی تھی مجھکو وہ زمانہ بخوبی یاد ہے۔ لارڈ کرزن نے شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم کی تاجپوشی کے اعلان کے لئے دہلی میں دربار منعقد کیا تھا اور ہندوستان کی ہر ایک سمت سے لاکھوں آدمی اس تقریب سے جمع ہوگئے تھے۔ جیسا کہ ایسے موقعوں پر عموماً ہوا کرتا ہے مختلف قسم کے کھیل تماشے بھی موجود تھے لیکن سب سے زیادہ دھوم الفریڈ تھیٹریکل کمپنی کی تھی جس کو مسٹر کاؤس جی کھٹاؤ نے کچھ دنوں پہلے قائم کیا تھا۔ کھٹاؤ خود بہت اچھا ایکٹر تھا۔ خصوصاً ٹریجک پارٹ (یعنی غم والم کے جذبات کو ادا کرنے میں) اس کی خاص شہرت تھی۔ اس کے ساتھ چند اور بھی اچھے اچھے ایکٹر (یعنی اداکار) شریک تھے ہر شب کو پنڈال تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہوتا تھا۔ آگے کے دو جول کی نشستیں کئی دن پہلے سے رک جاتی تھیں اور ایک ہی تماشا تھا جو کئی ہفتوں تک برابر ہوتا رہا یعنی آغا حشر کا اسیر حرص جس کو لوگ بار بار دیکھنے آتے تھے اور جس کی ہر دلعزیزی اب تک قائم ہے۔ اگر ہم شیریڈن کے ڈرامہ کا "اسیر حرص" سے مقابلہ کریں تو ہم معلوم کر سکتے ہیں کہ ہمارے ناٹک نویس مغربی ڈرامے کو مشرقی قالب میں ڈھالنے کیلئے کیا ترکیبیں کرتے تھے۔ اس خاص معاملے میں آغا حشر کو موجد قرار دینا انصاف کے خلاف ہوگا۔ کیونکہ ان سے پہلے سید دلدار حسن احسن لکھنوی بھی یہی ترکیبیں اپنے شیکسپیئر سے ماخوذ ناٹکوں میں استعمال کر چکے تھے۔ صرف سوال یہ ہے کہ کون زیادہ خوش اسلوبی کے ساتھ ان کو نباہتا ہے۔ میں اس سوال کا جواب دینے کی ضرورت نہیں سمجھتا کیونکہ مجھ کو فی الحال حشر سے سروکار ہے۔ شیریڈن کا "پیزارو" تاریخی ڈرامہ ہے، جس کی بنیاد امریکہ میں ہسپانوی فتوحات کے بعض واقعات ہیں۔ حشر کے "اسیر حرص" میں اس تاریخی اور جغرافیائی عنصر کو بالکل نظر انداز کر دیا ہے۔ اس کے ناٹک کے واقعات اور اشخاص کسی خاص زمانہ اور وقت سے تعلق نہیں رکھتے بلکہ اس خیالی سرزمین سے تعلق رکھتے ہیں جو شاعروں اور نوعمر بچوں کی مشترکہ ملک خیال کی جا سکتی ہے۔ شیریڈن کا ڈرامہ اول سے آخر تک ایک مضحکہ خیز داستان (ٹریجیڈی) ہے جس میں مزاح وظرافت کی کوئی جھلک نظر نہیں آتی۔

حالانکہ مزاح و ظرافت میں شیر پٹن کو بہت دستگاہ حاصل تھا۔ حشر کے ناٹک میں نہ صرف مزاح و ظرافت کا ایک بہت بڑا حصہ ہے بلکہ اس کے انجام میں بھی اس طرح تصرف کر دیا گیا ہے کہ بجائے افسردگی اور غم کے ساتھ ختم ہونے کے ہنسی خوشی ختم ہوتا ہے۔ حشر کے ناٹک کی جان حماقت بیگ اور اُن کی بوالہوسی کی داستان ہے۔ جس کو حشر نے یقیناً شیکسپیر کے (Merry wives of Windsor) سے بہت حد تک اخذ کیا ہے۔ لیکن اُنہوں نے جس کو کچھ شیکسپیر سے لیا ہے اس کو اس طرح تبدیل کیا ہے کہ مشکل سے پہچانا جاتا ہے۔ ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ حشر کو کم از کم "اسیر حرص" کی تالیف کے زمانے میں انگریزی ادب اور شاعری سے بہت کم واقفیت تھی۔ اُن کے متعلق اُس وقت عام طور پر یہ مشہور تھا کہ وہ خود شیکسپیر یا شیر پٹن کے ڈراموں کو پڑھنے یا سمجھنے کی اہمیت نہیں رکھتے۔ کسی اپنے دوست سے ترجمہ کرواتے ہیں اور پھر اُس کو اپنی زبان میں لکھ ڈالتے ہیں۔ اگر یہ بات صحیح ہے تو اس سے حشر کے کمال فن پر کوئی حرف نہیں آتا۔ کیونکہ شیکسپیر کو بھی لاطینی اور یونانی زبان داں سے بہت کم لگاؤ تھی، تاہم اُس نے یونان اور روما کی تاریخ و معاشرت سے متعلق ڈرامے لکھے ہیں۔ جن کا سامان اُس نے غالباً اسی طرح کے ناقص ترجمانوں سے فراہم کیا تھا۔ بہرحال "اسیر حرص" نے آغا حشر کو اپنے سب ہم عصراور پیشہ ور ناٹک نویسوں سے آگے بڑھا دیا۔ "مریدِ شک" "صید ہوس" اور "مار آستین" وغیرہ نے جو شہرت شیکسپیر کے ڈراموں پر پڑھی ہے اُنکے وقار و شہرت کو بالکل نظر انداز کر دیا۔ اگر ان ناٹکوں کو مجموعی طور پر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ حشر نے اس زمانے کے مروجہ ناٹک کو کسی پہلو سے بہتر بنانے کی کوشش نہیں کی ہے تعلیم یافتہ اور صاحب ذوق تماشائی اس ناٹک میں کسی لطف خصوص کو نہیں پا سکتے تھے۔ اندر سبھا کے زمانہ سے لیکر اس وقت تک ہندوستانی ڈراما ۔۔۔۔۔ آپرا (Opera) یا میوزیکل کامیڈی سے مشابہ تھا یعنی سوائے ہنسی مذاق کے جو عموماً سُنہ میں ہوتا تھا۔ ناٹک کی سب کارروائی گانے کے ذریعہ سے ہوتی تھی۔ اگر ہیرو کو ہیروئن سے اپنی اُلفت کا اظہار مقصود ہوتا تھا تو کوئی خوبصورت چھیڑ دیتا تھا اور ہیروئن اُس کا جواب ٹھمری میں دیتی تھی۔ اگر کسی جنرل کو اپنی مردانگی اور شجاعت کی دھاک بٹھانی منظور ہوتی تھی تو کاہ شروع کر دیتا اور اُس کی فوج اُس کے ساتھ سُر ملاتی تھی۔ اگر کوئی ماں اپنے جوانمرگ بیٹے کا ماتم کرتی تو تان سُر کے ساتھ اور انتہا یہ ہے کہ اگر اسٹیج پر کسی کی موت کا منظر دکھایا جاتا تھا تو مرنے والا مرتے مرتے بھی لے کو نہیں چھوڑتا تھا۔ اگرچہ اکثر تماشائی گانے کی اس فراوانی کو پسند کرتے تھے اور تھیٹریکل کمپنی کی کامیابی اچھے ایکٹروں سے زیادہ اچھے گانے والوں پر منحصر ہوتی تھی۔ لیکن جو لوگ عامیانہ مذاق سے بالاتر ہونیکا دعویٰ رکھتے تھے اُسے ناپسند کرتے تھے علاوہ بریں ان ناٹکوں میں جو شعر ہوتی تھی وہ بھی حد درجہ کی تصنع آمیز اور متفی قافیہ کی رعایت شاید ایکٹروں کے حافظہ کی امداد کے خیال سے اختیار کی گئی ہو۔ ممکن ہے کہ اس زمانہ کے بعض مقبول عام فقرے مثلاً فسانۂ عجائب وغیرہ کی عبارت آرائی کا عکس ہو۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ یہ قافیہ پیمائی بعض دفعہ بہت ناگوار گذرتی تھی۔ حشر کیلئے تو ممکن نہ تھا کہ وہ اپنے ناٹک میں سے گانے اور متفی گفتگو کو بالکل خارج کر دیں تاہم انہوں نے حتی الامکان گانے کے بیجا استعمال کو روکنے کی کوشش کی اور اس کے مقابلہ میں محض الفاظ کو اظہار جذبات کا ذریعہ بنایا۔ نثر کو قافیہ کی قید سے آزاد کیا اور اگر متفی عبارت لکھی بھی تو سلیقہ کے ساتھ۔ نفس مضمون، پلاٹ وغیرہ کے لحاظ سے بھی جیسا کہ میں ابھی ذکر کر چکا ہوں اُن کے ناٹک کے ماخذ زیادہ اعلیٰ تھے۔ یعنی انہوں نے شیکسپیر اور مغربی ڈراما کے خرمن سے خوشہ چینی کی تھی تعلیم یافتہ جماعت نے پرانے ناٹکوں کے مقابلہ میں اس نئے ناٹک کو زیادہ پسند کیا اور رفتہ رفتہ اسکی ہر دلعزیزی عوام تک بھی سرایت کر گئی۔ لیکن اس ہر دلعزیزی کا سب سے بڑا سبب نہ ان کی ظرافت تھی جو عموماً سرعام اور سرقاش کے انسانوں کو خوش کر سکتی ہے مزاحیہ مواقع کی ایجاد اور ظریفانہ گفتگو لکھنے میں حشر کو

خاص ملکہ تھا۔ پرانے سنسکرت ناٹک کے بعض نقاد کہتے ہیں کہ ہندوستان کے ناٹک نویس ٹریجیڈی میں اپنے کمال کا اظہار نہیں کر سکے۔ یعنی جب وہ غم والم یا افسردہ جذبات کا اظہار کرتے ہیں تو اُن کا پیرایہ بیان مصنوعی اور غیر موثر ہو جاتا ہے۔ یہ کمی حشر میں بھی موجود ہے۔ لیکن ان میں ایک اور چیز کی بھی کمی ہے۔ جو سنسکرت ناٹک میں بدرجہ غایت موجود ہے۔ اور وہ شاعری ہے۔ حشر مرحوم نے کثرت سے اشعار اور نظمیں لکھی ہیں لیکن اُن کی شاعری تکلف آمیز شاعری تھی اور اس میں وہ جذباتی کیفیت موجود نہیں جو بڑے شعرا کا حصہ ہوتا ہے۔ حشر دُنیا کے اور کامیاب ناٹک نویسوں کی مانند اپنی پبلک کو خوب پہچانتے تھے اور ذوقِ عامہ کے اتار چڑھاؤ کو خوب جانتے تھے۔ جب ہندوستان میں قومی تحریک شروع ہوئی اور اس کے ضمن میں ہند کی قدیمی روایات کے احیا اور ہندوستانی معاشرت کی اصلاح کا ذوق پیدا ہوا تو حشر نے شیکسپیر اور شیریڈن کو خیرباد کہی اور رامائن اور مہابھارت کی ورق گردانی شروع کی۔ اُردوئے معلیٰ کو ترک کر کے اس قسم کی مخلوط زبان اختیار کی جس کو ہندی ہندوستانی کہتے ہیں۔ معاشرت کی خرابیوں کا خاکہ اُڑانے اور اصلاحی مقاصد کو فروغ دینے کے لئے دھارمک اور سماجک ناٹک لکھے اور آخیر کار سنیما کی روز افزوں ہر دلعزیزی کو دیکھتے ہوئے ناٹک کو چھوڑ کر (Fiction) فلم کی جانب توجہ کی۔ ممکن ہے کہ بعض لوگ اُن کے ان آخری ناٹکوں کو اُن کے ابتدائی ناٹکوں پر ترجیح دیتے ہوں لیکن میں اور میرے ساتھ کے اور بہت سے لوگ جو حشر مرحوم کے سب سے پہلے معترضین تھے اُن کو انہیں (Romantic ــــــ) ناٹکوں کی وجہ سے یاد رکھیں گے جن کی بدولت اُن کی شہرت کا آغاز ہوا۔ سنیما نے دُنیا کے تقریباً سب ملکوں میں اسٹیج کا کساد بازاری کر دیا ہے اور اس ملک میں تو ناٹک کا شوق تقریباً معدوم ہو گیا۔ ان حالات میں اُمید نہیں کہ مدت دراز تک کوئی اُردو زبان میں ناٹک لکھنے والا حشر پیدا ہو، جو عام شہرت اور مقبولیت حاصل کر سکے۔

محمد سعید

تجلّیات

زیرِ لب رہا نالۂ درد کی دوا ہو کر ۔۔۔ آ ہی نے سکوں بخشا آہ نارسا ہو کر
کر دیا تعیّن سے ذوقِ عجز کو آزاد ۔۔۔ نقشِ سجدہ نے میری تیرا نقشِ پا ہو کر
سانس بن گیا گھٹ کر سینہ میں ہر انگارہ ۔۔۔ ہم تھے زندگی پائی درد آشنا ہو کر
فرطِ غم سے جیسں ہوں غم ہو غم نہ ہونیکا ۔۔۔ درد کر دیا پیدا درد نے دوا ہو کر
گرمیِ نوا سے خود پھونکدیں نشیمن ہم ۔۔۔ کیوں رہیں گلستاں میں مورِ بلا ہو کر
ہو چکے ہیں شل بازو، ہو نہ ہمتِ پرواز ۔۔۔ ہم رہا نہ ہو پائے قید سے رہا ہو کر
حسرتیں نکلتی ہیں، میری جان جاتی ہے ۔۔۔ دم لبوں پہ آتا ہے حرفِ مدعا ہو کر
غم پہ غم مجھے دیکر غم سے کر دیا محروم ۔۔۔ کیا ملا زمانے کو صبر آزما ہو کر

رنج عیش ہے باقی اب نہ عیش غم تا بش
کچھ خبر نہیں مجھ کو رہ گیا ہوں کیا ہو کر

تابش دہلوی

(سلسلہ ۹)

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی

طومارِ اغلاط

(اکیسویں صدی کی ایک ادبی صحبت)

۱۹۳۸ء۔ اُردو اکاڈیمی الہ آباد کا سالانہ جلسہ۔ اہلِ علم کا مجمع ہے۔ ہال کھچا کھچ بھرا ہے۔ ڈاکٹر شانتی سروپ نگم، رسالہ "اکیسویں صدی" کے فاضل ایڈیٹر، لالہ مکھن لال تحقیق مرحوم کے متعلق ایک تحقیقی مقالہ پڑھ رہے ہیں۔ تحقیق اپنے زمانہ کے ایک بلند پایہ مصنف اور ایک زبردست شاعر تھے۔ علمی تحقیقات کا آپ کو بے انتہا شوق تھا۔ اسی مناسبت سے تحقیق تخلص اختیار کیا تھا۔ آپ مدت تک بنارس ہندو یونیورسٹی میں عربی اور فارسی کے پروفیسر رہے۔ ۱۹۳۶ء میں بسن ہفتاد سالگی وفات پائی۔

ڈاکٹر شانتی سروپ نگم اپنا مقالہ پڑھتے پڑھتے ایک منٹ کیلئے ٹھہر جاتے ہیں۔ رومال سے چہرے کا پسینہ پونچھتے ہیں اور تھوڑا سا پانی پی کر پھر اس طرح گویا ہوتے ہیں:۔

"حضرات! ابتک میں نے تصویر کا ایک رُخ آپ کے سامنے پیش کیا ہے یعنی تحقیق مرحوم کے صرف محسنات کلام سے بحث کی ہے۔ اب ذرا تصویر کے دوسرے رخ پر بھی نظر ڈال لیجئے۔ غلطی کس سے نہیں ہوتی۔ بھول چوک انسان کی فطرت ہے۔ لیکن یہ دیکھکر حیرت ہوتی ہے کہ مکھن لال تحقیق جیسا فاضل اجل اور اس قسم کی فاش غلطیاں کرے۔ حضرات! آپ باور کیجئے کہ میرے دل میں مرحوم کی بڑی عزت ہے۔ ان کے اغلاط پیش کرنے سے میرا مقصود اُن کی ممکنہ شہرت کو داغ لگانا ہرگز نہیں بلکہ اس ناخوشگوار فرض کو ادا کرنا ہے جو امین استقامت کی رُو سے مجھ پر عائد ہوتا ہے۔ تحقیق مرحوم کے اکثر تلامذہ اس جلسہ میں موجود ہیں۔ اُن کے جذبات کا احترام بھی لازمی ہے اور اس امر کا لحاظ بھی کہ دیگر حضرات بھی بے لطف نہ ہوں اس لئے میں صرف چند مثالوں پر اکتفا کرونگا۔

تحقیق کا ایک مشہور شعر ہے اور حق یہ ہے کہ اس لغزش سے قطع نظر جس کی طرف میں اشارہ کرنے والا ہوں یہ شعر نہیں بلکہ کلیجہ میں اُتر جانے والا ایک نشتر الماس ہے۔ سُنئے:۔

غنچہ ہائے متبسم دیکھکر بھر آیا دل۔ آہ اُن کی عادت تھی یوں ہی مسکرانے کی

"متبسم" متحرک کا ہموزن ہے لیکن تحقیق نے "ت" ۔ بس۔ "سم" باندھا ہے۔ یعنی "ت" جو متحرک تھی اُسے ساکن کردیا۔ یہ تصرف سراسر بیجا ہے۔ مستند اساتذہ کے یہاں اسکی مثال نہیں مل سکتی۔

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:۔

غمزہ دلستاں ترا، دشنہ جاں شکر سہی میری بھی آہ نیم شب نشتر دلفگار ہے

حقیقت یہ ہے کہ لاجواب شعر کہا ہے مگر "دلفگار" کی ترکیب محلِ نظر ہے۔ تحقیق نے "دل فگار" کے معنی "دل کو زخمی کرنے والا" سمجھے ہیں مگر ایسا سمجھنا فاحش غلطی ہے۔ "دل فگار" کے معنی ہیں "ایسا شخص جس کا دل زخمی ہو" دلفگار اسم فاعل اُس وقت ہوسکتا تھا جبکہ

"فگار" صیغۂ امر ہوتا کیونکر اسم فاعل قیاسی "فگر" اسم اور امر کی ترکیب سے بنتا ہے جیسے اسی شعر میں "دل ستاں" اور "جاں شکر" لیکن "فگار دیدن" نہ کوئی مصدر ہے نہ "فگار" اس کا امر۔ پھر "دلفگار" کے معنی "دل کو زخمی کرنے والا" کیونکر ہو سکتے ہیں؟

ایک اور رنگین شعر سنیئے:۔

طوفانِ رنگ و بُو ہے وہ غیرتِ بہاراں گل ہی ہے یاسمن ہی، نسریں ہی یا نسترن ہی

شعر کیا ہے ایک گلدستہ بلکہ "دامانِ باغبان و کفِ گلفروش ہے" لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جناب تحقیق نے بلا تحقیق نسرین و نسترن کو لفظی اختلاف کی بنا پر دو مختلف پھول سمجھ لیا حالانکہ ان دونوں اسموں کا مسمّٰی ایک ہی ہے۔ ع بی میں جسے نسرین کہتے ہیں فارسی میں اسی کا نام نسترن ہے۔

اس قسم کی لغزشوں کے علاوہ تحقیق کے یہاں زبان و قواعد کی غلطیاں بھی پائی جاتی ہیں۔ مثلاً:۔

برابر سے بیگانہ وش کیوں نہ گذریں وہ تحقیق کو جانتے ہی نہیں ہیں

اُردو زبان کا یہ ایک مسلّمہ قاعدہ ہے کہ فعل حال کو جب مثبت سے منفی بنایا جاتا ہے تو اُس کے آخر سے "ہے" "ہوں" اور "ہیں" کو گرا دیتے ہیں اور اس کے پہلے علامت نفی لگا دیتے ہیں۔ مثلاً:۔

فعل حال مثبت	وہ مجھے جانتا ہے۔
فعل حال منفی	وہ مجھے نہیں جانتا۔
فعل حال مثبت	میں اسے جانتا ہوں۔
فعل حال منفی	میں اسے نہیں جانتا۔
فعل حال مثبت	ہم تمہیں جانتے ہیں۔
فعل حال منفی	ہم تمہیں نہیں جانتے۔

لیکن تحقیق مرحوم نے شاعر کے مصرع ثانی "وہ تحقیق کو جانتے ہی نہیں ہیں" میں زبان کے اس مسلّمہ قاعدے کی خلاف ورزی کی ہے "وہ تحقیق کو جانتے ہی نہیں" کے بجائے "ہیں" بالکل زائد اور محض بیکار ہے۔

نظم صاحب کا مضمون ختم ہوتے ہی تالیوں کے شور سے ہال گونج اٹھا۔ ذرا سے وقفہ کے بعد صدر جلسہ مولوی فضل حق صاحب وکیل آبادی نے کھڑے ہو کر فرمایا کہ حضرات اگر نظم صاحب کے مقالہ کے متعلق اگر کوئی صاحب اظہار خیال کرنا چاہیں تو اسٹیج پر تشریف لے آئیں جلسہ کی آخری صف میں سے ایک دبلے پتلے مولانا آگے بڑھے۔ تحقیق کے ارشد تلامذہ میں آپ کا شمار ہے۔ حقایقی آپکا تخلص اور ابو الخیرات عبداللہ وسیم آپ کا نام ہے۔ اسٹیج پر پہونچکر آپنے اپنا فوٹو امیز پر رکھدیا۔ کھنکار کر آواز صاف کی اور بولے:۔

"حضرات! میں نہ عالم ہوں نہ فاضل۔ نہ محقق نہ دانشمند۔ اور نہ بقول چچا سعدی کے "چار پائے بر وکتابے چند" البتہ استاد مرحوم کے فیض صحبت سے بلبت کو شعر و سخن سے ایک لگاؤ سا پیدا ہو گیا ہے۔ اسی بنا پر میں نے اس وقت آپ حضرات کے سامنے اظہار خیال کی جرأت کی ہے۔ فاضل مقرر نے حضرت تحقیق کے کلام پر جو اضافہ کئے ہیں مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وہ محض ان کی ناواقفیت کا نتیجہ ہیں۔ استاد مرحوم اکثر فرمایا کرتے تھے کہ میاں حقایقی! ہم نے اپنے پندرہ ہزار اشعار کے دیوان

ہیں ایک لفظ بھی ایسا نہیں لکھا جس کی سند اساتذۂ متقدمین و متاخرین کے یہاں نہ دیکھ لی ہو۔ فاضل مقرر نے "متبسم" پر اعتراض کیا ہے اور اس دعوے کے ساتھ کہ مستند اساتذہ کے یہاں اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ میں عرض کرتا ہوں کہ دور جانے کی ضرورت نہیں۔ بیسویں صدی کے مسلم الثبوت استاد علامہ اصغر گونڈوی کا یہ شعر سند میں پیش کر دینا کافی ہے:۔

عشق متبسم کہ یہ راز جہاں کی کائنات　　عقل سر گرداں کہ ہر ذرہ جہان راز ہے

جن لوگوں نے اصغر کی زندۂ جاوید تصنیف "نشاط روح" کے مقدمے پڑھے ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ یگانۂ روزگار بیسویں صدی کا رومی اور سنائی تھا۔ پھر جب اس نے متبسم کو "مت بس ہم" بروزن نادانی باندھا ہے تو کس کی مجال ہے کہ اس تلفظ کو غلط قرار دیکر حضرت تحقیق پر ایراد کر سکے۔

فاضل مقالہ نگار کے نزدیک استاد مرحوم کا یہ شعر:۔

غمزہ دلستاں ترا، دشنۂ جاں شکر سہی　　میری بھی آہ نیم شب نشتر دلفگار ہے

ہے تو لاجواب مگر اس میں "دلفگار" کی ترکیب محل نظر ہے۔ اور اس ترکیب کو غلط ثابت کرنے کے لئے موصوف نے فارسی زبان کا ایک قاعدۂ کلیہ بیان کیا ہے کہ اسم فاعل، اسم اور امر کی ترکیب سے بنتا ہے۔ میں یہ عرض کر دنگا کہ زبان پہلے بنتی ہے اور قواعد بعد میں۔ قواعد کا استنباط زبان ہی سے کیا جاتا ہے اس لئے کوئی قاعدۂ کلیہ نہیں ہو سکتا اور قدم قدم پر ہمیں مستثنیات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ دراصل اساتذۂ قدیم نے جس لفظ کو جس طرح باندھ دیا بس وہی صحیح ہے چاہے وہ از روئے قواعد زبان غلط ہی کیوں نہ ہو۔ لہذا اگر "دلفگار" کی سند کسی استاد کے یہاں مل جائے تو "دلفگار" کی ترکیب یعنی اسم فاعل درست ہے، ورنہ غلط۔

حضرات! جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں استاد مرحوم زبان کے معاملہ میں حد درجہ محتاط تھے اور ہمیشہ اساتذہ کا تتبع کیا کرتے تھے چنانچہ "دلفگار" کی ترکیب بھی انکی ایجاد نہیں بلکہ آج سے سو برس پہلے بیسویں صدی کا وہ شاعر یگانہ جو اپنے دیوان کے مستند مقدمہ نگار کے بقول رشک غالب اور فخر تیر تھا جس کا تخلص فانی اور جس کی شہرت باقی ہے، اس ترکیب کو مکرر استعمال کر چکا ہے۔ سنیئے:۔

نہیں کہ آہ میں تاثیر ہی نہیں لیکن　　یہ دلفگار، کبھی آسماں شگار ہوتی

فانی اس پایہ کا استاد تھا کہ جو کچھ اسکی زبان سے نکلتا تھا سند قرار پاتا تھا اور لوگ قواعد زبان کی پابندی سے یکسر بے نیاز ہو کر اس کی ایجاد کی ہوئی ترکیبوں کا استعمال باعث فخر سمجھتے تھے۔ چنانچہ یہی "دلفگار" کی ترکیب جسے ہمارے فاضل مقالہ نگار نے غلط قرار دیا ہے۔ فانی کے تتبع میں بیسویں صدی کے ایک اور زبردست محقق اور فاضل ادیب یعنی رگھوپتی سہائے فراق گورکھپوری نے بھی استعمال کی ہے۔ فراق کوئی معمولی آدمی نہ تھا۔ اسی الہ آباد یونیورسٹی میں انگریزی ادبیات کا پروفیسر تھا اور اردو تو اس کے گھر کی لونڈی تھی، جاننے والے جانتے ہیں کہ غزل کی حمایت میں اس کے تحقیقی مقالات نے سارے ہندوستان کو ہلا دیا تھا۔ خیر یہ بحث میرے موضوع سے خارج ہے۔ اب آپ فراق انجمانی کا وہ شعر سنیئے:۔

چلے ازل سے تو رکنے کا نام تک نہ لیا　　وہ نشتر دل ہستی فگار ہیں ہم لوگ

کہئے کیا اب بھی آپ کو دلفگار کی ترکیب کے صحیح ہونے میں کچھ شک ہے؟ کیا اب بھی آپ تحقیق مرحوم کو غلط گو قرار دیتے ہیں؟ نجم صاحب کا تیسرا اعتراض استاد مرحوم کے اس شعر پر ہے:۔

طوفانِ رنگ و بو ہے وہ غیرتِ بہاراں گل بھی ہے یاسمن بھی نسرین بھی نسترن بھی

آپ کا دعویٰ ہے کہ نسرین و نسترن ایک ہی پھول کے دو نام ہیں۔ شاید فی الواقع ایسا ہی ہو۔ مگر شاعرانہ طور سے حقائق سے بحث نہیں کرتا۔ اس کے لئے مفروضات کافی ہیں۔ اگر ہماری شاعری میں یہ امر تسلیم کر لیا گیا ہے کہ نسرین و نسترن دو مختلف پھول ہیں تو اب چاہے وہ ایک ہی سہی مگر شاعر کیلئے جائز ہے کہ وہ انہیں دو ہی سمجھے اور دو ہی لکھے۔ مثالیں تو بہت مل جائیں گی مگر میں ایک ایسے اُستاد کا کلام سند میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو صحتِ زبان کا بادشاہ تسلیم کیا جاتا ہے اور خود اس کے معاصرین نے بھی اس کی اس امتیازِ خصوصیت کا اعتراف کیا ہے چنانچہ بیسویں صدی میں مولانا تسلیم نامطقی ایک بزرگ گذرے ہیں جو کانپور میں کسی اسکول کے ہیڈ مولوی تھے۔ موصوف نرے مولوی ہی نہ تھے بلکہ ایک بلند پایہ شاعر اور ایک زبردست نقاد بھی تھے۔ انہوں نے آج سے ٹھیک سو برس پہلے یعنی جولائی ۱۸۳۳ء میں رسالہ شاہکار گورکھپور میں حضرت جگر مرادآبادی کو صحتِ زبان کا سرٹیفکیٹ عطا فرمایا تھا۔ اب سنئے جگر کا وہ معرکتہ الآرا بگل افشاں شعر:۔

گل و بنفشہ و نسرین و نسترن کیا خوب بہار و سایۂ ابر بہار کیا کہنا

اس سند کی موجودگی میں کون کہہ سکتا ہے کہ تحقیق مرحوم نے نسرین و نسترن کو بلا تحقیق و وجدانی سمجھ کر غلطی کا ارتکاب کیا۔ فاضل مقالہ نگار کا آخری اعتراض یہ ہے کہ فعل حال جب منفی ہو تو اس کے آخر میں "ہے" یا "ہیں" بالکل زائد اور بیکار ہے۔ لہٰذا تحقیق کے اس مصراع میں:۔ "وہ تحقیق کو جانتے ہی نہیں ہیں"

"ہیں" زائد محض اور غلط ہے۔ کسی اُستاد کا کوئی شعر اس وقت مجھے یاد نہیں آتا جو سند کے طور پر پیش کر سکوں مگر میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر تلاش کی جائے تو اس کی بہت سی مثالیں مل جائینگی۔

حاضرین میں سے ایک صاحب کھڑے ہو کر:۔ جنابِ صدر! اگر اجازت ہو تو تحقیق مرحوم کی تائید میں یہ خاکسار ایک شعر پیش کرے:۔

صدر:۔ فرمائیے!

وہ شخص:۔ سُنئے حضرات:۔

یوں شکر جو کرتے ہیں تیرے اداشناس گویا وہ جانتے ہی نہیں ہیں گلا ہے کیا

مولانا حقانی:۔ واہ واز بندۂ نجان اللہ کیا شعر پڑھا ہے۔ یقیناً یہ کسی اُستاد کا کلام ہے۔

وہ شخص:۔ جی ہاں یہ شعر بیسویں صدی کے بادشاہ متغزلین حضرت موہانی کا ہے۔

حقانی:۔ ہاں، وہ تو شعر کے تیور ہی بتا رہے ہیں۔ خدا اس مرحوم کی تربت پر اپنی رحمت کے پھول برسائے۔ حضرات! کیا اس برہانِ قاطع کے بعد حضرتِ تحقیق پر قواعدِ زبان کی خلاف ورزی کا اعتراض باقی رہتا ہے؟

آپ کو معلوم ہے کہ مقدمہ نگار دیوانِ حسرت کے بقول، حسرت اپنے زمانہ کا نظیری و فغانی تھا اور بقولِ خود رشکِ سعدی و جامی۔ میں پوچھتا ہوں کیا حسرت جیسے کامل الفن اُستاد سے قواعدِ زبان کی غلطی ہو سکتی ہے؟ اور اگر کسی کو اس پر اصرار ہو کہ نہیں یہ غلطی ہی ہے تو ہم کہیں گے کہ ایسی غلطی پر ہزار صحتیں قرباں ہیں جسے حسرت جیسے مسلم الثبوت اُستاد نے روا رکھا ہو۔"

یہ کہکر مولانا حقانی اسٹیج سے نیچے اتر آئے اور پھر ایکبار تالیوں کے شور سے ہال گونج اٹھا۔ نجم صاحب کے چہرے پر شرمندگی کے آثار طاری تھے۔ پیشانی سے عرقِ انفعال ٹپک رہا تھا۔ آج اُن کی ساری ہمہ دانی خاک میں مل گئی تھی۔ ان کی تحقیق کا پول کھل گیا تھا اور ہر شخص اُنہیں اس طرح دیکھ رہا تھا گویا وہ انتہا درجہ کے احمق واقع ہوئے ہیں۔

شاعر عیوب ہونا بلاشبہ ایک اچھی صفت ہے لیکن جہاں افراط و تفریط کا قدم درمیان میں آیا اور اعتدال سے تجاوز ہوا، فضائل اپنے بلند مرتبے سے گر کر رذائل کی پست سطح پر آجاتے ہیں۔ چنانچہ ایک نقاد کیلئے اس سے زیادہ شرمناک جرم اور کوئی نہیں ہوسکتا کہ وہ جان بوجھ کر کلامِ زیرِ نظر کے عیوب و اسقام پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرے۔ ہاں کسی لوآموز کی ہمت افزائی مقصود ہو تو تعریف میں تھوڑا سا مبالغہ اور عیوب سے چشم پوشی چنداں قابلِ اعتراض نہیں لیکن جب کلامِ "اساتذہ" کو معیارِ نقد پر کسا جائے تو صرف جوہرِ عقیدت کا مظاہرہ ایک شدید قسم کی گمراہی کے پھیلنے کا باعث ہوتا ہے۔ معاصرین میں تو صرف وہی لوگ دھوکا کھا سکتے ہیں جو اتنی استعداد نہیں رکھتے کہ بذاتِ خود کھوٹے کھرے کو پرکھ سکیں اور ناچار انہیں کسی "مستند" مقدمہ نگار کی رائے پر اعتماد کرنا پڑتا ہے۔ لیکن آنے والی نسلوں کیلئے مقدمہ نگاروں کی یہ "یار فروشی" از بس خطرناک ہے۔ نثر کے اِن مدحیہ قصائد یعنی دیوانوں کے مقدمات کو پڑھ پڑھکر اور اُن سے متاثر ہوکر آج عوام جن بزرگوں کو دورِ حاضر کے اساتذہ میں شمار کرتے ہیں، یہی بزرگ شہرتِ عام کی بنا پر اکیسویں صدی میں مسلم الثبوت اُستاد مانے جائیں گے اور اُس زمانے کے شعرا اپنے کلام کی صحت کے ثبوت میں انہیں "اساتذہ" کے اغلاط کو بطور سند پیش کیا کرینگے۔

گذشتہ صفحات میں اکیسویں صدی کی ایک ادبی صحبت کا جو خاکہ پیش کیا گیا ہے اُسے محض ایک خیالی چیز نہ سمجھنا چاہیئے۔ حالات بتا رہے ہیں کہ اغلاط کے اس بڑھتے ہوئے طوفانِ بے تمیزی کو اگر روکنے کی کوشش نہ کی گئی تو اگلی صدی میں یہ واقعہ رونما ہوکر رہیگا اور غریب اُردو کیلئے وہ بہت نازک وقت ہوگا جبکہ صحت زبان کا معیار اغلاطِ گذشتگاں کو ٹھہرایا جائے گا۔ اس لئے ضرورت ہے کہ آج جن لوگوں کا شمار اساتذہ میں ہے خواہ اُنکی شہرت کمالِ فن کی بنیاد پر قائم ہو یا محض ایک حادثہ کی حیثیت رکھتی ہو اُن کی غلطیوں پر آزادی کے ساتھ نکتہ چینی کی جائے تاکہ لوگ اُن کی عظمت و بزرگی سے مرعوب ہوکر اُن کے ہر لفظ کو وحی و الہام نہ سمجھنے لگیں بلکہ صحیح کو صحیح اور غلط کو غلط جانیں۔ اس بے لاگ انتقاد سے ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ حضرات شعرا خود بھی اپنی شہرت سے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ڈریں گے یعنی جو کچھ کہیں گے سوچ سمجھکر کہیں گے۔ اس طرح بھی اُردو ایک بڑی حد تک غلاط سے محفوظ رہیگی۔

آیئے اب "اساتذہ" دورِ حاضر کے کلام پر ایک نظر ڈال لیں اور دیکھیں کہ اِن بزرگوں نے کس حد تک صحتِ زبان کا خیال رکھا ہے۔ آپنے فارسی کی یہ مثل ضرور سنی ہوگی کہ "ہر عیب کہ سلطان بپسندد ہنر است"۔ اسی اُصول کے ماتحت دورِ حاضر کے "بادشاہ متغزلین" یعنی مولانا حسرت موہانی کی ادبی لغزشیں آج بہنزلۂ "ہنر" سمجھی جاتی ہیں اور اُن کے متعلق لب کشائی گویا پسندِ عام کے خلاف علمِ بغاوت بلند کرنا ہے۔ لیکن راقم الحروف کے نزدیک یہ "بغاوت" اسی قسم کی ہے جیسے ہندوستان کے وطن پرست قائدینِ آزادیِ ہند کے لئے موجودہ حکومت کے خلاف کر رہے ہیں۔ ذاتیات سے مجھے بحث نہیں۔ میرا مقصود زبان کو اغلاط سے محفوظ رکھنا ہے اور بس۔ اس لئے میں نے حضرات "اساتذہ" کے ارادتمندوں اور دوسرے ناواقفوں کی بیہودہ اور سبّ و شتم سے

بے نیاز ہو کر اظہارِ خیال کی جرأت کی ہے۔

علم البیان کا یہ ایک مسلّمہ قاعدہ ہے کہ جب حرف "یا" بطور ادات تشبیہ استعمال ہوتا ہے تو فقرہ یا جملہ کو اس طرح مرتب کرتے ہیں کہ پہلے مشبّہ، اس کے بعد "یا" اُس کے بعد مشبّہ بہ۔ مثلاً۔

سیاسے کہ فضائے مصفا میں ہیں رواں — یا رود بار نیل میں چاندی کی کشتیاں
بنگیا ہے آسمان تھوے جسے پانی کی جھیل — یا کسی ساحر نے ساکن کر دیا دریائے نیل
کھلے ہیں چاندنی کے پھول یا تارے چمکتے ہیں — ہجوم لالہ و گل ہے کہ انگارے دہکتے ہیں

توضیح مطلب کیلئے آخری شعر کے مصارع اولیٰ کو لے لیجئے اس میں شاعر نے چاندنی کے پھولوں کو ستاروں سے تشبیہ دی ہے یعنی پھول مشبّہ ہیں اور تارے مشبّہ بہ۔ اسی لئے پھول "یا" سے پہلے اور تارے "یا" کے بعد مذکور ہوئے۔ لیکن اگر شاعر کو ستاروں کا بیان مقصود ہوتا اور وہ انہیں پھولوں سے تشبیہ دیتا تو جملوں کی ترتیب اس طرح ہوتی کہ "یہ تارے ہیں یا چاندنی کے پھول کھلے ہوئے ہیں"۔

لیکن ہمارے "بادشاہ متغزلین" نے اللہ گنگا بہائی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

عالمِ حسن میں ہیں نور کی نہریں جاری — یا رواں عارضِ جاناں کے کنارے آنسو

غالباً آپ کہنا یہ چاہتے ہیں کہ عارضِ محبوب پر جو آنسو رواں ہیں وہ ایسے معلوم ہوتے ہیں گویا عالمِ حسن میں نور کی نہریں جاری ہیں مگر شعر کی موجودہ ترتیب سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ آپ اتفاق سے ایک ایسی دنیا میں پہونچ گئے تھے۔ جسے "عالمِ حسن" کہہ سکتے ہیں۔ ہماری دنیا کی طرح وہاں بھی سب چیزیں تھیں چنانچہ نہریں بھی تھیں مگر وہ نہریں پانی کی نہیں بلکہ نور کی تھیں انہیں جاری دیکھکر فی البدیہہ آپ کو یہ تشبیہ سوجھی کہ یہ نہریں کیا ہیں گویا عارضِ محبوب پر آنسو ڈھلک رہے ہیں۔ یہ ٹھیک ایسی ہی بات ہے جیسی ایک دفعہ مرحوم فضل حسین نے اپنی ایک تقریر کے دوران میں کہی تھی۔ آپ کہنا یہ چاہتے تھے کہ "حضرات! آپ کا فرمانا بالکل بجا ہے" مگر کہہ گئے یہ کہ "حضرات! آپ کا بجا فرمانا بالکل فرمانا ہے"۔

مولانا صاحب کا مفہوم صحیح طور پر اُس وقت ادا ہوتا جبکہ شعر کی ترتیب اس طرح ہوتی۔

ہیں رواں عارضِ جاناں کے کنارے آنسو — عالمِ حسن میں یا نور کی نہریں جاری

بعض علماء کا خیال ہے کہ ایک شاعر بشرطیکہ فی الصحیح معنی میں شاعر ہو علم النفس کا زبردست ماہر ہوتا ہے اس دعوے کی تائید میں ہم مولانا حسرت کا یہ شعر پیش کر سکتے ہیں۔

حسرتؔ میں وقفِ طرب ہیں آرزو محو سرور — بخت نے کھولا ہے روئے شوق پر باب نشاط

مکتبہ سنجان بخش اس شعر پر یہ اعتراض کریں گے کہ اس محل پر "حسرتیں" بصورت جمع اور "آرزو" بشکل واحد ایک بے جوڑ بات ہے، اور مقتضائے حال کے خلاف۔ دونوں لفظ یا جمع ہوتے یا واحد۔ یعنی یا تو اس طرح کہتے کہ حسرتیں وقفِ طرب ہیں آرزوئیں محو سرور

یا پھر اس طرح کہ "حسرت وقصۂ طرب ہے آرزو محو سرور" یہ آدھا تیتر آدھا بٹیر کیا معنی؟ مگر یہ اعتراض کھلی ہوئی دلیل ہے اس امر کی کہ معترض "نفسیات" میں بالکل کورا ہے۔ اس نادان کو کون سمجھائے کہ جس وقت انسان کے دل میں گوناگوں حسرتوں کا ہجوم ہوتا ہے اُس وقت "آرزو" ایک سے زیادہ نہیں ہوتی۔ دراصل یہ وہ نکتہ ہے جو باوشاہ متفرلین جیسے فطرت انسانی کے نبض شناس ہی کو سوجھ سکتا تھا۔ اعتراض کا دوسرا جواب شاعرانہ انداز میں یہ ہو سکتا ہے کہ مصراع میں اتنی گنجائش ہی نہ تھی کہ آرزو کی جگہ آرزوؤں لایا جاتا۔ چلو قصہ ختم ہوا۔

اظہارِ مطلب کے لئے ہر شخص اپنی استعداد کے مطابق ایک جداگانہ مذہبِ بیان اختیار کر سکتا ہے لیکن محاورات اور روزمرہ میں تصرف کا حق کسی کو نہیں حتیٰ کہ باوشاہ متفرلین کو بھی نہیں۔ یہاں اُن کے لئے بھی شاہِ برطانیہ کی طرح دستور و آئین کی پابندی لازمی ہے۔ اس شعر میں:

سب کہے پر اک تُو نہ آیا راستہ ہم ترا دیر دیکھا کئے

مصراعِ ثانی محلِ نظر ہے۔ اگر اس کی نثر کی جائے تو یہ ہوگی "ہم دیر ترا راستا دیکھا کئے"۔ مگر اردو میں اس طرح نہیں بولتے۔ "دیر تک راستا دیکھا کئے" یا "بہت دیر راستا دیکھا کئے" کہنا چاہیئے۔ "تنہا" "دیر" صحیح نہیں۔

حال مرا تھا جب بتر تب تو ہوئے نہ تم خبر بعد مرے ہوا اثر اب میں اثر کو کیا کروں

"بتر" دراصل "بدتر" کا مخفف ہے۔ مگر بتر یا بدتر کا یہاں کوئی موقع نہیں جب دو چیزوں یا حالتوں کا مقابلہ مقصود ہو تو ایک کو دوسری سے بدتر کہہ سکتے ہیں۔ اس محل پر "ابتر" (یعنی خراب) چاہیئے۔ مثلاً "جب میری حالت ابتر تھی" غالباً مولانا صاحب نے بتر کو ابتر کا مترادف یا مخفف سمجھ لیا ہے۔

حسرت صاحب "سب" اور "سارا" میں کوئی امتیاز نہیں کرتے۔ "سب" کی جگہ "سارا" اور "سارا" کی جگہ "سب" بلا تکلف استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ دونوں لفظوں کا محلِ استعمال بالکل جُدا جُدا ہے جیسا کہ تفصیل کے ساتھ اس مضمون کی چھوٹی قسط میں بیان کیا جا چکا ہے۔ یہاں مثال کے طور پر صرف دو شعر نقل کئے جاتے ہیں:

مایوس دل کو پھیر دے وہ شوریدہ کر چلے بیدار سارے فتنہ خوابیدہ کر چلے

مصراعِ ثانی میں "سارے" کی بجائے "سب" چاہیئے۔

ترا ناز بھول بیٹھا مری سب نیازمندی بغرورِ دلربائی یہ یقین دل پسندی

مصراعِ اولیٰ میں "سب" کی بجائے "ساری" چاہیئے۔

شام ہو یا کہ سحر یاد انہیں کی رکھنی دن ہو یا رات ہمیں ذکر انہیں کا کرنا

مصراع اولیٰ میں "یا" اور "کہ" کا یکجائی استعمال صحیح نہیں کیونکہ یہاں دونوں ہم معنی ہیں لہٰذا کوئی ایک زائد محض ہے۔ شام ہو کہ سحر۔ یا۔ شام ہو یا سحر۔ کہنا چاہیے۔ خود اسی شعر کا مصراع ثانی مثال کیلئے کافی ہے۔

محبت نے کی دل میں وہ آگ روشن کہ جسم ہو گئے جسم خاکی سے نوری

مصراع ثانی میں لفظ "جسم" محض بیکار اور مخل فصاحت ہے۔ اگر اسے باقی رکھا جائے تو مصراع کے یہ معنی ہونگے کہ دل میں محبت کی آگ روشن ہونے سے پہلے آپ صرف "جسم خاکی" تھے۔ حالانکہ کسی زندہ انسان پر مطلق جسم کا اطلاق صحیح نہیں۔

آگئی کس کے جمال عرق آلود کی یاد رات بھر جیب میں گنتے رہے تارے عاشق

"جمال عرق آلود" کی ترکیب معنوی اعتبار سے محض مہمل ہے۔ پسینہ چہرے پر آتا ہے۔ جمال پر نہیں آتا۔ یہاں "جمال" سے "شخص جمیل" مراد لینا بھی ممکن نہیں کیونکہ "کس" اس کے منافی ہے۔ "جمال" کی جگہ چہرہ، عارض، رخ، کوئی لفظ ہونا چاہیے۔ اسی قبیل کا ہی یہ شعر۔

ہل کہاں کی لفظ محو ثنا ہے دیکھا چہرہ حسن یار پہ ندرت خال دلبری

"چہرہ حسن یار" یعنی چہرہ تل چہرے پر ہوتا ہے حسن پر نہیں ہوتا۔ اگر حسن کی جگہ جمیل یا زیبا یا اس کا ہم معنی کوئی لفظ ہوتو یہ سقم نہ رہے۔

شوق لقائے یار میں مرتے تو ہو مگر حسرت جو نقد جان نہ ٹھہرے بہائے ناز

مصراع ثانی میں "جان" کے نون کا اطلاق صحیح نہیں۔

اک طرفہ تیزروی کا ہے عالم کہ عشق میں تکلیف آج کل ہے نہ راحت ہے آجکل

مصراع ثانی میں روایت (ہے آجکل) محض بیکار ہے۔ آجکل نہ تکلیف ہے نہ راحت یہ کہنا بالکل کافی ہے۔

مجھکو معلوم ہے پیمانۂ مے میں ساقی تو نے جو کچھ کہ مری آنکھ بچا کر چھوڑا

مصراع ثانی میں "کہ" زائد محض ہے۔ صرف جگہ پُر کرنے کے لئے ٹھونسا گیا ہے۔

اور تو کچھ بھی نہ بن آئی اُس کے آگے بن پڑا حسن خلق یار کی مدح و ثنا کرنے لگے

پہلے مصراع میں "اُس" اور دوسرے میں "یار" ایک ہی شخص کے لئے لائے گئے ہیں اور شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ "ہم سے یار کے آگے اور تو کچھ بھی نہ بن پڑا۔ اُس کے حسن خلق کی مدح و ثنا کرنے لگے" لیکن اس مفہوم کو ادا کرنے کیلئے اسم (یار) پہلے مصراع اور ضمیر (اُس) دوسرے مصراع میں لانا چاہیے۔ مثلاً:

اور تو کچھ بھی نہ پیش یار ہم سے بن پڑا اُس کے حسن خلق کی مدح و ثنا کرنے لگے

ورنہ "اُس" اور "یار" سے دو جداگانہ شخص سمجھے جائیں گے۔

محبت ہوگئی ہے جُھکتے جُھکتے جبینِ شوق کو اس آستاں سے

عام عقیدہ تو یہی ہے کہ عاشق بر بنائے محبت، آستانِ یار پر سجدے کیا کرتا ہے لیکن مولانا صاحب نے ایک بالکل انوکھی بات کہی ہے۔ آپ نے محبت کے علاوہ کسی ایسی وجہ سے جو آپ کسی کو بتلانا نہیں چاہتے آستانِ یار پر جھکنا شروع کیا تھا۔ مگر جب مدت تک یہ شغل جاری رہا تو بر بنائے عادت آپ کو آستانِ یار سے محبت ہوگئی اور یہ بالکل قدرتی بات ہے۔ جس طرح برسوں جیل میں رہنے کی وجہ سے قیدی اپنی کوٹھری سے مانوس ہوجاتا ہے اور طوطا اپنے پنجرے سے۔ مگر یہ پتا نہیں چلتا کہ مولانا صاحب نے ابتدائے کار میں آستانِ یار پر جھکنے کی مشق کس لئے شروع فرمائی تھی۔

سیکھا ہے کہاں سے لبِ یار یہ شیوۂ دلکشِ شکر قند

شکر قند سے ہر شخص واقف ہے۔ اصل میں شکر کند تھا (کند یعنی جڑ) یہ ایک قسم کی میٹھی ترکاری ہوتی ہے جو مولی کی مانند زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے اور اُسے اُبال کر یا بالو میں بھون کر کھاتے ہیں۔ اس کے اندر سے سُوت نکلتا ہے۔ معلوم نہیں شکر قند کا کونسا "شیوۂ دلکش" مولانا کو پسند آیا جو اُسے لبِ یار سے جا ملایا۔

عرضِ کرم پہ ترک جفا بھی نہ کیجئے ایسا نہ ہو کہ آپ ملا بھی نہ کیجئے

"عرضِ کرم" کے معنی ہوئے "اظہارِ کرم" جس کا یہاں کوئی موقع نہیں۔ غالباً آپ نے "عرض" کو "درخواست" کا مترادف سمجھا ہے۔

دل غم سے جو کہتا ہے محبت کا بُرا ہو ایسے میں تری یاد بھی آجائے تو کیا ہو

کیا ابدفہمی ہے ماشاء اللہ۔ محبوب سے غائبانہ خطاب ہو رہا ہے مگر اس کی یاد ہنوز نہیں آئی۔ ظاہر ہے کہ جس شخص سے ہم تصور میں باتیں کر رہے ہوں اسکی یاد کیونکر آسکتی ہے۔

عربی اور فارسی کے ایسے بہت سے الفاظ اُردو میں رائج ہیں جن کے معنی عربی اور فارسی کی لغت کی رُو سے کچھ اور ہیں اور اُردو میں کچھ اور۔ ایسے الفاظ کو اب اُردو کے الفاظ سمجھنا چاہیئے اور مرکبات میں خصوصاً اضافت کے ساتھ اُن کا استعمال جائز نہیں۔ بادشاہ متغزلین نے غالباً اپنی بادشاہی کے زور پر اس قسم کی غلط ترکیبیں بارہا استعمال کی ہیں۔ چند مثالیں مُلاحظہ ہوں:۔

(۱) شاید وہ یاد کرتے ہیں مجھ کو کہ اور بھی تکلیفِ اضطراب کی شدت ہے آجکل

رُوح نے پائی ہے تکلیفِ جُدائی کو نجات آپ کی یاد کو سرمایۂ راحت کر کے

"تکلیف" عربی لفظ ہے اور اُس کے لغوی معنی ہیں "طاقت سے زیادہ کام لینا" اور فارسی میں مطلق "کام لینا" کے معنی میں آتا ہے لیکن اُردو میں اس کے معنی ہیں، دُکھ، رنج، ایذا، درد، مصیبت، بپتا، دُشواری۔ اِن معنوں میں اگر استعمال ہو تو "تکلیف" اُردو کا لفظ ہے۔ مذکورِ بالا اشعار میں بمعنی "ایذا" استعمال ہوا ہے۔ لہٰذا "تکلیفِ اضطراب" اور "تکلیفِ جدائی" کی ترکیب غلط۔

اِک جو لے دیکے ہمیں شیوۂ یاری آیا وہ بھی کچھ کام نہ خدمت میں تمہاری آیا

"یاری" فارسی لفظ ہے اور فارسی میں بمعنی "مدد و نصرت" مستعمل ہے۔ ظاہر ہے کہ اس شعر میں "یاری" بمعنی "مدد و نصرت" استعمال

نہیں ہوا لہٰذا "شیوہ یاری" کی ترکیب نادرست۔

(۳) میری جانب سے نگاہِ شوق کی گستاخیاں یار کی جانب سے آغازِ شرارت کے مزے

عربی اور فارسی میں "شرارت" کے معنی ہیں "بدی" لیکن اُردو میں "شرارت" شوخی کو بھی کہتے ہیں اور اسی معنی میں یہاں استعمال ہوا ہے۔ اس لئے "آغازِ شرارت" کی ترکیب صحیح نہیں۔

(۴) تجھکو جب تنہا کبھی پانا تو ازراہِ لحاظ حالِ دل باتوں ہی باتوں میں سُنانا یاد ہے

"لحاظ" کے معنی ہیں چشم پوشی یا آنکھ بچا کر یا کنکھیوں سے دیکھنا۔ کسی چیز کا آنکھ میں خیال رکھنا" لیکن اُردو میں پاس خاطر، مروّت، اور احتیاط کے معنی میں آتا ہے۔ اس شعر میں اُردو معنوں میں استعمال ہوا ہے بنا بریں "ازراہِ لحاظ" کی ترکیب جائز نہیں۔

(۵) نازبردارِ الم لکھا ہے نامہ میں مرے اس سراپا ناز کی مضموں نگاری دیکھئے

"نازبردار" فارسی میں مستعمل نہیں۔ فارسی کا محاورہ نازکشیدن ہے۔ اس لئے "نازبردارِ الم" کی ترکیب بھی معیوب ہے۔ ہاں "نازبردارِ الم" کو محبوب کا قول مان لیا جائے تو پھر مولانا پر یہ اعتراض باقی نہیں رہتا۔ رہ گیا محبوب تو اُس بیچارے کو اگر اتنی فارسی آتی تھی کہ "نازبردارِ الم" خط میں لکھدیا تو یہ بھی کچھ کم تعریف کی بات نہیں۔ کیونکہ آجکل کے مضمون نگار محبوب تو عموماً "لپ سٹرک" کی قسم کی اُردو لکھتے اور بولتے ہیں۔

اُردو زبان کا یہ ایک مُسلّمہ قاعدہ ہے کہ جب کسی کا نام لیکر خطاب کرتے ہیں تو پھر اُس کے لئے "آپ" کا استعمال نہیں کرتے۔ حسب اقتضائے سن و مرتبہ "تُو" یا "تم" کہتے ہیں۔ مثلاً:-

"اصغر! تم کلکتے کب جاؤ گے؟" یا "اصغر! تو کلکتہ کب جائیگا؟"

حسرت! جفائے یار کو سمجھا جو تو وفا آئینِ اشتیاق میں یہ بھی روا ہے کیا
تم سے گدا کو اس شہِ خوباں کی آرزو حسرت! یہ اور کیا ہے جو دیوانگی نہیں

یہ کوئی نہ کہے گا کہ "اصغر! آپ کلکتہ کب جائیں گے؟" اگر اظہارِ احترام مقصود ہو تو پہلے نام کے ساتھ ایک لفظ اور بڑھا دیتے ہیں تب "آپ" کا استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً:- "اصغر صاحب! آپ کلکتہ کب جائیں گے۔"

لیکن "بادشاہ متغزلین" مشرق کے مطلق العنان بادشاہوں کی طرح کسی آئین کے پابند نہیں، اُن کی زبان قانون ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:-

کچھ کچھ اس راز کی ہم کو بھی خبر ہے حسرت آپ جاتے ہیں جو روزانہ سرِ شام کہیں
حال کھل جائیگا بیتابیِ دل کا حسرت! بار بار آپ اُنہیں شوق سے دیکھا نہ کریں
حسرت! اس کوچہ کا پھیرا روز روز اچھا نہیں رنگ لائے گی کسی دن یہ گدائی آپ کی
ہاں نہ ہو کرمِ یار میں ستم حسرت بہت نہ کیجئے اظہارِ شادمانی کا

مجرّد نام کے ساتھ جب خطاب ہے تو "کیجئے" کی جگہ "کرو" یا "کر" چاہیئے۔

یہ اور اسی قسم کی دوسری غلطیاں حسرت صاحب کے دیوان میں بکثرت موجود ہیں۔ کبھی نو آموز سے اگر اس قسم کی لغزشیں ہوں تو چنداں قابل لحاظ نہیں لیکن قیامت تو یہ ہے کہ آپ "بادشاہِ متغزلین" ہیں۔ قافیہ و ردیف سے بحث کرتے ہوئے اس مضمون کی پچھلی قسط میں حسرت صاحب کی جن غلطیوں کا مفصل ذکر کر چکا ہوں اُن کا اعادہ غیر ضروری ہے۔ اب مولانا کے ایک مخصوص اندازِ نگارش پر روشنی ڈالنا ہے۔

فارسی محاورات کے لفظی ترجمہ کا آپ کو بہت شوق ہے مگر یہ انیسویں اور خصوصاً اٹھارویں صدی کی باتیں ہیں اور اُسی وقت کیلئے موزوں تھیں کیونکہ اس وقت اُردو کا مجموعہ الفاظ و محاورات اتنا وسیع نہ تھا کہ ہر خیال آسانی کے ساتھ ادا ہو سکے اس لئے ناچار لفظی ترجمہ سے کام لیا جاتا تھا۔ اب بیسویں صدی میں جبکہ یہ چیزیں یکسر متروک ہیں، اسی پرانی لکیر کے فقیر بنے بیٹھے رہنا بزرگانہ وضعداری میں داخل ہو تو ہو ترقی زبان کے حق میں یقیناً مضر ہے۔ نمونہ کیلئے چند شعر کافی ہونگے:

(۱) ہند کر دیگا لبِ یار کو بوسوں کا حجوم — آج بھی ہم سے جو وہ برسرِ انکار آیا

"برسرِ انکار آنا" برسرِ انکار آمدن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں اسکی جگہ "انکار کرنا" بولتے ہیں۔

(۲) عمر کیجے صرفِ یادِ گیسوئے رخسارِ یار — یوں بسر لیجائیے لیل و نہارِ انتظار

"بسر لیجانا" بسر بردن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "بسر کرنا" بولتے ہیں۔

(۳) پھر کہئے کس اُمید پہ ہم زندگی کریں — جب آپ التفات ذرا بھی نہ کیجئے

"زندگی کرنا" زندگی کردن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "جینا" بولتے ہیں۔

(۴) کامیابی جلد ہو گی آ کے پابوسِ اُمید — کھینچ ڈالیں اور رنجِ انتظار ابکی برس

"رنج کھینچنا" رنج کشیدن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں اس کی جگہ "رنج اٹھانا" یا "رنج سہنا" بولتے ہیں بلکہ "رنج بھی اس محل پر صحیح نہیں اسکی جگہ "تکلیف" چاہیئے یعنی تکلیف اُٹھانا یا سہنا۔ مولانا نے یہاں کمال جدّت سے کام لیا ہے صرف لفظی ترجمہ ہی پر اکتفا نہیں کی بلکہ کچھ اضافہ بھی کر دیا۔ رنج کھینچنا تو خیر جو کچھ تھا سو تھا۔ رنج کھینچ ڈالنا اور بھی مزہ دیگیا۔

(۵) تری خوشبو کے بعد روحِ مری — گل جنّت بھی ہو تو بو نہ کرے

"بو کرنا" بو کردن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "سونگھنا" بولتے ہیں۔

(۶) کب بر آئیگی سکونِ جانِ مضطر کی اُمید — کب بسر آئیگا یارب یہ زمانِ اضطراب

"بسر آنا" بسر آمدن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "ختم ہونا" بولتے ہیں۔

(۷) ہجرِ ساقی میں بھلا کس کو خوش آئیگی شراب — بنشینو اطلبا غر و میناہے عبث

"خوش آنا" خوش آمدن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "اچھا لگنا" اچھا معلوم ہونا، پسند آنا، بولتے ہیں۔

(۸) بادۂ عیش سے مینائے تمنّا رنگیں — ساغرِ شوق مے ذوق سے گلنار آیا

"آیا" آمد کا ترجمہ ہے اُردو میں اُس کی جگہ "ہو گیا" چاہیئے۔

(۹) کچھ نہیں شوقِ جبّہ و دستار — دل سرِ ساغر و سبو نہ کرے

فارسی کا محاورہ ہے۔ سر چیزے داشتن۔ کسی چیز کا خیال یا خواہش کرنا۔

(۱۰) میں اس بت پہ خو کی اس آن پہ مرتا ہوں — کھینچا نہ کبھی جس نے اندوہ پشیمانی

"اندوہ کھینچنا" اندوہ کشیدن کا ترجمہ ہے۔ اردو میں غم سہنا، بولتے ہیں۔

(۱۱) گلتی ہی نہیں رضوانؔ میں طبیعت — ان کی جو سر کوچۂ جاناں میں لگے ہیں

لے سبحان اللہ! کیا بات کہی ہے "سر کوچۂ جاناں میں لگے ہیں" کا یہ ستھوں کی فارسی کے دلچسپ نمونے "بادشاہِ متغزلین" کی اس مُرصّع اُردو کے سامنے گرد ہیں۔ انصاف سے کہیئے کہ "کلا! من لٹیا اینجا نہادہ بودم" ہمیں سنے تو نائیں دیکھی" زیادہ مزہ دار ہے یا مولٰنا صاحب کا یہ مصراع "انکی جو سر کوچۂ جاناں میں لگے ہیں"

(۱۲) بچھی ہیں راہِ تمنا میں سینکڑوں آنکھیں — کہ ناز جلوہ کرے تیری خوش خرامی کا

"جلوہ کرنا۔ جلوہ کردن کا ترجمہ ہے۔ اُردو میں "جلوہ دکھانا" بولتے ہیں۔

ان مثالوں میں صرف تین شعر اور شامل کر لیجئے:۔

(۱) مجھے شکوہ جفا کی نہیں آنے پاتی نوبت — وہ ستم بھی گر کرے ہے تو بلطفِ ہوشمندی

(۲) ہو کے آگاہ غمِ عشق مری حالت پر — اب تو بھر لائے ہے وہ شوخ بھی بہرِ آنسو

(۳) حسنِ بیتاب ہے محدود انہیں دو چار کے بیچ — مری گفتار کے اندر تری رفتار کے بیچ

اب ذرا ٹھنڈے دل سے سلورؔ زیل کا مطالعہ کر جائیے۔

"آہ! یہ لیل و نہار انتظار کیونکر بسر لے جاؤں۔ آخر کس اُمید پر زندگی کروں۔ روتے روتے میری آنکھیں گنہار آگئیں۔ اب تو میرا دل سرِ ساغر و سبو بھی نہیں کرتا۔ ساغر و سبو کس کا آب و دانہ تک خوش نہیں آتا۔ پھولوں کو بو کرنے سے جی اُلجھتا ہے۔ آہ جو بدنصیب ہر وقت سر کو چۂ جاناں میں لگا ہو اُسے ان چیزوں سے کیا واسطہ۔ میں تو ایک برس رنج انتظار اور بھی کھینچ ڈالتا مگر ڈر یہ ہے کہ اگر اس کے بعد بھی وہ ظالم برسرِ انکار آیا تو میں اندوہِ پشیمانی کھینچنے کے سوا کیا کروں گا۔ اسکی رفتار کے بیچ جو حسنِ بیتاب محدود ہے جس وقت عالمِ تصور میں وہ میرے دل کے سامنے جلوہ کرے ہے تو بے اختیار میرا دل آنکھوں میں آنسو بھر لائے ہے"

بیچ کہئے۔ یہ عبارت بیسویں صدی کے بادشاہِ متغزلین کی گلابی اُردو کا صحیح نمونہ ہے یا نہیں! واقعہ یہ ہے کہ اس زمانے میں زبان کے ایسے دلنواز نمونے کسی اُستاد کے یہاں آپ کو نہ ملیں گے۔

ہیملٹ — عندلیب شادانی

شہرۂ آفاق شیکسپیر کا سب سے مشہور ڈرامہ ہیملٹ شہزادۂ ڈنمارک کا ترجمہ مولانا عنایت اللہ دہلوی نے ایسی قادر الکلامی سے کیا ہے کہ اُردو میں ایک غیر فانی کتاب کا اضافہ ہو گیا۔ اُردو میں لفظی پابندی کے ساتھ آج تک شیکسپیر کے کسی ڈرامے کا ترجمہ کسی سے نہ ہو سکا۔ مولانا عنایت اللہ صاحب کا یہ احسان ہے کہ اُنہوں نے اس عظیم الشان ڈرامے کو اُردو میں نہایت عمدگی سے منتقل کر دیا ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ ٹائیٹل رنگین۔

قیمت صرف ایک روپیہ (عہ) علاوہ محصولڈاک؛

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی ۶

اجمیری مل

نذرِ عقیدت

چل ری سکی اجمیر گلی جہاں خواجہ پیارا سانولیا! جھما جھم، جھما جھم
۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ خواجہ بانکا سانولیا! چھما چھم
۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ سنجر والا سانولیا! چھما چھم، چھما چھم

..... شب کا آخیر حصّہ تھا۔ گرمیوں کا موسم ریگستان کی ٹھنڈی نے عجیب پر سرور کیفیت پیدا کر دی تھی۔
چاند کی روشنی خاموش رنگ کے سمندر پر دُور تک پھیل چلی گئی تھی جس پر چنگ کی آواز کے ساتھ پازیبوں اور کڑوں اور چھڑوں کی جھما جھم ہو رہی تھی اور یہ دلکش گیت ریگستان کی ہوا میں تیرتا ہوا دُور تک چلا جاتا تھا حتیٰ کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کی صدائے بازگشت ریگستان کے نرم و نازک سینے پر ہوتی ہوئی کوہِ ارادلی کی بلند قامت اور دیو ہیکل پہاڑیوں سے ٹکرا کر واپس آ رہی ہے۔
عورتیں گیت گا رہی تھیں اور باری باری سے ڈھولک اور چنگ کی آواز پر ناچ رہی تھیں۔
اوہو! میں نے بھی قصّہ کہاں سے شروع کر دیا۔ یہ ایک ایسا قصّہ ہے کہ جب خواجہ کا نام آتا ہے تو لامحالہ یاد آ جاتا ہے۔

لالہ جھومر مل کے یہاں پہلوٹی کی لڑکی پیدا ہوئی تو کسی نے کہا کہ لکشمی ہے۔ کسی نے دیبی بتایا۔ کسی نے مجسّم برکت بتایا۔ پھر اس کے بعد بیوپار کے نفع، پیرو سے لڑائی میں فتح، ساروں سے پرنالے کے مقدمہ میں کامیابی اور سیٹھ جی کے ایجاد کردہ سرکے تیل کی فروخت میں کامیابی وغیرہ سب اسی لکشمی کی آمد کا صدقہ قرار دی گئیں۔ اور اس حقیقی حادثہ فاجعہ کو خوش بختی کا رنگ دینے والوں میں خاص حصّہ سیٹھ جی کی ساس وغیرہ کا تھا ورنہ سیٹھ جی کی والدہ تو پیدائش کے وقت ہی منہ بگاڑ کر فرما چکی تھیں کہ "رانڈ مر جائے تو اچھا ہے" خفیہ طور پر روئی بھی تھیں۔
اور بعد اس کے اُس کو باضابطہ رانڈ کا لقب عطا کر دیا گیا تھا اور بہو سے بڑی خفگی کا سبب اسی کو قرار دے رکھا تھا۔
سیٹھ جی نے اس حادثہ پر خاص توجہ نہ کی اس لئے کہ ٹھاٹھ بہت ہی نوعمر اور خوبصورت بھی تھیں۔
جب سیٹھ جی کے یہاں دوسرا بچہ پیدا ہونے کی اُمید ہوئی تو تصوّر کر لیا گیا کہ لڑکا ہوگا۔ ساس نے بہو کو نوٹس دیدیا تھا کہ اگر لڑکی ہوئی تو بہو ۲ے آجائیگی۔ مندروں وغیرہ میں علاوہ کوشش ہوئی۔
لیکن خُدا کو پھر لڑکی منظور تھی۔ سیٹھ جی نہ صرف گھبرا گئے بلکہ حیران ہو گئے۔ اولاد کا معاملہ حد سے سوا خطرناک صورت اختیار

کر گیا۔ سٹھانی غریب کی جیسی آفت آئی ظاہر ہے۔

اس کے بعد پانڈے جی نے سٹھانی کو اپنے ڈول پر گانٹھا اور واقعہ تھا کہ بہیروں جی کے ہوتے ساتھے معاملہ اُن کی طرف رجوع نہیں کیا گیا ورنہ یہ دیوتا لڑکا دینے میں حد سے سوا سخی ہیں۔

غلطی محسوس کر کے پانڈے جی کی وساطت سے بہیرون جی کی جیوتری پر لڈو وغیرہ چڑھا کر باضابطہ منت مانی گئی۔

برہمنوں اور جوتشیوں نے ہاتھ دیکھکر کبھی بیٹا بتایا۔ عاقلوں نے لڑکیوں کے سر کی بھونری دیکھکر لڑکے کی پیشگوئی کی۔

خُدا خُدا کر کے عرصے بعد دن آئے کہ پھر بچے کی اُمید بندھی۔ سیٹھ جی نے خود خواب میں دیکھا کہ لڑکا ہوا ہے۔ نام تک قبل سے سوچا جانے لگا۔ کپڑے بھی لڑکے کے سلنے لگے۔ بہیرون جی کی پوجا کا پروگرام مرتب ہونے لگا۔

سٹھانی جی خود متفکر تھیں اور اُنہوں نے نہ صرف ہر مقامی مندر دیوتا دیبی سے معاملہ رُجوع کر رکھا تھا بلکہ اس سلسلہ میں اپنی میکہ تک کے مندروں تک میں سلسلہ جنبانی ہو چکی تھی۔ اور ہر جگہ کے پُجاریوں کے زریں وعدے حاصل ہو چکے تھے۔

بچہ پیدا ہونے کے دن قریب آئے ہیں تو مختلف پنڈتوں اور پجاریوں نے سٹھانی کو رسّی کشی پہ دھر لیا تھا اور ہر ایک کی یہی کوشش تھی کہ آنے والی کامیابی اُسی کی سفارشات و پوجا کا ثمر ثابت ہو۔

سیٹھ جی کو خود سوا آنے یقین تھا اور واقعہ یہ ہے کہ اب لڑکی پیدا ہونے کا خیال تک نہ تھا۔

(۲)

رات کے دو بجے تھے۔ گرمیوں کا زمانہ۔ سیٹھ جی کی بیٹھک پر پڑوسیوں کا ہجوم سا تھا۔ بیٹا پیدا ہونے والا تھا اور سب کے کان لگے ہوئے ہیں کہ کب خوشخبری آئے۔

اکیدم سے ہلڑ مچا۔ لڑکا! لڑکا! لڑکا! سیٹھ جی کا مارے خوشی کے بُرا حال ہو گیا۔ مگر وہ سوتے بن گئے۔ ایک گُرگے کو پیشتر سے کہہ رکھا تھا کہ آتشبازی کہاں ہے اور اُس نے چپکے سے نکال آتشبازی چھوٹنی جو شروع کی ہے تو گولوں کی دھوا دھوں نے گاؤں سر پر اُٹھا لیا اور پھر دوسری آتشبازی کی روشنی!

سیٹھ جی گویا گولوں کی آواز سے اُٹھے اور اس بے ضرورت "غُل غپاڑے پر ایک رسمی خفگی کا اظہار کیا۔

ابھی یہ ہنگامہ شباب ہی پر تھا کہ موت سے بھی زیادہ خوفناک خبر آئی۔ یہ واقعہ تھا کہ لڑکی پیدا ہوئی تھی۔ جان بچانے کی خاطر کسی نے خاموشی اختیار کی تو اور کسی نے لڑکا کہہ دیا۔ نتیجہ ظاہر۔ قیامت یہ قیامت کہ اڑوس پڑوس کے لوگ مبارکباد دے رہے تھے، حقیقت سے بے خبر!

کوئی صاحب کسی محفل میں گئے مگر حصہ نہ ملا۔ ایک اور تھے اُن کو حصہ بھی نہیں ملا اور پٹے بھی۔ ہمارے سیٹھ جی پٹنے والے تھے۔

دُنیا کی محفل میں ایک تو بیٹے کا حصہ نہیں ملا اور اُس پہ لڑکیوں کی مار! سر دست دُنیا اندھیر معلوم دینے لگی۔ سمجھ میں نہ آیا کیا کریں۔ سامنے آتشبازی کی پھلجھڑیاں چخ چخ کر اُن کا مذاق اُڑا رہی تھیں۔ یہ تحقیق نہ تھا کہ کس قطامہ نے غلط افواہ اُڑا دی تھی۔ آؤ دیکھا نہ تاؤ۔ سوچے کہ لاؤ بیوی بچوں کو قتل کر دیں۔ تیر کی طرح باوجود عورتوں کی ہیں! ہیں! کے زچہ خانے میں گھُس پڑے۔ بیوی کی چوٹی پکڑ کر مارے جوتوں کے قتل کم کیا مارا بہت۔ عورتیں بیچ میں کود پڑیں۔ نوزائیدہ بچی پر سخت حملہ کیا مگر ایک عورت نے چھاتی سے چمٹا کر بچا لیا۔ اور

اس ہڑبونگ میں "تلوار! تلوار!" کا غل مچایا۔ یعنی مطلب یہ کہ تلوار لاؤ تاکہ قتل کریں۔ لیکن عورتیں مل پڑیں اور انہوں نے دھکے دیکر نکالدیا۔ خودکشی کا مسئلہ زیر غور اور چیخ چیخ روتے ہوئے اپنی بیٹھک میں پڑ رہے اور ہر کس و ناکس کو نکال کر اندر سے دروازہ بند کرلیا اور صبح تک اکیلے پڑے روتے رہے۔ اسی قیامت خیز صبح کو آٹھ بجے کی گاڑی سے میں پہونچا اور ٹریجڈی کا علم ہوا۔ حسب دستور فوراً کا فوراً سیٹھ جی کو میں نے شطرنج کھیلنے نہیں بلوایا۔ اطمینان سے خود پہونچا۔ تعزیت کو سمجھئے۔

(۳)

سیٹھ جی بیٹھک کے باہر دیوار کے سائے میں ایک ہوادار مقام پر بیٹھے تھے اور خاصہ مجمع تھا۔ دو چار پائیاں پڑی تھیں مگر لوگ زمین ہی پر بیٹھے چلم پی رہے تھے۔ زیر بحث معاملہ یہ تھا کہ یہ دیبی دیوتاؤں نے جو اپنی ساکھ بٹھا رکھی ہے تو اس کا مدار محض اتفاق اور حادثہ پر ہے ورنہ سچ پوچھو تو کسی میں کوئی گن نہیں اور محض تقدیر سے بچ رہے ہیں۔ سیٹھ جی ایک سرے سے منکر ہو گئے تھے اور درجنوں کا ذکر کیا آدھا خدا بھی ماننے کو تیار نہ تھے۔ طنز سے بولے: "سب کو دیکھ لیا۔ کوئی پیر پیغمبر دیبی دیوتا کچھ نہیں"

میں پہونچا تو یہ معاملہ فیصلہ کے لئے فوراً میرے سپرد کیا گیا۔ سیٹھ جی نے بڑی گرمجوشی سے پوری تفصیل بتائی کہ کس کس طرح ہر دیوتا دیبی نے اندھیر مچا رکھا ہے اور زبردستی بیچ رہا ہے۔ غضب ہے خدا کا کہ سیٹھ جی نے اپنا معاملہ پیپل تلے کے پتھروں سے لیکر خود دیبی کے عظیم الشان مندر تک کس قدر خشوع و خضوع کے ساتھ رجوع کیا لیکن بیکار۔ مولا فقیر اپنی لمبی ٹوپی ہاتھ میں لاٹھی بجائے سلام کے "اللہ بھلا کرے" کے جملے کے ساتھ پہونچے اور سیٹھ جی نے اسی سلسلہ گفتگو میں مولا فقیر کے مقامی پیر جی کو بھی سمیٹ لیا۔ کیونکہ ایک ناریل اُن کے مزار پر چڑھایا تھا۔ مولا فقیر بگڑ کھڑے ہوئے اور سختی سے انکار کیا اور سیٹھ جی کو تسلیم کرنا پڑا کہ معاملہ باضابطہ رجوع تو نہیں ہوا تھا لیکن بہرحال صاحب فہ ضرورت مند سٹھانی کی صعوبت سے باخبر ہونے کے باوجود اگر یہ سمجھکر توبہ نہ کریں کہ ہم سے ایک شے مانگی نہیں گئی تو کم از کم ایک پیر کے لئے یہ تجاہل عارفانہ قابل گرفت۔

مولا فقیر نے اس پر کیسی کیسی لے دے کی کہ دیکھا کیجئے اور جو لوگ بیٹھے تھے اُن کے انصاف پر معاملہ کو چھوڑ کر مقدمہ کو جیت لیا۔

سیٹھ جی فوراً ہی بہیرون جی پر پل پڑے پچیس روپے سے بھی زیادہ وقتاً فوقتاً بہیرون جی کی چوتری کے نذر ہو چکے تھے اور اصل پوچھئے تو یہ معاملہ اس دفعہ کلیتہً انہی کی عدالت خداوندی میں مرجوعہ تھا اور تمام تر مصیبت کی ذمہ داری انہی پر تھی۔

سیٹھ جی نے چند ضرورت سے زیادہ ناشائستہ کلمات بہیرون جی کی شان میں کہے۔

معاً بجلی کی طرح چمک کر ایک نوجوان راجپوت اٹھ کھڑا ہوا۔ اور خوں فشاں آنکھوں سے اُس نے سیٹھ کو دیکھا۔ کڑک کر چھاتی پر ہاتھ مار کر بولا: "ابے او بنیے۔ بہیرون جی کو ایک بات بھی کہی تو زبان کاٹ لونگا تیری"

"تم کون بہیرون جی کے؟" کڑک کر سیٹھ جی بولے۔

"ہم بہیرون سنگھ کے لڑکے" راجپوت نے کہا: "ہمارے دادا کے کوئی بیٹا نہیں ہوتا تھا تب بہیرون جی نے ہمارے پتا کو دیا"

"تم ہو بہیرون سنگھ کے لڑکے" لالہ جی نے تمسخر ہو کر کہا: "ہم تو نہیں"

راجپوت نے کہا "ہاں ہم تو ہیں جب ہی تو ہم جھگڑ لیں گے تم سے کیوں تم بہیرون جی کو بدنام کرتے ہو"

"بدنام کیا کرتے ہیں"

"دیکھنا صاحب" راجپوت بولا "ذرا سیٹھ جی کو دیکھنا۔ بولو سیٹھ جی میری بات کا جواب دئے جاؤ"

"پوچھو"

"تم نے بہیرون جی پر اب تک کیا چڑھایا؟ لڈو مٹھائیاں وغیرہ"

"اور نہیں کیا بکرا چڑھاتے؟"

"کس سے چڑھوایا اور کس سے انکی سیوا کروائی۔ اُسی چور برہمن سے نا"

"کون چور برہمن؟"

"ارے وہی گوپال مہاراج"

"ہاں"

اب راجپوت نے مجھے مخاطب کر کے کہا "اب ذرا انصاف کرنا۔ کہیں بھی آپنے سُنا ہے کہ بہیرون جی کا پجاری برہمن ہو۔ ان سیٹھ جی کی عقل دیکھو۔ راجپوت اور پٹھان کی دعوت کریں گے اور کھلائیں گے دال بھاجی! نتیجہ کیا ہوگا! کھانے والا تھالی لوٹ کر منہ پر ماریگا۔ آئے وہاں سے بہیرون جی کو مٹھائی کھلانے والے"

"اور کیا بکرا چڑھاتے؟"

"بھینسا یا بکرا۔ اس کے علاوہ جو بہیرون جی کو مٹھائی کھلاتے اُس سے زیادہ احمق نہیں۔ ذرا سوچو تو آپ کہ بکرے کا کھاجا (قربانی) کر کے کلیجی اور خون تھال میں لگا کر بہیرون جی کو چڑھاؤ تب کام بنے گا کہ بنیوں کا کھاجا لڈو مٹھائی۔ . . . . . اور ہم تو یہ پوچھتے ہیں صاحب کہ ایک دفعہ تم نے ہمارے ساتھ بے ایمانی کی تو پھر ہم تم سے بیوپار کرینگے کہ نہیں؟"

میں نے کہا "ہرگز نہیں"

"پھر ان سیٹھ جی مورکھ سے پوچھئے کہ یہ ذات کے بنئے اور بہیروں جی سے بیٹا مانگنے کیوں گئے"

"کیوں؟ کیا منع ہے؟"

"جب تم کو یہی نہیں معلوم کہ بہیرون جی بیٹوں کے معاملہ میں نہیں سُنتے، تم بغیر کسی راجپوت کو بیچ میں ڈالے، گئے کیوں؟"

سیٹھ جی بولے "ہم نے تو کہیں نہیں سُنا کہ بہیرون جی بنیوں کو بیٹا نہیں دیتے"

"تم نے نہیں سُنا تو لو آج سُن لو۔ سُنو صاحب ان بنیوں کی چترائی۔ ایک تھے سیٹھ جی۔ بہیرون جی کے یہاں پہونچے اور بولے "ہے بہیروں جی مجھے بیٹا دو تو میں ایک بھینسا چڑھاؤنگا" بیٹا مانگ کر سٹھانی کو گھر چھوڑ کر پردیس چلدئے اور دو سال بعد لوٹے۔ سٹھانی سے پوچھا کہ لڑکا ہوا تو ون خطا ہوئی۔ آپ بہیرون جی کے پاس پہونچے اور شکایت کی۔ بہیرون جی نے کہا کہ مورکھ تو تو سٹھانی کو چھوڑ کر چلا گیا تھا بیٹا کیسے ہوتا۔ سیٹھ جی بگڑ کر بولے "واہ بہیرون جی واہ! ارے ہم کو جو بیوی سے ملنے کی فرصت ہوتی تو ہم تمہارے آگے ہی ہاتھ کیوں پھیلاتے۔ ارے تم دیوتا ہو کر اتنا بھی نہ کرو۔ واہ واہ! آپ تو دیوتا ہو کسی آدمی سے کہہ جاتے تو آج ایک چھوڑ دو لڑکے ملتے"۔ . . . . . "

لوگوں نے زبردست قہقہہ لگایا۔

"... بہیرون جی دل میں بہت جلے کہ کیسا نالائق بنیا ہے۔ اُدھر سیٹھ جی بگڑ کر چلے گئے اور انہوں نے معاملہ اپنے پڑوسی رگھو جی کو سپرد کر کے پردیس کی راہ لی ....."

"پھر کیا ہوا؟" لوگوں نے پوچھا۔

"پھر ہمیں نہیں معلوم کیا ہوا۔ اب دوسرے بنیئے کا قصہ سنو۔ اس کے بعد بہیرون جی کے پاس ایک اور بنیا آیا۔ اُس نے بھی بیٹا مانگا اور وعدہ کیا کہ بھینسا چڑھاؤنگا۔ جب بیٹا پیدا ہوا تو مع بیوی اور بیٹے کے بنیا آیا۔ بہیرون جی نے پوچھا کہ بھینسا لائے ہو، تو ہاتھ جوڑ کر بولا کہ "ہے بہیرون جی لایا تو ہوں پر ایک میری عرض ہے"

بہیرون جی بولے "وہ کیا"

بنیئے نے کہا "بھینسا تو ہے مگر اُس کے دُم نہیں ہے"

بہیرون جی نے کہا "مضائقہ نہیں وہی پیش کرو" بنیئے نے پگڑی اُتار کر اُس میں سے ایک موٹی سی جُوں نکال کر پیش کر دی اور ہاتھ جوڑ کر عرض کر دی کہ "ہے بہیرون جی اپنا بھینسا سنبھال لو۔ رنگ کالا ہے۔ دو سینگ گن لو اور چار پیر۔ رہ گئی دُم تو آپ دیوتا ہیں اس کی معافی مل چکی ....."

لوگوں نے یہ سُنکر خوب قہقہہ لگایا اور بولے "پھر کیا ہوا؟"

راجپوت نے کہا "پھر ہوا یہ کہ بہیرون جی قائل تو ہو گئے مگر بہت جان جلی اور جب ڈنڈوت کیلئے سیٹھ اور سٹھانی جھکے تو انہوں نے سٹھانی کا چہرہ زمین کے اندر ہی اندر سے پکڑ لیا اس طرح کہ وہ سجدے میں پڑی رہ گئی۔ بنیئے نے بہت زور لگایا پر وہ نہ چھوٹی تو بنیئے نے کہا کہ لاؤ جورو میں آگ دیدو۔ لہذا آگ لینے گیا کہ اتنے میں بنیئے کے بھانجے نے جو آگیا تھا ایک ایسی حرکت کی جس سے بہیرون جی کو ہنسی آگئی اور چونکہ دانت سے سٹھانی جی کو پکڑے تھے لہذا وہ چھوٹ گئی۔ بنیا بہیرون جی کو دھوکا دیکر چلتا بنا۔ لیکن یہ بیٹا ماتا جی نے لے لیا، یعنی مر گیا، تو بنیا پھر روتا ہوا بہیرون جی کے پاس آیا اور وعدہ کیا کہ اب کے سچ مچ پورا بھینسا چڑھاؤنگا۔ فرق نہ کرونگا۔ بہیرون جی نے رحم کھا کر بنیئے کو پھر بیٹا دیا۔ بنیا بھینسا لیکر آیا۔ مگر اُس کو کاٹا نہیں۔ بلکہ بھینسا رسّی میں بندھا ہوا تھا اُس کی رسّی بہیرون جی کی مورتی سے باندھکر ہاتھ جوڑ کر بہیرون جی سے کہدیا کہ ہے مہاراج میں بنیا ہوں بھینسا کاٹ نہیں سکتا۔ آپکے جسم سے باندھے دیتا ہوں جیسے جی چاہے اب اس کو کھانا پینا۔ یہ کہکر بنیا چلا گیا۔ بھینسا تھوڑی دیر تو مورتی سے بندھا رہا پھر بھوک پیاس جو لگی تو اُس نے مارا زور ایک دو چار جھٹکوں میں مورتی جگہ سے اُکھڑ گئی اور اب بھینسا بھاگا! بہیرون جی[1] کی مورتی ہزار خرابی اُفتاں وخیزاں گلے کی رسّی میں بندھی!

بھینسا دیبی جی کے مندر کے سامنے سے بھاگا۔ دیبی جی نے گھبرا کر کہا "اے بہیرون یہ کیا؟" بہیرون جی نے جلکر کہا "ماتا جی تم نے مندر کے اندر بیٹھ کر مزے سے بھوجن اُڑاتے ہیں۔ کسی بنیئے کو بیٹا نہیں دیا ہے۔ جو دیا ہوتا تو خبر پڑتی"

بمشکل دیبی جی نے اپنے پجاریوں سے بہیرون جی کو چھڑایا۔ بھینسا بھاگ کر اپنے گھر پہونچا جہاں سے بنیا قرض لایا تھا۔ بنیئے نے کہدیا کہ اپنا بھینسا باندھ لو بدمعاش ہے چھوٹ گیا اور اب نہیں چاہیئے۔ غرض بنیئے کو بیٹا مفت پڑا ..... یہ قصہ سُن لیا آپنے۔

---

[1] بہیرون جی کا مندر نہیں ہوتا بلکہ مورتی ہمیشہ کھلی جگہ ہوتی ہے۔ یہ دیبی جی کے لڑکے ہیں۔

اب آپ ان سیٹھ جی کی عقل کو دیکھو کہ چلے ہیں پنڈے پجاریوں کو بیچ میں ڈال کر بیٹا لینے! یہ تو ان کی عقل کا حال ہے، انہوں نے نہ معلوم سوچا کیا ہے۔"

سیٹھ بھی بولے "ہمیں تو یہ قصہ نہیں معلوم تھا۔"

میں نے کہا "سیٹھ جی اس قصہ کو سُن کر تو کہنا پڑتا ہے کہ نیر مناؤ کہ ہر دفعہ دو لڑکیاں نہیں ہوئیں۔"

"گلا گھونٹ دیتا رانڈوں کا" سیٹھ جی بولے۔

راجپوت بولا "اب آپ خود سوچئے کہ اس میں بہیرون جی کی خطا ہے کہ ان کی۔ آگے جا کے پھر دیوتا ہیں۔ ایک دفعہ دھوکہ کھا گئے دو دفعہ کھا گئے نہ کہ ہر دفعہ۔ اور پھر نہ بھینسا نہ بکرا یہ سیٹھ جی چلے ہیں دال بھاجی سے بہیرون جی سے بیٹا لینے۔ اب سیٹھ جی اگر تم کو بیٹا لینا ہے تو لے ہمارے ساتھ آؤ، ہم کیا۔ کسی راجپوت کے ساتھ بکرا لیکر جاؤ۔ کھاجر و کر کے کلیجی چڑھاؤ تازہ تازہ اور ایک بوتل شراب اور پھر دیکھو جو بیٹا نہ ملے تو پچاس جوتے میرے مارنا۔"

مولا فقیر بیٹھے سب سُن رہے تھے۔ ذرا کھنکار کر بولے "واہ موتی سنگھ جی واہ خوب دیوتاؤں کو بدنام کرتے ہو۔ دیوتا نہ ہوئے تھانیدار ہو گئے کہ بن رشوت بات نہ کریں۔ کوئی بکرا نہ دے تو بیٹا نہ دیں۔"

"ہاں تو مفت لے لو گے؟"

"مفت! ارے لڑ کر لے لیں گے۔ لڑ بھڑ کر جھگڑ کر۔"

"لے لیا، لے لیا، کہاں سے لے لو گے۔"

"ارے خواجہ سے لے لیں گے اپنے۔ . . . . دیکھو سیٹھ جی۔ جتنے دیبی دیوتا ہیں خواجہ صاحب سب کے اوپر تعینات ہیں اور بغیر اُن کے حکم کے کچھ نہیں ہوتا۔"

"بالکل جھوٹ" موتی سنگھ نے کہا "خواجہ صاحب کا کسی دیبی دیوتا سے تعلق نہیں۔"

"ہرگز نہیں" مولا بولے "ہرگز نہیں۔ سب میں بڑا دربار وہی ہے۔ سیٹھ جی جو بیٹا لینا ہے تو وہاں سے لو۔ ہم کھڑے ہیر دیکھو وہیں کے دستے۔ اور مینڈ بتا دیں۔ پھر وہ تو اونچا دربار ہے وہاں کچھ رشوت نہیں چلتی۔ مفت ملتا ہے۔"

"پاگل ہوا ہے ڈوکرا" موتی سنگھ نے کہا "رسّی نہیں چڑھتی وہاں۔ دیگ نہیں بھرتی۔ آیا وہاں سے۔"

مولا بولے "سب کچھ ہوتا ہے۔ پر لینا دینا مفت۔ اپنے خواجہ سے مانگ کر لو۔ نہ دے لڑ کر لو۔ اور نہ دے جھگڑ کر لو۔ ارے گالی دے کر لو۔ وہ ہر طرح دیتا ہے۔ آنیں سیٹھ جی اور بھریں خواجہ کا طاق اور مانگیں بیٹا۔ اگر نہ ملے تو اور کچھ نہیں کہتا یہ سفید داڑھی مونڈ کے گدھے پر سوار کر کے گاؤں سے نکالدینا۔"

"ارے بڈھے، کیوں اپنی دُرگت بنوانے پر تلا ہے" موتی سنگھ بولا "چل اپنی راہ لے۔ آیا وہاں سے خواجہ والا۔ کیوں صاحب آپ کیا کہتے ہو؟ مفت مل جائے گا بیٹا؟"

میں نے کہا "بھئی میری دانست میں تو سوائے خُدا کے کسی سے بھی کچھ نہ مانگنا چاہیے۔ اگر بیٹا مانگو تو خُدا سے مانگو۔"

"اور خواجہ صاحب سے کیا مانگیں؟" مولا بگڑ کر بولے۔

میں نے کہا: خواجہ صاحب سے کچھ بھی نہ مانگو۔"

"پھر کس سے؟"

"خدا سے" میں نے کہا۔

"ہر چیز؟"

"ہاں"

مولا بولے: "یہ لو صاحب نئی سنو۔ آم کا اچار بھی خدا سے مانگو!... سن لو صاحب۔ گرم روٹی اور دال ہم تو گھر والی سے مانگیں گے ہاں آپ اپنے خدا سے مانگئے گا..... واہ واہ! دین ایمان خدا سے مانگیں گے کہ بیٹا"

مولا نے جو حاضرین سے اپیل کی تو فوراً لوگ انکے طرفدار ہو گئے کہ ٹھیک ہے۔ خدا سے ہر شے مانگنا تسخر ہوگا۔ ایک صاحب مجھ سے بولے: "کیوں صاحب۔ بنگل جانے کو میں روزانہ لوٹا مانگتا ہوں گھر والی سے توکل سے چلاؤں کہ ہے بھگوان لوٹا لاؤ" اس پر ایک قہقہہ لگا۔

میں باوجود بحث کے ہار گیا۔ میں نے جلکر کہا: "خواجہ صاحب دے ہی نہیں سکتے"

"یہ بات کہی آپنے" مولا بولے۔ اور آگے بڑھکر ہاتھ پھیلا کر بولے: "دس دس روپیہ شرط"

میں نے کہا: "اب تین لڑکیاں ہو گئیں ایکے از خود لڑکا ہوگا"

مولا فقیر ذرا مشک انداز سے سر کو جنبش دیکر بیٹھ گئے۔ یہ کہتے ہوئے: "اب آپ کی جیت ہے۔ کیوں سیٹھ جی ٹھیک ہے نا۔ چلنے دو نا جدھر بھی جائے"

موتی سنگھ بولا: "ارے بہیرون جی سے اٹکے ہیں یہ ان کے سترہ چھوکریاں ایک سانس میں ہونگی۔ ورنہ بکرا چڑھائیں کسی راجپوت کو ساتھ لیکر"

بڑی دیر تک یہی گفتگو رہی اور میں دیکھ رہا تھا کہ مولا فقیر کا رنگ جم رہا ہے۔ میں تو اسی روز چلا آیا۔

(۴)

عرصہ بعد جب وقت اور موقع آیا تو مولا فقیر نے خواجہ صاحب کا طاق لیپ پوت کر تیار کیا۔ ایک طاق میں لیپ پوت کر پھول اور کلاوے ٹانگے اور لوبان اور اگر سلگایا گیا۔ یہاں رت جگا ہوا۔ خوب گانا ہوا۔ صبح گاتی بجاتی عورتیں گھر واپس آئیں۔ کیسے؟

سجر والے سے نیسنا لگائے آئی رے!

اور ادھر مولا فقیر وجد میں: "بڑے سے نیسنا لگائی ہے تو نے..... ارے لے لے اپنے پیا سے جو تیرا جی چاہے۔ بڑے سے آنکھ لگائی ہے"

اجمیر کے میلے کے دن قریب تھے اور جلدی مولا فقیر سٹھانی جی کو میلہ لے گئے اور وہاں سیٹھ اور سٹھانی نے خواجہ سے بیٹا مانگا۔ سٹھانی نے پوچھا کیسے مانگوں؟"

مولانا نے کہا: "بیٹی۔ میں کیا جانوں۔ تو جان تیرا خواجہ! ایک عورت اپنے خاوند سے زیور کیسے مانگتی ہے؟ ہاتھ جوڑ کر۔

خوشامد کرکے، راضی کرکے، لڑکر، رُوٹھ کر، جھگڑ کر، بگڑ کر، اور گالی وغیرہ غرض سب طرح مانگتی ہے۔ اب تُو جان اور تیرا خواجہ۔ مانگ جیسے جی چاہے، چاہے خوشامد سے چاہے گالی دیکر۔ . . . . . دیکھ بیٹی میرے باپ نے مجھے مانگا تھا تو خواجہ سے لڑ کر اور یہ کہکر کہ گنبد توڑ ڈالونگا ورنہ بیٹا دے"

"پھر کیا ہوا؟" سیٹھ جی بولے۔

"کھڑے تو ہیں ہم تمہارے سامنے ساٹھ برس کے۔ دیا۔ ہزار دفعہ غرض پڑی دیا۔ لہذا جیسا تمہارا دل بولے اور جیسی تمہارے دل میں خواجہ کی لگن ہو اور جیسا بھی پریم ہو تم جانو اور اُسی طرح مانگو اور پاؤ"

سیٹھ اور سٹھانی نے جیسے اُن کا جی چاہا بیٹا مانگا۔

(۵)

چار سال بعد میرا پھر اُس گاؤں میں جانا ہوا۔ مَیں رات کے دس بجے کی گاڑی سے پہونچا۔ تھکا ہارا کھانا کھاکر سو رہا۔

شب کا اخیر حصہ حد درجہ خنک اور خوشگوار تھا۔ میں نے ایک کروٹ لی اور سوتے اور جاگتے کے عالم میں ریگستان کی میٹھی میٹھی ہوا کے ساتھ آواز آئی:۔

چل ری سکھی اجمیر گلی جہاں سنجر والا سا تو لیا

جھما جھم۔ چھما چھم،

اور یہ آواز آہستہ آہستہ دُور ہوتی چلی گئی۔ ڈوبتی چلی گئی۔ حتّٰی کہ ڈھول کی خفیف سی آواز کا شائبہ رہ گیا اور ہوا کے ہلکوروں کے ساتھ معلوم ہوتا تھا کہ ریگستان کی طرف سے آواز آرہی ہے:۔

چل ری سکھی اجمیر گلی جہاں سنجر والا سا تو لیا

صبح ٹھکر سیٹھ جی سے ملا۔ معلوم ہوا کہ اجمیری مل کو لیکر عورتیں چار بجے کی گاڑی سے اجمیر کے میلہ کو گئیں! اور جب کبھی خواجہ کا ذکر آتا ہے میرے کانوں میں وہی میٹھے سُروں میں آواز گونجتی ہے:۔

چل ری سکھی . . . . . .

عظیم بیگ چغتائی

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تازہ ترین تصنیف:

مسز لڑھلے

یعنی اعلیحضرت ہزہائی نس ڈیوک آف ونڈسر کے نام کھلا مکتوب۔ مرزا صاحب کی عجیب و غریب تصنیف۔ ایک انتہا سے زیادہ سنجیدہ اور باوقار مگر طول طویل مکتوب جو ہز رائل ہائی نس کی رفیع و اعلیٰ پوزیشن اور جملہ آداب شاہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک ذمہ دار مصنف لکھ سکتا ہے۔ وہ بھی انتہائی ادب اور لطافت کے ساتھ۔ قیمت ایک روپیہ (عہ) ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو، دہلی۔

بے پر کی

"چاگریم! چاگریم! کیا گرماگرم ہے! چاگریم! چاگریم!"

صبح ہی صبح کھرچ کے سُروں میں کسی کے بلغم آلود بھونٹلے گلے سے یہ صدا نکل کر فضا میں تھرّائی اور ایک خس پوش مکان کے اندر سُننے والے تو یہ سونے والے کے دماغ میں جھنجناتی ہوئی سارے جسم میں برقی رَو کی طرح لہرا گئی۔ رگ پٹھے کھچے۔ ہات پاؤں ہلے۔ حواس میں دھینگا مشتی۔ بیداری و خواب میں جوتی پیزار ہونے لگی۔

اتنے میں دیوار کے اُدھر سے ایک موٹے تازے لٹھ مست جغادری نے لال لال چقندر سا مُنہ نکال کر نیچے جھانکا تو خالی میدان۔ آدمی نہ آدم زاد، ہو کا عالم، ناشتے کی فکر، کچھ سیمابیت کا تقاضا، نہ رہا گیا، بدن کو تولا، کنگنی کو تھام، لٹکا ہی تھا جو تڑسی ایک بڑا سا پتّیر لے کھڑا۔ گرفت چھوٹ گئی اور منو میاں بوکھلا کر گرتے ہیں تو گھڑونچی پر اڑاڑ دھم!

گرہستی کا یہ کارآمد جزو، کنگنی میں اپنا آپ ہی جواب، عالی ظرفی کیجیے یا وضع کا پاس، کہ آج تک بھرے مٹکے کا ساتھ نباہ رہی تھی، اب وزن ہوا المضاعف، لنگر نہ جھیل سکی، چولیں ڈھیلی، انجر پنجر الگ، چرچرا کے بیٹھ گئی، مٹکا ڈھیلی کھاتا، اپنے محور پہ آپ گردش کرتا، بہتیں بہتیں کہتا ہوا وہ گیا۔

چکنا گھڑا، غیرت کا پتلا، بنانیوالے کے صدقے جائیے، پھوٹا تو نہیں ہاں صحن بھر نینی تال ہو گیا،

ساتھ ہی بس کھٹیا کے جوت سے کسی نے آدھے دھڑے اُٹھ کر پٹی تلے کچھ ٹٹولا۔ ہوا میں سناٹا ہوا، اور کھنا نانا کی آواز آتے ہی نگاہ جو اُٹھتی ہے تو آئیں! سُبحان اللہ! انگنی میں مینا بازار لگا ہوا ہے! گرم مسالے کی پڑیا۔ افیون کی ڈبیا۔ پیتل کی سُرمہ دانی جست کی سلائی۔ زنگ خوردہ سوئیاں۔ ہاتھی ماپ چیک۔ کاٹھ کا کنگھا۔ ٹین کا آئینہ۔ پانوں کی صافی۔ کتھے چونے کی گلھیاں، چھالیہ کا چورا۔ تمباکو کا قوام۔ چورن کی گولیاں۔ ان سب میں سر برآوردہ خود پانوں کی پٹاری اور اس بے ترتیبی کے ذمہ دار گودڑ میں لپٹے ہوئے میاں گپّو!

گپّو! "لے لے! میں کہتا ہوں شامتوں نے تو نہیں گھیرا ہے پاجی کی"۔ "ڈانٹ کر" پھینک آئینہ، بڑے شوقین کی دُم بنے ہیں بیٹا، کسی دن باندھ کے مشکیں حوالے کروں گا مداری کے، ساری فیلسوفی نکل جائیگی"!

جغادری بھپکی نئے کے جست جو کرتا ہے تو چھپّر پہ، اور وہاں سے ایک زقند میں آئینہ سمیت نو اور دو گیارہ، چلنے فیصلہ ہوا۔

لیجیے یہ تو پیمبری وَخت پڑا ہے گھر میں رونے کو آنسو تک نہیں، وہاں مفلسی میں آٹا گیلا، اور ٹھک گئی بارہ ڈبل کی۔ یہ نہ لے گئے افیم کی ڈبیا سُنگھتے ہی ڈھیر ہو جاتے چڈا! باواز بلند" مرزا صاحب۔ اے حضت مرزا صاحب"! جواب نہ پاکر "اچھا ہی ہوا واللہ جو آنکھ نہیں کھُلی، ہے ہے اگر جو کہیں پٹاری کی برکت دیکھ پاتے۔ توبہ ہے۔ پنجے جھاڑ کے پیچھے ہی تو پڑ جاتے۔ مرزا جی ہیں کہ ماذ اللہ کی پناہ!"

یہ کہکر میاں گپّو نے جلدی جلدی بکھری ہوئی دکان سمیٹی اور رزائی سے جھاڑ پونچھ کر پٹاری کو آراستہ کر دیا اس سے فارغ ہو کر آگ سُلگائی۔ تو اجیا۔ حقہ پیا اور گھر سے نکلے تو سیدھے مٹھو کے ہاں گلی کے نکڑ پہ تو گھر ہی تھا جاتے ہی کنڈی کھٹ کھٹائی۔

اندر سے "کون ہے بجیت؟"

گیوا: "ہم ہیں بھائی اور کون ہے"

مٹھو: دروازہ کھول کر: "بندگی ارج ہے سرکار کہئے حکم"

گیوا: "حکم وکم نہیں۔ یہ لو اپنی دھلائی کے پیسے خبردار"

مٹھو: پیسے لیکے "سلامت رہیے جلدی کیا تھی پھر آجاتے۔ چھ ڈبل کی بھی کوئی آبرو ہے"

گیوا: "نہیں ماں یہ کہنے کو نہ ہو کرے مار تھے۔ لے کے مزدوری چلتے بنے"

مٹھو: "کھیریت! یہ آج کیسی اکھڑی اکھڑی باتیں کر رہے ہیں آپ۔ طبیعت تو نہیں ماندی کچھ؟ ایکے تو وہ جوڑی بکھار کی ہوا چلی ہے کہ ماج اللہ تین دن سے بستی کی اماں پڑی ہیں تو ہوس نہیں نا"

گیوا: "اماں جوڑی بخارجس" بہن کی گالی دیکر "کو آتا ہوگا اگے تیر آتا ہوگا۔ یہاں اور جی آزار لگا ہے"

مٹھو: "منڈھیا دیکھے" آئے تو مٹھو جانیے تسر پھیر رکھیے، کھڑے کب تک رہیے گا۔ حقہ منگواؤں، مدریا ہے، بستی بستی بیٹا اٹھو، دن نکل آیا، جری کھور میاں کو حقہ تو بھر دو"

گیوا: مڈھ کر: "نالت یہ ہو ماں تھے پر، یوں ہی پنڈا سلگ رہا ہے حقہ کیا ہوگا"

مٹھو: "اے وہ مرجاجی آپکے نہیں دکھانی پڑے کئی دن سے۔ کیا کہیں باہر گئے ہیں"

گیوا: "جرے تیوروں سے یہ ہٹا تو تم بھی کس نسوڑھے کا نام لیتے ہو سویرے سویرے، روٹی بھی نہ ملے گی، ہمیں ان سے اب واسطہ کب، جن کے دوائے نہ جاتیے اس کے کون گھنے سے مطلب"

مٹھو: "یہ کیں ماں سمجھا نہیں"

گیوا: "ہاں یا تو اب ہوگیا نا"

مٹھو: "نہیں یہ کیوں بکھم لے لیتے جو ہم نے سنا بھی ہو، دیکھنے میں تو مہا بڑے میاں آدمی مالوم دیتے ہیں ہاں اک جری جھلے بے سک کرکے ہیں"

گیوا: "جھلے سے جھلے! اور آدمی کی بھی ایک ہی کہی تم نے۔ مال سنیت کے جانے میں ہوتے تو خلے بھر میں آج یہ حاشرات بھی برپا ہوتی"

مٹھو: "کیا مار کا ہوا کچھ کہئے تو؟"

گیوا: "مار کا وار کا کچھ بھی نہیں، شیطان نے انگلی دکھا دی ہے۔ پچھلے پہر سے شیخ سدو کھیل رہے ہیں سرپہ، جی اور کیا"

مٹھو: "ابھی تو ہیں ہی، لئے باج آدمی"

گیوا: "نشہ وشہ کچھ نہیں، مراق ہے، سودا ہوگیا ہے، کھا پکے اچھے خاصے سوئے، تین پونے تین بجے کا عمل ہوگا آنکھ کھلی، حقہ مانگا۔ اب یہ تو سردی دیکھتے توڑ کا دخت، اور ہمارا اٹھنا دیکھتے، مل بھیا تا بیداری تو بری شے ہے تم جانو، اٹھے بھائی، حقہ بھر کے دیا تو لگے بکواس کرنے کان کھانے، پڑے پڑے ہوک جو اٹھی تو کیا کہتے ہیں تمہیں واللہ ہے مٹھو ذرا سننے کی بات ہے کہ میاں غفو، خاں سویرے تو چاند کی تیرہ تاریخ ہوگی، میں نے کہا کہ پھر باشد، تو فرماتے کیا ہیں ماں تم بڑے واہی ہو بھول گئے ہماری سالگرہ کا دن ہے، اس پر میں نے کہا کہ حضور تو سے دخت کی شہنائی بجاتے ہیں یہاں نیند میں اپنے حساب کس بہن کی گالی دے کر کو کچھ یاد ہے۔ دن بھر کام کاج میں جتے رہے۔ ہار پلیتھن نکل گیا، آپ آدھی رات کو سالگرہ لے کے بیٹھے ہیں، کیوں بھی کچھ جھوٹ کہا میں نے؟"

مٹھو: "لے اب ہم سے کوئی بات چھپی ہے؟"

گیوا: "لے تم جنو، بس میاں کہنے لگے جلسہ ہوگا۔ کاشمیری ناچیں گے، یار دوستوں کے جمگھٹ رہیں گے، یہ ہوگا وہ ہوگا، اور ہاں بھئی غفور خاں شگن کی فکر تو ہوتی نہیں اب تک، اسی سوچ میں ہوں، بھئی تمہیں کو کرنا پڑے گی، کاشی وشی کے ایک پنڈت جی ہمارا جم دھم شالے میں آن کے ڈھکے تھے وہ نجوم دیکھ کے بتا گئے ہیں کہ خبردار منگل کے دن سالگرہ پڑے تو دکھن رخ کھڑے ہوکر منہ پر گلٹن لیٹ کا رومال ڈال کے پہلے ایک گدھے کے ورشن کر لینا تب گرہ لگانا، سال بھر تو کچھ چین سے کٹے گی، دوست آباد، دشمن ہیری پامال، میں پھک تو رہا ہی تھا پڑا پڑا۔ یہ سنتے ہی اور آگ لگ گئی تن بدن میں، اور شامت جو آوے بھائی مٹھو نا؟ تو چھوٹتے ہی بھوٹے منہ سے نکل گیا کہ اس میں فکر کاہے کی، آپ منہ پر رومال ڈال کے دکھن رخ کھڑے ہو جائیے گا، میں آئینا دکھا دونگا، گدھے کی شکل نہ نظر آجائے تو چور کا حال سو ہمارا حال، لے حضت اتنا سننا تھا کہ مرزا میں تو جائیں کہاں، پھر ہی تو پڑے، لاکھوں مار پیار کی سنائیں، پانوں کی پٹاری رکھی تھی جھاڑ جھ میں وہ اٹھا کے کھینچ ماری زن دینے، امام حسین قسم خالی نہ دوں تو بھیجا ہی نکل پڑے، جی اور کیا، غرضیکہ کہاں تک کہوں وہ تو تو میں میں ہوئی کہ پناہ بخدا، پکتے بکتے اب تھکے ہیں تو پست ہو کے پڑے ہیں"

مٹھو: "تو یہ کہیئے بڑا جھنجٹ ہوگیا، پھر اب؟"

گیوا: "ایں اب کیا، نہ وہ مالک نہ ہم نوکر، بھاری پتھر تھا چوم کے چھوڑ دیا، بات پاؤں سلامت ہیں ہزار نوکری، رزق کیا ایک انہیں پر ماقوقے ہے، پر دیکھ لینا مٹھو اپنی آنکھوں سے، ہم تو نہ ہوں گے جو یہ مرزا کوڑی کا کان نہ مانگتی پھرے"

مٹھو: "بیچ ہے گریب کی آتما کا ستانا نہیں اچھا، وہ دیکھئے بھلا سا نام ہے اُن کا مصاحب گنج میں رہتے ہیں، بڑے بانکے بنتے ہیں، کپڑے لے کے جو اُن کے یاں آج تیسرا دن ہے جاتا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں ایک اودھم ایک اودھم، نام ہوا کہ ماما کی کندی ہو رہی ہے اور ماما ہے کہ کلپ کلپ کے کوسنے دے رہی ہے، پانی بھری ڈکچی لے کے چلا تھا، پھٹ پڑی، یہ تھی ساری کتھا، بس ہجت میں تو کانپ گیا، اور کان دبا کے چلا آیا، مجھ سے کی اپنی ایسی تیسی میں، اب دیکھتے مالک کی سان، وہی بانکے جوتے میں دھرے گنے، ٹنڈیاں کھی گئیں، مُنہ ڈھانپے تلگے، ساتھ کل چوک میں جا رہے تھے۔ میں کیا کہوں"

گیوا: "پھر بیجا کیا ہی، سزا ہے بدت کی"

مٹھو: "مل ایک بات ہے ہجت، مرجاجی نے اُسرا پہیت نہیں برتی وہ جانیں، آپ ان کی برتی کیوں کریں، ہے کہ نہیں؟ کتے نے کاٹا اب کتے کا کون ٹھور کا لے"

گیوا: "اور سنو بھائی کی باتیں، ناصاحب اب تو مرزا کی سفتا دُشت بھی قبر سے اُٹھ آئے تب بھی غفور خاں اُن پر پیشاب نہیں کرنے کے، نانا بابا بیچ پی ہزار لعنت کھائی، وہ آدمی ٹھیرے جھنجھٹی، ہمارے کون گدھا ڈھونڈتا گھومے گا اُنکے لئے"

مٹھو: "اے گدھا بھی کوئی انمول چیج ہے، مُنہ ہی تو دیکھنا ہے جری کے جری، سو بھیا گفور مرجا تو کیا مل تمہارے لئے مجود ہے، آگے تم جانو"

گیوا: "دل میں خوش ہو کر: "خوش رہو تم، تمہارے بال بچے جئیں، اپنی بات تو کہی تم نے، میاں اس کلجگ میں کون کسی کا یار ہوتا ہے"

مٹھو: "وہی تو میں نے کہا کہ کیوں برس برس کے دن مرجاجی کا گگن بگڑے اور تم بھی رُجگار سے کیوں جاؤ، بن ٹھک کو، نوکری آج کل بھیا مل پاس کو تو ملتی نہیں ہماری تمہاری کون حکیت"

گیوا: "اب بھئی تم کہتے ہو تو اتنی مجال نہیں میری کہ تمہاری بات ٹال دوں، اور تم بھی ہمارے بنی لفنے کی خاطر کہہ رہے ہو بیچارے مگر تمام عمر کیلئے تمہارا احسان ہوا ہماری گردن پہ"

مٹھو: "واہ میاں کوئی بات ہے یہ بھی، دئے سے دیا جلتا ہی، بن ٹھک

گھر آ کے دیکھا تو مرزا صاحب اکڑوں بیٹھے پینک کے مزے اُڑا رہے ہیں، حقہ منہ سے لگا ہوا ہاتھ جھوکے کھا رہا ہے:

گیوا: "مرزا صاحب مرزا صاحب"

مرزا: "ہوں ہوں"

گیوا: "لے اُٹھئے قبلہ، سوا پہر دن چڑھنے آیا"

مرزا: "پینک میں: "تو جب ملکہ شمسہ تاجدار نے امیر باتو قیر کے.. ...کے....کے"

گیوا: "لے ماشے اللہ داستان اُڑ رہی ہی، اہو ہو ہو" شانہ ہلا کر "مرزا صاحب مرزا صاحب"

مرزا گھبرا کے چونکے، حقے میں ٹھیس لگ گئی اور نہال دوانگل ناک میں اُتر گئی، چلم گرتی ہے تو رزائی پر آگ ہی آگ

مرزا: "ہاں جانی مرزا صاحب کہاں گئے؟"

گیوا: "جانی مرزا دانی مرزا گئے بھاڑ میں، نئی رزانی جل کے بھسم ہوگئی۔"

مرزا: "ادھر اُدھر دیکھ کر: لاحول ولا قوۃ یہ کب؟ اور مردود تو کھڑا باتیں بنا رہا ہے، یہ نہیں ہوتا کہ آ کے بجھا دے۔"

گیوا: "حقہ کا پانی رزانی پر چھڑک کر: یاد نہیں رہا میاں چوک ہوگئی، غلطی ہوئی۔"

مرزا: "اور یہ تجھے کہاں اتنی دیر سے آپ آوازیں دیتے دیتے گلا بیٹھ گیا قسم قرآن کی۔ خود حقہ بھرنا پڑا۔"

گیوا: "سودے سلف کو گیا تھا اور کہاں تھا۔"

مرزا: "پھر لایا؟"

گیوا: "لایا نہیں لاتے کہیے، بُلوں بُلوں بد کلامی نہیں اچھی۔"

مرزا: "ہاتھ سر پیٹ لینے کو جی چاہتا ہے۔ پھر بھی نہ کہا کہ سودا آیا کہ نہیں۔"

گیوا: "جی نہیں۔"

مرزا: "بگڑ کر: اور رات کو ہم نے جو حکم دیا تھا وہ کچھ نہیں، ناپوں گردن اُٹھ کے۔"

گیوا: "آپ تو حق بے نحق کو تیز ہوتے چلے جاتے ہیں، سودا لاتا کہاں سے؟ بازار پھر سونا پڑا ہے، کانی چڑیا تک تو ہے نہیں، نانبائی کی دکان بند، حلوائی کی دکان بند، بنیے کی دکان بند۔"

مرزا: "آخر یہ سب کہاں مر گئے ہیضہ لے گیا یا طاعون کھا گیا؟"

گیوا: "دنیا جہان کی آپ کو خبر تک تو ہے نہیں، وہاں چار بجے رات سے خلق خدا ریل پہ ڈھیلی چلی جا رہی ہے۔ روپے سواری کو تو اکے والے دھتا بتا رہے ہیں، پانچ پانچ روپے لدیری ہے۔"

مرزا: "افوہ غفر خانصاحب اب یاد آیا آج تو وہاں اقیم کا میلہ ہے نا؟ بات تمہارے ندیدوں کی ایسی کی تیسی، پانچ روپے سواری کر دی۔"

گیوا: "یہ بھی ہے اور لاٹ صاحب کی سواری بھی آ رہی ہے۔"

مرزا: "متعجب ہو کر: ہائیں! کون؟ منور الدولہ بہادر کا جلوس نکلیگا۔ تو یہ کہیے بعد مدت کے آج آنکھیں سکیں گی؟"

گیوا: "کیا شکل ہے: ہم کہیں کھیت کی وہ سُنیں کھریان کی۔ اے حضور منور الدولہ مرستان پہونچے۔ لاٹ صاحب! لاٹ صاحب!"

مرزا: "کلکتے والے کو کہتے ہو نا؟"

گیوا: "اب کلکتہ بھی تو آپ جائیں، ہم نے تو سب سے یہی سنا کہ لاٹ صاحب کی سواری نکلے گی۔"

مرزا: "ہاں ہاں جی ہم کس کو نہیں جانتے تمہاری طرح جاہل نہیں ہیں بے پڑھے ہم۔"

گیوا: "تو اٹھئے گا بھی یا کھٹیا پہ پڑے پڑے بڑیں ہانکیے گا۔ ریل چلنا ہے کہ نہیں، لال کرتی الگ جانا ہے، آج تو مار کام ہی کر دی۔"

مرزا: "اٹھ کر: مگر یار یہ تم نے بُری سُنائی کہ سواری نہ ملے گی، ہاں اور لام کہیے گدھا؟"

گیوا: "آپ کا اہل وجود ہیں تو دنیا تھوڑی اندھی ہے، یہاں تڑکے اُٹھے جھاڑ و بہارو کی، گھر سے نکلے، بنیہ ملا نہیں، سٹھائی کے بات پاؤں جوڑ کے حضور کی جامدانی نکلوائی۔ بازو ان مٹھوا کے گھر گیا، ہاتھ کل اُس کو رضی کیا تب کہیں آٹھ گنے پیسے پر گدھا ملا، اتنی تو محنت کی ہم نے اور نام ملا یہ کہ فضول بے فضول کو آپ نے اتنی صلواتیں سُنائیں، اور کہہ لیجئے دو چار دن ہو ہم کہاں اور آپ کہاں۔"

مرزا: "سچ ہے وقت جدائی کی گھڑی سر پہ کھڑی ہے، مگر بھی گدھا لات وات تو نہیں مارتا۔"

گیوا: "اے حضور وہ ٹھمک ٹھمک چلتا ہے کہ لوگ تماشا دیکھتے ہیں۔ گدھے پر نہ بیٹھے اپنے حساب، اڑن کھٹولے پر بیٹھے، جی اور کیا۔"

مرزا: "مگر یہ سمجھ میں نہ آیا کہ اتنی سی جگہ میں تیری انگنی ہیں۔ یہ بندھیں گے کہاں اور کھائیں گے کیا۔"

گیوا: "پھر تو آپ بُرا مانتے ہیں جو آپ کو کوئی گُستاخی کرتا ہے، مگر سچ یہ کہ حضور میں نرے بودم، ہم سے سُنتے وہ ترکیب بتائیں جو آپ کے دادا جان کو بھی نہ سوجھی ہوگی۔"

مرزا: "کیوں بے یہ نانا دادا کیا؟ ایں یہ نانا دادا کے کیا معنی؟ آ گیا رذیل اپنی ذات پر، دیکھئے تو یہ اسی میں خیر ہے کہ آئندہ یہ حرکت نہ ہوگی۔"

گیوا: "واہ ری دنیا! کیا قدر دانی کی ہے، اے حضور پہلے تو سن لیجئے پھر توبہ تلا کر لیجئے گا، سُنیے حضور نے پوچھا، بندھے گا کہاں، علاوہ عنبر کرتا ہو گا بھی ہو زمیں، کھائیگا کیا کہئے سرکار کے سر۔"

مرزا: "اچھل کر: بھی سچ کہتے ہو قسم قرآن کی سچ کہتے ہو، واللہ نانا دادا کیا منہ سے ہماری چھٹیں پشت کو بھی یہ ترکیب نہ سوجھی ہوگی پھر خانصاحب پہونچا دیا ہوتا انکو وہیں۔"

گپوا: "نہ میاں غلام سے یہ نہ ہوگا، رات سے گھومتے گھومتے یہ وقت آیا ہے، حضور خود تکلیف کریں، چار قدم پہ تو کانجی ہوز ہے۔" اپنی رزائی دے کر یہ اور لے لیجئے اور رسی پکڑے نالے چلے جاؤ لوگ سمجھیں گے کوئی اوورا ڈالنے جا رہا ہوگا، یا نالی صاف کرتا ہوگا۔"

مرزا: گردن ہلا کر: "کیوں حضت تو اب ہم حلال خور ٹھیرے؟ اصل یہ ہے کہ غفور خاں تم اس قابل ہو کہ توپ دم کرا دے جاؤ قسم قرآن کی۔"

گپوا: "حلال خور نہ سہی حرام خور سہی، اب خوش؟"

مرزا: "کیوں صاحب حرام خور کس طرح، غفور خاں ثابت کرنا پڑیگا تم کو، جو نہ ہوا تو یاد رکھنا کہ گولی مار دونگا ابھی واللہ۔"

گپوا: "اچھا بھلا بتاتے حضور زہر کھانا کیسا؟"

مرزا: "حرام قطعی حرام۔"

گپوا: "اور لقمہ؟"

مرزا: "زہر قاتل، سنکھیا، ہلاہل۔"

گپوا: "اور آپ؟"

مرزا: "ہم کھاتے ہیں اور بیچ کھیت کھاتے ہیں۔"

گپوا: "اب بتائیے آپکے دشمن کیا ہوئے؟ نہ کہئے گا کبسا نچا کھایا۔"

مرزا: چھینپ کر: "ایں استغفراللہ، میاں خانصاحب تم جیتے ہم ہارے۔"

گپوا: "کہہ دیا سمجھا دیا کہ یاروں سے نہ بل کی لیا کیجئے، وہ ہیں کہ نہیں سنتے نہیں مانتے۔"

مرزا: "اچھا تو بھئی لاؤ پہونچا دوں، ابھی تڑکا ہے۔"

گپوا: "اور غلام اتنی دیر سے کیا جھک مار رہا تھا، مگر سنتے جائیے بنی پوچھے تو کہیں اپنا نام نہ لکھا بیٹھئے گا، ہاں، آپ تو ٹھنڈے ٹھنڈے رام پہ سدھاریں یہاں ہم دھرے جائیں، خواہ مخواہ کی بیٹھ ہو، مٹھو کا نام لے دیجئے گا۔"

مرزا ہنکر: "بڑا حرفتی ہے، بڑا حرفتی ہے۔"

گپوا: "تسلیم۔"

مرزا نے گپو کی رزائی لی، گدھے کو چمکارا اور نالے نالے چلے تو کانجی ہوز، گدھا داخل دفتر، اور تھوڑی دیر میں خوشی خوشی مرزا واپس ہوئے تو پھر وہی گپو۔

مرزا: جاتے جاتے: "ارماں غفور خاں خضاب تیار ہے۔"

گپوا: "حضور بڑی دیر سے آپ چار پائی کے کوٹھڑی میں چلئے میں لایا۔"

مرزا: "عجب نامعقول ہے قسم قرآن کی، لمبے دھوپ یہاں ہے یا کوٹھڑی میں۔"

گپوا: "حضور تو جب دیکھئے گھوڑے گدھے پہ اترآتے ہیں، ابھی قائل ماقول ہو چکے ہیں، اے صاحب روشنی میں رنگ شرماتے گا کہ نہیں، اب آپکے کون کہے۔"

مرزا: "کہتے تو ٹھیک ہو بھئی۔"

کوٹھڑی میں چلے گئے اور بیٹھے ہی تھے کہ گپو مٹی کے تیل کی کپی لئے آپہونچا۔

مرزا: "یہ کیا؟ خضاب کی پیالی اور چمچی کہاں ہے؟"

گپوا: کپی جلا کے: "پیالی ویالی کیا ہوتی، آپ اک ذری پاؤں لٹکا کے آرام سے بیٹھ جائیے، میں نیچے سے لو دکھا دوں، لمبے بھوں میں تو داڑھی کجراتی ہے، اوپر سے ذری سا مغز کدو کا تیل مل دیں گے، چمک اٹھے گی۔"

مرزا: گپو کا کان پکڑ کے: "کیوں بے الو کے پٹھے جان لینے کی فکر کی تھی، اور سنئے بدذات نابکار کی، اور جو ذری بالوں کو لپک چھو جاتی تو؟"

گپوا: "ہمنیوں کو فرصت ہو جاتی۔"

مرزا: کان چھوڑ کر: "دور ہو کمبخت سامنے سے۔"

گپوا: "میں نے کیا بے جا کیا، انصاف تو چھو نہیں گیا آپکے، دس بیچ چکے ہیں دو کوس زمین ناپنے کو پڑی ہے، خضاب لگاتے دھوتے بارہ بجتے کہ نہیں۔"

مرزا: "بخشیں آپ، ہم درگذرے ایسے خضاب سے قسم قرآن کی، اچھا ہماری جامدانی لاؤ۔"

کپڑوں کی گپی آئی اور گپو گیا۔

مرزا: "ارماں غفور خاں یہاں تو آنا ذری۔"

گپوا: "کہئے حاضر۔"

مرزا: "یہ دوشالا بھی دیکھا تم نے؟"

گپوا: "لے حضور کی بھی کیا باتیں ہیں، غریبوں کی نگہ سے ایسی نادرات چیزیں گذر سکتی ہیں بھلا، مل حضور ہات چوم لے کاریگر کے، کیا جھنجھریاں رکھی ہیں سوقت سے واہ وا، جاڑے گرمی دونوں کے کام کی۔"

مرزا: "جی جناب آپ کیا سمجھتے ہیں، یہ خاص حضرت سلطان عالم محمد امجد علی شاہ بادشاہ غازی کے اوڑھنے کا ہے۔"

گپوا: "بجا ہے عاقبتی جوڑے پر کا ہوگا"

مرزا: "شال پھینک کر: ہائے نہیں ملتی نہیں ملتی جو ایک ہی وار میں مروک کا قصہ پاک کر دوں۔ کیوں جناب یہ ہم مردوں کا مال پہنتے ہیں، ایں گستاخ بے ادب"

گپوا: حضور بھی پورے زاغلول ہیں۔ میں نے یہ کہا کہ حضور پہنتے ہیں، یہ تو بڑے مرزا صاحب مرحوم کو ملا ہوگا"

مرزا: اور نہیں کیا ہم کو پہلے ہی کیوں نہ کہہ دیا تھا"

گپوا: بندہ بشر ہی تو ہوگئی بھول

مرزا صاحب نے پوشاک بدلی۔ کملی نہری کا زردشرع کا پیجامہ، سیاہ دوبیز کا اونچی چولی کا انگرکھا، سر پہ سرخ مندیل۔

مرزا: "گپو ذرا لانا تو آئینہ"

گپوا: آئینہ دیکھ کے کیا کیجئے گا، ہمیں تو حضور عین مین۔۔۔۔"

مرزا: گرم ہو کر: ہاں کیا عین مین، گدی سے زبان کھینچ لونگا جو ذرا بھی اس وقت گستاخی کی تو نے!"

گپوا: جی سن تو لیجئے۔ میں کہتا تھا کہ حضور عین مین اپنے والد معلوم ہوتے ہیں اس وقت، وہی سج دھج، وہی ٹھاٹ ہیں بالکل، بس ایک اُس کی کسر ہے"

مرزا: پیکھے چتون سے: جی، کاہے کی۔ منہ کو ذرا لگام دے رہئے کہہ دیا ہے"

گپوا: ولا ستی کی"

مرزا: میں سمجھا دم کی"

گپوا: سچ سچ! ایسا نہ کہئے والد تھے آپکے"

مرزا: سچ تاب کھا کے: کیوں بے یہ تو نے انکو کب دیکھا تھا ہمیں تو نصیب ہوئی نہیں انکی زیارت خیر سے"

گپوا: مسکرا کے: حضور دیکھا تو بے شک کر کے نہیں مگر سنا ضرور ہے لوگوں کی زبانی کہ ایک آپکے والد تھے، اور کیا حضور لکے سانے پیدا نہیں ہوتے تھے؟"

مرزا: ٹھنڈی سانس لیکر: نہیں میاں ہم انکی وفات شریف کے بعد تولد ہوئے تھے"

گپوا: سوکھے منہ سے: یہ حضور کتنے دن بعد؟"

مرزا: جھنجلا کر: لے یاد کس کو ہے، کوئی آج کی بات ہے احمق، اچھا باتیں نہ بناؤ، پٹاری میں سے آئینہ نکال کے لاؤ"

گپوا: کنپٹی کھجا کر: حضور۔۔۔ وہ۔۔۔ وہ۔۔۔"

مرزا: ایں ایں، ابے حضور وہ، کیا یہ "حضور وہ حضور وہ" کس جانور کا نام ہے؟"

گپوا: ڈرتے ڈرتے: حضور وہ تو میں نے خدا کی راہ پہ دیدیا"

مرزا: گرج کر: کون آئینہ؟ خبیث، ملاعون، پاجی کے بچے کسے دیدیا"

گپوا: زیر لب: گھسیٹن بھٹیاری کو"

مرزا: کیوں؟"

گپوا: حضور منہ دیکھنے کو ترستی تھی غریب، کہنے لگی بھیا ٹوٹا پھوٹا ہاتھ پڑا ہو تو ہمیں دیدو۔ میں نے کہا ثواب کا کام ہے اور حضور کا نام بھی ہوگا پٹاری سے نکال کر دیدیا، خطا ہوئی"

مرزا: خطا کے بچے! خیر اسی میں ہے کہ جا کے آئینہ لاؤ، نہیں تو یاد رکھنا قسم قرآن کی۔ لاش نکلے گی تمہاری اس ڈیوڑھی سے آج کے دن، بوٹیاں بود و نگا واللہ بوٹیاں۔ اور سنئے متفقی کی گھسیٹن اماں کو آئینہ پکڑا دیا۔ والدہ شریفہ تھیں نا وہ ان کی، منہ دیکھنے کو ترستی تھیں، ہونہہ بصورت چڑیل کی مزاج پریوں کا، اور تو نے تو گپوا لاکھ کا گھر خاک کر دیا ہمارا، بس کہہ تو دیا خیر اسی میں ہے کہ آئینہ لا کے دیکھئے چپکے سے"

گپو گھسیٹن کے ہاں پہونچے، بی بھٹیاری موٹے موٹے شیشوں کی عینک لگائے بیٹھی ہوئی چھینٹ کے لہنگے میں گوٹ لگا رہی تھیں۔

گھسیٹن: اللہ غفور خاں آج کہاں بھول پڑے، مجاز تو اچھے ہیں، تم تو عید کا چاند ہو گئے"

گپوا: کیا پوچھتی ہو بوا، ایسے بد کے پالے پڑے ہیں کہ سر کھجانے کی مہلت نہیں ملتی، سر کھجانے کی"

گھسیٹن: چل بے مردت بہانے خور، وہ دنیا سے اوپر ایسا کیا کام ہے تمہاری سرکار میں ہم بھی سنیں، جو لمحے بھر کو چھٹی نہیں ملتی"

گپوا: سچ پوچھئے تو کام اتنا نہیں جتنی لیتھن ہے، اور جس روز سے مرزا صاحب نے پردیس کی ٹھانی ہے تب سے تو اور بھی ناک میں دم ہے"

گھسیٹن: ہے ہے یہ کب، یہ کہو کہ پڑوس ویران ہوتا ہے۔ کب تک اصل خیر سے لوٹو گے"

گپوا: میں تھوڑی جاتا ہوں وہی اپنے سدھارتے ہیں، اور دیکھئے لوٹنے کا ضرور ہی حافظہ ہے"

گھسیٹن: یہ کیا کہہ بلا جاتے ہیں زیارت کو، خدا وہ دن لائے جو گھسیٹن

لونڈی کو بھی آقا یاد کریں، روضے کی زیارت نصیب ہو اور وہیں مٹی عزیز ہو جائے۔"

گپوا: "لے کچھ خواب تو نہیں دیکھ رہی ہو، بھلا حج زیارت کو جائینگے وہ لام پہ جا رہے ہیں۔"

گھسیٹن: "اوئی لام پہ، جہاں تروار چلتی ہے؟ چل مردوئے دلگی کرتا ہے بڑھیا سے، خدا نہ کرے جوان کے دشمن مدعی لام پہ جائیں۔"

گپوا: "جوانی قسم وہ لام پہ جا رہے ہیں، اسباب وسباب بھی بندھ گیا، ایک تو تھا ہی کیا خاک، گٹھڑی بھر بعد سوار ہوا چاہتے ہیں، یہاں سے کراچی بندر تک ریل پہ، باز واں آگبوٹ پہ سرحد کوئی ایسے ہی ہیں اللہ جانے کون لوگ ہیں انہیں نے دھاوا بول دیا ہے بڑا رن پڑنے والا ہے، میں نے تو حضت اپنے چلتے بہت سمجھایا مگر تم جانو اس عمر میں آدمی تو آلو کی جون میں آجاتا ہے، کون سنتا ہے۔"

گھسیٹن: "یا میرے اللہ، اے میں کہتی ہوں بھیا نگوڑے سٹران ہی ہیں مرزا تہماسے جو مٹی پلید کرانے جا رہے ہیں وہاں، یہ دن الٹے اللہ کرنے کے ہیں یا خدائی خوار گھومنے کے، نا بھیا گھسیٹن ہندی کو تو سونے کے سوالاکھ ٹکے بھی کوئی دے تب بھی اس ملک کا نام نہ لے۔" آہستہ سے "کسی نے جادو وادو تو نہیں کرا دیا ہے اللہ مارے پہ؟ ہاں میں جانوں کسی اگھوری وگھوری کا پھیر ہے۔"

گپوا: "جی نشاں خاطر رہیے وہ آپ دنیا بھر کے اگھوری ہیں، اور ہوگا جی، لیتے میں کیا۔"

گھسیٹن: "دیکھو بھیا جوانی پہ رحم کھانا۔ تم نہ کہیں ان کے ساتھ ہو لینا۔"

گپوا: "توبہ کرو۔ میری کوئی مت کٹ گئی ہے جو ملک ملک اپنا دیس چھوڑ کر ویران پھروں، یہاں پہلے ہی اپنا حساب کرا لیا، کہتے تھے جیتا پھرا تو پھر بلا لونگا، اچھا ہوا جاتے ہیں بندگی۔"

گھسیٹن: "لے گلوری تو کھاتے جاؤ، نگوڑا کتنے دن باد تو آئے تھے، مگر تمہیں سوگند ایسا نہ کیجو غفور کہ پھر ادھر کا نام نہ لو، ہاں تم جانو پڑوس کا بڑا سہارا تھا، اور ہاں ایک پیسہ کپڑے میں لپیٹ کر" بھیا کیسے یہ لئے جاؤ، میری طرف سے امام ضامن باندھ دینا" اور بندگی کے بعد کہہ دینا کیا کروں مرزا جی گھر اکیلا ہے، وہ بخشو مردہ بھی نہیں نا، نہیں تو میں خود آتی، اچھا بھیا یاد کر کے جاؤ وہی مچھلی کا تکن۔"

گپوا: "بندگی۔"

مرزا: "لایا ہے؟"

گپوا: "کیا خاک لاتا، وہ نکلی ہی نہیں ٹاپے سے، بڑی مشکل سے اتا قبولی ہیں کہ شام کو آکے لیجانا۔"

مرزا: "کیا کہا، پرایا مال ہضم کر کے قطامہ اب حیلے حوالے کرتی ہے بلے ہتے بتاتی ہے، لاتا تو میرا ڈنڈا ادھر۔"

گپوا: "لے نہیں حضور رحم کیجئے، ورجن بھر انڈے پھوٹ جائینگے۔"

مرزا: "یہ کیا، اسکے کیا معنی؟"

گپوا: "حضور وہ تو آج اس بارہ روز سے کڑک ہیں نا، انڈے لئے ٹاپے میں دکھیا بیٹھی ہے۔"

مرزا: "کڑک، کیا بتاتا ہے بے، جوتن لے گی تو بچا مارے گا لیوں کے فشار کر دیگی تمہارا، یہ کیا بدتہذیبی ہے، جواب دے، لغو۔"

گپوا: "اب ہماری بڑی مشکل ہے، حضور کو یقین نہیں آتا۔ اس کا میاں کسریٹ والے صاحب کے ہاں ہانڈی روٹی پہ ہے کہ نہیں، وہ لایا ہے یہ ترکیب اڑا کے کسٹریٹ سے، جی چاہے لوٹ کے دیکھ لیجئے گا، کوئی ڈھکی چھپی بات ہے، محلے بھر میں تو ماشور ہے۔"

مرزا: "کمال حیرت زدہ ہو کر" ایں واللہ تہیں قسم قرآن کی بھی غفور حیرت ہو گئی حیرت، بھٹیاری ہو کے گھاگھس مرغی کا کام دے، کیا ترکیب نکالی ہے قسم قرآن کی، اچھا ایک بات بتا دو تو ہم قائل ہو جائیں اسکے، بھلا چوزے ہوتے تو مرغ ہی کے شکل کے ہیں یا کچھ اور؟"

گپوا: "حضور تو بچوں کی سی باتیں کرتے ہیں، لے قبلہ مرغ کے نہیں تو کیا میری آپ کی شکل ہوتے ہیں، اصل کڑک ناتھ، مگر آپ بے فضول باتوں میں دیر کر رہے ہیں، گیہ رہ بج چکے ہیں پھر مجھے نہ اُلہنا دیجئے گا۔"

مرزا: "ہاں بھئی چلنے میں اب منت کیا ہے، تم لتنے میں گلوریاں بناؤ، میں استخارہ دیکھ لوں۔"

گپوا: "استخارہ؟ کون؟ میں حضور استخارہ قیامت تک نہ دیکھنے دونگا تو وجہ کیا، اس دن خط بنواتے وحت استخارہ دیکھا تھا پھر کیا نتیجہ ہوا۔ استرا خب دینے لگے میں اتر گیا، خونا خون ہو گئے مارآپ جیسے کوئی بجا اطلال کر کے ڈال دے، اگو آپ مالک ہیں، ہم نے کہنا تھا کہدیا۔"

مرزا: "غفور خاں صاحب، بھئی تمہاری نمک حلالی میں اب شک کرنے والے پہ لعنت کی گالی دے کر" کے تمہیں کافر کہتا ہوں، قسم قرآن کی۔ اچھا گلوری تو کھلا دو۔ اور ہاں بھئی ڈنڈا یاد کر کے لے لینا۔ برا وقت کہہ کے نہیں آتا۔"

الغرض مرزا الٰہی خیر صاحب بصد خرابی و دولت کدے سے برآمد ہوئے، گیپو نے ڈیوڑھی معمور کی، قفل لگایا اور اسٹیشن کی راہ لی۔

مرزا: "ایک بات ہے۔"

گیپو: "یا اللہ! وہ بھی کہہ ڈالئے۔"

مرزا: "رستے میں جو کوئی پوچھ بیٹھا کہ یہ کون صاحب ہیں تو کیا کہو گے؟"

گیپو: "کہہ دونگا لال بیگیوں کے گرو ہیں۔"

مرزا۔ لال پیلے ہو کر: "کیوں پاجی نہیں چوکتا بدمعاشی سے۔ ابے یہ نہیں، یوں کہنا کہ رسدار صاحب ہیں، وہ کہے کہاں جاتے ہیں؟ کہنا لاٹ صاحب سے بلایا ہے ملاقات کو، خبردار۔"

گیپو: "لے ہم سے کہئے ہم کنٹریل صاحب جنٹیل صاحب کہدیں، رسدار صاحب" گانی دیکر: "کیا مال ہیں، مل ایک بات ہے رستے میں جھلے پن کی نہ کہئے گا آج: نہیں تو بنے گی نہیں ہماری آپ کی۔"

مرزا: "کیوں حضت ہم جھلے ہیں؟ مگر خوب یاد آیا، اے گھاٹ اتنا نہیں سمجھتا کہ سپاہی کے پوت اتنے کڑوے بھی نہ ہوتے تو کس کام کے۔"

گیپو: "برا ماننے کی بات نہیں حضور، ہم نے تو ایسوں کو پٹتے ہی سنا، سنا کیا معنی آنکھوں سے دیکھا، پرسوں دوپہر ہی کو سبزی منڈی میں اس بہار لی کو شرفو لانے وہ بے ہیوت، مار دی ہے کہ ماؤ اللہ کی پناہ، مانتا ہی نہ تھا مانتا ہی نہ تھا کسو طرح، کہتے گیا، وہ ڈبل کا بھیجو تجھکو تین ڈبل میں کس طرح دیدے، اسی پہ اکڑ رہے، اور شرفو کے ٹھوکر چڑھ دی بونٹ جو تے کی، بس حضرت پھر تو شرفو نے وہ کھلے ہی کھلے چانٹے رسید کئے ہیں کہ خون نکھلوا دیا بیٹا کو، دھرا ہی رہا سور ماپن، جی اور کیا۔"

اتنے میں دور سے اسٹیشن کا چوراہا دکھائی دیا، مرزا صاحب رک گئے۔

مرزا: "لو بھئی گیپو تیار ہو جاؤ، منزل آ گئی، بولو اب تم آگے بڑھو گے یا ہم چلیں، سوچ لو۔"

گیپو: "حضور بھی کمال کرتے ہیں، غلام کی مجال ہے آگے چلنے کی، کوئی آپ کو مخلوق میں ذلیل کرانا ہے، اول تو میں ان پڑھ جاہل ٹھیرا، پھر لاکھ میں لاکلہ میں آپ آقا ہیں میں نوکر، ہوں تابعدار۔"

مرزا: "کہتے تو سچ ہو، لاٹ صاحب کی نظر ادھر پڑ گئی اور وہ کچھ پوچھ گچھ بیٹھے تو بھئی غفور خاں تم تو سٹ پٹا جاؤ گے۔"

گیپو: "حاکم کا رعب بھی کوئی شے ہے آخر، اور ہم لاکھ پڑھ دائیں بیٹھے وہی مکھے کے پیادے۔"

مرزا صاحب نے کمرے چادر کھول کر ہات پاؤں کی گرد جھاڑی، مونچھوں کو تاؤ دیا، اور نادعلیا مظہر العجائب، کہہ کر چند قدم ہی بڑھے ہونگے جو کسی نے ڈانٹ کر آواز دی: "ہلٹ! ہُکم سردر۔"

مرزا صاحب اچھل پڑے، دیکھا تو سامنے وردی ڈانٹے بندوق لئے پولس کا سپاہی، پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں تو گیپو غائب۔

سپاہی: "ٹھہر رہیو، آگے نہ بڑھیو، مریہوں گولی ٹھائیں دے، تون کریجا کے پارے ہمیشے، پہرلین ہُتھتا چل دیہے سائسر سڑ سڑ۔"

آپ جانیں پولیس کا جوان، اُس پہ چاٹ کی ذات، جاہل گنوار کا ہٹھ، کڑوا کریلا دوسرے تم چڑھا، مرزا ٹھٹھلے، ڈانٹ پڑی تو سر سے پانک پسینے میں غرق، اوپر کی سانس اوپر نیچے کی سانس نیچے۔

مرزا: دبی زبان سے: "کیا وقت پہ داغ دیا ہے نمک حرام نے اسی لئے پھڑپہ ہم کو رکھ دیا تھا، ابے او نمک حرام کے بچے گیپو کہاں مر گیا۔ ہائے کیا ضیق میں جان ہے اس پاجی کے مارے، قسم قرآن کی۔"

گیپو: "کہئے کہئے کیا آفت ٹوٹ پڑی، بڑھتے ناٹھٹک کیوں گئے، ذری پیشاب کرنے بیٹھ گیا تھا آپ نے لے کے گالیوں کا دونگڑا برسا دیا۔"

مرزا: دانت پیس کر: "ابے حرامزادے، دیکھ وہ سامنے باپ کھڑا ہے تیرا۔"

گیپو: "پھر باشد، مخلوق آتی جاتی ہے، ایک آپ ہی کیلئے ہوا ہے، چلئے تو سہی۔"

مرزا: بہت کر کے دور سے: "آداب بجالاتا ہوں جمعدار صاحب۔"

سپاہی: "کا بکت ہے رے؟ تم وہیہو ہمکا، کئے؟ وہیوں سنگین، پیاٹ پھاٹ جائی، دھر لین گیا کھپڑی پہ، بوکے لاگی پھاتی سارا مانو بڑے منسی لالہ ہیں، کا کہی۔"

مرزا: "لے بولتا نہیں گپو سے ایمان"

گپو: "اماں بھائی جوان گالیاں نہ دو، رسلدار صاحب ہیں"

سپاہی: "گاری؟ ہم بروبر گریاب، پولس بن کر دگلی ہانی، یو سار رسلدار ہے؟ ہمارا جان بتھر پیا کس"

مرزا: "کیا کہتے ہیں؟"

گپو: "کہتا ہے یہ رسلدار نہیں ہیر پیسے ہیں"

مرزا: "ہم تو غریب پردیسی رہل پہ جا رہے ہیں، انیم کی کھا پنیاں دیکھنے حضور سے بھی تو سنا ہوگا لاسم پہ انیم لدر رہی ہے"

سپاہی: "ہاں ہمیں ایکسین کے رہا ہے، ہونہہ چالڈ وہاج سار نسا کرے ٹیمن پر آدے لاگے، انگریزی ہوتے جیسے کوون، چلان ہوتے جاتی، پلورستہ لیتو، لاٹ صاحب اویا ہیں، بڑے بڑے ایسرن کا جلے کا ہم نا ہیں، سار لہر و ہیں کا کو کہے"

مرزا: "غریب پرور، ہمارے لئے آپ ہی لاٹ صاحب ہیں" چپکے سے مٹھی میں کچھ دیتے ہوئے کہ "حکم ہو تو وہاں پیڑ تلے ہم بھی ٹکا لیں ہیں ذری کے ذری کو، خدا اوند بڑا مہربان ہے ہمارا، دو کوس زیادہ ناپ کے آئے ہیں اس خاطر آپ کی بدولت لاٹ صاحب کی سواری ہم بھی دیکھ لیں گے"

سپاہی: "پیسے لیکر" لے اب کس کس کا پاد کری ہو، آگے جا ایکا کا ہم نا ہیں، کورن کا پہرا ہے، صاحب لوگ، ہم لوگ جانے پاوت ہیں، دو چار رہیں، نیا لو، مدا اورے کا جا جت نا ہیں ہے، لو بریو چا دیو نا، چپا ئیں بیٹھے رہو، بت کھاؤ نہ ہوئے پاوے"

مرزا کی جان میں جان آئی، چپکے سے ایک درخت تلے چادر بچھا کے بیٹھ گئے۔

گپو: "آج تو بچ گئے حضور پٹتے پٹتے!"

مرزا: "کیا مجال کسی کی جو ٹیڑھی نگاہ سے دیکھ سکے، تم تو تھے نہیں" آہستہ سے "اس مروک زندیق نے بندوق جو چھینائی تا، بس قسم ہے قرآن کی، ہتھ پیٹ ادل کے کھڑا ہو گیا۔ اور میں نے کہا صلی جائے گا ہے تو مار گرلی، آسیدان میں، دیکھ تو والدہ کیسی کلمہ ہوں، دیکھا نہیں تھا اس وقت میرے کیا تیور تھے؟"

گپو: "ہاں ہاں خوب دیکھے تھے میرے کیے تیور تھے!"

مرزا: "اماں خالص صاحب ذری نظر بچا کے تم دیکھتا وہ کہ سیوں پاس کون لوگ ڈٹے ہوئے ہیں؟"

گپو: "لے حضور صاحب لوگ ہیں اور میمیں ہیں، ہوں کی وہ ڈھائی سے۔"

مرزا: "لے لیجئے واللہ ہم نے پہچانا نہیں اتنی دیر سے، اور دو ڈھائی سے کہتے ہو ان کو ڈھائی ہزار نہیں کہتے، لیجئے وہ ایک بگھی اور آئی، کیا سرنگ جوڑی ہے کہ واہ وا۔ لے لو وہ ایری، ہر یا ہے سیا۔ اور دیکھئے گورنٹ کا چھاتا لگا ہے، مگر ہٹاؤ بھی فضول ہے، ہمیں ان لوگوں میں نہیں ہوتا حسن ہے اور کچھ ہیکل دیکھنا قسم قرآن کی لے اب اتنی سیٹی ہیں چرخی کی تیلیاں، کوئی ہیں ساز یک کی درست ہے۔ پھپکا سنجھ قسم قرآن کی، کچھ دیکھ کر خوش دیکھنا وہ سیف کیکے شہزادہ کیوان جاہ بہادر تو ہیں کھڑے، وہ دہی ہیں، کوئی دو سو روپے گز کی نہیں شہزادی کا ہنکھا پنکھا اس وقت، اور دیکھنا یہی افوہ تاج کلاہ کے موتی کیا دمک رہے ہیں، آنکھ نہیں ٹھہرتی"

گپو: "لے ماشاء اللہ رہیں کی آنکھ کا کیا کہنا، موتی موتگے ڈھکا دیتے ہیں، مل وہ اودھر کھڑا والا کھڑا ہے، اور اس سے آگے بڑھے صاحب کا خانساماں لگتا ہے ہم کو تو"

مرزا: "انگلی سے اشارہ کر کے" لیجے وہ نہیں وہ، وہ منبو کے نیچے دیکھو"

اتنے میں توپ چلی دن سے، ایک اور، دنا نا نا، دو سہ سی اور دنا نا نا!!

مرزا: "یا علی یا علی، خداوند اخیر یہ از غیبی گولہ کہاں سے آیا" جمعدار صاحب جمعدار صاحب لے حضرت یہ آسمان کہاں پھٹا یہ دنا نا کیسی؟"

سپاہی: "ہلا نہ کرو، توپیں لگ رہی ہیں لاٹ صاحب جان پہ ہے آئے گئے"

مرزا: "ہیں آگئے اور ہم کو خبر بھی نہ ہوئی، کیوں بھئی تو نے مجھے بھولنا ڈھال رہی ہونگی!"

گپو: "توبہ ہے بس آپ سے، آنکھ کے نیچے نال [illegible] دیکھئے وہ گھوڑے چلا رہے ہیں"

مرزا: "اخاہ بھئی دیکھنا کلن خاں تو پکی ہیں [illegible] بڑے ہاتھ ہیں، کیا گولا مارتا ہے بھی قسم قرآن [illegible] کہ سب عمل کئے شہ نہیں بیٹھتی اگی، اودھ [illegible] اڑایا۔ بھی دکھائی پڑیں تو ذری پکار کے کہدینا کہ ہیں صاحب [illegible]

ادھر ڈٹے ہوئے ہیں، مگر گپو تو پ کا منہ کدھر ہے؟"

گپو: "دکھائی تو کچھ دیتا ہے"

مرزا: "گھبرا کے" اور مرد دو تو اطمینان سے دیکھ رہا ہے اور کہتا بھی نہیں، نصیب اعدا جو ایک آدھ گولہ ادھر آپڑے تو؟"

گپو: "شاخاطر رہیے میں آڑ میں ہوں زد میں آپ ہی ہیں"

مرزا: متوحش ہو کر: "کیوں جمعدار صاحب یہ توپیں بھی چل رہی ہیں؟"

سپاہی: "نا میں ہو، کھانی دانگت میں بارود بھر بھر کے، بھر بھر سلامی کا جانے سلامی ہوتے رہی ہے"

مرزا: "شکر ہے اس معبود کردگار کا، میرے تو حواس ہی گئے تھے قسم قرآن کی"

گپو: "اس پہ تو لام پر جانے کے واسطے ہیں، وہاں تو آٹھ پہر ہی آتش بازی چلے گی"

مرزا: "اماں نشے میں سنتا کون ہے توپ کدھر چلی، آسمان کدھر پھٹا"

گپو: "جی بجا ہے خدا کرے ایسا ہی ہو"

مرزا: "غفور خاں، سنا تم نے جیسے انگریزی باجہ کہیں بجتا ہو"

گپو: "ہم تو عاری آگئے بتاتے بتاتے، پیر و مرشد وہ دیکھئے میری آنکھوں سے گورے بجا رہے ہیں، کتا میں سامنے لگی ہیں، بیچ میں ایک گورا کھڑا بتا رہا ہے"

مرزا: "اہو ہو ہو! اب دیکھا، بھئی کیا مست باجہ ہے، مانتا ہوں قسم قرآن کی فرنگیوں نے کیا شے نکالی ہو واہ وا!"

گپو: "اس میں انوکھی کیا بات ہے، شہر میں سینکڑوں بھنگی ہی جو بجاتے ہیں"

مرزا: "آپ گدھے ہیں، یہ اور شے ہے، یہ دلنوازی میں بجاتے ہیں، وہ ٹٹیہ کھڑی دادرا اڑاتے ہیں۔ مگر میں کہتا ہوں یہ سوار نہیں ہوتے لاٹ صاحب ابھی تک"

گپو: "لے اسباب و سباب اتوار ہے ہونگے"

مرزا: "بیشک یہی وجہ ہے، خوب پہونچے غفور تم، شہر میں آج کہار تھوڑا ہی بچا ہوگا کوئی، ہزاروں بھنگی اسباب تر الہوگا، ہزاروں، مگر یہ شہدے کہاں رہ گئے، روپے پیسے کون لوٹے گا"

گپو: "حضور ان میں بھی شہدے ہوتے ہونگے؟"

مرزا: "کیوں، نہ ہونے کی وجہ؟ آپ بھی واللہ عجیب بے تکے ہیں قسم قرآن کی، میاں ساتوں ذاتیں ان کے ملک میں ہوتی ہیں اتنا ہے کہ حقہ پانی سب کا ایک ہے چھوت چھات نہیں نا، اور ایک بات ہے کہ ہمارے ہاں طبلے سارنگی پر کا شمیری گاتے بجاتے ہیں انکے ہاں وہ ایک ہوتا ہے بھلا سا نام ہے اس پر ناچتے گاتے ہیں"

گپو: "ہرمنیا"

مرزا: "جیتے رہو خوب یاد رکھا بھئی قسم قرآن کی، ہرمنیا، ہرمنیا، ایک فردوس مکانی کی سرکار میں بھی تھا، ہمیں تو سچ پوچھئے کچھ جچتی نہیں، غزل وزل بجا لیجئے پر راگ کیا، یہ کمال تو میاں کچھ اس کاٹھ کے پاتے ہی میں دیکھا"

گپو: "کاٹھ کاباپہ کیا؟ غلام نہ سمجھا"

مرزا: "تم کیا جانو عطائی، اماں سارنگی سورنگی کا نام نہیں سنا؟"

گپو: "دیکھئے حضور اب مجھے بگڑنے دیجئے کیوں میاں ڈوم ڈھاڑی سمجھا ہے آپنے ہم کو، یہ ناکی آپ ہی کو مبارک"

مرزا: "چپ مردود، بدزبان، کان اینٹھونگا بیچا کے"

گپو: "دیکھا جائیگا، لیجئے سنبھلئے، وہ صاحب لوگوں میں غدر مچا، سواری نکلنے کو ہے معلوم دیتا ہے"

مرزا: "سنو غفور خاں، لاٹ صاحب کا واسطہ ہے، بھئی ایسا نہو کہ شکوے شکایت کا موقع ملے اور وہ کہیں کہ بڑے گوکھے تھے، تم تو خیر، مگر ہم نے شاہی دربار برتے ہیں، دیکھو جب شاہی سواری برابر سے نکلے نا، تب تو قدم گن کے پیچھے ہٹنا اور پھر کھڑے ہو کے سات دفعہ مجرا بجا لانا، اور فوراً ہات باندھ کے پیچھے آنا، تب میں بڑھونگا اور ہاں آنکھ سے آنکھ نہ لڑنے خبردار، اور ہاں چھینک بھی نہ آنے پائے"

گپو: "حضور یہ قواعد تو ہمارے باپ سے بھی نہیں ہونے کی، اور وہ ادھر سے نکلیں گے ہی نہیں، آپکے پیٹ میں بن تحق کو درد ہو رہا ہے، وہ ادھر سے جائینگے جدھر گورو کا پہرہ ہے"

مرزا: "ہشت، رئیسوں کے مزاج کا کیا ٹھیک، گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ، اور جو انہیں نے نگر ڈے دیا کہ ادھر سے نہیں ادھر سے چلو تو آپ روکیں گے جا کے الٹی کو، ہیں؟ وہی بے ڈھنگی جاہلوں کی باتیں، میاں ان آنکھوں نے لاکھوں ہزاروں جلوس دیکھ ڈالے، ہم سے پوچھے کوئی ——— سواری کے ٹھاٹھ اسطرح پہلے سے ہونگے، کم سن کہسن، برس سولہ اٹھارہ کے، شالاپ کی لنگیاں، تاش باولے کے شلوکے، کاندھے پہ چھوٹے

چھوٹے شکیزے، چاندی کے فوارے ہزارے دہانے پر چڑھے ہوئے، گلاب کیوڑے کا چھڑکاؤ ہوا ہوا، پھر نشان کا ہاتی ہوگا، ایک دنتا مست، جھومتا ہوا، متک پہ طلا کار، بھومر، بصوندنے پہ سیندور کے گل بوٹے، مغرق کارچوبی جھول، پاؤں میں چوڑے کڑے چھڑے جھانجن، ٹن ٹن کی صدا کوسوں جائے، فیل بان ڈاڑھی چڑھائے، موچھوں کو تاؤ دئے، سُرخ رومی بانات کی چپکن، سر پہ ترچھی پگ باندھے، ہاتھ میں فولاد کا انکس، میل، بری بری، وھت، وھت، کہتا ہوا، ہاتی پر نشاں بردار، نشان کا پرچم کھلا ہوا، اب سانڈنی سوار آئے، کوئی سو سوا سو سانڈنیاں، دو دو ہزار کوس کے دم کی، مور کی طرح گردن اٹھائے ہوئے، زنگولے بجتے ہوئے کجاوے کسے ہوئے، زرد لال پچرنگی پوششیں پڑی ہوئی، ان پر ایک ایک سوار، ایک ہات میں ریشم کی مہار، دوسرے میں ننگی تلوار چھم چھم کرتی ہوئی، پھر کوتل گھوڑے، مشکی، سبزے، نقرے، سمندر یزانو، شرغے، کمیت، ہرکھیت کے، کاٹھیا واڑ، خوب ترکی ویلے، ہر گھوڑا دُلہن بنا ہوا، زر زیور سے آراستہ، مخمل کے زین زربفت کے زین پوش، پھریرے بردار، عصا بردار، چوبدار، گنگا جمنی عصے، وردیاں پہنے، تمغے لگائے۔ پھر ماہی مراتب، سونے کی مچھلی روپے کے چاند سورج، پھر نقیب کا کڑکا، پیش ملاحظہ نگہ رُو برُو با ادب، سواری بادبہاری خاقان کجکلاہ، خسرو گیتی پناہ اعلیٰحضرت سلطان عالم، میرزا محمد واجد علی شاہ بہادر بادشاہ غازی . . . "

گیوا: بات کاٹ کر "خدا جانے آپ کیا بے تکی ہانک رہے ہیں، وہ ننگی سواری لاٹ صاحب کی، وہ جا رہے ہیں، آگے ننگی تروایں لئے گھوڑوں پہ گورے ہیں، یہ پیچھے چھوچار گھوڑوں کی بگھی پہ خود باودلت ہیں، دونوں ہاتھوں سے دعا سلام کرتے جاتے ہیں۔"

مرزا: کھڑے ہوکر "ایں لاحول ولاقوۃ، استغفراللہ، گئے گزرے تھے" پیچھے ہٹ کر اور سات تسلیمیں بجا کر "غفور غفور دیکھنا خواہی میں صاحب عالم شہزادے برجیس قدر بہادر ولی عہد مورچھل کر رہے ہیں!"

گیوا: حضور کی بھی کیا باتیں ہیں، اواسی خواسی میں کوئی نہیں، ہاں سامنے ایک بڑا صاحب بیٹھا ہے، لال بنات کی کرتی پہنے ہوا در مار تمغے ہی تمغے لٹکائے، بڑا ڈیلو۔"

مرزا: "پہچانا یہ کون ہیں؟ ارے نادان یہ حضور عالم وزیر السلطان نواب علی نقی خاں بہادر ہیں، مبارک محل جو جاں پناہ کی ملکہ ہیں نا،

ع اپنی کے بطن سے ہیں، آج تو دیکھ لیا جلوس تم نے بھی غفور خاں!"

گیوا: "ایں یہ جلوس تھا؟ مشکل سے دس بارہ گھوڑے اور ننگی میں کالے کپڑے پہنے لاٹ صاحب!"

مرزا: غصہ ہوکر "چپ مردک گستاخ بچوڑے، پادشاہوں کی جناب میں بے ادبی، کوئی محرم ہے جو ماتمی ملبوس پہنے ہیں، لمبے اندھے سولہ سے روپیہ گز کی جامدانی ہوگی جس کی پوشاک پہنے لب معشوق سے شغل فرماتے ہوئے بیٹھے ہونگے۔"

گیوا: "جی پٹو کو جامدانی حضور ہی کے منہ سنا"

مرزا: "ایں پھوٹی تقدیر کے، اوگنگا گیا نامردک، یہ نشان کا دیو پیکر ہاتی، یہ چھم چھم کرتی سانڈنیاں، یہ ترچھے رسالے کے جوانوں کا پرا۔ اور جلوس انیس الدولہ جلیس الدولہ اہتمام کرتے ہوتے تو نے نہیں دیکھے؟ کیوں لے؟"

اتنے میں صاحب لوگوں اور میموں نے تالیاں بجائیں۔

مرزا: "اب کہہ بناک ولایتی شہدے بھی میں نے نہیں دیکھے، وہ دیکھ کیسے تالیاں بجا بجا کر تصدق مانگ رہے ہیں اور برق الدولہ دوانیاں چونیاں نچھاور کر رہے ہیں۔"

سواری نکل گئی۔

سپاہی: "چانڈو باج۔ ارے او چانڈو باج، اب جیہو کرنا ہیں۔؟ چور ہے یہ کدر مچائے کھاتر پوڑھے ہو، دیکھو لو لاٹ صاحب کا، اب جات ہو کہ ناہیں، پھر ہم گدباب، ہکنا تماکھو سر و چیلائے رہے ہیں بلا ڈارے ہیں۔"

مرزا: "بہت اچھا خداوند، سلامت رہیئے، آپ کی بدولت مجرا ہوگیا لاٹ صاحب کو۔"

سپاہی: "کاسر و پیتر بولائے رہو سنگ ماں؟"

گیوا: "لیجئے مبارک حضور بہروپے سے میر شکار بنے۔"

مرزا: "چپ رہو یار، نکل چلو آدمی ذرا ہینڈسم ہے۔" دور رہو کر "ہاں خواہ مخواہ دو ایک ڈنڈے چلکھاوں گا ساری شیخی کرکری ہو جائے گی، پولس کے سپاہی نہ ہوئے اپنے حساب فرعون ہوگئے، میاں غفور خاں تم لپک کر بٹاروں کی خبر لے آؤ، ہم یہاں کھڑے ہیں، موقع ہو تو ہم بھی چل کے دیکھ لیں، پھر چلیں لال کرتی، اور ہاں یہ لو دو آنے کی امرتیاں میلے سے لیتے آنا، آج خدا جانے کیا بات ہے جو ابھی تک عمل نہیں ہوا ہے، مار ہات پاؤں ٹوٹ رہے ہیں۔"

گپو نے پیسے لے کر اپنے ڈب میں رکھے، اور دس منٹ کے بعد ادھر ادھر گھوم کے لوٹے خالی ہاتھ، منہ لٹکائے ہوئے پٹرہ وہ کو [illegible] کیوں بھی چلیں؟"

گپو: "نہیں نام بھی نہ لیجئے گا، وہاں گزر نہیں ہے۔ افیمی سا افیمی آیا ہے حضور جمعدار سے جھگڑ بیٹھا ہے کہ ماذاللہ کی پناہ! پھاٹک پہ چپراسی کی خوش مدد آمد کی، آٹھ ڈبل بھینٹ چڑھائے وہ کھاتے میں۔ اب کہیں مشکل جھانکنے بھر کی اجازت ملی۔"

مرزا: "ہاں پھیں کھل گئیں۔ مالک بے نیاز شکر ہے تیرا معبود بھی قسم سے قرآن کی روح تازہ کر دی تم نے غفور خاں، یہ مژدہ سنا کے۔ شکر کر و شکر کہ ابھی تمہارے شہر میں ماشاءاللہ سے افیمی کا توڑا نہیں ہے۔ ہائے واللہ یہ تو تھا اس دن کا عالم۔ ہم تو روہی بیٹھے تھے اس دن جب سنا کہ پچاس پنے سیر کا بھاؤ ہو گیا۔ ہائے ہزار ہزار احسان ہے اس پالن ہار کا۔ کیوں ماں ہو گا کوئی دو ہزار افیمی؟"

گپو: "کہتے ہیں آپ لے قبلہ دو لاکھ کہیے تو کم ہے۔"

مرزا: "ہاں یہ ہے بالقدیر! یا غفور خاں بڑی علت ہو گئی ماں کسی بابو لوگ۔ وہ چار آنے دینے کہے ہوتے ہمیں بھی زیارت ہو باقی چاروں کی۔"

گپو: "یہ! جیسے بابو لوگ اپنے ہوش میں ہی تو تھے۔ اے حضور بابو لوگ تو یہیں وہاں ناچ رہے۔ چاروں تالے پڑے ہوئے وہ پہ لگا ہے، بابو لوگ پینک کے مزے اڑا میں یا آپ کے چار پیسے لیں۔"

مرزا: "ہاں سرد۔ خیر یا قسمت یا نصیب۔ آج نہیں دس دن بعد سہی۔ وہ پہ تو افیم ہی افیم ہو گی۔ ہم اپنے گھوڑ موہو نکے ڈیروں پر جا کے کھا پی لیں گے۔"

(لال کرتی کی تیاریاں)

مرزا: "یکہ والے سے" اماں چلو گے بھی؟"

یکہ والا: "مالک اس لئے تو چار پہر سے جتے کھڑے ہیں، کہاں چلنے کا چوں نخاس؟"

مرزا: "نہیں لال کرتی، صاحب کے ہاں۔"

یکہ والا: "اچھی ہو گی خداوند دونوں سواریوں کی کم نہ [illegible] یہ بھی آندھی کی مثال جاتا ہے۔ طبیعت خوش ہو جائے گی دام دوچند کا۔ اور کیا۔"

چلے اور دس منٹ میں لال کرتی۔ یکہ والے کو پیسے دیئے اور اب حیران کہ کہاں جائیں۔

مرزا: "لیجئے آخر کہاں رہتا ہے وہ بھرتی والا؟" ایک اہیگر سے "کیوں حضرت بھرتی والے کا مکان کہاں ہے؟"

راہ گیر: "وہ کیا ہے سامنے۔ مگر اس وقت نماز میں ہیں گی آپکو۔"

مرزا: "کیا اوندھی کھوپڑی کا ہے واللہ ہم کہتے ہیں بھرتی والا وہ سنتے ہیں برفی والا۔"

اتنے میں ایک صاحب نے کہا کہ سڑک سڑک چلے جایئے آگے صاحب لوگ رہتے ہیں، تختہ لگا ہے، پڑھ لیجئے گا۔ مرزا صاحب چلے۔ ایک بنگلہ آیا پھاٹک پر چپراسی بیٹھا تھا۔

مرزا: "کیوں بھئی، صاحب کا یہی بنگلہ ہے؟"

چپراسی: "ہاں جایئے۔"

مرزا اندر پہنچے۔ سامنے برآمدے میں ایک صحیم شحیم بنگالی، کالی رنگت، کوٹ پتلون پہنے ٹہل رہا تھا۔

مرزا: "ٹھٹک کر غفور سے" کیوں بے تو نے تو کہا تھا کہ بھرتی والا صاحب ہے۔"

گپو: "پھر میں نے کیا جھوٹ کہا۔ صاحب لوگ دونوں رنگ کے ہوتے ہیں، جو کالے ہیں وہ کالٹین صاحب، جو گورے ہیں وہ گڈ امیر صاحب سمجھے حضور۔"

مرزا: "بڑھ کے" آداب عرض ہے جناب کالٹین صاحب قبلہ۔"

بنگالی: "کیا منگتا؟"

مرزا: "حضور ہم منگتے نہیں اشراف ہیں۔"

بنگالی: "او می بنگلہ ویس کا مانس، ہندوستانی کا جبان نہیں بولنا منگتا۔"

مرزا: "سبحان اللہ کیا بنگالی روزمرہ ہے۔ لے صاحب ہم بھرتی ہونا چاہتے ہیں، گھڑ سواروں سے لڑائی پڑی ہے نا سرحد پہ، وہاں جائیں گے لام پہ۔"

بنگالی: "او ڈومرا یا۔ بابو شس جانے منگتا؟"

مرزا: "غفور سے" تم قرآن کی کیا منگتا ہے" بنگالی سے" جی ہاں وہ جو سرحد ہے، پہاڑوں کے اس پار۔ میں اس لوکتا ہوں جہاں افیم کے پٹاسے جا رہے ہیں۔"

بنگالی: "او پھیم او پھیم! کیا گول مال۔ ہمرا کا سانج میں نہیں آنے منگتا۔ اب تم جانے منگتا۔"

گپو: "چلئے بھی یہ تو ہمیں کوئی جب جھالیا سا لگتا ہے۔"

مرزا: رخصت ہوئے۔

مرزا: کیا خوب منگتا۔ جو بات سے سو منگتا۔

گیوا: چلے چلئے یہیں نہ کہیں تو تختہ ملیگا۔

مرزا: تو کیا یہاں تختہ نہ تھا؟

گیوا: حضور یہی تو چوک ہوگئی۔ بن تخت کو بڑا ٹھانی۔ تختہ ہی تو نہ تھا۔

الغرض آگے بڑھے، ایک اور بنگلہ آیا۔

مرزا: میاں دیکھو اس پر تختہ لگا ہے، یہ ہوگا۔ بھشتی سے: کیوں بھئی گدا امیر صاحب یہیں رہتے ہیں؟

بھشتی: دور سے: جی ہاں۔ وہ کیا سبزے پہ میز کرسی لگائے پڑھ رہے ہیں۔

مرزا نے جھانکا اور غفور کو آواز دی۔

مرزا: ارماں تقدیر میں اتنا چکر ہی بدا تھا۔ دیکھو وہ یہاں نکلے۔

گیوا: گویا پہچان کر: اخاہ یہی تو ہیں۔ شکر ہے حضور سے شرمندگی نہیں ہوئی۔

مرزا ڈرتے ڈرتے بنگلے میں گئے۔ اب سنئے کہ یہاں پارسی ناٹک کمپنی کے لوگ ٹکے ہوئے تھے اور یہ گورا چٹا شخص اس کا مالک تھا۔

پارسی: مرزا کو دیکھکر: شوں چھے؟

مرزا: غفور سے زیر لب: یہ شوں شاں کیسی؟ اسکے کیا معنی؟

پارسی سے: حضور ہم بھرتی ہونا چاہتے ہیں آپکے بیڑے میں۔

پارسی نے اپنے منشی کو بلا کر کہا ان سے دریافت کرو کیا کہتے ہیں۔ منشی نے مرزا سے پوچھکر کہا کہ حضور نوکری کو آئے ہیں۔

پارسی نے انکی وضع سے سمجھا کہ طبلہ بجاتے ہیں۔

پارسی منشی سے اپنی زبان میں: پوچھو تنخواہ کیا لوگے؟

منشی: بھئی کی طرف کے۔ واجی ہی واجی اردو بولنے والے: تمکو پگھار کیا ہونا؟

مرزا: ہمارے ہاں تو لہسن پیاز دونوں کا بگھار دیتے ہیں۔ اب چاہے قورمہ ہو چاہے بریانی یا مونگ کی بھنی کھچڑی۔

منشی: تمکو پیسے پیچھے تم کو کیا ہونا؟

مرزا: تنخواہ کہئے تنخواہ۔ جو آپ کے ہاں شرح ہو وہی دیجئے گا، مگر انعم دینا پڑیگی ضرور۔

منشی۔ پارسی سے کہہ کر: سیٹھ بولتے تم طبلہ کہاں سیکا؟

مرزا: ایں طبلہ؟ یہ طبلہ کیسا، ہم رسلداریاں کمیدانیاں جانتے ہیں یا طبلہ بجانا۔

پارسی نے منشی سے کچھ کہا۔

منشی: سیٹھ بولتے تم چھاکٹا ہے۔ نکل جاؤ کمپونڈ سے ہم ہتکڑی ڈلوا دیگا۔

مرزا صاحب یہاں سے بھی رخصت ہوئے۔

گیوا: میں تو دور کھڑا تھا کہئے کیا باتیں ہوئیں۔

مرزا: اماں یہ تو تماشے والے ہیں۔

گیوا: ایں تماشے والے۔ گلا بوشتا بو کا تماشا! مگر بڑی حیرت ہے یہ لوگ اب بنگلے میں رہنے لگے۔

مرزا: ابے گلا بوشتا بو نہیں۔ ناٹک۔ ناٹک۔ راجہ ہوں میں قوم کا اندر میرا نام سنا ہے کہ نہیں؟ جس میں سبز پری شہزادے گلفام پہ عاشق ہوتی ہے۔ وہ ہے یہ۔

گیوا: آخر پھر انہیں نے کیا کیا۔ ہماری جان تو آپ لام وام پہ نالت بیھیجو مزے سے یہیں ناٹک میں دند ناتے لال ویلو کا پاٹ آپ پہ خوب کھیلیگا۔

مرزا: نہیں بھئی یہاں پہلے سہیلیوں میں نکلنا پڑیگا لال ویلو کا پاٹ پہلی نہیں مل سکتا۔ ایک کو ٹھی کی طرف انگلی سے بتلا کے: وہ لال لال کیا۔

گیوا: تختہ ہے۔

مرزا: لاؤ بھئی اسے بھی دیکھتے چلیں۔ بے ایمان نے استخارہ اسوقت نہ کرنے دیا۔ مفت کی تھکن ہوئی۔

گیوا: ٹھیریئے پہلے مجھے دیکھ لینے دیجئے، آپ جہاں جاتے ہیں قدموں کی برکت ساتھ لے جاتے ہیں۔ پھاٹک میں جا کے اور مرزا صاحب کو اشارہ کر کے یہ لے یہاں آئیے، ہیں آپ شہرت کے بڑے دھنی۔ دیکھئے وہ کیا ہو رہا ہے۔

مرزا: ایں افوہ اب لگی محنت ٹھکانے۔ جب مرمٹے ہم تم دونوں۔ یہ بھرتی والے کا بنگلہ ہے اور ہزار میں ہے۔ قواعد جو ہو رہی ہے۔ وہ صاحب کھا بولی بول رہا ہے۔ کمانیر ہی معلوم ہوتا ہے۔

گیوا: جی ہاں۔ مل دیکھئے رنگروٹ پینک کی ترنگ میں کیا بھونڈی پینترے ڈال رہے ہیں۔

مرزا: تو ہے صلاح جاؤں۔

گیوا: بسم اللہ کیجئے۔ شام ہونے آئی۔

مرزا صاحب بڑھے۔ دیکھتے کہ یہ مشن اسکول تھا، پادری صاحب لکڑی کے سہارے ٹکے ہوئے قواعد کرا رہے تھے، انکی منظر جو

مرزا صاحب پر پڑی سمجھے کوئی شہ کار میں ہے۔ اشارہ جو کرتے ہیں تو لونڈے تتر بتر، اِدھر سے پادری صاحب بڑھتے اِدھر سے مرزا صاحب چلے۔

مرزا: "زمین دوز ہو کر" کورنش عرض کرتا ہوں پیر و مرشد"

پادری: "او گڈ ایوننگ۔ ہو ڈو یو ڈو؟"

مرزا: "غلام عیسائی نہیں ہے"

پادری: "آئی سی۔ آپ کا مزاج اچھا ہے"

مرزا: "حضور کے اقبال سے اچھا ہوں"

پادری: "بیرا۔ بیرا"

بیرا: "حاضر حضور"

پادری نے کرسیاں منگوائیں۔

پادری: "او آپ بیٹھے"

مرزا: "حضور تشریف رکھیں غلام کی مجال ہے آقا کے سامنے بے ادبی کی"

پادری: "مرزا کو بٹھا کے: سوسم بہت اچھا ہے آجکل"

مرزا: "جی ہاں حضور جاڑوں کی کیا بات ہے، اچھے سے اچھا پہنیئے اچھے سے اچھا کھایئے۔ حضور میں دیکھتا ہوں بہت نقیہہ ہو رہے ہیں، مارالعلم نوش فرمایا کریں، پانچ تولے صبح پانچ تولے شام ہمراہ شربت بزوری معتدل"

پادری: "مرزا کی بات نہ سمجھ کر: ویل ہم آپ کا کوئی کام کرسکنے کی اُمید کرتا ہے"

مرزا: "یہ بھی حضور کے فرمانے کی بات ہے۔ خدا حضور کو کمانیر سے لاٹ صاحب کرے، میں اس وقت ایک ضرورت سے حاضر ہوا ہوں وہ یہ کہ غلام کو اپنے بیڑے میں بھرتی کر لیجئے مہربانی ہوگی"

پادری: "دل میں خوش ہو کر کہ اچھا پھانسا: کھڈاونڈ کے نام کا ٹکٹ کر ہو۔ ہمارا ممکڈس باپ آپکا مدد کریگا"

مرزا: "انہیں تکلیف کیوں دیجئے اس ضعیفی میں ذری سے بات کیلئے"

پادری: "نہیں۔ مبارک ہیں وے لوگ جو اُس کے گلے میں آئے، مبارک ہیں وے لوگ جن کے دلوں میں رُوح الکندس کا روشنی چمکا۔۔۔"

مرزا: "جی ہاں کیا عرض کروں بیٹھے بیٹھے دل میں ترنگ آئی کہ چل کے بھرتی ہو جاؤ۔ سر پہ ان شیطانوں نے بہت اُٹھایا ہے"

پادری: "جھرجھری لیکر: سیٹن اوسیٹن! وہ انسان کا دشمن ہے، وہ کھڈاونڈ کا دشمن ہے، وہ تاریکی کا بادشاہ ہے، جہنم میں اُس کا حکومت ہے"

مرزا: "دیکھئے گا حضور میدان میں کشتوں کے پشتے نہ لگا دیتے ہوں۔ غلام کے والد شاہی میں رسالدار تھے"

پادری: "پھر کیا وہ مر گیا؟"

مرزا: "جی ہاں"

پادری: "وہ نیک بیٹے کا باپ ٹھا اسکو نجاتِ ابدی ملا"

مرزا: "جی نہیں حضور کسی جنگل خورنے آپ سے بڑا ہوگا قسم قرآن کی، اُن کے پاس آبادی وابادی کوئی نہیں تھی، وے اس رنگ کے آدمی ہی نہ تھے"

پادری: "او جس بیٹے کے ڈل میں رُوح الکڈس اُترا اُسکا باپ آدمی نہیں ہو سکتا وہ فرشتا ٹھا"

مرزا: "جوان تو برابر بھرتی ہوئے ہونگے حضور میں نے گنا نہیں اُس وقت کوئی دو ڈھائی سے"

پادری: "نجات کا دروازہ کُلا ہے، کھڈاونڈ کا مکڈس کام جاری ہے"

مرزا: "ادھر ہمارا رسالہ مورچے پر پہونچا اور گھوڑ موہوں سے نجات ملی"

پادری: "وہ آجکل بر کٹ دیگا"

مرزا: "جی اور فہیم بھی قبلۂ عالم۔ کیوں خداوند آپ بھی عمل کرتے ہیں"

پادری: "بیگ یور پارڈن"

مرزا: "حضور یہ نہیں بلکہ تریاق تریاق۔ اگر وقت آگیا ہو تو حاضر کروں، جماعیاں آیا ہی چاہتی ہیں مجھے تو معلوم ہوتا ہے" یہ کہکر ڈبیہ نکالی اور ایک گولی ہتیل پر رکھ کر دُور سے دکھائی۔

پادری: "او لیکٹیولیز"

مرزا: "جی ہاں دانیدنی میں ان کا یہی نام ہے۔ بڑی نایاب شے ہے خداوند"

پادری: "اوسیں"

مرزا: "تو اب فدوی کس دن حاضر ہو"

پادری۔ سوچکر: "آپ کل آٹھ بجے آئیگا"

مرزا: "تو اب تخفیف تصدیعہ کرتا ہوں، تسلیمات عرض ہو"

مرزا صاحب بنگلہ سے نکلے گپتو سے ملاقات ہوئی۔

گپتو: "افوہ بڑی دیر لگا دی آپنے۔ میں تو سمجھا کہ لیا صاحب نے میٹوا اور پرسایا ہنٹر"

مرزا: "گپتو۔ تم برطرف۔ ابھی برطرف۔ سوا کلے درازی کے اور کچھ ہی نہیں نمک حرام کے پاس"

گپوا:۔ ایں ایں، ذری حواس میں، میں نے یہ کہا کہ بچ بچ پٹ گئے آپ، میں نے تو شاید کر کے کہا۔"

مرزا:۔ ہاں تو یوں کہو نا قسم قرآن کی جو میں نے سُنا ہو۔ اماں صاحب تو بڑے رنگیلے نکلے غفور خاں، عمل کرتے ہیں، اور کہنے کو ہیں ولایتی مگر بڑے اشراف۔"

گپوا:۔ اجی گڈا میسر ہے پورا۔ کہیں اُس کے بھروسے نہ رہیئے گا کہیں بہلا پھسلا کے وہ اپنے مذہب پر نہ لے آئے آپ کو، جی اور کیا، پاوڑی ہے۔"

مرزا:۔ چل بے الو کی دُم فاختہ۔ اب کل اگر ہم بھرتی ہوتے جاتے ہیں، راوی میں لکھتا ہے غفور خاں، دیکھو سر میں خاک ڈال کے روؤ گے چلے جاؤ لام پہ۔"

گپوا:۔ بٹالیے ہم نالت بھیجتے ہیں۔ آپ کو تو کچے گھڑے کی چڑھی ہے، اب گھر بھی چلئے گا یا رات کو یہیں پیڑوں پہ بسیرا کیجئے گا۔"

مرزا:۔ گپو۔ دیکھو بھئی اس میں گانی کا پہلو نکلتا ہے۔ ہم ٹھونک چلینگے۔"

الغرض آقا اور نوکر کو تو گھر کا راستہ لیتے دیجئے اور یہ منمنی کہ مرزا صاحب کے جاتے ہی گھسیٹن نے محلے بھر میں پھونک دیا کہ مرزا لام پہ چلے گئے۔ یہ خبر شدہ شدہ بی اجلی کے کان میں پڑی، اور وہ "ہائے میرا بیس روپے کا گدھا" کہہ کر پیٹنے لگی۔ بستی فوراً گھاٹ پر دوڑا دی گئی۔ مٹھو گالیاں دیتا ہوا آیا، پتہ چلا کہ مرزا اسٹیشن گئے ہیں، غرض صلاح مشورہ ہوا اور ایک بجتے بجتے مٹھو نے بڑے صاحب کے اجلاس پر عرضی تان دی۔

. . . . . .

مرزا اور گپو باتیں کرتے چوک میں چلے آرہے ہیں۔

مرزا:۔ ہاں بھئی تو پھر نان بائی کی ٹھیری؟"

گپوا:۔ جی اور کیا۔ اب آدھی رات کو میرے کون چولھا جھونکتا پھریگا۔ یہ لیجئے دکان بھی آگئی، آپ چل کے کھانا نکلوائیے میں لپک کے بالائی لے لوں۔"

گپوا چلدیا۔

مرزا صاحب دکان کی طرف بڑھے ہی تھے کہ کسی نے چپکے سے کہا "دیکھو وہ ہیں وہ جانے نہ پائیں" اور ساتھ ہی آواز آئی "رُک جاؤ"

مرزا:۔ ٹھک کر:۔ الٰہی خیر"

چپراسی:۔ ہاں الٰہی خیر کے نام کا سمن ہے"

مرزا:۔ سراسیمہ ہو کر:۔ ایں سمن!"

یہ کہا اور تیورا کے گرے تو دھڑ سے نالی میں!!

زندگی شرط۔ ایکے کچہری میں اڑے گی۔

"آوارہ"

ساقی بک ڈپو۔ دہلی کی کتابیں

سحر بنگال:۔ طاہرہ دیوی شیرازی کی دلکش نثر اور اچھوتے پلاٹ کے افسانوں کا مجموعہ۔ مجلد ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ قیمت عہ

نرگس جمال:۔ موریس مٹرلنک کی ایک رنگین تمثیل جس میں عشق و محبت پر بحث کی گئی ہے۔ مترجمہ شاہد احمد۔ مجلد ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

پروین و ثریا:۔ بیگم کے مکفکر اعظم موریس مٹرلنک کی دلدوز تمثیل جس میں محبت کا نازک موضوع پیش کیا گیا ہے۔ مجلد ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

تعلیم زدہ بیوی:۔ فضل حق قریشی کا لکھا ہوا ڈرامہ جس کو پڑھکر آپ ہنستے ہنستے لوٹ جائیں گے۔ عجز تناک بھی ہے۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۸ر

سرگذاشت عروس:۔ دلہن کا روزنامچہ جس میں اُس نے اپنے دل کے تمام زخم کھول کر پڑھنے والے کو دکھا دیئے ہیں۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

اخوان الشیاطین:۔ سائنٹفک افسانوں کا مجموعہ۔ ایسے افسانے اردو میں نہیں لکھے گئے۔ عجیب و غریب افسانے ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

عروس ادب:۔ دل میں کھب جانے والے مزاحیہ افسانوں کا مجموعہ۔ زبان نہایت صاف۔ ضخامت تین سو صفحے۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

گناہ کی راتیں:۔ عورت گناہ کرنے پر کس طرح مجبور ہو جاتی ہے؟ فطرت انسانی کے چند عبرتناک مرقعے۔ مجلد۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ عہ

مہدی:۔ اسلامی جہاد کی سچی کہانی۔ جوشِ وطن اور جوشِ ملت سے لبریز ہے۔ سوڈان کا سیاسی انقلاب۔ مجلد۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۱۲ر

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی

کیا ہوا

جو کیف تھا محرکِ دیدار کیا ہوا
کفرِ شباب و طنطنۂ یار کیا ہوا

یوسف کہاں ہے مصر کا بازار کیا ہوا
اے حُسن! تیرا قافلۂ بیدار کیا ہوا

رُخ سے وہ پیچِ طرّۂ طرّار کب ہوا
ع زعیمِ زہد و طاعتِ دیندار کیا ہوا

تیرِ نگاہِ ناز میں اب وہ خلش نہیں،
وہ غمزۂ شباب کماندار کیا ہوا

شبنم سے جس کا سلسلۂ تازگی رہا
وہ نوبہارِ حُسن، ترا ہار کیا ہوا

پژمُردہ کیوں ہیں عشق زلیخا کی سا رشیں
یوسف بھٹک رہا ہے خریدار کیا ہوا

اب گونجتی نہیں میں انا الحق کی شورشیں
ع جذبِ شوق و ولولۂ دار کیا ہوا

وہ خدوخال جن پہ نچھاور بہارِ عمر
رشکِ گُل و گہر تھا جو رخسار کیا ہوا

وہ کیف آور عارضِ گلرنگ اب کہاں
ع پیچ و تاب کا کلِ خمدار کیا ہوا

اب لعل لب کی شوخیِ شکر فشاں کہاں
ع التزامِ نطقِ گہربار کیا ہوا

وہ حُسن، وہ جمال، وہ انداز باکمال
وہ عشوۂ لطیف و طرحدار کیا ہوا

عشوؤں میں ع لطافتِ پیہم نہ وہ خلش
غمزوں میں جو تھا جذبۂ پیکار کیا ہوا

جس نے جہانِ شوق کو رس فنا دیا
وہ کیف و رنگ جلوۂ بیدار کیا ہوا

جس جبہہ صاف پر کبھی آئیں نہ سلوٹیں
اُس جبہ کا شکنِ جلوۂ تردار کیا ہوا

جس نے جہانِ ہوش کو مجنوں بنا دیا
ع کیف و رنگِ نرگسِ بیمار کیا ہوا

جس میں سکونِ شوق کی بھی تھیں گھلاوٹیں
وہ قند و شہد و نسبتِ گفتار کیا ہوا

ہر دل پہ تھی نگاہ بہ اندازۂ خلش
اب وہ نظامِ اندکِ بسیار کیا ہوا

ناکردہ جُرم، جس نے کہ تسلیم کر لئے
ع ناروا سزا کا سزاوار کیا ہوا

جو تھا جمالِ یوسفِ ثانی کا قدرداں
وہ قافلہ وہ قافلہ سالار کیا ہوا

سُونی پڑی ہے محفلِ جمشید آج کل
اے دخترِ رز، وہ درِ قدح خوار کیا ہوا

واماندگیِ دل کی جہاں پر ہیں تربتیں
اے ہمسفر! وہ سایۂ دیوار کیا ہوا

اب تم کہاں! کہاں ع نگاہِ سکوں گداز
ع طور و طرزِ پرسشِ بیمار کیا ہوا

فرحت بھٹک کے راہِ حقیقت پہ آگیا
آخر جنونِ شوق کا آزار کیا ہوا

فرحت کانپوری

خواب کا معمار

نوٹ:۔ یہ مختصر سا ڈرامہ خالص تخیلی ہے۔ ایک ایسا تماشہ دکھانے کا خیال جو ہم کو اس دُنیا سے باہر لے جا کر کسی اور ہی دنیا کی دُنیا کا منظر دکھائے ہمیشہ سے ڈرامہ نویسوں کو بیتاب کرتا رہا ہے۔ مسٹر سمرجے ایم باری مرحوم کی تصانیف سے یہ ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ایک عمدہ تخیلی ڈرامے میں شاعری کی چاشنی ضرور ہونی چاہیئے۔ اس کا قصہ اتنا یقینی ہو کہ وہ ہماری توجہ کو تھامے رہے، پھر بھی شروع سے آخر تک ایسا ہلکا اور لطیف ہو جیسے ہوا۔ غالباً ڈرامے کی کوئی صنف بظاہر اتنی آسان اور درحقیقت اتنی مشکل نہیں جتنی یہ ہے۔ اس قسم کے تخیل تمثیل کو ایک اوا کردہ پریوں کی کہانی ہونا چاہیئے۔ بوجھ اور آورد کے ساتھ جو تمثیل لکھی جاتی ہے من دل کو پست کر دیتی ہے۔ مسٹر آلنیٹ ڈون کا یہ مختصر ڈرامہ ایک بھونڈا تخیلی افسانہ نہیں ہے۔ مختصر سہی، مگر اسکے کردار انگوٹھوں کے بل چلتے معلوم ہوتے ہیں۔ (باقی)

(شام۔ ایک پرانے چھوٹے مکان کا کمرہ جس کی دیواریں لکڑی کی بنی ہوئی ہیں۔ اس میں پیچھے کھلی ہوئی کھڑکی سے چاند کی کرن آتی ہے، آگے آتشدان کی سُرخ چمک ہے جو دیکھنے والوں کی بائیں جانب نظر آرہی ہے۔ یہی دو روشنیاں ہیں جو اس ایک کمرے میں پائی جاتی ہیں۔ ایک معروف گلی باہر نظر آتی ہے اور کھڑکی کی سیدھی طرف والا دروازہ ٹھیک اس سمت کھلتا ہے۔ آتشدان کے مقابل باورچی خانہ ہے جس میں پیالیاں اور رکابیاں آگ کی روشنی میں جگمگا رہی ہیں۔ اونچی پشت کی ایک سائگوانی کرسی نے سرد چاندنی کے خوف سے اپنی پشت کھڑکی کی طرف کر کے اگلا رخ آتشدان کی طرف پھیر لیا ہے، تاکہ آگ کی گرمی میں اپنے اعضا تاپ سکے۔ کمرے کے بیچوں بیچ ایک میز ہے جس پر سُرخ کپڑا ہے۔ دونوں جانب کرسیاں رکھی ہوئی ہیں۔ ایک طرف چائے دان اپنے آپ کو گرمی پہونچا رہا ہے، اور اوپر کی جانب جہاں دھواں نکلتا ہے ایک دھیما چراغ جل رہا ہے۔

کھڑکی سے ایک لڑکی گذرتی ہے، دروازے میں ایک کھٹکا سی ہوتی ہے اور پائرٹی داخل ہوتی ہے۔ دروازے پر اپنا لبادہ آویزاں کر کے، بدن سمیٹتی اور ایک لمحے کیلئے آگ تاپنے چلی جاتی ہے۔ چراغ بڑھا کے چائے دان آگ پر رکھتی ہے۔ کمرے کے اُس طرف تابدان سے دسترخوان نکالتی اور میز پر بچھا کے دو پیالیاں رکھتی اور چائے کی فکر کرتی ہے۔ ایک دفعہ کھڑکی کے قریب جاتی اور معمولی سُرخ پردہ ہٹا کے باہر نظر ڈالتی ہے اور کسی قدر مایوسی سے کام پر واپس آجاتی ہے۔ ایک دو، تین چمچے چائے ڈالتی ہے۔ باہر کسی وجہ سے اس کی توجہ باہر کی طرف ہو جاتی ہے۔ کھڑکی کھلتی ہے اور اُس کا چہرہ کھل جاتا ہے، گانے کی آواز آتی ہے۔

لڑکی، چاند کا انتظار نہ کر۔
وہ ڈالیوں کے جال میں پھنس گیا۔

اور شاداب اور سُرمیلا موسم بہار
مولسریوں کو رات کا سلام کہہ رہا ہے۔

(آواز قریب آتی ہے اور ایک بھوتنی سفید ٹوپی کھڑکی کے
شیشوں سے گذرتی ہے۔ پائرٹ داخل ہوتا ہے)

پائرٹ۔ (اپنی ٹوپی پائرٹی کی طرح پھینک کے) اُف کس بلا کی سردی ہے۔ میرے پاؤں شل ہو گئے۔

پائرٹی۔ یہ رہے تمہارے سلیپر پہن لو۔ میں نے گرمی کے لئے وہاں رکھدئے تھے

(وہ آگ کے قریب بیٹھتا ہے۔ لڑکی زمین پر گھٹنے ٹیک کے
اُس کے جوتے نکالتی ہے۔)

پائرٹ۔ (لگاتے ہوئے) لڑکی چاند کا انتظار نہ کر
وہ اپنی زبان نکال کر منہ چڑائیگی
دیکھ کہ سُرمیلا اور شاداب موسم،
ستاروں کو اپنی اپنی جگہ ٹانک رہا ہے۔
چائے ابھی تیار نہیں ہوئی؟

پائرٹی۔ ہو چکی ہے، صرف چائے دان اُبلنا باقی ہے۔

پائرٹ۔ آج بازار میں بھی ن سردی تھی کہ خدا کی پناہ۔ شاید میں اچھا نہ کا سکا ہوگا، سردیوں میں مجھ سے اِلا نہیں جاتا۔

پائرٹی۔ آہا، آپ تو چائے دان معلوم ہوتے ہیں۔ جب سردی ہوتی ہے تو میں بھی نہیں لگا سکتا۔ لے حضرت چائے دان۔ جلدی کیجئے۔

پائرٹ۔ کاش چائے دان اپنی آواز پر آپ عاشق ہوتا!

پائرٹی۔ میں سمجھتی ہوں واقعہ بھی یہی ہے۔ دیکھئے نا ایک پرندے کی طرح چہچہانے لگا۔ آؤ آج ٹیبل کی زبان سے چائے کے چمچے کا کام لیں۔
(وہ جوش کھاتا ہوا پانی چائے دان میں ڈالتی ہے) چلئے۔

پائرٹ۔ (آگ کی طرف دیکھ کے) خدا نے آگ کو خوش دیا ہے شکل و صورت عطا کی ہے مگر اُسے سینے میں دل نہیں۔

پائرٹی۔ (روٹی کاٹ کر مکھن لگاتی ہے) چلئے، کھانا کر لطف اٹھائیے ایک کونے میں بیٹھے کیا بڑبڑا رہے ہیں؟

پائرٹ۔ میں سوچ رہا تھا۔

پائرٹی۔ چلو، چائے پی لو، جب کوئی آگ تاپنے بیٹھتا ہے تو اونچے خیال آتشدان کی راہ سے باہر نکل جاتے ہیں۔

پائرٹ۔ ساری دُنیا ایک آتشدان ہی تو ہے۔ لوگوں کو ردّی کاغذ کی طرح کوئی چیز دیدو، وہ فوراً اُن کے دل میں بھڑک اُٹھتی ہے۔ ٹھوس خیالات دھواں بنکر اُڑ جاتے ہیں۔

پائرٹی۔ پائرٹ، چھوڑو بھی یہ قصہ، دیکھو میں نے مسکہ کتنا گہرا چڑھا دیا ہے۔

پائرٹ۔ تم تو ہمیشہ مسرور ہی رہتی ہو، پائرٹی۔

پائرٹی۔ جی ہاں، خوش رہنے کی کوشش کرتی ہوں۔

پائرٹ۔ اُف۔
(میز کے پاس آ کے بیٹھ گیا۔ تھوڑا سا وقفہ، جس میں
پائرٹ چائے کے گھونٹ لینا شروع کرتا ہے۔)

پائرٹی۔ چائے اچھی ہے؟

پائرٹ۔ ہاں! خاصی ہے!!

پائرٹی۔ خاصی ہے؟ کہو تو تھوڑی سی اور ڈالدوں۔

پائرٹ۔ بس کافی ہے۔

پائرٹی۔ ارے ہاں، اس سیاہ کتے کو باندھ دوں کیا؟

پائرٹ۔ سُنو تو سہی، کیا تم نے آج اس لڑکی کو دیکھا؟

پائرٹی۔ کہاں، کس جگہ؟

پائرٹ۔ وہ جو گھوڑوں کے حوض کے قریب کھڑی ہوئی تھی۔ بانکی تیکھی، گلے میں منکوں کا ہار!

پائرٹی۔ میں نے اُسے نہیں دیکھا۔

پائرٹ۔ میں نے تو دیکھا، اور اُس نے بھی مجھے دیکھا۔ میں گا رہا تھا اور وہ مجھے دیکھ دیکھ کر تالیاں بجا رہی تھی۔ کیا عورت کے سینے میں ایسا دل اور پھر ایسا روپ بھی ہو سکتا ہے؟

پائرٹی۔ سارا دکھاوا تھا۔

پارٹ۔ ہرگز نہیں، تمہیں کیسے معلوم؟ تم نے تو اُسے دیکھا ہی نہیں؟

پارٹی۔ شاید دیکھا بھی ہو!

پارٹ۔ سُنو، پارٹی، اس طرح رشک کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔ جب ہم دونوں نے یہ تماشہ دکھانے کا کاروبار شروع کیا تو طے یہ ہوا تھا کہ ہم صرف ایک دوسرے کے کام میں شریک رہیں گے اور بس۔ اگر میں کسی کو دیکھ کر اپنی شادی کے قابل پاؤں تو شادی کر سکتا ہوں؛ اگر کوئی تمہیں دیکھ کر شادی کرنا چاہے تو تم بھی شوق سے کر سکتی ہو؛ ہاں تم بھی۔

پارٹی۔ کیا بکتے ہو؟ مجھے رشک کیوں ہونے لگا؟

پارٹ۔ (انجان گاتا ہے) لڑکی، چاند کا انتظار نہ کر،
اُس نے اپنی ٹھوڑی زخمی کر لی ہے۔
اور شاداب، سُرمیلا موسم بہار
کومل کا دل دُکھا رہا ہے"

پارٹی۔ کیا تم نے کھیل ہونے کے بعد اُسے دیکھا؟

پارٹ۔ نہیں، اس وقت تو وہ مجمع میں گُم ہو کر نکل گئی۔ بس میں اور چائے نہیں پیوں گا" باہر جا کے ذرا اُسے ڈھونڈ لوں۔

پارٹی۔ آگ کے قریب آرام سے بیٹھو نا۔ شاید پاتا بے سینے میں تم میری مدد کر سکو۔

پارٹ۔ مجھے روکنے کی کوشش نہ کرو۔ پاتا بے سینا ہے ــــ کیا دُنیا میں سولے اسکے کوئی اور کام نہیں؟

پارٹی۔ شاید ایسا ہی ہو۔ اور ساری دُنیا کو یہی دستور ہو۔ پہلے ہم باتوں میں سوراخ ڈالتے ہیں اور پھر اُنہیں سیتے ہیں۔ عقلمند وہی ہیں جو اُن سے زیادہ کام لیں اور جہاں تک ممکن ہو سیتے رہیں۔

پارٹ۔ اے واہ، اس سے تو مجھے ایک گیت یاد آیا۔

پارٹی۔ تو پھر گا دیجئے اُسے۔

پارٹ۔ نہیں، ابھی کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ باتیں کرتے کرتے مجھے سوجھی سُنو،

(میز کو اسٹیج بنا کے کھڑا ہو جاتا ہے اور کہتا ہے)

زندگی ایک دھاگہ ہے۔
ممکن ہو تو اُسے سُلجھاؤ
وہ جو گتھیاں کرتے ہیں
(ایک لمحے کیلئے رک کر، مصرعہ پورا کرنے کیلئے)
کہ ہم مرد ہیں۔
صرف خاکہ ہے یہ۔

پارٹی۔ کیا تماشے میں اسے گاؤ گے!

پارٹ۔ تم تو بس بھونڈی کی بھونڈی رہو گی۔ جانتی نہیں ایک شاعرانہ خیال والا انسان اس قدر حساس ہوتا ہے جیسے بچے کا جسم۔

پارٹی۔ پارٹ، خُدا کیلئے ٹھہر جاؤ دیکھو باہر کتنی سردی ہے۔

پارٹ۔ مطلب یہ کہ میں بیٹھے ہوئے تمہاری بڑبڑاہٹ سُنتا رہوں۔

پارٹی۔ ابھی ابھی تم نے کہا کہ میں بہت خوش رہتی ہوں۔

پارٹ۔ اے تو پھر گفت شروع ہو لی۔

پارٹی۔ معاف کرنا پارٹ۔ مگر بازار میں آج کیچڑ بہت ہے اور تمہاری جوتیاں بہت پتلی ہیں۔

پارٹ۔ میں نے ایک دفعہ کہدیا کہ میں نہیں ٹھہرونگا۔ میں اُس لڑکی کا ضرور پتہ چلاؤں گا کیا خبر کہ وہی میرے خوابوں کی دُنیا ہو!

پارٹی۔ تم ہمیشہ ایک تصوّری عورت کی فکر میں کیوں رہتے ہو؟"

پارٹ۔ کیا تم کسی تصوّری مرد کا خیال نہیں کرتیں؟

پارٹی۔ نہیں، میں تصوّری نہیں عملی بننا چاہتی ہوں۔

پارٹ۔ عورتوں میں تصوّر کا جوہر ہے کہاں۔ ان کو تو فقط رحم و ترس کھانا، ماتا دکھانا آتا ہے اور جب وہ ضرورت سے زیادہ نرم ہو جاتی ہیں تو کہتی ہیں" میں محبت کرتی ہوں" یہ سب کچھ نہیں۔ میں ایک ایسی عورت چاہتا ہوں جسے سامنے کھڑا کروں اُسے دیکھا کروں اور محبت کرتا رہوں۔

پارٹی۔ (جوش میں آکر) پارٹ چاند کا انتظار نہ کر،

اس کی شعاعوں میں ایک دل کچھ رہا ہے
اور شاداب، سرخ اور مسلسل بہار
صرف تیس دن رہیگا۔"

پائرٹ۔ آہ، میں تمہیں کبھی سمجھا ہی نہیں سکتا۔ خیر، میں چلا۔
(باہر جاتے ہوئے، منہ ادھر کرکے، کسی قدر طعن
کے ساتھ گاتا ہے۔)
"لڑکی، چند کا انتظار نہ کر۔
زندگی دو تک اس کی آواز سنتی ہے۔ پھر آگ کے
قریب آ کے کلیاں بناتی ہے۔ آگ پر جھکتے ہوئے
اس کے ایک پرانی گیت یاد آتا ہے جسے وہ ہنستے اور
بھڑکتے ہوئے شعلوں کی محفل اور گدگدایتے ہوئے
گالوں کو سناتی ہے۔)
اتنی بڑی اور مصروف دنیا میں۔
شہروں اور بازاروں کے قریب
ایک دوشیزہ رہتی ہے۔
لوگ اسے دیکھ کر آہیں بھرتے ہیں اور کہتے ہیں
"غریب ہجراں نصیب"۔
یہ کیوں؟ اس لئے کہ نرم گلابی ہونٹوں پر
وہ چیز رقص کرتی ہے جسے زبان ادا نہیں کر سکتی
اس کی آنکھیں غمگین اور اداس ہیں پرسکون خوبصورت
دن میں اسے کوئی خوشی نصیب نہیں۔
تصور کے صاف شفاف پانیوں کی گہرائی میں
اس کا معشوق خیالی رہتا ہے۔
سوتے ہوئے رات اسی کی روشنی سے کھلتی ہے
اور اس کی خاموشی نکھلوں پر بوسوں کی بارش ہوتی ہے۔
وقت کی گہرائیوں سے گویا ایک شخص ابھرا
جو اس کے دل میں آگ لگا سکتا تھا۔
مگر اس کی زندگی مایوسی سے پُر ہے، وہ کبھی
اپنے شاہد دانواز کو نہیں پا سکتی
اگر اس مایوس الفت سے ملو
تو کہیں چھیڑ چھاڑ نہ کرنا۔
خاموشی اچھی ہے۔ اسے اپنے ہجراں نصیب دل میں
اپنے تصور حیات کو چھپا رکھنے دو؛
(اشک بھر آتے ہیں، وہ اپنے ہاتھوں میں منہ
چھپا لیتی ہے۔ دروازے پر تین مرتبہ آہستہ کھٹکا
ہوتا ہے۔ پائرٹ حیرت سے سنتی ہے۔ پھر کھٹکا
ہوتا ہے۔)

پائرٹ۔ اندر آؤ۔
(دروازہ آہستہ سے کھلتا ہے۔ گویانو وبخو کھل گیا
دہلیز پر پوری چاندنی میں ایک صنعت گر کھڑا ہوا
ہے۔ یہ ایک عجیب مگر نرم مزاج انسان معلوم
ہوتا ہے، عمر زیادہ ہے مگر چہرے پر کوئی کرختگی
نہیں۔ اس کی صورت ایسی ہے جس سے بچے
فوراً کھیلنے لگتے ہیں۔ اس کا لباس اس کی وضع
قطع کسی قدر انوکھی ہے۔ اگر اس کے ہاتھ میں
ڈنڈا ہو تو وہ کسی گاؤں کا سازندہ معلوم ہو بغیر
کچھ کہے وہ کمرے میں داخل ہوتا ہے اور اس کے
پیچھے پھر دروازہ خود بخود بند ہو جاتا ہے۔)

پائرٹ۔ (اچھلکر اس کی طرف بڑھتے ہوئے) معاف کرنا، کھٹکھٹاتے ہی مجھے دروازہ کھولنا چاہیے تھا۔

صنعت گر۔ مضائقہ نہیں۔ میں دروازے کھولنے کا عادی ہوں۔ تمہارے گھر کا دروازہ تو بہت آسانی سے کھل گیا۔ شاید تم کو یقین آتے کہ بعض لوگ دروازوں کو کیل کانٹوں سے جڑ دیتے ہیں کہ کھلنے ہی نہ پائے۔ تم اس وقت مجھے دیکھکر حیران سی ہو نا؟۔

پائرٹی:۔ میں سوچ رہی تھی شاید آپ کو بھوک لگ رہی ہو

صنعت گر:۔ بالکل نسوانی خیال۔ مگر خیر، شکریہ۔ میں بہت کم کھاتا ہوں بہت ہی کم۔ اگر خوشی سے ہاتھ ملانا، یا ایک تبسم میری غذا ہے اور میرے لئے کافی ہے۔

پائرٹی:۔ کم از کم بیٹھ تو جایئے، یہ مکان آپ کا ہے۔

صنعت گر:۔ (بیچ پر بیٹھتے ہوئے) میں جس مکان میں جاتا ہوں اسے اپنا گھر سمجھتا ہوں۔ بعض لوگ تو یہ سمجھتے ہیں کہ میرے بغیر گھر، گھر ہی نہیں ہوتا۔ کیا اپنے پاؤں اس کٹہرے پر دیکھوں؟ یہ میری پرانی عادت ہے، میں ہمیشہ ایسا ہی کرتا ہوں۔

پائرٹی:۔ ہاں، لوگ کہتے بھی تو ہیں،

"بغیر کٹہرے پر پاؤں رکھے
زندگی میں فراغت کہاں"

صنعت گر:۔ بالکل ٹھیک۔ گھر اور آتشدان کی راحت کا سارا راز اسی میں ہے، ہائیں، تم رو رہی تھیں؟

پائرٹی:۔ ہاں، دل کچھ بھر آیا تھا۔

صنعت گر:۔ مجھے سارا حال معلوم ہے۔ یہ پائرٹ کا قصہ ہے، ٹھیک ہے؟ تو گویا تم اس کی محبت میں دیوانی ہو اور ان تمہاری ذرہ برابر پروا نہیں کرتا۔ سچ ہے نا؟ کیا دنیا ہے؟ اور تم آنکھوں سے فریاد کئے جاتی ہو؟

پائرٹی:۔ میں ہمیشہ تو نہیں روتی۔ آج اس نے ضرورت سے زیادہ دکھائی برتی۔ اور میں نے اسکے دل بہلانے کی بہت کوشش کی۔

صنعت گر:۔ دکھائی، کیا یہ اسکی عادت ہے؟

پائرٹی:۔ نہیں اس کا منشا یہ نہ تھا۔ کچھ موسم کی خرابی، ادھر تماشے کی آمد نی میں کمی۔ پائرٹ کا ارادہ ہمارے متعلق ایک مضمون لکھکر بطور اشتہار کے کسی مقامی اخبار میں شائع کروانے کا ہے۔ اس کا خیال ہے اگر مدیر اور اس کے خاندان کو تماشے کے فری پاس دئے جائیں تو وہ خوشی سے شائع کر دیگا۔

صنعت گر:۔ کیا تم سمجھتی ہو کہ پائرٹ ان قیمتی آنسوؤں کے قابل ہے؟

پائرٹی:۔ بیشک۔

صنعت گر:۔ تم جانتی ہو، آنسو گنوانے کے لئے نہیں ہیں۔ دل تم رکھنے کے لئے ہم کو ان کی بہت ہی کم مقدار ملتی ہے۔ اگر ہم انہیں بہت جلد خرچ کر دیں اور اپنے پاس کچھ نہ رکھیں تو پھر دل کا خدا حافظ ہے۔

پائرٹی:۔ پائرٹ نہایت عمدہ شخص ہے۔ تم اسے اتنا نہیں جانتے جتنا میں جانتی ہوں، ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ ہمیشہ غیر طمئن رہتا ہے، اسکی وجہ صرف یہ ہے کہ اس نے ابھی کسی کو دل نہیں دیا ہے۔ تم جانتے ہو، محبت آدمی میں زمین آسمان کا فرق پیدا کر دیتی ہے۔

صنعت گر:۔ بالکل صحیح ہے۔ مگر کیا اس نے تم میں بھی کچھ تغیر کیا ہے؟

پائرٹی:۔ ہاں ہاں۔۔۔۔ میں روزانہ پائرٹ کے جوتے صاف کرتی، اس کے لئے چائے بناتی ہوں اور ہر وقت خوش رہتی ہوں کہ مجھ سے اس کی کچھ خدمت ہو جاتی ہے۔ اگر محبت نہ ہوتی تو مجھے یہ سارا کام دوبھر معلوم ہوتا!

صنعت گر:۔ کیا واقعی تمہاری محبت پکی ہے؟

پائرٹی:۔ کیوں نہیں

صنعت گر:۔ سنو، جب کبھی تم کو پائرٹ کا خیال آتا ہے تو کیا تم کو ننھے ننھے پاؤں کی چاپ سنائی دیتی ہے؟ جب کبھی وہ تم سے بولتا ہے تو کیا ننھے نرم ہاتھ تمہارے چہرے اور سینے پر چلتے دکھائی دیتے ہیں؟

پائرٹی:۔ (جوش کے ساتھ) جی ہاں۔ بالکل ٹھیک، ایسا ہی ہوتا ہے!

صنعت گر:۔ تو پھر ٹھیک ہے۔ مگر یہ تو بتاؤ پائرٹ تمہارے اندر یہ جذبات کیوں پیدا کرتا ہے؟

پائرٹی:۔ اس لئے۔۔۔۔ ہاں اس لئے کہ پائرٹ آخر پائرٹ ہے۔

صنعت گر:۔ "آخر پائرٹ ہے" یہ تو پرانی بات ہے۔

پائرٹی:۔ یہ ضرور ہے کہ وہ کسی قدر خیالی آدمی ہے۔ مگر یہ اس کی روح کی ترنگ ہے۔ مجھے یقین ہے اگر وہ کوشش کرے تو بہت بڑے بڑے کام کر سکتا ہے۔ اور تم نے کبھی اس کو مسکراتے ہوئے دیکھا ہے؟ کتنا دلکش تبسم ہے! بعض وقت جب وہ میری طرف نہیں

دیکھتا تو میں ہمیشہ یہ دیکھنے کی کوشش کرتی ہوں کہ میں اُس کی نگاہوں میں کیا ہوں! (غور سے) مگر میری دلی خواہش تو یہ ہے کہ سب لوگ دوسروں کے وہ مجھے ہی دیکھ کر مسکرایا کرے۔

صنعت گر۔ اچھا تو وہ اوروں کو دیکھکر بھی مُسکراتا ہے؟

پائرٹ۔ کوئی دن ناغہ نہیں ہوتا کہ اس کے تماشے میں کوئی حسین عورت نہ آتی ہو۔ آج ہی ایک خاتون آئی تھیں، سرو قد، گلابی رخسار، یہ حضرت آج اُسے ہی ڈھونڈنے چلے گئے ہیں۔ مگر یہ ان کا قصور نہیں۔ بیچاریاں اس سے محبت کئے بغیر رہ کب سکتی ہیں! (فخریہ) میرا خیال ہے کہ ہر شخص کو پائرٹ سے محبت ہے۔

صنعت گر۔ مگر فرض کرو ان میں سے کوئی اُس سے شادی کرلے؟

پائرٹی۔ جی نہیں کوئی ایسا نہیں کرسکتی۔ ایک عدن عورت کسی غریب گویئے سے کیوں شادی کرنے چلی؟ اگر پائرٹ شادی کرلے تو میرا خیال ہے مجھے . . . . اس جہان سے گذر جانا چاہیئے۔ مگر توبہ۔ میں یہ سب تم سے کیوں کہہ رہی ہوں؟ ایسا معلوم ہوتا ہے میں برسوں سے تم کو جانتی ہوں۔

(صنعت گر نشست گاہ سے اُٹھتا اور پائرٹی کی طرف آتا ہے۔ پائرٹی میز کا دستر خوان اُٹھا رہی ہے۔)

صنعت گر۔ شاید ایسا ہی ہو پائرٹی، تم مجھے برسوں سے جانتی ہو۔

(اس کا لہجہ اتنا نرم اور مؤثر ہے کہ پائرٹی دستر خوان چھوڑ کر صنعت گر کا مُنہ دیکھنے لگتی ہے۔ تھوڑی دیر کیلئے صنعت گر بھی اُسے دیکھکر مسکراتا ہے پھر حلق میں ایک گھونٹ اُتارتے ہوئے جُوا کی ہمیشہ کی عادت ہے وہ آگ کی طرف پلٹ جاتا ہے)

پائرٹی۔ (اس کی جیب سے ایک چھوٹی سی کمان نکالتی ہے) آہا، دیکھو تو اسے!

صنعت گر۔ (شرمندگی سے جھجک کر) اے توبہ، میں نے اُسے تمہیں دکھانے کے لئے نہیں رکھا۔ میں بھول ہی گیا تھا کہ یہ جیب سے باہر نظر آرہی ہے۔ میں پہلے بہت تیر چلایا کرتا تھا، اب کچھ زیادہ موقع نہیں ملتا۔

(کمان لیکر پھر جیب میں رکھ لیتا ہے۔)

پائرٹ۔ (دُور سے گاتا ہوا)

لڑکی، چاند کا انتظار نہ کر،
وہ سمندر کو اپنے جال میں پھنسا رہا ہے،
اور شاداب اور سُرمیلا موسم بہار
گلاب کو "بھول جانا" سکھا رہا ہے۔

صنعت گر۔ (آہستہ سے آواز سُنتے ہوئے) کون ہے وہ؟

پائرٹی۔ پائرٹ۔

(پھر کوئی سفید ٹوپی شیشوں سے گذرتی دکھائی دیتی ہے، پائرٹ داخل ہوتا ہے۔)

پائرٹ۔ کہیں اس کا پتہ نہیں چلا۔ (صنعت گر کو دیکھکر) آپ کون؟

صنعت گر۔ میں آپ کے لئے اجنبی ہوں۔ مگر پائرٹی نے مجھے ایک لمحے ہی میں پہچان لیا۔

پائرٹ۔ شاید کوئی پُرانی آگ ہو؟

صنعت گر۔ سچ ہے "میں پُرانی آگ ہوں" میں نے دُنیا کو مدتوں روشن رکھا ہے۔ مگر جب تم "پُرانی" کہتے ہو، تو دوسری طرح ایسے بھی لوگ ہیں جو مجھے اچھی کاٹھی کا کہتے ہیں۔ تم کیا سمجھتے ہو، میں نے دُنیا کا کتنا سفر کیا ہے؟"

پائرٹ۔ (آزمائشی طور پر ایک گز بھر ناپتے ہوئے) شاید اتنا۔

صنعت گر۔ میرا خیال ہے تمام دن مذاق کرتے ہوئے آپ کچھ بیزار سے ہو جاتے ہونگے۔

پائرٹی۔ اتنے روکھے نہ بنو پائرٹ۔

صنعت گر۔ (پائرٹ کے ساتھ تنہا رہنے کی خواہش سے) پائرٹی کیا تم نے رات کا کھانا تیار کرلیا۔

پائرٹی:۔ اے ہاں، مجھے جلد بازار جانا چاہیئے۔ دکانیں بند ہو جائینگی۔ میرے واپس آنے تک کیا تم یہاں رہو گے؟

صنعت گر:۔ (پائرٹی کو باہر چھوڑتے ہوئے) میں کوشش کرونگا۔ میں کوشش کرونگا۔

(پائرٹی باہر چلی جاتی ہے۔ ایک لمحہ خاموشی رہتی ہے جس میں صنعت گر پائرٹ کو کسی قدر دلخوش کن انداز سے دیکھتا ہے)

صنعت گر:۔ اچھا تو میرے دوست، آج کل کاروبار ٹھیک نہیں۔

پائرٹ:۔ تیز ضرور ہیں۔ اگر مذاق کے معنی کاروبار کے ہیں تو یہ ضرور تیز ہے، مگر پیسہ نہیں ملتا۔ تاہم آج میں نے کچھ اچھا کام کر لیا ہے۔ مدیر سے وعدہ لیا ہے کہ میرا مضمون شائع کرے۔ اس کی وجہ سے لوگ آجائیں گے۔ (گاتا ہے)

"براہ کرم ایک دن غریب خانے آئیے جو اُن درختوں میں واقع ہے،
مگر چار بجے نہ آئیے، ہم اس وقت بہت مصروف ہیں،
ہم شہد کی مکھیوں کو دیکھتے، مینڈکوں اور مچھلیوں کو غسل دیتے ہیں۔
جو ابر کے عکس میں سونا ملاتے ہیں۔"

یہ گیت ہے جو میں لکھ رہا ہوں۔

صنعت گر:۔ اگر تم کو دنیا کی ساری دولت مل جائے تب بھی تم خوش نہ ہو گے۔

پائرٹ:۔ واقعی؟ مجھے دنیا کی ساری دولت دیدو اور میں اس کام میں لگا دونگا۔ سب سے پہلے میں مدرسے بناؤں گا تاکہ لوگ اعلیٰ چیزوں کو سمجھ سکیں۔

صنعت گر:۔ تم شہرت، دولت اور بہت خالی خولی باتوں کے خواب دیکھتے ہو، اس لئے بہت سی عمدہ چیزیں رہ جاتی ہیں۔ تم غیر مطمئن ہو؟ کیوں؟ اس لئے کہ تم کو خوش رہنا نہیں آتا۔

پائرٹ:۔ (گاتا ہے:۔)

زندگی ایک بہتا ہوا چشمہ ہے:
اُس کی مچھلیاں پکڑ لو۔
اے وہ لوگو، جنہوں نے معشوق کی زلفوں پر
عمدہ گیت لکھے ہیں؛

یہ ایک اور گیت ہے جو میں لکھ رہا ہوں۔ یہ دوسری نظم ہے۔ مجھے باتیں یکایک ایسی ہی سوجھتی ہیں۔ اُسے پورا کرنے کے لئے مجھے ایک تیسری نظم بھی لکھنی چاہیئے۔

صنعت گر:۔ ایسی نظم کیوں نہیں لکھتے جس کا کوئی انجام ہی نہ ہو، اور ہمیشہ جاری رہے؟۔

پائرٹ:۔ بھئی یہ تو کچھ حماقت سی معلوم ہوگی۔

صنعت گر:۔ یہ سب منحصر ہے کسی ــــ مگر اس قسم کے گیت کیلئے گانے والے کو ہمیشہ خوش رہنا چاہیئے۔

پائرٹ:۔ ہاں، اور میرے انداز میں تھوڑی سی مشق بھی۔

صنعت گر:۔ کیا ہم تم دونوں ملکر ایک سودا کریں؟

پائرٹ:۔ ضرور ــــ آپ کو کونسی نشستیں چاہئیں؟ صف اوّل کی نشستیں مخمل کی ہیں، ایک روپیہ، لکڑی کے بنچ آٹھ آنے۔ سب سے پیچھے کی نشستیں چار آنے۔ شاید آپ کو روپے والی نشستیں چاہئیں مگر کتنی؟۔

صنعت گر:۔ تم نہیں جانتے کہ میں کون ہوں۔

پائرٹ:۔ اس سے کوئی فرق نہیں ہوتا۔ ہمارے پاس سب برابر ہیں۔ البتہ آپکے لطف و کرم اور توجہ کا شکریہ۔

صنعت گر:۔ پائرٹ، میں خوابوں کا معمار ہوں!

پائرٹ:۔ کیا کہا؟

صنعت گر:۔ میں اُن تمام خوابوں کا معمار ہوں جو اس دنیائے پرشور پر چھائے ہوئے رہتے ہیں۔

پائرٹ:۔ دوست، تھوڑی دیر آرام لیجئے، آپ بہت تھکے ہوئے

معلوم ہوتے ہیں۔

صنعت گر:۔ پائرٹ، پائرٹ، تمہارا بلند تر دماغ میری سطح پر اتر نہیں سکتا۔ ایک بچہ یا "عام مخلوق خدا" ایک لمحے میں یہاں اتر سکتی ہے میں خوابوں کی تعمیر کرتا ہوں۔ اُن نایاب فکروں کی جو لوگوں کے دلوں میں بس جاتیں اور انہیں مسرور کرتی ہیں۔ تم نے کبھی غور کیا ہے کہ موسم خزاں میں ابابیلیں کہاں چلی جاتی ہیں؟ وہ میری دکان میں آتی ہیں اور اُن کا پتہ نشان دیتی ہیں جن کو خوابوں کی ضرورت ہے۔ پھر یہ بھی بتاتی ہیں کہ وہ خواب کیا ہوئے جو لوگوں نے موسم بہار میں حاصل کئے تھے؟

پائرٹ:۔ آپ کا یہ مطلب تو نہیں کہ میں ان باتوں پر یقین کروں؟

صنعت گر:۔ جب پھول مرجھا جاتے ہیں تو کبھی تم نے سوچا ان سب کے رنگ کہاں جمع ہوتے ہیں اور یہ تتلیاں سرما میں کدھر غائب ہو جاتی ہیں؟ میری دوکان میں سرما کا گذر نہیں ہوتا۔

پائرٹ:۔ میں نے ان چیزوں کا کبھی خیال نہیں کیا۔

صنعت گر:۔ میری دوکان سمجھو کھوئی ہوئی چیزوں کا ایک خزانہ ہے جہاں دُنیا کی تمام گمشدہ خوبصورت چیزیں سما جاتی ہیں یہاں میں بیٹھ کر اپنا ہر دلعزیز "خواب" تیار کرتا ہوں۔ وہ خواب جسے "عشق" کہتے ہیں۔

پائرٹ:۔ اوہو اب سمجھ میں آیا۔

صنعت گر:۔ مگر یقین نہیں آتا؟

پائرٹ:۔ آتا تو ہے مگر قائم نہیں رہتا۔ ہاں قائم نہیں رہتا دُنیا میں جب جسم ہوتا ہے تو روح نہیں رہتی۔ اور جب روح رہتی ہے تو جسم نہیں رہتا۔ میں نے کئی مرتبہ یقین کرنے کی کوشش کی۔ مگر پہلے ہی شوب میں رنگ غائب!

صنعت گر:۔ تم ہمیشہ ایک ناقم البدل کا خیال رکھتے ہو۔ نہیں اصل اور ماہیت کا انتظار کرو۔

پائرٹ:۔ مگر اسے سمجھائے گا کون؟ اور بیان کریگا کون؟

صنعت گر:۔ اس کی سینکڑوں علامتیں ہیں۔ جونہی تم کو روح اور ماہیت حاصل ہوئی تو تمہارے بازوؤں میں گدگدی سی پیدا ہونیلگی۔ یہ سمجھو محبت پر تول رہی ہے۔ پھر تم چڑھتے چڑھتے ستاروں تک پہنچنا چاہتے اور آسمان کی چھت پر چڑھ کے چاند کو راگ سنانا چاہتے ہو۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ میں اپنے خواب میں چاند کا بہت کچھ حصہ شامل کر دیتا ہوں۔ اس کو سخت سخت کرتا ہوں کہ وہ غائب ہو جاتا ہے، پھر میں اُسے ترقی عطا کرتا ہوں۔ وہ بہت جلد بڑھتا ہے، شاید تم نے بھی دیکھا ہوگا اور دو ہفتوں میں وہ پھر کام کا ہو رہتا ہے۔

پائرٹ:۔ یہ ایک بڑی دلکش، فسوں انگیز چیز ہے! ہاں تو کیسے ابابیلیں سا سے خواب جمع کرتی ہیں؟

صنعت گر:۔ ہمیشہ نہیں۔ میرے پاس اور بھی قاصد ہیں۔ ہر رات کو جب بارہ بجتے ہیں اور بڑے گھڑیال نصف شب کی منادی کرتے ہیں تو دن تقویم سے نکل کر میری دکان میں داخل ہو جاتا ہے جو عہد گذشتہ کی سرزمین میں واقع ہے۔ میں اُس پر شفق کا ایک چھینٹا دیتا اور اُسے سونے کی ایک جھلک عطا کر کے کہتا ہوں "اے ننھے ماضی واپس جا اور دُنیا میں یادگار بن" مگر میں اپنے بہترین خواب امروز کے لئے اُٹھا رکھتا ہوں۔ میں معصوم بچوں کو حاصل کرتا اور انہیں خوابوں سے سنوارتا اور انہیں مکمل کر کے روانہ کرتا ہوں ..... یہ میری ہمیشہ کی عادت ہے!

پائرٹ:۔ میں نے عمر بھر خواب دیکھا کئے مگر وہ میرے ہی خواب بنے رہے۔ میرا خیال ہے شاید میں اُن کی اچھی طرح آمیزش نہیں کرتا ——!

صنعت گر:۔ تم وہی چیز پھوڑ دیتے ہو جو اس کا نچوڑ، اس کی جان ہے۔ تم کو اس میں تھوڑی سی نم کی چاشنی لگانی چاہیئے تاکہ ضرورت سے زیادہ مٹھاس کم ہو جائے۔ مجھے یہ راز بہت جلد معلوم ہو گیا اس لئے میں نے تھوڑی سی شبنم لی جس سے صبح کے موتی بنتے ہیں اور میں نے اپنے خوابوں پر اسے آنسوؤں کا تحفہ بنا کر چھڑک دیا۔

پائرٹ:۔ (عالم جوش اور مستی میں) آنسوؤں کا تحفہ! بہت خوب! تم جانتے ہو مجھے واقعی ایسے تحفے کی ضرورت ہے، وہ نہیں جو میں خود بنا لیتا ہوں۔

صنعت گر:۔ اگر تم تلاش کرو تو ایسی تحفے مل سکتے ہیں۔ جو بیندہ، یا بیندہ۔

پائرٹ:۔ یہ ٹھیک ہے، مگر بکھرے ہوئے خوابوں کو کون اِدھر اُدھر دیکھتا پھریگا؟

صنعت گر:۔ میرے پاس اپنا بنایا ہوا ایک خواب ہے، جو تمہارے کام آسکتا ہے۔ میں نے ایک معصوم کے اندر اُسے ڈالدیا۔ یہ بیس سال پہلے کی بات ہے، اب یہ معصوم ایک نوجوان حسینہ بن گئی ہے جس کی آنکھیں نیلی اور بال سنہری ہیں۔

پائرٹ:۔ ہاں اس کے متعلق "گفتار" ہی سے میرے بڑے کام نکلتے ہیں۔

صنعت گر:۔ ایسی بھی اور بہت کچھ کرتا ہے۔ جب میں نے اُسے دنیا میں روانہ کیا تو اس کے ساتھ ایک پروانہ تھا۔ وہ یہ ہے، تم اسے لے سکتے ہو۔

پائرٹ:۔ شکریہ مگر اس سے فائدہ؟

صنعت گر:۔ کیوں، یہ پروانہ جس کا، مال بھی اُس کا۔ غور سے دیکھو اس میں ساری تفصیل درج ہے، بڑے خوش قسمت ہو دوست۔

پائرٹ:۔ کیا اس کے رخسار سُرخ اور اس کے گلے میں منکوں کی مالا ہے؟

صنعت گر:۔ نہیں تو!

پائرٹ:۔ تو پھر وہ میری لڑکی تھی.... آہ میں اُسے کہاں ڈھونڈوں....؟

صنعت گر:۔ اس کا پتہ تم خود چلا سکتے ہو۔ صرف جستجو چاہیئے۔

پائرٹ:۔ تو پھر میں چلا۔

(چلنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔)

صنعت گر:۔ ہیں ہوتا تو آج کی رات نہ جاتا۔

پائرٹ:۔ مگر مجھے اُسے ڈھونڈ نکالنا ہے۔ کوئی اُسے مجھ سے پہلے نہ حاصل کرلے۔

صنعت گر:۔ پچھلے دنوں ایک شخص تھا جو موتیا کے پھول جمع کرنا چاہتا تھا۔

پائرٹ:۔ (ایک عام بات سُن کے) موتیا کے پھول!

صنعت گر:۔ لوگوں کے توڑے جانے کے خوف سے اُس نے رات ہی کے وقت ارادہ کیا۔ صبح ہوگئی، مگر پھول نہ ملے اس لئے وہ مایوس ہو کر گھر لوٹ آیا۔ جب باغ پہونچا تو دیکھا کہ رات کو پھول خود اس کی جھٹ کے قریب اُگ آئے ہیں۔ بھائی صبر کرو اور کہا مانو۔ (ہنسا) کہ سالک بیخبر نہ بود زراہ و رسم منزلہا۔

پائرٹ:۔ ہاں اگر یہی تمہاری نصیحت ہو تو..... مگر یہ تو بتاؤ کیا میں اُسے ڈھونڈ سکونگا؟

صنعت گر:۔ میں یقیناً تو نہیں کہہ سکتا۔ مگر کیا تم اپنے آپ کو احمق سمجھو گے!

پائرٹ:۔ ہاں کیوں نہیں... جب تم مجھ سے براہ راست یہ سوال کرو... بھئی تم مجھے کسی قدر اُلجھن میں ڈال رہے ہو۔ مگر یہ کہہ سکتا ہوں کہ آدمی سے آدمی... (تامل کرتا ہے)

صنعت گر:۔ (ہاتھ سے تیقن کا اشارہ کرکے) ہاں ہاں۔

پائرٹ:۔ تو پھر میں کسی قدر فخر کے ساتھ کہتا ہوں کہ

صنعت گر:۔ بالکل ٹھیک۔ یہی تمہارا اصل خطرہ ہے۔ جب تم ستاروں کو دیکھتے ہوئے آگے بڑھو گے تو ممکن ہے تمہارا پاؤں ایک جگنو پر پڑ جائے۔ مگر ہاں۔ تمہارے تیسرے گیت کے لئے ایک مضمون ہاتھ آیا۔

زندگی ایک عورت کی پکار ہے
اپنے کان بند نہ کرو
ایسا نہ ہو کہ جب رات بڑھ جائے

تو تم کو آنسو بہانا پڑے۔

(صنعت گر کی یہ نرم اور مؤثر آواز سُنکر پائرٹ بھی ایسا ہی حیران ہو جاتا ہے جیسے پائرنی ہوتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کو دیکھتے رہتے ہیں۔ اتنے میں نیشیوں کے قریب ایک سُرخ ٹوپی رقص کرتی ہوئی پائرٹی سامان لیکر اندر آتی ہے۔)

پائرٹی:۔ آہ! میں بہت خوش ہوں کہ آپ ابھی ہیں۔

صنعت گر:۔ مگر اب مجھے جانا چاہیئے۔ میں ایک سیاح تو ٹھہرا۔

پائرنی:۔ (دروازے میں راستہ روکتے ہوئے) اوہ! آپ ابھی نہیں جا سکتے۔

صنعت گر:۔ مجھے کھڑکی سے نکل بھاگنے کی تکلیف نہ دو۔ میں بہت ناخوشگوار صورتوں میں ایسا کرتا ہوں۔

پائرٹ:۔ (خوشی اور کسی قدر طعن کے ساتھ) پائرٹی، اپنے مہمان کا خیال رکھو۔ تم جانتی ہی نہیں کہ تم کس کی خاطر مدارات کر رہی ہو۔ تم اس وقت خوابوں کے ایک معمار کے سامنے کھڑی ہو جو دُنیا میں اس طرح سرکتا ہے جیسے مچھلی کسی چشمے کی گھاس میں۔ مجھے اُس نے اپنے ایک شاہکار کا پروانہ دیا ہے۔ اب میرا کام ہے کہ اس کا پتہ چلاؤں (پھر عاجزانہ گفتگو شروع کرکے) میری آرزو ہے کہ میں اُسے پاسکوں۔

صنعت گر:۔ اپنے جانے سے قبل میں یہ چھوٹا سا نغمہ دے جاتا ہوں۔

"ہر عورت کو ایک درسگاہ کھولنی چاہیئے۔
کیونکہ ہر مرد احمق پیدا ہوتا ہے"
(وہ تعظیم کے ساتھ جھک کے تیزی اور خاموشی سے چلا جاتا ہے۔)

پائرنی:۔ (دروازے کی طرف بھاگتی ہوئی اور باہر دیکھتی ہوئی) ارے وہ کتنی تیزی سے چلا گیا۔ نظر سے بالکل غائب!

پائرٹ:۔ آخر مجھے اپنا بڑا مقصد حاصل ہونے والا ہے۔ اب بڑی شادی رچائی جائیگی، میں اپنا سفید کوٹ پہنوں گا، چاندی کا نشان لگاؤں گا اور ہاتھ میں سونے کی موٹھ کی چھڑی رکھونگا۔

(کچھ گاتا ہے۔ پھر کہتا ہے)

پائرنی، ایسا معلوم ہوتا ہے میں اس دُنیا میں داخل ہونے والا ہوں جو ہر آدمی کا پیدائشی ورثہ ہے ۔۔۔ اور وہ ہے "عورت کی محبت"۔

پائرنی:۔ خدا تمہیں کامیاب کرے اور خوش رکھے۔

پائرٹ:۔ (رستانے کے خیال سے گاتا ہے)

"یہ ایک بھی ہوئی اور بھی ہوئی بات ہے کہ
ہم تو خواب کی دُنیا میں ملا کرینگے۔
تم دریا کا خواب دیکھو، میں جنگل کا
اگر دریا رہے تو میں تم سے ملونگا
اور اگر ہم جنگل میں ملیں تو وہ تم ہی ہوگی"

پائرنی:۔ تم کو خوب روپیہ کمانا چاہیئے تاکہ تم اُسے اُس کی مُنہ مانگی دولت دے سکو۔ میں رقص کرونگی اور اتنا ناچوں گی کہ لوگ بول اٹھینگے "ارے یہ تو ناچتے ناچتے مر گئی!"

پائرٹ:۔ تم ٹھیک کہتی ہو۔ ہم دونوں ملکر تماشہ کا کاروبار چلائیں۔ میں اخبار کا مضمون ابھی تیار کئے دیتا ہوں۔

(وہ میز سے کاغذ قلم نکال کے لکھنے بیٹھ جاتا ہے)

"حال ہی میں اس شہر میں سیاح اداکاروں کی ایک جماعت وارد ہوئی ہے، اُس کا ایک تماشہ ہوا جو نہایت رنگین، موسیقانہ اور دلچسپ تھا۔ مجمع پائرٹی کے شاندار رقص اور نغموں سے بہت محظوظ ہوا ۔۔۔ اور پائرٹ کے ناچ سے بھی۔ پائرٹ میں سالہ نوجوان اور ایک دل خوش کُن ظرافت ہے، اداکار ہے؟ ۔۔۔ اسکے بال ۔۔۔ کس رنگ کے ہیں؟

پائرٹی:۔ نہایت خوبصورت۔

پائرٹ:۔ عجیب بات ہے، ہم روز ایک شخص کو دیکھتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے کہ اُس کے بالوں کا رنگ کیسا ہے، خوبصورت بال اور آنکھیں؟

پائرٹی:۔ نیلی۔

پائرٹ:۔ خوبصورت بال اور نیلی آنکھیں۔ خوبصورت اور نیلی یہ دو لفظ مہمل معلوم ہوتے ہیں۔

پائرٹی:۔ کیا مہمل ہے؟

پائرٹ:۔ وہ چیز جو میں سوچ رہا تھا۔ اکثر لڑکیوں کے خوبصورت بال اور نیلی آنکھیں ہوتی ہیں۔

پائرٹی:۔ ہاں پائرٹ، ہم لوگ آخر انسان ہی تو ہیں، خیالی فانوس نہیں۔

پائرٹ:۔ تمہاری آواز کتنی سُریلی معلوم ہوتی ہے! مگر میں نہیں سمجھ سکتا۔ بیشک، مگر یہ سب مہمل ہے۔

(پروانہ جیسے نخال کے پڑھتا ہے)

پائرٹی:۔ کیا چیز مہمل ہے پائرٹ؟ تم مجھ سے نہ کہوگے؟

پائرٹ:۔ پائرٹی، ادھر اُجالے میں کھڑی رہو۔

پائرٹی:۔ کیا کوئی خاص بات ہے؟

پائرٹ:۔ میرا تو یقین ہے کہ دُنیا میں کوئی خاص بات نہیں۔

(پروانہ پڑھتے ہوئے اور اُسے دیکھتے ہوئے)

"آنکھیں کہتی ہیں" مجھے تم سے محبت ہے" بازو کہتے ہیں" مجھے تمہاری ضرورت ہے" ہونٹ کہتے ہیں" تم کیوں جرأت نہیں کرتے"

پائرٹی:۔ یہ ناممکن ہے۔ اس سے پہلے میں نے کبھی غور نہیں کیا کہ تم کتنی حسین ہو، اے، تم تو پہلے جیسی رہی ہی نہیں۔ میں سمجھتا ہوں تم نے اپنا پہلا چہرہ مٹا دیا ہے اور گلاب کے پھول سے ایک نیا چہرہ بنا لیا ہے!

پائرٹی:۔ یہ کیا تماشہ ہے؟

پائرٹ:۔ محبت، آہ میں نے اُسے پالیا۔ کیا تم نہیں سمجھتیں؟

(باڈون)

"میں بیوقوف ہوں، جس نے
تمہارے مدرسے میں درس ہوش حاصل کیا ہے"
آہ، تمہیں روز دیکھنا اور پھر ایک خواب کے عالم میں گم ہونا!
بہت افسوس ہے۔ بیشک یہ اس کے رنگین خوابوں میں سے ایک ہے۔
یہی سبب ہے کہ میرا دل ایک نئی صبح سے بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

پائرٹی:۔ آہ پائرٹ!

پائرٹ:۔ آہ، میرے بازو کتنے کھل رہے ہیں کہ اڑوں۔ کیا تم بھی آسمان پر اڑ کر ستاروں کی انجمن میں گانا نہیں چاہتیں؟

پائرٹی:۔ میں تو ابتک چاند پر بیٹھی ہوتی اپنے محبوب کا انتظار کرتی رہی۔

پائرٹ، ایک مسکراہٹ، ایک تبسم سے مشکور کرو۔ ایک بوسے کے ذریعے یہ مجھے عطا کرو۔

(ہاتھ پیچھے کھول کے ایک دوسرے سے چپٹ
جاتے ہیں حتیٰ کہ اُن کے ہونٹ ایک طویل بوسے
میں مصروف ہوجاتے ہیں۔)

پائرٹی:۔ (اپنا سر خوشی کی آہ لیکر پیچھے ہٹاتی ہے) آہ، میں کتنی خوش ہوں، اب سارے غم والم کا خاتمہ ہوجائیگا۔

پائرٹ:۔ پائرٹی، چلو آتشدان کے قریب بیٹھیں، اپنے پاؤں کٹہرے پر رکھیں اور اب ایک خوشی کی زندگی بسر کریں۔

(دونوں نشستگاہ کے قریب آگئے۔ بیٹھتے ہوئے
پائرٹ نرمی سے گاتا ہے۔)

لڑکی، چاند کا انتظار نہ کر،
آسمان کی سیڑھیاں بہت بلند ہیں۔
سرِ بلا اور شاداب موسم بہار
بوسہ لیکر تم کو نیند کی آغوش میں پہونچا رہا ہے۔

(چراغ جل کر خاموش ہو رہا ہے۔ صرف آتشدان کی آگ اُنکے چہروں پر پڑتی ہے اور پردہ گر جاتا ہے۔)

مترجم۔ باقی

خدمتگار

"کتنی مرتبہ تم سے کہا کہ کبھی جلدی لایا کرو مگر سنتے ہی نہیں!" میں نے پچھلی سیٹ پر کتابیں پٹخ کر کہا۔ "ڈیڑھ گھنٹے سے پاگلوں کی طرح ٹہل رہی ہوں۔ غضب خدا کا ڈھائی بج رہے ہیں۔ خدا کی قسم آج ابا سے ضرور کہوں گی کہ بہادر سے وقت پر موٹر نہیں لائی جاتی تو میرے لئے دوسرا انتظام کریں۔" اور میں کتابیں سرکا کر بیٹھ گئی۔

"تو سرکار ناراض کیوں ہوتی ہیں؟ کل ذرا جلدی لایا تو فرمایا اتنی جلدی لے آتا ہے۔ میں لائبریری میں پڑھ بھی نہیں پاتی۔" بہادر نے بدتمیزی سے میری نقل کرتے ہوئے کہا۔

"چپ رہو، ایک تو غلطی کرتے ہو اور اوپر سے ٹرّاتے ہو!" میں نے جھڑک کر کہا۔

"اتنا غصہ کریں گی تو سوکھ کر کانٹا ہو جائیں گی۔" بہادر نے تنبیہاً انگلی ہلا کر کہا۔

"دیکھو بہادر بک بک مت کرو۔" میں نے غصہ کو قائم رکھنے کی کوشش کی۔

"تو پھر آپ بھی .... تو پھر آپ غصہ کیوں ہوتی ہیں! ایسا برا منہ لگنے لگتا ہے۔"

"تمہاری بلا سے۔"

"تمہاری بلا سے۔" اس نے اتراکر نقل کی۔

مجھے ہنسی آنے لگی۔

"آج تو مارے غصے کے پیچھے جا بیٹھیں۔ آگے آیئے نا!" اس نے کھڑکی کھولکر "حکم" دیا۔

"نہیں۔ چلو بک بک نہ کرو۔ جہاں میرا دل چاہیگا بیٹھوں گی۔"

"اچھا تو پھر چلایئے خود! ہم سے نہیں چلتی۔" اس نے نہایت لاپرواہی سے کھڑکی سے سہارا لیکر کہا۔

"بہادر شاید تم بھول رہے ہو کہ تم نوکر ہو۔" میں آج لڑنے پر تلی ہوئی تھی۔

"تو لیجئے میں استعفا دیتا ہوں۔" "بس" وہ موٹر سے ہٹ کر زمین پر اکڑوں بیٹھ گیا اور لاپرواہی سے دوسری طرف دیکھنے لگا۔

"بہادر! بدمذاقی مت کرو۔ مجھے واقعی غصہ آرہا ہے۔" میں نے جھلا کر کہا۔

"واقعی۔" اس نے ہنسکر مذاق اڑایا۔

"بہادر سیدھی طرح موٹر چلاتے ہو کہ ....."

"تو پھر آگے آیئے نا۔ اچھا قصور ہوا لیجئے پیر چھوتا ہوں۔ آپکا پھولا ہوا منہ، دیکھکر سچ مچ میرے ہاتھ پیر پھول جاتے ہیں اور موٹر الٹ جاتی ہے۔ اور ....."

"نہیں میں آج پیچھے ہی بیٹھوں گی۔" میں نے صلح پر رضامند ہوتے ہوئے کہا۔

"نہیں آج آپ آگے ہی بیٹھیں گی۔ اب معافی جو مانگ لی ہے۔" اس نے خوشامد سے کہا۔

میں اتر کر آگے بیٹھ گئی۔

"اگر آپ آگے نہ بیٹھتیں تو میں موٹر تھوڑی چلاتا۔" وہ شرارت سے مسکرایا۔

"بہت بھیجا ہو۔" میں نے کہا۔

"کون؟" اس نے ایسے کہا گویا وہ خود مجھے بیجا سمجھتا ہے۔

"بدتمیز! میں آج ضرور ابا سے کہوں گی کہ تم کبھی وقت پر نہیں آتے۔" میں نے اپنی ہنسی کو روکنے اور بات ٹالنے کیلئے کہا۔

"تو پھر خود ہی موٹر چلانا سیکھ لیجئے نا۔ یوں آتی ہے یوں!" اس نے چٹکی بجا کر بتایا۔

"سیکھوں ہی گی" میں نے بے توجہی سے فیصلہ کیا۔

"تو پھر سیکھئے نا۔ آج ہی سے شروع کیجئے۔ چلو جبلی پارک؟"

اُس نے موٹر موڑ کر کہا۔

"کیا واقعی دو روز میں سکھا دوگے؟" میں نے اشتیاق سے پوچھا۔

"اور کیا۔ دیر ہی کتنی لگتی ہے۔ مگر یوں تھوڑی ..... اونہہ .... پہلے سیر بھر مٹھائی" اُس نے ہونٹ بھینچ کر سر ہلاتے ہوئے کہا۔

"مٹھائی و ٹھائی کا جھول ہے یونہی سکھاؤ"

"خوب ابھی واہ! تو پھر سکھانا بھی جھول ہے۔ اچھا سودا ہے! ایسی مُفت کی موٹر کسی اور سے سیکھئے" اُس نے اکڑ کر کہا۔

"اچھا اب اترو نہیں۔ ورنہ ابّا سے کہدوں گی۔ وہ جوتے لگیں گے کہ یاد ہی کروگے" میں نے دھمکی دی۔

"اچھا یہ ہے تو پھر یہی سہی، جائیے کر دیجئے سود فہ شکایت، نہیں سکھاتے"

"تُو اتنا اکڑتا کیوں ہے۔ اچھا چل مل جائے گی مٹھائی سکھاؤ تو" میں نے وہیل پر ہاتھ رکھکر کہا۔

"تو پھر... خیر... مگر سینئے تو... نرا وعدہ تو کچھ ویسا ہے" اُس نے بے اعتباری سے کہا۔

"بدتمیز تجھے میرا اعتبار نہیں"

"اور جو نہیں پھر؟"

"دیکھو کدھر گھماؤں" میں نے بات ٹالنے کے لئے وہیل پکڑ کر کہا۔

"سیدھی طرف"

"ارے رے رے" میرے مُنہ سے نکلا اور موٹر بال بال تار کے کھمبے سے ٹکراتے ٹکراتے بچی۔

"سیدھی سڑک پر جا رہی ہیں اور موڑنے کی کیسی جلدی ہے"

اُس نے مذاق اُڑایا۔

"اچھا لیجئے۔ سنبھالئے" اُس نے الگ ہو کر کہا "میرے ہاتھ کانپنے لگے۔ موٹر کی اسپیڈ بڑھی اور ہوا سائیں سائیں کر کے میرے دل میں اُترنے لگی۔

"بہادر۔ اَرے" میں نے تکلّف سے کہا "ارے پکڑو"

"آپ ہی پکڑئے .... ہاں زور سے ... ارے بھاگی"

اور وہ زور سے ہنسا۔

موٹر کی اسپیڈ بڑھی اور میری گھبراہٹ۔ میں چلّانے پر مجبور ہوئی اور ایک زور کا جھٹکا لگا۔ موٹر اُلٹتے اُلٹتے بچی۔ بہادر نے ایک دم بریک دبا دیا تھا۔ میں نے ہاتھ ہٹا لئے اور واقعی غصّہ ہو کر بیٹھ گئی۔ مجھے پسینہ آگیا تھا۔

"اچھا لیجئے ... لیجئے ابکے نہیں" اُس نے خوشامد سے کہا۔

"چلو گھر سیدھے" میں نے غصّہ سے حکم دیا۔

"آپ چلائیے نا! اس میں ڈرنے کی کیا بات تھی۔ ہُونہہ ... اسی برتے پر موٹر چلائیں گی" اُس نے موٹر گھر کی طرف موڑ کر کہا۔

"اور چلائیں کیسے؟ جیسے لوٹ ہی تو گئی نا! بہت چلی آپ سے موٹر!"

بہادر ہنستا رہا اور میں اُتر کر کھسیانی اندر چلی گئی۔

"اَرے بندو" بہادر نے مالی کو پکار کر کہا "بیوی کو موٹر چلانی آگئی" اور وہ طویل قہقہہ لگا کر موٹر گیریج میں لے گیا۔

ذرا سوچئے ایک ذلیل نوکر جو چھوٹی سی عمر سے ہمارے یہاں رہا۔ دن بھر پلٹتا۔ برتن مانجھنا۔ جوتے صاف کرنا۔ ذرا بڑے ہو کر چھوٹے موٹے کاموں کے لئے ڈرائیور کی خدمات انجام دینا۔ اور یہ دماغ؟ وجہ یہ ہے کہ مجھے اور بھیّا کو سوائے بہادر کے کبھی کوئی دوست نصیب نہ ہوا۔ چنانچہ ہم نے ہمیشہ اس کے لاڈ برداشت کئے۔ بھیّا تو جلد ہی اسکول میں بورڈر ہو گئے اور بہادر نے مجھ پر رعب جمانا شروع کیا۔ ہر بات میں اُس کی ہی دور رہتی۔ روٹھ جاتا تو ایک بات کرنے والا ہی ہاتھ سے جاتا۔ ابّا دوسرے ابّاؤں کی طرح

ہم سے کبھی لاڈ پیار نہ کرتے تھے۔ ویسے بہادر کو خود انہوں نے سر چڑھا رکھا تھا۔ کبھی میں نے اگر اُس کی شکایت بھی کی تو ہنسکر ٹال دیا۔ چھٹپن میں تو اگر کبھی میں بھولے سے بہادر کو مار دیتی تو وہ تڑاق سے چانٹا مارتا کہ منہ پھر جاتا۔ ابا کو فخر تھا کہ وہ اُلٹا مجھے ہی ڈانٹتے کہ "تو پہلے کیوں مارتی ہے"۔ ویسے جب بہادر کا جی چاہتا مجھے چھپ چھپ کر خوب ٹھونکتا۔ بھیا سے بھی وہ برابر ہی کا برتاؤ کرتا۔ اب تک جب ۹ کالج سے آتے ہیں تو وہ دونوں میں گھل مل کر باتیں ہوتی ہیں کہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ وہ آقا اور نوکر ہیں۔

موٹر سیکھے، دنوں کے بجائے ہفتے ہوگئے۔ سوائے لڑنے اور صبر کرنے کے اور موٹر سیکھتے وقت کچھ نہ ہوتا۔ کبھی سوچتی "بھاڑ میں جائے، تانگہ میں کالج چلی جایا کروں گی۔ موٹر نہ ہوئی مصیبت ہوگئی"۔ مگر پھر بہادر سبز باغ دکھاتا اور میں چکر میں آکر سیکھنے کو تیار ہو جاتی۔

بہادر کو ہر بات میں دخل دینے کا حق ہے۔ پڑھے نہ لکھے ٹوٹی پھوٹی اُردو آتی ہے۔ اس پر یہ زور کہ اُردو کا اخبار گھر میں آنا لازمی۔ جہاں میں اور ابا اپنی سنجیدہ بحث شروع کرتے بہادر اپنی بے تمیز رائیں پاس کرنا شروع کر دیتا۔ میری ہی بات کو کاٹتا۔ اور میں جل جاتی۔ مگر ابا کہتے "یہ خوب سیاسیات کو سمجھتا ہے، اِسے اُلو نہ سمجھو"۔

بڑی ہنسی آتی جب بہادر صاحب، مولا بہشتی، ننھا دھوبی اور تنو اچار کے لڑکے اور مسجد کے مولوی صاحب کے بیچ میں ٹوٹی ہوئی اینٹ پر بیٹھکر چین اور جاپان، جرمنی اور آسٹریا کے موجودہ تعلقات پر رائے زنی فرماتے۔ اُوٹ پٹانگ جھوٹ سچ واقعات پر روشنی ڈالی جاتی۔ تنو کا نوجوان لڑکا خودکشی اور فراری کے واقعات جو اُسے ازبر ہوتے تھے نہایت جوشیلی آواز سے سناتا۔ مولا کو ہمیشہ ہندو مسلمانوں کی باہمی جنگوں کا ذکر سننے میں مزہ آتا۔ اُس کا بس نہ تھا کہ ہندوؤں کو پیس ڈالے۔ ننھا گو ہندو تھا مگر اُسے فسادوں سے دلچسپی نہ تھی، دوسرے وہ مولا کے مگرمچھ سے بگڑے بازو دیکھکر ذرا خوش مزاج ہی رہنا پسند کرتا تھا۔

ایک دن میں اخبار پڑھ رہی تھی کہ بہادر کمرہ صاف کرنے آئے۔ اخبار کو جھانک جھانک کر دیکھنا اُن کی عادت ہے۔ انکے پھٹے ہوئے اخبار میں تصویریں نہیں ہوتیں اور اس وجہ سے انہیں میرے اخبار میں جھانکنے کیلئے ذرا نرم ہونا پڑتا ہے۔

"یہ کون ہے؟" وہ ایک تصویر کو دیکھکر بولے۔

"یہ ایک لیڈر ہیں"۔ میں نیکی کے دم میں تھی۔

"لیڈر؟" یہ لفظ اُنکے اخبار میں کم آتا تھا۔ "لیڈر؟"

"ہاں"۔ میں نے مختصر طور پر کہا۔

بہادر کی غرض اٹکی تھی مجھے معلوم ہوگیا۔

"تو یہ لیڈر کون ہوتے ہیں۔ یہ تو جانور لگتا ہے"

"چُپ بدتمیز یہ بہت بڑا آدمی ہے"

"کوئی پان چھ گز کا؟"

"بیوقوف ہو تم"

"ویسے ہی تو نہیں جیسے لیڈر صاحب یہاں بھی آتے ہیں"

"کون؟"

"وہی جو پرسوں بھی آئے تھے"

"وہ پلیڈر تھے۔ بیوقوف یہ لیڈر ہے"

"اچھا!" اُس نے بالکل نہ سمجھکر کہا۔

"رہنما ہے"

"یہ... اچھا... رہنما... قطب نما" وہ اِترانے لگا۔

"تو تم اسے نہیں جانتے؟"

"نہیں"

"تمہارے اخبار میں کچھ نہیں لکھا"

"اس میں ایسے بیہودہ لوگوں کا کہاں ذکر؟ دو تو ورتے ہوتے ہیں سارے اخبار میں زیادہ تر تو بس غزلیں ہی ہوتی ہیں۔

اور آتا بھی تو بہت دنوں میں ہے۔"

"کیسے افسوس کی بات ہے کہ ہمارے ملک کے جہلا اپنے لیڈر کو نہیں جانتے" میں نے تاسف سے کہا۔

"تو اس میں میرا کیا قصور؟ مجھے تو فرصت نہیں ملتی جوان نہ نا" صاحب کے پاس جاؤں۔ چور ہے تک تو جانے کی مہلت نہیں ہوتی۔"

"تم جیسے اس کے پاس جا بھی بہت سکتے ہو" میں نے ہنسکر کہا۔

"کیوں؟ کیا وہ سات تالوں میں رہتا ہے۔ یا کیا؟"

"جی وہ تم جیسے ٹرپونجئے سے ضرور ملے گا؟"

"ہم ٹرپونجئے کا ہے سے ہیں؟ یہ دیکھئے" بہادر نے ذرا سیدھے کھڑے ہو کر کہا۔

"وہ بہت بڑا آدمی ہے۔ دور سے دیکھ لینا ہی اُسے غنیمت ہے۔ تمہاری تو وہاں تک رسائی بھی نہ ہوگی۔"

"ایسے اس میں کون سے لڈو لگے ہیں جو ہم اُسے کھا جائینگے، دماغ کیوں دکھاتے ہیں کیا بہت روپیہ پیسہ ہے؟"

"بہت! دوسرے انہیں روپے کی پروا نہیں۔ کھدر پہنتے ہیں۔"

"تو اس میں کیا ہوا۔ تنوا چار ہمیشہ سے کھادی پہنتا ہے، مولا بھی ایک تہبند میں چھ مہینے گذار دیتا ہے۔ ہم بھی تو سرکار اور بھیا کی اُترن پہنتے ہیں۔"

"تم، تنوا اور مولا تینوں گدھے ہو۔ یہ تو قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ غریبوں کا انہیں بڑا درد ہے۔"

"ایسے! اور ہم کون خدمت نہیں کرتے؟ صبح سے جو جُت جاتے ہیں تو شام کہیں دس بجے چھٹی ملتی ہے۔ مولا کی کمر پانی بھرتے بھرتے ٹیڑھی پڑ گئی۔ تنوا کے ہاتھ چمڑا چھیلتے چھیلتے گھنا گیا۔ اب اور کونسی خدمت۔۔۔۔ یہ لیڈر کرتے ہیں۔"

"جی! تو جناب کا خیال ہے کہ تنوا، مولا اور آپ تینوں لیڈر ہیں۔ ضرور!" میں نے ہنسکر مذاق اڑایا "تم لوگ گائے بیل کی طرح کام کرتے ہو گدی میں سے تو کچھ خرچ کرنے کی ضرورت نہیں ہی۔ یہ لوگ قوم کی خاطر قید میں جاتے ہیں لوگوں کو سیدھا راستہ دکھاتے ہیں۔ انکی بھلائی کے لئے کوئی اگر جان مانگے تو جان تک دیدیں۔"

"تو کوئی مولوی ہیں، رشی ہیں۔ کیا ہیں؟"

"ہٹ۔ رشی اور مولوی سب ڈھونگ مچاتے ہیں، یہ تو رہنما ہیں۔"

"ارے کچھ بتائیے تو یہ کون ہوتے ہیں؟ جیسے؟"

"جیسے۔۔۔۔ وہ۔۔۔۔ جو۔۔۔۔ تجھے یاد ہے؟ لکھنؤ میں جلوس نکلا تھا۔"

"وہ لاٹ صاحب کا"

"ارے ہٹ۔۔۔۔ وہ جو امینہ آباد۔۔۔۔"

"وہ جو پیپا شاہ جی نے پنکھا چڑھایا تھا درگاہ پر؟"

"میں تمہیں مار دونگی جوتیاں کرے جائے گا۔ جانہیں بتاتے۔"

"تو پھر بتاتی نہیں ہیں ڈانٹے جاتی ہیں۔"

"ارے بھئی وہ جب قومی جھنڈیاں لگی تھیں۔۔۔۔"

"وہی تو لاٹ صاحب والا تھا۔ سارے میں روشنی ہی روشنی تھی۔ ایسی روک لگی تھی کہ کیا کہنا۔ منوں پھول لوگوں نے ڈالے تھے۔"

"نہیں۔ ان کمبخت انگریزوں نے تو ہمارے ملک کو لوٹ لوٹ کر ناس کر دیا۔ غریبوں کا پیٹ کاٹ کر استقبال کے لئے روپیہ جمع ہوتا ہے اور دو چار عمدہ عمدہ سڑکیں صاف کر کے اور سجا کے اُس میں سے انہیں گذروا دیا جاتا ہے۔ بڑے ہمارے ملک پر حکومت کرتے ہیں؟ کمبخت کہیں کے" میں نے جوش سے کہا۔

"اور یہ لیڈر کیا کرتے ہیں۔ یہ بھی تو جھنڈیاں لگا کر سڑکیں جھڑوا کر اور ہار پھول پہن کر جلوس نکال دیتے ہیں۔ بہت ہوا تو کچھ

بول دیجیے۔ دے تالیاں! دے تالیاں پڑی ہٹ رہی ہیں۔ سمجھ میں کچھ نہیں آتا کہ کیا کہہ رہے ہیں۔"

"تم بیوقوفوں کی سمجھ میں کیا آئیگا"

"تو پھر آپ جیسے ۔۔۔۔" وہ ہنسا "تو پھر یہ بیوقوں کے لیڈر نہیں!"

"نہیں اور نہ بدتہذیب لوگوں کے" میں نے جلکر کہا۔

"تو پھر ہمیں کیا ضرورت جو ہم انہیں کوڑی بھر بھی دہاریں۔ بھئی ہمارا بھی کوئی لیڈر ہوتا"

"تم تو سمجھتے ہی نہیں"

"تو پھر سمجھائیے نا؟" اس نے عاجز ہوکر کہا۔

"یہ لیڈر غریبوں کے ہمدرد ہیں۔ تمہارے پیپا شاہ اور مداری شاہ تو ٹھگ ہیں۔ لوٹ لوٹ کر اپنا گھر بھرتے ہیں۔ اور یہ تو غریبوں کی روزی کی کوشش کرتے ہیں۔ انکے حقوق دلاتے ہیں"

"پیپا شاہ کے یہاں بھی تو آئے دن لنگر بٹتا ہے" بہادر نے دلیل پیش کی۔

"لنگر بٹتا ہے! پیٹ بھرے پہونچ جاتے ہیں اور کچھ نہیں ۔۔۔۔"

"لو! پیٹ بھرے کیوں پہونچ جاتے۔ اب میں نہ پہونچ جاؤں اپ نہ چلی جائیں" بہادر بولا۔

"تم سمجھ ہی نہیں سکتے" میں نے عاجز آکر کہا۔

"اور جو کہتا ہوں سمجھائیے تو سنتی ہی نہیں"

"کیا سمجھاؤں کوڑھ مغز! ابھی یہ ہمارے حقوق دلوا رہے ہیں۔ ہمیں گورنمنٹ کی نوکریاں دلوائیں گے۔ ہمارے لئے سیٹیں رزرو کروائیں گے" میں نے سمجھا ہی دیا۔

"سیٹیں کیسی؟ ریل کی؟" کندۂ ناتراش بولا۔

"اونھ! گھسٹل۔ بھئی ہٹ میں تجھے نہیں سمجھا سکتی۔ ارے بھئی سیٹیں! اونھ کیسے بتاؤں اسمبلی میں سیٹیں"

"اچھا اب میں سمجھا" بہادر نے بجھنے کی کوشش چھوڑ کر کہا "اچھا تو سب کو اب ڈپٹی کلکٹریاں ملا کریں گی"

"اور کیا"

"تب تو مزہ ہے! میں بھی ڈپٹی کلکٹری میں نام ڈلوا دونگا"

"جوتے لگیں گے" میں نے ہنسکر کہا۔

"جی۔ امی۔ بہت لگے جوتے۔ اور ہاں ننوا کا لڑکا نویں درجے میں پڑھتا ہے۔ وہ تو ضرور ہی ڈپٹی بنجائیگا"

"تم تمہارے ننوا اور مولی ہی تو ڈپٹی بننے کے لائق ہیں۔ ذرا سی گوبر میں بھی رکھتے ہو، ڈپٹی بنو گے"

"کیوں اس میں کیا ہے؟ تھا نہ داری تو میں ایسی کروں کہ کیا بتائیے"

"بھلا تم، جو نہ جانے دھنے ہو کہ جلا ہے اور ننوا چار مجسٹریٹ بنیں گے" میں ہنسی۔

"اچھا تو پھر ہم لوگوں کا ذکر نہیں۔ اور یہ گاندھی جی جو ہمارے ہیں وہ؟"

"وہ کیا کر سکتے ہیں؟ وہ مجبور ہیں۔ بھلا کیسے ایک رذیل آدمی کو اونچے عہدے دیدئے جائیں۔ تم ہی سوچو بہادر"

"تو پھر کیا! پھر یہ نوکریاں بھی صرف بڑے لوگوں کیلئے ہی لے رہے ہیں۔ لو بھئی ابھی روٹی کپڑے کا ٹھکانہ نہیں ہوا اور نوکریاں بھی نہ ملیں تو یہ کیسے لیڈر۔ ان سے اچھے تو مداری شاہ ہیں جو کھانا کپڑا دیں اور پھر ان کا کہنا کرو تو جنت میں الگ جاؤ" بہادر نے جلی ہوئی آواز میں کہا۔

"بس کھانا کپڑا ہی تو ضروریات نہیں۔ ان رذیل خواہشات سے بلند اعلیٰ اور بھی تو خواہشیں ہیں۔ یہ ضرورتیں تو صرف حیوانات کو ہیں کہ پیٹ بھر لیا اور بیٹھے میں سو گئے"

"واہ آپ بھی کیا کہہ رہی ہیں۔ لے جب پیٹ بھر کے کھانا نہ ملے گا تو کوئی جئے گا کیونکر جانوروں کو چرنے کے لئے گھاس

تو ہے اور سونے کو بھٹے تو نہیں۔ بہت سے غریبوں کو تو یہ بھی میسّر نہیں۔ جانوروں کو ایک ایک کے در بھیک مانگتا تو نہیں پڑتی۔"

میں کھسیانی ہوتی جا رہی تھی۔ یہ بہادر بڑا جمتی ہے۔ ایک بات کے پیچھے پڑ جاتا ہے۔

"غریبوں کی زندگی بہت اچھی ہوتی ہے۔" میں نے فلاسفی چھانٹی۔ "نہ کسی بات کا غم نہ فکر۔ مزے سے کھلی ہوا میں جھونپڑیوں میں رہتے ہیں۔ روکھی سوکھی ملتی ہے مگر چین سے۔ کپڑے کی فکر بھی نہیں ستاتی۔"

"بڑی اچھی آغریبوں کی زندگی! آپ کو کیا معلوم ان کو یہ روکھی سوکھی بھی کن مصیبتوں اور فکروں کے بعد ملتی ہے۔ زمیندار کا جوتا سر پر رہتا ہے۔ کیسی باتیں کرتی ہیں بھئی خوب کھلی ہوا میں مزے سے رہے، ذرا آپ تو دو روز یہ مزے اٹھا کر دیکھیں۔ آنکھیں کھل جائیں۔ آپ سمجھتی ہونگی جھونپڑی بھی کوئی سرکار کا دورے والا ڈیرہ ہے کہ اندر مزے سے میز کرسی جمی ہوتی ہے اور نوکر لگے ہوئے ہیں۔ جھونپڑی میں بھلا بھل تو پانی بھرتا ہے۔ اور دنیا بھر کے کیڑے مکوڑے کا ڈر، اس پر نہ بستر نہ تکیہ۔ خوب!" بہادر کی آنکھیں چمکنے لگیں۔

میری عادت ہے کہ بہادر کی دلیلوں سے خواہ کتنی قائل ہو جاؤں مگر کہتی اپنی ہی رہتی ہوں۔ میں نے بات ٹالنے کیلئے کہا: "تم تو ہو جاہل لٹھ، تم سے کون مغز مارے، پڑھو لکھو تو دنیا میں قدر بڑھے۔"

"تو پھر آپ پڑھاتی کیوں نہیں؟" اس نے ضد کی۔ "دیکھئے پھر میری بھی قدر بڑھ جائیگی۔"

اس دن کی بحث اس بات پر ختم ہوئی کہ اگر بہادر ایمانداری سے مجھے موٹر سکھائے گا تو میں اس کو پڑھاؤنگی۔

ابھی چند روز ہی پڑھتے شروع ہوئے تھے کہ بہادر کو اپنی قدر بڑھ جانے کا گمان ہو گیا۔ بجائے نیچے بیٹھنے کے کھانے کے کمرے سے کرسی لا کر اس پر بیٹھ گئے۔ اور کتاب کے ورق نہایت انہماک سے الٹنے لگے۔

"اٹھو یہاں سے۔" میں نے ان کے کان پکڑ کر کہا۔

"کیوں، کیا کرسی پر بیٹھنا برا ہے؟" اس نے آنکھیں پھاڑ کر کان چھڑاتے ہوئے کہا۔

"ہاں۔" اور میں کرسی پر دراز ہو گئی۔

"اٹھیے یہاں سے۔" بہادر نے آہستہ سے میرے کان چھو کر کہا۔

میں نے اسکے ایک تھپیڑ لگایا: "بدتمیز۔"

"آپ ہی نے تو کہا تھا کہ کرسی پر بیٹھنا بری بات ہے، لیکے ایسے زور سے میرے کان" "موڑے۔"

"تم نوکر ہو اور پھر کرسی پر چڑھکر بیٹھتے ہو۔"

"تو کیوں کیا نوکروں کے کان چمڑے کے ہوتے ہیں، بڑی آپ تو گاندھی جی کی چیلی بنتی ہیں۔ اللہ قسم ابتک درد ہو رہا ہے۔"

"تو کیوں گدھا پن کرتے ہو تم۔"

"کیا کیا میں نے؟"

"تم پھر اتنے گندے کیوں رہتے ہو۔ ذرا اپنے ہاتھ تو دیکھو، جیسے بیل کے کھُر۔" میں نے بات پلٹی۔

"کیا کروں؟ ساری عمر برتن مانجھتے، جوتوں پر پالش کرتے گذری۔ یہ دیکھئے کیسے گٹے پڑ گئے ہیں۔ اب موٹر کا کام کچھ کم گندہ ہے؟"

"تمہاری روح ہی گندی ہے!" میں نے فیصلہ کیا۔ "کپڑے دیکھو جیسے صافی!"

"اتنے سے روپے اماں بہن اور اس کے پانچ بچے۔ اتنے کپڑے کہاں سے بناؤں۔"

"اور یہ جو بال جھبرے کتوں کی طرح آنکھوں پر پڑے ہیں، یہ؟" میں نے اس کے سُرخی مائل سنہرے بالوں کو پکڑ کر ہلایا۔

"اور جو مانگ پٹی کروں تو سرکار جوتے مار کے نکالدیں۔ جو سر منڈاؤں تو بھیا وہ ٹیپیں لگائیں کہ بھیجا نکل پڑے۔ دوسرے ایسی فکریں لگی رہتی ہیں کہ جی نہیں چاہتا۔" اُس نے بڑی سنجیدگی سے کہا۔

"تم پڑھو گے بھی یا میرا سر ہی کھائے جاؤ گے۔" وہ خاموشی سے پڑھنے بیٹھ گیا۔

رشید ابا کے بے تکلف ہمعصر دوستوں میں سے تھے۔ مجھ سے اُنہیں بچپن سے پیار لگاؤ تھا۔ میں اُنہیں رشید چچا کہا کرتی تھی۔ وہ مجھے بہت چھیڑا کرتے تھے۔ نہ جانے کیسے انہیں مجھ سے شادی کرنے کا خیال آگیا۔ اور میں اُنہیں رشید کہا کرتی تھی۔ کتنے خوش مزاج اور زندہ دل انسان تھے۔ گو مجھے دق بھی کرتے تھے لیکن میری ذرا سی بات بھی وہ بڑی مسرت اور غور سے مانتے تھے۔ اُنکی زندگی ہمیشہ ایک مجرد ہی جیسی گذری۔ والدین نے بچپن میں بروقت شادی کر دی۔ دو تین بچے ہوتے اور پھر جو بیوی سے علیحدگی ہوئی تو ملاپ ناممکن ہو گیا۔ رشتہ داروں سے دور ہم لوگوں کے سوائے کوئی ہمدرد غریب کا نہ تھا۔ بھیا کو اور مجھے بہت ہی چاہتے تھے۔ مجھے بھی وہ بہت ہی اچھے لگتے تھے۔ ابا تو کبھی لاڈ پیار کرتے نہیں۔ رشید کی محبت ایک نعمت معلوم ہوتی تھی۔ وہ چند روز کیلئے آجایا کرتے تھے جب جانے لگتے تھے تو اُن کے آنسو آجاتے تھے۔ انہیں آئے ہوئے کئی روز ہو گئے تھے۔ انہیں مجھ سے بہت سی باتیں کرنا تھیں اور نہ جانے گھر میں بیٹھنے کے کہیں باہر کار میں جائیں۔ صبح ہی صبح جو بہادر میرے کمرے میں آیا تو میں نے پوچھا۔ "رشید کہاں ہیں؟"

بہادر نے شرارت سے اپنی جیب میں جھانکا پھر دوسری میں ہاتھ ڈالا۔ پھر حسرت سے منہ بنا کر ہاتھ اور سر ہلایا۔ گویا کہتا ہے "نہیں ملتے، کھو گئے۔"

"بتاؤ کہاں گئے ہیں؟" میں نے ہنسی کو روکنے کے لئے کہا۔

"پہلے یہ تو بتائیے کہ آپ ہمیں آجکل پڑھاتی کیوں نہیں ہیں؟" بہادر نے کمر پر ہاتھ رکھکر پوچھا۔

"نہیں پڑھاتی، پہلے بتاؤ۔"

"نہیں بتاتے پہلے پڑھاؤ" اُس نے فوراً کہا۔

اُسکی کمینی عادت سے واقف ہوں۔ اس لئے نرمی سے کہا۔

"پڑھا دونگی بھی۔ آج میرا دل نہیں چاہتا۔"

"تو پھر میں بھی بتا دونگا۔ آج میرا دل نہیں چاہتا۔" اُس نے 'میرا' پر زور دیتے ہوئے کہا اور جانے لگا۔

"ٹھہرو بہادر۔" وہ مڑ گیا۔

"بات یہ ہے... بھئی مجھے... میرے سر میں درد ہے۔ اسلئے آج تو نہیں ہاں کل پڑھا دونگی۔"

"بات یہ ہے... بھئی مجھے... میرے سر میں درد ہے۔ اسلئے آج تو نہیں ہاں کل بتا دونگا۔"

وہ بالکل جانے والا تھا۔

"اچھا بیٹھو۔" میں نے کہا۔ اور وہ میرے سامنے پالتی مار کر بیٹھ گیا۔

"اور کتاب؟" میں نے پوچھا۔

"اور یہ آپکے رشید چچا۔" اُس نے لفظ چچا کو بنکر بگاڑ کر بالکل بے تکے پن سے کہا۔ "ذرا موٹر تیز کرو بس گھگی بندھ جاتی ہے ارے رے رے۔" اتنی تیز کیوں ہانکتا ہے۔" بہادر نے مسخری صورت بنا کر رشید کی نقل کی۔

"نہیں پڑھنا نہیں تو نکلو میرے کمرے سے۔ چلو میں نہیں پڑھاتی۔"

"آہلو۔ لو۔ بگڑ گئیں اُبزدل نہیں ہیں تمہارے رشید چچا۔" اُسنے پھر لفظ "چچا" کو واضح طور پر کہا۔

میرا جی جل گیا، مگر کچھ کہتے نہ بن پڑا۔

"بہادر، بھاگو یہاں سے۔ اب میرا دماغ نہ چاٹو" میں نے عاجز آکر کہا۔

"آج ہی ..... " اُس نے پروا نہ کرتے ہوئے کہا مگر پھر رُک گیا۔

"کیا؟" میں نے پوچھا۔

"کچھ نہیں۔ آپکے تو سر میں درد ہے" وہ جانے کیلئے اُٹھا۔

"تم رشید کیلئے کیا کہہ رہے تھے" میں نے اپنے شوق کو چھپاتے ہوئے کہا۔

"ہاں اب" اُن" کا جو ذکر ہے تو جلدی جلدی پوچھ رہی ہیں۔ انہیں بتاتے جائیے" وہ دروازے کی طرف چلا۔ پھر بولا" آج جب وہ یہاں برآمدے میں کھڑے تھے تو میں نے غور سے انہیں دیکھا۔ کیسے بے ہنگم لگ رہے تھے۔ بڑے ہو گئے۔ مگر سنا ہے شادی کے بڑے شوقین ہیں"

میں کھسیانی ہو گئی۔ رشید چھ سال سے مجھ سے شادی کرنے میں کوشاں تھے۔

"میں نے سوچا" وہ دروازے کے پاس جاکر بولا" میں نے سوچا بھئی کیسی بدقسمت وہ لڑکی ہوگی جو ..... جس سے ان کی شادی ہوگی"

پیمانہ چھلک گیا۔ میں نے میز پر سے رولر اُٹھا کر حکم دیا" نکلو ..... بہادر میرے کمرے سے"

وہ چلا گیا لیکن فوراً پھر آکر کہا" اور ہاں وہ پھاٹک پاس کھڑے آپ کا انتظار کر رہے ہیں، اُنہوں نے مجھے آپ کو بلانے کے لئے بھیجا تھا۔ جلتی ہیں آپ یا جاکے کہدوں نہیں آتیں سر میں درد ہے"

میں پھر چلا۔

کیا بتاؤں میرا کس قدر جی جلا۔ رشید نے مجھے بلانے کو بھیجا اور یہ یہاں باتیں بنانے لگا۔

"میں آرہی ہوں" میں نے کوٹ پہنتے ہوئے کہا۔

"میں تو کہے دیتا ہوں طبیعت ٹھیک نہیں۔ بخار ہے" وہ مسکراتا ہوا تیزی سے چلا۔

"نہیں" میں نے ڈانٹا اور جلدی سے مفلر لپیٹتی ہوئی اُسکے پیچھے چلی۔

"تیز آیئے ورنہ پھر نہیں لے جائیں گے" اُس نے میری جلدی دیکھکر طعنہ دیا۔

رشید جلدی سے ٹوپی گھماتے آگے بڑھے۔

"لیجئے سرکار آگئیں" اُس نے تمسخرانہ بلند آواز سے کہا۔

"کہتی تھیں نہیں جاؤں گی سر میں درد ہے۔ میں نے کہا چلئے بھی۔ سیر کو چلئے تو سب ٹھیک ہو جائیگا" اُس نے مکاری کی ذکر کرکے کہا۔

رشید کا چہرہ چمک اُٹھا اور وہ حسب عادت میری نبض ٹٹولنے لگے۔

"اُونہہ!" میں نے جھلکر کہا اور کار میں بیٹھ گئی۔ بہادر ڈرائیو کرنے لگا۔

اتنی تیزی سے موٹر اسٹارٹ کی کہ معلوم ہو بھونچال آگیا۔ اور پھٹنے سے موٹر ذرا ہی بچکر نکلی۔

"ارے" رشید نے آنکھیں پھاڑ کر کہا" ٹھیک سے نہیں ہانکتا"

سامنے لگے ہوئے شیشے میں میں نے بہادر کی ہنسی روکنے کی ناکام کوشش کا مطالعہ کیا اور میں جل گئی۔ رشید سے کتنی دفعہ کہا کہ بھئی یہ "ہانکنا" کہاں کا لفظ ہے۔ کوئی موٹر نہ ہوتی تانگہ یا چھکڑا ہو گئی جو ہانکی جاسکے۔ وہ فوراً خوش مزاجی سے کہتے ہیں کہ" میرا مطلب چلانے سے ہے" مجھے اُن کی بعض باتوں سے نفرت ہی ہے۔

باتوں میں خیال بھی نہ رہا اور بہادر نے موٹر کھڈوں اور نالیوں والی سڑک پر ڈال دی ایسے کہ بات کرنا دشوار ہو گیا۔

توازن بگڑ گیا جو ڑ جوڑ ہل گیا۔

"ابے ادھر کہاں لے آیا" رشید غرائے۔

"اے۔ تو آپنے رو کا بھی نہیں" اس نے الٹا الزام دیا "خیر آگے سیدھی سڑک ہے"

موٹر پھر لڑھکنے لگی۔ چار میل چلے گئے مگر سیدھی سڑک کا خاک پتہ نہیں۔

رشید کے منہ سے بات نہ نکل رہی تھی۔ مجھے بھی صرف ہنسی آ رہی تھی۔

"ار۔ بھئی وہ تیری سیدھی سڑک کدھر ہے" رشید نے پوچھا۔

"ہوں۔۔۔ بھول گیا۔ یہ سڑک تو اٹھارہ میل تک کھڑکھڑیا ہی چلی گئی ہے۔ کیا موڑوں"

"اور نہیں تو کیا مار ڈالے گا" رشید بھنائے "یار تم تو بس وہی ہو۔ یکے جوڑ جوڑ ہلا ڈالا ہونھ" رشید نے اپنا سر میرے سر سے ٹکرانے سے بچا کر کہا۔

سیر کیا خاک ہوتی۔ سارے راستہ طوطوں کی طرح اڈے پر پہنچے جاتے بیٹھے رہے۔ سر پھوٹ جانے کا الگ ڈر۔ گدیوں پر اچکتے اچکتے تھک گئے۔ معلوم ہوا سیر نہیں بلکہ کشتی لڑ کر آ رہے ہیں" بہادر نے فہمندانہ مسکراہٹ سے مجھے دیکھا گویا کہتا ہو کہ "دیکھا! کیسی سیر کرائی؟"

"شام کو کہاں چلئے گا۔ پانچ بجے موٹر نکال لوں" اس نے تڑاخ سے کھڑکی بند کر کے کہا۔

"ابے ہٹ۔ ہم کیا مرنے کے لئے تیری موٹر میں جائیں گے" رشید نے ڈانٹا۔

رشید ہمیشہ بہادر سے بدتمیزی سے بولتے ہیں۔ انہیں بڑی شکایت ہے کہ یہ نوکر ہو کر ذرا بھی مہذب نہیں۔ ابا نے سر چڑھا لیا ہے۔ بیہودہ ہے۔ کسی دن ٹھیک کر دیا جائے گا۔ مگر بہادر خاک نہ سنتا۔ بلکہ صرف شرارت سے مسکرا دیتا اور یہی مذاق اڑانے پر تل جاتا۔

ہم اتر کر باہر ہی بیٹھ گئے۔ رشید کو میرا اتنا خیال رہتا تھا کہ اگر ذرا سی چیز خریدتے تو سو مرتبہ میری رائے لیتے۔ انکی کوٹھی اور فرنیچر میری خاص پسند کا تھا۔ موٹر ہم نے خود جا کر دہلی سے خریدی جس پر خوبصورت حلقے میں میرا مونوگرام بنوایا تھا۔ ہر چیز پر میرا مونوگرام تھا۔ سارے نوکر میری پسند سے رکھے اور نکالے جاتے تھے۔ رشید کے کپڑے اور مختلف چیزیں عموماً میرے پسندیدہ رنگ کے ہوتے۔ انہوں نے کبھی میری مخالفت نہ کی۔ جب میں چھوٹی سی تھی جب ہی سے وہ مجھ سے ڈرتے تھے۔ مجھے چھیڑتے اور جب میں خفا ہو جاتی تو وہ بیچین ہو جاتے۔ انہیں اس میں ہی مزا آتا تھا۔ مجھے اپنک ان سے روٹھ جانے کی عادت ہے۔ ایک دفعہ انہوں نے مذاق ہی مذاق میں میری چاندی کی چوڑی مچھلیوں والے حوض میں پھینک دی تو میں دس بارہ کی ڈھونگ وہیں مچل گئی۔ بچارے فوراً کوٹ اتار کر پانی میں اتر گئے۔ مجھے اب تک یاد ہے۔ وہ کتنے اچھے معلوم ہو رہے تھے۔ سبز کاہی انکی ٹائی اور بالوں میں بے طرح الجھ گئی تھی اور سارے جسم پر سڑی گلی پتیاں چپکی ہوئی تھیں۔ انہیں تکلیف پہونچا کر میرے دل میں گدگدی سی ہوتی تھی۔ مجھے بڑا فخر تھا کہ ایسا بارعب اور طاقتور انسان میرے سامنے بھیگی بلی بن جاتا تھا۔ بھیا کا تو دم نکلتا تھا۔ مگر میں بہت دلیر تھی۔ ذرا سی بات پر انہیں باتیں سنا کر رکھ دیتی۔ وہ الٹے خوش ہوتے۔ جیسے مجھے ٹانقا مذاق ہوا تھا رشید نے اپنے پیشے کی ساری ترکیبیں مجھے موٹا کرنے کیلئے صرف کر دیں۔ اتنے ٹوٹکے پلائے کہ میں پھول کر کپا ہو گئی۔ اور بہادر اور بھیا مجھے چڑا چڑا کر کھا گئے۔ ڈاکٹر بھیا کو بہت چاہتے تھے مگر بھیا بیوقوف ان سے کھنچے کھنچے رہتے تھے۔ رشید اور رشید کی ساری چیزیں میرے آنے کی منتظر تھیں۔ لیکن کتنے ہی نئے سوٹ خریدے کتنے ہی نئے موٹر میرے مونوگرام سے سجائے گئے۔ مگر مجھے کبھی وہاں پہونچنا نصیب نہ ہوا۔ ابا سے جب رشید تقاضہ کرتے وہ کوئی نہ کوئی بہانہ کر دیتے۔ رشید مجھے ایک منے آتشدان کا نقشہ زمین پر کھینچ کر بتاتے

تھے کہ سامنے سے ایک مرکھنی سی گائے دُم اٹھائے دوڑتی ہوئی سیدھی ہماری طرف لپکی۔ ہندو پیچھے ڈنڈا لیکر دوڑا۔ غُل سُنکر بہادر بھی اپنی کوٹھری سے جھانکا۔ نہ جانے کیا سوچ کر ایک چھوٹی سی لکڑی لیکر لپکے گائے کو ہماری طرف ہنکا کر لایا کہ وہ پھاٹک چھوڑ کے ہماری طرف آئی۔

گائے، بیل اور بھینسوں تین چیزوں سے میرا دم نکلتا ہے۔

"ارے، اِدھر مت ہانک بہادر" رشید ڈر کر ڈانٹنے لگے۔

لفظ "ہانک" پر بہادر ہنسی سے لوٹ گیا۔ اگر ہم منڈیروں پر نہ چڑھ جاتے تو یقیناً گائے ہمارا آٹا کر دیتی۔ بہادر مجھے نظرِ غلط انداز سے چھیڑتا ہوا گائے کے پیچھے بھاگا چلا گیا۔ اگر رشید کو بہادر کی مکاریوں کا ذرا بھی پتہ چل جاتا تو وہ غدر مچا دیتے۔ وہ اسے صرف ایک بیوقوف گدھا سمجھتے تھے۔

اس دفعہ رشید کچھ ایسے پیچھے پڑے کہ ابا شادی پر راضی ہو گئے۔ میں اور رشید دن بھر سامان خریدتے پھرتے۔ خالہ جان بھی انتظام میں مدد دینے آگئیں، اماں کے بعد وہی تھیں جو ہماری قریبی رشتہ دار تھیں۔

بہادر خاموش دن بھر ہمیں موٹر میں لادے پھرتا تھا۔ رشید چھٹی لیکر آگئے تھے اور مجھے ہفتوں بہادر سے بات کرنیکا بھی وقت نہ ملتا۔ بہادر کی بدمزاجی بڑھتی جاتی تھی۔ وہ مجھ سے بالکل بات نہ کرتا اور اگر کرتا تو ترشی سے۔ بات بات پر ہر ایک سے اُلجھ پڑتا۔ یہانتک کہ ابا نے جو اُسے کچھ کہا تو غرا کر انہیں گھورنے لگا۔ ابا میں غضب کا تحمل ہے۔ دوسرے وہ اُسے چاہتے بھی بہت ہیں۔ بالکل چُپ رہ گئے۔ مجھے بہادر کو دیکھکر بڑا رنج ہوتا۔ بمبئی کے چلے جانے کے بعد سہیلی کہو یا نوکر سب کچھ یہ بہادر ہی تھا۔ رشید بیشک میرا لاڈ کرتے تھے بہادر اور ہی تھا۔ میرا بچپن کا ساتھی اور اب وہ مجھ سے بات تک کرنا پسند نہ کرتا تھا۔ وہ پہلے سے زیادہ زرد اور دُبلا ہو گیا تھا۔ مجھے یقین تھا کہ بہادر مجھ سے خفا ہے۔ یہ رشید تو نہ تھے کہ اگر کبھی خفا ہو جائیں تو اُن کا بہترین علاج یہ ہے کہ خود خفا ہو جاؤں۔ بس وہ فوراً الٹی خوشامد شروع کر دیتے تھے۔ یہاں بہادر کا سوال تھا جو صرف خوشامد کرانے کا عادی تھا۔

رشید ایک دکان پر سوٹ کا آرڈر دیئے اُترے۔ میں نے بہادر سے پوچھا "یہ تمہاری تھوتنی کیوں سوجی ہوئی ہے؟"

کوئی اور وقت ہوتا تو بہادر ایسا منہ توڑ جواب دیتا کہ میں اپنا سا منہ لیکر رہ جاتی لیکن وہ صرف کھسیانی سی ہنسی زبردستی ہنسنے لگا۔

"کبھی دماغ درست ہی نہیں ہوتا جب دیکھو جب منہ ڈبل روٹی ہو رہا ہے۔ آخر کوئی وجہ بھی ہو" میں نے نرمی سے ملامت کی۔

"میں کس پہ غصہ کروں گا۔ بھلا میں ایک پھٹا ہوا نوکر اور کسی سے غصہ ہو جاؤں تو پھر روٹی کہاں ملے۔" وہ افسردہ ہو کر مجھ سے دُور دیکھنے لگا۔

"نہیں تم کچھ بدل ہی گئے ہو" رشید آگئے اور ہم واپس چلے آئے۔

میرا دل بہادر سے کھُلکر باتیں کرنے کو چاہتا تھا۔ لہذا میں نے اُسے بلایا۔

"بہادر ذرا میری ساڑھیوں پر استری کر دو"

"لیجئے یہ کوئی میرا کام ہے۔ نتھا کو بھیجے دیتا ہوں" وہ مڑا۔

"نہیں وہ ٹھیک نہیں کرتا۔ دوسرے وہ میری استری توڑ دے گا"

"اچھا، لائیے، مجھے ساڑھیاں اور استری دیدیجئے۔ میں کرلاؤں گا"

"میرے کمرے ہی میں بڑی میز پر کر لو۔ میں تمہیں اپنی بجلی کی استری توڑنے کیلئے نہ دونگی"

"تو پھر کروا لیجئے کسی اور سے" اُس نے سوکھا منہ بنا کر کہا۔

"اِدھر آؤ" میں نے ڈانٹ کر کہا۔

وہ قریب آیا۔

"چلو" میں نے اُس کا کان پکڑ کر اپنے کمرے کی طرف لیجا کر کہا "ساڑھیاں نکالو اور سیدھی طرح استری کرو"

وہ مُسکرانے لگا۔ اُس کا پتلا سا زرد چہرہ خون کی گرمی سے بادامی ہو گیا اور آنکھیں بھیگ گئیں۔ وہ خوش تھا۔ صندوق میں سے ساڑھیاں نکال کر وہ استری کرنے لگا۔ میں کھڑکی کے قریب سٹول پر بیٹھ گئی۔

اُس کے کھُردرے بڑے بڑے بالوں دار ہاتھ، چمکتی ہوئی استری اور رنگ برنگی ساڑھیاں میرے لئے ایک کھیل بن گئیں۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں ایک نئی جان پیدا ہو گئی تھی۔ استری کے ساتھ ساتھ اُس کی چمکیلی آنکھیں آگے پیچھے دوڑ رہی تھیں۔ اُس نے اپنے گداز زیریں لب کو دانتوں سے دبا رکھا تھا جیسے کہ سخت مصروفیت اور کام کے وقت دبا لیتے ہیں۔ کف بے تکے پن سے اُس کی آستینوں میں جھول رہے تھے۔ آبا کی چوڑے چکلے دامن کی قمیص اور بھتیا کے ڈھیلے ڈھالے پتلون میں وہ ایک تنکا معلوم ہو رہا تھا۔ گریبان کے تمام بٹن ٹوٹ گئے تھے اور اس کا کافوری سینہ بہت سا کھلا ہوا تھا جس پر پسلیوں کا جال بخوبی نظر آتا تھا۔ اُس کے بے رونق کھچی بال بے ترتیب گچھوں کی صورت میں اُس کی پژمردہ مگر بلند اور ذہین پیشانی پر بکھرے ہوئے۔

میں اُسے متواتر غور سے دیکھ رہی تھی۔ میرا دل دُکھ گیا۔ آہ بے رحم زمانہ نے اُسے ایک ذلیل و خوار خدمتگار بنا دیا تھا۔ ورنہ وہ ذہانت اور عقلمندی کا مجسمہ معلوم ہو رہا تھا۔ نہ جانے کتنے بلند دماغ صرف غربت کے ہاتھوں کچل کر خاک راہ سے بدتر بن جاتے ہیں۔ اگر اُسے اعلیٰ تعلیم دی جاتی اور اُس کے پاس روپیہ ہوتا تو وہ کتنی شاندار ہستی ہو جاتا۔ وہ ایک ذلیل نوکر تھا جس نے بچپنے سے اپنی ہی جنس کی دل و جان سے خدمت کی تھی۔ لیکن پھر بھی کوئی بات تھی کہ وہ ایک نمایاں ہستی معلوم ہوتا تھا۔ زندگی کے ہر معمولی سے معمولی اور بڑے سے بڑے کام میں وہ ایک قابل تعریف عقلمندی کا ثبوت دیتا تھا۔ میں اُسے محویت کے عالم میں تک رہی تھی۔ اُسنے کئی دفعہ اُٹھتی ہوئی نظر میری طرف ڈالی اور مجھے اپنی طرف گھورتے دیکھکر وہ بے اختیار ایک مظلوم مُسکراہٹ میں ڈوب گیا۔

اُس نے سیاہ باریک ساری کی چار تہیں کر کے میز پر پھیلا دیا اور استری سیاہ بادلوں میں بجلی کی طرح تیزی سے کوندنے لگی۔

ایک سحر تھا کہ جس نے مجھے بیخود کر دیا۔ کوئی سخت سی چیز میرے گلے میں بار بار اٹکتی ہوئی معلوم ہوئی اور آنکھیں دُھندلی سی ہو گئیں۔ میں کھڑی ہو گئی۔ بہادر کا ہاتھ رُک گیا اور اُس نے مجھے ایک لمحے تک بے معنی نظروں سے دیکھا۔ لیکن یکایک جذبات کے ہجوم اور خیالات کی خاموش گھٹائیں اُس کی آنکھوں میں چھا گئیں۔ میں آہستہ سے اُسکے قریب جا کھڑی ہوئی۔ وہ پریشان ہو گیا۔ چہرہ کسی ناقابل بیان تکلیف سے تمتما اُٹھا۔ اُس کے ہونٹ خون کی زیادتی کی وجہ سے انگارہ ہو گئے ایسا معلوم ہوتا تھا گویا پھوٹ جائیں گے۔ اُس کے ہاتھوں میں ایک لرزش تھی جسے وہ جھنجلا جھنجلا کر چھپانے کی کوشش کر رہا تھا۔

"تم نہ بتاؤ گے؟" میں نے اُس کے استری والے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

وہ مضبوطی سے استری کو پکڑے رہا اور میرا ہاتھ اُس کے ہاتھ کو جو کانپ رہا تھا۔ اُس نے آہستہ سے ڈرتے ڈرتے میری طرف دیکھا۔ اور اس مرتبہ ایسے کہ دوبارہ کسی سوال کی ضرورت نہ رہی۔ میں نے استری لیکر اُس کے ہاتھ سے رکھدی۔ وہ دونوں ہاتھوں سے گریبان بند کرنے لگا۔ پریشانی کے علاوہ اور کچھ بھی چھپانے کی کوشش کر رہا تھا۔ اُس کی پلکیں بوجھل ہو کر لرز رہی تھیں اور اُسکے ہونٹ ایک سبکی میں جل جانے کو تیار تھے۔

"بولتے کیوں نہیں؟" میں نے نرمی سے قریب ہو کر کہا۔

"میں... میں... کیا بولوں؟" وہ لفظ چبانے لگا۔

"تم رنجیدہ نہیں رہتے ہو؟" میں نے سوال کیا۔

وہ چُپ رہا۔

"کیوں رنجیدہ رہتے ہو؟" میں نے پھر کہا۔

"مجھے نہیں معلوم" اُس نے پریشانی سے چاروں طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"تمہیں نہیں معلوم... جھوٹے!" میں نے لفظ جما کر کہا۔

"سچ" اُس نے سر ہلا کر اپنے جھوٹ کا اور بھی پختہ ثبوت دیا۔

"میں دھوکے میں تھی۔ میں سمجھتی تھی کہ تم مجھے اپنا دوست سمجھتے ہو" میں نے سب کچھ سمجھتے ہوئے بنکر کہا۔ اور کرسی پر بیٹھ گئی۔

اُسکی آنکھیں پکار پکار کر کہہ رہی تھیں کہ "بہنو مت تم خوب سمجھتی ہو" مگر وہ چُپ تھا۔

وہ تھوڑی دیر کھڑا غیر مطمئن نظروں سے مجھے گھورتا رہا۔ اُس نے چاہا کہ باہر چلا آئے لیکن پھر ایک دم اُس کا وہی غصہ اور جنون عود کر آیا۔ وہ تیزی سے میری طرف جھپٹا اور میرے ملتے قریب آکر رُکا کہ میں بھی وہ ضرور میرے اُوپر گر پڑیگا۔

"آپ سمجھتی ہیں... آپ کھیل رہی ہیں۔ مجھ غریب سے... آپ کھیل رہی ہیں۔ آپ... جانتی ہیں؟" اور وہ جھنجلا کر اپنے ہونٹ چبانے لگا۔ آنسو بے اختیار بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔

میں نے اُس کی طرف ہاتھ اُٹھایا۔ وہ خاموش میری طرف تھوڑی دیر تک دیکھتا رہا۔ خاموش فسانوں کی ضخیم جلدیں میرے سامنے کھُل گئیں۔

"بہادر" میں نے کہا۔

اور وہ میرے قریب گر پڑا اور اپنا سر میری گود میں رکھدیا۔ بڑی دیر تک وہ گہری گہری سسکیاں لیتا رہا۔

"تمہیں رنجیدہ دیکھکر میرا دل دُکھتا ہے۔ بہادر!" میں نے اُس کے سر کو سہارا دے کر کہا۔

"تو نہ دیکھا کیجئے میری طرف!" اُسنے غرور سے کہا۔

"نہ دیکھا کروں تمہاری طرف!" میں نے گویا خود سے کہا

"ہاں! کیا فائدہ؟"

"کیا ہر کام انسان فائدہ کے خیال سے ہی کرتا ہے؟"

"ہاں اور جو نہیں کرتا وہ دُکھ اُٹھاتا ہے"

"کیا دُکھ بڑے کٹھن ہوتے ہیں؟"

"ہاں ایک بھوکے ننگے خدمتگار کے لئے" اُس نے انگلیاں چٹخا کر کہا۔

"اور جو بھوکے، ننگے خدمتگار نہیں ہوتے اُنہیں کیا دُکھ ہی نہیں ہوتا؟"

"کیا اُن کو بھی دُکھ ہوتا ہے" وہ اُمید بھری آواز میں بولا اور سیدھا ہو بیٹھا۔

"ہاں"

"کیا وہ بھی اپنی ٹوٹی ہوئی کوٹھری... نہیں..... میرا مطلب ہے صاف ستھرے کمرے میں چھپ چھپ کر رویا کرتے ہیں"

اُسکی آنکھیں چمک رہی تھیں۔

"ہاں"

"اور کیا وہ بھی اُن... وہ بھی ایک امیر اور طاقتور انسان کو دیکھکر کہ وہ... کہ جب وہ..... اس کو دیکھتے ہیں تو گھنٹوں جلا کرتے ہیں" اُس نے چبا چبا کر بے ترتیبی سے کہا۔

"کون سے طاقتور امیر انسان کو؟ رشید کو؟" میں نے شرارت سے کہا۔

"ہاں" اور وہ شرمندہ ہو کر زور سے ہنسا۔

"تم..... طاقتور انسان کی یہ ہی تو پہچان نہیں کہ وہ موٹا ہو اور بہت سا روپیہ رکھتا ہو۔ بلکہ..... بعض... بلکہ....."

میں الفاظ ڈھونڈنے لگی۔

فراہم کرنے کی ضرورت کیوں نہ لاحق ہو"

(۳) "ہماری بہنوں کی ذہنیت ابھی اس قابل نہیں کہ اچھائی اور بُرائی میں امتیاز پیدا کریں، اپنی بُرائیوں پر نظر ڈالیں، شوہر کے متعلق گندے اور فاسد خیالات کو اپنے دل میں نہ آنے دیں، اُس پر پورا بھروسہ رکھیں، اگر بیوی شوہر پر اور شوہر بیوی پر اعتماد نہ کرے تو متاہلانہ زندگی کا سارا لُطف غارت ہو جاتا ہے"

(۴) "دُنیا میں عورت کی بہت سی ذمہ داریاں ہیں مگر وہ اپنی ذمہ داریوں کو بالکل محسوس نہیں کرتی، وہ یہ سمجھتی ہے کہ ساری ذمہ داری مرد کے سر ہے، اس کا کام صرف اتنا ہی ہے کہ مرد کی کمائی کو فضول خرچی میں اُڑائے۔ اپنے غازے اور پوڈر پر بیدردی سے روپیہ صرف کرے، آئے دن نئے نئے قیمتی لباس بنائے جائیں، عمدہ عمدہ زیور کی فرمائشیں کی جائیں اور یہ سب کچھ ہونے کے بعد بھی مرد کے متعلق اقسام کی بدگمانیاں کی جائیں، بُہتان باندھے جائیں اور اس کو گھر گھر بدنام کیا جائے، اس قسم کی بدگمانیوں سے پہلے پہل آپس میں شکر رنجی ہوتی ہے اور بعد میں اتہام کے جھگڑے اور خانہ جنگیاں ہونے لگتی ہیں جس کی وجہ سے محبت میں کمی اور نفرت میں زیادتی ہوتی ہے اور زندگی عذابِ جان بن جاتی ہے"

(۵) "جس گھر میں عورت حد سے زیادہ تجاوز کر جاتی ہے وہاں سے اطمینانِ قلب اور سچی محبت رفو چکر ہو جاتے ہیں"

(۶) مرد عورت کے لڑنے جھگڑنے، رونے پیٹنے، بیجا دباؤ ڈالنے، حکومت کرنے، گھر سے چلے جانے اور خودکشی کی دھمکی دینے سے محبت نہیں کرتا، مرد کے دل میں محبت پیدا کرانے کے اور ہی طریقے ہیں۔ پُرخلوص خدمت، فرمانبرداری، وفاشعاری، سچی ہمدردی، شیریں زبان، اچھے برتاؤ اور نیک خیالات سے محبت موہ لی جا سکتی ہے، بچپن میں ماں باپ کی اطاعت، بیاہ کے بعد شوہر کی فرمانبرداری اور اُسکے جذبات کا احترام کرنا بیوی کا فرض اوّلیں ہے"

(۷) "اگر دین و دُنیا میں سُرخ روئی حاصل کرنا ہے تو آج کل کی نام نہاد تہذیب کو خیرباد کہنا چاہیئے یعنی یورپ کی اندھی تقلید ہرگز نہ کرنی چاہیئے۔ ہماری زندگی کا سب سے بڑا مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ ہم شوہر کی ذات کو ذاتِ خدا کا مظہر سمجھیں، اس کی اطاعت خُدا کی اطاعت ہے"

اِس انجمن کا جلسہ پچھلی نوچندی جمعرات کو بڑے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوا، اراکین کی کثیر تعداد شریک تھی، چند خواتین بھی پسِ پردہ رونق افروز تھیں، انہیں انجمن کی "واحد" خاتون ممبر نے مدعو کیا تھا تاکہ "رکن" ہونے سے پہلے قواعد و ضوابط سے بخوبی واقف ہو جائیں۔ سکریٹری صاحب نے اُوپر لکھے ہوئے اغراض و مقاصد پڑھکر سُنائے جو بغیر کسی اعتراض کے بغلبہ آرا منظور ہوئے۔ اس کے بعد ایک ظالم امریکن بیوی کے مظالم کے واقعات پڑھکر سُنائے گئے، بیوی پر "لعنت" اور شوہر کے ساتھ اظہار ہمدردی کی قرارداد پاس ہوئی یہ "داستانِ عبرت" ناظرینِ ساقی کی خدمت میں اختصار کے ساتھ پیش کی جاتی ہے

ایک "بدگمان" بیوی کو اپنے ۷۰ سالہ شوہر پر شُبہ ہوا کہ وہ کسی پر فریفتہ ہو گیا ہے اور اپنی ساری دولت اُسکے پیچھے برباد کر رہا ہے، بڑی سوچ بچار کے بعد بیوی کے "ذہن رسا" نے ایک "معقول" تدبیر نکالی، ایک رات جبکہ شوہر گہری نیند میں تھا بیوی نے پوری قوت سے اُس کے سر پر پستول کے دستہ سے مارا۔ بیچارہ شوہر بیہوش ہو گیا۔ ہوش آیا تو دیکھا کہ ہاتھ پیر جکڑے ہوئے ہیں، اتنے میں بیگم صاحبہ

تشریف لائیں، میاں کو ہوشیار دیکھکر مسکراتے ہوئے پوچھا "کیوں! اب بھی" اس کا" نام بتاؤ گے کہ نہیں؟" "مصیبت کا مارا شوہر حیران کہ کس کا نام بتائے! غریب نے ہزاروں قسمیں کھائیں مگر بیگم صاحبہ ٹس سے مس نہیں ہوئیں!! برابر نام پوچھتی گئیں اور کوڑے لگاتی گئیں!!! میاں نے شور مچانا شروع کیا تو پھر پستول کا دستہ سر پر مار کر بیہوش کر دیا! شوہر کا بیان ہے کہ یہ "عمل" مسلسل کئی روز تک جاری رہا اس کے علاوہ کبھی شوہر کے پیروں کو آگ سے داغا جاتا تھا، کبھی لوہا گرم کرکے رخساروں پر رکھا جاتا تھا۔ کبھی جسم میں چاقو بھونکے جاتے تھے اور کبھی شوہر کے گوشت کی بوٹیاں کاٹی جاتی تھیں۔

مثل مشہور ہے "سو سنار کی ایک لوہار کی"۔ اتفاق سے ایک دن بیگم صاحبہ نے میاں کو بیہوش کرنے کے بعد پستول وہیں کھلا شوہر کو جب ہوش آیا تو پستول کو ہاتھ کے قریب پاکر پکڑ لیا۔ اتنے میں بیوی کمرے میں داخل ہوئی۔ پستول کو شوہر کے ہاتھ میں دیکھکر بہت پریشان ہوئی مگر شوہر نے بیوی کو سوچنے کا موقع نہیں دیا فوراً فیر کر دیا۔ نشانہ ٹھیک بیٹھا اور بیگم صاحبہ زمین پر تشریف لائیں، میاں نے بڑی مشکل سے خود کو رسیوں سے نجات دلائی مگر دماغی توازن جاتا رہا! آپ پستول پکڑے نیم برہنہ گلے سڑک پر دوڑنے!! پولیس نے آپکو جو اس ہیئت کذائی میں دیکھا تو دھاوا بول دیا۔ آپنے بغیر کسی مزاحمت کے خود کو پولیس کے حوالہ کر دیا اور واقعہ صحیح صحیح بیان کر دیا۔ مگر پولیس کو آپکے بیان پر یقین نہ آیا، پاگل سمجھکر گرفتار کر لیا اور کشاں کشاں گھر لائی۔ "سخت جان" بیوی ابھی تک زندہ تھی، موت کو سر پر کھڑی دیکھکر شوہر کے بیان کی پوری پوری تصدیق کر دی، جب بیوی کو قتل کرنے کے جرم میں آپ کا چالان ہوا تو عدالت نے آپکو بری کر دیا اور آپکے صبر و ضبط کی بہت تعریف کی!

مظلوم شوہر کی جے!!

بفضلہ تعالیٰ انجمن کے دفتر میں جہاں سینکڑوں شرکت کی درخواستیں وصول ہو رہی ہیں وہاں بعض حضرات نے ممبر ہونے کی خواہش کے ساتھ اپنی بیویوں کی "بیرحمی" کے واقعات لکھکر اُن کے "انسداد" کی تدبیریں پوچھی ہیں۔ شتے نمونہ از خروارے آج صرف دو خطوں کے اقتباس پیش کئے جاتے ہیں۔

ایک ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ یوں تو آئے دن اُنکے گھر میں "شکر رنجیاں" ہوا کرتی ہیں مگر پچھلے سنیچر کی "شکر رنجی" سے کچھ ایسا "رنج" ہوا کہ اب تک "کوفت" باقی ہے۔

واقعہ یہ ہوا کہ بیگم صاحبہ نے ایک بیش قیمت ہیرے کا سٹ جو نکلیس، بُندے، بروچ اور انگشتری پر مشتمل تھا، کسی جوہری کی دُکان پر دیکھکر میاں کو خریدنے کا "حکم" دیا، چونکہ اس وقت میاں کی آمدنی کچھ گھٹی ہوئی تھی اس لئے اتنا قیمتی زیور خرید نہ سکے، جب بیوی کو میاں کی اس "نا شایستہ" حرکت کا علم ہوا تو اُن کے غم و غصہ کی کوئی حد و انتہا نہ تھی، میاں پر کچھ اس طرح برس پڑیں کہ ساون اور بھادوں کا مینہ بھی مارے شرم کے پانی پانی ہو گیا، گرجنے اور کڑکنے کے بعد "موت بہتر ہے ایسے جینے سے" کہتی ہوئی کمرے میں گھس کر کنڈی لگا لی، میاں کو بڑی پریشانی ہوئی کہ کہیں بیگم سچ مچ خودکشی کا ارادہ نہ کر لیں! بڑی ہمت کرکے میاں نے دروازہ کھولنے کی التجا کی مگر صدائے برنخاست!! اب تو آپ بہت پریشان ہوئے! لگے زور زور سے دروازے پر گھونسے لگانے!! اندر سے آواز آئی "کچھ شامت تو نہیں آئی ہے؟" اور ایک دھماکے کے ساتھ دروازہ کھل گیا! بیوی نے میاں پر کچھ اس طرح حملہ کیا کہ میاں کو اپنی "سلامتی" فرار میں نظر آئی۔ ایک جست میں آپ برہنہ سر اور برہنہ

پیر سڑک پر تشریف لائے اور اپنے چچا کے مکان کا رُخ کیا جو کوئی دو سو قدم پر تھا، جب گھر میں داخل ہوئے تو آپکی پریشانی اور حیرت کی انتہا نہ تھی کیونکہ آں محترمہ نے ابھی ..... آپکی پیروی کی تھی اور "دور" میں آپ سے دوسرے نمبر پر تھیں! اتفاق سے یہاں آپکے والد بزرگوار رونق افروز تھے۔ صاحبزادے اور بہو بیگم کو آگے پیچھے اس طرح داخل ہوتے دیکھکر بڑے میاں کو بہت غصہ آیا دونوں کو جی بھر کر صلواتیں سُنانا شروع کیں، بیٹا باپ کا غصہ برداشت کر سکتا ہے مگر بہو بیگم کے "ولایتی شوز" کو کیا غوض کہ خُسر کی بُری بھلی سُنے! لہذا بہو بیگم کا سارا غصہ خسر علیہ السلام پر اُبل پڑا اور اُن جناب نے بڑے میاں کو کچھ اس طرح جھنجھوڑا کہ بس چھٹی کا دودھ یاد آگیا!! لگے چیخنے "ارے میں مرا! مرا!! کوئی مجھکو اس ڈائن سے بچاؤ!!! سارے گھر والے جمع ہو گئے اور بڑی مشکل سے خسر صاحب کو بہو صاحبہ کے چنگل سے چھڑایا۔ یہ سارے واقعات لکھکر محترم شوہر نے جنہیں بیوی کی اس "شکر رنجی" پر ابھی تک "کوفت" ہے انجمن کے سکریٹری صاحب سے بیوی کی "اصلاح" پوچھی ہے، انہیں مشورہ دیا گیا کہ انگریزی ناول "ٹیمنگ آف دی شرو" (Taming of the Shrew) شروع سے آخر تک نہایت غور سے پڑھیں بلکہ حفظ کرلیں اور لفظ بہ لفظ عمل کریں۔

ایک وکیل صاحب لکھتے ہیں کہ بیگم کی بدگمانیوں سے ناک میں دم آگیا ہے، کسی کے پاس جانا مشکل! کسی عزیز سے ملنا دشوار!! گھر میں آتے ہی اصرار ہوتا ہے کہ "قسم" کھائیے آج کہاں کہاں گئے تھے؟" وکیل صاحب کی ایک "ضعیف" سالی صاحبہ ہیں یعنی مرحوم بیوی کی بہن! انکے گھر جب کبھی جاتے ہیں بس "قیامت" آجاتی ہے!! کہیں ناظرین یہ نہ سمجھیں کہ بیگم صاحبہ بوڑھی" سالی سے بدگمان ہیں! سالی کی ایک نوجوان تعلیم یافتہ "بہو" ہیں، انکے کارن یہ ساری بدگمانیاں اور پریشانیاں ہیں!! بیگم صاحبہ کی بارگاہ عالی سے کئی مرتبہ حکم "امتناعی" اجرا ہوا کہ سالی کی "بہو" سے نہ ملیں، مگر یہ کیسے ممکن؟ سالی سے ملیں اور انکی "بہو" کی طرف سے مُنہ پھیر لیں! آخر "بہو" نے کیا خطا کی؟

ایک روز بیگم صاحبہ نے آپکو سخت "تاکید" کی کہ سالی کے گھر نہ جائیں، مگر خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اُسی دن آپکو سالی سے ملنے کی سوجھی! اور اُدھر بیگم صاحبہ کے ذہن رسا میں جاسوسی کا خیال آیا۔ خیال آنا ہی تھا کہ فوراً "عمل" کی سوجھی "ٹیکسی" لیکر سالی کے گھر پہونچیں، یہاں جو "سین" دیکھا آں محترمہ کا قول ہے کہ خُدا دشمن کو بھی نہ دکھائے! شوہر صاحب مزے سے سالی کے گھر براج رہے ہیں اور سالی کے ساتھ سالی کی "بہو" سے بھی گُل مکر میٹھی میٹھی باتیں کر رہے ہیں!! یہ "رُوح فرسا" نظارہ دیکھکر بیگم صاحبہ کا دل جلکر "کباب" ہو گیا اور آنکھوں سے ایک ایسی "جوئے خون" بہنے لگی کہ بس دونوں آنکھیں "شمع فروزاں" ہو گئیں! اس طرح ٹسوے بہاتے، آہیں بھرتے گھر لوٹیں، جب "ہیوفا" شوہر تشریف لائے تو بیگم کی "گریہ وزاری" کو مبہل بہ دم سرد پایا۔ پلنگ پر بیٹھکر آپنے "سائنٹفک" انداز میں فرمایا "بیگم بھئی آج تباہ آیا ہیں پانی کا ہوا ہو جانا" یہ سُننا ہی تھا کہ بیگم صاحبہ کے غصہ کو ایسا اُبال آیا کہ مُنہ سے "پھلجھڑیاں" جھڑنے لگیں۔ کچھ بیگم کے اصرار نے اور کچھ چند روز اُن سے چھٹکارا پانیکے خیال نے میاں کو مجبور کیا کہ تبدیل آب و ہوا کیلئے بیگم کو کسی ٹھنڈے مقام پر انکے بھائی کے ساتھ بھیجدیں، دو مہینے نیلگری کی ٹھنڈی "برف زدہ" ہوا کھا کر حال ہی میں گھر آئی ہیں مگر حیرت ہے کہ باوجود اسقدر ٹھنڈک پانیکے "دماغی توازن" ٹھیک نہیں ہوا! وہی "رٹ" اور وہی "ہٹ" ہے کہ سالی کی "بہو" سے نہ ملیں!!

وکیل صاحب کے اس عنایت نامہ کے جواب میں انکی خدمت میں عرض کیا گیا کہ اگر وہ "گربہ کشتن روز اوّل" پر عمل کرتے تو آج یہ "دن" نصیب نہ ہوتا! خیر اب بھی کچھ نہیں گیا!! بیگم صاحبہ کی "ضد" ہرگز نہ چلنے دیں۔ شوق سے "روزانہ" سالی صاحبہ کے پاس جائیں اور انکی "بہو" سے بھی ضرور ملیں۔ ممکن ہو تو دو چار ہفتوں کیلئے سالی صاحبہ کے گھر اٹھ آئیں اور اس اثنا میں بھولکر بھی اپنے گھر نہ جائیں۔ چند روز میں بیگم صاحبہ کا دماغ بالکل ٹھیک ہو جائیگا۔ ضد اور ہٹ سب کچھ بھول جائیں گی ورنہ ہر سال "نیلگری" بھیجنا ہوگا۔

"جہاں نورد"

انتقام

موسم بہار کا بدر کامل اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ درخشاں تھا۔ جنوبی نسیم کے جھونکے آم کے بوروں کی بھینی بھینی خوشبو ہر طرف پھیلا رہے تھے۔ ایک پرانے لیچی کے درخت کے گھنے پتوں کی آڑ میں ایک کوئل بیٹھی ہوئی تھی جو رات کو چین نہ پڑنے کی وجہ سے سُریلی آواز سے کُو کُو کی صدا بلند کر رہی تھی۔ یہ آواز ہمنت کی کھلی ہوئی کھڑکی سے اُس کی خوابگاہ میں بہت صاف سُنائی دیتی تھی۔

موسم بہار کی اضطراری کیفیت ہمنت پر بھی طاری تھی۔ اُس نے اپنے دلربا کی چوٹیوں میں سے کچھ بال کھول کر اپنی انگلیوں کے چاروں طرف لپیٹ لئے۔ کبھی اُس کی چوڑیوں کو بجاتا تھا کبھی چنبیلی کے ہار کو کھینچ لیتا تھا جسے وہ اپنے سر میں باندھے ہوئے تھی۔ یہاں تک کہ وہ اُس کے ابروؤں کے درمیان سہرے کی طرح لٹکنے لگے۔ وہ اپنے کمرے کے اندر وہی کام انجام دے رہا تھا جو پُر وجد نسیم باہر کر رہی تھی۔ ہوا پھولوں کو جنبش دیکر بار بار کحم کو متنبہ کر رہی تھی کہ وہ اُنکے اصلی حُسن سے آگاہ ہو جائے۔

لیکن اُس کی بیوی کحم بے حس و حرکت کھڑکی کے قریب بستر کے کنارے بیٹھی ہوئی اپنی نظریں چاندنی پر جمائے ہوئے کچھ اور ہی خیالات میں مستغرق تھی۔ اور اپنے شوہر کی چھیڑ چھاڑ اور خوش فعلیوں سے مطلق متوجہ نہ ہوئی۔

بالآخر جب ہمنت میں ضبط کی طاقت نہ باقی رہی تو اُسنے اُس کے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیکر آہستہ سے دبایا اور پوچھا "کحم! تمہارا دماغ کہاں ہے۔ تم تو ایسی کھوئی ہوئی ہو کہ معلوم ہوتا ہے تمہارا یہاں وجود ہی نہیں ہے۔ میری خواہش ہو کہ آج تم میرے قریب رہو۔ دیکھو۔ آج کیسی جانفزا اور مسرت خیز شب ہے۔"

کحم نے اپنی آنکھیں آسمان سے پھیر کر اپنے شوہر کی طرف کر لیں۔ اور بڑبڑاتے ہوئے کہا "مجھے ایک ایسا سحر معلوم ہے جس کو میں آنِ واحد میں اس بہار کی مسرت۔ چاندنی کے لطف اور تمام نیرنگیوں کو نیست و نابود کر دوں۔"

ہمنت نے کہا "اگر یہ سچ ہے تو خدا کیلئے تم اس وقت ہرگز اس کا استعمال نہ کرو۔ ہاں اگر تم کو کوئی ایسا منتر معلوم ہو کہ ایک ہفتہ میں تین اتوار مجتمع ہو جائیں یا اس رات کو کل شام تک روک سکو تو اسے ضرور کام میں لاؤ۔"

کحم نے اُس کے آغوش سے احتراز کرتے ہوئے کہا۔ "میں تم سے آج کچھ باتیں کہنا چاہتی ہوں جن کو میں نے سوچا تھا کہ تم سے صرف نزاع کے وقت بتاؤنگی۔ لیکن اب میں محسوس کرتی ہوں کہ سزا برداشت کر سکتی ہوں۔ اس لئے سوچتی ہوں کہ اب بتا ہی دوں۔"

اس کا شوہر اس کے شش و پنج کی حالت پر سزا کے متعلق جے ولو کا ایک شعر پڑھکر مضحکہ اڑانا چاہتا تھا کہ کمرے کی طرف سے کسی کے کھڑاؤں کی آہٹ سُنائی دی۔

ہمنت اپنے سن رسیدہ والد ہرمی ہرمکرجی کو اس غیظ و غضب میں زور زور کھٹ کھٹ کرتے ہوئے آتے سُنکر چونک گیا اور سوچنے لگا کہ آج خیریت نہیں ہے۔

ہرمی ہر نے اُنکے دروازے پر پہونچتے ہی کڑک کر کہا "ہمنت! اپنی بیوی کو فوراً گھر سے نکالدو۔"

ہمنت سکتہ کے عالم میں کحم کی طرف دیکھنے لگا۔ لیکن کحم کے چہرے سے حیرت یا پریشانی مطلق نہ عیاں تھی۔ بلکہ اُسنے اپنے وجود کو

باعثِ ننگ و عار سمجھ کر اپنے چہرے کو ہاتھوں سے چھپا لیا۔ کومل کی بہم آواز آ رہی تھی مگر کہ اس کی طرف کوئی متوجہ نہ تھا۔

"دنیا کیسی خوبصورت اور دلچسپ جگہ ہے لیکن کس آسانی سے اسکا حسن و جمال ایک آن میں رخصت ہو جاتا ہے۔"

(۲)

اپنے والد کی واپسی کے بعد ہنت نے بیوی سے پوچھا "کیا یہ سچ ہے؟"

کم نے کہا "بالکل سچ ہے۔"

"تم نے اب تک اس راز کو مجھ سے کیوں مخفی رکھا؟"

"میں نے اکثر کوشش کی لیکن اتنی جسارت نہ کر سکی کہ تم کو بتاتی میں واقعی بہت گنہگار ہوں۔"

"خیر، اب تو سب کہہ سناؤ۔"

کم نے نہایت مجتمع ہو کر پورا قصہ اس طرح سنایا جیسے آگ پر چلنے والا دہکتے ہوئے انگاروں پر بے تامل چلتا ہے۔ اور اسکے بشرے سے یہ مطلق نہیں عیاں ہوتا کہ وہ کیسے یا کہاں جھلسا جا رہا ہے۔

ہنت نے سارا قصہ شروع سے آخر تک سنا اور منہ سے بغیر ایک لفظ بھی نکالے ہوئے باہر چلا آیا۔

کم نے سمجھا کہ اب دائمی مفارقت کا وقت آگیا ہے اور پھر اب شوہر کا دیدار نصیب نہ ہوگا۔ لیکن یہ سب باتیں کچھ عجیب نہ معلوم ہوئیں۔ اس نے سوچا کہ روزمرہ کے ہزارہا واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے۔ اس کے تمام جسم میں سنسنی پیدا ہو گئی۔ کیونکہ اب دنیا میں کوئی اس کا ہمدرد و مونس نہ ملیگا۔

ہنت کے محبت کی داستان از سرِ نو تازہ ہو گئی۔ اس کی یاد سے اس کے دل پر ایسا زخم کاری ہوا جو ایک تیز چاقو کے چلنے سے ہو جاتا ہے۔ یہ وہ محبت تھی جس کا عمق بے پایاں تھا۔ جس کی فراوانی غیر محدود تھی جس کی شکستگی کا خیال اس کے لئے سوہانِ روح تھا۔

(۳)

ہنت کو تمام رات نیند نہ آئی۔ صبح ہوتے ہی وہ ضعیف العمر پیارے گھوشال کے مکان پر پہونچا۔

پیارے نے نہایت نرم لہجے میں دریافت کیا "کیا خبر ہے؟"

ہنت کی کانپتی ہوئی زبان سے یہ الفاظ نکلے "آپ نے تو آگ لگا کر خاکستر کر دیا۔ آپ نے ہماری ذات خراب کی۔ ہمارا گھر تباہ و برباد کر دیا۔ آپ کو اس کا زبردست تاوان دینا ہوگا۔" بہت غیظ و غضب کے لہجے میں کہتے کہتے اسکی آواز بند ہو گئی اور وہ خاموش ہو گیا۔

پیارے مسکرایا۔ اس نے کہا "اور تم لوگوں نے ہمارے ساتھ کیا سلوک کیا؟ ہماری ذات کا خوب تحفظ کیا۔ مجھے اپنے سماج میں رکھا۔ ہم سے خوب ہمدردی کی۔ واقعی تم لوگوں نے ہمارا خوب ساتھ دیا اور ہماری اچھی خیر خواہی کی۔"

اگر ہنت کے غصہ میں وہی تاثیر ہوتی جیسی قدیم برہمنوں کی بددعا میں ہوتی تھی تو پیارے جلکر خاکستر ہو جاتا۔ چونکہ معاملہ اسکے برعکس تھا اس لئے آتشِ غیظ و غضب نے خود اسی کے سینے کو جلایا اور بوڑھا پیارے کھڑا مسکرا رہا تھا۔

ہنت نے کسی طرح لکنت کے ساتھ کہا "ہم نے آپ کا کیا بگاڑا؟"

پیارے نے کہا "اچھا پہلے تم یہ بتاؤ کہ میری اکلوتی بیٹی جو میری مسرت کا واحد ذریعہ تھی اس غریب بیکس نے تمہارے باپ کو کیا نقصان پہونچایا تھا۔ غالباً تم پورے واقعات سے بے خبر ہو۔ بہتر ہے کہ تم بیٹھ جاؤ اور جو کچھ میں کہوں اسے بغور اطمینان سے سنو۔ قصہ تو ضرور طویل ہے لیکن اس میں بہت سی دلچسپ باتیں ہیں۔

"جب میرا داماد اپنی بیوی کے زیورات لیکر انگلینڈ چلدیا تو تم نا سمجھ سے بچے تھے۔ شاید تم کو یاد ہوگا کہ جب وہ پانچ برس کے بعد بیرسٹر ہو کر واپس آیا تو گاؤں میں کس قدر شور و غل برپا ہوا۔ شاید

تم اس وقت کلکتہ کے اسکول میں تعلیم پا رہے تھے۔ تمہارے باپ نے اپنی ذات کے سب آدمیوں کو جمع کیا اور خود سب کے سرغنہ بنکر مجھ سے کہا: اگر تم یہ فیصلہ کرتے ہو کہ تمہاری لڑکی اپنے شوہر کے ساتھ رہے تو اپنی لڑکی سے کسی قسم کے مراسم و تعلقات نہ قائم رکھو۔"

میں نے بہت منت سماجت کی کہ اس مرتبہ مجھے معاف کر دیا جائے، میں نے نہایت لجاجت سے یہ بھی کہا کہ اگر سب لوگ میرے داماد کو اپنی ذات میں واپس لے لیں تو میں اُسے راضی کر لونگا کہ وہ اُس کے بدلے میں کچھ تاوان ادا کرے۔ لیکن تمہارے باپ اپنی رائے پر نہایت سختی سے قائم رہے۔ چونکہ میں اپنی لڑکی سے دائمی مفارقت نہ برداشت کر سکتا تھا۔ اس لئے میں ذات بات کو خیرباد کہکر یہاں چلا آیا اور کلکتہ میں بود و باش اختیار کر لی۔

لیکن مجھے یہاں بھی سماجی تشدد سے نجات نہ ملی۔ جب میرے بھتیجے کی نسبت ہونے لگی تو تمہارے باپنے لڑکی والوں سے جاکر کہدیا اور نسبت منقطع ہو گئی۔ اس وقت دامن صبر و تحمل میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا اور میں نے قسم کھائی کہ اگر میں نے انتقام نہ لیا تو برہمن کا بچہ نہیں ہوں۔"

"اب تو تم تمام واقعات سے بہت کچھ واقف ہو گئے۔ لیکن ذرا اور صبر کرو تو بقیہ قصہ اس سے بھی زیادہ دلچسپ معلوم ہوگا۔

جب تم کالج میں داخل ہوئے تو پیرداس بیچارے جو اب اس دنیا سے رخصت ہو گئے تمہاری قیام گاہ کے قریب ایک مکان میں رہتے تھے۔ انہوں نے ایک کایستھ کی جوان لڑکی کو پناہ دی۔ جو بچپن ہی میں بیوہ ہو گئی تھی۔ کم حسن میں یکتائے روزگار تھی۔ اگر لے کالج کے لڑکوں سے محفوظ رکھنے کیلئے پیرداس کو اسکی سخت نگرانی کرنی پڑتی تھی۔

لیکن ایک دوشیزہ کیلئے کسی بوڑھے شخص کو دھوکا دینا کچھ مشکل نہیں۔ اُسے اکثر کپڑے پھیلانے کیلئے یا دوسرے کاموں کو الاضلے کی چھت پر جانا پڑتا تھا۔ دوسرے تمہارا بھی یہ حال تھا کہ طبیعت پڑھنے لکھنے میں نہ لگتی تھی۔ اس لئے ہر وقت سامنے والے بالاخانے پر موجود رہتے تھے۔"

تم دونوں کے درمیان جو اشارے کنائے ہوئے اُس کا علم سوائے تمہارے اور کمی کو نہیں لیکن لڑکی کے طرز عمل سے پیرداس کو شبہ ہوا۔ وہ اب امور خانہ داری سے بہت کم دلچسپی لینے لگی۔ ایک دن پیرداس نے کم کو روتے ہوئے دیکھا اور بالآخر تم دونوں کے باہمی تعلقات و مراسم کا حال معلوم ہوا۔ تم کالج سے غیر حاضر رہنے لگے اور ایک گوشہ میں تنہا رہکر پڑھنے کے شائق نظر آنے لگے۔

جب کوئی ترکیب سمجھ میں نہ آئی تو پیرداس میرے پاس مشورے کیلئے آئے۔ میں نے رائے دی کہ چچا! آپ تو مدت سے اپنی زندگی کے آخری ایام بنارس میں گزارنے کا ارادہ کر رہے تھے۔ بہتر ہے کہ اب اس ارادہ کی تکمیل کیجئے۔ لڑکی کی نگرانی میں کر لونگا وہ میرے بہت احسان مند ہوئے اور جانے کے لئے روانہ ہو گئے۔ میں نے کم کو اپنے ایک پرانے دوست سری پتی پنڈت جی کے حوالے کیا اور کہا "اسے اپنی ہی لڑکی سمجھو۔"

اس کے بعد جو واقعات ہوئے اس کا علم تم کو مجھ سے زیادہ ہے۔ بہرحال میں نے بہت مسرت آمیز پیرایہ میں تم سے ساری داستان بیان کر دی۔ یہ تو ایک رومان معلوم ہوتا ہے۔ اگر یہ بالتیر تحریر کی جائیں تو بہت پُر لطف قصہ تیار ہو جائے لیکن مجھے اس میں دستگاہ نہیں۔ میرا اعتجاج اس میں بہت ماہر ہے۔ میں اس سے کہونگا کہ اس پر اپنے قلم کی جولانی دکھائے۔ بہرحال ہم دونوں میں سے کوئی بھی اس میں پوری کامیابی نہیں حاصل کر سکتا۔ کیونکہ انجام کا تو کچھ حال ہی نہیں معلوم۔"

ہنت، پیارے کے آخر جملوں کو بغور نہیں سن رہا تھا۔ وہ کچھ اور ہی خیالات میں مستغرق تھا۔ اس نے اسی حالت میں دریافت کیا "کیا کم نے اس قسم کی شادی پر کوئی اعتراض تو نہیں کیا؟"

پیارے نے جواب دیا "یہ سوال تو آسان نہیں ہے۔

میرے بچے۔ تم نے خود تجربہ کیا ہوگا کہ عورتیں کس فطرت کی ہوتی ہیں۔ جب ان کا مطلب "ہاں" ہوتا ہے تو وہ "نہیں" کہتی ہیں۔ جب تم پہلے پہل اپنی جدید قیام گاہ میں آئی تو تمہارے روزانہ دیدار سے محروم رہنے کی وجہ سے بہت بیقرار و بیخود رہنے لگی۔ بعد کو مجھے معلوم ہوا کہ تم نے کسی طرح اس کا پتہ لگا لیا۔ تم کالج کے راستے سے بیٹھکنے لگے اور اپنے ہاتھوں میں کتابیں لئے ہوئے سرخی پت کے مکان کے سامنے اس طرح کھڑے ہو جاتے کہ تم کسی گمشدہ چیز کو تلاش کر رہے ہو۔ مجھے یہ تو غلط فہمی ہو نہیں سکتی تھی کہ تم کسی گمشدہ چیز کو تلاش کر رہے ہو۔ مجھے یہ تو غلط فہمی ہو نہیں سکتی تھی کہ تم کالج جانے کا راستہ تلاش کر رہے ہو کیونکہ کسی شریف آدمی کے مکان کی کھڑکی سے سولئے طیور اور عشق کے مریضوں کے کسی دوسرے کا گذرنا تو ناممکن ہے۔"

"بہرحال لڑکی کی حالت اور تمہاری پڑھائی کی طرف سے عدم توجہی دیکھکر مجھے ضرور افسوس ہوتا تھا۔"

ایک دن میں نے کنم کو علیحدہ بلا کر کہا: "میری بچی! تم کو اپنے بوڑھے چچا سے اپنی خواہش کے اظہار کرنے میں ذرا بھی تکلف نہ کرنا چاہیئے۔ مجھے تمہارے دلی جذبات کا حال بخوبی معلوم ہے۔ تمہاری وجہ سے اس نوجوان کی بھی بہت بری حالت ہو رہی ہے۔ میں تم دونوں کی خواہش پوری کرنے میں بخوشی امداد دونگا۔"

کنم نے بجائے جواب دینے کے رونا شروع کر دیا۔ میں اس کے بعد اس کے پاس متعدد بار گیا اور برابر تمہارا تذکرہ کرتا رہا۔ اور آخر کار اس کے حجاب کو دور کرنے میں کامیاب ہوا۔ میں نے رفتہ رفتہ اس کے دل میں یہ اعتقاد راسخ کر دیا کہ سوائے شادی کے اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ اس نے ایک دن بضد ہو کر کہا: "بھلا یہ کیسے ممکن ہے؟"

جب معاملہ کے ہر پہلو پر گفتگو ہو چکی تو اس نے مجھ سے کہا کہ "اچھا ہنت کا بھی عندیہ معلوم کر لیجیے۔"

میں نے جواب دیا: "وہ بیچارہ تو خود ہی تمہاری محبت میں مبہوت و سرگرداں ہے۔ ان فروعات سے اسے پریشان کرنے کی ضرورت نہیں تو اس کی زندگی تلخ کرنے سے کیا نتیجہ۔ مجھے یہ نہیں معلوم کہ اس نے میری باتوں کو سمجھا یا نہیں لیکن وہ آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے خاموش کھڑی تھی۔ جب میں نے اس سے کہا: "پھر یہی بات ہو جائیگی" تو اس نے زار و قطار رونا شروع کیا۔

عین شادی کے ایک دن پہلے اس نے مجھ سے التجا کی کہ کسی طرح روک دیجیے۔ میں نے چیخکر کہا: "یہ کیسی نامعقول بات ہے۔ جب سب معاملات طے ہو چکے تو میں اب سب لوگوں کو کیا جواب دونگا" اس نے چلا کر کہا: "مجھے کہیں اور بھیج کر دو کہ میں مر گئی۔" میں نے اس پر اعتراض کیا: "پھر اس نوجوان کا کیا حشر ہوگا۔ جو اس دن کا بہت بے صبری سے انتظار کر رہا ہے اور تمہارے لئے جان تک فدا کرنے کیلئے تیار ہے۔ کیا یہ مناسب ہے کہ میں کہدوں کہ تم مر گئیں۔ تمہاری موت کی خبر پہونچانے کے بعد مجھے تم کو یہ بھی خبر دینی ہوگی کہ وہ بھی اس دنیائے رخصت ہو گیا۔ کیا تم چاہتی ہو کہ اس بڑھاپے میں میں ایک برہمن اور ایک عورت کے قتل کے عذاب کا بار گراں اٹھاؤں۔"

القصہ وہ مبارک دن بھی آیا کہ بہت اچھے ساعت سے تمہاری شادی ہو گئی اور میں اپنے عہد و پیمان سے سبکدوش ہو گیا۔"

ہنت نے آزردہ خاطر ہو کر کہا: "آخر اب کیا وجہ ہوئی کہ آپ نے اس راز کو افشا کیا؟"

"ایک دن جب مجھے معلوم ہوا کہ تمہاری بہن کی شادی طے ہو گئی ہے تو میرے ضمیر نے مجھے لعنت ملامت کرنا شروع کیا کہ ایک برہمن کی ذات کو میں نے محض اس لئے خراب کر دیا کہ میں اس کے لئے عہد کر چکا تھا۔ اب میں نے اپنا اولین فرض یہ سمجھا کہ ایک دوسرے بے گناہ برہمن کے جسم کو ملوث ہونے سے محفوظ رکھوں اس لئے میں نے دوسرے فریق کو یہ اطلاع دیدی کہ میں

ناظمِ نشرگاہِ صوت دہلی کی تقریر

اور

اُس پر ہمارے خیالات

۶

یکم ستمبر کو دلّی ریڈیو اسٹیشن کے ڈائرکٹر مسٹر لکشمان نے ایک تقریر نشر کی تھی جس میں انہوں نے براڈ کاسٹنگ کے چند اہم مسائل پر اظہار خیال کیا ہے۔ اُن کی پوری تقریر کا ترجمہ ہمارے لئے چنداں ضروری نہیں اس لئے اُس کے چند اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں۔ ڈائرکٹر صاحب اپنی تقریر میں فرماتے ہیں:۔ "سُننے والوں کے خطوط سے ہمیں معلوم ہوتا رہتا ہے کہ پروگرام کے متعلق اُن کی کیا رائے ہے اور اُن سے ہمیں کام چلانے میں مدد ملتی ہے۔ ہمیں آپ کی مسلسل امداد کی ضرورت ہے۔ جب کبھی بھی آپ یہ سچے دل سے محسوس کریں کہ آپ کوئی تعمیری اظہارِ خیال کر سکتے ہیں تو ہمیں لکھنے میں مطلق بس و پیش نہ فرمائیں۔" ریڈیو کی اہمیت کا اندازہ کرتے ہوئے ہم نے مناسب سمجھا کہ اس تین سال کے عرصے میں جیسے پروگرام ہم نے سُنے ہیں اُن پر ایک سرسری سا تبصرہ کر دیا جائے تاکہ اکثر سُننے والوں کی ترجمانی ہو جائے۔

دلّی کے اکثر اخبارات ریڈیو کے متعلق لکھ چکے ہیں اور اب بھی لکھتے رہتے ہیں مگر اس محکمے کی خاصیت چکنے گھڑے کی سی ہوگئی ہے۔ چھپتے چھپتے اخبارات کا گلا بیٹھ گیا مگر کنٹرولر صاحب کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ ریڈیو رفارم سوسائٹی بنی اور اس کے مطالبات رد کر دئے گئے۔ لسنرز ایسوسی ایشن بنی اور اُسکی طرف سے کان بہرے کر لئے گئے۔ مگر اِن حرکتوں سے سُننے والے مایوس نہیں ہوتے ہیں بلکہ اُنہیں اس کا احساس ہو گیا ہے کہ اُن کی آواز کمزور اور کوشش مضمحل تھی اس لئے اب ذرا سنبھل کر صدائے احتجاج بلند کریں گے اور کوشش بھی منظم کریں گے تاکہ دوبارہ ناکامی کا مُنہ نہ دیکھنا پڑے۔

مسٹر لکشمان اپنی تقریر میں موسیقی کے بارے میں فرماتے ہیں:۔

"حد بندی سے یہ فائدہ ہوا کہ دلّی کے پروگرام میں مقامی رنگ بڑھ گیا۔ شوقیہ گانے والے بہتر اور زیادہ ہو گئے۔ نئے نئے جوہر تلاش کر کے پیش کئے جا رہے ہیں۔

سازوں پر بہت زور دیا گیا ہے خصوصاً آرکسٹرا پر۔ کچھ عرصے سے ہم ایک نئی قسم کے آرکسٹرا کے تجربے کر رہے ہیں۔ اس میں صرف ہندوستانی ساز بجائے جاتے ہیں لیکن اس میں جو غیر معمولی بات ہے وہ یہ ہے کہ ہندوستانی آرکسٹرا پہلی مرتبہ لکھی ہوئی طرزوں کو دیکھ کر تربیتا ہے۔ کئی سازوں کا ایک ساتھ بجنا اور اس طرح کہ ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہوں، بالعموم پسند کیا جاتا ہے اس کا مقصد ہندوستانی موسیقی کی اُن خصوصیات کو حیاتِ تازہ دینا ہے جو قریب المرگ ہیں اور اُس ہم آہنگی کو اُجاگر کرنا ہے جو ہندوستانی موسیقی میں پوشیدہ ہے۔ ہندوستان میں جب سے نشرگاہیں قائم ہوئی ہیں اثر آفرینی اور اثر پذیری کا عمل جاری ہے ایک طرف تو ہندوستانی موسیقی کے نازک اور سُریلے آثار چڑھاؤ ہیں اور دوسری طرف چار براعظموں کی زبردست متحدہ اور مخصوص موسیقی ہے۔ اس ربط ضبط کا اثر ہم پر ہو کر رہے گا۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ اثر و تاثر کا سلسلہ یونہی اندھا دھند چلتا رہے یا ہم اِسے اپنے ذمہ لیں اور اسکی رہنمائی کریں؟"

حد بندی سے سب سے بڑا نقصان تو یہ ہوا کہ باہر کے اچھے آرٹسٹ دلّی سے اپنا پروگرام پیش نہیں کر سکیں گے۔ دوسرا نقصان یہ کہ دلّی والوں کو قطعی نظر انداز کر دیا گیا۔ چراغ تلے اندھیرا گویا اس روشن زمانے میں بھی ہوتا ہے۔ پروگرام اُٹھا کر دیکھئے دلّی کے مشہور خاندانی گویئے کتنے گا رہے ہیں؟ باہر والوں کی بھرتی ہو رہی ہے خصوصاً بنگالیوں کی۔ کیا مقامی رنگ کے معنی یہ ہیں کہ دلّی سے بنگالی گانے اور مرہٹی پدّ نشر کئے جائیں؟ جتنے نئے جوہر پیش کئے جا رہے ہیں سب بنگالی! دہلی یا مضافاتِ دہلی کا ایک جوہر بھی ڈائرکٹر صاحب کو نہیں ملا۔ مقامی رنگ کی ایسی نادر مثال ملنی مشکل ہے۔

ہندوستانی موسیقی ساری دُنیا کی موسیقی سے نرالی ہے اور سب سے قدیم ہے۔ تین ہزار سال سے راگ راگنیاں اُسی طرح مروّج ہیں جس طرح آجکل اُن میں تبدیلی کسی قسم کی نہیں ہوئی، اضافہ ضرور ہوتا رہا ہے اور نئی راگنیاں وجود میں آتی رہیں لیکن یہ نئی راگنیاں بھی کسی نہ کسی قاعدے اور اصول کے ماتحت وضع کی گئی ہیں اور اُنکی مقبولیت کا ثبوت یہ کیا کم ہے کہ رائج ہو گئیں اور مستند سمجھی جانے لگیں۔ راگ راگنیوں کا علم بہت وسیع ہے۔ صرف بارہ سُروں کی اُلٹ پلٹ سے تقریباً پانچ ہزار راگنیاں بنتی ہیں۔ بائیس سُرتیوں کا تو ذکر ہی کیا۔ آج کل دو ڈھائی سو راگنیاں مستعمل ہیں اور انہی سے بجا گانا جاری ہے۔

تعجب کی بات ہے کہ ہندوستان جہاں کی ایک زبان نہیں، ایک مذہب نہیں، ایک قوم نہیں، اس کی ایک ہی موسیقی ہے۔ بنگال سے بمبئی تک اور کشمیر سے مدراس تک سینکڑوں زبانیں بدلتی ہیں مگر راگ راگنیوں میں ایک سُر کا بھی فرق نہیں۔ بول مقامی زبان کے ہوتے ہیں لیکن راگنی وہی مستند ہندوستانی۔ غرض کُل ہندوستان کا ایک مخصوص نظام موسیقی ہے جو بے قدری کے ہاتھوں بہت کچھ فنا ہو چکا۔ دلّی میں جب گورنمنٹ کی طرف سے ایکبار قاعدہ ریڈیو اسٹیشن کھلا تو آس پاس کی کلاسیکی موسیقی پنپ جائے گی چنانچہ ہندوستان کے مشہور فن کار بُلائے گئے اور اُن کے گانے نشر ہونے لگے۔ دیگر فنونِ لطیفہ کی طرح موسیقی بھی ایک مشکل فن ہی خصوصاً ہندوستان کی کلاسیکی موسیقی جسے عوامِ عام میں پکّا گانا کہا جاتا ہے۔ عوام کو فنونِ لطیفہ سے یوں بھی کم تعلق ہوتا ہے اور موسیقی سے تو بالخصوص بہت کم طبیعتوں کو لگاؤ ہوتا ہے۔ پبلک نے ریڈیو کے پکّے گانوں پر اعتراض کیا اس لئے اُن کی تعداد کچھ کم کر دی گئی اور اُن کی جگہ غزلوں اور گیتوں کو ملی۔ ان کی نسبت ۸۰ اور ۲۰ فی صدی کی تھی۔ اس پر بھی پبلک راضی نہیں ہوتی لیکن مسٹر زید۔ لے۔ بخاری (جو اُس وقت اسٹیشن ڈائرکٹر تھے) وقتی ہنگامے سے متاثر نہیں ہوئے۔ اُن کی نظروں کے سامنے غالباً دس سال بعد کا ہندوستان تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ سُننے والے پہلے کلاسیکل موسیقی سننے کے خوگر بنیں، پھر رفتہ رفتہ وہ اُس کے سمجھنے والے اور عادی بھی ہو جائیں گے اور اس طرح ہمارا یہ قدیم علم نہ صرف از سرِ نو زندہ ہو جائے گا بلکہ عام ہندوستانیوں کا مذاقِ موسیقی بھی بلند ہو جائیگا۔ بخاری صاحب کی یہ اسکیم بہت قابلِ قدر تھی اور آہستہ آہستہ کامیاب ہو رہی تھی۔ دو سال کے عرصے میں سننے والوں کا مذاق کافی سنور گیا تھا۔ عوام میں موسیقی کا شعور نشو و نما پا رہا تھا کہ کنٹرولر صاحب کی موجی طبیعت (Mood) میں جوش آیا اور بخاری صاحب کا تبادلہ دلّی سے بمبئی کر دیا گیا۔ ع

لے بسا آرزو کہ خاک شدہ

بخاری صاحب کے جانشین مسٹر کاشیانن نہایت ذہین اور قابل فسر ہیں لیکن اُن کی عمر کا بیشتر حصہ یورپ میں گزرا ہے۔ ہندوستان کی ضروریات سے ناواقف، دلّی جیسے مرکزی نشرگاہ پر انہیں متعین کر دیا گیا۔ اُردو ہندی سے وہ ناواقف، ہندوستانی سنگیت سے وہ ناآشنا۔ یہاں کے مرد کیا چاہتے ہیں، عورتیں کیا چاہتی ہیں، بچے کیا چاہتے ہیں؟ انہیں معلوم نہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سُننے والوں کے خطوط پر سارے پروگرام کا دارومدار ہو گیا۔ سُننے والوں نے کہا "ہمیں پکّے گانے پسند نہیں ہیں" اور ڈائرکٹر صاحب نے کہا "اچھا، تم ۸۰ فی صدی غزلیں، گیت اور بھجن سُنو۔ فن کے گلے پر چھری چلتی ہے، چل جائے۔ میں تم سب کو خوش کرونگا۔ چاہے تم میں سے ایک بھی خوش نہ ہو۔ اور ہاں میں نئے نئے شوقیہ گانے والے تمہارے لئے مہیا کرونگا جنہیں راگ راگنیوں کا تو ذکر ہی کیا تال سُر سے بھی کوئی واسطہ نہ ہوگا۔ گانے والے نہیں گانے والیاں! عورتیں!! بنگالی عورتیں!!! یہ تیر بہدف بنگالی گیت سُنائیں گی تاکہ تم اُن کے بول بھی نہ سمجھ سکو۔ دیکھے! میں تمہیں ایسا گانا سنواؤں گا جو تم نے پہلے کبھی نہیں سُنا ہوگا۔ ۱۸ ستمبر کو یاد رکھنا۔ اُس دن "نئے نئے" جوہروں" کو گمنامی کی تاریکی سے نکلنے اور نمایاں ہونیکا موقع ملے گا"

اور ۱۸ ستمبر کا دن ریڈیائی موسیقی کی سیاہ کتاب میں آب و تاب سے لکھا گیا۔

انڈیا برمین آرکسٹرا پر روپیہ پانی کی طرح بہایا گیا۔ سُننے والوں کو دِلوں پہلے سے اس کا اشتیاق دلایا گیا۔ اعلان کیا گیا تھا کہ مسٹر جان فولڈز نے تین سال کی لگاتار محنت کے بعد ہندوستانی موسیقی میں ایک بات ایسی پیدا کی ہے جو سُر سے چاروں بلکہ پانچوں براعظموں کی موسیقی سے وابستہ کر دیگی! اور جب خُدا خُدا کر کے انڈیا برمین آرکسٹرا نے اپنے نغمے نشر کئے تو۔۔۔ کھودا پہاڑ اور نکلا چوہا۔ مشرقی و مغرب کا ملنا معلوم۔ مجتہد نے ان دونوں کو ملانا چاہا ہے۔ آدھا تیتر اور آدھا بٹیر۔ عجیب معجونِ مرکب تیار کی ہے لیکن ان نغموں میں ایک کمال ہے کہ ہندوستانی موسیقی کا جاننے والا انہیں سُنکر بے اختیار ہنس پڑتا ہے۔ مسٹر فولڈز کا یہ اعجاز کیا کم ہے کہ انہوں نے روتوں کو ہنسا دیا۔ موجودہ ڈائرکٹر صاحب کی اگر یہی پالیسی رہی تو ہندوستان کی قدیم موسیقی کا جنازہ دیر سویر نکل کر رہیگا۔ شائقین منتظر رہیں۔

ریڈیو میں جو ڈرامے ہوتے ہیں اُن کے بارے میں ڈائرکٹر صاحب فرماتے ہیں۔

"دلّی سے جو ریڈیائی ڈرامے نشر کئے جاتے ہیں گزشتہ دو سال میں سب سے زیادہ مقبولیت انہی کو حاصل ہوئی۔ یہ ڈرامے بڑی حد تک غیر زبانوں کے ڈراموں یا کہانیوں سے اخذ کئے گئے ہیں یا کم از کم اُن کے چربے ہیں۔ طنز اور شاد و نادر ہیں۔ ہندوستان کے بڑے بڑے ڈرامہ نویسوں نے ابھی ریڈیو ڈراموں کی طرف توجہ نہیں کی۔ ریڈیو کی اس صنف کا مستقبل میری رائے میں نئی پود سے وابستہ ہے جس میں ریڈیائی احساس و آگاہی از خود پیدا ہو گئی ہے اور ہو رہی ہے۔ ۱۹۳۵ء میں ہمارے پاس ۳۴۳ ڈرامے آئے جن میں سے صرف ۸۳ نشر کرنے کے لئے منتخب کئے جا سکے اور ان میں سے بھی اکثر ایسے تھے جنہیں از سرِ نو لکھنا پڑا"

"تین سال کے عرصے میں دلّی ریڈیو اسٹیشن سے بہت اچھے ڈرامے

بھی نشر ہوتے اور بہت بُرے بھی۔ اُن میں ترجمے بھی تھے اور ملہزاد بھی۔ ڈائرکٹر صاحب نے اگر یہ ڈرامے خود پڑھے ہوتے یا کم از کم سُن کر سمجھے ہوتے تو انہیں یہ کہنے کی جسارت نہ ہوتی کہ ہندوستان کے اچھے لکھنے والوں نے ریڈیو کی طرف توجہ نہیں کی۔ اُردو کے جتنے مشہور ڈرامہ نگار ہیں اُن سب کے ڈرامے دلّی اور لاہور سے نشر کئے جا چکے ہیں۔ اب اچھے لکھنے والوں نے اِسلئے کنارہ کر لیا کہ اُن کے بڑے سے بڑے ڈرامے کی قیمت بیس یا پچیس روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ابتدا میں سمجھدار ڈائرکیٹروں نے پچھتر اور اسّی روپے تک فی ڈرامہ نی نشر دئے ہیں۔ موجودہ ڈائرکیٹر صاحب کم قیمت کے ناقص ڈرامے نشر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ریڈیو ڈرامہ موجودہ نسل کو لکھنا نہیں آتا۔ ڈرامے چونکہ پسند کئے جا رہے ہیں اس لئے دس بارہ ڈرامے ہر مہینے پیش کئے جا رہے ہیں۔ چاہے اُن میں سے ایک بھی کام کا نہ ہو۔ ہر ہفتے اگر صرف ایک اعلیٰ درجے کا ڈرامہ پیش کیا جاتا تو وہ موجودہ طرزِ عمل سے کہیں بہتر ہوگا اور دو تین ناقص ڈراموں کی رائلٹی ایک اچھے ڈرامے کی قیمت میں دیدی جائے تو آپ دیکھیں گے کہ کتنے اچھے اچھے ڈرامے آپ کو آسانی سے مل سکتے ہیں۔ آپ اس پر فخر کر رہے ہیں کہ لوگوں کو لکھنا نہیں آتا اور ہم نے تین سو ڈرامے واپس کر دئے۔ اچھے لکھنے والوں کو زیادہ نہ دیجئے مگر اُن کے ڈراموں کی پوری قیمت تو دیجئے۔ پندرہ منٹ کی تقریر کے بھی بیس روپے! اور پینتالیس منٹ کے ڈرامے کے بھی بیس روپے! اچھے گانے والوں اور گانے والیوں کی ڈیڑھ سو اور دو سو روپے سوا یا ڈیڑھ گھنٹے گاویں اور اچھے ڈرامے لکھنے والوں کو پچیس روپے فی گھنٹہ! ع:

اے کمال افسوس ہے تجھ پر کمالِ فسوں ہے

یہ ساری خرابی نہ جاننے کی ہے۔ ایسا ڈائرکیٹر کیا کر سکتا ہے جو ہُنر کی صحیح قدر و قیمت بھی نہ جانتا ہو۔

ریڈیو کے اداکار غلط تلفظ، غلط ادائیگی، ترمیم و تنسیخ کے اُستاد ہیں۔ جس طرح چاہتے ہیں مکالمے کی مٹی پلید کرتے ہیں۔ اور کیوں نہ کریں؟ ڈائرکیٹر صاحب خود اِن باتوں سے ناواقف ہیں۔ وہ سرے سے ہندوستانی کا لب و لہجہ ہی نہیں سمجھتے۔ خوش فہم اداکار مرد کے مکالمہ میں اُودی اوڑھنی کا اضافہ اپنی طرف سے کرتا چلا جاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اُس نے مُستند ڈرامہ نگار پر بڑا احسان کیا۔ اور جب ڈرامہ نگار اس حماقت کی شکایت کرتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ اِس سے تو ڈرامہ کا اثر بہت بڑھ گیا۔ (چاہے سُننے والے حیران رہ جائیں کہ یہ مستند انشاپرداز اتنی بڑی ٹھوکر کیسے کھا گیا۔) دلّی اسٹیشن کے ڈائرکٹر کے لئے یہ شرمناک بات ہے کہ وہ اُردو کی نزاکت سے ناواقف ہو اور اتنا بھی نہ جانے کہ عورتوں کی زبان بھی ایک علیحدہ چیز ہے۔ کنٹرولر صاحب بھی ان بدعنوانیوں کو نہیں سمجھتے اور نہیں سمجھ سکتے۔ ع:

وزیرے چنیں شہریارے چناں

ریڈیو ڈرامہ کا ذکر آیا ہے تو ایک لطیفہ بھی سُن لیجئے۔ ابھی تھوڑے دن کی بات ہے کہ کنٹرولر صاحب نے بہترین ریڈیو ڈرامہ کے لئے ڈھائی سو روپے کا انعام دینے کا اعلان کیا تھا۔ تاریخِ مقررہ تک سینکڑوں ہی ڈرامے اُنکے پاس پہونچ گئے اور ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان کے مشہور قلمکار اِس مقابلے میں شریک ہوئے تھے۔ کنٹرولر صاحب خود تو ان ڈراموں کو پڑھنے کی اہلیت رکھتے نہیں تھے اِس لئے خُدا جانے کس طرح یہ فیصلہ کر دیا کہ موصولہ ڈراموں میں سے ایک بھی انعام کا مستحق نہیں ہے اس لئے انعام اپنے حق میں ضبط کیا جاتا ہے۔ ع:

ایں کار از تو آید و مرداں چُنیں کُنند

مسئلہ زبان کے بارے میں ڈائرکیٹر صاحب فرماتے ہیں:۔

"نشر کی زبان کیا ہو۔ یہ ایک سوال ہے جو ہر مُلک میں پیدا ہوا اور اُس کے حل کرنے میں کافی وقت لگا۔ انگلینڈ میں ایسا ہی ہوا۔ جرمنی اور روس میں بھی۔ ہندوستان میں سب سے زیادہ غور طلب ہے۔ . . . . قومی نقطۂ نظر سے دیکھئے تو زبان ایسی ہونی چاہیئے جو زیادہ سے زیادہ سمجھ میں آنے والی ہو۔ اگر ایسی نہیں ہے تو بیکار ہے۔ اس باب میں دو مختلف خیال کے لوگ ہیں۔ ایک وہ ہیں جو اپنی مخصوص طرزِ نگارش کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں اور یہ اسلوبِ بیان نتیجہ ہے تمدنوں کے امتزاج کا اور شاندار ماضی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ دوسرے وہ ہیں جو زیادہ سے زیادہ سمجھی جانے والی زبان پیش کرنے کے قائل ہیں اور نقوش بریدہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اس خیال کے لوگ عملی اور بہت اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ بدلنے والی دُنیا کی حقیقت کو وہ سمجھتے ہیں۔ دونوں سے میں کہتا ہوں کہ زبان کا سوال حل کرنے کے لئے ہم اپنی بہترین کوششیں کر رہے ہیں۔ کوئی معیاری چیز ایک دن میں پیدا نہیں ہوتی۔ اسکے وجود میں آنے کیلئے وقت درکار ہے۔ تجربہ اور بصارت کی ضرورت ہے۔ ہندوستان میں براڈکاسٹنگ کی ابھی عمر ہی کیا ہے؟ مشکل سے تین سال"

ہندوستان کے لئے ایک عام زبان کا مسئلہ سب سے زیادہ توجہ کا مستحق ہے۔ آل انڈیا ریڈیو دہلی سے توقع تھی کہ اِس گتھی کو سُلجھانے میں سب سے پیش پیش رہیگا۔ چنانچہ اب سے تین سال پہلے جب دلّی ریڈیو اسٹیشن کھُلا تو یہ توقع کسی حد تک پوری ہوتی دکھائی دی۔ روزانہ دو یا تین تقریریں نشر کی جاتی تھیں۔ انکی زبان سلیس اور عام فہم ہوتی تھی، بالکل ویسی جیسی آجکل بالعموم

بولی جاتی ہے یعنی عربی اور سنسکرت کے مشکل الفاظ سے پاک۔ یہ زبان بلیغ نہیں تھی لیکن فصیح ضرور تھی۔ اسے ہم "آسان اُردو" یا "آسان ہندی" یا پھر صرف "ہندوستانی" کہہ سکتے ہیں۔ مضمون نگار حضرات سے بطور خاص درخواست کی جاتی تھی کہ زبان میں سادگی کو مدنظر رکھیں۔ چنانچہ جن حضرات نے ڈھائی تین سال پہلے کی تقریریں سُنی ہیں جانتے ہیں کہ دلّی ریڈیو اسٹیشن نے صحیح معنوں میں ہندوستانی زبان پیش کی جس پر نہ تو مسلمانوں کو اعتراض ہوا اور نہ ہندوؤں کو۔ مقررین میں شمل العلماء بھی تھے اور ہما ہو یا دھیے بھی لیکن نہ عربی زدہ ہندوستانی تھی اور نہ سنسکرت زدہ۔ وہی سیدی سادی زبان تھی جس میں سب کچھ آسانی سے ادا کیا جا سکتا ہے۔ افسوس ہے کہ خُدا و اندانِ ریڈیو کی نادانی کی وجہ سے یہ دَور زیادہ عرصے تک جاری نہ رہ سکا۔ مسلّد زبان کو سمجھنے بوجھنے والے حضرات میں آغا محمد اشرف صاحب ایم۔ اے۔ (زبیرہ آزاد مرحوم) اور مسٹر زیڈ۔ اے بخاری کی خدمات کبھی فراموش نہیں کی جائیں گی۔ اوّل الذکر پروگرام ڈائریکٹر تھے اور ثانی الذکر اسٹیشن ڈائریکٹر۔ آغا صاحب کو استعفیٰ دینا پڑا اور بخاری صاحب کا تبادلہ بمبئی کر دیا گیا۔ انکی جگہ اُن حضرات کو متعین کیا گیا جنہیں اُردو یا ہندی سے کبھی کوئی واسطہ نہیں رہا۔ نتیجہ ظاہر ہے۔ دلّی سے جو زبان کا گھر ہے اب ایسی تقریریں نشر کی جاتی ہیں جو کسی قواعدِ زبان کی پابند نہیں ہوتیں۔ مسلمان بولنے والے تو پھر بھی کچھ اشارہ سے کام لیتے ہیں لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ہندو حضرات جان جان کر کھڑی بولی میں سنسکرت کے الفاظ ملاتے ہیں اور یہ ناقابلِ فہم تقریریں نشر کی جاتی ہیں۔ اس بدعنوانی کی تمامتر ذمہ داری اسٹیشن ڈائریکٹر پر عائد ہوتی ہے جسکے متعلق خواجہ حسن نظامی صاحب نے لکھا ہے کہ ایک لفظ بھی اُردو کا نہیں بول سکتے۔ اس پر طرّہ یہ کہ مستند نشریہ پروازوں سے جو مضامین لکھوا کے جاتے ہیں اُن میں یہ ڈائریکٹر صاحب لینے ماتحتوں سے اصلاح و ترمیم کراتے ہیں اور یہ ماتحت حضرات وہ ہیں جو اپنے آقا سے کہیں کم اُردو نہیں جانتے چنانچہ خواجہ عبدالمجید صاحب، پروفیسر مرزا محمد سعید اور خواجہ حسن نظامی صاحب کی اکثر تقریریں مسخ کی جا چکی ہیں۔ اور اس حد تک کہ ان میں سے بعض حضرات نے نشر کرنے سے انکار کر دیا۔ جب تک ایسے قابل اسٹیشن ڈائریکٹر دلّی پر مسلّط رہیں گے زبان کے گلے پر چھری چلتی رہے گی۔ کنٹرولر صاحب خود ہندوستان اور ہندوستان کی ضروریات، دلّی اور دلّی سے سُننے والوں کی توقعات سے قطعی ناواقف ہیں۔ مردم شناسی کا مادّہ بھی اُن میں نہیں معلوم ہوتا۔ اُکھاڑ پچھاڑ البتہ انہیں خُوب آتی ہے اور وہ بھی بے سمجھے بوجھے۔ دلّی اسٹیشن کو بخاری صاحب جیسے اسٹیشن ڈائریکٹر کی ضرورت تھی اس لئے بخاری صاحب کو بمبئی بھیجدیا گیا۔ بمبئی کو مسٹر لکشمانند کی ضرورت تھی اس لئے انہیں بمبئی سے دلّی بُلا لیا گیا۔ حدّ!

بریں عقل و دانش بباید گریست

ایسا اندھیر گورنمنٹ کے کسی اور محکمے میں نہ دیکھا نہ سُنا۔ دلّی ریڈیو اسٹیشن اُردو کا مرکزی اسٹیشن ہے اور یہاں کا ڈائریکٹر ایک ایسا تعلیم یافتہ فوجی ہے جسے اُردو اور اُردو کی شائستگی سے مطلق کوئی تعلق نہیں۔ اگر چند دنوں یہی حال رہا تو دلّی کا ریڈیو اسٹیشن اپنی دیرینہ ہر دلعزیزی کھو دیگا۔ ضرورت ہے کہ ریڈیو اسٹان کا جائزہ سختی سے لیا جائے اور نااہلوں کو علیحدہ کیا جائے۔

گر ہمیں مکتب و ہمیں مُلّا
کارِ طفلاں تمام خواہد شُد

شاہد احمد

سرگذشتِ عروس

ایک اُونچے گھرانے کی لڑکی کی شادی ماں باپ نے روپے پیسے کے لالچ میں ایک مالدار بوڑھے سے کر دی۔ اسکے خوفناک نتائج اور بدمزہ زندگی کی جو تفصیل نوجوان دُلہن نے اپنے روزنامچہ میں درج کی تھی وہ روزنامچہ من و عن کتابی صورت میں چھاپ دیا گیا ہے۔ اس میں اپنی طرف سے کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے صرف نام اور مقام بدل دئے گئے ہیں۔ تاکہ کسی کا راز فاش نہ ہو۔ واقعات سب وہی ہیں جو اس دلہن کو پیش آئے۔ لڑکی کسی اور سے محبت کرتی تھی مگر اسکے خلاف مرضی اس کی شادی ایک ایسے شخص سے کر دی گئی جس کے بالوں کی سیاہی شرمندۂ خضاب تھی اور اُس کی بتیسی بھی نقلی تھی۔ اس بڑھاپے کو بھی برداشت کر لیا جاتا مگر اسکی آوارگی اور بے پروائی نئی دلہن کا دل توڑ دیا۔ اور اسی شکستہ دلی کے موقع پر وہ شخص آگیا جس سے دُلہن کو در اصل محبت تھی۔ یہ سین اس روزنامچہ کی جان ہے۔ کیونکہ عشق و ہوس میں یہیں امتیاز ہوتا ہے۔ یہ ڈائری ہی اس لائق ہے کہ ماں، باپ، لڑکے، لڑکیاں اور ہر عمر کی عورتیں اسے پڑھیں تاکہ آئندہ اُن کو کوئی ایسی لغزش نہ ہونے پائے۔ ۲۸۰ صفحات کی بیحد دلچسپ کتاب ہے۔ اس پر شاہد صاحب کا طرزِ بیان سونے پر سُہاگہ۔ قیمت لکیر روپیہ آٹھ آنے۔

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بُک ڈپو۔ دہلی۔

افسانۂ "محبت" و "عورت"

یہ اُس زمانے کی بات ہے جب گو دُنیا خلوت خانۂ امکاں سے اُبھر چکی تھی لیکن عروسِ شب کی زلفیں ناآشنائے خم تھیں۔ چاند گردش کے آئینِ سلم سے ہنوز ناواقف اور اپنے نئے لباس میں بیگانہ سا نظر آتا تھا۔ سیارگانِ فلک محرومِ لذتِ رم تھے۔ ساری کائنات پر ایک غبار سا چھایا ہوا تھا اور فضا کسی قدر تاریک سی نظر آتی تھی۔ کہ عالمِ بالا کے اس کیمیاگر کو جس کا قلب صفحائے باطن سے جامِ جم بنا ہوا تھا، یہ پتہ لگا کہ "اکسیر" کا ایک تایاب نسخہ عرشِ بریں کے پائے پر لکھا ہوا ہے اور فرشتے اُسے اپنے نورانی پروں میں رُوحِ آدم سے چھپائے رکھتے ہیں۔ کیمیاگر کو جب یہ خبر معلوم ہوئی تو وہ اُس کی ٹوہ میں ہو گیا۔ آخر موقع پاکر ایک روز تسبیح کے بہانے عرشِ اعظم کی جانب بڑھا اور فرشتوں کی آنکھ بچا کر وہ نسخہ اُڑا لایا۔ مگر اس کے اجزائے ترکیبی کچھ ایسے عجیب و غریب تھے کہ اُنہوں نے مدتوں اس ہوس کو سرگرداں رکھا۔ آخر ایک دن اُس نے اِس نسخہ کو اس طرح ترتیب دیا کہ۔

چمک تاروں سے مانگی۔ چاند سے داغِ جگر مانگا
اُڑائی تیرگی تھوڑی سی شب کی زلف برہم سے
تڑپ بجلی سے لی اور حُور سے پاکیزگی مانگی
حرارت لی نفسہائے مسیح ابن مریم سے
ذرا سی پھر عُجب سے شانِ بے نیازی لی
ملک سے عاجزی، اُفتادگی تقدیرِ شبنم سے
پھر ان اجزا کو گھولا چشمۂ حیواں کے پانی میں
"مرکب" نے "محبت" نام پایا عرشِ اعظم سے

جب یہ "مرکب" تیار ہو گیا تو اُس کے رکھنے کھلنے ایک اسی طرح کے صبیح و ملیح اور ایک ایسے ہی حسین و جمیل "ظرف" کی ضرورت محسوس ہوئی۔ چنانچہ ایک دن عالمِ بالا میں کیمیاگر کی رُوح نے اعلان کیا کہ۔

"میں نے پایۂ عرش سے ایک ایسی کیمیا کا نسخہ حاصل کیا اور
کنگرۂ آسمان سے ایک ایسی قیمتی شے چُرا لی ہے جو اپنی
رعنائی و لطافت اور خوش ذائقی و نفاست میں اپنی نظیر نہیں
رکھتی مگر اس کی بقائش و زیبائش کے لئے مجھے کوئی ایسا
مکان نہیں ملتا جو اس معجون کی غلمت و لطافت کا متحمل
ہو سکے۔ ہے کوئی ایسا جو اس نعمتِ گرانمایہ کے ہم پلہ ہو اس
افضل ظرف کا مجھے پتہ دے!"

اس آواز سے ساری کائنات گونج اٹھی۔ اور جب سارے جن و ملک اور حور و قصور اظہارِ عجز و ناتوانی میں خاموش اور سرنگوں نظر آنے لگے تو کیمیاگر کی رُوحِ انسانی عالمِ ارواح کی جانب بڑھی اور اُس نے بڑی لجاجت سے اپنا سوال دُہرایا۔ بھلا انسان ایسے موقع پر کب چُوک سکتے تھے؟ چند ہی لمحوں میں انسانی جماعت کی جنس کثیف کے چند لطیف افراد (شعرا) کی رُوحیں آگے بڑھیں اور اُنہوں نے اپنے "ایک نمائندہ" کے ذریعہ ایک حسین و متین نورانی شے اپنے دونوں ہاتھوں پر رکھکر پیش کرتے ہوئے عرض کیا۔

"لیجئے! یہ ہے وہ حسین گلدان جس میں آپ کا حاصل کیا ہوا
خوبصورت پودا نشو و نما پا سکتا ہے۔ یہ ہے وہ شیشہ
جس میں آپ کا سجایا ہوا گلدستہ سرسبز و شاداب رہ کر
خوشنما ہو سکتا ہے اور یہ ہے وہ طلسمی خزانہ جس میں آپکا
قیمتی جوہر محفوظ اور باقدر رہ سکتا ہے۔"

کیمیاگر کی رُوح حصولِ مقصد کے جذبہ سے اُچھل پڑی۔ آگے بڑھکر بڑے غور اور کسی قدر نظرِ استعجاب سے اُس نے اسے دیکھا اور پھر بولی۔

"اس میں شُبہ نہیں کہ بظاہر یہ چیز نہایت حسین معلوم
ہوتی ہے لیکن اس کی اصلیت سے واقف ہونے سے پہلے
مجھے یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اسے کہتے کیا ہیں؟"

ارواحِ شعرا کو کیمیاگر کے رُوح کی بے خبری اور بد مذاقی پر بیحد افسوس ہوا۔ پھر بھی ایک رُوح آگے بڑھی اور اُس نے عرض کیا۔

"یہ "عورت" کا "دل" ہے!"

کیمیاگر کی رُوح نے پھر سوال کیا۔

"یہ "عورت" کیا شے ہے؟ اس کا خالق کون ہے؟ اور
اس کی تخلیق میں کن کن لطیف عناصر اور کیسے کیسے
حسین اجزا کا استعمال ہوا ہے جس کی بنا پر تم اسے
اس لائق سمجھتے ہو؟"

ارواحِ شعرا کی دوشیزہ پیشانیاں چمکنے لگیں، اُن کے کیف آگیں

لہ حضرت اقبال علیہ الرحمۃ کی ضعوفشانیوں میں۔ عطاء اللہ

لبوں پر مسکراہٹیں کھیلنے لگیں اور اس مسرت آگیں خیال سے کہ انہیں کائنات کی سب سے زیادہ حسین و جمیل شے پر زورِ بیان دکھانے کا موقع ملا ہے، وجد کرنے لگیں۔

یکایک کیمیاگر نے پھر اپنا سوال دہرایا۔

فوراً ہی ارواحِ شعرا کی صف سے ایک رُوح (امین عزیں) آگے بڑھی اور اس نے عرض کیا۔

"عورت" شاہکارِ قدرت۔ "عورت" کونین کی زیب و زینت، "عورت" وہ شے ہے جس سے زیادہ حسین و لطیف کوئی دوسری شے ابتک وجود میں نہیں آئی۔ مجملاً یہ سمجھئے کہ۔

عروسِ دہر کی چشمِ سرور بار ہے یہ
نہیں نہیں مہِ زیبائے نور بار ہے یہ
فضائے وادیِ ایمن ہے طور بار ہے یہ

گلِ گلاب کہوں اس کو باغِ عالم کا
کہ میں شباب کہوں اس کو باغِ عالم کا

جہاں میں حور و جناں کی مثیل کون ہے؟ یہ
سکونِ قلبِ حزیں کی کفیل کون ہے؟ یہ
اتیں کے دعوے کی روشن دلیل کون ہے؟ یہ

جمال اس کا مداوا ہے کثرتِ غم کا
جبیں کا زخم دعا گو ہے اس کے مرہم کا

کیمیاگر کی رُوح نے چیخ کر کہا۔

"کچھ نہیں کچھ نہیں۔ صرف اِن خوبصورت الفاظ اور مجمل تعریفوں سے میرا اطمینان نہیں ہو سکتا۔ تمہیں یہ بتانا ہوگا کہ اس میں کون کون سی ایسی خوبیاں ہیں جو دوسری جگہ نہیں پائی جاتیں اور اس رُوح سے تم کائنات کی افضل ترین چیز سمجھتے ہو"

کیمیاگر کی رُوح نے جب غیر اطمینانی ظاہر کی تو صنفِ دوسری رُوح (جمیل مظہری) آگے بڑھی اور اُس نے بڑی متانت سے کہا۔

"عورت" بلاشبہ ساری بہترین چیزوں اور ساری لطیف اشیا سے افضل و برتر ہے، فطرت کا کوئی کرشمہ اور مناظرِ قدرت کا کوئی ذرہ ایسا نہیں جس کی زیبائی و رعنائی "عورت" کا مقابلہ کر سکے کیونکہ۔

اپنے ہاتھوں سے خدا نے ہے بنایا اُسکو
ہم کہیں گے دلِ فطرت کی تمنا اس کو
ماہ کامل سے تڑپ، برق سے غیرت مانگی
سینۂ مہر سے تھوڑی سی حرارت مانگی
مُدح پھولوں کی بنی جس سے، وہ خوشبو لیکر
دل شاعر کی امانت تھے جو آنسو، لیکر
گوندھا قدرت نے ہے اس شوخ طبیعت کا خمیر
فطرتِ حُسن میں کیوں ہو نہ محبت کا خمیر؟
دہر میں مقصدِ تخلیق کی حامل ہوگی
جس کی آغوش میں قدرم ہو وہ ساحل ہوگی
معنیِ لفظِ وفا عقدۂ فطرت ہے یہ
اس کی مجمل ہے یہ تعریف کہ "عورت" ہے یہ

کیمیاگر کی رُوح اگرچہ اس حُسن بیان سے بہرحال کمی لیکن اُس نے اعتراض کیا۔

"اگر لطیف عناصر ہی کا شمار کیا جائے تو "عورت" کے مقابلے میں "محبت" کے لطیف اجزا دوگنے نظر آتے ہیں پھر اسکی بہتری و سرفرازی کیونکر تسلیم کی جا سکتی ہے؟"

فوراً ہی صفِ ارواح سے تیسری رُوح (لامعلوم) جلوہ گر ہوئی اور اُس نے اعتراض کیا۔

"عورت" میں "محبت" کے بہ نسبت لطیف عناصر کی کمی کہاں ہے؟"

پھر رُوح نے ایک خاص وجد میں کہنا شروع کیا "دیکھئے! عورت کی تخلیق میں کتنے اجزا مستعمل ہوئے ہیں۔

چاند کی گولائی لیکر، سانپ کا سا پیچ و خم
گھاس کی پتی کی ہلکی تھرتھراہٹ بیش و کم
بید مجنوں کی نزاکت، بیل کے بل کی کجی
بانکپن طاؤس کا، نرمی گلِ کہسار کی
ابر سے آنسو، صبا سے بیوفائی لے اڑا
سہم نرگوش، اور چیتے سے لیا جور و جفا
سرد مہری یخ نے دی، سختی بلی الماس سے
تابتانِ آہنی دل کا، دل سنگیں بنے
طوطیِ گلزار نے رنگینیِ منقار دی
قمریِ ناشاد نے شیرینیِ گفتار دی
روزِ اوّل سے دولیعت نور کا جوبن ہوا
شورِ بلبل کا اضافہ اُس کا ہلکا پن ہوا
گوندھ گوندھا کر یہ مسالہ جب اکٹھا ہو گیا
دستِ قدرت نے بنایا ایک سانچا نور کا
آگ کا تن بنگیا اور نور کی مورت بنی ✦ شکل عورت کی بنی کیا موہنی صورت بنی

کیمیاگر کی رُوح، رُوحِ شاعر کی سحر بیانی سے بیحد متاثر ہوئی لیکن ہنوز اُس کی اپنی چیز "عورت" سے افضل نظمہ آرہی تھی لہٰذا اُس نے سر ہلا کر کہا۔

"یہ درست ہے کہ "محبت" میں جتنے لطیف عناصر استعمال ہوتے ہیں بہ نسبت اُن کے چند اجزا کی عورت میں زیادتی نظر آتی ہے ..."

کیمیاگر کی رُوح ابھی اتنا ہی کہنے پائی تھی کہ صفِ شعرا سے چوتھی رُوح (ضیاؔ فتح آبادی) آگے بڑھی اور اُس نے بات کاٹ کر کہا۔

"اپنی اپنی محدود العلمی کا اعتراف نہ کیا جائے یہ دوسری بات ہے، لیکن یہ حقیقت ہے کہ 'عورت' اتنے حسین اجزا اور اس قدر جمیل عناصر سے مرکب ہوئی ہے کہ اس کی تفصیل بیان کرنا انسانی عقلوں اور شاعرانہ سخن سنجیوں کی دسترس سے قطعی باہر ہے۔ سنیئے "عورت" کی تخلیق فطرت نے کس طرح کی ہے:

آب کوثر سے جوانی مانگ لی — باغِ جنت سے جوانی مانگ لی
لی گلوں سے نکہتِ جاں آفریں — بلبلوں سے نغمہ ہائے دل نشیں
مانگ لی نرگس سے چشمِ تیم باز — شاخِ طوبیٰ سے ادائے دل نواز
موجِ بادِ صبح سے رفتار لی — سوسنِ خاموش سے گفتار لی
زلفِ سنبل سے درازی مانگ لی — سرو سے بھرپور سرفرازی مانگ لی
غنچہ ہائے نو سے لی معصومیت — لی فضائے جاں فزا سے عطریت
لالۂ صحرا سے سرخی مانگ لی — بادۂ کوثر سے مستی مانگ لی
انجمِ تاباں سے لیں تابانیاں — ماہ کے آئینہ سے حیرانیاں
مہرِ روشن سے شعاعوں کو لیا — اقتباسِ جلوۂ انور کیا
لی کشش کی تاب مقناطیس سی — اور تھوڑی سرکشی ابلیس سے
لیں فرشتوں سے سکوں آمیزیاں — موجِ غم سے اضطراب انگیزیاں

سب کو فطرت نے بہم یک جا کیا
پیکرِ نو ان سے اک پیدا کیا

اور یہ ہی حسین پیکرِ نو "عورت" ہے۔"

کیمیاگر کی رُوح جھومنے لگی اور اُس نے باوجود اس کے کہ "عورت" کے حسین عناصر کا دل میں اعتراف کر لیا لیکن پھر بھی یہ اعتراض کر ہی دیا۔

"لطیف عناصر کے اعتبار سے اب بلاشبہ "عورت" کی افضلیت و برتری کا مجھے اعتراف ہے لیکن ان لطیف عناصر کے استعمال سے "عورت" کیا چیز بن گئی یہ ابتک نہیں معلوم ہوا۔"

کیمیاگر کی رُوح نے جیسے ہی اپنا اعتراض ختم کیا۔ صفِ مخالف سے ایک رُوح (رابعہ پنہاں) بڑی تیزی کے ساتھ آگے بڑھی اور اُس نے بڑے پُروقار انداز میں کہنا شروع کیا۔

"دیکھو! میں خود یہاں موجود ہوں۔ مجھے دیکھ لو کہ میں کیا ہوں اور اگر میرے متعلق کچھ اور سُننا چاہتے ہو تو میں اُس کے لئے بھی حاضر ہوں۔"

کیمیاگر کی رُوح نے اگرچہ اسکی خواہش نہیں ظاہر کی لیکن رُوح نے اپنا ساز ثناخوانی چھیڑ ہی دیا۔

مَیں جلوۂ رفعت ہوں — تنویرِ حقیقت ہوں
تمکینِ صباحت ہوں — تخلیقِ لطافت ہوں

"عورت" ہے مرا عنواں

میں شمعِ مجلّٰی ہوں — تنویرِ سراپا ہوں
اسرار کا پردہ ہوں — تخلیق کا منشا ہوں

"عورت" ہے مرا عنواں

تصویرِ وفاداری — تنویرِ حیاداری
وارفتۂ غم خواری — دل دادۂ دلداری

"عورت" ہے مرا عنواں

افسانۂ غم ہوں میں — آلامِ شیم ہوں میں
محبوسِ الم ہوں میں — پابندِ ستم ہوں میں

"عورت" ہے مرا عنواں

تسلیم مرا شیوہ — ہے ضبط مرا نغمہ
دل میرا وفا پیما — آنکھیں ہیں خلوص آرا

"عورت" ہے مرا عنواں

غزل خواں رُوح ابھی اتنا ہی کہنے پائی تھی کہ کیمیاگر کی رُوح نے بگڑ کر کہا۔

"اگرچہ تمہاری آواز بڑی رسیلی ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ میں تمہارے ان محاسن سے قطعی واقف نہیں اور اس صورت میں اگر تم میں تمہاری بیان کردہ صفتیں موجود ہوں تو بھی خود تمہاری زبان سے تمہاری یہ اپنی ثناخوانی مجھے ذرا بھی نہیں معلوم دیتی۔"

کیمیاگر کی رُوح کا یہ رنگ دیکھکر فوراً ہی صفِ ارواح سے ایک اور رُوح (پریم پجاری) آگے آئی اور اُس نے بڑے دل نواز انداز سے عرض کیا۔

"اس میں خفگی کی کوئی بات نہیں۔ بلاشبہ "عورت" کا درجہ بہت زیادہ اور بہت ہی بلند ہے۔ درحقیقت قدرت نے "عورت" کو بمنزلہ تیار پیدا کیا ہے۔ یہ ایک معیاری عورت کی تعریف ہے۔ اس سے کم درجے

کی عورت ہو تو اُسے گلستاں سے تشبیہ کر سکتے ہیں، اور نیچے اتر آئیے تو پھولوں کی کیاری کیجئے۔ اس سے بھی ادنیٰ درجہ ہو تو سبزۂ گل نام رکھئے، یہ بھی زیادہ تو گلدستہ سہی۔ اور اگر کچھ بھی نہ ہو تو ایک "پھول" ہے یا "خوشبو" اسکے بعد کسی کی گنجائش نہیں۔ یہ ہے عورت کا درجہ"

دیکھئے ہیں کہ خوشبو کو ہم دیکھ نہیں سکتے اور نور کو چھونا ممکن نہیں مگر یہ اُن لوگوں کا خیال ہے جو "عورت" کے بارے میں کچھ نہیں جانتے خوشبو کو دیکھنے کا آرزومند "عورت" کو دیکھے اور موزکو چھونے کا متمنی "عورت" کے لمس سے لذت گیر ہو اُس وقت معلوم ہو کہ "عورت" کیا چیز ہے۔ اور تب سمجھ میں آئے کہ فطرت کا یہ کیسا بے نظیر معجزہ ہے"

اِس منشور ثنا خوانی کے بعد رُوح نے منظوم مدح سرائی کا ایک کیف بار نغمہ یوں چھیڑ دیا۔

فطرت نے جبکہ چاہا، اک معجزہ دکھانا
اچھی طرح تولا، اپنا ہر اک خسارا
افراد جمع کیکر، کچھ بجلیاں ملائیں
پھر مٹھیوں میں یکسر رنگینیاں دبائیں
موسیقی حسن میں سے شامل کیا تبسم
شعریت حسن میں داخل کیا ترنم
جب یہ تمام اجزا باہم ہوئے مرکب
تب یہ حسین خمسہ، ان سے ہوا مرتب
کس کی مجال دیکھے، اس کو نگاہ بھر کے
گر بے خیال دیکھے، رہ جائے آہ بھر کے"

کیا لگر کی رُوح ہر مصرع پر لوٹ جاتی تھی۔ اور شاعر کی رُوح ایک ایک حرکت سے اُسے مٹا رہی تھی۔ یہاں پہونچکر کیا ایک رُوح شاعر کی اور کس نے کہا۔

"جب اس طرح یہ پیکر تیار ہو گیا تو پوری تصویر یوں نظر آنے لگی۔ سماتے صاف و روشن، اجالا گو منظر ہے
سادہ بیاض گردن، اک خندۂ سحر ہے
ماتھے پہ سُرخ بندی، گردن میں سبز مالا
ان زہرہ فلک ہی، گر دفتر پہ ہالا

چلتے ہیں، جھولتے ہیں، اس طرح گوشوارے
جس طرح جھلملائیں، وقت سحر ستارے

رُوح نے نغمہ روک کر بطور تمہید پھر کہنا شروع کیا۔

"مذاق سلیم، اور بذوق جمالیات رکھنے والوں کے لئے یوں تو عموماً "عورت" کا ہر حصۂ جسم حُسن و جمال کی ایک دُنیا ہے مگر خصوصاً کشش فسانہ گی کے مرکز دو ہیں "آنکھیں" اور "مقیاس الشباب" چنانچہ آپ خود دیکھ لیجئے کہ۔

یہ انکھڑیاں خدایا، کس قہر کی حسیں ہیں،
کاجل نہیں لگایا، ویسے ہی سُرمگیں ہیں
آفاق کی نظر میں، تسخیر ہیں یہ آنکھیں
عشاق کی نظر میں، تقدیر ہیں یہ آنکھیں
بس کہربائیت کی، تاثیر ہیں یہ آنکھیں
رُوح نشائیت کی، تصویر ہیں یہ آنکھیں
جادو ہے نام ان کا، کہتے ہیں موہنی بھی
شغل مدام ان کا، افسوں بھی رہزنی بھی

بیتاب ولولوں کے طوفاں سے بھر گیا ہے
شاید اسی سبب سے، سینہ اُبھر گیا ہے
یا یہ فراز سینہ، نازِ شباب سمجھو
نازِ شباب کیسا۔ رازِ شباب سمجھو
یا حُسن شرمگیں تھا، خود بان خود نمائی
بس یہ اُٹھان گویا، ہے شانِ خود نمائی

الفاظ و حرف سینہ، سنگ ست و آبگینہ
این است علم سینہ، گنجد نہ در سفینہ"

کیا لگر کی رُوح خیالات و جمالیات کی دُنیا میں کھوئی سی وجد کر رہی تھی اور یہ جبل شیریں نواہم رنگینی و رعنائی ریاض اردو میں چہک رہا تھا۔ جب شاعر اس جگہ پہونچا تو کیا لگر کی رُوح چلائی۔

"بس بس! اب مجھ میں زیادہ سُننے کی تاب نہیں۔ میں دیوانہ ہو جاؤنگا میں فنا ہو جاؤں گا۔ میں فنا ہو جاؤنگا۔ مجھے اعتراف ہے کہ میرے اس حاصل کئے ہوئے اصول موضوعی کلیجئے بیشک تمہارا یہ پیش کردہ خراج ہر صورت مناسب ہے۔ اور میں تسلیم کرتا ہوں کہ لاریب ایسی ہی نایاب شے کی مجھے تلاش تھی"

یہ کہتے کہتے کیا لگر کی رُوح نے اپنی حاصل کی جبیں بہالا کر بطور امانت ایک والہانہ انداز سے "عورت" کے "دل" کے سپرد کر دی۔ معاً ایک چمک ترقم کے ساتھ "عورت کے "دل" نے درمیان سے شق ہو کر اکسیر محبت" کو اپنی آغوشِ شوق میں لیا دفعتاً ساری عنبار آلود اور تاریک فضا منور ہو گئی جسے تمام عالم ارواح دیکھ رہا تھا حیران ہو رہا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ تمام کائنات اس چھوٹے سے پارۂ جسم کی اس عظیم الشان عظمت و رفعت اور اس جلیل القدر جسارت و جرأت پر انگشت بدنداں تھی۔

عطاء اللہ پالوی

حیاتِ دوام

بابو اندر ناتھ کے قلم میں جادو تھا۔ جب لکھنے بیٹھتے تو اُن کے قلم سے امرت کی دھاریں بہہ نکلتیں۔ اُس وقت ایسا معلوم ہونے لگتا جیسے کسی پہاڑی پر امرت کی گنگا بہہ رہی ہو۔ اُن کی عمر کچھ زیادہ نہ تھی۔ زیادہ سے زیادہ پچیس سال ہوگی۔ مگر اُن کی نظمیں اور طرزِ بیان دیکھ کر ہی باغ باغ ہو جاتا تھا۔ وہ جس موضوع پر قلم اُٹھاتے اُس میں جان ڈال دیتے۔ اُن کے مضامین اور نظمیں پڑھ کر لوگ عش عش کر اُٹھتے اور کہتے: "واہ واہ! کیا دلکش اشعار ہیں! تشبیہ و استعارے کیسے نادر ہیں۔ الفاظ کتنے شیریں ہیں، انہیں پڑھ کر تو آدمی کسی اور ہی دُنیا میں پہونچ جاتا ہے۔ بس یہی جی چاہتا ہے کہ پڑھتے ہی رہیں اور کبھی ختم نہ کریں۔" اُن کے کلام میں شیرینی بھی تھی اور خوشنمائی بھی۔ مگر ان کے علاوہ اس میں سادگی تھی وہ مشکل الفاظ سے اپنے قارئین پر بے جا رُعب نہ ڈالتے تھے۔ یہ طریقہ انہیں پسند نہ تھا۔ انہیں جو کچھ کہنا ہوتا سیدھے سادے الفاظ میں ادا کر دیتے اور یہی اُن کا سب سے بڑا وصف تھا۔ ایک سال پہلے لوگ اُن کے نام سے بھی واقف نہ تھے مگر آج ہندی ادب میں انہی کے نام کا ڈنکا بج رہا ہے کوئی چھوٹے سے چھوٹا گاؤں بھی ایسا نہ ہوگا جس میں "گلشنِ خیال" اور "سوم ساگر" کی ایک دو کاپیاں موجود نہ ہوں، انہیں جو پڑھتا وہ اُنہی کے گُن گانے لگتا۔

مگر بابو اندر ناتھ کی اقتصادی حالت کچھ زیادہ تسلی بخش نہ تھی۔ اتنا مغز مارنے پر بھی انہیں اتنی آمدنی نہ ہوتی کہ جس سے وہ اپنی زندگی بے فکری سے کاٹ سکتے۔ وہ اکثر غمگین رہتے اور اپنے وطن کی قابلِ رحم حالت پر آنسو بہایا کرتے تھے۔ کسے معلوم تھا کہ اُن کے صوبے کا سب سے بڑا ادیب اور نامور شاعر پیسے پیسے کا محتاج ہے۔ اُن کا شعر روپوں میں کھیلتا اور وہ بھوکے مرتے تھے۔ لوگوں کے اس رویّہ کو دیکھ کر انہیں بہت دُکھ ہوتا۔ اور بعض اوقات تو وہ اتنے جوش میں آجاتے کہ اپنے مضامین پھاڑ ڈالتے اور قلم توڑ دیتے اور کہتے: "آئندہ کبھی لکھنے کا نام بھی نہ لونگا۔"

۲

صبح کا وقت تھا اور اندر ناتھ دھوپ میں بیٹھے ایک ماہوار رسالہ کے ورق اُلٹ رہے اور ساتھ ہی ساتھ مُسکراتے جا رہے۔ اُنکی بیوی منورما نے پوچھا "کیوں کیا بات ہے! اتنے خوش کیوں ہو؟"

اندر ناتھ نے منورما کی جانب محبت بھری نظروں سے دیکھتے ہوئے جواب دیا: "کسی نے "گلشنِ خیال" پر تنقید کی ہے۔ نقاد نے بہت تعریف کی ہے۔"

منورما کے دل میں خیالات کا ایک ہجوم تھا۔ ذرا آگے سرک کر بولی: "تعریف تو کرتے ہیں مگر سمجھتے خاک نہیں۔"

اندر ناتھ:۔ "ہیں؟"

منورما:۔ "ہاں میں جھوٹ نہیں کہتی اس مُلک کے لوگ سخت نادان ہیں۔ بھلا یہ تمہاری قدر کیا جانیں تم تو بھینس کے آگے بین بجا رہے ہو۔"

اندر ناتھ:۔ "دراصل میری تحریر کے عیب و ہنر کو سمجھنے والے یہاں صرف چند اشخاص ہیں۔ اس شہر میں مجھے سمجھنے والا اور میری باریکیوں کا علم رکھنے والا صرف ایک شخص ہے۔"

منورما:۔ "وہ کون؟"

اندر ناتھ:۔ "اگر ناراض نہ ہو جاؤ تو بتا دوں کہ وہ ایک عورت ہے۔ اس جیسی ذہانت میں نے کسی آدمی میں بھی نہیں دیکھی۔"

منورما کو کچھ شُبہ ہوا اور وہ آہستہ سے بولی: "وہ کون ہے؟"

اندر ناتھ:۔ "شری متی منورما دیوی رانی۔ نام تو شاید تم نے بھی سُنا ہوگا۔"

منورما نے ہنس کر مُنہ پھیر لیا اور بولی: "جاؤ تم تو ہر وقت مذاق ہی کرتے رہتے ہو۔"

اندر ناتھ:۔ "نہیں منورما میری ذاتی رائے یہی ہے۔"

منورما:۔ "جی ہاں، دوسروں کا مذاق اُڑانا کوئی تم سے سیکھ لے۔"

اندر ناتھ:۔ "منورما اگر تم میری ہمت نہ بڑھاتیں تو میں اتنی ترقی کبھی نہ کر سکتا۔"

منورما:۔ "ہاں میں بڑی عالم ہوں نا!"

اندر ناتھ:۔ "یہ تو تم مجھ سے پوچھو۔ سونا اپنی قیمت نہیں جان سکتا۔"

منورما:۔ "خوشامد کرنا تو تمہیں خوب آتا ہے۔"

اندر ناتھ:۔ "اچھا تو نقاد کی رائے سُنوگی۔"

منورما:۔ "سُناؤ۔"

اندر ناتھ نے پڑھنا شروع کیا:۔

"... "گلشنِ خیال" ہمارے سامنے ہے۔ ہم نے اسے شروع سے

آخر تک پڑھا۔ بہت عرصے تک ہم پر ایک حالت سی طاری رہی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہم کسی نئی دنیا میں پہونچ گئے ہیں۔ اس میں خوابصورتی بھی ہے اور سادگی بھی۔ اس میں تصنع نام کو نہیں۔ طرز بیان بڑی دلکش ہے۔ اس میں شیرینی ہے اور حکمت۔ اور کیا کہیں ——— غرضیکہ اس میں سب کچھ ہے۔"

اچانک نیچے سے آواز آئی "بابو اندرناتھ"

اندرناتھ اور منورما دونوں چونک پڑے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے نہایت شیریں موسیقی سے لطف اندوز ہوتے وقت کوئی بلند آواز سر رشتے لگ جائے۔ اس وقت متقی کے دل پر جو کچھ گذرتا ہے اُسے وہی جانتا ہے۔ دو چھنجلا اٹھتا ہے اور مرنے مارنے پر تیار ہوجاتا ہے۔

بابو اندرناتھ نے رسالہ چارپائی پر رکھدیا اور نیچے چلے گئے۔ واپس آئے تو چہرہ اُداس تھا اور آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے تھے۔

منورما نے پوچھا "کون تھا؟"

اندرناتھ:۔ مالک مکان۔

منورما کا چہرہ اُتر گیا اور اُس نے نہایت غمگین لہجے میں کہا۔ "کیا کہتا تھا؟ یہ تو بُری طرح پیچھے پڑا ہے۔ چار دن بھی صبر نہیں کرسکتا۔"

اندرناتھ:۔ کہتا تھا کہ اب تو تلاش ہی کرو نگا۔

منورما:۔ کتنا کرایہ ہے؟ تین مہینے کا؟

"جب ہمارے پاس روپیہ نہیں ہوتا تو ہم حساب نہیں کرتے۔ اُس وقت حساب کرتے ہوئے ہمیں ڈر لگتا ہے۔" اندرناتھ نے منورما کی بات کو دھیان میں نہ لاکر کہا۔ "جی چاہتا ہے کہیں ملازمت کرلوں۔ یہ روز روز کی بے عزتی اب برداشت نہیں کی جاسکتی۔ سر اٹھانے کو تو بھی میں سگر عملی طور پر امداد کرنے کیلئے کوئی بھی تیار نہیں۔ اس خالی تعریف سے کسی کا پیٹ تو بھرنے سے رہا۔"

منورما نے بلبلے پتی کی جانب دیکھکر کہا: "ہاں یہ بھی کر دیکھو۔ مگر آپ کی یہ ادبی خدمت کی لت نہیں ہٹ سکتی۔ یہ بھی دوسری شراب ہے۔"

اندرناتھ:۔ ہوا کرے۔ بس اب میں سب کچھ ترک کردوں گا۔ تم ابھی تک مجھے سمجھی ہی نہیں۔

منورما:۔ خوب سمجھتی ہوں۔ دفتر میں کام کروگے تو جانونگی۔

اندرناتھ:۔ پیسے ملیں گے تو سب کچھ کرلونگا۔

منورما:۔ افسروں کی جھڑکیاں گھُرکیاں سب سہنی پڑینگی۔

اندرناتھ:۔ خیر مالک مکان کے تقاضوں سے تو بچ جاؤں گا۔

منورما:۔ اگر کسی نے کہہ دیا ——— ارے یہ تو وہی شاعر ہیں جو ادبی دُنیا میں اتنا نام پاچکے ہیں۔ ہم نے تو سمجھا تھا کہ کوئی بڑا آدمی ہوگا مگر یہ تو ایک معمولی کلرک نکلا ——— تو پھر؟"

اندرناتھ:۔ میں تجھوں کو سمجھ نہیں کسی دوسرے کو کہہ رہے ہیں۔ اور کیا کروں! میرے ناشروں نے تو مجھے ٹوٹنے کا عہد کر رکھا ہے۔ کہتے ہیں جب کوئی اور مسئلہ گا تو ہماری شرطیں ہی منظور کرنی پڑیں گی۔ وہ امیر ہیں۔ روپے کی قیمت جانتے ہیں۔ ادب کی قدر نہیں پہچانتے۔ ایسے خود غرض لوگ مجھے کیا دے سکتے ہیں! یورپ میں ہوتا تو سونے میں تلتا۔ یہاں بڑا اپنی قسمت کو رو رہا ہوں۔

منورما:۔ تم ایسی باتوں کو جی میں نہ لاؤ، سب کچھ درست ہوجائیگا۔

اندرناتھ:۔ اچھا تو آج جاکر لالہ رنگی لال سے ملتا ہوں۔ میرا دل کہتا ہے کام ضرور بنجائے گا۔ وہ بڑے شریف انسان ہیں۔

منورما:۔ ذرا تدبیر کردینا۔ بڑے آدمی بس اسی چیز کے بھوکے ہوتے ہیں اور دو باتوں سے خوش ہوجایا کرتے ہیں۔

اندرناتھ:۔ مجھے اس طرح پڑھانے کی ضرورت نہیں۔

منورما:۔ یہ کام بن گیا تو میں سمجھونگی گنگا اشنان کرلیا۔

اندرناتھ:۔ ان کا کافی رسوخ ہے وہ اگر چاہیں تو آج ہی کوئی نوکری دلادیں۔ اٹھو ذرا کپڑے بدلوادو۔

منورما نے اُٹھکر صندوق کھولا اور کپڑے تلاش کرنے لگی مگر دھوبی نے ابھی تک کپڑے واپس نہیں کئے تھے۔ منورما کے دل پر ایک چوٹ سی لگی۔ اس روحانی ایذا سے اُس کا چہرہ اُتر گیا۔ یہ وہی ہنس مکھ اور خوش دل منورما تھی جس کے قہقہوں سے سارا محلہ گونج اُٹھتا۔ اس وقت وہ کتنی مضطر اور اُداس تھی۔ پنکھی کبھی پھول کی ٹہنی پر بیٹھ کر چہچہاتا ہے اور کبھی پر سمیٹ کر چُپ چاپ شبانے میں بیٹھ جاتا ہے۔

اندرناتھ نے سرد آہ بھری اور کہا۔ "منورما اب میں ہرگز برداشت نہیں کرسکتا۔"

یہ تھا حال اُس مشہور شاعر کا جس کی نظمیں ملک میں اس قدر عزت اور شوق سے پڑھی جاتی ہیں۔ جس کے قلم سے نکلے ہوئے الفاظ پتھر جیسے سخت دل کو بھی موم کردیتے ہیں۔ جس کی تحریر کو لوگ ترستے ہیں۔ جس کا نام سُنکر لوگوں کے سر جھک جاتے ہیں۔ جس کی کتابیں گھر گھر ہوں کے لئے دھرم اپدیش سے کم نہیں۔ وہی شاعر آج پچاس روپے کی ملازمت کی تلاش میں نکلا ہے۔ ادب کی بگڑی کا راجا بھیک مانگنے چلا ہے۔

منورما نے اپنے پتی کی یہ حالت دیکھی تو آہ بھر کر زمین پر بیٹھ گئی۔ اُس وقت اُس کے دل میں صرف یہی خیال بسا ہوا تھا کہ ——— یہ سر

کسی کے آگے جھکے گا؟۔

(۲)

ایک گھنٹے بعد اندر ناتھ "آفس" کے سپرنٹنڈنٹ لالہ رنگی لال کے دفتر میں تھے۔ لالہ رنگی لال اُس وقت کوئی کتاب دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے اُٹھکر اندر ناتھ سے ہاتھ ملایا اور معذرت کرتے ہوئے کہا صرف پانچ منٹ کی مہلت دیجئے۔ یہ کہکر لالہ رنگی لال نے ایک کرسی کی طرف اشارہ کیا اور کتاب پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔

اندر ناتھ کو یہ رویہ سخت توہین آمیز معلوم ہوا۔ انہیں ایسا معلوم ہوا جیسے کسی نے اُن کی کھلم کھلا بے عزتی کر دی ہو۔ اُن کا چہرہ تمتما اُٹھا اور خیال آیا کہ یہ کیسا بدتمیز ہے۔ اِسے اپنے وقت کا تو خیال ہے لیکن میرے وقت کی قدر نہیں۔ ابھی سے یہ حالت ہے تو نوکری مل جانے پر تو شاید دروازے پر ہی منتظر رہنا پڑے گا۔

اندر ناتھ نے چلنے کا ارادہ کیا تو یکایک مالک مکان کی آتشیں صورت اُن کی آنکھوں کے سامنے پھر گئی۔ کیا پھر اُس کا سامنا کرنا پڑیگا؟ کیا پھر وہی تقاضا سُننا ہوگا؟ اندر ناتھ چُپ چاپ بیٹھے رہے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ہوا میں اُڑتے ہوئے کاغذ پر لوہے کا ٹکڑا رکھ دیا جائے۔ اس لوہے کے ٹکڑے کے مقابل اس کاغذ کا کیا مقدور ہے۔ رُوح پر انسانی فطرت غالب آچکی تھی۔ یہ آزمائش کا وقت اندر ناتھ کیلئے سخت روحانی کشمکش کا وقت تھا۔

جب لالہ رنگی لال نے کتاب ختم کی تو اندر ناتھ کو ایسا معلوم ہوا کہ ہوا سے بالکل خالی ہے اور وہاں اُنہیں اپنا دم گھٹتا ہوا معلوم ہوا۔ لالہ رنگی لال اپنی کتاب کی ادبیت کے تصور میں تھے۔ کچھ عرصہ تک وہ آنکھیں بند کئے جوگیوں کی مانند بیٹھے رہے۔ پھر بڑبڑانے لگے۔

"واہ وا! کیا کہنے! کتنا بلند تخیل ہے! کیسے پاکیزہ خیالات ہیں!"

اندر ناتھ حیران ہو کر سوچ رہے تھے کہ آخر یہ کہتے کیا ہیں۔

لالہ رنگی لال نے میز پر جُھک کر کہا: "فرمائیے جناب کیا کام ہے؟"

ہتھنے میں کمرے کا دروازہ کھلا اور بڑے صاحب ہاتھ میں ہیٹ لئے اندر داخل ہوئے۔ لالہ رنگی لال کھڑے ہو گئے۔

"گڈ مارننگ!"

"گڈ مارننگ! یہ کتاب کیسا؟"

رنگی لال:۔ نہایت عمدہ۔

صاحب نے دوسرے ہاتھ میں کتاب لیکر اُس کے ورق اُلٹتے ہوئے کہا: "ہاں تو آپ کو بہت اچھا لگتا ہے۔

رنگی لال:۔ اچھی یا بُری کا سوال ہی نہیں۔ میں نے تو ہندی اور بنگلہ ایسی کتاب نہیں دیکھی۔

صاحب:۔ تو اِٹنا اچھا ہے؟

رنگی لال:۔ بس پڑھکر ہی خوش ہو گیا۔

صاحب:۔ انگلش میں کس کتاب کے مافک ہے؟

رنگی لال:۔ یہ تو میں جانتا نہیں لیکن کتاب بہت اچھی ہے۔

صاحب:۔ کیا کوئی ڈرامہ ہے؟

رنگی لال:۔ نہیں صاحب! پوئٹری (نظم) ہے۔

صاحب:۔ ہندی کا پوئٹری کیا ہوگا۔ (ہنس)

رنگی لال:۔ اگر آپ اس کا مطالعہ کر سکتے تو کبھی ایسا نہ کہتے۔

اچانک اندر ناتھ کی نظر کتاب کے سرورق پر پڑی تو وہ چونک پڑے۔ یہ کتاب تو "گلشن خیال" تھی۔ اُن کا دل گلاب کے پھول کی مانند کھِل گیا۔ اب وہ اِس دُنیا میں نہ تھے۔ وہ کسی دوسرے جہان میں پہونچ چکے تھے۔ اُنہیں اب اس ذلیل اور ناکارہ دُنیا کے مال و دولت کی ذرا بھی پروا نہ تھی۔ وہ سوچتے تھے دولت کیا ہے؟ آتی ہے اور چلی جاتی ہے۔ یہ تو اُڑتی پھرتی چڑیا ہے جسے پنجرے میں بند رکھنا سخت مشکل ہے۔ میرے پاس دولت نہیں ہے مگر دولت والے تو میرے ہیں۔ اس شخص کے دل میں میری کتنی قدر و منزلت ہے! یہ میرا کیسا معتقد ہے۔ کتاب کی جانب اس طرح دیکھتا ہے جیسے کوئی بھگت اپنے سوامی یا دیوتا کی جانب دیکھتا ہو۔ کتاب کے مطالعہ کے وقت اُس کی آنکھوں سے ایک عجیب چمک ہویدا تھی۔ مجھے اس حالت میں دیکھے گا تو کیا خیال کرے گا؟ چونک اُٹھے گا حیران رہ جائے گا۔ اُسے کبھی توقع نہ ہوگی کہ میں بھکاری بن کر اُس کے سامنے ہاتھ پھیلانے آؤں گا۔ اور میں ــــ میں اُسکے سامنے آنکھیں نہ اُٹھا سکوں گا۔ شرم سے زمین میں گڑ جاؤں گا۔ ملازمت تو بیشک مل جائے گی مگر خودداری جیسی بے بہا شے جاتی رہے گی۔ یہ سودا مہنگا ہے۔ لوگ اس کی خاطر سب کچھ قربان کر دیتے ہیں۔ کیا میں چاندی کے چند ٹکڑوں کی خاطر ایسی انمول شے لُٹا سکتا ہوں نہیں۔ مجھ سے ایسی غلطی کبھی سرزد نہ ہوگی۔ میں ایسا کبھی نہ کرونگا۔

یہ سوچ کر اندر ناتھ آہستہ سے اُٹھے اور دروازہ کھول کر باہر نکل آئے۔ اب اُن کے چہرے پر ایک ایسی رُوحانیت چھائی ہوئی تھی جو اِس جہانِ رنگ و بُو میں کم ہی نظر آتی ہے۔ اُن کی آنکھوں میں خودداری کی چمک پیدا ہو گئی تھی۔ اُن کے دل میں ایک سرد دریا سے لطافت ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ پہلے اُن کی آتما پر انسانی فطرت

غالب آ گئی تھی۔ اب اُن کی فطرت پر اُن کی آتما نے مکمل فتح حاصل کر لی تھی اب اندرناتھ کے پاس وہی اطمینانِ قلب، وہی نیاگ اور وہی فقر کی دولت تھی جس کے چند برگزیدہ اشخاص ہی اہل ہو سکتے ہیں اور جس کی تلاش میں جوگی جنگلوں میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔ مگر پھر بھی کیا وہ ایسے خوش تھے کہ معلوم ہوتا تھا اُنہیں کہیں سے بیش بہا دولت ہاتھ آ گئی ہے۔

منورما بولی: "معلوم ہوتا ہے کام بن گیا"

اندرناتھ۔ توقع سے بھی زیادہ۔

منورما۔ پرماتما کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اُس نے ہماری سُنی۔ کیا مشاہرہ ملے گا؟

اندرناتھ۔ کچھ نہ پوچھو، اس وقت میرا دل قابو میں نہیں۔

منورما۔ تو کیا مجھے بھی نہ بتاؤ گے؟

اندرناتھ نے منورما کو اپنی سرگزشت سُنائی اور آخر میں کہنے لگے "منورما! مجھے نوکری نہیں ملی۔ مگر مجھے اپنے نفس کا علم ضرور مل گیا ہے۔ میں اب نفس شناس ہو گیا ہوں۔ میری آنکھیں روشن ہو گئی ہیں۔ میں خود فراموش تھا مگر آج میرے دل سے ایک پردہ اُٹھ گیا ہے اور مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ شاعر کا درجہ کس قدر بلند ہے وہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرتا ہے، وہ خوابیدہ مُلک کو جگاتا ہے اور مُردہ قوم میں زندگی کی رُوح پھونکتا ہے۔ دُنیا صرف اپنے لئے جیتی اور اپنے لئے ہی مرتی ہے مگر شاعر کی زندگی دوسروں کیلئے وقف ہوتی ہے۔ وہ گری ہوئی قوم کو سنبھالتا ہے۔ روتے ہوؤں کی آنکھوں سے آنسو پونچھتا ہے۔ ناامیدوں کو پیغامِ اُمید پہونچاتا ہے۔ دُنیا میں لوگ پیدا ہوتے ہیں اور مر جاتے ہیں لیکن ایسے قوم پرست ہمیشہ زندہ رہتے ہیں اور اُنہیں کبھی موت نہیں آتی میں نے ملازمت کے بدلے حیاتِ دوام خرید لی ہے۔ منورما میرا ہاتھ تھامو۔ میری مدد کرو۔ بلاشبہ تمہیں اس سے رنج پہونچے گا مگر اس کے بدلے جو روحانی خوشی اور حقیقی مسرت حاصل ہو گی وہ بہت انمول ہو گی۔

منورما محبت بھری نظروں سے اپنے پتی کی جانب دیکھ کر مسکرانے لگی ——!

مترجمہ۔ رفیع الزماں خاں

لندن سے مس مارگیری کلارک

فیسرین رجسٹرڈ

کے متعلق لکھتی ہیں۔ "میں نے فیسرین کریم کے استعمال سے ایسے کیلوں کو دُور کیا ہے جو دیسمین کے علاج سے بھی نہ دُور ہو سکے تھے" (ترجمہ انگریزی خط)

فیسرین کریم۔ بلاشبہ کیلوں، جھائیوں، بدنما داغوں، چھنیوں الغرض چہرے اور جلد کی تمام بیماریوں کیلئے اکسیر ہے۔ خوبصورت بناتی ہے۔ خوشبودار ہے قیمت فی شیشی ایک روپیہ۔ (طلبہ)

فیسرین سنو۔ اس کا دن میں استعمال "فیسرین کریم" کے اثر کو دس گنا کر دیتا ہے۔ چہرے کی جھُرّی کو دُور کر کے اُسے ملائم بناتی ہے۔ جذب ہونیوالی خوشبودار ہے قیمت آٹھ آنے۔ **آٹو فیسرین۔** بہترین و لمبا علاج ہے۔ قیمت چھوٹی شیشی آٹھ آنے۔ بڑی ایکدو پیہ۔ (نوٹ۔ محصولِ ڈاک ہر صورت میں بذمہ خریدار لیکن چھ روپے کی دواؤں کے خریدار کو معاف) "دہلی سٹاکسٹ، شیخ ممتاز احمد اینڈ سنز، فتحپوری"

ملنے کا پتہ: فیسرین فارمیسی۔ مکتسر (پنجاب)

تیار کردہ

سچ اور جھوٹ کا فرق

ایسی حالت میں جبکہ خریدار اور مشتہر کے درمیان بداعتمادی پیدا ہو گئی ہے لکھنے اور کہنے سے نہیں بتایا جا سکتا۔ اسکے لئے ایک مرتبہ کا آپ کا ذاتی تجربہ ہی مستقل اور مستقل سارٹیفکیٹ کا کام دیگا۔ میں مثال کے طور پر آپکو یونانی دواؤں کی طرف متوجہ کرتا ہوں۔

دہلی یونانی ادویات کی ہندوستان میں سب سے بڑی منڈی ہے لیکن یہاں کے بڑے بڑے دواخانے بھی اس ذمہ داری کو جو اُن پر اصولاً، اخلاقاً اور قانوناً عائد ہوتی ہے محسوس نہیں کرتے ہیں۔ ہم نے اس مقصد کو پیش نظر رکھکر بڑی ایجنسی رجسٹرڈ کا سنگ بنیاد رکھا ہے جو ہر قسم کی یونانی ادویات و نیز علمی ادبی کتب کی فراہمی نہایت احتیاط و کفایت اور ماہر پرفن کے زیر نگرانی انجام دیگی اس لئے ضرورت کے وقت آپ اس کو کبھی نہ بھولئے اور مفصل حالات و نیز مفت فہرست کیلئے آج ہی کارڈ لکھیئے

المشتہر صوفی محمد عبدالسلام پروپرائٹر دی طبی ایجنسی رجسٹرڈ

کمہاری باؤلی۔ دہلی

چندہ سالانہ پانچ روپے شاہی
تین روپے۔ ج محصول ڈاک
قیمت فی پرچہ ۲؎

جُرعات

ممالک غیر سے بارہ شلنگ
نمونے کا پرچہ مفت
طلب کیجئے

جلد ۱۸ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ نومبر ۱۹۳۸ء | نمبر ۵

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اوّلیں	شاہد	(۲)
(۲)	خاتون اکرم	جناب صادق الخیری۔ ایم۔ اے،	(۳)
(۳)	احوال و مقامات	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۴)
(۴)	نکات	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۱۵)
(۵)	اُنکی محفل سے	جناب جاں نثار اختر۔ بی۔ اے، (آنرز)	(۱۶)
(۶)	شعر	جناب شاہد لطیف	(۱۷)
(۷)	خیاباں	جناب نہال سیوہاروی	(۲۱)
(۸)	پرستیم میری روح کے مالک	"رضیہ"	(۳۲)
(۹)	فریب تخیل	جناب علی احمد	(۳۴)
(۱۰)	نمک پاسے	"جہاں نورد"	(۳۵)
(۱۱)	نہ قصہ نہ کہانی	جناب سید رفیق احمد	(۳۹)
(۱۲)	قطعات	جناب اختر انصاری۔ بی۔ اے۔ (آنرز) بی۔ ٹی	(۳۱)
(۱۳)	دیوالی	جناب شاد عارفی	(۳۲)
(۱۴)	چلمن گزٹ	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے،	(۳۳)
(۱۵)	ریاضِ رضواں	جناب رئیس احمد جعفری	(۴۱)
(۱۶)	اوقات	جناب سید احسن ایم۔ اے،	(۵۲)
(۱۷)	زندہ اور فطری زبان	جناب چراغ علی	(۵۷)
(۱۸)	سنِ بلوغ	جناب سید عبدالجلیل حسنی۔ بی۔ اے، بی۔ ٹی۔	(۶۴)
(۱۹)	ہمسائی	جناب ایس۔ احمد۔ بی۔ اے، بی۔ ٹی	(۶۷)
(۲۰)	خواجہ الطاف حسین حالی	جناب [illegible] خواجہ۔ ایم۔ اے	(۶۹)
(۲۱)	اہتمام بہار	جناب محمود جمال ہاشمی	(۷۴)
(۲۲)	ڈاکٹر کی کہانی ڈاکٹر کی زبانی	ڈاکٹر ایس۔ اے۔ ہاشمی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس	(۷۵)
(۲۳)	غزلیات	شاکر میرٹھی۔ بہزاد منظری۔ کوکب شاہجہانپوری۔ فراق۔ علی منظور۔ فرحت کانپوری	(۷۸)
(۲۴)	کھلی چٹھی بنام ایڈیٹر ساقی	"ہم سخن فہم ہیں ساقی کے طرفدار نہیں"	(۸۲)

ساقی بکڈپو سے ہر قسم کی کتابیں طلب کی جاسکتی ہیں۔ آپ کو جس کتاب کی ضرورت ہو ساقی بکڈپو سے طلب فرمائیں۔ سب کتابیں نہایت احتیاط سے بھیجی جاتی ہیں۔ مختلف اداروں کی کتابیں طلب کرنیکے بجائے ہم سے کتابیں منگائیے تاکہ محصول ڈاک کی آدھی کفایت رہے۔ فہرست کتب مفت طلب فرمائیے۔ مہتمم رسالہ ساقی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

ناظرینِ ساقی میں یہ خبرِ مسرت سے سنی جائیگی کہ ساقی کے شفیق قلمی معاون حضرت ایم۔ اسلم کو اُن کی کتاب "تفسیرِ حیات" پر پنجاب نے ادبیات کا پہلا انعام (ساڑھے سات سو روپے) دیا ہے۔ "تفسیرِ حیات" پر ساقی میں مجمل تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ ایسی عمدہ کتابیں اُردو میں کم شائع ہوتی ہیں۔ اگر ایسی کتاب کی قدر نہ کی جاتی تو تعجب ہوتا۔ اس قدر دانی پر اسلم صاحب کی خدمت میں ہم ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔

عورتوں کی حق تلفی مردوں نے ہمیشہ کی ہے چنانچہ ادبیات میں بھی یہ فریضہ نہایت خوش اسلوبی سے ادا کیا گیا ہے۔ اُردو کی جتنی تاریخیں یا تذکرے ملتے ہیں اُن میں عورتوں کی خدمات دانستہ نظر انداز کی گئی ہیں۔ لے سے ہم چاہیں تو مرد کی خود غرضی سے بھی تعبیر کر سکتے ہیں ورنہ شاید ہی کوئی زمانہ ہو جس میں عورتوں نے مردوں کے ساتھ کسی نہ کسی حد تک ادبیات میں حصّہ نہ لیا ہو۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ صنفِ نازک کے کتنے جوہر مردوں کی ہٹ دھرمی سے گمنامی کی تاریکی میں پڑے رہ گئے ہیں۔ عورتوں کو کچھ عرصے سے اپنے حقوق کا احساس ہو چلا ہے۔ جہاں اور بہت سے کام انہیں کرنے ہیں وہاں یہ کام بھی اُن کے لئے نہایت ضروری ہے کہ اپنی ہمجنس قلمکاروں کا ایک مستند تذکرہ مرتب کریں اور اُنکے کارناموں سے دنیا کو روشناس کرائیں۔ ساقی کی اس اشاعت میں ایک ایسی ہی باکمال خاتون کا آپ سے تعارف کرایا جا رہا ہے۔ برادرم صادق الخیری کا میں شکر گزار ہوں کہ انہوں نے خاتونِ اکرم مرحومہ کی ادبی خدمات اور اُنکے کارناموں سے ہمیں متعارف ہونے کا موقع دیا۔

سالنامۂ ساقی کے لئے اُردو کے مشہور اہلِ قلم حضرات اور خواتین سے مضامین لکھوائے گئے ہیں۔ ساقی کا مقابلہ کسی پرچے سے نہ تو پہلے تھا اور نہ اب ہے۔ ساقی اپنی انفرادی حیثیت قائم رکھنا چاہتا ہے اس لئے ہمیشہ ایسے مضامین پیش کرتا ہے جو آپ کو کسی اور رسالے میں نظر نہیں آسکتے۔ جدید اُردو ادب بڑی حد تک رسائل کا مرہونِ منت ہے اور اس سلسلہ میں ساقی کی خدمات سب سے پیش پیش ہیں۔ ترقی پسند ادیبوں کا دائرہ ساقی ہی نے قائم کیا ہے اور "ادب برائے زندگی" کا عملی ثبوت بھی ساقی ہی پیش کرتا ہے۔ سالنامۂ ساقی میں اس جدید تحریک کے چند نہایت عمدہ نمونے جمع کئے گئے ہیں۔ ادبیاتِ عالم کے دو مشہور شاہکار "کنگ لیئر" اور "فاؤسٹ" سالنامہ میں شائع ہو رہے ہیں۔ ہندوستان کے سب سے بڑے مترجم مولانا عنایت اللہ دہلوی نے اوّل الذکر کا ترجمہ کیا ہے اور مشہور انشا پرداز خاتون محترمہ فرخندہ اختر بیگم نے کرسٹوفر مارلو کے فاؤسٹ کو اُردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ رومانی اور مزاحیہ مضامین میں ایم۔ اسلم، بی۔ ایل۔ احمد، حجاب امتیاز علی، پریم پجاری، صادق الخیری، عظیم بیگ چغتائی، قیصر رامپوری، آوارہ، ناکارہ حیدرآبادی، ابوطاہر داؤد۔ کے مضامین شامل ہیں۔ سالنامہ کے مضامین اور مضمون نگار حضرات کی نامکمل فہرست اسی اشاعت میں کسی اور جگہ شائع ہو رہی ہے۔ اس پر ایک نظر آپ ضرور ڈال لیں۔

شاہد

خاتون اکرم

اُردو کی پہلی فسانہ نگار اور ترقی پسند مصنفہ

خوبیٔ خیالات کے علاوہ خاتون اکرم مرحومہ کا کلام باعتبار شستگیٔ زبان بھی ایک خاص مرتبہ رکھتا ہے اور شروع سے آخر تک کوئی لفظ ایسا نہیں جو کھٹک جائے۔

اُن کی سعادت مندی اور فرض شناسی کے متعلق بہت کچھ لکھ چکا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں نے "شام زندگی" "شب زندگی" میں جو نیمہ لکھی خدا نے مجھ کو وہ اپنی آنکھ سے دکھادی..... خدا کرے وہ مبارک وقت جلد آئے جب مسلمانوں میں سینکڑوں خاتون اکرم جیسی بچیاں پیدا ہوں۔

(مصورِ غم حضرت علامہ راشد الخیری مغفور)

پیش لفظ:- ذرا اُردو زبان کی وسعت اور عروج و ترقی پر نظر ڈالئے اور پھر اسکی تاریخوں کو دیکھئے۔ کس قدر افسوس ناک امر ہے کہ اوّل تو سرے سے اُنکا فقدان ہی ہے اور جو دو چار تاریخیں ملتی بھی ہیں وہ اکثر اعتبار سے ناقص و نامکمل۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں نقاد اور ادبی مورخ عنقا ہیں، پھر اُردو ادب کی تاریخ ڈھنگ سے مرتب کون کرے؟ اس وقت تک جو چند تاریخیں چھپ چکی ہیں اُن کے پڑھنے کے بعد یہ رائے قائم ہوتی ہے کہ اُنکے اکثر مؤلف و مرتب نہ مصنف کو سمجھے ہیں اور نہ اُنہوں نے اس کے لٹریچر کا بہ نظر غائر مطالعہ کیا ہے۔ حالانکہ تاریخ ادب لکھنے سے پیشتر، مؤرخ کا اوّلین فرض ہے کہ وہ زبان کی تدریجی نشو و نما سے واقف ہو اور مصنفین اور انکی تصانیف کو بھی طرح کھنگال لے۔ لیکن ہمارے مورخین نے یہ کیا کہ جو دوسروں نے لکھا کم و بیش وہی خود بھی نقل کر لیا۔ اُنہوں نے تنقیدی مطالعہ کی ضرورت سمجھی نہ محنت کرنی اور وقت صرف کرنا لازمی جانا۔ اس سلسلے میں چند مورخین ادب، کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں مگر اس عرض کے ساتھ کہ میری نیت بُری نہیں ہے۔ محمد یحییٰ صاحب تنہا اور آغا محمد باقر صاحب کی "سیر المصنفین" اور "تاریخ نظم و نثر اُردو" اُٹھائیے۔ بڑے سے بڑا مصنف بھی انکی ہرزہ سرائی سے محفوظ نہیں رہ سکا۔ کسی مصنف سے خوش ہیں تو اس کی تعریف میں انتہائی غلو سے کام لیا ہے ورنہ اپنی برہمی کا ثبوت نہایت نامناسب الفاظ میں دیا ہے۔ نتیجہ ہے کہ ان کتابوں کا مطالعہ کم سے کم انجان طلبہ کے لئے نہایت گمراہ کُن ہے۔ ڈاکٹر زور، ڈاکٹر عبد اللطیف، اور عبد القادر سروری کی تاریخوں سے یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ اُنہوں نے غیر ذمہ داری سے کام لیا ہے لیکن اُنہوں نے بھی مصنفین اور اُنکے ادب کا گہرا مطالعہ نہیں کیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ مصنفین کی صرف چند مشہور کتابوں کو سرسری طور پر پڑھ گئے ہیں۔ حالانکہ کسی مصنف پر تنقید کرنے سے پہلے یہ لازمی ہے کہ نقاد اس کے تمام لٹریچر پر ہر طرح حاوی ہو اور اسکے آرٹ کی تمام باریکیوں سے کماحقہٗ واقفیت رکھتا ہو۔ افسوس ہے اس ضروری پہلو کو اُردو کے محققین بھی نظر انداز کر گئے۔ اس لئے اُنکا حوالے اور رائیں دینے میں جا بجا غلطی کرنا کچھ زیادہ تعجب انگیز نہیں۔ یکسینہ کی ہسٹری آف اردو لٹریچر غنیمت ہے لیکن اکثر مصنفین کے لٹریچر پر خاطر خواہ تبصرہ وہ بھی نہیں کر سکے۔ وقار عظیم صاحب ایک اور محقق طالب علم ہیں۔ اُن کی کتابیں "افسانہ نگاری" اور "ہمارے افسانے" فن کے جدید اصولوں کو مدنظر رکھ کر لکھی گئی ہیں۔ مگر انگریزیت کی رو میں وہ اُردو کی وسعت اور ارتقائی منزلوں کو بالکل بھول گئے۔ ان کا مطالعہ صرف چند رسائل اور اُردو

کی دیگر تاریخوں تک محدود ہے۔ ہر اچھے رسالے کا ایڈیٹر اُن کے نزدیک فسانہ نگار ضرور ہے مثلاً منصور احمد مرحوم، مولوی شاہد احمد اور حامد علیخاں صاحب کو اُنہوں نے افسانہ نگاروں میں شمار کیا ہے۔ حالانکہ یہ بچارے اعلیٰ درجے کے مترجم ہیں۔ افسانہ نگار نہیں۔ شاہد احمد کو ہماری زبان کے اچھے ترجمہ کرنے والوں میں جگہ دینی چاہیئے لیکن ان کے ایک افسانوں کو دیکھ کر افسانہ نگاران کو بھی نہیں کہا جاسکتا۔ وقار صاحب کا کسی نامعلوم وجہ سے چند نوجوانوں کو باکمال اور بوڑھے فسانہ نگاروں کے برابر سمجھنا یا اُن پر ترجیح دینا بھی خاصہ مضحکہ خیز ہے لیکن فی الحال آپ ان خامیوں کو نظرانداز کرکے نفس مضمون کو لیجئے۔ اُردو کی جو چند تاریخیں موجود ہیں۔ ان میں مذکورہ بالا غلطیوں کے علاوہ سب سے بڑا نقص یہ رہ گیا کہ مؤرخوں نے خواتین کا کہیں بھی ذکر نہیں کیا (سوائے وقار صاحب کے جن کا انتخاب بے حد تشنہ ہے) حالانکہ ہماری بہت سی خواتین مثلاً خاتون اکرم، رفیعہ کریانیہ، حجاب اسمٰعیل، خورشید آرا وغیرہ کے نام ان تاریخوں میں آجانے چاہیئے تھے۔ یہ ضرور ہے کہ کوئی خاتون غالب یا اقبال، نذیر احمد یا راشد الخیری کا سا درجہ حاصل نہ کرسکی لیکن آپ اتنی توقع ہی کیوں کریں۔ عورتوں کو ہر معاملے میں مردوں نے دبانے کی کوشش کی ہے اس لئے ان کا تھوڑا بہت اُبھرنا بھی بہت زیادہ وقیع ہے۔ اور اُنہوں نے تو ادب میں ہماری بہت کچھ مدد کی ہے اور اُردو کی ترویج و توسیع میں خاصا حصہ لیا ہے۔ آپ زنانہ لٹریچر کا بغور اور غیر متعصبانہ مطالعہ کرلیجئے۔ بہت سی خواتین ایسی نظر آئیں گی جنکی نظم و نثر اکثر ادبا و شعرا کے ہم پلّے ہیں۔ میں مولوی شاہد احمد مُدیر ساقی کا ممنون ہوں کہ اُنہوں نے مجھے اس طرف متوجہ کیا اور اُردو کی مشہور انشا پرداز خاتون اکرم مرحومہ پر مضمون لکھنے کی دعوت دی۔ چنانچہ آج کی صحبت میں میں آپ کو ایک ایسی خاتون کی ادبی داستان سناتا ہوں جن کا لٹریچر اپنی خصوصیات کی وجہ سے یقیناً یہ حق رکھتا ہے کہ تاریخ اُردو میں ان کا نام نمایاں طور پر شریک کیا جائے۔ یہ خاتون اُفقِ ادب پر ایک روشن ستارہ بن کر چمکیں لیکن شہاب ثاقب کی طرح زندگی کے آسمان سے جلد ہی ٹوٹ کر موت کے گہرے نیلے سمندر سے ہم آغوش ہوگئیں۔

ابتدائیہ:- خاتون اکرم مرحومہ علامہ راشد الخیری کی بہو اور مولانا رازق الخیری ایڈیٹر عصمت کی شریک حیات تھیں۔ ان کے سوانح مختصر گراہم ہیں۔ کیونکہ انکی ادبیت اور شخصیت میں گہرا تعلق تھا وہ ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئیں، ۱۹۱۷ء میں مضمون نگاری شروع کی، ۱۹۲۳ء میں بیاہی گئیں۔ اور ۱۹۲۴ء میں رخصت ہوگئیں۔ بس انکی زندگی کی اتنی سی کہانی ہے۔ مگر اس کہانی کا پلاٹ ایسے اجزا سے مرتب ہوا تھا کہ ہم انکے کردار کو خواتین کے لئے مثالی نمونہ (Ideal) قرار دے سکتے ہیں۔ بقول لسان الہند حضرت عزیز لکھنوی مرحوم:-

بہت گردشیں جب کریگا زمانہ تو پیدا کہیں ہوں گی ایسی یگانہ

اُنکی کتاب زندگی کی چند سطریں منشی پریم چند آنجہانی کی زبانی سنیئے:-

> محترمہ خاتون اکرم مرحومہ کی کتابیں پڑھ کر مجھ پر انکی ادبیت سے زیادہ انکی شخصیت کا اثر ہوا اچھی کہانیاں لکھنے والی تو اور دیویاں بھی ہیں لیکن ایسی مثالیں بہت کم نظر آتی ہیں جن کے قول اور عمل میں مناسبت ہو۔ جو کچھ دوسروں کو سکھاتی ہوں خود بھی اسپر چلتی ہوں ..... خاتون اکرم صاحبہ کی زندگی قدیم اور جدید معیار حیات کا نہایت متناسب اتحاد تھی۔ ان میں خدمت کی لگن ہے۔ قربانی کی تمنا ہے۔ وہ تحمل اور سعی کی دیوی ہیں مسلم خواتین کی ساری خوبیاں اُن میں مجتمع ہوگئیں ہیں۔ (سسرال کے) پونے دو سال میں جس ہستی نے حضرت علامہ راشد الخیری کے قلم سے یہ خراج وصول کیا۔ جسکی ہر ادا نے میرا دل مسخر کرلیا۔ میرے گھر میں چار دن کی چاندنی تھی۔ میں دیکھتا تھا اور دنگ رہ جاتا تھا کہ وہ ایک طرف مغرب کے مشاہیر پر رائے زنی کر رہی ہے

تو دوسری طرف جامی، سعدی اور خسرو بے باکانہ گفتگو" وہ غیر معمولی دل و دماغ کی خاتون تھی"
خود حضرت "مصوّرِ غم" کے الفاظ ملاحظہ فرمایئے :-

خاتونِ اکرم کے نام سے دنیائے نسواں اچھی طرح آشنا ہے۔ یہ جہانبار لڑکی ۲۶ فروری ۱۹۲۳ء کو دلہن کی حیثیت سے دہلی آئی اور بہو بن کر میرے گھر میں داخل ہوئی۔ وہ کسی متمول باپ کی لڑکی نہ تھی اور شکل وصورت کے اعتبار سے بھی اوسط درجے کی تھی۔ مجھے جس چیز نے مائل کیا وہ اس کے مضامین اور خیالات کی شستگی، معاملہ فہمی اور عاقبت اندیشی تھی۔ اس کا مطالعہ اس قدر وسیع تھا کہ اکثر متقدمین کا کلام حفظ تھا۔ شادی کے بعد اسکی زندگی کا سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ وہ سُسرال کے ہر متنفس کا دل فتح کرے۔ چنانچہ وہ اس میں ہر اعتبار سے کامیاب ہوئی۔ اسکی موت نے میری بہت سی خواہشوں کا خاتمہ کر دیا۔ مگر وہ اپنی قابلیت اور فرمانبرداری کے ایسے سدا بہار پھول میرے دل پر کھلا گئی کہ میں جب تک زندہ ہوں اس کو فراموش نہیں کر سکتا۔ مرنے والی خاتون دلی والوں کو دکھا اور کُنبے والوں کو بتا گئی کہ بیوی کیا ہوتی ہے اور بہو کس کو کہتے ہیں ..... قوم درماندہ میں اگر چند لڑکیاں ایسی پیدا ہو جائیں تو لاریب چند روز میں بیڑا پار ہے۔

سطورِ بالا سے آپ نے اندازہ کر لیا ہوگا کہ مرحومہ کی ادبیت اور شخصیت میں کس قدر تطابق وتعلق ہے اور آگے کے بیان سے آپ پر واضح ہو جائے گا کہ اُنہوں نے مثالی عورتوں کی جو خوبیاں، دکھائی ہیں وہ قیاسی نہیں حقیقی ہیں، اور خود اُن میں موجود تھیں۔ وہ جھالسی کے ایک مقتدر گھرانے کی چشم وچراغ تھیں۔ اُن کے والد ڈاکٹر عبدالغفور، میر ناصر علی صاحب کے رسالہ "صلائے عام" کے خاص مضمون نگار تھے۔ اس لحاظ سے انشا پردازی کا ذوق اُنہوں نے ورثہ میں پایا تھا۔ اُنہوں نے سترہ سال کی عمر میں مضمون نگاری شروع کی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب عورتوں کا نام دوسروں کی زبان پر آنا معیوب سمجھا جاتا تھا۔ کُجا کہ چھپنا؟ چنانچہ شروع شروع میں وہ فرضی اور پھر کبھی ہمشیرہ احسن الغفور اور کبھی مس مطہر کے نام سے لکھتی تھیں۔ پھر بعد میں وہ اپنا اصلی نام لکھنے لگیں اور اُنکے قلم سے بعض ایسے مضامین نکلے جو تعلیم نسواں کے مخالفین کے نزدیک باغیانہ اور بے باک سمجھے گئے۔ کیونکہ عورتوں کے ساتھ مردوں کے بے جا مظالم کو طشت از بام کرنے میں انہیں بالکل جھجک نہ ہوتی تھی۔ انکی کامیابی کی یہ دلیل کیا کچھ کم ہے کہ اُس وقت کے قریب قریب تمام مشاہیر اور مُستند ادبا وشعرا مثلاً علامہ راشد الخیری، مولانا محمد علیؒ، اکبر الہ آبادی، تلوک چند محرومؔ، عزیز لکھنوی، منشی پریم چند، مولوی عبدالحق وغیرہ وغیرہ نے انکی قابلیت اور انشا کی داد دی تھی۔

خاتونِ اکرم کے لٹریچر کی خصوصیات :- اُنیسویں صدی کا اختتام وہ زمانہ تھا جب "ادب برائے تفریح" کی صدائیں کانوں میں گونجتی تھیں اور قصے کہانیاں، نظم مثنویاں وغیرہ اس لئے مرتب کی جاتی تھیں کہ رؤسا کی خوشنودی اور عوام کی دلبستگی کا سامان منظور تھا۔ اردو زبان کی مختلف شعبوں ابھی فن کے لحاظ سے بڑی حد تک خام تھیں اور فن کا کوئی ایسا نصب العین قائم کئے بغیر جو حیاتِ انسانی کا سچا عکس ہو، دریا کے دھارے کی طرح تقلید یا آزاد تخیل کی رو میں بہے چلے جا رہے تھے۔ اس وقت زیرِ بحث "افسانہ" ہے جس کے صحیح مفہوم اور فنی حیثیت سے اُردو داں اس وقت تک ناآشنا تھے۔ البتہ ڈاکٹر نذیر احمدؒ "ناول" نگاری کی ابتدا کر کے "ادب برائے زندگی" کا نغمہ ہم تک پہنچا دیا

تھا۔ بیسویں صدی نے اُردو ادب میں ایک نئے باب کا آغاز کیا۔ جب اُس کے اوائل میں علامہ راشد الخیری[1] نے مختصر افسانہ نگاری کی داغ بیل ڈالی اور اُردو کو افسانے کی فنی ضروریات و خصوصیات سے روشناس کرایا۔ کوئی آٹھ دس سال بعد منشی پریم چند بھی اس محفل میں شریک ہو گئے، اور ان دونوں بزرگوں نے ربع صدی گذرنے کے بعد اپنے غیر فانی کارناموں سے فسانہ نگاری کو معراج کمال پر پہنچا دیا۔ لیکن ذکر اب کا نہیں، ہمیں بائیس سال پہلے کا ہے جب فسانہ نگاری کی کم عمری تھی اور اردو ادب میں زندگی کی وہ تڑپ پیدا نہ ہوئی تھی جو آجکل سچے فن کار کے لئے محرک ہوتی ہے۔ اس وقت کے زنانہ لٹریچر کا مطالعہ کیجئے جو بالکل ابتدائی منازل سے گذر رہا تھا اور پھر خاتون اکرم کی تصانیف پڑھیے۔ پہلی ہی نظر میں ان کی وہ تمام خصوصیات ہماری نظروں کے سامنے آجاتی ہیں جن کی وجہ سے انہیں اپنے ہمعصروں میں ایک ممتاز درجہ حاصل ہے۔ سب سے پہلے ہم انکے ادب کے متعلق نقطۂ نظر کو لیتے ہیں۔ وہ ادب کو محض دل بہلانے کا ذریعہ نہیں سمجھتیں۔ بلکہ ان کے نزدیک ادب اور زندگی دونوں میں ایک گہرا رشتہ ہے۔ ادب زندگی کی ہر کن دوسرے میں سنائی دیتی ہے۔ اُنہوں نے دوسری خواتین اور اکثر مردوں کی طرح کسی خیالی دُنیا کی بے سروپا حکایتیں نہیں سنائیں۔ بلکہ حیات انسانی کے ایسے افسانے سنائے ہیں جن میں تلخی ہے، حقیقت ہے، جد و جہد کا پیغام ہے اور عورتوں کی مظلومی کا نوحہ ہے۔ اس لحاظ سے آجکل کی ادبی اصطلاح میں وہ ایک "ترقی پسند مصنفہ" ہیں۔ ان کے افسانے اور مضامین تھپک تھپک کر سلانے والی لوریاں نہیں بلکہ وہ ایسے اہم مسئلے ہیں جو قاری کو احساس اور تفکر پر آمادہ کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسی زبردست خصوصیت ہے جو انہیں اُردو کے اچھے مصنفین میں جگہ دلاتی ہے۔ انکی ادبیت سے متاثر ہو کر افسر الشعراء حضرت آغا شاعر قزلباش فرماتے ہیں:-

غم کی تصویروں کے ہیں جو کردگار[2] — جن کے لفظوں سے ہیں دل سینے فگار
دفعتاً اُن کی بہو کی ایک کتاب — سامنے آئی مرے ۔ پروردگارا
عورتیں بھی اس طرح لکھ سکتی ہیں؟ — تیری قدرت کا نہیں کوئی شمار!

اب ہم انکی افسانہ نگاری کو لیتے ہیں جو اُنکے ادب کا اہم ترین عنصر ہے۔ اُنکی ہمعصر خواتین میں محترمہ نذر سجاد حیدر (مصنفہ جاں باز۔ آہ مظلوماں وغیرہ) اور محترمہ صغرا ہمایوں مرزا (مصنفہ زہرہ، موہنی وغیرہ) کے نام پیش پیش ہیں۔ بے شک اُنہوں نے اپنی تصانیف سے زنانہ لٹریچر میں قابل قدر اضافہ کیا ہے۔ لیکن اُنکی تصانیف مختصر افسانے نہیں کہے جا سکتے۔ کیونکہ وہ طوالت، تفصیلات اور پلاٹ کی وسعت کی وجہ سے افسانہ نگاری کے معیار پر پوری نہیں اُترتیں۔ ان سب پر ناولی رنگ چھایا ہوا ہے۔ اسلئے ہم ان کو ناولوں میں تو جگہ دے سکتے ہیں لیکن افسانوں میں شمار نہیں کر سکتے۔ ان سے پہلے کی ایک آدھ کہانی اور نظر آتی ہے مثلاً "انوری بیگم" (مصنفہ بیگم نواب خدیو جنگ مرحوم) اُس کو بھی ہم ناول ہی کہہ سکتے ہیں۔ فسانے کی خصوصیات اس میں بھی مفقود ہیں۔ غرض ۱۹۱۰ء سے پہلے کی کہانیوں کو فسانہ نگاری کے نمونوں سے جانچا جائے تو وہ فنی حیثیت سے اس دائرے میں شامل نہیں کی جا سکتیں۔ وہ سب کہانیوں، قصوں، داستانوں، حکایتوں کے زُمرے میں آتی ہیں۔ البتہ بعض تصانیف جن کا میں ابھی ذکر کیا ہے ناول کی حد میں ضرور داخل ہو گئی ہیں۔ یہ شروع صدی کا مختصر سا بیان ہے۔ اسکے بعد ہمارے سامنے خاتون اکرم کے افسانے آتے ہیں جو ۱۹۱۰ء اور ۱۹۲۳ء کے درمیان لکھے گئے انہیں ہیں پہلی بار "مختصر افسانے" کی زیادہ تر خصوصیات اور ضروریات ملتی ہیں۔ جو اس سے پیشتر کسی عورت کے قصے کہانیوں میں نہیں تھیں۔ لہٰذا عورتوں میں سب سے پہلے فسانہ لکھنے کا سہرا خاتون اکرم کے سر ہے۔ اب ہم ان کے افسانوں کی خصوصیات اور جزئیات پر ذرا تفصیل سے بحث کرینگے۔

---

[1] مستورم حضرت علامہ راشد الخیری مرحوم

خاتونِ اکرم کے قریب قریب تمام افسانے اصلاحی و معاشرتی ہیں اور کسی نہ کسی مقصد کو سامنے رکھ کر لکھے گئے ہیں۔ اسلئے جیسا کہ لازمی تھا کہ وہ بعض مقامات پر افسانے کی حدود سے آگے نکل گئی ہیں۔ لیکن یہ چیز زیادہ گرفت میں نہیں آتی۔ کیونکہ اُن کے نزدیک آرٹ برائے آرٹ نہیں۔ بلکہ برائے اخلاق ہے، مزید برآں۔ اُنہوں نے اپنے افسانوں میں فن کی اتنی ساری خوبیاں سمو دی ہیں کہ چند خامیوں کا احساس ناگوار نہیں گذرتا۔ سب سے پہلے تو اُنہوں نے ایسا اسلوب بیان اختیار کیا ہے کہ ہم چند لمحات کے لئے براہِ راست افسانہ نگار کے خیالات میں محو ہو جاتے ہیں اور چونکہ وہ اردو و انگریزی کے علاوہ فارسی و ہندی سے بھی واقف تھیں اس لئے اُن کے بیان میں مختلف النوع خوبصورت لفظوں، مختصر جملوں، حسین استعاروں اور شاعرانہ تشبیہوں کا سنجوگ ہو گیا ہے۔ دوسرے ان میں افسانہ گوئی کی فطری صلاحیت معلوم ہوتی ہے۔ اسلئے اُن کے افسانوں میں نہ صرف سادگی اور روانی ہے۔ بلکہ شروع سے آخر تک دلچسپی اور دلکشی برقرار رہتی ہے۔ پھر اُنکے افسانوں میں اور ریئلیٹی ہے، ندرت ہے، تنوع ہے جو ہماری توجہ کو بھٹکنے کی مہلت نہیں دیتی۔ عرض:۔

جو بھی سخن تھا نقشِ نگیں تھا ہر قول محکم حصنِ حصیں تھا (تلوک چند محروم)

وہ اپنے افسانوں کے لئے سادہ پلاٹ انتخاب کرتی ہیں جو مختصر بھی ہو اور تصور زا بھی۔ اور چونکہ ان کا دل نہایت حساس ہے۔ اس لئے انکے پلاٹ کا محرک (Motive) اس وقت پیدا ہوتا ہے جب ان کے دل پر چوٹ لگتی ہے۔ انکے افسانوں میں ہمیں نفسیاتی مطالعہ اور مشاہدے کے اچھے نمونے ملتے ہیں۔ جا بجا تحیر، استعجاب، رنج، خوشی، غصہ، نفرت، رشک، رقابت وغیرہ جذبات کا اظہار کر کے اُنہوں نے کرداروں کو بعض مقامات پر انتہائی ارتقاء پر پہونچا دیا ہے۔ عورت کو بہت سے افسانہ نگاروں نے اپنا کردار خصوصی بنا کر اس کے متعلق مختلف نظریے پیش کئے ہیں لیکن یہاں ہمیں عورت ایک عورت کی نظر سے دکھائی دیتی ہے۔ اُنکے افسانوں کا مرکز عورت ہی ہے جسکے اردگرد ان کا بے پناہ تخیل گھومتا رہتا ہے اور وہ ہمیں اسکی مختلف کیفیات و احساسات کے پُرسوز افسانے سُناتی ہیں۔

پلاٹ:۔ افسانے کا سب سے اہم جزو پلاٹ ہے اور پلاٹ نام ہے حیات انسانی کے مختلف پہلوؤں کا یا اُن واقعات کا جو افرادِ افسانے کو پیش آتے ہیں۔ اچھا افسانہ نگار وہ ہے جو ان واقعات کو فنی اعتبار سے ترتیب دے سکے۔ چونکہ اختصار افسانے کا خاص جوہر ہے اسلئے ضروری ہے کہ وہ غیر اہم واقعات سے اجتناب کر کے صرف ان واقعات کو لے جو پلاٹ کو زیادہ سے زیادہ دلکش اور موثر بنا سکیں۔ خاتون اکرم کے افسانوں میں ہمیں یہ بات نمایاں طور پر نظر آتی ہے کہ اُنکے افسانوں کے پلاٹ پیچیدہ یا ضرورت سے زیادہ وسیع نہیں ہیں۔ بلکہ ہر افسانے کے لئے اُنہوں نے صرف ایک ہی واقعہ یا ایک ہی نقطۂ نظر یا ایک ہی نفسیاتی پہلو منتخب کیا ہے۔ جو شروع سے آخر تک اس پر چھایا ہوا ہے۔ خواہ مخواہ کی تفصیلات میں جانے کے بجائے وہ تصور آفرینی سے کام لیتی ہیں۔ تاکہ قاری خود اپنے تخیل سے لذت یاب ہو سکے۔ اور یہ افسانے کا جمالیاتی عروج ہوا۔ انہوں نے بعض افسانوں میں پس منظر اور بیانی تفصیل سے بھی ترتیب پلاٹ میں ہم آہنگی پیدا کی ہے۔ اسکے علاوہ مختلف حصص کے تناسب نے افسانوں کے حُسن میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ ایک چیز جو سب سے زیادہ قابل تعریف ہے وہ یہ ہے کہ انکے افسانے ایک ہولے ہولے بہنے والی ندی کی طرح رواں نہیں ہیں۔ بلکہ انکے پلاٹ ہمیں چین سے نہیں بیٹھنے دیتے۔ ہم پر ایک تذبذب کا عالم طاری ہو جاتا ہے اور پلاٹ کا زیر و بم، مد و جزر، اُتار چڑھاؤ ہمیں دم بدم ہلکورے دیتا رہتا ہے۔ اور بعض مقامات پر پلاٹ کے جوڑ توڑ سے ہم حیران و ششدر رہ جاتے ہیں۔ انکے پلاٹ بتدریج نشو و نما پاتے ہیں۔ ان میں سے بعض کا اختتام منتہا (Climax) پر ہوتا ہے اور بعض منتہا پر پہونچنے کے بعد آہستہ آہستہ پُرسکون طریقے سے ختم ہوتے ہیں۔ انکے پلاٹوں میں سے ایک دو کا ذکر کرتا ہوں "پیکرِ وفا" میرے نزدیک ان کے بہترین افسانوں میں سے ہے اس کے

متعلق ایک دلچسپ بات سُن لیجئے۔ منشی پریم چند مرحوم اس کی تعریف کرتے ہوئے دبی زبان سے لکھتے ہیں کہ پلاٹ نیا نہیں ہے اور صورت یہ ہے کہ اس افسانے سے پہلے اُردو میں کوئی افسانہ اس پلاٹ کا موجود نہیں تھا۔ بعد میں یہ افسانہ اس قدر مقبول ہوا کہ کئی نامور افسانہ نگاروں نے اس پلاٹ پر افسانے لکھے لیکن میرے علم میں کوئی افسانہ "پیکرِ وفا" کو نہیں پہونچتا۔ ہاں ان افسانہ نگاروں کی وجہ سے اس کا پلاٹ عام ضرور ہوگیا۔ ممکن ہے اسی لئے منشی جی نے یہ رائے قائم کی ہو۔ اب آپ مختصر الفاظ میں "پیکرِ وفا" کا پلاٹ سُنیئے:۔

ایک نکھٹو صاحب بہادر لڑکا ——— اسکی وفا شعار بیوی ——— صاحب بہادر بیوی کا زیور چُرا کر ولایت چلے جاتے ہیں ——— بیوی جُدائی کے صدمے سے بے جان ہوجاتی ہے لیکن ہمت و استقلال سے کام لے کر مرحوم باپ کا کاروبار سنبھالتی ہے ——— صاحب بہادر ولایت سے مختلف بہانوں سے روپیہ منگاتے ہیں ——— بچا ہی سعیدہ مصیبت سے بسر کرتی ہے مگر جس طرح بھی ہوتا ہے روپیہ بھیجتی ہے ——— صاحب سول سرجن ہوکر آتے ہیں مگر الگ کوٹھی میں رہتے ہیں ——— بیوی متجسس گرشوق میں اپنے ایک وفادار ملازم کے ساتھ اسکے گھر جاتی ہے ——— ایک میم صاحبہ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے نظر آتی ہیں ——— سعیدہ کی تشویشناک بیماری بھی ظفر پر کوئی اثر نہیں کرتی ——— میم صاحبہ ہزار ہا روپیہ کا مقروض کرنیکے بعد شوہر کو علیل چھوڑ کر چلی جاتی ہیں ——— عین اس وقت جب شوہر کی عزت خاک میں ملنے والی ہوتی ہے، بدنصیبی بھی پھر وفا کا جوہر دکھاتی ہے لیکن خاتونِ اکرم اس افسانے کو یونہی ختم نہیں کردیتیں۔ انہوں نے اس کا انجام بے حد ڈرامائی دکھایا ہے جو قاری کے دل پر تریاق کش کا سا اثر پیدا کرتا ہے۔ ظفر اس مصیبت سے چھٹکارا پاکر دوسرے شہر میں چلا جاتا ہے وہاں اسکی پریکٹس خوب چلتی ہے۔ ایک روز بیمار ہوجاتا ہے اور تیز بخار کی حالت میں رات گئے:۔

"ظفر کے کمرے کا دروازہ کھلا ہے نوکر اپنی اپنی جگہ سو رہے ہیں۔ مکان بالکل سنسان ہو رہے ہیں ظفر اکیلا کمرے میں کمبل اوڑھے لیٹا ہے۔ میز پر لیمپ جل رہا ہے۔ کمرہ خوب سجا ہوا ہے۔ بڑے بڑے اور مشہور لوگوں کے مجسمے رکھے ہوئے ہیں۔ ظفر کو ہوش آیا اس نے کروٹ لی اور پسینے کی شدت سے گھبرا کر کمبل پھینک دیا۔ آدھے گھنٹے تک کچھ سوچتا رہا۔ پھر یکایک پلنگ پر سے اتر کر کھانستا ہوا زمین پر بیٹھ گیا اور دونوں ہاتھ اٹھا کر کہنے لگا ———

"اے مالکِ کائنات! میری حالت پر رحم کر! میں نے تیرے بندگی حق تلفی کی، اسکی جو میرا ساتھی بنایا گیا تھا۔ سعیدہ! آ مجھ کو جو تیرا حق چاہے سزا دے ..... اے سعیدہ آ!"

مفہوم و مایوس ظفر رنج و ندامت کی حالت میں سرنگوں ہوگیا کہ:۔

"دفعتاً سر سعید کے مجسمے میں حرکت ہوئی اور اس کے پیچھے سے کوئی نکلا ——— آہٹ سُن کر ظفر نے نگاہ اونچی کی اور چیخ کر کہا ———

سعیدہ! میرا قصور معاف کرو!"

ایک اور چھوٹا سا پلاٹ سُناتا ہوں۔ خاتونِ اکرم پلاٹ کی جستجو میں اپنے گرد و نواح سے دور نہیں جاتیں۔ بلکہ وہ انہیں روزمرہ کے واقعات سے اخذ کرتی ہیں اور بسا اوقات ایک معمولی سا واقعہ جو ہماری نظر میں کوئی وقعت نہیں رکھتا انکے قلم سے ایک مؤثر فسانے کی صورت میں نکلتا ہے۔ آپنے سُنا ہوگا کہ کسی جہلا ماں نے اپنے بچے کو پہلا روزہ رکھوانے کے شوق میں یہ خیال نہیں کیا کہ وہ روزہ رکھنے کے قابل بھی ہے یا نہیں۔ کمزور بچوں کے ساتھ اس کا نتیجہ شدید علالت یا موت ہوتا ہے۔ ایسے ہی ایک واقعہ کو خاتونِ اکرم نے افسانے کی صورت میں پیش کیا ہے۔ پلاٹ یہ ہے

سخت گرمی کا زمانہ ——— ایک جاہل مگر دولت مند عورت پہلا روزہ رکھوانے کے شوق میں اپنی پانچ برس کی بچی پر یہ آفت نازل کرتی ہے ——— دن بڑی مصیبت سے کٹتا ہے ——— ماں تقریب میں مگن، مہمانوں کے استقبال اور افطاری کے انتظام میں مشغول ہے شام کو بچی غائب ہو جاتی ہے، ڈھنڈیا مچتی ہے، افطار ہو جاتا ہے ——— بڑی تلاش کے بعد بچی ملتی ہے۔ مگر اس طرح کہ:۔

"آخر وہ بچی ملی۔ ایک چھوٹی کوٹھری میں، جہاں ماما اپنے لئے پانی کا ایک گھڑا رکھا کرتی تھی۔ وہ بچاری اس گھڑے پر منہ کے بل پڑی ہوئی تھی"

کیونکہ:۔

"معصوم بچی پانی پینے کے لئے گھڑے کے پاس گئی تھی مگر ماں کا حکم تھا کہ پانی نہ پینا۔ آخر پیاس کی تاب نہ لاکر اُسی پر گر پڑی۔"

اس پلاٹ میں کوئی جدت تو نہیں ہے، کیونکہ اس قسم کے واقعات آئے دن ہوتے رہتے ہیں مگر اُنہوں نے انجام دے کر ایک نئے طریقے سے پیش کیا ہے جو حسرت ناک بھی ہے اور عبرت ناک بھی۔ خاتون اکرم کے پلاٹ ہماری معاشرت کی تصویریں ہیں اور اس قدر سچی کہ کہیں غیریت یا اجنبیت محسوس نہیں ہوتی۔

کردار نگاری:۔ افسانے کا دوسرا اہم جزو کردار نگاری ہے اور کردار نگاری میں وہی افسانہ نگار کامیاب ہو سکتا ہے جس کا مطالعہ وسیع ہو اور نفسیات سے بھی واقفیت رکھتا ہو۔ خاتون اکرم نے انسانی زندگی کا مطالعہ اچھی طرح کیا تھا اس لئے اُنکے ہاں کردار نگاری کے نمونے بھی عمدہ ملتے ہیں۔ ان کے کردار نہ تو محلوں کے رہنے والے ہیں اور نہ جھونپڑوں کے۔ بلکہ وہ متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں خوشی بھی میسر ہوتی ہے اور رنج بھی۔ وہ عورتوں کی نفسیات سے زیادہ واقف ہیں۔ اسی لئے اُنہوں نے عورت کی مختلف کیفیات اور احساسات کو طرح طرح سے بیان کیا ہے۔

"بچھڑی بیٹی" میں ایک پرانے زمانے کی ساس کا کیریکٹر ملاحظہ فرمایئے جس کو پوتی کے کھو جانے کا کم اور اس بات کا زیادہ رنج ہے کہ بہو کے ہاں اور کوئی اولاد نہیں ہوتی۔ اس کے متعلق ایک جگہ کہتی ہیں:۔

"بڑی بی کی گھبراہٹ قابل دید ہے۔ یوں تو پہلے بھی وہ کہا کرتی تھیں مگر جب سے شکیلہ کھو گئی تب سے وہ اور بھی بے قرار ہیں۔ دن رات اسی پیچ و تاب میں گذرتا۔ یہ نہیں کہ اُنہوں نے کچھ تدبیر نہ کی ہو۔ تعویذ اُنہوں نے پہنائے، دوائیں اُنہوں نے کھلائیں، منتیں اُنہوں نے مانیں۔ مزاروں پر وہ لے گئیں چادریں اُنہوں نے چڑھائیں۔ فقیروں کے آگے اُنہوں نے ہاتھ جوڑے۔ اولیاؤں سے لڑکے اُنہوں نے مانگے ..... مگر حاصل حصول کچھ بھی نہ ہوا۔ ان کو سوائے اس ذکر کے اور کوئی بات تھی ہی نہیں۔ بیٹے سے، بہو سے، آئے گئے سے، یہی دُکھڑا رویا کرتی تھیں"

ان کے بعض اور زنانہ کرداروں نے انکی کردار نگاری کو نہایت بلند درجے پر پہونچا دیا ہے۔ وہ ایک حقیقت پرست (Realist) ادیبہ ہیں۔ اس لئے ان کے کردار ہم ہی جیسے انسان ہیں۔ یہانتک کہ مثالی کرداروں کے پیش کرنے میں بھی اُنہوں نے Realism کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ وہ اچھی عورت میں ایثار، محبت، اطاعت اور خدمت کے

جذبات دکھاتی ہیں اور یہ وہ خوبیاں ہیں جو مبالغہ آمیز نہیں ہیں۔ وہ اگر "سچ کی فتح" یا "پیکر وفا" میں عورتوں کے ایسے کردار پیش کرتی ہیں جنہوں نے شوہر کی خاطر اپنا عیش و آرام قربان کر دیا اور باوجود اذیتوں کے وفا اور سچی محبت کا ثبوت دیا تو یہ خلاف عقل نہیں۔ یہ جذبات تو عورت کی فطرت میں عبادت کی حد تک داخل ہیں۔ وہ اپنے اچھے سے اچھے کردار کی برائیاں بھی ہم پر نمایاں کر دیتی ہیں۔ اور بڑے سے بڑے کیرکٹر کی اچھائیاں بھی ہم سے نہیں چھپاتیں۔ "جدت پرست" میں ایک فیشن زدہ، خانہ داری سے غافل اور شوہر کی طرف سے لاپروا مغرور عورت کا کیرکٹر ملاحظہ فرمائیے۔ نسوانی فطرت کے حسن و قبح کی عکاسی کتنی کامیابی سے کی ہے:۔

"اُس میں بھلائیاں بھی موجود تھیں۔ اس میں بعض اوقات رحم و کرم کا ایک فوری جذبہ پیدا ہو جاتا تھا۔ اسکی متلاطم زندگی میں ایسے ایام اکثر آئے جب وہ اپنے شوہر سے خوش اخلاقی و خندہ پیشانی سے پیش آئی ہے جس دن وہ کوئی زیور لاتا تو اظہار ممنونیت و مسرت غرور کرتی جس طرح کوئی بچہ کھلونا پاکر خوش ہوتا ہے وہ زیور پاکر پھولی نہ سماتی تھی۔ ایک ہفتے تک وہ جسم سے کبھی الگ نہیں ہوتا، ہر وقت اُس کا ذکر رہتا خوش مزاجی کی بھی انتہا نہ ہوتی۔ میاں پر عنایتیں دن دونی رات چوگنی بڑھتی رہتیں مگر جوں جوں زیور دل سے اُترتا جاتا، میاں کی چاہت بھی کم ہوتی جاتی۔"

وہ جو کچھ کرداروں کے متعلق تعارفاً خود کہتی ہیں وہی کردار اپنے افعال سے ثابت کرتے ہیں لیکن یہ افعال کرداروں سے زبردستی نہیں کرائے جاتے بلکہ وہ خود بخود اُن سے سرزد ہوتے ہیں۔ عقیلہ کا کردار پیش کرتے ہوئے وہ اتنا تعارف کراتی ہیں "اس نے خدمت سے عظمت حاصل کی تھی" پھر اس کے پے در پے افعال ہمکو مصنفہ کی رائے سے متفق ہونے پر مجبور کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ:۔

"ساس سخت بیمار پڑگئیں۔ عقیلہ نے دن کا آرام اور رات کی نیند حرام کر لی۔ اور ساس کی تیمارداری میں اپنی جان لڑا دی۔ خدا خدا کر کے وہ اچھی ہوئیں تو جٹھانی کے ہاں مردہ بچہ پیدا ہوا۔ ساس اول تو بیماری سے اُٹھی تھیں۔ پھر ضعیفی کا عالم۔ لے دیکر عقیلہ ہی عقیلہ تھی۔ مگر اُس نے پھر دل توڑ کر محنت کی۔ ننھا مسعود جو ساڑھے چار برس کا تھا اسکو بھی سنبھالتی۔ جٹھانی کو بھی دیکھتی۔ رات رات بھر مریضہ کے سرہانے بیٹھ کر گذار دیتی۔ دوا پلاتی، سر و باتی۔ غذا کا اہتمام کرتی۔ ...."

اُنکی کردار نگاری کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ جوں جوں انکے کردار ارتقائی منزلیں طے کرتے جاتے ہیں انہیں انکے ساتھ تعلق اور ہمدردی پیدا ہوتی جاتی ہے۔ ہمیں انکی مسرت سے اطمینان اور دُکھوں سے تکلیف ہوتی ہے۔ اور چونکہ پلاٹ کی سادگی کے باوجود ان کے کردار کشمکش و پیچ (Crisis) میں رہتے ہیں اسلئے ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ وہ دو کھلی ہوئی راہوں میں سے کونسی اختیار کرتے ہیں۔ دراصل وہ انسانی فطرت خاص کر فطرت نسواں کی اس قدر ماہر ہیں کہ انکی کردار نگاری میں کہیں جھول نہیں آیا۔ چند الفاظ ہیروئن کے متعلق اور کہنے چاہتا ہوں مختصراً یوں سمجھیے کہ خاتون اکرم اپنی ہیروئن میں وہی خصوصیات دکھاتی ہیں جن پر مشرق کو ناز ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ خذ ما صفا ودع ما کدر کی قائل ہیں۔ نیز انکی ہیروئن خالی وقت میں ولولہ انگیز رومان نہیں پڑھتی بلکہ خانہ داری کے کسی کام میں مشغول نظر آتی ہے۔

مکالمہ:۔ افسانے کا ایک اہم جزو مکالمہ ہے اور خاتون اکرم اس میں بھی ناکامیاب نہیں۔ انکے افراد جو گفتگو کرتے ہیں اس میں تصنع نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی بات خلاف فطرت ہوتی ہے بلکہ برجستگی اور بانکپن نے ان کے مکالموں کو اور ابھار دیا ہے۔ ایک جگہ سے مکالمہ پیش کرتا ہوں۔

بیٹے کی پسند کے خلاف شادی ہوتی ہے۔ صاحبزادے دلہن اور گھر والوں کو چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔ ساس بہو سے بے حد برہم ہیں۔ ایک دن ایک کنجڑن پھرتی پھراتی آنکلی:-

پوچھنے لگی "بیوی ترکاری لوگی؟"

ساس نے کہا "لے آ"

(سودا بیچنے کے بعد) کنجڑن بولی "بیوی! ایک پان کھلاؤ۔ تمباکو کھائے دیر ہوئی، جمائیاں آرہی ہیں"

ساس نے بہو کی طرف دیکھ کر کہا "اس کو ایک پان دے دو"

(بہو پان لینے اٹھی) کنجڑن سب کو پوچھنے لگی "بیوی آپ کی یہ کون ہیں؟ وہ کون ہیں؟"

ساس نے بتایا "یہ میری بیٹی ہیں۔ وہ جو پان لینے گئی ہیں، بہو ہیں"

کنجڑن بولی "بہو تو آپ کو بہت اچھی ملی ہے۔ خدا سلامت رکھے"

ساس فوراً تڑخ کر بولیں "اے ایسی خوبصورتی کو لے کر کیا چاٹنا ہے جسکی بدولت میرے بچے نے گھر چھوڑ دیا اس سے بہتر ہوتا کہ بہو کانی بدصورت ہوتی۔ مگر میرا بچہ میرے ساتھ رہتا"

کنجڑن نے جلدی سے پوچھا "بیوی! تو آپ کے لڑکے آپ کے پاس نہیں ہیں؟"

ساس:" اے کہاں؟ انہیں کی بدولت گھر چھوڑ دیا۔ کہتا ہے جب تک یہ ہیں نہ آؤنگا"

آپ نے ساس اور کنجڑن کی گفتگو سن لی کس قدر عین فطرت ہے؟ اب حسنا کی سوتیلی ماں کی باتیں سنیئے:-

باپ نے کپڑوں پر نظر ڈال کر کہا "تمہارے کپڑے کتنے چکٹ ہو رہے ہیں۔ تم بدل کیوں نہیں ڈالتیں؟"

حسنا نے شرم سے نیچی نظریں کرلیں اور بولی "میرے پاس دوسرے نہیں ہیں"

باپ قیصر (دوسری بیوی) سے مخاطب ہوئے "تم نے اس مہینے سب کے لئے حساب کرکے کپڑا منگوایا تھا۔ اس کے کپڑے اس کو دے کیوں نہیں دیئے؟"

قیصر کی تیوری پر بل پڑ گئے۔ ذرا تیز آواز سے بولی "ابھی کسی کے کپڑے نہیں بنے تو ان کے کس طرح بنجاتے ——— ابھی اس دن دو جوڑے بنا تھا، آج سن رہی ہوں کہ پھٹ گیا" حسنا کی طرف دیکھ کر "کیا مجھ سے نہیں کہہ سکتی تھیں جو باوا جان سے کہا جا رہا ہے۔؟" (اور شوہر کی عدم موجودگی میں) "تم جوان ہوگئی ہو، باپ کے سامنے جاتے شرم نہیں آتی؟"

منظر کشی:- منظر نگاری میں بھی انہوں نے ایسا زور قلم دکھایا ہے کہ سارا سماں آنکھوں کے سامنے پھر جاتا ہے اور باقی جزئیات سے بھی انہوں نے افسانوں کو زیادہ سے زیادہ مکمل اور دلکش بنانے کی کوشش کی ہے۔ پس منظر کے متعلق ایک چیز نمایاں ہے اور وہ مذہب ہے۔ انکے زیادہ تر افسانے مسلمان سوسائٹی کے ہیں۔ لیکن انہوں نے مذہب کو پس منظر لاکر سمجھداری اور تدبر افسانہ نگار ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ کہیں یہ نہیں معلوم ہوتا کہ یہاں افسانے سے علیحدہ تبلیغ کی گئی ہے۔

طرز نگارش:- خاتون اکرم کا طرز نگارش اتنا ممتاز نہیں ہے کہ وہ دوسرے مصنفین کی تحریر سے الگ پہچانا جا سکے۔ پھر بھی جو اسلوب انہوں نے اختیار کیا ہے وہ قابل داد ہے۔ وہ طویل فقرے اور بے معنی رنگین عبارت نہیں لکھتیں۔ اختصار اور حسن انکی طرز نگارش کا خاصہ ہے۔ انکی تحریر میں

روانی ہے۔ زور ہے، اثر ہے، سوز ہے کہیں سے بھی پڑھنا شروع کر دیجئے۔ طبیعت کہیں نہیں اُکتاتی۔ وہ مشکل خیال کو بھی دلچسپ اور شگفتہ عبارت میں ادا کر دیتی ہیں خیالات کی پختگی کے علاوہ انکی زبان بھی صحیح اور دلاویز ہے۔ اسلئے کوئی فقرہ کانوں یا ذہن کو ناگوار نہیں گزرتا۔ جذبات نگاری نے انکے اسلوب بیان کو اور بھی متصل کر دیا ہے جہاں وہ تخیلی جذبات اور ذہنی احساسات کی عکاسی کرتی ہیں وہاں ان کا اسلوب بیان اور بھی نکھر جاتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے جملے، بے ہجوم استعارے، شاعرانہ تشبیہیں اور گنگناتی ترکیبیں اُن کے افسانوں اور مضامین میں اس طرح جگمگاتی ہیں جیسے نیلے وسیع آسمان پر روشن ستارے۔ غرض ان کے ہاں سادگی و پرکاری، برجستگی و رنگینی، لطافت و شیرینی بیک وقت موجود ہیں کہیں کہیں سے چند ٹکڑے نقل کرتا ہوں۔

"وہ تھی اور دن رات کا رونا۔ وہ تھی اور شمع کا جلنا۔"

"مکان مقفل دیکھ کر اسکی امیدوں کا چراغ گل ہو گیا .... شام کو پھر آیا مگر دروازہ اب بھی کسی حرماں نصیب کی امیدوں کی طرح بند تھا۔ لیکن امید کے پھر دھندلی جھلک دکھائی دی۔ ....."

"سعیدہ کے دل میں اسوقت پنکھے لگے ہوئے تھے اور اس کی حالت اس مُلزم کی سی تھی جس کا فیصلہ جج سنانے والا ہو۔"

"بڑے بھائی کی بیوی شیاما کو اس بات کا بڑا گھمنڈ تھا کہ میرے شوہر ہی کی بدولت سب کو روٹی مل رہی ہے۔ اس لئے وہ گھر کے کاموں میں ہاتھ نہ لگاتی تھی۔ جو سب کو کما کر کھلائے اسکی پیاری بیوی ماما گیری کیوں کرے؟"

"بھائی نے بہن کی قبر دیکھی جس پر حسرت و بیکسی برس رہی تھی۔ جیو نوحہ پڑھ رہے تھے۔ شمع اسکے غم میں آنسو بہا رہی تھی۔ بھائی نے ہاتھ اٹھا کر بدنصیب بہن کو فاتحہ کا تحفہ بھیجا اور دو دل گریاں و چشم بریاں واپس آیا۔"

افسانوں کا مقصد اور نظریۂ حیات: خاتون اکرم کے افسانے ایک مقصد کے حامل ہیں اور یہ مقصد حمایت نسواں ہے۔ انہیں اپنی صنف کی زبوں حالی کا پورا پورا احساس ہے۔ اس لئے وہ افسانوں اور مضامین کے ذریعے انکی پستی کا اظہار اور مردوں کے بیجا ظلم و ستم کا شکوہ کرتی ہیں۔ اُن کا خیال ہے دنیا عورت کو کبھی عزت نہیں دیکھ سکتا۔ اسی لئے ان کے ہاں کہیں گلا ہے کہیں التجا، کہیں غصہ ہے کہیں جھنجھلاہٹ، کہیں بے پرکی ہے کہیں حسرت، کہیں طعن ہے کہیں طنز۔ چند اقتباسات پیش کرتا ہوں:۔

"وہ کون سی دوستی کی بیوی تھی جو دن رات کی کٹنی پکاتی، برتن بھی مانجتی، جھاڑو بھی دیتی، کپڑے بھی سیتی۔ اور ہر طرح گذارہ کر لیتی۔ وہ ٹھیریں وفا کی دیوی جو ان کی ہر بات مانتی رہے اور ہر اوا ناز اٹھاتی رہے۔"

"میرے گھر کا کام ہے؟ ہمارا یہ کام ہے؟ خالہ ماں کی عوض ہم کریں؟ تم ابھی کیا کیا نہ کہے گا؟ کہے گا کہ خدمت گار اور بھنگی کی عوضی بھی ہم ہی کریں؟ فرض سے ہم نہیں ہوتے کہ تم کو بھی یہاں کا کالا عورت جانا ہے کہ جو چاہے گا کروالے گا؟"

"ہمارے نام پر بے وفائی کا داغ لگنا اچھا نہیں۔ وہ جو چاہیں کریں اور جس قدر چاہیں ظلم توڑیں۔ مگر ہمیں اُن سے بے وفائی اختیار کرنی اچھی نہیں۔"

"شیخ چلی کی نہیں ہے ہاں وہ ہیں۔ ہوں صنعم کی اجارت ہو شرعی طور پر جائز ہے۔ آپ کے عہد مبارک میں ہوا ہے۔ جو بدنصیب دو بہنیں عورتیں جن کی کل عمر کی کے دن پورے کر رہی ہیں وہ خلع کیوں نہ حاصل کریں اور رنج و غم سے نجات کریں؟"

خاتون اکرم کا مقصد اول خواتین کی اصلاح اور بہبودی تھی اسلئے ان کے افسانوں سے وہ لوگ لطف اندوز نہیں ہونگے جو افسانے کا مقصد

صرف حسن وعشق کے جذبات کو برانگیختہ کرنے والی داستان سمجھتے ہیں۔ بیشک انکے افسانوں میں عشق کی شوریدہ سری اور حسن کی ہنگامہ پروری نہیں ہے لیکن انکے افسانوں میں ہمکو وہ محبت جابجا ملتی ہے جو ایک باوفا بیوی کے دلمیں اپنے شوہر کے لئے ہوتی ہے۔ انکے رومان میں محشر سامانی اور فتنہ گری نہیں ہے مگر میاں بیوی کی پُرسکون اور خاموش الفت کا مظاہرہ ہے جس میں صرف اسی وقت ہلچل مچتی ہے جب شوہر بیوی کی محبت کا جواب بیوفائی سے دیتا ہے۔

خاتون اکرم بالطبع مُتشائم ہیں اس لئے وہ دُنیا اور زندگی کی طرف سے مایوس ہیں وہ مسرت کے ترانے گاتے گاتے موت کے نوحے سنانے لگتی ہیں "جمال ہمنشیں" انکے زیادہ تر ایسے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں انکے نظریۂ حیات کی وضاحت ہوتی ہے۔ چند مضامین کے عنوانات ملاحظہ فرمایئے:۔ فانی زندگی، نیرنگیٔ زمانہ، اجل، عالمِ نزع، عبرت گاہِ دُنیا، غم، تعزیت نامہ۔ ایک مضمون میں عید کی مسرتوں کا ذکر کرتی ہیں مگر ساتھ ہی محرم کی یاد تازہ کراتی ہیں۔ غرض انسان کشتۂ آلام ہے اسکی خوشیاں اور وہ خود فانی ہے۔ تاہم وہ یہ پیغام دیتی ہیں کہ انسان جب تک جیئے اچھے عمل کرے:۔

اس طرح جی کے بعد مرنے کے گاہے گاہے تو کوئی یاد کرے

اور مردوں کو اس طرف متوجہ کرتی ہیں:۔

"ہندوستانی شریف عورت سے بڑھکر مرد کے لئے اور کوئی بیش بہا نعمت نہیں ہوسکتی۔ وہ ایک بیش قیمت ہیرا ہے جسکی قدر و قیمت سے مرد واقف نہیں"

اور عورتوں کو یہ درس دیتی ہیں:۔

"نیک بیٹی، نیک بیوی، فرمانبردار بہو اور دوسرے رشتے داروں کے حقوق ادا کرنے میں کسر نہ رہنے دو"

اعتراضات:۔ میں یہ نہیں کہتا کہ خاتون اکرم کے لٹریچر میں خوبیاں ہی خوبیاں ہیں اور عیب بالکل نہیں ہوسکتا ہے کہ کسی کو بعض واقعات ان کے افسانوں کی تمہید یا انجام کو ذرا تفصیل سے بیان کرنا، ماضی کے افسانے میں کہیں حال کا انداز اختیار کر لینا یا اسی قسم کی کوئی اور چیز قابل اعتراض معلوم ہو۔ لیکن یہ رائے آپ آج قائم کر رہے ہیں۔ جب کہ افسانہ نگاری اس قدر ترقی کر چکی ہے۔ نیز عیوب کے متلاشی حضرات کو Earl of Oxford and Asquith کے مقالے "تنقید" کیطرف متوجہ کرتا ہوں خصوصاً ان کے اس اصول کیطرف کہ نقاد کا اوّلین فرض یہ ہے کہ تنقید کرنے سے پہلے وہ ان حالات، فضا اور وقت کو مدنظر رکھ لے جن میں زیر تنقید کتاب تصنیف کی گئی ہے۔

خاتون اکرم کا انتقال عین عالمِ شباب میں ہوا۔ چوتیس سال کی عمر ایسی نہیں ہوتی کہ ہم اُن سے بڑی بڑی توقعات وابستہ کریں، پھر بھی زندگی و موت، مسرت و الم، کنوارپنہ اور ازدواجی زندگی وغیرہ پر اُنہوں نے ایسی قادر الکلامی سے اظہار خیال کیا ہے کہ بے اختیار داد دینے کو جی چاہتا ہے اور دلمیں یہ آرزو پیدا ہوتی ہے "کاش خاتون اکرم اور جیتیں!"

آج تک کرتے ہیں تجھکو یاد ارباب نظر فخر تھا ہندوستاں کو تیری ذات پاک پر
باغ اُردو میں ہے تازہ رات دن تیری بہا تو نہیں ہے لیکن افسانے ہیں تیرے یادگار

(عزیز لکھنوی مرحوم)

صادق الخیری

"احوال و مقامات"

ہو غرقِ مئے نوردل کا سفینہ ۔ کبھی آئینہ اور کبھی چشمِ بینا ۔ کبھی دستِ بیضا کبھی طورِ سینا

"یہی ہے مقامِ حریمِ حضوری"

خودی کی بلندی وہ معراجِ دل کی ۔ غنی ہے نظر جس سے محتاجِ دل کی ۔ غرض ہاتھ میں جس کے ہے لاجِ دل کی

"حقیقت میں ہے جادۂ ناصبوری"

وفورِ محبت سے مجبور ہونا ۔ مئے شوق سے مست و مسرور ہونا ۔ انا الحق سرِ مثلِ منصور ہونا

"ہے عشاق کی منزلِ بے قصوری"

سنبھلتا ہے دل اپنی بپتا سنا کر ۔ کلی دل کی کھلتی ہے جب مسکرا کر ۔ نگاہیں جب اٹھتی ہیں آنسو بہا کر

"مقامِ قبول و اجابت یہی ہے"

کفِ خاک بیباک ہو دیدہ ور ہو ۔ خود آگاہ ہو خود گر و خود نگر ہو ۔ زمیں پر قدم آسماں پر نظر ہو

"کہ لاریب منشاءِ فطرت یہی ہے"

یہی خاکیوں کی ہے معراجِ عرفاں ۔ اسی سے حقیقت میں ہے شانِ انساں ۔ انہیں خدمتِ خلق ہے اصلِ ایماں

"قسم ہے خدا کی شریعت یہی ہے"

امینِ حزیں سیالکوٹی

"نکات"

یقین ہی زندگی ہے تو خم ہے پیمانہ
عمل کے کیف کا تو ہے جبھی تو بیگانہ
شہید لذتِ موزونیِ دروں نہ ہو جب تک
مگس کو دل نہیں سکتی نگاہ پروانہ

یقین کامل و عزمِ جواں سے کیا نہ ہوا
یقین پختہ کی محسوس صورتیں ہی تو ہیں
نہ رعب و داب شہی اور نہ تخت کام آیا
یقین و عزم و گماں سے کبھی دبا ہی نہیں

حوادثاتِ زمانہ کے تیز دانتوں میں
گھرا ہوا ہو زباں کی طرح دلِ انساں
یقین پختہ اگر اس کو اپنی ذات پہ ہو
اسے پہنچ نہیں سکتا کوئی گزند و زیاں

شکستہ بال فلک سیر بازِ بسمل ہو اگر
رہے گا خاک نشیں مورِ ناتواں کی طرح
یقین نہیں ہے تو اپنے ہی جام میں یم کف خاک
پڑے گی ڈھکر اسے گردِ کارواں کی طرح

امین حزیں سالکوٹی

اُن کی ہمشکل سے

(کماری جمنا کے نام)

حال پہ پردا گرا اک یاد تازہ ہو گئی
ایک دُنیا جاگ اٹھی ایک دُنیا سو گئی

وقت کے پردہ میں تھا ماضی کا منظر ماند سا
پھر اندھیرے سے نکل آیا چمکتا چاند سا

دل کا ٹوٹا تار پھر آواز سی دینے لگا
کوئی سوتی رُوح میں انگڑائیاں لینے لگا

پھر لہو امید کی نبضوں میں لہرانے لگا
زندگی کے زرد رُخ پر رنگ سا آنے لگا

میری سوکھے جام میں پھر سے اُبل آئی شراب
پھر اُبھر آیا گذشتہ زندگی کا آفتاب

قید سے نکلیں مری گندری ہوئی آزادیاں
جگمگائیں پھر سی ماضی کی سُنہری وادیاں

دل کے پردوں میں محبت کی ہو پھر جل اٹھی
پھر وہی قندیل آ پے تنکہ دیں جل اٹھی

اے کہ تجھ سے اس اندھیری رات کی روشنی
آ ادھر آ اے مری دیوی کی زندہ مورتی

تیرا پرتو میرے ٹوٹے آسماں کا آفتاب
تیری دُنیا مجھ کو اپنی گمشدہ جنت کا خواب

تیرا نقشِ پا مرا کھویا ہوا سا آستاں
تیری آنکھوں میں مے سمار کعبہ کا نشاں

ہر ادا تیری مرے سنسان بتخانہ کا ساز
تیری نظروں میں مری کھوئی ہوئی دُنیا کا راز

تیری خوشبو میں مرے بھٹکا ہوا کارواں
تیرے لہجہ میں مری بھولی ہوئی سی داستاں

تبسم میں ترے، میری گذشتہ زندگی
تیرا ڈوبا چاند تیرے حسن کی تابندگی

چل خدا کیواسطے شاعر کے بتخانہ میں چل
اپنے قدموں میں جلانے دے محبت کا کنول

رُوح کا سُونا شوالا اپنے چرنوں سے بسا
میری زندہ مورتی، آ میری دیوی بن کے آ

تیری پوجا کیلئے موزوں ہے شاعر کا دماغ
چاند کا صندل، فلک کا عود، تارے کی چراغ

بے ترے قدموں کی شاعر کی عبادت ہے فضول
آ ترے چرنوں میں پھر تازہ کروں پوجا کے پھول

آ ان قدموں پہ چشمِ تر جھکانے دے مجھے
سرنوشت کی اک جبیں گنگا بہانے دے مجھے

پھول بنکر پھر سجیں مجھ میں دلِ کمسار کے
آ ترے گردن میں ڈالوں گونجکر اک سُرخ ہار

کاش تیرے واسطے رنگین منہ گا سکوں
تیری پوجا کے مقدس گیت پھر دہرا سکوں

تیرے آگے کاش جذبِ محبت کر سکوں
تیری خاطر چھیڑوں تیرے لئے پھر مر سکوں

جاں نثار اختر (زیر تربیت)

شمّو

یہ اُس زمانے کا واقعہ ہے جب ہم ٹولی بنا کر بھیک مانگتے پھرا کرتے تھے۔

ابتدا میں ہماری ٹولی میں صرف تین آدمی تھے۔ میں، بُندو اور فدا۔ ہم لوگوں کی زندگی دوسرے بھکاریوں سے کسی حد تک مختلف تھی۔ ہم نے یہ پیشہ، پیشہ کے خاطر اختیار نہیں کیا تھا۔ بلکہ ہم مجبور تھے کہ دوسروں کی زندگی کے سہارے اپنی زندگی چلائیں۔ میں کانپور میں کپڑے کے ایک کارخانے میں ملازم تھا۔ ایک دن یکایک میرا پیر بائیں مشین میں آگیا۔ جس نے میرا پاؤں بُری طرح چباڈالا۔ زخم اتنی کاری لگے تھے کہ مجبوراً ڈاکٹروں کو میرا پاؤں کاٹنا پڑا۔ اس کے بعد اس دُنیا میں میرے لئے کوئی جگہ نہیں تھی۔ میری خدمات کسی نے قبول نہ کیں۔ ہر شخص مجھے تاش کی گڈی کے جوکر کی طرح ناکارہ سمجھ کر مجھ سے غافل ہوگیا۔ چند دن فاقوں مرنے کے بعد میں مجبور تھا کہ دوسروں کے سامنے گڑگڑاؤں کہ وہ کسی طرح میرے پیٹ کے بڑھتے ہوئے شعلوں کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کریں۔

بُندو ایک مرتبہ چوری کے شُبہ میں گرفتار ہوچکا تھا۔ جیل سے چھٹنے کے بعد اُسنے اپنے آپ کو اس دُنیا میں تنہا پایا۔ ایک چور اچکے کو کوئی اپنے یہاں ملازم رکھنے کو تیار نہ تھا۔

فدا ابتدا ہی سے اس قسم کی زندگی بسر کرنے پر مجبور تھا۔ ایک آنکھ سے کانا ہونے کے علاوہ کوڑھ کے مرض میں بھی مبتلا تھا۔ اس کی حالت اُس پیڑ کے مانند تھی جس کے پتّوں کو کیڑوں نے چاٹنا شروع کر دیا ہو۔ اُس کے جسم کی کھال میں ایک عجب قسم کی چمک پیدا ہوگئی تھی۔ ہاتھ پیر کی انگلیاں سڑ گل کر جھڑ چکی تھیں۔ ناک سوجھ کر پھیل ہوئی پیاز کی مانند ہوگئی تھی۔ اور ہونٹ ورم کی وجہ سے نیچے کو لٹک آئے تھے۔ اس کی اس ہیئت کذائی کو دیکھنے کا کوئی بھی روادار نہ تھا۔

اس طرح ہم لوگ زندگی کی ٹوٹی پھوٹی ناؤ کو سماج کے خوفناک سمندر میں کھے رہے تھے۔

ہم لوگوں نے کچھ غزلیں اور وہ چار نعتیں یاد کرلی تھیں۔ سُورج نکلنے سے پہلے پہلے ہم لوگ اپنے پڑاؤ سے چل دیتے تھے۔ اور اپنے سینوں کا پورا پورا زور لگا کر کوئی نعت شروع کر دیتے۔ مُنہ اندھیرے کا وقت ہوتا۔ کچھ لوگ جاگ چکے ہوتے۔ کچھ کروٹیں بدل رہے ہوتے اور جاگنے کی تیاری کرتے ہوتے۔ ہم لوگوں کے گانے کی آوازیں صبح کے وقت لوگوں پر خاص اثر کرتیں اور کوئی دن ایسا نہ جاتا کہ ہماری جھولی اور چنگل خالی رہتے ہوں۔ اسی طرح بُرے بھلے ہماری زندگی کے دن بیت رہے تھے۔ ہم عموماً حمد اور نعتیں ہی گاتے کیونکہ ہمیں اس بات کا اچھی طرح تجربہ ہوگیا تھا کہ نچلے طبقے کے لوگوں پر جن پر ہماری روزی کا دارومدار تھا، اس قسم کی چیزوں کا خاص اثر ہوتا تھا۔

دن بھر ہم لوگ گلی گلی کوچے کوچے مارے مارے پھرتے۔ بیسا کھی کے سہارے دن بھر اس طرح مارے مارے پھرنے سے میرا کندھا شل ہوجاتا۔ رات کو ہم لوگ باسی روٹی کے ٹکڑوں کو بوسیدہ سالن کی مدد سے اپنے حلقوم کے نیچے اتارنے کی کوشش کرتے۔

لیکن یہ حالت بھی زیادہ عرصے تک نہ رہی۔ جلد ہی لوگوں کو ہماری صورتوں سے نفرت سی ہوگئی۔ اب کسی کو بھی ہم لوگوں کی حالت پر ترس نہ آتا تھا۔ غالباً وہ ہم لوگوں کو ہر وقت دیکھتے دیکھتے عاجز آگئے تھے۔ عورتیں ہم لوگوں کو آتا دیکھ کر کواڑ بند کرلیتیں۔ لیکن ہم لوگ ان چیزوں کی مطلق پرواہ نہ کرتے اور بدستور چیختے رہتے۔

"مائی خدا تیرا بھلا کرے"۔ "سائیں کا چنبل بھرے"۔ "اس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے"

بعض گھروں سے چیخنے کی آوازیں آتیں۔

"کیا روز روز کا ٹھیکہ لیا ہے"۔ ابھی کل ہی تو روٹی دی تھی۔ ایسے مہنگے میں پیٹ ہی نہیں ملتی تو پھر ان کو کہاں سے دیں"

لیکن اس قسم کے جملوں سے ہماری ہمتیں نہ ٹوٹتیں۔ اور ہم یہ کہتے ہوئے "جو دے اُس کا بھی بھلا" جو نہ دے اُس کا بھی بھلا" آگے بڑھ جاتے۔ اور ان ٹوٹے پھوٹے مکانوں کی طرف سے بڑے بڑے اونچے اونچے مکانوں کا رُخ کرتے۔ لیکن وہاں عموماً ہم لوگوں کے چیخنے کی آوازیں ان مکانوں کے رہنے والوں کے کانوں تک نہ پہونچتیں۔ اور جب چیختے چیختے ہمارا گلا سوکھ جاتا۔ اور ایسا معلوم ہونے لگتا جیسے گلے میں کسی نے سوئیاں بھر دی ہیں۔ تو ہم حیرت کے عالم میں ایک دوسرے کو پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بازار کا رُخ کر دیتے۔ اور بازار ہم لوگوں کی اُمیدوں کی آخری آماجگاہ ہوتی۔ شام تک ہمیں بے شمار گھرکیوں اور گالیوں کے ساتھ چند پیسے مل جاتے۔

رات کے وقت پڑاؤ پر ہم لوگ روٹی کے چند ٹکڑوں کے لئے آپس میں لڑتے ہوتے اور اس طرح دن بھر کا غصہ غیر محسوس طریقہ پر اسوقت ایک دوسرے پر نکالتے۔ ہماری زندگی۔ گالیوں، گھرکیوں، روٹی کے چند ٹکڑوں اور چند پیسوں پر مشتمل تھی۔

جاڑوں کی ایک بہت ٹھنڈی شام تھی۔ سرد ہوا کے تیز و تند جھونکے ہم لوگوں کے جسموں پر نشتر زنی کر رہے تھے۔ ہم لوگ حسب عادت روٹی کے چند ٹکڑوں کے لئے آپس میں لڑ رہے تھے، سامنے الاؤ میں آگ جل رہی تھی۔ جس کے شعلے ہم لوگوں کے جسموں کے قریب آ آکر واپس لوٹ جاتے تھے۔ گویا وہ ہمارا تمسخر اڑا رہے ہوں۔

یکایک خدا کی بھرائی ہوئی آواز میرے کان میں آئی۔

"بھوکی ہے۔ روٹی کھائیگی"

میں نے دفعتاً چہرہ اُٹھا کر دیکھا تو سامنے ایک تیرہ چودہ برس کی چھوکری ہم لوگوں کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے کچھ اس طرح دیکھ رہی تھی جیسے کتیا اُن کتوں کی طرف دیکھتی ہے۔ جو چند ہڈیوں کیلئے آپس میں لڑ جھگڑ رہے ہوں۔

دفعتاً لڑکی کھانے پر کچھ اس طرح جھٹ گئی، جس طرح چیل گوشت پر گرتی ہے۔

خدا نے میرا پاؤں دبایا اور اپنا منہ میرے کان کے قریب لاکر کہا: "ہیرا ہے ہیرا۔ اگر راضی ہوگئی تو بہت کام آئیگی"

کھانے کے بعد خدا اُس چھوکری سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا۔ اور پھر اصل مطلب پر آیا۔ اور آخر کار اُسے اپنے ساتھ رہنے پر راضی کر لیا۔ ہماری ٹولی میں ایک اور کا اضافہ ہوگیا۔ ہم لوگوں نے جلد جلد اُسے وہ تمام غزلیں اور نعتیں یاد کرا دیں جو ہمیں رٹی ہوئی تھیں۔

اس چھوکری کے آتے ہی ہماری قسمت پھر سدھرنا شروع ہوگئی۔ صبح سویرے سے رات گئے تک آگے آگے شمّو اور پیچھے پیچھے ہم لوگ مانگتے گاتے پھرتے۔ شمّو کی آواز جس میں اُس کی زندگی کی داستان کوٹ کوٹ کر بھری تھی، اس قدر دردناک تھی کہ لوگوں پر خواہ مخواہ اثر ہوتا۔ اور وہ ہمیں بُلا بُلا کر بھیک دیتے۔ اب وہ بڑے بڑے مکانوں میں رہنے والے چھوکرے جو ہم لوگوں کی صورتیں دیکھنے تک کے روادار نہ تھے، ہم لوگوں کو آواز دے دے کر بلاتے اور گھنٹوں "شمّو" سے غزلیں سنتے۔ اور اس طرح شمّو کو گھورتے رہتے کہ اُن کی آنکھوں میں حیوانیت کی جھلک صاف ناچتی ہوئی دکھائی دیتی۔

ایک رئیس کے یہاں شادی تھی، ہم لوگ ایسے موقعوں کے

خاص طور پر تلاش میں رہتے تھے کیونکہ اس طرح ہمیں ذائقہ بدلنے کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور مل جاتا تھا۔ شمو اندر زنانخانہ میں چلی گئی تھی۔ شام کو جب ہم واپس ہوئے تو ہم لوگوں کی جھولیاں بھری ہوئی تھیں۔ اور ہم لوگ بہت خوش تھے۔ اس رات ہم لوگوں نے خوب ڈٹ کر جھوٹے چاول چوڑی ہوتی ہڈیاں اور بھیگی ہوئی تندوری روٹیاں کھائیں۔

کھانے کے بعد ہم اِدھر اُدھر کی باتیں کرتے رہے۔ اتنے میں شمو بولی "بیاہ میں کتنی بہت سی عورتیں تھیں۔ ایسے اچھے اچھے کپڑے پہنے ہوئے تھیں کہ کیا کہوں، جی چاہتا ہے کہ میں بھی اُن جیسے کپڑے پہنتی۔"

بندو نے سُنکر ایک طویل قہقہہ لگایا۔

"تو پھر کسی رانی کے پیٹ سے کیوں پیدا نہ ہوئیں" میں نے مُسکراتے ہوئے کہا۔

"اری پگلی، تیرے ایسے نصیب کہاں! یہ ہی بہت ہے کہ اُلٹا سیدھا کھانے کو مل جاتا ہے" فدا بولا۔

شمو ہم لوگوں کی باتیں سُنکر کچھ افسُردہ سی ہوگئی۔ ہم لوگ دیر تک کھانے کے ذائقہ کی تعریف کرتے رہے۔ صبح کو جب ہم اُٹھے تو ہم نے دیکھا کہ شمو کی آنکھیں کچھ سوجی ہوئی ہیں اور اُس کی آواز بھاری ہو رہی تھی۔ شاید رات میں غم کے مارے اُسے نیند نہ آئی۔

اُس دن ٹھیک سے وہ گا بھی نہ سکی۔ اُس کی آواز ہی نہ نکلتی تھی۔ جیسے اُس کے حلق میں کوئی چیز پھنس کر رہ گئی ہو۔ شام کو جب ہم اپنے پڑاؤ پر آئے اور کھانے کے بعد لیٹے تو شمو کراہ رہی تھی۔ اُسکو بخار ہوگیا تھا۔ اُس رات میں تو بالکل نہ سو سکا۔ جوانی کی وہ رگ جسے بھوک اور افلاس نے بالکل مردہ کر دیا تھا۔ شمو کی موجودگی میں از سرِ نو بیدار ہو رہی تھی۔ شمو کی بیماری کی وجہ سے میں نے بھی بھیک مانگنے جانا بند کر دیا تھا۔ اور دن و رات اُسکی تیمارداری میں لگا رہتا تھا۔ بندو اور فدا تنہا جا کر مانگ لاتے تھے۔ جس سے پیٹ چلتا تھا۔

فدا اُدھار کر کے کئی دن بعد شمو ٹھیک ہوئی اور ہم لوگوں نے پھر ایک بار پوری تندہی سے بھیک مانگنی شروع کی۔ لیکن شمو اب ہر وقت مغموم سی رہنے لگی۔ ہم میں سے ہر شخص اُس کو خوش کرنے کی کوشش کرتا لیکن اُس کی پہلی سی زندہ دلی واپس نہ آئی۔ وہ کچھ کھوئی کھوئی سی رہنے لگی۔

کتنے ہی دن اس طرح گذر گئے۔ اب اکثر ایسا بھی ہوتا کہ شمو گھروں میں جا کر تنہا ہی مانگ لاتی۔ ایک دن جو وہ آئی تو بہت خوش تھی۔ اُس نے اپنی دونوں کامیابیاں ہمارے سامنے کر دیں۔

"دیکھو کیسی اچھی چوڑیاں ہیں۔ اب میرے پاس بھی اُن عورتوں جیسی چیزیں ہو جائیں گی" اُس کا چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا۔

"اری کہاں سے لائی؟" فدا نے پوچھا۔

"پُل پار ایک بابو رہتے ہیں۔ اُنہوں نے دی ہیں، وہ مجھے اور چیزیں بھی دینگے"

میں نے ایسا محسوس کیا گویا کسی نے اچانک میرے دل کے اُوپر زور سے گھونسا مار دیا ہے۔

میں نے فدا کی طرف معنی خیز نظروں سے دیکھا۔

"دیکھو، اب اُسکے پاس نہ جانا، نہیں تو ٹھیک نہیں ہوگا" فدا نے قدرے سخت آواز میں کہا۔

رات کو جب وہ سوگئی تو فدا نے ہم لوگوں کو رائے دی کہ اُس کو اکیلا کہیں نہ جانے دیا جائے، ورنہ چھو کری ہمارے ہاتھوں سے نکل جائیگی۔

اس کے بعد ہم لوگ یہی کوشش کرتے تھے کہ شمو ہم سے ذرا دیر کے لئے علیٰحدہ نہ ہو۔ اور ہم اُسے ہر طرح خوش کرنے کی کوشش کرتے۔

ایک دن شام کو وہ چپکے سے غائب ہوگئی۔ اور رات گئے واپس آئی۔ وہ ایک رنگین دوپٹے میں لپٹی ہوئی تھی۔ اور اُس کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی۔

اسکو دیکھتے ہی قدا چیخ کر بولا "تو پھر گئی تھی" اسی بابو کے پاس، بول!"

"ہاں گئی تو تھی۔ تو کیا ہوا ہے" یکایک اُس کے چہرے کا رنگ سُرخ ہوگیا۔

"یہ ٹھیک نہیں، تم ہمارے ساتھ رہتی ہو، ہمارے بغیر پوچھے گچھے تم کہیں نہیں جاسکتیں" میں نے کہا۔

"وہ دن نہ بھولو، جب بھوکی ماری ماری پھرتی تھیں اب اپنے نئے نئے چاہنے والے پیدا کئے ہیں" بندو نے اُس کے قریب جاتے ہوئے کہا۔

بپھری ہوئی شیرنی کی طرح شمّو نے چیخنا شروع کیا۔

"تم منع کرنے والے ہوتے کون ہو، میرا جہاں دل چاہے گا جاؤں گی۔ آخر دھوس کس کو دکھاتے ہو۔ تمہارے پاس ہے کیا جس پر اتنا اِتراتے ہو۔ نہ پیٹ بھر کر روٹی دیتے ہو اور نہ تن کو کپڑا۔ آخر میں چیتھڑے لٹکائے کیوں پھروں؟"

"ہم بھی دیکھیں گے تو کیسے جاتی ہے" ہم تینوں نے ایک زبان ہوکر کہا۔

"یہ حکومت کی دھونس کسی اور کو دکھانا۔ میں اُس بابو کے پاس جاؤنگی و ضرور جاؤں گی۔ وہ مجھے اچھے اچھے کپڑے دیتا ہے کھانے کو دیتا ہے۔ اور تم لوگ لنگڑے لولے، کوڑھی، میرے ہی سہارے جی رہے ہو اور مجھی پر دھونس جماتے ہو"

یہ کہکر وہ ہماری نظروں کے سامنے واپس لوٹ گئی۔ ہم اپنی جگہ سے ہل تک نہ سکے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے ہمارے پاؤں سی دیئے ہیں۔

اُس دن رات بھر ہم میں سے کسی کو نیند نہ آئی۔ صبح ہوئی اور ہم اُس کا اِس اُمید میں اِنتظار کرتے رہے کہ ممکن ہے وہ آجائے۔ شام ہوئی اور رات بھی آگئی لیکن وہ نہ آئی۔

تیسرے دن مجبوراً ہمیں اڈا بھیک مانگنے کے لئے چھوڑنا پڑا۔ میں نے شمّو کو بہت تلاش کیا لیکن اُس کا کہیں پتہ نہیں چلا۔ شمّو کے چلے جانے سے میں اپنی زندگی میں ایک خلا سا محسوس کرتا تھا۔ بہرحال زندگی کسی نہ کسی طرح بھلے یا بُرے بیتے گئی۔ اسکے بعد ہماری زندگیوں نے کروٹوں پر کروٹیں لینا شروع کیں۔ قدا کا تمام جسم تیزی سے سڑتا چلا جاتا تھا۔ ایک رات جو وہ سویا تو پھر کبھی نہ اُٹھا۔ کچھ دنوں بعد جب بندو نے دیکھا کہ فاقوں کی نوبت آگئی ہے تو اُس نے بھی کنارہ کشی کرلی۔ اور وہ کسی اور ٹولی میں جا ملا۔ مجھے بھی اپنی گذر اوقات کا انتظام کرنا تھا اس لئے میں نے یہی مناسب سمجھا کہ اُس شہر کو ہی چھوڑ دیا جائے اور کسی دوسرے شہر میں قسمت آزمائی کی جائے۔

عید کا دن تھا۔ دلّی کی جامع مسجد کے آس پاس میلا سا لگا تھا۔ نمازی نماز پڑھ کر نکل رہے تھے۔ فقیروں کا ایک ہجوم تھا اور وہ ان خوش قسمتوں سے گڑگڑا کر بھیک مانگ رہے تھے۔ ایسے مبارک موقع پر دو چار پیسے خیرات کرنا کسی پر بھی بار نہ تھا۔ اس لئے خوب بھیک مل رہی تھی۔ تیسرے پہر تک میں نے کوئی ایک روپے سے کچھ اُوپر پیدا کرلیا۔ بیسیوں کھی نے میرے رونوں کندھے شل کردئے تھے اور میں سوچ رہا تھا کہ پڑاؤ کو واپس لوٹ جاؤں۔ جاتے جاتے مجھے ایک پنواڑی کی دُکان کے سامنے ایک عورت دکھائی دی جو گڑگڑا کر کچھ دل چلے نوجوانوں سے بھیک مانگ رہی تھی۔ مجھے کچھ شُبہ سا ہوا۔ میں اور آگے بڑھا اُس کی گود میں کوئی پانچ چھ مہینے کا لاغر سا بچہ تھا۔ اب اُس کی صورت صاف نظر آرہی تھی۔ میں اُس کے بالکل پاس پہونچ گیا۔

"تم، تم یہاں کہاں شمّو۔ اور اس حالت میں"

وہ سر سے لیکر پیر تک کانپنے لگی اور اُس نے بچے کو اپنے سینے سے زور سے چمٹا لیا۔

منچلے نوجوانوں نے یہ دیکھکر قہقہہ لگایا۔

"آؤ۔ ادھر آؤ۔ مجھے تم سے ذرا باتیں کرنا ہیں" میں نے اُسکے بالکل قریب ہوتے ہوئے کہا۔

وہ خاموشی سے میرے ساتھ ہولی۔ پڑاؤ پر آکر میں نے اُس کو کھانا کھلایا۔ اور اُسکے بچے کیلئے دودھ لاکر دیا۔ رات گئے تک وہ میرے سامنے بیٹھی رہی۔ لیکن نہ تو اُس کی اور نہ میری ہمت ہوئی کہ پچھلے واقعات کو دُہراؤں۔ کئی بار سوچا کہ پوچھوں کہ آخر وہ اس حالت پر کیونکر پہونچی لیکن ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نے میری زبان سی دی ہے۔

بہت رات گئے تک ہم لوگ اسی طرح بیٹھے رہے کہ مجھے ہوش آیا اور میں اپنے خیالات سے چونکا۔ اپنے ماتھے پر اُس کو لٹا دیا اور خود یہ خیال کرکے کہ صبح کو سب حالات پوچھونگا، درخت کی جڑ کا تکیہ بناکر زمین کے فرش پر سوگیا۔ صبح کو جب میری آنکھ کھُلی تو ٹاٹ خالی پڑا تھا اور اُس کا کہیں پتہ نہ تھا۔ اس کے بعد وہ مجھے کہیں نظر نہیں آئی۔

* * *

شاہد لطیف

خیاباں

دریا میں نہنگ و جوشِ طوفاں سے نہ ڈر — افزائشِ ابتلائے دوراں سے نہ ڈر
جُز خوابِ پریشاں نہیں اصلِ ہستی — ڈرتا ہے عبث خوابِ پریشاں سے نہ ڈر

ہر چند مقابل غمِ دوراں آئے — شکوہ نہ ترے لب پہ کوئی ہاں آئے
انساں ہے تو ہمت کے فرائض کو نہ بھول — آئے تو ہزار بار طوفاں آئے

ہمت کا دھنی ہو راہِ دشوار سے کھیل — تکلیف و عنا و رنج و آزار سے کھیل
مطلق رہِ پُرخار کو خاطر میں نہ لا — اے مردِ مجاہد سرِ ہر خار سے کھیل

تخلیق تری جہاں پناہی کے لئے — ہے فرقِ بلند کج کلاہی کے لئے
دریوزہ گری کہاں سے سیکھی تو نے — آیا تھا جہاں میں بادشاہی کیلئے

نیاز سیوہاروی

پریتم! میری رُوح کے مالک!

آہ! تم مجھ سے بدگمان ہو گئے۔ صرف اس قصور پر کہ جو ملتا ہے میں اپنی کہانی اُسے سُنا دیتی ہوں اور اس طرح تمھیں بدنام کرتی ہوں۔ تمھارا خیال ہے کہ میں لوگوں کی دلچسپی کیلئے ایسا کرتی ہوں۔ نہیں پریتم کسی کی دلچسپی سے مجھے کیا غرض میری مجبوریاں تمھیں معلوم ہیں۔ آہ! یہ دوری و مجبوری۔ اس پر یہ بے دست و پائی۔ دل جب درد سے بیتاب ہو جاتا ہے تو بے اختیار مُنہ سے آہ نکل جاتی ہے۔ سینہ میں جو سوز آہ پر بھڑک اُٹھتی ہے اور جلا جلا کر مجھے راکھ کا ڈھیر کئے دیتی ہے آنسوؤں کے سوا اُسے اور کس چیز سے بجھاؤں۔ تمھاری ہی فسانہ ہونے والی محبت کی قسم! میں اپنا افسانۂ محبت لوگوں کے سامنے صرف اس لئے دُہراتی ہوں کہ تمھارے ذکر میں مزا ملتا ہے۔ لے دے کر ایک یہی چیز تو میرے پاس باقی رہ گئی ہے جس کے سہارے پر میں زندہ ہوں۔ تمھاری باتیں کوئی مجھ سے پوچھے جانے اور میں بتائے جاؤں۔ اس سے زیادہ محبوب اور دل نواز مشغلہ میرے لئے کوئی نہیں۔

پھر یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ میری داستانِ درد کا کوئی حصہ شاید کبھی کوئی تم تک پہنچا دے۔ اور تم پھر ایک بار اپنی گنہگار کو محبت کے ساتھ یاد کر لو۔ خدا شاہد ہے بس اسی امید پر جیتی ہوں۔ اسی امید موہوم پر گذرے ہوئے قصّے لوگوں کو سُنا دیتی ہوں۔ خدا کرے میری زندگی کا وہ آخری لمحہ ہو جبکہ تمھیں رسوا کرنے کا خیال میرے دماغ میں آئے۔ پریتم! میرا پیمانِ وفا اتنا بودا نہیں کہ فراموش ہو جائے یا ٹوٹ جائے۔ دل میں جب تک دھڑکنے کی قوت باقی ہے تمھاری پرستاری کا جذبہ اس سے نہیں نکل سکتا۔ ہاں جذبات کے طوفان میں اس بات کا خیال مجھے کبھی نہیں آیا کہ میرے اس طرزِ عمل سے لوگ تمھیں شک کی نظروں سے دیکھنے لگیں گے۔ بیشک یہ میری غلطی تھی۔ نادانستہ ہی سہی۔ جوشِ اضطراب کا نتیجہ ہی سہی، مگر مجھ سے قصور ہوا بھاری قصور ہوا۔ سخت شرمندہ ہوں مگر اب کیا کروں۔ معاف کر دو، میرے اچھے شمیم! اپنی معصوم محبت کے صدقہ میں مجھے معاف کر دو، اب ایسی خطا کبھی نہ ہوگی۔ اب میں کسی سے کچھ نہیں کہوں گی چاہے ضبطِ غم سے میرا دم ہی کیوں نہ نکل جائے۔

کیا کروں دُور ہوں، بے بس ہوں۔ ورنہ مجھے وہ طریقہ معلوم ہے کہ تم میری خطا کو معاف کرنے پر مجبور ہو جاتے۔ جس وقت میں تمھارے سامنے دوزانو ہو کر، اپنا سر تمھارے قدموں پر جھکا دیتی۔ اپنے آنسوؤں سے تمھارے پاؤں بھگو دیتی مُنہ سے ایک لفظ بھی نہ کہتی اور سراپا التجا بن کر حسرت کے ساتھ تمھاری طرف دیکھتی، تو مجھے معلوم ہے کہ تم کیا کرتے۔ تم تڑپ اٹھتے۔ بیتاب ہو جاتے۔ بے اختیار میرے بازو پکڑ کر مجھے اٹھاتے اور سینہ سے لگا لیتے۔ پھر میری ہچکی بندھ جاتی تم کہتے بس بس، رہنے دو، بس۔ اچھا معاف کیا۔ یہ کہہ کر میرے آنسو پونچھتے اور تسکینِ اضطراب کیلئے اپنے آبِ حیات کے چشمے میرے ہونٹوں سے لگا دیتے۔ مگر آہ کیا کروں۔ میں خود تو کیا میرے الفاظ بھی تم تک نہیں پہونچ سکتے۔ معاف کر دو، میرے اچھے شمیم! اپنی پرستار کے معصوم گناہ کو معاف کر دو۔

ہاں پریتم۔ ایک قصور مجھ سے ضرور ہوا ہے۔ اگر میں خود ہی تمھیں نہ بتاؤں تو تمھیں کبھی اس کا پتہ بھی نہ چلے۔ مگر میں نے

آج تک تم سے اپنی کونسی بات چھپائی ہے جو اپنے اس قصور کو پوشیدہ رکھوں۔ ادھر کچھ دنوں سے مجھے یہ خیال ہو چلا تھا کہ غالباً تم مجھے بھول گئے۔ زندگی کے گوناگوں انقلابات نے شاید تمہیں اس پر مجبور کر دیا کہ ایک "پریشان خواب" کو ہمیشہ کیلئے بھول جاؤ۔ مگر میں شرمندہ ہوں اور بیحد مسرور بھی کہ میرا یہ گمان غلط نکلا۔ شمیم! میرے پیارے! میرے خوابوں کے دیوتا للہ میرے اس قصور کو معاف کر دو۔ بدگمانی لازمۂ محبت سہی مگر تمہاری محبت پر شک کرنا یقیناً گناہ ہے۔

موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے یہ امید کرنا کہ میں کبھی تمہیں دیکھ سکوں گی، کبھی تمہیں پا سکوں گی اور اپنا بنا سکوں گی۔ دیوانگی سے کم نہیں۔ مگر پھر بھی خدا جانے کیا سبب ہے کہ مسلسل ناکامیوں کے باوجود امید کی ایک دھندلی سی شعاع میری دل میں جگمگاتی رہتی ہے۔ میں نے تمہارے آخری محبت نامہ کا جواب نہیں دیا۔ پریتم! میں مجبور تھی۔ بالکل مجبور۔ ہائے تم نے یہ سمجھ لیا کہ میں نے "تغافل" برتا۔ کیا میرے لئے تمہارے خط کا جواب لکھنے سے زیادہ محبوب مشغلہ بھی دنیا میں کوئی اور ہو سکتا ہے۔ مگر کیا کرتی، بے بس تھی۔ بالکل بے بس، کیونکر تمہیں سمجھاؤں کہ تمہارے پیارے خط کا جواب دینے کیلئے میں کیسا کیسا تڑپی ہوں، کیسا کیسا انگاروں پر لوٹی ہوں۔ مگر اس سے کیا ہوتا ہے۔ دشواریاں اور مجبوریاں کم ہونے کے بجائے بڑھتی ہی گئیں اور میں بدنصیب اپنے مستقبل کو قسمت کے حوالے کر کے خاموش ہو رہی۔ اس کے سوا اور کر ہی کیا سکتی تھی۔ سفر میں، حضر میں، ہر جگہ اس خط کو ساتھ رکھتی ہوں۔ اور جب دل بہت بیتاب ہوتا ہے تو نکال کر اسے پڑھ لیتی ہوں۔ بس اس سے زیادہ میرے اختیار میں کیا ہے۔ میں جانتی ہوں کہ میرا کوئی خط تم تک نہ پہونچ سکے گا۔ میں نے سوچا ہے کہ چاند کو اپنا پیامبر بناؤں۔ اُسے تو کوئی نہ روک سکے گا۔ وہ ضرور تم تک پہونچ جائیگا۔ مگر کیا تم اس کی زبان سمجھ سکو گے۔ اچھا کچھ دنوں انتظار کرو۔ میں اس کے ہاتھ اپنا پیام بھیجوں گی۔

ہاں پریتم! ایک دلچسپ بات تمہیں سناؤں۔ شاید تمہیں یقین بھی نہ آئے۔ مگر ہے یہ واقعہ۔ میں شعر کہنے لگی ہوں۔ رات چاندنی کھل ہوئی تھی۔ میں بالکل تنہا اپنے کوٹھے پر پڑی ہوئی چاند سے باتیں کر رہی تھی۔ تمہاری یاد بری طرح ستا رہی تھی۔ کئی بار آنسو امنڈ امنڈ کر آئے۔ کئی بار انھوں نے میرے رخساروں کو بھگویا۔ کئی بار میں نے انھیں اپنے آنچل سے خشک کیا۔ پچھلے پہر آنکھ لگ گئی۔ جاگی ہوں تو یہ شعر زبان پر تھا۔

تم دُور رہتے نظر سے اور چاندنی کھِلی تھی ∴ آنکھوں سے رات بیم ٹوٹا کئے ستارے

صبح ہی رقعہ بھیجکر میں نے رشیدہ کو بلایا۔ وہ آئی تو میں نے اسے یہ شعر سنایا۔ اس نے کہا "رضیہ! تجھے شعر کہنا کس نے سکھایا"۔ میں نے کہا اسی نے جس نے محبت کرنا سکھایا۔ پھر میں نے اُسے رات کی کل روداد سنائی۔ وہ بہت متاثر ہوئی۔ اس کے دل پر چوٹ لگی۔ اس نے مجھے سینے سے لگا لیا۔ میرے منہ پر منہ رکھدیا اور کہا کہ دیوانی تو کب تک اپنی جان کو اس طرح ہلکان کرتی رہے گی۔ پھر یکبارگی میری آنکھوں سے آنسو چھلک پڑے۔

پریتم! خط بہت طویل ہو گیا۔ پھر خدا جانے یہ تم تک پہونچے گا بھی یا نہیں۔ جواب کی امید رکھنا تو فضول ہی ہے۔ میری ایسی قسمت کہاں کہ تمہاری نورانی تحریر سے اپنی اندھی آنکھوں کو منور کر سکوں۔ لو ایک بات یاد آگئی۔ تم نے ایک وعدہ کیا تھا۔ مدت ہوئی۔ بہت مدت ہوئی۔ اب تو شاید تمہیں یاد بھی نہ ہو۔ میں یاد دلا دوں۔ ایک دفعہ میں نے ایک گیت تمہیں سنایا تھا

اسے سن کر تم جوشِ مسرّت سے بیتاب ہو گئے تھے۔ تم نے کہا " رضیہ! میں نے ایسا روح پرور نغمہ کبھی نہیں سُنا تھا۔ یہ گیت تمھارا شاھکار ہے۔ میں تمھیں انعام دوں گا۔ بتاؤ کیا انعام لوگی۔ جو کہو " میں نے کہا۔ میرے دیوتا! میرا انعام تم خود ہی ہو۔ مگر تم نے اصرار کیا۔ میں نے کہا " اچھا تمھاری ایسی ہی خوشی ہے تو جو تمھارا جی چاہے دیدو " تم نے کہا۔ اچھی بات ہے۔ وہ وقت گذر گیا۔ حالات بدل گئے۔ دن، ہفتے، مہینے گذرتے چلے گئے۔ برس ہو گئے۔ مجبوریوں نے تمھیں اتنا موقع نہیں دیا کہ اپنا وعدہ پورا کرتے۔ مگر میرے دل سے اس انعام کی تمنا کبھی نہیں گئی۔ کیوں پریتم! کیا تم میرا وہ انعام اب بھی مجھے دینے کیلئے تیار ہو۔ تو پھر نے کیوں نہیں دیتے۔ میں اُسے حرزِ جان بنا کر رکھوں گی۔ اسے سامنے رکھکر تمھاری غائبانہ پرستش کیا کرونگی۔ اچھا رخصت، میرے محبوب، میری روح کے مالک، ایک نامعلوم مدت کیلئے رخصت۔ خدا تمھیں شاد و بامُراد رکھے۔ ممکن ہو تو اپنی اس بدنصیب کنیز کو یاد کر لینا۔

ہمیشہ کیلئے تمھاری
" رضیہ "

فریبِ تخیل

آج تکمیل مرے خوابِ حسیں کی ہو گی — ہو گا مہمان مرا مستِ شباب آج کی رات
آج لرزیگی محبت کی مقدس دُنیا — چہرۂ حسن سے اُٹھے گی نقاب آج کی رات
حسن کی آج ہر اک ذرہ سے بارش ہو گی — پھٹ پڑیگا مرے دامن میں شباب آج کی رات
آج نغمے نئے انداز سے رقصاں ہونگے — مرتعش ہو گا محبت کا رباب آج کی رات
آج تقسیم ہر اک ذرہ کو مستی ہو گی — ہو گا افلاک سے بارانِ شراب آج کی رات

آج سلجھائینگے وہ زلف مری قسمت کی — لبِ فطرت پہ ہنسی ہو گی وہاں آج کی رات
محفلِ ناز و نیاز آج سجے گی اپنی — ہم پہ ہو گی نگہ کاہکشاں آج کی رات
تذکرے آج ستاروں میں زمیں کے ہونگے — رشکِ جنت نظر آئیگا جہاں آج کی رات
آج گل ہونگے شگفتہ مری امیدوں کے — سونگیگی میری بہاروں میں خزاں آج کی رات

کتنا نکھیں ہم مری زیست کا آج افسانہ
رُک گئے ہیں قدمِ عمرِ رواں آج کی رات

علی احمد

نمک پارے

ہمارے ایک دوست کو کرائے کے مکان کی ضرورت تھی، ایک روز ہمیں انکی ہمرکابی کی عزت حاصل ہوئی اور علی الصباح مکان کی تلاش میں نکل پڑے، کئی مکان دیکھ ڈالے مگر ایک بھی حسب دلخواہ نہ نکلا، چوک کی شاندار گھڑی ٹن ٹن بارہ بجا رہی تھی کہ ایک مکان پر "کرایہ پر دیا جاتا ہے" دیکھکر موٹر سے اتر پڑے اور صحن خانہ میں داخل ہوگئے۔ پہلی نظر ایک بھینس پر پڑی جو برانڈے کے کھمبے سے بندھی ہوئی تھی، دوسرا کھمبا ایک عدد بکری کی حفاظت کر رہا تھا، برانڈے کے قریب جاکر ہم نے آواز دی "کوئی ہے؟" دروازے کا ایک پٹ کسی قدر کھلتا نظر آیا اور اندر کسی نے جھانکا اور نہایت فصاحت سے فرمایا۔

"اوئی ماں مٹی پڑو، دو دو مردوے کھڑین، اری مردار گل بہار! جادیکھ!! باہر تیرے کون باوایاں آئیں؟"

ایک چھ فٹی سی آٹھ برس کی "گل بہار" باہر نکلی اور ہم سے پوچھا: "کون ہے کیا ہونا؟"

ہم نے کہا "کسی مرد کو بھیجو مکان دیکھنے آئے ہیں۔ کرایہ پر لینا چاہتے ہیں!"

اندر سے آواز آئی "بس یہی کام ہے! تو آتا میں آتا، مکان میں کیا ہیرے موتی جڑین!! مکان سری کا مکان ہے، جا بول دوار تیرے سرکار کو!!!"

اس اثنا میں ہمیں برانڈے کی آرائش پر غور کرنے کا جو موقع ملا تو ہم نے صاحب خانہ کے سلیقہ کی دل ہی دل میں خوب داد دی! ایک تخت پر دسترخوان بچھا ہوا تھا جس پر چند پلیٹ اور چمچے بکھرے پڑے تھے، ایک صراحی جو صافی سے بے نیاز تھی ایک طرف رکھی ہوئی تھی، صراحی سے لگا ہوا ایک المونیم کا گلاس تھا جو ایک عرصہ سے شرمندۂ صفائی نہ ہوا تھا۔ تخت سے ذرا ہٹ کر ایک "کموڈ" فوری امداد کیلئے تیار کھڑا تھا۔ تخت کے نیچے چونی، بھونسے اور بنولے کے دو چار تھیلے پڑے تھے، ایک کونہ میں ہری گھانس اور کچھ "برگ سبز" اپنے اندر "معرفت کردگار" کا ایک دفتر لئے ڈھیر ہو رہے تھے۔ دیوار پر دو چار شیروانیاں کچھ قمیص اور پاجامے لٹکے ہوئے تھے، الگنی پر ایک ساڑی ہوا کھا رہی تھی، برانڈے کی اس آرائش و زیبائش کو ہم ابھی بنظر غور دیکھ ہی رہے تھے کہ "گل بہار" کے "مولوی نما" سرکار برآمد ہوئے، سر پر نہایت شاندار عمامہ اور اس کے نیچے آدھے گز کی گھنی کھچڑی ڈاڑھی، ہاتھ میں سرخ سبز منکوں کی لانبی تسبیح، جسم پر ڈھیلا ڈھالا کرتا، ٹانگوں میں ٹخنوں سے اونچا "شرعی" پاجامہ، کاندھے پر تیلیا رومال۔

ہمیں دیکھکر مولویانہ انداز سے "سلام علیکم" کہا۔ سلام کا جواب دے کر ہم نے اپنے آنے کی وجہ بتائی اور مولانا کے حسب الحکم ہم ان کے پیچھے برانڈے سے لگے ہوئے ایک کمرے یا مولانا کے "ڈرائنگ روم" میں داخل ہوئے، صوفوں اور کرسیوں کے عوض اس کمرے میں ہم نے چند نادر چیزیں دیکھیں۔ مثلاً اناج کے تھیلے، مرچ اور املی کے بورے، غلہ رکھنے کے ڈبے، گھی کے پیپے، تمباکو کے گٹھے، آم کے اندکے، اچار کے مٹکے اور مربے کے کئی روغنی گھڑے، غرضکہ کمرہ کیا تھا "ٹانک رام" کی دوکان تھا، اس کمرے کے دونوں جانب دو کمرے تھے۔ ایک مولانا کی "عبادت گاہ" معلوم ہوتا تھا، اس میں ایک طرف مصلے بچھا ہوا تھا اور ایک کونہ میں چند کتابیں منوں گرد و غبار کے نیچے دبی پڑی تھیں، دوسرے کمرے میں "گل بہار" کی بیگم صاحبہ "گل بہار" سے یوں مخاطب تھیں:۔

"اری حرام زادی، ایسیچ پیاز کاٹتی اچھلٹا (اچھلکا) تک برو بر (برابر) نیں (نہیں) نکلا۔ کیری کے ٹکڑے دیکھو کاٹی سو!! اری خام پارہ، کام چور نولے حاضر! دیکھتے دیکھتے بڈّی (بوڑھی) ہوگئی پن تیرے کو ابی (ابھی) تک پیاز کاٹنا آیا نہ کیری کترنا آیا۔ اب تو مکان میں لوگاں (لوگ) ہے بول کو چپ بیٹھیوں۔ ماری نیں، پھر کرا ایسچ کتری تو مارتے مارتے فرش کردیونگی۔ لاتے (اتنے) جوتیاں مارونگی سر میں ایک بال بی نیں ہونگا سمجھ کو رہو!!!"

اِس پُرلطف گفتگو میں ہم کچھ ایسے محو ہوگئے کہ گھر دیکھنے کے عوض جی چاہ رہا تھا کہ بس ان "ارشاداتِ عالیہ" کے انمول موتیوں سے اپنے دامن بھرتے جائیں۔ مولانا کی بے چینی سے ظاہر ہوتا تھا کہ کسی صورت ہم کو جلد دفع کرنا چاہتے ہیں مگر ہم وقت کی "نزاکت" کا خیال کرکے ہر کمرے کو نہایت اطمینان سے دیکھ رہے تھے۔ مولانا کے "تیور" کہہ رہے تھے کہ دو غیر محرموں" کا انکی ایک عدد "محرم" کی "پراپیٹی" گفتگو سُننا مولانا پر بڑا شاق گزر رہا تھا۔ مکان کا معائنہ ہم نے ختم ہی کیا تھا کہ اندر سے ارشاد ہوا۔

"اری مردار جادیکھ! وہ مونڈی کٹے گئے نیں؟ اندر بیٹھے بیٹھے خفقان (خفقان) ہوگیا!! سرکار سے پوچ کو آج کھانا کھاتیں یا بُھکے (بھوکے) رہتیں؟ ہنڈیاں چُلّے (چولھے) پر پڑیں ہور (اور) آپے ٹھک ٹھک کو مکان بتاریں!!"

ایک شاعروں کے "قدرداں" بزرگ کسی جگہ رونقِ بزم تھے، طوائف صفی لکھنوی کی مشہور غزل گا رہی تھی جس کا مطلع ہے۔

یہ دردِ عشق نے پہلے ہی کہہ رکھا تھا اس دل سے — کہ موت آئیگی آسانی سے دم نکلیگا مشکل سے

آپ جھوم جھوم کر "داد کلام" دے رہے تھے، جب اس نے مقطع گایا۔

پلٹ کر عمرِ رفتہ کو صفی آواز دیتا ہوں
نکل آیا ہوں اپنی رو میں اتنی دُور منزل سے

آپ کے کچھ سمجھ میں نہ آیا، آپ نے ایک دوست سے جو آپ کے بازو میں بیٹھے تھے فرمایا "بھئی عجب "مہمل" شعر ہے! کچھ مطلب ہی نہیں نکلتا!!"

دوست نے کہا: "بھائی صاحب شاعر نے بڑی نازک بات کہی ہے کہ کس طرح تغافل شعار انسان دُنیا کی بھول بھلیوں میں پھنسکر زندگی کی منزل سے دُور نکل جاتا ہے اور آخر عُمر میں پچھتاتا ہے ..... جبکہ اُس کے بس میں کچھ نہیں ہوتا"

شاعری کی یہ "موٹی موٹی باتیں" آپ کے نازک دماغ میں بھلا کیسے آسکتی تھیں! مگر آپنے اس انداز سے سرِ اقدس کو جنبش دی گویا سب کچھ سمجھ گئے ہیں!!

دوسرے روز صبح میں آپ کے بیدار ہوتے ہی آپ کی محترم بیگم کو یہ دیکھکر بڑی حیرت ہوئی کہ آپ اُلٹے پاؤں چل رہے ہیں! پوچھا تو ارشاد ہوا۔

"رات کو دعوت میں ایک شعر سُنا تھا۔ معلوم ہوا کہ گزری ہوئی عمر اُس کے پیچھے پیچھے چلتی ہے! چنانچہ شاعر آخر عمر میں اپنی "عمرِ رفتہ" کو پلٹ پلٹ کر دیکھتا ہے۔ میں نے کل کی رات ہی سے یہ عمل شروع کردیا ہے۔ ابتک تو "وہ" کمبخت نظر نہیں آئی۔ پلٹ پلٹ کر بار بار دیکھنے کی زحمت سے بچنے کیلئے میں نے اُلٹے پاؤں چلنا شروع کردیا ہے تاکہ "وہ" نظر آتے ہی پکڑ لوں! کیوں؟ کیسا آسان طریقہ

میں نے "اعادۂ شباب" بلکہ "اعادۂ طفلی" کا سوچا ہے۔

ایک دن ہمارے ایک پڑوسی کچھ عجب صورت بنائے، منہ لٹکائے، آنکھوں میں آنسو بھرے، وحشت زدہ ادھر ادھر دیکھتے

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

گنگناتے ہوئے ہمارے گھر قدم رنجہ ہوئے اور ہم سے اپنی "پریشانی خاطر" کہکر مشورہ مانگنے لگے۔ واقعات یہ ہیں کہ موصوف کا بیاہ ہوکر پورے نو سال ہوتے ہیں، اس مدت میں آپکے صرف پون درجن بچے ہوئے جو دو لڑکے اور سات لڑکیوں پر مشتمل ہیں۔ یہ سب کے سب بفضلہ تعالیٰ بقید حیات ہیں۔ آپ کی آمدنی کی تفصیل یہ ہے کہ تنخواہ تو دو ڈھائی سو روپے سے زیادہ نہیں ہے مگر "بالائی آمدنی" معقول ہوا کرتی ہے افسوس ہے کہ اس آمدنی میں کچھ عرصے سے غیر معمولی کمی ہوتی جارہی ہے۔ یہ غالباً ملک کی معاشی اور اقتصادی پستی کا سبب ہے، جہاں کسی معاملہ میں ہزاروں ملا کرتے تھے اب سینکڑوں پر نوبت آگئی ہے۔ اس کمی کا آپ کے بجٹ پر خاص اثر پڑا اور آمد و خرچ کا توازن بگڑ گیا۔ اس سلسلہ میں آپ کی اہلیہ محترمہ کے مزاج کا توازن بھی بگڑتا جارہا ہے اور وہ بیحد تلوّن مزاج ہوتی جارہی ہیں، اُن کے غصہ کا پارہ ایک سو دس ڈگری تک پہونچ گیا ہے۔ کبھی آپ کو دفتر میں دیر ہوجائے یا راستے میں کسی دوست کے پاس ٹھہر کر دیر سے گھر آئیں تو ایسی موسلا دھار برس پڑتی ہیں کہ ساون بھادوں کا مینہ بھی مارے شرم کے پانی پانی ہوجاتا ہے۔ گرجنے کڑکنے اور برسنے کے علاوہ آپ کے گریبان و آستین کی بھی خیر نہیں! اس تقریب میں آپکے دو ایک قمیص ہر ہفتہ شور صاف کرنے اور برتن پونچھنے کے کام آتے ہیں۔ آپ کے جسم پر بعض جگہ زخموں کو دیکھکر بیساختہ زبان پر آتا ہے۔ ع

نظر لگے نہ کہیں "اُنکے" دست و بازو کو!

خیر آپ کی "تواضع" تو اسی طرح ہوتی رہیگی کیونکہ آں محترمہ کی عادت تو چھوٹنے سے رہی! مگر اب سوال موصوف کے آمد و خرچ کے توازن کو برابر کرنے کا ہے! خرچ جو اب تک ہوتا رہا ہے وہ تو کم ہونے سے رہا!! اور "وضعداری" بھی یہی ہے کہ خرچ کو گھٹا کر اپنے ہم چشموں پر ذلیل نہ ہوں۔ اس کے علاوہ جیسے جیسے بچے بڑے ہونگے خرچ بھی اللہ رکھے بڑھتا جائے گا اس لئے بڑی سوچ بچار کے بعد ہم نے موصوف کی خدمت میں یہ رائے پیش کی ہے کہ آپ کسی ایسے دفتر میں اپنا تبادلہ کرالیں جہاں "بالائی آمدنی" آپکے بڑھتے ہوئے اخراجات کی کفیل ہوسکے۔ تاکہ آپ کی آمد و خرچ کے توازن کے ساتھ آپ کی بیگم صاحبہ کے مزاج کا توازن بھی برقرار رہے۔ تبادلہ کی کارروائی میں دو چار ہزار صرف کرنے پڑیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ برس چھ مہینے میں اتنی رقم آپ مع سود حاصل کرسکتے ہیں۔

موصوف قسم کھاکر کہتے ہیں کہ آں محترمہ کے گلے پڑنے سے پہلے "بالائی آمدنی" کو آپ "حرام کی کمائی" سمجھتے تھے اور اب بیگم کی نت نئی خواہشوں اور آپ کی فرمانبرداریوں نے حرام و حلال میں امتیاز باقی نہیں رکھا، اس کے ساتھ ساتھ آپ کا یہ بھی خیال ہے کہ گھر کی "برکت" اور دل کا "چین" دونوں رفو چکر ہوگئے ہیں۔

آں محترمہ سے بیاہ کے بعد دو چار مہینے تک آپ کا بیان ہے کہ آپ کا "غریب خانہ" اُنکے دم قدم سے "رشک ارم" بنا رہا اور آپ کے گھر میں واقعی "بہار" آئی ہوئی تھی مگر بے تکلفی شروع ہوتے ہی آپ کی "شامت" آگئی اور وہ اپنے اصلی "روپ" میں جلوہ گر ہوگئیں! جس طرح "لال مرچ" دیکھنے میں نہایت حسین ہوتی ہے مگر ذرا منہ لگائیے تو بس خدا یاد آجاتا ہے!! بالکل اسی طرح "وہ" بھی نکلیں۔

دیکھنے میں نہایت بھولی بھالی، صورت دیکھکر فرشتے یاد آتے تھے اور جی چاہتا تھا:۔

"اُسکو بٹھا کے سامنے یادِ خدا کروں!!"

مگر ضد اور ہٹ کی اس قدر کچی کہ خدا کی پناہ! موصوف کو اپنا "عہدِ طفلی" جب یاد آتا ہے تو فرماتے ہیں کہ سینہ پر لاکھوں سانپ لوٹ جاتے ہیں، اُس وقت وہم و گمان بھی نہ تھا کہ کسی دن آپ کا بھی بیاہ ہوگا اور "ایلی" "لال مرچ" صفت بیوی سے پالا پڑیگا۔

جب آپ کو اُس عہدِ مینت مہد کا خیال آتا ہے تو زبان سے بے اختیار نکل جاتا ہے:۔

وہ بھی کیا دن تھے کہ بیوی گھر میں جب آئی نہ تھی رنج سے واقف نہ تھے غم سے شناسائی نہ تھی

ایک بزرگوار کو آپ کی بیگم نے دو روپے دیئے کہ ایک روپے کے آم اور ایک روپے کے سنگترے خرید لائیں۔ جب آپ میوے کی دکان پر پہونچے تو بڑی احتیاط سے آم اور سنگترے چُنے کہ کہیں دکاندار جیسا کہ اکثر خریداروں کی غفلت کی وجہ سے سڑے گلے پھل دیدیتے ہیں آپ کے ساتھ بھی یہی طرزِ عمل نہ کرے۔ پھل چننے کے بعد آپنے اپنے سامنے وزن بھی کرائے، کیونکہ اس موقع پر بھی گاہکوں کو چکہ دیا جا سکتا ہے ــــ یہ سب کچھ کرنیکے بعد آپنے جیب سے دو روپے نکالے، دکاندار کو یہ دیکھکر بڑی حیرت ہوئی کہ روپے اُسکو دینے کے عوض ہاتھ پر رکھے آپ اُن کو بہت غور سے دیکھ رہے ہیں!

تھوڑی دیر کے بعد آپنے آم اور سنگترے واپس کر دیئے اور شوفر سے گھر چلنے کو کہا، جب گھر پہونچے تو بیگم نے آم اور سنگتروں کا سوال کیا، ارشاد ہوا:۔

"تم بڑی احمق ہو! آج دکاندار سے بڑی ندامت ہوئی، نہایت عمدہ آم اور سنگترے ایک ایک کر کے چُنے اور اپنے روبرو تُلوائے مگر جب روپے دینے کی نوبت آئی تو تم پر بہت غصہ آیا ــــ کیونکہ روپے دیتے وقت تم مجھ کو یہ بتانا ہی بھول گئیں کہ کس روپے کے آم خریدوں اور کس روپے کے سنگترے!!"

"جہاں نورد"

مرزا عظیم بیگ چغتائی کی تازہ ترین تصنیف

مسز کرٹھلے

یعنی اعلیٰ حضرت ہز ہائی نس ڈیوک آف ونڈسر کے نام کھلا مکتوب۔ مرزا صاحب کی عجیب و غریب تصنیف۔ ایک انتہا سے زیادہ سنجیدہ اور باوقار سگر طول طویل مکتوب۔ جو ہز رائل ہائی نس کی ارفع و اعلیٰ پوزیشن اور جملہ آداب شاہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک ذمہ دار مصنف لکھ سکتا ہے۔ وہ بھی انتہائی ادب اور لطافت کے ساتھ۔ قیمت ایک روپیہ علاوہ محصولڈاک؛

ملنے کا پتہ:۔ ساقی بک ڈپو۔ دہلی؛

نہ قصہ نہ کہانی

جنگل کے کنارے چار چھ جھونپڑیوں کا ایک گاؤں تھا۔ اُس میں ایک بُڑھیا رہتی تھی۔ بُڑھیا کا کوئی نہ تھا۔ خود ہی اپنا پیٹ پالتی تھی۔ بھڑے کی دو روٹیاں کھانے کو، گاڑھے کی ایک دھوتی پہننے کو، بس یہی زندگی کی ضرورتیں تھیں۔ ایسی حالت میں کیا حسرتیں اور کیا تمنائیں ہو سکتی ہیں۔ مگر نہیں! یہ گھر بھوتوں سے خالی نہیں رہتا۔ بُڑھیا کے دل میں بھی ایک حسرت تھی۔ وہ اکثر سوچا کرتی تھی "اگر میرے پاس ایک بھینس ہوتی تو۔۔۔۔۔"

بُڑھیا کی ان باتوں پر ایک روز اُن کو ہنسی آگئی۔ حکم دیدیا۔ ایک فرشتہ آدمی کا بھیس بدل کر آیا اور ایک موٹی گول بھینس بُڑھیا کو دیکر چلا گیا۔ اب تو بُڑھیا باغ باغ ہو گئی۔ بھینس کے واسطے اُس نے ناند بنائی، کھونٹا گاڑا، ایک رسّی بٹی، اور ایک چھپّر بھی ڈالا۔ ہر وقت وہ بھینس ہی کی فکر میں لگی رہتی۔ چرانے کو لے جاتے، دونوں وقت ندی میں نہلاتے، راتوں کو دھنواں کرے کہ مچھر نہ ستائیں۔ جب دن بھینس بیاہی تو اُس نے نظر گذر کے ٹیکے اُسکے ماتھے پر لگائے۔ کالی ملّی کا پوجا کیا۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ بھینس نے دونوں وقت ملا کر آٹھ سیر دودھ دینا شروع کر دیا۔ اب تو بُڑھیا کے گھر میں رکھنے کا ٹھکانا نہ رہا۔ کہیں دودھ اونٹ رہا ہے کہیں ٹھاکھ رکھا ہے، کہیں دہی جمایا ہوا ہے، مٹکیاں گھی کی بھری رکھی ہیں۔ مہینے پیچھے جب اِس گاؤں کے لوگ ہاٹ میں جائیں تو اس کا گھی لے جاکر اس کے بدلے میں چمکتے ہوئے روپے لاکر اسے دیدیں۔ یہ ان کو گن گن کر زمین میں دبا دے۔ اور بھینس کے کان میں جاکر کہے "بہنیا پورے ڈیڑھ بیسی کر دے تا جانوں" بھینس جگالی روک کر سُنے اور پھر جگالی کرنے لگ جائے اور من ہی من میں کہے "بُڑھیا اچھی ہے مجھے چاہتی ہے" اس طرح دونوں میں محبت بڑھتی گئی۔ لیکن پڈا (بھینس کا بچّہ) دُبلا ہی ہوتا چلا گیا۔ بھینس کی عقل تو موٹی ہوتی ہے۔ بہت دنوں میں جاکر اُس کی سمجھ میں آیا کہ کیا بات ہے۔ اب اُس نے دودھ چُرانا شروع کر دیا۔ بُڑھیا کو یہ بات ناگوار گذری۔ مگر کر ہی کیا سکتی تھی۔ البتہ اُس نے بھینس کی نگہداشت میں اور زیادہ جانکاہی سے کام لیا۔ جتنی دیر بھینس چرتی بُڑھیا اُس کے رات کے واسطے چارہ جمع کرتی۔ صبح سانی، دیتی، دن بھر چراتی، رات کو ناند بھر کر گھاس رکھدیتی۔ کبھی کبھی بھڑے کی روٹی بھی اسے کھلایا کرتی۔

ایک دن کلکٹر صاحب شیر کے شکار کو نکلے۔ شیر کے واسطے پڈوں کی ضرورت تھی۔ ایک چپراسی نے آکر بُڑھیا کے پڈے پر قبضہ جمالیا، اور بارہ آنے پیسے جن میں ایک چونّی کھوٹی تھی، بُڑھیا کو دیکر پڈا چھین لے گیا۔ شام کو جب بھینس اپنے چھپّر میں آئی اور پڈے کو نہ پایا، بہت گھبرائی۔ رات بھر پکارا کی نہ جگالی کی نہ دودھ اُترا۔ بُڑھیا بھی بہت پریشان تھی۔ دم دلاسے کی باتیں بھی کرتی تھی، گر دن بھی سہلاتی تھی، پچکارتی بھی تھی۔ روٹی لاکر کھلائی، مگر بھینس کے دل پر زخم تازہ تھا کچھ فائدہ نہ ہوا۔ تین دن بُڑھیا نے سب جتن کر ڈالے، دُنیا بھر کی ترکیبیں کیں۔ ٹوٹکے، ٹوٹنے، گنڈے، تعویز، سب کئے۔ تیسرے دن ڈیڑھ کوس چلکر کلندر پھکیر سے چار آنے کا تاویج لائی۔ (قلندر فقیر سے چار آنے کا تعویذ لائی) وہ بھینس کے سینگ میں باندھا جب جاکر بھینس نے دودھ دیا۔ دیا کیا بلکہ دینا شروع کیا۔ آٹھ دن بعد دودھ تو دینے لگی لیکن کبھی تین سیر کبھی چار سیر۔ بُڑھیا نے چری کی کٹی، گیہوں کا بھوسا، ہری گھاس، سب ہی کچھ دیا۔ زمین میں سے کھود کھود کر چار روپے بھی خرچ کر ڈالے مگر دودھ نہ بڑھا۔ بھینس دل ہی دل میں کہے "بہنیا اب تو دودھ مورس کا نا ہیں" (بہن! اب تو

دودھ میرے بس کا نہیں) بڑھیا۔ سانی دیکھ گھنٹوں بھینس کی گردن سہلاتی اور اُس سے باتیں کیا کرتی۔ اور بھینس بھی محبت بھری نگاہوں سے اُسے دیکھا کرتی۔ اسی طرح کچھ دن اور گذر گئے۔

ایک دن شام کو جنگل کے کنارے کنارے یہ دونوں آرہے تھے کہ پاس ہی سال بنی میں نالے کے کنارے شیر دڑ دیکھا۔ دونوں بھاگے، بڑھیا بھی بھاگی اور بھینس بھی۔ نہ اس سے بھاگا گیا نہ اُس سے، جوں توں گھر آئے۔ رات بھر بڑھیا کو نیند نہ آئی، اور بھینس سے جگالی نہ ہوئی۔ صبح کو اس کا پیٹ پھولا ہوا تھا اور اُس کو بخار تھا۔ دو ایک دن بعد جب دونوں لوٹ پوٹ کر تندرست ہوئے تو بھینس کا دودھ اور سوکھ گیا تھا اب دوہی سیر رہ گیا تھا۔ کچھ دن بڑھیا نے کوشش کی جب دودھ نہ بڑھا تو کوشش چھوڑ دی۔ جب کوشش چھوڑ دی تو دودھ اور کم ہوگیا۔ اور جب دودھ اور کم ہوگیا تو سانی چارہ سب موقوف ہوگیا۔ ادھر بڑھیا کو رنج تھا اُدھر بھینس کو۔ دن بھر گاؤں کے کنارے یہ الٹی سیدھی گھاس چر کر آتی اور سیر آدھ سیر دودھ اُترتا۔ کچھ دن بعد یہ بھی نہ رہا۔ یہاں تک کہ بڑھیا نے دوہنا بھی چھوڑ دیا۔

اب بھینس اکثر بھوکی ہی رہا کرتی۔ کچھ دن بعد جاڑا آگیا، گھاس کا پتہ نہ رہا۔ بھینس کو فاقہ پر فاقہ گذرنے لگا۔ بڑھیا نے آنکھ اٹھا کر نہ دیکھا۔ برسات کا گرا گرایا چھپر تھا اسی کے نیچے اپنے آپ بھینس آکر بیٹھ جایا کرتی تھی۔ ہڈیاں نکل آئی تھیں۔ راستہ چلنا دشوار تھا۔ پیٹ ظالم ہے ایک دن گھاس کی تلاش میں ندی کے کنارے کنارے بہت دور نکل گئی۔ ایک جگہ چار طرف کیچڑ اور پانی سے گھری ہوئی کچھ گھاس نظر آئی۔ تیز کیچڑ میں پھنستی یہ بیچاری اُس تک پہونچی۔ اب جو سونگھا تو کھانے کی نہ تھی۔ بمشکل تمام واپس آئی۔ اور ساتھ ہی ایک بھینسیا جونک بھی اپنی بغل میں لٹکا لائی۔ سیدھی گھر کی طرف چلی کہ بڑھیا دیکھکر چھڑا دیگی۔ لیکن اب بڑھیا نے اُس کی طرف دیکھنا بھی چھوڑ دیا تھا۔ وہی ہوا کہ جب جونک نے پورا ڈھائی سیر بچا خون پی لیا اور پونے دو فٹ لمبی ہوگئی جب اپکر پیچھا چھوڑا۔ خیر جونک تو چھٹ گئی لیکن جونک کا زخم رہ گیا۔ اول تو بڑھیا اب اُس کی طرف سے بے خبر ہی تھی۔ پھر زخم تھا بغل میں۔ اندر ہی اندر ناسور ہوگیا۔ کیڑے پڑ گئے۔ بھینس کا وقت آگیا۔ ایک دن جو مرتی کھیتی چرنے گئی تو پھر واپس نہ آئی۔ ندی کے قریب پیپل کے درخت کے نیچے اس کے پیر لڑکھڑا گئے، چاروں پیروں پر بیٹھ گئی۔ خود اُٹھنے کی سکت نہ تھی، سر اونچا کئے بیٹھی تھی۔ گزشتہ زندگی کے واقعات نظروں کے آگے تھے۔ دل کا انجن آخری جدوجہد میں مصروف تھا، کہ ایک پرانا دوست نظر آیا۔ بھائی کالے نے کائیں کائیں کی آوازیں لگائیں اور پیٹھ پر آ اُترے۔ پھر پھدک کر سر پر آئے۔ پھر کان کے پاس۔ بھینس سونگھنے کی کوشش کرنے لگی کہ یہ سچا دوست ہے۔

کوّے نے کہا "کیوں کالی اماں ہم نہ کہتے تھے آدمیوں کو بھینس کی محبت نہیں ہوتی۔ دودھ کی محبت ہوتی ہے" بھینس نے بڑی کوشش سے لمبا سانس لیا اور کوّے کی طرف احسان مندانہ آنکھ اٹھائی۔ کوّا بولا "کالی اماں سچ تو یہ ہے کہ مجھے تم سے محبت نہیں ہے بلکہ تمہارے کان کی کلیوں سے محبت ہے، لاؤ دو چار کھالوں"

بھینس کا دل ضرور بہت بڑا ہوتا ہے۔ لیکن وہ بھی بیٹھ گیا۔

سید رفیق احمد

نغمۂ نور

حضرت بہزاد لکھنوی کا مجموعۂ کلام ساقی بکڈپو کے اہتمام سے زیر طبع ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ تجویز کی گئی ہے تاکہ آسانی سے شائقین خرید سکیں۔ امید ہے کہ آئندہ ماہ تک "نغمۂ نور" آپ کو مل جائیگا۔

(منیجر)

قطعات

محبّت کی راتیں

گوشۂ باغ کی ملاقاتیں! ۔۔۔ اور رازونیاز کی باتیں
اے دل! ارماں رہ نہ جائے کوئی ۔۔۔ پھر نہ ہونگی نصیب یہ راتیں

مُلاقات

یہ مُلاقات لُوٹ لیتی ہے ۔۔۔ عشق کی گھات لُوٹ لیتی ہے
کرلو اختر گواہ تاروں کو ۔۔۔ آج کی رات لُوٹ لیتی ہے

گزشتہ رات

چاند کے پاس اک ستارہ تھا ۔۔۔ میں نے دیکھا تو اشک بہنے لگے
کوئی مجھ سا نہ ہو تمنائی ۔۔۔ ایسی حسرت خُدا کسی کو نہ دے

یاد

کبتک آنسو بہاؤں اور نہ سوؤں ۔۔۔ کبتک اس طرح اپنی نیندیں کھوؤں
حوصلے، ولولے، تمنائیں ۔۔۔ ہائے کس کس کو یاد کرکے روؤں

محبّت

دو دِلوں کی محبّت اے اختر! ۔۔۔ ہے اک ایسی مئے نشاط انگیز
جس کی مستی میں کائنات تمام ۔۔۔ نظر آتی ہے حُسن سے لبریز

اختر انصاری

دیوالی

ہو رہے ہیں رات کے دیووں کے ہر سو اہتمام
صبح سے جلوہ نما ہے آج دیوالی کی شام

ہو چکی گھر گھر سپیدی ڈھل رہی ہیں نالیاں
پھر فضا ہیں کوچوں میں مٹی کی کھلونے والیاں

بھولی بھالی بچیاں چنڈول پا پا کر لگن
اپنی گڑیوں کے گھروندوں میں سجی ہے انجمن

رسم کی ان بچیوں کو کون کہدے گا فضول
ٹھیکروں میں رکھ دیئے ہیں خانہ داری کے اصول

شادماں ہو فرد ۔ وہ نوخیز ہو یا پختہ کار
"تیوہاری" کیفیت بشاش چہروں پر نثار

سر دموسہ کا لڑکپن ۔ گرم چولھوں پر شباب
"برف میں ساقی لگا لایا ہے مینائے شراب"

اچرے بن کر کڑھائی پر ہوا لہکی ہوئی
ہر گلی پکوان کی بو باس سے مہکی ہوئی

گھی تڑق کر پاس والوں کی خبر لیتا ہوا
"جھر" سے شعلوں پر ٹپک کر جل کے بُو دیتا ہوا

نیک دل تپنی کا حصہ ہے مصیبت جھیلنا
پوریاں تلنا حقیقت میں ہے "پاپڑ بیلنا"

آدھ جلے ایندھن کا آنکھوں میں دھواں بھرتا ہوا
نرگس شہلا میں تیزاب خزاں بھرتا ہوا

جاتے ہیں حصوں پہ حصے خاندان در خاندان
آتی ہیں تھالی پہ تھالی ۔ لا رہی ہیں مہرباں

کچھ اگر سامنے تو کچھ ٹوٹے کھنڈولے کھانڈ کے
موکی گردن نہ اردے ۔ پاؤں غائب سانڈ کے

صحن میں کھیتیں بتاسے ابرسے برسی ہوئے
برتنوں کے پاس پتل رات کے پرسے ہوئے

منہمک ہیں کام میں نوخیز چنچل لڑکیاں
ساتھ وہ بھولیں بھی آئیں جو ہیں میکہ میں یہاں

ایک تازک انگلیوں سے دیولے دھوتی ہوئی
دوسری دھوئے ہو نکوچن کے خوش ہوتی ہوئی

بتیاں بٹتی ہے کوئی روئی کا گالا لئے
تیل کا ۔ لڑوا ۔ کوئی آفتہ کا پرکالا لئے

کوئی طاقوں میں دیئے "ترتیب سے رکھتی ہوئی
مشورے سے ۔ لئے سے ۔ ترتیب سے رکھتی ہوئی

جب دیوں سے کر چکی آراستہ دیوار و در
صحن سے زینہ پہ دوڑیں اور پہونچیں بام پر

رکھ کے اونچی منڈیروں پر دیئے جب فرق سے
اوڑھ کر کملی سوادِ شام نکلا شرق سے

بجھ گئی شفق ہر سمت کہر چھا گیا
غازۂ روئے فلک اڑ کر زمیں پر آ گیا

رات ۔ اپنی زلف کا سایہ لگی جب ڈالنے
تاچیں "گھس کر لگیں یہ سب دیوں کو "بالنے"

آنکھ جھپکی تھی کہ منظر ایک پلٹا کھا گیا
ہور کا جلوہ چراغوں پر سمٹ کر آ گیا

روشنی میں ساریوں کے رنگ لہرانے لگے
مختلف آنچل ہوا کے رُخ پہ بل کھانے لگے

یہ "دوالی" کے مناظر ۔ یہ نگاہیں کامیاب
"یا الٰہی تا قیامت بر نہ آید آفتاب"

تیرتھ رام عارفی

چلم گزٹ (انسان نمبر)

الحمدللہ کہ ہمارا رسالہ اپنی عمر کے کئی دور ختم کر کے اس سال میں قدم رکھ رہا ہے۔ ماشاء اللہ ابتدائے آفرینش سے آج تک ہمارا رسالہ جس آب و تاب سے چلا کیا، اس کا علم کس کو نہیں، اس لئے مزید تعارف کو ہم غیر ضروری سمجھتے ہیں۔ پھر یہ امر قابل لحاظ ہے کہ نہ اس کا کوئی دفتر ہے نہ ایڈیٹر، اسکے باوجود اسقدر ہر دلعزیز ہوا کہ ہر شخص کی زبان پر یہ یا اس کے کچھ حصے ہمیشہ چڑھے رہتے ہیں۔

رسالہ کی اس بڑھتی ہوئی مقبولیت کو دیکھکر ہم نے ضروری سمجھا کہ اس سال اس کا ایک خاص نمبر بہ طور سالنامہ نکالا جائے۔ عموماً عادت ہوتی ہے کہ خاص نمبروں یا تصنیفوں کو بڑے بڑے لوگوں یا چیزوں سے منسوب یا مخصوص کرتے ہیں، لیکن ہماری نظر ہمیشہ لطف عام پر رہی ہے۔ اس لئے ہم نے اس کا نام 'انسان نمبر' رکھا ہے۔ اور عام لوگوں کی سہولت بھی پیش نظر ہے اس لئے بالاقساط یہ سالنامہ شائع کیا جائے گا، تاکہ دیکھنے والوں کو وقت بھی ملے اور آسانی سے دیکھ بھی سکیں۔ چنانچہ بطور 'نکاہات' یہ پہلی قسط پیش ہے، جو صاحب چاہیں بہ طور 'تیلولہ' دیکھ لیں: اندیشہ ہے کہ یہ ایک مستقل کتاب بھی ہو جائے۔ اگر ایسا ہو گیا تو نہایت آب و تاب کے ساتھ ایک مجموعی شکل میں بھی پیش کیا جائے گا۔ فقط

(خاص نامہ نگار خصوصی کے قلم سے)

اشتہارات

کیا آپ کو شادی کرنی منظور ہے؟ تو پھر فوراً پتہ ذیل پر درخواست بھیجکر اس زریں موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیجے۔ اب تک کئی درخواستیں آچکی ہیں۔ اس لئے دیری کرنی مناسب نہیں۔

لڑکی نہایت حسین، شریف اور اعلیٰ تعلیمیافتہ ہے۔ ماں، البتہ موجود ہے، باپ کا پتہ نہیں۔ بولتی خوب ہے۔ ماشاء اللہ نہایت شوقین اور سلیقہ مند ہے۔ بال جمانے، کریم لگانے اور پوڈر لگانے میں تو گویا کمال حاصل ہے۔ قیمتی لباس کی آرزو ہے۔ مزاج بھی کافی تیز ہے جس سے یقین ہے کہ شوہر کی ترقی میں بڑی مدد ملے گی۔

مختلف فنون میں بھی مہارت حاصل ہے۔ چنانچہ ریڈیو اور گراموفون لگانے پر تو اس قدر عبور حاصل کر لیا ہے کہ دن کا اکثر حصہ اسی شوق وغیرہ میں گذر جاتا ہے۔ اب صرف ہارمونیم، پیانو، ستار اور طبلہ بجانا آتی ہے۔

خواتین کانفرنس کی ایک سرگرم رکن رہی ہے، اور کئی عورتوں کو ترقی دلاکر مردوں کی قید سے کافی آزاد کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آجکل عورتیں اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے نہ صرف مردوں کو مات دے رہی ہیں بلکہ کئے دن کی خانہ جنگیوں اور گھریلو جینے کا صفایا کر کے تمیز و تمائش میں معتدبہ حصہ لے رہی ہیں۔ اور خود یہ لڑکی بھی اس قدر روشن خیال ہے کہ مردوں کے 'دوش بدوش' چلنے کے شوق میں گھریلو کام کاج کے لئے جھکنا کبھی گوارا نہیں کرتی۔ لہذا پکانے کا انتظام خود شوہر کو کر لینا پڑیگا۔ البتہ اگر اپنی مصروفیتوں سے وقت بچے تو یہ بعض ضروری مشورے دیدیا کرے گی۔ اس لئے مرد کا محنتی، خوش اخلاق، سلیقہ شعار، منتظم، اطاعت گزار، اور فرمانبردار ہونا

ضروری ہے۔

صرف ان حضرات درخواست دیں جو نوجوان اور طاقتور ہوں۔ طاقتور یہ بھی ہوں تو "او کاسا" کا استعمال فوراً شروع کر دیں۔ یہ رگ پٹھوں کو چست کر کے آدمی میں نئی توانائی اور طاقت پیدا کر دیتا ہے۔

ماں، باپ نہ ہوں، یا ہوں تو انہیں مار ڈالیں یا چھوڑ دیں۔ ماہوار جو کچھ بھی ہو مگر موٹر رکھ سکیں، صرف جیب خرچ، سینما اور سہیلیوں کی پارٹیوں سے بڑھکر اور کچھ نہیں چاہیئے۔ البتہ مکان اور لباس وغیرہ بھی اعلیٰ پیمانہ پر ہونا لازمی ہے۔

لڑکی کا خیال ہے کہ اعلیٰ تعلیم بھی ہماری رکھے، اس لئے ولایت کو بھیجنے کا اخراجات بھی برداشت کرنے ہونگے۔ البتہ ہفتہ میں ایک خط وہ مسلسل لکھتی رہے گی۔ سائے لندن اور دیگر مضافات لندن کی کیفیت سے بھی برابر مطلع کرتی رہے گی۔ جواب کے لئے ٹکٹ ارسال ضرور ہے، ورنہ جواب کی ذمہ داری نہیں

جدید اصول خانہ داری کی رو سے یہ ضروری ہے کہ میاں بیوی الگ رہیں، جہاں ساس، نند، جٹھانی، مامائیں وغیرہ نہ ہوں ان لوگوں کے قدیم خیالات کی وجہ سے گھر کی حفظان صحت پر اثر پڑنے کا اندیشہ ہے۔ اسلئے ان سب کو گھر کو پاک صاف رکھنا افضل البتہ باہر کے کام کاج یا گھر کی سنبھال کیلئے ایک آدھ نوکر یا دیور وغیرہ ہوں تو مضائقہ نہیں۔

ویسے لڑکی، ماشاء اللہ، خود بہت سلیقہ شعار ہے۔ اور تجربہ کاری نے تو اس میں اور بھی چار چاند لگا دئے ہیں۔

عموماً ہمارے ہاں نوعمر اور جاہل کنواری لڑکیاں کرنے کا رواج ہے جو نہایت مہمل اور آفت انگیز ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے ہمارے گھروں سے امن و چین مفقود ہو گیا ہے۔ کیونکہ میاں ٹھہرے تعلیم یافتہ اور عمدہ لے اور بیوی ٹھہری ایک ناسمجھ اور بالکل کنوار لڑکی۔ پھر وہ میاں کی فطرت کو کیونکر سمجھ سکتی ہے۔ جب کہ آنکھ ملاتے ہوئے شرم آتی ہے۔ اسی خامی کو دور کرنے کیلئے اس لڑکی کی **بڑی عمر میں** شادی کی خواہش ظاہر کی ہے۔ اور عینک بھی لگاتی ہے تاکہ مرد کی فطرت کا مطالعہ اچھی طرح کر سکے۔ اس پر اسے سابق دو شوہروں سے جو تجربات ہوئے ہیں انہوں نے اس کی مزاج شناسی میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے۔ اس لئے صنفی محبت کے ساتھ ساتھ ایک مادرانہ شفقت کا رنگ بھی نظر آجائیگا۔ اور ماں تو آپ جانتے ہی ہیں جسکے پاؤں کے نیچے بہشت ہے۔

غرض جب آپ شادی کریں تو خود بخود واضح ہو جائے گا، ہم کیا عرض کریں۔ یہ اشتہار تو صرف یوں ہی ہے، ورنہ مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔

درخواست کے ساتھ فوٹو اور صرف ایک سو روپیہ بطور داخلہ فیس ماہ حال کی مناسب تاریخ تک فوراً آجانی چاہیئے، ورنہ شکر کا موقع نہ ملے گا۔ پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی۔ فقط

نوٹ

مخفی باد کہ عمر کا زیادہ تر حصہ سابق ملازمت شوہران سابق مدراس اور ملیبار کے علاقوں میں گذرا ہے، اس لئے صرف تلگو اور تامل زبانیں آتی ہیں۔ اردو البتہ سیکھ لینی پڑیگی۔

رشتہ داروں اور جائداد کا زیادہ تر حصہ غدر ۱۸۵۷ء اور مال و زیور سب موسیٰ ندی کی طغیانی میں غارت ہو گیا، اس نے اب صرف قناعت پر از تو بگذری کے انمول موتی کے سوا جس کی قیمت داناؤں نے کوہ نور کے مشہور ہیرے سے بڑھکر لگائی ہے، اور

کچھ نہیں رہا۔ خریداروں کے لئے نرخیں موقع ہے۔

ایک لڑکے اور ایک لڑکی کی شادی ہو چکی ہے۔ اب صرف دو لڑکیاں اور ایک لڑکا شادی طلب ہیں۔ ان کی ذمہ داری لے لینی بھی مناسب ہوگی۔ ثواب کا کام ہے۔

فلک ناہنجار کی کجرفتاری کی وجہ سے بیہ نائی میں کچھ فرق آگیا ہے۔ اس لئے درخواستیں خوشخط یا ٹائپ ہونی ضروری ہیں تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو۔ فقط

تیری یاد

انجمن ترقی ڈراما کے

معتمد ترقی ڈراما کی انجمن صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ پروفیسر بی کافر کا مشہور و معروف و معرکۃ الآرا ڈراما بتاریخ ۲۰ راہِ رواں و سنہ جاری، روز چھ شنبہ، بہ مقام باغ عام، بمنظرِ سہولتِ پبلک ہونے والا ہے۔ اُمید کہ دنیا کے سب افراد حاضر ہو کر خود کو ماجور اور بندے کو ممنون فرمائیں گے۔

ڈرامے کی آمدنی کا کثیر حصہ رفاہ عام کے کام مثلاً محکمہ بلدیہ، انجمن ارتقاء گداگران، ریڈیو سٹیشن کی گانے والیاں، امدادِ ہوٹلان، امدادِ بیوگان اور ہلاکتِ یتیماں اور ٹی پارٹیاں وغیرہ میں صرف ہونے والا ہے۔ اُمید کی جاتی ہے کہ ہر شخص اپنی آمدنی کا کثیر سے کثیر حصہ صرف کر کے اپنی وطن پرستی کا ثبوت دیگا۔

عالی جناب نواب صاحب موصوف دام اقبالہٗ نے بہ کمالِ عنایت سرپرستی قبول فرما کر نہ صرف ڈرامے پر احسان کیا ہے بلکہ اسٹیج، اشتہارات، تھیٹر وغیرہ سب کو بھی سرفراز فرمایا ہے۔ اور عالی جناب کی سرپرستی سے کون واقف نہیں، چنانچہ آپ بڑے سرپرست ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ایک کی سرپرستی فرماتے ہیں، اور سرپرستی ہی ایک ایسی چیز ہے جس کے ذریعے ڈرامے اور قومیں ترقی کرتی ہیں۔ نہ صرف آپ سرپرستی فرماتے ہیں بلکہ بڑے ڈراما نویس، اور ایکٹر بھی بننے کا شوق رکھتے ہیں۔ انشاء اللہ اگر پروفیسر کافر صاحب ڈرامہ نہ لکھ سکے تو آپ ہی کا ڈرامہ اسٹیج کیا جائیگا۔ سُنا ہے کہ آپ بھی لکھنے کا ارادہ کر رہے ہیں۔

ادبیاتِ عالیہ میں ڈراما ہی ایک ایسی چیز ہے جس کو صحیح معنی میں ادب اور اسٹیج کا ایک جزو کہا جا سکتا ہے مگر افسوس ہے کہ ہماری زبان اسی میں سب سے پیچھے ہے۔ ڈرامے میں کردار کا پتہ، واقعات کا خاکہ، اور ایکٹروں کا مکالمہ ہوتا ہے جس سے سب کے سامنے مختلف لوگوں کا کام اور نفسیاتی پہلو آجاتا ہے۔

ماشاء اللہ جتنی عورتیں کام کر رہی ہیں وہ سب اعلیٰ تعلیمیافتہ، فیشن ایبل اور حسین ہیں اور مرد بھی چنے ہوئے۔

چونکہ کثرتِ واژدہام کا اندیشہ ہے اسلئے کرسیوں وغیرہ کے جھگڑوں سے لوگوں کو بچایا گیا ہے۔ باغ عام کا سبزہ کیا ہے، گویا مخملی فرش ہے۔ یہی انتظام ہم نے مناسب سمجھا۔ اُمید ہے کہ لوگ اس ڈرامے میں کھو جائیں گے۔ یہی سبب ہے کہ ڈرامے کا نام "تیری یاد" رکھا گیا ہے۔ اور دُنیا میں کون ایسا شخص ہے جس کو "تیری یاد" سے واسطہ نہ پڑا ہو خصوصاً نوجوان حضرات کیلئے تو یہ بیک وقت تریاق اور زہر دونوں کا کام دیگا۔

اور پھر لکھنے والے کی شخصیت پر غور کیجئے! ــــ کون؟ ــــ کافر! ــــ کافر کے کئی معنی ہوتے ہیں، ازاں جملہ خود معشوق

کو بھی کافر کہا جائے ہے..... اب آپ خود اندازہ فرمالیں..... بہرحال یہ ڈرامہ اپنے اندر جو شاندار خصوصیات رکھتا ہے وہ عنقریب منصۂ شہود پر آجائیں گی۔

اُمید ہے کہ تمام ایکٹر اور ایکٹرسیں اس ڈرامے میں ہمارا ہاتھ بٹائیں گی، انشاء اللہ ڈراما کامیاب ہوتے ہی انہیں تمغا ہیں دیدی جائیں گی۔ خیر یہ سب تو ہوتا رہیگا۔ مگر اب صرف ڈرامے کے لکھے جانے کا انتظار ہے۔ آپ بھی تاریخ کا انتظار کیجئے۔ فقط

انکشافات

لئے دن جو حیرت انگیز انکشافات ہوتے رہتے ہیں وہ سائنس اور انسانی عقل و تحقیق کا ایک شاندار کرشمہ ہیں آج ہم اسی قسم کے ایک جدید انکشاف کا ذکر کریں گے۔

قصبۂ افریقہ میں ایک بڑا شہر ہے جس کی بیچ زمین میں ایک درخت پایا جاتا ہے۔ اس کی کوئی جڑ نہیں، مگر ایک ڈالی ہے اور اتنی اونچی گئی ہے کہ سورج کی شعاعیں بالکل اسی میں سے ہوکر گذرتی ہیں۔ یہ درخت ہزار سال میں ایک دفعہ نظر آتا ہے۔ مشہور ہے کہ جو کوئی اس کو دیکھ لے ساری دُنیا کا بادشاہ بن جاتا ہے۔ اس کو سُن کر کئی بادشاہ، شہزادے حتیٰ کہ عام لوگ بھی اس کے زیر سایہ جاکر بیٹھے کہ کسی دن نظر آجائے۔ اسی طرح تانتا بن گیا۔ جب لوگوں کا بہت ہجوم ہوگیا تو درخت کو گرمی ہونے لگی۔ ابتداءً تو نرمی سے چلے جانے کو کہا لیکن کثرتِ اشتیاق میں کسی نے نہ مانا تو اُس نے زور زور سے تقریر شروع کردی، جس کے ہر لفظ سے ایک ایک درخت ٹپکنے لگا۔ اور انہوں نے بھی بولنا شروع کیا۔ اس پر اس قدر شور مچا کہ وہ لوگ تو فنا ہوتے ہی، ساری دُنیا میں بھی زلزلے کے جھٹکے شروع ہوگئے۔ چنانچہ کوئٹہ، پٹنہ، بہار، یلغرستان، جاک جک آباد، اور ہر اعظم مُوری لینڈ کے جھٹکوں سے تو کون واقف نہیں، جبکہ یہاں وہ چار سال کے جھٹکوں کا ذکر بھی بے محل نہ ہوگا، مثلاً پنجاب کا جھٹکا، حیدرآباد کا جھٹکا، جالنہ کا جھٹکا، قلم کا جھٹکا، بات کا جھٹکا سواتی کا جھٹکا وغیرہ۔ یہ سب جھٹکے اسی درخت کے غصہ کا نتیجہ ہیں۔ ان جھٹکوں میں بعض آرام دہ ہیں اور بعض تکلیف دہ۔

اگرچہ اس واقعہ کو ہزاروں برس گذر چکے ہیں۔ مگر اب بھی اس کا اثر ہر جگہ باقی ہے۔ چنانچہ جب کبھی موسلا دھار بارش ہو آپ کانوں میں انگلیاں رکھ کر خوب دیکھئے۔ اسی جھٹکے کی سنسناتی ہوئی آواز آپ کے کانوں میں آئیگی۔

آواز کی نوعیت سے اگرچہ آپ خود اندازہ لگا سکیں گے کہ کتنی دُور اور کتنے قبل تاریخی زمانے کی یہ بات اور درخت ہے، مگر حال ہی میں محکمۂ آثارِ قدیمہ نے اس خصوص میں جو تحقیق کی ہے وہ ایک نہ مٹنے والی یادگار ہے:

کہتے ہیں کہ اس محکمے کے ایک رکن ایک شام تفریح جا رہے تھے کہ ایک خاص مقام میں اُن کے پاؤں سے ایک ٹکڑا لگا۔ انہوں نے فوراً اٹھا لیا اس پر کچھ لکھا ہوا تھا مگر پڑھا نہیں جاتا تھا۔ دھندلکا دُور کرنے کے لئے انہوں نے جیب میں سے عینک صاف کرنیکا کپڑا نکالا، اور صاف کیا تو معلوم ہوا کہ خطِ تقدیر میں اس پر کچھ لکھا ہوا ہے۔ اُن سے پڑھا تو نہیں جا سکا۔ پھر بھی جو رلئے انہوں نے اپنی تحقیق کی بنا پر بظاہر کی بنا پر اقتباس ہی درج ذیل کیا جاتا ہے:

"میں آج ایک حیرت انگیز ٹکڑے کا انکشاف کرنے والا ہوں تحقیق سے نہیں بتا سکتا پھر بھی اتنا یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ ٹکڑا کسی درخت کا ہی جزو رہا ہوگا۔ حروف کا پتہ نشان کچھ بھی نہیں پایا جاتا جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ بہت قدیم زمانے کا ٹکڑا ہے۔

اور یہ بھی صاف ظاہر ہے کہ یہ شیشم کی لکڑی سے تعلق رکھتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ غار ہائے ایلورہ، اجنٹا کی تعمیر میں جتنی لکڑی صرف ہوئی وہ اسی درخت سے لی گئی ہوگی، تب ہی تو ان غاروں میں اتنی مضبوطی اور تاریکی پائی جاتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ قدیم سے قدیم انگریزی زمانہ کا تمدن بھی سامنے آجاتا ہے۔

ان غاروں کی تعمیر میں ایسے ایسے معماروں نے کام کیا ہے کہ دنیا کے سارے دیکھنے والے روزانہ جوق در جوق آتے ہیں اور دیکھکر چلے جاتے ہیں۔ البتہ بعض صاحب ذوق اور شاعر قسم کے لوگ کچھ تعریف بھی کر دیتے ہیں یا ایک آدھ نظم لکھ لیتے ہیں۔ غرض یہ ایسی قابل فخر چیز ہے کہ ہمارے محکمہ اور ساری دنیا کو اس پر جتنا ناز ہو کم ہے۔ اور یہ خوش نصیبی کی بات ہے کہ اس ٹکڑے کا سہرا خاکسار کے سر رہا ہے، جس سے اس درخت کی قدامت، استقامت، حقیقت، قیمت وغیرہ سب کچھ کا پتہ چل جاتا ہے۔

ہم قابل کارکن کے اس انکشاف و تحقیق پر انہیں مبارک باد دیتے ہیں۔ ان کا خیال تھا کہ اس ٹکڑے کو بیچ ڈالیں، چنانچہ انہوں نے ابتداءً اعلان کیا تھا، اور کئی آثار قدیمہ سے دلچسپی رکھنے والوں نے قیمت بھی لگائی تھی، حتیٰ کہ وہ ہزاروں لاکھوں تک پہونچی۔ مگر ان کی خواہش تھی کہ اس ٹکڑے کے عوض انہیں ڈینی کی ڈکٹیٹری دیدی جائے۔ مگر ہٹلر نے صاف انکار کر دیا، اس لئے انہیں مایوسی ہوئی۔ پھر انہوں نے نیلام میں ڈالدیا، لیکن چونکہ وقت گذر گیا تھا کسی خریدار کو اطلاع نہ دی جاسکی۔ مجبوراً وہ وہاں سے بھی گھر لائے، اور ایک کاٹھ کی الماری پر رکھا تھا کہ ایک دن گھر کی بلی انہیں بہت ستانے لگی، غصہ میں آکر انہوں نے اس ٹکڑے سے اسکو مار دیا۔ اور وہ زخمی ہوگئی۔ اتفاقاً بلی بیوی کو بہت عزیز تھی، یہ حال جو دیکھا تو غصہ میں آگئیں، اور شوہر کے اس سخت جگر کو لے جاکر چولھے میں جھونک دیا۔ شوہر صاحب بہت تلملائے، مگر آج کل بیوی کے مقابلہ میں کس کی چلتی ہے جو ان کی پیش جاتی۔ دل پر سل رکھ کے یہ صدمہ برداشت کیا۔

البتہ سنا ہے کہ اب راکھ اٹھاکر رکھی ہے کہ بہ صد رنج والم کاشی کو لے جاکر دفنا آئیں۔ چونکہ اس غرض کیلئے پیسے درکار ہیں، فی الحال چندہ جمع کرنا شروع کر دیا ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ موصوف کو اپنے مقدس مقصد میں جلد کامیابی ہو۔

اختراعات

فوٹوگرافی:۔ فوٹوگرافی کے فن نے حال میں جو ترقی حاصل کر لی ہے وہ ماضی میں کبھی نہیں کی تھی، اور مستقبل میں جو ترقی کرے گی اس کا اندازہ ہم ابھی سے کیونکر بتا سکتے ہیں۔ آئے دن اس فن میں جو ایجادات و اختراعات ہو رہی ہیں ان کو سن کر عقل دنگ رہ جائے گی۔

ابتداءً لوگ سمجھتے تھے کہ فوٹو میں صرف صورتیں لی جاسکتی ہیں مگر معلوم ہوا ہے کہ اب عمارتیں، تجارتیں، سین سینریاں وغیرہ بھی لی جاسکتی ہیں۔

فوٹوگرافی کی تاریخ پر ایک سرسری آنکھ مارنے سے ظاہر ہو جائیگا کہ اس کا موجد ایک مزدور اور اس کا پسینہ ہے۔

کہا جاتا ہے کہ ایک مزدور جب دن بھر کام کرتے کرتے پسینہ پسینہ ہوگیا تو تالاب کے کنارے گیا کہ منہ ہاتھ دھوئے جیسے منہ دھونے جھکا پانی میں صورت نظر آئی۔ پہلے تو اس نے خیال کیا کہ شاید کوئی مگرمچھ پانی پینے اوپر آرہا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ پاؤں کی حرکات سے اسے وہم ہوگیا کہ ہو نہ ہو اس میں کوئی جن ہے۔ دوڑا ہوا مالک کے پاس آیا اور حال بیان کیا کہ پانی میں کوئی صورت

نظر آتی ہے۔ انہوں نے جنس کرا دیا کہ بیوقوف پانی بھی کوئی کاغذ ہے کہ جس میں صورت نظر آئے ـــــ پانی تو پینے کے لئے ہے دیکھنے کے لئے تھوڑی ہے! لیکن اُس کے اصرار سے جب انہوں نے خود جاکر دیکھ لیا تو بڑا تعجب کیا، اور سارے شہر میں ایک کھلبلی مچ گئی۔ فوراً ہی ضلع صاحب کو اطلاع دی گئی موقعہ وارادات پر پہونچے اور معائنہ فرمایا دیکھا تو بات ٹھیک معلوم ہوئی، گھبراتے ہوئے فرمایا۔ "ہونہ! ہوں! البتہ لعین اس تالاب پر چھا گیا ہے ـــ دیکھو دیکھو کتنی بڑی داڑھی ہے ـــ لو باتیں بھی کرتا ہے!" پھر جو اپنے رعب کا خیال آیا تو ذرا سنبھلکر کہا۔ "لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم"۔

رفتہ رفتہ یہ خبر بہت پھیل گئی تو گورنمنٹ نے ایک کمیشن اس کی تحقیقات کیلئے مقرر کی۔ کمیشن نے بعد تحقیقات ثابت کر دیا کہ "بعض دفعہ پانی میں جھانکنے سے صورت نظر آسکتی ہے"۔

پھر ایک زمانہ کے بعد ایک سائنسداں نے اسی تحقیقات سے فائدہ اٹھا کر پانی کو ایک کٹوری میں ڈالا، اس میں تھوڑا سا رنگ ملایا اور ایک تنکے سے پتلے کپڑے رنگنا چند کاغذ پر لکیریں کھینچنا، پھر تصویریں بنانا شروع کیا، اور اس طرح سے اس فن صورت گری یا فوٹوگرافی کا وجود عمل میں آیا۔

اور اب تو اس فن نے اس قدر ترقی کر لی ہے کہ اس سے مختلف کام لئے جانے لگے ہیں۔ مثلاً ڈنروں میں دعوتیوں کے فوٹو لینا، بیاہ یا کے چہروں کے قد و جسامت کا اندازہ لگانا، چوروں کے نقش قدم سے ان کو گرفتار کرنا، ناولوں میں عاشق معشوق کی تصویر لگانا، کوکشاستروں میں آسن بتانا، انسانی جسم کو لباس کی کلفتوں سے بچانا وغیرہ۔

اس آخری فن کو اصطلاح میں "فوٹو ٹی زم" کہا جاتا ہے، جس کا سیدھا سادا ترجمہ "ننگا پن" ہو سکتا ہے، مگر ہندوستانیوں میں کبھی اتنی صلاحیت نہیں پیدا ہوئی کہ اپنی مادری زبان میں اس فن کی خوبی اور اہمیت کو سمجھ سکیں، اسلئے بالفعل انگریزی زبان میں ہی اسکی اشاعت جاری ہے۔

بہت سے مایہ فن اس میں پیدا ہو گئے ہیں اور جگہ جگہ، مثلاً پان کی دکانوں، حجامت خانوں، عید کارڈوں، اور سوشل کلبوں میں اس کا عکسی یا جسمی مظاہرہ ہوا کرتا ہے۔ اس فن کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ انسانوں اور خصوصاً عورتوں کی تصویریں جس قدر لباس کی آلائش سے پاک ہوں اتنا ہی کمال سمجھا جاتا ہے، جسکو آرٹ کہا جاتا ہے۔

پہلے پہلے تو یہ فن تصویروں تک ہی رہا لیکن اب بہت عورتوں پر بھی اثر کر گیا، اس کا اثر رفتہ رفتہ ہوتا ہوا پنڈلی تک پہنچا پہلے پہل ہاتھوں سے شروع ہوا کہ آستینیں اٹھتے اٹھتے کاندھے تک پہونچیں، پھر گردن پر اس کا اثر پڑا، اور وہاں سے نیچے کو کھسکتے کھسکتے یہ اب صرف سینہ کے نیچے تک آکر رہ گیا ہے۔ یہاں سے جانے اس کی ترقی کب مارچ ہوتی فی الحال تو اسی کو جنگشن سمجھ کر ٹھہر گئی ہے۔

جب لباس کی اوپری تنگ حد یہاں تک ظاہر ہوئی تو اس نے پاؤں میں سے سمٹنا شروع کیا، پہلے ٹخنا، پھر پنڈلی، پھر گھٹنا، اب تو ماشاء اللہ رانوں پر بھی کھیلنے لگا ہے امید ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے کو ملنے کے شوق میں بالکل ختم ہو جائیں گے۔ پھر آرٹ کا منتہائے کمال یہ ہوگا کہ ہاتھ سے ہاتھ ملے ہوں گے۔

فوٹوگرافی کا کمال صرف آرٹ کی حد تک محدود نہیں، بلکہ اس سے اور بہت سے حیرت انگیز کام لئے جاتے ہیں، مثلاً جرائم کی تفتیش، جانوروں کی تحقیق وغیرہ۔

ذیل میں ہم ایک واقعہ بیان کرتے ہیں جس سے اِس حقیقت پر کافی روشنی پڑیگی:۔

حال میں ایک گاؤں کے زمیندار نے ایک نوجوان کسان کو گولی سے مار ڈالا۔ پولیس کی تحقیقات میں، فوٹو لینے سے صاف معلوم ہوگیا کہ گولی مقتول کے پیٹ کی جلد کو چیرتی ہوئی، انتڑیوں میں سے گذر کر، راست پیٹھ کے باہر نکل گئی ہے۔ اور کسان زمین پر سر و قد تڑپتا پڑا ہے۔

زمیندار کو قاتل ہونے سے انکار تھا۔ پولیس امین اور فوٹو گرافی نے اس خصوص میں جو مدد دی وہ ایک زبردست کارنامہ ہے۔ امین صاحب اُس مقام پر گئے جہاں مقتول کا خون پڑا تھا۔ خون کو غور سے دیکھا اور بڑی احتیاط سے خون ہر زمیندار کے نام کی سی لکیریں کھینچکر دیکھیں، صاف نہ معلوم ہوسکا، لیکن فوٹو لینے سے پتہ چل گیا کہ زمیندار ہی قاتل ہے۔ لہٰذا کارروائی کی گئی، لیکن زمیندار اور پولیس کے سمجھوتہ سے معاملہ رفع دفع ہوگیا اور حکومت نے فیصلہ کیا کہ "نوجوان کسان کے افسوس پر حکومت کو بڑا انتقال ہے، اور اس کے پسماندوں سے دلی ہمدردی ہے۔ چونکہ غریب کسان تھا، لہٰذا اس کے اہل و عیال کی پرورش کے لئے کسان کی زمینات سے زمیندار کو وظیفہ تاحین حیات جاری کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔ زیادہ چہ!"

اس سے واضح ہوجائے گا کہ فوٹوگرافی سے انسانی ضرورتوں کی کہاں تک تکمیل ہوسکتی ہے اور اس نے کیا کیا خدمات انجام دی ہیں۔ اب ہم اس باب اختراع کی ایک اور کرشمہ زایجاد کا ذکر کرکے اس باب کو ختم کر دیتے ہیں:۔

امریکہ میں ایک مچھر مارنے کی مشین ایجاد ہوئی ہے، جس سے ایک گھنٹہ میں کئی لاکھ ہزار سو مچھر مارے جاسکتے ہیں۔ مچھر سی مردم آزار مخلوق شاید ہی کائنات میں کوئی ہو، اسی نے نمرود سے خدائی اور جان چھینی، اسی نے ملکوں میں ملیریا پھیلا کے لوگوں کی جانوں پر بنوادی، اسی نے لوگوں کی نیندیں حرام کر دیں۔ مگر شکر ہے کہ اب انتقام کا وقت آگیا اور امریکہ نے اس کا بیڑا اٹھایا۔

مشنری کے نصب کرنے کے لئے اقطاع عالم سے بڑے بڑے انجنیر بلائے گئے ہیں۔ اور کئی مزدور دن تمام اس دھن میں لگے رہتے ہیں کہ مچھروں کا قلع قمع کیا جائے۔ مگر مچھر اکثر رات میں نکلتے ہیں اور پھر مشنری کے قریب جانے سے بھی گھبرانے لگے ہیں، اس لئے کمپنیوں نے ایک عام فہم اُصول ایجاد کرکے جگہ جگہ اعلانات تقسیم کرادئے ہیں، تاکہ اُن کی مدد سے لوگوں کو بغیر مشن کے بھی مچھر مارنے میں آسانی ہو۔

اُصول کا خلاصہ یہ بتایا گیا ہے کہ مچھر کے آواز کرنے تک تو صبر سے کام لیا جائے لیکن جب وہ کان کے پاس یا زیادہ تر گال پر بیٹھ جائے تو نشانہ کا ٹھیک اندازہ کرکے زور سے ایک ہاتھ مارا جائے ـــــ یقین ہے کہ اگر مچھر پر یہ ہاتھ پڑجائے تو وہ کبھی بچ نہیں سکتا۔ اور اگر غلطی سے وار خالی جائے بھی تو فائدے سے خالی نہیں۔ کیونکہ صحیح معنی میں احساس ہوتا ہے کہ "انداد بے رحمی ہر جانوراں" کتنی ضروری چیز ہے۔ اس کے علاوہ خون چوسنے کے لئے مچھر جو مسامات کو اپنے ڈنک سے کھول دیتا ہے، وہ اس طمانچہ سے فوراً بند ہوکر پھر سے مسامات مل جاتے ہیں اور خون بہنے کا اندیشہ باقی نہیں رہتا۔

صنعت و حرفت اور ایجادات کے معاملہ میں امریکہ نے جس قدر ترقی کرلی ہے کسی سے پوشیدہ نہیں، یہی وجہ ہے کہ کہا جاتا ہے امریکہ کے رقبہ میں کہیں مچھر نہیں مل سکتا، البتہ مکھیاں جگہ جگہ نظر آجاتی ہیں۔

امریکہ میں قافیہ تنگ ہونے کے سبب اکثر مچھر ملک ہذا میں آگئے ہیں اور یہ لوآبادیات کچھ ایسے زوروں پر ہے کہ یہاں بھی اسکا

سیلاب کافی نظر آتا ہے، چونکہ جب تک کوئی شخص ولایت کا طواف نہ کرلے ماہر نہیں سمجھا جاسکتا۔ بہتر ہے کہ چند قابل نوجوانوں کو "مچھر کشی" کی اعلیٰ تعلیم کے لئے بھیجکر ملک کی کارکردگی میں اضافہ کیا جائے، اور ایسی چند مشینیں بطور فائر بریگیڈ منگالی جائیں تو بہت کچھ فائدہ پہونچ سکتا ہے۔

اگرچہ ملک ہذا میں ہر شخص کو اس فن میں کچھ نہ کچھ مہارت حاصل ہے، لیکن ابھی تعلیم اس قدر عام نہیں ہوئی کہ ہر شخص اس طرف توجہ کرے۔ اس لئے یہ بھی قابل ترجیح ہے کہ جبری تعلیم کو رواج دیا جائے، تاکہ ملک ہیضہ اور مچھروں سے بالکل محفوظ ہوجائے۔

مگر اس سلسلہ میں ایک دشواری یہ ہے کہ بعض مذاہب میں اسکے خلاف سخت احتجاج کیا جارہا ہے، کیونکہ مچھروں سے شب بیداری اور عبادت میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔

بہرحال کافی غور و خوض کے بعد گورنمنٹ نے ایک بورڈ قائم کردیا ہے۔ امید ہے کہ اسی سلسلہ میں وہ اپنی اعلیٰ قابلیتوں کا مظاہرہ کرکے ملک کو کثیر سے کثیر فائدہ پہونچائیگا۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس سلسلہ میں کثیر سے کثیر مچھروں کو رغبت دلائے اور تحقیقات کرنے کے لئے کئی ڈنر، رات اور دن کے مختلف اوقات میں ترتیب دئے جانے والے ہیں۔ اور ایک بیرونی وفد کی بھی توقع کی جارہی ہے۔

سالانہ رپورٹ شائع ہوتے ہی ہم نتیجہ سے فوراً آگاہ کریں گے۔ فقط

سید علی شاکر

ساقی بک ڈپو۔ دہلی کی دلکش کتابیں:

خانم:۔ دیوراجی چھاجانی کی پُر لطف نوک جھونک۔ چغتائی صاحب کے پچیس دلکش مضامین۔ مجلد سنہری ٹھپہ۔ ۔ ۔ قیمت للہ عہ

کولتار:۔ تھی تو بچاری سانولی مگر شریر لڑکوں نے نام کولتار صاحب رکھدیا۔ پھر کیسے کیسے واقعات رونما ہوئے ہیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

ویمپائر:۔ زانی مرد خونخوار درندے کی طرح ایک بیکس عصمت آب خاتون پر جھپٹتا ہے اسکی زندگی برباد کرتا ہے، مگر ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

شریر بیوی:۔ اس قدر شریر بیوی تھی کہ بڑے بڑوں کے کان کاٹتی تھی، کیسا کیسا ناک میں دم کیا ہے اس شریر بیوی نے! ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۲ر

روح ظرافت:۔ انگوٹھی کی مصیبت اس کتاب کے آٹھ افسانوں میں سے ایک ہر جس نے یہ افسانہ نہیں پڑھا اس نے اپنے اوپر ظلم کیا ۔ ۔ ۔ عہ

کمزوری:۔ عورت کی کمزور فطرت سے شہزور مرد نے ناجائز فائدہ اٹھایا اور اس کی زندگی برباد کردی۔ ۔ ۔ عہ

روح لطافت:۔ ہمارانی کا خواب اس کا پہلا افسانہ ہے۔ ایسا عبرتناک افسانہ آپنے آج تک نہیں پڑھا ہوگا۔ بھیانک مگر دلکش ۔ ۔ ۔ عہ

جنت کا بھوت:۔ بی جنت شرارت کی پتلی تھیں۔ بھوت صاحب کا ناک میں دم کردیا۔ پھر کچھ ایسی صورت پیدا ہوئی کہ ۔ ۔ ۔ ۱۲ر

دیکھا جائیگا:۔ ایک لڑکی تین مردوں سے عاشق ہوگئے تو۔ دیکھا جائیگا صاحب۔ کچھ فیصلہ نہ کرسکے، بالآخر یہ طے پایا کہ ۔ ۔ ۔ عہ

ملفوظات ٹامی:۔ کتے، مرغے، مرغیاں اور گھریلو جانور انسانی زبان بولنے لگے۔ کیسی عجیب عجیب باتیں کی ہیں انہوں نے! ۔ ۔ ۔ ۱۲ر

تفویض:۔ بی اے پاس لڑکی کی شادی مسجد کے ملا سے ہوگئی۔ لوں یہ سمجھئے کہ زمین آسمان ایک ہوگئے۔ ۔ ۔ ۔ ۵ر

قرض محبت:۔ کو کاٹنے والی قینچی کا نام قرض ہے۔ آپنے بہت کہانیاں پڑھی ہونگی، مگر ذرا اس کو بھی پڑھکر دیکھیے۔ ۔ ۔ ۔ ۵ر

ریاضؔ رضواں

ہندوستان کے شعرا میں مرحوم ریاضؔ کا نام شہرتِ عام اور بقائے دوام کی نعمت سے مالا مال ہے۔ گل و بلبل، زلف و عارض، چشم فتاں اور ابرو نے خمدار، تیرِ جاں بخش اور قہرِ جاں سوز، بیمارئ دل اور رنجوریِ جگر کی داستانیں بیان کرنے والے شعرا کی نہ کبھی کمی تھی نہ ہے، اور نہ شاید ہوگی۔ لیکن اسی ہجومِ عام میں کبھی کبھی کوئی ایسا شاعر بھی نمودار ہو جاتا ہے جو فن کا امام، زبان کا ماہر، وارداتِ دل کا ترجمان، حسیاتِ قلب کا پیامبر اور حقائق و معارف کا منادو مبلغ ہوتا ہے۔ ریاضؔ کا شمار اسی آخری قسم سے ہے۔

شاعری کی تمام اصناف میں، میرا خیال ہے کہ غزل کی شاعری بہت زیادہ کٹھن ہے۔ یہ موضوع جتنا زیادہ پیش پا افتادہ ہے اُسی قدر سہلِ ممتنع بھی ہے، غزل عبارت ہے دل کی ترجمانی سے، عشق و محبت کے صحیح واردات کی تصویر کشی سے، حیات و ممات سے، جو لوگ عشق کی نعمت سے محروم ہیں اور شاعری میں بے بہرہ ہیں، لیکن اشعار میں حسرت و نامرادی کا نقشہ کھینچتے ہیں، جو شوقِ مضطرب اور جاں سوز آمیز کی لذت سے ناآشنا ہیں لیکن اپنے اشعار میں شوق و جاں کے نقش و نگار بناتے ہیں، وہ بحیثیت پیشہ ور شاعر کے یقیناً کامیاب ہیں لیکن بقائے دوام کا خلعت ان کی قامت پر راس نہیں آتا۔ ہر دور میں چند شعرا ایسے ہوتے ہیں جو اپنے واردات و تاثرات کو شاعری کا جامہ پہنا کر منظرِ عام پر پیش کرتے ہیں، ریاضؔ کی زندگی سے جو لوگ واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ ریاضؔ کی زندگی، عشق و محبت، کامیاب عشق اور کامیاب محبت، ساتھ ہی ساتھ ناکامی و نامرادی، جانستاں ناکامی اور عبرت انگیز نامرادی، اور پھر ساتھ ہی ساتھ شگفتہ طبعی، خندہ جبینی اور شوخیِ طبع کا کیسا متضاد نمونہ اور کیسا عجیب و غریب مجموعہ تھی، اشعار میں اپنی زندگی کے ہر دور کی بہترین تشریح و تفسیر پیش کرتے ہیں۔

حال میں ریاضؔ مرحوم کے عزیز دوست اور مداح جناب قاضی تلمذ حسین صاحب، ایم۔ اے نے حیدرآباد سے حضرت مرحوم کا مجموعۂ کلام شائع کیا ہے۔ جو کتابت و طباعت کے اعتبار سے نمونہ ہے، کاغذ بھی بہترین استعمال کیا گیا ہے۔ ضخامت تقریباً ۹۰ صفحے۔ قیمت چھ روپے۔ ملنے کا پتہ:۔

دائرۃ الادب۔ حیدر گوڑہ۔ حیدرآباد۔ دکن

آج کی مجلس میں، میں چاہتا ہوں کہ ریاضؔ کی شاعری پر تبصرہ کروں، کہ یہ ایک ادبی خدمت بھی ہے اور ایک بزرگ کی فنی و ادبی خدمتوں کی یادگار بھی!

شوخی

ریاضؔ کی شاعری کا ایک اہم عنصر اُن کی شوخی و شرارت" ہے، اس برجستگی، بے ساختگی، بیباکی، . . . . . اور بے تکلفی سے وہ اپنی شوخیِ طبع کا مظاہرہ کرتے ہیں کہ بس، ع:۔

وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی

شیخ و واعظ، ناصح اور مرشد، عرصے سے شعرا کے تختۂ مشق بنے ہوئے ہیں، ریاضؔ کی زندہ دلی اور چلبلی طبیعت ان غریبوں کو کیوں چھوڑتی فرماتے ہیں اور کس خوبی سے فرماتے ہیں:۔

کیا تڑاقے کی صدا تھی سرناصح کی قسم
کسی میکش نے سبو کوئی اُچھالا ہوگا

ساغرِ میں یہ افسردۂ انگور ہے لے شیخ
اس چیز سے حضرت کو بھی انکار نہ ہوگا

اسواسطے کہ آؤ بھمگت میکدہ میں ہو
پوچھا جو گھر کسی نے تو کعبہ بتادیا

بوتل جب اُسکے حجرے میں بھولے بھری ملی
زاہد بھی آدمی ہے بڑے اعتبار کا

چوری گیا ہے رات کوئی میکدہ سے خم
نکلا ہے نام زاہدِ شب زندہ دار کا

حشر کے دن بھی وہی ہیں شیخ خیاں
آج بھی تو وعظ فرد اکیا

یہ کم نہیں ہے بڑھاپے میں ہمؔ توبہ کی
تمام عمر میں ہم نے یہ ایک کام کیا

چن چن کے آج شیخ نے انگور کھائے
اب کیا کھنچے گی تاک کا حاصل نکل گیا

کیا جانے کیوں رقیب بنا تھا گلے کا ہار — صورت میں وہ ریاض سے اچھا تو کچھ نہ تھا
ہم رند سمجھتے ہیں اُسے انجمنِ وعظ — جس بزم میں ذکر نے و مینا نہیں ہوتا
مسجد میں آج ہم بھی گئے تھے پئے نماز — دیکھا سلام پھیر کے تو شیخ جی نہیں
جناب شیخ نے جب پی تو منہ بنا کے کہا — مزا بھی تلخ ہے کچھ بو بھی خوشگوار نہیں
شیخ یہ کہتا گیا پیتا گیا — ہے بہت ہی بدمزہ، اچھی نہیں
بکی ہیں حشر میں دُنیا کی پُرانی باتیں — میں تو کیا میرے فرشتوں کو بھی اب یاد نہیں
یہ کیا مذاق فرشتوں کو آج سوجھا ہے — ہجومِ حشر میں لے آئے ہیں پلا کے مجھے
دغ آرہا ہے عصا ٹیکتا اِدھر ناصح — بہا دے اتنی کہ ساقی کہیں نہ تھاہ رہے
فرشتے عرصہ گاہِ حشر میں ہم کو سنبھالے ہیں — ہمیں بھی آج لطفِ لغزشِ مستانہ آتا ہے
وہ بھی بخشے گئے ہم بادہ کشوں کے ہمراہ — آج جنت میں ہمیں ناصحِ مغفور ملے

خود فریبی

مصائب کا ہجوم، ناکامیوں کا وفور، اور محرومیوں کا تواتر ریاض کی طبیعت میں ایک انوکھا اور نرالا جذبۂ خود فریبی پیدا کر دیتا ہے، وہ مُصیبت سہتے ہیں لیکن رو رو کر نہیں بیٹھتے ہوئے اور مُسکراتے ہوئے۔ وہ توجیح و تاویل سے اپنا غم غلط کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تصویر کا ایک نیا رُخ پیدا کر کے اپنا دل بہلانے کی سعی کرتے ہیں چاہتے ہیں۔ جو کچھ ہو رہا ہے، جو کچھ واقعہ ہے، جو ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے، اُسے اپنی ہٹ دھرمی، سخن سازی اور قوتِ استدلال سے باور نہ کریں!

اسلام کا مفتی فتویٰ دیتا ہے کہ شراب حرام ہے، اس فتوے کو ریاض تسلیم کرتے ہیں، لیکن احترامِ شراب کا پہلو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے فرماتے ہیں:۔

جس دن سے حرام ہو گئی ہے — مے خُلد مقام ہو گئی ہے

صیاد کو بددعا دیکھئے اپنے مغموم دل کو تسلی دیتے ہیں:۔

صیاد کو جو مجھ پہ یارب ترس نہ آئے — باغوں میں موسمِ گل لاکھوں برس نہ آئے

در توبہ بند ہونے کے بعد عرض داشتا، توبہ و انابت، استغفار و طلبِ عفو کا کوئی موقع نہیں رہتا، ریاض در توبہ بند ہونے کی خبر سنتے ہیں تو کس اطمینان و استقامت سے ارشاد فرماتے ہیں:۔

بند ہوتا ہے اب درِ توبہ — در میخانہ وا کرے کوئی کیا

گنہگاروں کی صف میں جب شرابی جا بجا اُن لایا گیا تو یہی وصفاتی، اس طرح دیتا ہے:۔

اہلِ عصیاں کی کمی حشر میں دیکھی نہ گئی — ایک ہم اور ملے آ کے گنہگاروں میں

اسی سلسلہ میں چند اور اشعار ملاحظہ ہوں:۔

ریاض آئے ہیں لے کے تو ابھی دیر — چلو ہو آئیں مرگِ ناگہاں تک
دونوں سے بات دن ہی تعلق جہاں ہوں — مجھ پہ قفس کو ناز مرے آشیاں کو ناز
تم نے ملائے خاک میں لاکھوں تو کچھ نہیں — مجھ کو ملا کے خاک میں ہی آسماں کو ناز
جس جس کے عیش آپ مجھے کوستے ہیں — رو رو کے مرے واسطے مانگیں گے دعا آپ
کم نور ہونے اشکوں سے گھر کے در و دیوار — رونے کیلئے لیں گے کرایہ کا مکاں اب
خدا کے واسطے بجھنے نہ پائے ساقی — ہر ابرِ مسجد جامع کے ہم نے بھی دکاں رکھدی

توبہ کرتے ہوتے رہ رہ کے یہ تا ہے خیال مُنہ مراد دیکھ کے رہ جائیگا ساغر میرا

یادِ ایام

ریاض کا عہدِ شباب عیش و نشاط فراغ خاطر اور اطمینان و آسودگی کا عہد تھا، انہوں نے جی کھول کر داد عیش دی، لیکن اس دور کے اختتام کے بعد انہوں نے محتاط زندگی بسر کی۔ پاکی اور پاکبازی اُن کا طرۂ امتیاز رہا۔ گوشہ نشینی اور عزلت کے اس عالم میں بھی کبھی کبھی انہیں گزرا ہوا زمانہ یاد آجاتا ہے تو مزے لے لیکر درد و حسرت کے ساتھ اس عہدِ زرّیں کو یاد کرتے ہیں :-

اب نہ وہ شاہد پرستی ہے نہ ذوقِ بیخودی مٹ گئیں وہ صحبتیں وہ مشغلہ جاتا رہا
وہ راتیں یاد آتی ہیں وہ باتیں یاد آتی ہیں مرا کھل کھیلنا ظالم ترا مجبور ہو جانا
پیری میں وہ شباب کی سج دھج کدھر گئی وہ بانکپن وہ طرّۂ دستار کیا ہوا؟
رنگیں وہ جادۂ نظر فگار کیا ہوئے؟ پیشِ نظر جو تھا وہ چمن زار کیا ہوا؟
بن اور تھا، دل اور تھا، کچھ اور تھا عالم اب ہم کو کسی بات کا ارماں نہیں ہوتا
وقت کے ساتھ گئیں وقت کی باتیں بھی ریاض نہ وہ ہم ہیں نہ وہ دل ہے، نہ زمانہ دل کا
وہ نخل، نہ وہ باغ، نہ وہ شاخِ نشیمن اے اہلِ قفس چھوٹ کے ہم جائیں کہاں اب
وہ مزے وصل کے وہ سینہ کا برسنا رم جھم اُف ری برسات کی رُت ہائے ری برسات کی رات
وہ دن گئے، گئیں نغمِ الفت کی لذتیں اب تو ہے مُبتلائے غمِ روزگار دل
دن گئے وہ سُن گیا، راتیں گئیں باتیں گئیں وہ زمانہ اور تھا اب یہ زمانہ اور ہے

چٹکیاں!

زندہ دلی اور خوش طبعی ریاض کا حصہ تھی، شیخ و زاہد اور واعظ و ناصح پر جب وہ چوٹ کرتے ہیں تو صرف بناتے ہی نہیں ہیں بلکہ ایسی ایسی چٹکیاں لیتے ہیں، ایسی بہتہ کی بات کہتے ہیں، اس طرح شہ رگ پر حملہ کرتے ہیں کہ کچھ کہتے سُنتے نہ بن پڑے۔ ملاحظہ ہو۔

نہ رہے جبّہ و دستار امامت باقی غم غلط کرنے کا افسوس یہ سامان رہا
دھوکے سے پلا دی تھی کسی نے بھی وہ گھونٹ پہلے سے بہت نرم ہے واعظ کی زباں اب
لگا کے دھوکے سے منہ شیخ پھر نہ چھوڑ سکا پکارتا ہی رہا میں اسے شراب، شراب! ؎
آئے ہیں جو میخانے میں واعظ بہت اچھا بنکر وہ یہاں آئے ہیں ہشیار، بہت خوب!
جام چھلکانے لگے بھر کر مے کوثر کے آپ حضرتِ واعظ بہت اونچے گئے منبر سے آپ!
تھی نظرِ وضو میں کوئی شے، پی گئے کیا آپ؟ اے شیخ یہاں کون ہے؟ میں چور ہوں یا آپ!
میخانہ ہمارا کوئی مسجد تو نہیں ہے تسبیح لئے کون بزرگ آئے ادھر آج
مجھے یہ آپ کے سر کی قسم نہ تھا معلوم کہ آپ بھی رہ و رسمِ وفا سمجھتے ہیں
ابھی تھوڑی سی اسکو اپنی بوتل ہے پلائی ہو ذرا رندو شباب شیخِ فانی دیکھتے جاؤ
ایک واعظ ہے کہ جس کی دعوتوں کی دھوم ہے ایک ہم ہیں جس کے گھر کل مے اُدھار آئے کو تھی
کبھی کبھی اپنے اوپر بھی چوٹ کر جاتے ہیں سہ دنیا کی کوئی بات نہیں جانتے ریاض اک شخص ہیں ریاض بہت ہی غریب سے

اب پھر اپنے موضوع پر آتے ہیں:۔

جناب شیخ کو ہلکی سی اپنے جام سے دے — مرے سبو کی تو ساقی بڑی کڑی ہوگی
سامنے جام مے ہوش ربا رکھا ہے — مگر اے شیخ مصلے سے جدا رکھا ہے

نزاکتِ خیال

شاعر کی فکر بلند، نزاکت خیال کے بڑے دل فریب مرقعے پیش کرتی ہے، زبان کا لطف، خیال کی ندرت، فکر کا انوکھا پن سب ہی کچھ شاعر کو یگانہ کی طرح جڑ دیتا ہے، کہتا ہے:۔

وہ جام مار و ٹھکرا کر میکدہ سے — صراحی کا مجھکو وہ آواز دینا
اے دست دل تھوڑی جگر سوز کر بنالوں — بتخانہ کوئی بتکدۂ چین سے بھی اچھا
آئینہ دیکھتے ہی وہ حیران ہو گیا — دیکھا کئے کہ شمع سے پروانہ ہو گیا
ہے نور کا عالم رخ روشن کی ضیا سے — وہ خوش ہیں شب وصل کی ہوتی ہے سحر اب
وحشت نہ گئی، سیر سے بہلی نہ طبیعت — پتوں نے بجائی دف و چنگ چمن میں
چھلکائیں لاؤ بھر کے گلابی شراب کی — تصویر کھینچیں آج تمہارے شباب کی
کیفیت نے شراب کا ذکر اس قدر کیا — واعظ کے منہ سے آنے لگی بو شراب کی
وہ کیا شے ہے بتا دے تو مرے ساقی تجھے صدقے — کہ جس کے نام سے منہ پر ہمارے نور آتا ہے
کبھی آسماں سے کبھی لامکاں سے — مرے گھر وہ آتی ہے اونچی دکاں سے
میرے ساقی ترے تبسم سے — جام چھلک، چھلک پڑے خم سے
تمہارے بام سے ہم نالے جو کرتے تو یہ ہوتا — کبھی وہ تارے بن جاتے کبھی وہ کہکشاں ہوتے
آب زیادہ کس میں ہے، ہم چمک ہوتی ہے — میری آنکھ میں آنسو ہے تیرے کان میں موتی ہے

مقطعے

اردو شعرا میں مومن کے مقطعے مشہور ہیں، اس باب میں ریاض بھی ایک جداگانہ اور منفرد شان رکھتے ہیں چند مقطعے ملاحظہ ہوں:۔

ریاض خاکِ درِ میکدہ تھا جیتے جی — فنا کے بعد لے خلد آشیاں دیکھا
وہی شباب کی باتیں وہی شباب کا رنگ — تجھے ریاض بڑھاپے میں بھی جواں دیکھا
جس انجمن میں بیٹھ گیا رونق آ گئی — کچھ آدمی ریاض عجب دلگی کا تھا
پھرتا تھا اس گلی میں عجب وضع سے ریاض — اک پشت خار ہاتھ میں اور سر پہ ٹوکرا ہوا
بنائی کیا بری گت میکدہ میں بادہ نوشوں نے — ریاض آئے تھے کل جامہ پہن کر پارسائی کا
توبہ کر کے آج پھر پی لی ریاض — کیا کیا کیفیت تو نے کیا کیا
نہ یاد ہی کعبہ والوں سے نہ کاوش دیر والوں سے — ریاض اللہ والا تھا بڑا مرد مسلماں تھا
نماز عید ہوتی میکدہ میں دھوم سے آج — ریاض بادہ کشوں نے ہمیں امام کیا
اک زمانہ جسے کہتا تھا کہ کافر ہے ریاض — وہی بدکیش بڑا صاحب ایماں نکلا

ہوتی ہیں وہاں کوہکن و قیس کی باتیں — مدت سے ریاض آپ کا چرچا نہیں ہوتا
یہی ہیں وہ ریاض لے شیخ جو جبیں کرتے ہیں — جنہیں تو نے ہمیشہ جبہ و دستار میں دیکھا
میں جو آیا غیر سے ہنسکر کہا اس نے ریاض — خم ہے جس پر شرافت وہ کمینہ آگیا
ریاض اٹھکر وہاں سے یوں بگڑ کے آئے — کہ جو دیکھے یہ جائے، ہیں بڑے پرہیزگاروں میں
جنہیں لوگ کہتے ہیں نہ دوزخ وہ خدا پرست ریاض — یہ سنا ہے کل کہ جناب شیخ پس خم سجدہ میں

پی کے تم کو وعظ کہتے ہم نے دیکھا اے ریاض — ہم بلانوشوں میں تم بھی کتنے عالی ظرف ہو
ہم نے دیکھا طرف میکدہ جاتے تھے ریاض — اک عبا پہنے، عصا تھامے، عمامہ باندھے

موقع کے اشعار

ریاض کے دیوان میں ایسے اشعار بھی بہت کافی تعداد میں ملتے ہیں جو موقع کے اشعار کہے جاسکتے ہیں، مضامین میں، خطوط میں، تقریروں میں ان کا برمحل استعمال بڑی کیفیت پیدا کرسکتا ہے
چند اشعار سنئے :-

تری نوک قلم نے دل میں گہرے زخم ڈالے ہیں — ہزاروں رشتہ و نشتر لے خط کا جواب آیا
اسی کی جان پر ٹوٹا فلک اتنی بلندی سے — جسے بیٹھا تمہارے سایۂ دیوار میں دیکھا
دونوں جاں دادۂ مذہب ہیں مگر وقت کشاکش — کوئی ہندو نہ رہا کوئی مسلماں نہ رہا
فریاد میں کہ ہے اثر درد نہاں اب — ہم آپ بدلنے کو ہیں انداز فغاں اب
فریاد جنوں اور ہے بلبل کی فغاں اور — صحرا کی زباں اور ہے گلشن کی زباں اور
بات کیا چاہیئے بگڑنے کو — روٹھ جانے کے ہیں ہزار طریق
زمانہ بنائے جنہیں اب وہی ہیں — زمانہ کے لائق زمانہ کے قابل
تو نے توبہ کی تو ہے لیکن ریاض — بات کا تیری ٹھکانا کچھ نہیں
خدا جانے کہتا ہوں مستی میں کیا — خدا جانے بکتا ہوں کیا جوش میں
جب دیکھئے تو ہے وہ معشوق پر نگاہ — باایں ہمہ ریاض بڑے پارسا بھی ہیں
نظر بچائے، بغل میں دبائے شیشۂ مے — کہیں ریاض بھی پینے پلانے جاتے ہیں
جا کے در پر جب سنا تو یہ سنا — شب کے جاگے ہیں ابھی آرام میں
یہ گر جاتی ہے پلو سے چھلک پڑتی ہر ساغر سے — کوئی کیونکر بچائے داغ مے کو اپنے دامن کو
خانقاہوں سے ہو پوشیدہ تعلق جن کا — راستے ایسے گئے ہیں کئی میخانے کو
ہم تمہیں جان گئے جان گئے جان گئے — تم نہ جانو ہمیں ہم تو تمہیں پہچان گئے
کیا ٹھکانا ہے بات کا ان کی — دل میں کچھ ہے زبان پر کچھ ہے
منبر نہیں ہے تخت شہی ہے یہ وقت وعظ — واعظ نہیں ہے جھوٹوں کا یہ بادشاہ ہے
تری خوش بیانی کا کیا ذکر واعظ — خموشی تری خوش بیانی سے اچھی
سجا وہ خانقہ سے پس خم جو آرہا — یہ کیا ہوا ریاض یہ کیا جی میں آگئی
مے ریاض آپ بھی پیتے ہیں بایں ریش سفید — ہائے یہ نور کی شکل اور گنہگاروں میں

میاں خستگی

ریاض کا کلام، بیباکی اور روانی کے اعتبار سے بھی "خاصہ" کی چیز ہے، نمونہ ملاحظہ ہو۔

مسجد میں میکدہ والو جو خدا نے چاہا
یہی جلسہ ہی، ساغر یہی مینا ہوگا

دھوکے میں پڑے کوئی نہ اُمید و فا پر
ہوگا نہ ہوس ہے وہ دغا باز کسی کا

خالق ہیں جو کبھی طاق سے مینا اترا
بھر یہ بھی کوئی رحمت کا فرشتہ اترا

یہ دوست ابد پہ جاتے ہیں غم کے فکر کہاں تک
بتاؤ ہے آج شور فضل میخانہ کہاں ہوگا؟

وہیں رہتے وہیں پیتے، وہیں سجدہ کرتے
ایک گوشے میں اس غم کہیں بستہ ہوتا

نہ تجھ سے دعا عذا تجھے تکلف، نہ مجھ سے واعظ تجھے تکلف
ہر ایک دعوت میں بے تکلف شراب میری کباب تیرا

کس مزے کی ہوا میں مستی ہے
کہیں بری ہے آسماں سے آج

پینے کا مزا جب ہے کہ غم منہ لگا ہو
مجھ رند سے ساقی یہ کہے جائے کہ ہاں اور ۷

مجھے ہے خون کا دعویٰ مجھے ہے
انہیں پر دا اور محشر انہیں پر

بہار آئی کہ آئی وصل کی شام
کھلے غنچے کھلیں کلیاں، کھلا دل

مالک مرے میں نے میکشی کی
لیکن یہ خطا کبھی کبھی کی

دُور سے دیکھ کے پھرنا وہ مرا اُلٹے پاؤں
اُف وہ بدلے ہوئے تیور ترے دربانوں کے!

یہ چھلکتا ہوا کیا جام شراب آتا ہے
لے میں قربان مرا عہد شباب آتا ہے

آئے مینا سے جام میں جب تک
ہم نے پی لی کھڑے کھڑے تم سے

دوڑے گی خون بن کے اُترتے ہی حلق سے
جو کالی کالی بوتلوں میں لال لال ہے

دن پھرے عہد شباب آیا ملی تعبیر خواب
جام نکلا ڈوب کر خم سے کہ یوسف چاہ سے

جب سُن چکے وہ حال تو یہ کہہ کے رہ گئے
او جھوٹے ہے بیان ترا کسقدر غلط!

مذہبیت

اگرچہ ریاض کی شاعری زندگی و مستی، عیش و نشاط، درد۔ خوش باش ٹے کہ زندگانی ہیست! ــ کی شاعری ہے، لیکن وہ اگر رندِ قلندر ہی تو رندِ پاک باز، مذہبیت انکی رگ رگ میں رچی ہوئی تھی۔ کون متوالا۔ شراب ناب اور افشردہ انگور کی حکایت رنگیں بیاں کرنے والا حقیقتاً ایک مرد صالح، ایک متجد گزرا اور ایک متقی آدمی تھا؟ لیکن واقعہ یہی تھا!

ریاض کی مذہبی ذہنیت، اشعار کی صورت میں ہی نمودار ہوتی ہے۔

مجھے کیا ڈر ہے کہ ہونگے مہ سے بے کا شفیع
مجھے کیا ڈر ہے کہ تو بخشنے والا ہوگا

کام تو ہیں کافروں کے نام تو اسلام کا
اب مسلماں رہ گیا کوئی نہ ایماں رہ گیا

کیا زمانہ ہے کہ دشوار لفظ آتا ہے
لاکھ دو لاکھ سے بھی صاحب ایماں ہونا

آگئی تقدیر سے میرے مدینہ آگیا
جس سے بام ہوش پر پہونچوں وہ زینہ آگیا

ہے عرش بریں اور مدینہ کی زمیں اور
اٹھ یہاں کے ہیں مکاں اور مکیں اور

آٹھ اٹھ کے چلے ساتھ کئی طور نشیں اور
جو کعبہ کو جاتے ہیں وہ جائینگے کہیں اور

ہے عرش بریں فرش رہ گنبد خضرا
ہے میری جبیں اور رفرشتوں کی جبیں اور

دونوں ہیں مقام ایک مکاں ایک مکیں ایک
کعبہ سے کوئی جا کے مدینہ میں نہیں اور

او کعبہ نما آنکھیں شرف سجدہ دے تجھے
ہیں اپنی لگا ہوں میں ریاض آج جبیں اور

ہم سے۔ سیاہ کاروں کو لے دشتِ خوف کیا — اُمت میں ہیں جناب رسالت مآب کی
لعنت کا کوئی طوق ہے یا سار و دابل ہے — ہم مذہب و ناموس کو رسوا نہ کریں گے

رعایتِ لفظی

اگلے شعرا رعایت لفظی کو بڑا ہنر سمجھتے تھے۔ مذاقِ جدید میں یہ ایک غیر پسندیدہ فن ہے، واقعہ یہ ہے کہ ہمارے بزرگوں نے رعایت لفظی کا جو معیار قائم کیا ہے اور جو نمونہ پیش کیا ہے، من حیث الاکثر وہ کچھ زیادہ دلچسپ اور مرغوب ہے بھی نہیں۔

اس صنف کو نباہنا بہت مشکل ہے۔ بڑے بڑے اساتذہ نے اس میدان میں ٹھوکر کھائی ہے، اس صنعت کا ایسا استعمال کہ حامیانِ فن کا ذوق بھی پورا ہو۔ اور سننے والا بجائے گرانی محسوس کرنے کے لطف لے، بہت کم دیکھنے میں آتا ہے، خواہ نثر میں شاعری کرنے والوں کے مقالات و مقامات ہوں یا میدانِ نظم میں جولانی دکھانے والے شعرائے نامدار، اگر کسی شاعر نے، سو دو سو شعر اس صنعت میں کہے ہیں تو مشکل سے چار پانچ شعر ایسے دستیاب ہو سکیں گے جو معیاری ہوں اور جنہیں سُنکر سُننے والا مزا لے۔

ریاض بھی اس میدان میں دوسرے شعرا سے کچھ آگے نہیں ہیں۔ زیادہ تر اشعار ایسے ہیں جنہیں پڑھ کر یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ آمد نہیں آورد ہے۔ صرف محاورہ، زبان اور صنعت کو نباہنے کے لئے کہا گیا ہے۔ مثلاً:۔

بطے بھی ساتھ اُڑتی جو اُڑتے گا کیکڑ — کوئی جو بار ہوتی، لب جوشکار ہوتا
شریکِ شکارِ لب جو تھا ناصح — مجھے قاز اُسے روغنِ قاز دینا
نزع تک قلقل سے رکھی یا اللہ اس لو — پڑھ کے قل بخشے گی ہم کو قلقلِ مینا ثواب
مرا پانی بھریں یہ بجلیاں کالی گھٹا والی — جو دیں کانوں کی بالے زلفوں والی بجلیاں مجھکو

جذبات و محاکات

پیشہ ور اور حقیقی شاعر میں مابہ الامتیاز یہی ہے کہ جذبات کی تصویر کشی، واردات دل اور حیاتِ قلب کا بیان کن الفاظ میں، کس لب و لہجہ میں کرتا ہے اسلوب اور کس نوعیت سے کرتا ہے؟ جس کے الفاظ بے روح ہوں، درد و اثر سے خالی ہوں، کیف اور تاثر سے بیگانہ ہوں، وہ پیشہ ور شاعر ہے۔ اور جو الفاظ کے ذریعے، خیالات کی تصویر کھینچ دیتا ہو، جو حیات کو جیتا جاگتا مجسمہ بنا کر پیش کرتا ہو، جو وارداتِ دل کو زندہ اور مرئی صورت میں دکھا سکتا ہو، جس کے الفاظ بولتے ہوئے ہوں، وہ حقیقی شاعر ہے، طبعی شاعر ہے، ملہم بالغیب ہے۔

آیئے اس معیار پر ریاض کے اشعار پرکھیں ـــــ عالمِ نزع طاری ہے، محبوب ـــــ جانِ تمنا اور جانانِ تمنا ـــــ سامنے بیٹھا ہے، مرنے والا گریۂ حسرت سے دل کی لگی بجھانا چاہتا ہے، لیکن یاس و ضعف اور وفورِ محبت کے سبب یہ بھی نہیں کر سکتا۔

"دکھ جائے گا دل اسلئے جاری ہے نہ اشک — دیکھو تو پاس نزع میں کتنا کسی کا تھا!

محبت کرنے والا اپنے محبوب کو غیر کے گھر سے آتا ہوا دیکھتا ہے، وہ کس طرح اس منظر کو بیان کرتا ہے؟ ایک مشہور اور زبان زدِ عام شعر ہے۔

نہ ہم سمجھے نہ تم آئے کہیں سے — پسینہ پونچھئے اپنی جبیں سے!

کوئی شُبہ نہیں شعر خوب ہے، لطیف طنز، ـــــ ع:۔ پسینہ پونچھئے اپنی جبیں سے! ـــــ شعر کی جان ہے۔ ریاض اسی منظر کو بیان کرتے ہیں اور تصویر کھینچ دیتے ہیں:۔

نکلے تھے مُنہ چھپاتے ہوئے گھر سے غیر کے — تصویر بن گئے جو مرا سامنا ہوا

اسی مفہوم کو دوسرے شعر میں اس طرح ادا کیا ہے:۔

غیر کے گھر سے جھجکتے ہوئے تم نکلے تھے
رُکتے دیکھا نہیں پھر چھپ کے نکلتے دیکھا

اسی سلسلہ میں فرماتے ہیں:۔

شوخی سے ہر شگوفے کے ٹکڑے اڑا دیے
بس غنچہ پر نگاہ پڑی دل بنا دیا

وہ خود چاہتے ہیں کوئی اب ستائے
ستانا مزا دے گیا ہے کسی کا

بتا دو تم ہمیں بیداد کرنا
سکھا دیں ہم تمہیں فریاد کرنا

قفس کی تیلیاں توڑیں تڑپ کر
نہیں آتا انہیں آزاد کرنا

کہتے ہیں خوب ہی، ہم نہ ستائیں تم کو
تم جو یہ جاؤ ستاؤ نہیں کیسا کیسا

کیوں اس قدر ہجوم تھا گر داستانِ غم کے
دم توڑتا تھا کوئی تماشہ تو کچھ نہ تھا

درد دل آج سنایا جو انہیں رو رو کر
ہنس کے بولے کہ یہ قصہ ہے پرانا دل کا

سر چڑھا کوئی منہ چڑھا کوئی
شانہ گستاخ آئینہ گستاخ

چھیڑیں دونوں کبھی آنچل سے
شوخ کچھ آپ، کچھ صبا گستاخ

وہ ستائیں تو ستانے کا ہو شکوہ دن رات
نہ ستائیں تو گلہ ہے کہ ستاتے بھی نہیں

آیا تھا روزِ حشر مرے ہونٹ پر گلہ
گردن میں اُس نے ڈال دیے مسکرا کے ہاتھ

میں اُس نگاہ کے صدقے یہ ہوا اثر جس میں
کہ دل میں درد اٹھے بھی تو گدگدی ہو جاتے

چلے آتے ہیں خوش خوش جس کے گھر سے
وہ ہنستے کھیلتے بادِ سحر سے

لیا بڑھ کے محشر میں دامن تو بولے
انہیں کیا ہوا ہے یہ کیا ہو رہا ہے؟

بے طرح ٹوٹتے ہیں دیکھتے ہی دُور سے وہ
تم نے اچھا سگِ دوراں کو لگا رکھا ہے

نئی ترکیبیں

پیچیدہ اور مغلق الفاظ، نئی ترکیبیں اور نئے الفاظ، ریاض کے ہاں بہت کم ملیں گے۔ وہ اپنی شاعری میں روزمرہ کی زبان استعمال کرتے ہیں، صاف، شفاف، رواں، اور سُبک الفاظ! الفاظ کی نشست اور ترکیبوں کے استعمال سے وہ بڑے بڑے کام نکالتے ہیں جب موقع شعر میں لطف و مستی یا درد و حسرت کے تاثرات پیدا کر دیتے ہیں اس لئے اُن کے کلام میں نئی ترکیبوں کا ذخیرہ بہت محدود ہے، محدود ہونے کے باوجود وہ ایسا نہیں ہے کہ اُسے نظر انداز کر دیا جائے یا اہمیت نہ دی جائے۔ اس سلسلہ میں بھی دو چار اشعار ملاحظہ فرمائیے:۔

مجھے بال و پر مانگے نازِ دینا
خدایا پرِ عرشِ پرواز دینا

شوخی سے اضطراب کی کچھ چھیڑ چھاڑ ہے
اُن کی نگاہ و ناز سے دل ہے وغا طلب

روز ازل تھے ڈھیر ہزاروں گلے ہوئے
چپکے سے چھانٹ لائے دلِ آرزو پسند

حشر آشوب وہ ہنگامۂ زمانے میں نہیں
سوتے فتنے ترے کوچہ کے جگائیں کیونکر

چونک اٹھیں گے مری آواز سے سب اہلِ صفا
دُور رکھنا قفسِ افتادہ عنادل سے مجھے

بینا نہ رہا کوئی اس صاعقہ تابی میں
ہر آنکھ ہوئی خیرہ کیا تیرہ زمانہ ہے

ابتذال

شوخی اور ابتذال کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں، ذرا حد سے تجاوز ہوا، اور شعر اپنی تمام خوبیوں کے باوجود [illegible] کی

محفل سے خارج البلد ہوا۔

ریاض کے جو اشعار ابتذال کے ماتحت آتے ہیں وہ اپنی جگہ پر بہترین نفسیاتی تحلیل، واردات اور حسن و عشق کی عامۃ الورود باتوں کے جیتے جاگتے مرقعے ہیں، لیکن چونکہ شوخی حد سے بڑھ گئی ہے اس لئے سنجیدہ حضرات کا اُن پر چونکنا اور ثقہ اصحاب کا ناک بھوں چڑھانا بالکل قدرتی ہے۔

تمثیلاً ذیل میں دو تین اشعار اس قسم کے دئے جاتے ہیں۔

بتائیں کیا تمہیں کیونکر گلے لگائیں گے — بتائیں کیا تمہیں روزِ وصال کیا ہوگا؟
چھپتا نہیں چھپائے سے عالم بہار کا — آنچل کی تہ سے دیکھو نمودار کیا ہوا؟
کیا وصل کی شب ہائے بگڑتی ہے بنی بات — کہتا ہوں کچھ اُن سے تو وہ کہتے ہیں بُری بات

اے کاش

طلب و تقاضہ ریاض کی شاعری میں ایک مخصوص چیز ہے، وہ کُھل کے نہیں کہتے، لیکن کہتے اس طرح ہیں کہ مخاطب یا سُننے والا یہ سمجھ لے کہ انکی دلی آرزو یہ ہے کہ کاش ایسا ہو۔

جو زمین کو دباتا وہ مرا مزار ہوتا — جو فلک کو زیر کرتا وہ مرا غبار ہوتا
ہمارے گھر ہنستے کھیلتے آئیں — عدو کے گھر وہ روتے پیٹتے جائیں
جوانی تو گزری بڑھاپے سے بدتر — گزر جائے پیری جوانی سے اچھی

اس شعر کا جوش طلب، ہیجان اور تحدد اری لئے ہوئے طرزِ دعا ساتھ ہی ساتھ التجا کا رنگ دیکھئے۔

تو اگر چاہے تو میری کشتی — کرے اٹھکھیلیاں تلاطم سے
درماں کی طرح تڑپ مزا دے — یارب مجھے درد لا دوا دے

اسلوب بیان

اشعار کی اثر آفرینی بہت کچھ اسلوب بیان کی رہینِ منت ہے بہتر سے بہتر مفہوم نامناسب الفاظ اور غیر پسندیدہ اسلوبِ بیان اختیار کرنے سے بے اثر ہو جا سکتا ہے اور معمولی سے معمولی بات اگر اچھے اسلوب، دلنشیں الفاظ اور اثر آفریں انداز میں کہی جائے تو وہ ایک خاص کیفیت اور خاص اثر پیدا کر سکتی ہے، ریاض اسلوبِ بیان کے بادشاہ ہیں۔ وہ پیش پا افتادہ باتیں بھی کہتے ہیں تو اپنے اسلوب بیان سے چار چاند لگا دیتے ہیں چند اشعار سُنیئے۔

یہ جانتے ہیں کہ دل خاک ہو گیا مٹ کر — نہ آگ دیکھی نہ اُٹھتے ہوئے دھواں دیکھا
چھپتا ہے مرے ساتھ مرا داغ زمیں میں — اب ڈوب کے یہ چاند نمودار نہ ہوگا
آپ آئے تو خیال دلِ ناشاد آیا — آپ سے یاد دلایا تو مجھے یاد آیا
آج شب میں کوئی سو بار تو بجلی چمکی — آج دن میں کوئی سو بار تو صیاد آیا
ننھے سے دل کی چھوٹی سی حسرت بتا گئی تھی — نقش قدم نہ تھا جسے تم نے مٹا دیا
جو کھلا پھول بنا زخم مرے دل کا ریاض — جو کلی رہ گئی کھلنے سے بنی دل میرا
پہلو سے یوں کوئی سرِ محفل نکل گیا — معلوم یہ ہوا کہ مرا دل نکل گیا
آتا تھا اس کو چاند سی صورت کا تصور — بادل میں چھپ کے کیوں مہِ کامل نکل گیا

آتے آتے سرِ مژگاں جو کبھی خشک ہوا — گرتے گرتے وہی آنسو کبھی طوفاں نکلا
شمع کعبہ رہے محفوظ الٰہی تا حشر — نام روشن ہے اک اُجڑے ہوئے بتخانہ کا
کچھ رنگ ترا حشر میں ہے حد سے سوا زرد — کچھ حد سے سوا آج ہے خونِ شہدا سُرخ
نزع میں یار سے پیمانِ وفا کرتے ہیں — اُس دغاباز سے ہم آج دغا کرتے ہیں
عنادل میں صبا میں چل گئی تھی — اڑا دی بات پھولوں نے ہنسی میں
ہنس کے پوچھا کہ کیا مصیبت ہے — سُن کے بولے کہ کیا کرے کوئی
یہ میکدہ کی بھیڑ، یہ انبوہ، یہ ہجوم — ہم تو نکل کے کھو گئے خانقاہ سے

تعلّی

مشرق کے شعرا تعلّی کے موجد اور خودستائی کے امام ہیں، اگرچہ اُن کی تعلّی میں بظاہر اِدّعا ہوتا ہے لیکن حقیقتاً لطفِ محفل کے لئے وہ ایک سخن گستر انہ دعوے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔

اس موضوع سے متعلق بھی ریاض کے ہاں اچھے اشعار ملتے ہیں جو اپنی معنویت اور اندازِ بیان کے لحاظ سے اس قابل ہیں کہ اُن سے لطف لیا جائے۔

ہم نے بھی ریاض آپ کے اشعار سُنے ہیں — یہ لطف بیاں لطفِ زباں ہو نہیں سکتا
یہ رنگ، یہ شوخی، یہ نفاست، یہ سلاست — کہتے ہیں ریاض آپ تو اشعار بہت خوب
خدمت شمع فروزی مرے دم تک تھی ریاض — کیسی تاریک ہے بزمِ شعرا میرے بعد
میرے بیاں پہ آج ہے طرزِ بیاں کو ناز — میری زباں پہ آج ہے اردو زباں کو ناز
بہت سے تم کو اپنے جام پر ناز — ذرا ٹانا مرا ٹوٹا ہوا دل

پروازِ فکر

علو خیال اور پروازِ فکر کے اعتبار سے بھی ریاض پورے شاعر تھے انہوں نے اپنی بلند خیالی اور فکر کی رسائی کے ایسے اچھے نمونے پیش کئے ہیں کہ پڑھئے اور سر دُھنیے۔

شفق سُرخ کی تیج دیکھ یہ کہے دیتی ہے — کہ جوانی میں حسیں کچھ فلک پیر بھی تھا
نے سلسبیل ہوتی، نہ شراب حوض کوثر — جو ریاض سا مسلماں نہ شراب خوار ہوتا
دیکھکر ترے شے ہیکے پاؤں کے ناخن انکے — وہ اُبھرنا مہ نو کا وہ پشیماں ہونا
یہ کہہ رہا ہے ترنم ہوا کی موجوں کا — خوش پھولوں کا حسن بیاں نہیں ملتا
ہو جسے ٹوٹنے میں صدمۂ سختی دل — ایسا بھی کوئی کام اسے شیشہ گر نہ بنا
نہ رہ کے طور تو ہم جائیں عرش سے اونچے — ہماری راہ سے پتھر ذرا ہٹا دینا
ترے نازک سے چہرے پر جہاں رنگ عتاب آیا — صباحت رُخ کی بول اٹھی کہ رخ زیر نقاب آیا
خیال شب غم سے گھبرا رہے ہیں — ہمیں دن کو تارے نظر آرہے ہیں
یہ سہ پہر تو ملیں جو ہیں شراب کی — راتیں ہیں ان میں بند ہمارے شباب کی
نسخہ بیاض ساقی کوثر سے مل گیا — گھر بیٹھے اب تو بادہ کوثر بنا میں گے
شعر تو یہ ہے ہ — خوب منہ کا اب آفتاب ہوتا ہے — نقاب اٹھتی ہے وہ بے نقاب ہوتا ہے

درد و حسرت

اگر چہ ریاض کی شاعری نے لکھنؤ کی سرزمین میں نشو و نما کے مدارج طے کئے، جہاں نالہ، فغاں بن جایا کرتا ہے۔ سوز غم، ساز مسرت کی خوش آہنگیوں میں گم ہو جایا کرتا ہے، قرب و وصل کی لذت، ہجر و فراق کی نعمت چھین لیا کرتی ہے، لیکن ریاض اس باب میں ذرا "غیر مقلد" واقع ہوئے ہیں۔ ان کی شاعری کا بڑا حصہ چونکہ واقعات، واردات، اور مشاہدات کی شاعری پر مشتمل ہے، اس لئے یہ بالکل اور قدرتی ہے کہ اگر خوشی کے موقع پر ان کے لب تبسم سے آشنا ہوتے ہیں تو یاس و محرومی کی گریہ بے اختیار کی دعوت بھی دیتی ہیں، قرب کی لذت اگر خوش نوائی اور حکایات رنگین بیان کرنے پر مجبور کرتی ہے تو ہجر و فراق کی صعوبتیں رونے اور رلانے پر بھی آمادہ کرتی ہیں۔

ریاض کے اشعار میں ایک چیز خاص طور پر قابل غور ہے، وہ جس تاثر کا اظہار کرتے ہیں اس کی کیفیت ان پر اس درجہ مستولی ہوتی ہے کہ وہ اسی میں ڈوب جاتے ہیں، اس طرح کے اشعار، عام اس سے کہ مسرت انگیز ہوں یا غم آفریں اپنا پورا پورا اثر کرتے ہیں۔ اور پڑھنے والے پر بھی وہی کیفیت طاری کراتے ہیں:۔

قفس میں رہ کے ستم تیرے دیکھ لیں صیاد
چمن میں رہ کے بہت لطف باغباں دیکھا

ہنگام نزع گریہ یہاں بے کسی کا تھا،
تم ہنس پڑے یہ کون سا موقع ہنسی کا تھا

حسرت سے کوئی سوئے فلک دیکھتا تھا آج
لب پر گلہ کسی کا نہ شکوہ کسی کا تھا

کہتے ہیں کہ ہم ہاتھ اٹھاتے ہیں ستم سے
کیا چرخ بھی اب درپے آزار نہ ہوگا؟

ایسے بھی ہیں دنیا میں جنہیں غم نہیں ہوتا
اک غم ہے ہمارا جو کبھی کم نہیں ہوتا

پوچھا کسی نے حال کہ آنسو ٹپک پڑے
رونا مجھے ہے گریہ بے اختیار کا

ہنستی ہے تقدیر ہنس لے اس کے ساتھ
دل مجھے میں اپنے دل کو رو چکا

کہیں بھی جائیں کہاں آسماں نہیں ملتا
لحد ہی ایک جگہ ہے جہاں نہیں ملتا

یہ کس کے سایہ دیوار نے مجھے پیسا
یہ کون ٹوٹ پڑا مجھ پہ آسماں کی طرح

شریک درد تو کیا باعث اذیت ہیں
وہ لوگ جن سے روابط تھے جسم و جاں کی طرح

ریاض موت ہے اس شرط سے ہمیں منظور
زمیں ستائے نہ مرنے پہ آسماں کی طرح

نہ وہ عشوہ نہ کرشمہ نہ وہ غمزہ نہ وہ ناز
نہ وہ قاتل ہے نہ قاتل کی ادا میرے بعد

کھلے غنچے، نہ بولی بلبلیں، نہ شاخ گل پھلی پھولی
قفس میں جب سے ہم آئے بہار آئی خزاں ہو کر

ہم بھی گنتے تھے آج مزار ریاض پر
پژمردہ چند پھول تھے اک انبار شمع

بہار نام کی ہے کام کی بہار نہیں،
یہ دست شوق کسی کے گلے کا ہار نہیں

سحر بھی ہوتی ہے چلتے ہیں اے اجل ہم بھی
اب ان کے آنے کا ہم کو بھی انتظار نہیں

مجھ سا دنیا میں ناشکیبا کون؟
مجھ سا دنیا میں نا صبور کہاں؟

اب ہم ہیں اور محویت عشق اے جنوں
ہمدم کہاں، ندیم کہاں، ہم نشیں کہاں؟

کون دل ہے مرے اللہ جو ناشاد نہیں
کون گھر ہے مرے اللہ جو برباد نہیں

اے نسیم سحری اس کو لئے جا سوئے بام
قفس سرو ہے نالہ نہیں فریاد نہیں،

فسردہ دل ہوں مجھے کیا ہے کوئی موسم ہو
بھری بہار میں کیا تھا جو اب خزاں میں نہیں

کل ہم گئے تھے دیکھ کے آنسو ٹپک پڑے
بے شمع و گل ریاض کی تربت چمن میں تھی

(باقی آئندہ)

رئیس احمد جعفری

ریڈیائی ڈرامہ:۔

اوقات

افراد

۱۔ شیخ سریر الدین ۲۔ مرزا قلمدار بیگ
۳۔ پنڈت چھدامی لال ۴۔ شبانی (شیخ سریر الدین کی بیوی)
۵۔ حفظا (ملازم)

مقام دہلی ——— زمانہ وسط اگست

سین پہلا

(شیخ سریر الدین بیٹھے ہوئے حقہ گڑگڑا رہے ہیں)

مرزا قلمدار بیگ ۔ (داخل ہوتے ہیں) جناب شیخ صاحب آداب عرض ہے۔

شیخ سریر الدین ۔ آداب عرض ہے مرزا صاحب ۔ کہئے مزاج تو اچھے ہیں۔

مرزا ۔ بندہ پروری ہے جناب کی ۔ ورنہ ہمارے مزاج کون پوچھتا ہے

شیخ جی ۔ اجی حضرت آپ کے مزاج پوچھے کیسے جائیں ۔ آپ کے مزاج ملتے بھی ہیں۔

پنڈت جی ۔ (کھنکار کر) ان کے مزاجوں کے کیا کہنے ۔ جتنے چاہے لے لو ۔ بڑا سستا بھاؤ ہے ان کا۔

مرزا جی ۔ اخاہ آپ بھی آ گئے ۔ پنڈت جی نمستے ۔ پنڈت جی نمستے۔

شیخ جی ۔ بھئی کیا کہنے پنڈت جی ۔ ان کے مزاج نہ ہوئے بارش کے بعد کے خربوزے ہو گئے کہ جس کا جی چاہے لے لو آنہ کے ڈھائی سیر۔

پنڈت جی ۔ مگر کھلاوٹ ان میں کتنی ہوتی ہے۔

مرزا جی ۔ ان باتوں کو تو چھوڑیئے ۔ شیخ صاحب ۔ آپ یہ فرمایئے کہ پچھلی گرہن کے آپ کس سوچ میں بیٹھے تھے ۔ حقہ میں بھی کچھ دم ہی نہ تھا مرثیہ خوانی کر رہا ہے۔

شیخ جی ۔ (حقہ کا دم لگا کر) بھی بھروسا ہوں۔ ارے کوئی ہے حفظ ... حفظ ۔ ابے حفظ ۔ او حفظا کے بچے ... ابے ... نالائق حفظا ۔ حفظ کے بچے۔

آواز :۔ جی آیا ۔ سرکار۔

شیخ جی ۔ ابے سرکار کے بچے ۔ آواز دیتے دیتے گلا پڑ گیا۔ ورتیر کہیں پتہ نہیں ۔ جلدی چلم بھر کر لا ۔ اور دیکھ یہ خاصدان لیتا جا۔ ڈیوڑھی پر سے پان لگوا کے جلدی دے جا۔

مرزا جی ۔ پان وان تو آتے رہیں گے ۔ اب یہ بتائیے کہ ارادہ کیا ہے؟

شیخ جی :۔ ارادہ کیا ہے ۔ میں خود سوچ رہا تھا کہ وقت کیسے گذار جائے۔

مرزا جی :۔ بس صرف اتنا ہی سوچ؟

شیخ جی :۔ ہاں بھئی ۔ اسی سوچ میں وقت گذر رہا ہے۔

مرزا جی :۔ اچھا تو میں بتاؤں ۔ آپ جامع مسجد چلے جایا کیجئے ۔ وہاں کی سیڑھیاں گن ڈالئے۔

شیخ جی :۔ اس سے کیا ہوگا۔

مرزا جی :۔ آپ کا وقت گذر جائیگا۔

شیخ جی :۔ اور جو میں چڑھتے اترتے تھک گیا۔

مرزا جی ۔ اور آپ کا وقت جو گزر گیا۔

شیخ جی :۔ اچھا فرض کیجئے میں نے جامع مسجد کی سیڑھیاں گن ڈالیں

مرزا جی :۔ ان کو ایک جگہ نوٹ فرمائیے۔

پنڈت جی :۔ اس نوٹ کرنے سے ایک فائن اور بھی ہوگا۔

شیخ جی ۔ وہ کیا؟

پنڈت جی :۔ دیکھئے میں بتاؤں آپ کو شیخ جی ۔ بس آپ ایسا کیجئے کہ پہلے جامع مسجد کو لیجئے ۔ اس کی سب سیڑھیاں گن ڈالئے ۔ یعنی یہ کہ صدر دروازہ میں اتنی ہیں ۔ اتر میں اتنی اور دکن کے دروازہ میں اتنی۔ یہ کرنے کے بعد پھر آپ اس کے میناروں پر چڑھئے ۔ اور ان کی بھی

سیڑھیاں گن ڈالئے۔

شیخ جی: ۔ واہ بھئی پنڈت جی۔ تم تو مرزا جی سے بھی بڑھ گئے۔

پنڈت جی: ۔ سنئے تو آپ 'جما مسجد' سے سیدھے چلے جایئے۔ سیدھے قطب۔ اور وہاں کی سیڑھیاں گن ڈالئے اور راستے میں پڑیگا، جنتر منتر، اس کی بھی گن ڈالئے۔

مرزا جی: ۔ پھر دیکھئے وقت کیسے گذرتا ہے۔

پنڈت جی ۔ اجی خالی وقت ہی نہ گذریگا بلکہ روپیہ بھی ہاتھ لگیگا۔

مرزا جی: ۔ پنڈت جی۔ وہ کیسے۔

پنڈت جی ۔ دلی کی تمام قابل دید عمارتوں کی سیڑھیاں گننے کے بعد شیخ جی آپ ان کو ایک کتابی شکل میں چھپوا ڈالئے اور ایک ایک آنہ میں چھپوائیے۔ جو لوگ بوڑھے یا بیمار ہوں گے یا جو مستورات کے ساتھ ان مقامات کی سیر کو جائیں گے ان کو پہلے سے پتہ چل جائیگا کہ فلاں عمارت میں اتنی سیڑھیاں ہیں۔ اسی حساب سے وہ سیر کو جایا کریں گے۔ یہ نہیں کہ گنتے تو قطب مینار دیکھنے لیکن نیچے کھڑے ہوئے یہ کہہ رہے ہیں کہ بھی اوپر کیسے جائیں یہ تو بہت اونچا ہے

شیخ جی: ۔ کبھی تو زوروں کی۔ پر بات یہ ہے کہ مجھے روپیہ کمانا تو ہے نہیں۔ میں تو روپیہ اور وقت دونوں کا مصرف سوچ رہا ہوں۔

مرزا جی: ۔ تو پھر کنوئیں کھدوائیے۔

شیخ جی: ۔ ہاں یہ تو میں بھی سوچ رہا تھا کیونکہ والد مرحوم ...

مرزا جی: ۔ (بات کاٹ کر) جی ہاں اس میں روپیہ اور وقت دونوں ٹھکانے لگ جائیں گے۔ اور نام ہوگا وہ الگ۔

شیخ جی ۔ ٹھیک کہتے ہیں مرزا جی آپ۔ شاید آپ کو یاد ہوگا کہ ابا جان کہہ گذرے تھے کہ کبھی روپیہ ایسی جگہ لگانا جہاں نام چلے۔

پنڈت جی: ۔ جی ہاں وہ آنجہانی اہی خوبیوں کے آدمی تھے۔

شیخ جی ۔ پر مجبوری یہ ہے کہ دلی میں کنوؤں کا رواج ہی اٹھ گیا۔ بس یہاں تو نل چل پڑے ہیں۔

پنڈت جی: ۔ تو پھر لاریاں چلوائیے اس میں روپیہ اور نام دونوں چلے گا۔

شیخ جی: ۔ ارے یار پنڈت۔ تم بھی ایسی ہی لاتے ہو۔ دیکھتے نہیں ہزاروں لاریاں آفیشن اور اجمیری گیٹ پر کھڑی رہتی ہیں۔ میں لاریاں چلوا کر کیا دھیلے سواری اور کھلے اور قطب لے جایا کروں۔

مرزا جی: ۔ (ایک دم سے) بس شیخ جی میں نے سوچ لیا۔ بتاؤں گا ... نہیں ... اونہہ ... کبھی بھی نہیں بتاؤں گا۔

شیخ جی: ۔ اچھا تو یہ پان آ گئے۔ ان کو تو کھاؤ۔ ابے حفظا پنڈت جی کو الائچی دے۔ اور ان کے لئے سگریٹ منگواؤ۔

پنڈت جی: ۔ اس کی کیا ضرورت ہے۔ میں تو سگریٹ پیتا ہی نہیں آپ تو جانتے ہی ہیں۔ اچھا مرزا صاحب۔ آپ اپنی ترکیب بتایئے کہ کیا سوچی ہے۔

مرزا جی: ۔ اتنی آسانی سے تو میں بتانے سے رہا۔ شیخ جی کچھ کھلائیں تو میں بتاؤں۔

شیخ جی: ۔ مردِ خدا کھا لینا۔ پہلے بتاؤ تو ...

مرزا جی: ۔ اچھا پنڈت جی آپ کے کان میں کہے دیتا ہوں۔

شیخ جی: ۔ نہیں بھئی۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ یہاں کا تا پھوسی نہ چلے گی۔

مرزا جی: ۔ اچھا تو سنئے (حقہ کا دم لگا کر) آپ 'مربعے' خریدیئے 'مربعے'۔

شیخ جی: ۔ یہ 'مربعے' کیا؟

مرزا جی: ۔ لیجئے۔ آپ کو یہ بھی نہیں معلوم۔ آجکل تو بڑا زور ہے ان کا۔

شیخ جی: ۔ ہاں ہے تو آم کی فصل مگر ہمارا 'مربے' بنانے والا تو مر گیا۔ بڑا لاجواب مربہ تیار کرتا تھا۔

مرزا جی: ۔ ہا ... ہا ... ہا ... ارے واہ بھئی کیا کہنے ..... کیا کہنے ... بھئی ... شیخ جی۔

شیخ جی: ۔ (گھبرا کر) کچھ کہو گے بھی۔ یا یوں ہی ہنسے چلے جاؤ گے۔

مرزا جی: ۔ شیخ جی ... ہا ... ہا ... آم کا مربہ نہیں بلکہ زمین کا 'مربعے'۔

شیخ جی: ۔ اماں لاحول ولاقوۃ ... یہ پہلے سے کیوں نہ کہا۔

پنڈت جی: ۔ مجھے تو میں بھی پریشان تھا کہ مربہ سے بھلا کیا کام چلنے والا تھا۔ آپ تو شیخ جی کو بالکل عطار بنائے دیتے تھے۔

مرزا جی: ۔ جناب والا۔ میرا مطلب یہ ہے کہ آپ زمین مربعوں کے حساب سے خریدیئے اور اس پر بنوایئے مکان۔ آج کل امپرووِمنٹ ٹرسٹ کی اسکیم کی وجہ سے اس کاروبار میں بڑی گنجائش ہے۔

شیخ جی: ۔ ہے تو بات ٹھیک۔ پر بڑے جھنجٹ کا کام ہے۔ کوئی اور ترکیب بتایئے۔

مرزا جی: ۔ اچھا اگر یہ بھی نہیں مانتے تو پھر آخری ترکیب بتاتا ہوں۔

شیخ جی:۔ وہ کیا؟

مرزا جی:۔ آپ نکالئے اخبار۔ اس میں روپیہ اور وقت دونوں لگے گا اور نام بھی چلے گا۔

شیخ جی:۔ بات تو کچھ بگڑی ہوئی سی کہہ رہے ہو یار۔ کہو پنڈت جی۔ تمھاری کیا رائے ہے؟

مرزا جی:۔ پنڈت جی سے کیا پوچھنا۔ بس وہ تو مینیجر ہو جائیں گے۔

پنڈت جی:۔ (کھانستے ہوئے) جی... میں... آپ کی خدمت سے کب باہر ہوں... مگر بات یہ ہے...

شیخ جی:۔ بس بات وات کچھ نہیں۔ آپ مینیجر ہوں گے... مینیجر۔ لانا بھئی قلم دوات بھی کاروائی مرتب ہو۔ کدھر گیا۔ ذرا دھنظا۔ ارے کوئی ہے... او حفظا کے...

آواز:۔ جی حضور۔

شیخ جی:۔ دیکھ وہ ہمارا ناں قلم کالے کوٹ کی جیب میں سے نکال لا۔ اور خط لکھنے کا پیڈ بھی لیتا آ

حفظا۔ جی بہت اچھا۔

شیخ جی:۔ ابے سن بھاگا کہاں چلا جا رہا ہے۔ بلاٹنگ بھی لیتا آیو۔

حفظا۔ بہت اچھا حضور۔

شیخ جی:۔ اور ہاں... ابے چلا کہاں... سن تو سہی... روشنائی کی شیشی بھی لانا... قلم میں سیاہی ختم ہو گئی ہے۔

حفظا:۔ بہت اچھی بات ہے حضور۔

شیخ جی:۔ ابے چھ چلا جا رہا ہے... میں کہتا ہوں یہ تو ہوا کے گھوڑے پر سوار ہے... وہ چھوٹی میز بھی لیتا آیو نہیں تو کھوں گا کاہے پر۔ تیرے سر پر...

حفظا:۔ میں سمجھا حضور اپنی ٹانگوں پر رکھ کر لکھیں گے۔

شیخ جی:۔ اچھا جاؤ۔ فوراً یہ چیزیں لیکر آؤ۔

حفظا:۔ میں ابھی آیا۔

شیخ جی:۔ ابے سن... او حفظا... حفظا... اس نوکر نے میرا ناک میں دم کر دیا ہے۔ بات پوری نہیں سنتا۔ ابے دیکھ۔ اندر کہلوا دیجیو کہ مرزا جی آئے ہیں۔ وہ کھانا ہمیں کھائیں گے۔ او پنڈت جی کیلئے بازار سے خستہ کچوری منگوا۔

مرزا جی:۔ کھانے دانے کی کیا ضرورت ہے۔

پنڈت جی:۔ اور میں تو کھا کر آیا ہوں۔

شیخ جی:۔ واہ پنڈت جی۔ آپ تو مینیجر ہیں۔ آپ کا کھانا پینا سب یہیں رہا کریگا۔

مرزا جی:۔ تو اخبار سب سے بڑھیا ترکیب روپیہ کے خرچ کی اور وقت گزاری کی ہوگی۔

شیخ جی:۔ ہاں بات تو معقول ہے۔

پنڈت جی:۔ ہاں معقول اور سوا لاکھ ٹکے کی معقول۔

مرزا جی:۔ اس میں بڑے بڑے فائدے ہیں۔ روپیہ کا بہترین مصرف یعنی روپیہ خرچ کرنے سے عزت کتنی بڑھے گی۔ تمام دنیا جان جائیگی وہ الگ۔ نام بھی خوب ہوگا۔

شیخ جی:۔ آپ لوگوں کی دعا چاہیئے۔ ہاں مرزا صاحب فی الحال کتنے روپیہ کی ضرورت پڑے گی؟

مرزا جی:۔ اس کا حساب تو پنڈت جی آپ کو بتائیں گے۔

پنڈت جی:۔ دیکھئے صاحب میں بازار جا کر چیزوں کا بھاؤ دریافت کروں گا۔ پھر تخمینہ بناؤں گا۔

مرزا جی:۔ چیزیں تو بعد میں بھی آجائیں گی۔ پہلے یہ سوچنا چاہیئے کہ اخبار کس قسم کا ہو۔ (حقہ کا دم لگاتا ہے) لیجئے۔ شیخ جی۔ حقہ پیجئے۔

شیخ جی:۔ (حقہ لیتے ہوئے) تسلیم۔ جی ہاں یہ سوچنا ضروری ہے۔

مرزا صاحب:۔ آپ ہی رائے دے سکیں گے۔

مرزا جی:۔ یعنی سیاسی ہو یا تفریحی؟

شیخ جی:۔ خالی تفریحی سے تو کام نہ چلے گا۔

مرزا جی:۔ کام تو جناب تفریحی سے چلے گا۔ سیاست کی شطرنج میں کون پیسے۔

پنڈت جی:۔ اور کاغذ کے بھاؤ کا بھی اندازہ کرنا ہوگا۔

مرزا جی:۔ خیر یہ باتیں تو بعد کی ہیں۔

شیخ جی:۔ تو پھر تفریحی میں یہی کھیل کود۔ گھوڑ دوڑ۔ ہاکی۔ فٹ بال وغیرہ کا ذکر ہوا کریگا۔

مرزا جی:۔ ہاں یہ بھی... اور بہت سی باتیں ہیں۔

شیخ جی:۔ وہ کیا؟

مرزا جی:۔ یعنی سب سے زیادہ سینما اور ریڈیو کا ذکر ہوا کرے۔ انگریزی اخباروں کو دیکھیے صفحہ کے صفحہ ان باتوں میں رنگے ہوتے ہیں۔

پنڈت جی:۔ اور جی ہاں۔ اشتہار جو چھپیں گے ان سے بڑی معقول آمدنی ہوگی۔

مرزا جی:۔ کاروباری معاملات میں پنڈت جی کی رائے خوب ہوتی ہے

شیخ جی :۔ اچھا مرزا صاحب۔ آپ اور پنڈت جی مل کر تمام معاملات طے کر لیجئے۔ میں ذرا کھانے کی خبر لوں۔ (شیخ جی جاتے ہیں)

مرزا جی :۔ پنڈت جی ہاتھ ملاؤ۔ کیسا لشکارا رہا ہے۔

پنڈت جی :۔ مگر بڑی سوچ سمجھ کا کام ہے۔ بڑا شکارہ ذرا ہوشیاری سے کام لینا ہوگا۔ ایسا نہ ہو کہ ہاتھ سے نکل جائے۔

مرزا جی :۔ ہاتھ سے نکل جانیکی ایک ہی رہی۔ مگر شرط یہ ہے پنڈت جی کہ بچاس بچاس کا حساب رہے گا تو کام چلے گا ورنہ میں ہاتھ اٹھاتا ہوں۔

پنڈت جی :۔ مرزا جی آپ کی بھی باتیں ہیں۔ آپ بچاس کہتے ہیں۔ میں سو کے سوا سو آپ کے ہاتھ میں نہ رکھ دوں تو پنڈت چھدامی لال نام نہیں۔

مرزا جی :۔ جی ہاں پنڈت جی میں نے آپ کو پہلے سے بتا دیا کیونکہ مجھے اس کا تجربہ ہے۔ ابھی ابھی سے سیٹھ عادل جی کے اخبار کا حساب کر کے چلا آرہا ہوں۔

پنڈت جی :۔ تو یہ کہئے آپ سمندر کے پرانے تیراک معلوم ہوتے ہیں۔

مرزا جی :۔ جی ہاں۔ اس میدان کے میں چپہ چپہ سے واقف ہوں۔

پنڈت جی :۔ اچھا۔ دیکھئے وہ شیخ جی آرہے ہیں۔ پھر باتیں ہوں گی

(شیخ جی کے آنیکی آواز)

دوسرا سین

(ایک اخبار کا دفتر۔ مکمل طریقہ پر آراستہ۔ ایک میز پر شیخ سراج الدین مینیجنگ پروپرائٹر اور دوسری پر مرزا قلمدار بیگ اڈیٹر بیٹھے ہوئے ہیں۔ کٹہرے سے لگی ہوئی ایک چوکی پر پنڈت چھدی لال جی مینجر و خزانچی تشریف فرما ہیں۔ کارروائی بہت ضابطہ کی ہو رہی ہے)

شیخ جی :۔ اڈیٹر صاحب پرچہ لکھکر تیار ہو گیا لیکن ابھی تک کوئی نام تجویز نہیں ہوا۔

مرزا جی :۔ جی ہاں۔ میں خود اسی فکر میں ہوں کہ کیا نام رکھا جائے کئی نام خیال میں آتے ہیں لیکن کسی نہ کسی وجہ سے چھوڑ دینا پڑتے ہیں کسی نام کا اخبار نکل رہا ہے۔ کوئی نام اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

شیخ جی :۔ وہ نام معلوم بھی تو ہوں

مرزا جی :۔ بس یہی نام گل چیں۔ پروین۔۔۔

پنڈت جی :۔ مگر یہ تو عورتوں کے سے نام ہیں۔

مرزا جی :۔ پنڈت جی آپ تو صرف فرد حساب بنائیے۔ اڈیٹوریل بورڈ کے معاملہ میں نہ بولئے۔

شیخ جی :۔ مگر بحیثیت مینیجر پنڈت جی رائے دے سکتے ہیں۔

پنڈت جی :۔ میری رائے میں کوئی ایسا نام رکھئے جس کا تعلق سینما سے ہو۔ جیسے پردہ۔ ریڈیو والوں نے اپنے پرچہ کا نام 'آواز' رکھا ہے۔ بس آپ کا 'پردہ' رہے گا۔

مرزا جی :۔ واہ۔۔۔ پنڈت جی۔۔۔ خوب نام نکالا۔۔۔ پردہ۔۔۔ بھئی واہ۔۔۔ پردہ۔ اب اس کے بعد کہئے گا کہ کرسی، کمرہ، چائے، بسکٹ مونگ پھلی، بین، سوڈا۔ کیونکہ ان سب چیزوں کا تعلق بھی تو سینما سے ہے۔

پنڈت جی :۔ دیکھئے جناب مرزا صاحب۔ چونکہ اخبار کے نام پر اس کے کاروبار کا دارومدار ہے اس لئے میں رائے دیتا ہوں کہ اس کا نام پردہ ہو۔

مرزا جی :۔ میں صدائے احتجاج بلند کرتا ہوں۔ بحیثیت اڈیٹر کے اخبار کے نام رکھنے کا حق مجھے ہے۔

شیخ جی :۔ تو پھر مرزا صاحب آپ ہی کوئی نام بتائیے۔ نام تو آپ لکھتے نہیں۔ دوسروں کے نام رکھنے پر آپ خواہ مخواہ اعتراض کرتے ہیں۔

مرزا جی :۔ دیکھئے میں نے ایسا نام سوچا ہے کہ آپ کا بھی نام ہو جائے۔ ولایت کے سب سے بڑے اخبار کے نام پر میں نے نام رکھا ہے۔

شیخ جی :۔ تو جلدی بتائیے۔ ڈاک کا وقت نکلا جا رہا ہے اس کو جلد چھپوا کر روانہ کرنا چاہئے۔

پنڈت جی :۔ اچھا مجھے تو بتائیے ٹکٹ کتنے درکار ہوں گے۔

شیخ جی :۔ ٹکٹوں کی جلدی کیا ہے۔ مرزا صاحب آپ پہلے نام بتائیے۔

مرزا جی :۔ یہ تو آپ کو معلوم ہے کہ 'ٹائمز' انگریزی کا بہترین اخبار ہے اسی کے نام پر دنیا بھر کے اخباروں نے نام رکھے ہیں۔ جیسے ٹائمز آف انڈیا، نیویارک ٹائمز، ایسٹرن ٹائمز، یہ ٹائمز وہ ٹائمز غرض دنیا بھر کے ٹائمز کا دم چھلا اپنے ساتھ لگا رکھا ہے۔ بس میں نے بھی آپ کے اخبار کا وہی رتبہ کر دیا ہے۔

شیخ جی :۔ وہ کیا؟

مرزا جی :۔ یعنی اوقات!

شیخ جی :۔ کیا۔ اوقات۔ واہ بھئی مرزا جی نام تو خوب جچتا ہوا سا رکھا ہے کہئے پنڈت جی آپکی کیا رائے ہے؟

پنڈت جی: ۔ نام تو اچھا معلوم ہوتا ہے پر سینما اس کو کیا علاقہ۔

مرزا جی: ۔ پنڈت جی ذرا سوچئے تو کہ سینما میں روپیہ کے بعد کس چیز کی بربادی ہوتی ہے ۔ وقت کی ہوتی ہے یا نہیں ۔

پنڈت جی: ۔ ہاں یہ تو ٹھیک ہے ۔

مرزا جی: ۔ بس اسی نسبت سے میں نے نام رکھدیا 'اوقات' کیسا اچھا تو نام ہے ۔

پنڈت جی: ۔ جی ہاں ۔ لوگ ہر وقت اب ہماری 'اوقات' پوچھیں گے

مرزا جی: ۔ جی نہیں ۔ بلکہ آپ کے اوقات کو دیکھیں گے اور ہاتھوں ہاتھ لیں گے ۔

پنڈت جی: ۔ اور پھر ہماری اوقات بڑھے گی ۔

مرزا جی: ۔ اور 'اوقات' ۔ ۔ ۔

شیخ جی: ۔ اچھا تو اڈیٹر صاحب ۔ کاتب کو فوراً حکم دیجئے کہ یہ نام سرورق پر لکھ کر کاپی تیار کرے ۔ میں پریس مین کو بلاتا ہوں ۔

(گھنٹی بجاتے ہے)

تیسرا سین

(اخبار اوقات نکلنے کے تین مہینے بعد شیخ جی اپنے گھر میں بیٹھے ہیں)

شیخانی: ۔ میں پوچھتی ہوں یہ تم کو ہو کیا گیا ہے ۔ اس کم بخت اخبار کے پیچھے کچھ گھر بار کی بھی خبر ہے ۔ لڑکا بیمار پڑا ہے وہ الگ ۔ ۔ ۔ بیٹیا کے سر میں پھنسیاں نکل آئی ہیں ۔

شیخ جی: ۔ لڑکا بیمار پڑا ہے تو کیا میں دوا بن جاؤں ۔ ۔ ۔ ڈاکٹر کو بلا کر دکھا دیا ۔ ۔ ۔ دوا آرہی ہے بیعادی بخار ہے ۔ اترتے اترتے اترے گا ۔ بیٹیا کے سر میں پھنسیاں نکل آئی ہیں تو اسکی ذمہ دار تم ہو ۔ کیوں اتنے زیادہ آم کھلا دیئے ۔

شیخانی: ۔ آم کھلانے سے کیا ہوتا ہے ۔ کیا دنیا کے آم کھانے سے پھنسیاں نکل آتی ہیں ۔

شیخ جی: ۔ تو پھنسیاں نکلنے سے جو قیامت بھی برپا نہیں ہوتی ۔

شیخانی: ۔ اور یہ چھت جو ٹپک رہی ہے اس کا کیا انتظام ہوگا ؟

شیخ جی: ۔ ہیں ۔ یہ ایک دم تم پھنسیوں سے چھت پر کیسے آگئیں ؟

شیخانی: ۔ جس کے سر پر پڑتی ہے وہی جانتا ہے ۔ تم کوٹھڑی میں بیٹھے تو پتہ چلے ۔ تم تو ہر وقت دیوانخانہ میں مزے اڑاتے رہتے ہو ۔ ایک مواخبار ہے ۔ ہر وقت اخبار ۔ ۔ ۔ جب دیکھو اخبار ۔ نام بھی تو کمبخت کا کچھ ایسا ہی ہے ۔

شیخ جی: ۔ اوقات ۔

شیخانی: ۔ اسی موئے کے پیچھے اپنی اوقات بھی خراب کی ہے

شیخ جی: ۔ تم بیچاری اندرون خانہ بیٹھنے والی تم کو کیا معلوم کہ باہر اور خصوصاً اخباری دنیا میں کیا ہو رہا ہے ۔ کئی مہینے کے بل ادا نہیں ہوئے ہیں ۔ ۔ ۔ ملازمین کی تنخواہ نہیں دی گئی ہے ۔ کاتب صاحب پرسوں سے تشریف نہیں لائے ہیں ۔ اخبار بھی نہیں لکھا گیا ۔ سمجھ میں نہیں آتا اوتار کو پرچہ کیسے نکلے گا ۔ پریس مین کے گھر بچہ ہونیوالا ہے وہ الگ بیٹھ رہا ۔

شیخانی: ۔ اور تم کو میری تو کچھ خبر ہی نہیں ۔ کرمن کا میاں بچہ پر سے گر پڑا تھا ۔ پرسوں سے وہ نہیں آرہی ۔ روٹی مجھ کو اپنے ہاتھ سے پکانا پڑتی ہے ۔ آج صبح رمضانی آیا تھا وہ کہہ رہا تھا کہ کل تک اگر اس کے لونڈے کی تنخواہ نہیں ملی تو وہ اس کو روک لیگا ۔ دودھ والے کا الگ تقاضا ہے ۔ فضائی کل سے آئیگا ہی نہیں ۔

شیخ جی: ۔ مگر یہ باتیں تو گھر میں طے ہو سکتی ہیں ۔ یہاں تو آبرو پر پانی پھر رہا ہے ۔ اڈیٹر صاحب دو ہفتہ کی چھٹی پر کلکتہ تشریف لے گئے تھے وہاں سے ان کا خط آیا ہے کہ ٹرام پر چڑھتے وقت پاؤں پھسل گیا ۔ اس لئے موٹر سے ٹکر ہوگئی ۔ بڑی سخت چوٹ آئی ہے ۔ ہسپتال میں داخل کر دیئے گئے ہیں ۔ پندرہ روز کی چھٹی اور روپیہ منگایا ہے ۔

شیخانی: ۔ کون وہی مرزا جی ؟

شیخ جی: ۔ ہاں وہی مرزا قلمدار بیگ ۔

شیخانی: ۔ ان کو لکھنا ہی بتاتے تھے کہ وقت پر دھوکہ دیں گے ۔ ٹرام سے گرنیکا تو بہانہ ہی بہانہ ہے ۔ کل کسی بیوی بھی آئی تھیں ۔ جھوٹے لٹھوے بہاری تھیں ۔

شیخ جی: ۔ اور پنڈت جی کا بھی کھاتہ کا بستہ کھو گیا ۔ کہہ رہے تھے کہ دو تین روز ہوئے حساب ملانے کیلئے گھر بھیجا رہے تھے ۔ یعنل میں دیا کے چلے جا رہے تھے کہ راستہ میں نکل پڑا ۔ نہ معلوم کس نشہ میں تھے کہ ان کو خبر بھی نہ ہوئی ۔ مرد خدا نے یہاں آکر دیکھا ۔ ساری آمدنی اور خرچ کا حساب تھا ۔ کئی تاجروں سے اشتہار کے روپئے وصول کرنا تھے ۔ وہ سب کاغذات اسی بستہ میں تھے ۔

شیخانی: ۔ تو اب کیا ہوگا ؟

شیخ جی: ۔ ہوگا کیا ۔ اب جو آن پڑی ہے وہ بھرنا ہی پڑیگی ۔ میں نے

زندہ اور فطری زبان

پانچویں کسوٹی ۔ ادبی زبان میں یکرنگی اور ہم آہنگی کا ہونا لازمی ہے

کسی ملک کی زندہ زبان کی فطری صورت کا مطالعہ کرنے والا اس کی مختلف اقسام، بول چال، ہمہ گیری یعنے دیہاتی اور سمجھی زبان کے نمونوں کو دیکھ کر مطمئن ہوجاتا ہے ۔ جب وہ اس زبان کے ادبی سرمایے پر نظر ڈالتا ہے تو اُسے اس زبان کے ادبی لطف اندوز ہونے میں کوئی دقت نہیں ہوتی اس لئے کہ ادیب یا شاعر کوئی نئی زبان ادب کے لئے وضع نہیں کرتا ۔ جس کی ہیئت ترکیبی واقعی مختلف ہو، زبان پر بحث کرنے کے لئے ہم چاہے جتنے ذیلی عنوانات قائم کرلیں ۔ مگر ان حدود (یعنے بول چال دیہات، دفتری و سرکاری کاروبار) میں زبان اس طرح متقید نہیں ہوتی کہ ایک اصلی یکرنگی کردوسری اضافی میں تمیز جاسکے ۔ ہزاروں الفاظ بول چال کے ہیں کہ دفتری ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں، اسی طرح سرکاری یا دفتری زبان کا بیشتر حصہ زبان عوام پر ہو ۔ پھر ادبی زبان کی حیثیت (بقول حامیان ہندی) الگ اور مختلف کیوں کر مانی جاسکتی ہے ۔ اس بنا پر گریرسن "ہندوستانی" کا مقابلہ کریں تو "اردو (ہندوستانی) اسی متذکرہ بالا اصول کے ماتحت لے گی، روزمرہ کی پیروی اور پابندی، تبدیلی ہے اس کو مدنظر رکھنے کے چند تکلف پسند مصنفوں کو چھوڑ کر جو ہر دو میں اُلٹی گنگا بہاتے رہے ہیں جیتے ادیب شاعر گذرے ہیں ۔ اُنکے ادبی کارناموں پر ایک نگاہ غلط انداز ڈالتے چلیے کہیں بھی ادبی زبان کی نوعیت زبان عام سے جُدا گانہ نہیں ملتی ۔ اردو کی داغ بیل ڈالنے والے ولی، میر، مومن، دہلوی سے بیشتر اور بعد کے تمام سب غیر مروج لفظوں کے استعمال کو عیب سمجھتے ہیں بلکہ "غرابت" کو ایک نمونی غلطی کی حیثیت دے کر قواعد کی خلاف میں شامل کر چکے تھے ۔ نظم باشکر کا ایک ایسا انتخاب اُٹھا لیجئے جس پر انتخاب کا عیب لگا سکتا ہوں، اور عہد بعہد پڑتال کرتے چلے جائیے اسی مسلّمہ اصول کا عمل درآمد نظر آئیگا، یا پائیدار کو پائندہ نہ پائیں گے تذکروں میں ان کا نام ادبی گنہگار کی حیثیت سے مندرج ہوگا ۔

اب ذرا "ہندی" کے ادب پر ہاتھ مارئیے ۔ اُردو کے نمونے پر ہندی کا وجود عہد فورٹ ولیم (۱۸۰۰ء) سے پہلے نہیں ملتا ۔ اس سے پیشتر کا سرمایہ جو کچھ تحقیقات و تلاش کے بعد ملا ہے وہ "کوہ کندن اور کاہ برآوردن" (پہاڑ کھود کر چوہیا نکالنا) کے معنی مصداق ہے ۔ "شرینده هو ولوذ" میں جو ہندی زبان وادب کا پہلا باقاعدہ تذکرہ ہے کتابی ہندی کی اُردو پر تقدیم ثابت کرنے کے لئے ساتویں صدی کے گرنتھ نوٹ لگائے گئے ہیں ۔ مگر جو کچھ ہاتھ آیا وہ (اس ہندی کو کتابی ہندی کے ساتھ جوڑ ہونے سے اس کو ایک پار میں نہ گوندھ سکا ۔ "ہندی گدیہ میمانسا" میں پنڈت رامانند تیرتھ نے سولہویں صدی عیسوی کے نثروں اور نظموں کی انتخابیوں کو محض ناگری رسم خط ہونے کی بنا پر ہندی نثر کی ارتقاء دکھلاتے ہوئے تمہیدی طور پر انکے اقتباسات شمار کئے ہیں ۔ مگر اسے ہندی نثر کی ابتدائی کڑیوں پر رسم الخط کی یکسانی سے کہنا غلطی ہے ۔ البتہ اس کتابی ہندی نثر کی ابتدا کے بارے میں لیف ۔ اے کیتی کا بیان مضبوط دلائل اور ناقابل انکار صداقتوں پر مبنی ہونے سے زیادہ مستند معلوم ہوتا ہے ۔ موصوف نے بھی وہی کہا ہے جو دیگر سرت حامیان ہندی کہتے ہیں یعنے یہ کہ ماڈرن ہندی ادبی ضرورتوں سے وجود میں آئی ۔ مگر وہ ادبی ضرورتیں کیا تھیں وہ اُنکے بیان سے آپ خود اخذ کیجئے :-

> "جیسا کہ میں اوپر کہہ چکا ہوں شمالی ہندوستان میں ہندی کی بہت ساری بولیاں بولی جاتی تھیں ۔ مگر ان لوگوں میں جن کی زبان فارسی یا عربی تھی گفتگو کا ذریعہ اردو یا دیہاتی بولی (ہندی) اردو میں بہت سے الفاظ فارسی و عربی کے مستعار لئے گئے تھے جن کا تلفظ اسلام سے تھا ۔ اس لئے ہندی بولنے والوں کے لئے ایک ایسی ادبی زبان کی ضرورت محسوس ہوئی جو زیادہ تر ہندی کو مرغوب ہو ۔ اس لئے اردو کو لے کر ایک زبان بنائی گئی اور اس میں سے بچے اردو میں سے چن چن کر فارسی عربی کے الفاظ نکال دیئے گئے اور ان کی جگہ ان کی اصل (سنسکرت) لفظ رکھے گئے ۔"

مصنف ہندی نثر کی اس رائے سے اتفاق کرتے ہوئے اگر ہم اس سے سبب ذیل نتائج استنباط کریں تو غالباً کسی معقول پسند اعتراض نہ ہوگا

(الف) عہد فورٹ ولیم سے بیشتر کہ تمام تحریروں کو جو ناگری رسم الخط میں ہیں صرف رسم الخط کی یکسانیت سے ایک زبان قرار دینا غلطی ہے ۔ اودھی، بندیلکھنڈی، مالوی، پوربی، مگہی زبانیں ہیں ۔ ان کو "ہندی کی شاخ" کہنا تو بایں حد تک صحیح ہے ۔ کہ ان کے ادب کو موجودہ ہندی زبان کا ادب سمجھنا درست نہیں ۔

(ب) انیسویں صدی کے اوائل مسلمانوں و کشمیریوں اور تعلیم یافتہ طبقہ کی زبان فارسی تھی اور ہندوؤں کی اُردو تھی ۔ وہ شائستہ گفتگو کا ذریعہ سمجھی جاتی تھی اس لئے انیسویں صدی کے آغاز تک ماڈرن ہندی کا نام و نشان نہ تھا

اور نہ اس کا ادب تھا۔

(س) ہندی ادبی زبان کا وجود ادبی ضرورت پر نہیں بلکہ قومی نفرت یا پسندیدگی کے جذبے سے ہوا۔ اور اس سے پیشتر اہل ہند فارسی و عربی کے الفاظ سے برابر ادبی ضرورتوں کو پورا کرتے رہے۔

(ل) جدید ہندی کی اشاعت صرف ہندوؤں میں منظور تھی اُسے ہندوؤں کی بین الاقوامی زبان بنانے کا خیال تھا: مصنف ہندی لٹریچر کے یہ الفاظ کہ "ایک ایسی ادبی زبان کی ضرورت محسوس ہوئی جو زیادہ تر ہندوؤں کو مرغوب ہو" کسی تشریح و توضیح کے محتاج نہیں ہیں۔

(ی) اس لئے اگر پھر ہندی کو ہندو مسلمانوں کی قومی زبان بنانا ہو تو یہ نظریہ بدلنا پڑے گا۔ مذہب سے اس کا ناتا رشتہ مخصوص نہ کر کے صدیوں سے آزاد کرنا پڑے گا۔ اس طرح جو زبان پیدا ہوگی وہ نہ اسلامی ہوگی، اور نہ ہندوانی وہ وہی زبان ہوگی جو بقول ایف۔ اے کیٹلی انیسویں صدی کے اوائل میں شائستہ گفتگو کا ذریعہ خیال کی جاتی تھی۔

اگر ہندی کا وجود اس نقص نظریے کے تحت نہ ہوا ہوتا تو وہ فارسی عربی الفاظ سے ایک بیگانہ معزز ہو جاتی اور منشی للولال جی کو ایک فارسی عربی لفظ کے ہوتے ایک پورا فقرہ مرتب کرنے کی زحمت نہ گوارا کرنی پڑتی اور یہی نظریہ اگر اب تک قائم رہتا تو اُردو سے مشابہ ہوتے ہوئے ہندی زبان اس قدر مختلف نہ ہو جاتی اور دن دن اس کا اختلاف بڑھتا جاتا۔ چونکہ ہندی کسی ادبی ضرورت پر اردو سے مستقل نہیں ہوئی ہے اور اس کے وجود کا سبب خاص مذہبی عصبیت تھا اس لئے اس جذبے کے ختم ہوتے ہوتے اُردو سے مل جانا چاہئے۔ جب تک دونوں زبانوں کا اختلاف باقی ہے یقیناً یہ سمجھا جائیگا کہ وہی جذبات ادبی ضرورت کی تہ میں کام کر رہے ہیں۔

انہا حقیقت کے اس صاف اور کھلے انداز کو ہو سکتا ہے کہ بعض طبائع کو مکدر بھی کر دے میں اس سے ذرا بھی نہیں جھجکا ہوں کہ اردو ہندی کا اختلاف لسانی و ادبی ضرورتوں پر نہیں ہے جس کا اعلان بہت کچھ چیر پھاڑ کر کے کیا جا رہا ہے۔ عامر عثمانیہ پاٹ دے جو چشمہ پوشی اور پیٹھ ہی پیٹی جا رہی ہے وہ اسی غلط کے ثمرات ہیں جس کی تخم ریزی انیسویں صدی کے شروع کی گئی تھی۔ جب تک یہ زہنیت کجڑ سے اکھاڑ نہ پھینکا جائے گا ہندوستان کی قدرتی زبان کو نشو و نما پانے میں بیش از بیش دشواریاں ہیں۔ زبان کے پیچ ناوم آج کل میں کیا جا رہا ہے۔ جو میں بھی ان کی آواز زیادہ ہونے کے باوجود بہت اثر دکھا کر اور زبان کے کھلا ہو اثر دہ جاتی ہے کہ "بھائی بات تو ٹھیک ہے مگر..... بس ایک "مگر" ساری حقیقت پر پانی پھیر جاتا ہے کیا یہ حقیقت اب بھی نظروں سے نہیں ہوئی ہے کہ "ہندی زبان" میں وہ تہذیبی جوڑ سے اُردو سے متعلق کرائی ہے۔ دھیرے دھیرے نہیں بلکہ یک بیک ہوئی ہے اس لئے ہم اس کی مثال دریا کی شاخ سے نہیں بلکہ ریل کی شاخ لائن سے دینا مناسب سمجھتے ہیں جس کی ٹرینیں لڑیں اپنے بل پر، پانی کی طرح قدرتی راستہ پر آزادانہ گھوم پھر کر نہیں چلتیں بلکہ انجن کے جھٹکے، ڈرائیور کے ہینڈل کی گردش اور انجینیر کی تعبیر کردہ آہنی لائن پر جدھر لیجائی گئی ہوتی ہے اُدھر ہی کو جاتی ہیں۔ ہی سبب ہے کہ ہندوستان کی زبان اور اُس کے مقابل وضعی زبان میں اس قدر فرق ہے۔

(ن۔ پ) اور پھر قابل غور امر یہ ہے کہ ہم جب بول چال کی زبان کو اردو ہندی کی تقسیم سے بالاتر بلا ایک لفظ یا ایک شوشہ کے فرق کے زبانِ واحد مانتے ہیں اور مقدار مسرت ہو کہ بول چال کے معیار پر حال میں جو ریڈریں محکمہ تعلیم یوپی نے گذشتہ سنہ میں منظور کیں وہ بدستور قدیم چند لفظوں کے اختلاف سے جو درمیان میں رونما ہوئے تھے بالکل پاک ہیں۔ پھر ادبی زبان ہندی اور اُردو کی جلیحدہ کی چوڑائی بھی کم ہونی چاہئے اس لئے اردو اور ہندی دونوں میں سے ہر ایک کا نظری ہونا اس وقت مسلم ہو گا جب ادبی زبان اور زبان عام کی وہ مغائرت جائز خیال کیجائے جو ہندی کی ادبی زبان اور عام زبان میں نظر آتی ہے۔ مگر میں اس مضمون کے کسی دلگلے حصے میں عرض کر چکا ہوں کہ بول چال اور ادبی زبان کے ڈھانچے میں (قواعد صرف و نحو میں) اور مزاج (یعنے لفظوں کی ترکیبیں، اُن کا باہم اتصال یا جوڑ، دوسری زبان کے الفاظ کا داخلہ، اسلوب و لہجہ، حرکت و سکون) بھی یکساں ہوتا ہے فرق صرف اس قدر ہے کہ زبان میں زیادہ تر لفظوں کے لغوی اور حقیقی معانی مطالب کی تشریح کرتے ہیں۔ ادبی زبان میں لفظوں کے لغوی معنوں سے گذر کر اکثر مجازی معنی کارفرما ہوتے ہیں۔ ادبی زبان چونکہ تشبیہوں، کنایوں اور اشاروں سے لبریز ہوتی ہے اس لئے اس میں ایک جستجو، کشش اور دل ربائی پیدا ہو جاتی ہے ادائے بیان میں بھی زبان عام کے مقابلہ میں زیادہ ندرت، زیادہ رنگینی اور زیادہ زور ہوتا ہے۔ ادب کے موضوعات، بول چال کے موضوعات کے حدود کو پار کر کے اس زمین اور آسمان کے ذرے ذرے، تارے تارے کو ہی سمیٹنے پر اکتفا نہیں کرتے، بلکہ ادبی قیود کتنے نئے عالم، کتنی نئی دنیا، کتنے نئے آسمان و زمین کی تخلیق کر کے موضوعات ادب کی فراہمی کرتا ہے، پھر کبھی عالم ادب کو وسعت بھی کی تمنا رہتی ہے۔ مگر ان معنوی تیزیوں سے زبان کی ہیئت ظاہری نہیں تبدیل ہوتی بلکہ اسلوب بیان بدلتا ہی اور ظاہر ہے کہ اسالیب بیان کی رنگینی سے زبان کی یک رنگی ہرگز مفقود نہیں ہو سکتی۔

اب یہ واضح کرنے کے بعد ادبی زبان کو ادبی ضرورت کی بنا پر زبان عام سے مختلف قرار دینا اصلیت اور واقعیت کے برعکس ہے ہم اُردو یا ہندوستانی اور ہندوستانی کی جدید ہندی یا ہندی۔ ہندوستانی ادب کا جائزہ لینا چاہتے اور دیکھنا چاہتے ہیں۔ زبان کی یک رنگی اور ہم آہنگی کس میں ہے اور کس میں نہیں ہے اس سلسلہ میں ہم اُس عام غلطی کو بھی جو ہندی کے حمایتیوں کی جانب سے پھیلائی جا رہی ہے ہم دور کرنا چاہتے ہیں..... وہ عام غلطی جس پر اس قدر اصرار ہے

وہ ہے یہ غلط پروپیگنڈہ کہ ادب کے لئے چلن کے الفاظ کافی نہ ہونے سے ہندی ادبی زبان کا عام زبان سے متمائز اور مختلف ہونا لازمی ہے۔ نازک جذبات، لطیف احساسات کو مل جاؤں گے بیوہار میں لائے کی سکت چلن کے الفاظ میں نہیں ہے۔ مگر تجربات اسکے خلاف شہادت دے رہے ہیں۔

زبان کے نمونوں کو لے کر بحث کرنے سے پہلے محض عقلی طور پر بھی بہت آسانی سے یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ الفاظ کی یکسی صرف سنسکرت کے آگے ہاتھ جوڑ کر کیوں پوری کیجائے۔ تجربات اس بات کی شہادت دے رہے ہیں کہ ایک مقام خاص پر فارسی اور سنسکرت دو مرادف الفاظ میں اکثر فارسی لفظ ہی زیادہ زیب دیتا ہے۔ "مزدور" اور "شرم جیوی" میں آپ کسے پسند کرینگے، صلاح ومشورہ اور گوشمشعی ہم معنے ہیں۔ ہندی کا ادیب ان میں سے کس کو نظر انداز کرے گا، اگر یہ عام زبان میں شامل کر دیئے جائیں تو آیئے "گلاب اور دل" کو لیجئے جو گونا گوں ادبی تخیلات کا جاذب اور مرکز ہے اس کے مقابل سنسکرت میں "پاٹل" اور "ہردے" کے الفاظ ہیں۔ کیا ہندی کے ادیبوں نے گلاب کو ہاتھ نہیں لگایا۔ اور "پاٹل" کو ہردے سے ایک لمحہ کے لئے الگ نہیں کیا۔ کیا ان کے "دل کی کلی" "گلاب" کی تمکنگی و تروتازگی سے نہیں کھلی۔ لہذا معلوم یہ ہوا کہ ادبی ضرورت کے لئے بول چال کے دائرہ سے ایک قدم آگے بڑھ کر جب اور الفاظ کی ضرورت ہوگی تو جو الفاظ مزید لئے جائیں گے وہ فارسی، عربی سنسکرت سب ہی کچھ ہو سکتے ہیں۔ اس لئے جس طرح ہماری زبان عام کا لفظی سرمایہ عربی، فارسی، سنسکرت سے مخلوط ہے اسی طرح ادبی زبان کا سرمایہ بھی مخلوط ہی ہوگا۔ قلیہ اس کا یہ عام علوم متداولہ فن زبان پر بھی صادق آتا ہے کہ برابر چیزوں میں اگر برابر جمع کیا جائے تو مجموعہ برابر ہوگا۔ نابرابر چیزوں میں اگر برابر جمع یا تفریق کیا جائے تو نتیجہ نابرابر ہی ہوگا۔ اس لئے ادبی ضرورت پر نئے لفظوں کی بھرتی کو زبان کے تبدیل ہونے کی منطقی محض خیالی وجہ یا ایسے وکیل کی بحث جو جرح کر دو مقدمات کی پیروی کو اپنی ذاتی اغراض کی بنا پر زوردار بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس لئے سائیک (سائنٹک) بھاشا کی پناہ پکڑنا ہے۔ اور اب ہمیں ہندی کے ادبی زبان کے مختلف نمونوں کو دیکھنا ہے۔ سب سے اول یہ امر غور طلب ہے کہ جیسا کچھ ہندی کی تخلیق کے وقت سوچا گیا تھا۔ ویسے یہ کہ ہندی والوں کو ایک ایسی ادبی زبان کی ضرورت محسوس ہوئی جو زیادہ تر ہندوؤں کو مرغوب ہو سکے" اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اردو میں سے چن چن کر عربی فارسی الفاظ خارج کئے گئے اور انکی جگہ ہندی الاصل یا سنسکرت الفاظ رکھے گئے، اس منصوبہ میں کلی طور پر عملاً کامیابی ہوئی یا نہیں؟ ہندی کا متعدی ہی جان سکتا ہے کہ زبان کے نظری رجحانات کی بدولت فارسی و عربی لفظوں کا قلعی بائیکاٹ ہندی کے اہل قلم سے نہ ہو سکا۔ لالہ جی لال کے بعد سدل مصرنے ہی مرجح فارسی، عربی لفظوں، محاوروں سے ایک خاص تناسب کے ساتھ فائدہ اٹھایا۔ اسی طرح ہندی ادبی زبان کا کوئی مستقل معیار نہیں ملتا۔ (۱) ابدھ ہندی، دسنکرت آمیز ہندی (۲) ہنستر ہندی یعنی اردو کے فارسی و عربی لفظوں سے ملی ہوئی ہندی کی دو شاخیں شروع ہو جاتی ہیں اور لطف یہ کہ دونوں اردو سے مختلف آگے چل کر ان دو خانوں میں بھی ہندی زبان مقید نہ رہ سکی، افسانہ نگاروں نے مشرت ہندی سے ایک قدم آگے بڑھایا اور اردو سے جا ملے۔ ابدھ ہندی ایک قدم نیچے اتری اس میں فارسی و عربی لفظ گھسنے لگے۔ اب تینوں قسم کی زبانوں کے نمونے ملاحظہ فرمایئے۔

(ہندی کسا جلی صفحہ ۳۱۷ درجہ ہفتم)

جس سے یہ کرات اپنے دھنش کا سنکار کرتا ہے اُس سے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے آکاش پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا ہو۔ اس کے کارید تواں کے بیش کے اوکول نہیں ہیں بیش اس کا کراتوں کے سدرش ہو پکا ہے اس کا سر یہ تیجا الوکک ہے۔ آت ابو مجھے سندیہ ہوتا ہے کہ یہ تیجا رتھ کرات نہیں یہ تو کوئی اور ہی کیونکہ چھیلنے پر بھی منشیہ کا اصلی روپ اس کی چیشٹاؤں سے پرکٹ ہو جاتا ہے۔

(ترجمہ اردو روز مرہ)

جس وقت یہ کرات اپنے دھنش کا سنکار کرتا ہے اُس سے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے آکاش پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا ہو۔ اس کے کارید تواں کے بیش کے اوکول نہیں ہیں بیش اس کا کراتوں کے سدرش ہو پکا ہے اس کا سر یہ تیجا الوکک ہے۔ آت ابو مجھے سندیہ ہوتا ہے کہ یہ تیجا رتھ کرات نہیں یہ تو کوئی اور ہی کیونکہ چھیلنے پر بھی منشیہ کا اصلی روپ اس کی چیشٹاؤں سے پرکٹ ہو جاتا ہے۔

(ترجمہ اردو روز مرہ)

جس وقت یہ کرات اپنے دھنش کا سنکار کرتا ہے اُس سے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے آکاش پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا ہو۔ اس کے کارید تواں کے بیش کے اوکول نہیں ہیں بیش اس کا کراتوں کے سدرش ہو پکا ہے اس کا سر یہ تیجا الوکک ہے۔ آت ابو مجھے سندیہ ہوتا ہے کہ یہ تیجا رتھ کرات نہیں یہ تو کوئی اور ہی ہے۔ کیونکہ چھیلنے پر بھی انسان کی اصلی صورت اس کی حرکتوں اور خواہشوں سے ظاہر ہو جاتی ہیں۔

دونوں عبارتوں کو مقابل رکھ کر پڑھئے یہ ادبی زبان اور ادبی پیرایہ بیان ہے اس کو ادبکے منتخب کو رس میں چن کر رکھا گیا ہے۔ اب جو لوگ ہندی کو اُمرد سے سہل بتاتے ہیں وہ ذرا ہمیں یہ سمجھائیں کہ کیسی کو دوش کر دینے میں کیا سہولت ہوگی؟ یا کونسا اصلی نکتہ پیدا ہو جائیگا کہ اردو کا کام کی معروف صورت کو "کاریہ" کی قدیم اور نامانوس، غیر معروف صورت سے کیونکر کمتر سمجھا گیا ہے۔ اور تمام اہل بصیرت کو چھوڑ کر عربی "اور سنسکرت کا ایک بن لفظ مقابلہ میں رکھتا ہوں۔ "اور بھل" اور تیجا رتھ، ان دونوں لفظوں میں کونسا زیادہ عام فہم ہے؟ ثانی الذکر بھلا چن کس میں ہے۔ ہندوستان کا کونسا ایسا گوشہ ہے جہاں کے لوگ اس اور درحقیقت سمجھنا مشکل ہو گا۔ اور کون سی سرزمین پاک ہے جہاں بلا محنے تبلائے یہ تیجا رتھ کو لوگ سمجھ گئے کیا یہ ساری کوشش کسی ادبی و لسانی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے؟ پھر یہ بھی دیکھ لیجئے کہ سدرش کے آگے کس "جذبے" کے تحت فقرہ اندراج کیا گیا ہے اور اس لئے کہ ہندو ثقافی مرکب لفظ کے بدلے "آت الوکک جگہ دینا جس کی خوبت مسلمہ ہے" کیا معنی رکھتا ہے۔ باوجود کامل اعتیاط اور چوکسی کے نہ معلوم کس راستے سے "معلوم" اور "اصلی" مصنف کے دماغ میں آئے اور زبان قلم سے بے ساختہ کاغذ پر ٹپک پڑے۔ اب دوسری قسم کی ہندی ہنستر ہندی کا نمونہ ملاحظہ ہو۔ یہ پیسے گراف آٹھ ادبی ریڈر سے لیا گیا ہے جس سے پہلا ٹکڑا لیا گیا ہے۔

لہ سچا رس، اصلی اور قدیم لفظ پر خوش عقیدگی رکھنا۔

ہندی کا سماجی حصہ بڑے درجہ ہفتم
(ہندی خواں طلبہ۔ دلی دربار صفحہ ۱۳۵)

جگت پربھو پرماتما کے الچھ انوگرہ سے سمپن
دلی دربار، اتیمنت سمارو ہ سے سمپن
ہو سانند سماپت ہو گیا۔ وہی درباریں
کی بے نظیر تیاریاں مہینوں سے ہو رہی
تھیں جسکے نظارہ میں ایک ایک گھڑی برسوں برابر
بیت رہی تھی۔ جسے دیکھنے اور جس میں شریک
ہونے کے لئے سارا ہندوستان بے تاب
ہے چین ہو رہا تھا۔ ۱۲ دسمبر ۱۹۱۲ء کو
شہنشاہ جارج پنجم کے دلی تشریف فرما ہونے
سے شروع ہو کر ۱۶ دسمبر ۱۹۱۲ء کو تشریف
لے جانے پر ختم ہو گیا۔

ترجمہ

خدائے جہان کی بے حد مہربانی سے
دلی کا دربار بہت سی شان و شوکت کے
ساتھ بخیر و خوبی ختم ہو گیا جسکی پہلے نظیر
تیاریں مہینوں سے ہو رہی تھیں جس کے
اختتام میں ایک ایک گھڑی برسوں برابر
بیت رہی تھی۔ جسے دیکھنے اور جس میں شریک
ہونے کے لئے سارا ہندوستان بے تاب
ہے چین ہو رہا تھا۔ ۱۲ دسمبر ۱۹۱۲ء کو
شہنشاہ جارج پنجم کے دلی تشریف فرما ہونے
سے شروع ہو کر ۱۶ دسمبر ۱۹۱۲ء کو تشریف
لے جانے پر ختم ہو گیا۔

یہ طرز نگارش کسی معمولی ادیب کا نہیں ہے بلکہ پنڈت پدم سنگھ شرما جیسے عالم سنسکرت اور ایک فاضل تنقید نگار کا ہے آپ دیکھتے ہیں کہ سنسکرت کی بھاری بھرکم مشکل لفظوں کے پہلو بہ پہلو ہندی اور اردو کے مانوس اور عام الفاظ بھی بے جا کھپ رہے ہیں۔ بے نظیر تیاریاں۔ شریک ہونے۔ دربار اور جوڑے الفاظ و ترکیبیں ٹھیک سیدھے مستعمل ہیں جس طرح اردو میں آتے ہیں۔ کیا فاضل ادیب شاں ہی اس کی جگہ سنکیت الفاظ نہ لا سکتے تھے؟ وہ سنسکرت اور ہندی کے جید عالم تھے اب اس کا جواب یہ ماننا پڑے گا کہ محل لفظ اگر کسی بھی زبان کا ہو بلا تکلف اپنی زبان میں گھل مل جاتا ہے۔ اس کو کام میں لانا، لکھنا اور بولنا ہندی اور اردو میں کسی تغیر میں نہ صرف جائز ہے۔ بلکہ قدیم اور غیر الموس لفظوں کے مقابل اسے فضیلت دی گئی ہے۔ یہاں اس بحث کو ہم لفظ الفاظ کرتے ہیں کہ مندرجہ بالا پیرے کے گراف میں ہندی اور اردو عبارتیں ایک دوسرے سے حرف بحرف مشابہ کیوں نہیں ہیں اور پنڈت جی نے جو زبان نہیں بلکہ کیا ان سے زیادہ صحت سے ایسی عبارت کیوں لکھی ہے کہ وہ اردو اور روزمرہ کی زبان سے تمیز پا سکے۔

اب اس ہندی کو اردو کے بالمقابل رکھئے جو بہ تغیر چند الفاظ بالکل اردو ہے مشابہ ہے:۔

(الف) بہاری کے ایک دوہے پر تنقید کے سلسلے میں پنڈت پدم سنگھ شرما لکھتے ہیں جنکی سنکیت الفاظ سے گرانبار ہندی اور خال خال فارسی و عربی کے زیادہ الفاظ اور روزمرہ کے برجستہ فقروں سے ملی جلی زبان کا نمونہ اوپر دیا جا چکا ہے

"لوہے کی جو کیفیت (لوہے کا بے جان قلم) اس کی کیا داد دے گی بہاری شعر یوں کے بڑے صاحب ذوق حضرات کے دل ہی کچھ اسکی داد دیں گے جو کسی چوٹ سے بڑے تڑپتے ہونگے"

(ب) "اس پرکار (اس طرح) ہماری جی
اس میدان میں گاتھا کا اور کیشو داس
دونوں سے آگے نکل گئے ہیں کیا اچھا
سنسکار (اصلاح کیا ہے مضمون چھین
لیا ہے"

پدم سنگھ شرما۔ (از سنجیون بھاشیہ)
(اصلاح کے طور پر)
پدم سنگھ شرما (از سنجیون بھاشیہ سے)

چوٹ سے تڑپنا۔ داد دینا مضمون چھین لینا۔ خالص اردو روزمرے اور محاورے ہیں۔ جب فارسی و عربی کے مروج الفاظ سے گذر کر اردو محاورات و روزمرہ ہندی ادب میں لایا جا سکتا ہو تو پھر ساتھیہ کا نام لے کر زبردستی ہندی کی ایجاد کرنا فضول سا ہے۔

(ب) اب ذرا موجودہ دور کی افسانے والی زبان بھی دیکھئے۔

پنجاب میل کا اول درجہ سورگ (بہشت) کا نمونہ ہے جسے گنگا کا ان چترونتشہ کتابوں میں ویسے ہی پنجاب میل کے اول درجہ میں بہشت کا نقشہ موجود ہے اسے اکابڑ یا امراقی کا نمونہ کہنا کوئی بے جا بات نہیں۔ بیرا لال بابو کو اول درجہ میں چڑھا کر ہم نے انجن سے گاڑ کے ڈبے تک دوڑ۔ دو بار جھک کر کہا "شیو پوجن سہائے بحوالہ ہندی گدیہ شیلی کا بکاس صفحہ ۱۳۸"۔

"اول درجہ"، "بہشت کا نمونہ"، "بہشت کا نقشہ"، "امراقی کا نمونہ" "کوئی بے جا بات نہیں" وغیرہ الفاظ اور مرکبات اور انکی محاکاتی طاقت کا اندازہ میں ناظرین پر چھوڑتا ہوں۔ یہاں صرف میں یہ دکھلانا چاہتا ہوں "اردو پن" نے یہاں کو نسا ادبی شوشہ تھا جسے جگا دیا۔ اور جس کا پتہ خود لکھنے والے کے بڑھ کر بات بنانے والے کو پے اگر آپ نظر انصاف ڈالیں تو دیکھیں گے متذکرہ بالا الفاظ نے جو خالص ہندوستانی ہو چکے ہیں، اس عبارت میں جان ڈال دی ہے۔ ہندی والوں کی مخصوص ذہنیت اگر دماغ سے اترنے والے الفاظ کا راستہ روکے تو اردو ہندی نثر میں کوئی فرق نہیں ہو سکتا۔ افسوس تو یہ ہے کہ ہندی کے اہل قلم میں کثرت ان لوگوں کی ہے جو اردو سے نفرت رکھتے ہیں اور اس نفرت سے متاثر ہو کر ہندی کا چہرہ بگاڑ کر غیر فطری کر دیتے ہیں۔ آزاد قلم ہندی کے انتشار پرداز بھی اس سے متاثر ہو کر اکثر نیچرل ہندی کے کشادہ شاہراہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ مگر جب ادنے بیان کا جذبہ اس اعتیاطی جذبے پر غالب آجاتا ہے تو زبان کی نیچرل صورت ظاہر ہو جاتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ آپ ہندی کے مضمون یا ادبیوں کے ادبی شاہکاروں میں یک رنگی اور ہم آہنگی نہیں پا سکتے۔

سب سے اول جو نمونہ دیا گیا ہے وہ بھی ہندی ہے۔ اور ساہتیک بھاشا کا نمونہ ہے پھر دوسرا نمونہ جو پنڈت پدم سنگھ شرما کے مضمون دلی دربار سے لیا گیا ہے وہ بھی ہندی کے ادب العالیہ میں گنا جاتا ہے۔ پھر تیسرے قسم کی ہندی کے نمونے جو (الف) (ب) پیرے گراف میں ہیں وہ بھی ہندی ہیں: تو پھر ہندی ادبی زبان کی خصوصیت کیا مانی جائے؟

پہلے اور دوسرے گروپ کو دیکھ کر یہ کہا جا سکتا تھا کہ شاید ہندی اپنی زبان سے مرادوہ زبان ہے جو اُردو سے اسماء صفات میں مختلف ہو، مگر تیسرے گروپ نے آنیوالی زبان تو اس حد سے بھی باہر جاتی ہے۔ اب اس کے اسباب پر غور فرمائیں۔ ہندی زبان کا مستقل معیار کیوں نہیں قائم ہوتا۔ اس کی یکرنگی اور ہم آہنگی، نیرنگی اور رنگا رنگی سے کیوں بدل جاتی ہے؟

اس بارے میں پنڈت رام نریش ترپاٹھی کے خیالات یہ ہیں:۔

بہت سے عربی وفارسی شبدوں کا پریوگ (استعمال) اس قدر بڑھ گیا ہے کہ اب ان کے استھان (جگہ) پر سنسکرت یا پراکرت کے پریایہ باچی شبد (مرادف الفاظ) ڈھونڈ کر نکالے جائیں تو یا تو کچھ ارتھ (مطلب) نہ نکلیگا۔ یا بھاشا اتنی کٹھن ہو جائے گی کہ سرب سادھن (عوام) تو کیا شکچھت ہندو (تعلیم یافتہ ہندو) بھی کٹھناتے سمجھ سکیں گے۔"

پس صاف ظاہر ہے کہ "شدھ ہندی" کا سمجھنا ایسا ہی ہے جیسے قدیم زبانوں کا سیکھنا یا آثار شکستہ سے تہذیب و حالات قدیم کا پتہ لگانا۔ ہیں نہیں کہتا کہ اسکی ضرورت نہیں ہے۔ مگر جدید اور قدیم کی اس خلط ملط سے کیا فائدہ۔ اس کیلئے ہمیں سنسکرت زبان سیکھنی چاہیئے بھلا یہ کونسی ٹیک ہے کہ آدھی سنسکرت اور آدھی ہندی جب ہی تو اس قسم کی زبان کے اہل اور شکل ہونگے۔ اعتراف پنڈت رام نریش ترپاٹھی نے اوپر کے اقتباس میں کیا ہے اور بہت سے دوسرے "معقول پسند ہندی داں اُن کے ہمخیال ہیں۔ اور یہی سبب ہے کہ ہندی زبان کی مختلف تحریریں اپنے مختلف قسم کے ذخیرہ الفاظ کی بدولت ایک دوسرے سے مختلف ہوگئیں ہیں۔ نہیں یہ منظور ہوا کہ ایسا لکھو کہ سمجھنے میں دقت نہ ہو اُنہوں نے مستعمل لفظوں کی آمد پر نجیل انداز میں لکھا۔ مقصد اول پر جن کی نظر گڑی اُنہوں نے اُس کو پیش نظر رکھتے ہوئے گرد و پیش (ماحول) کی مطلق پروا نہ کی۔ شدھ ہندی وجود میں آگئی۔ کچھ لوگ تھے جو ہین بین رہے۔ انکی کوششوں سے ایک بے جوڑ زبان وجود میں آئی جسے وہ خود بھی مشرت ہندی کہتے ہیں۔

اس وقت بھی جب کہ مدرسوں میں ہندو طلبا کو ہندی تقریباً لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھائی جا رہی ہے۔ ہندی پرچار کے نے ناگری ہندی پرچار کی، اور ہندی ساہتیہ سملین سبھائیں۔ ہندی پرچارک منڈلیاں۔ ہندی کے کثرت اخبارات اور رسالے مدت سے اپنے مقصد کی تکمیل میں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں بشدھ ہندی نویس انشاء پرداز کہاں ہی نہیں معدوم ہیں۔ بلکہ بعض بعض شدھ کے خلاف اس زبان کی شاعت کو نواب عظیم سمجھ کر میدان میں علم جہاد لے کر آئے ہیں جس میں نہ تو فارسی و عربی لفظوں کا بائیکاٹ ہوا اور نہ غیر مروج شدھ ہندی کی بھرمار۔ کاکا کالیکر صاحب اسی جہادی لشکر کے سالار اعظم ہیں۔ آپ کا ایک مضمون رسالہ اردو اپریل نمبر ۱۹۳۶ء میں کسی ہندی رسالے سے لیا گیا ہے جس میں آپ فرماتے ہیں:۔

"دیش کی صوبہ جاتی زبانوں میں اردو فارسی اور عربی کے الفاظ کم زیش پائے جاتے ہیں۔ جہاں جہاں "بھاشا کی شدھی" کے خیال سے ان الفاظ کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے وہاں ہم شدھی سے اس تحریک کی مخالفت کر رہے ہیں۔ ان صوبہ جاتی زبانوں میں بہت سے ہندی کے الفاظ مجرد ہیں، اگر ہم ان معانی میں ان الفاظ کا استعمال کریں جو ان زبانوں میں مشترک اور ہم معنی ہیں تو اس زبان کو سب لوگ آسانی سے سمجھ سکیں گے۔"

اُردو کی ہمہ گیری کا اس سے بڑھ کر ثبوت اور کس طرح دیا جا سکتا ہے۔ اور اگر بفرض محال یہ سب باتیں کہنے سننے کی اور عملاً وہی ہٹ دھرمی ہے تو اس میں شبہ نہیں کہ جو لوگ اپنی ہٹ پر قائم ہیں وہ اپنے ماضی کے عشق میں گرفتار ہیں عشق اور خرد میں اتفاق ناممکن ہے۔ ورنہ جوان کا شعور عہد طفلی کے والہانہ لانے میں ضرور کوشاں ہوتا ہی سبب ہے کہ اکبر مرحوم نے صاف صاف کہدیا تھا۔

اُردو میں خوب شرک ہو نہیں سکتے — اس ملک کے کام ٹھیک ہو نہیں سکتے
ممکن نہیں شیخ امر القیس بنیں — پنڈت جی ایلیک ہونے کے نہیں

ایک دھوکا۔ زبان کے بارے میں عنداں سے دور جا پڑنے کا سبب وہ مغالطہ ہے جو ہندی خواہوں اور اُردو دلوانوں کے اعداد و شمار سے پیدا ہو گیا ہے لوگوں نے اس بات کو زور دیدے سمجھا کہ زبان کے مسئلہ میں اکثریت اور اقلیت بے اثر چیزیں ہیں اور اوٹ شماری سے اگر ایک جانب ۹۹ اور دوسری جانب اکی نسبت ہو جب بھی ناواے زبان کی قدرتی شکل کو مسخ نہیں کر سکتے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے صوبے کے ۶۰ فیصدی مصنف اپنی تحریروں میں فارسی و عربی الفاظ میں پرہیز کر رہے ہیں مگر جب وہ لکھنے بیٹھتے ہیں تو کہیں قلم سے "تاکہ" نکل جاتا ہے کہیں "تاہم" "مگر" "اگر" کا شمار نہیں، بیچارہ کاتا تو چھانتا ہی پرانے دفینے سے پرنتو، کنتو، اتھوا نکالا جاتا ہے لفظوں کی مبتی جاگتی زندہ دل سپاہ کے ساتھ ڈیڑھ ہزار برس کے گڑے ہوئے مُردے لاکھڑے کئے جاتے ہیں۔ اس طرح شدھ ہندی کی صورت وجود میں آتی ہے پھر بھی ہندی کے والہ فیروں کو حکم ہوتا ہے کہ ایک ساتھ مل کر پکارا آؤ کہ "ہندی جیوت بھاشا ہے"، مگر سامنے انقلاب زندہ باد کے نعرے بلند ہو کر ان بلند بانگ دعوؤں کی پول کھول دیتے ہیں۔

لطیفہ۔ اس موقع پر میں اپنے ایک شدھ ہندی نویس دوست کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ آدمی ملنسار ہیں اور وطنی جذبات سے پُر، ایک دفعہ میں ان سے ملنے گیا۔ ازراہ محبت فرمانے لگے۔ میں نے اپنے چچا کو ایک پتر لکھا ہے آپ کو سناؤں۔ اس خط میں شدھ ہندی کو نہایت مستعدی سے نباہا گیا

تھا۔ مجھ کو خط پڑھ کر سناتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے۔ مولوی صاحب آپ ہندی جانتے ہیں۔ سمالو چناکی درشت (تنقیدی نظر) سے دیکھئے گا ایک جگہ ذرا ہے سے لغزش ہو گئی تھی "لیکن" لکھ گیا تھا، اس جگہ پہونچتے ہوئے بولے ارے رام رے "لیکن"، نہیں کنتو ہونا چاہیئے۔ میں ہنس پڑا اور کہا لیکن سے خرچ کیا ہے بیسے۔ دوست نے فرمایا کہ بڈھ ہندی کے مراد ہا (خالص ہندی کے مصنف عزت) سے یہ لیکھ گر جائیگا۔

ہمارے ہندی کے دو دوانوں کا یہ مت ہو کہ جو شبد ہماری سنسکرت بھاشا میں ہیں اُنکے بدلے آنیہ بھاشا (غیر زبان) کے شبدوں کا پریوگ (چت مناسب) نہیں۔ یہ خیالات شخصی نہیں عام ہو چکے ہیں، انہیں خیالات نے ہندی کی ہیلی صورت کو مسخ کیا ہے۔ اُردو سے جو دُوری برتی جارہی ہے وہ کسی لسانی ضرورت پر نہیں ہے۔

اس قدر ہوشیاری اور مستعدی کے باوجود بھی بسا اوقات اصلی زبان سے گریز مشکل ہو جاتی ہے جس طرح ہندوستان میں رہ کر انگلینڈ کی ہوا میں سانس لینا ناممکن ہے۔ اُسی طرح دورِ موجودہ میں زبان قدیم کا ملکی اور قومی بننا غیر ممکن ہے۔ اب وہ دن قریب ہیں کہ داغوں سے یہ غلط فہمی دور ہو جائے بدیسی چیزوں کی طرح فارسی عربی کے وہ الفاظ بھی جو مدت سے تحریر و تقریر میں آتے رہنے سے ہندوستانی زبان و ادب کا زیور بن چکے ہیں غیر ہندوستانی قرار پاکر خارج کرنے کے قابل نہیں سمجھنا چاہیئے، بدیشی اشیا کا بائیکاٹ ہماری ملکی تجارت کے فروغ کا باعث اور بدیسی الفاظ کا اخراج اس کے برعکس زبان کے سرائے کو گھنا کر اس گلا گھونٹنے والی اسکیم ہے۔ ان حضرات کی خدمت میں مسٹر لبھورلال کی مندرجہ ذیل روشن رائے پیش کرنا مناسب سمجھتا ہوں۔

"ہماری غلطیاں یا باہر والوں کی خود غرضانہ دست اندازیوں سے ترقی کی یہ باڑھ ماری گئی لیکن اس تحریک کے اثرات ہماری زندگی میں اتنی گہرائی تک پیوست ہو چکے ہیں کہ انہیں باہر نکالنے کی کوشش خودکشی کے مصداق ہے کون سمجھدار ہندو گلاب کو باغ سے اس لئے نکال پھینکے گا کہ وہ ایران سے آیا ہی یا روئی کھا بند کر دیگا کیونکہ اُس کی زبان میں اس کے لئے کوئی لفظ نہیں ہے؟ ہماری پوشاک کا نصف بہتر حصہ مسلمانوں کی دین ہے شمالی ہند میں ہر ہندو شادی کے وقت نوشہ بنتا ہے اور اُسکی شادی سہرے اور جامے کے بغیر پوری نہیں ہوتی، ہماری بہنوں کے بہت سے زیور، ہمارے کل پرزے یہاں تک کہ چارپائی اور بستر اور رشتہ داروں کے القاب، رنگ در وغن، بہنیوں کے کاغذات، میوے اور مٹھائیاں غرض ہر کہیں اسلامی تہذیب کا نقش موجود ہے، کاغذ، قلم، دوات، سیاہی اور عینک کے بغیر ہمارے مصنفوں کا کام ایک دن بھی نہیں چل سکتا

اُردو ہندی کا قضیہ از شمبھو ناتھ بحوالہ اردو اپریل ۱۹۳۵ء

پس برادران وطن! فارسی، عربی کے الفاظ ہندوستانی کے لئے غیر ملکی نہیں اور نہ باعث ننگ ہیں۔ وہ ہماری زبان کے لئے سرمایۂ ناز ہیں۔ ان انمول رتنوں سے زبان کے خزانے کو پُر کرنے کی بجائے ادب ہندی کے تاج میں جڑ کر اسے جگمگانے کی بجائے تم اسے نکال کر پھینک رہے ہو، یقیناً یہ تنگ نظری نہیں بے ہوشی ہے۔ وطنیت کے علمبرداروں سے ہرگز یہ توقع نہیں کیجا سکتی تعصب تصویر کا ایک ہی رُخ دکھلاتا ہے۔ فارسی عربی لفظوں کا محض بدیسی ہونا یا دوسرے باقی خوبیاں (چلن، رواج، لوچ، گھلاوٹ، شیرینی، بانکپن، تیکھا پن وغیرہ) سب بھول گئیں۔ یا نظر انداز کر دی گئیں۔

اب تک جو کچھ عرض کیا گیا وہ ادبی زبان کی اس شق کے متعلق تھا کہ اردو ہندی کا ذخیرہ الفاظ کس قسم کا ہے اور ذخیرۂ الفاظ کی بنا پر دونوں میں فرق کیا ہے۔ ہم نے یہ واضح کرنے کی کوشش کی کہ ہندی ادبی زبان میں سوائے اسکے اور کوئی معیار نہیں کہ ایسی زبان لکھی جائے جو اُردو سے تیز پانکے۔ کہیں کہیں پیرے گراف میں سنسکرت آمیز چھٹ (بہار) ہے تو کہیں "سادہ"، شستہ اور دل نشین پیرایہ بیان، کہیں دونوں کی گنگا جمنی شان سے مشرت ہندی وجود میں آجاتی ہے۔ اگر ہماری ذہنیت تفرقہ اور تیزی طبع کا رنگ نہ ہو تو سہ رنگی کی جگہ یک رنگی نظر آئے۔ نیچے ایک پیراگراف رسالہ مادھوری سے نقل کر کے اس ذہنیت کو میں اور صاف کرنا چاہتا ہوں:۔

زمین کی چھوٹی چھوٹی ملکیت کے سمبندھ میں کمیشن کا کہنا ہے کہ اس سے پیداوار کو نقصان پہونچتا ہے۔ ہندو اور مسلمان دونوں میں پیترک سمپت سبھی پتروں کو برابر ملتی ہے۔ پر اس رائے میں ہوتی ہوسکتا ہے کہ بھگیداری منڈل دوارا کمیتی کرنے سے اس ثمر کو دور کیا جاسکتا ہے پنجاب کے کاری منڈل نے آشانبت اُنت کی ہے پر مدھیہ دیس میں قانون دوارا یہ ٹرٹ دور کی گئی ہے۔

(مادھوری کھنڈ ۱ از سکھدا دارگی شرشٹی ج)

زمین کی چھوٹی ملکیت کے بارے میں کمیشن کا بیان ہے کہ اس سے پیداوار کو نقصان پہونچتا ہے۔ ہندو اور مسلمان دونوں میں موروثی جائداد سب بیٹوں کو برابر ملتی ہے۔ پر اس بارے میں ہوتی کیا سکتا ہے۔ البتہ پنجاب کوآپریٹو سوسائٹی کے ذریعہ کھیتی کرنے سے نقص کو دور کیا جاسکتا ہے۔ پنجاب کوآپریٹو سوسائٹی نے اُمید سے بڑھکر ترقی کی ہے لیکن مدھیہ دیس میں قانون کے ذریعہ اس نقص کو دور کیا گیا ہے۔

زبان کے چٹخارے، انداز میں ہر لفظ برمحل آتا ہے یہ الفاظ اپنی جگہوں میں اس طریقے سے جمے ہوئے ہیں کہ ان کو نکال کر وہ سرا لفظ رکھا جائے تو وہ بدلا ہوا لفظ ان فٹ ہونے کے سبب ذرا کھٹکے کھاتا ہے۔ اوپر کے دونوں نمونے اس حقیقت کی توضیح کرتے ہیں کالم ۱ میں زبان کا سیدھا سادھا غیر صنوعی انداز ہے جس میں ملکیت، زمین کیشن، بارے، بیان، نقص، البتہ، کو آپریٹو سوسائٹی، ذریعہ، امید، قانون کے عام فہم اور برمحل الفاظ آئے ہیں۔ کالم ۲ میں زمین، قانون، اور پیداوار، یعنی کو صحیح مسلّمات چھوڑ کر تمام الفاظ کے بدلے سنسکرت الفاظ سے پُر زور کیا گیا ہے "ملکت" کو "مالکیت" کی صنعت میں مسخ کیا گیا ہے۔ اُردو سے متیز دلانے والی ذہنیت کے سوا اس "شدھی" کا سبب کیا ہو سکتا ہے۔ ملزم کا بیان، سرکاری وکیل کا بیان، خفیہ پولیس کا بیان، کلکٹر کا بیان، رام کا بیان، رحیم کا بیان کون نہیں جانتا۔ مگر لشکر ہندی تو زبان قدس ہے مفترِ ہندی میں بھی اس کو جگہ نہ ملی ہے۔ "بیان ہے" کے بدلے لکھا گیا "کہنا ہے" میں بھی کہوں گا آپ کے اس تبادلے کو کیا کہنا ہے۔ قربان جائیے "بھرّ بارے میں" کے بدلے سمبندھ میں، و "ذریعے" کے بدلے دورا، موروثی جائداد کے بدلے پتری سمپت، لانے سے ہندی پیدائش کونسی سہولت اور کون سی ادبی لذت حاصل ہوگی۔ اس حقیقت کو چھپانے کی کسے جرات ہو سکتی ہے کہ "میں" "سمبندھ میں" سے کہیں زیادہ بارے میں، کے مکسالی لفظ کا سکہ رواں ہے۔ اسی طرح موروثی جائداد کی عام فہمی، "پیترک سمپت" کی غرابت بھی مسلّم ہے غرض ان تمام سنسکرت کے وضعی الفاظ کو جو رزم فارسی عربی لفظوں کے بدلے گھڑے گئے ہیں مقبولیت اور معقولیت اور سلاست کا درجہ اب تک نہ ملا اور نہ مل سکتا ہے۔ یہ جان کر اور سمجھ کر اگر اب بھی ہم اپنی روش نہ بدلیں تو ہر انصاف پسند یہ کہہ سکتا ہے کہ ہندی اُس زبان کا نام ہے جو کسی قدر فتحات ہو اور ہا بیان ہندی کو صاف صاف اس کا اعلان کر دینا چاہیئے۔ ورنہ یہ

یہ کیسے ممکن ہے۔ زبان کے وہی اصول آپ بھی بتائیں جو ہم اب تک مانتے رہے ہیں، جس پر ہم اب تک کاربند رہے ہیں۔ چلن کے الفاظ کو ہم بھی سراہیں اور آپ بھی، پر تھا اور پہ پاٹی (سنت جاریہ) کی شرن نہیں۔ باہری الفاظ جو جزو زبان و قدمن بن چکے ہیں ان کا استعمال ہم بھی جائز قرار دیں اور آپ بھی کہیں کہ ہاں ہم بھی اسے مانتے ہیں۔ پھر اردو ہندی کی بحث کیوں باقی رہ جاتی ہے۔ مگر جیسا کہ میں نے اوپر صد ہا مثالوں سے دکھلایا ہے ہاں تک زبانی دعوے کا تعلق ہے ہندی کے اہل قلم نہایت ہی دل خوش کُن بیرایہ میں اصل مسلّمہ اصول کا بیانگ دہل اعلان فرمائیں گے۔ مگر عمل کی دنیا میں اُنکے اعلانات قدم نہیں نکالتے۔ ساینات میں ابھی تک بغض للّٰہی کو دخل نہ تھا۔ مگر بعض ناسمجھ نوگ شہری کو شہرانی اور کاروائی کو کاریہ واہی اور مخالفت کو "خلافت" سے بدل کر اپنی ذہنیت کا پتہ دے رہے ہیں۔ ہم اس ذہنیت کے خلاف اس وقت تک جہاد کرینگے تا وقتیکہ وہ خود اس کا اقرار نہ کر لیں کہ ہم کسی اصول کے پابند نہیں۔ ہم اپنی طبیعت اور مذاق کے موافق جیسا چاہیں گے لکھیں گے یا بولیں گے" مگر جب تک یہ قولی گفتگو جاری ہے ایک خادم زبان کی حیثیت سے مجھ حق ہے کہ غلط روی سے باز رہنے کے لئے اپنے دوستوں سے ہر ممکن طریقے پر التجا کروں۔

الفاظ کی شکلوں پر زمانے کا اثر، اُن کی ہمہ گیری (بول چال کی سند اور دفتری رکارڈ) کے واضح کرنے کی ضرورت اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک ہمیں ابدی نکات گنائے جائیں گے۔ ابدی ضرورت یا ابدی نقطہ نظر سے زبان کی بحث میں ایک نیا شوشہ اور ہے۔ اب ہم اسکے تحت میں آواز، تلفظ، ترکیب الفاظ، قواعد صرف و نحو سب پر نظر ڈالنے کے لئے مجبور ہیں۔ ذخیرہ الفاظ کے بارے میں بہت کچھ لکھا جا چکا لکھنے والے کو شکایت ہے کہ وہ اگر "نقص" میں کوئی نقص پائے تو ترُت ——— لکھ کر اپنی تسکین کرے۔ اگر کوئی نقصان زبان نہیں تو اندھی تقلید سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ (باقی آئندہ)

چراغ علی

محبّت اور نفرت

تہدیہ محبت ——— نفرت کے نام

اردو کے سب سے جدت طراز ادیب

اختر حسین رائے پوری

کے سولہ رومانوں اور افسانوں کا مجموعہ

محبت ایک کانٹا ہے چبھنے کے لئے!

نفرت ایک پھول ہے سونگھنے کے لئے!!

قیمت ایک روپیہ چار آنے

ساقی بک ڈپو۔ کھاری باؤلی۔ دہلی

سنِ بلوغ

ہماری روزانہ کی زندگی کے تجربات و مشاہدات بتلاتے ہیں کہ ہر شے کا جامۂ پردۂ تخیل پر ایک مبہم سا خاکہ کبھی نہ ہوا نہ ایک مرئی شکل دنیا بیشتر انسانی کمالات سے بعید ثابت ہوتا ہے۔ کیسے ممکن ہے کہ ایک مشین کسی کے سامنے رکھ کر اس کو فوراً چھوڑ دے کا حکم دیدیا جائے۔ ذرا آنکھ اٹھا کر دیکھ لیجئے کہ وہ اس کے پرزوں سے عدم واقفیت کا اظہار کر رہا ہو۔ اسی طریق تا وقتیکہ بچوں کی فطرت کا ہم نے باقاعدہ مطالعہ نہ کیا ہو نہیں مناسب نہیں کہ انکے ظاہری عادات و اطوار کو دیکھ کر کوئی خاص حکم لگا دیں۔ یہ واقعہ ہے کہ بچہ اپنے ماحول سے بہت کچھ اثر قبول کرتا ہے لیکن کچھ اسکی طبیعت کی افتاد بھی ہوتی ہے جو مل ملا کر اسکے مستقبل کو بناتی یا بگاڑتی ہے۔ افتادِ طبع کی تقسیم ایک مستقل شے ہے پھر بھی ماحول کے ذریعہ ہمیں سلامت روی پیدا کی جا سکتی ہے۔ بچے کے والدین ابتدا میں اس کے بہترین آلیق ہوتے ہیں۔ لیکن وہ وقت آنے پر جسے ہوش سنبھالنا یا "سن شعور" کہتے ہیں اس وقت بچے کی تربیت میں ایک حد تک ایک دوسری ہستی بھی مدد ہوتی ہے جسے عرفِ عام میں "استاد" کہتے ہیں۔ اگرچہ یہ امر مسلّم ہے کہ استاد کو اتنا موقع نہیں ملا کرتا کہ وہ اس ہستی کو اس کی اچھی طرح دیکھ بھال کر سکے (اور میں تو یہ کہوں گا کہ یہ بھی طبیعت ہی ہے ورنہ آنکھیں عموماً استاد کی بھی تربیت کی ضرورت ہوتی ہے) اسے دن رات کے صرف چند گھنٹے ملتے ہیں جس میں والدین کی ہدایات کے مطابق زیادہ سے زیادہ تعلیم ہونی چاہیئے۔ پھر بھی یہ وقت اس لحاظ سے غنیمت ہے کہ بچہ عموماً ایسی ہستی کی نقل کرنے کی کوشش کرتا ہے جسے وہ غیر محسوس طریقہ پر وقیع سمجھتا ہے۔ اسلئے اگر ایک استاد اس فرصت سے فائدہ اٹھا کر بچہ کے سامنے اخلاقِ حمودہ کا مظاہرہ کرے تو اسے وہ جلد جذب حاصل کرنے کی کوشش کریگا۔

القصہ دی حیثیت سے دو صاحبِ نظر نے اس نفسیاتی تحقیق کے بعد دو حیرت انگیز نتائج ترتیب دیے ہیں جو کہ بچے کو حدِ طفولیت سے کھینچ کر بلوغت تک پیش آتے رہتے ہیں۔ خاص کر وہ حصہ عرفِ عام میں سنِ شعور کہتے ہیں (اسکی زندگی میں نہایت اہم حیثیت ہے) سن شعور یا بلوغت میں بہت بڑی قوت ہے۔ اول تو وہ زمانہ ہے جب بچہ اپنے دماغ سے مفید و مضر شے میں امتیاز پیدا کرنے کی کوشش میں لگا رہتا ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے جب تعلیمی اور تجربہ کی دونوں پہیہ کے ساتھ ہوتے ہیں۔ یہ کام استاد یا آلیق ہی کا ہے کہ اس کی کشتیِ حیات کو ساحلِ مقصود تک پہونچانے میں معاون ہے ورنہ طغیان سے کہ وہ بہہ جائے۔ سوم خطرناک زمانہ ہے جب انسان میں متضاد جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ ان جذبات میں اعتدال پیدا ہو سکتا ہے لیکن اسی وقت جب سن شعور میں عقلمندی اور میانہ روی کی تعلیم دی جائے۔ ہوتا اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک بچہ کی ابتدائی تربیت و تعلیم بہت غور و خوض سے کی گئی ہو آئندہ چل کر وہ اس کے نتائج کے موافق نہیں ثابت ہوتا۔ اس کا تعلق تو زیادہ تر بیت کی خرابی سے ہے اور کچھ اس کی ذہنیت سے بھی۔ بچہ سن شعور کو پہونچا ہے تو اس کا زاویۂ نظر وسیع سے وسیع تر ہوتا جاتا ہے ایسی حیثیت میں وہ اچھی بُری ہر چیز کو سمجھنے اور حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ سن شعور تقریباً بارہ برس کی عمر سے لے کر ۲۰ برس تک ہوتا ہے۔ یہ زمانہ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اول شعوریت کا ابتدائی دور۔ دوم درمیانی۔ سوم انتہائی یا آخری۔ اس تقسیم سے پہلے کا زمانہ طفولیت کہلاتا ہے۔ اور بعد کا ہوشیاری۔ کچھ ماہرین کا یہ بھی خیال ہے نیز ہمارے تجربے بھی اسکے شاہد ہیں کہ لڑکوں میں بالغ ہونے کا احساس اسی ابتدائی دور میں پیدا ہو جاتا ہے اور لڑکیوں میں اس عمر سے بیشتر لیکن ان احساسات کا نمبر ۱۴ اور ۱۷ سال تک علی الترتیب ہو جاتا ہے۔ یہ غرض کلیہ نہیں بتائی جا سکتی۔ جذبات کا اس سے قبل بھی پیدا ہو جانا ممکن ہے۔ زیادہ تر یہ باتیں آب و ہوا پر منحصر ہوتی ہیں۔ اس لئے استاد کا فرض ہے کہ جب لڑکا ان منازل سے گذر رہا ہو تو انتہائی تدبر و ہوشیاری سے کام لے۔ اگرچہ ہم لڑکے کی بہ خصوصیات اور خوبو کے حامل ہوتے تو استاد کا کام قدرے آسان ہوتا لیکن قدرت اتنی مہربان نہیں۔ واقع ہوئی۔ بہرحال موجودہ واقعات میں نہ جانا پڑیگا۔ سوال ہو سکتا ہے کہ وہ کون سے واقعات ہیں اور کونسی مشکلات ہیں جو ایک استاد کو پیش آتی ہیں۔ لڑکا اس وقت جسمانی و ذہنی جذبات کی بھی نشوونما تیزی کے ساتھ بڑھتا ہوا ہے۔ اس لئے سب سے پہلی ضرورت یہ ہے کہ نشوونما کی ہر حیثیت کو پہلے سمجھ لیا جائے۔

طبعی یا جسمانی ارتقا سن شعور میں پہونچنے کے بعد جسمانی لحاظ سے تو اس میں سختی آتی اور اعضا میں بڑھاؤ ہوتا نظر آتا ہے جو ترقی کچھ اتنی سرعت کے ساتھ ہوتی ہے کہ بعض اوقات قوت اس کا ساتھ دینے سے عاری بنتی ہے۔ نیز جسم کے مختلف اعضا مختلف حیثیت سے مختلف بنتے ہیں جس سے ایک عجیب ہیولی بن جاتا ہے آواز میں فرق پیدا ہو جاتا ہے۔ اس وقت اس لڑکے کے نفس اور نشست کے بارے میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے ورنہ خوف ہے کہ کچھ شدید امراض میں مبتلا ہو جائے ایسی تبدیلیاں معدہ اور خون کی روانی میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اور نبض زیادہ تیزی سے چلنے لگتی ہے جس وقت یہ جسمانی تغیر پیدا ہونا شروع ہو جائے تو استاد کا کام ہے کہ اس سے کافی فائدہ اٹھائے۔ اس عمر میں اضافی قوت کی بنا پر لڑکا ہر قسم کی ورزش جسمانی کے قابل ہو جاتا ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ اگر اس کو سامنے جسمانی فلاح کی مثالیں پیش کی جائیں تو وہ اُسے آسانی سے نقل کر سکتا ہے۔

اسکول کے کھیلوں میں تعلیم میں اور خیالات اعلیٰ کے حامل ہوتے ہیں اساتذہ مدد کرتے ہیں۔ اس وقت آزادی خیال کے بجائے لڑکا ایسی راہ پر لگایا جائے جہاں اُسے حرکات و سکنات میں بڑی حد تک آزادی حاصل ہو۔ ضرورت ہو کہ انفرادی تعلیم کو ایسے موقعوں پر زیادہ اہمیت دی جائے ماکنزی دیکھا گیا ہے کہ اس بحث کے بعد لڑکوں میں عموماً اضمحلال پیدا ہونے لگتی ہے جس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ اضافی قوت کی وجہ سے جو حرکت پیدا ہوگئی تھی اس قوی میں تحلیل پیدا ہو جاتا ہے۔ اس لئے اساتذہ اس وقتی جمود کو زیادہ اہمیت نہ دیں۔ ہاں اگر یہ جمود مستقل سہل انکاری یا جمود کا بیش خیمہ ہو تو اس مرض کا علاج بہت ضروری ہوتا ہے۔ ورنہ اس اعتدال سے اگر چشم پوشی اختیار کر لی گئی تو ترقی کرنے والے اسکول کے ضابطہ میں ترقی پیدا ہونا ضروری ہے۔ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ دور لڑکے کے عادات و خصائل بننے کے لئے مخصوص ہے لیکن سن شعور کو پہنچ کر یہ چھوڑ دیا گیا تو یہ خیال کہ لڑکے میں خود بخود اچھی عادتیں پیدا ہو جائیں گی۔ دعائی وہم ہے۔ اس موقعہ کو کبھی چرم دستی سے کام لینا چاہئے اور کبھی سختی سے۔ مگر یہ تبدیلی اور سختی دونوں اعتدال سے آگے نہ بڑھیں۔ انفرادی تعلیمی اصلاح کا معیار ہے گو سوسائٹی میں اجتماعی حیثیت سے انفرادی مفاد کی قربانی جو ایک حد تک کے لئے ہو جانا ضروری ہے۔

قوٰی کے بڑھنے کے ساتھ ہی ساتھ لڑکے میں ذاتی شخصیت کا تخیل بھی پرورش پانے لگتا ہے۔ عموماً ضد اور سرکشی کا مادہ بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ یا پھر سادگی کی علامتیں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ ایک دانا اُستاد یہ دونوں خطرناک صورتیں پیدا ہونے نہ دیگا۔ اس وقت اس کی دلچسپیاں خاص طور پر جگا دی جائیں اور کوشش کی جائے کہ ذاتی اثر سے ایسی خطرناک صورتیں مٹا دی جائیں۔

اس عمر میں سب سے زیادہ خطرناک حد تو وہ ہے جو قلبی ہیجان کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ لڑکا اُس کوشش کے غیر مرئی اثر سے بہت کچھ متاثر ہوتا ہے اس وقت اسے خیالی دنیا میں زیادہ گھف لگنے لگتا ہے۔ مگر زیادہ تر یہ حالت ۹۹ فیصدی لڑکوں میں پیدا ہو جاتی ہے۔ اُستاد اس راہ میں اگر کسی قسم کے روڑے اٹکاتا ہے تو نتیجہ ضد کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ لڑکوں کو ہمیشہ "کرنا چاہیئے" کا حکم دینا چاہیئے "نہ کرنا چاہیئے" کا نہیں۔ لیکن اس مشکل مہم سے کیسے عہدہ برآ ہوا جا سکتا ہے۔ اسکی صورت یہ ہے کہ ایسے لڑکے کے خلقی تصورات کو زیادہ سے زیادہ آزادی دیدی جائے لیکن ان پر نگاہ رکھی جائے مبادا اس آزادی سے ناجائز فائدہ اُٹھانے لگے۔ انجام میں صرف دو ہی صورتیں ہو گی یعنے یہ جذبہ یا تو مستقل پائدار دوستی پر منتج ہو گا ورنہ خود بخود ہی ختم ہو جائیگا۔

ذہنی ارتقاء۔ سن شعور کے ساتھ ہی ساتھ ذہنی ارتقا بھی تیز ہو جاتا ہے۔ لڑکے میں اس وقت ہر شے کی علت و غایت کا بھی احساس ہونے لگتا ہے وہ چاہتا ہے کہ چیز کی ماہیت اور اُسکے اسباب کی واقفیت حاصل کرے۔ ایسی حیرت میں اگر بے جا خوف و ہراس سے کام لیا گیا تو اس فرحت میں ایک دھکا لگتا ہے جس سے اسکی قوت غور و فکر میں کمی پیدا ہو جاتی ہے اور اپنی نارسائی مفلوک الحالی کا خیال پیدا ہو جاتا ہے۔ تخیل متقبل کی ترقیوں کو کہیں سدراہ نہ کر دیتا ہے اور مانع خیالات ارتفاع۔ خوف طلب امر یہ ہے کہ لڑکے میں آیا یہ قوت یک بیک فوری طریقہ پر پیدا ہوتی ہے یا آہستہ آہستہ۔ کچھ ماہرین کا خیال ہے چونکہ ذہنی لحاظ سے دماغ اس وقت نشوونما پا جاتا ہے۔ اس لئے اسباب علل کے دریافت کا مادہ پیدا ہو جاتا ہے لیکن زیادہ تر صحیح معلوم یہی ہوتا ہے۔ جوں جوں بچہ کا تجربہ بڑھتا جاتا ہے ویسے ہی اس کے خیالات میں وسعت پیدا ہوتی جاتی ہے۔ نظریے کے وقت پذیر ہونے سے تجسس و تلاش کا مادہ بھی بڑھتا جاتا ہے۔ اس کا امکان ہے کہ کبھی ہی وقت یہ قوت تیزی کے ساتھ عود کر آئی ہو اور بعض اوقات زوال پذیر ہو لیکن کسی قت بھی بالکل مفقود نہیں ہو جاتی جنہوں نے جسمانی ساخت کا مسائلہ کیا ہے ان کے بیان کے مطابق دماغی قوتوں میں اصلاح عمر کے ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ اپنے بیان کے ثبوت میں وہ پیش کرتے ہیں کہ عمر کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ تجرید بھی بڑھتا جاتا ہے اور اسی لحاظ سے اشیاء کی اقسام و تقسیم۔ دماغ کے سامنے بالکل مختلف اور متضاد خیالات ہوتے ہیں جن پر اُسے غور کرنا پڑتا ہے اور بہت ممکن ہے کہ کوئی مسئلہ جس کا تعلق اسکی طبعی زیادت سے ہو بہت آسانی سے سمجھ میں آجائے بعض میں باوجود کوشش بسیار اس کا ناطق تدبیر نہ حل کر سکے۔ اس سے یہ بات صریحی طور پر حل ہو جاتی ہے کہ لڑکے میں سن شعور پر پہونچنے کے بعد قوت تمیز و تلاش تو پیدا ہو جاتی ہے لیکن اس وقت فطری انگاؤ بھی اپنا کام کرتا رہتا ہے۔ اس عمر میں چونکہ بچہ عالم الطفولیت سے نکل کر عالم شعوریت میں داخل ہوتا ہے۔ اس لئے اسکی دماغی کیفیت میں کسی حد تک پختگی ہو جاتی ہے اس کا تخیل زود فہمی و ادراک تجزیہ اشیاء اور اسکی امتزاجی کیفیت کے احساس کا مائل ہوتا ہے واقعات کے علل کی تشفی بڑھتی جاتی ہے اور وہ غور و زیادہ کی الجھن ہو جاتی ہے اسی وقت ساتھ ہی ساتھ شرم و حیا کا مادہ بھی پیدا ہو جاتا ہے جسے ہم "حیا پیچ" بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس وقت اس کے زیر نظر زیادہ تر الیس کرتا ہیں ہوتی ہیں جن میں حسن و محبت کے افسانے ہوں یا پھر قصص و حکایات جن سے اسکی بلعیدت کے جوش کو تسکین ہو سکے۔ اس وقت اس میں اپنے بڑوں کے نقل کا مادہ تیزی کے ساتھ بڑھ جاتا ہے۔ تنہائی پسند خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ یا اگر انجمن آرائی کا خیال پیدا ہو تو وہ بھی شوق مجالست سے پر وا نہیں ہوتا۔ اُستاد کو ایسے وقت میں زیادہ نگاہ کی وسعت میں مدد کرنی چاہیئے۔ اس دولہ بے اختیاری کو صروف عمل کیا جا سکتا ہے جس سے نیک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ ہاں اگر تدبیر و نصیحت کی کچھ مخالفت ہی ہو تو سمجھ لینا چاہیئے کہ ایک بالا قوت ارادی سے بالا پڑا ہے۔ ایسی صورتوں میں اگر بجائے احکام جاری کرنے کے نمونہ بن کر پیش ہو۔ لڑکے ایسے اثر کو جلد قبول کر لیتے ہیں

جذباتی ارتقاء:۔ جذبات انسانی کا تعلق بہت کچھ جسمانی ارتقاء سے ہوتا ہے۔ اور کسی قدر ماحول سے۔ خون کی روانی میں تیزی پیدا ہوتے ہی جذبات ابھر آتے ہیں۔ لڑکے کے اعضاء اس عمر میں عموماً تیزی سے بڑھتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس کے احساسات میں بھی تنوع پیدا ہوتا ہے۔ شعور کے ابتدائی دور میں جیسے ہی اعضاء بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جذبات میں قوت و شدت پیدا ہو جاتی ہے۔ لڑکا اس وقت مختلف کیفیات اور دلولوں کا حامل ہوتا ہے۔ اسکی طبیعت کبھی بشاشت بلیغ کا احساس کرتی ہے۔ تو کبھی افسردگی کا دورہ پڑتا ہے کبھی خندہ و پیشانی سے پیش آتا ہے۔ کبھی بدمزاجی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ کبھی رحم و کرم کے جذبات سے مملو نظر آتا ہے۔ کبھی نفرت و غصہ سے پیش آتا ہے۔ کبھی یقین و ایمان کے ساتھ کام کرتا ہے اور گاہ بابوسی کا اظہار کرتا ہے کبھی ہمت و جرارت دکھلاتا ہے۔ اور کبھی خوف و ہراس اس کے دامن میں پناہ لیتا ہوا دکھائی پڑتا ہے۔ اسی طرح مختلف قوی جذبات سے کھیلتا نظر آتا ہے۔ کبھی ولولے سن بلوغت پر پہونچکر سکون حاصل کر لیتے ہیں ضرورت ہے کہ استاد بچہ کی ان متضاد کیفیات سے جو بالکل نفسیاتی ہیں۔ اچھی طرح واقف ہو۔ نہ ہو سکتا ہے کہ اپنی لاعلمی کی وجہ سے ہمکی تربیت ہی کی طرف سے وہ مایوس ہو جائے۔

کام نہ لیا گیا تو لڑکے کی طبیعت میں بغاوت کا مادہ پیدا ہو جائے گا جس سے استاد کے کام میں سخت دشواریوں کا پیدا ہونا قرین قیاس ہے۔ جذبات کے اس تلاطم ہیجان کے اندر سکون بھی پوشیدہ ہے۔ اس لئے اس شورش کو نظر انداز کر کے سکون کے لطیف تاروں سے کھیلا جائے تو ایسا پُر ترنم نغمہ پیدا ہو سکتا ہے جو لڑکے کی روح کو بھی گرویدہ کر سکتا ہے۔ البتہ ایسے موقع پر سختی۔ غیر محتاط طریقہ طنز اور حکم سے کام لیا گیا تو نفرت کا پیدا ہو جانا ضروری ہے۔ لڑکا اس عمر میں اپنی شخصیت کا کسی حد تک احساس کر چکتا ہے اور خود کو مستقبل کی پُر آشوب زندگی کے لئے تیار کرتا ہوتا ہے۔ اس لئے کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کر سکتا اس کا دل سلمی دل چسپیوں کا جویا ہوگا۔ موسیقی سے اُسے رغبت ہوگی۔ شہرت کا ولولہ اور نظر آئیگا۔ عزت کی اُسے لگن ہوگی۔ اور بعض میں مذہبی جوش بھی پایا جائیگا۔ غرض یہ زمانہ حیات انسانی کا ایک موج انگیز اور طوفانی دور ہوتا ہے۔ جہاں اکثر بالوسی اور جودت طبع کی وجہ سے انسانی جذبات میں توازن قائم نہیں رہتا۔ صاحب شعور لڑکے کے جذبات سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کے نفسی احساسات کا خیال رکھا جائے۔ ناجائز افعال۔ گھناؤنے قصے بڑی نصیحت اگر ان امور سے لڑکے کو لاعلمی کی صورت میں علیحدہ رکھا گیا تو ان کا مستقبل شاندار ہو سکتا ہے لیکن افسوس تعلیم و تربیت کے موجودہ دور میں جہاں اور جملہ باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ یہ گویا سب سے اہم ہے نظر انداز کر دی جاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ جائے اسکولوں کے ۹۰ فیصدی بچے جذبات کے لحاظ سے غیر تربیت یافتہ نکلتے ہیں۔

قوت ارادی و ضبط کا ارتقاء:۔ دراصل ہیں یہ قوت عمل و کردار سے تعلق رکھتی ہے۔ اگر اپنی خواہشات اور احتیاجات میں قوت ارادی سے کام لیں تو بہت سے عیوب مٹ سکتے ہیں اور بہت سے غیر ضروری امور سے ہم اپنے کو علیحدہ رکھ سکتے ہیں۔ جب طفلانہ ولولے سکون اختیار کرنے لگتے ہیں احساس خودداری پیدا ہو جاتا ہے تو ساتھ ہی ساتھ یہ جذبہ بھی غور کرنا شروع ہو جاتا ہے۔ عہد طفلی کی ہماری تمام خواہشیں وقتی ولولوں سے متاثر رہتی ہیں۔ لیکن شعور حاصل کرنے پر یہی عزم ناقص کے ماتحت ہو جاتی ہیں۔ ہمارا کردار کہا ہے، جذبات و خواہشات میں اعتدال۔ یہ اعتدال زمانہ کے ساتھ ساتھ بڑھتا جاتا ہے جس کو مستقبل میں مستقل عادتیں بن جاتی ہیں۔ زمانہ طفلی سے لیکر بالغ ہونے تک قوت ارادی طاقت پکڑتی رہتی ہے لیکن زمانہ شعور میں یہ قوت بلا ارادہ یا پُر ارادہ اختیار کر لیتی ہے۔ اس دور میں طبیعت پر جو رنگ غالب ہو جاتا ہے وہ تادیر اور بعض اوقات ہمیشہ رہتا ہے ذہانت اور قوت ضبط و ارادہ میں خاص تعلق ہے جس سے بعد میں رہنمائی قابلیت اور صفات کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ اس لئے خاص طور پر ایسے لڑکوں میں جن کے مزاج ایسی تربیت کو قبول کرنے کی قابلیت و صلاحیت رکھتے ہوں ایسے خیالات پیدا کرنے اور بڑھانے چاہئیں۔ لڑکا اس وقت قدرے اجتماعی زندگی پسند کرتا ہے۔ اس لئے اسے کافی موقع بہم پہونچایا جائے کہ وہ رہنمائی یقین اور اپنی برتری کا اظہار کر سکے، ورنہ ایسی تمام خوبیاں ظاہر نہ کی جا سکیں اور صرف گوشہ ہائے قلب و دماغ کے طواف میں مصروف رہیں۔ گھٹ گھٹ کر ختم ہو جاتی ہیں۔

سن شعور نہایت خطرناک، غیر مستقل شوریدگی مزاج کا زمانہ ہے جہاں قدم قدم پر متضاد اور مخالف جذبات سے واسطہ پڑتا ہے، اگر اسکے اصلاح کی کوشش نہ کی گئی تو زندگی اکثر مثالوں میں ایک بھیانک خواب بن کر رہ جاتی ہے ہمارے اسکول اکثر قابل اساتذہ سے خالی ہیں۔ لیکن اگر ہیں بھی تو تعلیم تعلیم کا مروجہ طریقہ انکی زندگی میں شاید ہی کبھی ایسے لمحات پیش کرتا ہوں جن میں طالب علم کو اس نظریہ کے ماتحت تعلیم دیتے ہوں۔ ایسی حالت میں مستقبل میں جو قوم بننے والی ہے اس سے امید و فلاح اور کامیابی کی توقع رکھنا جو کہ گیہوں کی فصل کاٹنے کے مرادف ہوگا۔

سید عبد الجلیل حسنی
بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ)

نوٹ:۔ جواب طلب امور کے لئے محصول ڈاک آنا ضروری ہے۔ پرچہ نہ پہونچنے کی شکایت کرتے وقت اپنا نمبر خریداری لکھا کیجئے۔ "منیجر"

ہمسائی

میری ہمسائی بچپن ہی میں بیوہ ہوگئی تھی۔ وہ شبنم کے قطراتِ اشک سے نم اور پژمردہ گل کی طرح ڈالی سے علیحدہ ہوگئی تھی۔ وہ شب عروس کے لئے نہیں بلکہ کسی دیوتا کے پوجا کے لئے منتخب کی گئی تھی۔

میں دل سے اس کا پرستار تھا اسکی محبت میں میرے دل کی جو کیفیت تھی اس کے اظہار کے لئے سوائے پرستش کے اور کوئی مناسب لفظ نہیں ملتا۔

میری اس دلی کیفیت کی میرے دوست نوین کو بھی خبر تھی۔ میں نے اپنے دلی جذبات کو اس طرح چھپا کر رکھے ہوئے بنا رکھا تھا اور اس پر مجھے غرور بھی تھا۔

لیکن دل کے جذبات کو ہستانی دریا کی طرح اپنے مخرج ہی تک محدود نہیں رہتے وہ کسی نہ کسی طور سے باہر نکلنے کی کوشش کرتے ہیں اور اگر اس جدوجہد میں ان کو کامیابی نہیں حاصل ہوتی تو سینے کے اندر ہی ایک طوفان برپا کر دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے میں خیال کرتا تھا کہ اپنے قلبی تاثرات کا نظم میں اظہار کر دوں لیکن قلم اس جولان گاہ میں آنے کے لئے آمادہ نہ ہوا۔

عین اسی وقت ایک تعجب انگیز بات یہ ہوئی کہ میرے دوست نوین، ادھر کی طبیعت میں زلزلہ کی طرح یکایک ایسی لرزش ہوئی کہ وہ دفعتہً شعر گوئی میں ہمہ تن محو ہوگیا۔

اس کے قبل یہ غریب کبھی ایسی ارضی یا سماوی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوا تھا۔ اس لئے اس کے مقابلہ کے لئے پورے سازوسامان سے تیار نہ تھا۔ یہ دیکھکر مجھے تعجب ہوا کہ وہ موزون وقافیہ سے واقف تھا اور نہ تک بندی ہی کر سکتا تھا تاہم اس نے مطلق پس وپیش نہ کیا۔ شاعری کا خبط اسکے سر پر ایسا سوار ہوگیا جیسے ضیعفی کی دوسری بیوی کسی کے سر پر مسلط ہوجاتی ہے آخرکار تریم واصلاح کے لئے میری خدمت میں حاضر ہوا۔

اسکی نظر کا موضوع نیا نہ تھا لیکن نہ اُسے بہت قدیم کہہ سکتے تھے نہ بالکل جدید۔ جب میں نے دیکھا کہ ایک محبوبہ کے عشق میں کچھ اشعار لکھے ہیں تو اسے دھکا دے کے مسکراتے ہوئے میں نے دریافت کیا "بتا تو وہ ہے کون؟" نوین نے ہنس کر جواب دیا "ابتک تو مجھے اس کے متعلق کچھ واقفیت نہیں ہے"

نوین کو اس کام میں امداد دینے میں مجھے بیحد لطف آیا۔ اسکی مجازی محبوبہ کے حیلہ سے میں نے اپنے بے ہوئے جذبات کو برانگیختہ کیا جس طرح بھیڑیے والی مرغی بطخ کے انڈوں کو پاکر سینے کے لئے پر پھیلا دیتی ہے۔ اسی طرح میں نے بھی نوین کے ذریعہ سے اپنے درد وسوز کا اظہار کرنا شروع کیا۔

نوین نے متحیر ہوکر کہا "بالکل یہی باتیں تو میں بھی کہنا چاہتا تھا لیکن میں اس سے قاصر رہا۔ تم کیسے اس خوبی سے میرے خیالات کی ترجمانی کر لیتے ہو؟"

میں نے ایک شاعر کی حیثیت سے جواب دیا "تخیل سے" وجہ یہ ہے کہ حقیقت ایک سرحد ہے اور تخیل اس کا پھاٹک ہے۔ حقیقت ہمارے تاثرات کیلئے سدِّ راہ رہتی ہے۔ لیکن تخیل ان کو رواں کر دیتا ہے۔

نوین نے سنجیدہ چہرہ بنا کر کچھ سوچتے ہوئے کہا "یہی تو معلوم ہوتا ہے ٹھیک ہے" اس کے بعد پھر کچھ دیر تک سوچ کر کہا "ٹھیک! ٹھیک!"

میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ میری محبت کا مذہب تھا۔ اسی وجہ سے میں خود کچھ تحریر نہ کر سکا لیکن جب نوین کو پس پردہ پٹھایا تو میرے قلم نے زور دکھایا۔ میری انشاپردازی کا بیہاء جذبات محبت کی داستان سے لبریز ہوکر چھلکنے لگا۔

نوین نے کہا "یہ تمہارے اشعار ہیں۔ انہیں میں تمہارے نام سے شائع کراؤنگا"

میں نے کہا "لیکن لکھے ہوئے تو تمہارے ہی ہیں۔ میں نے تو محض معمولی ترمیم کی ہے"

رفتہ رفتہ نوین بھی میری رائے سے متفق ہوگیا۔

میں اس امر سے انکار نہیں کر سکتا کہ جس طرح ایک مجسمہ کی نگاہ ستاروں کے طلوع کے انتظار میں آسمان کی طرف رہا کرتی ہے ویسے ہی میری تجسس نظر بھی اکثر اپنی ہمسائی کی کھڑکی کی طرف اُٹھتی تھی بعض اوقات اس دیوی کے پرعقیدت نظارہ میں میری خود غرضی بھی مضمر ہوتی تھی۔ اس عفت مآب کے رُخ روشاں کی پُرسکون دروح پرور ضیا پاشی سے چند لمحوں کے لئے ہمارے آلام وافکار محو ہوجاتے تھے۔

لیکن میں نے ایک دن یہ محسوس کیا کہ ہمارے احتساب کی حرارت ابھی زائل نہیں ہوئی ہے۔ کیا وہاں کے سرسبز کوہوں اور وادیوں میں ابھی گرمی موجود ہے؟

اُس دن تیسرے پہر کو شمال وشرق کے گوشے سے بارش ہو رہی تھی۔ طوفان کے بھی علامات ہویدا تھے۔ درمیان میں بجلی بھی چمک جاتی تھی۔ میری ہمسائی کھڑکی کے پاس تنہا کھڑی تھی۔ اس دن اس کی آسمان کی طرف متوجہ نگاہوں سے درد وسوز مترشح تھا جس سے ساری فضا متاثر تھی۔ مجھے یہ دیکھکر یقین ہوگیا کہ اس وقت میرے قلب میں تپش موجود ہے۔ آتش نے وہاں بھی اپنا تسلط جمایا ہے۔ دیوتا کے لئے انسان نہیں بلکہ انسان کے لئے دیوتا ہے۔ اس کی دونوں آنکھوں کی بے قراری اس دن کی طوفان سے گھبرائے طائر کی طرح پرواز کر رہی تھی۔ کدھر؟ فردوس بریں کی طرف نہیں۔ بلکہ کسی انسانی قلب کی طرف جسے وہ اپنا نشیمن بنائے۔

اس پُرحسرت ودل افروز جلوہ سے لطف اندوز ہونے کے بعد مجھ پر ایسی سراسیمگی طاری ہوئی کہ میرے اول بے قابو ہوگیا۔ اس وقت دور کی بے بنیاد شاعرانہ سے میری نہ ہوتی تھی بلکہ بے اختیار یہی جی چاہا کہ اپنے تخیلات کو عملی جامہ پہنانے

میں ہمہ تن محو ہو جاؤں۔

میں نے عہد کیا کہ ملک میں عہد شکنی کو رائج کرنے کی حتی الامکان کوشش کرونگا۔ صرف تحریر و تقریر کو آلہ کار نہ بناؤں گا بلکہ مالی امداد بھی کروں گا۔

ایک دن نوین مجھ سے حجت تکرار کرنے لگا۔ اس نے کہا "ہوگی پُرسکون ہوتی ہے۔ اس میں، ماہ نو کے قبل تیسری شب کی چاندنی کی طرح جاذب نظر اور دلفریب لطافت و نزاکت پائی جاتی ہے۔ شادی کی زنجیر اس سکون کا قلع قمع کر دیگی"۔

اس قسم کے شاعرانہ تخیل سے میری طبیعت منقبض ہوگئی۔ جو لوگ بھولوں مرمے ہوں ان سے کوئی شخص سیر ہو کر کھانے سے نفرت کا اظہار کرے اور پھولوں کی خوشبو اور طائران خوش الحان کے نغموں سے محظوظ کرنے کی کوشش کرے تو اسکے دل کی کیا کیفیت ہوگی۔

میں نے کہا "دیکھو نوین! ایک مصور کے نقطۂ نظر سے ایک آتش زدہ مکان کا نظارہ بھی نہایت دلفریب ہوتا ہے۔ لیکن مکان کو صرف مصور کے زاویۂ نگاہ سے نہ دیکھنا چاہیئے۔ کیونکہ اس میں قیام بھی کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے آرٹسٹ خواہ اُسے جو کچھ بھی سمجھے اسکی مرمت ضروری ہے۔ تم دُور سے ایک بیوہ پر شعر بازی کرنا جانتے ہو۔ لیکن تم کو یہ خبر نہیں کہ اسکے اندر ایک پُرحسرت دل ہزاروں تمناؤں کے ساتھ جلوہ گر ہے"۔

میرے سمجھانے کہ نوین کسی طرح میرا ہمخیال نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے میں نے اس سے خشونت آمیز لہجہ میں گفتگو کی تھی لیکن میں نے دیکھا کہ میری تقریر سے متاثر ہو کر اس نے اپنی شکست تسلیم کرلی۔ اس کے علاوہ میرے دماغ میں اور بہت سے خیالات مجتمع تھے لیکن انکے اظہار کا موقع ہی نہ مل سکا۔

تقریباً ایک ہفتہ کے بعد میں نے نوین کو گلے لگا کر کہا "اس نیک کام میں جو کچھ صرفہ ہوگا میں اس کا متحمل ہونگا"۔ اس پر نوین نے اپنی ساری داستان بیان کردی۔

معلوم ہوا کہ اس کی محبوبہ مجازی نہیں ہے۔ کچھ دنوں سے وہ ایک بیوہ پر فریفتہ ہوگیا ہے۔ اس نے ابتک اس راز کا کسی پر انکشاف نہیں کیا ہے جس رسالے میں نوین کی یہ بے ہودگی شائع ہوتی تھیں۔ ان کو جہاں جانا چاہیئے تھا وہاں وہ پہنچ جاتی تھیں۔ وہ نظمیں بے سود نہیں ثابت ہوئیں۔ بغیر ربط و ضبط ملاقات کے نوین نے دل کو اپنی طرف متوجہ کرنے کا ایک جدید طریقہ اختراع کیا تھا۔

نوین کہتا تھا کہ میرا فعل کسی خاص مقصد پر مبنی نہ تھا۔ بلکہ میں تو اس بیوہ کو بالکل جاہل سمجھتا تھا۔ محض اپنے دل کی تسلی کے لئے اس پرچے کو باقاعدہ اسکے بھائی کے پاس بھیجدیتا تھا۔ بھلا اسے سوائے ایک مجنونانہ حرکت کے اور دیا کیا سکتے ہیں۔ میں نے ان کو بھیجتے وقت محض یہی سمجھا تھا کہ ایک دیوتا کے روبرو ایک گلدستہ پیش کرتا ہوں۔ جو قبول افتد زہے عز و شرف۔

کسی طرح بیوہ کے بھائی سے نوین کی ملاقات ہوگئی۔ اس میں بھی نوین کا بیان ہے کہ کوئی خاص مقصد محفوظ نہ تھا۔ یہ کون نہیں جانتا کہ جس سے کسی کو الفت ہوتی ہے اس کے اعزا و اقربا کی صحبت بھی نہایت خوشگوار معلوم ہوتی ہے۔

بالآخر بھائی کی سخت بیماری کے سلسلے میں نوین کی ملاقات بیوہ سے بھی ہوگئی۔ اس قصے کو تشریح کے ساتھ بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔

شاعر کے ساتھ پہلی موضوع کا بھی تعارف ہوگیا۔ نظموں پر تنقید ہوئی لیکن یہ تبصرہ محض مطبوعہ نظموں تک محدود نہ رہا۔

مجھ سے مباحثہ میں شکست خوردہ ہو کر نوین نے بیوہ سے شادی کی خواہش کا اظہار کیا۔ پہلے تو وہ کسی طرح راضی نہ ہوتی تھی جب نوین میری مجوزہ تدابیر کو عمل میں لایا تو اسکی آنکھوں سے قطرات اشک رواں ہوگئے۔ اس پر رقت طاری ہوگئی اور اس نے مجبوراً سر تسلیم خم کردیا۔

اب بیوہ کے سرپرست کچھ پیسے کے طالب ہوئے۔ میں نے کہا "روپیوں کی کیا فکر ہے؟ ابھی لے جاؤ"۔

نوین نے کہا "میرے والد مجھے اپنا وارث تصور کرتے ہیں۔ اسے وہ شادی کے بعد چار چھ مہینوں کیلئے یقیناً بند کردینگے۔ اس لئے اس مدت کے لئے ہم دونوں کے اخراجات کا بھی انتظام ہونا چاہیئے"۔ میں نے بلا تامل چیک کاٹ کر دے دیا۔ اور کہا "اس کا نام بھی تو بتا دو۔ جب مجھے تم سے کوئی رقابت نہیں ہے تو اس کے نام پر شیرہ رکھنے سے فائدہ ہی کیا ہے؟ میں تمہارے سر کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس کے نام سے کبھی اشعار نہ لکھوں گا۔ اور اگر بفرض محال ایسا کیا بھی تو اس کے بھائی کے پاس بھیجنے کی بجائے تمہارے ہی پاس بھیجوں گا"۔

نوین نے کہا "مجھے ان باتوں کا خوف نہیں ہے۔ عقد ثانی کے نام سے اسے کچھ حجاب ہوتا ہے۔ اس لئے اس نے مجھ سے تاکید کردی تھی تم سے اس کا تذکرہ نہ کروں لیکن اب اس کا خفیہ رکھنا فضول ہے۔ وہ تمہاری ہمسائی ہے اور نمبر ۵ کے مکان میں رہتی ہے"۔

مجھے ان الفاظ سے سخت صدمہ ہوا میرا کچھ پاش پاش ہوگیا۔ کچھ دیر کے بعد مجتمع خاطر ہو کر میں نے دریافت کیا "کیا بیوہ شادی کو پسند کرتی ہے؟"

نوین نے مسکرا کر کہا "اس وقت تو عذر کرتی ہے"۔

میں نے کہا "تو کیا تمہارے اشعار پڑھتے ہی وہ تم پر فریفتہ ہوگئی؟"

"کیوں؟ کیا میری نظمیں کچھ کم مؤثر تھیں؟"

میں نے دل میں کہا۔ لعنت ہو۔ لیکن وہ لعنت کسے؟ — اسے یا مجھے یا پروردگار عالم کو۔

(ترجمہ از ٹیگور)

ایس۔ احمد۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی

خواجہ الطاف حسین حالی

اُردو کی جو خدمت مولانا حالی نے اپنی نظم و نثر سے اُس میں وسعت پیدا کرکے کی ہے اس کا ثبوت خود اُن کے ادبی کارنامے ہیں۔ نثر میں حالی کے قلم نے یوں تو موضوعات کے تمام میدان پامال کر دیئے ہیں، اور ہر شعبہ میں نئے نئے راستے پیدا کئے ہیں اور ہماری نثر کو غیر معمولی طور پر وسعت بخشی ہے۔ لیکن جس مخصوص شعبہ علم کی ترقی مولانا کی ذات سے ہوئی ہے وہ فن سوانح نگاری ہے۔

حالات زندگی اس سے بیشتر بھی اردو زبان میں قلمبند کئے گئے ہیں لیکن حالی نے اس فن میں واقعات کی ترتیب کا ڈھنگ اور انداز بیان کا جو نمونہ پیش کیا ہے وہ اردو میں ایک بیش بہا اضافہ ہے۔ سوانح نگاری کا طریقہ جو اسوقت تھا اسمیں تصویر کا ایک رُخ دکھایا جاتا تھا۔ یعنی مصنف ہیرو کے محاسن اور اوصاف حمیدہ ہی قلمبند کرتے تھے اور صرف اُنکی خوبیوں ہی پر روشنی ڈالتے تھے۔ ہیرو کی کمزوریاں تاریکی ہی میں رہتی تھیں اور اس طریقہ سے مصنف اپنے فرائض سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے تھے۔ کیونکہ سوانح نگاری کا اصل مقصد ہیرو کے محاسن اور اوصاف کے درج کرنے کے ساتھ ساتھ اسکی لغزشوں اور کمزوریوں کو دکھانا بھی ہے۔ اور اسی طریقہ سے کسی کے حالات زندگی پر صحیح معنی میں تنقید ہو سکتی ہے۔ اسکے برعکس یورپ کی سوانح نگاری کا یہی طریقہ ہے کہ ہیرو کے اوصاف حمیدہ اور اُسکے کارنامے گنائے تو ہیں لیکن اس کیساتھ کہیں کہیں اس کی لغزشوں اور کمزوریوں کی طرف بھی دبی زبان سے اشارہ کر دیتے ہیں۔ لیں سوانح نگاری کا صحیح معیار یہ ہے کہ حالات زندگی میں ہیرو کے ہر کارنامے تفصیل کے ساتھ بیان کئے جائیں اور اُس کے ماحول پر پوری طرح روشنی ڈالی جائے۔ تاکہ پڑھنے والا ہیرو کے ذہنی نشو و نما اور ارتقا کا پوری طرح مطالعہ کر سکے۔ اور اس پر یہ واضح ہو سکے کہ کن کن واقعات کا ہیرو کے خیالات اور جذبات پر اثر پڑا۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ دوسری طرف ہیرو کی کمزوریوں اور لغزشوں پر بھی تفصیل سے بحث کی جائے اور اُن کے اسباب پر بھی روشنی ڈالی جائے تاکہ پڑھنے والے اس سوانح حیات سے اپنی زندگی میں ہر ہر موقع پر رہبری حاصل کر سکیں۔

حالی نے تین سوانح عمریاں لکھیں۔ حیات سعدی۔ یادگار غالب اور حیات جاوید۔ ہم ان تینوں سوانح عمریوں پر علیحدہ علیحدہ بحث کریں گے۔ اور دیکھیں گے کہ حالی ان تینوں کارناموں میں کس کس حد تک عہدہ برآ ہو سکے ہیں۔

حیات سعدی لکھ کر حالی نے اردو زبان میں فن سوانح نگاری کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس سے پیشتر اردو میں کوئی سوانح عمری اس طریقہ پر نہیں لکھی گئی تھی۔ تذکرہ اور ترجمہ فن رجال کے اعتبار سے بہت سی کتابیں ہیں اسلامی ادبیات میں قدیم سے موجود ہیں لیکن علمی انداز حیات سعدی کے لئے اختیار کیا گیا۔ وہ بالکل جدید اور ممتاز ہے۔ یہ کتاب اس قسم کی سوانح عمریوں میں شامل ہے جن میں سوانح نگار کو کوئی زیادہ دقت دوشواری پیش نہیں آتی۔ ان مشاہیر کی سوانح عمریاں جنکی عظمت و شخصیت مدت سے نافذ ہو کسی خاص محنت کی محتاج نہیں کیونکہ وہ مختلف کتابوں اور تذکروں وغیرہ سے واقعات جمع کرکے اخذ و مستنبط کی جا سکتی ہیں اور سوانح نگار کے سلیقہ سے کتاب کی ترتیب و تدوین نمایاں حیثیت اختیار کر لیتی ہے۔ جو سوانح نگار کے لئے بھی باعث شہرت ہو سکتی ہے۔ حیات سعدی کی بھی یہی نوعیت ہے لیکن اس میں صرف واقع نگاری اور حالات کی ترتیب ہی نہیں ہے۔ بلکہ حالی نے اسکے ترتیب دینے میں تحقیق اور تنقید دونوں سے جدید اصولوں پر کام لیا ہے۔ اور اسی طرح یہ کتاب اردو زبان کے لئے خاص کر اور دیگر اسلامی زبانوں کے لئے بڑی حد تک اہمیت رکھتی ہے اسی وجہ سے حیات سعدی اردو زبان کی پہلی حقیقی سوانح عمری ہے۔

شیخ سعدی کی ہستی کسی شہرت شہادت کی محتاج نہیں تھی ہر شخص جس نے انکی تصنیفات دیکھی ہیں۔ ان کی قابلیت و علمیت کا صحیح اندازہ کر سکتا ہے کون ایسا شخص ہے جو فارسی جانتا ہو اور شیخ سعدی سے واقف نہ ہو۔ شیخ سعدی کی تصانیف کی نوعیت اور اُن کا اسلوب بیان ہی کچھ ایسا ہے کہ ہر پڑھنے والا اس سے متاثر ہوتا ہے اور زندگی میں ہر ہر قدم پر اس سے رہبری حاصل کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پڑھنے والوں کے لئے شیخ سعدی کی تصانیف صرف مفید اور دلچسپ ہی نہیں بلکہ ان کے دلوں میں شیخ سعدی کے حالات زندگی معلوم کرنے کا اشتیاق بھی پیدا کر دیتی ہے۔ لہذا حالی نے حیات سعدی لکھکر شیخ سعدی کے پرستاروں پر بہت بڑا احسان کیا ہے اور ان کو صرف شیخ کے حالات زندگی سے ہی واقف نہیں بنایا۔ بلکہ ان کو علمی تصانیف کا مطالعہ کرنے اور اُنکے سمجھنے کا صحیح طریقہ بھی سکھایا ہے۔ ہر وہ شخص جس نے شیخ سعدی کی تصانیف کو پڑھا ہے وہ اُنکے مطالعہ میں ہر مرتبہ نئی خوبیاں پاتا ہے۔ اور ہر بار یہ سمجھتا ہے کہ وہ حقیقتاً مضامین کے نکات کو پہلے اتنی اچھی طرح نہیں سمجھا تھا جتنا اب سمجھا ہے۔ اسی طرح وہ متنی مرتبہ ان مضامین کو پڑھتا ہے۔ یہی صورت ہر واقعہ کو پیش آتی ہے۔ لہذا ایسے جامع مضامین کے سمجھنے کے لئے ضرور تھا کہ کوئی صحیح معیار اُنکے مطالعہ کا قائم کیا جائے۔ حالی نے جہاں اپنے ادبی ذوق کی تشفی کے زیر اثر حیات سعدی لکھنے پر قلم اُٹھایا۔ وہاں کا ان کا مقصد یہ بھی ہوگا کہ شیخ سعدی کے مضامین کے مطالعہ کا صحیح معیار قائم کیا جائے۔

حالی کے بعد ان کے معاصرین اور خصوصاً شبلی نے اس قسم کی کئی سوانح عمریاں لکھی ہیں۔ لیکن تقدم و فضیلت حالی ہی کو حاصل ہے۔ حیات سعدی جہاں اپنی

نوعیت کی پہلی سوانح عمری ہے وہاں اس میں یہ کمزوری بھی ہے کہ حالی نے اس میں بعض بعض جگہ مبصو اور غلط خیالات کو بھر دیا ہے۔ اگر حیات سعدی کو یادگار غالب اور حیات جاوید کے مقابل میں دیکھا جائے تو یہ بات صاف طور پر نظر آتی ہے کہ یادگار غالب میں حالی نے اس عزت و احترام کو پیش نظر رکھا ہے جو ہر شاگرد کو اپنے اُستاد سے ہونا چاہیئے۔ حیات جاوید میں وہ ایسے شخص کے حالات قلمبند کرتے ہیں جس نے حالی کو اپنا بنا لیا تھا لیکن جب شیخ سعدی رح کی باری آتی ہے تو انکو ایسے الفاظ سے گویا کسی بہت معمولی آدمی کا ذکر کر رہے ہیں اُصول تصنیف اور قوانین انشا پردازی میں حالی تینوں کتابوں میں ایک شخص نہیں معلوم ہوتے تاہم حیات سعدی میں وہ اپنے مقصد سے کسی حد تک عہدہ برآ ہوئے ہیں۔

حیات سعدی کے علاوہ بقیہ دو سوانح عمریاں ایک خاص قسم سے تعلق رکھتی ہیں۔ انکی خصوصیت یہ ہے کہ وہ معاصرین کی سوانح عمریاں ہیں جن کے مدون اور مرتب کرنے میں خاص محنت و لیاقت درکار ہے۔ معاصرین کے متعلق موافق و مخالف ملے رکھنے والے لوگ موجود ہوتے ہیں ان سب کو اپنے بیان سے قائل کرنا اور ان کو اپنا ہمخیال بنانا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ انکے سوا معاصرین کے حالات کبھی یکجا نہیں ملتے۔ بلکہ منتشر اور پراگندہ رہتے ہیں اور قرب زمانی کی وجہ سے بکثرت ہوتے ہیں۔ اسلئے ان سب کو یکجا جمع کرنا اور ان کو خاص ترتیب و ترتیب کا جامہ پہنانا اور خاص اُصول و ضوابط کے تحت میں لانا بڑی مہارت اور اُستادی کا محتاج ہے۔ معاصرین کی سوانح عمریاں ابتک ہماری زبان میں بہت کم لکھی گئی ہیں یہ تقدم صرف حالی کو حاصل ہے کہ اس نے اس قسم کی دو بلند پایہ سوانح عمریاں لکھی ہیں۔ یادگار غالب میں حالی نے غالب کی سوانح حیات بھی ترتیب و تبویب کے ساتھ قلمبند کئے ہیں اور واقعات کے انبار سے مطلب اور کام کی ضروری باتیں چن کر جس سلیقہ سے یکجا جمع کر دی ہیں وہ انکی اُستادی اور دماغی و عقلی سنجیدگی کی دلیل ہے وہ واقعات کے ہجوم میں گھبراتے نہیں۔ بلکہ نہایت استقلال اور خاطر جمعی سے ان گوناگوں مختلف و متضاد نوعیتوں کے حالات و واقعات کو تاریخوں میں لاکر قلمبند کرتے ہیں۔ اس قسم کی دقتیں ہمارے سوانح نگاروں کو شاذ و نادر ہی پیش آتی ہیں آجکل حالی کے سوا شبلی بھی سوانح نگار کی حیثیت سے کافی شہرت رکھتے ہیں لیکن انکو ہیرو وہ اشخاص تھے۔ جنکے حالات و واقعات مختلف کتابوں میں درج تھے اور جنکی عظمت و عزت مسلم و نافذ تھی۔ اسلئے شبلی کو واقعات کی ترتیب میں کوئی مشکل درپیش نہیں ہوئی۔ وہ تلاش و تجسس سے ایسی چیزیں جمع کر لیتے تھے جو ہم مسلمانوں کے جذبات و خیالات سے مطابقت رکھنے والی تھیں۔ اسی وجہ سے انکی تحریریں بہت جلد مقبول ہو گئیں۔ مگر حالی کو ایسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کا تجربہ ہمارے کسی سوانح نگار کو آجتک نہیں ہوا حالی کے ہیرو دو ایسے شخص تھے جو اُن کے معاصرین تھے اور اپنے زمانہ کی سطح سے بہت بلند۔ غالب اور سرسید دونوں کے اعمال و خیال اور خیال و اعتقادات مسلم طور پر اپنے زمانہ اور ماحول سے بالکل مختلف اور جُداگانہ تھے۔ مرزا غالب کی شخصیت ظاہر اور مشہور ہے اور عام شخصیت سے کس قدر بلند تھی۔ انکی موافقت اور مخالفت میں کیا کچھ نہ ہوا۔

لائف لکھنے میں یہ ضروری ہے کہ مصنف ہیرو کے انتخاب کرنے اور اسکے سوانح زندگی لکھنے میں کوئی نہ کوئی متعین مقصد پیش نظر رکھتا ہے۔ اگر تذکرہ نویس مقصود ہے تو کسی پیغمبر یا ہادی کی سوانح عمری لکھے گا۔ اگر قومی اصلاح مقصود ہے تو کسی ایسے بڑے شخص کے حالات زندگی بیان کریگا جسنے اپنی زندگی قومی اصلاح اور قومی ترقی کی جستجو میں صرف کی ہو۔ اور اگر علمی تحقیق و تفتیش کا شوق پیدا کرنا مقصود ہے تو کسی مشہور مصنف یا شاعر کے سوانح حیات قلم بند کریگا۔ یادگار غالب میں ہمیں حالی کی سب سے بڑی مزدری جو نظر آتی ہے وہ انکے مقصد سوانح نگاری کا فقدان ہے کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ مرزا غالب کی زندگی ہند کے نوجوانوں کے لئے کیا سبق رکھتی ہے۔ یا مرزا کے خانگی حالات اور اسباب سے تعلقات کا ذکر حیات انسانی میں کسی نئے باب کا اضافہ کرتے ہیں۔ بلکہ جس چیز نے غالب کو غالب کیا اور وہ انکی بے مثل فلسفیانہ شاعری ہے۔ ایسی صورت میں یادگار غالب کے مصنف کا سب سے بڑا فرض یہ تھا کہ مرزا کی شاعری کے مختلف دَور انکے معاصرین میں اُن کا درجہ، شاعری کے مختلف اصناف میں اُنکے کمالات پیش کئے جاتے۔ مرزا کی زندگی کے حالات و واقعات اور اسباب کے تعلقات کا ذکر صرف اسی حد تک ضروری تھا۔ جہاں تک کہ ان چیزوں کا اثر انکی نظم و نثر پر پڑتا ہے۔ لیکن اس سے قطع نظر کر کے مرزا کے حالات زندگی اخلاق و عادات لطائف و امثال پر تصنیف کا بیشتر حصہ وقف کیا گیا ہے۔ البتہ آخر میں کسی قدر اردو فارسی کے نظم و نثر کے نمونے دکھائے گئے ہیں۔ کتاب کے آخری چند صفحوں میں مرزا کی فارسی نثر کا مقابلہ ظہوری، علی حزیں اور ابوالفضل کی نثر سے کیا گیا ہے۔ اس مسئلہ پر حالی یادگار غالب کے دیباچہ میں خود روشنی ڈالتے ہیں۔ کہتے ہیں "اگرچہ مرزا غالب کی تمام لائف میں کوئی بڑا کام انکی شاعری اور انشا پردازی کے سوا نظر نہیں آتا مگر صرف اسی ایک کام نے انکی لائف کو دارالخلافہ کے آخر دور کا ایک اہم بالشان واقعہ بنا دیا ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ اسی ملک میں مرزا پر فارسی نظم و نثر کا خاتمہ ہو گیا۔ اور اردو نظم و نثر پر بھی ان کا کچھ کم احسان نہیں ہے۔ اسلئے کبھی کبھی مجھ کو اس بات کا خیال آتا تھا کہ مرزا کی زندگی کے عام حالات جس قدر کو معتبر ذریعوں سے معلوم ہو سکیں، اور انکی شاعری اور انشا پردازی کے متعلق جو اُمور کہ احاطہ بیان میں آسکیں اور اپنے زبان کی فہم سے بالاتر ہوں۔ اُن کو اپنے سلیقہ کے موافق قلم بند کروں" اس عبارت میں حالی نے غالب کی انشا پردازی اور شاعری کی اہمیت کو خود ہی واضح کیا ہے وہ اخیر میں کرتے ہیں کہ غالب کی سوانح حیات اس ملک کے نوجوانوں کے لئے کوئی

مفید چیز نہیں ہو سکتی۔ البتہ اُنکی شعر و شاعری اور انشا پردازی ہی ان کے لئے باعث شہرت ہوئی۔ یادگار غالب کے دیباچہ میں حالی دوسری جگہ کہتے ہیں "مرزا کو بحیثیت شاعری بیلک سے روشناس کرنے اور اُنکی شاعری کا پایہ لوگوں کی نظر میں جلوہ گر کرنے کا عمدہ طریقہ یہ تھا کہ ان کے اصناف کلام میں سے ایک متعدبہ حصہ نقل کیا جاتا۔ ہر صنف میں جو باتیں مرزا کی خصوصیاً سے ہیں وہ بیان کی جاتیں۔ جو کلام نقل کیا جاتا اس کی لفظی و معنوی خوبیاں نزاکتیں اور باریکیاں ظاہر کی جاتیں۔ شعراء کے جس طبقہ میں مرزا کو جگہ دینی چاہئے اُسی طبقہ کے شاعروں کے کلام سے مرزا کے کلام کا موازنہ کیا جاتا۔ اُنکی غزل کو مرزا کی غزل سے، قصیدہ سے قصیدہ کو اور اسی طرح ہر صنف سے اُنکی صنف کو ٹکرایا جاتا۔ اور اس طرح مرزا کے پایۂ شاعری اور اُنکے کلام کی حقیقت سے اہل وطن کو خبردار کیا جاتا۔ مگر یہ طریقہ جس قدر مصنف کے حق میں دشوار گذار تھا اسیقدر بیلک کے لئے خاصکر اس زمانے میں غیر مفید بھی تھا اگر یہ اس دشوار گذار منزل کے طے کرنے میں کامیاب بھی ہو جاتے تو ہماری وہی مثال ہوتی کہ مرغی اپنی جان سے گئی اور کھانے والوں کو مزہ نہ آیا۔ ناچار ہم نے طریقہ مذکور کے حوالت موجودہ میں باوجود دشوار ہونے کے غیر مفید بھی ہے اس موقع پر ایک ایسا طریقہ اختیار کیا ہے جو ہمارے لئے سہل تر اور پبلک کے لئے مفید تر معلوم ہوتا ہے" یہ مولانا حالی نے مرزا کے واقعات زندگی پر زیادہ زور دیا ہے اور پہلے حصہ میں اُنکے چھوٹے بڑے واقعات درج کئے ہیں جو پبلک کے لئے حقیقتاً کچھ مفید نہیں۔ البتہ دوسرے حصہ میں مرزا کے کلام کو چار حصوں میں درج کرکے کچھ مختصر رائے زنی کی ہے۔ ایسا کرنے کی وجہ وہ بھی درج کرتے ہیں جس کا حوالہ ہم ابھی اُنہی کے الفاظ میں دے چکے ہیں لیکن وجہ معقول نہیں۔ اُنہوں نے جس چیز کو پبلک کے لئے غیر مفید سمجھا کہ وہی چیز حقیقتاً زیادہ ضروری تھی۔ حالی کی معذرت ایک عذر لنگ ہے وہ ان وجوہ کی بنا پر جو اُنہوں نے درج کی ہیں اپنے فرائض سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔ حالی نے جہاں مرزا کے حالات زندگی اور اُنکی انشا پردازی اور شعر و شاعری کی تعریف کی ہے وہاں اُنکی لغزشوں پر بھی کچھ روشنی ڈالی ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ اُن کمزوریوں پر پردہ بھی ڈالا ہے۔ مثلاً کتاب کے آخری حصہ میں یوں لکھا ہے میں ایک جگہ لکھتے ہیں "باپ اور چچا کا سایہ تربیت بچپن میں سر سے اُٹھ گیا۔ ننھیال مرفع الحالی ننانائی کی ناز برداری اور خود مرزا کا ذکی الحس ہونا یہ تمام اسباب ایسے تھے کہ عنفوان شباب میں ان کا جادۂ مستقیم سے تجاوز نہ کرنا نہایت دشوار تھا مرزا کی ابتدا بگڑی اور ایسی بگڑی کہ جب تک تخیل کی تمام املاک اور دیہات کی صفائی نہ ہوئی نشے نہ اترے۔ اگرچہ مرزا بہت دیر میں سنبھلے مگر وہ جو مشہور ہے کہ صبح کا بھولا شام کو گھر آجائے تو بھولا نہ جانو۔ اُنہوں نے اپنے فضل و کمال حسن معاشرت شریفانہ خصائل اور کریمانہ اخلاق سے جو کہ اُن کے ذاتی تھے وہ عارضی دیتے اس طرح دھو ڈالے کہ گویا کبھی ان سے دامن آلودہ نہ ہوا تھا جس فن پر اُنہوں نے (لڑکپن میں) ہاتھ ڈالا تھا اسکو آخر عمر تک نبھایا۔ غفلت اور مستی کے زمانے میں بھی اس کا خیال نہ چھوڑا۔ اور باوجودیکہ زمانہ قدر دانوں سے خالی تھا اس کو اس درجہ تک پہنچا کر چھوڑا جس کا منتہائے کمال تھا" حالی ایک زبردست شاعر کی سوانح عمری لکھ رہے تھے اور وہ خود بھی مرزا کے شاگرد تھے۔ لہٰذا ان کا فرض تھا کہ سوانح عمری کی بنیاد اور اس کا اصل مقصد شعر و شاعری اور انشا پردازی کی تنقید کو قرار دیتے۔ لہٰذا یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ یادگار غالب کے لکھنے میں حالی اپنے مقصد سے عہدہ برآ نہ ہو سکے۔

حالی کی زندگی کا سب سے بڑا کارنامہ حیات جاوید ہے۔ اسکی وسعت۔ جامعیت اور متنوع مضامین کی ترتیب و تبویب ایسی چیزیں ہیں کہ خود حالی اس کو اپنی دیگر تصانیف کے مقابلہ میں زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ بلکہ بہتر قرار دیتے ہیں۔ حیات جاوید کے دیباچہ میں فرماتے ہیں "ہم نے جو دو ایک مصنفوں کا حال اسے پہلے لکھا ہے۔ اس میں جہانتک ہم کو معلوم ہو سکیں اُنکی اور اُن کے کلام کی خوبیاں ظاہر کیں اور اُن کے پھوڑوں کو کہیں ٹٹیس نہیں گنے دی لیکن اول تو ایسی بائیگرافی چاندی سونے کے ملمع سے کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتی۔ اس کے سوا وہ انہی لوگوں کے حال سے زیادہ مناسبت رکھتی ہے جنہوں نے اس موج خیز اور پر آشوب دریا کی منجدھار میں اپنی ناؤ نہیں ڈالی اور کنارے کنارے ایک گھاٹ سے دوسرے گھاٹ صحیح و سلامت جا اُترے۔ ان کو سب بھلا بھلا جانا۔ کیونکہ ان کو کسی کی بھلائی یا برائی سے کچھ سروکار نہ تھا۔ وہ کہیں راستہ نہیں بھولے۔ کیونکہ اُنہوں نے اگلی بھیڑوں کی لیکھ سے کہیں اِدھر اُدھر قدم نہیں رکھا۔ لیکن ہم کو اس کتاب میں اس شخص کا حال لکھنا ہے جس نے چالیس برس برابر تعصب اور جہالت کا مقابلہ کیا ہے۔ تقلید کی جڑ کاٹی ہے۔ بڑے بڑے علماء و مفسرین کو ناراض کیا۔ اماموں مجتہدوں سے اختلاف کیا ہے۔ قوم کے پکے پھوڑوں کو چھیڑا ہے۔ اور ان کو کڑوی دوائیں پلائی ہیں جسکو نہ سبکے لحاظ سے ایک گروہ نے صدیق لکھا ہے۔ تو دوسرے نے زندیق خطاب دیا ہے اور جس کو پولیٹکس کے لحاظ سے کسی نے نائم سرور سمجھا ہے تو کسی نے نہایت راست باز لبرل جانا ہے۔ ایسے شخص کی لائف چپ چاپ کیسے لکھی جا سکتی ہے ضرور ہے کہ اس کا سونا کسوٹی پر کسا جائے اور اس کا کھرا پن ٹھوک بجا کر دیکھا جائے۔ وہ ہم میں پہلا شخص ہے جس نے مذہبی لٹریچر میں نکتہ چینی کی بنیاد ڈالی ہے۔ اس لئے مناسب ہے کہ سب سے پہلے اسکی لائف سے اسکی پیروی کی جائے اور نکتہ چینی کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا جائے" حالی نے جن اصولوں کا ذکر کیا ہے ان کو نہایت دیانت اور استقلال سے نبھایا ہے۔ اُنہوں نے سرسید کی زندگی کے ہر واقعہ اور شعبہ کا ذکر کیا ہے۔ اُنہوں نے صرف واقعات ہی نہیں جمع کئے ہیں۔ بلکہ اُن کو کسوٹی پر کس کر

دیکھا بھی ہے۔ مولانا حالی کی رائے ہر مسئلے اور ہر موضوع پر قطعی اور مستقل ہوتی تھی۔ جس کا اظہار وہ نہایت صفائی سے کر دیتے تھے۔ ان کے معاصرین اور خصوصاً مولانا شبلی نے ان کے طرزِ استدلال کو دیکھ کر کہا کہ "حیاتِ جاوید کو میں مدلل مداحی سمجھتا ہوں"۔ اس کے علاوہ اکثر موقعوں پر حیاتِ جاوید کی تنقیص میں عموماً یہی لفظ کہے جاتے ہیں۔ ایک رُخی تصویر، مدلل مداحی اور کتاب المناقبت اور تینوں الفاظ مولانا شبلی کے ہیں۔ حالی پر یہ الزام ہے کہ انہوں نے حیاتِ جاوید میں بیجا مدح سرائی کی ہے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب شروع سے آخر تک ایک اعتذار کا پہلو لئے ہوئے ہے

مولانا شبلی کے اعتراضات کے جواب میں ان کے خلاف خود ان کے پرستار حامی جمیل الدین دہلوی نے صدائے احتجاج بلند کی ہے اور اس کی توجیہ یہ پیش کی ہے کہ شبلی کی حد سے بڑھی ہوئی خود داری معاصرانہ کشاکش کے اعتراف میں زیادہ فیاض نہیں تھی۔ اسکے علاوہ مولانا شبلی کا اعتراض بے سبب ہے۔ اگر مولانا شبلی کی لکھی ہوئی سوانح عمریاں دیکھی جائیں تو وہ خود اس عیب سے خالی نہیں۔ اور اگر بالفرض حیاتِ جاوید کو مدلل مداحی مان بھی لیا جائے تو اس سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ حالی نے اپنے ادعا و عقد واقعات کا انبار نہیں لگا دیا ہے۔ بلکہ خاص اصول و ضوابط کے تحت ان کو مرتب کر کے اپنی ذاتی رائے کی روشنی میں تنقید کی اور نتائج اخذ کئے ہیں۔ یہ وہی شخص کر سکتا ہے جو خود بھی تمام مسائل پر عبور اور تبحر رکھتا ہو۔ حالی میں یہ جامعیت اور قوت اُستادانہ موجود تھی۔ اول تو کہیں حالی نے سرسید کی بے جا اور بے سبب مدح سرائی نہیں کی اور جہاں کہیں کی بھی ہے تو اس کی دلیلیں بھی پیش کی ہیں۔ تاکہ پڑھنے والا خود اس کا فیصلہ کر سکے اور سمجھ سکے کہ حالی کس حد تک سرسید کی تعریف کرنے میں حق بجانب تھے حالی تو کیا سرسید کے واقعات زندگی پر ان کے کارناموں پر اور ان کی اُن جان توڑ کوششوں پر جو انہوں نے قومی فلاح کے لئے اپنی عمر کے آخری حصہ تک کیں۔ جو کوئی شخص بھی غور کریگا وہ انکی عالی حوصلہ اور غیر معمولی قابلیت اور محنت پر عہدائے آفرینِ بلند کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ حالی نے سرسید کی زندگی کے تمام واقعات بے کم و کاست قلمبند کر دیئے ہیں اور ان پر اپنی ذاتی رائے کا اظہار بھی کر دیا ہے۔ لہٰذا وہ اس مدلل مداحی میں بالکل حق بجانب ہیں۔ مصنف کو اس تواپنی رائے ظاہر کرنے کا بالکل اختیار ہے اسکے سوا سرسید کی ذات اور انکے صفات تھے بھی ہی قابل کہ انکی جتنی تعریف ہو کم ہے۔ لیکن حالی نے تو صرف مدلل مداحی پر اکتفا کیا ہے جہاں تک اس اعتراض کا تعلق ہے کہ حیاتِ جاوید شروع سے آخر تک ایک اعتذار کا پہلو لئے ہوئے ہے اسکا جواب یہ ہے کہ سرسید مرحوم اپنے وقت کے ایک غیر معمولی شخص تھے۔ انہوں نے قوم کی زبوں حالت کو دیکھا اور دیکھ کر تڑپ گئے۔ انسو بہائے اور جب ضبط نہ ہو سکا تو اسکی فلاح کا بیڑا اٹھایا۔ یہ قاعدہ ہے کہ جب انسان جب اپنی برائیوں کو سمجھنے کی قوت کھو بیٹھتا ہے تو اس وقت اس کو ہر پند و نصیحت نیچ معلوم ہوتی ہے۔ یہی حالت اس وقت قوم کی بھی تھی۔ جب سرسید نے اسکو خوابِ بیگران سے جگانا چاہا اور اس کو اسکی غفلت سے آگاہ کیا تو لوگوں کو انکی وہ آواز بُری معلوم ہوئی۔ اسکے علاوہ سرسید نے اپنی کوششوں میں جو غلطی کی وہ یہ تھی کہ انہوں نے مذہب کو ہاتھ لگایا مذہب مسلمانوں کو جان و مال سے زیادہ عزیز تھا اور مذہب کا یہ وہ دور تھا جب ہر شخص اپنے عقائد اور رسم و رواج کے لئے کوئی دلیل نہیں سننا چاہتا تھا۔ سرسید کی اسی مداخلت سے لوگ چراغ پا ہو گئے اور ہر طرف سے سرسید پر تکفیر کے فتوے لگائے جانے لگے ایسی حالت میں لوگ سرسید کے اس قدر خلاف ہو گئے کہ ان کے ہر کارنامے کو وہ کسی نہ کسی بُرائی پر محمول کرتے تھے اور اس طرح اس ایک گناہ نے سرسید کے تمام کارناموں پر پانی پھیر دیا۔ حالی نے اس کا اندازہ کر لیا۔ اور دوسری طرف انہوں نے سرسید کی ذات میں ان کے کمالات کا نور بھی دیکھا جسکی چمک تمام قوم کو روشن کرنے کے لئے کافی تھی۔ لہٰذا انہوں نے لوگوں کی آنکھوں پر سے پردہ ہٹانا چاہا۔ اور سرسید کے مقاصد اور انکی کوششوں سے آگاہ کرنا چاہا۔ چنانچہ حیاتِ جاوید میں انہوں نے سرسید کی زندگی کی مکمل تصویر پیش کی ہے تاکہ لوگ سرسید کو پہچانیں اور اپنے دماغوں کو تعصب کے اثرات سے بچا کر سرسید کی کوششوں کی تکمیل کو ہموار بنائیں یہ ہے حقیقت اس بات کی کہ حیاتِ جاوید اعتذار پر مبنی ہے۔ حیاتِ جاوید کا مقابلہ اس لحاظ سے انگریزی مشہور تصنیف "ڈاکٹر جانسن کی سوانحعمری مصنفہ جیمس بوزول ——— " سے کیا جا سکتا ہے۔ بوزول کی کتاب کی شہرت کا دارومدار تمام تر اس قلمی تصویر پر ہے جو جانسن کے عین مطابق ہے جس میں بوزول نے ڈاکٹر جانسن کی سوانح عمری انہی وجوہات کے تحت میں لکھی ہے جن کے تحت میں حالی نے حیاتِ جاوید لکھی ہے۔ ڈاکٹر جانسن انگلستان کا ایک بہت ہی لائق اور عالی دماغ شخص گذرا ہے۔ اسکے انتقال پر اسکے دوست بوزول نے اسکی لائف عقیدت و خلوص کے ساتھ تحسین آمیز لہجہ میں نہایت مفصل اور مؤثر طریقہ سے لکھی ہے حیاتِ جاوید کی تنقیص میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسکی ضخامت اس قدر زیادہ ہے کہ ہر شخص کو اسکے مطالعہ کی ہمت نہیں ہوتی۔ لیکن یہ اعتراض فوراً دفع ہو جاتا ہے اگر ہم اس بات پر غور کریں کہ حالی کو حیاتِ جاوید لکھنے میں لوگوں کے سامنے سرسید کی زندگی کے تمام چھوٹے بڑے واقعات پیش کرنا تھے۔ تاکہ سرسید کے اوپر جو طرح طرح کے بے بنیاد الزامات لگائے گئے تھے اُن سے لوگوں کو آگاہ کر دیا جائے اور اُن کے دلوں سے سرسید کے متعلق تمام شکوک رفع کر دیئے جائیں۔ لہٰذا یہ غیر ممکن تھا کہ حالی کا یہ مقصد بھی پورا ہو جاتا اور انکی تصنیف مختصر بھی ہو جاتی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حیاتِ جاوید میں سرسید کی زندگی کا ایک رُخ دکھایا گیا ہے۔ اسکے متعلق بھی چند ضروری باتیں بیان کر لینا۔ حالی حیاتِ جاوید میں ایک جگہ لکھتے ہیں "سرسید کے معصوم ہونے کا نہ ہم کو دعوےٰ ہے اور نہ اسکے ثابت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں" یہ صرف ان کا کتاب کے آخر تک رہا اور کتاب کی خوبی خواص کی شاہد ہے کہ وہ اس کامیابی ہوئے ہیں۔ تفسیر القرآن کے متعلق فرماتے ہیں: "سرسید نے اس تفسیر میں جا بجا

ٹھوکریں کھائی ہیں اور بعض مقامات پر اُن سے نہایت رکیک لغزشیں سرزد ہوئی ہیں۔" ٹرسٹی بل کے ہنگامے کے متعلق حالی کی رائے ہو کہ "سرسید بالکل ڈیپلومیٹک آدمی تھے، اور کالج کے اندرونی انتظامات میں وہ بہت سی باتیں موجود ہیں جس کو سرسید کی خودداری، ضد اور ہٹ کا نتیجہ کہا جا سکتا ہے۔" ایک اور جگہ وہ کہتے ہیں کہ آخیر عمر میں سرسید کو اپنی رائے پر ضرورت سے زیادہ وثوق ہو گیا تھا اور بعض وقت وہ ایسی باتیں کہہ جاتے تھے جن کو سُن کر ہر شخص کو تعجب ہوتا تھا۔ خصوصاً جب قرآن شریف کی بعض آیتوں کے ایسے معنے بیان کرتے تھے جنہیں کوئی تسلیم نہیں کر سکتا تھا۔ مثلاً ذوالقرنین کو سرسید نے مقفور یعنی ٹھیرایا ہے۔ مگر اسکو ماننے کے لئے ہمارے پاس دلائل بہت کمزور ہیں۔ ان مثالوں سے واضح ہو گیا ہوگا کہ حیات جاوید کتاب المناقب نہیں کہی جا سکتی۔ کیونکہ اس میں تصویر کے دونوں رُخ دکھائے گئے ہیں۔ کتاب کا پہلا حصہ جس میں سرسید کے حالات بیان کئے گئے ہیں۔ اتنا اہم نہیں ہے لیکن دوسرا حصہ جس میں سرسید کی ترقی کے اسباب انکی خدمات اور عام عادات و خصائل پر نظر ڈالی گئی ہے خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ حالی نے سرسید کی ترقی کے اسباب بہت خوبی سے بیان کئے ہیں اور بالکل صحیح فرمایا ہے کہ ان کے تمام کارناموں کا محرک مذہبی جوش تھا اگرچہ بظاہر عجیب معلوم ہوتا ہے لیکن ہے بالکل درست اور حقیقت یہ ہے کہ سرسید نے خود کئی جگہ اسی کا اعتراف کیا ہے۔ یوں سیاسی، ملکی اور تعلیمی اور ادبی خدمات سب کا ذکر اچھی طرح کیا گیا ہے لیکن مذہبی خدمات کا ذکر کتاب کی جان ہے، مولانا نے اس میں کافی تفصیل برتی ہے اور اپنی غیر معمولی قوت استدلال سے کام لے کر سرسید کے تمام مذہبی کارناموں پر خصوصاً خطبات احمدیہ، تفسیر القرآن پر سیر حاصل بحث کی ہے جس میں جگہ جگہ ان کے نقطۂ نظر سے اختلاف کیا ہے۔ یہ کتاب جن مقصدوں کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے ان کے لحاظ سے بینظیر کتاب ہے یہ مسلمانوں کے لئے سبق آموز ہے۔ اس میں تمام واقعات و حالات خاص ترتیب سے پیش کئے گئے ہیں اور ہیرو کی زندگی کے تمام عناصر اور کامیابی و ترقی کے اسباب پر اس تفصیل سے بحث کی گئی ہے کہ کتاب صرف ایک شخص کی تصویر نہیں رہی بلکہ تمام قوم اور ماحول کی تصویر ہو گئی ہے۔ اس میں نہ ہیرو کی بے جا پاسداری ہے اور نہ اس کی بے بنیاد مداحی۔ اس میں اُنہوں نے جو کچھ لکھا ہے بقول وحید الدین سلیم "واقعات کی بنیاد پر لکھا ہے، بے جا طرفداری اور مبالغہ کا اسمیں نام و نشان نہیں۔ واقعات سے اگر تعریف نکلتی ہے تو وہ تعریف کرنے پر مجبور ہو گئے اور نکتہ چینی کا موقع ہاتھ آیا ہے تو اسکو بھی کہیں ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔" بحیثیت مجموعی شبلی کا یہ قول تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ "ایک شریف انسان نے ایک شریف تر انسان کی سرگذشت لکھی در آنحالیکہ فن ہو کر لکھی۔"

سرسید ایک بلند مرتبہ مصلح اور قوم پرست تھے۔ لیکن انکی زندگی گذشتہ مشاہیر کے حالات اور ماحول سے ہر طرح مختلف تھی۔ "یہ حالی کا کارنامہ ہے کہ انہوں نے سرسید کی سوانح عمری کو خاص اُصول و ضوابط کے تحت میں علمی طریقہ سے مرتب کیا۔ اور اُن مسائل کو اس اُستادی سے سمجھایا اول قلمبند کیا ہے کہ یہ کتاب اسلامی ادبیات میں پہلی سائنٹفک سوانح عمری کہلائی اور زبان بیان۔ انداز اور اُصول فن کے اعتبار سے مکمل نمونہ بن گئی۔" اچھے اچھے ادیب اور انشا پرداز اس سے رہبری اور ہدایت حاصل کرنے لگے چنانچہ مرحوم سید علی بلگرامی کے متعلق مشہور ہے کہ جس زمانہ میں تمدن ہند کا ترجمہ کر رہے تھے تو وہ صبح اُٹھ کر اوّل چند ورق حیات جاوید کے پڑھ لیتے تھے اس کے بعد ترجمہ شروع کرتے تھے۔ سوال پیدا ہوتا ہے اور جو اکثر نے تعلیمیافتہ حضرات کر بیٹھتے ہیں کہ حیات جاوید کو وہ شہرت اور مقبولیت حاصل نہیں ہوئی جو اُسکے ہیرو اور مصنف دونوں کو شایاں ہے۔ بات یہ ہے کہ سرسید کو ہمنے قرب زمانی کی وجہ سے نہایت بہبودی سے بُھلا دیا ہے اور نہایت ناشکری کے ساتھ انکے انقلاب انگیز احسانات پر پردہ ڈال دیا گیا ہے۔ اب رہا مصنف کے کارنامہ کی طرف سے تغافل تو اسمیں ایک حد تک خود مصنف کا بھی قصور ہے۔ یہ اس قدر ضخیم کتاب ہے کہ کسی کو اسکے مطالعہ کی ہمت نہیں ہوتی۔ ایک اور سبب اسکی طرف سے بدگمانی کا ہے۔ اس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اسمیں سرسید کی تصویر کا ایک رُخ دکھایا گیا ہے۔ لیکن ان دونوں باتوں کی حقیقت وہی ہے جس کا ذکر ہم اوپر کر چکے ہیں۔

حیات جاوید حالی کی تحریر کا سب سے بہترین نمونہ ہے۔ لیکن اسمیں حالی کی ایک کمزوری بھی ہے وہ انگریزی الفاظ کا بعض بعض جگہ بے ضرورت استعمال کرتے ہیں درآنحالیکہ ان الفاظ کے متراوف اردو الفاظ بھی موجود ہیں لیکن اس امر سے اس کمزوری پر پردہ پڑ جاتا ہے کہ حالی نے ہندی کے بہت سے نرم اور شیریں الفاظ اُردو میں اس طرح جذب کر دیئے ہیں کہ آج وہ اردو کے ہی ہو گئے ہیں اور اس طرح اُردو کو وسعت دی۔ اس کے علاوہ بہت سے متروک الفاظ کو برمحل استعمال کر کے ان کے صحیح استعمال کا طریقہ نافذ کر دیا اور "ان متروک و مردود الفاظ کو دربار فصاحت میں جگہ دی۔"

جس طرح حالی کا دل پاک اور دماغ سُلجھا ہوا ہے اسی طرح انکی تحریریں پاک صاف سنجیدہ اور متین ہیں، وہ پیچیدہ سے پیچیدہ اور طویل سے طویل مسائل عام فہم اور پاکیزہ انداز میں صحت اور روانی کے ساتھ لکھتے چلے جاتے ہیں۔ مضمون کے اعتبار سے پیرایہ اختیار کرتے ہیں اور نہایت فصیح و بلیغ الفاظ میں اپنے خیالات پیش کرتے ہیں۔ وہ واقعات کی تفصیل اور مسائل کی نزاکت سے گھبراتے نہیں بلکہ اُن پر قابو پا کر ضبط تحریر میں لاتے ہیں۔ "سید انصاری صاحب نے بہترین انشا پردازی میں حالی کی تحریر کو رد کھا پھیکا اور بے مزہ کہا ہے لیکن وہ اس بات کو فراموش کر بیٹھے کہ حالی نے "وہ پیرایہ اختیار کیا جس سے بہتر کوئی دوسرا پیرایہ علمی و ادبی مسائل کے لئے موزوں و مناسب نہیں ہو سکتا۔ جو لوگ نہایت خوبصورت و دلچسپ اور

دل فریب تحریریں لکھتے ہیں اگر اُنہیں کوئی علمی وادبی موضوع دیدیا جائے تو اُن کی جولانگاہ بنتی ہے وہ ناگفتہ بہ ہے۔ اُن کی لفظی آرائش علمی خیالات دانہیں کرسکتی اور وہ صداقت و دیانت کے ساتھ انکی ترجمانی کرنے نہیں کام رہتے ہیں۔ زبان کی خوب صورتی کے لئے لازم ہے کہ مبالغہ اور شاعرانہ لفظ طرازیوں سے کام لیا جائے۔ یہ شاعرانہ تحریروں میں کام دے سکتا ہے لیکن علمی وادبی خیالات کی صحت و باریکی شاعرانہ صناعی کو قبول نہیں کرتی۔ اس کا قدم آیا۔ اور علمی مسائل کی نزاکت فنا ہوگئی۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو حالی کی طرز تحریر ادیبانہ اور انشا پردازانہ ہی نہیں بلکہ علمی اور خالص تنقیدی بھی ہے۔ اس کے علاوہ جس تحریر کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ سادہ اور بے مزہ ہے وہ اُردو میں سلیس وسادہ مگر پُرزور نثر لکھنے کی پہلی کوشش تھی۔

خلاصہ یہ ہے کہ حالی نے اُردو میں سوانح نگاری کی بنیاد ڈالی اور اسکے وہ اعلیٰ نمونے ہماری رہبری کے لئے چھوڑ گئے ہیں کہ ہم آج تک ان سے بصیرت و ہدایت حاصل کرتے ہیں۔" حالی نے جہاں سوانح عمری کی اُردو زبان میں داغ بیل ڈالی وہاں اپنے ہاتھوں سے اسکو پروان چڑھایا اور اس میں اس قدر وسعت۔ جامعیت اور استحکام پیدا کیا کہ اُنکی تصانیف ہمارے لئے کامل نمونہ بن گئیں۔

محمد عیسےٰ خواجہ ایم۔ اے
مُرصلہ:۔ نواب ذکیہ سلطانہ ذکی۔ مُرادآبادی

اہتمامِ بہار

اُداسی اور ویرانی ہے یکسر بزمِ انساں میں
بہاروں کا حصول آساں نہیں دنیائے امکاں میں
عروسِ رنگ وبو کی جاں فزا یہ رنگ سامانی
طلب کرتی ہے خواہش مندِ رنگ وبو سے قربانی
بہارِ کیفِ درداں کا جلوہ اتنا رنگیں ہے
طلب گارِ نوا و رنگ جو ہے محوِ تزئیں ہے

چمن پیرا ہنِ بوسیدہ کو جب پھینک دیتا ہے
خزاں کی سلطنت سے جب خراج رنگ لیتا ہے
سحاب انداز گریہ سیکھتا ہے جب محبت سے
بہا دیتا ہے دریا جب فلک کی نیلگوں چھت سے
یہ کلیاں آشنا ہوتی ہیں جب جوشِ جوانی سے
یہ سینے اُنکے جب ہوتے ہیں شق سوزِ نہانی سے
فراقِ گل میں جب بلبل بکا و نالہ کرتا ہے
غمِ جاں سوز سے جب سازِ دل میں سوز بھرتا ہے
اُڑاتی ہیں ہوائیں نکہتیں جب زلفِ جاناں سے
مہک بن بن کے جب اُڑتی ہیں صحنِ گلستاں میں
لبِ رنگینِ جاناں جب گلوں سے رنگ بھرتا ہے
شعاعِ مہر سے جب باغ کا چہرہ نکھرتا ہے
جب آنسوؤں کے چشم چرخ سے شبنم ٹپکتی ہے
ہم آغوشی کو جب ایک شاخ سوئے گل لپکتی ہے
فلک سے بجلیاں جب لوٹتی ہیں آشیانوں پر
بکھر جاتے ہیں ٹکڑے ابر کے جب آسمانوں پر
جگر میں جب کسی دوشیزہ کے اک ہوک اُٹھتی ہے
جب اندوہِ حقیقی سے یہ کوئل کوک اُٹھتی ہے
غضب کی ایک رنگینی جب آجاتی ہے ذروں میں
پڑا کرتے ہیں جب جھولے چمن کی سبز شاخوں میں
کوئی دوشیزہ جب باریک لے میں گیت گاتی ہے
فضائے کائنات ایک شعر سے جب جھوم جاتی ہے
زبانِ شاعرِ رنگیں پہ جب پیغام ہوتا ہے
جب اسکے ذہن ولب پر عرس کا الہام ہوتا ہے
تو پھر فطرت کے ہی کیف ونشاط روح پرور میں
چمن کے پیکرِ رنگیں میں اور پھولوں کے ساغر میں
بہارِ لطف ساماں کی ادائیں رقص کرتی ہیں
جو ہیں بے رنگ گوشے اُن کو رنگینی سے بھرتی ہیں

مخمور جالندھری

ڈاکٹر کی کہانی ڈاکٹر کی زبانی

انسان کی زندگی بھی خوب طرفہ معجون ہے۔ پیدا ہوتے ہی کوئی نہ کوئی روگ بلائے جان لگ ہی جاتا ہے۔ ابھی چھوٹے ہی سے ہوتے ہیں کہ ڈرائے کو اللہ کا فضل۔ مائی بیجا کا دَور دَورہ ہوتا ہے۔ ذرا بڑے ہوئے مولوی صاحب بلائے جان آ دھمکے۔ مدرسہ بیٹھے ماسٹر جی بلائے جان سر پر سوار ہوئے۔ پڑھ لکھ گئے تو کری بلائے جان دامنگیر ہوئی۔ شادی خانہ آبادی رجائی تو اوپنی ابڑی والی بیوی بلائے جان ثابت ہوئی۔ نت نئے گل کھلے۔ پھر کیا تھا۔ بچے وہ بھی چھوٹے چھوٹے۔ دُبلے پتلے۔ موٹے جھوٹے۔ لنگڑے لولے بلائے جان ہوئے۔ ایک کندھے پر بسولا۔ دوسرے پر بسولی۔ ایک ٹانگوں میں چیاوں میاوں تو چوتھا جھوجھو جھولے میں ٹیں ٹیں۔ مذہب کا شوق چرّایا تو ملّاجی بلائے جان نصیب ہوئے۔ جمعرات کی شیرینی۔ جمعہ کا ثواب۔ دوزخ کا عذاب جنّت کی بہار غضبکہ ہر رنگ میں ملّاجی کی جیت ہی رہی۔ تہذیب کا بھوت سوار ہوا تو فیشن بلائے جان رنگ لایا۔ درزی کا بل۔ کارٹمائی۔ رومال کا قرضہ دُھکا ناہی دشوار ہوگیا۔ شاعرانہ مذاق پایا تو عشق بلائے جان جلانے کو آن دھمکا۔ خونِ دل پیا لخت جگر کھایا۔ ٹھنڈی آہیں بھریں۔ شکوے کئے آہ و زاری اور مزید براں گالیاں۔ پوری بپتا سہنی پڑی۔ غرضیکہ زندگی کی ہزاروں سکندریاں۔ کیا کیا گنیں۔ بیماری۔ قرضہ۔ آگ۔ چوری۔ زلزلہ آیا گیا مہمان۔ جن۔ بھوت۔ سیّد صاحب۔ ہزاروں بلائے جان موجود ہیں یوں سمجھئے کہ انسان کی زندگی بلائے جان آفتوں کا ایک عظیم الشان سلسلہ ہے۔

ان بلائے جان سفتیوں میں ہم نے ڈاکٹر کو کبھی شامل نہ کیا تھا۔ بلکہ ہم تو ان حضرت کو فرشتۂ رحمت سمجھتے ہیں۔ ہم دل لگی بات کہیں گے اور خدا سے ڈر کے۔ ان ڈاکٹروں میں ہیرے لوگ بھی موجود ہیں۔ اور کیوں نہ ہوں۔ کوئی پانچوں انگلیاں برابر تو ہوتی نہیں۔ پھر ایک ہی لاٹھی سے سب کو کیوں ہانکیں۔ بھانت بھانت کے آدمی ہوتے ہیں۔ کوئی ایک جیسی مخلوق تھوڑی ہے۔ ہماری زبان کے آگے آئے اگر ہم جھوٹ بولیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ہمیں پہلا احساس ڈاکٹر بلائے جان کا اس وقت ہوا جبکہ ماشاء اللہ ابھی ہمارا بچپن ہی تھا۔ سبزہ آغاز ہو رہا تھا۔ مسیں کچھ کچھ بھیگ چلی تھیں۔ نئے نئے کالج میں گئے تھے۔ دیدہ ہوائی تھا۔ یہاں کے پنچھی۔ وہاں کا کھیل۔ اِدھر کی محفل۔ اُدھر کا جلسہ۔ کتابوں کو پڑھتا کون۔ اس پر تغلّی یہ کہ کتابوں پر نیم کے پتے ڈال رکھے تھے جو کیڑے بھی نہ چٹ کر سکتے۔ سر پر امتحان کا وبال آن کھڑا ہوا۔ دل ہی دل میں کوسا کئے۔ کس کمبخت نے امتحان نکالے۔ کوئی بدطینت آدمی ہوگا۔ یکایک خیال آیا کہ ڈاکٹر پانی رام اور آکا بھائی کی دوستی کس دن کام آئیگی۔ ان سے مدد لیں۔ ڈاکٹر صاحب ہمارے بزرگوں کی طرح شفقت کرتے تھے۔ ہمیشہ کہتے تھے۔ کہ میاں تم بچے ہو۔ بڑا شہر ہے۔ کوئی تکلیف ہو تو ہمیں کہنا۔ اپنا ہی گھر سمجھو ورنہ دیکھو تمہارے آکا بھائی ہمیں زندہ نہ رہنے دیں گے۔ یہی وجہ تھی کہ ہماری امیدیں بن گئیں۔ صبح سے ہی منہ ہاتھ دھونا بند کر دیا۔ خوب سوئے۔ سو سو کر آنکھیں کیا کر لیں۔ موٹا سا سینہ بند پہنا۔ جیسے سردی لگ رہی ہو۔ میلا پاجامہ نکالا۔ ٹوپی پر دیوار کی سفیدی رگڑی۔ جیسے کسی بات کی ہوش نہیں۔ منہ بسورا ہوا بنا ڈاکٹر صاحب کے گھر پہنچے۔ ادھر سے ہم پہنچے اُدھر سے وہ برآمد ہوئے۔ ہاتھ میں چھڑی تھی۔ کہیں باہر جا رہے تھے۔ ہم نے دل میں سوچا کہ بھائی خوب پکڑا۔ مجھے دیکھتے ہی ڈاکٹر صاحب کچھ پریشان سے ہوگئے۔ شاید سوچنے ہوں کہ کہیں قرضہ مانگنے تو نہیں آدھمکا۔ لیکن تھے جہاندیدہ غور سے میری طرف دیکھا۔ اور فرمانے لگے خیر تو ہے۔ تم نے کیا حال بنا رکھا ہے۔ اور مجھے اطلاع بھی نہ دی۔ اندر آؤ۔ ہاتھ پکڑ سہارا دیتے ہوئے کمرے میں لیگئے۔ ایک بید کی کرسی پر لٹا دیا۔ ہم نے بھی تیا مرچ ہلاس بنا رکھا تھا۔ آنکھ بچا ذرا سا سونگھا۔ اب ہمارا چیتا ملاحظہ ہو۔ ناک ہے کہ بہہ رہی ہے۔ آنکھوں سے پانی رواں ہے۔ منہ پر چودہ طبق روشن ہیں۔ ڈاکٹر صاحب پریشان ہیں۔ ہم سوں سوں کر رہے ہیں۔ کھانس بھی لیتے ہیں اور کہتے جا رہے ہیں۔ جی نہیں پریشانی کی تو بات نہیں ذرا کھانسی نزلہ، زکام اور بخار ہوگیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب کچھ جلال میں آگئے۔ ہم تمہارے آکا بھائی کو ابھی چٹھی لکھتے ہیں زبان دکھاؤ۔ (ہم نے زبان نکالی) اوہو۔ اس قدر گندی۔ آنتوں میں زہر بھرا ہوا ہے۔ منہ کھولو۔ اُف پکے بیر۔ ہم نے متانت سے کہا جی نہیں بیوندی بیر تو نہیں کھائے۔ ذرا توقف، بیر کا کیا ذکر ہے، تمہارے مذہ و ٹانسل کا ذکر ہے۔ جھٹ سے آنکھ کا پوتا پلٹا۔ خون کا نشان

غزلیات

پھر ہوا جرح مرے در پئے ایذا کیسا
پھر ہوا ہجر مری جان کا لیوا کیسا

پیری آئی تو جوانی نے بدل لیں آنکھیں
چھٹ گیا ساتھ یہ برسوں کا خدایا کیسا

واہ کیا خوب یہ دھبے کہ چھپے بیٹھے ہیں
دل میں گھر کر لیا پھر آنکھ سے پردا کیسا

ڈور کر ڈالے وہ بتوں نے کہ نہ کھینچ پائے
نہیں معلوم کہ یہ پڑ گیا پھندا کیسا

دیر کی سمت بڑھوں اب کہ حرم کی جانب
راہ میں آن پڑا ہے یہ دوراہا کیسا

نہ سنی پر نہ سنی میری دلِ ناداں نے
اسکو سمجھا نیکو سمجھایا نہ کیا کیسا

اپنے جلوؤں کی تو تعریف بہت فرمائی
داد مجھ کو بھی تو دی ہوتی کہ سنبھلا کیسا

خواہش ظلم و ستم بھی جو کبھی کرتا ہوں
وہ بگڑتے ہیں کہ آخر یہ تقاضا کیسا

سالہا سال میں مر مر کے کہیں ختم ہوا
زندگانی کا تھا ہنگامہ خدایا کیسا

چپ جو رہتا ہوں تو کہتے ہیں خموشی کیسی
جب تڑپتا ہوں تو کہتے ہیں تڑپنا کیسا

داستاں صاف بتاتی ہے مرے کتماں کی
اپنے اپنے نہ ہوئے غیر کا شکوا کیسا

تو نے دیکھا ہے مرے ہوش ربا کو ناصح
وضع کیسی ہے اور اس کا ہے سراپا کیسا

تم ہی ہو کہ مجھے قتل کیا تھا ظالم نے
اب مری قبر پہ بیکار یہ رونا کیسا

عام جلوہ ہے، کوئی دیکھنے والا تو ہو
سب قصور اپنی ہی آنکھوں کا ہے پردا کیسا

دل کو بیکار جلایا کئے اوروں کیلئے
آہ گھر پھونک کے دیکھا ہے تماشا کیسا

دوست جو کوئی نہیں وہ چلتی رہتم ہے گویا
میں بھی دنیا میں ہوں تقدیر کا کھوٹا کیسا

ناتوانی کا بھلا ہو کہ دیا ساتھ اس نے
ڈوبتے کو ہوا تنکے کا سہارا کیسا

اب جو پیری ہے تو یاد آتا ہے کمبخت شباب
ایک دن ہم کو جوانی کا تھا شکوا کیسا

کبھی تقدیر نے گتھی کو سلجھنے نہ دیا
پڑ گیا رشتۂ تدبیر میں پھندا کیسا

شوق سے آپ چلائیں مری گردن پہ چھری
اُف بھی کر جاؤں تو کہنے گا تڑپنا کیسا

سر بمہر ہیں کہ کوثر پہ کھڑے ہیں واعظ
جام مے کا نہ پیئے جاتی ہیں یہ چینٹا کیسا

نامۂ شوق کی حسرت میں زمانہ گذرا
پیش آیا مری تقدیر کا لکھا کیسا

بات کیا تھی کہ اڑی حضرتِ موسیٰ کو اس
لرزش آنکھیں کسی بت سی، خدا خیر کرے

دم بھی ٹوٹا تو یادِ مے و مینا ہے
دیکھئے اب یہ دکھائیں کی تماشا کیسا

حسنِ بت دیکھ کے سب نقشِ بدیوار ہوئے
میں نے توبہ شکنی کو بھی نبھایا کیسا

تو نے کھینچا مرے اللہ یہ نقشا کیسا

شادی و غم کو تو ہم کیسے نہ بھوں شاکرؔ
ہنستے ہنستے مجھے آجاتا ہے رونا کیسا

نیاز حیدر

تمھارے حسن کی تسخیر عام ہوتی ہے — کہ اک نگاہ میں دُنیا غلام ہوتی ہے
جہاں پہ جلوۂ جاناں ہے انجمن آرا — وہاں نگاہ کی منزل تمام ہوتی ہے
نمازِ عشق کا ہے انحصار پلکوں تک — یہ بے نیاز سجود و قیام ہوتی ہے
زہے نصیب میں قربان اپنی قسمت کے — ترے لئے مری دُنیا تمام ہوتی ہے
نگاہِ حسن مبارک تجھے درانداز ی — کبھی کبھی مری محفل بھی عام ہوتی ہے
تری نگاہ کے قرباں تری نگاہ کی ٹیس — یہ ناتمام ہی رہ کر تمام ہوتی ہے

کسی کے ذکر سے بھر آد مبتلاب تک
جگر میں اک خلشِ ناتمام ہوتی ہے

بہزاد لکھنوی

گزرے گی کیا جہاں رُخِ یار دیکھکر — حیرت ہے حسنِ حسرتِ دیدار دیکھکر
ہر تارِ آستیں میں ہے اک شہرِ آرزو — ہنستا ہوں رنگِ دیدۂ خونبار دیکھکر
ناسازیٔ جہاں کی تو پروا کبھی نہ تھی — جی بجھ گیا ہے تم کو دل آزار دیکھکر
اس دل فگارِ شوق کی حسرت نہ پوچھئے — مجروح ہو گیا ہو جو تلوار دیکھکر
مجھ کو سنبھل تو لینے دے اے عمرِ تیز گام — ہے پا بگل صبا ترئ رفتار دیکھکر
وہ رنگِ التفات وہ اندازِ برہمی — لطف آگیا ترا کتِ آزار دیکھکر
آنکھیں ہوئی تھیں چار کہ پہلو میں کچھ تھا — دل کھو گیا نگاہِ خریدار دیکھکر
کوئی کھلا ہوا ہے تو کوئی چھپا ہوا — واعظ نہ چھیڑ مجھ کو گنہگار دیکھکر
ہر رنگ میں مسرت و غم ساتھ ساتھ ہیں — حیرت زدہ ہوں ربطِ گل و خار دیکھکر
آنکھوں کے سامنے ہے متاعِ دل و جگر — خوش ہو رہا ہوں دامنِ گلزار دیکھکر
بیتاب کر دیا نگہِ التفات نے — آنسو نکل پڑے انھیں غمخوار دیکھکر

کی کب دیارِ عشق کچھ ایسا اُداس ہے
روتی ہے بیکسی در و دیوار دیکھکر

سرور جہانپوری

کیا زندگی و موت بھی۔ کیا کون و مکاں بھی — اک خوابِ پریشاں ہے نظامِ دو جہاں بھی
امید نہ رکھتے تھے بہت عشق میں لیکن — ان باتوں کا بچھ سے تو نہ ہوتا تھا گماں بھی
اک شامِ غریباں میں فسانہ ہے فسانہ — یہ حسن و محبت بھی، جہانِ گزراں بھی
کچھ پوچھ نہ اس وقفۂ ہستی کی کشاکش — کچھ موت ہے ٹھہری ہوئی کچھ عمرِ رواں بھی
اللہ ری نیرنگیٔ تقدیرِ محبت — بیداریٔ جاوید بھی ہے، خوابِ گراں بھی
کر عہدِ گذشتہ کو شریکِ غمِ امروز — خاکسترِ ماضی سے کچھ اٹھتا ہے دھواں بھی
ہے صبح کہ اس انجمنِ ناز میں ہر سمت — رہ رہ کے کچھ ابرو کی لچکتی ہے کماں بھی
بیگانہ عالم ہے بہت عشق بھی لیکن — کیوں بند ہے مدت سے زمانہ کی زباں بھی

مانوس ذرا جان کے خطروں سے بھی ہو لے
سنتے ہیں فراق ایسوں کو ملتی ہے اماں بھی

فراق گورکھپوری

جانستاں کو دل دیکر کیا بتائیں کیا پایا
لذتِ فنا چکھی، زیست کا مزا پایا

منزلوں کی سعی کا غم نہیں، خوشی یہ ہے
کس ہجوم حسرت میں ہمنے راستا پایا

قدر اس کی پہچانیں آپ یا نہ پہچانیں
اپنے دل کو ہمنے تو حسبِ مدعا پایا

بیخودی کی حسرت کیا بے سبب میں کرتا تھا
آکے ہوش میں سمجھا بیخودی میں کیا پایا

شیخ یہ بھی سافر میں ہاں اسی کو ساقی نے
میرے کام کا پایا، تیرے کام کا پایا

حسرتیں سراسیمہ ہر طرف نظر آئیں
کاروانِ دل میں نے پھر لٹا ہوا پایا

میری مستیاں سمجھیں تیری شوخیاں جانیں
تو نے کیا لیا مجھ سے میں تجھ سے کیا پایا

سب یہ رنگ آمیزی ہے فقط تخیل کی
کیا بتائیں کیا کھویا کیا جتائیں کیا پایا

پاس بیٹھکر میرے دیکھتے نہیں مجھ کو
ان کی شرم کو میں نے صبر آزما پایا

سوچ پیہم اے منظور اس قدر نشاط افزا
ناامید کس سے تھے کس سے یہ صلا پایا

علی منظور

اک خلش سی ہے مجھے تقدیر سے
الاماں اس خارِ دامنگیر سے

عقل عاجز آگئی تدبیر سے
وہ بھی شاید مل گئی تقدیر سے

حسرتِ نظارہ کی تاثیر سے
پردہ اٹھا یار کی تصویر سے

شامِ غم کے رونے والے! صبر کر
صبح بھی ہوگی تری تقدیر سے

ادعائے ضبطِ غم کرنا پڑا
تنگ آکر آہِ بے تاثیر سے

مجھکو دیوانہ سمجھ لیں اہلِ ہوش
کیوں الجھتے ہیں مری زنجیر سے

دل نہیں اک آبلہ سینے میں ہے
اس نگاہِ گرم کی تاثیر سے

ہائے سے تدبیر کی ناکامیاں
اور کیا امید ہو تقدیر سے

ہوتی ہے تسکین فرحت کچھ نہ کچھ
خوش ہوں اپنی آہِ بے تاثیر سے

فرحت کانپوری

رہی اگرچہ نہ مجھکو کبھی رُلائے بغیر
قرار دل کو نہیں تیری یاد آئے بغیر

کوئی یہ حسن کی دیکھے تو شانِ بیتابی
رہا گیا نہ مرے دل میں ان کے آئے بغیر

ہنسا ہنسا کے مجھے اور خود بھی ہنس ہنسکر
رہے نہ خاک میں میرا وہ دل ملائے بغیر

اگرچہ شرم سے کہتے نہ کچھ اُن سے
رہے نہ آہ پہ میرے وہ سر اٹھائے بغیر

تری نگاہ سے محروم رہ کے کیا حاصل
بجے گی آگ نہ اس گھر کو آب لگائے بغیر

کمالِ جذبِ محبت کو داستاں میری
کہ اثر قلب وہ نعمت ہے جو نہیں ملتی

جلا کے آتشِ غم سے اُسے بنا اکسیر
بشر کو آنکھ سے خونِ جگر بہائے بغیر

یہ راز وہ ہے جسے میں ہی جانتا ہوں جلیل
کہ دل میں وہ اثر آئے نظر میں آئے بغیر

جلیل قدوائی امیٹھی

ہر نفس اک مستقل فریاد ہے — کس قدر غم عشق کی روداد ہے
گھٹ رہا ہے دم میرے دل کی خوشیں — اب یہ شاید آخری فریاد ہے
ہو گئی شاید کہ اب تکمیل عشق — ورنہ کیوں طور مبارک یاد ہے
جسم ہے بند تعینات ہوا تو ہو — روح تو ہر قید سے آزاد ہے
پھر کہاں گلشن میں وہ آسودگی — آشیاں جب وقف برق و باد ہے
دیکھیے انجام کار کائنات — دل مرا پھر مائل غم یاد ہے

جس میں ثاقب تھا وہ مجھ سے ہمکنار
مجھکو وہ منظر ابھی تک یاد ہے

ثاقب کانپوری

شکست دل کی ہر اک آہ میں آواز آتی ہے — مرے لب پر فغاں شاید مری ہمراز آتی ہے
فروغ گل مبارک ہم چمن سے بے تعلق ہیں — نہ اب ہی شوق آزادی نہ اب پرواز آتی ہے
مجھے دھوکا ہی جنت نارسا پر جنت دشمن کا — کہ تیری ہر نظر مجھ تک غلط انداز آتی ہے
نیاز عشق کر نقش جبیں میں وسعتیں پیدا — کوئی دم میں کسی کی جلوہ گاہ ناز آتی ہے
تماشا گاہ عالم بھی مرقع ہے مرے دل کا — کہ ہر آواز میں مجھکو تری آواز آتی ہے
ضیائے حسن نے معمولی حقیقت حسن کی ورنہ — تجلی تک نظر خود پردہ دار راز آتی ہے
کرشمہ ہے بہار گل میں کیوں صیاد پر میرے — گلستاں میں نشیمن تک مجھے پرواز آتی ہے
کئے جا جلوہ سوزی تو فروغ حسن سے لیکن — کہیں دیدار سے چشم تماشا باز آتی ہے

جہاں میں صرف دردوں ہمدم دیرینہ ثاقب
لب فریاد پر فریاد ہی دم ساز آتی ہے

یہ ثاقب لکھنوی

اشتہار دے دیا ہے کہ جو کوئی اس بستہ کو ڈھونڈھ لائیگا اس کو سو روپے انعام دوں گا۔

شخانی:۔ یہ پنڈت جی بھی بڑے حضرت ہیں۔ میں تو اسی دن کیلئے کہتی تھی کہ ان دونوں کا یہاں آنا جانا ٹھیک نہیں۔ پر میری بات سنتا کون۔ تمہارے پیچھے ان دونوں میں خوب سکوٹ ہوتی تھی۔ حفظا کی زبانی مجھے سب پتہ چلتا رہتا تھا۔

شیخ جی:۔ تو تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں۔

شخانی:۔ بتاتی کیسے؟ مرزا جی اور پنڈت جی کیخلاف جو لفظ میرے منہ سے نکلتا تھا تو تم آگ بگولا ہو جاتے تھے۔ میں اس آگ میں جلنے کو کہاں جاتی۔

شیخ جی:۔ اور اب جو میں جلا جا رہا ہوں تو؟

شخانی:۔ اس آگ کو تو تمہارے مرزا جی اور پنڈت جی ہی بجھائیں گے۔

شیخ جی:۔ وہ دونوں کہیں ہوں بھی۔ ایک کلکتہ میں ہیں دوسرے اپنے گھر پر بیٹھے دوا در دوچار کر رہے ہیں۔

شخانی:۔ تو پھر ان آدمیوں کو جواب کیوں نہیں دیدیتے۔

شیخ جی:۔ جواب تو دینا ہی پڑے گا۔ پر ایک بڑی مصیبت کا انتظار ہے۔ کاغذ والے کے بل کی ادائیگی۔

(باہر سے آواز آتی ہے)

بڑی بی:۔ ذرا میاں کو باہر بھیج دینا۔ کچہری کے سپاہی سمن لیکر آئے ہیں۔

شیخ جی:۔ ہاں یہ تو میں خود ہی کہہ رہا تھا..... جاتا ہوں۔ خدا حافظ۔ خدا آبرو رکھے گا تو پھر آؤں گا۔ واہ ری میری اوقات، اور ہائے رے میرے اوقات۔

سالنامہ ساقی (جنوری ۱۹۳۹ء) کی ایک جھلک

سالنامہ ساقی کو اگر مختلف ابواب میں تقسیم کیا جائے تو اس کی نامکمل فہرست یہ ہوگی۔ اس اشاعت میں صرف مضمون نگار حضرات کے نام درج کئے جارہے ہیں۔ دسمبر کے ساقی میں مکمل فہرست پیش کی جائے گی۔

ڈرامہ

(۱) مولانا عنایت اللہ دہلوی۔ (۲) مسٹر سید انصار ناصری دہلوی۔ (۳) محترمہ فرخندہ اختر بیگم۔ (۴) محترمہ عصمت چغتائی (۵) محترم صالحہ عابد حسین۔

افسانہ (سماجی اور رومانی)

(۱) حضرت ایم۔ اسلم۔ (۲) جناب ل۔ احمد اکبر آبادی۔ (۳) محترمہ حجاب امتیاز علی۔ (۴) مسٹر صادق الخیری۔ (۵) پریم پجاری۔ (۶) ڈاکٹر ایس۔ اے۔ ہاشمی۔ (۷) اشرف صبوحی (۸) غلام عباس مولوی۔

ترقی پسند

(۱) پروفیسر محمد مسلم۔ (۲) مسٹر اختر انصاری۔ (۳) جناب ممتاز مفتی۔ (۴) جناب شاہد لطیف۔

مزاح و طنز

(۱) جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ (۲) جناب قیصی رامپوری۔ (۳) جناب ابوطاہر داؤد۔ (۴) جناب آوارہ۔ (۵) جناب ناکارہ حیدرآبادی (۶) جناب سید علی شاکر۔

تنقید و تحقیق

(۱) ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ (۲) جناب سید بادشاہ حسین حیدرآبادی۔ (۳) جناب مرزا سیف علیخاں۔ (۴) جناب عبدالقیوم باقی۔ (۵) پروفیسر مرزا محمد سعید۔

منظومات

امین حزیں۔ جوش ملیح آبادی۔ فراق۔ فرحت۔ شاقب۔ بہزاد۔ مجاز۔ اختر۔ علی منظور۔ تابش۔ شاد عارفی کوکب شاہجہانپوری۔ علی احمد۔ الطاف مشہدی۔

مندرجہ بالا حضرات کے علاوہ چند اور حضرات نے بھی مضامین بھیجنے کے وعدے کئے ہیں۔ مثلاً قاضی عبدالغفار صاحب۔ خواجہ غلام السیدین صاحب۔ ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب اور سید وزیر حسن صاحب۔ سالنامہ کی ضخامت ۷۰۰ صفحات ہوگی۔ قیمت ۴ روپے

مستقل خریداروں سے سالنامہ کی قیمت علیحدہ نہیں لی جائیگی۔

ایڈیٹر ساقی کے نام کھلی چٹھی

فتوی و تسلیمات

ساقی بابت اکتوبر ۱۹۳۶ء میں دہلی ریڈیو اسٹیشن کے ڈائریکٹر صاحب کی تقریر پر آپ کے خیالات دیکھکر از حد خوشی ہوئی۔ سخت ضرورت تھی کہ اس محکمہ کی حد سے بڑھتی ہوئی افراتفری پر سختی سے روک ٹوک کی جاتے۔ اس سے پہلے بھی بعض اخبارات نے اس محکمہ کی بدعنوانیوں اور ریشہ دوانیوں پر دار و گیر کی لیکن قرائن سے ثابت ہوتا ہے کہ ریڈیو کے ارباب بسط و کشاد اپنی ازلی بے مہری اور بے حسی کے باعث ان تنقیدوں سے کچھ زیادہ متاثر نہیں ہوتے۔ شاید اس کا بڑا سبب یہی ہو کہ اس قسم کی تنقیدیں فطری بے لوث جذبات کا نتیجہ نہ سمجھی گئی ہوں اور ممکن ہے کہ حکام بالا کی بازپرس پر زیر دست حکام نے کسی طرح یہ ثابت کر دکھایا ہو کہ تنقید نگار صاحبان کسی حیثیت سے مایوس غرض مندہ واقع ہوئے تھے۔ بہرحال! راقم الحروف کے نزدیک اس کا سبب سوائے اس کے اور کوئی نہیں کہ گذشتہ تمام تنقیدیں کمزور تھیں اور ان میں سوائے سطحی اعتراضات کے اور کچھ نہ تھا۔ میں دیکھتا ہوں کہ آپ کا مقالہ قوی دلائل پر مبنی ہے۔ علاوہ ازیں آپ کی ذات با برکات پر کسی ذاتی غرض وغیرہ کا شک بھی نہیں ہو سکتا۔ آپ نے اپنے اسلوب خاص سے جس سنجیدگی اور ہنروری کے ساتھ اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے وہ داد سے مستغنی ہے۔ ہر ہر اعتراض پر "میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے" والا معاملہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جانتے آپ نے ملک کے سنجیدہ ترطبقے کی بڑی صحیح نمائندگی کی۔ وہ حضرات جو ریڈیو سے صرف سُن لینے تک کا تعلق نہیں رکھتے بلکہ اس مفید ایجاد کو ملک کے خاص مسائل کیلئے زیادہ سے زیادہ سُود مند بنانے کے حامی ہیں اور اس کی ترقی و بہبودی کے خواہاں ہیں اور اسی لئے مختلف النوع پروگرام کو غیر معمولی دلچسپی اور غور سے سُنتے ہیں۔ عرصہ سے دلی ریڈیو اسٹیشن کے بے ڈھنگے اور بونگے پن سے تنگ آ چکے تھے۔ ان کی بیزاری نفرت کی حد تک پہونچ چکی تھی۔ زیادہ تر اس وجہ سے کہ اصلاح کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی تھی۔ ارباب حل و عقد کو ایک دو نہیں سینکڑوں خطوط کے ذریعے آگاہ کیجئے، ان سے زبانی شکایت کیجئے۔ اخبارات میں مضامین لکھئے ـــــ سب بے سود۔ سب بیکار۔ وہاں تو ہر شخص جلب منفعت میں گرفتار ہے۔ پروگرام اسسٹنٹ صبح و شام اسی ادھیڑ بن میں گرفتار رہتا ہے کہ کس طرح زیادہ سے زیادہ خوشامد کر کے پروگرام ڈائریکٹر بن جاؤں۔ پروگرام ڈائریکٹر غریب اس فکر میں دُبلا ہوا جاتا ہے کہ کس منتر سے اسسٹنٹ اسٹیشن ڈائریکٹر بنوں۔ اسسٹنٹ اسٹیشن ڈائریکٹر کو یہ غم ہے کہ وہ تو اسٹیشن ڈائریکٹر بننے کا حقدار تھا۔ اسٹیشن ڈائریکٹر اس گگن میں مگن ہے کہ دیر سویر وہ کنٹرولر بنکر رہے گا۔ پھر تو تمام ہندوستان کی نے تارہ کی باگ ڈور اُسی کے ہاتھ میں ہوگی۔ وقس علی ہذا۔ اس میں کلام نہیں کہ ان حضرات کے بہت سے خواب سچے ثابت ہوتے ہیں۔ اور کس قدر جلد! اور کس قدر جلد! جیرت سی حیرت ہے!! ابھی کل کی بات ہے کہ یزدانی صاحب دہلی اسٹیشن میں معمولی پروگرام اسسٹنٹ تھے۔ اب (یعنی دو سال کے قلیل عرصے میں) وہ کلکتہ جیسے بڑے اسٹیشن کے اسٹیشن ڈائریکٹر ہیں۔ گویا of Kingdom. given to a school boy's care. اسی طرح نیازی صاحب اسٹیشن ڈائریکٹر لاہور، جگل کشور صاحب اسٹیشن ڈائریکٹر لکھنؤ۔ پٹی بجاتے میں کہاں سے کہاں پہونچ گئے۔ جس قدر جلد اس نازپرور محکمہ میں ترقیاں ملتی ہیں گورنمنٹ آف انڈیا کا کوئی محکمہ اس کی نظیر نہیں پیش کر سکتا ـــــ اس ترقی کا راز کیا ہے؟ جی چاہتا ہے وہ بھی ظاہر کر دوں، لیکن ابھی نہیں۔ ذرا ان تازک دل والوں کو کھری کھری سُننے کا عادی بن جانے دیجئے پھر سہی ـــــ لیکن ازالۂ غلط فہمی کے طور پر اتنا ضرور کہونگا کہ سوائے خوشنودیٔ افسرانِ بالا ان حاجتروا گان کی ترقی کا بھید اور کچھ نہیں ـــــ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ ان لوگوں نے کونسے ایسے کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں جن کے صلے میں اُن کو بام اوج پر جگہ دی۔ کیا یہ "بجنے" "آپ کا جی چاہئے بزرگ کہہ لیجئے" غیر معمولی قابلیت کے مالک ہیں ـــــ؟! راقم الحروف بدقسمتی سے ان سب حضرات سے ذاتی طور پر متعارف ہے۔ یقین جانیئے ان میں سے ایک بھی اس لائق نہیں کہ سنجیدگی سے کسی مسئلہ پر گفتگو کر سکے۔ گفتگو تو بڑی چیز ہے اتنی بھی اہلیت نہیں کہ شخص آدمیوں کے اخلاق و آداب سے واقف ہو۔

جناب محترم! ان بوست کندہ حالات کے انکشاف سے راقم الحروف کا مدعا یہ ہے کہ پروگرام کی غیر دلچسپی اور ذلالت کا شکوہ بے سُود ہے۔ پروگرام تو آپ سے آپ خراب ہونگے کیونکہ ذمہ دار لوگ ہی نالائق ہیں۔ جان جان کے اور چھانٹ چھانٹ کے اس محکمہ میں ایک سے ایک "عقل کل" بھرتی کیا جاتا ہے۔ تاکہ افسرانِ بالا کے ارزل مقاصد کی تکمیل ہو سکے۔ یا، یہ کہ اپنے آدمی اندھا دھند کھپائے جائیں ـــــ مثال کے طور پر دیکھ لیجئے کہ "بخاری کمپنی" کے چار افراد علانیہ دھنے ہوئے ہیں، اُصولاً اس محکمہ کے پروگرام والے

شعبے میں کوئی شخص بھرتی نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ اس کو عہدہ تعلیم کے علاوہ ان چند صفات میں سے ایک یا ایک سے زیادہ صفت میں کچھ نہ کچھ درک حاصل نہ ہو۔

(۱) انگریزی یا ہندوستانی موسیقی۔ (۲) صحافت۔ (۳) ادبی یا ڈرامائی کارگزاری ــــ علاوہ ازیں، ایک نہ ایک ورنیکلر یعنی دیسی زبان میں مہارت حاصل ہونی بھی ضروری ہے ــــ معیار نہایت مناسب ہے لیونکہ الوقتیہ لکھنے کے لئے جس میں ادبیت، موسیقی اور ڈرامہ کا چرچا رہتا ہو اس سے بہتر معیار نہیں ہوسکتا۔ لیکن ذرا ملاحظہ کیجئے کہ باستثنائے چند چنے ارباب فٹ اس محکمہ کے کارگزار ہیں کوئی بھی اس معیار پر پورا اترتا ہے؟ دور کیوں جائیے ذرا دلی اسٹیشن کے احباب پر ہی ایک نظر ڈال جائیے۔ آپ کی اجازت اور ان کے مغفرا احباب سے معافی کے ساتھ میں پبلک مفاد کی خاطر ذکر جمیل کرنیکی جرأت کرتا ہوں:۔

اسٹیشن ڈائرکٹر صاحب جن کی عجیب و غریب شخصیت عبارت ہے چوڑے چکلے سینے، شاندار ڈبل مونچھوں، اپنے طرز تحریر سے جسے کوئی بھلا آدمی پڑھ بھی نہیں سکتا اور بے ڈھنگے سے فوجی لباس سے تازہ ترین اطلاعات منظم ہیں کہ کسی حادثہ سے متاثر ہو کر نادر روزگار مونچھیں حجام کے سپرد کر دی گئیں۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) ان قبلہ و کعبہ کی تعریف یہ ہے کہ آئی۔ سی۔ ایس۔ کے امتحان میں شاندار پاسبانی کے بعد حضور عالی نے فوج کی طرف رُخ کیا اور وہاں اپنے جلی کٹھ درے پن کی بدولت آکپرا عزازی لفٹنٹ بنا دیا گیا۔ اب سے دُور کا بھی لگاؤ نہیں۔ موسیقی سے ڈر لگتا ہے۔ ڈراما سے ازلی نفرت ہے لیکن نہ معلوم کیوں ماورِ ریڈیو نے انہیں اپنے آغوش میں لے لیا۔ پہلے یہی دلی میں تھے اب دلی جیسے مرکزی اسٹیشن کے ڈائرکٹر ہیں۔ اُردو کے نام لٹھ بھی نہیں جانتے پھر بھی زباندانی کا دعویٰ ہے۔ پروگرام کیوں خراب ہوتے ہیں یہ اُن کی بلا جانے۔ انہیں اپنے حلوے مانڈے سے کام۔

سب سے بڑی کرسی سے ذرا چھوٹی کرسی پر بیٹھنے والے ہمارے پیارے افتخار صاحب!! زباں پر بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا ــــ عجیب پُراسرار شخصیت کے مالک ہیں۔ ان کا دعویٰ یہ ہے کہ اس محکمہ میں سب سے زیادہ پڑھے افسر آپ ہی ہیں اور محض اسی لئے آپ اسسٹنٹ اسٹیشن ڈائرکٹر بننے کے اہل ہیں۔ کوئی اور بزرگ سے پوچھے کہ آپ کی تجربہ کاری اور باداں دیدنی مسلّم لیکن خدارا یہ تو بتایئے اس محکمے میں آنے سے پہلے آپ کیا تھے۔ کوئی ادبی خدمت؟؟ ڈراما کے معاملے میں اس فن سے معمولی لگاؤ بھی ظاہر کرنے کا کوئی استحقاق؟؟ اور سب سے بڑی بات یہ کہ حضرت کی تعلیم!! ــــ ہنسوں کے ساتھ ظاہر کرنا پڑتا ہے کہ ہمارا یہ پیارا دوست صرف میٹرک پاس ہے۔ یعنی اگر ستارہ ساتھ نہ ہوتا تو زیادہ سے زیادہ کہیں چالیس روپے کے کلرک ہوتے لیکن اب اسسٹنٹ اسٹیشن ڈائرکٹر ہیں۔ اس لئے کہ ہیں۔

تیسری کرسی پر بیٹھنے والے، بلکہ گھسنے والے، حضرت شمس تبریزی۔ میں بھولا شمس عارف صاحب ڈائرکٹر آف پروگرام۔ آپ کی شانِ نزول یہ ہے کہ چھوٹے بخاری صاحب کے سالے ہیں اور بس۔ دانتوں کو بھینچ کر عجیب نخرے سے گفتگو کرتے ہیں۔ ہر اوا مکلوف یعنی تکلف "روہ۔ نری اکڑ اور کساکا پن۔ پروگرام کے ذمہ دار آپ ہیں۔ ادبیات سے، موسیقی، اور ڈراما سے آپ کو دُور کا بھی واسطہ نہیں۔ اگر انیئر کسی سے پوچھے یہ اتنا بتا دیں کہ بھیرویں میں کتنے کومل سر لگتے ہیں اور کتنے تیور تو جو ہر کی سزا دہ میری۔ بھلا بتایئے یہ شخص حق رکھتا ہے اس بات کا کہ اپنے بائیں ہاتھ کے کرتب سے ہندوستانی موسیقی، ہندوستانی ادبیات میں جیسی چاہے ترمیم کر دے جس کو چاہے ذلت دے اور جس کو چاہے عزت۔ پس بچائے خدا اس خدائی فوجدار سے ــــ!!

ایک اور صاحب ہیں جن کے نام پر دہلی کی مشہور و معروف میونسپلٹی ہے یہ حضرت پہلے صرف ریکارڈ بجانے پر مامور تھے۔ پھر موسیقی کے انچارج ہوئے۔ پھر ڈرامے کے اور اب تعلیمی براڈ کاسٹ کے انچارج ہیں۔ یہ ہیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بہ کجا۔ تعریف ان قبلہ کی یہ ہے کہ سائنس کے طالب علم ہیں۔ والد نے چاہا تھا کہ انجینئر بنیں اسی مقصد سے گلاسگو سے فارغ التحصیل کرایا۔ لیکن پبلک کی انتہائی بدنصیبی کہ آپ اس محکمہ میں ہیں۔ پھٹے ہوئے بانس کی سی خوفناک آواز رکھتے ہیں پھر بھی آپ سے بارہا اناؤنسنگ کرایا جاتا ہے۔ اُردو ادب سے خاندان بھر کو کوئی واسطہ نہیں۔ ہندوستانی کہلانا اپنی توہین سمجھتے ہیں ٹھیک طرح ہندوستانی میں گفتگو بھی نہیں کر سکتے۔ لیکن مدعی ہیں ہندوستان میں ریڈیو کے ذریعے تعلیم دینے کے۔ بھوٹی قسمت پبلک کی!!

ایک اور بچارے مرنجان مرنج معصوم صفت انسان ہندوستانی تقریروں کے انچارج ہیں۔ جو یہ بھی نہیں جانتے کہ کون شخص کس موضوع پر بہتر تقریر کر سکتا ہے۔ ہندوستانی ادبیات میں جو انقلابی رجحانات ہو رہے ہیں ان کا انہیں خواب میں بھی احساس نہیں ہوتا۔ جو ڈھرّا پٹے رڑوں نے بنا دیا اُسی لکیر کے فقیر ہیں۔ اگر یہ ثابت کر سکیں کہ اپنے دورانِ قیام میں ایک بھی نیا مقرر پیدا کیا تو میں ہار مانے کو تیار ہوں۔ فضول موضوعات پر دو ٹکے سے تقریریں کراتے ہیں اور کسے مجال ہے کہ انہیں روک سکے۔ بچانے ہی ہیں اسی لئے اکثر اناؤنسنگ کی خدمت انجام دیکھا ہے گفظ کی مثال ذہن نشین کراتے ہیں۔

ایک اور بچارے طویل القامت حسین ہیں جن کے لب [illegible] ہیں لیکن

سی الکنت ہے۔ یہ ڈراما کے انچارج ہیں۔ اور حال یہ ہے کہ ڈراما آرٹسٹ معمولی وقار اور رعب نہیں رکھ سکتے۔ انہوں نے اپنے اداکاروں کو اختیار کیا ہے کہ جس طرح چاہے ڈرامے میں ترمیم کرو۔ حذف و اضافہ کرو یا اپنی کا حق ہے۔ جیسے میں روپیٹ کر آٹھ آٹھ ڈرامے کرنے پڑتے ہیں انکی مجبوریوں پر رحم آتا ہے۔ زبردستی انہیں سرکار دولتمدار اس سانچے میں رکھے تو ان کا قصور؟؟

سنگوان کے تیسرے روپ (رہبر ہمدرد مشنر؟) موسیقی کے انچارج ہیں۔ طرفہ معجون ہیں۔ موسیقی کا کام اس لئے ان کے سپرد ہے کہ ان سے زیادہ موسیقی سے بے بہرہ کوئی ہے بھی تو نہیں؟؟ ان سے پوچھتے تو معلوم ہوگا کہ کوئی معمولی سے معمولی شخص بھی یہی فرائض انجام دے سکتا ہے۔ اسے بھی مشکل کیا ہے۔ گانے والوں کے نام معلوم ہی ہیں۔ اٹھایا کونٹریکٹ کروالیا۔ بہت خانہ پُری کی ضرورت ہوئی تو دو ایک دفعہ آڈیشن لے لی۔ کوئی شخص اچھا گاتا ہے یا بُرا یہ انہیں راوت چنتائی۔ صبری۔ فضل۔ منگ خاں۔ حامد صاحبان بتا ہی دیتے ہیں اور اصل پوچھئے تو یہی لوگ آڈیشن لیتے بھی ہیں۔ حکام کو ہر طرح سے خوش رکھنے کے عجیب عجیب نسخے انہیں ازبر ہیں اس لئے کیا مجال جو کوئی ان کے کام پر نکتہ چینی کرسکے۔ عورتوں کے پروگرام کے بھی یہی انچارج ہیں۔ کیوں؟؟ یہ ایشیاٹک ڈائریکٹر بھی نہیں جانتے۔

یہ خط طول ہوا جاتا ہے ورنہ اناؤنسر صاحبان مثلاً حضرت بحر کے ساتھی اور محمود غزنوی کے تاریخی محبوب کا بھی ذکر کرتا۔ انشاء اللہ آئندہ عریضہ میں سہی۔ علاوہ ازیں اسٹیشن کے نظم و نسق اور دیگر انتظامی اُمور کے متعلق بھی کچھ عرض کرونگا۔

فی الحال یہ التماس ہے کہ خدارا اس سلسلہ کو بند نہ کیجئے گا۔ یہ اہم ترین خدمت ہے جو آپ کے ہاتھوں انجام پائے گی۔ ضرورت تھی کہ اس پول کے کارخانے کی جانچ پڑتال کی جاتے۔ ذمہ دار افسران تو کانوں میں تیل ڈالے ہوئے ہیں۔ اور سچ تو یہ ہے کہ وہ بجائے کر بھی کیا سکتے ہیں۔ خود بھی تو کچھ نہیں جانتے ؎

او خویشتن گم است کرا رہبری کند

لیکن آخر کب تک پبلک کے لاکھوں روپے اس اندھیر کھاتے کی خاطر برباد ہوں گے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ سننے والوں کا تعلیم یافتہ اور سمجھدار طبقہ تمام تر آپ کے ساتھ ہے اور اگر آپ نے اس سلسلہ کو جاری رکھا تو انشاء اللہ جلد یا بدیر کچھ نہ کچھ ہو کر رہیگا۔ فقط

"ہم سخن فہم ہیں ساقی کے طرفدار نہیں"

تعارف

طبی ایجنسی ٹرسٹ ڈ (دہلی) کی خدمات آپ کیلئے کیوں ضروری ہیں

اس لئے کہ

دہلی کو مشاہیر اطبا کرام کا مولد و مسکن ہونے کا فخر حاصل ہے۔ تمام دنیا کے مایوس العلاج مریض یہاں سے شفایاب ہوتے ہیں۔ یوں بھی ہر کسی کو مستند طبیب کی ضرورت ہوا کرتی ہے بعض ڈاکٹری علاج کو دیسی طب پر ترجیح دیتے ہیں تو کرم روائیں کھا کر اور بھی اپنی حالت کو بدتر بنا لیتے ہیں بعض ناواقفیت کی وجہ سے اشتہاری ڈاکٹروں کے چنگل میں پھنس جاتے اور شدید نقصان اُٹھاتے ہیں اندریں صورت احوال ایک ایسے ادارے کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو دیسی طب کی حمایت میں پبلک کی بے لوث خدمت کرے الحمدللہ یہ اہم ترین ضرورت طبی ایجنسی ٹرسٹ ڈ (دہلی) کے قیام سے پوری ہوگئی آپ گھر بیٹھے ہی دہلی کے نامور اور مستند اطبا کرام کا مشورہ بالفیس حاصل کرسکتے ہیں اور مطلوبہ ادویہ خالص ترین مستند دارو سے خرید کر باہر بذریعہ وی پی روانہ کی جاتی ہیں منگاتے ہیں۔ اُمید ہے کہ ایک مرتبہ ضرور خدمت کا موقع دیجئے۔ امراض مخصوصہ مردانہ و زنانہ کی تشخیص، فہرست نرخنامہ ادویات طلب کرنے پر مفت۔ خطوط کتابت مخفی رکھنے کا وعدہ۔ پتہ:۔

صوفی عبدالسلام سندیلوی، مالک طبی ایجنسی ٹرسٹ ڈ کھاری باؤلی۔ دہلی۔

ساقی کے چند خاص نمبر رعایتی قیمت پر

		اصلی قیمت		رعایتی قیمت
سالنامہ	۱۹۳۴ء		مفت	
〃	۱۹۳۵ء		مفت	۱۲
〃	۱۹۳۶ء (جاپان نمبر)		مفت	۱۲
〃	۱۹۳۷ء		مفت	۱۲
〃	۱۹۳۸ء		مفت	عہ
ظرافت نمبر	۱۹۳۳ء		۱۲ر	۶
〃	۱۹۳۴ء		۱۲ر	۶
〃	۱۹۳۵ء		۱۲ر	۶
〃	۱۹۳۶ء		۱۲ر	۶
افسانہ نمبر	۱۹۳۵ء		۱۲ر	۶
〃	۱۹۳۷ء		عہ	۱۲
〃	۱۹۳۸ء		عہ	۱۲
چغتائی نمبر			عہ	۸
دانتے کا جہنم			۱۲ر	۶

شعبان اور رمضان المبارک ۱۳۵۷ھ میں خاص رعایت

قرآن مجید

مترجمہ شمس العلماء مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مرحوم

کے ہدیہ میں

پچاس فیصدی تخفیف

۱۔ قرآن شریف کلاں سفید چکنا بلا جلد پانچ روپے مجلد چرمی مغہ

۲۔ قرآن شریف متوسط ولایتی سفید چکنا بلا جلد ۱۲/ع مجلد چرمی للعہ

۳۔ حمائل شریف کلاں سفید چکنا ۸/عہ مجلد چرمی ۱۴/ع

دیگر تصانیف پر پچیس فیصدی تخفیف

اس جریدہ کا حوالہ دیکر منگائیے طلب کرنے پر مفصل فہرست مفت روانہ کیجائیگی

ملنے کا پتہ:۔ بشیر الدین احمد اینڈ سنز۔ کھاری باولی دہلی

صرف رمضان المبارک ۱۳۵۷ھ میں خاص رعایت

نصف قیمت پر

فرامین سلاطین

اصلی قیمت تین روپے آٹھ آنہ ۳/۸ سے،

رعایتی قیمت ایک روپیہ بارہ آنہ ۱/۱۲ عہ،

اس نادر مجموعے میں سلاطین خلجی، سور، مغلیہ عادل شاہیہ اور سرکار انگریزی کے (۱۸۸) فرامین جمع کئے گئے ہیں۔ آٹھ فرامین کے عکسی فوٹو بھی شامل کئے ہیں۔ تقطیع ۲۹ × ۲۲ صفحات ۲۸۸۔

اس جریدہ کا حوالہ دیکر طلب کیجئے طلب کے نیز فہرست کتب روانہ کی جائیگی

واقعات دارالحکومت دہلی

قیمت اصلی پندرہ روپے ۱۵/ عہ،

رعایتی سات روپیہ آٹھ آنہ ۷/۸ معہ،

وزن تقریباً ساڑھے چار سیر بلا جلد

شہر دہلی کی یہ لاجواب تاریخ تین جلدوں میں ہے ۲۵۶۲ صفحے تقطیع ۲۲ × ۲۹ عمدہ کاغذ سفید۔ ۲۰۹ نقشہ جات اور تصاویر قلمی۔ ۹ عکسی تصاویر

حصہ اول ۵۵۰ ق م سے ۱۹۲۰ء تک کی مکمل تاریخ ص ۱۰۶۶

حصہ دوم۔ اندرون و ملحقات شہر کی عمارات ص ۹۵۲

حصہ سوم۔ بیرون شہر و مضافات شہر کی عمارات ص ۵۴۵

اس جریدہ کا حوالہ دیکر منگائیے طلب کے نیز فہرست کتب روانہ کی جائیگی

دیگر کتب پر پچیس فیصدی رعایت ہوگی

ملنے کا پتہ:۔ بشیر الدین احمد اینڈ سنز بکھاری باؤلی دہلی

ساقی بک ڈپو۔ دہلی کی دلکش کتابیں

	قیمت	للکہ
خانم۔ ریورانی جٹانی کی پُر لطف نوک جھونک۔ چغتائی صاحب کے کیس دلکش مضامین۔ مجلد سنہری ٹھپہ	؎	۱۴ر
کولتار۔ منی تو بچاری سانولی مگر شریر لڑکوں نے نام "کولتار صاحب" رکھدیا۔ پھر کیسے کیسے واقعات رُونما ہوتے ہیں کہ	؎	۱۴ر
ویمپائر۔ زانی مرد ایک خونخوار درندے کی طرح ایک بیکس مظلوم عصمت مآب خاتون پر جھپٹتے ہے اُسکی زندگی برباد کرتا ہے، مگر	؎	۱۴ر
شریر بیوی۔ اس قدر شریر بیوی تھی کہ بڑے بڑوں کے کان کاٹتی تھی۔ کیا کیا ناک میں دم کیا ہے اس شریر بیوی نے!	؎	۱۴ر
رُوح لطافت۔ "بہار رانی کا خواب" اس کا پہلا افسانہ ہے۔ ایسا عمر بھر تک افسانہ آپنے آج تک نہیں پڑھا ہوگا۔ بھیانک مگر دلکش	؎	۱۴ر
کمزوری۔ عورت کی کمزور فطرت سے شہزور مرد نے ناجائز فائدہ اُٹھایا اور اُس کی زندگی برباد کر دی۔	؎	۱۴ر
رُوح ظرافت۔ "انگوٹھی کی مصیبت" اس کتاب کے آٹھ افسانوں میں سے ایک ہے جس نے یہ افسانہ نہیں پڑھا اُس نے اپنے اُوپر ظلم کیا	؎	۱۴ر
جنت کا بھوت۔ بی جنت بھی شرارت کی پتلی تھیں۔ بھوت صاحب کا ہم میں دم کر دیا۔ پھر کچھ ایسی صورت پیدا ہوئی کہ	؎	۱۲ر
دیکھا جائیگا۔ ایک لڑکی پر تین مرد سے عاشق ہوگئے تو دیکھا جائیگا صاحب" کچھ فیصلہ نہ کر سکے۔ بالآخر یہ لے پایا کہ	؎	۱۴ر
ملفوظات ٹاپی۔ کتے، بلے، مرغیاں اور گھریلو جانور انسانی زبان بولنے لگے۔ کیسی عجیب عجیب باتیں کی ہیں انہوں نے!	؎	۱۲ر
تفویض۔ بی۔ اے پاس لڑکی کی شادی مسجد کے ملّے ہوگئی۔ بس یہ سمجھئے کہ زمین آسمان ایک ہوگئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ	؎	۱۰ر
قرض۔ محبت کو کاٹنے والی تیغی کا نام قرض ہے۔ آپ نے بہت کہانیاں پڑھی ہونگی مگر ذرا اس کو بھی پڑھکر دیکھئے	؎	۱۰ر
فرزند سرحد۔ سرحد کے باشندے عزت کی خاطر موت کے گھاٹ اُتر جاتے ہیں۔ انہی غیرت مند لوگوں میں سے چند کا ذکر ہے کہ	؎	۱۰ر
قدر داں۔ سرزمین ریفت کے ایک بہنوئی اور اُس کے سات خطوط کی سالوں نے وہ وہ حرکتیں کی ہیں کہ بس حیرت ہے	؎	۱۲ر
خطوط کی تھ ظریفی۔ یہ خط بھی کیا ستم ڈھاتے ہیں، خصوصاً جب خط و کتابت ایک شریر لڑکی اور جوان مرد کی ہو۔	؎	۱۲ر
مرزا جگی۔ لکھنؤ کے بانکے مرزا بھی واللہ عجیب چیز تھے۔ بٹیریں لیکر انگریزوں سے لڑنے چلے۔ واللہ	؎	۱۲ر
چمکی۔ عورت کی فطرت، جان جائے پر آن نہ جائے۔ عزت و شرافت کی مُنہ بولتی تصویر "چمکی" میں دیکھئے۔	؎	۱۲ر
نجم السحر۔ پانچ ہزار سال پہلے مصر کی ایک شہزادی تھی۔ نجم السحر اس کی داستان عشق بے پناہ چیز ہے۔	؎	۱۴ر
سلامبو۔ وحشیوں سے جان بچانے کی خاطر ایک عورت تھی اور وہ یہ کہ حسین سلامبو وحشیوں کے سردار کی ہو جاتے۔	؎	۱۴ر
تائیس۔ سرزمین مصر کی عورت بازاری نظر بھر کے دیکھنے سے جس کا حسن میلا ہوتا تھا اس کی عمر تک داستان	؎	۱۴ر
ہرودیاس۔ سلوی کا تاج موت کا تاج تھا۔ اُس نے پیغمبر یوحنّا کا سر انعام میں مانگا اور اس کے مُردہ لبوں کو چوما۔	؎	۱۲ر
فاوسٹ۔ شاعر کی مصری اور مصر کی شاعری کی شہرۂ آفاق کہانی۔ اُردو میں پہلی مرتبہ عام فہم پیرائے میں پیش کی گئی ہے	؎	۱۴ر
پروین و شریا۔ ایک مرد پر دو عورتوں کا عاشق ہونا اور دونوں کا عشق صادق تھا۔ مرد بھی دونوں سے برابر کی محبت کرتا تھا، مگر	؎	۱۴ر
نرگس جمال۔ موریس ماترلنک کی ایک رنگین تمثیل جس میں عشق و محبت پر بحث کی گئی ہے۔ مترجمہ شاہد احمد۔ مجلد	؎	۱۴ر
سحر بنگال۔ طاہرہ دیوی شیرازی کے دلکش نئے اور اچھوتے پلاٹ کے افسانوں کا مجموعہ	؎	۱۴ر
تعلیم زوج بیوی۔ فضل حق قریشی دہلوی کا لکھا ہوا ڈرامہ جس کو پڑھکر آپ ہنستے ہنستے لوٹ جائیں گے	؎	۱۰ر
سرگذشت عروس۔ دلہن کا رونا مچھ جس میں اُس نے اپنے دل کے تمام زخم کھول کر پڑھنے والے کو دکھا دیے ہیں	؎	۱۴ر
عروس ادب۔ دل میں کھب جانے والے مزاحیہ افسانوں کا مجموعہ۔ تین سو صفحے۔ زبان نہایت صاف	؎	۱۴ر
گناہ کی راتیں۔ عورت گناہ کرنے پر کس طرح مجبور ہو جاتی ہے؟ فطرت انسانی کے چند پہلو تک مرقعے۔ مجلد	؎	۱۴ر

چندہ سالانہ پانچ روپے
شش ماہی تین روپے
قیمت فی پرچہ چھ آنے

جرأت

چندہ سالانہ ممالک غیر سے
۱۲ شلنگ۔ نمونے کا پرچہ
مفت بھیجا جاتا ہے

جلد ۱۸ | ساقی دہلی۔ بابت ماہ دسمبر ۱۹۳۸ء | نمبر ۶

نمبر شمار	مضمون	صاحب مضمون	صفحہ
(۱)	نگاہ اولیں	شاہد	(۳)
(۲)	دورِ حاضر اور اردو غزلگوئی	ڈاکٹر عندلیب شادانی۔ ایم۔ اے؛ پی۔ ایچ۔ ڈی؛ (لندن)	(۳)
(۳)	لال نمبر	جناب مرزا عظیم بیگ چغتائی۔ بی۔ اے؛ ایل ایل۔ بی۔	(۱۷)
(۴)	شبِ جدائی	جناب ایم۔ اسلم	(۲۹)
(۵)	نظمِ حیات	جناب امین حزیں (سیالکوٹی)	(۳۱)
(۶)	بہار میں ایک تشویش	جناب علی منظور حیدرآبادی۔	(۳۲)
(۷)	چلمن گرٹ	جناب سید علی شاکر۔ ایم۔ اے	(۳۳)
(۸)	رپورٹر	جناب شاہد لطیف۔	(۴۲)
(۹)	رہبی الونکی انجمن	"جہاں نورد"	(۴۶)
(۱۰)	جاسوس	جناب ایس۔ احمد۔ بی۔ اے؛ بی۔ ٹی؛	(۵۰)
(۱۱)	سازِ نا	"دلفگار"	(۵۶)
(۱۲)	ناہید	جناب کاوش حیدرآبادی۔	(۵۶)
(۱۳)	ریاضِ رضواں	جناب رئیس احمد جعفری	(۵۷)
(۱۴)	بھیرو کے دوپر	جناب رفیق حسین انجینیر	(۶۵)
(۱۵)	قمرات	جناب نہال سیوہاروی۔	(۶۷)
(۱۶)	رقیبِ وطن	محترمہ محمودہ بیگم	(۶۸)
(۱۷)	اعلانِ آزادی۔	جناب محمد حسین الحجازی	(۷۰)
(۱۸)	میری مملکت	جناب سید رفیق حسین۔	(۷۶)
(۱۹)	نواب چمن	جناب ڈاکٹر ایس۔ اے ہاشمی۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس۔	(۷۷)
(۲۰)	شکستِ ساز	جناب فجاز۔ بی۔ اے؛ (علیگ)۔	(۷۹)
(۲۱)	مسلم اور کافر	از افکار بیٹر بھرلے شاہ۔ مرسلہ محمد مسلم	(۸۰)
(۲۲)	زندہ اور فطری زبان	جناب چراغ علی	(۸۱)
(۲۳)	غازی کمال پاشا کی یاد	جناب سید محمد اسمٰعیل رسا ہمدانی ٹریبل ایم۔ اے (گولڈ میڈلسٹ)	(۸۶)
(۲۴)	یہ دلی ہے	شاہد	(۸۷)
(۲۵)	ریڈیو کی کہانی	ایک واقف حال کے قلم سے	(۹۳)
(۲۶)	نقد و تبصرہ	ساقی الخیری۔ ایم۔ اے؛ "شش"	(۹۷)

نوٹ:۔ خریداران ساقی کو چاہیے خط و کتابت کرتے وقت نمبر خریداری کا حوالہ ضرور دیں تاکہ کھیل میں تاخیر نہ ہو۔ "مینیجر"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہِ اوّلین

عرصہ کہ اس اشاعت کے ساتھ ساقی اپنی زندگی کے نو سال پورے کر رہا ہے۔ اس مختصر سی حیاتِ ادبی میں ساقی نے اُردو لٹریچر میں کچھ نئی چیزوں کا اضافہ کیا ہے۔ مثلاً افسانہ نگاری میں ایک نئی روش قائم کی ہے۔ یہ نئی روش اُردو کے افسانوں کو مغربی زبانوں کے افسانوں سے ہمدوش کرنے میں سب سے زیادہ کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ افسانے کو اعلیٰ معیار پر پہونچانے میں ساقی کی خدمات کبھی فراموش نہیں کی جاسکتیں۔ افسانہ نگاری میں انتقاد کے علاوہ ساقی نے ترقی پسند مصنفین کا حلقہ بھی قائم کرکے اُردو دنیائے ادب میں معتدبہ اضافہ کیا ہے۔ اس جدید تحریک کا مقصد مختصر الفاظ میں زندگی کی آئینہ داری ہے۔ عشق و محبت کے بے معنی مضامین، رُلانے اور سُلانے والی شاعری کو اس تحریک میں کوئی جگہ نہیں دی گئی۔ انسانیت کے بے شمار مسائل زندگی ہماری توجہ کے محتاج ہیں۔ افلاس، بھوک، سماج، حکومت، غلامی اور اسی نوع کے موضوعات سے چشم پوشی کرنے والی قوم ہی کے لٹریچر کی خصوصیت ہوسکتی ہے۔ چنانچہ ہندوستانی ادبیات بھی ان غور طلب مسائل سے اجتناب کرتی رہیں۔ لیکن قومی بیداری کے ساتھ اب کچھ عرصہ سے اہلِ قلم کا بھی ایک گروہ ایسا پیدا ہوگیا ہے جو لٹریچر کے ذریعے ان اہم مسائل کو پیش کر رہا ہے اور اس طرح ادب کو زندہ اور پائیدار بنا رہا ہے۔ ترقی پسند مصنف "ادب برائے ادب" کو بیکار سمجھتا ہے۔ وہ "ادب برائے زندگی" کا قائل ہوتا ہے۔ زندگی اور سماج کے ان تمام پہلوؤں کو دیکھتا ہے جو انسانیت کے جسم پر گندے پھوڑوں سے زیادہ مکروہ نظر آتے ہیں، اور اپنے قلم سے نشتر کا کام لیکر ان میں شگاف دیتا ہے تاکہ انسانیت اس گندگی سے پاک ہوجائے۔ ساقی نے ترقی پسند مصنفین کا ادب پیش از پیش پیش کیا ہے اور یہ ساقی کی ایک ایسی خصوصیت ہے جس میں وہ قطعاً منفرد ہے۔

ادبیاتِ عالم کے بہترین نمونوں کو اُردو میں پیش کرنے کا فخر بھی ساقی کو حاصل ہے۔ زندہ قوموں کے زندۂ جاوید لٹریچر کو اُردو کے قالب میں ڈھالنا گویا اُردو کو مالا مال کرنا ہے۔ اس باب میں بھی ساقی پیش پیش ہے۔

ساقی کی جو کچھ بھی کامیابی و ہر دلعزیزی ہے اس کا سہرا مضمون نگار حضرات کے سر ہے جو تاکش و صلہ سے بے نیاز ہوکر اس کی قیمتی عانت کرتے ہیں۔ اس لئے ہمارے ساتھ ناظرین ساقی کو بھی انہی کا منت گزار ہونا چاہیئے۔ صحیح معنوں میں یہی حضرات خادمانِ ادب ہیں کہ جنہیں کسی صلہ و ستائش کی تمنا نہیں ہے بے لوث خدمت کر رہے ہیں۔ اُردو کی خوش نصیبی سے ایسے ہمدردوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور اُردو کا مستقبل روشن ہوتا جا رہا ہے۔ اُمید ہے کہ وہ دن جلد آئیگا جب اُردو کے مخالفین بھی اُردو ہی کو ہندوستان کی مشترک زبان تسلیم کرلینے پر مجبور پائیں گے۔

شاہد

نغمہ نو حضرت جوش ملیحابادی کا مجموعۂ کلام ساقی بکڈپو کے اہتمام سے زیرِ طبع ہے۔ افسوس ہے کہ چند ناگزیر وجوہ سے ابتک شائع نہ ہوسکا۔ امید ہے کہ اس مہینے میں طباعت کے مراحل طے ہوجائیں گے۔ اور ہم آپکی خدمت میں نئے سال کے موقع پر یہ تحفہ پیش کرسکیں گے۔ قیمت بہت کم تجویز کی گئی ہے تاکہ شائقین کو زیر بار نہ ہونا پڑے

منیجر ساقی بکڈپو۔ دہلی

نمبر ۹

دورِ حاضر اور اُردو غزل گوئی

طومارِ اغلاط

"اکثر غلطیوں کا مجھے احساس ہے۔ بعض غلطیاں ایسی بھی ہیں جنہیں میں نے دانستہ اختیار کیا ہے۔ بعض ایسی ہیں کہ وہ خود اپنی جگہ محاسن ہیں۔ اکثر ایسی بھی ہونگی جن کا مجھے علم نہیں یا جن کو ناقدانہ نظر سے نہیں دیکھ سکتا"

(دیباچۂ شعلۂ طور۔ نوشتۂ حضرت جگر مرادآبادی)

سطورِ بالا میں جگر صاحب نے جس مشرقی انکسار سے کام لیا ہے وہ ہماری "روایاتِ شاعرانہ" کے عین مطابق ہے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ جہاں تک اغلاط کا تعلق ہے دورِ حاضر کے "اساتذہ" میں جگر صاحب کا مرتبہ سب سے بلند ہے۔ یوں تو "بادشاہِ متغزلین" (حسرت موہانی) بھی بے پتے ہی لڑکھڑائے ہیں۔ "سلطان العرفا" (اصغر گونڈوی) بھی بار بار گرے ہیں۔ "رئیس الفلاسفہ" (فانی بدایونی) نے بھی ٹھوکریں کھائی ہیں مگر حضرتِ جگر کی "مستانہ وار" لغزشیں آپ اپنا جواب ہیں۔

جن غلطیوں کا آپ کو احساس ہے اور جنہیں آپ نے دانستہ اختیار کیا ہے اُنکی تعداد صرف دو ہے۔ ایک اس مصراع میں (بال کبھرائے کوئی مستانہ وار آ ہی گیا) "مستانہ وار" کی ترکیب۔ اور دوسرے اس مصراع میں (فخرِ ہندوستان ہے پیارے) ہندوستان کے نون کا اعلان۔ اس کے علاوہ اس شعر میں :-

جدھر سے حُسن کا اک گوشۂ نقاب اُٹھا تمام ذرّے پکارے وہ آفتاب اُٹھا

"آفتاب اُٹھا" (جو بظاہر The sun rose کا لفظی ترجمہ معلوم ہوتا ہے اور) بمجبوری استعمال کیا گیا ہے خود آپ کے بقول ذوقِ سلیم کا ایک اجتہاد ہے" جسے رائج ہونا چاہیئے۔

ایسی غلطیاں "کہ وہ خود اپنی جگہ محاسن ہیں" تلاش کے باوجود جگر صاحب کے دیوان میں نہ مل سکیں آپکی تقسیم کے مطابق اب صرف ایک ہی قسم کی غلطیاں باقی رہ جاتی ہیں یعنی وہ جن کا غالباً آپ کو علم نہیں۔ چونکہ آپ ایسی غلطیوں کو جاننا چاہتے ہیں لہذا سطورِ ذیل کا مطالعہ آپ کیلئے از بس مفید ہوگا۔

میں نہیں بسمل خیامِ جگر حافظِ خوش کلام نے مارا

یہ شعر اگرچہ کُل دس لفظوں کا مجموعہ ہے لیکن قادر الکلام شاعر نے اس میں ایک پوری داستان بیان کر دی ہے اور اس خوبصورتی کیساتھ کہ جو باتیں اس میں مذکور نہیں وہ خود بخود سمجھ میں آجاتی ہیں اور واقعہ کی مکمل تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے۔

ایک بادشاہ سیر و شکار یا جنگ کے ارادے سے اپنی فوجیں لیکر نکلا ہے۔ بحیثیتِ ملک الشعرا سے سلطانی جگر صاحب بھی لشکر کے ہمراہ ہیں۔ چلتے چلتے لشکر ایک مقام پر ٹھہر جاتا ہے۔ پڑاؤ ہوتا ہے۔ خیمے لگائے جاتے ہیں۔ ایک خیمہ جگر صاحب کیلئے مخصوص ہے۔ رات کو آپکے خیمہ پر پہرا

دینے کیلئے ایک حافظ یعنی محافظ بھی آپ کو ملا، اس کا نام "خوش کلام" ہے۔ یہ شخص اگرچہ سپاہی ہے مگر شاعر ہے اور اچھا شاعر ہے۔ اسی بنا پر لوگ اسے "خوش کلام" کہتے ہیں ورنہ درحقیقت اس کا اصلی نام کچھ اور ہے جو آپ کسی کو یاد نہیں۔ خوش کلام کا خیال ہے کہ وہ جگر صاحب سے کہیں بہتر شعر کہتا ہے مگر بدذوق دنیا اس کی قدر نہیں کرتی۔ اسی بنا پر وہ جگر صاحب کا جانی دشمن ہے اور رات دن ان کے دشمنوں کی ہلاکت کی فکر میں لگا رہتا ہے۔ اس موقع کو اس نے غنیمت جانا۔ طوفانی رات تھی، آندھی چل رہی تھی۔ پچھلے پہر وہ ظالم جگر صاحب کے خیمے میں گھس گیا اور تلوار سے آپ کا سر بری طرح زخمی کر دیا۔ بلکہ اپنے نزدیک آپ کو مار ہی ڈالا۔ اپنے جرم کو چھپانے کی اس نے یہ تدبیر کی کہ جگر صاحب کے خیمے کی اور اس پاس کے اور دو تین خیموں کی طنابیں کاٹ دیں تاکہ دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ طوفانی ہوا سے خیمے گر پڑے اور لوگوں کی ہلاکت کا باعث ہوئے۔

خیموں کے گرتے ہی ایک شور مچ گیا۔ لوگ جمع ہو گئے۔ اٹھائے گئے۔ اور تو سب صحیح و سلامت تھے لیکن جگر صاحب خون میں شرابور بیہوش پڑے تھے۔ لوگوں نے سمجھا کہ چوب خیمہ جو آپ کے سر پر لگی ہے تو اس سے سرشق ہو گیا ہے۔ بہرحال آپ کو ہوش میں لانے کی تدبیریں کی گئیں۔ آپ نے آنکھیں کھولیں۔ اور لوگوں کو بتایا کہ میں چوب خیمہ سے زخمی نہیں ہوا ہوں بلکہ میرے محافظ خوش کلام نے مجھے مارا ہے۔

اگر کسی شعر کا مطلب اس کے الفاظ ہی کی مدد سے سمجھا جا سکتا ہے تو یقیناً اس شعر کا یہی مطلب ہے جو ہم نے بیان کیا لیکن جگر صاحب کے مخالفین جو ان کی قادرالکلامی کے قائل نہیں اس مطلب کو غلط ٹھہراتے ہیں اور دور از کار تاویلیں کرتے ہیں۔ مثلاً وہ کہتے ہیں کہ "خیام" (بروزن صیام) سے شاعر کی مراد ایران کا مشہور شاعر عمر خیام نیشاپوری ہے۔ اور حافظ کا مطلب محافظ نہیں بلکہ حافظِ شیراز کی طرف اشارہ ہے۔ مگر یہ مخالفین کی بڑ ہے۔ ورنہ "خیام" (بروزن صیام) خیمہ کی جمع ہے۔ مکتوبی مشابہت کی بنا پر اسے خیام (بروزنِ ایام) کیونکر سمجھ سکتے ہیں اور بلاوجہ کیوں تسلیم کر لیا جائے کہ اس نے "شبِ دراز (خیام)" کو مخفف (خیام) کر دیا ہے۔ اس لئے کہ بقولِ مولانا روم:

کارِ پاکاں را قیاس از خود مگیر گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

"بہار اپنی جگہ پر سدا بہار رہے یہ چاہتا ہے تو تجزیہ بہار نہ کر

اس شعر کا مصراعِ ثانی پڑھکر بے اختیار یہ شعر یاد آجاتا ہے۔

چہ خوش گفت فانیؔ شاعرِ غمزہ ادا تشدید در شعر چرا نہ باشد

تجزیہ بروزنِ لغویہ ہے اور کوئی وجہ نہیں کہ اس کی "ی" کو مشدد نہ دیا جائے الّا بضرورتِ شعری۔ مگر پھر وہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ایسی بھی ضرورتِ شعری ہے تو "شرگفتن چہ ضرور" یا پھر یہ بات ہے کہ خیام کی تشدید پھسل کر "تجزیہ" پر آگری ہے۔ وہ "خیام" رہ گیا اور یہ "تجزیہ" بن گیا۔

درد دل فرقت تری کیا ہو گئی ان لبوں پر اور ہائے درد دل

یہ مانا کہ دوسرے مصرع میں "ہائے" کو بروزن "ہائے" یا "ہائے" نظر کیا گیا ہے جو یقیناً غلط ہے کیونکہ اس کا تلفظ "ہائے" بروزن "ہائے" ہے۔ لیکن معترضین اس پر غور نہیں کرتے کہ ایسا کیوں کیا گیا۔ درحقیقت یہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے۔ شدتِ درد سے جب انسان آہ کرتا ہے

اور "ہائے" کہتا ہے تو وزن اور تلفظ کی رعایت اسکے لئے ناممکن ہوجاتی ہے اور کبھی "ہا ہے" کو اتنا کھینچتا ہے کہ "ہا اے" بجاتا ہے۔ شاعر نے یہی لطیف نکتہ اس شعر میں پیدا کرنا چاہا ہے۔ مگر وہی مثل ہے کہ "آنکھوں والا ترے جوبن کا تماشہ دیکھے"۔ طرز بیان کی ان نزاکتوں کا سمجھنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں۔ اگر یہ غلطی ہے تو اسی قسم کی غلطی ہے جسے محاسن میں شمار کرنا چاہیئے۔

"ہاں اس طرف بھی اک نگہِ نیشتر نواز — کب سے پھڑک رہی ہو رگِ جانِ آرزو

"نیشتر نواز" نگہ کی صفت ہے۔ "نگہِ نیشتر نواز" کے معنی ہوئے "نشتر پر نوازش کرنے والی نگاہ"۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ نگاہ نشتر پر نوازش کس طرح کر سکتی ہے۔ بظاہر اس کی ایک ہی صورت سمجھ میں آتی ہے۔ وہ یہ کہ نگاہ، نشتر سے کہے کہ تم بہت تھک گئے ہو۔ لاؤ تمہارا کام میں کر دوں۔ یعنی تمہاری بجائے میں عاشق کی فصد کھولدوں۔ مگر دشواری یہ ہے کہ اس شعر میں:۔

ہٹا سینۂ عاشق سے رشکِ کعبہ اے جانب — نگاہِ ناز کو نشترِ نواز رہنے دے

"نشتر نواز" کے کچھ اور معنی معلوم ہوتے ہیں۔ محبوب کا سر سینۂ عاشق پر رکھا ہوا ہے۔ عاشق کہتا ہے کہ اپنا سر اسی طرح رکھا رہنے دے۔ نگاہِ ناز کو اسی طرح میرے سینہ پر لوٹنے دے۔ تو گویا یہاں نشتر کے معنی ہوئے سینہ۔ کیونکہ نگاہِ ناز سینہ پر نوازش کر رہی ہے نہ کہ نشتر پر۔ نشتر بمعنی سینہ شاید "اساتذہ" نے کہیں لکھا ہو مگر ہمیں اسکی مثال کہیں نہ مل سکی۔

دل کی ہر چیز جگمگا اٹھی — آج شاید وہ بے نقاب ہوا

کوئی معمولی شاعر اگر اسی خیال کو نظم کرتا تو یوں کہتا کہ "دل کا ہر ذرہ جگمگا اٹھا"۔ لیکن جگر نے "ہر چیز" کہکر شور کو زمین سے آسمان پر پہونچا دیا۔ ایک عامی اس پر یہ اعتراض کر سکتا ہے کہ عاشق کا دل کوئی بنئے کی دکان ہے کہ اس میں نون، تیل، اور کرک "ہر چیز" موجود ہے۔ اور بقول مرزا سودا "یہ بھی ہے وہ بھی ہے"۔ درحقیقت جگر صاحب نے "دل کی ہر چیز" کہکر اس عامیانہ خیال کی تردید کی ہے کہ "دل فقط ایک لہو کی بوند ہے"۔ علم التشریح اور نفسیات کے ماہر جانتے ہیں کہ دل فقط خون کی ایک بوند یا چند قطروں کے مجموعہ کا نام نہیں۔ وہ گوشت کا بنا ہوا ہے۔ اس میں رگیں بھی ہیں اور خون بھی۔ اور اسکے علاوہ اور بھی کتنی چیزیں شامل ہیں اور جذبات و احساسات کا مرکز بھی ہے۔

طلبِ خلد نہیں، آرزوِ حور نہیں — تم جو مل جاؤ تو پھر کچھ مجھے منظور نہیں

کلام جگر کی اس خصوصیت پر بہت کم لوگوں کی نظر پہونچی ہے کہ اس میں بعض الفاظ ایسے نئے معنی میں استعمال ہوتے ہیں جو آجتک کسی کو معلوم نہیں۔ "منظور" کے ایک معنی تو وہی ہیں جو مشہور ہیں۔ مثلاً آپ فرمائیں کہ کیجئے آپ کو یہ شرط منظور ہے اور میں کہوں کہ جی ہاں منظور ہے اور دوسرے لغوی معنی جو عام طور پر اردو میں مروج نہیں مگر مرزا غالب کے یہاں اسکی ایک مثال ملتی ہے:۔

شاہد ہستیِ مطلق کی کمر ہے عالم — لوگ کہتے ہیں کہ ہے پر ہمیں منظور نہیں

یہاں منظور بمعنی مشہود استعمال ہوا ہے۔ نظر کا اسم مفعول ہے۔ "ہمیں منظور نہیں" کے "نہی ہوتے" "ہمیں دکھائی نہیں دیتا"۔ لیکن جگر صاحب نے مذکورِ بالا شعر میں "منظور" بمعنی "درکار" استعمال کیا ہے۔ فن لغت سے دلچسپی رکھنے والوں کا فرض ہے کہ حضرت جگر کے اس شعر کو

محفوظ رکھیں تاکہ آئندہ اُردو کے جو لغات مُرتب ہوں اُن میں اس شعر کے حوالے سے "منظور" کے یہ نئے معنی بھی درج کر دیں۔ اس قسم کی جدتیں جگر صاحب کے یہاں بہت ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

رشک آتا ہے شہیدانِ وفا پر مجھ کو — اُن کی قسمت میں تھا کیا جلد شفا ہو جانا

مطلب یہ کہ شہیدانِ وفا بہت جلد "شفا" ہو گئے۔ یعنی تندرست ہو گئے۔ تو اس طرح "شفا" کے معنی ہوئے "تندرست"۔ یہ معنی بھی نئے ہیں۔ اُردو میں شفا پانا۔ یا۔ شفایاب ہونا بولتے ہیں۔

دے چکا جب دل تو کیسا خوفِ شہرت ہو تو ہو — اب یہ سر جائے تو جائے اور قیامت ہو تو ہو

اُردو میں "شہرت" اچھے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اسی لیے لوگ شہرت کے آرزومند رہتے ہیں اور اُسے حاصل کرنے کیلئے ہر قسم کے جائز و ناجائز وسائل سے کام لیتے ہیں۔ شہرت سے خوف کھاتے کسی کو نہیں سُنا۔ مگر اس شعر سے صاف ظاہر ہے کہ شہرت بدنامی اور رُسوائی کا مترادف ہے۔

دیکھا نہ مُڑ کے تُو نے تمنگر برا کیا — بیمارِ ہجر منتظرِ بازدید تھا

"بازدید" کے معنی ہیں Inspection, Visit یعنی کوئی آپ کی ملاقات کو آئے اور پھر آپ اس سے ملنے جائیں تو یہ جوابی ملاقات "بازدید" ہوئی۔ لیکن جگر صاحب کے اس شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ "بازدید" کے معنی ہیں "جاتے جاتے مُڑ کے دیکھنا"۔ یہ معنی بھی جگر صاحب کی جدتِ طبع کا نتیجہ ہیں۔

عدم کی راہ میں رکھا ہے پہلا ہی قدم میں نے — مگر احباب اسکو آخری منزل سمجھتے ہیں

موت، سفرِ آخرت، اور قبر کو مجازاً منزلِ اوّل یا پہلی منزل کہتے ہیں۔ زکی۔

اب لحد تنگ ہوئی منزلِ اوّل دیکھوں — آگے لیجائے مجھے گردشِ ایام کہاں

موت ہے گویا قدم رکھنا ہی راہِ عشق میں — ہمسفر ہونے لگے پہلی ہی منزل سے الگ

جگر صاحب نے اسی پہلی منزل کو آخری منزل بنا دیا۔ آپ کے ایک طرفدار کا قول ہے کہ یہ غلطی جگر صاحب کی نہیں بلکہ ان کے احباب کی ہے جنہوں نے پہلی منزل کو آخری منزل سمجھا۔

کیا دن تھے جگر وہ دن جب صحبتِ اضداد میں — مسرور طبیعت تھی محرور مرا دل تھا

گرمی، سردی، خشکی اور تری، مزاج کے خواص میں داخل ہیں۔ جس شخص کے مزاج میں گرمی زیادہ ہو اُسے محرور المزاج کہتے ہیں۔ دل کا خرور ہونا بھی اسی قبیل سے ہے۔ مگر یہ ایک مرض ہے اور بہت بُرا مرض ہے خدا سب کو اس سے محفوظ رکھے۔ مگر جہاں تک سُنا ہے یہ مرض آرکی نہیں گئی۔ اس لیے کسی کی صحبت کے اثر سے اس کا پیدا ہونا ممکن نہیں۔ شاید جگر صاحب نے محرور یعنی مسرور استعمال کیا ہے۔ اگر ایسا ہے تو یہ بھی ایک مجتہدانہ جدت ہے۔

نگاہِ اہلِ دل بھی رہ گئی زیر و زبر ہو کر — کہاں پہونچے مرے اجزائے ہستی منتشر ہو کر

جگر صاحب کی جدتوں سے فقط اہلِ ہند ہی نہیں بلکہ عرب والے بھی فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ منتشر بروزنِ مختصر اُن کے یہاں موجود نہیں۔ جگر صاحب نے مفعول کا یہ ایک نیا صیغہ ایجاد کیا۔ تاکہ اردو کے قواعد عربی منتشر (بکسر شین) ہونا چاہئے۔ منتشر (بفتح شین) غلط ہے۔ مگر اس

غلطی سے زبان میں وسعت اور شعرا کیلئے سہولت پیدا ہوگئی۔ مختصر کا قافیہ منتشر تو پہلے سے موجود ہے۔ اب معتبر کے لئے منتشر کا قافیہ بھی نکل آیا۔ اس قسم کی غلطیاں وسعت زبان کیلئے نہایت ضروری ہیں۔

۱۴ سفاک چٹونیں بھی ہیں قاتل نظر بھی ہے کیا چیز ہو گئے ہو تمہیں کچھ خبر بھی ہے

یہ تو سبھی جانتے ہیں کہ چٹون کیا چیز ہے مگر یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ بعض معشوقوں کے کئی کئی چٹونیں ہوتی ہیں۔ چنانچہ جگر صاحب کا محبوب بھی کئی چٹونوں کا مالک تھا دیا ہے۔) ورنہ "چٹونیں" (بصیغہ جمع) کہنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔ اور اگر چٹون کو چٹونیں اس بنا پر کہا گیا کہ اس میں ایک سے زیادہ لکنیں بھی ہو سکتی ہیں تو یہ ایسی ہی بات ہے جیسے دو نتھنے ہونے کی بنا پر کسی کی ناک کو ناکیں کہنا۔

۱۵ وہ دل کو توڑ کے بیٹھے تھے مطمئن کہ انہیں شکست شیشۂ دل کی صدا نے لوٹ لیا

عام قاعدہ تو یہی ہے کہ جب کوئی شے ٹوٹتی ہے تو فوراً ہی اس میں سے آواز بھی نکلتی ہے۔ مگر یہ عاشق کا دل بھی عجب چیز ہے کہ ٹوٹنے کے گھنٹہ بھر بعد صدا دیتا ہے۔ جگر صاحب کے محبوب نے جگر صاحب کا دل توڑ ڈالا اس کام سے فارغ ہونے کے بعد منہ دھویا، کنگھی کی۔ بال سنوارے، سرمہ لگایا، پان کی گلوری بنا کر منہ میں رکھی اور گاؤ تکیہ کے سہارے آرام و اطمینان کے ساتھ تخت پر بیٹھ گیا۔ پیک تھوکنے کے لئے فرش پر سے اگالدان اٹھانا چاہتا تھا کہ یکایک ایک دھماکے کی آواز ہوئی۔ غریب کا جی دہل گیا، اگالدان ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑا اور فرش کی چاندنی پیک کی چھینٹوں سے جامہ وار میں تبدیل ہو گئی۔ خواصیں دوڑ پڑیں کہ دیکھیں کیا ہوا؟ بی صاحبہ کو سنبھالا۔ تحقیقات کی گئی تو معلوم ہوا کہ یہ جگر صاحب کا دل تھا جسے توڑنے کے بعد بی صاحبہ اطمینان سے بیٹھ گئی تھیں اور جس نے ٹوٹنے کے پورے ۱۰ منٹ ۱۱ سکنڈ بعد آواز دی۔

۱۶ بیٹھا ہوں مست و بیخود و خاموش ہیں فضائیں کانوں میں آ رہی ہیں بھولی ہوئی صدائیں

مست و بیخود کو کیا خبر کہ فضا خاموش ہے یا شور سے گونج رہی ہے۔ خیر فرض کر لیا کہ فضا خاموش تھی۔ اور فضا جب خاموش تھی تو کانوں میں صدائیں یقیناً آ رہی ہونگی۔ یہ بات تو سمجھ میں آ گئی لیکن یہ معمہ پھر بھی حل نہ ہوا کہ جہاں آپ مست و بیخود بیٹھے ہوئے تھے وہاں کتنی فضائیں تھیں غالباً فضا تو ایک ہی ہوگی لیکن مست و بیخود ہونے کی وجہ سے آپ کو کئی نظر آتی ہونگی۔ یا پھر یہ کوئی ایسا راز ہے جسے صرف "حقائق و معارف" والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔

وزن و قافیہ کی ضرورت سے فضا کو بصیغۂ جمع استعمال کرنے کی وبا عام ہوتی جا رہی ہے اور دورِ حاضر کے اکثر شعرا اس کو "ناجائز فائدہ" اٹھا رہے ہیں۔ خود جگر صاحب نے کئی بار اس لفظ کی جان پر ستم کیا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

۱۷ رنگین ہیں فضائیں، جاری ہیں شوخ خوبیں افسانہ حسن کا ہے اور عشق کی زبان ہے

بھری ہوئی ہیں فضائیں جمالِ غم سے تمام گناہگارِ نظر لذتِ عذاب اٹھا

پردہ میں سازِ غم کے کس کی ہیں یہ ادائیں نغمے تڑپ رہے ہیں مسحور ہیں فضائیں

مولینا بالغ العلی عرف حاجی بغلول سے کسی نے پوچھا کہ حضرت آپ جانتے ہیں انگور کیا چیز ہے۔ فرمایا یہ تو ہم نہیں جانتے کہ انگور کیا چیز ہے مگر جب ہم حج کیلئے گئے تھے تو مکہ شریف میں روز انگور کھایا کرتے تھے، ہم سمجھتے تھے کہ یہ حکایت محض ایک لطیفہ ہے لیکن جگر صاحب نے

بھی اسی قسم کا ایک ذاتی تجربہ بیان کیا ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ یہ لطیفہ محض بے بنیاد نہیں۔ جگر صاحب فرماتے ہیں:۔

نہ جانے محبت ہے کیا چیز لیکن بڑی ہی محبت سے ہم دیکھتے ہیں

جب آپ کو معلوم ہی نہیں کہ محبت کیا چیز ہے تو پھر جس انداز سے آپ دیکھتے ہیں اُسے محبت سے تعبیر کرنا کیا معنی؟ شاید یہی ہیں وہ اسرار و رموز جو دورِ حاضر کی غزل گوئی کا طرّہ امتیاز ہیں۔

یہ راز سن رہے ہیں اک موجِ تہ نشیں سے ڈوبیں گے ہم جہاں پر اچھلیں گے پھر وہیں سے

ایک چھوٹی سی ریاست کے دیوان صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ اُن کے نواب صاحب نے موٹر خریدی۔ اس کے سلسلہ میں ہارس پاور (horse power) کا لفظ بار بار سننے میں آیا۔ اور جس وقت آپ گدی پر بیٹھے تھے تو یہ بھی سنا تھا کہ گورنمنٹ برطانیہ نے حکومت کے پورے اختیارات (full powers) آپ کو عطا کئے ہیں۔ جنگ عظیم کے دوران میں آپ نے سرکار کی بہت کچھ خدمات انجام دیں جس کے صلہ میں گورنر صاحب نے بادشاہ کی طرف سے سرِ دربار آپ کو چار حرف کا خطاب عطا کیا۔ آپ نے گورنر صاحب سے کہا کہ حضور ہمیں ایک مشم گم (machine gun) بھی عنایت ہو۔ گورنر صاحب نے کچھ عذر پیش کیا تو نواب صاحب چیں بجبیں ہو کر بولے کہ حضور آخر ہم کس رئیس سے کم ہیں۔ حضور کی دعا سے ہم بھی (full horse power) "فل ہارس پاور" ہیں۔ گورنر صاحب ہنسی سے بیتاب ہو گئے۔ کسی لفظ کے صحیح مفہوم سے ناواقف ہونے کے باوجود اُسے استعمال کرنے کا یہی نتیجہ ہوتا ہے۔ غالباً جگر صاحب نے انگریزی کا لفظ "انڈر کرنٹ" (under current) کہیں سن لیا ہے اور اُسی کا ترجمہ "موجِ تہ نشیں" فرمایا ہے۔ حالانکہ موج کا تہ میں بیٹھ جانا قطعاً ناممکن ہے۔ ہاں شعر میں لفظ "راز" کی موجودگی کے باعث اسے بھی کوئی رازکی بات فرض کر لیا جائے تو پھر کوئی اعتراض باقی نہیں رہتا۔

پرانے زمانہ میں دیوانے گریبان پھاڑا کرتے تھے۔ دامن کی دھجیاں اُڑایا کرتے تھے۔ لیکن دورِ حاضر کے بعض استادہ پر جب جنون کا دورہ پڑتا ہے تو جیبیں پھاڑتے ہیں کہ یہی ایک جدت ہے۔ گریبان اور دامن پھاڑنے کی علت تو ظاہر ہے کہ اس میں سہولت ہے لیکن جیب کے پھاڑنے کی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ جگر صاحب فرماتے ہیں۔

بچ رہا ہو جو کوئی جوشِ جنوں کے ہاتھوں تار ایسا کوئی اب جیب و گریباں میں نہیں
جنوں کی خیر ہو یارب کہ ضعف کے ہاتھوں رہا نہ جیب و گریباں پہ اعتبار مجھے
حال وحشت میں ہوا یہ ترے دیوانوں کا جیب چھوٹی تو گریباں لے بیٹھے ہیں

بات دراصل یہ ہے کہ جگر صاحب نے دوسرے شعرائے کلام میں جیب و دامن کی دھجیاں اُڑتے دیکھیں اور غلطی سے یہ سمجھ لیا کہ دامن کی طرح "جیب" بھی پھاڑی جاتی ہے۔ مگر آپ کو یہ معلوم نہیں کہ جیب بھی گریبان ہی کو کہتے ہیں۔ ناواقفیت کی بنا پر آپ نے جیب کو پاکٹ (pocket) سمجھ لیا۔ (جس میں فاؤنٹن پن، گھڑی، روپیہ پیسہ، اور رومال وغیرہ رکھتے ہیں) اور گریبان کے ساتھ اس کو بھی پھاڑنا شروع کر دیا۔ ایک اور استاد نے اسی قسم کا ایک شعر کہا ہے:۔

تمہاری نذر کو لایا ہوں تحفے یہ دل ہے یہ کلیجہ یہ جگر ہے

اللہ دی معصومیت، بیچارے کو اتنا بھی نہیں معلوم کہ جگر اور کلیجہ دو چیزیں نہیں۔ مگر اس کا مقصد تو صرف اتنا ہے کہ جہاں تک ہو سکے تحفوں کی فہرست لمبی ہو۔ اس سے کیا بحث کہ جو کلیجہ ہے وہی جگر ہے۔ چیز ایک سہی نام تو دو ہیں۔ یہی حال ہمارے جگر صاحب کا ہے کہ

جنون کے جوش میں گریباں کے ساتھ جیب بھی پھاڑ ڈالی۔ مگر جب ہوش آئے گا تو معلوم ہوگا کہ ارے جسے ہم جیب سمجھے تھے وہ تو گریبان ہی ہے۔

اُٹھتے ہی پائے یار کے باغ کا باغ اُجڑ گیا　　پھول بھی ہیں تباہ سے سبزہ بھی پائمال سا

معلوم ہوتا ہے کہ شاعر صاحب کے یار کے پاؤں میں بل بندھا ہوا تھا۔ جیسے ہی وہ دو قدم چلا تمام باغ گھد گیا۔ اور اگر "پائے یار کے اُٹھتے ہی" سے "یار کے جاتے ہی" مراد ہے تو الفاظ سے یہ مفہوم ادا نہیں ہوتا اور اگر "پاؤں اُٹھنا" سے مراد سُکست کھا کر بھاگنا ہو تو اس کا بھی یہاں کوئی محل نہیں۔ ممکن ہے پورا شعر "عشق حقیقی" کے بیان میں ہو۔ تو اُسے کوئی "عارف باللہ" ہی سمجھ سکتا ہے۔

اس عشق کے ہاتھوں سے ہر گز نہ مفر دیکھا　　اتنی ہی بڑھی حسرت جتنا بھی اُدھر دیکھا

عشق کے ہاتھوں سے مفر ہو یا نہ ہو لیکن "جتنا" کے بعد "ہی" سے ضرور مفر حاصل کرنا چاہیئے ورنہ اس بے تکی بولی سے بہت سی خرابیوں کا اندیشہ ہے۔

دورِ حاضر کے اکثر اساتذہ "سب" اور "سارے" میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ "سب" کی جگہ "سارا" اور "سارا" کی جگہ "سب" بلا امتیاز استعمال کرتے ہیں حالانکہ جیسا ہم پیشتر بیان کر چکے ہیں "سب" کا اطلاق مجموعۂ افراد پر ہوتا ہے۔ مثلاً۔

سب لوگ جدھر وہ ہیں اُدھر دیکھ رہے ہیں　　ہم دیکھنے والوں کی نظر دیکھ رہے ہیں

اور "سارے" کا اطلاق فردِ واحد کے کل پر ہوتا ہے۔ مثلاً۔

مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا ۔ یا۔ سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

جگر صاحب بھی اس بلوائے عام میں شریک ہیں۔

آج کن آنکھوں سے یہ جورِ خزاں دیکھا کئے　　سب چمن لٹتا رہا اور باغباں دیکھا کئے

اوّل تو مصراعِ ثانی میں "سب" زائد محض ہے اور اگر فرض کر لیا جائے کہ اس کے بغیر شاعر کا مفہوم ادا نہیں ہوتا تو "سارا چمن" کہنا چاہیئے۔ مگر شاعر بیچارے کا کیا قصور۔ مصراع میں "سارے" کی گنجائش ہی نہ تھی لہٰذا "سب" سے کام لیا۔ البتہ جہاں جگہ زیادہ ہوتی ہے وہاں "سب" کی جگہ بھی "سارا" ہی استعمال کیا جاتا ہے جیسے اس شعر میں۔

تیری ہی نعت میں ہیں مشغول یا محمدؐ　　سارے زمین والے کُل آسمان والے

جیسا کہ ہم پیشتر کہہ چکے ہیں اساتذہ دورِ حاضر کی تائید میں کسی پرانے "استاد" کا شعر تلاش کرنا بے سود ہے اس لئے کہ جس اُستاد نے بھی "سب" کی جگہ "سارا" اور "سارا" کی جگہ "سب" استعمال کیا ہے بضرورتِ شعری ہی کیا ہے ورنہ کسی مستند ادیب کے یہاں نثر میں اسکی مثال نہ ملیگی اور اگر اتفاق سے مل بھی جائے تو اُسے لکھنے والے کی غفلت یا سہوِ القلم پر محمول کرنا چاہیئے۔ اُسے صحیح سمجھنا ایسا ہی ہے جیسے "مشکور" کو بمعنی "ممنون" صحیح سمجھنا، محض اس بنا پر کہ مولانا شبلی نے اس معنی میں استعمال کیا ہے۔

مری موت سُنکر کیا اُسنے ضبط　　مگر رنگ چہرہ کا فق ہو گیا

جس طرح اُردو کا رسم الخط ایک طرح کا شارٹ ہینڈ ہے اسی طرح جگر صاحب کی زبان بھی شارٹ ہینڈ کے لئے بخوبی استعمال کی جا سکتی ہے کہیں ایک لفظ اور اس سے کام نکلے تین لفظوں کا۔ مثلاً اس شعر کے پہلے مصراع میں "موت" بجائے "موت کی خبر" استعمال ہوا ہے۔ ہر چند کہ اُردو میں لفظ موت اس معنی میں کبھی نہیں آتا اور اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ غلط ہے لیکن اگر اس کی جامعیت کو مدِ نظر رکھا جائے تو جگر صاحب

کی یہ جدت اس قابل ہے کہ اسے رواج دیا جائے۔ اس قسم کے اختصار کی مثالیں آپ کے کلام میں اور بھی ملتی ہیں۔ مثلاً۔

یہ جنون بھی کیا جنوں ہے یہ حال بھی کیا حال ہے ہم کہے جاتے ہیں کوئی سُن رہا ہو یا نہ ہو

دوسرا مصراع اس طرح ہونا چاہیئے کہ "ہم کہے جاتے ہیں کوئی سُن رہا ہو یا نہ سُن رہا ہو" لیکن اس طرح کہنے میں "سُن رہا" مکرر ہو جاتا لہٰذا بخطرِ اختصار آپ نے ایک سُن رہا کو حذف کر دیا۔ یہ ضرور ہے کہ اس سے عبارت بے ربط بلکہ ایک حد تک مہمل ہو گئی مگر جو لوگ آپ کے اندازِ کلام سے واقف ہیں انہیں آپ کا مفہوم سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہو گی۔

شکستِ حسن کا جلوہ دکھا کے لوٹ لیا نگاہ نیچی کیے سر جھکا کے لوٹ لیا

ازروئے قواعد "جلوہ دکھا کے" "نگاہ نیچی کر کے" اور "سر جھکا کے" ان تینوں فعلوں کو ایک ہی وضع پر ہونا ضروری ہے۔ یعنی "نگاہ نیچی کیے" کے بجائے "نگاہ نیچی کر کے" چاہیئے۔ مگر "نگاہ نیچی کر کے" مصراع میں نہیں سما سکتا لہٰذا "شارٹ ہینڈ" کے اصول کے مطابق "کر کے" کو "کے" بنا دیا۔

حیاتِ درد ہی پھر بھی آہ کیا کرتے فنا کی چیز جو ہوتی تو ہم فنا کرتے

"فنا کی چیز" مخفف ہے "فنا کرنے کی چیز" کا۔ یہ مانا کہ "فنا کی چیز" خلافِ محاورہ ہے لیکن اگر محاورہ کی پابندی کی جائے تو پھر "مختصر نویسی" نہ ہو سکے گی۔

میں دُور ہوں تو روئے سخن مجھ کو کیا ملے تم پاس ہو تو کیوں نہیں آتے نظر مجھے

"روئے سخن" کسی کی طرف ہوتا ہے "کسی سے" نہیں ہوتا۔ لہٰذا "میں دُور ہوں تو روئے سخن میری طرف کس لئے" کہنا چاہیئے۔ مگر وہی شارٹ ہینڈ والا اصول یہاں بھی کام کر رہا ہے۔

بیان ہوں کیا یہاں کی مشکلیں بس مختصر یہ ہے وہی اچھے ہیں کچھ جو جس قدر ہیں دُور منزل سے

دوسرے مصراع کی عبارت یا تو اس طرح ہوتی کہ "وہی کچھ اچھے ہیں جو منزل سے دُور ہیں" اس صورت میں "جس قدر" بے محل ہے یا پھر اس طرح کہتے کہ "جو منزل سے جس قدر دُور ہیں وہ اتنے ہی اچھے ہیں" موجودہ صورت میں یہ فیصلہ کرنا دُشوار ہے کہ مصراعِ ثانی صنعتِ اختصار میں ہے یا صنعتِ اطناب میں۔ کیونکہ پہلی صورت میں "جس قدر" زائد اور دوسری صورت میں "اتنے ہی" کم ہے۔

جس طرح ضرورتِ شعری کی بنا پر آپ لفظوں، فقروں، جملوں اور محاوروں کی قطع و برید کر کے انہیں مختصر کر دیتے ہیں اسی طرح جہاں گنجائش زیادہ ہوتی ہے وہاں غلاپر کرنے کیلئے آپ الفاظ کو کھینچ تان کر پھیلا بھی دیتے ہیں مثلاً اس شعر کے پہلے مصراع میں۔

عالم جب ایک حال پہ قائم نہیں رہے کیا خاک اعتبارِ نگاہ و یقین رہے

"نہ" کی جگہ "نہیں" استعمال ہوا ہے۔ اور چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔

زخم کو مرہم دل، درد کو درماں سمجھا چارہ گر خوب علاجِ غمِ پنہاں سمجھا

مصراعِ اولیٰ میں مرہم کے ساتھ دل کی قید بالکل بیکار ہے۔ زخم کو مرہم۔ درد کو درماں سمجھا "کہنا کافی ہے" دل" اس میں خواہ مخواہ ٹھونس دیا گیا ہے۔

لہ روئے سخن کسی کی طرف ہو تو روسیاہ۔ غالب

۲۲ میں جگر لاکھ ہوں آوارۂ و سرگشتہ مگر دل ہر اک حال میں ہے حضرتِ احساں کے قریب

مصراعِ ثانی میں "ہر" کے بعد "اک" زائد محض اور مخلِ فصاحت ہے۔

دیکھی تری آنکھوں کی کیفیت رعنائی اب کس سے سنبھلتا ہے جامِ مے مینائی

دوسرے مصراع میں "مینائی" محض بضرورت قافیہ لایا گیا ہے ورنہ شعر کا مطلب اسکے بغیر پورا ہو جاتا ہے۔

۲۳ آخر قفس میں اب یہ کھلا ہے معاملہ ہم اہلِ تھے خزاں کے نہ رنگِ بہار کے

جب خزاں کی کوئی خاص صفت مذکور نہیں تو بہار کے "رنگ" کا ذکر کس لئے۔ "ہم اہل تھے خزاں کے نہ بہار کے" کہنا بالکل کافی ہے۔

کسی کے سامنے مشکل سے عرضِ حال ہوتی سنبھل سنبھل کے طبیعت مری نڈھال ہوتی

اُردو میں "عرض" جب درخواست کے معنی میں آئے تو مونث ہے۔ مثلاً "میری عرض یہ ہے"۔ لیکن "عرضِ حال" کے معنی ہیں "اظہارِ حال"۔ اس صورت میں مرکب مصدر ہے۔ لہٰذا "عرض" کے قیاس پر اُسے بھی مونث سمجھنا غلط ہے۔

بیانِ اہلِ دل ہے کب سے قیل و قال میں نظر ملی کہ ہو گیا تبادلہ خیال میں

"تبادلہ" یعنی تبادل (exchange) نہ عربی ہے نہ فارسی نہ اُردو۔ ایجادِ بندہ۔ البتہ کہہ سکتے ہیں۔ اُردو میں "تبادلہ" کے معنی ہیں ٹرانسفر (transfer) یعنی بدلی سو اس کا یہاں کوئی محل نہیں۔

تم دکھا دو جسے آنکھیں وہی مخمور رہے ہم جہاں شیشہ پٹک دیں وہی میخانہ بنے

آنکھیں دکھانا اُردو کا ایک خاص محاورہ ہے جس کے معنی ہیں غصّے کی نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ دھمکانا۔ بے مروتی کرنا۔ مگر یہاں شاعر کا یہ مقصود نہیں۔ لہٰذا اپنے مفہوم کو کسی دوسرے طریقہ سے ادا کرنا چاہیے تھا مثلاً یوں کہتے کہ "جو تمہاری آنکھ دیکھ لے"۔

ہزار چشمِ عنایت ہو پھر بھی کیا حاصل وہ ایک شے ہی اگر شاملِ نگاہ نہیں

"وہ ایک شے" سے آپ کی مُراد کیا ہے آپ خود ہی سمجھتے ہونگے۔ انشا کی "اس بات" کی طرف خیال جاتا ہے مگر اُس کا یہ موقع نہیں۔ شاید یہ شعر آپنے تصوف میں کہا ہے۔

کوئی حد ہی نہیں شاید محبت کے فسانے کی سُنا تا جا رہا ہے جس کو جتنا یاد ہوتا ہے

دوسرے مصراع کی ترتیب بالکل ابتر ہے۔ یا تو "سُناتا جا رہا ہے جس کو جتنا یاد ہے" ہونا چاہیے۔ یا "سُناتا ہے جس کو جتنا یاد ہوتا ہے"۔

سُن کے افسانۂ غم باغ میں کھلا گئے پھول شاق گزرا مجھے بلبل کا غزلخواں ہونا

غزلخوانی میں سرور و شادمانی کا مفہوم شامل ہے۔ اسے افسانۂ غم سے تعبیر کرنا مقتضائے حال کے مطابق نہیں۔ غزلخوانی کے بجائے اگر نوحہ خوانی کہتے تو البتہ افسانۂ غم کے مناسب ہوتا۔

اب اس سے بڑھکے طلسمِ خیال کیا ہوگا کہ ذرہ ذرہ تو تصویرِ حُسنِ یار ہوا

مصراعِ ثانی میں "کہ" اور "تو" کا اجتماع صحیح نہیں۔ دونوں میں سے کسی ایک کو حذف کر دینا چاہیے۔ اگر "کہ" کو باقی رکھا جائے تو باعتبارِ

لہ جگر کی تائید میں کوئی صاحب غالب کا یہ مصراع پیش نہ کریں۔ ع۔ ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے۔ کیونکہ وہی اعتراض اس پر بھی عائد ہوتا ہے۔

لہ امیر۔ آنکھیں دکھلاتے ہو جوبن تو دکھاؤ صاحب وہ الگ باندھ کے رکھا ہے جو مال اچھا ہے

تقدیم و تاخیر مصرعوں کی ترتیب یوں ہی رہیگی اور اگر "کہ" کو حذف کیا جائے تو مصراع ثانی کو پہلے پڑھنا چاہیئے۔

وہ صبح شام وصال میرا لپٹ لپٹ کر بلائیں لینا حیا سے وہ نیچی نیچی نظریں وہ شرم سے آب آب عارض

"شام وصال" کے بجائے "شب وصال" چاہیئے۔

سحر تک شمع محفل میں نے جل بجھنے کی ٹھانی ہے ہمیں یہ دیکھنا ہے خاک ہوجاتے ہیں ہم کیتک

پہلے مصراع میں "میں" اور دوسرے میں "ہم" اگر بطور صنعت "ایجاد" استعمال ہوا ہے تو خیر، ورنہ "شتر گربہ" ہے۔ کم از کم "اسانذہ" کو اس سے احتراز لازم ہے۔

ہر وقت اک خمار تھا ہر دم سرور تھا بوتل بغل میں تھی کہ دل ناصبور تھا

خمار اور سرور دو مختلف کیفیتوں کے نام ہیں جب دل ناصبور شراب کی بوتل کا کام کر رہا تھا تو اس سے بیک وقت خمار اور سرور دونوں کا پیدا ہونا کیا معنی؟۔

اللہ ری وارفتگی شوق کا عالم میرا ابھی پتہ اب سر منزل نہیں ملتا

وارفتگی مونث ہے اور عالم مذکر۔ "اللہ ری" کا تعلق "عالم" سے ہے "وارفتگی" سے نہیں۔ لہذا "اللہ رے" چاہیئے۔ اگر وارفتگی کا بیان مقصود ہوتا تو البتہ "اللہ ری" صحیح ہوتا۔

چین اسیران قفس کو یاد گلشن میں نہیں دوڑتی ہیں بجلیاں سیلاب خوں تن میں نہیں۔

جسم میں خون کی گردش کو "سیلان" کہتے ہیں سیلاب نہیں۔

جگر بتایئے کچھ حال زار خیر تو ہے یہ کیوں برستی ہیں مایوسیاں نگاہوں سے

منادی اگر واحد ہو تو اسکے لئے فعل بصیغہ جمع اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جبکہ اسکے ساتھ کوئی کلمہ تعظیم بھی موجود ہو۔ ورنہ فعل بھی واحدی ہونا چاہیئے۔ لہذا "جگر ابتا ہے" کہنا صحیح نہیں۔ "جگر ابتا" یا "جگر صاحب، بتایئے" کہنا چاہیئے۔

تم اس دل وحشی کی وفاؤں پہ جاؤ اپنا نہ رہا جو وہ کسی کا نہ رہے گا

دوسرا مصراع خلاف محاورہ ہے۔ اس طرح ہو تو صحیح ہوجائے۔ اپنا نہ ہوا جو وہ کسی کا بھی نہ ہوگا۔

کرے نہ کام جو بلبل کا نالۂ خونیں نہ پھنچے نیند سے چونکیں نہ رنگ و بو آئے

بو اردو میں "بدبو" کے معنی میں مستعمل ہے اور بو آنا سڑاند آنے کے مترادف ہے۔ لفظ بو اگرچہ یہاں رنگ کا معطوف علیہ ہے پھر بھی "بو آئے" علیحدہ پڑھا جاتا ہے اور سامع کا ذہن "بدبو" کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔

تعقید لفظی بہرحال بری ہوتی ہے لیکن اس صورت میں اور بھی بری ہوجاتی ہے جبکہ دو متعلق لفظوں کے درمیان زیادہ فاصلہ ہوجائے۔ مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ صرف ایک لفظ کے درمیان میں آجانے سے تعقید کی بدترین شکل پیدا ہوجاتی ہے۔ بلکہ بعض اوقات مفہوم کچھ سے کچھ ہوجاتا ہے۔ مثلاً:۔ جگر۔

زمانہ آج ہی غرق شراب تھا نا ہو کچھ اور دیر جو ضبط چشم نیم باز رہے

"کچھ اور دیر" کی ترکیب جس قدر نامطبوع ہے محتاج بیان نہیں لفظ "اور" جسے "دیر" کے بعد آنا چاہیئے تھا (یعنی "کچھ دیر اور")۔

"دیر" کے پہلے آکر اس ابتری کا باعث ہوا۔ اسی طرح اس شعر میں:۔

نسیمِ شوق یہ لائی جوابِ نامۂ درد — کچھ اور دن ابھی تکلیفِ اضطراب اُٹھا

"کچھ دن اور" کی جگہ "کچھ اور دن" کہا ہے اور دونوں فقروں کے مفہوم کا فرق ظاہر ہے۔

چاہیے عشق میں مجھے آپ ہی کا جمال سا — داغ ہر ایک بدر ساز زخم ہر اک ہلال سا

پہلے مصراع کے "سا" کو دراصل "جمال" سے پہلے آنا چاہیے تھا۔ شاعر کو "آپ ہی کا سا جمال" کہنا مقصود ہے۔ مگر سا کی جگہ بدل جانے سے مصراع کا مفہوم ہی بدل گیا۔

جیسا کہ ہم پیشتر کہہ چکے ہیں: عربی اور فارسی کے ایسے بہت سے الفاظ اُردو میں رائج ہیں جن کے معنی عربی اور فارسی لغت کی رُو سے کچھ اور ہیں اور اُردو میں کچھ اور۔ ایسے الفاظ کو اب اُردو کے الفاظ سمجھنا چاہیئے اور مرکبات میں خصوصاً اضافت کے ساتھ انکا استعمال جائز نہیں۔ لیکن اس غلطی سے بچنا اُسی وقت ممکن ہے جبکہ شاعر صاحب کو یہ معلوم بھی ہو کہ جن الفاظ کو وہ استعمال کر رہے ہوں وہ تغیرِ معنی کی بنا پر اُردو کے الفاظ بن چکے ہیں اور اس خاص معنی کے ساتھ انہیں عربی یا فارسی سمجھنا غلط ہے۔ دورِ حاضر کے اکثر "اساتذہ" کے یہاں اس قسم کی لغزشیں پائی جاتی ہیں۔ فعلاً ہم جناب جگر کے کلام سے چند مثالیں پیش کرتے ہیں:۔

ستم زیبت آفریں کی قسم — خطۂ التفات نے مارا

یہاں خطہ بمعنی خط استعمال ہوا ہے مگر اس معنی میں نہ عربی ہے نہ فارسی۔ لہٰذا "خطۂ التفات" کی ترکیب غلط۔

نسیمِ شوق یہ لائی جوابِ نامۂ درد — کچھ اور دن ابھی تکلیفِ اضطراب اُٹھا

تکلیف بمعنی دُکھ، درد، رنج، نہ عربی ہے نہ فارسی اس لئے "تکلیفِ اضطراب" کی ترکیب ناجائز۔

اِک جامِ آخری تو پیسنا ہے اور ساقی — اب دستِ شوق کانپے یا پاؤں لڑکھڑائیں

یہ حدِّ آخری ہے عاشق کی جستجو کی — بن بن کے مٹ رہی ہے ہر شکل آرزو کی

جامِ آخری اور حدِّ آخری دونوں ترکیبیں غلط ہیں۔

پہلے جو ختم ہو گئی یہ داستانِ غم — تو میں کہونگا عرصۂ محشر دراز تھا

عرصہ کے معنی ہیں میدان۔ اُردو میں یہ لفظ بمعنی مدت مستعمل ہے اور اس شعر میں بھی اسی معنی میں آیا ہے اسلئے "عرصۂ محشر" کی ترکیب صحیح نہیں۔

کوئی تو دردمندِ دلِ ناصبور تھا — مانا کہ تم نہ تھے کوئی تم سا ضرور تھا

"دردمند" فارسی میں مصیبت زدہ کے معنی میں آتا ہے۔ اُردو میں اس کے معنی ہیں غمخوار و ہمدرد۔ اور اسی معنی میں یہاں استعمال ہوا ہے اس لئے "دردمندِ دلِ ناصبور" کی ترکیب غلط ہے۔

کیا بلا عشقِ تماشہ ساز ہے — اس کا ہر انجام اک آغاز ہے

اُردو میں تماشہ (تماشا) کے جو معنی مشہور ہیں وہ فارسی یا عربی میں موجود نہیں۔ اس لئے "تماشا" اس خاص معنی کے ساتھ اُردو کا لفظ سمجھنا چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ اس صورت میں "تماشہ سازی" کی ترکیب صحیح نہیں ہو سکتی۔

خود اپنے نشے میں جھومتے ہیں وہ اپنا نشہ آپ چھینتے ہیں — خراب مستی بنے ہوئے ہیں ہلاک مستی بنا رہے ہیں

طرزِ غالب ہے کہ بجگر صاحب نے یہ شعر "تصوّف" میں کہا ہے۔ اس لئے کہ انسان کی یہ قدرت نہیں کہ اپنا منہ آپ چوم لے (الّا آئینہ میں۔ مگر وہ عکس ہی اصل نہیں) ہاں خدا کو سب قدرت ہے۔ ان اللہ علیٰ کل شئ قدیر۔ مگر اس صورت میں یہ دشواری پیش آتی ہے کہ باتفاق جمہور خدا کبھی نشہ میں جھومتا نہیں۔ اور اگر محبوبِ مجازی مراد ہے تو وہ اپنا منہ آپ کیونکر چوم سکتا ہے۔

۱۲ ہم ہیں تیرے دو دیعتیں تیری شکرِ راحت، شکایتِ غم کیا

اگر یہ کہنا مقصود ہے کہ ہم تیری دو دیعتیں ہیں "تو" تیرے" بیکار ہے۔ اور اگر یہ مطلب ہے کہ ہم تیرے ہیں اور تو نے ہمیں جو کچھ دیا ہے وہ تیری دو دیعتیں ہیں تو یہ مفہوم اسوقت تک ادا نہیں ہو سکتا جب تک مصراع میں "تو نے ہمیں جو کچھ دیا ہے وہ" کا اضافہ نہ کیا جائے۔ موجودہ صورت میں مصراع مہمل ہے۔

۱۳ قسم ہے تیری پشیمان نگاہیوں کی قسم مجھی کو خود مری شرم و فا نے لوٹ لیا

یہ صحیح ہے کہ بعض اوقات کسی لفظ کی تکرار سے بیان میں زور پیدا ہو جاتا ہے لیکن اس شعر میں "قسم" کی تکرار بالکل بے محل ہے اور "قسم ہے" کا ٹکڑا محض بیکار۔ بلکہ اس سے مصراع پیچیدہ ہو گیا۔

پھر جنوں سامانیوں میں کچھ کمی سی چلی آج پھر برہم مزاجِ حسنِ جاناں کیجئے

"مزاجِ حسن" کو بھی برہم کیا جا سکتا ہے اور "مزاجِ جاناں" کو بھی (بلکہ دراصل مزاجِ حسن اور مزاجِ جاناں کے ایک ہی معنی ہیں)۔ لیکن بجگر صاحب کو یہ بالکل نئی سوجھی کہ "مزاجِ حسنِ جاناں" کو برہم کرنا چاہتے ہیں۔ بظاہر تو یہ ایک مہمل سی بات معلوم ہوتی ہے لیکن اگر اس میں کوئی عارفانہ نکتہ ہو تو ہم نہایت ادب کے ساتھ اپنا اعتراض واپس لیتے ہیں۔

۱۴ مجھ سا کوئی دیوانہ تجھے کون ملے گا آ اے اجل آ، تو بھی مرے ساتھ ہی مرجا

پہلے مصراع میں "کوئی" اور "کون" کا اجتماع بالکل غلط ہے۔ یا تو "کون" کی جگہ "کہاں" لائیں۔ یعنی "مجھ سا کوئی دیوانہ تجھے کہاں ملیگا" یا "کوئی" کو حذف کر دیں اور "مجھ سا دیوانہ تجھے کون ملیگا" کہیں۔ اسکے بغیر عبارت صحیح نہیں ہو سکتی۔

۱۵ عطا کر اے جمالِ حسن وہ داغِ محبت بھی زبانِ عشق میں جس کو گلِ شاداب کہتے ہیں

جمالِ حسن کی ہلکی سی لہر دوڑا کر نفسِ نفس کو مرے جنگجا دیا تو نے

جس طرح کمزور عقیدے کے لوگ ایک پاگل کو "عارف باللہ" سمجھنے لگتے ہیں اسی طرح وہ لوگ جو نقد و نظر کی صلاحیت اور جرأت نہیں رکھتے، مشہور ہو جانے والے شعراء کے مہمل طرح طرح کے معنی پہنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حضراتِ شعراء لوگوں کی اس ذہنیت سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاتے ہیں اور بیخوف ہو کر جو جی چاہتا ہے کہتے ہیں۔ مندرجہ بالا دونوں شعروں میں "جمالِ حسن" کی ترکیب یکسر مہمل ہے۔ کیونکہ جمال اور حسن یہ دونوں لفظ فارسی میں مترادف المعنی ہو گئے ہیں۔ لیکن بجگر صاحب کے معتقدین سے پوچھئے تو وہ اس ترکیب کو تخیل کی انتہائی پرواز سے تعبیر کرینگے۔

۱۶ پھنکا جاتا ہو دل جس سوزِ غم سے جہنم میں یہ چنگاری کہاں ہے

پہلے مصراع میں چونکہ جس آیا ہے لہذا دوسرے مصراع میں "یہ" کی جگہ "وہ" چاہیئے۔ یعنی "جہنم میں وہ چنگاری کہاں ہے"۔ اردو زبان کا قاعدہ ہے کہ اسم موصول یعنی "جو" اور "جس" کی ضمیر ہمیشہ "وہ" ہوتی ہے۔

۶۸ اس تبسم کے تصدق اس تجاہل کے نثار خود بھی سے پوچھتے ہیں کون یہ دیوانہ ہے"

تجاہلِ تسلیم۔ مگر جب کسی شخص سے خطاب کیا جاتا ہے تو واحد الفاظ استعمال نہیں کئے جاتے جو غائب کیلئے مخصوص ہیں۔ "کون یہ دیوانہ ہے" سے معلوم ہوتا ہے کہ جگر صاحب کا محبوب کسی تیسرے شخص کی طرف اشارہ کرکے جگر صاحب سے دریافت کر رہا ہے کہ "بتاؤ یہ دیوانہ کون ہے؟" اگر اُسے خود جگر صاحب کے متعلق دریافت کرنا ہوتا تو اس طرح کہتا کہ "اے دیوانے تو کون ہے؟" اس قسم کے بے تکلفی خطاب جگر صاحب کے ہاں بہت ہیں۔

۶۹ یوں ہیں مری نگہ میں نقشِ نگارکتنات عالم خواب جس طرح دیدۂ نیم باز میں

"عالم خواب" کیلئے "دیدۂ نیم باز" کی قید بالکل بیکار ہے۔ کیا انسان صرف اُسی وقت خواب دیکھتا ہے جبکہ اس کی آنکھیں آدھی بند اور آدھی کھلی ہوں۔ دیدۂ نیم باز کی جگہ دیدۂ خوابیدہ یا دیدۂ خفتہ کہنا چاہیئے تھا۔

۷۰ اسی صورت سُنا دیتے ہیں انکو واردات اپنی کہ جیسے ہم کسی کی داستانِ خواب کہتے ہیں

اُردو میں واردات کے معنی ہیں کوئی ہنگامہ یا حادثہ جیسے قتل، خون، ڈاکہ، چوری وغیرہ۔ مگر ظاہر ہے کہ شاعر اپنے متعلق اس قسم کا کوئی واقعہ محبوب کو نہیں سُنا رہا ہے۔ اس کی مُراد "وارداتِ قلب" سے ہے۔ مگر صرف "واردات" سے یہ مفہوم ادا نہیں ہوتا اور سامع کا ذہن فوراً کسی ہنگامہ یا حادثہ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔

۷۱ ان آنکھوں کا نہ پوچھو ضبط جن آنکھوں نے سحر ہونے سے پہلے شمع کا بے نور ہو جانا دیکھا ہے

اس شعر کی نثر اس طرح ہوگی:۔ "جن آنکھوں نے سحر ہونے سے پہلے شمع کا بے نور ہو جانا دیکھا ہے اُن کا ضبط نہ پوچھو۔" یا۔ "اُن آنکھوں کا ضبط نہ پوچھو جنہوں نے سحر ہونے سے پہلے شمع کا بے نور ہو جانا دیکھا ہے۔" ظاہر ہے کہ اس صورت میں آنکھوں کی تکرار صحیح نہیں یا تو "اُن آنکھوں کا" کی بجائے صرف "اُن کا" کہنا چاہیئے۔ یا "جن آنکھوں" کے بجائے "جنہوں نے"۔

۷۲ نقوشِ پر تو رنگینیِ دل دیکھنے والے کبھی خود کو بھی دیکھ اور خود سے غافل دیکھنے والے

اس شعر میں مخاطب کی دو صفتیں بیان کی گئی ہیں ایک "خود سے غافل" اور دوسری "نقوشِ پر تو رنگینیِ دل دیکھنے والے"۔ نثر کی جائے تو اس طرح ہوگی۔ "او خود سے غافل! (او) نقوشِ پر تو رنگینیِ دل دیکھنے والے! کبھی خود کو بھی دیکھ"

اس صورت میں دو کے مصراع کی ردیف (دیکھنے والے) برائے بیت ہے۔

شمع چُپ پروانے شدرا اہلِ دل سب مُہر بُود ہائے کیا تصویر کا عالم تری محفل میں ہے

جگر صاحب کے محبوب کی محفل میں شمع "چُپ" ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا شمع کبھی بولتی بھی ہے۔ اور اگر بولتی نہیں تو یہاں چُپ کہنے کا کیا حاصل؟ اور اگر یہ چُپ "خاموش" کا ترجمہ ہے تو ایک نئی مشکل کا سامنا ہے۔ کیونکہ فارسی میں شمع کا خاموش ہو جانا شمع کے بُجھ جانے کو کہتے ہیں۔ اگر چُپ سے مُراد "بُجھی ہوئی" شمع ہے تو پھر وہاں بیچ کے پروانوں کا کیا کام؟۔

ہاں ترے عہد میں جگر کے سوا ہر کوئی شادمان ہے پیارے

جگر صاحب نے اس مصراع میں "فخرِ ہندوستان ہے پیارے" ہندوستان کے نون کا اعلان جائز بتایا ہے لیکن مذکور بالا شعر میں "شادمان" کے نون کے اعلان کے متعلق اپنی رائے کا اظہار نہیں فرمایا لہٰذا قارئین خود فیصلہ کر لیں۔

جچتی ہے کس انداز سے کس کرب سے بلا سے دل ٹوٹ گیا نالۂ بلبل کی صدا سے

"کرب سے جچنا" تو سمجھ میں آتا ہے لیکن "بلا سے جچنا" کیا معنی؟

سمجھ میں جو نہ لگے اور بے سمجھے نہ رہنے دے اسی کا نام شاید عشق میں نامِ تمنّا ہے

جو سمجھ میں نہ آئے اور بے سمجھے نہ رہنے دے، شاید عشق میں اسی کا نام، نامِ تمنّا ہے۔ بہت خوب۔ اگر یوں کہتے کہ "اسی کا نام تمنّا ہے" تو ہر شخص سمجھ لیتا کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔ لیکن "اسی کا نام، نامِ تمنّا ہے" ایک خاصی پہیلی ہے جس کو "یا سمجھیں میاں آزاد یا منشی زکاء اللہ"۔ جگر صاحب کی ایک غزل کا مطلع ہے۔

عاشقی یاس کی محکوم ہوئی جاتی ہے بیکسی اب مرا مفہوم ہوئی جاتی ہے

اسی غزل کا دوسرا شعر ہے:۔

دل ہوا خاک تپِ غم سہ مگر دل کی جگہ اک خلش سی مجھے معلوم ہوئی جاتی ہے

اس شعر میں جبتک "ہوئی" کو "ہوئے" نہ پڑھیں صحیح مفہوم ادا نہیں ہو سکتا اور اگر "ہوئے" پڑھیں تو ردیف غلط ہوئی جاتی ہے۔ یہی حال اس شعر کا ہے۔

دل دھڑکنا بھی غنیمت ہے تری فرقت میں — کہ خبر تو مجھے معلوم ہوئے جاتی ہے

یہاں بھی "ہوئے جاتی ہے" پڑھنا پڑیگا۔ ورنہ مطلب خبط ہو جائے گا۔

شوق کی انتہا کہو یا آہ فریب عاشقی — شور انا الحبیب کا خاصۂ مقام ہے

پہلے مصراع میں "کہ" زائد محض ہے لیکن جگہ پُر کرنے کیلئے اس کا لانا ضروری تھا۔

۸ محبت میں مجبوری سہی لیکن یہ کیا باعث — مجھے باور نہیں آتا مرا مجبور ہو جانا

"یہ کیا باعث" کہنا صحیح نہیں۔ "اس کا کیا باعث" چاہیئے۔ "باور آنا" بھی محل نظر ہے۔ "مرا" کی جگہ "اپنا" چاہیئے۔

لے لیا کام جو لیسنا تھا غم ہستی نے — گرچہ ثابت نہ ہوئی میری ضرورت مجھکو

"میری ضرورت" کی جگہ "اپنی ضرورت" چاہیئے۔

گل ویرانہ کو کیا اہل ہوس سے مطلب — ننگ ہے میری پریشانی نکہت مجھکو

یہاں بھی "میری پریشانی" کی جگہ "اپنی پریشانی" چاہیئے۔

ابر رحمت گھر کے جمدن قطہ وزن ہو جائیگا — قطرہ قطرہ غیرت دُر تو عدن ہو جائیگا

"قطرہ وزن" کے معنی ہیں "ہر زہ گرد" اور صلہ "بر" کے بغیر مجرد قطرہ زدن کے معنی باریدن کے نہیں آتے لہذا اس شعر میں قطرہ زن؟ بالکل غلط ہے۔

ٹھوس ٹھاس (جسے اصطلاح میں حشو کہتے ہیں) دور حاضر کے اساتذہ کے یہاں بھی اسی کثرت سے موجود ہے جیسی اگلے پیش روؤں کے یہاں پائی جاتی ہے۔ جب دیکھتے ہیں کہ کسی مُحاورہ یا فقرہ سے مطلب تو پورا ادا ہو گیا لیکن مصراع پورا نہیں ہوا تو خواہ مخواہ کسی لفظ کا مترادف اس میں ٹھونس دیتے ہیں۔ یہ نامطبوع رسم اسدرجہ عام ہو گئی ہے کہ اب لوگوں کو اسکی ناخوشگواری کا احساس تک نہیں ہوتا۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:۔

نگہ۔ ۷ مل گئیں نگاہوں سے نظریں اور مکرر گئیر — چشم ساقی دیکھکر کیا جام و ساغر دیکھتے

زاہد مسجد نشیں ہیں اور اک ٹوٹا ساطرف — میکدہ میں اہتمام جام و ساغر دیکھتے

اُردو میں جام اور ساغر کے ایک ہی معنی ہیں اس لئے جام یا ساغر ایک لفظ محض بیکار ہے۔ اسی طرح اس شعر میں:۔

یہی صہبا یہی ساغر یہی پیمانہ ہے — چشم ساقی ہے کہ میخانہ کا میخانہ ہے

ساغر و پیمانہ چونکہ مترادف ہیں اسلئے دونوں میں سے ایک بیکار ہے۔ نہ صرف اسقدر بلکہ اس ٹھونس ٹھاس کی وجہ سے شعر پست ہو گیا۔ دوسرے مصراع میں چشم ساقی کو میخانہ سے تشبیہ دی گئی ہے لہذا پہلے مصراع میں میخانہ کے زیادہ سے زیادہ جتنے لوازم بیان ہو سکتے تھے بیان کرنے چاہیئے تھے مثلاً اگر پہلا مصراع اس طرح ہوتا تو کہیں بہتر تھا۔ ع:۔ یہی صہبا یہی مینا یہی پیمانہ ہے۔

سر دادگانِ عشق و محبت کی کیا کمی — قاتل کی تیغ تیز خدا کی زمیں رہے

فراق بھی ہے وصال بھی ہے ہر ایک لحظہ ہر ایک ساعت — فراق کیا ہے وصال کیا ہے جو کوئی پوچھے خبر نہیں ہے

جگر کا ہاتھ ہوگا حشر میں اور دامن حضرت — شکایت ہو کہ شکوہ جو بھی ہوگا برملا ہوگا

یہ حُسن و جمال اُن کا یہ عشق و شباب اپنا — جینے کی تمنا ہے مرنے کا زمانہ ہے

بیتاب و مضطرب تھے یہ دو رہنما سو ہم — کچھ دُور آگے بڑھ گئے گرد رواں سے ہم

اسی تلاش و تجسس میں کھو گیا ہوں میں — اگر نہیں ہوں تو کیونکر جو ہوں تو کیا ہوں میں

دُور ہٹنا نہ منزل دل سے — وصل بھی ہے یہیں وصال بھی ہے

عشق اور محبت، لحظہ اور ساعت، شکوہ اور شکایت، حسن اور جمال، بیتاب اور مضطرب، تلاش اور تجسس، وصل اور وصال، اُردو میں مترادف ہیں البتہ وصل اور وصال میں یہ فرق ضرور ہے کہ بقول شاہ "لوگ مرنے کو بھی کہتے ہیں وصال" لیکن جگر صاحب نے وصال بظاہر اس معنی میں استعمال نہیں کیا۔

اس مضمون میں ہم نے زیادہ تر الفاظ یا زبان کی بحث کی ہے اگر جگر صاحب کے اُن تمام اشعار پر بھی تبصرہ کیا جاتے جن میں علم بیان و بلاغت کی رُو سے خامیاں پائی جاتی

لال مُہر

زیرِ تصنیف ناول "شراب" کا ایک باب

یکہ کی سواری۔ کچی سڑک اور اُس کا غُبار، دوپہر کا وقت! اور بھوک اور اُس کے ساتھ شراب کی پیاس۔ یہ سب کچھ!.... یکہ والے نے سڑک کی باتیں طرف یکہ روکا۔ دیکھتا ہوں تو سامنے کٹورا سی جھیل! پانی ہے کہ پڑا پارہ کی طرح چمک رہا ہے۔

میں یکہ سے اُترا۔ سامنے کا منظر کس قدر دلکش تھا۔ ہر طرف اور بالخصوص جھیل کے کنارے درختوں کے جھرمٹ کے جھرمٹ۔ ایسے گنجان کہ دیکھنے سے جی خوش ہو جاتے۔ داہنے ہاتھ کو عین جھیل کے کنارے ایک دلکش بلندی اور بلندی پر ایک عظیم الشان بڑ کا درخت، ایسا کہ دُور سے تھکے ہارے کو اپنی طرف کھینچ لے۔ بجائے اس کے بہتر دوپہر کا کھانا کھانے اور آرام کرنے کی اور کون جگہ تھی اور وہ بھی ایک کچی سڑک پر تیز یکہ دوڑانے کے بعد۔

میں نے یکہ والے کو اشارہ کیا اور اس نے سوزنی اور ناشتہ دان لیا اور میں نے گلاس اور لوٹا اور بوتل اور چلے بڑ کے درخت کی طرف۔

اس بلندی کے خوشگوار ڈھال کے اختتام پر عین جھیل کے کنارے میں نے سوزنی بچھائی، ناشتہ دان رکھا اور بوتل رکھی اور لوٹا لیے اور یکہ والا جھیل سے پانی بھرنے لگا کہ پشت سے ایکدم سو آواز آئی "ذرا آگے بڑھ کر پانی لو۔ یہ پانی میلا ہے"

میں نے مُڑ کر بلندی پر سے ایک صاحب کو اپنی طرف اُترتے دیکھا علیک سلیک ہوئی اور اُنہوں نے میری شراب کی بوتل پر تاقدانہ نظر ڈالی، قدرے مُسکراہٹ کے ساتھ۔

ایک دو باتوں میں معلوم ہو گیا کہ یہ حضرت بھی ہماری طرح آرام کر رہے ہیں۔ دراصل میں نے یکہ ان کا نہیں دیکھا۔ جہاں ہمارا یکہ رُکا اس سے ذرا آگے بڑھکر اُن کا یکہ بھی تھا۔ مگر اس کا ہم لوٹ گیا تھا اور یکہ والا کسی قریب کے گاؤں سے بڑھئی یا اوزار لینے گیا تھا۔ یہ حضرت بلندی کے نشیب کے دوسری طرف بیٹھے تھے اور معلوم ہوا کہ اُن کی ماں بھی اُنکے ساتھ ہیں۔

اُنہوں نے میری بوتل پر پھر ناقدانہ نظر ڈالی اور میں نے ایک نظر انکو گھور کر دیکھا۔ اُن کے چہرے پر مُسکراہٹ تھی۔

میں نے پوچھا "کہئے کچھ آپ کو بھی اس پری سے لگاؤ ہے"

"جی نہیں" اُنہوں نے کہا "مجھے کوئی خاص شوق نہیں"

"خاص نہیں! تو پھر آیئے بیٹھئے" اور یہ کہکر میں نے انکو اصرار کے ساتھ ہاتھ پکڑ کر بٹھانا چاہا۔

ایک تھوڑے سے تکلف کے بعد کہنے لگے "میں اپنا کھانا بھی لے آؤں کھانے کو بیٹھا ہی تھا کہ آپ آ گئے"

"اجی ابھی تو کھانا دیر میں ہوگا"

"کچھ لوازمہ سہی"

یہ کہکر وہ تیزی سے چلے۔ بڑ کا درخت اس بلندی کے وسط میں تھا اور ذرا آگے بڑھ کر دوسرے حصّہ کی جانب ڈھال تھا جس کے پُشت میں اُن کی والدہ بیٹھی تھیں۔ یہ حضرت طالب علم معلوم ہوتے تھے۔ یا یہ بیکار رئیس زادے۔ بہت جلد یہ اپنا کھانا لیکر آ گئے۔ اور ہم دونوں نے شراب سے شغل شروع کیا۔ میرے پاس تلے ہوئے نمکین پستوں کی تھیلی تھی اور اس وقت یہ گزک عجیب لُطف دے رہی تھی۔ ہم دونوں ایک ہی گلاس سے پی رہے تھے۔ گلاس بیچ میں رکھا تھا۔ سوڈا وغیرہ تو تھا نہیں شراب میں پانی ملایا تھا۔ پانی ایسی شے ہے کہ شراب کی تلخی کو اس سے حسب ذائقہ توڑ سکتے ہیں اور میرے ہم پیالہ نے مُنہ بنانا شروع کیے۔ دراصل وہ بھی نئے شرابی تھے، اور بہت جلد اُن کو اقبال کرنا پڑا۔ گفتگو کا سلسلہ اس طرف پہونچا کہ ہم دونوں کے روبرو یہ دلچسپ سوال پیش ہو گیا کہ کپ؟ اور کیسے سیکھی؟۔

نہ پوچھئے! اس سوال نے اس وقت میرا کیا حال کر دیا۔ شراب کا چڑھتا ہوا نشہ! یہ منظر! اور یہ سوال! اور یہی حال اُن کا تھا۔ ایسا کہ ہم دونوں جھومنے لگے۔ معاً میرے دل میں یہ سوال لذت آگیں کیا ان کو بھی میری طرح رنگین واقعات نے شرابی بنا دیا۔ اور یہ واقعہ تھا کہ میری طرح اُنہیں بھی شراب پینا ایک نوخیز حسینہ نے سکھائی۔ شراب کا نشہ

چڑھ رہا تھا اور انہوں نے اور میں نے دونوں نے کسی کے حُسن کی تعریف کی۔ میرا خیال تھا کہ لاڈو رانی سے زیادہ خوبصورت مخ حسینہ ہرگز نہیں ہو سکتی جس نے ان کو شراب پلائی۔ اور میں نے ایک نشہ میں جھومتے ہوئے شرابی کی پوری پوری سنجیدگی کے ساتھ ان سے کہہ دیا۔ انہوں نے تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ میں نے اصرار۔ نتیجہ یہ کہ ہم دونوں نے ایک دوسرے کے معشوق کو گالی دی۔ میں نے جواب میں اُن کے جبڑے پر ایک مکّا رسید کیا۔ ایسا کہ مخ چرخ کھا کر گرے۔ اور اُٹھتے اُٹھتے ہم دونوں گتھ گئے۔ کہاں مجھ سا دبلا پتلا اور کہاں مخ۔ پھرتی سے وہ نکل گئے اور انہوں نے مجھے ڈھیلے مارنے شروع کئے اور میں نے اُن کو۔ اور گالیاں علاوہ۔ بہت جلد میں نے ہاتھ روک لیا کیونکہ یہ واقعہ تھا کہ درخت کی آڑ سے ایک نوعمر خاتون کا گلنار سا چہرہ چمک کر رہ گیا۔ میں نے فوراً پے میں آنے کی کوشش کی بیٹے سوچا کہ علاوہ والدہ کے شاید ہمشیرہ بھی ساتھ ہیں۔ چہرہ تھا کہ ایکدم سے آئینہ سا چمک کر رہ گیا تھا! ایسا کہ شراب کے نشہ میں خیالات لڑائی کی طرف سے یکسر جمالیات کی طرف منتقل ہو گئے۔ مگر دوسرا خیال یہ آیا کہ وہ معشوقہ کون اور کہاں ہے۔ ذرا معلوم تو کریں۔ شاید کہ.....

لہٰذا میں نے کہا "دیکھئے جناب یہ کوئی شرافت نہیں ہے۔ کیا آپ جھگڑے کو ختم نہ کریں گے" میں نے پیچھے سے اُن کو قریب آنے کا اشارہ کیا تاکہ اُن کی بہن نہ سُن لے۔ وہ قریب آئے تو میں نے کہا "..... میرے پیارے دوست میں زیادہ سے زیادہ یہ مان سکتا ہوں کہ تمہاری حسینہ بھی حُسن و خوبصورتی میں لاڈو رانی کے برابر ہے۔ مگر زیادہ ہرگز نہیں"

"تو کم بھی نہیں"

"بیشک۔ بیشک" میں نے کہا اور مصافحہ کیلئے ہاتھ بڑھایا۔ اور ہم دونوں پھر اسی محبت کے ساتھ مشغول ہو گئے اور اب لگے اپنے اپنے قصّے سُنانے!

اس سلسلہ میں پھر لڑائی ہو گئی ہوتی۔ میں نے کہا کہ میں اپنا قصّہ پہلے سناؤں اور انہوں نے کہا میں۔ لیکن مخ دب گئے اور میں نے مزہ لے لے کر لاڈو رانی کا قصّہ سُنایا۔

ہم دونوں کا نشہ زوروں پر تھا اور ان باتوں میں مخ الجھ رہا تھا کہ بیان سے باہر جمیل کا پانی جھوم رہا تھا! درخت رقصاں تھے! عجیب ہی سرور کا عالم تھا!۔

کہنے لگے "اب میں اپنا قصّہ سُناؤں"

میں نے کہا "ضرور"

بولے "پہلے ایک وعدہ کرو"

"مخ کیا؟"

وہ یہ کہ وعدہ کرو کہ اگر میرا قصّہ تمہارے قصّہ سے اچھا ہوا تو قائل ہو جاؤ گے"

"تیری ایسی تیسی" میں نے گھونسہ تولتے ہوئے کہا "پھر وہی لگائی رَٹ! تیرا قصّہ اور میرے قصّہ سے اچھا!" میں نے پھر نشہ کے زور میں بکتے ہوئے کہا۔

گھونسے والی مٹھی دیکھکر انہوں نے سنبھلکر کہا "اگر آپ کو خود پسند آگیا تو....."

"ہاں، پسند آجائے گا..... پسند البتہ آسکتا ہے..... مگر یاد رکھو، جھوٹ بولے تو قسم قرآن کی....."

اور میں نے نشہ میں آنکھیں جھپکاتے ہوئے جمیل کی طرف دیکھ آہا ہا! جمیل تھی کہ چاندی کا ڈلا! میرے مُنہ سے نکلا "پیارے تم اپنا قصّہ سناؤ قسم خُدا کی اُسے بہت پسند کرونگا۔ بہت، بہت، بہت"

یہ کہتے ہوئے میں نے اُنکے گلے میں ہاتھ ڈالدیا۔

مخ بولے "آہا ہا..... بہک کے ہاتھ نہ گردن میں ڈالئے صاحب....."

میں نے کہا "دیکھو ایسے ہم تمہیں جمیل میں پھینک دیں گے..... ہاں نہیں تو۔ قصّہ شروع ہی نہیں ہوتا۔ اے سُناؤ جلدی"

اور انہوں نے اپنے شانوں کو زور سے جُنبش دیکر زور سے ڈکار لی اور قصّہ شروع کیا۔ اب اس جگہ بیکار نشہ کی بدتمیزیوں کو چھوڑ کر میں اُنکے قصّہ کو دُہراتا ہوں۔

اُنہوں نے ڈکار لی اور کہنے لگے "لو سنو..... ایک دن کا ذکر ہے کہ پھول باغ شام کو پہونچے۔ باغ کے پھاٹک سے جو داخل ہوتے تو کیا دیکھتے ہیں کہ کوئی عورت مع نوکر کئی ایک پردہ دار تانگہ میں بیٹھکر روانہ ہو رہی ہے۔ پردہ ذرا سا ہٹا تو پردہ کا نقاب سرپر۔ ایک انار کا سا دانہ! یاد دلا ہوا سا انگارہ۔ سُرخ و سفید کہوں کہ گلنار! وہ سُبک نقشہ!..... ایکدم سے پردہ گرا اور تانگہ یہ جا وہ جا! میں تانگہ کو جاتا دیکھتا کا دیکھتا رہ گیا۔

اب چلتا جو ہوں آگے تو بائیں طرف سبزہ پر سے مُسکراتے ہوئے میرے ایک یار غار نے بڑھکر سلام کے جھک جُھک کر۔ وہ اُن کیفیت کا مطالعہ کر رہے تھے۔ فوراً بولے "کہو کیسی چیز ہے۔ کب آئے؟"

میں نے کہا "اللہ کی شان ہے..... آج ہی آیا ہوں"

کہنے لگے "اللہ کی شان تو ہے مگر ذرا اِدھر آؤ"

اب میں لاکھ پوچھتا ہوں پر وہ نہیں بولتے۔ قصّہ مختصر ہم دونوں

سبزہ پر سے ہوتے ہوئے باغ کے اُس مقام پر پہونچے جہاں کوئی نہ تھا بیچوں بیچ سبزہ پر گملوں کی قطار تھی اور اُن میں سے ایک گملہ کے نیچے سے انہوں نے ایک کاغذ نکالا۔

"جلدی سے بھاگو یہاں سے" اُنہوں نے کہا۔ اور ہم جھپٹ کر ایک مناسب مقام پر کھڑے اس خط کو پڑھ رہے تھے۔ جی ہاں یہ خط تھا جوان تانگہ پر جانے والی خاتون کو چپکے سے رکھتے ہوئے میرے دوست نے دیکھ لیا تھا۔ خط حسب ذیل تھا۔

"آپ کی شکایت سر آنکھوں پر مگر انصاف شرط ہے۔ میں آپ سے کبھی ملی نہیں۔ دیکھا نہیں۔ بھلا کیونکر پہچانتی اور وہ بھی اتنی دُور سے محض تصویر دیکھنے سے کیا ہوتا ہے۔ کم از کم میرے لئے مشکل ہے۔ بلکہ اب بھی مشکل ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ دھوکہ دیتی ہو اور میں آپ کے لئے تڑپتی ہوں۔ کوئی وجہ ہو جاتی ہے۔ خیر۔ اب دھوکہ ہرگز نہ ہوگا۔ آپ اُسی مکان پر آجائیے۔ وقت نہ بھولئے۔ رات کے گیارہ بجے۔ آٹھ بجے آکر حسن مجھ لے جائے گا۔ کمرہ میں اندھیرا ہوگا۔ دروازہ بھی بند ہوگا مگر کھڑکی کی کھلی ہوگی آپ چپکے سے کھڑکی میں رکھدیجئے گا۔ دوبارہ جب آپ آئیں گے تو خواہ روشنی ہو یا نہ ہو دروازہ کھلا ہوگا اور یہ آپ کی کنیز چشم براہ۔ مگر دس منٹ سے زائد نہ دے سکوں گی۔ اب وقت نہیں ہے۔ میں یہاں سے گھر جاتی ہوں اور فوراً ہی گھر سے وہاں جاتی ہوں۔ والسلام

مکررہ۔ جہاں تین گئیں وہاں اس چوتھی کا غم نہ کیجئے گا۔ اور تو کیا کہوں سوائے اس کے کہ قول زناں ..... اور ہاں دیکھیں کیسی شے آپ لاتے ہیں .....؟

یہ خط پنسل سے لکھا ہوا ایک کاپی کے ردی سے کاغذ پر تھا۔ نہ آداب نہ القاب اور نہ نام۔ اس متن کو دیکھکر ہم دونوں بہت اُلجھ سلجھے۔ یہ کون قطامہ ہے؟ کون حرافہ ہے؟ کھڑکی میں کیا چیز رکھنا مانگتی ہے۔ اور گھر کون سا؟ یہ سوالات تھے۔

یہ باتیں کرتے کرتے اب ہم اس مقام پر پہونچے جہاں بینڈ بج رہا تھا اور آس پاس ہر عمر کے لوگوں کا خوب مجمع تھا اور میرے دوست اس پُراسرار عورت کا قصہ سُنا رہے تھے۔

"..... میں اس جگہ بیٹھا بینڈ سُن رہا تھا" انہوں نے سبزہ پر بٹھاتے ہوئے کہا۔ "کہ کیا دیکھتا ہوں کہ وہ سامنے برقعہ پہنے اور اپنی نقاب میں آنکھوں سے ایک مختصر کھڑکی قائم کئے چلی جارہی ہے۔ برقعہ پرانے ٹاپ کا اور وہ بھی ذرا میلا۔

مجھے خیال بھی نہ رہا کہ ایک تھوڑی ہی دیر بعد ایک عالم بیخبری میں جھومتی جھامتی ادھر ہو پہنچیں اور بینڈ کی طرف دیکھنے میں ایسی مشغول کہ ساتھ کی ملازمہ بہت کچھ کہتی ہے "ہیں، ہیں" مگر تو بہ کیجئے۔ مجھے پامال کر دیا۔ یعنی واقعی میرے اوپر ہی ٹھکر اکر گریں۔ اور سنبھلنے میں کُنو نقاب چھوڑ کر میرے اُوپر گرنے سے بچنا پڑا۔ اس طرح کہ میں خود نیم دراز ہوا اور وہ رکوع تو ڑ کر سجدہ میں! عین میرے اوپر۔ اُن کا چاند سا چہرہ میرے چہرہ کے نہ صرف قریب بلکہ اس قدر قریب کہ آنکھوں میں آنکھیں گُھس جائیں! گھبرا کر وہ سنبھلیں اور پھر گری ہوتیں کہ ملازمہ کی امداد سے سنبھلیں اور انتہائی گھبراہٹ میں کٹی ہوئی پتنگ کی طرح تیزی سے چلی گئیں۔ مڑ مڑ کر اُسی طرح نقاب کے گوشے دیکھتی ہوئی!۔

میں بھی دیکھتا رہا۔ مجھے وہ عطر میں بسا گئیں۔ سر سے پیر تک مشموم معطر ہو رہی تھیں۔

ایک کشش تھی کہ میں دیکھتا رہا کہ ایکدم سے اٹھا اور سوچا کہ لے پھر دیکھنا چاہئے لہذا اندازہ لگایا کہ وہ کدھر نکلیں گی اور یہ اندازہ لگا کر دوسری طرف سے نکل کر اُسی مقام پر جا کر بیٹھ گیا جہاں وہ پہونچنے والی تھیں اور سبزہ پر بیٹھکر لگا ایک کاغذ کو دیکھنے۔ مگر اس طرح کہ اصل میں نظر اُسی طرف۔

"یہاں کوئی نہ تھا اور روش خالی ..." (باتیں کرتے اب ہم دونوں اُسی جگہ آ گئے تھے) ..... لہذا مجھکو یہ معلوم ہوا کہ ایک دم سو جو دہویں رات کا چاند طلوع ہو گیا۔ نقاب سر پر۔ چہرہ اس طرح سرخ و سفید کہ معلوم ہو آگ بھڑک رہی ہے۔ مجھے دیکھتے ہی اطمینان سے نقاب ڈال لی۔ لیکن اس احتیاط کے ساتھ غالباً کہ میں انکو اچھی طرح دیکھ لوں۔ برقعہ سے کوئی ڈیڑھ بالشت ایک ریشمی کپڑا ایک انداز سے زمین پر گھسٹتا جا رہا تھا۔

وہ نکل چلی گئیں لیکن وہاں جا کر ایک دم سے سبزہ پر حوض کے پاس بیٹھ گئیں اور طبیعت خراب ہونے لگی ....."

"طبیعت خراب!..." میں نے چونک کر کہا۔ اور ہم دونوں اس حوض پر پہونچے۔ میرے تعجب کی انتہا نہ رہی جب میں نے جھک کر دیکھا شراب کی قفنس اڑ رہی تھی۔ یہ واقعہ تھا کہ انہوں نے شراب پی کر قے کی تھی اور کلی کر کے پان کھا کر جھٹ سے بھاگ گئی!!

مجھے شراب سے بے انتہا نفرت تھی اور ایک مسلمان عورت کا شراب پینا ظاہر ہے میرے لئے کس قدر معیوب ہو سکتا تھا۔ مگر یہ تو عجیب غریب پُراسرار عورت تھی۔ ایسی کہ الف لیلہ کے قصے مرتب کر لو۔ مگر ہم کر ہی کیا سکتے تھے۔ وہ جا چکی تھی۔ کاش کہ ہم اس کا گھر معلوم کر سکتے۔ مفنا بجلی کی طرح خیال میرے دل میں کوند گیا۔ جب میرے دوست نے محلہ کا

نام بتایا جو ملازم سے تانگہ والے کی ہدایت کے لئے بتایا تھا۔ میرے پاس موٹر سائیکل تھی۔ سوال یہ تھا کہ کیوں نہ میں جھپٹوں۔ آدھ گھنٹہ ہو چکا تھا لیکن فاصلہ کو دیکھتے ہوئے ایک گنجان سڑک پر معمولی رفتار کا تانگہ ابھی منزل مقصود پر نہیں پہونچا ہوگا۔ اور یہ سوچتے ہی دیوانہ وار میں موٹر سائیکل کی طرف جھپٹا۔ اپنے دوست کو پیچھے بٹھایا اور ہم دونوں چشم زدن میں روانہ ہوئے۔

شہر کی بھیڑ بھاڑ، راستہ کی الجھنیں، اور یہ ضروری کام۔ کچھ بھی ہو۔ ہماری خوشی کی انتہا نہ رہی تھی جب ہم نے اس تانگہ کو پالیا۔ اور میں قریب پہونچ گیا کہ اللہ کی شان۔ موٹر سائیکل کا انجن یکدم سے رک گیا۔ نتیجہ یہ کہ موٹر سائیکل کے اسٹارٹر پر دولتیاں جھاڑ رہے تھے اور تانگہ تھا کہ نکلا جاتا تھا۔ پر ہر دم یہ خیال کہ اب روانہ ہوتے ہیں۔ ایک دوست کی موٹر سائیکل تھی جس کے بھید سے میں قطعی واقف نہ تھا۔ نتیجہ ظاہر۔ تانگہ آنکھوں سے اوجھل ہوگیا۔ اب میں اپنے دوست کو دوڑاتا ہوں تو بیچ میں کانسٹبل مخل۔ بات کاٹ کر کہتا ہے کہ موٹر سائیکل ایک کنارہ کرو۔ کی۔ اور دوست احمق کو پیدل ہی دوڑایا کہ جس طرح بھی بن پڑے تانگہ کو پکڑا کریں۔

موٹر سائیکل نے کافی وقت لے لیا جب چلی۔ مگر بیکار۔ تانگہ نکل چکا تھا اور دوست بھی لاپتہ۔ تھوڑی دور آگے بڑھکر دوراستہ آگئے اور میں ناامید ہوگیا۔ دوست بھی لاپتہ۔

مگر موٹر سائیکل پھر موٹر سائیکل ہے اور میں نے یہ سوچا کہ ہر سڑک انتہا تک پوری دیکھی جائے اور اس کوشش میں اور بھی الجھ کر رہ گیا۔ سڑک اور سڑک میں گلی اور موڑ۔ ایک لامتناہی سلسلہ تھا۔ نتیجہ یہ کہ مغرب کا وقت آپہونچا اور میں نہیں کہہ سکتا کہ اب میں کہاں تھا اور مقصد سے کتنی دور۔ کہ ایک طرف ہو کر میں نے لیمپ روشن کیا۔ ایک سگرٹ پیا اور پھر کسی طرف مڑا ہی تھا کہ یکدم کیا دیکھتا ہوں کہ سامنے سے وہی تانگہ چلا آرہا ہے۔

میں نے فاصلہ سے تانگہ کا پیچھا کیا۔ اور ایک آدھ گھنٹہ میں تانگہ منزل مقصود پر پہونچا۔ نسبتاً ایک غیر معروف سی سڑک کے کنارہ ایک اچھے خاصے مکان کے دروازہ کے سامنے تانگہ رکا۔ میں نے دور ہی سے دیکھا کہ مکان کا پھاٹک کھلا اور دو اتر گئیں۔ مگر اس وقت تنہا تھیں۔ صاحب خانہ کی ملازمہ البتہ اتر کر آئی تھی۔ اب میں لاکھ اس کمرے کو تلاش کرتا ہوں کہ جس کھڑکی اور دروازہ کا ذکر اس خط میں تھا لیکن بیکار۔ وہاں تو کوئی ایسا کمرہ ہی نہ تھا۔ جب میں بیحد حیران ہوا تو خیال آیا کہ ممکن ہے اس مکان کی پشت پر ایسا کمرہ ہو۔ اس مقصد کیلئے مجھکو سڑک کی پوری مسافت طے کر کے دوسری سڑک پکڑنا پڑی جو گلی کے طور پر تھی لیکن بہت جلد معلوم ہوگیا کہ مکان کا پشت کی طرف سے شناخت کرنا دشوار ہے۔ قصہ کو اس طرح مختصر کرتا ہوں کہ دو دفعہ اسی سڑک پر جا کر واپس آنا پڑا تب جا کر کوئی اندازہ لگا سکا۔ ایک سیاہ رنگ کا ٹوٹا پھاٹک تھا۔ ایک پٹ تھوڑا سا کھلا ہوا۔ اندر جھانک کر دیکھا تو ایک مختصر سا احاطہ جس میں شکستہ گاڑی سے لیکر ٹوٹے ہوئے صندوق تک ہزاروں قسم کا کوڑا ڈھیر تھا۔ اور داہنی طرف ایک پتلا سا دروازہ بتا رہا تھا کہ یہ زینہ ہے۔ اس زینہ کے اوپر ایک بالاخانہ البتہ ایسا تھا جو کسی طرح خط کی تفصیل سے منطبق ہو سکتا تھا۔ کھڑکی ایک چھوڑ دو اور ایک۔ دروازہ بھی۔ جو اس وقت بند تھا۔ گلی اور مقام قطعی سنسان میں۔ بہت جلد یہاں سے نکل چلا گیا اور سیدھا اپنے دوست کے گھر پہونچا۔ انکی دانست میں ہمارا یہ رومانس بھی خوب رہا اور ختم ہوگیا۔ زندہ باد! میں نے کہا پہلے مانس ختم ہوا کہ شروع! اس میں کچھ شک نہ تھا کہ خط میں جو شے مانگی تھی وہ شراب تھی اور عورت قطعی بدچلن۔

وہ بولے "تو کیا بوتل لیکر جانے کا ارادہ ہے؟"

میں نے کہا "بھئی چاہیئے تو یہی، سوچ رہا ہوں"

"اور جو دھوکا ہوا کچھ"

"باشد۔ اور دھوکہ کا احتمال نہ ہوا تو پھر رومانس ہی کیا"

"بسم اللہ" وہ بولے "جائیے۔ بندہ ہر خدمت کو حاضر ہے"

میں نے کہا۔ مجھے ذرا بھی ڈر نہیں۔ ہاں ہم اگر نہ ملوں تو چلو مکان دیکھ لو۔ پولیس کو لیکر پہونچنا۔ مردہ یا زندہ۔ ڈھونڈ نکالنا"

اور واقعی میں نے اُن کو فاصلہ سے مکان دکھایا اور وہ ہر طرح ڈرا دے دیکر مجھے روکتے رہے۔

شراب سے مجھکو روایتی نفرت تھی اور وہ بھی بیحد۔ مگر سردست تو وہسکی کی ایک بوتل خریدی اور چپکے سے در بغل وہاں پہونچا۔ رات کا اول وقت تھا اور میں وقت مقررہ پر پہونچا۔ سردیوں کا موسم تھا۔ اِدھر اُدھر چوروں کی طرح دیکھکر میں جھٹ سے احاطہ میں گھس گیا اور چوروں ہی کی طرح اس تنگ و تاریک زینے پر چڑھ گیا۔ زینہ ایک مختصر اور تاریک سی گیلری پر ختم ہوا اور اسی گیلری میں ایک دروازہ اور دو کھڑکیاں تھیں۔ دروازہ اندر سے بند تھا مگر کھڑکی کا ذرا سا پٹ کھلا تھا اور میں نے آہستہ سے ذرا اور کھول کر لوہے کی سلاخوں میں سے ہاتھ اندر ڈالکر بوتل رکھ دی۔ معاً میں چونک پڑا۔ اس لئے کہ کسی نرم و نازک ہاتھ نے ایک

ہاتھ سے بوتل لیتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے میری کلائی پکڑ کر ایک زور دے شکریہ کی جھٹکی لی اور غائب۔ اب میں گھور گھور کر اندر اندھیرے میں دیکھ رہا تھا لیکن وہاں تو قبر کی سی خاموش تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ تاریکی انتہا سے زیادہ خاموش اور مسلس معلوم دی اور ایک دم سے بدن میں ٹھنڈک سی محسوس ہوئی۔ کبھی یہ رومانس اسی جگہ تو ختم نہیں ہو گیا! اور سوئی صدی دل نے کہا کہ ایسا ہی ہوا۔

جس طرح گیا تھا اسی طرح واپس آیا اور سوچتا ہوا چلا گیا۔ سیدھا چائے والے کی دکان پر۔

ادھر اُدھر گھومتا رہا حتیٰ کہ وقت مقررہ آیا۔ طرح طرح کے شکوک آرہے تھے لیکن اب تو بوتل جا چکی تھی۔ بنظر احتیاط ایک خوفناک چاقو خریدا کہ اگر خطرہ سے سابقہ پڑے تو کام آئے۔

رات خنک اور خاموش تھی۔ ہوا میں سکون تھا اور سڑک پر سناٹا۔ سوائے اکا دکا راہگیر کے۔ فاصلے سے گرامونوں کے بجانے کی صدائیں البتہ آرہی تھیں۔ دھیمی دھیمی روشنی دور کی لالٹینوں سے دھوئیں میں سے چھن چھن کر آرہی تھی۔ یا پھر دو منزلہ عمارتوں کے بلند بالا خانوں کی کھڑکیوں سے جگہ جگہ روشنی کی سلاخیں فضا میں پھیلے ہوئے دھوئیں سے جھگڑ رہی تھیں۔

احتیاط اور تیزی سے میں احاطہ میں داخل ہوا۔ کھڑکی سے کمرہ کی روشنی کا پتہ چلتا تھا۔ زینہ پر کان لگائے آہستہ آہستہ چڑھا۔ خوف بھی غالب تھا۔ گیدری میں لپٹا ہوا خنجر انتہائی خاموشی سے دروازہ پر ہاتھ رکھا۔ کھلا پایا۔ قدرے ٹھٹکا۔ پھر آہستہ سے دروازہ کا پٹ کھول کر اندر سر ڈالکر پردے کی آڑ سے دیکھا۔

چھوٹا سا کمرہ تھا۔ چاندی کا پاکیزہ فرش ہو رہا تھا۔ بیچ میں مخملی قالین۔ دو چار چھوٹے بڑے تکیے ادھر اُدھر بے ترتیبی سے بکھرے تھے اور قالین پر وہی شراب کی بوتل کچھ مان خورد نوش اور دو گلاس ایک میں۔ شراب بھری تھی اور دوسرا خالی۔ دو بوتلیں سوڈے کی قریب رکھی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے ابھی ابھی کوئی اٹھ کر گیا ہے۔

کمرے کے اندرونی دروازے دو اور تھے اور دونوں بند۔ ایک کونے میں ایک نیچی سی مسہری تھی اور کمرہ خالی۔ کمرہ بجلی کی روشنی سے بقعۂ نور بنا ہوا تھا۔

میں نے ادھر اُدھر دیکھا اور اندر داخل ہوا۔ داخل ہونا تھا کہ دو نرم اور نازک ہاتھوں نے ایک دلربا مگر خفیف ہنسی کے ساتھ پیچھے سے میری آنکھیں بند کر لیں!!۔

میں نے رسمانیت سے نازک ہاتھوں کو اپنی آنکھوں پر سے ہٹایا اور مڑا جو ہوں .....

چشم زدن میں ایک انتہا سے زیادہ سطحی اور تھکی ہوئی نوعِ خاتون میری گود میں تھی۔ میں مبہوت ہو کر رہ گیا۔ ایک پھول تھا مسکراتا ہوا، انکھیر مخمور، چہرہ سراپا نور خود نشہ میں چور کھڑی جھوم رہی تھی!

میں نے آہستہ سے اپنی گرفت ڈھیلی کی اور چھوڑتے ہوئے سر سے پیر تک دیکھا۔ چہرہ اس قدر سرخ و سفید کہ معلوم ہے رنگ بھرا ہے! ہونٹ جیسے دہکتا ہوا انگارہ، چہرہ پر حسن کی وہ گرمی کہ معلوم ہے کوئی شے ہے کہ بھڑک رہی ہے۔

انہوں نے دروازہ بند کیا اور کہا "آرام سے بیٹھیے"

میں نے چوغہ اُتارا۔ کوٹ اور ٹوپی اُتاری اور ہم دونوں بیٹھ گئے اور میں نے گفتگو شروع کی۔

"آپ نے مجھے پہچان لیا؟"

"قطعی" چہرے پر بے پناہ مسکراہٹ پیدا کرتے ہوئے بولی۔

میں نے کہا "میری تصویر میں اور مجھ میں کچھ فرق ہے؟ ..... کچھ زیادہ فرق؟"

جواب میں غور سے مجھے دیکھا۔ آنکھوں میں پریاں ناچ رہی تھیں، چہرہ پر عجیب لرزش تھی۔ سُرخ انگارہ سے ہونٹ ذرا کھلے ہوئے جو ایک برق پاش تبسم میں جنبش میں آئے "اب تصویر سامنے ہوتی تو بتاتی"

اور یہ کہتے ہوئے گلاس میری طرف بڑھایا۔ اور میں نے کہا۔

"ساقی بجلوہ دشمن ایمان و آگہی!

مجھے تو اس سے معاف رکھیں"

"معاف!"

"جی ہاں مجھے اس سے شوق نہیں ہے"

اور یہ آغاز تھا ایک حد سے زیادہ تقویٰ شکن ضد اور بحث کا جو شراب کے نشہ میں بہت جلد ایک انتہا سے زیادہ بیہیا اور بدمست کشمکش میں تبدیل ہو گئی۔ شراب اور شراب کے تاثرات کے ساتھ یہ میرا پہلا تجربہ تھا۔ میں نے عورت کو اس قدر بیحیا، بیباک اور بدمست کبھی نہ دیکھا تھا۔ بلکہ عورت میں اس درجہ بے حیائی میں نے کبھی نہ تھی۔ مگر خدا۔ مذہب بھی کیا شے ہے! اس آگ برستے میں کہاں پہنچا ہوں! مجھے اس وقت احساس ہوا! یہ احساس کہ مذہب نے اس شے کو کیوں حرام کیا ہے۔ جو چیز عورت سے اس کی انسانیت یکسر چھین کر بیحیائی پیدا کر دے

اس سے بدتر اور حرام تر بھی کوئی شے ہے۔۔۔۔۔۔"

اُن کی بات کاٹ کر میں خود چیخ اُٹھا "حرام! حرام! قطعی حرام ... خُدا ہمیں معاف کرے ... معاف کرے ...."

وہ بھی چلائی "معاف کرے ... معاف کرے ...."

اور ہم دونوں نے گفتگو روک کر کس کس کر ایک دو چٹکیاں ایسی لیں کہ "گن گنا" اُٹھے۔ اور اُنہوں نے اپنا قصّہ جاری کیا۔

"ہاں جناب ... کیا عرض کروں ... مگر آپ خود سوچئے کہ یہ مذہبی احساس کر ہی کیا سکتا تھا!

ع: توبہ کر زاہد! کروں توبہ میں ایسی حال میں!

لہٰذا توبہ کا تو سوال نہیں ہاں شراب سے انکار میں نے ضرور کیا اور وہ بھی بیحد۔

"نہیں مانوگے" اُس نے بے پناہ شوخی سے اپنی آنکھوں کو عجیب انداز سے جھپکاتے ہوئے کہا "..... جو بچّہ دوانہ پیئے تو کیسے پلاتے ہیں ....."

میں نے اس "رنگ فطرت" کی طرف دیکھکر مسکرا کر پوچھا "کیسے؟"

"بتاؤں پھر ...."

"بتاؤ"

"ایسے .... دیکھو ایسے ہاتھ پکڑتے .... اور ایسے .... ایسے بچھاڑ کر ... دبا کر ... ایسے ..."

جیسے کوئی ڈرامہ کا ایکٹنگ ہوتا ہے! مجھے سچ مچ بچّے کی طرح پچھاڑ کر زبردستی دوا پلائی جانے لگی! میں فرش پر چت پڑا! اور وہ میرے سینہ پر سوار۔ مجھے ایک بچہ کی طرح گھٹنے اور کُہنی سے دبائے!

بائیں ہاتھ سے اُس نے میرے رُخسار وں میں انگوٹھا اور انگلی اس زور سے گڑائی کہ مُنہ کھلا کا کھلا رہ گیا! اور آتش سیّال میری حلق میں ڈالنا شروع کی!

کبھی پی نہ تھی لہٰذا اتنی بدمزہ کہ بیان سے باہر مگر جس طرح پلائی جارہی تھی شاید زہر بھی مزیدار ہوتا۔

تھوڑی تھوڑی کر کے۔ ایک ایک گھونٹ۔ ایک سو ایک بڑا۔ جتنا جی چاہا اُس نے پلائی اور میں اُسی طرح پڑا تھا۔

میں اُس کے مشتعل چہرے کو دیکھ رہا تھا۔ آنکھوں میں آنکھیں ڈالے۔ ایک چشم زدن میں دیکھتے ہی دیکھتے مجھے دو آتشہ لے اُڑا!۔

ایک دم سے ہر شے ایک دلچسپ جنبش کے ساتھ رقصاں نظر آئی۔ اس کا چہرہ سرخ سے سرخ تر معلوم ہونے لگا کہ جیسے آگ سی جل رہی ہو۔ اُس کے چہرے کی ہر لرزش اور مسکراہٹ سے آنکھوں میں عجیب طرح کی جھپکیاں سی لگتی معلوم ہوئیں۔ ایک متزلزل اور متحرک عالم خوابناکی طاری ہونے لگا اور ایک عجیب سُرور اور بیخودی کا سا عالم ہو گیا۔ اُسنے مجھے غور سے دیکھا۔ بہت غور سے۔ ایک عجیب انداز فاتحانہ سے مُسکراتے ہوئے۔ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر۔ آہستہ سے میرے رخسار پر ایک طمانچہ مار کر ایک نرم قہقہہ لگاتے ہوئے کہا "کھل گئی"

میں مُسکراتا ہوا اُٹھا۔ اُس کے ہنسنے کا ترنم عجیب دلرُبا معلوم ہو رہا تھا۔ اُس نے پلیٹ میں سے ایک کباب اُٹھا کر دیا۔ میں کھاتا جاتا تھا مُسکراتا جاتا تھا اور اُس کے سُنہری بالوں کو ہر جنبش کے ساتھ دیکھتا کہ کس طرح وہ بجلی کی تیز روشنی میں باریک سے باریک تر ہوتے جارہے ہیں۔ اور اُن کی چمک سورج کی شعاعوں کی طرح سفید ہو کر چہرے کی سرخی کے ساتھ عجیب کیفیت پیدا کر رہی ہے! اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ اور پی اور دیر تک یہی شغل جاری رہا۔

صبح کے چار بجے ہونگے جب میری آنکھ کھُلی۔ سوتے وقت بجلی گُل کر دی تھی۔ آنکھ اس طرح کھُل کر گڑی سی اور سخت پیاس معلوم دی۔ میں آہستہ سے اُٹھا اور بستر سے نکل کر بجلی روشن کی تاکہ صراحی دیکھ سکوں کہ کدھر ہے۔

بجلی جلانی تھی کہ میں ششدر رہ گیا۔ میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی کیونکہ آپ یقین کریں کہ وہ سرخ و سفید آتش کا پرکالہ غائب! وہاں تو کوئی اور نوعمر لڑکی محوِ خواب تھی۔

پانی پینا چھوڑ چھاڑ میں قریب آیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حد درجہ معصوم اور مظلوم سا چہرہ۔ چہرے سے بھولا پن اور بچپن ٹپک رہا تھا۔ اچھا گورا رنگ اور نہایت ہی نیک نقشہ۔

ابھی میں دیکھ ہی رہا تھا کہ وہ کلبلا کر جاگ اٹھی اور روشنی کے سبب اُس نے آنکھیں بھینچ لیں اور مجھے دیکھا ہے کہ ایک دم سے وہ اُچھل پڑی۔ ایک دبی ہوئی چیخ اُس کے مُنہ سے نکلی اور انتہائی بدحواسی کے ساتھ اُٹھ کر بھاگی۔ اور دروازہ کھول کر اندر غائب!

میں حیرت زدہ کھڑا کا کھڑا رہ گیا کہ الٰہی یہ ماجرا کیا ہے اور آہستہ سے دروازے کی طرف بڑھا۔۔۔۔

میرے دلچسپ دوست نے اپنے قصّہ کو اس نوبت تک پہونچایا تھا کہ عجیب ہی آفت آئی۔ دراصل ہم دونوں تو شراب اور باتوں میں محو تھے اور ہم نے دیکھا بھی نہیں کہ ایک نوجوان شخص انکی والدہ صاحبہ کو لے اُڑا۔ اور دونوں نکل کر سڑک پر پہنچے تھے کہ میرے

دوست نے دیکھا۔

"ایسے ... لے ... لینا۔ پکڑنا ... جانے نہ پائے ..." چیختے ہوئے دوڑے اور میں اُنکے ساتھ! مگر قبل اس کے کہ ہم اٹھیں میرے دوست کی والدہ معظمہ مع اُس اجنبی کے میرے یکہ پر بیٹھ کر ہوا ہو گئیں۔

سڑک جھیل کے کنارے بائیں طرف کو گھومتی چلی گئی تھی اور بہت جلد ہمیں معلوم ہو گیا کہ یکہ پکڑنے کی صرف ایک ہی صورت ہے۔ درختوں کی آڑ سے جھپٹ کر یکہ کو آگے سے لیں۔ اس لئے یکہ کو کافی چکر کھا کر اس جگہ آنا تھا اور ہم سیدھے دوڑ کر پہونچ سکتے تھے۔ لہٰذا ہم دونوں سیدھے سڑک والے راستہ اور تعاقب کے خیال کو چھوڑ کر بائیں ہاتھ کے ایک ٹیلہ کی آڑ میں ہو کر بھاگے۔ چشم زدن میں بانسوں اور درختوں کی گنجان قطار کو پار کر کے یکہ سے بہت پہلے ایک مناسب مقام پر پہونچ گئے اور ایک جھاڑی میں چھپنے بھی نہ پائے تھے کہ یکہ آگیا اور پوری رفتار سے ہمارے سامنے سے گذرا۔ ایک صاحب صورت جنٹلمین۔ نوجوان، کالا کوٹ اور سفید پتلون۔ سر پر ترکی ٹوپی، دونوں پیر پائیدان پر رکھے اور دونوں ہاتھوں سے یکہ کے ڈنڈے پکڑے فاصلہ پر مجھے دیکھ رہے تھے۔ یکہ کے بیچ میں میرے دوست کی خوبصورت والدہ بیٹھی ہوئی تھیں۔ ایک انتہا سے زیادہ گوری چٹی اور خوبصورت نوجوان عورت۔ سر پر نقاب اور حیرت سے وہ بھی اُدھر ہی دیکھ رہی تھیں۔

جیسے ہی یکہ آیا ہے بجلی کی طرح تڑپ کر ہم دونوں نکلے۔ میں نے ایک کر اُس شخص کی دونوں ٹانگیں پکڑ کر زور سے گھسیٹا مگر وہ یکہ کے ڈنڈے اس مضبوطی سے پکڑے تھا کہ ممکن ہے میری کوشش رائیگاں جاتی کہ میرے حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب میں نے دیکھا کہ میرے دوست کی والدہ نے میری اس طرح مدد کی کہ اپنے ساتھی کے ہاتھ ڈنڈے سے چھڑا دئے اور وہ دھم سے گرے زمین پر۔ دونوں پیر میرے ہاتھ میں! ابھی میں نے شاید پیر چھوڑے بھی نہ ہونگے کہ میرے ساتھی چشم زدن میں اُچھل کر یکہ پر پہونچے اور پٹرا جو گھوڑے پر ہنٹر تو دوڑ تو رہا ہی تھا اور بھی تیزی سے لے اڑا! ایسے کہ چشم زدن میں سوائے دھول کے یکہ کا پتہ بھی نہ تھا۔

میں ہکا بکا کھڑا کا کھڑا رہ گیا۔ عجیب سوچ میں کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہوا۔ میرا یکہ والا خود مجھے دغا دے گیا!

اب میں نے اِن نئے ساتھی کی طرف دیکھا جنکی لطیف صحبت حاصل کرنے کے لئے سر دست بالکل ہی نیا طریقہ اختیار کیا گیا تھا۔ یہ حضرت ایک ذرا دیر تو اپنا کولھا پکڑے چوٹ کے سبب بیٹھے رہے غلیظ ہوا کہ سڑک کچی تھی ورنہ اور بھی سخت چوٹ آتی۔ اب یہ حضرت دھول جھاڑتے کولھا پکڑے لنگڑاتے اٹھے اور ادھر میں اب یہ دیکھ رہا تھا کہ ساتھی کے تبدل کو اب میں کس نظر سے دیکھوں۔

ان کی نظروں کا یہ حال کہ معلوم ہے مجھے کھا ہی تو جائیں گے۔ اور یہ واقعہ ہے کہ اگر کہیں میں ان حضرت سے طاقت میں دوگنا نہ ہوتا تو شاید یہ مجھے مار ہی ڈالتے۔

اور مجھے اس کا افسوس علیحدہ کہ ایک دلچسپ ترین قصہ ہی اُدھورا رہ گیا! نہ معلوم پھر کیا ہوا؟ اور وہ دوسری لڑکی کون تھی؟۔

اب میں نے ایک بامعنی مُسکراہٹ کے ساتھ پوچھا "فرمائیے۔ یہ قصہ کیا ہے؟"

وہ بھنا کر گردن کو جنبش دیکر جل کر بولے "چہ خوش" اور رہے سہے غصہ کے گردن ٹیڑھی کر کے رہ گئے۔

میں نے ایک دو لفظوں میں ان کو بتایا کہ میں ان کو کس حد تک جان سکتا تھا۔ ایک وقتی ملاقات تھی حد یہ کہ نام تک نہ جانتا تھا۔ بلکہ یہ سمجھے تھا کہ یہ خاتون بہن ہیں اور ماں بھی ہیں یعنی دو عورتیں۔ چنانچہ میں نے اتمام حجت اس طرح کیا "میں بھلا آپکے سوالات کا کیا جواب دے سکتا ہوں جبکہ میں انکو اتنا ہی جانتا ہوں جتنا کہ آپکو"

وہ کچھ بگڑ کر بولے "تو پھر آپنے مجھے یکہ پر سے کیوں گھسیٹ لیا ...؟"

میں نے کہا "اور آپ میرا یکہ لئے بھاگے جاتے ہیں۔ مع میرے دوست کی والدہ کے!"

"کیسی والدہ! کیا فرماتے ہیں جناب؟ وہ قطامہ میری مقررہ بیوی ہے!"

"آپکی بیوی؟"

"جی ہاں۔ اور میں کہاں کہاں سے اس کا سراغ لیتا پہونچا ہوں۔ ذرا غور کیجئے کہ یہ مسافت بائیسکل پر لے کی جو دوسرے یکہ کے پاس پڑی ہے۔ کس مصیبت سے آپکے یکہ والے کو دس روپے نقد دیکر راضی کیا۔ اور آپ دونوں کو مشغول دیکھکر کس طرح اس قطامہ کو چاقو کی نوک دکھا کر، قتل کی دھمکی دیتا نکال لایا تھا کہ آپ نے سارا کھیل بگاڑ دیا"

"لاحول ولاقوۃ" میں نے کہا "اگر آپ سیدھے میرے پاس چلے آئیں تو وہ کیا کر سکتا تھا۔ ہائے گھونسوں کے اُس کا بُرا حال کر دیتا اور آپکی بیوی آپکے حوالہ کرتا"

"مگر مجھ کمبخت کو کیا معلوم۔ یہ بھی نہیں معلوم کہ کمبخت ہے کون اور اس قطامہ کو اپنی ماں کیوں کہتا ہے۔ میں اب کیا کروں اور کہاں جاؤں؟"

میں نے کہا "بندہ پرور سر دست تو میرے ساتھ چلئے اور غم غلط کیجئے۔ میں بھی رنجور ہوں کہ اکیلا رہ گیا۔ چلئے آئیے، اور یہ کہکر میں نے ان نئے ساتھی کو محبت سے ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ لیا اور واپس جھیل کے کنارہ پہونچا۔

اپنے نئے ساتھی کے ساتھ باتیں کرتا میں اب جھیل کی طرف چلا۔ کہنے لگے کہ "اور کیا باتیں ہوئیں"

میں نے مفصل بتایا کہ کیا باتیں ہوئیں اور کس طرح ہم ایک دوسرے کے شراب پینا سیکھنے کے قصہ کو سن رہے تھے۔

وہ مسکرا کر بولے "آپ کچھ زیادہ پیتے معلوم ہوتے ہیں"

میں نے کہا "ہرگز نہیں۔ میں اس اندازے پیتا ہوں کہ نشہ کا چڑھاؤ یکساں قائم رہے اور کم نہ ہو۔ آپ بھی شاید پیتے ہیں؟"

"شاید!" کہکر انہوں نے قہقہہ لگایا "اس قطامہ سے جس کو سروکار ہو وہ اس سے بچ بھی سکتا ہے"

"اچھا!" میں نے کہا "اس نے سکھائی ہے!... آپکو!"

"جی"

"شراب پیتی ہے؟"

"خوب۔ اور اس قطامہ سے جس کو سروکار ہو وہ اس سے بچ بھی سکتا ہے!"

میں نے ہنسکر کہا "یہ بھی خوب رہا کہ ہم تینوں نے عورتوں ہی سے شراب پینا سیکھی"

"انہوں نے بھی اسی قطامہ سے سیکھی ہوگی"

میں نے کہا "نہیں انہوں نے تو کسی اور سے سیکھی۔ دراصل کا قصہ بھی دلچسپ تھا جو ادھورا رہ گیا"

اب ہم جھیل کے کنارے پہونچ گئے۔ میں نے نئے دوست کو بٹھاتے ہوئے اشکنام پوچھا۔ معلوم ہوا رفیق احمد ہے۔ اور پھر ہم دونوں نے شغل شروع کر دیا۔ میں نے تو جلدی کھانا شروع کر دیا سلئے کہ کافی پی چکا تھا اور وہ شراب سے شغل کرنے لگے۔

میں نے اُن سے پوچھا کہ "یہ عورت ہے کون؟ آپکی منکوحہ ہے تو بھاگ کیسے گئی؟"

اُنہوں نے اس عورت کا عجیب و غریب قصہ سنایا۔ کہنے لگے "اگر آپ میری مدد کا وعدہ کریں تو میں آپکو اس عورت کا سارا حال بتادوں دراصل اس کی صورت شکل اور حسن ظاہری نے مجھے دیوانہ کر رکھا ہے اور اب بھی اسکے سابقہ گناہوں سے درگذر کر سکتا ہوں۔ لیکن اسکے جو اُسنے دھوکہ دیا تو کیا کرونگا..."

"ناک کاٹ لینا..."

وہ بولے "ناک کاٹنا آسان نہیں ہے"

"ہم کاٹ دیں گے" میں نے کہا اور اشارۃً اپنے کوہپر دہ میں رکھتے ہوئے بتایا کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جو اس کام کو کر دیں گے اور خود میں نے اس کو گرفتار کرنے میں امداد دینے کا وعدہ کیا۔

کہنے لگے "اس عورت کا قصہ بھی عجیب و غریب ہے.... بلکہ میری دور قریب کی یہ عزیز ہے"

"عزیز ہے! تب تو آپ کو اس کے پوست کندہ حالات معلوم ہوں گے....."

"جی ہاں.... یہ دراصل ایک ترک سپاہی کی لڑکی ہے۔ میرے والد کی رشتہ کی خالہ تھیں۔ اُن کی ایک بیوہ لڑکی تھی اور کوئی نہ تھا۔ اس لڑکی کی عمر کوئی بیس سال کی ہوگی۔ اور وہ بہت خوبصورت تھی۔ اس بیوہ کا عقد ثانی ایک ترک سپاہی نشاطبے سے ہوگیا۔ نشاطبے عجیب و غریب قد و قامت اور وجاہت کے آدمی تھے۔ ۱۸۹۷ء کی جنگ یونان و روم میں اُنہوں نے حصہ لیا تھا اور اوتھم پاشا فاتح تھسلی کے سپاہیوں میں تھے۔ اپنے کو غازی اور فاتح تھسلی و یونان کہتے تھے۔ اور تھے بھی واقعی فاتح یونان۔ تین گولیاں کھائے ہوئے تھے اور ایک سنگین کا زخم داہنے بازو پر تھا۔ یہ حضرت ہم لوگوں میں آکر ایسے عزیز ہوئے کہ ان کا عقد ثانی ان خوبصورت بیوہ سے ہوگیا۔ ان کی گذر اوقات کیلئے پندرہ بیس روپے کی دو کانات تھیں۔ علاوہ اس کے یہ ترک ایسے تھے کہ جہاں جاتے روساء ان کو مہمان رکھتے اور نقد روپیہ دیتے جو یہ خوب خرچ کرتے تھے۔ ان ترک کے ایک لڑکی پیدا ہوئی جو آپ کے سابق ہم پیالہ کی مفروضہ "اماں" اور میری منکوحہ ہوئی ہے۔ یعنی یہ قطامہ!

جس روز یہ لڑکی پیدا ہوئی اُسی روز کسی مہاجن نے نشاطبے کو ایک مُہر نذر کی تھی۔ اس مُہر پر گلال چڑھا ہوا تھا اور سُرخ تھی۔ اسی روز یہ پیدا ہوئی تو نشاطبے نے لڑکی کا نام "لال مُہر" رکھا اس لئے کہ لڑکی کا رنگ بہت زیادہ سُرخ تھا۔ اور وہ سونے کی سُرخ مہر کی طرح پیاری تھی۔ یہ نام پیار کا تھا۔ ورنہ اصل نام اس کا دلآرام خانم ہے۔

نشاطبے کو شراب کی عادت ہوگئی۔ وہ بھی اس طرح کہ انکو

ڈاکٹروں نے شراب کو انڈے کی زردی میں پھینٹ کر پینا بتایا۔ نشاط بے بڑے کٹر مسلمان تھے اور انہوں نے وہ لے دے کی کہ خدا کی پناہ۔ درجنوں مولویوں سے امداد لی گئی تب جا کر جائز قرار پائی۔ غرض اس دوا کو انہوں نے ایسا شروع کیا کہ تھوڑے عرصہ میں اچھے خاصے شرابی ہو گئے۔ شراب خواری کی انتہا کر دی۔ لال مہر بڑی چہیتی لڑکی تھی اور باپ کی شراب کی الماری کی کنجی اسی کے سپرد تھی۔ اکثر باپ لڑکی کو بھی تماشہ دیکھنے کو دو گھونٹ ہی پلا دیتے۔ بڑی ہوئی تو خود چپکے چپکے پینے لگی۔ نشاط بے مرے ہیں تو لڑکی شراب کے مزے سے بخوبی واقف ہو چکی تھی۔

نشاط بے مرے ہیں تو میری عمر گیارہ یا بارہ برس کی تھی۔ لال مہر کی عمر ہو گی کوئی چودہ برس کی۔"

"آپ سے بڑی ہیں!؟"

"جی ہاں — یہ جب کا ذکر ہے کہ ایک عرصہ دراز کے بعد میں نے اُن کو اپنے چچا کے مکان میں دوپہر کو سوتا ہوا دیکھا۔ نشاط بے پانچ چھ سال سے بمبئی میں رہتے تھے اور وہیں مرے اور اُن کے مرنے کے بعد ہی کا واقعہ ہے جو میں بیان کرتا ہوں۔

یہ گھر میرے چچا یعنی میرے والد کے چچازاد بھائی کا تھا۔ انکا چھوٹا لڑکا احمد میرے ساتھ اسکول میں پڑھتا تھا۔ ہم دونوں کو ڈرائنگ ماسٹر نے نقشے دئے تھے جن میں رنگ بھرنا تھا۔ اپنے گھر بیٹھکر ہم دونوں نے رنگ بھرا۔ احمد چلا گیا۔ اب میں نے رنگ کا بکس جو سنبھالا تو کیا دیکھتا ہوں کہ سُرخ رنگ کی ٹکیا غائب۔ میں نے بہت ڈھونڈی اور نہ ملی تو میں سمجھا کہ احمد چرا لے گیا اور میں سیدھا اُنکے گھر پہونچا۔

مکان اس طرح کا تھا کہ بڑا وسیع صحن تھا اور اصل مکان دو حصوں میں تقسیم تھا۔ میں نے گھر میں پہونچکر احمد کو پکارا۔ یہ سوچکر کہ صحن کی دوسری طرف کھپریل کے دالان میں ہو گا۔ عورتیں علیحدہ کمرے میں سینے پرونے میں مشغول تھیں۔

احمد نے تو کوئی جواب نہیں دیا بلکہ اس کے بدلے کیا دیکھتا ہوں کہ سید بھائی دالان کے داہنے سرے کی کوٹھری میں کھڑے میری طرف اشارہ کر کے بلاتے ہیں۔ میں سید بھا پہونچا تو اُنہوں نے وجہ دریافت کی۔ میرے بتانے پر اُنہوں نے چہرہ کو بھیدگیدہ بنا کر کہا: "تمہاری رنگ کی ٹکیا چوری گئی اور اب نہیں مل سکتی۔"

"کیوں؟"

وہ بولے: "ہم بتا تو دیں" خاموشی کا اشارہ کرتے ہوئے۔

میں نے کہا: "بتلایئے۔"

دروازے سے چپکے سے سرکا نکال کر اُنہوں نے برآمدہ کے دوسرے سرے کے انتہائی حصہ کی طرف ایک چارپائی کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ "اُنہوں نے لے لی ہے۔"

اور میں نے دیکھا کہ لال مہر پڑی غافل کھٹری چارپائی پر سو رہی ہیں میں نے مسکراتے ہوئے کہا: "جائیے بھی ....." اور اتنا کہکر میں چلنے لگا۔

"ارے!" اُنہوں نے کہا: "میں جو کہتا ہوں۔"

"اُنکے کس کام کی؟" میں نے کہا۔

"ارے اُنہوں نے ابھی ابھی تو پانی میں گھول کر اپنے مُنہ پر رنگ ملا ہے۔ مُنہ پر اور ہونٹوں پر۔"

میں نے ہنستے ہوئے کہا: "جائیے بھی۔ وہ تو گوری ہیں۔"

بولے گدھے" سید بھائی نے ہنستے ہوئے کہا: "گوری تو ہیں مگر تجھے نہیں معلوم کہ آفندی صاحب ان کے رنگ ملا کرتے تھے۔ ارے یہ رنگ ملتی ہیں۔ نہ یقین ہو جا کر دیکھ لو۔ دیکھ لو جا کر۔"

میں ایسا گدھا نہ تھا مگر باتوں میں آگیا۔ اور آہستہ آہستہ وہاں پہونچا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ واقعی رخساروں اور ہونٹوں پر وہ رنگ آمیزی کر معلوم ہے سچ مچ رنگ مل لیا۔

اب حقیقت یہ تھی کہ سید بھائی جو کچھ بھی مجھ سے کہہ رہے تھے وہ لال مہر سب کچھ سُن رہی تھی۔ بنی ہوئی سو رہی تھیں۔ میں قریب پہونچا تو میں نے سید بھائی کی طرف مڑکر دیکھا۔ اُن کے بیان کو سمجھ میں نہ آیا کہ صحیح سمجھوں کہ غلط، کہ اُنہوں نے وہیں سے مجھے اشارہ کیا۔ میں سمجھ گیا اور میں نے نہایت آہستہ سے ذرا آگے بڑھ کر داہنے ہاتھ کی انگلی اپنی زبان سے تر کر کے لال مہر کے رخسار پر نہایت ہی آہستہ سے گھسی کہ رنگ ہو تو انگلی میں لگ آئے۔ اور میرا سمجھنا تھا کہ اٹھی لال مہر بڑبڑاتی صورت جلال اور ایک چانٹا کس کر میرے گال پر دیا۔ چانٹا تو میں نے ہاتھ پر لیا مگر گھبرا کر بھاگا۔ مگر میں نے ایک عجیب و غریب بات دیکھی۔ وہ یہ کہ کس طرح لال مہر سید بھائی کی طرف دیکھکر بڑبڑانے کے دوران میں مسکراتی ہے۔ اس کا بار بار مسکرا کر ادھر دیکھنا، ایک عجیب انداز سے۔ اور پہلا کام جو لال مہر نے کیا وہ یہ کہ جھٹ سے لوٹا اور صابون لیکر سامنے ہی اس طرح کہ سید بھائی بخوبی دیکھ لیں، اپنا مُنہ رگڑ رگڑ کر دھویا اور تولیہ سے جو رگڑ کر پوچھا ہے تو میں کیا عرض کروں کہ چہرے پر سُرخی آگ کی طرح مشتعل تھی۔ چہرے کی سُرخی اور سفیدی ایسی کہ عمر بھر میں نے نہ دیکھی تھی۔ ثابت ہو گیا کہ میرے رنگ کی ٹکیا انکے چہرے پر نہیں ہے۔

میں چلا آیا لیکن یہ دیکھتا ہوا کہ کس طرح سید بھائی لال مہر کو اور وہ اُن کو چُپ چُپ کر دیکھ رہے ہیں۔ حتیٰ کہ سید بھائی نکلے ہوئے چلے آئے اور لال مہر کے پاس سے ہوتے ہوئے وہاں پہونچے جہاں لال مہر کی والدہ انکی ماں اور بہنوں سے باتیں کر رہی تھیں۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں اور میں نے بھی اس موقع پر دیکھا کہ لال مہر کن نظروں سے بار بار سید بھائی کو دیکھ رہی ہیں اور کس طرح کبھی اپنے ہاتھ کی کلائی دوسرے ہاتھ کی انگلیوں سے جوڑ جوڑ کر چھوڑتی ہیں تو کلائی سفید ہوجاتی ہے اور چھوڑتے ہی سُرخ سُرخ خون پھر دوڑ کر اسی جگہ آجاتا ہے۔ اسی طرح اپنی ٹھوڑی جو ہاتھ پر ٹکا کر ہاتھ ہٹاتی ہیں تو سُرخ و سفید رنگ کی چھڑے پر آنکھ مچولی سی ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد کا۔ شاید سال بھر بعد کا ذکر ہے کہ ہمارے گھر میں کئی رشتہ جارہے تھے۔ میں سو رہا تھا۔ رات کے کوئی ڈیڑھ بجے ہونگے سب اُسی طرح جمے تھے اور کچھ باتیں ہو رہی تھیں۔ سید بھائی کے والد بھی تھے، کوئی اہم واقعہ ایسا ہوا تھا کہ لال مہر کی شادی کا سوال درپیش تھا۔ سید بھائی کے والد نے سید بھائی سے شادی سے انکار کیا تھا اور ایک دوسرے صاحب کا نام تجویز تھا۔ اس کے دو چار ماہ بعد ہی کا ذکر ہے کہ لال مہر کی شادی ایک صاحب سے ہوگئی۔ یہ حضرت محکمہ بندوبست میں ہلکار تھے۔ خوب کھاتے پیتے تھے۔ کوئی چالیس برس کی عمر ہوگی۔ مولوی صورت، مقطع ڈاڑھی۔ پابند صوم وصلوٰۃ۔ بہت خوشحال اور کھاتے پیتے۔ مگر میری دانست میں ایک ایسے شخص جو کسی طرح بھی لال مہر کے لئے موزوں نہ تھے۔ یہ اودھ کے ایک ضلع میں نوکر تھے اور شادی کے بعد کا ذکر ہے کہ میرا ایک کلاس فیلو تھا اور وہ لال مہر کے شوہر کے عزیزوں میں تھا۔ بر سبیل تذکرہ میں نے اُس سے کہدیا کہ لال مہر اچھے چلن کی لڑکی نہیں اور یہ کہ سید بھائی سے وہ انتہائے زیادہ قابل اعتراض طریقے پر ہنستی بولتی تھیں۔ اور یہی بات میں نے تعطیلوں کے زمانہ میں اُنکے دوبارہ دریافت کرنے پر بے دھڑک خط میں لکھدی۔

یہ کہنا میں بھولا ہی جاتا ہوں کہ شادی سے کچھ پہلے ہی لال مہر کا سب سے پردہ ہوگیا تھا۔ نہ صرف سید بھائی سے بلکہ مجھ سے بھی۔

لال مہر کی یہ شادی بھی خوب رہی۔ قسمت کی خوبی کہ شوہر نے سال بھر سے قبل ہی ہیضہ کیا اور مر گیا۔ نہ صرف لال مہر کے ہاتھ نقد و زیور آیا بلکہ حق زوجیت میں کافی جائداد بھی ملی۔ اور لال مہر بیوہ ہوکر وطن آگئیں اور لگیں اپنی اماں کے ساتھ رہنے۔ دس پندرہ روپے کی جائداد پہلے ہی تھی۔

سید بھائی کی شادی نئی نئی ہوئی تھی اور اُن کی نئی نویلی دُلہن کو لال مہر کے سابقہ قصوں کے سبب للّٰہی بغض تھا۔ ایسا کہ سید بھائی کیلئے لال مہر کی طرف دیکھنا بھی غالباً ناممکن ہوگا۔

اور میں ان جملہ کمر وہات سے اس طرح بے نیاز تھا کہ میں نے لال مہر کی بیوگی اور آمد کا کوئی نوٹس نہیں لیا۔ دراصل مجھے اپنے تعلیمی شاغل اور ہاکی فٹ بال ہی سے فرصت نہ تھی کہ ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔

میرے ایک پھوپی زاد بھائی ہیں اُن سے مجھ سے عید کے ایک روز قبل یہ طے ہوا کہ عیدگاہ جانے کے لئے میں اُن کے یہاں پہونچ جاؤں گا اور وہاں سے ہم دونوں مل کر ایک اور دوست کے یہاں چلیں گے۔

نہانے دھونے میں لگا تو مجھے دیر ہوگئی اور ایسی دیر کہ سب لوگ عیدگاہ چلدئے۔ میں کپڑے بدل کر سیدھا پھوپی کے یہاں پہونچا۔ وہاں سناٹا۔ سب لوگ عیدگاہ جاچکے تھے۔ مگر میں نے آواز دی۔ میرے بھائی کا کمرہ ایک زینہ چڑھکر ہے۔ میں باہر ہی صحن میں داخل ہوا۔ یہاں کوئی نہ تھا اور یہاں سے زینہ کے نیچے ہی سے آواز دی اور لگا اُوپر چڑھنے۔ آدھا زینہ ہی نہ چڑھا تھا کہ عجیب معاملہ پیش آیا۔ تین چار عورتیں آپس میں چُہل کرتی ہنستی شوخیاں کرتی اُوپر معلوم ہوئیں۔ جو دوڑتی ہوئی آتی معلوم ہوتی تھیں اور قبل اس کے کہ میں سوچ سکوں وہ دوڑتی زینہ کے اُوپری دروازے میں ہنستی ہوئی پہونچیں اور وہ بھی اس زور سے کہ مجھے دیکھتے ہی جو جلدی میں رُکی یا مُڑی ہیں تو اُن میں سے ایک کا پیر پھسل گیا اور وہ لڑھک کر ایک چیخ کے ساتھ گری۔ سیدھی میرے اُوپر! میں نے بہت سنبھالا لیکن اُنہوں نے بچنے کیلئے مجھے پکڑ لیا اور ہم دونوں نے بقیہ زینہ اس دھڑلے سے طے کر لیا کہ گرا جو ہوں تو اُنکا پورا بوجھ میرے اُوپر تھا۔ میں چت پڑا تھا اور وہ میرے اُوپر!

یہ لال مہر تھیں۔ اپنے بیوگی کے لباس میں سفید دوپٹہ لیکن عطر میں بسی ہوئی۔

وہ فوراً اُٹھکر زینہ پر چڑھ گئیں۔ لیکن دو چار ہی سیڑھیاں چڑھ کر اُنہوں نے مجھے دیکھا۔ میرے بہت سخت چوٹ آئی تھی۔ سر چکرا گیا اور ایسا کہ میں تھوڑی دیر اسی طرح پڑا رہا۔ اُٹھا جو ہوں تو چلنا دشوار۔ بائیں پیر میں سخت درد تھا ایسا کہ میں وہیں کاوہیں بیٹھ گیا۔ اُوپر سے بھی عورتوں نے جھانک کر دیکھا۔ جیسے کچھ بھی بن پڑا میں اُٹھا اور اُٹھکر بمشکل سڑک تک پہونچا جہاں سے یکہ پر بیٹھکر میں گھر پہونچا۔ میرا پیر اُتر گیا تھا۔ یہ واقعہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے کچھ نہیں لیکن نتائج کے لحاظ سے میری زندگی میں اس واقعہ نے

ایسا انقلاب پیدا کیا کہ یکسہ میری دُنیا بدل گئی۔

ہیں پندرہ بیس دن تک صاحبِ فراش رہا اور اس دوران میں لالؔ ہر کی ہمدردی اور عیادت کا مرکز بنا رہا۔ یہ واقعہ تھا کہ یہ ضرب شدید اُنہوں نے میرے اوپر گر کر پہونچائی تھی اور اس کی ذمہ دار وہی تھیں۔ اور یہ واقعہ ہے کہ اپنی اس ذمہ داری کا اُن کو ہر طرح احساس تھا۔ انکی ملازمہ میری والدہ صاحبہ کے پاس روزانہ میری خیریت پوچھنے آتی۔ لالؔ ہر خود مع اپنی والدہ کے دو دفعہ میری عیادت کو آئیں اور دونوں دفعہ اس طرح کہ میں نے اُن کو نہ صرف دیکھ لیا بلکہ ہم دونوں ایک دوسرے کو چند لمحات آنکھیں چار کر کے بھی دیکھتے رہے۔

میں سمجھتا تھا کہ ہوگی کے صدمات نے لالؔ ہر کو کچھ دبلا کر دیا ہوگا لیکن درحقیقت وہ نسبتاً زیادہ موٹی تھیں اور تندرستی ایسی کہ شاید ہزار عورتوں میں ایک جس کے سبب چہرہ اس قدر زیادہ خوبصورت اور حسین تھا کہ جو شخص دیکھتا ان غیر معمولی سرخی و شادابی کو دیکھتا رہ جاتا۔ لالؔ ہر نسوانی حُسن کا ایک ایسا نمونہ تھی جسکو ہر طرح مکمل کہہ سکتے ہیں۔

جب میں اچھا ہو کر چلنے پھرنے لگا تو اپنے دل میں ایک تھوڑی سی دلچسپی لالؔ ہر کی طرف سے پائی۔ میں اُن کو بُرا سمجھتا تھا۔ مجھکو اُن سے محبت بھی نہیں ہو سکتی تھی بلکہ نفرت تھی لیکن یہ واقعہ ہے کہ اُن کے ظاہری حُسن نے مجھکو مرعوب کر دیا تھا۔ اور میں قائل ہو گیا تھا کہ غضب کی خوبصورت عورت ہے۔

یہ خیال بھی شاید پندرہ بیس روز میں نکل

جتی جی کے آنے میں دیر معلوم ہوئی تو میں اُٹھکر ایک کام سے بازار چلا گیا اور وہاں سے واپسی میں پھر آیا۔ جتی جی آئے ہی تھے اور حد درجہ مشغول۔ مریضوں کی بھیڑ لگی تھی۔ مجھ سے بیٹھنے کو کہا اور میں نے بھی سوچا کہ بہتر ہو مریض ٹل جائیں تو آرام سے کہونگا۔ میں میز پر دونوں کہنیاں رکھے بیچ پر بیٹھا ہوا تھا کہ میں نے ہاتھ جو اُٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک سفید کاغذ میز کے نیچے پڑا ہے۔ یہ خط تھا۔ ایک کاپی کے کاغذ پر جو اُودے رنگ کی سیاہی سے لکھا تھا۔ اور وہ بھی نب سے نہیں بلکہ دیسی کلک کے قلم سے۔ اس خط کی عبارت ایک مقولہ تھی۔ خط یہ تھا۔

۷۸۶

کل اوّل وقت آپ کے پاس سیاہ روپٹہ زرد بوٹی کا
اوڑھکر جو مریض آوے اُسے آپ بجائے دوا کے شراب
دیدیں اور کہدیں کہ رات کے کھانے سے آدھ گھنٹہ
پہلے پی لینا۔ شراب میں کوئی چیز ایسی ملا دیں کہ معلوم
ہو دوا ہے۔ شراب اتنی ہو کہ نشہ ہو جائے۔ پھر جو
آپ چاہتے ہیں وہ ہو جائیگا۔ فقط

یہ بتانا میں بھول گیا کہ جتی جی کے مُنہ سے شراب کے بھبکے آتے رہتے تھے اور وہ شراب پی کر مطب میں بیٹھتے تھے۔

یہ خط دیکھکر میں ششدر رہ گیا۔ میرے میز کے پاس ہی پڑا تھا جو میز پر سے اُڑکر گر پڑا تھا۔ یہ وہی خط تھا جس کا پتہ ڈاکیہ نے مجھ سے پڑھوایا تھا۔

میں دوا لیکر چلا آیا لیکن عجیب سوچ میں۔ سب سے پہلے یہ سوال تھا کہ لکھنے والا کون ہے۔ مرد ہے کہ عورت۔ دوسرا سوال یہ کہ جتی جی کیا بات چاہتے ہیں جو ہو جائے گی۔ غرض میں اسی طرح دن بھر اُلجھا سُلجھا کیا حتیٰ کہ میں نے طے کیا کہ خواہ کچھ ہو کل اوّل وقت جتی جی کے یہاں جاکر زرد بوٹی کا سیاہ روپٹہ اوڑھکر آنیوالے مریض کو دیکھنا چاہیئے۔

میں نے سوچا کہ شاید دیر تک بیٹھنا پڑے لہذا ایک دوسری کیب لے لی۔ دو روپے کے بجائے پانچ دیکر جتی جی کو نذر کروں۔ چنانچہ دوسرے دن میں مع پھلوں کے پہونچا۔ وجہ آمد، پیٹ میں رات کو غیر معمولی قراقر اور سخت تکلیف دہ درد سر اور بیخوابی بتلایا اور پھل پیش کئے۔

جتی جی مطب میں اس طرح فیس لینے کے عادی نہیں تھے۔ یعنی کوئی دیتا ہی نہ تھا۔ لہذا میرا یہ تحفہ ضرورت سے زیادہ بھاری پڑا۔ نتیجہ یہ کہ جب امتحاناً میں نے روانگی کی تمہید اُٹھائی تو اوّل وقت تھا۔ ویسے بھی جتی جی تنہا تھے۔ اُنہوں نے مجھے ذرا اور بیٹھنے کو کہا اور مزید یہ کہ اپنے نوکر کو پان لینے سامنے کی دوکان پر دوڑایا۔ درحالیکہ میں منع کرتا رہا۔ اور وہ گیا ہے کہ زرد بوٹی کا سیاہ روپٹہ اوڑھے مریض آگیا!!

ایک جھجک کے ساتھ ایک نوجوان عورت داخل ہوئی۔ کوئی انیس بیس برس حد تمیز بیس کی عمر۔ گورا رنگ۔ سرمئی آنکھیں، بڑی بڑی اور جگیل جن سے افسردگی سی عیاں۔ چہرہ خاموش اور حد درجہ سنجیدہ۔ اس جھجک سے آئی ہے کہ لوٹ گئی ہوتی اگر کہیں جتی جی نے خود توجہ کرکے آنے کا اشارہ نہ کیا ہوتا۔ جیسا کہ ایک حکیم آتے ہوئے مریض کے ساتھ کرسکتا ہے۔ اُنہوں نے ہاتھ لاپرواہی سے اُٹھاکر کہا: "اُدھر بیٹھو ابھی دیکھتا ہوں"

جتی جی کی حالت قابل دید تھی۔ ویسے بھی ذرا بیکار ہوں تو دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں آپس میں پھنسائے مزے میں باتیں کرتے کرتے سامنے سڑک پر ہر عورت کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ خواہ کوئی ہو۔ عورت شرط ہے۔ کسی عمر کی ہو۔ اور اس طرح متوجہ ہوتے تھے کہ سلسلۂ گفتگو تک ٹوٹ جاتا تھا۔

جتی جی نے عورت ہونے کے سبب اپنی جگہ چھوڑکر مریضہ کو دیکھا۔ نبض دیکھی۔ پھر مریضہ سے کہا کہ "جیب دکھاؤ" اور یہ واقعہ ہے کہ اس مریضہ کی زبان دیکھے بغیر کام نہیں چل سکتا تھا۔ مریضہ نے جو حالات اپنے بیان کئے وہ مختصر "ماتھا دُکھتا ہے اور کھانا نہیں بھاتا"

جتی جی نے ایک بڑی سی شیشی میں دوا دیدی۔ الماری سے اس طرح نکالی جیسے تیار ہی رکھی تھی اور ہدایت کی: "رات کے کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے"

لڑکی نے قیمت پوچھی تو ہاتھ اُٹھاکر کہا: "آجائیں گے۔ جلدی نہیں..... یہ وہ چلی گئی۔

یہ لڑکی بیوہ تھی اور ذات کی نہاجن۔ اور بیواؤں ہی کے سے کپڑے اور بال تھے۔ میں جلد ہی اُٹھ آیا

عظیم بیگ چغتائی

چغتائی نمبر:- جس میں مرزا عظیم بیگ چغتائی کے کم و بیش بیس نہایت پاکیزہ مضامین شامل ہیں۔ مزاحیہ افسانوں اور ڈراموں کے علاوہ اِس میں "بیس بہاکتابیں" "شہزوری" اور "سوانہ کی رُوحیں" بھی شامل ہیں۔ تقریباً دو سو صفحے کا نہایت قیمتی مجموعہ مضامین ہے۔ قیمت آٹھ آنے محصول ڈاک مع رجسٹری ۴ر۔

ملنے کا پتہ:- ساقی بکڈپو۔ دہلی

نظریۂ حیات

کہتا ہے کوئی خونِ تمنّا ہے زندگی
اور قول ہے کسی کا "تماشہ ہے زندگی"

سُکھ جس نے بھولکر بھی نہ دیکھا ہو عمر بھر
کہتا ہے وہ تو صاف کہ بپتا ہے زندگی

دہری کے ذہن میں بجز امروز کچھ نہیں
فتویٔ مجتہد "غمِ فردا ہے زندگی"

مُوتو[1] کا شور حلقۂ صوفی میں ہے بلند
کہتے ہیں رند "صحبتِ مینا ہے زندگی"

خواب و خیال کہہ کے کوئی ہو رہا ہے چُپ
اور کوئی کہہ رہا ہے "معمّا ہے زندگی"

بوجھی نہ فلسفی نے پہیلی حیات کی
شاعر کے ہاں خیال کی دُنیا ہے زندگی

لیکن اِک اہلِ دل کی نگاہوں میں ہے یہ
تکمیلِ آرزو کا تقاضا ہے زندگی

امینِ حزیں

[1] مُتو قبل ان تموتو۔ مرنے سے پیشتر مرجاؤ۔

بہار میں ایک تشویش

مَیں لُطفِ سیر کیوں نہ لُوں طرب فزا اُمنگ ہے
مَیں دادِ عیش کیوں نہ دوں الم رُبا ترنگ ہے

بہار کا ہے عام اثر لُٹا رہے ہیں پھول زر
خزاں کا دل ہے مُنتشر کہ ہاتھ اُس کا تنگ ہے

نہیں وہ اگلے جور اَب بدل گئے وہ طور اَب
بہار کا ہے دَور اَب غضب کا یہ بھی رنگ ہے

گُلاب یہ وہ یاسمن یہ نارون وہ نسترن
چمن انہیں سے ہے چمن وگرنہ کشت بنگ ہے

یہ پھول جاذبِ نگہ ہے ان پہ چشمِ مہر و مہ
کسی کا رنگ ہے شفق کسی کا شوخ و شنگ ہے

رُخ ان کا ہے شگفتہ تر لطیف ان سے ہر نظر
صباحت اُنکی دیکھکر ہر اہلِ ذوق دنگ ہے

ہوا آتشِ گُل اب عیاں نظر فروز ہے سماں
دہک رہا ہے گلستاں، بہار کا یہ رنگ ہے

نگاہ اس پہ جب پڑی خوشی کی دل میں لہر اُٹھی
صدائے آبشار بھی مجھے صدائے چنگ ہے

خوشا غنا دلِ چمن یہ سب کے سب ہیں سحر فن
ہر اہلِ دل ہے غنچہ زن کہ دَور دل کا رنگ ہے

جو گوش زد ہوں چہچہے ملول کون اب رہے
لگاؤ تم بھی قہقہے کہ دل خُشا یہ ڈھنگ ہے

نہ پاکے لُطفِ مے کشی بڑھے گی اور تشنگی
خجل بہار سے ابھی مری دلی اُمنگ ہے

بتاؤ اَب مَیں کیا کروں یہ رُت یونہی گزار دوں
پیوں تو کس طرح جیوں مضمرِ فرنگ ہے

علی منظور

چلم گزٹ (انسان نمبر)

(۲)

گذشتہ اشاعت میں ہم نے اپنے بین الاقوامی شہرت رکھنے والے رسالے چلم گزٹ کی چھپائی شروع کی تھی، جس کی پہلی قسط ہم کو بھولا نہ چاہیئے۔ اتنی مقبول ہوئی، اتنی مقبول ہوتی جتنے ایران میں امرد ـــــ ہنر اپنی قیمت آپ بڑھاتا ہے، ہمارے کہنے کی ضرورت نہیں۔ مختلف مقامات سے جو مبارکباد کے تار اور ستائشی خطوط آرہے ہیں، اُن کو دیکھکر تو ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے ہاں رسالہ کا ہے کو ہوا ہے۔ گویا "مکان میں" لڑکا تولد ہوا ہے۔ اس سے بڑھکر ہندوستان کی ناسازگار ادبی فضا میں کسی رسالے کی کامیابی کا اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ انتہا یہ ہے کہ خود جارج دہم نے، قیاس چاہتا ہے، پیدائش سے قبل ہمیں طلائی تمغہ عطا کرنے، اور ستائشی الفاظ لکھنے کے لئے خاص اپنے ہاتھ کا گارڈ۔ کو بھیجا ہے ـــــ ہمارے خیال میں اُمید کی جا سکتی ہے کہ اور بھی کئی تار آئیں گے۔ تاروں تک تو خیر ہمیں تو اندیشہ ہے کہ کہیں خود پڑھنے والے حضرات ہمارے گھر نہ آجائیں۔ اور ان خطوں کا تو کوئی حساب ہی نہیں جو اس سلسلہ میں شاید آئیں۔ ہمیں تو یہ بھی اندیشہ ہے کہ اگر ان خطوط کو گننے بیٹھیں تو دوسری کے سبب مضامین لکھنا بھول جائیں۔ اور یوں بھی ہم اپنی ستائش آپ کرنا نہیں چاہیئے۔ یہ جملے بھی صرف اس لئے لکھدئے ہیں کہ یہ ایڈیٹروں کی ایک "تجارتی سنت" ہے، جس کے بغیر "ایڈیٹری" کا "فرض" پورا نہیں ہو سکتا۔ اس کی اہمیت تو بہت کچھ ہے، لیکن آپ ہم اسے سمجھ نہیں سکتے۔ مختصراً یوں سمجھ لیجئے کہ اس کے بغیر نہ اُن کی ایڈیٹری کا رعب جم سکتا ہے، نہ رسالہ چل سکتا ہے، کیونکہ دنیا بہ ابلہ فریبی و تجارت بہ تشہیر قائم ـــــ اور ایڈیٹروں پر کیا موقوف، یہ تو ہر اہل غرض یا اہل حرفہ کا اُصول ہے کہ اپنے متعلق چند جملے عرض کر دیا کرے۔

آپ کسی انجمن کو لے لیجئے، کسی جلسہ کو لے لیجئے، آپ ضرور سنیں گے کہ شاندار طریقہ پر منایا گیا۔ اور نہایت "کامیاب" رہا۔ خواہ شریک ہونے والے، پانچ مکھیاں ہی کیوں نہ ہوں، اور بولنے والا کوئی بدھو ہی کیوں نہ ہو۔ کہنا تو یہی پڑتا ہے کہ جلسہ نہایت "کامیاب" رہا۔ (ہاں اگر "فیل" رہے تو صرف جلسہ منانے والے) ورنہ اخبار میں ذکر کیسے آئے اور نام کیونکر چمکے۔ تو بہرحال کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہمارا سالنامہ بھی نہایت "کامیاب" رہا۔ اس لئے اب ہم اس کی دوسری قسط نہایت "آب و تاب" کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ "آب و تاب" تو آپ جانتے ہی ہیں کہ یہ بھی کتنا بامعنی اور "کامیاب" لفظ ہے۔

لہٰذا اُمید ہے کہ یہ قسط بھی انشاء اللہ پہلے سے زیادہ "کامیاب" رہیگی، کیونکہ اس پر پہلے سے زیادہ بہتر طریقہ پر روشنی ڈالی گئی ہے، یعنی اگر پہلے مشعل سے ڈالی گئی تھی تو اب بیٹری سے ڈالی گئی ہے۔ اور مشعل اور بیٹری میں یہ فرق ہے کہ مشعل سے دھواں نکلتا ہے اور بیٹری سے نہیں نکلتا۔ جس سے دماغ خراب ہونے کا اندیشہ نہیں۔ یوں بھی اس کو "کامیاب" ہونا ہی چاہیئے اس لئے کہ ایک شاعر صاحب نے کبھی کا فیصلہ فرما دیا ہے۔ نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اوّل ـــــ اور شاعر تو آپ جانتے ہی ہیں کہ "تلامیذ الرحمٰن" ہوتے ہیں، پھر اُن کا فیصلہ غلط کیسے ہو سکتا ہے ـــ اس پر بھی "کامیاب" نہ ہو تو نہ سند کی آرزو ہے نہ "نوکری" کی خواہش۔ ہمیں اس کی زیادہ پرواہ بھی نہیں۔

ہم تو سمجھتے ہیں کہ جس طرح آپ نے سُنا ہوگا کہ جنوں گورکھپوری نے اپنے اوسلے، غالباً "سمن پوش" کے متعلق لکھا ہوگا کہ انہوں نے سُنا ہے کہ علی گڑھ کے ایک طالب علم نے اسکو بار بار پڑھا اور شدت غم سے انتقال کر گیا۔

اب ہمیں یہ توقع ہے کہ اس سالنامہ کو پڑھکر آلشر حضرات براہ کرم شادی مرگ ہو جائیں گے۔ اگر خدانخواستہ ایسا ہو گیا تو لوگوں کو کہیں یہ گمان نہ ہو جائے کہ ملک میں طاعون آگیا ہے، اس لئے ہم حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ گھر گھر فوراً "چوہے دان" تقسیم کرادے، کیونکہ چوہے ہی طاعون کا اصل باعث ہیں ــــ لیکن اس سلسلہ میں ایک ضروری بات یہ کہدینے کی ہے کہ آجکل چوہے زہر کی گولیاں نہیں کھا رہے ہیں، اس لئے چند "پیرمنٹ" اور سیوہ وغیرہ کا انتظام بطور فرشٹمنٹ "کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں بہت مناسب ہوگا۔ کیونکہ یہ ایک قسم کا "ایٹ ہوم" ہوگا۔ اور "ایٹ ہوم" کے نام سے تو بڑے بڑے لوگ دعوتیں اور گھر کی نعمتیں چھوڑ کر بھاگتے ہیں تو یہ تو پھر معمولی چوہے ٹھہرے ــــ

ہم کہاں سے کہاں پہونچ گئے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ سالنامہ کی دوسری قسط ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ بعض حضرات تو ضرور اس کو پڑھیں گے اور اگر پسند آئے تو خاموش ہو جائیں گے اور ناپسند ہوگا لیاں عنایت فرمائیں گے۔

"بے دفتر ادارہ"

موسمیات

سال میں تین موسم ہوتے ہیں، اور ایران میں چار۔ البتہ یورپ اور آفریقہ میں صرف ایک ایک موسم ہوتا ہے۔ یعنی یورپ میں صرف سردی ہی سردی، اور آفریقہ میں صرف گرمی ہی گرمی۔ کیونکہ آفریقہ خط استوا پر واقع ہوا ہے۔ اور لفظ "استوا" انگریزی لفظ "اسٹو" (Stove) سے نکلا ہے، جس کے معنی ایک قسم کے انگریزی چولھے کے ہیں جو بہت گرم ہوتا ہے۔ پہلے یہ لفظ "اسٹو" تھا۔ پھر عربوں نے اس کو "استو" بنایا۔ اور ایرانیوں کے کثرت استعمال سے یہ "استوا" ہو گیا۔ اور ایران سے تو ہندوستانیوں نے سب ہی کچھ لیا ہے چونکہ یہ لفظ تین مقامات سے گذر کر آیا ہے، یہاں صرف تین موسم پائے جاتے ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ اوپر کے سب موسم غیر ملکی یا بدیشی ہیں، اور یہ نیچے کے تین موسم ملکی یا دیسی ــ اب ہم انہیں کا ذکر کرینگے۔

ہندوستان کے تین موسم علی الحساب سال میں چار چار مہینے کے ہوتے ہیں۔ کبھی دھوپ کالا اور برسات مل کے آتے ہیں اور کبھی جاڑا کالا اور دھوپ کالا۔ ان تینوں موسموں میں بہ غلبہ آرائے پایا کہ بارش کا موسم سب سے اچھا ہوتا ہے، کیونکہ اسی سے کسانوں کی اور امیروں کے پیٹ وابستہ ہیں، اور ہندوستان میں چونکہ کسانوں وغیرہ کی تعداد زیادہ ہے، یہ غلبہ آرا بھی انہیں کی طرف رہا۔

یوں بھی بارش کو ایک نعمت تصور کیا گیا ہے، کیونکہ اس میں ہر قسم کی چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ یوں تو بارش میں ہر چیز اچھی ہوتی ہے مگر پروانوں کا ہجوم، سڑکوں کی کیچڑ، موٹر رانوں کی شرافت، مچھروں کی موسیقی اور مینڈکوں کا شور خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

بارش ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ابر آئے۔ ابر ایک کالا سا ٹکڑا ہوتا ہے جو مختلف سمندروں سے پانی پی کر سیر کو نکلتا ہے، لیکن چونکہ اسکے آنکھیں نہیں ہوتیں، اونچی اونچی پہاڑیوں سے ٹکرا کر گر جاتا ہے۔

اُونچی اُونچی پہاڑیوں میں دو تین خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ شمال میں کوہ ہمالیہ کا سرحدی سلسلہ، وسط میں وندھیاچل، اور جنوب میں سانپ کا شرقی گھاٹ اور مغربی گھاٹ۔ جو ہندوستان کے جنوبی مثلث کے خطوط اضلاع کا کام دیتے ہیں۔

زیادہ تر مانسون ہوائیں انہیں پہاڑیوں سے ٹکراتی ہیں، اس لئے بارش بھی صرف ان ہی مقامات میں ہونی چاہیئے تھی، مگر اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایسے مقامات پر بھی بارش ہوتی ہے جہاں نہ پہاڑ ہیں، نہ جھاڑ۔ اس کا ثبوت جغرافیہ والوں نے یہ دیا ہے کہ ابروں میں بھی بعض ابر قوی ہوتے ہیں اور بعض کمزور، یعنی یوں سمجھ لیجئے کہ بعض مذکر اور بعض مؤنث۔ کمزور ابر تو جہاں ٹکر کھاتا ہے وہیں گر جاتا ہے، البتہ زور دار ابر بہت دُور جا کر گرتا ہے جس کی توجیہہ یوں کی جاتی ہے کہ بعض دفعہ شیر یا خرگوش کو گولی مارنے کے بعد دیکھا گیا ہے کہ وہ دو دو میل کے فاصلہ پر جا کر گرے ہیں۔

یہ سُنکر ایک طالب علم نے اعتراض کیا کہ بعض دفعہ تو یہ دیکھا گیا ہے کہ کڑک دھوپ کالے میں بھی بارش ہوتی ہے اور اچھی خاصی ہوتی ہے۔ یہ سُنکر جغرافیہ ماسٹر نے کہا کہ بعض دفعہ گرمی سے آسمان کو پسینہ آجاتا ہے اور ٹپک پڑتا ہے، جس طرح تمہارے اعتراضوں سے اب مجھے پسینہ آرہا ہے ــــ پھر طالب علم یوں گویا ہوا کہ ابر کے بغیر اور دھوپ کے ہوتے بارش کیونکر ہو سکتی ہے، تو ماسٹر صاحب نے جغرافیہ دیکھکر بتایا کہ اس وقت لومڑا، لومڑی کی شادی ہوتی ہے۔ اسلئے آسمان دُولھا کو نہلانے کی تیاری کرتا ہے۔

خیر اب ہم کو اس سے زیادہ تحقیق کی ضرورت بھی نہیں۔ البتہ یہ صحیح ہے کہ بارش اکثر ایسے مقامات پر زیادہ ہوتی ہے جہاں پہاڑ ہوں اس لئے جب سے فرہاد نے کوہِ بے ستوں کو ڈھا دیا ہے، ایران میں آج تک بارش نہیں ہوئی، پھر بھی شُکر ہے کہ اُس کی جُوئے شیر سے بہت کچھ کام نکل جاتا ہے، اور اکثر مائیں بچّوں کو دودھ پلانے سے بے نیاز ہو گئی ہیں، صرف اتاؤں سے کام چل جاتا ہے۔ اس سے ماؤں کی طاقت بھی گھٹنے نہیں پاتی اور افزائشِ نسل میں بڑی مدد ملتی ہے۔

ہندوستان کی بارش کے اثرات مختلف ہیں، اسی لئے مختلف مقامات پر مختلف پیداواریں ہوتی ہیں۔ مثلاً پنجاب میں گیہوں اور رسالے۔ پنجاب کا گیہوں بہت موٹا اور قوی ہوتا ہے، اس لئے وہاں کے لوگ بھی اچھے خاصے ہوتے ہیں۔ اور رسالوں کی تو یہ کثرت ہے کہ فوجی رسالے اور ادبی رسالے میں تمیز کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ لکھنؤ اور دہلی میں عطر اور نزاکت، صنعتی کام اور زبان دانی کا دعویٰ۔ کلکتہ میں چانول اور رنڈیاں ــــ آگرہ میں تحصیلدار بوٹ اور تاج محل ــــ وارد ھا میں کانگریس اور ہندی زبان۔ بمبئی میں تجارت اور فلم کمپنیاں، اور حیدرآباد میں فیشن پرستی اور غیر ملکی کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

اب ہم مختصراً کچھ دھوپ کالے اور جڑ کالے کے متعلق بھی تحقیق کریں گے، دھوپ کالا بھی ایک بڑی نعمت ہے، اس میں پسینہ آتا ہے، کپڑوں میں بدبو ہوتی ہے، زبان 'یاہو' یاہو' کے نعرے لگاتی ہے۔ جو خاص صوفیانہ نعرہ ہے۔ شربت زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ ندی نالے آباد ہوتے ہیں، کچھ لڑکوں کی، کچھ بھینسوں سے۔ اور سب سے بڑی خصوصیت یہ سُنی ہے کہ اس میں بچھو بہت نکلتے ہیں۔

بچھو بھی خدا کی ایک مخلوق ہے۔ اس کے متعلق بعض بزرگوں سے روایت آئی ہے۔

جب خالق نے تمام زہریلے جانوروں کو زہر دینا چاہا تو ایک بڑی سل پر بہت سارے زہر کو خوب پسوایا، اور تمام جانوروں میں تقسیم کرا دیا۔ بچھو کو جانے میں ذرا دیر ہو گئی، اس وقت تک سب زہر ختم ہو چکا تھا۔ بچھو نے مانگا تو خدا نے کہا کہ "سب زہر ختم ہو چکا، تو نے اتنی دیر کیوں لگائی۔ اب تجھے نہیں مل سکے گا"۔ بچھو کو مایوسی بھی ہوئی اور غصّہ بھی آگیا۔ ضد کا پکّا تھا اس لئے اُس نے سل پر ہی اپنی

ڈنک پھر اناشروع کر دیا۔ جو کچھ زہر آ سکتا تھا اُس کے ڈنک میں آ گیا یہی وجہ ہے کہ بہ مقابل سانپ کے بچھو کے ڈنک میں زہر کم ہوتا ہے لیکن اس غصہ کے سبب جو بل کھا گیا تھا وہ آج تک نہیں نکل سکا۔ اسلئے اسکا ڈنک ہمیشہ ٹیڑھا رہتا ہے۔۔۔۔"

لیکن ہے بعض معقول پسند یا سائنس دانوں کو اس روایت سے اختلاف ہوا، مگر ہم نے اس لئے لکھدی کہ اس کی راوی ایک خاتون ہیں۔ اور خاتون کی عزت کرنا تو آجکل کے آداب کا رکن رکین ہے۔ پھر ان کی باتوں کو غلط سمجھنا تو یقیناً "ایٹی کیٹ" (Etiquette) کے خلاف ہوگا۔ اب اگر کوئی صاحب چاہیں تو اس کی تحقیقات کریں۔ ہمارا موضوع تو صرف دُھوپ کا لا ہے۔ اس لئے ہم تو گریز کرتے ہیں ــــــ!

دھوپ کالے میں اکثر اُمراشملہ، اوٹی، مسوری، نیلگری، میسور اور منی ٹال وغیرہ جاتے ہیں تاکہ گرما گذار لیں۔ لیکن یہ بات آجتک سمجھ میں نہیں آئی کہ جن مقامات میں گرما آتے ہی نہیں اُن میں گذر کیسے سکتا ہے! خیر، بہرحال یہ بڑوں کی باتیں ہیں جنکے پاس وافر دولت ہو وہی اس کے صحیح مصرف کو بھی سمجھ سکتے ہیں۔

بعض عامیوں کا اعتراض ہے کہ جو اُمرا دُور دُور کے مقامات کو جاکر گرما گذارتے ہیں کیا وہ تھوڑے سے صرفہ سے یہاں رہ کر اسکا انتظام نہیں کر سکتے؟ اور کیا بقیہ دولت کو جو وہ غیروں میں صرف کرتے ہیں اپنے غریب بھائیوں پر صرف نہیں کر سکتے؟۔ تو اسکا جواب یہ ہے کہ وہ کر تو سکتے ہیں مگر مجبوری یہ ہے کہ اس طرح سے اخباروں میں اُن کا نام آ سکتا ہے نہ امارت ظاہر ہو سکتی۔ رہا غریب بھائیوں کا تو غریب امیر کا بھائی ہو ہی کیونکر سکتا ہے، ان میں تو صریح تضاد اور دُشمنی ہے، پھر دُشمنوں کی مدد کرنا کون عقلمندی ہے، چنانچہ قرآن پاک میں بھی اسکی ممانعت آگئی ہے کہ دُشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔

جڑکالے میں اگرچہ ناقابل برداشت سردی ہوتی ہے، لیکن یہ لوگ گرما گذارنے کے لئے آفریقہ وغیرہ نہیں جاتے۔ آخر یہ کیوں؟ ــ وجہ یہ ہے کہ اکثر اُمرا مغربی ملکوں کو نظراً یا عملاً دیکھ چکے ہیں۔ اور مغربی ممالک کی دوامی سردی تو اظہر من الشمس ہے۔ اسلئے ان کے جسم و دل، کچھ تو ان ملکوں کے اثر سے اور زیادہ تر اپنی طبعی خنکی سے اس قدر سرد ہو گئے ہیں کہ اب کسی حال میں بھی انہیں سردی محسوس ہونا ناممکن ہے۔

جڑکالے اور دھوپ کالے کے متعلق اب ہم ایک اور معتبر روایت بیان کر کے اپنی تحقیقات کو ختم کرتے ہیں۔

جڑکالے اور دھوپ کالے کے معنی دراصل سردی اور گرمی کے ہیں۔ اور سردی گرمی پیدا ہوتی ہے دراصل چاند سورج سے۔ تو سوال یہ ہوا کہ چاند سورج میں دراصل یہ سردی گرمی کیونکر پیدا ہوتی۔ اسکے متعلق بھی ایک روایت مشہور ہے۔

بیان کیا اس کو اُم البصرہ نے، کہ سنا اُنہوں نے اس کو بی جمانی سے، کہ روایت کی اُنہوں نے ماماحوا کے حوالے سے، کہ اُنہوں نے سینہ بسینہ چند پرانی بوڑھیوں سے، یاد کیا جس کو میری نانی نے، اور پہونچی مجھ تک میری اماں سے کہ چاند سورج دراصل ایک ہی والدین کے بیٹے ہیں۔ بچپنے میں یہ نہ ٹھنڈے تھے نہ گرم، بلکہ معتدل تھے۔ ماں نے انکو بڑی محنتوں اور لاڈ چاؤ سے پالا تھا، اور بڑی بڑی اُمیدیں باندھی تھیں اور ان ہی اُمیدوں سے سرسید نے "اُمید کی خوشی" پر ایک مضمون لکھا تھا۔

غرض جب یہ ذرا بڑے، سیانے ہوتے تو محلہ میں ایک شادی کی تقریب ہوئی، اور بڑی دھوم دھام سے ہوئی۔ پرانی وضع کی اس ماں نے بڑے گھر اور کام کاج نہ دیکھے تھے۔ بریانی کا حال سُنا تو مُنہ میں پانی بھر آیا، اور خصوصاً بیٹیوں کی دعوت سُنکر تو ٹپک

ہی پڑا۔!

بیٹوں کو حسب حیثیت بٹا سنوار کے دعوت میں بھیجا اور اتنی نصیحت کر دی کہ آتے وقت چپکے سے تھوڑی تھوڑی بریانی لے کے آنا۔

سورج پھپھن سے ذرا تیز مزاج اور اصول کا بہت پابند تھا، اس لئے سب سماج والے اسکو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے، اور چاند نہایت نرم دل، خوش اخلاق، اور رسم و رواج کا پابند تھا۔

دونوں دعوت میں گئے۔ سورج کو یہ بات خود داری کے خلاف معلوم ہوئی کہ وہ اس طرح چوری چھپے ماں کی خواہش پوری کرے۔ بلکہ اُس کو ماں کی اس بے تکی خواہش پر غصّہ آیا۔ اس لئے اُس نے بجائے بریانی چُرانے کے ایک دو ہڈیاں علانیہ اُٹھالیں۔

اس کے برعکس چاند کو ماں کی خواہش اور ظاہر داری کا خاص لحاظ تھا اس لئے سُنا ہے، اس صفائی سے کھایا (غالباً کسی فلم کمپنی یا اسٹیج کا ایکٹ بھی رہا ہو) کہ آدھا نوالہ شیروانی کی آستین میں اور آدھا منہ میں۔ اس طرح بہت سی بریانی جمع کر کے ماں کے پاس لایا۔ ماں نے کھالی اور خوش ہو کر دعا دی کہ بیٹا تیرا کلیجہ ہمیشہ ٹھنڈا رہے اور تو چاند کی طرح چمکے۔

پھر سورج کی باری آئی۔ ماں نے بڑی "اُمید کی خوشی" سے پوچھا کہ "میرا بیٹا کیا لایا؟" بیٹے نے چپکے سے منہ میں ہڈیاں ڈال دیں۔ چونکہ رات کا وقت تھا، اور ماں بھی بھولی بھالی تھی، سمجھ نہ سکی، اور کھانسی، ہڈیاں حلق میں اٹک گئیں۔ ماں نے جل کے بد دعا دی کہ "موئے ظالم، تیرا ستیاناس! تُو نے جس طرح مجھے جلایا ہے، تو بھی ہمیشہ آگ کی طرح جلتا رہے۔۔۔۔۔!"

ان ہی دُعاؤں کا اثر ہے کہ چاند میں نور و ٹھنڈک ہے اور سورج میں نار و گرمی۔ لیکن چاند نے چونکہ خیانت کی تھی، شرم کے مارے ہمیشہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے، اور سورج نے دیانت، اس لئے گھٹتا تو نہیں لیکن "مذہبی تقشف" ساتھ ساتھ ہے۔ اور چاند کے بغیر تو کام چل سکتا ہے، لیکن سورج کے بغیر ایک دن بھی گذر ہونا مشکل ہے، جس طرح اُصول سے ہٹ کر انسان ہمیشہ ٹھوکریں کھاتا ہے۔

تازہ مطبوعات

مشکل کُشا۔ زیر نظر کتاب جس پایہ کی تصنیف ہے، وہ ہماری کسی قسم کی تنقید سے بے نیاز ہے۔ اس لئے ذیل میں ہم خود مصنف کے مقدمہ سے چند اقتباسات پیش کر دینا کافی سمجھتے ہیں۔ اب یہ ناظرین پر موقوف ہے کہ ذاتی تجربات سے ان خصوصیات کی تصدیق یا تکذیب کرلیں، چنانچہ قابل مصنف نے لکھا ہے:۔

"سُنیئے، عالی جناب پرنس ڈیوک رائٹ آنریبل لارڈ مسز نواب صاحب کیا فرماتے ہیں اس کتابچے کے بارے میں:۔

'مصنف کے دست نقاش نے موئے قلم کو زمین قرطاس پر کچھ اس طرح جنبش دیا ہے کہ ہر ہر لفظ سے مانی و بہزاد ٹپک پڑتے ہیں اور اس کا ایک ایک جملہ مثل گلچین گل ریحاں سنبل سرسبز و سرسبد ہے۔

میری الٰہی کو ایک عرصہ تک خلاف توقع خاموشی کا عارضہ رہا۔ مکان میں سخت جمود و سکون تھا۔ ایک عرصہ تک گویا پریشانی رہی۔ اس اثنا میں میں نے دیکھا کہ بیگم کو صرف عشقیہ ناول اور "مشکل کشا" پڑھنے کی عادت ہے۔ عشقیہ ناول تو خیر نوجوان لڑکیوں کیلئے ضروری ہیں ہی۔ مگر اس "مشکل کشا" کا اتنا شوق میری سمجھ میں نہ آیا۔ دریافت سے معلوم ہوا کہ اس میں دُلہنوں کے برتاؤ، ماں باپ کی تعلیم، اور میاں کو سمجھنے کے طریقے بھی بتائے گئے ہیں کہ کس طرح ابتداءً عورتوں کو اپنا دُلہن پن، اور شرم و حیا اور خاموشی بتانی چاہیئے تاکہ شوہر کو انکی خوش

خلاقی کا یقین ہوتا جائے، اور رفتہ رفتہ دولہنیں دولہوں کے دل میں اُترتی جائیں پھر بھولے میاں کے دل پر قابو پالینے کے بعد کلیجہ کا ٹھنڈا ہو جانا کوئی اتنی بڑی بات نہیں، صرف ذرا صبر اور ہوشیاری سے کام لینے کی ضرورت ہے۔

واقعی مجھے بھی کتاب کی خوبیوں کا قائل ہونا پڑا، چنانچہ اب غریب خانہ میں اس کتاب کے سبب اور زیادہ تر بیگم صاحب کی بے تکلفی کے سبب ایک انقلاب عظیم بپا ہو گیا ہے اور اُن کے عارضہ میں دن بہ دن افاقہ و ترقی ہوتی جا رہی ہے، اور ماشاء اللہ دلہن کو لاج تو ابھی کچھ زیادہ عرصہ بھی نہیں گذرا ہے کہ گھر میں اس قدر چہل پہل معلوم ہوتی ہے جیسے گھر کسی ریلوے جنکشن کے قریب بنا یا گیا ہو، بعض لوگ اس کو بیگم کی سلیم الفطرتی کا نتیجہ کہتے ہیں اور بعض مشکل کشا کی تاثیر پھر یہ عیب بات ہے کہ اسکے نسخوں پر کچھ لاگت بھی نہیں آتی۔ غرض یہ ایسا کرشمہ ہے کہ ہر شخص کو اس سے مستفید ہونا چاہیئے۔

اور اب سُنیئے خود مصنف صاحب کیا فرماتے ہیں اس کتاب کے بارے میں:۔

"اگر آپ کو بے روزگاری نے پریشان کر رکھا ہو، رات میں کھٹمل ستاتے ہوں، دن میں دھوپ زیادہ لگتی ہو، چہرے پر جھائیاں یا مہاسے آگئے ہوں، اگر بھوت، پریت یا کسی قسم کا آسیب ہو، یا شادی کرنے کی وجہ سے آپ کا ناک میں دم آگیا ہو، یا کام کرتے وقت سستی محسوس ہوتی ہو، یا جسم میں کسی وجہ سے خشکی یا سختی پیدا ہو گئی ہو، آپ کا قد چھوٹا ہو، یا آپ بہت دُبلے ہوں تو سرعت، رقت، درازی، بطری، اور ہر قسم کی بہتری کے ساتھ ساتھ آپ کا مزاج بحال کر دے گی، اور از سر نو آپ کی بیٹھی ہوئی طبیعت میں ایک قسم کا جوش و انتشار پیدا کر دے گی۔

اور جو آپ کو بھوک زیادہ لگتی ہو، کسی محبوبہ پہ دل آگیا ہو، یا دماغ خراب ہو گیا ہو، کہیں آپ لکچر دینا چاہتے ہوں، ہندو مسلم اتحاد نے آپ کو بیچین کر رکھا ہو، اگر آپ کو کہیں سے قرضہ لینا ہو، بیوی کا مہر یا زیور بنانا ہو، اپنی عزت و جائداد کو نیلام کرانا ہو تو اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کو بڑی مدد ملے گی۔

اسکے علاوہ برسوں کے مایوس العلاج مریض، بانجھ پن، ضعف دماغ، کثرتِ اولاد، شاعری، مصوری، ڈرامہ نگاری، ایکٹنگ، خواب پریشاں، دشمن پر فتح، امتحان میں کامیابی، ملازمت میں ترقی، تلاش روزگار میں عروج، تجارت، آنکھوں کی بیماری، دل کی کمزوری، شوہر پر قابو، زبان درازی، خوش بو اسیری، دمہ، زنانہ و مردانہ حُسن میں جگجوئی و نزاکت، مساوات مرد و زن، وفاق، سیاسیات حاضرہ، لیگ اور کانگریس کی کارگزاری، بچے کے بال اُتارنے ہوں تو سیفٹی ریزر کا استعمال، اگر آپ کسی کو دیکھنا چاہتے ہوں، اور کوئی آپ کو نہ دیکھے۔ زائد بال اُڑانے ہوں، ڈنروں میں جانے اور لیڈیوں کے ساتھ بیٹھنے کے طریقہ سیکھنے ہوں، سائنس کی ترقی، چکر و رتی اور الجبرا کا حل، ہندوستان کے مستقبل کی مستند تاریخ وغیرہ پر معلومات حاصل کرنی ہو، غرض ہر مقصد میں کامیاب ہونا چاہتے ہوں تو ضرور اس کتاب کو اپنے پاس رکھیئے۔ یقیناً مفید ثابت ہوگی۔

کہنے کو تو کتاب ہے مگر دراصل جام جہاں نما ہے جو جمشید کے انتقال کی وجہ سے ورق ورق ہو گیا تھا، اسلئے ہم نے از سر نو شیرازہ بندی کر کے اس کو ایک ضخیم کتاب کی شکل میں پیش کیا ہے۔

چونکہ ہر شخص کا فائدہ پیش نظر ہے، کوئی قیمت نہیں رکھی گئی۔ بلکہ مفت ہدیۃً تقسیم کی جاتی ہے۔ جو صاحب چاہیں ہمارے پتہ پر صرف دو روپے کے ٹکٹ اور ایک روپیہ پارسل خرچ بھیجکر منگا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ پہونچے گا۔ البتہ فائدہ نہ ہونے کی صورت میں حلفیہ

بیان دے کر ثابت کرنے پر (اوّل تو ثابت ہی کون باپ کا بیٹا کر سکتا ہے) ہدیہ کے دو روپے اور پارسل خرچ بذریعہ وی، پی، روانہ کر دیئے جائیں گے، جس کو وصول کرنا ہر شریف آدمی کا اخلاقی فرض ہوگا۔

نمونہ اقرار نامہ

میں اپنے باپ دادا کی قسم کھا کے کہتا ہوں کہ جو کچھ میں نے آپ کے اشتہار میں پڑھا، بیوقوفی سے اس کو سمجھا نہیں تھا، اور کتاب منگوالی تھی، لیکن مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا، اس لئے اب آپ سے ایک فقیر کی التجا ہے کہ براہِ کرم میری رقم واپس فرما دیجئے۔ مدت العمر فقیر اور اس کے بال بچے آپ کے حق میں دُعا گو رہیں گے۔

صاف نام ..... صاف پتہ .....

اقرار نامہ پر بادشاہِ وقت کے دستخط ہونے لازم ہیں۔ ورنہ مسروقہ و مسترد سمجھا جائیگا"

کتاب کی لکھائی چھپائی بھی اچھی ہے، غرض ہر لحاظ سے دیکھنے کے قابل ہے۔ ملنے کا پتہ کتاب پر درج نہیں۔ شاید سہواً چھوٹ گیا ہو۔ غالباً ذیل کے پتہ پر مل سکتی ہے:۔

"زبدۃ العارفین، مسکتہ الخادعین، گنج العرفان، خزینۃ الدھوکاں، حضرت مولانا، مولوی، سیدنا وشیخنا، عالم وعالم، رمال مجفار، منجم ومفسر، پیران پیر، حضرت پیر غیب صاحب ساکن خطبلی گوڑہ، وہر جگہ۔ دراٹلس دُنیا، دام اقبالہٗ مدظلہٗ العالی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مزاج عالی۔ دیگر کیفیت یہ ہے کہ ــــ"

برتھ کنٹرول:۔ برتھ کنٹرول کا مسئلہ آج کل نوجوان عورتوں اور مردوں کیلئے جس قدر اہم ہوگیا ہے کسی سے مخفی نہیں۔ ایک ایسے زمانہ میں جب کہ حصولِ معاش و ترقی کا ذریعہ زیادہ تر حُسن کی نمائش ہوگئی ہے، اس طرح سال بہ سال نئے نئے مسافروں کا تشریف لانا حُسن وجوانی کو غارت کرنا ہے تو ملک کی ترقی معلوم۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کی معاشی حالت دن بدن ابتر ہوتی جارہی ہے اور دردمندانِ قوم "انسدادِ توالدِ برخورداراں" کی طرف متوجہ ہوگئے ہیں۔

یہ کتاب بھی ایک ایسی ہی دردمند قوم خاتون کی لکھی ہوئی ہے، جو اپنے حُسنِ خداداد قابلیت کی وجہ سے سارے ہندوستان میں شہرتِ عام حاصل کر چکی ہیں۔

اس کتاب میں جیسا کہ ابھی اشارہ کیا گیا، ملک کی معاشی حالت پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ ملک کی موجودہ اقتصادی پستی اور مالی تباہ حالی کو بڑی خوبی سے ماں باپ کی غلط کاریوں کا نتیجہ بتایا گیا ہے، اور یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ اس کتاب نے گذشتہ بیس صدیوں سے ملکوں کی آب وہوا اور خیالات پر کیا کیا اثرات ڈالے۔

عورتوں اور مردوں کے مختلف امراض مخصوصہ وغیر مخصوصہ پر نہایت مفید اور جذبات انگیز طریقے سے نسخے فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ ہر اندرونی مرض کا علاج اندرونی طور پر، اور بیرونی مرض کا علاج بیرونی طور پر بغیر دوا کے کیا جاتا ہے۔ دواؤں اور نشتروں کی ترکیب استعمال بھی ساتھ ہی درج ہے۔

خوش لیاسوا دفراہم کردیا ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ آپکو سارے ملکی اور غیر ملکی اخباروں کے مطالعہ سے بے نیاز کردیگا۔

البتہ ممکن ہے بعض جگہ کچھ مغلطات بھی آگئے ہوں، اس لئے کہ تب صاحب نے اپنے فن کا وہ جوہر دکھایا ہے کہ کتاب کے نام سے ہی لوگ پورے مفہوم اور خیالات سے واقف ہوجائیں اور دیکھنے میں ایک حرف بھی نظر نہ آئے۔

لکھائی چھپائی نہایت دیدہ زیب ہے اور ایک عجیب خوبی اس میں یہ ہے کہ چونکہ اس مسئلہ کا تعلق انسانوں سے ہے، اس کتاب کی تقطیع بھی انسانی قد پر رکھی گئی ہے، یعنی طول چھ فٹ اور عرض ڈیڑھ فٹ۔ اسلئے کتاب کھڑی رکھ کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

جلد "متلاً" یعنی چمڑے کی بنی ہوئی۔ شروع میں "میری اسٹوپس" (Marie Stopes) کے نام ایک "انتساب" بھی درج ہے۔ ملنے کا پتہ اور قیمت حسب حیثیت خریدار۔

سیاسیات

ہندو مسلمانیات:۔ ہندو مسلم فساد تحقیقات کے بعد معلوم ہوا ہے کہ دراصل معدہ کا فساد ہے، کیونکہ جو لوگ غریب ہیں وہ خلوئے معدہ کے سبب لڑتے ہیں۔ اور جو پیٹ بھرے ہیں بدہضمی انہیں چین سے بیٹھنے نہیں دیتی۔ نتیجۃً وہ بطور اسہال جگہ جگہ لکچر دینے پر مجبور ہوجاتے ہیں، جن سے آئے دن فسادات پھوٹ پڑتے ہیں۔

فساد دراصل چار خلطوں سے ہوتے ہیں، سودا، صفرا، بلغم، خون۔ ان چار خلطوں میں سے جو بھی بڑھ جائے، لازمی طور پر نظام عصبی خراب ہوجائیگا۔ ایسا ہی کچھ حال ہمارے ملک کا ہے۔ جہاں چار خلطوں میں اتفاق کا یہ حال ہو، وہاں ایک لاکھ اکیس ہزار سے کچھ اُوپر قوموں کے ملاپ کا کیا کچھ حال نہ ہوگا۔ ان میں سے اگر ہم ہر قوم کو ایک ایک خلط فرض کرلیں تو اس کے نظام عصبی، اور صحت جسمی و دماغی کا اندازہ کرلیجئے۔ پھر ایسی صورت میں اتحاد و اتفاق کی کوشش کرنا، توقع رکھنا، پاڈینگیں مارنا حماقت بلکہ آلو پن نہیں تو اور کیا ہے۔ چنانچہ حکیموں مثلاً حمید رد و اخانہ حکیم اجمل خاں، لقمان الملک حکیم نابینا جیسے کئی حکیموں نے اپنی اپنی محبت کی گولیاں استعمال کرا کے دیکھ لیں، لیکن:۔

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

مریض "پھوٹ" پر لعنت خدا کی

جب یہ انفرادی حکیم عاجز آ گئے تو باضابطہ ہاسپٹل کھولے گئے جن میں سے دو نہایت اہم اور مرکزی ہیں، ایک کا نام مسلم لیگ ہے اور دوسرے کا نام کانگریس۔

ان دواخانوں نے ارادہ کیا تھا کہ ملک کے اس بڑھتے ہوئے روگ کو دور کردیں اور اس کو تندرست و ترقی یافتہ موقف پر لے آئیں مگر جس طرح چیونٹیوں کو پر راس نہیں آتے ان پرانے ویدکوں کو یہ نئی ڈاکٹری کچھ راس نہیں آئی۔ اور یوں بھی ملک بے اعتدالی کی علت کا کچھ ایسا خوگر ہے کہ پہلے تو اب غفلت میں تھا تو اب بیداری کے نشہ میں ہے۔ اگر سونے کے زمانہ میں سونے کے سبب پستی میں تھا تو اب زیادہ جاگنے کی وجہ سے آنکھیں جلنے لگی ہیں اور آنکھ کی جلن تو ظاہر ہے کہ دل تک پہونچتی ہے، جس طرح معشوق کی صورت آنکھ سے دل میں اُتر کر رہتی ہے۔ اور جلن کا لازمی نتیجہ ہے بے چینی، اور بے چینی کا لازمی نتیجہ ہے بے اعتدالی، اور بے اعتدالی کا دوسرا نام ہے ناانصافی۔ اور ناانصافی منتج ہوتی ہے تنگ نظری پر، اور تنگ نظری پیش خیمہ ہے اندھا دھند جھگڑوں کا، لہٰذا

ثابت ہوا کہ دواخانے بہرحال اپنا اپنا کام اچھی طرح انجام دے رہے ہیں! اور ایک دن ہوگا کہ ان مریضوں کو مرکر بھی شکایت نہ ہوگی۔ کیوں کہ ہر دواخانہ اس قدر احتیاط سے کام لے رہا ہے کہ اپنے اپنے مسلک سے، جسے جہلا دواؤں سے بھی تعبیر کرتے ہیں، ہنٹ کر نہ کسی کا نشتر استعمال کرے نہ دوا۔ کیونکہ لیگ کے دواخانے کو یہ اندیشہ ہے کہ کہیں کانگریس کی دواؤں میں صرف دال بھاجی ہی نہ ملائی گئی ہو کہ اس سے گوشت خوار مریضوں کی قوت میں کیونکر اضافہ ہوسکتا ہے۔ اور کانگریس کے دواخانے کو یہ شبہ ہے کہ کہیں لیگ کی دوا میں گائے کا گوشت نہ شامل کیا گیا ہو کہ اس سے اُن کی "گئو ماتا" ناراض ہوجائیگی تو پھر یہ دودھ کس کا پی کر پلے بڑھیں گے۔ رہا عورتوں کا۔ سو انہیں اب ترقی جدید اور کانگریس کے کام ہی سے کہاں فرصت ہے کہ بچوں کو دودھ پلاتی بیٹھیں۔ اور انکی مصروفیات اس قدر بڑھ گئی ہیں کہ وہ چاہتی ہیں کہ جننے کے کام کو بھی بعض مردوں کے سپرد کر دیا جائے، لیکن چونکہ یہ اُن کے بس کی بات نہیں، ابھی یہ مسئلہ زیر غور ہے۔ جب ذرا سیاسی کاموں سے نمٹ لیں گی تو اس طرف توجہ کرینگی۔

تو بہرحال، یہ معمولی سا اختلاف آرا ہے، جس کا نام سہولت فہم کیلئے مذہب رکھ لیا گیا ہے۔ اور آرے کا کام ہے صرف کاٹنا، لہذا مذہب کا کام بھی جہاں تک ہوسکے کاٹنا ہی ٹھہرا، تو پھر ملاپ کی ایک ہی کہی۔

ع تو پھر بھی بھلا ہوا کہ ان دواخانوں کی کوششوں، اور دماغ کے صفائے سے اتنا بھی ملاپ ہوسکا جتنا کہ ہتوڑی اور اہرن میں ہوتا ہے، ورنہ ان دواخانوں سے پہلے ہندو مسلمان اپنی اپنی جگہ ایسے بکھرے ہوئے تھے جیسے آسمان پر تارے۔

لیکن دشواری یہ تھی کہ اپنی اپنی جگہ رہ کر کوئی ہفت اقلیم کا بادشاہ بھی ہو تو لوگوں پر کیونکر ظاہر ہوسکتا ہے "زندگی نام ہے کشمکش کا" اور کشمکش پیدا ہوتی ہے اجتماعیت سے، اور اجتماعیت ظاہر ہوتی ہے آپس کی مڈبھیڑ، چول اُدھیڑ سے تقریروں سے، لیڈروں سے، لیڈرنیوں سے، اخباروں سے، ایڈیٹروں سے۔ ورنہ یوں ہونے کو تو ڈربہ میں پچاسوں مرغیاں ہوتی ہیں، رہتی ہیں، بستی ہیں، آتی ہیں اور چلی جاتی ہیں مگر کسی کو نہیں معلوم ہوتا، البتہ صرف دو ہی مرغے ہوں، اور آپس میں چلتی رہے تو ماشاء اللہ سارا ڈربہ جگمگا اٹھتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ بعض لیڈروں نے جگہ جگہ جنگ کو عام کر دیا ہے۔ پھر بھی ہندوستانی اس قدر جاہل اور کٹر مغز ہیں کہ اس میں دلچسپی لینے سے پیچھے ہٹتے ہیں اور صرف مذہبی تہوار مثلاً دسہرہ، دیوالی، عید، بکرید، محرم اور عرس وغیرہ میں اس کا کچھ مظاہرہ کر کے خاموش بیٹھ جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں بچارے لیڈر کہاں تک سر پھوڑیں اور زیادہ سے زیادہ زندگی، اجتماعیت اور اتحاد کا نمونہ کیونکر پیش کریں، اس لئے وہ بھی صرف لیڈر بن کر رہ جاتے ہیں ـــــ اور اس سے بڑھکر انہیں اور چاہیئے بھی کیا ـــــ رہی قوم کی حالت، سو اس کے متعلق ایک شاعر صاحب نے کبھی کا فیصلہ کر دیا ہے:۔

خدا نے آج تک اُس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا

سید علی شاکر

نغمۂ نو:۔ حضرت بیخود نظامی کا مجموعۂ کلام زیر طبع ہے۔ شائقین اشاعت کے منتظر رہیں۔ قیمت عہ:۔ منیجر ساقی دہلی

رپورٹر

میں ایک خبر رساں ایجنسی کا نمائندہ ہوں، میرا کام خبریں جمع کرنا ہے۔ میں دُنیا اور دُنیا کے رہنے والوں کو ہر وقت متحرک دیکھنا چاہتا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ مقصدِ حیات کو جتنے بہتر طریقے پر میں سمجھا ہوں، بہت کم لوگ سمجھے ہونگے۔ میں زندگی کو اُس کی اصلی صورت میں دیکھنے کا عادی ہوں۔ اس لئے غم و مسرت میرے لئے یکساں جاذبیت رکھتے ہیں۔ اس فلسفہ کے تحت میں دُنیا والوں کی شادی و غم میں شریک ہوں۔ کسی کی شادی ہو، کوئی مر گیا ہو، کہیں قتل ہو گیا ہو، کسی کے یہاں چوری ہو گئی ہو۔ کوئی بڑا آدمی کہیں تقریر کر رہا ہو۔ کوئی کھیل ہو رہا ہو۔ بازار میں فروخت ہونے والی اشیاء کے نرخ میں اُتار یا چڑھاؤ پیدا ہو جائے۔ کہیں دو ریل گاڑیاں ٹکرا گئیں ہوں۔ کوئی ٹولی لنگڑی عورت موٹر کی جھپٹ میں آجائے۔ کہیں کوئی عظیم الشان دعوت ہو۔ کہیں رقص کی محفل جمی ہو۔ یا کوئی عسرت سے تنگ آکر خودکشی کرلے، آپ مجھے وہاں پائینگے۔ صبح سے شام تک اور شام سے رات گئے تک مجھے قرار نہیں۔ کبھی عدالت میں ہوں تو کبھی کوئی تقریر سن رہا ہوں، غرضکہ میں ہر اُس جگہ موجود رہتا ہوں جہاں زندگی کے تھوڑے بہت آثار بھی ہوں۔

کل صبح میں ناشتہ سے ذرا دیر میں فارغ ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ خانسامہ صاحب تشریف نہیں لائے تھے۔ کپڑے پہن کر میں باہر جانے کی تیاری کر ہی رہا تھا کہ خانسامہ بھی آپہنچا۔ میں اُسے دیکھتے ہی چیخا۔

"مردود! یہ کیا ہے؟ اگر تم آٹھ آٹھ بجے آؤ گے تو مجھے تمہاری ضرورت نہیں۔ تم سے تین سو پچھتر مائے مارے پھرتے ہیں، میں کسی اور کو رکھ لونگا۔"

وہ کچھ منہ ہی منہ میں بڑبڑایا اور میز پر رکھے ہوئے چائے کے برتنوں کو ٹھیک کرنے لگا۔

"بڑبڑاتا ہے! جاؤ، مجھے تمہاری ضرورت نہیں، میں کوئی اور انتظام کرلونگا" میں نے سر پر ہیٹ رکھتے ہوئے کہا۔

"صاحب، آپ تو بیکار ہی ناراض ہو رہے ہیں۔ میں نے کوئی جان بوجھ کر دیر تھوڑی کر دی۔"

"بک بک مت کرو، میں زیادہ بکواس سننے کا عادی نہیں، سمجھے! ہونہہ ——— !" میں نے کوئی جان بوجھ کر دیر تھوڑی کر دی ہے۔ گویا آپ کے یکایک قولنج کا درد اُٹھ کھڑا ہوا تھا۔ یا آپکے یہاں کوئی موت ہو گئی تھی کہ جب تک لاش اُٹھ کر گھر سے نہ چلی جائے آپ دُنیا کا کوئی کام ہی نہیں کر سکتے۔ میں خوب ..... ؟"

"ہاں صاحب، یہی تو بات تھی ..... ؟"

"یہی تو بات تھی کہ آپکے درد اُٹھ کھڑا ہوا تھا ———"

"نہیں صاحب، یہ نہیں، آپ سنیں تو بتاؤں، رات میرے ایک ساتھی نے اپنے کو پھانسی دے لی۔"

"کیا کہا، پھانسی دے لی! کیوں، آخر بات کیا تھی؟"

"صاحب، بات وات کیا تھی، نصیب کا چکر ہے اور بس، بڑی لمبی بات ہے، بتاؤں گا، پھر کسی وقت، آپکو دفتر کو دیر ہو رہی ہوگی۔"

"ہاں، ——— نہیں دفتر کو دیر نہیں ہوگی۔ کوئی ایسی جلدی نہیں ہے۔ ہاں ——— تو یہ تو بتاؤ کہ اُس نے خودکشی کیوں کر لی؟ اس

وقت اُس کی لاش کہاں ہے؟ کیا پولیس کو اس کی خبر ہوگئی؟"

"ہاں، صاحب، پولیس کو تو اُسی وقت خبر ہوگئی تھی اور اُنہوں نے لاش بھی اپنے قبضہ میں کر لی ہے"

"تمہارا تو ساتھی تھا نا، تمہیں کچھ نہیں معلوم کہ اُس نے خودکشی کیوں کر لی؟"

"دل کا حال تو بس خُدا کو معلوم صاحب، میری تو سمجھ کچھ کام نہیں کرتی، نا جانے کیا ہوگا، کس کس پر مصیبت آتی ہے۔۔۔۔۔۔"

"ارے گھبرانے کی بات نہیں، تم اتنا پریشان کیوں ہو رہے ہو، کوئی تم نے اُسے پھانسی تھوڑی دیدی ہے، جو اس قدر ڈر رہے ہو، خیر، چھوڑو ان باتوں کو اور مجھے یہ بتاؤ کہ جب تم رات کو مجھے کھانا کھلا کر گئے ہو اُس وقت سے ابتک کیا کیا ہوا۔ دیکھو، سب باتیں ٹھیک ٹھیک بتانا گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ ہم سے جو کچھ تم لوگوں کے لئے ہو سکے گا کریں گے۔ ہاں، اب بتاؤ" "صاحب آپ تو جانتے ہی ہیں کہ ہمارے محلے میں زیادہ تر غریب لوگ رہتے ہیں جنکا کام محنت مزدوری کرنا ہے، دن میں قریب قریب سب مزدوری پر چلے جاتے ہیں، شام کو اپنی اپنی کوٹھڑیوں کے سامنے ٹولیاں بنا کر بیٹھ جاتے ہیں اور اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ رات بھی یہی ہوا ہے کہ جب میں یہاں سے آپ کو کھانا کھلا کے گیا ہوں، تو روٹی کھانے کے بعد میں اپنے کچھ ساتھیوں سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا۔ پھر سونے کے ارادے سے میں اپنی کوٹھڑی میں آگیا۔ اتنے میں کریم آیا۔ کہنے لگا کہ چلو نوٹنکی دیکھ آئیں۔ بنارس والے کی نوٹنکی آئی ہے۔ بنارس والے کی نوٹنکی صاحب بہت مشہور ہے۔ اس لئے میں نے سوچا کہ چلو دیکھ ہی آئیں۔ خیر صاحب تو میں بھی اُس کے ساتھ ہو لیا۔ راستہ میں کریم کہنے لگا: اے یار گھر میں جوان بہن بیٹھی ہے۔ اس کا کچھ انتظام کرنا ہے اور مزدوری کا یہ حال ہے کہ دو وقت کی دال روٹی مشکل سے چلتی ہے۔ شادی کر کے تو میں اور مصیبت میں پڑ گیا۔ ورنہ اس سے پہلے تو میں چین کرتا تھا۔ ماں جو کچھ کماتی تھی اس سے گھر کا کام چل جاتا تھا۔ اور مجھے جو کچھ ملتا تھا اُس سے اپنا خرچ چلاتا تھا۔ کوئی فکر نہ تھی۔ لیکن اب ماں بوڑھی ہوگئی ہے، اُسکے ہاتھ پاؤں نہیں چلتے، اس لئے سب کچھ مجھے ہی کرنا ہوتا ہے" اس کے بعد تھوڑی دیر تک وہ خاموش رہا، پھر کہنے لگا: "ایک بات کہوں اگر کسی سے نہ کہو گے" میں نے کہا: "ہاں ہاں ضرور کہو، میں کسی سے نہ کہونگا" کہنے لگا: "میں یہ سوچتا ہوں کہ یہ حمید جو ہے، اچھا ہو جائے اور کچھ کمانے لگے تو اس کے ساتھ اپنی بہن کی بات چیت پکی کر دوں، آدمی اچھا ہے اور بیچارہ ہماری طرح غریب ہے، اور پھر میرا بار ہلکا ہو جائیگا اور اُسکی دُسرات ہو جائیگی" میں نے کہا: "ہاں، ہاں، بات تو ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔"

"اچھا یہ حمید کون ہے؟"

"ارے صاحب اُسی نے تو رات اپنے کو پھانسی دے لی ہے"

"اچھا تو اس کا نام حمید ہے، کچھ بیمار تھا؟"

"ہاں صاحب، شروع میں تو کالی کھانسی ہوئی تھی، بڑے دنوں میں جا کے ٹھیک ہوئی۔ پھر اُسے بخار رہنے لگا، پہلے تو وہ تھوڑی بہت مزدوری بھی کر لیتا تھا۔ لیکن اس بخار نے اس کی بالکل ہی کمر توڑ دی۔ اور بیچارہ بہت پریشان رہنے لگا۔ تو ہم لوگوں نے اُسے سمجھایا کہ بھئی اپنے گھر لوٹ جا لیکن وہ راضی نہ ہوا۔ کہنے لگا" بوڑھے باپ کو جا کے کیا مُنہ دکھاؤنگا۔ اور پھر اس قابل بھی نہیں کہ مجھے بٹھا کے کھلائیں۔ اُنہیں اپنی روٹیوں کا ٹوٹنا ہے"

"تو حمید دہلی کا رہنے والا نہ تھا۔ کسی اور جگہ سے آیا تھا"

"اس کا مکان امروہہ میں تھا۔ بچارے کے ماں باپ نے نہ جانے کن کن مشکلوں سے تو اُسے انگریزی کے دسویں درجہ تک پڑھایا

تھا کہ بیٹا پڑھ لکھ کر کما کر کھلائے گا۔ نوکری کی تلاش میں ہی بیچارہ دلی آیا تھا۔ لیکن صاحب کہیں بھی نوکری نہ ملی۔ سارے شہر میں مارا مارا پھرا۔ گھر سے جو کچھ لیکر آیا تھا وہ بھی ختم ہوگیا۔ بڑے دنوں میں جاکر ایک دوکان پر نوکری ملی لیکن نہ معلوم کیوں کسی بات پر ایک دن سیٹھ سے تو تو میں میں ہوگئی اور اُس نے اُسے نکال دیا۔ اس کے بعد اُس نے نوکری کی بہتیری ہی کوشش کی لیکن کہیں بھی نہ ملی۔ دو چار وقت کے فاقوں کے بعد ہی ہمارے طرح مزدوری کرنے پر مجبور ہوگیا اور ہمارے محلے میں کریم کی برابر والی کوٹھڑی میں آن بسا۔ اس کے بعد کریم سے اُس کی دوستی ہوگئی۔ وہ حمید کا بہت خیال رکھنے لگا۔ اور جب وہ بیمار ہوا تو کریم اور اُس کی بیوی دوا دارو اور کھانے کا برابر انتظام کرتے رہے۔"

"تو یہ کہو کہ وہ اپنی اس زندگی سے عاجز آگیا تھا۔ بچارا پڑھا لکھا لڑکا اور اس طرح کی مزدوریاں کرنی پڑتی تھیں۔"

"ہاں صاحب، وہ بیچارہ بھلا ڈھلیا ڈھونے کا کہاں عادی، بیچارے پر پڑی تھی تو سہہ رہا تھا۔"

"ٹھیک ہے، واقعی وہ بیچارہ ایسے کاموں کا کہاں عادی ہوگا ــــ اچھا تو تمہیں اُسکے مرنے کی کب خبر ہوئی؟"

"میں نے کہا نا صاحب کہ ہم لوگ ٹوٹکی دیکھنے گئے تھے، صبح تک ہم ٹوٹکی دیکھتے رہے۔ صاحب ایسا اچھا سوانگ بھرا تھا کہ جی چاہتا تھا کہ بس دیکھتے ہی رہو۔ کوئی چار ساڑھے چار بجے کے قریب ہم لوگ لوٹے۔ میں نے سوچا کہ دن میں کام کرنا ہے اس لئے تھوڑا سا سو لوں، اس لئے میں تو جاتے ہی سو گیا۔ ابھی ٹکل سے کوئی ایک گھنٹہ سویا ہونگا کہ کریم بھاگا بھاگا آیا۔ بیچارہ کا سانس پھولا ہوا تھا۔ کہنے لگا۔ "غضب ہوگیا۔ حمید نے اپنے کو پھانسی دے لی۔ اُس کی لاش کڑی میں لٹکی ہوئی ہے۔" صاحب میرا تو پسینہ چھوٹ گیا۔ کچھ سمجھ میں نہ آتا تھا، تھوڑی دیر میں سارے محلے کو خبر ہوگئی اور خلقت ٹوٹ پڑی۔ سورج نکلتے نکلتے پولیس بھی آگئی۔ کریم چونکہ حمید کی برابر والی کوٹھڑی میں رہتا ہے اس لئے اُسے تو اُسی دم پکڑ لیا۔ اور اُس وقت سے اُس کی کئی بار پٹائی بھی ہو چکی ہے۔ کہتے ہیں کہ قبولو، پھانسی ہمیں نے ہی دی ہے۔ صاحب، کریم تو بالکل ہی بے قصور ہے۔ رات بھر تو وہ میرے ساتھ رہا ہے۔ اُسکے گھر والے تو روتے روتے بُرا حال کئے لے رہے ہیں۔ اسی مصیبت میں پھنسا ہوا تھا جو اتنی دیر ہوگئی ورنہ میں تو آپکے ناشتہ کے وقت ضرور آجاتا۔"

"ہوں ــــ پولیس نے کوٹھڑی کی تلاشی وغیرہ بھی لی؟"

"کہاں صاحب، کچھ نہیں۔ بس آتے ہی اِدھر اُدھر کی دو چار باتیں پوچھیں اور پکڑ دھکڑ شروع کردی۔"

"اچھا تم ہمارے ساتھ چلو۔ ہم چلتے ہیں تمہارے ساتھ دیکھو کیا ہوتا ہے۔"

"ہاں صاحب، آپ چلے چلیں تو بڑا کام بن جائے۔ کسی طرح بچارے کریم کو چھڑا لیجئے۔"

مرنے والے کی کوٹھڑی کے سامنے ابھی تک بھیڑ لگی ہوئی تھی۔ میں ٹیکسی سے اُترا اور بھیڑ کو چیرتا ہوا اندر پہونچا۔ ایک داروغہ صاحب کچھ لوگوں کے بیانات تحریر کر رہے تھے۔ کچھ دیر میں خاموش کھڑا رہا اور جب اُنہیں کچھ فرصت ہوئی تو میں نے اُنکی سے کہا "داروغہ جی، میں آپ سے ذرا دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے اُنہیں بتایا کہ میں خبر رساں ایجنسی کا نمائندہ ہوں۔ اور اس خودکشی کے متعلق مفصل حالات معلوم کرنا چاہتا ہوں۔

داروغہ جی نے مجھے سر سے پیر تک دیکھا اور پھر کسی قدر منہ بناتے ہوئے کہا: "آپ تو جانتے ہی ہیں، پرائے پھٹے چندروپوں کیلئے کسی

کی جان لے لینا بڑی بات نہیں سمجھتے، بس یہی ہوا ہے کہ اسکے پاس کچھ روپے ہونگے۔ دو چار آدمیوں نے ملکر اس کا روپیہ چھین لیا ہوگا اور جب اُس نے کچھ شور مچانے کی کوشش کی ہوگی تو اُس کی گردن میں پھندہ ڈال کر اُسے مار ڈالا۔ اور اب سب کے سب بالکل انجان بن رہے ہیں۔ گویا کچھ جانتے ہی نہیں"۔

"جی ہاں، یہ تو سب درست ہے۔ لیکن آپنے اس کی کوٹھڑی کی تلاشی بھی لی، میں نے سُنا ہے کہ مرنے والا پڑھا لکھا آدمی تھا"۔

"جناب کی باتیں، ارے صاحب یہ تو صاف کھیس ہے، انہیں بدمعاشوں میں سے کسی کا کام ہے"۔

"لیکن سُنیئے تو، میں آپسے یہی درخواست کرونگا کہ آپ ایک بار کوٹھڑی کی تلاشی ضرور لے لیں۔ شاید اُس نے کسی وجہ سے خود ہی اپنے کو ہلاک کر لیا ہو۔ اور ممکن ہے وہ کوئی ایسی چیز چھوڑ گیا ہو، جس سے حالات پر مزید روشنی پڑ سکے"۔

بہت دیر تک جھک جھک کرنے کے بعد داروغہ جی نے کوٹھڑی کھلوائی۔ پیال پر ایک طرف لاش پڑی ہوئی تھی دوسری طرف کونے میں ایک پھٹی ہوئی دری پڑی تھی۔ ہم لوگ دیر تک پیال اور دری اور کوٹھڑی کی دوسری اشیاء کو دیکھتے رہے۔ لیکن کوئی چیز ایسی نظر نہ پڑی جس سے کچھ سراغ ملتا۔ یکایک میری نظر سامنے والے طاق پر پڑی، جس میں ایک تہ شدہ کاغذ رکھا ہوا تھا۔ یہ اسپتال کا نسخہ تھا۔ اُس کی پُشت پر پنسل سے لکھا ہوا تھا۔

"میرے پیارے دوست کریم، مجھے افسوس ہے کہ میں نے تمہیں بہت تکلیف دی اور اب مرتے مرتے بھی تکلیف دے رہا ہوں۔ میں جو کچھ کر رہا ہوں بہت سوچ سمجھ کر رہا ہوں۔ اسکے علاوہ کچھ چارہ ہی نہیں ہے۔ دیکھو میرے مرنے کی میرے گھر خبر نہ کرنا۔ گھر والوں کو ایک مدت سے میری کوئی خبر نہیں۔ اس لئے شاید وہ مجھے اس سے پہلے ہی مُردہ تصور کر چکے ہونگے۔ اس لئے اُنکو دوبارہ غم دینے سے کیا فائدہ۔ بھابی کی دیکھ بھال اچھی طرح کرنا۔ اُس بیچاری نے میری بہت خدمت کی ہے۔ تمہارا حمید"۔

خط سے تمام واقعات روشنی میں آگئے تھے۔ میں نے خط داروغہ جی کے حوالے کیا اور فوراً ہی وہاں سے چلدیا کیونکہ مجھے جلد از جلد یہ خبر اپنے آفس پہونچانی تھی۔ میں اپنی اس کامیابی پر بہت مسرور تھا اور ذہن میں اس حادثہ کے متعلق تمام واقعات کو ترتیب دے رہا تھا تاکہ اس خبر کو اخباروں میں بہترین صورت میں پیش کر سکوں اتنے میں باجوں کی آواز اور آتشبازی کے شور نے میرے خیالات کا تانتا توڑ دیا۔ چوراہے پر تماشائیوں کا ایک ہجوم تھا۔ سامنے سڑک پر ایک لمبی چوڑی برات چلی جا رہی تھی۔ آگے آگے آتشباز تھے جو اپنی اپنی آتشبازی کی نمائش کر رہے تھے۔ انکے پیچھے آٹھ دس قسم کے باجے۔ انکے پیچھے زرّیں جھولیں پہنے ہوئے گھوڑے اور ہاتھی جھومتے چلے جا رہے تھے۔ انکے پیچھے پیچھے چھولداریاں لئے ہوئے سینکڑوں آدمی تھے۔ پھر ہزاروں کی تعداد میں مشکیاں تھیں جو میووں اور مٹھائیوں سے بھری ہوئی تھیں۔

دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ برات شہر کے سب سے بڑے رئیس _____ کے بیٹے کی ہے۔ ایک صاحب نے یہ بھی بتایا کہ سیٹھ صاحب اس مبارک موقع پر ایک لاکھ روپیہ ایک مندر کی تعمیر کیلئے دے رہے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں عمائدین شہر کی تقریریں بھی ہونگی۔

میں نے آفس میں خود کشی کی خبر داخل کی اور سیٹھ صاحب کی کوٹھی کا ارادہ کر کے جہاں مجھے عمائدین شہر کی تقریریں سُننا تھیں روانہ ہو گیا۔ کیونکہ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ مجھے تو زندگی کا ہر رخ یکساں طور پر عزیز ہے۔

شاہد لطیف

وہی انوکھی انجمن

ناظرین کو غالباً یاد ہوگا کہ کوئی دو مہینے پہلے دکھی اور زخمی شوہروں کے آنسو پونچھنے اور انکی مرہم پٹی کی غرض سے ایک سبھا کے قیام کا اعلان کیا گیا تھا، یہ سبھا "انجمن انسداد بے رحمی بر شوہراں" کے نام سے چالو ہے اور خوب کام کر رہی ہے۔ اپنے مقاصد اور اغراض میں اسکو ستو میں ستو کامیابی ہو رہی ہے، اس کامیابی کا سہرا زیادہ تر اس کے سکریٹری، مشیر قانونی اور پبلیسٹی افسر کے سر ہے۔

پچھلے مہینے ایک ہنگامہ یہ آن پڑی تھی کہ ہماری بعض ناسمجھ بہنیں بنے بنائے کام پر لات مار کر اس کے پیچھے پڑ گئی تھیں، پانی پی پی کر ہمیں کوس رہی تھیں اور یہ ارادہ کر رہی تھیں کہ ہماری توڑ پر ایک اپنی بھی انجمن بنا لیں گی۔ سنگتیں جمیں، چار پانی کی دعوتیں ہوئیں مگر ہوا وہی جو ہونا تھا! یعنی۔ ع

نشستند، گفتند، لڈیدند و برخاستند

اب وہ ہمارے پاس روتی چلاتی، کان پکڑے ناک گھستی ہوئی آئی ہیں اور یہ چاہتی ہیں کہ انصاف کرنا ہو تو دونوں کے ساتھ کیا جائے یعنی ہر دو صنف کی بے رحمیوں کا انسداد کیا جائے۔ بات معقول تھی اس لئے اس درخواست پر سوچ بچار کرنے کے لئے ایک مخلوط جلسہ طلب کیا گیا، حاضرین کی خاصی تعداد تھی مگر وہ سب شوہر حضرات تھے جنہوں نے انجمن کی بنیاد ڈالی تھی بس وجہ سے کہ انکی بیویاں اپنی پوری قوت میں جمع ہو گئی تھیں۔ بانیان انجمن میں سے صرف سکریٹری صاحب، مشیر قانونی اور پبلیسٹی افسر حاضر تھے۔ خوب بحث و مباحثے ہوئے، پرجوش تقریریں ہوئیں اور بڑے غور و فکر کے بعد یہ طے پایا کہ ایک مخلوط عدالت ثالثی (Mixed Conciliation Court) قائم کی جائے اور اس میں دونوں کے جھگڑے چکائے جائیں اور جلسہ عام میں ثالث منتخب کئے جائیں، انکے فیصلے قطعی ہوں، ایک مدت تک "راز" میں ہیں اور ان کی تعمیل نہ ہونے کی صورت میں "پبلیسٹی افسر" کی خدمت میں بھیجدے جائیں تاکہ وہ سارے واقعات کو ثالثی کے فیصلہ کے ساتھ "منظر عام" پر لے آئیں۔ مظلوم شوہروں کی طرح ان بیویوں کو بھی اپنے واقعات لکھنے کی اجازت دی گئی جو اپنے بے رحم شوہروں کے مظالم کی آماجگاہ بنی ہوئی ہیں۔ یہ بھی طے ہوا کہ انجمن کے نام کے آخر میں "و زوجگاں" کا اضافہ کیا جائے، پس آئندہ سے انجمن کا نام ہوگا، "انجمن انسداد بے رحمی بر شوہران و زوجگاں" یقین ہے کہ اس اضافہ کے بعد ہماری لائق بہنوں کو انجمن کی رکنیت کے قبول کرنے میں کوئی امر مانع نہ ہوگا۔ ملک کی اقتصادی پستی کے مدنظر فیس رکنیت صرف ایک روپیہ سالانہ رکھی گئی ہے۔

صلائے عام ہے مظلوم شوہران و زوجگاں کیلئے

گذشتہ جلسہ کی قرارداد کی تعمیل میں ایک جلسہ عام شب برات کی "رات" کو ٹھیک آٹھ بجے ہونا قرار پایا۔ چونکہ اس جلسہ کی اطلاع ایک مہینہ پہلے سے بڑے بڑے پوسٹروں، سینما سلائیڈوں، دستی اشتہاروں، ریل گاڑیوں کے تشہیری بورڈوں کے ذریعے ملک کے طول و عرض میں کافی سے زیادہ کی گئی تھی اس لئے حاضرین کی تعداد چونٹیوں کو مات کر رہی تھی۔ ہر دو صنف کے افراد نے جی کھول کر اس میں حصہ لیا تھا۔ پردے کا معقول انتظام تھا مگر خواتین کی بڑی تعداد نے، اس خیال سے کہ کون کچھ نکٹی چپٹی یا ان پڑھ تو نہیں کہ مردوں کے سامنے آنے سے "شرم" کریں، مردوں کے دوش بدوش بیٹھکر جلسہ میں حصہ لیا اور ایسی "زوردار" تقریریں کیں کہ جلسہ گاہ دس بیس بجلی مارکٹوں سے بھی زیادہ "رونق دار" بن گئی۔ خواتین کے رنگ برنگی "استین چٹ"

مجرموں کو گرفتار کرتے وقت میں نے کہا ہے: کیا گورنمنٹ کے پھانسی کا تختہ تم جیسے بے شرم لوگوں کیلئے بنایا گیا ہے۔ نہ تو تم میں بلند حوصلگی ہے اور نہ تم کو اپنے نفس پر قابو حاصل ہے۔ پھر میں نہیں سمجھتا کہ تم نے اتنے بڑے جرم کے ارتکاب کی کیونکر ہمت کی؟"

جب میں پیرس اور لندن کی سڑکوں کے دونوں طرف فلک بوس عمارتوں اور محلات کا تصور کرتا ہوں تو میرے سارے جسم میں ایک سنسنی پیدا ہو جاتی ہے۔ جس طرح وہاں کے لوگ بہت سے مشاغل، پیشے اور مصروفیات میں ہمہ تن محو نظر آتے ہیں ویسے ہی اُن کے درمیان جرائم کا بھی ایک چشمہ بہتا رہتا ہے۔ اسی کے وجود کے سبب سے اہل یورپ کے اطوار، کردار، اخلاق اور مذاق نے عظیم الشان جاذبیت حاصل کی ہے۔ لیکن کلکتہ کی سڑکوں کی کھلی ہوئی دریچیوں کے مکانوں میں کھانا پکانا، امور خانہ داری کی انجام دہی، سبق یاد کرنا، مقدمہ بازی کے متعلق گفتگو کے علاوہ کوئی دوسری بات ہی نہیں نظر آتی۔ یہاں کسی مکان کو دیکھکر یہ خیال ہی نہیں ہو سکتا کہ کسی گوشہ میں شیطان بیٹھا ہوا طرح طرح کے فسادات برپا کرنے کی تدابیر سوچ رہا ہے۔

میں اکثر سڑکوں کے راہگیروں کے اطوار اور نقل و حرکت کو بہت غائر نظر سے دیکھتا تھا۔ اگر کسی شخص کے متعلق ذرا شبہ ہوتا تو میں اس کا تعاقب کرتا۔ اُس کے نام و سکونت اور پورے حالات سے بغیر واقفیت حاصل کئے چین نہ لیتا۔ آخر کار اس نتیجہ پر پہونچکر آزردہ خاطر ہو جاتا کہ وہ نہایت شریف النفس اور بے قصور اشخاص ہیں۔ یہاں تک کہ اُن کے رشتہ داروں اور اعزا کو بھی اُن سے کوئی پرخاش نہیں ہے۔ راہگیروں میں سے جو مجھے سب سے زیادہ فسادی معلوم ہوا۔ حتیٰ کہ اسے دیکھکر مجھے پورا یقین ہو گیا کہ یہ ابھی کوئی بہت بڑا جرم کرکے چلا آرہا ہے۔ اس کے متعلق بھی تحقیقات کرنے سے یہی انکشاف ہوا کہ وہ نہایت سیدھا سادا کسی اسکول کا امن پسند مدرس ہے اور لڑکوں کو چھٹی دیکر گھر جا رہا ہے۔ اگر یہ لوگ کسی اور ملک میں ہوتے تو نہایت کامیاب چور اور ڈاکو بن سکتے تھے۔ اولوالعزمی اور عالی ہمتی کے جوہر سے بے بہرہ ہونے کی وجہ سے اس بدبخت ملک میں پیدا ہو کر وہ محض مدرسی پر اکتفا کرتے ہیں اور پنشن لیکر مر جائیں گے۔ میں نے اس مدرس کے استغنا اور بے حسی پر سخت نفرین کیا۔ غالباً ایسی نفرت ذلیل ترین حرکت مثلاً ایک لوٹا یا کٹورا چرانے پر بھی نہ ہوتی۔

میں نے ایک دن شام کو اپنے مکان کے نیچے گیس کے ستون کے قریب ایک آدمی کو دیکھا جو متوحش نظروں سے اِدھر اُدھر دیکھ رہا تھا۔ اُسے دیکھ کر ذرا بھی شک کی گنجائش نہ رہی کہ وہ کسی جرم کی تیاری کر رہا ہے۔ میں نے تاریکی میں چھپ کر اُسے بخوبی شناخت کر لیا۔ وہ ایک جوان اور خوشرو شخص تھا۔ میں نے دل میں خیال کر لیا کہ جرائم کرنے کیلئے ایسے ہی چہرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ جن لوگوں کے چہرے خود اُن کے خلاف شہادت دیتے ہوں اُن کو تو ہر قسم کے فسادات سے کنارہ کشی اختیار کرنی چاہیئے۔ ایسے لوگ شاید نیک کاموں میں سرخ روئی حاصل کر لیں لیکن بُرے کاموں میں انکے لئے کامیابی بالکل ناممکن ہے۔ میں نے غور کیا کہ اس لڑکے کا چہرہ اس کیلئے سب سے زبردست آلۂ کار ہے۔ میں نے دل میں اس کی خوب تعریف کی اور کہا خدا نے جو صفات و خصوصیات تم کو ودیعت کی ہیں تم کو ان سے کماحقہٗ مستفید ہونا چاہیئے۔ فی الحقیقت تم قابل ستائش ہو"

میں اندھیرے سے نکل کر اس کے سامنے آگیا اور اُس کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر کہا: "کہو اچھے تو ہو" وہ یکایک میری آواز سُنکر چونک گیا اور اس کا چہرہ فق ہو گیا۔ میں نے کہا "معاف کیجئے۔ مجھے کچھ غلط فہمی ہو گئی" لیکن اپنے دل میں کہا۔ غلط فہمی ذرا بھی نہیں ہوئی۔ تم کو میں نے جو کچھ سمجھا تھا تم بالکل وہی نکلے۔ لیکن اسقدر گھبرا جانا اسکے لئے نامناسب تھا۔ بلکہ اُسے اپنے دل پر قابو رکھنا چاہیئے تھا۔

وہاں سے ہٹ کر میں نے آڑ میں سے دیکھا کہ وہ خائف ہو کر اس جگہ سے چلدیا۔ میں نے بھی اس کا تعاقب کیا۔ دیکھا کہ ایک تالا بکے

کنارے چٹائی پر جا کر لیٹ گیا۔ میں نے خیال کیا کہ کسی امر پر غور و فکر کرنے کے لئے یہ بہت مناسب مقام ہے۔ گیس کے ستون کے نیچے سے تو یہ جگہ بدرجہا بہتر ہے۔ یہاں لوگ شُبہ کر کے زیادہ سے زیادہ یہ سمجھ سکتے ہیں کہ وہ اپنی محبوبہ کی یاد میں محو ہے۔ اس طرح اس نوجوان نے میری توجّہ کو اپنی طرف اور زیادہ مرکوز کر لیا۔

میں نے اُس کی قیامگاہ کا بھی پتہ معلوم کر لیا اور یہ بھی دریافت کر لیا کہ اس کا نام مُنمّہ ہے اور وہ کسی کالج میں تعلیم پا رہا ہے۔ امسال امتحان میں ناکامیاب ہونے کی وجہ سے وہ موسم سرما کی تعطیل میں اپنے گھر نہیں گیا۔ حالانکہ اُس کے تمام ہم جماعت طلبہ اپنے اپنے گھر چلے گئے۔ میں نے اس امر کی تحقیقات کا مصمم ارادہ کر لیا کہ جب سب طلبہ اس طویل تعطیل میں کلکتہ چھوڑ کر اپنے اپنے وطن کو رخصت ہو گئے تو کون سی وجہ مانع ہوئی کہ وہ ابتک نہیں گیا؟۔

بالآخر میں بھی ایک طالب علم بن گیا اور اس کے کمرے کے ایک حصّہ میں اقامت پذیر ہو گیا۔ جب اُس نے مجھے پہلے دن دیکھا تو وہ میرے چہرے کو اس طرح غائر نظر سے دیکھ رہا تھا کہ میں اس کا مطلب سمجھنے سے قاصر رہا۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ بہت متعجب ہوا اور میرے مقصد کو سمجھ گیا ہے۔ اب مجھے یقین ہو گیا کہ ایک اچھے شکار ہی کیلئے یہ بہترین شکار ہے۔ اس پر کوئی شخص بہ آسانی قابو نہیں حاصل کر سکتا۔

لیکن جب میں نے اُسے اپنا دوست بنانے کی خواہش ظاہر کی تو وہ بہت سہولت سے میرے قابو میں آگیا۔ اور ذرا بھی پس و پیش نہ کیا۔ مجھے یہ ضرور معلوم ہوا کہ وہ مجھے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہا ہے اور مجھے پہچاننے کی کوشش کر رہا ہے۔ اُستادوں کی یہی خصوصیت ہونی چاہیئے کہ اُن کی نظر ہر وقت فطرتِ انسانی پر رہے۔ اس قدر کم عمر میں اُس کی ایسی چالاکی اور چستی دیکھکر مجھے بہت مسرّت ہوئی۔

میں نے سوچا کہ جب تک ایک نازنین کو آلۂ کار نہ بناؤنگا اُس وقت تک اس شریر لڑکے کے متعلق رازہائے سربستہ کا انکشاف ہونا ناممکن ہے۔

ایک دن میں نے مسرّت آمیز لہجہ میں کہا: "بھائی منمّہ! میں ایک محبوبہ پر دل سے شیدا ہوں لیکن وہ میری طرف ذرا بھی ملتفت نہیں ہوتی"۔

پہلے تو اُس نے متحیّر ہو کر مجھے دیکھا پھر ہنس کر کہا: "یہ کوئی بعید از قیاس بات نہیں ہے۔ خدا نے ایسے ہی کرشمے دکھانے کے لئے مرد اور عورت پیدا کئے ہیں"۔

میں نے کہا: "میں اس معاملہ میں تمہارے مشورے اور امداد کا طالب ہوں"۔

وہ فوراً دونوں باتوں کے لئے تیار ہو گیا۔

تب میں نے ایک طویل داستان اختراع کر کے بیان کرنا شروع کیا۔ گو کہ اُس نے میری داستان کو ابتدا سے لیکر انتہا تک نہایت دلچسپی اور محویت کے ساتھ سُنا لیکن خود بالکل خاموش رہا۔ میں نے سوچا کہ جب کسی سے عشق و محبت کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو اس سے بے تکلفی ہو جاتی ہے لیکن موجودہ صورت میں اسکے کچھ آثار نمایاں نہ ہوئے۔ لڑکے نے شروع سے سکوت اختیار کر لیا تھا اور سب باتیں سُنکر اپنے لوحِ قلب پر منقوش کر لیں۔ اس سے اسکی فطانت و منزلت میرے دل میں اور زیادہ ہو گئی۔

میں یہ سمجھنے سے قاصر رہا کہ وہ روزانہ دروازہ بند کر کے کیا کیا کرتا ہے اور اُسنے اپنے فن میں کس حد تک مہارت حاصل کی ہے۔ لیکن

س کے متعلق مجھے ذرا بھی شک نہ تھا کہ وہ بہت آگے قدم بڑھا چکا ہے۔ اس کے بشرے سے یہ عیاں تھا کہ وہ کسی اہم کام میں منہمک ہے جو اب پایۂ تکمیل کو پہونچ گیا ہے۔ میں نے موقع پاکر ایک دوسری کنجی سے اس کے ڈسک کو کھول کر دیکھا کہ اس میں ایک ضخیم کتاب۔ کچھ کالج کے کچھ دوسرے کے نوٹ اور کچھ اس کے اعزا کے خطوط تھے۔ ان کے علاوہ کوئی دوسری چیز نہ تھی۔ ان خطوط کے پڑھنے سے یہی منکشف ہوتا تھا کہ وہ باوجود اصرار اور تاکید کے تعطیل میں بھی اپنے گھر نہیں گیا۔ میں نے سوچا کہ یقیناً کوئی خاص کشش ہے جو اسے یہاں روک رہی ہے۔

ابتک اس کے بھیدوں کے مخفی رہنے کی وجہ سے میری بے قراری اور بے چینی میں اور بھی اضافہ ہوا۔ میں نے اس کے متعلق اب قطعی طور پر رائے قائم کرلی کہ وہ ایک معمولی طالب علم نہیں ہے بلکہ اہل دنیا کو ہلاکت اور تباہی کی طرف کھینچنے والا بہت بڑا فسادی ہے۔

بالآخر مجھے ایک خوشرو نازنین سے استمداد کرنا پڑا۔ پولیس کی وظیفہ خوار ہرمتی نے بہت اعانت کی۔ میں نے کہا: میں ہرمتی پر فریفتہ ہوں۔ اور اس کی محبت کا تشنہ کام ہوں۔ میں اکثر اسے دیکھکر عاشقانہ نظمیں پڑھتا تھا اور ہرمتی بھی کبھی کبھی دردانگیز لہجہ میں اور کبھی تفریحاً غزلیں پڑھا کرتی تھی اور یہ اظہار کرتی کہ میں متمتھ پر وارفتہ اور دلدادہ ہوں۔ لیکن ان تدابیر سے کوئی امید افزا صورت نہ پیدا ہوئی۔

اسی طرح ایک دن دوپہر کو متمتھ کی میز پر مجھے ایک خط کے کچھ ٹکڑے نظر آئے۔ میں نے سب کو اٹھالیا۔ ٹکڑوں کو جوڑکر اس میں سے ایک نامکمل جملہ پڑھا: "آج شام کو سات بجے چھپکر میں تمہارے گھر پر۔۔۔۔" باوجود سخت کوشش کے کوئی اور بات نہ معلوم ہوسکی۔ بہرحال جملے کے اس جزو سے بھی مجھے بہت خوشی ہوئی۔

میں جانتا تھا کہ آج رات کو دس بجے ہرمتی میرے گھر پر آئیگی۔ پھر ایسی صورت میں سات بجے شب میں کونسا واقعہ پیش آنیوالا ہے۔ فی الحقیقت یہ نوجوان جس قدر عالی ہمت ہے، ویسے ہی دور اندیش بھی معلوم ہوتا ہے۔ اگر پوشیدہ طور پر کوئی جرم کرنا ہو تو جس دن گھر کے لوگ دوسرے کاموں میں منہمک ہوں تو اسوقت موقع پاکر اسے کر ڈالنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسے موقع پر اول تو سب کی نظر اصل کام کی طرف ہوتی ہے اور دوسرے تو یقین ہی نہیں ہوسکتا کہ جہاں پر لوگ کسی خاص تقریب میں محو ہیں وہاں اس دن قصداً کوئی خفیہ جرم بھی ہوسکتا ہے۔

مجھے دفعتاً شبہ ہوا کہ ہماری دوستی اور ہرمتی کی محبت کو متمتھ نے اپنی مقصد براری کا وسیلہ تو نہیں بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نہ تو ہرمتی خود گرفتار ہوتا ہے اور نہ ہم سے کنارہ کشی اختیار کرتا ہے۔ میں اس شک کو بھی رفع نہیں کرنا چاہتا تھا۔ کہ ہم لوگ اس کی کارروائیوں میں کسی طرح مانع ہیں۔ اور سب لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم لوگوں کی وجہ سے کسقدر حیران و پریشان رہتا ہے۔

ان سب باتوں پر ایک مرتبہ غور کرنے کی ضرورت ہے۔ اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ جو طالب علم تعطیل کے زمانے میں اپنے اعزا سے قریبا کی منت سماجت، لعنت ملامت کی بالکل پروا نہ کرکے ایک کمرے میں تنہا پڑا رہتا ہے اس کے لئے اسے خلوت کی سخت ضرورت ہے۔ ہم لوگ اس کے کمرے کے ایک حصہ پر قابض ہوکر اس کے سکوت و خلوت میں رخنہ انداز ہوئے۔ اس کے علاوہ مرجبیں کا ورود ایک نئے فساد کا باعث ہوا۔ باوجود ان سب باتوں کے اس نے کبھی ناراضگی کا اظہار نہیں کیا۔ نہ تو کمرہ چھوڑتا ہے اور نہ ہماری صحبت سے اجتناب کرتا ہے۔ اس کے سوائے یہ امر بھی یقینی ہے کہ وہ ہرمتی یا مجھ سے ذرا بھی انس نہیں رکھتا۔ کیونکہ میں نے کبھی کبھی اسے غافل پاکر یہ غور کیا ہے کہ اسے ہم لوگوں سے سخت نفرت ہے۔ یہ سب واقعات کن امور پر دلالت کرتے ہیں؟

اس کا صرف یہی مطلب ہوسکتا ہے کہ کئی آدمیوں کی موجودگی کی صفائی پیش کرکے خلوت کی سہولتوں سے مستفید ہونا چاہیئے۔ اس میں کامیابی کی بہترین ترکیب یہی ہے کہ مجھ جیسے نوواردشخص کو اپنی مصاحبت میں رکھا جائے۔ پھر کسی کام میں ہمہ تن مصروف ہوکر فتحیابی حاصل

کرنے کا اس نازنین سے بہتر کوئی دوسرا وسیلہ نہیں ہو سکتا ہے۔ منتہٰ کے اخلاق و اطوار اب تک جس قدر بے معنی اور مشتبہ تھے اب ہم لوگوں کے وارد ہونے کے بعد ویسے نہ رہے۔ لیکن یہ خیال کر کے میرے سارے جسم میں مسرّت کی لہر دوڑ گئی اور مجھے اور زیادہ جسارت ہوئی کہ ہمارے ملک میں بھی ایسے تیز فہم اور دُور اندیش شخص پیدا ہو سکتے ہیں جو آئندہ کی باتوں کو چشم زدن میں سوچ لیتے ہیں۔ اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ معلوم نہیں منتہٰ میرے متعلق کیا رائے قائم کریگا تو میں اُسے بغیر گلے لگائے نہ رہتا۔

اس دن مُلاقات ہوتے ہی میں نے منتہٰ سے کہا "میں نے سوچا ہے کہ آج ہم لوگ ہوٹل میں چلکر کھانا کھائیں"۔ یہ سُنتے ہی وہ کچھ چونک گیا۔ کچھ لمحہ کے بعد سوچکر بولا "بھائی معاف کرو۔ آج میرے معدے کی حالت اچھی نہیں ہے"۔

اس سے قبل میں نے کبھی منتہٰ کو ہوٹل جانے سے انکار کرتے نہ دیکھا تھا۔

اُس دن یہ بات طے ہو چکی تھی کہ میں شام کو گھر پر نہ رہونگا۔ لیکن اس کے پاس بیٹھ کر باتوں کا کچھ ایسا سلسلہ شروع ہوا کہ شام تک جاری رہا۔ وقت گذرنے لگا۔ جب اسے یہ معلوم ہوا کہ میں وہاں سے ہٹنے کے لئے ذرا بھی آمادہ نظر نہیں آتا تو اُس کی بیقراری بڑھنے لگی۔ میری سب باتوں پر حامی بھرنا شروع کیا اور مجھ سے ذرا بھی اختلاف نہ کرتا تھا۔ آخر کار جب اس کی بے چینی ناقابل برداشت ہو گئی تو اُس نے گھڑی کی طرف مضطربانہ انداز سے دیکھکر کہا "کیا آج آپ ہرمتی کو بُلانے نہ جائیں گے"۔

میں نے فوراً چونک کر کہا "ہاں ہاں۔ یہ تو میں بھول ہی گیا تھا۔ اچھا تو میں جاتا ہوں۔ تم کھانا وغیرہ تیار رکھنا۔ میں اسے لیکر ٹھیک دس بجے آؤنگا"۔ یہ کہکر میں وہاں سے روانہ ہو گیا۔

میں فرطِ مسرّت سے وجد میں آگیا۔ سات بجے منتہٰ کو جو بیقراری تھی میں اس سے بھی زیادہ مضطرب تھا۔ میں اپنے گھر کے قریب ایک جگہ چھپ گیا اور نہایت بے صبری سے گھڑی کو بار بار دیکھتا تھا۔ جب اندھیرا ہو گیا اور سڑکوں کے کنارے کے لیمپ روشن ہو گئے تو ایک پردہ پڑی ہوئی پالکی بجائے گھر میں داخل ہوئی۔ یہ سوچ کر میرے جسم میں ایک سنسنی پیدا ہوئی کہ اس پالکی کے اندر کونسی آفت کی پرکالہ رونق افروز ہے جو اس کالج کے طالب علم کی قیامگاہ میں کہاروں کے کندھوں پر سوار ہو کر ہا ہو! ہا ہو! کرتی بیتکلفی مقصد کے داخل ہو رہی ہے۔

جب مجھ میں صبر کی طاقت باقی نہ رہی تو میں نے آہستہ آہستہ زینے سے چڑھنا شروع کیا اور اُوپر کی منزل پر پہونچ گیا۔ دلی تمنا تو یہی تھی کہ خاموش رہ کر سب باتیں سُنوں۔ لیکن ایسا نہ ہوا۔ کیونکہ زینے کے سامنے کے کمرے میں منتہٰ زینے کی طرف رُخ کئے ہوئے بیٹھا تھا۔ اور ایک عورت شیریں لہجہ میں گفتگو کر رہی ہے۔ جب میں نے دیکھا کہ منتہٰ نے مجھے دیکھ لیا تو جلدی سے کمرے میں داخل ہو کر کہا "بھائی۔ میں کمرے میں اپنی گھڑی چھوڑ گیا تھا اُسے لینے آیا ہوں"۔

منتہٰ اب بدحواس ہو کر زمین پر گرنا چاہتا تھا۔ میں نے اشتیاق و مسرّت سے بے چین ہو کر کہا "بھئی! تم کو کوئی تکلیف تو نہیں ہے"۔ لیکن وہ اس سوال کا جواب نہ دے سکا۔ تب میں نے اس خاموش و ساکت گھونگھٹ والی عورت کی طرف پھر کر کہا "آپ منتہٰ کی کون ہیں"۔ تو کہ اُس نے کچھ جواب نہ دیا لیکن میں نے دیکھا کہ منتہٰ سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔ بلکہ وہ میری بیوی ہے۔ اس کے بعد جو کچھ ہوا اس کا تذکرہ فضول ہے۔

ناظرین! دیکھئے میری جاسوسی کی بجسم اللہ اس شاندار کامیابی کے ساتھ ہوئی۔

کچھ دنوں کے بعد میں نے ڈیٹیکٹیو انسپکٹر بابو فہم چندر سے کہا "یہ لکھنے کہ منتہٰ کے ساتھ تمہاری بیوی کے تعلقات شاید سماج

کے خلاف نہ ہوں ۔۔۔"

فہم چندر نے کہا تھا نہ ہونے کا ہی زیادہ امکان ہے۔ کیونکہ میری بیوی کے صندوق سے متھتہ کا خط برآمد ہوا ہے" یہ کہکر اُس نے وہ خط میرے ہاتھ میں رکھدیا۔ اس کا مضمون یہ تھا۔

محترمہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

معلوم ہوتا ہے کہ اتنا عرصہ گذرنے کی وجہ سے تم مجھے بھول گئی ہوگی۔ بچپن میں جب میں اپنے ماموں کے گھر جاتا تھا تو ہمیشہ تمہارے ہاں جاکر تمہارے ساتھ کھیلا کودا کرتا تھا۔ ہم لوگوں کے وہ کھیل اور کھیلنے کودنے کے وہ تعلقات اب نہ باقی ہے۔ معلوم نہیں تم کو یہ خبر ہے یا نہیں کہ ایک مرتبہ میں نے نہایت بے صبر ہوکر اور شرم کو بالائے طاق رکھ کر تمہارے ساتھ ازدواجی تعلقات قائم کرنے کی بیحد کوشش کی۔ لیکن بڑی دشواری یہ ہوئی کہ ہم دونوں قریب قریب ہم عمر تھے۔ اسلئے دونوں طرف کے لوگوں نے اس رشتہ کو نامناسب قرار دیا۔

اس کے بعد تمہاری شادی ہوگئی۔ چار پانچ برس تک میں تمہاری خیر و عافیت سے بالکل بیخبر تھا۔ اور پانچ چھ ماہ ہوئے مجھے معلوم ہوا کہ اب تمہارے خاوند تبدیل ہوکر کلکتہ میں آتے ہیں۔ تب میں نے تمہارے گھر کا پتہ دریافت کیا۔

مجھے تم سے ملاقات کی کوئی اُمید تو نہیں ہے اور نہ میں چاہتا ہوں کہ تمہارے خانگی سکون و اطمینان میں کسی طرح کا انتشار پیدا کروں۔ شام کو تمہارے گھر کے سامنے ایک گیس کے ستون کے نیچے میں ایک آفتاب پرست کی طرح کھڑا رہتا ہوں تم روزانہ ساڑھے سات بجے بالاخانہ کے داہنے جانب کے کمرے کی شیشے والی کھڑکی کے سامنے ایک لیمپ روشن کرکے رکھدیتی ہو۔ اور اس وقت تھوڑی دیر کیلئے تمہاری شبیہ کا جلوہ دیکھ لیتا ہوں۔ اگر میں نے کوئی جرم کیا ہے تو بس یہی ایک۔

اس عرصہ میں تمہارے خاوند سے میرا تعارف ہوا اور رفتہ رفتہ دوستی کے تعلقات قائم ہوگئے۔ ان کے اطوار و کردار سے مجھے اب تک جو کچھ واقفیت ہوئی ہے اُس سے یہی پتہ چلتا ہے کہ تم کو قلبی سکون و اطمینان نہیں حاصل ہے۔ تم پر میرا کوئی سماجی اختیار تو نہیں ہے۔ جس خدا نے میرے دل میں تمہاری تکالیف کا احساس پیدا کیا ہے۔ اُسی نے تمہارے مصائب کو رفع کرنے کی ذمہ داری میرے اُوپر عائد کی ہے۔

لیکن میری گستاخی معاف کرو۔ اگر تم جمعہ کی شام کو ٹھیک سات بجے نہایت خاموشی سے پالکی میں بیٹھکر صرف بیس منٹ کے لئے میرے گھر پر آجاؤ تو بہت سے مخفی اُمور کا اظہار کرونگا۔ تم کو ان باتوں کا یقین نہ ہو اور گوارہ کرو تو میں اس کا مجسم ثبوت بھی دے سکتا ہوں۔ اور کچھ مشورہ بھی دونگا۔ میں خدا کو شاہد و ناظر سمجھکر کہتا ہوں کہ اگر تم میری نصیحتوں پر عمل کروگی تو تمہاری زندگی ضرور مسرت آگیں اور پُرسکون ہوجائے گی۔

میری یہ التجا کسی قسم کی خود غرضی یا نفسانیت پر مبنی نہیں ہے۔ تھوڑی دیر تم کو روبرو دیکھ لونگا، تمہاری باتیں سُنوں گا اور تمہارے مستدوم صحبت لزوم سے میں مغتنم بنوں گا۔ اگر تم کو مجھ پر اعتماد نہ ہو اور اس برکت سے مجھے محروم رکھنا چاہتی ہو تو اس کی بھی اطلاع مجھے دیدینا۔ تو مجبوراً خط کے ذریعے سے تم کو سب باتوں سے آگاہ کرونگا۔ اگر تحریر کا بھی اعتبار نہ ہو تو یہ خط تم اپنے خاوند کو بھی دکھا سکتی ہو۔ پھر مجھے جو کچھ کہنا ہے میں اُنہیں سے کہدونگا۔

(ٹیگور) ایس۔ احمد۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔

سازِ اَنا

اب عطاہائے فراواں سے گرانبار ہوں میں
کچھ نہ تھا پاس تو رونا تھا کہ نادار ہوں میں
ہیں فغاں کوششیاں ہی مقصدِ ہستی شاید!
ورنہ کس واسطے یارب ہمہ تن زار ہوں میں

اپنی ہستی کے مد و جزر سے لاعلم ہی ہوں!
گو ازل ہی سے سراپردۂ انکار ہوں میں
حسنِ ظن فطرتِ شوریدہ سے نکلا بے سود
بے نقابی سے حقیقت کی دل آزار ہوں میں

فرض پر بھینٹ چڑھا ڈالی محبت جس نے!
اُف، وہ مجرم، وہ کم اندیش، زیاں کار ہوں میں
ہوں گنہگار میں، اُسکی بھی خدا کی بھی، مگر!
شرحِ "کُن" کی بھی خدا ہی سے طلبگار ہوا ہیں

گم فراوانیِ احساس میں ہیں ہوش و حواس
نہ گرانبار ہوں ہمدم نہ شکسار ہوں میں
یاس پُر شوق کی اللہ رے ہمت زائی!
کہ جہنم میں بھی آسودۂ گلزار ہوں میں

لفظ غمخوار تو شرمندۂ معنی ہی نہیں!
خود ہی ہوں سوگ نشیں، خود ہی عزادار ہوں میں
آہ، میں کیا ہوں! یہ اب تک مجھے معلوم نہیں
خود ہی اپنے لئے اک عقدۂ دشوار ہوں میں

"دلفگار"

ناہید

گھٹائیں جھوم رہی ہیں فضاؤں میں ناہید!
ہجوم کیف ہے ٹھنڈی ہواؤں میں ناہید!
وہ جوشِ لالہ و گل ہے وہ ہے بہار کا رنگ
ڈھلی ہے آگ کے سانچوں میں خاکداں کی اُمنگ
نگارِ جلوۂ فطرت کھڑی ہے زلف بدوش
فضائے دہر ہے یا کارگاہِ بافِ فروش
برس رہی ہے سرِ خاک کچھ عجیب بہار!
رباب و نغمہ و مکش، شراب و حسنِ نگار
مگر بایں ہمہ! میں ہوں رہینِ رنج و ملال
ترے جمیل تصور میں منہمک ہے خیال!

کاوش حیدرآبادی

(بسلسلۂ گذشتہ)

ریاضِ رضوان

خمریات

جن لوگوں نے ریاض کے کلام کا مطالعہ کیا ہے، عام طور انکی یہی رائے ہے کہ ریاض ایک رندِ آشام شاعر تھے۔ جام و بادہ ان کا مشرب، ساغر و مینا ان کا مذہب، اور پیمانہ و صہبا ان کا مقصدِ حیات تھا، اس لئے کہ شراب کا ذکر جس تنوع، لطف، اور کیف سے انہوں نے کیا ہے کسی نے نہیں کیا، عربی زبان میں خمریات کا امام ابونواس تھا، اور لاریب کہ عربی زبان اُس کا کوئی حریف نہ پیدا کر سکی۔ فارسی زبان میں حافظ کی شراب معرفت اور شراب حقیقی لٹریچر میں ایک گراں بہا اضافہ ہے اور بلاشبہ فارسی زبان میں حافظ کا کوئی مدمقابل نہیں پیدا ہو سکا۔ اردو زبان میں ریاض نے خمریات کو ایک مستقل موضوع کی حیثیت دی، اور اسے اندیشۂ تردید کہا جا سکتا ہے کہ اردو زبان کا کوئی شاعر عام اس سے کہ وہ دہلی سے متعلق ہو یا لکھنؤ سے، میر و سودا کے زمانہ کا ہو یا آتش و ناسخ کے، "لہر اکے بہل کھا کے" شراب پیتا ہو، یا "برسبیلِ تذکرہ" یہ شاعرانہ کیفیت اپنے اوپر طاری کر لیتا ہو، ریاض سے بازی نہ لے جا سکا۔ حالانکہ ریاض کا دامن بادۂ گلگوں کے داغ سے بالکل صاف ہے، انہوں نے ممکن ہے دو سو سے گناہ کئے ہوں لیکن شراب پینے کا گناہ اُن سے کبھی سرزد نہیں ہوا۔

شراب کا ذکر وہ بڑی بے ساختگی، اور روانی سے کرتے ہیں، نئے خیالات، نئے مضامین، نیا انداز بیان، نیا اسلوب ذکر، انکے خمریات کا مابہ الامتیاز ہے۔ وہ کبھی اُسے "میکدہ والی" کہتے ہیں، کبھی "کالی کالی بوتلوں میں لال لال" چیز کی تعریف سے کام نکالتے ہیں، کبھی اُس کا مقام ظرفِ وضو میں ہوتا ہے، کبھی زمزمی میں، کبھی شیخ کے حجرے میں کبھی طاقِ مسجد میں۔

جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں، ریاض جس کیفیت کا اظہار کرتے ہیں پہلے اُسے اوپر طاری کر لیتے ہیں۔ خمریات میں اُن کی غیر معمولی کامیابی کا راز یہی ہے۔

میں کہیں جاؤں وعظ محشر ہو کہ محفل وعظ
ہو گا جنہیں توبہ کا بھروسہ مرے مالک

دوش پر میرے سبو ہاتھ میں میرا ہو گا
وہ اور ہی ہونگے یہ گنہگار نہ ہو گا

ہم گرے جب لڑکھڑا کر بزم میں
دیکھ واعظ جھکو، ہیں کیا ہو گیا

سر سبز پر ہاتھ ساغر پر پڑا
آدمی تھا پی، فرشتہ ہو گیا!

مے چرانے میں ہمیں ہے یدِ طولیٰ کیسا
ہم اڑا لائے سبو آج اچھوتا کیسا

چلو ہی بھر سہی ہمیں تسکین اس سے تھی
جب تک سبو میں تھی غمِ فردا تو کچھ نہ تھا

کبھی ممکن نہیں میخانہ کا ویراں ہونا
کبھی ممکن نہیں جنت کا بیاباں ہونا

چلے نہ کام بھرے خم اگر نہ ساتھ چلیں
حرم کی راہ میں کوسوں کنواں نہیں ملتا

ہم سے نوشِ لب جو لب کھولو تو واعظ کی طرح
صحنِ مسجد میں رواں چشمۂ کوثر ہوتا

اُتری ہے آسمان سے جو کل اُٹھا تو لا
طاقِ حرم سے شیخ وہ بوتل اُٹھا تو لا

دھونا ہے داغ جامۂ احرام صبح صبح
حجرے سے شیخ پانی کی چھاگل اُٹھا تو لا

مجھکو بھی انتظار تھا ابر آئے تو پیوں
ساقی اگر یہ سچ ہے کہ بادل اُٹھا تو لا

میں کام لونگا ابر کالے رند تان کر
تو مجھ فقیر مست کا کمبل اُٹھا تو لا

مُنہ پونچھ کے کہنا مرا شیخ حرم سے
ہاں نام سے زمزم کے ذرا قبلہ دیں اور

ریاض ہائے رے تیرا وہ خراب کلا انداز
سبو تو ہے تہ و دستِ شوق ساغر پر

پھر بچے کعبہ میں ہم شراب فروش — لیکے مشکیزہ بن کے آب فروش
یہ سُرخ سُرخ سی شے اک سیاہ پوتل میں — بغیر ابر بھی ہے سبزہ زار کے قابل
کیا کیا خوشا دیں ہیں کرپی لوں بہشت میں — سر پہ چھوڑے ابر کے کیوں چھائے جاتے ہیں
وہ شے آج واعظ کو ہم نے پلا کر — مٹا تے خیالات باطل ہزاروں
اُٹھے کبھی گھبرا کے تو میخانہ کو آتے — پی آئے تو پھر بیٹھ رہے یاد خدا میں
شور قلقل میں گم آواز اذاں ہے اے شیخ — یہ بہت خوب کہیں میکدہ آباد نہیں
جی نہ ما تا حضرت ناصح کو آتے دیکھ کر — کچھ یونہی تھوڑی سی پی لی واں تک کے واسطے
نام تو یہ لیتے ہی مجھ پر برس پڑتا ہے یہ — تو بخشتہ ہے رگ ابر کرم کے واسطے
آئے میخانہ میں جب مسجد جامع سے ریاض — ساتھ ہی آپ کے قبلہ سے گھٹا بھی آئی
یہ عالم ہے ریاض اک ایک قطرے کو ترستا ہوں — حرم میں اب خدا جانے بھری پوتل کہاں رکھدی
جام مے تو پشکن، تو بہ مری جام شکن — سامنے ڈھیر ہیں ٹوٹے ہوئے پیمانوں کے!
اتنی پی ہے کہ بعد توبہ بھی — بے پیئے بے خودی سی رہتی ہے
اچھی پی لی خراب پی لی — جیسی پائی شراب پی لی
عادت سی ہو گئی ہے یہ کیفیت — ملتی نہ یہ شراب پی لی
ڈاڑھی کی نہیں ریاض اب شرم — جب پا گئے بے حساب پی لی
تیسرے فاقہ ہمیں دانۂ انگور ملے — ہم یہ سمجھے کہ مہینے سے ستر طور ملے

ندرت تشبیہ

رسائی فکر، بلندی خیال، اور تیزی طبع یہ عناصر ہیں جو شاعر کے کلام کو نادر تشبیہوں سے مزین کرتے ہیں، اس صنعت کلام کو وہی شاعر نباہ سکتا ہے جو زبان بیان پر غیر معمولی قدرت رکھتا ہو، بات میں بات پیدا کر سکتا ہو۔

حضرت مرحوم کے کلام میں ایسے اشعار بھی بڑی تعداد میں ملتے ہیں جن میں انہوں نے زبان و بیان پر ماہرانہ دسترس کا ثبوت دیا، اور انوکھی تشبیہ کو استعمال کر کے دیا ہے، مثال کے لئے چند اشعار آپ بھی ملاحظہ فرمائیے:۔

کیا تجھ سے ترے مسیح بانگ مارے اللہ — ہر موج شراب اٹھ کے بنی ہاتھ دعا کا
اچھا جو یہ پوتل سے تو بن آئے گی لے شیخ — اس کافر سے اچھا کلہ دستار نہ ہوگا
میں تو سمجھا بانکپن کی ہے پھول کی — کس قدر ہلکا ترا خنجر پڑا
نشہ میں گر کے ہاتھ سے ساغر ہوا جو چور — ہر ریزہ جا کے سبزہ لب آب جو ہوا
زندگی آٹھ پہر لطف سے کٹتی قاتل — سانس کی طرح رواں سینہ میں خنجر ہوتا
رات سے بن گئی دن رخ سے الٹ دی جو نقاب — کھول دی زلف جہاں ہو گئی بے رات کی رات
وہ تابش دُر دنداں وہ جنبش لب تر — رواں ہے کشتی مے کیسی آب گوہر پر
نہیں ہے آنکھ ڈیوڑھی ہم نشیں کاشانۂ دل کی — اسی پردے میں وہ آکر سواری سے اترتے ہیں
کتنی نازک ہیں چوڑیاں ان کی — ایسی تو چین آستیں بھی نہیں
کچھ بھی چلے نہ کام بڑھاپے میں اے ریاض — اٹھکر یہ سوچ لے جو ہمارا عصا نہ ہو

نازک کلائیوں میں حنا بستہ مٹھیاں — شاخوں میں جیسے منہ بند سی کلیاں گلاب کی
میں رکھ لوں ریزۂ حنا کو دل میں — اسے کس پھول کی یہ پنکھڑی ہے
اُڑتے ہوئے میخانہ چلے آتے ہیں رندو — اٹھتی ہوئی سادن کی گھٹا اور ہی کچھ ہے
زمین میکدہ عرشِ بریں معلوم ہوتی ہے — یہ خشت خم فرشتہ کی جبیں معلوم ہوتی ہے
سنو اے جانیں گے گیسو الٰہی بات بنجائے — دل صد چاک میرا ہے جو بنکر شانہ آتا ہے
قسمت مری! کس نور کو روشن ہو مری آنکھ — پتلی نہیں یہ نقش کف پائے علیؑ ہے
کہکشاں کو ہے نازمیں بھی ہوں — کسی مہوش کی خندہ پیشانی

طنزیات

طنز ــــــ لطیف طنز ــــــ ادب کی جان ہے، ریاض کی شاعری کا یہ بھی ایک اہم عنوان ہے، اُن کے ساتھ ناانصافی ہوگی اگر اُسے نظر انداز کر دیا جائے! ؎

ارمان عدو کا تجھے ہوتے ہوئے سرے — ہوتے ہوئے ترے مجھے ارمان قضا کا
وہ کیوں ٹھہرتے نزع میں بالین غیر پر — کوئی معاملہ یہ گھڑی دو گھڑی کا تھا؟
مری خوشی کی کسی کو نہیں کسی کو خوشی ہوگی — مرے ملال کا اُن کو ملال کیا ہوگا؟
دیکھیے گا سنبھل کے آئینہ — سامنا آج ہے مقابل کا
مجھ کو بڑھا ہے مرے قاصد کا شوق — نامہ ملا اور ہوا ہو گیا
بزم ساقی میں مرے واسطے ہو تھی اے شیخ — کیا ترے واسطے افشردۂ انگور نہ تھا؟
کچھ حشر لحد پر ابھی برپا نہیں ہوتا — آتے ہو تو ٹھہرو کوئی زندہ نہیں ہوتا
میخانے میں کیوں یاد خدا ہوتی ہے اکثر — مسجد میں تو ذکر مے و مینا نہیں ہوتا
عدو کی قبر ہوگی بال بکھرائے جہاں پہو نچے — بچے سایہ سے جس کے آپ، وہ میرا مکاں ہوگا
آنکھ کوثر پر دکھائی شیخ نے کچھ اس طرح — واسطہ رکھتے ہیں گویا ساقیِ کوثر سے آپ
حضرت واعظ پسینہ میں ہیں تر اس رنگ سے — ڈوب کر نکلے ہیں گویا چشمۂ کوثر سے آپ
یہ حال ہے ریاض کا روتے ہیں آج غیر — پھر بھی تو پھر رہے ہیں بہت شادماں سے آپ
جو اٹھ نہیں سکتے تھے گئے اٹھ کے لحد میں — بیٹھے رہیں اب گھر میں لئے عذر خدا آپ
کہیں ایسا نہ ہو آجائے ترس آپ کو کچھ — آپ سنیئے نہ کسی مور و آفات کی بات
دم وعظ کیسے مزے میں ہیں واعظ — بھرے جام کوثر سے چھلکا رہے ہیں
میرے گھر سے لے شب غم تو کہاں — لے کے صورت کالی کالی جائے گی؟
کیوں معتبر ریاض کو سمجھیں نہ لے فروش — ریش دراز وجبۂ و دستار دیکھئے
مر کے ہم داد وفا دیں تو بھی کچھ پرسش نہیں — یونہی سی ہے حسن کی سرکار کچھ یونہی سی ہے

حقائق و معارف

حکیمانہ رنگ میں فلسفہ و حکمت اور حقائق و معارف کی گتھیاں بھی ریاض نے سلجھائی ہیں، انداز اتنا دل نشیں کہ ہر لفظ اثر بن کر دل میں اُترے، اسلوب

اتنا دلکش کہ حقائق عامۃ الورود واقعات معلوم ہوں، حقیقت اتنی صاف اور واضح کہ ریب و شک کی گنجائش ہی نہ باقی رہنے پائے۔

یہی گلشن کی ہوا ہے یہی گلشن کی بہار — کبھی صیاد کبھی ناوک صیاد آیا
وہ کون ہے دنیا میں جسے غم نہیں ہوتا — کس گھر میں خوشی ہوتی ہے ماتم نہیں ہوتا
آزار محبت نہیں جاتا نہیں جاتا — بیمار محبت کبھی اچھا نہیں ہوتا
اللہ دکھائے نہ برا وقت کسی کو — کوئی بھی زمانے میں کسی کا نہیں ہوتا
جو کبھی ہے خوشی کے بعد ملال — تو کبھی ہے خوشی ملال کے بعد
عجز سے بڑھ کر نہیں ہے کوئی چیز — کیسی نخوت، کہ کبر، کیا گھمنڈ؟
سیج پہ پی کی آنکھ اپنی جب کھلی تو یوں کھلی — جیسے کوئی چونک اٹھے خواب پریشان دیکھ کر
تنے جھگڑے زندگانی کے لئے — زندگانی کا ٹھکانا کچھ نہیں
سیج کی کٹتی نہیں ہے ایک رات — دن گزر جاتے ہیں ستو آرام کے
ناپائدار زندگی مستعار ہے — آئے نہ آئے سانس کا کیا اعتبار ہے
ہونہ ہیٹے ہاتھ سے دامان دعا — چونہ ٹوٹے وہ سہارا چاہیئے
حق یہ ہے کہ زندگی ہو یا موت — ہر پیشہ بہتری ہے مفلسی کی
موت سے بڑھ کر بڑھاپا آئے گا — جان سے اچھی جوانی جائے گی
جس سے ریاض ظاہر و باطن میں فرق — اس زمانے میں کوئی کس سے ملے؟
بگڑ کر کوئی بنتا ہے کوئی بنکر بگڑتا ہے — یہی دنیا کا نقشہ ہے اسی کا نام دنیا ہے
زمانے میں بہت اللہ کے بندے ہیں ایسے بھی — کہ جن کے پاؤں پر تاج سر محفور رہتا ہے
تمہے ریاض اس فکر میں یہ بیٹھ نہیں کے ہو رہیں — مرد حق آگاہ بھی کس سمی باطل میں رہے
دل پر نقش مہر و وفا دو دن کی تو بات نہیں — کوئی بھی ہو دل میں جگہ ہوتے ہوتے ہوتی ہے

زبان زد عام

ریاض کے دیوان میں ایسے اشعار بھی اچھی تعداد میں موجود ہیں جو قبول عام کی سند حاصل کر چکے ہیں؛ اور عام طور پر زبانوں پر چڑھے ہوئے ہیں مثلاً۔

میرے گھر مثل تیر کے یہ ساماں نکلا — آستیں قیس کی فریاد کا داماں نکلا
دیکھ کر ہنستے ہو کیا تم صورت پاک ریاض — یہ بڑے پہونچے ہوئے اللہ والے لوگ ہیں
بڑے نیک طینت بڑے صاف باطن — ریاض آپ کو کچھ نہیں جانتے ہیں
کہ سیدھی کرنے ذرا میکدہ میں — عصا ٹیکتے کیا ریاض آ رہے ہیں؟
لکھا کس حسن سے خدا نے کہ تجھ سے کشیدہ ہیں — کشش حرفوں کی ایسی ہے کہ ہم بھی صاد کرتے ہیں
گلا میٹھا ہوا خدمت اذاں کی وہ بھی کب میں — بھلے کو ہم دبالاتے تھے ناقوس برہمن کو
مری شراب کی کیا قدر جانے تو واعظ — جسے میں پی کے دعا دوں وہ جنتی ہو جائے
چھا ٹا وہ دل کہ جس کی ازل میں نمود تھی — پسلی پھڑک اٹھی نگہ انتخاب کی
جہاں ہم خشت خم رکھدیں بنا کعبہ پڑتی ہے — جہاں ساغر پٹک دیں چشمہ زمزم ابلتا ہے
حسینوں کا عالم نیا ہو رہا ہے — کہ جس بت کو دیکھو خدا ہو رہا ہے

دل بیاں کا سنبھلنا کیا — دیکھ لو پیار کی مگا ہوں سے
صدیسالہ دورِ چرخ تھا ساغر کا ایک دور — تجھے جو میکدہ سے تو دُنیا بدل گئی

روزمرّہ

وہی اشعار قبولِ عام اور بقائے دوام کا خلعت حاصل کرتے ہیں جو عام فہم ہوں، صاف اور رواں ہوں، سادہ ترکیب، آسان الفاظ، اور سُبک نشست الفاظ، اس فن کا معیار ہے، گنجلک ترکیبیں، پیچیدہ اسلوبِ بیان، بڑے بڑے اور ناقابلِ فہم الفاظ، خواہ غیر معمولی قابلیت کا ثبوت ہوں، مفہوم و معنی کے اعتبار سے خواہ وہ کتنے ہی باندھوں لیکن قبولِ عام اور بقائے دوام کے دربار میں اُن کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے، غالب کے وہ اشعار جن میں روزمرّہ کی زبان استعمال کی گئی ہے بزم و انجمن کی ٹکسال کے کھرے سکّے ہیں، لیکن جہاں انہوں نے اپنی "قابلیت" "صرف کی ہے اور بڑے بڑے لغات کا عطر استعمال کیا ہے، وہاں وہ ناکام ہیں، متعدد شرحیں اُن کے کلام کی لکھی جا چکی ہیں، لیکن مشرح اشعار میں کتنے ہیں جو عام طور پر استعمال کئے جاتے ہیں یا اس قابل ہیں؟

گھر کی زبان ـــــ دہلی اور لکھنؤ کے شرفاء کے گھرانوں کی زبان ـــــ استعمال کرنے میں ریاض کو خاص ملکہ حاصل ہے، معلوم ہوتا ہے زبان ہی کی نیز، بیان ان کا بندۂ بے دام سادگی اور بے تکلفی انکے شعار خاص ہیں، چند اشعار ملاحظہ ہوں:

روگ تھا آزار تھا اچھا ہوا جاتا رہا — اے دلِ کاریغ کیا جاتا رہا جاتا رہا
نہ آیا ہمیں عشق کرنا نہ آیا — مرے عمر بھر اور مرنا نہ آیا
نمکداں کئے تم نے گو لاکھ خالی — نمک تم کو زخموں میں بھرنا نہ آیا
تری تیغ کیا کیا نہائی لہو میں — تری طرح لیکن نکھرنا نہ آیا
کچھ عجب لطف سے مل مل کے رہا ایک ایک — غم ترا جان مری، رنج ترا دل میرا
کہتے ہیں میری راہ میں کوئی ہو پائمال — جاتی ہے پوچھنے مری پیزار کیا ہوا؟
اُٹھنے کا اب تو نام بھی لیتا نہیں ہے درد — پہلو میں ہم نے آج یہ کس کو بٹھا لیا
اُتری وہ چین جبیں موج تبسم بہ کمر — دیکھو دیکھو وہ ہنسی آئی وہ غصہ اُترا
کھلتا نہیں ہے کچھ مرے دشمن نے کیا کہا — دشمن کی سُن کے اُس بُتِ پُرفن نے کیا کہا
سنبل نے لیں بلائیں جو دیکھی تمہاری زُلف — دیکھی سی جو لب کی تو سوسن نے کیا کہا؟
کیا دی دعا؟" تجھے آنا ہو پھر نصیب!" — غیبت میں مجھکو لوٹ کے رہزن نے کیا کہا؟
وہ کشمکش، وہ بھیڑ وہ آفت کی دار و گیر — ملنے کا اُن سے حشر میں موقع کہاں ملا؟
اتاروں حلق سے دو چار شہد و شیر کے گھونٹ — کہے جو شیخ یہ کیا ہے؟ کہوں جناب شراب!
آگے کچھ بڑھ کر ملے گی مسجد جامع ریاض — اک ذرا مڑ جایئے گا میکدہ کے در سے آپ
میں نے چھیڑا تو کس ادا سے کہا — کچھ سُنو گے مری زباں سے آج؟
کوئی مُنہ چوم لیگا اس نہیں پر — سخن رہ جائے گی یونہی جبیں پر
یوں بھی ہو شغل مے کہ پیں ہم پلاؤ تم — یوں بھی ہو شغل مے کہ پیو تم پلائیں ہم
صورت ایسی کہ دیکھتا ہی رہے — باتیں ایسی سُنا کرے کوئی
مر گیا غیر! مرے سر کی قسم آپ تو کھاتے بھی نہیں — ہاں مرے سر کی قسم آپ تو کھاتے بھی نہیں
شیخ صاحب کیا چرا کر لے چلے رو ملھا میں — کچھ نہ کچھ حصہ رہے یاروں کا بھی اس مال میں

آپ کی شکل بھی آپ کی صورت اچھی — آپ کے طور ہیں سے آپ کی فطرت اچھی
چل ہے تیغ تو کس ناز سے رُک رُک کے تھمتم کے — یہ کچھ اُن سے زیادہ نازمیں معلوم ہوتی ہے
موقع ہو تو مزے کی ہے رندانہ یہ ادا — لے بادہ نوشو باندہ کے چلو کبھی کبھی

آپ بیتی

ذاتی تاثرات وواقعات کی جھلک بھی نمایاں طور پر ریاض کی شاعری میں نظر آتی ہے، اور کوئی شبہ نہیں، بیان واقعہ اور اظہار حقیقت کے اعتبار سے وہ اہم چیز ہے، ضرورت ہے کہ اس کو بھی ایک ہلکا سا خاکہ پیش نظر رہے۔

اپنی پہلی اہلیہ کے حادثہ وفات پر کہتے ہیں :-

دیکھتے جاتے ہیں کبتک گور کے دامن میں ہم — آنکھ کی پتلی رکھ آئے دیدۂ مدفن میں ہم
حسن صورت حسن سیرت کو ملا کر خاک میں — بہر تسکیں خاک تربت لائے ہیں دامن میں ہم
نرم و نازک خندۂ گل سے تری آواز تھی — ڈھونڈھتے ہیں نغمہائے بلبل گلشن میں ہم
سایۂ خاتونِ جنت میں ہے اُن کی کنیز — جان دیکر جائیں گے اب خلد کے گلشن میں ہم
نور بکف چشم تربت میں ہے وہ اے ریاض — داغ بن کر اب رہینگے لالہ گلشن میں ہم

اہلیۂ ثانی کی وفات ریاض کے لئے پہلے سے بھی زیادہ اندوہناک سانحہ تھا، کہتے ہیں :-

مٹی میں اور اک چاندی صورت — بڑا پہلے سے بھی یہ دوسرا داغ
یہ کس کی موت مجھ سے کہہ رہی ہے — نہ لے ایسا کسی کو بھی خدا داغ
بظاہر کچھ نہیں واقع میں یہ ہے — مٹے ہم، مٹ گیا دل، مٹ گیا داغ
انہیں غم نے انہیں کھایا اجل نے — ریاض اب ہیں نہ اب ہیں میرزا داغ

متعدد اشعار میں حضرت ریاض نے اپنی زندگی کی خود تصویر کھینچی ہے :-

ہے ریاض اک جواں مست خرام — نہ پتے اور جھومتا جائے

یہ بھی واقعہ ہے :- وہی ریاض جو تھے بت پرست و بادہ پرست — خدا کی یاد میں بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے

یہ بھی ایک حقیقت ہے :- دُنیا کی پڑ رہی ہیں نگاہیں ریاض پر — کس نوک کا جواں ہے کس آن بان کا

اسے بھی تعلّی نہ سمجھئے بیان واقعہ ہے :-

رہا نہ کوئی بھی یارانِ رند مشرب میں — بس اک ریاض تہجد گزار باقی ہے

واردات

کلام ریاض کا ایک حصہ ایسا بھی ہے جسے واردات سے تعبیر کرسکتے ہیں۔ اسے بھی "آپ بیتی" ہی کا ضمیمہ سمجھئے :-

عشق میں خوب دن گزرتے ہیں — روز مرتے ہیں روز جیتے ہیں
چین مر کر نہ زمیں بھی نہیں — اب ٹھکانا مرا کہیں بھی نہیں
کل تو روتے تھے اپنے دامن کو — اے جنوں آج آستیں بھی نہیں
مجھکو دیکھا تو ہنس کے کہتے ہیں — اشک اب بے سبب بھی بہتے ہیں

حسیں دل کو تاراج کرتے رہے ہمیشہ اُجڑتی پہ بستی رہی
تھی جوانی عیش و دنیا کے لئے ہے بڑھاپا فکر عقبیٰ کے لئے
حضرتِ ناصح جوانی میں مجھے رکھئے معاف پیرِ مرشد توبہ کرنے کا زمانہ اور ہے
جوانی نے ارغوانی سے اچھی نے ارغوانی جوانی سے اچھی
ہم جہاں اُنکو ملے روٹھتے ملے وہ جہاں ہم کو ملے ہنستے ملے
یہ کہہ کے کس نے گلے سے لگا لیا مجھ کو اے ریاض مرا مجھ سے سرگراں کچھ ہے

رُباعیات

اس صنفِ کلام کی طرف ریاض نے بہت کم توجہ کی، لیکن جب ادھر متوجہ ہوئے تو خوب خوب گلکاریاں کیں جو تاریخ ادب میں نقشِ دوام بن کر باقی رہیں گی، چند رُباعیاں سُنیئے۔ سرسید کے متعلق کہتے ہیں:۔

قدموں سے لگا ہوا ہے زر سید کے سر خاب کا کیا لگا ہے پر سید کے
کیونکر نہ بڑھے دماغ سرسید کا اک اور لگا ہوا ہے سر سید کے

شباب کے متعلق ارشاد ہوتا ہے:۔

دینے کے لئے داغ شباب آتا ہے ساتھ اپنے یہ آفتاب آتا ہے
گھوڑے سے ہوا کے یہ اُترتا ہی نہیں جانے کیلئے پا بہ رکاب آتا ہے

رودادِ پیری سُنیئے:۔

طفلی بھی شباب بھی تھا اک دم کے لئے پھل پھول تھے سب خزاں کے عالم کے لئے
پیری میں نہیں ریاض یہ رعشۂ دست ہلتے ہیں ہاتھ اپنے ماتم کے لئے

ضعفِ پیری اور صوم کا تذکرہ:۔

ان ہاتھوں سے روز جامِ صہبا ٹوٹا ان ہاتھوں سے بار بار مینا ٹوٹا
شرمائے خدا مرے بڑھاپے کو ریاض یہ ضعف ہے ایک بھی نہ روزہ ٹوٹا

تشنگیٔ صوم کا بیان:۔

روزہ رکھکر بلا کے دن کاٹے ہیں مے سے دامن بچا کے دن کاٹے ہیں
میخانہ میں ہم تشنہ لبوں نے ساقی سینے سے سبو لگا کے دن کاٹے ہیں

یہ وقت وہ ہے خم سبو پر پی لیں پا جائیں تو جھک کے حوضِ کوثر پی لیں
خم کی ترے خیر کہدے اے پیرِ مغاں روزہ رکھا ہے سانس بھر کر پی لیں
رندِ ناکام کو کچھ نقشہ سا ہو جاتا ہے ہاں یونہی نام کو کچھ نقشہ سا ہو جاتا ہے
صدقے اے لذتِ افطار پس توبہ بھی بے پیئے شام کو کچھ نقشہ سا ہو جاتا ہے

قطعات تاریخ و قصائد!

رباعی کے لئے شرط ہے کہ مصرعِ آخر جانِ معنی ہو، قصائد کے لئے شرط ہے کہ مفہوم بلند اور الفاظ پُرزور ہوں قطعات تاریخ کے لئے شرط ہے کہ

مصرعۂ تاریخ برجستہ اور بے تکلف ہو اور رباعیات کا نمونہ آپ ملاحظہ فرما چکے کہ مصرعۂ آخر کتنا پُر معنی اور مطلب خیز ہوتا ہے، اب ایک مکمل سرسری نظر ریاض کے قطعاتِ تاریخ اور قصائد پر ڈالیے، آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ قصائد پر شکوہ معنی اور شکوہ الفاظ کے اعتبار سے کس درجہ پُر زور، اور قطعاتِ تاریخ میں برجستگی اور بے تکلفی کس درجہ عیاں ہے۔ موجودہ نواب صاحب بھوپال کی مدح میں گویا ہوتے ہیں:۔

بزم میں موجِ تبسم جامِ مے کی موج ہے — رزم میں بہرِ عدو تیغِ جبین لوکِ سناں
بزم میں مے کا چھلکتا جام اس کی چشمِ مست — رزم میں بہرِ عدو ابرو کے بل تیرو کماں
بزم میں تیغِ کمر گویا ادائے حسنِ وضع — رزم میں تیغِ کمر پر برق خاطف کا گماں
ہاں ہزیمت خوردہ جنگاہ سے — پیلِ گردوں کا شکستہ دانت ہے یہ کہکشاں
سالِ نو آیا ہے لیکر سی۔ ایس۔ آئی کا خطاب — ہو مبارک آپ کو حاجی حمید اللہ خاں

اپنے استاذ امیر مینائی مرحوم پر ایک طویل قطعۂ تاریخ ریاض نے کہا۔ چند اشعار یہ ہیں:۔

یہ آج ٹوٹ پڑا مجھ پہ آسماں کیسا — کہ دیکھتے ہیں پرانا نہ تھا یہ چرخِ کہن
نہ میں نے نالہ کیا تھا کوئی فلک فرسا — نہ آہ نکلی تھی منہ سے کوئی سپہر شکن
مری فغاں سے پڑا تھا کبھی نہ اس میں شگاف — نہ میں نے کھولے تھے اپنے لبِ زبانِ دہن
بہت ہی خون بہایا ہے چھوٹی آنکھوں سے — شفق ہے یا ہے لہو سے رنگا ہوا دامن
شکستِ چرخ کی آواز ہے کہ رعدِ کاشور — چمک ہے در کی یا صاعقہ ہے شعلہ فگن
ہے یہ سالِ سرِ قبر بے دیار امیر — فقیر کو جیہ محبوب امیر ملکِ سخن! ۱۳

مرحوم مہاراجہ صاحب محمود آباد کی وفات پر کہتے ہیں:۔

قبر پر نور کا وفور ہے آج — ذرّہ ذرّہ ہے نیّرِ تاباں
سایہ گستر ہے دامنِ زہرا — کہہ رہی ہے یہ پاکِ دامناں
بعد رحلت بھی زندۂ جاوید — چھپ کے زیرِ زمیں بھی جلوہ عیاں
نسبتِ خلد کربلا کی زمیں — نسبتِ گورِ چشمِ حورِ جناں
لکھنؤ ہائے لکھنؤ نہ رہا — اب وہ صحبت کہاں وہ لطف کہاں
دھوم ہے دھوم خلد میں آئے — سرِ مجید علیے محمد خاں ۱۳

قاضی خلیل الدین احمد صاحب وزیر اعظم ریاست پٹنا کی اہلیہ محترمہ کی تاریخ وفات نکالی ہے:۔

اس سے بہتر اور ہو سکتی نہیں سالِ وفات — گل ہوئی باد اجل سے شمعِ ایوانِ خلیل ۱۳

حضرت ریاض نے اپنی اہلیہ کی تاریخ وفات کہی ہے، زوجۂ مرحومۂ ریاض

اپنے ایک عزیز دوست کی وفات سے متاثر ہو کر حضرت مرحوم نے تاریخ وفات کہی ہے:۔

ارمان ہے نیند آئے اسی طرح ہمیں بھی — یوں چین سے سوتے ہیں وہ جنت کی ہوا میں ۱۳۴۶

سر سلیمان کے والد مولوی محمد عثمان صاحب کی تاریخ وفات:۔

بولی پوگل سوگھکر پے سال — گئے جنت میں محمد عثمان ۱۳۲۹

اپنی دوسری بیوی کی تاریخ وفات کہی ہے۔ — جانِ ریاض مُرد ۱۳۴۹

ایک دوست کا دیوان شائع ہوا، تاریخ کہی۔ چھپتا ہوا پیکاں ہے چھپتا ہوا نشتر بھی ۱۳۱۹

ریاض کا دیوان گلہائے رنگ رنگ کا مجموعہ ہے، بحر ہائے پیدا کنار کے چند قطرے اگر سمندر کی وسعت کے ترجمان ہو سکتے ہیں تو یہ چند اشعار جو تبصرہ نگار نے درج کئے ہیں کلامِ ریاض کے تعارف کیلئے کافی ہیں، انتخاب کرنے بیٹھے تو — کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجاست — کی مجبوری عناں گیر!

بقیہ صفحہ ۱۰ کالم ۱ سے آگے — ہمارے ہیرو ہمارے ہی ہیرو ہیں، ہم اپنی محبت ہوئی دل سلام ہے۔ کریں محمود جعفری

پائیرو[1] کے ڈوپر

(باب اوّل ـــــ قافلہ کی پہلی منزلیں)

نیم کی نمکولی بکی ـــــــ ساون کب آوے گا
جیوے میرا ہیرن بھیّا ـــــــ ڈولی بھیج بلاوے گا

دوپہر کا وقت ہے۔ انگنائی کے ایک کونے میں دو تلیوں پر ایک جھولا پڑا ہے۔ کالی گھٹا چھائی ہوئی ہے۔

منجھلی لڑکی حسن آرا سا سل لیٹ کے پاجامہ کے پائنچے زمین پر لٹکائے ناف سے ایک انگل اونچا شلوکہ پہنے دوپٹہ گردن میں اٹکائے اور پیچھے اس کو گراتی ہوئی۔ دونوں پیر پھیلائے ہلکے ہلکے پینگ لے رہی ہے۔ پاجامہ کے پائنچے زمین کو جھاڑو دے رہے ہیں۔ اور خود آہستہ آہستہ گا رہی ہے۔

نیم کی نمکولی بکی ـــــــ ساون کب آوے گا

اتنے میں اس سے چھوٹی رفعت آ رہی ہے۔ کچھ دیر کھڑی ہو کر بہن کو دیکھتی ہے۔ پھر اسکے منہ پر ہلکی سی مسکراہٹ آتی ہے۔ اور وہ اسکو برداشت سے چھپا کر آہستہ آہستہ قریب جاتی ہے۔ جیسے ہی بہن پینگ لیتی ہوئی پاؤں سے نکلتی ہے منہ بڑا کر کان میں کہتی ہے "آپا ابھی سے پہلے چلی تو جاؤ"

اتنا کہہ کر بھاگنے کی کوشش کرتی ہے۔ مگر آپا جھولے سے کود جھپٹا مارتی ہیں اور ہاتھ لپا کر کے شانہ پکڑ کر گھسیٹ کچ کچ ـــــ کچ کچ۔ "دو چٹکیاں شانہ پر اور دو گورے گورے گالوں پر لیتی ہیں۔ رفعت دو نعرہ" اوئی۔ اوئی" کے لگا کر بھوں بھوں رونے لگتی ہے۔

سامنے شوکت تمہیں جھاڑو کا تنکا لئے۔ گڑیا کی ایک آنکھ میں سڑ لگا کر رہ جاتی ہے۔ اور چلاتی ہے "دیکھئے اماں دیکھئے" برآمدے کے دوسرے سرے سے خالہ کہتی ہیں "میں سب دیکھ رہی ہوں اچھا حسن آرا اچھا۔ حسن آرا کیوں حسن کرتی پھر جھولے کی طرف لوٹتی ہے۔ مگر گرے ہوئے پانچوں میں اُلجھ کر دھم سے گرتی ہے آنسو بھرا چہرہ گھما کر رفعت کہتی ہے "اچھا ہوا" حسن آرا کھڑی ہو کر دونوں سیب کی طرح سُرخ گال پھلا کر کہتی ہے "منہ سڑ جائے" خالہ نے کہا "میں سب حرکتیں دیکھ رہی ہوں باجی کو سوکر اٹھنے دو کیا انداز ہے! واہ خدا نہ کرے۔ نہ معلوم آج کل کی لڑکیوں کے کیسے ہوائی دیدے ہیں۔ ہوش میں آؤ دوپٹہ سنبھالو" حسن آرا کھسیں کھسیں روتی ہوئی ایک چارپائی پر جا بیٹھتی ہے۔ اور رفعت دوسری پر بیان دیتے

سے اُٹھ کر پھر بھی ہنستی ہوئی پاس آئیں۔ اور باری باری دونوں سے بہتیرا پوچھا کیا ہوا کیوں لڑائی ہوئی؟ مگر نہ اُس نے جواب دیا نہ اِس نے۔ کنواری بالی لڑکیاں بھلا کیسے بولتیں۔ نہ معلوم کیوں کر سیڑھی در سیڑھی چکر یعنیین سے اللہ رکھی تک سے کرتیں۔ کرتیں سے ان لوگوں تک خبر پہونچی تھی۔ جہاں آرا اور حسن آرا کی بات ٹھہر رہی تھی۔ کچھ آنے والی زندگی کی اُمیدیں۔ کچھ میکہ کے چھٹنے کا غم۔ ان سب پر حاوی بھائی میاں۔ بھائی کی محبت اس گھنگھور گھٹا میں معصوم دل کو ہیجان میں ڈالے رہتی۔ کعبہ کی دیوار کی طرح پاک لبوں سے یہ گیت نکل رہا تھا جو ایک لڑکی اپنے میکہ جانے کے انتظار میں کہتی ہے۔ ساون میں مجھے بُلانے کا وعدہ تھا برسات بھی آگئی۔ نیم کی نمکولیاں بھی پک گئیں۔ مجھے لینے کوئی نہیں آیا۔ پھر اب حیات زندگی سے اُمید ڈھارس دیتی ہے۔ بھائی پیارا بھائی! انہیں سب بھول جائیں۔ گروہ نہ بھولیگا ضرور آکر مجھے لیجائیگا۔ پھر امان۔ گھر۔ اپنا گھر۔ یہ خیال تھا ان لفظوں میں۔

نیم کی نمکولی بکی ـــــــ ساون کب آوے گا
جیوے میرا ہیرن بھیّا ـــــــ ڈولی بھیج بلاوے گا

لیکن یہاں کچھ سے کچھ ہو گیا۔ ایک اُدھر بیٹھی بسور رہی ہیں۔ دوسری اِدھر ـــــ

باب دوم ـــــ ایک مسافر کی آخری منزلیں

حضرت گنج کے پاس لال باغ کی طرف چھوٹا سا چکتے ہوئے پیتل کا دی نٹ ( ) کا سائن بورڈ لیکا جسکی کہ دراصل کوئی ضرورت نہیں ہو اگر کسی کو بھی محلہ یا روڈ بتا دیا جائے اور کہہ دیا جائے کہ کوٹھی کا نام وِدی نسٹ، ہے تو وہ سوائے اس کوٹھی کے کسی اور میں نہیں جا سکتا ہے۔

احاطہ کی دیوار کے ساتھ ساتھ گھنی نیل کانٹے کی ٹٹی ہے۔ جو کہ دونوں طرف سے چل کر دو سڑکوں میں آملتی ہے۔ اور دونوں سڑکوں کے بیچ میل کی کوٹھی کا پھاٹک ہے۔ یہاں سے سیدھی سڑک جا کر کوٹھی کے چاروں طرف گھوم جاتی ہے۔ اس سیدھی سڑک کے دونوں طرف سُرخ اور سفید گلاب کی بیلوں کی ٹٹیاں تھوڑی تھوڑی دور پر کھڑی ہیں۔ ایک طرف لان اور دوسری طرف ٹینس کورٹ ہے اگر کوئی اوپر بیٹھا ہوا اور اس سڑک پر سے موٹر آئے تو دیکھنے والے کو یہ معلوم ہوگا کہ موٹر

---

[1] مندرجہ بالا مضمون۔ نئے پکچر۔ ناول کے درمختلف باب ہیں۔ یہ ناول ابھی نامکمل ہے۔ انشاء اللہ جلد ہی کتاب کی صورت میں شائع ہوگا۔

رشید جہاں

ان گلاب کی ٹہنیوں میں آنکھ مچولی کھیل رہا ہے۔ کبھی چھپ جاتا ہے اور کبھی نکل آتا ہے۔ کوٹھی بالکل نئے انگلش اسٹائل کی ہے جس میں کہ ہر حصہ بذاتِ خود ہے۔ کوئی کسی کا ہم وزن جواب نہیں ہے۔ ایک کونے پر مکان کا سب سے اونچا حصہ ہے۔ ایک پر سرخ پھولوں کی بیل (اچھے مبتدو ستانی بیٹنیا بیل کہتے ہیں) پھیلتی ہوئی اوپر تک پہونچکر پھر نیچے کوٹھی پر سہرے کی طرح لہراری ہے۔ اس ہی کے برابر ایک ڈبل پورچ ہے جو کہ مختلف بیلوں اور لٹکے ہوئے گملوں سے دلہن بنا ہوا ہے۔ اس کے اندر کتھی رنگ کا ایک موٹر کچھوے کی طرح خاموش کھڑا ہوا آنے جانے والوں کو اپنی نیکوئی اور چمکوئی شیشہ کی آنکھوں سے حقارت کی نظر سے دیکھتا رہتا ہے۔ کوٹھی کے باقی دو طرف موسمی اور گوڈ لہک شاداب سبز شاخوں نے گہرا سایہ کر رکھا ہے۔ باہر سے یہ کوٹھی ایک نئی سنوری روٹھی ہوئی مغرور حسینہ معلوم ہوتی ہے۔

یہاں کبھی غل شور تو کیا! کوئی آواز تک نہیں سنائی دیتی مگر کوئی آدمی ایک ہفتہ دن رات اس کے پھاٹک کے باہر سڑک پر کھڑا رہے تب بھی وہ ملحد اٹھا سکتا ہے کہ اُس نے تین آوازوں کے علاوہ کوئی آواز نہ سنی ہوگی۔ موٹر کی ہلکی سرسراہٹ۔ پیانو کی مدھم پن پن پون پین۔ یا پکڑی (بھینکتا) کی پوپو پو ــــ باقی تمام باہر والے کے واسطے۔ سحر ہے۔ جادو ہے۔ افسانہ ہے۔ سکوت ہے۔ غم ہے۔ حسرت ہے۔ ناز ہے۔ عزور ہے۔ یا جو بھی سمجھ میں آجائے۔ اور ہاں حسن ہے۔ اس مکان کے پشت پر شاگرد پیشہ ہے۔ وہاں سے خاموش ملازم۔ بغیر پیروں کی آہٹ کے آتے ہیں۔ اپنا اپنا کام کر کے چلے جاتے ہیں جن آرا کا اپنا کمرہ اور غسل خانہ باہر کے چھوٹے برآمدے سے ملا ہوا ہے۔ یہیں اسکی دونوں وقت کی چار اور رات کا کھانا آجاتا ہے۔ صبح کو میز پر بیٹھے اور بہو کے ساتھ کھانے کے کمرہ میں کھانا کھاتی، اور کبھی کبھی رات کے کھانے پر جب دو ایک مہمان ہی اس قسم کے ہوتے جن کا اس کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ تو اسے اطلاع ملتی کہ آج رات کو میز پر جانا ہوگا۔

چھ اور سات کے درمیان بہو آکر دو چار منٹ ساس سے باتیں کرتی ہیں اور اس طرح ساس کے لباس پر نظر ڈال ہی جاتی ہے۔ نہایت محبت کے لہجہ میں کہتی ہیں "اماں جان۔ سلک کے پاجامہ کے واسطے ابھی موسم اتنا نہ ٹھنڈا نہیں ہے۔ کیوں نہ آپ ہلکا پیازی ریشمی گون کا پاجامہ پہن لیں۔ اس پر سفید دوپٹہ ٹھیک رہیگا۔" اماں جان کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے جو وہ کہہ دیں پہن لیں۔ صرف ایک فقرہ اماں جان نے ضبط ضرور کی تھی۔ جب اُن سے ساڑی پہننے کو اصرار کیا گیا تھا۔ اس وقت میاں اور بیوی دونوں سر تھے۔ مگر حسن آرا نے نہ بھوکی مانی نہ مسعود ابن جلال کی پردہ کی صاف کہدیا "سنو میاں اب میرا بڑھاپا ہے۔ میرا کیا ہے۔ کونے میں پڑی اللہ اللہ کرتی ہوں ماشاء اللہ بہو کو جو جی چاہے پہناؤ۔ میں بھی دیکھ دیکھ کر خوش ہوں۔ دعائیں دوں۔ نہ مجھے اب کسی سے ملنا جلنا ہے نہ کہیں آنا جانا ہے تم کو پھولتے پھلتے دیکھتی ہوئی ایسے ہی مر جاؤں، تم سے صدقے ہو جاؤں۔

ارے میرا کیا ہے۔ پہننے سے جوانی تک بڑے بڑے پائنچے پہنے۔ لو اب اور پرل کی بات جب سے تم پیدا ہوئے گھٹنے پہننے لگی ــــ مہرے لئے تو بھی بڑا فی شن (فیشن) ہے۔" آخر جب ماں کسی طرح ساڑی پر راضی نہ ہوئیں تو ان کو واسکٹ کا حکم ملا۔ بڑے پائنچوں کے پاجاموں کا۔ اماں گھٹنوں کا بھی کوئی ٹانک ہے۔ بھئی اگر پڑتی ہی وضع رکھنا ہے تو پھر بڑے پائنچوں کا پاجامہ پہنئے۔"

"ہاں بیٹا یہ مجھے منظور ہے" اور اسی وقت سے حسن آرا نے اپنے کو بالکل اس طرح بہو اور بیٹے کی خوشی پر چھوڑ دیا تھا۔ جیسے کہ ڈریسنگ روم کا کوئی گلدان۔ اُن میں پھول اور ان پر کپڑے سب وقت اور موسم کے لحاظ سے آرائش کئے جاتے تھے۔ شروع شروع میں جب کوٹھی بنوائی گئی ہے تو حسن آرا کو یاد ہے کہ ایک دن میاں بیوی دونوں گول کمرہ میں ایک مسئلہ طے کر رہے تھے وہ یہ تھا کہ ایک بے ڈول لمبا مراد آبادی گلدان بیوی کو شادی کے موقعہ پر کسی سہیلی نے دیا تھا اُسکے بارے میں یہ بات چیت تھی "بیگم اسے کیا کریں؟" بیوی بولیں "پھینک دو کسی کو دیدو۔ بیکار ہے۔" میاں نے کہا "نہیں جب ہو تو اسکی بھی کوئی جگہ نکالنا چاہئے۔" پھر وہ گلدان جگہ جگہ رکھا گیا طرح طرح سے اُسے دیکھا گیا۔ آخر ایا ہر برآمدے میں سیٹ ریک کے برابر مور کے پر لگا کر اسکی نشست سمجھ میں آگئی جس آرا پڑھی لکھی نہ تھی۔ ان سب باتوں کا اثر اس پر تھا! وہ لفظوں میں اپنی حالت نہ بیان کر سکتی تھی لیکن بغیر لفظ دلیں دہرائے وہ جانتی تھی کہ وہ بھی ایک چیز ہے۔ سامانِ آرائش میں اسے بھی ایک جگہ دیدی پڑتی ہے۔ اس سے زیادہ اس کی ہستی اس مکان میں کوئی وقعت نہیں رکھتی تین برس کے پوتے کے واسطے وہ قطعی بیکار تھی۔ بچے کے لئے نرس تھی اُبھلانا۔ پلانا۔ منہ دھلانا۔ دکھ۔ درد۔ دوا۔ کسی مصرف کی وہ نہ تھی متروک سکہ کی طرح زمانہ سے میلوں پیچھے چھوڑ چکا تھا۔ پوتے کے پیار کو دل چاہے تو دور سے جھلک بھالے۔ اس سے آگے بڑھنا مشکل تھا۔ اب رہا گھر! اس سے اسکو کیا مطلب ہو سکتا تھا۔ ملازم اپنے کاموں پر مستعد! ان کے کام اسکی سمجھ سے باہر تھے۔ چار برس سے باورچی خانہ کا نام ہی سُنا تھا۔ دیکھا نہ تھا۔ ایک دفعہ ڈرتے ڈرتے اس طرف گئی بھی تھی۔ لوگوں نے بتایا بھی تھا لیکن اُس بیچارے کو اور چوکا نہ نظر پڑا۔ کھانے کے بارے میں بھی اس کا دخل یا اسکی رائے کچھ نہ تھی اور ہوتی بھی کیسے۔ جہاں کھانے والے بدل گئے وہاں کھانے بھی بدل چکے تھے۔ اسکی زندگی صرف اس قدر رہ گئی تھی کہ چارپائی لی۔ کھانا کھالیا اور چرخ کی پرسنازیں پڑھتی رہے۔

جب شاہانہ بیگار سلف کا نمونہ دیکھا نہ ہو تو۔ ماں کو بھی کھانے پر بلا گول کمرہ میں بلالو۔ خیر بہوؤں کے سامنے یہ کبھی نہ گئی۔ نوکروں کے سامنے جانے پر مجبور ہوئی تھی ایک دن تین عورتیں (جن کو حسن آرا نے نہ ہی سمجھتی رہی) آئی ہوئی تھیں ان میں سے ایک گھنٹہ بیٹھنا پڑا۔ سوائے خاموش بیٹھے رہنے کے کیا کرتی۔ آخیر میں ان تین سے ایک نے مسز نہود کی تصویر کی طرف اشارہ کر کے پوچھا "آپ

ان کو جانتی ہیں" حسن آرا نے بغیر مسکرائے ہوئے کہا "ہاں! یہ میری بہن ہیں! فرق صرف اتنا ہے کہ یہ چوکھٹے میں ہیں اور میں باہر ہوں"۔ سب کی سب بڑی دیر تک ہنستی رہیں۔ اور حسن آرا اُنکے ہنسنے پر ہنستی رہی جس آرا ماں تھی! ماں کی ممتا اسی طرح تھی۔ مسعود ابن جلال کی ہر خوشی سر آنکھوں پر تھی۔ اُسکی ہر برائی ایک بڑائی تھی۔ اسکی بڑائی اسکے لئے ایک غرور تھا۔ مگر۔

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں (غالب)

بیٹے سے گلا نہ تھا وہ پھولے پھولے۔ مگر زمانہ تو بڑی جلدی ختم ہوگیا۔ میاں بھائی پر جان فدا تھی۔ جنیں وہ ہزار برس۔ لیکن اب وہ میاں بھائی ہی نہیں۔ اُن کی شادی کا ہونا۔ ایک کے بعد ایک بچہ ہونا اپنا بیوہ ہونا۔ آفتاب سے بھی سگے بھائی کو برابر تھا۔ جیسے اسکے بھی بال بچے ہوئے اس نے بھی رفتہ رفتہ چھوڑ دیا۔ ہاں آخری وقت بیکیا کیا جائے ایسا ہی ہوتا ہوگا مسعود تو پھلے پھولے آباد رہے ...

..... حسن آرا کے خیالات بے ترتیب تھے۔ وہ جاہل تھی اظہار نہ کر سکتی تھی مگر کچھ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پیارے بیٹے نے پیار سے ماں کے پاس بیٹھ کر پورے اہتمام سے عمدہ کفن سلوا کر دیدیا صاف ستھری پکی قبر بنوا دی۔ دم دلاسہ دیدیا "لو اماں سب سامان تیار ہے۔ تم یہیں بیٹھو۔ جب آخری نیند آنے لگے پکار لینا میں آجاؤں گا۔ آکر تم کو آرام سے سُلا دوں گا کھول کمرے میں ہوں! ریڈیو پر بڑے مزے کا گانا آرہا ہے۔ لو میں جاتا ہوں اچھی اماں۔ پیاری اماں سب سامان ٹھیک ہو گھبراؤ نہیں" لیکن یہ ہاں تھی اسکی یہی خوشی تھی کہ آئے جلدی نیند آئے۔ اس چھوٹے بہادر نے جا، نماز پڑھلی اس آخری کوچ کا انتظار کیا کرتی تھی لیکن سردی سے گرمی، گرمی سے برساتیں آتی تھیں اور نہیں آتی تھی تو وہ نیند۔ کہ جو سب دردوں کا ایک علاج ہے اور جب نیند نہ آتی تھی تو وہ تھی بھر کا گوشت کا ٹکڑا جس کو دل کہتے ہیں تڑپتا تھا۔ اور خیالات محدود دماغ کو چکر دیتے تھے آج برسات کی گھٹا ٹوپ گھٹا چھائی ہوئی ہے کبھی کبھی گڑگڑاہٹ ہوتی ہے ظہر کی نماز میں خیالات خلل ڈالے دے رہے ہیں۔ دفعتہً کان میں آواز آتی ہے۔ معصوم سریلے سُر میں ـــ نیم کی نمکولی چکی ـــــــ ساون کب آئے گا

جیسے میرا بیرن بھیا ـــــ ڈولی بھیج بُلا دے گا

تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ میں ہچکیوں سے سسکیاں ہوگئیں۔ نماز جاتی رہی۔ تھوڑی دیر بعد جب آنسو پونچھنے کے قابل ہوگئے۔ تو لبیہ اور پانی کے چھینٹوں کی مدد کے بعد برآمدے میں جا کر کوٹھی کے قاعدے کے موافق دبی آواز میں کہا "جاؤ دِلّو یہاں سے جا" دھوبی کی لڑکی مولسری کے نیچے سے بھاگ گئی۔ پھر وضو کیا۔ پھر نماز ہونے لگی۔

سید رفیق حسین

ثمرات

جنوں تعلیم کچھ فرما رہا ہے — خرد کا ہاتھ چھوٹا جا رہا ہے
معاذ اللہ نازِ حسن اُس کا — دماغِ آسماں چکرا رہا ہے
بڑھی جاتی ہے شمعِ بزم کی لَو — کوئی پروانہ شاید آرہا ہے
فنا کا پیش رَو اُس کو سمجھیے — جو لمحہ زندگی کا جا رہا ہے
فضائے نیم شب اتنی دل آویز — نقاب اُلٹے ہوئے کون آرہا ہے
نگہ نے شکل تک دیکھی نہیں ہے — پسِ پردہ کوئی تڑپا رہا ہے
کمالِ آدمِ خاکی تو دیکھو — زمیں سے آسماں تک چھا رہا ہے
جوانی اور جامِ مے سے توبہ — یہ کیا پیرِ خرد سمجھا رہا ہے
تری روشن جبیں کا ہے وہ عالم — چراغِ ماہ بھی شرما رہا ہے

نہال آنکھیں اُٹھا بہرِ نظارہ
کوئی سوئے گلستاں آرہا ہے

نہال سیوہاروی

رقیب وطن

(۱)

جتنا چین اور امریکہ میں فرق ہے اس سے کہیں زیادہ چین اور امریکہ کی نوجوان لڑکیوں میں فرق ہے۔ لائے ایک نوجوان چینی لڑکی تھی۔ اور گو وہ امریکہ میں تعلیم پا رہی تھی لیکن اس کے خیالوں کی بستیوں میں اپنا پیارا ملک چین۔ والدین اور وطن کی معاشرت بسی ہوئی تھی۔ امریکہ میں اس کی زندگی ایک حد تک بے کیف سی تھی۔ کالج کا جانا، پڑھنا، اور اکیلا آنا، یا اپنے محدود حلقۂ احباب میں جن میں چند جنیدہ شریف زادیاں شامل تھیں علی گفتگو کرنا اور کبھی کبھار تفریح گاہوں میں خاموشی سے ہو آنا۔

اس کی اس بے کیف زندگی میں ایک وجہ سے انقلاب عظیم رونما ہوا۔ نکومہ ایک نوجوان جاپانی انجنیر تھا جس نے پروازکی اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی اور بغرض سیر و سیاحت امریکہ آیا ہوا تھا۔ لائے کے محدود حلقۂ احباب میں نکومہ کا گذر ہوا۔ دونوں مشرقی تھے قدرتاً ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوئے پھر ملتے جلتے رہے۔ نکومہ میں ہر وہ خوبی موجود تھی جو ایک ہونہار اور نوعمر مشرقی جوان میں ہو سکتی ہے۔ لائے کا بھولا پن اور چینی حسن بھی نکومہ پر اثر کئے بغیر نہ رہ سکا، اور تھوڑے ہی عرصہ میں یہ دوستی مبدل بہ محبت اور محبت سے تجاوز کر کے عشق کے درجہ تک پہونچ گئی۔ دونوں نے عہد و پیمان کیا کہ ایک دوسرے کے ہو کر رہیں گے۔

(۲)

لائے چونکہ اب فارغ التحصیل ہو چکی تھی اور نکومہ کو بھی امریکہ آئے ہوئے کافی عرصہ ہو گیا تھا۔ اسلئے یہ دونوں اپنے اپنے وطن کی جانب روانہ ہو گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب چین و جاپان پر جنگ کے بادل چھائے ہوئے تھے۔ جاپانی چین کو برباد کر کے اپنا تسلط جمانا چاہتے تھے۔ ان کی تمام تر توجہ چین کو اپنے قبضہ میں کر لینے کی طرف تھی اور مخالفت کی آگ برابر بھڑک رہی تھی۔ یہ سب کچھ تھا لیکن نکومہ اور لائے کے تعلقات ویسے ہی رہے۔ امریکہ سے واپس آنے کے بعد کئی مرتبہ وہ آپس میں مل چکے تھے۔ ان دونوں میں اکثر لڑائی کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ نکومہ کا یہ یقین تھا کہ چین اور جاپان کے درمیان لڑائی ضرور ہوگی۔ مگر وہ لائے کو اس کا بھی اطمینان دلاتا تھا کہ اس سے ہمارے محبت پر کوئی ناخوشگوار اثر نہیں پڑیگا۔ آخر وہ وقت بھی آگیا جب ہزاروں جانیں موت کے گھاٹ اترنے لگیں۔

(۳)

جنگ زوروں پر جاری تھی۔ ٹڈی دل کی طرح ہوائی جہاز آتے اور بلا تفریق فوج یا پُر امن آبادی بم بارش کی طرح برسا کر واپس ہو جاتے۔ ہزاروں بوڑھے۔ جوان اور بچے بم باری کے سبب عمارتوں کے نیچے دفن ہو چکے تھے۔ میدان جنگ میں لاکھوں ہستیاں شین گنوں اور زہریلی گیسوں کی نذر ہو گئیں تھیں۔ باغ اُجاڑ اور شہر ویران پڑے ہوئے تھے۔ چینی فوج متواتر شکست کھا رہی تھی۔ شہر شنگہائے اور کئی علاقوں پر جاپانیوں کا قبضہ ہو گیا تھا۔ لائے کے لئے یہ وقت نہایت نازک تھا۔ اگر ایک طرف وطن کی تباہی اسکے لئے سوہان روح بنی ہوئی تھی تو دوسری طرف نکومہ کی الفت اس کو نکومہ کی حفاظت کے لئے ہر وقت مضطرب رکھتی تھی۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ تمام تمام رات وہ اسکی سلامتی کی دعائیں مانگتے ہوئے گذار دیتی۔

کیونکہ نکومہ بھی اب ایک ہوائی بیڑہ کا کمانڈر مقرر ہو کر شنگہائے کے شمالی حصہ میں جہاں جاپانیوں کا عمل دخل تھا تعینات ہو چکا تھا۔ ان دنوں اسکے زیر کمان جو ہوائی جہاز تھے وہ بذریعہ مشین گن اور بم دور افتادہ چینی علاقوں کو مسمار کرنے میں مصروف تھے۔ لائے اس خیال سے اور بھی رنجیدہ تھی کہ اس کے محبوب کے ہاتھوں اسکے وطن کو کافی نقصان پہنچ رہی تھی۔

(۴)

جنگ کی خبریں آئے دن شائع ہوتی رہتی تھیں جنکو دیکھکر لائے بیحد غمگین ہو جاتی۔ ایک دن جب کہ وہ ان باتوں سے سخت ملول تھی۔ نکومہ بھی آگیا وہ اکثر چینی علاقوں کی بم باری کی مہم سے لوٹتے ہوئے ہوائی جہاز میں سے چھلا کے ذریعہ اسکے مکان کے قریب اُتر جاتا تھا۔ چنانچہ اس وقت بھی وہ اسی طریقہ سے پہونچ گیا تھا۔

لائے کو متفکر دیکھ کر اس سے نہ رہا گیا اور اُس نے بڑے پیار سے اسکی وجہ دریافت کرنی شروع کی۔ لائے نے اخبار میں سے پُر امن رعایا کی بم باری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "مجھے ان خبروں سے بڑی تکلیف ہوتی ہے نکومہ! مگر تم سے کہنا فضول ہے۔ تم بھی تو اس میں شریک ہوتے ہو۔ تمہارے بھی تو بم پھینکے ہیں" نکومہ۔ "ہیں لائے میں نے خود تو کوئی بم پُر امن باشندوں پر نہیں پھینکا پھر ذرا رُک کر" یہ سب بیکار رہے تصور تو چینی سرداروں اور فوجی افسروں کا ہے۔ اور اگر ہمیں چیان کائے شیک مل جائے تو سب قصہ ہی ختم ہو جائے" ——— لائے نے حسرت سے دُہرایا "ہاں سب قصہ ختم ہو جائے گا" ———

اور حقیقت بھی یہ ہی تھی جس چین کا روح رواں، چین کا ہٹلر، چین کا مسولینی، چین کا اتاترک جو کچھ بھی سمجھئے مائسل چیان کائے شیک ہی تھا جس نے چین کو سوتے سے جگایا۔ اور تمام چین جس کے اشارہ پر بھوکے شیر کی مانند گرج اُٹھا جس کی رہبری میں چینی قوم زخمی ناگن کی طرح قاتل کی تلاش میں بے دل و بے جگر ہو کر لڑ رہی ہے۔ جو خطرے سے بے خبر اور موت سے نڈر شمع وطن پر پروانہ کی طرح فدا ہو رہی ہے۔ وہ چیان کائے شیک جس نے تمام چھوٹے چھوٹے خود مختار سرداروں کو ملا کر چین کو ایک کر لیا ہے جس نے یہ قسم کھائی ہے کہ وہ چینیوں کو ایک قوم بنا کر غلامی سے آزاد کرا کے رہیگا ــــــ

(۵)

اس ملاقات کے کچھ ہی دن بعد کا ذکر ہے ایک قہوہ خانہ میں نکومہ نیچر سادہ لباس میں لائے کے ساتھ قہوہ پی رہا تھا۔ دوران گفتگو میں حسب معمول وہ چند اہم باتیں بھی کہہ گیا۔ اُس نے بتلایا کہ مخبروں نے یہ اطلاع دی ہے کہ تنگھائے کی چینی فوج میں بوجہ شکست پسپا ہونے کے اُداسی رونما ہو رہی ہیں اور کمانڈر چیان کائے شیک سے حکم لینے کی غرض سے روانہ ہوا ہے خیال ہے کہ کل وارکونسل مع چیان کائے شیک موقع دیکھئے آئیگی۔

یہ خبر بہت ہی تشویشناک تھی جسنے لائے کو بے چین کر دیا۔ تاہم اس نے خود پر قابو پاتے ہوئے کہا "پھر کیا ہوگا؟"

نکومہ "مجھے اُنکے تعاقب میں کل صبح ہی روانہ ہونا پڑے گا۔ اچھا آپ اجازت دو لائے۔ چند ضروری کام کرنے ہیں۔ اسلئے آج سے مجبوراً جلد رخصت ہونا پڑ رہا ہے"

"بہتر ہے!" لائے نے اُٹھتے ہوئے کہا۔ اس خبر نے اس کو تنہا متوحش کر دیا تھا کہ وہ نکومہ کو زیادہ ٹھہرنے کے لئے نہ کہہ سکی۔

(۶)

قہوہ خانے سے نکلکر لائے نے نکومہ کو اپنی موٹر پر ہوائی جہازوں کے قیام گاہ تک پہونچا یا اور خدا حافظ کہکر وہ ایک دوسرے سے جُدا ہو گئے۔

اب لائے سخت پریشان تھی تمام خطرات یکے بعد دیگرے اس کے سامنے آ رہے تھے اُس نے سوچنا شروع کیا۔ ٹیلیفون کا استعمال تو ہو نہیں سکتا کیونکہ وہ چاپانیوں کی ماتحتی میں آچکا ہے وقت کی کمی اس کی بھی اجازت نہیں دیتی تھی کہ وہ خبر رساں کا انتظار کرے اور اسکے ذریعہ چیان کائے شیک اور وارکونسل کو ہوائی تعاقب کے خطرہ سے آگاہ کرے۔ آخر دل ہی دل میں اس نے کچھ فیصلہ کیا۔ اور ہمت کر کے جو کرنا تھا کر گذری۔

(۷)

دوسری صبح نکومہ اپنے طیارہ میں بم اور بم باز کو لیکر روانہ ہوا۔ اونچائی پر پہونچنے کے لئے اس نے پہلے مشرق کی طرف پرواز کی اور پھر مغرب کی سمت واپس ہوا۔ قریب نو بجے نکومہ اپنا ہوائی جہاز لے کر تنگھائے کی طرف جاتی ہوئی چینی موٹروں کی تلاش میں نیچا ہوا۔ پائیلٹ کو ہدایت جہاز کو نیچا اس لئے کرتا ہے کہ ہم پھینکنے والا صحیح نشانہ پر ہم پھینک سکے جونہی بم باز جہاز کے نیچے حصہ میں اترا اور بم پھینکنے کی کھڑکی کھلی اور وہ چیانگ کائے شیک کی موٹر پر بم پھینکنے کو ہوا کہ ایک نامعلوم ہاتھ چین کی حمایت میں اُٹھا بم باز کے سر پر ضرب لگی اور وہ ٹھنڈا ہو گیا۔

نکومہ نے دو ایک بار پھر موٹروں کی سیدھ میں اس خیال سے کہ شاید بم پھینکنے والا اس بلندی سے بم نہیں پھینک سکا۔ اور بھی گھما کر غوطہ لگایا لیکن پھر بھی کوئی بم نہ گرا تو نکومہ بہت سٹپٹایا اور اُسنے مڑکر دیکھا۔ وہاں بجائے بمباز کے لائے پستول ہاتھ میں لئے کھڑی تھی۔ جرات و استعجاب سے نکومہ کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں وہ صرف اتنا کہہ سکا "ہائیں لائے یہ تم"!

لائے نے مسکراتی مزاجی سے جواب دیا "ہاں میں ہی ہوں نکومہ۔ یہ میں نے ہی کیا ہے۔ بس اب ہمیں اس قصہ کو ختم کر دینا چاہئے۔ میری دلی تمنا تھی کہ تم زندہ رہو۔ لیکن اگر تم زندہ رہے تو میرے وطن کے رقیب ہو میرے وطنی بھائیوں میرے وطن کے جانثاروں کی جان لیتے رہو گے۔ چینی غلام ہو جائینگے اور یہ میں ہرگز نہیں دیکھ سکتی۔ تم دنیا میں مجھے سب سے زیادہ محبوب ہو۔ لیکن وطن۔ آہ! میں اپنے وطن کو بھی اس طرح برباد ہوتا ہوا نہیں دیکھ سکتی۔ میں تمہارے ساتھ ہی مروں گی۔ تمہارے بغیر میں بھی زندہ نہیں رہ سکتی" یہ کہتے ہوئے لائے نے نہایت استقلال سے نکومہ کے سر کو نشانہ بنا کر فائر کر دیا۔ ــــــ

(۸)

اب جب کہ جہاز چلانے والا ہی نہ رہا تو جہاز کا بے قابو ہو جانا یقینی تھا چنانچہ آہستہ چلتے رہے جہاز نے غوطہ لگایا اور سناٹے کے ساتھ نیچے کی طرف گرنے لگا۔ ہوا کی تیزی سے لائے کا دم گھٹنے لگا تھا اُس نے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔

ایک دھماکے کے ساتھ جہاز گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اور اس طرح یہ فدائے وطن خاتون اپنے وطن کے رقیب کے ساتھ ہی فنا ہو گئی۔

جسوقت جہاز گر کر پاش پاش ہوا ہے تو نکومہ اور بم باز بالکل مر چکے تھے۔ لائے سسک رہی تھی۔ لیکن اسکی ہڈیوں کا چورا ہو گیا تھا۔ گرنے کے بعد وہ ۲۹ منٹ تک ہاسپٹل میں آکسیجن وغیرہ کی مدد سے زندہ رہی اور افسانہ محبت ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں سنا سکی جو ہدیۂ ناظرین ہے +

محمودہ بیگم (طیبہ)

اعلانِ آزادی

۲۰۰۰ء کا ایک تخیلی افسانہ۔ صنفِ نازک سے معذرت کیساتھ

"لیکن آخر انہیں ہوا کیا تھا؟" کملا نے کمرے میں گھستے ہوئے چلا کر کہا۔ "ابھی گھنٹہ بھر بھی تو نہیں ہوا۔ پھول سجا کر دونوں گلدان رکھ گئی ہوں میز پر۔ اچھے کیوں پھینکدیا انہیں۔ آخر آپ کو سوجھی کیا تھی؟ کتنے ارمان سے خریدے تھے میں نے یہ گلدان! — جی ہاں چونتیس روپے کی جوڑی! ایک گل آپ نے چور کر دیا۔ اب اس ایک کا میں کیا کروں کی اس کو بھی پھوڑ دو۔" یہ کہہ کر کملا نے دوسرا گلدان جو میز کے نیچے اوندھا ہوا میز پر سے گرنے کے بعد بھی نہ ٹوٹا تھا اپنی دست پرناز کر رہا تھا۔ اٹھا کر دیوار پر کھینچ مارا — ایک تڑاقے کیساتھ

"جی اب بھی سائنس کے ارتقا کیلئے آخر یہی میز رہ گئی تھی؟ اُف غضب! ایک نشہ دو شد۔ یہ اس میز پوش نے کیا تصور کیا تھا آپ کا کیسے کالے پیلے دیتے لگائے ہیں اس پر۔ ایک جان مصیبت میں کر رکھی ہے آپ نے میری۔ غم چھوڑ کر کل جاؤں آخر کیا کروں کیا نہ کروں؟

پروفیسر یوس پنکھے سے اُٹھ کر اپنی لیبوریٹری میں چلا گیا۔

پروفیسر اپنی بیوی کی ڈانٹ ڈپٹ کا کچھ عادی سا ہو گیا تھا۔ آخر ہوتا بھی کیوں نہیں؟ روزانہ کا معمول ہی تو تھا! کبھی کم کبھی زیادہ اسے ہر معاملہ میں اپنی بیوی کی باتیں سننی ہی پڑتیں۔ کملا کبھی تو اسے ایسا آڑے ہاتھوں لیتی کہ پروفیسر کو خاموشی ہی اختیار کرنی پڑتی۔ آہ! بیچارے کی خانگی زندگی کتنی بدمزہ تھی! اس کا اندازہ باہر کے لوگ لگا ہی نہیں سکتے۔

ادھر کملا عورتوں کے حقوقِ آزادی اور مساوات کی علمبردار تھی۔ اور اپنی صنف کی ایک مسئلہ لیڈر! اس نے نسائی دُنیا میں ایک ہلچل مچا دی تھی۔ عورتوں کو مردوں کے برابر کھڑا کرنے کے لئے اس نے اپنی زندگی تیاگ دی تھی۔ "انجمن ترقیٔ نسواں" جتنی تجاویز و تدابیر اس سلسلے میں اختیار کرتی وہ ان پر سب سے پہلے عمل کرتی۔

"آزادی اور مساوات" وہ اپنی مٹھی زور سے میز پر مار کر اپنی تقریر میں روانی اور جذبات پیدا کرتے ہوئے چلاتی۔ "ہم اپنا پیدائشی حق مرد سے منوا کر رہیں گے۔ آخر عورتوں کو کس طرح ہم پر فوقیت حاصل ہے؟ ہم ان سے بھی آگے بڑھ کر دم لیں گے! آخر ہم کیا نہیں کر سکتے! مرد تو ہمارے غلام ہیں۔ — پیدائشی غلام — ہمارے اور ہمارے بچوں کے لئے ضروریات فراہم کرنا آخر انہی کا تو فرض ہے۔ انہیں کرنا پڑتا ہے۔ سب کچھ کرنا پڑتا ہے! ہمارے لئے انہیں بھیک بھی مانگنی پڑتی ہے!"

اسکے الفاظ میں جادو کا سا اثر تھا۔ ایک سرور سا تھا ہوا جادو۔ عورتوں میں ایک ہیجان بپا ہو جاتا اور وہ ایک زبان ہو کر قسم کھاتیں کہ مردوں کے مظالم وہ کبھی نہیں سہیں گی۔ رفتہ رفتہ سارے شہر میں۔ شہر سے ملک میں آگ سی بھڑک اٹھی! جگہ جگہ اس انجمن کے ماتحت جلسے ہوتے۔ کانفرنسیں ہوتیں، اور کملا سب جگہ اس آگ پر تیل چھڑکتی۔

پروفیسر یوس، نسوانی دُنیا کی اس ترقی کو خاموشی سے دیکھتا رہا۔ خاموشی اور بے تعلقی کے ساتھ — اس نے جو ترقی کی تمام مراعات اپنی بیوی کو دے رکھی تھیں — آزادی، مساوات اور جو کچھ وہ چاہتی تھی۔ یا اس کو مجبوراً کملا کے آگے ——— اس کی بے پناہ، قنبھی سے زیادہ تیز زبان کے آگے ——— جھکنا پڑتا تھا۔

وہ ایک خاموش اور متین انسان تھا ——— حد سے زیادہ بُردبار ——— اس کی کشادہ پیشانی لمبی ناک چھوٹی چھوٹی مگر تیز اور چمکیلی آنکھیں اسکی ذہانت اور قابلیت کا پتہ دیتی تھیں تو زرد رنگ۔ بکھرے ہوئے بال اُبھری ہوئی رگیں اسکے محنتی مستقل مزاج اور شب بیدار ہونے کا یقین دلاتی تھیں۔

لیکن کچھ دنوں سے وہ اور بھی خاموش رہنے لگا تھا — کبھی گہرے خیال میں مست ——— نہ معلوم کیا خیال اسے بیچین کر رہا تھا؟ اکثر ٹہلا کرتے اپنے خیالات میں ایسا محو ہو جاتا کہ لوگ حیران رہ جاتے کہ کہیں پروفیسر بیمار تو نہیں ہیں اور پھر لوگوں کے استفسار پر کچھ اس طرح خالی الذہنی ہو کر انکی طرف دیکھتا کہ لوگوں کو شک اور پختہ ہو جاتا۔ اس کی لیبوریٹری بھی ان اثرات سے محفوظ نہ تھی۔ شیشے کی نلیاں۔ عکسی شیشے اور ادویات کی چھوٹی بڑی شیشیاں اور دیگر آلات تتر بتر پڑے تھے۔

کچھ بھی ہو دنیا کے مشہور سائنسدانوں میں ڈاکٹر سر جگدیش کا رائے کی دھوم تھی۔ علم کیمیا۔ تشریح الاعضاء اور علم ارواح کا "زبردست ماہر" موجودہ زمانے کا سب سے بڑا سائنسداں! آخر اسے کون نہیں جانتا تھا۔ اس کی ایجادات نے ساری دنیا میں ایک تہلکہ مچا دیا تھا۔ اسکے سائنٹفک مقالات کے پُرزور دلائل! اس کا سنجیدہ طرزِ بیان! سارا سائنسداں طبقہ انگشت

بدنداں رہ جاتا۔ کیا واقعی کسی ایڈیسن ۔ نیوٹن ۔ یا جیسے نہ نے ہندوستان میں جنم لیا ہے؟

لیکن ایک عرصے سے پروفیسر بوس کی ایجادات کا سلسلہ بند تھا ——

—— بالکل بند —— اسکے سنسنی خیز مقالات جن کے لئے لوگوں کی آنکھیں ترستی تھیں ۔ اسکے ہیجان انگیز مشاہدات جنہوں نے سائنٹفک رسالوں کو پاپلر میں مقبول کر دیا تھا ۔ اب کہیں نظر نہیں آتے تھے ۔ کیا واقعی پروفیسر کا دماغ —— وہ بلند مقصد حیات جس کے لئے اس نے کبھی اپنی جان تک کی پرواہ نہیں کی تھی اپنی زندگی کا آرام ۔ راتوں کی نیند ۔ بیوی کی محبت سب کچھ قربان کر دیا تھا —— پورا ہو گیا تھا؟ لوگ حیران تھے ۔ سخت متعجب! —— اور بعض مایوس بھی ۔ کہ کیا انکی امیدیں —— ہندوستان کی امیدیں —— سب موہوم ثابت ہوں گی؟

لیکن اس سے بھی زیادہ مایوس کن ، دلشکن لیکن سنسنی خیز وہ خبر تھی جو لوگوں نے اخبارات میں دیکھی ۔ لوگوں کے ہاتھوں سے اخبار چھوٹ پڑے ۔ کیا ایسا ہو سکتا ہے؟

"پروفیسر بوس ۔ ڈاکٹر سر جگدیش کمار بوس ۔ دنیا کا نابغہ زمانہ سائنسداں غائب ہو گیا ہے ۔ کدھر؟ اور آخر کیوں؟

قدرتی طور پر دنیا میں ایک تہلکہ مچ گیا ۔ نہایت ہی ہوشیار ، تجربہ کار اور مانے ہوئے سراغ رسانوں کا ایک بورڈ تحقیقات و تفتیش کے لئے مقرر کیا گیا لیکن سب بے سود ۔ صرف اتنا معلوم ہو سکا کہ پروفیسر ایکشام کو اپنی بیوی کلارا کی دلشت کلامی سے —— دل میں چبھنے والے طعنوں سے افسردہ ہو کر بجز کچھ کہے سنے باہر نکل گیا —— اور ایسا تو اکثر ہوتا تھا! —— لیکن اسکے بعد —— گئی رات تک —— صبح تک —— بلکہ دنوں تک —— اس کا کہیں پتہ ہی نہیں تھا ۔

کملا حیران تھی —— سخت متعجب —— کہ کہیں پروفیسر کی گشتہ کا عورتوں کے اس "اعلان آزادی" سے تو کوئی تعلق نہیں ہو حال ہی میں ان کی بین الاقوامی کانفرنس نے متفقہ طور پر منظور کر کے شائع کیا ہے اور حقیقت یہ ہو کہ فی الحقیقت کہ یہ "اعلان آزادی" ایک بردست عالمگیر انقلاب کا دعوت دار تھا ایسا زبردست انقلاب کہ جسکی مثال دنیا کی تاریخ میں —— کبھی دور میں کبھی زمانے میں —— نہیں ملتی ۔ موجودہ زمانے کی عورتوں کی بیباکی —— بے شرمی ، اور مردوں سے بے تعلقی کی انتہا! کیا ۱۹۳۵ء میں عورتیں ایسی جرات کر سکتی تھیں؟

اور یہ حیرت انگیز اعلان جتنا عجیب اور مضحکہ خیز ہے اتنا ہی سنجیدہ بھی —— تمام دنیا کی عورتوں کا متفقہ فیصلہ —— اٹل اور ناقابل واگذاشت!! تڑاہٹ کا نمونہ ملاحظہ کیجئے :-

"عورتیں مدت مدید سے وضع حمل کی جان لیوا تکالیف برداشت کرتی چلی آئی ہیں جو انکی صنف کے لئے موجودہ زمانے میں ایک زبردست ظلم ہے ! اسلئے ان کو مردوں کے پنجۂ استبداد سے بچانے اور ان کی ہوس کاری کا تختہ بننے سے روکنے کے لئے یہ کانفرنس متفقہ طور پر منظور کرتی ہے کہ آئندہ عورتیں بچے جننے کی تکالیف کبھی نہیں برداشت کریں گی اور ہر عملی تدبیر اس تجویز کو بروئے کار لانے کے لئے اختیار کریں گی ۔ ..... وغیرہ وغیرہ"

(روزولیوشن نمبر ۲ مورخہ ۱۱ نومبر ۱۹۹۹ء)

اس اعلان کے شائع ہوتے ہی تمام دنیا میں ایک ہیجان بپا ہو گیا —— ناقابل بیان طوفان —— اخبارات نے اس نسوانی حماقت کی خوب ہنسی اڑائی ۔ لیکن اہل بصیرت سمجھتے تھے کہ اس بیان کی کیا حقیقت ہے وہ سمجھتے تھے کہ عورت کو —— اگر وہ اڑ جائے —— کوئی طاقت —— کوئی ترغیب کوئی لالچ —— اسکے راستے سے نہیں ہٹا سکتی ۔ انہوں نے مصالحت کی کوشش بھی کی —— نیک و بد نتائج سمجھائے لیکن سب بے سود ۔

جوں جوں زمانہ گزرتا گیا اس اعلان کے روح فرسا نتائج مردوں کو محسوس ہونے لگے ۔ عورتوں نے بھی اسکی تشہیر کے لئے ہزاروں سوسائٹیاں —— ملک بہ ملک شہر بہ شہر قریہ در قریہ —— قائم کیں ۔ نسوانی دنیا کے قابل ترین دماغ —— آخر اب انہیں کام بھی کیا تھا؟ —— اس کے پروپیگنڈے میں منہمک ہو گئے ۔ نئے نئے وسائل اور طریقے اس کی توسیع کے لئے اختراع کئے گئے ۔ رفتہ رفتہ اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہونے لگے ۔

حوا کی یہ صندی بیٹیاں اب آزاد تھیں —— بالکل آزاد —— سب سے بڑی زنجیر —— عورت اور مرد کو رشتۂ محبت میں کسنے والی زنجیر اولاد —— اب شکستہ ہو چکی تھی ۔ کنواریوں نے قسمیں کھالیں کہ وہ شادی ہی نہیں کریں گی —— آخر کیوں کریں؟ اب انہیں مردوں کے دست نگر رہنے کی ضرورت ہی کیا ہے —— شادی شدہ عورتوں کو بچے پیدا کرنے پر اب کون مجبور کر سکتا تھا؟ اس آزادی کے زمانے میں؟

مردوں کو محسوس ہونے لگا کہ دنیا اب تباہ ہو جائیگی کہ اچانک ۔ بالکل دفعتاً —— بجلی کی سی سرعت کے ساتھ یہ خبر تمام دنیا میں پھیل گئی —— بلکہ گونج گئی —— کوئی روزانہ جریدہ ایسا نہیں تھا جس نے سرخی نہ دی ہو "پروفیسر بوس زندہ سلامت!" "عورتوں کے غرور پر ایک کاری ضرب" "مردوں کے وقار کو قائم رکھنے اور عورتوں کے شرمناک اعلان آزادی کے خراب نتائج کا موثر ازالہ"

سارا کلکتہ اسٹیشن پر اسکے استقبال کے لئے ٹوٹ پڑا۔ لوگوں نے نہیں صرف مردوں نے ـــــ "ڈاکٹر بوس زندہ باد" "مردوں کا محافظ سلامت" "پرش جاتی کے سیوک کی جے" کے فلک شگاف نعرے لگائے۔

اخباروں کے نامہ نگار، کیمرامین۔ فوٹو گرافر۔ وکیل۔ بیرسٹر۔ پبلک لیڈر، تجار، سرکاری ملازمین۔ کسان۔ مزدور۔ کونسا طبقہ تھا جس نے تہ دل سے پروفیسر بوس کو خوش آمدید نہیں کہا؟ تفصیل سے احتراز کرتے ہوئے ہم صرف اس پیام پہ اکتفا کرتے ہیں جو پروفیسر بوس نے اسی شام اپنے ہزارہا معجنوں کو کلکتہ ٹاؤن ہال میں پہونچایا جو تمام دنیا میں براڈ کاسٹ کیا گیا۔

"حضرات! یہ امر آپ سے پوشیدہ نہیں ہے کہ عورتیں ـــــ ہماری ایک حصہ دراز کی رفقائے حیات نہیں ہم کبھی اپنا بہتر نصف" کہا کرتے تھے ـــــ دن بدن مفروض ہوتی جارہی ہیں۔ انکے خوف کی انتہا ـــــ بالکل لایعنی اور بے فطری انتہا ـــــ ان کے "اعلان آزادی" تک پہونچ چکی ہے۔ دنیا کے لئے یہ اعلان جتنا تباہ کن خطرناک اور روح فرسا ہے۔ اس کا اندازہ آپ نہیں کرسکتے ـــــ کر ہی نہیں سکتے!! جسے اس اعلان کے خوفناک نتائج عملی طور پر نمایاں ہوئے لگے ہیں تمام دنیا ایک برکت بن گئی ہے۔ آہ خوش قسمت بیٹیاں!

لیکن حضرات! "پرش جاتی کی طرف سے آپ بالکل مطمئن رہیں! جو کچھ میں کہنے والا ہوں شاید آپ اس کا اعتبار نہ کریں ـــــ اور کون اعتبار کرسکتا ہے۔ آپ میرے منہ پر ہنسیں، قہقہے لگائیں، مجھے جھوٹا قرار دیں لیکن یہ سب جبھی تک ہے جب تک میں آپ کو یقین نہیں دلادوں کہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں۔ وہ عملی طور پر ممکن ہے۔ میں کہتا ہوں کہ پرش جاتی کو کسی طرح کی فکر کرنی لاحاصل ہے

"عورتیں اپنے غرور میں اس قدر آگے بڑھ گئی ہیں کہ انہوں نے خود اپنے آپ کو ـــــ اپنے ہاتھوں ہی ـــــ ساتھ میں ہم کو بھی ـــــ تباہ کرنے کی ٹھان لی ہے انہوں نے اپنی نسل کا سلسلہ خود منقطع کرلیا ہے اور وہ زمانہ دور نہیں ہے کہ جب عورتیں صفحۂ ہستی سے ہمیشہ کے لئے مفقود ہوجائینگی۔ ان کی تصویریں اور مجسمے ـــــ اور وہ بھی صرف عجائب خانوں میں۔

ہم کو ان کی یاد دلایا کریں گے"۔

یہاں تک پہونچکر پروفیسر نے اپنا گلا صاف کیا، پیشانی پر سے پسینہ پونچھا۔ اطمینان کا سانس لے کر چاروں طرف دیکھا اور اپنی تقریر کو جاری کیا،

"حضرات میں آپ کو زیادہ شش و پنج میں نہیں رکھنا چاہتا۔ میں نے ایک عرصۂ دراز کی تحقیقات ـــــ مسلسل تین سال کی کاوشانہ تحقیقات ـــــ کے بعد معلوم کرلیا ہے کہ عورت کے بغیر بھی انسانی نسل کی افزائش اور ترقی ممکن ہے! عملی طور پر! کیا یہ عہد حاضر کی سب سے بڑی ایجاد نہیں ہے؟" (تالیاں، چیرز، نعرہ ہائے تحسین و آفرین۔)

تمام حاضرین ـــــ مرد حاضرین ـــــ نے عورتوں کی طرف ـــــ عورتیں ایک کثیر تعداد میں مردوں کے پیچھے کھڑی تھیں (مردوں کے دل میں اب ان کے لئے کوئی وقعت نہیں تھی) ـــــ ایک عجیب انداز مسرت سے دیکھا ـــــ فوقیت کے ایک دلخوش کن احساس کے ساتھ! پروفیسر نے اپنی تقریر کا سلسلہ جاری کرتے ہوئے کہا۔

"یہی نہیں میں نے ایک ایسی مشین ایجاد کی ہے کہ جو ہو بہو "پرش جاتی" کے بہترین نمونے ـــــ بہترین ملبوسات درستی، خوبصورتی و مضبوطی ـــــ بنایا کریگی اور (چابی بھر کر) کتنی آسانی سے! صرف دو چار ادویات بالکل معمولی ادویات ـــــ مقررہ مقدار میں مشین میں ڈالئے ـــــ بس صرف اتنا ہی۔ اور وہ اندر ہی اندر جیتا جاگتا بچہ مشین میں کلبلانے لگے گا ـــــ یا در ہے زندگی کوئی علیحدہ چیز نہیں ہے۔ اجسام کی تکمیل ہی سے ان میں روح حلول کرتی ہے ـــــ اور نو ہفتہ کے بعد آپ ایک مکمل بچہ ـــــ لڑکا! لڑکی نہیں ـــــ تیار لے لیجئے۔ اور اسکے ساتھ ہی ساتھ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں ـــــ ایک شریف اور باعزت آدمی کی طرح ـــــ مصنوعی بچے کی عمر ہمارے سے زیادہ طویل ہوگی اور ہوگا بھی وہ ہم سے ہر حال میں برتر ـــــ خوبصورت جری، بہادر ـــــ!! قدرتی بچوں میں بعض اوقات ـــــ بلکہ اکثر ـــــ جسمانی و روحانی عیوب بھی ہوتے ہیں اور ہمارا مصنوعی بچہ تمام عیوب سے بالاتر ہوگا

"اب ہماری باری ہے" پروفیسر نے مغموم سامعین کو مخ

کے عورتوں کی طرف نظر تحقیر دیکھ کر کہا "عورتیں مفقود ہو کر رہیں گی قطعی مفقود ۔ ہم دنیا میں ایک عورت بھی نہیں دیکھ سکتے۔ آخر کیوں؟ کیا غرور کا سر نیچا نہیں ہوتا؟

حضرات کل صبح آٹھ بجے! میری لیبوریٹری میں ——

نمبر ۳ کو لونڈا اسٹریٹ —— آپ سب کے سامنے پہلے مصنوعی بچے کی ورنیل ڈالی جائیگی اور صرف نو ہفتے کے بعد بچہ نمائش کے لئے تیار ہو جائیگا —— یاد رہے صرف نو ہفتے سعد —— آپ کو فوراً کا طویل انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ (قہقہہ) اب میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں، مجھے امید ہے کہ آپ کل میری لیبوریٹری میں تشریف لاکر مجھے ممنون فرمائینگے"

اس حیرت انگیز، امید افزا اور پرجوش وعدے کے بعد مردوں کی خوشی کی انتہا نہیں رہی —— اور کیوں رہتی —— اسی وقت —— بلکہ اسی لمحے —— تقریباً ہر ایک "پرش" نے اپنے دلیس قسم کھائی کہ عورت سے کچھ بھی تعلق نہیں رکھے گا —— جسمانی طور پر تو ممکن ہی نہ تھا۔ ذہنی طور پر بھی نہیں "ان ضدی حوا کی بیٹیوں کو —— جو ان کی بھی نسل فنا کرنے کی فکر میں تھیں فنا ہی ہو جانا چاہیئے" بعض نوجوانوں کی طبیعتیں افسردہ بھی تھیں —— نہ معلوم کیوں —— شاید عورتوں کے اس ہولناک انجام پر!۔

عورتوں کے مجمع میں عجیب ہیجان بپا تھا، کانا پھوسی، قہقہے، بعض تو واقعی پروفیسر پر ایمان لے آئیں۔ آخر اس نے اب تک کبھی جھوٹ بھی تو نہیں بولا تھا بعض صرف ایک خفیف سے قہقہے کے ساتھ اس کا منکر اڑانے کی کوشش کر رہی تھیں "کہیں ایسا ممکن ہے؟ ایک مشین! بچہ پیدا کر سکے وہ بھی بیتا جاگتا! ہیں! اور صرف لڑکا ہی؟ ہو ہی نہیں سکتا" پھر بھی یہ ایک حقیقت جو کہ سب کے دلیس —— اندرونی طور پر —— ایک خوف ہراس کی لہر ضرور دوڑ گئی تھی جسے وہ پروفیسر کا مذاق اڑا کر نکالنا چاہتی تھیں لیکن اس دعوے پر جسے پورا پورا یقین تھا —— جسکے نسوانی غرور کو ایک کاری ضرب لگی تھی —— وہ پروفیسر کی بیوی اکلاتی تھی۔

اخباروں نے تعریف کے پل باندھ دیئے اور اکثر نے —— نسوانی اخبارات نے بھی بشرطیکہ یہ خیالی پلاؤ پک ہی جائے! —— پروفیسر کو پرش جاتی کا چیمپین champion قرار دیا لنڈن ٹائمز کے ایک نمائندے کے استفسار پر پروفیسر ایشلے بنگھم Ashley Bingham یورپ کے ممتاز ترین نمائندان نے کہا "ان تمام عناصر —— گرمی، روشنی اور اجزائے ترکیب —— کی موجودگی میں موجودہ نتیجے پر پہونچنا اگرچہ آسان ہے اور یہ بھی ممکن ہو کہ ہم ایک مصنوعی انسان کی ساخت میں کامیاب ہو جائیں لیکن یہ ناممکن ہے کہ وہ زیادہ عرصے تک زندہ بھی رہے۔ ڈاکٹر شاڈول Schadel کی کامیابی ذرا مشتبہ تھی۔ دوسرے سائنسداں مثلاً جیمز ہارک James Hark کے خیالیں Schmeltzon اور آرتھر اسٹن Arthur Johnson کا بچہ بالکل مایوس تھے۔ ان کے خیال میں یہ صرف ایک حماقت تھی۔

لیکن پھر بھی عورتیں بے چین تھیں —— سخت منتظر!! —— انکے قدیم اور متبرک حق پر مردوں کا ڈاکہ ڈال رہے تھے! —— ایک سنگین ڈاکہ! —— دانتوں میں انگلی دینے کی شرط نہیں، جی ہاں! یقین کیجئے چاہے نہ کیجئے آپ کو اختیار ہے۔ مگر یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے! —— روز روشن کی طرح صاف اور واضح —— ایسی حقیقت جس نے دنیا میں حیرت و استعجاب کی لہر دوڑا دی —— مگر عورتوں میں افسردگی اور پژمردگی کی! —— بجلی کی سی سرعت کیساتھ، ایک جنگلی اور طوفانی آگ کی مانند —— کہ پروفیسر کی مشین نے "موجودہ وقت پر" مروانہ صنف" کا ایک بہترین نمونہ پیش کیا —— ایک بچہ از عدم خوبصورت، تندرست اور چونچال!! نمبر ۳ کو لونڈا اسٹریٹ پر لوگوں نے گویا دھاوا بول دیا، ہر وقت ہزار ہا نفوس —— مرد، عورت بچے —— مشاہدہ کرنے آتے —— اور چلے آتے —— ہزار ہا جگہ کی تنگی کی وجہ سے باہر کھڑے رہتے —— سیکڑوں واپس بھی چلے جاتے —— دو دو تین تین گھنٹے کے انتظار کے بعد اگر اندر جانے کا موقع مل جاتا تو لوگ خود کو بڑا خوش قسمت سمجھتے۔ رات دن ایک تانتا بندھا رہتا۔ ناقابل اختتام اژدہام لوگ اور دیگر مقامات سے اردگرد کے مواضعات سے دیگر صوبہ جات سے —— اور ہزار ہا دیگر ممالک سے بھی انسان کی اس حیرت انگیز کامیابی پر عش عش کرنے آتے اور "پرش جاتی کے سیوک" کی جے پکارتے ہوئے واپس چلے جاتے۔ بچے کو جو تحائف لوگوں نے —— پروفیسر سے اظہار عقیدت کے لئے —— بعض لوگ اسے واقعی دیوتا سمجھنے لگے تھے —— اس ترقی اور روشنی کے زمانے میں بھی!! —— صرف ایک ہفتے میں دیئے، باہر سے —— جس میں ہندوستان کے علاوہ تقریباً تمام دیگر ممالک بھی شامل ہیں —— بھیجے۔ انکی مجموعی تعداد صرف چونتیس لاکھ ستاسی ہزار ایک سو پچپن تھی جس میں معمولی پیپھوں، سیٹیوں، جھنجھنوں کے علاوہ ہزار ہا تمام کی بیش قیمت و مفید اشیا بھی شامل تھیں۔ اور جو پیغامات تہنیت پروفیسر کو

اس عرصے میں ملے ان کی مجموعی تعداد اس تعداد سے کم و بیش چھ گنا تھی۔ ان پیغامات میں سب سے زیادہ تعاون ذکر ہر بیسنٹی الزبتھ والی انگلستان، پنڈت ہنر و صدر حکومت اختر اکیہ ہندوستان، مہاتما دھیکان اور مولانا جنا کے برقیے تھے۔ لیکن کچ نہم صنف نازک میں سے صرف دو کو توفیق ہوئی۔ آہ حوا کی صندی بیٹیاں! جنہوں نے پروفیسر کی اس گرانقدر کامیابی کو قابل تمیز سمجھا ایک مذکر رہ بالا مکہ انگلستان دوسرے مسز فانیڈ و میشہو لیبل ہند جنہوں نے پہلی جنگ آزادی میں اپنا سب کچھ وطن پر قربان کر دیا تھا!

بچہ کو ایک خاص پرورش گاہ میں رکھا گیا جس کی دیکھ بھال کرنے والے سب مرد ہی تھے۔ ——— آخر عورتوں نے اپنا یہ حق بھی گنوا دیا تھا خود ہی!

اور لیجئے! ہندوستان کے بایہ ناز شاعر اور مشہور مفکر ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور نے اس سب سے پہلے مصنوعی بچے کو گود لے کر پروفیسر نوس کو اسکی پرورش کے بارے بھی سبکدوش کر دیا! اور پروفیسر نے بھی انکے ادبی کارناموں کے اعتراف میں اس تحفہ کو پیش کرنے میں صدگونہ افتخار سمجھا!

اب سرکاری خرچ سے کلکتہ کے نواح میں ایک عظیم الشان فیکٹری قائم ہو چکی تھی ——— صرف بچے پیدا کرنے کے لئے۔ جس میں بیک وقت تین لاکھ بچے "زیر تعمیر" رہ سکتے تھے۔ کیونکہ آخر حکومت کو بھی تو رعایا کی ضرورت تھی! اور پروفیسر بوس انکے نگراں اور منتظم مقرر کئے گئے۔ ہزاروں بچے ڈھل ڈھل کر نکلتے رہے اور بردوان چڑھتے رہے، اور کتنے تندرست، خوبصورت اور چونچال تھے یہ بچے! ہر وقت خنداں و شاداں! اور پھر ان عورتوں کے سینوں سے کتنے ملتے ہوئے ——— چال ڈھال، وضع قطع، چہرے مہرے میں کہ دیکھنے والے دانتوں میں انگلیاں دبے لیتے۔

پروفیسر کی اس عدیم المثال کامیابی پر بھلا عورتوں کے چیچ و تاب کی حد ہو سکتی تھی؟ مردوں نے ان کے وقار کو کچل ڈالا تھا، اور کتنی سختی سے! ہر عورت کے جبین نظر اپنا خوف ناک انجام تھا۔ آہ تباہی و بربادی! کیا واقعی ایسی لطیف جنس، مردوں کی ابدالآباد سے رفیق و غمخوار ہمیشہ کے لئے مفقود ہو جائے گی اور اسکی یادگار صرف تصویریں اور مجسمے رہ جائیں گے؟ عجائب خانوں میں؟

آخر عورتوں کی بین الاقوامی کانفرنس نے اٹھارہ گھنٹے کی بحث و تمحیص کے بعد یہ طے کیا ——— بھوری ——— کہ عورتیں ——— تمام دنیا کی عورتیں ——— ایک زبردست "فد ——— Refrigeration" "شیطان مجسم" پروفیسر کی فیکٹری کے قریب احتجاجی مظاہرہ کرنے کے لئے بھیجیں۔ اور وہ اس بالشافہ گفتگو کے اس کو اس شیطانی کام سے باز رکھنے کی کوشش کریں۔

پروفیسر پہلے تو گفتگو کے لئے تیار ہی نہیں تھا ——— آخر اسے کیا ضرورت تھی؟ ——— اپنی اس اعلیٰ وارفع حیثیت سے ذرا بھی نیچے کی طرف جھکنے کی! لیکن جب اسے یہ معلوم ہوا کہ اس کی بیوی کملا اس "وفد" کی رہنمائی کر رہی تھی تو وہ آخر تیار ہی ہو گیا! ہاں! اب اس کا موقع تھا ——— سنہری موقعہ ——— جس کا اسے عرصے سے انتظار تھا۔ آخر اس کی بیوی کو ——— تمام دنیا کی عورتوں کو اس کے سامنے سر تسلیم خم کرنا پڑیگا اس کو سب پیارا تھا۔ اپنی بیوی کا تشدد آمیز سلوک، اس کے زہریلے طعنے تشنیع! تلوار کا زخم تو بھر ہی جاتا ہے گر زبان کا زخم؟ بھلا کہیں بھر سکتا ہے؟

"وفد" نے پہلے تو زبردست احتجاج کیا ——— پُرشور مظاہرہ! ——— پھر دھمکایا۔ ڈرایا۔ مگر آخر کار گڑگڑانے ہی بن پڑی۔ اس نے پروفیسر کو یقین دلایا کہ "بین الاقوامی نسوانی کانفرنس" اپنے ایک خاص اور غیر معمولی اجلاس میں ——— جو جلد ہی منعقد ہونے والا تھا ——— "اعلان آزادی" کی اس خاص دفعہ کو جو اس قضیے کی جڑ اور بنیاد ہے منسوخ کر دیگی۔ اور ——— وہ تیار تھیں بالکل تیار، تمام مزید مراعات دینے کے لئے جن سے ان کے نسوانی غرور کو مزید ٹھیس نہ لگے۔ وہ اس پر راضی تھیں کہ "انجمن ترقی نسواں" میں مرد ممبران کا اضافہ کر لیا جائے اور انکے مشورہ کے بغیر کوئی اہم تجویز نہ منظور کیجائے انہیں کوئی اعتراض نہیں تھا ——— اور کیوں ہوتا۔ اس وقت ان کی جنس کی بقا، وجیات کا سوال تھا! ——— اگر انجمن کے سکرٹری لیڈیمان کے لئے مرد کوئی مناسب سزا بھی تجویز کر دیں ——— وہ موت بھی قبول کر لیں گی، بخوشی تمام! ——— اگر اس سے نسوانی دنیا کو ہلاکت آفرینی سے بچایا جا سکے! ——— اور دیکھئے قدرت کی ستم ظریفی! آج کملا کتنی عاجز اور مسکین نظر آ رہی تھی، اپنے اسی شوہر کے سامنے جس پر وہ کبھی حکومت کیا کرتی تھی! اپنے زر خرید غلام کی طرح!

ادھر پروفیسر بوس عورتوں کے اس مجمع کے سامنے کچھ گھبرا سا گیا تھا۔ کچھ بدحواس سا! ——— ایک عرصہ دراز سے وہ عورتوں سے کنارہ کش تھا ——— بالکل الگ تھلگ ——— آج جب اتنی عورتیں ——— جن میں سے اکثر حسن و شباب کا مجسمہ تھیں تو بعض نزاکت و خوبروئی کی جان ——— اسکے سامنے آئیں تو اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔ "حسن جنگلی درندوں کو بھی رام کر لیتا ہے" ایک دفعہ فوائد کا عجائز ——— مگر مسحور کن ——— درخواست کے آگے پروفیسر کچھ پسیجتا ہوا معلوم دینے لگا! اتنے حسین عنصر کے بغیر کیسی زندگی بے کیف ہو جائیگی۔ خدا کی یہ خوبصورت مخلوق کیا تباہ ہو جانی چاہیئے! بالکل معدوم (منقود!)" یہی اور کچھ ایسے ہی خیالات پروفیسر کے دل پر قبضہ

کئے ہوئے تھے۔ اور وہ حیران و ششدر کھڑا تھا ـــــ بالکل محو ـــــ ایک بُت کی طرح ساکن! عورتوں سے اس کا کرب و اضطراب چھپا نہ رہ سکا۔ انہوں نے اور عاجزی سے گڑگڑا کر اپنی درخواست کو دہرایا ـــــ باریک اور شیریں آوازیں ـــــ "انصاف! ہم صرف انصاف چاہتے ہیں" اور پروفیسر کو وعدہ کرتے ہی بن پڑی!

"میں ہمدردانہ غور کروں گا!" اس نے کہا "مگر مجھے مہلت دو، کچھ دن کی، ایک ہفتے کی۔ مجھے نتیجے پر پہنچنے میں آخر کچھ تو دیر لگے ہی گی"۔ اور "وفد" برخاست ہوا!

جب بچے کا پیٹ بھرا ہوا ہوتا ہے۔ تو وہ اپنی ماں ہی سے شرارت کرتا ہے ـــــ معصوم اور بے ضرر! ـــــ اور پھر بھاگتا ہے اپنی ماں ہی کی طرف! اور ماں ـــــ بیچاری ماں کی ماں ـــــ اسی محبت سے گلے لگاتی ہے، دودھ پلاتی ہے اور بھول جاتی ہے کہ کبھی اس نے کوئی شرارت بھی کی تھی! یہ تو فطرت ہے۔ انسان کی ماں۔ انسان اس سے بچکر کہیں جا سکتا ہے؟

اسی ہی طرح عورتوں نے بھی شرارت کی تھی۔ معصوم اور بےضرر! اور وہ بھاگ رہی تھیں ـــــ یا صرف بھاگنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ اپنی فطرت سے ہی! مگر اب ـــــ ایک عرصے کے تجربے کے بعد ـــــ انہیں احساس ہوا کہ وہ اپنی فطرت کو کیسے چھوڑ سکتی ہیں؟ اور آخر وہ اب کتنا گئیں تھیں فضا کی یکسانیت سے! ـــــ مردوں کی طلیدگی سے!!

نظام عالم کی اتنی بڑی تبدیلی خوشگوار ضرور تھی۔ مگر جب ہی تک! جب تک یہ نئی تھی۔ اب وہ پشیمان تھیں ـــــ اور آزردہ بھی ـــــ اور منتظر تھیں کسی ایسے جادو کی ـــــ اتفاق کی! ـــــ جو انہیں پچھلی زندگی کی طرف دوبارہ لوٹا دے ـــــ مردوں کے پہلو میں! ـــــ مگر وہ خود اس طلسم کو ـــــ جس میں اُنہوں نے خود کو دیدہ و دانستہ پھنسایا تھا۔ کیسے توڑ سکتی تھیں؟

ادھر ..... پروفیسر بوس کی نئی سائنس بالکل درست تھی۔ حیرت انگیز طور پر حق بجانب! ـــــ لیکن صرف سائنس کی حد تک حق بجانب اور نامکمل! مشین کے ذریعہ انسان کی پیدائش وجود میں آگئی تھی اور افزائش نسل کا ذریعہ معلوم ہو گیا تھا۔ ایک نہایت کامیاب ذریعہ! لیکن انسانی زندگی کا منتہیٰ تو یہ نہ تھا! اور نہ ہی انسان کی خوشی ہی اس میں مضمر تھی۔ یہ نئے انسان دوسرے تمام نظریات کے پیش نظر جاہے کتنے بھی مکمل تھے۔ لیکن آہ! کتنی مایوس کن ہے یہ حقیقت اور دلشکن بھی۔ کہ وہ انسانیت کے اصل جوہر سے بالکل بے بہرہ تھے! فنی طور پر! وہ آدمی ضرور تھے۔ صرف آدمی ـــــ نام ہی نام کے! ـــــ انسان نہیں! انکے پاس تھا جسم و دماغ مگر نہ تھا تو ایک درد آشنا دل نہ تھا۔ وہ بڑھ رہے تھے بڑی سرعت سے۔ مگر اس سے کیا فائدہ؟ وہ تو صرف چلتی پھرتی مشینیں تھیں۔ بے حس! ـــــ آرٹ، حسن و خوبصورتی ان کے نزدیک لایعنی سی چیزیں تھیں ـــــ بالکل بے کار اور لاحاصل! نفرت، رشک و رقابت، رحم و کرم ـــــ بلکہ تمام انسانی جذبات سے ناآشنا! ـــــ پتھر کی مورتیاں! پروفیسر کو اس لحاظ سے کتنی مایوسی ہوئی تھی سخت دلشکنی!

عورت اور مرد کے باہمی خلط ملط سے صرف افزائش نسل ہی مقصود نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ باعث ہوتا ہے ایک ایسی روحانی خوشی و انبساط کا بھی جو کسی اور طریقے سے ممکن ہی نہیں۔ گھر بھر زندگی کتنی دلکش ہے! عورتوں اور بچوں کے ساتھ مل جل کر رہنے میں کتنا سکھ اور آنند ہے! اس کا احساس مردوں کو اب ہو رہا تھا۔ سارے دن کی محنت ـــــ اعضا شکن محنت! ـــــ کے بعد شام کو جب مرد گردن لٹکائے ـــــ تھکے تھکائے ـــــ اپنے گھر کی طرف ـــــ نہیں جنت کی طرف ـــــ واپس آتے تھے تو ان عورتوں کی ایک معمولی سی مسکراہٹ، ایک جھکا تبسم، ان کی ساری تھکن، ساری کوفت رفو چکر کر دیتا تھا۔ اور کتنی کامیابی سے! اور وہ پھر کھو جاتے تھے، ایک ایسی دنیا میں جہاں صرف پریم ہی پریم تھا ـــــ ازلی سکھ اور آنند!

انتقام کی تند آندھی گزر چکی تھی اور مرد بھی اب منتظر تھے۔ خاموشی اور بے چینی کے ساتھ۔ عورتوں کے رویہ میں انقلاب کے! ایک ایسے خوشگوار انقلاب کے جو انہیں پھر اسی جنت زا ماحول میں لا بٹھائے۔

عورتوں کے وفد کے چلے جانیکے بعد پروفیسر نے کتنی راتیں آنکھوں میں کاٹ دی تھیں! پریشانی کے عالم میں! اسکے لئے یہ خیال سوہان روح بنا ہوا تھا کہ جب تک "عورتوں کے بیٹے" موجود تھے۔ وہ مشینوں سے حسب دلخواہ کام لے سکتے تھے۔ بچے پیدا کرنے کا! لیکن مصنوعی انسانوں کے لئے اور نئے مصنوعی انسان پیدا کرنا بالکل ناممکن تھا! وہ ایک خاص دواجو ہم تیار جو ہوتا۔ بچہ ڈھالنے کا۔ اور جسکے بغیر اجسام کی ساخت ممکن ہی نہیں تھی۔ جتنا ہی غور کر سکتے تھے۔ اس کا فارمولہ کرنا صرف "عورتوں کے بیٹوں" کا کام تھا۔ ظاہر ہے کہ جب تک اصلی انسان موجود تھے فکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ لیکن آخر انسان رفتہ رفتہ فنا ہی ہونگے۔ اور پھر خود انسانی نسل چاہے اصلی ہو یا مصنوعی تم ہو جائیگی۔ کیونکہ مصنوعی انسان بھی آخر کبھی تو مرینگے ہی؟ اور پھر یہ دُنیا ـــــ یہ خوبصورت اور سجی سجائی دنیا ـــــ برباد ہو جائے گی ـــــ ہمیشہ کے لئے!ـــــ اور بالفرض اگر یہ کمزوری لوگوں کو معلوم نہ ہو سکی؟ اور مرد اور عورتیں اس ہی طرح

—— اس بے استقلال اور ہٹ دھرمی سے ۔ اپنے اپنے عہدہ پر قائم رہے اور —— اور اگر وہ اپنی "مخلوق" کو مکمل کرنے سے پہلے ہی مر گیا! ——

اتفاقاً بجلی! ۔ تو کیا وہ کل؟ ۔ یہ ایک انتہائی بھیانک خیال تھا اور پروفیسر کی قوتِ برداشت سے زیادہ! اٹھتا پسینہ اسکی رگ رگ سے پھوٹ نکلا ۔ اسکی آنکھوں اس کے سر پر تیرتی ہوئی معلوم دینے لگیں ۔ اندھیرا —— ایک خوف ناک بادل کی طرح —— اسکی آنکھوں پر چھا گیا ۔ اور اس کے قلب کی حرکت بند ہو گئی! مستقبل کا خیال ہی اس کے لئے جان لیوا ثابت ہوا ۔

ایک نوجوان جوڑا جب ایک شام ایک پرفضا باغ کے ایک تاریک کونے سے برآمد ہوا —— مرد اور عورتیں آخر چوری چھپے ملنے ہی لگے تھے! —— تو اخبار بیچنے والے پوری طاقت سے چلا رہے تھے "پروفیسر کا استقبال پر ملال" "ہزاروں بچوں کا باپ مر گیا" وغیرہ وغیرہ ۔ پبلک میں

تو بیچل مچنی ہی چاہیئے تھی ، تو وہ مچی! —— اور مچتی رہی ۔ لیکن آپ اس ایک جوڑے ۔ بلکہ ایسے ہزاروں لاکھوں جوڑوں کی خوشی کا اندازہ لگانے کی کوشش کیجئے ۔ جو اس طرح کے ایک واقعہ کے انتظار میں زندگی گزار رہے تھے —— دن گن گن کر! —— گھریلو زندگی کی وہ سنہری دلچسپیاں —— جنکے وہ ایک عرصے سے خواب دیکھ رہے تھے اب ان کا استقبال کر رہی تھیں اور آخر کار مرد اور عورتیں —— فطرت کے شریر بچے! —— ایک دوسرے کے بازوؤں میں تھے!

عورتوں کا عزور اور مردوں کی ہٹ ، دھوپ میں برف کی طرح پگھل کر رہ گئی! + (ترجمہ)

محمد حسین اعجازی (علیگ)

میری مملکت

شکر ہے خدائے رب العزت کا جس نے ذی مجھ کو یہ عزت اور بخشی مجھ کو یہ مملکت جو تمام سلطنتوں سے وسیع تر ہے ۔ وہ حکومت جو عرض وطول میں دست خیال کی طرح پھیلی ہوئی ہے جسمیں عجائبات قدرت سے پُر بے شمار ممالک شامل ہیں ۔ کہیں لق ودق محو دامن پھیلائے بھیانک سکوت میں منتظر ہیں ۔ کہیں بھرا پیدا کنار ہیں جن میں سرپہ فلک موجیں مرگبار طوفان میں رکھیں سبزہ زار ہیں ۔ پھولوں سے منڈھی ہوئی وادیاں مہکتی ہیں ۔ جہاں قمریاں کوکتی ہیں اور بلبلیں چہکتی ہیں ۔ جا بجا چشمے رواں ہیں ۔ وہاں پھولوں پر تیتریاں ! اور جگنو کے پر یاں چہرہ پھراتی ہیں ۔ کہیں برباد شدہ باغوں کے بیچ ہوئے خشک نشانوں میں بھیانک کھنڈر دل ہلا دینے والے سکوت میں ملفوف ہیں ۔ ہوا کے ہر جھونکے میں موت پنہاں نظر آتی ہے ۔ وہ ہانکے ہر تنہا سنسان کے اندر کسی کی روح مفقید معلوم ہوتی ہے ۔ جو چکی ہوئی محراب سے کسی کی ٹھنڈی ہوئی تمناؤں کی یاد تازہ ہوتی ہے اور وہاں الو کی ہر ہو ہر لاکھوں رونگٹے کھڑے کر دیتی معلوم ہوتی ہیں ۔ کہیں سرفلک پہاڑ جھاڑیوں اور گھنے جنگلوں سے دامن چھپائے کھڑے ہیں ۔ انہیں میں شیر اور درندے گھات لگاتے اور چوپایوں کو ہلاک کرتے ہیں ۔ کبھی برف کی چوٹیوں تک چڑھ جاتے ہیں ۔ کبھی وادیوں کی تیز رفتار ندیوں تک اتر آتے ہیں ۔ اسیطرح کہیں چھوٹے چھوٹے قصبے بستے ہیں تو کہیں بڑے بڑے پر رونق شہر آباد ہیں ۔

شکر ہے اس خدائے برتر کا جس نے اتنی بڑی بادشاہت مجھ کو دی ۔ میرے خزانے زر اور جواہر سے اس طرح پُر ہیں کہ قارون ایسے سو سو خزانے ایک پل میں لٹا دیتا ہوں ۔ میرے دربار کی وہ شان ہے کہ دارا سلیمانی بھی ہیچ ہو ۔ قیصر کسریٰ میری دربانی کرتے ہیں ۔ فوجیں میری ہمیشہ رہیں ۔ جن کا ہر سپاہی غرم میں ایک سکندر رزم میں ایک رستم ہے ۔ میں چشم زدن میں سلطنتیں زیر و زبر کر دیتا ہوں + شکر ہے اس مالک یزدی کا جس نے سب کچھ مجھ کو دیا ۔ میں اس سلطنت کا مطلق العنان حاکم ہوں ۔ میرے احکام ناطق ۔ میرے ارادے اٹل اور میرے اختیارات لامحدود ہیں ۔ میں چاہتا ہوں تو جنگل میں منگل کر دیتا ہوں ۔ باغوں کو سرسبز ۔ ویرانوں کو آباد کر دیتا ہوں ۔ غضب میں آتا ہوں تو بستیاں ویران کر دیتا ہوں ۔ شہروں میں آگ لگا دیتا ہوں ۔ میرے غضب سے پہاڑ تھرا جاتے ہیں ۔ دریا ابلتے ہیں ۔ موسم پلٹ جاتے ہیں ۔ میں حاکم مطلق ہوں ، پیغمبر اور پرند پیدا ہوا اور دریا ہوا اور پانی خوشی اور غم موت اور زیست سب میرے طابع ہیں ۔

اسے قادر ازل شکر ادا کرتا ہوں تیرا قوی نے مجھ کو یہ طاقتیں دی ہیں ۔ میں بیماروں کو تندرست کرتا ہوں ۔ تندرستوں کو مریض بناتا ہوں جس کو چاہتا ہوں جلاتا ہوں جس کو چاہتا ہوں مار ڈالتا ہوں ۔ مُردوں کو زندہ کرنا کیا ہے ۔ میں خود یوسف ایسے حسین ۔ عزور ایسے خود سر ۔ حاتم ایسے فیاض ۔ ابلیس ایسے گمراہ رات دن پیدا کرتا ہوں ۔ جب تک چاہتا ہوں ان کو زندہ رکھتا ہوں ۔ اور جب چاہتا ہوں مار ڈالتا ہوں ۔ شکر ہے تیرا اے خالق اکبر تو نے مجھ کو ہر طرح مالا مال کر دیا ہے ۔ نیز کہ میں ایک صاحب قلم ادیب ہوں اور شکر ہے تیرا اے کارساز حقیقی کہ تو نے آج میرے گذشتہ مضمون کی اجرت کا ڈھائی روپے کا منی آرڈر وصول کرا دیا ۔ بینک تو بڑا رحم والا رحیم ہے +

سید رفیق حسین

نواب چھمّن

میری اور نواب چھمّن صاحب کی کوئی آج کی ملاقات نہیں۔ آٹھ دس سال سے یاد اللہ چلی آتی ہے۔ بڑی وضع کے بزرگ ہیں۔ محبت کے پُتلے اور طبیعت کے سیرا۔ مزاج میں بچپنا اور چُلبلا ایسی کہ آجکل کے بانکے ٹیکے ان سے شرمائیں۔ اللہ جیتا رکھے عمر بھی کوئی چھہتر ساٹھ سال اوپر نوٹنے کی ہے۔ اَن کے پڑپوتے مسٹر حیدری کا قول ہے کہ یہ دادا میاں غدری ہیں۔ ۱۸۵۷ء میں کوئی سولہ سترہ برس کے ہونگے۔ لبوں پر ہلکا ہلکا سبزہ آغاز ہو چلا تھا۔ اور میں بھیگ چکی تھیں۔ لیکن اللہ بُری نگاہ سے بچائے آج بھی نواب چھمّن بھیک وینگ کا غم نہیں پالتے۔ سُنہری ناک کی کٹیڑھی کاری کی سوتی میں ٹانکا کا آنکھ جھپکتے میں ڈال دیتے ہیں۔ بوٹا سا قد ہے اور تیر سا سُدھ۔ دُنیا کا گرم و سرد بھی کچھ چکھ چکے ہیں۔ کبھی کبھی پرانی اور بربادی دیکھ چکے ہیں۔ مگر کر میں غم کچھ ایسا نہیں۔ بس جیسے سرد کے توڑے پر کوئی تولیہ سوکھنے کو ڈال دے اور وہ ذرا سا جھک جائے۔ اللہ کا دیا سب کچھ موجود ہے لیکن اَن کی دھج آج تک منفلتی ہے۔ حُبابی دوکلیا ٹوپی سر پر۔ اور پر دے کواڑی کا ڈھاکے کا انگرکھا جم پر منفلتی شیروانی پائنچے پر سیل لگی ہوئی۔ موری پر دُو تاگے کے بٹن۔ پاؤں میں سُتھڑا کا گیرکی سپاٹ سُنہری جوتی۔ یہی پرانی وضع باپ دادا کی تھی۔ اسی کو نباہتے ہیں۔ مٹکی جوڑی کی فٹن ہے جو سواری میں رہتی ہے۔ پوتے پڑپوتے سرکاری نوکر ہیں۔ موٹر کی سواری کرتے ہیں۔ بیبیوں مرتبہ چاہا کہ پردادا میاں موٹر میں قطب چلیں۔ ہمیشہ یہی بولے۔ نہ میاں ایسی بھاگم بھاگ سواری سے میرا دل اُلٹتا ہے۔ تم کامی آدمی ہو، اس تگ و دَو میں پھنس گئے ہو سرکار کی ہے اور میر پہتا۔ تم ہی موٹر گاڑی میں بیٹھو۔ ہماری بہت گذر گئی ہے، اور تھوڑی رہ گئی ہے۔ اب ہم اپنی جوڑی گاڑی کو کیونکر چھوڑیں۔ اِن گھوڑوں کی وفاداری کو ہم جانے کیسے کیسے موقعوں پر بچے ہیں! اور میاں موٹر کا انجن بے جان چیز۔ بھلا کسی سے کیا وفا کریگا۔

نواب چھمّن شام کی ہوا خوری کے بعد اکثر جامع مسجد کے چوک پر آجاتے ہیں۔ گذری میں پھوتے ہیں۔ کبھی کبھی بادشاہی دروازے پر چڑی ماروں میں بھی جاتے ہیں۔ اور اکثر لال، بیا، مینا، شیرازی، مکھی یا لقا بھی خرید لیتے ہیں۔ میری اور نواب چھمّن کی ملاقات اکثر جامع مسجد کے اندر یا چوک پر ہو جاتی ہے۔ بڑی محبت اور اخلاق سے ملتے ہیں! اور اکثر فرماتے ہیں "میاں تم انگریزی پاس ہو لیکن اللہ کی مہربانی ہے کہ کرسٹائیت تم میں نہیں ہے۔ اسی لئے تم سے بات چیت میں بڑا دل لگتا ہے۔ دیکھو دُنیا کا رنگ بالکل بدل گیا ہے۔ خوشی زندگی سے بالکل کھل گئی ہے۔ بس ایک دَوڑ سی مچی ہوتی ہے جس میں نفسا نفسی طاری ہے۔ ہر ایک ہیجو لاخبطا بنا ہوا ہے۔ جو بھی نئی چیز ہاتھ لگتی ہے اُسی کو اختیار کر لیتا ہے۔ یہ نہیں سوچتا کہ اس شے کا مصرف کیا ہے اور یہ میرے کام کی بھی ہے یا نہیں۔ اللہ بخشے اسد اللہ خاں میرا ہم عمر ساتھی۔ بھی خوب شعر کہتا تھا۔ اس نے کہا ہے ؎

جانا ہوں تھوڑی دُور ہر اک اہرو کے ساتھ
پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

سو بھئی وہی حال اب مخلوق کا ہے۔ اور ہم تو یہ جانتے ہیں کہ جب لی کا یہ رنگ ہے تو عالم کا یہی رنگ ہوگا"

میں نے کہا "حضت، دُنیا کو ایک حال پر کب قرار ہے۔ کہیں دھوپ ہے کہیں چھاؤں۔ اور پھر اب تو نئے علم کی برکت سے ہر کام میں آسانیاں بڑھتی چلی جاتی ہیں۔ سائنس نے زندگی کو گلزار بنا دیا ہے۔ پہلے دلّی سے آگرہ کا سفر آٹھ دن کا تھا۔ اب ریل کی برکت سے چار گھنٹے کا اور ہوائی جہاز میں کوئی گھنٹے سوا گھنٹے کا ہے۔ تار برقی کے ذریعے پل کی پل میں بات کہیں سے کہیں پہنچتی ہے۔ صبح کو اخبار پڑھیئے اور دُنیا بھر کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ بجلی کی روشنی سے شہر بقعہ نور بن جاتا ہے۔ گرمی میں بجلی کے پنکھے کی بدولت پہاڑ کا سا مزہ آنے لگتا ہے" بولے "لو میاں میری بھی سنو۔ تم جانتے ہو بحث مباحثہ کی میری عادت نہیں۔ کوئی اور کہتا تو میں سنی اَن سنی کر دیتا۔ لیکن تم سے تو دل کی کہکر رہونگا۔ میاں کل کے سفر سے سفر کا مزہ گیا۔ یہاں سے بھاگے وہاں پہونچے۔ نہ راستے میں شہر دیکھے نہ وہاں کی مخلوق کو دیکھا۔ اجنبی گئے تھے اجنبی لوٹ آئے۔ انسان سے انسان کا تعلق اور رابطہ کم ہو گیا ہے۔ ایک کی خوشی رنج میں دوسرے کو شریک ہونے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ تار کی خبر سے تو تم لوگوں کا بھی دل دہلنے لگتا ہے۔ تار دیکھا اور اوسان گئے۔ اللہ خیر اللہ خیر کہنے لگتے ہو۔ انتظار کی لذت کو تم لوگ کیا جانو۔ تم لوگوں کی خوشیاں تو کھوکھلی اسی ریل اور تار نے کر دی ہیں۔ اخبارات نے تو انسانی مزاج سے بنی نوع انسان کی ہمدردی بالکل غائب کر دی ہے۔ جاپان میں زلزلہ

آیا۔ ادھر طوفان آیا۔ اُدھر بجلی گری۔ وہاں کونسلے کی کان پھٹ گئی۔ وہاں ریل لڑ گئی۔ سینکڑوں مخلوق مر گئی۔ ہزاروں بے خانماں ہو گئے تم نے خبر پڑھی اور بس۔ اور جب یہ اخبار نہیں تھے تو لوگ کی قسم کھی کے دُکھ درد کا حال سنکر اپنے پرائے کا دل روتا تھا۔ اور ہر ایک مقدور برابر کا شریک ہوتا تھا۔ اب میں اور کیا کہوں۔ میرا تو کہنا صرف اتنا ہے کہ تم لوگ خوشی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہو، مگر خوشی سے نا آشنا ہو، آرام کے متلاشی ہو۔ لیکن تمہاری زندگیوں میں آسودگی اور آرام نام کو بھی نہیں۔ بڑی دل لگی ہے! جس چیز پر مٹے جاتے ہو وہی نہیں ملتی۔ سامنس کا میں کب قائل نہیں۔ بس اتنی بات ہے کہ بجائے اس کے کہ سامنس تمہاری غلام ہوتی تم سامنس کے غلام ہو گئے ہو۔ اور جانتے ہو کہ سر چڑھا غلام بُرا۔"

میں نے کہا "حضت نواب صاحب۔ چھوڑیے اس قصّے کو کہیے اب چوک کا کیا رنگ ہے۔ کبھی بہار ہے۔ لیکن اب چوک میں بھی کیا رکھا ہے؟"

بولے "میاں صاحبزادے میں کوئی آج کل کی ہو حق تھوڑا ہی دیکھتے آتا ہوں۔ میری آنکھیں تو وہی خانم کا بازار اب بھی دیکھتی ہیں۔ میرے دولھا تجھے کیا رنگ بتاؤں اور کیا حال سُناؤں۔ جب یہاں آجاتا ہوں تو خان دوراں کی حویلی اور خانم کا بازار اور بھئی یہ گذری کیا کیا تماشے نہیں دکھاتی۔ میں تو سو سا جاتا ہوں۔ پھر یہ تمہاری ٹریم گاڑی گھڑ گھڑ کرتی گذرتی ہے اور میرے خیالات کو پریشان کر دیتی ہے تو اپنی نیند سے چونک اُٹھتا ہوں۔ مالک کا شکر کرتا گھر چل دیتا ہوں ..... اے لو وہاں مدت سے تم سے ایک بات پوچھنی تھی، خوب یاد آئی۔ یہ تو بتاؤ آج کل یہ گھر گھر شور سا کیا مچ رہا ہے۔ جسے دیکھو اُس نے چھت پر دو ڈنڈے کھڑے کئے۔ جیسے کبوتروں کی چھتری کے ڈنڈے ہوتے ہیں نا۔ اور اُن دونوں میں ایک تار باندھا۔ اور ایک لکڑی کا صندوقچہ سا گھر میں رکھ دیا۔ کل ظہیر بھی ایک خرید لایا ہے، یونہی ڈھائی سے تین سو تک پر پانی پھیر آیا ہے۔ اماں اس کے دو تین کان ہیں اور ایک آنکھ۔ ذرا کان مروڑیے اور اُس کی آنکھ چمکنے جیسے ہموت کا دیدہ۔ اور ادھر آنکھ جھپکی اور بس پھر سہے نہ پیر۔ مع صندوقچہ گانے بجانے لگتا ہے۔ کبھی وعظ کرتا ہے، کبھی تقریر کرتا ہے۔ کبھی بے وقت کی راگنی الاپتا ہے۔ کبھی تھیٹر کرتا ہے کبھی توپ گولے چھوڑنے لگتا ہے۔ کبھی ہمیں تو یقین نہ آتا تھا کہ یہ کچھ ممکن ہے۔ مگر اب آنکھ سے دیکھا اور کان سے سنا۔ کیا کفر کھلونا ہے۔ ہم تو پہلے ہی کہتے تھے کہ بیسویں صدی ہے۔ قُربِ قیامت ہے۔ پر اب تو قیامت آئی کہ آئی، اب ہم شہر والوں کا یہ حال ہے تو بچارے دیہاتیوں پر کیا کیا نہ بیت جائے گی۔

میں نے عرض کیا "حضت، قیامت تو صدیوں سے آرہی ہے میں نے بھی جب سے ہوش سنبھالا ہے، قیامت ہی کو آتے سُنا ہے۔ قیامت تو ہوا ہی بس ایک کھیل بنا لیا ہے قیامت کو۔"

یہ سُنکر نواب چھٹن بولے "میاں تم ہو تو راہِ راست پر لیکن آخر نئے زمانے کی تعلیم کے چٹے بٹے ہو۔ تم کیا جانو یہ ملک کیا تھا اور کیا ہو گیا۔ زلزلہ پر زلزلہ آرہا ہے۔ آج بہار بنگالہ تباہ ہوا۔ کل کوئٹہ کا تختہ اُلٹ گیا۔ بیماری پر بیماری پھیل رہی ہے۔ یہ گرون توڑ بخار، یہ خونی پیچش ہے۔ نئی سے نئی وبا آرہی ہے۔ قیامت کہتے ہو۔ قیامت کا کوئی اور دن ہے کیا۔ یہ سب کیا قیامت سے کم ہیں؟ ایک روزِ حساب ہے اور ایک قیامت۔ تم روزِ حساب کو قیامت کہتے ہو مگر نہیں، یہ قیامت ہے اور جس دن اس کا جواب دو گے وہ روزِ قیامت ہو گا۔ پہلے ایک "مصیبت" آئی، اور پھر دوسری۔ یوں ہلکے ہلکے مخلوق مصیبتوں کی عادی ہو گئی۔ اور دُکھ کو سُکھ سمجھ بیٹھی ہے۔ پہلے ٹک ٹک کرتی گھڑی آئی۔ پھر کپنی بہار کے ساتھ پانی پیئی، کوئلہ کھائی، آگ اور دُھواں اُگلتی کو کو پھک پھک گاڑی آئی۔ پھر خط کے بیسے کا جادو آیا کہ پرچہ یہاں ڈالو اور ہزاروں میل یہ پہونچے۔ اس پر طرّہ اور کہ بابو کو پرچہ لکھکر دو اور اس نے گٹ گٹ کی اور پل کی پل میں بات کہیں کی کہیں پہونچی، ہم تو یہ کرتے تھک گئے ..... روزِ عذاب الٰہی کو منتظر ہے اور روزِ عذاب الٰہی کی خبریں سُنیں۔ ان سب پر ہی تو بس نہیں۔ آج صبح ہی صبح گھڑ گھڑ سے آنکھ کھلی۔ بوکھلا کے دیکھا۔ اللہ رسول کا نام بھی زبان پر نہیں آیا۔ دیکھا تو آسمان پر بڑی چیل کہو، نئی قسم کی کل کہو، اُڑن کھٹولا اُڑا چلا جا رہا ہے۔ جل توجلال تو کا ورد کیا۔ تب کہیں اُس نے منڈلانا چھوڑا۔ اور یورپ کی طرف کو چلدیا۔ اور تم کہتے ہو قیامت نہیں آئی۔ چین کھو بیٹھے۔ سکون کھو بیٹھے۔ اللہ رسول پر بھروسہ کھو بیٹھے۔ کیا ان چیزوں کو کھو بیٹھنا قیامت سے کم ہے۔ ع۔

کیا خوب قیامت کا ہے گویا کوئی دن اور

ع تمہارا کیا ہے، ہائیکوپ ہے تیتیکوپ، جسے سینما کہتے ہیں اُس نے ایک مصیبت ڈھا رکھی ہے۔ گھر میں جورو اور بچے بھوکے ہیں پر غفورا دکھتی ہائیکوپ میں ہے۔ میاں گھر میں بخار میں پڑے ہیں پر بیوی صاحبہ سہیلیوں بھنیلیوں کے ساتھ سینما گئی ہوئی ہیں۔ اور اب تو بھئی یہ

ملکے کا غلام ہر وقت حاضر ہے۔ کان مڑوڑا اور اُس نے وقت بے وقت کی الاپ لگائی۔ ہم تو بھئی پچھلے دنتوں کے ہیں ٹانگے لٹکائے بیٹھے ہیں۔ آخر قمر بی سمجھا دو کہ یہ بلا ہے کیا شے، اور اس سے مخلوق کیونکر محفوظ رہے گی"؟

میں نے سوچا بھلا اب ان کو کیا کیا سمجھاؤں، بڑے بوڑھے اور بزرگ ہیں۔ ان کی ہاں میں ہاں ملا دوں۔ اور عرض کیا" حضرت آپ بجا فرماتے ہیں۔ بیشک یہ قربِ قیامت کی علامت ہے۔ مگر ہم تو اسی چکر میں پھنسے ہوئے ہیں اور مرغ کی ایک ہی ٹانگ نظر آتی ہے۔ اور اسے علم انسانی کی ترقی سمجھتے ہیں۔ اور ابھی تو ایک اور کرشمہ ہونیوالا ہے"

بولے" وہ کیا؟"

میں نے عرض کیا" وہ ٹیلیفون تو دیکھا ہی ہوگا آپنے؟"

فرمایا" اماں لاحول ولاقوۃ۔ وہ تو میں بھول ہی گیا تھا جس میں ہمزاد اِدھر کی اُدھر لگاتا پھرتا ہے"

میں نے عرض کیا" جی وہی۔ اب اُس میں بات کرنے والے کا چہرہ بھی نظر آیا کریگا۔ یعنی صرف بات چیت ہی نہ ہوگی بلکہ رُوبرو ہو کر۔ اور اسی طرح اس ریڈیو میں"

بولے" ریڈیو کیا؟ ہاں وہی کُفر کھلونا"

"جی ہاں یہی کُفر کھلونا۔ اس میں ناچ گانے والے کی تصویر، بولنے چالنے والے کی صورت۔ یعنی جس کی آواز ہوگی وہ خود بھی پیٹر نظر ہوا کرے گا۔

یہ سُننے ہی تو اب چھتن جیسے سناٹے میں آگئے ہوں۔ ایک دو منٹ کے بعد چونکے اور کہنے لگے" انا للہ وانا الیہ راجعون۔ بھئی اب تو ہمیں کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ یہ تم نے بہت بُری سُنائی۔ کیں کریں۔ سوائے خودکشی کے کوئی چارہ ہی نہ رہا۔ یہ ظلم ہے! اندھیر ہو جائیگا۔ اب تک عریانیوں میں کیا کمی رہ گئی تھی۔ جو اب پوری کیا چاہتے ہو۔ گھر کی بہو بیٹیاں غیر مردوں کو گھر بیٹھے کیا کیا بیباک دیکھیں گی۔ مگر میاں ؎

جو رُونمائی کی رسموں پہ ہے مصر ابلیس
چُھپینگی حضرتِ حوّا کی بیٹیاں کبتک

پڑ گیا چولھے میں۔ بلا سے یہ دُنیا اُجڑے یا بسے۔ تم اسے ترقی کہو، مگر مجھ سے یہ بے آبروئی نہ دیکھی جائیگی۔ غیرت تو پہلے ہی غائب ہوگئی تھی جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ اب اکّا دکّا مجھ سا کوئی بوڑھا ٹیڑا پڑا ہے، سو میاں وہ اب ہے اور اب نہیں۔ پر میاں تمہاری اس نئی ایجاد سے پہلے ہم چل بسے تو الحمد للہ اور واہ وا۔ ورنہ بلا سے جہنم میں جائیں اور چاہے ہماری رُوح بھٹکتی پھرے پر ہم خودکشی ضرور کرلیں گے۔۔۔۔"

یہ کہتے کہتے وہ اس ادا سے مجھے چھوڑ کر چلے گئے جیسے میں کم سے کم کوڑھی تو ضرور تھا۔

ڈاکٹر ہاشمی

شکستِ ساز

نہ ہم آہنگِ مسیحا، نہ حریفِ جبریل
تیرا شاعر کہ ہے زندانیِ گیسوئے جمیل

کس کی آنکھوں میں یہ غلطاں ہے جوانی کی شراب
کھولدی آہ یہ کس نے تہِ گلگوں کی سبیل

کس طرف جائے کہاں جائے بتا دو کوئی
زلفِ پُرخم کا گرفتار، نگاہوں کا قتیل

عالمِ یاس میں کیا چیز ہے اِک ساغرِ مے
وحشتِ ظلمات میں جس طرح خضر کی قندیل

کتنی دشوار ہے پیرانِ حرم کی منزل
اِس طرف فتنۂ ابلیس، اُدھر ربِّ جلیل

اُف یہ طوفانِ نشاط اور مری طبعِ حزیں
آہ یہ یورشِ ناز اور میں مجروح و علیل

آہ وہ ہوش کا عالم وہ غموں کی یورش
اُف یہ مستی کہ ہے پھر ہوش میں آنیکی دلیل

مجاز

مُسلم اور کافر

ہندوستانی بھاکا میں

(از افکار بھڑبھڑے شاہ)

اسلام کے شُدر گیت نہ گا، بھید اس کے اگر معلوم نہیں — سنسار کا مُسلم سیوک ہے، پر ایک کا بھی محکوم نہیں
مسکین سہی محتاج نہیں، کمزور سہی مظلوم نہیں — وہ تخت سے ہو محروم تو ہو، عزّت سے مگر محروم نہیں
اسلام ہے سچ کا تار و رجسے ہاتھ آئے یہ دھن منعم ہے وہی
بُدھ، ہندو، مسیحی، پارسی، سکھ، مل جائے جسے مُسلم ہو وہی

اک سب سے بڑی شکتی ہے وہ ذات، گُن انگنت اُسکے نام انہیں — یزداں وہ نہیں، رحمٰن نہیں، وہ گاڈ نہیں، وہ رام نہیں
گُن گیان دیا کی سکشا، سیکھ، اور نام سے کوئی کام نہیں — جپ تپ کی نمائش دھرم نہیں، ایمان نہیں، اسلام نہیں
جو حرص و ہوا کے بُت پوجے، توحید کا دعویٰ کیوں وہ کرے
مُسلم وہ نہیں مشرک ہے اگر باطل سے دبے، طاقت سے ڈرے

مسلم ہے وہ ست کا سیوک بیر ہو جس کو تن اور جان کا غم — تڑپائے جسے انساں کی تڑپ، بے چین رکھے ایمان کا غم
ہو بھوک سے بڑھکر بھیک میں دُکھ، حاجت سے سوا احسان کا غم — ہے ہمّت پریم کے ساگر کا، کیا مینہ کا ڈر، طوفان کا غم؟
بُدھ، ہندو، مسیحی، پارسی، سکھ، جس رنگ میں ہو جس بھیس میں ہو
مُسلم ہے پجاری نیائے کا وہ جس میں روپ ہو جس دیس میں ہو

یہ آرتی پوجا پاٹھ بھجن، تسبیح و تلاوت صوم و صلوٰۃ — بھگوان کو کچھ درکار نہیں، ہے حمد و ثنا سے پاک وہ ذات
دوزخ کا وہ وحشتناک سماں، جنّت کی ہوسنا کا نہ صفات — تُو مولوی پنڈت سے نہ کہے تو کان میں کہدوں رازکی بات
سب داس ہوس کے بھوت کے ہیں اور بندہ پروری کوئی نہیں
سب چیلے ہیں مالا اِشور کی پر حق کا پجاری کوئی نہیں

کیا ترک و عجم، کیا فرزشت، کیا فرق زبان و نسل و وطن — ہے سب کی رگوں میں ایک لہو ایک آدم، اک جیو، ایک بدن
گو پھول ہیں لاکھوں رنگ برنگ، پر ایک ہی بھومی ایک چمن — بن میگھ دیا کا، سب پہ برس، بستی ہو کہ ریگستان کہ بن
سب دھرموں کا بابا ایک ہے گُرو، انسان بن اور انسان بنا
انسان نہ بنا تو شیخ سوامی جو بھی بنا شیطان بنا

مُرسلہ: مُسلم

(بسلسلۂ گذشتہ)

زندہ اور فطری زبان

ادبی زبان میں یکرنگی اور ہم آہنگی کا ہونا لازمی ہے

تلفظ اور لب ولہجہ پر سطحی نظر

ہندوستانی مذاق فائن آرٹ (فنونِ لطیفہ) کا شیدائی ہے۔ اس فن کی پانچوں شاخوں، تعمیرات، بت تراشی، مصوری، ڈراما، شاعری میں ہندوستان نے وہ کمال کیا ہے کہ ساری دُنیا کو اس کا اعتراف ہے۔ ہماری معاشرت پر اس مذاق کا اتنا اثر پڑا ہے ہر گُدمب چیز آنکھوں کو کھٹکتی ہے، تیز خوشبو ناک (دماغ) کو ناگوار ہوتی ہے اور سخت، کرخت یا بھدی آوازیں ہمارے لئے بارِ گوش ہیں۔ چنانچہ ہم لسانیات میں ثقالت، بھدا پن اور کرختگی سے بچنے کے لئے برابر کوشاں رہے۔ لفظوں کے وضع کرتے وقت تو ہم اُسے پیشِ نظر رکھتے ہی ہیں۔ جب کسی لفظ کا انتخاب کرنا ہوتا ہے تو ہم مقابل کے دو لفظوں میں سے اُسی کو چُن لیتے ہیں جس میں زیادہ لوچ ہے۔ جب دو لفظوں کو جو علیحدہ علیحدہ اپنے اپنے تلفظ کے لحاظ سے خوش آہنگ ہیں ترکیب دیتے ہیں تو یہ مدنظر رکھتے ہوئے کہ مرکّب لفظ بھی سبک اور خوش آہنگ ہے۔ ترکیب یافتہ تلفظ میں کرختگی نہ آنے پائے کچھ تبدیلیاں کر دیتے ہیں۔ "سندھی" اور "اتصال (تعلیل، ادغام، تخفیف) کے قواعد اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے سنسکرت اور فارسی میں وضع کئے گئے جو اسی متذکرہ بالا ذہنی تقاضے (نفاست پسندی) کے نتیجے ہیں۔ سنسکرت لفظ نرپَل کو ملاحظہ فرمائیے یہ مرکب ہے نر اور پل سے۔ (ر) کا اضافہ صرف اس لئے ہوا کہ دونوں اجزائی آوازیں فطری مناسبت سے مل جائیں۔ (اسی طرح سابقہ اور لاحقہ لگاتے ہوئے مناسب تبدیلیاں کرتے ہیں۔ آرہ کے رہنے والوں کو آرہ وی نہ کہکر آروی، اور کوڈ کے رہنے والے کو کوڈ وی یا کوڈی نہ کہکر کوئی کہنا ہی صحیح مانا گیا ہے۔ معلوم یہ ہوا کہ زبان میں لوچ اور گھلاوٹ پیدا کرنے کی خاطر ہم طرح طرح کے قاعدے وضع کرتے ہیں اور وہی قاعدہ اگر کہیں ہمارے مقصد میں رکاوٹ ڈالتا ہے تو اُسے بھی توڑ کر دوسرا قاعدہ وضع کرتے ہیں جس چیز (قدرتی لوچ) کی حفاظت ہم اس قدر کرتے آئے ہیں اُس کی حفاظت ہمارا ذہنی خاصہ بن چکا ہے۔

اب میں اُردو ہندی کے ایک لفظ کو لیتا ہوں جو دونوں میں دو مختلف طریقوں پر ترکیب دئے گئے ہیں اور ایک ہی معنی دیتے ہیں۔ وہ لفظ ہے اُردو میں "درگت" اور ہندی میں "گتی"۔ مذاقِ سلیم اُردو ترکیب کو ہندی ترکیب پر ترجیح دیتا ہے۔ "گ" سے پہلے "ک" کا سابقہ ہے جو زبر ہے اور بنا بریں خوش آہنگی اور ہم آہنگی کے وصف سے متصف ہے۔ یہی باریک فرق "ان تھک" اور "اتھک" میں ہے۔ جبکہ "ان" اور "ا" میں "الف" کا قافیہ سابقہ موجود ہے ایک "معقول پسند" اُردو والوں پر اعتراض کر سکتا ہے کہ یہاں نیا قاعدہ برتنے (یعنی الف نفی کے ساتھ نون لگانے) کی کیا ضرورت تھی، مگر ذوقِ سلیم "ان تھک" اور "انجان" کی خوش آہنگی کے مقابل "اتھک" اور "اجان" کی بے سوادی سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

ہماری زبان میں سنسکرت کے الفاظ ہندی لاسل تت سم، تدبھو، یا تدبھوا (مرور ایام سے بدلی ہوئی صورتوں میں) یہ ہماری ادبی زبان کا تیسرا نزاعی مسئلہ ہے۔ زبان فطرتِ آخر الذکر کو قبل الذکر پر ترجیح دیتی ہے اور اس کا سبب بھی وہی خوش آہنگی اور سہولت ملفظ و روانی ہے۔ زبان سنسکرت ہندی الاصل (تت سم) کے تلفظ چکڑ دار ٹھوکر کھانے سے بچنا چاہتی ہے۔ یہ مانا کہ ایک سنسکرت کا عالم فراٹے کے ساتھ اشلوک پڑھ سکتا ہے مگر سنسکرت میں تو سارے الفاظ ایک ہی ڈھب کے ہیں اور یہاں ۸۰ فی صدی الفاظ سادے تلفظ کے ہیں۔ جس طرح ٹیڑھی لکڑیوں کا سیدھے تختوں سے جڑنا مشکل ہے اسی طرح زبان کے تدبھوا (مرور ایام سے بدلے ہوئے) الفاظ کے ساتھ سنسکرت تت سم (ہندی الاصل) الفاظ کا میل ملاپ نہیں ہو سکتا اور اسی لئے زبان کا فطری رجحان سنسکرت الفاظ کا جوں کا توں، اسی صورت قدیم میں قبول کرنے سے عاجز ہے۔ اسی فطری رجحان کو مدنظر رکھتے ہوئے اُردو میں سنسکرت الفاظ کی اصل صورتوں کی تلاش بے معنی سمجھی گئی اور مرور ایام سے ڈھلی ڈھلائی شکلوں کا استعمال مستحسن سمجھا جاتا ہے۔ زبان کی فطری نشو و نما کا بھی یہی تقاضہ ہے جسے ہم اصولِ ارتقا کی کسوٹی میں پیش کر چکے ہیں۔ سنسکرت سے جو الفاظ ہماری زبان کو ملے ہیں وہ براہِ راست نہیں ملے، "گرام" ہماری موجودہ زبان میں ملنے سے پیشتر "گاؤں" بن چکا تھا۔ اب ہندوستانی قواعد کا لحاظ نہ کر کے گاؤں کے رہنے والے کو "گنوار" نہ کہکر گرام سے سنسکرت قواعد کی مطابقت سے گرامیٹر (بھی گنوار) مشتق کرتے۔

دودھ، گھی، پھول، پھل کے بدلے دُدھ، گھرت، پُشپ، پھلم، کا استعمال جائز کرنا جہت پسندی ہے۔ اس طرح کی کوشش میں ایک ساتھ دو غلطیوں کا ارتکاب ہو رہا ہے۔ ایک تو یہ کہ ہم پیچھے مُنہ چل کر رفتارِ زمانہ کی مخالفت کرتے ہیں اور دوسرے خوبصورتی، آراستگی کے فطری میلان کو تعصب آمیز جذبہ پسندیدگی یا ناپسندیدگی سے کچلنا چاہتے ہیں اور یہ دونوں چیزیں انسانیت سوز ہیں۔ اس طرح سے زبان یا کسی نوعِ انسان کی خدمت تو کیا ہوگی بلکہ اُس کا گلا گھٹ جائیگا۔

لب ولہجہ

ان دو لفظوں کی مثال سے میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ہندوستانی زبان کا سانڈنک لب ولہجہ الفاظ کو حروفِ آخر کا متحرک رکھنا قبول کرتا ہے یا نہیں، اُردو میں کہیں بھی کوئی لفظ متحرک بالآخر نہ لکھتے ہیں نہ بولتے ہیں۔ اس لئے ن سنسکرت الفاظ کی حرکت آخر حرف ماقبل آخر کو مناسب تبدیلیوں کے ساتھ دیدیتے ہیں۔ شکتِ کے ہندی الاصل تلفظ میں ت، حرفِ آخر ہے اور متحرک ہے اس کی حرکت ـَ کو منتقل کر دیگی تو یہ لفظ شکت کی صورت میں آگئی۔ بھگتِ بھاشا میں بھی ایسا ہی کیا جاتا ہے۔ یعنی حرکت آخر کو اس کے موافق حرفِ علت سے تبدیل کر دیتے ہیں، زیر ہے تو ی سے، پیش ہے تو واؤ سے اور زبر ہے تو الف سے بدل دیتے ہیں اس طرح شکتِ سنسکرت اصل شکتی کی صورت میں تبدیل ہو کر آجاتی ہے۔ ہندی میں صرف لکھنے میں اصل صورت متحرک بالآخر پائی جاتی ہے۔ مگر اچھے خاصے دو دان، پنڈت شکتی، شکتی، بھگتی، بھروسی وغیرہ سوسائٹیوں میں بولتے ہیں۔ پس ہم سہولت تلفظ کے لئے "حرفِ آخر سا کن" کے صوتی اصول کو ہندوستانی لب ولہجہ کے بالکل مطابق پاتے ہیں اور جیسا کہ زبان پر قدرت رکھنے والے شاعرِ اعظم حضرت اقبال نے اس شعر میں ان الفاظ کا تلفظ ادا کیا ہے لفظوں کے حرفِ آخر کو ساکن رکھنے کو جائز اور درست لکھتے ہیں ؎

شکتی بھی شانتی بھی بھگتوں کے گیت میں ہے
دھرتی کے باسیوں کی مکتی پریت میں ہے

ڈ اور ن کا فرق

زبان کی اصولی گفتگو کے سلسلہ میں میرے ایک دوست نے فرمایا کہ اُردو میں برابر ہنسٹر کو ہمیشہ برہمن لکھا جاتا ہے حالانکہ ہندو مسلمان صدہا سال سے پاس پاس رہتے ہیں۔ میں نے اپنے دوست کو جن کی بدگمانی غلطی پر مبنی تھی بتلایا کہ اُردو زبان کے رسم خط میں ٹ، ڈ، ڑ کے حروف ہندی کے ہی الفاظ شامل کرنے اور ان کے صحیح تلفظ ہی کے لئے داخل کئے گئے تھے۔ ورنہ فارسی و عربی کا کوئی لفظ نہیں ہے جس میں یہ حروف آتے ہوں، کھ، گھ، بھ، تھ کی مخلوط آوازیں ہندی ہی الفاظ کے صحت تلفظ کے لئے وضع کی گئیں۔ "تہنید" ہندی بنانا اُردو قواعد صرف کا ایک مستقل اُصول ہے اور اُردو کا ہر قواعد نویس اسکا ذکر کرتا ہے، بھائی جان یہ اُردو کے خلاف پروپگنڈہ کرنے والوں کی آواز ہے جو کہیں آپ کے کان میں پڑگئی ہے۔ آپ نے اپنے انگریز حکمرانوں کی زبان پر بھی غور نہ کیا کہ اُن کی زبان کے حروف تہجی میں ت اور د کی آواز ایک سرے سے نہیں ہیں اور نہ انہوں نے ہندوستانی زبان کا لحاظ رکھتے ہوئے اُس میں اضافہ کیا۔ حالانکہ اُن کی کوشش انگریزی کو ہندوستان کی قومی زبان بنانے میں اس قدر زمایاں ہے کہ محتاج تشریح نہیں۔ مدت تک رومن کریکٹر کو ہندوستانی زبان کا رسم خط بنانے کی اسکیم تجرباتی طور پر جاری رہی مگر اُردو زبان اور اُردو رسم خط تو سرے سے ہندوستان کو مدنظر رکھکر ہندوستانی ضروریات سے وجود میں آیا اس پر شُبہ کی نظر ڈالنے والے کو تحقیقات اور تلاش سے کام لینا چاہیے۔ میں نے اپنے دوست کی توجہ لفظ شکلا، مصدا اور گپتا کی طرف مبذول کرائی کہ انگریزی میں شکلا اور یہ صدا اور گپتا بعینہٖ لکھے جاسکتے ہیں جس طرح وہ اصل زبان میں ہیں۔ پھر انگریزی زبان کی فطری ساخت کے بموجب انہیں کچھ نہ کچھ تبدیل کیا گیا۔ ٹھیک اسی طرح لفظ براہمن سنسکرت اصل سے فارسی میں آیا جہاں فارسی زبان کے تلفظ کے مطابق سُکھ سے برہمن لکھا گیا۔ یہ لفظ اُردو میں بالواسطہ زبان فارسی آیا۔ ٹ اور ن کا اختلاف صرف اُردو، ہندی ہی میں نہیں ہے بلکہ ہندوستانی کی صدہا مقامی زبانوں میں ٹ ن کا فقدان ہے۔ خود ہندی بول چال میں مطلق غائب ہے۔ اسی قسم کی غلط فہمیوں سے اکثر لوگ بدگمان ہو کر اُردو زبان کو اپنی زبان نہیں سمجھتے۔ اور انہیں کمزور دلائل بنیاد باتوں کی تاویلات پیش کرتے ہوئے ہندوستانی زبان و ادب کے اولے بیان سے لُطف قاصر اور عاجز دکھلانا چاہتے ہیں حالانکہ یہی باتیں پلٹ کر دیوناگری رسم خط اور ناگری اسجد کی آوازوں پر لگا کر فارسی کے مروج تلفظ و آوازوں سے ہندی حروف تہجی و زبان کی بے بسی دکھائی جائے تو معترض کے پاس سوائے چُپ رہنے کے کوئی جواب نہ ہوگا۔

اب ہم مختصراً اُردو یا ہندوستانی کے ڈھانچے (قواعد صرف) پر نظر ڈالنا چاہتے ہیں اور یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ اس کے مسلم الثبوت قواعد نویسوں نے زبان کو قواعد کا محکوم بنانے کی کوشش کی ہے یا زبان کو آزاد کر کے اصول و قواعد اخذ کئے ہیں۔ ساتھ ہی ہندی و یا کرن کو بھی دیکھنا ہے کہ آیا ہندوستان کی زندہ اور فطری زبان کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکی قواعد کی دفعات مرتب ہوئی ہیں یا ایک منتہی کو پیش پیش رکھکر کھینچ تان اور توڑ

مروڑ سے کام لیا گیا ہے؟

اُردو (ہندوستانی)

قواعد اُردو از ڈاکٹر عبدالحق۔ بی۔ اے۔ سکریٹری انجمن ترقی اُردو (ہند) شائع کردہ انجمن ترقی اُردو (ہند) اورنگ آباد۔ دکن

اسم کیفیت

وہ ہے جس سے کوئی کیفیت یا حالت معلوم ہو، جیسے سختی، روشنی، صحت۔

اسمائے کیفیت تین چیزیں ظاہر کرتے ہیں:۔

اوّل حالت۔ جیسے صحت، نیند، رفتار۔

دوم وصفی کیفیت۔ جیسے درد، خوشی، مطالعہ۔

اسمائے کیفیت کیونکر بنتے ہیں:۔

(۱) اسم یا صفت کے آگے ائی یائی، یائی بڑھانے سے اسمائے کیفیت بنائے جاتے ہیں جیسے اچھائی، برائی، گوالائی۔

(۲) ت یا تی کے بڑھانے سے۔ جیسے بچت، کھپت، بڑھتی، کھتی۔

(۳) ہٹ سے جیسے بہتات، بھلمنسات۔

(۴) وٹ، ہٹ، اٹ کے بڑھانے سے جیسے گھبراہٹ، بناوٹ، رکاوٹ، لگاوٹ۔ وغیرہ۔

(۵) بعض اوقات صفات کے آگے یہی علامت لگانے سے بھی اسمائے کیفیت بنتے ہیں جیسے چکناہٹ، نیلاہٹ۔

(۶) اَو کے اضافہ کرنے سے جیسے بچاؤ، چڑھاؤ، جھکاؤ، بناؤ، لگاؤ، ہٹاؤ، رکاؤ۔ وغیرہ۔

(۷) پا، پن اور پنا اسم کے آگے بڑھانے سے، جیسے بڑھاپا، چڑھاپا، سٹاپا، لڑکپن، بچپن، شہدپن، دیوانہ پن، اچھپنا، گنوار پنا، چھپنا۔

(۸) ک۔ کے بڑھانے سے اسم یا فعل کے بعد۔ مثلاً ٹھنڈک، بینک۔ وغیرہ۔

(۹) کی۔ جیسے چکی۔

(۱۰) اس کے اضافہ سے جیسے مٹھاس، بیاس، کھٹاس۔

(۱۱) اپ۔ جیسے ملاپ۔

(۱۲) پت جیسے سیان پت، اکنواپت۔

(۱۳) نا سے جیسے چاندنا۔

(۱۴) واس سے جیسے بکواس۔

(۱۵) وا جیسے بڑھاوا، بلاوا، دکھاوا، وغیرہ۔

(۱۶) یت۔ جیسے اپنایت۔

یہ سب ہندی صورتیں ہیں بعض فارسی ترکیبیں بکثرت استعمال ہوتی ہیں۔ مثلاً:۔

الف۔ بندگی، زندگی، مردانگی، دیوانگی۔ (گی) یہ علامت اُن فارسی الفاظ کے آگے اضافہ کی جاتی ہے جنکے آخر "ہ" ہے۔

ب۔ "ی" کے اضافہ سے جیسے گرمی، نرمی، جوانی، روشنی۔

ج۔ امر کے آگے "ش۔ یا۔ ش۔ کے اضافے سے۔ سوزش، آزمائش، گردش۔ وغیرہ۔

د۔ امر کے آگے "اک" کے بڑھانے سے جیسے خوراک، پوشاک۔

سنسکرت ہندی و باکرن شائع کردہ کاشی ناگری پرچارنی سبھا

از کاما پرشاد گرو

دفعہ ۱۰۳۔ جس سنگیا (اسم) سے پدارتھ (اشیا) میں پائے جانے والی کسی دھرم (خاصیت) کا بودھ (اطلاق) ہوتا ہے اُسے بھاو واچک سنگیا (اسم کیفیت) کہتے ہیں۔ جیسے:۔ لمبائی، چترائی، بڑھاپا، نمبرتا، (نرمی) سمجھ، بوجھ، مٹھاس۔

پرتیک (ہر ایک) پدارتھ (شے) میں کوئی نہ کوئی دھرم (خاصیت) ہوتی ہے۔ پانی میں شیتلتا (ٹھنڈک) آگ میں اشٹرتا (گرمی) سونے میں بھاری پن۔ منشیہ (انسان) میں پرتیک (عقلیت) اور پشو (جانوروں) میں آپرتیک (غیر عقلیت) رہتا ہے۔ جب ہم کہتے ہیں کہ ایک پدارتھ (نمکین چیز) پانی ہے، تب ہمارے من (دل) میں اس کی ایک یا دو ایسے دھرموں کی (وصفی کیفیتوں) بھاوتا (تخیل) رہتی ہے۔ انہیں دھرموں کی بھاوتا سے (انہیں وصفی کیفیتوں کے تصور سے) ہم اس پدارتھ (چیز) کو پانی کے بدلے کوئی دوسرا پدارتھ (شے) نہیں سمجھتے۔ پدارتھ (مانو یعنی چیز گویا) کہ کچھ خاص وصفی کیفیتوں سے بنی ہوئی ایک مورتی ہے۔ کوئی نوئی وصفی کیفیت ایک سے زیادہ (دو یا کئی) پدارتھوں (چیزوں) میں پائی جاتی ہیں۔ جیسے لمبائی، چوڑائی، موٹائی، وزن، اکار (شکل)۔

پدارتھ کا دھرم (اشیا کی وصفی کیفیت) پدارتھ (شے) سے الگ نہیں رہ سکتا تو بھی ہم اپنی کلپنا شکتی کے دوارا (تخیل کے ذریعے) پرسپر سمبندھ رکھنے والی بھاؤں ناؤں (ملحوظ تصورات) کو الگ کر سکتے ہیں۔ ہم گھوڑے کے اور دھرموں کا (اوصاف کا) بھاونا (خیال) نہ کر کے کیول (صرف) اس کے بل کی بھاونا من میں لا سکتے ہیں اور اوشکیتا (ضرورت) ہونے پر اس بھاونا کو کسی دوسرے پرانٹری (اعضا) (جیسے ہاتھی) کے بل کی بھاونا کے ساتھ ملا سکتے ہیں۔ جس پر کارجاتی باچک سنگیائیں (جس طرح اسم عام، ارتھوان (کلمہ یا معنی دار) ہوتی ہیں

ہی پرکار (طرح) بھاؤ باچک سنگیائیں (اسم کیفیت) ارتھوان (کلہ) ہوتی ہیں۔
کسر مذکر ان کے سمان (برابر) ان سے بھی دھرم کا بودھ (وصفی کیفیت کا اظہار)
ہوتا ہے۔ بیاکت باچک سنگیا کے سمان (اسم خاص کی طرح) بھاؤ باچک
سنگیا سے بھی ایک ہی بھاؤ نا (کیفیت) کا اطلاق ہوتا ہے۔

دفعہ ۴۰۱۔ بھاؤ باچک سنگیائیں بہندھا (اکثر) تین پرکار کے
شبدوں (تین طرح کے لفظوں) سے بنائی جاتی ہیں۔

(ک) جاتی باچک سنگیا سے (اسم عام سے) جیسے بڑھاپا، لڑکپن،
ستیتا (دوستی)، دستو (غلامی)، مون (خاموشی)

(گ) بشیشرؤں سے (صفت سے) جیسے گرمی، سردی، کھٹورنا
(سختی)، میٹھاس، بڑپن، چترائی، دھیرج (دھیریہ) پنڈتائی، راجیہ۔

(گ) کریا (فعل) سے۔ جیسے گھبراہٹ، سجاوٹ، چڑھائی، بہاؤ،
مار، دوڑ، چلن۔

ناظرین کے سامنے اُردو اور ہندی دونوں زبانوں کی مقتدر
نحوں کی شائع کردہ تواعد صرف و نحو کی مستند کتابوں سے میں نے
اسم کیفیت کا بیان لیا ہے ہندی قواعد نویس نے اپنے بیان کی وضاحت
کے لئے کہاں تک توضیحی انداز بیان و زبان استعمال کیا ہے۔ یہ سوال اس
وقت میرے سامنے نہیں ہے، ہمیں یہاں صرف یہ غور کرنا اور دیکھنا
ہے کہ آیا زندہ زبان کو پیش نظر رکھتے ہوئے تواعد کی دفعات مرتب کی
گئی ہیں یا نہیں؟ ہم دیکھتے ہیں کہ سنسکرت زبان کی قواعد سے ہندی قواعد
نویس کا دماغ اس قدر متاثر ہے کہ ہندی کے ضروری اشارات اور علامات
بھی چھوڑتے چھاڑتے تیزی سے نکل گیا اور فارسی اسمائے کیفیات جس کی مثالیں
اُردو قواعد کے دفعات ۱، ب، س، میں مذکور ہیں، جن کے استعمال سے ہندی
کے انشاپردازوں اور ادیبوں کو مفر نہیں اُن سے ایک دم بے اعتنائی برتی
گئی ہے۔ زندہ اور فطری زبان کے علمبردار عبدالحق صاحب نے اپنی قواعد میں
اس زبان کے ہر ایک خط و خال کو پیش نظر رکھا ہے۔ ان کے تشریحات میں
مستعمل الفاظ کی کوئی خصوصیت چھوٹنے نہیں پائی۔ برخلاف اس کے پنڈت
کامتاپرشاد گرو کی مذکورہ و یاکرن کی دفعات ۱۰۳، ۱۰۴ کے پڑھنے سے یہ
پتا بھی نہیں چلتا کہ آپ اُس زبان کی قواعد مرتب کر رہے ہیں جس میں "ہندی چھٹ
فارسی کا ٹیپ" بھی ملا ہوا ہے۔ مگر یہ دفعات اپنی جگہ پر ہیں اور زبان اپنی
جگہ پر۔ ہندی زبان اپنے قواعد کی زنجیروں سے آزاد ہو رہی ہے۔ ایک طرف
نائش، ذاتش، نادانستگی، آمادگی ہندی تحریر و تقریر میں شامل ہو کر اسمائے
کیفیت (بشمول باچک) کی دفعات میں دست چاہتے ہیں تو دوسری جانب
پنکھ کش، اماکش، وغیرہ الفاظ ہندی میں آکر اسم فاعل کے حدود کو توڑ رہے
ہیں۔ اگر بھاشا کی شدھی کے خیال سے ہندی قواعد کی دفعات میں ترمیم
نہ ہوئیں تو اس کی دوسری صورت پر عمل کرنا لازم ہوگا یعنی یہ کہ اس تعلیل
کے الفاظ کا استعمال ناجائز قرار دیا جائے۔ مگر کیا یہ ممکن ہے کہ ہندی ان
الفاظ سے دامن چھڑا کر زندہ زبانوں کی صف میں کھڑی ہو سکے۔

اس صداقت کا تھوڑا بہت احساس ہندی ادیبوں اور ادب کی تعمیر
خدمت کرنے والوں کو ہوا ہے۔ ہندی شبد ساگر میں فارسی و عربی کے بہت سے
مروج لفظ شامل کر لئے گئے ہیں۔ ہندی قواعد نویسوں نے بھی تھوڑی بہت
توجہ کی ہے مگر اُن کے دماغوں پر سنسکرت کے تت سم الفاظ اور خالص سنسکرت
کے قواعد کا غلبہ اس قدر اثر انداز ہے کہ اس کے مقابل یہ کوشش صرف
نام ہی نام ہے۔ اور صاف معلوم ہوتا ہے کہ "عذر گناہ بدتر از گناہ" سے بچنے
کے لئے سنسکرت کو پیش نظر رکھنے والا قواعد نویس زندہ زبان کی طرف ایک
بھی نظر ڈال کر پھر اپنے پروگرام کی تکمیل میں مصروف ہے۔ اس کی سند میں
ہندی ویاکرن مذکورہ بالا کی پوری کتاب عام طور سے، اور بالخصوص دوسرا
کھنڈ اَرتھ پیہ، پہلا ادھیائے کریا وشیشن (دوسرا حصہ۔ حرف۔ پہلا باب متعلقات
فعل۔ تمیں کی دفعات ۲۲۵، ۲۲۶ ہیں، ناظرین کی سہولت کے لئے اسے
یہاں نقل کر دینا مناسب ہے۔

دفعہ ۲۲۵۔ یوگک کریا وشیشن (مرکب تمیزیں) دوسرے شبدوں
میں نیچے لکھے شبد اتھوا (یا) پرتیہ (سابقہ ولاحقہ) جوڑنے سے بنتی ہیں۔

ا۔ سنسکرت کریا وشیشن۔ (سنسکرت تمیزیں)

(۱) پورک۔ وھیان پورک (غور سے) پریم پورک (محبت و پریم سے)
(۲) وش۔ ودھی وش (بے بس۔ (خوف سے)۔
(۳) اِن (اَ)۔ منگھبیں (سکھ سے) اِبن کہن پرکار (کسی نہ کسی
طور پر) منشا، باچا، کرمنڑا۔
(۴) یا۔ کرپیا، وشیشیا۔ (خاص کر)
(۵) انوسار۔ ریتیانوسار، شکتیانسار (طاقت کے مطابق)۔
(۶) تہ۔ سوبھاوتہ۔ (عادتاً) وستوتہ (اصل میں) سوتہ۔ (بذریعہ
خود۔ نجی طور سے)۔
(۷) دا۔ سمرپدا، سدا، یدا (جب) کدا (کب۔ کبھی)
(۸) دھا۔ کئی دھا (اکثر) شتدھا (سو دفعہ) نودھا۔
(۹) شہ۔ کرمشہ۔ اکھشہ (یعنی حرف بحرف)
(۱۰) لے۔ اگیتر (اکٹھا) سرپتر (سب جگہ) اَن یَتر (دوسری جگہ)
(۱۱) تھ۔ سرتھا (باطل) انیتھا (ناگزیر)
(۱۲) وت۔ پورووت (پہلے کی طرح) تدوت (اس کی طرح)۔

(۱۳) چت - کداچت، (شاید) کنچت، (بعض بعض) اُچت، الوچت۔

(۱۴) ماتر۔ پل ماتر (پل بھر میں) نام ماتر (برائے نام) لیش ماتر (ذرا سا)۔

۲- ہندی کریا بشیشر ٹرں (تمیز)

(۱) تا، تے ۔ دوڑتا، کرتا، بولتا۔ چلتے، آتے، مارتے۔

(۲) آ، لے ۔ بیٹھا، بھاگا۔ لئے، اُٹھائے، بیٹھے، چڑھے۔

(۳) کو ۔ اِدھر کو، اُدھر کو، دن کو، رات کو، انت کو۔

(۴) سے ۔ دھرم سے، پرم سے، من سے، ادھر سے، تب سے۔

(۵) میں ۔ سنچیپ میں، لمبے میں، انت میں۔

(۶) کا ۔ سویرے کا، کب کا۔

(۷) تک ۔ آج تک، یہاں تک، گھر تک، رات تک۔

(۸) کر ۔ دوڑ کر، کر کے، اُٹھ کر، دیکھ کے، دھرم کر کے، ہنس کر کے، کیونکر۔

(۹) بھر۔ رات بھر، پل بھر، دن بھر۔

اونچے لکھے پڑھے یوں اور شدھوں سے سرب ناک کریا بشیشر ٹرں بنتے ہیں ۔

لے ۔ لے، کیسے، جیسے، ویسے، تیسے، تھوڑے۔

ہاں ۔ وہاں، کہاں، جہاں، تہاں۔

دھر ۔ اِدھر، اُدھر، جدھر، تدھر۔

یوں ۔ یوں، تیوں، جیوں، کیوں۔

لئے ۔ اس لئے، جس لئے، کس لئے۔

ب ۔ اب، تب، جب، کب۔

۳- اُردو کریا بشیشر ٹرں (تمیز)

اُردو جو نظر کم۔ آ۔ جزا، فوڑا، مثلاً۔

(نمبر ۲۲۶) سامانک کریا بشیشر ٹرں اور تمام اَب یَئی بھاو سماس کا بچار جو ہیوست پٹ کرڑں میں کیا جائے گا یہاں اُن سے کچھ اُدا ہرڑں لئے جاتے ہیں ۔

(اس کا مطلب عام فہم زبان میں یہ ہے۔ اضافی مرکب تمیزیں جن کا بیان لفظی تجزیہ کے ماتحت کیا جائیگا یہاں کچھ مثالیں دی جاتی ہیں)

سنسکرت اَب یَئی بھاو سماس

۱- پرتی ۔ پرتی دن، پرتی پل، پرتی اُکچھ۔

۲- یتھا ۔ یتھا شکتی، (جہاں تک ہو سکے) یتھا کرم (بلحاظ ترتیب یتھا سمبھو۔ (جہانتک ممکن ہو)

۳- شہ ۔ نسندیہہ۔ (بلاشبہ) نہ سہے۔ نہ شنک (نڈر)

۴- یاوت ۔ یاوجیون (جیتے جی)، جیتے دم)

۵- آ ۔ آجنم (تادم زندگی) آمرن (مرتے دم تک۔)

۶- سم ۔ سمکچھ (نظر کے سامنے) سمکچھ۔

۷- س ۔ سدیہہ (ذاتی طور سے) سپریوار (خاندان سمیت)

۸- آ۔ آن ۔ اکارن ۔ انایاس۔

۹- ب ۔ بیرتھ، بشیش (خاص)

ہندی اب یَئی بھاو سماس

۱- ان ۔ انجانے۔ اَن پوچھے۔

۲- نِ ۔ نڈھرک۔ نڈر۔

اُردو اب یَئی بھاو سماس

ہر ۔ ہر روز، ہر سال۔ ہر وقت۔

بہ ۔ بجنسہ، بدستور۔

بے ۔ بے کار، بے فائدہ، بیشک، بے طرح۔

آپ تعجب کریں گے کہ ہندی قواعد نویس کو سب سے اوّل اپنی زبان کے سنسکرت خط و خال کے نمایاں کرنے میں اس قدر شغف۔ اُردو اُردو ہندی کے ٹھیٹ الفاظ کے پہلے اُن کا ذکر فرمانے میں کچھ بھی پس و پیش نہیں کرتا۔ حالانکہ زبان کے ٹھیٹ ہندی الفاظ و قواعد ہی ہماری زبان کی رُوح ہیں اور فارسی اور سنسکرت الفاظ اس کے ہاتھ پیر۔

بس زندہ زبان کی یہی خدمت کیا ہے۔ اس کو ہر قسم کی مصنوعی اور غیر فطری پابندیوں سے آزاد ہی ملنی چاہیئے۔ ذخیرۂ الفاظ، تلفظ، لب و لہجہ، صرف و نحو میں اس کی فطری ساخت مدنظر رکھی جائے۔ اور نئے الفاظ کے شمول و اخراج میں اس کی صورت نمو کو ہرگز فراموش نہ کیا جائے۔ اس پر عملی اقدام کی صورت میں مرحوم پریم چند کا یہ قیمتی مشورہ ہمارے لئے شمع راہ ہے ۔

"اپنے ہندو دوستوں سے میری درخواست ہے کہ جن الفاظ نے عوام میں اپنی جگہ بنا لی ہے، انہیں نکالنے کیلئے سنسکرت لغت کی طرف رجوع ہونا مضر ہے "موجود" کے بدلے "اُپستھت"، "ارادہ" کیلئے "سنکلپ" "بناوٹی" کیلئے "کرتریم" کو کام میں لانیکی کوئی ضرورت نہیں اسی طرح مستعمل الفاظ کے اصل سنسکرت کی تلاش بھی بیمعنی ہے"

منشی پریم چند مرحوم کی ایک تقریر۔ بحوالہ اُردو جولائی ۱۹۳۶ء

غازی کمال پاشا کی یاد

ساقی شراب پیمستکدے جام سفال سے — دل بیٹھا جاتا ہے غم و رنج و ملال سے
شکوہ ضرور ہے فلکِ بدخصال سے — ہم مسلموں کو عشق تھا غازی کمال سے
افسوس کتنے جلد جہاں سے گزر گئے
سُنتے ہیں تو یقیں نہیں آتا کہ مر گئے

کس سے کہیں سبب جو ہو رنج و ملال کا — آنکھوں کے آگے نقشہ ہے ماضی و حال کا
طاقت جواب دی ہے نہ یارا سوال کا — ماتم ہے آج دہر میں غازی کمال کا
مجبور ہو کے یاس کے عالم میں رہ گئے
آنسو حزیں آنکھوں سے گالوں پہ بہہ گئے

جو حربے فنون میں کامل تھا، وہ کمال — جو تاجِ خسروانہ کے قابل تھا، وہ کمال
جو پرچمِ ہلالی کا حامل تھا، وہ کمال — اعجازِ عیسوی جسے حاصل تھا، وہ کمال
مُردہ تھی سلطنت اُسے پھر زندہ کر دیا
ترکوں کے گھر کو علم و تمدن سے بھر دیا

تھے بے عمل جو لوگ انہیں عامل بنا دیا — شیروں کا سب کو ہمسر مقابل بنا دیا
تھا یہ کمال ترکوں کو کامل بنا دیا — ہم مسلموں کو فخر کے قابل بنا دیا
تا حشر اُس کا دہر میں جاہ و جلال ہے
مُردہ کہے گا کون کہ زندہ کمال ہے

ثروت جہاں میں کس کی تھی؟ غازی کمال کی — وقعت جہاں میں کس کی تھی؟ غازی کمال کی
عزت جہاں میں کس کی تھی؟ غازی کمال کی — شہرت جہاں میں کس کی تھی؟ غازی کمال کی
یورپ میں اُس کے جوش شجاعت کی دھوم تھی
اور ایشیا میں خلق و عنایت کی دھوم تھی

بے چین دل نے چین رسا پایا خواب میں — اُلفت نے آخر آج یہ دکھلایا خواب میں
روئے کمال مجھ کو نظر آیا خواب میں — میں خوش ہوا جو آ کے یہ فرمایا خواب میں
"موجودہ مُلک کا جو نگہباں ہو خوب ہے،
عصمت جواب محافظِ ترکاں ہو خوب ہے"

قطعۂ تاریخ انتقالِ پُر ملال غازی کمال در صنعتِ تخرجہ

ہم غم سے سرنگوں ہیں رسا ہے کیا کہیں — طاقت جواب دی ہے نہ یارا سوال کا
تاریخ لکھی ہے سرِ اعدا کو کاٹ کر — ماتم ہے آج دہر میں غازی کمال کا

۱۹۳۸ء

لیفٹیننٹ غازی کمال

ساقی

یہ دِلّی ہے

تمہید

ساقی میں دلّی ریڈیو اسٹیشن کے متعلق دو مضمون شائع ہو چکے ہیں۔ پہلا مضمون ڈائریکٹر صاحب کی تقریر کے متعلق تھا اور اس میں یہ بتایا گیا تھا کہ موجودہ ڈائریکٹر صاحب دلّی جیسے مرکزی اسٹیشن کے لئے قطعی موزوں نہیں ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ بہت اچھے آدمی ہوں۔ ممکن ہے کہ وہ مزاج کے نہایت شریف ہوں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ اعلیٰ درجے کے جنٹلمین ہوں۔ اور یہ بھی ناممکن نہیں ہے کہ فوجی ہونے کی حیثیت سے وہ اٹھارہ اور اور بیس گھنٹے روزانہ کی ڈیوٹی دیتے ہوں لیکن ان سارے امکانات کے باوجود ہمیں افسوس کے ساتھ یہی کہنا پڑتا ہے کہ وہ کم از کم دلّی اسٹیشن کے لئے قطعی نااہل افسر ہیں۔ ایک سُننے والے کی حیثیت سے نہیں اُنکے حُسنِ اخلاق سے کوئی واسطہ نہیں۔ وہ دلّی اسٹیشن کے سب سے بڑے ذمہ دار افسر ہیں اور ہم اُن کی افسرانہ حیثیت ہی کا جائزہ لینا چاہتے ہیں۔ ہمیں تو صرف یہ دیکھنا ہے کہ آجکل جو پروگرام پیش کئے جا رہے ہیں وہ کیسے ہیں؟ اگر اچھے ہیں تو واہ واہ! اور بُرے ہیں تو آہ آہ!۔ ذمہ دار بہرحال ڈائریکٹر صاحب ہیں اور اُن کے بعد ان کے ماتحت افسر۔ دوسرا مضمون جو "سخن فہم" کی طرف سے شائع ہوا تھا اُس میں دلّی ریڈیو اسٹیشن کے اسٹاف سے فرداً فرداً تعارف کرایا گیا تھا مگر صاحبِ مضمون نے بہت اختصار سے کام لیا۔ لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ اگر تفصیل سے کام لیا جاتا تو ساقی کا ایک خاص نمبر ریڈیو نمبر کے نام سے شائع کرنا پڑتا۔ ح۔ا۔

سفینہ چاہیئے اِس بحرِ بیکراں کیلئے

مسئلۂ زبان

دلّی ریڈیو اسٹیشن کے ڈائریکٹر کیلئے پہلی ناگزیر شرط یہ ہے کہ وہ اُردو اور ہندی اچھی طرح جانتا ہو اور یہ بھی سمجھتا ہو کہ ہندوستانی کی تشکیل کس طرح ہونی چاہیئے۔ یہ وقت کا ایک نہایت اہم مسئلہ ہے جسے بڑی حد تک دلّی ریڈیو اسٹیشن حل کر سکتا ہے کیونکہ جو مرکزیت دلّی کو حاصل ہے وہ پشاور، بمبئی، لاہور، لکھنؤ اور مدراس کو حاصل نہیں ہے۔ دلّی اسٹیشن کا پروگرام روزانہ تین تین لہروں پر نشر کئے جاتے ہیں جن میں بیس کلو واٹ کی لہر بھی شامل ہے۔ دلّی کا پروگرام ہندوستان کے ہر گوشے میں سُنا جاتا ہے اور چھوٹی لہروں کی بدولت دُنیا کے ہر حصے میں یہاں کا پروگرام سنا جا سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جو زبان دلّی سے نشر کی جائیگی وہی ہندوستان کی خاص زبان سمجھی جائیگی اور جو تقریریں یہاں سے براڈ کاسٹ کی جائیں گی انہی سے ہندوستانیوں کی زبان، اُن کے خیالات، اُن کے علم، اُنکے مذاق، اُنکی تہذیب، اُنکے تمدن غرض اُن کی زندگی کے ہر پہلو کا اندازہ کیا جائے گا۔ جب دلّی سے ایسی لغو اور مہمل تقریریں نشر کی جائیں گی جن میں یہ کہا جائیگا کہ "اللہ میاں بیٹھے حقہ پی رہے تھے اور نائی سے باتیں کر رہے تھے" اور جہاں ماں کے ڈراموں میں یہ دکھایا جائیگا کہ شہنشاہ جہانگیر کو ایک ذلیل عورت جوتیاں مار رہی ہے تو باہر والے ریڈیو کے نالائق افسروں کی تو تعریف کریں گے ہی لیکن اس کے ساتھ ہی انہیں اس کا بھی یقین ہو جانا چاہیئے کہ ہندوستانیوں کا خُدا حقہ پیتا ہے اور اُن کے شہنشاہ عورتوں سے جوتے کھاتے تھے۔ جبھی تو ہندوستانی آجکل اتنے ذلیل ہیں اور یہ ہیں بھی اسی لائق۔

لہ دلّی اسٹیشن سے جب کوئی اناؤنسمنٹ یا اعلان ہوتا تھا تو کہا جاتا تھا "یہ دلّی ہے" لیکن جب سے موجودہ ڈائریکٹر صاحب آئے ہیں اُنہوں نے اس میرا بھی تبدیل کر دی ہے۔ اب اناؤنسر صاحب فرماتے ہیں "یہ ہم دلّی سے بول رہے ہیں"۔ مگر خوبصورتی اور جامعیت اور ایمائی انداز پہلے ہی بڑے میں تھا اس کا عشرِ عشیر بھی موجودہ اعلان میں نہیں۔ "یہ دلّی ہے" کی آواز کے ساتھ ایک عجیب سُرور سا پیدا ہوتا تھا۔ دلّی کا شاندار ماضی اور اُس کی تباہی اور اسکی تاریخی عظمت غرض سب کچھ ان تین لفظوں میں پوشیدہ تھا۔ مسٹر لکشمانند کو کیا معلوم کہ انہوں نے ان تین لفظوں کو بدلا نہیں ہے بلکہ جذبات کی ایک دُنیا مٹا دی ہے۔ اِس مُکھڑے میں میر کا خونِ دل شامل ہے۔ ہائے ــــ ط۔ اور بستی نہیں "یہ دلّی ہے!" ڈائریکٹر صاحب آپ اِس جذباتی تاثر کی قدر نہیں کر سکتے۔

ے

میں رکھ لوں ریزۂ میناکو دل میں
اے کس پھول کی یہ پتی کھڑی ہے

(ریاض)

شاہد

جب کوئی مقامی سننے والا اس بیہودگی کی شکایت زبانی کرتا ہے تو جواب ملتا ہے کہ "چلو جی۔ تو کیا ہوا؟ تم میں اتنا بھی Sense of humour نہیں ہے؟" لیجئے گدھے کی آنکھوں میں نون دیا، اُس نے کہا میری آنکھیں پھوڑ دیں۔ سبحان اللہ! کیا احساسِ ظرافت ہے!

غلط تلفظ یا غلط محاورہ یا غلط زبان پر اگر ہم اعتراض کرتے ہیں تو ریڈیو اسٹیشن والے بہت جز بز ہو کر کہتے ہیں کہ اہلِ زبان کو بس نکتہ چینی ہی کرنی آتی ہے۔ اگر ایک لفظ کا تلفظ غلط ہو گیا تو کیا غضب ہو گیا، یا اگر ایک فقرے کی ترکیب اہلِ زبان کے نزدیک غلط ہو تو کیا قیامت آگئی؟ یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ باہر والوں کو اُردو زبان صحیح کرنے کے لئے یہاں کے اسٹیشن پر متعین کیا گیا ہے۔ اُنہیں آپ یہ کبھی طرح نہیں سمجھا سکتے کہ "اُنہوں نے وہاں جانا ہے"۔ "جو معاہدہ اُنہوں نے کیا ہوا ہے" اور اسی قسم کے فقرے مکروہ حد تک غلط ہیں اور "بادشاہ سلامت کے نام پر کھلے ہوئے" اور "کھول کر دکھا دیا" قسم کے تمام فقرے فحش کی حد میں آتے ہیں۔ انہیں یہ ضد ہے کہ "کھول کر دکھاتے" میں جو خوبصورتی ہے وہ لمحی اور ترکیب میں ہے ہی نہیں۔ غلط تلفظ تو اُن کی گھٹی میں پڑا ہے۔ کیونکہ جب سے پیدا ہوئے کبھی اُردو بولنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوئی۔ اسٹیشن ڈائریکٹر اگر ان باتوں کو سمجھتا تو یہ بدعُنوانیاں کیوں ہوتیں؟ اُس معصوم کو یہ تک معلوم نہیں کہ اُردو کیا چیز ہے۔ دلّی اسٹیشن کی اگر صرف ایک دن کی غلطیاں آپ نوٹ کرنے بیٹھیں تو کم از کم ایک صفحہ بھر جائے گا۔ اور پھر یہ غلطیاں اسٹر لکھنمانند کی نظر میں غلطیاں نہیں ہیں کیونکہ اس سلسلے میں وہ اُمّی محض ہیں۔ حیرت ہے کہ بی۔ بی۔ سی سے آج تک کوئی غلط فقرہ [illegible] کی قسم کا سننے میں نہیں آیا اور دلّی سے روزانہ دس بیس فقرے ایسے ہی سُن لیجئے۔ اس کا فخر صرف مسٹر لکھنمانند کو حاصل ہے کہ انہی ڈائریکٹر شپ کے زمانے میں دلّی اسٹیشن نے یہ ترقی کی ہے۔

گانے کی موجودہ روش

ماشاءاللہ اس ترقی کے آثار ہر شعبے میں پائے جاتے ہیں خصوصاً موسیقی میں کہ نامور وں اور نہلِ شعار نشر کرنا اب ایک ہنر سمجھا جاتا ہے۔ مثلاً انجمن آرا غالب کے مصرعے میں یوں اصلاح کرتی ہے "قسمت میں میری صورتِ فضلِ الٰہی" اور ایک دفعہ نہیں کئی کئی دفعہ اپنی اصلاح کو ذہن نشین کراتی ہے اور ایک دوسرا منہ چڑھا ڈوم "سینہ ہے اک دفینۂ گم ہائے مائے" لہک لہک کر گاتا ہے۔ کم بخت کو کیا معلوم کہ یہ "دفینۂ غمہیں "دفینۂ ہے" اور "گم ہائے" فارسی تو کجا کسی زبان کی بھی ترکیب نہیں ہو بلکہ "گمہائے" بیچ ترکیب ہے۔ مگر بوڑھا ڈوم تھا موزوں طبع کہ "دفینۂ" پر ایک "ہ" رکھ کر "گم ہائے" کو بچر میں کھپا گیا۔ کانوں اور عقل کے پھوٹے اناؤنسرز اور اسٹینڈ باقی برابر میں کھڑے رہے اور انہیں پھر یہ بھی تک نہ آئی۔ شعبۂ موسیقی کی توے مٹی پلید ہے کہ آج تک کبھی اتنی پلید نہ ہوئی تھی۔ گانے والوں سے پست سے پست غزلیں گوائی جاتی ہیں۔ حالانکہ یہ کوئی بہت بڑا کام نہیں ہے کہ مشہور شعراء کے دیوانوں میں سے غزلیں انتخاب کر لی جائیں۔ مگر اسٹیشن بھر میں ایک کو بھی اس کی تمیز نہیں کہ اچھا شعر کسے کہتے ہیں اور بُرا کسے۔ غالب کی غزلیں گواتے ہیں تو اُن کا بیشتر یوں نکالتے ہیں کہ "قفل" کی جگہ "فضل" لگاتے ہیں اور "دفینۂ گم ہائے رازکا" کے بدلے "دفینۂ گم ہائے راز" کھپاتے ہیں۔ ڈائریکٹر صاحب کو یہ علم نہیں کہ کونسا گویا کیا چیز اچھی گا سکتا ہے۔ رحیم الدین خاں اور تامین جیسے مشہور گانے والوں سے غزلیں گواتے ہیں، حالانکہ یہ اُن گانے والوں میں سے ہیں جو صرف الاپ کرتے ہیں۔ ذرا اور نیچے اُترے تو دُھرپد بھی گا لیں گے۔ خیال گانا بھی یہ لوگ اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ کہاں یہ کہ انہی سے ریڈیو والے ٹھمری اور غزل تک گواتے ہیں اور اُن کی ساکھ بگاڑتے ہیں۔ چاند خاں جیسے خیائے سے کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ غزل گا کر اپنی ہتنی ڈرواینگا نتیجہ یہ کہ خوشامدی اور ٹٹ پونجئے ریڈیو پر گا رہے ہیں اور کلاسیکل موسیقی کو ذبح کر رہے ہیں۔ جب دس دس پندرہ پندرہ روپے میں کام چل رہا ہے تو ڈیڑھ سو روپے روز اور سوا سو روپے روز کے آرٹسٹ کیوں بُلائے جائیں۔ رحیم الدین خاں کی الاپ کی کیا ضرورت جب چودھری کے گیت کم سے کم بیسوں میں سُنے جا سکتے ہیں! طوائف پرستی کا بھی یہی حال ہے۔ سب گا رہی ہیں چاہے گانا آتا ہو یا نہ آتا ہو۔ ایک صاحب فارسی یا اُردو کی غزل اس خوبی کے ساتھ گاتے تھے کہ شعر گانے کے بعد آرکسٹرا کے ساتھ سیٹی بجاتے تھے۔ بالکل اسی طرح جیسے کٹھ پتلیوں کے ساتھ تین کی سیٹی۔ حافظ کی غزل اور کٹھ پتلیوں کی سی سیٹی! ع

اے کمال افسوس تجھ پر کمال افسوس ہے

ریلے اور ریکارڈنگ

دلّی اسٹیشن نے ریلے اور ریکارڈنگ کی ایک نئی اسکیم بنائی ہے۔ پہلے کبھی کبھی کوئی ریلے ہوتا تھا، اب تقریباً روزانہ کسی نہ کسی اسٹیشن سے ریلے کیا جاتا ہے۔ مثلاً بی۔ بی۔ سی۔ سے حالاتِ حاضرہ انگریزی میں لیے کئے جاتے ہیں۔ چاہے ہندوستان کی نوّے فی صد آبادی اُسے نہ سمجھ سکے۔ کیا ضرورت ہے کہ لندن کی تقریریں یہاں کے اسٹیشن سے نشر